# Urdu Daira Maraf-e-Islamia

اردو دائرہ معارف اسلامیہ

# اردو

# دائرۂ معارفِ اسلامیّہ

زیرِ اہتمام

دانش گاہِ پنجاب، لاہور

## جلد ۴

(بای — بوزنطی)

۱۳۸۹ھ/۱۹۶۹ء

طبع اول

marfat.com

Marfat.com

# ادارۂ تحریر

ڈاکٹر سیّد محمّد عبداللہ، ایم اے، ڈی‌لٹ . . . . . . رئیس ادارہ

ڈاکٹر محمّد نصراللہ احسان الٰہی رانا، ایم اے، پی ایچ ڈی (پنجاب)، پی ایچ ڈی (ٹیبنگن) . . . . . . معاون ادارہ

سیّد محمّد امجد الطاف، ایم اے (پنجاب) . . . . . . مدیر

عبدالمنّان عمر، ایم اے (علیگ) . . . . . . مدیر

پروفیسر عبدالقیوم، ایم اے (پنجاب) . . . . . . مدیر

ڈاکٹر نصیر احمد ناصر، ایم اے (پنجاب) . . . . . . معتمد ادارہ

## مجلسِ انتظامیہ

۱ - پروفیسر محمّد علاءالدین، ایم اے، ایل ایل بی، ستارۂ امتیاز، وائس چانسلر، دانش گاہِ پنجاب (صدرِ مجلس)

۲ - جسٹس ڈاکٹر ایس - اے - رحمٰن، ہلالِ پاکستان، سابق چیف جسٹس سپریم کورٹ، پاکستان، لاہور

۳ - لفٹننٹ جنرل ناصر علی خان، سابق صدر پبلک سروس کمیشن، مغربی پاکستان، لاہور

۴ - جناب معزالدّین احمد، سی - ایس - پی (ریٹائرڈ)، ۲۴۳ - شارع طفیل، لاہور چھاؤنی

۵ - جناب الطاف گوہر، سی - ایس - پی، تمغۂ پاکستان، ستارۂ قائد اعظم، ستارۂ پاکستان، ہلال قائد اعظم، ڈائرکٹر فنانس سروسز اکیڈمی، لاہور

۶ - معتمدِ مالیات، حکومتِ مغربی پاکستان، لاہور

۷ - سید یعقوب شاہ، ایم اے، سابق آڈیٹر جنرل، پاکستان و سابق وزیر مالیات، حکومت مغربی پاکستان، لاہور

۸ - مسٹر عبدالرشید خان، سابق کنٹرولر پرنٹنگ اینڈ سٹیشنری، مغربی پاکستان، لاہور

۹ - ڈاکٹر سیّد محمّد عبداللہ، ایم اے، ڈی لٹ، پروفیسر ایمریطس، سابق پرنسپل اورینٹل کالج، لاہور

۱۰ - پروفیسر ڈاکٹر محمّد باقر، ایم اے، پی ایچ ڈی، پرنسپل اورینٹل کالج، لاہور

۱۱ - پروفیسر محمّد علاء الدّین صدّیقی، ایم اے، ایل ایل بی، ستارۂ امتیاز، صدر شعبۂ علومِ اسلامیہ، دانش گاہِ پنجاب، لاہور

۱۲ - سید شمشاد حیدر، ایم اے، مسجّل، دانش گاہِ پنجاب، لاہور

۱۳ - جناب ایم - اے شہید، بی کام، ایس اے ایس، خازن، دانش گاہِ پنجاب، لاہور


marfat.com

Marfat.com

# اختصارات و رموز وغیرہ

## ۱

## اختصارات

### (الف)

کتب عربی و فارسی و ترکی وغیرہ اور ان کے تراجم اور بعض مخطوطات جن کے حوالے اس کتاب میں بکثرت آئے ھیں

ا ا، لائڈن ۱ یا ۲ = انسائیکلوپیڈیا او اسلام، انگریزی، بار اول یا دوم، لائڈن.

ا ا، ت = انسائیکلوپیڈیا او اسلام، ترکی.

ا ا، ع = دائرۃ المعارف الاسلامیۃ (= انسائیکلوپیڈیا او اسلام، عربی).

ابن الأبّار = کتاب تکملۃ الصِّلۃ، طبع کودیرا F. Codera، میڈرڈ ۱۸۸۷ تا ۱۸۸۹ء (BAH, V - VI).

ابن الأبّار: تکملۃ = M. Alarcón y - C. A. González: *Apéndice a la adición Codera de Tecmila*، در *Misc. de estudios y textos árabes*، Palencia، میڈرڈ ۱۹۱۰ء.

ابن الأبّار، جلد اوّل = ابن الأبّار: تکملۃ الصّلۃ، *Texte arabe d' aprés un ms. de Fès, tome I, complétànt les deux vol. édités par F. Codera*، بتصحیح A. Bel و محمّد بن شنب، الجزائر ۱۹۱۸ء.

ابن الأثیر ۱ یا ۲ یا ۳ = بار اوّل، کتاب الکامل، طبع ٹورنبرگ C. J. Tornberg، لائڈن ۱۸۵۱ تا ۱۸۷۶ء؛ بار دوم، کتاب الکامل، قاھرہ ۱۳۰۱ھ؛ بار سوم، کتاب الکامل، قاھرہ، ۱۳۰۳ھ؛ بار چہارم، کتاب الکامل، قاھرہ ۱۳۴۸ھ، ۹ جلد.

ابن الأثیر، ترجمۂ فانیان = *Annales du Maghreb et de l' Espagne*، ترجمہ از فانیان E. Fagnan، الجزائر ۱۹۰۱ء.

ابن بشکوال = کتاب الصّلۃ فی اخبار ائمّۃ الأندلس، طبع کودیرا F. Codera، میڈرڈ ۱۸۸۳ء (BAH, II).

ابن بطّوطہ = تحفۃ النُّظّار الخ، مع ترجمہ از C. Defrémery اور B. R. Sanguinetti، ۴ جلد، پیرس ۱۸۵۳ تا ۱۸۵۸ء.

ابن تغری بردی = النّجوم الزاھرۃ فی ملوک مصر و القاھرۃ، W. Popper، برکلے و لائڈن ۱۹۰۸ تا ۱۹۳۶ء.

ابن تغری بردی، قاھرہ = وھی کتاب، قاھرہ ۱۳۴۸ھ ببعد.

ابن حوقل = کتاب صورۃ الأرض، طبع J. H. Kramers، لائڈن ۱۹۳۸ تا ۱۹۳۹ء (BGA, II)، بار دوم.

ابن خُرداذبہ = المسالک و الممالک، طبع ڈخویہ M. J. de Goeje، لائڈن ۱۸۸۹ء (BGA, VI).

ابن خلدون: عِبَر (یا العبر) = کتاب العبر و دیوان المبتدأ و الخبر الخ، بولاق ۱۲۸۴ھ.

ابن خلدون: مقدّمۃ = *Prolégomènes d'Ebn Khaldoun*، طبع E. Quatremère، پیرس ۱۸۵۸ تا ۱۸۶۸ء (Notices et Extraits, XVI-XVIII).

ابن خلدون: مقدّمۃ، ترجمۂ دیسلان = *Prolégomènes d'Ibn Khaldoun*، ترجمہ و حواشی از دیسلان M. de Slane، پیرس ۱۸۶۳ تا ۱۸۶۸ء (بار دوم ۱۹۳۴ تا ۱۹۳۸ء).

ابن خلدون: مقدّمۃ، ترجمۂ روزنتھال = *The Muqaddimah*، ترجمہ از Franz Rosenthal، ۳ جلد، لنڈن ۱۹۵۸ء.

ابن خلّکان = وفیات الأعیان و أنباء أبناء الزّمان، طبع وستنفلٹ F. Wüstenfeld، گوٹنگن ۱۸۳۵ تا ۱۸۵۰ء (حوالے شمار تراجم کے اعتبار سے دیے گئے ھیں).

Marfat.com

ابن خلّکان، بولاق = وهی کتاب، بولاق ۱۲۷۵ھ.

ابن خلّکان، قاهره = وهی کتاب، قاهره ۱۳۱۰ھ.

ابن خلّکان، ترجمهٔ دیسلان = *Biographical Dictionary*، ترجمه از دیسلان M. de Slane، ۴ جلد، پیرس ۱۸۴۳ تا ۱۸۷۱ء.

ابن رُستہ = الأعلاق النفیسة، طبع دٔ خویه، لائڈن ۱۸۹۱ تا ۱۸۹۲ء (BGA, VII).

ابن رُستہ، ویت Wiet = *Les Atours précieux*، ترجمه از G. Wiet، قاهره ۱۹۵۵ء.

ابن سعد = کتاب الطبقات الکبیر، طبع زخاؤ H. Sachau وغیره، لائڈن ۱۹۰۴ تا ۱۹۴۰ء.

ابن عذاری = کتاب البیان المُغرب، طبع کولن G. S. Colin و لیوی پروونسال E.Lévi-Provençal، لائڈن ۱۹۴۸ تا ۱۹۵۱ء؛ جلد سوم، طبع لیوی پروونسال، پیرس ۱۹۳۰ء.

ابن العماد: شذارت = شذارت الذهب فی أخبار من ذهب، قاهره ۱۳۵۰ تا ۱۳۵۱ھ (سنین وفیات کے اعتبار سے حوالے دیے گئے هیں).

ابن الفقیه = مختصر کتاب البلدان، طبع دٔ خویه، لائڈن ۱۸۸۶ء (BGA, V).

ابن قتیبة: شعر (یا الشعر) = کتاب الشعر والشعراء، طبع دٔ خویه، لائڈن ۱۹۰۲ تا ۱۹۰۴ء.

ابن قتیبة: معارف (یا المعارف) = کتاب المعارف، طبع وستنفلت، گوٹنگن ۱۸۵۰ء.

ابن هشام = کتاب سیرة رسول الله، طبع وستنفلت، گوٹنگن ۱۸۵۸ تا ۱۸۶۰ء.

ابوالفداء: تقویم = تقویم البلدان، طبع رینو J.-T.Reinaud و دیسلان M. de Slane، پیرس ۱۸۴۰ء.

ابوالفداء: تقویم، ترجمه = *Géographie d'Aboulféda traduite de l'arabe en francais*، ج ۱ و ۲/۱ از رینو، پیرس ۱۸۴۸ء؛ ج ۲/۲ از St. Guyard، ۱۸۸۳ء.

الأدریسی: المغرب = *Description de l'Afrique et de l'Espagne*، طبع ڈوزی R. Dozy و دٔ خویه، لائڈن ۱۸۶۶ء.

الادریسی، ترجمه جوبار = *Géographie d'Édrisi*، ترجمه از P. A. Jaubert، ۲ جلد، پیرس ۱۸۳۶ تا ۱۸۴۰ء.

الاستیعاب = ابن عبدالبر: الاستیعاب، ۲ جلد، حیدرآباد ۱۳۱۸ تا ۱۳۱۹ھ.

الاشتقاق = ابن درید: الاشتقاق، طبع وستنفلت، گوٹنگن ۱۸۵۴ء (اناستاتیک).

الاصابة = ابن حجر العسقلانی: الاصابة، ۴ جلد، کلکته ۱۸۵۶ تا ۱۸۷۳ء.

الاصطخری = المسالک و الممالک، طبع دٔ خویه، لائڈن ۱۸۷۰ء (BGA, I) اور بار دوم (نقل بار اول) ۱۹۲۷ء.

الأغانی ۱، یا ۲، یا ۳ = ابوالفرج الاصفهانی: الأغانی، بار اول، بولاق ۱۲۸۵ھ، بار دوم، قاهره ۱۳۲۳ھ، بار سوم، قاهره ۱۳۴۵ھ ببعد.

الأغانی، برونو = کتاب الأغانی کی اکیسویں جلد، طبع برونو R. E. Brünnow، لائڈن ۱۸۸۸ء/۱۳۰۶ھ.

الأنباری: نزهة = نزهة الألباء فی طبقات الأدباء، قاهره ۱۲۹۴ھ.

البغدادی: الفرق = الفرق بین الفرق، طبع محمد بدر، قاهره ۱۳۲۸ھ/۱۹۱۰ء.

البلاذری: انساب = انساب الأشراف، ج ۴ و ۵، طبع S. D. F. Goitein و M. Schlössinger، بیت المقدس (یروشلم) ۱۹۳۶ تا ۱۹۳۸ء.

البلاذری: انساب، ج ۱ = انساب الأشراف، ج ۱، طبع محمد حمیدالله، قاهره ۱۹۵۹ء.

البلاذری: فتوح = فتوح البلدان، طبع دٔ خویه، لائڈن ۱۸۶۶ء.

بیهقی: تاریخ بیهق = ابوالحسن علی بن زید البیهقی: تاریخ بیهق، طبع احمد بهمنیار، تهران ۱۳۱۷ هش.

بیهقی: تتمة = ابوالحسن علی بن زید البیهقی: تتمة صوان الحکمة، طبع محمد شفیع، لاهور ۱۹۳۵ء.

marfat.com
Marfat.com

بیہقی، ابوالفضل = ابوالفضل بیہقی: تاریخ مسعودی، Bibl. Indica.

تاج العروس = محمّد مرتضٰی بن محمّد الزَّبیدی: تاج العروس.

تاریخ بغداد = الخطیب البغدادی: تاریخ بغداد، ۱۴ جلد، قاہرہ ۱۳۴۹ھ/۱۹۳۱ء.

تاریخ دمشق = ابن عساکر: تاریخ دمشق، ۷ جلد، دمشق ۱۳۲۹ھ/۱۹۱۱ء تا ۱۳۵۱ھ/ ۱۹۳۱ء.

تہذیب = ابن حجر العسقلانی: تہذیب التہذیب، ۱۲ جلد، حیدرآباد ۱۳۲۵ھ / ۱۹۰۷ء تا ۱۳۲۷ھ/ ۱۹۰۹ء.

الثعالبی: یتیمة = یتیمة الدّہر فی محاسن اہل العصر، دمشق ۱۳۰۴ھ.

الثعالبی: یتیمة، قاہرة = وہی کتاب، قاہرہ ۱۹۳۴ء.

حاجی خلیفه: جہان نُما = استانبول ۱۱۴۵ھ/۱۷۳۲ء.

حاجی خلیفه = کشف الظّنون، طبع محمّد شرف الدین یالتقایا S. Yaltkaya و محمد رفعت بیلگه الکلیسلی Rifat Bilge Kilisli، استانبول ۱۹۴۱ تا ۱۹۴۳ء.

حاجی خلیفه، طبع فلوگل = کشف الظنون، طبع فلوگل Gustavus Flügel، لائپ زگ ۱۸۳۵ تا ۱۸۵۸ء.

حاجی خلیفه: کشف = کشف الظنون، ۲ جلد، استانبول ۱۳۱۰ تا ۱۳۱۱ھ.

حدود العالم = *The Regions of the World*، ترجمه از مِنورسکی V. Minorsky، لنڈن ۱۹۳۷ء (GMS, XI، سلسلۂ جدید).

حمد الله مستوفی: نزہة = نزہة القلوب، طبع لیسٹرینج، لائڈن ۱۹۱۳ تا ۱۹۱۹ء (GMS, XXIII).

خواند امیر = حبیب السیر، (۱) تہران ۱۲۷۱ھ؛ (۲) بمبئی ۱۲۷۳ھ/۱۸۵۷ء.

الدرر الکامنة = ابن حجر العسقلانی: الدُّرر الکامنة، حیدرآباد ۱۳۴۸ تا ۱۳۵۰ھ.

الدّمیری = حیوٰة الحیوان (کتاب کے مقالات کے عنوانوں کے مطابق حوالے دیے گئے ہیں).

دولت شاہ = تذکرة الشعراء، طبع براؤن، لنڈن و لائڈن ۱۹۰۱ء.

ذہبی: حفّاظ = الذّہبی: تذکرة الحفّاظ، ۴ جلد، حیدرآباد ۱۳۱۵ھ.

رحمٰن علی = تذکرۂ علماے ہند، لکھنؤ ۱۹۱۴ء.

روضات الجنّات = محمّد باقر خوانساری: روضات الجنّات، طہران ۱۳۰۶ھ.

زامباور، عربی = عربی ترجمه از محمّد حسن و حسن احمد محمود، ۲ جلد، قاہرہ ۱۹۵۱ تا ۱۹۵۲ء.

السُّبکی = طبقات الشافعیة، ۶ جلد، قاہرہ ۱۳۲۴ھ.

سجلّ عثمانی = محمد ثریا: سجلّ عثمانی، استانبول ۱۳۰۸ تا ۱۳۱۶ھ.

سرکیس = سرکیس: معجم المطبوعات العربیة، قاہرہ ۱۹۲۸ تا ۱۹۳۱ء.

السّمعانی = السمعانی: الانساب، طبع عکسی باعتناء مرجلیوث D. S. Margoliouth، لائڈن ۱۹۱۲ء (GMS, XX).

السیوطی: بغیة = بغیة الوعاة، قاہرہ ۱۳۲۶ھ.

الشہرستانی = الملل و النحل، طبع کیورٹن W. Cureton، لنڈن ۱۸۴۶ء.

الضّبّی = بغیة الملتمس فی تاریخ رجال اہل الاندلس، طبع کودیرا Codera و ربیره J. Ribera، میڈرڈ ۱۸۸۴ تا ۱۸۸۵ء (BAH, III).

الضوء اللامع = السّخاوی: الضوء اللامع، ۱۲ جلد، قاہرہ ۱۳۵۳ تا ۱۳۵۵ھ.

الطبری = تاریخ الرسل و الملوک، طبع ڈ خویه وغیره، لائڈن ۱۸۷۹ تا ۱۹۰۱ء.

عثمانلی مؤلف لری = بروسه لی محمّد طاہر: عثمانلی مؤلف لری، استانبول ۱۳۳۳ھ.

العقد الفرید = ابن عبدربّه: العقد الفرید، قاہرة ۱۳۲۱ھ.

علی جوّاد = ممالک عثمانیّہ تاریخ و جغرافیا لغاتی،

Marfat.com

استانبول ۱۳۱۳ھ/ ۱۸۹۵ء تا ۱۳۱۷ھ/ ۱۸۹۹ء.

عوفی: لُباب = لُباب الالباب، طبع براؤن، لنڈن و لائڈن ۱۹۰۳ تا ۱۹۰۶ء.

عیون الأنباء = طبع مُلّر A. Müller، قاھرۃ ۱۲۹۹ھ/ ۱۸۸۲ء.

غلام سرور، مفتی: خزینه الاصفیاء، لاھور ۱۲۸۳ھ.

غوثی مانڈوی: گلزار ابرار، ترجمۂ اردو موسوم به اذکار ابرار، آگره ۱۳۲۶ھ.

فرشته = محمّد قاسم فرشته: گلشن ابراهیمی، طبع سنگی، بمبئی ۱۸۳۲ء.

فرهنگ = فرهنگ جغرافیای ایران، از انتشارات دایرهٔ جغرافیائی ستاد ارتش، ۱۳۲۸ تا ۱۳۲۹ هش.

فرهنگ آنند راج = منشی محمد بادشاه: فرهنگ آنند راج، ۳ جلد، لکهنؤ ۱۸۸۹ تا ۱۸۹۴ء.

فقیر محمّد: حدائق الحنفیة، لکهنؤ ۱۹۰۶ء.

فلٹن و لِنگز = Alexander S. Fulton and Matrin Lings: *Second Supplementary Catalogue of Arabic Printed Books in the British Museum*، لنڈن ۱۹۵۹ء.

فهرست (یا الفهرست) = ابن الندیم: کتاب الفهرست، طبع فلوگل، لائپ زگ ۱۸۷۱ تا ۱۸۷۲ء.

ابن القفطی = تأریخ الحکماء، طبع لِپرٹ J. Lippert، لائپ زگ ۱۹۰۳ء.

الکُتُبی: فوات = ابن شاکر الکتبی: فوات الوفیات، بولاق ۱۲۹۹ھ.

لسان العرب = ابن منظور: لسان العرب، ۲۰ جلد، قاهره ۱۳۰۰ تا ۱۳۰۸ھ.

مآثرالأمراء = شاه نوازخان: مآثرالأمراء، Bibl. Indica.

مَجالس المؤمنین = نورالله شوستری: مجالس المؤمنین، تهران ۱۲۹۹ هش.

مرآة الجنان = الیافعی: مرآة الجنان، ۴ جلد، حیدرآباد ۱۳۳۹ھ.

مرآة الزمان = سبط ابن الجوزی: مرآة الزمان، حیدر آباد ۱۹۵۱ھ.

مسعود کیهان = جغرافیای مفصّل ایران، ۳ جلد، تهران ۱۳۱۰ و ۱۳۱۱ هش.

المسعودی: مروج = مروج الذهب، طبع باربیه د مینار و پاوه د کورتی، پیرس ۱۸۶۱ تا ۱۸۷۷ء.

المسعودی: التنبیه = کتاب التنبیه و الاشراف، طبع ڈ خویه، لائڈن ۱۸۹۴ء (BGA, VIII).

المقدسی = احسن التقاسیم فی معرفة الأقالیم، طبع ڈ خویه، لائڈن ۱۸۷۷ء (BGA, III).

المقّری: *Analectes* = نفح الطیب فی غصن الأندلس الرّطیب، *Analectes sur l'histoire et la littérature des Arabes de l'Espagne*، لائڈن ۱۸۵۵ تا ۱۸۶۱ء.

المقّری، بولاق = وهی کتاب، بولاق ۱۲۷۹ھ/۱۸۶۲ء.

منجّم باشی = صحائف الأخبار، استانبول ۱۲۸۵ھ.

میر خواند = روضة الصّفاء، بمبئی ۱۲۶۶ھ/۱۸۴۹ء.

نُزهة الخواطر = حکیم عبدالحی: نزهة الخواطر، حیدرآباد ۱۹۴۷ء ببعد.

نَسب = مصعب الزبیری: نسب قریش، طبع لیوی پرووانسال، قاهرة ۱۹۵۳ء.

الوافی = الصَّفَدی: الوافی بالوفیات، ج ۱، طبع رِٹر Ritter، استانبول ۱۹۳۱ء؛ ج ۲ و ۳، طبع ڈیڈرنگ Dedering، استانبول ۱۹۴۹ و ۱۹۵۳ء.

الهَمْدانی = صفة جزیرة العرب، طبع مُلّر D. H. Müller، لائڈن ۱۸۸۴ تا ۱۸۹۱ء.

یاقوت = مُعْجَم البُلدان، طبع وستنفلٹ، لائپ زگ ۱۸۶۶ تا ۱۸۷۳ء (طبع اناستاتیک، ۱۹۲۴ء).

یاقوت: ارشاد (یا ادباء) = ارشاد الأریب الی معرفة الأدیب، طبع مرجلیوث، لائڈن ۱۹۰۷ تا ۱۹۲۷ء (GMS, VI)؛ معجم الادباء (طبع اناستاتیک، قاهره ۱۹۳۶ تا ۱۹۳۸ء.

یعقوبی (یا الیعقوبی) = تأریخ، طبع هوتسما M. Th. Houtsma، لائڈن ۱۸۸۳ء؛ تاریخ الیعقوبی، ۳ جلد، نجف ۱۳۵۸ھ؛ ۲ جلد، بیروت ۱۳۷۹ھ/۱۹۶۰ء.

یعقوبی: بلدان (یا البلدان) = طبع ڈ خویه، لائڈن ۱۸۹۲ء (BGA, VII).

یعقوبی، Wiet = ویت *Ya'qūbī. Les pays*، ترجمه از G. Wiet، قاهره ۱۹۳۷ء.

Marfat.com

کتب انگریزی، فرانسیسی، جرمن، جدید ترکی وغیرہ کے اختصارات جن کے حوالے اس کتاب میں بکثرت آئے ہیں

Al-Aghānī : *Tables*=*Tables Alphabétiques du Kitāb al-aghānī, rédigées par I. Guidi*, Leiden 1900.

Babinger=F. Babinger : *Die Geschichtschreiber der Osmanen und ihre Werke*, 1st ed., Leiden 1927.

Barkan : *Kanunlar*=Ömar Lûtfi Barkan : *XV ve XVI inci Asirlarda Osmanlî. Imparat orluğunda Zirai Ekonominin Hukukî ve Malî Esaxlarî*, I. *Kanunlar*, Istanbul 1943.

Blachère : *Litt.*=R. Blachère : *Histoire de la Littèrature arabe*, i, Paris 1952.

Brockelmann, I, II=C. Brockelmann : *Geschichte der Arabischen Litteratur, Zweite den Supplement-bānden angepasste Auflage*, Leiden 1943-1949.

Brockelmann, S I,II,III=*G. d. A.L.*, *Erster* (*Zweiter*, *Dritter*). *Supplementband*, Leiden 1937-42.

Browne, i=E.G. Browne : *A Literary History of Persia, from the earliest times until Firdawsi*, London 1902.

Browne, ii=*A Literary History of Persia, from Firdawsi to Saʿdi*, London 1908.

Browne, iii=*A History of Persian Literature under Tartar Dominion*, Cambridge 1920.

Browne, iv=*A History of Persian Literature in Modern Times*, Cambridge 1924.

Caetani : *Annali*=L. Caetani : *Annali dell' Islam*, Milano 1905-26.

Chauvin : *Bibliographie*=V. Chauvin : *Bibliographie des ouvrages arabes et relatifs aux Arabes*, Lille 1892.

Dorn : *Quellen*=B. Dorn : *Muhammedanische Quellen zur Geschichte der südlichen Küstenländer des Kaspischen Meeres*, St. Petersburg 1850-58.

Dozy : *Notices*=R. Dozy : *Notices sur quelques manuscrits arabes*, Leiden 1847-51.

Dozy : *Recherches*[3]=R. Dozy : *Recherches sur l'histoire et la littérature de l'Espagne Pendant le moyen-âge*, 3rd ed., Paris-Leiden 1881.

Dozy, *Suppl.*=R. Dozy : *Supplément aux dictionnaires arabes*, 2nd ed., Leiden-Paris 1927.

Fagnan : *Extraits*=E. Fagnan : *Extraits inédits relatifs au Maghreb*, Alger 1924.

*Gesch. des Qor.*=Th.Nöldeke:*Geschichte des Qorāns*, new edition by F. Schwally, G. Bergsträsser and O. Pretzl, 3 vols., Leipzig 1909-38.

Gibb : *Ottoman Poetry*=E.J.W. Gibb : *A History of Ottoman Poetry*, London 1900-09.

Gibb-Bowen=H.A.R. Gibb and Harold Bowen : *Islamic Society and the West*, London 1950-57.

Goldziher : *Muh. St.*=I. Goldziher : *Muhammedanische Studien*, 2 Vols., Halle 1888-90.

Goldziher : *Vorlesungen*=I. Goldziher : *Vorlesungen über den Islam*, Heidelberg 1910.

Goldziher : *Vorlesungen*[2]=2nd ed., Heidelberg 1925.

Goldziher : *Dogme*=*Le dogme et la loi de l'islam*, trad. J. Arin, Paris 1920.

Hammer-Purgstall : *GOR*=J. von Hammer (-Purgstall): *Geschichte des Osmanischen Reiches*, Pest 1828-35.

Hammer-Purgstall : *GOR*[2]=the same, 2nd ed., Pest 1840.

Hammer-Purgstall : *Histoire, the same*, trans. by J.J. Hellert, 18 vol., Bellizard (etc.), Paris (etc.), 1835-43.

Hammer-Purgstall : *Staatsverfassung*=J. von Hammer : *Des Osmanischen Reiches Staatsverfassung und Staatsverwaltung*, 2 vols., Vienna 1815.

Houtsma : *Recueil*=M.Th. Houtsma : *Recueil des texes relatifs a l'histoire des Seldjoucides*, Leiden 1886-1902.

Juynboll : *Handbuch*=Th. W. Juynboll : *Handbuch des islāmischen Gesetzes*, Leiden 1910.

marfat.com

Marfat.com

Juynboll : *Handleiding* = *Handleiding tot de kennis der mohammedaansche wet*, 3rd ed., Leiden 1925.

Lane = E.W. Lane : *An Arabic-English Lexicon*, London 1863-93 (reprint New York 1955-56).

Lane-Poole : *Cat.* = S. Lane-Poole : *Catalogue of Oriental Coins in the British Museum*, 1877-90.

Lavoix : *Cat.* = H. Lavoix : *Catalogue des Monnaies Musulmanes de la Bibliothèque Nationale*, Paris 1887-96.

Le Strange = G. Le Strange : *The Lands of the Eastern Caliphate*, 2nd ed. Cambridge 1930 (reprint, 1966).

Le Strange : *Baghdad* = G. Le Strange : *Baghdad during the Abbasid Caliphate*, Oxford 1924.

Le Strange : *Palestine* = G. Le Strange : *Palestine under the Moslems*, London 1890 (reprint 1965).

Lévi-Provençal : *Hist. Esp. Mus.* = E. Lévi-Provençal : *Histoire de l'Espagne musulmane*, nouv. éd., Leiden-Paris 1950-53, 3 vols.

Lévi-Provençal : *Hist. Chorfa* = D. Lévi-Provençal : *Les Historiens des Chorfa*, Paris 1922.

Maspero-Wiet : *Matériaux* = J. Maspéro et G. Wiet : *Matériaux pour servir à la Géographie de l'Egypte*, Le Caire 1914 (*MIFAO*, XXXVI).

Mayer : *Architects* = L.A. Mayer : *Islamic Architects and their Works*, Geneva 1956.

Mayer : *Astrolabists* = L.A. Mayer : *Islamic Astrolabists and their Works*, Geneva 1958.

Mayer : *Metalworkers* = L.A. Mayer : *Islamic Metalworkers and their Works*, Geneva 1959.

Mayer : *Woodcarvers* = L.A. Mayer : *Islamic Woodcarvers and their Works*, Geneva 1958.

Mez : *Renaissance* = A. Mez : *Die Renaissance des Islams*, Heidelberg 1922; Spanish translation by S. Vila, Madrid-Granada 1936.

Mez : *Renaissance*, Eng. tr. = A. Mez: *The Renaissance of Islam*, Translated into English by Salahuddin Khuda Bukhsh and D.S. Margoliouth, London 1937.

Nallino : *Scritti* = C.A. Nallino : *Raccolta di Scritti editi e inediti*, Roma 1939-48.

Pakalín = Mehmet Zeki Pakalín : *Osmanlí Tarih deyimleri ve Terimleri Sözlüğü*, 3 vols., Istanbul 1946 ff.

Pauly-Wissowan = *Realenzklopaedie des klassischen Altertums*.

Pearson = J.D. Pearson : *Index Islamicus*, Cambridge 1958.

Pons Boigues = *Ensayo bio-bibliográfico sobre lòs historiadores y geógrafos arábigo-españoles*, Madrid 1898.

Santillana : *Istituzioni* = D. Santillana : *Istituzioni di diritto musulmano malichita*, Roma 1926-38.

Schlimmer = John L. Schlimmer : *Terminologie medico-Pharmacèutique et Anthropologique*, Tehran 1874.

Schwarz : *Iran* = P. Schwarz : *Iran im Mittelalter nach den arabischen Geographen*, Leipzig 1896.

Smith = W. Smith : *A Classical Dictionary of Biography, Mythology and Geography*, London 1853.

Snouck Hurgronje: *Verspr. Geschr.* = C, Snouck Hurgronje : *Verspreide Geschriften*, Bonn-Leipzig-Leiden 1923-27.

*Sources inéd.* = Henri de Castries : *Sources inédites de l'histoire du Maroc*, Paris 1905 f ; 2nd. Series, Paris 1922 f.

Spuler : *Horde* = B. Spuler : *Die Goldene Horde*, Leipzig 1943.

Spuler: *Iran* = B. Spuler: *Iran in früh-islamischer Zeit*, Wiesbaden 1952.

Spuler : *Mongolen*² = B. Spuler : *Die Mongolen in Iran*, 2nd. ed., Berlin 1955.

*SNR* = Stephan and Naudy Ronart : *Concise Encyclopaedia of Arabic Civilization*, Djambatan-Amsterdam 1959.

Storey = C.A. Storey : *Persian Literature : a biobibliographical survey*, London 1927.

*Survey of Persian Art* = ed. by A. U. Pope, Oxford

marfat.com
Marfat.com

1938.

Suter = H. Suter : *Die Mathematiker und Astronomen der Araber und ihre Werke*, Leipzig 1900.

Taeschner : *Wegenetz* = F. Taeschner : *Die Verkehrslage und das Wegenetz Anatoliens im Wandel der Zeiten*, Gotha 1926.

Tomaschek = W. Tomaschek : *Zur historischen Topographie von Kleinasien im Mittelalter*, Vienna 1891.

Weil : *Chalifen* = G. Weil : *Geschichte der Chalifen*, Mannheim-Stuttgart 1846-82.

Wensinck : *Handbook* = A.J. Wensinck : *A Handbook of Early Muhammadan Tradition*, Leiden 1927.

Zambaur = E. de Zambaur : *Manuel de génealogie et de chronologie pour l'histoire de l'Islam*, Hanover 1927 (anastatic reprint Bad Pyrmont 1955).

Zinkeisen = J. Zinkeisen : *Geschichte des Osmanischen Reiches in Europa*, Gotha 1840-83.

Zubaid Ahmad = *The Contribution of India to Arabic Literature*, Allahabad 1946 (reprint Lahore 1968).

marfat.com

Marfat.com

(ج)

مجلات، سلسلۂ ہائے کتب(۱) وغیرہ جن کے حوالے اس کتاب میں بکثرت آئے ہیں

*AB*=*Archives Berbèrs.*

*Abh. G.W. Gött.*=*Abhandlungen der Gesellschaft der Wissenschaften zu Göttingen.*

*Abh. K. M.*=*Abhandlungen f. d. Kunde des Morgenlandes.*

*Abh. Pr. Ak. W.*=*Abhandlungen d. preuss. Akad. d. Wiss.*

*Afr. Fr.*=*Bulletin du Comité de l'Afrique française.*

*Afr. Fr. RC*=*Bulletin du Com. de l'Afr. franç., Renseignements Coloniaux.*

*AIÉO Alger*=*Annales de l'Institute d' Études Orientales de l'Université d'Alger.*

*AIUON*=*Annali dell' Istituto Univ. Orient, di Napoli.*

*AM*=*Archives Marocaines.*

*And.*=*Al-Andalus.*

*Anth.*=*Anthropos.*

*Anz. Wien*=*Anzeiger der philos.-histor. Kl. d. Ak. der Wiss. Wien.*

*AO*=*Acta Orientalia.*

*Arab.*=*Arabica.*

*ArO*=*Archiv Orientálni.*

*ARW*=*Archiv für Religionswissenschaft:*

*ASI*=*Archaelogical Survey of India.*

*ASI, NIS*=*the same, New Imperial Series.*

*ASI*, AR=the same, Annual Reports.

*AÜDTCFD*=*Ankara Üniversitesi Dil ve Tarih-Coğrafia Fakültesi Dergisi.*

*As. Fr. B.*=*Bulletin du Comitéde l'Asie Française.*

*BAH*=*Bibliotheca Arabico-Hispana.*

*BASOR*=*Bulletin of the American School of Oriental Research.*

*Bell.*=*Türk Tarih Kurumu Belleten.*

*BFac. Ar.*=*Bulletin of the Faculty of Arts of the Egyptian University.*

*BÉt. Or*=*Bulletin d'Études Orientales de l'Institut Français de Damas.*

BGA=Bibliotheca geographorum arabicorum.

*BIE*=*Bulletin de l'Institut Egyptien.*

*BIFAO*=*Bulletin de l'Institut Français d'Archéologie Orientale du Caire.*

BIS=Bibliotheca Indica series.

*BRAH*=*Boletin de la Real Academia de la Historia de España.*

*BSE*=*Bol'shaya Sovetskaya Éntsiklopediya* (Large Soviet Encyclopaedia) 1st ed.

*BSE*$^2$=the same, 2nd ed.

*BSL(P)*=*Bulletin de la Société de Linguistique* (*de Paris*).

*BSO(A)S*=*Bulletin of the School of Oriental* (*and African*) *Studies.*

*BTLV*=*Bijdragen tot de Taal-, Land-en Volkenkunde* (*van Ned.-Indië*).

*BZ*=*Byzantinische Zeitschrift.*

*COC*=*Cahiers de l'Orient Contemporain.*

*CT*=*Cahiers de Tunisie.*

*EI*$^1$—*Encyclopaedia of Islam*, 1st edition.

*EI*$^2$=*Encyclopaedia of Islam*, 2nd edition.

*EIM*=*Epigraphia Indo-Moslemica*

*ERE*=*Encyclopaedia of Religion and Ethics.*

*GGA*=*Göttinger Gelehrte Anzeigen.*

*GJ*=*Geographical Journal.*

GMS=Gibb Memorial Series.

*Gr. I. Ph.*=*Grundriss der Iranischen Philologie.*

*GSAI*=*Giornale della Soc. Asiatica Italiana.*

*Hesp.*=*Hespéris.*

*IA*=*Islâm Ansiklopedisi* (Türkish).

*IBLA*=*Revue de l'Institut des Belles Lettres Arabes*, Tunis.

*IC*=*Islamic Culture.*

*IFD*=*Ilahiyat Fakültesi Dergesi.*

*IG*=*Indische Gids.*

*IHQ*=*Indian Historical Quarterly.*

(۱) انہیں رومن حروف میں لکھا گیا ہے۔

marfat.com

Marfat.com

*IQ=The Islamic Quarterly.*
*IRM=International Review of Missions.*
*Isl.=Der Islam.*
*JA=Journal Asiatique.*
*JAfr. S.=Journal of the African Society.*
*JAOS=Journal of the American Oriental Society.*
*JAnthr. I=Journal of the Anthropological Institute.*
*JBBRAS=Journal of the Bombay Branch of the Royal Asiatic Society.*
*JE=Jewish Encyclopaedia.*
*JESHO=Journal of the Enconomic and Social History of the Orient.*
*JNES=Journal of Near Eastern Studies.*
*JPak.HS=Journal of the Pakistan Historical Society.*
*JPHS=Journal of the Panjab Historical Society.*
*JQR=Jewish Quarterly Review.*
*JRAS=Journal of the Royal Asiatic Society.*
*J(R)ASB=Journal and Proceedings of the (Royal) Asiatic Society of Bengal.*
*J(R) Num.S=Journal of the (Royal)Numismatic Society.*
*JRGeog.S=Journal of the Royal Geographical Society.*
*JSFO=Journal de la Société Finno-ougrienne.*
*JSS=Journal of Semitic Studies.*
*KCA=Körösi Csoma Archivum.*
*KS=Keleti Szemle* (Revue Orientale).
*KSIE=Kratkie Soobshčeniya Instituta Étnografiy* (Short Communications of the Institute of Ethnography).
*LE=Literaturnaya Éntsiklopediya* (Literary Encyclopaedia).
*Mash.=Al-Mashrik.*
*MDOG=Mitteilungen der Deutschen Orient-Gesellschaft.*
*MDPV=Mitteilungen und Nachr. des Deutschen Palästina-Vereins.*
*MEA=Middle Eastern Affairs.*
*MEJ=Middle East Journal.*
*MFOB=Mélanges de la Faculté Orientale de Beyrouth.*
*MGG Wien=Mitteilungen der geographischen Gesellschaft in Wien.*
*MGMN=Mitt. z. Geschichte der Medizin und der Naturwissenshaften.*
*MGWJ=Monatsschrift f. d. Geschichte u. Wissenschaft des Judentums.*
*MI=Mir Islama.*
*MIDEO=Mélanges de l'Institut Dominicain d'Études Orintales du Caire.*
*MIE=Mémoires de l'Institut d'Égyptien.*
*MIFAO=Mémories publiés par les members de l'Inst. Franç. d'Archéologie Orientale du Caire.*
*MMAF=Mémoires de la Mission Archéologique Franç. au Caire.*
*MMIA=Madjallat al-Madjma' al-'ilmi al 'Arabi,* Damascus.
*MO=Le Monde oriental.*
*MOG=Mitteilungen zur osmanischen Geschichte.*
*MSE=Malaya Sovetskaya Éntsiklopediya*—(Small Soviet Encyclopaedia).
*MSFO=Mémoires de la Société Finno-ougrienne.*
*MSL=Mémoires de la Société Linguistique de Paris.*
*MSOS Afr.=Mitteilungen des Sem. für Oriental. Sprachen, Afr. Studien.*
*MSOS As.=Mitteilungen des Sem. für Oriental. Sprachen, Westasiatische Studien.*
*MTM=Milli Tetebbü'ler Medjmü'asi.*
*MVAG=Mitteilungen der Vorderasiatisch-ägyptischen Gesellschaft.*
*MW=The Muslim World.*
*NC=Numismatic Chronicle.*
*NGW Gött.=Nachrichten von d. Gesellschaft d. Wiss. zu Göttingen.*
*OA=Orientalisches Archiv.*
*OC=Oriens Christianus.*
*OCM=Oriental College Magazine,* Lahore.
*OCMD=Oriental College Magazine, Ḍamima,* Lahore.

marfat.com
Marfat.com

*OLZ = Orientalistische Literaturzeitung.*

*OM = Oriente Moderno.*

*Or. = Oriens.*

*PEFQS = Palestine Exploration Fund Quarterly Statement.*

*PELOV = Publications de l'École des langues orientales vivantes.*

*Pet. Mitt. = Petermanns Mitteilungen.*

*PRGS = Proceedings of the R. Geographical Society.*

*QDAP = Quarterly Statement of the Department of Antiquities of Palestine.*

*RAfr. = Revue Africaine.*

*RCEA = Répertoire Chronologique d'Épigrapie arabe*

*REI = Revue des Études Islamiques.*

*REJ = Revue des Études Juives.*

*Rend. Lin. = Rendiconti della Reale Accad. dei Lincei, Cl. di sc. mor., stor. e filol.*

*RHR = Revue de l'Histoire des Religions.*

*RI = Revue Indigène.*

*RIMA = Revue de l' Institut des manuscrits Arabes.*

*RMM = Revue du Monde Musulman.*

*RO = Rocznik Orientalistyczny.*

*ROC = Revue de l'Orient Chrétien.*

*ROL = Revue de l'Orient Latin.*

*RRAH = Rev. de la R. Academia de la Historia,* Madrid.

*RSO = Rivista degli Studi Orientali.*

*RT = Revue Tunisienne.*

*SBAK. Heid. = Sitzungsberichte der Ak. der Wiss. zu Heidelberg.*

*SBAK. Wien = Sitzungsberichte der Ak. der Wiss. zu Wien.*

*SBBayr. Ak. = Sitzungsberichte der Bayrischen Akademie der Wissenschaften.*

*SBPMS Erlg. = Sitzungsberichte d. Phys.-medizin. Sozietät in Erlangen.*

*SBPr. Ak. W. = Sitzungsberichte der preuss. Ak. der Wiss. zu Berlin.*

*SE = Sovetskaya Étnografiya* (Soviet Ethnography).

*SI = Studia Islamica.*

*SO = Sovetskoe Vostokovedenie* (Soviet Orientalism).

*Stud. Isl. = Studia Islamica.*

*S. Ya. = Sovetskoe Yazikoznanie* (Soviet Linguistics).

*SYB = The Statesman's Year Book.*

*TBG = Tijdschrift van het Bataviaasch Genootschap van Kunsten en Wetenschappen.*

*TD = Tarih Dergisi.*

*TIE = Trudi instituta Étnografiy* (Works of the Institute of Ethnography).

*TM = Türkiyat Mecmuasi.*

*TOEM = Ta'rikh-i 'Othmānī (Türk Ta'rikhi) Endjümeni medjmū'asi.*

*TTLV = Tijdschrift. v. Indische Taal-, Land- en Volkenkunde.*

*Verh. Ak. Amst. = Verhandelingen der Koninklijke Akademie van Westenschappen te Amsterdam.*

*Versl. Med. AK. Amst. = Verslagen en Mededeelingen der Koninklijke Akademie van Wetenschappen te Amsterdam.*

*VI = Voprosi Istoriy* (Historical problems).

*WI = Die Welt des Islams.*

*WI,* NS = the same, New Series.

*Wiss. Veröff. DOG = Wissenschaftliche Veröffentlichungen der Deutschen Orient-Gesellschaft.*

*WMG = World Muslim Gazetteer, Karachi.*

*WZKM = Wiener Zeitschrift für die Kunde des Morgenlandes.*

*ZA = Zeitschrift für Assyriologie.*

*Zap. = Zapiski.*

*ZATW = Zeitschrift für die alttestamentliche Wissenschaft.*

*ZDMG = Zeitschrift der Deutschen Morgenländischen Gesellschaft.*

*ZDPV = Zeitschrift des Deutschen Palästinavereins.*

*ZGErdk. Berl. = Zeitschrift der Gesellschaft für Erdkunde in Berlin.*

*ZK = Zeitschrift für Kolonialsprachen.*

*ZOEG = Zeitschrift f. Osteuropäische Geschichte.*

*ZS = Zeitschrift für Semitistik.*

marfat.com
Marfat.com

۲

## رموز

| | |
|---|---|
| بعد | = f., ff., sq., sqq. |
| بذیل مادّۂ (یا کلمۂ) فلاں | = s. v. |
| دیکھیے (کسی کتاب کے حوالے کے لیے) | = see ; s. |
| رک بآں (رجوع کنید بآں؛ اُردو کے کسی مقالے کے حوالے کے لیے) | = q. v. |
| سنہ ھ/سنہ ء = (سنہ ہجری مطابق سنہ عیسوی) | |
| کتابِ مذکور | = op. cit. |
| قب (قارِب یا قابِل) | = cf. |
| ق م (قبل مسیح) | = B. C. |
| م | = متوفّٰی |
| محلِّ مذکور | = loc. cit. |
| وہی کتاب | = ibid. |
| ھ (ہجری) | = A. H. |
| ء (عیسوی) | = A. D. |

۳

## اعراب

(الف)

**Vowels**

فتحہ (ـَ) = a

کسرہ (ـِ) = i

ضمّہ (ـُ) = u

(ب)

**Long Vowels**

ا، آ = ā (آج کل : āj kal)

ی = ī (سیم : Sīm)

و = ū (ہارون الرشید : Hārūn al-Rashīd)

اے = ai (سیر : Sair)

(ج)

ـــِ = e کی آواز کو ظاہر کرتی ہے (پِن : pen)

ـــٗ = o کی آواز کو ظاہر کرتی ہے (مٗول : mole)

ـــٗ = ü کی آواز کو ظاہر کرتی ہے (توٗرکیہ : Türkiya)

وا = ö کی آواز کو ظاہر کرتی ہے (کوال : Köl)

ـــَ یا i = ä کی آواز کو ظاہر کرتی ہے (اَرجَب : ärädjäb؛ رجب : rädjäb)

ـــْ = علامت سکون یا جزم (بِسْمِل : bismil)

۴

## متبادل حروف

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ب | = b | ص | = ṣ | د، ڈ | = d | گ | = g |
| پ | = p | ض | = ḍ | ذ | = dh | ل | = l |
| ت | = t | ط | = ṭ | ر | = r | م | = m |
| ٹ | = ṭ | ظ | = ẓ | ڑ | = ṛ | ن | = n |
| ث | = th | ع | = ʿ | ز | = z | و | = w |
| ج | = dj | غ | = gh | ژ | = ž, zh | ہ | = h |
| چ | = č | ف | = f | س | = s | ء | = ʾ |
| ح | = ḥ | ق | = ḳ | ش | = sh, ch | ی | = y |
| خ | = kh | ک | = k | | | | |

marfat.com

Marfat.com

باي: (Bey = بیہ = بیک) لقب، جو تونس کے حکمرانوں کے لیے ۲۶ جولائی [لیکن World Muslim Gazetteer، ص ۴۴۸، میں ۲۰ جولائی] ۱۹۵۷ء تک استعمال ہوتا رہا، جب کہ خاندانِ حسینیہ کے انیسویں حکمران الامین بای کو معزول کرکے ملک میں جمہوریہ کے قیام کا اعلان کر دیا گیا۔

اس لقب کی اصل معلوم کرنے کے لیے سولھویں صدی کے اواخر کی طرف رجوع کرنا پڑتا ہے۔ اسی زمانے میں عثمان بای نے بابِ عالی کے مشورے کے بغیر، جس کا وہ بحکوم تھا، منصب بای (ترکی میں بیگ) کی طرح ڈالی۔ اس نے اس منصب کے حامل کو قبائل کی سرداری سونپی اور امن عامّہ قائم رکھنے اور محصولات وصول کرنے کا مجاز کیا؛ چنانچہ ان وسیع اختیارات کے باعث بای ملک کی اہم ترین شخصیت بن گیا۔ اسکے بعد یہی لقب میرسپاہ حسین بن علی، بانیِ سلطنتِ حسینیہ، نے ۱۰ جولائی ۱۷۰۵ء کو تونس میں اپنی رسمِ مسند نشینی پر اختیار کر لیا۔

ورثائے تخت کی ترتیب اس کے بعد ایک منشور کے ذریعے مقرر کی گئی، جو تونس کے آئین مجریہ ۲۶ اپریل ۱۸۶۱ء میں شامل تھا۔ اُس کی دفعہ ۱ کی رو سے "تخت نشینی کا حق حسینی خاندان کے شہزادوں میں بلحاظ عمر ملک میں نافذ الوقت قواعد کے بموجب موروثی قرار پایا"۔ یہ دراصل ایک قدیم دستور کی باضابطہ شکل تھی، جس پر بجز دو صورتوں کے حاکمانِ تونس کی تخت نشینی کے سلسلے میں سلطنت کی ابتدا سے پابندی ہوتی چلی آئی تھی۔

حکمران کی تخت نشینی ایک دوگونہ رسم کے ساتھ عمل میں آتی تھی: پہلا مرحلہ خاص ہوتا تھا، جو اکابرِ سلطنت اور مصاحبین کے لیے مخصوص تھا اور دوسرا عام، جس میں تمام رعایا شریک ہو سکتی تھی۔ یہ اظہارِ وفاداری کی قدیم رسم دوگانہ (البیعة الخاصّه اور البیعة العامّه) کی تجدید تھی۔ تونس میں "حکومت زیرِ حمایت" (= محمیہ Protectorate) قائم ہوئی تو اس کے نتیجے میں بای کی رسمِ سریر آرائی وہاں فرانس کے نمائندے سے وابستہ ہو گئی، جس کے ہاتھوں محافظ (= "حامی") سلطنت کی جانب سے نئے بای کی تشریفات عمل میں آنے لگیں.

۲۶ اپریل ۱۸۶۱ء کے منشور کی دفعہ ۳ اور ۴ میں درج تھا: "بای صدرِ مملکت ہوگا اور ساتھ ہی شاہی خاندان کا سردار بھی۔ اسے اپنے خاندان کے شہزادوں اور شہزادیوں پر پورا اختیار حاصل ہوگا۔ بای کی رضامندی کے بغیر ان میں سے کوئی بھی اپنے حقوقِ ذات یا ملکیت منتقل نہ کر سکے گا۔ ان پر بای کو پدرانہ اختیار ہے۔ اسے لازم ہے کہ وہ اپنی اس حیثیت سے انھیں مستفید کرے اور افراد خاندان کا فرض ہے کہ اس کی فرزندانہ اطاعت کریں".

بای کو جو خطابات حاصل تھے ان میں کئی ایک ایسے الفاظ شامل تھے جن سے اس کے منصبِ شاہی کی صراحت ہوتی تھی۔ سرکاری دستاویزات میں اسکے القاب یہ تھے: "سیدنا و مولانا . . . . . . . . باشا بای، صاحب المملکة التونسیه"۔ قدیم طرز کے ان القاب میں، جو جزءً بنو حفص کی یادگار تھے اور جزءً اٹھارھویں صدی کے وسط سے چلے آ رہے تھے، ایک نئے لقب یعنی "مشیر" (Marshal) کا اضافہ ہوا، جو بابِ عالی کی جانب سے تقریبًا ۱۸۳۹ء میں عطا ہوا تھا، لیکن یہ لقب صرف تین حکمرانوں تک محدود رہا۔ حفصی خطابات کے برعکس ان کے ہاں شخصی نوعیت کے القاب نہیں ملتے۔

حکومت و سلطنت کی خاص نشانیوں میں

marfat.com
Marfat.com

تخت شاهی کے علاوہ اس رسمی پوشاک کا ذکر ضروری ہے جو اہم تقریبات پر بای پہنتا تھا - جاہ و جلال کے ان ظاہری لوازمات پر حکمران کے ہاتھ کا بوسہ، جو تونس کی رعیت پر واجب تھا، چند دوسری شاہی علامات مستزاد تھیں - بای کا شاہی وظیفہ مقرر تھا اور اس کا ایک حفاظتی دستہ اور ایک پرچم ہوا کرتا تھا - وہ امتیازی نشانات (مثلاً نشان الدّم، عہد الامان اور نشان الافتخار) کے علاوہ اعزازی فوجی عہدے عطا کرتا تھا - آخر میں مہر لگانے کی وہ رسم بھی قابل ذکر ہے جو ہر جمعرات کو ادا کی جاتی تھی - اس موقع پر بای فرمان کی صورت میں حکومت کے فیصلوں پر اپنی مہر ثبت کرتا تھا اور اس طرح انہیں عملی جواز مل جاتا تھا.

ولیعہد کا لقب 'بای الأمحال' تھا - اس لقب کی ابتدا اس کے اس فرضِ منصبی سے ہوئی جس کی تکمیل کے لیے اسے سال میں دو مرتبہ فوجی مہم پر ملک کے جنوب و شمال میں جانا پڑتا تھا تاکہ وہ ایک تو مرکزی حکومت کا اقتدار قایم رکھے اور دوسرے ان قبائل کو مرعوب کرے جن کے خراج ادا کرنے سے انکار کا احتمال ہو - بای الأمحال اپنے تقرر کی بنا پر فوج کا سردار ہوا کرتا تھا، لیکن 'حماية' (Protectorate) قائم ہوئی تو اس کا یہ عہدہ ختم ہو گیا.

[مآخذ : نیز دیکھیے *World Muslim Gazetteer*، مرتّبۂ مؤتمر عالم اسلامی، کراچی ۱۹۶۴ء، ص ۴۳۹ ببعد؛ لآ، ع، بذیل مادّۂ "بای" نیز مقالۂ تُونس، لآ اردو].

(CH. SAMARAN)

* **بایَزِیْد** : (طوغو بایزید Doğu-Bayazit) جمہوریّۂ ترکیہ کا ایک چھوٹا سا قصبہ، جو کوہ ارارات (آغری طاغ) (Aghrī-Dāgh) سے کسی قدر جنوبی جانب ایران کی سرحد کے قریب واقع ہے - خیال ظاہر کیا گیا ہے کہ اس کا نام سلطنت عثمانیہ کے فرمانروا بایزید اوّل (۷۹۱ھ/۱۳۸۹ء تا ۸۰۵ھ/۱۴۰۳ء) کے نام پر رکھا گیا تھا - اس نظریے کے مطابق سلطان موصوف نے اس مقام کو تیمور بیگ سے مقابلے کے وقت بطور ایک دیدبان چوکی کے مستحکم کر دیا تھا - زیادہ قریب زمانے کی توجیہ یہ ہے کہ یہ نام جلایری خاندان کے ایک شاہزادے یعنی سلطان احمد (۷۸۴ھ/۱۳۸۲ء تا ۸۱۳ھ/۱۴۱۰ء) کے بھائی کے نام سے مأخوذ ہے - آلِ عثمان نے اس قصبے کو ۹۲۰ھ/۱۵۱۴ء میں فتح کر لیا تھا، لیکن وہ سلطان سلیمان کی ایران سے معرکہ آرائیوں ۹۴۰ھ/۱۵۳۳ء تا ۹۴۲ھ/۱۵۳۶ء، ۹۵۵ھ/۱۵۴۸ء تا ۹۵۶ھ/۱۵۴۹ء اور ۹۶۰ھ/۱۵۵۳ء تا ۹۶۲ھ/۱۵۵۵ء سے پہلے اس علاقے پر قطعی قبضہ حاصل نہیں کر سکے - بایزید اور اس سے ملحقہ علاقے سلطنتِ عثمانیہ کے دورِ حکومت میں ایک سنجاق بنا دیے گئے تھے، جو بعض اوقات توان کی ایالت (= صوبے) لیکن زیادہ تر ارز روم کی ایالت کے ماتحت رہے - روسیوں نے ترکوں کے خلاف اپنی لڑائیوں میں ۱۸۲۸ء، ۱۸۵۴ء، ۱۸۷۷ء میں اور پھر ۱۹۱۴ء میں اس قصبے پر قبضہ کر لیا تھا - بایزید اب ترکی صوبۂ آغری Ağri میں شامل ہے - ۱۸۳۵ء میں اس کی آبادی ۱۸۶۰ نفوس پر مشتمل تھی - اس کے مقابل پوری قضا کی آبادی بیس ہزار نفوس سے کچھ ہی زیادہ تھی - ان میں سے بیشتر ترکی یا کُردی نسل کے ہیں - اس علاقے کے خاص خاص معاشی مشاغل بھیڑ بکری پالنا، اون، کھال اور چمڑے کی مصنوعات تیار کرنا اور قالین بافی ہیں.

**مآخذ** : (۱) حاجی خلیفہ : جِہان نُما، استانبول ۱۱۴۵ھ/۱۷۳۲ء، ص ۴۱۷ ببعد؛ (۲) اولیا چلبی : سیاحت نامہ، استانبول ۱۳۱۴ھ، ۴ : ۱۷۷؛ (۳) سامی : قاموس الاعلام، استانبول ۱۸۸۹-۱۸۹۸ء، ۲ : ۱۲۳۴؛

marfat.com
Marfat.com

(۵) علی جواد: تاریخ و جغرافیہ لغتی، استانبول ۱۳۲۳ھ، ص ۱۰۳؛ (۶) V. Cuinet: *La Turquie d' Asie*، پیرس ۱۸۹۰ء، ص ۲۲۷ تا ۲۳۳؛ (۷) W. E. D. Allen و P. Muratoff: *Caucasian Battlefields*، کیمبرج ۱۹۵۳ء، ص ۵۶۰ (بمدد اشاریہ)؛ [(۸) البستانی: دائرۃ المعارف، ۵: ۱۶۶، بیروت ۱۸۸۱ء]؛ (۹) آآ، ت، بذیلِ مادہ بایزید (از بسیم دارکوت Besim Darkot) - مغرب کے زیادہ جدید سفر ناموں میں بایزید کے شہر اور قضا سے متعلق متفرق حوالے ملتے ہیں - بطور ایک عام ہدایت نامے کے قب ماخذ سے متعلق اشارات در آآ، بذیلِ مادہ ارمینیا و ارز روم.

(V. J. Parry)

* **بایزید**: (بایزید) اول، الملقب بہ یلدرم (بجلی کا کڑکا)، عثمانی سلطان (مدت حکومت ۱۹ جمادی الآخرۃ ۷۹۱ھ/۱۵ جون ۱۳۸۹ء تا ۱۳ شعبان ۸۰۵ھ/۸ مارچ ۱۴۰۳ء) - یہ ۷۵۵ھ/۱۳۵۴ء میں مراد اول کے ہاں گل چیچک خاتون کے بطن سے پیدا ہوا - ۷۸۳ھ / ۱۳۸۱ء میں اس صوبے کا گورنر مقرر ہوا جو خاندان گرمیانیہ (Germeyānids) سے اس کی بیوی سلطان خاتون کے جہیز کے نام سے حاصل کیا گیا تھا - کوتاھیہ Kütahya میں سکونت اختیار کرنے کے بعد مشرق میں عثمانی مفادات کی دیکھ بھال اس کے سپرد ہو گئی - اس نے ۷۸۸ھ/۱۳۸۶ء میں قرمانیوں (قرمان اوغلو Karaman-Oghlu) کے خلاف افرنک یازیسی (Efrenk-Yazīsī) کی لڑائی میں اپنے سپاہیانہ تہور کی بدولت ناموری حاصل کی (اور اسی وجہ سے اس نے یلدرم کا لقب پایا) - اس مفروضے کی کہ وہ اماسیہ کا بھی پہلا والی مقرر ہوا تھا (کمال پاشا زادہ) اصل یہ ہے کہ اماسیہ کے مغرب کا کچھ علاقہ اس زمانے میں عثمانی ترکوں کے زیر نگین ہو گیا جب انہوں نے قسطمونی [رک بآں] کے جان دار خاندان کے سلیمان کی اس کے باپ (۷۸۶ھ/۱۳۸۴ء تا ۷۹۰ھ/۱۳۸۸ء) اوراحمد کے خلاف، جو امیر اماسیہ تھا، مدد کی - اس امیر نے قاضی برہان الدین کے مقابلے میں عثمانی ترکوں کی حفاظت میں آنا قبول کر لیا تھا (بزم و رزم، ص ۳۰۲، ۳۰۸).

جب ۱۵ جون ۱۳۸۹ء کو قوصوہ Kossovo [رک بآں] کے میدان میں مراد اول کے کاری زخم آیا تو اس نے اپنے پاشاؤں سے کہا کہ وہ اس کے سب سے بڑے اور نامور بیٹے بایزید کو سلطان تسلیم کر لیں (دستور نامہ، ص ۸۷؛ کسی گمنام مصنف کی تواریخ، ص ۲۷)؛ چنانچہ انہوں نے ایسا ہی کیا اور اس کا ایک ہی بھائی، جو اس وقت زندہ تھا (دو اور بھائی یعنی ساوجی Savdjī اور ابراہیم پہلے ہی وفات پا چکے تھے)، قتل کر دیا گیا تاکہ خانہ جنگی نہ ہونے پائے - سربیا کا رئیس لازار Lazar بھی میدان جنگ میں قتل کر دیا گیا.

نئے سلطان نے فوراً اپنے دارالحکومت بروسہ کی طرف کوچ کر دیا (Stanojević، ص ۱۷۴)، کیونکہ اناطولیا کے باج گزار رئیسوں نے بغاوت کر دی تھی؛ چنانچہ قرمان اوغلو علاؤالدین علی، جو ان کا سرگروہ تھا، بے شہری Beyshehri کو فتح کر کے اسکی شہر تک بڑھ آیا، گرمیان اوغلو یعقوب ثانی نے اپنی موروثی ریاست واپس لے لی اور قاضی برہان الدین نے قیرشہری Kïr-Shehri فتح کر لیا (بزم و رزم، ص ۳۸۷) - بایزید نے سربیا والوں سے صلح و مصالحت کر لی اور انہوں نے لازار کی بیٹی اولیورا (Despina) کو اس کے عقد میں دینے اور سٹیفن لزاروچ Stephen Lazarević کے زیر قیادت ایک امدادی فوج بھیجنے کا وعدہ کر لیا - ہنگری کے مسلسل دباؤ کے باوجود سٹیفن بایزید کا وفادار رہا اور اس کی مہموں میں اس کا ساتھ دیتا رہا - لیکن بالائی سربیا (Prishtina, Skoplje وغیرہ) میں Vuk Branković نے ترکوں کی مزاحمت کی -

Marfat.com

پاشا یگت Pasha-Yigit نے اس کے خلاف فوجی کارروائیاں برابر جاری رکھیں اور بعد میں اُسکُب (Skoplje) فتح کر لیا (۷۹۳ھ / ۱۳۹۱ء) اور اسے بوسنیا اور البانیا پر حملوں کے لیے اپنا فوجی مستقر بنا لیا۔

بایزید نے ۷۹۲ھ / ۱۳۸۹-۱۳۹۰ء کا موسم سرما فیلاڈلفیا (آلاشہر Alashehir) کے فتح کرنے اور ترکی ریاستوں کا اناطولیا سے الحاق کرنے میں صرف کیا، جن کے نام یہ ہیں: آیدین Aydin، صاروخان Sarukhàn، منتشا Menteshe، حمید اور گرمیان ۔ اس مہم میں خاندان جاندار یہ کا سلیمان اور Manuel Palaologus اس کے ساتھ تھے ۔ جمادی الآخرہ ۷۹۲ھ / مئی ۱۳۹۰ء میں وہ قرہ حصار (= افیون) میں قرہمان اوغلو کے خلاف فوج کشی کی تیاریوں میں مصروف تھا ۔ اس نے بے شہری Beyshehri پر دوبارہ قبضہ کر لیا اور قونیہ کو محاصرے میں لے لیا ۔ اس وقت سلیمان نے قسطمونی واپس پہنچ کر قرہمان اوغلو کو امداد دینے کے لیے بایزید کے خلاف قاضی برہان الدین سے اتحاد کر لیا ۔ بظاہر اسی خطرے کے پیش نظر بایزید نے قونیہ کا محاصرہ اٹھا لیا اور قرہمان اوغلو سے ایک معاہدہ کر لیا جس کی رو سے وہ دریاے چار شنبہ Carshanba کے پورے مغربی علاقے سے دست بردار ہو گیا ۔ آئندہ سال (۷۹۳ھ / ۱۳۹۱ء) بایزید نے سلیمان پر حملہ کر دیا، لیکن برہان الدین نے اپنے حلیف کی طرفداری میں سلطان کا مقابلہ کیا ۔ ۷۹۳ھ / ۱۳۹۱ء کے موسم بہار میں بایزید نے سلیمان کے خلاف بڑی تیاریاں کیں ۔ وینس کی ۱۲ جمادی الاولی ۷۹۴ھ / ۶ اپریل ۱۳۹۲ء کی ایک اطلاع یہ تھی کہ بایزید کے باج گزار کی حیثیت سے Manuel Palaeologus بھی اسنوب (Sinop) کی بحری مہم میں شریک ہونے کو تھا (Silber، schmidt، ص ۷۷) ۔ یہ مہم سلیمان کے سارے علاقے (بجز اسنوب) کے الحاق اور اس کی موت پر ختم ہوئی ۔ اس کے بعد برہان الدین کی دھمکیوں اور احتجاجات کے باوجود بایزید نے عثمان جق Osmandjik پر قبضہ کر لیا، لیکن آخر کار برہان الدین نے چوروملو Čorumlu (= چورم) کے قریب بایزید پر حملہ کر کے اسے پسپائی پر مجبور کر دیا ۔ برہان الدین کے حملہ آور دستے انقرہ اور سیوری حصار Sivri-hisar تک جا پہنچے ۔ برہان الدین کی افواج کے محاصرے سے مجبور ہو کر امیر اماسیہ نے یہ قلعہ ترکوں کے حوالے کر دیا (۷۹۴ھ / ۱۳۹۲ء) ۔ اگلے سال بایزید آیا اور شہر میں داخل ہو گیا ۔ مقامی خاندانوں مثلاً تاج الدین اوغللری (رودِ چارشنبہ کی وادی میں) تاشان اوغللری (مرزیفون کے علاقے میں) اور بفرہ کے حاکم نے بایزید کی سیادت تسلیم کر لی؛ لیکن برہان الدین نے واپس جاتے ہوے عثمانی افواج کو بہت پریشان کیا (بزم و رزم، ص ۴۱۸ تا ۴۲۰)۔

پھر بایزید نے مغرب میں حالات کو فوری توجہ کے قابل پایا ۔ قوصوہ Kossovo فتح کرنے کے بعد اس نے بوزنطہ (Byzantium) پر اپنا اقتدار اور بڑھا لیا تھا ۔ اسی کی تائید سے پہلے تو جان ہفتم کو تخت ملا (۲۷ ربیع الثانی ۷۹۲ھ / ۱۴ اپریل ۱۳۹۰ء) اور پھر جان پنجم اور اس کے بیٹے اور شریکِ سلطنت مینوئل Manuel کو (۱۶ شوال ۷۹۳ھ / ۱۷ ستمبر ۱۳۹۱ء)، جس نے سلطان کے ساتھ اناطولیہ کی مہم میں شریک ہو کر اپنی وفاداری کا ثبوت دیا تھا (*Johannes* : Fr. Dölger، ۷ : ۲۷ تا ۲۸) ۔ جب بایزید مشرق میں اناطولیہ کے معاملات سلجھانے میں مصروف تھا تو اس کے اُج بے (اوزبے؟ Udj-beyis) دشمنوں پر چھاپے مارتے رہے اور انھوں نے مغربی سرحدوں کو قابو میں

Marfat.com

رکھا ۔ پاشا یگیت نے وُک Vuk کو مطیع و منقاد کیا؛ اورِنوس [رکّ بآں] Evrenus (Ewrenoz) نے چتروس (Kitros) اور وودینہ کو مسخر کیا اور تھسلی Thessaly میں پیش قدمی کی؛ فیروز بیگ نے ولاشیا Wallachia میں چھاپے مارے اور شاہین البانیا میں سرگرمِ عمل رہا ۔ لیکن Miraca cel Batran نے سِلِستر Silstre کو کسی نہ کسی طرح واپس لے لیا ۔ اور اس نے جب بایزید اناطولیا میں تھا تو قارن اووسی (Karnobat) میں اس کے آقنجیوں [حملہ آور دستوں] پر کامیاب حملہ کیا ۔ ایک طرف موریا، البانیا اور بوزنطہ میں وینس والوں کی سرگرمیوں سے اور دوسری جانب ولاشیا اور ڈینیوبی بلغاریا کے علاقے میں ہنگری کی اپنا اثر و اقتدار بڑھانے کی مساعی کے باعث بایزید نے فیصلہ کیا کہ اپنی کوششوں کو بلقان میں مرتکز کر دے ۔ اس نے پہلے (۷ رمضان المبارک ۷۹۵ھ/۱۷ جولائی ۱۳۹۳ء) کو ترنوو Trnovo پر قبضہ کر لیا، جو ۷۹۰ھ/۱۳۸۸ء سے آل عثمان کے زیر اقتدار رہا تھا، اور زارِششمن Czar shishman کو ترکوں کے باج گزار کی حیثیت سے نکوپولس Nicopolis کی طرف منتقل ہونا پڑا ۔ ۷۹۶ھ/۱۳۹۳ - ۱۳۹۴ء کے زمستان میں بایزید نے بلقان کے تمام حکمرانوں اور پلیولوگس بھائیوں (Palacologi) کو سیرس Serres میں طلب کیا اور یہاں ان کی باج گزاری کی بندشیں زیادہ مضبوط کرنے کی کوشش کی ۔ اس کی بالخصوص یہ کوشش تھی کہ تھیوڈور پلیولوگس موریا میں اپنے بڑے بڑے شہر وینس کے مقابلے کے لیے سلطان کے حوالے کر دے ۔ عالمِ مایوسی میں پلیولوگی یعنی تھیڈور اور اس کا بھائی مینوئل بایزید کے خلاف ہو گئے اور مغرب میں، بالخصوص وینس میں، اعانت کے خواہاں ہوئے؛ تب ایسا معلوم ہوتا ہے کہ بایزید نے تسالونیکہ Thessalonica دوبارہ فتح کر لیا (نشری، ص ۸۸ اس کی تاریخ ۱۹ جمادی الآخرۃ ۷۹۶ھ/۲۱ اپریل ۱۳۹۴ء بتاتا ہے ۔ شہر مذکور ایک مرتبہ ۷۸۹ھ/۱۳۸۷ء میں بھی مسخر کیا گیا تھا اور غالبًا ۷۹۱ھ/۱۳۸۹ء میں وہ ہاتھ سے نکل گیا تھا) ۔ بایزید نے تھسلی کو بھی فتح کیا، جو Salone, Neopatrai کا علاقہ تھا ۔ اورنوس Evrenuz موریا میں داخل ہوگیا لیکن تھیوڈور وینس والوں کو آرگوس Argos دے چکا تھا (۲۷ مئی ۱۳۹۴ء) (J. Loenertz، در *REB*، ۱ : ۱۷۱ تا ۱۸۵) ۔ ایک دوسرے ترکی لشکر نے جنوبی البانیا کو براہِ راست ترکی حکومت کے ماتحت کر دیا اور شاہین نے وینس والوں کے البانوی ساحلوں کے مقبوضات پر دباؤ ڈالا (رکّ بہ آرناوودلق Arnawutluk) ۔ بایزید نے قسطنطینیہ کی بھی ناکہ بندی شروع کی (۷۹۶ھ/موسم بہار ۱۳۹۴ء)، جو سات سال تک جاری رہی ۔ ۷۹۷ھ/۱۳۹۵ء میں اس نے ہنگری پر حملہ کیا اور راستے میں Slankamen، ٹیٹل Titel، بکسکرک Becskerek، تمشور Temeshvar، کراشووا Carashova، کرنسیبیش Caransebesh، مہدیہ Mehedia کے قلعوں پر یورش کی (دیکھیے *Actes du X. Congrés Int. d'Et. Byz.*، ص ۲۰۰) ۔ ۲۶ رجب ۷۹۷ھ/۱۷ مئی ۱۳۹۵ء کو اس نے مِرسیا Mircea کو ولاشیا میں دریاے ارجیش Argesh پر شکست دے کر ولاشیا کے تخت پر ولاڈ Vlad کو بٹھا دیا ۔ پھر دریاے ڈینیوب عبور کر کے نکوپولس پہنچا اور ۱۳ شعبان ۷۹۷ھ/۳ جون ۱۳۹۵ء کو ششمن Shishman کو گرفتار کر کے قتل کرا دیا ۔

ان دلیرانہ فتوحات نے ہنگری اور وینس کو ۷۹۶ھ/۱۳۹۴ء میں معاہدۂ اتحاد کرنے اور یورپ میں ترکوں کے خلاف ایک مذہبی جنگ کرنے پر آمادہ کر دیا، چنانچہ ۷۹۹ھ/۱۳۹۶ء میں جب

Marfat.com

بایزید قسطنطینیه فتح کرنے کی کوشش میں مصروف تھا تو صلیبیوں نے Sigismund کے ماتحت نکوپولس کا محاصرہ کر لیا۔ بایزید بسرعت تمام ادھر پہنچا اور ۲۱ ذوالحجّه ۷۹۸ھ/ ۲۵ ستمبر ۱۳۹۶ء کو انھیں ایک تباہ کن شکست دی اور آخری خود مختار بلغاری حکمران Stratsimir سے وِدِن Vidin چھین لیا۔ اب ممالکِ بلقان اور قسطنطینیه کی قسمت بایزید کے ہاتھوں میں تھی۔ اس شہنشاہی دارالسلطنت میں قیصر مینوئل کو یه قبول کرنے کے سوا کوئی چارۂ کار نه رہا که بایزید ایک ترک نوآبادی مع ایک قاضی کے وہاں قائم کرے۔ ادھر اس کے سپه سالار اورنوس Evrenuz نے آرگوس اور ایتھنز لے لیے (۷۹۹ھ/ ۱۳۹۷ء)۔ اس کے بعد سلطان نے قرہمان اوغلو کی معاندانه سرگرمیوں کے باعث، جو اس سے نکوپولس کی پُر خطر معرکه آرائی کے زمانے میں سرزد ہوئی تھیں، اناطولیه کو مراجعت کی۔ اس نے آق چای کے میدان میں قرہمان اوغلو کو شکست دے کر قتل کر دیا اور اس کے علاقے کو قونیه میں ضم کر لیا (۸۰۰ھ/موسم خزاں ۱۳۹۷ء)۔ آئنده سال اس نے جانیک Djanik کا خطّه اور برہان الدین [رَکٌ بآں] کے علاقے کا بھی الحاق کر لیا اور تیمور [رَکٌ بآں] (Tamerlane) کے خلاف مصر سے اپنے اتحاد کو نظر انداز کر کے البستان، ملطیه Malatya، بِہِسنی Behisni، کَہته Kahta اور دیورِگی Divrigi فتح کر لیے۔

مارشل Boucicaut کا ترکی ساحلی علاقوں پر حمله اور وہ فوجی جمعیت جو وہ اپنے ہمراہ قسطنطینیه لایا تھا اس شہر پر دباؤ کم کرنے کے لیے کافی نه تھی (۸۰۰ھ/گرما ۱۳۹۹ء [کذا؟ ۱۳۹۸ء])، لہذا مینوئل ثانی مزید اعانت حاصل کرنے کے لیے یورپ گیا (۱۰ ربیع الثانی ۸۰۲ھ/ ۱۰ دسمبر ۱۳۹۹ء)۔ ۱۳۹۹ء کے موسم خزاں میں تیمور ایک مرتبه پھر مشرقی اناطولیا میں نمودار ہوا اور اس کے (۷۹۶ھ/ ۱۳۹۴ء میں) ایشیاے کوچک پر پہلے حملے کی طرح اس موقع پر بھی مغرب (یعنی یورپ) والوں کو بڑی بڑی امیدیں پیدا ہو گئیں۔ ۱۳۹۹ء سے تیمور چنگیزخانیوں کے نمائندے کی حیثیت سے اناطولیه کے تمام فرمانرواؤں پر اپنے حاکمانه اقتدار کا دعوےدار رہا تھا، جبکه بایزید ان علاقوں میں سلجوقیوں کا وارث ہونے کا دعوٰی رکھتا تھا۔ تیمور کو پہلے سلطان پر حمله کرنے میں تامّل رہا، مگر اس نے ان تمام اناطولی حاکموں کو جنھیں بایزید نے نکال دیا تھا اپنے ہاں پناہ دے دی، جس کے جواب میں بایزید نے قرہ یوسف اور احمد جلائر کو اپنی حفاظت میں لے لیا۔ اس نے تیمور کو مضطرب کر دیا اور اس نے (۸۰۲ھ / ۱۴۰۰ء) کو سیواس پر قبضه کر کے اسے تاراج کر ڈالا۔ بایزید نے اس کے انتقام میں امیر ارزنجان مطہرتن نامی کو قید کر لیا، جو تیمور کے زیر حمایت تھا۔ بالآخر ۲۷ ذی الحجّه ۸۰۴ھ/ ۲۸ جولائی ۱۴۰۲ء کو انقره کے قریب چوبوق اووہسی Čhbuk-Ovasî کے مقام پر تیمور اور بایزید ایک دوسرے سے بھڑ گئے۔ تیمور نے بایزید کو شکست دے کر گرفتار کر لیا اور اس نے آق شہر کے مقام پر قید کی حالت ہی میں وفات پائی (۱۳ شعبان ۸۰۵ھ / ۸ مارچ ۱۴۰۳ء)۔ اس طرح بایزید کی بعجلت قائم کرده سلطنت کا شیرازہ بکھر گیا۔ اناطولی والیانِ ریاست نے، که انھوں نے اپنے اپنے علاقے دوباره حاصل کر لیے تھے (۸۰۴ھ - ۱۴۰۲ء)، نیز عثمانی سلاطین نے، جنھوں نے باقی مانده ملک کو باہم تقسیم کر لیا تھا، تیمور کو اپنا حاکمِ اعلیٰ تسلیم کر لیا۔ اس کے بعد محمد ثانی کے عہدِ حکومت تک آلِ عثمان نے مشرق میں کوئی جارحانه اقدام نہیں کیا۔

مرکزی عثمانی حکومت کی بنیاد رکھنے کا

Marfat.com

سہرا بایزید ہی کے سر ہے ۔ یہ نظام ''قول'' اور نظم و نسق کے ان روائتی طریقوں پر مبنی تھا جن کی تکمیل مشرق وسطٰی میں مسلم ترکوں کے ہاتھوں ہوئی۔

مآخذ: (۱) عثمانی مؤرخین (احمدی، شکر اللہ، اوروج، انوری، عاشق پاشازادہ، روحی، نشری، گمنام مصنف: تواریخ، ہشت بہشت، کمال پاشازادہ) کے لیے دیکھیے: Fr. Babinger، در *GOW*؛ (۲) ابن حجر العسقلانی: انباء الغمر، اقتباسات در *AÜDTC*، فاکولتہ‌سی درگی‌سی *Fakültesi Dergisi*، جلد ششم، عدد ۳ تا ۵؛ (۳) تاریخی تقویملر *Tarihi Takvimler*، طبع O. Turan، انقرہ ۱۹۵۴ء؛ (۴) عزیز استر آبادی: بزم و رزم (طبع کوپرولو F. Köprülü)، استانبول ۱۹۲۸ء؛ (۵) J. Schiltberger: *The Bondage and Travels*، ترجمہ Telfer، لنڈن ۱۸۷۹ء؛ (۶) S. Stanojević: *Die Biographie Stefan Lazarević's von Konstantin*، Archiv f. Slav. Phil.، ۱۸: ۴۰۹ تا ۴۲۸؛ (۷) P. Wittek: *Das Fürstentum Mentesche*، استانبول ۱۹۳۴ء؛ (۸) M. Silberschmidt: *Das orientalische Problem ...*، لائپزگ - برلن ۱۹۲۳ء؛ (۹) F. Dölger: *Johannes vii*، در *BZ*، ۱: ۲۱ تا ۳۶؛ (۱۰) R. J. Loenertz: *Pour l'historie du Peloponèse au XIV siècle*، در *REB*، ۱: ۱۰۲ تا ۱۹۶؛ (۱۱) A. S. Atiya: *The Crusade of Nicopolis*، لنڈن ۱۹۳۴ء؛ (۱۲) M. M. Alexandrescu-Dersca: *La campagne de Timur en Anatolie*، بخارسٹ ۱۹۴۲ء؛ (۱۳) خلیل ینانچ M. Halil Yinanç، در وا، ت (بذیل مادّہ).

(HALIL INALCIK)

**بایزید ثانی**: عثمانی سلطان (۸۸۶ھ/۱۴۸۱ء تا ۹۱۸ھ/۱۵۱۲ء)، غالباً شوال یا ذوالقعدہ ۸۵۱ھ/ دسمبر ۱۴۴۷ء یا جنوری ۱۴۴۸ء میں پیدا ہوا (مگر بعض مآخذ اس کی تاریخ پیدائش ۸۵۶ھ/ ۱۴۵۲ء یا ۸۰۵ھ/ ۱۴۰۳ء بتلاتے ہیں)۔ اپنے والد محمد ثانی کی زندگی میں وہ صوبۂ اماسیہ کا والی تھا۔ وہ آق قویونلو ترکمانوں کے سردار اوزون حسن کے خلاف جنگ میں شریک رہا اور ۸۷۸ھ/ ۱۴۷۳ء کی اوتلوق بلی کی لڑائی میں موجود تھا۔ ۸۸۶ھ / ۱۴۸۱ء میں محمد ثانی کی وفات کے بعد اس میں اور اس کے چھوٹے بھائی جم کے درمیان، جو اس وقت قرہمان کا والی اور قونیہ میں سکونت رکھتا تھا، تخت کے لیے کشمکش شروع ہوئی۔ ینی چری فوج اور باب عالی کے اعلٰی عہدہ داروں کی ایک طاقتور جماعت کی اعانت سے تخت بایزید کو مل گیا۔ جم نے ینی شہر Yeni-Shehir کے نزدیک ربیع الثانی ۸۸۶ھ / جون ۱۴۸۱ء میں شکست کھائی اور پہلے شام اور پھر مصر چلا گیا۔ وہاں اس نے مملوک سلطان قایت بای کی رضامندی سے نئی فوج جمع کی لیکن انقرہ اور قونیہ کے خلاف بے نتیجہ معرکہ آرائی کے بعد کامیابی سے مایوس ہو کر اس نے جمادی الآخرۃ ۸۸۷ھ / جولائی ۱۴۸۲ء کو رودس Rodes میں سینٹ جان کے صلیبی جنگ آزماؤں (Knights) کے ہاں پناہ لی، جنھوں نے اسی سال ستمبر میں اسے فرانس بھجوا دیا۔ اس وقت سے اس بدنصیب شاہزادے کی موت (فروری ۱۴۹۵ء) تک ترکوں کو برابر یہ خدشہ دامن گیر رہا کہ مسیحی حکومتوں کا کوئی وفاق جم کو اپنا آلۂ کار بنا کر ان کی سلطنت پر حملہ کر دے گا۔ جب تک جم زندہ رہا بایزید اپنی فوجوں کو مشرق یا مغرب کی کسی بڑی مہم میں اس طرح الجھانے کا خطرہ مول نہ لے سکا کہ جہاں سے انہیں واپس لانا دشوار ہو۔

ہرزے گووینا Herzegovina ۸۸۸ھ/۱۴۸۳ء میں پوری طرح سے عثمانی اقتدار کے ماتحت آ گیا۔ دریاے ڈینیوب کے دہانے پر قلعہ کلیہ اور دریاے نیستر Dniester کے دہانے کا قلعہ آق کرمان ۸۸۹ھ/

Marfat.com

۱۴۸۴ء کے موسم گرما کی مولداویہ Moldavia کی مہم کے دوران میں بایزید نے لے لیا اور یہ کامیابی اس کے لیے خاصی اہمیت رکھتی تھی، کیونکہ اس سے کریمیا (قرم) کو جانے والی خشکی کی راہ پر، جہاں تاتار خاں سلطان کے باج گزار کی حیثیت سے حکومت کرتا تھا، عثمانی اقتدار مضبوط ہو گیا - لیکن ترکوں کے لیے ان کی ۸۹۰ھ/۱۴۸۵ء تا ۸۹۶ھ/۱۴۹۱ء کی مصر اور شام کے مملوکوں کے خلاف جنگ میں جو واقعات پیش آئے ان کا نتیجہ اتنا خوش گوار نہ نکلا - یہ جنگ اس امر کا فیصلہ چکانے کے لیے لڑی گئی تھی کہ حریف حکومتوں میں سے کون سلیشیا اور اس کے متصل کوہستان طارس کے سرحدی اقطاع پر اپنا اقتدار قائم رکھے - میدانِ جنگ میں آلِ عثمان کو بہت سی ہزیمتیں اٹھانا پڑیں - ان میں سب سے زیادہ سخت رمضان ۸۹۳ھ/اگست ۱۴۸۸ء میں آدنہ کے قریب اغا چائری کی شکست تھی - ۸۹۶ھ/۱۴۹۱ء میں ایک صلح نامہ لکھا گیا، جو در حقیقت اس بات کی علامت تھی کہ سلیشیا پر مؤثر اقتدار حاصل کرنے میں عثمانی ناکام رہے - بایں ہمہ یہ امر پیش نظر رہنا چاہیے کہ اس وقت تک جم زندہ تھا اور عیسائیوں کے ہاتھوں میں اسیر، اس لیے بایزید اس جنگ میں اپنے تمام وسائل کے استعمال میں آزاد نہ تھا اور اسی لیے اس نے یہ لڑائی صرف چند محدود مقاصد کے پیش نظر شروع کی تھی - مزید برآں ۸۹۶ھ/۱۴۹۱ء میں بعض فتوحات کے حاصل کر لینے کے باوجود مملوکوں کے لیے بھی سرحد طارس کے حالات کسی طرح بھی اس سے زیادہ سازگار نہیں ہوے جتنے کہ چھے سال پہلے تھے -

دریاے ڈینیوب کے کنارے اور بوسنیا کی سرحدوں پر اِس مسلم جنگجو کی عیسائی سرحدی حکمران کے ساتھ غیر مختتم آویزش آخرکار ۸۹۷ھ/۱۴۹۲ء - ۹۰۰ھ/۱۴۹۵ء میں پوری شدت کے ساتھ بھڑک اٹھی - عثمانی مجاهدوں نے دریاے ڈینیوب اور ساوا Sava کے پار آسٹریا کے اندر سٹی ریا Styria، کارنیالا Carniola اور کارنتھیا Carinthia کی ریاستوں پر کثیر فوجوں سے تاختیں کیں - ۸۹۷ھ/۱۴۹۲ء میں ولاچ Villach کے مقام پر انھیں شکست ہوئی لیکن اس کے برعکس ۸۹۸ھ/۱۴۹۳ء میں ادبنہ Adbina کے مقام پر کروٹیا افواج کا انھوں نے قریب قریب صفایا کر دیا - ہنگری والوں کے ساتھ تین سال کے لیے عارضی صلح سے ۹۰۰ھ/۱۴۹۵ء میں ان آویزشوں کا خاتمہ ہوا، لیکن اب سلطنت عثمانیہ اور پولینڈ میں لڑائی شروع ہو گئی - عثمانی ترک اور قرم تاتاری گویا ایک ایسی سدّ سکندری بن گئے تھے جس نے اہل پولینڈ پر بحیرۂ اسود تک پہنچنے کی راہ مسدود کر رکھی تھی - پولینڈ نے ۹۰۲ھ/۱۴۹۷ء میں ایک مہم کا آغاز کیا جس کا مقصد یہ تھا کہ کلیا Kilia اور آق کرمان پر قبضہ کر کے اور مولداویا کو پولینڈ کی ایک باج گزار ریاست بنا کر اس سدّ کو توڑ دیا جائے؛ مگر مولداوی فوجوں نے عثمانی بیگوں کی مدد سے نشیبی ڈینیوب کے کنارے کنارے کامیاب مزاحمت کی - اہلِ پولینڈ قلعہ سکیوا Suceava کے سامنے پسپا ہوے اور اس پسپائی کے دوران میں انھوں نے بکووینا Bukovina کے صوبے میں Kozmin کے مقام پر شکست فاش کھائی (اکتوبر ۱۴۹۷ء) - دریاے ڈینیوب کے علاقے کے عثمانی غازیوں نے اب ۱۴۹۸ء کے موسم گرما میں مولداوی اور تاتاری رسالوں کی کمک سے پوڈولیا Podolia اور گالیشیا Galicia کے بہت سے علاقوں کو بالکل تاراج کر دیا، لیکن اسی سال کے موسم خزاں کے اواخر میں گالیشیا کے خلاف ایک یورش کارپیتھیا کے پہاڑوں پر شدید برف باری کے دوران میں تباہی پر منتج ہوئی -

Marfat.com

بہرحال پولینڈ نے اپریل ۱۴۹۹ء میں مولداویا کے ساتھ صلح کر لی ۔ اس معاهدے کے تھوڑے دن بعد ھی ترکوں اور پولینڈ والوں کے مابین بھی ان کے سابقہ معاهدۂ صلح کی تجدید ہو گئی۔

مملوکوں کے خلاف جنگ میں ناکامیوں سے دو چار ہونے کے بعد بایزید نے اپنی افواج کو زیادہ مفید و کارآمد اور ان اسلحه سے جو اب تک میسر تھے مسلّح کرنے کا فیصلہ کیا، اس کے ساتھ ھی زیادہ مستعد اور قابل سپاھیوں کا زیادہ سریع الحرکت توپ خانه تیار کرنے کی کوشش کی ۔ مزید برآں ترک بیڑے کی قوّت اور تعداد بڑھانے کی مساعی بھی کی گئیں، چنانچه بحیرۂ ایجین اور بحیرۂ ایڈریاٹک کی بندرگاھوں میں بہت سے جنگی جہازوں کی تعمیر شروع کردی گئی ۔ در اصل ایک نئی جنگ سروں پر منڈلا رھی تھی، جس میں ان اسلحه کی افادیت اور سلطان کی بحری افواج میں کثیر افزائش کی بھی آزمائش ہونے والی تھی ۔ موریا، البانیا اور ڈالمیشیا Dalmatia کے ساحلوں پر مقبوضاتِ غیر میں گھرے ہوے وینس کے بعض علاقے تھے ۔ ان علاقوں کی سرحدوں پر یونانی، کریٹی اور البانی اجیر سپاھیوں کے ساتھ، جو سائنوریا Signoria کی ملازمت میں تھے، ترک غازیوں کی چپقلش ہوتی رهتی تھی ۔ لهذا آئے دن سمندروں میں بعض ناگوار واقعات بار بار پیش آ جاتے تھے ۔ ان سب امور نے بایزید کو ۹۰۴ھ/ ۱۴۹۹ء میں وینس کے خلاف اعلان جنگ کرنے پر آمادہ کیا ۔ اس فیصلے کا محرک یه امر بھی ہوا کہ ۱۴۹۵ء میں جم کی موت کے بعد سے باب عالی کے بڑے بڑے عہدہدار عیسائیوں کے خلاف زیادہ جارحانہ روش اختیار کرنے کے لیے بایزید پر دباؤ ڈال رہے تھے ۔ شہر لیپانٹو Lepanto کو جب سمندر کی طرف سے کسی کمک کی امید نه رهی، کیونکه وینس کے بیڑے کو پسپا ہو کر زانطا Zante میں اپنے توپ خانے کی پناہ لینی پڑی تھی، تو محرم ۹۰۵ھ / اگست ۱۴۹۹ء میں اس نے ترکوں کے آگے ہتیار ڈال دیے ۔ اسی اثنا میں بوسنیا کے سرحدی مجاهدین نے فری اولی Friuli کے علاقے میں ایک عظیم یلغار شروع کر دی اور جب لیپانٹو کی تسخیر کے بعد انہیں مزید کمک مل گئی تو انھوں نے وینس کے علاقے میں Vicenza تک تاخت و تاراج کی۔ موریا میں موڈن Modon، کورن Coren اور نیورنیو Navarino نے ۹۰۶ھ/۱۵۰۰ء میں ترکوں کے سامنے ہتیار ڈال دیے ۔ نیز دورازّو Durazzo نے، جو بحر ایڈریاٹک کے ساحل پر ہے، ۹۰۷ھ / ۱۵۰۱ء میں اطاعت قبول کر لی ۔ اهل وینس نے جب جنگ کے اخراجات بہت بڑھتے دیکھے تو انھوں نے ۹۰۸ھ / ۱۵۰۲ء میں صلح کی خواهش کی اور آخری معاهدے میں، جو ۹۰۹ھ/۱۵۰۳ء میں پایۂ تکمیل کو پہنچا، وہ لیپانٹو، موڈن، کورن، نیورنو Navorno اور درازّو Durazzo سے بالکل دستبردار ہوگئے ۔ اس جنگ کے نتائج سے بایزید بجا طور پر نہایت مطمئن ہوسکتا تھا، کیونکه اسے موریا میں اور بحیرۂ ایڈریاٹک کے ساحلوں پر خاصے وسیع علاقے مل گئے اور سب سے بڑھ کر یه ہوا کہ اس جنگ سے یه حقیقت اور بھی واضح ہو گئی که اب ترک سمندر پر بھی ایک زبردست قوت کے مالک ہو گئے ہیں۔

۹۰۹ھ/۱۵۰۳ء تا ۹۱۸ھ/ ۱۵۱۲ء کے برسوں میں مشرق میں ایک عظیم بحران رونما ہوا ۔ اسمعیل نے، جو صفویه نام کے مذهبی فرقے کا پیشوا تھا، ۹۰۴ - ۹۰۵ھ/ ۱۴۹۹ء میں فتوحات کا ایک سلسله شروع کر دیا، جس سے وہ بہت جلد تمام ایران کا مالک ہو گیا ۔ صفوی ایک عرصے سے ایشیاے کوچک کے ترکمان قبائل میں شیعیت کی زبردست تبلیغ کر رہے تھے اور یه تبلیغ اس حد تک

marfat.com
Marfat.com

کامیاب ہوئی کہ ایران کی جدید حکومت کی فوجوں میں بکثرت سپاہی انھیں قبائل میں سے لیے گئے تھے ۔ اس سے انھیں یہ سنگین سیاسی خطرہ پیدا ہوا کہ اگر صفویوں کو اپنے اثر و نفوذ کو مزید بڑھانے کا موقع دیا گیا تو اس کا نتیجہ یہ ہو سکتا تھا کہ ایشیاے کوچک کے بڑے بڑے علاقے ترکوں کی اطاعت سے نکل کر ایرانیوں کے زیر نگین ہو جائیں گے ۔

بایزید نے اس خطرے کو بھانپ کر ۹۰۷ - ۹۰۸ھ / ۱۵۰۲ء میں بہت سے عناصر کو ایشیاے کوچک سے موریا کے جدید فتح کردہ علاقوں میں منتقل کر دینے کا حکم دے دیا ۔ جب ۹۱۳ھ/۱۵۰۷ - ۱۵۰۸ء میں شاہ اسمعیل نے، جو اس وقت علاءالدولہ والیِ البستان سے برسرِپیکار تھا، دیارِ بکر اور کردستان کے بڑے بڑے علاقوں پر قبضہ کر لیا تو بایزید نے اپنی مشرقی سرحد پر بھی بڑی تعداد میں فوجیں متعیّن کر دیں ۔ اس وقت کی صورت حال کی نزاکت کا کچھ اندازہ ۹۱۷ھ / ۱۵۱۱ء کی اس عظیم بغاوت سے ہو سکتا ہے جو تکّہ Tekke میں برپا ہوئی ۔ تکّہ ایشیاے کوچک کا علاقہ اور ایک عرصے سے مخالفانہ عقاید کا مرکز مشہور تھا ۔ باغی کوتاھیہ کو لوٹنے کے بعد بروسہ کی طرف بڑھے، لیکن اپنے سے اعلٰی فوجی طاقت کے مقابل پسپا ہوے اور قیصری اور سیواس کے درمیان ۹۱۷ھ / ۱۵۱۱ء کے موسم گرما میں شکستِ فاش کھائی ۔ اسی لڑائی میں ترکی کا وزیر اعظم علی پاشا اور باغیوں کا سردار شاہ قلی دونوں کھیت رہے ۔

ادھر اسی زمانے میں خود سلطنت عثمانیہ خانہ جنگی کے کنارے پہنچ گئی ۔ اس معمول کی بدولت کہ نئے سلطان کو سریر آراے سلطنت ہوتے ہی اپنے سب بھائیوں اور ان کی اولادِ نرینہ کو تہہ تیغ کر دینا چاہیے، ایک سن رسیدہ سلطان کے فرزندوں پر یہ الم ناک مجبوری عائد ہو جاتی تھی کہ وہ اپنے باپ کی وفات پر یا اس سے پیشتر ھی جنگ کے لیے تیار ہو جائیں - ۸۸۶ھ / ۱۴۸۱ء تا ۸۸۷ھ / ۱۴۸۲ء میں بایزید اور جم میں باقاعدہ جنگ رہی ۔ اب اسی قسم کے نزاع کا فیصلہ والیِ اماسیہ احمد اور دور افتادہ صوبۂ طرابزون کے حاکم سلیم کے درمیان ہونا تھا (قورقود کو، جو بایزید کے تین باقی ماندہ بیٹوں میں سے بڑا تھا، باب عالی میں بہت کم مقبولیت حاصل تھی اور آئندہ پیش آنے والے واقعات میں اس کا حصہ بہت غیر اہم سا تھا) ۔ سلیم طرابزون سے ۹۱۶ھ/۱۵۱۱ء میں بحری راستے سے کریمیا میں کفّہ کے مقام پر آیا اور تاتار خان کی تائید حاصل کر کے اپنی فوجوں کو دریاے ڈینیوب سے پار لے آیا ۔ پھر اس نے اپنے والد سے بلقان کے ایک صوبے کی حکومت کا مطالبہ کیا ۔ بایزید نہیں چاہتا تھا کہ اپنے بیٹے کے خلاف میدانِ جنگ میں اترے، نیز وہ ایشیاے کوچک میں شاہ قلی کی بغاوت سے پریشان تھا، لہذا اس نے اپنے بیٹے کی خواہش کو بادلِ ناخواستہ قبول کر لیا اور ایک باضابطہ عہد نامے کے ذریعے سے سمندریہ کے بڑے سرحدی صوبے کی حکومت اسے عطا کر دی ۔ اس اطلاع سے کہ وزیر اعظم علی پاشا کو، جو احمد کے دعویِ تخت کا حامی تھا، ینی‌چری فوج کی ایک بڑی جمعیت کے ساتھ بغاوت فرو کرنے کے لیے بھیجا گیا ھے، سلیم کے دل میں یہ خدشہ پیدا ہو گیا کہ اگر شاہ قلی شکست کھا گیا تو ممکن ھے علی پاشا احمد کو تخت نشین کرنے کی دلیرانہ کوشش کرے ۔ سلیم نے اب ادرنہ کی طرف کوچ کیا، جہاں اس وقت اس کا باپ مقیم تھا ۔ بایزید نے استانبول کی طرف مراجعت کی مگر پھر چورلی Çorlu کے قریب

Marfat.com

اغراش دِرسی Ughrāsh deresi کے مقام پر ڈٹ گیا - ینی چری اگرچہ سلیم کی طرف مائل تھے لیکن وہ بوڑھے سلطان کے وفادار رہے - یہاں ۸ جمادی الاولی ۹۱۷ھ / ۳ اگست ۱۵۱۱ء کو ان کا فنِ سپہگری اور نظم و ضبط سلیم کے تاتاری سواروں کو شکست دینے میں کامیاب ہوا اور خود شاہزادہ (سلیم) میدان سے فرار ہو کر کریمیا میں پناہ گزین ہو گیا.

ادھر شاہ قلی کی ہزیمت کے بعد احمد اس امید کے ساتھ استانبول کی طرف بڑھا کہ وہ آبنائے (باسفورس) کو عبور کر کے اپنی تخت نشینی کو یقینی بنا لے گا، مگر جمادی الاولی ۹۱۷ھ / اگست ۱۵۱۱ء میں دارالسلطنت میں ینی چری فوج کے فسادات نے باب عالی میں احمد کے حامیوں کو ڈرا دیا - احمد نے یہ دیکھ کر کہ ینی چری نے اس طرح سلیم کی طرفداری کا اور احمد کو اپنا سلطان نہ تسلیم کرنے کا اعلان کر دیا ھے ایشیائے کوچک کا بڑا حصہ اپنے زیر نگین کرنے کے لیے فوجی قوّت استعمال کی، اور اس کا یہ طرزِ عمل اپنے والد کے خلاف کھلم کھلا بغاوت کے مترادف تھا - اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ سلطان، سلیم کو کَفّہ سے واپس بلانے اور سمندریہ کا صوبہ دوبارہ اس کے حوالے کر دینے پر رضامند ہو گیا - پھر بھی باب عالی میں یہ خدشہ بڑھتا رہا کہ احمد ایران کی حکومت سے سمجھوتا کر لے گا - اس خوف اور اس کے ساتھ ینی چری فوج کے اس مطالبے نے کہ احمد کے خلاف مہم میں، جو اب ناگزیر ہوگئی تھی، سلیم ان کی قیادت کرے واقعات کا فیصلہ اور بھی جلد رونما ہو گیا - صفر ۹۱۸ھ / اپریل ۱۵۱۲ء میں بایزید، سلیم کے حق میں تخت سے دست برداری کے لیے مجبور ہو گیا - بوڑھے سلطان نے اپنے مولد دموتکہ Demotika میں عزلت نشین ہو جانا پسند کیا تھا، لیکن وہ اپنی منزل مقصود کی طرف جا رہا تھا کہ راستے ھی میں ۱۰ ربیع الاول ۹۱۸ھ / ۲۶ مئی ۱۵۱۲ء کو وفات پا گیا.

مآخذ: (ا) عثمانلی تاریخی دستاویزات، مثلاً (۱) *Die altosmanischen anonymen Chroniken*، طبع F. Giese، Breslau ۱۹۲۲ء (قبَ نیز *Abb. K. M.*، جلد ۱۷، عدد ۱، لائپزگ ۱۹۲۵ء؛ (۲) عاشق پاشا زادہ: تاریخ، طبع F. Giese، لائپزگ ۱۹۲۹ء؛ (۳) نِشری Neshri: جہان نُما، طبع R. Unat و M. A. Köymen، انقرہ ۱۹۴۹ء، طبع F. Taeschner Bde.، Bde، جلد ۱ و ۲ لائپزگ ۱۹۵۱ء، ۱۹۵۵ء؛ (۴) ادریس بِتلیسی: ہشت بہشت؛ (۵) ابن کمال (یعنی کمال پاشا زادہ): (تاریخ آل عثمان، دفتر ۷، طبع شرف الدین توران، انقرہ ۱۹۵۴ء Transkripsiyon) [لاطینی حروف میں] طبع شرف الدین توران، انقرہ ۱۹۵۷ء، قبَ وھی کتاب، جز ۲۲ و اشاریہ بذیل مادّۂ بایزید)؛ (۶) علی: کُنہ الاخبار؛ (۷) سعد الدین: تاج التّواریخ، استانبول ۱۲۷۹-۱۲۸۰ء؛ قبَ عمومی طور پر ان مؤرخین کو جنھوں نے بایزید ثانی کی حکومت کا تذکرہ کیا ھے: (۸) F. Babinger: *Die Geschichtsschreiber der Osmanen und ihre Werke*، لائپزگ ۱۹۲۷ء.

(ب) سولھویں اور سترھویں صدی کے مغربی مآخذ، مثلاً (۹) Donado da Lezze: *Historia Turchesca* (۱۳۰۰ تا ۱۵۱۴ء)، طبع I. Ursu، Bucharest ۱۹۰۹ء؛ (۱۰) G. A. Menavino: *I Cinque Libri della Legge, Religione, et Vita de, Turchi*، وینس ۱۵۴۸ء، فلورنس ۱۵۵۱ء؛ (۱۱) P. Giovio: *Historiarum Sui Temporis Libri*، جلد ۴۵، فلورنس ۱۵۵۰-۱۵۵۲ء، پیرس ۱۵۵۸-۱۵۶۰ء؛ (۱۲) T. Spandugino: *Petit Traicté de l'Origine des Turcqz*، طبع C. Schefer، پیرس ۱۸۹۶ء (قبَ نیز C. Sathas: *Documents Inédits Relatifs*

Marfat.com

à l'Histoire de la Grèce au Moyen Âge، جلد ۹، پیرس ۱۸۹۰ء)؛ (۱۳) J. Leunclavius : *Annales Sultanorum Othmanidarum*، فرنکفورٹ ۱۵۸۸ء، ۱۵۹۶ء و *Historiae Musulmanae Turcorum*، فرنکفورٹ ۱۵۹۱ء؛ (۱۴) E. Alberi : *Le Relazioni degli Ambasciatori veneti al Senato*، سلسلہ ۳، جلد ۳، فلورنس ۱۸۵۵ء : *Relazione de Andrea Gritti* (۱۵۰۳ء)؛ (۱۵) M. Sanuto : *I. Diarii*، طبع Barozzi، Berchet، Fulin، Stefani، وینس ۱۸۷۹-۱۹۰۳ء؛ نیز دیکھیے : (۱۶) Γ. Θ. ΖΩΡΑΣ, ΧΡΟΝΙΚΟΝ ΠΕΡΙ ΤΩΝ ΤΟΥΡΚΩΝ ΣΟΥΛΤΑΝΩΝ (Κατὰ τὸν βαρβεριν̀ον ἑλληνικὸν Κώδικα iii)، ایتھنز ۱۹۵۸ء، ص ۱۲۳ تا ۱۳۰۔

(ج) سلطنت عثمانیہ کی جدید مستند تاریخیں : (۱۷) Hammer-Purgstall، ۲، Pest ۱۸۲۸ء : ۲۵۰ تا ۳۷۵؛ (۱۸) J. W. Zinkeisen، ۲، Gotha ۱۸۵۴ء، ۳۷۳ تا ۵۶۶؛ (۱۹) N. Lorga، ۲، Gotha ۱۹۰۹ء : ۲۳۱ تا ۳۱۴؛ (۲۰) I. H. Uzunçarşili اوزون چارشیلی : عثمانلی تاریخی *Osmanli Tarihi*، ۲، انقرہ ۱۹۴۹ء : ۱۵۵ تا ۲۴۲ - بایزید ثانی کے عہد حکومت کی دستاویزات ان میں دستیاب ہیں : (۲۱) F. Kraelitz : *Osmanische Urkunden in türkischer Sprache aus der zweiten des 15. Jahrhunderts*، در *SBAk Wien, Phil.—Hist. Kl.*، Bd. ۱۹۷، Abh. ۳، وی انا ۱۹۲۱ء؛ (۲۲) P. Lemerle و P. Wittek : *Recherches sur l'histoire et le statut des monastères athonites sous la domination turque*، در *Archieves d'Histoire du Droit Oriental*، Wetteren ۱۹۴۸ء، ۳ : ۴۲۰ تا ۴۳۲؛ (۲۳) G. Elezović : *Turshi Spomenici*، *Srpska Akademija*، سلسلۂ اول، ۱/۱، بلگراد ۱۹۴۰ء : ۱۸۷ تا ۵۵۵ (اعداد ۵۶ تا ۱۰۱)، و ۱/۲، بلگراد ۱۹۵۲ء : ۵۸ تا ۱۰۸ (قب نیز A. Bombaci : *Il "Liber Graecus," un cartolario veneziano comprendente inediti documenti ottomanni in Greco (1481 - 1504)*، در *Westöstliche Abhandlungen*، طبع F. Meier، Wiesbaden ۱۹۵۴ء، ص ۲۸۸ تا ۳۰۳) - مزید معلومات کے لیے دیکھیے : (۲۴) H. A. von Burski : *Kemāl Re'is: ein Beitrag zur Geschichte der türkischen Flotte*، بون Bonn ۱۹۲۸ء؛ (۲۵) V. Ćorović : *Der Friedensvertrag zwischen dem Sultan Bayazid II und dem König Ladislaus II*، در *ZDMG*، ۹۰ (= Neue Folge، جلد ۱۵ : لائپزگ ۱۹۳۶ء) : ۵۲ تا ۵۹؛ (۲۶) S. N. Fisher : *Civil Strife in the Ottoman Empire 1481 - 1503*، در *The Journal of Modern History*، ۱۳، شکاگو ۱۹۴۱ء : ۳۴۸ تا ۳۶۶، نیز *The Foreign Relations of Turkey 1481-1512*، در *Illinois Studies in the Social Sciences*، جلد ۳۰، عدد ۱، Illinois (Urbana) ۱۹۴۸ء؛ (۲۷) G. Vajda : *Un Bulletin de Victoire de Bajazet II*، در *JA*، ۲۳۶، پیرس ۱۹۴۸ء : ۸۷ تا ۱۰۲؛ (۲۸) F. Babinger : *Vier Bauvorschläge Leonardo da Vinci's an Sultan Bajezid II (1502-1503)*، در *Nachr. Akad. Wiss. Göttingen, Phil-Hist. Kl.*، ۱۹۵۲ء، ص ۱ تا ۲۰، نیز *Zwei diplomatische Zwischenspiele im deutsch - osmanischen Staatsverkehr unter Bajezid II (1497 und 1504)*، در *Westöstliche Abhandlungen*، طبع F. Meier، Wiesbaden ۱۹۵۴ء، ص ۳۱۵ تا ۳۳۰؛ (۲۹) *The New Cambridge Modern History*، ج ۱ (*The Renaissance*، ۱۴۹۳ تا ۱۵۲۰ء)، کیمبرج ۱۹۵۷ء، باب ۱۴ : ۳۹۵ تا ۴۱۰؛ (۳۰) O. Górka : *Nieznany Zywot Bajezida II ... (Une biographie inconnue de Bayezid II comme source historique pour l'expédition vers la*

Marfat.com

Mer Noire et pour les invasions turques aux temps ‹Kwartalnik Historyczny› در ‹(de Jean Albert ۳ / ۵۲، Lwów ۱۹۳۸ء: ۳۷۵ تا ۳۲۷؛ (۳۱) *Korvin Mathias (Mátyás) in* : Tayyib Gökbilgin *Bayzid II. e Mektuplari Tercümeleri ve 1503 (909)* ‹*Osmanle—Macar Muahedesinin Türkce Metni* در *Belleten*، ۲۲، انقرہ ۱۹۵۸ء: ۳۵۹ تا ۳۹۱ - قب نیز آآ، ت، بذیل مادّۂ بایزید ثانی (اوزون چرشیلی (I. H. Uzunçarsili)؛ مزید برآں وہ مآخذ جن کی فہرست آآ، بار دوم، میں بذیل مادّۂ جم و سلیم اوّل میں دی گئی ہے (۱۵۱۲ء تک).

(V. J. Parry)

**بایزید اَنصاری** : (= بازید جیسا کہ ان کی مہر پر کندہ ہے، تذکرۃ الابرار، ورق ۸۸ الف) پیرِ رُوشان (یا رَوشن) بن عبداللہ قاضی بن شیخ محمد، افغانوں کی ایک مذہبی اور قومی تحریک کے بانی، جنھیں بعض مغل مؤرخین حاجی ملّا محمد کے تتبع میں، پیر تاریک لکھتے ھیں (تذکرہ، ورق ۹۲) - حاجی ملّا محمد مذکور ملّا زنگی کے نام سے مشہور اور پیر روشان کے سب سے بڑے مخالف اُخوند دُرویزہ کے استاد تھے، انھوں نے ھی سب سے پہلے انھیں یہ لقب دیا تھا - بایزید اپنے پانچویں جدّ سراج الدین کے واسطے سے اپنے آپ کو [مشہور صحابی] حضرت ابو ایوب انصاریؓ [رکّ بآں] کی اولاد میں سے بتاتے تھے (ان کے اکیسویں جد امجد) - پیرِ روشان کی والدہ اَیمنہ (دوسرے نام بِہبِین، بِیَن، مآثر الامراء، ۲ : ۲۴۳)، ان کے والد کی یک جدّی عمزاد بہن، الحاج ابوبکر جالندھری کی بیٹی تھیں - بایزید جالندھر میں ۹۳۱ھ/۱۵۲۵ء کے قریب بابر کی سلطنت کے قیام سے ایک سال قبل پیدا ھوے - ابھی وہ چالیس دن کے بھی نہ تھے کہ ان کے والد اپنے آبائی شہر کانی گورم (گرم) (وزیرستان) چلے گئے - مغلوں کی سیادت کے قیام سے خوف زدہ ھو کر بایزید کے خاندان کے لوگ (تقریباً ۹۳۶ھ/ ۱۵۲۹ء میں) نواح بہار کی جانب فرار ھو گئے اور وھاں سے ایک قافلے کے ھمراہ کانی گورم (گرم) وزیرستان چلے گئے - عبداللہ، جن کی ایک دوسری بیوی سے بھی اولاد تھی، اب اپنی بیوی ایمنہ سے کچھ بیزار سے ھو گئے اور اسے طلاق دے دی - اس وقت بایزید کی عمر کوئی سات برس کی تھی - انھیں اب گھر کی زندگی وبال معلوم ھونے لگی اور رفتہ رفتہ ان کے تعلقات اپنے والدین اور سوتیلے بھائی سے عمر بھر کے لیے کشیدہ ھو گئے - گھر بار کے کام کاج کی دیکھ بھال اور تجارت وغیرہ کی مصروفیت کی وجہ سے ان کی ابتدائی تعلیم ادھوری رہ گئی - تاھم جب کبھی بھی انھیں موقع ملتا وہ تھوڑا بہت مطالعہ کر لیتے تھے، اگرچہ یہ مطالعہ ھمیشہ ان علوم تک محدود رھتا جن کا تعلّق عبادت الٰہی کے مسائل سے تھا - اب وہ صوفیانہ ریاضتوں اور دوسرے مذھبی فرائض کے بارے میں تفصیلی معلومات حاصل کرنے اور انھیں پابندی سے بجا لانے میں منہمک رھنے لگے، لیکن انھیں ھر طرف سے اپنے راستے میں رکاوٹ اور مزاحمت نظر آئی، کیونکہ ان کے والد نہ تو انھیں حج کرنے کی اجازت دیتے نہ کہیں اور جا کر مزید تعلیم حاصل کرنے کی اور نہ اس بات پر رضامند ھوتے کہ وہ کسی پیر کی بیعت کر لیں - جب ان کی عمر کوئی سولہ برس کی ھوئی تو ان کے والد انھیں اپنے ھمراہ کسی کاروباری سفر پر لے گئے - اس کے بعد بایزید نے کئی اور سفر کیے - انھیں سفروں کے دوران میں غالبًا ان کی ملاقات اسمٰعیل سلیمان سے ھوئی (تذکرہ، ورق ۸۲ ب)، کیونکہ اس کی تعلیم کے اثرات دوسری چیزوں کے علاوہ عقیدۂ پیرِ کامل پر ضرورت سے زیادہ زور دینے اور تاویل کے

Marfat.com

بکثرت استعمال میں ، مثلاً ارکان خمسہ، غسل وغیرہ کی بحث میں ، جو بعض حروفی عقائد میں پایا جاتا ہے، دیکھے جا سکتے ہیں (دیکھیے حال، ص ۲۱۶ ببعد، ۹۱ ببعد، ۲۵۷) ۔ تذکرہ میں بایزید کے جوگیوں کی صحبت میں رہنے کا بھی ذکر ہے، جن سے انھوں نے تناسخ ارواح (آواگون) اور حلول (اوتار) کے عقائد سیکھے ۔ حال نامہ میں تو اس کا کوئی واضح ذکر نہیں ہے لیکن اگر جالندھر کے انصاریوں کی بات پر یقین کیا جائے کہ بایزید خود وہ وَجید ہیں جس نے شلوک مرتب کیے تھے (دیکھیے اونکارناتھ : ''وجید جی دے شلوک'' لاھور، بدون تاریخ) تو انھیں ھندوؤں کے لوک گیتوں کا اچھا خاصا علم تھا اور حال کے مؤلف کے بعض اشعار (ص ۲۰۵ ببعد) یا تو براہ راست شلوکوں کے اثرات کا نتیجہ ھیں اور یا خیرالبیان کے توسّط سے ۔ [اخوند درویزہ کا یہ قول کہ بایزید ھندوستان گئے اور وھاں سلیمان اسمٰعیلی سے ملاقات کی، جس نے انھیں کافر مطلق بنایا اور یہ کہ وہ جوگیوں کی صحبت میں رہے، جنھوں نے ان کے دل میں عقیدۂ تناسخ الارواح بٹھایا درست نہیں ھوتا (میر ولی مسعود)] ۔

مذکورۂ بالا سرگرمیوں کے ساتھ ھی ساتھ انھیں یہ بھی معلوم ھوا کہ وہ خود ھی ''پیر کامل'' ھیں ۔ اور انھیں خواب نظر آنے لگے جن میں سے ایک خواب میں انھوں نے حضرت خضر[ع] سے ملاقات کی اور ان سے آبِ حیات لے کر پیا (حال، ص ۴۵) ۔ بعد میں اُن کے مرید اس واقعے کو اُس دن روزہ رکھ کر منانے لگے ۔ انھیں عالمِ غیب سے آوازیں سنائی دینے لگیں، اس طرح انھوں نے روحانی ترقی کے آٹھوں مدارج قدم بقدم طے کیے (رکّ بہ روشنیہ) ۔ وہ ذکرِ خفی (اسماے الٰھیہ کو دل میں یاد کرنے) میں منہمک ھو گئے اور کچھ عرصے کے بعد ''اسم اعظم'' کے ورد میں بھی ۔ جب وہ اکتالیسویں برس میں لگے تو انھیں ھاتف نے ندا دی کہ اب انھیں طہارتِ شرعی کو ترک کر دینا چاھیے، اور مسلمانوں کی نماز کی جگہ انبیا کی نماز پڑھنا چاھیے (حال، ص ۴۹) ۔ [حال نامہ میں ھمیں یہ بات اس طرح نہیں ملتی، اس کے برعکس بایزید نے مقصود المؤمنین میں لکھا ہے کہ شریعت درخت کی چھال کی مانند ہے اور درخت کی بقا چھال کے بغیر ناممکن ہے، ص ۴۴۱، نسخۂ کتب خانہ جامعہ پنجاب (میر ولی مسعود)] ۔

اب وہ اَور سب کو مشرک و منافق سمجھنے لگے اور چِلّہ کشی شروع کر دی، نیز اب اور لوگوں میں تبلیغ کرنے کا وقت آ گیا تھا ۔ وہ ایک قافلے کے ساتھ ھندوستان جا رہے تھے لیکن قندھار ھی سے اپنے گھر واپس آ گئے ۔ یہاں انھوں نے زمین دوز ایک حجرہ تعمیر کرایا، جس میں انھوں نے شروع میں اپنی بیوی اور چند دوسرے افراد سے چلّہ کشی کرائی ۔ اس کے بعد انھیں علانیہ طور پر تبلیغ کرنے کا حکم ملا ۔ ان کے اپنے اور چند دیگر افراد کے خوابوں کی بنا پر لوگ انھیں ''میاں روشان'' کہنے لگے ۔ انھیں بہت کچھ مقامی مخالفت کا سامنا کرنا پڑا، جس میں ان کے والد اور والد کے شاگردوں نے نمایاں حصہ لیا؛ وہ کہتے تھے کہ ناقص علم کے ساتھ کلامِ الٰھی کی تفسیر و تاویل کا انھیں کوئی حق نہ تھا، اگرچہ وہ ان کی غیر معمولی ذھانت، اور مباحثوں میں زور دار منطق کے معترف و مدّاح تھے ۔ اسی طرح وہ ان کے دعواے مہدویت و الہام ربّانی پر بھی معترض تھے [بایزید نے خود اس بات کی تردید کی ہے کہ وہ مہدی ھیں اور یہ تردید اس مباحثے کی سرگزشت میں موجود ہے جو ان کے اور کابل کے قاضی خاں کے درمیان ھوا تھا (میر ولی مسعود)] اور دوسرے مسلمانوں کو کافر یا منافق کہنے پر بھی ان کی مذمّت کرتے تھے، لیکن وہ ان کے

Marfat.com

اعتراضوں کا ترکی بہ ترکی جواب دیتے رہے، اگرچہ بعض موقعوں پر ان کا رویہ قدرے مصالحانہ بھی ہو جاتا تھا - ان کے مریدوں کی تعداد میں روز افزوں ترقی ہونے لگی اور انھوں نے بعض کو اپنا خلیفہ مقرر کر دیا تاکہ وہ تبلیغ کے کام کو اور زیادہ وسیع کریں - وہ جہاں کہیں جاتے مقامی پیروں سے ان کا تصادم ہو جاتا، جو ہر جگہ اس نئے طریقے کے خلاف عوام کے جذبات ابھارتے رہتے تھے.

تعلیم : بایزید کے مرکزی عقیدے کو مختصر طور پر یوں بیان کیا جا سکتا ہے (دیکھیے صراط، جلد ۱) اللہ کی حقانیت کا ماننا فرضِ عین ہے؛ یہ معرفت، جس کے بغیر طاعت، عبادت، خیرات اور اعمالِ صالحہ خدا کی نظروں میں غیر مقبول ہیں، پیر کامل کے توسط کے بغیر حاصل نہیں ہو سکتی - پیر کامل وہ ہے جو صاحبِ شریعت، صاحبِ طریقت، صاحب حقیقت، صاحب معرفت، صاحب قربت، صاحب وصلت، صاحبِ وحدت، صاحب سکونت (سکینہ، در صراط، ص ۱۱۰) ہو - وہ کاشف اسرار الٰہی اور تخلق باخلاق اللہ کا مظہر ہے - اس کی روح صفاتِ الٰہیہ حاصل کر لیتی ہے (قب وہی کتاب، ص ۲۰) - ہر انسان پر اس کی تلاش اور اطاعت فرض ہے - اس کی اطاعت، اطاعتِ رسولِ خدا ہے، اور اس طرح اطاعتِ خدا - ان کا عقیدہ ہے کہ ایسا ایک پیرِ کامل خود بایزید ہے، جیسے یہ بات عالمِ رؤیا اور عالمِ بیداری دونوں میں بتائی گئی ہے اور جو لوگ دل سے اس کا اتباع کریں گے انھیں وہ مذکورۂ بالا مدارج سے گزار کر توحید تک پہنچا دے گا (قب صراط، ص ۲۴ ببعد).

نوآموز سالکوں کے لیے توبہ، عزلت گزینی (یعنی حجرہ نشینی یا اعتکاف)، سال بھر میں ایک دفعہ چلہ کشی، ذکرِ خفی، مراقبے اور اسی طرح کی دیگر ریاضتوں پر خاص زور دیا گیا ہے - جب وہ اپنی روحانی معراج کی آخری منزل پر پہنچ جاتے ہیں تو قیاس یہ ہے کہ وہ اپنے آپ کو شریعت کی عائد کردہ جملہ پابندیوں سے آزاد سمجھنے لگتے ہیں (قب تذکرہ، ص ۸۸ الف) [لیکن بایزید کی تالیفات سے اس کی تائید نہیں ہوتی (میر ولی مسعود)].

دبستان، ص ۲۰۱ (نظر، ص ۲)، میں بایزید کے جو اصول و عقائد بیان کیے گئے ہیں وہ غالباً ان کے ضوابطِ جنگ ہیں جو اس زمانے سے متعلق ہیں جب وہ مغلوں اور اپنے مخالف افغان قبائل سے برسرِپیکار تھے.

اپنے آبائی شہر سے باہر تبلیغی کام: اپنے تبلیغی کام کی ابتدا انھوں نے ایک گاؤں سے کی، جو کانی گورم (گرم) سے ایک دن کی مسافت پر تھا - یہاں اُن کی شدید مخالفت ہوئی اور وہ اپنے آبائی شہر میں واپس بھاگ آئے - یہاں بھی ان کے خلاف شدید ردِّ عمل ہوا اور انھیں برادری سے تقریباً خارج کر دیا گیا، لیکن انھوں نے رواداری کا طرزِ عمل اختیار کیا اور اس طرح کچھ عرصے تک صورت حال کو بدتر ہونے سے بچا لیا - ان کے ایک داعی نے شمالی وزیرستان میں وادی ٹوچی کے داوڑیوں (یا داوڑی) میں زمین ہموار کر لی تو وہ وہاں چلے گئے اور وہاں جا کر انھوں نے کچھ کرامتیں بھی دکھائیں - پھر ان کے ایک اور ہشیار کارندے نے اَور آگے بڑھ کر ان کے لیے میدان ہموار کر دیا - کچھ عرصہ بعد ان کی رسائی قبائل بنگش تک ہو گئی، بعد ازاں انھوں نے مزید کامیابی حاصل کی اور اورک زئیوں، تیراھیوں اور آفریدیوں کو بھی اپنا جانب دار بنا لیا - وہاں سے پشاور کے علاقے میں سر زمین ستَربن سے گزرتے ہوئے انھوں نے بےشمار قبائلیوں یعنی خلیل، مہمند، داؤدزئی، گگیانی، یوسف زئی، تونی اور صافی قبائل کے لوگوں کو مرید بنا لیا - جب ان

Marfat.com

کے خلاف دربار کابل میں شکایتیں پہنچیں تو شہنشاہ اکبر کے چھوٹے بھائی میرزا محمد حکیم (پیدائش ۹۶۱ھ/۱۵۵۴ء، وفات ۹۹۰ھ/۱۵۸۳ء) نے، جو وہاں کا نوجوان صوبیدار تھا، ان سے سخت باز پرس کی اور بایزید کو قاضی کابل قاضی خان کی عدالت میں پیش ہونا پڑا، بایزید نے سب سوالوں کے جواب ہشیاری سے دیے اور انھیں پشاور واپس جانے کی اجازت مل گئی - اب انھوں نے مہمند زئیوں میں اپنا تبلیغی کام شروع کیا اور وہ ان کے خلوص اور عقیدت مندی سے اتنے متأثر ہوے کہ خود انھوں نے، ان کے بیٹوں نے اور ایک بیٹی نے انھیں میں شادی کر لی - ان کے ایک داعی نے قندھار کے علاقے کے کاسیوں اور بالخصوص قندھار کے شنواریوں اور مہمندوں اور کچھ بڑیچوں اور صافیوں کو شاملِ سلسلہ کر لیا - ان لوگوں میں چند سال کام کرنے کے بعد یہ داعی سندھیوں اور بلوچیوں میں آیا اور حیدر آباد سندھ کے نزدیک سید پور کے مقام پر اس نے اپنا تبلیغی مرکز قائم کیا - پیر اور اس کے داعیوں کو (جنھیں صرف پیر کے نام پر ہی کل کام کرنا پڑتا تھا اور وہ اپنے نام پر کچھ نہ کر سکتے تھے) ابتدا میں ہر جگہ مدِّ مقابل پیروں اور علما کی انتہائی مخالفت کے باوجود حیرت انگیز کامیابی ہوئی، تیراہ میں بھی، جہاں بظاہر اس قسم کے حریف موجود نہ تھے - اس مرحلے پر بایزید نے اپنے داعی اور مبلغ (کلّہ ڈھیر واقع ہشت نگر سے، مخزن، ورق ۱۰۴ ب) ہمسایہ ممالک کے حکمرانوں، امرا اور علما کے پاس اس غرض سے بھیجے کہ وہ انھیں اس کے دعاوی کے مان لینے کی دعوت دیں - ان میں سے ایک داعی شہنشاہ اکبر کے دربار میں بھی بھیجا گیا؛ دوسرا میرزا سلیمان والیِ بدخشان کے پاس پہنچا - کچھ داعی ہندوستان، بلخ اور بخارا کو بھی روانہ کیے گئے اور اخوند صاحب کے مرشد سید علی ترمذی کے پاس بھی ایک داعی حاضر ہوا (تذکرہ، ورق ۹۱ - ب) [اخوند درویزہ کی اس کتاب میں ہمیں اس بات کا ذکر نہیں ملتا (میر ولی مسعود)].

مغلوں سے جنگ: اس زمانے کے بعض دور اندیش لوگوں نے ان کی بڑھتی ہوئی طاقت کا اندازہ لگا کر یہ بھانپ لیا کہ اب بایزید شمشیر بکف ہو کر خونریزی کرنے پر آمادہ ہیں (حال، ص ۴۲۳، ۴۲۶، ۴۳۷) - ان کی جنگی کارروائیوں کا فوری سبب حال، ص ۴۷۱ میں یوں بیان ہوا ہے: ایک قافلہ جو ہندوستان سے لوٹتے ہوے کابل کی طرف جا رہا تھا ایک ایسے گاؤں کے قریب رکا جہاں ان کے مریدوں میں سے غالی متعصب قسم کے لوگ رہتے تھے - یہ لوگ اس خیال سے کہ اہل قافلہ امور عقبی کے بارے میں مجرمانہ غفلت برت رہے ہیں بےحد غضبناک ہو گئے اور انھوں نے اہلِ قافلہ کو لوٹ لیا اور ان کے مال و اسباب کو تباہ کر دیا - اس پر حکّام کابل ان پر بے حد غضبناک ہوے اور وہ اس گاؤں کے باشندوں کو تہ تیغ کر کے ان کے بچوں کو قید کر کے لے گئے - جب بایزید نے اس واقعے کے متعلق احتجاج کیا تو معصوم خان حاکمِ پشاور کو حکم ہوا کہ وہ بایزید کو گرفتار کر لے، لیکن وہ بچ کر یوسف زئی کے علاقے کی ایک پہاڑی میں چلے گئے اور جب وہاں ان کا محاصرہ کر لیا گیا تو وہ کامیابی کے ساتھ مقابلہ کرتے ہوے خیبر اور تیراہ کے علاقے میں جا پہنچے - اس پہلے میدان جنگ کا نام انھوں نے آغاز پور رکھا - جنگ ان کی بقایا زندگی میں کوئی اڑھائی سال کے قریب جاری رہی، یہاں تک کہ ۹۸۰ھ / ۱۵۷۲ - ۱۵۷۳ء میں ان کا انتقال ہو گیا - اس جنگ کی تفصیلات حال نامہ میں تو نہیں ملتیں لیکن ملّا درویزہ نے بتائی ہیں - اس کا بیان ہے کہ بایزید کو آخر کار محسن خان غازی نے تراغہ (توراغہ) کے مقام پر شکست دی، جو

Marfat.com

ان کے خلاف جلال آباد سے ایک مہم لے کر چلا تھا ۔ پیر پا پیادہ پہاڑوں کی طرف بھاگ نکلے، تھکان اور بھوک پیاس کی سخت تکلیفیں اٹھانے کے بعد وہ آخرکار کالا پانی کے مقام پر فوت ہو گئے، لیکن دفن ہشت نگر میں ہوئے (تذکرہ، ورق ۹۳ب) ۔ چند گوجروں کو دیکھا گیا کہ وہ رات کے وقت ان کے مزار کی بے حرمتی کر رہے ہیں ۔ اس پر بایزید کے بیٹے اور جانشین شیخ عمر نے ان کے تابوت کو وہاں سے نکلوا لیا اور کوچ کے وقت وہ اسے ہمیشہ اپنے سامنے رکھا کرتا تھا ۔ یہاں تک کہ ایک جنگ (۹۸۹ھ / ۱۵۸۱ء) کی گڑبڑ میں وہ دریاے سندھ میں گر پڑا ۔ کہتے ہیں کہ بعد میں یہ تابوت دستیاب ہو گیا اور اسے بھٹہ پور میں دفن کیا گیا (حال، ص ۴۸۳ ببعد؛ ۴۹۳ تا ۵۲۵ ببعد)۔ یہ مقام بظاہر کانی گُرم سے کوئی تین دن کی مسافت پر واقع تھا (حال، ص ۱۰۶).

ادبی اور دیگر ثقافتی سرگرمیاں : بایزید نے اپنے سوانح حیات اور اپنی تبلیغی تحریک پر ایک کتاب اور متعدّد رسالے لکھے، جن میں انہوں نے اپنے بنا کردہ فرقے کے اصول و عقائد کو شرح و بسط کے ساتھ بیان کیا تھا ۔ ان رسالوں میں سے صرف دو [بلکہ تین، دیکھیے مخزن الاسلام، ۱۰۰] موجود ہیں۔ ان رسالوں میں ان کا طریق یہ ہے کہ وہ ایک یا چند آیات قرآنی نقل کر کے ان سے متعلّق کچھ مواد حدیث (جس کی صحت یا عدم صحت میں وہ کوئی امتیاز نہیں کرتے) سے لے کر اضافہ کرتے ہیں اور جہاں کہیں ممکن ہو ان کی تائید میں بزرگوں کے اقوال بھی بیان کرتے جاتے ہیں۔ یہ سب باتیں اکثر ایک کے بعد دوسری تصنیف میں دہرائی گئی ہیں ۔ منقولہ احادیث میں بعض ایسی بھی شامل ہیں جنہیں وہ احادیثِ قدسی کے نام سے تعبیر کرتے ہیں (مثلاً دیکھیے حال، ص ۸۷، ۱۶۰)۔ وہ اُن چیزوں کا بھی ذکر کرتے ہیں جو آسمانی آوازوں نے ان سے عربی یا فارسی زبان میں کہی تھیں (دیکھیے مثلاً حال، ص ۸۸، ۱۱۳، ۱۱۷، ۱۲۵) ۔ اس بات کو مد نظر رکھتے ہوئے بھی کہ ان کی تصانیف کے جو مخطوطات ہم تک پہنچے ہیں وہ بہت بعد کے زمانے کے نقل شدہ ہیں، وہ عربی زبان اور اس کی صرف و نحو میں، کمزور نظر آتے ہیں ۔ ان کے سب سے بڑے حریف اور ہم عصر ملّا دَرویزہ (تذکرہ، ورق ۸۹ ب) نے لکھا ہے کہ ان کی تصنیف خیرالبیان میں بعض عربی الفاظ کو بلا ادراکِ ترکیب ایک دوسرے سے جوڑ دیا گیا ہے ۔ ان تصانیف کو وہ اپنے خاندان کے لوگوں (حال، ص ۶۸۹) اور دوسرے مریدوں کو خود پڑھ کر سناتے اور ان کی تشریح کرتے تھے ۔ ان میں سے خیرالبیان اور مقصود المؤمنین بالخصوص ان لوگوں کے نزدیک نیم مقدس کتابوں کا حکم رکھتی تھیں ۔ اُن کا دعوٰی تھا کہ خیرالبیان ان پر بذریعۂ الہام نازل ہوئی تھی ۔ ایک دفعہ رات کے وقت جب یوسف زئی پٹھان ان کا بڑی سختی سے تعاقب کر رہے تھے تو ان کے بیٹے شیخ عمر نے فوراً اپنی فوج کو رک جانے کا حکم دیا اور اس وقت تک رُکا رہا جب تک کہ یہ کتاب جو وہ راستے میں کہیں بھول آیا تھا واپس دوبارہ نہ مل گئی (حال، ص ۴۹۸) ۔ مقصود المؤمنین کے متعلّق روایت ہے کہ اس کے طفیل بایزید کے ایک اور بیٹے (جلال الدین) کی جان بچی، کیونکہ جب وہ اسے لیے جا رہا تھا تو دشمنوں کے خنجروں اور تلواروں کے وار کے خلاف اسی کتاب نے ڈھال کا کام دیا ۔ ایک درویش کو ہاتفِ غیبی نے ندا دی کہ وہ اپنے گھر میں گوشہ نشین ہو کر ان دونوں کتابوں کا مطالعہ کرے (حال، ص ۳۹۰) اور اسی طرح کی کئی دوسری روایتیں ان کے متعلق مشہور ہیں ۔ ان کی

Marfat.com

بایزید انصاری

افغانی (پشتو) نثر میں سے جو کچھ باقی رہ گیا ہے اس سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ انھوں نے فارسی اور عربی زبانوں کے نمونے پر مسجّع نثر لکھنے کی کوشش کی ہے، خواہ بعض اوقات وہ پشتو زبان کے محاورے سے الگ ہو۔ انھوں نے جن مضامین (یعنی مذھب، تصوّف و اخلاق) پر بحث کی ہے ان کی نوعیت کی وجہ سے انھیں پشتو کی یوسف زئی اور قندھاری بولیوں کے ساتھ ساتھ عربی اور فارسی کی مانوس و متداول اصطلاحات کثرت سے استعمال کرنا پڑیں ان کی مندرجۂ ذیل تصانیف کا پتا چلتا ہے :-

خیر البیان : جو چالیس ابواب (بیانات) پر مشتمل ہے (حال، ص ۴۳۱) - از روی تذکرہ اس کی بعض عبارتیں عربی اور فارسی میں تھیں اور کچھ افغانی اور ھندی میں (لیکن قبّ دبستان، ص ۲۰۱، س ۱۲)، گو ''اس کے تمام بیان ناموزوں اور ناموافق تھے،، ۔ اخوند کا تو یہ بھی دعوی ہے کہ اس کتاب کا ایک حصہ ملّا ارزانی خویشگی قصوری نے لکھا تھا، جو پیر روشان کا خلیفہ تھا ۔ جب وہ بستر مرگ پر تھے تو ان کے مریدوں نے ان سے درخواست کی کہ وہ کوئی آخری وصیت کریں ۔ اس پر انھوں نے انھیں خیرالبیان کی طرف رجوع کرنے کو کہا، جس میں انھوں نے ہر بات صاف صاف لکھ دی ہے (حال، ص ۴۸۳) ۔ کہا جاتا ہے کہ اس کتاب میں عقیدۂ وحدت وجود کی توثیق و تصدیق کرنے کی کوشش کی گئی ہے (مآثر الامراء، ۲ : ۲۴۳) ۔ اس کے صرف ایک نسخے کا علم تھا جو (۱۰۶۱ھ / ۱۶۵۱ء میں نقل ہوا، اوراق ۱۶۷) ۔ یہ نسخہ کسی نے سر ڈینی سن راس Sir Denison Ross کو مستعار دیا تھا اور جس کا اب کچھ پتا نہیں چلتا Morgenstierne، اوسلو Oslo نے اس کے کچھ اقتباسات انگریزی ترجمے سمیت شائع کیے تھے [اب یہ کتاب طبع ہو چکی ہے] ۔

۲ ۔ مقصود المؤمنین : (عربی) صرف دو نسخوں کا پتا چلتا ہے ۔ ایک راقم مقالہ کے پاس ہے، جس میں بین السطور فارسی ترجمہ بھی ہے؛ یہ نسخہ ۱۲۲۴ھ/ ۱۸۰۹ء میں نقل ہوا تھا ۔ دوسرا آصفیہ میں ہے، جو کوئی ایک سال بعد نقل ہوا (دیکھیے فہرست، ۱ : ۳۹۰ / ۸۶؛ براکلمان : تکملہ، ۲ : ۹۹۱) ۔ سلسلۂ روشنیہ کے اصول و عقائد پر مشتمل یہ کتاب بایزید نے اپنے سب سے بڑے بیٹے عمر کی درخواست پر (جسے وہ بعض اوقات اس کتاب میں ''اے میرے پیارے بیٹے'' کے الفاظ سے مخاطب کرتے ہیں) اپنے مخلص مریدوں کے فائدے کے لیے لکھی تا کہ وہ اسے پڑھیں، یاد رکھیں اور اس پر عمل پیرا ہوں ۔ اس کے اکیس ابواب یا حصے ہیں ۔ پہلے تیرہ بابوں میں جو تقریباً کتاب کا نصف حصہ ہیں، وعظ و نصیحت، عقل و ایمان، خوف و امید، نفس و شیطان، دل و روح، دنیا و عقبی، توکل علی اللہ اور توبہ کے موضوعات سے بحث کی گئی ہے۔ آخری آٹھ فصول میں آٹھوں منازل یا مدارج کا ذکر ہے (دیکھیے اوپر)، یعنی شریعہ سے سکونہ تک [یہ کتاب اب میر ولی مسعود خاں نے ایڈٹ کر لی ہے، دیکھیے نسخۂ موجود کتب خانۂ جامعۂ پنجاب] ۔

۳ ۔ صراط التّوحید (عربی : فارسی) : یہ رسالہ، جس کا ایک حصّہ خود نوشت سوانح پر مشتمل ہے، مصنّف کے ارتقاے روحانی کی اُن مختلف منازل کے بیان سے شروع ہوتا ہے جن سے گزرنے کے بعد اسے یہ معلوم ہوا کہ وہ خود ھی پیر کامل ہے ۔ یہ کتابچہ ایک رسالہ [مکتوب] پر ختم ہوتا ہے، جس میں خاص طور پر ملوک و امرا سے خطاب کیا گیا ہے ۔ اس میں سلاطین کو تنبیہ کی گئی ہے اور ریاضت کے مختلف مدارج کا ذکر ہے، جو روح انسانی کی معراج کے لیے ضروری ہیں ۔ یہ معراج، صرف پیر کامل کی ہدایت ہی سے ممکن ہو سکتا ہے، لہذا وہ اُن

Marfat.com

پر زور دیتے ہیں کہ وہ کسی ایسے ہی پیر کامل کے ہاتھ پر توبہ کرلیں (صراط، ص ۱۷ ببعد، ص ۱۸۴ ببعد)۔ جن لوگوں نے ان کی یا ان کے خلفا کی نگرانی میں ریاضت و مجاہدہ کیا انھیں بایزید یقین دلاتے ہیں کہ انھوں نے بقدر اپنے ظرف کے قربِ الٰہی حاصل کر لیا، کیونکہ ظرف و استطاعت اور خلوص معراجِ روحانی کے لیے لابدی ہیں۔ خاتمۂ کتاب میں کہا گیا ہے کہ یہ کتاب ۹۷۸ھ / ۱۵۷۰-۱۵۷۱ء میں لکھی گئی تھی ''اور جو اسے پڑھ کر اس پر کاربند ہوگا وہ علم التوحید سے آگاہ ہوجائے گا''۔ اس کتاب کی ایک جلد مصنف نے ایک خاص قاصد کے ہاتھ شہنشاہ اکبر کو بھیجی تھی، جو اسے وصول کر کے خوش ہوا (حال، ص ۳۶۸)۔ اس کتاب کو ایم۔ اے۔ شکور نے پشاور سے ۱۹۵۲ء میں طبع کروایا۔ اس کا متن اصل نسخے پر مبنی ہے جو ابتدا میں قدرے ناقص ہے۔ (۴) فخر (مخطوطے میں نجر یا نحر ہے) الطّالبین (حال، ص ۳۶۸ ببعد): ایک رسالہ جو بایزید نے اس زمانے میں جب انھوں نے اپنی تصانیف کئی سلاطین کو بھیجیں شہزادۂ سلیمان والیِ بدخشان کو ارسال کیا تھا۔ اس کے کسی نسخے کے وجود کا علم نہیں۔ (۵) حال نامہ (فارسی): بایزید کے خود نوشت سوانح حیات، جنھیں علی محمد 'مخلص' بن ابا بکر قندہاری، اولاد بایزید کے خانہ زاد اور خلیفۂ سلسلہ نے اضافے کے ساتھ دوبارہ طبع کیا۔ اس کتاب کا ایک نسخہ (۵۲۶ ورق)، جس پر کوئی تاریخ درج نہیں، علی گڑھ میں موجود ہے (سبحان اللہ اورینٹل لائبریری، شمارہ ۹۲۰ - ۹۳۷)۔ پنجاب یونیورسٹی کا نسخہ اسی نسخے سے نقل کرایا گیا تھا (اوراق ۳۵۷، ۲، ۲۰) اور جو حوالے اس مقالے میں دیے گئے ہیں وہ اس نقل شدہ نسخے کے ہیں۔ اس کتاب کے کسی اور نسخے کے موجود ہونے کا علم نہیں، اگرچہ کاؤنٹ نوئر Count Noer ('Annette، 8؛ ترجمہ اے۔ ایس بیورج A.S. Beveridge، ۲ : ۱۴۸) اس کے چند اجزا کے وجود کا ذکر کرتا ہے۔

علی محمد کے باپ ابابکر نے لڑکپن کے زمانے میں جلال الدین کی خدمت کی تھی اور اس کے بعد احد داد کے ماتحت فوج کی کمان بھی کرتا رہا۔ پھر اس کے بعد وہ بایزید کے خاندان کے چند افراد کے ہمراہ، جو ہندوستان میں منتقل ہو گئے تھے، ہندوستان بھی آیا۔ علی محمد بایزید کے پوتے رشید خاں کے پاس دکن میں ملازم رہا اور پھر آگرے کے قریب شمس آباد مئو کے گاؤں رشید آباد (Gazet. of Jullunder District، ص ۹۹) میں سکونت پذیر ہو گیا (حال، ص ۱۴۷؛ مآثر الامراء، ۲ : ۲۵۰)۔

علی محمد اپنے دیباچے میں کہتا ہے کہ مرورِ زمانہ سے حالنامۂ بایزید کا متن مسخ ہو گیا تھا اور علاوہ ازیں ان کے بیٹوں اور پوتوں کے فوجی کارناموں کے ذکر کا اضافہ بھی ضروری تھا، لہٰذا اپنے چند دوستوں کی درخواست پر [اور رشید خاں کی ہدایات کے مطابق جو اس نے اپنی وفات کے بعد خواب میں] دیں (حال، ص ۴۱۶)، اس نے تحریری اور زبانی مآخذ سے استفادہ کرتے ہوئے یہ ضروری اضافہ کر دیا۔ واقعات کا یہ بیان، جو اورنگ زیب کی تخت نشینی (۱۰۶۹ھ / ۱۶۵۹ء) (حال، ص ۷۲۹) تک پہنچتا ہے، معتدبہ ادبی قدر و قیمت کا حامل ہے، اگرچہ اس میں طول طویل منثور اور منظوم دور از کار عبارتیں (اکثر اس کی خود تصنیف) موجود ہیں، جن میں اس فرقے کے اصول و عقائد اور مریدوں کے متعلق بعض غیر اہم واقعات کا ذکر ہے۔ کتاب کے ابتدائی حصّے میں، جس میں بایزید کی زندگی کے مفصّل حالات بیان کیے گئے ہیں، تاریخیں کم ہیں اور ان میں سے بعض میں، بمقابلہ ان کے جو بعد کے حصّے میں درج ہیں، شک

Marfat.com

وشبہہ کی گنجائش بھی موجود ہے؛ علاوہ ازیں بایزید کی زندگی سے متعلق بیان میں ان کی مغلوں سے ان جنگوں کی تفصیلات مفقود ہیں جو انھوں نے اپنی زندگی کے آخری اڑھائی سال میں لڑی تھیں اور یہ بیان یک لخت ختم ہو جاتا ہے، لیکن مؤلّف نے پیر روشان کی اولاد کا حال اپنے زمانے تک تفصیل سے لکھا ہے اور ان کے نسب نامے بھی دے دیے ہیں۔

حال نامہ (ص ۴۰۳ ببعد) کا دعوٰی ہے کہ بایزید نے افغانوں کی ثقافتی ترقی کے لیے بڑا کام کیا ہے۔ اس تصنیف کے مطابق وہ پہلے شخص تھے جنھوں نے پشتو میں قصائد، غزلیات، رباعیات، قطعات اور مثنویاں لکھیں، بحالیکہ اس سے پہلے لوگ صرف ایک یا دو شعر کہنے پر اکتفا کیا کرتے تھے۔ تاہم یہ بیان مبالغہ آمیز ہے، کیونکہ ان کے زمانے سے کہیں پہلے پشتو قصیدوں کا وجود ملتا ہے۔ البتّہ یہ بات درست ہو سکتی ہے کہ بایزید کے نقشِ قدم پر چلتے ہوے اس کے بیٹوں اور مریدوں نے متعدّد پشتو دیوان مرتب کیے، جو بلند حقائق اور عمدہ خیالات سے پر ہیں۔ دوسرے افغانوں نے بھی، جو اس فرقے سے باہر تھے، انھیں نمونوں کی تقلید کی اور اس طرح ایک ادبی زبان کی حیثیت سے پشتو کا استعمال زیادہ عام ہو گیا۔

پیر روشان نے اس علاقے کی موسیقی کی اصلاح کے لیے بھی بڑا کام کیا۔ حاجی محمد، خلیفۂ میر فضل اللہ ولی (حروفی؟ م ۷۹۶ھ/۱۳۹۳ء) نے رباب میں کچھ تاروں کا اضافہ کیا تھا اور اسی کی ہدایات کے تحت افغان مغنّیوں نے نئی دھنیں، عموماً رقص کی دھنیں، وضع کیں۔ لیکن سازندے چونکہ انھیں صحیح سُر تال کے ساتھ نہیں بجا سکتے تھے، لہٰذا بایزید نے ان کی سر تال کی اصلاح کی اور اسی کی رہنمائی میں افغان موسیقار ''سرودِ سلوک'' (ترانۂ تصوف، ایک قسم کا مناجاتی نغمہ) اور دیگر خوش آئند دھنیں بنانے میں کامیاب ہو گئے۔ مندرجۂ ذیل چھے راگنیاں (Modes) بھی معرض وجود میں آئیں:-

ن، آ، س، ا، ر، ی (دھناسری؟)، پنج پردہ؛ چھارپردہ؛ سہ پردہ؛ فوجی ترانے یا نغمے (میدان جنگ کے لیے) اور ''مقام شہادت''۔ بایزید لڑکپن ھی سے موسیقی سے بہت متا‌ثر ہوتے تھے اور جب گیت گائے جاتے تو مسرّت سے رقص کرنے لگتے تھے (حال، ص ۲۳ ببعد)۔ ان کے متعدّد بیٹے اور پوتے مشّاق موسیقار ثابت ہوے۔ ان میں سے ایک بیٹے احد داد کی تو یہ کیفیت تھی کہ اس نے موسیقاروں کو ملازم رکھا ہوا تھا، جو اس کی تفریح کے لیے رات دن باری باری سے گاتے اور بجاتے رہتے تھے (حال، ص ۵۸۱ ببعد؛ نیز دیکھیے ص ۶۷۲، ۶۸۰ وغیرہ)۔

افغانی رسم الخط کو مقبول بنانے کا سہرا بھی پیر روشان کے سر ہے۔

اندرونی اور بیرونی جنگوں کی وجہ سے خستہ حال ہو کر نیز علما کی شدید مخالفت کے باعث اور اس لیے بھی کہ وہ ہندوستان کے مختلف حصّوں میں تتر بتر ہو گئے اس فرقے کے افراد کم ہوتے ہوتے بالآخر تقریبًا ناپید ہو گئے۔ کہا جاتا ہے کہ اس فرقے کے عقائد کے ماننے والے اب صرف ''بانی فرقہ کے صلبی اخلاف جو تیراہ اور کوہاٹ میں رہتے ہیں اور بعض بنگش اور اورک زئی پٹھان'' رہ گئے ہیں (*Gazetteer of the Peshawar District*، ۱۸۹۷ - ۱۸۹۸ء، ص ۶۰، قب J. Leyden: *Asiatic Researches*، ۱۱ : ۳۶۳)۔

مآخذ: مغل زمانے کی مستند تاریخی تصانیف بالخصوص مآثرالامراء، ۲ : ۲۴۲ (Bibl. Ind.) کے علاوہ مندرجۂ ذیل اہم ہیں:-

(۱) علی محمد بن ابابکر قندھاری: حال نامۂ

Marfat.com

پیر دستگیر (مخطوطہ، کتب خانۂ جامعۂ پنجاب)؛ (۲) بایزید انصاری : مقصود المؤمنین، مملوکۂ راقم مقالہ [میر ولی مسعود نے اس نسخے کی تدوین کی اور اب یہ کتب خانۂ جامعۂ پنجاب میں ہے]؛ (۳) وہی مصنف : صراط التوحید، طبع محمدعبدالشکور، پشاور ۱۹۵۲ء؛ (۴) اخوند دَرْویزہ: مخزن الاسلام، نسخہ مملوکۂ راقم مقالہ، ورق ۸ ب، ۱۵۱ ب؛ نیز The Cat. of Persian Mss. in the Library of the India Office، اعداد ۲۶۳۲ تا ۲۶۳۸؛ (۶) وہی مصنف: تذکرۃ الابرار و الاشرار (فارسی)، مخطوطہ کتب خانۂ جامعۂ پنجاب، ورق ۸۲ ببعد، مرقومہ تقریبًا ۱۰۲۱ھ؛ (نیز دیکھیے Rieu: *Cat.*، ۱: ۲۸-Or ۲۲۲)؛ (۷) J. Leyden: *On the Roshenian Sect and its Founder, Bāyazīd Ansārī*، *Asiatic Researches*، ۱۱: ۳۶۳ ببعد)؛ (۸) Graf Noer: *Kaiser Akbar*، ۲: ۱۸۰ ببعد (انگریزی ترجمہ از A. S. Beveridge، کلکتہ ۱۸۹۰ء، ۲: ۱۳۸)؛ (۹) G. Morgenstierne: *Notes on an old Pashto Manuscript containing the khair-ul-Bayān of Bāyazīd Ansārī*، در *New Indian Antiquary* (بمبئی)، ج ۲، شمارہ ۸ (نومبر ۱۹۳۹ء): ص ۵۶۶ ببعد؛ (۱۰) معارف (اعظم گڑھ)، ج ۹، شمارہ ۶ (۱۹۲۷ء): ص ۴۳۰؛ (۱۱) سیّد عبدالجبار شاہ ستھانوی: عبرۃ لاُولی الاَبصار (اردو)، ص ۵۴ ببعد (مصنف کے اپنے ہاتھ کا لکھا ہوا نسخہ) نیز دیکھیے مادّۂ روشنیہ ۔ [میر ولی مسعود کے اضافات متن میں]۔

(محمد شفیع)

**بایزید البسطامی** : رک بہ ابو یزید البسطامی.

**بایسنغر**: ایک سلطان کا نام، جس کا تعلق ایران کے خانوادۂ آق قویونلو سے تھا ۔ یہ سلطان یعقوب کا بیٹا اور جانشین تھا ۔ اس نے ایک مختصر سی مدت (۸۹۶-۸۹۷ھ/۱۴۹۰-۱۴۹۲ء) تک حکومت کی، پھر اس کے چچا زاد بھائی رستم نے اس کی حکومت کا تختہ الٹ دیا۔

(W. Barthold)

**بایسنغر** : غیاث الدین، شاہ رخ کا بیٹا اور امیر تیمور کا پوتا [۲۱ ذوالحجّہ ۷۹۷ھ/۲۰ ستمبر ۱۳۹۳ء کو ہرات میں پیدا ہوا]، جسے اس کے والد نے ۸۲۰ھ/۱۴۱۷ء میں دربار کے قاضی القضاۃ [رك بآں، ت [میرِ دیوانِ عالی] کے عہدے پر مامور کیا ۔ ۸۲۳ھ/۱۴۲۰ء میں قرہ یوسف کی وفات پر اس نے تبریز پر قبضہ کر لیا اور صفر ۸۳۵ھ/اکتوبر ۱۴۳۱ء میں اسے استرآباد کا حاکم مقرر کیا گیا ۔ لیکن وہ کبھی تخت پر نہیں بیٹھا ۔ چونکہ نجومیوں نے اس کے متعلق پیش گوئی کی تھی کہ وہ چالیس برس سے زیادہ زندہ نہیں رہے گا اس لیے اس نے عیش و عشرت کی زندگی اختیار کر لی اور چھتیس برس کی عمر میں شنبہ ۷ جمادی الاولی ۸۳۷ھ/۱۹ دسمبر ۱۴۳۳ء کو اس کا انتقال ہو گیا ۔ اسے گوہر شاد کے مقبرے میں دفن کیا گیا ۔ وہ خود فن کار اور فنکاروں کا مربّی تھا ۔ وہ ترسیم کاری اور تذہیب میں مہارت رکھتا تھا اور اس کے بنا کردہ کتب خانے میں چالیس خطاط، جو میر علی کے شاگرد تھے، مخطوطات کی نقل کرنے میں مشغول رہتے تھے ۔ اس کی مثال سے تیموری عہد کے ایران میں فنِ نقّاشی کی ترقی پر بہت اثر پڑا ۔ ۸۲۹ھ/۱۴۲۵ - ۱۴۲۶ء میں اس نے شاہنامۂ فردوسی کا ایک نسخہ بڑے اہتمام سے تیار کرانا شروع کیا اور اس کا ایک دیباچہ بھی لکھوایا، جو شاہنامے کے ان دو دیباچوں میں سے جو ہمارے پاس موجود ہیں طویل تر ہے۔

**مآخذ** : (۱) مطلع سعدین، طبع محمد شفیع لاہوری، ۲ : ۶۶۲؛ (۲) Cl. Huart : *Calligraphes et miniaturistes*، ص ۹۷، ۲۰۸، ۳۲۴، ۳۳۶؛ (۳) J. Mohl در فردوسی : *Livre des Rois (Shah-nāma)*، جلد ۱ و ۵، حاشیہ ۱؛ (۴) میر خواند : روضۃ الصفا، ۶ : ۲۱۲، ۲۱۳؛ (۵) خواند امیر : حبیب السیر، ج ۳

Marfat.com

جزو ۳: ص ۱۱٦، ۱۲۳، ۱۳۰؛ [(٦) برای ذکر هنر پروری میرزا دیکھیے دولت شاہ: تذکرہ، ص ۳۵۰؛ لطائف نامۂ فخری، در اوریئنٹل کالج میگزین، ص ۲۰۷؛ دوست محمد: حالات هنروران، طبع عبداللہ چغتائی، لاهور، ص ۱۳].

(CL. HUART)

* **بایسُنغُر:** سلطان ابوسعید [رک بآں] [بن محمد بن میران شاہ بن تیمور] کا پوتا اور سمرقند کے سلطان محمود کا دوسرا بیٹا، جو ۸۸۲ھ/ ۱۴۷۷ - ۱۴۷۸ء میں پیدا هوا اور ۱۰ محرم ۹۰۵ھ/ ۱۷ اگست ۱۴۹۳ء کو مارا گیا - اپنے والد کی زندگی میں وہ بخارا کا حاکم تھا، لیکن ربیع الثانی ۹۰۰ھ/ ۳۰ دسمبر ۱۴۹۴ء (یا ۲۷ جنوری ۱۴۹۵ء) میں جب اس کے والد کا انتقال هوا تو اسے سمرقند بلوالیا گیا - ۹۰۱ھ/ ۱۴۹۵ - ۱۴۹٦ء میں اس کے بھائی سلطان علی نے اسے ایک مختصر عرصے کے لیے معزول کر دیا اور اواخر ربیع الاول ۹۰۳ھ / نومبر ۱۴۹۷ء میں اس کے چچا زاد بھائی بابر نے اسے همیشہ کے لیے تخت سے محروم کر دیا - بایسنغر نے اب حصار کا رخ کیا، جہاں کے بیگ خسرو شاہ کی مدد سے، جو اس کا حمایتی بن گیا تھا، وہ اپنے بھائی مسعود کو شکست دینے اور اس علاقے پر قبضہ کر لینے میں کامیاب هو گیا - تھوڑے هی عرصے بعد اسی بیگ نے اس کے ساتھ دغا کی اور اسے قتل کروا ڈالا - بایسنغر کے متعلق اس کا حریف بابر لکھتا ہے کہ وہ ایک بہادر اور انصاف پسند سلطان تھا - وہ ایک فارسی شاعر کی حیثیت سے بھی مشہور تھا اور عادلی تخلّص کرتا تھا؛ اس کی غزلیں سمرقند میں اتنی هر دلعزیز تھیں کہ قریب قریب هر گھر میں موجود تھیں (بابر نامہ، طبع بیورج Beveridge، ورق ٦۸ ب).

(بارٹولڈ W. BARTHLOD)

* **بایقرا** (= بای قرا، بیقرا، بیقرہ)، خاندان تیموری کا ایک شهزادہ اور بانی خاندان کا پوتا - اپنے دادا تیمور کی وفات (شعبان ۸۰۷ھ / فروری ۱۴۰۵ء) کے وقت اس کی عمر بارہ سال تھی - اس حساب سے اس کا سال پیدائش تقریباً ۷۹۵ھ/۱۳۹۲-۱۳۹۳ء هونا چاهیے - اس کا باپ عمر شیخ، تیمور کی زندگی هی میں فوت هو گیا تھا - بایقرا کو دولت شاہ (طبع براؤن Browne، ص ۳۷۴) نے حسن و جمال میں یوسف ثانی اور شجاعت و بسالت میں رستم ثانی کہا ہے، وہ عرصۂ دراز تک بلخ پر حکمران رہا - ۸۱۷ھ / ۱۴۱۴ء میں اسے شاہ رخ کی طرف سے لُرستان، همدان، نِہاوند اور بروجرد [قب مطلع، وروجرد] کی ولایت عطا هوئی؛ اگلے سال اس نے اپنے بھائی اسکندر کے خلاف علمِ بغاوت بلند کیا اور شیراز پر قبضہ کر لیا، لیکن بعد میں اسے شاہ رخ نے مغلوب کر لیا اور اس کا قصور معاف کر کے شاهزادۂ قیدُو کے پاس قندهار اور گرمسیر جانے کی اجازت دے دی - اس نے وهاں پہنچ کر بھی بغاوت کی آگ بھڑکائی اور قیدُو نے اسے ۸۱۹ھ/ ۱۴۱٦ - ۱۴۱۷ء میں گرفتار کر لیا - شاہ رخ نے اس مرتبہ بھی اسے معاف کر دیا اور هندوستان بھیج دیا؛ اس کے بعد اس کے متعلّق تاریخوں میں کوئی ذکر نہیں ملتا - یہ بیان، جس کا مأخذ حافظ ابرو ہے، دولت شاہ کے بیان سے مطابقت نہیں رکھتا - مؤخّر الذکر کے بیان کے مطابق (حوالۂ مذکور) وہ اپنی مرضی سے مَکران سے شاہ رخ کے پاس گیا، شاہ رخ نے اسے سمرقند بھیج دیا اور وهاں اُلغ ملک کے اشارے سے وہ قتل کر دیا گیا - دوسری روایات کے مطابق اسے خود شاہ رخ نے هرات میں سرِ دربار قتل کرایا تھا - اس کی وفات کا سال دوسرے راویوں نے بھی ۸۱۹ھ هی بتایا ہے - بابر کے بیان کے مطابق (طبع بیورج Beveridge، ورق ۱٦۳ ب) اس شاهزادے کے ایک پوتے کا نام بھی بایقرا تھا [رک بہ حسین میرزا

Marfat.com

بن منصور بن بایقرا] جو سلطان حسین کا بڑا بھائی تھا ۔ بایقرا ثانی کئی سال تک بلخ کا والی رہا [یہاں مقالہ نگار کو سہو ہوا ہے، یہ بایقرا ثانی، سلطان حسین خود تھا ۔ اس کا بڑا بھائی نہ تھا، پورا نام، ابوالغازی سلطان حسین میرزا بن غیاث الدین منصور بن بایقرا (اول)، دیکھیے زامباور و لین پول : *Muhammadan Dynasties*، بمدد اشاریہ]۔

**مآخذ** :(۱) نویں صدی/پندرھویں صدی کے ابتدائی زمانے کے واقعات کی تاریخ کے لیے عبدالرزاق سمرقندی [رک بآن] کی کتاب مطلع سعدین دیکھیے، جو حافظ ابرو (: زبدۃ التواریخ) کے بعد کی تصنیف ہے [وطبع محمد شفیع لاھوری ۱۹۴۹ء]، سنین ۸۰۷ھ تا ۸۲۰ھ کے لیے قب اقتباسًا در Quatremère : *Notices et Extraits*، جلد ۱۴، حصہ ۱ ۔ حافظ ابرو کے اصل متن کے لیے، جو بوڈلین Bodleian کتب خانے میں بصورت مخطوطہ محفوظ ہے (ایلیٹ Elliot، ص ۴۲۲)، قب بارٹولڈ W. Barthold، در المظفریہ(*Sbornik statei učenikov bar. Rozena*، سینٹ پیٹرزبرگ ۱۸۹۷ء)، ص ۲۰ تا ۲۶؛ (۲) L. Bouvat : *L'empire mongol* (بار دوم)، پیرس ۱۹۲۷ء [از *Histoire du Monde* Cavaignac]، ص ۱۶۲ تا ۱۸۰ ۔

(W. Barthold [و ادارہ])

⊗ **باپقرا** : (ثانی) رک بہ حسین میرزا بن منصور بن بایقرا۔

⊗ **بایقرا** : (ثالث) بن عمرشیخ بن پیر محمد بن عمر شیخ بن تیمور حکمران ھمدان ۸۱۷ - ۸۱۸ھ کے لیے دیکھیے زامباور بمدد اشاریہ۔

• **بَبْغاء** : (نیز بَبْغا)، طوطا، نرو مادہ اور مفرد و جمع سب کے لیے یہی ایک صورت مستعمل ہے ۔ صرفی (اشتقاقی) لحاظ سے جاحظ کے نزدیک یہ لفظ پرندے کی صوت سے مشتق ہے ۔ یہ یا اس سے ملتا جلتا لفظ ان تمام زبانوں میں پایا جاتا ہے جو بنیادی طور پر افسانوی میں ۔ مثلاً Provençal میں Papagai، ھسپانوی میں Papagayo اور قدیم فرانسیسی میں Papegai (اور Roman de la Rose کا papagan) ۔ تیسری صدی نویں صدی میں عراق طوطوں کی صرف انھیں اقسام سے شناسا تھا جو مجمع الجزائر ہند چینی میں پائے جاتے تھے ۔ الدّمیری سبز اور سرخ طوطوں کے علاوہ سفید تاجدار طوطوں کی ایک قسم کا ذکر کرتا ہے ۔ مشرق میں شعرا بعض اوقات اس شاندار پرندے کا ذکر کرتے ھیں، مگر ھسپانوی مصنفوں کے یہاں کم از کم پانچویں/گیارھویں صدی تک ان کا ذکر نہیں ملتا ۔

**مآخذ** : (۱) الجاحظ، کتاب الحیوان، ج ۳ و ۳ : ۵۱۶ و ۷ : ۱۷۰؛ (۲) الدمیری : حیوٰۃ الحیوان، قاھرۃ بدون تاریخ، ۱ : ۱۶۶؛ (۳) H. Pérès : *La Poésie andalouse, en arabe Classique*، بار دوم، پیرس ۱۹۵۳ء، ص ۲۳۲ تا ۲۳۶ ۔

(R. Blachère)

• **اَلْبَبَّغا** : (لغوی معنے طوطا)، یہ مشہور عرب شاعر اور انشا پرداز (= مترسّل) (Letter-writer) ابو الفَرج عبدالواحد بن نصر [بن محمد المخزومی] کا لقب ہے [ایک روایت کے مطابق اس کا نام عبدالملک بھی ہے؛ قب براکلمان]۔ وہ ۳۱۳ھ/۹۲۵ء میں پیدا ہوا اور ۳۹۷ھ / ۱۰۰۶-۱۰۰۷ء میں وفات پائی۔ المخزومی کی نسبت سے اس کا عربی نسب جعلی معلوم ھوتا ہے ۔ البَبغاء نَصیبین کا باشندہ تھا۔ ایسا معلوم ھوتا ہے کہ وہ امیر سیف الدولہ حَمدانی کے دربار سے اس وقت منسلک ھو گیا تھا جب مؤخر الذکر کے قدم اچھی طرح سے حلب میں جم گئے تھے، یعنی ۳۳۳ھ / ۹۴۴ء کے بعد ۔ اس نے امیر کی شان میں قصیدے کہے اور اس وقت شہر میں جو ادبی حلقہ موجود تھا اس میں نمایاں شہرت حاصل کر لی ۔ وہ المتنبی [رک بآن] کا پر جوش

Marfat.com

مدّاح تھا اور وہ اس سے بغداد میں دوبارہ ملا۔ موصل میں تھوڑا عرصہ قیام کرنے کے بعد وہ بغداد میں مستقل طور پر اقامت پذیر ہو گیا اور وہیں اس کا انتقال ہوا۔

ابن الندیم کے بیان کے مطابق چوتھی / دسویں صدی کے اختتام پر البیغاء کے اشعار تین سو صفحات پر مشتمل تھے۔ ان نظموں کا وہ انتخاب جو الثّعالبی نے کیا ہم تک پہنچا ہے۔ اسی انتخاب کنندہ نے البیّغاء کے خطوط میں سے بعض بلیغ اور طویل اقتباسات بھی پیش کیے ہیں۔ بطورِ قصیدہ نگار البیّغا اُسی دبستان سے تعلق رکھتا ہے جس کی نمائندگی البحتری یا المتنبّی کرتے ہیں۔ اس کے برعکس اس کے مراثی اور خمریات ایک مخصوص قسم کی جاذبیت رکھتے ہیں۔ لیکن مسجّع اور مترنّم نثر میں اس کے لکھے ہوے خطوط پاکیزگی، ذوق صحیح اور پُرمایگی کے لیے ممتاز ہیں اور وہ اپنے انداز خاص میں ایک استاد کی حیثیت رکھتا ہے. خصوصاً اپنے دور میں اس کی اہمیّت مسلم ہے.

مآخذ: (۱) الفہرست، ص ۱۶۹؛ (۲) الخطیب البغدادی: تاریخ بغداد، ۱۱: ۱؛ (۳) ابن خلّکان، قاہرۃ ۱۳۱۰ھ، ۱: ۲۹۸؛ (۴) السمعانی: الانساب، ۴۶ ب؛ (۵) بدیعی: الصبح المُنبی عن حیثیۃ المُتنبّی، قاہرۃ ۱۳۰۸ھ (عُکبری، کی شرح دیوان متنبّی کے حاشیے پر)، ص ۴۷ ببعد؛ (۶) الثعالبی: یتیمۃ الدہر، دمشق ۱۹۰۳ء، ۱: ۱۱ ببعد، ۱۷۳ تا ۲۰۴، ۲۲۰ و ۲: ۱۵۸، ۲۹۱؛ (۷) R. Blachère: *'Un Poète arabe due IV<sup></sup>e/Xe S.: al- Motanabbi*، پیرس ۱۹۳۵ء، ص ۱۳۴، ۱۴۱، ۱۵۵؛ (۸) زکی مبارک: *La Prose arabe au IVe s. H.*، پیرس ۱۹۳۱ء، ص ۲۹ ببعد؛ (۹) وہی مصنّف: النثر الفنّی، قاہرۃ ۱۹۳۴ء، ۱: ۲۸۶ تا ۲۹۶ و ۲: ۲۲۶ تا ۲۴۲؛ بقیہ مآخذ کے لیے دیکھیے: (۱۰) براکلمان Brockelmann، ۱: ۹۰ و تکملہ، ص ۱۴۵؛ (۱۱) M. Canard: *Receuil de textes relatifs à l' émir Sayf al-Daula*، الجزائر - پیرس ۱۹۳۴ء، ص ۳۰۰ تا ۳۰۱، عدد ۱؛ [(۱۲) المنتظم، ۷: ۲۳۱؛ (۱۳) نزہۃ الجلیس، ۲: ۳۱۹؛ (۱۴) محمد صدر الدین: Saifud Daulah and His Times، (بمدد اشاریہ) لاہور ۱۹۳۰ء].

(R. Blachère)

* بُشتر: رک بہ بربشتر.

* بُت: رک بہ بُد.

* البَتّانی: اس کا پورا نام ابو عبداللہ محمد بن جابر بن سِنان البتّانی الحرّانی الصّابئ ہے۔ اسے ازمنۂ وسطی کے مغربی مصنفین نے Albategni یا Albatenius لکھا ہے۔ اس کا شمار بڑے بڑے عرب ہیئت دانوں میں ہوتا ہے۔ وہ ۲۴۴ھ / ۸۵۸ء سے پہلے غالبًا حرّان یا اس کے قرب و جوار میں پیدا ہوا۔ البتّانی کی وجہ تسمیہ بہت ہی غیر یقینی ہے۔ اگرچہ یہ مصنف مسلمان تھا لیکن اس کے خاندان کا مذہب پہلے صابئ تھا، جس کی وجہ سے اسے بھی الصابئ کہا جاتا ہے۔ اس نے تقریبًا اپنی ساری زندگی الرّقہ ہی میں بسر کر دی، جو دریاے فرات کے بائیں کنارے پر واقع ہے اور جہاں کئی خاندان حرّان سے آ کر آباد ہو گئے تھے۔ ۲۶۴ھ / ۸۷۷ء سے وہ اجرامِ سماوی کے مشاہدے میں مشغول ہو گیا اور بقیہ ساری عمر باقاعدگی کے ساتھ اسی مطالعے میں مصروف رہا۔ اسے کسی کام کی غرض سے بغداد جانے کا اتفاق ہوا، مگر واپسی میں قصر الجصّ کے مقام پر، جو دجلے کے ذرا مشرق میں اور سامرّا سے زیادہ دور نہیں ہے، ۳۱۷ھ / ۹۲۹ء میں فوت ہو گیا.

اس کی تصنیفات یہ ہیں: (۱) کتاب معرفۃ مطالع البُروج فی ما بین اَرباع الفلک، یہ کتاب کُرہ فلکی کے ربع دائروں کی درمیانی فضاؤں میں بروج کے ارتفاع کے بارے میں ہے؛ یعنی یہ منطقۃ البروج کے ان نقطوں کے ارتفاع کے متعلق ایک کتاب ہے جو کسی مفروضہ موقع پر چہار اوتاد میں

Marfat.com

سے نہیں ہوتے ۔ [رك به علم نجوم] - اس میں وقت کے حکمران سیارے کی سمت کے ہیئتی مسئلے کے ہندسی حل کے متعلق بحث ہے ۔ (۲) رسالة فی تحقیق أقدار الاتّصالات : ہیئتی تطبیقات کی کمیتوں کے صحیح تعین پر ایک رسالہ، یعنی مطرح الشعاع projectio radiorum کے ہیئتی مسئلے کا علم مثلث کی رو سے باضابطہ حل [ رك به علم نجوم ]، جب مذکورہ ستارے عرض سماوی رکھتے ہیں (یعنی جب منطقة البروج سے باہر ہوتے ہیں) ۔ (۳) شرح المقالات الاربع لبطلمیوس : یہ بطلمیوس کی *Tetrabilon* کی شرح ہے ۔ (۴) الزیج : علم ہیئت کا رسالہ اور جداول، البتانی کا سب سے بڑا علمی کارنامہ ہے اور یہی اس کی تنہا تالیف ہے جو ہم تک پہنچی ہے ۔ اس میں اس کے مشاہدات کے نتائج درج ہیں ۔ اس کتاب نے نہ صرف عربی علم ہیئت پر بلکہ یورپ میں بھی ازمنۂ وسطٰی اور تحریک احیاے علم کے شروع میں علم ہیئت اور کروی علم المثلثات کی ترقی پر گہرا اثر ڈالا ہے ۔ اس کتاب کا ترجمہ لاطینی میں Robertus Retinensis یا Ketenensis نے کیا (جو ہسپانیہ میں بمبلونہ کے مقام پر ۱۱۴۳ء کے بعد فوت ہوا، یہ ترجمہ ضائع ہوچکا ہے)، پھر Plato Tibastinus نے بارھویں صدی عیسوی کے پہلے نصف میں اس کا ترجمہ کیا (اس کے متن کی ہندسی جدولوں کے بغیر ایک طباعت نورمبرگ Nuremburg میں ۱۵۳۷ء میں اور بولونیا میں ۱۶۴۵ء میں شائع ہوئی) ۔ الفونسو دہم شاہ قشتالہ (Alphonso X of Castile) (۱۲۵۲ تا ۱۲۸۲ء) نے اس کا ترجمہ براہ راست عربی سے ہسپانوی زبان میں کروایا تھا (جس کا نامکمل قلمی نسخہ پیرس میں محفوظ ہے) ۔ علم ہیئت پر تین غیر اہم رسالے، جن کا لاطینی ترجمہ کئی مسودوں میں ملتا ہے اور جن پر Bereni, Boetem, Bethem, اور Bareni کے نام بطور مصنف کے درج ہیں، غلطی سے البتانی سے منسوب کر دیے گئے ہیں .

البتانی نے بڑی صحت کے ساتھ منطقة البروج کے اعوجاج (obliquity of the ecliptic)، منطقۂ حارہ کے سال اور موسموں کے طول، سورج کے صحیح اور وسطی مدار (mean orbit) کی تعیین کی ہے ۔ اس نے عملاً یہ دکھا کر کہ شمسی اوج حرکت رجعیہ اعتدالیہ (precession of the equinoxes) کا پابند ہے اور نتیجۃً وقت کی تعدیل بھی دورانی انحرافات کی پابند ہے بلاشبہ شمسی اوج کی بےحرکتی (immobility of the solar apugee) کے بطلمیوسی عقیدے کی دھجیاں اڑا دیں ۔ اس نے بطلمیوس کے نظریے کے برعکس سورج کے ظاہرہ زاویہ دار قطر (apparent angular diameter) کے انحراف اور سالانہ گرہنوں کے امکان کو ثابت کر دیا ۔ اس نے چاند اور سیاروں کے کئی مداروں کی تصحیح کی اور رؤیت ہلال کی شرائط کا ایک نیا اور بڑا ہی نادر نظریہ پیش کیا ۔ اس نے حرکت رجعیہ اعتدالیہ کی بطلمیوسی قدر کی بھی تصحیح کر دی ۔ چاند گرہن اور سورج گرہن کے متعلق اس کے بلند پایہ مشاہدات سے ۱۷۴۹ء میں Dunthorne نے استفادہ کیا ہے، تاکہ چاند کی تدریجی حرکت کا مطالعہ کیا جا سکے ۔ آخر میں اس نے املائی تسطیح orthographic projection کے ذریعے کروی علم المثلث کے بعض مسائل کے نہایت عمدہ حل پیش کیے، جن سے Regiomontanus (۱۴۳۶ تا ۱۴۷۶ء) واقف تھا اور جن کی اس نے جزوی طور پر تقلید بھی کی ہے .

مآخذ : (۱) al-Battāni sive Albatenii *Opus astronomicum .... Arabice editum, Latine versum,* *adnotationibus instructum a C.A. Nallino*، Mediolani Insubrum ۱۸۹۹ تا ۱۹۰۷ء، ۳ جلد ۔ البتانی کے متن کی جو غلط تشریحات ہوئی ہیں (۱ : ۳۱ تا ۳۲ از C. A. Nalling) ان کے متعلق دیکھیے وہ تصحیحات جو

Marfat.com

J. J. de Orus و J. Vernet نے پیش کی ہیں، در *Transformación de coordenadas astronómicas entre los árabes*، در *Gaceta Matemática*، سلسلۂ اول، ج ۲، عدد ۳، میڈرڈ ۱۹۵۰ء، نیز J. M. Millàs و *Una nueva obra astronómica alfonsí: El Tratado del cuadrante "sennero"*، در *al-And.*، ۲۱ : ۶۵ (۱۹۵۶ء) - البتّانی کی تصنیفات نے جو اثرات برشلونہ کے یہودی ابراہیم برحیّہ Abraham bar Hiyya (پانچویں - چھٹی صدی ہجری / گیارھویں - بارھویں عیسوی) پر ڈالے ان کے لیے دیکھیے : J. M. Millás، در *Actes du Congrès intern. des Orient.*، لائڈن ۱۹۳۱ء اور *La obra "forma de la tierra" de R. Abraham bar Ḥiyya ha-Bargeloni*، مجریط - برشلونہ ۱۹۵۶ء.

(C. A. NALLINO)

* **بَتْجَن** : انڈونیشیا [رک بآں] میں خطِّ استوا کے قریب طول بلد ۱۲۷ مشرق میں ایک چھوٹا سا جزیرہ؛ شروع کی سلطنتوں اور اسلامی تبلیغ کے مرکزوں میں سے ایک - بطور ایک گرم مسالے کے جزیرے کے اس کی اہمیت ۱۹۵۰ء کے قریب ختم ہو گئی، جب یہاں کے سلطان اور ولندیزی ایسٹ انڈیا کمپنی کے مابین ایک معاہدے کے نتیجے میں یہاں کے درخت برباد کر دیے گئے [دیکھیے وا، ع بذیل مادۂ بتجان].

(C. C. BERG)

* **بَتّدِین** : مقامی بولی میں بیت الدّین کی مخفف صورت، سریانی میں بیت دِینا Bēth-Dīnā ایک مقام، جس کی آبادی آٹھ سو نفوس ہے اور جو سطح سمندر سے آٹھ سو میٹر کی بلندی پر بیروت سے پینتالیس کیلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے - اس کے گرد طبق بر طبق اراضی میں زیادہ تر انگور کی بیلوں اور زیتون کی کاشت ہوتی ہے - بتّدین اور دیار القمر دونوں مل کر شُوف کے دُروزی علاقے میں گھرا ہوا پرگنہ بن گئے ہیں، جس کا نظم و نسق مارونی فرقے کے عیسائیوں کے ہاتھ میں ہے - اس کی خوش حالی اس واقعے کی مرہونِ منت ہے کہ امیر بشیر شہاب ثانی [رک بآں] (۱۷۸۸ تا ۱۸۴۰ء) نے ۱۸۰۷ء میں اسے اپنا مقامِ سکونت بنایا اور ۱۸۱۲ء اور ۱۸۱۵ء کے درمیان ایک پختہ نہر کے ذریعے سَفَہ Safa کا پانی یہاں پہنچایا - اسی باعث اس گاؤں میں کچھ سرکاری دفاتر کی عمارتیں بن گئیں اور ساتھ ہی ایک محل تعمیر ہو گیا - بنانے والا معمار اطالوی اور کام کرنے والے مزدور شامی تھے اور عمارت مختلف اسالیب کا عجیب مشرقی امتزاج ہے - محل بہت گہرے پہاڑی نالے کے اوپر سلامی دار چٹانوں پر تعمیر کیا گیا تھا اور ۱۸۱۴ء سے شاعروں کا ملجا و ماویٰ رہا ہے (نکولس ترک Nicholas the Turk) - لامارٹین Lamartine ۱۸۳۲ء میں یہاں آیا اور اس کی طولانی کیفیت ہمارے لیے لکھ گیا.

۱۸۴۰ء میں مصری قبضے کے اختتام کے قریب یہ محل ویران ہو گیا تھا اور اس ویران عمارت کو ۱۹۱۲ء میں سخت آتشزدگی نے اور بھی خراب کر دیا تھا - ۱۹۴۰ء میں اس کی جزوی مرمت کی گئی - ۱۹۴۸ء میں امیر بشیر اعظم کی راکھ کو استانبول سے یہاں منتقل کر دیا گیا - آج کل بتّدین جمہوریہ لبنان کے صدر کا گرمائی مقام ہے.

**مآخذ** : (۱) قریحہ : اَسْماء المُدُن و القُری اللّبنانیۃ، ۱۹۵۶ء، ص ۲۰؛ (۲) Lamartine : *Voyage en Orient*، طبع Hachette، ۱۹۰۳ء، ۱ : ۱۹۱ ببعد؛ (۳) Dussaud : *Topographie Historique de la Syria*، ص ۵۰۷؛ (۴) M. Chebli : *Une histoire du Liban au temps des émirs*، بمددِ اشاریہ.

(N. ELISSÉEFF)

**اَلْبَتْر** : بربر قبائل کے ان دو گروہوں میں سے ایک کا نام، جن سے مل کر بربر [رک بآں] قوم بنتی ہے - دوسرے گروہ کا نام البرانس [رک بآں] ہے.

Marfat.com

البتر کے گروہ میں جو قبیلے شامل ہیں ان میں سے بڑے بڑے یہ ہیں : لَواتَه، نَفُوسَه، نَفْزاوَه، بنو فاتن اور مِکْناسه ۔ ان کا قدیم ترین مقامِ سکونت وہ کف دست میدان اور سطح مرتفع کا وہ علاقہ ہے جو دریاے نیل سے لے کر تونس تک پھیلا ہوا ہے۔ اس لحاظ سے وہ در اصل قدیم لیبیا کے بربر ہیں، مگر بہت قدیم زمانے میں ان کے چند قبیلے (مِکناسه، بنوفاتن اور لواته کا کچھ حصہ) مغرب کی طرف نقل مکانی کر کے الجزائر (وہ علاقہ جو اوراس Awras تیارت Tiaret اور تِلِمسان (Tlemcen) کے گرد و نواح میں واقع ہے) اور مراکش (طاس مولویہ (Moulouya basin)، سِجِلْماسه Sidjilmasa، فیگیگ Figig اور توات Twat کے درمیان کے صحرائی علاقے اور طاس سیباؤ (Sebou basin) چلے گئے تھے اور پھر مغربی مغرب سے ان کے بہت سے عناصر ہسپانیہ میں داخل ہوگئے ۔ البتر کو خانہ بدوش اور اعلٰی درجے کے ساربان بربروں کی حیثیت سے پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے ۔ شاید ابتدا میں ان کا طرزِ زندگی ایسا ہی ہو اور بلا شبہہ یہی وجہ ہے کہ عرب مؤرخوں نے ان لوگوں کو، جن کا طرز زندگی خانہ بدوشوں کا تھا، اسی گروہ میں شامل کر لیا ہے مثلاً هَوّارہ اور زناتہ ۔ تاہم ایسا معلوم ہوتا ہے کہ نَفُوسه، نَفْزاوَه اور لَواتَه کا ایک حصہ قدیم زمانے ہی میں مستقل طور پر لیبیا کے پہاڑوں میں آباد ہو گیا تھا، غالبًا عرب فتوحات کے وقت ایسا ہوا ۔ رہے وہ لوگ جو الجزائر اور مراکش چلے گئے تھے تو وہ بہت جلد وہاں مستقل طور پر آباد ہو گئے اور انھوں نے کچھ چھوٹے چھوٹے شہر بھی بسائے۔

اس گروہ کے قبائل کی ایک بڑی تعداد کے اپنے اپنے نام ابھی تک باقی چلے آتے ہیں ، لیکن سارے گروہ کا قدیم نام البُتْر اب باقی نہیں ہے۔

البُتْر اسم صفت الأبْتَر کی جمع ہے، جس کے متعلق کہا گیا ہے کہ وہ مادغیس Madghīs کا لقب تھا، جسے یہ لوگ اپنا مشترک جدّ اعلٰی مانتے تھے ۔ الابتر کے معنی ہیں ''دم کٹا، یا جس کا کوئی عضو کٹا ہوا ہو یا جس کی کوئی اولاد نہ ہو''۔ اس آخری مفہوم کے اعتبار سے یہ ایسے شخص کا لقب نہیں ہو سکتا جسے بہت سے قبیلے اپنا جدّ اعلٰی مانتے ہوں ۔ لفظ کے پہلے دو مفہوم غیر مانوس ہیں ۔ البتہ دوسرے گروہ کے قبائل کے جدّ اعلٰی بُرْنُس کا نام ایسا ہے جو ایک عربی لفظ سے مطابقت رکھتا ہے (جو زمانۂ قدیم ہی میں یونانی لفظ *birros* سے مستعار لیا گیا تھا) اور وہ اس لمبے لباس یا چغے کا نام ہے جسے یورپ میں برنُوس burnous کہتے ہیں ۔ اس اعتبار سے برانس کے معنی برنوس یا لمبے چغے پہننے والے کے ہو سکتے ہیں اور پھر اس کے مقابلے میں بتر ان لوگوں کو کہا جا سکتا ہے ''جو اونچے اور چھوٹے کپڑے پہنتے ہوں''۔ در حقیقت شمالی مغربی مراکش کی عربی بولی میں ایک اسم صفت قَرْطِيط ہے (جو مادّہ قرط کی چہار حرفی توسیع ہے)، جس کے معنی ہیں ''وہ شخص جس نے اپنے لباس کا نیچے کا حصہ کاٹ کر چھوٹا کر لیا ہو'' اور اس کا اطلاق خصوصیت سے کوہستانوں کی جِلّابیں jellābas پر ہوتا ہے، جو بہت ہی چھوٹی سی ہوتی ہے (قب *Textes de* : W. Marçais *Tanger*، ص ۳۲۹)۔

دوسرے نسلی القاب جو لباس کی خصوصیات کی بنا پر لوگوں کو دیے گئے ہیں ان میں سے صِنْهاجه بربر [لوٹ بان] کا لقب قابل توجہ ہے، جو المُلَثَّمون کہلاتے ہیں، یعنی وہ لوگ جو اپنے منہ پر نقاب ڈالے رہتے ہیں۔ اسی طرح مصمودہ [زرک بلہ] بربروں کا لقب بھی قابل توجہ ہے جنھیں 'قَلُوح' کہا جاتا ہے (قب *Mélanges Gaudefroy-Demombynes*،

marfat.com

Marfat.com

قاہرہ ۱۹۳۹ء، ص ۳۰۵)۔

مآخذ: (۱) ابن خلدون [: کتاب العبر]، *Histoire des Berbères*، بار دوم، ۱ : ۱۷۰، ۲۲۶؛ (۲) E. F. Gautier : *Les siècles obscurs du Maghreb*، پیرس ۱۹۲۷ء، ص ۲۰۳ تا ۲۱۱۔

(G. S. Colin)

* **بَتْرُون**: (یا بَتْرُون، قبّ یاقوت، ۱ : ۴۹۳) اسے یونانی اور رومی مصنفین نے Bostrys لکھا ہے اور صلیبی جنگجوؤں نے Boutron - یہ لُبنان کے ساحل پر بیروت سے شمالی جانب، چھپن کیلومیٹر کے فاصلے پر ایک چھوٹا سا شہر ہے جس سے ہر فاتح لشکر کا گزر ہوتا رہا؛ اس لیے کہ راس شقّہ (Theouprosôpon) کے جنوب میں جو سڑک بیروت سے طرابلس گئی ہے اس کی زد میں ہے۔ یوسیفس Josephus (*Antiq*، ص ۸، ۳، ۵۲) کی روایت سے تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس کی بنیاد صور (Tyre) کے بادشاہ اتو بعل (Ithobaal) نے رکھی تھی لیکن حقیقت میں یہ شہر بہت پرانا ہے، کیونکہ تلّ العمرنہ کے مکتوبات (پندرھویں صدی عیسوی) میں اس کا ذکر بائیبلوس Byblos (جُبَیل) کے مقبوضات میں آیا ہے۔ ایک زمانے میں یہ مقام بحری قزاقوں کا اڈا تھا، جن کا قلع قمع Antiochus III Megas نے کیا - بترون کی ایک وسیع بیضوی تماشا گاہ کے آثار کو دیکھیے تو اندازہ ہو جاتا ہے کہ یہ شہر، جو انگور کے باغات کے لیے پہلے ہی سے مشہور تھا، رومیوں کے عہد میں بھی خاصا اہم ہوگا۔ ۱۶ جولائی ۵۵۱ء کے زلزلے اور سمندر میں جوار بھاٹے کی ایک لہر سے جملہ ساحلی شہروں کی طرح یہ شہر بھی برباد ہو گیا۔

صلیبی جنگوں کے زمانے میں بترون طرابلس کے انتظامی ضلع (کاونٹی County) کے ماتحت ایک اسقفیہ کا صدرمقام تھا، جہاں بحیثیت ایک بندرگاہ کے اہل پیسا Pisa کو کئی ایک مراعات حاصل تھیں - یہاں ایک عرصے تک پرووانس Provence کے خاندان ڈ اگو d' Agout کی حکومت رہی - ۱۲۱۱ء میں بترون کا دارالامارت فرنگیوں (Franks) کی باہمی لڑائی کے باعث ہیکلئین (Templers) کے ہاتھوں تباہ ہو گیا - ۱۲۸۹ء میں سلطان قلاؤن نے اسے بآسانی فتح کر لیا - ممالیک مصر کے عہد میں بترون طرابلس کی نیابت سے ملحق تھا - انیسویں صدی عیسوی میں اسے اسفنج کی تجارت کی بدولت قدرے خوشحالی بھی حاصل ہو گئی - لیکن اب اسفنج یابی چند کشتیوں تک محدود رہ گئی ہے - اس وقت بترون کی آبادی تقریباً تین ہزار نفوس پر مشتمل ہے، جن میں اکثریت مارونی (Maronite) فرقے کے عیسائیوں کی ہے۔

مآخذ: (۱) یاقوت، مطبوعہ لائپزگ، ۱ : ۴۹۳ (مطبوعہ بیروت، ۱ : ۳۳۸)؛ (۲) الادریسی : *Syrie* (-Gilde meister)، ص ۱۷؛ Jaubert، ۱ : ۳۵۶؛ (۳) Du Cagne: *Les Familles d'Outre-Mer*، ص ۲۵۷ - ۲۵۹؛ (۴) Le Strange : *Palestine under the Moslems*، ص ۳۵۱ تا ۳۵۲؛ (۵) W. Heyd : *Histoire du Commerce au Levant*، ۱ : ۳۲۱؛ (۶) Lammens : *La Syrie*، ۲ : ۳۸؛ (۷) Dussaud : *Topographie historique de la Syrie*، ص ۷۱؛ (۸) Grousset : *Histoire des Croisades*، ۳ : ۶۸۸، ۷۳۵؛ (۹) عادل اسمٰعیل : *Histoire du Liban du XVIIe siècle à nos jours*، ۱ : ۳۳ : ۱۱۴؛ [(۱۰) وآ، ع بذیل مادہ]۔

(N. Elisséeff)

**بتک، بتکچی**: (ت) 'بِتی' مصدر بمعنی لکھنا سے مشتق ہے، بتک حاصل مصدر بمعنی الکتابۃ، (لیکن اورخون کے کتبات اور ترفان کے ترکی متون میں بِتِگ بھی آیا ہے)، بطور اسم مفعول، بمعنی ہوا (مجموعۂ دستاویزات، نیز دیکھیے Redhouse، بذیل مادہ بتک Bitik بمعنی = written documents)-

Marfat.com

بتکچی اسم فاعل ہے، جس میں چی علامت فاعل ہے (بمعنی لکھنے والا، ناقل، کاتب، دبیر)، جو قتدغو بلگ میں "بتکچی" کی شکل میں ملتا ہے۔ چنانچہ درمیانے دور کی ترکی بالخصوص چغتائی وغیرہ شاخوں سے ان شکلوں (بتک، بتکچی وغیرہ) کی بخوبی تصدیق ہو جاتی ہے۔

بتی کی ترکیبِ صرفی معلوم نہیں ہے۔ اسے اکثر چینی زبان کے لفظ 筆 (= پی = pi < *pi̯ĕt) بمعنی "لکھنے کا برش" سے مشتق بتایا جاتا ہے، لیکن یہ محل نظر ہے [قب ۱۸ (۱)، ت]۔ اسے بعض انڈو یوربی شکلوں، مثلاً خوتانی (Khotanese) پضا کہ Pidaka بمعنی "محررہ، دستاویز"، سنسکرت پٹا کا piṭaka بمعنی "دھرم شاستروں کا مجموعہ" یا یونانی πιττάκιον بمعنی "خط"، سے مماثل سمجھنے کی طرف میلان ضرور ہوتا ہے، لیکن ان لفظوں کی صوتی تاریخ اس قیاس کی تائید نہیں کرتی۔

تحریری مغول زبان میں فعل لکھنا کے لیے لفظ "بچی" مستعمل ہے اور یہ شکل ترکی زبان کے بتی سے ملتی جلتی ہے۔ حاصل مصدر بچگ بمعنی "تحریری دستاویز، تحریر، خط، سرکاری مراسلہ" کے وجود کا سراغ "مغول کی خفیہ تاریخ" کے وقت سے ملتا ہے اور اس کا اسم فاعل بچگچی بمعنی محرر، کاتب، نقل نویس، ایلخانی حکمرانوں کی سرکاری دستاویزات میں موجود ہے۔ اسی اثنا میں بظاہر مغول کے زیرِ حکومتِ ایران میں ترکی شکل بتکچی کو اس لفظ کی مغولی صورت پر ترجیح دی جاتی تھی۔ اس سے یہ قیاس کیا جا سکتا ہے کہ مغول نظم و نسق حکومت میں اویغور [= اتالیق] کا اثر و رسوخ بہت زیادہ تھا۔ جدید بولیوں میں ادبی مغول زبان کے یہ دو لفظ نمایاں طور پر نظر آتے ہیں؛ مثلاً جدید خلخا میں بچگ، اور بچیچی، بریت میں basag اور bošōdō قلموق میں بچگ اور بچیچی اور اوردوس Ordos میں بچگ اور بچیچی۔

تنگز میں قدیم ترین شکل جو-چن بتگہ(ی) bitge (i) بمعنی "کتاب" ہے۔ منچو کا بتھ bithe بمعنی "تحریری دستاویز" بطور "کتاب، دستاویز، خط" غالبًا مستعار لفظ ہے؛ اس لیے کہ اس کے اشتقاق کی تشریح و توضیح منچو زبان کے حقائق سے نہیں ہوتی۔ دوسری طرف بتھ سی bithesi بمعنی کاتب و دبیر، منچو زبان کا ایک باضابطہ اسم فاعل ہے۔ اونکی Evenki زبان میں بچی biči بمعنی "لکھنا" اور بچیگا biciga "تحریری دستاویز" مغولی زبان سے مستعار ہیں، بحالیکہ اورخ Oroch کا بتیھو bitihö اور اولچہ Oltcha کا بتھو bithö بمعنی "تحریری دستاویز، خط" براہ راست منچو شکلوں سے تعلق رکھتے ہیں۔

اس سے یہ نتیجہ نکالنا قرین عقل ہے کہ وہ ترکی الفاظ جنھیں اویغور کاتبوں نے مغولی زبان میں داخل کر دیا تھا اس زبان میں مغول فتوحات کے بعد آئے اور اسی لیے وہ نظم و نسق کی مخصوص اصطلاحات کے طور پر استعمال ہونے لگے۔ یہ الفاظ پو چن اور منچو کی نہایت ترقی یافتہ ریاستوں میں بھی فوراً رائج ہو گئے (نیز رک بہ برات۔ [ترکوں کی تاریخ کے مختلف ادوار میں بتکچی کا منصب خاصا اہم رہا ہے، چنانچہ اولوغ بتکچی بمعنی باش کاتب ایلخانیوں اور قرہ خانیوں کے ہاں تقریبًا وزیر کا ہم پلہ سمجھا جاتا تھا اور بڑی شاہی مہر (بیوک تمغا) کے صندوقچے کی چابی اسی کے پاس رہتی تھی؛ وہ اپنی مرضی سے اپنے ماتحت بتکچی اور بخشی منتخب کر سکتا تھا۔ سلجوق سلاطین کے زمانے میں بتکچی کو اکثر صاحبِ طغرا، طغرائی، نشانچی اور پروانچی بھی کہتے تھے۔ لفظ بتک سے مرکب بعض اصطلاحات یہ تھیں: بتکلک بمعنی تحریر کردہ، صاحب سند؛ بتکلک

Marfat.com

بمعنی کتابوں کی الماری یا لوازماتِ کتابت؛ بِتِک دلِی بمعنی تحریری یا ادبی زبان اور بِتِیگ اوسته سی بمعنی معلّم مکتب؛ دیکھیے وَاَ، ت، زیر مادّہ].

(D. SINOR) و [ادارہ]

* بِتْلِیس : رکّ بہ بِدْلِیس.
* بَتْمن : رکّ بہ وَزْن.
* بَتُّمی : (Bataumi) (بَتُم) [= باطوم Bataum قبّ المُنجد] شورائیہ روس کے ماورائے قفقاز میں بحر اسود کی ایک بندرگاہ، اَجَرستان کی بااختیار اشتراکی شورائیہ کا دارالحکومت - یہ شہر ہیڈرین Hadrian کے عہدِ حکومت میں ایک پرانی رومی بندرگاہ Bathys کے مقام پر تعمیر ہوا لیکن آگے چل کر اسے پِٹرا Petra کے بوزنطی قلعے کی خاطر ترک کر دیا گیا - پِٹرا Petra کی بنیاد جسطینین Justinian کے عہدِ حکومت میں بتُمی کے شمال میں موجودہ Tzikhis Tziri کی جگہ رکھی گئی.

خطّۂ بتُمی (ضلع اجر) پر، جو پہلے مملکتِ لاز کا مقبوضہ تھا، عربوں کا قبضہ رہا - لیکن وہ اسے دیر تک اپنے قبضے میں نہ رکھ سکے - نویں صدی عیسوی میں تو یہ تُوکلرجتی Tuoklardjeti کی قلمرو اور دسویں صدی کے اواخر میں اس کی جانشین گرجستان کی مملکت متحدہ میں شامل ہو گیا - ۱۰۰۱ء سے اس پر شاہ گرجستان اِرِسْتاف Eristav حکمرانی کرتا رہا - آٹھویں صدی ھجری/چودھویں صدی عیسوی میں جب گرجستان کی مملکت متحدہ کا شیرازہ بکھر گیا تو بتمی گوریا Guria کے شہزادہ (مَتْوَر Mtavar) کے قبضے میں آ گیا.

نویں صدی ھجری / پندرھویں صدی عیسوی میں عثمانی ترکوں نے جب یہاں مَتْوَر کَخْبَر گوریلی Kakhaber Gureili حکومت کر رہا تھا اگرچہ بتُمی کا شہر اور ضلع فتح کر لیا تھا لیکن وہ اس پر قابض نہ رہ سکے البتہ اس سے ایک صدی کے بعد وہ پھر ایک لشکر کے ساتھ واپس آئے اور سوخوستہ Sokhoista کے مقام پر گرجی اور امریٹی (Immeretian) عساکر کو فیصلہ کن شکست دی - بایں ہمہ بتمی کو دوبارہ ان سے چھین لیا گیا - پہلے تو (متور) رُوستما گرائلی Rostma Gurieli ۱۵۶۴ء میں اس پر پھر سے قابض ہو گیا لیکن یہ جلد ھی اس کے ھاتھ سے نکل گیا، مگر پھر ۱۶۰۹ء میں میاگرائلی نے اسے فتح کر لیا - ۱۶۲۷ء کے بعد سے البتہ بتمی عثمانی سلطنت میں شامل کر لیا گیا.

ترکی فتح کے ساتھ ھی اَجر میں، جو ابھی تک ایک عیسائی علاقہ تھا، اسلام پھیلنا شروع ہو گیا - چنانچہ اٹھارھویں صدی عیسوی کے اواخر تک یہ سارا علاقہ اسلام قبول کر چکا تھا.

ترکوں کے زیرِ حکومت بتمی جو ایک وسیع قلعہ بند شہر تھا (آبادی ۱۸۰۷ء میں دو ہزار اور ۱۸۷۷ء میں پانچ ھزار سے زائد) بڑی سرگرم بندرگاہ اور ماورائے قفقاز میں . . . تجارت کا سب سے بڑا مرکز بن گیا.

یہ شہر، جسے سان سٹیفانو San Stefano کے معاھدے کی رو سے روس کے حوالے کر دیا گیا تھا اور جس پر ۲۸ اگست ۱۸۷۸ء کو روسیوں نے اپنا قبضہ جما لیا تھا، ۱۸۸۶ء تک بطور ایک آزاد بندرگاہ رھا - خطّۂ اجر کو اوّل اوّل تو ایک خود اختیار انتظامی وحدت کا درجہ حاصل تھا لیکن ۱۲ جون ۱۸۸۳ء کو اس کا الحاق کُتیس Kutais کی حکومت سے کر دیا گیا اور آخرالامر یکم جون ۱۹۰۳ء کو اَرْتْوِین Artvin کے اُکْرُگ Okrug سمیت خطّۂ بتمی میں شامل کر کے براہِ راست گرجستان کی حکومت عمومی کے ماتحت کر دیا گیا.

۱۸۸۳ء میں بتمی -o- تِفْلِس (= طفلس) -o- باکو ریلوے کی تعمیر کے ساتھ بتمی کی توسیع بھی شروع

Marfat.com

ہو گئی اور ۱۹۰۰ء تک باکو ۔ بتمی پائپ لائن کی تکمیل کے ساتھ پایۂ تکمیل کو پہنچ گئی ۔ یوں بتمی بحرِ اسود پر روس کی بہت بڑی تیل کی بندرگاہ بن گیا، چنانچہ شہر بھی غیر معمولی حد تک پھیل گیا اور اس کی آبادی میں بھی بڑی تیزی سے اضافہ ہوا: ۱۸۸۲ء میں ۸۶۷۱، ۱۸۸۹ء میں ۱۲۰۰۰ اور ۱۹۲۶ء میں ۴۵۳۸۲ ۔

شہر کی آبادی میں ہر طرح کے لوگ شامل ہیں اور اس کی حیثیت بین الملّی ہے ۔ مسلمان (اجر، لاز اور ترک) بمقابلہ روسیوں، یونانیوں، ارمنوں اور گرجستانیوں کے اقلیت میں ہیں ۔ تاہم یہ خطّہ سر تا سر اسلامی ہے ۔ ۱۹۱۱ء میں اس کی کل آبادی ۱۷۰۳۷۷ تھی، جن میں سے ۱۱۸۰۹۱۸ اجر تھے اور باقی ۵۸۹۱۲ مسلمان (لاز، ترک اور کرد وغیرہ) تھے ۔

اپریل ۱۹۱۸ء میں پھر ترکوں نے بتمی پر قبضہ کر لیا لیکن اگلے موسم بہار میں اس پر انگریز قابض ہو گئے اور جون ۱۹۱۹ء میں اسے خالی کر کے چلے گئے ۔ جمہوریۂ گرجستان کی شکست کے بعد آر۔ ایس۔ ایف۔ ایس۔ آر اور ترکی کے درمیان ۶ مارچ ۱۹۲۱ء کے معاہدے کی رو سے قارص Kars اور اَرْدگان Ardgan کے خطّے ترکی کو واپس مل گئے ۔ لیکن بتمی روسیوں ہی کے پاس رہا ۔ شورائی (روسی) حکمرانی کا اعلان ۱۸ مارچ ۱۹۲۱ء کو ہوا ۔ اسی سال ۱۶ جون کو اس علاقے میں اجرستان کی شورائی اشتراکی جمہوریہ قائم ہو گئی اور گرجستان کی شورائی اشتراکی جمہوریہ کے ماتحت بتمی اس کا مرکز حکومت قرار پایا ۔

بتمی میں اکثریت اجروں کی ہے ۔ ۱۹۲۶ء تک انہیں گرجیوں سے الگ ایک جداگانہ قوم تصور کیا جاتا تھا ۔ ان کی سرشماری بھی علیحدہ ہی کی جاتی تھی ۔ اس وقت ان کی تعداد ۷۱۳۹۰ تھی ۔ سب (حنفی سنی) مسلمان تھے اور گوری بولی بولتے تھے، جس پر ترکی اور عربی زبانوں کا بہت زیادہ اثر ہے ۔ مادّی اعتبار سے اُن کی ثقافت (مثلاً ''چدْرا'' (چادر) جو عورتیں اوڑھتی ہیں) ترکوں سے ملتی جلتی ہے اور اس کی نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ اجر وسیع پیمانے پر دو زبانیں (گوری بولی اور ترکی) بولتے ہیں ۔

۱۹۳۹ء کی سر شماری کی رو سے اجروں کو نسلاً گرجستانی قوم ہی کا ایک حصہ سمجھ کر گرجستانی قرار دیا گیا ۔

آج کل بتمی تیل کی ایک بڑی بندرگاہ، باکو پائپ لائن (تیل صاف کرنے کے کارخانوں) کا مخرج اور بڑا اہم صنعتی مرکز ہے جس میں اشیاے خوردنی کو محفوظ کرنے اور مشینی آلات بنانے کے کارخانے قائم ہیں ۔ ۱۹۵۶ء کے شروع میں اس کی آبادی ۷۷۰۰۰ تھی جس میں مسلمانوں کی حیثیت ایک اقلیت سے زیادہ نہیں ۔

۱۹۵۶ء میں خود مختار جمہوریہ اجر (رقبہ ۳۰۱۷ مربع کیلو میٹر) کی آبادی ۲۳۸۰۰۰ تھی اور اس میں مسلمان اکثریت میں تھے ۔ چرُخ Čoruch کی وادی میں اَجر اور لاز (تقریباً دو ہزار) کُرد (اجر اور تزکلی کی بلند وادی میں ۱۹۲۴ء میں تین ہزار خانہ بدوش) اور بتمی کے قریب ابخزوں Abkhaz کی ایک نو آبادی (۱۹۲۶ء میں پانچ ہزار) .

مآخذ : (۱) P-ce Massal'skiy : Očerk Batumskoy Oblastı، در Izv. Ross. Imp. Geogr. obshč، ۱۸۸۶ء؛ (۲) Sbornik Svedeniy o Kutaisskoy Gubernii، ج ۳، Kutais ۱۸۸۶ء؛ (۳) Bol'shaya Sovetskaya Entziklopediya، بار دوم، ۴ : ۳۰۹ تا ۳۱۲ (بتمی)؛ نیز ۱ : ۲۹۹ تا ۳۰۶ Adjarskaya Avtonomnaya Respublika؛ (۴) Moeddin Surmanidze : Sovetskiy Adjaristan، در Noviy Vostok، عدد ۲ تا

Marfat.com

۲۱/۱۹۲۸ء؛ (۵) I. Djavakhishvili: *Histoire du peuple Georgien*، ج ۱ تا ۳، تفلس ۱۹۲۸ تا ۱۹۳۳ء؛ (۶) *XX let Adjarskoy ASSR*، بتمی ۱۹۴۱ء؛ (۷) V. D. Čanturija: *Očerki po istorii prosveshčenija v Adjarii*، بتمی ۱۹۴۰ء؛ (۸) D. Bakradze: *Kratkiy očerk Gurii, Čürük-su i Adjarii*، در *Izvestiya Kavkazskogo Otdela Imp. Russk. Geogr. Obshč.*، تفلس ۱۸۷۳ء، ج ۲، شماره ۵؛ Şinasi Altundağ: *Osmanli Idaresi ve Gürcüler*، در *AÜDTC. Fak. Derg.*، ۱۹۵۲ء، ص ۸۷ تا ۹۰.

(CH. QUELQUEJAY)

* **بَتُول**: رَكَ به (حضرت) مریم (علیہا السلام) [اور (حضرت) فاطمة الزہرا (علیہا السلام)].

* **بتُولجه**: رَكَ به مُناستر.

* **بَتْرُون**: رَكَ به بَتْرُون.

* **البَثَنِیّه**: ملک شام کا ایک ضلع (کسورہ)، جس کا صدر مقام اَذرَعات ہے اور جس کے مشرق میں جبلُ الدُّروز، شمال میں لَجْعَه کا میدان اور جیدُور، مغرب میں جَولان اور جنوب میں اَلجَمَل کی پہاڑیاں واقع ہیں، لیکن یہاں اس کی حدود کسی قدر غیر واضح ہو جاتی ہیں۔ اس علاقے کا، جسے النُّقرہ (کھوکھلا) بھی کہا جاتا ہے، محلِّ وقوع قدیم بَتَنِیه Batanaea کے عین مطابق ہے، جس کا ذکر عہد نامۂ عتیق میں تراخونِتْس Trachontes، اورونیتس Auronites اور گولانیتس Gaulanites کے ساتھ بَشَن کی قدیم پادشاہت کے ایک حصّے کے طور پر آیا ہے۔ اَلبَثَنِیّه سرسبز علاقه ہے، جیسا که اس کے نام ہی سے، جو لفظ بَثْنَه (بمعنی ہموار اور غیر سنگلاخ) سے مشتق ہے، معلوم ہوتا ہے۔ اس کی آبادی قدیم ایام ہی سے بڑی گنجان تھی؛ چنانچه کس قدر کتبے اور قبروں کے ڈھیر کے ڈھیر ہیں جو اب بھی یہاں پائے جاتے ہیں اور اس امر کا ثبوت ہیں۔ زمانۂ قدیم ہی سے اس علاقے کو شام کا اناج گھر سمجھا جاتا رہا اور اب بھی ہے۔ عرب جغرافیه‌دانوں کا کہنا ہے که ازمنۂ متوسطه میں یه سارا علاقه دیہات سے پٹا پڑا تھا۔ یوں بھی یه سلسلۂ رسل و رسائل کی اس شاہراہ پر واقع تھا جو دمشق کو اُرْدُن سے ملاتی ہے۔ اس شاہراہ کا وجود مملوک حکمرانوں کے ڈاک کے محکمے (برید) اور شام کے قافله ہائے حجّاج کا مرہون منت تھا۔

عربوں نے البثنیّه کو ۱۳ھ/۶۳۵ء میں فتح کیا اور حَوران کی طرح اسے بھی ارض خراج قرار دیا۔ بعد میں اس کا الحاق جُند دمشق سے ہو گیا، گو بالعموم اس کا تعلق حوران ہی سے قائم رہا۔ صلیبی جنگوں میں اس خطّے کو فرنگیوں کی تاخت و تاراج سے بڑا نقصان پہنچا۔ آگے چل کر عثمانی عہدِ حکومت میں دو اہم واقعات اس علاقے پر اثر انداز ہوے۔ اول عَنَازَه اور رَوَاله کے خانه بدوش قبائل کی یورش، جس سے بد نظمی اور بد امنی کا جو دور دورہ شروع ہوا وہ انیسویں صدی کے آخر تک قائم رہا۔ دوسرے حَوران کے ان کوہستانیوں کا یہاں آ کر آباد ہونا جنھیں دُروزیوں نے ان کے وطن سے نکال دیا تھا، دروزی سترھویں صدی عیسوی ہی سے حوران میں داخل ہو رہے تھے حتّٰی که ۱۸۶۱ء میں لبنان کے بعض عناصر بھی ان میں شامل ہوتے گئے۔

اَلبَثَنِیّه کو اس چھوٹے سے میدانی خطّے سے ممیّز کرنا ضروری ہے جو جبلُ الدُّروز کے شمال مشرق میں واقع ہے اور جسے قدیم زمانے میں Saccea اور عربوں کے عہد میں اَرضُ البثنیّه کہا جاتا تھا۔ یه ایک اصطلاح ہے جس کا مطلب ہے ”بثنیه کی سرحد“ لیکن اس کا ایک علاقائی نام بُثَینه بھی ہے، جس کی بنا پر بہت ممکن ہے کسی کو خیال ہو که اس رقبے کو ”بَثَنِیّه کوچک“ کہا جاتا تھا۔

Marfat.com

مآخذ: (۱) یعقوبی: البلدان، ص ۳۲۶ (ترجمه ص ۱۷۴)؛ (۲) البلاذری: فتوح، ص ۱۲۶؛ (۳) الطبری، بمدد اشاریه، BGA؛ (۴) الهروی: کتاب الزیارة (طبع Sourdel-Thomine، دمشق ۱۹۵۳ء، ص ۱۷ (ترجمه دمشق ۱۹۵۷ء، ص ۴۴ اور تعلیقه ۴)؛ (۵) یاقوت، ۱: ۹۳۴؛ (۶) Le Strange: *Palestine under the Moslems*، لندن ۱۸۹۰ء، ص۴۳۳؛ (۷) A. S. Marmardji: *Textes géographiques arabes sur la palestine*، پیرس ۱۹۵۱ء، خصوصاً ص ۱۵؛ (۸) M. Gaudefroy - Demombynes: *La Syrie à l'époque des Mamelouks*، پیرس ۱۹۲۳ء، ص ۶۶؛ (۱۰) F. M. Abel: *Gèographie de la Palestine*، پیرس ۱۹۳۳ تا ۱۹۳۸ء، خصوصاً ۲: ۱۰۰؛ (۱۱) R. Dussaud: *Topographie historique de la Syrie*، پیرس ۱۹۲۷ء، ص ۲۳۲ تا ۳۲۷؛ (۱۲) J. Cantineau: *Les parlers arabes du Hōrân*، پیرس ۱۹۴۶ء، ص ۵ ببعد؛ (۱۳) D. Sourdel: *Les cultes du Hauran à l'époque romaine*، پیرس ۱۹۵۲ء، ص ۲؛ (۱۴) R. Grousset: *Histoire des Croisades*، پیرس ۱۹۳۴ تا ۱۹۳۶ء (بمدد اشاریه بذیل کلمهٔ Der'ât)؛ [(۱۵) البستانی: دائرةالمعارف، ۵: ۱۹۴ تا ۱۹۵؛ (۱۶) ؤلآ ع بذیل مادّه].

(D. Sourdel)

* بُثَینه: جمیل [رک باں] کی محبوبه.

* بُجاق: جنوبی بِس سَربیا Bessarabia (قبل ازیں بس سربیا سے صرف بجاق ہی مراد لیا جاتا تھا)۔ ترکی لفظ بجاق (کومن ترکوں کی زبان میں، جو زمانهٔ قدیم میں یہاں سکونت پذیر ہو گئے تھے، بجغق) کے معنی ہیں: کونا، گوشه.

۶۳۸ھ/۱۲۴۱ء سے یه علاقه خوانین اردوے مطلّا [(رک به باتو(خانواده)] کی سلطنت کا حصه رہا ہے۔ جب انہیں زوال ہوا تو یه علاقه (۷۴۶ھ/ ۱۳۴۵ء کے لگ بھگ) ولاشیا Wallachia اور پھر آگے چل کر ۸۰۲ھ/۱۴۰۰ء کے قریب شہزادہ (Voyvode) بغدان [رک باں] کے قبضے میں چلا گیا۔ مگر پھر جب آلِ عثمان اور کریمیا کے تاتاروں نے باہم مل کر فوج کشی کی تو اول ۸۸۹ھ/۱۴۸۴ء میں آق کرمان Ak-Kirmān اور کلی Kili [= کیلیا] اور پھر ۹۴۵ھ/۱۵۳۸ء میں پورا بجاق براہ راست دولتِ عثمانیه کے ماتحت آ گیا [رک به بغدان].

دولتِ عثمانیه میں بجاق کا علاقه آق کرمان [رک باں] کی سنجاق میں شامل تھا۔ اس کی حدود سولکچه Solkuča سے لے کر، جو دریاے بوٹنه Botna کے کنارے واقع ہے، گرادشته Gradishte سے ہوتی ہوئی کلی Kili تک جاتی تھیں۔ خان کریمیا (= قرم)، جس نے ۹۴۵ھ/۱۵۳۸ء کی مہم کے دوران میں سلیمان اوّل کے دوش بدوش حصه لیا تھا، بجاق میں نغائی قبائل (منصور، اوراق، قسائے، مماے (محمد)، تتموز، یدیسک، جمبوی‌لق) (قب السبع السیّار، ص ۱۰۶) کو آباد کیا اور یوں ان مغول باشندوں کے لیے تقویت کا باعث ہوے جو پہلے سے یہاں آباد تھے۔ اولیا چلبی نے ۱۰۶۷ھ/۱۶۵۷ء میں بیان کیا ہے (۵: ۱۰۶) که ان تاتاری باشندوں کے دوسو گاؤں تھے اور وہ بہت مال دار تھے۔ بندر Bender کی جانب کے دیہات میں مغول کی تعداد البته بہت کم تھی۔ پھر ان کی آبادی تمامتر ولاشیا والوں پر مشتمل تھی۔ اسماعیل کے گاؤں کاملاً مغول تھے۔ ۹۷۸ھ/۱۵۷۰ء میں بندر اور آق کرمان اوزیو Özü کے بیگلربیگی کی ماتحت سنجاقوں کے مراکز تھے لیکن صوبه دار کا صدر مقام آق کرمان یا سلستره Silistre میں ہوتا تھا۔ بجاق کے مغول ایک یلی آغاسی کے ماتحت تھے، جس کا تقرر خان کریمیا سے ہوتا تھا۔ آگے چل کر اس منصب پر خان کے وارث ثانی (الملقب به نورالدین) کا تقرر ہونے لگا، جو بندر کے جنوب میں خان تیشلسی

Marfat.com

Kishlasi کے مقام پر رہا کرتا تھا۔

۱۶۲۰ء کے عشرے میں قازاقوں (Kazaks) اور پولینڈ کے خلاف جنگوں میں نغائیوں کے بیگ قن تیمور نے بڑا امتیاز حاصل کیا۔ چنانچہ خان کریمیا کے مقابلے میں آل عثمان نے اس کی حمایت کی اور اس خیال سے کہ خان کے ہاتھوں نغائی مغول کی سربراہی چھین لی جائے اسے اوزیو کا بیگلر بیگی بنا دیا۔ ۱۱۱۱ھ/ ۱۶۹۹ء سے ۱۱۱۳ھ/۱۷۰۱ء تک بجاق کے نغائیوں (چھے ہزار کنبوں) نے خان کی اطاعت کا جوا اتار پھینکا اور درخواست کی کہ انھیں سلطنت عثمانیہ کی رعایا بنا لیا جائے۔ اس موقع پر باب عالی نے ان کی قطعًا حوصلہ افزائی نہیں کی۔ لہٰذا دولت گرائے (Gerey و Giray) نے سات سے آٹھ سو تک کنبے زبردستی کریمیا میں منتقل کر دیے (السبع السیّار، ص ۲۶۲ تا ۲۶۶)۔

۱۱۸۴ھ/ ۱۷۷۰ء میں بجاق پر روسیوں کا چند روزہ حملہ ہوا اور اس کے بعد آرتھوڈکس عیسائی کاگوز ترکوں اور بلغروں نے دوبروجہ Dobrudja [رک بآں] سے بجاق میں نقل مکانی شروع کر دی۔ معاہدۂ بخارسٹ (۲۸ مئی ۱۸۱۲ء) کی رو سے باب عالی نے بجاق کا روس سے الحاق قبول کر لیا؛ چنانچہ تاتاریوں کی اکثریت دبرجہ، بلغاریہ اور اناطولیہ میں نقل مکانی کر گئی۔

مآخذ: (۱) N. Jorga: *Hist. des Roumains*، دس جلدیں، بخارسٹ ۱۹۳۶ تا ۱۹۳۹ء؛ (۲) وہی مصنف: *Studii istorice auspra chiliei și Cetatii-Albe*، بخارسٹ ۱۸۹۹ء؛ (۳) س۔ محمد رضا: السبع السیّار فی اخبار ملوک التاتار، طبع کاظم بک، قازان ۱۸۳۲ء؛ (۴) وا، ترکی، بذیل مادّہ بجق (از Aurel Decei)۔

(HALIL INALCIK)

* **بَجّانَه** = (ہسپانوی Pechina) ایک قدیم ہسپانوی شہر، جس کی حیثیت اب ایک چھوٹے سے قصبے کی رہ گئی ہے۔ وادی بجّانہ (Rio Andara) جو سیرانوادا کے جنوبی فاصل آب سے اتر کر بجّانہ کے درمیان بہتے ہوئے ذرا اور نشیب میں سوا ساٹھ میٹر (دس کلومیٹر) کے فاصلے پر دیدبان (ماریّہ بجّانہ) کے پاس سمندر میں جا گرتا ہے؛ چنانچہ یہی وہ مقام ہے جہاں اَلْمارِیّہ [= المریّہ قب عنایت اللہ: جغرافیہ] (ہسپانوی Almeria) کے واحد نام سے اندلس میں بحر متوسط کی سب سے زیادہ پر رونق اور خوشحال بندرگاہ بن گیا۔ وہ ملاح جو لقنت (Alicante) اور آقلہ (Aguilas) کے درمیان آباد تھے ان کا قاعدہ تھا کہ موسم خزاں میں سواحل افریقہ کا رخ کرتے اور سردیاں جاتیں تو موسم بہار میں بہت سا مال تجارت ساتھ لے کر اندلس واپس آجاتے۔ ان میں سے بعض نے شمالی افریقہ کی بندرگاہوں میں سکونت اختیار کر لی اور علاوہ دوسرے شہروں کے ۲۶۲ھ/۸۷۵ء میں تینیس جدید Ténà کی بنیاد رکھی۔ یہی وہ زمانہ تھا جب بجّانہ کے علاقے میں یمنی عرب آباد تھے اور جنھیں عبدالرحمٰن الثانی نے اس خیال سے کہ المجوس (نارمنوں) [رک بہ المجوس] کے حملوں سے ساحل کو جو خطرہ ہے اس کے سدّباب کے لیے انھیں ایک چھاؤنی (رباط) قائم رکھنے کی ذمّے داری کے عوض اندراش (Andarax) کی زرخیز اور شاداب وادی عطا کر دی۔ یوں جو اندلسی ملاح تینیس سے واپس آئے انھوں نے ان عربوں سے روابط پیدا کیے تاکہ ساحل سمندر پر ایک طرح کی جمہوریہ قائم ہو جائے۔ اس ریاست کا صدر مقام بجّانہ تھا، جہاں عربوں کے ہاتھوں ایک وسیع مسجد اور ملاحوں کے تعمیر کردہ دمدموں پر مشتمل ایک ایسا شہر قائم ہو گیا جس کی وسعت اور خوشحالی میں اس کے تجارتی بیڑے کی وجہ سے، جو المریّہ

Marfat.com

Almeria میں لنگر انداز ہوتا، تیزی سے ترقی ہوتی گئی - لیکن سینتیس سالہ نیم خود مختاری کی مدت میں اسے البیرہ Elvira کے عرب مخالفے سے خطرہ پیدا ہو گیا اور اس لیے ۳۱۰ھ/ ۹۲۲ء میں اسے اموی سلطنت میں شامل کر لیا گیا - چوتھی صدی ہجری / دسویں صدی عیسوی کے نصف اول کے دوران میں بجّانہ کی شادابی اور خوش‌حالی برقرار رہی؛ تا آنکہ عبدالرحمٰن الثالث نے ۳۴۴ھ/ ۹۵۵ء میں المریّہ Almeria کو اس علاقے کا صدر مقام قرار دیا اور قصبہ بندی کے نئے نئے منصوبے اپنے ہاتھ میں لے لیے - الحکم الثانی کے عہد حکومت میں بجّانہ کی اہمیت اور بھی گھٹ گئی اور پانچویں صدی ہجری / گیارھویں صدی عیسوی میں اس کی حیثیت ایک معمولی سے گاؤں کی رہ گئی - ادھر اَلمریّہ Almeria ملوک الطوائف کی ایک ریاست کا صدر مقام بن گیا.

مآخذ: (۱) البکری: .Descr. de l'Afr. sept، متن ص ۸۱، فرانسیسی ترجمہ ص ۱۶۳؛ [(۲) ابوالفداء: تقویم البلدان، طبع رینو و دیسلان، ۲: ۱۷۷ - ۲۰۴]؛ (۳) الادریسی، متن ص ۲۰۰، فرانسیسی ترجمہ ص ۲۴۵ سطر ۵؛ (۴) یاقوت، طبع وستنفلٹ، ۱: ۴۹۴ تا ۴۹۵؛ (۵) ابن عبدالمنعم اَلحمیَری، الروض المعطار، طبع اسپانیا، رقم ۳۷؛ (۶) Simonet: *Descripcion del reino de Granada*، ص ۱۳۶ تا ۱۳۷، [۱۴۵]؛ (۷) E. Lèvi Provençal: *Péninsule ibérique*، ص ۴۵ تا ۴۸؛ (۸) وہی مصنف: *Hist. Esp. mus.*، ۱: ۳۴۸ ببعد؛ (۹) E. Lèvi Provençal اور E. Garcia Gomez: *Una Cronica anonima de Abd al-Rahmān III al-Nāṣir*، میڈرڈ، غرناطہ ۱۹۵۰ء، فصل ۴۰.

(A. Huici Miranda)

* **بجاوہ**: رک بہ بجہ.

* **بجایہ**: (Bougie) سمندر کے قریب الجزائر کا ایک شہر، جو شہر الجزائر سے مشرق کی جانب تقریبًا ایک سو پچھتر کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے- یہ شہر جبل جورایہ Guraya کی سب سے نیچی ڈھلانوں پر اس طرح تعمیر ہوا کہ ایک وسیع اور غیر معمولی طور پر محفوظ خلیج اس کے نیچے واقع ہے - اس میں شبہہ نہیں کہ روما اور کارتھیج کے جہاز سالدی Saldae (ایک قدیم شہر) میں لنگر انداز ہوا کرتے تھے - سنہ عیسوی کے شروع میں یہ جوبہ Juba شاہ شِرشِل Cherchel کی عملداری میں داخل تھا - [آگے چل کر] قیصر اگسٹس نے یہاں ایک نو آبادی قائم کی اور اپنے آزمودہ کار سپاہیوں کو وہاں بسا دیا - دوسری صدی عیسوی کے ایک کتبے میں سالدی Saldae کی تعریف ''شہر پرشوکت'' (Civitas splended issima) کہہ کر کی گئی ہے- بایں همہ اسلامی عہد سے پہلے اس شہر کو کوئی نمایاں حیثیت حاصل نہیں ہوئی - البکری نے اس کا ذکر پانچویں صدی ہجری / گیارھویں صدی عیسوی میں کرتے ہوے کہا ہے کہ یہ ایک بہت پرانا شہر اور خوشگوار سرمائی مقام ہے، جہاں اهل اندلس آباد ہیں - یہی زمانہ تھا جب مسلمانوں یعنی قبیلۂ بجایہ (جس کے نام پر اس شہر کا نام بجایہ رکھا گیا) کے پہلو بہ پہلو ہسپانوی نمایاں طور پر ابھر رہے تھے لیکن وہ خاص واقعہ جس‌سے بجایہ کو تاریخ میں‌شہرت ہوئی. ۴۶۰ھ/ ۱۰۶۷ء میں پیش آیا - عملاً اس کی کیفیت یہ ہے کہ پانچویں صدی ہجری / گیارھویں صدی عیسوی میں قیروان کے زیری اور مصر کے فاطمی خلفا میں ناچاقی پیدا ہوئی تو اس علاقے کو ان کارروائیوں کا سامنا کرنا پڑا جو تادیبًا یہاں کی گئیں؛ یعنی ہلالیوں کا حملہ اور اس باغی مملکت پر قبضہ کرنے کے لیے مصر سے بدوی عربوں کا آنا - یہ انتقامی

Marfat.com

کارروائیاں بڑی خوفناک تھیں ۔ بدوی عربوں نے ولایت افریقیہ کے دیہات کو تاخت و تاراج کر دیا ۔ اندرونِ ملک کے تاراج شدہ قصبے بھی ایک حد تک خالی کر دیے گئے ۔ اس افراتفری سے جن لوگوں نے سب سے پہلے فائدہ اٹھایا وہ بنوحمّاد تھے ۔ چنانچہ گیارھویں صدی کا آخری زمانہ ان کے دارالحکومت قلعہ کا عہدِ عروج ہے ۔ لیکن بدوی عربوں نے بھی مغرب کی جانب پھیلنے میں کمی نہیں کی تھی ۔ لہذا یہ لوگ قلعۂ بنو حمّاد کے لیے حد درجہ خطرے کا سبب بن رہے تھے ۔ اس پر بنو حمّاد نے فیصلہ کیا کہ ان کا دارالحکومت کسی ایسی جگہ ہونا چاہیے جو اتنا غیر محفوظ نہ ہو ۔ لہٰذا جس طرح زیریوں نے قیروان کو چھوڑ کر ساحلی شہر مہدیہ کو اپنا دارالسطنت بنایا تھا اسی طرح قلعہ کے حاکم بھی ساحل کی طرف منتقل ہو گئے ۔ ۱۰۶۷ء میں الناصر حمّادی نے بجایہ کی سر زمین پر قبضہ کر لیا اور اسے اپنا صدر مقام بناتے ہوے چاہا کہ اس کا نام النّاصریہ رکھ دے ۔ ہر چند کہ وہ اپنے وقت کا کچھ حصہ پہلے کی طرح قلعے میں بھی گزارتا تھا ۔ تا ہم نئے صدر مقام کی توسیع کو مقدم سمجھتا اور پوری کوشش کرتا رہا کہ لوگ یہاں آئیں اور آباد ہوں ۔ چنانچہ اس نے بجایہ میں ایک محل (قصراللؤلؤ) تعمیر کیا ۔ اس کے بیٹے المنصور (۴۸۳ھ / ۱۰۹۰ء تا ۴۹۸ھ / ۱۱۰۴ء) نے تو سابقہ دارالحکومت (قلعہ) کو بالکل خیر باد کہہ دی (گو اس کے حسن و زیبائش کے لیے بعض نئی عمارتیں بھی تیار کروائیں) اور مستقلاً نقل مکانی کرتا ہوا اپنی فوجوں اور درباریوں سمیت بجایہ میں آگیا ۔ یہاں اس نے ایک جامع مسجد کی بنا رکھی، باغ لگائے اور اپنے لیے دو محل امیمون اور قصرالکوکب کے نام سے تعمیر کیے ۔ علاوہ ازیں شہر میں پانی پہنچانے کا بندوبست کیا ۔ جو جبل توجہ Tudja سے بذریعۂ نہر آتا تھا ۔ مشہور ہے کہ اس شہر میں اکیس محلے اور بہتّر مسجدیں تھیں ۔ بلاشبہہ اس میں کچھ مبالغہ ہے مگر اتنی بات یقینی ہے کہ چھٹی صدی ہجری / بارھویں صدی عیسوی کا پہلا نصف بجایہ کا سنہری زمانہ تھا ۔ حمّادیوں کے اس دوسرے صدر مقام کو بہت سی چیزیں پہلے صدر مقام سے میراث میں ملیں ۔ اس نے زوال یافتہ قلعہ کے چیدہ چیدہ علماء، دولت مند شہریوں، ارباب دانش و حکمت اور اہلِ فن کو بڑے تپاک سے اپنے ہاں جگہ دی ۔ شہری زندگی بڑے آرام اور خوشحالی میں گزرتی تھی، کسی قسم کی سختی اور تنگی نہیں تھی ۔ چنانچہ اس پرتکلف لباس سے جو بجایہ کے شہری پہنتے تھے یعنی عماموں کی بااہتمام زیبائش سے لے کر سنہری فیتوں سے بندھی ہوئی جوتیوں تک کو دیکھ کر ابن تومرت کو بہت دکھ ہوا ۔ ۱۱۱۸ء کے قریب اس نے اپنا کچھ وقت بجایہ ھی میں گزارا تھا اور کوشش بھی کی تھی کہ اس شہر کے رسم و رواج کی اصلاح کرے ۔ ابن تومرت کے قیام کی طرح اندلسی صوفی سیدی بُومَدین کا یہاں آ کر ٹھیرنا اور دوران قیام میں یہاں کے لوگوں کو تعلیم دینا اس بات کی کافی شہادت ہے کہ یہ شہر مذہبی تعلیم کا ایک اہم مرکز بن گیا تھا ۔

یہ بجایہ کی بندرگاہ ھی تھی جس کے ذریعے سمندر پار کے ممالک سے تجارتی اور ثقافتی روابط قائم ہوے، لہذا بجایہ نے ایک ایسے مرکز کی حیثیت اختیار کی جس سے مشرقی بربر کی تہذیب اور علم وہنر کی شعاعیں مسیحی یورپ بالخصوص صقلیہ اور ایطالیہ میں پھیلیں۔

جغرافیہ نویس الادریسی کی رائے میں بجایہ ریاست حمادیہ کا مرکزی شہر تھا اور اس کے لیے بمنزلۂ چشم ۔ پھر یہ باور کرنے کے لیے بھی معقول وجوہ ھیں کہ پلرمو Palermo کی شاھی

Marfat.com

قیام گاہیں بجایہ ہی کے ان ایوانات شاہی کے زیر اثر بنی تھیں جن کا صقلیہ کے شاعر ابن حمدیس نے دلی جوش و ولولے سے نقشہ کھینچا ہے۔ اس امر کی مزید شہادت اس مکتوب سے ملتی ہے جو پوپ گریگوری ہفتم نے شنقیط (Mauritanea) اور صوبۂ سطیف Setif کے بادشاہ الناصر کو محبت بھرے الفاظ میں لکھا تھا (Mas Latrie : *Traités de paix et de commerce*، ۲۲ : ۲۳).

بجایہ میں، ماضی کے دارالملک کی حیثیت سے، بہت کم نشان رہ گئے ہیں جن سے اس کی عظمت کا پتا چلے۔ بایں ہمہ حمادیوں کے تعمیر کردہ قلعوں کی بہ تیقن نشاندہی کی جا سکتی ہے۔ قصر اسیمون یقیناً سیدی تواتی Tuati کے مقبرے کے قریب بنا ہوگا۔ قلعۂ برّل (Fort Barral) نے قصر الکوکب کی جگہ لے لی ہے۔ قصر اللؤلؤ (Castle of Pearls) وہاں تھا جہاں اب برجیہ کے فوجی حجرے بن گئے ہیں۔ بعض تالابوں اور شہر کی فصیلوں کے ایک حصے (مشرقی رخ جہاں دیوار شہر، چار میٹر موٹی ہے اور بازوؤں پر اونچے نیچے برج رہ گئے ہیں) کو بارھویں صدی کے انہیں فرمانرواؤں سے منسوب کیا جا سکتا ہے۔ ایسے ہی وہ دروازہ بھی جو باب العرب (Saracen Gate) کہلاتا اور اس وسیع محراب پر مشتمل ہے جس سے جہاز اندرونی بندرگاہ میں داخل ہو سکتے ہیں.

حمادی عہد کا یہ شہر یقیناً اس سے کہیں زیادہ وسیع ہوگا جتنا اب ہے۔ خصوصاً اس پہاڑی حصے کی طرف جہاں اب ”کھنڈروں کا ٹیلا“ (Plateau of the ruins) واقع ہے۔ ہمیں اس کے سات آٹھ دروازوں کے نام معلوم ہیں؛ ان میں بعض کا محل بھی متعین کیا جا سکتا ہے۔ باب اَمسیوان Amsiwan مشرق کی طرف اس سڑک پر جو وادی القرود (= بندروں کی وادی) کی طرف جاتی ہے؛ باب البنود موجودہ فوکا گیٹ (Fouka Gate) کے مقام پر؛ باب اللّوز al-Lawz اسی جگہ لیکن باب البنود سے زیریں جانب۔ شہر کے باہر رود سمّم Soummam کے دونوں کناروں پر وہ مشہور باغات پھیلے ہوے تھے جو بارھویں صدی میں لگائے گئے اور تیرھویں صدی عیسوی میں انہیں پھر سے درست کیا گیا، مغربی کنارے پر البدیع اور مشرقی پر الرفیع.

۵۴۶ھ / ۱۱۵۲ء میں بجایہ پر عبدالمؤمن نے قبضہ کر لیا اور حمادیہ خاندان کا آخری فرماں روا جہاز میں بیٹھ کر صقلیہ چلا گیا۔ اس طرح یہ قدیم پاے تخت الموحدون کے ایک صوبے کا، جو مراکش کے تحت تھا، صدرمقام بن گیا۔ اس کا زوال اس کے لیے بھی المناک ثابت ہوا، اس لیے کہ الموحدون ان کی تالیف قلب نہیں کر سکے۔ نئے فرمانرواؤں کی یہی عدم مقبولیت شاید اس امر کا باعث ہوئی کہ بنو غانیہ نے بجایہ کو اپنا مرکز توجہ بنایا اور دولت مرابطون کو بحال کرنے کی کوشش میں جہازوں کے ذریعے اپنی فوج وہاں اتار دی.

مگر بنو غانیہ کے لیے بجایہ کی حیثیت محض ایک جنگی مستقر کی تھی، جسے الموحدون نے جلد ہی دوبارہ فتح کر لیا اور پھر جب تک خاندان مؤمنیہ [موحدون] کا خاتمہ نہیں ہوا اسی کے زیر حکومت رہا۔ مؤمنیہ [عبدالمؤمن بانی دولت الموحدون کی اولاد] کے بعد بجایہ اور اس کے اطراف و جوانب کا علاقہ تونس کے خاندان حفصیہ کی مملکت کا ایک حصہ بن گیا۔ یہ صوبہ ایک دور دراز خطّے میں واقع تھا، اس لیے تیرھویں صدی سے لے کر پندرھویں صدی عیسوی تک ممالک بربر کی تاریخ میں اس نے جو حصہ لیا اس کی وجہ بھی بظاہر یہی دوری تھی۔ بجایہ کی صوبہ داری بھی دارالحکومت سے دور اور عام رواج کے مطابق ولیعہد سلطنت کو مل جاتی تھی اور پھر فاصلۂ دراز کے باوجود کئی بار ایسا بھی ہوا

marfat.com
Marfat.com

کہ بجایہ کی فوج نے تونس پر چڑھائی کر دی تا کہ ولی عہد کا دعوی منوایا جائے، جیسے آرزو ہوتی تھی کہ بلا تاخیر تخت پر متمکن ہوجائے۔ سرحدی صوبہ ہونے کی وجہ سے تلمسان کے سلطان عبدالواد بھی اسے للچائی ہوئی نگاہوں سے دیکھتا تھا ۔ اس نے کئی بار کوشش کی کہ اسے فتح کر لے مگر کامیاب نہ ہو سکا.

ان سب باتوں کے باوجود بجایہ کی حیثیت. ایک دولت مند تجارتی شہر کی رہی، جہاں وینس، اہل پیسا، اہل جنوا، مارسیلز اور قطلونیہ کے سوداگر یورپ کی مصنوعات لے کر آتے اور مقامی پیداوار خصوصاً قشرِ ترنج کا مربّا، موم، پھٹکری، سیسہ اور کشمش اپنے ہاں لا کر دوسرے ممالک میں بھیجتے ۔ اس تجارتی منافع کے علاوہ انھیں زیادہ لوٹ کے قیمتی مال کا بھی لالچ رہتا تھا جو فرنگی تاجروں کے جہاز کبھی کبھی بحری قزاقی سے حاصل کر لیتے ۔ ابن خلدون کی مشہور تصنیف *Hist des Berberes* (۱ : ۶۱۹، ترجمہ ۳ : ۱۱۷)، کے مطابق ۷۶۱ھ/۱۳۶۰ء سے بحری قزاقی نے ایک بخوبی آزمودہ طریقے کی شکل اختیار کر لی تھی اور اس میں جو کامیابی ہوئی تعجب انگیز ہے۔

چنانچہ پیڈرو نواری (Pedro of Navarre) کا ۹۱۶ھ / ۱۵۱۰ء میں اس شہر پر حملہ اور اس پر قبضہ اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے ۔ بجایہ اب ایک ہسپانوی شہر تھا اور ۹۶۲ھ/ ۱۵۵۵ء تک ہسپانوی ہی رہا ۔ لیکن یہ پینتالیس سالہ مدت اس کے نئے مالکوں کے لیے بڑی مصیبت سے گزری ۔ ایک طرف ان کا 'سرزمین کفّار' کے ساحلی علاقے پر پڑاؤ ڈال کر بیٹھے رہنا اور اندرونی علاقے سے جیسے روابط ہوا کرتے ہیں ان کا انقطاع، دوسری جانب کوہستانی بربر قبیلوں کے حملوں کا ہر وقت خطرہ اور اسی کے ساتھ ساتھ ساحل بربر کے بحری قزاقوں کا ڈر، جو ساحل کو گھیرے رہتے تھے، یہ سب مصیبتیں ان کے سر آ پڑی تھیں؛ چنانچہ ایک بہادرانہ مقاومت کے بعد Don Luis de Peralta کو یہ سارا علاقہ واپس کرنا پڑا مگر اس وقت جب یہ علاقہ تباہ و برباد ہو چکا تھا.

پھر جب بجایہ الجزائری ترکوں کے زیر اقتدار آیا تو اس سے بھی اس کی خستہ حالی میں کوئی فرق نہیں آیا، اس لیے کہ دشمن جہازوں کی لوٹ مار سے فائدہ اٹھانے کا حق وہ اپنے لیے محفوظ رکھتے تھے ۔ البتہ اس علاقے کی تھوڑی بہت اہمیت ''کرستہ'' Karasta یعنی جہاز سازی کے لیے جنگل سے لکڑی کی فراہمی کے باعث قائم رہی ۔ جہاز سازی کا یہ کام نائبانِ حکومت نے اپنی نگرانی میں لے رکھا تھا .. اس کا انتظام اموکران خاندان کے ایک مقامی مذہبی پیشوا کے ذمے تھا ۔ بایں ہمہ شہر کو اس کاروبار سے کوئی خاص فائدہ نہیں پہنچتا تھا ۔ پسونل سیّاح لکھتا ہے ''ہر چیز کھنڈر بنتی چلی جا رہی ہے''۔ ۱۸۳۳ء میں جب فرانسیسی فوج جنرل ٹریزل کی زیر قیادت بجایہ میں داخل ہوئی تو وہ ایک بڑی گھٹیا اور صرف دو ہزار نفوس کی بستی بن چکا تھا، جس کی حفاظت پچاس ینی چری سپاہی کرتے تھے.

**مآخذ**: (۱) اِبْن حَوقَل، طبع ڈ خویه، در BGA، ۲ : ۵۱؛ ترجمہ از Slane، در *JA*، ۱۸۳۲ء، ۱ : ۱۸۲؛ (۲) البَکْری: [المُغرِب] *Description of North Africa*، الجزائر ۱۹۱۱ء، ص ۲۲، ترجمہ از Slane، ۱۹۱۳ء، ص ۱۶۶؛ (۳) ابن الأثیر، ۱۰: ۳۱ و ۱۱: ۱۰۳، ترجمہ از Fagnan، ص ۳۷۶، ۵۷۲؛ (۴) ابن خَلْدُوْن: [العبر] *Histoire de Berbères* ۱ : ۲۲۶-۲۳۱، ترجمہ ۲ : ۵۱-۵۸؛ (۵) الادریسی: المَغرِب، ۹۰ تا ۹۱؛ ترجمہ ۱۰۵؛ (۶) الزرکشی: تاریخ الدولتین، تونس ۱۲۸۶ھ، ترجمہ Fagnan؛ (۷) الحسن بن محمد الوزان الزیاتی Leo Africanus، طبع Schefer، ۱ : ۱۶۲، طبع Epaulard، ۲ : ۳۶۰؛ (۷) [احمد] الغبرینی :

Marfat.com

عنوان الدرایه، طبع محمد بن شنب، الجزائر ۱۹۱۰ء؛ (۸) Mas Latrie : Traités de paix et de commerce، جا بجا؛ (۹) de Beylié: Kalaa de Béni Hammad، پیرس ۱۹۰۹ء، ص ۶۳؛ (۱۰) Brunschvig: La Berbérie orientale sous les Hafṣides، ۲ جلدیں، پیرس ۱۹۴۰ تا ۱۹۴۷ء، ۱ : ۳۷۷ و جا بجا؛ (۱۱) Féraud : Hist. des villes de la province de Constantine، در Recueil de la Société archéol. de Constantine 1869، ج ۱۳؛ (۱۲) G. Marçais : Les poteries et faïences de Bougie، Constantine ۱۹۱۸ء؛ (۱۳) وهی مصنف : Les Arabes en Berbérie، جا بجا [(۱۴) وا ع، بذیل مادّه ؛ (۱۵) البستانی: دائرة المعارف، بیروت ۱۸۸۱ء، بذیل مادّه].

(G. Marçais)

* بُجَة: [= بجاء، بجاة]، (عام عربی صورت بُجَه) خانه بدوش قبائل، جو دریاے نیل اور بحرِ احمر کے درمیان قنه قُصَیر کی سڑک سے لے کر اس زاویے تک جو عَطْبَره اور ایرٹریا اور سوڈان کی سرحدی پہاڑیوں کے ملنے سے بنتا ہے بود و باش رکھتے هیں - اس زمانے میں ان کے بڑے قبیلے یه هیں : عَبابَده [رک باں]، بِشارِین [رک باں]، اَمرار، هَدَندُوَه اور بنو عامر - عبابده اب عربی بولتے هیں، باقی قبائل (سوا بنو عامر کے اس حصے کے جهاں تِجری Tigre بولی جاتی هے) تُو بِضَویه Tu-Bedawiya بولتے هیں، جو ایک حامی زبان هے - بجه کی گزران زیاده تر اونٹوں، مویشیوں، بھیڑ اور بکریوں کے گلّوں پر هے - چونکه چراگاهیں جگه جگه بکھری هوئی هیں اس لیے وه عموماً چھوٹے چھوٹے گروه بنا کر ایک جگه سے دوسری جگه منتقل هوتے رهتے هیں - بجه کے ابتدائی حالات معرضِ خفا میں هیں، لیکن حامی زبان بولنے والا گروه قدیم زمانے سے یهیں رهتا چلا آیا هے - یه امر که انهیں قبل اسلام کے بلمیّه (Blemmies) قرار دیا جائے بیکر Becker نے تسلیم نهیں کیا [رک به بجه، در وا، لائڈن، بار اوّل].

اسلامی مصر سے تعلقات : عبدالله بن سعد نوبیه سے واپس لوٹ رها تها که اس کی بجه کے کچھ لوگوں سے مڈبھیڑ هوئی (۳۱ھ / ۶۵۱ - ۶۵۲ء)، لیکن اس نے سیاسی اعتبار سے انهیں کوئی اهمیت نهیں دی - عرب اور بجه کا پهلا معاهده هشام کے عهدِ حکومت میں عبیدالله بن حَبْحاب سے هوا - اس کی رو سے بجه اور مصر کے درمیان باقاعده تجارت قائم هو گئی اور مسلمانوں کو ان کی تاخت و تاراج سے تحفّظ مل گیا - عرب بجه میں سونے اور زمرد کی تلاش میں داخل هوے تھے - زمرد تو صحراے قِفْط سے نکالا جاتا تھا اور سونا وادی العَلّاقی [رک باں] میں ملتا تھا - شمالی بجه کا سب سے طاقتور قبیله حَدارِب تھا، جو ازروے روایات ان لوگوں کے اخلاف تھے جو ظهور اسلام سے پهلے حضر موت سے ترک وطن کر کے آئے تھے - ان میں اگرچه باهم ناچاقی رهتی مگر کبھی کبھی اس امر کے شواهد بھی ملتے هیں که ان کا ایک سردار اعلٰی بھی هوتا، جس کا قیام حجر نامی گاؤں میں رهتا - اس سے زیاده کثیر التعداد مگر غلامانه ذهنیت رکھنے والا ایک اَور قبیله زَنافِج گله بانی کرتا تھا - مسلمانوں کے وهاں جا کر بسنے کا نتیجه یه هوا که حَدارِب مسلمان هو گئے اور عرب اور بجه آپس میں شادیاں کرنے لگے - بجه نے جب بالائی مصر پر حملے شروع کیے تو مسلمانوں کی ایک فوج ان کو دبانے کے لیے بھیجی گئی، جس نے ان کے سردار کُنُوْن کو شکست دی اور انهیں معاهدۂ صلح پر مجبور کر دیا (۲۱۶ھ / ۸۳۱ء)، جس کی رو سے انهوں نے خلیفه کو اپنا حاکم اعلٰی تسلیم کر لیا اور اس امر کا ذمه لیا که بجه کے علاقے میں مسجدوں کا احترام ملحوظ رکھا جائے گا، مسلمان سوداگر اور سیاح صحیح و سلامت تمام علاقے میں آ جا سکیں گے اور محصلین زکوٰة نو مسلموں سے زکوٰة

Marfat.com

وصول کرنے کے لیے بلا روک ٹوک یہاں آ سکیں گے ۔ منجملہ دوسری شرائط کے بجہ نے یہ بھی تسلیم کیا کہ وہ عیسائی نوبیہ سے کوئی تعلق قائم نہیں کریں گے ۔ بعد ازاں جب بجہ نے دوبارہ حملے شروع کردیے اور سونے کی کانوں کا خراج دینا بند کر دیا تو سواروں کا ایک دستہ سمندر کے راستے روانہ کیا گیا، جس نے بجہ شتر سواروں کو شکست دی؛ چنانچہ ۲۴۱ھ/ ۸۵۵ - ۸۵۶ء میں ان کا سردار اظہارِ اطاعت کے لیے [خلیفہ] المتوکل کے دربار میں حاضر ہوا ۔ بایں ھمہ تھوڑی ھی مدت گزری تھی کہ بجہ نے خود الفُسطاط پر حملے شروع کر دیے ۔ اس قسم کے ایک انتہائی شدید حملے کے بعد عبدالرحمٰن العُمَری نے ایک لشکر جمع کیا اور ایک حملہ آور گروہ کو راستے ھی میں جا لیا ۔ سردار لشکر مارا گیا اور [بنو] ربیْعَہ اور جُہَینہ کی مدد سے العمری نے معدنی اضلاع پر اپنا تسلّط جما لیا (تقریباً ۲۵۵ھ/ ۸۶۸ - ۸۶۹ء) ۔ العُمَری کی وفات کے بعد [بنو] ربیعہ نے، جس کے حدارب کے ساتھ شادی بیاہ ھونے لگے تھے، اس علاقے پر غلبہ حاصل کر لیا ۔ المسعودی لکھتا ھے کہ ۳۳۲ھ/ ۹۴۳ - ۹۴۴ء میں بنو ربیعہ کا سردار معدنوں کا مالک تھا اور تین ہزار عرب اور تین ہزار بجہ شتر سوار اس کے ماتحت تھے ۔ عربوں اور بجہ شتر سواروں کا یہ تناسب ان کی تعداد کے مقابلے میں زیادہ معنی خیز ھے ۔ پانچویں صدی ھجری / گیارھویں صدی عیسوی کے وسط میں عیذاب [رکّ باں] کے عروج سے حدارب کی اھمیت اور بڑھ گئی، کیونکہ وادی النیل سے بندرگاہ کا راستہ انھیں کے علاقے سے گزرتا تھا ۔ ان کا ایک سردار، جسے ابن بطوطہ نے الحدربی کہا ھے، عیذاب کے محصول چنگی میں حصہ دار تھا ۔ جنوبی بجہ کے متعلق ھماری معلومات بہت کم ھیں ۔ الیعقوبی نے بجہ کی چھے ''سلطنتوں'' کی فہرست دی ھے ۔ الاُسوانی کہتا ھے بجہ کے اقصاے ملک کا حصہ، چھوٹے چھوٹے بت پرست گروھوں میں بٹا ھوا ھے، جن میں سے ھر ایک کا اپنا کاھن ھے، جو چراگاھوں، اور حملوں کے معاملے میں ان کی رہنمائی کرتا ھے ۔

حدارب کا زوال اور قبائل کی تشکیل:

آٹھویں صدی ھجری / چودھویں صدی عیسوی میں سونے کی کانیں متروک ھو گئیں تھیں اور عیذاب کی حالت بھی گرنے لگی تھی ۔ یہی وہ اقتصادی حالات تھے جن سے مجبور ھو کر حدارب نے یہ علاقہ چھوڑ دیا اور بظاھر جنوب کی سمت نقل مکانی کر گئے اور وھاں بلاو Balaw کی ایک حکمران جماعت کی حیثیت سے ان بجہ قبائل پر مستولی ھو گئے جو سواکن Suakin اور مصوع Massawa کے عقبی علاقوں میں آباد تھے ۔ جب بالائی نیل کے علاقوں میں عرب قبائل پھیل گئے اور فُنج کی اسلامی سلطنت قائم ھوئی (تقریباً ۹۱۰ھ/ ۱۵۰۴ء) تو بجہ قبائل بالعموم کم از کم ظاھری طور پر مسلمان ھو گئے، چنانچہ اس کا ایک ثبوت یہ ھے کہ انھوں نے اپنا سلسلۂ نسب عربوں سے ملانا شروع کر دیا ۔ کچھ نسب نامے تو واضح طور پر جعلی ھیں (مثلاً بشارِین، اُمرار، اور عبابدہ کا سلسلۂ نسب خالدرض بن الولید یا زبیررض بن العوّام سے ملانا) ۔ بعض قبائل مثلاً ھَدَنْدَوہ کا دعوٰی ھے کہ وہ کسی غیر معروف حجازی پناہ گزیں کی اولاد ھیں، جو عثمانیوں کے علاقے سے بھاگ آیا تھا ۔ ممکن ھے یہ دعوٰی اس قبیلے کے نشو و نما کے بارے میں کسی قدیم روایت پر مبنی ھو ۔ موجودہ قبائل فنج کے عہد میں نمودار ھوے اور ادھر ادھر پھیل گئے ۔ فنج کا اقتدار انتہائی جنوبی گروہ، یعنی بنو عامر نے بھی تسلیم کر لیا تھا ۔ بنو عامر میں بجاے خود مختلف قسم کے لوگ شامل تھے، جن میں سوڈانی عرب نسل کے افراد یعنی نَبْتاب کا غلبہ تھا، جنھوں نے تقریباً

Marfat.com

سولھویں صدی کے اواخر میں بلاو Balaw پر تولیت حاصل کر لی تھی - اٹھارھویں صدی میں امّرار قبائل نے مغرب کی جانب پھیلنا شروع کیا اور ھدندوہ کو قاش اور عَطْبَرا کی طرف دھکیل دیا - (نیز رَكَ به عبابدہ اور بشّارین) - سواکن نے اس دوران میں اس علاقے کی سب سے بڑی بندرگاہ کی حیثیت اختیار کر لی تھی، جو علاقۂ بجه سے گزرنے والی متعدد سڑکوں کے ذریعے سوڈانی نیل سے ملا ہوا تھا - ۱۵۱۷ء میں سواکن پر عثمانیوں کا قبضہ ہو گیا، مگر انیسویں صدی کے اوائل میں یہ بندرگاہ بجه کے ایک گروہ حدارب کے تصرّف میں آ گئی - یہ گروہ، جو غالبًا ان حدارب سے الگ تھا جو قرون وسطٰی میں برسراقتدار تھے تاهم انھیں کی طرح یہ لوگ بھی اہلِ حضرموت سے اپنا سلسلۂ نسب ملاتے تھے - ان پر پانچ اَرتیقی خاندانوں نے حکومت کی .

مصری فتوحات سے موجودہ زمانے تک : اہل مصر نے نیل کے متّصل سوڈان کے علاقے فتح کر لیے (۱۸۲۱-۱۸۲۲ء) تو اس سے بجه پر کوئی اثر نہ پڑا - التاکہ (علاقۂ قاش) پر خراج کی وصولی کے لیے حملے ہوے - مگر ھدندوہ کو ہمیشه کے لیے نہ دبایا جا سکا - بہر حال کَسالہ میں ایک انتظامی مرکز قائم کر دیا گیا (۱۸۴۰ء)، جو ایک تجارتی مقام اور خَتْمِیّه ایسے عظیم ''طریقے'' کا مرکز بھی تھا - امّرار قبیلہ سواکن اور بربر کے درمیانی تجارتی راستے کا محصول لینے لگا - وہ بھی ھدندوہ کی طرح ادھر ادھر مال لے جاتے - باوجودیکہ انتظامی امور نامکمل تھے - یہ زمانہ امن و امان اور اقتصادی ترقی کا تھا - برکہ میں اَرتقیوں نے زراعت کو سب سے زیادہ ترقی دی - یہاں ان سے پہلے بنو عامر معمولی کاشت کرتے تھے - یہ کوشش بھی کی گئی کہ قاش اور برکہ کے ڈیلٹوں میں تجارتی پیمانے پر کپاس پیدا کی جائے - لیکن تحریک مہدیہ کے باعث امن و امان اور خوش حالی کی بڑھتی ہوئی رفتار رک گئی - بجه نے اس تحریک کی حمایت صرف اس وقت کی جب ۱۸۸۳ء میں عثمان بن ابی بکر دِقْنَہ ان میں آ ملا - اسے جو کامیابی ہوئی اس میں اس امر کا حصه تو بہت کم تھا کہ اس کے آباو اجداد کسی حد تک بجه قبائل کے ہم نسب تھے - اس کی بڑی وجه یه تھی کہ اس علاقے کے ایک ''طریقے'' کا پیشوا اس کا طرفدار بن گیا، کیوں کہ وہ طریقۂ ختمیّہ کو، جسے حکومت کی حمایت حاصل تھی، اپنا حریف سمجھتا تھا - عثمان دقنہ نے سواکن اور بربر کا درمیانی تجارتی راستہ منقطع کر دیا اور بجه کے علاقے کی تمام سرکاری چوکیوں پر قابض ہو گیا - اس صورت حال نے سواکن کے لیے بھی خطرہ پیدا کر دیا - اس کے پیرو زیادہ تر ھدندوہ اور امّرار قبیلوں کے افراد پر مشتمل تھے، جنھوں نے اس کی امداد میں تذبذب سے کام لیا؛ چنانچه ۱۸۹۱ء میں جب ایک مصری اور انگریزی فوج نے توکر Tūkar میں اس کے صدر مقام پر قبضہ کر لیا تو بجه میں مہدویت کا زوال شروع ہو گیا - انگریزی مصری مشترک حکومت (۱۸۹۹ تا ۱۹۵۶ء) کے تحت یہاں پھر امن و امان اور ترقی کا دور دورہ شروع ہوا - قبائلی تنظیم کی پھر سے طرح ڈالی گئی - امن و امان مؤثر طریقے پر قائم ہوا - شہروں میں مدرسے اور شفا خانے کھولے گئے - اقتصادی ترقی کا نتیجہ یہ ہوا کہ بجه اور بیرونی دنیا کے درمیان راہ و رسم بڑھ گئی - بندر سوڈان کا معرض وجود میں آنا، وادی نیل کو کساله اور ساحلی علاقے سے ملانے کے لیے ریل کا جاری ہونا، قاش اور برکه کے ڈیلٹوں میں تجارتی پیمانے پر روئی کی پیداوار، یہ سب ترقی کے سامان تھے جو مہیا ہوتے گئے - بہرحال پرانا طریقۂ زندگی آہستہ آہستہ بدلا کرتا

marfat.com
Marfat.com

ہے، چنانچہ جدید جمہوریۂ سوڈان کو یہ مسئلہ بھی در پیش ہے کہ بجہ کو سوڈانی ریاست میں پورے طور پر کیسے شامل کیا جائے۔

مآخذ: صرف اہم حوالے دیے جاتے ہیں: قرون وسطٰی کا سب سے بڑا ماخذ ہے: (۱) المقریزی: الخطط، طبع G. Wiet، قاہرہ ۱۹۲۲ء، ۳: ۲۶۷ تا ۲۸۰، جس میں دسویں صدی کے وہ حالات و معلومات درج ہیں جو ابن سلیم الأسوانی اور دوسرے مؤرخین سے حاصل ہوتی ہیں۔ Wiet نے اپنے حواشی میں کتابیات کے قابل قدر حوالے دیے ہیں، ۱۹۳۷ء تک کے جدید یورپی ماخذ کے لیے دیکھیے: (۲) R.L. Hill : *Bibliography of the Anglo-Egyptian Sudan*، لنڈن ۱۹۳۹ء؛ نیز (۳) O. G. S. Crawford : *The Fung Kingdom of Sennar*، Gloucestor ۱۹۵۱ء؛ (۴) A. Paul : *A History of the Beja Tribes*، کیمبرج ۱۹۵۴ء؛ نیز *Sudan Notes and Records* میں ذیل کے مقالات: (۵) D.C. Cumming : *A History of Kassala and the Province of Taka*، ۲۰ / ۱ (۱۹۳۷ء): ۱ تا ۳۶ و ۲۳/۱ (۱۹۴۰ء): ۱ تا ۵۴ و ۲۳/۲: ۲۲۵ تا ۲۷۱؛ (۶) W. T. Clark : *Manners, Customs and Beliefs of the Northern Beja*، ۲۱ / ۱ (۱۹۳۸ء): ۱ تا ۳۰؛ (۷) S. F. Nadel : *Notes on Beni Amer Society*، ۲۶ / ۱ (۱۹۴۵ء): ۵۱ تا ۹۴؛ (۸) A. Paul : *Notes on the Beni Amer*، ۳۱/۲ (۱۹۵۰ء): ۲۲۳ تا ۲۴۰؛ (۹) Sir Douglas Newbolt نے جو مجموعہ *History and Archeaology of the Beja Tribes of the Eastern Sudan* تیار کیا ہے اور جس کا نام ہے اور جو آج کل آوکسفرڈ کے Griffith Institute Ashmoleian Museum میں محفوظ ہے، اس میں قبائل اور دوسرے امور کے متعلق اطلاعات شامل ہیں؛ (۱۰) مہدیہ کے زمانے کے بجہ کے حالات مہدیوں کے دفاتر وقائع میں بکثرت موجود ہیں، جو وزارت داخلہ، خرطوم کی ملکیت ہیں؛ [(۱۱) علی مبارک: الخطط الجدیدہ، بولاق ۱۳۰۵ھ، ۹: ۸ ببعد بذیل البُجاوہ؛ (۱۲) البستانی: دائرۃ المعارف، بذیل بجاۃ].

(P. M. HOLT)

* بُجہ: رک بہ باجہ.

* بجٹ: رک بہ میزانیہ.

* بَجْکَم: [بجکم قب لا آ ع]، (ابوالحسین)، اصلاً "باج کام" (Bäčkäm) (ایک ایرانی لفظ، جو ترکی زبان میں داخل ہوا، اس کے معنی گھوڑے یا پہاڑی بیل (Yak) کی "دم" کے ہیں، دیکھیے Benveniste، در *JA*، ۱۹۴۸ء، ص ۱۸۳)، ایک ترک امیر کا نام جو اصلاً ایک غلام تھا۔ یہ ابتدا میں ماکان کا ملازم تھا لیکن آگے چل کر ایک اور دَیلمی [سردار] مرداویج کی، جو گیلان، طبرستان اور جبال کا حاکم تھا، ملازمت اختیار کر لی۔ مرداویج کے ترکی غلاموں نے جب اس کی دھمکیوں سے تنگ آ کر ۳۲۳ھ / ۹۳۵ء میں مرداویج کو قتل کر دیا تو بجکم ان کا سردار بنا اور انہیں کے ساتھ فرار ہو گیا۔ پہلے تو اس نے اپنی خدمات حسن بن ہارون کے حضور پیش کیں، جسے وزیر ابن مقلہ نے چند روز کے لیے جبال کا والی مقرر کر دیا تھا، اس امید پر کہ اسے خلیفہ کی فوج میں لے لیا جائے گا پھر بغداد کا رخ کیا۔ مگر خلیفہ کے حُجری پہرہ داروں کے حسد کی وجہ سے اسے وہاں سے بھی کورا جواب مل گیا۔ بعد ازیں ابن رائق نے، جو ان دنوں واسط اور بصرے کا والی تھا، اسے مع اس کے ترک ساتھیوں کے اپنی ملازمت میں لے لیا۔ اور یہی زمانہ ہے جب اس کا نام بجکم رائقی ہو گیا۔ اب وہ ایک جتھے کا سردار تھا، جس میں اس کے غلام اور دوسرے ترک اور دیلمی جنھیں اس نے جبال سے بلا لیا تھا، شامل تھے۔

۳۲۴ھ / آغاز نومبر ۹۳۶ء میں جب خلیفہ

marfat.com
Marfat.com

الراضی نے ابن الرائق کو امیرالامرا کے عہدے پر فائز کیا تو بجکم خلیفہ کی بے قاعدہ ناتربیت یافتہ محافظ دستے کے ساجی اور حُجری سپاھیوں اورالاھواز (خوزستان) کے جاہ طلب والی ابو عبداللہ البَرِیدی کے خلاف جد و جہد میں ابن الرائق کا دست راست بن گیا ۔ چنانچہ ابن الرائق بغداد پہنچا تو اس نے فوراً ساجیوں کے خلاف سخت تدابیر اختیار کیں ۔ آغاز ۳۲۵ھ / آخر نومبر ۹۳۶ء میں وہ خلیفہ کے ساتھ واسط پہنچا اور یہاں بجکم کی مؤثر امداد کی بدولت اس نے حجریوں سے، جو خلیفہ کے ہمراہ گئے تھے، گلوخلاصی کرا لی ۔ خیلفہ اور بجکم بغداد واپس آئے تو وہ صاحب الشُّرطہ اور مشرقی صوبوں کا والی مقرر ہوا (فروری ۹۳۷ء) ۔ ابن الرائق چونکہ البریدی سے، جس کا مقصد زیریں عراق پر قبضہ جمانا اور اس کے بعد امیرالامرا کی جگہ سنبھالنا تھا، کوئی سمجھوتا نہیں کر سکا تھا لہٰذا فیصلہ ہوا کہ اس کے خلاف جنگی کارروائی کی جائے، لیکن ابن الرائق نے شکست کھائی اور البریدی کو بصرے میں داخل ہونے سے روک نہ سکا ۔ بجکم کو البتہ اس سے کہیں زیادہ کامیابی ہوئی ۔ اس نے البِریدی کی فوج کو، جو اس کی اپنی فوج سے تعداد میں زیادہ تھی، دو مرتبہ شکست دی اور سارا خوزستان اپنے قبضے میں لے لیا ۔ اس پر البریدی مجبور ہو گیا کہ بھاگ کر بصرے میں پناہ لے ۔ اس کامیابی کے بعد ابن الرائق نے بجکم کو واپس بلا لیا ۔ چنانچہ بصرے کے محاذ پر وہ ابن الرائق سے آ ملا، جہاں دونوں کے دونوں قید ہوتے ہوتے بچے ۔ البریدی ان دنوں فارس میں تھا، تاکہ علی بُویہی (عماد الدولہ) سے امداد طلب کرسکے ۔ اس پر علی نے اپنے بھائی احمد (معزّالدولہ) کو اس کے ساتھ کر دیا ۔ مطلب یہ تھا کہ خوزستان واپس لے لیا جائے ۔ ابن الرائق کی استدعا پر بجکم بھی دوبارہ وہاں جانے پر راضی ہو گیا ۔ مگر اس شرط پر کہ اسے خوزستان کا بااختیار حاکم تسلیم کر لیا جائے ۔ لیکن اس مرتبہ قسمت نے اس کی یاوری نہ کی اور بویہی کے مقابلے میں پسپا ہو کر وہ واسط لوٹ آنے پر مجبور ہو گیا ۔ اور ابن الرائق نے بجکم کے اس مطالبے پر کہ فوج کی تنخواہ واجب الادا ہے بغداد کا رخ کیا تاکہ روپیہ فراہم کر سکے (۳۲۶ھ/آغاز ۹۳۸ء) ۔ گو بجکم اس اثنا میں واسط ھی میں بیٹھا رہا اور اس نے بویہی سے خوزستان واپس لینے کے لیے کوئی اقدام نہیں کیا، جیسا کہ ابن الرائق کی خواھش تھی۔

بجکم کے دماغ میں اب یہ خیال جاگزیں ہو چکا تھا کہ ابن الرائق کے خلاف اٹھے اور اس کی جگہ خود حاصل کرلے ۔ ادھر واقعات کی رفتار ایسی تشویش انگیز تھی کہ ابن الرائق نے البریدی سے مصالحت کر لی ۔ اس پر بجکم نے کچھ تو البریدی کو ابن الرائق سے توڑنے اور کچھ اس لیے کہ اس کی اطاعت کا یقین ہو جائے البریدی سے وعدہ کیا کہ اگر دارالخلافت کا اقتدار اس کے ہاتھ آ گیا تو واسط کی ولایت البریدی کو دے دی جائے گی، جسے چند ہی دن پہلے وہ بجکم سے بہ زور لینے کی کوشش میں ناکام ہو چکا تھا ۔ چنانچہ دونوں (بجکم اور البریدی) کا اس بات پر معاھدہ ہوگیا ۔ علاوہ ازیں سابق وزیر ابن مُقْلہ نے بھی ابن الرائق سے بدلہ لینے کی خاطر، جس نے اس کی املاک ضبط کر لی تھیں، بجکم سے مراسلت شروع کر دی اور اسے ہمت دلائی کہ اپنے ارادے پر قائم رہے، حتّٰی کہ خلیفہ الراضی سے یہ سفارش بھی کر دی کہ بجکم کو ابن الرائق کا جانشین بنایا جائے۔ الراضی نے ابن مقلہ کی رائے مان لی اور خفیہ طور پر بجکم کا حوصلہ بڑھایا، جیسا کہ مؤرّخ الصُّولی (جو کہ خلیفہ اور بجکم دونوں معتمد علیہ اور رازدار تھا) کے بیان سے ظاہر ہے (ص ۴۲ ببعد؛ ترجمہ، ۱ : ۸۹-۹۰) لیکن اس

Marfat.com

باوجود بجکم نے ابن مقلہ کو ابن الرائق کے حوالے کر دیا ۔ ذوالقعدہ ۳۲۶ھ / ستمبر ۹۳۸ء میں فوجوں کی تنخواہ وصول کرنے کے بہانے بجکم نے دارالخلافت کی طرف پیش قدمی کی اور بغداد میں داخل ہوگیا؛ گو ابن الرائق نے نہرِ دیالہ میں نہروان کی نہر کا پانی چھوڑ کر اور ایک پل کے انہدام سے اسے روکنے کی ناکام کوشش بھی کی، ابن الرائق نے جان بچانے کے لیے بغداد سے راہ فرار اختیار کی تو خلیفہ نے بجکم کو بلاتاخیر امیرالامرا مقرر کر دیا ۔

امیرالامرا بجکم کو موصل کے حمدانی گورنر حسن بن عبداللہ سے بھی مقابلہ کرنا پڑا؛ کیونکہ وہ اپنے مالی واجبات ادا نہیں کر رہا تھا ۔ ۳۲۷ھ کے آغاز / اکتوبر۔نومبر ۹۳۸ء میں بجکم نے خلیفہ کو ساتھ لے کر اس پر چڑھائی کر دی اور شہر کے نیچے حمدانی مزاحمت کا خاتمہ کرنے کے بعد وہ موصل میں داخل ہوگیا؛ گو حسن کو، جس نے بھاگ کر جزیرے میں پناہ لی تھی، گرفتار نہ کر سکا اور اس کا تعاقب بھی بےسود رہا، لیکن بجکم کی فوجوں کو چونکہ موصل میں برابر پریشان کیا جا رہا تھا لہٰذا ابن الرائق نے اس صورت حال سے فائدہ اٹھایا اور ایک فوج لے کر یکایک بغداد میں داخل ہو گیا ۔ ناچار بجکم نے حمدانیوں اور ابن الرائق دونوں سے نامہ و پیام شروع کر دیا ۔ چنانچہ ۹۳۸ء کے اواخر میں حمدانیوں سے صلح کا معاہدہ ہوگیا اور وہ واجب الادا خراج کا کچھ اور حصہ بطور ابتدا کے ادا کرنے پر راضی ہو گئے ۔ ابن الرائق بھی، اس شرط پر کہ طریق الفرات، دیارِ مُضَر، جُند قِنَّسرِین اور عواصِم [رَکَّ بان] کی حکومت اسے دی جائے، بغداد چھوڑنے پر آمادہ ہو گیا ۔ چنانچہ اس سمجھوتے کے بعد ۲۸ جنوری ۹۳۹ء کو ابن الرائق بغداد سے چلا گیا اور فروری ۹۳۹ء کے شروع میں خلیفہ اور بجکم پھر دارالخلافت میں واپس آگئے ۔

بجکم کے لیے اب اس بویہی خطرے کا دفعیہ بھی ضروری ہو گیا تھا جو عراق زیرین پر چھا رہا تھا ۔ لہٰذا اس کے اور البریدی کے درمیان چند روزہ مفاہمت ہو گئی ۔ البریدی کو واسط کی حکومت مل گئی اور وہ سُوس کے علاقے (خوزستان) میں بویہیوں کے خلاف معرکہ آرائی میں بھی کامیاب رہا ۔ البریدی نے اس کے بعد اگرچہ وزیر کا عہدہ حاصل کر لیا تھا لیکن خود واسط ہی میں مقیم رہا اور بغداد میں فرائض وزارت اپنے ایک وکیل کے ذریعے سر انجام دیتا رہا ۔ ۳۲۸ھ / ۹۳۹ - ۹۴۰ء میں بجکم نے اس کی ایک لڑکی سے شادی بھی کر لی ۔ ادھر بویہی (علی عمادالدولہ) کو، جس کی جاہطلبی میں کوئی فرق نہیں آیا تھا، اپنے ایک بھائی حسن (رکن الدولہ) حاکم جبال کی اعانت حاصل ہو گئی ۔ لہٰذا رکن الدولہ نے واسط پر چڑھائی کر دی اور دجلے کے بائیں کنارے پر شہر کے بالمقابل پڑاؤ ڈال دیا ۔ لیکن بجکم اور خلیفہ کی آمد کا سن کر واپس ہٹنے پر مجبور ہو گیا ۔ دوسری جانب بجکم نے جو لشکر اسی حسن [رکن الدواله] کے مقابلے میں جبال بھیجا تھا اسے وہاں شکست ہوگئی ۔

کچھ زیادہ دن نہیں گزرے تھے کہ بجکم اور البریدی کے درمیان پھر نزاع پیدا ہوگئی ۔ البریدی نے اپنے اس ارادے کو کبھی مخفی نہیں رکھا تھا کہ وہ امیرالامرا بن جائے؛ چنانچہ اس نے اس بات کا پورا خیال رکھا کہ بجکم کا جو لشکر جبال میں ہے اس کی مدد نہ کرے ۔ ۳۲۸ھ کے اواخر/ اگست ۹۴۰ء میں بجکم نے البریدی کو وزارت کے عہدے سے الگ کر دیا اور فیصلہ کیا کہ واسط کے خلاف تادیبی کارروائی کی جائے ۔ بات یہ ہے کہ البریدی کا رویہ کچھ دنوں سے بجکم کے لیے پریشانی کا باعث ہو رہا تھا ۔ وہ جبال میں بویہیوں

marfat.com
Marfat.com

کے خلاف جو فوجی کارروائی کرنا چاہتا تھا جولائی میں اسے ملتوی کرتے ہوے بعجلت بغداد لوٹ آیا ۔ پھر واسط پر فوج کشی کی اور شہر پر، جسے البریدی چھوڑ کر بھاگ گیا تھا، قابض ہو گیا ۔ مرتے دم تک اس کا قیام یہیں رہا؛ چنانچہ ربیع الاول ۳۲۹ھ / دسمبر ۹۴۰ء میں جب الراضی کی وفات ہوئی ہے تو بجکم واسط ہی میں تھا ۔ خلیفہ المتقی نے اسے امیرالامرا کے عہدے پر بدستور قائم رکھا ۔ اپریل ۹۴۱ء میں بجکم نے واسط سے کوچ کیا، کیونکہ اس کے نائبوں نے، جو واسط کے جنوب مشرقی علاقے مذار Madhār میں البریدی کی فوجوں سے برسرپیکار تھے اور شکست انھیں ہو گئی تھی، درخواست کی تھی کہ وہ ان کی مدد کو پہنچے؛ چنانچہ وہ اسی ارادے سے گھر سے نکلا تھا مگر جب باذبین Bādhbīn پہنچا تو خبر ملی کہ البریدی نے شکست کھائی ہے ۔ لہٰذا اس نے واپس جانے کا فیصلہ کیا ۔ لیکن راستے میں شکار کھیل رہا تھا کہ کرد قزاقوں کی ایک ٹولی سے اس کی مڈ بھیڑ ہو گئی، جن سے لڑائی کے دوران میں ایک کرد کے ہاتھوں عقب سے نیزہ لگا اور اسی زخم سے ۲۱ رجب ۳۲۹ھ/ ۲۱ اپریل ۹۴۱ء اس کی وفات ہو گئی۔

یہ ترکی غلام بجکم، ماکان کا تربیت یافتہ تھا جس کا وہ ہمیشہ بے حد شکر گزار رہا ۔ بجکم عربی زبان سمجھتا تھا مگر اسے بولتے ہوے جھجکتا تھا کہ کہیں غلطی نہ کر بیٹھے ۔ اس لیے وہ ترجمان سے کام لیتا ۔ تاہم فاضل علما اس کا ادب کرتے ۔ اس کو الصولی اور طبیب سنان ابن ثابت جیسے لوگوں کی صحبت نصیب تھی ۔ یہ دونوں اس کے بیش بہا تذکرے ہمارے لیے چھوڑ گئے ہیں ۔ اس نے ان کے فیاضانہ وظائف مقرر کیے ۔ بجکم کو حصول اقتدار اور مال و زر کی حرص تھی؛ چنانچہ وہ اپنے مقاصد کے حصول میں دھوکے اور فریب، رشوت ستانی اور سخت گیری سے دریغ نہ کرتا تھا ۔ کبھی کبھی اس سے قساوت قلبی کا اظہار بھی ہوا لیکن اس کی شجاعت کی کہانیاں زبان‌زد ہو چکی تھیں اور کردار میں بھی وہ ابن رائق سے زیادہ دیانت دار اور بہتر تھا؛ یہی وجہ تھی کہ خلیفہ الراضی اسے ابن رائق پر ترجیح دیتا ۔ بجکم رعایا کی خوش حالی کا خیال رکھتا؛ چنانچہ اہل واسط بھی اسے عزیز رکھتے تھے گو اہل بغداد کے یہاں اس کی کوئی زیادہ قدر نہ تھی ۔ اس نے قحط کے دنوں میں واسط میں ایک مہمان خانہ (دارالضیافت) قائم کیا اور بغداد میں ایک شفاخانہ تعمیر کروایا ۔ اس نے قرامطہ کو بڑی بڑی رقمیں پیش کیں کہ حجر اسود خانۂ کعبہ میں واپس کر دیں مگر اس میں کامیابی نہیں ہوئی ۔ ایران سے قدیم روابط کی بنا پر اس نے ایرانیوں کے تہوار سذک Sadhak اور نوروز بدستور رہنے دیے ۔ ان سکوں کی بابت جن پر اس کی تصویر ہے دیکھیے المسعودی : مروج، ۸ : ۳۴۱ ۔

**مآخذ**: (۱) المسعودی : مروج، ۸ : ۳۴۰، ۳۴۱، ۳۷۵، ۴۳۳ و ۹ : ۲۹ تا ۳۱؛ (۲) الصولی : اخبار الراضی و المتقی، بمدد اشاریہ؛ ترجمہ M. Canard، ۲ جلد، ۱۹۴۶ تا ۱۹۵۰ء؛ (۳) ابن مسکویہ : تجارب الامم، طبع Amedroz و Margoliouth، ۱ : ۳۳۱ تا ۳۳۲، ۳۵۱، ۳۵۶ تا ۳۵۷، ۳۶۱، ۳۶۵، ۳۷۰ تا ۳۷۴، ۳۷۵ ببعد، ۳۷۸ تا ۳۷۹، ۳۸۲ تا ۳۸۶، ۳۹۱، ۳۹۳ تا ۳۹۶، ۳۹۷ تا ۳۹۸، ۴۰۵، ۴۱۰، ۴۱۱ تا ۴۱۶، ۴۱۷ تا ۴۲۰ و ۲ : ۹ تا ۱۲؛ (۴) التنوخی : الفرج بعد الشدۃ، ۲ : ۱۳۱، ۱۳۳، ۱۳۶؛ (۵) ابن الاثیر، ۸ : ۲۲۵ ببعد؛ (قاہرہ ۱۳۰۳ھ / ۱۸۸۵-۱۸۸۶ء، ۸ : ۱۰۳ ببعد)؛ (۶) یاقوت، ۱ : ۵۳۲ و ۲ : ۲۱۳ و ۴ : ۸۴۹؛

marfat.com
Marfat.com

(۷) ابن خلدون: العِبَر، ۳: ۴۳۲ ببعد؛ (۸) ابوالفداء، طبع Reiske، ۲: ۴۰۰ ببعد؛ (۹) ابن تغری بردی: النجوم الزاهرة، قاهره، ۳: ۲۲۶ تا ۲۳۶، ۲۶۶، ۲۷۰، ۲۷۲، ۳۰۱؛ (۱۰) Défremery: *Mémoire sur les Emirs Al-Omera*، ص ۱۲۹، ۱۳۳ تا ۱۵۵؛ (۱۱) Weil: *Chalifen*، ۲: ۶۶۳ ببعد؛ (۱۲) Müller: *Der Islam im Morgen und abendland*، ۱: ۵۶۶؛ (۱۳) Mez: *Renaissance*، ۲۵ تا ۲۶، نیز بمدد اشاریہ؛ (۱۴) H. Bowen: *The Life and Times of 'Alī ibn Isa*، کیمبرج ۱۹۲۸ء؛ (۱۵) M. Canard: *Histoire de la dynastie des Hamdānides*، ۱: ۴۱۶ تا ۴۲۱؛ (۱۶) حسن ابراہیم حسن: تاریخ الاسلام السیاسی، قاہرہ ۱۹۴۹ء، ۳: ۴۴، ۴۶، ۴۷ تا ۴۸، ۲۷۵، ۴۳۱؛ [(۱۷) وآ ع، بذیل مادہ؛ (۱۸) البستانی: دائرۃ المعارف، بیروت ۱۸۸۱ء، ۵: ۲۰۰ تا ۲۰۲].

(M. CANARD)

**البَجَلی**: الحسن بن علی بن وَرْسَنْد، مراکش کے بربروں کے ایک فرقے کا پیشوا، جس کے معتقدین بجلیّہ کے نام سے معروف ہیں۔ البکری لکھتا ہے کہ وہ ابو عبداللہ الشیعی [رکَ بآں] کے (قبل از ۲۸۰ھ/ ۸۹۳ء) افریقیہ میں آنے سے پہلے وہ اپنی زندگی کی ابتدا کر چکا تھا۔ البجلی اہلِ نَفْطہ سے تھا۔ اسے بنولَمّاس میں سے بکثرت معتقد مل گئے۔ اس کی تعلیم غالی شیعیوں سے ملتی جلتی تھی۔ لیکن وہ اس بات پر زور دیتا تھا کہ امامت صرف [امام] حسنؓ کی اولاد کا حق ہے۔ یہی البکری اور ابن حزم کا بیان ہے، ابن حوقل (طبع De Goeje، ص ۶۵) کے برعکس جس نے لکھا ہے کہ وہ موسوی تھا یعنی امام موسیٰ کاظم بن جعفر الصادقؓ کی امامت کا قائل تھا، جو امام حسینؓ کی نسل سے ہیں۔ بجلیّہ کو بالآخر عبداللہ بن یاسین نے مغلوب کر کے فنا کر دیا۔

**مآخذ**: (۱) ابن حزم: المِلَل و النِّحَل، ۴: ۱۸۳؛ (۲) البکری: *Description de l'Afrique Septentrionale* (ترجمہ de Slane)، ص ۱۶۱؛ (۳) Friedländer، در *JAOS*، ۲۹: ۷۵.

(ادارہ)

**بَجَمْزٰی**: یا بَکْمَزا [یا بَکَمْزَہ] خلفاے عباسیہ کے عہد میں بغداد سے شمال مشرق کی جانب اور بعقوبا سے کوئی آٹھ میل کے فاصلے پر ایک گاؤں تھا۔ یہاں خلیفہ المُقْتَفِی لِأَمراللہ [م ۵۵۵ھ، رکَ بآں] نے سلجوق سلطان محمد ثانی کی افواج کو، جو آلپ قُشْکُوْن خَر کے زیرِ قیادت تھیں، ۵۴۹ھ/ ۱۱۵۴ء میں شکست دے کر بھگا دیا تھا.

**مآخذ**: (۱) یاقوت، ۱: ۴۹۷، ۶۰۶؛ (۲) ابن الأثیر، ۱۱: ۱۲۹؛ (۳) Houtsma: *Recueil*، ۲: ۲۳۷ ببعد.

(ادارہ)

**بِجْنَور**: ہندوستان کے صوبۂ اتّرپردیش میں قسمت رُہیلکھنڈ کے ایک شہر اور ضلع کا نام، جس کا کل رقبہ ۱۸۶۷ مربع میل اور آبادی ۹۸۳۱۹۶ ہے۔ اس میں چھتیس فی صد مسلمان ہیں۔ خود شہر کی آبادی (سر شماری ۱۹۰۱ء کے مطابق) ۳۰۶۴۶ ہے۔ ضلع کی قدیم تاریخ کی بابت معلومات براے نام ہیں۔ ۱۳۹۹ء میں اسے تیمور نے تاراج کیا۔ اکبر کے زمانے میں یہ صوبۂ دہلی میں سنبھل کی ''سرکار'' کا ایک حصہ تھا۔ جب مغلوں کی سلطنت کو زوال آیا تو روہیلوں نے علی محمد کے تحت اس پر تاخت کی۔ اس ضلع میں شہر نجیب آباد بھی ہے، جو تقریباً ۱۷۵۰ء میں نجیب الدولہ نے بسایا تھا، جس نے آگے چل کر دہلی میں وزارت کا عہدہ حاصل کر لیا تھا۔ اس کا بیٹا ضابطہ خاں روہیلوں کا سردار تھا۔ ۱۷۷۴ء میں جب روہیلوں کو شکست ہوئی تو بجنور کا الحاق اودھ سے ہو گیا۔ ۱۸۰۱ء میں اسے

marfat.com
Marfat.com

انگریزوں کے حوالے کر دیا گیا ۔ ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی میں ضابطہ خاں کا پوتا محمود خان بھی انگریزوں کا ایک قوی دشمن تھا ۔ [سر سید احمد خاں نے تاریخ سرکشی بجنور لکھی تھی، جو ۱۸۵۷ء کے انقلاب میں ضائع ہو گئی ۔ اردو کے چند نامور ادیب بجنور ہی کے تھے، مثلاً نذیر احمد، عبدالرحمٰن (محاسن کلام غالب کا مصنّف) وغیرہ].

مآخذ: H. R. Nevill : *Bijnor Gazetteer*، الٰہ آباد ۱۹۰۸ء .

(C. COLLEN DAVIES)

**بُجْنُورْد** : (بوجنورد) (۱) خراسان کا ایک شہر، جو کوہ الاطاغ کے شمالی دامن میں ۵۷ درجہ ۱۷ دقیقہ طول بلد (گرین وچ) اور ۳۷ درجہ ۲۹ دقیقہ عرض بلد پر سطح سمندر سے چھے سو اٹھانویں میٹر کی بلندی پر واقع ہے ۔

ہمیں اس شہر کے بارے میں ایسی معلومات حاصل نہیں جن کا تعلق صفویوں سے پہلے کے زمانے سے ہو ۔ صفوی عہد میں شاہ عبّاس اوّل نے کردوں کے ایک قبیلے — شدلو — کو اس علاقے میں آباد کیا تھا ۔ یہ امر بھی یقینی نہیں کہ اس زمانے سے پہلے بجنورد، بوزنجرد کے نام سے مشہور تھا لیکن ایک قدیم قلعے (ارگ) اور دوسری عمارتوں کے کھنڈرا اس بات کی شہادت دیتے ہیں کہ یہ ایک پرانا شہر ہے ۔

(۲) اس نام کا ضلع، جس کا صدر مقام بجنورد ہے ۔ شہرستان کی آبادی تخمیناً ڈیرھ لاکھ (۱۹۵۰ء) ہے، جو ترکمانوں، کردوں اور ایرانیوں پر مشتمل ہے ۔

مآخذ: (۱) P. Sykes : *Ten Thousand Miles in Persia*، لنڈن ۱۹۰۲ء، ص ۲۱؛ (۲) رزم آراء : فرہنگ جغرافیائی ایران، تہران ۱۹۵۱ء : ص ۹۴؛ (۳) مسعود کیہان : جغرافیای مفصل ایران، تہران ۱۹۳۳ء، ص ۱۸۰ .

(R.N. FRYE)

**بَجِیْلَه** : ایک عرب قبیلہ، جسے خَثْعَم کی طرح اَنمار کی ایک شاخ تسلیم کیا گیا ہے ۔ بَجَلی اس کی طرف منسوب ہے ۔ اس کے متعلق بعض اوقات کہا گیا ہے یہ کوئی عورت تھی ۔ نسب ناموں سے اس کی صحیح حیثیت کا پتا نہیں چلتا (قب F. Wüstenfeld : *Register zu den genealogischen Tabellen*، ۱۰۱ تا ۱۰۳؛ نیز *Die Chroniken der stadt Mecca*، لائپزگ ۱۸۵۸ء، ۲ : ۱۳۴) ۔ بعض علمائے انساب کی رائے ہے کہ بجیلہ ایک یمنی قبیلہ تھا ۔ بعض نے کہا ہے کہ اَنمار، نزار بن مَعَد بن عدنان کا بیٹا تھا (ابن حجر : اُسدالغابۃ، ۱ : ۲۷۹ بذیل جریر بن عبداللہ؛ ابن دُرَیْد، طبع وسٹنفلٹ، ص ۱۰۱ ببعد) ۔ اس قبیلے کو کبھی کبھی اس بات پر چڑایا جاتا تھا کہ ان کا نسب مشکوک ہے (المسعودی : مروج، ۴ : ۱۴۳) ۔ قبائل خَثْعَم، تَمِیم، بَکْر اور عبدالقیس کے ساتھ مل کر بجیلہ نے بھی عراق پر حملہ کر دیا، جو شاپور دوم (تقریباً ۳۱۰ تا ۳۷۹م) کے زیرِ حکومت تھا، لیکن جب اس نے پلٹ کر حملہ کیا تو اس قبیلے نے سخت نقصان اٹھایا ۔ آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کے زمانے میں وہ السَّراۃ کے سلسلۂ کوہ کے ایک حصے میں موجود تھے، جو مکے سے جنوب میں کسی قدر فاصلے پر ہے ۔

بجیلہ کی برادریوں (جیسے اَحْمَس، قَسر، زید ابن الغوث، عُرَینہ) میں خانہ جنگی اور ہمسایہ قبائل سے جنگ و جدل رہنے کا نتیجہ یہ ہوا کہ بجیلہ لوگ تتّربتّر ہو گئے اور اس کے بہت سے حصوں کو زیادہ قوی قبیلوں کی حمایت (جوار) ڈھونڈنی پڑی (قب المفضّلیّات، طبع C. J. Lyall، ۱ : ۱۱۵ ببعد) ۔ حضرت محمد صلّی اللہ علیہ و سلّم کی حیات کے آخری زمانے میں جریر بن عبداللہ البجلی ایک سو پچاس آدمیوں کے ساتھ آپؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اسلام قبول کیا تھا ۔ آپؐ نے انہیں

Marfat.com

موضع تبالہ کے بت ذوالخَلَصۃ کے تباہ کرنے کو بھیجا، جس کی بجیلہ اور خثعم پوجا کیا کرتے تھے - جریر نے اور بھی مختلف کام جو ان کے ذمے کیے گئے بڑی مستعدی سے سر انجام دیے - حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ کے زمانے میں وہ ایک ممتاز عسکری قائد تھے - معلوم ہوتا ہے جریر اور ان کے زیر قیادت بجیلہ کے اور لوگوں کی حیثیت کچھ عرصے تک خلیفۃ المسلمین کے آزاد حلیفوں کی سی تھی، جنھیں حضرت عمرؓ سے از روے معاہدہ مفتوحہ علاقے [کی آمدنی] کا چوتھائی حصہ ملتا تھا اور جس سے بظاہر سواد کی اراضی مراد ہے (البلاذری: فتوح، ۲۵۳، ۲۶۷)، تین سال کے بعد انھیں اس بات پر راضی کر لیا گیا کہ زمینوں سے دست بردار ہو جائیں اور ان کے بدلے نقد وظیفے لینے منظور کریں - حضرت عمرؓ نے اس قبیلے کے ان گروہوں کو جو دوسرے قبائل کے زیرحمایت (جوار) تھے یہ بھی حکم دیا تھا کہ جریر کے ساتھ ملحق ہو جائیں (المفضّلیات، موضع مذکور؛ نیز اسد الغابۃ موضع مذکور) - بیان کیا گیا ہے کہ اس زمانے میں قبیلۂ بارق (جو اَزد کا ایک حصہ تھا) کا عَرفَجہ بن ہَرثَمہ، بجیلہ کا سردار بنا ہوا تھا حالانکہ وہ صرف ان کا حلیف تھا - بنوامیّہ کے متأخر زمانے کا شہرۂ آفاق خالد بن عبداللہ القَسْری، بجیلہ ھی کے قبیلے سے تھا - گو اس کے مخالفین اس بارے میں اکثر جرح کرتے تھے (قب I.G. Goldziher: *Muhammedanische Studien*، ۱: ۲۰۵).

**مآخذ**: متن میں جن مآخذ کا ذکر ہو چکا ہے ان کے علاوہ: (۱) A.P. Caussin de Perceval: *Essai sur l'Histoire des Arabes avant l'Islamisme*، پیرس ۱۸۴۷ء؛ (۲) الاغانی، بار اول، ۱۳: ۳ ببعد؛ (۳) *ZDMG*، ۱۲: ۶۶۷؛ (۴) الفرزدق: دیوان (طبع Boucher و Hell) عدد ۸۲، ۲۵۶، ۲۷۹، ۶۴۴؛ (۵) ابن حزم: جمہرۃ انساب العرب وغیرہ.

(W. MONTGOMERY WATT)

* **بُجَق**: رک بہ بُجاق.

* **البُحْتُری**: ابوعبادہ الولید بن عبید (اللہ) عرب شاعر اور تیسری صدی ہجری / نویں صدی عیسوی (۲۰۶ھ / ۸۲۱ء تا ۲۸۴ھ / ۸۹۷ - ۸۹۸ء) کا ایک ادیب، جس نے منتخب اشعار کا ایک مجموعہ الحماسۃ تیار کیا - وہ مَنْبِج میں پیدا ہوا (بعض کے نزدیک اس کی ولادت موضع حَرْدَفْنَہ کے نواح میں ہوئی) - وہ بحتر خاندان سے تھا، جو طَیّ کی ایک شاخ ہے - اس نے اپنے وطن مالوف سے کبھی قطع تعلق نہیں کیا اور اس دولت سے جو مدت دراز تک درباری شاعر کی حیثیت سے اس نے کمائی جائداد بھی وھیں پیدا کی - یہی نہیں بلکہ اپنے قبائلی رشتے سے فائدہ اٹھاتے ہوے مفید مطلب تعلقات بھی قائم کیے.

شعر و شاعری کے میدان میں اس نے ابتدائی کوششیں اپنے قبیلے کی مدح کے لیے وقف کر رکھی تھیں (۲۲۳ھ / ۸۳۸ء تا ۲۲۶ھ / ۸۴۱ء) - لیکن جب اسے کسی مربّی کی تلاش ہوئی تو ایک طائی سپہ سالار ابو سعید یوسف بن محمد، جو الثّغری [آرکَ بان] کے لقب سے مشہور تھا، سر پرستی کے لیے مل گیا - ابو سعید ھی کے گھر پر اس کی ملاقات ابوتمّام سے ہوئی، جسے خود بھی طائی ہونے کا دعوی تھا، نوجوان بحتری کی ابھرتی ہوئی قابلیت دیکھ کر ابوتمّام نے اس کی خداداد صلاحیتوں کو اجاگر کرنے پر توجہ دینا شروع کر دی اور معلوم ہوتا ہے کہ ابوتمّام ھی نے معرۃ النعمان کے مشاہیر سے اس کی سفارش کی کہ وہ اسے اپنے ثنا خواں کی حیثیت سے اپنا لیں، چنانچہ البحتری کے لیے انھوں نے چار ہزار درھم وظیفہ مقرر کر دیا مگر اس دوران میں اس نے جو اشعار کہے ان میں سے کچھ باقی نہیں رہا -

marfat.com
Marfat.com

تاهم البحتری کی مستعدی میں کوئی فرق نہیں آیا اور چند هی دنوں میں وه ابوتمّام کے ساته اس کے سرپرست مالک بن طوق، والی عراق کے مصاحبوں میں شامل هو گیا اور پهر ابو تمّام کے همراه بغداد پہنچا، جہاں اس نے نامور فضلا (خصوصًا ابن الاعرابی) کے حلقۂ تدریس میں شرکت کی۔ اس کے علاوه وه دارالخلافة کے آداب سے آگاهی حاصل کرنے کی بهی کوشش کرتا رها، تاکه بلند پایه اشخاص کی مدح سرائی کر کے بالآخر خلیفه کے دربار میں رسائی حاصل کرنے کے قابل هو جائے۔

بایں همه ابن الزیّات کے یہاں اسے بہت زیاده کامیابی نه هوئی۔ لہٰذا ابن الزیات کو چهوڑ کر اس نے اپنے هی قبیلے کے ایک خاندان بنو حُمید سے رشته قائم کر لیا، جس کے کچه افراد بغداد میں بس گئے تهے۔ البحتری نے ان کے سردار ابونَہشل کی مدح میں چند قصیدے لکهے۔ اس کے بعد ۲۳۰ھ/ ۸۴۴ء، یعنی اسی زمانے میں جب ابوتمّام بغداد سے روانه هوا البحتری بهی عراق چهوڑ کر دوباره الثغری کے یہاں چلا آیا، جو اس وقت موصل میں مقیم تها۔

ابوتمّام کی وفات ۲۳۱ھ/ ۸۴۵ء میں هوئی۔ لیکن خلاف توقع البحتری کو اس کی موت پر مطلق غم نہیں هوا؛ حالانکه یه ابوتمّام هی تها جس نے سب سے پہلے اس کی همت افزائی کی اور جس سے شعر گوئی میں بهی اس نے کچه نه کچه تربیت حاصل کی تهی۔ چنانچه یه اس کی ناشکری اور موقع پرستی کی پہلی مثال تهی جس کا آگے چل کر اس نے خاصا ثبوت پیش کر دیا۔

[خلیفه] المتوکّل کے تخت نشین هوتے هی بحتری بغداد چلا آیا اور ابن المنجّم کی سفارش سے اسے الفتح بن خاقان [وزیر] کی نظر عنایت حاصل هو گئی۔ جس کے ذریعے غالبًا ۲۳۴ھ / ۸۴۸ء میں اس کی رسائی خلیفه المتوکّل کے دربار میں هوئی اور یوں درباری شاعر کی حیثیت سے اس کی زندگی کا درخشنده دور شروع هوا۔

[وزیر] الفتح اور البحتری کے تعلقات میں اگرچه کبهی کبهی سرد مہری بهی پیدا هو جاتی تهی لیکن اس کے باوجود الفتح کی سرپرستی اسے مستقلاً حاصل رهی۔ چنانچه اس نے اپنی کتاب الحماسة اسی کے نام سے معنون کی اور اس کے علاوه اس کے لیے کئی مدحیه قصیدے بهی لکهے۔ پهر اگرچه اس نے کئی ایک مشاهیر و عمائد سلطنت کی مدح سرائی بهی کی لیکن اس کی شاعری کا زیاده حصه خلیفه هی کے لیے وقف رها۔ یوں بهی خلیفه سے اس کے تعلقات بے تکلفانه تهے اور اسے اس کا اعتماد بهی حاصل تها۔ وه بهی سرکاری حکمت عملی کی تائید کرتا تها، حتّٰی که ان صورتوں میں بهی جہاں اس کے ذاتی خیالات اس سے متصادم تهے؛ چنانچه اس کا اپنا رجحان شیعیت کی طرف تها مگر وه عبّاسیوں کے فضائل اور حقوق کا اعلان کرتا رها۔ اس زمانے کے قصائد میں سیاسی حوادث کی طرف بهی به کثرت اشارات ملتے هیں، مثلاً دمشق کی بغاوت (۲۳۶ھ/ ۸۵۰ء)، ارمینیه میں شورش اور فساد (۲۳۷ھ/ ۸۵۱ء)، حمص کی بغاوت (۲۴۰ھ/ ۸۵۴ء)، خلیفه کا سفر دمشق (۲۴۴ھ/ ۸۵۸ء)، المتوکّلیه کی تعمیر (۲۴۵-۲۴۶ھ/ ۸۵۹-۸۶۰ء) وغیره۔

اس وقت تک البحتری کے قصائد کی تشبیب محض ایک رسمی محبوبه هند کے نام سے هوتی رهی، مگر اب ان میں ایک حقیقی اور زنده عورت عَلْوَه بنت زُرَیقه جلوه گر هونے لگی، جو رهتی تو حلب میں تهی مگر اس کا اس ضلع کے موضع بطیاس میں ایک دیہاتی مکان بهی تها۔ البحتری جب شام کا سفر کرتا تو اس سے ضرور ملتا، کیونکه عراق میں اس کا قیام کبهی مسلسل اور غیر منقطع

marfat.com
Marfat.com

نہیں رہا ۔ ہو سکتا ہے کہ اس کے دل میں واقعی علوہ کا شدید جذبۂ محبت موجزن ہو، تاہم اس نے اپنی ایک مبتذل سی نظم میں علوہ کا استہزا بھی کیا ہے۔

المسعودی کے بیان کے مطابق المتوکل اور الفتح کے قتل (۲۴۷ھ/۸۶۱ء) میں البحتری کا بھی کچھ ہاتھ تھا ۔ اس کے بعد اس نے مصلحت اسی میں دیکھی کہ مَنبج میں جا کر گوشہ نشین ہو جائے ۔ لیکن زیادہ دن گذرنے نہ پائے تھے کہ اس نے المستنصر کی شان میں ایک مدحیہ قصیدہ لکھا اور بغداد آ گیا ۔ بعد ازاں اس نے احمد بن الخصیب وزیر سلطنت کی مدح میں بھی کچھ قصیدے لکھے لیکن ضمنی طور پر ۔ یہ بات دلچسپی سے خالی نہ ہو گی کہ آگے چل کر اس نے المستعین کو اس کے قتل پر بھی ابھارنے میں تامّل نہ کیا ۔ المعتزّ کے عہد میں اسے ایک بار پھر شہرت نصیب ہوئی جس کی مدح میں اس نے متعدد قصیدے لکھے ۔ البحتری کے ان قصائد میں اس اضطراب اور بدامنی کا عکس جھلکتا ہوا نظر آتا ہے جس کے باعث اس وقت سلطنت کا ہر گوشہ خون ریزی سے دوچار تھا ۔ لیکن وہ خلیفہ المہتدی کا اس انداز میں خیر مقدم کرتا ہے جیسے کچھ ہوا ہی نہیں ۔ چنانچہ نئے خلیفہ کی خوش نودی مزاج کی خاطر اس نے اپنی شاعری میں تقوٰی کی تلقین بھی کی ہے ۔ المعتمد کے زمانے میں اس کی شہرت ماند پڑ گئی، حتّٰی کہ خلیفہ کی مالی حکمت عملی کے باعث اسے مال و دولت کے بارے میں کچھ پریشانی بھی ہونے لگی ۔ آخری قصیدہ، جو اس نے کسی خلیفہ کی شان میں لکھا، المعتضد کے لیے تھا (۲۹۷ھ/۸۹۲ء) ۔ اس کے بعد البحتری نے عراق سے ترک وطن کیا اور ایک بار پھر خُمارویہ بن طولون کا درباری شاعر بن گیا ۔ بالآخر اس نے وطن کی راہ لی اور وہیں ایک طویل بیماری کے بعد ۲۸۴ھ/۸۹۷ء میں وفات پائی۔

اپنی شاعری کی ابتدا میں البحتری صرف فخریہ نظمیں لکھتا یا ان میں اپنی صحرا نوردی کا حال بیان کرتا تھا ۔ اس کی نمایاں مثال گیدڑ سے متعلّق مشہور نظم (طبع قدیم، ۲ : ۱۱۰) ہے ۔ لیکن جونہیں وہ دربار سے منسلک ہوا اس کی شاعری صرف قصیدہ خوانی تک محدود رہ گئی، جس میں اس نے اس صنف کے وہی تین حصے قائم رکھے جو ابتدا سے چلے آ رہے تھے؛ گو اپنی زندگی کے آخری ایّام میں اس نے شاید یہ طرز بدل دیا تھا ۔ وہ قصائد میں اپنے مختلف ممدوحوں کی رسمی تصویریں کھینچتا ہے لیکن اس کے قصائد میں جو کیفیات (خصوصاً محل شاہی کی) بیان کی گئی ہیں ان سے قصیدے میں بڑا زور آ گیا ہے اور اس کا سبب شاعرانہ تصویر کشی اور جزئیات نگاری کا وہ نفیس شعور ہے جس میں البحتری کا کوئی حریف پیدا نہیں ہوا ۔ پھر بھی اس امر کی نوبت ایک عرصے کے بعد آئی کہ وہ ایک پورا قصیدہ ایک محل کی تعریف میں لکھے، یعنی ایوان خسروان کے بیان میں (عبدالقادر المغربی، در *MMIA*، ۱۹۰۶ء، ص ۸۷ تا ۸۸، ۲۴۱ تا ۲۵۲، ۴۲۷ تا ۴۳۶، ۵۷۷ تا ۵۸۰) ۔ اگرچہ ان خیالات میں جنھیں وہ اس میں بیان کرتا ہے کوئی جدّت نہیں لیکن اس کے اسلوب کا خاص وصف یہ ہے کہ سادہ اور سہل الفاظ کے باوجود اشعار میں ایسا ترنّم اور صوتی رنگ پیدا ہو گیا ہے کہ دوسرے درباری شاعروں کے کلام کی نسبت، جن سے اسے پہلے پہل مقابلہ کرنا پڑا، اس کی اس نظم کا مرتبہ بلند ہو جاتا ہے ۔ اسی طرح مرثیے کے میدان میں بھی وہ اپنے معاصر شعرا پر سبقت لے گیا ہے لیکن ہجو کے میدان میں اسے کامیابی نہیں ہو سکی، کیونکہ ہجو اس کے ہاں مدح کا ایک ضمنی حصہ ہی تھا۔ ہجویہ نظمیں اس نے زیادہ تر ان لوگوں کے

Marfat.com

خلاف لکھیں جن سے کبھی اسے امداد اور قدر دانی کی توقع تھی لیکن پوری نہیں ہو سکی ۔ مزید برآں یہ بھی کہا جاتا ہے کہ بستر مرگ پر اس نے بیٹے کو وصیت کی تھی کہ "میرے ہجویہ اشعار ضائع کر دیے جائیں"۔ البحتری کے دیوان میں خاص خاص موقعوں کے بارے میں بہت کم نظمیں ملتی ہیں۔ عشقیہ اشعار بھی قصیدوں کی تشبیب کے سوا اور کہیں نہیں ملتے ۔ اور محض اس زمانے کے مذاق کی رعایت سے اس نے چند نوجوان شہریوں کی مدح سرائی بھی کی ہے ۔

مغربی نقاد، جنھوں نے مجموعی طور پر البحتری کی طرف کم توجہ کی ہے، اس کا شمار متأخر معیاری شعرا کے زمرے میں کرتے ہیں اور یہ درجہ فی الواقع اس کے مناسب حال ہے ۔ مشرقی اہلِ نظر اسے ابو تمّام اور المتنبّی کے ساتھ شامل کرتے اور عہد عباسی کے ممتاز ترین شعرا میں جگہ دیتے ہیں ۔ استاد ابوتمّام سے اس کا موازنہ ایک دلچسپ موضوع بحث ہے، جو البحتری کی زندگی ہی میں ایک متنازع فیہ مسئلہ بن گیا تھا ۔ خود البحتری کی اپنی راے یہ تھی کہ اس کا بہترین کلام ابوتمّام کے بہترین کلام سے کم درجے کا ہے لیکن اس کے معمولی سے معمولی اشعار بھی ابو تمّام کے ادنی سے ادنی کلام سے بہتر ہیں۔ اس سلسلے میں دو کتابوں میں سیر حاصل بحث کی گئی ہے ان میں سے ایک میں ابوتمام کو اور دوسرے میں البحتری کو بہتر قرار دیا گیا ہے ۔ یعنی ایک الصولی کی اخبار ابی تمّام، قاہرہ ۱۳۵۶ھ / ۱۹۳۷ء اور دوسری الآمدی کی الموازنة بین [شعر] ابی تمام و البحتری (قاہرہ ۱۳۶۳ھ / ۱۹۴۴ء [طبع احمد صقر ۱۳۸۰ھ/ ۱۹۶۱ء)] میں.

البحتری اور اس کے اکثر رفقا میں یہ امر مشترک ہے کہ انھیں ہمیشہ حصولِ زر کی خواہش رہی۔ چنانچہ وہ اس کے لیے جو بھی ذریعہ ہوتا اختیار کرتے ۔ منفعت ذات، حرص اور طمع کا یہی جذبہ ہے جس نے اس کے اخلاقی کردار میں پختگی کے بجائے اسے ریاکاری کے راستے پر ڈال دیا تھا ۔ چنانچہ وہ اپنے سرپرست خلفا کی بدلتی ہوئی مذہبی روش میں غلاموں کی طرح ان کا ساتھ دیتا رہا ۔

درباری شاعر بننے کا اعزاز حاصل کرنے کے بدلے اسے لازمی طور پر اس منصب کے دوسرے خواہشمندوں کی دشمنی مول لینی پڑی، گو معلوم ہوتا ہے کہ شیعی شاعر دِعْبل [رکّ باں] سے اس کے مراسم اچھے تھے ۔ دربار خلافت میں رسائی کی وجہ سے اسے اعیانِ سلطنت، وزیروں، سپہ سالاروں والیانِ صوبہ، اہلِ دربار، شاہی کاتبوں اور علما و فضلا سے ارتباط کا موقع مل گیا ۔ ان روابط کی بدولت اس نے کئی ایک سیاسی حقائق کے متعلق معلومات بھی حاصل کیں، جن کی صداے بازگشت اس کے 'دیوان' سے سنی جا سکتی ہے اور جس کی ادبی قدرو قیمت کے علاوہ اس کی حیثیت بجاے خود ایک ناقابل انکار تاریخی دستاویز کی ہے (قبّ M. Canard: *Les allusions à la guerre byzantine ches les poètes Abū Tanmām et Buhturī*، در A. A. Vassiliev: *Byzance et les Arabes*، ۱، برسلز ۱۹۳۵ء: ۳۹۷ تا ۴۰۳م) ۔ دراصل یہ دیوان اس زمانے کے وقائع کا ایک مفید تکملہ ہے، جس میں بعض ایسی تفصیلات بھی ملیں گی جن کا مؤرخوں نے کوئی ذکر نہیں کیا؛ مثلاً مشاہیر کے پورے پورے نام، یادگار عمارتوں کا ذکر اور ان کی کیفیت یا بعض حوادث کا تذکرہ۔

البحتری کا دیوان ۱۸۸۲ء میں قسطنطینیہ میں طبع ہوا ۔ پھر بیروت اور قاہرہ میں ۱۹۱۱ء میں ۔ لیکن یہ نسخے ایک حد تک ناقص اور نامکمل ہیں، لہذا اگر اس کے متفرق مخطوطوں کو (بالخصوص اس مخطوطے کو جو

marfat.com
Marfat.com

پیرس کے کتب خانۂ ملّی Bibliotheque Nationale میں موجود ہے) سامنے رکھتے ہوے ایک جدید نسخہ ترتیب دیا جائے تو اس کا سب خیرمقدم کریں گے ۔ ابوالعلاء المعرّی کی ایک شرح (دیوان البحتری) بعنوان عبث الولید دمشق (۱۳۵۵ھ/۱۹۳۶ء) میں چھپی تھی ۔ البتہ اس کی الحماسۃ کا صرف ایک مخطوطہ (لائڈن یونیورسٹی) میں دستیاب ہوا ہے اور یہ بات اس کی غماز ہے کہ البحتری کی کتاب الحماسۃ کو مقبول عام ہونے کا شرف نصیب نہ ہو سکا۔ اس میں اشعار کی ترتیب مطالب کے اعتبار سے کی گئی ہے نہ کہ بااعتبار اصناف جیسا کہ ابوتمّام کے الحماسۃ میں ہے۔ البحتری کی الحماسۃ تین بار طبع ہوئی (لائڈن ۱۹۰۹ء، بیروت ۱۹۱۰ء، قاہرہ ۱۹۲۹ء)۔ [مزید تفصیلات کے لیے دیکھیے براکلمان : (تعریب عبدالحلیم النجار) ۱ : ۸۱] ایک تیسری تصنیف، جو البحتری سے منسوب کی جاتی ہے، معانی الشعر (یا الشعراء) ہے، جو ضائع ہو چکی ہے۔

مآخذ : (۱) الاغانی، ۱۸ : ۱۶۷ تا ۱۷۰؛ (۲) ابن المعتز : طبقات الشعراء، لنڈن ۱۹۳۹ء، ص ۱۸۶ تا ۱۸۷؛ (۳) المسعودی : مروج، بمدد اشاریہ؛ (۴) ابن خلّکان : ترجمہ de Slane، ۳ : ۶۵۷ تا ۶۶۶؛ (۵) یاقوت : معجم الادباء، ۱۹ : ۲۴۸ تا ۲۵۸؛ (۶) ابوالعلاء المعرّی : رسالۃ الغفران، مقامات متفرقہ؛ (۷) Margoliouth : *The Letters of Abu l-'Alā*، آوکسفرڈ ۱۸۹۸ء، مقامات متفرقہ؛ (۸) زہرالآداب، بمدد اشاریہ؛ (۹) الفہرست، مطبوعۂ قاہرہ، ص ۲۳۵؛ (۱۰) ابن رشیق : العمدۃ، مقامات متفرقہ؛ (۱۱) *ZDMG*، ۱۸۹۳ء، ص ۱۸۴ تا ۴۳۹، ۵۱۷ تا ۱۷؛ (۱۲) جرجی کنعان : البحتری، حماہ [۱۹۳۷ء]؛ (۱۳) طٰہٰ حسین : من حدیث الشعر و النثر، قاہرہ بلا تاریخ [۱۹۳۲ء؟]، ۱۱۳-۱۳۳؛ (۱۴) محمد صبری : ابو عبادۃ البحتری، قاہرہ ۱۹۴۶ء؛ (۱۵) عبدالسلام رستم : طیف الولید أو حیاۃ البحتری، قاہرہ ۱۹۳۷ء؛ (۱۶) سیّد النقل : عبقریۃ البحتری، بیروت ۱۹۰۳ء؛ (۱۷) براکلمان : تکملہ، ۱ : ۱۲۵؛ (۱۸) اسی موضوع پر ایک نفیس مقالہ *Un poète arabe du IIIᵉ siècle de l'hégire (IXᵉ s. J.-C (Buhture de.* پر S. Achtar نے ۱۹۰۳ء میں Sorbonne میں ڈاکٹری کی ڈگری حاصل کرنے کے لیے پیش کیا تھا۔

(CH. PELLAT)

* **بَحْث** : (ع) مادّہ ب ح ث کا اسم مصدر، لغوی معنی : کریدنا، کھودنا، مٹی کو اوپر تلے کرنا (کسی چیز کی تلاش کے لیے)، [سوال و جواب کرنا، قب لسان] ۔ اسی سے آگے چل کر فکری اور ذہنی باتوں میں تجسّس، تفحص اور تعمّق کا مفہوم نکل آیا، حتّٰی کہ یہ لفظ تقریباً نَظَر [رَکَ بآن] کا مرادف ہوگیا، چنانچہ 'بحث' اور 'نظر' دونوں الفاظ اکثر یکجا ملتے ہیں (مثلاً المسعودی : مروج، ۶ : ۳۶۸ : اہل البحث و النظر [رَکَ بہ اہل النظر]، یعنی فلسفیانہ تفحص اور مباحثے کی ماہرین) ۔ ایک تصنیف کتاب البحث جابر بن حیّان سے منسوب ہے، جس کا زمانہ تیسری/نویں صدی ہے (قب براکلمان : تکملہ، ۱ : ۴۲۹) ۔ اس وقت سے لفظ 'بحث' جس کی جمع 'اَبحاث' ہے، بےشمار تصنیفات کے ناموں میں آ رہا ہے، بمعنی 'مطالعہ و موازنہ و تحقیق و تفتیش' (نیز مَبْحَث (جمع : مباحث) کی شکل میں بھی، جس کا مفہوم 'موضوع و مقصود تحقیق'، بلکہ خود 'تحقیق'، بھی ہے) ۔ امام رازی کی کتاب المباحث المشرقیہ معروف ہے۔ جدید عربی میں بھی مَبْحَث کا لفظ تحقیق کے معنوں میں استعمال ہو رہا ہے، مثلاً بِشْر فارس : مباحث عربیۃ، قاہرہ ۱۹۳۹ء۔

[مآخذ : متن میں درج ہیں]۔

(F. GABRIELI)

marfat.com

Marfat.com

**بَحْدَل بن اُنَیف بن وَلْجَة** : [۔ دُلْجَة: دیکھیے جمھرة انساب العرب، ص ۴۵۷] بن قُنافة کا تعلق قبیلۂ بنو حارثہ بن جناب سے تھا، جن کا شمار اَلْبَیْت یا کلب کے اشراف میں ہوتا ہے۔ اپنے قبیلے کی بھاری اکثریت کی طرح بَحْدَل بھی عیسائی تھا۔ اس کی شہرت کی بڑی وجہ یہ ہے کہ وہ یزید اوّل کی ماں مَیْسُون کا باپ تھا۔ اس کا بدوی قبیلہ تَدْمر (Palmyra) کے قدیم شہر کے جنوب میں بود و باش رکھتا تھا۔ مَیْسُون نے یزید کی زمانۂ طفلی میں پرورش یہیں کی۔ مَرْج راھط کی لڑائی اور جابیہ کے اجتماع کے بعد بنو امیہ یہیں از سرِ نو متحد ہوے تھے۔ بنو کلب کو امویوں کے سارے دور میں جو خوشحالی حاصل رہی اس کا باعث یہی بَحْدل تھا، البتہ اس نے خود سیاست میں عملی طور پر کوئی حصہ نہیں لیا۔ یزید اول کے زمانۂ خلافت میں بحدل کے بیٹے [ابان] پر عیسائی ہونے کا الزام لگا تھا۔ خاصی بڑی عمر پا کر بحدل غالبًا جنگِ صفّین سے پہلے فوت ہوا۔ اس جنگ میں اس کے ایک بیٹے نے دمشق کے بنو قُضاعہ کے سالار کی حیثیت سے حصہ لیا تھا۔ اس کے بیٹوں نے اس کی جگہ سنبھالی اور حکومت میں اعلٰی مرتبے پر فائز ہوے۔ یہی وجہ ہے کہ بنی امیہ کے طرفداروں کو بَحْدَلیّہ کے نام سے یاد کیا جانے لگا۔ اس کا پوتا حَسّان، جو یزید اول کے بیٹوں کا ولی اور اتالیق تھا، معاویہ ثانی کے بعد اس کی جانشینی کے خواب دیکھنے لگا تھا۔ بحدلیّہ اور بنو کلب کا بیہی بے جا اقتدار بڑی حد تک مرج راھط کی لڑائی کے بعد عربوں کو دو فریقوں یعنی قیسی اور یمنی عربوں میں تقسیم کرنے کا سبب بنا [بحدل کے پوتوں وغیرہ کے لیے دیکھیے : ابن حزم : جمھرة انساب العرب، ص ۴۵۷]۔

مآخذ: (۱) الطبری، ۲: ۲۰۳، ۴۶۸، ۴۷۱، ۴۷۷؛ (۲) ابن دُرَید (طبع وسٹنفلٹ)، ص ۳۱۶؛ (۳) الحماسة (طبع فریتاغ)، ص ۲۶۱، ۳۱۸ تا ۳۱۹، ۶۵۹؛ (۴) ابن عبدربّه العقد، ۲: ۳۰۵؛ (۵) الدینوری (طبع Guirgass)، ص ۱۸۳، ۲۷۵؛ (۶) المسعودی : التنبیه، ص ۳۰۵.

(H. LAMMENS)

**بَحْر** : رَکَ بہ عَرُوض.

**بَحْر** : (ع) سمندر، نیز مستقل طور پر بہنے والا ہر بڑا دریا۔ اگلے مقالات ان بڑے بڑے سمندروں سے متعلق ہیں جن کا عربوں کو علم تھا۔ خیال کیا جاتا ہے کہ کوہ قاف، جس نے رُبعِ مسکون کا احاطہ کر رکھا ہے، بجاے خود سات ہم مرکز اور باہمدگر مربوط سمندروں سے گھرا ہوا ہے، جن کے نام یہ ہیں : (۱) نِیْطَس (یا بِیْطَش)؛ (۲) قِیْنَس (یا قُبِیْس)؛ (۳) الأصمّ؛ (۴) السّاکن؛ (۵) المُغَلّب (یاالمُظْلِم)؛ (۶) المُونِس (یا المَرْماس) اور آخر الامر (۷) الباقی۔ قیاس ہے کہ ان ناموں کی کوئی نہ کوئی اصل ضرور ہوگی۔ در حقیقت نِیْطَس (یا اس کی متبادل صورت) بُنْطُس [= بُنْتُس] (πόντος = بحیرۂ اسود) کی مسخ شدہ حرفی شکل ہے اور قِیْنَس (اور اس کی متبادل صورت) اُوقیانوس = ὠκεανός = البحر) سے مشتق ہے۔ دوسرے ناموں کی امتیازی تشخیص کے لیے دیکھیے P. Anastase و Marie de St. Elie کی نُشوء اللغة العربیّة، قاہرہ ۱۹۳۸ء، ص ۸۳ تا ۸۴ اور الجاحظ : تربیع (طبع Pellat)، بذیل مادّہ بحر بُنْتُس Buntus.

مآخذ : (۱) القزوینی : [عجائب المخلوقات] Cosmog.، ص ۱۰۴؛ (۲) الکسائی : قصص الانبیاء، لائڈن ۱۹۲۲-۱۹۲۳ء، ص ۹؛ نیز دیکھیے مآخذ بذیل مادۂ قاف (کوہ).

(ادارہ)

**بَحْر اَبْیَض** : رَکَ بہ بَحْرالرُّوْم.

**بَحْر اَدْرِیاس** : بحر ایڈریاٹک کا عربی نام.

**بَحْر اَسْوَد** : دیکھیے بحر بُنْتُس و قرہ دِنز Kara Deniz.

marfat.com
Marfat.com

* بَحْرُ البَنات : عرب اس مجمع الجزائر کو اس نام سے پکارتے تھے جو خلیج فارس کے مغربی ساحل سے پرے واقع ہے - الادریسی اسے بحرالکثر کہتا ہے .

مآخذ : Ritter : *Erdkunde*، ۱۲ : ۳۹۰، ۵۸۹ ببعد .

* بحر بُنْتُس : [= بُنْطُس (Pontus Euxinus) یا بحیرۂ اَسْود [البحر الأسْود (آآ، ع)] ، جسے غلطی سے بحر نِیطَس (نِیطَش) لکھا جاتا رہا ہے - ملحقہ قوموں یا شہروں کی نسبت سے اسے مختلف ناموں سے یاد کیا جاتا رہا ہے : مثلاً بحر الخَزَر یا خزروں کا سمندر (ابن خُرداذبہ، ص ۱۰۵ ، شاید کیسپین سے التباس کی بنا پر [ رَكَ بہ بحر الخَزَر]) بحرالرُوس (روسیوں کا سمندر)، بحر البُرغُر یا بحر البُرغَز (بلغاروں کا سمندر)، بحر طرابَزَنْدہ (بحیرۂ طرابزَنہ)، بحر نِیطُش الارمنی (ارمن Pontus)، بحر القُسْطَنْطِینِیَہ (Constantinople) اور بحیرۂ گُرز یَان یا گرجیوں کا سمندر (صرف حدود العالم میں) - بحرالاسود کا نام بہت بعد میں دیکھنے میں آیا ہے .

المسعودی کے نزدیک، جس کا بیان ۳۴۵ھ/ ۹۵۶ء کا ہے (التنبیہ، ص ۶۶ تا ۶۷)، یہ مشرق میں لازقہ (یونانی Lizikē) سے قُسْطَنْطِینِیَہ تک تیرہ سو میل تک پھیلا ہوا ہے اور اس کا عرض تین سو میل ہے - یہ مایُوطِس نامی جھیل یا سمندر (بحیرۂ آزوف (Sea of Azov) [ رَكَ بہ بحر مایوطس ]) سے ملا ہوا ہے - جو دریا اس میں آ کر گرتے ہیں ان میں دریاے طَنَائس (ڈان Don) اور ڈنیوب بھی شامل ہیں - خلیج قسطنطنیہ (یا آبناے قُسْطَنْطِینیہ) بحر بُنْتُس ہی سے نکلی ہے، یعنی باسفورس، بحیرۂ مار مورا اور دردانیال سے، جو بحیرۂ روم (یا یونانیوں کے سمندر) سے جا ملتی ہے - آبناے مذکور کی لمبائی تین سو پچاس میل ہے - ایک اَور بیان میں، جو اس سے قبل کا لکھا ہوا ہے (مُروج ۱ : ۲۶۰ تا ۲۶۲)، المسعودی بحر بنتس کا طول گیارہ سو میل بتاتا ہے اور دریاے ڈان کا طول تین سو فرسخ - اسی طرح کا عام ذکر ابن رُسْتہ (ص ۸۵ تا ۸۶، تقریباً ۲۹۰ھ/۹۰۳ء میں) کے ہاں بھی ملتا ہے - بعض لوگوں، مثلاً ابن خُرداذبہ (ص ۱۰۳) کا خیال ہے کہ بحر بنتس بحرالخزر (کیسپین) سے نکلتا ہے - المسعودی اس سے انکار کرتا ہے (مُروج، ۱ : ۲۷۳) اور صرف یہ کہتا ہے کہ دونوں سمندر آپس میں ملے ہوے ہیں (التنبیہ، ص ۶۷) - مُروج (۲ : ۱۸ ببعد) کے مطابق بحر بنتس سے بحر الخزر کا راستہ خلیج نِیطُس (آبناے کِرْچ Kertch) سے ہو کر جاتا ہے - دریاے ڈان اور دریاے والگا ''ڈان - والگا گزرگاہ'' اختیار کرتے ہیں، یعنی وہ راستہ جسے کسی دوسری جگہ ''خزری گزرگاہ'' کہا گیا ہے - المسعودی نے ان جغرافیہ دانوں کی بہ نسبت جن کا تعلق البلخی اور الاصطخری دبستان سے ہے، بحر بنتس میں زیادہ دلچسپی لی اور یہ خیال ظاہر کیا ہے کہ بحر اسود اور بحر اوقیانوس کے مابین براہِ راست تعلق ہے - آگے چل کر البیرونی نے بھی یہی خیال ظاہر کیا ہے (القزوینی : عجائب، ص ۱۰۴).

جوں جوں وقت گزرتا گیا بحر بنتس کے شہروں کے نئے نئے نام سامنے آتے گئے، مثلاً ایشیاے کوچک کی سلجوقی تسخیر کے بعد وہ شہر جو پہلے یونانی تھے، جیسے سِنُوب (Sinope) اور سامسون (Amisus)، جن کا ذکر ابوالفداء نے کیا ہے - اسی طرح النُوَیری قپچاق کے شہروں سُوداق اور قَرِم کا ذکر کرتا ہے، جن میں اول الذکر ساتویں/ تیرھویں صدی میں تعمیر ہوا اور جس کے نام پر اس سمندر کو بحر سوداق کہا گیا - عثمانی دور کے لیے رَكَ بہ قرہ دِنِز Kara Deniz.

مآخذ : ان حوالوں کے علاوہ جو مقالے میں آگئے ہیں دیکھیے : (۱) یاقوت، ۱ : ۳۰۶ تا ۳۰۷، ۵۰۱، ۳: ۳۹۹، ۷۴۶ : (۲) ابوالفداء : تقویم، ص ۱۳، ۲۹۲ تا

marfat.com
Marfat.com

۲۹۳؛ (۳) النویری: نہایة الأرب، ۱ : ۲۳۶ تا ۲۳۷؛ (۴) حدود العالم، ص ۳۲، ۱۸۱ تا ۱۸۳.

(D.M. Dunlop)

* **بحر الخزر** : ''خزروں کا سمندر''، بحیرۂ کیسپین (Caspian) کا ایک عام عربی نام - اسے بحر الخزری بھی کہتے تھے - ان کے علاوہ اس کے اور بھی کئی نام ہیں : البحر الخراسانی، بحر جرجان، البحر طبرستان وغیرہ - یہ سب مقامی نام ہیں، جو پورے سمندر کے لیے استعمال ہوتے تھے (قب المسعودی ؛ مروج، ۱ : ۲۶۳) - الدمشقی (طبع Mehren، ص ۱۴۷) کہتا ہے کہ اس کے زمانے (۷۲۳ھ/ ۱۳۲۰ء) میں ترک اسے بحیرۂ قُرْزُم کہتے تھے - حمداللہ مستوفی (نزھة، ص ۲۳۹؛ ترجمہ، ص ۲۳) کا بیان ہے کہ بعض لوگ غلطی سے کیسپین کو بحر قلزم کہہ دیتے ہیں، حالانکہ حقیقت میں یہ نام بحیرۂ احمر (Red Sea) کا ہے - المقدسی کیسپین کو محض البحیرہ (=جھیل) کہنے پر اکتفا کرتا ہے (BGA، ۳ : ۳۵۳، ۳۶۱) - شاید اس نے اسے اور بحیرۂ آرال [رک باں] (بحیرۂ خوارزم) کو ایک ہی سمجھ کر ایسا کیا ہے - مروّجہ نام بحرالخزر غالباً خزروں کی حکومت کی یادگار ہے، جو قرون وسطٰی کے ابتدائی دور میں قفقاز کے شمال میں ساحل سمندر سے اتل (والگا) تک بلکہ اور زیادہ شمالی اور مغربی حصے پر قابض تھے - البلخی کے دبستان کے جغرافیہ نویس بحرالخزر پر قلم اٹھاتے ہیں تو ان کے بیانات کا بیشتر حصہ خزری سلطنت کے احوال پر مشتمل ہوتا ہے.

دور خلافت میں بحر الخزر پر مسلمانوں کا قبضہ، مغرب میں قفقاز اور مشرق میں جرجان سے آگے کبھی نہیں بڑھا اور اگر باب الابواب [رک باں] سے کوئی شخص پہلے جنوب اور پھر مشرق کی طرف سفر کرتا تو وہ شیروان، آذربیجان کے علاوہ مُغان، جیلان (جیل)، طبرستان (جسے بعد میں مازندران کہنے لگے) اور جرجان سے گزرتا - اترک کے شمال میں، جو مؤخرالذکر صوبے کی حد تھی، غز ترکوں کا صحرا واقع تھا اور اس کے پرے [رک بآ] استُ ارست Ust Urst کی سطح مرتفع کی دوسری جانب پھر خزروں کی زمینیں واقع تھیں.

بحرالخزر میں گزرنے والے خاص خاص دریا یہ تھے : شمال میں دریاے جم (جم، امبا) اور جیغ (آرال)، شمال مغرب میں اتل (والگا)؛ مغرب میں کُر (Cyrus) اور اَرس [= اراس؛ سیحون] (Araxes) باہم مل کر اور جنوبی مشرقی کونے میں جرجان اور اترک - یہ ایک نہایت ہی عجیب اور بظاہر مسلّم واقعہ ہے (قب Le Strange، ص ۴۵۵ تا ۴۵۸) کہ خوارزم پر مغول کے حملے (۶۱۷ھ/ ۱۲۲۰ء) کے وقت سے کئی صدیوں تک دریاے جیحون (آمو دریا [رک باں] Oxus)، جو اس وقت تک بحیرۂ آرال میں گرتا تھا، بحر کیسپین میں گرنے لگا - یوں گویا دریا نے پھر اپنا وہی اصلی رخ اختیار کر لیا جس کا ذکر سکندر اعظم کے حملوں کے حالات میں ملتا ہے - سولھویں صدی میں کسی وقت اس نے اپنا رخ پھر بدلا اور اب وہ پہلے کی طرح بحیرۂ آرال ہی میں گرتا ہے.

بڑے بڑے جزیرے، جن کے نام ابن حوقل اور حدود العالم میں ملتے ہیں، یہ ہیں : سیاہ کوہ یا سیاہ کویا، جس کے متعلق عام خیال یہ ہے کہ یہ وہی جزیرہ ہے جسے آج کل منکشلک Mangishlak کہتے ہیں اور جزیرۂ باب الابواب، جس کی تعیین اب ممکن نہیں، (قب حدود العالم، ص ۱۹۳) - جنوبی اور مغربی ساحلوں کے کچھ حصے کو چھوڑ کر بحر الخزر کا مغربی ساحل عام طور سے نشیب میں ہے - بلخان کلان اور کرسنوودسک Krasnovodsk کے مشرق میں واقع بلخان

marfat.com
Marfat.com

کے پہاڑی سلسلے اگرچہ بہت زیادہ اونچے نہیں لیکن زمین کی جانب سے دیکھیے تو بہت نمایاں نظر آئیں گے ۔ کیسپین کے طول کا موجودہ اندازہ سات سو ساٹھ میل ہے ۔ المسعودی نے اس کا طول آٹھ سو میل اور عرض چھے سو پچاس میل یا کچھ زیادہ بتایا ہے (التنبیہ، ص ۶۰)، لیکن مؤخرالذکر اندازہ انتہائی مبالغہ آمیز ہے ۔ المسعودی اس بات سے پوری طرح باخبر ہے کہ بحر الخزر بحر مایوطس (=بحیرۂ آزوف Sea of Azov) سے اور بحر بُنْطُس (=بحیرۂ اسود) سے ملا ہوا نہیں ہے (مُرُوج، ۱ : ۲۷۳ تا ۲۷۴).

بڑی مدت تک شمالی علاقوں اور اسلامی ملکوں کے باشندوں کے درمیان خزروں کو ثالث کی حیثیت حاصل رہی ۔ اس بات کی وافر شہادت موجود ہے کہ دونوں علاقوں کے درمیان خاصی تجارتی سرگرمی موجود تھی ۔ یہ تجارت اِتل (والگا) اور بحر خزر کے راستے ہوتی تھی ۔ آگے چل کر روسی جنگی جہاز اِتل سے اتر کر اور خزروں کے علاقے سے ہو کر کیسپین میں آنے جانے لگے ۔ ۹۰۰ء سے پہلے عرصۂ دراز تک ان قزّاقوں کی موجودگی دنیا کے اس حصے کی تاریخ کا ایک نہایت نمایاں پہلو رہی ہے ۔ مغولی حملوں کا نتیجہ یہ ہوا کہ کیسپین کے شمال اور جنوب دونوں اطراف میں نئے مسلمان خاندانوں کا عروج ہوا ۔ مدّتیں گزریں کہ روسی پیش قدمی نے ان لق و دق صحراؤں کے خوانین کی قوت کا خاتمہ کر دیا ہے اور اب سمندری ساحل پر روس کا اقتدار خزروں کے دور عروج کے اقتدار سے کہیں زیادہ ہے ۔

**مآخذ** : (۱) الاصطخری، ص ۲۱۷ تا ۲۲۷؛ (۲) ابن حَوْقل، طبع ڈ خویه، ص ۲۷۶ تا ۲۸۷ و طبع Kramers، ص ۳۸۶ تا ۳۹۸؛ (۳) المسعودی : التنبیه، ۶۰ تا ۶۶؛ (۴) الادریسی، ترجمه Jaubert، ۲ : ۳۳۲ تا ۳۳۴؛ (۵) حدود العالم، بمدد اشاریه ؛ (۶) زکی ولیدی طوغان : *Ibn Faḍlān's Reisebericht*، در *AKM*، ۱۴ : ۳، لائپزگ ۱۹۳۹ء (چوتھی/دسویں صدی میں کیسپین کے مشرق میں واقع علاقوں کے کوائف و احوال)؛ (۷) D.M. Dunlop : *History of the Jewish Khazars*، پرنسٹن ۱۹۵۴ء، بمدد اشاریہ ۔ کیسپین ساحل پر روسی حملوں کے لیے : (۸) ابن مِسْکَوَیہ : تجارب الامم (در H. F. Amedroz و D. S. Margoliouth : *The Eclipse of the Abbasid Caliphate*، عربی متن، ۲ : ۶۲ تا ۶۷، ترجمہ، ۵ : ۶۷ ببعد)؛ (۹) V. Minorsky : *Studies in Caucasian History*، لندن ۱۹۵۳ء، بمدد اشاریہ؛ (۱۰) وهی مصنّف : *A History of Sharvan and Darband*، کیمبرج ۱۹۵۸ء، بمدد اشاریہ ۔

(D.M. Dunlop)

* **بحر خوارزم** : [بحر یُورال یا بحیرۂ آرال] رک بہ آرال ۔

* **بَحْر روم** : یا البَحْرُ الرُّومی، یعنی بحرِ متوسط (Mediterranean) ۔ مذکورۂ بالا دونوں نام زمانۂ قدیم هی سے مستعمل تھے، بالخصوص مشرقی بحر متوسط (Mediterranean) کے لیے، جہاں بوزنطی بیڑے سے مقابلے کا امکان رہتا تھا ۔ جوں جوں اسلامی فتوحات کا دائرہ وسیع ہوتا گیا اس نام کا اطلاق پورے بحرِ متوسط پر کیا جانے لگا اور آج تک وہ بَحر روم هی کہلاتا ہے ۔ بحر متوسط کو البحر الشامی یا بحر الشام اور بحر المغرب بھی کہتے تھے ۔

عربی جغرافیہ نگاروں کی رائے کے مطابق یہ سمندر، جس کے مذکورۂ بالا مختلف نام رکھے گئے، آبنائے جبل الطارق (Gibralter) (الزُّقاق) سے خاصی دور مغرب سے شروع ہوتا تھا اور یہ (البحر المحیط یا البحر المغربی Western Ocean کی ایک خلیج تھا ۔ بحر روم کے بارے میں افسانوی روایات یہ هیں : آج کل جہاں یہ واقع ہے وہاں

Marfat.com

پہلے خشکی تھی اور بنو دلوکہ نے اپنے رومی بادشاہ کے درمیان ایک روک حائل کر دینے کے لیے آبنائے جبل الطارق کو کاٹ دیا تھا (القزوینی: عجائب، ص ۱۲۳) - یہ بنودلوکہ اس ملکۂ دلوکہ کی اولاد تھے جس کے بارے میں فرض کیا جاتا ہے کہ وہ عہدِ خروج کے فرعون کے بعد مصر کی فرمانروا ہوئی تھی (المسعودی: مروج، ۲ : ۳۹۸) - دوسری روایت یہ ہے کہ ہسپانیہ کے اصلی باشندوں (اشبان) کی درخواست پر، جو بربروں سے علیحدہ ہونا چاہتے تھے، سکندرِ اعظم نے البحرالرومی اور البحر المحیط کو باہم ملا دینے کے لیے آبنائے جبل الطارق کھدوائی (النُّوَیری: نہایة الأرب، ۱ : ۲۳۱ تا ۲۳۲) - اس موقع پر سکندر نے جو افسانوی پل تعمیر کرایا تھا اس کا نقشوں سمیت تفصیلی بیان الدّمشقی نے درج کر دیا ہے (*Cosmographie*، طبع Mehren، ص ۱۳۷).

بحرِ روم کی کیفیت : یہ باقاعدہ طور پر مغرب سے شروع ہو کر مشرق کی طرف بڑھتا ہے اور معمولاً جنوبی کنارے کے ساتھ ساتھ مثلاً بلکہ السُّوس الاقصیٰ سے شروع ہو کر طَنْجَہ اور سَبْتَہ سے گزرتا ہوا طَرَابُلُس اور اسکندریہ تک پہنچتا ہے اور پھر نیل کے دہانوں سے گزرتا ہوا شامی ساحل کے ساتھ شمال کی جانب پلٹتا اور انطاکیہ اور اس کی بندرگاہ السُّوَیْدیّہ سے الثُّغُور (= سرحدوں) کی طرف بڑھتا ہے اور پھر مغرب کی جانب ساحل بلادالروم (ایشیائے کوچک) سے گزرتا ہوا قسطنطینیہ، الارض الصغیرہ ("the Little Land" یعنی یونانِ خاص)، بِلُبُونِس (the Peloponnese)، قَلَوریہ (Calabria)، الانکُوَرْدہ (Lombardy) اور افرنجہ (فرانس) جاتا ہے اور پھر دوبارہ جنوب کی جانب الاَنْدَلُس (ہسپانیہ) آ جاتا ہے (مثلاً دیکھیے ابن حوقل، طبع کریمرز Kramers، ص ۱۹۰ تا ۱۹۱) - کم از کم نظری طور پر یہ طے

ہے کہ اگر کوئی شخص پورے بحر روم کا چکّر لگائے تو بالآخر وہ ساحلِ ہسپانیہ پر ایک ایسے مقام پر پہنچ جائے گا جو اس کے مقامِ روانگی کے عین مقابل واقع ہوگا - دوسرے اس کیفیت سے یہ بھی معلوم ہوا کہ اس سمندر کے جنوب کی جانب تو مسلمانوں کے ملک تھے اور شمال کی جانب عیسائیوں کے - بحر روم کا عرض و طول بھی مختلف طور پر دیا گیا ہے - المسعودی کے ایک اندازے کے مطابق اس کا طول کم وبیش پانچ ہزار میل اور عرض چھے سو سے آٹھ سو میل تک ہے، مگر اسے ایک اور تخمینے کا بھی علم ہے، جو مشہور و معروف فاضل الکِنْدی اور اس کے تلمیذ السَّرَخْسی کا بتایا جاتا ہے، یعنی طول چھے ہزار میل اور عرض چار سو میل (التَّنْبِیہ، ص ۵۶، قبّ مروج، ۱ : ۲۵۹) - ابن الفَقیہ (ص ۷) نے البحر الرومی کی لمبائی انطاکیہ سے جزائر السَّعادَة (The Fortunate Isles = Canaries) تک اڑھائی ہزار فرسخ جانچی ہے اور چوڑائی پانسو فرسخ؛ المَقْدِسی (ص ۱۴) نے بھی یہی لکھا ہے اور شہادت میں ابن الفقیہ کے قول کا حوالہ دیا ہے - ایک مقام پر المَسْعُودی لکھتا ہے کہ ملّاح اپنے عملی تجربے کی بنا پر فلاسفہ سے متفق نہیں ہیں اور انہوں نے البحرالرومی کا طول و عرض زیادہ بتایا ہے (مروج، ۱ : ۲۸۲) - (فی الواقع اس کا طول تقریباً دو ہزار چار سو میل ہے اور عرض زیادہ سے زیادہ تقریباً ایک ہزار میل) - اس سمندر کے طول کا قریب قریب بالکل صحیح اندازہ ہیئت دان المرّاکُشی نے ساتویں /تیرھویں صدی میں لگایا تھا (ابوالفداء : تَقْوِیم، دیباچہ، ص cclxxvii).

بحرِ روم کا شمار ہمیشہ سے کرۂ ارض کے بڑے سمندروں میں ہوتا رہا ہے - المقدّسی کہتا ہے کہ اسے کل دو بڑے سمندروں کا علم ہے : ایک مشرقی، یعنی البحر المتوسط اور دوسرا مغربی، یعنی بحرِ ہند، جسے وہ البحرالصِّینی (چینی سمندر)

marfat.com
Marfat.com

کہتا ہے - پھر وہ ذکر کرتا ہے کہ البَلْخی نے ان پر البحرالمحیط کا اضافہ کیا ہے اور الجَیْہانی نے چوتھے اور پانچویں، یعنی بحر الخَزر (Caspian) اور خلیج قسطنطینیہ، یعنی بحرِ اَسْوَد میں داخلے کے سمندر کا - پھر المقدّسی نے کہا ہے کہ اس کی اپنی رائے قرآن مجید کے مطابق : [مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيٰنِ○ بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيٰنِ = چلائے دو سمندر مل کر چلنے والے - ان دونوں میں ہے ایک پردہ، جو ایک دوسرے پر زیادتی نہ کرے](۵۵ [الرحمٰن] : ۱۹ تا ۲۰) - المقدسی (ص ۱۶) یہاں بزرخ سے مراد وہ خاکنائے لیتا ہے جو الفَرماء (Pelusium) اور القُلْزُم (Clysma) (موجودہ سویز Suez) کے درمیان واقع ہے اور یہ بحرالروم کو البحرالصینی سے جدا کرتی ہے - وہ یہ بھی بیان کرتا ہے کہ بعض علما نے قرآن مجید کی ایک اور آیت [وَلَوْ اَنَّ مَا فِي الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ اَقْلَامٌ وَّالْبَحْرُ يَمُدُّهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ سَبْعَةُ اَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ كَلِمٰتُ اللّٰهِ ط (۳۱ [لقمٰن] : ۲۷) = اور اگر جتنے درخت ہیں زمین میں قلم بن جائیں اور سمندر ہو اس کی سیاہی، اس کے پیچھے ہوں سات سمندر، نہ تمام ہوں باتیں اللہ کی — قبَ ترجمان القرآن (باقیات)، ص ۳۱]) کی تاویل کرتے ہوئے سابق الذکر پانچ سمندروں میں اَلْمَقْلُوبہ (= الٹا بُحَیرہ)، یعنی بحیرۂ مردار Dead Sea [بحر لوط]) اور الخوارزمیہ (= بحیرۂ خوارزم یا بحر آرال Aral Sea) شامل کیے ہیں - سات سمندروں کی اس سے زیادہ قرین عقل فہرست یہ ہے : بحر اَخْضَر (مشرقی سمندر)، مغربی سمندر، بحر عظیم یا بحر ھند، بحر متوسط، بحر خزر، بحر اسود اور بحر آرال (حدود العالم، ص ۱۰ تا ۵۳) - المسعودی ایک جگہ تو الجَیْہانی کے تتبّع میں پانچ سمندر گنواتا ہے : بحر ھند، بحر متوسط، بحر خزر، بحرِ اسود اور بحر محیط (التنبیہ، ص ۵۰ تا ۲۴۱) اور ایک جگہ کہتا ہے کہ بہت سے لوگ چار ہی سمندر شمار کرتے ہیں (مروج، ۱ : ۲۷۱)؛ اس میں بحر اسود اور بحر خزر کو بظاہر ایک ہی سمندر شمار کیا ہے (مگر قبَ ابن الفقیہ، ص ۴ تا ۸) - بہر حال سمندروں کا شمار چاہے کچھ ہو عام رائے یہی ہے کہ قرآنی اصطلاح ''مجمع البحرین'' (= دو سمندروں کا ملنا، ۱۸ [الکہف] : ۶۰) خاکنائے سویز پر واقع تھا اگرچہ بعض نے اس سلسلے میں الزقاق (آبنائے جبرالٹر) کا نام بھی لیا ہے [تفصیل کے لیے رکَ بہ البَحْرَین].

بحر روم کے مختلف حصّے مخصوص ناموں سے موسوم کیے جاتے تھے، مثلاً بحرِ تیران (The Tyrrhenian = Sea) (الرازی)، جون البَنادِقِیّین (The Gulf of the = Venetians) (ابن حوقل) یا الخلیج البنادقی (The = Venetian Gulf) (الادریسی)، جس سے در حقیقت سارا بحر ایڈریاٹک (Adriatic Ocean) مراد ہے، خلیج القُسطَنْطِینِیّہ (Gulf of Constantinople =)، بحر اسود میں داخلے کے راستے - خود بحر اسود نیْطُس کہلاتا تھا، جسے بحر بنطس Pontus کی صدیوں سے بگڑی ہوئی شکل سمجھنا چاہیے، جو شاید بعض مخطوطات میں باقی رہ گئی - بحر آزوف (The sea of Azov) کو مایُطِس Maeotis لکھتے تھے - مؤخّرالذکر دونوں سمندروں کے بارے میں یہ بجا طور پر سمجھ لیا گیا تھا کہ یہ ایک دوسرے سے نیز بحرالروم سے ملے ہوئے تھے، مگر کچھ تو عدم تیقن اور کچھ غلطی کے باعث بحر اسود اور بحر الخزر [رکَ باں] کا باہمی نسبت کے اعتبار سے محل وقوع متعین نہیں ہوسکا اور اسی سبب سے بحر اسود اور بالٹک (بحر الوَرَنک = Sea of Warangians) یا بحر منجمد (Arctic) کا بھی، کیونکہ آخرالذکر کی بابت تو عربوں کی براہ راست معلومات نہ ہونے کے برابر تھیں - مؤخّرالذکر سمندروں کے بحرالروم سے ملے ہوئے ہونے کے نظریے کی طرف رجحان کی مثال ابن حوقل کے دیے ہوئے نقشوں سے عیاں ہے۔

marfat.com
Marfat.com

بحر روم کے مختلف جزائر کا علم قدیم زمانے ہی میں ہو گیا تھا ۔ جن دو جزیروں پر سب سے پہلے امیر معاویہ رض کے عہد میں قبضہ ہوا وہ قبرص (Cyprus) اور ساحل شام کے بالمقابل ایک چھوٹا سا جزیرہ أرواد (Aradus) تھے ۔ حضرت امیر معاویہ رض کی وفات (۶۰ھ / ۶۸۰ء) سے قبل رودس Rhodes اقریطش (Crete) بلکہ صقلیہ (Cicily) بھی حملوں کا نشانہ بن چکے تھے ۔ بحر متوسط کے چند اور جزائر کا ذکر ابن خرداذبہ (ص ۱۱۲) نے کیا ہے ۔ البلخی کی روایت پر چلنے والے جغرافیہ نویس بحر روم میں معدودے چند جزیروں کا ذکر کرتے ہیں ۔ المقدسی (ص ۱۵) نے ۳۷۵ھ / ۹۸۵ء میں صرف تین بڑے جزیروں ، یعنی صقلیہ، اقریطش اور قبرص کا نام لیا ہے۔ ان تینوں کا ذکر اس سے قبل الاصطخری (ص ۷۰) کے ہاں بھی آ چکا ہے، لیکن اس نے ان میں ایک چوتھے جزیرے، جبل القلال (قب یاقوت، ۱ : ۳۹۲) کا بھی اضافہ کیا ہے، جسے Reinaud (مراصد الاطلاع ، طبع Juynboll، ۵ : ۲۷) نے فراکسی نیثم Fraxinatum ٹھیرایا ہے، جو آج کل Garde-Freinet کہلاتا ہے اور سر زمین فرانس میں مارسیلز Marseilles کے مشرق کی طرف واقع ہے ۔ یہیں سے تقریباً ۸۹۳ اور ۹۷۲ء کے درمیان عربوں نے سوئٹزرلینڈ Switzerland تک لشکر کشی کی تھی (قب Lèvi Provençal : *Hist. Esp. Mus.*، باب ۵) ۔ اس شناخت کی ابن حوقل (طبع Kramers، ص ۲۰۴) سے تصدیق ہوتی ہے، جو اس مقام کے بارے میں لکھتا ہے کہ یہ فرانس کے نواح میں اور مجاہدین کے قبضے میں ہے (''بنواحی افرنجۃ بایدی المجاهدین'') ۔ ابن حوقل کے نقشے میں اسے ایک جزیرہ دکھایا گیا ہے (طبع دوم میں ہر جگہ اسے جبل القلال لکھا ہے، قب نیز مراصد، ۱ : ۹۹)، جو ایک بڑے دریا کے مقابل واقع ہے؛ دریا صریحاً رھون Rhône ہے (اسی نقشے میں جینوا Genoa کو بھی ایک جزیرہ دکھایا گیا ہے) ۔ اس سمندر کے دوسرے جزیروں کا ذکر القزوینی (عجائب، ص ۱۲۳ تا ۱۲۵) نے کیا ہے ۔ ان کا بہترین بیان الادریسی کے [جغرافیے] اور [اس کے] نقشوں میں ملتا ہے (دیکھیے ماخذ).

بحر روم کی وہ خصوصیات جو [عربوں کے لیے] جاذب توجہ ہوئیں یہ تھیں کہ اس میں اور سمندروں کے مقابلے میں مد و جزر بہت کم آتا تھا اور اس کے ساحل پیچھے کی طرف ڈھلوان نہ تھے ۔ المسعودی نے ان دونوں باتوں کو درج کیا ہے (التنبیہ، ص ۷۰، ۱۳۲) ۔ مؤخرالذکر کیفیت کا مشاہدہ اس نے شہر افسوس [قب یاقوت] Ephessus میں کیا تھا (جس کی تصدیق نہیں ہوئی) ۔ المسعودی نے کوہ اٹنا Etna (جبل البرکان، اطمۃ صقلیۃ، مروج، ۲ : ۲۶؛ التنبیہ، ص ۵۹) کی آتش فشانی کا ذکر بھی کیا ہے ۔ وہ یہ بھی بیان کرتا ہے کہ ہارون الرشید بحر روم کو بحرقلزم (Red Sea) سے ملانا چاہتا تھا مگر یحیی بن خالد البرمکی نے اسے اس اقدام سے یہ گزارش کر کے باز رکھا کہ اگر آپ نے ایسا کیا تو رومی اس میں سے گزر کر آ جائیں گے اور حج بیت اللہ میں رکاوٹ ڈالیں گے (مروج، ۳ : ۹۸ تا ۹۹).

پہلے پہل یونانیوں کا اس سمندر (بحر روم) پر غلبہ قائم رہا اگرچہ خشکی میں وہ شکست کھا چکے تھے، لیکن جلد ہی یہ غلبہ بھی ان کے ہاتھ سے نکل گیا، کیونکہ مسلمانوں کو بحری لڑائیوں میں فتح پر فتح نصیب ہوتی چلی گئی، جن میں ذات الصواری (= ''مستولوں کی'' لڑائی) سب سے زیادہ مشہور ہے (جو ساحل لکیا Lycia پر ۳۴ھ/ ۶۵۵ء میں لڑی گئی) ۔ معلوم ہوتا ہے کہ شام اور مصر میں واقع بوزنطی بحری اڈوں اور ان کے

Marfat.com

تربیت یافتہ عملے کو اب انھیں کے خلاف استعمال کیا گیا تاکہ مشرقی بحر روم کو عربوں کے زیر اقتدار لایا جا سکے ۔ ان کا یہ اقتدار بڑی حد تک بنو امیہ کے پورے عہد میں اور بنو عباس کے ابتدائی دور میں قائم رہا اور اس زمانے میں قسطنطنیہ پر بار بار حملے کیے گئے ۔ ایسا نظر آتا ہے کہ ہارون الرشید (قبّ سطور بالا) کے ایامِ خلافت میں یونانی بحری طاقت میں دوبارہ کچھ جان پڑ گئی تھی اور یونانی جنگی جہازوں نے، جو مسلمان قیدیوں کو ان کا زرِ فدیہ وصول کرنے کے لیے ۱۸۹ھ/ ۸۰۵ء میں اللامس Lamus (Cilicia) لائے تھے، خاصا رعب ڈالا (المسعودی : التنبیه، ص ۱۸۹) ۔ ۳۱۱ھ / ۹۲۳ء یا ۳۱۲ھ / ۹۲۴ء میں ایک مسلم جنگی بیڑا، جس میں بصرے اور شام کے دستے شامل تھے، ایک امیر البحر (’متولّی الغزو فی البحر‘) کی سرکردگی میں طرسوس روانہ ہوا اور بحرالروم کے شمالی حصے میں بڑی کامیابی سے جنگی کارروائیاں سرانجام دینے کے بعد وینس کے مقبوضہ علاقوں تک جا پہنچا، جہاں اس نے بُلغاروں کے ایک فوجی دستے سے رابطہ پیدا کیا، جس کے کچھ افراد ان کے ساتھ طرسوس لوٹ آئے (المسعودی : مروج، ۲ : ۱۶ تا ۱۷؛ ابن الأثیر، بذیل ۳۱۱ھ) ۔ کچھ اَور آگے چل کر المقتدر کے عہدِ خلافت (۲۹۵ھ / ۹۰۸ء تا ۳۲۰ھ / ۹۳۲ء) میں یونانی جہاز وسیع پیمانے پر باقاعدہ ساحل شام پر چھاپے مارتے رہتے تھے، چنانچہ اسی کی خلافت میں مشرقی بحر روم کا اقتدار ہاتھ سے نکل گیا (ابن حوقل، طبع ڈخویه، ص ۱۳۱ تا ۱۳۲؛ طبع Kramers، ص ۱۹۷) ۔ بظاہر یوں نظر آتا ہے کہ ۳۴۵ھ/ ۹۵۶ء تک (المسعودی : التنبیه، ص ۱۴۱) ان حصوں میں مسلمانوں کا کوئی بیڑا باقی نہیں رہا تھا۔

بحر روم کے مغرب میں ۹۲ھ / ۷۱۱ء میں ہسپانیہ پر حملے کے خاصے عرصے بعد مسلمانوں نے بعض انتہائی شاندار کارنامے دکھائے ۔ جبل القلال (Fraxinetum) پر مدت دراز تک مسلمانوں کے قبضے کا تذکرہ اوپر آ چکا ہے ۔ ۲۲۶ھ/ ۸۴۰-۸۴۱ء میں شمالی افریقہ کے اغلبی فرمانرواؤں کے ایک آزاد شدہ غلام نے جنوبی اطالیہ میں باری Bari پر قبضہ کر لیا ۔ اغالبہ اس زمانے میں بہت سرگرم عمل تھے ۔ باری برسوں تک عملاً خود مختار علاقہ رہا (البلاذری : فتوح، ص ۲۳۴ تا ۲۳۵)، جس کا ابن الأثیر نے تتبّع کیا ہے، دیکھیے بذیلِ واقعاتِ سالِ مذکور) ۔ ۲۲۸ھ/ ۸۴۳ء میں جب ایک اغلبی سپہ سالار نے مَسِّینی (Messina) کا محاصرہ کر رکھا تھا تو نابل یا نابل (Naples) کے لوگوں نے درخواست کی کہ انھیں زیرِ حمایت لے لیا جائے اور اپنی فوجیں مسلمانوں کے ساتھ شامل کر دیں (ابن الأثیر، بذیلِ واقعاتِ سالِ مذکور) ۔ تھوڑے ہی عرصے بعد روما اور وینس حملے کی زد میں آ گئے اور روما کو تو یہ خطرہ متعدد بار پیش آیا ۔ ۲۵۵ھ / ۸۶۹ء میں مالٹا مسخّر ہو گیا (ابن خلدون، ۴ : ۲۰۱) ۔ ایک عرصے کے بعد ۳۲۳ھ/ ۹۳۴ - ۹۳۵ء میں صقلیه کے ایک جنگی دستے نے جینوا Genoa پر حملہ کر کے قبضہ کر لیا؛ اس وقت صقلیہ پر فاطمی قابض تھے (الذهبی : دول الاسلام، بذیلِ سالِ مذکور) ۔ اس کے بعد اطالیہ پر مسلمانوں کے حملے کا خطرہ دھیما پڑ گیا۔

بحر روم پر شارلمان Charlemagne کے زمانے سے عیسائیوں کے بحری اقدامات کی شہادتیں ملنے لگتی ہیں ۔ جوں جوں صدیاں گزرتی گئیں ان اقدامات کی اہمیت میں بھی بتدریج اضافہ ہوتا چلا گیا، باوجودیکہ بوزنطی سلطنت پر زوال آ گیا اور مسلمانوں نے نئے سرے

marfat.com
Marfat.com

سے پیش قدمی کی، اور یہ یوں کہ دسویں صدی ہجری/ سولھویں صدی عیسوی میں ترکانِ آلِ عثمان نے سواحلِ بحر روم پر، جسے وہ بحرِ ابیض (آق دِنِز) کہتے تھے، جنوبی یونان (Peloponnese) سے الجزائر تک قبضہ کر لیا.

مآخذ: (۱) الاصطخری، ص ۶۸ تا ۱۷؛ (۲) ابن حوقل، طبع ڈ خویہ، ص ۱۲۸ تا ۱۳۷ و طبع Kramers، ص ۱۹۰ تا ۲۰۵ اور متعلقہ نقشے، بالمقابل ص ۸ و ۶۶، نیز ص ۱۹۳؛ (۳) المقدّسی، ص ۱۴ تا ۱۹؛ (۴) یاقوت، ۱: ۵۰۴ تا ۵۰۵؛ (۵) القزوینی: عجائب المخلوقات، ص ۱۲۳ تا ۱۲۷؛ (۶) النُّوَیری: نہایة الأرب: ۱: ۲۳۱ تا ۲۳۶؛ (۷) الادریسی، مترجمۂ Jaubert، ۱: ۵ تا ۶ و ۲: ۱ تا ۱۳، ۱۶ تا ۱۹، ۳۵ تا ۴۸، ۶۸ تا ۱۳۵، ۲۲۶ تا ۳۰۴، وغیرہ (سب سے زیادہ تفصیلی بیان لیکن ابتدائی زمانے کے لیے کم کار آمد)؛ الادریسی کے نقشوں کے لیے دیکھیے: (۸) K. Miller: *Mappae Arabicae*، شٹٹ گارٹ ۱۹۲۶ء بعد؛ (۹) ۱۹۲۶ء اور اس کے بعد صقلیہ کے واقعات پر ایک گمنام مصنّف کے وقائع، در Amari: *Biblioteca Arabo-Sicula*، متن ص ۱۶۵ تا ۱۷۶ و ترجمہ ص ۷۰ تا ۷۴؛ (۱۰) P. K. Hitti: *History of the Arabs*، بار ششم، پرنسٹن ۱۹۵۶ء، بمدد اشاریہ.

(D. M. Dunlop)

سلطنتِ عثمانیہ کے دور میں بحرِ متوسط [یا بحر روم] آق دنز، یعنی بحرِ ابیض، کے نام سے مشہور تھا اور اسی بنا پر یہ فارسی میں بحرِ سفید یا دریاے سفید کہلاتا ہے اور غالبًا اسی لیے یونان کی عوامی بولی میں ἡ ἄσπρη θάλασσα کے نام سے موسوم ہے۔ عثمانی اصطلاح میں اس کے اندر بحیرۂ ایجین (Aegean Sea) شامل تھا، بلکہ بعض اوقات تو معلوم ہوتا ہے کہ یہ نام محض اسی کے لیے مستعمل تھا، چنانچہ اس میں جو جزیرے واقع تھے وہ جزائر بحرِ سفید کہلاتے تھے۔ اس نام کی اصل کے بارے میں تیقّن سے کچھ نہیں کہا جا سکتا، کیونکہ قبل ازیں یونانی، بوزنطی یا اسلامی دور میں ایسا کوئی لفظ نہیں ملتا جسے اس کی اصل قرار دے سکیں۔ ہو سکتا ہے کہ یہ نام قرہ دنز (بحرِ اسود) کے مقابلے میں اختراع کر لیا گیا ہو، جو استانبول کے دوسری سمت واقع ہے۔ بحرالرّوم کی مکمل تفصیل (نقشوں کے ذریعے) اس اٹلس میں ملے گی جو ۹۳۰ھ/۱۵۲۳ء میں پیری [محی الدین] رئیس [رکّ بآں] نے سلطان سلیمان کی نذر کی تھی نیز اولیا چلبی کے سفر نامے (سیاحت نامہ، ۱: ۳۰۴ بعد و ۸: بمواضع کثیرہ)، حاجی خلیفہ کی تاریخِ سیاحت ہای بحری (تحفة الکبار، ص ۳ بعد، انگریزی ترجمہ از مچل J. Mitchell، ص ۳ بعد) اور اسی کی ایک اَور تصنیف جہان نما (ص ۷۶) میں ملے گی.

(ادارہ، لائڈن، طبع دوم)

**بَحْر الزَّنْج**: عرب بحر الزّنج سے بحر الہند [رکّ بآں] کا مغربی حصّہ مراد لیتے ہیں، جو خلیج عدن (خلیج بربری) سے لے کر سفالہ اور مدغاسکر تک، جو اُس وقت عرب کے جغرافیائی علم کا منتہا تھا، افریقہ کے مشرقی ساحل سے ٹکراتا ہے۔ یہ نام بلاد الزنج یا زنجبار (= زنج کا ملک) کے اس ساحل کے نام پر رکھا گیا ہے جو اس سے ملحق ہے۔ عربوں کے ہاں سیاہ فام بنتو حبشیوں کو زنج کہا جاتا تھا، جو بربروں یا اہل سینیا سے بالکل مختلف ہیں۔ زنج کا لفظ بہت پرانا ہے، یہاں تک کہ بطلمیوس (Ptolemy) بھی Ζίγγις (Ζήγγισα) اور Cosmas کی τὸ καλούμενον ἐκεῖ Ζίγγιον ἄκρα Indicopleustes کے نام سے واقف تھا، مگر Herzfeld نے نرسی ساسانی کے ایک کتبے میں جو زنیدِ افریک شاہ Zhandafrik shāh پڑھا ہے (*Paikuli*، ۱، برلن ۱۹۲۴ء: ۱۱۹) اسے آج کل صحیح تسلیم نہیں کیا جاتا (قب W. B. Henning، در *Studies presented to Vladimir Minorsky*، در *BSOAS*، ۱۹۵۲ء،

marfat.com

Marfat.com

۱۴ / ۳ : ۵۱۰) ۔ اس لفظ کی تشریح میں کہا گیا ہے کہ یہ فارسی لفظ زنگ ''زنگی'' (زردشتی پہلوی: زنگیک=حبشی) سے نکلا ہے، لیکن غالبًا اس کی اصل مقامی ہی ہے ۔ آج کل یہ نام جزیرۂ زنجبار Zanzibar اور دریاے زمبیسی Zambesi کے ایک معاون کے لیے، جس کا نام زنگو Zangue ہے، استعمال کیا جاتا ہے ۔ عربوں نے بحر الزنج اور اس کے ساحل کا خاصا ذکر کیا ہے اور یہ بیانات کسی حد تک باہم متناقض ہیں۔ عرب اس سمندر سے ڈرتے اور دور رہتے تھے ۔ عرب سیاحوں میں سے صرف المسعودی اور ابن بطوطہ نے اسے پار کیا، لیکن یہ دونوں سمندر کے متعلق کچھ لکھنے کے بجاے اس کے ساحل اور باشندوں کا ذکر زیادہ کرتے ہیں۔ کبھی کبھی وھیل مچھلی اور اس کے شکار کا ذکر بھی آ جاتا ہے، لیکن یہ بات قابل توجہ ہے کہ وھیل کے لیے جو لفظ (وال، آوال) انھوں نے استعمال کیا ہے وہ شکل میں اس نام سے ملتا ہے جو شمالی یورپ کی زبانوں میں اس مچھلی کے لیے استعمال ہوتا ہے (سلیمان تاجر، عربی متن، طبع Langles، ص ۴، ۱۳۸ تا ۱۴۱، در *Relation*: Reinaud *des voyages faits par les Arabes et les Persans* etc.، پیرس ۱۸۴۵ء، مترجمۂ G. Ferrand: *Voyage du marchand arabe Sulaymân*، پیرس ۱۹۲۲ء؛ ص ۳۰، ۱۳۲ تا ۱۳۳؛ قب المسعودی: مروج، ۱: ۲۳۴، ۳۳۴) ... W. Tomaschek نے اپنی کتاب *Die topographischen Capitel des indischen Seespiegels Mohît* (وی انا ۱۸۹۹ء) میں عربوں کے جغرافیائی تصورات پر مبنی ایک نقشہ تیار کرکے درج کیا ہے۔ بحر زنج اور سر زمینِ زنج کے بارے میں اور اس کے ساحل کے متعلق عرب جغرافیہ نویسوں کے ملاحظات L. Marcel Devic نے *Le Pays des Zendjs*، پیرس ۱۸۸۳ء میں جمع کر دیے ہیں۔ علاوہ ازیں دیکھیے حدود العالم، ص ۱۷۴ ببعد اور T.A. Shumovsky: *Tri neizvestnie Lotsii Akhmada ibn Mādzhida, Arabskogo Lotsmana Vasko da Gamii*، ماسکو ۱۹۵۷ء ۔ بحر ہند کے اس حصے میں جہازوں کی آمد و رفت کا انحصار مقررہ اوقات پر چلنے والی موسمی ہواؤں پر ہے اور جنوبی عرب، شمال مغربی ہندوستان اور افریقہ کے مشرقی ساحل کے درمیان دیرینہ تعلقات کا سبب بھی یہی ہے ۔ مزید معلومات کے لیے رک بہ بحر ہند؛ بحرالزنج .

([D.M. Dunlop و] C.H. Becker)

* **بحر ظُلُمات**: رک بہ بَحر محیط .

* **بَحرالعُلُوم**: (علوم کا سمندر)، ایک اعزازی لقب (صبح وطن، ص ۴۳)، جو مُلّا عبدالعلی محمّد بن نظام الدّین محمّد بن قطب الدّین الانصاری لکھنوی کو دیا گیا ۔ وہ انیسویں صدی کے ہندوستان میں بڑے پائے کے عالم گزرے ہیں۔ ان کا نسب مشہور و معروف خواجہ عبداللہ انصاری ہروی [رک بہ انصاری ہروی] سے ملتا ہے، جن کے اخلاف میں سے شیخ علاءالدّین (عبدالعلی کے دسویں جد) ہرات سے ہندوستان چلے آئے تھے اور اب ان کا مزار متھرا اور دھلی کے درمیان ایک موضع بڑناوہ میں ہے ۔ ان کے بعد ان کے اخلاف سہالی میں، جو لکھنؤ کے نزدیک ایک قصبہ ہے، آئے [اور ایک صدی تک وہیں مقیم رہے] ۔ عہدِ اورنگ زیب میں اس خاندان نے ''فرنگی محل''، لکھنؤ میں سکونت اختیار کی (دیکھیے رحمٰن علی: تذکرہ، بارِ دوم، ص ۱۶۸؛ قب الندوہ) . عبدالعلی کے دادا ملا قطب الدین (م ۱۱۰۳ھ/ ۱۶۹۱-۱۶۹۲ء) اور ان کے والد ملا نظام الدین (م ۱۱۶۱ھ/ ۱۷۴۸ء) اپنے علم و فضل کی وجہ سے بہت مشہور تھے (آزاد [بلگرامی]، جو لکھنو میں ملا نظام الدین سے ۱۱۴۸ھ/۱۷۳۶ء میں ملے ان کے بہت مداح ہیں،

Marfat.com

دیکھیے سبحة المرجان، بمبئی ۱۳۰۳ھ، ص ۹۴)۔ ملا نظام الدین ھی اس خاندان کی ھندوستان میں شہرت کی بنا ڈالنے والے ھیں ۔ یہ خاندان صدیوں تک نسلاً بعد نسلٍ علم و فضل میں شہرۂ آفاق رہا ۔ ۱۱۴۴ھ / ۱۷۳۱ - ۱۷۳۲ء میں عبدالعلی فرنگی محل میں پیدا ھوے ۔ وہ اپنے والد سے تحصیل علم میں مصروف ھوے اور انھیں کی زیر نگرانی سترہ برس کی عمر میں علوم اسلامی کا متداول نصاب مکمل کر لیا۔ والد کی وفات کے بعد انھوں نے ملا کمال الدین سہالوی فتحپوری (م ۱۱۷۵ھ / ۱۷۶۱ء) کی شاگردی اختیار کی، جو ان کے والد کے تلامذہ میں سے تھے (دیکھیے براکلمان : تکملہ، ۲ : ۶۲۴) ۔ اس کے بعد انھوں نے لکھنؤ میں ایک مدرّس اور مصنّف کی حیثیت سے اپنی زندگی کا آغاز کیا، لیکن ایک سنّی شیعہ تنازعے سے بیزار ھو کر لکھنؤ چھوڑ دیا اور پہلے شاہ جہان پور گئے جہاں انھوں نے بیس سال تک قیام کیا اور پھر رام پور چلے گئے (قبّ نجم الغنی : اخبار الصنادید، لکھنؤ ۱۹۱۸ء، ۱ : ۶۰۰، ۵۹۶)، جہاں وہ چار سال ٹھیرے ۔ یہاں سے وہ بہار (بردوان، بنگال میں) پہنچے اور آخر کار نواب کرناٹک (نواب والا جاہ محمد علی خان، م ۱۲۱۰ھ/۱۷۹۵ء، جو اصلاً لکھنؤ کے قریب ایک قصبے گوپامؤ کے تھے) کے بلانے پر مدراس چلے گئے ۔ مدراس جاتے وقت ان کے همراہ چھے سو فاضل (رجال العلم) تھے، والا جاہ نے ان کی بہت آؤ بھگت کی اور ان پر اور ان کے رفقا پر انعام و اکرام کی بارش کر دی؛ ان کے لیے ایک عالی شان مدرسہ تعمیر کیا اور ان کے اصحاب و تلامذہ کے لیے، جو وھاں دور و نزدیک سے آ کر جمع ھوے تھے، نقد وظائف مقرر کردیے ۔ نواب کے جانشین بھی ان سے بدستور اسی لطف و کرم سے پیش آتے رہے، تاآنکہ والا جاھیوں کا دور ختم ھوا اور مدراس پر انگریزی حکومت مسلّط ھو گئی، تاھم اس زمانے میں بھی ان کے اور ان کے مدرسے کے دیگر معلّمین و متعلّمین کے ماھانہ وظائف اور عطیے بدستور جاری رہے ۔ عبدالعلی مدراس سے پھر لکھنؤ نہیں لوٹے اور مدراس ھی میں بتاریخ ۱۲ رجب ۱۲۲۵ھ/ ۱۳ اگست ۱۸۱۰ء ان کا انتقال ھو گیا [حدیقة المَرام میں لفظوں میں ''الثالث عشر من رجب'' لکھا ھے؛ کتابخانۂ سعیدیہ، حیدر آباد میں تواریخ اکابر اسلام ایک قلمی کتاب ھے، جس میں ''از جہان عین علم و عقل برفت'' (= ۱۲۲۵) سے ان کی تاریخ وفات نکالی ھے] اور وھیں شہر کی مسجد والا جاھی کے پہلو میں مدفون ھوے. (ان کی اولاد کے حالات کے لیے دیکھیے الطاف الرحمٰن : احوال، ص ۶۴، ببعد اور ان کے ممتاز تلامذہ کے لیے حدایق الحَنفیہ و حدیقة المرام) ۔ ان کا لقب بحرالعلوم والا جاہ ھی کا عطا کیا ھوا تھا (عام طور پر یہی بیان کیا جاتا ھے، تاھم قبّ الطاف الرحمٰن : احوال، ص ۶۵، جہاں یہ لکھا ھے کہ یہ خطاب ان کو شاہ ولی اللہ دہلوی [رکّ بآن] نے بخشا تھا ۔ علاوہ ازیں نواب نے انھیں ملک العلماء کا خطاب بھی دیا تھا ۔ پہلا لقب شمالی ھند میں زیادہ مشہور ھے اور دوسرا جنوبی ھند میں [قبّ محمد غوث خان : تذکرۂ صبح وطن، مدراس ۱۲۵۹ھ، ص ۳۴، ۳۶ و ۴۸؛ واقعات اظفری، مدراس ۱۹۳۷ء ، ص ۱۷۶ : اظفری اور ملک العلماء رمضان ۱۲۱۹ھ / دسمبر ۱۸۰۴ء میں ایک ھی مجلس میں جمع تھے].

علوم دینی کی تعلیم دینے کے علاوہ ان کے والد نے انھیں علوم باطنیہ سے بھی آشنا کر دیا تھا (الطاف الرحمٰن) ۔ وہ ابن العربی کے صوفی مسلک سے تعلق رکھتے تھے اور شیخ کے ارشادات پر، جو ان کی فصوص اور الفتوحات میں درج ھیں، انھیں پورا پورا یقین تھا ۔ ان کی شرح مثنوی مولوی روم

marfat.com
Marfat.com

(لکھنؤ ۱۸۷۳ء، ۳ جلدیں) کی اصل غایت ھی یہ تھی کہ شیخ کی مذکورۂ بالا دونوں تصانیف کی روشنی میں مثنوی کے اسرارِ معنوی کی وضاحت کی جائے (دیکھیے ملّا صاحب کا اس شرح کا عربی مقدمہ) - انھوں نے فصوص کی ایک فصل (الفصّ النوحی، براکلمان، ۱ : ۷۹۳) کی شرح بھی لکھی ھے [یہ کتاب حیدر آباد دکن میں چھپ چکی ھے] - انھوں نے بسترِ مرگ پر بھی جو بیان دیا وہ یہ تھا کہ مجھے شیخ کے عقائد (''اَغصان'') کی صداقت کا ادراک ھو رہا ھے۔

لوگ ان کی جرأت، سخاوت، ترک لذات اور زاھدانہ منش کے بہت مداح ھیں [وہ عالمِ ربانی اور عارف حقّانی اور اھل وجد و حال میں سے تھے (حدیقہ المرام)] - اپنی عمر دراز کا بڑا حصہ انھوں نے تدریس و تعلیم اور تصنیف و تالیف میں صرف کیا - ھندوستان میں ان کا اپنے ھم عصروں پر بہت گہرا اثر تھا اور ان سب پر وہ تبحّر علمی اور نقد و فراست کے لحاظ سے فوقیت رکھتے تھے۔ ''ھندوستان کے اندر آئندہ زمانے میں ان کا ثانی پیدا ھونا محال ھے'' (نزھۃ الخواطر) - آپ کے مطالعے کا خاص موضوع ایک طرف تو فقہ و اصول فقہ تھے اور دوسری طرف علوم فلسفہ [مگر صاحب التاج المکلل (ص ۳۲٦)، کو اس سے اختلاف ھے] - آپ نے بہت سی کتابیں عربی — اور غیر معمولی طور پر اعلیٰ پائے کی کلاسیکی عربی — اور فارسی میں لکھیں - زمانے کے دستور کے مطابق یہ سب تصنیفات دراصل مروّجہ کتبِ نصاب کے متنوں پر شروح، حواشی یا حواشی بر حواشی ھیں.

آپ کی دیگر اھم تصنیفات یہ ھیں :-

(الف) فلسفہ : (۱) شرح سلّم العلوم (منطق پر محب اللہ بہاری، م ۱۱۱۰ھ/۱۷۰۷ء، کی مشہور تصنیف سلّم کی شرح)، دہلی ۱۸۹۱ء [اس کا خطی نسخہ کتاب خانۂ دانش گاہ پنجاب کے مجموعۂ شیرانی میں ھے، دیکھیے شمارہ ۲۲۰۵]؛ (۲) التعلیقات (یا منہیّۃ) علی شرح سلّم العلوم (زبید احمد، ص ۳٦۵)؛ (۳) الحاشیۃ علی الحاشیۃ الزاھدیۃ الجلالیۃ، لکھنؤ ۱۸۷۲ء (JSAB، ۷ : ٦۹۵)؛ (۴) الحاشیۃ علی الحاشیۃ الزاھدیۃ القطبیۃ، دھلی ۱۲۹۲ھ/ ۱۸۷۵ء (براکلمان : تکملہ، ۲ : ۲۹۳)؛ (۵) الحاشیۃ علی الصدرا (صدر الشیرازی الابہری : ھدایۃ الحکمۃ کی شرح از صدرا الشیرازی پر حاشیہ)، لکھنؤ ۱۸۳٦ء (براکلمان : تکملہ، ۱ : ۸۳۰؛ JSAB، محلِ مذکور؛ (٦) التعلیقات علی الأفق المبین، (براکلمان : تکملہ، ۲ : ۵۸۰)؛ (۷) العجالۃ النافعۃ (براکلمان : تکملہ، ۲ : ٦۲۵، س ۴، جہاں ۴۹۹ کے بجاے ۳۹۹ پڑھنا چاھیے).

(ب) علم العقائد و الکلام : (۱) الحاشیۃ الزاھدیۃ علی الامور العامّۃ (زبید احمد، ص ۳۳۸)؛ (۲) الحاشیۃ علی شرح العقائد الدوانی (حوالۂ سابق)؛ (۳) شرح مقامات المبادی (حوالۂ سابق)؛ (۴) الحاشیۃ علی شرح المواقف (حوالۂ سابق، براکلمان : تکملہ، ۲ : ۲۹۰)، لکھنؤ ۱۸۷٦ء.

(ج) اصول الفقہ : (۱) فواتح الرحموت (شرحِ مسلم الثبوت، از محب اللہ بہاری (م ۱۱۱۹ھ/ ۱۷۰۷ء، براکلمان : تکملہ، ۲ : ٦۲۴)؛ (۲) رسالۃ الارکان الاربعۃ (فقہ) (براکلمان : تکملہ، ۲ : ٦۲۵) [مطبوعہ لکھنؤ ۱۳۲۸ھ]؛ (۳) تنویر المنار شرح المنار (فارسی میں) (براکلمان : تکملہ، ۲ : ۲٦۳)؛ (۴) تکملۃ شرح التحریر (اپنے والد کی شرح التحریر فی اصول الدین لا بن ھمام کا تکملہ (زبید احمد، ص ۲۸۳؛ JASB، ۷ : ٦۹۵). شرح فقہ اکبر (رحمٰن علی، ص ۱۲۳).

(د) حدیث : رسالۃ تقسیم الحدیث (زبید احمد، ص ۳٦۲).

(ھ) ریاضی : شرح المجسطی (زبید احمد، ص ۳۸۲).

(و) اخلاق : رسالۃ التوحید الکافیۃ لصوفی المتقی

Marfat.com

(الکرسی متین) (رحمٰن علی، ص ۱۲۳؛ قاموس المشاہیر، بذیل مادۂ عبدالعلی ۳۸۲).

(ز) قواعد عربی: ہدایة الصرف.

مآخذ: (۱) ولی اللہ فرنگی محلی: الأغصان الأربعة للشجرة الطیّبة در احوال علماء فرنگی محل کمالاً و نسبًا و علمًا، مخطوطۂ [کتاب خانۂ] ندوہ، (در لکھنؤ ورق ۵۰ تا ۵۳)، کتاب کا نسخۂ مطبوعۂ لکھنؤ ۱۲۹۸ھ / ۱۸۸۱ء راقم مقالہ کو دستیاب نہیں ہوا)؛ (۲) صدیق حسن خاں: ابجد العلوم، بھوپال ۱۲۹۵ھ / ۱۸۷۸ء، ص ۹۲۷؛ (۳) فقیر محمد جہلمی: حدائق الحنفیه، لکھنؤ ۱۸۹۱ء، ص ۳۶۷؛ (۶) الطاف الرحمٰن: احوال علماء فرنگی محل، [لکھنؤ] ۱۹۰۷ء، ص ۳۶ ببعد؛ (۵) عبدالباری: آثار الأوَل، ص ۳۲ (راقم مقالہ کو نہیں ملی)؛ (۶) عبد الاول جونپوری: مفید المفتی، لکھنؤ ۱۳۲۶ھ/۱۹۰۸ء، ص ۱۳۵ ببعد؛ [(۷) محمد مہدی واصف مدراسی: حدیقة المرام (تصنیف ۱۲۷۹ھ)، مدراس ۱۲۷۹ھ، ص ۳۰؛] (۸) رحمٰن علی: تذکرۂ علماے ہند، بار دوم، لکھنؤ ۱۳۳۲ھ / ۱۹۱۴ء، ص ۱۲۲؛ (۹) عبدالحی لکھنوی (حکیم): نزهة الخواطر؛ (۱۰) الندوة (جریدۂ ندوة العلماء، لکھنؤ، اپریل تا جون ۱۹۰۷ء)؛ (۱۱) محمد ہدایت حسین: *The Life and Works of Bahr-ul-Ulūm*، در *JASB*، سلسلۂ جدید، ۷ (۱۹۱۱ء): ۶۹۳ تا ۶۹۵؛ (۱۲) براکلمان: تکملہ، ۲: ۶۲۳ (و بمدد اشاریہ)؛ (۱۳) زبید احمد: *The Contribution of India to Arabic Literature*، الٰہ آباد ۱۹۴۶ء، [و لاہور ۱۹۶۸ء، بمدد اشاریہ].

(محمّد شفیع)

**بحر غزال**: (۱) بحر الجبل (بالائی نیل ابیض) کا ایک معاون، جو ایک نہایت وسیع دلدلی رقبے کے پانی کے نکاس کے لیے کھاڑی کا کام دیتا ہے۔ یہ دلدلیں نیل اور کانگو کے درمیانی علاقے سے نکلنے والے کئی دریاؤں (مثلاً تونج Tondj جُور Djūr اور بحرالعرب کے پانی سے بنی ہیں، جو خانہ بدوشوں کے علاقہ بقّارہ [رَکَ باں] کی جنوبی حد ہے۔ بحر غزال کی کھاڑی مَشْرعُ الرَّیْک (اس نام کے مختلف ہجّے اور مصادر بتائے جاتے ہیں) سے ایک سو چوالیس میل تک پھیلی ہوئی ہے، جہاں یہ جھیل نو (Lake No) پر بحرالجبل سے جا ملتا ہے، جس میں یہ عرض بلد ۹ درجہ ۲۹ دقیقہ شمالی پر جا گرتا ہے.

(۲) وہ خطّہ جو ان ندّیوں کی گزرگاہوں سے بنا ہے، جو بالآخر بحر غزال میں جا گرتی ہیں۔ یہ ایک بے قاعدہ سی مثلث ہے، جس کے شمال میں بحر عرب ہے، جنوب مغرب میں نیل اور کانگو کا درمیانی علاقہ اور جنوب مشرق میں دریاے نَعام یا رُہْل Rohl ہے۔ ان ندیوں کے زیریں حصوں میں مستقل طور پر دلدل (عربی: سدّ) رہتی ہے (جیسے کہ بحر غزال اور بحرالجبل میں)، جس نے، جیسا کہ اس عربی لفظ (سدّ) کے لغوی مفہوم سے ظاہر ہے، ایک عرصۂ دراز سے دریاے نیل کی راہ سے اس خطّے پر آمد و رفت کا دروازہ بند کر رکھا ہے۔ اس خطّہ کا مغربی حصّہ سنگِ آہن کی سطح مرتفع پر مشتمل ہے۔ اس سطح مرتفع اور سدّ کے درمیان ایک میدان ہے، جس میں سیلاب کا پانی جمع ہوتا ہے۔ شمال اور مشرق میں یہاں کے قدیم سیاہ فام مشرک باشندے آباد ہیں، جو زیادہ تر نیم خانہ بدوشانہ زندگی بسر کرتے ہیں، مویشی چراتے ہیں اور ڈِنکہ کہلاتے ہیں۔ اس سطح مرتفع کے شمالی حصّے [دار فرتیت] میں فَرُوقی اور کُریش قبیلے آباد ہیں اور انتہائی جنوب کے علاقے میں، جیسے بلجین کانگو کی سرحد تقسیم کرتی تھی، آزَندہ (نِیم نِیم Niam-Niam، عربی: نَمانم) رہتے ہیں.

(۳) جمہوریۂ سوڈان کا ایک صوبہ، جو مذکورۂ بالا خطّے سے ملا ہوا ہے، اس کا رقبہ

marfat.com
Marfat.com

۸۲۵۳۰ مربع میل اور آبادی ۹۹۱۰۲۲ ہے۔ اس صوبے کے چار ضلع ہیں اور اس کا صدر مقام واؤ Wau ہے۔

علاقے کی تاریخ: Burckhardt (۱۸۱۳ء) بیان کرتا ہے کہ دارفرتیت وہ علاقہ ہے جو دارفور کو تجارت کے لیے غلام مہیا کرتا ہے۔ بحر غزال میں نیل کی راہ سے نفوذ سلیم قپودان کی بحرالجبل کی طرف مہمات (۱۸۳۹ تا ۱۸۴۲ء) کے بعد سے شروع ہوا۔ ۱۸۵۰ء کے عشرے میں متعدد تاجر، جن میں یورپی بھی شامل تھے، ہاتھی دانت کی تلاش میں نیل کی راہ سے بحر غزال میں داخل ہونا شروع ہوے؛ لیکن چونکہ اس کے حصول میں دشواریاں پیش آئیں اس لیے انھوں نے بردہ فروشی کا پیشہ اختیار کر لیا اور یہ تجارت بڑی نفع بخش ثابت ہوئی۔ دارفرتیت میں ہاتھی دانت کے تاجروں کی آمد کُردُ دُفان اور دارفور کے بردہ فروشوں (جَلّابہ) کے لیے ممد و معاون ثابت ہوئی۔ ۱۸۶۰ء کے بعد سے جب یورپ کے لوگوں نے اپنے مرکز اپنے عرب نائبین کے ہاتھ فروخت کر دیے تو بردہ فروشی میں بہت ترقی ہوئی۔ یہ لوگ سعیدیوں، قبطیوں اور دریاے نیل (البحر) کی راہ سے آنے والے دوسرے لوگوں پر مشتمل تھے اور بحّارہ کے نام سے موسوم تھے۔ ان کے پاس مسلّح محافظ ہوتے تھے، جو بالعموم شمالی علاقے کے قبیلۂ دناقلہ سے بھرتی کیے جاتے تھے یا پھر غلاموں ھی کے فوجی دستے (بازِنقر) ہوتے تھے۔ اس کے علاوہ مستحکم گڑھیاں (زریبَة) بنا کر رہتے تھے۔ یہ لوگ اپنے علاقوں میں مطلق فرمانروا کی حیثیت رکھتے تھے اور وہاں کی تجارت پر ان کا اجارہ ہوتا تھا۔

مغربی بحر غزال میں ممتاز ترین شخصیت الزّبیر رحمت منصور کی نظر آتی ہے۔ ۱۸۵۸ء میں اس نے ایک خود مختار تاجر کی حیثیت سے اپنی زندگی کا آغاز کیا اور مغرب میں اس علاقے کی سمت بڑھتا ہوا جس کی طرف اب تک توجہ نہیں کی گئی تھی وہ آخر کار نیم نیم Niam-Niam تک جا پہنچا، جہاں اس نے اپنی ایک نجی فوج تیار کر لی۔ وہاں سے نکالے جانے پر اس نے ۱۸۶۵ء میں دارفرتیت میں اپنی حکومت قائم کر لی۔ ۱۸۶۶ء میں اس نے شمال میں رِزیقات بقّارہ کے ساتھ معاہدہ کر لیا اور اس طرح شکّا کی راہ سے دارفور تک تجارت کا راستہ کھل گیا۔ ان دنوں خدیو اسمٰعیل بردہ‌فروشی کے استیصال اور بحرالجبل اور بحر غزال دونوں کو حکومت مصر کے ماتحت لانے کی تدبیر کر رہا تھا۔ ۱۸۶۹ء میں حکومتِ خرطوم نے دارفور کے ایک قسمت آزما محمد البُلالی (یا الهلالی) کے ماتحت ایک فوجی مہم روانہ کرنے کی اجازت دے دی، لیکن اسے الزّبیر کے ہاتھوں شکست نصیب ہوئی۔ اس سے الزّبیر کا اقتدار بڑھ گیا۔ آگے چل کر سرسیموئل بیکر Sir Samuel Baker کی بحر الجبل کی مہم (۱۸۶۹ تا ۱۸۷۳ء) کے باعث اس شمال مغربی گزر گاہ کی اھمیت میں جو اس کے زیرِ تسلّط تھی اَور بھی اضافہ ہوگیا۔ بہر حال جن دنوں الزّبیر نیم نیم Niam-Niam سے مصروفِ جنگ تھا (۱۸۷۲ء) رزیقات نے شکّا کے راستے پر آنے جانے والے تاجروں پر حملہ کر دیا۔ اس کے بعد رزیقات کے ساتھ الزّبیر کی لڑائیوں کا نتیجہ یہ ہوا کہ اس کی ان کے فرماں روا، یعنی دارفور کے سلطان ابراهیم سے ٹھن گئی۔ اب الزّبیر نے مصری اربابِ حکومت کے ساتھ مل کر دارفور پر حملہ کرنے کا منصوبہ بنایا، چنانچہ اسے بحرغزال اور شکّا کا حاکم مقرر کر دیا گیا اور ۱۸۷۴ء میں دارفور فتح ہو گیا۔

اس سے اگلے سال الزّبیر قاهرہ چلا گیا، جہاں اسے خدیو نے نظر بند کر لیا۔ اس کا بیٹا سلیمان

marfat.com
Marfat.com

بحر غزال میں بیٹھ رہا، جہاں مصری حکومت برائے نام تھی - ۱۸۷۷ء میں گورڈن C. G. Gordon، گورنر جنرل، نے سلیمان کو بحر غزال کا گورنر مقرر کر دیا - اپنے ایک حریف سے اس کی لڑائی ہو گئی، جس کا یہ نتیجہ نکلا کہ سیلمان نے بغاوت کر دی - ۱۸۷۹ء میں وہ گورڈن کے اطالوی نائب [جسّی باشا] R. Gessi کے ہاتھوں شکست کھا کر مارا گیا، جسے اس کی جگہ وہاں کا گورنر بنا دیا گیا۔ اس نے ۱۸۸۰ء تک، جب کہ اسے واپس بلا لیا گیا، صوبے میں امن و امان قائم کرنے کی انتہائی کوشش کی - اس کا جانشین ایک انگریز [لبٹون بک] F. M. Lupton ہوا، جسے مہدی کی بغاوت کے مخالف اثرات سے دو چار ہونا پڑا - جب مہدی نے الاُبَیِّض کی تسخیر کے بعد شَیکان میں فتح پائی (۱۸۸۳ء) تو لُپٹن کے پاس کمک پہنچنے کا سلسلہ منقطع ہو گیا۔ اس کے بہت سے افسر شمالی سوڈان کے باشندے تھے، جن کی ہمدردیاں مہدی کے ساتھ تھیں - اپریل ۱۸۸۴ء میں لُپٹن نے صوبائی صدر مقام دَیْم الزّبیر ایک مہدوی فوجی دستے کے حوالے کر دیا، جو کرم اللہ کُرقُوساوی کے زیرِ کمان تھا؛ لیکن یہاں مہدوی حکومت مؤثر طور پر قائم نہ ہو سکی اور ۱۸۸۶ء میں کرم اللہ اپنی فوج کو دارفور کی طرف واپس لے گیا۔

اب بحر غزال یورپی شہنشاہی استعمار کی آماجگاہ بن گیا - ۱۸۹۴ء میں کانگو فری سٹیٹ کی دو فوجی مہمیں دار فرتیت میں داخل ہو گئیں اور قبیلۂ فروتی کے سردار نے حکومت کانگو کی حمایت میں آنا قبول کر لیا - اس پر دارفور کے مہدوی گورنر محمود احمد نے الختیم موسیٰ کو بھیجا کہ وہ تمام یورپی باشندوں کو وہاں سے نکال دے، تاہم وہ اس کی آمد سے قبل ہی وہاں سے جا چکے تھے، کیونکہ اگست ۱۸۹۴ء میں فرانس اور کانگو کے مابین ایک معاہدے کی رو سے بحر غزال فرانسیسی استعمار میں آ چکا تھا - ایک فرانسیسی مہم نے J. B. Marchand کے زیر کمان اس علاقے کو عبور کر لیا اور جولائی ۱۸۹۸ء میں نیلِ ابیض کے کنارے فشودہ Fashoda کے مقام پر پہنچ گئی، جہاں سے وہ دسمبر میں واپس آ گئی، کیونکہ انگریزی - مصری حکومت نے سوڈان کو دوبارہ فتح کر لیا تھا - ۲۱ مارچ ۱۸۹۹ء کو انگریزی - فرانسیسی معاہدے کی رو سے فرانسیسی بحر غزال پر اپنے حقوق سے دست بردار ہو گئے اور دونوں کے علاقوں کے درمیان کانگو - نیل فاصل آب سرحد قرار پایا - سرحد کا قطعی تعیّن ۱۹۲۴ء میں ہوا۔

صوبے کا نظم و نسق از سرِ نو اس وقت شروع ہوا جب دسمبر ۱۹۰۰ء میں سپارکس W.S. Sparkes کی سرکردگی میں ایک مہم مشرع الرِّیک پہنچی - اگلے چند سال کے دوران میں مواصلات کا سلسلہ شروع ہو گیا، کیونکہ سد کو صاف کر کے سڑکیں بنا دی گئی تھیں - قیامِ امن اور تفتیشِ بلاد کے لیے گشتی دستے روانہ کیے گے اور سرکاری چوکیاں قائم کی گئیں - ۱۹۰۵ء میں رومن کیتھولک مشن کی سرگرمیاں مغربی بحر غزال میں شروع ہوئیں اور اینگلیکن چرچ کے مبلغین نے ۱۹۰۵ء سے مشرقی علاقے میں اپنے کام کا آغاز کیا - ان مشنری جماعتوں نے ایک ایسے نظام تعلیم کی بنیاد رکھی جو ۱۹۲۵ء سے برابر حکومت کے زیر اختیار آتا جا رہا ہے - اس کے بعد کئی سال تک وقتًا فوقتًا قبیلوں کی شورشیں جاری رہیں، تاہم ان سے قطع نظر بحر غزال کی حالیہ تاریخ ہنگامے سے خالی ہے۔

مآخذ: دیکھیے ۱۹۳۷ء تک کے مواد کے لیے: (۱) *A Bibliography of the Anglo - Egyptian* : R. L. Hill *Sudan*، مطبوعۂ لنڈن؛ وہاں کے ممتاز افراد کے

marfat.com
Marfat.com

بارے میں مختصر شذرات کے لیے : (۲) *A Biographical Dictionary of the Anglo-Egyptian Sudan*، آوکسفرڈ ۱۹۰۱ء؛ (۳) *Sudan Notes and Records*، خرطوم ۱۹۱۸ء، میں متعدد مقالات، بالخصوص قبائل کے بارے میں موجود ہیں - ۱۹۳۸ء سے اس مجلّے میں سالانہ کتابیات شائع ہو رہی ہیں؛ الزّبیر کے حالات زندگی کے لیے دیکھیے: (۴) نَعُّوم شُقَیْر : تاریخ السودان، قاہرہ ۱۹۰۳ء، ۳ : ۶۰ تا ۸۸، ترجمہ و حواشی از M. Thilo، بعنوان *Ez - Zibēr Rahmet Paschas Autobiographie, ein Beitrag zur Geschichte des Sudan*، بون و لائپزگ ۱۹۲۱ء؛ بلجی نفوذ پر دیکھیے: (۵) L. Lotar : "La Grande Chronique de Bomu" *Momoires, Section des Sciences Morales et Politiques, Institut Royal Colonial Belge*، مطبوعۂ برسلز و (۶) A. Abel : *Traduction de documents arabes concernant le Bahr-el-Ghazal*، در *Bull. de. l' Acad. royale des Sci. coloniales*، ۲۵ (۱۹۵۴ء) : ۱۳۸۵ تا ۱۴۰۹؛ (۷) M. F. Shukry : *The Khedive Ismail and Slavery in the Sudan*، قاہرہ ۱۹۳۸ء عام مطالعے کے لیے ایک مفید کتاب ہے.

(P.M. Holt.)

* **بحرِ فارِس** : خلیج فارس، جس میں المسعودی نے خلیج عُمان کو بھی شامل کیا ہے۔ الاصطخری اور ابن حوقل اس نام کا اطلاق پورے بحر ہند پر کرتے ہیں۔ حدود العالم میں خلیج عراق (= خلیج فارس) کو خلیج پارْس (= خلیج عمان) اور بحیرۂ عرب سے متمیز کیا گیا ہے۔ المسعودی تنگ ترین مقام پر اس کا عرض ڈیڑھ سو میل بتاتا ہے [حالانکہ آبنائے ہرمز کا پاٹ در حقیقت تقریباً انتیس میل ہے ۔ مسلمان جغرافیہ نویسوں کے یہاں موجودہ اَلْاَحْساء کو بحرین کہا گیا ہے اور اُوال کا نام ان جزیروں میں سے ایک کے لیے استعمال ہوا ہے جو آج کل بحرین کہلاتے ہیں۔ اسی طرح یہ جغرافیہ نویس ہِندَرابی کو ابرون، کِشم کو لافت، جزیرۂ بنی کاوان یا برکوان اور شیخ شعیب کو لاوان، لان یا لار کے نام سے موسوم کرتے تھے۔

المسعودی کا بیان ہے کہ عبدالمسیح نامی ایک شخص نے، جس کی عمر ساڑھے تین سو برس تھی، حضرت خالدؓ بن ولید کو بتایا تھا (کہ اس نے اپنی زندگی میں) نجف کو سمندر میں ڈوبا ہوا اور جہازوں کو الحیرہ کے جنوب میں دریاے فرات تک آتے جاتے دیکھا ہے ۔ المسعودی خواہ اس داستان کو سچ نہ سمجھتا ہو لیکن اس کی جغرافیائی حقیقت کو ضرور تسلیم کرتا ہے۔ بہت سے علماے [جغرافیہ] یہ بات تسلیم کر چکے ہیں کہ جو مٹی دریاؤں کے ساتھ بہہ بہہ کر آتی رہی اس سے بحر فارس بتدریج بھرتا رہا ہے ۔ عَبّادان کی تاریخ سے اس امر کی تصدیق ہوتی ہے ۔ المقدسی اور [صاحبِ] حدود العالم کے بیان سے یوں معلوم ہوتا ہے جیسے وہ ساحل پر واقع ہے۔ اس کے برخلاف ناصر خسرو کے نزدیک وہ جوار کے زمانے میں سمندر سے تقریباً دو کوس ہوتا ہے ۔ ابن بطوطہ نے اس کا فاصلہ سمندر سے تین میل بتایا ہے ۔ اب یہ سمندر سے تیس میل سے کچھ زیادہ فاصلے پر واقع ہے ۔ بایں ہمہ یہ دعوٰی کیا گیا ہے (G.M. Lees و N. Falcon : *'The Geological History of the Mesopotamian Plains*، در *GJ*، ۱۹۵۲ء) کہ اگرچہ سطح زمین مقامی طور پر بلند ہو گئی ہے اور دریاؤں نے بھی اپنے رخ بدل دیے ہیں (رکّ بہ دجلہ؛ فرات؛ کارون) تاہم عرب کے سلسلہ ہاے کوہ اور ایرانی پہاڑوں کے درمیانی رقبے کی زمین طبقات الارض کی تبدیلیوں کے باعث بیٹھ گئی ہے۔ دریا کی مٹی کے جمع ہو جانے سے جو رد عمل ہونا چاہیے تھا اس کے بجاے زمین کی سطح اور نیچی ہو گئی ہے۔

marfat.com
Marfat.com

دجلہ اور فرات اپنی مٹی پشتی القرنۃ کے اوپر دلدلوں میں پھینکتے ہیں اور بحر فارس پر زیادہ تر اس مٹی کا اثر پڑتا ہے جو دریائے کارون اپنے ساتھ لاتا ہے ۔ اس بات کی کوئی ارضیاتی شہادت نہیں کہ طبقات الارض میں جدید ترین تبدیلیوں کے بعد سے بحر فارس کے دھانے کا جو محل و قوع چلا آ رہا ہے وہ قبل ازیں نسبۃً شمال مغرب میں تھا ۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ تاریخی ادوار میں یہ زیادہ جنوب مشرق میں واقع رہا ہو (دیکھیے مراسلات، در *GJ*، ۱۹۰۴ء) .

بحر فارس کو اپنے محل وقوع کے باعث بڑی اہمیت حاصل رہی ہے، گو اس کی نوعیت ہمیشہ بدلتی رہی ہے ۔ اس کی تاریخ کے متعلق ہمارا علم بالکل ادھورا ہے۔ متعدد مقامی وقائع ہنوز مخطوطات کی صورت میں ملتے ہیں اور بحیرۂ قلزم اور وسط ایشیا میں متبادل تجارتی راستوں کے باہمی مقابلے کی داستان کا تحقیقی مطالعہ ابھی باقی ہے۔ یہاں صرف بہت نمایاں واقعات درج کیے گئے ہیں۔ مزید تفصیلات کے لیے ان مقالات کا مطالعہ کیا جا سکتا ہے جو مختلف بندرگاہوں کے متعلق لکھے گئے ہیں۔ عربوں کی فتوحات سے پہلے بھی تجارت خوب رونق پر تھی اور ایران کے تجارتی تعلقات چین سے قائم تھے ۔ چینی دستاویزات میں جس ''پوسو'' Po ssu کا ذکر ہے اسے اہل فارس یا ایرانی سمجھنے میں تامل کیا گیا ہے، اس لیے کہ اس لفظ سے اہل ملایا کی طرف بھی اشارہ ہو سکتا ہے، لیکن ایک حوالے (*Chou T'ang Shu*، ۸ : ۱۹) سے اس کی تائید ہوتی ہے۔ اس میں ۱۰۳-۱۰۴ھ / ۷۲۲ء کی ایک Po ssu سفارت کا ذکر کیا گیا ہے جو ہدیۃً شیر ببر لائی تھی اور ملایا میں شیر ببر نہیں ہوتے ۔ ہوانگ چاؤ Huang Ch'ao کی بغاوت اور ۲۶۴-۲۶۵ھ / ۸۷۸ء میں اس کے ہاتھوں کینٹن Canton کے تباہ و برباد ہو جانے سے تجارت کا سلسلہ درہم برہم ہو گیا ۔ اور بظاہر چوتھی صدی ہجری / دسویں صدی عیسوی میں ایران سے چین کی جانب بحری سفروں کا سلسلہ منقطع ہو گیا ۔ اس بات کی کوئی موثق شہادت موجود نہیں ہے کہ نویں صدی ہجری/پندرھویں صدی عیسوی کے اوائل میں منگ Ming بحری سفروں سے پہلے بھی چینی جہاز بحیرۂ فارس میں آتے جاتے تھے ۔ ابتدائی اسلامی عہد میں سب سے بڑی تجارتی بندرگاہ سیراف تھی، جو طاھری کے نواح میں واقع تھی ۔ آل بویہ کے متاخر فرمانرواؤں کے عہد میں اس پر زوال آ گیا اور اس کی حکومت عرب قبیلۂ بنو قیصر کے ہاتھوں میں چلی گئی، جو بنی قیس (در اصل کیش، کیس) کی ایک شاخ تھے۔ آگے چل کر فارس کے سلغری اتابکوں نے اسے اپنے زیرنگیں کر لیا۔ ۶۲۶ھ/۱۲۲۹ء میں والی ہرمز نے، جو کرمان کا باجگزار تھا، قیس کو مسخر کر لیا ۔ بنو قیصر کا خاتمہ ہو گیا اور اگلی صدی میں ہرمز کا اقتدار مسلّم ہو گیا ۔ ۶۹۹ھ / ۱۳۰۰ء میں چغتائی دستوں کے ایک حملے کے بعد دارالسلطنت کو اصل سر زمین سے جزیرۂ جرون Djirūn میں منتقل کر دیا گیا ۔ یوں جب عراق کی تجارتی اہمیت کم ہوئی تو بحر فارس کا تجارتی مرکز جنوب کی طرف منتقل ہو گیا ۔

قرون وسطٰی کا یورپ ہرمز کی اہمیت سے اچھی طرح واقف تھا، چنانچہ دوسرے بہت سے سیاحوں کے علاوہ اودورک، متوطن پوردی نون Odoric of Pordenone اور مارکو پولو Marco Polo نے بھی یہاں کا سفر کیا ۔ اور یہ بات ان کی تحریروں سے ثابت ہے ۔ ۸۹۳-۸۹۴ھ / ۱۴۸۸-۱۴۸۹ء میں شاہ پرتگال کا نمائندہ Covilhã یہاں آیا تھا ۔ وہ ایشیا کی جانب تجارتی راستوں کے متعلق معلومات

marfat.com
Marfat.com

فراہم کر رہا تھا - یہ معلوم نہیں ہو سکا کہ اس کی رپورٹ لزبن Lisbon پہنچی یا نہیں (رک بہ بحر القلزم) - پرتگالی بحر قلزم کی بہ نسبت بحر فارس میں زیادہ کامیاب رہے، اول تو اس لیے کہ یہ ہندوستان میں ان کے صدر مقام سے زیادہ قریب تھا اور دوسرے اس لیے کہ ایران اور حکومت عثمانیہ میں سے کسی کا اقتدار اس کے ساحلوں پر مؤثر اور مضبوط نہیں تھا، حتّٰی کہ بصرہ بھی اکثر مُنْتَفِق شیوخ کے ماتحت نیم خود مختار ہو جاتا تھا - البوقرق Albuquerque نے ۹۱۳ھ / ۱۵۰۷ء میں ہرمز کو زیر کر لیا تھا، لیکن اپنے سپہ سالاروں کی بے وفائی کی وجہ سے اسے پیچھے ہٹنا پڑا - ۹۲۱ھ / ۱۵۱۵ء میں اس نے یہاں کے بااثر وزیر رئیس حامد کو قتل کر کے اس پر پوری طرح قابض ہو گیا اور یہاں ایک مستحکم قلعہ تعمیر کیا - پرتگالی تھوڑے تھوڑے وقفے کے بعد بحرین پر قابض ہو کر بصرے کے معاملات میں مداخلت کرتے رہے - ۹۴۱ھ/۱۵۳۴ء میں بغداد پر آل عثمان کے قبضے کے بعد سے الاَحساء اور بالخصوص القَطِیف پر ترکی اثرات نمایاں طور پر نظر آنے لگے - عباس اول نے پرتگالیوں کے قدیم حریفوں کی حوصلہ افزائی کی، چنانچہ اس کے عہد میں وہاں انگریزی اور ولندیزی کارخانے قائم ہو گئے - ۱۰۳۱ھ / ۱۶۲۲ء میں اس نے ایسٹ انڈیا کمپنی کے بیڑے کو مجبور کیا کہ وہ ہرمز واپس لینے میں اس کی مدد کرے - شاہ نے بندر عباس کی بنیاد رکھی، جو اہلِ یورپ میں گمبرون Gombroon کے نام سے مشہور ہے اور اس کے بعد ہرمز بہت جلد ختم ہو گیا - پرتگالی ابھی تک بصرے آتے جاتے تھے اور کچھ عرصے تک جُلفہ (راْس الخَیمة) میں ایک قلعے پر بھی ان کا قبضہ رہا، لیکن اسی صدی کے وسط میں جب عمان سے ان کے قدم اکھڑ گئے تو بحر فارس عملی طور پر ان کے وجود سے خالی ہو گیا - اسی زمانے میں ولندیزیوں کو اس علاقے میں تجارتی تفوّق حاصل تھا، لیکن صفویوں کے آخری عہد میں یہ تفوق آہستہ آہستہ انگریزوں کے ہاتھ میں چلا گیا - حسین کے عہد کی طوائف الملوکی کے دوران میں اہلِ عمان نے بحرین اور کِشم پر قبضہ کر لیا، جہاں سے نادر شاہ نے انھیں نکالا، لیکن جب اس نے خود عمان میں مداخلت کی تو مکمل تباہی کا سامنا کرنا پڑا (۱۱۵۷ھ/۱۷۴۴ء) - ۱۱۷۹ھ / ۱۷۶۶ء میں بندر رِیگ کے بحری قزّاقوں کے سردار نے بحر فارس میں ولندیزیوں کا آخری قلعہ خارَک فتح کر لیا - اس صدی کے اواخر میں آلِ خلیفہ اور آلِ صبّاح نامی عرب خاندانوں نے علی الترتیب بحرین اور کویت میں اپنی حکومت قائم کر لی - مؤخّرالذکر نے بصرہ پر ایران کا قبضہ ہو جانے سے (۱۱۹۰ھ/ ۱۷۷۶ءتا ۱۱۹۳ھ/۱۷۷۹ء) خوب تجارتی منفعت حاصل کی - فرانسیسی اب انگریزوں کے واحد حریف رہ گئے تھے، لیکن جب ۱۲۲۵ھ/۱۸۱۰ء میں ماریشیس Mauritius ان کے ہاتھ سے نکل گیا تو ان کے اثر و رسوخ کا بھی خاتمہ ہو گیا.

بحر فارس کی سیاسیات میں انگریزوں کی مداخلت کا مقصد [اپنی توسیع سلطنت اور زیادہ سے زیادہ نوآبادیاں قائم کر کے سیم و زَر سمیٹنے کے علاوہ ایک حد تک یہ بھی تھا کہ بردہ فروشی اور قزاقی کا استیصال کیا جائے ...... - سمندر میں تاخت و تاراج کرنے والوں میں کُوَیْت کے بنی رحمة بن جابر اور قَواسِم (جَواسم) کے بنی سلطان بن صقر خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں - مؤخّرالذکر قبیلہ اس علاقے پر قابض تھا، جسے ساحلِ قزاقین (Pirate Coast) کہتے تھے - ان کا بیڑہ تریسٹھ بڑے جہازوں پر مشتمل تھا اور یہ بوشہر کے لیے مستقل خطرے

marfat.com
Marfat.com

کا [illegible] تھا، جو اب بندر عباس کی جگہ بحر [illegible] کی [illegible] سے بڑی بندرگاہ بن چکی تھی۔ ۱۲۲۴ھ/۱۸۰۹ء میں حکومت ہند نے ایک فوجی جمعیت بھیجی جس نے رأس الخیمه پر گوله باری کرکے قواسم کو اندرون ملک کی طرف بھگا دیا۔ تقریباً ایک سال کے بعد وہ پھر لوٹے اور از سر نو غارت گری شروع کر دی۔ ۱۲۳۵ھ/۱۸۱۹ء میں بمبئی سے ایک زبردست فوج روانہ کی گئی، جس کے ساتھ عمانی فوج کے دستے بھی آ کر مل گئے۔ اس جمعیت نے رأس الخیمه کو دوبارہ فتح کر لیا اور ساحل کے سارے قلعوں اور جہازی اڈوں کو تباہ کر دیا۔ اس کے بعد/۱۲۳۵ھ/۱۸۲۰ء میں) وہاں کے سرداروں اور شیخ بحرین نے ایک معاهدے پر دستخط کیے اور غلاموں کی تجارت اور بحری قزاقی ترک کرنے کا عہد کیا۔ اس کے بعد بعض اور ضمنی معاهدے ہوئے اور بالآخر ۱۲۶۹ھ/۱۸۵۳ء میں انھوں نے حکومت برطانیه کی زیر سرپرستی سمندر میں همیشه امن و امان قائم رکھنے کی شرط قبول کر لی۔ ابتدا میں رأس الخیمه کی قواسمی ریاست سب سے زیادہ اهم تھی، جس کے ساتھ الشّارقه (شرجه) کا بڑا گہرا رابطه تھا بلکه بعض اوقات پوری طرح متحد ہوجاتا تھا۔ اس مستقل معاهدے کے نصف صدی بعد اس تمام ساحل پر سب سے زیادہ بااقتدار شخصیت ابوظبی کے بنو یاس کے شیخ زاید [زائد] بن خلیفه کی تھی۔ تجارتی طور پر دبی سب سے زیادہ بارونق اور خوش حال بندرگاہ بن گئی جو اسی کے هم قوم آل بوفلَسَة کے قبضے میں تھی۔ دوسری ریاستیں عجمان، ام القُوین اور (۱۲۸۵ھ/۱۸۶۸ء کے بعد) قطر تھیں۔ خلیج عمان کے ساحل پر کلبا اور فُجیرة کی جداگانه حیثیت کو ایک قلیل مدت کے لیے تسلیم کر لیا گیا، لیکن ۱۹۵۱ء میں اول الذکر الشارقه میں شامل کر لی گئی۔ خشکی پر یا سمندر کی ته میں تیل کی موجودگی یا اس کی موجودگی کے امکان کے باعث کچھ عرصے سے ان [ساحلوں کی] سرحدوں کو، جو پہلے کبھی معین نہیں تھیں، اهمیت حاصل ہو گئی ہے۔

**مآخذ:** بحر فارس کے مآخذ کی فہرست بہت طویل ہے اور تفصیل کے ساتھ نہیں دی جا سکتی۔ مسلم جغرافیه نویسوں میں، جن کے بیانات کا خلاصه Le-Strange اور Schwarz : *Iran* نے دیا ہے، (۱) حدود العالم کا اضافه کر لینا چاہیے۔ قرون وسطی میں بحر فارس کی تاریخ کے مآخذ کے لیے دیکھیے (۲) W. Hinz : *Quellenstudien zur Geschichite der Timuriden*، در *ZDMG*، ۱۹۳۶ء، ص ۳۶۱ تا ۳۶۳، ۳۷۹ تا ۳۸۱؛ (۳) J. Aubin : *Les Princes d' Ormuz au XV^e siècle*، در *JA*، ۱۹۵۳ء، جس میں مزید حوالے اور (۴) محمد شبان الکازئی: مجمع الانساب کے متعدد اقتباسات درج ہیں: بڑے بڑے سیاحوں کے تذکرے کے لیے دیکھیے (۵) A.T. Wilson : *The Persian Gulf*، آوکسفرڈ ۱۹۲۸ء، جس میں خطّهٔ مذکور کی جدید تاریخ کا خلاصه دیا گیا ہے، لیکن خاصا غلط اور غیر صحیح؛ تجارت اور بحری جہاز رانی پر دیکھیے (۶) G. Ferrand : *L'élément persan dans les textes nautiques arabes*، در *JA*، ۱۹۲۴ء؛ (۷) *Instructions nautiques et routiers arabes et portuguais*؛ (۸) هادی حسن : *History of Persian Navigation*؛ (۹) G.F. Hourani : *Arab Seafaring*؛ (۱۰) بڑے بڑے پرتگالی مآخذ یه ہیں: Barros، Couto، Castanheda، Correa، Barbosa، البوقرق کے خطوط، البوقرق خورد کی تشریحات (*Comentarios*)، Tome Pires اور (بزبان هسپانوی) Teixeira اور Faria y Souza؛ (۱۱) ولندیزیوں پر: H. Terpstra : *De Opkomst der Westerkwartieren van de Oost-Indische Compagnie*؛ (۱۲) H. Dunlop : *Bronnen tot de Geschiedenis der*

marfat.com
Marfat.com

*Oostindische Compagnie in Perzië* : موتیوں کی تجارت اور جہاز رانی کی موجودہ کیفیت پر (۱۳) A. Villiers : *Sons of Sinbad* ؛ عہد حاضر کے عام حالات کے لیے (۱۴) S. B. Miles : *Countries and Tribes of the Persian Gulf*، نیز ولسن Wilson : کتاب مذکور؛ اولیں انگریزی تاجروں پر (۱۵) Sir W. Foster : *England's Quest of Eastern Trade* اور اس سے بھی کہیں زیادہ مواد کے لیے (۱۶) *The English Factories in India*؛ انگریزی دور اقتدار پر دو نہایت قیمتی مآخذ ہیں، جنھیں کسی حد تک نظر انداز کیا گیا ہے، یعنی (۱۷) *Selections from the Records of the Bombay Government*، سلسلۂ جدید، عدد ۲۴ و (۱۸) *The Annual Report in the Administration of the Persian Gulf Political Residency and Muscat Political Agency* - یہ مطبوعہ رپورٹیں ۱۸۷۴- ۱۸۷۵ء تا ۱۹۰۴-۱۹۰۵ء پر مشتمل ہیں - اس کے بعد کی رپورٹیں عوام سے مخفی رکھی گئیں؛ قوانین اور معاهدات کے لیے (۱۹) C.U. Aitchison : *A Collection of Treaties, Engagements and Sanads relating to India and Neighbouring Countries*، ۱۲ : ۱۳۷ تا ۱۸۶؛ (۲۰) *Persian Gazette*، ج ۱، شمارہ ۱، ضمیمہ ۱، بابت اکتوبر ۱۹۰۳ء؛ [(۲۱) محمد حسن خان : مرآة البلدان، ۱ : ۱۷۶ تا ۱۹۱؛ (۲۲) ابو الفداء : تقویم البلدان، ص ۲۲، ۳۶۹، ۳۷۳؛] نیز رک بہ العرب، جزیرة (قب مادّہ ہای راس الخیمة؛ الشارقة؛ دبی؛ ابوظبی).

(C.F. BECKINGHAM)

* **بَحر قُلزم** : قدیم ایام میں بحیرۂ احمر کا سب سے زیادہ عام اور معروف عربی نام، جو قلزم [رک بآن]، یعنی قدیم کلیسما Clysma، سے مأخوذ ہے اور سویز کے قریب واقع ہے - جب خالی شہر کا نام لکھا جائے تو عموماً حرف تعریف کو حذف کر دیا جاتا ہے، لیکن جب سمندر کا ذکر مقصود ہو تو حرف تعریف قائم رکھا جاتا ہے - یہ بحر حجاز بھی کہلاتا تھا اور یہی نام عام طور پر موجودہ زمانے تک رائج رہا - اس کے علاوہ اسے الخلیج العربی اور ترکی زبان میں شاب دِنیزی (Shāb deñizi = Şap denizi = مونگوں کا سمندر) بھی کہتے ہیں - خلیج ایلہ Ayla، جو فی الحقیقت خلیج عقبہ ہے اور بحر یمن، جس کا اطلاق صرف بحر احمر کے جنوبی حصے ہی پر ہو سکتا ہے، دو ایسے نام ہیں جنھیں کبھی کبھی پورے سمندر کے لیے استعمال کر لیتے تھے - ایک زمانے میں سمجھا جاتا تھا کہ یہ سمندر باب المندب کی تنگ نالے پر ختم ہوتا ہے اور کسی زمانے میں، جیسا کہ یاقوت کا خیال ہے، اس میں خلیج عدن کو بھی شامل سمجھا جاتا تھا، جو خلیج بربرا یا الخلیج البربرا کے نام سے موسوم تھی - یورپی اثر کے تحت اب اسے کم وبیش ہمیشہ بحر احمر یا اس کے کسی ہم معنی نام (مثلاً قزیل دِنیزی Kïzïl Deniz وغیرہ) کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے.

بحر قلزم میں مخالف ہواؤں اور لہروں، نیز زیر آب چھپے ہوے پتھریلے ساحل کی وجہ سے جہاز رانوں کو بڑی دقت پیش آتی ہے - اس لحاظ سے شمالی حصے کو جنوبی حصے کے مقابلے میں زیادہ خطرناک سمجھا جاتا تھا، اور لوگ راس محمد کے ملحقہ علاقے، یعنی جزیرہ نماے سینائی کے جنوبی سرے، سے بالخصوص خائف رہتے تھے کیونکہ یہاں خلیج سویز اور خلیج عقبہ کی ہواؤں کا اتصال ہوتا تھا - مقامی کشتی بانوں کے ہاں ہمیشہ سے یہ دستور چلا آرہا ہے کہ وہ کشتی یا جہاز کو ساحل کے برابر برابر لے جاتے ہیں اور لنگر انداز صرف رات کے وقت ہوتے ہیں - ان دشواریوں کی بنا پر اور اس خوف سے کہ کہیں وہ وطن واپس لے جانے والی موسمی ہواؤں سے محروم نہ ہو جائیں، ہندوستان کے جہاز شاذ ہی شمال میں سویز تک جانے کی ہمت

Marfat.com

کرتے تھے اور اپنا مال عموماً عدن یا جدّے کی، پھر گیارھویں/سترھویں صدی میں مخا کی بندرگاھوں پر اتار دیتے تھے - جدّے کے ساتھ قافلوں کی تجارت ھی کی بدولت نویں/ پندرھویں صدی میں مکّۂ مکرمہ کو تجارتی اھمیت حاصل ھوئی تھی، تاھم بیشتر سامان صرف چھوٹے جھازوں یا کشتیوں کے ذریعے منتقل کر دیا جاتا تھا - ابو زید کے بیان کے مطابق جو مقامی کشتیاں اس غرض کے لیے جدّے میں استعمال ھوتی تھیں قلزمی کشتیاں کہلاتی تھیں - اس طرح عرب جہاز رانوں کو بحر قلزم کے متعلق نہایت وسیع تجربہ حاصل تھا اور جہاز رانی کے موضوع پر ان کے رسائل سے اِن کے گہرے علمی علم کا ثبوت ملتا ھے - Ferrand کا خیال ھے کہ ابن ماجد نے اپنی تصنیف کتاب الفوائد میں مختلف بحری سفروں کی جو مناسب سمتیں بتائی ھیں وہ عرض بلد کی بعض اغلاط سے قطع نظر ایسی ھیں کہ اس علاقے کی جہاز رانی کے متعلق اھل یورپ کی بتائی ھوئی سمتوں کو ان کے مقابلے میں پیش نہیں کیا جا سکتا - مسلمان جغرافیہ نویس بحرقلزم کا طول تیس دن کے جہازی سفر کے برابر یا چودہ سو سے پندرہ سو میل کے درمیان قرار دیتے ھیں اور یہ اندازہ خاصی حد تک صحیح ھے، لیکن اس کے عرض کے متعلق ان کا سات سو میل کا تخمینہ اصل عرض سے تین گنے سے بھی زیادہ ھے.

آبنائے باب المندب کے اندر کا پورا رقبہ کسی زمانے میں ایک زرخیز علاقہ سمجھا جاتا تھا تاآنکہ ایک بادشاہ نے اس میں ایک نہر کاٹ دی تا کہ سمندر کے پانی سے دشمن کا علاقہ تباہ کیا جا سکے - بحرقلزم کے متعلق ایک اَور داستان یہ مشہور ھے کہ قلزم کے جنوب میں ایک مقناطیسی پہاڑ ھے جس کی وجہ سے مقامی طور پر بنائے جانے والے جہازوں کے کسی حصے میں بھی لوھا نہیں لگایا جا سکتا تھا - یہ داستان شاید اس حقیقت کی ایک خیالی توضیح کے طور پر وضع کی گئی کہ بحر قلزم اور بحر ھند کے مغربی حصے کی کشتیاں چوبی تختوں سے بنائی جاتی تھیں، جنھیں کیلوں کے ذریعے جوڑنے کے بجائے آپس میں باندھ دیا جاتا تھا - کشتی سازی کا یہ طریقہ اب فقط بہت دور افتادہ مقامات میں چھوٹی چھوٹی کشتیاں بنانے کے لیے استعمال ھوتا ھے - بحر قلزم کے متعلق ایک عام خیال یہ بھی ھے کہ اس میں ایک جزیرہ ھے جہاں الجَسّاسہ (جاسوس) رھتے ھیں اور وہ ایک ایسی مخلوق ھے جو دجّال کے لیے معلومات اور اطلاعات فراھم کرتی ھے - فرعون اور اس کا لشکر جس سمندر میں غرق ھوا تھا اس کے متعلق بھی یہ سمجھا جاتا تھا کہ وہ بحر قلزم ھی کا کوئی حصہ تھا - یاقوت کے خیال میں یہ واقعہ قلزم کے مقام پر پیش آیا اور دوسروں کے نزدیک ، جن میں القلقشندی بھی شامل ھے، یہ واقعہ برکۃ الغرَنْدل میں پیش آیا جو قلزم اور الطّور کے درمیانی ساحل پر واقع ھے؛ مؤخرالذکر کو قرونِ وسطٰی کے مسیحی زائرین سرندلہ Surandala یا ارندرہ Arandara کے نام سے جانتے تھے .

جہاز رانی کی مشکلات ، اچھی بندرگاھوں کی قلت اور ساحلی علاقے کے بنجرپن کے باوجود بحر قلزم کی تجارتی اھمیت ھمیشہ مسلّم رھی - لازم ھے کہ شمالی حبشہ کے سامی حملہ آوروں نے اسے جنوب کی طرف سے عبور کیا ھوگا اور پھر چند صدی بعد اھل حبشہ نے اس کی مخالف سمت سے جنوب مغربی عرب پر حملہ کیا ھوگا - ابتدائی اسلامی زمانے میں اس علاقے میں بحری قزاقوں کا بڑا زور تھا - المسعودی کے بیان کے مطابق زید کے بنو زیاد کے عہد میں عربی اور افریقی سواحل کے درمیان مسلسل تجارت ھوتی تھی اور افریقہ میں بعض مسلمان نو آبادیاں تھیں، جو وھاں کے مقامی

Marfat.com

بحر قلزم

فرمانرواؤں کو خراج ادا کرتی تھیں - ایک نہر کے بن جانے کی وجہ سے ایک زمانے میں بحرقلزم، وادی نیل اور بحیرۂ روم کے درمیان آمد و رفت آسان ہو گئی تھی - اس نہر کو بعض اوقات فراعنہ (یا ٹراجن Trajan) کی نہر کہا گیا ہے - عربوں میں یہ خلیج امیر المؤمنین کے نام سے مشہور تھی اور قلزم کے مقام پر سمندر میں جا گرتی تھی - اس نہر کا ایک حصّہ، یعنی وادی طُومِیلات، ایک وقت میں دریاے نیل کی ایک قدرتی شاخ تھا اور جھیل تِمساح تک جاتا تھا، لیکن زمین کی سطح بلند ہو جانے سے اس میں جہازرانی ممکن نہیں رہی - قدیم الایّام میں اسے کئی مرتبہ صاف کرایا گیا - اس کے بعد اس کی صفائی کا حضرت عمرو بن العاص رضـ نے اہتمام کرایا - وہ [حضرت] عمر رضـ بن الخطّاب کے عہد خلافت میں غلّے کے جہاز الجار تک بھیجا کرتے تھے، جو اس وقت مدینۂ منورہ کی بندرگاہ تھی - کہا جاتا ہے کہ خلیفۃ المسلمین رضـ نے عمرو بن العاص رضـ کو جھیل تِمساح سے بحر روم تک نہر کھودنے سے منع فرما دیا تھا کہ کہیں اسی طرح بوزنطیوں کو بحر قلزم میں داخل ہونے کا موقع نہ مل جائے - عمرو رضـ [ابن العاص] کی نہر صرف اس وقت جہاز رانی کے قابل ہوتی تھی جب دریاے نیل میں پانی زیادہ ہوتا تھا - اس نہر کو المہدی نے ایک بار پھر صاف کرایا، لیکن کچھ عرصے بعد وہ پھر بیکار ہو گئی، اگرچہ جب کبھی غیر معمولی طوفان آتا تو یہ بھی جاری ہو جاتی تھی.

فاطمیوں کے عہد میں مصر کی قوت کے بڑھ جانے اور اس کے ساتھ ہی عراق پر زوال آ جانے کے باعث بحرقلزم کی تجارت کو بہت فائدہ پہنچا - صلیبی جنگوں نے یورپ میں مشرقی مصنوعات کی مانگ بہت بڑھا دی اور یہ ''ملک پار'' کی تجارت (transit trade) منجملہ اور اسباب کے مصر کی خوشحالی کا ایک اہم سبب بن گئی - ۵۷۸ - ۵۷۹ھ / ۱۱۸۲ - ۱۱۸۳ء میں Renaud de Châtillon نے پہلے سے تیار کردہ جہاز بحر روم کے ساحل سے ایلہ بھیجے - وہاں انہیں جوڑ کر اس تجارت کو تباہ و برباد کرنے کی غرض سے استعمال کیا گیا - فرانکوں (Franks) نے عیذاب [رک بآن] پر حملہ کیا، لیکن سمندر پر حسام الدین لؤلؤ کے ہاتھوں شکست کھائی اور جن لوگوں نے حجاز میں اترنے کا منصوبہ بنا رکھا تھا انہیں تباہ و برباد کردیا گیا - بعد ازاں یورپ میں وہاں کی بندرگاہوں میں غیر ملکی جہازوں کے داخلے پر پابندی لگا کر اس تجارت کو تباہ کرنے کی کوششیں کی گیں؛ لیکن پوپ کے احکام امتناعی کے باوصف اس پر مؤثر طریق سے عمل درآمد نہ ہو سکا - آٹھویں صدی ہجری / چودھویں صدی عیسوی کے اوائل میں آدم Guillaume Adam نے تحریک کی کہ ایک مسیحی بحری بیڑے کو سقوطری [رک بآن] پر قبضہ کر کے بحر قلزم میں داخلے کا راستہ بند کر دینا چاہیے - ۸۹۳ھ/۱۴۸۸ء کے قریب Pero da Covilhã سمندر کے راستے سے الطّور سے عدن گیا - بعد میں وہ مکّۂ معظمہ اور مدینہ منورہ بھی گیا اور تجارتی راستے سے متعلق شاہ پرتگال کے لیے معلومات فراہم کیں - خود اسے حبشہ میں نظر بند کر دیا گیا اور اس بات کا پتا نہیں چل سکا کہ اس کی رپورٹ کبھی لزبن Lisbon پہنچی یا نہیں - ۹۰۳ھ/ ۱۴۹۸ء میں ہندوستان پہنچ کر پرتگالیوں نے بحرقلزم اور خلیج فارس کے راستے ہونے والی ملک پار کی ساری تجارت خود اپنے نفع کی خاطر راس [امید] کے راستے کی طرف زبردستی منتقل کر دینے کی کوشش کی - اس کوشش کے نتیجے میں انہیں جو جنگ پہلے مصریوں اور پھر عثمانی ترکوں کے خلاف لڑنا پڑی اس سے انہیں بحر ہند میں بحری تفوّق حاصل

Marfat.com

[illegible] ۱۵۱۳ء میں البوقرق نے، جو ابی سینیا والوں سے مل کر مکۂ معظمہ پر حملہ کرنے کے منصوبے بنا رہا تھا، عدن کا محاصرہ کیا، مگر ناکام رہا اور بحر قلزم میں داخل ہو گیا ۔ اس کا بیڑہ کامرانؔ میں روک لیا گیا اور اسے سخت جانی نقصان اٹھانا پڑا ۔ اس کے جانشین کے ساتھ بھی یہی صورت پیش آئی اور اگرچہ ۹۴۷ - ۹۴۸ھ/ ۱۵۴۱ء میں D. Estevão da Gama [اپنا بیڑہ] لے کر سویز کے بالمقابل پہنچ گیا اور سومالی مسلم حملہ آور احمد گران کے خلاف اہلِ ابی سینیا کی مدد کی غرض سے اپنی کچھ فوج بھی مصوع Massawa میں اتار دی لیکن پرتگالیوں نے آبنائے باب المندب میں ترکی تفوّق کو کبھی نہیں للکارا ۔ دسویں صدی ہجری / سولھویں صدی عیسوی کے وسط کے بعد پرتگالی جہاز بحر قلزم میں کبھی کبھار ہی آتے تھے اور پرتگالی مسافر، جو عام طور پر مسیحی مشنری ہوتے تھے، بھیس بدل کر ملکی جہازوں میں سفر کرتے تھے ۔ گیارھویں صدی ہجری / سترھویں صدی عیسوی کے اوائل میں انگریزی (۱۰۱۸ھ/۱۶۰۹ء) اور ولندیزی (۱۰۲۵ھ/ ۱۶۱۶ء) جہازوں نے مخا میں تجارت شروع کر دی ۔ وہ عموماً زیادہ شمال کی طرف نہیں جاتے تھے ۔ اگرچہ مخا [رکّ بان] کو یمن کی کافی (رکّ بہ قہوہ) کی برآمد کے لیے عارضی اہمیت حاصل ہو گئی، لیکن ہندوستان اور مشرقِ اقصٰی کی تجارت اب بیشتر راس [امید] ہی کے راستے سے ہوتی تھی ۔ اٹھارھویں صدی میں لنڈن اور پیرس کے مابین سریع مواصلات کی ضرورت، نیز ہندوستان میں انگریزی مقبوضات کی روز افزوں توسیع کی بنا پر بحر قلزم کے راستے پر ایک بار پھر تجارت کی گرم بازاری نظر آنے لگی، جس کی بالکل ابتدائی مثال دانیال Danial کا سفر تھا ۔ کہا جا سکتا ہے کہ اس کی جنگی اور تجارتی اہمیت کا عام احساس نپولین کے مصر پر حملے کے وقت سے شروع ہوا اور نہر سویز کے افتتاح (۱۲۸٦ھ/ ۱۸٦۹ء) سے اپنے انتہائی عروج کو پہنچ گیا ۔

**مآخذ:** (۱) ابن خرداذبہ، ص ۱۵۳؛ (۲) المقدّسی، ص ۱۱؛ (۳) المسعودی: مروج، ۱: ۲۳۷ و ۳: ۳۳، ۳۵؛ (۴) حدود العالم، ص ۵۲؛ (۵) الادریسی، ص ۱٦۳؛ (٦) یاقوت، ۱: ۵۰۳ و ۴: ۱۵۸؛ (۷) القلقشندی: ضوء الصبح، ص ۳۲۲؛ (۸) المقریزی: الخطط، قاہرہ ۱۳۲۴ تا ۱۳۲٦ھ، ۱: ۳۲ تا ۲٦؛ (۹) ابن الوردی: خریدة العجائب، قاہرہ ۱۳۱٦ھ، ص ۹٦ ببعد؛ (۱۰) ابوزید: اخبار الصّین و الہند، طبع و مترجمۂ J. Sauvaget، پیرس ۱۹۴۸ء؛ (۱۱) G. Ferrand: *Instructions nautiques et routiers arabes et portugais*، بمواضع کثیرہ؛ (۱۲) Heyd: *Histoire du commerce du Levant au Moyen-Age*؛ (۱۳) A. Kammerer: *La Mer Rouge, l'Abyssinie et l'Arabie depuis l'antiquité*، قاہرہ ۱۹۲۹ء؛ (۱۴) G.F. Hourani: *Arab Seafaring*؛ (۱۵) O.G.S. Crawford: *The Fung Kingdom of Sennar*، گلوسٹر ۱۹۵۱ء میں سوڈانی ساحل کی تاریخ پر مواد ملتا ہے ۔ مشرقی تجارت کے متعلق فاطمیوں کی روش پر دیکھیے: (۱٦) B. Lewis: *The Fatimids and the Route to India*، در استانبول اقتصاد فیکلتسی مجموعہ سی، ۱۹۵۰ء؛ Renaud de Chatillon پر دیکھیے: (۱۷) Sir D. Newbold: *The Crusaders in the Red Sea and the Sudan*، در *Sudan Notes and Records*، ۱۹۴۵ء بار دوم در *Antiquity*، ۱۹۳٦ء؛ (۱۸) E.Cerulli: *Etiopi in Palestina*، ۱: ۲۰ تا ۲٦؛ (۱۹) G. Adam: *De modo Sarracenos extirpandi*، در *Recueil des historiens des Croisades Documents arméniens*، ج ۲، ۱۹۰٦ء؛ (۲۰) پرتگالی بیانات اس قدر زیادہ ہیں کہ ان کا احصاء ممکن نہیں ۔ اہم حوالے حسب ذیل افراد کی تحریروں میں ملتے ہیں: Barros، Couto، Castanhada، Correa، Gôis، Osorio، البوقرق کے خطوط، البوقرق خورد

marfat.com
Marfat.com

کے حواشی (*Comentarios*)، نیز حبشہ پر F. Alvares اور Castanhoso کی تصانیف، D. João de Castro : *Roteiro* اور Beccari کے مجموعے *Rerum aethiopuarum scriptores Occidentales inediti*، روما ۱۹۰۵ تا ۱۹۱۷ء میں؛ البوقرق کی *Comentarios* اور Alvares اور Castanhoso کے انگریزی میں محشی تراجم Hakluyt سوسائٹی نے شائع کر دیے ہیں۔ دسویں صدی ہجری / سولھویں صدی عیسوی کے نصف اول کی معلومات کے لیے دیکھیے: (۲۱) R. S. Whiteway : *The Rise of Portuguese Power in India*؛ ولندیزیوں پر دیکھیے: (۲۲) P. van. den Broecke : *Korte Historiael ende Journaelsche Aenteyckeninghe*, etc.، ہارلم ۱۶۳۴ء (ترجمہ و مزید حوالجات، در *JRAS*، ۱۹۰۱ء، ص ۶۳ تا ۸۱، ۱۷۰ تا ۱۸۱) و (۲۳) H. Terpstra : *De Opkomst der Westerkwartieren van de Oost-Indische Compagnie*؛ ابتدائی انگریزی روابط کے لیے دیکھیے: (۲۴) Sir W. Foster : *England's Quest of Eastern Trade*، جس میں بہت سے مزید حوالے موجود ہیں؛ Daniel کے سفر پر دیکھیے: (۲۵) *A Journal or Account of William Daniel*، لنڈن ۱۷۰۲ء و باردوم، مع حواشی، در Sir W. Foster : *The Red Sea and adjacent countries at the close of the seventeenth century*، Hakluyt سوسائٹی نے شائع کر دیے ہیں، ۱۹۴۹ء.

(C.F. BECKINGHAM و C.H. BECKER)

* **بحرلُوط** : بحیرۂ مردار (Dead Sea) کا جدید عربی نام، جسے عرب جغرافیہ نویس عموماً البحیرة المیّتة (= بحیرۂ مردار)، البحیرة المُنتِنَة (= بدبودار سمندر)، البحیرة المقلوبة (= اوندھا سمندر، اس لیے کہ یہ الارض المقلوبة، یعنی وہ حصّۂ زمین جس کا تختہ الٹ دیا گیا ہو، یا ارض قوم لوط میں واقع ہے)، بحیرة الصّوغر Zoghar، نیز بحیرۂ سدوم اور کمرۃ Gomorra کہتے رہے ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ ناصر خسرو (پانچویں صدی ہجری/گیارھویں صدی عیسوی) پہلا ایرانی جغرافیہ نویس ہے جسے ''بحیرۂ لوط'' کے نام کا علم ہوا۔

بحر لوط کے نام کا اشارہ بائبل کتاب پیدائش (باب ۱۹) کی اس کہانی کی طرف ہے جس کا ذکر قرآن مجید میں بھی متعدد بار آیا ہے، گو سمندر کا نام نہیں لیا گیا۔

اس وقت تک بھی بحیرۂ مردار کے گرد و نواح کے بعض ناموں سے مثلاً جبل سدوم (اسدم) اور مقامی طور پر زبان زد حکایات سے اس سانحے کی یاد تازہ ہوتی ہے جس کا ذکر کتاب پیدائش (باب ۱۹) میں آیا ہے، لیکن ان حکایتوں کی بنیاد علمی روایت کے بجائے عموماً عام مروجہ روایت پر ہے۔

جغرافیہ: ''صحرائے یہوذا Judah'' کے ڈھلواں اور بنجر نشیبوں اور موآب کی پہاڑی سر زمین کے درمیان بحیرۂ مردار ایک نیلگوں آئینے کی طرح سمندر کی سطح سے ۱۱۵۰ فٹ نیچے شمالاً جنوباً پھیلا ہوا ہے۔ اس کا طول تقریباً پچاس میل اور درمیانی عرض تقریباً آٹھ میل ہے اور اس کا کوئی مخرج نہیں ہے۔

اس کا عمیق ترین حصّہ سطح سمندر سے ۲۶۰۰ فٹ نیچے ہے۔ ایک خاکنائے، جو اس سے مشرقی جانب (زبان کی طرح) باہر نکلتی ہے، اس کے جنوبی حصے کو، جو بالکل پایاب ہے، شمالی حصے سے جدا کرتی ہے۔ اس کے مشرقی اور مغربی ساحلوں پر پہاڑ ہیں، جو تین ہزار فٹ تک کی بلندی تک چلے گئے ہیں، لیکن شمال میں دریاے اردن Jordan کے دہانے پر زمین بالکل نشیب میں ہے اور جنوب میں، جہاں سبخہ کے مشرقی کنارے پر بنتبول (Pentapolis) [سدوم؟] (کتاب پیدائش،

marfat.com
Marfat.com

باب [illegible] ۱) کا محلِ وقوع تلاش کیا جا سکتا ہے، یہ صرف الغور اور العربه میں کہیں کہیں تھوڑی سی بلند ہو جاتی ہے ۔ اس کے پانی کی کیمیائی ترکیب، جس میں نمک کی انتہائی کثرت ہے، جاندار مخلوق کے لیے قطعی ناموزوں اور جہاز رانی کے ناقابل ہے۔ ساحل پر صرف چند ایک مقامات ھی ایسے ہیں جو آباد ہیں اور ان کی حیثیت بھی کم و بیش استوائی نخلستانوں کی سی ہے ۔

طبقات الارضی کیفیت : بحیرۂ مردار سوریائی نظام کے ان نشیبوں کے سب سے گہرے نشیب کو بھرتا ہے جو عہد ثالث (Tertiary Period) کے خاتمے پر پیدا ہو گیا تھا ۔ عہد طوفان میں خشک سالی اور بارش کے جو زمانے یکے بعد دیگرے آئے ان میں بڑی بڑی طغیانیوں نے وادی اردن کے بیشتر حصّوں اور عرب کے ایک حصّے کو پُر کر کے ایک جھیل بنا دی، جس کا کسی دور میں بھی بحرالقلزم سے اتّصال نہیں ہوا ۔ چونکہ اس نشیبی زمین کے پانی کا کوئی مخرج نہیں اور اس کا ایک منبع وہ چشمے تھے جن میں معدنیات کی کثرت تھی، اس لیے عمل تبخیر سے اس میں ایک خاص کیمیائی نوعیت کے نمک کا تناسب بہت زیادہ ہو گیا ۔ ادوارِ تاریخ کے خشک سالی کے دنوں میں سمندر سمٹ کر اس رقبے میں محصور ہو کر رہ گیا جہاں یہ آج کل واقع ہے۔ یہ بات اب تحقیق کو پہنچ چکی ہے کہ گزشتہ صدی میں سمندر کی سطح بتدریج اونچی ہوتی رہی ہے ۔ طبقاتی تبدیلیاں گرد و نواح کے تمام علاقے کو اس وقت تک برابر متأثر کرتی رہی ہیں ۔ جنوبی طاس کی تشکیل اس طرح کی تازہ ترین تبدیلی کی ایک مثال ہے ۔

بحیرۂ مردار سے ''رال'' (قیر معدنی asphalt) کا نکالنا قدیم زمانے کی طرح (قبّ نام بحیرۃ الاسفلت [یا اسفالت] (lacus Asphaltitis) قرونِ وسطی میں بھی ایک اچھا کاروبار رہا ہے ۔ یہ ''رال'' انگور کے باغوں میں کیڑے مکوڑے مارنے کے کام آتی تھی اور اسے بہت سی دواؤں میں بھی استعمال کیا جاتا تھا ۔ بجائے خود سمندر کے پانی میں بھی صحت بخش عناصر بتائے جاتے تھے ۔

زُغر (موجودہ غور الصافیة کے قریب) کے نخلستان کی قیمتی پیداوار بحیرۂ مردار کے راستے دساور کو جاتی تھی ۔ فرانسیسی صلیبی جنگجو بھی اس سمندر میں سفر کرتے تھے ۔

**مآخذ** : (۱) Meusburger : *Das Tote Meer*، Programme، Brixen ۱۹۰۷ تا ۱۹۰۹ء، میں تمام قدیم مواد جمع کر کے اس سے استفادہ کیا گیا ہے ؛ عربوں کے بیانات : (۲) الاصطخری، ۱ : ۶۴ ؛ (۳) ابن حوقل، ص ۱۲۳ ببعد ؛ (۴) المقدّسی، ص ۱۷۸، ۱۸۴ ببعد ؛ (۵) ابن الفقیه، ص ۱۱۸ ؛ (۶) ابن خرّداذبه، ص ۹۷ ؛ (۷) الیعقوبی، ص ۳۲۹ ؛ (۸) المسعودی : التنبیه، ص ۳۷ ببعد ؛ (۹) المسعودی : مروج، ۱ : ۹۶ ؛ (۱۰) الادریسی، در *ZDPV*، ۸ : ۳ ؛ (۱۱) یاقوت، ۱ : ۵۱۶ و ۲ : ۹۳۴ ؛ (۱۲) الدمشقی (طبع Mehren)، ص ۱۰۸ ؛ (۱۳) ابوالفداء : تقویم، ص ۲۲۸ ؛ (۱۴) ابن بیطار (مترجمۂ Sontheimer)، Stuttgart ۱۸۴۲ء، ۲ : ۳۰۹ ببعد ؛ نیز قبّ فارسی میں : (۱۵) ناصر خسرو (طبع Schefer)، ص ۱۷ ببعد اور ترکی میں : (۱۶) اولیا چلبی : سیاحت نامه، ۹ : ۵۱۶، ۵۱۹ و (۱۷) حاجی خلیفه : جہان نما، ص ۵۵۵ ؛ حسب ذیل کتابوں میں مسلم مآخذ کو اکھٹا کر کے ان کا ترجمه کر دیا گیا ہے : (۱۸) G. Le Strange : *Palestine under the Moslems*، ص ۶۴ تا ۶۷، ۲۸۶ تا ۲۹۲ ؛ (۱۹) A.S. Marmardji : *Textes géographiques arabes sur la Palestine*، پیرس ۱۹۵۱ء، ص ۱۵ تا ۱۸ .

(R. HARTMANN)

**بحرِ مایوطس** : یا بحیرۂ مایوطس، قدیم جھیل میوطس Maeotis، موجودہ بحیرۂ ازوف (Sea of Azov)؛

marfat.com
Marfat.com

اس نام کی دوسری اشکال ماوطِیس اور ماوطیش ھیں۔ بحر مایوطس کا ذکر ھمیشہ بحر نیطس یعنی بحر بنتس [رکَ بآں] کے ساتھ ساتھ آتا ھے، جس کے ساتھ یہ خلیج نیطس (آبنائے کِرچ Kertch) کے ذریعے ملا ھوا ھے۔

المسعودی (التنبیه، ص ٦٦) کے بیان کے مطابق بحیرۂ مایوطس تین سو میل لمبا اور ایک سو میل چوڑا ھے۔ یہ طول و عرض، جو خاصے مبالغہ آمیز ھیں، قبل ازیں ابن رُستہ (ص ٨٦) نے دیے تھے۔ المسعودی کا بیان یہ بھی ھے کہ یہ مسکونہ دنیا کے بالکل سرے پر شمال کی جانب تَوْلِیَة (Thule) کے نواح میں واقع ھے۔ اس بات میں کہ تولیة بحر ازوف کے شمال میں واقع ھے، ابن الفقیہ (ص٨) بھی اس کا ھم خیال ھے۔ ابن الفقیہ کی رائے میں چار بڑے سمندروں (قبَ مقالۂ بحرالرّوم، چوتھا پیرا) میں سے ایک وہ ھے جو روم اور خوارزم کے درمیان جزیرۂ تولیہ تک واقع ھے اور اس سمندر میں کبھی کوئی جہاز نہیں چلایا گیا (ابن الفقیہ بحر الخضری یا کیسپین کو اس سے الگ سمجھتا ھے)۔ کسی دوسرے مقام پر المسعودی لکھتا ھے کہ دریاے طنائس Tanāis (ڈُون Don)، جو شمال میں واقع ایک بڑی جھیل (نام نہیں بتایا گیا) سے نکلتا ھے، تقریباً تین سو فرسخ تک مزروعہ علاقے میں گزر کر بحر مایوطس میں جا گرتا ھے (مروج، ۱ : ۲٦۱)۔ شمال میں جو بڑی جھیل واقع ھے اور جسے بظاھر بحر مایوطس کے ساتھ خلط ملط کر دیا گیا ھے، اس کا ذکر اس سے پہلے الکندی، اس کے شاگرد السَّرَخْسی اور دوسرے لوگ کر چکے تھے (مروج، ۱ : ۲۷۵)۔ آگے چل کر اسے اور بحر الورنک —یا زیادہ صحیح طور پر بحیرۂ بالٹک— کو ایک ھی سمندر ٹھیرایا گیا، چنانچہ تقریباً ۱۱۵۰ء کے ایک سوریائی نقشے میں بحیرۂ ازوف کو بحیرۂ ورنک "Warang Sea" لکھا ھے (A. Mingana نے حدود العالم، ص ۱۸۲، کا حوالہ دیا ھے، قبَ عالی: کُنہ الاخبار، ۱ : ۱۰۰)۔

البلخی [ رکَ بآں] کے دبستان کے جغرافیہ نویسوں کی بہ نسبت المسعودی بحر مایوطس اور بحر بنتس میں زیادہ دلچسپی کا اظہار کرتا ھے۔ اس کی یہ رائے ھے کہ درحقیقت یہ دونوں مل کر ایک سمندر بنتے ھیں۔ اس سمندر میں سفر کرنے والے تاجروں کی سند پر وہ ان لوگوں کی تردید بھی کرتا ھے جو کہتے ھیں کہ بحر الخضر، یعنی کیسپین، براہ راست بحر مایوطس سے ملا ھوا ھے (مروج، ۱ : ۲۷۳)۔ دریائی راستہ صرف ایک ھے جو آبنائے کرچ، ڈون اور اتل (والگا) سے ھو کر جاتا ھے، یعنی اس میں ڈون-ہ-والگا راہ، جو عام طور سے ''خضری راہ'' بھی کہلاتی ھے (قبَ مروج، ۲ : ۱۸ ببعد) اختیار کی جاتی ھے۔ بحر مایوطس کے متعلق اس کا اپنا بیان کسی طرح بھی غلطی سے خالی نہیں قرار دیا جا سکتا (قبَ متذکرۃ الصدر)۔ بظاھر اس کا خیال یہ بھی معلوم ھوتا ھے کہ پھیلاؤ اور گہرائی دونوں اعتبار سے یہ بحر نیطس یا بحیرۂ اسود سے زیادہ ھے (مروج، ۱ : ۲۷۳)، حالانکہ صورت حال اس کے بالکل برعکس ھے۔ یہ الجھن اس بات سے بھی پیدا ھو گئی ھے کہ المسعودی کبھی کبھی عام خیال کے مطابق بحر مایوطس کا ذکر بالکل اس طرح کرتا ھے، جیسے وہ بحر الخضر ھو (مثلاً التنبیه، ص ۱۳۸)۔

زمانۂ مابعد میں بحر مایوطس کو بحر آزاق اور عثمانلی ترکی میں ازق دنیزی بھی کہنے لگے۔

**مآخذ**: ان حوالوں کے علاوہ جن کا ذکر متن مقالہ میں آ چکا ھے، دیکھیے حدود العالم، ص ۱۸۰ تا ۱۸۳ و اشاریہ۔

(D. M. DUNLOP)

**البحرُ المُحیط**: جسے بحر اوقیانوس المحیط

marfat.com
Marfat.com

[illegible] کہتے ہیں، یعنی ''یونانیوں کا محیط الکل سمندر'' (Ὠκεανός) - بعض نے اسے البحر الأخضر (= سبز سمندر) سے بھی موسوم کیا ہے - اس سمندر کے متعلق ایک خیال یہ بھی تھا کہ اس نے چاروں طرف سے یا کم از کم تین سمتوں یعنی مغرب، شمال اور مشرق سے ربع مسکون کو گھیر رکھا ہے (المسعودی: التنبیہ، ص ٢٦)، اس لیے کہ آباد دنیا کی جنوبی حد خط استوا تھا۔ کعب الأحبار [رک باں] کے بیان کے مطابق، جس کا راوی قزوینی ہے (عجائب المخلوقات، طبع وسٹنفلٹ، ١ : ١٠٣) سات سمندر زمین کو گھیرے ہوئے ہیں اور ان میں سے آخری نے باقی سب کو اپنے گھیر میں لے رکھا ہے۔

اس پر عام طور سے اتفاق رائے تھا کہ بڑے بڑے سمندر براہ راست البحر المحیط سے ملے ہوئے ہیں، البتہ اس میں چند مستثنیات بھی ہیں جن میں خاص طور پر قابل ذکر بحر الخزر ہے؛ لیکن [ان مستثنیٰ سمندروں میں] بحر اسود (بحر بنتس یا زیادہ مروج نام بحر نیطس [رک باں]) کو شامل نہیں کیا جا سکتا، جو حسب ذیل سمندروں کی طرح البحر المحیط کی شاخ یا خلیج سمجھا جاتا تھا: بحر المغرب، بحر الروم، بحر ورنک (بالٹک)، بحر الزنج، بحر فارس، بحر الهند اور بحر الصین (ان میں سے آخری چار بحر ہند اور بحر الکاهل کے ایک حصے میں آ جاتے ہیں) - عام طور سے ان شاخوں یا خلیجوں کے متعلق سمجھا جاتا تھا کہ وہ مشرقی اور مغربی دو نظام ہیں (یاقوت، ١ : ٥٠٣)، جو خاکنائے سویز پر ملتے یا کم از کم ایک دوسرے کے قریب پہنچ جاتے ہیں، البتہ شبہہ تھا تو اس بات میں کہ یہ خلیجیں بحر محیط سے نکلتی ہیں (غالب رائے) یا اس کے بالکل برعکس دنیا کے تقریباً تمام دریا اس میں گرتے ہیں۔

اگرچہ نظری طور پر البحر المحیط ''محیط الکل سمندر'' تھا، لیکن اس سے عام طور پر محض اوقیانوس ہی مراد لیتے ہیں - ایک دوسرے نقطۂ نظر کے مطابق اوقیانوس کا وہ حصہ جو ہسپانیہ اور شمالی افریقہ سے متصل ہے، بحر المغرب کا حصہ ہے (القزوینی : عجائب المخلوقات، ١ : ١٢٣) - بطور اوقیانوس البحر المحیط کو البحر المظلم یا بحر الظلمة یا بحر الظلمات (= تاریکی کا سمندر) کا مترادف سمجھا جاتا ہے اور اس کا اطلاق شمالی اوقیانوس پر موسم کی خرابی اور پرخطر حالت کی بنا پر ہوتا ہے (Jaubert : *Géog. d'Edrisi*، ٢ : ٣٥٥ تا ٣٥٦؛ قب الدمشقی، طبع Mehren، ص ١٢٣) - Thule کو چھوڑ کر (جس سے عموماً شٹ لینڈ Shetlands مراد لی جاتی ہے) البحر المحیط کے جن جزیروں کا علم عربوں کو بطلمیوس کے ترجموں سے ہوا، ان میں سب سے نمایاں اور ممتاز جزائر السعادة (Canaries) اور برطانیہ (مختلف ہجوں کے ساتھ) ہیں - ایک متواتر روایت کے مطابق، جو قدیم عہد سے ماخوذ معلوم ہوتی ہے، جزائر برطانیہ کی تعداد بارہ ہے (Nallino : *Al-Battani*، متن : ص ٢٦؛ قب المسعودی : التنبیہ، ص ٦٨)۔

عرب مصنفین اس بات پر متفق ہیں کہ البحر المحیط جہازوں کے لیے ناقابل عبور ہے (مثلاً الکندی، بحوالۂ یاقوت، ١ : ٥٠٠)، بظاہر بحر منجمد کا ذکر کرتا ہے؛ قب المسعودی : مروج، ١ : ٢٧٥؛ البتانی، موضع مذکور؛ یاقوت، ١ : ٥٠٣؛ ابن خلدون : *Berbères*، پیرس ١٩٢٥ء، ص ١٨٧ تا ١٨٨) اس بیان کے متعلق شاید اصولاً یہی سمجھنا ٹھیک ہے کہ اس کا تعلق افسانوی بحر محیط الکل سے ہے - بہر صورت یہ ایک یقینی امر ہے کہ مسلمانوں کے جہاز بحر اوقیانوس میں آتے جاتے تھے - ٢٢٩ھ / ٨٤٤ء

marfat.com
Marfat.com

میں اہلِ ناروے (Norsemen) کے ہسپانیہ میں وردو کے بعد اموی لشکر کے دستے بحر اوقیانوس کے ساحل پر خلیج بسکے Biscay تک گشت کرتے رہتے تھے۔ ۳۵۵ھ / ۹۶۶ء میں ڈنمارک کے وائکنگ Vikings لزبن اور قصر ابی دانس (Alcacer do Sal) پر حملہ آور ہوئے۔ شلب (Silves) کے مقام پر اموی بیڑے نے ان کا مقابلہ کیا اور انھیں شکست دی۔ ۳۸۷ھ / ۹۹۷ء میں اسی بیڑے نے اوقیانوس کی مذکورۂ بالا بندرگاہ قصر ابی دانس سے المنصور [ رک بآں ] کی پیادہ فوج کو بحری راستے سے برتقال (Oporto) پہنچایا (ان واقعات کے لیے دیکھیے Lévi-Provençal : *Hist. Esp. Mus*، قاہرہ ۱۹۴۴ء، ۱ : ۱۵۷، ۲۱۸، ۲۲۴، ۳۹۳، ۴۴۱).

جن واقعات کا ذکر کیا گیا ان میں قیاس ہے نہ محض ساحلی نقل و حرکت مقصود تھی۔ بحر اوقیانوس میں بعض بحری سفروں کا بھی سراغ ملتا ہے۔ ۸۴۴ء کے بعد شاہ ناروے کے دربار تک یحیی الغزال کے سفر کے علاوہ، جسے محض جٹلینڈ Jutland یا آئر لینڈ Ireland کے مختلف مقامات تک محدود سمجھا گیا ہے (حوالوں کے لیے دیکھیے براکلمان : تکملہ، ۱ : ۱۴۸، نیز H. Munis : *Contribution à l'étude des invasions des Normands en Espagne*، در *Bulletin de la Société Royale d'Etudes Historiques, Egypte*، ج ۲، قراسہ ۱، ۱۹۵۰ء)، قرطبہ کے اشخاص کا ذکر بھی پڑھنے میں آتا ہے جو البحرالمحیط میں جہازوں میں سوار ہوئے تھے اور بے شمار مالِ غنیمت لے کر واپس آئے تھے (المسعودی : مروج، ۱ : ۲۵۸، قب Lévi-Provençal : *Hist. Esp. Mus.*، ۳ : ۳۴۲ حاشیہ) اور لزبن کے مہم جوؤں (المغرّرون — اسی طرح پڑھا جاتا ہے) کا بھی، جو کئی کئی دن تک اوقیانوس میں مغرب اور جنوب کی سمت جہاز رانی کرتے تھے اور جن کے نام پر ان کے آبائی شہر میں ایک کوچے کا نام بھی رکھا گیا ہے (Jaubert : *Géog. d'Edrisi*، ۲ : ۲۶ تا ۲۷؛ قب ۱ : ۲۰۰)۔ آئر لینڈ کے نواح میں وہیل مچھلی کے شکار کے متعلق ایک بیان بھی قابل ذکر ہے (قزوینی : عجائب المخلوقات ۲ : ۳۸۸؛ جس نے گیارھویں صدی کے اندلسی جغرافیہ نویس العُذری کا حوالہ دیا ہے).

(D.M. DUNLOP)

**بَحْرُ الْمَغْرِب** : رک بہ بَحْرُ الرُّوم.

**بحر الہند** : عربوں کے ہاں Indian Ocean کے لیے عام طور پر یہی نام مروج ہے۔ اسے اپنے مغربی سواحل کی رعایت سے بحر الزنج بھی کہتے ہیں اور جزو کو کل پر منطبق کرتے ہوئے البحر الحبشی بھی۔ بحر فارس کی اصطلاح کا اطلاق بھی بعض اوقات پورے بحر [ہند] پر کر لیا جاتا ہے۔

ابن رُستہ (ص ۸۷) کے نزدیک تِیز مُکران سے اس کے مشرقی اور عدن سے مغربی سواحل شروع ہوتے ہیں۔ ابوالفداء (تقویم، ترجمہ، ۲ : ۲۷ = متن، ص ۲۲) بحر الصّین کو اس کی مشرقی حد بیان کرتا ہے، الہند کو شمالی اور الیمن کو مغربی، لیکن جنوبی حد سے وہ لاعلم ہے۔

مختلف ساحلی علاقوں اور جزیروں کے ناموں پر اس سمندر کے مختلف حصوں کے خاص خاص نام پڑ گئے ہیں۔ اگر ہم شمالی اطراف یعنی محدود مفہوم میں بحر القلزم اور بحر فارس کو نظر انداز کر دیں، جن کا ذکر علیحدہ مقالات میں آچکا ہے، تو سب سے پہلے بحر الیمن آتا ہے، جو عرب کے مغربی ساحل پر جزائر خُریان مُریان (Kuria Muria) اور سُقُطری تک پھیلا ہوا ہے۔ افریقی ساحل پر آبنائے باب المندب سے شروع ہو کر پہلے سر زمین بربرا ہے، یعنی شمالی لینڈ سے بندرگاہ مرکہ [مسکہ؟] تک، پھر سر زمین زنج (دیکھیے بحر الزنج)

Marfat.com

جس [illegible] اور ممبسه کے شہر اور جزیرۂ زنجبار [illegible] ہیں، یعنی قریب قریب کینیا اور ٹانگانیکا کے علاقے سے لے کر جزیرۂ قنبلو تک۔ سُفالہ قنبلو سے ملا ہوا ہے۔ سب سے آخر میں الواق واق (مڈغاسکر) واقع ہے، جس کا فاصلہ تحقیق طلب ہے۔

اگر کوئی شخص بحر فارس سے تیز مکران کے مقام سے چلے تو وہ السّند [سندھ] کے ساحل پر پہنچے گا، جس میں دریاے سندھ (سہران) کا ڈیلٹا اور الدّیبل کا تجارتی شہر واقع ہے۔ بحرلاروی (= بحیرۂ لار یا بحیرۂ گجرات، ہندوستان کے مغربی ساحل پر) کے کنارے کھمبایت (Cambay) سوبارہ، صیمور اور سندا بورہ (گوا) کے شہر واقع ہیں۔ مجمع الجزائر ''الدّیبجات'' (لکا دیو و مالدیو) بحیرۂ لاروی کو بحیرۂ ہرکند (خلیج بنگالہ، مع ان پانیوں کے جو جنوب میں ہیں) سے جدا کرتا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ عربی میں تمرلپتی (Reinaud) یا ھری کل Harikel (Marquart، قبّ حدود العالم، ص ۲۴۰) کو غلطی سے ہرکند لکھ دیا گیا ہے۔ الادریسی نے صرف اتنا لکھا ہے کہ یہ نام ھندی ہے (Jaubert، ۱ : ۶۳).

ساحل مالابار پر آخری بندرگاہ کولم مالی (Quilon) اور اس کا سب سے آخری بیرونی جزیرہ سراندیپ (لنکا، سیلون) ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ جزائر شرق الهند کو جانے کے لیے بحیرۂ ہرکند سے گزر کر جزیرۂ الرّامنی جانا پڑتا ہے، جس سے بحیرۂ ہرکند اور بحیرۂ شلاهیط دونوں کے پانی ٹکراتے ہیں۔ الرّامنی (الرّامی، الرّامین = اللاّمری جس کے نام پر وہاں کے سمندر کو بحرِ لاَمری کہتے ہیں) سماٹرا کا دوسرا نام ہے یا زیادہ صحیح یہ کہ شمال مغربی سماٹرا کا (قبّ J. Sauvaget: *Relation de la Chine et de l'Inde*، ص ۴۳) اور شلاهیط جنوبی مالوکا Malacca ہے۔ چین کو جانے والے بحری مسافر شمالی سمت کچھ فاصلے پر سے گزرتے ہوں گے کیونکہ وہ جزائر لنقبالوس یا لنجبالوس (جزائر نکوبار) سے ہوتے ہوے جاتے تھے، جس کے شمال میں جزائر انڈمان واقع ہیں اور وہاں سے وہ کلاہ بار (کیدہ Kedah) پہنچ جاتے تھے، جو جزیرہ نماے ملایا پر واقع ہے۔ آبناے مالوکا کو اسی لیے بحر کلاہ (کلاہ بار) کہتے ہیں اور بحر شلاهیط کو جب بحر کلاہ سے ممیز کیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ یہ وہ سمندر ہے جو اس کے ساتھ جنوب میں ملا ہوا ہے۔ اب ہم بلاد مہراج میں پہنچ گئے ہیں جس کے مرکز میں الزّابج کی سر زمین ہے۔ ابتداءً اس نام کا اطلاق وسطی اور جنوبی سماٹرا پر ہوتا تھا، جہاں سربوزہ Sribuza (Ferrand کا تلفّظ) یا پالمبانگ Palembang واقع تھا، اس لیے کہ اس زمانے میں اس کا استعمال وسیع تر مفہوم میں ہوتا تھا اور اس میں جاوا (جابا) بھی شامل سمجھا جاتا تھا اور اگر سیاسی اعتبار سے دیکھا جائے تو اس میں چھوٹے چھوٹے جزیروں کا ایک سلسلہ اور ساحل مالوکا بھی شامل تھا۔ ان جزیروں سے پرے بحیرۂ کردانج یا کدرنج، خلیج سیام (جو بحر صنف (چمپا) میں ساحل قمار (خمیر= کمبوڈیا) تک چلی گئی ہے)، بحرِ انام اور وہ سمندر واقع ہیں جو جنوب کی سمت اس سے ملحق ہیں جزیرۂ صندر فولات (؟ ھینان Hai-nan) سے گزر کر ہم بحر صنخی Sankhay [صنچی ؟] (بحر چین) میں پہنچ جاتے ہیں، جہاں مغرب کے ساتھ تجارت کی عظیم الشان منڈی خانفو Khānfū (ھانگ چو Hang-chu، کینٹن) واقع ہے۔ الشّیلا، السّیلا (کوریا) اور جزائر واق واق (؟ جاپان) کے متعلق عربوں کا علم بہت محدود اور مبہم تھا۔

ہم جوں جوں مشرق اور جنوب کی طرف بڑھتے جاتے ہیں ہمیں اندازہ ہوتا ہے کہ بحرالهند سے

marfat.com
Marfat.com

متعلق دسویں صدی کے عربوں کے تصورات زیادہ مبہم اور ان کے بیانات کی تاویل زیادہ غیر یقینی ہوتی چلی گئی ہے - کئی ایک مقامات پر انھوں نے محض اپنے یونانی پیشروؤں کی تقلید کی ہے- مزید برآں انھوں نے خود اپنے بحری سفروں کے احوال سے استفادہ کیا ہے- مختلف مآخذ سے حاصل کی ہوئی معلومات کو پوری طرح سمجھنے اور ان کی بنا پر یہاں کی ایک واضح تصویر پیش کرنے سے وہ قاصر رہے ہیں- بعض اوقات ان کے بیانات سے یہ ظاہر ہوتا ہے گویا بحرالہند، بحر ظلمات میں مدغم ہوگیا ہے، جس کے بارے میں روایت ہے کہ راہ گم کردہ ملاح ہمیشہ یہاں بھٹکتے رہتے ہیں- بعض مصنفین کی رائے یہ ہے کہ بحر ہند بحیرۂ اسود (یا البحر الزفتی) سے ملا ہوا ہے اور اسی طرح بعض تحریروں سے معلوم ہوتا ہے کہ مشرقی ایشیا اور جنوبی افریقہ آپس میں ملے ہوئے ہیں، جس کا ثبوت یہ ہے کہ الواق واق کے نام کا اطلاق جاپان (یا سماٹرا، قبّ حدود العالم، ص ۲۲۸) پر بھی ہوتا ہے اور مدغا سکر پر بھی - الادریسی بھی اس خیال کی تائید کرتا ہے اور اس کے نزدیک جزائرِ زابج سر زمین زَنْج کے بالمقابل واقع ہیں.

ایرانی اور عرب موسمی ہواؤں سے فائدہ اٹھاتے تھے اور اپنے بحری سفر کا آغاز خلیج فارس سے کیا کرتے تھے - وہاں کی اہم بندرگاہیں سیراف اور صُحار ہیں- معلوم ہوتا ہے کہ اہم ترین تجارتی مراکز میں ایک تو سر زمینِ زنج تھی، جہاں تاجر الزّابج تک سے بحری سفر کر کے آتے تھے (چنانچہ مدغاسکر جزائر ملایا ھی کے لوگوں کی نوآبادی بنا) اور دوسرے خود الزابج، جس کے روابط چین سے قائم تھے - ایک بغاوت (۲۶۴ھ / ۸۷۸ء) کے دوران میں کینٹن کے تباہ و برباد ہو جانے کے بعد چین سے مسلمانوں کی تجارت بالکل ختم ہو گئی (ابو زیدالحسن السّیرافی، در G. Ferrand: *Voyage du marchand arabe Sulaymán*، ص ۵۷ ببعد؛ قبّ المسعودی: مروج، ۱: ۳۰۲ تا ۳۰۸)، لیکن ابن بطوطه کے سفر نامے سے معلوم ہوتا ہے کہ منگولوں کے عہد میں یہ تجارتی تعلقات کسی قدر بحال ہوگئے تھے.

**مآخذ**: (۱) *BGA*، ۱: ۲۸ تا ۳۶ و ۲ (بار اول): ۳۵ تا ۴۱ و ۲ (باردوم): ۴۱ تا ۵۹ و ۳: ۱۰ تا ۱۹ و ۵: ۷، ۹ تا ۱۶ و ۶: ۶۰ تا ۷۲ (ترجمه، ص ۴۰ تا ۵۳) و ۷: ۸۳ ببعد، ۸۶ ببعد و ۸: ۵۱ تا ۵۶؛ (۲) الیعقوبی، ۱: ۲۰۷ ببعد؛ (۳) المسعودی: مروج، ۱: ۲۳۰ تا ۲۴۴، ۳۲۵ تا ۳۹۵؛ (۴) بزرگ بن شهر یار: عجائب الهند (طبع Van der Lith، مع فرانسیسی ترجمه از M. Devic، لائڈن ۱۸۸۳ تا ۱۸۸۶ء)؛ (۵) القزوینی، طبع Wüstenfeld، ۱: ۱۰۶ تا ۱۲۳؛ (۶) Reinaud: *Introduction*، در ابوالفداء: تقویم، ترجمه، ص ccclxxvii تا cdxlv؛ (۷) G. Ferrand: *Relations de voyages et textes géographiques arabes, persans et turks relatifs à l'Extreme-Orient du viii^e au xviii^e siècles*، ج ۱ و ۲، پیرس ۱۹۱۳ تا ۱۹۱۴ء (مکمل مطبوعه)؛ (۸) وهی مصنّف: *Voyage du marchand arabe Sulaymân en Inde et en Chine, rédigé en 851, suivi de remarques par Abû Zayd Hasan (vers 916)*، پیرس ۱۹۲۲ء (مترجمه و طبع J. Sauvaget: *Relation de la Chine et de l' Inde*، پیرس ۱۹۴۸ء، بمدد اشاریه)؛ (۹) وهی مصنّف: *Le Tuḥfat al-Albāb de Abū Ḥāmid al-Andalūsī al-Gharnāṭi*، در *JA*، ۱۹۲۵ء، ص ۱ تا ۱۱۱، ۲۵۷ تا ۲۶۸؛ (۱۰) وهی مصنّف: *Instructions noutiques et routiers arabes et portugais des XV^e et XVI^e siècles*، ج ۱ تا ۳، پیرس ۱۹۱۸ تا ۱۹۲۱ء؛ (۱۱) هادی حسن: *Persian Navigation*، لنڈن ۱۹۲۸ء، ص ۹۵ تا ۱۶۴؛ (۱۲) حدود العالم،

marfat.com
Marfat.com

... اشاریہ الف؛ (۱۲) G. F. Hourani: *Arab Seafaring in the Indian Ocean in Ancient and Early Medieval Times*، در *Princeton Oriental Studies*، پرنسٹن ۱۹۵۱ء، ص ۱۰۵ تا ۱۲۲؛ (۱۳) T. A. Shumovsky: *Tri neizvestnie lotsii Akhmada ibn Mādzhida, arabskogo lotsmana Vasko da Gamii*، ماسکو ۱۹۵۷ء.

(D. M. DUNLOP و R. HATMANN)

⊗ **بُحْران:** (بعض کے نزدیک بَحْران) مدینۂ منورہ سے کچھ فاصلے پر موضع الفرع کی جانب بنو سُلَیم کے علاقے میں حجاز کا ایک مشہور مقام، جہاں سونے کی کان (مَعْدِن) تھی جو ایک معزز صحابی حضرت الحجاج بن عِلاط بن خالد البَہزی رضی کی ملکیت تھی ۔ اسی مقام پر حضرت عبداللہ بن جَحْش رضی کے سریہ میں ان کے دو ساتھیوں، حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اور حضرت عُتْبہ بن غَزْوان رضی، کا ایک اونٹ گم ہو گیا تھا اور وہ اس کے تعاقب میں ساتھیوں سے پیچھے رہ گئے تھے ۔ اس مقام کی اھمیت اسلامی تاریخ میں اس لیے ھے کہ آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم ربیع الاول ۳ھ کے آخر میں قریش کے ارادے سے نکلے، اور مدینۂ منورہ میں حضرت ابن ام مکتوم رضی کو اپنا نائب مقرر کیا ۔ آپ بحران کے مقام تک پہنچے، لیکن جنگ کی نوبت نہ آئی ۔ آپ ؑ وھاں دو ماہ (ربیع الآخر اور جمادی الاولی) قیام فرمانے کے بعد مدینے واپس تشریف لے آئے ۔ البلاذری اور بعض دیگر مؤرخین نے غزوۂ بنو سلیم اور غزوۂ بحران میں التباس پیدا کر دیا ھے (انساب الاشراف، ۱ : ۳۱۱) ۔ بعض نے مدینے سے روانگی کی تاریخ میں بھی اختلاف کیا ھے (المحبر، ص ۱۱۲).

**مآخذ:** (۱) ابن حبیب: المحبر، ص ۱۱۲؛ (۲) ابن حزم: جوامع السیرۃ، ص ۱۰۵، ۱۵۳، ۱۵۶؛ (۳) وھی مصنّف: جمھرۃ انساب العرب، ص ۲۶۲؛ (۴) ابن سعد: الطبقات، ۱/۲ : ۲۴؛ (۵) ابن سیّد الناس: عیون الأثر، ۱ : ۳۰۳؛ (۶) ابن القیم: زاد المعاد، ۲ : ۹۱؛ (۷) ابن کثیر: البدایۃ و النھایۃ، ۴ : ۳؛ (۸) ابن خلدون: تاریخ (اردو ترجمہ، از شیخ عنایت اللہ، مطبوعۂ لاھور)، ۱ : ۳۰؛ (۹) ابن ھشام: السیرۃ، ۳ : ۵۰؛ (۱۰) البلاذری: انساب الاشراف، ۱ : ۳۱۱، ۳۷۴؛ (۱۱) الدیار البکری: تاریخ الخمیس، ۱ : ۴۱۶؛ (۱۲) المقریزی: امتاع الاسماع، ص ۱۱۱؛ (۱۳) الواقدی: المغازی، ص ۱۹۲؛ (۱۴) یاقوت: معجم البلدان (مادۂ بحران).

(عبد القیوم)

* **بَحْرَق:** جمال الدین محمّد بن عمر بن مبارک بن عبداللہ بن علی الحِمْیَری الحَضْرَمی الشّافعی، جنوبی عرب کے عالم اور صوفی ۸۶۹ھ/ ۱۴۶۵ء میں بمقام سیوون پیدا ھوے اور انھوں نے ۹۳۰ھ/۱۵۲۴ء میں ھندوستان میں وفات پائی ۔ عدن اور زَبید میں تحصیل علم کرنے کے بعد کچھ دن کے لیے وہ شِحْر کے قاضی ھوے، پھر عدن میں آباد ھو گئے اور وھاں کے عامل امیر مَرْجان کے مقرّبین میں داخل ھو گئے ۔ ۹۲۷ھ/ ۱۵۲۱ء میں اپنے مربّی کے انتقال کے بعد وہ ھندوستان چلے گئے اور وھاں انھیں گجرات کے سلطان مظفر شاہ کی سرپرستی حاصل ھو گئی، لیکن تھوڑے ھی دنوں کے بعد دربار کو خیرباد کہنا پڑا اور احمدآباد میں وفات پائی ۔ شاید انھیں زھر دیا گیا ۔

اپنی گراں قدر ادبی تصنیفات میں انھوں نے دینی اور دنیوی دونوں طرح کے مسائل پر قلم اٹھایا ھے ۔ بظاھر ان کی طبع زاد تصانیف حسب ذیل ھیں:

(۱) مَواھِبُ القُدّوس فِی مَناقِب ابن العیدروس (قب Serjeant : *Materials*، ص ۵۸۶ : ان کے اس استاد کے متعلق رک بہ عیدروس، عدد ۲)؛ (۲) حِلْیَۃُ البَنات و البَنِین فیما یحتاج الیہ من امر الدین؛ (۳) عقد الدُّرَر فی الایمان بالقضاء و القدر؛ (۴) العِقْد الثَّمین فی اِبطال القول بالتقبیح و التحسین؛

marfat.com
Marfat.com

(۵) التبصرة الاحمدیة فی السیرة النبویة؛ (۶) ترتیب السلوک الی ملک الملوک (قب براکلمان، ۱ : ۴۴۳)؛ (۷) العروة الوثقی، مع شرح الحدیقة الانیقة (براکلمان : تکمله، ۲ : ۵۵۵)؛ تلخیصات : (۱) الاسرار النبویة، اختصار الاذکار النوویة، یعنی حلیة الابرار (براکلمان، ۱ : ۳۹۷)؛ (۲) ذخیرة الاخوان، اختصار کتاب الاستغناء بالقرآن، (؟)؛ (۳) متعة الاسماع، اختصار الامتاع فی احکام السماع للادفوی : (براکلمان : تکمله، ۲ : ۲۷)؛ علاوہ ازیں انھوں نے العسکری کی کتاب الاوائل (براکلمان : تکمله، ۱ : ۱۹۴)، السخاوی کی المقاصد الحسنة (براکلمان، ۲ : ۳۲) اور المنذری کی الترغیب و الترهیب (براکلمان، ۱ : ۳۶۷) کی بھی تلخیص کی؛ شروح : (۱) العقیدة الشافعیة، الیافعی کے مشہور قصیدے کی شرح (براکلمان، ۲ : ۲۲۸)؛ (۲) تحفة الاحباب و طرفة الاصحاب، الحریری کی ملحة الاعراب کی شرح (براکلمان[ : تکمله]، ۱ : ۴۸۸)؛ (۳) نشر العلم فی شرح لامیة العجم (سرکیس، ص ۵۳۳؛ جو درحقیقت الصفدی کی شرح کی تلخیص ہے)؛ ابن مالک کے لامیة الافعال کی شرح (وهی کتاب؛ قب براکلمان، ۱ : ۳۰۰ و تکمله، ۱ : ۵۲۶) ۔ مزید برآں انھوں نے حساب، علم هیئت اور طب پر چھوٹے چھوٹے رسالے بھی لکھے هیں ۔ ان کا نمونۂ کلام العیدروس اور السقاف نے دیا ہے (دیکھیے نیچے) .

**مآخذ** : (۱) براکلمان Brockelmann : تکمله، ۲ : ۵۵۵ بعد؛ (۲) العیدروس : النور السافر، ص ۱۴۳ تا ۱۵۱؛ (۳) السقاف : تاریخ الشعراء الحضرمیة، ۱ : ۱۲۱ بعد؛ (۴) سرکیس، عمود ۵۳۲ بعد.

(O. Löfgren)

* **بحرین** : رک به البحرین .

⊗* **البحرین** :(=دو سمندر[ دو دریا])، کائنات اور اس کی ترکیب سے متعلق ایک تصور، جو قرآن مجید میں پانچ جگه آیا ہے (ایک جگه حالت رفعی میں [ : وما یستوی البحرٰن......]، ۳۵ [الفاطر] : ۱۲) .

[ ان دو سمندروں کے متعلق قرآن مجید میں کہا گیا ہے : (وما یستوی البحرٰن هٰذا عذب فرات سائغ شرابه و هٰذا ملح اجاج ط (۳۵ [الفاطر] : ۱۲ )=اور دونوں دریا برابر نهیں، ایک تو شیریں خوش ذائقه ہے اور ایک کھاری تلخ؛ و هو الذی مرج البحرین هٰذا عذب فرات و هٰذا ملح اجاج و جعل بینهما برزخا و حجرا محجورا (۲۵ [الفرقان] : ۵۳) = اور وهی قادر مطلق ہے جس نے دو سمندروں (یا دریاؤں) کو آپس میں ملا دیا، ایک کا پانی شیریں اور خوش ذائقه ہے اور ایک کا کھاری کڑوا، پھر دونوں کے درمیان ایک ایسی حد فاصل اور روک رکھ دی که دونوں باوجود ملنے کے الگ رهتے هیں؛ اور هر ایک سمندر سے تازہ گوشت اور زیور نکالا جاتا ہے اور ان کی سطح پر جهاز نظر آتے هیں ۔ و من کل تاکلون لحما طریا و تستخرجون حلیة تلبسونها ج و تری الفلک فیه مواخر لتبتغوا من فضله و لعلکم تشکرون (۳۵ [الفاطر] : ۱۲) = اور تم هر ایک میں سے تازہ گوشت کھاتے هو اور زیور نکالتے هو، جسے تم پهنتے هو اور تم کشتیوں کو اس میں دیکھتے هو که وہ پانی کو پھاڑتی هوئی چلتی هیں تا که تم روزی ڈھونڈو اور تا که تم شکر کرو ۔ اسی طرح سورة الرحمٰن (۵۵ : ۱۹ تا ۲۲) میں دو سمندروں کا ذکر کر کے فرمایا که ان سے موتی اور مونگا نکلتا ہے] ۔ الطبری نے ۲۵ [الفرقان] : ۵۵ کی تفسیر میں لکھا ہے که تازہ اور شیریں پانی سے بارش اور دریاؤں کا پانی مراد ہے اور کھاری اور تلخ پانی سمندر کا ہے .

دونوں بحروں کے درمیان ایک حد فاصل ہے جیسے برزخ (۲۵ [الفرقان] : ۵۳؛ ۵۵ [الرحمٰن] : ۲۰)

Marfat.com

اور حَاجِزًا (۲۷ [النمل]: ۶۱) کہا گیا ہے - علما نے اس تصور یا اصطلاح (البحرین) کی کئی طرح تشریح کی ہے - منجملہ ان کے ایک راے یہ ہے کہ ایک بحر آسمان پر ہے اور ایک زمین پر اور ان دونوں کے درمیان ایک روک حائل ہے (الطبری: تفسیر، ۲۷ [النمل]: ۶۲)، مگر زیادہ رائیں جغرافیائی تصور سے قریب تر ہیں اور ان میں بھی غالب راے یہ ہے کہ ایک بحر سے بحر متوسط اور دوسرے سے بحر ہند مراد ہے جس میں بحر احمر بھی شامل ہے......

دو بحروں کے مقام اتصال، مجمع البحرین کا ذکر قرآن مجید میں صرف ایک جگہ آیا ہے (۱۸ [الکہف]: ۶۰) - بعض مفسرین نے اس سے بحر فارس اور بحر روم [یا بحر اردن اور بحر قلزم] کے اتصال کا مقام مراد لیا ہے (البیضاوی، الطبری، النسفی، الزمخشری وغیرہ) - دوسروں نے بحرین سے دو بحر مراد لیے ہیں، جو باب المندب [رک بآں] پر بحر اردن اور بحر احمر کے مقام اتصال پر یا آبناے جبل الطارق پر ملتے ہیں (مثلاً القرطبی) - جیسا کہ ونسنک Wensinck نے لکھا ہے (مادۂ الخضر، در وَا): ''ایک دور از کار توجیہ یہ ہے کہ البحرین سے مراد حضرت موسی اور حضرت خضر علیہما السلام کی ملاقات ہے، کیونکہ یہ دونوں بحر حکمت تھے''؛ [نیز دیکھیے الشوکانی: فتح القدیر، ۳: ۲۸۷؛ ابو الاعلی مودودی: تفہیم القرآن، بذیل آیت مذکورۂ بالا].

فتح قسطنطنیہ کے بعد محمد ثانی نے ''سلطان البرّین و البحرین'' کا لقب اختیار کیا اور یہ ان القاب میں بھی شامل ہے جو بعد کے سلاطین آل عثمان نے استعمال کیے.

[ترکی امیر البحر سیدی علی رئیس اپنی کتاب مرآۃ الممالک میں ایسے مقامات کی خلیج فارس میں نشان دہی کرتا ہے جہاں آب شور کے نیچے آب شیریں کے چشمے ہیں اور جن سے وہ خود اپنے بیڑے کے لیے پینے کا پانی حاصل کرتا رہا تھا - موجودہ زمانے میں جب امریکن کمپنی نے سعودی عرب میں تیل نکالنے کا کام شروع کیا تو ابتدا میں وہ بھی خلیج فارس کے انھیں چشموں سے پانی حاصل کرتی تھی - بعد میں ظہران میں کنویں کھود کر پانی حاصل کیا گیا (تفہیم القرآن، ۳: ۴۰۸)].

مآخذ: بذیل آیات مذکورہ دیکھیے (۱) مختلف تفاسیر [مثلاً الطبری، البیضاوی؛ الزمخشری؛ الرازی؛ الشوکانی؛ الطنطاوی؛ امیر علی؛ مواہب الرحمن؛ اشرف علی تھانوی: بیان القرآن؛ ابوالاعلی مودودی: تفہیم القرآن؛ عبدالماجد دریا آبادی: تفسیر ماجدی]؛ (۲) J.H. Kramers: مادۂ جغرافیہ، در وَا، تکملہ (طبع اول)؛ (۳) وہی مصنف: *Geography and Commerce*، در *The Legacy of Islam*، آوکسفرڈ ۱۹۳۷ء؛ (۳) وہی مصنف: *L'influence de la tradition iranienne dans la géogrphie arabe*؛ اور (۴) *La littérature géographique classique des Musulmans*، در *Analecta Orientalia*، لائڈن ۱۹۵۴ء؛ (۵) A.J. Wensinck: *The Ocean in the Literature of the Western Semites*، ایمسٹرڈم ۱۹۱۸ء.

(W.E. Mulligan [و ادارہ])

⊕● **اَلْبَحْرَیْن**: (= بَحْرَیْن) خلیج فارس میں ایک ریاست، جو جزیرہ نماے قطر اور سعودی عرب کے درمیان واقع اسی نام کے ایک مجمع الجزائر پر مشتمل ہے - علاوہ ازیں اس میں جزیروں کا ایک اور مجموعہ بھی شامل ہے جو قطر کے مغربی ساحل پر واقع ہے اور جس کا سب سے بڑا جزیرہ حوار ہے - البحرین اور قطر کے فرمانرواؤں کے درمیان ایک چھوٹے سے قطعۂ زمین کی ملکیت پر اختلاف چلا آتا ہے جو شمال مغربی قطر میں الزُّبارۃ کے گرد واقع ہے -

marfat.com
Marfat.com

[البحرین کا مجموعی رقبہ ۲۳۱ مربع میل ہے.]

البحرین کے نام کے بارے میں عربی مآخذ میں مختلف توجیہات ملتی ہیں، جن میں سے کوئی بھی قابل قبول نہیں۔ ان سے پتا چلتا ہے کہ اس کی اصل اب تک نامعلوم ہے۔ زمانۂ قبل اسلام اور ابتداے اسلام میں اس نام کا اطلاق مشرقی عرب پر ہوتا تھا، جس میں القطیف اور الحَجَر (موجودہ الحَساء؛ رک بہ الاحساء) کے نخلستان شامل ہیں۔ آگے چل کر یہ نام محض اس مجمع الجزائر کے لیے مخصوص ہو گیا جو ساحل سے کچھ فاصلے پر واقع ہے (قب حصۂ تاریخ، جو ذیل میں درج ہے).

سب سے بڑا جزیرہ (جو عربی کے قدیم مآخذ میں اُوال یا اَوَال [قب یاقوت، ۱: ۳۹۵] اور آج کل البحرین کہلاتا ہے) تقریبًا تیس میل لمبا اور زیادہ سے زیادہ بارہ میل چوڑا ہے۔ اس کا دارالحکومت المَنامَۃ، جو شمال مشرقی ساحل پر واقع ہے، ڈیڑھ میل لمبے ایک سنگ بستہ راستے کے ذریعے شمال مشرقی جانب المُحَرَّق کے جزیرے اور شہر سے ملا ہوا ہے۔ دوسرے جزیرے یہ ہیں: (۱) سِترَۃ [البحرین کے مشرق میں؛ تین میل لمبا، ایک میل چوڑا]، جہاں سے تیل لادنے کا ایک پختہ گھاٹ سمندر کے اندر تک چلا گیا ہے؛ (۲) النَّبِیْہ صالح [=النّبی صالح، قب لا - ع]؛ (۳) اُمّ الصُّبان؛ (۴) جِدّا (جہاں پہلے پتھر کی کان تھی اور اب مجرموں کی اصلاح کے لیے قید خانہ ہے) اور (۵) ام نَعسان، جسے اب النَّعْسان بھی کہتے ہیں=[یہ البحرین کے مغرب میں واقع ہے اور ساڑھے تین میل لمبا، اڑھائی میل چوڑا ہے.]

یہاں کی آب و ہوا گرم مرطوب ہے حالانکہ یہاں اوسطًا صرف سات سینٹی میٹر سالانہ بارش ہوتی ہے۔ یہاں کئی بہنے والے چشمے (عیون) ہیں، جن سے بڑے جزیرے کے نصف شمالی ساحل کے ساتھ ساتھ زَلّاق سے جَوّ تک ایک قوس کی شکل میں پھیلے ہوے قطعے کی آب پاشی ہوتی ہے۔ اس قطعے میں مقابلۃً زیادہ وسیع پیمانے پر زراعت کی جاتی ہے۔ کئی دوسرے جزائر کی بھی یہی کیفیت ہے۔ خلیج فارس کے کھاری پانی کے درمیان ساحل کے قریب ہی میٹھا پانی بھی چشموں (کواکب) سے پھوٹتا ہے۔ کھجور، برسیم (alfalfa = فِصْفِصَہ) اور سبز ترکاریاں یہاں کی خاص پیداوار ہیں۔ دودھ کے لیے کچھ گائیں بھی پالی جاتی ہیں.

ارضیاتی نقطۂ نظر سے دیکھا جائے تو جزیرۃ البحرین کی شکل ایک لمبوترے کوھانی قُبّے کی سی ہے، جو تہ نشستہ چٹانوں سے بنا ہے۔ جزیرے کے وسط میں ایک بارہ میل لمبا، چار میل چوڑا طاس ہے، جس میں سے الدُّخّان کی پہاڑی ابھر کر کوئی ساڑھے چار سو فٹ کی بلندی تک جا پہنچی ہے۔ تیل نکالنے کا کام بحرین پیڑولیم کمپنی (Bapco) کے ہاتھ میں ہے جو امریکی سرمایہ داروں کی ملک ہے۔ ۱۳۶۷ھ/۱۹۴۸ء سے تیل کی اوسط پیداوار تین ہزار پیپے، روزانہ ہے مگر ''بپکو'' کے تیل صاف کرنے کے کارخانے میں دو لاکھ پیپے تیل روزانہ صاف کیا جاتا ہے۔ اس میں زیادہ حصہ خام تیل کا ہے، جو سعودی عرب سے سمندر کے زیرِ آب نلوں کے ذریعے جہازوں میں بھر کر بھیجا جاتا ہے۔ ''بپکو'' کے دفاتر اور غیر ملکی عملے کے سکونتی مکان العوالی میں ہیں.

قبل ازیں بحرین کی سب سے بڑی صنعت صدف گیری تھی، لیکن اب اس کی جگہ تیل نے لے لی ہے۔ پہلے یہاں موتی نکالنے والی تقریبًا پانچ سو کشتیاں اسی کام میں مصروف رہتی تھیں، لیکن ۱۳۴۸ھ/۱۹۲۹ء کی بین الاقوامی کساد بازاری اور جاپانی مصنوعی موتیوں کے روز افزوں رواج کے باعث ان موتیوں کی قیمت بہت گر گئی، چنانچہ اب گنتی کی چند کشتیاں موتی نکالنے کا کام کرتی ہیں،

marfat.com
Marfat.com

بہرحال ماہی گیری آج بھی بہت سے لوگوں کی روزی کا ذریعہ ہے ۔ بیشتر مچھلیاں جوار بھاٹے کے وقت سمندر میں باڑ لگا کر پکڑی جاتی ہیں ۔ کشتی سازی، کشتیوں کی مرمت، بادبان سازی اور جال بنانے کا شمار اب بھی یہاں کی چھوٹی صنعتوں میں ہوتا ہے ۔ اس کے علاوہ یہاں مٹی کے برتنوں، سفیدی اور پلاستر کی صنعت بھی ہے ۔

تجارتِ درآمد و برآمد کو مزید فروغ دینے کے لیے ۱۳۷۷ھ/۱۹۵۷-۱۹۵۸ء میں یہاں ایک آزاد بندرگاہ کھول دی گئی ۔ سامان تعیّش کے سوا ہر مال پر بحساب قیمت پانچ فی صد محصول عائد کیا گیا ۔ ۱۳۷۵ھ/۱۹۵۵ء میں خُورالقُلَیْعَہ کے گہرے پانی سے سمندر تک ایک نہر کھود کر ایک بہترین قدرتی بندرگاہ تیار کی گئی ۔ المحرّق میں ایک ہوائی اڈا بھی ہے، جہاں مقررہ نظام کے مطابق تمام بین الاقوامی فضائی کمپنیوں کے طیارے اترتے ہیں ۔ Gulf Aviation Co. کا صدر دفتر یہیں واقع ہے ۔ اس کمپنی میں گورنمنٹ بھی حصہ دار ہے اور اس کے جہاز خلیج فارس کے بہت سے مقامات پر آتے جاتے ہیں ۔

[بحرین کی کل آبادی ۱۵۰۰۰۰ ہے]، جس میں سے اکسٹھ فی صد لوگ المنامہ [آبادی ۶۲۰۰۰]، المُحَرَّق اور الحدّ کے شہروں میں آباد ہیں ۔ یہاں کی آبادی میں ایرانی، ہندوستانی اور پاکستانی نیز (تین ہزار کے قریب) یورپین اور امریکی شامل ہیں ۔ مسلمان یہاں کی کل آبادی کا ۹۹ فی صد ہیں، جن میں سے تقریباً آدھے شیعہ (بیشتر جعفری اثنا عشری اور کچھ شیخی) ہیں اور باقی، جن میں حکمران خاندان بھی شامل ہے، سنّی (زیادہ تر مالکی اور کچھ حنبلی) ہیں ۔ سنّی آبادی بڑے بڑے شہروں میں ہے اور شیعہ زیادہ تر ایسے دیہات میں آباد ہیں جہاں زراعت ہوتی ہے ۔ سعودی عرب کے مقامات القطیف اور الحساء میں آباد شیعوں کی طرح یہاں کے شیعہ بھی بحَارنۃ (واحد : بحْرانی) کہلاتے ہیں ۔ التباس سے بچنے کے لیے البحرین کے سنّی عموماً اپنے لیے اب بحرینی کی نسبت استعمال کرتے ہیں ۔ معلوم ہوتا ہے کہ شیعہ اس علاقے کے قدیم باشندوں کی اولاد ہیں اور اس مفروضے کو تسلیم کرنے کا کوئی جواز نظر نہیں آتا کہ وہ ایرانی النسل ہیں ۔ البحرین کے سنّی یا تو عرب ہیں یا ان عربوں کی اولاد جو کبھی ساحل ایران پر سکونت پذیر تھے ۔ مؤخرالذکر ہُوالہ *Huwala* کہلاتے ہیں ۔

تاریخ : تقریباً نصف صدی سے محققین البحرین کی ابتدائی تاریخ کا سراغ لگانے کے لیے مدفنوں کے ان تودوں کو کرید رہے ہیں جو بڑے جزیرے کے نصف شمالی حصے میں بکھرے پڑے ہیں اور تعداد میں غالباً ایک لاکھ ہیں ۔ ۱۲۹۶ھ/۱۸۷۹ء میں کیپٹن ڈیورنڈ E. Durand نے ایک بڑے تودے کو اور چند چھوٹے چھوٹے تودوں کو کھودا ۔ اس کے بعد دوسرے تودے مسٹر اور مسز بنٹ T. Bent، پریڈیو F. Prideaux اور کارنوال P. Cornwall نے کھودے ۔ میکے E. Mackay نے کھدائی کے بعد مختلف نمونوں کے ایک سلسلۂ مقابر کے بارے میں معلومات فراہم کیں ۔ متعدد تودے، جن میں سے ایک غالباً کسی قسم کا مندر رہا ہوگا، آثارِ قدیمہ کی اس مہم کے ارکان کے زیر مشاہدہ و مطالعہ رہے جو ڈنمارک سے آئی تھی ۔ اس جماعت نے ۱۳۷۳ھ/۱۹۵۳ء میں گلوب P. Glob اور بِبّی T. Bibby کی قیادت میں اپنا کام شروع کیا ۔ قدیم کھدائی کرنے والوں کا خیال تھا کہ یہ مقبرے فینیقیوں کے وقت سے چلے آ رہے ہیں، لیکن اب عام طور پر یہ نظریہ قابل قبول نہیں رہا ۔ جو چیزیں ان تودوں سے برآمد ہوئی ہیں یا ڈنمارک کے اہلِ مہم کو دوسرے

marfat.com
Marfat.com

مقامات، مثلاً برباد شدہ پرتگالی قلعے ــ قلعۃ عَجاج ــ کے قریب سے اور بار بار سے ملی ہیں ان میں کانسی اور لوہے کی بنی ہوئی اشیا، مہر لگانے کے پتھر، سنگ جراحت کے برتن، ہاتھی دانت کے ٹکڑے اور ایسے گِلی تابوت شامل ہیں جن پر رال کی تہ چڑھائی ہوئی ہے ۔ ایسے ہی مقبرے وسطی نجد میں اور ساحلِ عرب کے ساتھ ساتھ واقع ہیں، چنانچہ القطیف کے شمال میں جاوان کے مقام پر ایک بہت بڑے مقبرے کی کھدائی ۱۳۷۱ھ / ۱۹۵۲ء میں وڈال F. Vidal نے کی تھی، اور اس کا زمانہ ۱۰۰ء کے لگ بھگ متعین کیا گیا ہے ۔ ایسے علاقوں میں تودوں کی پھیلی ہوئی کثیر تعداد سے ظاہر ہوتا ہے کہ تودے بنانے کی رسم ایک مدت دراز سے چلی آتی ہے۔ بہت سے تودے یقیناً جاوان کے تودوں کے مقابلے میں بہت پرانے ہیں۔

کئی ایک فضلا اس بات میں رالنسن H. Rawlinson (در *JRAS*، ۱۸۸۰ء) کے ہم نوا ہیں کہ البحرین وہی مقام ہے جسے عراق کی میخی دستاویزات میں دلمن Dilmun بتایا گیا ہے، لیکن ان دونوں کا ایک ہونا یقینی طور پر ثابت نہیں ہوا، مثلاً S. Kramer (در *BASOR*، ۱۹۴۴ء) کے خیال میں دلمن Dilmun کا جنوب مغربی ایران میں ہونا سب سے زیادہ قرین قیاس ہے ۔

یونانی اور لاطینی ماخذ میں قدیم ساحلِ البحرین کے متعلق بہت کم معلومات ملتی ہیں۔ اتنا پتا چلتا ہے کہ وہاں بندرگاہ گرّھا Gerrha واقع تھی، لیکن اس کی بھی صحیح جاے وقوع معین نہیں کی جا سکی ۔ جنوبی عرب کے جو چند ایک کتبات اب تک دستیاب ہوے ہیں ان سے بھی اس علاقے کی تاریخ قبل اسلام کے بارے میں ہماری معلومات میں کچھ زیادہ اضافہ نہیں ہوتا ۔

البتہ عرب کی عوامی روایات میں البحرین کے کچھ گم شدہ عرب قبائل کا نشان ملتا ہے ۔ قدیم تاریخی قبائل میں سے بنی قحطان کے قبیلۂ الازْد کا ذکر آتا ہے، جن کے بہت سے افراد عمان میں منتقل ہو گئے ۔ اس کے دیگر افراد تنوخ کے قبائلی وفاق میں شامل ہو گئے، جسے کہا جاتا ہے کہ البحرین میں تشکیل دی گئی تھی ۔ بعد کے تارکانِ وطن تمیم، بکر اور تغلب جیسے عدنانی قبائل کے متوسلین میں سے تھے، جن میں سے بکر اور تغلب نے عیسائی مذہب قبول کر لیا تھا ۔ نبی کریم صلّی اللہ علیہ و آلہ و سلّم کے زمانے میں یہاں کی آبادی میں زیادہ تعداد بنو عدنان کے قبیلۂ عبدالقیس [رکّ باں] کی تھی۔

اردشیر اوّل کے زمانے سے البحرین میں ساسانیوں کے عمل دخل کا آغاز ہوا، چنانچہ جب نبی کریم صلّی اللہ علیہ و سلّم نے العلاءؓ بن الحضرمی کو مشرق کی طرف مہم پر بھیجا تو البحرین ایک ایرانی مرزبان کے ماتحت تھا ۔ زمانۂ رِدّۃ [رکّ باں] میں جب کہ البحرین کے لخمی حکمران نے خلافت کی اطاعت سے سرتابی کی تو بنو عبدالقیس کے بہت سے افراد الجارودؓ (جو عیسائی سے مسلمان ہوے تھے) کی زیر قیادت اسلام پر ثابت قدم رہے ۔ العلاء نے باغیوں کو الحساء میں جُواثا کے مقام پر شکست دی اور اسلامی فوجیں سمندر پار کر کے جزیرۂ دارِین، جو القطیف کے مقابل ہے، جا پہنچیں، بلکہ غالباً اَوال میں بھی داخل ہو گئیں ۔

پہلی صدی ہجری/ساتویں صدی عیسوی میں خارجیوں نے نجدۃ بن عامر [رکّ باں] اور ابو فُدَیک [رکّ باں] کی زیر قیادت البحرین میں اپنے اقتدار کا ایک مرکز قائم کیا ۔ عیسائیت اور یہودیت ابھی پوری طرح ختم نہیں ہوئی تھی اور نسطوری عیسائی بھی ابھی تک خاصے سرگرم عمل تھے، چنانچہ ۶۷۶ء میں انھوں نے دارین میں ایک مذہبی مجلس منعقد کی ۔ آئندہ صدی میں یہاں عباسی حکومت قائم

marfat.com
Marfat.com

ہوئی، لیکن عربی ماخذ یہ بتانے سے قاصر ہیں کہ اس علاقے میں اس کی حدود اور اقتدار کی کیا کیفیت تھی۔

فتنۂ زَنج [رک بآں] کے بانی علی بن محمد نے، جو غالبًا عبدالقیس کی نسل سے تھا، عراق جانے سے پہلے البحرین میں شورش برپا کی۔ ۲۸۱ھ/ ۸۹۴-۸۹۵ء میں البحرین کے عبّاسی عامل محمد ابن نور نے عمان کی اباضی امامت کے خلاف فوج کشی کی۔

قرامطہ [رک بہ قَرمَطی] کو البحرین کی بدوی اور شہری دونوں طرح کی آبادی میں جان نثار پیرو مل گئے۔ ۳۱۷ھ/ ۹۳۰ء میں حجر اسود مکّۂ معظمہ سے البَحرین لایا گیا، جہاں وہ بیس سال تک پڑا رہا۔ ۳۷۸ھ/۹۸۸ء-۹۸۹ء میں المُنْتَفِق کی فتح سے اگرچہ قرامطہ کی کمزوری ظاہر ہو گئی، لیکن اس کے پینسٹھ سال بعد جب ناصر خسرو سیاحت کرتا ہوا البحرین پہنچا تو وہاں کا نظم و نسق ابھی تک انہیں کے ہاتھوں میں تھا۔ ۴۵۰ھ/۱۰۵۸-۱۰۵۹ء میں ابو البُہْلُول العَوّام بن الزجّاج نے، جو بنو عبدالقیس میں سے تھا، اوال میں عباسی خلیفہ کے نام پر دوبارہ صحیح العقیدہ اسلامی حکومت قائم کر کے قرامطہ کو دعوتِ مبارزت دی۔ بنو عُقَیل [رک بآں] کے قبیلۂ عامر ربیعۃ کو جو قرامطہ کی طرف سے اس جزیرے کا نگہبان تھا، القَطِیف کے بالمقابل واقع جزیرۂ کَسْکُوس کے قریب ایک بحری لڑائی میں شکست ہوئی۔ اس کے بعد چند سال کے اندر اندر قرامطہ پر ہمیشہ کے لیے زوال آ گیا۔ یہ زوال الحساء کے ایک نئے شاہی فرماں روا خاندان یعنی عبدالقیس کے بنی عُیُون [رک بآں] کا مرہون منت تھا، جنھیں سلاجقۂ عراق کی اعانت بھی حاصل تھی۔

گو اس کی کوئی صحیح تاریخ نہیں بتائی جا سکتی کہ البحرین کا نام ''برعظیم'' کے بجائے اس مجمع الجزائر کے لیے کب استعمال ہونا شروع ہوا جو اس کے قریب ہی واقع تھا، لیکن سہولت اسی میں رہے گی کہ البحرین کی تاریخ کو ان جزیروں تک محدود رکھیں جن پر آج کل اس نام کا اطلاق ہوتا ہے۔

جزائر البحرین پر اپنے اوائل عہد ہی میں بنی عیون کی حکومت قائم ہوگئی، جنھوں نے مختلف ادوار میں القطیف کو اپنا دارالحکومت بنایا۔ جب عامر ربیعہ کی سرکشی کے باعث بنی عیون کے اقتدار کو ضعف پہنچا تو البحرین مشرقی خلیج فارس کے جزیرۂ قیس کے بنی قیصر کا باج گزار ہو گیا۔ ۶۳۳ھ/ ۱۲۳۵ء میں البحرین اور القطیف پر فارس کے سلْغُری اتابک ابوبکر بن سعد کی فوج نے قبضہ کر لیا، لیکن ۶۵۱ھ/۱۲۵۳ء میں عامر ربیعہ کی ایک شاخ بنی عُصْفُور کے تحت البحرین آزاد اور خود مختار ہو گیا۔

طِیْبِیہ، یعنی جزیرۂ قیس کے سر بر آوردہ تاجر، البحرین کو دوبارہ اپنے جزیرے کے حلقۂ اقتدار میں لے آئے، لیکن جب مزید مشرق کی جانب ہرمز جدید کو عروج ہوا تو ان کی سیادت پر زوال آ گیا۔ تقریباً ۷۳۰ھ/۱۳۳۰ء کے قریب ہرمز کے حکمران تَہْمْ تَم [کذا، تہمتن؟] ثانی نے جزیرۂ قیس اور البحرین دونوں کو اپنی مملکت میں شامل کر لیا۔ اس کے کوئی پندرہ سال بعد ہرمز کا فرمانروا توران شاہ خود البحرین آیا۔ موجودہ دارالحکومت المَنامہ کا ذکر پہلی مرتبہ اسی زمانے میں ملتا ہے۔

نویں صدی ہجری/ پندرھویں صدی عیسوی کے وسط میں عامر ربیعہ میں ایک نیا فرمانروا خاندان جَبْرِیہ [رک بآں] پیدا ہوا۔ اَجْوَد بن زامل اس کا ممتاز ترین شیخ تھا۔ اس نے البحرین کو اپنی سلطنت میں شامل کر لیا اور مالکیوں کو شیعوں پر غلبہ حاصل کرنے میں مدد دی۔ اس بدوی فرمانروا کے شاندار دور

marfat.com
Marfat.com

حکومت میں البحرین کی شہرت مصر اور پرتگال جیسے دور دراز علاقوں تک پہنچ گئی۔

پرتگالی ۹۲۰ھ/۱۵۱۴ء ھی میں بحر ھند سے البحرین پہنچ گئے تھے، لیکن اس پر ان کا قبضہ چند سال بعد اس وقت ھوا جب انھوں نے ھرمز سے رشتۂ اتحاد قائم کر کے اَجْوَد کے چچا مُکْرِم کو شکست دی۔ ان کی حکومت وقفوں کے ساتھ تقریبًا اسی سال تک قائم رھی اور اس دوران میں ان کا انحصار زیادہ‌تر ان ایرانی سُنّیوں پر رہا جنھیں وھاں کا گورنر مقرر کیا جاتا تھا۔ دسویں صدی ھجری/ سولھویں صدی عیسوی کے وسط میں عثمانی ترکوں نے خلیج فارس میں پرتگالی قیادت کو للکارا، لیکن ان کے امیر البحر، جو نظم و نسق سے کہیں زیادہ بحری جنگوں کے ماھر تھے، البحرین میں کسی جگہ مستقل قبضہ برقرار نہ رکھ سکے۔

۱۰۱۱ھ/ ۱۶۰۲ء میں شاہ عباس اول کے عھد میں ایرانیوں نے البحرین لے لیا اور چند وقفوں سے قطع نظر اس پر ڈیڑھ سو سال سے زیادہ قابض رھے۔ ایرانی قبضے کے باوجود یہ نہیں کہا جا سکتا کہ اس دوران میں ایرانی اثرات بھی پوری شدت کے ساتھ کار فرما رھے ھوں گے اس لیے کہ وھاں کے انتظامی امور اکثر ھُوالہ Huwala یا ان عربوں کے ھاتھ میں رھتے تھے جو ساحل ایران پر آباد تھے، جیسے بارھویں صدی ھجری/ اٹھارھویں صدی عیسوی میں طاھری کے جَبّارہ اور بوشہر کے ناصر اور نصر آل مذکور۔

۱۱۹۷ھ/ ۱۷۸۳ء میں احمد بن خلیفہ نے، جو بنو عُتْبہ (العُتُوب)، یعنی ان عربوں میں سے تھا جو ترک وطن کر کے پہلے نجد سے کُوَیْت اور پھر قطر میں الزُّبارہ کو نقل مکانی کر گئے تھے، نصر آل مذکور کو البحرین سے نکال دیا اور خاندانِ خلیفہ کی سلطنت وھاں قائم کی، جو آج تک قائم ھے۔ البحرین کے مستعد تاجروں نے، جن کے ھاتھ میں موتیوں کی قیمتی تجارت تھی، خلیج فارس کے اس تجارتی اقتدار کے لیے جو حال ھی میں مسقط کے قبضے میں آیا تھا، اس کا مقابلہ شروع کیا، جس سے برافروختہ ھو کر آئندہ پینتالیس برس تک مسقط کے اباضی فرمانروا برابر البحرین پر حملے کرتے رھے۔ پہلا حملہ ۱۲۱۶ھ/ ۱۸۰۱ء میں ھوا۔ اس میں نجد کے آل سعود نے آل خلیفہ کی مدد کی، لیکن آل سعود کا سیاسی اقتدار وھاں زیادہ عرصے قائم نہ رھا، اس لیے کہ البحرین کے مالکی رجحان رکھنے والے سُنّی کسی طرح بھی محمد بن عبدالوھاب کی حنبلیّت کے حامی نہیں ھو سکتے تھے۔

۱۲۳۵ھ/ ۱۸۲۰ء میں آل خلیفہ نے حکومت برطانیہ سے معاھدات کا ایک سلسلہ شروع کیا، جن کی بدولت ۱۳۳۲ھ/ ۱۹۱۴ء تک البحرین پوری طرح برطانیہ کے زیرِ حمایت آ گیا اور ایک طرف تو اس کے خارجی معاملات پر پورا اختیار برطانیہ کے ھاتھ میں آ گیا اور دوسری طرف اس کے قدرتی وسائل کی ترقی کے جملہ حقوق اسے حاصل ھو گئے۔ ایران کی طرف سے برطانیہ کے اس روز افزوں اثر و اقتدار کے خلاف احتجاج کرتے ھوئے ایک صدی سے زیادہ عرصہ ھونے کو آیا ھے اور آج بھی حکومت ایران البحرین کی سیادت کا پورے زور سے دعوٰی کر رھی ھے۔ اگرچہ عثمانی ترکوں نے ساحل عرب اور قطر پر تیرھویں صدی ھجری/ انیسویں صدی عیسوی کے نصف آخر میں قبضہ کرلیا تھا اور اس طرح پہلی جنگ عظیم تک البحرین کو اپنے گھیرے میں لیے رکھا، تاھم وھاں برطانوی اقتدار کی موجودگی کے باعث وہ ان جزیروں کو اپنی سلطنت میں شامل نہ کر سکے۔

ایک ھزار سال سے زیادہ غائب رھنے کے بعد ۱۳۱۰ھ/ ۱۸۹۳ء میں عیسائیت اپنی رسمی شکل

marfat.com
Marfat.com

میں [illegible] تبدیلی نمودار ہوئی جب کہ American Dutch Reformed Church کے مبلّغوں نے وہاں اپنا ایک اڈا قائم کیا ۔ ۱۳۵۱ھ/ ۱۹۳۲ء میں مرکزی جزیرے میں تیل دریافت کیا گیا ۔ خلیج فارس کے عربی ساحل پر واقع ان علاقوں کا یہ پہلا کنواں تھا جہاں تیل کے ذخائر بکثرت پائے جاتے ہیں ۔

۱۳۵۴ھ / ۱۹۳۵ء سے ۱۳۷۸ھ/ ۱۹۵۸ء تک البحرین خلیج فارس کا سب سے بڑا بحری اڈا تھا ۔ ۱۳۶۵ھ/ ۱۹۴۶ء میں خلیج فارس میں برطانیہ کے پولیٹیکل ریذیڈنٹ کا صدر دفتر بھی بوشہر سے البحرین منتقل کر دیا گیا ۔ ۱۳۶۱ھ/ ۱۹۴۲ء میں شیخ سلمان نے یہاں کی حکومت سنبھالی اور ۱۳۷۷ھ / ۱۹۵۸ء میں اس نے سعودی عرب کے شاہ سعود کے ساتھ ایک دوستانہ معاہدہ کیا، جس کی رو سے دونوں ملکوں کے درمیان سمندری حد معیّن کر دی گئی ۔ اس کی رو سے جزیرہ نمائے عرب کے سواحل سے ٹکرانے والے سمندروں کی پہلی بار واضح حد بندی عمل میں آئی ۔

[البحرین کا موجودہ حکمران شیخ عیسٰی بن سلمان الخلیفہ (ولادت : ۱۹۳۳ء؛ مسند نشینی : ۲ نومبر ۱۹۶۱ء) اپنے خاندان کا گیارھواں فرمانروا ہے ۔ انتظامیہ کا سربراہ سیکرٹری ہے ۔ حکومت کے مختلف اہلکار مشاورتی مجالس کی مدد سے یہاں کا نظم و نسق چلاتے ہیں ۔ چار شہروں اور دو جزیروں میں بلدیاتی ادارے قائم ہیں، جن کے نصف ارکان منتخب اور نصف نامزد کیے جاتے ہیں ۔ ۱۹۶۰ء میں چونتیس لڑکوں کے اور سولہ لڑکیوں کے مدرسے موجود تھے ۔ رعایا کا علاج مفت کیا جاتا ہے ۔ بیشتر آمدنی تیل اور درآمدی محصول سے ہوتی ہے ۔ ۱۹۶۳ء میں کل آمدنی تقریباً ساڑھے سات کروڑ پونڈ تھی] ۔

**مآخذ** : (الف) عربی، فارسی اور ترکی : (۱) البلاذری : فتوح؛ (۲) الہمدانی؛ (۳) حُمَید بن رُزَیق : الفتح المُبین، مترجمۂ G. Badger، لنڈن ۱۸۷۱ء؛ (۴) ابن بطوطہ : سفر نامہ؛ (۵) ابن حوقل؛ (۶) المسعودی : مُرُوج الذَّہب؛ (۷) ناصر خسرو : سفرنامہ، طبع Schefer، پیرس ۱۸۸۱ء؛ (۸) الطبری : تذکرۃ الملوک، طبع V. Minorsky، ۱۹۴۳ء؛ (۹) یاقوت : معجم البلدان، بامداد اشاریہ؛ (۱۰) امین الریحانی : مُلُوک العرب، بار دوم، بیروت ۱۹۲۹ء؛ (۱۱) حافظ وَهْبَہ : جزیرۃ العرب، قاہرہ ۱۳۵۴ھ؛ (۱۲) محمد بن بُلَیْہِد : صَحِیح الاخبار، قاہرہ ۱۳۷۰ تا ۱۳۷۳ھ؛ (۱۳) محمد النّبْہانی : التُّحْفَۃ النّبْہانِیّۃ، قاہرہ ۱۳۴۲ھ؛ (۱۴) وزارت خارجۂ سلطنت عثمانیہ : بحرین مسئلہ سی، استانبول ۱۳۳۴ھ.

•

(ب) آثارقدیمہ : (۱۵) J. and M. Bent : *Southern Arabia*، لنڈن ۱۹۰۰ء؛ (۱۶) T. Bibby و G. Globe، در *Kuml*، Århus ۱۹۵۴ء و ما بعد؛ (۱۷) P. Cornwall، در *BASOR*، ۱۹۴۶ء؛ (۱۸) وہی مصنف، در *GJ*، ۱۹۴۶ء؛ (۱۹) وہی مصنف، در *Jour. of Cuneiform Studies*، ۱۹۵۲ء؛ (۲۰) E. Durand و H. Rawlinson، در *JRAS*، ۱۸۸۰ء؛ (۲۱) S. Kramer، در *BASOR*، ۱۹۴۴ء؛ (۲۲) E. Mackay : در *Bahrein and Hemamieh*، لنڈن ۱۹۲۹ء؛ (۲۳) A. Oppenheim : *The Seafaring Merchants of Ur*، در *JAOS*، ۱۹۵۴ء؛ (۲۴) F. Vidal، در مجلّۃ المَنْہل، مکّہ ۱۳۷۵ھ.

(ج) انیسویں صدی کی تاریخ : (۲۵) R. Aigrain : *Arabie*، در *Dict. d'hist. et de géog. ecclés.*؛ (۲۶) J. Aubin : *Les princes d'Ormuz*، در *JA*، ۱۹۵۳ء؛ (۲۷) C. Belgrave، در *JRCAS*، ۱۹۳۰ء؛ (۲۸) Caetani: *Annali*؛ (۲۹) وہی مصنف : *Chronographia Islamica*، پیرس ۱۹۱۲ء؛ (۳۰) W. Caskel : *Eine 'Unbekannte' Dynastie*، در *Oriens*، ۱۹۴۹ء؛ (۳۱) M. de Goeja :

marfat.com
Marfat.com

Mémoire sur les Carmathes du Bahraïn، بار دوم، لائڈن ۱۸۸٦ء؛ (۳۲) وهی مصنف، در JA، ۱۸۹۰ء؛ (۳۳) L. Lockhart : Nadir Shah، لنڈن ۱۹۳۸ء؛ (۳۴) وهی مصنف، در BSOS، ۱۹۳۰ تا ۱۹۳۷ء؛ (۳۵) C. Matthews، در MW، ۱۹۵۳ء؛ (۳٦) C. Niebuhr : Beschreibung v. Arabien، کوپن هیگن ۱۷۷۲ء؛ (۳۷) A. Stiffe، در GJ، ۱۹۰۱ء؛ (۳۸) A. Wilson : The Persian Gulf، لنڈن ۱۹۲۸ء؛ (۳۹) وسٹنفلٹ F. Wüstenfeld : Bahrein u. Jemâma، در Abh. d. K. Ges. d. Wiss. zu Gött.، ۱۸۷۴ء.

(د) البحرین کی موجوده کیفیت : (۳۹) برطانوی بحریه : A Handbook of Arabia، لنڈن ۱۹۱٦ - ۱۹۱۷ء؛ (۴۰) وهی اداره: Iraq and the Persian Gulf، لنڈن ۱۹۴۴ء؛ (۴۱) A Collection of Treaties، بار پنجم، ج ۱۱، طبع C. Aitchison، کلکته ۱۹۳۳ء؛ (۴۲) حکومت بحرین اور بحرین پٹرولیم کمپنی کی سالانه رپورٹیں؛ (۴۳) C. Belgrave، در JCAS، ۱۹۲۸ء؛ (۴۴) J. Belgrave : Welcome to Bahrain، بار سوم، بحرین ۱۹۵۷ء؛ (۴۵) J. Brinton، در Revue Egyptienne de Droit International، ۱۹۴۷ء؛ (۴٦) O. Careo : Wells of Power، لنڈن ۱۹۵۱ء؛ (۴۷) V. Chirol : Fifty Years in a Changing World، لنڈن ۱۹۲۷ء؛ (۴۸) G. Curzon : Parsia، لنڈن ۱۸۹۲ء؛ (۴۹) اسمٰعیلی M. Esmaîli : La golfe persique et les îles de Bahrein، پیرس ۱۹۳٦ء؛ (۵۰) فروغی A.Faroughy : The Bahrein Islands، نیویارک ۱۹۵۱ء؛ (۵۱) برطانوی محکمهٔ خارجه : Handbook on the Persian Gulf، لنڈن ۱۹۵۳ء؛ (۵۲) L. Fraser، در JCAS، ۱۹۰۸ء؛ (۵۳) British Documents on the Origins of the War، ج ۱۰، حصه ۲، طبع G. Gooch و H. Temperley، لنڈن ۱۹۳۸ء؛ (۵۴) R. Hay، در MEJ، ۱۹۵۵ء؛ (۵۵) H. Hazard : Eastern Arabia، نیوهیون ۱۹۵٦ء؛ (۵٦) H. Hoskins : British Routes to India، نیویارک ۱۹۲۸ء؛ (۵۷) وهی مصنّف، در MEJ، ۱۹۴۷ء؛ (۵۸) H. Liebesny، در MEJ، ۱۹۴۷ء و ۱۹۵٦ء؛ (۵۹) S. Longrigg : Oil in the Middle East، لنڈن ۱۹۵۴ء؛ (٦۰) J. Lorimer : Gazetteer of the Persian Gulf, Omân and Central Arabia، کلکته ۱۹۰۸ تا ۱۹۱۵ء؛ (٦۱) C. Low : History of the Indian Navy، لنڈن ۱۸۷۷ء؛ (٦۲) L. Pelly : Remarks on the Tribes, Trade and Resources Around the Shore Line of the Persian Gulf، در Transactions of the Bombay Georg. Soc.، ۱۸٦۳ء؛ (٦۳) F. Qubain، در MEJ، ۱۹۵۵ء؛ (٦۴) A. Rihani: Around the Coasts of Ar.، بوسٹن ۱۹۳۰ء؛ (٦۵) Selections from the Records of the Bombay Govt.، ج ۲۴، بمبئی ۱۹۰٦ء؛ (٦٦) A. Toynbee، G. Kirk، وغیره : Survey of Int'l. Affairs، لنڈن ۱۹۲۷ء و ما بعد؛ (٦۷) U. S. Hydrographic Office : Sailing Directions for the Persian Gulf، بار چهارم، واشنگٹن ۱۹۵۲ء؛ (٦۸) R. Whish، در Transactions of Bombay Geog. Soc.، ۱۸٦۰ تا ۱۸٦۲ء؛ (٦۹) S. Zwemer : Arabia، نیویارک ۱۹۰۰ء.

(ه) ایرانی دعوٰی : (۷۰) F. Adamiyat : Bahrein Islands، نیویارک ۱۹۵۵ء؛ (۷۱) J. Kelly، در Int'l. Affairs، لنڈن ۱۹۵۷ء؛ (۷۲) M. Khadduri، در Amer. Jour. of Int'l. Law، ۱۹۵۱ء؛ (۷۳) سعید نفیسی: بحرین، تهران ۱۳۳۳ ه؛ (۷۴) G. Scarcia، در OM، ۱۹۵۸ء؛ [(۷۵) The Statesman's Year-Book ۱۹٦۳-۱۹٦۵ء؛ (۷٦) مؤتمر العالم الاسلامی : World Muslim Gazetteer، کراچی ۱۹٦۴ء].

(W.E. Mullignan و G. Rentz [و اداره])

marfat.com
Marfat.com

**البحریه**: مصر میں مملوکوں کا ایک فوجی دستہ۔ یوں تو ایوبی سلاطین میں سے بیشتر کے ہاں مملوک ملازم تھے، لیکن انھیں کثیر تعداد میں سلطان الصّالح نجم الدین ایوب (۶۳۷ھ / ۱۲۴۰ء تا ۶۴۷ھ / ۱۲۴۹ء) ہی نے بھرتی کیا۔ اس نے دشت قپچاق اور اس کے نواحی علاقوں کے ترک غلاموں کے مسلم منڈیوں میں امنڈ آنے سے فائدہ اٹھایا اوز ان کی ایک منتخب 'فوجِ رکاب' بھرتی کر لی، جس میں آٹھ سو سے ایک ہزار تک اسپ سوار ہوتے تھے۔ یہ وہ خانہ برباد ترک تھے جنھیں (چنگیزی) مغول کی پیش قدمی نے اپنے آبائی وطنوں سے نکال باہر پھینکا تھا۔ ایوّبی سلطان نے مذکورۂ بالا دستے کا نام البحریّہ رکھا، کیونکہ اس نے ان فوجیوں کی چھاؤنی دریاے نیل (بحر النّیل) کے کنارے جزیرۃ الروضۃ میں قائم کی تھی۔

البحریّہ نے اپنے قیام کے بالکل ابتدائی زمانے ہی سے ممالیک کے ایک عسکری معاشرے کی تمام ایجابی اور سلبی خصوصیّات کا مظاہرہ شروع کر دیا، یعنی ایک طرف تو بیرونی حملوں اور دوسری طرف اندرونی خلفشار کے مقابلے میں غیر معمولی فوجی استعداد، شجاعت اور اتّحاد کا مظاہرہ۔ المنصورہ (۶۴۷ھ/۱۲۴۹ء) اور عین جالوت (۶۵۸ھ، ۱۲۶۰ء) کی جنگوں میں فتح کا سہرا انھیں کے سر ہے، لیکن مؤخّرالذکر لڑائی سے چھے سال قبل ان کی صفوں میں ایسا انتشار پیدا ہوا تھا کہ ان کی ہستی تک معرض خطر میں پڑ گئی تھی۔ جب انھیں میں سے ایک شخص ایبک سلطان ہو گیا تو چند ہی دنوں بعد انھوں نے اسے معزول کرنا چاہا، مگر ناکام رہے۔ اس کشمکش میں ان کا سردار اقطای مارا گیا اور ان کے تقریبًا سات سو افراد کو مصر سے فرار ہو کر شام کے متعدد ایوبی فرمانرواؤں اور ایشیاے کوچک کے سلجوق حکمرانوں کے ہاں ملازمت اختیار کرنی پڑی۔

ایبک کی وفات کے بعد البحریہ کے جلاوطن مملوک چھوٹے چھوٹے گروہوں میں مصر واپس آگئے، لیکن چونکہ یہ لوگ اب عمر رسیدہ ہو چکے تھے اور ان کی تعداد بھی کم ہو گئی تھی، لہذا انھیں پہلے سی وقعت پھر کبھی حاصل نہ ہوسکی۔ ان کے آخری فرد نے ۷۰۷ھ/ ۱۳۰۷ء میں وفات پائی۔ بہر حال بحریہ کا نام نویں صدی ہجری/ پندرھویں صدی عیسوی تک چلتا رہا، کیونکہ اس کا اطلاق شام کے مختلف محافظ دستوں پر کیا جاتا تھا۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ اس زمانے میں اور بالخصوص سلطان قلاؤن کے عہد میں ان قلعوں کی حفاظت کے فرائض اصلی بحریّہ کے سپاہی انجام دیا کرتے تھے۔

البحریہ کی اہمیّت اس حقیقت میں مضمر ہے کہ اس کی تشکیل بالآخر مملوک سلطنت کے قیام پر منتج ہوئی۔ مگر مملوک بادشاہی کے ابتدائی عہد (۶۴۸ھ/ ۱۲۵۰ء تا ۷۸۴ھ/ ۱۳۸۲ء) کو، جس میں قپچاقی عنصر کا غلبہ تھا، "عہدِ بحریہ" سے موسوم کرنا صحیح نہیں۔ مملوکی مآخذ میں اس عہد کو عام طور پر "دولۃ التّرک" لکھا ہے تاکہ اسے چرکسی عہد (۷۸۴ھ/ ۱۳۸۲ء تا ۹۲۲ھ/ ۱۵۱۷ء) سے، جسے وہ "دولۃ الجرکس" (رک بہ چرکس) کہتے ہیں، ممیّز رکھا جائے۔

**مآخذ**: (۱) D. Ayalon: *Le régiment Bahriya dans l'Armée Mamelouke*، در *REI*، ۱۹۵۲ء، ص ۱۳۳ تا ۱۴۱؛ [نیز دیکھیے (۲) وآ(ع)، بذیل مادّہ].

(D. AYALON)

* **بَحْرِیّہ**: صحراے لیبیا میں نخلستانوں کا ایک مجموعہ۔ بحریہ صحراے لیبیا کا انتہائی شمالی علاقہ ہے۔ واحاتِ بحریّۃ (نیز صیغہ واحد یعنی شمالی نخلستانوں کو واحاتِ قبلیّۃ، یعنی

marfat.com
Marfat.com

جنوبی نخلستانوں—داخلہ [رکّ بآں] اور خارجہ [رکّ بآں] — سے متمیز کیا جاتا ہے ۔ ان دونوں مجموعوں کے درمیان ایک چھوٹا سا نخلستان قَرْفَرَة یا الفَرافِرہ واقع ہے (جسے بعض لوگ داخلہ ھی میں شامل کرتے ھیں) ۔ البکری اور الیعقوبی نے اسے الفَرْفَرون لکھا ہے ۔ مذکورۂ بالا تین بڑے نخلستانوں میں امتیاز قائم رکھنے کے لیے انھیں واحِ اولٰی، واحِ وسطٰی اور واحِ قصوٰی بھی کہا جاتا ہے ۔ واحِ اولٰی بحریہ ہے، جسے واحِ صغری بھی کہتے ھیں ۔ اسے بعض اوقات البَہْنَسِیَّة بھی کہتے ھیں، کیونکہ یہاں اھلِ بَہْنَسا کی آمد و رفت رھتی تھی ۔ بَہْنَسا الصّعید اور بَہْنَسا الواحات میں بہت پہلے؛ یعنی البکری (المُغرب، ص ۱۴) کے زمانے سے فرق کیا جاتا ہے ۔ Boinet Bey : *Dictionnaire Gèographique* کے مطابق بحریّہ صوبۂ المِنیا کا ایک ضلع ہے ۔ اس کی آبادی چھے ہزار ہے اور یہ مندرجۂ ذیل چار قصبوں پر مشتمل ہے : الباویط، القصر، مندیشۃ اور الزبو.

دوسرے نخلستانوں کی طرح بحریّہ بھی انتہائی زرخیز ہونے کی وجہ سے مشہور ہے ۔ قرون وسطٰی میں یہاں کی کھجور اور منقّی کی بڑی شہرت تھی ۔ علاوہ ازیں یہاں اناج، چاول، نیشکر اور بالخصوص نیل کی کاشت ھوتی تھی اور پھٹکری اور سبز توتیا بھی یہاں پایا جاتا تھا، اگرچہ مؤخّرالذکر کے خاص بحریّہ سے دستیاب ھونے کا ذکر نہیں آتا کیونکہ اس قسم کی معلومات میں سبھی نخلستانوں کا مجموعی طور پر حوالہ ملتا ہے ۔ اس نخلستان کی شادابی اور زرخیزی کا باعث وہ گرم چشمے ھیں جن میں مختلف کیمیائی اجزا پائے جاتے ھیں .

بحریہ کی تاریخ کے متعلق ھماری معلومات بہت قلیل ھیں ۔ کہا جاتا ہے کہ ۳۳۲ھ/۹۴۳–۹۴۴ء میں یہ نخلستان ایک بربری امیر عبدالملک ابن مروان کے زیر نگیں آزاد و خود مختار تھے ۔ فاطمی دورِ حکومت میں ایک مصری عامل ابو صالح کا نام سننے میں آتا ہے ۔ المقریزی اور القلقشندی کے زمانے میں، یا یوں کہیے کہ مملوکوں کے عہد میں، یہاں کا نظم و نسق براہِ راست مرکزی حکومت کے ماتحت نہ تھا بلکہ جاگیرداروں کی وساطت سے چلایا جاتا تھا ۔ ان نخلستانوں کو تقریبًا ہر دور میں عرب اور بربر بدوؤں کے قزاقانہ حملوں کا سامنا کرنا پڑا ۔ بعض اوقات زیادہ جنوب کے نخلستان (اور غالبًا بحریہ بھی؟) شاھانِ نوبیہ کی تاختوں کے ھدف بنے ۔ صرف ادوارِ حاضرہ میں ان نخلستانوں کے مصری حکومت سے گہرے روابط قائم ھوے ھیں ۔ گزشتہ صدی کے ساتویں عشرے میں Schweinfurth وھاں گیا اور اس کے بعد سے یورپی سیّاحوں کا وھاں اکثر جانا ھوا ہے .

قدیم زمانوں میں ان نخلستانوں کی اھمیت آج کل کے مقابلے میں یقینًا بہت زیادہ ھوگی، چنانچہ اھلِ روما کے تعمیر کردہ کئی قدیم مندروں اور چھٹی صدی عیسوی کے ایک کلیسا کے کھنڈر اس کی گواھی دیتے ھیں ۔ قبطی گرجا سے ظاھر ھوتا ہے کہ یہ زمانۂ مابعد میں بھی خاصی مدت تک نہایت آباد رھا ۔ سنا جاتا ہے کہ مسیح علیہ السلام کے ایک حواری کا جنازہ بیلوں کی جوڑیوں پر تابوت میں رکھ کر ایک باوقار جلوس کی صورت میں شہر کے بازاروں میں نکالا جاتا تھا ۔ بلا شبہ یہاں حواری سے یا تو سینٹ بارتلمی St. Bartholomew مراد ھیں (چنانچہ البکری، ص ۱۴، کی روایت کی اسی کے مطابق اصلاح کرنا) ھوگی یا غالبًا سینٹ جارج St. George یا دونوں.

**مآخذ** : (۱) البکری : المُغرب، طبع de Slane، ص ۱۴ ببعد؛ (۲) الادریسی : المغرب، ص ۴۴؛ (۳) ابوصالح، طبع Evetts، ورق ۹۳ الف، ۷۰ الف؛ (۴) المقریزی : الخطط، ۱ : ۲۳۴ ببعد؛

marfat.com
Marfat.com

[...] (Wüstenfeld [...])، ص ۱۰۲؛ (۶) [...] ۱۱ ببعد؛ (۷) علی مبارک : [...] ۱: ۹۲ ببعد؛ (۸) Baedeker : *Egypt*، بار [...] ۲۰۷؛ (۹) Amélineau : *Géographie de l' Egypte*، ص ۲۹۰؛ (۱۰) Schweinfurth : *Prof. Dr. Ascher-sons Reise nach der kleinen Oase*، در *Petermanns Georg. Mitteil*، ۲۲ : ۲۶۳؛ (۱۱) Guides Bleus : *Égypte*، پیرس ۱۹۵۶ء، ص ۵۰۷ تا ۵۰۸.

(C.H. BECKER)

**بَحْرِیّه** : [بحری بیڑہ یا بحری فوج].

(۱) عہد بنی فاطمه تک عرب بحریه [دیکھیے تکمله (و ۆ، لائڈن، طبع دوم)].

(۲) ممالیک کا بحریه : بحیرۂ روم میں مسیحی یورپ کا بحری تفوّق مسلّمه طور پر قائم ہو جانے کے بہت عرصه بعد مملوک سلطنت وجود میں آئی، لیکن اس سلطنت کے سارے دور میں یه تفوّق اور بھی مستحکم ہوتا گیا ۔ ان حالات میں مملوک سلاطین کو اس امر کا کچھ زیادہ موقع نه مل سکا که وہ اپنی ہستی کا ثبوت پیش کر سکیں ۔ ہمارے مآخذ میں ان بحری سرگرمیوں کا ذکر صرف اس وقت نمایاں طور پر ملتا ہے جب ہم ۶۶۹ھ / ۱۲۷۰ء میں قبرص پر سلطان الظّاہر بیبرس کے ناکام حملے، یا ۸۲۷ھ / ۱۴۲۴ء تا ۸۲۹ھ / ۱۴۲۶ء اور ۸۴۷ھ / ۱۴۴۳ء میں قبرص اور جزیرۂ ردوس Rhodes پر سلطان برسبای کی مہمات، نیز ۹۱۳ھ / ۱۵۰۷ء اور ۹۲۱ھ / ۱۵۱۵ء میں پرتگالیوں کے خلاف بحری معرکه آرائیوں کا تذکرہ پڑھتے ہیں ۔ ان سے قطع نظر ایسی سرگرمیوں کا حال شاذ و نادر ہی دیکھنے میں آتا ہے؛ لہٰذا موجودہ معلومات کی بنا پر مملوکی بحری بیڑے جیسے بھی تھے، ان کی تاریخ یا ان کی ہیئت اور فرائض کے متعلق کچھ لکھنا محال ہے۔ مملوک بحریه کے بعض فنّی پہلوؤں کے مآخذ کے حوالے کتابیات میں دیے جائیں گے.

بایں همه مملوکی مآخذ میں بحریه سے متعلق فنّی معلومات فراہم کرنے میں جو کمی رہ گئی ہے اس کی تلافی بڑی حد تک یوں ہو جاتی ہے که ان کے ذریعے ہمیں ان معاشرتی اور نفسیاتی اسباب سے گہری آگاہی حاصل ہوتی ہے جو بحریه کے بارے میں ممالیک کی روش کے ذمے دار تھے ۔ چونکه یه اسباب کسی طرح بھی صرف مملوک معاشرے تک محدود نه تھے، لہٰذا ان کا مطالعه قرون وسطٰی کی عام اسلامی تاریخ کے مطالعے میں بھی مفید ثابت ہو سکتا ہے.

یہاں مندرجۂ ذیل دو موضوعوں پر مختصر بحث کی جائے گی جو ایک دوسرے سے بہت مربوط بھی ہیں : (الف) بحریه سے متعلق مملوکوں کا طرز عمل اور اس کے نتائج؛ (ب) اپنی بندرگاہوں اور ساحلی استحکامات سے متعلق ان کی حکمت عملی .

(الف) جیسا که ایک اسپ سوار عسکری جماعت سے توقع ہو سکتی ہے، سمندر کے متعلق مملوکوں کی روش نہایت منفیانه قسم کی تھی ۔ بیبرس اول تک اس کلیے سے مستثنٰی نه تھا حالانکه ایسے عام حربی مسائل پر غیر معمولی قدرت حاصل تھی اور دوسرے مملوک سلاطین کی به نسبت اس نے بحریه پر کہیں زیادہ توجه دی: چنانچه اس کے عہد میں مملوکوں کی بحری قوت اپنے انتہائی عروج پر پہنچ گئی تھی ۔ ۱۲۷۰ء میں اللِمسون (Limasol) کے ساحل کے سامنے جب اس کا بیڑہ تباہی سے دو چار ہوا تو اس نے شاہ قبرص کو ایک خط لکھا جس میں اس نے خشکی پر حاصل ہونے والی سواروں کی فتح کی برتری اور فضیلت کشتی رانوں کی بحری کامیابی پر جتائی تھی ۔ پھر مسلمانوں کی قوت اور یورپی مسیحیوں کی بحری طاقت کے درمیان اصلی فرق کو ان مختصر

marfat.com
Marfat.com

مگر جامع الفاظ میں واضح کیا تھا کہ تم گھوڑوں کا کام جہازوں سے لیتے ہو اور ہم جہازوں کا کام گھوڑوں سے لیتے ہیں (سلوک، ۱ : ۵۹۴، حاشیہ ۳) - اسی بحری شکست کی خبر ملنے پر اس کا فوری ردِّ عمل بھی کچھ کم بصیرت افروز نہ تھا - اس نے خداے عزّ و جل کا شکر ادا کیا کہ اس ذات پاک نے اتنی کثیر فتوحات دینے کے بعد نظر بد کو صرف اسی قدر اجازت دی کہ ایسا ہلکا سا چشم زخم اسے پہنچائے ! کیونکہ اپنی تمام بری فوج کو نظر بد سے بچانے کے لیے اسے صرف چند جہاز اور ان کا عملہ بھینٹ چڑھانا پڑا اور یہ جہازی بھی فقط فلّاحین اور عوام پرَ مشتمل تھے (الخطط، ۲ : ۱۹۴؛ سلوک، ۱ : ۵۹۴؛ النّہج السّدید، در *Patrologia Orientalis*، ۱۲ : ۵۴۲) - اس میں کوئی کلام نہیں کہ متذکرۃ الصدر لوگوں سے بلند تر طبقے اور حیثیت کے افراد بھی بحریہ میں ملازم تھے، لیکن اغلب یہ ہے کہ ان میں مملوک شامل نہ تھے، جنھیں بلند تریں معاشرتی طبقے میں شمار کیا جاتا تھا - جب اللمسون Limasol کے ساحل پر مملوکی بیڑہ برباد ہوا تو مملوکوں کے سب بحری سردار بھی فرینکوں (Franks) نے اسیر کر لیے - ان میں تینوں بندرگاہوں — سکندریہ، دمیاط اور روزیتہ — کے رئیس (یا کپتان) بھی شامل تھے - قیدیوں کے ناموں کی ایک طویل فہرست ابن شدّاد الحلبی کی مشہور سوانح بیبرس میں محفوظ ہے (کتاب خانۂ سلیمیہ، ادرنہ، عدد ۱۵۵۷، وقائع ۶۷۳ھ: قبّ ترکی ترجمہ، از شرف الدین یلتقایا، استانبول ۱۹۴۱ء، ص ۴۶، جس میں ناموں کی فہرست حذف کر دی گئی ہے) - اس فہرست میں کسی ایک مملوک کا بھی نام نہیں ہے اور ان تمام قیدیوں میں سے کوئی شخص بھی اس قابل نہیں سمجھا گیا کہ اس کے حالات زندگی تحریر کیے جاتے - صرف یہی نہیں، مملوک عہد کے تاریخی ادب میں سوانح عمریاں اور تذکرے ہزاروں کی تعداد میں ملتے ہیں، لیکن ان میں سے ایک بھی کسی بحری کماندار کے نام سے معنون نہیں - المقریزی کا قول کہ ''اسطولی'' (= بحریہ کا آدمی) کا لقب سلطان صلاح الدین کے بعد ایوبی عہدِ حکومت میں باعثِ توہین سمجھا جاتا تھا (خطط، ۲ : ۱۹۴) مملوکی عہد پر بھی صادق آتا ہے.

لکڑی اور دھاتوں کی قلّت و کم یابی بھی مملوکوں کی بحری قوت کے ضعف کا بڑا باعث ہوئی - مصر کے ''جنگلات''، جو ہمیشہ سے نہایت تھوڑے رقبے پر محدود تھے، مملوکوں کے عہد میں غفلت و بے پروائی کے باعث عملاً ختم ہو گئے - شام کے شمال مغربی حصّے اور بیروت کے نواح میں کچھ چھوٹے چھوٹے جنگلات تھے، جہاں سے جہاز بنانے کی لکڑی مل جاتی تھی - نویں صدی ہجری / پندرھویں صدی عیسوی کے وسط میں مملوک سلاطین الجون سے بڑی مقدار میں عمارتی لکڑی منگواتے تھے، جو کہ جنوب مشرقی اناطولیہ میں واقع ہے - یہ لکڑی ان کے اپنے جہازوں میں بھاری فوج کے زیر حفاظت درآمد ہوتی تھی - معاصر مؤرخین یورپ سے عمارتی لکڑی کی درآمد کا ذکر شاذ و نادر ہی کرتے ہیں حالانکہ اس کی مقدار یقیناً معقول ہوگی.

مملوکوں کی ساری سلطنت میں خام لوہے کا واحد مخزن بیروت کے قرب و جوار میں ایک چھوٹی سی کان تھی، جس کی ساری پیداوار مقامی کارخانۂ جہاز سازی ہی میں صرف ہو جاتی تھی - دوسری دھاتیں سلطنت بھر میں ناپید تھیں.

جہاز سازی کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ خام مسالے کا یہ فقدان یا قلّت تھی، تاہم یہ بھی اس نفرت و اعراض کے مقابلے میں جو مملوکوں

marfat.com
Marfat.com

کو سمندر سے تھی بالکل ثانوی حیثیت رکھتی تھی۔ حقیقت یہ ہے کہ مملوکوں کا کوئی مستقل بحری بیڑہ سرے سے موجود ہی نہ تھا۔ جب کبھی ان کے ہاں کوئی چھوٹا سا بیڑہ تیار کیا جاتا تو اس کا مقصد محض یہ ہوتا کہ فرینک بحری ڈاکوؤں کے نقصان رساں اور ذلّت آمیز حملوں کے جواب میں قرار واقعی انتقامی کاروائی کی جائے۔ یہی وجہ ہے کہ نئے بیڑے کے تیار ہونے تک پہلا بیڑا مدتوں پہلے معدوم ہو چکتا تھا۔ اندریں حالات صحیح معنی میں کسی بحری فوج کو ملازمت میں رکھنا ناممکن تھا، لہٰذا یہ امر ہرگز لائق تعجب نہیں کہ فرینک (Franks) جب چاہتے مسلمانوں کے سواحل پر ڈاکے ڈالتے اور پھر بغیر نقصان اٹھائے واپس چلے جاتے تھے۔ یہ حملے مسلمانوں پر عموماً بے خبری میں کیے جاتے تھے اور جب کبھی وہ اپنے حملے کا اعلان بھی کرتے تھے تو عموماً اس سے فریب دینا مقصود ہوتا تھا۔

جوں جوں زمانہ گزرتا گیا مملوکوں کی بحری قوّت اور بھی بے حقیقت ہوتی گئی، نہ صرف اس لیے کہ سلطنت میں عام زوال آ گیا تھا بلکہ اس لیے بھی (اور بڑی وجہ یہی تھی) کہ بحری جنگ میں آتشیں اسلحہ کا استعمال روز بروز بڑھتا جا رہا تھا۔ بحیرۂ روم میں فرینکوں کا مسلم سواحل پر دباؤ شدید تر ہو گیا۔ ادھر بحر ہند میں جدید قسم کے بحری جہازوں کے چھوٹے چھوٹے پرتگالی بیڑے، جو اعلٰی درجے کے توپ خانے سے مسلّح ہوتے تھے، ان مملوک جہازوں کو بلادقّت تباہ کر ڈالتے جو ان کے مقابلے کےلیے بھیجے جاتے تھے۔ اس طرح انھوں نے ہندوستان اور مشرق اقصٰی کے بحری راستوں پر کئی صدیوں کے لیے اقوام یورپ کے تسلّط کا راستہ ہموار کیا۔

(ب) مسلمانوں کی بحری قوت پر مسلسل زوال آ رہا تھا، چنانچہ اسی سے مجبور ہو کر انھوں نے بصد تامل شامی و فلسطینی بندرگاہوں اور ساحلی استحکامات کو تباہ کر ڈالا۔ صلیبی جنگوں سے وہ رفتہ رفتہ اس نتیجے پر پہنچے کہ ان کے بچاؤ کی صرف یہی ایک صورت رہ گئی ہے۔ ان استحکامات کی تباھی کا آغاز ایوبیوں کے ھاتھوں ہوا، مگر اسے پایۂ تکمیل تک پہنچانے کا کام زیادہ تر مملوکوں نے سر انجام دیا۔ جنگ حطّین (۵۸۳ھ/ ۱۱۸۷ء) اور اس کے چند سال بعد رونما ہونے والے واقعات نے مسلمانوں کے روّیے میں ایک انقلاب پیدا کر دیا کیونکہ اب ان پر یہ ثابت ہو گیا کہ فرینک خشکی پر ان کے ھاتھوں کامل شکست کھا جانے کے باوجود اپنی بحری فوقیت کی بدولت جنگ کا پانسہ پلٹ دینے پر قادر ھیں، چنانچہ ایوبیوں کی اس حکمت عملی کا آغاز یوں ہوا کہ ۵۸۷ھ/۱۱۹۱ء میں سلطان صلاح الدین کے حکم سے عسقلان کو منہدم کر دیا گیا اور اس کے بعد ایک بے مثال عزم کے ساتھ [حفاظتی تدابیر اختیار کی جاتی رھیں]۔

مملوکوں نے بر سرِاقتدار آ جانے کے بعد شامی فلسطین کے ساحل پر بنے ہوے تمام استحکامات یکے بعد دیگرے منہدم کرا دیے۔ یہ اقدامات تیرھویں صدی عیسوی کے وسط سے ۷۲۲ھ/۱۳۲۲ء تک کیے گئے اور اسی دوران میں انھوں نے الاسکندرون کے حوالی میں ایاس بھی فتح کر لیا۔ کثیر التعداد ساحلی قلعوں میں سے ایک بھی باقی نہ بچا۔ ان میں سے چند ایک کے کھنڈروں پر بروج (مفرد : بُرج) تعمیر کر دیے گئے، جن کی غرض و غایت زیادہ تر یہ تھی کہ سمندر پر نظر رکھی جائے اور فرینکوں کی کسی امکانی یورش کے اوّلیں حملے کی مزاحمت کی جائے۔

مزید برآں مملوکوں نے اپنا ساحلی دفاع محکم کرنے کے لیے یہ کوشش بھی کی کہ ساحل کے

marfat.com
Marfat.com

آس پاس ان کردوں، خوارزمیوں، ترکمانوں اور یورتوں (Oirats) وغیرہ کو آباد کر دیا جنھوں نے ان کے ملک میں پناہ لی تھی اور وافدیہ کہلاتے تھے - مگر یہ کوشش عمومی طور پر ناکام رہی کیونکہ وافدیہ جلد ھی مقامی آبادی میں گھل مل گئے اور ان کی جداگانہ حیثیت ختم ہو گئی، البتہ خاصی بڑی مدت تک صرف ترکمانوں کا ساحل کے محافظوں کے طور پر ذکر آتا ھے۔

شامی فلسطینی سواحل کے کئی شہر نہایت زوال کی حالت میں رھے - ان میں سے بعض تو بالکل نابود ہوگئے اور بعض ماھی گیری کی چھوٹی چھوٹی بندرگاھیں بن کر رہ گئے، البتہ معدودے چند ایسے تھے جن کی رونق بہت جلد بحال ہو گئی۔

ساحل کا مکمل طور پر تباہ شدہ اور انتہائی ویران حصہ وہ تھا جو صیداء کے جنوب سے شروع ہو کر العریش تک، یعنی اگر سرسری طور پر دیکھا جائے تو فلسطین کے ساحل پر پھیلا ھوا ھے۔ عسقلان، ارسوف، قیساریة اور عثلیث کی بستیاں زمانۂ قریب تک ویران رھیں - حیفا کے احیا کا آغاز سلطنت مملوک کے کئی سال بعد ھوا - اسی طرح یافا اور عکّا مملوکوں کے عہد اور ابتدائی عثمانی دورِ حکومت تک صرف معمولی سے گاؤں تھے - اس تمام علاقے کی مکمل بربادی کا بڑا سبب بلاشبہ یہ تھا کہ ساحل کا یہ حصہ بیت المقدس کے قریب واقع تھا اور اس سے ملحقہ میدان ھموار اور مقابلةً وسیع و عریض تھا اور اس لیے یہ سمندر سے فوجیں اتارنے کے لیے ایک مثالی جگہ بن گئی تھی۔

اس تخریب کے بعد بیروت اور طرابلس ھی ایسے شہر تھے جو تقریبًا جلد ھی دوبارہ آباد ہو گئے، لیکن پھر بھی ان کے دفاعی استحکامات پہلے کی طرح مستحکم نہ بن سکے - مؤرخ صالح ابن یحیی لائق تشکر ھے کہ اس کی بدولت بیروت کے استحکامات کے متعلق ھمیں اتنی معلومات حاصل ھیں کہ شام و فلسطین کی اور کسی بندرگاہ کی نسبت میسر نہیں - اس دفاعی نظام کی جو کمزوریاں اس نے بیان کی ھیں وہ فی الواقع نہایت یاس انگیز ھیں (تاریخ بیروت، ص ۲۸ تا ۴۲، ۴۵، ۶۷ تا ۶۹، ۹۰ تا ۹۴، ۱۰۰ تا ۱۱۲، ۱۳۴، ۱۶۸، وغیرہ)۔

اس کے برعکس مصری ساحل کو بجنسه سلامت رھنے دیا گیا تھا - تیرھویں صدی عیسوی کے نصف اول میں تنّیس کو مستقلًا برباد کر دیا گیا، لیکن دمیاط کو منہدم کرنے کے بعد جلد ھی اسے از سرِ نو تعمیر کر دیا گیا - مصری بندرگاھوں اور ساحلی استحکامات کو محفوظ رکھنے کے اسباب یہ تھے: (۱) مصر پر صلیبی جنگجوؤں نے بہت تھوڑے تھوڑے اوقات کے لیے حملے کیے؛ (۲) بیرونی ملکوں سے تجارت بحال رکھنا ملک کے وجود کے لیے انتہائی ضروری تھا (بیروت اور طرابلس کے احیا میں بھی اقتصادی مصالح کا بلاشبہ فیصلہ کن دخل تھا)؛ (۳) مملوک فوج کے تمام چیدہ دستے مصر میں (بلکہ زیادہ صحیح یہ ھے کہ قاھرہ میں) جمع کر دیے گئے تھے اور دارالحکومت سے وہ مصری ساحل پر کہیں بھی ضرورت محسوس ھونے پر فورًا پہنچائے جا سکتے تھے۔

مندرجۂ بالا بیان سے یہ نتیجہ نہیں نکالنا چاھیے کہ مملوکوں کی توجہ مصری ساحل پر مبذول رھی - واقعہ یہ ھے کہ اسکندریہ اور دوسری مصری بندرگاھوں میں بھی ادنٰی درجے کی فوجیں متعین تھیں، جو ''حلقه'' کہلانے والی روبہ تنزّل غیر مملوک جمعیت اور قرب و جوار کے بدویوں پر مشتمل نہایت پرانی وضع کے اسلحہ سے مسلّح تھیں - کسی شدید خطرے کے موقع پر مملوک سلاطین کو ان بندرگاھوں میں حفاظتی فوجیں متعین کرنا پڑتی تھیں تو وہ محض تھوڑے عرصے کے لیے وھاں ٹھیرتیں،

marfat.com
Marfat.com

حتی کہ ۸۰۳ھ میں جب اسکندریہ کو فرنگیوں کے خوفناک ترین حملے کا سامنا کرنا پڑا تو اس کے بعد بھی وہاں کے دفاعی نظام میں کوئی مؤثر تبدیلی لانے کی ضرورت محسوس نہ کی گئی .

اپنی مملکت کے اندرونی حصوں میں، جن سے میری مراد زیادہ تر شام اورشام و فلسطین کے کوھستانی اقطاع ھیں، مملوک سلاطین ایک بالکل مختلف حکمت عملی سے کام لیتے رہے ۔ وھاں انھوں نے ان تمام قلعوں کو پورے نظم و ترتیب کے ساتھ ازسرِ نو تعمیر کیا جنھیں منگولوں کے ھاتھوں یا صلیبی جنگجوؤں سے لڑائیوں کے دوران میں نقصان پہنچا تھا یا منہدم ہو گئے تھے، چنانچہ ''قلعه'' کی اصطلاح، جو ساحلی علاقوں پر سننے میں بھی نہیں آتی تھی، اندرونی علاقے میں بہت دور دراز اور غیر معروف مقامات تک کے لیے اکثر استعمال ھوتی رھی ھے .

مآخذ : (الف) (۱) اوزون چرشیلی : عثمانلی دولتی تشکیلاتنه مدخل *Osmanli Devleti Teşkilatina Medhal* ، استانبول ۱۹۴۱ء، ص ۴۶۳ تا ۴۶۵؛ (۲) زیادة M. M. Ziada : *The Mamluk Conquest of Cyprus in the Fifteenth Century*، در *Bulletin of the Faculty of Arts*، جامعۂ مصر، ۱(۱۹۳۳ء) : ۹۰ تا ۱۰۴ و ۲ (۱۹۳۴ء) : ۳۷ تا ۵۷، قب اس مقالے میں کتابیات سے متعلق مفصل حواشی؛ (۳) D. Ayalon : *The Wāfidiya in the Mamluk Kingdoms*، در *Islamic Culture*، ۲۵ (۱۹۵۱ء) : ۸۹ تا ۱۰۴؛ (۴) وھی مصنف : *Gunpowder and Firearms in the Mamluk Kingdom*، لندن ۱۹۵۶ء، ص ۷۷ تا ۸۲ (مملوکوں اور پرتگالیوں کے درمیان بحری جنگ و جدل) .

(ب) مصری (بشمول مملوک) بحریه اور جہاز سازی کے کارخانوں کے بارے میں : (۱) المقریزی : الخطط، ۲ : ۱۸۹ تا ۱۹۷؛ قبرص اور روڈس پر مہموں کے متعلق زیادۃ کے مذکورۂ بالا مقالے میں اس کے ملاحظات کے علاوہ دیکھیے (۲) ابن تغری بردی : النجوم (طبع Popper)، ۶ : ۵۹۰ ببعد و ۷ : ۱۲۲ ببعد؛ (۳) السخاوی : التبر، ص ۶۱ ببعد، ۸۷ ببعد؛ (۴) ابن حجر، مخطوطۂ موزۂ بریطانیه، عدد Add. ۲۳۲۱، ورق ۳۶۱ ب تا ۳۶۴ب؛ بحریه، عملۂ جہاز، جہازسازی اورجہازوں کی تعداد وغیرہ پر : (۵) ابن مماتی : قوانین الدّواوین، ص ۳۳۹ تا ۳۴۰؛ (۶) *Beiträge zur Geschichte der Mamlukensultane* طبع Zetterstéen، ص ۵۶ س ۱۲ تا ۲۴؛ (۷) المفضّل بن ابی الفضائل : النّھج السّدید، در Patrologia Orientalis، ۱۴ : ۶۲۸ س ۶، ۶۲۹ س ۴؛ (۸) ابوالفداء : کتاب المختصر، ۴ : ۶ س ۲۶ تا ۲۹؛ (۹) ابن کثیر : البدایه، ۱۴ : ۳۲۰ س ۱۲ تا ۱۹؛ (۱۰) المقریزی : السلوک، ۱ : ۵۶ س ۶ تا ۱۳، ۷۷س ۱۶ تا ۱۷، ۸۰ س ۹ تا ۱۰، ۱۰۲ س ۱۴ تا ۱۵، ۲۰۳ س ۱۲ تا ۱۳، ۳۵۴ س ۱۲ تا ۱۴، ۵۱۴ س ۱۱ تا ۱۳، ۵۹۴ س ۲ تا ۴، ۶۱۵ س ۴ تا ۱۰، ۸۷۵ س ۶ تا ۱۰، ۹۲۸ س ۱، س ۸، س ۱۷، و ۲ : ۳۳ س ۴ تا ۵؛ (۱۱) ابن تغری بردی : النجوم، قاھره، ۶ : ۳۸ س ۶ تا ۷؛ ۳۶۹ س ۱۰ تا ۱۱ و ۷ : ۱۵۷ س ۸ تا ۱۰، ۲۲۶ س ۸، وھی کتاب (طبع Popper)، ۵ : ۱۹۹ س ۱۸ تا ۲۰ و ۶ : ۴۰۲، ۵۹۰ س ۲۰ تا ۲۸، ۵۹۱ س ۹، ۶۰۷ س ۱۸، ۶۰۸ س ۱، ۶۱۵ س ۱۸ و ۷ : ۱۳۴ س ۱۲ تا ۱۳، ۲۰۸ س ۱۲، ۲۱۰ س ۱۳، ۵۴۸ س ۴ تا ۷، ۲۵۷ (حواشی)؛ (۱۲) ابن تغری بردی : المنھل [الصافی]، ۲ : ورق ۵۶ الف؛ (۱۳) وھی مصنف : حوادث، ص ۳۴۱ س ۴ تا ۱۵، ۳۴۶ س ۱۱، ۳۴۷ س ۱۵؛ (۱۴) وھی مصنف : التبر، ص ۷۴ س ۱۵ تا ۱۶؛ (۱۵) ابن الفرات : تاریخ الدّول و الملوک، ۹ : ۲۶۵ س ۱۶؛ (۱۶) ابن ایاس : بدائع الزھور، طبع Kahle، ۴ : ۱۰۳ س ۱ تا ۶، ۲۱۲ س ۲ تا ۴، ۲۱۵ س ۱۹، ۲۱۶ س ۱، ۲۳۸ س ۸ تا ۹، ۲۴۳ س ۱۸ تا ۱۹، ۲۴۶ س ۱۰ تا ۱۱، ۲۷۶ س ۱۶، ۳۶۶ س ۹ تا ۱۰، ۴۶۶ س ۱۸ تا ۲۱

marfat.com
Marfat.com

و ۵ : ۸۱ س ۱۹ تا ۲۴؛ (۱۷) صالح بن یحیٰی : تاریخ بیروت، ص ۳۱ س ۱۶، ۳۳ س ۱۴ تا ۱۵، ۳۴ س ۱، ۳۴ س ۸، ۳۵ س ۷، ۳۶ س ۱ تا ۳، ۳۶ س ۲۰، ۳۸ س ۱۲، ۳۸ س ۱۶ تا ۱۹، ۱۰۱ س ۱۴، ۱۰۲ س ۱، ۱۸۱، ۲۳۸؛ (۱۸) ابن حجر : الدّررالکامنة، ۴ : ۳۴۸ س ۱۸، ۳۴۹ س ۱؛ (۱۹) القلقشندی : صبح الاعشٰی، ۴ : ۶۳ س ۱۸؛ (۲۰) المقریزی : الخطط، ۱ : ۲۶ س ۱ تا ۱۸ و ۲ : ۱۸۹ س ۱۲ تا ۱۵، ۱۹۵ س ۶ تا ۸؛ (۲۱) الظاهری : زُبدة، ص ۱۳۹ تا ۱۴۰، ۱۴۲ س ۲ تا ۷؛ (۲۲) ابن حجر العسقلانی : اِنباء، مخطوطۂ موزۂ بریطانیه، عدد Add. ۷۳۲۱، ورق ۳۶۲ س ۸ تا ۱۰.

(ج) مصادر کے لیے، جہاں سے جہاز سازی کے لیے عمارتی لکڑی آتی تھی، دیکھیے (۱) الخطط ۱ : ۱۱۰ س ۱ و س ۳۷، ۱۱۱ س ۷، ۲۰۴، ۲۷۲ س ۷ تا ۹ و ۲ : ۱۸۵ س ۵ تا ۸، ۱۹۴ س ۱۰ تا ۱۳؛ (۲) النجوم، طبع Popper، ۷ : ۳۸۶ س ۷، ۳۸۷ س ۴، ۳۹۲ س ۱۴ تا ۱۶؛ (۳) حوادث، ص ۹۶ س ۱۱، ۹۷ س ۴، ۱۱۵ س ۱۰ تا ۱۱، ۱۲۹ س ۸ تا ۱۱، ۲۰۵ س ۳ تا ۵، ۳۰۱ س ۴ تا ۵، ۴۷۰ س ۲ تا ۹؛ (۴) ابن کثیر، ۱۴ : ۳۱۵ س ۲۳ تا ۲۵، ۳۲۰ س ۱۲ تا ۱۹؛ (۵) ابن ایاس ۲ : ۵۴ س ۱۹ تا ۲۰، ۵۹ س ۱۱ تا ۱۲، ۶۳ س ۱۷ تا ۲۶ و ۳ (طبع Kahle) : ۱۳۱ و ۴ : ۱۶۳، ۱۶۴ ۱۸۳ س ۲۱، ۱۸۴ س ۱، ۱۸۵، ۱۹۱؛ (۶) ضوءالصبح، ص ۲۹۵؛ (۷) صبح الاعشٰی، ۴ : ۱۲۴ س ۳ تا ۷ و ۸ : ۲۲۶ و ۱۲ : ۱۷۲ و ۱۴ : ۶۸؛ (۸) السیوطی : حُسن المحاضرة، ۲ : ۲۳۴ س ۲۰ تا ۲۱.

(D. AYALON)

۳ - عثمانی بحریه : سلطنت عثمانیه کے قیام سے بایزید اول (۱۳۸۹ تا ۱۴۰۲ء) کے زمانے تک بحیرۂ مارمورا (Marmara) اور سواحلِ بحر ایجه (Aegean) کا ایک حصّه اس کی حدود میں شامل رہا ہے - سمندر کے اُس پار صوبۂ روم ایلی پہنچنے کے لیے امارت قرهسی کے بار بردار جہازوں سے کام لیا جاتا تھا، جن کا اڈا جزیره نماے قپوطاغی Kapidaghi کے ساحل پر تھا - بحری بیڑے کی ضرورت کا احساس پہلی مرتبه بایزید کے عہد سلطنت کے ابتدائی سنین میں ہوا جب وہ صارو خان، آیدین اور منتشا کی امارتوں پر، جو مغربی ایشیاے کوچک کے ساحلی اقطاع میں پھیلی ہوئی تھیں قبضه کرنے کے بعد بحیرۂ روم تک پہنچ گیا - مقبوضه ریاستوں کے بیڑوں سے کام لیا گیا اور اس کے ساتھ ہی گلیپولی (Gallipoli) میں ایک اسلحه خانه بنایا گیا اور بحیرۂ ایجه میں بحری سرگرمیوں کا آغاز ہوا - گلیپولی کو ایک سنجق (ضلع) قرار دیا گیا اور وہ عثمانی امارتِ بحریه (Admirality) کا مرکز بن گیا - آگے چل کر چند اور سنجاق بھی اس کے ساتھ ملا دیے گئے اور اس طرح قپتان (قپودان) پاشا کی ایالت (صوبه) تشکیل پائی - جہاز سازی صرف گلیپولی تک ہی محدود نہیں تھی بلکه بحیرۂ مارموره اور بحیرۂ ایجه کے سواحل پر نیز بحیرۂ اسود کے ساحل کے بعض مقامات پر بھی ہوتی تھی؛ لہذا بحری سرگرمیوں میں اضافه ہوا.

پہلی عثمانی بحری جنگ اہلِ وینس کے خلاف ۸۱۹ھ / ۱۴۱۶ء میں ہوئی، جس میں عثمانی قپتان پاشا گلیپولی کی سنجق کا حاکم چالی بے تھا - یه لڑائی جزیرۂ مرمره اور گلیپولی کے درمیان کسی مقام پر ہوئی - عثمانی بیڑے کو شکست ہوئی اور چالی بے مارا گیا - وینس کا امیرالبحر پیترو لوریدانو Pietro Loredano نے آنکھ پر زخم کھایا - دوسرے سال بوزنطی شہنشاہ کی ثالثی سے صلح ہو گئی.

اس کے بعد عثمانی بیڑہ برابر ترقی کرتا گیا پہلے تو اس نے سواحلِ بحیرۂ ایجه کے سامنے کے ان

marfat.com
Marfat.com

جزائر کو اپنے زیر اثر کیا، جہاں اهلِ جینوا نے اپنی نو آبادیاں قائم کر رکھی تھیں، پھر ۸۶۰ھ/ ۱۴۵۶ء میں اس نے بندرگاہ انز اور جزائر ایمبروس Imbros، طاشو یا ثاسوس Thasos، ساموتراس Samothrace اور لمنی (= لمنوس Lemnos) کو اور ۸۶۶ھ/ ۱۴۶۲ء میں لسبوس Lesbos پر قبضہ کیا۔ اس تاریخ کے تھوڑے هی دن بعد وینس سے سخت لڑائیوں کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ جزیرۂ یوبیہ Euboea، جو وینس والوں کا نہایت اہم فوجی اڈا تھا، ترکوں نے فتح کر لیا اور محمّد ثانی کے عہدِ حکومت کے آخری دنوں میں جزائر ایونیہ (Ionian Islands) بھی فتح ہو گئے۔

سلطنتِ عثمانیہ کے بیڑے کی دھاک پہلے سے بیٹھ چلی تھی جب کہ خیرالدین (''باربروسہ'')، والیِ الجزائر، اس کی ملازمت میں منسلک ہوا۔ اس کی خدا داد قابلیت نے سلطنت عثمانیہ کی بحری طاقت کو اعلٰی ترین مقام پر پہنچا دیا اور پریوزہ Preveza کی جنگ (۴ جمادی الاولٰی [۹۴۵ھ]/۲ ستمبر ۱۵۳۸ء) سے وہ بحیرۂ روم پر کاملاً مسلّط ہو گئی۔ لیپانتو Lepanto کی شکست (۹۷۹ھ/۱۵۷۱ء) میں سلطنت عثمانیہ کا بیڑہ تلف ہو گیا تھا، لیکن آئین اُجَقلق odjaklik کی بدولت انتہائی قلیل مدّت، یعنی صرف پانچ مہینے میں ایک بیڑہ وجود میں آ گیا (آئینِ مذکور کی رو سے ہر مقررہ علاقہ اسلحہ کے ذخیرے کے علاوہ جہاز سازی کے لیے کوئی خاص جنس مہیا کرنے کا ضامن ہوتا تھا، مثلاً جزیرۂ ثلسوس Thasos کے ذمے لمنوس کے کارخانۂ جہاز سازی کے لیے صنوبر کی لکڑی کا فراہم کرنا تھا: دیکھیے اوزون چرشیلی: عثمانی دولتنن مرکز و بحریہ تشکیلاتی، انقرہ ۱۹۴۸ء، بالخصوص حاشیۂ ص ۴۴۴)۔ اس نئے بیڑے نے اہلِ وینس کو صلح کرنے پر مجبور کر دیا اور انھیں ایک ایسے معاهدے پر دستخط ثبت کرنے پڑے جو ان کے لیے نہایت شرمناک تھا۔

سولھویں صدی عیسوی کے اواخر میں قپتان پاشالق، یعنی بحری افواج کی قیادت، ہر ایسے لوگوں کے بے تکے تقررات سے عثمانی بیڑہ کمزور ہو گیا جنھیں بحریہ کا کوئی تجربہ نہ تھا۔ سترھویں صدی عیسوی کے آغاز سے اہلِ وینس نے چپّو سے چلنے والی کشتیوں کے بجائے باد بانی جہازوں کا بیڑہ تیار کر لیا، مگر عثمانی بحریہ کو چپّوؤں کے استعمال هی پر اصرار رہا۔ کچھ تو اس بنا پر اور کچھ اس لیے کہ جہاز کا عملہ ایسے افراد پر مشتمل تھا جو بجبر بھرتی کیے گئے تھے اور جنھیں جہاز رانی سے کوئی وابستگی نہ تھی، وہ کچھ کامیاب نہ رہ سکا، حتّٰی کہ تنی‌دوس (تِنِدوس Tenedos) اور لمنوس Lemnos کے جزیرے دشمنوں کے قبضے میں چلے گئے۔

بالآخر ۱۶۸۲ء میں قرہ مصطفٰی پاشا مرزیفونی کی وزارت عظمٰی کے دور (۱۶۷۶ تا ۱۶۸۳ء) میں یہ اصول تسلیم کر لیا گیا کہ بحریہ بادبانی جہازوں هی پر مبنی ہوگا (اور یہ وہ اصول تھا جو بہت عرصے سے سلطنت عثمانیہ کی باجگزار ولایت الجزائر کے بحری بیڑے میں اختیار کیا جا چکا تھا)۔ اس طرح بحیرۂ روم میں اہلِ وینس والوں کے مقابلے میں طاقت کا توازن قائم رکھنے کی صورت نکلی اور ۱۱۰۶ھ/ ۱۶۹۵ء میں ان سے جزیرۂ خیو (Chios) واپس لے لیا گیا۔ ۱۷۰۱ء میں ایک قانونِ همایونی بادبانی جہازوں، ان کے کپتانوں اور عملے کے متعلق جاری کیا گیا۔

اٹھارھویں صدی عیسوی کے نصف آخر میں اہلِ وینس سے، جن کی بحری طاقت کمزور ہو چکی تھی، کوئی لڑائی نہیں ہوئی، البتہ مغربی بحیرۂ روم میں بحری سرگرمی زیادہ تر انگریزی اور فرانسیسی بیڑوں کی طرف منتقل ہو گئی۔ روس و ترکیہ کی جنگ کے دوران میں، جو ۱۱۸۲ھ/ ۱۷۶۸ء میں شروع

marfat.com
Marfat.com

ہوئی، روسی بیڑہ، جسے انگریزوں نے بحیرۂ بالٹک میں تیار کیا تھا، بحیرۂ روم میں داخل ہو گیا اور ۱۱۸۴ھ / ۱۷۷۰ء میں چشمہ کی بندرگاہ میں عثمانی بیڑے کو عملاً ختم کر دینے میں کامیاب ہو گیا۔ ۱۱۸۸ھ/۱۷۷۴ء میں معاہدۂ کوچک قینارجہ کے بعد امور بحریہ کو نمایاں اہمیت دی گئی اور دارالصنائع حربی (Arsenal) میں ایک مدرسۂ مہندسی (engineering) کھولا گیا، جس کے عملے کے لیے یورپ سے ماہرین بلائے گئے۔ سلیم ثالث کے عہدِ حکومت (۱۷۸۹ تا ۱۸۰۷ء) میں کوچک حسین پاشا کی پر جوش مساعی کی بدولت عثمانی بیڑے کو جدید ترین طریقوں سے مسلّح کرنے کے مسئلے کو بہت زیادہ اہمیت دی گئی۔ مدرسۂ مہندسیۂ بحریہ کو وسعت دی گئی اور ایک نیا مدرسۂ مہندسیۂ حربیہ جاری کیا گیا۔ محمود ثانی کے دورِ حکومت میں بیڑے کی طرف سے تغافل تو نہیں برتا گیا، مگر گوناگوں داخلی و خارجی اسباب کے باعث اس کی ترقی رک گئی۔ بایں ہمہ مدرسۂ مہندسیۂ بحریہ میں بحری کمانداروں اور جہاز سازوں کی تربیت جاری رہی۔ ۱۲۴۳ھ/۱۸۲۷ء میں موریہ (Peloponnese) کی بغاوت اور اس مدد کی بنا پر جو اسے برطانیہ، فرانس اور روس کی طرف سے ملی، عثمانی بیڑہ خلیج ناوارین (Navarino) میں تباہ کر دیا گیا۔ اس عظیم نقصان کے باوجود بحری سرگرمی موقوف نہیں ہوئی اور ۱۲۴۴ھ/۱۸۲۸ء میں Heybeliada [؟] میں ایک بحری تعلیم گاہ (اکادمی) کا افتتاح کر دیا گیا۔ سلطان عبدالعزیز کے عہد حکومت (۱۸۶۱ تا ۱۸۷۶ء) میں سلطان نے فوج اور بحری بیڑے کو بہت اہمیت دی، چنانچہ عثمانی بحریہ میں ایک بار قوت اور استحکام پیدا ہو گیا۔ مگر سلطان عبدالحمید ثانی کے عہد (۱۸۷۶ تا ۱۹۰۹ء) میں یہ بیڑہ بھی، جو اس قدر جوش و خروش سے بنایا گیا تھا، اس تساہل کے باعث جو ان دنوں عام تھا، تغافل کا شکار ہو گیا۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ سلطنت عثمانیہ کو، جو تین براعظموں کے طویل ساحلوں پر قابض تھی، شدید علاقائی نقصانات کا سامنا کرنا پڑا۔

چپّوں سے چلنے والے جہازوں کے دور میں عثمانی جہازوں کی بڑی بڑی اقسام قادرغہ (galley)، قالیتہ (galliot) اور فِرقتہ (frigate) تھیں۔ ایک ایک جنگی جہاز کا کماندار رئیس، چھوٹے بیڑے کا کماندار قپتان (Kaptan) اور پورے بیڑے کا سالار قپودان دریا کہلاتا تھا۔ قپودان دریا یا قپتان پاشا کے بڑے جنگی جہاز کو بشتردہ کہتے تھے۔ قادرغہ دو قسم کے ہوتے تھے: خاصہ قادر غلری اور بے قادر غلری۔ اوّل الذکر کو حکومت بنواتی تھی اور مؤخّرالذکر کی تعمیر کا کام ایالتِ قپتان پاشا کے حاکمانِ سنجاق کے ذمّے تھا۔

بادبانی جہازوں کو بیڑے کی اساس قرار دینے کے بعد اسے قپودان دریا کے ماتحت تین امرائے بحر کے سپرد کیا گیا، جو حسب مراتب بالترتیب قپودانہ (امیرالبحر)، پترونہ (نائب امیر البحر) اور ریالہ (''عقبی'' امیر البحر) کہلاتے تھے۔ بڑے بادبانی جہاز بہ اعتبارِ جسامت مختلف ناموں سے موسوم تھے: نسبۃً بڑے جہاز قُروِت کہلاتے تھے اور چھوٹے فِرقتِین۔ اسی طرح دو قسم کے بادبانی جہاز اِقی امبرلی قپق (ikî ambarli ḳapaḳ) اور اُچ امبرلی (ÜČ ambarli) کے نام سے معروف تھے۔ آخر الذکر جہازوں کے عملے کو قلیون جو (Ḳalyondju) کہتے تھے اور اس میں عارضی ملّاح (ایلق جی ayalḳdjîs)، جہازران (marinars؛ جو اسیران جنگ ہوتے تھے)، بادبانوں کی دیکھ بھال کرنے والے (ghabyars)، صنعت کار (رنگساز، بڑھئی، لہار، درزدوز) اور توپچی (sudaghabos) شامل ہوتے تھے۔

marfat.com
Marfat.com

استانبول کے دارالصنائع حربیہ میں قپتان پاشا کے تحت ترسانہ کتخداسی اور ترسانہ امینی کے عہدے تھے اور ان کے بعد دوسرے اور تیسرے درجے کے عہدیدار آتے تھے۔ دارالصنائع کے محاسب کا لقب جانب افندی تھا۔ بادبانوں کا استعمال شروع ہونے تک ترسانہ کتخداسی کا درجہ نائب امیر البحر کا ہوتا اور دارالصنائع میں نظم و ضبط قائم رکھنا اس کا فرض تھا۔ ترسانہ امینی کو باب عالی میں تربیت دی جاتی تھی اور وہ بیڑے اور دارالصنائع کے سامان کی بہم رسانی اور آمد و خرچ کا ذمے دار تھا۔ یہ عہدہ ۱۸۳۰ء میں ختم کر دیا گیا اور اس کے فرائض قپتان پاشا کو تفویض کر دیے گئے۔

۱۸۳۲ء میں بری اور بحری افواج دونوں میں نئے عہدے نکالے گئے۔ ۱۸۵۱ء میں وزات بحریہ (بحریہ نظارتی) کا قیام عمل میں آیا اور اس کی تحویل میں وہ تمام مالی اور انتظامی امور دیے گئے جو اس سے قبل ترسانہ امینی کے ذمے تھے۔ قپودان دریا کا خطاب بھی منسوخ کر دیا گیا اور اس کی جگہ بیڑے کی ایک مجلس حاکمہ بنا دی گئی۔ جون ۱۸۷۶ء میں قپودان دریا کا خطاب پھر بحال کر دیا گیا۔ بالآخر ۱۸۸۱ء وزیرِ بحریہ اور سپہ سالار اعظم بحریہ کے مناصب یکجا کر کے ایک ہی شخص کے سپرد کر دیے گئے، جسے ”مشیر“ کا رتبہ حاصل تھا۔ سلطنتِ عثمانیہ کے اختتام تک یہ انتظام برابر جاری رہا۔

۱۹۲۲ء میں انقرہ میں مجلسِ ملّی کبیر کے قیام کے بعد وزاتِ بحریہ (بحریہ وکالتی) بنا دی گئی۔ ۱۹۲۷ء میں جب اس وزات کو ختم کر دیا گیا تو امورِ بحریہ وزارتِ دفاع ملّی کی تحویل میں آ گئے۔ اس وقت سے ان کا انصرام ایک محکمے کے سپرد ہے جس کا سر براہ ایک مستقل مستشار (انڈر سیکرٹری) ہوتا ہے۔

مآخذ: (۱) فوزی کرت اوغلی Fevzi Kurtoğlu: تورک لرن دنز محاربہ لری، استانبول ۱۹۳۵ تا ۱۹۴۰ء؛ (۲) اوزون چرشیلی: عثمانی دولتنن مرکز و بحریہ تشکیلاتی، انقرہ ۱۹۴۸ء؛ (۳) وہی مصنّف: عثمانلی تاریخی، ج ۱ و ۲، انقرہ ۱۹۴۹ تا ۱۹۵۴ء؛ (۴) کاتب چلبی: تحفۃ الکبار فی أسفار البحار، استانبول ۱۷۲۸ء و ۱۹۱۴ء (ابواب ۱ تا ۴ کا انگریزی ترجمہ، از J. Mitchell، بعنوان: *History of the Maritime Wars of the Turks*، لنڈن ۱۸۳۱ء)؛ (۵) محمد شکری: اسفار البحریّۃ عثمانیّہ، استانبول ۱۳۰۶ھ؛ (۶) سلیمان نطقی: قاموس البحری، استانبول ۱۹۱۷ء؛ (۷) میرمراوغلی: فاتحن دونمہ سی و دنز سواشلری، استانبول ۱۹۳۶ء؛ (۸) علی حیدر و ف۔ کرد اوغلی: *Türklerin deniz harp sanatîna hizmeti*، استانبول ۱۹۳۳ء؛ (۹) باش وکالت آرشیوی: مہمّہ دفترلی، عدد ۱۱۲، ۱۲۰، ۱۲۱، ۶ ... ؛ (۱۰) دستاویزات بحریہ، در معلّم جودت: تصنیف؛ (۱۱) [مختلف] خطّ ھمایون؛ (۱۲) دنز مکتبی تاریخچہ سی؛ (۱۳) Sir Adolphus Slade: *Records of Travel in Turkey, Greece, etc.*، لنڈن ۱۸۳۳ء؛ (۱۴) R. C. Anderson: *Naval Wars in the Levant*، پرنسٹن ۱۹۵۲ء؛ (۱۵) H.A. von Burski: *Kemal-Re'is, ein Beitrag zur Geschichte der türkischen Flotte*، بون ۱۹۲۸ء؛ (۱۶) P. Wittek: *Das Fürstentum Mentesche*، استانبول ۱۹۳۴ء، بمدد اشاریہ (بذیل مادّہ Korsaren)؛ (۱۷) J. Deny: *Riyāla*، در وۃ، طبع اول؛ (۱۸) Ubicini: *Lettres sur la Turquie*، مکتوب عدد ۲۰.

(I. H. UZUNÇARŞILÎ)

⊗ بَحْشَل: [ابوالحسن] اسلم بن سَہْل [بن اسلم* بن زیاد بن حبیب الرَّزَّازی الواسطی، محدّث، حافظ، مؤرخ اور] واسط کی ایک تاریخ کا مؤلّف۔ اس کی زندگی کے متعلق کچھ معلوم نہیں، البتہ اس کے

چند رواۃ کے نام ملتے ہیں، جن میں سے وہب بن بَقِیّۃ (۱۵۵ھ/ ۷۷۲ء تا ۲۳۹ھ/ ۸۵۳ء) کے بارے میں کہا گیا ہے کہ وہ اس کا نانا تھا (لیکن قب الخطیب البغدادی: تاریخ بغداد، ۱۳ : ۳۸۸ س ۳ تا ۴) اور یہ کہ اس کی وفات کی تخمینی تاریخ ۲۸۸ھ/ ۹۰۱ء اور ۲۹۲ھ / ۹۰۵ء کے درمیان معلوم ہوتی ہے۔

واسط کی مذکورۂ بالا تاریخ ہمیں ایک نامکمل مخطوطے کی شکل میں دستیاب ہوئی ہے جو قاہرہ میں موجود ہے (تیمور: تاریخ، عدد ۱۴۸۳) - اس مخطوطے کی اپنی تاریخ بہت دلچسپ ہے اور اس کا جن لوگوں سے تعلق رہا ہے ان کی بدولت یہ اچھی خاصی قدر و قیمت کا حامل ہے - ہمارے پاس یہ قدیم ترین تاریخ ہے جو رواۃ کی ثقاہت جانچنے کے سلسلے میں علمائے حدیث کی رہنمائی کے لیے لکھی گئی - واسط اور اس کے گرد و پیش کی مختصر سی ابتدائی تاریخ بیان کرنے کے بعد اس کتاب میں ان علمائے دین کا تذکرہ ملتا ہے جن کا واسط کے ساتھ کوئی تعلق رہا ہے اور جو مصنّف کے ساتھ رواۃ کے ایک غیر منقطع سلسلے میں منسلک بھی ہیں - یہ سوانح علمائے حدیث کی ''قرون'' کے مطابق بہ ترتیب زمانی مرتب کی گئی ہیں (کتاب میں زیادہ عام لفظ ''طبقہ'' کے بجائے ''قرن'' کا لفظ استعمال کیا گیا ہے) - ان رواۃ کی ذات کے متعلق معلومات بہت ہی کم دی گئی ہیں اور تذکرے کو اصولاً محدّث کے نام، اس کے رواۃ و تلامذہ اور ان سے مروی ایک (کبھی کبھار ایک سے زیادہ) حدیث تک محدود رکھا گیا ہے - تھوڑے ہی دنوں بعد دنیائے اسلام میں تاریخی و سوانحی ادب کی جس مخصوص صنف پر نہایت شرح و بسط سے قلم اٹھایا گیا اس کتاب کا تعلق اگر اس کے آغازِ کار سے نہیں تو اس کے سادہ اور ابتدائی مرحلے سے ضرور ہے۔

**مآخذ**: یاقوت: ارشاد، ۲ : ۲۵۶؛ (۲) الذہبی، میزان، قاہرہ ۱۳۲۵ھ، ۱ : ۹۸؛ [(۳) وہی مصنّف: تذکرۃ الحفّاظ، ۲ : ۲۱۲]؛ (۴) الصفدی: الوافی؛ (۵) ابن حجر: لسان المیزان، ۱ : ۳۸۸ بعد؛ قب (۶) وہی مصنّف: معجم المفہرس مخطوطۂ قاہرہ، ''مصطلحات الحدیث''، عدد ۸۲، ۱۰۲؛ (۷) براکلمان: تکملہ، ۱ : ۲۱۰؛ (۸) F. Rosenthal : *A History of Muslim Historiography*، لائڈن ۱۹۵۲ء، ص ۸۳، ۱۴۳ ببعد، ۳۰۶؛ [(۹) عمر رضا کحالہ: معجم المؤلفین، دمشق ۱۹۵۷ء، ۲ : ۲۵۳].

(F. Rosenthal [و ادارہ])

* **البَحُوث**: قرآن مجید کی نویں سورۃ [التوبہ] کا ایک اور نام [رَكَ بہ البَراءۃ].

⊗ **بَحیرا**: بعض کے نزدیک بحیری (ابن کثیر)؛ ایک عیسائی راہب، تورات و انجیل کا بڑا عالم؛ شام کے شہر بُصری کے اس مشہور گرجا کا پادری جو عیسائی علما کا بڑا تبلیغی اور دینی مرکز تھا (ابن سعد) - دیگر یہودی اور عیسائی علما کی طرح بحیرا نے بھی نبی آخرالزمان صلّی اللّٰہ علیہ و آلہ وسلّم کی بابت بہت سی بشارات اور علامات اپنی کتابوں میں پڑھی تھیں اور اسی وجہ سے اہلِ کتاب کے باخبر حلقے ایک نبی موعود کے منتظر تھے (دیکھیے ابن سعد، ۱/۱ : ۱۰۳ ببعد؛ البخاری، کتاب ۱، باب ۶؛ الترمذی، ابواب المناقب، باب ۱؛ الدارمی، مقدمہ، باب ۱).

آنحضرت صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم بارہ برس کی عمر میں اپنے چچا ابو طالب کے ہمراہ ملک شام کو گئے - ان کا قافلہ بُصری میں فروکش ہوا - ان کی منزل کے قریب بحیرا راہب کا گرجا تھا - بحیرا اکثر وہاں سے گزرنے والے قافلوں سے بات چیت کا روا دار نہ تھا، مگر اس مرتبہ خلافِ معمول یہ

marfat.com
Marfat.com

قافله اس کی توجه کا مرکز بن گیا - اس کا سبب یه تها که بحیرا نے دیکها که رسول الله صلّی الله علیه وسلّم پر بادل سایه افگن هیں - جب قافله ایک ایک درخت کے نیچے فروکش هوا تو بادل اس درخت پر بهی سایه کیے تها اور درخت کی ٹهنیاں بهی سرسبز و شاداب هو کر آنحضرتؐ پر جهک گئیں - یه حیرتناک بات دیکھ کر بحیرا نے ان کی دعوت کا انتظام کیا - کهانا تیار کرا، قافلے والوں سے جا درخواست کی که چهوٹے بڑے ، آزاد غلام سب میرے هاں تشریف لا کر عزت افزائی کریں - ایک آدمی نے پوچھ هی لیا : ''اے بحیرا! پهلے تو تم نے کبهی ایسا نہیں کیا تها، آج کیا وجه ہے؟'' بحیرا نے جواب دیا : ''میں تمهاری عزت و تکریم کے پیش نظر ایسا کر رها هوں - تم اس عزت و تعظیم کے حقدار هو''؛ چنانچه قریش اس کے هاں جمع هوے، اور آنحضرتؐ کو کم سنی کی وجه سے پیچهے چهوڑ گئے کیونکه سارے قافلے میں آپ سے کم عمر اور کوئی نه تها - جب بحیرا نے نگاه دوڑائی تو ان علامات میں سے کوئی علامت نه پائی جس کے لیے وه سب کچھ کر رها تها؛ پوچها : ''کون غیرحاضر ہے؟'' قریش نے کہا : ''صرف ایک لڑکا یہاں موجود نہیں ہے - وہ سب سے چهوٹا ہے اور سامان کی حفاظت کر رها ہے''، بحیرا نے آپ کو بلانے پر زور دیتے هوے کہا : ''کتنی بری بات ہے که تم میں سے ایک آدمی پیچهے ره جائے''؛ چنانچه آپؐ کو بلا کر دستر خوان پر بٹها دیا گیا - بادل بهی آپؐ کے ساتھ چلا آیا - بحیرا آپؐ کو بغور دیکهتا رها - اس نے آپؐ کے جسم اطهر پر بهی نگاه ڈالی اور وه سب علامات و صفات موجود پائیں جن سے وه آگاه تها - جب لوگ کهانا کها کر چل دیے تو بحیرا آپؐ کے پاس آیا اور لات و عزّی کا واسطه دے کر پوچهنے لگا - آپؐ نے لات و عزّی سے بیزاری کا اظهار کیا تو اس نے الله کا واسطه دے کر بہت سی باتیں دریافت کیں ، حتّی که نیند تک کا حال پوچھ لیا اور آپؐ کے جوابات کو اپنی معلومات کے مطابق پایا - پهر دونوں آنکهوں کے درمیان دیکها، نیز کپڑا اٹها کر پشت مبارک پر دونوں کندهوں کے درمیان مهر نبوّت دیکهی اور اپنے هاں کی پیش گوئیوں کے مطابق پا کر اس کو بوسه دیا - قریش یه دیکھ کر چه میگوئیاں کرنے لگے - ابو طالب نے بهی خدشه سا محسوس کیا - پهر راهب کے سوال پر ابوطالب نے بتایا که یه لڑکا میرا بیٹا ہے - اس نے کہا : ''یه تمهارا بیٹا نہیں هو سکتا - اس کا باپ تو زنده نہیں هونا چاهیے'' - اس پر ابو طالب نے بتایا که اس کی ماں حامله تهی جب که اس کا باپ فوت هوا، پهر چند برس بعد اس کی ماں نے بهی وفات پائی - یه سن کر بحیرا نے انهیں وطن واپس جانے اور یهودیوں سے محتاط رهنے کا مشوره دیا اور ساتھ هی ساتھ یه بهی بتایا که یه لڑکا بڑا بلند اقبال اور عظیم الشان انسان هوگا، اس کے حالات و علامات هماری کتابوں میں موجود هیں، یهودیوں کے حسد سے اسے بچائیے - ابوطالب آپ کو واپس لے آئے اور پهر کبهی سفر میں ساتھ نه لے گئے (ابن سعد، ۱/۱ : ۹۹ تا ۱۰۱).

ابن سعد کی یه روایت باختلاف الفاظ و تفصیلات الطبری، ابن الاثیر، ابن هشام، السهیلی، ابن خلدون، جامع الترمذی، مستدرک حاکم، میزان الاعتدال، زاد المعاد، اصابة، اور حجة الله البالغة میں موجود ہے - امام ترمذی نے روایت درج کرنے کے بعد اسے ''حسن غریب'' کہا ہے - ان کی روایت میں آنحضرتؐ کی بصری سے واپسی کے سلسلے میں حضرت ابوبکرؓ اور بلالؓ کا نام آیا ہے جو بقول ابن القیم غلط ہے، باقی حصه درست ہے - مسند بزاز کی روایت میں حضرت ابوبکرؓ و بلالؓ کی جگه رجلٌ (ایک آدمی) آیا ہے (زادالمعاد، ۱ : ۱۷) -

marfat.com
Marfat.com

حافظ ابن حجر کے نزدیک ترمذی کی اس روایت کے سب راوی ثقہ ہیں، البتہ کسی راوی کی غلطی سے حضرت ابوبکرؓ اور بلالؓ کے نام اس روایت میں درج ہوگئے ہیں حالانکہ وہ دوسری روایت کے الفاظ ہیں، جس کے مطابق آپ نے بیس برس کی عمر میں حضرت ابوبکرؓ کے ساتھ شام کی طرف تجارتی سفر کیا۔ اس سفر میں بھی بحیرا راہب سے ملاقات اور علامات و آثار نبوت کا ذکر آتا ہے (اصابة، ۱ : ۳۰۱)۔ امام ذہبی نے امام ترمذی کی روایت کو موضوع خیال کیا ہے اور بعض حصوں کو باطل ٹھیرایا ہے (تلخیص المستدرک، ۲ : ۵۱۶) - شبلی نعمانی کے نزدیک بھی یہ روایت مرسل ہونے کی وجہ سے قابل اعتبار نہیں (سیرة النبی، ۱ : ۱۳۱) حالانکہ حافظ عراقی ایسے ماہر علماے اصولِ حدیث کے نزدیک ”مراسیلِ صحابہ صحیح مذہب کی رو سے موصول کے حکم میں ہیں“ - امام ترمذی کی روایت میں بحیرا نے آنحضرت صلّی اللہ علیہ و آلہ و سلّم کے لیے ”سیدالعالمین“، ”رسول رب العالمین“ اور ”رحمة للعالمین“ کے القاب استعمال کیے ہیں، نیز پتھروں اور درختوں کا سجدے کرنا علامتِ نبوت بتایا ہے - مزید برآں حضرت طلحہؓ بن عبیداللہ کا قصہ بھی اس پر روشنی ڈالتا ہے کہ وہ سوق بصری میں شریک ہوے تو راہب نے ان سے آنحضرتؐ کی نبوت کے اعلان کے بارے میں استفسار کیا، جس کے باعث وہ مکے واپس آ کر حضرت ابوبکرؓ کی وساطت سے اسلام لے آئے (ابن سعد، ۳ / ۱ : ۱۵۳)۔

مؤرخین و محدثین کی کثرت کے پیش نظر بحیرا راہب سے ملاقات کا واقعہ تو درست ہے البتہ بعض تفصیلات غلط فہمی کی وجہ سے شامل ہو گئی ہیں جن کی علماے کرام نے وضاحت اور تنقیح کر دی ہے۔

مآخذ: (۱) ابن سعد: طبقات ۱/۱: ۶۴، ۱۰۳ تا ۱۰۴، ۱۰۶، ۱۰۸، ۱۱۱، ۹۹ تا ۱۰۱ و ۳/۱: ۱۵۳؛ (۲) الترمذی: الجامع (ابواب المناقب، باب ۳: ما جاء فی بدء نبوة النبی)، اردو ترجمہ از بدیع الزمان: جائزة الشعوذی بترجمة جامع الترمذی، طبع مرتضوی، دهلی ۱۲۹۹ھ؛ (۳) ابن ہشام: السیرة، مصر ۱۹۰۵ء، ۱: ۱۸۰ تا ۱۸۲؛ (۴) ابن حجر: اصابة، ۱: ۳۰۱؛ (۵) ابن القیم: زاد المعاد، مصر ۱۹۲۸ء، ۱: ۱۷؛ (۶) ابن الاثیر: الکامل، بیروت ۱۹۶۵ء، ۲: ۳۷؛ (۷) ابن کثیر: البدایة و النهایة، مطبعة السعادة، مصر ۱۹۳۲ء، ۲: ۲۸۳ تا ۲۸۶؛ (۸) السہیلی، روض الانف؛ (۹) الذہبی: میزان الاعتدال، ۲: ۱۰۳؛ (۱۰) وہی مصنّف: تلخیص المستدرک ۲: ۵۱۶؛ (۱۱) شبلی: سیرة النبی، ۱: ۱۳۱؛ (۱۲) محمد ابراہیم میر: سیرت المصطفیٰ، بار دوم، ۱: ۲۰۲ تا ۲۰۶؛ (۱۳) شاہ ولی اللہ: حجة اللہ البالغة، طبعة المنیریة، مصر ۱۳۵۵ھ، ۲: ۲۰۵؛ (۱۴) محمد خضری: نورالیقین، مصر ۱۹۳۰ء، ص ۱۰؛ (۱۵) ابن خلدون: تاریخ، ۱: ۲۹۱، اردو ترجمہ از شیخ عنایت اللہ، لاہور ۱۹۶۰ء؛ (۱۶) الطبری: تاریخ، ۱: ۱۱۲۳ بعد؛ (۱۷) الواقدی: فتوح الشام، قاہرہ ۱۹۵۴ء، ۱: ۹ تا ۱۲؛ (۱۸) امین دویدار: صور من حیاة الرسول، مطبوعة دارالمعارف، مصر ۱۹۵۸ء، ص ۷۳ تا ۷۴؛ (۱۹) ابن الجوزی: صفة الصفوة، مطبعة دائر المعارف العثمانیه، حیدر آباد (دکن) ۱۳۵۵ھ، ۱: ۲۲ تا ۲۳.

(عبدالقیوم)

⊗ * **بَحِیرة**: چرے ہوے کانوں والی اونٹنی یا بھیڑ اور بکری - [یہ لفظ بَحَر سے مشتق ہے، جس کے معنی ہیں کانوں کو چیر دینا - ابن سیدة کا قول ہے کہ بَحَرَ کا مطلب ہے اونٹنی یا بھیڑ بکری کا کان درمیان سے چیر دینا - بعض نے یہ بھی کہا ہے کہ لمبائی میں دو برابر حصوں میں چیر دینا؛ چنانچہ البحیرة اس اونٹنی یا بھیڑ بکری کو کہتے تھے

marfat.com
Marfat.com

[illegible] [قب تاج، بذیل مادۂ بحر) ۔ بعض نے یہ بھی کہا ہے کہ بحیرہ سائبة کی بچی کو کہتے ہیں اور بعض کے نزدیک بحیرہ صرف بھیڑ بکری (شاۃ) کے لیے خاص ہے، اونٹنی اس میں شامل نہیں قب (تاج و لسان، بذیلِ مادۂ بحر)؛ نیز دیکھیے مفردات؛ السجستانی : غریب القرآن.

قرآن مجید اور قدیم شاعری (اشعارِ جاہلیت، قب ابن ہشام) سے پتا چلتا ہے کہ ایامِ جاہلیت میں عربوں کے ہاں مویشیوں سے متعلق بعض مذہبی رسوم کا رواج تھا، جن میں سے ایک تو یہ تھی کہ جانور کو بالکل آزاد چھوڑ دیا جاتا تھا اور اس سے کچھ کام نہیں لیا جاتا تھا اور دوسری یہ کہ (جانور کے مر جانے پر) اس کا گوشت کھانے کے مجاز صرف مرد ہوتے تھے ۔ مختلف صورتوں میں جانوروں کے مختلف نام ہوتے تھے (بحیرة، سائبة، وصیلة، حامی؛ ان ناموں کے سلسلے میں دیکھیے ولہاؤزن Wellhausen کا حوالہ، در مآخذ) ۔ اہلِ لغت میں اس بات پر اختلاف رائے ہے کہ اونٹنی یا بھیڑ بکری کے کان کن حالات میں چیرے جاتے تھے ۔ بعض کے نزدیک کان اس وقت چیرے جاتے تھے جب مادہ دس بچے جن چکی تھی ۔ دوسروں کے نزدیک کان اس صورت میں چیرے جاتے تھے جب اس کا پانچواں بچہ مادہ ہوتا تھا وغیرہ وغیرہ [دیکھیے لسان] ۔ قرآن مجید نے ان رسوم کو ختم کر دیا اور انہیں بدعت قرار دیا : [ما جعل اللّٰہ من بحیرة ولا سائبة ولا وصیلة ولا حام ۙ ولکن الذین کفروا یفترون علی اللّٰہ الکذب ؕ واکثرھم لا یعقلون =] ''بحیرة اور سائبة اور وصیلة اور حامی میں سے کوئی چیز بھی خدا نے نہیں ٹھیرائی ہے، لیکن جن لوگوں نے کفر کی راہ اختیار کی وہ اللہ پر جھوٹ کہہ کر افترا کرتے ہیں اور ان میں زیادہ تر ایسے ہی لوگ ہیں جو سمجھ بوجھ سے محروم ہیں'' (۵ [المائدة] : ۱۰۳)؛ [وقالوا ھذہ انعام وحرث حجر ۖ لا یطعمھا الا من نشاء بزعمھم و انعام حرمت ظھورھا و انعام لا یذکرون اسم اللّٰہ علیھا افتراء علیہ ؕ سیجزیھم بما کانوا یفترون ○ وقالوا ما فی بطون ھذہ الانعام خالصة لذکورنا و محرم علی ازواجنا ۚ و ان یکن میتة فھم فیہ شرکاء ؕ سیجزیھم وصفھم ؕ انہ حکیم علیم =] ''اور کہا کہ یہ کھیت اور چارپائے ممنوع ہیں ۔ انہیں اس آدمی کے سوا کوئی نہیں کھا سکتا جسے ہم اپنے خیال کے مطابق کھلانا چاہیں اور اسی طرح کچھ جانور ہیں کہ (ان کے خیال میں) ان کی پیٹھ (پر سوار ہونا یا سامان لادنا) حرام ہے اور کچھ جانور ایسے ہیں کہ (ذبح کرتے ہوئے) ان پر خدا کا نام نہیں لیتے کیونکہ خدا پر افترا کر کے انہوں نے یہ طریقہ نکال لیا ہے ۔ وہ جیسی کچھ افترا پردازیاں کرتے رہتے ہیں، قریب ہے کہ خدا انہیں اس کی سزا دے ۔ اور کہتے ہیں کہ ان چارپایوں کے پیٹ میں سے جو زندہ بچہ نکلے وہ صرف ہمارے مردوں کے لیے ہے، ہماری عورتوں کے لیے حلال نہیں ۔ لیکن اگر وہ مردہ پیدا ہو تو اس کے کھانے میں (مرد و عورت) سب شریک ہیں ۔ قریب ہے کہ خدا انہیں ان کی غلط بیانی کی سزا دے گا ۔ بلاشبہہ وہ حکمت والا اور جاننے والا ہے'' (۶ [الانعام] : ۱۳۸ و ۱۳۹).

**مآخذ:** (۱) قرآن مجید کی متذکرة الصدر آیاتِ مبارکہ کی تفاسیر؛ (۲) لسان العرب، بذیل مادۂ بحر؛ (۳) Freitag : *Einleitung i.d. Studium d arab. Sprache*، ص ۲۳۸ ببعد؛ (۴) Wellhausen : *Reste arab. Heidentums*، طبع ثانی، ص ۱۱۲ ببعد؛ (۵) Rasmussen : *Additamenta*، عربی متن : ص ۶۶ و ترجمہ : ص ۶۰.

(A. J. Wensinck [و ادارہ])

• **بُحَیْرَة** : (ع) بمعنی جھیل، یہ بحر (سمندر) کی نہیں بلکہ بحرة کی غالباً تصغیر ہے ۔ اس کا اطلاق ایک

marfat.com
Marfat.com

ایسے نشیب پر ہوتا ہے جس میں پانی جمع ہو سکتا ہو؛ چنانچہ شمالی افریقہ میں مشرقی الجزائر، شمالی تونس اور جنوبی مراکش کے ایک حصے میں بُحَیْرۃ (جمع : بَحَایِر) ایک پست میدان کو کہتے ہیں۔ لیکن اس کے سب سے عام معنی ہیں ''سبزی ترکاری کے باغ، منڈی کے لیے ترکاری بونے کے کھیت'' یا ''وہ کھیت جس میں خیارات (بالخصوص خربوزے) بوئے جائیں'' (دیکھیے W. Marçais : *Textes arabes de Tanger*، پیرس ١٩١١ء، ص ٢٢٧۔

(ادارہ، لائڈن)

بحیرہ (جھیل) مقامات کے ناموں کے طور پر ہسپانیہ اور پرتگال کے اکثر اسما کے ساتھ نظر آتا ہے، جیسے مندرجۂ ذیل شکلوں میں : (١) Albufera (=البحیرہ، یعنی [اضلاع] بلنسیہ Valencia، القنت Alicante، میورقہ Majorca میں)؛ (٢) Albuferas (المریہ Almería میں)؛ (٣) Albuera (قاصرش Cáceres و بطلیوس Badajoz میں)؛ (٤) Albojaira (المریہ Almería میں) اور (٥) Albufeira، جو الغرب (پرتگال) میں ایک ساحلی قصبہ ہے۔ اس اسم کی تصغیر التصغیر (٦) Albufereta (القنت Alicante) میں بھی ملتی ہے۔

مذکورۂ بالا جھیلوں میں سب سے اہم بلنسیہ [رک باں] کی جھیل ہے، جو اس شہر سے ٩ کیلومیٹر کے فاصلے پر خشکی سے گھرے ہوئے سمندر کا باقی ماندہ حصہ ہے (رقبہ : تقریباً ٣٠ مربع کیلومیٹر)۔ یہ پانی زمانۂ قبل تاریخ میں ''توریہ'' Turia اور شقر Jucar کی گہری وادیوں پر محیط ہو جاتا تھا۔ یہ سپین کی سب سے بڑی جھیلوں میں سے تھی، مگر ازمنۂ قریب میں اس کا پھیلاؤ کم کر دیا گیا ہے تا کہ شمال مغربی اور جنوبی ساحلوں پر چاول کی کاشت کے لیے زیادہ زمین مہیا ہو جائے۔ آج کل اس کا قطر فقط ٦ کیلومیٹر ہے۔

جب ابن مردنیش [رک باں] نے یہ دیکھا کہ اس کی رعایا نے اس کا ساتھ چھوڑ دیا ہے تو اس نے تخت و تاج سے محروم ہونے اور مر جانے سے تھوڑی دیر پہلے اپنی بہن کے دو بچوں کو اسی جھیل میں ڈبو دیا تھا۔ جب بلنسیہ کے حصے بخرے ہو گئے تو جیمز اول (الفاتح، م ١٢٧٦ء) نے البحیرہ (Albufera) کی جاگیر اپنے لیے مخصوص کر لی۔ انیسویں صدی کے شروع میں شاہِ ہسپانیہ نے اپنی یہ نفیس جاگیر گوڈائے Godoy کو دے دی اور نپولین نے اسے مارشل سیوشے Suchet کو پیش کیا۔ آگے چل کر یہ ایک دفعہ پھر قومی ملکیت قرار دے دی گئی۔

الموحّدون کے زمانے میں لفظ بحیرۃ ایک نہری باغ کے معنی میں آتا تھا۔ ٥٢٤ھ / ١١٣٠ء میں المرابطون نے الموحدون کو جس جنگ میں شکست فاش دی وہ جنگ ''بحیرۂ مرّاکش'' کہلاتی ہے۔ بحیرۂ اشبیلیہ کی، جسے آگے چل کر Huerto del Rey کہنے لگے، یوسف اوّل خلف عبد المؤمن نے درستی کرائی تھی۔

(A. Huici Miranda)

**بُحَیْرَۃ** : (بحرۃ)، مصری ''ڈیلٹا'' کے مغربی صوبے [مدیریۃ] کا نام۔ پہلے یہ ایک کُورہ (pagarchy؛ پرگنہ) تھا، جس کا رقبہ مختصر اور مضافاتِ اسکندریہ کے محض شمال مشرقی حصے تک محدود تھا۔ ہو سکتا ہے کہ اس کا نام جھیل ابوقیر کی نسبت سے پڑا ہو، جس کو بحیرۃ الاسکندریہ بھی کہتے ہیں؛ چنانچہ یاقوت اس امر سے باخبر تھا کہ مؤخرالذکر نام کا اطلاق شہر کے متعدد نواحی پرگنوں پر ہوتا تھا۔

فاطمیوں کے زمانے میں جب صوبوں کی تقسیم ہوئی تو بحیرہ ایک وسیع علاقہ اور [دریاے نیل کی ایک شاخ] فرع رشید (Rosseta) کے مغربی جانب واقع تھا اور مثلّثی دہانے کے سرے سے شروع ہو کر خاص اسکندریہ تک پہنچتا تھا، مگر اسکندریہ اس میں شامل نہ تھا۔ نظم و نسق کے اعتبار سے

marfat.com
Marfat.com

اس عظیم بندرگاہ کا تعلق بحیرۃ کے صوبے سے شاذ و نادر ہی ہوتا تھا، چنانچہ اس صوبے کا صدر مقام ہمیشہ سے دمنہور رہا ہے.

طرّانہ کے خطّے اور اس کے آگے شمال میں وادی نطرون میں خام شورے کے ذخیرے تھے، جنھیں قرونِ وسطٰی میں نکالا جاتا تھا.

العُمَری اور القلقشندی نے بحیرہ کی (خالص) عرب آبادی کی بابت بالکل صحیح معلومات فراہم کی ھیں.

مملوکوں کے عہد میں مغربی صحرا کے عرب قبائل اور بدویوں کی شورشوں کا ذکر بار بار ملتا ہے۔ یہ بغاوتیں نویں صدی ہجری / پندرھویں صدی عیسوی کے اواخرِ میں شروع ہوئیں۔ ان کی پاداش میں بڑی خوفناک سزائیں دی گئیں، مثلاً سرسری سماعت کے بعد موت کی سزا، عورتوں اور بچوں کا لونڈی غلام بنائے جانا اور مویشیوں کی ضبطی۔ عثمانی ترکوں کے زمانے میں ان شورشوں کی وجہ سے بسا اوقات تادیبی مہمات کی نوبت آئی اور جیسا کہ دمنہور میں متعینہ فرانسیسی فوج کے چھوٹے سے دستے کے قتل عام سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے فرانسیسیوں کے قبضے کے بعد بھی اس صوبے میں امن و سکون کے قیام کا پتا نہیں چلتا۔ فرانسیسیوں کے رخصت ہو جانے کے بعد اس ضلع کے بدویوں کو بڑی اہمیت دی گئی اور ان کے حق میں ایک شاہی فرمان شائع ہوا جس میں ان کی اپنے علاقے کی ملکیت کی توثیق کر دی گئی۔ بایں ہمہ ان کی شورش کو دبایا نہ جا سکا اور مملوک بے محمد الفی نے وقتی طور پر اس سے فائدہ بھی اٹھایا۔ محمد الفی نے محمد علی کے خلاف اپنی جد و جہد کے دوران میں اس صوبے کے عربوں کی دلجوئی کی کوئی کوشش نہیں کی.

مآخذ: (۱) Maspero و Wiet: *Matériaux pour servir à la géographie de l'Égypte*، ص ۳۴ تا ۳۵، ۵۷، ۱ تا ۱۷۷، ۱۸۰، ۱۸۳، ۱۸۵، ۱۸۷ تا ۱۹۱؛ (۲) العمری: التعریف [بالمصطلح الشریف]، ص ۷۶؛ (۳) القلقشندی: صبح الاعشٰی، ۵: ۱۹۰ تا ۱۹۱؛ (۴) ابن تغری بردی: النجوم، طبع Popper، ۶: ۲۸ء تا ۲۹ء و ۷: ۹، ۵۷۰، ۶۵۴، ۷۰۸، ۷۱۱، ۷۱۵، ۷۲۷، ۷۳۴، ۷۷۳؛ (۵) [وہی مصنف:] حوادث الدھور، [کیلیفورنیا ۱۹۳۱ء] ص ۵۷، ۱۹۰، ۲۰۹ تا ۲۱۱، ۲۱۳، ۵۰۰؛ (۶) الظاہری، ص ۳۵ تا ۳۶، ۱۳۰، مترجمۂ Venture de Paradis، ص ۵۵، ۲۱۴؛ (۷) ابن ایاس، طبع بولاق، ۱: ۱۴۲، ۲۴۹، ۲۶۵، ۲۶۸، ۳۰۸ وطبع مصطفٰی، ص ۱۲، ۱۳، ۲۰، ۲۸، ۹۰، ۱۱۷، ۱۲۵، ۱۳۹، ۱۴۱، ۱۵۳ وطبع Kahle و مصطفٰی، ۳: ۱۱، ۲۱، ۲۵، ۴۸، ۷۱، ۲۲۷، ۲۶۵، ۲۶۸، ۲۸۷، ۳۸۸ تا ۳۸۹، ۳۹۱، ۴۰۵ تا ۴۰۶، ۴۱۰ و مترجمۂ Weit، ۲: ۱۳، ۲۵، ۵۵، ۸۳، ۲۶۰، ۳۰۵، ۳۰۸، ۳۳۰، ۴۴۰ تا ۴۴۱، ۴۴۳، ۴۵۷، ۴۵۹ وطبع Kahle و مصطفٰی ۴: ۲۵۶ تا ۲۵۸؛ (۸) Weit: *Journal d'un bourgeois du Caire*، ص ۲۳۹ تا ۲۴۱؛ (۹) Quatremère: *Mémoires sur l'Egypte*، ۲: ۱۹۱ تا ۱۹۳، ۱۹۷ تا ۲۰۰، ۲۱۱؛ (۱۰) الجبرتی، ۱: ۲۴، ۹۵، ۳۳۴، ۳۴۹ و ۲: ۹۳، ۱۱۹، ۱۵۹، ۲۱۹ و ۳: ۵۷ تا ۵۸، ۱۱۱، ۲۰۵ تا ۲۰۶، ۲۲۹، ۲۳۷، ۳۲۱ و ۴: ۸، ۱۱، ۱۸، ۳۱، ۳۳، ۳۷، ۸۱ تا ۸۲، ۱۳۳، ۲۴۲ و فرانسیسی ترجمہ، ۱: ۵۷، ۲۲۱ و ۳: ۵۲، ۸۸ و ۴: ۱۵۰، ۲۱۸ و ۵: ۲۴، ۱۴۳ و ۶: ۱۱۶ تا ۱۱۷ و ۷: ۷۸ تا ۸۰، ۱۳۳، ۱۵۴، ۳۵۹ تا ۳۶۰ و ۸: ۱۵، ۱۹، ۲۴، ۳۸، ۶۷ تا ۶۸، ۷۱، ۷۳، ۷۹ تا ۸۰، ۱۷۷، ۱۷۹ تا ۱۸۰، ۳۰۰ و ۹: ۱۶۷؛ (۱۱) *Histoire de la nation française*، ۵: ۳۳۶؛ (۱۲) Georges Douin: *Mohamed Aly, pacha du Caire*، ص ۱۴؛ (۱۳) السخاوی: الضوء، ۲: ۳۱۷، عدد ۱۰۱۳ و ۳: عدد ۲۲۸؛ (۱۴) Poliak: *Révoltes Populaires*، در *REI*، ۱۹۳۴ء، ص ۲۵۷، ۲۵۹، ۲۰۱، ۲ تا ۲۶۲؛ (۱۵) *History of the Patriarchs, Patrologia orientalis*، ۱۰: ۵۲۴ تا

marfat.com
Marfat.com

٥٢٥؛ [٦٣٨ تا ٦٣٩ھ]؛ (١٦) ابن الفرات، ۹ : ٣٨٣؛ (١٧) Combe : *Alexandrie musulmane*، اقتباس از *Bulletin de la Société royale de Géographie d' Égypte*، ص ٣٣؛ (١٨) Dopp : *Le Caire*، در مجلّة مذکور، ٢٣ : ١٣٣ ۔

(J. Wiet)

* اَلْبُحَيْرَة المَيِّتَة : (یا المُنْتِنَة) رَكَ به بحرلوط.

* بخارا : [بخاری؛ عالمِ اسلام اور وسطِ ایشیا میں بالخصوص اسلامی تہذیب و تمدن کا عظیم الشان مرکز] جو دریاے زرافشاں کی زیریں گزر گاہ پر ایک بڑے نخلستان میں واقع [اور آج کل ازبکستان میں شامل] ہے۔ سطح سمندر سے اس کی بلندی ٧٢٢ فٹ (٤ ٢٢٢٠ میٹر) ہے اور یہ طول البلد مشرقی ٦٤ درجه ٣٨ دقیقه (گرین وچ) اور عرض البلد شمالی ٣٩ درجه ٣٤ دقیقه پر واقع ہے.

اسلام سے پہلے کے بخارا کا ذکر شاذ و نادر ھی کہیں ملتا ہے۔ اسکندر اعظم کے زمانے میں مرکنده Marakanda (سمرقند) کے علاوہ بلاد صُغد میں دریاے زرافشاں کی زیریں گزر گاہ پر ایک اَور شہر بھی آباد تھا، لیکن اس کی موجودہ بخارا سے تطبیق نہیں ہوتی۔ مذکورہ نخلستان بہت قدیم زمانے سے آباد چلا آتا تھا اور یقیناً یہاں کئی ایک شہر آباد ہوں گے.

بخارا کا قدیم ترین ذکر ساتویں صدی عیسوی کے چینی مآخذ میں ملتا ہے لیکن شہر کے مقامی نام ''پوھو'' (پوھر؟) سے، جو سکّوں پر ثبت ہے، قدیم تحریروں کے پڑھنے کے فن کے پیش نظر یہ کہا جا سکتا ہے کہ یہ نام اس سے بھی صدیوں پہلے مستعمل تھا۔ پھر باوجود لسانی مشکلات کے سنسکرت لفظ ''وھارا'' (= خانقاہ) سے اس لفظ کا اشتقاق غیر اغلب نہیں، کیونکہ شہر نُومِج کَث Numidjkath [ بقول یاقوت بُومِجْکث (بذیل بخاری)؛ نُمو جکث، نوموجکث (المقدسی)؛ نیز دیکھیے Le Strange : *The Lands of the Eastern Caliphate*] کے قریب میں ایک ''وھارا'' موجود تھا اور بظاھر یہی شہر بخارا کا پیشرو تھا، جو آگے چل کر اس میں مدغم ھوگیا (قبّ : Frye، حواشی، در *HJAS*، ذیل میں).

اسلامی مآخذ میں بخارا کے مقامی حکمران خاندان کو بخار خُدات (یا بخارا خُداہ) کے نام سے موسوم کیا گیا ہے۔ سکّوں پر pwγʾr xwβ مرقوم ہے۔ صُغدی زبان میں اس سے مراد شاہ بخارا ہے۔ اس سے یہ بھی ظاھر ھوتا ہے کہ بخارا کی مقامی زبان کم از کم صُغدی زبان کی کوئی شکل تھی۔ اگرچہ قبل از اسلام کے متعدد حکمرانوں کے نام کتبوں اور بعد کے مآخذ (قبّ Frye، در مجلّة مذکور) میں ملتے ھیں، لیکن اس شہر کی تاریخ عربوں کی فتوحات کے بعد ھی سے مرتب کی جا سکتی ہے.

ماوراءالنہر پر عربوں کے اوّلیں حملوں کے بارے میں مختلف بیانات ملتے ھیں۔ کہا جاتا ہے کہ بخارا میں عربوں کا پہلا لشکر ٥٣ھ/ ٦٧٣ء میں عبیداللہ بن زیاد کی قیادت میں نمودار ھوا۔ اس وقت بخارا میں سابق فرمانروا بِیدُون یا بَنْدُون کی بیوہ حکومت کرتی تھی (لیکن الطبری، ۲ : ١٦٩ میں اس کے بجاے قَبَج خاتون کا نام درج ہے، جو اس زمانے میں ترکوں کے بادشاہ کی بیوی تھی۔ شاید اس نام کو بطور ترکی قبائلی نام کے قَیغ یا قِیغ (قایغ؟) پڑھنا چاھیے)۔ النَرْشَخی (طبع Schefer، ص ٧، ترجمه از Frye، ص ۹) کا بیان ہے کہ اس ملکہ نے پندرہ سال تک اپنے کمسن بیٹے طُغشادہ کی طرف سے قائم مقام کی حیثیت سے حکومت کی (الطبری، ۲ : ١٦٩٣، نے اس کا نام ''طَوق سِیادۃ'' لکھا ہے؛ قب بحث از O. I. Smirnova : *K. imenii sogdiyskogo ikhshida Tukaspadaka*، در *Turdī Akad. Nauk Tadzhikskoy*

[illegible] ۲) ۔ الطبری میں بھی بخارخدات بحیثیت ایک نوجوان کے مذکور ہے، جسے ۹۰ھ/۷۰۹ء میں قتیبہ بن مسلم نے اپنے دشمنوں کو شکست دے کر شاہ بخارا کی حیثیت سے مسند نشین کیا ۔ یہ قتیبہ بن مسلم ہی تھا جس نے بخارا میں اسلامی حکومت کو مضبوط بنیادوں پر استوار کیا تھا ۔ رمضان ۱۲۱ھ/ اگست ۔ ستمبر ۷۳۹ء میں طُغشادہ خراسان کے والی نصر بن سیّار کی لشکر گاہ میں قتل ہو گیا ۔ اس کے طویل عہد حکومت میں عربی سیادت کے خلاف کئی بغاوتیں ہوئیں اور کئی مرتبہ ترکوں نے ملک پر فوج کشی کی، حتّٰی کہ ۱۱۰ھ/ ۷۲۸-۷۲۹ء میں بخارا کا شہر عربوں کے ہاتھ سے نکل گیا اور انہیں اس کا محاصرہ کرنا پڑا، تاہم دوسرے سال وہ اسے دوبارہ حاصل کرنے میں کامیاب ہو گئے۔

طغشادہ کا بیٹا اور جانشین، جو فاتح بخارا کے اعزاز میں قتیبہ کے نام سے موسوم تھا، شروع شروع میں ایک اچھے مسلمان کی طرح زندگی بسر کرتا رہا ۔ ۱۳۳ھ/ ۷۵۰ء میں جب ایک عرب سردار شریک بن شیخ نے نوزائیدہ دولت عباسیہ کے خلاف بخارا میں بغاوت کی تو ابو مسلم کے نائب زیاد بن صالح نے بخارخدات کی مدد سے اسے فرو کر دیا؛ لیکن کچھ عرصے کے بعد مؤخرالذکر پر اسلام سے ارتداد کا الزام عائد ہوا اور وہ ابو مسلم کے حکم سے قتل کر دیا گیا ۔ اس کے بھائی اور جانشین بُنیات کا بھی (اگرچہ ممکن ہے اس اثنا میں اس کے ایک اَور بھائی سکان نے بھی جس کے نام کے بارے میں شبہہ ہے چند سال حکومت کی ہو) خلیفہ المہدی کے زمانے میں یہی حشر ہوا (غالباً ۱۶۶ھ/ ۷۸۲ء میں)، کیونکہ خلیفہ نے اس الزام میں کہ وہ المُقنّع ایسے ملحد کا پیرو ہے قتل کرا دیا تھا ۔ اس زمانے کے بعد معلوم تو یہی ہوتا ہے کہ بخارخدات خاندان کا ملک کی حکومت میں کوئی دخل نہیں رہا، لیکن ان کی بڑی بڑی جاگیروں کے باعث ان کا رسوخ قائم رہا؛ چنانچہ اسمٰعیل سامانی کے عہد حکومت میں ایک بخارخدات کا ذکر آتا ہے جسے اس کی زمینوں سے تو محروم کر دیا گیا تھا، مگر سرکاری خزانے سے اس کے لیے اتنی رقم (بیس ہزار درہم) معین کر دی گئی تھی جتنی اس سے پہلے وہ اپنی جاگیروں سے حاصل کر رہا تھا، البتہ یہ معلوم نہیں کہ حکومت نے اس ذمّے داری کو کتنی مدت تک پورا کیا۔

قتیبہ بن مسلم کے عہد سے یہ دستور ہو گیا کہ بخارا کے ملکی حکمران کے علاوہ وہاں ایک عرب امیر یا عامل بھی رہنے لگا، جو امیر خراسان کے ماتحت ہوتا تھا ۔ امیر خراسان کا صدر مقام ان دنوں مرو تھا ۔ محل وقوع کے لحاظ سے بخارا کا تعلق سمرقند کی نسبت مرو سے زیادہ تھا؛ یہاں تک کہ بخارخدات نے مرو میں بھی اپنے لیے ایک محل بنوا رکھا تھا (الطّبری ۲ : ۱۸۸۸ س ۱۴، ۱۹۸۷ س ۷، ۱۹۹۲ س ۱۶) ۔ جب تیسری صدی ہجری/ نویں صدی عیسوی میں امرائے خراسان نے اپنا مستقر نیشاپور منتقل کر دیا تو بخارا کا نظم و نسق ماوراء النہر کے باقی حصوں سے الگ رہا ۔ ۲۶۰ھ/ ۸۷۴ء تک بخارا سامانی علاقے میں شامل نہیں ہوا، بلکہ ایک الگ والی کی تحویل میں رہا، جو براہ راست طاہریوں کو جواب دہ تھا۔ طاہریوں کے زوال (۲۵۹ھ/۸۷۳ء) کے بعد بخارا میں یعقوب بن لیث کو صرف ایک مختصر عرصے کے لیے خراسان کا امیر تسلیم کیا گیا، چنانچہ نصر بن احمد سامانی نے، جو اس وقت سمرقند میں حکومت کر رہا تھا علما اور عوام کی درخواست پر اپنے چھوٹے بھائی اسمٰعیل کو بخارا کا والی مقرر کردیا؛ لہذا اس وقت سے لے کر ان کے زوال تک بخارا سامانیوں کے ماتحت

marfat.com
Marfat.com

رہا۔ اسمٰعیل اپنے بھائی نصر کی وفات (۲۷۹ھ/۸۹۲ء) تک بدستور بخارا میں مقیم رہا حتی کہ سارا ماوراء النہر اس کے زیرنگیں ہو گیا۔ ۲۸۷ھ/۹۰۰ء میں وہ عمرو بن لیث پر بھی فتح حاصل کر چکا تھا، اس لیے خلیفہ نے امیر خراسان کے منصب کی توثیق اس کے حق میں کر دی تھی۔ یوں بخارا ایک بہت بڑی سلطنت کا پایۂ تخت بن گیا، اگرچہ وسعت اور دولت و ثروت کے اعتبار سے وہ اس دور میں کبھی سمرقند کا ہم پلّہ نہیں ہوا۔ جدید فارسی کے ادبی احیا نے بخارا ہی میں فروغ پایا۔

سامانی عہد کے بخارا کی کیفیت عرب جغرافیہ نویسوں نے تفصیل سے بیان کی ہے۔ علاوہ ازیں ہمیں النّرشخی اور اس کی تصنیف کے متاخر مرتّبین سے اس بارے میں کافی معلومات حاصل ہوتی ہیں۔ ان کے بیانات کا مقابلہ موجودہ شہر کی کیفیت (جس کا خاص طور پر بالتفصیل بیان N. Khanikov : *Opisanie Bukharskago Khanstva*، سینٹ پیٹرز برگ ۱۸۴۳ء، ص ۹۷ ببعد، میں ملتا ہے) سے کیا جائے تو یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ مرو، سمرقند اور دوسرے شہروں کے برعکس بخارا کے شہری رقبے میں توسیع تو ہوتی رہی مگر یہ نہیں ہوا کہ ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہوتا رہے۔ بخارا جب بھی نئے سرے سے تعمیر ہوا اسی قدیم محل وقوع پر ہوا اور اسی طرز پر جس کا وہ تیسری صدی ہجری/نویں صدی عیسوی میں حامل تھا۔

ایران کے بیشتر شہروں کی طرح جغرافیہ نویسوں نے بخارا کے بھی تین بڑے حصوں میں امتیاز کیا ہے: (۱) قلعہ (قُہُندُز؛ [فارسی میں کُہَن دِز؛] ساتویں صدی ہجری/تیرھویں صدی عیسوی سے معروف بہ ارگ)؛ (۲) خاص شہر (عربی: مدینہ؛ فارسی: شہرستان) اور (۳) مضافاتِ شہر (عربی: رَبَض)، جو قدیم شہر اور اسلامی عہد میں تعمیر شدہ فصیل کے درمیان واقع تھے۔ قلعہ قدیم ترین زمانے سے اسی جگہ واقع تھا جہاں آج کل ہے، یعنی اس چوک کے مشرق میں جسے ابھی تک "ریگستان" کہا جاتا ہے۔ قلعے کی چار دیواری کا گھیرا تقریباً ایک میل ہے اور اس کا اندرونی رقبہ تقریباً ۲۳ ایکڑ۔ بخارخدات کا محل یہیں واقع تھا اور جیسا کہ الاِصْطَخْری (۳۰۶ھ) نے بیان کیا ہے شروع کے سامانی حکمران اسی میں رہتے تھے۔ المقدسی (۲۸۰ھ) کے بیان کے مطابق بعد کے سامانیوں کے صرف خزانے اور قیدخانے یہاں ہوا کرتے تھے۔ محل کے علاوہ قلعے میں قدیم ترین جامع مسجد بھی تھی [اور بقول یاقوت یہ جامع مسجد قلعۂ القہندز کے دروازے پر واقع تھی]۔ یہ قلعہ چھٹی اور ساتویں صدی ہجری/بارھویں اور تیرھویں صدی عیسوی میں کئی مرتبہ تباہ ہو کر دوبارہ تعمیر ہوتا رہا۔

دوسرے بہت سے شہروں کے برعکس بخارا کا قلعہ شہرستان کے اندر نہیں بلکہ اس کے باہر واقع تھا۔ ان دونوں کے درمیان، قلعے کے مشرقی جانب ایک کشادہ میدان تھا، جہاں چھٹی صدی ہجری/بارھویں صدی عیسوی تک بعد کی بنی ہوئی جامع مسجد قائم رہی۔ اس امر کا اندازہ ممکن ہے کہ موجودہ شہر کا کونسا حصہ کبھی شہرستان تھا، کیونکہ بقول الاصطخری (۳۰۷ھ) قلعے اور شہرستان میں کہیں پانی نہیں بہتا تھا اس لیے کہ دونوں اونچی جگہ واقع تھے۔ Khanikov کے پیش کردہ نقشے کے مطابق شہر کا بلند حصہ قلعے سے دو چند بڑا تھا۔ اس کے گرد ایک فصیل تھی، جس میں سات دروازے تھے۔ ان دروازوں کے نام النرشخی اور عرب جغرافیہ نگاروں نے قلمبند کیے ہیں۔

النرشخی کے بیان کے مطابق (متن: ص ۲۹؛ ترجمہ: ص ۳۰) عربوں کی فتح کے وقت پورا شہر صرف شہرستان پر مشتمل تھا، اگرچہ اس سے باہر بعض

Marfat.com

متفرق بستیاں بھی موجود تھیں جن کو بعد ازاں شہر میں ملا لیا گیا۔ النرشخی نے شہرستان کے جغرافیائی کوائف و حالات بڑی تفصیل سے بیان کیے ہیں۔ ۵۱۵ھ/ ۱۱۲۱ء میں ارسلان خان محمد ابن سلیمان نے شہرستان میں ایک نئی جامع مسجد غالباً اس کے جنوبی حصے میں بنوائی جہاں مدرسۂ میر عرب، جو دسویں صدی ہجری/ سولھویں صدی عیسوی میں تعمیر ہوا، اور ایک بڑا مینار اب تک باقی ہیں۔

بقول النرشخی ۲۳۵ھ/۸۴۹ء میں شہرستان اور اس کے مضافات کو ملا کر ایک شہر بنا دیا گیا اور اس کے اردگرد ایک فصیل تعمیر کی گئی۔ چوتھی صدی ہجری/ دسویں صدی عیسوی میں ایک اور دیوار تعمیر کی گئی جس کی بدولت اور زیادہ وسیع رقبہ اس میں شامل ہوگیا۔ اس فصیل میں گیارہ دروازے تھے، جن کے نام النرشخی اور عرب جغرافیہ نویسوں نے محفوظ کیے ہیں۔

اس محل کے علاوہ جو قلعے کے اندر تھا ایک محل زمانۂ قبل از اسلام سے ریگستان میں موجود تھا۔ سامانی فرمانروا نصر ثانی (۳۰۱ھ/۹۱۴ء تا ۳۳۱ھ/ ۹۴۳ء) نے بھی وہاں ایک محل بنوایا تھا، جس میں حکومت کے دس دفتروں (دواوین) کے لیے جگہ تھی۔ النرشخی نے ان کے نام بھی ضبط کیے ہیں (متن: ص ۲۴؛ ترجمہ: ص ۲۶)۔ کہا جاتا ہے کہ منصور بن نوح (۳۵۰ھ/ ۹۶۱ء تا ۳۶۵ھ / ۹۷۶ء) کے عہد حکومت میں یہ محل آگ کی نذر ہو گیا، لیکن المقدسی کے قول کے مطابق ریگستان میں یہ دارالمُلک بدستور موجود تھا اور وہ اس کی بڑی تعریف کرتا ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ سامانی عہد میں قلعے کے شمال کی طرف جوے مُولیان نامی نہر پر ایک اور محل بھی تھا۔

منصور بن نوح کے عہد حکومت میں ایک نئی عیدگاہ (= مصلی) تعمیر کی گئی کیونکہ [عیدگاہ] ریگستان نمازیوں کے عظیم اجتماع کے لیے ناکافی تھی۔ یہ نئی عیدگاہ ۳۶۰ھ/ ۹۸۱ء میں سمتین کے گاؤں کو جانے والی سڑک پر قلعے سے نصف فرسخ (تقریباً دو میل) کے فاصلے پر تعمیر ہوئی تھی۔

چوتھی صدی ہجری / دسویں صدی عیسوی میں یہ شہر بڑا گنجان تھا اور خراب پانی اور دیگر نقائص کے باعث یہاں کی فضا مضر صحت تھی۔ المقدسی اور بعض شعرا (الثعالبی: یتیمة الدهر، ۴: ۸) شہر کی کیفیت انتہائی مذمت کے پیرائے میں بیان کرتے ہیں۔

النرشخی اور عرب جغرافیہ نویسوں نے بخارا کے نواحی علاقوں اور قریوں کے بارے میں کافی معلومات فراہم کی ہیں۔ الاصطخری (ص ۳۰) نے ان نہروں کے نام بتائے ہیں جو دریاے زرافشاں سے کھیتوں میں پانی دینے کے لیے نکالی گئی تھیں۔ النرشخی کے قول کے مطابق ان میں سے بعض نہروں کا تعلق زمانۂ قبل از اسلام سے ہے۔ ان میں بہت سے نام اب بھی باقی ہیں۔ علاوہ ازیں ان لمبی لمبی فصیلوں کے آثار بھی موجود ہیں جو شہر اور گرد و پیش کے دیہات کو ترکوں کی تاخت و تاراج سے بچانے کے لیے بنائی گئی تھیں۔ النرشخی کے بیان کے مطابق (متن: ص ۲۹، ترجمہ: ص ۳۳) ان فصیلوں کی تعمیر ۱۶۶ھ/ ۷۸۲ء میں شروع ہوئی اور ۲۱۵ھ/ ۸۳۰ء میں پایۂ تکمیل کو پہنچی۔ خود شہر بھی مرکز میں نہیں بلکہ فصیل کے اندر گھرے ہوئے رقبے کے مغربی نصف حصے میں واقع تھا۔ اسمٰعیل بن احمد کے بعد ان دیواروں کی مرمت اور درستی کا کام موقوف کر دیا گیا۔ آگے چل کر یہ دیواریں "کَنْپِرَک" کے نام سے موسوم ہو گئیں، چنانچہ "کَمپیر دُوال" (= بڑھیا کی دیوار) کے نام سے ان تک

marfat.com
Marfat.com

آثار بخارا اور کَرمینا [= کَرمِینَہ] کے مزروعہ علاقوں کے مابین لق و دق صحراؤں کی سرحد پر موجود ھیں.

سامانیوں کے زوال پر (۳۸۹ھ / ۹۹۹ء) اس شہر کی قدیم سیاسی اھمیت بڑی حد تک ضائع ھو گئی - اب یہاں ایلک خانی یا قراخانی فرمانراؤں کے نائب حکومت کرتے تھے - پانچویں صدی ھجری/ گیارھویں صدی عیسوی کے نصف آخر میں شمس الملک نصر بن ابراھیم نے شہر کے جنوب میں اپنے لیے ایک محل تعمیر کیا اور ایک شکار گاہ بھی تیار کی، جسے شمس آباد کہا جاتا تھا اور جو اس کے جانشین خضر خاں کی وفات کے بعد ویران ھو گئی - ۵۱۳ھ/۱۱۱۹ء میں شکار گاہ کی جگہ ایک عیدگاہ بنا دی گئی.

انحطاط کے زمانے میں بھی بخارا اسلامی علم و دانش کا مرکز رھا اور اس حیثیت سے اس کی شہرت اور ناموری قائم رھی - چھٹی صدی ھجری/ بارھویں صدی عیسوی میں علما کا ایک سر برآوردہ خاندان، یعنی آل برھان (رکَ بہ برھان)، بخارا میں ایک قسم کی دینی حکومت قائم کرنے میں کامیاب ھو گیا اور یہ علاقہ کچھ عرصے کے لیے آزاد ھو گیا - قَطَوان کی جنگ (۵ صفر ۵۳۶ھ/ ستمبر ۱۱۴۱ء) کے بعد قراختای فرمانروا بخارا پر صَدر (جمع : صُدُور)، یعنی سربراہِ خاندان، کے ذریعے حکومت کرتے رھے - ان کے تعلقات ان غیر مسلم آقاؤں سے نہایت اچھے تھے - ۶۰۲ھ میں جب ایک عوامی (شیعی؟) بغاوت کی وجہ سے انھیں شہر سے نکلنا پڑا تو وہ انھیں کے ھاں پناہ گزیں ھوے (عوفی : لباب، ۲ : ۳۸۰) - اسی سال یہ شہر محمد بن تکش خوارزم شاہ کے زیرِ حکومت آگیا - اس نے قلعے کی از سر نو مرمت کرائی اور دوسری عمارتیں بنوائیں.

ابن الاثیر ۱۲ : ۲۳۹ کے بیان کے مطابق بخارا نے ۴ ذوالحجہ ۶۱۶ھ/ ۱۰ فروری ۱۲۲۰ء کو چنگیز خان کے لشکر کی اطاعت قبول کی - قلعے پر قبضہ بارہ دن کے بعد جا کر ھوا - شہر کو تاراج کیا گیا اور جامع مسجد اور چند محلات کو چھوڑ کر اسے پورے طور پر نذر آتش کر دیا گیا - لیکن بخارا جلد ھی پھر اپنی اصلی حالت پر آ گیا، چنانچہ چنگیز خاں کے جانشین کے عہد میں اس کا ذکر ایک گنجان آباد شہر اور علم و دانش کے مرکز کے طور پر آتا ھے.

۶۳۶ھ/ ۱۲۳۸ء میں ایک شخص محمود طَرّابی کی قیادت میں، جسے ایک مذھبی رھنما ھونے کا دعوٰی تھا، کسانوں نے بغاوت کی - چند ابتدائی کامیابیوں کے بعد، جو زیادہ تر امرا کے طبقے کے خلاف حاصل کی گئیں، اس بغاوت کو مغولوں نے فرو کر دیا (قبَ جوینی ۱ : ۸۶، ترجمہ J.A. Boyle، ص ۱۰۹) بخارا میں مغولوں کی ابتدائی حکومت کے بارے میں ھمیں بہت کم معلومات حاصل ھیں - دوسرے مذاھب کے علما کی طرح ملّا اور سیّد ھر قسم کے ٹیکس سے مستثنٰی تھے یہاں تک کہ ایک عیسائی مغول شہزادی نے بخارا میں اپنے خرچ سے ایک مدرسہ بنوایا، جو خانیہ کہلاتا تھا (قبَ جوینی ۳ : ۹، ترجمہ از Boyle، ۲ : ۵۵۲).

۷ رجب ۶۷۱ھ / جنوری ۱۲۷۳ء کو ایران کے مغول ایلخان آباقا نے بخارا پر قبضہ کیا تو شہر تباہ و برباد ھو گیا اور آبادی بھی بہت کم باقی رہ گئی - بخارا پھر تعمیر ھوا، مگر رجب ۷۱۶ھ/۱۹ ستمبر یا ۱۹ اکتوبر ۱۳۱۶ء میں ایران کے مغولوں اور ان کے معاون چغتائی شہزادے یساوور نے اسے دوبارہ تاخت و تاراج کیا - معلوم ھوتا ھے کہ چغتائی خاندان یا آگے چل کر تیموری حکمرانوں کے ماتحت ماوراء النہر کی سیاسی زندگی میں بخارا کو کوئی اھمیت حاصل نہ رھی تھی - معین الفقراء کی تصنیف کتاب ملّا زادہ سے، جو نویں صدی ھجری/

marfat.com
Marfat.com

[illegible] میں لکھی گئی، اس دور کے بخارا کے متعلق معلومات ملتی ہیں (قب Frye، در *Avicenna Commemoration Volume*، ایران سوسائٹی، کلکتہ ۱۹۵۵ء) - بہاءالدین نقشبندی (م ۷۹۱ھ/ ۱۳۸۹ء) اور ان کے درویشوں کے حلقے [رک به نقشبندیه] کو بخارا میں فروغ حاصل ہوا - اُلغ بیگ (م ۸۵۳ھ/۱۴۴۹ء) نے شہر بخارا کے عین وسط میں ایک مدرسه تعمیر کیا.

۹۰۵ھ/موسم گرما ۱۵۰۰ء کے اختتام کے قریب بخارا پر شیبانی خان کی سرکردگی میں ازبکوں کا قبضه ہو گیا اور دو مختصر زمانوں کے سوا (یعنی ایک تو ۹۱۶ھ/ ۱۵۱۰ء کے بعد جب شیبانی قتل ہوا اور دوسرے ۱۱۵۳ھ/ ۱۷۴۰ء میں) روس کے انقلاب تک وہ انہیں کے زیر نگیں رہا - ازبکوں کے مقبوضه علاقے سارے حکمران خاندان کی ملکیت سمجھے جاتے تھے اور متعدد چھوٹی چھوٹی ریاستوں میں منقسم تھے - خان کا (جو عام طور پر حکمران خاندان کا سب سے زیاده معمّر رکن ہوتا تھا) پاے تخت سمرقند تھا - جس امیر کو خان منتخب کیا جاتا وہ اپنی آبائی ریاست بھی بدستور اپنے تصرف میں رکھتا اور اکثر وہیں اقامت رکھتا - شیبانی خاندان کے دو حکمرانوں، عبیداللہ بن محمود (۹۱۸ھ/ ۱۵۱۲ء تا ۹۴۶ھ/۱۵۳۹ء) اور عبداللہ بن اسکندر [رک بآن] (۹۶۴ھ/۱۵۵۷ء تا ۱۰۰۶ھ/۱۵۹۸ء) کا دارالسلطنت بخارا تھا - ان کی بدولت بخارا دوباره سیاسی و فکری زندگی کا مرکز بن گیا - اس کے بعد آنے والے حکمرانوں کے امراء، یعنی جانی یا اشتراخانی فرمانروا بھی بخارا ہی سے حکومت کرتے تھے - اس طرح سمرقند کی اهمیت ختم ہو گئی.

ازبک عہدِ حکومت میں تاریخِ بخارا کے بیشتر مصادر و مآخذ مخطوطات کی شکل میں ہیں، مثلاً تاریخ میر سید شریف راقم (از ۱۱۱۳ھ/ ۱۷۰۱ء)؛ واصفی: بدائع الوقائع؛ امیر ولی: بحر الاسرار فی مناقب الاخیار (ان تصانیف پر دیکھیے Storey، ص ۳۸۱ ببعد) - سیمینوف A. A. Semenov نے ازبک تاریخ پر دو اہم تصنیفوں کا ترجمه روسی زبان میں کیا ہے، جو بخارا کے سلسلے میں بالخصوص بیش قیمت ہیں، یعنی میر محمد امین بخاری: عبیداللہ نامه، تاشقند ۱۹۵۷ء اور محمد یوسف منشی: *Mukimkhanova Istoria*، تاشقند ۱۹۵۷ء.

دسویں صدی ہجری/سولهویں صدی عیسوی سے روس اور ازبک ریاستوں کے درمیان تجارتی تعلقات قائم ہو گئے - سترھویں اور اٹھارھویں صدیوں میں وسط ایشیا سے آنے والے سب تاجر اور تارکین وطن، جن کی آبادیاں ٹوبولسک Tobolsk تک پائی جاتی تھیں، روسیوں میں بخارتسی Bukhartisi کے نام سے معروف تھے - اس نام کو وسعت دے کر اس میں چینی ترکستان کے باشندوں کو بھی شامل کر لیا جاتا تھا جو بخاریهٔ کوچک (Little Bukharia) کہلاتا تھا.

خان عبد العزیز کے عہدِ حکومت (۱۰۵۵ھ/ ۱۶۴۵ء تا ۱۰۹۱ھ/ ۱۶۸۰ء) کو اس ملک کے مؤرخین اپنی تاریخ کا عظیم الشان دور تصور کرتے ہیں - اس کے بعد متفرق حکمرانوں نے خود مختاری حاصل کر لی اور بخارا میں خان اپنی سابق سلطنت کے صرف ایک چھوٹے سے حصے پر حکمران رہ گیا اور وہاں بھی دراصل اقتدار ایک اتالیق کے ہاتھ میں تھا جو اس کے نام سے حکومت کر رہا تھا.

۱۱۵۳ھ/ ۱۷۴۰ء میں نادر شاہ نے بخارا فتح کر لیا، لیکن اس کی وفات کے بعد اس شہر نے ایک نئے خاندان کے ماتحت دوباره آزادی حاصل کر لی، کیونکه اتالیق محمد رحیم نے، جو منگیت قبیلے سے تھا، اپنے خان ہونے کا اعلان کر دیا - اس کی زندگی کے حالات محمد وفا کرمینگی نے تحفة الخانی کے

marfat.com
Marfat.com

عنوان سے قلم بند کیے ھیں ۔ اس کے جانشین دانیال بیگ نے اتالیق کے لقب پر قناعت کی اور چنگیز خان کے خاندان کے ایک فرد کو شاھی لقب سونپ دیا، تاھم اس کے بیٹے مراد [= میر معصوم] نے ۱۱۹۹ھ/۱۷۸۵ء میں اپنے لیے شاھی لقب کا دعوی کر کے امیر کہلوانا شروع کیا۔

[مراد اور] اس کے جانشین [امیر] حیدر کے عہد حکومت (۱۲۱۵ھ/۱۸۰۰ء تا ۱۲۴۲ھ/۱۸۲۶ء) میں مذھبی احکام کی پابندی اس کے پیشرو حکمرانوں کے مقابلے میں بہت زیادہ سختی سے کی گئی ۔ بخارا کے امرا میں سے وہ آخری حکمران تھا جس نے سکّوں پر اپنا نام ثبت کرایا ۔ اس کا جانشین نصراللہ (۱۲۴۲ھ / ۱۸۲۷ء تا ۱۲۷۷ھ/۱۸۶۰ء) امرا و شرفا کے مقابلے پر شاھی تخت کے اقتدار کو مستحکم کرنے اور اپنی سلطنت کو وسعت دینے میں کامیاب ھو گیا ۔ ملکی وقائع نویس اور یورپین سیّاح اس پر متفق ھیں کہ نصراللہ ایک خون آشام اور جابر حکمران تھا ۔ اس نے قبائلی لشکروں کے بجاے، جنھیں عارضی طور پر طلب کر لیا جاتا تھا، ایک مستقل فوج تیار کر لی۔

۱۲۵۸ھ/۱۸۴۲ء میں خوقند کی مد مقابل خانی سلطنت کے پاے تخت پر قبضہ کر لیا گیا، لیکن یہ کامیابی دیر پا ثابت نہ ھوئی ۔ جب نصراللہ کا جانشین مظفرالدین (۱۸۶۰ تا ۱۸۸۵ء) مسند سلطنت پر بیٹھا تو اس وقت تک روسی ماوراءالنہر میں اپنے قدم مضبوطی سے جما چکے تھے ۔ بار بار شکست کھانے کے بعد امیر بخارا کو روسیوں کی اطاعت قبول کرنی پڑی اور وہ سیر دریا [= دریاے سیحوں] کی وادی پر، جسے روسیوں نے فتح کر لیا تھا، اپنے تمام دعاوی ترک کر دینے پر مجبور ھو گیا ۔ اسے اپنی سلطنت کا ایک حصّہ روسیوں کے حوالے کرنا پڑا، جس میں جزق، اورہ‌توبہ، سمرقند اور کتّہ‌قرغان کے شہر واقع تھے؛ تاھم ۱۸۷۳ء میں بخارا نے مغرب کی طرف خیوا کی سلطنت کے کچھ حصے پر قبضہ جما کر اپنے علاقے میں اضافہ کر لیا ۔ عبدالاحد کے عہد (۱۸۸۵ تا ۱۹۱۰ء) میں بخارا اور افغانستان کے درمیان سرحد کی تعیین کی گئی اور انگلستان اور روس نے دریاے پنج کو سرحد تسلیم کر لیا۔

بخارا اور روس کے باھمی تعلق کی وضاحت بھی اس عہد میں کی گئی ۔ ۱۸۸۷ء میں ایک ریلوے لائن کی ابتدا کی گئی، جو امیر کی مملکت میں سے گزرتی تھی ۔ بخارا کے لیے جو سٹیشن دس میل کے فاصلے پر بنایا گیا تھا وہ بجاے خود ایک شہر بن گیا ھے اور کاغان Kagan کے نام سے موسوم ھے ۔ میر عالم سینٹ پیٹرزبرگ [کے مدرسۂ حربیہ] میں زیر تعلیم رھنے کے بعد ۱۹۱۰ء میں اپنے والد کا جانشین ھو کر حکومت کرنے لگا، یہاں تک کہ انقلاب روس کی وجہ سے اسے افغانستان میں پناہ لینی پڑی اور وہ دوسری عالمی جنگ کے خاتمے تک کابل ھی میں مقیم رھا ۔ زمانۂ انقلاب کے بعد بخارا جمہوریۂ شورائیۂ اشتراکیۂ ازبکستان کا ایک جز بن چکا ھے، جس کا صدر مقام تاشقند ھے ۔ اس علاقے میں روئی بہت پیدا ھوتی ھے اور روئی کی پیداوار میں وہ فرغانہ اور وسط ایشیا کے دوسرے حصوں کا حریف بن گیا ھے۔

بخارا کے آثار قدیمہ اور مقامی جغرافیے کے بارے میں سلسلۂ تحقیقات کو ۱۹۳۰ء اور ۱۹۴۰ء کے درمیانی زمانے میں بہت ترقی ھوئی اور Shishkin، Pugačenkova، Sukhareva اور دوسرے محققین کی تحقیقات نے ھماری معلومات میں بڑا اضافہ کیا ھے ۔ بخارا کے آثار قدیمہ میں سے مندرجۂ ذیل تاریخی عمارتیں خاص اھمیت رکھتی ھیں : (۱) چوتھی صدی ھجری / دسویں صدی عیسوی کی ایک عمارت، جسے اسمٰعیل سامانی کا مقبرہ بتایا جاتا ھے ؛ (۲) منارۂ

marfat.com
Marfat.com

۱۳۸ فٹ (۴۰۵۳ میٹر) بلند (تعمیر : چھٹی صدی ہجری/بارھویں صدی عیسوی)؛ (۳) مسجدِ مگاکی عطّار (جو آخری بار ۱۵۴۷ء میں تعمیر ہوئی)؛ (۴) مسجد عیدگاہ (مُصَلّٰی)، تعمیر شدہ ۱۱۱۹ء؛ (۵) سیف الدین بخاری (م ۱۲۶۱ء) کا مقبرہ؛ (۶) مقبرۂ چشمۂ ایوب (چودھویں صدی عیسوی کے آخر کا تعمیر شدہ)؛ (۷) اُلغ بیگ کا مدرسہ، جو ۱۵۸۰ء میں از سرِ نو تعمیر ہوا؛ (۸) مسجدِ کلاں، جو سولھویں صدی کی تعمیر ہے اور اس کے قریب ایک قدیم ترمینار بھی ہے؛ (۹) مدرسۂ میر عرب (۱۵۳۰ء کا؟)؛ (۱۰) مسجد خواجہ زین الدین، جو بہت دفعہ از سرِ نو تعمیر کی گئی ہے۔ دوسری تاریخی عمارتیں بڑی تعداد میں شہر کے باہر واقع ہیں اور ان میں سے زیادہ تر شکستہ حالت میں ہیں ۔

مآخذ : [(۱) النرشخی: تاریخ بخارا، طبع Schefer، ۱۸۹۲ء؛ (۲) یاقوت : معجم البلدان، بذیل مادّہ؛ (۳) المقدسی : احسن التقاسیم، طبع ڈ خویہ، ص ۲۶۶ ببعد؛ (۴) الاصطخری: المسالک و الممالک، قاہرہ ۱۹۶۱ء، ص ۱۷۱ تا ۱۷۷؛ (۵) الیعقوبی، البلدان، طبع ڈ خویہ، ص ۲۹۲، ۲۹۳؛ (۶) البلاذری : فتوح البلدان، بمدد اشاریہ؛ (۷) الطبری، بامداد اشاریہ؛ (۸) بطرس البستانی: دائرۃ المعارف، بیروت ۱۸۸۱ء، ۵ : ۲۲۴ تا ۲۲۹؛ (۹) وو (ع)، ۳ : ۳۰۱ تا ۳۱۹؛ (۱۰) ابن الاثیر : الکامل، بمواضع کثیرہ؛ (۱۱) Arminius Vambery : *History of Bukhara*، لنڈن ۱۸۷۳ء؛ (۱۲) وھی مصنّف : تاریخ بخارا (اردو ترجمہ از نفیس الدین احمد)، لاہور ۱۹۰۹ء؛ (۱۳) عوفی : لباب، بامداد اشاریہ؛] مغولوں کے حملے تک بخارا کے ذکر اور فہرست مآخذ کثیرہ کے لیے دیکھیے (۱۴) R.N. Frye: *The History of Bukhara*، کیمبرج (میساچوسٹس) ۱۹۵۴ء (النرشخی [ : تاریخ بخارا ] کا ترجمہ) ؛ بخارا پر روسی مآخذ کے لیے دیکھیے (۱۵) O. A. Sukhareva : *K. istorii gorodov bukharskogo khanstva*، تاشقند ۱۹۵۸ء؛ ابتدائی عہد کے سکّوں کے لیے دیکھیے (۱۶) Frye : *Notes on the Early Coinage of Transoxiana*، نیویارک ۱۹۴۹ء، مع مزید حواشی در *American Numismatics Society Notes*، عدد ۴ و ۷؛ تسمیہ اور تاریخ قبل از اسلام کے لیے دیکھیے (۱۷) Frye : *Notes on the Histroy of Transoxiana*، در *Harvard Journal of Asiatic Studies*، ۱۹ (۱۹۵۶ء): ۱۰۶ ببعد؛ ازبکوں کی تاریخ کے بارے میں دیکھیے (۱۸) Storey، ص ۳۷۱ تا ۳۸۲؛ تاریخی عمارتوں کے لیے دیکھیے (۱۹) L. Rempel' و G. Pugačenkova : *Bukhara*، ماسکو ۱۹۴۹ء، ۶۷ صفحات اور ۳۹ الواح؛ موجودہ شہر کے نقشے اور سیاحوں کی رہنمائی کے لیے دیکھیے (۲۰) Yu. S. Ashurov : *Bukhara, kratkiy Spravochnik*، تاشقند ۱۹۵۶ء۔

[و ادارہ] R.N. Frye و W. Barthold .

⊗* **بخارسٹ** : [Bucharest؛ ترکی میں بُکرِش] ولّاشیا Wallachia [= ترکی: افلاق (رک بآن)] کا ایک شہر، جو دریاے ڈینیوب سے تقریبًا پچاس کیلومیٹر شمال میں ڈیمبویچہ (Dambovita) ندی پر واقع ہے۔ اس کا ذکر سب سے پہلے ۷۶۹ھ / ۱۳۶۸ء میں Cetatea Dambovitei کے نام سے آتا ہے۔ بخارسٹ کے ساتھ ساتھ یہ نام بھی پندرھویں صدی عیسوی تک مستعمل رہا تاآنکہ یہ شہر فرمانروایانِ ولّاشیا کا پاے تخت بن گیا۔ ولاد (Vlad the Impaler) نے وھاں سے ۸۶۳ھ/ ۱۴۵۹ء اور ۸۶۵ھ / ۱۴۶۱ء میں دستاویزات جاری کیں اور رادُو (Radu the Handsome) نے، جسے سلطان محمد ثانی نے ۸۶۶ھ/ ۱۴۶۲ء میں گدی پر بٹھایا تھا، اس شہر میں اپنے آپ کو جورجیا Giurgiu سے آئی ہوئی قلعہ نشین ترکی فوج کی حفاظت میں متمکن کر لیا۔ دو صدی سے زیادہ عرصے تک بخارسٹ کی تاریخ رومانوی حمکرانوں کے

marfat.com
Marfat.com

باب عالی سے تعلقات کے ساتھ وابستہ رہی - ترکی سیادت کے خلاف علم بغاوت بلند کرنے والے حکمران شہر ترغویست Târgovişte کو ترجیح دیتے تھے، جو ترکی حملوں سے نسبةً محفوظ تھا - سولھویں صدی کے خاتمے پر بخارسٹ نے میخائیل (Michael the Brave) کے قرض خواھوں کے قتل عام اور سنان پاشا کے تسلّط کا منظر دیکھا - ترکوں کے خلاف بغاوتوں اور ان کے علاوہ وباؤں اور آتش زدگیوں کے مصائب سہنے کی وجہ سے اس شہر کی تاریخ پر آشوب رہی ہے - معاھدۂ برلن (۱۸۷۷ء) پر دستخط ثبت ہونے پر ترکی سیادت کے آخری آثار غائب ہو گئے - ۱۹۱۳ء میں بخارسٹ میں جو صُلح کی کانفرنس منعقد ہوئی اس نے ترکی کو اس کے بیشتر یورپی مقبوضات سے محروم کر دیا ۔

ابتدائی ادوار کے دوران میں یہاں کی آبادی کے بارے میں معلومات مفقود ھیں - متعلقہ مآخذ میں یونانی، ارمن اور مقامی تاجروں کی موجودگی کا ذکر ملتا ہے - ۱۰۵۰ھ / ۱۶۴۰ء کے قریب بخارسٹ میں بارہ ہزار مکان تھے، لیکن پندرہ سال بعد صرف چھے ہزار مکانوں کا ذکر ملتا ہے - اولیا چلبی نے بارہ ہزار مکانوں اور ایک ہزار دکانوں کا ذکر کیا ہے - سترھویں صدی عیسوی میں بلقانی اصل کی آبادی میں اضافہ ہو گیا اور اٹھارھویں صدی میں اس نے نمایاں اھمیت حاصل کر لی - [اس دور میں جو] عوامی بغاوتیں رونما ہوئیں ان کے محرک تجارتی انجمنوں کے ارکان تھے - ان کی ناخوشی کا باعث یہ تھا کہ ان کے مقابلے میں ایسے غیر ملکی تاجر آ گئے تھے جنھیں فناری (Phanariot) حاکموں کی حمایت حاصل تھی - سترھویں صدی کے اختتام پر شہر کی آبادی پچاس ہزار ہو گئی - اٹھارھویں صدی کے آخر میں یہ تعداد بیس ہزار اور ساٹھ ہزار کے درمیان اور انیسویں صدی کے نصف اوّل میں پچاس ھزار اور ایک لاکھ کے درمیان گھٹتی بڑھتی رہی۔

تین صدی تک ترکی سلطنت میں مدغم رہنے کی وجہ سے بخارسٹ نے ایک ایشیائی رنگ اختیار کر لیا تھا، جو اٹھارھویں صدی عیسوی کے دوران میں اور زیادہ پختہ ہو گیا جبکہ فناری حکمرانوں کے ماتحت یہ شہر یونانی زبان کی تعلیم کے لیے ایک اھم مرکز بن گیا - انْ حکمرانوں نے سلطنت ترکیہ کے عیسائیوں کے لیے مذھبی کتابوں کی اشاعت کا آغاز کیا اور آتوس Athos، قسطنطینیہ، طربزون اور ارضِ مقدّس (فلسطین) کی خانقاھوں کے لیے آمدنی کا انتظام کیا - آسٹریا اور روس کے قبضے سے یہاں مغربی اثرات پھیلنے لگے اور فرانسیسی زبان سے واقفیت کی ابتدا ہوئی، جس نے انیسویں صدی کے نصف اول میں یونانی کی جگہ لے لی تھی - انقلابِ فرانس نے جن تصورات کو جنم دیا تھا ان کے زیرِ اثر یہ شہر رومانیا کے سیاسی اتّحاد کے لیے جد و جہد کا مرکز بن گیا جس کی بدولت مولداویا Moldavia اور ولّاشیا Wallachia کا وفاق ظہور میں آیا ۔

[۱۸۶۱ء میں بخارسٹ رومانیا کی نئی سلطنت کا دارالحکومت قرار پایا تھا - شہزادۂ چارلس کی تخت نشینی (۱۸۶۶ء) کے بعد شہر میں تعمیرات کا کام وسیع پیمانے پر شروع ہوا اور بہت جلد اسے یورپ کے صدر مقامات میں ممتاز حیثیت حاصل ہو گئی - اس کی فصیل (محیط : ۴۸ میل) گیارہ برس (۱۸۸۵ تا ۱۸۹۶ء) میں تیار ہوئی تھی اور اس کا نقشہ ایک بلجمی انجینئر جنرل برائلمونٹ Brialmont نے تیار کیا تھا - اسے یورپ کی مضبوط ترین فصیل خیال کیا جاتا تھا، لیکن ۱۹۱۶ء میں یہ جرمن حملے کی تاب نہ لا سکی - دوسری جنگ عظیم کے دوران میں بھی بخارسٹ پر جرمنوں نے قبضہ کر لیا تھا، تاھم رومانیا نے محوری طاقتوں کی صف میں

Marfat.com

بخارسٹ کو کم از کم ظاہری طور پر اپنی آزادی برقرار رکھی۔ ۳۰ دسمبر ۱۹۴۷ء کو شاہ مائیکل Michael عوام کے دباؤ کے تحت تخت سے دستبردار ہو گیا اور اسی روز رومانیا کی عوامی جمہوریہ وجود میں آ گئی۔ ملک کی ساری اراضی، بینک اور کارخانے وغیرہ قومی ملکیت میں لے لیے گئے۔ ۱۹۶۰ء میں رومانیا کو عوامی جمہوریہ کے بجائے اشتراکی جمہوریہ قرار دیا گیا۔

بخارسٹ آجکل جمہوریۂ اشتراکیۂ رومانیا کا دارالحکومت ہے۔ اس کا رقبہ ۹۷۰ مربع میل ہے اور آبادی تیرہ لاکھ بہتر ہزار (یکم جولائی ۱۹۶۳ء) ہے۔ یہ تعلیمی، تجارت اور صنعت کا مرکز ہے۔ بخارسٹ یونیورسٹی ۱۸۶۴ء میں قائم ہوئی تھی۔ قومی کتاب خانہ، جو مشرقی علوم کی کتابوں کے لیے مشہور ہے، یونیورسٹی کی عمارت میں واقع ہے۔ بخارسٹ پٹرول، عمارتی لکڑی اور زرعی پیداوار بالخصوص گندم اور مکئی کی منڈی ہے اور یہاں شراب کشید کرنے، پٹرول صاف کرنے، چمڑا رنگنے، تیل نکالنے، کپڑا بننے اور مختلف مشینیں تیار کرنے کے بیسیوں کارخانے ہیں۔ ہوائی اڈا شہر سے تقریباً چار میل دور بانیسا Băneasa کے مقام پر واقع ہے۔ یہاں کئی گرجا گھر ہیں جو عموماً چھوٹے چھوٹے اور بوزنطی طرز پر بنے ہوئے ہیں۔ سب سے مشہور گرجا میٹرو پولیٹن ہے، جو ۱۶۶۵ء میں تعمیر ہوا تھا۔ بخارسٹ میں ہر سال سات روز تک ایک بڑا میلا لگتا ہے]۔

مآخذ: (۱) F. C. Belfour : *The Ttravels of Macarius*، لنڈن ۱۸۳۶ء، ۲ : ۳۷۰؛ (۲) I. Bogdan: *Cronice inedite antigatoare de istoria românilor*، بخارسٹ ۱۸۹۰ء، ص ۳۹؛ (۳) تاریخ پچوی، استانبول ۱۲۸۳ھ، ۲ : ۱۰۹ تا ۱۲۲؛ (۴) اولیا چلبی: سیاحت نامہ، استانبول ۱۹۲۸ء، ۷ : ۳۷۶ تا ۳۸۰؛ (۵) G. I. Ionescu Gion : *Istoria Bucureştiului*، بخارسٹ ۱۸۹۹ء، ص ۸۱۸؛ (۶) N. Iorgo : *Istoria Bucureştilor*، بخارسٹ ۱۹۳۰ء، ص ۳۹۷؛ (۷) P. P. Panaitescu : *Documentele Ţarii Romaneşti*، بخارسٹ ۱۹۳۸ء، ۱ : ۲۳۰، ۲۴۴ تا ۲۳۸، ۲۵۳ تا ۲۵۵، ۲۶۰ تا ۲۶۱؛ [(۸) *Whitaker's Almanack 1967*، لنڈن ۱۹۶۶ء؛ (۹) *The World Almamac 1967*، نیویارک ۱۹۶۶ء؛ (۹) *The Statesman's Year-Book 1967-68*، لنڈن ۱۹۶۷ء؛ (۱۰) *Encyclopaedia Britannica*، مطبوعۂ ۱۹۵۰ء، ۴ : ۳۱۲ ببعد؛ (۱۱) سامی بک : قاموس الاعلام، ۲ : ۱۳۳۳، تحت مادۂ بکرش]۔

(N. Beldiceanu [و ادارہ])

**بُخارلک** : (یا سائبیریا کے بخاری)، ایک چھوٹا سا مسلمان قبیلہ جو ان تاجروں اور ساربانوں کے اخلاف پر مشتمل ہے جو شروع میں ترکستان سے آئے تھے اور سولھویں صدی میں، جب بخارا کی امارت اور سائبیریا کے مابین تجارتی تعلقات فروغ پر تھے، مغربی سائبیریا میں مقیم ہوگئے تھے۔

بخارلک سائبیریا کے تاتاریوں سے قریبی مراسم رکھتے ہیں جو ان کے ذریعے مسلمان ہوئے اور جن میں وہ بتدریج خلط ملط ہوتے جا رہے ہیں۔ وہ زیادہ تر ٹوبولسک Tobol'sk، تومن Tümen اور تارا Tara کے قریب آباد ہیں۔ بخارلک کا ایک گروہ، جو دوسروں سے الگ ہے، ٹومسک Tomsk کے قریب پایا جاتا ہے۔

۱۹۲۶ء میں سوویٹ روس کی مردم شماری کے مطابق ان کی تعداد بارہ ہزار بارہ نفوس تھی۔ بخارلک مقامی تاتاری زبانیں بولتے ہیں، لیکن فرق یہ ہے کہ ان کی اپنی بولی میں فارسی کے بہت سے الفاظ اب تک باقی ہیں۔ قازان کی تاتاری کو وہ ادبی زبان کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔

(A. Bennigsen)

marfat.com
Marfat.com

⊗ **البخاریؒ**: امام ابو عبداللہ محمد بن اسمٰعیل ابن المغیرہ بن بَرْدِزْبہ البخاری فارسی الاصل نامور محدّث تھے۔ ان کا خاندان یمان الجعفی کے ہاتھ پر ایمان لایا تھا، چنانچہ اس نسبتِ ولاء سے وہ بھی الجُعفی کہلائے۔ بقولِ بعض ان کے جد امجد بَرْدِزْبہ کے معنی بزبان اھل بخارا ''کسان'' تھے، لیکن دوسروں کے نزدیک یہ لفظ قدیم فارسی میں ''باغبان'' کے معنی میں آتا ھے اور مؤخرالذکر معنی کو ترجیح دی گئی ھے (تاریخ الادب العربی، ۳: ۱۶۳)۔ امام بخاری کی پیدائش بخارا میں بعد از نماز جمعہ، ۱۳ شوال ۱۹۴ھ/۸۰۹ء کو اور وفات خرتنک میں جمعہ و ہفتہ کی درمیانی شب، یکم شوال ۲۵۶ھ (۳۱ اگست ۸۷۰ء) کو بعمر تیرہ دن کم باسٹھ برس ہوئی اور تدفین عیدالفطر کے روز ہوئی۔ ان کے والد اسمٰعیل بن ابراھیم حدیث کے ثقہ راوی تھے۔ والد بچپن میں فوت ہو گئے۔ ماں کے زیر نگرانی تربیت پائی۔ ایک بہن تھی، ایک بھائی بھی تھا جس کا نام احمد تھا۔ بچپن میں امام بخاری کی آنکھیں جاتی رھی تھیں، لیکن ماں کی دعا اور گریہ و زاری کی بدولت بصارت پھر لوٹ آئی۔ حافظہ بلا کا پایا تھا اور ذھانت میں ضرب المثل تھے۔ گیارہ برس کی عمر میں علّامہ داخلی ایسے متبحّر عالم اور محدّث کو ایک سند پر ٹوک دیا اور تصحیح کرا دی۔ ابتدائی تعلیم بخارا کے جلیل القدر شیوخ، مثلاً محمد بن سلام بیکندی، محمد بن یوسف بیکندی، عبداللہ بن محمد مُسْنَدی اور ابراھیم بن الاشعث سے حاصل کی۔ سولہ برس کی عمر میں عبداللہ بن المبارک (م ۱۸۱ھ) اور وکیع بن الجرّاح (م ۱۹۷ھ) کی کتابوں کو حفظ کر لیا۔ طالب علمی کے زمانے میں سولہ روز تک بغداد میں قیام کیا اور اس دوران میں پندرہ ہزار سے زائد احادیث حفظ کر لیں (طبقات الحنابلہ، ۱: ۲۷۶)۔ امام بخاری نے شام، مصر اور جزیرہ کا دو مرتبہ سفر کیا اور بصرے کا چار مرتبہ۔ حجاز میں چھے سال مقیم رہے۔ کوفے اور بغداد میں تو آمد و رفت بکثرت رھی۔ امام بخاری کو ایک لاکھ صحیح حدیثیں ازبر تھیں اور دو لاکھ غیر صحیح (طبقات الحنابلہ، ۱: ۲۷۵)۔ امام بخاری نے ایک ھزار سے زائد اساتذہ و شیوخ سے حدیث لکھی۔ اپنے سے بڑے، اپنے برابر اور اپنے سے کمتر راویوں سے حدیث کی روایت و کتابت کی ھے۔ اس اعتبار سے ان کے شیوخ پانچ طبقات میں تقسیم کیے جا سکتے ھیں: (۱) وہ جو تابعین سے روایت کرتے ھیں؛ (۲) وہ جو ان کے زمانے میں تھے، لیکن ثقات تابعین سے نہیں ملے؛ (۳) وہ جو کبار تبع تابعین سے روایت کرتے ھیں؛ (۴) امام بخاری کے رفیق اور ان سے ذرا بڑے؛ (۵) وہ جو سن و اسناد میں امام بخاری کے شاگردوں کے برابر ھیں، لیکن ان سے فائدے کے لیے سنا، اگرچہ اس طبقے سے بہت کم روایات ھیں۔

علوم و فنونِ حدیث کے شیوخ و ماھرین نے امام بخاری کی ذھانت، فقاھت اور حافظے کا اعتراف کیا ھے۔ السبکی نے انھیں شافعی مسلک سے اور ابن ابی یَعلٰی نے حنبلی مسلک سے منسلک کرنے کی کوشش کی ھے، لیکن یہ نسبتیں محض رسمی ھیں۔ امام بخاری امام مجتہد کے بلند مقام پر فائز ھیں۔ بقول ابن حجر وہ فقہِ حدیث میں دنیا کے امام ھیں (تقریب)، عِلَلِ حدیث میں انھیں بڑی دستگاہ اور مہارت تھی اور اھل الحدیث (رکّ باں) کی امامت کا بلند مقام حاصل تھا۔ امام بخاری کی زیادہ تر شہرت ان کی کتاب الجامع الصحیح کی وجہ سے ھے۔

**صحیح بخاری**: جب امام بخاری نے اپنے پیشرو محدثین کے مجموعوں کو پڑھا اور روایت کیا تو محسوس کیا کہ ان کتابوں میں صحیح، حسن اور ضعیف سب قسم کی احادیث موجود ھیں؛

marfat.com
Marfat.com

چنانچہ انھوں نے ایک ایسی کتاب جمع کرنے کا ارادہ کیا جس میں سب حدیثیں صحیح ہوں۔ یہ ارادہ اور بھی قوی تب ہوا جب امام بخاری نے ایک مجلس میں اپنے شیخ الحدیث اسحق بن راھویہ (۱۶۱ تا ۲۳۸ھ؛ دیکھیے الاعلام، ۱ : ۲۸۴) سے سنا کہ تم ایک ایسی مختصر کتاب جمع کرو جس میں رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہٖ و سلّم کی صرف صحیح احادیث ہوں۔ یہ بات امام بخاری کے دل میں گھر کر گئی۔ اس عزم صمیم کو اور تقویت یوں مل گئی کہ امام بخاری نے خواب میں دیکھا کہ وہ آنحضرت صلّی اللہ علیہ و آلہٖ وسلّم کے حضور میں کھڑے ہیں اور ہاتھ میں پنکھا لیے آپؐ سے مکھیاں اڑا رہے ہیں۔ معبّرین نے اس خواب کی یہ تعبیر بتائی کہ تم نبی کریم صلّی اللہ علیہ و آلہٖ وسلّم سے منسوب جھوٹی حدیثوں کو مکھیوں کی طرح ہٹا دو گے اور ان کو رد کر دو گے۔ اس خواب نے امام بخاری کے شوق حدیث کو تیز تر کر دیا اور وہ الجامع الصحیح کی تالیف و تدوین میں ھمہ تن مشغول ہو گئے۔

امام بخاری سفر و حضر میں ھر جگہ برابر اپنی کتاب الجامع الصحیح کی تالیف کرتے رہے، البتہ تراجم ابواب کی ترتیب و تہذیب، ہر باب کے تحت احادیث کے اندراج کا کام ایک مرتبہ تو حرم پاک میں انجام دیا اور دوسری مرتبہ مسجد نبوی میں منبر و محراب کے درمیان، اور یہ وہ جگہ ہے جسے رَوضٌ مِنْ رِیاضِ الْجَنَّۃِ (= جنت کے باغات کا ایک حصہ) کہتے ہیں۔ سولہ برس کی مسلسل محنت کے بعد کتاب تیار کی جس میں صرف صحیح احادیث درج کیں اور امام احمد بن حنبلؒ، علی بن مدینیؒ اور یحیی بن معینؒ ایسے مشہور و مسلم شیوخ حدیث کے سامنے پیش کی۔ سب نے بنظر استحسان دیکھا اور کتاب کی صحت کی گواھی دی۔ کتاب کا نام "الجامع الصحیح المسند من حدیث رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم و سننہ و ایامہ" رکھا۔ کتاب کو ہر طرف سے حسن قبول حاصل ھوا۔ نوے ہزار آدمیوں نے امام بخاری سے اس کتاب کو سنا (طبقات الحنابلہ، ۱ : ۲۷۴)۔

صحیح بخاری میں فقہی فوائد اور حکیمانہ نکات بکثرت موجود ھیں۔ امام بخاری صرف صحیح حدیث ھی بیان نہیں کرتے بلکہ بقول امام نووی ان کا مقصد احادیث سے استنباطِ مسائل ھے؛ وہ ان سے قائم کردہ ابواب کی تائید و تشریح کا کام لیتے ھیں اور یہی وجہ ھے کہ وہ ایک متنِ حدیث سے کئی مطالب اور مسائل نکال کر کتاب کے مختلف ابواب میں ان کو جدا جدا کر دیتے ھیں اور ان آیات پر بھی توجہ دیتے ھیں جو احکام بیان کرتی ھیں۔ چونکہ استخراجِ مسائلِ فقہ امام بخاری کا اھم مقصد ھے، اس لیے بہت سے ابواب میں صرف "فِیْہِ عَنْ فُلَانٍ" سے اس حدیث کی طرف اشارہ کر دیتے ھیں جو پہلے گزر چکی ھے۔ کبھی کسی باب کے تحت متنِ حدیث مذکور ھے، لیکن اسناد محذوف اور کبھی حدیث معلّق روایت کرتے ھیں، کیونکہ ان کی غرض تو ابواب کے مقصود مسائل پر دلیل قائم کرنا ھے۔

بعض ابواب میں بہت سی صحیح احادیث مندرج ھیں اور بعض میں صرف ایک ھی حدیث۔ بعض میں آیتِ قرآن مجید اور بعض میں کچھ بھی نہیں ھے۔ امام بخاری نے یہ اسلوب قصداً اختیار کیا ھے اور مقصد یہ ھے کہ اس باب میں کوئی حدیث بخاری کی شرط پر نہیں ملی۔

امام بخاری ایسی صحیح حدیث بیان کرتے ھیں جس کو ثقہ رواۃ نے ثقہ راوی سے روایت کیا ھو اور اس کا سلسلہ مشہور صحابی تک پہنچایا ھو اور قابل اعتماد و ممتاز ثقہ راویانِ حدیث اس حدیث میں اختلاف نہ کرتے ھوں۔ اس کا اسناد متصل ھو اور

marfat.com
Marfat.com

غیر مقطوع - اگر صحابی سے دو شخص راوی ہوں، تو بہتر، ورنہ ایک ہی معتبر (ثقہ، عادل اور ضابط) راوی کافی ہے - امام بخاری نے حدیث صحیح کے ضمن میں اتّصالِ سند، اِتقانِ رجال اور عدم عِلَل کا بڑا خیال رکھا ہے۔

صحیح بخاری کی ایک خصوصیّت اس کے تراجم ابواب ہیں، جن کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ فقہُ البُخَارِیِّ فِیْ تَرَاجِمِ اَبْوَابِہٖ، یعنی امام بخاری کی فقاہت ان کے ابواب کے عنوانوں سے ظاہر ہوتی ہے - عظیم المرتبت شارحین نے اپنی شروحِ بخاری میں اور جلیل القدر محدثین نے مستقل تصانیف میں تراجم کے مقاصد و مطالب کی تشریحات قلمبند کی ہیں - اس سلسلے میں شاہ ولی اللہ دہلوی (رکّ بآں) کا اہم، مفید اور جامع رسالہ شرح تراجم ابواب صحیح البخاری (طبع دائرۃ المعارف، حیدر آباد، دکن) خاص طور پر قابل ذکر ہے۔

علمائے امت نے صحیح بخاری کو اَصَحُّ الْکُتُبِ بَعْدَ کِتَابِ اللہ، یعنی قرآن مجید کے بعد شریعت اسلامیہ میں صحیح ترین کتاب کا معزز لقب دیا (طبقات الحنابلۃ) - موطأ امام مالک، صحیح مسلم اور صحیح بخاری کے موازنے کے لیے ابن الصلاح کی کتاب علوم الحدیث دیکھیے۔

صحیح بخاری کی قبولیت و اہمیت کا اندازہ اس کی شروح، تعلیقات اور حواشی کی کثرت سے بآسانی لگایا جا سکتا ہے - اس مجموعۂ احادیث کو سمجھنے اور سمجھانے کے لیے ہر دور کے علما مساعی جمیلہ کو بروے کار لاتے رہے - کسی نے مختصر شرح لکھی اور کسی نے مطوّل و مفصّل، کسی نے رجال پر بحث کی اور کسی نے تراجمِ ابواب پر، کسی نے اس کی تجرید کی اور کسی نے انتخاب و اختصار، کسی نے اس کی تعلیقات کو موصول کیا اور کسی نے مشکل و غریب الفاظ کے لغات لکھے - تیسری صدی ہجری سے لے کر آج تک صحیح بخاری پر علماے اسلام کی توجہ مرکوز رہی؛ تفصیلات کے لیے دیکھیے کشف الظنون، استانبول ۱۹۴۱ء، ۱ : ۵۴۵ تا ۵۵۵؛ تسہیل القاری، ۱ : ۳۰ تا ۳۲؛ سیرت البخاری، ص ۲۰۶ تا ۲۴۸؛ تاریخ الادب العربی (تعریبِ براکلمان)، ۳ : ۱۶۷ تا ۱۷۸، کے علاوہ بھی کتب سیر و تراجم میں شروح و حواشی کا ذکر آتا ہے، جن کی کل تعداد دو سو سے زائد ہے - ابن خلدون کی تمنا تھی کہ صحیح بخاری کی ایک ایسی ہی عمدہ شرح لکھی جائے جس میں اس کا پورا حق ادا کیا جائے، کیونکہ اس نے اپنے اکثر اساتذہ سے سن رکھا تھا کہ ایسی شرحِ بخاری امت کے ذمے قرض ہے (مقدمہ، ص ۴۴۳) - حافظ ابن حجر العسقلانی کی شرح فتح الباری کے بعد یہ قرض ادا ہوگیا، کیونکہ علماے حدیث نے اس شرح کو بہترین قرار دیا ہے (صبحی الصالح : علوم الحدیث، ص ۳۹۷).

مختلف زبانوں میں صحیح بخاری کے ترجمے کیے گئے - اردو تراجم اور شروح میں مولوی وحیدالزمان (رکّ بآں) کا نام خاص طور پر قابل ذکر ہے، جس نے مکمل ترجمہ شائع کرنے کے علاوہ ایک ضخیم شرح تسہیل القاری کے نام سے شروع کی، لیکن صرف پانچ جلدیں شائع ہو سکیں - برصغیر پاک وہند کے علما کی عربی، فارسی اور اردو شروح کے لیے دیکھیے الثقافۃ الاسلامیۃ فی الہند، ص ۱۰۰ تا ۱۰۱، نیز محمد اسحق : *India's Contribution to Hadith Literature*، لاہور ۱۹۵۵ء.

صحیح بخاری کی افادی حیثیت کے پیش نظر کئی علما نے اس کی مفتاح مرتب کی، مثلاً الشریف محمد بن مصطفی التوقادی (آستانہ ۱۳۱۳ھ)، شکری ابن حسن (استانبول ۱۳۱۳ھ) اور محمد فؤاد عبدالباقی (القاہرہ ۱۹۳۵ء) - مؤخرالذکر مصنف نے مفتاح کنوز السنۃ میں دیگر کتب حدیث کے ساتھ صحیح بخاری

marfat.com
Marfat.com

کے مضامین کی تفصیلی فہرست باعتبار حروف تہجی درج کی ہے، جو بڑی کارآمد ہے.

عصر حاضر میں بھی صحیح بخاری کے کئی اختصارات شائع ہوچکے ہیں، جن میں عمر ضیاءالدین کی زبدۃ البخاری (القاہرہ ۱۳۳۰ھ)، محمد مصطفی عمارہ کی جواہر البخاری (القاہرہ ۱۳۴۱ھ)، جس میں سات سو منتخب احادیث مع مختصر شرح درج ہیں اور عبدالسلام محمد ہارون کی الالف المختارۃ من صحیح البخاری (قاہرہ ۱۹۵۹ء تا ۱۹۶۰ء)، دس مختصر اجزا میں مع مختصر شرح و تخریجات، خاص طور پر قابل ذکر ہیں.

عہد ممالیک میں صحیح بخاری کی قراءت اور ختم کو خاص اہمیت دی جانے لگی - دسویں صدی ہجری کے آغاز میں ماہ رمضان میں قاہرہ کی عام محفلوں میں پڑھی جاتی اور ختم بخاری پر بڑا اجتماع ہوتا تھا - اسی صدی کے آخر میں شہر زبید میں بھی رسم مروج تھی - الجزائر میں لوگ صحیح بخاری کی قسمیں کھایا کرتے تھے اور جھوٹی قسم کھانے والے کے لیے عذاب اور ہلاکت یقینی ہوتی تھی - الصعید میں صحیح بخاری کو باعث شفا سمجھا جاتا تھا - مغرب میں ایک فوجی جماعت ''البخاریۃ'' کہلاتی تھی اور اس جماعت کے سپاہی فوجی خدمات کے لیے صحیح بخاری پر حلف اٹھاتے تھے (براکلمان، تعریب، ۳ : ۱۶۵).

امام بخاری کی تصانیف میں بیس پچیس کتابوں کے نام ملتے ہیں (دیکھیے سیرۃ البخاری، ص ۱۶۶ تا ۱۷۳)، جن میں کچھ تو ناپید ہیں، کچھ مخطوطات کی شکل میں مختلف کتب خانوں میں محفوظ ہیں اور کچھ طبع ہو چکی ہیں : (۱) التاریخ الکبیر میں امام بخاری نے صحابہ سے لے کر اپنے عہد تک کے چالیس ہزار راویان حدیث کے حالات قلمبند کیے ہیں - علمی اور فنی لحاظ سے کتاب بڑی قیمتی اور مستند ہے - حروف تہجی کے اعتبار سے مرتب کی گئی ہے - دائرۃ المعارف العثمانیۃ حیدرآباد، دکن (۱۳۶۱ھ تا ۱۳۶۲ھ) میں آٹھ جلدوں میں شائع ہوئی - امام بخاری نے اس کتاب کو مسجد نبوی میں روضۂ نبوی کے پاس بیٹھ کر چاندنی راتوں میں لکھا (الرسالۃ المستطرفۃ، ص ۱۰۶ تا ۱۰۷؛ السنۃ قبل التدوین، ۳۶۵)؛ (۲) التاریخ الصغیر، اسماء الرجال پر مختصر مگر مستند کتاب ہے - سنین کے تحت حالات قلمبند کیے گئے ہیں (طبع الٰہ آباد ۱۳۲۵ھ)؛ (۳) کتاب الضعفاء الصغیر (طبع الٰہ آباد ۱۳۲۵ھ)؛ (۴) کتاب الکُنٰی میں ایک ہزار راویان حدیث کی کنیتوں سے بحث کی گئی ہے (طبع حیدرآباد، دکن ۱۳۶۰ھ)؛ (۵) کتاب خلق افعال العباد میں فرقۂ جہمیہ وغیرہ کا رد کیا ہے - آیات و احادیث کے ساتھ آثار صحابہ اور اقوال تابعین بھی درج کیے ہیں (طبع شمس الحق عظیم آبادی، دہلی ۱۳۰۶)؛ (۶) کتاب الأدب المفرد (آگرہ ۱۹۰۶ء؛ بعد میں بھی کئی مرتبہ شائع ہو چکی ہے؛ اردو ترجمہ بھی چھپ چکا ہے)؛ (۷) قضایا الصحابۃ و التابعین، اٹھارہ برس کی عمر میں لکھی، لیکن اب ناپید معلوم ہوتی ہے.

**مآخذ** : (۱) ابن الندیم : الفہرست، ص ۲۳۰؛ (۲) ابن ابی یعلٰی: طبقات الحنابلۃ، طبع محمد حامد الفقی، مطبعۃ السنۃ المحمدیۃ ۱۳۷۱ھ/۱۹۵۲ء، ۱ : ۲۷۱ تا ۲۷۹؛ (۳) ابن خلدون : مقدمۃ (الباب السادس : الفصل السادس فی علوم الحدیث) المکتبۃ التجاریۃ الکبرٰی، مصر، ص ۴۴۲ تا ۴۴۴؛ (۴) ابن حجر العسقلانی: ہدی الساری (مقدمہ فتح الباری)، ادارۃ الطباعۃ المنیریۃ، مصر ۱۳۴۷ھ؛ (۶) الیافعی : مرآۃ الجنان، ۲ : ۱۶۴ تا ۱۶۹؛ (۷) ابن الصلاح: علوم الحدیث (المعروف بہ مقدمۃ ابن الصلاح)؛ (۸) السیوطی: ذیل طبقات الحفاظ، ۱، ۲؛ (۹) وہی مصنف: تدریب الراوی؛ (۱۰) السبکی: طبقات الشافعیۃ؛ (۱۱)

marfat.com
Marfat.com

احمدامین: ضحی الاسلام، قاهره ۱۹۳۸ء، ۲: ۱۱۰ تا ۱۱۹؛ (۱۲) سرکیس: معجم المطبوعات العربیة، عمود ۵۳۴؛ (۱۳) دائرة المعارف الاسلامیة، ۳: ۴۱۹ تا ۴۲۶؛ (۱۴) ترجمة جامع صحیح البخاری، ادارة الطباعة المنیریة، مصر ۱۳۴۸ھ؛ (۱۵) وحید الزمان: تسهیل القاری (اردو ترجمه و شرح صحیح بخاری)، مطبع صدیقی، لاهور ۱۳۰۷ھ، ۱: ۳ تا ۴؛ (۱۶) محمد بن جعفر الکتانی: الرسالة المستطرفة، کراچی ۱۹۶۰ء، ص ۱۰، ۳۶، ۱۰۶، ۱۱۸؛ (۱۷) صبحی الصالح: علوم الحدیث، بیروت ۱۹۶۵ء (بامداد اشاریه)؛ (۱۸) جمال الدین القاسمی: حیاة البخاری، صیدا ۱۳۳۰ھ؛ (۱۹) صدیق حسن خان: اتحاف النبلاء، مطبع نظامی، کانپور ۱۲۸۸ھ؛ (۲۰) وهی مصنّف: الحطّة فی ذکر الصحاح الستّة، مطبع نظامی، کانپور ۱۲۸۳ھ؛ (۲۱) السخاوی: فتح المغیث بشرح الفیة الحدیث، مطبع انوار محمدی ۱۳۰۱ھ؛ (۲۲) عبدالحی الحسنی: الثقافة الاسلامیة فی الهند (معارف العوارف فی انواع العلوم و المعارف)، دمشق ۱۳۷۷ھ/۱۹۵۸ء؛ (۲۳) شاه عبدالعزیز: بستان المحدثین (اردو ترجمه از عبدالسمیع، مطبوعهٔ کراچی، ص ۱۷۰ تا ۱۷۶)؛ (۲۴) القسطلانی: ارشاد الساری (شرح البخاری، مقدمة)، بولاق ۱۳۰۵ھ؛ (۲۵) حاجی خلیفه: کشف الظنون، مطبعة البهیة، استانبول ۱۳۶۰ھ/۱۹۴۱ء، ۱: ۵۴۱ تا ۵۵۵ و بمواضع کثیره؛ (۲۶) عبدالسلام مبارکپوری: سیرة البخاری (بزبان اردو)، بار دوم، الٰه آباد ۱۳۶۷ھ؛ (۲۷) براکلمان: تاریخ الادب العربی (تعریب عبد الحلیم النجار)، دارالمعارف، مصر ۱۹۶۲ء، ۳: ۱۶۳ تا ۱۷۹؛ (۲۸) کل ما فی البخاری صحیح (جمعیة الاصلاح الاجتماعی)، الکویت ۱۳۸۶ھ/۱۹۶۶ء؛ (۲۹) محمد اسحٰق: *India's Contribution to Hadith Literature*، لاهور ۱۹۵۵ء؛ (۳۰) النرشخی: تاریخ بخارا (طبع شیفر)، پیرس ۱۸۹۲ء، ص ۲۰۳ - امام بخاری کے حالات زندگی پر ایک کتاب الدراری اسمٰعیل بن محمد بن عبدالهادی العجلونی (م ۱۱۶۲ھ/۱۷۴۸ء) نے لکھی، دوسری کتاب ترجمة البخاری عفیف الدین علی بن عبدالمحسن ابن الدوالیبی (م ۸۰۸ھ/۱۴۰۳ء) نے اور تیسری رسالة فی مناقب البخاری عبدالقادر بن عبداللّٰه العیدروس (م ۱۰۳۸ھ/۱۶۲۸ء) نے لکھی۔

(عبد القیوم)

* **البخاری**: ابوالمعالی علاء الدین محمد بن عبدالباقی المکّی، [خطیبِ مدینهٔ منوره اور] عربی مصنف، جس نے ۹۹۱ھ/۱۵۸۳ء میں اهل حبش کے مناقب میں (بطرز السیوطی وغیره) ایک رساله بعنوان الطِّراز المنقوش فی محاسنِ الحُبوش [الموسوم به نُزْهة الناظر و سَلْوة الخاطِر) لکھا، جس کے متعدد مخطوطات محفوظ هیں۔ اس رسالے کا ترجمه M. Weisweiler نے ... *Buntes Prachtgewand* کے عنوان سے کیا (Hanover ۱۹۲۳ء) - متن کے اقتباسات کے لیے دیکھیے: *Bibliothecae Bodleianae cod. mss. or. cat.*، ۲: ۳۶۳ - نور الدین الحلبی (م ۱۰۴۴ھ/۱۶۳۵ء؛ رک به الحلبی نور الدین) نے ایک اقتباس قاهره میں ۱۳۰۷ھ میں طبع کرایا۔

**مآخذ**: (۱) Flügel، در *ZDMG*، ۵: ۸۱ و ۱۶: ۶۰۶ تا ۷۰۹؛ (۲) براکلمان، ۲: ۳۰۵ و تکمله ۲: ۵۱۹؛ [(۳) الزرکلی: الاعلام، بذیل محمد بن عبدالباقی].

(C. BROCKELMANN)

⊗* **بخت خان**: محمد بخش، المعروف به بخت خان، هندوستان کی ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی میں آزاد فوجوں کا سپه سالار اعظم، جسے بهادر شاه ظفر نے بخت بلند خان کا خطاب بخشا، سلطان پور (اوده) میں تخمیناً ۱۲۱۲ھ/۱۷۹۷ء میں پیدا هوا۔ ماں کی طرف سے وه نواب شجاع الدوله اور باپ کی طرف سے غلام قادر روهیله کے خاندان سے تها۔ حافظ رحمت خاں کی موت پر روهیله افواج کے انتشار کے بعد اس کے باپ عبداللّٰه خاں نے لکهنؤ میں اقامت

marfat.com
Marfat.com

اختیار کر لی۔ اپنی عمر کے بیسویں سال (تخمیناً ۱۲۳۳ھ/۱۸۱۷ء) میں وہ ''آٹھویں پیدل توپ خانہ'' میں، جو بریلی بریگیڈ کے نام سے مشہور ہے، بطور صوبیدار بھرتی ہوا۔ اس حیثیت میں وہ جنگ آزادی کے آغاز تک چالیس سال ملازم رہا۔ یورپین مؤرخین نے اس کی بہت تعریف کی ہے۔ اس کا قد پانچ فٹ دس انچ اور چھاتی ۴۴ انچ تھی اور وہ نہایت ذہین اور بارعب شخصیت کا مالک تھا۔ بعض مصنفین کا کہنا ہے کہ مولوی سرفراز علی نے اس کے خیالات میں انقلاب پیدا کیا اور اسے انگریزوں سے بیزار کر دیا۔ مولوی سرفراز علی وھابی عقائد رکھتے تھے اور اسی بنا پر حکیم احسن اللہ نے اپنے بیان میں بخت خان کو بھی ''وھابی العقیدہ'' بتایا تھا۔

میدانی توپ خانے نے، جس کا وہ سردار تھا، پہلی جنگ افغانستان (۱۸۳۸ تا ۱۸۴۲ء) میں جلال آباد کے مقام پر کارہائے نمایاں انجام دیے تھے۔ اس میں بخت خان نے اپنی شاندار خدمات کے صلے میں بہت سے امتیازات اور تمغے حاصل کیے تھے۔

۳۱ مئی ۱۸۵۷ء کو بریلی میں دیسی فوجوں نے انگریزوں کے خلاف اپنی آزادی کا اعلان کیا تو بخت خان فوراً بریلی آ گیا اور نمایاں کردار ادا کیا۔ اس نے بریلی کو برطانوی تسلط سے آزاد کرکے حافظ رحمت خان کے ایک پوتے خان بہادر خان کو ''نواب ناظم'' بنایا۔ اس صلے میں بخت خان کو بریگیڈیر کا رتبہ ملا۔ بعد ازاں وہ براستۂ رام پور، مراد آباد اور رجب پور دو جولائی کو دہلی پہنچا، جہاں مغل بادشاہ بہادر شاہ ظفر نے اسے مرزا مغل کی جگہ شاہی فوجوں کا کمانڈر انچیف بنایا اور فرزند کے خطاب سے نوازا اور مرزا مغل کو Adjutant General کا عہدہ دیا گیا۔ جنرل بخت خان نے شاہی فوجوں کو از سر نو منظم کر کے ۹ جولائی کو دس ہزار فوج کی معیت میں انگریزوں کو ایک شکست فاش دی۔ اگر وہ حالات پر قابو نہ پا لیتا تو انگریز جولائی کے شروع ہی میں، جب پنجاب سے ان کو مستقل کمک آنی شروع ہو گئی تھی، سارا ملک فتح کر لیتے۔ اسی کے ایما سے انگریزوں کے خلاف جہاد کا فتوی شائع کیا گیا، جس پر دارالحکومت کے مقتدر اور سربرآوردہ علماء و مشائخ کے دستخط تھے۔ ان میں صدرالدین آزردہ [رک بآں] اور فضل حق خیرآبادی بھی شامل تھے۔ بعض خود غرض افراد اور شہزادے، جو اس سے حسد رکھتے تھے اور خفیہ طور پر انگریزوں سے مل گئے تھے، ہر کام میں اس کی مخالفت کرتے تھے، چنانچہ دربار میں اسے انتہائی نامساعد حالات میں کام کرنا پڑتا تھا؛ نتیجۃً شاہی فوجوں کو شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ فتح دہلی کے بعد بخت خان نے بادشاہ کو پیشکش کی کہ وہ اس کی پانچ ہزار فوج کی معیّت میں اگر چاہے تو روہیل کھنڈ روانہ ہو جائے، مگر بادشاہ چونکہ الٰہی بخش اور حکیم احسن اللہ (جو انگریزوں سے در پردہ ملے ہوے تھے) کے زیر اثر تھا اس لیے اس نے ان کے اصرار پر بخت خان کے ساتھ جانے سے انکار کردیا۔ بخت خان نے ۱۹ ستمبر کو دہلی چھوڑی اور لکھنؤ روانہ ہو گیا۔ اس کے بعد حالات صحت کے ساتھ تحریر میں نہیں آئے۔ اس سلسلے میں مختلف روایتیں ملتی ہیں، مثلاً ایک روایت یہ ہے کہ وہ اودھ کے قصبۂ نواب گنج کی جنگ میں ۱۸۵۹ء میں مارا گیا۔ بعض کہتے ہیں کہ اس نے اولاً جلال آباد (ضلع ہردوئی) میں پڑاؤ ڈالا، پھر بلگرام (رک بآں) اور مرزا گھاٹ میں۔ بعض مصنّفین نے لکھا ہے کہ وہ فقیر کے بھیس میں نیپال کی طرف نکل گیا جہاں اس جنگ آزادی کے چند اور رہنما بھی پناہ گزیں تھے۔

مآخذ: (۱) Charles Ball: *History of the Indian Mutiny*، لندن، بدون تاریخ، ص ۵۰۸؛ (۲)

marfat.com
Marfat.com

‹A History of the Indian Mutiny : T. Rice Holmes، لنڈن ۱۸۹۸ء، ص ۳۰۲ تا ۳۰۳؛ (۳) J. W. Kaye : History of the Sepoy War in India، لنڈن ۱۸۷۰ء، ۳ : ۶۳۳؛ (۴) Punjab Government Record Office : Publications Monograph No 15؛ (۵) Parliamentary Papers، لنڈن ۱۸۰۹ء، ۱۸ : ۲۲؛ (۶) Insurrection in the East Indies presented to both Houses of Parliament، لنڈن ۱۸۵۸ء، ص ۱۰۴؛ (۷) نجم الغنی رامپوری : اخبار الصنادید، لکھنؤ ۱۹۰۳ء، ج ۲؛ (۸) سیّدہ انیس فاطمہ بریلوی : ۱۸۵۷ء کے ہیرو، علی گڑھ ۱۹۳۹ء، ص ۶۵ ببعد؛ (۹) ساورکر V.D. Savarkar: The War of Independence 1857، بمبئی ۱۹۴۷ء، ص ۲۹۵ و اشاریہ؛ (۱۰) سریندر ناتھ سین: Eighteen Fifty - seven، دہلی ۱۹۵۷ء، ص ۸۳ تا ۸۴، ۱۰۱ تا ۱۰۲، ۱۷۳ و اشاریہ؛ (۱۱) غلام رسول مہر: ۱۸۵۷ء کے مجاہد، لاہور ۱۹۵۷ء، ص ۱۰۴ تا ۱۲۰؛ (۱۲) انتظام اللہ شہابی : مشاہیر جنگ آزادی، کراچی ۱۹۵۰ء، ص ۲۳۲ تا ۲۳۵؛ (۱۳) ظہیر دہلوی : داستان غدر، طبع ثانی، لاہور ۱۹۵۵ء، ص ۱۳۵، ۱۴۰ تا ۱۴۳؛ (۱۴) شمس العلماء منشی ذکاء اللہ : عروج عہد سلطنت انگلشیہ، دہلی ۱۹۰۴ء، ص ۶۷۶، ۶۸۶، ۶۹۶؛ (۱۵) حسن نظامی : دہلی کی جانکنی، دہلی ۱۹۲۰ء؛ (۱۶) F. Cooper : The Crisis in the Punjab، لنڈن ۱۸۵۸ء، ص ۲۰۱؛ (۱۷) G. Bourchier : Eight months' Campaign against the Bengal Sepoy Army.....، لنڈن ۱۸۵۸ء، ص ۴۴؛ (۱۸) کمال الدین حیدر: قیصر التواریخ، لکھنؤ ۱۸۹۶ء، ۲ : ۳۱۲؛ (۱۹) رئیس احمد جعفری: بہادر شاہ ظفر اور ان کا عہد، لاہور، بدون تاریخ، ص ۸۳۰ تا ۸۵۳؛ (۲۰) Sir William Muir : Intelligence Records of the Indian Mutiny of 1857، طبع Goldstream، ایڈنبرا ۱۹۰۲ء، ۲ : ۳۱۱؛ (۲۱) G. W. Forrest : Selections from letters, despatches, and other state papers preserved in the Military Department of the Govt. of India (1857-58)، کلکتہ ۱۹۱۲ء؛ (۲۲) City of Delhi during the Siege، I. O. L. MSS. European B-188؛ (۲۳) G. F. Atkinson : The Campaign in India, 1857-58، لنڈن ۱۸۵۸ء؛ (۲۴) Bonham James : Oudh in 1857، لنڈن ۱۹۲۸ء؛ (۲۵) William Howard Russell : My Indian Mutiny Diary، بار اول ۱۸۶۰ء و بار دوم، طبع Michael Edwards، لنڈن ۱۹۵۷ء؛ (۲۶) R. C. Majumdar : The Sepoy Mutiny and Revolt of 1857، کلکتہ ۱۹۵۷ء، ص ۵۲، ۷۳، ۱۲۶، ۱۷۷؛ (۲۷) مہدی حسین Mahdi Husain : Bahadur Shah II and the War of 1857 in Delhi، دہلی ۱۹۵۸ء، ص ۲۳۰ تا ۲۷۰، ۲۹۱، ۲۹۳، ۲۹۷؛ (۲۸) عبداللطیف : روزنامچہ (فارسی)، اردو ترجمہ از خلیق احمد نظامی، بعنوان تاریخی روزنامچہ، دہلی ۱۹۵۸ء؛ (۲۹) مجلۃ العلم، کراچی، جنگ آزادی نمبر، ص ۹ تا ۱۸؛ (۳۰) میاں محمد شفیع : ۱۸۵۷ء — پہلی جنگ آزادی، لاہور ۱۹۵۷ء؛ (۳۱) C. T. Metcalfe : Two Narratives of the Mutiny in Delhi، لنڈن ۱۸۹۸ء].

(بزمی انصاری [و یار محمد خان])

⊗ **بختاور خاں** : اورنگ زیبؒ (رکّ بہ عالمگیر) کا منظور نظر خواجہ سرا، معتمد علیہ اور خدمتگارِ خاص، جس نے اس کے عہد شاہزادگی ہی میں اس کی ملازمت اختیار کر لی تھی (۱۰۶۵ھ / ۱۶۵۴ء)۔ اورنگ زیبؒ کی تخت نشینی کے وقت اسے خان کا خطاب ملا۔ ۱۰۸۰ھ/۱۶۶۹ء میں داروغۂ خواصان مقرر کیا گیا اور ایک ہزاری کا منصب عطا ہوا۔ اورنگ زیبؒ کی تیس سال تک وفاداری سے خدمت کرنے کے بعد ۱۰ ربیع الاول ۱۰۹۶ھ/۱۶۸۵ء کو بختاور خاں نے صرف چند روز علیل رہ کر احمد نگر میں وفات پائی۔ اس کی موت پر بادشاہ خود سوگوار

Marfat.com

ہوا بنفس نفیس اس کی نماز جنازہ پڑھائی اور اس کی میت کو اپنے کندھوں پر اٹھا کر چند قدم چلا۔ اس کی میت دہلی لائی گئی اور ایک قصبے میں، جس کا نام اس کے نام پر بختاور پورہ تھا اور جو اب بستی نبی کریم کہلاتی ہے، خود اسی کی تعمیر کردہ قبر میں دفن کی گئی۔

بختاور خان نہایت علم دوست، فنون لطیفہ کا سرپرست اور شاعر تھا۔ محمد اسلم نے اپنی تصنیف فرحت الناظرین میں اس کے شاعرانہ محاسن کی بہت تعریف کی ہے۔ اس کی حسن سعی سے شیخ رضی الدین بھاگلپوری کو، جو ''فتاوی عالمگیری'' (رک بآں) کے مؤلفین میں سے ایک مؤلف ہیں، دربار شاہی میں بار ملا۔

عنفوان شباب ہی سے بختاور خان تاریخ کا بڑا سرگرم طالب علم تھا اور اس نے شستہ اسلوبِ تحریر کی مشق بہم پہنچائی تھی۔ محمد ساقی مستعد خاں، مؤلف مآثر عالمگیری، بختاور خاں کے ہاں اس کے کاتب خاص اور محاسب کے طور پر ملازم تھا۔ بختاور خاں ہی کو ۱۰۸۰ھ/۱۶۶۹ء میں یہ کام تفویض کیا گیا کہ احکامِ شرعی کی رو سے شاہی منجمین کو آئندہ کے لیے جنم پتریاں اور جنتریاں تیار کرنے کی ممانعت کر دی جائے۔ اس کی تالیف مرآۃ العالم (جو ۱۰۷۸ھ / ۱۸۶۷ء میں لکھی گئی، مگر بعض جگہ ۱۰۹۴ھ / ۱۶۸۳ء تک واقعات کا تذکرہ بھی ملتا ہے) ایک عمومی تاریخ ہے، لیکن اورنگ زیب کے عادات و خصائل اور اس کے عہد کے پہلے دس سال کے واقعات پر مستند کتاب سمجھی جاتی ہے (مرآۃ العالم کے مصنف پر رائے زنی کرتے ہوے سٹوری Storey، ریو Rieu اور ایلیٹ Elliot و ڈاؤسن Dowson لکھتے ہیں کہ گو بظاہر اس کتاب کا مصنف بختاور خاں ہی ہے، لیکن در حقیقت اسے محمد بقا (۱۰۳۷ھ/ ۱۶۲۷ء تا ۱۰۹۴ھ/ ۱۶۸۳ء) نے اپنے دوست بختاور خاں کے نام پر لکھ کر اسے پیش کیا)۔ خاتمۂ کتاب پر بختاور خاں اپنے کارناموں کا تفصیل کے ساتھ ذکر کرتا ہے۔ اسے مندرجۂ ذیل کتابوں کی تصنیف کا دعوی ہے: (۱) چار آئنہ یا آئینۂ بخت (۱۰۶۸ھ / ۱۶۵۷ء)، جس میں ان چار لڑائیوں کا ذکر ہے جو اورنگ زیب عالمگیرؒ نے لڑ کر تخت شاہی حاصل کیا (Browne، تکملہ، ص ۱۳۵)؛ (۲) ''ریاض الاولیاء'' (۱۰۹۰ھ/ ۱۶۷۹ء)، مسلم اولیا اور مشاہیر کے سوانح حیات، چار ''چمنوں'' میں (Rieu، ۳ : ۹۸۵ الف؛ (بہ تصحیح) آصفیہ، ۱ : ۳۲۰، عدد ۱۱۵؛ Browne تکملہ، ص ۲۸ ؛ Corpus ۱۲۶)؛ (۳) انتخابات از: حدیقۂ سنائیؒ، منطق الطیر عطارؒ و مثنوی مولانا رومؒ تاریخ الفی و اخبار الاخیار و دیوانِ صائب۔ اس کی ''بیاض'' (''تذکرۃ الشعراء'')، جو نامور شعرا کے منتخب کلام مع حالاتِ زندگی کے علاوہ مشاہیر اولیا و صوفیہ کی تصنیفات و تالیفات کے اقتباسات پر مشتمل ہے، قلعۂ دہلی کے آثار قدیمہ کے عجائب خانے میں محفوظ ہے۔ بختاور خاں ''تاریخ ہندی'' کا بھی مؤلف تھا۔ یہ بابر سے اورنگ زیب کے عہد تک کی تاریخ ہندوستان ہے (Princeton، ص ۳۶۸ و Storey، ص ۵۱۷)۔ مختلف مصنفین نے اس کے لیے ایک کتابِ فتاوی، بعنوان ہمدمِ بخت، مرتب کی تھی، جو فقہ حنفی کا خلاصہ ہے اور ایک ادبی کشکول کی حیثیت رکھتی ہے۔

بختاور خاں نے ان تعمیرات کا ذکر بھی کیا ہے جن کی اس نے رفاہ عامّہ کے سلسلے میں بنیاد رکھی یا انہیں پایۂ تکمیل تک پہنچایا، مثلاً قصبۂ بختاور پورہ، متعدد مساجد، کارواں سرائیں (جن میں بختاور نگر بھی شامل ہے جو فرید آباد جانے والی سڑک پر واقع تھا)، بعض پل اور طلبہ کی

marfat.com
Marfat.com

اقامت گاهیں - اس نے دو باغ بھی لگوائے : ایک لاہور میں شالامار کے نزدیک اور دوسرا اغر آباد میں، جو شاہ جہان آباد (دہلی) سے تین میل کے فاصلے پر واقع تھا.

**مآخذ** : مآثر عالمگیری، Bib. Ind.، ص ۲۵۳ و اشاریه؛ (۲) مرآة العالم، آخری ''افزائش'' (جو OCM (S)، فروری تا مئی ۱۹۰۴ء، میں منقول ہے)؛ (۳) نزهة الخواطر، ۵ : ۸۹؛ (۴) سٹوری Storey، ص ۱۳۲ تا ۱۳۳؛ (۵) بندرابن داس: تذکرة الامراء، بذیل مادہ؛ (۶) Rieu، ۱ : ۱۲۵ تا ۱۲۶؛ (۷) ''فہرست کتاب خانۂ بانکی پور''، ۶ : ۴۷۷؛ (۸) Elliot و Dowson، ۷ : ۱۵۰ تا ۱۵۳؛ (۹) *OCM*، نومبر ۱۹۳۸ء؛ [(۱۰) H. Morley : *A Descriptive Catalogue of the Historical Manuscripts*، لنڈن ۱۸۵۴ء، ص ۵۲ تا ۵۶؛ (۱۱) N. Lees، در *JRAS*، سلسلۂ جدید، ۳ : ۴۶۵.]

(بزمی انصاری [و یار محمد خان])

* **بَخْتِگان** : ایران کے صوبۂ فارس میں کھاری پانی کی سب سے بڑی جھیل، جو شیراز کے مشرق میں تقریباً پچاس کیلومیٹر کے فاصلے پر اور [سطح سمندر سے] تقریباً ایک سو میٹر بلند واقع ہے - اس کا طول و عرض باعتبار موسم بدلتا رہتا ہے، لیکن شمالاً جنوباً زیادہ سے زیادہ ایک سو کیلو میٹر اور شرقاً غرباً تیس کیلومیٹر ہوتا ہے - پانی حد سے زیادہ کھاری ہے اور جھیل بھی بڑی اتھلی ہے - یہ جھیل دراصل دریاے کُر یا بند اَمیر کا طاس ہے.

قرونِ وسطی کی عربی کتب جغرافیہ میں جھیل بختگان کا ذکر بہت کم آتا ہے - ابن خُرّداذبہ (ص ۵۳) نے اس کا ذکر جھیل جُوبانان کے نام سے کیا ہے - الاصطخری (ص ۱۲۲) کے نزدیک اس کا نام بَجْکان ہے - اس نے اس کا ایک اور نام بَجْفُوز بھی دیا ہے - ابن حوقل (طبع Kramers، ص ۲۷۷) نے اسے البَخْتَكان لکھا ہے - الاصطخری، ابن حوقل اور المقدسی (ص ۴۴۶) نے صوبۂ فارس کی پانچ جھیلوں (بحیرات) کی جو فہرست دی ہے وہ حسب ذیل ہے : (۱) بَخْتَگان، ضلع (= کُورۂ) اِصْطَخر میں؛ (۲) دَشت اَرژن، ضلع سابور میں؛ (۳) تَوّز، بمقام کازرون (ضلع سابور)؛ (۴) جَنْکان، شیراز کے قریب، جسے ابن حوقل نے جھیل مُور لکھا ہے؛ (۵) باسْفَهُویه (المقدسی : باشفویه؛ ابن حوقل : البَسْفَرِیه)، ضلع اصطخر میں.

آج کل جھیل بختگان کو نَیریز کہتے ہیں - دوسری جھیلوں کے نام Herzfeld نے یوں متعین کیے ہیں : (۲) جھیل دَشْتِ اَرْجان، (۳) جھیل قُمُور یا شِیرِین یا کازرون، (۴) جھیل شِیراز یا مَہارلو - باسفویه غالباً جھیل بختگان کے ایک حصے کا نام ہے اور شاید بَجْفُوز اور یہ ایک ہی جھیل ہیں - جھیل بختگان ہمیشہ سے متعدد حصوں میں منقسم رہی ہے جو پانی کی تنگ شاخوں سے باہم دگر ملے ہوئے ہیں - اس کا شمالی حصہ باسْفُویه یا جُبانان [=جوبانان] کہلاتا تھا اور جنوبی حصہ صحیح طور پر بختگان یا نیریز - اس کی مساحت کپتان ولز Capt. H.L. Wells نے کی تھی .

**مآخذ** : مذکورۂ بالا جغرافیہ نگاروں کے علاوہ قب (۱) یاقوت، طبع Wüstenfeld، ۳ : ۸۳۸؛ (۲) H.L. Wells : *Surveying Tours in Southern Persia*، در *Proceedings RGS*، ۵ (۱۸۸۳ء) : ۱۳۸؛ (۳) Le Strange، ص ۲۷۷ تا ۲۷۹؛ (۴) مسعود کیهان : جغرافیای مفصل ایران، تهران ۱۹۳۲ء، ۱ : ۸۹ تا ۹۲.

(R.N. FRYE)

⊗ * **بُخْت نَصَّر** : [= بُخْتُنَصَّر] فارسی کے بخترشه [نیز بُوخت نرسی (الاخبار الطوال)]، بائبل کے نبوکد نضر [نبو شاد نضر] Nebuchadnezzar اور یونانی کے Να βουκοδρόσορος کی عربی شکل - خط میخی میں اس کی املا کچھ اس طرح سے ہے : Nabu-Kudurri-usur،

Marfat.com

جس کے معنی ہیں: ''نبو! میری حدودِ مملکت کی حفاظت کرو''۔ اس نے ۵۸۶ قبل مسیح میں یروشلم پر حملہ کر کے اسے تباہ کر دیا۔ علامہ آلوسی نے لکھا ہے کہ آیت قرآنی: اَوْ كَالَّذِيْ مَرَّ عَلٰى قَرْيَةٍ وَّهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا (۲ [البقرة]: ۲۵۹) میں جس شہر کا ذکر ہے وہ عِکرمہ، رَبیع اور وَہب کے نزدیک یروشلم [= بیت المقدس] ہے جسے بخت نصر نے برباد کر دیا تھا (روح المعانی، بذیل تفسیر آیت بالا) اور جسے بخت نصر کے بعد بِشتاسب (گشتاسپ ابن لُہراسپ نے آباد کیا (الطبری: تاریخ، ۱: ۶۴۷)۔ یروشلم کو برباد کرتے وقت بخت نصر نے بہت سے یہودیوں کو قتل کروا دیا؛ ایک بڑی تعداد کو، جس کا شمار ایک روایت میں ۳۰۲۳ اور دوسری میں اٹھارہ ہزار ہے، قید کر کے بابل لے گیا اور تورات اور یہودی کتب ایک کنوئیں میں پھنکوا دیں۔ یروشلم کو برباد کرنے کے بعد بخت نصر نے مصر پر حملہ کیا اور وہاں کے فرعون الاعرج کو قتل کر دیا۔ ایک عرصے کے بعد جب بنی اسرائیل کو پھر سے بشتاسب نے آباد کیا تو انھوں نے پھر سے تورات کی تدوین کی۔ سامریوں کا دعوٰی ہے کہ یہ جدید تورات وہ نہ تھی جو حضرت موسیٰ[ؑ] نے اپنی قوم کو دی تھی، بلکہ اس کا ایک محرّف و مبدّل نسخہ ہے [نیز رَکّ بہ تورات]۔ اس سلسلے میں المسعودی لکھتا ہے: سامریوں کا دعوٰی ہے کہ آج کل جو یہود کے ہاتھ میں تورات ہے یہ وہ نہیں جو حضرت موسیٰ[ؑ] نے بنی اسرائیل کو دی تھی۔ وہ اصل نسخہ تو جل گیا تھا اور بعد والوں نے اسے بدل ڈالا تھا اور اس میں تغیر و تبدل کر دیا تھا اور یہ جدید نسخہ اس مذکورہ بادشاہ نے بنی اسرائیل کے ان لوگوں کی زبانی یادداشتوں سے تیار کروایا تھا جنھیں تورات یاد تھی (مروج الذّھب، بمدد اشاریہ).

مسلمانوں کی کتابوں میں بخت نصر ایک بہت الجھی ہوئی شخصیت ہے [دیکھیے الطبری ۱: ۶۴۹؛ الاخبار الطوال]۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اس کے بارے میں بیشتر معلومات اسرائیلیات سے تعلق رکھتی ہیں اور اس ادب میں اس کی تقریبًا وہ سب ممتاز خصوصیات برقرار ہیں جو بائبل میں بیان ہوئی ہیں، خصوصًا وہ بیانات جو کتاب یرمیاہ اور دانیال میں موجود ہیں۔ بائبل میں یہ نام کوئی ایک سو مرتبہ استعمال ہوا ہے.

بخت نصر کے باپ کا نام Nobopolassar بتایا جاتا ہے، جس کی وفات کے بعد ۶۰۴ قبل مسیح میں بخت نصر بابل کے تخت پر بیٹھا۔ اس نے تقریبًا تینتالیس برس حکومت کی اس کا سال وفات ۵۶۱ قبل مسیح ہے.

بخت نصر کلدانی نسل سے تعلق رکھتا ہے بلکہ یہاں تک کہا گیا ہے کہ یہ حضرت سلیمان[ؑ] اور بلقیس کی نسل سے تھا (*Jewish Encyclopedia*، ۹: ۲۰۱)۔ بخت نصر کی شادی ماد (الجبال) (Media) کی ایک شہزادی سے ہوئی .

بخت نصر سے ایک سنہ کا آغاز بھی ہوتا ہے اور البیرونی اور المسعودی نے اس سنہ کی وجہ سے تاریخ میں ترتیب زمانی کی بعض مشکلات کو سلجھانے کی کوشش بھی کی ہے (مثلاً تُبَّ التنبیہ والاشراف، ص ۱۲۹ ببعد)۔ المسعودی نے ذیل کی تقویموں کی تطبیق دی ہے: ۵۳۴۰ [= ۵۹۰۶ھ] = ۱۲۰۲ بخت نصری = ۱۲۶۸ اسکندری = ۶۷۳ اردشیری = ۴۲۴ یزد جردی (التنبیہ والاشراف، ص ۱۰۴)۔ بعض کا قول ہے کہ حضرت آدم[ؑ] سے لے کر بخت نصر کے سریر آرائے سلطنت ہونے تک ۴۸۰۰ سال کا عرصہ ہے، نبی اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی پیدائش بخت نصر کے آغاز حکومت سے ۱۳۱۷ سال بعد ہوئی (کتاب مذکور، ص ۲۲۸) اور بعثت نبوی ۱۳۵۷ سال بعد (کتاب مذکور، ص ۲۳۰).

marfat.com
Marfat.com

مآخذ: (۱) الطبری: تاریخ، ۱/ ۲: ۶۴۳؛ (۲) المسعودی: التنبیه والاشراف، بمدد اشاریه؛ (۳) وہی مصنف: مروج الذہب، بمدد اشاریه؛ (۴) ابن قتیبه: کتاب المعارف، ص ۲۳ ببعد؛ (۵) الثعالبی: عرائس المجالس، ص ۱۹۲ ببعد؛ (۶) البیرونی: الآثار، ص ۲۰، ۲۷، ۳۰۱؛ (۷) البدء و التاریخ، جو البلخی کی طرف منسوب ہے، ۲: ۱۴۰ ببعد؛ (۸) سامی: قاموس الاعلام، ص ۱۲۰۱؛ (۹) *Jewish Encyclopedia*، ۹: ۲۰۰؛ (۱۰) *Encyclopaedia Britannica*، ۱۹۵۰ء، ۱۶: ۱۸۴ ببعد؛ (۱۱) وو (لائڈن)، طبع اوّل، بذیل مادۂ بُخت نصر؛ [(۱۲) الدینوری: الاخبار الطوال؛ بامداد اشاریه].

(G. Vajda [و اداره])

* **بَخْتی**: سلطان احمد اول کا تخلص [قاموس الاعلام، استانبول ۱۳۰۶ھ، ص ۱۲۸۵]، قب Gibb: *Ottoman Poetry*، ۳: ۲۰۸.

* **بَخْتیار**: شاہزادہ، [عراق، اہواز اور کرمان کے بویہی فرمانروا] معزالدولہ [رکّ بآں: ۳۲۰ھ/۹۳۲ء تا ۳۵۶ھ/۹۶۷ء) کا بیٹا، جو ۳۴۴ھ/۹۵۵ء میں ولی عہد مقرر ہوا اور ۳۵۶ھ/۹۶۷ء میں عزالدولہ کا لقب اختیار کر کے ایران میں اپنے باپ کا جانشین قرار پایا۔ معلوم ہوتا ہے اس میں حکمرانی کی صلاحیت بہت کم تھی، چنانچہ اپنے باپ کے برعکس اس نے حکومت کا سارا کام اپنے وزرا کے سپرد کر رکھا تھا (جن کے انتخاب میں اس نے کبھی بصیرت سے کام نہیں لیا) تاکہ خود بے فکری کی زندگی بسر کرے؛ تاہم وہ اپنی جلد بازی اور تند خوئی کے باعث زبانی یا عملاً کاروبار سلطنت میں رکاوٹ ڈالتا رہتا تھا۔ ابتداے حکومت میں وہ موصل کے امیر ابو تَغْلِب الحَمْدانی اور بَطِیحه کے خود مختار رئیس عمران بن شاہین کے ساتھ مخاصمت میں اپنے باپ کی حکمت عملی پر قائم رہا۔ پھر جب شام میں فاطمیوں کا اثر پھیلنے سے نئے مسائل پیدا ہوے تو وہ قرامطه کی طرف مائل ہو گیا، جو اس وقت فاطمیوں کی مزاحمت کر رہے تھے۔ بختیار میں یہ نقص تھا کہ وہ اپنے عساکر میں ضبط و نظم قائم نہیں رکھ سکتا تھا حالانکہ یہ چیز کسی حکومت کے استحکام کے لیے لازمی شرط ہے۔ دیلمیوں اور ترکوں کی ناچاقی نے بڑھتے بڑھتے تلخی کی صورت اختیار کی تو بختیار اور ترک کھلم کھلا ایک دوسرے کے مخالف ہوگئے۔ اس میں بغداد کی سنی شیعه آویزشوں نے جن میں عیّاروں (رکّ بآں) بھی کود پڑے تھے اور زیادہ پیچیدگی پیدا کر دی، چنانچہ وہ اپنے عم زاد بھائی عضدالدوله، والی فارس، سے استعانت کے لیے مجبور ہو گیا۔ عضدالدوله نے اسے بچا تو لیا، مگر اس کی نا اہلی کو دیکھتے ہوے خود اس کی جگہ لینے کی فکر کرنے لگا۔ اگرچه عضدالدوله اپنے باپ رکن الدوله کی مخالفت کے باعث، جو اس وقت خاندانِ بُوَیْه کا سردار تھا، عارضی طور پر رُک گیا، لیکن رکن الدوله کی وفات کے بعد وہ اپنی تجویز کو بروے کار لانے میں کامیاب ہوگیا۔ بختیار ابوتغلب اور شاہین کے ہمراہ اس کے خلاف صف آرا ہوا اور شکست کھا کر مارا گیا (۳۶۶ھ/۹۷۶-۹۷۷ء)۔ اس لڑائی کی تفصیل کے لیے رکّ به عضدالدوله۔ یه جنگ ہو رہی تھی جب خلیفه المطیع کی جگه الطّائع نے لی۔ وہ ترکوں کا آوردہ تھا اور اسی لیے اس نے بختیار کی مخلصانه حمایت نہیں کی.

مآخذ: مقالات ''آل بویه'' و ''عضدالدوله'' کے علاوہ اہم ترین مآخذ: (۱) ابن مسکویه: تجارب الأمم ہے، جو ہلال الصّابی کی نایاب تاریخ پر مبنی ہے۔ دوسرے درجے کے وقائع میں (۲) یحیی الانطاکی (Patrol. Or. xxiii، بالخصوص ورق ۳۰۴ ببعد) خاص طور پر قابلِ ذکر ہے۔ ہمارے دستاویزی مآخذ میں (۳) الصّابی (ابواسحٰق) کے مکاتیب (جزوی طور پر طبع شکیب ارسلان، خلافت کے

Marfat.com

نقطۂ نظر سے) اور (۴) عبدالعزیز بن یوسف کے مکاتیب (تجزیہ از Cl. Cahen، در Studi Orientalistici... Levi della Vida، ۱ : ۸۳ تا ۹۸)؛ عضدالدولہ کے نقطۂ نظر سے) بہت ممتاز ہیں۔ نیز دیکھیے (۵) ابن عباد کے مکاتیب، طبع عبدالوہّاب عزّام و شوقی ضَیف، ۱۹۴۷ء، ج ۱، عدد ۷ .

(Cl. Cahen)

* بَخْتیار خَلْجی : رَکّ به محمد بختیار خلجی.
* بَخْتیار کاکی : رَکّ به قُطْب الدّین.
* بَخْتیار نامَه : جو دس وزیروں کی تاریخ کے نام سے بھی مشہور ہے اور سِنْد باد [رَکّ به سند باد نامه] یا سات وزیروں کی ہندی داستان کا اسلامی چربہ ہے۔ سندباد نامہ کی طرح یہ کتاب بھی ایک ایسی داستان پر مشتمل ہے جس کے اندر کئی ایک دوسری کہانیاں داخل کر دی گئی ہیں، لیکن یہ کہانیاں اصل داستان سے بخوبی مربوط ہیں ۔ موضوع نہایت مختصر ہے : بادشاہ آزاد بخت کے بیٹے کو پیدا ہوے چند دن ہی گزرنے پاتے ہیں کہ اس کے والدین اثناے فرار میں اسے راستے ہی میں چھوڑ جاتے ہیں ۔ وہ راہزنوں کے ہاتھ لگ جاتا ہے اور وہی اس کی پرورش کرتے ہیں۔ انجام کار بادشاہ کے سپاہی اسے گرفتار کر لیتے ہیں ۔ بادشاہ اسے پسند کرتا ہے اور بختیار کے نام سے اپنے ہاں مُلازم رکھ لیتا ہے۔ آخرالامر بادشاہ اسے ایک اونچے منصب پر فائز کرتا ہے تو اس کے وزرا، جو بختیار سے جلتے ہیں، ایک اتفاقی واقعے سے فائدہ اٹھاتے ہوے بادشاہ کے حضور اس پر تہمت لگاتے ہیں، جس پر بختیار اور ملکہ دونوں قید کر دیے جاتے ہیں۔ ملکہ اپنی جان بچانے کے لیے کہتی ہے کہ بختیار اس پر مجرمانہ حملہ کرنا چاہتا تھا ۔ دس دن تک دسوں وزیر باری باری بادشاہ کو بختیار کے قتل کر دینے کی ترغیب دیتے ہیں اور بختیار ہر بار ایک مناسب حال کہانی سنا کر مہلت حاصل کر لیتا ہے۔ گیارھویں روز، جب کہ اسے قتل ہونا ہے، دربار میں راہزنوں کا وہ سردار حاضر ہو جاتا ہے جس نے بختیار کو پالا پوسا تھا اور بادشاہ کو بتاتا ہے کہ بختیار اس کا بیٹا ہے ۔ وزرا قتل کر دیے جاتے ہیں، بادشاہ تخت سے دست بردار ہو جاتا ہے اور بختیار اس کی جگہ بادشاہ بن جاتا ہے ۔

یہ کتاب اصلاً فارسی میں لکھی گئی تھی ۔ نولڈکہ Nöldeke (دیکھیے مآخذ) نے اس کے مختلف نسخوں اور ان کی ترتیبِ زمانی (جسے قبل ازیں Basset متعین کر چکا تھا) کی چھان بین کے دوران میں قدیم ترین فارسی نسخے (مخطوطہ، ۶۹۵ھ/۱۲۹۶ء) کے اقتباسات مع ترجمہ شائع کیے ۔ اس کتاب کا اسلوب نہایت اعلٰی درجے کا ہے، چنانچہ اس کی دھوم مچ گئی ۔ مصنّف کا بیان ہے کہ اس نے یہ داستان سمرقند کے کسی امیر کے لیے لکھی تھی۔ اس امیر کی شخصیت متعیّن نہیں ہو سکی، تاہم نولڈکہ کی تحقیق کے مطابق وہ چھٹی صدی ہجری / بارھویں صدی عیسوی کے نصف آخر میں زندہ تھا۔ متأخر نسخے خواہ عربی میں ہوں (جن میں سے ایک نسخے کو الف لیلة و لیلة میں داخل کر لیا گیا ہے)، خواہ فارسی میں، باعتبار اسلوب زیادہ سلیس کر دیے گئے ہیں، لیکن جہاں تک کہانیوں کی نظم و ترتیب کا تعلق ہے ان میں اختلاف پایا جاتا ہے ۔ یہی کیفیت اویغوری نسخے (مخطوطہ، ۸۳۸ھ/ ۱۴۳۰ء) اور پناھی (نویں صدی ہجری/ پندرھویں صدی عیسوی؛ دیکھیے Bertels، در مآخذ) کی ہے۔ ملایائی زبان کا نسخہ اور کتخدا مرزبان کا فارسی منظوم نسخہ (۱۲۱۰ھ/۱۷۹۵ء، Ethé :Cat. Persian Mss. India Office، عدد ۱۷۲۶) نسبةً قریب زمانے کے ہیں۔ بحیثیت مجموعی ان کہانیوں کا مقصد یہ ہے کہ عاجلانہ فیصلوں کے نقصانوں اور خطروں کو واضح

marfat.com
Marfat.com

Marfat.com

کیا جائے ۔ سحر و ساحری اور مافوق الفطرت عناصر ان میں تقریباً مفقود ہیں اور نثر بھی عام طور پر لفّاظی اور حشو و زوائد سے پاک ہے .

**مآخذ :** (۱) Chauvin : *Bibliographie*، ۸ : ۱۳ تا ۱۷ (مختلف طبعات و تراجم) و ۸ : ۷۸ تا ۸۹ (کہانیوں کی تلخیصات)؛ (۲) A. Jaubert : *Notice et extrait de la version turque du Bakhtyar Nāme, d' après le ms. en caractères ouïgours*، در *JA*، ۱۸۴۲ء؛ (۳) Éthé : *Gr. Ir. Ph.*، ۲ : ۳۲۳ تا ۳۲۵؛ (۴) نوالڈکہ Nöldeke، در *ZDMG*، ۴۵ : ۹۷ تا ۱۴۳؛ (۵) G.Knoes : *Historia decem Vezirorum et filii regis Azad Bacht*، (عربی متن، ۱۸۰۷ء)؛ (۶) R. Basset : *Histoire des dix vizirs* (۷) *Bākhtiār Nāmeh*، ۱۸۸۳ء، فرانسیسی ترجمه، مع اہم مقدمه : ''. . . یه تصحیح شده نسخه اس اضافے کے عین مطابق ہے جو Habicht نے الف لیلة و لیلة (۶ : ۱۹۱ تا ۳۴۳) میں کیا تھا)؛ (۸) Ouseley : *The Bakhtiyar Nāmeh . . .*، فارسی متن مع انگریزی ترجمه، ۱۸۰۱ء (یه ترجمه Clousten نے از سرِ نو مرتّب کیا اور اس پر مقدمے اور حواشی کا اضافه کیا، ۱۸۸۳ء)؛ (۹) Lescallier : *Bakhtyar Nameh ou le favori de la fortune*، ترجمه از فارسی، ۱۸۰۵ء (جو متن کے لحاظ سے زیادہ جامع اور ادبی اعتبار سے بلند تر حیثیت کا حامل ہے ۔ ترجمه نہایت دلآویز ہے)؛ (۱۰) J. E. Bertels : *Bakhtiār-Nāme persidskij teksti*، *Slovar*، لینن گراڈ ۱۹۲۶ء (ایک مقبول عام نسخه، مع فرہنگ)؛ (۱۰) وہی مصنّف : *Novaja versija Bachtiar Nāme*، در *Izvestija Akademii Nauk SSSR*، ۱۹۲۹ء، ص ۲۴۹ تا ۲۷۶؛ (۱۱) فواد کوپرولو M. Fuad Köprülü، در ۱ ۱، ت (بذیل مادّه) .

([H. MASSE و] J. HOROVITZ)

* **بَخْتیاری :** مختلف النسل افراد کا ایک گروه، جو دسویں صدی عیسوی میں شام سے ترک وطن کرکے ایران آیا اور جہاں وہ پندرھویں صدی عیسوی تک ''بزرگ لُر'' کے نام سے معروف رہا۔ بختیاریوں کا دعوٰی ہے که وہ ایرانی الاصل نہیں ۔ اگرچه یه فرض کر لیا گیا ہے که ان کے آباو اجداد بلخ (باختر Bactaria) سے ترک وطن کرکے آئے تھے اور اسی لیے ان کا نام بختیاری ہوا، لیکن یه مفروضه ابھی تک محتاج ثبوت ہے۔ بختیاری غالباً کُردی الاصل ہیں .

عقیدے کے اعتبار سے وہ شیعی مسلمان ہیں اور ان کی زبان ایرانی الاصل ہے، مگر ان کی ایک اپنی عوامی بولی بھی ہے۔ آبادی تقریباً چار لاکھ ہے .

وہ جس خطّے میں رہتے ہیں اسے بختیاری علاقه کہتے ہیں اور یه اصفہان سے لے کر خوزستان میں مدائنِ نَفْتُون تک پھیلا ہوا ہے۔ یه سارا خطّه کوہستانی ہے اور اس میں تیل کے بڑے بڑے قدرتی ذخائر موجود ہیں .

بختیاری قوم دو بڑے بڑے گروہوں میں منقسم ہے : (۱) ہفت لَنگ اور (۲) چہار لَنگ ۔ ان میں اہم تر گروہ ہفت لنگ ہے، جو پچپن ذیلی قبیلوں میں بٹا ہوا ہے ۔ چہار لنگ گروہ کے ذیلی قبیلے چوبیس ہیں ۔ بختیاریوں میں تھوڑے بہت لُر اور عرب بھی شامل ہیں، مثلاً مُوری، تَلکی، بَودِی، گُندَلی، چَربری، مِیرزاوَند، لوسّی اور کُتکی وغیره.

بختیاری مل جل کر رہنے کے عادی ہیں اور کھلی فضا میں زندگی بسر کرتے ہیں۔ گھاس اور چارے کی تلاش میں انھیں سال میں دو بار دُور دُور کی مسافت طے کرنا پڑتی ہے ۔ اسی لیے انھیں اہلِ گیاه بھی کہتے ہیں .

ان کے دولت مند خوانین یا سرداروں کے گھر شہروں میں ہوتے ہیں ۔ وہ نسبةً سرد مقامات میں

marfat.com
Marfat.com

بھی اپنی بکریاں بنا لیتے ہیں اور موسم گرما گزارنے کے لیے وہاں چلے جاتے ہیں۔ بختیاری خود تو لکھنے پڑھنے سے عاری ہوتے ہیں لیکن اپنے ہاں میرزا یا منشی ملازم رکھتے ہیں۔ اب کچھ دنوں سے ان میں یہ احساس پیدا ہو چلا ہے کہ تعلیم بھی ایک اہم چیز ہے؛ چنانچہ انھوں نے اپنے بچوں کو حصول تعلیم کے لیے یورپ بھیجنا شروع کر دیا ہے۔ تعلیم کی طرف ان کا رجحان روز بروز بڑھ رہا ہے۔

بختیاری عورتیں پردہ نہیں کرتیں اور قبائلی علاقے میں آزادانہ گھومتی پھرتی ہیں۔ بحیثیت خان کی بیوی کے بختیاری عورت خان کی عدم موجودگی میں قبائلی مقدمات کی سماعت کرتی ہے۔ مقدمات میں اس کی تجاویز اور فیصلے قانوناً جائز اور واجب النفاذ ہوتے ہیں۔

قبائلی عورتیں اپنے خیمے اور گلیم بھی بُنتی ہیں۔ لیکن وہ مخصوص انداز کے جوتے جنھیں گیوہ کہتے ہیں ان کے مرد بناتے ہیں۔ قبائلی علاقے میں ان کا اپنا ایک برائے نام معالج ہوتا ہے، جو بعض جڑی بوٹیوں سے ان کا علاج کرتا ہے اور بعض موقعوں پر جھاڑ پھونک یا تعویذ گنڈے سے بھی کام لیتا ہے۔

ولادت، شادی، بیاہ اور موت سے متعلق بختیاریوں کی اپنی جداگانہ رسوم ہیں۔ طلاق سے وہ عملاً ناآشنا ہیں۔ ان کے ہاں ان کی اپنی مخصوص نظمیں، غزلیں اور مرثیے موجود ہیں۔ اسی طرح بعض دلچسپ کھیل اور طرح طرح کی مزیدار عوامی کہانیاں بھی ان سے مخصوص ہیں۔

مآخذ: (۱) V. Melkonian: *The Bakhtiaris*، بار دوم، بصرہ ۱۹۰۳ء؛ (۲) D.L.R. Lorimer: *The Popular Verse of the Bakhtiari of S.W. Persia*، در *BSOAS*، ۱۶ (۱۹۰۳ء): ۵۴۲ تا ۵۵۵ و ۱۷ (۱۹۰۵ء): ۹۲ تا ۱۲۰.

(V. MELKONIAN)

* **بَخْتیشُوع**: بُخْتیشُوع، مشہور و معروف عیسائی خاندان، جو ابتدا میں جُندیسابُور میں مقیم تھا اور جس کے متعدّد اطبّا اس نام سے موسوم تھے۔ انھیں میں سے جُرجِیس بن جِبرِیل بن بُختیشوع گزرا ہے، جو اس شہر کے شفاخانے کا مہتمم تھا اور اپنی علمی تصانیف کی وجہ سے مشہور ہوا۔ ۱۴۸ھ/ ۷۶۵ء میں اسے خلیفہ المنصور کے علاج کے لیے بغداد طلب کیا گیا، جو معدے کی کسی شکایت میں مبتلا تھا۔ علاج کامیاب رہا اور یوں اسے خلیفہ کا اعتماد حاصل ہو گیا، جس کی فرمائش سے اس نے دارالسّلطنت ہی میں اقامت اختیار کر لی، لیکن ۱۵۲ھ/ ۷۶۹ء میں اس کے دل میں ایک بار پھر وطن جانے کی خواہش پیدا ہوئی۔

اس کے بعد بختیشوع بن جُرجِیس کو، جسے اس کے باپ نے بغداد جاتے وقت جندیسابور کے شفاخانے کا انتظام سونپا تھا، اس وقت بغداد بلایا گیا جب الہادی، جسے آگے چل کر خلیفہ بننا تھا، خطرناک طور پر بیمار ہو گیا۔ خیزران کی مخالفت کے باعث، جو ایک اَور طبیب ابو قریش پر مہربان تھی، بختیشوع مستقل طور پر وہاں سکونت اختیار نہ کر سکا؛ تاہم ۱۷۱ھ/ ۷۸۷ء میں ہارون الرشید نے، جو کسی شدید درد میں مبتلا تھا، اسے بغداد واپس بلا لیا اور طبیبِ اعلٰی کے عہدے پر مامور کر دیا؛ چنانچہ ۱۸۵ھ/ ۸۰۱ء میں جب اس کی وفات ہوئی تو یہ عہدہ اسی کی تحویل میں تھا۔

آگے چل کر جبریل بن بختیشوع نے، جس کی سفارش ۱۷۵ھ/ ۷۹۱ء میں اس کے باپ نے جعفر برمکی سے کی تھی، ۱۹۰ھ/ ۸۰۵ء میں خلیفہ کے ایک غلام کا کامیابی سے علاج کرنے کی بدولت خلیفہ کا اعتماد حاصل کر لیا؛ لیکن جب ہارون آخری مرتبہ طوس میں بیمار ہوا تو جبریل پر عتاب نازل ہوا۔ ایک عیسائی اسقف کے الزامات کی بنا پر خلیفہ نے اس کے قتل کا حکم

marfat.com
Marfat.com

صادر کر دیا، لیکن الفضل بن الرّبیع نے اس حکم کی تعمیل نہ ہونے دی اور اس کی جان بچ گئی - جبریل بعد ازاں الامین کا طبیب خاص بن گیا - المأمون کی فتحیابی پر اسے قید خانے میں ڈال دیا گیا، جہاں سے وہ کہیں ۲۰۲ھ / ۸۱۷ء میں جا کر اس وقت رہا ہوا جب الحسن بن سَہْل کو اس کی خدمات کی ضرورت پیش آئی - تین سال گزرنے کے بعد وہ پھر معتوب ہوا اور اس کی جگہ اس کے داماد میخائیل کو دے دی گئی، لیکن ۲۱۲ھ / ۸۲۷ء میں جبریل کو دوبارہ طلب کیا گیا، کیونکہ خلیفہ کو جو شکایت تھی اسے میخائیل رفع کرنے سے قاصر رہا تھا - جبریل کو اس کی جگہ پر بحال کر دیا گیا اور اس کی املاک بھی، جو اس کی معزولی کے بعد ضبط کر لی گئی تھیں، اسے پھر واپس مل گئیں؛ بایں ہمہ اسے خسروانہ عنایات سے بہرہ اندوز ہونے کی زیادہ مہلت نہ ملی، کیونکہ اس نے اسی سال وفات پائی اور اسے سرجیس Sergius کی خانقاہ، واقع المدائن، میں سپرد خاک کر دیا گیا.

اس کا بیٹا بختیشوع اس کا جانشین ہوا اور ایشیاے کوچک میں المأمون کی مہمات میں برابر اس کے ساتھ رہا - الواثق کی خلافت کا زمانہ آیا تو اسے جندیسابور بھیج دیا گیا - جب خلیفہ کی آخری علالت میں اسے دوبارہ طلب کیا گیا تو اگرچہ وہ بروقت بغداد نہ پہنچ سکا، تاہم المتوکّل کے عہد میں بارہ سال تک وہیں مقیم رہا اور اس کی بڑی قدر و منزلت ہوتی رہی، تاآنکہ اپنی موت سے پہلے، جو ۲۵۶ھ/ ۸۷۰ء میں ہوئی، اسے بحرین جلا وطن کر دیا گیا.

بختیشوع کا ایک اَور بیٹا عبید اللہ تھا، جو خلیفہ المقتدر کے عہد میں صیغۂ مالیات میں ملازم تھا، لیکن اس کی وفات کے بعد اس کا مال و متاع ضبط کر لیا گیا - عبیداللہ کی بیوہ نے ایک طبیب سے شادی کی - اس کا بیٹا بھی اپنے اجداد کے نقش قدم پر چلتا رہا، لیکن اس کی تعلیم و تربیت بغداد تک ہی محدود رہی، جہاں اپنی ماں کے انتقال کے بعد وہ مفلس و قلاش رہ گیا، البتہ جب اس نے کِرمان سے آئے ہوے ایک سفیر کا علاج کامیابی سے کیا تو بُوَیہی تاجدار عَضُدالدولہ نے اسے شیراز بلالیا؛ لیکن وہ پھر بغداد واپس آ گیا اور جب کبھی طبّی مشورے کی ضرورت ہوتی تو تھوڑے دنوں کے لیے باہر چلا جاتا - اگرچہ اس نے قاہرہ میں اقامت اختیار کر لینے کے بارے میں فاطمی خلیفہ العزیز کی دعوت بھی رد کر دی تھی، تاہم مروانی فرمانروا مُمَہِّدالدولہ ابو منصور نے اسے میّافارِقین میں اپنے پاس روک لیا اور یہیں ۸ رمضان ۳۹۶ھ / ۵ جون ۱۰۰۶ء کو اس کا انتقال ہو گیا.

ابو سعید عبیداللہ بن جِبْرِیْل، جو ابن بُطْلان [رَکَ بآن] کا دوست تھا، میّافارِقین ہی میں رہتا تھا - اس کی وفات پانچویں صدی ہجری / گیارھویں صدی عیسوی میں ہوئی - بعض معروف تصانیف اس کی یادگار ہیں، بالخصوص فلسفے اور طبّ کی مشترکہ اصطلاحات کی ایک لغت اور عشق و محبت پر ایک رسالہ - اس خاندان کا ایک اَور رکن بختیشوع بن یحیٰی خلیفہ الرّاضی کا طبیب تھا - ۳۲۴ھ/۹۳۶ء میں اسے شہزادہ ہارون کی موت کا ذمّے دار ٹھیرایا گیا.

**مآخذ:** (۱) الفہرست، ص ۲۶۶؛ (۲) ابن ابی اُصَیبعہ، طبع Müller، ص ۱۲۳ تا ۱۴۸؛ (۳) [ابن] القفطی، طبع Lippert، ص ۱۰۰ تا ۱۰۴، ۱۳۲ تا ۱۵۱، ۱۵۸ تا ۱۶۰؛ (۴) الجَہشیاری: کتاب الوُزَراء، قاہرہ ۱۹۳۸ء، ص ۲۲۵ تا ۲۲۶؛ (۵) التَّنُوخی: الفَرَج، قاہرہ ۱۹۳۸ء، ص ۱۱، ۱۱۳ تا ۱۱۴؛ (۶) الصُّولی: اخبار الرّاضی، مترجمۂ Canard، الجزائر ۱۹۴۶ء، ۱: ۷۰ حاشیہ ۱، ۱۳۰؛ (۷) Leclerc: *Histoire de la médicine arabe*، پیرس ۱۸۷۶ء، ۱: ۳۷۰ تا ۳۷۴؛ (۸) E.G. Browne: *Arabian*

marfat.com
Marfat.com

*Medicine*، کیمبرج ۱۹۲۱ء، ص ۲۳، ۵۰؛ (۹) براکلمان، ۱: ۶۳۶ و تکملہ، ۱: ۱۰۴، ۸۸۵ تا ۸۸۶۔

(D. SOURDEL)

**اَلبَخْراء**: پالمرینہ Palmyrena کا قدیم محلِّ وقوع، جو بنو امیّہ کے عہد میں بخوبی معروف تھا، چنانچہ ولید ثانی اکثر وہاں قیام کرتا تھا اور ۱۲۶ھ / ۷۴۴ء میں اس نے وہیں وفات پائی۔ فوجی چھاؤنی (فُسْطاط) کا، جسے کہا جاتا ہے کہ قدیم زمانے میں ایرانیوں نے آباد کیا تھا اور اندرونی قلعے (قصر) کا، جہاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم کے صحابی حضرت نعمان بن بَشیرؓ اقامت گزیں ہوے اور جہاں خلیفہ نے باغیوں سے گِھر کر پناہ لی تھی، عربی مآخذ میں ذکر ملتا ہے۔ پالمائرا [= تدمُر] سے پچیس کیلومیٹر جنوب میں یہی وہ مقام ہے جس کا حال A. Musil نے بیان کیا ہے۔ A. Musil کا ۱۹۰۸ء میں یہاں سے گزر ہوا تھا۔ اس کے نزدیک البخراء کے کھنڈروں کا محل وقوع یہی ہے۔ عربی متون میں اگرچہ یہ نام اکثر مسخ کر دیا گیا ہے (بالخصوص بشکلِ البَحراء یا النَّجراء) تاہم البَخْراء کے تلفّظ میں شک و شبہہ کی گنجائش نہیں، کیونکہ ''وقائع نویسوں کے اشتقاقی قیاسات سے اسی کی تائید ہوتی ہے۔ وہ اسے مادۂ ب خ ر سے مشتق قرار دیتے ہیں'' (H. Lammens)۔ یہ دیواروں سے گھرے ہوے ایک وسیع احاطے کے آثار ہیں، جس میں برج (۱۰۹×۱۰۵ میٹر) بنے ہوے ہیں اور اس کے شمالی اور جنوبی سمت کئی ایک کنوؤں کے ارد گرد سکونتی عمارتوں کے کھنڈر ملتے ہیں۔ یہ سب آثار زبانِ حال سے شہادت دے رہے ہیں کہ رومیوں کے زمانے سے یہاں اگر بقول H. Lammens ''ایک سرحدی قلعہ'' نہیں تو کم از کم بُصریٰ سے تدمُر جانے والی صحرائی گزرگاہ پر ایک ''قلعہ بند آب گاہ'' ضرور موجود تھی، جہاں آگے چل کر ایک اموی محل بن گیا؛ لیکن زیادہ عرصہ نہ گزرا تھا کہ اس جگہ کو ترک کر دیا گیا؛ لہذا قرونِ وسطٰی کے مصنفین بھی، جو البخراء کے قلعے (حِصن) کی موجودگی کا ذکر کرتے ہیں، اس کی اصل جگہ متعین کرنے سے قاصر رہے۔

مآخذ: (۱) A. Musil : *Palmyrena*، نیویارک ۱۹۲۸ء، ص ۸۸، ۱۳۱ تا ۱۳۳، ۲۳۴، ۲۸۶ تا ۲۸۷، ۲۹۰ تا ۲۹۹، نقشہ ۳۸ (خاکہ)؛ (۲) A. Poidebard : *La trace de Rome dans le désert de Syrie*، پیرس ۱۹۳۴ء، ص ۵۲، ۵۹، ۶۶ تا ۶۷؛ (۳) L. Caetani : *Chronographia islamica*، ص ۱۰۹۰؛ (۴) الطبری: تاریخ، بمدد اشاریہ؛ (۵) الأغانی، بمدد اشاریہ؛ (۶) المسعودی: التنبیہ، ص ۳۲۴؛ (۷) وہی مصنّف: مروج، ۶: ۲؛ (۸) یاقوت، ۱: ۵۲۳؛ (۹) البکری، *Das geographische Wörterbuch*، طبع Wüstenfeld۔

(J. SOURDEL - THOMINE)

**بَخْشی**: یہ لفظ عہدِ مغول (تیرھویں صدی عیسوی) سے ایرانی اور ترکی ادبیات بالخصوص کتبِ تاریخ میں ملتا ہے۔ اپنی اصل اویغوری لفظ کی طرح اس کے معنی بھی شروع میں بدھ پروہت یا راھب [= بھکشو] (تبتی: لاما) کے تھے، چنانچہ جن دنوں خاندانِ ایلخانیہ [رک بآں] کے فرمانروا بدھ مت پر ملتفت تھے ایران میں بخشیوں کی تعداد اور ان کا اثر بہت خاصا تھا۔ ایران میں بدھ مت کے سدِّباب (۶۹۴ھ/۱۲۹۵ء) کے بعد ایران، وسط ایشیا، ہندوستان اور کریمیا میں بخشی کا لفظ صرف منشی کے معنی میں استعمال ہوتا تھا اور اس کا کام ترکی اور مغولی میں وقائع قلم بند کرنا تھے۔ یہ وقائع ابتداءً اویغوری رسم خط میں لکھے جاتے تھے، جسے عموماً بِتکِچی کہتے تھے۔ سولھویں صدی عیسوی میں طبیب (جرّاح) کو بخشی کہا جاتا تھا۔ جہاں کہیں لاما موجود ہیں ـــــ یعنی قلماق [رک بآں]

(Kalmucks)، مغول اور مانشو (Mandjurs) وغیرہ کے یہاں — بخشی کا لفظ بیسویں صدی تک اپنے اصلی یعنی بدھ مت کے پروہت کے معنوں ہی میں استعمال ہوتا رہا۔ ترکمانوں میں، نیز پندرھویں اور سولھویں صدی عیسوی میں اناطولی ترکوں میں بھی بخشی کے معنی آوارہ گرد مطرب کے ہو گئے۔ قیر غیز [رك بآن] زبان میں اس کے معنی شعبدہ گر (= شمن) کے تھے اور عوامی بولیوں میں بھی یہی لفظ ان معنوں میں بقسی اور بقسہ کی شکل میں بولا جاتا تھا۔

اس لفظ کا اشتقاق محلِّ نزاع ہے۔ قبل ازیں تقریبًا سبھی (W. Barthold و E. Blochet) تسلیم کرتے تھے کہ یہ سنسکرت لفظ بھکشو سے مشتق ہے، لیکن اس رائے سے P. Pelliot اور بعض دوسروں نے اختلاف کیا ہے اور انھیں بڑی حد تک یقین ہے کہ یہ چینی لفظ پو۔ چہ po-chi (پو۔ شی Po-Shi بمعنی عاقل، اچھا پڑھا لکھا) سے مشتق ہے۔

**مآخذ:** تکمیلی مباحث کے لیے قب (۱) رشید الدین: [جامع التواریخ =] *Histoire des Mongols de la Perse*، طبع M. E. Quateremère، ۱ (۱۸۳۶ء): ۱۸۳ تا ۱۹۹؛ (۲) فواد کوپرولو M.F. Köprülü، در وا (ت)، ۲ (۱۹۴۴ تا ۱۹۴۹ء): ۲۳۳ تا ۲۳۸ (مع مآخذ)؛ (۳) B. Spuler: *Die Mongolen in Iran*، بار دوم، برلن ۱۹۵۵ء، ص ۱۸۳، ۵۴۷ (مآخذ در بارۂ اشتقاقیات)؛ (۴) W. Radloff: *Proben der Volksliteratur der türkischen Stämme Südsibiriens*، ۳، متن: ۶۴ ببعد؛ (۵) R. Karutz: *Unter Kirgisen und Turkmenen*، برلن، بدون تاریخ (۱۹۲۸ء؟)؛ [(۶) وا ع، بذیل مادّہ].

(B. Spuler)

* **بخشیش:** یا بخشش، فارسی مصدر بخشیدن (= عطا کرنا) سے حاصل مصدر اور فارسی ہی میں نہیں بلکہ ترکی اور [عباسی عہد کے بعد کی] عربی میں بھی مستعمل ہے۔ اس کا مفہوم ہے کسی اعلٰی کا اپنے سے ادنٰی کو انعام یا عطیہ دینا اور کسی سودے میں رعایت کر دینا۔ اگرچہ یہ استعمال صحیح نہیں مگر اسے رشوت کے معنی میں بھی بولتے ہیں، بالخصوص وہ رشوت جو عدالت کے حکام یا سرکاری عہدیداروں کو پیش کی جائے۔ اس لفظ کا ایک لائقِ ذکر اطلاق عثمانی حکومت میں اس عطیے پر ہوتا تھا جو سلطان اپنی تخت نشینی کے وقت عمائدِ سلطنت اور ینی چری سپاہ، نیز مستقل فوج کی دوسری جمعیتوں کو مرحمت کرتا تھا اور اسے ''جلوس بخشیشی'' کہتے تھے۔ یہ عطیہ عثمانی خزانۂ عامرہ کے لیے بڑا بار بن گیا، جسے عہدِ انحطاط میں یہ سلطنت مشکل ہی سے برداشت کر سکتی تھی۔

**مآخذ:** (۱) سید مصطفٰی نوری: نتائج الوقوعات، ۲: ۹۸؛ (۲) احمد راسم: عثمانلی تاریخی، ۱: ۳۰۹ تا ۳۶۱، حواشی؛ [(۳) وا ع، بذیل مادّہ].

(H. Bowen)

⊗ **بُخل:** اپنے حاصل کردہ ذخائر کو وہاں سے روکنا جہاں انھیں روکنا نہیں چاہیے (امام راغب: المفردات، تحت مادّہ)۔ اس کی دو صورتیں ہیں: اول یہ کہ انسان خود اپنی چیزوں کو روک لے اور انھیں ضرورت کی جگہ پر صرف نہ کرے؛ دوم یہ کہ دوسروں کو بھی ایسا کرنے کی تلقین کرے (دیکھیے ۴ [النسآء]: ۳۷)۔ اسلام کی بنیادی تعلیم یہ ہے کہ انسان اپنی محنت کی کمائی میں سے اپنی جائز ضروریات پر صرف کرنے کے بعد جو کچھ باقی رہے اسے رفاہ عامّہ کے لیے کھلا رکھے (دیکھیے ۲ [البقرۃ]: ۲۱۹)۔ بخل اس تعلیم کی ضد ہے۔ بخیل کی خواہش ہوتی ہے کہ اس کی دولت حتی الوسع صرف نہ ہو اور اگر ہو تو محض اس کی ضروریات پر۔ اسے دوسروں کی ضروریات اور تکالیف کا کوئی احساس

marfat.com
Marfat.com

نہیں ہوتا؛ چنانچہ دنیا کی دولت کا بہت بڑا حصہ بخیلوں کی وجہ سے بے کار پڑا رہتا ہے اور یہ دولت ایک خوشگوار اور خوشحال معاشرے کی تشکیل میں ممد و معاون بننے کے بجائے ایک رکاوٹ ثابت ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اللہ تعالٰی نے ان لوگوں کو دردناک عذاب کی خبر دی ہے جو سونے اور چاندی کو سینت سینت کر رکھتے ہیں اور اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے (۹ [التوبۃ] : ۳۵)؛ ''جو لوگ اس چیز پر بخل کرتے ہیں جو اللہ نے انہیں اپنے فضل سے دی ہے، یہ نہ سمجھیں کہ یہ بخل ان کے حق میں بہتر ہے، بلکہ ان کے حق میں بہت برا ہے۔ وہ مال جس میں انہوں نے بخل کیا تھا قیامت کے دن ان کے گلوں میں طوق بنا کر ڈالا جائے گا'' (۳ [آل عمرٰن] : ۱۸۰)۔

بھوکوں کو کھلانا، ننگوں کو پہنانا، یتیموں اور مسکینوں کو پالنا، محتاجوں کی مدد کرنا، مقروضوں کا بوجھ ہلکا کرنا، یہ وہ نیکیاں ہیں جن پر اسلام نے بڑا زور دیا ہے۔ لیکن جنہیں ایک بخیل ہمیشہ نظرانداز کر دیتا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ بخل ایک اساسی بداخلاقی ہے، جس سے کئی اور برائیاں جنم لیتی ہیں، مثلاً دنائت، خیانت، بے مروّتی، بے رحمی، بدسلوکی، خود غرضی، تنگ نظری، کم ہمتی، حرص، طمع وغیرہ۔ اس طرح بخل شریعت کے ایک بڑے حصے کی عدم تعمیل کا باعث بنتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ قرآن مجید میں بخل اور بخیل کی بڑے سخت الفاظ میں مذمّت کی گئی ہے : ''جو شخص یتیم کو دھتکارتا اور مسکین کو کھانا کھلانے کی تلقین نہیں کرتا وہ دین کو جھٹلاتا ہے'' (۱۰۷ [الماعون] : ۱ تا ۳)؛ ''جو مال جمع کرتا ہے اور اسے شمار میں لاتا ہے، وہ خیال کرتا ہے کہ اس کا مال اسے ہمیشہ رکھے گا۔ ہرگز نہیں، وہ ضرور 'حُطَمَہ' میں ڈالا جائے گا (۱۰۴ [الھمزۃ] : ۱ تا ۴)؛ نیز دیکھیے ۵۷ [الحدید] : ۲۴؛ ۷۴ [المدثّر] : ۴۴؛ ۸۹ [الفجر] : ۱۵ تا ۲۶؛ ۹۰ [البلد] ۱۲ تا ۲۰۔

بخل کی شدت ایمان کو بھی برباد کر دیتی ہے اور اس سے دلوں میں نفاق پیدا ہو جاتا ہے؛ چنانچہ ارشاد ربّانی ہے : ''جب انہیں اللہ نے اپنے فضل سے عطا فرمایا تو اس میں بخل سے کام لیا اور اعراض کرتے ہوئے پھر گئے۔ سو اللہ نے انہیں بدلہ دیا کہ ان کے دلوں میں نفاق پیدا کر دیا (۹ [التوبۃ] : ۷۶، ۷۷)۔ اللہ تعالٰی کا دائمی قانون یہ ہے کہ دنیا میں بقا اسی کے لیے ہے جو نوعِ انسانی کے لیے منفعت بخش ہے (۱۳ [الرّعد] : ۱۷)؛ لہٰذا جو قوم بخل سے کام لیتی ہے اسے بساطِ زندگی سے علیحدہ کر دیا جاتا ہے اور اس کی جگہ کوئی اور قوم لے لیتی ہے (۴۷ [محمّد] : ۳۸)۔

بخل کی سب سے بڑی مثال قرآن مجید میں قارون (رک بآں) کی ہے (تفصیل کے لیے دیکھیے ۲۸ [القصص] : ۷۶، ۷۹؛ ۲۹ [العنکبوت] : ۳۹؛ ۴۰ [المؤمن] : ۲۴۔

حدیثِ نبوی ہے کہ دو خصلتیں سچے مومن میں جمع نہیں ہو سکتیں: بخل اور بد خلقی (الترمذی، کتاب البر، باب ۴۱)۔ ایک حدیث میں بخل کو سب سے بری بیماری قرار دیا گیا (البخاری، کتاب المغازی، باب ۶۷؛ احمد : المسند، ۳ : ۳۰۸)۔ ایک موقع پر آپ نے فرمایا کہ بخیل جنّت کا وارث نہیں ہو سکتا (احمد : المسند، ۱ : ۴)۔ ایک اور موقع پر ارشاد ہوا کہ بخیل عابد سے اللہ تعالٰی کو سخی جاہل زیادہ پسند ہے (الترمذی، کتاب البر، باب ۴۰)۔ آپ سے جو دعائیں منقول ہیں ان میں سے ایک یہ بھی ہے کہ الٰہی! مجھے بخیل ہونے سے بچا (البخاری، کتاب الجھاد، باب ۲۵؛ المسند، ۱ : ۲۲)۔

بخل کی مذمّت عربی شاعری کی روایت میں شامل

marfat.com
Marfat.com

رھی ھے ۔ ایک بار حضرت علیؓ نے یہ شعر پڑھا تھا :

لَا تَبْخَلَنَّ بِدُنْیَا فَھِیَ مُقْبِلَةٌ
فَلَیْسَ یُنْقِصُھَا التَّبْذِیْلُ وَالسَّرَفُ

(احیاء)

اسلامی عہد میں بخل کی مذمت اور بخیلوں کی حکایات پر مشتمل مستقل کتابیں بھی تصنیف ہوئیں، جن میں سے الجاحظ (م ۲۵۵ھ) : کتاب البخلاء (مطبوعۂ لائڈن ۱۹۰۰ء) اور الخطیب البغدادی (م ۴۶۳ھ) : کتاب البخلاء (مخطوطۂ موزۂ بریطانیہ، عدد ۱۱۳۲ و تتمہ ۱۰۹۲) بالخصوص قابل ذکر ہیں ۔ ان کے علاوہ ابن عبد ربہ : العقد الفرید؛ الابشیہی : المستطرف اور الغزالی : احیاء میں بخیلوں کے متعلق قرآنی آیات، احادیث اور حکایات و اشعار نقل کیے گئے ہیں ۔

مآخذ : متن میں دی ہوئی کتابوں کے علاوہ دیکھیے (۱) المعجم المفہرس لالفاظ الحدیث، ۱ : ۱۳۶ و ۳ : ۱۷؛ (۲) مفتاح کنوز السنة، بذیل مادہاے بخل و غنی و تصدّق؛ (۳) سلیمان ندوی : سیرۃ النبی، (بار دوم) ۶ : ۶۶۳ ۔

(ادارہ)

* بَدَاْء : (عربی)، بروزن سَمَاْء، مصدر ہے، بمعنی ظاہر ہونا یا وجود میں آنا؛ ہمزہ کے ساتھ (بَدَاء) اور ہمزہ کے بغیر (بَدَا) دونوں طرح لکھا جاتا ہے ۔ اصطلاحًا کسی امر کے سلسلے میں نئی یا دوسری راے یا خیال پیدا ہونا ۔ بقول الجوہری بَدَاء کا مطلب ہے پہلی راے کو بدل کر نئی راے قائم کرنا، الفرّاء کے نزدیک پہلی راے یا ارادے سے مختلف دوسری راے یا ارادہ ظاہر ہونا، (تاج العروس و لسان العرب، بذیل مادہ) ۔ بَدَاء کی جمع بَدَوَات آتی ہے ۔ عرب کثیر الآراء شخص کو ''ذُو بَدَوَات'' کہتے ہیں ۔ ان کے نزدیک ایسا آدمی محتاط اور دور اندیش ہوتا ہے کیونکہ اس کے دماغ میں بہت سی آرا پیدا ہوتی رہتی ہیں، جن میں سے کچھ تو وہ مسترد کر دیتا ہے اور کچھ منتخب کر لیتا ہے (تاج العروس، بذیل مادہ) ۔

فارسی کتب لغت میں بَدَاء کی تشریح بھی قابل غور ہے : بَدَاْء (بفتح با) ظاہر اور ہویدا ہونا، یا کسی راے کا پیدا ہونا، یا کسی معاملے میں دوسری راے یا نئے خیال کا ظہور پذیر ہونا (فرہنگ عمید، بذیل مادہ)، کسی معاملے میں دوسری راے کا پیدا ہونا، یا کسی ایسی بات کا دل میں آنا جو اس سے پہلے کبھی نہ آئی تھی ۔ الٰہیات کی بحث میں باری تعالٰی کا ایسا ارادہ یا ایسی راے ظاہر ہونا جو پہلے والی راے اور ارادے سے مختلف ہو (فرہنگ فارسی بذیل مادہ) ۔

قرآن کریم میں بھی یہ لفظ کئی مقامات پر استعمال ہوا ہے مگر اللہ تعالٰی کے متعلق نہیں، مثلاً ثُمَّ بَدَا لَھُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا رَاَوُا الْاٰیٰتِ (۱۲ [یوسف] : ۳۵) یعنی پھر نشانیاں دیکھ لینے کے بعد ان کی راے ظاہر ہوئی ۔ اس آیت کی تشریح کے ضمن میں مفسرین و علماے لغت (مثلاً تاج العروس، بذیل مادہ بَدَا) نے سیبویہ کا جو قول نقل کیا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہاں بَدَاء بمعنی ''راے تبدیل کرنا'' استعمال ہوا ہے (نیز دیکھیے الشہرستانی : الملل و النحل، ص ۶۷ و ۶۸) ۔

شیعہ علم کلام اور عقائد کی رو سے بَدَاء سے مراد افعال باری تعالٰی میں ایسے افعال کا ظہور پذیر ہونا جو کسی مصلحت سے پہلے پوشیدہ تھے (اصول الکافی، تہران، ص ۱۴۶ حاشیہ) ۔ صاحب صافی شرح اصول الکافی کے نزدیک بَدَاء بفتح با و الف ممدودہ باب نَصَرَ یَنْصُرُ سے مصدر ہے اور کئی ایک معنوں میں استعمال ہوتا ہے : (۱) بَدَاء جب اللہ کی طرف منسوب ہو تو اس کے معنی ہیں کسی چیز کا صادر ہونا اور جب اللہ کی جانب سے ہو بایں طور کہ

marfat.com
Marfat.com

پہلے جس کے ظہور پذیر ہونے کا علم اللہ کے سوا کسی کو نہ تھا ۔ اس صورت میں بداء کا مقصد امام زمان کے ظن (گمان) کو زائل کرنا یا علم کو پختہ کرنا ہے (صافی، ص ۲۲۷) ۔ بداء کے ان معنی کی تائید حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ کے اس ارشاد سے ہوتی ہے کہ مخلوق کا ارادہ یہ ہے کہ دل میں ایک خیال ابھرے اور پھر اس کے بعد فعل کا ظہور ہو، لیکن اللہ کے ارادے سے مراد صرف فعل کا ظاہر ہونا ہے (بحوالۂ سابق، ص ۱۱۰) ۔ شیعہ علما کے نزدیک اللہ کے ارادے میں بداء کے اثبات سے ایک تو یہود کے اس قول کی تردید ہوتی ہے کہ اللہ تعالٰی تمام امورِ قضاء و قدر سے فارغ ہو چکا ہے اور اب اس کے پاس کچھ نہیں (یَدُ اللّٰہِ مَغْلُوْلَۃٌ = اللہ کا ہاتھ تو اب بیڑیوں میں جکڑ چکا ہے (۵ [المآئدۃ] : ۶۳)، اور دوسرے اس سے اسلام کے بنیادی اصولوں کی تائید بھی ہوتی ہے، مثلاً یہ کہ اللہ کی قدرت بے پناہ اور غالب ہے اور یہ کہ یہ کائنات حادث و نوپیدا کردہ ہے اور اس کا بنانا اور مٹانا خدا کے قبضۂ قدرت میں ہے (صافی، ص ۲۲۷)؛ (۲) کسی شخص کو ایسا معاملہ پیش آ جائے جس کا علم پہلے سے امام زمان کو بھی نہ تھا ۔ بداء کی اس صورت کے اثبات سے بعض صوفیہ کے اس قول کی بھی تردید ہو جاتی ہے کہ جب انسان کامل ہو جائے تو اسے تمام معلومات حاصل ہو جاتی ہیں اور اسے اکتساب و سماع اور استنباط کی حاجت نہیں رہتی (بحوالۂ سابق، ص ۲۲۷)؛ (۳) کسی شخص کے لیے کوئی ایسا عجیب و غریب امر ظہور پذیر ہو جو اس سے پہلے اکثر لوگوں کے وہم و گمان میں بھی نہ تھا ۔ اس کی ایک مثال یہ روایت ہے : بَدَا لِلّٰہِ فِی اَبِیْ مُحَمَّدٍ بَعْدَ اَبِیْ جَعْفَرٍ مَالَمْ یَکُنْ یُعْرَفُ لَہٗ (= ابو محمد کے بارے میں ابو جعفر کے بعد اللہ نے ایک ایسی صورت نکالی جو پہلے کسی کو معلوم نہ تھی؛ بحوالۂ سابق، ص ۲۲۸)؛ (۴) کسی شخص کے لیے ایسی شے کا ظہور پذیر ہونا جو پہلے اس سے پوشیدہ تھی، اس ظاہر ہونے والی شے میں کسی امر کی مصلحت ہو یا فساد (حوالۂ سابق) ۔

شیعہ عقائد میں بداء کی بڑی اہمیت ہے (دیکھیے الکُلینی : الکافی، ص ۶۸)، مثلاً امام ابو عبداللہؑ سے روایت ہے کہ اس وقت تک کوئی نبی نہیں بھیجا گیا جب تک اس نے اللہ کے لیے ان پانچ باتوں کا اقرار نہ کرلیا : بداء، مشیّت، سجود، عبودیّت اور اطاعت (الکافی، ص ۶۸) ۔ امام رضاؑ کا قول ہے کہ اللہ تعالٰی نے کوئی بھی ایسا نبی مبعوث نہیں کیا جسے شراب کی حرمت کا حکم نہ دیا اور اس سے بداء کا اقرار نہ لیا ہو (حوالۂ سابق) ۔ شیعہ نقطۂ نظر سے عقیدۂ بداء کی توضیح و تشریح کے لیے الکافی کی دو روایات کافی ہیں : (۱) امام جعفرؑ نے فرمایا کہ علم کی دو قسمیں ہیں : ایک وہ علم ہے جو اللہ کے پاس محفوظ ہے، جس پر اس نے اپنی مخلوق میں کسی کو مطلع نہیں کیا، اور دوسرا علم وہ ہے جو اس نے اپنے فرشتوں اور رسولوں کو عطا کر دیا ہے ۔ چنانچہ وہ علم جو اس نے فرشتوں اور رسولوں کو سکھا دیا ہے وہ اسی طرح ہو کر رہے گا جس طرح اس نے سکھایا ہے اور اللہ تعالٰی اپنے آپ کو، اپنے فرشتوں کو اور اپنے رسولوں کو جھوٹا ہرگز نہیں ہونے دے گا، اور جو علم اللہ کے اپنے خزانے میں محفوظ ہے سو اس میں وہ جس طرح چاہے تقدیم و تاخیر اور محو و اثبات کرتا رہتا ہے (الکافی، ص ۶۸)؛ (۲) جب امام حسن عسکریؑ سے اللہ کے علم کی کیفیت دریافت کی گئی تو انھوں نے فرمایا : عَلِمَ (اسے علم ہوا)، وَشَآءَ (اس نے چاہا)، وَاَرَادَ (ارادہ کیا) وَقَدَّرَ (اندازہ مقرر کیا)، وَقَضٰی (فیصلہ کیا) وَ اَمْضٰی (اور پھر نافذ کیا) ۔ چنانچہ اللہ تعالٰی نے جو فیصلہ فرمایا اسے نافذ کیا اور جس چیز کا اندازہ فرمایا اس کا

marfat.com
Marfat.com

فیصلہ کیا اور جس کا ارادہ فرمایا اس کا اندازہ بھی مقرر کیا ۔ سو اللہ کے علم سے مشیت ظاہر ہوئی، مشیت سے ارادہ ظاہر ہوا، ارادے سے تقدیر ظاہر ہوئی، تقدیر سے قضا ظاہر ہوئی اور قضا کے نتیجے میں نفاذ (امضاء) کا ظہور ہوا ۔ علم مشیت پر مقدم ہے ۔ مشیت کا دوسرا درجہ ہے اور ارادے کا تیسرا ۔ قضا پر امضا کی شکل میں تقدیر واقع ہوتی ہے ۔ جو کچھ اللہ کے علم اور ارادے میں ہے اس میں بداء ہے مگر جب امضاء کے ذریعے قضا واقع ہو جائے تب بداء نہیں ہے ۔ معلوم شے کے وجود سے پہلے ہی خدا کو اس کا علم ہوتا ہے ۔ اسی طرح ہر چیز کے وجود حقیقی میں آنے سے پہلے ہی اس کے متعلق اللہ کی مشیت اور ارادہ موجود ہوتا ہے ۔ اسی طرح تمام امور کی تقدیر بھی تفصیل و تکمیل سے قبل طے ہوتی ہے اور قضاء بالامضاء تو مبرم اور قطعی ہوتی ہے ۔ جب تک کوئی چیز عین حقیقت نہ بنی ہو اس وقت تک اللہ کے لیے بداء ہے، مگر جب عین حقیقت بن جائے تو پھر بداء نہیں ہے (حوالۂ سابق) ۔ یہی بات ذرا تفصیل سے امام ابوالحسن الاشعری نے بیان کی ہے (دیکھیے مقالات الاسلامیین، ص ۳۹) ۔ انہوں نے ایک ایسے گروہ کا بھی ذکر کیا ہے جو اللہ تعالی کے لیے بداء کو جائز قرار نہیں دیتا (حوالۂ سابق) .

بعض مستشرقین نے یہ دعوی کیا ہے کہ مؤرخین اس بات پر متفق ہیں کہ بداء کو بطور عقیدہ سب سے پہلے مختار [رک بآں] نے پیش کیا، جو بعد میں اس کے پیروکاروں یعنی شیعۂ کیسانیہ کا دینی عقیدہ بن گیا ۔ اگرچہ بعد میں وہ کئی فرقوں میں بٹ گئے مگر دو بنیادی عقیدے سب میں مشترک رہے : ایک امام محمد بن الحنفیۃؒ کی امامت اور دوسرا اللہ تعالی کے لیے بداء کا جواز ۔ اس عقیدے میں وہ حد سے اس قد تجاوز کر گئے کہ اسی کی بنیاد پر بداء کو جائز نہ سمجھنے والے تمام لوگوں نے کیسانیہ کو کافر قرار دیا (الفرق، ۲۷) ۔ مختار نے عقیدۂ بداء کو اپنی سیاسی اغراض کے لیے استعمال کیا ۔ وہ کہانت اور وحی کا دعوی کرنے لگا، جس کے باعث اس کا ایک طاقتور حامی ابراہیم بن الاشتر اس سے برگشتہ ہو گیا ۔ مصعب بن الزبیر نے اس موقع کو غنیمت سمجھتے ہوئے مختار پر کاری ضرب لگانے کا فیصلہ کیا ۔ مختار نے فتح و نصرت کی بشارت دے کر لشکر ارسال کیا مگر عبرتناک شکست ہوئی ۔ سالار لشکر احمد بن شمیط اور دوسرے قائدین مارے گئے اور بچے کھچے سپاہی جب مختار کے پاس پہنچے اور کہا کہ آپ کی وہ بشارت کیا ہوئی؟ تو اس پر مختار نے کہا کہ بیشک اللہ نے مجھ سے اس کا وعدہ کیا تھا مگر بعد میں اس نے اپنا یہ فیصلہ بدل دیا (بَدَا لَہٗ)، اور قرآن کی اس آیت سے استدلال کیا : یَمْحُوا اللّٰہُ مَا یَشَآءُ وَ یُثْبِتُ (۱۳ [الرعد] : ۳۹) (= اللہ جو چاہے مٹا دیتا ہے اور جو چاہے قائم رکھتا ہے) ۔ یہیں سے عقیدۂ بداء کیسانیہ فرقے کے عقائد میں شامل ہو گیا (الفرق، ص ۳۶؛ الشہرستانی، ص ۶۸)، مزید بحث کے لیے رک بہ قدر.

بداء کے مسئلے میں ایک شیعی عالم ہشام ابن الحکم [رک بآں] اور اس کے پیروکاروں نے کچھ غلو سے کام لیا ۔ ہشام بن سالم الجوالیقی نے بھی اپنے ہم نام کی طرح اس مسئلے میں حد سے تجاوز کیا ۔ یہ دونوں ہشام کئی باتوں میں مشترک تھے، مثلاً ان دونوں سے الگ الگ فرقے منسوب ہیں (الفرق، ص ۴۸)، اللہ کے علم و ارادے کے بارے میں دونوں کا عقیدہ بھی ایک تھا (حوالۂ سابق، ص ۵۱)، وغیرہ ۔ ہشام بن الحکم کو، جس کے پیرو ہاشمیہ کہلاتے تھے، علم الٰہی کے بارے میں فاسد عقائد رکھنے کی بنا پر شیعۂ امامیہ اور ابن حزم نے کافر گردانا ہے

marfat.com
Marfat.com

(الفرق، ص ۵۰؛ الفصل، ۳: ۱۲۲).

عقیدۂ بداء کی شدید ترین مخالفت یہود نے کی۔ یہود چونکہ نسخ شرائع کے قائل نہیں تھے اور ان کا خیال تھا کہ بداء کے اثبات و اقرار سے نسخ شرائع کا اثبات لازم آتا ہے اس لیے یہودی علما نے اس سلسلے میں مسلمان علما سے مناظرے بھی کیے، جس کی ایک مثال یہودی عالم یحیی بن زکریا الکاتب الطبرانی اور مشہور مؤرخ المسعودی کا مناظرہ ہے (دیکھیے کتاب التنبیہ و الاشراف، ص ۱۱۳).

مسئلۂ بداء کا تعلق مسئلۂ تقدیر سے بہت گہرا ہے۔ تقدیر کی دو قسمیں بیان کی جاتی ھیں: مبرم اور معلّق، پہلی قسم اٹل ہے اور اس میں تبدیلی نہیں، دوسری قسم اٹل نہیں بلکہ مشروط ہے اور اس میں تبدیلی ممکن ہے۔ بداء بھی تقدیر معلّق کی ایک قسم ہے اور اس کے مؤیدین میں علماے اھل سنت بھی شامل ھیں اور ان کے پاس اس کے بہت قوی دلائل ھیں، مثلاً اس شر سے آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کا پناہ مانگنا جو خدا کی طرف سے مقدر ہو یا آپ کا شدید طوفانی راتوں میں یہ فرمانا کہ مجھے ڈر ہے کہ قیامت نہ آ جائے، حالانکہ اس کے لیے شرائط ظاہر نہیں ہوئی تھیں۔ اس طرح اگر تقدیر میں تبدیلی ممکن نہ ہو تو دعا کا بھی کوئی فائدہ نہیں رہتا (دیکھیے روح المعانی، ۱۳: ۱۷۰ تا ۱۷۲؛ ابن القیم: کتاب التقدیر؛ اشرف علی تھانوی: مسئلۂ تقدیر).

مآخذ: (۱) ابن منظور: لسان العرب، (بذیل مادّہ)؛ (۲) الزبیدی: تاج العروس، (بذیل مادّہ)؛ (۳) فرہنگ عمید، طہران ۱۳۳۷ھ ش؛ (۴) فرہنگ فارسی، طہران ۱۳۴۲ھ ش؛ (۵) الرازی: مفاتیح الغیب (= تفسیر کبیر)، ج ۵؛ (۶) الآلوسی: روح المعانی، ج ۱۳؛ (۷) شاہ عبدالقادر: موضح القرآن، کراچی ۱۹۵۹ء؛ (۸) ابوالحسن الاشعری: مقالات الاسلامیین؛ (۹) عبدالقاھر البغدادی: الفرق بین الفرق، قاہرہ ۱۹۱۰ء؛ (۱۰) ابن حزم: کتاب الفصل فی الملل والاھواء و النحل، قاہرہ ۱۳۱۷ھ؛ (۱۱) الشھرستانی: الملل و النحل، بمبئی ۱۳۱۴ھ؛ (۱۲) المسعودی: کتاب التنبیہ و الاشراف؛ (۱۳) الکافی: الکافی، ایران ۱۲۸۱ھ؛ (۱۴) ملّا شیرازی: صافی شرح اصول الکافی، بمبئی؛ (۱۵) دلدار علی: مرآۃ العقول فی علم الاصول، لکھنؤ ۱۳۱۸ - ۱۳۱۹ھ.

(ظہور اظہر [و ادارہ])

**بَداؤں**: (بَداؤں یا بَدایوں) ایک قدیم شہر، جو دریاے سوت سے تقریباً ایک میل کے فاصلے پر واقع ہے اور بھارت [اُتر پردیش] میں اسی نام کے ایک ضلع کا صدر مقام ہے۔ محل وقوع ۲۸ درجے ۲ دقیقے عرض بلد شمالی اور ۷۹ درجے ۷ دقیقے طول بلد مشرقی ہے۔ مقامی مؤرخین نے اسے بیدامئوں، بَھداؤں اور بَداوَن بھی لکھا ہے۔ ۱۹۵۱ء میں آبادی ۵۳۵۲۱ تھی.

بداؤں کے سلسلے میں سلطان ایبک [رک بآں] کے حملے اور فتح (۵۹۳ھ/۱۱۹۷-۱۱۹۸ء) سے پہلے کے مستند حالات بہت کم ملتے ھیں۔ روایت ہے کہ بداؤں ۴۲۱ھ/ ۱۰۳۰ء میں مسعود سالار غازی [رک بہ غازی میاں] کے ہاتھوں فتح ہوا، جو ایک نیم تاریخی شخصیت ہے اور جس کے متعلق کہا گیا ہے کہ وہ محمود غزنوی کا بھتیجا یا بھانجا تھا۔ بہر حال ۶۱۲ھ/۱۲۱۵ء میں جب التتمش [رک بآں] نے تاج الدین یلدوز (= یلدز = ایلدوز) کو لاہور کے قریب شکست دی تو گرفتاری کے بعد اسے بداؤں بھیج دیا گیا، جہاں ۶۲۸ھ/۱۲۳۰ء میں اس نے وفات پائی۔ خلجیوں کا زمانہ آیا تو بداؤں ایک چھاؤنی بن چکا تھا۔ ۶۹۰ھ/ ۱۲۹۱ء میں جلال الدین خلجی ایک لشکر جرار لے کر بداؤں پہنچا تاکہ ملک چھجو کی بغاوت فرو کرے۔ محمد تغلق بداؤں کو فوجی چھاؤنی بنانے کے حق میں نہیں

marfat.com
Marfat.com

تھا، لہذا اردگرد کے سرکش قبائل بغاوت کے لیے اٹھ کھڑے ہوے۔ ۷۸۷ھ/۱۳۸۵ء میں فیروز تغلق نے بداؤں کی طرف کوچ کیا اور بغاوت فرو کرنے کے بعد قبول خان شروانی کو اس کا فوجی گورنر مقرر کر دیا اور واپس آ گیا۔ خاندانِ سادات کا آخری بادشاہ علاء الدین جب ۸۵۵ھ / ۱۴۵۱ء میں تخت شاہی سے دست بردار ہوا (احمد یادگار: تاریخ شاہی، .Bibl. Ind، ص ۲۰۷، س ۱۰) تو اس نے اپنی باقی عمر بداؤں میں گزاری اور وہیں ۸۸۳ھ/۱۴۷۸ء میں وفات پائی۔

اکبر کے عہد میں بداؤں کو صوبۂ دھلی کی ایک سرکار بنا دیا گیا (۹۶۴ھ/ ۱۵۵۶ء)۔ یہاں ایک دارالضرب بھی قائم کیا گیا، جس میں صرف تانبے کے سکے مضروب ہوتے تھے۔ ۹۷۹ھ/ ۱۵۷۱ء میں بداؤں میں ایک زبردست آگ لگی، جس سے سارا شہر جل گیا اور باشندوں کی ایک بڑی تعداد ہلاک ہو گئی۔

شاہجہاں کے عہد میں بداؤں کی اہمیت جاتی رہی۔ بداؤں اور سنبھل دونوں سرکاریں ملا کر کٹھیر Katehr نام رکھا گیا اور بریلی اس کا صدر مقام قرار پایا۔ سلطنت مغلیہ کے زوال کے بعد بداؤں پر روھیلوں کا قبضہ ہو گیا۔ پھر جب علی محمد خاں نے روھیلوں کو شکست دی تو ۱۱۹۲ھ/ ۱۷۷۸ء میں یہ شہر نوابانِ اودھ کے قبضے میں چلا گیا، جن سے ۱۲۱۶ھ/۱۸۰۱ء میں انگریزوں نے چھین لیا۔ ۱۸۵۷ء کے ہنگامے میں اس شہر میں بڑی گڑ بڑ مچی، مرکزی جیل خانے پر حملہ کیا گیا اور انگریزوں کے گھر جلا دیے گئے۔

بداؤں مشہور مؤرخ عبدالقادر بداؤنی [رک بہ بداؤنی] کا مولد ہے۔ حضرت نظام الدین اولیاء [رک باں] بھی یہیں پیدا ہوے۔ کہا جاتا ہے کہ رضی الدّین حسن الصغانی کی ولادت بھی یہیں ہوئی تھی، لیکن یہ امر تحقیق طلب ہے۔ پرانے شہر میں تاریخی اہمیت کی چند عمارتیں موجود ہیں، مثلاً پرانا قلعہ، جو اب کھنڈر بن چکا ہے، مسجدِ قطبی، جامع مسجد شمسی، جسے التتمش نے ۶۲۰ھ / ۱۲۲۳ء میں تعمیر کیا۔ ان کے علاوہ بھی کئی ایک مسجدیں اور مقبرے ہیں، جن میں مذکورۂ بالا علاء الدین، شاہ دھلی، کا مقبرہ بالخصوص قابل ذکر ہے۔

**مآخذ**: (۱) طبقاتِ ناصری، طبع عبد الحی حبیبی، ج ۱، کوئٹہ ۱۹۴۹ء و ج ۲، لاھور ۱۹۵۴ء؛ (۲) بداؤنی: منتخبات التواریخ، طبع کلکتہ، .Bibl. Ind، (انگریزی ترجمہ، کلکتہ ۱۸۹۸ء، ۱۹۲۴ء، ۱۹۲۵ء؛ (۳) آئین اکبری، کلکتہ ۱۸۷۲ء، ۱ : ۲۷، ۳۶۹، ۵۱۴، ۵۲۰ (انگریزی ترجمہ، کلکتہ ۱۹۲۷ء، ص ۳۲)؛ (۴) حسن نظامی: تاج المآثر (مخطوطہ)، بمواضع کثیرہ؛ (۵) *Gaz. of the Budā'ūn District*، ۱۹۰۷ء؛ (۶) *Imp. Gaz. of Ind.*، ۹ (طبع جدید): ۳۴ تا ۳۶، ۴۱ تا ۴۳؛ (۷) *Epigraphia Indica*، ص ۱۶۳؛ (۸) *JASB* (روداد)، ۴ (۱۸۷۲ء): ۱۹۹؛ (۹) تاج العروس، بذیل مادّۂ ب د ن؛ (۱۰) امیر حسن سجزی: فوائد الفؤاد، بار سوم، لکھنؤ ۱۳۱۲ھ/۱۸۹۴ء، ص ۱۰۳ تا ۱۰۴؛ (۱۱) اکرام اللہ محشر: روضۃ الصفا (مخطوطہ)؛ (۱۲) عبد الولی: باقیات الصالحات (مخطوطہ)؛ (۱۳) عبد الکریم: تاریخ بدایوں (مخطوطہ)، تین جلدیں؛ (۱۴) عبدالحی صفا: عمدۃ التواریخ، مراد آباد ۱۲۹۷ھ / ۱۸۷۹ء؛ (۱۵) رضی الدین بسمل: کنز التاریخ، بدایوں ۱۹۱۷ء؛ (۱۶) وہی مصنف: تذکرۃ الواصلین، بدایوں ۱۳۳۷ھ/۱۸۹۹ء و بار دوم ۱۹۴۵ء؛ (۱۷) وہی مصنف: انساب فرشوری (مخطوطہ)؛ (۱۸) محمد یعقوب حسن ضیا: اکمل التاریخ، ۲ جلد، بدایوں ۱۳۳۳ھ/۱۹۱۴ء؛ (۱۹) وہی مصنف: مجموعۂ ھفت احمد، بدایوں ۱۳۶۳ھ/ ۱۹۴۴ء؛ (۲۰) نظام الدین حسین: بدایوں قدیم و جدید،

marfat.com
Marfat.com

بدایون ۱۳۳۸ھ/ ۱۹۲۰ء؛ (۲۱) بختاور سنگھ : تاریخ بدایوں، بریلی ۱۲۸۵ھ/ ۱۸۶۸ء؛ (۲۲) محمد فضل اکرم : آثار بدایوں، بدایوں ۱۹۱۵ء؛ (۲۳) انوار الحق عثمانی : طوالع الانوار، سیتا پور ۱۸۸۰ء؛ (۲۴) ابرار حسین قادری : حیات شیخ شاہی، بدایوں ۱۳۴۹ھ/ ۱۹۳۰ء؛ (۲۵) شاہ عبدالقادر : تاریخ بدایوں (مخطوطہ)؛ (۲۶) سلطان حیدر جوش : نواب فرید، بدایوں ۱۹۱۷ء؛ (۲۷) علی احمد خان اسیر : حیات عبدالقادر بدایونی (مخطوطہ)؛ (۲۸) ہفت روزہ اردو مجلہ ذوالقرنین، شمارۂ خصوصی، اپریل ۱۹۰۶ء.

(بزمی انصاری)

* **بداؤنی** : (بدایونی) عبدالقادر، عہد اکبری [۹۶۳ھ/ ۱۵۵۶ء تا ۱۰۱۴ھ/ ۱۶۰۵ء] کا مشہور عالم اور مؤرخ، قصبہ ٹوڈا (قدیم ریاست جے پور) میں ۹۴۷ھ/ ۱۵۴۰ء میں پیدا ہوا ۔ اس کی ابتدائی زندگی بساور میں بسر ہوئی، جو ٹوڈا سے شمال مشرق کی جانب اٹھارہ میل کے فاصلے پر واقع ہے ۔ ۹۶۰ھ/ ۱۵۵۳ء [کذا، ۱۵۵۲ء؟] میں اسے شیخ حاتم سنبھلی اور شیخ ابوالفتح کی شاگردی میں تحصیل علم کے لیے سنبھل بھیجا گیا ۔ ۹۶۶ھ/ ۱۵۵۸ - ۱۵۵۹ء میں بداؤنی اپنے والد ملوک شاہ کے ہمراہ آگرے چلا گیا اور وہاں ابوالفضل اور فیضی کے والد شیخ مبارک ناگوری سے تحصیل علم کی ۔ حنفی فقہ اس نے قاضی ابوالمعالی سے پڑھی ۔ ۹۶۹ھ/ ۱۵۶۱ - ۱۵۶۲ء میں وہ باپ کے انتقال پر بداؤں چلا آیا اور پھر ۹۷۳ھ/ ۱۵۶۵ - ۱۵۶۶ء میں پٹیالہ، جہاں بحیثیت صدر نو برس اس نے حسین خاں کی ملازمت میں گزارے ۔ اسی کے ہمراہ اس نے کانت و گولا کا سفر بھی کیا ۔ ۹۸۱ھ/ ۱۵۷۳ - ۱۵۷۴ء میں دونوں آپس میں لڑ پڑے اور بداؤنی اس سے الگ ہو گیا ۔ یہی زمانہ تھا جب فرصت کی گھڑیوں میں اس نے علوم دینیہ کی تحصیل جاری رکھی اور اس سلسلے میں شیخ نظام الدین امیٹھوی، شیخ آہن امروہوی، شیخ اللہ بخش گڈھ مکتیسری اور سکندرہ کے شیخ محمد حسین جیسے بزرگوں کی خدمت میں حاضری دی ۔

۹۸۱ھ/ ۱۵۷۴ء میں جلال الدین قورچی پنج صدی منصب دار اور حکیم عین الملک شاہی طبیب کی مہربانی اور مساعی سے بداؤنی کو اکبر کے حضور پیش کیا گیا، جس نے یہ دیکھتے ہوئے کہ اسے بحث و جدال میں بڑی قابلیت حاصل ہے ۹۸۲ھ/ ۱۵۷۴ - ۱۵۷۵ء میں اسے امام مقرر کر دیا اور حکم دیا کہ بحیثیت بست سواری منصب‌دار گھوڑوں کو داغ دیا کرے ۔ اسی زمانے میں ابوالفضل کو بھی دربار اکبری میں بار حاصل ہوا، جس کے سامنے بداؤنی کی کچھ نہ چلی ۔ اکبر کا تقرب حاصل کرنے میں ابوالفضل بازی لے گیا اور بداؤنی شکستہ خاطر ہو کر دربار سے الگ ہو گیا ۔ اس نے بطور مدد معاش ایک ہزار بیگہ زمین قبول کر لی (جو ابتدا میں بساور ہی میں ملی تھی، لیکن ۹۹۷ھ/ ۱۵۸۸ - ۱۵۸۹ء میں اسے بداؤں میں منتقل کر دیا گیا) ۔ یہ ایک غلطی تھی جو بداؤنی سے سرزد ہوئی، چنانچہ جب اس نے دربار میں اپنا سابقہ تقدم حاصل کرنے کی دوبارہ کوشش کی، جس کا وہ اپنے آپ کو ہر اعتبار سے مستحق سمجھتا تھا تو اسے مایوسی اور ناکامی کا سامنا کرنا پڑا ۔ [مزید برآں ابوالفضل کے زیر اثر اکبر کا ذہن جس طرح بدلا اور دربار اکبری میں جو نیا رنگ پیدا ہوا اسے بداؤنی کا اسلامی ذہن قبول کرنے سے قاصر تھا ۔] دربار میں پیش آمدہ واقعات اور ابوالفضل کی مذہبی سرگرمیوں کے بارے میں بداؤنی کے جو خیالات و افکار ملتے ہیں ان کے پیچھے یقیناً یہ امور بھی کارفرما تھے ۔ دربار سے غیرحاضری کے باعث قریب تھا کہ اس کی زمین ضبط ہو جائے، مگر خواجہ نظام الدین، مصنف طبقات اکبری، کی سعی و سفارش سے بداؤنی کی جائداد

marfat.com
Marfat.com

محفوظ رهی ۔ خواجه نظام الدین سے اس کی ملاقات ۹۶۷ھ/۱۵۵۹ء میں آگرے میں هوئی تهی ۔ بہرحال ۹۸۲ھ/۱۵۷۴ء کے بعد سے اکبر برابر بداؤنی سے علمی خدمات لیتا رها ۔ بداؤنی کی تاریخ وفات میں اختلاف ہے (دیکھیے Storey، ۱/۱: ۴۳۷)، لیکن جیسا کہ سٹوری Storey نے لکھا ہے ۱۰۲۴ھ/۱۶۱۵ء قرین صحت ہے (۱/۲: ۱۳۰۹).

بداؤنی کی علمی تصنیفات حسب ذیل هیں :

(۱) کتاب الحدیث : ضائع هو چکی ہے ۔ فضیلتِ جہاد کے موضوع پر چالیس احادیث کا یه مجموعه ۹۸۶ھ/۱۵۷۸-۱۵۷۹ء میں اکبر کے حضور پیش کیا گیا تھا؛ (۲) نامۂ خرد افزا : سنگھاسن بتیسی کا ترجمه، جس میں مالوے کے راجا بکرماجیت کے متعلق بتیس کہانیاں شامل هیں ۔ اس کے ترجمے کا حکم اکبر نے ۹۸۲ھ/۱۵۷۴ء میں دیا تھا؛ (۳) رزم نامه : مہابھارت کا ترجمه، جو اکبر کی فرمائش پر ۹۹۰ھ/۱۵۸۲ء میں شروع کیا گیا؛ (۴) ترجمۂ رامائن : اس کی ابتدا ۹۹۲ھ/۱۵۸۴ء میں اکبر کے حکم سے هوئی اور اسے ۹۹۷ھ/۱۵۸۹ء میں اس کی خدمت میں پیش کیا گیا؛ (۵) تاریخ الفی : اسلام کی هزار ساله تاریخ، جس کی تصنیف کی فرمائش اکبر نے ۹۹۳ھ/۱۸۸۵ء میں کی ۔ اس کی پہلی دو جلدوں پر بداؤنی نے ۱۰۰۰ھ/۱۵۹۱-۱۵۹۲ء میں نظر ثانی کی؛ (۶) نجاة الرشید : تصوف، اخلاق اور بداؤنی کے زمانے کی مہدوی تحریک کے متعلق ایک کتاب؛ (۷) ملّا شاہ محمد شاہ آبادی کے ترجمۂ تاریخ کشمیر (غالبًا راج ترنگنی) کی اصلاح اور اختصار؛ (۸) یاقوت کی معجم البلدان کے فارسی ترجمے کا ایک حصه؛ (۹) رشیدالدین کی جامع التواریخ کا مختصر ترجمه، جس کی فرمائش اکبر نے ۱۰۰۰ھ/۱۵۹۱-۱۵۹۲ء میں کی؛ (۱۰) بحر الاسماء کی تکمیل ـ یه سنسکرت کی ایک کہانی (بظاہر کتھا ساگر) کا ترجمه ہے، جو اس سے پہلے کشمیر کے سلطان زین العابدین کے لیے شروع کیا گیا تھا اور جس کی تکمیل کا حکم اکبر نے ۱۰۰۳ھ/۱۵۹۴-۱۵۹۵ء میں دیا؛ (۱۱) منتخب التواریخ : هندوستان میں مسلمانوں کی عام تاریخ، عہد سبکتگین سے ۱۰۰۴ھ/۱۵۹۵-۱۵۹۶ء تک ۔ یه کتاب ۹۹۹ھ/۱۵۹۰ء میں شروع کی گئی اور اس کے آخر میں علما، فضلا، اطبا، شعرا اور شیوخ کے حالاتِ زندگی بھی شامل هیں ۔ جہاں تک ۱۰۰۲ھ/۱۵۹۳ء تک کے حالات و واقعات کا تعلق ہے منتخب التواریخ کی بنیاد بڑی حد تک [تاریخ مبارک شاهی اور خواجه نظام الدین احمد کی طبقات اکبری پر ہے، لیکن اس میں بداؤنی کے اپنے ملاحظات بھی شامل هیں ۔ اس تصنیف کا مخصوص پہلو یه ہے کہ اس میں اکبر کی دینی سرگرمیوں پر نہایت کڑی اور مخالفانه نکته چینی کی گئی ہے ۔ یه بھی خیال ہے کہ اس کتاب کو کم سے کم عہد جہانگیری کے دسویں سال تک مخفی رکھا گیا ۔ ملّا عبدالباقی نہاوندی کو جب ۱۰۲۵ھ/۱۶۱۶ء میں مآثر رحیمی تصنیف کی تو اسے اس کا مطلق علم نه تھا ۔ شیخ محمد بقا سہارنپوری نے مرآة العالم میں، جو ۱۰۸۷ھ/۱۶۶۷ء میں تصنیف هوئی تھی، لکھا ہے کہ بداؤنی کے بچوں نے جہانگیر سے کہا تھا کہ انہیں اس تصنیف کے وجود کا کوئی علم نہیں (''فہرست مخطوطاتِ فارسی، موزۂ بریطانیه''، عدد ۶۵۷، ورق ۴۵۲ الف ـ ب).

**مآخذ** : (۱) مفصل فہرست کے لیے دیکھیے: Storey، ۱/۱: ۴۳۵ تا ۴۴۰ و ۱/۲: ۱۳۰۹؛ (۲) رزم نامه کے ایک اور نسخے کے لیے دیکھیے ***British Museum Quarterly***، ۲۰: ۳، ۶۲ تا ۶۳؛ (۳) محمد حسین آزاد : دربار اکبری، لاهور ۱۹۳۹ء، ص ۴۱۲ تا ۴۶۲.

(P. HARDY)

**بَدَجوز** : (Badajoz) رکّ به بَطَلیوس.

marfat.com

Marfat.com

* بدخ : رک بہ بلاغ .

* بَدَخْشان: (= بَدَخْشان؛ بَدَخْشانات بھی آتا ہے) ایک کوھستانی علاقہ جو آمو دریا (یا زیادہ صحیح الفاظ میں اس دریا کے منبع یعنی پنج) کے بالائی حصّوں میں، اس کے بائیں کنارے پر واقع ہے۔ بدخشان ھی سے اسم منسوب بَدَخْشانی یا بَدَخْشی بنا ہے ۔ بقول J. Marquart بَدَخْش یا بَلَخْش کے معنی ھیں ایک قسم کا لعل، جس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ صرف بدخشان ھی میں دریاے کوکچہ پر ملتا ہے (*Erānshahr*، ص ۲۷۹) ۔ بایں ھمہ زیادہ تر امکان یہ ہے کہ بدخش (جس سے فرانسیسی Balais اور انگریزی Balas الفاظ بنے ھیں) ایک مقامی لفظ ہے جس کا اطلاق شروع میں ایک مخصوص علاقے پر ھوتا تھا، لیکن جو بعد میں مذکورۂ بالا لعل کے لیے بھی استعمال ھونے لگا ۔ یاقوت (۱ : ۵۲۸) کے نزدیک لفظ بدخشان عام طور پر اس علاقے ھی کے لیے استعمال ھوتا ہے ۔ مارکوپولو نے بھی یہی بات کہی ہے ۔ جن کانوں سے یہ لعل نکالے جاتے ھیں ان کے بارے میں مارکوپولو پہلے ھی لکھ چکا ہے کہ وہ خاص بدخشان کی حدود سے باھر، آمو دریا کے دائیں کنارے پر، شُغنان میں واقع ھیں۔ جہاں تک تاریخ کا تعلق ہے، معلوم ھوتا ہے کہ اس علاقے پر وھی حکومت قائم تھی جو بدخشان میں تھی۔ قرونِ وسطٰی میں لعلِ بدخشانی (عربی : لعل؛ فارسی : لال (دیکھیے لغت الفرس، بذیل مادّہ) ساری دنیا میں مشہور تھے ۔ فارسی شاعری میں "لعلِ بدخشی" اور "لعلِ بدخشانی" کے مجازی معنی شرابِ انگوری یا لبِ محبوب ھیں ۔ وسطی ایشیا میں یہ ترکیب آج کل بھی ھر جگہ عوام میں مستعمل ہے، البتہ وہ علاقہ جس میں کانیں موجود ھیں اب بخارا کے ملحقات میں سے ہے، جہاں سوویٹ حکومت قائم ہے اور جن میں اب بھی انھیں طریقوں پر کام ھوتا ہے جیسا اس سے پہلے ھوتا تھا۔ یورپ کے بازارِ جواھرات میں ان لعلوں کو ابھی تک کوئی اھمیت حاصل نہیں ھو سکی۔

دریاے کوکچہ (کیو کچہ)، جسے حدود العالم (۳۷۲ھ/۹۸۲-۹۸۳ء) میں خَرناب لکھا گیا ہے، آمو دریا کا معاون ہے اور یہی وہ دریا ہے جس سے بدخشان کو پانی ملتا ہے۔ معاشی اعتبار سے دیکھا جائے تو اس علاقے میں کوکچہ اور اس کے معاونوں کی وادی ھی نہایت اھم رھی ہے۔ یہیں بدخشان کے شہر جِرم اور کِشم۔ بلاشبہہ موجودہ صدر مقام فیض آباد کے قریب۔ آباد ھیں ۔ بدخشان کا لاجورد (lapis lazuli)، جس کی قرونِ وسطٰی میں لعلِ بدخشانی کی طرح بڑی شہرت تھی، انھیں کانوں سے برآمد ھوتا تھا جو کوکچہ کے بالائی میدانوں میں واقع ھیں۔ آج کل ان جواھرات کی ساری تجارت حکومت افغانستان کے ھاتھ میں ہے اور صرف ھندوستان کو برآمد ھوتے ھیں۔ ان کے علاوہ بدخشان میں لوھے اور تانبے کی کانیں بھی ھیں ۔

[زمانۂ قبل اسلام میں بدخشان کے نام کی مختلف شکلوں کے لیے دیکھیے وو، لائڈن، بار دوم، ۱ : ۸۵۲].

پانچویں صدی عیسوی میں یہ علاقہ ھیاطلہ (جنھیں بوزنطیوں نے Hephthalites لکھا ہے) کے قبضے میں تھا۔ عوفی نے اپنی کتاب [غالبًا جوامع الحکایات؟] میں، جو ساتویں صدی ھجری / تیرھویں صدی عیسوی میں لکھی گئی، ایک حکایت دی ہے، جس میں کہا گیا ہے کہ ھیاطلہ کے ایک بادشاہ نے ایک تقریب میں اپنے فرزند کو جِرم اور بدخشان بطور جاگیر دیے (*Turkestan* : Barthold، ۱ : ۹۱) ۔ چھٹی صدی عیسوی میں مغول نے سلطنت ھیاطلہ کا خاتمہ کر دیا۔ جیسا کہ عربی اور چینی دستاویزات سے ظاھر ھوتا ہے، عربوں کی ابتدائی یلغار

marfat.com
Marfat.com

کے وقت تخارستان (زیادہ وسیع مفہوم میں) کے فرمانروا کا ترکی لقب یبغو (عربی : جبغویہ) تھا اور دوسرے ممالک کے بادشاہ جن میں شاہِ بدخشان بھی شامل تھا، اس کے باجگزار تھے - اس سلسلے میں کہ عربوں نے کب بدخشان فتح کیا اور وھاں اسلام کی اشاعت کیسے ہوئی، ہمیں پوری معلومات حاصل نہیں - الطبری کے ھاں بدخشان کا نام صرف ایک بار آیا ھے - ۱۱۸ھ/۷۳۶ء کے واقعات میں اس نے صرف اتنا لکھا ھے کہ جبغویہ کی مملکت میں کشم اور اس سے بھی زیادہ دور دراز کے مقامات میں جنگیں ہوئیں - الیعقوبی (البلدان، ص ۲۸۸) کے نزدیک بدخشان کا شہر جِرم اسلامی سرحد پر تبت (براستہ وخان) کی تجارتی شاھراہ پر واقع تھا - اسی عبارت میں اس نے ایک غیر معروف مغل شاھزادے خُمار بیگ کا ذکر کیا ھے اور لکھا ھے کہ وہ شقنان و بدخشان کا بادشاہ تھا - الاصطخری (ص ۲۷۸) کہتا ھے کہ بدخشان ''ابوالفتح کی مملکت'' میں تھا - یہاں اشارہ بلاشبہہ شاھزادہ ابوالفتح الیَفتلی کی طرف ھے، جس کے بیٹے ابونصر نے، بقول السمعانی (Turkestan : W. Barthold، ۱ : ۶۹) و یاقوت (۴ : ۱۰۲۳) سامانیوں کے عاملِ قرہ تِکِین (م ۳۴۰ھ/ ۹۵۱ - ۹۵۲ء، قب ابن الأثیر، ۸ : ۱۰۷ تا ۳۷) سے جنگ کی - ان واقعات کے علاوہ ہمیں اس زمانے کے بدخشان کے سیاسی حالات کا کوئی علم نہیں - پانچویں صدی ہجری / گیارھویں صدی عیسوی میں مشہو شاعر ناصر خسرو اسمٰعیلی عقائد لے کر بدخشان پہنچا اور کامیابی سے ان کی تلقین کرتا رہا - اس کی قبر کوکچہ کے بالائی میدان میں آج بھی موجود ھے اور تعلیمات بھی آج تک بدخشان اور سرحدی علاقے میں محفوظ ھیں - چھٹی صدی ہجری/بارھویں صدی عیسوی میں تخارستان (جس میں بدخشان شامل ھے) خاندان غور کی ایک دُور کی شاخ کے زیرِ حکومت آ گیا تھا - یہ شاخ بامیان میں مقیم تھی اور اس خاندان کی دیگر شاخوں کی طرح ساتویں صدی ہجری/تیرھویں صدی عیسوی کے آغاز میں اس کا خاتمہ بھی محمد خوارزم شاہ نے کیا.

بدخشان البتہ مغول تاخت و تاراج سے بچ گیا اور نویں صدی ہجری/ پندرھویں صدی عیسوی تک مقامی شاھی خاندان کے زیرِ حکومت رھا - رھا وہ افسانہ جو اس خاندان کا سلسلہ سکندراعظم سے ملاتا ھے سو اسے پہلی دفعہ مارکو پولو نے نقل کیا اور اس کے بعد مسلمان مؤرخوں نے بھی بہ کثرت اس کا ذکر کیا ھے - محمد حیدر [میرزا دوغلات] تاریخ رشیدی، ترجمہ E. D. Ross، ص ۲۰۳) اس روایت کو اس خاندان کے آخری فرمان روا کی بیٹی سے منسوب کرتا ھے کہ اس کے آبا و اجداد تین ہزار سال تک بدخشان پر حکمران رھے؛ چنانچہ تیمور اور اس کے جانشین بھی نہایت شدید لڑائیوں کے بعد صرف اتنا کر سکے کہ وھاں اپنا اقتدار منوا لیں - تیموری مملکت کے ساتھ اس کا الحاق تیمور کے پرپوتے ابوسعید کے عہد میں ھوا - یہاں کے آخری فرمانروا سلطان محمد بدخشی نے پہلے ھی سکندر اعظم کے وضع کردہ دستور العمل سے انحراف کر لیا تھا - مقصد یہ تھا کہ لالی کا تخلص اختیار کر کے اپنے فارسی کلام کا دیوان مرتب کرے (تاریخ رشیدی، ص ۱۰۷)؛ چنانچہ اس نے ابو سعید کی بھیجی ہوئی فوج کی بلامزاحمت اطاعت اختیار کر لی اور خود ھرات چلا گیا - اس کا لڑکا بھاگ کر کاشغر پہنچا - ابو سعید کے بیٹے میرزا ابوبکر کا نام شاھزادہ بدخشان رکھا گیا - اس کے تھوڑے ھی دن بعد لالی کے فرزند نے کاشغر سے واپس آ کر ابوبکر کو نکال باھر کیا - اب بدخشان کا دوبارہ فتح کرنا لازمی ھو گیا - اس مقصد کے تحت ابو سعید نے ۸۷۱ھ/۱۴۶۶ء میں شاہ سلطان محمد کو قتل کروا دیا (دولت شاہ : ۴۰۳)-

marfat.com
Marfat.com

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کتبے کی عبارت پڑھنے میں سہو ہوا ہے، جو ۱۸۸۰ء میں انگریزوں نے دریافت کیا تھا اور جس کی رو سے بتایا جاتا ہے کہ سلطان محمد مذکور نے ۸۸۳ھ/۱۴۷۹-۱۴۸۰ء میں پتھروں کا ایک پل بنوایا تھا (تاریخ رشیدی، ص ۲۲۱) - آگے چل کر ابوبکر کو اس کے بھائی سلطان محمد، فرمانروائے حصار نے بدخشان سے نکال دیا - حصار کو ازبکوں نے سولھویں صدی عیسوی کے آغاز میں فتح کیا اور اس وقت تک بدخشان حصار ہی کی حدود میں شامل رہا - بدخشان میں ازبک فاتحین کے خلاف ایک مقامی تحریک شروع ہوئی - اس تحریک کے سرغنہ مبارک شاہ اور زبیر راغی تھے - کہتے ہیں کہ انھوں نے اپنا صدر مقام ایک قلعے کو قرار دیا تھا، جو کوکچہ کے بائیں کنارے پر واقع تھا اور جس کا نام اب تک "قلعۂ ظفر" ہے - یہ نام مبارک شاہ نے رکھا تھا - ازبک نکال دیے گئے اور بابر کے بھائی میرزا تیموری کو، جس سے باغیوں نے مدد حاصل کی تھی، بدخشان کا حاکم مقرر کیا گیا ([رمضان] ۹۱۰ھ/فروری ۱۵۰۵ء)؛ مگر بغاوت کے قائدین سے اس کا کوئی سمجھوتا نہ ہو سکا، چنانچہ دو سال بعد اسے بھی وہاں سے نکلنا پڑا - ۹۱۳ھ/ ۱۵۰۷-۱۵۰۸ء میں بابر کی اجازت سے محمود میرزا کا بیٹا سلطان وَیس میرزا بدخشان گیا اور قلعۂ ظفر میں اس کا استقبال کیا گیا - اس سے تھوڑے ہی دن پہلے مبارک شاہ کو اس کے ساتھی زبیر نے قتل کر ڈالا تھا - زبیر نئے حاکم (ویس میرزا) کے پہنچنے کے بعد بھی اقتدارِ حکومت اپنے ہاتھ میں رکھنا چاہتا تھا، لیکن اسے موت کے گھاٹ اتار کر جھگڑا ختم کر دیا گیا - تھوڑے ہی دن بعد کوہستان کے اسمٰعیلیوں کا قائد شاہ رکن الدین بدخشان میں نمودار ہوا اور اپنے گرد اسمٰعیلیوں کو جمع کر کے ملک کا کچھ حصہ بھی فتح کر لیا لیکن [۹۱۰ھ/] ۱۵۰۹ء کے موسم بہار میں اسے قتل کر دیا گیا اور اس کا سر قلعۂ ظفر لے جا کر میرزا خان کے آگے پیش کر دیا گیا - ۹۲۶ھ/۱۵۲۰ء میں میرزا خان بدخشان کے تخت شاہی پر جان بحق ہوا - بابر نے میرزا خان کے بیٹے سلیمان کو، جو ابھی خورد سال تھا، اپنے پاس بلا لیا اور بدخشان میں اپنے لڑکے ھمایوں کو تخت پر بٹھا دیا - ۹۳۵ھ/۱۵۲۸-۱۵۲۹ء میں ھمایوں کو اس کے باپ نے واپس بلا کر ہندوستان بھیج دیا - اس کے بعد کاشغر کے حاکم سعید خان نے کوشش کی کہ بدخشان کے علاقے پر قبضہ کر لے، لیکن کامیاب نہ ہو سکا اور سلیمان کو بابر اور سعید خان دونوں نے شاہ بدخشان تسلیم کر لیا (۹۳۶-۹۳۷ھ/۱۵۳۰ء) - سلیمان نے وہاں ۹۸۳ھ/۱۵۷۵ء تک حکومت کی - اسی سال کے نصف آخر میں اس کے پوتے شاھرخ نے اسے نکال باہر کیا اور وہ گوشہ گیری کے لیے ہندوستان اور پھر وہاں سے مکّۂ معظمہ چلا گیا، لیکن اس کے بعد وہ پھر اپنے ملک میں واپس آ گیا - [۹۹۲ھ/] ۱۵۸۴ء میں بدخشان کو ازبکوں نے عبداللہ خان کی سرکردگی میں فتح کر لیا - سلیمان اور شاھرخ دونوں ناچار ہندوستان بھاگ گئے، لیکن کچھ دن بعد واپس آئے اور فاتحین کو اپنے ملک سے باہر نکالنے کی کئی بار کوشش کی - سترھویں صدی کے آغاز میں وہاں ایک اَور شورش برپا ہوئی، جس کا بانی شاھرخ کا بیٹا بدیع الزمان تھا - [۱۰۷۶ھ/] ۱۶۶۵ء میں تیموریوں نے بلخ اور بدخشان دونوں پر قبضہ کر لیا، لیکن [۱۰۸۰ھ/] ۱۶۶۹ء کے موسم خزاں میں ان دونوں ملکوں کو ازبکوں نے آخری بار فتح کر لیا.

سترھویں صدی عیسوی کی ازبک سلطنت اس وقت تک چند خود مختار ریاستوں میں منقسم تھی - بدخشان میں ایک فرمانروا خاندان کی بنیاد یاربیگ

نے رکھی اور فیض آباد بسایا ۔ اس خاندان کے افراد بھی سکندر اعظم کی اولاد ہونے کے مدعی تھے ۔ یہ دعوٰی انیسویں صدی عیسوی میں بھی قائم تھا ۔ ازبک شاہزادے میر کے لقب سے یاد کیے جاتے تھے، جو امیر کا مخفف ہے ۔ ۱۸۲۲ء میں میر محمد شاہ کو مراد بیگ فرمانروائے قُندُز نے تخت سے اتار دیا اور مراد بیگ کے ایک متوسّل میرزا کلاں کو شاہ بدخشان مقرر کر کے وہاں بھیج دیا گیا ۔ اپنے سرپرست بادشاہ کی وفات کے بعد میرزا کلاں خودمختار بن بیٹھا اور کچھ دن کے لیے قندز کا مالک بھی ہو گیا ۔ اس کا فرزند اور جانشین میر شاہ نظام الدین ۱۸۶۲ء میں وفات پا گیا اور اس کے بیٹے جہاندارشاہ کو ۱۸۶۷ء کے بعد ایک مدت تک تخت حاصل کرنے کے لیے اپنے ہی خاندان کے ایک شاہزادے محمد شاہ سے مقابلہ کرنا پڑا ۔ ۱۸۶۹ء میں جہاندار کو قطعی طور پر پسپا کر دیا گیا ۔ ۱۸۷۲ء میں آخری مقابلے کے بعد وہ روس کی عملداری میں پناہ گزیں ہو گیا ۔ فرغانہ میں موضع اُچکُرگان اسے رہنے کے لیے دے دیا گیا اور ۱۵۰۰ روبل اس کی پنشن مقرر کر دی گئی، لیکن ۱۸۷۸ء میں چند نامعلوم حملہ آوروں نے اسے قتل کر دیا ۔ ۱۸۷۳ء میں حکومت افغان نے محمود شاہ کو معزول کر دیا ۔ اسے کابل بھیج دیا گیا اور وہ مرتے دم تک وہیں رہا ۔ اس کی مملکت کو افغانستان میں شامل کر کے صوبۂ ترکستان کا ایک حصہ بنا دیا گیا ۔

۱۸۷۰ء کے بعد سے روس میں بدخشان کے لعل اور لاجورد کی اطلاعات ملتی ہیں ۔ اسی طرح سونے چاندی کی متوقع کانوں کی خبریں بھی پہنچتی ہیں ۔ ۱۸۷۰ء میں وسط ایشیا سے متعلق روسی منصوبے میں یہ تجویز شامل تھی کہ ''بدخشان کے دولتمند ملک کو فتح کیا جائے''، لیکن عملاً روس کا عمل دخل وہاں ۱۸۷۹ء میں شروع ہوا ۔ ۱۸۸۵ء میں دریائے مرغاب کے کنارے پامیرسکی فوجی چوکی (Post Pamirskii) قائم کی گئی اور ۱۸۹۱ - ۱۸۹۲ء میں یشِل کُول Yeshil-kol پر ایک فوجی جھڑپ کے بعد روس نے تمام مشرقی پامیر پر قبضہ کر لیا جو فرغانہ کے علاقے (Oblast') کا ''ضلع پامیر'' قرار پایا اور اس کا نظم و نسق پامیر میں متعینہ روسی فوجی دستے کے کماندار کے سپرد کر دیا گیا ۔

۱۱ مارچ ۱۸۹۵ء کو برطانیہ اور روس کے درمیان لنڈن میں یہ طے پایا کہ افغانستان اور حکومتِ روس کی زیرِ حفاظت ریاست بخارا کے درمیان پامیر کی سرحد کو از سرِ نو متعین کیا جائے ۔ خاص بدخشان شاہانِ افغانستان کے قبضے میں چھوڑ دیا گیا اور پامیر کے علاقے کا مغربی حصہ، جو پنج کے شمال اور مشرق میں واقع ہے، بخارا کو واپس کر دیا گیا ۔

۱۹۱۸ء کے انقلاب روس نے ریاست بخارا کو توڑ دیا، لیکن سوویٹ اقتدار پامیر میں مضبوطی کے ساتھ کہیں ۱۹۲۵ء میں جا کر قائم ہوا اور وہ بھی بسمچی (Basmacis) [رک بہ بَسمَکِس] اور گوری نسل کے درمیان چار سال تک جنگ رہنے کے بعد.

سوویٹ گورنو ۔ بدخشان کا خود مختار علاقہ

۲ جنوری ۱۹۲۵ء کو پامیر کے دونوں حصوں (شرقی اور غربی) کو ملا کر ''علاقۂ خاص پامیر'' کی شکل دی گئی اور انتظامی حیثیت سے اسے سوویٹ جمہوریۂ اشتراکیۂ ترکستان کی مرکزی مجلس عاملہ کے ماتحت کر دیا (جس کی بنیاد ۱۴ اکتوبر ۱۹۲۴ء کو رکھی گئی) ۔ اسی سال دسمبر میں اس کا نام بدل کر ''خود مختار علاقۂ گورنو بدخشان'' رکھا گیا اور اسے ''تاجکستان کی خود مختار سوویٹ جمہوریۂ اشتراکیۂ تاجکستان'' (جس کا یہ نام ۵ دسمبر ۱۹۲۹ء کو قرار پایا تھا) کا حصہ بنا دیا گیا ۔ اس کا صدر مقام خاروغ Khorog ہے ۔

گورنو ۔ بدخشان میں سوویٹ پامیر کا تمام

marfat.com
Marfat.com

علاقہ شامل ہے۔ اس کا حدود اربعہ یہ ہے: شمال میں Trans-alai کا سلسلۂ کوہ؛ مشرق میں چینی سنکیانگ؛ جنوب میں افغانستان کے مقبوضات اور مغرب میں پنج، درواز اکادمی Academy کا سلسلۂ کوہ۔ [اس کا موجودہ رقبہ ۶۳۷۰۰ مربع کلومیٹر (۲۳۵۹۰ مربع میل) ہے اور آبادی جنوری ۱۹۶۰ء میں چھیاسی ہزار تھی (تراسی فی صد تاجیک اور گیارہ فی صد کرغیز)۔ صدر مقام خاروغ کی آبادی دس ہزار ہے۔] ۱۹۵۱ء میں یہ خود مختار علاقہ سات اضلاع (تمن = خطّہ) میں منقسم تھا: (۱) شغنان (انتظامی مرکز: خاروغ)، جس میں وادی غند شامل ہے؛ (۲) اشکاشم (انتظامی مرکز: اشکاشم)، جس میں پنج کی بالائی وادی اور وخان اشکاشم اور غاران، یعنی پنج اور شاخدرہ کے سنگم سے اوپر کی طرف کے علاقے شامل ہیں؛ (۳) روشت قلعہ (انتظامی مرکز: روشت قلعہ)، شاخدرہ کے طاس میں؛ (۴) روشان (انتظامی مرکز: روشان)، وادی پنج میں خاروغ سے نیچے کی طرف؛ (۵) برتنگ، جس میں دریاے برتنگ اور اس کے معاون کُدرہ Kudara کا طاس جھیل ساریز تک شامل ہے؛ (۶) مرغاب (انتظامی مرکز: مرغاب یعنی سابق پامیرسکی کی فوجی چوکی)، جس میں پورا مشرقی پامیر شامل ہے؛ (۷) ونج (انتظامی مرکز: ونج)، جس میں ونج اور یازغلام کی وادیاں شامل ہیں۔

۱۹۵۳ء میں برتنگ کا ضلع ختم کر دیا گیا اور اس کے علاقے کو روشان اور ونج کے اضلاع میں ملا دیا گیا۔

بیسویں صدی کے شروع میں پامیر کی مجموعی آبادی (روسی اور بخاری حصوں کو ملا کر) بیس ہزار سے زیادہ نہیں تھی، لیکن ۱۹۲۰ء کے بعد سے ذرائع آمد و رفت کی ترقی اور زراعت کے جدید طریقوں کے رواج کی بدولت اس میں اضافہ ہو گیا، چنانچہ ۱۹۲۶ء کی سر شماری میں یہاں کی آبادی ۲۸۹۲۳؛ ۱۹۳۹ء کی سر شماری میں ۴۱۷۶۹ اور ۱۹۵۹ء کی سر شماری میں تقریباً ۶۲۰۰۰ تھی۔

نسلی اعتبار سے گورنو (= بدخشان) دو بالکل جدا جدا علاقوں پر مشتمل ہے: (۱) مشرقی پامیر کے بلند میدانوں میں تھوڑے سے کرغز خانہ بدوش آباد ہیں۔ ۱۹۲۶ء میں دو ہزار چھے سو ساٹھ نفوس اچ کلک قبائل سے تعلق رکھتے تھے، جو مندرجۂ ذیل خاندانوں میں بٹے ہوئے تھے: کیسک: ۱۴۰۰؛ تی ات Tiet: ۸۰۰؛ قپچاق: ۳۰۰؛ نے مان: ۱۰۰۔ ۱۹۳۹ء میں ان کی تعداد تقریباً ۵۰۰۰ یا اس علاقے کی کل آبادی کی تقریباً گیارہ فی صد تھی۔ یہ کرغز براے نام حنفی سنّی عقائد کے پیرو ہیں؛ (۲) غربی پامیر کی وادیوں میں ایرانی لوگ رہتے ہیں، جنھیں ان کے تاجیک همسائے غلچہ کہتے ہیں اور روسیوں نے ان کا نام گورنیہ تاجیکی Gornyje Tadjiki (یہ نام درست نہیں۔ اس سے درواز، قرہ تگین اور زرافشاں کے کوهستانی علاقوں میں رہنے والے تاجیک کے ساتھ التباس پیدا ہوتا ہے) یا پامیرسکو نرودی (Pamirsku Narody = باشندگان پامیر) رکھ چھوڑا ہے۔ خود یہ لوگ اپنے آپ کو تاجیک کہتے ہیں (یہ نام بھی باعث التباس ہے) اور درواز کے رہنے والے همسایوں کو (ہر چند کہ وہ تاجیکی بولتے ہیں) پارسی گوی (= فارسی بولنے والے) کہتے ہیں۔ ان کی مجموعی تعداد پچاس ہزار سے زیادہ یعنی خود مختار علاقے کی کل آبادی کا پچاسی فی صد ہے۔ برتنگ کے تھوڑے سے باشندوں، نیز یازغلامی کی اکثریت اور ونج کے سب باشندوں کو چھوڑ کر، جو حنفی سنّی ہیں، اسی علاقے کی بیشتر آبادی نزاری اسمٰعیلی [رک بہ نزاریہ] ہے۔

باشندگان پامیر چند گروہوں پر مشتمل ہیں:

marfat.com
Marfat.com

(۱) شُغنان : روشان گروہ : یہ اپنی تعداد کے لحاظ سے بہت اہم ہے (پینتیس ہزار سے چالیس ہزار تک) ۔ اس میں یہ لوگ شامل ہیں : (ا) اضلاعِ شُغنان [آرکؔ بآن] و روشت قلعہ ( غند پنج اور شاخدرہ کی وادیاں) کے شُغنی (ھُگنی)، جن کی تعداد بیس ہزار اور تیس ہزار کے درمیان ہے؛ (ب) ضلع روشان کے رہنے والے روشانی (تقریباً آٹھ ہزار)؛ (ج) ضلع برتنگ (وادی دریاے برتنگ) کے رہنے والے برتنگ (تقریباً دو ہزار) اور (د) اُوروشور Oroshor (جو ۱۹۲۵ء میں تین ہزار تھے) ۔ یہ چاروں گروہ ایسی بولیاں بولتے ہیں جو ایک دوسری سے بہت زیادہ ملتی جلتی ہیں .

(۲) وَخی Wakhi (وَخ Wakhgad, Wukh [آرکؔ بہ وَخّان] : ان کی تعداد چھے اور سات ہزار کے درمیان ہے اور یہ لوگ ضلع اشکاشم میں رہتے ہیں، جو روسی پامیر کے جنوبی حصے، یعنی پنج اور وخان دریا کی وادیوں میں واقع ہے (وخیوں کی اتنی ہی تعداد افغانستان میں آباد ہے).

(۳) یاز غلامی (یِزدم Zgamik, Yuzdom) : ان کی تعداد دو ہزار سے زیادہ نہیں ہے۔ یہ لوگ دریاے یاز غلام کی وادی (ضلع ونچ) کے تیرہ دیہات میں پھیلے ہوے ہیں .

(۴) اِشکاشمی (اِشکاشمی) : روسی بدخشان میں ان کی تعداد چار سو ہے (افغانستان میں اس برادری کے ڈیڑھ دو ہزار افراد رہتے ہیں اور زیباکی اور سنگلیچی زبانیں بولتے ہیں) ۔ یہ لوگ [روسی بدخشان میں] صرف ایک گاؤں رِم Rym میں آباد ہیں، جو پَنج کے بالائی حصے (ضلع اشکاشم) میں واقع ہے .

(۵) وَنچی : یہ لوگ خود مختار علاقے کے انتہائی شمال میں دریاے ونچ کی وادی میں رہتے ہیں اور پورے طور پر تاجیک ہو گئے ہیں۔ ان کی زبان کا رواج ختم ہوے ایک صدی سے بھی زیادہ کا عرصہ گزر چکا ہے .

پامیر کے باشندے مشرقی ایران کے لسانی گروہ سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان زبانوں میں سے کوئی زبان کتابت کے ذریعے متعین نہیں ہوئی ہے، اگرچہ سوویٹ حکام نے ۱۹۲۱ء میں کوشش بھی کی کہ شغنی میں لاطینی ابجد مستعمل ہو اور وہ ایک ادبی زبان بن جائے ۔ ۱۹۳۱ء میں بچوں کے لیے سٹالن آباد میں ایک قاعدہ شائع کیا گیا (A. Djakov : *Xugnoni alifba kudaken Cat*، روسی میں) اور ۱۹۳۶ء میں حکومت تاجکستان کے شعبۂ مطبوعات نے شُغنی میں اپنی پہلی تصنیفات شائع کیں (دیکھیے *Revolutsia i Natswnal nosti*، شمارہ ۳، ۱۹۳۶ء: ص ۹۲)، لیکن یہ کوشش کامیاب نہیں ہوئی.

تاجیکی تہذیبی (یعنی انتظامیہ، عدلیہ، مدارس اور صحافت کی) زبان ہے ۔ اس علاقے میں دو زبانوں کا استعمال عام ہے (مقامی بولی اور تاجیکی) ۔ بعض زبانیں، مثلاً اِشکاشمی، تیزی کے ساتھ مٹ رہی ہیں اور محض ''گھریلو زبان'' کی حیثیت سے باقی رہ گئی ہیں ۔ کچھ اور زبانیں (برتنگی، روشانی . . .) تاجیکی کے اثرات بڑی شدت سے قبول کر رہی ہیں۔ ان کے مقابلے میں یازغلامی، جو بالکل الگ تھلگ زبان ہے، اور وَخی [دونوں] ان اثرات کا بڑے مؤثر طریقے سے مقابلہ کر رہی ہیں.

۱۹۵۴ء میں گورنو ۔ بدخشان میں سات اخبار موجود تھے ۔ ان میں سے دو اخبار علاقائی تھے اور خاروغ سے نکلتے تھے — ***Krasnyj Badakhshan*** (روسی زبان میں) اور بدخشانِ سرخ (تاجیکی زبان میں)۔ چار اخبار مقامی تھے، جو تاجیکی میں شائع ہوتے تھے — رُوشانِ سُرخ (روشان سے)، حقیقتِ ونچ (وَنچ سے)، بیرقِ سرخ اور ایک اخبار کِرغز مرغاب سے .

تاجیکی اثر تعلیم کے ذریعے بھی بڑ -

۱۹۰۴ء میں اس علاقے میں تقریباً دو سو مدرسے تھے، جن میں سے گیارہ ثانوی (دس سالہ نصاب کے) مدرسے تھے، اور ایک معلموں کی درسگاہ خاروغ میں؛ ان میں کل بارہ ہزار طلبہ زیر تعلیم تھے.

کورنو۔ بدخشان، جو پیشتر ازیں [باقی ملک سے] بالکل منقطع علاقہ تھا، ۱۹۳۴ء سے وادی فرغانہ سے ایک موٹر کی سڑک (اوش ۔ مرغاب ۔ خاروغ؛ طول: ۷۴۰ کلومیٹر) کے ذریعے ملا دیا گیا ہے۔ اسے ۱۹۴۰ء میں خاروغ ۔ ستالن آباد سڑک کے ذریعے، جو وادی پنج کے ساتھ ساتھ چلتی ہے، مکمل کر دیا گیا ہے۔ بایں ہمہ اس علاقے کا اقتصادی ڈھانچا اب تک قدیم طرز کا ہے اور بدوی انداز سے جانوروں (بھیڑ، بکری) کی پرورش، ڈھلوان زمینوں پر طبقہ در طبقہ باغ لگانے اور علاقے کے مغربی حصے میں ریشم کی پیداوار پر مشتمل ہے۔ یہ سرزمین معدنی دولت سے مالا مال ہے، چنانچہ بعض معدنیات سے بڑی مدت سے فائدہ اٹھایا جا رہا ہے، مثلاً وادی شاخدرہ میں نیلم اور فیروزہ اور پورشنیف Porshniv کے نواح میں قیمتی جواہر، سونا اور تانبا.

اس علاقے کا دارالحکومت خاروغ ہے (آبادی ۱۹۲۶ء میں نو سو ستاسی اور ۱۹۵۴ء میں دو ہزار اور تین ہزار کے درمیان) یہاں چند چھوٹے چھوٹے صنعتی کارخانے بھی قائم ہیں.

مآخذ: خاص طور پر دیکھیے: (۱) تاریخ رشیدی، ترجمۂ E. D. Ross، طبع N. Elias، لنڈن ۱۸۹۵ء اور (۲) بابر نامہ، طبع Beveridge، در سلسلۂ یادگار گب، ج ۱، لنڈن و لائیڈن ۱۹۰۵ء۔ جن مقامات پر بدخشان کا ذکر ہے ان کی تشخیص اشاریہ میں موجود ہے؛ علاوہ ازیں (۳) عبدالرزاق سمرقندی: مطلع سعدین خاص طور پر بعد کے غوری بادشاہوں کے بارے میں دیکھیے: (۴) منہاج سراج الجوزجانی: طبقات ناصریہ، لنڈن ۱۸۶۴ء و دیگر متون۔ انیسویں صدی عیسوی میں جو علاقے آمودریا کے بالائی میدانوں میں واقع تھے ان کے حالات بہت احتیاط سے (۵) J. Minajew: *Swjedjenija o stranach po verchovjam Amu Darji*، سینٹ پیٹرزبرگ ۱۸۷۹ء، میں جمع کر دیے گئے ہیں اور یہ انگریز سیاحوں کے بیانات پر مبنی ہیں۔ مزید برآں بارتولڈ Barthold کو ۱۸۷۸ء میں یہاں کا سفر کرنے والے دو روسی سیاحوں کے بیانات سے استفادہ کرنے کا موقع ملا، جو عام طور پر دستیاب نہیں ہوتے۔ ان علاقوں کے انقلاب روس سے ذرا قبل کے حالات کے لیے دیکھیے بالخصوص: (۶) Count A. Bobrinskoj: *Gorisky verkhov'ev Pandja*، ماسکو ۱۹۰۹ء، جو جزوی طور پر R. Leitner: *Dardistan in 1866, Dardistan in 1885* (1889 and 1893)، اور مصنف مذکور پر مبنی ہے۔ ۱۹۵۷ء میں جمہوریۂ اشتراکیۂ تاجیکستان کی سائنس اکادمی نے ایک بہت اچھی کتاب شائع کی یعنی (۷) A. M. Mandel'štam: *Materyali k Istoriko-geografičeskomi obzoru Pamira i Pripamirskich oblastec*، ستالن آباد ۱۹۵۷ء (ج ۵۳: روداد ادارۂ تاریخ، آثار قدیمہ و نسلیات، جمہوریۂ تاجیکستان)۔ اس میں یونانی، چینی اور عرب مؤرخوں اور جغرافیہ دانوں کے پامیر کی بابت دسویں صدی تک کے بیانات شامل ہیں.

کورنو۔ بدخشان پر عام تصانیف کے لیے دیکھیے [(۸) وو، لائیڈن، بار دوم، مآخذ بذیل مادۂ بدخشان۔ زبانوں کے لیے بھی یہی حوالے مفید ہوں گے۔ بدخشان اور بخارا کے لیے دیکھیے: (۹) Storey: *Persian Literature* (*Histories of Central Asia*)، ص ۳۸۱ ببعد].

(W. BARTHOLD [و A. BENNIGSEN]
[و H. CARRÈRE D'ENCAUSSE])

بُد: (ع؛ جمع: بِدَدَة، فارسی 'بُت' [کا معرب]) تین مختلف معنوں میں استعمال ہوتا ہے، یعنی (۱) بھگوان یا [گوتم] بدھ یا کسی بھی بت کے لیے (جو ضروری نہیں کہ وہ [گوتم] بدھ ہی کا ہو)۔ (لسان العرب: البُدّ بیت فیہ اصنام و تصاویر...) یعنی

بت خانه؛ بقول ابن دُرَید : اَلْبُدُّ الصَّنَمُ نَفْسُہٗ . . .)]۔ پگوڈا کے معنوں میں اس کے استعمال کی سب سے نمایاں مثال [عجائب الہند] (*Merveilles de l'Inde*، ترجمہ و طبع M. Devic، ص ۵؛ *Memorial J. Sauvaget*، ۱ : ۱۹۲) میں ملتی ہے، لیکن ان معنوں میں اس کا استعمال شاذ ہے، گو لسان العرب میں یہی اس کے اصل معنی بیان کیے گئے ہیں۔

الجاحظ (کتاب التَّربِیع، طبع Pellat، ص ۷۶)، المسعودی، البیرونی اور الشہرستانی جیسے مصنفین کے ہاں بُدّ کے معنی [گوتم] بدھ کے ہیں۔ ملتان میں جو مندر ''سونے کا گھر'' [= فرجُ بیت الذھب، دیکھیے البلاذری : فتوح] کے نام سے مشہور تھا، اس کے بارے میں ذکر کرتے ہوئے المسعودی (التنبیہ، ص ۲۰۱؛ قب البیرونی : کتاب الہند، طبع Sachau، ۱ : ۳۶۸ و ۲ : ۱۸؛ Reinaud، در *JA*، ۱۸۴۴-۱۸۴۵ء) لکھتا ہے کہ ہندیوں کے ہاں بدھ کا ظہور تینتیس [۳۳، بار اول، میں چھتیس] ہزار سال کے بارہ ہزارویں بار (یعنی ۳۳۰۰۰ [× ۱۲۰۰۰] کے سال [یعنی کڑوروں برس پہلے]) ہوا تھا۔ البیرونی کو برہمن مت کے بارے میں تو بڑی اچھی معلومات تھیں لیکن بدھ مت کے متعلق وہ کچھ زیادہ نہیں جانتا۔ الشہرستانی (طبع Cureton، ص ۴۴۶، مطبوعہ برحاشیۂ ابن حزم، ۳ : ۴۴۰) کا معاملہ البتہ اس کے بالکل برعکس ہے۔ وہ بدھ کی تعریف یوں کرتا ہے : بدھ اس دنیا ہی کا ایک فرد ہے، جو نہ تو پیدا ہوتا ہے، نہ شادی کرتا ہے، نہ کھاتا پیتا ہے، نہ بوڑھا ہوتا ہے، نہ مرتا ہے۔ پہلا بدھ، جو ھجرت نبوی ؐ سے پانچ ہزار پہلے ظاہر ہوا، شاکَیْمُن (= چاکیہ مُنی (= ساکیہ مُنی) کہلایا۔ الشہرستانی بُدھ اِستوا Budhisattava کو بُوذِیْسَعِیَّۃ کہتا ہے۔ اسے علم تھا کہ ان کا درجہ بدھوں سے کم ہے اور یہ کہ ان سے وہ لوگ مراد ہیں جو راہِ حق کی تلاش میں دس نیکیوں پر عمل کرتے اور دس برائیوں سے احتراز کرتے ہیں اور یوں اپنے لیے ایک اعلٰی و ارفع مقام حاصل کر لیتے ہیں۔ یہی مصنف لکھتا ہے کہ بدھ مت کے پیرؤں کا عقیدہ ہے کہ دنیا کو دوام حاصل ہے اور انسان اپنے اعمال کی سزا و جزا دوسری زندگی میں حاصل کرتا ہے۔ پھر وہ یہ بھی کہتا ہے کہ ہندوستان کے راجاؤں کے محلوں میں بدھ کا ظہور مختلف صورتوں میں ہوتا رہتا ہے۔ وہ اس کا موازنہ مسلمانوں کے تصورِ خضر [رک بہ الخضر] سے کرتا ہے۔ مسلمانوں کی معلومات بدھ مت کے بارے میں اگرچہ بالکل ابتدائی تھیں، بایں ہمہ یہ امر قابلِ ذکر ہے کہ کوہِ آدم [رک بہ سَرَنْدیب] کے بارے میں بدھ مت کی اس روایت کو اپنا لیا گیا ہے جس کی رُو سے اس چوٹی کا تعلق [گوتم] بدھ سے بتایا جاتا ہے (دیکھیے اخبار الصین و الہند، طبع و ترجمہ Sauvaget، ص ۳۶)۔

جیسا کہ پہلے ذکر آیا ہے لفظ بُدّ بسا اوقات بُت کے معنوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔ الجاحظ (التَّربِیع، ص ۴۰) کے ہاں 'بُدّ کُوبَر' سے غالباً کُوبَر Kuvera کا بت ہی مراد ہے۔ صاحبِ اخبار الصین و الہند (ص ۴۲) بُدّ کو بُت بتاتا ہے، جس کی ہندوستان میں پوجا کی جاتی ہے اور اس پر پیموائیں بھینٹ چڑھائی جاتی ہیں۔ سُومنات کا بت مسلمانوں میں بخوبی معروف تھا (دیکھیے سعدی : بُتومنات، طبع Platts، ص ۲۳۸ ببعد؛ انگریزی ترجمہ از R. Levy، لنڈن ۱۹۱۸ء، ص ۹۷ ببعد، فرانسیسی ترجمہ از Barbier de Meynard، ص ۳۴۴)۔ الدمشقی ([نخبۃ الدھر فی عجائب البر و البحر = *Cosmographie*، طبع Mehren، ص ۱۷۰ - ۱۷۱) نے اس کا حال بڑی صحت کے ساتھ قلمبند کیا اور خاص پرستش کی جانے والی شے ہی کو بُدّ کہا ہے، جو دو پتھروں پر مشتمل مردانہ اور زنانہ

marfat.com
Marfat.com

اعضاے تناسل کی مورتیاں تھیں۔ صابیوں (Sabaeans) کے مذهب کے مبینه بانی بوذاسف / یوداسف = بودھ استوا کے بارے میں رک به بلوھر و یود آسف.

مآخذ : متن مقاله میں درج ھیں.

(B. CARRA DE VAUX)

⊛ بَدْر :[مکّے اور مدینے کے درمیان حجاز کا مشهور چشمه اور] مقام جہاں عہدِ نبوی ؐ کا پہلا اهم غزوه پیش آیا، مدینۂ منوره کے جنوب مغرب میں بندرگاه الجار سے ایک شبانه منزل پر واقع ہے [شبلی نے لکھا ہے که مدینۂ منوره سے تقریباً ۸۰ میل کے فاصلے پر ہے (دیکھیے سیرة النبی، ۱ : ۳۱۰)] - زمانۂ جاهلیت میں بھی اس کی یه اهمیت تھی که یکم ذوالقعده سے آٹھ دن تک یہاں هر سال ایک بڑا میلا لگتا تھا ۔ آج کل بھی یہاں هر جمعے کو ایک میلا لگتا ہے۔ گھی، کھالیں، روغن بلسان، اونٹ، بکریاں، اونی عبائیں وغیره فروخت کے لیے آتی ھیں۔ [یاقوت نے لکھا ہے که یه بدر بن یخلد بن النّضر بن کنانه کی طرف منسوب ہے، نیز دیکھیے ابن حزم: جمهرة، ص ۱۱ و ۱۲ ۔ ایک خیال یه بھی ہے که بدر بنو ضمره کا ایک فرد تھا، جس نے یہاں سکونت اختیار کی تھی]۔ بدر بلند پہاڑیوں سے گھرا هوا ایک دشوار گذار مقام ہے لیکن محلِّ وقوع اور پانی کی موجودگی کے باعث شام کو جانے والے قافلوں کی منزل رها ہے [بدر ماء مشهور بین مكّة و المدينة، دیکھیے یاقوت] ۔ آغاز اسلام میں یہاں بنو ضمره آباد تھے ۔ ان کی ایک شاخ بنو غفار تھی، جس کی اصلاح کے لیے حضرت ابوذر غفاری رض مامور کیے گئے تھے.

راقمِ مقاله نے ۱۹۳۹ء میں یہاں ایک گاؤں دیکھا، جہاں عموماً ایک منزله پتھر کے کئی سو مکان (قصر جمع قصور) تھے ۔ بستی میں دو مسجدیں تھیں : ایک صرف نماز پنجگانه کے لیے، جس مین ایک ماذنه ہے، دوسری، جسے مسجدِ عریش نیز مسجد غمامه کہتے ھیں، یہاں کی جامع مسجد ہے ۔ اس میں جمعے کی نماز هوتی ہے، اور یه اسی مقام پر تعمیر هوئی ہے جہاں غزوۂ بدر کے وقت آنحضرت صلی اللہ علیه و آله وسلّم کے لیے ایک سائبان (عریش) بنایا گیا تھا ۔ یه ایک ٹیلے پر ہے، جہاں سے میدانِ کارزار صاف نظر آتا هوگا، اگرچه اب نئے باغ حائل هوگئے ھیں۔ بدر بیضوی شکل کا ساڑھے پانچ میل لمبا اور ساڑھے چار میل چوڑا وسیع میدان ہے ۔ میدان کے اردگرد اونچے اونچے پہاڑ ھیں۔ مکے، شام اور مدینے جانے کے راستے جنوب، شمال اور مشرق کی وادیوں سے آ کر بدر پر ملتے ھیں۔ ترکی دور کے ایک سابق والی حجاز شریف عبدالمطلب کا بنایا هوا قلعه اب کھنڈر هو گیا ہے - Burckhardt کا بیان ہے که یہاں کچی مٹی کی ایک نکمی سی فصیل تھی، مگر اب اس کے آثار نظر نہیں آتے ۔ بدْر ریتلا اور سنگلاخ ہے؛ مگر جنوب مغربی حصے کی زمین پولی ہے، اسی جگه قریش مکّه کا پڑاؤ تھا، جو غزوۂ بدر کے دن بارش میں دلدل هو گئی تھی ۔ یه آج کل سرسبز نخلستان ہے ۔ یہاں آبپاشی ایک چشمے اور کاریز سے هوتی ہے، جس کا بہاؤ شمال مشرق (مدینے کے راستے) سے جنوب مغرب (مکّے کے راستے) کی طرف ہے۔ اسی لیے اسے کاٹ کر لشکر قریش کو پانی سے محروم کر دینا آنحضرت صلی اللہ علیه وسلّم کے لیے ممکن تھا ۔ بدْر وادیِ یَلْیَلْ [قبّ یاقوت] میں واقع ہے۔ اس کے دونوں سروں (شمال مغرب اور جنوب مشرق) پر ریت اُڑ اُڑ کر جمع هوتی رهتی حتّٰی که خاصے بلند ٹیکرے بن گئے۔ ان کے قرآنی نام العُدْوَةُ الدُّنْيَا اور العُدْوَةُ الْقُصْوٰی [اِذْ اَنْتُمْ بِالْعُدْوَةِ الدُّنْيَا وَهُمْ بِالْعُدْوَةِ الْقُصْوٰى : (۸ [الانفال] : ۴۲)] اب بھی برقرار ھیں ۔ ان دونوں کے درمیان جنوب مغرب میں ایک خاصا بلند پہاڑ ہے، جو اب 'جبلِ اَسْفل' کہلاتا ہے اور یہاں سے سمندر

marfat.com
Marfat.com

صاف نظر آتا ہے ۔ اَلْبَکری اور اَلْمَقدِسی کی کتب جغرافیہ میں یہاں کی زرخیزی اور عمدہ کھجور کا ذکر ہے ۔ اَلْمَقدِسی نے لکھا ہے : ''یہاں چند مسجدیں ھیں جو مصر کے بادشاھوں نے تعمیر کی ھیں''۔ ۱۹۳۹ء میں راقم مقالہ نے مسجد عریش میں تین کتبے دیکھے ۔ ایک ٹوٹ چکا ہے، جسے تعمیر جدید میں محراب کے پاس ڈال دیا گیا ہے ۔ اس میں ''کان الفراغ'' کا لفظ صاف پڑھا جاتا ہے ۔ دوسرا محراب کے اوپر نصب ہے اور خطِ طغرا میں ہے اور پڑھا نہیں گیا ۔ تیسرا منبر کے اوپر نصب ہے ۔ [یہ مملوک ترکوں نے کندہ کرایا تھا ۔ اس میں املا کی غلطیاں بھی ھیں وہ کتبہ یہ ہے :-

سطر اول : بسم اللہ الرحمنِ الرحیم

سطر ۲ : أنشأ حصر ھذا المکان المبارک

سطر ۳ : خُشقدم امیر عسرہ (؟) بدیار المصریة
مشیدة العمارة السلطانیة

سطر ۴ : وکانل (= کان) الفراغ من ھذا البنیة
المبارک ربیع الول احد و عشرین
فی سنة ستة و تسعمایة

(ترجمہ : بسم اللہ الرحمٰن الرّحیم ۔ اس مبارک مقام پر حصار تعمیر کرنے کا آغاز خُشقدم نے کیا جو سلطنت مصر میں امیر عشرہ (؟) اور سرکاری میر عمارت تھا اس مبارک عمارت کی تعمیر سے ۲۱ ربیع الاول، ۹۰۶ھ میں فراغت ھوئی).

غزوۂ بدر: مکے میں بعثتِ نبوی اور تبلیغ اسلام پر قریش کی روز افزوں تعدّی، آنحضرت صلّی اللہ علیہ و آلہ و سلّم کے قتل کی تیاریاں، جن کی وجہ سے آپؐ ھجرت کرنے پر مجبور ھوے، مہاجر مسلمانوں کی جائدادوں کو ضبط کر لینا اور حبشہ کے حکمران کو، پھر مدینے کے با اثر لوگوں کو ان مہاجرین کو پناہ نہ دینے کی ترغیب دینا [غرض آنحضرت صلّی اللہ علیہ و آلہ و سلّم، اسلام اور مسلمانوں کو ختم کر دینے کے منصوبے بنانا] ایک طرف، اور دوسری طرف قریش کے جارحانہ ارادوں کا مقابلہ کرنے کے لیے مدینے سے مسلمانوں کا قریش پر معاشی دباؤ ڈالنا اور قریش کے تجارتی قافلوں کی آمدورفت کو اپنے زیرِ اثر علاقے میں روک دینا، یہی بدر کی لڑائی کے موجبات ھو سکتے ھیں ... [ نیز دیکھیے شبلی : سیرۃ النبی، ۱ : ۳۱۵ ببعد؛ مودودی : تفہیم القرآن، ۲ : ۱۱۸ ببعد].

[آنحضرت صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلّم قریش مکہ کے ناپاک عزائم سے باخبر تھے ۔ آپ ان کی نقل و حرکت پر کڑی نگاہ رکھنے کے لیے کئی مرتبہ اپنے صحابہؓ کو مختلف ٹولیوں میں بھیجتے رہتے تھے تاکہ کہیں مدینة النبی دشمنوں کے اچانک حملے کا شکار نہ ھو جائے ۔ اسی دیکھ بھال کے سلسلے میں عمرو بن الحضرمی کے قتل کا واقعہ رجب ۲ھ میں پیش آیا ۔ اس سے قریش مکہ بڑے مشتعل ھوے اور بقول ابن خلدون عمرو بن الحضرمی کے قتل سے جنگ بدر کی تمہید پڑی (تاریخ) ۔ مزید برآں ماہ شعبان میں قریش کا ایک تجارتی قافلہ مال و دولت سے لدا ھوا شام سے آ رھا تھا اور کسی طرح یہ غلط خبر بھی مشہور ھو گئی کہ مسلمان شام سے واپس آنے والے قافلے پر حملہ کرنا چاھتے ھیں ۔ سردار قافلہ ابوسفیان نے پیش قدمی کے طور پر شام ھی سے مکے کو قاصد دوڑا دیے تھے ۔ ان سب باتوں کی وجہ سے قریش مکہ بڑی جمعیت کے ساتھ مدینے کی طرف بڑھنے لگے .

آنحضرت صلّی اللہ علیہ و سلّم کو جب ان واقعات کی اطلاع ھوئی تو آپ نے صحابہؓ کو جمع کیا اور واقعے کا اظہار فرمایا ۔ صحابۂ کرامؓ سے مشورے کے بعد ۸ (بقول دیگراں ۱۲ رمضان) ۲ھ کو آپؐ تین سو سے کچھ زائد جاں نثاروں کے ساتھ مدینے سے نکلے ۔ اور منزل بہ منزل ۱۷ رمضان کو بدر کے قریب پہنچے.

marfat.com
Marfat.com

ادھر صورت یہ پیش آئی کہ شام کا قافلہ صحیح و سلامت واپس مکے پہنچ گیا تھا ۔ اس وجہ سے قریش کے سرداروں نے کہا کہ اب لڑائی ضروری نہیں رہی؛ مگر ابوجہل نے لڑائی پر اصرار کیا ۔ قریش کو آمادۂ جنگ دیکھ کر مسلمانوں کے لیے اب لڑائی ناگزیر ہو گئی ۔ آنحضرت صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم نے بڑی دانشمندی سے میدان بدر میں ڈیرے ڈالے ۔ پانی کے چشمے پر قبضہ کر لیا ۔ قلتِ تعداد و اسلحہ کے باوجود آپؐ نے اپنے بہادر ساتھیوں میں اعتماد و یقین فتح پیدا کر دیا ۔ میدان جنگ میں گھوم پھر کر صفیں درست کیں اور نشان دہی فرمائی کہ کون کون دشمن کہاں کہاں قتل ہو کر گرے گا ۔ لڑائی کا آغاز یوں ہوا کہ کفّار میں سے پہلے عامر الحضرمی (عمرو بن الحضرمی مقتول کا بھائی) آگے بڑھا ۔ اس کے بعد کچھ دیر تک اکیلے اکیلے آدمی کے درمیان جنگ آزمائی ہوتی رہی اس کے بعد عام لڑائی شروع ہو گئی ۔ لیکن جب عتبہ اور ابوجہل مارے گئے تو قریش کے پاؤں اُکھڑ گئے اور مسلمانوں کو قلیل تعداد اور کمتر ساز و سامان کے باوجود فتح نصیب ہوئی] ۔

اس میں تائید ایزدی کے علاوہ آنحضرت صلّی اللہ علیہ و سلّم کی تدبیر بھی کارفرما ہوئی، مثلاً جب آنحضرت صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم نے صف بندی کی تو سُورج کو پشت پر رکھا اور ہدایت کی کہ بلا اجازت حملے کے لیے آگے نہ بڑھیں ۔ دشمن دُور ہو تو تیر ضائع نہ کریں بلکہ زد پر آئے تو تیر چلائیں، اور قریب آئے تو پتھر ماریں، اور قریب آئے تو نیزے سے کام لیں، پھر تلوار چلائیں ۔ ''ہر کام کو خوبی سے انجام دینا فرض ہے حتٰی کہ کسی کو قتل بھی کرو تو اچھے طور سے قتل کرو'' ۔ خواہ مخواہ ایذا رسانی سے اجتناب کرنے کا حکم فرمایا اور مقابلے کے ناقابل لوگوں (زخمیوں، عورتوں، بچوں اور لڑائی میں حصہ نہ لینے والے نوکروں اور غلاموں) پر ہتھیار اٹھانے کی سختی سے ممانعت کی ۔ آپ کی ہدایت پر مسلمانوں نے امتیاز کے لیے اونی کلغیاں لگائیں اور مزید اطمینان کے لیے ہر انفرادی مقابلے میں اپنا نعرہ مقرر کیا ۔ پھر آپؐ ایک ٹیلے پر چڑھ گئے اور سائبان میں سے معرکے کی نگرانی کرنے لگے ۔ شروع میں حسب معمول انفرادی مقابلے ہوئے، جن میں مسلمان کامیاب رہے، پھر عام لڑائی ہوئی ۔ چنانچہ تھوڑی دیر میں دشمن بھاگ کھڑا ہوا ۔ اس جنگ میں قریشِ مکہ کے ستّر آدمی کھیت رہے اور اتنے ہی زندہ گرفتار ہوئے ۔ اس کے مقابلے میں بارہ مسلمان شہید ہوئے ۔ بہت سے اونٹ اور تیس گھوڑے مال غنیمت میں ہاتھ آئے ۔ آنحضرت صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم نے فوراً فتح کے مبشّر مدینۂ منورہ بھیجے ۔ مسلمان شہدا اور دشمن کی لاشوں کو دفن کیا ۔ قیدیوں سے عمدہ برتاؤ کی تاکید فرماتے ہوئے انھیں حفاظت کے پیش نظر اپنے سپاہیوں میں تقسیم کر دیا ۔ دو قیدیوں کو، جو مکے میں مسلمانوں کی ایذا رسانی میں پیش پیش تھے اور اس سلسلے میں بظاہر قتل کے مرتکب ہو چکے تھے، سزا میں قتل کر دیا گیا، باقی کے لیے ایک مجلس شوریٰ کر کے فدیے پر رہائی کا فیصلہ کیا ۔ پڑھے لکھے قیدیوں کا فدیہ یہ مقرر کیا کہ ہر ایک دس دس مسلمان بچوں کو لکھنا پڑھنا سکھائے ۔ چند ایک کو تو آئندہ نہ لڑنے کے اقرار پر مفت بھی رہا کیا گیا ۔

اس جنگ کا قرآن مجید میں بالصراحت ذکر ہے [دیکھیے سورۃ الانفال] ۔ یہ جنگ نہ صرف فنِ حرب کا ایک لاثانی کارنامہ ہے بلکہ تاریخ عالم میں ایک عہد آفرین واقعہ بھی ہے ۔ اس موقع پر آنحضرت صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم نے دعا میں یہ فرمایا تھا کہ ''اے خدائے واحد! اگر یہ چھوٹی سی جماعت ہلاک ہو گئی تو پھر روے زمین پر تیری عبادت نہ ہو گی؛

marfat.com
Marfat.com

خدایا! تو نے مجھ سے جو وعدہ فرمایا تھا اسے پورا کر'' [فضائل اصحابؓ بدر اور ان کی تعداد کے بارے میں معلومات کے لیے رک بہ اصحاب بدر؛ ان کے اسما کے لیے دیکھیے جوامع السیرۃ، ص ۱۱۴ تا ۱۴۷].

[جنگ بدر اس اعتبار سے بڑی فیصلہ کن ثابت ہوئی کہ کفر و اسلام کو میدان جنگ میں پہلی مرتبہ قوت آزمائی کا موقع ملا اور کثرتِ تعداد و اسلحہ کے باوجود کفر کو ذلّت آمیز اور عبرتناک شکست کا سامنا کرنا پڑا ۔ کفار مکّہ کا زور ٹوٹ گیا، حوصلے پست ہو گئے، مسلمانوں کی ہمتیں بڑھ گئیں اور عزم بلند ہوگئے ۔ جزیرۃ العرب کے قبائل کو مسلمانوں کی قوت، سر بلندی اور سچائی و حقّانیت کا یقین آ گیا ۔ ساتھ ھی یہ راز بھی منکشف ہو گیا کہ حق کے مقابلے پر تعداد اور ساز و سامانِ جنگ کی کثرت کام نہیں آ سکتی، فتح و کامرانی صرف حق کو ہوا کرتی ہے ۔ اگر مسلمان اس معرکے سے بچنے کی کوشش کرتے تو ایک طرف یہودِ مدینہ ان کے لیے جینا محال کر دیتے اور دوسری طرف قریشِ مکہ ان کے لیے ہر روز مصیبت بنے رہتے ۔ پھر ایک فائدہ یہ بھی ہوا کہ مسلمانوں کو امداد غیبی اور اپنی قوت ایمانی پر یقین محکم ہو گیا ۔ غرض کہ معرکۂ بدر نے ہمیشہ کے لیے مسلمانوں کی دھاک بٹھا دی اور کفر کی تباھی و بربادی کا پیش خیمہ ثابت ہوا.]

مآخذ: (۱) ابن ہشام: سیرۃ، طبع وستنفلٹ، ۱۸۵۸ تا ۱۸۶۰ء؛ (۲) ابن سعد: طبقات، طبع زخاؤ، ۱ : ۶ تا ۱۸، لائڈن ۱۹۰۵ء؛ (۳) الطبری: تاریخ، طبع ڈخویہ، ۱ : ۱۲۴۱ ببعد؛ (۴) الیعقوبی: تاریخ، طبع هوتسما، ۲ : ۴۵ تا ۴۶، لائڈن ۱۸۸۳ء؛ (۵) البلاذری: انساب الاشراف، ۱ : ۲۸۸ ببعد، طبع محمد حمیداللہ، قاهره ۱۹۵۹ء؛ (۶) المقریزی: امتاع الاسماع؛ (۷) السہیلی: الروض الأنف (۱۹۱۴ء)، ج ۲؛ (۸) المسعودی: التنبیه، طبع ڈخویه، لائڈن ۱۸۹۴ء؛ (۹) یاقوت: معجم البلدان، بذیل بدر؛ (۱۰) المقدسی، طبع ڈخویه، لائڈن ۱۸۷۷ء (بذیلِ بدر)؛ (۱۱) البکری، بذیلِ بدر؛ (۱۲) محمد حمید اللہ: عہدِ نبوی کے میدان جنگ (باتصویر)؛ (۱۳) شبلی: سیرۃ النبی، جلد اول؛ (۱۴) محمد سلیمان: رحمة للعالمین، جلد اول و دوم، لاہور؛ (۱۵) F. Buhl : *Orientalishe Studien* (*Nöldeke jubile vol.*)، ۱ : ۷، ۱۳؛ (۱۶) Burckhardt : *Reise in Arabien*، ۱۸۳۰ء، ص ۶۱۴ تا ۶۱۹؛ (۱۷) Ch. Doughty : *Travels in Arabia*، ص ۱۶۰؛ (۱۸) Caetani : *Annali Dell' Islam*، ۱ : ۴۷۲ ببعد؛ [(۱۹) وآ، لائڈن بذیلِ مادّہ؛ (۲۰) ابوالکلام آزاد: ترجمان القرآن، ج ۲، بذیل سورۃ الانفال؛ (۲۱) مودودی: تفہیم القرآن، بذیل سورۃ الانفال؛ (۲۲) اکبر خاں: حدیثِ دفاع، ص ۱۴۲ ببعد، لاہور ۱۹۵۴ء؛ (۲۳) مفتاح کنوز السنة بذیلِ مادّہ؛ (۲۴) دائرۃ المعارف الاسلامیة، بذیلِ مادّہ؛ (۲۵) ابن حزم: جمهرۃ انساب العرب، ص ۱۱، ۱۲، و مواضع کثیرہ؛ (۲۶) وهی مصنّف: جوامع السیرۃ، ۱۰۷ تا ۱۵۲؛ (۲۷) ابن کثیر: البدایة و النهایة، ۳ : ۲۵۶؛ (۲۸) ابن سید الناس: عیون الأثر، ۱ : ۲۴۱؛ (۲۹) ابن القیم: زاد المعاد، ۲ : ۸۵ ببعد، مصر ۱۹۲۸ء؛ (۳۰) القسطلّانی: المواهب اللدنیة؛ (۳۱) الزُّرقانی: شرح المواهب؛ (۳۲) الدیار بکری: تاریخ الخمیس، ۱ : ۳۶۸؛ (۳۳) ابن خلدون: تاریخ (اردو ترجمه از عنایت اللہ) ۱ : ۳۲۳ تا ۳۲۹، لاهور ۱۹۶۰ء؛ (۳۴) محمد عبدالفتاح ابراهیم: محمد ﷺ القائد، ص ۲۱ تا ۳۷، مصر ۱۹۴۵ء؛ (۳۵) محمد جمال الدین سرور: قیام الدولة العربیة الاسلامیة، مصر؛ (۳۶) امین دویدار: صور من حیاة الرسول، ص ۲۹۵ تا ۳۳۱، مصر ۱۹۵۸ء؛ (۳۷) بطرس البستانی: دائرۃ المعارف، ۵ : ۲۳۷ تا ۲۳۹].

(محمد حمید اللہ [و ادارہ])

Marfat.com

• **بَدر (پیر)** : شیخ بدرالدین بدر عالم، سلسلۂ جُنیدیّہ کے ایک ولی، جن سے بہار و بنگال کے باشندوں کو بہت عقیدت ہے۔ بنگال میں ان کے بارے میں مشہور ہے کہ وہ سنار گاؤں کے پانچ پیر [رکّ بہ پنج پیر] کے ساتھ مل کر پانی پر حکومت کرتے ہیں، چنانچہ بنگالی ملّاح سمندر میں کشتی ڈالنے سے پہلے یہ نعرہ لگاتے ہیں: ''اللہ، نبی، پانچ پیر، بدر، بدر''۔ پیر بدر کا اصلی وطن میرٹھ (موجودہ اترپردیش، بھارت) میں تھا، جہاں ان کے پردادا شیخ فخر الدین زاہد (م ۷۰۴ھ/۱۳۰۴ء) نے ایک بہت بڑی خانقاہ قائم کر رکھی تھی۔ ان کے دادا شیخ شہاب الدین حق گو کو محمد بن تغلق (۷۲۵ھ/۱۳۲۴ء تا ۷۵۲ھ/۱۳۵۱ء) نے مروا ڈالا تھا، کیونکہ انھوں نے بادشاہ کے مذہبی عقائد پر اعتراضات کیے تھے۔ پیر بدر نے روحانی تربیت اپنے والد فخرالدین ثانی، نیز سلسلۂ سہروردیّہ کے ایک بزرگ سیّد جلال الدین بخاری سے حاصل کی۔ شیخ شرف الدین یحیٰی نے انھیں بہار آنے کی دعوت دی، لیکن وہ اس وقت وہاں پہنچے جب شیخ کا انتقال ہو چکا تھا (۷۸۲ھ/۱۳۸۰ء)۔ انھوں نے پہلی شادی بہار کے ایک ہندو گھرانے میں کی اور بعد ازاں جونپور کے حکمران خاندان کے ساتھ سلسلۂ ازدواج میں منسلک ہو گئے۔ مشرقی بنگال میں اپنی سیر و سیاحت کے دوران میں انھوں نے ہندو ماحول کی ایک بڑی تعداد کو مشرّف بہ اسلام کیا اور سنار گاؤں میں مسلمانوں کا اقتدار قائم کرنے میں بھی مدد دی۔ انھوں نے کچھ عرصہ چٹاگانگ میں بھی قیام کیا، جہاں بخشی بازار کے مغربی علاقے میں ان کا چلّہ شہر کی حفاظت اور سلامتی کا ضامن سمجھا جاتا تھا اور ہندو اور مسلمان یکساں طور پر یہاں زیارت کے لیے حاضر ہوتے تھے۔ سمندروں اور دریاؤں پر حکمرانی ان کے خاندان کی خاص روحانی صفت مانی جاتی ہے۔ روایت ہے کہ فخر الدین زاہد نے ایک جماعت کو دریاے جمنا میں ڈوبنے سے بچایا تھا۔ یہ بھی بیان کیا جاتا ہے کہ پیر بدر ''ایک چٹان پر تیرتے ہوے'' چٹاگانگ پہنچے تھے۔ انھوں نے بتاریخ ۲۷ رجب ۸۴۴ھ/ ۲۲ دسمبر ۱۴۴۰ء بہار میں وفات پائی، جہاں ان کا مقبرہ چھوٹی درگاہ کے نام سے مشہور ہے (بڑی درگاہ شرف الدین یحیٰی منیری کے مقبرے کو کہتے ہیں).

**مآخذ** : (۱) عبدالحی : نزهة الخواطر، حیدرآباد ۱۹۵۱ء، ۳ : ۳۶؛ (۲) عبدالحق : تذکرۂ اولیاے بنگالہ، نواکھلی ۱۹۳۱ء، ص ۶۴ تا ۷۲؛ (۳) *JASB*، حصہ ۱، شمارہ ۳، ۱۸۷۳ء : ص ۳۰۲ تا ۳۰۳؛ پیر بدر کے اسلاف کے لیے : (۴) محمد غوثی : گلزار ابرار (ایشیاٹک سوسائٹی بنگال، مرتبۂ Ivanow، ۹۷ ورق، ۱۴)؛ (۵) عبدالحق دہلوی : اخبار الاخیار، دہلی ۱۸۹۱ء، ص ۱۲۹؛ (۶) غلام معین الدین : معارج الولایة (مقالہ نگار کے ذاتی کتاب خانے میں)، ۲ : ۵۳۶.

(کے۔ اے۔ نظامی)

* **بَدر بن حَسنَوَیہ** : رکّ بہ حسنویہ، بنو.

* **بَدرُ الجَمالی** : فاطمیوں [رکّ بہ فاطمہ، بنو] کے عہد کا سپہ سالار اور وزیر۔ سلطنت بنو فاطمہ، جسے کسی زمانے میں بڑا شکوہ حاصل تھا، خلیفہ المستنصر (۴۲۷ھ/۱۰۳۶ء تا ۴۸۷ھ/۱۰۹۴ء) کے دور حکومت میں تباہی کے کنارے پہنچ چکی تھی۔ شام میں آل سلجوق پیش قدمی کرنے لگے تھے۔ مصر میں ترک غلاموں کی فوج حبشیوں کے لشکر سے برسر پیکار تھی۔ ہفت سالہ قحط نے ملک کے وسائل کا گلا گھونٹ دیا تھا۔ اس عام کشاکشی میں حکومت تمام اختیارات کھو چکی تھی۔ بھوک اور بیماری سے عوام موت کا شکار ہو رہے تھے۔ مطلق العنانی اور تشدّد نے خوشحالی کا خاتمہ کر دیا تھا اور یوں معلوم ہوتا تھا کہ فاطمی سلطنت اب ختم ہو کر رہے گی اور بد عملی اور فتنہ و فساد کا دور دورہ شروع ہو جائے گا۔

marfat.com
Marfat.com

اس موقع پر خلیفہ کی دعوت پر شامی سپہ سالار بدر الجمالی نے فوج کے ساتھ ساتھ حکومت کی باگ ڈور بھی سنبھالی اور بڑی ہمت اور کوشش سے، جس میں تشدّد کا عنصر بھی شامل تھا، تمام بگڑے ہوئے حالات سنوارے، جس کی بدولت صحیح معنوں میں سلطنت فاطمیہ کی شان و شوکت کا دوسرا دور شروع ہوا۔

بدر ایک شامی امیر جمال الدولہ ابن عمّار کا ایک ارمن غلام تھا اور اسی کی نسبت سے وہ جمالی کے نام سے مشہور ہوا ۔ وہ پانچویں صدی ھجری/ گیارھویں صدی عیسوی کے اوائل میں پیدا ھوا، کیونکہ ۴۸۷ھ / ۱۰۹۴ء میں وفات کے وقت اس کی عمر اسّی برس سے متجاوز تھی ۔ وزیر بننے سے بہت پہلے وہ شام میں بڑا نام پیدا کر چکا تھا ۔ چنانچہ اسے دو بار دمشق کا عامل مقرر کیا گیا، لیکن یہاں ہر بار اسے بگڑے ہوئے فوجی دستوں کے خلاف کڑے اقدامات کے باعث مشکلات سے دو چار ہونا پڑا۔ اس کے بعد اسے عکّا میں سپہ سالار مقرر کیا گیا اور اسی حیثیت سے اس نے ملک شاہ کی فوجوں سے تیغ آزمائی کی ۔ اس کا ایک ذاتی حفاظتی دستہ بھی تھا، جو ارمنوں پر مشتمل تھا ۔ اس کی سپاہ بڑی قابلِ اعتماد تھی ۔ ۴۶۶ھ / ۱۰۷۳ء میں جب خلیفہ نے اسے جابر و مستبد ترک اھلکاروں سے نجات دلوانے کے لیے طلب کیا تھا تو وہ انھیں سپاھیوں کو اپنے ساتھ لے کر گیا تھا اور چونکہ ترکوں کے دل میں اس کے متعلق کوئی شک و شبہہ نہیں تھا لہٰذا وہ اس کے بچھائے ہوئے جال میں پھنس گئے اور ایک رات سب کے سب لقمۂ اجل بن گئے ۔ اس کے بعد بدر سیاہ و سفید کا مالک بن گیا ۔ اب اسے یکے بعد دیگرے کئی عہدے تفویض ھوئے، یعنی سپہ سالار افواج یا امیر الجیوش (عوامی زبان میں سرگوش)، قاضی القضاۃ، داعی الدُّعاۃ اور وزیرِ سلطنت ۔ ان میں مشہور ترین لقب امیر الجیوش تھا۔مقطّم کو، جس کی بلندی سے پورے قاھرہ کا نظارہ کیا جا سکتا ھے، عوام اب تک جبل الجیوشی کہتے ھیں۔ اسی کے ایک کنارے پر بدر نے ایک مشہد تعمیر کرایا، جس میں ایک عام روایت کے مطابق سیدی الجیوشی مدفون ھیں۔ دارالحکومت کی شورش ختم کرنے کے بعد اس نے پہلے تو ڈیلٹا کے مشرقی اور پھر مغرب تک کے علاقے میں از سرِ نو امن و امان قائم کیا ۔سکندریہ ہر جنگ و جدال کے بعد قبضہ کر لیا ۔ بالائی مصر کی فتح میں بھی کچھ دشواریاں پیش آئیں، کیونکہ وھاں عرب قبائل نے اپنی خود مختاری قائم کر رکھی تھی۔ شام میں خوش بختی اور کامیابی نے اس کا اس قدر ساتھ نہیں دیا، کیونکہ یہاں بدنظمی اور بے تدبیری کے باعث ۴۶۸ھ / ۱۰۷۶ء میں دمشق آلِ سلجوق کے قبضے میں چلا گیا اور بنو فاطمہ اسے پھر کبھی حاصل نہ کر سکے ۔ اگلے سال سلجوقی سپہ سالار آتسیز خود قاھرہ تک پہنچ گیا، لیکن اس عرصے میں بدر کو اپنی فوجیں جمع کرنے کی مہلت مل گئی تھی؛ چنانچہ اس نے سلجوقی لشکر کو پسپا کر دیا ۔ بدر نے ۴۷۱ھ / ۱۰۷۸-۱۰۷۹ء، ۴۷۸ھ/۱۰۸۵-۱۰۸۶ء اور پھر ۴۸۲ھ/ ۱۰۸۹-۱۰۹۰ء میں یکے بعد دیگرے کئی مرتبہ لشکر کشی کی، لیکن وہ دمشق اور شام پر دوبارہ قبضہ کرنے میں کامیاب نہ ھو سکا؛ چنانچہ اس کی وفات کے وقت جنوبی شام میں صرف چند ایک قصبے فاطمی سلطنت کے زیرِ نگیں رہ گئے تھے ۔ مصر میں اس کے ایک بیٹے کی تحریک سے مسلسل شورش رونما ھوتی رہتی تھی، اس لیے شام میں اس کا اقتدار جاتا رھا۔

ایک عامل اور منتظم کی حیثیت سے اس کی سرگرمیوں کے بارے میں ھمیں بہت کم معلومات حاصل ھیں، لیکن یہ واقعہ ھے کہ اس کی سبھی لوگوں نے تعریف کی ھے ۔ سالیانہ کے ذریعے مصر کی

Marfat.com

آمدنی اس کے دور میں بیس سے تیس لاکھ دینار تک بڑھ گئی تھی۔ اس نے آل سلجوق کے حملے سے جو سبق سیکھے تھے ان پر وہ اسی کثیر آمدنی کی بدولت عمل در آمد کر سکا۔ قاہرہ کی دوسری فصیل اسی کی تعمیر کردہ ہے۔ اسی طرح شہر کے تین مضبوط دروازے، یعنی باب زُوَیلة (زُوَیلَة)، باب النصر اور باب الفتوح بھی، جن کی آج بھی تعریف کی جاتی ہے، اسی نے بنوائے تھے۔ ربیع الاول ۴۸۷ھ / مارچ۔اپریل ۱۰۹۴ء میں جب اس کی سرگرم اور کامیاب زندگی کا خاتمہ ہوا تو وہ اس بات کا انتظام کر چکا تھا کہ اس کے بعد اس کے تمام عہدوں پر اس کا جانشین اس کا بیٹا الافضل شاہنشاہ [رکَ بآں] ہو گا۔ اس کے چند ماہ بعد خلیفہ المستنصر بھی، جو اس وقت ساٹھ برس تک حکومت کر چکا تھا، فوت ہو گیا۔

مآخذ: (۱) ابن القلانسی [: ذیل تاریخ دمشق]؛ (۲) ابن تَغری بردی: النجوم الزاهرة، (مطبوعۂ قاہرہ) ج ۵، بمدد اشاریہ؛ (۳) ابن الصَیرفی: الاشارة الی مَن نال الوزارة، قاہرہ ۱۹۲۴ء؛ (۵) المقریزی: الخِطَط، ۱: ۳۸۰ ببعد؛ (۶) ابن خلدون: العِبَر، بولاق ۱۲۸۴ھ، ۴: ۶۴؛ (۷) ابن الاثیر، مترجمہ Fagnan، الجزائر ۱۹۰۱ء، ص ۱۹، ۳۰، ۶۰، ۶۸ ببعد، ۱۵۱، ۱۶۰ ببعد؛ (۸) M. van Berchem: *Corpus Inscript. Arab.*، *l'Egypte*، شمارہ ۱۱: ص ۳۲، ۳۳، ۳۶ تا ۳۹، ۵۱۶، ۵۱۸ ببعد، نیز جو مآخذ وہاں درج ہیں؛ (۹) جمال الدین الشیّال: مجموعة الوثائق الفاطمیّة، ج ۱، قاہرہ ۱۹۵۸ء، بمدد اشاریہ؛ (۱۰) F. Wüstenfeld: *Geschichte des Fatimiden-Chalifen*، ص ۲۶۴ ببعد؛ (۱۱) S. Lane-Poole: *History of Egypt*، ص ۱۰۰ ببعد؛ (۱۲) Marcel: *Histoire de l'Égypte*، عہد مستنصر؛ (۱۳) Quatremère: *Memoires sur l' Egypte*، ج ۲، بمدد اشاریہ؛ (۱۴) *A History of the Crusades*، مرتبۂ K. M. Setton، پنسلوینیا ۱۹۵۵ء، ج ۱، بمدد اشاریہ؛ (۱۵) G. Wiet: *L'Egypte arabe* (G. Hanotaux: *Histoire de la Nation égyptienne*، ج ۴)، پیرس (بدون تاریخ)، ص ۲۴۴ تا ۲۵۰؛ (۱۶) وہی مصنّف: *Matériaux pour un Corpus inscriptionum arabicarum, Egypte*، در *MIFAO*، ۵۲: ۱۳۲ تا ۱۵۸؛ (۱۷) وہی مصنّف: *Précis d'Histoire d'Égypte*، ۲: ۱۸۶ تا ۱۸۸؛ [(۱۸) حسن ابراہیم حسن: الفاطمیون فی مصر، قاہرہ ۱۹۳۲ء، بمدد اشاریہ؛] (۱۹) ابن مُیَسَّر: [تاریخ مصر]، ۱۹۲۳ء؛ [(۲۰) سبط ابن الجوزی: مرآة الزمان].

(C. H. BECKER)

بدرچاچ: سلطان محمد بن تغلق [رکَ بآں] (۷۲۶ھ / ۱۳۲۵ء تا ۷۵۲ھ / ۱۳۵۱ء) کے عہد کا قصیدہ گو شاعر، جو تاشقند (چاچ یا شاش) کا رہنے والا تھا، شوقِ سیاحت میں وطن چھوڑ کر ایران آیا۔ بالآخر ہلاکو کے جانشینوں کے زمانے میں ایران کو خیرباد کہہ کر ہند کا رخ کیا اور یہیں مستقل سکونت اختیار کی۔ قصیدہ گوئی کی بدولت سلطان محمد بن تغلق کے دربار سے وابستہ ہوا۔ اور جیسا کہ اس کے بعض اشعار سے پتا چلتا ہے بادشاہ وقت نے اسے ''فخرالزمان'' کے لقب سے سرفراز کیا [قصائد، ص ۱۰].

بدرچاچ کی یادگار اس کے قصائد کا مجموعہ ہے، جسے محمد ہادی علی المتخلّص بہ اشک نے قصائد بدرچاچ کے نام سے مرتب کیا اور منشی نولکشور نے اپنے مطبع کانپور میں طبع کرایا۔ اشک نے چاپ اول کی تاریخ ''طبع نو شاهد معنی آراست'' (۱۲۷۹ھ/۱۸۶۲ء) سے نکالی ہے۔ دوسری مرتبہ یہ قصائد ۱۲۸۶ھ/ اکتوبر ۱۸۶۹ء میں اسی مطبع سے شائع ہوے۔ ان میں حمد و نعت کے بعد چھتیس قصیدے سلطان محمد بن تغلق کی مدح میں کہے گئے ہیں۔ ان کے علاوہ بہاریہ اور منظریہ قصائد میں

marfat.com
Marfat.com

بھی ممدوح کی تعریف و توصیف کی ہے ۔ چار قصیدے خلیفۃ المسلمین (مصر) کی شان میں ہیں ۔ بعض قصائد دارالسلطنت دہلی کی تعریف میں کہے ہیں ۔ قصائد کے مطالعے سے پتا چلتا ہے کہ قصیدہ نگار نے بادشاہِ وقت اور خلیفۃ المسلمین کے علاوہ اور کسی صاحب اقتدار کو درخور اعتنا نہیں سمجھا ۔

بدر چاچ فلسفہ و فلکیات سے بہت شغف رکھتا تھا؛ چنانچہ قصائد میں ان علوم کی اصطلاحیں کثرت سے استعمال کی ہیں ۔ اس انداز بیان کی یہ وجہ بھی ہو سکتی ہے کہ اس کا ممدوح سلطان محمد تغلق طب، فلسفہ اور فلکیات میں مہارت رکھتا تھا اور شعرو سخن کا بھی انداز اسے پسند تھا ۔ قصائدِ بدرچاچ میں اس دور کے تاریخی حالات پر روشنی پڑتی ہے ۔ ان میں سے بعض کا ذکر درج ذیل ہے : خرم آباد میں بادشاہ کے حکم سے ایک عظیم الشان قلعہ تعمیر ہوا تو بدر چاچ نے قصیدہ ''در تعریف عمارت قلعۂ خرم آباد و تاریخ او'' لکھا (بار دوم، ص ۸۹) ۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ قلعے کی تکمیل ۷۴۴ھ/۱۳۴۳ء میں ہوئی ۔ ایک اور قصیدے سے پتا چلتا ہے کہ قلعہ تعمیر کرنے والے معمار کا نام ظہیر الدین تھا (بار دوم، ص ۹۰) ۔ قصائد میں بادشاہ کی اکثر مہموں کا ذکر آیا ہے، جو اسے مختلف بغاوتوں کو فرو کرنے کے سلسلے میں پیش آئیں ۔ نگر کوٹ کی مہم پر بدر چاچ نے جو قصیدہ لکھا (بار دوم، ص ۲۸) خصوصیت سے قابلِ ذکر ہے ۔ بہاءالدین گشتاسپ کی بغاوت فرو ہوئی تو سلطان محمد بن تغلق کو خیال آیا کہ ملک کا دارالحکومت ایسے مقام کو بنایا جائے جو مملکت کے درمیان واقع ہو تاکہ شورشیں فرو کرنے اور نظم و نسق قائم رکھنے میں آسانی ہو؛ چنانچہ دیوگڑھ (دولت آباد) کو مرکزی دارالسلطنت بنانے کا فرمان صادر ہوا اور انتقال آبادی کا کام شروع ہوگیا ۔

قصیدہ ''در کیفیت رفتن بقلعۂ دیوگیر (دیوگڑھ) واھل ساختن پادشاہ آن بقعہ'' (ص ۶۴) سے پتا چلتا ہے کہ بدر چاچ کو یکم شعبان ۷۴۵ھ/۱۳۴۴ء کو دیوگڑھ جانے کا حکم ہوا تھا ۔ قصیدے میں قلعۂ دیوگڑھ کی تعریف و توصیف کی گئی ہے جو ملک عنبر نے ایک پہاڑی پر بنوایا تھا ۔ بعض قصائد میں خلیفۃ المسلمین کے ساتھ بادشاہ کی عقیدت کا ذکر آیا ہے ۔ خلافت بغداد تو ہلاکو کے ہاتھوں ختم ہو چکی تھی (۶۵۵ھ/۱۲۵۷ء)، لیکن ہنگامی حالات میں اب خلافت عباسیہ مصر میں قائم ہوئی تھی (۶۵۹ھ/۱۲۶۱ء تا ۹۲۳ھ/۱۵۱۷ء) ۔ سلطان محمد بن تغلق نے بھی دوسرے سلاطین کی طرح بوجوہ خلافت سے ربط قائم رکھنا ضروری سمجھا اور خلیفۂ مصر الحاکم بامراللہ ثانی (۷۴۱ھ/۱۳۴۰ء تا ۷۴۸ھ/۱۳۴۷ء) کی خدمت میں سفیر بھیج کر بیعت ہونے اور منشور سلطنت حاصل کرنے کی خواہش کی ۔ خلیفۃ المسلمین نے بادشاہ ہند کی خواہش کا احترام کرتے ہوئے ایلچی کے ذریعے منشور سلطنت، عباسی خلعت اور عَلم ارسال کیا ۔ بدر چاچ نے اس تقریب پر قصیدہ ''در تہنیت رسیدن خلعت و فرمان خلیفۂ عباسیان بشاہ ہند'' لکھا (ص ۱۰) ۔

سلطان محمد بن تغلق ۷۵۰ھ/۱۳۴۹ء میں علیل ہوا تو بدر چاچ نے ایک قصیدہ (ص ۴۵، بار دوم) میں اس کی بیماری اور ضعف کی کیفیت بیان کی ۔ سلطان کی وفات ۷۵۲ھ/۱۳۵۱ء میں ہوتی ہے لیکن قصائد بدر چاچ میں اس کے ممدوح کی وفات کا کہیں ذکر نہیں آیا ۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ سلطان کی وفات سے پہلے وہ خود راھی ملک بقا ہو چکا تھا ۔ مؤلف جامع اللغات نے بدر چاچ کا سال وفات ۷۴۵ھ/ ۱۳۴۴ء لکھا ہے، لیکن یہ درست نہیں ، کیونکہ ۷۴۶ھ/۱۳۴۵ء میں اس نے خلیفۃ المسلمین کی طرف سے منشورِ حکومت اور خلعت

marfat.com
Marfat.com

آنے کی تقریب میں قصیدہ لکھا تھا، جس کا اوپر ذکر آچکا ہے۔

مآخذ: (۱) آغا مہدی حسین: سلطان الہند محمد شاہ بن تغلق؛ (۲) قصائد بدر چاچ، مطبوعۂ نول کشور، اکتوبر ۱۸۶۹ء؛ (۳) ضیاء الدین برنی: تاریخ فیروز شاہی؛ (۳) سفرنامۂ ابن بطوطہ؛ (۴) محمد قاسم فرشتہ: تاریخ فرشتہ؛ (۵) تغلق نامہ؛ (۶) عبدالقادر بدایونی: منتخب التواریخ؛ (۷) H. Sharp: *Buildings of the Tughlaqs*؛ (۸) شمس سراج عفیف: مناقب سلطان محمد؛ (۹) وہی مصنف: تاریخ فیروز شاہی؛ (۱۰) عبدالمجید: جامع اللغات۔

(مقبول بیگ بدخشانی)

**بدر خانی:** ثریا (۱۸۸۳ تا ۱۹۳۸ء) اور جلادت (۱۸۹۳ء تا ۱۹۵۱ء) امیر امین علی کے بیٹے تھے۔ یہ امین علی (جزیرۂ ابن عمر) کے خاندان ''عزیزان'' کے فرمانروا بدر خان (م ۱۸۶۸ء) کا سب سے بڑا بیٹا تھا، جس نے کردستان کی آزادی کی خاطر ترکوں سے جنگ کی (۱۸۳۶ تا ۱۸۴۵ء)۔ یہ دونوں بھائی مقتلہ (شام) میں پیدا ہوے تھے۔ ان میں سے بڑے نے پیرس میں وفات پائی اور چھوٹا دمشق میں ایک حادثے کا شکار ہو گیا۔ دونوں بھائیوں نے اپنی زندگیاں کرد قوم کی آزادی کے لیے وقف کر دی تھیں۔ ثریا کی سرگرمیاں تنظیم اور سیاسی پروپیگنڈے میں اور جلادت کی زیادہ تر ثقافت کے میدان میں نظر آتی ہیں۔

ثریا نے قسطنطنیہ کی یونیورسٹی سے زرعی انجینئرنگ کی سند حاصل کرنے کے بعد ایک ایسی پرآشوب زندگی کا آغاز کیا جسے اس کے ہم وطنوں کی قومی تحریک آزادی کا آئینہ دار کہا جا سکتا ہے۔ ۱۹۰۴ء میں اس پر حکومت ترکیہ کے خلاف سازش کا الزام ثابت ہوا اور وہ جیل میں بھیج دیا گیا۔ اس نے جیل میں اور جلاوطنی کی حالت میں اڑھائی سال بسر کیے۔ جب نوجوان ترکوں نے انقلاب برپا کیا تو وہ قسطنطنیہ لوٹ آیا اور کردی اور ترکی زبان میں اپنا روزنامہ کردستان جاری کیا۔ ۱۹۰۹ء میں اس روزنامے کی اشاعت معطل کر دی گئی اور اسے ایک بار پھر جیل میں ڈال دیا گیا اور ایک فوجی بغاوت کی تیاری میں حصہ لینے کے الزام میں سزاے موت سنا دی گئی۔ بعد ازاں اسے معافی مل گئی اور ۱۹۱۰ء میں اسے جلا وطن کر دیا گیا۔ ۱۹۱۲ء میں وہ پھر دارالحکومت میں واپس آ گیا، جہاں اس نے ایک خفیہ کرد انقلابی انجمن بنائی، جس پر اسے سزاے موت ملی اور یوں تیسری بار اس نے قیدخانے کا منہ دیکھا۔ یہاں سے وہ فرار ہو گیا اور بالآخر ۱۹۱۳ء میں سرزمین ترکی کو خیر باد کہہ گیا۔ ۱۹۱۴ء کی جنگ میں ثریا نے قاہرہ سے اپنا اخبار دوبارہ جاری کیا۔ یہاں اس نے کردوں کی آزادی کی ایک انجمن بھی قائم کی، جس نے معاہدہ سیورے Sèvres (۱۹۱۹-۱۹۲۰ء) کی تیاری میں بڑا حصہ لیا۔ چونکہ اس سرکاری دستاویز کی حیثیت، جس میں ایک بین الاقوامی کردی آئین کی تجویز پیش کی گئی تھی، ایک بے جان کاغذ سے بڑھنے نہ پائی، اس لیے ثریا نے معاہدۂ لوزان (۱۹۲۳ء) پر دستخط ہو جانے کے بعد اپنی انقلابی سرگرمیوں کو دوبارہ جاری کر دیا اور ۱۹۲۷ء میں اپنے ساتھیوں کے ہمراہ کردوں کی قومی جماعت 'خوی بون' Khoybūn میں شامل ہوگیا، جو انھیں دنوں وجود میں آئی تھی۔ ۱۹۲۹ء میں وہ واپس شام پہنچا، لیکن ۱۹۳۰ء میں (یعنی جس سال ترکیہ میں کردوں کی عظیم بغاوت رونما ہوئی) اسے ایک امتناعی حکم کے ذریعے فرانسیسی انتداب کے ماتحت علاقوں میں رہنے سے روک دیا گیا اور وہ حقوق شہریت سے دست بردار ہو کر پیرس جانے پر مجبور ہو گیا، جہاں اس نے خوی‌بون کی

marfat.com
Marfat.com

نمائندگی کے فرائض سرانجام دیے ۔ دوسری باتوں کے علاوہ کردوں اور ارمنوں کی ازسرِنو مفاہمت کا آغاز بھی اسی زمانے سے ہوتا ہے، جس کے سلسلے میں اسے ایک قابل اور ہوشیار قائد تسلیم کیا گیا ۔ عام طور پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ امیر ثریّا کردوں میں سے پہلا محب وطن تھا جس نے ایک لائحۂ عمل کے مطابق اور جدید سیاسی دلائل سے مسلّح ہو کر زبان اور قلم دونوں ذریعوں سے ایک مہم چلائی ۔ مختلف زبانوں میں اس کے لکھے ہوئے متعدد رسالے ملتے ہیں۔

جلادت کی زندگی ثریّا کے مقابلے میں اس قدر پرآشوب نہ تھی ۔ اس نے قسطنطنیہ سے قانون کی اعلٰی ترین سند حاصل کرکے میونخ میں اپنی تعلیم مکمل کی ۔ ۱۹۲۷ء میں وہ خوی‌بون کا پہلا صدر منتخب ہوا ۔ ۱۹۳۰ء میں اس نے کردوں کی ایک بغاوت میں حصہ لیا، جسے ترکیہ میں برپا کرنے کی کوشش کی گئی تھی ۔ یہاں وہ حاجو آغا کی معیت میں داخل ہوا تھا ۔ اس مہم کی ناکامی کے بعد اس نے دمشق میں سکونت اختیار کر لی ۔ یہاں اس نے اپنا وقت ادبی مشاغل کے لیے وقف کر دیا اور ۱۵ مئی ۱۹۳۲ سے ۱۹۳۵ء تک اور پھر ۱۹۴۱ سے ۱۹۴۳ء تک اس نے فرانسیسی اور کردی زبانوں میں اپنا رسالہ ہوار شائع کیا (جلادت نے لاطینی رسم الخط میں ایک کردی ابجد بھی پیش کی تھی، جس سے کُرمانجی کُردی وحدت کا کام شروع ہوا)۔ علاوہ ازیں اس رسالے کے باعث ایک بار پھر عوامی ادب نے زندگی پائی ۔ قبائلی سرداروں اور ادیبوں کے درمیان، جنھیں اول الذکر شک و شبہہ کی نگاہ سے دیکھتے تھے، مفاہمت کی راہیں استوار ہوئیں اور تعلیمی سرمایہ تیار ہوا ۔ اس سلسلے میں کچھ کتابچے بھی شائع کیے گئے (کتب الھجاء، درسی کتب اور مذہبی تصانیف، کل بارہ کتابیں) ۔ گزشتہ جنگ کے دوران میں بھی جلادت نے ایک رسالہ رُناھی (=روشنی) شائع کیا تھا ۔

**مآخذ:** (۱) امیر ثریّا کے خود نوشت حالات زندگی؛ (۲) W. G. Elphinston : *The Emir Jaladet Aali Bedr Khan*، در *RCAS*، ۱۹۵۱ء، ص ۹۱ تا ۹۳؛ (۳) شَلیْطَة و مَلِک: ذِکْر الاَمِیر جَلادت بدر خان (۱۸۹۷ تا ۱۹۵۱ء)، بمقام و تاریخ طبع ندارد؛ (۴) R. Rondot : *Les Kurdes de Syrie*، در *France Méditerranéene et Africaine*، ج ۱، ۱۹۳۹ء؛ (۵) شرف نامہ، مطبوعۂ قاہرہ، ص ۱۵۶ تا ۱۹۱؛ (۶) محمد امین زکی: تاریخ الدُّوَل و الامارات الکُردیّة، قاہرہ ۱۹۴۵ء، ص ۳۶۳ تا ۳۶۶؛ (۷) B. Nikitine : *Les Kurdes*، بذیلِ مادّہ ۔

(B. NIKITINE)

**بَدْرالخَرْشَنِی** : ایک امیر، جو غالبًا کَبَدُوقیہ Cappadocia کے مقام خرشنہ کا رہنے والا تھا ۔ اسے بعض اوقات (ایک جعلی نسب نامے کی بنا پر) بدْر بن عمّار الاَسَدی کے نام سے بھی موسوم کیا جاتا ہے۔ وہ خلیفہ القاھر [باللہ ابو منصور ۳۲۰ھ/۹۳۲ء تا ۳۲۲ھ/۹۳۴ء] کا حاجب تھا اور الرّاضی کے عہدِ حکومت [۳۲۲ھ/۹۳۴ء تا ۳۲۹ھ/۹۴۰ء] میں وہ شاہی عنایات کا مورد رہا ۔ جب امیر الامراء ابن رائق [رَكَ بآں] (Canard : *Histoire de la dynastie des Hamdânides*، الجزائر ۱۹۵۱ء، ص ۳۱۱ تا ۳۲۴) کو الجزیرة اور شامی فلسطین کی حکومت سپرد کی گئی تو وہ ابن رائق کا جانشین مقرر ہوا ۔ ابن رائق کے نائب کی حیثیت سے بدْر کو اردن کے جُند کی حکومت تفویض ہوئی اور وہ طَبَریّہ (Tiberias) میں رہنے لگا (اوائل ۳۲۸ھ/ اواخر ۹۳۹ء) ۔ اسی زمانے میں المتنبی [رَكَ بآں] نے اس کی مدح میں قصائد لکھے ۔ ابن رائق اور موصل کے حمدانی امیر ناصر الدولہ کی باہمی چپقلش کے دوران میں بدر بھی عراق لوٹ آیا، جہاں ایک قلیل عرصے کے

Marfat.com

لیے اس پر خلیفه المتقی [۳۲۹ھ/۹۴۰ء تا ۳۳۳ھ/۹۴۴ء] کی نظر عنایت رهی، لیکن پهر سازشیوں کے سبب سے اسے بهاگ کر مصر میں فُسطاط کے مقام پر محمد الاِخشیدی [رَکَ به اخشیدیه] کے هاں پناه لینی پڑی - ۳۳۰ھ/۹۴۱-۹۴۲ء کے اواخر میں اس نے وفات پائی.

مآخذ : (۱) ابن الأثیر: الکامل، قاهره ۱۳۰۱ھ، ۸ : ۱۱۹، ۱۳۹؛ (۲) ابن مسکویه : تجارب الامم، GMS، ۵ : ۸۳، ۳۰۵، ۵۰۹؛ (۳) R. Blachère : *Un Poète arabe du IVe/Xe siècle, Abou t-Tayyib al-Motanabbi*، پیرس ۱۹۳۵ء، ص ۹۵ تا ۱۰۵ .

(R. Blachère)

* بَدْرُ الدَّوْلَة : رَکَ به اُرْتُقِیه.

* بَدْرُالدِّیْن : رَکَ به لُؤلُؤ .

* بَدْرالدّین بن قاضی سَمَاوْنَه : عهد عثمانیه کا ایک مشهور فقیه اور صوفی، جس نے بالآخر حکومت کے خلاف بغاوت میں حصه لیا - بدرالدین محمد بن قاضی سماونه کی ولادت [یکم محرم] ۷۶۰ھ/۳ دسمبر ۱۳۵۸ء کو سماونه [= صماونه، قب قاموس الاعلام، ص ۱۲۵۴ تا ۱۲۵۵] میں هوئی (جو ادرنه کے قریب وهی مقام هے جسے یونانی میں εἰς Ἀμμόβουνον لکھا گیا هے) - وه قاضی غازی اسرائیل کا سب سے بڑا بیٹا تھا، قاضی موصوف کا شمار اپنے زمانے کے بزرگ ترین مجاهدین میں هوتا تھا، اسے آلِ سلجوق میں سے هونے کا دعوٰی تھا - بدرالدین کی ماں یونانی تھی، جس نے مسلمان هونے کے بعد اپنا نام میلک رکھ لیا تھا - بدرالدین نے اپنی جوانی کے دن ادرنه میں بسر کیے (جو [۷۶۲ھ/] ۱۳۶۱ء کے موسم بهار میں فتح هوا تھا) - اس نے دین و فقه اسلامی کی مبادیات کی تعلیم اپنے والد سے حاصل کی اور پھر یوسف اور شاهدی دو فقیهوں کے سامنے زانوے تلمّذ ته کیا - تکمیلِ علم کا شوق اسے اپنے دوست موسٰی چلبی [رَکَ بآں] کی معیت میں بروسه لے گیا، جو زیاده تر قاضی‌زادهٔ رومی کے نام سے مشهور اور ریاضی اور علم هیئت کا نامور عالم تھا - [۷۸۳ھ/] ۱۳۸۱ء تک اس نے قونیه میں ایک شخص فیض الله سے منطق اور علم هیئت پڑھا - اس کے بعد بدرالدین بیت‌المقدس چلا گیا - وهاں اس نے ابن العسقلانی کی نگرانی میں کام کیا، جو (مشهور [محدث و فقیه] ابن حجر العسقلانی [رَکَ بآں] سے الگ هے اور) زیاده مشهور نهیں - یهاں سے بدرالدین کو مبارک شاه المنطقی، حاجی پاشا طبیب، علی بن محمد السیّد الشریف الجرجانی [رَکَ بآں] فلسفی و فقیه اور عبداللطیف جیسے مشهور علماء و فضلا کی شهرت قاهره کھینچ لائی - [۷۸۵ھ/] ۱۳۸۳ء کے قریب بدرالدین حج کے لیے مکهٔ معظمه گیا - وهاں سے واپس آیا تو مملوک سلطان بَرْقُوق [رَکَ بآں؛ ۷۸۴ھ/ ۱۳۸۲ء تا ۸۰۱ھ/ ۱۳۹۸ء] نے اسے اپنے بیٹے فَرَج [رَکَ بآں؛ فَرج، قب قاموس الاعلام، ص ۱۲۵۴ و ۱۲۵۵، ت، بذیل بدرالدین سِماوی] کا، جو آگے چل کر اس کا جانشین هونے والا تھا، اتالیق مقرر کر دیا - اتفاق سے مملوک سلطان کے دربار میں بدرالدین کی ملاقات صوفی شیخ حسین اخلاطی سے هو گئی، جس کے اثر سے اس نے تصوف کا مسلک اختیار کر لیا (حالانکه اس سے پهلے وه اس کا سخت مخالف تھا) - قاهره میں چند سال تک خانقاهی زندگی بسر کرنے کے بعد بدرالدین نے [۸۰۵ھ/] ۱۴۰۲-۱۴۰۳ء میں تبریز کا سفر اختیار کیا - ممکن هے که اَرْدَبِیل کے سلسلهٔ صَفَوِیّه کی شهرت اسے وهاں کھینچ لے گئی هو - تبریز میں وه تیمور کی نظروں میں آ گیا، جو اسی زمانے میں اناطولیه سے لوٹا تھا - تیمور نے اسے اپنے ساتھ وسط ایشیا لے جانے کی کوشش کی مگر اس نے وهاں سے بھاگ کر جان بچائی - وه اپنی خانقاه کا شیخ اور حسین اخلاطی کا (جس کا اس دوران میں انتقال هو گیا تھا) جانشین

marfat.com
Marfat.com

تسلیم کیا گیا، لیکن اپنے پیر بھائیوں کے ساتھ اختلافات کے باعث اس نے قاہرہ چھوڑنے کا فیصلہ کر لیا اور ایشیاے کوچک اور روم ایلی کی جانب تبلیغی دورے پر روانہ ہو گیا۔ قونیہ اور گرمیان کے فرمانرواؤں کو اس کے ساتھ بہت ہمدردی پیدا ہو گئی۔ اسی طرح حامد بن موسی القَیصری نے، جو سلسلۂ صفویہ کا رکن تھا اور آگے چل کر حاجی بیرام ولی [رَكَ به بیرامیہؒ] کا مرشد ہوا، اس پر توجہ کی۔ اپنے صوفیانہ عقائد میں کامیاب ہونے کے بعد بدرالدین علانیہ طور پر مسلمہ عقائد سے بتدریج دُور ہوتا چلا گیا۔ چنانچہ اس نے مشترکہ ملکیت کے نظریے کی تبلیغ کی اور بڑے زور اور تسلسل کے ساتھ مشہور صوفی محی الدین ابن العربی [رَكَ بآں] کے تصورات کو ترقی دینے لگا۔ ایشیاے کوچک میں اس نے جن مفلوک الحال لوگوں کو متأثر کیا ان کی تعداد اچھی خاصی ہو گئی۔ اسی طرح مسیحی بھی اس کے حلقۂ اثر میں شامل ہو گئے، بلکہ کہا جاتا تھا کہ اس نے کیوس Chios کے حکمران سے بھی رابطہ قائم کر رکھا تھا، جو اهل جینوا سے تھا۔ بالآخر بدرالدین ایک بار پھر ادرنہ پہنچ گیا اور یہاں سات سال تک اس نے اپنی زندگی تنہائی اور مطالعے میں بسر کی۔ ۱۴۱۰ء کے قریب اس کی مرضی کے خلاف مدّعیِ سلطنت موسی نے اسے قاضی عسکر مقرر کر دیا؛ لیکن جب سلطان محمد الاول نے چمرلو Čamurlu کے قریب فتح پائی (۱۴۱۳ء) تو اسے اس عہدے سے برخاست کر کے خاصی ذلت کے ساتھ اِزنیق میں جلاوطن کر دیا گیا۔ یہاں وہ تصنیف و تدریس میں مشغول ہو گیا اور کہا جاتا ہے کہ آق شمس الدین [رَكَ بآں]، جس نے بعدازاں شیخ بیرامیہ کی حیثیت سے شہرت پائی، کچھ عرصے کے لیے بدر الدین کے شاگردوں میں شامل رہا۔ غالباً یہیں اس کا تعلق ایک شخص بوُر کلوجہ Bürklüdje مصطفی اور ایک اور شخص توُرلق ہو کمال کی خفیہ اشتراکی تحریک سے بھی ہوا (مگر کس طریقے سے، اس کی وضاحت ابھی تک نہیں ہو سکی)۔ اسی تحریک کی بدولت ۱۴۱۶ء میں وہ وسیع بغاوت رونما ہوئی جس کا نظریاتی اعتبار سے سربراہ بدرالدین بتایا جاتا ہے۔ جہاں ایک طرف بدرالدین کی سوانح عمری میں (جو اس کے پوتے خلیل کی تصنیف ہے) اسے ان تمام واقعات سے مکمل طور پر بری الذّمہ قرار دیا جاتا ہے وہاں عہدِ عثمانی کے سرکاری مؤرخ اس پر اس بغاوت میں عملاً حصہ لینے بلکہ اس کی قیادت کرنے کا الزام لگاتے ہیں۔ جس وقت بوُر کلوجہ مصطفی اور توُرلق ہوکمال نے مغربی ایشیاے کوچک میں اپنے حملے کا آغاز کیا (جہاں شروع شروع میں انھیں خاصی کامیابی بھی ہوئی) تو بدرالدین ازنیق سے نکل کر سنوپ Sinope کے غیر مطمئن فرمانروا کی خفیہ مدد سے روم ایلی پہنچ گیا۔ بوُر کلوجہ مصطفی اور تورلق ہو کمال کی بغاوت انتہائی سختی سے دبا دی گئی تو روم ایلی میں بھی بغاوت فرو ہو گئی۔ شاہی فوج نے بدرالدین کو گرفتار کر لیا اور اسے گھسیٹتے ہوے سِرَس (Serres) لے گئے، جو مقدونیہ میں واقع ہے۔ وہاں سلطان محمد الاول ''مصطفی کاذب'' (دوزمہ مصطفی [رَكَ بآں]) سے بر سر پیکار تھا۔ بدرالدین پر مقدمہ چلا (جس کی کارروائی کسی حد تک قابلِ اعتراض ہے) اور اسے غدّاری کے جرم میں [شوال ۸۱۹ھ/] ۱۸ دسمبر ۱۴۱۶ء کو سِرَس میں بر سر عام دار پر لٹکا دیا گیا۔ ابھی تک یہ بات واضح نہیں ہو سکی کہ اس بغاوت میں بدرالدین کا کیا حصہ تھا؟ بہرحال یہ امر یقینی ہے کہ یہ بغاوت اس کے فلسفے کے عین مطابق تھی اور اس کے عقائد کے اثرات دیرپا ثابت ہوے۔ اس بات کی دستاویزی شہادت موجود ہے کہ سلیمان عالیشان کے عہد [۹۲۶ھ / ۱۵۲۰ء تا

marfat.com
Marfat.com

۹۷۳ھ/۱۵۶۶ء] میں بھی بدرالدین کی تحریک کے پیرو روم ایلی میں موجود تھے۔ اپنے بطلِ جلیل کی وفات کے بعد ان میں سے کئی ایک تو سلسلۂ صفویہ میں شامل ہو گئے، جو سیاسی اعتبار سے اب سرگرمی دکھانے لگا تھا اور باقی متفرق فرقوں، بالخصوص بکتاشیہ کے ساتھ منسلک ہو گئے۔ بدرالدین کے تین بیٹوں یعنی احمد، اسمعیل اور مصطفی کے علاوہ اس کے اخلاف میں سے مشہور ترین اس کا پوتا خلیل (ابن اسمٰعیل) ہے، جس نے بدرالدین کے حالات زندگی لکھے ہیں۔

اگر ایک ادیب کی حیثیت سے دیکھا جائے تو بدرالدین ایک کثیر التصانیف مصنّف تھا۔ اس نے کم و بیش پچاس جامع کتابیں لکھی ہیں، جن میں سے بیشتر فقہ پر ہیں۔ علم تصوف میں اس کی اہم ترین کتابیں واردات اور نورالقلوب ہیں۔

**مآخذ:** (۱) F. Babinger: *Schejch Bedr ed-Dīn der Sohn der Richters von simāw*، در *Der Islam*، ۱۱ (۱۹۲۱ء): ۱ ببعد اور تکملہ جات در *Der Islam*، ۱۷ (۱۹۲۸ء): ۱۰۰ ببعد و *Beiträge zur Frühgeschichte der Türkenherrschaft in Rumelien* (14th-15th century)، *Südosteuropäische Arbeiten*، شمارہ ۳۴، برن - میونخ - وی انا ۱۹۴۴ء، ص ۸۰ ببعد؛ [(۲) سامی بک: قاموس الاعلام، بذیل مادّہ بدرالدین صماونوی؛] (۳) محمد شرف الدین یلتقایا: صماونہ قاضیسی اوغلی شیخ بدرالدین، استانبول ۱۹۲۵ء؛ (۴) وہی مصنف: مقالہ *Bedreddīn* در اؔاؔ، ت (مع تفصیلات، متعلقہ عقائد بدرالدین)؛ (۵) H.J. Kissling: *Das Menāqybnāme Scheich Bedr ed-Dīn's, des Sohnes des Richters von Samāvnā*، در *ZDMG*، حدود ۱۹۵۰ء، ص ۱۱۲ ببعد (مبنی بر خلیل: مناقب نامہ، طبع F. Babinger، ۱۹۴۳ء)؛ (۶) وہی مصنّف: *Zur Geschichte des Derwischordens der Bajrāmījje*، در *Südostforschungen*، ۱۵ (۱۹۵۶ء): ۲۳۷ ببعد

(بدرالدین اور صفویہ، خلوتیہ و بیرامیہ کے باہمی روابط کے متعلق)۔ . . .

(H. J. KISSLING)

**بَدْرہ**: [= بادَرایا، قبّ یاقوت، ۱: ۴۵۹] ایک چھوٹا سا قصبہ، جو وسط عراق کے مشرقی حصے میں (۴۳ درجہ، ۳۵ دقیقہ طول بلد مشرقی، ۳۳ درجہ، ۷ دقیقہ عرض بلد شمالی) ایران کی سرحد کے قریب واقع ہے۔ اس کی آبادی چھ ہزار نفوس پر مشتمل ہے، جو تقریباً سب کے سب شیعی مسلمان ہیں اور ان کی رگوں میں عرب اور لُر خون کی آمیزش ہے۔ یہ لوائے کُوت العمارۃ کی ایک قضاء کا صدر مقام ہے (جس میں زرباطیّۃ کی ناحیہ شامل ہے)۔ سرکاری دفاتر کی ایک نئی عمارت سے قطع نظر کرتے ہوے بدرہ میں عصر جدید کی ترقّی کی کوئی جھلک نظر نہیں آتی۔ اس کی گلیاں تنگ ہیں، مکان معمولی ہیں اور پانی کھاری ہے۔ یہاں اناج کی کاشت ہوتی ہے اور پھل اور کھجور کے باغ بکثرت ہیں اور 'بیدرایا' کھجور بہت مشہور ہے۔ آب پاشی ایک ندّی گلّال سے ہوتی ہے، جو ایران سے نکلتی ہے۔

[تاریخی اعتبار سے] اس قصبے کا سلسلہ قرونِ وسطٰی کے بادرایا (یعنی بیت درایا، ایک قبیلے کا نام) سے جا ملتا ہے، جس کا ذکر سریانی تصانیف میں اور عرب جغرافیہ نویسوں کے ہاں بکثرت آیا ہے۔ یہ باکسایا کے ساتھ ضلع بَنْدنیْجین میں شامل تھا۔ [بَنْدنیْجین کا نام اب نقشے پر نظر نہیں آتا، لیکن باکسایا کا گاؤں ابھی تک موجود ہے۔ قصبہ بندنیجین غالباً اسی گاؤں کے آس پاس کہیں واقع ہوگا۔ بقول یاقوت اسے فارسی میں وَنْدنیگان کہتے تھے۔ المستوفی کے زمانے میں اس کا تلفظ بَنْدنیگان تھا، لیسٹرینج، ص ۶۳]۔ یہ ضلع نہروان [رک بآں] کے نظام انہار کے [شمال] مشرق میں صوبہ

marfat.com
Marfat.com

جبال کی سرحد پر واقع تھا - اس قصبے نے جو ترقی پائی عصر حاضر سے کہیں زیادہ قرونِ وسطٰی کی مرہون منت ہے - اسے ایک علمی مرکز سمجھا جاتا تھا اور یہاں خُسْرَو اوّل انوشروان نے شمالی شام سے پکڑے ہوے قیدیوں کی ایک بستی بسائی تھی - موجودہ بدرہ اور اس کے گرد و نواح میں جو ٹیلے واقع ہیں ان سے قدیم شہر کا سراغ ملتا ہے، جو سیلاب، طاعون یا جنگ سے تباہ ہو گیا تھا.

مآخذ: (۱) *Bibl. Geogr. Arab*، طبع ڈ خویہ بمواضع کثیرہ؛ (۲) یاقوت، ۱ : ۴۵۹؛ (۳) G. Hoffmann: *Auszüge aus syr. Akten pers. Märtyrer*، لائپزگ ۱۸۸۰ء، ص ٦۹؛ (۴) Nöldeke، در *ZDMG*، ۱۸۷۹ء، ص ۱۰۱؛ (۵) وہی مصنف: *Gesch. d. Araber und Perser zur Zeit der Sasaniden*، ۱۸۷۹ء، ص ۲۳۹؛ (٦) Le Strange، ص ٦۳ ببعد، ۸۰؛ (۷) E. Herzfeld، در *Memnon*، ۱۹۰۷ء، ص ۱۲٦، ۱۴۰؛ (۸) عبدالرزاق الحسنی: العراق قدیمًا و حدیثًا، صیدا ۱۹۴۸ء.

(S. H. Longrigg)

* بِدْری ظُرُوف : دھات کی مرصّع کاری، جو بِیْدر [رک باں] سے منسوب ہے، جہاں، بیان کیا جاتا ہے کہ یہ ظروف سب سے پہلے تیار کیے گئے تھے - اس مرصّع کاری میں تانبے اور جست سے مرکب بھرت استعمال ہوتی ہے (جس میں ان دھاتوں کا باھمی تناسب مختلف مقامات پر بدلتا رہتا ہے) - اس میں کبھی کبھی قلعی، سیسے یا فولاد کا برادہ بھی ملا دیا جاتا ہے - ظروف کی سطح پر مرصّع کاری چاندی یا سونے سے کی جاتی ہے اور آخر میں صیقل کر کے، اس پر نوشادر، شورے اور دیگر اجزا کے مرکب سے سیاھی مائل سبز یا سیاہ رنگ کر دیا جاتا ہے - اس کے نمونے عمومًا گل بوٹوں پر مشتمل ہوتے ہیں - اس کا ایک قدیم ترین اور سب سے زیادہ چلتا ہوا نمونہ گُلِ لالہ کا ہے - اس صنعت کے بڑے بڑے مرکز بِیدر، پورینہ، لکھنؤ، ڈھاکا اور مرشد آباد ہیں - آخری تین شہروں میں اس کی تجارت تقریبًا ساری کی ساری مسلمانوں کے ہاتھ میں ہے.

مآخذ: (۱) Benjamin Heyne: *An account of the Biddery Ware in India*، در *Asiatic Journal*، ۳ : ۲۲۰ ببعد، لنڈن ۱۸۱۷ء؛ (۲) George Smith: *Description of the manufacture of Biddery ware*، در *Madras Journal of Literature and Science*، ۱۹۰۷ء، ۱۷ : ۸۱ تا ۸۴؛ (۳) Sir George Birdwood: *Industrial Arts of India*؛ (۴) T.N. Mukharji: *Bidri-Ware*، در *Journal of Indian Art*، شمارہ ٦، ۱۸۸۵ء؛ (۵) Sir George Watt: *Indian Art of Delhi. 1903*، ص ۴٦ تا ۹۴، لنڈن ۱۹۰۴ء.

(ادارہ [اُردو، لائڈن، بار اوّل])

بِدْعَة : (ع)، لغوی معنے : ہر نئی بات، (لسان میں ہے، البِدْعُ : الشیءُ الذی یکونُ اوّلًا) - ابن السِّکّیت کا قول ہے، البِدْعَةُ کُلُّ مُحْدَثَة - اسماے حسنٰی میں ایک نام البدیع بھی ہے، اس سے مراد ہے الخالق المُخْتَرِعُ لا عن مثالٍ سابقٍ [النہایة] - المفردات میں ہے: ایجاد الشیءُ بغیر آلة و لا زمانٍ و لا مکانٍ؛ نئی بات، کوئی نیا عقیدہ یا معمول جو دین میں نیا داخل کیا گیا ہو، یعنی جس کی سند قرآن و سنّت سے نہ مل سکتی ہو - زیادہ خاص معنوں میں بدعة کا لفظ سنّت کی ضد ہے - دین میں بعد ''الاکمال'' کوئی نیا عقیدہ یا عمل داخل کر دینا، جو قرآن و سنت کے خلاف ہو - یہ مُحْدَثَہ کی ہم معنی ہے - النّہایة میں حضرت عمرؓ کے ایک قول کی بنا پر بدعت کی دو قسمیں بیان کی گئی ہیں : (۱) بدعة ھُدًی؛ (۲) بدعة ضلال - اس بنا پر بدعت کی قسموں میں امتیاز کیا گیا ہے - بدعة حسنة یا قابلِ تحسین (محمودہ) اور بدعة

Marfat.com

سیئة یا قابلِ ملامت (مذمومة) ۔ اس بارے میں عام اصول یہ ہے کہ جو نئی بات قرآن، سنّة، اجماع یا اثر (وہ روایت جو کسی صحابی یا تابعی سے منسوب کی جا سکے) کے خلاف ہو وہ بدعة سیّئة ہے اور جو اچھی بات رائج ہو جائے اور چار مآخذ مذکورہ کے خلاف نہ ہو بدعة حسنة ہے۔ بعض نئی چیزیں جو قرآن و سنت کے عین مطابق ہیں، مثلاً علوم وغیرہ، ان میں اضافہ و جدت، بدعت سیئہ نہیں بلکہ اگر بدعت ہے بھی تو اسے بدعتِ حسنہ کہنا چاہیے۔ بدعات محرّمہ میں وہ عقاید شامل ہیں جو سنّة [اور قرآن] کے خلاف ہیں۔ بدعات مندوبہ (پسندیدہ) میں محتاج خانوں اور مدارس جیسے اداروں کا قیام شامل ہے ۔ بدعات مکروھہ (ناپسندیدہ) میں وہ باتیں شامل ہیں جو قرآن و سنّت کی رو سے حرام تو نہیں مگر مکروہ ہیں۔ مبتدعین کو اھل البدع اور اھل الاھواء کہا گیا ہے ۔ اس سے مترشح ہوتا ہے کہ مبتدع وہ ہے جو کوئی چیز اپنی ذاتی رائے کی بنا پر جاری کرے اور اس کی بنیاد اسلام کے مسلّمہ اصولوں پر نہ ہو۔ بہرحال بدعة حسنہ اور بدعة سیّئہ کا امتیاز ضروری ہے، جیسا کہ حضرت عمرؓ والی مذکورۂ بالا حدیث سے ظاھر ہوتا ہے۔ زندگی کے نئے تنوعات کو جو قرآن و سنّت کے خلاف نہ ہوں بدعت نہیں کہا جا سکتا (نیز رك بہ سنّت، اھل الاھواء).

مآخذ: (۱) التھانوی: الکشّاف : بذیلِ مادّہ، کلکتہ ۱۸۵۳ تا ۱۸۶۲ء، ص ۱۳۳ ببعد؛ (۲) ابن الأثیر: النہایة، بذیلِ مادّہ؛ (۳) الراغب : المفردات، بذیل مادّہ؛ (۴) ابوبکر الطرطوشی: کتاب الحوداث و البدعة، طبع M. Talbi، تونس ۱۹۰۹ء؛ [(۵) الشاطبی: الاعتصام، بذیل البدعة؛] (۶) التعریفات، بذیل مادّہ؛ (۷) Wensinck : Handbook، بذیل مادّہ؛ (۸) Goldziher : Muhammedanische Studien، Halle ۱۸۹۰ء، ۲ : ۲۲ ببعد؛ (۹) D. B. Macdonald : Muslim Theology، Bid'a and mubtadi'، بمدد اشاریہ؛ (۱۰) B. Lewis : Some observations on the significance of heresy in the history of Islam، در Studia Islamica، ۱۹۵۳ء، ۱ : ۵۲ ببعد.

([و ادارہ] (J. Robson))

**بَدَل** : (ترکی: بدل، جمع : بدلات Bedelât نیز ابدال، قبّ Redhouse) ایک اصطلاح جس سے عثمانی عہدِ حکومت میں وہ رقم مراد لی جاتی تھی جو کوئی محصول گزار حکومت کی کوئی خدمت بجا لانے یا اس کے لیے کوئی سامان مہیا کرنے کے بجاے ادا کرتا تھا۔ سلطان کی رعایا کے بعض طبقے واجبات اور ٹیکس سے اس شرط پر مستثنیٰ کیے جاتے تھے کہ وہ حکومت کی کچھ خدمات انجام دیں ۔ لیکن اگر وہ مفوّضہ فرائض انجام دینے میں ناکام رہتے یا حکومت انھیں فرائض یا خدمات سے معاف کر دیتی تو اس صورت میں عام محصولات کے بجاے ان پر مخصوص مبادل رقوم کی ادائی واجب ہوتی تھی۔ ممکن ہے کہ بدل کا لفظ پہلے پہل انھیں مبادل رقوم کے لیے استعمال کیا گیا ہو .

سولھویں صدی عیسوی کے آخر سے حکومت عثمانیہ کے مرکزی خزانے میں اکثر کمی ہو جایا کرتی تھی، اور اس سلسلے میں دور بینی سے کام لینے کے بجاے ایسی تدابیر اختیار کی جاتی تھیں جن سے یہ مسئلہ وقتی طور پر حل ہو جائے، چنانچہ اکثر اوقات یہ ہوتا تھا کہ پریشان اور بدحواس دفتردار لوگوں کو سرکاری خدمات یا فراھمی سامان کی شرط سے مستثنیٰ کر کے ان سے زر نقد وصول کرنے پر آمادہ ہو جاتے تھے اور اس امر کا خیال نہیں کرتے تھے کہ آگے چل کر ان خدمات اور سامان پر اتنا ہی روپیہ مزید صرف کرنا پڑے گا۔ سترھویں صدی کے وسط تک یہ نوبت آ پہنچی تھی کہ ''میری'' میں

marfat.com
Marfat.com

وصول ہونے والے نقد محاصل کا کم و بیش نصف حصہ 'بدلات' کی بہت سی صورتوں میں حاصل ہونے لگا (دیکھیے 'میزانیہ' از طرخونجی احمد پاشا در عبدالرحمٰن وفیق : تکالیف قواعدی، ۱ : ۳۲۷ ببعد و احمد راسم : عثمانلی تاریخی، ۲ : ۲۱۳ ببعد، حواشی) ۔ ان بدلات میں سے سب سے زیادہ مشہور 'بدلِ نزول' تھا، جو سارے ملک میں ہر جگہ جاری تھا، اور سکونت گاہ اور سامانِ رسد کی فراھمی کے بجائے مقامی باشندوں سے لیا جاتا تھا، جو قدیم قاعدے کی رُو سے اس بات کے پابند تھے کہ اپنے علاقے میں دورہ کرنے والے سرکاری افسروں اور ملازموں کو یہ سب چیزیں بلا معاوضہ مہیا کریں۔ زرِ نقد کی وصولی کا یہ رواج اس قدر عام ہو گیا تھا کہ بعض دفاتر حساب میں اسے عوارض [رَکَ بآں] کی مد میں درج کیا گیا ہے ۔ یہاں 'قدیم دور حکومت' کے دو یا تین ایسے بدلات کا ذکر کیا جاتا ہے جو خاص طور پر اہم ہیں ۔ ان میں سے ایک 'بدلِ جِزْیَہ' تھا، جو ڈینیوب کی ریاستوں کے رئیسوں (Hospodars) اور رغوصہ Ragusa کی جمہوریہ سے وصول کیا جاتا تھا ۔ یہ ایک ایسی رقم تھی جو کسی مقررہ خدمت کے بجائے نہیں بلکہ جِزْیے کے بدل میں وصول کی جاتی تھی، جس کی ادائی ان علاقوں میں بسنے والے ہر ذمّی [رَکَ به ذمّه] پر واجب تھی۔ دوسرے بدل کا نام 'بدلِ تِمَر' تھا ۔ پہلے پہل یہ بدل ۱۰۶۹ھ / ۱۶۵۹ء میں بظاھر ان تمرداروں (جاگیرداروں) سے وصول کیا گیا جنھیں فوجی خدمت کے عوض جاگیریں عطا ہوئی تھیں اور جو اب یہ خدمت انجام نہیں دیتے تھے۔اس بدل کی مقدار ان کی جاگیر کی نصف آمدنی تک ہوتی تھی ۔ ممکن ہے کہ اس محصول نے ایک مستقل حیثیت اختیار نہ کی ہو، تاہم یہ ایک حقیقت ہے کہ پانچ سال بعد بھی یہ بدستور عاید تھا ۔ جاگیرداروں پر ایک اور محصول اس کے کچھ دن بعد لگایا گیا، جو مدت دراز تک جاری رہا ۔ اس کا نام 'بدلِ جِبِلی' تھا، اور جیسا کہ نام ھی سے ظاھر ہے اسے وہ لوگ ادا کرتے تھے جن کی مالی آمدنی ایک مقررہ رقم سے تجاوز کر جاتی تھی ۔ اس رقم کی حد شروع میں چالیس ہزار آقچے سالانہ تھی ۔ اور یہ ان لوگوں سے وصول کی جاتی تھی جن پر لازم تھا کہ میدانِ جنگ میں اپنے ساتھ ایک یا ایک سے زیادہ مسلّح سوار لے کر حاضر ہوں ۔ یہ بدل اسی کے عوض تھا .

گو محمود ثانی اور اس کے اخلاف کے 'نئے دور' میں بہت سے قدیم رواج ترک کر دیے گئے تھے تاھم انیسویں صدی کے نصف آخر تک بھی بدلات کی طرف کئی لحاظ سے رجوع کرنا پڑتا تھا؛ چنانچہ ۱۲۷۲ھ / ۱۸۵۶ء میں 'اعانۂ عَسْکری' کے نام سے ایک خاص محصول عائد کیا گیا، جس کا ذکر بعد میں عموماً 'بدلِ عسکری' کے نام سے ملتا ہے ۔ اسی سال کے مشہور و معروف 'خط ھمایوں' کے ذریعے [رَکَ به عبدالمجید] عثمانی اصلاح پسندوں نے سلطان کی مسلمان اور ذمّی رعایا کے درمیان تمام قانونی امتیازات منسوخ کرانے کی کوشش کی؛ چنانچہ اس طرح ایک طرف تو ذمّیوں سے جزیہ وصول کرنا موقوف کر دیا گیا اور دوسری طرف انھیں پہلی بار فوجی خدمت کا اھل قرار دیا گیا ۔ بایں ھمه اس سے عملی طور پر کوئی نتیجہ برآمد نہ ہوا، کیونکہ جہاں عملاً باب عالی کو یہ پسند نہ تھا کہ ذمّیوں کو فوج میں بھرتی کیا جائے وہاں ذمّیوں کو بھی بھرتی ہونے کی کوئی خواھش نہ تھی ۔ لھذا فیصلہ کیا گیا کہ ذمّی اس کے عوض 'بدل' ادا کریں اور یوں بدل تمام اغراض کے لیے جزیے کا متبادل قرار پایا ۔ ابتدا میں بدل ہر شخص سے سرکاری اھلکار وصول کرتے تھے، لیکن بعد میں اس کی وصولی ہر فرقے کے

Marfat.com

مذہبی پیشوا کو سونپ دی گئی، تاآنکہ ۱۹۰۷ء میں اسے منسوخ کر دیا گیا۔

اسی قسم کے دو اور محصول، جو بعد کے زمانے میں وصول کیے جانے لگے، 'بدل نقدی' کے نام سے موسوم ہوے - ان میں سے پہلا ۱۳۰۲ھ / ۱۸۸۶ء کے فرمانِ ہمایونی کی رُو سے مقرر کیا گیا - اس تاریخ سے ہر وہ شخص جس کا نام جبریہ فوجی بھرتی کے لیے قرعہ میں نکل آئے بدلِ نقدی ادا کر کے پوری مدت ملازمت کے لیے یا کچھ عرصہ خدمات انجام دینے کے بعد باقی مدت کے لیے اس سے معافی حاصل کر سکتا تھا - پوری مدت کی معافی کے لیے سونے کی پچاس عثمانی اشرفیاں واجب الادا ہوتی تھیں - ۱۳۳۲ھ/۱۹۱۴ء کے سرکاری فرمان کی رو سے بطور بدل یہ پچاس اشرفیاں ادا کرنے والوں کو چھے ماہ تک لازماً فوجی خدمت انجام دینا پڑتی تھی - اس کے بعد انہیں چھٹی دے دی جاتی تھی اور وہ 'سپاہ محفوظ' میں شمار کیے جاتے تھے - معافی نامے کی یہ خرید و فروخت جمہوریہ کے قیام کے بعد بھی جاری رہی - ۱۳۴۶ھ / ۱۹۲۷ء کے سرکاری فرمان نے مدتِ خدمت کی تخفیف کے لیے چھے سو لیرہ معاوضہ مقرر کر دیا۔

'بدل نقدی' کی دوسری صورت یہ تھی کہ کسی علاقے کے وہ لوگ جن پر قانون کی رو سے اپنے اپنے علاقے کی سڑکوں کی نگہداشت کرنا ضروری تھا نقد معاوضہ ادا کر کے اس خدمت سے سبکدوش ہوسکتے تھے۔

**مآخذ**: (۱) صبری محمد: نصائح الوزراء، مترجمہ و طبع Wright، بعنوان *Ottoman Statecraft*، بمدد اشاریہ؛ (۲) D'Ohsson : *Tableau*، ۷ : ۲۰۸؛ (۳) سلیمان سودی: دفترِ مقتصد، ۱ : ۱۲۳ تا ۱۳۲؛ (۴) عبدالرحمٰن وفیق: تکالیف قواعدی، ۱ : ۳۳۲؛ (۵) مصطفی نوری: نتائج الوقوعات، ۲ : ۱۰۱؛ (۶) احمد راسم: عثمانلی تاریخی، ۱ : ۳۸۰ (حاشیہ) و ۲ : ۲۱۴ (حاشیہ) و ۳ : ۱۱۵۶ (حاشیہ)، ۱۱۵۸ (حاشیہ)؛ (۷) اآ، ت، بذیل بدلِ عسکری و بدلِ نقدی (ہردو از S.S. Onar)؛ (۸) Bowen و Gibb : *Islamic Society and The West*، جلد ۱ (حصۂ دوم)، بمدد اشاریہ.

(H. Bowen)

* **بَدَل** : رَكَ بہ اَبْدال [یہ نحو کی ایک اصطلاح بھی ہے]۔

* **بدلِ عَسْکری** : رَكَ بہ بَدَل۔

* **بدلِ نَقْدی** : رَكَ بہ بدل۔

* **بُدَلَاء** : (ع) بَدِیْل کی جمع، رَكَ بہ اَبْدال۔

* **بِدْلِیس** : (Bitlis) [بِتْلِیس، قبَ قاموس الاعلام، ص ۱۲۳۹]، مشرقی اناطولیہ میں اسی نام کی ولایت کا مرکزی شہر، جو دریاے بِتْلِیس کے کنارے اور جھیل وان (۳۸ درجے ۲۰ دقیقہ عرض بلد شمالی اور ۴۲ درجے ۵ دقیقہ طول بلد مشرقی) کے انتہائی مغربی گوشے کے جنوب مغرب میں جھیل سے پچیس کیلومیٹر کے فاصلے پر سطح سمندر سے چودہ سو میٹر اور بعض کے نزدیک ایک ہزار پانچسو پچاسی میٹر کی بلندی پر واقع ہے - اہل ارمینیہ اسے بَگِش (پَگِش) کہتے تھے، عرب بَدْلِیس [قبَ یاقوت و البلاذری] اور قدیم ترکی تصانیف میں اسے بِیدْلِیس لکھا ہے - یہ شہر اس عمیق اور تنگ وادی کے نسبةً عریض حصّے میں واقع ہے جو دریاے بتلیس نے الجزیرة کے بالائی حصے میں داخل ہونے سے قبل جبل طاوروس شرقی کو کاٹ کر بنا دی ہے - اس شہر کے گلی کوچے تنگ اور بے ترتیب ہیں - گھروں کی دیواریں پتھر اور چھتیں کچی مٹی سے بنی ہیں - وادی کی زیریں سطح بید اور میوہ دار اشجار سے ڈھکی ہوئی ہے اور گلی کوچے اور گھر یہاں سے طبق بر طبق بلند ہوتے ہوے پہاڑیوں کی ننگی ڈھلانوں تک پھیلتے چلے گئے ہیں - شہر کے اندر دریا اور اس کی شاخیں ایک دوسرے کو قطع کرتی ہوئی بہتی ہیں جنھیں پلوں کے ذریعے عبور کیا جاتا ہے - ان ندیوں کی بدولت شہر کے

marfat.com
Marfat.com

محلے ایک دوسرے سے علیحدہ ہو گئے ہیں ۔ اگرچہ سیاحوں نے ہمیشہ اس شہر کے خوش منظر ہونے کی تعریف کی ہے مگر محلِّ وقوع کے باعث اس کی آب و ہوا ناخوشگوار ہے ۔ موسم گرما میں سخت گرمی ہوتی ہے ۔ موسم سرما طویل ہوتا ہے، جس میں شدید سردی اور سخت برفباری ہوتی ہے ۔ بارش بھی بہت ہوتی ہے (سالانہ ایک میٹر کے قریب)، خصوصًا موسم بہار میں، بحالیکہ موسم گرما میں عمومًا امساک باراں رہتا ہے ۔

جس وادی میں بِدْلیس واقع ہے وہ جھیل وان کے طاس سے جبل طاوروس عبور کرنے کی واحد گزرگاہ ہے، جس سے گزر کر دیارِ بکر کی سطح مرتفع اور الجزیرہ کے میدانوں میں پہنچتے ہیں ۔ زمانۂ قبل تاریخ ہی سے جنوب کی سمت سے ارز روم اور وہاں سے بحرِ اسود تک جانے والے کاروان اسی راستے سے گزرا کرتے تھے اور یہی وہ راستہ ہے جسے زینوفن Xenophon اور اس کے دس ہزار یونانیوں نے اختیار کیا تھا ۔ تاریخی زمانے میں بِدْلیس کے حاکموں نے ہمیشہ یہاں سے گزرنے والے مسافروں سے محصول راہداری وصول کیا اور بڑے اہتمام سے مُوش کے میدانی علاقے پر اپنا قبضہ جمائے رکھا ۔ یہاں سے انہیں غذائی اجناس ملتی تھیں، جو ان کے اپنے چٹیل پہاڑوں میں میسّر نہ آ سکتی تھیں.

یہ شہر کس نے اور کب بسایا؟ اس کا ہمیں علم نہیں ۔ ایک قدیم حکایت میں آتا ہے کہ سکندر اعظم نے اپنے ایک سپہ سالار کو، جس کا نام لیس Lis تھا، اس مقام پر ایک ناقابلِ تسخیر قلعہ تعمیر کرنے کا حکم دیا ۔ جب قلعے کی عمارت مکمل ہو گئی تو لیس Lis نے سکندر کو اس میں داخل ہونے کی اجازت نہ دی ۔ سکندر نے قلعے کا محاصرہ کر لیا، لیکن اس کے اندر بزورِ شمشیر گھسنے میں ناکام رہا ۔ اب لیس نے اسے بتایا کہ میں نے آپ کے حکم کی کیسے حرف بہ حرف تعمیل کی ہے ۔ اس پر اسے معافی دے دی گئی اور شہر کا نام اسی کی یادگار رہا ۔ یہ شہر ارمینیہ کی تاریخ میں بڑی اہمیت رکھتا ہے اور وہاں کے قدیم تاریخی مآخذ میں اس کا ذکر بکثرت آیا ہے (Gelzer : *Geogr. Cypr.*، لائپزگ ١٨٩٠ء، ص ١٦٨)، لیکن ان سے یہ قطعًا معلوم نہیں ہوتا کہ مسلمانوں نے اسے کب فتح کیا؟ ہاں اتنا پتا ضرور چلتا ہے کہ انہوں نے ٦٤١ء میں مُوش (Daron) کا خطّہ فتح کیا ۔ Streck (وا، لائڈن، بار اول، بذیلِ مادّۂ بِدْلیس) نے قلعے کی دیواروں پر عربی کتبات کا ذکر کیا ہے مگر Lynch کے قول کے مطابق وہ ضائع ہو چکے ہیں اور ان کی نقل کبھی نہیں لی گئی ۔ مسلمان مؤرخین بیان کرتے ہیں کہ عیاضؓ بن غنم، جو حضرت عمرؓ کی طرف سے الجزیرہ کے سپہسالار تھے، ارزن کو تسخیر کرنے کے بعد بدلیس اور پھر وہاں سے اَخلاط [(رک بآں)، یا خلاط، فتوح، طبع ڈ خویہ، ص ١٧٦] کی طرف بڑھے ۔ اخلاط کے بطریق نے شرائط صلح قبول کیں اور جب عیاضؓ وہاں سے لوٹے تو بدلیس کے بطریق نے بھی اَخلاط والی شرح پر خراج ادا کرنا منظور کر لیا (البلاذری : فتوح، قاہرہ ١٩٠١ء، ص ١٨٣؛ الواقدی : کتاب الفتوح، قاہرہ ١٣٠٢ھ، ٢ : ١٥٢ تا ١٥٤) ۔ ابھی زیادہ عرصہ نہ گزرنے پایا تھا کہ یہ علاقہ پھر بوزنطی حکومت کے ہاتھ میں چلا گیا ۔ حضرت امیر معاویہؓ نے اسے دوبارہ مطیع کیا، لیکن ان کی وفات کے بعد پھر مسلمانوں کے قبضے سے نکل گیا، یہاں تک کہ عبدالملک کا دَور آیا اور اس کے بھائی محمد نے اس کا الحاق صوبۂ الجزیرہ کے ساتھ کر لیا ۔ عہدِ عباسیہ میں یہ یکے بعد دیگرے دیارِ بکر کے مختلف فرمانروا خاندانوں،

marfat.com
Marfat.com

یعنی شیخیہ، سمدانیہ اور مروانیہ، کے زیرِ حکومت رہا ۔ مؤخّرالذّکر دو خاندانوں کے عہد میں جب بوزنطیوں نے دریاے فرات کے طاس پر قبضہ کر لیا تو بسفرجن (Vasporakan) یعنی وان کے طاس کے ارمن بادشاہ نے مسلمانوں کی سیادت سر سے اتار پھینکی اور حکومت قسطنطنیہ کی اطاعت قبول کر لی ۔ اس ردّ و بدل سے اخلاط کی طرح بدلیس بھی ایک سرحدی شہر ہوگیا ۔ مسلمانوں کی یورش اپنے ساتھ بکر بن وائل اور تغلب قبائل کی بعض شاخوں کو اس علاقے میں لے آئی اور مروان کے زمانۂ حکومت میں مختلف کُرد قبیلے اس خطّے میں پھیل گئے، خصوصاً حُمیدی، جن سے مروانی تعلق رکھتے تھے ۔ ناصر خسرو نے، ۱۰۴۶ء میں، یعنی ترکوں کے بڑے حملے سے ایک سال پہلے، یہاں کی سیاحت کی ۔ وہ لکھتا ہے (سفر نامہ، برلن ۱۸۴۱ء، ورق ۸) کہ اخلاط میں عربی، فارسی اور ارمن زبانیں بولی جاتی تھیں؛ لہذا ہم فرض کر سکتے ہیں کہ بدلیس میں بھی یہی حال ہوگا ۔ فخرالدولہ محمد بن جُہیر نے، جسے سلجوقیوں نے ۱۰۸۴ء میں دیار بکر کا حاکم مقرر کیا، مروانیوں کی حکومت کا خاتمہ کر دیا اور ان کی اراضی اور قلعوں کو ترکوں میں تقسیم کر دیا ۔ بدلیس محمد بن دِلْمج یا دِمْلج کو ملا، اور اس کی اولاد وہاں ۵۸۸ھ/ ۱۱۹۲ء تک حکومت کرتی رہی، اس کے بعد اس پر اخلاط کے امیر نے قبضہ کر لیا ۔ ۱۲۰۷ء میں یہ دونوں شہر ایوبیوں کے قبضے میں آ گئے اور انھوں نے اس علاقے میں کُردوں کی ایک بڑی تعداد لا کر آباد کر دی ۔ اگرچہ ۱۲۲۹ء میں جلال الدین خوارزم شاہ نے اخلاط کو برباد کر دیا، لیکن وان اور بدلیس میں خوشحالی کا دور آ گیا ۔ بدلیس خاص طور پر علم و فضل کا ایک اہم مرکز بن گیا اور مغول کی یورش تک برابر بنا رہا ۔

جب ایلخانیوں پر زوال آ گیا تو کردوں کے ایک قبیلے رُژکی (Ruzhaki) نے بدلیس میں ایک حکمران خاندان کی بنا ڈالی، جو متعدد حوادث اور انقلابات کے باوجود انیسویں صدی کے وسط تک کسی نہ کسی طرح قائم رہا، گو اپنے عہد میں وہ نوبت بہ نوبت تیموریوں، قراقویونلو، آق قویونلو، صفویوں اور عثمانیوں کی سیادت تسلیم کرتا رہا ۔ سولھویں صدی میں اس خاندان کے ایک فرد شرف خاں نے (جس کا شرف نامہ ۱۵۹۶ء میں مکمل ہوا اور جو کردوں کی تاریخ کا عظیم مأخذ ہے) دعوٰی کیا کہ وہ ایوبیوں کی اولاد سے ہے؛ لیکن اس کے پوتے عبدال (عبداللہ) خاں نے اولیا چلبی کو بتایا کہ وہ عباسیوں کی اولاد میں سے ہے ۔ اولیا چلبی وہاں ۱۶۵۵ء میں گیا تھا ۔ اس کے مشاہدات میں مندرجۂ ذیل امور شامل ھیں :

اس شہر میں گزرنے والے کاروانوں سے وصول ہونےوالا باج (محصول راہ‌داری) خان کو پہنچ جاتا تھا ۔ مراد چہارم نے مُوش کے میدانی علاقے کا خراج (مالیہ) خان کو حینِ حیات دیے جانے کا فرمان جاری کر دیا تھا ۔ خان اسی میں سے محافظ فوج اور قلعہ‌دار کی تنخواھیں ادا کرتا تھا ۔ دوسری جانب یعقوبی فرقے کی عیسائی اور عرب رعایاے شہر جو جزیہ ادا کرتی تھی اسے وان کی 'قول' (انتظامی قسمت) کے لیے محفوظ رکھا جاتا ۔ یہ جزیہ ایک آغا وصول کیا کرتا تھا، جو ہر سال کے شروع میں وان سے اسی کام کے لیے آتا تھا ۔ کم و بیش ستّر قبیلے خان کے زیرِ نگیں تھے ۔ قلعے کے اندر تین سو گھر تھے، مگر آدھا رقبہ خان کے محل نے گھیر رکھا تھا ۔ شہر کے سترہ محلے اور ان میں پانچ ہزار گھر تھے ۔ مضافاتِ شہر میں میوے کے ہزارھا باغ تھے اور ہر ایک میں چھوٹے چھوٹے بنگلے بنے تھے ۔ مساجد کی کل تعداد ایک سو دس تھی ۔

marfat.com
Marfat.com

سب سے زیادہ اہم مسجد شرفیہ تھی، جسے شرف‌خان نے بنایا تھا - ٹیورنیَر Tavernier جس نے اسی زمانے میں یہاں کی سیاحت کی، لکھتا ہے کہ بدلیس کا ''بے'' کسی شاہ یا پادشاہ کو تسلیم نہیں کرتا تھا اور بیس پچیس ہزار سوار فوج میدانِ جنگ میں لا سکتا تھا - اس زمانے میں آبادی زیادہ تر کردوں اور ارمنوں پر مشتمل تھی - جہان نما میں لکھا ہے کہ ارمن اکثریت میں تھے - ۱۶۸۳ء میں جن یسوعی (Jesuits) پادریوں نے اس شہر کی سیاحت کی وہ لکھتے ہیں کہ بے کی طرف سے عثمانیوں کی برائے نام اطاعت محض اسی قدر رہ گئی تھی کہ وہ اپنی مسند نشینی کے وقت انھیں خراج بھیجا کرتا تھا (Fleurian : *Estat présent de l'Arménie*، پیرس ۱۶۹۴ء) - کُرد فرمانرواؤں کی قوّت کو ترک ۱۸۴۷ء تک نہ توڑ سکے - اس کے بعد انیسویں صدی کی شورشوں میں بھی یہ شہر کُردوں کا سیاسی اور مذہبی (نقشبندی) مرکز رہا۔

ترکوں کا مکمل اقتدار قائم ہو جانے کے بعد بدلیس [بِتْلِیس] کو ارز روم کی وسیع ولایت کی سنجاق مُوش کی قضاء بنا دیا گیا، لیکن ۱۸۷۷ - ۱۸۷۸ء کی جنگ روس و ترکیہ کے بعد اسے ایک 'ولایت' قرار دیا گیا، تاکہ یہ نمایاں ہو جائے کہ یہ علاقہ مرکزی حکومت کے تحت ہے - یہ ولایت چار سنجاقوں، یعنی بِتْلِیس، مُوش، سعرد اور کنج (= گَنْج) پر مشتمل تھی [قبّ قاموس الاعلام، بذیل مادّہ] - اس کا کل رقبہ تقریباً تیس ہزار مربع کیلومیٹر تھا اور آبادی کم و بیش چار لاکھ - Cuinet کے بیان کے مطابق مرکزی سنجاق کا رقبہ پانچ ہزار پانسو مربع کیلومیٹر تھا - اور اس کی آبادی ایک لاکھ آٹھ ہزار تھی، جس میں ستر ہزار مسلمان، تینتیس ہزار ارمن، چار ہزار شام کے یعقوبی عیسائی اور ایک ہزار یزیدی تھے - سالنامہ، بابت ۱۳۱۰ھ/ ۱۸۹۲ - ۱۸۹۳ء، میں اس سنجاق کی آبادی ستتر ہزار درج کی گئی ہے، جس میں چھیالیس ہزار مسلمان اور باقی ارمن تھے - Lynch، جس نے یہ تعداد نقل کی ہے، کہتا ہے کہ اس میں تیرہ فی صد کا اضافہ کر لینا چاہیے تاکہ وہ کمی پوری ہو جائے جو دفتری اندراجات میں رہ گئی ہے۔ انیسویں صدی میں اس شہر کی آبادی کے بارے میں مستند اعداد و شمار دستیاب نہیں ہوتے - Lynch نے اپنی سیاحت کے وقت (۱۸۹۸ء) اس کا اندازہ تیس ہزار کیا ہے، جس میں دس ہزار ارمن، دو سو شامی اور باقی کُرد ہیں - بیسویں صدی کے آغاز کا ایک روسی ماخذ اس شہر کے گھروں کی تعداد پانچ ہزار ایک سو بتاتا ہے، جن میں پانسو پچاس گھر ترکوں کی تین ہزار کردوں کی اور پندرہ سو ارمنوں کی ملکیت تھے۔

انیسویں صدی میں بدلیس کی، خاص صنعت پارچہ بافی اور اس سے متعلقہ صنعت رنگائی تھی - شہر اور نواح کی دیگر اشیاے برآمد ماجو پھل، چھپائی اور دواسازی کا گوند (gum tragacanth)، مجیٹھ، تمباکو، شہد اور مویشی تھے۔

انیسویں صدی کے ہنگاموں سے پہلے تُرک، کُرد، ارمن اور یعقوبی عیسائی بدلیس میں پہلو بہ پہلو رہتے چلے آتے تھے - ۱۸۶۳ء میں یسوعیوں (Jesuits) نے وہاں اپنا تبلیغی ادارہ قائم کیا تو بدلیس کے بے نے اس کا خیر مقدم کیا - اٹھارھویں صدی میں اطالوی پادری Maurizio Garzoni کُردوں کے درمیان اٹھارہ سال تک کام کرتا رہا - ایک امریکی پروٹسٹنٹ مشن ۱۸۵۸ء میں وہاں قائم ہوا - ارمنوں کی شورش اور اسے فرو کرنے کی تدابیر، نیز پہلی عالمگیر جنگ کے دوران میں روس کا قبضہ، ان سب اسباب کی بنا پر یہاں کی آبادی میں بے حد کمی آ گئی اور صنعت کا تو خاتمہ ہی ہو گیا

marfat.com
Marfat.com

۱۹۲۷ء میں اس شہر کی آبادی نو ہزار پچاس اور ۱۹۵۰ء میں گیارہ ہزار ایک سو باون تھی.

[ترکیہ میں] جمہوریت قائم ہوئی تو ابتدا میں ولایت بتلیس کے چاروں سنجاق الگ الگ چار ولایتیں (صوبے) ہوگئے - ۱۹۲۹ء میں بتلیس کو ایک 'قضاء' بنا کر ولایت مُوش میں شامل کر دیا گیا - ۱۹۳۵ء کی مردم شماری کی رُو سے مُوش کی ستر فی صد آبادی کُرد تھی - ۱۹۳۶ء میں بتلیس کو دوبارہ ولایت بنا دیا گیا اور آج کل یہ پانچ قضاؤں میں منقسم ہے : بتلیس، تاتْوان، اخلاط، مُوطِیکی اور خیْزان - اس کا رقبہ پانچ ہزار چار سو بیاسی مربع کیلومیٹر ہے - آبادی (۱۹۵۰ء میں) اٹھاسی ہزار چار سو بائیس تھی.

مآخذ : (۱) Armenia, Travels and Studies (1898) : H. F. B. Lynch، لندن ۱۹۰۱ء، ۲ : ۱۴۵ تا ۱۵۹؛ (۲) اولیا چلبی : سیاحت نامہ (طبع احمد جودت)، ۴ : ۸۵ ببعد؛ (۳) Les six voyages : Tavernier، پیرس ۱۶۷۶ء، ۱ : ۳، ۳۰۳؛ (۴) حاجی خلیفہ : جہان نما (طبع ابراہیم متفرقہ)، ص ۴۱۳؛ [(۵) سامی بک : قاموس الاعلام، بذیل مادہ بتلیس؛] (۶) La Turquie d' Asie : V. Cuinet، پیرس ۱۸۹۲ء، ۲ : ۵۲۱ ببعد؛ (۷) سالنامۂ ولایت بتلیس، ص ۱۳۰ (شمارۂ اول)؛ (۸) Genel nüfus Sayimi, 20.X.۱۹۳۵ء، ج ۴۴ : 'ولایت مُوش'؛ نیز دیکھیے (۹) اِ آ، ت، بذیل مادۂ Bitlis، دو مقالے از Besim Darkot و Mükrimin Halil Yinanç - یہ مقالہ انھیں دونوں کی تلخیص ہے - [(۱۰) اِ آ ع بذیل مادہ].

(G. L. LEWIS)

**بِدْلِیسی** : اِدْرِیس، مولانا حکیم الدین اِدْرِیس بن مولانا حسام الدین علی البدلیسی، عثمانی ترکوں کا مؤرخ، غالبًا کرد نسل کا تھا - دربارِ آق قویونلو میں اسے نشانجی کا عہدہ ملا اور ۸۹۰ھ/ ۱۴۸۵ء میں اس نے یعقوب بیگ [۸۸۴ھ/ ۱۴۷۹ء تا ۸۹۶ھ/ ۱۴۹۰ء] کی طرف سے بایزید ثانی [۸۸۶ھ/ ۱۴۸۱ء تا ۹۱۸ھ/ ۱۵۱۲ء] کے نام ایک تہنیت نامہ لکھا، جسے بہت پسند کیا گیا (Hammer-Purgstall، ۲ : ۲۹۰) - جب شاہ اسمٰعیل [۹۰۷ھ/ ۱۵۰۲ء تا ۹۳۰ھ / ۱۵۲۴ء] کی قوت بڑھنے لگی تو ۹۰۷ھ/ ۱۵۰۱ - ۱۵۰۲ء میں ادریس بھاگ کر ترکیہ چلا آیا، جہاں بایزید نے اس کا خیر مقدم کیا اور اسے فارسی زبان میں آل عثمان کی تاریخ لکھنے پر مامور کر دیا - اس کی کتاب اس بنا پر ہدف تنقید بنی کہ ایرانیوں کے بارے میں اس کا انداز ضرورت سے زیادہ روادارانہ ہے - یہی وجہ تھی کہ اسے اس پر موعودہ صلہ نہ مل سکا - اس نے حج بیت اللہ پر جانے کی اجازت چاہی، لیکن یہ اجازت بھی اسے ربیع الآخر ۹۱۷ھ/ جولائی ۱۵۱۱ء میں وزیر اعظم خادم علی کی وفات کے بعد ہی مل سکی (معلوم ہوتا ہے کہ وہ اس کا سب سے بڑا دشمن تھا) - مکۂ معظمہ سے اس نے بابِ عالی کو ایک خط لکھا، جس میں دھمکی دی کہ اس کے ساتھ جو بے انصافی ہوئی ہے اگر اس کی تلافی نہ کی گئی تو وہ اپنی تاریخ کے دیباچے اور خاتمے میں (جو اس وقت تک لکھے نہیں گئے تھے) اس ناشکرگزاری کا بھانڈا پھوڑ دے گا - سلیم اوّل نے اپنی تخت نشینی [۹۱۸ھ/ ۱۵۱۲ء] کے تھوڑے دن بعد اسے واپس بلا لیا اور یہ تاریخ مکمل صورت میں سلطان کے حضور میں پیش کر دی گئی - چالدران کی مہم (۹۲۰ھ/ ۱۵۱۴ء) میں ادریس سلطان سلیم کے ساتھ تھا - اس کے بعد اس نے عثمانیوں کی ایک بیش بہا خدمت یہ انجام دی کہ سنّی کُرد حکمرانوں کو ان کا طرفدار بنا دیا - سعدالدین (۲ : ۳۲۲) نے جو فرمان نقل کیا ہے اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اسے کُردوں کے علاقے کی تنظیم کا پورا اختیار دے دیا گیا تھا - وہ سلطان

marfat.com
Marfat.com

سلیم کے ساتھ مصر بھی گیا اور کہا گیا ہے کہ وہاں اس نے عثمانی عمّال کی غلط کاریوں کے خلاف صدائے احتجاج بلند کی (Hammer-Purgstall، ۲ : ۵۱۸) ۔ سلطان سلیم کے تھوڑے ہی عرصے بعد ادریس نے بھی استانبول میں وفات پائی (ذوالحجہ ۹۲۶ھ / نومبر ۱۵۲۰ء [قب قاموس الاعلام : ۹۲۱ھ]) اور جوارِ ایوبؓ میں اس مسجد کے پہلو میں دفن کیا گیا جو اس کی زوجہ زینب خاتون نے بنوائی تھی۔

اس کی عظیم تاریخ هشت بهشت [یا کتاب الصفات الثمانیة فی اخبار القیاصرة العثمانیة] (حاجی خلیفه، طبع فلوگل Flügel، عدد ۲۱۳۱، نیز قب عدد ۲۱۵۲ اور ۱۴۴۰۶) عثمان سے لے کر بایزید دوم تک آٹھ سلاطین کے عہد کے وقائع پر مشتمل ہے ۔ فارسی انشاء کے سب سے دقیق اور پُر تکلّف اسلوبِ نگارش میں اور بین طور پر جوینی، وصّاف، معین الدین یزدی اور شرف الدین یزدی کی تواریخ کے نمونے پر لکھی گئی ہے ۔ اگرچہ سعدالدینؒ (جو بار بار اس کا حوالہ دیتا ہے، قب خصوصاً ۱ : ۱۵۹) اور Hammer-Purgstall (قب ۱ : XXXIV) دونوں اسے انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، تاہم ابھی تک یہ شائع نہیں ہو سکی ۔ اس کی تالیف کا آغاز ۹۰۸ھ/ ۱۵۰۲ - ۱۵۰۳ء میں ہوا اور تیس ماہ میں مکمل ہوئی ۔ آخری سیاسی واقعہ، جسے اس میں تفصیل کے ساتھ بیان کیا گیا ہے، مِدِلّی Midilli کو ۹۰۸ھ میں محاصرے سے چھڑانا ہے ۔ اگرچہ آخری تاریخ جو درج کی گئی ہے وہ ۹۱۲ھ ہے ۔ اس تاریخ کا طویل 'خاتمه'، جو تمام تر منظوم ہے، اس نے مکّۂ معظمه میں لکھا (قب Rieu : CPM، ۲۱۹ الف) ۔ اس میں اس خانه جنگی کا ذکر ہے جو بایزید کے عهدِ سلطنت کے اواخر میں ہوئی ۔ اس کا اختتام ایک 'شکایت نامه' پر ہوتا ہے جس میں ادریس نے اپنے مصائب کا حال بیان کیا ہے ۔

[هشت بهشت کا تکمله ذیلِ هشت بهشت یا سلیمان نامه ہے، جسے ادریس کے بیٹے ابوالفضل (دیکھیے Babinger، ص ۹۵ ببعد) نے ۹۷۴ھ/۱۵۶۶ء میں مکمل کیا ۔ اس میں سلطان سلیم اول کے عہد [۹۱۸ھ / ۱۵۱۲ء تا ۹۲۶ھ / ۱۵۲۰ء] کے واقعات بیان کیے گئے ہیں (دیکھیے Storey : *Persian Literature*، ص ۴۱۶)] ۔ ایک شخص عبدالباقی سعدی نے ۱۱۴۶ھ/ ۱۷۳۳ - ۱۷۳۴ء میں محمود اول کے حکم سے هشت بهشت کا ترکی میں ترجمه کیا ۔ اسے پورے طور پر قابلِ اعتماد نہیں کہا جا سکتا (قب M. Şükrü، در *Isl.*، ۱۹ (۱۹۳۱ء) : ۱۳۸) ۔ کمال پاشا زاده [رك بآن] کی تاریخ، جسے بعض اوقات هشت بهشت کا ترجمه کہا گیا ہے، اس کے 'نظیره' کے طور پر لکھی گئی ہے، تاہم وہ ایک بالکل علیحده اور مستقل تصنیف ہے ۔

ادریس نے سلیم نامه بھی لکھا ہے، جو نثر اور نظم دونوں میں ہے، لیکن وہ مصنف کی وفات کے وقت ادھورا رہ گیا تھا اور بعد میں ابوالفضل نے اس کی تدوین کی (یہ ابوالفضل کی ذیل سے بالکل الگ تصنیف ہے، قب F. Tauer در *ArO*، ۴ : (۱۹۳۲ء)، ص ۱۰۳ ؛ [سلیم نامه کے بارے میں تفصیلات کے لیے دیکھیے ریو Rieu، ۱ : ۲۱۸ و ۲۱۹]) ۔

[ادریس بدلیسی] شاعر اور خطّاط بھی تھا (قب مستقیم زاده : تحفۃ الخطّاطین، استانبول ۱۹۲۸ء، ص ۱۱۰) ۔ اس نے مختلف موضوعات پر متعدد رسائل لکھے، جن میں سے بعض حسب ذیل ہیں : (۱) الآباء عن مواقع الوباء (حاجی خلیفه، عدد ۳۰۹۵ (؟ اور ۶۲۱۸)؛ براکلمان، ۲ : ۳۰۲ و قب تکمله، ۲ : ۳۲۵) ؛ (۲) 'اربعین' (چهل حدیث) کے دو فارسی ترجمے (حاجی خلیفه، عدد ۷۰۵ اور قب A. Karahan : *İslam-Türk Edbiyatinda Kirk Hadis*، استانبول ۱۹۵۴ء، ص ۱۱۱

marfat.com
Marfat.com

تا ۱۱۳)؛ (۳) فصوص الحکم کی شرح (حاجی خلیفہ عدد ۹۰۷۳)؛ (۴) شبستری کی گلشن راز کی شرح (حاجی خلیفہ، عدد ۱۰۸۳۹)؛ (۵) شبستری کی حق الیقین کی ایک شرح، موسوم بہ حق المبین؛ (۶) ابن الفارض کے الخمریّۃ کی شرح (براکلمان: تکملہ، ۱: ۴۶۳)؛ (۷) رسالۃ فی النفس (براکلمان: تکملہ، ۲: ۳۲۰)؛ (۸) تفسیر البیضاوی کا حاشیہ (قب Rieu، ص ۲۱۶ ب)؛ (۹) الدمیری کی حیوۃ الحیوان کا فارسی ترجمہ (قب Hammer-Purgstall، ۲: ۵۱۸ و عثمانلی مؤلفلری، ۳: ۷، جس میں مصنف کے ایک خودنوشت نسخے کا اندراج ہے)۔ برسلی محمد طاہر نے پانچ مزید تالیفات کا ذکر کیا ہے۔ قیاس ہے کہ یہ کتابیں اس کی نظر سے گزری ہونگی۔

**مآخذ:** (۱) Babinger، ص ۴۵ بعد اور وہ حوالے جو وہاں دیے ہوے ہیں، خصوصاً Rieu: *Catalogue [of Persian Manuscripts in the British Museum]*، ص ۲۱۶ تا ۲۱۹؛ (۲) Hammer-Purgstall، ۲: ۳۳۲ بعد، کردستان میں ادریس کی سرگرمیوں کے لیے (جن میں اکثر ابوالفضل کے ذیل کا تتبع کیا گیا ہے)؛ (۳) [شرف خان بدلیسی:] شرف نامہ، طبع ولیامینوف - زرنوف Vèliaminof-Zernof، ص ۳۴۲ بعد، ترجمۂ فرانسیسی از Charmoy، ۲/۱: ۲۰۸ بعد (جس میں ہشت بہشت کو غالباً سلیم نامہ کے ساتھ التباس کی وجہ سے اسی ہزار اشعار کی ایک منظوم کتاب لکھا ہے۔ اسی غلطی کا C. Huart نے اپنے مقالۂ بدلیسی (وو، لائڈن، بار اول، مقالۂ ادریس بتلیسی، در وو، ت) میں اعادہ کیا ہے؛ (۴) M. Şükrü: *Das Hešt Bihišt des Idrīs Bitlīsī*، در *Isl.*، ۱۹ (۱۹۳۱ء): ۱۳۱ تا ۱۵۷ (استانبول میں مخطوطات کا جائزہ، بشمول مصنف کی قلمی تحریریں، مؤرخہ ۹۰۸ھ، نیز اورخان کی وفات تک کے مندرجات کا تجزیہ)؛ (۵) Storey، ۲/۲: ۴۱۲ تا ۴۱۶ [و ۱۳۰۶] (سب سے آخری اور سب سے مکمل جائزۂ مخطوطات)؛ (۶) عبدالباقی کے ترجمے سے کچھ عبارت F. Babinger نے نقل کی ہے، در *Islam*، ۱۱ (۱۹۲۱ء): ۳۲ بعد اور (۷) فارسی متن سے متعدد عبارتیں F. Giese نے نقل کی ہیں، در *Die Verschiedenen Text-rezensionen des Āšiqpašāzāde*، در *Abh. Pr. Ak. W.*، ۱۹۳۶ء، فلسفہ و تاریخ، جلد ۴؛ (۸) سلیم نامہ کے کچھ اقتباسات ترجمے کی شکل میں H. Massé نے دیے ہیں، در *Sélim Ier en Syrie, d'après le Sélim-namè*، در *Mélanges Syriens offerts à M. René Dussaud*، پیرس ۱۹۳۹ء، ۲: ۷۷۹ تا ۷۸۲ - طوپ قپوسرای کے قدیم محافظ خانے میں وہ خط محفوظ ہے جو ادریس نے حج کی اجازت مانگنے کے لیے لکھا تھا (عدد E. 3156) اور وہ بھی جو اس نے مکۂ معظمہ پہنچ کر وہاں سے لکھا تھا (عدد E. 5675، جسے F.R. Unat نے *Bell.*، ۷ (۱۹۴۳ء): ۱۹۸ میں نقل کیا ہے اور ساتھ ہی ترکی میں اس کا ملخّص بھی دیا ہے؛ (۹) ادریس نے ایک خط سلیمان اول کو لکھا تھا، وہ اور ادریس کی مہر دونوں کی شبیہ I. H. Uzunçarşili: *Osmanli Tarihi*، ج ۲، انقرہ ۱۹۴۹ء، لوحہ ۲۱، میں دی گئی ہے؛ [(۱۰) وو ع، بذیل مادّہ].

(V. L. Ménage [و ادارہ])

**بدلیسی:** شرف الدین خان، جو عام طور پر شرف خان کے نام سے مشہور ہے؛ ایک کردی الاصل فارسی مؤرّخ، بدلیس (بتلیس) کے امیر شمس الدین خان کا بڑا [بیٹا (وو: بھائی)، دیکھیے شرف نامہ، ۱: ۶]، ۲۰ ذوالعقدہ ۹۴۹ھ/ [۲۰ فروری] ۱۵۴۳ء کو اپنے والد کی جلاوطنی کے زمانے میں قم کے نزدیک کرہ رود کے مقام پر پیدا ہوا۔ اس کے خاندان کو شاہ طہماسپ صفوی (۹۳۰ھ / ۱۵۲۴ء تا ۹۸۴ھ / ۱۵۷۶ء) نے اپنی کفالت میں لے لیا تھا اور اسی بادشاہ کے دربار میں بدلیسی

marfat.com
Marfat.com

اس کے بچوں کے ساتھ پلا اور تعلیم حاصل کی۔ بارہ سال کی عمر میں اسے کردوں کا امیر مقرر کیا گیا۔ تین سال تک اس عہدے پر فائز رہا [اس کے بعد مزید تربیت کے لیے اسے محمدی بیگ حاکم ہمدان کے سپرد کر دیا گیا، جس کی بیٹی سے اس کا عقد ہو گیا، شرف نامہ، ۱ : ۳۵۱]۔ جمادی الآخرہ ۹۷۵ھ/ جنوری ۱۵٦۸ء میں اس نے گیلان کی اس فوجی مہم میں حصہ لیا جو کیبائی خاندان کے آخری حکمران خان احمد خاں (۹۴۳ھ/ ۱۵۳٦ء تا ۱۰۲۰ھ/ ۱٦۱۱ء) کے خلاف بھیجی گئی تھی۔ خان احمد خاں اس سے پہلے بھی کئی بار صفویوں سے بغاوت کر چکا تھا۔ یہ مہم خان کی گرفتاری پر منتج ہوئی اور شرف خاں پھر دربار میں واپس آ گیا۔ شاہ اسمٰعیل دوم نے اپنی تخت نشینی (۹۸۴ھ/ ۱۵۷٦ء) کے موقع پر اسے صوبۂ نخچوان و شیروان کی حکومت عطا کی اور کردوں کے امیر الامراء کے خطاب سے سرفراز فرمایا۔ جب ترکوں نے مراد سوم کے زیر قیادت ۹۸٦ھ/ ۱۵۷۸ء میں اس علاقے پر حملہ کیا تو شرف خاں فتح مند خسرو پاشا کی فوج میں شامل ہو گیا اور یوں اسے بدلیس کی آبائی گدی پھر مل گئی۔

۱۰۰۵ھ/ ۱۵۹٦ - ۱۵۹۷ میں وہ اپنے فرزند شمس الدین خاں کے حق میں دستبردار ہو گیا اور فارسی زبان میں شرف نامہ کے نام سے کردوں کی تاریخ لکھنا شروع کی۔ [لیکن یہاں مقالہ نگار کو تاریخ تصنیف کے بارے میں غلط فہمی ہوئی ہے جس کی بنا غالباً شرف نامہ کا وہ نسخہ ہے جو سر جان سیلکم کی ملکیت تھا (شمارہ add ۲۷۳٦، موزۂ بریطانیہ) اور جس کے آخر میں تکمیل تصنیف کی تاریخ محرم ۱۰۰۵ھ درج ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ تصنیف ذوالحجہ ۱۰۰۵ھ میں مکمل ہو چکی تھی۔ علاوہ ازیں شرف الدین ۱۰۰۵ھ میں حکومت سے اپنے بیٹے کے حق میں دست بردار نہیں ہوا تھا بلکہ اس سے بہت قبل کاروبار حکومت اسے سونپ چکا تھا۔ خاتمۂ کتاب (۱ : ۴۵٦) پر اس کا اپنا بیان یہ ہے: ''امروز کہ تاریخ ھجری در سلخ شہر ذی الحجہ سنہ خمس و الفست، بیمن دولت خاقان عالی شان ابوالمظفر سلطان محمد خان حفظہُ اللہ تعالٰی عن الآفات حکومت موروثی در تصرف فقیر است اگرچہ بالطبع ازیں امر خطیر اجتناب نمودہ اشغال آن را در عہدۂ ولد ارشد و فرزندِ امجد موفق باخلاق نیک ابوالمعالی شمس الدین بیک . . . کردہ بنا بر شفقتِ پدر فرزندی چنانچہ داب مؤلفانست چند بیت در نصیحتِ فرزند از خردنامۂ مولانا جامی علیہ الرحمۃ درین مقام بثبت افتادہ. . .''۔ سلطان محمد خاں سوم کا عہد ۱۰۰۳ھ/ ۱۵۹۵ء سے ۱۰۱۲ھ/ ۱٦۰۳ء تک ہے اور اسی کی مدح و دعا پر اس کتاب کا خاتمہ ہوتا ہے (۲ : ۳۰۷)۔ یہی وجہ ہے کہ ریو Rieu (۱ : ۲۰۹) نے نسخۂ سیلکم میں مندرجہ تاریخ کو کاتب کی غلطی قرار دیا ہے۔

شرف نامہ کی دو جلدیں ہیں۔ جلد اول ایک مقدمے، چار صحیفوں اور ایک خاتمے پر مشتمل ہے، جس کی تفصیل درج ذیل ہے :-

مقدمہ: کُرد قبائل کی ابتدا اور ان کے رسوم و رواج؛ صحیفۂ اول: ان کُرد امرا کی تاریخ جو سلاطین تھے (پانچ فصلوں میں)؛ صحیفۂ دوم: ان کرد امرا کی تاریخ جو فرمانروا تو تھے مگر انھیں سلطان کا لقب حاصل نہیں تھا (پانچ فصلوں میں)؛ صحیفۂ سوم: دیگر کرد امرا کی تاریخ (تین فرقوں میں)؛ صحیفۂ چہارم: فرمانروایانِ بدلیس، یعنی اسلافِ مصنف کی تاریخ اور آخر میں ذیل در بیانِ احوال مصنّف۔ جلد دوم میں سلاطینِ آلِ عثمان (از ابتدا تا محمد خان سوم) اور ان کے ہم عصر

Marfat.com

پادشاہانِ ایران و توران کے حالات و وقائع بیان کیے گئے ہیں - اس کا متن ولید میر ملقب بہ ولیامینوف زرنوف V. Veliaminof - Zernof نے مرتب کر کے سینٹ پیٹرزبرگ سے شائع کیا (جلد اول ۱۲۷۶ھ / ۱۸۶۰ء؛ جلد دوم ۱۲۷۸ھ / ۱۸۶۲ء) - پہلی جلد دوسری بار قاہرہ میں ۱۹۳۱ء میں طبع ہوئی]۔

اس کتاب کا ترکی ترجمہ سب سے پہلے ۱۰۷۸ھ/۱۶۶۷-۱۶۶۸ء میں محمد بے بن احمد بے میرزا نے کیا، پھر ۱۰۹۵ھ / ۱۶۸۴ء میں شمعی نے (شمعی کا خود نوشت نسخہ کتابخانۂ بودلین Bodleian میں محفوظ ہے) - F. B. Charmoy نے اس کا فرانسیسی میں ترجمہ کیا (شرف نامہ یا تاریخ اکراد، ترجمہ مع حواشی وغیرہ، ۲ جلدیں (۴ کتب) سینٹ پیٹرز برگ ۱۸۶۸ تا ۱۸۷۵ء)۔

مآخذ: (۱) Wolkow : *Notice sur l'ouvrage persan intitulé scheref Namé*، در *JA*، ۸ (۱۸۲۶ء): ۲۹۱ تا ۲۹۸؛ (۲) Véliaminof-Zernof: *Scheref-Nameh*، ۱: ۳ بعد؛ (۳) H.A. Barb : *Geschichtliche Skizze der Kurdischen Fürstenherrschaft* = *SBAk.Wien*، ج ۳، در ص ۹۶ بعد؛ (۴) وہی مصنف : *Über die unter dem Namen "Tarich el Akrad" bekannte Kurden-Chronik von Sheref*، در *SBAk.Wien*، *phil-hist Classe*، وی انا ۱۸۵۳ء، ۱۰ : ۲۵۸ تا ۲۷۶؛ (۵) وہی مصنف: *Geschichtliche skizze der 33 verschiedenen Kurdischen Fürstengeschlechter*، در *SBAk. Wien*، وی انا ۱۸۵۷ء، ۲۲ : ۳۲۸؛ (۶) وہی مصنف : *Geschichte fünf Kurden-Dynastien*، در *SBAk-Wien*، وی انا ۱۸۵۸ء، ۲۸ : ۳ تا ۵۴؛ (۷) وہی مصنف : *Geschichte von Weitern Kurden-Dynastien*، در *SBAk. Wien*، وی انا ۱۸۵۹ء، ۳۰ /۱؛ (۸) وہی مصنف : *Geschichte dur Kurdischen Fürstenherrschaft in Bidlis. Aus dem Scherefname*، ۴ جلد، در *SBAk.Wien*، وی انا ۱۸۵۹ء، ۳۲ : ۱۴۵ تا ۲۰۰؛ (۹) Morley : *A descriptive catalogue of historical manuscripts in the Asiatic and Persian Languages preserved in the Library of the Royal Asiatic Society . . .*، لندن ۱۸۵۴ء، ص ۱۳۶ تا ۱۵۰؛ (۱۰) C. Rieu : *Cat. of the Persian MSS. in the British Museum*، لندن ۱۸۷۹ء، ۱ : ۲۰۸ تا ۲۰۹؛ (۱۱) Storey، ۱ : ۳۶۶ تا ۳۶۹؛ (۱۲) سعید نفیسی : تاریخ مختصر ادبیات ایران، در سالنامۂ پارس، ۱۳۲۸ھ ش / ۱۹۴۹ء، ص ۳۶ .

(سعید نفیسی [و ادارہ])

* بَدَن : رَکَ بہ جِسْم.

* بُدِن : رَکَ بہ بودین.

* بُدَن بابا : ایک ولی، جس کے نام سے بابا بُدَن کے پہاڑ موسوم ہیں - ان پہاڑوں کو، جو ۱۳ درجہ ۲۳ دقیقہ و ۱۳ درجہ ۳۵ دقیقہ عرض بلد شمالی اوز ۷۵ درجہ ۳۷ دقیقہ و ۷۵ درجہ ۵۲ دقیقہ طول بلد مشرقی کے درمیان واقع ہیں، سطح مرتفع میسور کا بلند ترین سلسلۂ کوہ قرار دیا جا سکتا ہے - روایت ہے کہ سترھویں صدی عیسوی میں بابا بُدَن ہی نے حجِّ بیت اللہ سے واپس آ کر اہلِ ہند کو پہلی بار قہوے کی کاشت سے آشنا کیا تھا - مسلمان بابا بُدَن کا مقبرہ ایک غار میں بتاتے ہیں - اس کے برعکس ہندوؤں کے نزدیک اس غار میں رشی دَتّاتریَہ غائب ہو گئے تھے اور یہیں سے وہ ایک بار پھر وِشْنُو کے آخری اوتار کی آمد کی خبر دینے کے لیے بر آمد ہونگے - یہی وجہ ہے کہ یہ غار ہندوؤں اور مسلمانوں دونوں کے لیے زیارت گاہ ہے۔

مآخذ : L. Rice : *Gazetteer of Mysore and Coorg*، بنگلور ۱۸۷۶ء، ۲ : ۳۲۹ .

(B. Carra De Vaux)

marfat.com
Marfat.com

* بَدْو : رکّ بہ بَدْوی.

* بُدُوح : [(ع) البَدْح کی جمع = الفضاء الواسع: الارضُ اللَّیِّنة الواسعة، دیکھیے لسان] ایک مصنوعی طلمساتی لفظ، جو حسبِ ذیل سادہ سہ سطری طلسمی مربع [المربع الوَفْقی] کے اجزاء سے بنایا گیا ہے :-

| | | |
|---|---|---|
| ۴ | ۹ | ۲ |
| ۳ | ۵ | ۷ |
| ۸ | ۱ | ۶ |

اسے حروف ابجد میں یوں لکھا جائے گا :-

| | | |
|---|---|---|
| د | ط | ب |
| ج | ہ | ز |
| ح | ا | و |

اس مربع کے حروف کے دیگر مجموعے بھی اسی طرح مستعمل ہیں، لیکن اتنے عام طور پر نہیں، مثلاً بدط، زوج، واح اور ان سب کو ملا کر بھی، یعنی بطد، زھج، واح۔ بعض حروف کے اضافے سے بڑے مربع بھی بنائے گئے ہیں، جیسے چہار سطری مبنی بر 'ب د و ح' اور شش سطری مبنی بر 'ب ط د و اح' - سحر و طلسمات کی قدیم عربی کتابوں (مثلاً البُونی (م ۶۲۲ھ) : شمس المعارف) میں اس نقش کی اھمیت نسبۃً کم ہے، لیکن جب سے الغزالیؒ نے اسے اپنا کر المُنقذ (قاہرہ ۱۳۰۳ھ، ص ۳۶ و ۵۰) میں نقل کیا اور اس کی بابت کہا کہ ولادت کی مشکل صورتوں میں اس سے مدد ملنا یقینی ہے، گو اس کی وجہ نہیں بتائی جا سکتی، اس وقت سے دنیا بھر میں یہ الغزالیؒ کے سہ سطری طلسم یا مہر یا 'نقش' . (الوَفْق، الخاتم، الجَدْوَل، المُثلّث للغزالی) کے نام سے مشہور ہو گیا اور بالآخر سارے علم [اسرار] الحروف کی بنیاد اور نقطۂ آغاز بن گیا۔ کہا جاتا ہے کہ الغزالیؒ نے اس نقش کو الہام غیبی کے تحت کٓھٰیٰعٓصٓ اور حٰمٓ عٓسٓقٓ کے حروف سے مرتّب کیا تھا، جن سے قرآن مجید کی انیسویں سورة [مَریَم] اور بیالیسویں سورة [الشوریٰ] شروع ہوتی ہیں اور یہ حروف بجائے خود نقوش تعویذی کے طور پر استعمال کیے جاتے ہیں (Reinaud : *Monuments musulmans*، ۲ : ۲۳۶)۔ اس نقش کی عملی ترتیب و ترکیب کے لیے دیکھیے مفتاح الغیب (قاہرہ ۱۳۲۷ھ، ص ۱۷۰ ببعد)، مصنّفۂ احمد موسی الزرقاوی، جو عصر حاضر کا ایک مصری عامل ہے اور اس موضوع پر عمومی بحث کے لیے اسی کتاب کا چھٹا اور ساتواں رسالہ۔ بعض دوسرے لوگوں نے اس نقش کا موجد حضرت آدم علیہ السلام کو قرار دیا ہے، جن سے یہ الغزالیؒ تک پہنچا (العنایة الرّبانیة، ص ۴۴ اور الاسرار الرّبانیة، ص ۱۶)۔ یہ دونوں کتابیں یوسف محمد الہندی کی تصنیف ہیں، جو اس زمانے کا ایک مصری مصنفِ نیرنجات ہے۔ اس کا ایک خاص رسالہ اس وفق [نقش] پر بھی ہے، لیکن یہ میری نظر سے نہیں گزرا۔ معلوم ہوتا ہے ان تمام روایات میں ماہرِ علومِ روحانیات کی حیثیت سے الغزالیؒ کی شہرت اور بالخصوص ان کی کتاب الجفر کا بھی حصہ ہے (*Journ. Am. Or. Soc.*، ۲۰ : ۱۱۳؛ Goldziher : *Ibn Toumert*، ص ۱۰ ببعد)۔ اس نقش کی ابتدا کے متعلق یہ خیال بھی ظاہر کیا گیا ہے کہ یہ مشہور سیارے اور دیوی زہرہ (Venus) کے آرامی الاصل ایرانی نام بِیدُخت سے مأخوذ ہے (G. Hoffmann : *Aüszuge aus syrischen Akten persischer Märtyrer*، ص ۱۲۸ ببعد)، اگرچہ الفہرست (۱ : ۳۱۱) میں اس نام بیدُخت اور اس کے سحری جناتی خصائص کا ذکر موجود ہے اور کہیں کہیں زہرہ کے سلسلے میں بھی اس کا حوالہ آتا ہے (مثلاً المقریزی : الخطط، قاہرہ ۱۳۲۴ھ، ۱ : ۸؛ الثعلبی : قصص، مطبوعہ ۱۳۱۴ھ، ص ۲۹؛ دونوں میں طباعت کی

marfat.com
Marfat.com

طلسمات هیں)، تاهم سحر اور جنات سے متعلق کتابوں میں اس کا ذکر قطعاً نہیں ملتا ۔ بہر حال اتنا ظاهر هے کہ یہ کلمہ ابتدائی زمانے هی میں جنوبی عرب میں پہنچ گیا تھا اور عورتوں کے نام اور لقب کے طور پر مستعمل تھا، جسے عربی مادّہ (ب ذ خ) کے ساتھ ملتبس کر دیا گیا (لسان، ۳ : ۳۸۳ و تاج العروس، ۲ : ۲۵۲، بذیل مادّۂ بدخ و بذخ) ۔ علاوہ ازیں بدُّوح کو جب بھی کسی سیارے سے مخصوص کیا جاتا هے تو وہ زحل هے اور اس کی دھات سیسا هے نہ کہ تانبا، جو کہ زهرہ کی صورت میں هونا چاهیے (مفاتیح، اوپر، ص ۱۷۰) ۔ فان هامر Von Hammer کا یہ خیال کہ 'بدُّوح' اللہ تعالٰی کا ایک نام هے (*Journ. As.*، ۱۸۳۰ء، ص ۷۲) قابل لحاظ نہیں، اگرچہ ممکن هے کہ یہ ترکی الاصل هو (دیکھیے نیز د ساسی de Sacy، سطور ذیل) ۔ ایسا هی ناقابل توجہ اس کا بیان کردہ اشتقاق هے اور وہ کہانی بھی جو میخائیل صبّاغ Michel Sabbagh نے د ساسی de Sacy کو سنائی تھی (*Chrest. ar.* [= المنتخبات العربیۃ]، ۳ : ۳۶۴ ببعد) کہ بدوح ایک متّقی سوداگر کا نام تھا، جس کا مال و اسباب اور خطوط کبھی گم نہ هوتے تھے، اگرچہ هو سکتا هے کہ شام میں عام طور پر اس کی توجیہ یونہیں کی جاتی هو ۔ سحر و طلسمات کی کتابوں میں کہیں کہیں اس کلمے کو شخصی نام کے طور پر بھی استعمال کیا گیا هے (مثلاً "یا بدوح"، درّ العاج سعدون : الفتح الرحمانی، ص ۲۱)، مگر عوام کے ذهن میں یہ سما گیا هے کہ بدوح ایک جن هے اور اس کا نام اعداد میں یا حروف میں لکھ کر اسے تابع فرمان بنایا جا سکتا هے (*Journ. As.*، سلسلۂ چہارم، ۱۲ : ۵۲۱ ببعد؛ Spiro : *Vocabulary of Colloq. Egyptian*، ص ۳۶؛ Doutté : *Magie et Religion* [= کتاب السحر والدّین]، ص ۲۹۶، جہاں وہ "قیوم" کے ساتھ مذکور هے، گویا یہ بھی اللہ کا نام هے؛ Klunzinger : *Upper Egypt*، ص ۳۸۷) ۔ اس لفظ کا استعمال انتہائی مختلف صورتوں میں کیا جاتا هے اور اس سے سعد اور نحس دونوں قسم کے اثرات مرتب کرنے کے لیے کام لیا جاتا هے؛ چنانچہ Doutté (کتاب مذکور) لکھتا هے کہ اس سے کثرت حیض (ص ۲۳۴)، درد معدہ (ص ۲۲۹)، اور عارضی نامردی (ص ۲۹۵) کو دور کرنے اور اپنے آپ کو لوگوں کی نظر سے غائب کرنے (ص ۲۷۰) کا کام لیا جاتا هے ۔ لین Lane نے جس مصری عامل کا ذکر کیا هے وہ بھی اپنے 'سیاهی کے آئینے' کے ساتھ اس کا استعمال کرتا تھا (*Modern Egyptians*، باب ۱۲) ۔ متعدد رسائل سحر و طلسمات میں بھی اس کے استعمال کا ذکر ملتا هے ۔ اس کلمے کو نگینوں، دھات کی تختیوں اور انگوٹھیوں پر کھدوا کر همیشہ اپنے پاس رکھا جاتا هے ۔ کتابوں کی حفاظت کے لیے اسے ان کے شروع میں لکھ دیا جاتا هے (جیسے کَبیکَج کا لفظ)، مثلاً فتح الجلیل، تونس ۱۲۹۰ھ، میں؛ لیکن اس کا عام استعمال خطوط اور مرسلہ اشیا کے بہ حفاظت پہنچ جانے کے لیے کیا جاتا هے ۔ مذکورہ حوالوں کے علاوہ نیز دیکھیے Reinaud : *Monuments musulamans*، ۲ : ۲۳۳ ببعد، ۲۵۱ ببعد و ۲۵۶ ۔

(D. B. MACDONLD)

[دائرۃ المعارف الاسلامیہ (عربی) کے تعلیقہ نگار نے علامہ شرف الدین ابی عبداللہ بن بنت ابی سعید : مُستَوجِبَۃ المحامد فی شرح خاتم ابی حامد کے حوالے سے لکھا هے کہ بعض مسلمان حصول مقصد اور دفع ضرر کے لیے انگوٹھیوں اور 'طلسمات' کا سہارا لیتے رهے هیں؛ چنانچہ وہ اکثر اپنی انگوٹھیوں پر خاتم ابی سعید کندہ کرا لیتے تھے اور کاغذ یا جھلّی پر ایک هرن کی تصویر بناتے، جس کی گردن میں ایک ورق آویزاں هوتا اور اس پر مذکورۂ بالا نقش کے هندسے درج

marfat.com
Marfat.com

ہوتے تھے۔ اگر مقصود حصول خیر ہوتا تو صرف جفت اعداد لکھے جاتے:

| | | |
|---|---|---|
| د | | ب |
| | | |
| ح | | و |

یعنی

| | | |
|---|---|---|
| ۴ | | ۲ |
| | | |
| ۸ | | ۶ |

اور اگر دفعِ شر مقصود ہوتا تو صرف طاق اعداد:

| | | |
|---|---|---|
| | ط | |
| ج | ہ | ز |
| | ا | |

یعنی

| | | |
|---|---|---|
| | ۹ | |
| ۳ | ۵ | ۷ |
| | ۱ | |

چنانچہ جب جفت اعداد جمع کیے جاتے تو لفظ ' بدوح ' برآمد ہوتا اور جب طاق جمع کیے جاتے تو 'اجہزط'۔

اگر کوئی شخص کلمۂ بدوح لکھ کر اپنے پاس رکھتا تو اسے تھکن کا احساس نہ ہوتا اور اگر کسی مرسلہ شے پر لکھتا تو وہ صحیح و سلامت مرسل الیہ کے پاس پہنچ جاتی۔ اس طرح تاجروں کے ہاں اسے اشیاے تجارت پر اعداد کی شکل میں لکھنے کی ابتدا ہوئی، یعنی ۸۶۴۲۔

مزید برآں حب کے لیے حسب ذیل کلمات کسی خوشبودار کاغذ پر تحریر کر کے ان کی تلاوت کی جاتی:

یا بدوح یا بدوح یا بدوح
اَلِّف بَیْنَ الرُّوح و الرّوح
بحقّ القلمِ و اللّوح
و آدم و حوّا و نوح

(ماخوذ از محمد مسعود: تعلیقہ بذیل مادۂ بدوح، در ؤؤا، عربی)]

* **بَدَوْلَت**: کاشغر [رکّ باں] کے امیر یعقوب بیگ کا ایک لقب۔

* **بَدَوِی**: خانہ بدوش، گلہ‌بان یا چرواہے جو نسل، زبان اور ثقافت کے لحاظ سے عرب ہیں، خاص جزیرہ نماے عرب کے علاوہ ایران، روسی ترکستان، شمالی افریقہ اور بلاد سوڈان کے مختلف حصوں میں پائے جاتے ہیں۔ مقالۂ زیرِ نظر میں اس امر سے بحث کی گئی ہے کہ اپنے وطنِ مالوف میں ان کی طرز زندگی کیسی ہے۔ قدیم زمانے میں خانہ بدوش شکار کرتے اور گری پڑی چیزیں جمع کرتے تھے۔ اس کے برعکس آج کل چرواہوں کی گلہ بانی ایک ایسا دانشمندانہ نظام ہے جس میں ناقابل کاشت اراضی سے فائدہ اٹھایا جاتا ہے۔ گلہ بانی زراعت کے بعد وجود میں آئی، جس میں سات قسم کے پالتو جانوروں سے کام لیا جاتا ہے، یعنی بھیڑ، بکری اور بیل (جو عہدِ متأخّر حجری کے آخری دور میں مغربی ایشیا میں گلہ بانی اور کھیتی باڑی کا جزو قرار پائے)، گدھا (جسے نقل و حمل کے لیے دھات کے زمانے میں استعمال کیا جاتا تھا) اور اونٹ، گھوڑا اور بھینس (جو پہلے پہل تاریخی زمانے میں استعمال میں آئے)۔

شکار پر گزارا کرنے والے لوگ، جن کی ہرن، بارہ سنگھا، پہاڑی بکرا، شتر مرغ، تغدار (bustard) اور بٹیر وغیرہ پر بسر اوقات تھی، تقریباً ۵۰۰۰ ق م تک غالبًا صحراؤں کے واحد باشندے تھے۔ جب عہد متأخّر حجری کے کاشتکاروں نے غیر مزروعہ اراضی کے کنارے بستیاں بسانا شروع کیں تو بھیڑ بکریاں پالنے والوں کی توجہ موسمی گھاس پات کی طرف ہوئی اور وہ موسم سرما اور بہار میں اپنے گلّے خاصی دور تک لے جانے لگے۔ جب ۱۱۰۰ ق م کے قریب اونٹ سے کام لیا جانے لگا تو ہمہ‌وقتی خانہ بدوش تقریبًا پورا سال صحراؤں میں بسر کرنے کے قابل ہو گئے، تاہم گرمیوں کا زمانہ وہ کنوؤں، نخلستانوں اور دوامی ندیوں کے آس پاس بسر کرتے تھے۔ جب ۵۰۰ ق م کے بعد بلکہ شاید حضرت عیسیٰؑ کے عہد میں گھوڑا استعمال میں آیا تو

marfat.com
Marfat.com

بادیۂ عرب کے شتربانوں کے ہاتھ ایک ایسا جانور آ گیا جس پر سوار ہو کر اپنے دشمنوں سے کامیابی سے جنگ کر سکتے تھے اور یوں صحرا میں بدوی زندگی کے عہدِ زریں کا آغاز ہو سکا۔

صحرائے عرب کے بہت سے آثار ابھی تک منظر عام پر نہیں آئے۔ علاوہ ازیں اونٹ کے استعمال میں آنے کے زمانے سے ملک کی بڑھتی ہوئی خشکی اور قبل از اسلام کے ادبی ماخذ کے تاریخی حوالوں سے پتا چلتا ہے کہ عرب خانہ بدوشوں میں سے اکثر ان کاشتکاروں، تاجروں اور قافلے والوں کی اولاد میں سے تھے جنھوں نے اس زمانے کی ابتدائی صدیوں میں، جب تجارت اور کاشتکاری دونوں پر زوال آیا، بھیڑ بکریوں کے ریوڑ پالنے شروع کر دیے تھے۔ یہ بالکل ویسے ہی ہے جیسے ریاستہائے متحدۂ امریکہ، کینیڈا اور اسٹریلیا کے گوالے (Cowboys) اور چرواہے ان زراعت پیشہ اور شہری لوگوں کی نسل سے ہیں جنھوں نے نئے دریافت شدہ علاقوں سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کی تھی۔ عربوں کی بدوی زندگی نے جس زمانے میں ترقی پائی اور ایک معیّن صورت اختیار کی وہ حضرت عیسٰی علیہ السلام اور حضرت محمد صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم کا درمیانی زمانہ ہے۔

عرب کے اہلِ بادیہ کی چار قسمیں ہیں: (۱) جبال القارہ اور ظُفار کے لوگ، جو بحر ہند کے کنارے آباد ہیں اور ''مہری۔سقطری'' قسم (Mahri-Socotran) کی سامی زبانیں بولتے ہیں اور کوہان والے جانور چراتے ہیں۔ وہاں موسم گرما میں مون سون کے باعث بارش کثرت سے ہوتی ہے، جس سے جانوروں کے لیے گھاس مہیا ہو جاتی ہے؛ (۲) جنوبی عراق کے جن علاقوں میں کاشت ہوتی ہے وہاں چرواہوں کے بعض خاندان بھینسیں پالتے ہیں جہاں سے فصل کاٹی جا چکی ہو۔ یہ لوگ بانس اور چٹائی سے بنائے ہوئے نیم اسطوانی شکل کے گھروں میں رہتے ہیں، جنھیں وہ موسم بدلنے پر تھوڑے تھوڑے فاصلے پر منتقل کر لیتے ہیں؛ (۳) صحرا کے کنارے کے علاقوں اور خصوصاً کویت کے نواح میں چرواہوں کے قبیلے اور خاندان، جو گدھوں پر سوار ہو کر اپنی بھیڑ بکریوں کو ایک چراگاہ سے دوسری چراگاہ تک لے جاتے رہتے ہیں؛ (۴) خالص بدو، جو صحرائے عرب میں رہتے ہیں۔ یہ لوگ اونٹ پالتے ہیں اور موسم سرما اور بہار میں ایسے علاقوں کی طرف منتقل ہو جاتے ہیں جہاں تازہ تازہ بارش ہوئی ہو اور گرمیاں ایسے مقامات پر گزارتے ہیں جہاں پانی قریب ہو اور مستقل طور پر مل سکے۔

اہلِ بادیہ کی یہ چاروں قسمیں ان کے پالتو جانوروں کی جسمانی ضرورتوں اور صلاحیتوں پر مؤقوف ہیں۔ کوہان دار جانور کو سبز گھاس اور روزانہ پانی کی ضرورت ہوتی ہے۔ بھینسیں کیچڑ میں لوٹنے کے لیے ندیوں یا آب پاشی کے نالوں کی ضرورت محسوس کرتی ہیں۔ ان کے مقابلے میں بھیڑ بکریاں سال کا ایک حصہ سوکھی نباتات پر گزار لیتی ہیں۔ وہ آہستہ رو ہیں اور انھیں ایک دو روز سے زیادہ پانی سے دور نہیں رکھا جا سکتا۔ جن دنوں دُرجۂ حرارت ۱۰۰ فارن ہائٹ ہوتا ہے، اونٹ سترہ روز تک بغیر پانی کے رہ سکتا ہے اور بیک وقت تیس گیلن پانی پی سکتا ہے۔ صحرا کی صعوبتیں برداشت کرنے کی صلاحیت اونٹ میں محض اس لیے نہیں کہ وہ اتنا پانی پی لیتا ہے بلکہ اس لیے بھی ہے کہ وہ یہ پانی اپنے اندر محفوظ رکھ سکتا ہے۔ اونٹ اپنے طبیعی درجۂ حرارت سے ۱۱ فارن ہائٹ زیادہ حرارت برداشت کر سکتا ہے اور پسینے کے ذریعے کچھ زیادہ پانی ضائع نہیں کرتا۔ اس کے علاوہ اونٹ اپنے کوہانوں

marfat.com
Marfat.com

کے اندر چربی کی صورت میں قوت بھی محفوظ رکھتے ہیں۔ عربی گھوڑا جب صحرا میں پالا جاتا ہے تو اس کے لیے پانی باہر سے لایا جاتا ہے۔ اسے دانہ کھلایا جاتا ہے اور بالکل انسانوں کی طرح اس کی دیکھ بھال کی جاتی ہے۔ بھیڑ بکریاں، گائیں، بھینسیں اور اونٹ سب دودھ دینے والے جانور ہیں۔ بکری کے بالوں سے خیمے اور بھیڑ اور اونٹ کی اون سے کپڑے تیار کیے جاتے ہیں۔ ان تمام جانوروں کا گوشت بھی کھایا جاتا ہے۔ گھوڑا حمل و نقل کے کام آتا ہے اور میدان جنگ میں بہترین سواری ثابت ہونے کے علاوہ مالک کے وقار اور شان و شوکت میں اضافے کا باعث بھی ہے۔ چونکہ ایک بادیہ نشین عرب کے لیے معاشرے میں باعزت مقام اور آزادی کو سب سے زیادہ اہمیت حاصل ہے اس لیے گھوڑے کو بھی مناسب احترام کا مستحق سمجھا جاتا ہے۔

صحرانشینوں میں قدیم ترین صُلَیب [رک بآن] ہیں جو غالباً قدیم شکاریوں کی نسل سے ہیں۔ یہ ہم نسل لوگ کالے رنگ کے ہیں ان میں بحیرۂ روم کی نسل کی آمیزش ہے اور انھوں نے اپنے آپ کو صحرائی زندگی کے مطابق ڈھال لیا ہے۔ وہ شمالی عرب کے معزز بدویوں کے درمیان رہتے ہیں اور رہنماؤں، ٹھٹیروں اور لکڑہاروں کی حیثیت سے ان کی خدمت کرتے ہیں۔ بعض اوقات وہ شکار بھی کھیلتے ہیں۔ ان کی عورتیں سامانِ تفریح مہیا کرتی ہیں۔ قدامت کے اعتبار سے دوسرا درجہ ان قبائل کا ہے جو بھیڑ بکری پالتے ہیں، مثلاً شرارات اور منتفق قبائل۔ یہ لوگ زیادہ تر شتربان قبائل کے زیرنگیں ہیں، کیونکہ وہ نسبةً ادھر ادھر گھومنے کی صلاحیت کم رکھتے ہیں اور اسی لیے مقاومت کے قابل بھی نہیں۔ ان قبائل کے افراد شتربان بدویوں کے ہاں چرواہوں کی حیثیت سے اجرت پر کام کرتے ہیں۔ معزز قبائل کے ارکان اونٹوں کے مالک ہوتے ہیں۔ وہ نقل مکانی کے وقت انھیں ہانک کر یا ان پر سوار ہو کر سفر کرتے ہیں اور جب اونٹ چرتے چگتے ہیں تو ان کی دیکھ بھال اور حفاظت کرتے ہیں۔ موسمِ گرما میں وہ بعض اوقات نخلستانوں میں کھجوریں چنتے ہیں یا موتی نکالنے کے لیے ساحل سمندر پر چلے جاتے ہیں۔

ان قبائل کے ہاں لہار بھی ملازم ہوتے ہیں، جو بیشتر حبشی ہوتے ہیں اور آباد علاقوں سے آتے ہیں۔ بعض اوقات شہروں سے دکاندار آتے ہیں، جو بدویوں کے پڑاؤ میں اپنے خاص خیمے نصب کر لیتے ہیں اور اپنی چیزیں فروخت کرتے ہیں۔ اسی طرح اونٹ خریدنے والی بڑی بڑی کمپنیوں کے سفری ایجنٹ کم عمر اونٹوں کا سودا کر لیتے ہیں اور جوان ہونے پر انھیں یہاں سے لے جاتے ہیں۔ اس قسم کا لین دین زیادہ تر بُرَیدہ (واقع نجد) جیسی اونٹوں کی منڈیوں میں ہوتا ہے۔ معزز قبیلوں کے ارکان اکثر سعودی عرب، اردن، شام، عراق اور کویت کے شہروں میں آتے جاتے رہتے ہیں، جہاں ان میں سے بعض کے ذاتی مکانات بھی ہیں۔ ان میں سے بہت سے لوگوں نے شہری زندگی اختیار کر لی ہے اور چند ایک مختلف عرب ملکوں میں اعلٰی عہدوں پر فائز ہیں۔

مادّی اعتبار سے بدوی ثقافت کا محور ان کی دائمی نقل و حرکت ہے۔ بکری کے بالوں کا سیاہ خیمہ ڈھیلا ڈھالا بنایا جاتا ہے تاکہ ہوا کی آمد و رفت ہوتی رہے۔ اس کے تار گیلے ہونے پر پھول جاتے ہیں جس کے باعث بارش سے بچاؤ رہتا ہے۔ گرمیوں میں یہ سایہ مہیا کرتا ہے جس کی اشد ضرورت ہوتی ہے۔ خیمہ دونوں طرف سے کھلا رہتا ہے تاکہ ہوا آتی رہے۔ سردیوں میں جب اطراف اور عقبی حصّہ بند کر دیا جاتا ہے تو یہ گرم رہتا ہے۔ مخصوص خیموں کے علاوہ،

marfat.com
Marfat.com

جو صرف دیوانوں یا استقبالیہ کمروں کے طور پر استعمال کیے جاتے ہیں، ہر خیمہ پردے کے ذریعے دو حصوں میں تقسیم ہوتا ہے۔ ایک کو 'زنان خانہ' یا 'اندرون خانہ' کہا جا سکتا ہے، جس میں عورتیں اور بچے رہتے ہیں اور دوسرے کو 'مہمان خانہ' کہا جا سکتا ہے، جہاں گھر کا سربراہ اپنے دوستوں کو بٹھاتا ہے۔ باورچی خانے کے برتن دھات اور لکڑی کے بنے ہوئے ہوتے ہیں، لیکن ہر گھر میں اکثر قہوہ پینے کے لیے چینی کے پیالوں کا ایک سٹ بھی ہوتا ہے، جسے بڑی احتیاط سے ایک خانےدار چوبی صندوق میں سنبھال کر رکھا جاتا ہے۔ عربوں کا لباس ڈھیلا ڈھالا اور کشادہ ہوتا ہے، جو سردیوں میں گرم اور گرمیوں میں سرد رہتا ہے، کیونکہ یہ سرد اور گرم خشک دونوں طرح کی ہوا سے محفوظ رکھتا ہے۔ مردوں کے سر کا لباس اور عورتوں کے سر کی پوشش اور نقاب بھی آنکھوں، ناک اور کانوں کو گرد اور ریت سے بچاتا ہے۔ بدویوں کو تمام اشیاے ضرورت باہر سے خریدنا پڑتی ہیں اور ان میں زیر جامے، اوزار اور برتن بھی شامل ہیں۔ یہی حال ان کی اکثر اشیاے خوردنی کا ہے، مثلاً گیہوں، چاول، کھجوریں، قہوہ؛ صرف دودھ اور گوشت اپنے ہاں سے حاصل ہوتا ہے۔

دوسری سامی اقوام کی طرح بدوی بھی شجرۂ نسب کے لحاظ سے بہت سے قبائل ہیں اور انسانوں کے باہمی روابط میں خونی رشتے کو سب سے بلند درجہ دیتے ہیں۔ چچا زاد بیٹی کے ساتھ ازدواجی تعلقات قائم کرنے کو ترجیح دی جاتی ہے اور نسل باپ کی طرف سے شمار ہوتی ہے۔ طلاق آسانی سے دی جا سکتی ہے۔ کثرت ازدواج کا رواج ہے اور ایک سے زیادہ بیویاں بیک وقت بھی ہوتی ہیں اور یکے بعد دیگرے بھی۔ بدوی عورتیں اکثر اوقات بے نقاب رہتی ہیں اور بسا اوقات [طلاق یا بیوگی کی وجہ سے] ایک سے زیادہ بار شادی بھی کرتی ہیں۔ شہروں اور نخلستانوں کی عورتوں کے مقابلے میں انھیں زیادہ آزادی حاصل ہے۔ اپنے گھر کے لوگوں کے علاوہ ان کا ایک خاندان قریبی رشتہ داروں پر مشتمل ہوتا ہے اور یہ سب مل کر چراگاہ میں جاتے ہیں۔ اس قسم کے کئی خاندان موسم گرما اکھٹے گزارتے ہیں۔ مقتول کا بدلہ لینے کی ذمےداری بھی انھیں رشتےداروں پر عائد ہوتی ہے۔ خاندان کے بعد قبیلہ آتا ہے اور اس کے بعد قبائل کا جتھا۔ خالص بدویوں کے ہاں، جنھیں اَعْراب بھی کہتے ہیں، دو نسلیں تسلیم کی جاتی ہیں۔ ایک تو وہ لوگ ہیں جو قحطان کی نسل سے ہیں جس کا زمانہ حضرت ابراهیمؑ سے پہلے کا ہے اور دوسرے عرب مستعربہ ہیں، جو حضرت ابراهیمؑ اور حضرت هاجرہؑ کے فرزند حضرت اسمعیلؑ کی اولاد میں سے ہیں۔ حضرت هاجرہؑ حجاز [؟ مصر] کے ایک بادشاہ کی بیٹی تھیں۔ خالص بدویوں میں عنزۃ کے قبائل شامل ہیں، جن میں رُوَیْلہ سب سے مشہور قبیلہ ہے۔ شمّر اور مرّۃ الربع الخالی میں اور اس کی سرحدوں پر آباد ہیں۔ ان کے علاوہ عُجمان اور بنو خالد ہیں۔ یہ تمام قبائل باہمی جنگ و جدال کے وقت شجاعت کے ایک نہایت سخت ضابطے کی پابندی کرتے ہیں۔

صحرا کے یہ معززین اونٹ پالتے ہیں اور ایک جگہ سے دوسری جگہ نقل مکان کرتے رہتے ہیں۔ ان کو زیادہ تر ایسی چراگاہوں سے سروکار رہتا ہے جو سرما اور بہار میں انھیں میسر آ سکیں۔ ان چراگاہوں کا محل وقوع ہر سال بدلتا رہتا ہے، کیونکہ جہاں بارش زیادہ ہوتی ہے وہاں چراگاہیں بھی پیدا ہو جاتی ہیں۔ ان کے پڑاؤ میں زیادہ تر وہ لوگ کام کرتے ہیں جن کی زندگی کا وہ سہارا

marfat.com
Marfat.com

ہیں، مثلاً غلام، صُلیب، اُجرت پر کام کرنے والے چرواہے اور لہار ۔ ان سب لوگوں کو غیر متحارب سمجھا جاتا ہے ۔ ایک بدوی شیخ اپنے وسیع خیمے میں بڑے اعلٰی پیمانے پر خاطر و مدارت کرتا ہے، جہاں اس کے قبیلے کے لوگوں کو مہمانوں کے لیے بڑی کثیر مقدار میں کھانے پینے کی چیزیں مہیا کرنی پڑتی ہیں ۔ قہوہ نوشی کی رسم انتہائی وضعداری کے ساتھ نباہی جاتی ہے اور تقریباً ہر وقت جاری رہتی ہے ۔ دوسرے قبائل کے لوگ [دشمن کے] انتقام سے بچنے کے لیے اس کے پاس پناہ لیتے ہیں ۔ مسافر اس کے ماتحت علاقے میں اس کے محافظوں کی حفاظت میں سفر کرتے ہیں ۔ قبائل کی باہمی لڑائی کے دوران میں، جو عموماً کسی چراگاہ کے حقوق کی خاطر لڑی جاتی ہے، وہ میدان جنگ میں اپنے قبیلے کی خود قیادت کرتا ہے ۔ شجاعت، سخاوت اور صائب الرائے ہونا شیخ کی روایتی صفات سمجھی جاتی ہیں ۔ شیخ کا رتبہ ورثے میں نہیں ملتا بلکہ اس کا انتخاب اعلٰی ترین گھرانے میں سے اور اکثر شدید مقابلے کے بعد کیا جاتا ہے ۔ ٹرکوں، بسوں، ریل اور ہوائی جہازوں کے استعمال میں آنے سے پہلے جہاں تک صحرائی تجارت کا تعلق ہے بدوی رہبری کے فرائض سرانجام دیتے تھے ۔ وہ بعض قافلوں کی حفاظت کرتے تھے اور بعض کو لوٹتے تھے، جن میں حاجیوں کے بڑے بڑے قافلے بھی شامل ہوتے تھے ۔

بدوی مسلمان ہیں اور عقائد کے اعتبار سے سنّی ۔ بہت سے (خصوصاً مشرقی عرب میں) مالکی عقیدہ رکھتے ہیں، لیکن وہابی سب کے سب حنبلی ہیں ۔ کہا جاتا ہے کہ شہریوں کے مقابلے میں بدوی مذہبی فرائض کی ادائگی میں نسبۃً کم وقت اور ہمت صرف کرتے ہیں، لیکن بعض اوقات ہم اس سے بالکل برعکس صورت سے بھی دو چار ہوتے ہیں ۔ اسلاف کی عزت اور احترام کا جذبہ آج بھی ان کی رسوم میں شامل ہے ۔

بدویوں کی سیاسی حیثیت مختلف زمانوں میں بدلتی رہی ہے ۔ جب مرکزی حکومتیں، جن کے ساتھ قبائلی علاقے ملحق ہوتے ہیں، کمزور ہو جاتی ہیں تو اعلٰی مرتبے کے شیوخ عملاً بادشاہ بن جاتے ہیں، حتّٰی کہ شہری بھی انہیں خراج ادا کرتے ہیں ۔ جب کبھی مرکزی حکومتیں مستحکم ہوتی ہیں تو ان شیوخ کا اختیار اور اقتدار اپنے اپنے علاقے تک محدود ہو کر رہ جاتا ہے ۔ بدوی آج کل حسب ذیل حکومتوں کی حدود میں آباد ہیں: سعودی عرب، یمن، عدن، مسقط، عمان، کویت، عراق، شام، لبنان، اردن، فلسطین، مصر اور شمالی افریقہ کے ممالک ۔ یہ حکومتیں اکثر کوشاں رہتی ہیں کہ ان کے علاقے کے بدوی اپنے اپنے مقام پر ٹھیرے رہیں ۔ چند ایک ملکوں میں بعض بدویوں کو تازہ مزروعہ اراضی پر آباد کرنے کے منصوبے بھی بنائے گئے ہیں ۔ زیر زمین سوتوں کے ساتھ ساتھ نئے پانی کے تالابوں کو متعدد قبیلے استعمال کرتے ہیں جن میں رویلہ بھی شامل ہیں.

قبیلۂ دَواسِر کا اصلی وطن نجد تھا ۔ اس کا ایک حصّہ خلیج فارس اور وہاں سے جزیرۂ بحرین میں منتقل ہو گیا ۔ ۱۹۲۳ء میں یہ لوگ اپنے اصل ملک میں لوٹ آئے اور الخُبَر اور دمام میں آباد ہو گئے ۔ گزشتہ تیس سال میں بعض دَواسِر نے عریبین امریکن آئل کمپنی (Arabian American Oil Company) میں کام کرنے کے بعد اپنا ذاتی کاروبار شروع کر دیا ہے، جن میں تعمیرات اور حمل و نقل کا کاروبار بھی شامل ہے ۔

آج کل بدوی ایک انقلابی دور سے گزر رہے ہیں ۔ ان میں سے بعض اب تک گوشت، کھال اور اون کی فروخت کے لیے اونٹ پالتے ہیں: باقی نھٹیرے ہیں، کاریگر ہیں: تیل نکالنے والی مشینوں کو چلانے والے ناھر ہیں اور اپنے بچوں

marfat.com
Marfat.com

کو سکولوں اور کالجوں میں تعلیم دلوا رہے ہیں۔ آج وہ مشینی دور میں بھی اپنے آپ کو نئے سانچوں میں اسی طرح ڈھال رہے ہیں جس طرح گزشتہ زمانے میں موقع ملنے پر انہوں نے اپنے آپ کو صحرائی زندگی کے مطابق ڈھال لیا تھا۔

**مآخذ:** بالخصوص بدویوں کے بارے میں تصنیفات: (۱) Aref el Aref : *Bedouin love, law and legend*، بیت المقدس ۱۹۴۴ء؛ [(۲) وہی مصنف: القضاء بینَ البدو؛] (۳) T. Ashkenazi : *Tribus semi-nomades de la Palestine du Nord*، پیرس ۱۹۳۸ء؛ (۴) Lady A. Blunt : *Bedouin tribes of the Euphrates*، لندن ۱۸۷۹ء؛ (۵) J. C. Burckhardt : *Notes on the Bedouins and Wahabys*، لندن ۱۸۳۱ء؛ (۶) W. Caskel : *The Bedouinization of Arabia*، در *Amer. Anthropologist*، Memoir : ۷۶، ۱۹۵۴ء، ص ۳۶ تا ۴۶؛ (۷) H. Charles : *Les tribus moutonnières du Moyen Euphrate*، بیروت ۱۹۳۹ء؛ (۸) L. F. Clauss : *Als Beduine unter Beduinen*، Freiburg i. B. ۱۹۵۴ء؛ (۹) G. Levi Della Vida : *Pre-Islamic Arabia*، در *The Arab Heritage*، پرنسٹن ۱۹۴۴ء، ص ۲۵ تا ۵۷؛ (۱۰) H.R.P. Dickson : *The Arab of the Desert*، لندن ۱۹۴۹ء؛ (۱۱) R. P. Dougherty : *The Sealand of Ancient Arabia*، Yale Oriental Series، تحقیقات، جلد ۱۹، نیو ہیون؛ (۱۲) Chas. M. Doughty : *Travels in Arabia Deserta*؛ (۱۳) C. G. Feilberg : *La tente noire*، در *Nationalmuseets Skrifter, Etnografisk Raekke*، ج ۲، کوپن ہیگن ۱۹۴۴ء؛ (۱۴) H. Field و J.B. Glubb : *The Yezidis, Sulubba, and other tribes*، در *Anthrop.* سلسلۂ عمومی، شمارہ ۱۰، Menasha Wis. ۱۹۴۳ء؛ (۱۵) T. E. Lawrence : *The seven pillars of wisdom*؛ (۱۶) R. Montagne : *La civilisation du désert : nomades d'Orient et d'Afrique*، پیرس ۱۹۴۷ء؛ (۱۷) A. Musil : *Arabia Deserta*، نیویارک ۱۹۲۷ء؛ (۱۸) وہی مصنف: *Manners and customs of the Rwala Bedouins*، در *Am. Geog. Mem.*، ج ۶؛ (۱۹) D. L. O'Leary : *Arabia before Muhammad*، لندن ۱۹۲۷ء؛ (۲۰) M. von Oppenheim : *Vom Mittelmeer zum Persischen Golf*، برلن ۱۸۹۹-۱۹۰۰ء؛ (۲۱) وہی مصنف: *Die Beduinen*، ۲ جلد، لائپزگ ۱۹۳۹ء و ۱۹۴۳ء؛ (۲۲) C.R. Raswan : *Tribal areas of the north Arabian Bedouins*، در *Am. Geog. Rev.*، ۱۹۳۰ء؛ (۲۳) وہی مصنف: *Drinkers of the wind*، لندن ۱۹۴۰ء؛ (۲۴) *Black tents of Arabia*، نیویارک ۱۹۴۷ء۔

عمومی تصنیفات: (۱) *The Arabian peninsula*، انگریزی میں رسائل، کتب اور مقالات کی منتخب محشی فہرست، لائبریری آو کانگرس، واشنگٹن ۱۹۵۱ء؛ (۲) Thos. Bertram : *Arabia Felix*، نیویارک ۱۹۳۲ء؛ (۳) Sir R. Burton : *Personal narrative of a pilgrimage to al-Madinah and Meccah*، لندن ۱۸۹۸ء؛ (۴) R. E. Cheesman : *In unknown Arabia*، لندن ۱۹۲۶ء؛ (۵) C.S. Coon : *Southern Arabia, a problem for the future*، Peabody Museum papers، ۲۰: ۱۸۷ تا ۲۲۰، مخطوطات کیمبرج (امریکہ) ۱۹۴۳ء؛ (۶) وہی مصنف: *Caravan, the story of the middle east*، نیویارک ۱۹۵۱ء؛ (۷) G. de. Gaury : *Arabian journey and other desert travels*، لندن ۱۹۵۰ء؛ (۸) V. H. W. Dowson : *The Date and the Arab*، در *J.R. Cent. A.S.*، ۱۹۴۹ء، ۳۶: ۳۴ تا ۴۱؛ (۹) J. Heyworth - Dunne : *Bibliography and reading Guide to Arabia*، قاہرہ ۱۹۵۲ء؛ (۱۰) D. G. Hogarth : *The Penetration of Arabia*، نیویارک ۱۹۰۴ء؛ (۱۱) وہی مصنف: *Arabia*، آوکسفرڈ ۱۹۲۲ء؛ (۱۲) H. Ingrams : *Report on the social economic and*

marfat.com
Marfat.com

مطبوعۂ political conditions of the Hadhramaut، H. M. Stationery Office، لنڈن ۱۹۳۶ء؛ (۱۳) وہی مصنّف: A Journey in the Yemen، در J.R. Cent. A.S.، ۱۹۳۶ء، ص ۵۸ تا ۶۹؛ (۱۴) A. Jaussen: Coutumes des Arabes au pays de Moab، پیرس ۱۹۰۸ء؛ (۱۵) R. Lebkicher و G. Rentz و M. Steineke: Saudi Arabia، نیویارک ۱۹۵۲ء؛ (۱۶) L. Lockhart: Outline of the History of Kuwait، در J. R. Cent. A. S.، ۱۹۴۷ء؛ (۱۷) D. van der Meulen: Aden to the Hadramaut, a journey in South Arabia، لنڈن ۱۹۴۷ء؛ (۱۸) S.B. Miles: Countries and tribes of the Persian Gulf، لنڈن ۱۹۱۹ء؛ (۱۹) H. St J. Philby: Heart of Arabia، لنڈن ۱۹۲۳ء؛ (۲۰) وہی مصنّف: The Empty Quarter، لنڈن ۱۹۳۳ء؛ (۲۱) وہی مصنّف: Arabian Highlands، نیویارک ۱۹۵۲ء؛ (۲۲) G. Rentz: Literature on the Kingdom of Saudi Arabia، در Middle East Journal، ۱۹۵۰ء؛ (۲۳) وہی مصنّف: Recent literature on Hadramaut، در مجلّۂ مذکور، ۱۹۵۱ء، ص ۳۲۱ تا ۳۲۷؛ (۲۴) R. H. Sanger: The Arabian Peninsula، اتھاکا (نیویارک) ۱۹۵۴ء؛ (۲۵) K. S. Twitchell: Saudi Arabia, etc.، بار دوم، پرنسٹن ۱۹۵۳ء؛ (۲۶) F. S. Vidal: Date culture in the Oasis of al-Hasa، در Middle East Journal، ۱۹۵۴ء؛ (۲۷) A. J. Villiers: Sons of Sinbad، نیویارک ۱۹۴۹ء.

(CARLETON S. COON)

## ۲- جغرافیائی اعتبار سے خانہ بدوشی کی ابتدائی تاریخ

(و) بھیڑ بکری والے خانہ بدوش.
(ب) اسپ سوار خانہ بدوش.
(ج) عرب کے بدویوں کی خانہ بدوشی.
(د) شمالی افریقہ میں شتر سوار بدویوں کا ظہور.

### (و) بھیڑ بکری والے خانہ بدوش:

'خانہ بدوش' (Nomad) اور 'خانہ بدوشی' (Nomadism) کی اصطلاحوں کو اگر ان کے مخصوص مفہوم، یعنی 'چراگاہ کی تلاش میں ایک مقام سے دوسرے مقام کو منتقل ہونا' (Concise Oxford Dictionary) میں استعمال نہ کیا جائے تو علمی اعتبار سے ان کا اطلاق مشکل ہو جاتا ہے۔ خانہ بدوشی کا مطلب ہے غیر مستقل سکونت کی زندگی اور جا بجا اپنے پالتو مویشیوں کے ریوڑوں کو چراتے پھرنا: لہذا گری پڑی چیزیں جمع کرنے والے خانہ بدوشوں، شکار پر بسر اوقات کرنے والوں اور جا بجا نقل مکانی کر کے کاشت کرنے والی اقوام (لدنگ ladang، مِلپہ milpa، دیکھیے Gourou) کو خانہ بدوش کہنا درست نہیں۔ اگر ہم ساور (.C. O Sauer) کے نظریے کے مطابق (۱۹۵۲ء) پرانی دنیا میں زراعت کی ابتدا کے سلسلے میں غور کریں، جس پر مصنفین نے اپنے مقالوں (۱۹۵۶ و ۱۹۵۷ء) میں مفصل بحث کی ہے، تو معلوم ہوگا کہ اپنے محدود مفہوم کے اعتبار سے بدویت درخت لگانے اور گھریلو جانور، مثلاً کتّے، سور اور مرغیاں وغیرہ، پالنے کے بہت بعد ظہور میں آئی (ساور Sauer نے گھریلو جانوروں اور ریوڑ والے جانوروں کے درمیان امتیاز کیا ہے).

ساور کی تشریح کے مطابق کاشتکاری اور جانوروں کے پالنے کے مراکز (جن کا تسلسل تاحال ایک مفروضہ ہے) دریاؤں کے کناروں اور خلیج بنگال کے اردگرد مرطوب جنگلوں کے کناروں پر شروع ہوے جو خطِ استوا پر واقع ہیں اور جہاں ماہی گیر آباد تھے۔ ان ماہی گیروں نے شکار کھیلنے اور پودے اور سیپیاں جمع کرنے کے علاوہ گھریلو جانور (مثلاً کتّے، سور اور مرغیاں) پالنے اور کھمبیاں اور پھل دار جھاڑیاں اور پیڑ لگانے شروع

Marfat.com

کیو دیے (قب نیز E. Hahn، Hettner، Menghin، Werth (۱۹۰۰ء، ۱۹۵۳ء)، Dittmer، Smolla).

بعد ازاں تخم دار پودوں ('باجرو' — یہ اصطلاح چھوٹے بیج والے غلّے کی مختلف اقسام، نیز دالوں اور ایسے پودوں کے لیے بھی استعمال ہوتی ہے جن سے تیل نکالا جاتا ہے) کی کاشت بھی سب سے پہلے ہندوستان کے ایسے جنگلوں اور گیاھستانوں میں ہونے لگی جو سردیوں میں خشک ہو جاتے ہیں اور جن میں آسانی سے آگ لگ سکتی ہے۔ ان پودوں میں پروٹین اور روغن ہوتا ہے، جس سے انسان جانوروں کے گوشت اور بالخصوص مچھلی سے بے نیاز ہو جاتا ہے۔

معیشت کی اس مسلسل ترقی نے انسان کو 'کائنات کا سردار' بنا دیا اور اب اگلا قدم یہی معلوم ہوتا ہے کہ وہ بکریاں اور (پھر) بھیڑیں ان علاقوں میں پالتا تھا جو ہندوستان کے شمال مغرب میں کوہ ہندوکش کے گرد و نواح میں واقع ہیں۔ اس کی تحریک غالبًا اس امر سے بھی ہوئی کہ تخم دار پودوں کی کاشت کرنے والوں اور پہاڑی شکاریوں کے درمیان قریبی رابطہ موجود تھا، جن کی نظروں میں جنگلی بکری یا بھیڑ کو مقدس جانور کا درجہ حاصل تھا۔ اس طرح ایک ایسی ثقافت ظہور میں آئی جس سے کاشتکاروں اور شکاریوں کے ساتھ ریوڑ پالنے والوں کا بھی اضافہ ہوگیا۔ اگر فلاحت میں ہمارے نزدیک کھیتی باڑی اور جانوروں کی پرورش دونوں شامل ہیں تو اسے 'بھیڑ بکری پالنے والی معیشت' ("Kleinvieh-Bauerntum") کی ابتدائی منزل سمجھنا چاہیے۔

انسانی نسلوں کی تحقیق کے لیے فریڈرش (A. Friedrich) جس مہم پر گیا تھا اس کے نتائج (Jettmar، ص ۱۹۵۷ ب) سے اس مفروضے کی تائید ہوتی ہے، خصوصًا جہاں تک بکری کا تعلق ہے۔ گلگت میں شن (شنا) قوم کی دور افتادہ وادیوں میں مار خور، یعنی پیچ دار سینگوں والے جنگلی بکرے اور پہاڑی بکرے کو (غیر مسلم باشندوں میں) مقدس سمجھا جاتا ہے، جنھیں ان کے خیال میں ''دیویاں پالتی ہیں''۔ پالتو بکری بھی، جو اس علاقے کے جنگلی بکرے کی نسل سے ہے، قابل تعظیم ٹھیرتی ہے۔ شن (شنا) کی معیشت ان چیزوں پر مشتمل ہے: کہیں کہیں باجرے کی معمولی کاشت، بڑے پیمانے پر بکریاں پالنا اور مار خور اور پہاڑی بکرے کا شکار۔ جٹمر Jettmar نے اس دعوے کی تائید میں بہت سے شواھد پیش کیے ہیں کہ بکریاں پالنے کا آغاز انھیں علاقوں سے ہوا۔

بڑے بیج والے غلے ("Halmgetreide") کی حیثیت سے 'دو رویہ جو' (Hordeum spontaneum) کی کاشت اس علاقے میں اس سے پہلے ہی ترقی کے مراحل سے گزر چکی ہوگی۔ اگر اس سے پہلے نہیں تو کم از کم اسی مرحلے پر چھوٹے پیمانے پر آب پاشی کا سلسلہ بھی غالبًا جاری ہوگیا تھا۔

لیکن آثار قدیمہ کی رو سے ترقی کے حسب ذیل مرحلے کے بارے میں، جس نے زندگی کے معاشرتی و معاشی انداز میں ایک بو قلمونی پیدا کر دی تھی، اب ثبوت مہیا ہو چکے ہیں۔ مغربی ایشیا کے کوہستانی علاقوں اور پہاڑوں میں، مغربی ایران اور شام کے درمیان کسی جگہ مویشی پالے جاتے تھے اور یہاں بھیڑ بکریاں پالنے کی بنیادی فلاحت میں یہ اضافہ ہوا کہ قدیم گندم (emmer، Triticum dicoccum، T. monococcum و einkorn اور جس کی اسلا *T. spelta* کی صورت میں بھی ممکن ہے) کی کاشت ہونے لگی۔ اس سے ایک مکمل نظام کاشتکاری کی بنیاد پڑی، جو آگے چل کر عراق اور مصر کی قدیم تہذیب کی اساس ثابت ہوا۔

marfat.com
Marfat.com

یہ چار بڑی ثقافتیں، جن میں جانور پالے اور پودے لگائے جاتے تھے، ایک دوسرے پر مبنی تھیں۔ انھیں محض ایک متحرک مرکز سمجھنا چاہیے، جو خلیج بنگال کے قریب ظہور پذیر ہوا اور بڑھتے بڑھتے بالآخر عراق کے اطراف کوہستانی علاقوں اور پہاڑوں تک پہنچ گیا۔ ان چاروں مرحلوں سے (ثقافتی) دھارے نکل کر دنیا کے بڑے بڑے وسیع علاقوں تک پھیلے۔ ان تخلیقی مراکز کے مقابلے میں دوسرے تمام علاقے کم و بیش ساکن و جامد دکھائی دیتے ہیں۔ وہاں اپنے اپنے ثقافتی یا موسمی حالات کے مطابق ان اثرات کو بعینہ یا بہ ترمیم قبول کیا گیا یا رد کر دیا گیا۔

معیشت کے مذکورۂ بالا مراحل کی ترتیب زمانی کے لیے ہمیں جو اوّلیں مواد ملتا ہے وہ مٹی کے برتن بنانے کے زمانے سے پہلے کی بستیوں کا ریڈیو کاربن مواد ہے۔ ان میں سے بعض بستیوں میں کاشتکاری کا مکمل نظام موجود تھا؛ مثلاً ۵۰۰۰ ق م کے قریب ایک بستی قلعۂ جَرمُو کے نزدیک پہاڑیوں میں کرکوک کے مشرقی جانب واقع تھی، جس میں آب پاشی کا کوئی نظام رائج نہ تھا (Braidwood)، یا اریحا (Jericho) کی بستی، جو حضرت مسیح[۴] سے تقریبًا سات ہزار سال پہلے تھی۔ یہ بستی قلعہ بند تھی اور یہاں آب پاشی کا انتظام تھا۔ البرائٹ W. F. Albright کے نزدیک مؤخرالذکر تاریخ مشکوک ہے (زبانی اطلاع)۔ قلعۂ جرمو میں جو قدیم گندم (emmer) اگائی گئی وہ بعد کے زمانے کی کاشت شدہ گندم (emmer) کے مقابلے میں جنگلی قسم کے قریب تر تھی (Helbaek و Schiemann، بذریعۂ مراسلہ)۔ اس سے پتا چلتا ہے کہ اس وقت قدیم گندم (emmer) کی کاشت کے آغاز پر کچھ زیادہ زمانہ نہیں گزرا تھا۔ اریحا میں دریافت شدہ نخلستانی بستی کے قدیم ارضی طبقے کا سراغ سات ہزار سال ق م پرانا ملتا ہے، ہنوز ہمیں Kenyon اور Zeuner نے (بکری کے سوا) وہاں کے پالتو جانوروں اور کاشت شدہ تخم دار پودوں کے بارے میں کسی قسم کی معلومات مہیا نہیں کیں۔ کہا جا سکتا ہے کہ اریحا کے قدیم ترین طبقے سے بھی زیادہ قدیم اور غالبًا فلسطین کی ناتوفی (Natufian) ثقافت ہے۔ ساور Sauer اور البرائٹ Albright (۱۹۳۹ء، ص ۱۲۹) کی طرح ہم بھی فرض کر سکتے ہیں کہ تخم دار پودوں کی زراعت (غالبًا باجرے کی بعض اقسام کی کاشت) ناتوفی مرحلے میں پہلے ہی سے جاری ہو چکی تھی (قب Clark، Narr ۱۹۵۶ء)۔

دوسری طرف ہم یقین سے کہہ سکتے ہیں کہ حضرت مسیح[۴] سے نو ہزار سال پہلے کا زمانہ دنیا بھر میں بے حد سردی کا زمانہ تھا (برف کے تودے glaciers آگے بڑھ رہے تھے، مثلاً شمالی یورپ میں سلپوسلکی 'Salpausselkae' کے، ایلپس میں شلیرن 'Schlern' کے اور شمالی امریکہ میں 'بڑی جھیلوں' (Great lakes) تک منکاٹو 'Mankato' کے تودے؛ اسی طرح مشرقی پٹیگونیا Patagonia میں پیڈمونٹ Piedmont جھیلوں کے گرد برف کے چشمے کے ساتھ بہ کر آئے ہوے چٹانوں کے ٹکڑے)۔ اس وقت آج کل کے مقابلے میں خط یخ ۸۰۰ میٹر بلکہ اس سے بھی زیادہ نیچے واقع تھا (Firbas، Caldenius، Butzer، Rathjens، Gross، Deevey)، لیکن تقریبًا ۵۵۰۰ ق م سے ۲۵۰۰ ق م تک درجۂ حرارت زمانۂ حال کے مقابلے میں ساری دنیا میں زیادہ تھا؛ چنانچہ خط یخ، عمارتی لکڑی کا خط (timber line) اور قوت بخش غلے (potential cereal) کا خط موجودہ زمانے کے خطوط کی نسبت تقریبًا چار چار سو میٹر بلند واقع تھے (*Mittlere Wärmezeit* : Thermal Maximum)۔ یہ بات مجھے بعید از قیاس نظر آتی ہے کہ برف کے تودوں (glaciers) کی پیش قدمی یا سخت یخ بستگی

marfat.com
Marfat.com

کے دور میں ہندوستان کے شمال مغرب کے پہاڑوں میں بھیڑ بکریوں کے ریوڑ پالنے والی ثقافت ظہور میں آئی ہو۔ میرا خیال ہے کہ یہ چیز تودوں کی رجعت کے دور میں اور غالباً اس دور کے نصف اول میں واقع ہوئی ہوگی۔ یہ رجعت ۸۱۰۰ ق م سے ۵۵۰۰ ق م تک برابر جاری رہی۔ درجۂ حرارت یک لخت بڑھ گیا اور عمارتی لکڑی اور قوت بخش غلے کے خطوط ان بلندیوں تک پہنچ گئے جن کا ذکر اس سے پہلے آچکا ہے۔ انتہائی درجۂ حرارت (Thermal Maximum) کے دور کے قریب اور اس کے دوران میں بھیڑیں پالنے کی معیشت تبّت بھر میں پھیل گئی، کیونکہ اس زمانے میں وہاں کا موسم اس کام کے لیے کہیں زیادہ موزوں تھا۔ یہ ثقافت خالص بدوی نہ تھی (قب Kussmaul، Hermanns)۔ غالباً یہاں "شش رویہ جو" (Hordeum vulgare، یعنی hexastichum) کی کاشت شروع ہوئی، جس کی جنگلی قسم غالباً Hordeum agriocrithon ہے، جو ہنیں لاسا کے گرد و نواح اور مشرقی تبّت میں دستیاب ہوئی ہے (Freisleben، Schiemann ۱۹۴۸ء، ۱۹۵۱ء)۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ شش رویہ جو کی تمام کاشت شدہ اقسام اسی قسم سے نکلی ہیں۔ یہ اقسام چین اور ہندوستان میں پھیل گئیں اور غالباً ہندوستان سے جنوبی عرب اور حبشہ (جو انحراف انواع کے اعتبار سے ثانوی مرکز بن گیا) اور وہاں سے بالائی مصر میں پہنچیں، جہاں کاشت شدہ قدیم گندم (emmer) شام سے پہنچی اور حضرت مسیح ؑ سے تقریباً پانچ ہزار سال پہلے شش رویہ جو کے ساتھ بوئی جاتی تھی (Caton Thompson و Gardner، Brunton، Libby، Arnold، Kees)۔

معلوم ہوتا ہے کہ جو راستہ ہندوکش اور مشرقی ایران سے جنوبی عرب اور پھر وہاں سے افریقہ کو جاتا تھا وہ ایک مدت دراز تک تہذیب و تمدن کی اشاعت کے لحاظ سے، نیز قبائل (Pocch) کے انتشار کے اعتبار سے بہت ہی اہم رہا ہے، خصوصاً ان زمانوں میں جب کاشتکاری اور بھیڑ بکریوں کی پرورش کا رواج بڑھا۔ عرب اور حبشہ میں جنگلی بکریاں قطعاً موجود نہیں تھیں، لیکن ان ملکوں میں بھی پہاڑی بکروں کی تقدیس اور مذہبی رسوم کے لیے ان کے شکار کا تصور پھیل گیا تھا۔ آخری عہد ہزار سالہ ق م میں جنوبی عرب میں پہاڑی بکرے کی پوجا ہوتی تھی اور پہاڑی بکرے کی شکل کا دیوتا 'ثعلب' بھیڑ بکریوں کا محافظ سمجھا جاتا تھا (Beeston، Höfner)۔ حضر موت میں آج تک پہاڑی بکرے کا شکار مذہبی رسوم میں شمار ہوتا ہے (van der Meulen و von Wissmann، ص ۱۷۷ ببعد)۔ معلوم ہوتا ہے کہ بَدری (Badarian) ثقافت میں نیز ۴۰۰۰ ق م کے بعد بالائی مصر کی نقادہ ثقافت میں بیل کے ساتھ پہاڑی بکرے کو یہی حیثیت حاصل تھی (Brunton، جدولیں)۔ یہاں اس امر کا ذکر بھی ضروری ہے کہ Agatharchides (نواح ۱۳۰ ق م؛ C. Müller : *Geogr. Graec. Min.*، ۱ : ۱۵۳) نے بحیرۂ قلزم کے مغربی ساحل کے نزدیک غاروں میں رہنے والوں (Troglodytes) کا ذکر کرتے ہوئے (جو بلیمیہ Blemmyes اور بجا کے نام سے مشہور ہیں) لکھا ہے کہ وہ بیلوں اور سینڈھوں کو اپنا باپ اور گایوں اور بھیڑوں کو اپنی ماں کہتے تھے۔

بھیڑ بکریاں پالنے اور باجرے کی کاشت کرنے والی ثقافت، نیز مویشی پالنے کے مکمل نظام معیشت اور بڑے بیج والے اناج کی کاشت کاری کی ثقافت کی ابتدا کم و بیش ایسی آب و ہوا اور نباتات تک محدود تھی جن کا تعلق چھدرے جنگلات سے ڈھکے ہوئے میدانوں اور نیم صحرائی علاقوں، نیز طبعی اور مصنوعی نخلستانوں سے تھا۔ ان تمام علاقوں کی زمین ہلکی

marfat.com
Marfat.com

اور زرخیز ہوتی ہے جہاں کاشت کاری میں آسانی رہتی ہے ۔ جنگلات والے میدان زراعت اور چراگاہی دونوں اعتبار سے اچھے ہوتے ہیں اور خشک میدان اچھی چراگاہیں ثابت ہوتے ہیں ۔ یہ قابل زراعت ہوتے ہیں، لیکن چونکہ زراعت کا انحصار بارش پر ہوتا ہے اس لیے خشک سالی خطرناک ثابت ہوتی ہے ۔ صحرائی میدان اور نیم صحرائی علاقے اتنے خشک ہوتے ہیں کہ یہاں اس قسم کی زراعت ممکن نہیں ۔ بہر حال یہ علاقے بھیڑ بکریوں کے لیے معمولی چراگاہوں کا کام دے جاتے ہیں، لیکن گائے بیل ان سے مستفید نہیں ہو سکتے ۔ غلّے کے خط کے اوپر کوھستانی علاقوں میں بھی اچھی چراگاہیں ملتی ہیں .

صحرائی میدانوں کے علاقوں میں جہاں نخلستان موجود نہیں ہوتے یا اکّا دکّا نظر آتے ہیں وہاں مویشی نہیں بلکہ بھیڑ بکریاں پالنے والے چرواہے میدانی علاقے کے زراعت پیشہ قبائل سے کٹ کر خود مختار بدوی بن جاتے ہیں؛ تاہم ایسے بدوی لوگ جو نیم صحرائی علاقوں میں بھیڑ بکریاں پالتے ہیں مرطوب علاقوں یا نخلستانوں والے خطّوں کے قبائل کے مقابلے میں ہمیشہ مفلسی کا شکار رہے ہیں ۔ ان مؤخرالذکر خطّوں کے قبائل میں بعض لوگ زراعت پیشہ رہے اور بعض چرواہے (جو بدویت ہی کی ایک جزوی صورت ہے) ۔ اس طرح سے میدانی فلاحوں حتّٰی کہ نخلستانی فلاحوں کی ایک شاخ نے ایک خالص بدویت کو پیدا کیا (یہ طرز معیشت کسی حد تک جنوبی یورپ کی transhumance سے مشابہ تھی) ۔ البرائٹ W. F. Albright (۱۹۴۶ء الف و ب، ۱۹۴۹ء، ص ۱۴۷، ۱۵۴، ۱۶۲ ببعد، ۲۰۷) کا خیال ہے کہ جب سُمیریوں نے اپنی تہذیب کی ابتدا میں زیریں عراق کے علاقے میں آب پاشی شروع کی تو ان کے سامی ہمسائے اسی قسم کے گلہ بان قبائل تھے اور نیم بدوی زندگی بسر کرتے تھے ۔ مغربی سامی (آموری) بیشتر ۲۱۰۰ ق م سے ۱۹۰۰ ق م تک اہل بابل کو دباتے رہے ۔ یہ قدیم بدوی لوگ عرب معاشرے کی جدید صنف سے، خواہ وہ بدوی ہوں یا نیم بدوی یا صُلَیب (صُلبة)، مختلف تھے ۔ ان کے پاس بھیڑ بکریاں اور گدھے تھے ۔ شکار کرنا اور فصلیں لوٹنا ان کے اہم مشاغل تھے ۔ وہ پیدل چلتے تھے اور پیدل ہی جنگ کرتے تھے ۔ اسی وجہ سے موسم بہار کے علاوہ پورے صحرا کو طے کرنا ان کے لیے ممکن نہ تھا ۔ وہ پانی والی جگہ سے ایک روز کی مسافت سے زیادہ فاصلے تک جانے کی جرأت نہیں کر سکتے تھے (یعنی تیس کیلومیٹر تک) ۔ گرمیوں میں انھیں یا تو نخلستانوں یا دوسرے مستقل آباد علاقوں پر انحصار کرنا پڑتا تھا یا وہ ان قابل کاشت خطوں میں ریوڑ پالتے تھے جنھیں اہل یورپ نے 'Fertile Crescent' ['ہلال زرخیز'] کا نام دیا ہے ۔ اس خانہ بدوش آبادی کے لیے، نیز مشرق میں ان کے سرحدی نظم و نسق کے بارے میں مصری رویّے کے لیے قب Kees، ص ۶۴ ببعد، ۱۰۶ ببعد؛ بالخصوص [مخطوطۂ] پیپرس (papyrus) پیٹرزبرگ، ورق ۱۱۱۶ الف، سطر ۱۵ ببعد: ''وہ (ایشیائی) کبھی ایک جگہ رہ کر زندگی نہیں گزارتا بلکہ ھُورس Horus کے زمانے سے وہ سیلانی خصوصیت رکھتا ہے، دوسروں سے ہر سر پیکار رہتا ہے، مگر اسے نہ کبھی مکمل فتح حاصل ہوتی ہے اور نہ وہ پورے طور پر مغلوب ہی ہوتا ہے'' ۔ بدویوں، نیم بدویوں اور جزوی بدویوں، میدانی فلاحوں اور چھوٹے نخلستانی فلاحوں کے درمیان بہت تھوڑا فرق تھا اور بعد کے زمانوں کی بہ نسبت اس زمانے میں ایک طرز معیشت کا دوسری طرز معیشت کے ساتھ خلط ملط ہو جانا عام تھا (رک بہ W.F. Albright، ۱۹۴۶ء، ص ۱۸۱

marfat.com
Marfat.com

بعد؛ بالخصوص ۱۹۳۹ء، ص ۲۳۹ ببعد، صحرا کے بنی اسرائیل، انبیا اور عبرانیوں یا خبرو کے بارے میں) - ان میں سے بیشتر کو بدویوں کی به نسبت گله بان کہنا زیادہ مناسب ہوگا.

معلوم ہوتا ہے کہ ایشیا کے کسی حصے میں بھی ایسی طرزِ معیشت کبھی نہیں پھیلی جس کا مدار پورے طور پر گائے بیل پر ہو، جیسی کہ صحرائے اعظم کے جنوب میں افریقہ کے بعض حصوں میں پھیلی، البتہ یاک پالنے والے خانہ بدوش عمارتی لکڑی کے خط (timber-line) کے اوپر ان کوہستانی علاقوں میں موجود تھے جو تیئن شن Tien-Shan اور تبت میں واقع ہیں۔ دراصل نیم صحرائی علاقے مویشی چرانے کے لیے موزوں نہیں - اسی طرح موسم سرما میں مغربی سائبیریا جیسے لق و دق میدانوں میں بھی، جہاں برف کی تہ جمی رہتی ہے، مویشی چر نہیں سکتے (قب Potapov و Hančar، ص ۳۹۰).

ہم دیکھ چکے ہیں کہ گله بانی ابتدا ہی سے کاشتکاروں کی معیشت کا لازمی جزو رہی ہے - ہم یہ بھی دیکھ چکے ہیں کہ مویشیوں کے ریوڑ پالنے اور انھیں چرانے کی ابتدا سب سے پہلے غالباً ان تخم‌دار پودوں کی کاشت کرنے والوں نے کی جو کوہِ ہندوکش کے علاقے میں پہاڑی بکروں، جنگلی بکریوں (اور غالباً بھیڑوں) کا شکار کرنے والوں میں گھرے ہوے تھے - اس جدّت کا تعلق گہرے مذہبی احساس سے تھا اور اسی جدّت کے باعث تخم‌دار پودوں کی کاشت کرنے والے میدانی فلاح بنے - اپنے اپنے قبائل کی گله بان شاخوں کی وجه سے یہ میدانی فلاح تخم‌دار پودوں کی کاشت کرنے والوں کی به نسبت کہیں زیادہ نقل و حرکت کے قابل ہوں گے - مکمل بدویت کا وجود ہم صرف انھیں مقامات پر قرار دے سکتے ہیں جہاں بھیڑ بکریاں چرانے والے اپنے خاندان اور قبائل سے بالکل کٹ گئے ہوں اور زراعت کو انھوں نے قطعی طور پر ترک کر دیا ہو.

جب کوئی نخلستان وسیع ہو جاتا اور بستی پھیلتی تو اس کی آبادی روز بروز خانه نشین ہوتی چلی جاتی - اریحا کی نئی کھدائیوں سے پتا چلتا ہے که مٹی کے برتن والے دور سے پہلے اریحا میں اس قسم کے آب پاشی والے گاؤں شہروں کی طرح بہت قدیم زمانے، یعنی سات ہزار سال قبل مسیح میں (Zeuner ،Kenyon)، مورچه بند ہوا کرتے تھے - یہ معیشت غالباً چار ہزار سال قبل مسیح کی اس تہذیب کا اوّلیں نقش تھا جو عراق کے زیریں علاقوں کے نخلستانوں میں ظہور پذیر ہوئی، جہاں آب پاشی کی بڑی بڑی تجاویز کو عملی جامه پہنانے کے لیے باہمی تعاون، مرکزیت اور ریاستوں کی تشکیل ضروری تھی، جہاں بڑے پیمانے پر عام مزدوروں کی اور پھر اس سلسلے میں تقسیمِ کار، تخصیصِ کار اور شدّتِ کار کی حاجت تھی اور جہاں تکنیکی ایجادات ظہور میں آئیں (پہیا، چھکڑا، ہل) - اس ترقی کا نتیجه یہ نکلا که میدانی کاشتکاری اور نخلستانی تہذیب کے مابین امتیاز بڑھتا گیا اور ان دونوں کی مشترکه میراث 'مہا ماتا دیوی' (Magna Mater) اور بیلوں کے بتوں کی پرستش کی صورت میں ہمارے سامنے آئی، جو دونوں کے ہاں رائج تھی.

اس دوران میں میدانی کاشتکاری اپنے تمام شبانی خصائص کے ساتھ ایشیاے کوچک کے راستے جنوب مشرقی یورپ اور پھر وسطی یورپ کے دبودار کے چھدرے جنگلات تک پھیل گئی تھی (دریاے ڈینیوب کی تہذیب ریڈیو کاربن مواد کی رو سے ۰۰۰ ۴ق م سے ہے) - تیسرے عہد ہزار ساله ق م سے یہ ٹریپولائی Tripolye (دریاے ڈینپیر کے مغرب میں) ثقافت سے گزر کر روس اور سائبیریا

marfat.com
Marfat.com

کے ان جنگلات سے ڈھکے ہوے میدانوں میں سرایت کرنے لگی جن پر اس زمانے میں ترقی یافتہ شکاری آبادی کا قبضہ تھا (Hančar) - یہ تمام خطے نخلستانی زندگی کے لیے موزوں نہیں تھے، کیونکہ یہاں سردی بہت تھی اور گرمیوں کا موسم بہت مختصر ہوتا تھا.

انسان نے جن تخلیقی مراکز میں دوسرے حیوانات پر تدریجی طور پر غلبہ حاصل کیا ان کی مفروضہ ترتیب کا یہ ایک خاصہ ہے کہ اسے ثقافتوں کے اس تسلسل کے ساتھ بخوبی مطابقت حاصل ہے جسے انسانی نسلوں کے ماہرین (مثلاً Dittmer) نے پیش کیا ہے - اس کی ایک خوبی یہ بھی ہے کہ اس سے مختلف ایجادوں کا بیک وقت ظہور میں آنا غیر ضروری ٹھیرتا ہے (Sauer).

ہم یہاں اس مفروضے پر بحث نہیں کرنا چاہتے جو بعض علما (مثلاً Flor، W. Schmidt، Pohlhausen، وغیرہ) نے پیش کیا ہے کہ پالتو جانوروں کے ریوڑوں میں سب سے پہلا نام رینڈیر کا آتا ہے، چنانچہ بدویت کا آغاز ان شکاریوں سے ہوا جو یوریشیا کے شمالی صنوبر کے جنگلات (taiga، muskeg) میں کتے پالتے تھے اور پھر وہاں سے جنوب کی طرف پھیل گئی؛ مگر جب سے Jettmar (۱۹۵۲-۱۹۵۳ء) اور دوسرے محققین نے بتایا ہے کہ رینڈیر پالنے کی تحریک اسپ پروری سے ہوئی، جس کا تعلق زمانۂ ما بعد سے ہے، اس وقت سے اس نظریے کے مؤیدین کی تعداد کم ہو گئی ہے - Hančar کی یہ رائے بھی بے وقعت ہو چکی ہے کہ رینڈیر کو ۵۰۰۰ ق م کے قریب سواری اور گاڑی یا بوجھ کھینچنے کے لیے استعمال کیا جاتا تھا (ص ۵۰۷ و جدول ۳۳) - وجہ یہ ہے کہ Jettmar (۱۹۵۷ الف) اور Okladnikov نے بتایا ہے کہ خطۂ لینا Lena کی دریافتوں میں رینڈیر پر سواری کے جو مناظر دیکھنے میں آتے ہیں وہ دوسرے عہد ہزار سالہ ق م سے متعلق نہیں، جیسا کہ Hančar نے قیاس کیا تھا، بلکہ ۷۰۰ ق م سے ۵۰۰ ق م کے زمانے کے ہیں (نیچے ملاحظہ کیجیے).

مآخذ: (۱) W. F. Albright: *From the Stone Age to Christianity*، بالٹی مور ۱۹۴۶ء، الف؛ (۲) وہی مصنف: *Archaeology and the religion of Israel*، بالٹی مور ۱۹۴۶ء، ب؛ (۳) وہی مصنف: *Von der Steinzeit zum Christentum*، برن ۱۹۴۹ء؛ (۴) O. Antonius: *Grundzüge einer Stammesgeschichte der Haustiere*، Jena ۱۹۲۲ء؛ (۵) J. A. Arnold و W. F. Libby: *Radiocarbon Dates II*، Science 117، ۱۹۵۱ء، ص ۲۹۱؛ (۶) D. M. A. Bate: *The fossil antelopes of Palestine in Natufian times with description of new species*، در *Geolog. Mag.*، ۷۷ (۱۹۴۰ء): ص ۴۱۸ تا ۴۴۳؛ (۷) A.F.L. Beeston: *The Ritual Hunt*، در *Muséon*، ۶۱ (۱۹۴۸ء): ۱۸۹ ببعد؛ (۸) وہی مصنف: *The "Ta'lab Lord of Pastures" Texts*، در *BSOAS*، ج ۱۷ (۱۹۵۵ء): ۱۵۴ تا ۱۵۶؛ (۹) R J. Braidwood: *The Near East and the Foundation of Civilization*، بسلسلۂ Condon Lectures، عدد ۵، یوجین (Oregon) ۱۹۵۲ء؛ (۱۰) R. J. Braidwood و Ch. A. Reed: *The Achievement and Early Consequences of Food Production*، در *Cold Spring Harbour Symposion on Quantitative Biology*، ۲۲ (۱۹۵۷ء): ۱۹ تا ۳۱؛ (۱۱) G. Brunton: *Mostagedda and the Tasian Culture*، مشرق وسطی میں برٹش میوزیم کی مہم، لندن ۱۹۳۷ء؛ (۱۲) K.W. Butzer: *Late Glacial and Postglacial Climatic Variation in the Near East*، در *Erdkunde*، ۱۱ (۱۹۵۷ء): ۲۱ تا ۳۵؛ (۱۳) C. C. Caldenius: *Las glaciaciones cuaternarias en la Patagonia y*

marfat.com
Marfat.com

Geograph. Annaler در Tierra del Fuego، ستاک هوم ۱۹۳۲ء، ص ۱ تا ۱۳۱؛ (۱۳) G. Caton-Thompson و E. W. Gardner : The Desert Fayum، ۲ جلد، لندن ۱۹۳۴ء؛ (۱۵) J. G. D. Clark : Die Mittlere Steinzeit، در Historia Mundi طبع F. Valjavec ۱۹۵۲ء، ص ۳۱۸ تا ۳۳۵؛ (۱۶) E. S. Deevey : Palaeolimnology and Climate، در Climatic Change طبع H. Shapley، هاورڈ Harvard ۱۹۵۳ء، ص ۲۷۳ تا ۳۱۸؛ (۱۷) K. Dittmer : Allgemeine Völkerkunde، برونسوک ۱۹۵۴ء؛ (۱۸) H. Field : Ancient and Modern Man in Southwestern Asia، مطبوعۂ میامی پریس ۱۹۵۶ء؛ (۱۹) F. Firbas : Spät-und nacheiszeitliche Waldgeschichte Mitteleuropas nördlich der Alpen I، Jena ۱۹۴۹ء؛ (۲۰) F. Flor : Haustiere und Hirtenkulturen، Wiener Beiträge zur Kulturgeschichte، ج ۱، وی انا ۱۹۳۰ء؛ (۲۱) R. Freisleben : Die phylogenetische Bedeutung asiatischer Gersten، در Züchter ۱۲ (۱۹۴۰ء): ۲۵۷ تا ۲۷۲؛ (۲۲) D. A. E. Garrod و D. M. A. Bate : The Stone Age of Mount Carmel، ج ۱، آوکسفرڈ ۱۹۳۷ء؛ (۲۳) H. Gross : Das Alleröd-Interstadial als Leithorizont der letzten Vereisung in Europe und Amerika، در Eiszeitalter und Gegenwart، ۱۹۵۴ء، ص ۱۸۹ تا ۲۰۹؛ (۲۴) P. Gourou : Les pays tropicaux، پیرس ۱۹۴۷ء؛ (۲۵) E. Hahn : Das Alter der wirtschaftlichen Kultur der Menschheit، ہائڈل برگ ۱۹۰۵ء؛ (۲۶) F. Hančar : Das Pferd in prähistorischer und historischer Zeit، در Wiener Beiträge zur Kulturgeschichte und Linguistik، ج ۹، وی انا و میونخ ۱۹۵۶ء؛ (۲۷) H. Helbaek : Archaeology and Agricultural Botany، Univ. of London Institute of Archaeol., Ann. Report، ۹ (۱۹۵۳ء): ۴۴ تا ۵۹؛ (۲۸) M. Hermanns : Die Nomaden von Tibet، وی انا ۱۹۴۹ء؛ (۲۹) A. Hettner : Der Gang der Kultur über die Erde، Geograph. Schriften، ج ۱، لائپزگ ۱۹۲۳ء؛ (۳۰) M. Höfner : Ta'lab als Patron der Kleinviehhirten، Serta Cantabrigiensia، Wiesbaden ۱۹۵۴ء؛ (۳۱) K. Jettmar : Zu den Anfängen der Rentierzucht، در Anthropos، ج ۴۷ (۱۹۵۲ء) و ۴۸ (۱۹۵۳ء)؛ (۳۲) وهی مصنّف : Review of : F. Hančar (دیکھیے سطور بالا)، در Central Asiatic Journal، ۳، ۱۹۵۷ء، الف، ص ۱۵۵ تا ۱۶۰؛ (۳۳) وهی مصنّف : Heidnische Religionsreste im Hindukusch und Karakorum، در Wissenschaft und Weltbild، وی انا ۱۹۵۷ء، ب (جون)، ص ۱۲۶ تا ۱۳۱؛ (۳۴) H. Kees : Das alte Ägypten, eine kleine Landeskunde، ۱۹۵۶ء؛ (۳۵) K. M. Kenyon : Excavations at Jericho، در Palestine Exploration Quarterly، ۱۹۵۶ء، الف، ص ۶۷ تا ۸۲، ۱۹۵۷ء، ص ۱۰۱ تا ۱۰۷؛ (۳۶) وهی مصنّف : Jericho and its Setting in Near Eastern History، در Antiquity، ۳۰، ۱۹۵۶ء، بمدد ص ۱۸۴ تا ۱۹۵؛ (۳۷) F. Kussmaul : Frühe Nomadenkultur in Innerasien، در Tribus, Jahrb. des Linden-Museums، شٹٹ گارٹ ۱۹۵۲-۱۹۵۳ء، ص ۳۰۵ تا ۳۶۰؛ (۳۸) W. F. Libby : Radiocarbon dates II، در Science، ۱۱۴ (۱۹۵۱ء): ص ۲۹۱؛ (۳۹) O. Menghin : Weltgeschichte der Steinzeit، وی انا ۱۹۳۱ء؛ (۴۰) D. van der Meulen و H. von Wissmann : Hadramaut، لائڈن ۱۹۳۲ء؛ (۴۱) K. J. Narr : Hirten, Pflanzer, Bauern، در Historia Mundi، طبع F. Valjavec، ج ۲، ۱۹۵۳ء، ص ۶۶ تا ۱۰۰؛ (۴۲) وهی مصنّف : Archäologische Hinweise zur Frage des ältesten Getreidebaues، در Paideuma

۶ (۱۹۰۶ء) : ص ۲۳۳ تا ۲۰۰؛ (۴۳) H. Pöch : Über die äthiopide und gondide Rasse und ihre Verbreitung ، در Anthropologischer Anzeiger ، ۱۹۰۷ء، ص۴۷۱ تا۵۰۱ ولوح۲؛ (۴۴) H. Pohlhausen: Das Wanderhirtentum und seine Vorstufen, Kulturgeschichtl. Forschungen 4، Brunswick ۱۹۵۴ء؛ (۴۵) C. Rathjens jr.: Das Schlernstadium und der Klimaablauf der Spüteiszeit, Eiszeitalter und Gegenwart، ۱۹۵۴ء،ص۱۸۱ تا۱۸۸؛(۴۶) C.O. Sauer: Agricultural Origins and Dispersals, Bowman Memorial Lectures، سلسلہ ۲، نیویارک ۱۹۵۲ء؛ (۴۷) E. Schiemann: Entstehung der Kulturpflanzen، در Ergebnisse der Biologie 19، ۱۹۴۳ء، ص ۴۰۹ تا ۵۰۲؛ (۴۸) وہی مصنف : Weizen, Roggen, Gerste, Systematik, Geschichte und Verwendung، جون ۱۹۴۸ء؛ (۴۹) وہی مصنف : Neue Gerstenfunde aus Ost-Tibet und ein weiterer Fund von Hordeum agriocrithon Aberg، در Berichte der Deutschen Botanischen Gesellschaft ۶۴ (۱۹۵۱ء) : ۵۷ تا ۶۹؛ (۵۰) W. Schmidt : Rassen und Völker in Vorgeschichte und Geschichte des Abendlandes، ۳ جلد، Lucerne ۱۹۴۶ء؛ (۵۱) وہی مصنف : Zu den Anfängen der Herdentierzucht، در Ztschr. f. Ethnologie ۷۶ (۱۹۵۱ء): ۱ تا ۴۱، ۲۰۱ ببعد؛ ۷۷/ ۱۹۵۲ء؛ (۵۲) W. Schmidt و W. Koppers : Völker und Kulturen، Regensburg ۱۹۲۴ء؛ (۵۳) G. Smolla : Bemerkungen zur Frage der Herausbildung neolithischer Kulturerscheinungen، مخطوطہ ۱۹۵۰ء؛ (۵۴) M. Sorre : Les céréales alimentaires du groupe des Sorghos et des millets Annales de Geogr.، ۵۱، ۱۹۴۲ء: ۸۱ تا ۹۹؛ (۵۵) N. I. Vavilov : The Problem of the Origin of the World's Agriculture in the Light of the Latest Investigations, Address to 2nd Internat. Congr. of Hist., Sc. and Techn.، لندن ۱۹۳۱ء؛ (۵۶) E.Werth: Zur Geographie der Hirsen، در Angewandte Botanik، ۱۹ (۱۹۳۷ء) : ۴۲ تا ۸۸؛ (۵۷) وہی مصنف: Südasien als Wiege des Landbaus، شٹٹگارٹ ۱۹۵۰ء؛ (۵۸) وہی مصنف : Grabstock, Hacke und Pflug, Versuch einer Entstehungsgeschichte des Landbaus، Ludwigsburg لڈوگسبرگ ۱۹۵۴ء ؛ (۵۹) H. v.Wissmann : Die Klima-und Vegetationsgebiete Eurasiens، در ZGErdk. Berl.، ۱۹۳۹ء، ص ۱ تا ۴۱؛ (۶۰) وہی مصنف : Arabien und seine kolonialen Ausstrahlungen، در Lebensraumfragen europäischer Völker II ، طبع O. Schmieder، لائپزگ ۱۹۴۱ء، ص ۳۷۴ تا ۳۸۸؛ (۶۱) وہی مصنف: Ursprungsherde und Ausbreitungswege von Pflanzen-und Tierzucht und ihre Abhängigkeit von der Klimageschichte، در Erdkunde، ۲ (۱۹۵۷ء) : ۸۱ تا ۹۴، ۱۷۵ تا ۱۹۳؛ (۶۲) Wissmann-Höfner، دیکھیے آخرالذکر؛ (۶۳) H. v. Wissmann، H. Pöch، G. Smolla، F. Kussmaul : On the Role of Nature and Man in Changing the Face of the Dry Belt of Asia، در Man's Role in Changing the face of the Earth، طبع W. L. Thomas، شکاگو ۱۹۵۶ء، ص ۲۷۸ تا ۳۰۳؛ (۶۴) F. E. Zeuner : The Goats of Early Jericho، در Palestine Exploration Quarterly، اپریل ۱۹۵۵ء؛ (۶۵) وہی مصنف : The Radiocarbon Age of Jericho، در Antiquity، ۳۰ (۱۹۵۶ء) : ص ۱۹۵ ببعد.

### (ب) اسپ سوار بدوی

اسپی حیوانات میں سے افریقی گدھا (Equus زیر جنس Asinus) اور جنوب مغربی و وسطی ایشیا کا گورخر (Equus زیر جنس Hemionus) قدیم زمانے سے حمل و نقل کے لیے استعمال ہوتے تھے۔

Marfat.com

ھنچر Hančar کی رائے ہے کہ قلعہ جرمو میں ایک گورخر کی جو ہڈیاں برآمد ہوئی ہیں (تقریباً ۴۷۵۰ ق م) وہ اس ضمن میں اہمیت رکھتی ہیں۔ ھنچر Hančar کے بیان کی رو سے گھوڑے کی ایک ادنٰی قسم (Equus زیرِ جنس Caballus) لق و دق میدانوں میں اور شمال کے کم گنجان جنگلات میں جنگلی حالت میں پائی جاتی تھی اور اس کا سراغ تیسرے عہد ہزار سالہ قبل از مسیح کے اوائل میں طرابلس (Tripolye) کے کاشتکاروں کے ہاں مل سکتا ہے، جو کارپیتھی (Carpathians) اور دریاے ڈنیپر Dnieper کے درمیان جنگلاتی میدانوں میں رہتے تھے۔

جب ۲۳۰۰ ق م کے قریب درجۂ حرارت میں کمی ہوئی اور بارش میں غالباً اضافہ ہوا (قب Tolstow و Butzer کے مختلف نظریے) تو وسطی ایشیا میں برفستان کی حد جنوب کی طرف بڑھ آئی اور اس طرح توران کے نخلستانی علاقے کی حدود خاصی وسیع ہو گئیں، جس کے باعث اس علاقے میں (جو قبل ازیں صحرا تھا اور اس کی زمین بے حد بنجر تھی) کاشتکاری، گلہ بانی اور نخلستانی تہذیب نے ترقی پائی۔ معلوم ہوتا ہے کہ یہ صحرا کم از کم چند صدیوں تک ایک حدِّ فاصل کے طور پر حائل نہیں ہو سکا (Wissmann، ۱۹۵۷ء)۔ چنانچہ شمال کے شکاریوں اور جنوب کے کاشتکاروں اور نخلستانی تہذیب کے درمیان ایک طویل سرحد پر باہمی رابطہ پیدا ہونے لگا۔ معلوم ہوتا ہے کہ اس میل جول سے دونوں آپس میں مخلوط ہونے لگے اور ایک نئی جاندار اور طاقتور ثقافت ظہور میں آنے لگی، جس میں دوسرے عہد ہزار سالہ قبل از مسیح کے اوائل سے گھوڑے، جنگی رتھ (جس کی ایجاد غالباً ارمینیہ [رکِ بآں] کے گرد جنوب مغربی ایشیائی کوہستانی علاقوں میں کسی مقام پر ہوئی تھی) اور ہند یورپائی اقوام نے بڑا اہم حصہ لیا۔ اس عمل میں ہرن کے تقدس کے بجاے، جسے شمالی شکاریوں کے اساطیر اور مذہبی عقائد میں مرکزی مقام حاصل تھا، گھوڑے کو مقدس ماننے لگے اور پھر اس کے ڈانڈے جنوب مغربی ایشیائی Chthonic بارآوری اور بیل (bucranion) کی پرستش کے ساتھ بھی مل گئے (Kussmaul، ۱۹۵۳ء، ب)۔

اگر ہم اس وسیع ثقافتی عمل کو مجموعی حیثیت سے دیکھیں تو ہم کہہ سکتے ہیں کہ اس کے باعث اکثر اوقات تہذیب کو نخلستانی عزلت سے رہائی ملی، جہاں اس کے جامد، ساکن اور بے ثمر ہو جانے کا اندیشہ تھا۔ یہیں ہم دونوں شاخوں یعنی میدانی فلاحت اور نخلستانی فلاحت کے مابین خطِ امتیاز کھینچ سکتے ہیں۔ جب شانگ Shang نے، جو اسی ثقافتی اختلاط و امتزاج کی پیداوار تھے (Kussmaul، ۱۹۵۳ء، الف)، ۱۵۰۰ ق م کے لگ بھگ وسط ایشیا سے اٹھکر چین پر قبضہ کیا اور وہاں کے حکمران بن گئے تو اس وقت وہ زیادہ تر نخلستانی فلّاح ہی تھے (Eberhard، Franke، Bishop، Wissmann اور Kussmaul، ۱۹۵۶ء، ۱۹۵۷ء)۔ تاہم تقریباً اسی زمانے میں آریا نے دریاے سندھ کی تہذیب تباہ و برباد کر دی تھی اور وہ میدانی فلّاح ہو گئے تھے۔ بہر حال انہیں بدوی نہیں کہا جا سکتا۔

آثار قدیمہ کی کھدائیوں سے پتا چلتا ہے کہ ذریعۂ حمل و نقل کے طور پر باختری اونٹ کی پرورش کی ابتدا توران میں تیسرے ہزار سالہ دور قبل مسیح کے نصف آخر یا ربع آخر میں ہوئی تھی (Walz اور بالخصوص Hančar)۔ جس زمانے میں ہمیں اسی علاقے میں گھوڑے پالنے کا سراغ ملتا ہے اس سے یہ چند صدیاں قبل کی بات ہے، حتی کہ عراق میں گھوڑے پالنے کے قابل اعتماد ثبوت ہیں۔ ۲۰۰۰ ق م کے قریب

marfat.com
Marfat.com

یا اس سے کچھ پہلے ملتے ہیں (Hančar 'Boessnek) ۔
شمال کے شجردار میدانوں اور ان کے کنارے کنارے کے کم گنجان جنگل میں (جہاں کی مٹی سیاہ (chernosem) اور زرخیز ہے اور جو روس سے سائبیریا تک پھیلے ہوے ہیں) شکار اور گلہ بانی کے ساتھ ساتھ زراعت بھی بتدریج اھمیت حاصل کرنے لگی ۔ دوسرے عہد ھزار سالہ کے وسط میں مغربی سائبیریا تک کا علاقہ فلاحت پیشہ لوگوں (Andronovo culture) سے پہلے کی بہ نسبت کہیں زیادہ آباد ہو چکا تھا ۔ ایسے خطے میں جہاں نخلستان نہ ہوں اور وسیع پیمانے پر گلہ بانی نیز خالص میدانی فلاحت موجود ہو وھاں معاشرتی طبقہ بندی کے علاوہ قبائل، جنگ جُو امرا کی جماعتوں اور خاندانی و موروثی قیادت کی تشکیل کے لیے سازگار حالات پیدا ہو جاتے ہیں (Kussmaul) ۔ سیاہ مٹی کے خطے کی یہ فلاحت اس کے بعد زیادہ سے زیادہ کھلے میدانوں میں قدم جمانے لگی، جہاں ناگزیر طور پر شبانی اور نقل مکانی کرنے والی شاخ پھلنے پھولنے لگی (Hančar) ۔

بہر حال جن لوگوں کو سب سے پہلے یہ معلوم ہوا کہ گھوڑے پر سوار ہو کر لڑنا بہت فائدہ مند ثابت ہوتا ہے وہ غالبًا فلاح قبیلے کی کسی مضبوط شبانی شاخ سے تعلق رکھتے تھے اور کوھستانی علاقوں اور پہاڑوں کے دامن میں رہتے تھے جہاں جنگی رتھوں کا استعمال بہت کم ہوتا ہوگا ۔ یہ بات شاید ماوراے قفقاز یا کارپیتھیوں (Carpathians) کے علاقوں میں پیش آئی ہوگی (Jettmar و Kassmaul) ۔ غالبًا ان قبائل کی حیثیت وہی رہی جسے ہم نے میدانی کاشتکاروں کا نام دیا ہے ۔ ھنچر Hančar کے خیال میں تین شن اور آلتای [رک بان] کے پہاڑوں کے شمالی سرحدی علاقے ہی وہ خطے تھے جہاں پہلے پہل اسپ سواری کی ابتدا ہوئی (ص ۳۹۷) ۔ لیکن Jettmar (۱۹۵۷ء) نے بڑی وضاحت سے ثابت کیا ہے کہ اس مسئلے میں ھنچر کی بنیادی دلیل بے بنیاد ہے (رک بہ سطور بالا) ۔ رینڈیر کی سواری اسپ سواری سے کہیں بعد میں جا کر شروع ہوئی ۔ اکثر دوسرے مسائل میں ھنچر کی بنیادی تصنیف اعتراضات سے بچی رہتی ہے ۔

جب اسپ سواری شمال کے کھلے میدانوں میں پھیلی تو اس وقت وہ سریع الاثر انقلاب رونما ہوا جسے ہم اسپ سوار بدویت کہہ سکتے ہیں ۔ اس امر کا پتا چلنے پر کہ گھوڑے پر سوار ہو کر جنگ کرنے کو دوسرے پرانے طریقہ ھاے جنگ خصوصًا جنگی رتھوں میں سوار ہو کر لڑنے پر فوقیت حاصل ہے، 'شمال کے ایرانی' قبائل نے، جو غالبًا دریاے والگا اور دریاے ارتش کے درمیانی علاقے میں آباد تھے، یعنی سیتھی اور ان کی ھمسایہ ساکا اقوام نے میدانی کاشتکاری قطعًا ترک کر کے ریوڑوں والے جانور اور بالخصوص گھوڑے پالنے کو اپنا خصوصی شعار بنا لیا ۔ غالبًا ۹۰۰ ق م یا ۸۰۰ ق م میں وہ اولین اسپ سوار بدویوں اور اولین اسپ سوار تیر اندازوں کی حیثیت سے ظاہر ہوے (Hančar، ص ۳۹۰ ببعد) ۔ یہ پہلے لوگ تھے جنھوں نے ھمسایہ ملکوں پر لشکر کشی کی اور مقیم آبادیوں میں خوف و ھراس پھیلا دیا ۔ جب ہم بدوی کا لفظ استعمال کرتے ہیں تو ہمارے پیش نظر بدویوں کی یہی اسپ سوار قسم ہوتی ہے ۔ اس تباہ کن انقلاب نے نہ صرف کھلے میدانوں کو بلکہ فلاحوں کی گنجان آبادیوں والے شجردار میدانوں کو بھی متأثر کیا بلکہ اس سے تیگا Taiga کے جنگل کے شکاری قبائل کو بھی تحریک ہوئی اور انھوں نے بھی اس نئے طرز زندگی کو اختیار کر لیا ۔ میدانی کاشتکار معاشرت کے لحاظ سے مختلف طبقات میں

Marfat.com

منقسم ہو گئے اور یہ معاشرتی تقسیم ایسے قائدین کے ظہور کے لیے سبب بن گئی جو اعلٰی سیاسی اور حربی صلاحیتوں کے مالک ہونے کی وجہ سے روز افزوں قائم ہونے والے گروہوں کو مجتمع کرنے کی صلاحیت رکھتے تھے ۔ جو کاشتکار اور شکاری نسبةً غریب تھے وہ گھوڑے پالنے والے طبقۂ امرا کے ساتھ شامل ہونے پر مجبور ہو گئے؛ چنانچہ ایک ایسی گروہ بندی منظرِ عام پر آئی جو اس سے پہلے کبھی موجود نہیں تھی اور جو مار دھاڑ، قتل و غارت، دوسرے لوگوں کو غلام بنانے اور ترغیب و ترہیب کے ذریعے دوسرے امرا بالخصوص دوسرے اسپ سواروں کے گروہوں کو زیرِ سیادت لانے کے باعث روز بروز ترقی کرنے لگی ۔ جنوب کی گرم آب و ہوا اور وہاں کی شستہ تہذیب، جس کا پتا ان لوگوں سے چلا جو وہاں تنخواہ‌دار سپاہیوں کی حیثیت سے ملازمت کر کے واپس آئے تھے، نیز مغرب کی معتدل آب و ہوا اور رومانیہ اور ہنگری کے کھلے میدانوں نے انھیں ان علاقوں پر لشکر کشی کی ترغیب دی۔

یہ بات بعید از قیاس ہے کہ جنوبی روس میں سیتھی قوم کے پیش رو سونیری (Cimmerians) اس وقت مکمل طور پر بدویت اختیار کر چکے تھے ۔ معلوم ہوتا ہے کہ وہ میدانی فلاح تھے، ان کی ایک مضبوط شبانی شاخ تھی اور ان میں خطرناک حد تک جنگجو اسپ سواروں کے جتھے تھے (Kussmaul، ۱۹۵۳ء، الف، ۲ : ۳۰۲؛ Hančar، ص ۱۰۱)۔ اس سلسلے میں میڈیا کے ان قدیم باشندوں (Medes) کا ذکر ممکن ہے جنھوں نے اس زمانے میں ایران کے کوہستانی فلاحوں کو زیر کر لیا تھا (فن von der Osten) ۔ حتّٰی کہ ہخامنشیوں (Achaemenids) نے بھی بہادرانہ تصورات یعنی اسپ سواری، تیر اندازی اور حل گولی ترک نہیں کی تھی۔

مشرقی جانب کوہ آلتای [رک باں] کے دامن میں زنگاریہ Dzungaria کے تنگ راستے کے ذریعے بدویت ایک قوم سے دوسری قوم میں پھیلتی گئی ۔ ''شمالی ایرانیوں'' بالخصوص سیتھی قوم کے بعد ووسن Wu-sun آئے، جو غالباً وسطی اور مشرقی تیان شان Tien-shan میں رہتے تھے ۔ ہم یہ فرض کر سکتے ہیں کہ منگولیا کے ارد گرد پھیلے ہوئے کھلے یا جنگلاتی میدانوں کے گروہ شکاری اور فلّاحی بدویت کی زندگی اختیار کرنے پر مجبور ہو گئے تھے ۔ یہ بھی ممکن ہے کہ کانسو Kan-su کے نخلستان کی آبادی پر ووسن Wu-sun کا جو دباؤ پڑا وہی چین پر ایک فلاحت پیشہ قوم یعنی زھنگ Zhung کی آخری لشکر کشی کا سبب بنا ہو، جس سے مغربی چاؤ Chou کا شاہی خاندان تباہ ہو گیا (۷۷۰ ق م) ۔ چینی روایات میں بدویت کا سب سے پہلا سراغ سیونگ نو Hsiung-nu کے ہاں تقریباً پانچویں صدی قبل مسیح میں ملتا ہے ۔ یہ لوگ نہ تو ایرانی تھے اور نہ قدیم ترک، لگیتی Ligeti کے قول کے مطابق ان کی زبان بالکل الگ تھلگ معلوم ہوتی ہے ۔ ممکن ہے کہ ینسئی‌اوستیاک (Yenissei-Ostyaks) قوم نے سیونگ‌نو Hsiung-nu کی زبان کی خصوصیات اس زمانے میں اختیار کر لی ہوں جب دونوں ایک دوسرے کے پڑوسی تھے ۔ سیونگ‌نو کی زاد بوم قدیم چین اور صحرائے گوبی کے مابین تھی اور وہاں انھوں نے شمالی ایرانی بدویوں کی ثقافت کے خاصے عناصر مجموعی طور پر اپنا لیے تھے ۔ سیونگ‌نو کی زندگی کے بعض پہلوؤں سے ثابت ہوتا ہے کہ پیش ازیں ان کا دار و مدار چین پر تھا ۔ دوسرے یہ پتا چلتا ہے کہ مانچوریا کے قدیم غیر بدوی قبائل سے ان کے ثقافتی تعلقات قائم تھے (Kussmaul)۔ کئی صدیاں خونریز جنگوں میں بسر ہوئیں اور اس اثنا میں [illegible] سیونگ‌نو کا مقابلہ کیا اور

marfat.com
Marfat.com

دیوارِ عظیم تعمیر کی - علاوہ ازیں اہلِ چین نے چند ثقافتی عناصر شمالی ایرانیوں سے اخذ کیے، مثلاً لوہا، اسپ سوار فوج، پاجامہ، خیمے کی صورت میں آسمان کا تصور - ایک پرانی چینی ضرب المثل ہے کہ ''گھوڑے کی پشت سے ریاست و حکومت قائم ہوتی ہے''.

سلطنت سیونگ‌نو کے زمانے میں اور اس کے بعد چین کے شمال مشرق میں صحرا اور جنگل کے درمیان پھیلے ہوئے سرحدی علاقے کے ساتھ ساتھ بدویت کے شعلے نے تیزی سے مختلف قبیلوں کو یکے بعد دیگرے اپنی لپیٹ میں لے لیا - چین خود ایک ایسا ملک ہے جس کی اکثر اراضی پر دریاؤں کی لائی ہوئی زرد مٹی کی تہ جمی ہوئی ہے اور وسیع لق و دق میدان ہیں - اس کے زرعی اور دیہی علاقے نے اس دباؤ کا مقابلہ کیا یا اسے برداشت کیا یا باجگزار بن گئے یا جزوی طور پر مطیع ہو گئے یا کنارے کنارے کے علاقے چراگاہوں میں تبدیل کر دیے اور یہ سب کچھ ان طویل ادوار میں پیش آیا جب وہ یکے بعد دیگرے دفاع، پسپائی یا زراعت کے لیے اراضی کی بازیافت میں مصروف تھے - چونکہ اس مقالے کا مقصد بدویت کی ابتدا کی تاریخ کا ایک خاکہ پیش کرنا ہے اس لیے ہم ایسی کم و بیش مختصر العمر بدوی حکومتوں اور سلطنتوں کے عروج کا ذکر نہیں کر سکتے جن کے ہاں یہ رجحان پایا جاتا تھا کہ سلطنت چین کے عالمگیر اور کائناتی نظریۂ ریاست کو نمونہ سمجھیں - اسی طرح ہم مغرب کی جانب وسیع پیمانے پر متعدد بار ہونے والی اس نقل مکانی اور لشکر کشی کا ذکر بھی نہیں کر سکتے جس کے دوران میں ''خشک منطقے'' نے ایک ایسی گلیاری (Corridor) کا کام دیا جس میں سے گزر کر حملہ آور جنوب مغربی ایشیا کے ان ممالک میں جو قدیم نخلستانی تہذیب کے حامل تھے یا قرون وسطٰی کے وسطی اور مغربی یورپ میں پہنچے، جب کہ وہاں جنگلی تہذیب کا آغاز ہو رہا تھا اور جہاں وہ دیگر اقوام کی ہجرت کا ایک سبب بنے (Spuler ; Grousset).

کھلے یا شجردار میدانوں میں کاشتکاری کے جو بچے کھچے آثار رہ گئے تھے انہیں ان تحریکوں نے تمام و کمال برباد کر کے رکھ دیا - شمال میں منگولیا کے گرد و نواح کے پہاڑی اور کوہستانی خطے، جن میں میدان، مرغزار اور جنگل شامل تھے، ملجا و ماوٰی بن گئے، جہاں ایسی قوم کی از سرِ نو تخلیق ہوئی جو شکار، مویشیوں کی پرورش نیز کاشتکاری پر گزر اوقات کرتی تھی (قب Lattimore) - دریاے گان Gan اور ارگون Argun کے قریب منگولیا کے میدانوں کے شمال مشرقی گوشے کو کاٹتی ہوئی ایک دفاعی دیوار کے کھنڈروں سے ظاہر ہوتا ہے کہ کسی زمانے میں اسی قسم کے زراعت پیشہ لوگوں کی بہت بڑی تعداد یہاں آباد ہوگی (Plaetschke) - تاریخی اعداد و شمار سے معلوم ہو سکتا ہے کہ اس قسم کے پہاڑی سرحدی علاقے جہاں جنگل ہوں کس طرح بار بار ایسے لوگوں میں گروہوں اور جتھوں کی تشکیل کی بنیاد بنتے رہے جو شکار، مویشیوں کی پرورش اور کاشتکاری پر بسر اوقات کرتے اور بڑے ناساز گار حالات میں زندگی گزارتے تھے - ان لوگوں میں ہمیں بعض صلاحیتوں کے حامل افراد بھی نظر آتے ہیں جنہیں سرداری کی قابلیت ودیعت ہوئی تھی اور وہ مار دھاڑ، لوٹ مار اور امرا کو باجگزار بنا کر مختلف قسم کے گروہ منظم کر لیتے تھے - کبھی کبھی کسی گروہ یا قبیلے کے نام پر ایک ترقی پذیر حکومت بلکہ ایک وسیع و عریض سلطنت کا نام بھی رکھ دیا جاتا تھا - خوش قسمتی سے مغول کی ایک خفیہ تاریخ *Secret History of the*

Marfat.com

Mongols محفوظ رہ گئی ہے (Haenisch) - یہ چنگیز خاں اور اس کے قبیلے کی داستان ہے - اس میں یہ بتایا گیا ہے کہ اس نے کس طرح مغولی سلطنت کی بنیاد رکھی - اس سرگزشت کو ۱۲۴۰ء میں ایک مغل نے ایک سادہ اور براہ راست روداد کی صورت میں لکھا تھا - یہ نیم حضری قبیلہ اپنے اسلاف کے زمانے میں کنتئی Kentei کے پہاڑوں میں رہتا تھا اور اس کے پاس چند گھوڑے، مویشی اور بھیڑیں تھیں - کہیں کہیں کاشتکاری بھی ہوتی تھی اور جنگلی نباتات جمع کر لی جاتی تھیں - گھوڑے پر سوار ہو کر جنگ کرنے کو بڑی اہمیت حاصل تھی - تاہم پہاڑوں لے باہر کھلے میدانوں میں رہنے والے ان کے پڑوسی صحیح معنوں میں اسپ سوار بدوی تھے اور ان کے بڑے بڑے ریوڑ اور گروہ تھے - بعض کا دل مار دھاڑ سے سیر ہو چکا تھا اور وہ ان آسائشوں کے عادی ہو گئے تھے جو تمدن کا لازمہ ھیں - اس تمدن سے وہ اپنی مار دھاڑ کے دوران میں آشنا ہوئے تھے - چنگیز خاں کا نو خیز قبیلہ کنتئی کی پہاڑیوں اور جنگلوں کی کمین گاھوں سے نکل کر میدانوں کے دولت مند بدویوں کے درمیان لوٹ مار کرتا تھا - مال غنیمت میں گھوڑے، مویشی، بھیڑیں، عورتیں، بچے اور غلام شامل ہوتے تھے - اس طرح اس قبیلے نے مکمل طور پر بدویت اختیار کر لی اور خوب فروغ پانے لگا - اس کے نئے نئے باجگزار پیدا ہو گئے - سردار کے نام سے قبیلہ مشہور ہو گیا اور اس کی لوٹ مار کی صلاحیت کے مطابق اس میں قوت آتی گئی - بالآخر مشہور و معروف قبائل و اقوام کی خود مختاری کے ساتھ ان کا نام بھی نیست و نابود ہو گیا اور سب مل کر عظیم "مغول" قوم میں مدغم ہو گئے .

منگولیا کے خشک خطے کے کنارے عملاً ایسا کوئی علاقہ نہیں جو کسی زمانے میں اس تیزی سے پھیل جانے والی بدویت کا گہوارہ بنا ہو اور پھر اس نے مکمل طور پر بدویت قبول کر لی ہو یا جہاں بار بار بدوی جماعت کی تشکیل ہوتی رہی ہو .

اسپ سوار بدویوں کے تباہ کن حملوں اور ان کی نقل مکانی سے خشک منطقے کے خالی حصوں میں زبردست توسیع ہوئی - اگر ہم میدانی کاشتکاری کی اصطلاح کا اطلاق شمالی چین اور ہندوستان کے بعض حصّوں پر نہ کریں تو معلوم ہوتا ہے کہ کوہستانی علاقوں کو چھوڑ کر یوزیشیا Eurasia میں ہر جگہ اس کا خاتمہ ہو گیا - نخلستانی تہذیب بربادی کی حد تک کمزور اور محدود ہو کر رہ گئی - یہ درست ہے کہ بڑی بڑی بدوی ریاستوں نے برّاعظم کے مختلف علاقوں میں تبادلۂ اشیا اور تبادلۂ خیالات کے سلسلے میں بڑا کام کیا - لیکن اگر ان کی نشو و نما دور امن و امان میں ہوتی تو یہ تبادلہ کہیں زیادہ مستحکم بنیادوں پر استوار ہوتا - تاہم یہ کہنا مشکل ہے کہ انسان کے دل و دماغ میں جو اچھی اور جاندار باتیں ھیں انھیں زوال اور بربادی سے بچانے کے لیے آزمائشیں اور مصائب کسی حد تک ضروری ھیں .

مآخذ: (۱) A. Alfoldy: *Die geistigen Grundlagen des hochasiathischen Tierstils*، در *Forschungen u. Fortschr.*، ۱۹۳۱ء، ص ۲۷۸ ببعد؛ (۲) F. Altheim: *Weltgeschichte Asiens im griechischen Zeitalter*، ۲ جلد، Halle ۱۹۴۷ - ۱۹۴۸ء؛ (۳) وہی مصنف: *Die Nomaden und die griechische Staatenbildung in Ostiran und in Indien*، در *Historia Mundi* (طبع F. Valjavec)، ۵، برن Berne ۱۹۵۶ء: ۲۲۳ تا ۲۳۲؛ (۴) E. E. Bacon: *Types of Pastoral nomadism in Central and South - West Asia*، در *South - Western Journal of Anthropol*

marfat.com
Marfat.com

۱۰، ۱۹۵۴ء: ۳۴ تا ۶۸؛ (۵) C. W. Bishop: *The Rise of Civilization in China with Reference to its Geographical Aspects*، در *Geograph. Review*، ۱۹۳۲ء؛ (۶) J. Boessnek، در *36 Bericht d. Röm-German. Kommission 1955*، برلن ۱۹۵۶ء، ص ۸ ببعد؛ (۷) V. G. Childe: *The Aryans, a Study of Indo-European Origins*، لنڈن ۱۹۲۶ء؛ (۸) W. Eberhard: *Kultur und Siealung der Randvölker Chinas*، تکملۂ T'oung Pao، ج ۳۶، لائڈن ۱۹۴۲ء، الف؛ (۹) وہی مصنف: *Lokalkulturen im alten China*، حصہ ۱، تکملۂ T'oung Pao، ج ۳۷، لائڈن ۱۹۴۲ء، ب، حصہ ۲، در *Monumenta Serica, Monograph 3*، پیکنگ ۱۹۴۲ء، لائڈن؛ (۱۰) وہی مصنف: *Geschichte Chinas bis zum Ende der Han-Zeit*، در *Historia Mundi*، ۲، ۱۹۵۳ء: ۵۶۵ تا ۶۰۶؛ (۱۱) M. de Fernandy: *Die nordeurasischen Reitervölker und der Westen*، در *Historia Mundi* (طبع F. Valjavec)، ۵، Berne ۱۹۵۶ء: ۱۷۵ تا ۲۲۳؛ (۱۲) O. Franke: *Geschichte des Chinesischen Reiches*، برلن و لائپزگ، ج ۱، ۱۹۳۰ء؛ ج ۳، ۱۹۳۷ء؛ (۱۴) A. Gallus: *The Horse Riding Nomads in Human Development. An Essay in Human Destiny*، در *Ann. de Hist. Antigua y Medieval*، Buenos Aires ۱۹۵۴ء؛ (۱۵) R. Ghirshman: *Iran*، Harmondsworth ۱۹۵۴ء؛ (۱۶) R. Grousset: *L' Empire des steppes*، پیرس ۱۹۴۸ء (بار دوم)؛ (۱۷) وہی مصنف: *Die Steppenreiche*، در *Hdb. d. Weltgeschichte*، طبع A. Randa، ۱: ۳۰۹ تا ۳۹۰، Olten و Freiburg ۱۹۵۴ء؛ (۱۸) وہی مصنف: *Orient und Okzident im geistigen Austausch*، شٹٹ گارٹ Stutgart ۱۹۵۵ء؛ (۱۹) R. Haenisch: *Die geheime Geschichte der Mongolen*، لائپزگ ۱۹۴۸ء (بار دوم)؛ (۲۰) F. Hančar: *Das Pferd in Prähistorischer und früher historischer Zeit, Wiener Beitr. z. Kulturgesch. u. Linguistik*، ج ۹، وی انا و میونخ ۱۹۵۶ء، مع مفصل ماخذ؛ (۲۱) H. W. Haussig: *Indo-germanische und altaische Nomadenvölker im Grenzgebiet Irans*، در *Historia Mundi* (طبع F. Valjavec)، ۵، Berne ۱۹۵۶ء: ۲۳۳ تا ۲۵۰؛ (۲۲) K. Jettmar، قب سطور بالا؛ (۲۳) وہی مصنف: *Entstehung des Reiternomadentums*، در *Handb. d. Weltgeschichte*، (طبع A. Randa)، ۱: ۳۳۲ تا ۳۳۸، Olten و Freiburg ۱۹۵۴ء؛ (۲۴) وہی مصنف: *Review of* Hančar (دیکھیے سطور بالا)، در *Central Asiatic Journal*، ج ۳، شمارہ ۲، ۱۹۵۷ء: ص ۱۵۵ تا ۱۶۰؛ (۲۵) F. Kussmaul، قب سطور بالا؛ (۲۶) وہی مصنف: *Zur Frühgeschichte des innerasiatischen Reiternomadentums*، تحقیقی مقالہ Tübingen، ۲ جلد، نقشے، ۱۹۵۳ء الف (ٹائپ کیا ہوا)؛ (۲۷) وہی مصنف: *Das Pferd in der Geschichte*، در *Aus der Heimat*، ۶۱، ۱۹۵۳ء ب، ۱۱۳/۲۳؛ (۲۸) وہی مصنف: *Einige Bemerkungen zur Geheimen Geschichte der Mongolen*، در *Göttinger Völkerkundliche Studien*، ۲، ۱۹۵۷ء: ۱۲۹ تا ۱۳۲؛ (۲۹) O. Lattimore: *The Geographical Factor in Mongol History*، در *Geograph. Journal*، ۹۱، ۱۹۳۸ء: ۱ تا ۲۰؛ (۳۰) L. Ligeti: *Mots de civilisation de Haute Asie en transcription chinoise*، در *Acta Orientalia Academiae Scientiarum Hungaricae*، ۱: ۱۴۱ تا ۱۸۸، بوڈاپسٹ ۱۹۵۰-۱۹۵۱ء؛ (۳۱) B. Lundholm: *Abstammung und Domestikation des Hauspferdes*، در *Zoologiska Bidrag fran Uppsala*، ۱۹۴۷ء؛ (۳۲) A. P. Okladnikov: *Histoire de la Yakoutie* (روسی میں) ۱۹۵۵ء؛ (۳۳) H. H. von der Osten: *Die Welt*

marfat.com
Marfat.com

der Perser، در Grosse Kulturen der Frühzeit، (طبع) H. T. Bossert، Stutgart ۱۹۵۰ء؛ (۳۴) B. Plaetschke: Landschaftliche Wesenszüge der östlichen Gobi، در Wissensch. Veröff d. Deutschen Museums f. Länderkunde، لائپزگ ۱۹۳۹ء، سلسلۂ جدید، ۷ : ۱۰۳ تا ۱۳۸؛ (۳۵) M. Rostowzew: Scythien und der Bosporus، ج ۹، برلن ۱۹۳۱ء؛ (۳۶) B. Spuler: Geschichte Mittelasiens، در Geschichte Asiens، طبع E. Waldschmidt، Munich ۱۹۵۰ء؛ (۳۷) S. P. Tolstow: Auf den Spuren der altchoresmischen Kulture، ۱۹۵۳، Beiheft zu "Sowjetwissenschaft"، مشرقی برلن ۱۹۵۳ء؛ (۳۸) G. Vernadsky: The Mongols and Russia، ییل یونیورسٹی پریس، New Haven ۱۹۵۳ء؛ (۳۹) G. Vladimirtsov: Le régime social des Mongols، le féodalisme nomade، مترجمۂ M. Carsov در Bibliothèque d' Études، ج ۵۲، پیرس ۱۹۴۸ء؛ (۴۰) R. Walz، قب سطور ذیل؛ (۴۱) H. v. Wissmann: Südwest Kiangsu, der Wuhu-Taihu-Kanal und das Problem des Yangdse-Deltas، در Wissensch. Veröff. d. Deutschen Museums f. Länderkunde، لائپزگ ۱۹۳۰ء، سلسلۂ جدید، ۸ : ۶۱ تا ۱۳۱؛ (۴۲) وہی مصنف: Die Entwicklungsräume des Menschen، در Universitas، ج ۲، ۱، ۱۹۴۶ء : ۴۴۹ تا ۴۶۳؛ (۴۳) H. v. Wissmann، H. Poech، G. Smolla، F. Kussmaul: On the Rôle of Nature and Man in Changing the Face of the Dry Belt of Asia، در Man's Rôle in Changing the Face of the Earth، طبع W. L. Thomas، شکاگو ۱۹۵۶ء، ص ۲۷۸ تا ۳۰۳۔

(F. KUSSMAUL و H. SON WISSMANN)

## (ج) عرب کے بدوی

ہمیں اس امر کے اشارے ملتے ہیں کہ تیسرے عہد ہزار سالہ قبل از مسیح تک شمالی افریقہ اور مشرق قریب میں ایک کوہان والا جنگلی اونٹ ملتا تھا، جو آگے چل کر عرب کے سوا ہر جگہ ناپید ہوگیا۔ معلوم نہیں کہ شمالی افریقہ میں یہ جانور کب معدوم ہوا۔

مصر میں تیسرے شاہی خاندان کے عہد کی ایک ڈوری ملی ہے جو اونٹ کے بالوں سے بنی ہوئی ہے۔ جیمز James نے مصری منبّت‌کاری کا ایک نمونہ شائع کیا ہے (۱۹۰۵ء)، جس میں دوسرے جنگلی جانوروں کے ساتھ سانڈنی بھی نظر آتی ہے۔ اس کے اسلوب کو دیکھ کر کہا جا سکتا ہے کہ "نئی بادشاہت" کے دور کی ہے۔ اونٹ کو پالتو جانور کی حیثیت سے نہ تو وادیِ نیل میں پالا گیا، جہاں آب و ہوا اس کی صحت کے لیے مضر ہے اور نہ شمالی افریقہ کے صحرائی خطّے میں۔ والز Walz نے اس مسئلے پر بڑی تفصیل کے ساتھ بحث کی ہے (۱۹۵۱ء)۔

عرب کے اس علاقے کے بارے میں جو بحیرۂ روم کے کنارے واقع ہے آغا ثرخیدس Agatharchides (دو روایتوں میں، قب C. Müller: Georgr. Graec. Minor، ۱ : ۱۷۹) اور ارتیمیڈورس Artemidorus نے معلومات بہم پہنچائی ہیں، جو قابل اعتماد ہیں۔ ان بیانات میں اس نے یہ بھی لکھا ہے کہ موجودہ زمانے کے شمالی حجاز کے ساتھ ساحل کے اندرونی علاقے میں جنگلی جانوروں، مویشیوں، گورخروں (ἄλλων ἡμιόνων; ἀμύθητος ἀριθμὸς ἡμιόνων καὶ βοῶν)، جنگلی اونٹوں (καμήλων ἀγρίων)، ہرنوں اور غزالوں کے اریوڑ نیز متعدد شیر، چیتے اور بھیڑیے پائے جاتے ہیں۔ ان بیانات کا مأخذ غالباً ایک ہی ہے اور وہ شاید ارسطون d'Ariston کا بیان ہے، جس کا زمانہ تقریباً ۲۸۰ ق م ہے (قب Torn، حوالۂ مذکور، ما بعد کی رپورٹ، ص ۱۴)۔ میوسِل

marfat.com
Marfat.com

Musil (۱۹۲۶ء، ص ۳۰۲ ببعد) کی راے میں یہ اونٹ غالبًا جنگلی نہیں تھے (اس نے غلطی سے گورخر کو خچر سمجھا ہے اور درست کہا ہے کہ خچر جنگلی نہیں ہو سکتے) - Littman (۱۹۴۰ء، ص ۳) نے بتایا ہے کہ ثمود کے نقوشِ دیوار کے مظاہر (قب سطورِ ذیل) کے سلسلے میں چٹانوں پر بنی ہوئی جو تصویریں منظر عام پر آئی ہیں ان میں پالتو جانوروں (اونٹوں، گھوڑوں اور کتوں) کے علاوہ بڑی تعداد میں شکاری جانور مثلاً غزال، بقرالوحش (نیل گاے)، پہاڑی بکرے، جنگلی سوّر، خرگوش، شترمرغ، شیر ببر، بھیڑیے اور لگڑ بگڑ بھی دکھائے گئے ہیں - ان میں صرف ایک جگہ بکری کی تصویر ملتی ہے - لیکن بھیڑ یا کسی اور پالتو جانور کی تصویر کھینچنے کی کوشش نہیں کی گئی - مدین (Midian) اور حوران کے درمیانی علاقے میں رہنے والے خانہ بدوش بہت گرم جوش ہوں گے، لیکن معلوم ہوتا ہے کہ انھیں اپنی بھیڑ بکریوں (غَنَم) کی تصویریں کھینچنے کا زیادہ شوق نہ تھا - اسی طرح زینوفن (Xenophon : Anabasis، ۱ / ۵ : ۱ ببعد) نے گورخروں، نیل گاے، شتر مرغوں اور تغداروں کے بارے میں بھی بتایا ہے - اس نے گھوڑے پر سوار ہو کر گورخر کے شکار کرنے کا ذکر بھی کیا ہے - لہٰذا تیسری صدی قبل مسیح تک صحراے عرب میں جنگلی اونٹنیاں بھی موجود تھیں.

ہم یہ نہیں کہہ سکتے کہ ایک کوھان والا اونٹ عرب کے کس مقام پر سب سے پہلے سدھایا گیا - البرائٹ Albright کا خیال ہے کہ وسیع جنوبی صحرا کے قریب جنوبی عرب میں کسی جگہ کو یہ شرف حاصل ہوا ہوگا (۱۹۵۸ء، حاشیہ ۵) - گیارھویں صدی قبل مسیح سے پہلے ہمیں جنگلی ناقہ کا ذکر پالتو جانور کے طور پر نہیں ملتا (البرائٹ Albright، والز Walz، ۱۹۵۱ء، ۱۹۵۶ء، بخلاف Dussaud، ص ۲۰۷) بائبل کے سِفرُالقُضاۃ (Judges، ۶ تا ۸) میں لکھا ہے کہ اھلِ مدین، عمالقہ اور اھل مشرق اونٹ پر سوار ہو کر دریاے اردن کے پار فلسطین میں داخل ہوے تھے - یہ واقعہ گیارھویں صدی قبل مسیح کے تقریبًا وسط میں پیش آیا تھا اور البرائٹ اور والز کے خیال کے مطابق یہی وہ زمانہ ہے جس میں پہلی بار پالتو ناقہ کا ذکر ملتا ہے - اسی زمانے میں فلسطین پہلی بار لوھے سے آشنا ہوا تھا - البرائٹ (*Arch.*، ۱۹۵۳ء، ص ۲۲۷، حاشیہ ۳۱) کی راے یہ ہے کہ ناقہ کو صحیح معنوں میں سولھویں و پندرھویں اور تیرھویں و بارھویں صدی قبل مسیح کے مابین عرب میں سدھایا گیا - جنوبی عرب تک سامیوں کا پھیلنا غالبًا اس سے بھی کہیں پہلے زمانے سے تعلق رکھتا ہے - چنانچہ منبت کاری کے جو نمونے ھتشپست Hatshepsut کی پونت Punt کی مہم (تقریبًا ۱۴۹۰ق م) میں ملے ہیں ان سے پتا چلتا ہے کہ بحیرۂ روم کے خطے کی نسلوں کی مشرقی شاخ (خالص بحیرۂ رومی — مشرقی — ایرانی — ہندی — گونڈی؛ قب von Eickstedt، Biasutti، Coon، Field ۱۹۵۶ء، Pöch)، جو شمالی عرب کے سامیوں میں بقول موسکاتی Moscati بہت پرانی نسل شمار ہوتی ہوگی، کی نمائندگی اس زمانے میں بھی جنوبی عرب یا کم از کم وھاں کے حکمران طبقے میں نظر آتی ہے (Dr. Hella Poech کا زبانی تبصرہ) - یہ راے کونتی روسینی Conti Rossini (ص ۱۰۱، قب ص ۴۷) کے قیاس کے مطابق ہے کہ پونت Punt کے جن سرداروں کا ذکر ھتشپست اور رَمسیس دوم (Ramses II) کے ھاں ملتا ہے ان کے نام سامی تھے (پر یہو=فریح، نہس = نحاس، قب Brunner-Traut، ص ۳۰۷؛ Wissmann

Marfat.com

۱۹۰۷ء)۔ میرا خیال ہے کہ جب ہم پانچویں خاندان (سہورے، قب Kees، ص ۵۹) کے عہد کی مصری منبت کاری کے نمونوں میں پونت کے باشندوں کے جسمانی خط و خال دیکھتے ہیں تو یہ کہنا کچھ غلط معلوم نہیں ہوتا کہ یہ کم از کم جزوی طور پر سمندر کے عربی ساحل والے علاقے میں آباد ہوگا۔ اہلِ پونت کے خط و خال مصریوں کے خط و خال سے مشابہ ہیں (قب Pöch، ۱۹۰۷ء).

البرائٹ (W. F. Albright) کا اندازہ ہے کہ یمن کے کوہستانی علاقوں کے اندرونی دامن کے ساتھ ساتھ صحرائی آب و ہوا میں پندرھویں صدی قبل مسیح کے لگ بھگ تہذیب کا آغاز ہو رہا تھا۔ اس کا قیاس ہے کہ اس کا باعث شمال کی طرف سے لوگوں کی نقلِ مکانی تھی۔ اس نے زمانے کی جو تعیین کی ہے وہ اس امر پر مبنی ہے کہ [علاقۂ] حَجر بن حُمَید (قب سطور ذیل) کی کھدائی سے ظاہر ہوا ہے کہ بستی کی بنیاد سے پہلے چار پانچ میٹر زراعتی (سیراب شدہ) مٹی کی تہ موجود ہے۔ یہ بنیاد ۱۰۰۰ق م کے قریب رکھی گئی ہوگی، جہاں ۸ میٹر مٹی کی تہ تقریباً ۱۰۰۰ق م اور تقریباً ۲۰۰ء کے مابین بستی کی موجودگی کے دوران میں جمی ہوگی۔ وہاں نیچے کی چار پانچ میٹر کی تہ تقریباً ۵۰۰ سال کے زمانے کو ظاہر کرتی ہے (R. Le Baron Bowen، ص ۶۷، ۱۱۷: البرائٹ Albright، ۱۹۵۸ء).

یہ ایک عجیب بات ہے کہ شتر سواری اور اسپ سواری دونوں کے رواج کا آغاز دوسرے عہد ہزار سالہ قبل مسیح کے نصف آخر میں نظر آتا ہے۔ شتر سواری کی ابتدا عرب سے ہوئی اور اسپ سواری کی غالباً ماورائے قفقاز کے پہاڑوں سے۔ ہنچر Hančar اس سلسلے میں یہ رائے ظاہر کرتا ہے کہ دھات کے حمل و نقل کے لیے حمل بردار ٹٹوؤں کی مانگ میں جو اضافہ ہوا اس سے غالباً پہاڑی علاقوں میں گھوڑوں کی افزائش نسل پر ضرور اہم اثر ہوا ہوگا (ص ۲۹۷)۔ اسی طرح عرب میں ایک کوہان والے اونٹ کی پرورش کے سلسلے میں جو سرگرمیاں پیدا ہوئیں اس کی وجہ یہ تھی کہ جنوبی عرب اور بحیرۂ روم کے خطے کے علاقوں، نیز عراق کے درمیان ذرائع حمل و نقل کی مانگ بڑھ گئی تھی، کیونکہ مغربی عرب میں لوبان، کالی مرچ، قیمتی پتھر اور سونا جنوب کے علاقے سے ہند اور مشرقی افریقہ کا سامان اور شمال کے علاقے سے کپڑا، آرائشی سامان، فنون لطیفہ کے نمونے (Segall، ۱۹۵۷ء) اور غالباً لوہے کا سامان دوسرے مقامات تک لے جانا پڑتا تھا۔ جنوبی عرب میں آب پاشی کی نالیوں اور حوضوں کی تعمیر میں پانی روکنے والے پلاستر کے استعمال کے آغاز سے، جو قبل ازیں ملک شام میں ۱۲۰۰ ق م سے مروّج ہو چکا تھا، زرعی ترقی میں بڑی مدد ملی۔ لیکن یہ واقعہ غالباً دسویں صدی ق م سے پہلے پیش نہ آیا ہوگا (البرائٹ Albright، ۱۹۵۸ء).

جہاں گلوئک (N. Glueck) کے زیرِ اہتمام ازیون گبر Ezion-Geber، کی کھدائیوں (Smithson، Inst., Ann. Rep. ۱۹۴۱ء، Publ. ۳۶۵۱؛ ۱۹۴۲ء) سے ثابت ہوتا ہے کہ اُوفیر Ōfīr کی سونے کی سر زمین کے بارے میں حضرت سلیمان ؑ اور حِیرام Hīrām کی بحری مہمّات کی روداد کا تعلّق تاریخی امور سے ہے۔ کتاب الملوک باب ۹ تا ۱۰ میں اوفیر کی مہمّات کے سلسلے میں ملکہ سَبا کی جو کہانی بیان کی گئی ہے وہ بھی لازمی طور پر تاریخی پس منظر رکھتی ہے (قب البرائٹ Albright، ۱۹۵۸ء، ص ۳)۔ کم از کم اس سے اتنا تو پتا چلتا ہے کہ دسویں صدی قبل مسیح میں جنوبی عرب اور فلسطین کے درمیان اونٹوں کے قافلے چلا کرتے تھے۔ کتاب پیدائش، باب ۱۰ میں (نویں یا آٹھویں صدی قب Albright:

marfat.com
Marfat.com

*Arch.*، ۱۹۰۳ء، ص ۳۲۷) سَبا، اوفیر اور حَوِیْله کے نام یکے بعد دیگرے بھائیوں کے طور پر آئے ھیں۔ علاوہ ازیں حضرموت کا نام یقطان[یَقْطَن ؟]بن عابر کے بیٹوں میں نظر آتا ھے ۔ میں اس مفروضے کی تائید میں یہ کہہ سکتا ھوں کہ اُوفیر کی سونے کی سرزمین (المُلوک اول، ۹:۲۸و ۱۰:۱۱؛ ۲۲ : ۴۹؛ تواریخ اول، ۲۹ : ۴؛ تواریخ دوم، ۸ : ۱۸و ۹ : ۱۰، ایوب، ۲۲ : ۲۴ و ۲۸ : ۱۶؛ مزامیر ۴۵ : ۱۰؛ یسعیا، ۱۳ : ۱۲) جنوب مغربی عرب میں بحیرۂ قلزم کے کنارے ذَھبان کے گرد عسیر میں واقع تھی (Sprenger، Moritz، Delbrueck، ص ۱۲؛ Wissmann، ۱۹۰۷ء، ۱۹۰۹ء؛ قب Glaser، ص ۳۵۷ تا ۳۸۴؛ Albright : *Arch.*، ۱۹۰۳ء، ص ۲۱۲، حاشیه ۴۱) ۔ سمالی لینڈ میں، جہاں چند ایک مصنفین اُوْفیر کا محل وقوع بتاتے ھیں، صاف شفاف چٹانوں اور ان کے شگافوں میں ابھری ھوئی دھات کی پرت اور ان ٹکڑوں کا جن میں سونا پایا جاتا ھے اگر عسیر کی چٹانوں سے مقابلہ کیا جائے تو اول الذکر کے پرت حجم کے اعتبار سے نسبۃً بہت چھوٹے نظر آتے ھیں (قب *Carte Géol Afr.*، ۱۹۰۲ء) ۔ سَبا کے سونا بھیجنے کے بارے میں (قب المُلوک اول، باب ۱۰؛ یسعیا، ۶۰ : ۶؛ حزقی ایل، ۲۷ : ۲۲؛ مزامیر، ۷۲ : ۱۵ (لیکن قب J. Ryckmans، ۱۹۰۸ء).

پیدائش، ۲ : ۱۱و ۱۰ : ۷و ۱۰ : ۲۹و ۲۵ : ۱۸ اور سموئیل اول، ۱۵ : ۷ میں جو حَوِیْله کے سونے کی سرزمین کا ذکر آیا ھے اس کی سب سے زیادہ قرینِ قیاس مطابقت میرے خیال میں نیز Niebuhr، C. Ritter، Sprenger، Moritz اور دوسروں کی رائے میں خَولان سے ھوتی ھے ۔ اس نام کا پتا الھمذانی کے ھاں نیز کتبات سے بھی چلتا ھے اور یہ نام آج بھی رائج ھے ۔ شمالی خَولان اوفیر کی سرحد پر واقع تھا ۔ جنوبی خَولان سبا سے جا ملتا تھا ۔ شمالی خَولان اپنی اعلیٰ درجے کی سونے کی کانوں کے باعث غالبًا ۴۰۰ قبل مسیح کے لگ بھگ یونان میں بہت مشہور تھا اور آغاثرخِیذس Agatharchides نے اس کا بالوضاحت ذکر کیا ھے (C Müller : *Geogr. Graec. Minor.*، ص ۱۸۳ ببعد؛ Wissmann، ۱۹۰۷ء، بالخصوص ۱۹۰۹ء).

بائبل کی کتاب پیدائش میں جو انساب مذکور ھیں ان میں جنوبی عرب کے باشندوں کو کُوش اور عابر دونوں کی نسل سے بتایا گیا ھے۔ عابر اور اس کے بیٹے یقطان کی اولاد ''مشرقی جانب کے ایک پہاڑ'' 'سِفار' تک آباد ھو گئی تھی ۔ عام طور پر اس سفار کو ظَفار سمجھا جاتا ھے، جو یمن میں حِمیر کا دارالحکومت تھا ۔ لیکن اس شہر کی بنیاد غالبًا ۱۰۹ق م میں رکھی گئی تھی (قب سطورِ ذیل)، جب حِمیر اس علاقے پر قابض ھوے تھے ۔ یہ جنوب مغربی یمن کے کوھستانی علاقے میں ایک پہاڑی پر واقع ھے اور ''مشرقی جانب کا ایک پہاڑ'' نہیں۔ Fresnel، C. Ritter، Rödiger، Tkač اور دوسرے مصنّفین کا قیاس ھے (اور میرے خیال میں ان کا یہ قیاس صحیح ھے) کہ سفار سے مراد ظَفار کا شہر اور علاقہ ھے، جو حضر موت اور سرزمین مَہرہ کے مشرق میں واقع ھے، لیکن اس کا ذکر قبل از اسلام کے کتبات اور ادب میں نہیں آیا، بلکہ صرف ابتدائی عہد کے عرب جغرافیہ نویسوں کے زمانے ھی سے ملتا ھے ۔ لوبان (بُخُور) کی پیداوار کے اعتبار سے یہ جنوبی عرب کا بہترین علاقہ ھے ۔ اس کے مشرق میں جو پہاڑی حصہ سمندر کے اندر تک چلا گیا ھے اور اس علاقے کی راس در حقیقت خشکی کا وہ آخری ٹکڑا ھے جہاں قدیم زمانے میں ھندوستان کو جانے والے جہاز مون سون کا فائدہ اٹھاتے ھوے ساحل سے لنگر اٹھاتے تھے (Schoff، Frisk، آخری محل مذکور) ۔ اسی طرح یہ جنوبی عرب کا مشرق کی جانب وہ آخری علاقہ ھے جہاں ھمیں غیر بدوی حضری آبادی ملتی ھے ۔

Marfat.com

اس کے مشرقی جانب صحراے اعظم عمان تک سمندر کو چھوتا ہے (قب Lagarde، ص ۱۶، حاشیہ) - Vollers : *Ztschr. f. Assyr*، ص ۲۲، ۲۲۳ ببعد کی راے میں پیدائش، باب ۱۰ میں مذکورہ سفار کو سفارِ سمجھنا چاہیے جو بحرین میں ہے - لیکن یہ "بلد" (یاقوت، ۳ : ۹۶ بحوالۂ ابن الفقیه) نه تو سرحدی مقام تھا اور نه پہاڑ.

میرے خیال میں یه نتیجه اخذ کیا جا سکتا ہے که "شجرۂ اقوام" (یہوسٹ دوم) میں "فرزندانِ یقطان" سے مراد جنوبی عرب کے زراعت پیشه لوگ ہیں اور میرا خیال ہے که پیدائش، ۲۵ : ۱۸ میں وسطی اور شمال مغربی عرب کے شتربان بدویوں کو "فرزندانِ اسمٰعیل" میں شمار کیا گیا ہے اور پیدائش، ۳۷ : ۲۵، ۲۸ اور القضاة، ۸ : ۲۴، میں ان کا ذکر اسمٰعیلیوں کے نام سے آیا ہے - پیدائش ۲۵ : ۱۸ "اور وہ (فرزندانِ اسمٰعیل) حویله سے لے کر آشور تک آباد تھے جو مصر کے مشرق میں آشور کی راہ پر واقع ہے" - "معلوم ہوتا ہے که وہ اس مثلث نما لق و دق صحرا میں آباد تھے جو جنوبی عرب (خَولان)، مصر اور شام کے زرعی ملکوں کے درمیان واقع ہے" (قب Skinner : *Internat. Crit. Comment.* و Kautzsch-Bertholet).

اونٹ صحرا کے حالات سے بے حد مناسبت اور مطابقت رکھتا ہے - اس میں پیاس کو بحسن و خوبی برداشت کرنے کی بڑی صلاحیت ہے اور وہ طویل مسافت کو بہت تیزی سے طے کر سکتا ہے - یه یقینی امر ہے که جنگ کے موقع پر اونٹ جیسے جانور پر سوار ہو کر لڑنے والے دستے گھوڑوں والی جنگی رتھوں میں سوار فوجوں پر بہت زیادہ فوقیت رکھتے ہوں گے - البرائٹ Albright لکھتا ہے (*Stone Age*، ۱۹۴۶ء، ص ۱۲۰؛ *Arch.*، ۱۹۵۳ء، ص ۹۷): "عربوں کی بدوی زندگی اونٹ پالنے پر مبنی ہے -

اسی کی بدولت بدوی اس قابل ہوتا ہے که محض اپنے اونٹوں کے ریوڑ کے سہارے زندگی بسر کر سکے - وہ ان کا دودھ پیتا ہے، ان کا دہی اور گوشت کھاتا ہے، ایسے علاقوں میں جہاں صرف اونٹ ہی زندہ رہ سکتا ہے گھومتا پھرتا ہے اور بے آب و گیاہ صحراؤں میں کئی روز تک بڑی تیزی سے سفر کر سکتا ہے - اونٹ ایسی ایسی صحرائی جڑی بوٹیاں اور جھاڑیاں کھا لیتا ہے جنھیں بھیڑ بکریاں چھونا بھی پسند نہیں کرتیں" - طویل مسافتوں میں سواری کے اونٹ کی رفتار گھوڑے سے تگنی ہوتی ہے - یه تین سو کیلو میٹر کا فاصله ایک روز میں طے کر لیتا ہے - قافلے کے ایک اونٹ پر دو سو کیلوگرام بوجھ لادا جا سکتا ہے - اس کے مقابلے میں گھوڑا ایک سو پچاس کیلوگرام تک بوجھ اٹھا سکتا ہے - عرب میں صرف نشیبی علاقے کے باربردار یا سواری کے اونٹوں ہی کی پالتو نسلیں موجود نہیں بلکه پہاڑی اونٹوں کی نسلیں بھی پائی جاتی ہیں، جو عسیر (Tamisier، ۲ : ۳۱، ۴۷، ۱۹۷) یا علاقۂ عوالق اور حضر موت جیسے خطوں میں خاصے سیدھے ڈھلوان راستوں پر سفر کر سکتے ہیں - جب میدانی علاقے سے سفر کرتے ہوے پہاڑوں کے کسی درے (عَقَبة) کے پاس پہنچیں تو اس درے کے دامن میں قافلے والوں کے لیے یه ضروری ہو جاتا ہے که وہ پہلے اونٹوں کی جگه دوسری نسل کے اونٹ بدل لیں - عرب میں صرف یمن کے کوہستانی علاقے کی مغربی ڈھلان ہی ایک ایسا خطّه ہے جہاں کی آب و ہوا ضرورت سے زیادہ مرطوب ہے اور اس وجه سے وہاں اونٹ نہیں پالے جا سکتے - ہمیں یہاں یاد رکھنا چاہیے که اونٹ سدھانے سے پہلے کے زمانے میں صرف گدھا (اور شاید گورخر) ہی ایک ایسا جانور تھا جس سے بلادِ عرب میں حمل و نقل کا کام لیا جاتا تھا - یه ایک عجیب بات ہے که

marfat.com
Marfat.com

عرب میں نسبۃً خاموش طبع ناقہ کے سدھائے جانے سے تقریباً ایک ہزار سال قبل باختری اونٹ توران میں سدھایا جا چکا تھا، لیکن اسے سواری کے اونٹ کی حیثیت سے کبھی اہمیت حاصل نہ ہو سکی اور یہ جانور لدّو ہی رہا۔

یوں نظر آتا ہے جیسے ناقہ کے سدھانے کا عمل اور بطور سواری اس کا استعمال ساتھ ساتھ جاری رہا یہ بات کسی اَور جانور کے بارے میں نہیں کہی جا سکتی - چونکہ عرب میں جو کھدائیاں ہوئی ہیں وہ ابتدائی ادوار کی تہ تک نہیں پہنچیں اس لیے ہماری معلومات صرف تاریخی مواد ہی پر مبنی ہیں - ابھی تک ہم یہ معلوم نہیں کر سکے کہ اونٹوں کو سدھانے کے جذبے کا محرک کیا تھا - والز Walz (۱۹۵۶ء) نے وائسنر Weisner (۱۹۵۵ء) سے اختلاف کرتے ہوے اس بات پر زور دیا ہے کہ ایک کوہان والے اونٹ کی تربیت باختری اونٹ اور گھوڑے کے سدھانے سے بالکل الگ تھلگ ہوئی - بہر حال معلوم ہوتا ہے کہ متوازی اختراعات کی مثال تاریخ اور زمانۂ قبل از تاریخ میں نادر ہے (Sauer، محل مذکور، ص ۲) - گھوڑا کم از کم ۲۰۰۰ ق م کے لگ بھگ سے عراق میں زیر استعمال تھا، لیکن ۱۱۳۰ ق م سے پہلے فوجوں کے گھوڑوں پر سوار ہونے کا ذکر نہیں ملتا (بخت‌نصر اول، شاہ بابل؛ Thomson، در Pauly-Wissowa، ۷: ۱۰۹ ببعد) - چونکہ باختری اونٹ کم از کم تقریباً ۲۱۰۰ ق م سے جنوبی توران میں پالا جا رہا تھا اس لیے یہ بات بعید از قیاس ہے کہ دوسرے عہد ہزار سالہ ق م کے ابتدائی اور وسطی پر آشوب ادوار میں اسے وقتاً فوقتاً عراق عرب بلکہ اس سے بھی جنوب کے علاقوں میں نہ لایا گیا ہو- غالبًا اسی سے ایک کوہان والے اونٹ کو پالنے اور سدھانے کا خیال پیدا ہوا ہوگا - جنوبی عرب میں بیحان (قدیم قتبان) کے مقام پر حجر بن حُمَید کی کھدائی کے دوران میں البرائٹ (W. F. Albright) کو ایک اونٹ کا سر ملا ہے جو مٹی کے ایک مرتبان کا حصہ ہے - اس نے اس کی تاریخ تخمیناً آٹھویں (یا نویں) صدی قبل مسیح متعین کی ہے (van Beek، ۱۹۵۲ء، ص ۱۷؛ Walz، ۱۹۵۶ء، حاشیہ ص ۵۴؛ البرائٹ Albright، مکتوب ۱۹۵۷ء) - حَجر بن حُمَید کے ایک زیرین پرت کے لیے ایک ریڈیو کاربن تاریخ کی اشاعت سے پتا چلتا ہے (van Beek، ۱۹۵۶ء) کہ اس کھدائی سے برآمد شدہ ایک طغرے کی ابتدائی کتبہ خوانی سے البرائٹ نے جو تاریخ متعین کی ہے وہ اتنی قدیم نہیں بلکہ شاید تقریباً ایک صدی بعد کی ہے۔

تِل حَلّاف میں ایک ناقہ سوار کی تصویر منبّت کاری میں ملی ہے، جو نویں صدی کی ہے (والز Walz) - خط میخی میں شتر سوار خانہ بدوشوں کا جو حال ملتا ہے وہ آرامی بدویوں کا معلوم ہوتا ہے جو آشور نَصِر پال کے ایک جاگیردار کے خلاف ۸۸۰ ق م میں جنگ کرتے ہوے نظر آتے ہیں، اس سے کچھ عرصے کے بعد ۸۵۴ ق م میں جِندِب (Gindibu) العربی، جو عرب کے ایک علاقے کا رہنے والا تھا، ایک ہزار شتر سواروں کے دستے کی قیادت کرتا ہوا سلمانسر Salmanassar سوم کے ساتھ نبرد آزما ہوا - مقالہ العرب (۱) میں گرومن A. Grohmann نے نویں سے ساتویں صدی قبل مسیح تک دیارِعرب اور اہلِ عرب کے حالات کا خلاصہ دیا ہے جو خط میخی سے ماخوذ ہے - اس زمانے میں عرب کا انتہائی شمالی حصہ جو شام اور عراق (میسوپوٹیمیا) کے درمیان واقع ہے عربی کہلاتا تھا اور اس میں تدمُر (Palmyrene) کا علاقہ اور وادی سِرحان بھی شامل تھے - عرب اس علاقے کے بدوی اور نخلستانی باشندے تھے - گرومن Grohmann اور

Marfat.com

میوسل Musil (۱۹۲۷ء، ص ۵۳۱ ببعد) کی رائے میں مرکزی نخلستان اَدُمَتو Adummatu دُومَۃُ الجَنْدَل ہے جو جوف میں واقع ہے - جن بادشاہوں کا ذکر آیا ہے وہ کچھ تو نخلستانی آبادیوں کے شیوخ ہیں اور کچھ بدوی قبائل کے - یرمیاہ، ۲۵ : ۲۴ میں بھی اسی صورتِ حال کا ذکر آیا ہے - ''عرب کے بادشاہ اور عربوں کے تمام بادشاہ جو صحرا میں رہتے تھے'' (بائبل میں اعراب کا پہلی بار ذکر کتاب اِشَعیاہ میں آٹھویں صدی کے اواخر میں آیا ہے) - بازو، جس پر اَسرحَدُّون Assarhaddon نے ۶۷۶ق م میں ایک طویل لشکر کشی کی تھی، وائڈنر Weidner کی تازہ ترین تحقیقات کے مطابق مشرقی عرب میں دلمون (بحرین) کے ساحل کے عقبی علاقے میں واقع ہے، اور میوسل Musil (۱۹۲۷ء، ص ۴۸۳ ببعد) کا یہ قیاس درست نہیں کہ یہ وادی سِرحان میں تھا (Albright، مکتوب).

یہ ظاہر ہے کہ قافلوں کے راستے سیاسی اعتبار سے بڑی اہمیت کے حامل تھے، بالخصوص غزہ (Ghazzet) سے جو بحیرۂ روم پر واقع تھا آنے والا ''بخورات کے لانے کا راستہ'' اور دمشق سے آنے والا وہ راستہ جو مَعان (میوسل Musil، ۱۹۲۶ء، ص ۲۴۳) دَدان (العلاء) اور یثرب (المدینہ) سے ہوتا ہوا رَجمت (نجران)، مَعین اور سَبأ تک جاتا تھا (قب البرائٹ Albright، ۱۹۵۳ء؛ Wissmann، ۱۹۵۷ء؛ Segall، ۱۹۵۷ء)، مثلاً جب ۷۳۲ق م تگلت پلسر Tiglath-Pilesar سوم کے خلاف ریاست سبأ شاہ دمشق تیماء کے اہم نخلستان اور تیماء کے آس پاس کے قبائل اور دَدان کے عظیم الشان اتحاد میں عرب کی ملکہ سمسی شامل ہوئی - خط میخی کے کتبات میں سَبأ کے جس بادشاہ کا نام پہلے پہل آتا ہے وہ غالباً ایک مُکَرِّب (راہب بادشاہ) تھا، جو ۷۱۵ق م میں سارگون Sargon دوم کے پاس خراج لے کر آیا تھا (قب البرائٹ Albright، در BASOR، ۱۴۳، ۱۹۵۶ء: ۱۰؛ وہی مصنف، ۱۹۵۸؛ Wissmann، ۱۹۵۷ء) -

اس دور میں شامی بادشاہوں نے عرب کے شمالی نصف حصے کے بادشاہوں اور شہزادیوں سے جو خراج وصول کیے ان سے ظاہر ہوتا ہے کہ طویل مسافت طے کرنے والے قافلوں کی تعداد خاصی تھی - اور مویشی، سونا، چاندی، جست، لوہا، ہاتھی کی کھالیں، ہاتھی دانت، اور کپڑا وغیرہ سب چیزوں کی حمل و نقل ہوتی تھی (Caskel، ۱۹۵۴ء).

یہاں اس امر پر زور دینا ضروری ہے کہ جنوبی عرب، جس کا ذکر کم از کم دسویں صدی سے سَبأ کے نام سے ہوتا آیا ہے (قب البرائٹ Albright، در BASOR، ۱۹۵۲ء، حاشیہ ۲۶، ۱۹۵۸ء)، ایک ایسا ملک تھا جس کی آبادی کثیر التعداد اور زراعت پیشہ تھی، جہاں بدویت کا نشان بہت کم تھا اور اسے کوئی اہمیت حاصل نہ تھی - یہ خوشبودار مسالے خصوصاً لوبان پیدا کرنے والا ملک تھا (خروج، ۳۰ : ۳۴؛ الملوک، ۱۰؛ یسعیا، ۶۰ : ۶؛ یرمیاہ، ۶ : ۲۰؛ قب J. Ryckmans، ۱۹۵۸ء) - یہ بات یقین کے ساتھ کہی جا سکتی ہے کہ جنوبی عرب اپنی بندرگاہوں میں ہندوستان اور مشرقی افریقہ کی مصنوعات درآمد کرتا تھا اور ضروری ہے کہ اس زمانے میں اس نے کسی حد تک شمال مغرب کو اور وسط عرب سے ہوتے ہوئے شمال مشرق کو جانے والے ''بخورات لانے والے راستوں'' کی اجارہ داری حاصل کر لی ہوگی (آٹھویں سے چھٹی صدی تک سَبأ کے استحکام کے بارے میں قب von Wissmann، ۱۹۵۷ء) - غالباً ان ادوار میں کلدانی عمان میں رہتے تھے اور عراق پر قابض ہونے سے پہلے، جہاں کلدانی بادشاہوں کی حکومت کا ۶۲۵ق م میں آغاز ہوا تھا، وہ سَبأ اور عراق (اور ہندوستان ؟) کے درمیان مصالحت کراتے تھے (دیکھیے Albright، در BASOR، ۱۹۵۲ء).

marfat.com
Marfat.com

البرائٹ Albright نے یہ خیال ظاہر کیا ہے کہ مغرب کی جانب (قب van Beek، ۱۹۵۲ء) حبشہ تک اپنی تجارت وسیع کرنے کے لیے دسویں صدی ق م کے لگ بھگ سے بہتر زمانہ کبھی سبأ کو میسر نہیں آیا۔ ''مصر کو قبل ازیں حبشہ اور پونت Punt میں بحری اور برّی تجارت کے کلّی حقوق حاصل تھے، مگر نئی سلطنت کے زوال کے بعد وہ جنوب کے ملکوں کے ساتھ تجارتی تعلقات قائم نہ رکھ سکا''۔ البرائٹ Albright کے بیان کے مطابق اَکسُوم کے مشرق میں شمالی حبشہ کی سطح مرتفع پر اَوَم Awaᵐ' کے مندر یا موجودہ زمانے کے یحا میں جو سبائی کتبات پائے گئے ہیں (Littmann، ۱۹۱۳ء، شمارہ ۲۷ تا ۳۲ و D.H. Müller: *Epigraph. Denkmäler, Yeha 5*)، وہ اپنی کتابت کی رو سے پانچویں صدی ق م سے تعلق رکھتے ہیں (مکتوب منجانب W. F. Albright، مارچ ۱۹۵۷ء، قب Conti Rossini، ص ۱۰۲)۔ حال ہی میں ایک خاصا پرانا بُت مَقَلّی Makallē میں ملا ہے (Caquot و Drewes)، جس کی بنا پر لکھا ہوا کتبہ کسی حد تک قدیم تر زمانے کا معلوم ہوتا ہے۔ چنانچہ بِیسٹن A. F. L. Beeston (در *BSOAS*، ۱۹۵۴ء) اور Pirenne (۱۹۵۶ء، ب) جو جنوبی عرب کی قدیم واقعہ نگاری کی تجدید پر زور دیتے ہیں، ان کی نئی تاریخوں میں بھی پانچویں صدی قبل مسیح کچھ زیادہ قدیم نظر نہیں آتی۔ اس زمانے میں سبائی استعمار نے پورے استحکام کے ساتھ اس علاقے میں پاؤں جما لیے تھے۔ یحا کی موجودہ عبادت گاہ کا قرین قیاس نام اَوَم سبأ کے سرکاری دیوتا کے اس عظیم الشان بیضوی مندر کا نام بھی تھا جو مارِب کے قریب واقع تھا۔ حبشہ میں مقلّی کی قربان گاہ پر خوشبو جلانے والے چبوترے پر ایک قابلِ ذکر **boustrophedon** کتبہ ملا ہے، جو بائیں طرف سے دائیں طرف اور پھر دائیں سے بائیں طرف لکھا ہوا ہے (Caquot and Drewes، ص ۳۰ تا ۳۲) اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ''دعْمت (زمانۂ ما بعد کے اَکسُوم کے قریب ایک مقام) اور سبأ کے ایک مُکَرِّب نے (قربان گاہ) کو المقه کے نام سے معنون کیا تھا، جو جنوبی عرب میں سبأ کا سرکاری طور پر بڑا دیوتا تھا۔ رکمن J. Ryckmans نے یہ خیال ظاہر کیا ہے کہ مارِب اور صِرواح میں اولین دریافت شدہ کتبات (جن کی تاریخ غالباً آٹھویں صدی قبل مسیح ہے؛ Wissmann، ۱۹۵۷ء) سے پہلے کے دور میں سبأ کا مرکز موجودہ جنوبی یمن کے پہاڑوں اور کوھستانی علاقوں میں جبل بَعدان اور جبل حُمَیم (ذات بَعدان اور ذات حُمَیم سبأ کی اھم ترین سورج دیویاں تھیں) کے قریب واقع تھا اور جنوب مشرق میں مارِب کا علاقہ اور مغرب میں شمالی حبشہ دونوں کے دونوں اسی خطے کے لوگوں نے آباد کیے تھے (J. Ryckmans، ۱۹۵۸ء؛ قب Albright، ۱۹۵۸ء).

گلازر Glaser (ص ۳۸۷ ببعد) اور von Wissmann-Höfner کا خیال ہے کہ بحر ہند پر جنوبی عرب کی دو بہترین قدرتی بندگاھیں قَنا اور عدن حزقی ایل، ۲۷ : ۲۳ (چھٹی صدی قبل مسیح کے اوائل میں) میں کَنّہ اور عِیدن کے ناموں سے مذکور ہیں۔ حزقی ایل نے کہا ہے ''حاران [=حرّان] اور کنّہ اور عدن'' (م) ''تاجرانِ شیبا'' یا (ترجمۂ سبعینیہ کے مطابق) ''وہ تیرے تاجر'' تھے۔ بیشتر اوقات میں تینوں مقامات کی شمالی عراق میں تلاش کی جاتی ہے، جہاں قدیم زمانے میں ایک مقام حاران مشہور ہے (قب Cooke: *Int. Crit. Comment.* - یسعیا، ۳۷ : ۱۲ اور الملوک ثانی، ۱۹ : ۱۲ میں اسی شمالی حاران کا ذکر بنی عدن کے ساتھ آیا ہے۔ ''جوزان، حاران، رَصَف (تدمر میں) اور

Marfat.com

بنی عدن تل آسار میں" ۔ لیکن الادریسی نے حاران القرین کو جنوبی عرب میں شمالی خولان اور "یشت [= یثۃ؟] بعطان" (یہ نام یثّی کی غلط صورت ہے؛ Grohmann، ۲، ۱۹۳۳ء : ۱۳۱) کے درمیان بتایا ہے ۔ اس کا محل وقوع تہامہ کے نشینی علاقے میں، جو یمن کی موجودہ شمالی سرحد کے شمال میں واقع ہے، موجودہ زمانے کے ابو عریش کے قریب کسی جگہ ہے ۔ رتّر : Ritter، *Arabien*، ۱ : ۱۸۹، ۱۹۳) اور Büsching کا قیاس تھا کہ یہ وہی حاران ہے جس کا ذکر حزقی ایل میں آیا ہے ۔ دشواری یہ ہے کہ قدامہ اور خرداذبہ نے اس راستے پر اس نام کے کسی مقام کا ذکر نہیں کیا بلکہ اس کے بجائے العُرش (ابو عریش) کا ذکر کیا ہے ۔ مجھے الادریسی کے متن میں غلطی کا شبہ ہوتا ہے لیکن جنوبی عرب کے قدیم کتبات میں مختلف مقامات ملتے ہیں جن کے نام میں ح ر ن کے حروف آتے ہیں، جیسے حران قعطبہ کے نزدیک عدن کے شمال میں، حران معین کے جنوب مغرب میں اور حران ذمار کے شمال میں (آخر الذکر کے لیے قب W.B. Harris، ص ۲۷۲ ببعد) ۔ غالبًا سبعینیہ (Septuagint) کے مترجمین نے متن میں ترمیم کر کے "تاجران شیبا" کی جگہ "وہ تیرے تاجر تھے" لکھ دیا، کیونکہ وہ صرف شمالی حاران سے واقف تھے اور انھیں جنوبی حاران اور عدن کا کوئی علم نہ تھا؛ یہی وجہ ہے کہ وہ اس کے معنی نہ سمجھ سکے ۔ "تاجران شیبا" کے سلسلے میں ہمیں یہ یاد رکھنا چاہیے کہ سبا (شیبا) ایک ریاست تھی، شہر نہ تھا اور ہو سکتا ہے کہ مذکورۂ بالا تینوں مقامات اس ریاست میں شامل ہوں ۔

حزقی ایل، ۳۸ : ۱۳ میں "شبا و ذدان [= دَدان] اور تاجران ترشیش" (Tartessos یا Sardinia) حزقی ایل کے خطۂ معلومہ کی بالمقابل سرحدی چوکیوں کا پتا چلتا ہے (ذدان وہی مقام ہے جسے جنوبی عرب کے کتبات میں دَیدان لکھا ہے) ۔

اس زمانے میں جنوبی عرب کے محل وقوع کی اس اہمیت اور بحری آمد و رفت والے قدیم ترین علاقے یعنی بحر ہند میں اس کی مرکزی حیثیت کو پیش نظر رکھتے ہوے ہمیں یہ بات یاد رکھنی چاہیے کہ شمالی اور وسطی عرب، جو شتربان بدویت کا گھر تھا، چاروں طرف سے تہذیب یافتہ مزروعہ ممالک سے گھرا ہوا تھا، جیسے سمندر کی موجیں نہیں چھو سکتی تھیں ۔

جن مقامات پر پانی دستیاب ہو سکتا تھا وہ ایک دوسرے سے طویل فاصلے پر واقع تھے ۔ صحرا میں ان طویل فاصلوں کو طے کرنے کی دشواری پر صرف تربیت یافتہ اونٹوں کے ذریعے ہی قابو پایا جا سکتا تھا ۔ آمد و رفت کے اعتبار سے اہم ترین صحرائی راستے وہ تھے جو عراق عرب کو شام سے ملاتے تھے ۔ لیکن ان کے علاوہ عرب سے عراق اور بحیرۂ روم کے سواحل سے جنوبی عرب کے زرخیز کوہستانی علاقوں تک سفر کرنے میں جو مشکلات پیش آتی تھیں ان پر بھی اونٹوں کے قافلوں کے ذریعے بآسانی غالب آیا جا سکتا تھا ۔ عرب کے شمالی حصے میں جہاں چشمے اور کنویں واقع تھے ان مقامات کو قافلوں کے سستانے کی جگہ اور تجارتی اور سیاسی مراکز بن جانے کے باعث بڑی اہمیت حاصل ہو گئی تھی ۔ چونکہ بدوی قافلوں کی ضروریات پوری کرنے کے لیے اونٹ پالتے تھے اس لیے ان کے قبائل کا فائدہ اسی میں تھا کہ آمد و رفت امن و امان سے ہوتی رہے ۔ چنانچہ وہ اسی مصلحت کے پیش نظر آپس میں وفاق کرتے تھے اور ان نخلستانی قصبوں کی ریاستوں کے ساتھ بھی اتحاد کر لیتے تھے جو شاہراہوں پر واقع تھے ۔

شمال مغربی عرب، جس میں دَیدان سے غزہ

marfat.com
Marfat.com

جانے والی بخورات کی شاہراہ کا شمالی حصہ شامل تھا۔ تگلث پلیسر سوم (Tiglath-Pilesar III) (۷۴۸ تا ۷۲۰ ق م) کے عہد سے اشوریہ (Assyria) کے ہاتھوں اور بعد ازاں بابل جدید کے ہاتھوں مغلوب ہونے کے بعد اس کا رشتۂ الحاق ان ملکوں کے ساتھ اور زیادہ مضبوط ہو گیا ہوگا۔ عربوں کے ثقافتی اور مذہبی ارتقا کی رو سے یہ بات بڑی اہمیت رکھتی ہے۔ بنو نہد [= بنو ناذ بوس؟] Nabonidus نے ۵۵۰ ق م میں تیماء فتح کیا تھا اور اس نے وہاں آٹھ برس تک حکومت کی اور یثرب تک لشکر کشی کی تھی۔ اس نے تیماء میں ایک محل اور ایک معبد بھی تعمیر کرایا اور اس مقام کو ایک قدیم مذہب کے مسلک کا مرکز بنایا جس میں آرامیوں کے چند دیوتا [illegible] کو بنیادی حیثیت حاصل تھی۔ [illegible] غالباً اس [illegible] Musil [illegible] ۱۹۲۸ء، ص [illegible] اس مذہب اور [illegible] کے مذہب کی باہمی قریبی [illegible] کی ضرورت ہے۔ [illegible] کو [illegible] کی سرکاری [illegible] A. Jamme [illegible] کو پیش کرتی ہے [illegible] کی پرستش [illegible] Littmann [illegible]

[illegible]

ملی ہو کہ وہ کسی نہ کسی طرح ہمیشہ اپنی آزادی قائم رکھنے یا اسے دوبارہ حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ شمال مشرق، شمال مغرب اور جنوب کے ممالک کی تہذیب میں ایک حد تک شرکت کرتے رہیں۔ چنانچہ مختلف رسم خط مستعمل ہوے اور انھوں نے ترقی پائی۔ حتّٰی کہ بدوی قبائل بھی لکھنا جانتے تھے۔ تاہم خالص شتری بدویت عام تھی۔ آغاثر خیدس Agatharchides اور ارتیمیڈورس Artemidorus (Diod، در C. Müller. : *Geogr. Graec Minor.*، ص ۱۸۴؛ Strabo، ۱۶ : ۴، ۱۸) نے عسیر کے نشیبی علاقے (تہامہ) کے قبیلۂ دیبائی Debai [ضبّہ؟] کے حالات بیان کرتے ہوے لکھا ہے کہ ''وہ محض اپنے اونٹوں پر گزر اوقات کرتے تھے۔ انھیں کی مدد سے وہ جنگ کرتے تھے۔ انھیں پر سوار ہو کر سفر کرتے تھے اور انھیں اونٹوں کا دودھ اور گوشت ان کی خوراک تھی''۔

صحراے اعظم کے بدویوں نے چٹانوں پر جو نقوش مرتسم کیے ہیں ان کے نمونے دمشق کے جنوب میں علاقۂ صفا [illegible] سے لے کر جنوبی عرب میں نجران کی سرحدوں تک پھیلے ہوے ہیں۔ [illegible] Littmann [illegible] J. Ryckmans [illegible] Freme [illegible]

Marfat.com

رسم خط کے نمونے جنوبی عرب میں بھی اور بالخصوص صحرا کے ساتھ ساتھ کے علاقے میں پائے جاتے ہیں (قب Höfner اور Jamme، ۱۹۵۵ء) ۔ اس امر سے کہ تمام "ثمودی" کتبات بدویوں کے لکھے ہوے معلوم ہوتے ہیں یہ پتا چلتا ہے کہ بدوی قبائل ایک دوسرے کا سہارا لینے کے تصور سے روشناس تھے ۔ اور ان میں ایک خاص حد تک تنظیم و استحکام کا تصور بھی موجود تھا اور ان کی زندگی نخلستانوں کی قصباتی ریاستوں سے الگ تھلگ اور ان سے آزاد رہ کر بسر ہوتی تھی۔

یہ ظاہر ہے کہ عرب کے شتر سوار بدویوں کی یہ طرزِ زندگی یوریشیا کے میدانوں کے اسپ سوار خانہ بدوشوں سے بہت مختلف تھی ۔ اس شدید اختلاف کی ایک بڑی وجہ تو یقیناً یہ ہے کہ شمالی عرب میں سردی کا موسم طویل اور شدید ہوتا ہے اور نسبةً رطوبت زیادہ ہونے کے باوجود بھی ایک سے زیادہ فصلوں اور نخلستانوں کی ترقی میں مانع ہے ۔ جہاں کہیں نیم گرم صحرا میں محدود رقبے کے نخلستان پائے جاتے ہیں، جیسا کہ عرب میں وادی بِیْش سے نَجْران تک اور ربع الخالی کے شمالی علاقوں کا حال ہے، وہاں معلوم ہوتا ہے کہ بدوی قبائل اور قصباتی ریاستوں کے تاجروں کے درمیان اقتدار کا توازن قائم ہو سکتا ہے ۔ دوسری طرف غالباً نخلستانی کاشتکاروں کو اکثر اوقات شہریوں یا بدویوں کی اطاعت اختیار کرنی پڑتی تھی۔

عرب میں تاریخ بدویت کا لفظ اَعْراب سے بڑا قریبی تعلق ہے ۔ سامی زبانوں میں اور زمانۂ قبل از اسلام میں یہ لفظ صرف ان بدویوں اور نخلستانوں کے باشندوں کے لیے استعمال ہوتا تھا جو ربع الخالی کے شمال میں آباد تھے ۔ اس کے مخصوص معنی تھے 'شتر بان بدوی' لیکن اس کے مفہوم میں نخلستانی باشندے بھی شامل کر لیے جاتے تھے ۔ قرآن کریم نے بھی اَعْراب کا لفظ صرف بدویوں کے لیے استعمال کیا ہے (قب ۹ [التوبة] : ۹۷ ؛ ۹۰ ؛ ۴۹ [الحجرات] : ۱۴) ۔ یہ یونانی تھے جنھوں نے غالباً دارا (Scylax) کی مہمات کے بعد ھی اس لفظ کا اطلاق پورے جزیرہ‌نما پر کرنا شروع کر دیا تھا ۔ ثیوفرسٹوس Theophrastus (۳۷۲ تا ۲۸۷ ق م) نے عرب کو τῶν 'Αράβων χερρόνησος لکھا ہے (*Hist. Plant.*، ج ۹، باب ۲ : ص ۲) ۔ Eratosthenes (تیسری صدی قبل مسیح کا اواخر؛ Strabo، ۱۵ : ۴، ۲) نے عرب کو عرب یوڈیمون (Arabia Eudaimon) اور عرب اریموس (Arabia Eremos) میں تقسیم کیا ہے ۔ یہ اصطلاحات رومیوں کے عہد کے Arabia Felix اور Arabia Deserta کے مترادف ہیں ۔ لیکن اس سے پہلے بھی Euripides نے اپنی تصنیف *Bacchae* (۱۶ تا ۱۸) میں عرب یوڈیمون کا اور Aristrophanes (Aves، ۱۴۴ ببعد) نے شہر یوڈیمون کا ذکر کیا ہے۔ جو بحیرۂ اری‌تھرین پر واقع تھا "Polis eudaimōn on the Erythraean Sea" اور یہ دونوں مصنّف پانچویں صدی قبل مسیح کے ہیں ۔ جنوبی عرب کے باشندوں نے اپنے آپ کو کبھی اعراب نہیں کہا۔

ہمیں زمانۂ قبل از اسلام کے ان بدوی قبائل کی تاریخ کے بارے میں کچھ معلوم نہیں جو ربع الخالی کے جنوب، حضرموت کے شمال اور مشرق اور عُمان کے مغرب میں آباد تھے ۔ موجودہ زمانے میں یہ لوگ شمالی قبائل کی طرح خالص شتربان بدوی ہیں، جن کے پاس کچھ بھیڑ بکریاں بھی ہیں ۔ آج بھی ان کی مقدس چٹانیں ہیں اور کنووں کے قریب مقدس مقامات ہیں، جہاں وہ اپنے مردے دفن کرتے ہیں (van der Meulen، ذاتی تجربہ؛ Thesiger) ۔ لیکن یہ خیموں میں نہیں رہتے ۔ ان کا لباس گرمائی ہے اور وہ جنوب کی سامی بولیاں

marfat.com
Marfat.com

بولتے ھیں - پہاڑی علاقوں میں وہ غاروں میں پناہ لیتے ھیں - ان کے پاس گھوڑے نہیں ھوتے - شمالی بدویوں کے بر عکس یہ لوگ ھر قسم کے روابط اتحاد سے ھمیشہ دور رہے ھیں ۔

عرب میں شتربان بدویوں کی قسمت قافلوں کی تجارت سے وابستہ تھی اس لیے اس تجارت کا زوال ان کے لیے بڑی اھمیت کا حامل رھا ھوگا - یہ زوال آھستہ آھستہ چوتھی یا تیسری صدی قبل مسیح سے شروع ھوا جب جنوبی عرب مختلف ریاستوں میں سیاسی طور پر بٹ گیا اور اس وجہ سے شاھراھوں پر آمد و رفت کے ٹیکس میں مسلسل اضافہ ھونے لگا (Pliny، ۱۲ : ۱۴، ۶۵) - اس زوال کی رفتار میں اس وقت تیزی آ گئی جب تقریباً ۱۱۰ ق م سے آبنائے بابُ الْمَنْدَب کے کھل جانے سے مصر اور ھندوستان کے درمیان براہ راست آمد و رفت ھونے لگی - جب ۴۸ق م سے رومی سلطنت اور ھندوستان کے درمیان بحری آمد و رفت کا راستہ اھمیت اختیار کر گیا تو خشکی کے ذریعے بخورات کی تجارت تقریباً مفقود ھو گئی (Strabo، ۲ : ۱۲۵؛ کتاب مذکور، ۱۷ : ۱، ۱۳؛ Pliny ۶ : ۲۳، ۱۰۴) - یہ ایک کاری ضرب تھی جو جنوبی عرب کی بادشاھت اور اس سے بھی زیادہ ان بدویوں کو سہنی پڑی جو خشکی کے راستے آمد و رفت میں حصہ لیتے اور اس غرض کے لیے اونٹ فروخت کرتے تھے ۔

اعراب یعنی (شمالی عرب کے) بدویوں نے دوسری صدی عیسوی کے قریب جنوبی عرب کے جھگڑوں میں دخل انداز ھونا شروع کر دیا تھا (J. Ryckmans، ۱۹۵۱ء، ص ۲۱۵ ببعد، ۱۹۵۶ء) - کتبۂ نامی ۱۷ تا ۷۳ میں اعراب اور خ م ی س کئی مقامات پر اکھٹے آئے ھیں - شاید خ م ی س (خَمِیس ؟ غالباً خُمُس سے مشتق) کا مطلب باقاعدہ فوج ھے (M. Höfner، مکتوب) اس کے مقابلے میں اعراب کا مطلب ھے شمالی بدویوں کے شتر سوار یا اسپ سوار دستے - کتبۂ نامی ۱۷ تا ۷۳ تیسری صدی عیسوی کا ھے (شاہ الھان نھفان، قب Mordtmann-Mittwoch، ص ۲۱۸ تا ۲۲۰) - ایک کتبہ جسے کتبۂ "Ryckmans 535" کا نام دیا جاتا ھے اور جو اسی زمانے کا ھے اس سے پتا چلتا ھے کہ جنوبی عرب کی فوجوں میں گھوڑے اور اونٹ استعمال ھوتے تھے (G. Ryckmans، در *Muséon*، ۱۹۳۶ء، ص ۱۵۴ ببعد؛ اس دور کے تاریخ وار واقعات کے لیے قب v. Wissmann، ۱۹۵۷ء) - یہ امر بھی تحقیق طلب ھے کہ آیا قدیم زمانے میں بھی جنوبی عرب میں شتر سوار دستوں کی موجودگی کے مستحکم دلائل ملتے ھیں (قب v. Wissmann-Höfner، ص ۱۰، ۴۶) - ایک کتبہ جسے کتبۂ "Ingrams I" کا نام دیا گیا ھے اس سے ان حالات کا پتا نہیں چلتا - ھم نے v. Wissmann-Höfner، ص ۳۳۳ میں جو ابتدائی ترجمہ پیش کیا تھا وہ غلط تھا (قب Drewes) ۔

۳۲۸ء کے کتبۂ النمارۃ سے جو صحرائے شام میں جبل حَوْران کے مشرق میں ھے (*RES*، ص ۴۸۳) پتا چلتا ھے "یہ امرؤالقیس (مراقیس) ابن عمرو تمام اعراب کے بادشاہ کی قبر ھے جس نے ۔ ۔ ۔ شمّر کے دارالحکومت نجران کے محاصرے کے لیے کامیابی (؟) سے پیشقدمی کی تھی" (Lidzbarski) - اس سے معلوم ھوتا ھے امرؤالقیس اپنے آپ کو تمام اَعْراب کا بادشاہ کہلواتا تھا حالانکہ نجران اس کے قبضے میں نہیں تھا، جو جنوبی عرب کے مزروعہ علاقے کی شمال مشرقی سرحد پر واقع تھا - البتہ وہ غالباً خیمہ نشین بدویوں کا بادشاہ تھا - دوسرے الفاظ میں ان دنوں نجران شمر کا ایک شہر تھا - شمّر غالباً شمر یُھرعِش [= یرعش] ھے (قب Pirenne، ۱۹۵۶ء؛ Jamme ۱۹۵۷ء؛ J. Ryckmans

Marfat.com

۱۹۰۷ء، ص ۲۲، حاشیہ؛ Pirenne ۱۹۰۵ء، ص ۵۹، حاشیہ ۴)، جس نے ''شاہ سبأ و ذوریدان و حضرموت و یمنت'' کا لقب اختیار کر لیا تھا (یہاں ذوریدان سے مراد حِمْیَر ہے ۔ یمنت غالباً حضرموت کے جنوب میں ساحلی علاقے کا نام ہے (Wissmann، ۱۹۰۹ء) ۔ اس لقب کا مطلب یہ ہے کہ شمر جنوبی عرب کے تمام زرعی علاقے کا واقعی بادشاہ تھا یا اسے بادشاہ ہونے کا دعوی تھا۔

پانچویں صدی کے اوائل میں شمالی عرب کے بیشتر حصے جنوبی عرب کے بادشاہ ابو کَرِب اَسعد کے زیر نگین تھے، جس نے روایت کے مطابق ایرانی علاقے میں فوج کشی کی تھی ۔ پھر اس کے لقب میں توسیع پیدا ہوئی اور اب اسے یوں کہا جانے لگا: شاہ سبأ و ذوریدان و حضرموت و یمنت اور ان کے تمام (جمع تفخیم Pluralis majestatis) اَعراب جو کوھستانی علاقوں (وسطی عرب) اور تہامہ (حجاز اور عسیر کے نشیبی علاقے) میں ھیں ۔ یہاں بھی اعراب سے مراد صرف صحرائے عرب کے باشندے ھیں۔

روم و ایران اور حبشہ و سبأ کی باھمی مسلسل جنگوں، بحیرۂ روم کے علاقوں کی اقتصادی بد حالی، خشکی کے راستے آمد و رفت اور تجارت کے ساتھ بحری آمد و رفت (جس میں جنوبی عرب کا کوئی حصہ نہ رہا تھا) کی روز افزوں مسابقت، جنوبی عرب کے جاگیردارانہ نظام کے زوال اور وھاں کی جاگیردارانہ اور مذھبی جنگوں کی وجہ سے جو، تیسری سے چھٹی صدی تک جاری رھیں، عرب میں انتہائی بدامنی پیدا ھو گئی (قب Beeston، ۱۹۵۴ء؛ Sidney Smith؛ I. Ryckmans، ۱۹۵۶ء، ب) ۔ زرخیز ھلال کے جن علاقوں میں میدانوں کی سی آب و ھوا پائی جاتی ہے وھاں کے بدوی قبائل ان علاقوں میں جا گھسے جہاں بارش کی وجہ سے زراعت ھوتی ہے ۔ حتی کہ نخلستانی علاقوں کی حالت بگڑ گئی یا انھیں کلیۃً چھوڑ دیا گیا جیسا کہ خاص طور پر جنوبی عرب میں صحرا کے کنارے کنارے اور حضر موت میں ھوا (قب v. Wissmann-Höfner، ص ۱۲۱ ببعد؛ Le Baron Bowen) ۔ یہ وہ علاقے تھے جہاں شتر سوار بدویت شمالی جانب سے حملوں یا بتدریج داخلے کے ذریعے رواج پذیر ھوئی ۔ سبأ کے قدیم دارالحکومت مارب کے بند کے بارے میں بے پروائی، اس کا پھٹنا اور مسمار ھو جانا نیز اس شہر اور اس کے نخلستان کی مکمل بربادی اس کی واضح مثال ہے ۔ یمن اور عُمان میں کوھستانی فلاحوں کی مستحکم جاگیرداری اور قبائل کی اپنے مورچہ بند قلعہ نما مکانوں میں سکونت کے باعث ان کی قوت زائل ھوگئی بلکہ طوائف الملوکی پھیل گئی اور اس قسم کی قبائلی تنظیمیں اور جاگیریں وجود میں آ گئیں جو وحشیانہ خصائل والے شتر سوار بدویوں سے مماثل تھیں ۔ آھستہ آھستہ بدوی آبادی ایسے مقامات کی طرف نقل مکانی کرنے لگی جو جزیرہ نمائے عرب میں ایک دوسرے سے طویل فاصلوں پر واقع تھے ۔ پورے کے پورے قبائل کی اس نوعیت کی نقل مکانی زیادہ تر جنوب سے شمال کی طرف ھوئی ۔ جنوب میں زراعت پیشہ آبادی کا ایک حصہ بدوی بن گیا اور شمال میں غالبًا روم و ایران کی جنگوں نے ان بدویوں کو کھینچ بلایا جو قافلوں کی رو بہ زوال تجارت کے باعث اپنے اونٹ فروخت نہیں کر سکتے تھے لیکن شمال میں دونوں متحارب فریقوں میں سے کسی کے شتر سوار دستوں میں ملازم ھو سکتے تھے ۔ ایک عربی ضرب المثل ہے ''یمن عربوں کا مہد ہے اور عراق عربوں کی لحد'' ۔ اور اس کا اطلاق اس زمانے پر ھو سکتا ہے، تاھم اس کے مخالف سمت بھی نقل مکانی ھوئی؛ مثلاً چھٹی صدی عیسوی میں بنو کِنْدہ حضرموت میں پہنچے، جن کی تعداد بقول الھمدانی

marfat.com
Marfat.com

تیس ہزار افراد سے زیادہ تھی (Forrer، ص۱۳۳ ببعد) - جب گرد و نواح کی ان ریاستوں پر زوال آیا جن کا انحصار زراعت پر تھا اور جہاں کی آبادی کہیں زیادہ گنجان تھی تو بدوی اثر و رسوخ میں اضافہ ہونے لگا - Caskel (۱۹۵۳ء) نے بیان کیا ہے کہ کس طرح اس دورِ بربریت سے قبل وہ معاشرتی اور اقتصادی طرزِ زندگی جسے ہم بدویانہ زندگی کہتے ہیں پوری طرح ان خصائص کے ساتھ منظر عام پر نہیں آئی تھی جن سے ہم Doughty، v. Oppenheim اور Lawrence کے بیانات کی بدولت واقف ہوے ہیں - اب بدویوں کے ہاں لکھنے کا فن مفقود ہو گیا تھا، البتہ زبانی روایات ترقی پر رہیں .

یہ جاننا دلچسپی سے خالی نہ ہو گا کہ جنگ کے دوران میں طویل مسافت طے کرنے کے لیے اونٹوں سے اور آخری حملہ کرتے وقت گھوڑوں سے مشترکہ طور پر پہلی بار کب کام لیا گیا - یہ ایک بڑا ماہرانہ عمل تھا، جس کو عصر حاضر میں [سلطان] عبدالعزیز بن سعود نے بھی استعمال کیا ہے - الانباط (Nabataeans) کے بادشاہ مالک (Malchus) دوم نے تقریباً ۶۷ء میں بیت المقدس پر طیطس Titus کے حملے کے وقت اس کی مدد کے لیے ایک ہزار سوار اور پانچ ہزار پیادے بھیجے تھے (حِتّی Hitti، ص ۶۸) - ان صفائی (Ṣafāitic) کتبوں سے جو دمشق کے جنوب مشرق میں حرّة کے مقام پر ملے ہیں اور جو دوسری سے چوتھی صدی عیسوی تک بلکہ اس سے بھی پرانے ہیں(قب Littmann، ۱۹۴۰ء) اور چٹانوں پر بنی ہوئی تصویروں سے پتا چلتا ہے کہ یہ خالص بدوی گھوڑے اور اونٹ دونوں سے مشترکہ طور پر جنگ کے وقت کام لیتے تھے - ہمیں Ammianus Marcellinus (چوتھی صدی عیسوی) سے بھی پتا چلتا ہے کہ بَلمیه Blemmyes قوم کے لوگ اپنے حملوں میں یہی طریق اختیار کرتے تھے (۱۴ : ۳/۴) .

معلوم ہوتا ہے کہ گھوڑے کو جنوبی عرب میں شمالی عرب کی به نسبت ہمیشہ کم اهمیت حاصل رہی ہے - اس کے باوجود ہمیں اس امر کی شہادت ملتی ہے کہ ۷۱۵ ق م میں سَبَا کے یِثْاعمرو Yith 'a 'amar [ = یَاسِرعَمْرو یا یَثِیعَمْرو؟] نے سارگون Sargon کے پاس جو تحائف بھیجے تھے ان میں گھوڑے بھی شامل تھے- The Periplus Maris Erythraei (۸۰ء تک) سے معلوم ہوتا ہے کہ یونانی تاجر مصر سے سمندر کے راستے مُوزہ (مَوشِج) میں گھوڑے لائے تھے (قب Wissmann، ۱۹۰۹ء) - سترابو Strabo (۱۶ : ۴/۲، ۲۶) نے جہاں جنوبی عرب کی زراعت کا مختصر لیکن بہت اچھا حال قلمبند کیا ہے وہاں وہ لکھتا ہے کہ گھوڑے نایاب تھے اور ان کا کام اونٹوں سے لیا جاتا تھا - جنوبی عرب میں گھوڑے کو غالباً اسی زمانے سے زیادہ اهمیت حاصل ہوئی جب فوج میں بدویوں کا استعمال شروع ہوا، یعنی کم از کم تیسری صدی عیسوی سے - کتبہ جی رکمینس ۵۳۵ (در Muséon، ۱۹۵۶ء، ص ۱۴۰ ببعد) سے، جو تیسری صدی عیسوی کا ہے، یہ معلوم ہوتا ہے کہ جنوبی عرب کی فوجوں میں گھوڑے اور اونٹ استعمال کیے جاتے تھے اور باقاعدہ فوجی دستوں کے علاوہ اسپ سوار بھی ہوا کرتے تھے .

**مآخذ:** (۱) W.F. Albright: *Dedān*، در *Albrecht Alt Festschrift, Geschichte und Altes Testament 16*، ۱۹۵۳ء، ص ۱ ببعد؛ (۲) وهی مصنّف: *From the Stone Age to Christianity*، بالٹی مور ۱۹۴۶ء؛ (۳) وهی مصنّف: *Zur Zähmung des Kamels* و Zeitschr.f. alttestamentl. Wissensch.، ۶۲ : ۱۹۴۹ تا ۱۹۵۰ء، ص ۳۱۵؛ (۴) وهی مصنّف: *The Chaldaean Inscriptions in Proto-Arabic Script*، در *Bull. Amer. School Orient. Research*، شماره ۱۲۸، ۱۹۵۲ء، ص ۳۹ تا ۴۳؛ (۵)

Marfat.com

وہی مصنف : *Archaeology and the Religion of Israel*، بالٹی مور ۱۹۵۳ء (بار سوم)؛ (۶) وہی مصنف : *Zur Chronologie des vorislamischen Arabien*، در *Von Ugarit nach Gumran*، Festschrift für Otto Eissfeldt، برلن ۱۹۵۸ء، ص ۱ تا ۸؛ (۷) F. Altheim : *Die Krise der Alten Welt im 3 Jh. n. Ztw.*، برلن ۱۹۴۳ء؛ (۸) R. Le Baron Bowen jr. : *Irrigation in Ancient Qatabān (Beihān)*، در *Archaeological discoveries in South Arabia*، شائع کردۂ Amer. Foundation f. th. Study of Man (طبع W. F. Albright)، ج ۲، بالٹی مور، Johns Hopkins، ۱۹۵۸ء: ص ۳۴ تا ۱۳۱؛ (۹) G. W. van Beek : *Recovering the Ancient Civilization of Arabia*، در *Bibl. Archaeologist*، ۱۵، ۱۹۵۲ء: ص ۱ تا ۴۲؛ (۱۰) وہی مصنف : *A Radio-carbon Date for Early South Arabia*، در *Bull. Amer. School Orient. Research*، شمارہ ۱۴۳، ۱۹۵۶ء: ۶ تا ۹؛ (۱۱) A. F. L. Beeston : *Problems of Sabaean Chronology*، در *BSOAS*، ۱۶، ۱۹۵۴ء: ۳۷ تا ۵۶؛ (۱۲) R. Biasutti : *Le Razze e i Popoli de la Terra*، ۲ جلد، ٹیورن ۱۹۴۱ء؛ (۱۳) H. Bobek : *Der Orient als sozialer Lebensraum*، مخطوطہ ۱۹۴۳ء؛ (۱۴) A. van den Branden : *Les Inscriptions thamoudéennes*، Louvain ۱۹۵۰ء؛ (۱۵) E. Bräunlich : *Der Gesellschaftsaufbau der Beduinen*، در *Islamica*، ۶: ۶۸ تا ۱۱۱، ۱۸۲ تا ۲۲۹؛ (۱۶) E. Brunner-Traut : *Die Krankheit der fürstin von Punt*، در *Die Welt des Orients*، گوٹنگن ۱۹۵۲ء، ص ۳۰۷ ببعد؛ (۱۷) A. Caquot و J. Drewes : *Les Monuments recueillis à Maqallé*، Annales d'Ethiopie، ۱، ۱۹۵۵ء: ۱۷ تا ۳۲؛ (۱۸) Carte Géolog. Internation. de l'Afrique، ۵ : ۱ ملین، Bureau d' Études Géol. et. Min. Coloniales، پیرس ...

تا ۱۹۵۲ء (جس میں عرب بھی شامل ہے)؛ (۱۹) W. Caskel : *Die Bedeutung der Beduinen in der Geschichte der Araber*، Arbeitsgemeinsch. f. Forschung d. Landes Nordrhein - Westfalen، ج ۸، Cologne ۱۹۵۳ء؛ (۲۰) وہی مصنف : Einleitung، در M.v. Oppenheim : *Die Beduinen III*، ۱۹۵۲ء، ص ۵ تا ۳۶؛ (۲۱) H. Charles : *Processus de la sédentarisation des nomades en steppe steppe syrienne*، Actes du 16e Congrès Internat. de Sociologie 1954، کراسہ ۳: ص ۵۷ تا ۸۱؛ (۲۲) C. S. Coon : *The Races of Europe*، نیویارک ۱۹۳۸ء، بالخصوص ص ۴۰۰ تا ۵۰۹؛ (۲۳) C. Conti Rossini : *Storia d' Etiopia I*، Milano ۱۹۲۸ء؛ (۲۴) R. Delbrueck : *Südasiatische Seefahrt im Altertum*، در *Bonner Jahrbücher*، ص ۱۵۵، ۱۵۶، ۱۹۵۵-۱۹۵۶ء؛ (۲۵) C.M. Doughty : *Travels in Arabia Deserta*، لندن ۱۹۲۸ء؛ (۲۶) A.J. Drewes : *Some Hadrami Inscriptions*، [در] Biblioth. Orient. ۱۱، ۱۹۵۴ء : ۹۳ ببعد؛ (۲۷) R. Dussaud : *La pénétration des Arabes en Syrie avant l' Islam*، پیرس ۱۹۵۵ء؛ (۲۸) E. von Eickstedt : *Rassenkunde und Rassengeschichte der Menschheit*، شٹٹ گارٹ ۱۹۳۴ء؛ (۲۹) H. Field : *Camel Brands and Graffiti from Iraq, Syria, Jordan, Iran and Arabia*، در *Suppl. to Journ. Amer. Orient. Society*، شمارہ ۱۵، ۱۹۵۲ء؛ (۳۰) وہی مصنف : *Ancient and Modern Man in South-western Asia*، میامی پرس ۱۹۵۶ء؛ (۳۱) L. Forrer : *Südarabien nach al-Hamdānī's "Beschreibung der Arabischen Halbinsel"*، در *Deutsche Morgenl. Ges., Abh. z. Kunde d. Morgenl.*، جلد ۲۷، شمارہ ۳، ۱۹۴۲ء؛ (۳۲) N. George : *The Camel in Ancient Egypt*، در *Brit. Veterin. Journ.*، ۱۰۹، ...

marfat.com
Marfat.com

بدوی

*Skizze der* : E. Glaser (۳۳)؛ ۱۸۹۰ء: ۴۶ تا ۸۱،
*Geschichte und Geographie Arabiens*، ج ۲، برلن
*Südarabien als* : A. Grohmann (۳۴)؛ ۱۸۹۱ء؛
*Wirtschaftsgebiet II* (*Schr. Phil. Fak. Dtsch. Univ.*
*Prag. vol.* 13)، Brünn ۱۹۳۳ء؛ (۳۵) وہی مصنف :
*Al- 'Arab, the Arabs (I) The ancient history*
*of the Arabs* [ترك به عرب]؛ (۳۶) Hančar : کتاب
مذکور؛ (۳۷) P. K. Hitti : *History of the Arabs*،
لنڈن ۱۹۰۳ء؛ (۳۸) M. Höfner : *Magische Zeichen*
*aus Südarabien Archiv f. Orientforschung*
۱۶ : ۲، ۲۷۱ تا ۲۸۶؛ (۳۹) W.B. Harris : *A*
*Journey through the Yemen*، لنڈن ۱۸۹۳ء؛ (۴۰)
James، در *Brit. Mus. Quarterly*، ۱۹۰۰ء، لوحه ۷؛
(۴۱) A. Jemme : *An Archaic South-Arabian*
*Inscription in Vertical Columns*، در *BASOR*، ج
۱۳۷، ۱۹۰۷ء: ص ۳۲ تا ۳۸؛ (۴۲) وہی مصنف :
*On a Drastic etc.*، در *BASOR*، ۱۳۰، ۱۹۰۷ء :
۲۰ تا ۳۱؛ (۴۳) E. Kautzsch و A. Bertholet :
*Die Heilige Schrift des Alten Testaments*، Tubingen
۱۹۲۲ء؛ (۴۴) L. Kawar : *The Arabs in the Peace*
*Treaty of A.D. 561*، در *Arabica*، ۳، ۱۹۰۶ء :
۱۸۱ تا ۲۱۳؛ (۴۵) T. E. Lawrence : *Seven*
*Pillars of Wisdom*، لنڈن ۱۹۳۰ء؛ (۴۶)
M. Lidzbarski : *Ephemeris für semitische Epi-*
*graphik II*، Giessen ۱۹۰۸ء، ص ۳۴، ۳۶- *Namāra*
*Inschrift*؛ (۴۷) E. Littmann : *Zur Geschichte*
*Aksums*، در *Dtsch. Aksum - Expedition*، ۱ : ۳۰ تا
۶۰، برلن ۱۹۱۳ء؛ (۴۸) وہی مصنف : *Sabäische*
*griechische und altabessinische Inschriften*، در
*Dtsch. Aksum Expedition*، ج ۴، برلن ۱۹۱۳ء؛
(۴۹) وہی مصنف : *Thamūd und Ṣafā*، در *Abh. f. d.*
*Kunde d. Morgenl.*، ج ۲۰، شمارہ ۱، ۱۹۴۰ء؛ (۵۰)

*Map of the Arabian Peninsula*، پیمانہ ۱ : ۲۰۰۰۰۰۰،
از *U.S. Geolog. Survey*، ۱۹۵۸ء، Misc. Geolog.
Invest. 1-270 B-1 اسماء منقول از عریبین امیریکن کمپنی
(ARAMCO)؛ (۵۱) C. D. Mathews : *Non-Arabic*
*Place Names in Central South Arabia*، Internat.
Orientalist Congr.، میونخ Munich ۱۹۵۷ء، زیر ترتیب؛
(۵۲) D. van der Meullen : *Aden to the Hadhramaut*،
لنڈن ۱۹۴۷ء؛ (۵۳) A. Moortgat : *Geschichte*
*Vorderasiens bis zum Hellenismus*، در A. Scharff
و A. Moortgat : *Ägypten und Vorderasien*
*im Altertum*، میونخ Munich ۱۹۵۰ء؛ (۵۴)
B. Moritz : *Arabien*، Hanover ۱۹۲۳ء؛ (۵۵)
T. S. Moscati : *The Semites : a Linguistic,*
*Ethnic and Racial Problem*، در *Catholic Biblical*
*Quarterly*، ۱۹، ۱۹۵۷ء : ۴۲۱ تا ۴۳۴؛ (۵۶)
A. Musil : *The Northern Heǧāz*، در *Amer. Georg.*
*Soc., Orient. Expl. and Studies*، ج ۱، نیویارک
۱۹۲۶ء؛ (۵۷) وہی مصنف : *Arabia Deserta*، وہی مجلّه
ج ۲، ۱۹۲۷ء؛ (۵۸) وہی مصنف : *Northern Neǧed*،
وہی مجلّه، ج ۵، ۱۹۲۸ء؛ (۵۹) وہی مصنف : *Map of*
*Northern Arabia*، پیمانہ ۱ : ۱۰۰۰۰۰۰، وہی مجلّه؛ (۶۰)
M. v. Oppenheim : *Die Beduinen*، ج ۱ و ۲، لائپزگ
۱۹۳۹ء، ۱۹۴۳ء، ج ۳، حصه ۱ و ۲، Wiesbaden
۱۹۵۲ء؛ (۶۱) J. Pirenne : *La Grèce et Saba*، در
*Mém. prés. à l' Akad. des Inscriptions et Belles*
*Lettres*، ج ۱۵، پیرس ۱۹۵۵ء؛ (۶۲) وہی مصنف :
*L inscription "Ryckmans 535" et la chronologie*
*Sud-Arabe*، در *Muséon*، ۱۹۵۶ء الف، ۶۹ : ۱۶۵ تا
۱۸۱؛ (۶۳) وہی مصنف : *Paléographie des Inscriptions*
*sud-arabes, I.*، در *Verhandl. Vlaamse Acad. d. Wet.*
*v. Blegie Cl. d. Lett.*، عدد ۲۶، برسلز Brussels
۱۹۵۶ءب؛ (۶۴) وہی مصنف: *Chronique d'archéologie*

Marfat.com

*sud-arabe*، ۱۹۰۵-۱۹۰۶ء، در *Annales d' Éthiopie*، ۲، ۱۹۵۷ء: ۳۷ تا ۶۸؛ (۶۵) H. Pöch: *Über die äthiopide und gondide Russe und ihre Verbreitung*، در *Anthropologischer Anzeiger*، ۲۱، ۱۹۵۷ء: ۱۳۷ تا ۱۵۱؛ (۶۶) C. Ritter: *Vergleichende Erdkunde Von Arabien*، ۲ جلد، برلن ۱۸۴۷ء، بالخصوص *Die geographische Verbreitung des Kamels in der Alten Welt*، ۲: ۶۰۹ تا ۷۵۹؛ (۶۷) G. Ryckmans: *Inscriptions sud - arabes, 2ème à 14ème série* در *Muséon*، ج ۴۰، ۱۹۳۲ تا ج ۶۹، ۱۹۵۶ء؛ (۶۸) J. Ryckmans: *L' institution monarchique en Arabie Méridionale avant l' Islam*، Louvain ۱۹۵۱ء؛ (۶۹) *Bibl. du Muséon*، ج ۲۸؛ (۷۰) وهی مصنّف: *Aspects nouveaux du problème Thamoudéen*، در *Stud. Isl.*، ۵، پیرس ۱۹۵۶ء الف: ۵ تا ۱۷؛ (۷۱) وهی مصنّف: *La persecution des Chrétiens Himyarites au sixième siècle*، در *Nederl. Hist.-Archaeol. Irst.*، استانبول ۱۹۵۶ء ب؛ (۷۲) وهی مصنّف: *Petits royaumes Sub-Arabes d'après les auteurs classiques*، در *Muséon*، ۱۹۵۷ء، ۷۰: ۷۵ تا ۹۶؛ (۷۳) وهی مصنّف: *Zuidarabische Kolonisatie,* در *Jaarbericht*، شماره ۱۵، *Ex Oriente Lux*، ۱۹۵۸ء، ص ۲۳۹ تا ۲۴۸؛ (۷۴) C. O. Sauer: وهی کتاب؛ (۷۵) B. Segall: *The Arts and Kings Nabonidus*، در *Amer. Journ. of Archaeol.* ۵۹، ۱۹۵۵ء: ۳۱۵ تا ۳۱۸؛ (۷۶) وهی مصنّف: *Sculpture from Arabia Felix: The Earliest Phase*، در *Ars Orientalis*، ۲، ۱۹۵۷ء: ۳۵ تا ۴۲، ۳ الواح؛ (۷۷) Sidney Smith: *Events in Arabia in the 6th Century A. D.*، در *BSOAS*، ۱۶، ۱۹۵۴ء: ۴۲۵ تا ۴۶۸؛ (۷۸) M. Tamisier: *Voyage en Arabie*، ۲ جلد، پیرس ۱۸۴۰ء؛ (۷۹) W. Thesiger: *Across the Empty Quarter*، در *Geogr. Journal*، ۱۱۱، ۱۹۴۸ء: ۱ تا ۲۱؛ (۸۰) J. Tkač: *Zafār*، در *وو*، ت، طبع اول؛ (۸۱) R. Walz: *Zum Problem des Zeitpunktes der Domestikation der altweltlichen Cameliden*، در *ZDMG*، ۱۰۱، ۱۹۵۱ء: ۲۹ تا ۵۱ و ۱۰۴، ۱۹۵۴ء: ۴۵ تا ۸۷؛ (۸۲) وهی مصنّف: *Beiträge zur ältesten Geschichte der altweltlichen Cameliden unter besonderer Berücksichtigung des Problems des Domestikationspunktes*، در *Actes du 4e Congrès Internat. des Sciences Anthropologiques et Ethnologiques*، وی‌انا Vienna ۱۹۵۲ء، ج ۳ (۱۹۵۶ء میں شائع هوئی)؛ (۸۳) J. Wiesner: *Fahren und Reiten in Alteuropa und im Alten Orient*، در *Der Alte Orient*، ج ۳۸، شماره ۲، ۱۹۳۹ء؛ (۸۴) وهی مصنّف: *Probleme der Frühzeitlichen Domestikation im Lichte neuer Forschung*، در *Actes 4e Congrès Internat. des Sciences Anthropologiques et Ethnologiques*، وی‌انا ۱۹۵۲ء، ج ۲ (۱۹۵۵ء میں شائع هوئی)؛ (۸۵) H. v. Wissmann: *De Mari Erythraeo*، در *Lautensach - Festschrift*، Stuttgarter Geographische Studien، جلد ۶۹، ۱۹۵۷ء: ۲۸۹ تا ۳۲۴؛ (۸۶) وهی مصنّف و H. Gätje: *Arabien nach Ptolemäus*، زیر ترتیب برائے اکادمی، در Mainz ۱۹۵۹ء؛ (۸۷) H. v. Wissmann و M. Höfner: *Beiträge zur historischen Geographie des vorislamischen Südarabien*، Akad. d. Wiss. u. d. Literatur، *Abh. d. Geistes-und Sozialwiss Kl., Jg.*، Mainz ۱۹۵۲ء، شماره ۴؛ (۸۸) H. v. Wissmann و R. B. Serjeant: *Map of Southern Arabia from Shuqrā to al-Shihr and Baihān to Hadramaut*، پیمانه ۱: ۵۰۰۰۰۰، Roy. Geogr. Soc.، لنڈن ۱۹۵۸ء، مع مقالات از هر دو مصنّفین، در *Geograph. Journal*، ۱۲۴،

marfat.com
Marfat.com

۱۹۵۸ء: ۱۶۳ تا ۱۷۱ ۔

### (د) شمالی افریقہ میں شتر سوار بدویوں کا ظہور

یہ بات تعجب خیز ہے کہ مصر کے عظیم دریائی نخلستان کی تہذیب اور اس کی سلطنت نے اتنے طویل عرصے تک اونٹ پالنے اور شتر سوار بدویوں کے پھیلنے کو روکے رکھا ۔ یہاں سرحدوں پر کڑی نظر رکھی جاتی تھی اور ایشیائی بدوی زندگی کے خلاف ناپسندیدگی کا اظہار کیا جاتا تھا ۔ اونٹ کے لیے ہمیں کوئی مخصوص مصری زبان کا لفظ نہیں ملتا (Albright، ۱۹۵۰ء، قب Préaux) ۔

عام طور پر یہ خیال کیا جاتا ہے کہ جب آخری عہد ہزار سالہ قبل مسیح کے تقریباً آغاز میں کسی وقت اہلِ سَبَأ نے حبشہ کو اپنی نوآبادی بنایا اور وہاں اپنے ساتھ ہل، ڈھلوان زمین کو سطح کرنے اور مصنوعی آب پاشی کے طریقے لائے تو انھوں نے شمالی حبشہ کے نشیبی علاقوں کو اونٹ سے آشنا کرایا ۔ ہم اوپر بتا چکے ہیں کہ پانچویں صدی قبل مسیح میں یہ نو آبادی پوری طرح قائم بلکہ غالباً بہت قدیم ہو چکی تھی ۔ حتّٰی کہ روسینی (Conti Rossini) کا بھی خیال ہے کہ یہاں اونٹ اسی قدیم زمانے میں لایا گیا ہوگا (ص ۱۰۳، ۱۰۶) ۔ تاہم اسے اس کا کوئی واضح ثبوت نہیں مل سکا ۔ حبشہ کے سبائی کتبات (رکّ بہ سطور بالا) میں اونٹ کا کوئی تذکرہ نہیں ملتا ۔ لیکن اسے کچھ زیادہ اہمیت نہیں دی جا سکتی ۔ کیونکہ ان کتبات کی تعداد بہت کم ہے ۔ بہر حال ہمیں یہ نہیں بھولنا چاہیے کہ آج بھی حبشہ کے کوہستانی علاقے اونٹ سے آشنا نہیں ۔ اور اس کا استعمال صرف نشیبی علاقوں اور نیچے کی ڈھلانوں میں عام ہو سکا ہے ۔ مغربی یمن کی طرح یہ علاقہ بھی ایک تنگ حصے پر مشتمل ہے ۔

ہمیں اس سلسلے میں تھوڑی سی معلومات اور لسانی ثبوت ایسا ملا ہے جس سے ہم یہ نتیجہ نکال سکتے ہیں کہ اہلِ سبأ نے بحیرۂ قلزم کے افریقی ساحل والے علاقے کو اونٹ سے آشنا نہیں کیا تھا ۔ آغاثرخِیدِس Agatharchides (غالباً ۱۳۰ ق م کے لگ بھگ) نے بدوی غار نشینوں (Troglodytes) کا ایک بہت اچھا اور مفصل حال قلم بند کیا ہے، جو بحیرۂ قلزم کے افریقی ساحل کے عقب میں اور حبشہ کے شمال میں رہتے تھے (یہ لوگ آگے چل کر بلمیہ یا بیجا کہلائے) ۔ یہاں اس نے اونٹوں کے نہیں بلکہ صرف مویشیوں اور بکریوں کے پالنے کا ذکر کیا ہے (Diodor، قب C. Muller : *Geogr. Graec. Minor.*، ۱ : ۱۵۳) ۔ آغاثرخِیدِس Agatharchides نے یہ حال غالباً کسی قدیم تذکرے سے اخذ کیا ہوگا (قب von Wissmann، ۱۹۵۷ء) ۔

لسانی ثبوت یہ ہے کہ اونٹ کا نام شمالی سامی زبانوں اور مصر کی طرح جعزی زبان نیز حبشہ کی تمام سامی زبانوں میں جمل (تلفّظ گَمل) ہے اور اس کے بر عکس قدیم زمانے میں اس کے لیے جنوبی عرب میں صرف لفظ ''اِبِل'' استعمال ہوتا تھا (Höfner، بذریعۂ مکتوب) ۔ صرف تیسری صدی عیسوی کے ایک کتبے میں (G. Ryckmans، عدد ۵۳۵) اور پھر چھٹی صدی عیسوی میں (یوسف ذونواس، G. Ryckmans، عدد ۵۰۷) میں لفظ ''جَمَل'' [=اونٹ] جنوبی عرب کے کتبات میں مستعمل ہوا ہے ۔ حبشی زبان میں اونٹ کا ذکر پہلی بار چوتھی صدی عیسوی میں ملتا ہے (رکّ بہ Littmann : *Aksum*، ۹، ۱۹۱۳ء) ۔

ہمیں اونٹ کا ذکر نہ تو مصر کے تصویری خط (ہِیرُو غلیفی) میں ملتا ہے اور نہ یونانی اور رومی مصنّفین کے ہاں اور نہ مصر یا شمالی افریقہ

Marfat.com

کے کسی حصے میں عہد یونانی کے مجسموں یا چٹانی تصویروں میں۔ اس سلسلے میں ہمیں صرف ایک استثنا کا پتا چلتا ہے: جب بطلمیوس ثانی (Ptolemy II Philadelphus، ۲۸۵ تا ۲۴۶ ق م) نے دریاے نیل سے قبطوس Koptos کے مقام سے بحیرۂ قلزم کو جانے والی سڑکوں (۱۷۳ کیلو میٹر) کی مرمت کرائی اور اسی مقام سے اپنی نئی بندرگاہ کے شہر Berenikē Troglodytikē تک ایک زیادہ طویل سڑک (۳۸۰ کیلو میٹر) تعمیر کرائی اور اس پر گیارہ پڑاؤ بنوائے۔ یہ سڑک صرف پیدل چلنے والے مسافروں ھی کے لیے نہیں بلکہ شتر سوار تاجروں کے لیے بھی بنوائی گئی تھی (Strabo، ۱۶ : ۴، ۲۴ و ۱۷ : ۱، ۴۵، ۶۵؛ Pliny، h. n. ۶ : ۱۰۲، ۱۶۸؛ برنکی تروگلودیتکی Berenikē Troglodytikē خلیج سخت بندر الکبیر میں ۲۳° ۵۱ پر واقع ہے)۔ سترابو Strabo کا بیان ہے کہ قبطوس Koptos ایسا شہر تھا جو عربوں اور مصریوں دونوں کے زیر تصرف تھا اور عرب قبطوس اور Myos Hormos کی درمیانی کانوں میں کام کرتے تھے۔ پلینی Pliny نے برنکی Berenike کے علاقے کے عرب قبیلوں کا بھی ذکر کیا ہے۔ فیلادلفوس Philadelphus نے دریاے نیل اور بحیرۂ قلزم کے درمیان نہر کو دوبارہ کھلوا دیا تھا۔ اس نے بحیرۂ قلزم کے مغربی ساحل کے ساتھ ساتھ بحری اڈے تعمیر کرائے (رک به سطور ذیل)۔ عین ممکن ہے کہ فیلادلفوس ھی قافلے کے اونٹوں اور ان کے عرب مالکوں کو یہاں لایا ہو اور وہ شمالی حجاز کے ساحل سے Philotera، Myos Harmos اور Berenikē Troglodytikē میں سمندر کے راستے لائے گئے ہوں (Ritter، ۲ : ۲۰۳)۔ معلوم ہوتا ہے کہ بطلمیوس (Ptolemy) دوم نے دیدان کے ساتھ، جو بخورات کی شاھراہ پر واقع تھا، دوستانہ تعلقات

استوار کر کے شمالی حجاز کے اس ساحل پر اپنا اثر و اقتدار قائم کیا تھا اور اس طرح اس نے بخورات کی تجارت کا راستہ بدل دیا تھا۔ اس وقت تک اس کا راستہ سبأ اور معین سے بحیرۂ روم پر غزہ تک تھا اور یہ چیزیں دیدان سے بحیرۂ قلزم کی ایک نئی بندرگاہ (تشیت؟) تک اور وھاں سے کشتی کے ذریعے مصر تک جانے لگیں (قب Tarn، ضمیمہ از Sidney Smith؛ Delbrueck)۔ چونکہ دیدان سلطنت معین کی نو آبادی تھا، جو سبأ کے شمال میں قائم ہوئی تھی، اس لیے غالبًا ۲۶۳ ق م میں منفس میں مقیم معین کے ایک تاجر بخورات کے سنگیں تابوت پر لکھی ہوئی عبارت سے اس کی توثیق ہوتی ہے (Albright، ۱۹۵۳ء، حاشیہ ۱۲)۔ یہ تاجر اپنے جہازوں پر مصر میں سیاہ مرچ اور دوسرا سامان لاتا تھا اور عرب میں ریشمی کپڑے وغیرہ لے جاتا تھا (Rhodokanakis و Korten-beutel)۔ چونکہ بطلمیوس (Ptolemy) ثانی اور اس کے جانشین بحیرۂ قلزم کے راستے بڑی بڑی کشتیوں پر ھاتھی لانے کے قابل تھے اس لیے وہ بڑی آسانی کے ساتھ اونٹ بھی لا سکتے تھے۔ مصر میں جو عرب اپنے اونٹوں کے ساتھ لائے گئے تھے وہ غالبًا شمالی حجاز کا وہ رسم خط جانتے تھے جسے ثمودی کہتے ھیں۔ متعدد ثمودی کتبات مصر کے مشرقی صحرا میں بالخصوص سڑکوں کے اطراف میں ملے ھیں (Littmann، ۱۹۴۰ء، ۳؛ Green و J. Pirenne بذریعۂ مکتوب)۔

پھر سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اونٹ حبشہ میں کیسے لایا گیا تھا۔ میرے خیال میں اس کے دو قیاس پیش کیے جا سکتے ھیں۔ اسے یا تو بطلمیوس (Ptolemy) ثانی یا اس کے جانشین اور یا پھر حبشات کے شاھان اکسوم دوسری صدی عیسوی کے قریب یہاں لائے ہوں گے۔

marfat.com
Marfat.com

بطلمیوس (Ptolemy) ثانی نے ساحل حبشہ کے انتہائی شمالی حصے میں بطلیمائس ثیرون (Ptolemais Theron) کا قلعہ بند شہر بسایا تھا (قب مصر میں Pithom کا کتبہ) - موجودہ زمانے کے جزیرۂ مُصَوّع کے جنوب میں Adulis کے مقام پر جو کتبے Cosmas Indicopleustes نے دریافت کیے ہیں (Winstedt) ان میں سے ایک کتبے سے پتا چلتا ہے کہ اس علاقے میں بطلمیوس ثالث (Ptolemy III Euergetes، ۲۴۶ تا ۲۲۱ ق م) اور اس کے باپ نے ہاتھیوں کا شکار کھیلا تھا - ہمیں معلوم نہیں کہ ''برنکی ھی کتہ سبس'' Berenikē hē kata Sabas کا شہر (Strabo، ۱۶ : ۴، ۱۰؛ Pliny، ۶ : ۲۹، ۱۷۰ میں Berenikē Epidirēs، Conti Rossini بخلاف Kortenbeutal) موجودہ عیذاب Assab، کے قریب کب بسایا گیا تھا اور اس جنوبی برنکی کی جگہ ارسنوئی Arsinoë نامی نوآبادی نے کب لی تھی (Conti Rossini، ص ۶۰ بعد؛ نقشہ Strabo، ۱۶ : ۴، ۱۳؛ Pitschmann و Arsinoë و Pauly-Wissowa) - ہم صرف اتنا جانتے ہیں کہ بطلمیوسی بادشاہ بحیرۂ قلزم کے سارے افریقی ساحل کو زیادہ سے زیادہ اپنے بحری اقتدار میں لاتے گئے - بطالمہ کے عہد میں جہاز رانی اور تجارت مکمل طور پر سرکاری نظم و نسق کے تحت تھی - ہو سکتا ہے کہ اس زمانے سے پہلے سَبَأ کو حبشہ کی پرانی نو آبادی میں اور خصوصاً ساحلی علاقے میں اثر و رسوخ حاصل ہو - اگرچہ اسے اپنے محل وقوع کی بنا پر بہت سی مشکلات کا سامنا تھا، کیونکہ یہ جنوبی عرب میں شمال کی جانب معین اور جنوب کی جانب قِتَبان کی دو نئی اور مستحکم ریاستوں کے درمیان گھرا ہوا تھا اور قتبان کی حدود تو عدن اور آبنائے باب المَنْدَب تک پہنچتی تھیں - بطلیمائس ثیرون Ptolemais Theron کے جنوب میں ایک Sabaitikon Stōma تھا (Artemidorus، بروے Strabo) - جزیرۂ مُصَوّع کے بالمقابل سبت (شبت؟) نام کا ایک مقام تھا (Strabo و Pliny و Cl. Ptolemy) اور غالباً موجودہ خلیج عیذاب Assab، میں سبائی Sabai کا دولت مند شہر آباد تھا (Strabo، ۱۶ : ۴، ۸ تا ۱۰؛ قب Conti Rossini، نقشہ لوحہ ۱۶) - جنوبی عرب کی ہلاکت آفریں جنگوں کے باعث بطلمیوسی بادشاہوں کو ساحل حبشہ کے علاقے میں دخل اندازی کرنے کا موقع بآسانی مل گیا ہو گا - چونکہ یہ لوگ اس ساحل سے بڑی بڑی کشتیوں کے ذریعے ہاتھی مصر میں لے آئے تھے، اس لیے ممکن ہے کہ وہ اس ساحل کے باشندوں کے لیے اونٹ بھی شمالی حجاز سے لے آئے ہوں - تقریباً ۱۱۵ ق م سے پہلے عدن کی بندرگاہ قتبان جہازوں کا مال اتارنے چڑھانے کے لیے ایک اہم جگہ تسلیم کی جاتی تھی - یہاں مصر اور ہندوستان سے سامان آتا تھا (قب Wissmann، ۱۹۰۷ء) - جب عدن میں قَتَبان کی جگہ حِمْیَر کی نئی ریاست کی حکومت قائم ہوئی اور عدن برباد ہو گیا تو اس زمانے میں بطلمیوسی جہاز ہندوستان تک براہ راست سفر کرنے میں روزافزوں کامیابی حاصل کر رہے تھے۔

معلوم ہوتا ہے کہ مملکت اَکسُوم (حبشہ)، جس کا ذکر Periplus of the Erythraean Sea (تقریباً ۸۲ تا ۹۶ء) میں ملتا ہے، اس زمانے میں ایک طاقت ور ریاست بن چکی تھی اور اس نے بحیرۂ قلزم میں یونانیوں اور رومیوں کی جہاز رانی سے بہت کچھ سیکھ لیا تھا - پھر اکسوم کے ایک بادشاہ نے، جو غالباً دوسری صدی عیسوی کے وسط میں موجود تھا (Winstedt؛ Mommsen : *Römische Geschichte*، ۵ : ۵۹۹؛ Mordtmann-Mittwoch، ۶)، اپنی تعمیر کردہ یادگار (Monumentum

Marfat.com

Adulitanum کے مطابق ایک عظیم الشان سلطنت قائم کی تھی، جو مصر سے شمالی لینڈ تک پھیلی ہوئی تھی (قب Dittenberger، ص ۲۸۷ تا ۲۹۶؛ Littmann، ۱۹۱۳ء، ۱ : ۴۲ ببعد) . . . . وہ بتاتا ہے کہ اس نے اس فتح کے سلسلے میں اپنی بحریہ سے کام لیا تھا - اس کا نام معلوم نہیں - یادگار مذکور سے پتا چلتا ہے کہ اس زمانے میں اکسوم کا شمار بحری طاقتوں میں ہوتا تھا، جسے غالباً روم کا تعاون حاصل تھا - یہ یادگار یونانی زبان اور رسم خط میں لکھی ہوئی تھی - پہلی صدی عیسوی ہی میں (Periplus) اکسوم میں یونانی زبان کی طرف توجہ شروع ہو گئی تھی، اس لیے کہا جا سکتا ہے کہ یہی Monumentum Adulitanum والا بادشاہ ہی اپنی شمالی عرب سے پہلے پہل اونٹ حبشہ میں لایا ہو گا - غالباً یہ وہی زمانہ ہو گا جب حبشہ میں قومیت کا شعور بڑی تیزی سے پیدا ہو رہا تھا، جس کے دوران میں غالباً ایک سرکاری رسم خط ظہور میں آیا، جو یادگاری اور شکستہ سبائی رسم خط پر مبنی تھا اور یونانی (بائیں سے دائیں، اعداد) اور ثمودی رسم خط سے متاثر تھا (قب J. Ryckmans، ۱۹۵۵ء؛ Ullendorff؛ Drewes) - معلوم ہوتا ہے کہ تیسری صدی میں بحیرۂ قلزم کا جنوبی حصہ حبشہ کے زیر اقتدار تھا اور رومی سلطنت اور ہندوستان کے درمیان براہ راست تجارت میں کمی آ گئی تھی (Sir M. Wheeler؛ Wissmann، ۱۹۵۷ء).

بطلمیوس ثانی (Ptolemy II) جن عربی قبائل کو غالباً Troglodytikē Berenikē اور Myos Hormos میں لایا تھا ان کے بعد جن افریقی باشندوں نے سب سے پہلے شتربانی شروع کی معلوم ہوتا ہے کہ وہ بیجا یا بَلِمّیہ Blemmyes (Pauly-Wissowa؛ Blemmyes از Sethe) تھے - Strabo، ۱۷ : ۷۸۶، ۸۱۹ اور حبشہ کے کتبات کی رو سے یہ لوگ دریاے نیل اور بحیرۂ قلزم کے مابین سینی Syene کے جنوب مشرق میں رہتے تھے - سترابو Strabo کے زمانے میں یہ لوگ ''نہ تو کثیر التعداد ہی تھے اور نہ جنگجو'' (۱۷ : ۱، ۵۳) اور بھیڑیں، بکریاں اور مویشی پالتے تھے - اس زمانے میں یہ لوگ سلطنت کے لیے اس قدر خطرے کا باعث نہ تھے - آنے والی صدیوں میں وہ لازماً اپنے عرب ہمسایوں سے اس حد تک شتربانی سیکھ گئے ہوں گے کہ وہ صحیح معنوں میں ''بہترین'' شتر سوار بدوی بن گئے - دیکیوس Decius کے عہد (۲۴۹ تا ۲۵۱ء) میں ان شتر سواروں کے دھاوے رومی سلطنت کے لیے درد سر بن گئے - بیس برس بعد وہ دریاے نیل اور بحیرۂ قلزم کے درمیانی راستوں کے مکمل طور پر مالک بن چکے تھے - مصر سے ہندوستان تک کی تجارت کلیۃً بَلِمّیہ Blemmyes کے رحم و کرم پر موقوف ہو کر رہ گئی تھی (قب Bensch، ص ۲۶۴ ببعد) - پروبس Probus کے عہد (۲۷۶ تا ۲۸۲ء) میں Koptos اور Ptolemais پر بیجا کا عارضی قبضہ ہو گیا - ۲۹۶ء میں سینی Syene کی سرحد پر دیوقلیطئین Diocletian کو انھیں خراج دینا پڑا - اس شہنشاہ نے بیجا کے مقابلے کے لیے نبطیوں (Nobatae) نوبیدیوں (Nobades) یعنی نوبیوں (Nubians ؟) کو طلب کیا تھا اور ان کی نو آبادی قائم کرنے کے لیے دودیکاشیوں (Dodekaschoinos) کو ان کے حوالے کر دیا تھا.

چوتھی صدی عیسوی میں بَلِمّیہ اور مصر کے عرب قبیلے، جن کے پاس اونٹ اور اب گھوڑے بھی آ چکے تھے، اپنے حملوں کی وجہ سے سلطنت

marfat.com
Marfat.com

کے لیے ایک دائمی خطرہ بن گئے تھے (Ammian Marcellin، ۱۴ : ۴، ۳) ۔ سلطنت کو ان کی سرکوبی کے لیے شتر سوار دستے بھرتی کرنا پڑے ۔ شہنشاہ فَالِینس Valens (عہد حکومت ۳۷۰ء) کے زمانے میں عربوں کے نئے قبائل خاکنائے سویز کو عبور کر کے غالباً ٹیبِس Thebes کے خطّے تک نیل کے مشرق میں صحرائے عرب کے شمالی حصے پر قابض ہو چکے تھے ۔ ان لوگوں نے لازماً مصر کے گرد و نواح کے علاقوں میں شتر سوار بدویت اور اونٹ پر سوار ہو کر جنگ کرنے کے طریقِ عمل کو تقویت پہنچائی ہو گی۔

ونکلر H.A. Winkler کو دریائے نیل کے مشرق میں صحرائے عرب میں جو چٹانوں پر بنی ہوئی تصویریں ملی ہیں ان میں اس نے بلمیہ کا ایک ایسا گروہ دریافت کیا ہے جو شتربانی اور اسلام کے درمیانی دور سے تعلق رکھتا ہے ۔ یہ بات بالکل یقینی نظر آتی ہے کہ یہ گروہ اسی دور سے تعلق رکھتا ہو گا (یونانی اور قبطی حروف، یونانی اثر، مخصوص نشانات) ۔ ان تصاویر میں زیادہ تر (کمان، نیزہ، تلوار اور مثلث شکل کی ڈھال سے) مسلّح لوگ اونٹوں اور گھوڑوں پر سوار پیش کیے گئے ہیں ۔ یہاں اونٹ اہم ترین پالتو جانور کے طور پر گھوڑے، گدھے اور مویشیوں کے ساتھ دکھایا گیا ہے ۔ ونکلر Winkler (۱۹۳۸ء، ص ۴۱) کہتا ہے : ”چٹانوں پر بنی ہوئی تمام تصویروں میں امن و امان کا دور دورہ ہے اور شتربانوں کی تصاویر میں ہر جگہ جنگ کا نقشہ نظر آتا ہے ۔ وہ جہاں بھی گئے اپنے ساتھ جنگ کی تباہ کاریاں لے گئے“ .

. . . جب ہم چٹانوں پر بنی ہوئی تصویریں دیکھتے ہیں تو خیال گزرتا ہے کہ نہ صرف سوڈان اور مشرقی افریقہ کے لق و دق میدانوں میں بلکہ صحرائے اعظم کے علاقوں میں بھی اس سے پہلے مویشی پالنے والوں کا ایک قدیم دور ہو گا ۔ اگر ہم یہ مان بھی لیں کہ اس قسم کے دور وہاں آتے رہے ہیں اور موجودہ زمانے کی بہ نسبت وہاں کی آب و ہوا کچھ مرطوب ہوگی، تاہم یہ امر مشکوک رہتا ہے کہ ان صحرائی علاقوں میں سینگوں والے جانور پالے جاتے ہوں گے، کیونکہ وہاں کی آب و ہوا ان کے لیے موزوں نہیں ہے ۔ البتہ یہ ہو سکتا ہے کہ یہاں بھیڑ بکریوں سے پہلے گاے اور بیل لائے گئے ہوں ۔ یہ بات قرین قیاس نظر آتی ہے کہ وہاں بدوی زندگی مکمل طور پر قائم ہو چکی تھی ۔ چٹانوں کی تصویروں میں گاے اور بیل کو متبرک جانور کے طور پر پیش کیا گیا ہے، حالانکہ بدویوں کی اقتصادی حالت کے اعتبار سے انھیں بھیڑ بکریوں کے مقابلے میں ثانوی حیثیت حاصل تھی ۔ یہاں ہمیں یہ امر یاد رکھنا چاہیے کہ ثمود کی بنائی ہوئی چٹانی تصویروں میں، جو مغربی عرب میں ملی ہیں، شکار شدہ جانور اور اونٹ تو نظر آتے ہیں لیکن بھیڑ بکریاں بہت کم دکھائی دیتی ہیں ۔ حالانکہ ہمیں یقین ہے کہ ان علاقوں کے بدوی ان جانوروں کے ریوڑ کے ریوڑ رکھتے تھے۔

بقول لوٹے Lhote (۱۹۵۳ء) غدامیس (غدامس — یاقوت)، فِزّان، تَسِیلی اور اَھَجّر کے علاقے میں جو چٹانی تصویریں برآمد ہوئی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ وہاں گھوڑا اور جنگی رتھ بہت قدیم زمانے سے رواج پذیر ہو چکے تھے ۔ اور لوٹے Lhote کے مفروضے کے مطابق اس کا رواج دینے والے ۱۲۰۰ ق م کے لگ بھگ علاقۂ ایجِیّہ کے ”بحری باشندے“ تھے ۔ ان جنگی رتھوں میں لوگوں کے سوار ہونے کا رواج، جس میں لگام اور دہانے کا استعمال نہیں ہوتا تھا، کسی قدر بعد کے زمانے میں ہوا اور یہ وہی طریقہ تھا جو قدیم مصنّفوں نے اپنے زمانے میں شمالی افریقہ کے

Marfat.com

صحرا نشینوں کی اسپ سواری کا بتایا ہے (Strabo، Polybius، Silius Italicus) - شمالی افریقہ کی جنگوں میں تیسری صدی قبل مسیح تک گھوڑے نے پوری طرح جنگی رتھوں کی جگہ لے لی تھی۔ بدوی، گھوڑے پر سوار ہو کر چھاپے مارا کرتے تھے۔

یہ عجیب سی بات ہے کہ ہمیں ابھی تک اس بارے میں کچھ پتا نہیں چلا کہ شمال مغربی افریقہ اور صحراے اعظم میں اونٹ کیسے پہنچا تھا - ادبی تصنیفات میں اونٹ کا ذکر پہلی بار ۴۶ ق م میں قیصر Caesar : *De bello Africano* (باب ۶۷ : ۴) میں ملتا ہے جب شاہ جُوبَہ Juba سے وصول کیے ہوے مال غنیمت میں بائیس اونٹوں کا ذکر بھی آیا ہے - لیکن جوبہ ایک ایسا شخص تھا جسے سائنس اور بالخصوص جغرافیے کے میدان میں بہت سی مختلف باتوں سے دلچسپی تھی اور یونانیوں کی طرح نوادر جمع کرنے کا شوق تھا - یہ بات قرین قیاس نظر آتی ہے کہ اس نے یہ دیکھنے کے لیے ان جانوروں کو درآمد کیا ہو کہ یہ کس حد تک شمالی افریقہ میں مفید ثابت ہو سکتے ہیں - اس زمانے میں صرف سیرینیکا Cyrenaica ہی ایسی جگہ تھی جہاں اونٹ بڑی تعداد میں پالے جاتے ہوں گے - L. Lollius کی ٹکسال کے سکوں پر پومپئی Pompey کے تحت سیرینیکا Cyrenaica میں ایک کمانڈر دکھایا گیا ہے - اس کے بعد تاریخ کی کڑیاں گم ہیں - ہیڈرومیٹم Hadrometum (سوسہ Sousse، تونس) کے گورستان میں دوسری یا شاید تیسری صدی کے ایک شتر سوار کا بت اور منبّت کاری کا ایک نمونہ ملا ہے، جس میں ایک میدان میں اونٹوں سے کھینچے جانے والی رتھوں کی دوڑ دکھائی گئی ہے - اس سلسلے میں ادب میں دوسرا اشارہ ۳۶۳ء کا ملتا ہے - صوبۂ افریقہ کا رومی گورنر (comes =) لیبطی مجنہ (Leptis Magna) [illegible] باشندوں سے، جو سرتیہ Syrte میں واقع تھا، باربرداری کے چار ہزار اونٹوں کا مطالبہ کرتا ہے (.Ammian Marcellin، ج ۲۸، شمارہ ۶ : ص ۵؛ ج ۲۹، شمارہ ۵ : ص ۵۵) - ۴۰۰ء کے قریب Synesius کا ایک بیان ملتا ہے کہ اونٹوں اور گھوڑوں کے ریوڑ اس زمانے میں سیرینیکا کے باشندوں کی دولت تھے - پانچویں صدی میں پتا چلتا ہے کہ شمالی افریقہ اور زیادہ تر سرتیہ Syrtes کے علاقوں میں اونٹ ہمیشہ سے بڑی کثرت سے پالے جاتے رہے ہیں۔

بہت سے مصنف بالخصوص گوتیے Gautier (ص ۱۹۰ ببعد)، گسیل Gsell اور دوسروں نے ان تھوڑے سے مآخذ سے یہ نتیجہ اخذ کیا ہے کہ اونٹ بحیرۂ روم کے اس پار سے شمالی افریقہ میں لایا گیا ہوگا - اس کے برعکس تیسری صدی عیسوی میں بالائی مصر میں بلمیہ کی حیثیت کو دیکھتے ہوے (قبّ سطور بالا) ہمارا خیال یہ ہے کہ مصر کے مغرب میں نخلستانوں کا جو سلسلہ چلا گیا تھا وہ بھی ایک قرین قیاس راستہ نظر آتا ہے - علاوہ ازیں ہمیں یہ بھی نہیں بھولنا چاہیے کہ صحراے لیبیا کے جنوب میں جو راستے پائے جاتے ہیں وہ ایسے علاقے ہیں جو تاریخ کے صفحات میں جگہ نہیں پا سکے۔

غالباً آئندہ ہونے والی لسانی تحقیقات اور کھدائیاں ان مسائل کا حل پیش کرنے میں ہماری مدد کر سکیں گی - بیجا (بلمیہ) کی زبان میں اونٹ کے لیے جو لفظ عام طور پر مستعمل ہے وہ قام (کیم kăm) ہے - اور شمالی نوبہ (Nubia) میں کم (کَمتی) (بحوالۂ Professor Dr. O. Rossler، بذریعۂ مکتوب) - تبُو اونٹ کو گونی کہتے ہیں - معلوم ہوتا ہے کہ یہ نام ان لوگوں کے باعث سوڈان کے مشرقی حصے تک پھیل چکا تھا جہاں روایت کے مطابق [illegible] بدولت اونٹ پہنچا تھا

marfat.com
Marfat.com

(Bensch، ص ۱۷۱، بقول Barth) - اسی طرح کوهستان مَنْدارَة (شمالی کیمرون) میں اونٹ کو ''گویہ'' کہتے ہیں اور نر اونٹ ''الدہ گویہ'' کہلاتا ہے (Barth، ۲ : ۵۳۴ حاشیہ) - حتّٰی کہ مسائی Masai بھی اونٹ کو اِنتوبِس en-tomes کہتے ہیں - (نندی : توبِبس) - بربری زبانوں میں، جن میں طوارِق بھی شامل ہے، اونٹ کے لیے عام لفظ الغم alghem یا الم alem ہے- یقیناً الغم ہی سے ہوسہ کا لفظ رکومی rakumi اور نوبی زبان (Nupe) کا رکوم نکلا ہے (O. Rössler) - یہ تمام اسما عربی اسما سے نکلے ہوے نظر نہیں آتے لیکن کچھ اور نام ایسے موجود ہیں جو اس زبان سے اشتقاق کو ظاہر کرتے ہیں.

**مآخذ** : (۱) W. F. Albright : محلّ مذکور؛ (۲) وہی مصنّف : *Minaean Kings*، در *BASOR*، ص ۱۲۹، ۱۹۵۳ء؛ (۳) H. Barth : *Reisen und Entdeckungen in Nord-und Central Afrika*، ۱۸۵۷ء بعد؛ (۴) R. Basset : *Le nom du chameau chez les berbères*، در *Actes du XIVe. Congrès des Orientalistes*، ۱۹۰۵ء، سیکشن ۷ : ۶۹ تا ۸۲؛ (۵) P. Bensch : *Die Entwicklung des Nomadentums in Afrika*، ڈاکٹری کے لیے مقالہ ٹائپ میں لکھا ہوا، گوٹنگن ۱۹۴۹ء (اہم ہے)؛ (۶) A. Caquot و A. J. Drewes : *Les monuments recueillis à Maqallé (Tigré)*، در *Ann. d'Éthiopie*، ۱۹۵۵ء، ۱ : ۱۶ تا ۴۱؛ (۷) C. Conti Rossini : *Storia d'Etiopia*، ج ۱، Milano ۱۹۲۸ء؛ (۸) R. Delbrueck : *Südasiatische Seefahrt im Altertum*، در *Bonner Jahrbücher*، ۱۵۵/ ۱۵۶، ۱۹۵۵ - ۱۹۵۶ء؛ (۹) A. J. Drewes : *Problèmes de Paléographie Éthiopennes*، در *Ann. d' Éthiopie*، ۱۹۵۵ء، ۱ : ۱۲۱ تا ۱۲۶؛ (۱۰) E. F. Gautier : *Le passé de l'Afrique du Nord*، پیرس ۱۹۳۷ء؛ (۱۱) F. W. Green : *Notes on some inscriptions in the Etbai District*، در *PRAS*، ۳۱ : ۲۴۷ تا ۲۵۴، لوح ۳۲، ۳۶؛ (۱۲) S. Gsell : *Histoire ancienne de l'Afrique du Nord*، پیرس ۱۹۲۳ء بعد؛ (۱۳) A. Jamme : *Chart of South Arabian Letters*، در W. Phillips : *Qataban and Sheba*، لندن ۱۹۵۵ء، ص ۵۵۵؛ (۱۴) H. Kortenbeutel : *Der ägyptische Süd-und Osthandel in der Politik der Ptolemäer und römischen Kaiser*، Diss. Berlin ۱۹۳۱ء؛ (۱۵) H. Lhote : *Le cheval et le chameau dans les peintures et gravures du Sahara*، در *Bull. de l'Institut Français d'Afrique Noire*، Dakar، ۱۵/۳، *IFAN* ۱۹۵۳ء: ص ۱۱۳۸ تا ۱۲۲۸؛ (۱۶) E. Littmann : محل مذکور؛ (۱۷) R. Mauny : *Pré-histoire saharienne*، در *Bull. de Corresp. saharien*، ج ۱، Dakar ۱۹۴۸ء؛ (۱۸) J. H. Mordt-mann و E. Mittwoch : *Sabäische Inschriften*، در *Rathjens-v. Wissmann'sche Südarabienreise*، ج ۱، *Abh. a.d. Gebiet d. Ausland-skunde*، ہمبرگ یونیورسٹی، ۳۶ : ۱۹۳۱ء؛ (۱۹) C. Préaux : *Les raisons de l, originalité de l'Égypte*، در *Mus. helvet*، ج ۱۰، کراسہ ۳ تا ۴، ۱۹۵۳ء؛ (۲۰) C. Rathjens و H. v. Wissmann : *Landeskundliche Ergebnisse*، در *R.-v. W' sche Südarabienreise*، ج ۳، ہمبرگ یونیورسٹی، *Abh. a.d. Gebiet d. Auslandskunde*، ج ۴۰، ۱۹۳۴ء؛ (۲۱) N. Rhodokanakis : *Die Sarko-phaginschrift von Gizeh*، در *Zeitschr. f. Semitistik*، ج ۲، ۱۹۲۴ء : ۱۱۳ تا ۱۳۳؛ (۲۲) C. Ritter : محلّ مذکور؛ (۲۳) G. Ryckmans : محلّ مذکور؛ (۲۴) J. Rychmans : *Inscriptions historiques sabéennes de l'Arabie centrale*، در *Muséon*، ۶۶، ۱۹۵۳ء: ۱ تا ۲۴؛ (۲۵) وہی مصنف : *L'origine et*

Marfat.com

در l'ordre des lettres de lalphabet éthiopien، Bibl. Orient.، ۱۲، ۱۹۰۵ء: ۲ تا ۲۳؛ (۲۶) وهی مصنف: La persécution des chrétiens himyarites au sixième siècle، Nederl. Histor. Arshaeol. Inst. in het nabije Oosten، استانبول ۱۹۰۶ء؛ (۲۷) W.H. Schoff: The Periplus of the Erythraean Sea، نیویارک ۱۹۱۲ء؛ (۲۸) A. Staffe: Zur Frage der Herkunft des Kamels in Afrika، در Zeitschr. f. Tierzüchtung und Züchtungsbiologie، ۳۶، ۱۹۳۰ء: ۱۳۰ تا ۱۳۱؛ (۲۹) W.W. Tarn: Ptolemy II and Arabia، در Journ. of Egypt. Archaeology، ۱۵، ۱۹۲۹ء: ۹ تا ۲۵؛ (۳۰) J. H. Thiel: Eudoxus van Cyzicus، در Mededel. Nederl. Akad. Afd. Letterkunde N. R.، ۲: ۸، ۱۹۳۹ء؛ (۳۱) E Ullendorf: The Origin of the Ethiopic Alphabet، در Bibl. Orient.، ۱۲، ۱۹۰۵ء: ۲۱۷ تا ۲۱۹؛ (۳۲) Sir M. Wheeler: Rome beyond the Imperial Frontiers، لنڈن ۱۹۵۴ء؛ (۳۳) H.A. Winkler: Rock Drawings of Southern Upper Egypt، لنڈن ۱۹۳۸ء؛ (۳۴) وهی مصنف: Völker und Völkerbewegungen im vorgeschichtlichen Oberägypten im Lichte neuer Felsbilderfunde، شٹٹگارٹ Stuttgart ۱۹۳۷ء؛ (۳۵) E.O. Winstedt: The Christian Topography of Cosmas Indicopleustes، کیمبرج ۱۹۰۹ء؛ (۳۶) H. v. Wissmann: Arabien und seine kolonialen Ausstrahlungen، در Lebensraumfragen europäischer Völker، ۲، لائپزگ ۱۹۴۱ء: ۳۷۴ تا ۳۸۸؛ (۳۷) H. v. Wissmann و M. Höfner: محلّ مذکور؛ (۳۸) H. v. Wissmann: De Mari Erythraeo، در Lautensach - Festschrift، Stuttgrater Geograph. Studien، ۶۹، شٹٹگارٹ ۱۹۵۷ء: ۲۸۹ تا ۳۲۴؛ (۳۹) D. J. Wölfel: Nord- und Weissafrika، در H. A. Bernatzik: Die Grosse Völkerkunde، ۱: ۳۴۳، لائپزگ ۱۹۳۹ء؛ (۴۰) L. G. A. Zöhrer: La population du Sahara antérieure à l'apparition du chameau، در Bull. Soc. Neuchâteloise de Géographie، ۵۱، ۱۹۵۲-۱۹۵۳ء.

(H. von Wissmann)

## ۳ - عرب قبل از اسلام

(ا) مآخذ

(ب) تاریخ

(ج) سیاسی روابط

(د) اخلاقی نظریه

(ه) مذهب

(ا) مآخذ: عرب قبل از اسلام کے بدوؤں کے بارے میں هماری معلومات زیادہ تر دو مآخذ پر مبنی هیں - پہلا مأخذ تو قبل از اسلام کی شاعری هے، جس کا کچھ ذخیرہ محفوظ رہ گیا هے - دوسرا مأخذ وہ تشریحات و حواشی اور تبصرے هیں جو ظہور اسلام سے ایک صدی بلکہ اس کے بعد بھی اس شاعری اور قدیم عربی ضرب الأمثال پر لکھے گئے اور جن میں زمانۂ قبل از اسلام کے واقعات کے بارے میں روایات کا اچھا خاصا مواد شامل هے - اس مواد کو دوسرے علما نے بھی اپنی خصوصی تصنیفات میں جمع کیا هے - عہد قبل از اسلام کی شاعری کے معتبر و مستند ہونے سے عصر حاضر کے [چند] علما نے، جن میں مارگولیتھ Margoliouth اور طٰه حسین کے نام قابل ذکر هیں، انکار کیا هے لیکن ان کے نظریات کو اکثر علما نے قبول نہیں کیا - اگرچہ وہ اس سلسلے میں تحریفات کے قائل هیں لیکن ان کی رائے میں بحیثیت مجموعی قبل از اسلام کی شاعری هم تک صحت کے ساتھ پہنچی هے (قب A. J. Arberry: The Seven Odes، لنڈن ۱۹۵۷ء، ص ۲۲۸ تا ۲۴۵) - اسی طرح تاریخی روایات کے بارے میں بھی، جنھیں مستشرقین بالکل بیکار سمجھتے تھے، اب یہ کہا جاتا هے کہ

marfat.com
Marfat.com

ان کے پس منظر میں حقیقی واقعات ھیں اور صحیح تاریخ مرتب کرنے کے لیے اگرچہ ناکافی ھیں پھر بھی ان سے زمانۂ جاھلیت کی معاشرتی زندگی پر روشنی پڑتی ھے ۔ بعض صورتوں میں ان روایات کی توثیق آیاتِ قرآنی اور ان سے اخذ کردہ نتائج سے ھوتی ھے اور موجودہ زمانے کے ماھرین آثارِ قدیمہ نے جو متعدد کتبات عرب میں دریافت کیے ھیں وہ ان کے لیے تکمیل و تائید کا کام دیتے ھیں ۔

(ب) تاریخ : تاریخ کے آغاز ھی سے عرب کے لق و دق میدانوں میں رھنے والے بدوی گرد و نواح کے مہذب ملکوں پر اپنا دباؤ ڈالتے رھے ھیں۔ بعض ادوار میں تو یہ دباؤ بڑی شدت اختیار کرتا رھا ۔ حضری علاقوں میں بدویوں کا داخلہ قوت پکڑتا رھا اور بعض روایات کے مطابق بدویوں کے ''ریلے'' وھاں پہنچتے رھے ۔ حضرت مسیح علیہ السلام سے پہلے عبرانی ، آرامی ، عرب اور نبطی شام اور عراق میں داخل ھوے اور ھجرت سے چھے صدی پیشتر عربوں اور اھل تدمر (Palmyrenes) کا دباؤ اور بھی بڑھ گیا تھا ۔ آغاز کار میں تو بدوی محض غارتگری کرنے کے لیے آتے تھے لیکن اکثر اوقات وہ یہاں مقیم بھی ھو جاتے تھے (جیسے ۲۲۵ء کے لگ بھگ عراق میں بنو تنوخ نے سکونت اختیار کی) ۔ حضری بدویوں اور حسب سابق صحرائی زندگی بسر کرنے والے بدویوں کے مابین روابط کے باعث تجارت میں بڑی آسانیاں پیدا ھو جاتی تھیں ۔ کیونکہ صرف بدوی ھی سامانِ تجارت کے قافلوں کو صحرا عبور کرا سکتے تھے اور صرف بدویوں ھی کی مضبوط اور طاقتور جماعت ان قافلوں کی بحفاظت آمد و رفت کی ضامن ھو سکتی تھی ۔ اسی طرح بوزنطی اور ساسانی سلطنتوں کی تاریخ میں بدوی دو حیثیتوں سے ظاھر ھوتے ھیں ۔ حملہ آور اور تاجر.

ان دونوں سلطنتوں نے بدویوں کے جارحانہ اور سفّاکانہ حملوں سے بچنے کے لیے بہت سے طریقے اختیار کیے ۔ ان طریقوں میں سب سے زیادہ مفید طریقہ یہ ثابت ھوا کہ حدود سلطنت پر رھنے والے نیم بدوی سرحدی فرمانرواؤں کا تقرّر عمل میں لایا جائے تا کہ ریگستانی میدانوں کے اندر سے آنے والی حملہ آور جماعتوں سے شہری علاقوں کو محفوظ رکھا جا سکے ۔ عراق کی سرحد پر یہ کام تقریباً ۳۰۰ء سے الحیرہ کے لخمی بادشاھوں سے اس خاندان کے اختتام یعنی ۶۰۲ء تک لیا جاتا رھا ۔ بوزنطیوں کی سرحد پر یہ کام غسّانی بادشاھوں نے سر انجام دیا، لیکن انھیں یہ اھمیت ذرا دیر کے بعد حاصل ھو سکی (۵۲۹ء میں قسطنطین نے غسّانی بادشاہ کو بعض خطابات عطا کیے تھے) ورنہ ان کا دارالحکومت بظاھر محض ایک منزل یعنی کیمپ پر مبنی تھا اور ان کے پاس کوئی ایسا شہر نہیں تھا جس کا موازنہ الحیرہ سے کیا جا سکے ۔ دفاع کا یہ طریقہ اسلامی فتوحات کے آغاز سے تھوڑی دیر پہلے تک قائم رھا ۔ الحیرہ میں ایک ایرانی شاھی گماشتہ اس عرب فرمانروا کی نگرانی کے لیے مقیم رھتا تھا جس نے لخمی بادشاھوں کی جگہ لے لی تھی ۔ دوسری طرف بوزنطیوں نے غسّانیوں کو جو جاگیریں عطا کر رکھی تھیں وہ ایرانی حملے (۶۱۳ تا ۶۳۹ء) کے ساتھ ھی ختم ھو گئیں جو بعد میں کبھی بحال نہ ھو سکیں ۔

ھر چند کہ ھمیں اس بات کا علم ھے کہ عرب بدویوں نے تجارت میں بڑے پیمانے پر حصہ لیا تھا تاھم اس تجارتی لین دین کی تفصیلات پر ابھی تک کوئی کام نہیں کیا جا سکا ۔ بدویوں کا صرف بوزنطی اور ایرانی سلطنتوں سے ھی تعلق نہ تھا بلکہ جنوبی عرب کی حِمیَری بادشاھت سے بھی رابطہ قائم تھا (یہ سلسلہ ۵۲۵ء کے قریب اھلِ حبشہ کے ہاتھوں اس بادشاھت کا تختہ الٹنے

Marfat.com

تک جاری رہا) - جنوبی عربؔ کے تمدنؔ کی ترقی کا انحصار تجارت پر تھا اور تجارت پر زوال کے ساتھ ہی (جس کا باعث یہ تھا کہ بحیرۂ قلزم پر ان کا اثر باقی نہ رہا تھا) اس پر بھی زوال آ گیا - عربی روایت میں سدّ مارب کے ٹوٹنے کو جنوبی عرب کے تمدن کا شیرازہ بکھر جانے سے تعبیر کیا گیا ھے - لیکن آثار قدیمہ کے اکتشافات سے پتا چلتا ھے کہ آب پاشی کے نظام کا خاتمہ ایک سلسلۂ واقعات کے باعث ہوا اور قیاس یہ ھے کہ یہ جنوبی عرب کے زوال کی علامات تھیں اس کی وجوہات نہ تھیں - پھر عربی روایت مارب کے بند ٹوٹنے کا رشتہ بہت سے بدوی قبائل کی شمال کی جانب حرکت سے بھی ملاتی ھے - معلوم ہوتا ھے کہ اس میں یہ بات بھی شامل ھے کہ وہ حضری زندگی کو بکثرت ترک کر رھے تھے - اسی زمانے میں یمن، شام اور عراق کے درمیان خشکی کے راستے اونٹوں کے قافلوں کے ذریعے تجارت پھلنے پھولنے لگی اور ۶۰۰ء تک یہ زیادہ تر قریش مکہ کے ہاتھ میں آ گئی تھی- خود قریش کے پاس مکے کا شہر بطور ان کے صدر مقام کے تھا- اور اس اعتبار سے وہ اب بدوی نہیں رھے تھے لیکن ان کے تجارتی مفاد کا تقاضا یہ تھا کہ وہ متعدد بدوی قبائل کے حلیف بنے رھیں اور ان کے ساتھ دیگر روابط قائم رکھیں - تجارتی قافلوں کی آمد و رفت اور پر امن راستوں کی ضمانت سے بدویوں کی معیشت کو بہت فائدہ پہنچا - میلوں ٹھیلوں (اسواق) کے باعث، جہاں یہ قافلے سامان تجارت لے کر آتے تھے اور خرید و فروخت ہوتی تھی، بدوی ایسی بہت سی چیزیں حاصل کر لیتے تھے جن کا لق و دق میدانوں میں پیدا ہونا ممکن نہ تھا- بحیثیت مجموعی یہ کہا جا سکتا ھے کہ اسلام سے پہلے عرب کی اقتصادی حالت زیادہ خراب اور حقیر نہ تھی [قبّ جواد علی : تاریخ العرب قبل الاسلام].

(ج) سیاسی روابط : معاشرتی اور سیاسی لحاظ سے دیکھا جائے تو عرب کے بدویوں کی وحدتیں تعداد کے اعتبار سے چھوٹی بڑی تھیں - مغربی مصنّفین انھیں اکثر اوقات ''قبائل'' کہتے ھیں اور اگر گروہ چھوٹا ہو تو اسے ''ذیلی قبیلہ'' (sub-tribe) یا ''بطن'' (clan) کہتے ھیں - لیکن یہ اصطلاحات عربی کے مستعملہ الفاظ کے معنی پوری طرح ادا نہیں کرتیں - عربی میں ان معاشرتی اور سیاسی وحدتوں کے لیے متعدد الفاظ موجود ھیں لیکن جو لفظ سب سے زیادہ مستعمل ھے وہ یہ کہ کسی قبیلے یا بطن کو محض بنو فلاں (= فلاں کے بیٹے) کہہ کر پکارا جائے.

علم الانسان کے معاشرتی شعبے نے زمانۂ حال میں جو ترقی کی ھے اس کی روشنی میں ابھی تک زمانۂ قبل از اسلام کے قبائل کے ڈھانچوں کا مطالعہ پوری طرح نہیں کیا جا سکا - عربوں کا دستور یہ ھے کہ باپ کی طرف سے رشتہ جوڑا جائے، البتہ اس سلسلے میں کہیں کہیں استثنا بھی پایا جاتا ھے - ایک شخص جس کا قبیلے کے ساتھ خونی رشتہ نہیں ہوتا تھا (جو صحیح یا صمیم نہیں) وہ بعض ایسی مراعات سے مستفید ہو سکتا تھا جو صرف ارکان قبیلہ کو حاصل تھیں اور سب سے بڑھ کر یہ کہ اسے حفاظت کی ضمانت دے دی جاتی تھی- یہ مراعات اسے بحیثیت حلیف (اتحادی) یا جار (زیر حفاظت ہمسایہ) یا مولی (مؤکل) حاصل ہوتی تھیں - حلف کے پابند گروہ حیثیت کے اعتبار سے مساوی سمجھے جاتے تھے لیکن جب محض ایک فرد کسی قبیلے یا بطن میں حلیف کے طور پر رہتا تھا تو اس کی حیثیت کمتر اور ماتحت کی سمجھی جاتی تھی - اس کے برعکس جوار (زیر حفاظت ہمسایگی) میں کسی حد تک اس شخص کے لیے برتری کا مفہوم

marfat.com
Marfat.com

شامل ہوتا تھا، جو حفاظت کرتا تھا اور اس کی نوعیت کم از کم عارضی تو ضرور ہوتی تھی - یہ حفاظت عارضی بھی ہو سکتی تھی اور مستقل بھی - غلام کو ''مولیٰ'' کا درجہ آزاد ہو جانے پر ملتا تھا - قبیلے کے کچھ غلام بھی ہوتے تھے - کوئی عرب صرف اسی صورت میں غلام بن سکتا تھا جب وہ بچپن ہی میں کسی حملے کے دوران میں پکڑ لیا گیا ہوتا - ان کے علاوہ حبشی غلام بھی ہوا کرتے تھے - کسی شخص کو اپنے قبیلے کے کسی فرد کے قتل یا قبیلے کے مفاد کو نقصان پہنچانے کے جرم میں قبیلے سے خارج کیا جا سکتا تھا - وہ یا تو تن تنہا (بحیثیت ایک صعلوک کے) بھٹکتا پھرتا تھا یا کسی اور قبیلے سے جار یعنی ہمسائے کے طور پر منسلک ہو جاتا تھا.

اس قیاس کی تائید میں مستحکم دلائل موجود ہیں کہ یہ روایتی نظریہ پوری طرح درست نہیں بیٹھتا کہ کسی قبیلے کے سارے ارکان باپ کی طرف سے ایک دوسرے کے رشتہ دار ہوتے تھے البتہ چند ایک قبائل کی تشکیل اسی بنیاد پر ہوئی تھی - اول یہ کہ عہدِ رسالتؐ میں اس-اس کی متعدد شہادتیں ملتی ہیں کہ بعض عرب قبائل کی تشکیل مادری رشتےداری پر مبنی ہوتی تھی اور چند واقعات سے پتا چلتا ہے کہ پدری رشتے نے اس کی جگہ لے لی تھی - اگرچہ اس بارے میں یقین کے ساتھ کچھ نہیں کہا جا سکتا کہ مادری رشتے کی حدود کہاں تک وسیع تھیں اور عملاً اس کا کیا درجہ تھا [رکّ بہ باھلۃ].

دوم یہ کہا جاتا ہے کہ بعض قبائل کے نام در اصل مقامی یا سیاسی بنا پر رکھے گئے تھے جن سے مشترکہ جد کا پتا نہیں چلتا (قبّ Nallino : *Raccolta di Scritti*، ۳ : ۷۲ تا ۷۹)- یہ بات غالباً چند صورتوں میں ضرور پیش آئی ہوگی اور اسی کی بنا پر زمانۂ ما بعد کے ماہرین انساب نے ان گروہوں کے ناموں کو اسی نام کے بانی سے منسوب کر دیا ہوگا - لیکن اگر ہم تمام نسبی شجروں کی توضیح اسی بنا پر کرنا شروع کر دیں تو یہ بات خطرناک ہوگی - صرف اسی بات کو یقینی سمجھنا چاہیے کہ صحرائی قبائل کا ڈھانچہ مسلسل بدلتا رہتا تھا - بعض قبائل خوشحال ہو جاتے تھے اور تعداد بڑھ جانے کے باعث جب ایک وحدت کی صورت میں کام چلانا دشوار ہو جاتا تو وہ دو یا زیادہ فریقوں میں بٹ جاتے تھے - غالباً یہی وجہ ہے کہ عہدِ رسالتؐ میں عرب بعض گروہوں کو ایسے ناموں سے پکارتے تھے جو متعدد قبائل پر مشتمل ہوتے تھے (قبّ Nallino : کتاب مذکور، ص ۷۶) - دوسری طرف جب ایک قبیلے کو خوشحالی نصیب نہ ہوتی تو اس کی تعداد میں کمی واقع ہو جاتی - اس صورت میں یا تو وہ کسی طاقتور قبیلے کا سہارا ڈھونڈتا، یا دوسرے کمزور قبائل کا حلیف بننے کی کوشش کرتا، یا پھر قطعی طور پر معدوم ہو جاتا - اسی لیے مکے کے قریب چند کمزور قبائل زیادہ تر قریش کے دست نگر ہو کر رہ گئے تھے - چند قبائل جو اور بھی زیادہ کمزور تھے آپس میں مدغم ہو گئے تھے اور ان کا نام احابیش [رکّ بآں] پڑ گیا تھا، جس کا مطلب غالباً ایک مخلوط گروہ ہے (Lammens کا یہ نظریہ کہ احابیش حبشی غلام تھے، ابن ہشام (ص ۲۴۵) اور ابن سعد (۱ / ۱ : ۸۱) کے بیانات کے منافی ہے - اس لیے اس کے حق میں کچھ نہیں کہا جا سکتا، قبّ Montgomery Watt : *Muhammad at Medina*، ص ۸۱ و M. Hamidullah، در *Studi Orientalistici in Onore di Giorgio Levi della Vida*، ۱ : ۴۳۴ تا ۴۴۷).

قبیلے کے معاملات تمام ارکان کی مجلس یا اجتماع میں طے ہوتے تھے - یوں تو سبھی اپنی

Marfat.com

رائے دے سکتے تھے لیکن سب سے زیادہ وزن ان اشخاص کی رائے کو دیا جاتا تھا جن کا اثر و اختیار مسلّم ہوتا تھا ۔ قبیلے کے سردار یا شیخ یعنی سیّد کا تقرر مجلس میں باآواز بلند اعلان سے ہوتا تھا ۔ عام طور پر وہ ایسے خاندان سے ہوتا تھا جسے سب سے زیادہ قابلِ احترام سمجھا جاتا تھا، لیکن ایسا کوئی قانون موجود نہ تھا جس کی رو سے صرف خلف اکبر (بڑے بیٹے) کو یہ حق پہنچتا ہو۔ صحرائی زندگی کے نامساعد حالات کے پیش نظر یہ ضروری سمجھا جاتا تھا کہ شیخِ قبیلہ اعلٰی قیادت کا اہل ہو اور ظاہر ہے کہ ایک نابالغ بچہ اس قابل نہیں ہوتا ۔ سیّد پر بعض فرائض عائد ہوتے تھے، جن میں وہ تعلقات خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں جو اس قبیلے یا بطن کے دوسرے قبائل یا بطون کے ساتھ ہوتے تھے۔ وہ معاہدے کر سکتا تھا، جن کا پورا قبیلہ پابند ہوتا تھا ۔ قیدیوں کے فدیے اور قصاص کی ادائی اسی کی ذمے داری سمجھی جاتی تھی ۔ عموماً اجنبیوں کی خاطر و مدارت اسی کا حق تھا اور اس سے یہ توقع کی جاتی تھی کہ وہ اپنے قبیلے کے نادار لوگوں کی مدد کرے ۔ ان تمام فرائض کے بدلے میں اسے لوٹ مار میں آئے ہوئے مالِ غنیمت کا چوتھا حصہ لینے کی رعایت حاصل تھی ۔ قبیلے کے ارکان کے باہمی جھگڑے طے کرانے کے لیے سیّد ہی سے رجوع کیا جاتا تھا لیکن بعض اوقات اس کے لیے حَکَم (ثالث) بھی مقرر ہو جاتا تھا ۔ عرب کے مختلف حصوں میں عموماً ایک دو آدمی اپنی حکمت و دانش اور غیر جانب داری کے باعث شہرت رکھتے تھے اور ثالث بننے کے لیے اکثر اوقات انھیں سے درخواست کی جاتی تھی ۔ ثالث کے فیصلوں کے سامنے اپنی مرضی سے سر تسلیم خم کرنے اور معاہدے میں شامل حلیف قبائل کے اتحاد کی رکنیت کے علاوہ ہر قبیلے کو ایک خود مختار سیاسی وحدت کی حیثیت حاصل تھی ۔ کبھی کبھی کسی طاقتور قبیلے کا سیّد اپنی شخصیت کے زور یا فوجی طاقت کے بل بوتے پر دوسرے متعدد قبائل پر اپنی سیادت قائم کر لیتا تھا اور اس طرح وہ تمام قبائل اس کے حلیف بن کر اس کے احکام کی تعمیل کرتے تھے لیکن اس بات پر اکثر ناراضی کا اظہار کیا جاتا تھا ۔ چنانچہ طاقتور شخصیت کے گزر جانے کے بعد یہ اتحاد بھی پارہ پارہ ہو جاتا تھا.

(د) اخلاقی نظریہ : ایک بدوی کی زندگی ایسے طبعی حالات میں بسر ہوتی تھی جنھیں بےحد نامساعد کہا جا سکتا ہے ۔ اکثر اوقات خوراک کے ذرائع و وسائل آبادی کے اعتبار سے کافی نہیں ہوتے تھے؛ چنانچہ ہر طاقتور کے ہاں یہ رجحان پایا جاتا تھا کہ کمزور کے پاس اس قسم کے جو ذرائع و وسائل اور بالخصوص اونٹ ہیں انھیں ہتھیا لیا جائے ۔ اسی چیز نے بدویوں کو ایسے قبائل اور بطون کی شکل میں منظّم ہونے پر مجبور کیا جن کی جماعتی تنظیم استحکام کے اعتبار سے بہت اعلٰی درجے کی ہوتی تھی ۔ ظاہر ہے کہ بڑے گروہ زیادہ طاقتور ہوں گے لیکن مشکل یہ تھی کہ بعض اوقات اونٹوں کی چراگاہیں تلاش کرنے کے لیے انھیں بکھر جانے کی ضرورت محسوس ہوتی تھی ۔ اسی لیے بطور ایک وحدت کے کوئی گروہ اسی وقت تک درست طریقے سے کام کر سکتا تھا جب تک اس کے ارکان کی تعداد ایک خاص حد سے متجاوز نہ ہوتی؛ چنانچہ جیسا کہ اوپر بیان کیا جا چکا ہے بڑے اور خوشحال قبیلوں میں مختلف قسمتوں میں بٹ جانے کے رجحان کی یہی وجہ تھی.

اونٹوں کے لیے چھاپہ مارنا بدویوں کے لیے ایک کھیل تھا لیکن خون بہانے سے اجتناب کیا جاتا تھا ۔ تاہم جب دشمنی کی جڑیں گہری ہو جاتیں تو چھاپہ مارنے کی نوعیت بھی بدل جاتی؛

marfat.com
Marfat.com

بالغ مرد موت کے گھاٹ اتار دیے جاتے، عورتیں اور بچے پکڑ لیے جاتے اور فدیہ وصول ہونے تک پاس رکھے جاتے، ورنہ غلام بنا کر فروخت کر دیے جاتے تھے ۔ آنکھ کے بدلے آنکھ کا قانون ہر جگہ رائج تھا اور اس سے خواہ مخواہ اور غیر ذمے دارانہ قتل کی وارداتیں روکنے میں مدد ملتی تھی ۔ کیونکہ قبیلے کے افراد یا اس سے منسلک اشخاص کی حفاظت کرنا اور ان کا انتقام لینا قبیلے کی عزت و ناموس کا سوال تھا ۔ قدیم زمانے میں جان کا بدلہ جان ھی ہو سکتا تھا ۔ لیکن رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہٖ و سلّم نے اپنے عہد میں ایک اور رجحان کو ترقی دینے کی کوشش فرمائی اور وہ یہ تھا کہ جان کے بدلے قصاص (دِیَت یا خوں بہا) وصول کر لیا جائے اور قصاص کی مقدار عام طور پر ایک بالغ مرد کے لیے سو اونٹ تھی ۔ بہر حال بعض اوقات اس احساس کا اظہار کیا جاتا تھا کہ ''خون کے بدلے دودھ لینا'' مردانگی کے خلاف ھے ۔

بدوی کی نظر میں وہ صفات قابلِ تحسین و تعریف ھوتی تھیں جن کے سہارے لق و دق میدانوں کی سخت اور جفا کشی والی زندگی میں کامیابی حاصل کی جا سکے ۔ اپنے قبیلے کے ساتھ وفاداری کو بہت بلند مرتبہ حاصل تھا اور اس کا مطلب یہ تھا کہ اجنبی کے مقابلے میں اپنے قبیلے کے آدمی کی ھر موقع پر مدد کرنے کے لیے تیار رھا جائے ۔ اس کے ساتھ ھی استقلال اور مردانگی (حَماسَہ) کی صفات بھی لازمی تھیں ۔ حماسہ کا مطلب یہ تھا کہ میدان جنگ میں شجاعت دکھانا، مصیبت کے وقت صبر کرنا، انتقام کے لیے مستقل مزاج رھنا، کمزور کی حفاظت اورطاقتور کا مقابلہ کرنا (*A Literary History of the Arabs* : R. A. Nicholson، کیمبرج ۱۹۳۰ء، ص ۷۹)۔

عہد قبل از اسلام کے عربوں کی زندگی میں شعرا نے اہم کردار ادا کیا ۔ قصیدہ عموماً قابل فخر کارناموں (مفاخر) یعنی شجاعت و حماست اور دیگر محاسن کی بنا پر اپنے قبیلے کی مدح یا معائب و مثالب کو سامنے رکھ کر اپنے مخالف قبائل کی ھجو پر مشتمل ھوتا تھا ۔ یہ بات مسلّم تھی کہ اعلٰی درجے کی انسانی صفات کی موجودگی یا ان کا فقدان بہت حد تک اجداد کی میراث پر موقوف ھے ۔ ایک بطل جلیل کے کارنامے اس کے خاندان، بطن اور قبیلے کے اعلٰی درجے کی صفات کے آئینہ دار ھوتے ھیں ۔ اس طرح کسی قبیلے کی عام شہرت کو بڑی اھمیت دی جاتی تھی ۔ شاعر کی قوت کو اس اعتبار سے بہت بڑا سمجھا جاتا تھا کہ وہ اپنے قبیلے کے اندر اس کی قدر و قیمت کا احساس و شعور بیدار کرتا اور اپنے دشمن کے اندر جذبۂ خود اعتمادی اور اس کی اخلاقی حالت کو برباد کردیتا تھا ۔ موجودہ زمانے کے مقابلے میں زمانۂ قبل از اسلام میں غالباً شعرا کو بہت زیادہ اثر و رسوخ حاصل تھا ۔ عربوں کا خیال تھا کہ ان کے اندر کوئی مافوق الفطرت یا ساحرانہ قوت مضمر ھے ۔

اگرچہ حسب و نسب کو بہت اھمیت حاصل تھی لیکن (جیسا کہ ھم اوپر دیکھ چکے ھیں) یہ بات واضح نہیں ھوتی کہ اس سلسلے میں کس حد تک پدری نسب اور کس حد تک مادری نسب کی قدر و قیمت سمجھی جاتی تھی ۔ البخاری (۶۷، ۳۷ ، ۱ ترجمہ، در *Muhammad* : Montgomery Watt *at Medina*، ص ۳۷۸) نے عہد قبل از اسلام کی شادیوں کی چار قسمیں بیان کی ھیں ۔ ان میں سے دو میں البخاری کے بیان کی رو سے نسب پدری ھی پر زور دیا جاتا تھا...

مذھب : عہد قبل از اسلام کی شاعری سے پتا چلتا ھے کہ بدوی قبائل میں اپنے قبیلے کی اعلٰی انسانی صفات پر ایمان رکھنے کی وجہ سے

Marfat.com

ایک نیم مذہبی تحریک پیدا ہوتی تھی۔ ان کے افعال کے لیے پاسِ عزت و شہرت (حسب) قوت محرکہ کا کام دیتا تھا۔ اس اعتبار سے یہ کہا جا سکتا ہے کہ بدوی کا حقیقی مذہب قبائلی انسانیت تھا۔ تقدیر پر ایمان عربوں کے ہاں عام تھا۔ لیکن اس عقیدے کی بنیاد مذہب سے کہیں زیادہ حالات و واقعات پر تھی، یعنی یہ کہ دنیا کی کچھ اس طرح تشکیل ہوئی ہے کہ تقدیر کی لائی ہوئی مصیبت کو کوئی انسانی تدبیر نہیں ٹال سکتی۔ مگر تقدیر کو دیوتا بنا کر پوجا نہیں جاتا تھا۔

اس کے علاوہ عرب میں متعدد مذاہب رائج تھے اور ان میں سے ہر ایک کا مرکز ایک مخصوص زیارت گاہ ہوتی تھی (رک بہ اللات، منات وغیرہ)۔ ان میں سے چند ایک کی معاشرتی اہمیت تھی کیونکہ ہر زیارت گاہ کے ارد گرد کا علاقہ مقدس (حرم) سمجھا جاتا تھا۔ اسی طرح مکے میں مقدس مہینے کا احترام فرض سمجھا جاتا تھا۔ ایسے مقدس اوقات و مقامات سے جہاں خونریز جھگڑے عارضی طور پر بند ہو جاتے تھے بدویوں کے لیے تجارت یا دوسرے اغراض کی خاطر مل بیٹھنے کے امکانات پیدا ہو جاتے تھے۔ بہر حال اگر غور سے دیکھا جائے تو بدوی کی زندگی میں اس قسم کی رسومات کو کوئی مذہبی اہمیت حاصل نہ تھی۔

رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم کی بعثت کے وقت کچھ بدوی قبائل کم از کم برائے نام مسیحی ہو چکے تھے۔ یہودیت بھی وہاں پائی جاتی تھی اور جن لوگوں کا ذکر کتابوں میں یہودی کے نام سے آیا ہے ان میں سے چند ایک غالبًا عرب ہی تھے، جنھوں نے یہودی مذہب اختیار کر لیا تھا، لیکن بدویوں سے قریبی تعلقات رکھنے کے باوجود ان میں سے کوئی بھی ایسا نظر نہیں آتا جسے بدوی کہا جا سکے۔

مآخذ: (متن میں مندرجہ تصنیفات کے علاوہ) [(۱) سید سلیمان ندوی: تاریخ ارض القرآن، ۳ جلد، اعظم گڑھ؛ (۲) ڈاکٹر جواد علی: تاریخ العرب قبل الاسلام، ۸ جلد، بغداد ۱۹۵۷ء؛ (۳) محمود شکری آلوسی: بلوغ الارب، قاہرہ ۱۹۳۶ء؛ (۴) عارف العارف: القضاء بین البدو، قاہرہ؛ (۵) الاصمعی: تاریخ العرب قبل الاسلام، قاہرہ ۱۹۵۹ء؛ (۶) جرجی زیدان: العرب قبل الاسلام، قاہرہ ۱۹۰۸ء؛ (۷) الہمدانی: صفة جزیرة العرب؛ (۸) وہی مصنّف: الاکلیل، بغداد ۱۹۳۱ء؛ (۹) عمر فرّوخ: تاریخ الجاھلیة، بیروت ۱۹۶۴ء؛ (۱۰) حافظ وَہْبہ: جزیرة العرب فی القرن العشرین، ۱۹۳۵ء؛ (۱۱) الطبری: تاریخ؛ (۱۲) ابن الاثیر: الکامل فی التاریخ، بیروت ۱۹۶۶ء؛ (۱۳) H. Lammens: *L' Arabie Occidentale avant l'Hégire*، بیروت ۱۹۲۸ء، بالخصوص ص ۱۰۰ تا ۲۹۴؛ (۱۴) وہی مصنّف: *Le Berceau de L' Islam*، روم ۱۹۱۴ء؛ (۱۵) F. Buhl: *Das Leben Muhammeds*، لائپزگ ۱۹۳۰ء، بالخصوص ۲۱ تا ۱۰۰؛ (۱۶) M. Guidi: *Storia e Cultura degli Arabi*، فلورنس ۱۹۵۱ء، بالخصوص ص ۱۲۲ تا ۱۴۳؛ (۱۷) W. Robertson Smith: *Kinship and Marriage in Early Arabia*، بار دوم، لنڈن ۱۹۰۷ء؛ (۱۸) B. Farès: *L' Honneur chez les Arabes avant l'Islam*، پیرس ۱۹۳۲ء؛ (۱۹) De Lacy O' Leary: *Arabia before Muhammad*، لنڈن ۱۹۲۷ء؛ (۲۰) G. Levi della Vida: *Pre-Islamic Arabia*، در *The Arab Heritage*، طبع N.A. Faris، پرنسٹن ۱۹۴۴ء؛ (۲۱) I. Goldziher: *Muhammadanische Studien*، ۱: ۱ تا ۱۰۰؛ (۲۲) وہی مصنّف: *Abhandlungen zur arabischen Philologie*، لائڈن ۱۸۹۶ء، ۱: ۱ تا ۱۲۱؛ (۲۳) J. Sauvaget: *Introdutsion a' l' Histoire de l'Orient Musulman* ص ۱۰۳ تا ۱۱۰ میں مزید حوالے ملیں گے؛ [نیز رک بہ عرب].

(W. Montgomery Watt)

marfat.com
Marfat.com

* اَلبَدوی : رکّ بہ احمد البَدوِی.

* البَدَوِیّۃ : رکّ بہ بدوی.

* بَدِیع : (ع) [ب د ع مادے سے، بَدَعَ یَبْدَعُ بَدْعاً یعنی ابتدا کی، نئی بات پیدا کی وغیرہ، لسان میں ہے، البَدِیعُ و البِدْعُ الشیٔ الذی یکُونُ اولاً = یعنی وہ شے جو سب سے پہلے ہوئی ہو (اس سے پہلے کچھ نہ ہو) - بَدِیع کے معنے المُحْدَثُ العجیب کے بھی ہیں - بَدِیع بمعنی مُبْدِع بھی آتا ہے جیسا کہ قرآن مجید میں ہے بَدِیعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۲ [البقرۃ] ۱۱۷ یعنی خالِقُھا و مُبْدِعُھا فھوسبحانہ الخالق المختَرِعُ لا عن مثالٍ سابق.

بَدِیع بر وزن فعیل بمعنی فاعل مثل قدیر بمعنی قادر بھی ہے - یہ خداے تعالٰی کی صفات میں سے ایک صفت ہے (قبّ لسان، بذیل مادّہ و مفردات، بذیل مادّہ) - مفعولی معنوں میں بدیع نئی معلوم کی ہوئی یا نئی ایجاد کی ہوئی چیز کو بھی کہتے ہیں - اسی بنا پر عباسی عہد میں نئی نئی ادبی تشبیہوں، استعاروں، اور صنعتوں کو 'بدیع' کہنے لگے اور آگے چل کر یہ اصطلاح اپنے وسیع تر مفہوم میں ہر ادبی حسن کے لیے استعمال ہونے لگی؛ چنانچہ علم البدیع علم البلاغۃ کی اس شاخ یا شعبے کا نام قرار پایا جس کا تعلق ادبی اسلوب میں حسن پیدا کرنے سے ہے - دوسری صدی ھجری/ آٹھویں صدی عیسوی میں عہد عباسی کے بعض شعرا جیسے بَشّار، مُسْلم بن الولید اور العتّابی نے بعض کلاسیکی اسالیب کلام سے (خاص کر استعارہ و تشبیہ کے استعمال میں) انحراف کر کے اپنے اسالیب کو اس قدر وسعت دی کہ اس کی نظیر قبل اسلام کی شاعری میں کہیں نہیں ملتی - یہیں سے عہد عباسی کے بعض نقادوں کو خیال ہوا کہ یہ نیا اسلوب ایک جدّت اور اختراع ہے، اس کے لیے انہوں نے لفظ 'بدیع' استعمال کیا؛ چنانچہ یہ لفظ اپنے عام مفہوم میں تیسری صدی ھجری / نویں صدی عیسوی سے تنقیدی تحریروں میں استعمال ہونے لگا - الجاحظ کی تحریروں میں یہ کئی جگہ ملتا ہے - ایک مقام پر وہ ایک شعر نقل کرتا ہے، جس میں ایک نئی صنعت لائی گئی ہے اور کہتا ہے کہ اسی کو راوی (ناقلان شعر) 'بدیع' کہتے ہیں (البیان و التبیین، قاہرہ ۱۹۴۸ء، ۱ : ۵۱ و ۴ : ۵۵) - بدیع کو پہلی بار جس مصنف نے ایک ادبی فن کی حیثیت دی اور اس کے انواع مقرر کر کے ہر نوع کی تعریف و تحدید کی وہ ابن المعتزّ عباسی (۲۴۷ھ / ۸۶۱ء تا ۲۹۶ھ/۹۰۸ء) تھا - اس نے اپنی کتاب البدیع میں یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ جس چیز کا نام نئے نقادوں نے بدیع رکھا ہے وہ بشّار اور اس کے ہم عصروں کی اختراع نہیں - اس نے اپنے دعوے کی تائید میں قرآن مجید، حدیث، اھل البدو کی بول چال اور جاھلیت کی شاعری سے بکثرت مثالیں نقل کی ہیں - بشّار وغیرہ کا کارنامہ محض یہ ہے کہ انہوں نے شعری صنعت گری کے اس فن کو جو پہلے سے موجود تھا وسعت دی؛ چنانچہ صنائع کا استعمال وسیع پیمانے پر ہونے لگا اور لوگوں نے اسے ایجاد و اختراع خیال کر کے اس کا نام بدیع رکھ دیا - اس کے بعد ابو تمّام (م ۲۳۱ھ / ۸۵۰ء [کذا؟ صحیح ۸۴۵ء] آیا جو صنعت گری کا بہت شائق تھا - اس نے صنائع کے استعمال میں بہت افراط سے کام لیا، جس سے مختلف نتائج و اثرات مترتب ہوئے.

ابن المعتزّ نے 'بدیع' کو پانچ بڑی انواع میں تقسیم کیا ہے : (۱) استعارہ؛ (۲) تجنیس؛ (۳) طباق و تضاد؛ (۴) رَدّالعَجُز علی الصَّدْر؛ (۵) لف و نشر - وہ پہلے ان سب کی تشریح کرتا ہے اور فنی اعتبار سے اچھی اور بری دونوں طرح کی مثالیں دے کر ان کی وضاحت کرتا ہے - اس نے لکھا ہے

Marfat.com

کہ "بدیع" کی اصطلاح سے شعرا اور ناقدین تو روشناس ہیں لیکن ماہرین لغت اور شعر جاہلیۃ کے علما کے ہاں اس کا استعمال نظر نہیں آتا ۔ اس کے بعد وہ دعوٰی کرتا ہے کہ اس سے پہلے کسی نے بھی فن بدیع سے بحث نہیں کی اور نہ اس کی تصنیف (۲۴۷ھ/۸۶۱ء) سے پہلے کسی نے اس فن پر قلم اٹھایا ۔

فن بدیع کو پانچ انواع میں تقسیم کرنے کے باوجود اسے اس کا احساس ہے کہ یہ تعداد کم یا زیادہ بھی ہو سکتی ہے ۔ اسی احساس کی بنا پر اس نے بارہ محاسن کا اضافہ کیا ۔

قدامہ بن جعفر (۲۷۵ھ/۸۸۸ء تا ۳۳۷ھ/ ۹۶۸ء) [کذا؟ ۹۴۸ء] ابن المعتز کا ہم عصر ہے اور تنقید شعر عربی میں پہلی کتاب نقد الشعر کا مصنف ۔ اس کتاب میں اس نے فن شعر کے بیس محاسن سے بحث کی ہے، جن میں ابن المعتز کے بیان کردہ بعض صنائع بھی شامل ہیں لیکن وہ اصطلاحًا لفظ بدیع استعمال نہیں کرتا ۔ اس کے ایک صدی بعد ایک اور نقاد ابو ہلال العسکری (م ۳۹۵ھ/۱۰۰۴ء) نے بدیع کے فن کو ایک قدم اور آگے بڑھایا اور اس کی انواع چھتیس تک پہنچا دیں، جن میں سے سترہ وہی ہیں جو ابن المعتز نے مقرر کی تھیں ۔ العسکری نے کتاب الصناعتین (= دو فنون، نثر و نظم) کے نام سے ایک کتاب لکھی ۔ یہ علم بلاغت عربیہ کے تمام شعبوں پر مشتمل شاید سب سے پہلی منظم اور مرتب کتاب ہے ۔ العسکری نے 'بدیع' کی تصریح اور اس کے ابواب و انواع سے ایک طویل فصل میں بحث کی ہے ۔ ایک ماہر بلاغت الرمانی المعتزلی (۲۹۶ھ/ ۹۰۸ء تا ۳۸۶ھ/۹۹۶ء) کہتا ہے کہ بلاغۃ [رک بآن] سات وجوہ اعجاز قرآنی میں سے ایک ہے ۔ وہ بدیع کا نام لیے بغیر بعض صنائع کو اقسام بلاغت میں شامل کرتا ہے ۔ اس کے برعکس الباقلانی (م ۴۰۳ھ/۱۰۱۳ء) [رک بآن] نے اپنی کتاب اعجاز القرآن کے طویل باب میں 'بدیع' کے بارے میں بتفصیل لکھا ہے ۔ اس کا خیال ہے کہ بدیع سے اعجاز قرآن کا صحیح اندازہ لگانے میں تو مدد ملتی ہے لیکن یہ بذات خود وجوہ اعجاز میں سے کوئی مستقل وجہ نہیں ہے ۔ ابن رشیق اپنی کتاب العمدۃ میں "المخترع و البدیع" کے عنوان کے تحت ساٹھ سے زیادہ انواع کی توضیح کرتا ہے ۔ ابن خلدون کہتا ہے کہ مغرب (یعنی ممالک اسلامیہ)، شمالی افریقہ اور اندلس میں ابن رشیق کی العمدۃ بہت مقبول ہوئی؛ چنانچہ وہاں علم بدیع کی بڑی قدر دانی اور ترویج ہوئی ۔ السکاکی (۵۵۵ھ/۱۱۶۰ء تا ۶۲۶ھ/ ۱۲۲۸ء) کی بدولت علم بلاغت کی تاریخ کا عمومًا اور ایک جداگانہ شاخ کی حیثیت سے علم بدیع کی تاریخ کا خصوصًا ایک نیا دور شروع ہوا ۔ السکاکی نے اپنی کتاب مفتاح العلوم میں ادب کے جملہ معاون علوم (علوم آلیہ) کی تقسیم کے لیے ایک منطقی نظام مرتب کیا اور علم بلاغت کے شعبے میں ان ٹھوس فلسفیانہ اصولوں سے کام لیا جنھیں قبل ازیں عبدالقاہر الجرجانی (م ۴۷۱ھ/ ۱۰۷۸ء) نے مقرر کیا تھا ۔ السکاکی کے زمانے سے آج تک عربی علم بلاغت پر جتنی کتابیں لکھی گئی ہیں ان کا دار و مدار مفتاح العلوم کے متن، اس کے ملخصات اور ان سب کی طویل و مفصل شروح پر ہے ۔ مفتاح کے خلاصہ نویسوں اور شرح نگاروں میں الخطیب القزوینی (۶۶۶ھ/۱۲۶۷ء تا ۷۳۹ھ / ۱۳۳۸ء) اور التفتازانی (۷۲۲ھ/ ۱۳۲۲ء تا ۷۹۳ھ/۱۳۹۰ء) خصوصًا قابل ذکر ہیں ۔ عبارت کو فصاحت اور بلاغت کے نئے نئے طریقوں سے آراستہ کرنا اور فن بدیع سے شغف رکھنا ادب عربی کے اس عہد کی خصوصیت ہے ۔ اس عہد کے

marfat.com
Marfat.com

بعض شعرا ایک ھی قصیدے میں ھر طرح کے صنائع و بدائع استعمال کرنے کو کمال فنّی سمجھتے تھے۔ یه قصائد 'بدیعیه' کہلاتے تھے اور ان کے لکھنے والے صفی الدین الحلّی وغیرہ تھے۔ اسی زمانے میں علوم بلاغت [مثلاً علم معانی، علم بیان اور علم بدیع] کو نہایت صحت اور دقّت کے ساتھ بیان کیا گیا۔ وہ علم جو کسی امر کو مقتضاے حال کے موافق کرنا سکھاتا اور ایسی غلطیاں کرنے سے بچاتا ھے جس سے دلالت مطابقی کے موافق کلام کا مفہوم سمجھنے میں دوسرے شخص کو دقّت ھو علم معانی کہلاتا ھے۔ تشبیه و استعاره سے بحث علم البیان (طریق ادا) کا موضوع ھے [کیونکه بیان اس علم کا نام ھے جو ایک ھی بات کو مختلف پیرایوں میں بیان کرنے کے طریقوں سے بحث کرتا ھے]۔ علم بدیع میں کلام کی آرائش و زیبائش کے مختلف طریقوں کی بحث ھے [اس کے دو حصے ھیں: (۱) صنائع و بدائع لفظی؛ (۲) صنائع و بدائع معنوی].

مآخذ: (۱) ابو ھلال العسکری: کتاب الصناعتین، ۱۳۲۰ھ؛ (۲) ابو بکر الباقلانی: اعجاز القرآن، قاهرة ۱۳۴۹ھ (ابواب متعلقهٔ شعر سے بحث اور ان کا [انگریزی] ترجمه، از G. E. von Grunebaum: *A Tenth Century Document of Arab literary Theory and Criticism*، شکاگو ۱۹۵۰ء)؛ (۳) الجاحظ: البیان و التبیین، قاهرة ۱۹۴۸ء؛ (۴) عبدالقاهر الجرجانی: اسرار البلاغة، طبع رٹر H. Ritter، استانبول ۱۹۵۴ء، قاهره ۱۳۲۰ھ/۱۹۵۴ء؛ (۵) احمد مصطفٰی المراغی: تاریخ علوم البلاغة، قاهره بلا تاریخ؛ (۶) الخطیب القزوینی: تلخیص المفتاح و کتاب الایضاح (مع التفتازانی: مختصر المعانی) قاهره ۱۳۴۲ھ/۱۹۲۳ء؛ (۷) ابو یعقوب السکاکی: مفتاح العلوم، قاهرة بدون تاریخ؛ (۸) التفتازانی: الشرح الکبیر، استانبول بدون تاریخ؛ (۹) وهی مصنّف: الشرح الصغیر، مطبوعهٔ قاهره و کلکته؛ (۱۰) عبدالله ابن المعتز: کتاب البدیع، طبع I. Kratchkovsky، لنڈن ۱۹۳۵ء؛ (۱۱) قدامه بن جعفر: نقد الشعر، طبع S. A. Bonebakker، لائڈن ۱۹۵۶ء؛ (۱۲) ابن خلدون: مقدمة، کتاب ۶، فصل ۳۱-۴۷، مشتمل بر علم البیان؛ (۱۳) A. F. Mehren: *Die Rhetorik der Araber*، کوپن ھیگن، وی انا ۱۸۵۳ء؛ (۱۴) ابن رشیق القیروانی: العمدة، قاهره، ۱۳۵۳ھ/۱۹۳۴ء؛ (۱۵) امجد الطرابلسی: *La critique poétique des Arabes*، دمشق ۱۹۵۶ء.

(محمد خلف الله)

**البَدِیْعُ الاَسْطُرْلَابِی**: ابوالقاسم، ھِبَةُ الله بن الحسین بن احمد (= یوسف)، نامور عرب فاضل، طبیب، فلسفی، ھیئت دان اور شاعر، جس کی امتیازی خصوصیت یه تھی که وہ اُصْطُرلاب اور دیگر آلاتِ فلکی سے پُوری واقفیت رکھتا تھا اور انھیں تیار بھی کرتا تھا۔ اس کی تاریخ پیدائش معلوم نہیں، البته اتنا پتا چلتا ھے که ۵۱۰ھ / ۱۱۱۶-۱۱۱۷ء میں وہ اصفہان میں تھا اور عیسائی طبیب امین الدّولة ابن التّلمیذ سے اس کے بڑے گہرے روابط تھے۔ اس کے بعد وہ بغداد میں رہا اور کہا جاتا ھے که وہاں اس نے خلیفه المُسْتَرْشِد کے زمانے میں اپنے فن کے مظاہرے سے خاصی دولت کمائی۔ ابوالفداء کا قول ھے که سلجوقی سلاطین کے عہد میں ان کے بغداد کے محل میں اس کے زیرِ ہدایت ۵۲۴ھ / ۱۱۳۰ء میں ستاروں کے بعض مشاہدات کیے گئے تھے۔ گمان غالب ھے که اس کی مرتّبه [زیج] (= جداول محمودی)، جو سلطان ابوالقاسم محمود بن محمّد (۱۱۱۸ تا ۱۱۳۱ء) کے نام سے مُعَنْوَن کی گئیں، انھیں مشاہداتِ فلکی کی مرہونِ منّت تھیں۔ اس نے ۵۳۴ھ/۱۱۳۹-۱۱۴۰ء میں بغداد میں وفات پائی۔ روایت ھے (اور اس روایت کا واحد راوی ابوالفرج ھے) که اسے سکته ھو گیا تھا اور اسی حالت میں اسے دفن کر دیا گیا۔ اس کی منظوم تصانیف کے بارے میں ابن القِفْطی

Marfat.com

کی رائے ہے کہ وہ حسین اور بہترین ہیں، لیکن ابن خلّکان کہتا ہے کہ وہ عریانی اور فحش گوئی کی حد تک جا پہنچی ہیں ۔ ابن خلّکان اور ابن ابی اُصَیبِعہ نے اس کے بہترین کلام کے نمونے پیش کیے ہیں ۔ اپنے کلام پر مشتمل ایک دیوان کے علاوہ البدیع الاَسْطُرلابی نے ابن الحَجّاج کے منتخب اشعار کا ایک مجموعہ بھی دُرّۃ التّاج من شعر ابن الحَجّاج کے عنوان سے ایک جلد میں مرتّب کیا تھا، جس کے ایک سو اکتالیس ابواب ہیں (براکلمان : تکملہ، ۱ : ۱۳۰) ۔ عرب سیرت نگار البدیع الاَسْطُرلابی کی بے حد مدح و ثنا کرتے ہیں، لیکن محض اسی بنا پر اسے البیرونی وغیرہ کے مقابلے میں بہت اونچا مقام نہیں دیا جا سکتا ۔ ساتویں صدی ہجری/تیرھویں صدی عیسوی کے عام مؤرخوں اور سیرت نگاروں کے بارے میں یہ دیکھا گیا ہے کہ وہ اپنے قریب تر زمانے کے علما کے کام کی تعریف میں مبالغے کے مرتکب ہو جاتے تھے، جس سے ان علما کی قدر وُ منزلت کو نقصان پہنچتا تھا جو عرب علوم کے آسمان پر ان سے پہلے مہر نیم روز بن کر چمکے ۔ البدیع الاسطرلابی کی تحسین و آفرین جس فصاحت و بلاغت سے کی گئی ہے وہ البتّانی، ابوالوفاء اور البیرونی کے سلسلے میں کہیں نظر نہیں آتی، حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ وہ لوگ فضیلت و علم میں البدیع الاَسْطُرلابی سے کہیں زیادہ ممتاز ہیں ۔

مآخذ : (۱) ابن القِفطی، ص ۳۳۹؛ (۲) ابن خلّکان، قاہرہ ۱۳۱۰ھ، ۲ : ۱۸۶ (ترجمۂ دیسلان de Slane، ۳ : ۵۸۰)؛ (۳) ابن ابی اُصَیبِعہ، ۱ : ۲۸۰؛ (۴) ابوالفَرَج (طبع صَلحانی)، ص ۳۶۶؛ (۵) ابوالفداء : Annales (طبع Reiske و Adler)، ۳ : ۳۳۱ تا ۳۸۳؛ (۶) یاقوت : ارشاد، ۷ : ۲۳۱ تا ۲۳۲؛ (۷) Hammer : *Literaturgesch. d. Araber*، ۶ : ۳۳۱؛ (۸) H. Suter : *Abhandlungen zur Gesch. der Mathem. Wissensch.*، ۱۰ : ۱۱۷؛ (۹) Sarton : *Introduction to the History of Science*، ۲ : ۲۰۳؛ (۱۰) F. Rosenthal : *Al-Asṭurlābi and as-Samaw'al on Scientific progress*، در *Osiris*، ۱۹۵۰ء، ص ۵۵۵ تا ۵۶۴؛ [(۱۱) الزرکلی : الاعلام، ۹ : ۵۸].

(H. SUTER)

**بَدیعُ الدِّین** : الملقّب بہ قُطْبُ الْمَدار، جو عوام میں شاہ مدار کے نام سے معروف ہیں ۔ ہندوستان میں اولیا کے حالات و کرامات پر مشتمل تذکروں میں انھیں متوشالح (Methuselah) [ابن اخنوخ، جدِّ نوح علیہ السلام] کی حیثیت دی گئی ہے [غالبًا طویل العمری کے باعث]، ان کا شمار ہندوستان کے مشہور ترین اولیاء اللہ میں ہوتا ہے ۔ بیان کیا جاتا ہے کہ وہ حلب میں ۲۵۰ھ/۸۶۴ء میں پیدا ہوے تھے ۔ اور نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم کے مشہور صحابی حضرت ابو ہُرَیرہؓ [رَكَ بآں] کی اولاد میں سے تھے ۔ مِرْآۃ مداری کی اس روایت کی دیگر مآخذ سے تائید نہیں ہوتی کہ وہ اصلاً یہودی تھے اور انھوں نے مدینۂ منورہ میں اسلام قبول کیا تھا ۔ ان کے نسب کی طرح ان کی تاریخ پیدائش میں بھی اختلاف ہے، چنانچہ تذکرۃ المتّقین میں یہ تاریخ یکم شوّال ۴۴۲ھ/۱۶ فروری ۱۰۵۱ء دی گئی ہے اور مرآۃ مداری میں ۷۱۵ھ/۱۳۱۵ء، اور یہی [دوسری] تاریخ قرین قیاس ہے ۔ کتاب الأعْرَاس اور مہر جہاں تاب کے بیانات کے مطابق ان کے والد، جن کا نام سیّد علی تھا، حضرت امام محمد الباقرؒ [رَكَ بآں] کی نسل سے تھے ۔

ان کے متعدد مرشدوں میں شام کے ایک صوفی طَیفُور الدّین بھی تھے ۔ بدیع الدین نے اچھی تعلیم پائی تھی ۔ لیکن وہ نیرنجات، اور الکیمیا

marfat.com
Marfat.com

وغیرہ میں خاص طور سے ماہر تھے۔

شاہ مدار بڑے جہاں گرد تھے۔ وہ کئی بار حج بیت اللہ سے مشرف ہوئے۔ ایک حج انھوں نے اشرف جہاں گیر السمنانی [رک بہ اشرف جہانگیر] کی بعیت میں کیا۔ عازم ہند ہونے سے قبل انھوں نے اپنی سیاحت کے دوران میں مدینۂ منورہ، بغداد، نجف اور کاظمین کی زیارت کی۔ جب وہ سمندر کے راستے ہندوستان جا رہے تھے ان کا جہاز تباہ ہو گیا۔ ہندوستان میں انھوں نے جابجا سفر کیے اور بالآخر مکن پور میں سکونت اختیار کر لی، جو کانپور سے چالیس میل کے فاصلے پر ایک گاؤں ہے۔ ۱ جمادی الاولی ۸۴۴ھ/ ۷ اکتوبر ۱۴۴۰ء کو انھوں نے یہیں وفات پائی۔

اس کے باوجود کہ قاضی شہاب الدین دولت آبادی [رک بآں] اور شاہ مدار کے مابین تلخ و تند مناظرہ ہوتا رہا جون پور کا سلطان ابراہیم شاہ، جو قاضی مذکور کا سر پرست اور مربی تھا، شاہ مدار کی بہت تعظیم و تکریم کرتا تھا۔

شاہ مدار بہت خوبصورت شخص تھے اور اس اندیشے سے کہ لوگ ان کے حسن سے مسحور ہو کر کہیں انھیں سجدہ نہ کر بیٹھیں ہمیشہ اپنے چہرے پر نقاب ڈالے رکھتے تھے۔ ان کا شاندار مزار، جو ابراہیم شرقی نے تعمیر کرایا تھا، آج تک مرجع عوام ہے اور وہاں عرس کے موقع پر عقیدت مند کثیر تعداد میں ہندوستان کے ہر حصے سے پا پیادہ چل کر آتے ہیں اور لمبے لمبے بانسوں پر رنگا رنگ کے کپڑے اور پھریرے باندھ کر ساتھ لاتے ہیں، جنھیں ''شاہ مدار کی چھڑیاں'' کہتے ہیں۔

شاہ مدار اور ان کے پیرووں سے عجیب و غریب کرامات منسوب کی جاتی ہیں۔ ان کے پیرو مداری کہلاتے ہیں اور عموماً بھارت اور پاکستان کے دیہات و قصبات کے گلی کوچوں میں اپنے شعبدے دکھاتے نظر آتے ہیں، بلکہ عرف عام میں مداری کا مفہوم اب گلی کوچوں میں تماشا دکھانے والے ہی کا ہو گیا ہے۔

**مآخذ**: (۱) عبدالحق محدث دہلوی: اخبار الاخیار، دہلی ۱۳۳۲ھ/ ۱۹۱۳ء، ص ۱۶۴؛ (۲) محمد غوثی: گلزار ابرار، شمارہ ۶۰؛ (۳) داراشکوہ: سفینۃ الاولیاء، ص ۱۸۷ تا ۱۸۸؛ (۴) غلام سرور لاہوری: خزینۃ الاصفیاء، لکھنؤ ۱۹۱۳ء، ۲: ۳۱۰ تا ۳۱۲؛ (۵) ابوالفضل: آئین اکبری (ترجمۂ انگریزی، از جیرٹ Jarrett)، ۳: ۳۷۰؛ (۶) امیر حسن مداری قنصوری: تذکرۃ المتقین، کان پور، جلد ۱، ۱۳۱۵ھ/۱۸۹۸ء و جلد ۲، ۱۳۲۲ھ/ ۱۹۰۵ء؛ (۷) دبستان مذاہب (انگریزی ترجمہ)، نیویارک ۱۹۳۷ء، ص ۳۰۷؛ (۸) ظہیر احمد ظہیری: سیر المدار (اردو)، ج ۱، لکھنؤ ۱۹۰۰ء و ج ۲، بداؤں ۱۹۲۰ء؛ (۹) عبدالرحمٰن عباسی: مرآۃ مداری (فارسی مخطوطہ)، اردو ترجمہ از عبدالرشید ظہور الاسلام: ثواقب الانوار بمطالع القطب المدار، فرخ آباد، ۱۳۲۸ھ/ ۱۹۱۰ء؛ (۱۰) محمد نجیب ناگوری: کتاب اعراس، آگرہ ۱۳۰۰ھ/ ۱۸۸۳ء؛ (۱۱) عبدالحی ندوی: نزہۃ الخواطر، حیدر آباد (دکن) ۱۳۷۱ھ/۱۹۵۱ء، ۳: ۳۶ تا ۳۴؛ (۱۲) گارساں د تاسی Garcin de Tassy: *Mémoire sur....la religion Musulmane dans l'Inde*، پیرس ۱۸۶۹ء، ص ۵۲ تا ۵۹؛ (۱۳) غوث محمد خاں: سیر المحتشم، جاورہ ۱۲۶۸ھ / ۱۸۵۲ء، ص ۲۸۸ تا ۲۹۲؛ (۱۴) شعیب فردوسی: مناقب الاصفیاء، کلکتہ ۱۸۹۵ء؛ (۱۵) آفتاب مرزا: تحفۃ الابرار، دہلی ۱۳۲۳ھ/ ۱۹۰۵ء، ۶: ۲۸؛ (۱۶) ضیاء الدین: مرآۃ الانساب، جے پور ۱۳۳۵ھ/ ۱۹۱۶ء، ص ۱۰۷؛ (۱۷) *Cawnpore District Gazetteer*، الہ آباد ۱۹۰۹ء، ص ۳۰۹ تا ۳۱۰؛ (۱۸) H. A. Rose: *A Glossary of the Tribes and Castes of the Panjab and North-West Frontier Province*، ج ۱ (لاہور ۱۹۱۱ء)، بامداد اشاریہ و ج ۳ (لاہور ۱۹۲۶ء)،

Marfat.com

بذیل مادۂ مداری؛ (۱۹) محمّد صادق کشمیری ہمدانی: کلماتِ صادقین (مخطوطۂ بانکی پور)، عدد ۲۱؛ (۲۰) عبدالباسط قنوجی: دارالأسرار فی خوارقِ شاہ بدیع الزّمان مدار (مخطوطہ، پشاور عدد [۹]، ۱۹۰۷ء).

(بزمی انصاری)

* بدیع الزمان: رک بہ الہمذانی [بدیع الزمان].

* بَدِیْل: رک بہ اَبْدال.

⊗ بُدَیْلؓ بن وَرْقاء [الخُزاعی]: رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہٖ و سلّم کے اصحاب کے اس طبقے سے تعلق رکھتے ہیں جو فتح مکہ سے پہلے یا بعد مشرف باسلام ہوا لیکن شرف ہجرت سے محروم رہا، یا عہدِ رسالت میں صغیرالسن تھا ۔ اس طبقے کے حالات حدیث بلکہ طبقات کی کتابوں میں بھی بہت کم ملتے ہیں.

بُدَیْل بن ورقاء بن عمر و بن ربیعہ بن عبدالعُزّی ابن ربیعہ بن جُزَیّ بن عامر بن مازن، بنو خزاعہ کے رئیس تھے ۔ یہ قبیلہ مکۂ معظمہ کے قریب رہتا تھا؛ اگرچہ اس نے اسلام قبول نہیں کیا تھا تاہم وہ ان مخالفانہ منصوبوں سے مسلمانوں کو مطلع کرتا رہتا تھا جو کفّار بالخصوص قریش تیار کرتے تھے ۔ ۶ھ میں رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہٖ و سلّم عمرے کے قصد سے عازم مکّہ ہوے تو قریش نے احابیش [رکّ بآں] کے اجتماع میں اعلان کیا کہ محمّد صلّی اللہ علیہ و آلہٖ و سلّم مکے میں داخل نہیں ہو سکتے اور آپؐ کو روکنے کے لیے ایک لشکر تیار کر لیا ۔ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ و سلّم کو بھی اس کی اطلاع مل گئی اور آپؐ نے مکّۂ معظمہ سے ایک منزل کے فاصلے پر حدیبیہ میں قیام فرمایا ۔ یہاں بُدَیْل بن ورقاء اپنے چند رفقا کے ساتھ بارگاہ رسالت میں حاضر ہوے، کفّار کے ارادوں اور تیاریوں کی تفصیل عرض کی ۔ آپؐ نے فرمایا: ”قریش سے جاکر کہہ دو کہ ہم کسی سے لڑنے نہیں آئے، محض عمرہ کرنے آئے ہیں اور اس کے بعد لوٹ جائیں گے ۔ بہتر ہے کہ قریش ایک معیّنہ مدت کے لیے صلح کا عہد و پیمان کر لیں، لیکن اگر وہ اس پر رضا مند نہیں تو میں یہاں تک لڑوں گا کہ میری گردن الگ ہو جائے اور اللہ تعالٰی ہی کی مشیئت پوری ہو“ ۔ بدیل نے یہ پیغام قریش کو پہنچا دیا ۔ پھر چند سفارتوں کے تبادلے کے بعد صلح حدیبیہ کا معاہدہ طے پا گیا ۔ اس معاہدے کی رو سے قریش اور ان کے حلیف قبیلۂ بنو خزاعہ پر، جو مسلمانوں کے حلیف ہو گئے تھے، کوئی زیادتی نہیں کر سکتے تھے لیکن اس کی خلاف ورزی ہوئی ۔ بنو بکر نے بنو خزاعہ پر حملہ کیا اور قریش نے بنو بکر کو علانیہ مدد دی، حتّٰی کہ حدود حرم میں بھی خزاعہ کا خون بہانے سے احتراز نہ کیا گیا ۔ آنحضرت صلّی اللہ علیہ و آلہٖ و سلّم کو اطلاع پہنچی تو آپؐ نے قریش کے پاس قاصد بھیجا کہ یا تو مقتولوں کا خون بہا ادا کیا جائے یا قریش بنوبکر کی حمایت سے دست بردار ہو جائیں یا اعلان کر دیں کہ معاہدۂ حدیبیہ کالعدم ہو چکا ہے ۔ قریش نے تیسری شرط منظور کر لی، لیکن قاصد کے رخصت ہوتے ہی اپنے اس فیصلے پر پچھتانے لگے اور تجدید معاہدہ کے لیے ابو سفیان کو مدینۂ منورہ روانہ کر دیا ۔ راستے میں اس کی ملاقات بُدَیْل سے ہوئی اور انہیں یقین ہو گیا کہ وہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہٖ و سلّم کے پاس شکایت لے کر گئے تھے وہ بعجلت مدینے پہنچا اور حضرت ابوبکرؓ، عمرؓ، علیؓ، فاطمہؓ کو بیچ میں ڈال کر تصفیہ کرنا چاہا مگر ان بزرگوں نے کسی قسم کی سفارش کرنے سے انکار کر دیا اور ابو سفیان کو ناکام لوٹنا پڑا.

فتح مکہ (۸ھ) کے بعد بُدَیل مشرف باسلام ہوے ۔ رجال کی بعض کتابوں میں مذکور ہے کہ وہ فتح مکہ سے بہت پہلے اسلام لے آئے تھے لیکن

marfat.com

Marfat.com

یہ روایت مستند نہیں؛ غالبًا راوی کو آنحضرت صلّی اللہ علیہ و آلہ و سلّم کے حضور میں بُدیل کی آمد و رفت سے غلط فہمی ہوئی ہے ۔ در اصل بُدیل مسلمان ہونے کی وجہ سے نہیں بلکہ ایک حلیف کی حیثیت سے آتے جاتے تھے ۔ قبول اسلام کے وقت بدیل بہت بوڑھے ہو چکے تھے لیکن بال سیاہ تھے ۔ آنحضرت صلّی اللہ علیہ و سلّم نے عمر پوچھی تو عرض کیا ستانوے برس ۔ فرمایا : خدا تمھارے جمال اور بالوں کی سیاھی میں اَور ترقی دے ۔ [بدیل رض بڑے مدّبر اور سیاستدان تھے (جَمهرة، ص ۲۳۹)۔ ابتدا سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حلیف تھے۔ فتح مکہ کے دن آنحضرت صلّی اللہ علیہ وآلہ و سلّم نے اعلان فرمایا کہ جو شخص ابو سفیان، حکیم بن حِزام اور بُدیل بن ورقاء کے گھروں میں داخل ہو جائے گا اسے امن مل جائے گا، یہ تینوں حضرات اسلام لائے اور انھوں نے آپ کی بیعت کی ۔ آپ نے ان تینوں کو اھلِ مکہ کی طرف مبلغ اسلام بنا کر بھیجا (سیر اعلام النبلاء، ۳ : ۳۲)].

فتح مکہ کے بعد حضرت بدیل رض نے چند غزوات میں بھی شرکت کی، چنانچہ غزوۂ حُنَین (۸ ھ) میں بنو ھوازن کی شکست کے بعد مالِ غنیمت اور مشرک قیدیوں کی نگرانی انھیں کے سپرد کی گئی تھی ۔ حجّة الوَداع (۱۰ ھ) میں بھی وہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و سلّم کے ھم رکاب تھے اور حضور کے ارشاد کے مطابق مِنٰی میں اعلان کرتے پھرتے تھے کہ آج روزہ نہ رکھا جائے ۔

حضرت بدیل رض نے وصالِ نبوی (۱۱ ھ) سے قبل (۱۰ یا ۱۱ ھ میں) وفات پائی ۔ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و سلّم نے انھیں ایک مکتوب تحریر فرمایا تھا جسے وہ بہت عزیز رکھتے اور باعث خیر و برکت سمجھتے تھے ۔

[حضرت بدیل رض کا ایک بیٹا عبداللہ رض حضرت علی رض کی رفاقت میں جنگ صِفّین میں لڑتے ہوئے شہید ہو گیا ۔ دوسرا بیٹا نافع رض بن بدیل بھی صحابی تھا، جو بئر معونہ [رکَ بآں] میں شہید ہوا، تیسرا بیٹا حضرت عثمان رض کے محاصرین میں سے تھا (جمهرة) ۔ بدیل رض سے تین حدیثیں مروی ھیں (جوامع السیرة، ص ۲۹۱)].

مآخذ : (۱) الطبری، ۱ : ۱۳۳۵، ۱۶۲۱ تا ۱۶۲۸؛ (۲) ابن سعد : طبقات، ۲ / ۱ : ۷۰؛ (۳) الأغانی، ۶ : ۹۷؛ (۴) البلاذری : فتوح، ص ۳۵ ببعد؛ (۵) ابن ھشام : سیرة، ۲ : ۲۲۷ تا ۲۲۹؛ (۶) ابن حجر : الاصابة، ۱ : ۱۴۶؛ (۷) ابن الاثیر : اسدالغابة، ۱ : ۱۷۰، ۱۸۱؛ (۸) شبلی نعمانی : سیرة النبی، ۱ : ۴۴۷، ۵۰۹ ببعد؛ (۹) شاہ معین الدین احمد ندوی : سیرة الصحابة، ۷ : ۱۴، بذیل مادۂ حضرت بدیل بن ورقاء؛ [(۱۰) ابن حزم : جوامع السیرة، ص ۲۲۴، ۲۲۷، ۲۲۸، ۲۹۱؛ (۱۱) وھی مصنف : جمهرة انساب العرب، ص ۲۳۹؛ (۱۲) امین دویدار : صُوَر من حیاة الرّسول، مصر ۱۹۵۸ء، ص ۳۵۵ تا ۳۵۶؛ (۱۳) البلاذری : انساب الاشراف، ۱ : ۲۱۵، ۳۶۵؛ (۱۴) الذھبی : سیراعلام النبلاء، ۳ : ۳۲].

(سیّد امجد الطاف [و ادارہ])

**بَدِین** : رکَ بہ پاکستان.

**بُدِین** : بودین [بُدُون، بِدون، بُدِیم] شہر بودا کا وہ نام ہے جو ترکانِ عثمانی نے اپنے قبضے (۱۵۴۱ سے ۱۶۸۶ء) کے دوران میں اسے دیا تھا، لیکن اس کی تاریخ اس سے کہیں زیادہ پرانی ہے ۔ یہ جگہ، جہاں زمانۂ ما بعد کی بستیاں آباد ہوئیں، قلتی (Celtic) قبائل کے زیر تصرّف تھی ۔ انھوں نے اس مقام کو 'آک ۔ انک' Ak-Ink کے نام سے موسوم کیا، جس کا مطلب ہے 'فراوان پانی' اور حقیقةً اس کے سارے گرد و نواح میں جا بجا معدنیاتی چشمے موجود ھیں اور عظیم الشان دریا

Marfat.com

ڈینیوب ان پر مستزاد، جو یہاں کے آبادکاروں کو ماھی گیری اور زراعت کی صورت میں ذرائع معاش مہیا کرتے تھے۔

۱۶ء کے قریب اھل روما نے پانونیا Pannonia، یعنی مغربی ھنگری، پر اپنا قبضہ مکمل کر لیا، آک۔ انک کی قدیم قلتی بستیوں تک جنگی ضرورت کی سڑکیں بنوائیں اور دریاے ڈینیوب کے کنارے فوجی استحکامات تعمیر کیے۔ دریاے ڈینیوب اور دریاے تِسّا Tissa کے درمیان کی سیلابی زمین میں، جہاں نیم وحشی لوگ بستے تھے، یہ رومی بستی ان کے حملوں کے خلاف ایک قلعے کا کام دیتی تھی اور تھوڑی ھی مدت میں ترقی کر کے ایک شاندار شہر کی صورت اختیار کر گئی، کیونکہ چشموں کو کام میں لا کر اور زرخیز نواحی علاقے کی تجارتی سہولتوں سے اس نے فائدہ اٹھایا۔ رومیوں نے بستی کے اصل نام آک۔ انک کو رھنے دیا اور اسے لاطینی لفظ اکوئن کم Acquincum بنا لیا، جس کے عوامی زبان میں معنی ھیں: پانچ چشمے (Acquae Quinque)۔ اس بستی کے جو کھنڈر ابھی باقی ھیں ان میں مکانات، حمّام (جن میں بعض بہت پر تکلّف ھیں) اور تماشا گاہ کے آثار ملتے ھیں، جہاں چالیس ھزار تماشائی بیٹھ سکتے تھے۔ اسی طرح یہاں دو رومی لشکروں کا مقیم ھونا شہر کی تجارتی اور سیاسی اھمیت کا ثبوت ہے۔ چونکہ یہ ایک سرحدی شہر تھا اس لیے ناظم شہر کو اس اندیشے سے کہ بداندیش عناصر نہ گھس آئیں بہت محتاط رھنا پڑتا تھا؛ چنانچہ غیر ملکی تاجروں کو حکم تھا کہ رات کے وقت شہر سے نکل کر دریا کے پار اتر جائیں اور بائیں کنارے پر رات بسر کریں۔

چوتھی صدی عیسوی کے بعد سلطنت روما کے عام زوال کا اثر دُور افتادہ اضلاع پر بھی پڑے بغیر نہ رہ سکا۔ آک۔ انک کے باشندے بتدریج بےبس ھوتے گئے اور اپنی بستیوں کو جرمانی (Germanic) نسل کی اقوام، مثلاً قوطی (Goths)، ونڈال (Vandals)، سوابستانی (Suavians)، آلانی (Alanians) اور لمبارڈ قوم (Longobords) کے وحشی گروھوں کے حوالے کر گئے۔ انھیں کے نقش قدم پر چلتے ھوے ھُن [سپہ سالار] اٹیلا [یورپ میں] داخل ھوا تھا۔ اپنے قوطی قسم کے نام کے باوجود اس نے اپنے عَلَم کے نیچے مختلف اقوام پر مشتمل ھُنوں کا ایک بھاری فاتح لشکر مجتمع کر لیا تھا۔ اٹیلا کا مرکزی مقام غالباً موجودہ ھنگری کا وسیع میدان تھا، جہاں بوزنطی سفیر پرسکوس رھیٹر Priscos Rhaetor اس کے پاس حاضر ھوا تھا، لیکن اٹیلا کے غارتگرانہ دھاوے اطالیہ کے اکوئیلیا Aquilia اور فرانس تک جا پہنچے تھے، تا آنکہ تتلونیہ (Catalaunum) کے علاقے میں شالوں (Chalons sur Marne) کی خونریز جنگ نے اس کی مزید پیش قدمی کا سدّ باب کر دیا۔

ھُنوں نے اکوئن کم کے موزوں محلِ وقوع سے بھی فائدہ اٹھایا۔ اسی طرح آگے چل کر اوار (Avars) نے بھی، جو ترکی بولنے والی اور ترکوں کی سی عادات رکھنے والی قوم تھی اور سابقہ رومی صوبۂ پانونیا کے بیشتر حِصّے پر قابض ھو گئی تھی، اپنی بستیوں کے گرد فصیلیں بنائیں، جن میں سے چند ایک کے آثار ابھی تک ملتے ھیں۔ بہر حال یہ جنگجو لوگ بطور مجموعی خانہ بدوش اور تاخت و تاراج پر بسر اوقات کرنے والے تھے، جن کی تاختیں روکنے کے لیے بوزنطیوں نے شمالی سلافی (Slavonic) قوم کے لوگوں کو ریاست‌ھای بلقان میں آباد کیا تھا۔ سلافی بلقان میں سے ھوتے ھوے دریاے ڈینیوب کے مرکزی حصّوں تک جا پہنچے۔ اسی دریا کی نشیبی دھاریں استر (Ister) کہلاتی ھیں۔ یہ دونوں ھی نام کلتی (Celtic) زبان کے الفاظ سے نکلے ھیں۔

marfat.com
Marfat.com

کارپیتھی (Carpathian) پہاڑیوں [جبالِ کارپات] کے درمیان گھرے ہوے وسیع میدان میں سلافیوں کی بستیاں ہر طرف بکھری پڑی تھیں، کیونکہ یہاں انھیں چراگاھیں میسّر تھیں اور وہ اپنی اقامت گاھیں بھی بنا سکتے تھے - بہت سے دیہات کے نام، جو آگے چل کر اھم شہروں کی صورت اختیار کر گئے، سلافی زبان کے ھیں، جیسے دریاے ڈینیوب کے دائیں کنارے پر بودا اور بائیں پر پست (Pest) اول الذکر کا مطلب ھے پانی اور مؤخرالذکر کا اینٹوں کی بھٹّی یا پزاوہ۔

۱۸۹۶ء کے قریب ایک اَور ترک نما قوم، جو ساسانی ایرانی طرز کے ھتھیاروں اور دیگر فوجی ساز و سامان سے مسلح تھی، کارپیتھی پہاڑیوں کے درمیان مشرقی میدانوں میں نمودار ھوئی - یہ لوگ مجار (Magyarz) تھے، یعنی ھنگروی (ترک قبائل موسوم بہ ''ھن - اگروی'' (Hon-Ugrian) سے ھنگروی (Hungarians) بنا ھے) - یہ متعدّد قبائل پر مشتمل تھے اور اپنے پیش رو ھنوں اور اواروں (Avars) کی طرح انھوں نے غارت گری سے اپنی بسر اوقات جاری رکھی، حتّٰی کہ جرمانی شہنشاہ نے انھیں شکست دی، جبراً عیسائی بنایا اور میدانی علاقے میں پُر امن طریق سے بسنے پر مجبور کیا - شاہ سٹیفن Stephen (م ۱۰۳۸ء) نے مجار قبائل کو ایک قوم کی صورت میں منظّم کیا اور فرینک (Frankonion) شہنشاہ چارلس اعظم کا بنایا ھوا آئین، جسے اس زمانے میں مثالی تصوّر کیا جاتا تھا، اختیار کیا۔

بودا اور پست گمنامی کے پردے سے رفتہ رفتہ نکلے ھیں اور اکثر اوقات ان کی حیثیت نئی مملکت کے دارالحکومت کی سی رھی ھے - مجار مملکت عیسائیوں کے رومن کیتھولک اور کلیساے یونان مشرقی کے درمیان ایک فاصل (buffer) ریاست تھی - اس کے لیے اپنی خود مختاری سلامت رکھنا ضروری تھا، لہذا اس نے اپنی قوم میں بہت سی اقوام، یعنی سلافی (Slavs)، المانوی (Germans) اور کمانی (Cumanians) مدغم کر لیں - تیرھویں صدی کے وسط میں مغول کی یلغار نے ھنگری کو بھی اپنی لپیٹ میں لے لیا اور پست کو تاراج اور ڈینیوب کو عبور کر کے بودا کو تباہ و برباد کر دیا - شاہ بیلا Bela چھارم نے اپنی پناہ گاہ سے واپس آکر بودا کی پہاڑی پر ایک قلعہ تعمیر کیا، کیونکہ جنگی تدابیر کے تجربے سے اسے معلوم ھو چکا تھا کہ مغول مورچہ‌بند شہروں کا محاصرہ نہیں کر سکتے - نو تعمیر بودا کا بیشتر عمارتی مسالا اکوئن‌کُم کی قدیم رومی بستی سے لیا گیا ھے - بودا ایک قلعہ بند پہاڑی ھونے کی وجہ سے پست کے باشندوں کے لیے جائے پناہ بن گیا اور شہر کے ان دونوں حصّوں کے درمیان رابطے کا کام جزیرۂ مارگرِٹ نے دیا - یہ نام شاہ بیلا چھارم کی بیٹی کے نام پر اس جزیرے کا ھو گیا تھا، کیونکہ اس نے وھاں ننوں کی ایک خانقاہ تعمیر کی تھی - دریاے ڈینیوب کے کناروں پر آباد بودا اور پست نے رفتہ رفتہ اقتصادی اعتبار سے بڑی اھمیت حاصل کر لی اور تجارتی سرگرمی نے یہاں کے باشندوں کو خوشحال بنا دیا - شاھانِ ھنگری اس شہر کے نواحی میدان میں اپنے امرا کے ساتھ مشاورتی جلسے کیا کرتے تھے - پہلے یہ جلسے میدانوں میں گھوڑوں کی پیٹھ پر بیٹھے بیٹھے ھوتے تھے، لیکن آگے چل کر یہاں شاھی خاندان کے افراد کی اقامت کے لیے محل بھی تعمیر ھوے - شاہ سجسمنڈ Sigismund (۱۳۸۷ء تا ۱۴۳۷ء) شہنشاہ روم منتخب ھو گیا تھا اور اپنی اس حیثیت سے اس نے ھنگری کی بادشاھی اور قوم کے سیاسی وقار میں بڑا اضافہ کیا - یہ لوگ اب آھستہ آھستہ اپنی

Marfat.com

خانہ بدوشانہ عادات ترک کر چکے تھے اور ان کی بہت بڑی تعداد قلعہ‌بند شہروں میں بس گئی تھی ۔ اس مستقل سکونت‌گزینی کو غیر ملکی عناصر، یعنی بویریا Bavaria اور اوسٹمارک Ostmark سے آنے والے المانویوں اور اطالیہ سے آنے والے اطالویوں کی آمد سے بڑی مدد ملی، کیونکہ ان نوواردوں نے (جو صنعتی پیشوں سے تعلق رکھتے تھے) شہر بسائے ۔ ہنگری کے شاہ سجسمنڈ نے حکومت کو استحکام بخشا ۔ زرعی پیداوار اور بلادِ مغرب و ریاستہاے بلقان کے ساتھ تجارتی لین دین سے اسے بھاری آمدنی ہوتی تھی، چنانچہ اس نے بودا کی پہاڑی پر ایک پرشکوہ شاہی محل تعمیر کرایا، جو اس زمانے کے مروجہ قوطی طرزِ تعمیر میں تھا ۔ آگے چل کر شاہ متھیاس Mathias (۱۴۵۸ تا ۱۴۹۰ء) کے عہد میں اس محل میں اضافے ہوے اور اسے دورِ احیا کے معیاری طرزِ تعمیر کے موافق کر دیا گیا ۔ علما اور ادبا اس شہر میں آئے اور اس عظیم الشان محل کے نواح میں آباد ہو گئے ۔ اس محل نے یہ پہاڑی پوری طرح اپنے احاطے میں لے لی، جو "بودا کی محل والی پہاڑی" کہلانے لگی ۔ نو ایجاد چھاپے خانے کی مطبوعہ کتابوں کی ایک بہت بڑی لائبریری یہاں قائم ہوئی، جس نے اس شہر کو عالمگیر شہرت دے دی۔

شاہ متھیاس Mathias کی وفات کے بعد جب زمامِ حکومت پول نسل کے بادشاہوں کے ہاتھ میں آئی تو بودا کی سیاسی اور ثقافتی شان و شوکت آہستہ آہستہ مٹنے لگی ۔ ہنگری میں ایک عام سیاسی انحطاط کا دور شروع ہو گیا ۔ امرا مرکزی حکومت سے برسرِ پیکار ہونے لگے ۔ قوم منقسم ہو گئی اور ترکانِ عثمانی کے حملوں کا مقابلہ کرنے کے قابل نہ رہی ۔ ترکوں نے ادرنہ (Adrianople) میں اپنے قدم جما کر بالآخر قسطنطنیہ فتح کر لیا تھا (۱۴۵۳ء) اور اپنی مملکت میں بلغاریا اور سربیا کو شامل کر لیا تھا ۔ شاہانِ ہنگری اور سلاطینِ عثمانیہ کے درمیان کئی لڑائیاں لڑی گئیں تاآنکہ سلیمان اعظم شاہ لوئی (Louis) دوم کو موہاک (Mohacs) کے میدان میں شکست دے کر (۱۵۲۶ء) شہر بودا میں داخل ہوا اور ہنگری کے مرکزی حصّے پر قابض ہو گیا ۔ شہر میں بڑی زبردست آگ لگی اور عثمانی وزیر اعظم ابراہیم پاشا کی ہزار کوشش کے باوجود شہر کا بڑا حصّہ اس کی نذر ہو گیا ۔ قصرِ شاہی اور مسیحی کلیساؤں سے بہت سا مالِ غنیمت اور بیش بہا خزانہ عثمانی فاتحین کے ہاتھ آیا ۔ سلطان محمّد ثانی الفاتح نے قسطنطنیہ کا محاصرہ بہت بڑی بڑی توپوں کے ساتھ کیا تھا ۔ ان کا دہانہ ۴۵ سنٹی میٹر تک تھا اور یہ ایک ہنگری کاریگر اوربن Orban نامی کے ہنر کا نمونہ تھیں ۔ بعد ازاں یہی توپیں محاصرۂ بلغراد (۱۴۵۶ء) میں استعمال ہوئی تھیں، جہاں جان ہنیادی John Hunyadi نے سلطان کو محاصرہ اٹھا لینے اور دو بڑی توپیں چھوڑ جانے پر مجبور کر دیا تھا ۔ ان توپوں کو بدین (شہر مذکور کا سرکاری طور پر ترکی نام) میں لا کر بطور یادگارِ فتح نصب کر دیا گیا تھا ۔ اب سلطان سلیمان کے حکم سے یہ توپیں، نیز شاہ متھیاس کے بنا کردہ کتب خانے کی اطالوی کتابیں، یونانی دیوی دیوتاؤں — ڈیانا Diana، اپالو Apollo — اور ہرقل (Hercules) کے برنجی مجسمے، دو بلند و بالا لاکھ کے بنے ہوے جھاڑ اور دوسرے نوادرِ فن قسطنطنیہ لے جائے گئے، جو اس زمانے سے اپنے اصل نام استانبول ("eisteen polin") سے معروف ہوا ۔ لاکھ کے بنے ہوے جھاڑ مسجد آیا صوفیا کی محراب کے قریب لگا دیے گئے اور

marfat.com
Marfat.com

مذکور؛ بالا مجسمے ابراھیم پاشا کے محل کے بالمقابل چوک المیدان (اصلاً hyppodrome = گھڑ دوڑ کا میدان) میں نصب کیے گئے۔

بدین کی عیسائی آبادی کو جزوی طور پر وہاں سے لا کر استانبول کے محلۂ یدی کُلہ میں بسایا گیا اور یہودی سالونیکا میں آباد کیے گئے - سلطان سلیمان بدین میں ینی چریوں کے چند دستے متعیّن کر کے وطن لوٹ گیا - ہنگری دو حصّوں میں تقسیم کر دیا گیا - مغربی حصّے شہنشاہ چارلس پنجم کے بھائی فرڈیننڈ (Arch-Duke Ferdinand) کے مطیع تھے اور وسطی اور مشرقی اقطاع جان زیفولیا John Szapolya کے، جس نے سلطان سے درخواست کی کہ اسے اپنی حفاظت میں لے کر اس کی حکومت کو تسلیم کر لیا جائے - فرڈیننڈ Ferdinand نے بدین کی طرف ایک فوج روانہ کی (اگست ۱۵۲۷ء)، جس نے شہر کا محاصرہ کر کے اسے فتح کر لیا - سلطان سلیمان نے بدین سے محرومی کو اپنے نو مفتوحہ مقبوضات کے لیے خطرناک سمجھتے ہوے ۱۵۲۹ء میں ایک مہم کا آغاز کیا - وہ بدین تک جا پہنچا اور مختصر سی لڑائی کے بعد شہر میں فاتحانہ داخل ہو کر اس کے قلعے پر قابض ہو گیا - سلیمان نے زیفولیا کو ہنگری کا جائز بادشاہ تسلیم کیا، بدین پر قبضہ کرنے کے لیے کچھ دستے اس کی تحویل میں دیے اور خود وی انا کی طرف کوچ کیا - شہر کُوسِزگ Koszeg کے محافظ کپتان Yurisich کی بدولت یہ مہم ناکام رہی اور فرڈیننڈ نے، جو اپنے آپ کو ہنگری کا جائز بادشاہ تصور کرتا تھا، روجن ڈورف Roggendorf کی قیادت میں ایک امدادی فوج بدین کو دوبارہ فتح کرنے کے لیے روانہ کی - اہل ہنگری اور ترکوں نے، جن کی مدد- ایک اطالوی انجینئر گرتّی Gritti کر رہا تھا، بڑی دلیری سے شہر کا دفاع کیا - محاصرہ چھے ہفتے تک جاری رہا، جس کے دوران میں ترکوں نے کئی ہنگروی قلعے، جو ابھی تک ہپسبرگ Hapsburg خاندان کے بادشاہ فرڈیننڈ کی اطاعت کا دم بھرتے تھے، اپنے قبضے میں کر لیے - ۱۵۴۱ء تک کئی برس لڑائیوں اور محاصروں میں گزرے - کبھی کوئی جیتا، کبھی کوئی، تا آنکہ سلیمان اعظم نے بدین پر حتمی طور پر قبضہ کرنے کا فیصلہ کیا - سلطان اپنے دو بیٹوں اور رستم پاشا کی معیّت میں شہر میں داخل ھوا اور اعلان کیا کہ بدین اور اس کا سارا نواحی علاقہ سلطنت عثمانیہ کا حصہ ھے - ینی چری اعتقاداً فرقۂ بکتاشی سے تعلق رکھتے تھے - ان کے مذھبی پیشوا گل بابا شہر پر قبضے کے ایک ھفتے بعد وفات پا گئے اور ان کا جسد فانی فاتح سلطان کی موجودگی میں پہاڑی کی چوٹی پر دفن کیا گیا - یہ پہاڑی اب تک (گل تپہ) 'گلاب کی پہاڑی' کے نام سے مشہور ھے۔

اس وقت سے بدین ایک ترکی - اسلامی شہر بن گیا - آلِ عثمان نے احکامِ شریعت کے مطابق غیر مسلم باشندوں کے ساتھ انتہائی عمدہ سلوک روا رکھا اور انھیں مذھبی اور شہری آزادی کی ضمانت دی - یہاں کا پہلا گورنر سلیمان پاشا خود ایک ہنگروی نو مسلم تھا - ہنگری کی عدالت عالیہ کا صدر مشہور و معروف وربوکِزی Werböczy ھی رہا، جس نے اہم قانونی فیصلے کیے - وہ ہنگری کے مجموعۂ قوانین کا مصنّف تھا۔

کثیر ترکی سپاھیوں کی تعیناتی کے باوجود بدین میں امن و امان برقرار نہ رہ سکا- فتح کے ایک ھی سال بعد پوپ پال Paul سوم نے اسے فتح کرنے کے لیے ایک مذھبی جنگ کا آغاز کر دیا اور اس کی فصیلوں کے سامنے ایک بہت بڑا لشکر آ نمودار ھوا، لیکن یہ محاصرہ قطعی طور پر ناکام رہا -

Marfat.com

ہنگری کے زرخیز علاقوں کو جو خطرہ مستقلاً لاحق رہتا تھا اس کے پیشِ نظر سلطان سلیمان نے مجبور ہو کر کئی قلعے اپنے تصرّف میں لے لیے، جن سے مرکز کی طرف راستے جاتے تھے - قلعہ جات اِسٹِرگوم Estergom، فیہیروار Fehérvár، وسیگراڈ Visegárd، ھتوان Hatvan، نوگراڈ Nograd، سِزگد Szeged، سزولنوک Szolnok، فُولک Fülek اور دیگر مقامات کی فتح سے بدین کے اردگرد ایک دفاعی فصیل تیار ہو گئی، حتّٰی کہ محاصرۂ سزگتوار (۱۵۶۶ء) نے ہنگری کی اس عظیم فاتحانہ مہم کو پوری طرح مکمل کر دیا - سلطان سلیمان نے قلعۂ سزگتوار کے آخری سقوط سے چند ہی روز قبل اس کے سامنے داعی اجل کو لبیک کہا تھا۔

بدین ایک وسیع صوبے کا صدر مقام بن گیا اور اس کی سیاسی اہمیت برقرار رہی، حالانکہ شاہانِ ہپسبرگ Hapsburg اور ان کی حکومت کو جائز سمجھنے والے ہنگرویوں کے ہاتھوں مختلف قلعے بار بار ہاتھ سے نکلتے اور دوبارہ فتح کیے جاتے اور دُور کے اضلاع میں مسلسل جنگیں اور انقلابات برپا ہوتے رہے - بدین کے قلعے میں مدافعت کے جملہ انتظامات کیے گئے - باوجودیکہ وسطی میدان اور اس سے پرے دور دور تک ہنگری کے بیشتر علاقے میں حکومت عثمانیہ تسلیم کر لی گئی تھی، بدین کو ایک سرحدی شہر کا سا کام کرنا پڑا - ۱۵۹۸ء میں اسے ایک بہت سخت محاصرے کا سامنا کرنا پڑا جب آرچ ڈیوک متھیاس کی قیادت میں ایک آسٹروی فوج بڑھتے بڑھتے خود بدین کے بالمقابل گُورز الیاس تپہ (Gellert-hill) تک آ پہنچی - وہاں سے اس نے فصیل پر گولہ باری شروع کر دی اور پھٹنے والے بموں سے ملحقہ مکانوں میں آگ لگ گئی - ۱۶۰۲ء میں ایک بار پھر ایک آسٹروی فوج دریاے ڈینیوب کے بائیں کنارے پر پست میں داخل ہوئی اور بدین کا محاصرہ کر لیا، تا آنکہ آلِ عثمان کے ایک باجگذار حلیف ملک ٹرانسلوانیا Transylvania سے بِیشجی حسن پاشا نے آ کر بالآخر حریف کو بدین کے نواح سے نکال باہر کیا - ان تمام جنگوں کے دوران میں ترکوں نے بڑی بڑی توپوں سے چھرّے دار گولے چلائے جو آلِ عثمان کی ایک انوکھی ایجاد تھی - مسلسل لڑائیوں نے عثمانی ترکوں کو ٹرانسلوانیا کی خود مختار ریاست کا حلیف بن جانے پر مجبور کر دیا، جس کے فرمانروا استوان بوکسکے István Bocskay کی شاہِ ہنگری کی حیثیت سے ترکوں نے اس شرط پر تاجپوشی کی کہ جب بھی آسٹروی بدین کو دوبارہ فتح کرنے کی کوشش کریں گے تو وہ اس کے دفاع میں ترکوں کی مدد کرے گا - بوکسکے کی وفات کے بعد عثمانیوں نے امیرہ تھوکولی Imre Thokoly کو ہنگری کا بادشاہ تسلیم کیا، جس نے پروٹسٹنٹوں پر جبر و تشدّد اور محروم الارض ہنگروی کسانوں پر حد سے بڑھے ہوے محاصل کا مداوا کرنے کے لیے شاہانِ ہپسبرگ کے خلاف خود انھیں کی حدودِ مملکت میں بغاوت کا آغاز کیا تھا - اس کی ان مساعی میں اعانت کرنے کے لیے باب عالی سے قرہ مصطفٰی پاشا کو بھیجا گیا - یہ لشکر جرّار پیش قدمی کرتا ہوا وی انا کی شہر پناہ تک جا پہنچا اور شہر کا بڑا خطرناک محاصرہ کر لیا - ۱۶۸۳ء میں شہر پر ترکوں کا قبضہ ہونے ہی والا تھا کہ شاہ پولینڈ جان سوبی‌اسکی Jan Sobieski کی غیر متوقع آمد سے پانسا پلٹ گیا اور نہ صرف یہ کہ محاصرہ ختم ہو گیا بلکہ ترکوں کو تباہ کن شکست برداشت کرنا پڑی - یہ شکست وادی ڈینیوب میں ترکوں کی حکومت کے انجام کا آغاز ثابت ہوئی -

marfat.com
Marfat.com

آلِ عثمان کی حکومت کو ختم کرنے کے لیے پورا یورپ اٹھ کھڑا ہوا ۔ آلِ عثمان اپنی مقابلۃً بہتر عسکری تنظیم اور مستقل فوج کے باعث مشرقی یورپ کے وسطی حصّے میں اپنی حکومت قائم رکھ سکتے تھے ۔ ان کے برعکس مغربی ممالک اپنے بادشاہوں کی باہمی رقابتوں کی بنا پر بٹے ہوئے تھے اور اصلاحِ مذہب (Reformation) کی جنگ کے باعث ایک یکساں منظّم فوج تیار کرنے پر سترھویں صدی کے آخر تک قادر نہ ہو سکے ۔ وی انا کے ناکام محاصرے اور نتیجۃً ترکوں کی ہزیمت کے بعد آسٹرویوں، المانویوں اور فرانسیسیوں پر مشتمل مغربی ممالک کی ایک متحدہ فوج چارلس آف لورین Charles of Lorrain کی سپہ‌سالاری میں بدین کی طرف بڑھی، جس نے ۱۶۸۴ء میں تمام دور دراز کے دیہات اور قلعہ‌بند شہروں کو فتح کر لیا ۔ محافظ قلعہ قرہ محمّد پاشا نے دریاے [ڈینیوب] کے بائیں کنارے پر واقع پست سے ہاتھ اٹھا لیا اور اس کے دفاعی استحکامات برباد کر دیے تاکہ دشمن ان سے فائدہ نہ اٹھا سکے ۔ بہر حال دولِ مغرب کی فوج پست میں داخل ہو گئی، گو قلعۂ بدین سے اس پر شدید گولہ باری ہوتی رہی ۔ اس دو سالہ مہم کے دوران میں کوئی فیصلہ کن نتیجہ برآمد نہ ہو سکا ۔ باب عالی نے قلعے میں کئی امدادی افواج بھیجیں اور اس کے نواح میں کئی شہروں اور قلعوں کو تباہی اور بربادی کا سامنا کرنا پڑا ۔ ۱۸۶۵ء میں افواجِ مغرب کو عارضی طور پر پسپا ہونا پڑا، جو مدافعین کے لیے بے حد مسرّت کا باعث ہوا ۔ اب سلطان نے معمّر اور تجربہ کار البانوی عبدالرحمٰن پاشا کو ترکی فوج کا سپہ‌سالار مقرر کیا ۔ ۱۶۸۶ء میں نوّے ہزار سپاہیوں کے کثیر لشکر نے بدین کا از سرِ نو محاصرہ شروع کیا، جبکہ قلعے کے اندر صرف سولہ ہزار ترک مدافعین تھے ۔ محاصرہ کرنے والی فوج میں اس بار بھی یورپ کی ہر ایک قوم کے لوگ شامل تھے ۔ اس کے ساتھ پوپ نے اپنا ایک خصوصی نمائندہ مارکو د ایویانو Marco d' Aviano بھی بھیجا تھا تاکہ اس محاصرے کو صلیبی جنگ کا رنگ دیا جا سکے ۔ مدافعین کے سپہ سالار عبدالرحمٰن پاشا کا حرم جزیرۂ مارگرٹ میں تھا ۔ اسے بلغراد لے جانے کے لیے جہازوں پر سوار کیا گیا، لیکن بد قسمتی سے ہنگروی کپتان Batthanyi نے بیڑے پر قبضہ کر کے حرم کو گرفتار کر لیا اور ترک عورتوں کو سپاہیوں کے ہاتھ فروخت کر دیا ۔ محاصرہ یکساں شدّت سے جاری رہا ۔ صدرِ اعظم سلیمان پاشا بڑھتے بڑھتے قلعے کے نواح تک آ پہنچا، لیکن قلعے کے اندر صرف پانچ سو ترک سپاہی بھیج سکا اور قلعے کو محاصرہ سے نکالنے کے سلسلے میں کوئی قابلِ ذکر کوشش کیے بغیر پیچھے ہٹ گیا ۔ عبدالرحمٰن پاشا نے اپنے سے کئی گُنا زیادہ غنیم کی مزاحمت کرتے ہوئے ایک شہید کی موت پائی ۔ اس کی شہادت کے ساتھ نہ صرف بدین بلکہ سارے مشرقی یورپ میں مسلمان ترکوں کی حکومت کے تدریجی زوال کا بھی آغاز ہو گیا ۔

ترکوں کے قبضے کے دوران میں بدین میں مسلمانوں کی کئی اور بستیاں نظر آ سکتی تھیں ۔ اس کا مرکزی حصہ ''محل کی پہاڑی'' پر واقع تھا، جہاں سے مغربی جانب پہاڑیوں کا بہت عمدہ منظر دکھائی دیتا تھا ۔ یہ پہاڑیاں ایک میدان میں واقع تھیں، جو دریاے ڈینیوب کے بائیں کنارے پر پھیلتا چلا گیا تھا ۔ مسیحی آبادی کا بیشتر حصہ شہر چھوڑ چکا تھا ۔ نئے آباد ہونے والے زیادہ تر ترک سپاہی اور اہلکار تھے، جن میں سے اکثر بوسنیا کے اور باقی سلافی الاصل نو مسلم تھے ۔ رفتہ رفتہ تاجر اور دستکار بھی بدین میں آباد ہونے

Marfat.com

لگے ۔ یاد رکھنے کے قابل بات یہ ہے کہ اسلامی تعلیمات نے ان ترک نو آبادکاروں کی ثقافتی زندگی پر کئی طرح سے اثر ڈالا ۔ یہ لوگ رہنے کے لیے ہمیشہ ایسے مقامات کو ترجیح دیتے تھے جہاں معدنیاتی چشموں کی کثرت ہو ۔ بدین کے معدنیاتی چشموں کو بڑے وسیع پیمانے پر استعمال کیا گیا اور ڈینیوب کے کنارے ایسے پر تکلّف حمام تعمیر کیے گئے جنھیں عرفِ عام میں ترکی حمام کہا جاتا ہے اور جہاں بھاپ سے غسل دیتے ھیں ۔ یہ آج بھی اسلامی طہارت کی عظمت کے شاھد ھیں ۔ بطور ایک اھم سرحدی شہر کے بدین نیز ڈینیوب کے بالمقابل کنارے پر پست کے گرد فصیلیں تھیں اور ان شہروں میں مورچہ بند دروازوں کے ذریعے داخلہ ھوتا تھا ۔ خود قلعے میں اور اس کے باھر کم بلند نواحی پہاڑیوں پر درویشوں کے متعدد تکیے (تکّہ) بنے ھوے تھے، جہاں لوگ پناہ لیتے تھے اور ''بابا'' (یعنی درویش) جمعے کے روز آنے والے زائرین کو تسکین اور تسلی دیتے تھے ۔ بکتاشی لوگ اپنے مرحوم پیر گل بابا کے مزار (تُربت) کی بہت عزت و حرمت کرتے تھے ۔ چند قدم آگے گلرٹ کی پہاڑی (Gellert-hill) پر، جسے ترکی میں گورز الیاس تپہ کہا جاتا ہے، مفتاح بابا کا احاطہ ایک اَور بکتاشی درویش گورز الیاس کی شہادت کی یادگار ہے ۔ جامع مسجد کے نواح میں غازی احمد بے کی قبر ایک زیارت گاہ ہے ۔ اس سے آگے مختار بابا کا مقبرہ ہے ۔ اس کے علاوہ اَور بھی کئی ایک بزرگوں کے مزار ھیں، جنھوں نے محاصرے کی لڑائیوں میں جام شہادت نوش کیا تھا ۔

ایک اھم معاشی مرکز کی حیثیت سے بدین میں مشرقی فن پر مبنی صنعت اور تجارت نے ترقی پائی ۔ ھفت روزہ ھاٹ کی جگہ ترکی شہروں کے ''چرشی'' نے لے لی تھی اور وھاں کی آبادی اپنی اشیاے ضرورت ھر روز بلکہ جمعے کو بھی خرید سکتی تھی ۔ بعض مآخذ کی رو سے (بدین میں) مساجد کی تعداد چالیس تھی ۔ کئی نفیس محل (''کونک'' [کذا؟ کوشک]) پہاڑی قلعے کی زینت بڑھاتے تھے ۔ صوقللی مصطفٰی پاشا، والیِ بدین (۱۵۶۶ تا ۱۵۷۸ء) نے خاص طور پر شہر کو، جو آتش زنی کی وقتًا فوقتًا زبردست وارداتوں اور ایک زلزلے (۱۵۷۸ء) سے تباہ و برباد ھوتا رھا تھا، از سرِ نو بسانے اور مزیّن کرنے میں خدمات عظیم سر انجام دیں ۔ اولیا چلبی [رکّ باں]، جو سترھویں صدی کے نصف آخر میں اپنی طویل سیر و سیاحت کے دوران میں بدین پہنچا تھا، لکھتا ہے کہ شہر اور جزیروں کے اردگرد پھلوں کے بےشمار باغات لگائے گئے ھیں اور نواحی علاقے میں بلادِ مشرق کے کئی پھلوں کی کاشت کی جاتی ہے ۔ ان میں بعض کے آثار آج بھی گورز الیاس تپہ کی جنوبی ڈھلان پر ملتے ھیں۔

بدین میں روحانیت اور مذھبی سرگرمیوں کا بھی زور تھا، حالانکہ یہ اسلامی ثقافت کے مراکز سے بہت دور واقع تھا، مگر یہاں کی اکثر عمارتیں قدیم نمونوں کا محض چربہ تھیں ۔ بایں ھمہ مساجد میں مخطوطات کی بہت بڑی تعداد موجود تھی ۔ بدین کی فتح کے فورًا بعد کاؤنٹ مارسگلی Count Marsigli نے ان پر قبضہ کر کے بہت سی کتابیں بولونا Bologna کے کتب خانے میں بھیج دیں ۔ ترک حکّام اور مقامی ھنگرویوں کے درمیان اچھے روابط قائم تھے اور بدین میں مقیم بہت سے ترک پاشاؤں نے اس حد تک ھنگروی زبان سیکھ لی تھی کہ وہ اس میں خط و کتابت کر سکتے تھے ۔ دوسری طرف بہت سے ھنگرویوں نے ترکی زبان کی تحصیل کر لی تھی ۔ علاوہ ازیں ازدواج باھمی کے ذریعے بھی دونوں قومیں آپس میں خلط ملط ھو گئی تھیں ۔ ترکی قہوہ خانوں میں مغنّی ایسی رزمیہ نظمیں

marfat.com
Marfat.com

گاتے تھے جن میں جنگوں اور فتوحات کا تذکرہ ہوتا تھا۔ اس کے برعکس مقامی شعرا اپنی تک بندیاں کرتے تھے۔ بہر حال ترکی اور ہنگروی عوامی شاعری اور عوامی گیتوں کے موضوعات میں جو ادل بدل ہوا اس نے ہنگروی عوامی ادب پر آن مٹ اثرات چھوڑے ہیں اور وہاں کی میدانی آبادی کے مشرقی خط و خال آج بھی ازدواج باہمی کے غمّاز ہیں۔ ہنگروی زبان بھی ترکوں کے طویل دورِ حکومت کی شہادتیں پیش کرتی ہے۔ علاوہ ازیں ہنگری کے شہرۂ آفاق باورچی خانے کی شہرت بھی انھیں کھانوں کی مرہونِ منّت ہے جن سے ترکوں نے یورپ کو آشنا کیا۔ بدین کے مصنفّوں میں سے پچوی، جس نے مقامی دفتر خانہ (یعنی محصول خانہ) میں ملازم ہونے کے ساتھ ساتھ ایک تاریخ تالیف کی تھی، منفرد حیثیت رکھتا ہے۔ ترکی حکومت کے دور میں جن سیاحوں نے بدین کی سیر کی ہے وہ یہاں کے گلی کوچوں میں زندگی کی گہما گہمی کا ایک دوسرے سے بڑھ کر تذکرہ کرتے نظر آتے ہیں۔ شادی بیاہ کی ہنگروی کارچوبی پوشاکوں میں خاص مشرقی لباس، پگڑیاں، گھیردار شلواریں اور چرمی زیر پائیاں تنّوع کی کیفیت پیش کرتی ہیں۔ مسلم خواتین نقاب پہنے، سڑک کی پٹڑی پر حیا کے ساتھ دیواروں سے لگی لگی چلا کرتی تھیں۔ دوسری طرف ہنگری کی عیسائی عورتیں اونچی ٹوپیاں پہنتی تھیں، جن میں ریشمی پھندنے لگے ہوتے تھے۔ چمڑے اور سوتی کپڑے کی صنعتوں نے بدین میں خاص فروغ پایا اور یہاں کے مشہور دبّاغ خانوں کی یاد ہنگروی لفظ "tabacos" (= رنگے چمڑے کا کاریگر) کی صورت میں باقی ہے۔ ہنگروی کفش ساز "czimadia" اپنے نام کے لیے ترکی۔ فارسی۔ عربی لفظ چزمہ کا مرہونِ منّت ہے۔ بدین کے باشندوں کی تعداد بڑھ کر ساٹھ ہزار کے قریب ہو گئی؛ فوجی دستے ان کے علاوہ تھے، جن کے افراد کی تعداد وقتاً فوقتاً بدلتی رہتی تھی۔ بدین کے سقوط کے بعد ترک آبادی مہاجرت کر کے جنوب کی جانب منتقل ہو گئی اور نئے آباد ہونے والے ہچکچاتے اور ڈرتے ہوئے شہر کی برباد شدہ فصیل اور مکانات تک آ پہنچے۔ ۱۷۱۰ء میں ایک خوفناک وبا کی وجہ سے یہاں کی آبادی گھٹ کر صرف ایک ہزار تک رہ گئی۔ اٹھارھویں صدی کے نصف ثانی میں شاہانِ ہپسبرگ کی نظروں میں ہنگری کی اہمیت بہت بڑھ گئی اور میریا تھریسا Maria Tharisa کے عہد میں شاہی محلات اور امرا کے مکانات تعمیر ہوئے۔

شہنشاہ جوزف دوم نے ہنگری کے بادشاہ کی حیثیت سے اپنی تاجپوشی کرانے سے انکار کیا اور خاندان ہپسبرگ کی تمام مقبوضہ مملکتوں کو جرمن رنگ میں رنگنے کی حکمت عملی شروع کر دی۔ اس مقصد کے حصول کی خاطر وہ بویریا Bavaria اور ورٹمبرگ Wurtemberg کے جرمن آباد کاروں کو ہنگری کے متعدّد حصّوں میں، جو ترکوں نے خالی کر دیے تھے، بسانے لگا۔ اس طرح بدین اور پست المانوی شہر بن کر رہ گئے، جو موسمِ گرما میں کشتیوں کے ایک پل کے ذریعے باہم مربوط تھے۔ انیسویں صدی کے آغاز میں ایک ثقافتی اور سیاسی انقلاب رونما ہوا، جو زیادہ تر انقلابِ فرانس اور مابعد کی جنگ ہاے نپولین کے زیر اثر تھا۔ ہنگروی قومیت بیدار ہوئی اور کچھ جد و جہد کے بعد ہنگری کی پارلیمنٹ نے ۱۸۲۵ء میں مروجہ لاطینی کے بجاے ہنگروی زبان کو تمام کاروبار کا ذریعۂ اظہار قرار دیا۔ ہنگروی طبقۂ امرا نے اپنی اقامت کے لیے بدین کا انتخاب کیا اور ترکی مکانات کی جگہ نئے طرز کے چھوٹے چھوٹے محل تعمیر ہو گئے۔ طبقۂ امرا کی بدولت [بدین] ہنگروی زبان کا

Marfat.com

مرکز بن گیا ۔ اس کے برعکس پست عرصے تک المانوی ہی رہا.

۱۸۴۹ء کی جنگِ آزادی کے دوران میں فاتح ہنگروی فوج نے قلعۂ بودا کا محاصرہ کر کے اس پر دھاوا بول دیا (۲۱ مئی)، لیکن ہنگروی فوج کی آخری شکست کے بعد ہنگری کی حیثیت کم ہو کر آسٹریا کے ایک صوبے کی سی رہ گئی ۔ گورز الیاس تپہ پر ایک بہت بڑا قلعہ ہر قسم کی تحریکِ آزادی کو خوفزدہ کرنے کے لیے بنایا گیا اور بودا کے عسکری دفاتر میں نظم و نسق کا نظام مرکز کے تحت رہا تا آنکہ مفاہمت کی رو سے ہنگرویوں کو آسٹریا کی ایک حلیف ریاست کی حیثیت سے آزادی عطا کر دی گئی ۔ بودا شہنشاہ جوزف Joseph اوّل کا صدر مقام قرار پایا، جس کی بحیثیت شاہِ ہنگری تاج پوشی ہوئی ۔ جو محل ابتداءً میریا تھریسا نے بنوایا تھا اسے وسعت دے کر صحیح معنوں میں شاہی اقامت گاہ میں تبدیل کر دیا گیا ۔ بودا اور پست کو آپس میں ملانے کے لیے کئی نئے پُل تعمیر ہوے اور اس شہر نے اقتصادی خوشحالی کے ساتھ ساتھ معاشرتی طور پر بھی بہت ترقی پائی.

دوسری عالمی جنگ کے دوران میں بودا پر نازیوں کا قبضہ ہو گیا اور کئی ماہ تک اس کا محاصرہ جاری رہا، جس سے اس کے محل، مکانات اور صنعتی نوادر کو بے انتہا نقصان پہنچا ۔ آزادی کے بعد ۱۹۴۵ء سے یہاں نئی عمارتیں تعمیر ہو گئی ہیں اور تاریخی یادگاروں کی تجدید و حفاظت کا کام ان تھک سرگرمی سے ہو رہا ہے ۔ آج کل کے بودا اور اس کے ہمسائے پست کو ایک بار پھر ''ڈینیوب کی ملکہ'' کی حیثیت حاصل ہو گئی ہے [نیز دیکھیے بوڈا پسٹ].

مآخذ: (۱) وا، لائڈن، بذیل مادہ Budin، از L. Fekete؛ (۲) وا (ترکی)، بذیل مادّۂ بودین، از جاوید بیسون، جس میں تمام ترکی اور دیگر ماخذ دیے گئے ہیں.

(عبدالکریم جولیس جرمانوس)

**بُڈ شاہ**: کشمیر کے ''شاہ میری سلاطین'' (۱۳۳۹ - ۱۵۵۶ء) کا آٹھواں بادشاہ، سلطان زین العابدین، جس نے ۸۲۴ھ/۱۴۲۱ء سے ۸۷۷ھ/۱۴۷۲ء تک (فرشتہ) کشمیر پر حکومت کی ۔ اسے غیر معمولی کارناموں اور قابلیت کی بنا پر کشمیری میں بڈ شاہ یعنی بڑا بادشاہ اور ہندی میں بٹھ شاہ یعنی ہندووں کا بادشاہ بھی کہتے ہیں. ⊗

سلطان سکندر کی وفات کے بعد اس کا بڑا بیٹا سلطان علی شاہ تخت نشین ہوا (۸۱۹ھ / ۱۴۱۷ء)، جس نے اپنے منجھلے بھائی شاہی خاں، شاہ رخ مرزا المعروف بڈ شاہ کو وزیر اعظم بنایا ۔ بقول ابوالفضل (آئین اکبری) علی شاہ ۱۴۱۹ء میں عنانِ حکومت شاہی خاں کو سونپ کر عازم حج ہوا اور جموں کے راجا سے، جو اس کا خسر بھی تھا، ملنے گیا ۔ جس نے تَرکِ حکومت پر علی شاہ کو سمجھایا اور کشمیر پر دوبارہ قبضہ کرنے کی ترغیب دی ۔ چنانچہ علی شاہ اپنے خسر اور راجوری کے راجہ کی معیّت میں آگے بڑھا ۔ اوڑی کے مقام پر شاہی خاں کو شکست دی ۔ جو کشمیر چھوڑ کر جسرت ککھڑ کے پاس سیالکوٹ بھاگ گیا ۔ فرشتہ کے بیان کے مطابق علی شاہ ایک بڑی فوج کے ساتھ آگے بڑھا، لیکن جلد ہی جسرت ککھڑ اور شاہی خاں کی مشترکہ کوششوں نے علی شاہ کو شکست دی (جون ۱۴۲۰ء) ۔ تخت نشینی کے وقت زین العابدین کی عمر انیس برس تھی ۔ اس نے باون سال حکومت کر کے تقریباً ستر سال کی عمر میں ۱۴۷۰ء میں وفات پائی ۔ اس کی قبر، جسے مقبرۂ بڈ شاہ کہتے ہیں، مزارِ سلاطین سرینگر میں ہے

marfat.com
Marfat.com

بچپن میں مولانا کبیر شاہی خاں اس کے استاد مقرر ہوئے ۔ جنھوں نے اسے علمِ تفسیر و حدیث پڑھایا ۔ بعد میں بڈ شاہ کے عہد میں مولانا کبیر شیخ الاسلام بنائے گئے ۔ ۱۳۹۹ء میں تیمور کے ہندوستان پر حملے کے بعد شاہی خاں اپنے باپ کی طرف سے تحائف لیکر تیمور کی خدمت میں دہلی میں حاضر ہوا اور تیمور کے ساتھ ھی سمرقند چلا گیا ۔ جہاں سات سال کے قیام کے بعد واپس کشمیر آیا ۔

بادشاہ بننے کے بعد بڈ شاہ نے اپنے چھوٹے بھائی محمد خاں کو وزیر اعظم بنایا، ہلمت رائنا اور احمد رائنا فوج کے کمانڈر بنائے گئے ۔ مرزا احسن کو وزیر خزانہ (Treasurer General) کا رتبہ ملا ۔ محمد خاں کی وفات کے بعد اس کا بیٹا حیدر خاں، بڈ شاہ کا وزیراعظم بنا ۔

زیر نگین علاقے : سلطان بڈ شاہ کی فوج ایک لاکھ پیدل اور تیس ہزار سوار پر مشتمل تھی ۔ پشاور سے سر ہند تک کا علاقہ بڈ شاہ کے تحت تھا ۔ جسرت گکھڑ کی مدد سے بڈ شاہ دہلی کی طرف بڑھا مگر اسے فتح نہ کر سکا ۔ بقول مولوی ذکاء اللہ مصنّف تاریخ ہند بہت سی خونریز لڑائیوں کے بعد دہلی کے بادشاہ سلطان بہلول لودھی (۱۴۵۱ - ۱۴۸۹ء) سے یہ طے پایا کہ سلطان فیروز شاہ (۱۳۵۱ - ۱۳۸۸ء) کے زمانے کے ''عہد نامۂ ۷۷۵ھ/۱۳۷۳ء'' کے مطابق سر ہند سے کشمیر تک کا علاقہ بڈ شاہ کے تحت رہے گا ۔ بڈ شاہ فتح پنجاب کے دوران میں امرتسر ٹھیرا، جس کا ثبوت وہ کنواں ھے جسے ''بڈ کھوہ'' یا ''بٹ کھوہ'' کہتے ھیں (*Islamic Culture in Kashmir*) ۔ کاشغر، لداخ، سکردو اور کُلّو کے علاقے ۱۴۶۰ اور ۱۴۷۰ء کے درمیان فتح کر لیے گئے ۔ ابوالفضل اور نظام الدین احمد لکھتے ھیں کہ دریائے سندھ کے اس پار تک کا علاقہ بڈ شاہ کے زیر اثر تھا ۔

نظام حکومت : انتظامی لحاظ سے تمام ملک مختلف صوبوں میں منقسم تھا، جن پر ناظم مقرر کیے جاتے تھے ۔ کوھستانی درّوں پر پولیس چوکیاں بنوائیں، جو موجودہ محکمۂ کسٹمز کے فرائض بھی ادا کرتی تھیں ۔ بڈ شاہ نے مقامی ذمے داری کا طریق جاری کیا، جس سے چوری اور ڈاکہ زنی بند ہو گئی ۔ بڈ شاہ کشمیر کا پہلا مسلمان بادشاہ تھا جس نے ایک ضابطۂ قانون بنایا اور اس کے چیدہ چیدہ قوانین پیتل کی بڑی بڑی پتریوں پر کندہ کروا کر شہروں اور دیہات میں نصب کرائے ۔ زونہ راج لکھتا ھے کہ گو بادشاہ نرم دل تھا لیکن قانون کے معاملے میں وہ اپنے بیٹے یا بھائی سے بھی رعایت نہ برتتا تھا ۔ قیدیوں کو داغنے کا طریق بند کر دیا گیا اور ان سے کوزہ گری کا کام لیا جانے لگا ۔ جریب اور گز کی لمبائی میں اضافہ کیا ۔ زمین کی پیمائش از سرِ نو کرا کے مالیہ مقرر کیا ۔ ضروریات زندگی کی قیمتیں سرکاری طور پر مقرر کی جاتی تھیں اور ہر ماہ ان کی پڑتال کی جاتی تھی ۔ ذرائع آمد میں تانبے کی کان، لداخ کے دریاؤں میں سونا ملی ریت اور نہروں سے آمدنی کا ذکر ملتا ھے ۔

ھندوؤں کے ساتھ برتاؤ : بڈ شاہ لَآ اِکْرَاہَ فِی الدِّیْن کا قائل تھا ۔ اپنے باپ اور بھائی کے عہد کے تمام قوانین جو غیر مسلموں خاص طور پر ھندوؤں کے خلاف تھے یکسر موقوف کر دیے ۔ شروع میں ھندوؤں سے جزیہ وصول کیا جاتا تھا مگر بعد میں موقوف کر دیا گیا ۔ ملک سیف الدین وزیرِ مملکت کی متعصبانہ پالیسی کی وجہ سے جو ھندو کشمیر چھوڑ کر چلے گئے تھے بڈ شاہ نے ایک عام اعلان کے ذریعے انھیں واپس آنے کی دعوت دی ۔

Marfat.com

اور ہندو پنڈتوں کے وظائف مقرر تھے۔ اس کی روا داری کی وجہ سے ملک میں مکمل مذہبی آزادی تھی۔ اپنی ہندو رعایا کی خوشنودی کی خاطر گاؤ کشی بند کر دی اور بعض اور اقدامات بھی کیے۔ طبقاتِ اکبری میں لکھا ہے کہ بڈ شاہ نے ہندوؤں سے یہ عہد لیا تھا کہ وہ اپنی مذہبی کتابوں میں لکھے ہوئے قوانین کے خلاف کچھ نہ کریں گے۔ سدھ پور کے پرانے مندروں کے علاوہ کئی اور مندروں، مثلاً شنکر اچارج، چترا تما کیشو، شیشہ شائی کیشو اور امرت کیشو کی مرمت کروائی۔ پاٹھ شالے بنائے گئے، جہاں ہندوؤں کو تعلیم دی جاتی تھی۔ سنسکرت کی اعلیٰ تعلیم کے لیے ہندوؤں کو دکن اور کاشی (بنارس) سرکاری وظائف پر بھیجا گیا۔ خود بڈ شاہ ہندوؤں کے مقدّس تیرتھ یعنی امر ناتھ اور شاردا (ضلع مظفر آباد) گیا۔ بقول راج ترنگنی ہندوؤں کے لیے ہندو عدالتیں مقرر کی گئیں۔ برھمنوں کو فارسی پڑھوائی۔ کشمیری پنڈت، جنھوں نے فارسی پڑھی، ''کارکن'' کہلائے۔ ان کے نواسے، جنھوں نے مذہبی زندگی اختیار کی، ''باچہ بٹ'' کہلائے۔ بہت سی سنسکرت کتابوں کا فارسی میں ترجمہ کروایا۔ مہابھارت اور پورانوں کا فارسی میں ترجمہ سب سے پہلے بڈ شاہ کے عہد میں ہوا۔ ملاّ احمد نے کَلْہَن پنڈت کی راج تَرَنْگنی کا فارسی زبان میں ترجمہ کیا۔ فارسی ترجمہ غالباً مکمل نہ تھا کیونکہ بداؤنی نے اکبر کی درخواست پر دوبارہ مکمل ترجمہ کیا۔ اس کے عہد کے حالات پر دو مشہور سنسکرت کتابیں لکھی گئیں۔ زونہ راج نے زینہ ترنگنی اور سوم پنڈت نے زینہ چرت لکھیں۔ محمد دین فوق نے بڈ شاہ کے درباری پنڈتوں کا ذکر تفصیل سے کیا ہے۔ یہاں چند ایک کے نام دیے جاتے ہیں: پنڈت شری بٹ (شاہی حکیم)، پنڈت بودی بٹ (مترجم)، پنڈت سرایشو (جوتشی و منجم)، پنڈت گوپال کول (صدر قانون گو)، پنڈت مادھو کول (قانون گو، کامراج)، سوم پنڈت (مصاحب، شاعر و مترجم)۔

تعمیرات: بڈ شاہ کو عمارتیں، باغ اور پُل بنانے کا بہت شوق تھا۔ مذہبی عمارتوں میں سے جامع مسجد بارہ مولا، جامع مسجد سری نگر، مسجد کاڈہ یار، جامع مسجد نوشہرہ، خانقاہ چرار شریف، خانقاہ برخوردار سرینگر، خانقاہ شیخ العالم، خانقاہ سیّد مدنی مشہور ہیں۔ باغوں میں سے باغ زینہ گر، باغ نوشہرہ، باغ زینہ پور، باغ زینہ کوٹ کا ذکر ملتا ہے۔ پُلوں میں سے زینہ کدل، بڈ شاہی ہفت پل، پل نالہ مار قابل ذکر ہیں۔ نہروں میں سے نہر زین گنگا (مگر فتحیاتِ کبرویہ میں اسے نالۂ مار ہی لکھا ہے) اس کی یادگار ہے۔


شاہی عمارات: (۱) ویری ناگ پر ایک نہایت خوبصورت عمارت تعمیر کرائی، جسے زینہ لنکا کہتے ہیں اس کے اردگرد مساجد اور باغات تھے؛ (۲) زینہ کوٹ۔ راج ترنگنی میں اسے جیٹی کوٹ لکھا گیا ہے؛ (۳) زینہ دب یا نوشہرہ؛ دب یا دیپ کے معنی محل یا منزل کے ہیں۔ کشمیری نوشہرہ کو راجدھانی بھی کہتے ہیں۔ نوشہرہ میں بارہ منزلہ عمارت کا دربار عام بنوایا۔ ہر منزل میں پچاس کمرے اور ہر کمرے میں پانچ سو آدمی سما سکتے تھے۔ تمام عمارت لکڑی کی ہے۔ پتھر اور چونا بالکل استعمال نہیں ہوا۔ تاریخ رشیدی کے مصنّف نے اس کی بہت تعریف کی ہے اور کشمیری صُنعت کاری کا بے مثل نمونہ قرار دیا ہے۔ دیگر عمارتوں میں زینہ پٹن، زینہ کندل، زینہ ماتھ، زینہ پور، زینہ تلک، زینہ گیر اور زینہ گام کے نام آتے ہیں۔

علمی سرگرمیاں: کشمیری زبان کے علاوہ بڈ شاہ فارسی، تبتی، سنسکرت اور ہندی بھی جانتا

marfat.com
Marfat.com

# کشمیر کے شاہ میری سلاطین

(۱۳۳۹ تا ۱۵۵۶ء)




marfat.com
Marfat.com

تھا۔ فارسی کا شاعر تھا۔ اس نے ایک کتاب فوائد پر مبنی کتاب سوال و جواب لکھی۔ اس کے ذاتی کتب خانے میں کتابوں کا ایک ذخیرہ جمع تھا۔ یہ کتب خانہ فتح شاہ کے دور (۱۵۱۰-۱۵۱۶ء) تک یعنی بڈ شاہ کی وفات کے ایک سو سال بعد تک قائم رہا۔ دارالحکومت میں ایک دارالعلوم تھا۔ مولانا کبیر اس کے صدر تھے۔ طلبہ کے لیے ایک دارالاقامت تھا۔ اس دارالعلوم کے مشہور اساتذہ میں پارسا، ملّا احمد، مولانا نادری، ملّا مدیحی، ملّا ضیائی اور تاریخ کشمیر کے مصنّف حمیدالدین کے نام آتے ھیں۔ ملّا بہاءالدین تحریر کرتے ھیں کہ بادشاہ علما و مشائخ کو اپنے اخراجات پر غیر ممالک سے بلواتا رھتا تھا۔ مولانا محمد باقر رومی اور مولانا احمد رومی بادشاہ کی درخواست پر کشمیر آئے۔ دربار کے دیگر علما میں قاضی القضاۃ جمال الدین، سیّد حسین رضوی، حافظ بغدادی اور بابا حاجی ادھم کے نام آتے ھیں۔

خارجہ پالیسی: بڈ شاہ کے غیر ممالک، مثلاً خراسان، ترکستان، آذر بیجان، گیلان، سیستان، ترکی، مصر، دکن، مالوہ، خاندیش، گجرات اور سندھ کے حکمرانوں سے دوستانہ مراسم تھے۔ تبّت کے بادشاہ نے ھنس کا ایک ایسا جوڑا بھیجا کہ اگر دودھ میں پانی ملا دیا جائے تو وہ دودھ پی جاتا تھا اور پانی باقی رہ جاتا تھا۔

کردار: توزکِ جہانگیری کے مطابق بڈ شاہ نے زینہ لنکا میں کئی بار چلّہ کشی کی، اور معجزات دکھائے، لوگ اسے ولی سمجھتے تھے۔ نظام الدین احمد بخشی لکھتا ھے کہ بڈ شاہ کی نگاہ کبھی نا محرم عورت پر نہ پڑی۔ شاھی خزانے پر کبھی وہ بار نہ بنا۔ سونے کی کان سے، جو اس نے خود دریافت کی تھی، اپنے اخراجات پورے کرتا تھا۔ عوام کے حالات معلوم کرنے کے لیے رات کو لباس تبدیل کر کے باھر نکل جاتا تھا۔ بادشاہ کی دو بیویاں تھیں۔ پہلی بیوی سیّد تاج الدین کی بیٹی تاج خاتون تھی، جسے بیھقی بیگم بھی کہتے ھیں۔ اس کی صرف دو بیٹیاں تھیں۔ چونکہ اس کی کوئی نرینہ اولاد نہ تھی اس لیے بڈ شاہ نے دوسری شادی کی، جس سے چار بیٹے پیدا ھوے، یعنی ادھم خاں، حاجی خاں، جسرت خاں اور بہرام خاں۔ بادشاہ رمضان میں گوشت نہ کھاتا تھا۔ اور چوری کی سزا پر سخت تعزیر کرتا تھا۔ اس کے عہد کے آخری ایام میں اس کے بیٹوں میں تخت نشینی کے لیے جنگ ھوئی اور بالآخر حاجی خاں کو ولی عہد قرار دیا گیا، جو بعد میں سلطان حیدر شاہ کے نام سے تخت نشین ھوا۔

مآخذ: (۱) مرزا حیدر بیگ دوغلات: تاریخ رشیدی؛ (۲) نظام الدین احمد بخشی: طبقات اکبری؛ (۳) ابوالفضل: آئین اکبری؛ (۴) وھی مصنّف: اکبر نامہ؛ (۵) عزیزالدین مفتی: احسن التواریخ، ۱۳۰۰ھ؛ (۶) عبدالباقی: مآثر رحیمی؛ (۷) محمد دین فوق: مکمل تاریخ کشمیر، لاھور ۱۹۱۰ء؛ (۸) وھی مصنّف: شباب کشمیر، لاھور ۱۹۲۸ء؛ (۹) پنڈت ھرگوپال کول: گلدستۂ کشمیر، ۱۸۸۳ء؛ (۱۰) ذکاء اللہ: تاریخ ھند، دہلی؛ (۱۱) محمد اعظم: واقعات کشمیر (قلمی)؛ (۱۲) بیربل کاچرو: مجمع التواریخ (قلمی)، کتب خانۂ جامعۂ پنجاب؛ (۱۳) نرائن کول عاجز: تاریخ کشمیر (قلمی)، کتب خانۂ جامعۂ پنجاب؛ (۱۴) غلام محی الدین صوفی G. M. D. Sufi: *Kashir*، ج ۱، لاھور ۱۹۳۸ء؛ (۱۵) وھی مصنّف: *Islamic Culture in Kashmir*، ۱۹۲۰ء؛ (۱۶) Pandit Gawasha Lal: *Short History of Kashmir*؛ (۱۷) Kalhen: *Rajtarangini*، انگریزی ترجمہ از Mark Aurel، ج ۱ و ۲، ۱۹۰۰ء؛ (۱۸) البیرونی: کتاب الہند، انگریزی ترجمہ از

marfat.com
Marfat.com

(۱۹) ‘al-Biruni's India : E. C. Sachau، ۱۹۱۰ء؛ (۲۰) Anand Kol Pandit : History of Kashmir، در JASB، سلسلۂ جدید، ج ۶، اپریل ۱۹۱۰ء: ص ۱۹۵ تا ۲۱۹؛ (۲۰) Archaeological Survey of India — Reports، ج ۹، شمارہ ۵، ۱۹۱۳ء؛ (۲۱) T. W. Haig : The Chronology and Geneology of the Muhammadan Kings of Kashmir، در JRAS، ص ۳۰۱ تا ۳۶۸ (۱۹۱۸ء)؛ (۲۲) C.J. Rodgers : The Copper Coins of the Sultans of Kashmir، در JASB، ج ۴۸، حصۂ اول، شمارہ ۴ : ص ۹، ۱۸۷۹ء.

(یار محمد)

* **بُڈھن** : شیخ جونپوری، سلطان سکندر لودھی کے زمانے کے ایک بزرگ، جن کا مشرب شطّاری [رک بہ شطّاریہ] تھا (اخبار الاخیار، ص ۱۹۳؛ نیز اذکار الابرار، ص ۲۸۳ بعد) ۔ وہ شیخ عبداللہ شطّاری (م ۸۹۰ھ/۱۴۸۵ء، بمقام مانڈو) کی اولاد میں سے تھے، جن کا نسب چھے واسطوں سے شیخ شہاب الدین عمر بن محمد السہروردیؒ تک پہنچتا ہے، اور جو نویں صدی ھجری / پندرھویں صدی عیسوی میں ایران سے ہندوستان آئے تھے (دیکھیے اخبارالاخیار، ص ۱۷۱؛ اذکار، محل مذکور؛ عبیداللہ خویشگی : معارج الولایۃ، ورق ۵۳۸؛ عبدالحیّ : نُزہۃ الخواطر، حیدرآباد دکن، ۱۹۵۱ء، ۳ : ۹۵ بعد؛ [مفتی غلام سرور : خزینۃ الاصفیاء، لاھور ۱۲۸۳ھ، ص ۹۴۷]) ۔ ہندوستان میں سب سے پہلے عبداللہ نے شطّاری مشرب کو متعارف کیا.

شیخ بڈھن نے شیخ حافظ جونپوری سے رسمی علوم حاصل کیے اور سلسلۂ شطّاریہ میں ان سے بیعت کی، یہ بزرگ شیخ عبداللہ کے خلیفہ تھے اور انھیں اس سلسلے کی تعلیم دینے اور بیعت لینے کی اجازت تھی ۔ شیخ عبدالحقؒ محدّث دہلوی کے عمّ بزرگ شیخ رزق اللہ مشتاقی (م ۹۸۹ھ/۱۵۸۱ء) نے ان سے ذکر کا طریقہ سیکھا ۔ خویشگی نے شیخ بڈھن کو ''مردے بزرگ و متبرک'' لکھا ھے ۔ انھوں نے پانی پت میں انتقال کیا اور وھیں مدفون ھیں ۔ شیخ ولی شطّاری (م ۹۵۶ھ/۱۵۴۹ء) ان کے خلیفہ تھے اور انھوں نے قصبۂ بدولی میں ان کا سلسلہ جاری رکھا ۔ ان کے اپنے بھی متعدد خلفا ھوے.

**مآخذ** : عبدالحق : اخبار الاخیار، دہلی ۱۳۰۹ھ/۱۸۹۱ - ۱۸۹۲ء، ص ۱۹۳ بعد (= علی اکبر آردستانی : مجمع الاولیاء، جامعۂ پنجاب، مخطوطہ، ورق ۴۰۰ ب)؛ (۲) مانڈوی : اذکار الابرار، اردو ترجمۂ گلزار ابرار، آگرہ ۱۳۲۶ھ، ص ۲۸۲-۲۰۸ (کذا ۳۰۸؟)؛ (۳) عبیداللہ خویشگی : معارج الولایۃ (مخطوطۂ جامعۂ پنجاب)، ورق ۵۳۸ بعد؛ (۴) Medieval India, Quarterly، اکتوبر ۱۹۵۰ء (ج ۱، شمارہ ۲)، ص ۵۸ .

(محمد شفیع)

**البَذَنْدُوْن** : بزنتی (پوزنتی) (Pozanti) چکت چای Çakitçay پر واقع ھے (جو اپنی بالائی گزرگاھوں میں پوزنتی سویو Pozanti suyu کہلاتا ھے) ۔ یہ اس مشہور درّے سے جو سلسلۂ کوہ طورس Tourus کے درمیان واقع ھے شمال شمال مشرق کی جانب تیرہ کیلومیٹر کے فاصلے پر گزرتا ھے ۔ یہ درّہ سلیشیا کے پھاٹک (Pylae Cilicae) کہلاتے ھیں، ابن خُرداذبہ نے اسے دربُ السلامیۃ لکھا ھے اور آج کل ترکی میں گُلک بو غازی Kulak Boǧazi کہلاتا ھے ۔ روما والے اور بوزنطی اسے پوڈینڈوس Podandos کہتے تھے (Ποδανδός, Ποδενδός, Ποδυανδός, Ποδανδεύς, ʻΡεγεποδανδός) اور عرب جغرافیہ دانوں نے البذندون (بذَنْدون، بذَنْدُون) لکھا ھے ۔ قرون وسطٰی کے مغربی مآخذ اس نام کو بہت سی مختلف صورتوں میں پیش کرتے ھیں، مثلاً Podando ،Poduando ،Opodando

Marfat.com

Botantron، Bothentrot - ظہور اسلام کے بعد جب مسلمان سلیشیا کے درّوں سے گزر کر ایشیاے کوچک پر بار بار تاخت کرنے لگے تو یہ بوزنطیوں کا نہایت اہم مورچہ ہو گیا۔ اس وقت یہ کبدوقیہ Κλεισουρα کے ضلع میں شامل تھا مگر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ آگے چل کر اسے مستقل ضلع بنا دیا گیا۔ البذندون (بزنتی) ہی وہ مقام تھا جہاں ۲۱۸ھ / ۸۳۳ء میں عباسی خلیفہ المأمون کی وفات ہوئی، جب کہ وہ بوزنطیوں سے معرکہ آرائی کرنے گیا تھا۔ بوزنطی سلطنت کے زوال اور ترکوں کے مغرب کی طرف ایشیاے کوچک میں پیش قدمی سے البذندون کی اہمیت زائل ہونی شروع ہو گئی۔ رفتار زمانہ کے ساتھ پہلے وہ سلجوق سلاطین روم کے اور آگے چل کر عثمانی ترکوں کے زیر حکومت آ گیا۔ جب عثمانیوں نے شام اور مصر میں مملوکوں پر فتح حاصل کر لی (۹۲۲ھ / ۱۵۱۶ء تا ۹۲۳ھ / ۱۵۱۷ء) تو نتیجہ یہ ہوا کہ سلسلۂ کوہ طورس کوئی بڑی اہم سیاسی سرحد نہ رہا اور پھر البذندون کی رہی سہی اہمیت، جو اسے سلیشیا کے شمالی دروازے کے نگہبان سرحدی شہر ہونے کی حیثیت سے حاصل تھی، جاتی رہی۔ اولیا چلبی ایک منزل گاہ کی، جو "سلطان خانہ" کہلاتی تھی، مختصر سی کیفیت بیان کرتا ہے اور معلوم ہوتا ہے کہ یہ منزل گاہ در اصل البذندون ہی تھی مگر وہ اس کا اس نام سے ذکر نہیں کرتا۔ انیسویں صدی کے وسط میں البذندون میں ایک 'خان' (=سراے)، ایک ڈاک چوکی اور ایک چنگی خانہ تھا۔ اس وقت یہ ایک معمولی سا گاؤں رہ گیا تھا، جو آطنہ کی سنجاق اور ولایت میں طرسوس کی 'قضا' میں واقع تھا۔ آج کل یہ جمہوریۂ ترکی کے صوبۂ آطنہ میں شامل ہے۔

مآخذ: (۱) ابن خرداذبہ، ۱۰۰، ۱۰۲، ۱۱۰؛ (۲) المسعودی: مروج، ۷: ۱، ۹۶؛ (۳) یاقوت، ۱: ۵۳۰ ببعد؛ (۴) الطبری، ۳: ۱۱۳۴ ببعد؛ (۵) حاجی خلیفہ: جہان نما، ص ۶۰۱؛ (۶) اولیا چلبی: سیاحت نامہ، استانبول، ۱۳۱۴ھ، ۳: ۳۹؛ (۷) Constantinus Porphyrogenitus: *De Thematibus*، Bonn ۱۸۴۰ء، ص ۱۹؛ (۸) Th. Kotschy: *Reise in den cilicischen Taurus*، گوتھا Gotha ۱۸۵۸ء، ص ۳۳۳؛ (۹) V. Langlois: *Voyage dans la Cilicie et dans les Montagnes du Taurus*، پیرس ۱۸۶۱ء، ص ۳۷۷ ببعد؛ (۱۰) F. X. Schaffer: *Cilicia petermanns Mitteilungen*، (در Ergänzungsheft، عدد ۱۴۱)، گوتھا Gotha ۱۹۰۳ء، ص ۸۰؛ (۱۱) Weil: *Chalifen*، ۲: ۲۹۳؛ (۱۲) W. M. Ramsay: *The Historical Geography of Asia Minor*، لنڈن، ۱۸۹۰ء، ص ۳۴۸ ببعد؛ (۱۳) W. Tomaschek: *Zur historischen Topographie von Kleinasien im Mittelalter*، (در *SBAk Wien, Phil.- Hist., Cl.*، ج ۱۲۴)، وی انا ۱۸۹۱ء، ص ۸۴؛ (۱۴) E. W. Brooks: *The Arabs in Asia Minor (641 - 750) from Arabic sources*، در *Journal of Hellenic Studies*، لنڈن ۱۸۹۸ء، ۱۸: ۱۹۳؛ (۱۵) Le Strange، ص ۱۳۳ ببعد؛ (۱۶) K. Miller: *Itineraria Romana*، شٹٹ گارٹ ۱۹۱۶ء، ص ۶۶۳؛ (۱۷) J. Laurent: *L'Arménie entre Byzance et l'Islam depuis la conquête arabe jusqu'en 886*، پیرس ۱۹۱۹ء، ص ۲۳۲؛ (۱۸) F. Taeschner: *Das anatolische Wegenetz nach osmanischen Quellen* (در *Türkische Bibliothek*، ج ۲۳، لائپزگ ۱۹۲۶ء)، ۱: ۱۳۶ ببعد؛ (۱۹) J. Karst و C. F. Lehmann Harpt: *Buzanta*، در *Klio (Beiträge zur alten Geschichte)*، ج ۲۶ (= سلسلۂ جدیدہ، ج ۸)، لائپزگ ۱۹۳۳ء: ص ۳۶۳ تا ۳۶۷؛ (۲۰) E. Hunigmann: *Die Ostgrenze des byzantinischen Reiches von 363 bis 1071*،

marfat.com
Marfat.com

Brussels ۱۹۳۵ء، ص ۲۵۳ (بمدد اشاریہ بذیل مادہ Ποδανός)؛ (۲۱) M. Canard : *Histoire de la Dynastie des H'amdanides de Jazîra et de Syrie*، پیرس ۱۹۵۳ء، ۱ : ۲۸۲ تا ۲۸۵، ۷۳۰؛ (۲۲) V. Cuinet : *La Turquie d' Asie*، پیرس ۱۸۹۱ء، ۲ : ۳۹؛ (۲۳) Pauly - Wissowa، ج ۲۱ / ۱ (۱۹۰۱ء)، بذیل مادہ Podandos : عمود ۱۱۳۶ تا ۱۱۳۹؛ (۲۴) اِ اِ، ت، بذیل مادہ Pozanti؛ [(۲۵) اُ اِ، ع، بذیل مادہ].

(V. J. Parry)

**البَرَاءؓ بن عَازِب** : بن الحارث الاوسی الانصاری، حضرت ابو عُمَارہ، رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کے صحابی، غزوۂ بدر [اور اُحُد] میں خرد سالی کی وجہ سے شریک نہ ہو سکے، لیکن دوسرے [پندرہ] غزوات میں آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کے ساتھ رہے - بعد ازاں انھوں نے اسلامی جنگوں میں بھی حصّہ لیا، رَےّ اور قزوین [قومس] انھوں ھی نے اسلامی مملکت میں شامل کیے تھے - آگے چل کر وہ حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے حامی رہے اور جنگ جمل [رکَ بہ الجمل] نیز صِفّین [رکَ بآں] اور نہروان [رکَ بآں] میں بھی آپ ھی کے جھنڈے کے نیچے لڑے - تین سو پانچ حدیثیں ان سے مروی ھیں، جن میں سے بائیس صحیحین میں ھیں - غدیر الخمّ [رکَ بآں] کی مشہور حدیث انھیں سے مروی ھے [ان کا شمار مفتی صحابہ میں ھوتا ھے] - کوفے میں عزلت گزیں ھونے کے بعد آخری عمر میں ان کی بصارت جاتی رھی تھی - [اسّی برس سے اوپر عمر پا کر] ۷۲ھ / ۶۹۱ - ۶۹۲ء میں وفات پائی [ان کے والد قدیم انصاری تھے؛ اور چار بیٹے کوفے کے محدّثین میں شمار ھوتے ھیں].

مآخذ : (۱) البلاذری : فتوح، ص ۳۱۷ ببعد؛ (۲) ابن سعد، ۴ / ۲ : ۸۰ ببعد؛ (۳) الطبری، ۱ : ۱۳۵۸، ۱۳۷۱ تا ۱۳۷۲؛ (۴) ابن الاثیر : الکامل، ۲ : ۴۰۶؛

۱۱۷ و ۳۰۳ : ۱۷ و ۴ : ۲۷۸؛ (۵) وھی مصنّف : اُسد الغابۃ، ۱ : ۱۷۱ تا ۱۷۲؛ (۶) النووی : تہذیب، ص ۱۷۲ تا ۱۷۳؛ (۷) الصّفدی : [نَکْتُ الهِمْیان فی نُکَت] العُمْیان، ص ۱۲۴؛ (۸) ابن حجر : الاصابۃ، عدد ۶۱۸؛ (۹) I. Goldzihr : *Muh. St.*، ۲ : ۱۱۶؛ (۱۰) Caetani : *Annali*، بمدد اشاریہ؛ [(۱۱) ابن حبیب : المُحبّر، ص ۲۹۸، ۳۱۲؛ (۱۲) ابن عبدالبر : الاستیعاب، ۱ : ۸۵؛ (۱۳) ابن حزم : جمھرۃ انساب العرب، ص ۳۳۱؛ (۱۴) وھی مصنّف : جوامع السیرۃ، ص ۲۷۶، ۳۲۱، ۳۳۶؛ (۱۵) ابن القیسرانی : الجمعُ بَیْنَ رجالِ الصحیحین، ۱ : ۶۱؛ (۱۶) الذَّهبی : سِیَرُ اَعْلام النُّبلاء، ۳ : ۱۲۹ تا ۱۳۰؛ (۱۷) الذھبی : تاریخ الاسلام، ۳ : ۱۳۹؛ (۱۸) البلاذری : اَنْساب الاَشْراف، جلد اول (بامداد اشاریہ)].

(K.V. Zettersteen)

⊗ **البَرَاءؓ بن مالک** : بن النَّضر بن ضَمْضَم، الانصاری، النجّاری، المدنی، نامور صحابی، بڑے بہادر، نڈر، خطروں میں کود جانے والے مجاھد، بطل کرّار، آنحضرت صلّی اللہ علیہ و سلّم کے خادم حضرت انسؓ کے بھائی، غزوۂ اُحُد میں شریک ھوے، اور حدیبیہ میں درخت تلے بیعت کی - مُسَیلِمۂ کذّاب سے جنگ کے دوران میں حضرت براءؓ نے اپنے ساتھیوں سے کہا کہ اپنے نیزوں کی نوکوں پر ڈھال رکھ کر مجھے اس پر بٹھا کر دشمن کے باغ (الحدیقۃ) میں پھینک دو - چنانچہ وہ دشمنوں میں جا گھسے، سخت حملہ کیا اور بہادری کے جوھر دکھاتے ھوے باغ کے دروازے پر قبضہ کر لیا - اس دن انھیں اسّی سے اوپر زخم آئے اور حضرت خالدؓ بن الولید مہینا بھر ان کی مرھم پٹی میں مصروف رھے - جب حضرت عمر فاروقؓ نے حضرت ابو موسی الاشعریؓ کو لشکر دے کر بصرے کے محاذ پر روانہ کیا تو اس میں حضرت براءؓ بھی شامل تھے - ۲۰ ھجری میں محاصرۂ تُستَر کے دوران میں اسلامی

Marfat.com

لشکر کا میمنہ (دایاں بازو) حضرت براءؓ کی قیادت میں تھا ۔ جب مسلمانوں نے ایک زمین‌دوز نالی (سرنگ) کے ذریعے شہر میں داخل ہونے کی تدبیر کی تو حضرت براءؓ حضرت مجزاۃؓ بن ثور کو ساتھ لیے اس سرنگ میں داخل ہو کر شہر کے وسط میں جا نکلے ۔ حضرت مجزاۃؓ کو تو سرنگ سے باہر نکلتے ہی دشمنوں نے ایک بڑا پتھر مار کر شہید کر دیا، لیکن حضرت براءؓ نے باہر نکل کر بڑی بےجگری سے لڑنا شروع کر دیا، یہاں تک کہ شہید ہو گئے ۔ بالآخر مسلمانوں نے شہر فتح کر لیا ۔ حضرت براءؓ نے گھمسان کے معرکوں میں بہت سے دشمنوں کو قتل کرنے کے علاوہ صرف مبارزت میں ایک سو بہادروں کو موت کے گھاٹ اتارا تھا، ان میں مرزبان الزارۃ بھی تھا ۔ حضرت براءؓ مجیب الدعوات بھی تھے ۔

**مآخذ**: (۱) ابن سعد: الطبقات، ۷ / ۱ : ۹؛ (۲) ابو حنیفۃ الدینوری: الاخبار الطوال، ص ۱۱۸، ۱۳۰ (طبع عبدالمنعم عامر)، قاہرہ ۱۹۶۰ء؛ (۳) ابن الاثیر: اسدالغابۃ، ۱ : ۱۷۲؛ (۴) ابن حزم: جمهرة انساب العرب، ص ۳۵۱؛ (۵) الذہبی: تاریخ الاسلام، ۲ : ۳۴؛ (۶) وہی مصنف: سیر اعلام النبلاء، ۱ : ۱۳۲ تا ۱۳۳؛ (۷) ابن حجر: الاصابۃ، ۱ : ۱۴۷ .

(عبدالقیوم)

⊗ * **البَرَاء بن مَعْرُور** : [بن صَخْر، حضرت ابوبشر، الانصاری، الخَزْرَجی، السَّلمی، العَقَبی، النَّقِیب] رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کے صحابی، [متّقی، فاضل اور فقیہ]، ۶۲۲ء کے موسم گرما میں حج کے موقع پر بہ مقام عقبہ جو پچھتر انصار بارگاہ نبوت میں رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم سے بیعت کرنے آئے تھے ان میں معمر شیخ البراء بن معرور الخزرجی کو خاص اہمیت حاصل تھی اور جب رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے ان سے فرمایا کہ آپؐ ان لوگوں سے یہ بیعت لینا چاہتے ہیں کہ وہ آپؐ کی حفاظت اسی طرح کریں گے جیسے اپنی ازواج و اولاد کی تو البراء نے آپ کا ہاتھ تھام لیا ۔ سب کی طرف سے آپ کی حفاظت کا وعدہ کرکے معاہدے پر مہر ثبت کر دی ۔ اسی مجلس میں، جو عقبۂ ثانیہ کہلاتی ہے، یثرب کی نئی آبادی کے بارہ سردار (نقیب) منتخب ہوئے اور اس موقع پر البراءؓ کو بنوسَلِمۃ کا سردار مقرر کیا گیا ۔ تاریخ اسلام میں ان کی شہرت اس واسطے بھی ہے کہ وہ تحویل قبلہ سے پہلے ہی مکّۂ معظّمہ کی طرف رُخ کرکے نماز پڑھتے تھے ۔ جب رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے انھیں روکا اور فرمایا کہ بیت المقدس ہی صحیح قبلہ ہے تو انھوں نے آپ کا کہا مان لیا لیکن بایں ہمہ بستر مرگ پر وصیّت کی کہ ان کی میت کا رخ مکّۂ معظّمہ کی طرف رکھا جائے ۔ ان کی وفات ماہ صفر میں رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم کی ہجرتِ مدینہ سے ایک ماہ قبل مدینۂ منورہ ہی میں ہوئی ۔ وہ قبلہ رُخ مرے اور پہلے شخص تھے جو قبلہ رُخ دفن کیے گئے ۔ [جب آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم مدینے میں تشریف فرما ہوئے تو آپؐ نے ان کی قبر پر جا کر دعاے مغفرت کی] ۔ وفات سے پہلے انھوں نے اپنی جائداد کا تیسرا حصّہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم کے نام وصیّت کر دیا تھا [لیکن آپؐ نے ان کے وارثوں کو واپس کر دیا ۔ ان کے بیٹے حضرت بِشرؓ بدری صحابی تھے ۔ آنحضرت صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم نے انھیں بنوسَلِمۃ کا سردار نامزد فرمایا ۔ حضرت بشرؓ نے آنحضرت صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم کے ساتھ زہریلی بکری کا گوشت کھا لیا، جس کے باعث ان کی وفات ہو گئی تھی ۔ البراء کے بھائی قیس بن معرور بھی صحابی تھے، جو حدیبیہ میں شریک ہوئے تھے ۔ ان کی بیٹی ام بشر بھی صحابیہ ہیں اور دو حدیثیں ان سے مروی ہیں] .

**مآخذ**: (۱) ابن سَعْد، ۳ / ۲ : ۱۳۶ بعد؛ (۲)

marfat.com
Marfat.com

ابن ہشام، ۱ : ۲۹۴ ببعد؛ (۳) الطبری، ۱ : ۱۲۱۷ ببعد؛ (۴) ابن الاثیر، ۲ : ۷٦ تا ۷۸؛ (۵) وہی مصنف، اسد الغابة، ۱ : ۱۷۳ ببعد؛ (٦) ملر Müller : *Der Islam im Morgen-und Abendland*، ۱ : ۸۹؛ (۷) Caetani : *Annali*، بمدد اشاریہ؛ [(۸) ابن حبیب : المحبّر، ۲۷۰، ۲۷۱، ۲۷۳، ۴۱٦؛ (۹) ابن حجر : الاصابة، ۱ : ۱۴۹؛ (۱۰) ابن حزم : جوامع السیرة، ۷۴، ۷۵، ۷٦؛ (۱۱) وہی مصنّف : جمهرة انساب العرب، ۳۵۹؛ (۱۲) ابن سیدالناس : عیون الاثر، ۱، ۱ : ۱۵۷؛ (۱۳) ابن خلدون : العبر (اردو ترجمہ از ڈاکٹر شیخ عنایت اللہ)، ۱ : ۱۹۳؛ (۱۴) ابن القیم : زادالمعاد، ۲ : ۵۱؛ (۱۵) البلاذری : انساب الاشراف، جلد اول (بمدد اشاریہ)؛ (۱٦) الذہبی : تاریخ الاسلام، ۱ : ۱۸۱؛ (۱۷) وہی مصنّف : سیر اعلام النبلاء، ۱ : ۱۹۳ تا ۱۹۵؛ (۱۸) المقریزی : الامتاع، ص ۳۵؛ (۱۹) احمد : المسند، ۳ : ۴٦۰ تا ۴٦۱].

([و ادارہ] K. v. ZETTERSTÉEN)

⊕* بَرَاءَة : (ع) [قرآن مجید میں نویں سورة کے نام (رَبِّكَ به بَراءة (۲)) کے علاوہ یہ لفظ ایک اور جگہ بھی آیا ہے : اَمْ لَكُمْ بَرَاءَةٌ فِي الزُّبُرِ (۹ [القمر]: ۴۳) - لیکن اس مادّے کے دوسرے مشتقات کئی جگہ آئے ہیں - براءة کا لفظ ب ر یْ مادّے سے ہے (بَرِیْ یَبرِیْ بُرُوءا و بَراءٌ و بَراءَةٌ) - عرب کہتے ہیں : بَرِیْ مِنَ الْعَیْبِ او الدَّیْن (= تَخَلَّص وسَلِمَ مِنْهُ) یعنی عیب اور قرضے سے نجات پائی - بَرِیْ مِن التُّهْمَةِ یعنی الزام سے نجات پائی، الزام سے پاک ہو گیا - بَرِیْ یعنی نجات پانے والا، عیب سے پاک ہونے والا وغیرہ - ایک اور شکل ہے : بَرِیَ یَبرَأُ (بَرِیْ یَبرا) بَرْءًا و بُرا و بُرُوءا مِنَ الْمَرَضِ (بیماری سے شفا پائی)، الباریْ = بیماری سے نجات پانے والا - تَبَرَّأَ مِنَ الذَّنْبِ (= تخلّص) یعنی گناہ سے پاک ہوا، الگ ہوا.

امام راغب نے مفردات میں لکھا ہے : اَصْلُ الْبُرْءِ والبَراءِ التَّبَرِّی التَّقَصِّی مِمَّا یُكْرَهُ مُجَاوَرَتُهُ یعنی کسی نا پسندیدہ و نا گوار چیز سے نجات حاصل کرنا، جُدا ہونا - اسی لیے کہا جاتا ہے، بَرَأْتُ مِنَ الْمَرَضِ و بَرِأْتُ مِنْ فُلانٍ و تَبَرَّأْتُ یعنی میں نے مرض سے نجات حاصل کی؛ میں نے فلاں سے چھٹکارا پایا، میں فلاں سے بیزار ہوا - قرآن مجید کی چند آیتوں سے اس آخری معنی کی تائید ہوتی ہے، مثلاً : وَاَنَا بَرِیْٓءٌ مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ (۱۰ [یونس] : ۴۱) = میں تمھارے اعمال سے بیزار ہوں - اِنَّا بُرَءٰٓؤُا مِنْكُمْ وَمِمَّا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ (٦۰ [الممتحنة] : ۴) = ہم تم سے اور ان سے جن کی تم عبادت کرتے ہو بیزار ہیں.

شیعہ مصنّفین و مفسّرین، سورة البراءة سے تبریہ، تبرّو اور تبرّا کا عقیدہ نکالتے ہیں، جس کا مطلب ہے ان اشخاص سے بیزاری یا بے تعلقی جنھوں نے اہل بیت اور حضرت علیؓ سے دوستی یا وفا کا حق ادا نہیں کیا اور ان کے خلاف چلے - تبرّو کے سلسلے میں شیعہ کے مختلف گروہوں کا مختلف عقیدہ ہے - بعض بہت غالی ہیں اور بعض اعتدال پسند، غالی حضرات بڑی دور تک جاتے ہیں اور بڑی شدّت برتتے ہیں، البتہ اعتدال پسند مثلاً زیدیوں کے فرقے سلیمانیہ، بُتْریہ اور یعقوبیہ وغیرہ حضرات ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ سے تبرو کے قائل نہیں (الاشعری : مقالات الاسلامیین، ۱ : ٦۸، ٦۹، استانبول ۱۹۲۹ء) - شیعہ نقطۂ نظر سے تبرّا کے لیے دیکھیے : مہدی علی خان : یوم الغدیر، پٹنہ ۱۳۰۲ھ، ص ۱۸۹ تا ۳۱۱؛ ابن بابویہ القمی : رسالة الاعتقادات، نجف ۱۳۴۳ھ/۱۹۲۴ء، باب ۳۸؛ مدح صحابہ و تبرا (ایسٹ کمیٹی) مارچ ۱۹۳۸ء، کچھوا (بہار)؛ تحفة القاری ترجمۂ صحیح البخاری، لدھیانہ ۱۲۸۵ھ؛ زین العابدین : مجموعۂ اعمال روز عاشورا، مطبع دادو میاں، ۱۲۹٦ھ.

براءة کا لفظ فقہی کتابوں میں ایک اصطلاح کی شکل بھی اختیار کر گیا ہے - اس کا مطلب

Marfat.com

بنیادی طور پر کسی ذمّے داری سے سبکدوشی ہے ۔ زین العابدین کی کتاب الأشباہ و النظائر میں براءۃ کو اصول مان کر وہ صورتیں شمار کی گئی ہیں جن میں کوئی مسئول ذمّے داری سے سبکدوش ہو جاتا ہے، مثلاً کسی فعل میں شک سے مسئول کو فائدہ پہنچتا ہے اور اس سے ذمّے داری ساقط ہو جاتی ہے ۔ اس سلسلے میں نیز ملاحظہ ہو السیوطی : کتاب الاشباہ والنظائر، ص ۳۹، قاہرہ ۱۹۳۶ء۔

فقہا نے 'الأَصْلُ بَرَاءَۃُ الذِمَّۃ' کے بارے میں طویل بحثیں کی ہیں ۔ امام غزالی المستصفی (۱ : ۶۳، بولاق ۱۳۲۲ھ) میں شرع کے نفاذ سے پہلے کے افعال کے بارے میں افعال کی ذمّے داری کو زیرِ بحث لائے ہیں اور مختلف آرا نقل کی ہیں: بعض کے نزدیک ایسے اعمال مباح ہیں، بعض کے خیال میں محظور اور بعض کے نزدیک موقوف ۔ اسی سلسلے میں معتزلہ کا یہ عقیدہ بھی ہے کہ انسانی اعمال کی قانونی اساس عقلِ انسانی ہے اور شرع سے پہلے کے اعمال، جن کی عقلِ انسانی سے تائید نہیں ہوتی، ممنوع ہیں، لیکن امام غزالی نے معتزلہ کے ان خیالات کی تردید کی ہے ۔ الآمدی کی کتاب الأحکام فی اصول الأحکام میں اس کی مزید تشریح ملتی ہے (۱ : ۱۳۰، مصر ۱۹۱۴ء)۔]

براءۃ کا مادہ کئی اور مشتقات میں بھی اصطلاح کی حیثیت میں موجود ہے؛ مثلاً مباراۃ و بریۃ یعنی باہمی رضامندی سے طلاق، جس کی رو سے زوجین آپس کے تمام حقوق سے برضا و رغبت دستبردار ہو جاتے ہیں (لسان؛ جرجانی: التعریفات، بذیل مادّہ؛ نیز دیکھیے الشافعی : کتاب الأُمّ، ۷ : ۱۴۵ و ۲۳۷، بولاق ۱۳۲۵ھ؛ ابن رشد : بدایۃ المجتہد، ۲ : ۶۶، قاہرہ ۱۹۳۵ء) ۔ الاستبراء یعنی لونڈی کے نکاح کے وقت یہ تیقّن حاصل کرنا کہ وہ حاملہ تو نہیں، یا اتنا وقفہ دینا کہ عدم حمل کا تیقّن حاصل ہو جائے [لسان، بذیل مادّہ؛ وؔ، اردو، بذیل اُمّ وَلَد]۔

استنجاء کے ضمن میں بھی استبراء کا ذکر آتا ہے، جس سے مراد یہ ہے کہ رفع حاجت کے بعد کلی طہارت حاصل کی جائے (لسان، ۱ : ۲۵ و کتب فقہ، بذیل کتاب الطہارت) ۔ بیع البراءۃ اس بیع کو کہتے ہیں جس سے کوئی ذمّے داری عائد نہ ہوتی ہو ۔ مثلاً اگر کسی فروخت کردہ چیز میں کوئی ایسا نقص نکل آئے جس کی وجہ سے عام حالات میں بیع فسخ ہو سکتی ہے اور اس کے بارے میں بوقت معاہدہ یہ کہا جائے کہ یہ بیع براءۃ ہے اور فروخت شدہ شے کی کوئی ذمّے داری بیچنے والے پر نہیں تو اس صورت میں بیچنے والا اس کا ذمے دار نہیں ہوگا ۔ اِخْتَلَفَ الْعُلَمَاءُ فِیْ جَوَازِ ھٰذَا الْبَیْعِ یعنی بیع البراءۃ جائز ہے یا ناجائز اس بارے میں علماء میں اختلاف ہے (ابن رشد : بدایۃ المجتہد، ۲ : ۱۵۳، قاہرہ ۱۳۳۳ھ)۔

یمین البراءۃ اس حلف کو کہتے ہیں جس میں یہ کہا جائے کہ اگر فلاں بات میرے قول کے برعکس ہوئی تو میں اسلام سے الگ ہو جاؤں گا ۔ ایسی قسم کی آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم نے ممانعت فرمائی ہے (ابوداؤد : سُنَن، عدد ۳۲۵۸؛ النسائی، کتاب الأیمان و النذور)۔

تبریہ کا مطلب ہے مختلف صورتوں میں عدالتوں کے ذریعے قرار دیے جانے والے دستوری نوعیت کے وہ کل قوانین جن کا مقصد پابندی سے سبکدوش کر دینا ہو؛ مثلاً مراکش کے بدویوں کا تبریہ ۔ یہ ایک تاوان ہے جو قاتل کے والدین مقتول کے والدین کو ادا کرتے ہیں تاکہ وہ قبیلے میں شامل رہ سکیں (*Taxtes arabes des Zaer* : Loubignac، ص ۳۰۹، پیرس ۱۹۵۲ء) ۔ بیت لحم کے علاقے میں براءۃ (جو بگڑ کر برا بن گیا ہے) کا اسی قسم کا

marfat.com
Marfat.com

استعمال پایا جاتا ہے (ھداد، در *ZDPV*، ص ۲۳۳، ۱۹۱۷ء).

براءۃ سے مراد مختلف اقسام کے وثائق بھی ھیں (جمع براءات) - اس کے معنی ھیں = ''سبکدوشی'' یا ''مالی نظام میں سبکدوشی'' (الخوارزمی: مفاتیح العلوم، ص ۳۷، قاھرہ ۱۹۳۰ء؛ Lokkegaard: *Islamic Taxation*، ص ۱۰۹، کوپن ھیگن ۱۹۵۰ء؛ Spuler: *Iran in Frühislam, Zeit*، Wiesbaden ۱۹۵۰ء، ص ۳۳۸، ۳۵۸)۔

اس کا ابتدائی استعمال محصول چنگی کے ان معاھدوں میں ملے گا جو عیسائی حکومتوں کے ساتھ قرون وسطی، خاص کر حفصیوں کے عہد (چودھویں و پندرھویں صدی عیسوی) سے ھونے شروع ھوے۔ لاطینی یا رومی میں اس کے لیے Albara یا Arbara کے الفاظ استعمال کیے گئے ھیں (Mas-Latrie: *Traités de Paix et de commerce*، پیرس ۱۸۶۶ - ۱۸۷۲ء، بمدد اشاریہ)، ساتھ ھی اس میں سرکاری اجازت نامے کا مفہوم بھی شامل ھے، جو اس لفظ نے اختیار کر لیا تھا - اس وقت بلا تأمل یہ لفظ ان متعدّد تحریری دستاویزوں کے لیے استعمال کیا جانے لگا تھا جنھیں ھم آج کل کی اصطلاح میں ''لائسنس، سرٹیفیکیٹ، ڈپلوما'' کہتے ھیں اور اس میں وہ سب تحریریں شامل ھیں جو افسرانِ ادارہ کی طرف سے جاری ھوں یا انھیں بھیجی جائیں، مثلاً اداے رقم یا اجراے حکم کا مطالبہ، پروانۂ راہ داری (Dozy: *Suppl.*، ۱ : ۶۳)، امین (تحویل دارِ سرکاری) کی چٹ، جو وہ مال تجارت کی کسی گانٹھ پر لگائے (سقطی: *Manuel de Hisba*، طبع Colin و Lévi Provençal، ص ۶۱، پیرس ۱۹۳۱ء)، درخواست یا عرض داشت، جو کسی بادشاہ کے سامنے پیش کی جائے (Brunschvig: *Berbérie Orientale*، ۲ : ۱۴۴، حاشیہ ۳) - جزیرہ نماے آیبیریا Iberia کی لغات میں اسی قسم کے الفاظ ملتے ھیں : Catalian میں Albará؛ Castallian میں Albalá؛ Portuguese میں Alvará، جن کے یہی معنی ھیں.

جدید عربی میں اصطلاح 'براءة التنفیذ' سفراء کے اعتمادی اسناد (exequatur) کے معنوں میں اور 'براءة الثّقة' سیاسی اسناد اعتماد کے لیے مروج ھیں (دیکھیے Bercher اور Wehr کی کتب لغات).

شمالی افریقہ کے روزمرہ میں لفظ براءۃ (جو بگڑ کر برا brá هو گیا ھے) بہ کثرت استعمال ھوتا ھے، بیشتر بصورت تصغیر بریّہ Breyya، جس کے معنی معمولی چٹھی، مراسلہ یا رقعہ کے ھیں (اور اسی سے بربری لفظ برات ھے، جو اسی معنی میں مستعمل ھے) - مقام فاس میں معنوی تغیرات کے زیر اثر بریہ عربی میں ایک قسم کی مٹھائی کا نام ھو گیا ھے، جسے چٹھی کی طرح لپیٹ کر ڈبوں میں بند کیا جاتا ھے (Brunot: *Textes arabes de Rabat*، ۲: ۴۰، بمدد فرہنگ، پیرس ۱۹۵۲ء).

عثمانی ترکوں کے عہد میں اس لفظ کا دفتری استعمال بہ شکل بِرَت (= بِرات) رائج ھوا [تفصیل کے لیے رک بہ برات، اُا، اردو].

**مآخذ**: مقالے کے متن ھی میں موجود ھیں.

(R. BRUNSCHVIG [و ادارہ])

**بَراءَة (۲)**: (ع، مصدر)، ب ر ء سے مشتق، بَرَأَ، یَبْرَأُ، بَرْءًا بمعنی پیدا کرنا، عدم سے وجود میں لانا، اسی سے اسم فاعل اَلْبَارِئ (۵۹ [الحشر]: ۲۴) بمعنی پیدا کرنے والا؛ (۲) بَرِئَ، یَبْرَأُ، بَرْءًا بمعنی مرض سے صحت یاب ھونا، بَرِئَ، یَبْرَأُ، بَرَاءَةً بمعنی آزاد ھونا، بیزاری کا اظہار کرنا، بری ھونا، کسی شے سے نکل جانا اور الگ ھو جانا، ذمّے داری اور پابندی سے سبکدوش ھو جانا (لسان العرب؛ مفردات؛ غریب القرآن، بذیل مادّہ؛ نیز رک بہ براءۃ) - براءۃ کا لفظ قرآن مجید میں دو جگہ آیا ھے: سورۃ التوبہ (۹ : ۱) کا آغاز کرتے ھوے اور سورۃ القمر

marfat.com
Marfat.com

(۵۳ : ۳۳) میں.

بَرَاءَة قرآن مجید کی نویں سورۃ التّوبة کا دوسرا مشہور نام ہے، جو اس کے لفظ آغاز سے ماخوذ ہے ۔ اسے سورۃ التوبة اس لیے کہتے ہیں کہ اس میں توبه کا ذکر بکثرت آیا ہے، مثلاً اَلَمْ یَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ هُوَ یَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ . . . الآیة (آیت ۱۰۴) = کیا یہ لوگ نہیں جانتے کہ خدا ھی اپنے بندوں سے توبہ قبول فرماتا اور صدقات و خیرات قبول کرتا ہے اور بے شک خدا ھی توبه قبول کرنے والا مہربان ہے (نیز دیکھیے : ۹ : ۳، ۵، ۱۱، ۲۷، ۷۴، ۱۰۲، ۱۱۲، ۱۱۷، ۱۱۸) ۔ اس سورت کے اور بھی بہت سے نام ھیں، مثلاً اَلْفَاضِحَة، اَلْعَذَاب، اَلْبَحُوث، اَلْمُقَشْقِشَة، اَلْمُنَقِّرَة، اَلْحَافِرَة، اَلْمُثِیْرَة، اَلْمُدَمْدِمَة، اَلْمُخْزِیَة، اَلْمُنَكِّلَة، اَلْمُشَرِّدَة، اَلْمُبَعْثِرَة ۔ سورۃ الفاتحة کی طرح یہ سورت بھی کثرت اسماء کے لحاظ سے منفرد ہے ۔ دو چار آیتوں کے سوا اس کے مدنی ہونے پر اجماع ہے، اس میں ایک سو انتیس آیات ھیں ۔ اور یہی تنہا سورت ہے جس کا آغاز بسم اللہ سے نہیں کیا گیا ۔ بقول حضرت علی کرّم اللہ وجہهٗ سورۃ براءۃ کے آغاز میں بسم اللہ اس لیے نہیں آئی کہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم تو امان اور سلامتی کا اعلان ہے اور سورۃ براءۃ تلوار چلانے اور جہاد کرنے کا حکم لے کر آئی ہے، اور عربوں میں دستور بھی تھا کہ جب معاهده ختم کرنے اور اس کی ذمّے داریوں سے سبکدوش ہونے کا اعلان کرتے تو نہ بسم اللہ لکھتے اور نہ امان اور سلامتی کے الفاظ سے آغاز کرتے (القرطبی : الجامع لاحکام القرآن، ۸ : ۶۱، مصر ۱۹۳۹ء) ۔ جمہور مفسرین کا یہی مذہب ہے کہ سورۂ براءۃ مستقل سورت ہے اور اس کے ناموں کی کثرت بھی اسی بات پر دلالت کرتی ہے (نیز رک بہ الانفال) ۔ براءۃ آنحضرتؐ کی زندگی کے آخری برسوں میں نازل ہونے والی سورتوں میں سے ہے، کچھ حصہ غزوۂ تبوک (رک باں) میں اور کچھ بعد میں نازل ہوا.

اس سورت کا آغاز بَرَاءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖٓ اِلَی الَّذِیْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِیْنَ سے ہوتا ہے یعنی اللہ اور اس کا رسول ان مشرکوں کے معاهدات سے بری الذمه ھیں جن سے تم (مسلمانوں) نے معاهده کیا تھا ۔ بات یہ تھی کہ مسلمانوں نے عہدِ نبوی میں مشرکینِ مکہ اور دوسرے مشرکین سے مختلف معاهدے کیے تھے، بعض معاهدوں میں مدت کا بیان تھا اور بعض مطلق، یعنی بغیر کسی بیانِ مدت کے تھے ۔ اس آیت میں ان عہد والوں سے براءت یعنی ذمّے داری سے دست برداری کا اعلان کیا گیا ہے جن کا عہد مطلق بدون قید مدت تھا، یا جن سے چار مہینے سے کم مدت تک عہد تھا ۔ ایسے مشرکوں کے لیے چار ماہ کی میعاد دی گئی ہے ۔ البتہ جن کے ساتھ اس سے زائد کسی مدت معلومه تک عہد تھا ان کا عہد اسی مدت تک باقی رہا، جیسا کہ ارشاد فرمایا : فَاَتِمُّوْٓا اِلَیْهِمْ عَهْدَهُمْ اِلٰی مُدَّتِهِمْ (۹ [التوبة] : ۴) = جس مدت تک ان سے عہد کیا ہے اسے پورا کرو ۔ البتہ جن کا عہد چار ماہ سے زائد مدتِ معلومه تک تھا اور انھوں نے کسی شرط کو توڑ کر بد عہدی کی تو ان کا عہد بھی باطل ہو گیا ۔ اصحابِ عہد کو اجازت دی گئی کہ وہ چار مہینے امن سے چلیں پھریں اور یہ چاروں مہینے مسلسل تھے یعنی گیارھویں ذوالحجّه سے لے کر ربیع الآخر کی دسویں تاریخ تک ۔ یہ مدت اس لیے دی گئی تھی کہ مشرکین اپنے بارے میں فیصلہ کر سکیں کہ انھیں اپنے مشرکانہ عقائد پر قائم رهنا ہے یا توحید کی نعمت سے بہرہ مند ہو کر حلقہ بگوش اسلام ہونا ہے ۔ چونکہ بیت اللہ اسلام کا مرکز اور دارالسلام تھا اس لیے اسلام کے مرکز میں دشمنانِ اسلام کے قیام کے جواز

marfat.com
Marfat.com

کی کوئی وجہ نہ تھی اور یہ چار ماہ کی مدت اپنے معاملات سے فارغ ہونے کے لیے بہت کافی تھی۔

نو ہجری میں آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم نے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کو امیرِ حج بنا کر بیت اللہ کو روانہ کیا، بعد میں مشرکوں پر اتمامِ حجت کی خاطر حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو بھی سورۃ براءۃ کے اعلان کے لیے روانہ فرما دیا، کیونکہ عربوں کا یہ دستور تھا کہ عہد کی تنسیخ کا پیغام سردارِ قبیلہ خود سنائے یا اس کے گھر کا کوئی فرد۔ چنانچہ حضرت علیؓ اور دیگر صحابہ نے مِنٰی میں قربانی کے دن (یوم النحر) یہ اعلان کر دیا کہ کوئی کافر جنّت میں داخل نہیں ہو گا، کوئی مشرک اس سال کے بعد حج نہیں کرے گا، کوئی شخص عریاں حالت میں خانۂ کعبہ کا طواف نہیں کرے گا، اور جس کسی سے آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کا عہد تھا اس کا عہد اس کی مدت تک قائم رہے گا۔ اس اعلان میں کسی قسم کی بد عہدی یا عہد شکنی کا شائبہ تک نہیں ہے کیونکہ یہ اعلان ہزار ہا مسلمانوں اور مشرکوں کے اجتماع میں کھلے بندوں کیا گیا تا کہ ہمیشہ کے لیے ان دشمنانِ اسلام کی شرارتوں کا سدّ باب کر دیا جائے۔ پھر اسے فوری طور پر نافذ العمل قرار نہیں دیا بلکہ چار ماہ کی مدت مقرر کر دی گئی، تا کہ ہر آدمی بسہولت اپنی راہ متعین کر کے اس پر عمل پیرا ہونے کے لیے انتظامات بھی کر سکے، چنانچہ آئندہ سال دس ہجری میں حِجّۃ الوَداع کے موقع پر کوئی مشرک شامل حج نہ تھا۔ یہ بھی مروی ہے کہ آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم نے براءۃ کے بعد کسی مشرک سے معاہدہ نہیں کیا۔

اس سورت میں یہ بھی فرمایا کہ حاجی لوگوں کی مہمان نوازی اور مسجدوں کی تعمیر کوئی اتنی بڑی بات نہیں؛ اصل چیز اللہ کی راہ میں جانی و مالی قربانی پیش کرنا ہے۔ اسلام کے خلاف اہلِ کتاب کی سازشوں اور شرارتوں کے ذکر کے بعد غلبۂ اسلام کی پیش گوئی فرمائی۔ اسی سورت میں منافقوں کا کردار طشت از بام کیا گیا ہے اور ان کی ایک ایک حرکتِ منافقانہ کا ذکر کیا ہے، مسجد ضِرار کی وضاحت فرمائی ہے۔ جہاد کے احکام کا تفصیلی ذکر کرتے ہوے تاکید فرمائی ہے کہ جب کفار، مشرکوں، منافقوں اور دیگر بد عہدی کرنے والے قبائل سے جنگ چھڑ جائے تو خوب ڈٹ کر مقابلہ کرو اور دشمنوں پر کاری ضرب لگاؤ۔ نیز فرمایا کہ خدمتِ دین قرب الٰہی کا ذریعہ ہے اور سورت ختم کرتے ہوے آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کا حقیقی منصب بتایا کہ آپؐ تو تمھارے بڑے خیر خواہ ہیں، تمھاری تکلیف آپؐ پر شاق گذرتی ہے، آپؐ اتنے شفیق و مہربان ہیں کہ چاہتے ہیں کہ تم لوگوں کو ہلاکت و بربادی سے نجات دلائیں۔

**مآخذ**: بذیل سورۃ براءۃ: (۱) الطّبری: تفسیر؛ (۲) ابن کثیر: تفسیر؛ (۳) الزمخشری: الکشاف؛ (۴) تفسیر المراغی؛ (۵) القاسمی: تفسیر القاسمی، ۸: ۳۰٦۰ ببعد، مصر؛ (٦) السیوطی: لباب النقول؛ (۷) امیر علی: مواهب الرحمٰن، ۱۰: ۴۹ ببعد؛ (۸) لسان العرب؛ (۹) مفردات؛ (۱۰) السجستانی: غریب القرآن، بذیل مادّہ ب ر ء؛ (۱۱) امین دویدار: صُوَر مِنْ حَیاۃِ الرسول، ۵۷٦ تا ۵۸۴، مصر ۱۹۵۸ء؛ (۱۲) ابن هشام، ۴: ۱۸۸؛ (۱۳) ابن سعد، ۲/۱: ۱۲۱؛ (۱۴) الطبری: تاریخ، ۳: ۱۵۴؛ (۱۵) ابن کثیر: البدایة والنهایة، ۵: ۳٦؛ (۱٦) ابن القیّم: زاد المعاد، ۳: ۲۵، مصر ۱۳۴۷ھ؛ (۱۷) المقریزی: امتاع الأسماع، ص ۴۹۸؛ (۱۸) تاریخ الخمیس، ۲: ۱۴۱؛ (۱۹) البخاری، کتاب التفسیر، تفسیر سورۃ براءۃ؛ (۲۰) الترمذی، ابواب تفسیر القرآن، باب سورۃ التوبة.

(عبدالقیوم)

marfat
Marfat.com

* بَرابَره : (جو اصل میں برابِرہ ہے، مفرد بَربَری) نُوبی زبان بولنے والے مسلمان، جو دریاے نیل کے کناروں پر پہلی اور تیسری آبشار کے درمیان بستے ہیں - برابرہ میں کُنُوز، سُکُوت اور مَحَس بھی شامل ہیں، لیکن عام طور پر یہ لوگ خود اپنے لیے برابرہ کا نام استعمال نہیں کرتے؛ چنانچہ لین Lane (۱ : ۱۷۷، عمود ۲) کا خیال ہے کہ اس لفظ کا اطلاق، جسے شروع کے مصنفین مغرب کے بربر قبائل کے لیے کرتے تھے، بہت آگے چل کر بلکہ حال ہی میں ان لوگوں پر ہونے لگا اور اب تک ہو رہا ہے، دَناقلہ [رَکَّ باں]، جو تیسری آبشار کے بالائی علاقے میں رہتے ہیں، زبان اور ڈیل ڈول کے لحاظ سے کُنُوز سے ملتے جلتے ہیں لیکن اپنے آپ کو برابرہ میں شمار نہیں کرتے - آج کل جس علاقے میں برابرہ آباد ہیں پہلے یہ مُقرّہ [= مُقَرّہ] کی نوبی عیسائی سلطنت کا شمالی حصہ تھا، جس کا ۳۱ھ / ۶۵۲ء میں عبداللہ بن سعد سے ایک عہد نامہ ہو گیا تھا - عربوں کی نوآبادی یہاں ۸۶۹ء میں اس وقت شروع ہوئی جب بنو ربیعہ ترکِ وطن کر کے یہاں آئے اور اَسْوان کے علاقے میں بس گئے - ۳۹۶ھ / ۱۰۰۶ء میں جب ابو رَکْوہ کو شکست ہوئی تو کہتے ہیں کہ فاطمی خلیفہ الحاکم نے اسوان میں بنو ربیعہ کے شیخ کو کنزالدولہ کا خطاب دیا (المقریزی : البیان والاعْراب عمّا بارضِ مِصْرَ من الاعْراب، طبع و ترجمہ از Wüstenfeld : *El. Macrizi's Abhandlung über die in Aegypten eingewandertien arabischen Stämme*، در *Göttinger Studien*، ۲ / ۷ : ۴۳۴ - ۴۳۵، ۴۷۵، Göttingen ۱۸۴۷ء) - یہی وجہ ہے کہ اس علاقے کے آس پاس کے برابرہ جو عربوں اور نوبیوں کی اولاد ہیں بنو کَنز یا کنوز کہلانے لگے - آٹھویں صدی ہجری/چودھویں صدی عیسوی میں مقرّہ کی سلطنت کا عربوں کے دباؤ کے باعث خاتمہ ہو گیا اور ان میں باھمی ازدواج کا سلسلہ شروع ہوا اور عیسائیوں کے مقابلے میں مسلمانوں کی آبادی بڑھ گئی - پھر جب سلیم اوّل نے مصر فتح کیا اور بوسنیائی Bosnia پلٹنوں (جنھیں مقامی لوگ غُزّ کہتے ہیں) کے فوجی اڈے اسوان، اِبریم اور سائی میں قائم ہو گئے اور برابرہ کا علاقہ ایک ''کاشف'' کے تحت کر دیا گیا تو پھر بھی ایک دوسرے سے باھمی مناکحت اور نوبی زبان اختیار کر لینے کے باوجود انیسویں صدی تک غُزّ کا جداگانہ وجود قائم رہا - اٹھارھویں صدی میں شمال کے برابرہ ہَوّارہ کے طاقتور شیخ ہُمام ابو یوسف کے زیرِ اقتدار تھے - محمد علی پاشا کے سوڈان پر حملے کی تیاری کے وقت برابرہ کا علاقہ (برابرہ ''کاشفِ لک'') تین بھائیوں کے قبضے میں تھا اور ان کا صدر مقام دِرّ تھا، اسوان، اِبریم اور سائی کی غزّ آبادیاں اپنے اپنے آغا کے ماتحت تھیں - محمد عثمان المِیرغنی نے، جو سلسلۂ خَتمیّہ کا بانی ہے، محمد علی پاشا کی فتح سے چند سال پہلے اسوان سے دُنْقُلَہ کا سفر کیا، جہاں بہت سے لوگ اُن کے مرید ہو گئے - برابرہ جس علاقے میں بستے ہیں وہاں کی مفلوک الحالی انھیں گھر بار چھوڑ کر باہر جانے پر برابر ابھارتی رہی ہے؛ چنانچہ سولھویں صدی کے اندر نیل ازرق (Blue Nile) پر مَحَسی نو آبادیاں قائم ہو چکی تھیں، یہ لوگ اپنی دینداری کے لیے مشہور تھے اور انھوں نے قرآنی مدارس قائم کر رکھے تھے - اکثر بربری سیّاحوں کی یادداشتوں سے پتا چلتا ہے کہ اٹھارھویں صدی سے بربری ملازم قاھرہ میں موجود تھے.

**مآخذ** (۱) H.A. MacMichael : *A History of the Arabs in the Sudan*، کیمبرج ۱۹۲۲ء، ۱ : ۱۲ تا ۳۴، ۱۰۰ تا ۱۹۰، اور بمدد اشاریہ؛ (۲) J.S. Trimingham : *Islam in the Sudan*، لنڈن ۱۹۴۹ء، ان دونوں

marfat.com
Marfat.com

تصانیف میں ماخذ کا بہ کثرت ذکر ہے ۔ انیسویں صدی کے اوائل کے براہرہ کے لیے دیکھیے : (۳) J.L. Burckhardt: *Travels in Nubia*، لنڈن ۱۸۱۹ء۔

(P.M. HOLT)

* بَرات : [بعض علما کے نزدیک یہ لفظ عربی کے لفظ براءۃ کی بگڑی ہوئی شکل ہے (دیکھیے فرہنگ انند راج بذیل مادۂ برات و براءت) ۔ خوارزمی نے مفاتیح العلوم میں لکھا ہے البراءۃ حجۃ یبذلہا الجھبذ و الخازن للمؤدّی بما نؤتیہ الیہ (دیکھیے بذیل مادّہ) لیکن یہ امر تحقیق طلب ہے اور ممکن ہے یہ فارسی الاصل ہو ] ۔ فارسی میں اس کے معنی حکم اعطاے روزینہ نیز حکم یا اجازت نامہ ہے۔ اردو میں بمعنی حصّہ، بخرہ، قسمت، نصیب، بھاجی ہے (فرھنگ آصفیہ، بذیل مادّہ) ۔ ترکی یا غیرزبانوں کے کئی اور الفاظ بھی اس مفہوم میں مستعمل تھے، مثلاً ترکی الفاظ : بِتی، یرلیغ، بیوزولدو، عربی الفاظ : اَمر، حکم، توقیع، منشور، مثال، ارادہ اور فارسی الفاظ : فرمان، نشان ۔ ان میں سے بعض الفاظ آلِ عثمان کے پورے عہد میں استعمال ہوتے رہے اور بعض صرف چند خاص ادوار میں ۔ اسی طرح ان میں سے بعض ایک عام مفہوم میں اور بعض صرف کسی مخصوص و محدود مفہوم میں مستعمل رہے ۔ ایک ہی دستاویز میں ''فرمانِ سلطانی'' کے لیے کئی الفاظ استعمال کیے جا سکتے تھے اور ان سے وسیع مفہوم میں کوئی فرمان بھی مراد لیا جا سکتا تھا اور مخصوص و محدود مفہوم میں بھی کوئی خاص فرمان۔

فرمانِ سلطانی کے معنوں میں بِتی کا لفظ ۱۵۰۰ء کے بعد زیادہ مستعمل نہیں رہا ۔ امر [اِمر] (= اَمر) سے جو چار سو سال تک مستعمل رہا صرف سلطان کے نام سے جاری شدہ ایک عام فرمان ہی مراد نہیں لیا جاتا تھا بلکہ ایک ایسا مخصوص فرمان بھی جس کی رُو سے اجراے برات کا حکم دیا جاتا تھا ۔ اسی بنا پر ہمیں تمہیدات برات میں ایک اصطلاح ''اِلی اِمرِلو'' [= اولو الامر] ملتی ہے یعنی وہ جس کے ہاتھ میں اجراے برات سے متعلق حکم ہو ۔ لفظ حُکم (حُکم) ہمیشہ عمومی قسم کے فرمان کے معنوں میں آتا ہے، لیکن اس سے مخصوص قسم کا فرمان بھی مراد لیا جاتا تھا، جس کی دستاویزات پر حکومت علیحدہ کارروائی کرتی تھی اور جن کا اندراج آج کل ترکی محافظ خانوں (archives) میں ایک علیحدہ شق کے طور پر ہوتا ہے (احکام دفتر لری) ۔ نشان سے بلا قید موضوع ایسے تمام احکام مراد لیے جاتے تھے جن میں طُغری (نشان) بنا ہوا ہو ۔ لیکن دسویں / سولھویں صدی سے وہ احکام خاص طور پر اس نام سے موسوم ہوے جو سلطنت کا اعلیٰ ترین محکمۂ مالیات (دفتر خانہ) مرتب کرتا تھا اور جو مالی معاملات سے متعلق ہوتے تھے ۔ نشان کی مترادف اصطلاح تَوقِیع (= تَوقِیع) تھی ۔ یہ بلا کسی مزید قید کے ایسی دستاویزات کے لیے بھی استعمال ہوتی تھی جو توقیع کے ساتھ جاری کی گئی ہوں (ان کے ہم معنی ہونے کا ثبوت ان دونوں لفظوں سے بنے ہوے لفظ توقیعی اور نشانجی سے ملتا ہے، جو ہم معنی ہیں) ۔ کسی زیادہ اونچے درجے کے حکم کے لیے نادر الاستعمال الفاظ منشور، مثال اور ارادہ (صرف انیسویں صدی سے) مستعمل تھے ۔ برات کا ایک محدود مفہوم بھی تھا، یعنی ''عطیے کی دستاویز'' یا ''کسی عہدے پر تقرر کا فرمان'' ۔ حکومت کے اداروں میں اس قسم کے فرامین پر کارروائی بھی علیحدہ ہوتی تھی ۔ بعض مرکزی دستاویزات کے ناموں میں اس کی یاد باقی ہے، مثلاً ''رؤس برات دفتری'' یعنی ''ان براتوں کا دفتر ... جو ... کیسے سے متعلق مسائل کے

بارے میں جاری ہوے'' - ''کتولک برات دفتری'' وغیرہ (مدحت سرت اوغلو: محتوی باقمندن باش وکالت ارشیوی *Muhteva bakimindan Başvkâlet Arşivi*، ص ۲۹، ۳۲).

چونکہ سلطنتِ عثمانیہ میں تمام عطیات کا مصدر سلطان تھا اس لیے برات ہمیشہ سلطان کے نام سے جاری ہوتی تھی اور اس کے ساتھ ''شریف'' یا ''ہمایون'' کی صفت بھی ہمیشہ استعمال کی جاتی تھی۔

سلطنتِ عثمانیہ کے تمام تقرّرات ''عطیے'' کے ذریعے ہی ہوتے تھے، خواہ ان کا مشاہرہ وقتی طور پر کسی جاگیر کی ملکیت سے ہو یا نقد روپے کی صورت میں ادا کیا جاتا ہو۔ چنانچہ غیر فوجی ملازمتوں میں تمام تقرّرات خواہ وہ پاشا ایسے اعلٰی منصب کے لیے ہوں یا مسجد کے کسی ادنٰی درجے کے خادم کے لیے، برات ہی کے ذریعے عمل میں آتے تھے۔ شام کے اسقفون کو بھی بارگاہِ سلطانی سے اجازت نامے برات کی صورت ہی میں ملتے تھے (اُاِ، ت، طبع اول، ص ۶۷۸، بذیل مادۂ براءۃ)، حتّٰی کہ سلطنت کے باجگذار، مثلاً ٹرانسلوینیا کے فرمانروا، اپنی ریاست میں برات ہی کے ذریعے تسلیم کیے جاتے تھے۔ فرق صرف یہ تھا کہ ان کے نام جاری ہونے والی سند کے مضمون میں اس قسم کی عبارت کا اضافہ کر دیا جاتا تھا ''بُو برات ہمایون و عہدنامۂ صِدِق مُشْحُون ویردم'' یعنی میں نے یہ شاہی برات اور عہد نامۂ صدق جاری کیا۔ اس طرح برات کے نام سے بہت بڑی تعداد میں احکام جاری ہوتے تھے جن کی تقسیم ان کے مضمون کے اعتبار سے کی جا سکتی تھی: وزیر لک براتی، تیمار براتی، مالکانہ براتی، التزام براتی اور اگر برات کسی جماعت کے فائدے کے لیے جاری ہوتی تو اوجاقلق براتی وغیرہ۔

تیمار کی جاگیروں کے انتظامات کے سلسلے میں استعمال ہونے والی بہت سی تعبیرات کا لفظ برات خاص طور پر ایک جزو بن گیا، مثلاً ''برات عالی شان ایچون تذکرہ ویرلدی'' یعنی حکم (سند) المعروف بہ تذکرہ جو کسی اعلٰی برات کے اجرا کے لیے دیا گیا، ''برات شریفم ویرلمک فرمانیم اولمغین'' یعنی از انجا کہ ایک اعلٰی برات کے اجرا کے لیے میں نے اپنا شاہی فرمان جاری کر دیا ہے، ''تذکرہ برات اتّرمک'' یعنی دستاویز المعروف بہ تذکرہ کا تبادلہ برات سے کرنا، ''تجدید برات اولنمق بابندہ خطِّ ہمایون صادر اولمغین'' یعنی چونکہ تجدید برات کے لیے فرمان سلطانی صادر ہو گیا ہے (ایسی کارروائی کا حکم عموماً سلطان کی تخت نشینی کے بعد جاری کیا جاتا تھا [یعنی ہر سلطان تخت نشینی کے بعد از سرِ نو براتوں کی تقسیم یا تجدید کرتا تھا، دیکھیے اُاِ، ترکی، بذیل مادّہ])، ''الی براتلی'' یعنی برات کا ہاتھ میں ہونا (یہ ترکیب مذکورۂ بالا الی امِرلو کے ہم معنی ہے)، ''اہل برات'' یعنی جس کے پاس کوئی برات ہو۔ سرکاری دستاویزات میں اکثر اجرا شدہ برات کے حوالے بھی ملتے ہیں۔ تاہم اکثر اوقات عطایا کی دستاویزات میں لفظ برات استعمال نہیں ہوتا تھا اور اس کے مضمون ہی سے یہ نتیجہ اخذ کیا جا سکتا تھا کہ یہ بیک وقت برات ہے بھی یا نہیں۔

عطیے کے چھوٹے یا بڑے ہونے کے مطابق برات کی دستاویز سادہ یا زیادہ پُر تکلّف ہوتی تھی لیکن یہ ہمیشہ دیوان کی طرز میں لکھی جاتی تھی اور اس کے اجزاے ترکیبی اور ان کی ترتیب بھی عموماً وہی ہوتی تھی۔ دعائیہ کلمات اور طُغری کے بعد، جو عبارتِ متن سے خارج ہوتے تھے، متن کا آغاز دو طریقوں سے ہوتا: ایک میں رسمی آداب

marfat.com
Marfat.com

سے زیادہ کام لیا جاتا، ''نشان شریف عالی شان سلطانی . . . حکمی اولدر کہ'' یعنی اعلیٰحضرت سلطان والا شان کا نشان . . . جس کا حکم یہ ہے کہ؛ دوسرا انداز نسبۃً سادہ ہوتا تھا، ''سبب تحریر حروف اولدر کہ'' یعنی اس دستاویز کے لکھنے کا سبب یہ ہے کہ۔ رسمی انداز کی دستاویز میں سلطان مخصوص ایرانی طرز کی تعبیرات استعمال کرتا تھا، یعنی یہ کہ ''اس اختیار کی بنا پر جو ذات باری کی طرف سے اسے ملا ہے وہ اپنی وفادار رعایا کو نوازنا اپنا فرض تصور کرتا ہے، لہذا اس معینّہ تاریخ سے وہ اپنی رعایا کے ایک فرد (یہاں اس کا نام مذکور ہوتا تھا) کو فلاں عہدہ یا ملازمت یا ملکیت عطا کرتا ہے'' ۔ اگر کسی عہدے یا ملازمت کے ساتھ بعض جاگیریں بھی وابستہ ہوتی تھیں (اور بسا اوقات صورت یہی ہوتی تھی) تو یہاں ان کی تشریح کر دی جاتی تھی (ذکر و شرح و بیان اولنور) ۔ یہ شرح و بیان خارجی اعتبار سے متن کا سب سے نمایاں حصہ ہوتا تھا، اس کے لیے دفتری خط (خط سیاقت) استعمال ہوتا تھا، جس میں معمولی عربی ہندسے لکھے جاتے تھے اور وہ دستاویز کا الگ جزو بن جاتے تھے ۔ اس کے بعد متعلقہ عام باشندوں کے لیے مناسب تنبیہ کے کلمات ہوتے کہ وہ ''نامبردہ'' کو صوباشی یا سنجاق بیگی وغیرہ کی حیثیت سے تسلیم کریں؛ پھر خاتمے پر سلطان کے احکام کی یہ عام عبارت لکھی جاتی تھی کہ ''ہر شخص یہ احکام تسلیم کرے اور نشانِ سلطانی یعنی طُغریٰ پر اعتبار کرے'' ۔ بعض صورتوں میں دستاویزِ برات پر تاریخ کا اندراج نہ ہوتا اور بعض میں ہوتا تھا تو متن سے مختلف لکھائی میں کسی اَور شخص کے ہاتھ کا لکھا ہوتا، یعنی تاریخجی قلمی (شعبۂ اندراج تاریخ) نامی دفتر کے کسی آدمی کا ۔ دستاویز کے آخر میں کاغذ کے بائیں کونے پر مقام اجرا درج ہوتا تھا (بمقام، یا اگر سلطان میدان جنگ میں ہوتا تو بیورت) .

برات کی تحریر کے لیے کچھ رقم ادا کرنا پڑتی تھی (رسم برات) ۔ ہمیں جو معلومات میسر ہیں ان سے یہ پتا نہیں چلتا کہ اس کی سرکاری شرح کیا تھی، لیکن جو متعدد نظیریں ملتی ہیں ان کی رو سے نسبۃً کم قیمت عطیات کی صورت میں یہ رقم ایک اَور تین فی صد کے مابین گھٹتی بڑھتی رہتی تھی (دیکھیے Laszló Velics و Ernó Kammerer : *A magyarországi török kincstári defterek*، ج ۱ و ۲، بوڈا پسٹ ۱۸۸۶ و ۱۸۹۳ء) .

فارسی کی دستاویزات عطیات کی بنا پر، جن کی تعداد اَور بھی کم ہے (Makar Khubča : *Persidskoe firiakî i ukazî Muzeya Gruzii*، ج ۱، تفلس ۱۹۳۹ء؛ B. S. Puturidze : *Gruzinopersidskie istoričeskie dokumentî*، تفلس ۱۹۵۵ء؛ A. D. Papasiyak : *Persidskie dokumentî Matekadaraka*، ج ۱، Erivan ۱۹۵۶ء) ۔ کہا جا سکتا ہے کہ ان کے اجزاے ترکیبی اور بیشتر جملے بھی ایسے ہوتے تھے جیسے ترکی برات میں ۔ لیکن ان میں لفظ برات مستعمل نہیں ہوتا کیونکہ جب یہ لفظ فارسی میں استعمال ہوتا ہے تو اس کے معنی وہ نہیں رہتے جو ترکی میں ہیں .

**مآخذ** : برات کے بارے میں معلومات کے لیے دیکھیے :

(۱) L. Fekete : *Einführung in die osmanischtürkische Diplomatik der türkischen Botmässigkeit in Ungarn*، بوڈا پسٹ ۱۹۲۸ء، ص ۳۶ تا ۴۷؛ (۲) اسمٰعیل حقّی اُوزُن چارشیلی : طُغریٰ و پنچہ لر *Tugra ve pençeler*، *Belleten*، شمارہ ۱۷ / ۱۸، انقرہ ۱۹۴۱ء؛ (۳) وہی مصنّف : عثمانلی دولتنک سرای تشکیلاتی، انقرہ ۱۹۴۵ء، ص ۲۸۴؛ (۴) وا، ترکی، ۲ : ۵۲۳ تا ۵۲۴؛ (۵) مدحت

Marfat.com

سِرت اوغلو: محتوی با قمندن باش وکالت ارشیوی، انقره ۱۹۰۰ء؛ (۶) متون برات (کتب انشاء کے متون پر مبنی) احمد فریدون نے منشئات السّلاطین میں شائع کیے؛ (۷) Friedrich Kraelitz، در TOEM، ۵ : ۲۳۶؛ (۸) Franz Babinger : *Le Monde Oriental* (چربے)، ۱۳ (۱۹۲۰ء) : ۱۱۵؛ (۹) L. Fekete : کتاب مذکور؛ (۱۰) L. Kulisch : *Mitteilungen der Ausland - Hochs-chule an der Universität Berlin*، Jg ۳۱، Abt. ۲، *Westasiatische Studien*، ص ۱۲۵؛ (۱۱) Gibb و Bowen، ج ۱ و ۲، ۱۹۵۰ تا ۱۹۵۷ء، بمدد اشاریہ؛ [(۱۲) فرہنگ انند راج، بذیل مادّہ؛ (۱۳) فرہنگ آصفیہ، بذیل مادّہ.]

(L. FEKETE)

**براتلی** : بمعنی صاحبِ برات، جسے برات دی گئی ہو۔ اٹھارھویں صدی کے اواخر اور انیسویں صدی کے اوائل میں یہ لفظ سلطنت عثمانیہ کی ایسی غیر مسلم رعایا کے لیے استعمال ہوتا تھا جن کے پاس معقول تجارتی اور مالی مراعات کی برات ہوتی تھی۔ یہ براتیں یورپ کے سفارت خانے اپنے امتیازی حقوق (Capitulations) سے ناجائز فائدہ اٹھا کر تقسیم کر دیا کرتے تھے۔ ابتدا میں یہ مقامی طور پر بھرتی کیے ہوئے قنصل خانوں کے عمّال اور گماشتوں کے لیے ہوتی تھیں، لیکن بعد ازاں یہ مقامی سوداگروں کے ہاتھ، جن کی تعداد روز بروز بڑھتی گئی، فروخت یا عطا کی جانے لگیں، اور اس طرح انھیں امتیازی اور زیرِ حفاظت جماعت کی حیثیت حاصل ہوگئی۔ عثمانلی حکام نے یہ کاروبار ختم کرنے کی سعی کی؛ چنانچہ اس صدی کے آخر میں سلیم ثالث نے یورپی قنصل خانوں کے مقابلے میں مقامی عیسائی اور یہودی تاجروں کو براتیں خود جاری کرنا شروع کر دیں۔ پندرہ سو پیاسٹر ادا کرنے پر ان براتوں کے ذریعے یورپ سے تجارت کرنے کا حق اور اہم قانونی، مالی اور تجارتی مراعات مل جاتی تھیں اور برات لی گئی پابندیوں سے مستثنٰی قرار پاتے تھے۔ ان عطیات سے عثمانلی ذمّیوں کو غیر ملکی (مُسْتأمن) تاجروں کے ساتھ، کم و بیش مساوی سطح پر، مقابلہ کرنے کا موقع مل گیا اور اس سے ایک نیا طبقہ وجود میں آیا جسے مراعات حاصل تھیں اور جو اوروپہ تجّاری کے نام سے مشہور ہوا۔ اس طبقے میں یونانیوں نے خاص امتیاز حاصل کر لیا کیونکہ انھیں بحری سفر کی مہارت تھی اور دیگر مواقع حاصل تھے۔ مزید برآں نپولین کی جنگوں کے زمانے میں ایک مدت تک وہ اپنے جہازوں پر غیر جانبدار سلطنت عثمانیہ کا جھنڈا استعمال کر کے بھی فائدے میں رہتے تھے۔ انیسویں صدی کے شروع شروع میں مسلمان سوداگروں کے لیے بھی مراعات کی توسیع کر دی گئی؛ چنانچہ وہ بارہ سو پیاسٹر رقم ادا کرنے پر تاجروں کی ایک اسی قسم کی انجمن خیریّہ تجّاری کے رکن بن سکتے تھے۔ مگر جن لوگوں نے اس رعایت سے فائدہ اٹھایا ان کی تعداد بہت کم تھی۔ تنظیمات کے نفاذ کے بعد یہ انجمن اور مذکورہ نام دونوں متروک ہو گئے.

**مآخذ** : (۱) جودت: تاریخ، ۶ : ۱۲۹ تا ۱۳۰؛ (۲) عثمان نوری: مجلۂ امور بلدیہ، ۱، استانبول ۱۹۲۲ء: ۶۷۵ تا ۶۸۹؛ (۳) M.Z. Pakalm: عثمانلی تاریخ دیملری و ترملری سوز لوغو *Osmanli Tarih Deyimleri ve Terimleri Sözlügü*، استانبول ۱۹۳۶ء بعد، ۱ : ۱۱۵ تا ۱۱۷، ۷۸۰ تا ۷۸۳؛ (۴) Gibb و Bowen، ۱/۱ : ص ۳۱۰ تا ۳۱۱.

(B. LEWIS)

**بَراثا** : بغداد قدیم کے ایک محلّے کا نام، جو شہر کے مغربی حصّے میں محلۂ باب مُحَوّل کے جنوب میں واقع تھا اور ابتدا میں بغداد قدیم سے

marfat.com
Marfat.com

کوئی تین کیلومیٹر کے فاصلے پر تھا۔

بغداد کی تعمیر سے پہلے براثا ایک گاؤں تھا - بعض لوگوں کا دعوٰی ہے کہ ایک مرتبہ حضرت علی رض ابن ابی طالب اس گاؤں سے گزرے تھے اور آپ نے اسی جگہ جہاں بعد میں مسجد بنائی گئی نماز پڑھی تھی - براثا ایک سریانی لفظ بریثه Baraytha سے مشتق ہے، جس کے معنی ''بیرونی'' کے ہیں - کئی اہلِ علم و فضل البراثی کی نسبت سے مشہور ہیں۔

**مآخذ**: (١) یاقوت، ١ : ٥٣٢ تا ٥٣۴؛ (٢) مراصد، قاہرہ ١٩٥۴ء، ١ : ١٧۴؛ (٣) الصولی : اخبار الراضی و المتقی (طبع Dunne)، قاہرہ ١٩٣٥ء، ص ١٣٦، ١٩٢، ١٩٨، ٢٨٥ (فرانسیسی ترجمه از M. Canard، الجزائر ١٩۴٦ تا ١٩٥٠ء، بمدد اشاریه)؛ (۴) الخطیب البغدادی : تاریخ بغداد (مقدمه مشتمل بر ذکر مقامات) (طبع Salmon)، پیرس ١٩٠۴ء، ص ١١٦ تا ١١٧، ١۴٨ تا ١٥١، ١٦٨؛ (٥) ابن حوقل، ص ٢۴١؛ (٦) الیعقوبی : البلدان، ص ٢۴۴؛ (٧) ابن الجوزی : مناقب بغداد (طبع الاثری)، بغداد ١٣۴٢ھ، ص ٢١، ٢٢؛ (٨) احمد حامد الصراف : الشبک، بغداد ١٩٥۴ء، ص ٢٧٠ تا ٢٨١؛ (٩) علی بن الحسن الاصبہانی : تاریخ مسجد براثا، بغداد ١٩٥۴ء، ص ٢١؛ (١٠) G. LeStrange : *Baghdad during the Abbasid Caliphate*، آوکسفرڈ ١٩٠٠ء، ص ١٥٣ تا ١٥٦، ٣٢٠؛ (١١) Streck : *Babylonien nach den Arab. Geographen*، ١ : ٥٢، ٧١، ٩٠، ٩۴ تا ٩٥، ١٥٢ تا ١٥٣؛ (١٢) Fränkel : *Die Aram Fremdwörter in Arab*، ص xx.

(G. AWAD)

* **بَرادُوست** : (برادُسْت) کردوں کے دو ضلعوں کا نام، ان میں سے ایک جنوب کی جانب اُشنو، رایَت اور روانْدُوز کے درمیان ہے، جس کا بڑا شہر کانی رِش ہے - یه شہر ایک چٹان کی چوٹی پر واقع ہے، جس کی بلندی ۴٣٧٢ فٹ ہے - اس ضلع کی شمالی سرحد گردیِ (شَمْدِینان)، مغربی سرحد شروان اور مشرقی سرحد بِلْبَاس سے جا ملتی ہے - قَنْدِیل کا پہاڑی سلسله (C.J. Edmonds، ص ٢۴۴، حاشیه) اس ضلع کو چاروں طرف سے گھیرے ہوئے ہے - زاب خرد (لاوِن، اس کے بعد ایرانی علاقے میں کَلُو) کے سر چشمے اس علاقے میں واقع ہیں - کِلِ شِین کی مشہور اُرزتُو (لاٹ) بھی یہیں ہے اور اس نام کے درّے پر واقع ہے - اس کے علاوہ ایک برادُوست اور بھی ہے، جو صُومای برادُوست کہلاتا ہے، یه شمال کی جانب تَرْگور اور قُوتُور کے درمیان واقع ہے اور اس کا صدر مقام چہریک قلعه ہے (B. Nikitine، ص ٧٩، ٢٦٣) - یہی وہ مقام ہے جہاں [علی محمد] باب کو تبریز میں قتل کیے جانے سے پہلے محبوس کیا گیا تھا - برادُوست کی ابتدائی تاریخ ہمیں اچھی طرح معلوم نہیں - زکی M. E. Zaki (تاریخ، ص ٣٨٨، ٣٨٩) کے بیان کے مطابق اس ریاست کے بانی آل حسن دَیه (٣۴٨ھ / ٩٥٩ء تا ۴٠٦ھ / ١٠١٥ء) یعنی ناصر الدوله بدر اور اس کے تین بیٹے تھے - اس خاندان کا سب سے زیادہ مشہور امیر غازی قِران بن سلطان احمد تھا - شروع میں اس نے شاہ اسمٰعیل [صفوی] کی مخالفت کی، لیکن آگے چل کر دونوں کے تعلّقات درست ہو گئے؛ چنانچه شاہ نے اسے غازی قِران کا لقب عطا کیا اور تَرْگور صُومای اور دُول کے اضلاع بطور اقطاع دیے - اس کا نتیجه یه ہوا که یه بہادر امیر جنگ چالدِیران (٩٢٠ھ / ١٥١۴ء) تک اپنے داخلی امور میں خود مختار رہا اور اس کے بعد دوسرے کُرد امیروں کی طرح وہ بھی عثمانلی سلطان کے ساتھ مل گیا - سلطان نے اس کی قدر دانی کی اور اسے اربِل، بغداد اور دِیارَبکْر کی ولایتوں میں بہت سے اضلاع عطا کیے - امارتِ صُومای کی بنیاد

Marfat.com

شاہ محمد بک بن غازی قران نے رکھی اور وہاں اس خاندان کے خاتمے تک اسی کی اولاد حکومت کرتی رہی۔ ۳۹۵ھ/۱۰۰۵ء میں صوبای کا امیر اولیا بک تھا ۔ ترگور کے امیر بھی اسی طرح براد وست قبیلے کے افراد تھے۔ شرف خان نے لکھا ہے کہ اس کے زمانے (دسویں صدی ھجری/سولھویں صدی عیسوی) میں اس خطّے کا امیر ناصر بک بن خازین بک بن شیخ حسن تھا ۔ خان یکدس قبیلے کی اس شاخ کا سب سے زیادہ مشہور شخص تھا ۔ اس نے قلعهٔ دمدم میں اپنی حفاظت کی تھی اور یہ واقعہ کرد عوامی گیتوں اور کہانیوں کا ایک بڑا موضوع بن گیا ۔ وہ شاہ عبّاس اول کے عہد کے آغاز میں اپنے علاقے کا امیر تھا اور اس کے خلاف بغاوت کر کے وہ قلعهٔ دمدم میں پناہ گزین ہو گیا تھا۔ یہ واقعات ۱۰۱۷ء میں ظہور پذیر ہوئے۔ براد وست کے دیگر کرد سرداروں میں قابل ذکر یہ ہیں: جنوبی علاقے میں فیض اللہ بے، جس کا Layard (ص ۳۷۳، ۳۷۴) نے ذکر کیا ہے، اور یوسف بک، جس نے شمدینان کے میر محمد سے جنگ کر کے نام پیدا کیا ۔ یہ دونوں ایک باھمی معاھدے کے پابند تھے، لیکن پھر بھی یوسف نے غدّاری کر کے اسے قتل کر ڈالا اور اسی بنا پر یہ کہاوت مشہور ہو گئی کہ براد وست برای دوست (= براد وست ایک مہینے کا دوست) ۔ شمالی کی طرف صادق خان تھا، جس نے خاندان قاجار کے بر سر اقتدار آنے میں نمایاں حصہ لیا ۔ آگے چل کر یہ فتح علی شاہ کے خلاف ہو گیا (۱۲۱۱ھ/ ۱۷۹٦ء) ۔ ھمارے زمانے سے قریب تر اسمٰعیل آغا صیمقو عبدوی کا نام قابل ذکر ہے، جس نے پہلی عالمی جنگ کے زمانے میں اور اس کے فوراً بعد روسی ترکی محاذ اور عراق میں خاصا نام پیدا کیا ۔ فروری ۱۹۱۸ء میں صیمقو نے نسطوری بطریق بنیامین مارشمعون کو ایک پھندے میں پھنسا کر قتل کروا دیا ۔ کچھ عرصے کے لیے صیمقو جھیل اُرمیه کے مغرب میں واقع تمام علاقے کا مالک رہا، لیکن ۱۹۲۲ء میں ایرانی حکومت نے ایک تادیبی مہم بھیج کر اسے اس علاقے سے نکال دیا ۔ اس نے رواندوز کے قریب پناہ لی اور کچھ دن بعد ایران واپس آنے اور اپنا اقتدار دوبارہ قائم کرنے کی کوشش کی، مگر اُشنو کے قریب قتل کر دیا گیا (C. J. Edmonds، ص ۲۵۲، ۳۰۵، ۳۱۳، ۳۱۵، ۳٦۲) ۔ براد وست کے بڑے بڑے قبیلوں میں اس نام کا قبیلہ اپنی اھمیت کھو بیٹھا ہے ۔ آج کل قبیلۂ بالکی جنوب میں سب سے زیادہ طاقتور ہے، جس کے تقریباً دس ھزار گھرانے ھیں ۔ ان کا علاقہ، جو ...ین کے پہاڑی سلسلے کے اندر ہے، دشوار گزار ہے۔ اس کا مرکز شہر رایت ہے ۔ پہلے یہاں امیر شہران کو غلبه حاصل تھا: اس کا معمول تھا کہ ھر گھرانے میں سے ایک آدمی کو اپنی فوج میں بھرتی کر لیتا تھا ۔ جب شہران کا خاندان ختم ہو گیا تو اس قبیلے نے دوبارہ اپنی خود مختاری حاصل کر لی، جو آج تک (۱۹۵٦ء) بر قرار ہے ۔ اس کا موجودہ سردار عزیز بک ہے (ایم ۔ ای ۔ زکی: خلاصة، ص ۳۹۲) ۔ شمال میں شقاق سب سے بڑا قبیلہ ہے، جس کے گھرانوں کا شمار دو ھزار کے قریب ہے (ایم ۔ ای ۔ زکی: خلاصة، ص ۳۱۴) ۔ بقول تاریخ جودت، جس کا زکی نے حوالہ دیا ہے (کتاب مذکور، ص ۲۳۸) یہ قبیلہ اور حیدرانلو دونوں ایک ہی نسل سے ھیں ۔ ان کا اصل وطن میّا فارقین کے قرب و جوار میں تھا.

مآخذ: (۱) H. C. Rawlinson: *Notes on a journey through Persian Kurdistan*، در *JRGS*، ۱۰: ۲؛
(۲) Layard: *Ninivch and Babylon*، لندن ۱۸۵۳ء، ص ۳۷۳ تا ۳۷۴؛
(۳) Binder: *Voyage au Kurdistan*،
(۴) F. Millingen: *Wild Life among* ... ۱۸۷۰ء، ص ۱۰۳؛

marfat.com
Marfat.com

the Kurds ‹۱۸۷۰ء، ص ۳۳۵ ببعد؛ (۵) O. Mann : Die Mundart der Mukri Kurden ‹۱۹۰۶ء، ۲ : ۱ تا ۴، ۱۹ تا ۴۸ (دِمْدِم)، ۴۳ حاشیه ۱۷ (کانی پِرش)؛ (۶) Westarp : Unter Halbmond n. Sonne ‹۱۹۱۲ء، ص ۲۱۱ تا ۲۲۵؛ (۷) ایم - ای - زکی : تاریخ الدول . . . الکُرْدیة، قاهره ۱۹۴۵ء؛ (۸) خلاصة تاریخ الکرد، بغداد ۱۹۳۶ء، ص ۲۰۰ تا ۲۰۶ (دِمْدِم)؛ (۹) C.J. Edmonds : Kurds, Turks, Arabs ‹OUP در ۱۹۵۷ء؛ (۱۰) Folklora Kyrmanca، اریوان ۱۹۳۶ء، ص ۶۷ تا ۸۵ (دِمْدِم)؛ (۱۱) اریوان، ۱۹۵۷ء، ص ۱۰۶ تا ۱۲۵ (دِمدِم)؛ (۱۲) B. Nikitire : Les Kurdes ‹۱۹۵۶ء، ص ۷۹، ۸۰، ۲۶۳ (چِهریق قلعه).

(B. NIKITINE)

* **برار :** پہلے یہ برطانوی ہند کا ایک صوبہ تھا - یہ چار اضلاع یعنی اَمراوتی، اَکولا، بُلدانہ اور یوت مال (= ایوت محل) پر مشتمل تھا - رقبہ ۱۷۸۰۹ مربع میل - آبادی ۳۶۰۴۸۶۶ جس میں ۳۳۵۱۶۹ مسلمان تھے (مردم شماری ۱۹۴۱ء) - برطانوی حکومت میں اس کا نظم و نسق صوبجاتِ متوسط کے حصّے کے طور پر کیا جاتا تھا - حال میں اسے ریاست بمبئی میں شامل کر دیا گیا ہے .

خاندان گپتا کے ہم عصر واکاتک راجاؤں کا علاقہ کم و بیش موجودہ برار کے مطابق تھا - مسلمان پہلے پہل اس پر ۱۲۹۴ء میں حملہ آور ہوے لیکن ۱۳۱۸ء تک وہ مستقل قبضہ نہیں کر سکے - دکن کی بہمنی سلطنت کا یہ انتہائی شمالی صوبہ (طرف) بنا لیکن نویں / پندرھویں صدی کے اواخر میں یہاں عماد شاہی خاندان کی خود مختار سلطنت قائم ہو گئی، جس کا الحاق ۱۵۷۴ء میں احمد نگر کے نظام شاہی بادشاہوں نے اپنی سلطنت سے کر لیا - اکبر نے اپنے دورِ حکومت کے آخری ایام میں اسے فتح کیا اور ۱۷۲۴ء تک یہ سلطنت مغلیہ کا ایک صوبہ بنا رہا تا آنکہ آصف جاہ نظام الملک حیدر آباد میں خود مختار ہو گیا - جب تک ۱۸۰۳ء میں آرتھر ولزلی نے اسئی Assaye کے مقام پر مرہٹوں کو شکست نہیں دی یہ مرہٹہ فوجوں کی تاخت کا بارہا نشانہ بنتا رہا (دیکھیے ناگ پور)۔ ۱۸۰۴ء میں برار کے علاقے، جن پر ناگ پور کے بھونسلا راجا کا قبضہ ہو چکا تھا، نظام کے حوالے کر دیے گئے - لارڈ ہیسٹنگز کے دورِ حکومت میں کچھ مدت تک برار کا نظم و نسق پامر اینڈ کمپنی کے ساہوکار تاجروں کے سپرد رہا (بروے C. Collin Davies : *Preliminary Report on the Russel Correspondence relating to Hydrabad*، *The Indian Archives*، ج ۸، شمارہ ۱، ۱۹۵۴ ببعد) - ۱۸۵۳ء میں برار ایسٹ انڈیا کمپنی کے حوالے کر دیا گیا اور اس کی آمدنی کچھ تو نظام کے قرضوں کی ادائی میں اور کچھ حیدر آباد کی امدادی فوج (Contingent) پر صرف ہونے لگی - ۱۹۰۲ء میں ایک عہدنامے کی رو سے لارڈ کرزن نے برار پر نظام کے استحقاق کی تو دوبارہ توثیق کی لیکن صوبے کا پچیس لاکھ روپیہ سالانہ مالیے پر حکومت ہند کو استمراری پٹّا یعنی دوامی ٹھیکا دے دیا گیا - لارڈ ریڈنگ وائسراے کے عہد میں برار کی بحالی کے بارے میں نظام کا مطالبہ ناکام رہا - بعد ازاں لارڈ ولنگڈن اور لنلتھگو کے عہد میں اگرچہ نظام کے حق میں بعض اقدامات کیے گئے لیکن آزادیِ ہند کے بعد ۱۹۵۶ء تک برار کا نظم و نسق بدستور صوبجات متوسط کے ماتحت ہی رہا۔

**مآخذ :** (۱) *Pecuniary Transactions of Messrs William Palmer and Co.* ‹Court of Proprietors) ‹E.I.C. لنڈن ۱۸۲۴ء؛ (۲) R. G. Burton : *History of the Hydrabad Contingent* ‹کلکتہ ۱۹۰۵ء؛ (۳) *Imperial Gazetteer of India*، بذیل مادۂ برار، آوکسفرڈ

Marfat.com

١٩٠٨ء؛ (٣) *Parliamentary Papers*، برار ١٩٢٥ء، Cmd. ٢٣٣٩، ١٩٢٦ء، Cmd. ١٦٢١ .

(C. COLLIN DAVIES)

**البُراق** : [(ع) ب ر ق سے مشتق ہے، وہ سواری جس پر حضرت رسول اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم شب اسراء (رَكَ بہ اسراء و معراج ، رَكَ بان) تشریف لے گئے تھے ۔ سفید بے عیب رنگ اور چمک دمک نیز اپنی برق رفتاری کے باعث اسے البُراق کہا گیا ہے (لسان العرب؛ نیز النہایة، بذیل مادّہ) ۔ قرآن مجید کی آیت ذیل کے ضمن میں مفسّرین نے البُراق کا ذکر کیا ہے : سُبْحٰنَ الَّذِیْٓ اَسْرٰی بِعَبْدِهٖ لَیْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَی الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا الَّذِیْ بٰرَكْنَا حَوْلَهٗ لِنُرِیَهٗ مِنْ اٰیٰتِنَا (١٧ [بنی اسرائیل] : ١) ۔ وہ پاک ذات ہے جو اپنے بندے (حضرت محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم) کو راتوں رات مسجد حرام (یعنی مسجد کعبہ) سے مسجد اقصٰی ( یعنی بیت المقدس) تک جس کے گردا گرد ہم نے برکتیں کر رکھی ہیں لے گیا تا کہ ہم ان کو اپنی نشانیاں دکھلائیں .]

الطبری نے اپنی تفسیر قرآن میں اسراء کے بارے میں بہت سی احادیث نقل کی ہیں ۔ ان میں سے ایک حدیث میں رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کی سواری کا جانور محض ایک گھوڑا بیان کیا گیا ہے (١٥ : ٦ ببعد)؛ تاہم ابتدائی دور کی اکثر احادیث میں اُسے البُراق کہا گیا ہے اور اس کی تعریف یہ کی گئی ہے کہ وہ خچر اور گدھے کے بین بین جسامت کا ایک جانور تھا، بعض اوقات اس کی مزید تفصیل یہ بتائی جاتی ہے کہ اس کا رنگ سفید تھا ۔ یہ بھی بتایا جاتا ہے کہ یہ لمبا تھا (مسلم، کتاب الایمان، حدیث ٢٠٩)، اس کی کمر اور کان لمبے تھے (ابن سعد، ١ / ١ : ١٤٣)، اس کے کان ہلتے تھے (الطبری : تفسیر، ١٥ : ١٠)؛ اور یہ زین اور لگام سے مُزیّن تھا (وہی کتاب، ص ٢) ۔ رجز گو شاعر العجّاج نے حضرت ابراھیم علیہ السلام کے سلسلے میں ''لگام والے'' البُراق کا ذکر کیا ہے (طبع Ahlwardt، ٣٥ : ٤٩ - ٥٢) رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم سے قبل دوسرے انبیاء کی بھی اس طرح کی سواری کا ذکر آتا ہے (الطبری : تفسیر، ١٥ : ١٠؛ ابن ھشام، ص ٢٦٣) ۔ بیان کیا جاتا ہے کہ اس کی معمولی رفتار یہ تھی کہ'' اس کا ہر قدم اس کی حد نظر تک کا فاصلہ طے کرتا تھا ([ابن کثیر : تفسیر، ٥ : ١٠٩]؛ ابن ھشام، ص ٢٦٤؛ ابن سعد، ١/١ : ١٤٣) ۔ الطبری : تفسیر ١٥ : ٣ میں یہ بھی درج ہے کہ البُراق کی ''پنڈلیوں پر پر تھے جن کے ذریعے وہ اپنی ٹانگیں آگے بڑھاتا تھا (نیز دیکھیے امیر علی : مواھب الرحمن، ١٥ : ١٠ تا ٣٠) ۔ ان الفاظ کا مطلب درحقیقت یہ ہے کہ البُراق اپنی ٹانگیں بہت سُرعت سے چلا سکتا تھا ۔ صرف متأخّر زمانے میں اسے حقیقی پروں سے مزیّن بتایا گیا ہے، قلمی تصویروں (یا مرقّعوں) میں اسے بالعموم پردار حیوان کی صورت میں پیش کیا گیا ہے، نحوی اعتبار سے البُراق کے لیے صیغۂ تذکیر اور صیغۂ تانیث دونوں مستعمل ہیں ۔

بعض احادیث میں آیا ہے کہ جب رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم اس پر سوار ہونے لگے تو اس نے مُنہ زوری میں دُم ہلائی، اس پر حضرت جبرائیلؑ نے کہا کہ اے براق بخدا، ایسا بلند مرتبت انسان تم پر کبھی سوار نہیں ہوا (ابن ھشام، ص ٢٦٣؛ [ابن کثیر : تفسیر، ٥ : ١١٢]) ۔ کہا جاتا ہے کہ بیت المقدس پہنچ کر رسول اللہ اس سے اُترے اور اسے ایک چٹان (''صخرة''، الطبری : تفسیر، ١٥ : ٧) یا اس ''کُنڈے'' سے باندھ دیا جس سے انبیاء اسے باندھا کرتے تھے (مسلم، کتاب الایمان، حدیث ٢٠٩؛ [الترمذی، ابواب تفسیر القرآن، سورة بنی اسرائیل]؛

marfat.com
Marfat.com

الطبری : تفسیر، ۱۵ : ۱۰؛ ابن سعد ۱ / ۱ : ۱۴۳ بعد) ۔ بخاری اور مسلم سے مروی بعض احادیث کی رُو سے سفر معراج میں البرّاق ھی آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کی سواری تھا ۔ قدیم زمانے ھی میں اسراء اور معراج دونوں کے بارے میں روایات باھم مختلط ھو گئی تھیں ۔ روایات کے اس اختلاط کا اثر ''البرّاق'' کے تصوّر پر بھی پڑا جو آھستہ آھستہ ایک ''اڑنے والا گھوڑا'' بن کر رہ گیا . . . .

براق کے تصوّر نے آگے چل کر جو ارتقائی مراحل طے کیے ان کا پتا ادبی تصنیفات سے زیادہ اس کی تصویروں میں ملتا ھے ۔ البرّاق کی جو قدیم ترین تصویر ھمیں مل سکی ھے وہ ۱۳۱۴ء کی ھے (یہ رشیدالدین کی جامع التواریخ کے ایک مخطوطے میں ھے) ۔ بہر حال یہ بات واضح ھے کہ اس تصوّر میں جو تبدیلی پیدا ھوئی وہ ان فنون کی مرھونِ منّت ھے جن کا تعلق بصریات سے ھے ۔ فارسی منظومات بالخصوص نظامی کی مثنویات کی تصویروں میں البرّاق اپنے سوار اور رھنما جبرائیلؑ کے ساتھ نہایت مقبول موضوع بن گیا تھا ۔ نظامی کے قلمی مخطوطے (Or. ۲۲۶۵، موزۂ بریطانیہ) میں جو شاندار تصویر تیار کی گئی ھے اسے کمالِ فن سمجھا جا سکتا ھے .

**مآخذ** : (۱) ابن ھشام، ص ۲۶۳ تا ۲۶۵؛ (۲) ابن سعد، ۱/۱ : ۱۴۳ بعد؛ (۳) البخاری، بدء الخلق، ص ۶؛ مناقب الانصار، ص ۴۲؛ (۴) مسلم، کتاب الایمان، ص ۲۵۹، ۲۶۴؛ (۵) النسائی، کتاب الصلوٰۃ؛ (۶) احمد بن حنبل: المسند، ۳ : ۱۴۸ و ۴ : ۲۰۷، ۲۰۸؛ (۷) الطبری : تفسیر، قاھرہ ۱۳۲۱ھ، ۱۵ : ۳ تا ۱۳؛ [(۸) ابن کثیر : تفسیر، بذیل ۱۷ [بنی اسرائیل] : ۱؛ (۹) امیر علی : تفسیر مواھب الرحمٰن، ۱۵ : ۱ تا ۳۰؛ (۱۰) البلاذری : انساب الاشراف، ۱ : ۲۵۵؛ (۱۱) ابن القیم : زادالمعاد، ۲ : ۲۰۷، ۴، مصر ۱۳۴۷ھ؛ (۱۲) المقریزی : الامتاع، ص ۲۹؛] (۱۳) الترمذی، ابواب تفسیر القرآن، باب سورۃ بنی اسرائیل؛ (۱۴) النووی : شرح مسلم، قاھرہ ۱۲۸۳ھ، ۱ : ۲۳۳ بعد؛ (۱۵) ابن البلخی : فارس نامہ، طبع G. Le Strange و R. A. Nicholson، لنڈن ۱۹۲۱ء (سلسلۂ یادگارِ گب، ۱ : ۱۲۶)، ترجمہ لیسٹرینج، در *JRAS*، ۱۹۱۲ء، ص ۲۶ بعد؛ (۱۶) الدمیری: حیوٰۃ الحیوان، بولاق ۱۲۸۴ھ، ۱ : ۱۳۶ بعد؛ (۱۷) M. Wolff : *Muhammadanische Eschatologie*، لائپزگ ۱۸۷۳ء، ص ۱۰۱ بعد (عربی متن، ص ۷۵)؛ (۱۸) E. Blochet، در *RHR*، ۴۰، ۱۸۹۹ء : ۲۰۳-۲۳۶؛ (۱۹) B. Schrieke، در آآ، لائڈن، بار اول، بذیل مادّۂ اسراء؛ (۲۰) A.A. Bevan : *Mohammed's Ascension to Heaven*، در *Beihefte zur ZATW*، ج ۲۷، Giessen ۱۹۱۴ء، ص ۴۹ - ۶۱)؛ (۲۱) J. Horovitz : *Muhammeds Himmelfahrt*، در *Isl.*، ۹، ۱۹۱۹ء : ۱۵۹ - ۱۸۳؛ (۲۲) M. Asin Palacios : *La escatologia musulmana en la Divina Comedia*، باردوم، میڈرڈ۔ غرناطہ ۱۹۴۳ء؛ (۲۳) E. Cerulli : *Il "Libro della Scala"*، وٹیکن ۱۹۴۹ء (= *Studi e Testi*، ص ۱۵۰)؛ (۲۴) A. Guillaume : *Where was al-Masjid al-Aqsa*، در الاندلس، ۱۸، ۱۹۵۳ء : ۳۲۳ - ۳۳۶؛ (۲۵) R. Paret : *Die "ferne Gebetsstätte" in Sure 17*، در *Isl.*، ۳۴، ۱۹۵۹ء : ۱۵۰ تا ۱۵۲؛ (۲۶) W. Arnold : *Painting in Islam*، آوکسفرڈ ۱۹۲۸ء، ص ۱۱۷ - ۱۲۲؛ (۲۷) R. Ettinghausen، در *Ars Orientalis* (۱۹۵۷ء)، ۲ : ۵۵۰ - ۵۵۸؛ (۲۸) وھی مصنّف : *Persian ascension miniatures of the fourteenth century*، (Accademia Nazionale dei Lincei, XII Convegno "volta" Promosso dela classe di Scienze Morali, Storiche e Filologiche، روما ۱۹۵۷ء، ص ۳۶۰ - ۳۸۳) .

(R. Paret)

Marfat.com

**بُراق حاجب** : (صحیح تر : برَق)، کرمان کے قُتلغ خانوں کا پہلا خان ۔ اصل میں قرہ ختائی تھا اور جوینی کے کہنے کے مطابق قرہ خطائیوں کی. ۱۲۱۰ء میں تَلَس پر شکست کے بعد وہ سلطان محمد خوارزم شاہ کے سامنے لایا گیا اور اس سلطان کی ملازمت میں داخل کر لیا گیا اور ہوتے ہوتے وہ ''حاجب'' (Chamberlain) کے درجے پر پہنچ گیا ۔ نَسَوی کا کہنا ہے کہ گورخاں فرمانروائے قرہ ختای کے دربار میں بھی وہ اسی عہدے پر سرفراز تھا ۔ اسے سلطان محمد کے پاس بطورِ قاصد بھیجا گیا تو سلطان نے اسے زبردستی اپنے پاس روک لیا اور قرہ ختای حکومت کے قطعی خاتمے کے بعد اسے اپنی ملازمت میں لے لیا ۔ جب سلطان خوارزم شاہ نے تاتاری فوجوں کے مقابلے میں فرار کی حالت میں وفات پائی تو اس کے لڑکے جلال الدین خوارزم شاہ [رَکَ بہ جلال الدین منکو برتی] نے ہندوستان میں پناہ لی لیکن اس کے ایک اَور لڑکے غیاث الدین پیر شاہ نے عراق عجم پر اپنا قبضہ جما لیا (زمستان ۱۲۲۱ - ۱۲۲۲ء) ۔ یہیں براق بھی اس سے آ ملا اور غیاث الدین نے اسے اصفہان کا گورنر بنا دیا ۔ اس کے بعد براق کا غیاث الدین کے وزیر سے جھگڑا ہو گیا اور اس نے ہندوستان جانے کی اجازت حاصل کر لی تا کہ وہاں سلطان جلال الدین کی ملازمت میں داخل ہو جائے ۔ راستے میں کِرمان کے گورنر نے اس پر حملہ کر دیا مگر براق نے حملہ آور کو شکست دی اور صرف یہی نہیں بلکہ اس کے علاقے پر قبضہ جما کر بیٹھ گیا اور پھر ہندوستان جانے کا ارادہ فسخ کر دیا (۱۲۲۲ - ۱۲۲۳ء) ۔ یہ جوینی کا بیان ہے، نسوی براق کی بابت کہتا ہے کہ وہ شروع ہی سے کِرمان کا گورنر مقرر کر دیا گیا تھا ۔ جب ۱۲۲۴ء میں سلطان جلال الدین کرمان میں نمودار ہوا تو اس نے براق کے منصب کی توثیق کر دی، اگرچہ اس کے دل میں اس کی طرف سے کچھ بدگمانیاں بھی تھیں ۔ ۱۲۲۶ء میں جب وہ تفقاز میں سرگرمِ پیکار تھا اسے خبر ملی کہ براق نے بغاوت کر دی ہے ۔ جوینی کہتا ہے کہ اس باغی کی عاجلانہ سرکوبی کے لیے سلطان فورًا تِفلِس سے کرمان روانہ ہوا اور سترہ دن میں سرحد کرمان پر آ پہنچا ۔ مگر پھر اس لیے واپس چلا گیا کہ براق نے صلح پسندانہ رویہ اختیار کیا یا اس وجہ سے کہ براق نے مدافعت کے زبردست انتظام کر لیے تھے ۔ ۱۲۲۸ء میں غیاث الدین اپنے بھائی سے جھگڑا کرنے کے بعد کرمان میں پناہ گزیں کی حیثیت سے پہنچا ۔ یہاں اس کی ماں کو مجبور کیا گیا کہ وہ اپنی مرضی کے خلاف براق سے شادی کر لے ۔ اس کے بعد اس پر الزام لگایا گیا کہ وہ اور اس کا بیٹا (غیاث الدین) ایک سازش میں شریک تھے جو براق کے قتل کرنے کے لیے کی گئی تھی ۔ اس الزام کی بنا پر ماں اور بیٹے دونوں کو قتل کر دیا گیا ۔ قتل کی تفصیل میں جوینی اور نَسَوی کا اختلاف ہے ۔ جُوَینی لکھتا ہے کہ پہلے غیاث الدین کو قتل کیا گیا، نَسَوی کہتا ہے کہ وہ ماں کے قتل کے بعد کچھ دن قید میں رہا اور یہ بھی افواہ تھی کہ وہ (بچ کر) اِصفہان بھاگ گیا تھا ۔ جُوَینی بیان کرتا ہے کہ اس کے بعد براق خلیفہ کے پاس پہنچا اور اپنے مسلمان ہو جانے کا اعلان کرتے ہوئے خلیفہ سے درخواست کی کہ اسے خود مختار سلطان تسلیم کر لیا جائے ۔ خلیفہ نے اس کی درخواست منظور کی اور اسے ''قُتلُغ سلطان'' (خوش نصیب سلطان) کا خطاب دیا ۔ ۶۳۰ھ / ۱۲۳۲ - ۱۲۳۳ء میں مغول سپہ سالاروں نے، جو سیستان کے علاقے میں سرگرم کار تھے، براق کو پیغام بھیجا کہ وہ خان اعظم کا مطیع و منقاد ہو جائے ۔ براق نے بذات خود منگولیا جانے سے عذر کیا لیکن ہے بدلے اپنے لڑکے

marfat.com
Marfat.com

رکن الدین کو بھیج دیا ۔ رکن الدین ابھی راستے ہی میں تھا کہ اسے باپ کے انتقال کی خبر ملی ۔ اس کی وفات ۱۲۳۵ء کے اواخر گرما یا اوائل خزاں میں واقع ہوئی.

**مآخذ**: (۱) جوینی، ترجمہ از J.A. Boyle: *The Histry of the World Conquerer*، ۲ جلد، مانچسٹر ۱۹۰۸ء؛ (۲) نسوی، طبع اور ترجمہ O. Houdas: *Historoy du Sultan Djelal ad-Din Mankobirti*، ۲ جلد، پیرس ۱۸۹۱ء - ۱۸۹۰ء؛ (۳) B. Spüler: *Die Mongolen in Iran*، برلن ۱۹۰۰ء.

([J.A. Boyle و] W. Barthold)

* **براق خاں**: (یا صحیح تر برق خاں)، چغتائی ریاست کا ایک فرمان روا ۔ یہ Mö'etuken کا پوتا تھا، جو بامیان پر لڑتے ہوئے مارا گیا ۔ اس کے باپ یسون تؤا Yesün-To'a کو جلا وطن کر کے چین بھیج دیا، کیونکہ وہ اس سازش میں جو خان اعظم منگو (Mongke) کے قتل کرنے کے لیے کی گئی تھی شریک تھا ۔ براق نے اپنی عملی زندگی منگو کے جانشین قبلای خان (۱۲۶۰ تا ۱۲۹۴ء) کے دربار میں شروع کی ۔ جب مارچ ۱۲۶۶ء میں قرہ ہلاگو Kara-Hülagu کا بیٹا مبارک شاہ چغتائی ریاست کا خان منتخب ہوا تو قبلای نے براق کو ایک فرمان (''یرلیغ'') دے کر ماوراء النہر بھیجا کہ وہ بھی قبلای کے بھتیجے نائب السلطان (= مبارک شاہ) کے ساتھ شریک حکومت رہے ۔ براق نے پہلے تو فرمان (''یرلیغ'') کو چھپائے رکھا اور اس کے بعد جب فوج اس کی مدد گار ہو گئی تو مبارک شاہ پر حملہ کر دیا اور اسے شکست دے کر ستمبر ۱۲۶۶ء میں خجند کے مقام پر گرفتار کر لیا.

اگرچہ براق تخت حاصل کرنے میں قبلای کا مرہون منت تھا مگر بہت جلد وہ خان اعظم سے برسر پیکار ہو گیا ۔ اس نے خان اعظم کے صوبےدار کو چینی ترکستان سے نکال باہر کیا اور قبلای کی فوج کو، جو اس نے اپنے صوبے دار کو بحال کرنے کے لیے روانہ کی تھی، شکست دی ۔ قبلای کے بڑے حریف قیدو کے ساتھ، جو خاندان اوکتای (Ögedei) کا سردار تھا اور Semirečye پر اپنا قبضہ جمائے بیٹھا تھا، جنگ کرنے میں براق کو زیادہ کامیابی نصیب نہ ہوئی ۔ ابتدا میں تو اسے فتح ہوئی مگر پھر قیدو نے التون اردو ([= اردوے مطلا] (Golden Horde)) کی مدد حاصل کر کے براق کو سیر دریا (سیحون) پر شکست دی اور وہ ہٹ کر ماوراء النہر کے اندرونی حصے میں چلا گیا، جہاں اس نے جان توڑ کر لڑنے کی تیاری کی لیکن دونوں حکمرانوں میں مصالحت ہو گئی اور ۱۲۶۹ء کے موسم بہار میں تلس میں ایک 'قورلتای' (=مجلس شوری) کا انعقاد ہوا، جس میں قیدو کے زیر اقتدار ایک سلطنت مرتب کی گئی، جو خان اعظم کے اقتدار سے بالکل آزاد تھی ۔ قیدو اور براق دونوں نے آپس میں ایک دوسرے کو ''اندا'' یا آندہ (یعنی حقیقی بھائی) کے نام سے پکارا اور سمجھوتا ہو گیا کہ دونوں حکمران پہاڑوں اور نیم صحرائی علاقوں میں رہیں گے اور اپنے گھوڑوں کے گلوں کو مزروعہ اراضی سے باہر رکھیں گے اور رعایا سے کوئی چیز بجز جائز مالگزاری کے وصول نہ کریں گے ۔ ماوراء النہر کا دو تہائی حصہ براق کے لیے چھوڑ دیا گیا لیکن مزروعہ علاقوں کی حکومت مسعود بیگ کے سپرد کی گئی، جو قیدو کا مقرر کیا ہوا تھا.

مجلس شوری کے موقع پر براق نے اپنا ارادہ ایران کے ایل خان اباقا خاں کے علاقے پر یورش کرنے کا ظاہر کیا تھا اور قیدو نے اس کی تائید کی تھی اس امید پر کہ اس طرح ایک خطرناک حریف دور ہو جائے گا ۔ مسعود بیگ کو ایران بہ ظاہر

marfat.com

Marfat.com

کو اس لیے بھیجا گیا کہ وہ براق اور قیدو کے لیے زمین کا لگان وصول کرے لیکن در حقیقت وہ اس ملک کی خفیہ نگرانی کرنے کے لیے مقرر کیا گیا تھا۔ براق نے واپس آتے ہی آمو دریا (جیحون) کو پار کر کے خراسان اور افغانستان کے کچھ حصے قبضہ کر لیا۔ لیکن قیدو کی بھیجی ہوئی فوج نے اس کی برائے نام مدد کی اور تھوڑے ہی دن میں براق کو مشکلات میں پھنسا ہوا چھوڑ دیا۔ یکم ذوالحجّہ ۶۶۸ھ/ ۲۲ جولائی ۱۲۷۰ء کو اباقا نے اپنے مدّمقابل کو شکست فاش دی اور براق فقط پانچ ہزار سپاہیوں کے ساتھ جیحون عبور کر کے پسپا ہوا۔

براق نے اپنی زندگی کا آخری سال کیسے گزارا اس کے بارے میں مختلف بیانات ہیں۔ وصّاف کہتا ہے کہ اس نے زمستان بخارا میں گزارا جہاں اس نے اسلام اختیار کیا اور اپنا لقب سلطان غیاث الدین رکھا۔ دوسرے سال اس نے سیستان پر حملہ کیا لیکن بعض والیان ریاست کے منحرف ہو جانے کی وجہ سے اس کی تدبیروں پر پانی پھر گیا اور اس نے مجبور ہو کر اپنے آپ کو قیدو کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا اور قیدو نے اسے زہر دلوا دیا۔ رشید الدین، جس کا بیان زیادہ مشرّح، ہے کہتا ہے کہ رؤسا کا انحراف اسی وقت ظاہر ہو گیا تھا جب براق پسپا ہوا اور جیحون عبور کر کے ادھر آیا تھا۔ اس نے قیدو سے مدد کی التجا کی۔ قیدو ایک لشکرِ جرّار کے ساتھ آہستہ آہستہ آگے بڑھا۔ اس کا خیال یہ نہ تھا کہ براق کی مدد کرے بلکہ یہ تھا کہ اس موقع سے خود فائدہ اٹھائے۔ اس درمیان میں براق بغاوت فرو کرنے میں کامیاب ہو گیا تھا اور اس نے اپنے بھائی (اندا) سے درخواست کی کہ وہ واپس چلا جائے لیکن قیدو بڑھتا ہی چلا آیا۔ آخر کار اس کی فوجوں نے براق کے فوجی پڑاؤ کو چاروں طرف سے گھیر لیا۔ دوسرے دن صبح کو جب قیدو کی افواج پڑاؤ میں داخل ہوئیں تو انھیں معلوم ہوا کہ براق رات ہی کو اور جیسا کہ کہا گیا ہے خوف کے مارے چل بسا۔ جمال القرشی کے بیان کے مطابق اس کی وفات ۶۷۰ھ کے آغاز میں یعنی ۹ اگست ۱۲۷۱ء کو یا اس کے بعد ہوئی۔ قیدو کے حکم سے اس کو ایک بلند پہاڑ پر مغول طریقے کے مطابق دفن کیا گیا۔ اسلامی طریقے سے تدفین نہیں کی گئی۔

مآخذ: (۱) تاریخ وصّاف، طبع Hammer، ص۱۳۳ ببعد، ترجمہ ص ۱۲۸ ببعد؛ (۲) رشید الدین: جامع التواریخ، طبع Blochet، ۲: ۱۶۸ ببعد اور ۱۷۷ ببعد؛ (۳) d'Ohsson: *Histoire des Mongols*، ۳: ۴۲۷ ببعد؛ (۴) Grousset: *L'Empire des steppes*، پیرس ۱۹۳۹ء؛ (۵) B. Spuler: *Die Mongolen in Iran*، بار دوم، برلن ۱۹۵۵ء؛ (۶) W. Barthold: *Four Studies on the History of Central Asia*، ترجمہ V. Minorsky و T. Minorsky، لائڈن ۱۹۵۶ء۔

(W. Barthold [و J. A. Boyle])

⊗ **براکلمان:** [= بروکلمن] Carl Brockelmann مشہور جرمن مستشرق، ۱۸۶۸ء میں بمقام روستوک پیدا ہوا اور ۱۹۵۶ء میں وفات پائی۔ اس کی شہرت کی نقیب اس کی کتاب *Geschichte Der Arabischen Litteratur* (تاریخ الادب العربی، عربی ترجمہ از عبدالحلیم النجار مصری، الناشر الادارۃ الثقافیۃ بجامعۃ الدول العربیۃ، دارالمعارف، مصر ۱۹۵۹ - ۱۹۶۲ء) ہے، جو مع اپنے ضمیموں کے پانچ جلد میں شائع ہو چکی ہے (طبع اول، ۱۹۰۱-۱۹۳۶ء، طبع دوم، جلد اول ۱۹۴۳ء، جلد دوم ۱۹۴۹ء، تکملہ اول، ۱۹۳۷ء، تکملہ دوم ۱۹۳۸ء، تکملہ سوم، ۱۹۴۲ء)۔ براکلمان کا دوسرا کارنامہ ابن سعد کی مشہور کتاب الطبقات الکبیر کی طباعت کا آغاز ہے۔

marfat.com
Marfat.com

اس نے کتاب کی تین جلدیں ۱۹۰۳ تا ۱۹۱۷ء میں شائع کیں ۔ اس کی شائع کردہ بعض دیگر کتب درج ذیل ہیں : (۱) کتاب لبید شاعر؛ (۲) حکایات مصر جدید و مصر میسلامیس Miscellamies (۱۹۳۷ء)؛ (۳) زکریا رازی کے پچانوے رسائل جو طب، نجوم، طبیعیات، ماوراے طبیعیات اورحکمت الٰہی وغیرہ پر مشتمل ہیں؛ (۴) ابن قتیبہ الدینوری (م ۲۷۶ھ) کی عیون الاخبار؛ یہ کتاب براکلمان نے استانبول اور پیٹروگراڈ کے کتب خانوں کے دو مخطوطوں کی مدد سے ترتیب دی ہے؛ (۵) کتاب خانۂ ایاصوفیہ کی فہرست؛ (۶) ابو المظفر ابیوردی اور (۷) ابن حجر العسقلانی پر ایک ایک تحقیقاتی رسالہ؛ (۸) عربی زبان کے لیے لاطینی رسم خط؛ (۹) کتب خانۂ برسلاؤ کے عربی، فارسی، ترکی اور عبرانی مخطوطات کی فہرست؛ (۱۰) ھمبرگ کے کتب خانے کے مشرقی مخطوطات کی فہرست (ما سوائے عبرانی مخطوطات)؛ (۱۱) ابن الأثیر کی کتاب الکامل اورالطبری کی تاریخ الرسل والملوک میں باہم کیا تعلق ہے اس پر تحقیقی مقالہ؛(۱۲) ان لوگوں کے حالات جن سے محمد بن اسحٰق نے اپنی کتاب المغازی میں روایت کی ہے؛ (۱۳) دیوان لبید کے حواشی؛(۱۴) ابن الجوزی کی کتاب تلقیح فھوم اھل الاثر کی طباعت؛(۱۵) ارمنی زبان میں یونانی کے دخیل الفاظ؛ (۱۶) سریانی لغت؛(۱۷) ابن الجوزی کی کتاب الوفاء کی طباعت؛(۱۸) علم الاصوات و الصرف پر ایک رسالہ؛ (۱۹) الجھشیاری کی کتاب الوزراء والکتّاب کی طباعت؛ (۲۰) ابن جنی کی کتاب سرّ الصناعة کی طباعت؛ (۲۱) حبشی زبان کے بولنے پر چند ملاحظات؛ (۲۲) عبرانی زبان میں مفعول مالم یسم فاعله کی بحث؛ (۲۳) ابن حزم کی طوق الحمامة کی طباعت؛ (۲۴) کیا حامی زبانوں کی اصل موجود ہے؛ (۲۵) سامی اور قدیم مصری زبانوں کے مشتقات؛ (۲۶) عربی کا لاطینی رسم خط میں لکھنا؛ (۲۷) البلاذری کی انساب الاشراف پر ملاحظات؛ (۲۸) تاریخ الشعوب والدول الاسلامیه (پانچ جلد) اس کتاب کے انگریزی، فرانسیسی، عربی اور ترکی میں بھی تراجم ہو چکے ہیں؛ (۲۹) کنعانی زبان پر چند ملاحظات؛ (۳۰) دائرۂ معارف اسلامیۂ لائڈن میں ایک سو سے زائد مقالات ۔ جرجی زیدان نے تاریخ آداب اللغة العربیة اور سرکیس نے اپنی معجم المطبوعات کی تالیف میں براکلمان کی نگارشات سے بہت فائدہ اٹھایا ہے ۔ براکلمان نے متعدد یونیورسٹیوں میں کام کیا ہے، مثلاً برسلاؤ، برلن، کونسبرگ، ھالہ.

**مآخذ** : (۱) ابوالقاسم سحاب : فرهنگ خاورشناسان، تہران ۱۳۱۷ھ ش، ص ۷۱ ببعد؛ (۲) سرکیس : معجم المطبوعات، عدد ۵۵۳؛ (۳) المستشرقون، ص ۷۷۲ ببعد؛ (۴) فردینان توتل : المنجد (معجم الاعلام الشرق والغرب)، ۱۹۵۶ء، ص ۷۳.

(عبدالمنان عمر)

**البَرامِکه** : یا آلِ بَرْمَک، خلافت عباسیه کے ابتدائی دور میں ایک ایرانی خاندان گزرا ہے جس کے افراد خلفا کے کاتب اور وزیر رہے ہیں .

**۱ ۔ نسب نامہ**

بَرْمَک، جو روایت کی رُو سے خاندان کے مورثِ اعلٰی کا نام ہے، بعض عرب مصنفین کی رائے میں کسی خاص شخص کا نام نہیں بلکہ ایک لقب ہے جو بلخ کے نزدیک نو بہار کی پرستش گاہ کے پجاریوں کے رئیس کو، جس کا عہدہ موروثی تھا، اعزازًا دیا جاتا تھا ۔ اس تشریح کی تائید لفظ کے اشتقاق سے بھی ہوتی ہے، جسے آج کل سب نے مان لیا ہے، بنابریں لفظ بَرْمَک سنسکرت کے لفظ پرمک سے نکلا ہے، جس کے معنی ”اعلٰی و افضل، سردار“ کے ہیں ۔ مزید براں خود لفظ نوبہار بھی سنسکرت کے نَوا وِھار (nova vihara) سے نکلا ہے، جس کے معنی

Marfat.com

"نئی خانقاہ" کے ہیں ۔ یہ نام اس مشہور بدھ مندر کی یاد دلاتا ہے جس کی پہلی صدی ہجری/ ساتویں صدی عیسوی میں چینی سیّاح ہیون سانگ Hiuan Ts'ang نے پو ۔ ھو po-Ho میں، جو بلخ کا دوسرا نام ہے، زیارت کی (Hiouen Thsang، مترجمہ St. Julien : *Memoires*، پیرس ۱۸۵۷ء، ۱ : ۳۰ - ۳۲) ۔ اس کے علاوہ بعض عرب جغرافیہ دان بھی لکھتے ہیں کہ نوبہار بتوں کی پوجا (عبادة الاوثان) کے لیے وقف تھا ۔ ابن الفقیہ (ص ۳۲۲ - ۳۲۵) کے بیان سے بھی یہی ظاہر ہوتا ہے کہ وہاں بدھوں کا ایک سٹوپا Stupa ہو گا، کیونکہ اس کی خصوصیات سے یہی پتا چلتا ہے ۔ اگرچہ اس کے نام کو بگاڑ دیا گیا ہے ۔ بعد کے مصنفین (یاقوت، ۴ : ۸۱۹؛ ابن خلّکان، قاہرہ ۱۹۴۸ء، ۳ : ۱۹۸)، جنھوں نے اسے زرتشتی آتش کدہ کہا ہے، بلا شبہ اس روایت سے متأثر ہوے ہیں جس میں خیال ظاہر کیا گیا ہے کہ برامکہ سلطنت ساسان کے وزرا کی اولاد ہیں (دیکھیے نظام الملک : سیاست نامہ، ترجمہ Schefer، ص ۲۳۴) ۔ اس امر کی تحقیق مشکل ہے کہ وہ خیالی تعبیرات کس زمانے میں پیدا ہوئیں جو بعد کی تمام ادبی تصنیفات میں پائی جاتی ہیں (خصوصاً مقامی ادب میں، دیکھیے فضائل بلخ، در Ch. Schefer : *Chrestomathie persane*، پیرس ۱۸۸۳ء، ۱ : ۷۱) اور جنھیں زمانۂ حال کے علما نے بھی مدت دراز تک اختیار کیے رکھا ۔ اس سلسلے میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ برامکہ کا ظہور منصور کے عہد میں ہوا تاہم زیادہ صحیح شاید یہ ہے کہ وہ منصور کے زمانے کے بہت بعد نمایاں ہوے۔

اسلام کی پہلی صدی میں نوبہار اور اس کے پجاریوں کی بابت ہمارے پاس صحیح معلومات بہت ہی کم ہیں ۔ جو زمین اس مندر کے نام تھی اور جس کا رقبہ تقریباً پندرہ ہزار مربع کیلومیٹر ہو گا اسی خاندان کی ملکیت رہی اور معلوم ہوتا ہے کہ وہ اس کے یا کم سے کم اس کے ایک حصّے کے مسلسل مالک رہے ۔ اس میں موضع رَوان، جو بلخ کے قریب تھا، یحیٰی بن خالد کی ذاتی ملکیت میں تھا (یاقوت، ۲ : ۷۳۲).

البلاذری کے قول کے مطابق (فتوح، ص ۴۰۹) نوبہار پر، جو مقامی مرکز مدافعت تھا، امیر معاویہؓ کے زمانے میں حملہ کیا گیا اور اس سے اسے بہت نقصان پہنچا ۔ یہ حملہ غالباً ۴۲ھ/ ۶۶۲ - ۶۶۳ء کے بعد ہوا ۔ الطّبری (۲ : ۱۲۰۵) کا کہنا ہے کہ مقامی امیر نیزک Nizak اس کے زمانے تک (۹۰ھ / ۷۰۸ - ۷۰۹ء) وہاں عبادت کیا کرتا تھا ۔ اموی خلیفہ ھشام کے زمانے میں ۱۰۷ھ/ ۷۲۵ - ۷۲۶ء میں الطبری کے قول کے مطابق، بلخ کو برمک کی کوشش اور اسد اللہ بن عبداللہ (عاملِ بلخ) کے حکم سے دو بارہ بسایا گیا ۔ برمک کے آخری نمائندے خالد کے باپ کی بابت جو اطلاعات ہمارے پاس ہیں وہ بڑی حد تک افسانے کی حیثیت رکھتی ہیں.

انھیں میں ایک اطلاع یہ بھی ہے کہ وہ علم الادویہ سے واقف تھا اور دیگر مریضوں کے علاوہ اس نے اموی شاہزادہ مَسْلَمہ بن عبدالملک کا علاج بھی کیا (الطّبری، ۲ : ۱۱۸۱) ۔ ایک روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ خالد کا باپ برمک نہیں عبداللہ بن مسلم تھا، جس نے اپنے بھائی قُتَیبہ کے ہمراہ ۸۶ھ / ۷۰۵ء میں بلخ کی بغاوت فرو کرنے میں حصّہ لیا تھا ۔ شاید اس روایت کی بنا اس امر پر ہو کہ عبداللہ بن مسلم کے بیٹوں کو فائدہ پہنچ جائے (الطبری، محل مذکور) ۔ اس کے علاوہ ہمیں اس کا علم نہیں کہ برمک، جو ۱۰۷ھ / ۷۲۵ - ۷۲۶ء میں بلخ میں دوبارہ پہنچا، وہاں

marfat.com
Marfat.com

پہنچنے سے پہلے خلفا کے دربار میں باریاب ہو چکا تھا، جیسے بعض کا خیال ہے، اور وہاں اسلام قبول کر چکا تھا ۔ بہر حال اس کے بیٹے خراسان چھوڑ کر عراق چلے آئے اور بصرے میں سکونت پذیر ہوے اور وہاں قبیلۂ اَزْد کے موالی بن گئے (L. Massignon : Tschudi، *Westostliche Abh.*، Wiesbaden ۱۹۰۴ء، ص ۱۰۹ اور ۱۶۸) ۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اسی جگہ پہلے خالد نے اور پھر اس کے بھائی سلیمان اور الحسن نے اسلام قبول کیا.

**مآخذ** : (۱) L. Bouvat : *Les Barmecides*، پیرس ۱۹۱۲ء، ص ۲۰ - ۳۶؛ (۱) S. Nadvi، در *Isl. Culture*، ۱۹۳۲ء، ۶ : ۱۹ تا ۲۸؛ (۳) H. W. Bailey، در *BSOS*، ۱۹۴۳ء، ۱۱ : ۳ (لفظ برمک پر بحث)، اور وہ حوالے جو اوپر دیے گئے ہیں.

([D. Sourdel و] W. Barthold)

۲ - **خالد بن بَرْمَک**: خالد کی ابتدائی سرگرمیوں کا حال ہمیں کچھ معلوم نہیں ۔ تاریخ میں اس کا نام پہلے پہل بنو امیہ کے عہدِ آخر میں ہاشمی تحریک کے سلسلے میں آتا ہے ۔ اس وقت اسے یہ کام سپرد ہوا کہ وہ قَحْطَبَه کے لشکر میں مالِ غنیمت کی تقسیم کا ذمہ لے ۔ اس کے تھوڑے ہی دن بعد نئے خلیفہ السّفاح نے اسے دیوان الجُند و الخراج کا ناظمِ اعلٰی مقرر کیا ۔ بعد ازاں سلطنت کے تمام اداروں کا انتظام اس کے سپرد کر دیا، یہاں تک کہ ایک مؤرخ کے قول کے مطابق اسے وزیر کی حیثیت حاصل ہو گئی ۔ خلیفہ کے عملۂ خاص سے متعلق ہونے کے باعث اسے یہ اعزاز حاصل ہو گیا کہ اس کی بیٹی کو السّفاح کی بیوی نے اور اس کی بیوی نے السفاح کی بیٹی کو دودھ پلایا ۔ المنصور کے زمانے میں بھی وہ نمایاں خدمت سر انجام دیتا رہا، لیکن جیسا کہ مؤرخین نے بیان کیا ہے وہ خلیفہ کا دست راست نہیں بنا ۔ معلوم ہوتا ہے کہ وہ کم سے کم ایک سال تک محکمۂ خراج کا مہتمم اعلٰ[ی] رہا، تاہم ابو ایوب کی دخل اندازی کی وجہ سے [ا]سے جلد مرکزی حکومت سے بے دخل کر دیا گیا۔ اس کے بعد وہ فارس کا گورنر مقرر کر دیا گیا، جہاں وہ دو سال تک مقیم رہا ۔ کچھ عرصے بعد وہ بغداد پہنچ گیا ۔ یہ روایت بہت مشہور ہے کہ وہاں اس نے خلیفہ کو اس امر پر آمادہ کیا کہ ایوانِ کسرٰی برباد نہ کیا جائے ۔ ۱۴۷ھ / ۷۶۴ - ۷۶۵ء میں اس نے ان مساعی میں حصہ لیا جن کا انجا[م] عیسٰی بن موسٰی کے حقِ خلافت سے دست بردا[ر] ہونے پر ہوا ۔ اور علاوہ ازیں اسی زمانے میں اس نے ابو عبیداللہ معاویہ کو اپنے مشوروں سے مستفید کیا جو الرّے سے واپس آ رہا تھا ۔ آگے چل کر اسے طبرستان کا والی مقرر کیا گیا اور وہ وہاں تقریبًا سات سال رہا (۱۵۰ھ / ۷۶۷ء اور ۱۵۴ھ / ۷۷۱ء کے اس کے نام کے ڈھلے ہوے سکے محفوظ ہیں) ۔ اس نے قلعۂ اُستُونا وَنْد پر، جو دُماوند کے قریب ہے، قبضہ کر لیا اور اس علاقے کے باشندوں میں اسے بڑی ہر دلعزیزی حاصل ہوئی ۔ اس نے وہاں ایک نیا شہر المنصورہ بسایا ۔ غالب[ًا] انہیں دنوں میں اس کا پوتا الفضل بن یحیٰی مہدی کے فرزند ہارون کا رضاعی بھائی بنا ۔ یہ بھی پتا چلتا ہے کہ ۱۵۸ھ / ۷۷۵ء میں منصور کی وفات سے کچھ دن پہلے خالد پر ایک بھاری جرمانہ عائد کیا گیا لیکن بعد میں وہ معاف کر دیا گیا اور اسے موصل کے صوبے کا والی بنا دیا گیا جہاں کُردوں نے بغاوت کر رکھی تھی ۔ مہدی کے عہدِ خلافت کا آغاز ہوا تو وہ فارس میں تھا چنانچہ ۱۶۳ھ / ۷۷۹ - ۷۸۰ء میں اس نے او[ر] اس کے فرزند یحیٰی نے سمالو کے محاصرے میں، جو بوزنطی علاقے میں واقع تھا، بڑا نام پیدا کیا؛ تاہم اس کے تھوڑے ہی دن بعد ۱۶۵ھ / ۷۸۱ - ۷۸۲ء

Marfat.com

Marfat.com

میں اس کا انتقال ہو گیا ۔ وفات کے وقت اس کی عمر تقریباً پچھتر سال تھی ۔

**مآخذ:** (۱) L. Bouvat : *Les Barmécides*، ص ۳۷ تا ۴۳؛ (۲) الطبری، بمدد اشاریه؛ (۳) الجہشیاری: کتاب الوزراء بمدد اشاریه؛ (۴) المسعودی: مروج، ۵ : ۴۴۴؛ (۵) ابن الفقیه، ص ۳۱۴؛ (۶) یاقوت، ۱ : ۲۲۴؛ (۷) ابن خلّکان، قاهره ۱۹۴۸ء، ۱ : ۲۹۵ تا ۲۹۶؛ (۸) J. Walker : *Arab. Sassanian Coins*، لندن ۱۹۴۱ء، ص LXXVI.

۳ ـ برامکه کی وزارت اور ان کا زوال: ہارون الرشید نے جب وزارت کے لیے یحیٰی بن خالد کا انتخاب کیا تو وہ عرصۂ دراز سے حکومت کی خدمات جلیله انجام دیتا چلا آ رہا تھا ۔ شروع شروع میں وہ اپنے والد کی متعدد عہدوں میں اعانت کرتا رہا ۔ پھر ۱۵۸ھ / ۷۷۵ء میں وہ آذربیجان کا والی مقرر ہوا ۔ خلافتِ المہدی کے آغاز تک وہ اپنے والد خالد ہی کے ساتھ علاقۂ فارس میں تھا ۔ ۱۶۱ھ / ۷۷۸ء میں وہ اَبان بن صَدَقَه کی جگه ہارون کے زمانۂ شہزادگی میں اس کا اتالیق مقرر ہوا ۔ وہ شہزادے کے ساتھ سَمَالُو کے حملے میں شامل ہوا، جہاں اسے خاص طور پر لشکر کے سامانِ رسد کا انتظام سپرد ہوا ۔ کچھ مدت بعد جب اس کے شاگرد ہارون کو دوسرے درجے میں وارثِ خلافت تسلیم کر کے مغربی ممالک آذربیجان اور آرمینیا کا والی مقرر کیا گیا تو یحیٰی نے سلطنت کے اس حصے کا ضبط و نظم اپنے ہاتھ میں لیا ۔ اگرچه المہدی کی وفات کے بعد وہ اپنے عہدے پر بحال رہا تاہم اس نے محسوس کیا که نئے خلیفه الہادی کی نظر التفات اس کی طرف نہیں ۔ الہادی نے یحیٰی پر الزام لگایا که وہ اس کے مقابلے میں ہارون کی حمایت کرتا ہے اور اسے اکساتا رہا ہے که مسندِ خلافت پر اپنے دعوے سے دستبردار نه ہو ۔ اس عناد کے باعث یحیٰی تباہی کے دہانے پر پہنچ گیا، لیکن کہتے ہیں که اسی رات جب یحیٰی کو، جسے قید کر لیا گیا تھا، سزاے موت ملنے والی تھی الہادی اپنے محل میں مردہ پایا گیا.

بہر حال جونہیں ہارون کو خلیفه ہونے کی مبارک باد دی گئی اس نے فوراً یحیٰی کو بلا بھیجا اور امورِ سلطنت کا انتظام اس کے سپرد کر دیا اور بعض روایتوں میں آتا ہے که خلیفه نے اس بارے میں اسے عام اختیارات دے دیے ۔ اس ماہر کار پرداز کو وزیر کا لقب عطا ہوا ۔ اس نے شروع ہی سے اپنے دو بیٹوں الفضل اور جعفر کو اپنے انتظامی اور سرکاری فرائض کی ادائی میں اپنے ساتھ شامل کر لیا ۔ وہ اس کے ساتھ اکثر صدارت کی کرسی پر بیٹھتے اور ایسا ظاہر ہوتا ہے که انھیں بھی وزیر کے لقب سے یاد کیا جاتا تھا ۔ یحیٰی اپنے اس عہدے پر سترہ سال، یعنی ۱۷۰ھ / ۷۸۶ء سے ۱۸۷ھ / ۸۰۳ء تک فائز رہا ۔ اس مدت کا ذکر بعض مصنّفین نے دَورِ آلِ برمک (سلطانِ آل برمک) کے نام سے کیا ہے ۔ خلیفه کے مدارالمہام کی حیثیت سے اس کا فرض تھا که بدعنوانیوں کی اصلاح کرے؛ چنانچه ایسے معتمدین کا انتخاب اس کے اپنے اختیار میں تھا جو اس کے نائب کی حیثیت سے کام کریں، اس لیے حقیقت میں حکومت کے سارے اداروں کا سر براہ وہی تھا، گو سرکاری مہر بردار کا عہدہ اسے ابتدا میں نہیں دیا گیا تھا لیکن بہت جلد یه بھی اسے مل گیا ۔ روایتوں میں یہاں تک آیا ہے که رشید نے اپنی ذاتی بھی اس کے حوالے کر دی اور یه وزیر کو نئے اختیارات عطا کیے جانے کی علامت تھی ۔ یه مہر جو جعفر کے سپرد کی گئی تھی، آخر کار یحیٰی کو واپس دے دی ۔ اور یحیٰی نے اس کا قبضه اس وقت چھوڑا جب وہ ۱۸۱ھ/۷۹۷ء میں مکۂ معظمه

marfat.com
Marfat.com

میں کچھ روز قیام کرنے کے لیے گیا۔ اب یہ مہر الفضل کے قبضے میں آئی اور اس کے بعد اس کا محافظ جعفر قرار پایا اور اس سے یحیی نے مکۂ معظمہ سے واپس آنے پر لے لی۔

یحیی کے دونوں بیٹے الفضل اور جعفر محض اپنے والد کا ہاتھ بٹانے پر قانع نہیں رہے، بلکہ انہیں بھی بڑی اہم ذمےداریاں سونپی گئیں۔ شروع شروع میں یحیی کا بڑا بیٹا الفضل، جو ہارون کا رضاعی بھائی بھی تھا، کاروبار سلطنت میں پیش پیش رہا۔ ۱۷۶ھ/۷۹۲ء میں یا شاید اس سے بھی پہلے اسے ایران کے مغربی صوبوں کا ناظم اعلٰی مقرر کیا گیا۔ خلیفہ نے اسے یحیی بن عبداللہ علوی کے مقابلے کے لیے بھیجا، جس نے علمِ بغاوت بلند کیا تھا۔ یحیی کو اس نے گفت و شنید کے ذریعے ہتھیار ڈالنے پر راضی کر لیا۔ اس سے اگلے سال اسے خراسان کا والی مقرر کیا گیا، جہاں اس نے لوگوں کے کئی جھگڑے چکائے اور تعمیرِ ملک میں حصہ لیا۔ اس نے کابل کے علاقے میں امن و امان قائم کیا اور وہاں ایک مقامی لشکر بھرتی کیا۔ روایت ہے کہ اس لشکر کا ایک حصہ بغداد بھیجا گیا۔ جب وہ دربار بغداد میں واپس آیا تو اس نے اپنے صوبے میں اپنا ایک قائم مقام مقرر کیا اور اسے ۱۸۰ھ/۷۹۶ء تک قائم رکھا۔ معلوم ہوتا ہے کہ اس نے اپنے والد کی عدم موجودگی، یعنی ۱۸۱ھ/۷۹۷ء، میں سلطنت کا انتظام سنبھالا۔ بایں ہمہ سب سے پہلے وہی خلیفہ کے التفات سے محروم ہوا۔ اس نے ہارون کو خطرناک طور پر ناراض کر دیا، چنانچہ اس سے تمام عہدے چھین لیے گئے، لیکن وہ بدستور شہزادہ محمدالامین کا معلم رہا، جسے اس نے ۱۷۸ھ/۷۹۴ء میں ولی عہد تسلیم کروا لیا تھا۔

جعفر کی خوش بیانی اور قانونی موشگافیوں کا ذکر مصنفین بڑے ذوق و شوق سے کرتے چلے آئے ہیں۔ ۱۷۶ھ/۷۹۲ء میں اسے مغربی صوبوں کا والی بنایا گیا، لیکن اس پر بھی وہ دربار ہی میں رہا اور وہاں سے فقط ۱۸۰ھ/۷۹۶ء میں باہر گیا تاکہ شام میں جو بغاوت ہو گئی تھی اسے فرو کرے۔ اس کے بعد اسے عارضی طور پر خراسان کا گورنر مقرر کیا گیا اور خلیفہ کے ذاتی محافظ دستے کا سردار بنایا گیا، نیز ڈاک اور ٹکسال کے محکمے بھی اس کے سپرد کیے گئے (فی الواقع ۱۷۶ھ/۷۹۲ء سے اس کا نام مشرقی سکّوں پر پایا جاتا ہے اور بعد میں مغربی سکّوں پر بھی ملتا ہے)۔ اس کے علاوہ وہ شہزادہ عبداللہ المامون کا اتالیق بھی تھا، جو ۱۸۲ھ/۷۹۸ء میں ولی عہد ثانی مقرر ہوا۔ ان سب سے بڑھ کر یہ بات تھی کہ اگر اسے خلیفہ کا ساقی خاص نہ بھی مانا جائے (حالانکہ اکثر روایات سے اس کی تائید ہوتی ہے) تو بھی وہ خلیفہ کا منظور نظر تھا اور اس کی محفلوں میں بڑے شوق سے شریک ہوتا تھا۔ حالانکہ یہ بات اس کے بھائی کو پسند نہیں تھی۔

یحیی کے دو بیٹے دونوں ولی عہدوں کے اتالیق تھے اور عام خیال یہی تھا کہ بالآخر مملکت انہیں دونوں میں تقسیم ہوگی۔ اس صورت میں اگر ہارون الرشید کی رضا ہوتی تو زمامِ حکومت ایک طویل مدت تک بڑی آسانی سے آلِ برمک کے ہاتھ میں رہ سکتی تھی، مگر ۱۸۶ھ/۸۰۲ء میں جب خلیفہ مع خدم و حشم فریضۂ حج ادا کر کے واپس آیا تو اس نے یکایک فیصلہ کر لیا کہ برامکہ کے رسوخ و اقتدار کو ختم کیا جائے۔ یکم صفر ۱۸۷ھ/۲۸-۲۹ جنوری ۸۰۳ء کی رات کو اس نے جعفر کو قتل کرا دیا، الفضل اور اس کے بھائی قید کر لیے گئے، یحیی کی نگرانی ہونے لگی اور باستثنائے محمد بن خالد سب برامکہ کی

marfat.com
Marfat.com

جائداد ضبط کر لی گئی ۔ جعفر کی لاش بغداد میں خاصے عرصے تک منظر عام پر لٹکتی رہی ۔ الفضل اور خود یحیی کو، جس نے اپنے لڑ دوں کے شریک حال رہنے کی خواہش ظاہر کی، قیدیوں کی حیثیت سے الرقه روانه کر دیا گیا، جہاں محرم ۱۹۰ھ/ نومبر ۸۰۵ء میں یحیی کا انتقال ہو گیا ۔ اس وقت اس کی عمر ستّر سال تھی ۔ اس کے بعد محرم ۱۹۳ھ/ اکتوبر ۔ نومبر ۸۰۸ء میں الفضل نے بھی پینتالیس سال کی عمر میں وہیں وفات پائی۔

برامکه کا جس طور پر خاتمه ہوا وہ ان کے ہوا خواہوں کے لیے باعثِ حیرت تھا ۔ انھیں ایسی کوئی اطمینان بخش وجه نظر نہیں آتی تھی جس کی بنا پر ان کے ساتھ یه سلوک روا رکھا جاتا؛ چنانچه انھوں نے طرح طرح کے افسانے تراش لیے، مثلاً عباسه [رکّ بآں] کا قصّه، اور ایک مدت تک انھیں معتبر سمجھا جاتا رہا ۔ برامکه کے زوال کا اصل سبب کسی حد تک زمانۂ حال کے مؤرخوں کے لیے بھی صیغۂ راز ہی میں ہے ۔ یه تسلیم کرنا بہت مشکل ہے که خلیفه کو فوری طور پر ایک خیال آیا اور اسے عملی جامه پہنا دیا گیا ۔ بارٹولڈ W. Barthold کی رائے میں یه تجویز خوب سوچ سمجھ کر پہلے ہی تیار کر لی گئی تھی ۔ اگر یه بات نه بھی مانی جائے تب بھی اتنا تو کہنا پڑے گا که یه خیال ایک ایسے عظیم الشان بادشاہ کے دماغ میں بہت پہلے سے نشو و نما پا رہا ہوگا، جس کا پیمانۂ صبر ایک مدت تک اپنے وزیروں کی حکومت برداشت کرتے کرتے لبریز ہو چکا ہو اور جو وقتاً فوقتاً ان پر یه الزام بھی عائد کرتا رہا ہو که ان کی حکمت عملی اس کے مفاد کے منافی ہے ۔

برامکه کا دورِ وزارت جیسا که اسے بعد کی کہانیوں اور افسانوں میں پیش کیا گیا ہے کامل اتفاق اور اتحاد کا زمانه نه تھا ۔ اس مسئلے میں بہت کچھ کہا جا چکا ہے لیکن اس کے باوجود خلیفه اور اس کے سابق اتالیق [یحیی] میں اختلاف رائے کے اسباب موجود تھے جن کی وجه سے اسے حکومت کرنے کی کامل آزادی کبھی نصیب نه ہو سکی ۔ جیسا که بارٹولڈ نے لکھا ہے اپنی وزارت کے ابتدائی دور میں اسے الخَیزُران کے روبرو اپنی تمام کارروائیوں کی وضاحت پیش کرنا پڑتی تھی، لیکن وہ بہر حال عمر بھر اس کی مدد و معاون رہی ۔ اس کے بعد اسے اکثر خلیفه کی خواہشات کے سامنے سر تسلیم خم کرنا اور اپنی اس فطانت سے کام لینا پڑتا تھا جس کے لیے وہ اس قدر مشہور ہے ۔ بعض صورتوں میں اسے اپنی بات منوانے میں ناکامی کا سامنا کرنا پڑتا تھا، مثلاً ۱۸۰ھ/ ۷۹۶ء میں اس کی مرضی اور مشورے کے خلاف خراسان میں الفضل کی جگه ایک اَور شخص مقرر کیا گیا ۔ کئی بار اسے مفاہمت کی خاطر اپنے اصولوں کی قربانی بھی دینا پڑتی تھی؛ مثلاً ۱۸۳ھ/ ۷۹۹ء میں الفضل کے سر سے خلیفه کا غضب ٹالنے کے لیے اسے بڑی برق رفتاری کے ساتھ بغداد سے الرقّه جانا پڑا اور صرف اس وقت کامیاب ہو سکی جب اس نے اپنے فرزند کے طرز عمل کی سخت مذمت کی ۔ اس سے بھی بہت پہلے اس کے مرتبے کے گھٹانے کے لیے ریشه دوانیاں شروع ہو چکی تھیں ۔ خلیفه کی نظر التفات ایک مدت سے الفضل بن ربیع پر تھی جو فن دربار داری میں کمال رکھتا تھا ۔ اپنی والده کے انتقال کے بعد خلیفه نے اس پر نوازشات کی بارش کر دی ۔ ۱۷۹ھ/ ۷۹۵ء میں اسے محمد بن خالد برمکی کی جگه حاجب مقرر کر دیا گیا ۔ اس نئے حاجب کا اثر و رسوخ دربار میں روز بروز بڑھتا گیا اور وہ اپنے دشمنوں کی کمزوریوں کا پرده چاک کر کے خلیفه کی آتشِ غضب کو بھڑکانے لگا۔

اسی طرح یحیی کے بیٹوں کے ساتھ بھی خلیفه

marfat.com
Marfat.com

کے تعلقات ہمیشہ خوشگوار نہیں تھے - علویوں کے حق میں الفضل کا رجحان الرشید کو پسند نہیں تھا اور معلوم ہوتا ہے کہ الفضل کے مزاج میں وہ لچک موجود نہیں تھی جس سے اس کا باپ بہرہور تھا - ۱۸۳ھ / ۷۹۹ء میں، یعنی اپنے خاندان کی آخری ذلت و رسوائی سے چار سال قبل، اسے سرکاری منصب سے برطرف کر دیا گیا تھا - جعفر بظاہر خلیفہ کا پورا معتمد علیہ نظر آتا تھا اور خلیفہ پر اس کا اثر بھی (اپنے خاندان کے دوسرے افراد کے مقابلے میں) زیادہ مدت تک رہا، لیکن وہ بھی اپنے برگشتہ مزاج آقا کے شکوک و شبہات سے محفوظ نہ تھا اور وہ موقع بہ موقع اپنے اختیارات کو بیجا کام میں لانے پر جھڑکیاں سنتا رہتا تھا.

در حقیقت یہ ایک طبعی بات تھی کہ برامکہ کے سترہ سالہ دور اقتدار میں الرشید کا رویہ ان کے بارے میں بدلتا چلا گیا - اپنی تخت نشینی کے وقت خلیفہ کی عمر صرف تیس برس تھی - اس وقت وہ بخوشی اس کے لیے تیار ہو گیا تھا کہ اپنی والدہ کی ہدایات پر چلے اور اپنی بعض ذمے داریاں یحیٰی کے کندھوں پر ڈال کر خود سبکدوشی حاصل کر لے۔ لیکن آگے چل کر یہ ذلت آمیز صورت حال اس پر گراں گزرنے لگی اور عمر کے ساتھ اس کی یہ خواہش بھی ترقی کرتی گئی کہ سب کام اس کی مرضی کے مطابق طے ہوں - دوسری طرف یہ کیفیت تھی کہ برامکہ نے سلطنت کے بڑے بڑے عہدوں پر اپنے رشتے داروں اور حامیوں کو فائز کر رکھا تھا اور وہ یہ منصوبہ گانٹھ رہے تھے کہ وزارت کے عہدے پر ایک طرح کی اپنی خاندانی وراثت قائم کر لیں - اس طرح انہوں نے سلطنت کے اندر گویا اپنی الگ سلطنت بنا رکھی تھی - مزید برآں انہوں نے اپنے پاس دولت کے انبار اکھٹے کر
۱ لیے تھے، جن پر خلیفہ کی اپنی نظر تھی - ان سب پر مستزاد ان کی شہرۂ آفاق فیاضی تھی، جس کے باعث ان کی دولت و ثروت برابر توجہ کا مرکز بنتی جا رہی تھی - برامکہ کے زوال کے خواہ کتنے ہی مختلف اسباب بیان کیے جائیں، یہ بہرحال ایک حقیقت ہے کہ خلیفہ نے جعفر کو جن پیہم نوازشات کا مورد ٹھیرا رکھا تھا ان کا تاوان اس سلوک ہی کی صورت میں ادا کیا جا سکتا تھا، کیونکہ اس کے بغیر غالباً برامکہ کا آخری انجام یونہیں ٹلتا رہتا.

دوسری جانب یہ درست ہے کہ ان ایرانی النسل وزرا کو ایران و ہندوستان کے ادبی شاہکاروں نیز مختلف دینی عقائد اور فلسفیانہ نظریات سے گہری دلچسپی تھی اور انہیں شوق تھا کہ ان پر بحث و تمحیص کی جائے، لیکن یہ ذوق اس زمانے میں بغداد کے معاشرے میں عام تھا اور اس سے یہ ہرگز لازم نہ آتا تھا کہ ایسے با ذوق لوگوں کے خیالات بھی ملحدانہ ہوں - علاوہ بریں برمکیوں نے اپنے آپ کو دربار بغداد کی رسوم و آداب کے عین مطابق ڈھال لیا تھا - ان کے دل میں عربی شعرا اور مصنفین کی بڑی وقعت تھی اور دیگر کثیرالتعداد موالی کے مانند وہ بھی عربوں کی بدوی روایات سے متأثر ہو کر انتہائی سخاوت کا مظاہرہ کیا کرتے تھے - اگرچہ [غیر عربی] صوبوں کے باشندوں اور بعض باجگزار ریاستوں کے ساتھ ان کا سلوک مراعات اور خاطرداری کا تھا لیکن یہ ظاہر نہیں ہوتا کہ انہوں نے المامون کی، جو ایک ایرانی خاتون کے بطن سے تھا، اس کے بھائی کے مقابلے میں حمایت کرنے کی کوشش کی ہو۔ بنیادی طور پر ان کے سامنے ہمیشہ یہی بات رہی کہ خلافت کی خدمات مستعدی اور وفاداری کے ساتھ انجام دی جائیں اور اسی کے پیش نظر انہوں نے مشرقی ایران میں امن و امان قائم کیا، شام بلکہ افریقہ تک میں شورشیں فرو کیں،

marfat.com
Marfat.com

باغیوں کو، جن میں علوی بھی شامل تھے، اطاعت پر مجبور کیا، انتظامِ مملکت میں ایک باقاعدگی اور نظم و ترتیب پیدا کی، سرکاری آمدنی کے اہم ذرائع کو استقلال اور استحکام بخشا، رفاہ عام کے کاموں کو ترقی دی (نہر قاطول اور سیحان تعمیر کی)، اسلامی شریعت کی روشنی میں عدل و انصاف کے ساتھ بدعنوانیوں کی اصلاح کی اور قاضی القضاۃ کا عہدہ قائم کر کے عدلیہ کو مستحکم بنایا۔ عہدِ عباسیہ کے آغاز ھی سے ایرانیت کا رنگ غالب آنے لگا تھا اور اس میں شک نہیں کہ ان کے طرزِ عمل سے یہ عمل تیز تر ہو گیا۔ انھوں نے عہدۂ وزارت کو وہ اہمیت اور وقار بخشا کہ بعد میں آنے والے متأثر ہو کر ان کی نقالی پر مجبور ہو گئے۔ ان کے امتیازی اختیارات اور شان و شوکت کے باوصف ان کا اثر و رسوخ خالص شخصی اور انفرادی حیثیت رکھتا تھا اور یہی بات اس المیے کے بارے میں کہی جا سکتی ہے جس نے ان کا خاتمہ کر دیا۔ یہ بھی کہا نہیں جا سکتا کہ وہ وزارت کو اس نمونے پر ڈھالنا چاہتے تھے جو ساسانیوں سے منسوب کیا جاتا ہے۔

برامکہ کی کارگزاریاں محض سیاسی اور انتظامی شعبوں تک محدود نہیں تھیں بلکہ ایک اہم ثقافتی اور فنّی کارنامہ بھی انھیں کا مرہونِ منّت ہے۔ اس میں کوئی شبہہ نہیں کہ شعرا کی سرپرستی ان کا شعار تھا، جنھیں ان کے قصائدِ مدحیہ کے صلے میں انعامات ایک خصوصی محکمے کے ذریعے تقسیم کیے جاتے تھے، جو ''دیوان الشعر'' کے نام سے قائم کیا گیا تھا۔ انھوں نے علما و فضلا کی قدر دانی کی اور اپنے محلات میں علماے دین اور فلسفیوں کو جمع کر کے وقتاً فوقتاً ایسی مجالس منعقد کیں جن کی شہرت اب تک چلی آ رہی ہے۔ انھوں نے فنون کی سرپرستی کی۔ عمارتیں بنانے کا انھیں بے حد شوق تھا، چنانچہ انھوں نے بغداد میں بہت سے محلّات تعمیر کرائے جن میں سے مشہورترین قصرِ جعفر تھا، جو بالآخر خلفا کا مستقر بنا۔

یہ نہیں کہا جا سکتا کہ برامکہ کا اثر ان کے زوال کے بعد بالکل معدوم ہو گیا۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ اثر آئندہ کئی برس تک ان وزیروں اور دبیروں کی معرفت جاری رہا جو المامون کے عہد میں ان عہدوں پر فائز تھے اور جن میں سے زیادہ تر برامکہ کے ماتحت اور متوسّل رہ چکے تھے۔ اس کی نمایاں مثال مشہور و معروف الفضل بن سہل ہے۔ یہ بات پورے وثوق سے کہی جا سکتی ہے کہ الرشید کے [برمکی] وزرا نے اپنے دورِ اقتدار میں باکمال ''کُتّاب'' کا ایک گروہ اپنے گرد جمع کر لیا تھا اور انھیں اپنی مرضی کے مطابق تربیت دی تھی، اور ان لوگوں سے پورے طور پر اپنا پیچھا چھڑانا بعد کے خلفا کے لیے ممکن نہ تھا۔

آخر میں یہ امر بھی قابلِ ذکر ہے کہ ادبی تصنیفات کو برامکہ نے بے حد متأثر کیا، چنانچہ مصنّفین ان کے خوب گن گاتے تھے اور ان کے محاسن کا ذکر کرنے سے کبھی نہیں تھکتے تھے اور بسا اوقات اس میں مبالغے کا بھی دخل ہو جاتا تھا (یحیٰی کا فہم و ذکا اور اس کا ملکۂ پیشین گوئی، الفضل کی خود داری اور قابلِ فخر فیاضی، جعفر کی طلاقتِ لسانی اور خوش بیانی)۔ علاوہ بریں بعض حکایات کے ذریعے بھی جعفر کی شخصیت کو قبول عام حاصل ہوا۔ مثال کے طور پر ان کہانیوں کا نام لیا جا سکتا ہے جو آگے چل کر الف لیلۃ میں شامل کر لی گئیں اور جن میں جعفر کو ہارون الرشید کے وزیر اور بے تکلف ندیم کے طور پر پیش کیا گیا ہے۔

مآخذ : (۱) L. Bouvat : *Les Barmécides*؛ (۲)

marfat.com
Marfat.com

*Les vizirat ʿabbāside* : D. Sourdal (مقالے کی تحریر کے وقت زیر طبع)؛ (۳) الجہشیاری : کتاب الوزراء، بمدد اشاریه؛ (۴) ابن عبدربه : العقد، قاهره ۱۹۴۰ تا ۱۹۵۲ء، ۳ : ۲۶ تا ۴۳؛ نیز دیکھیے بمدد اشاریه: (۵) الطبری؛ (۶) الیعقوبی؛ (۷) المسعودی، اور (۸) ابن خلّکان، بذیل مادّہ.

۴ - برمکی خاندان کے دیگر افراد: یحیٰی کا ایک بھائی محمد بن خالد تھا، جو ۱۷۲ھ / ۷۸۸ء سے ۱۷۹ھ / ۷۹۵ء تک حاجب کے عہدے پر سرفراز رہا اور خاندان کے زوال کے وقت یہی ایک فرد تھا جو خلیفه کے هاتھ سے بچا.

الفضل اور جعفر کے علاوہ یحیٰی کے دو اور بیٹے محمّد اور موسیٰ بھی تھے، جو ذکاوت میں تو اپنے بھائیوں کے هم سر نه تھے تاهم دربارِ خلافت میں ان کا بھی ایک مقام تھا - ان میں موسیٰ عسکری قابلیت اور شجاعت میں مشهور تھا اور ۱۷۶ھ / ۷۹۲ء میں شام کا والی رها - ان دونوں کو بھی ان کے باپ اور بھائیوں کے ساتھ ۱۸۷ھ / ۸۰۳ء میں قید خانے میں ڈال دیا گیا تھا، لیکن الامین نے از راہِ کرم انھیں رها کر دیا - موسیٰ عراق هی میں رها اور خلیفه کی فوج میں شامل هو کر لڑائیوں میں حصّه لیتا رها - بعد ازاں وہ المامون سے جا ملا، جس نے آگے چل کر اسے سندھ کا والی مقرر کر دیا - ۲۲۱ھ / ۸۳۵ء میں اس کا انتقال هو گیا - اس نے ایک لڑکا عمران چھوڑا، جو اس کا جانشین هوا اور جس نے چند معرکوں میں نام پیدا کیا - دوسری جانب محمّد مرو میں المامون کے دربار سے وابسته هو گیا، جس سے قبل ازیں اس کا بیٹا احمد اور اس کا بھتیجا العباس بن الفضل منسلک هو چکے تھے.

برمکیوں کے کثیر التعداد اخلاف میں سے ایک فرد خاص طور پر قابلِ ذکر هے، جس نے ایک مغنّی اور ایک مصنّف کی حیثیت سے شهرت حاصل کی - هماری مراد احمد بن جعفر الملقب به جحظه [رکّ بآں] سے هے - وہ موسیٰ بن یحیٰی کا پوتا تھا اور خلیفه المقتدر کا مقرّب رها.

مآخذ: (۱) *Les Barmécides* : L. Bouvat، ص ۱۰۱ ببعد؛ (۲) الجہشیاری : کتاب الوزراء، قاهره، ص ۲۹۷ تا ۲۹۸؛ [(۳) الزرکلی؛](۴) محمد عبدالرزاق: البرامکه.

۵ - البرمکی کی نسبت: بعض ایسے افراد کی نسبت بھی البرمکی تھی جن کا البرامکه سے کوئی رشته نه تھا - ان میں ایک طبقه تو ان کے متوسلین، موالی اور ان کی اولاد کا هے - دوسرا طبقه بغداد کے اس محلے کے باشندوں کا هے، جس کا نام هی البرامکه پڑ گیا تھا - اس طبقے میں مشهور مغنّی دنانیر اور ممتاز هیئت دان اور مصنّف محمد ابن جهم، هو گزرے هیں - مؤخرالذکر سمالّو کے محاصرے میں موجود تھا اور سامانیوں کا وزیر اور غزنویوں کا سفیر هوا.

آگے چل کر ایران اور شمالی افریقه میں متعدد خاندانوں نے دعوٰی کیا که وہ آلِ برمک کے اخلاف هیں (خراسان میں سربداران اور توات Touat میں بورامِک) علاوہ ازیں آخر میں ایک اور قبیلے کو بھی ان کی نسل سے هونے کا دعوٰی تھا - ابھی تھوڑے دن پهلے تک مصر میں اس قبیلے سے رقاصائیں بھرتی کی جاتی تھیں، جنھیں غوازی کها جاتا تھا - ان رقاصه لڑکیوں کی شهرت نے موجودہ مصری زبان میں بعض اوقات لفظ برمکی سے جو تحقیر آمیز معنی وابسته کیے جاتے هیں وہ بلاشبهه ان رقاصاؤں کی بدولت هے.

مآخذ: *Les Barmécides* : L. Bouvat، ص ۱۰۵ ببعد [نیز رکّ به غوازی].

(D. Sourdel)

اَلْبَرانِس: قبائل کے ان دو گروهوں میں سے ایک کا نام جو باهم مل کر بربر [رکّ بآں] قوم کهلاتے هیں - دوسرے گروہ کا نام بُتر هے -

Marfat.com

البرانس ان دونوں گروھوں کے مشترک جد امجد کے نام برنس کی جمع ہے، جس کے نام سے اس کی اولاد مشہور ہوئی - اس نام کی اصل کیا ہو سکتی ہے، اس کے لیے رک بہ البُتر.

ابن خلدون کے مطابق البرانس میں پانچ قومیں شامل ھیں: اَوربه، عجیسه، اَزداجه، مَصمودہ غُمارہ، کُتامۂ زواوہ، صِنہاجه، ھوّارہ - لیکن آخری تین قوموں کی بابت اختلاف ہے کہ آیا یہ اس گروہ میں شامل ھیں یا نہیں - بعض لوگوں کا خیال ہے کہ یہ حِمیَر کی اولاد ھیں اس لیے بربر نہیں ھیں - ان سے اور مصمودہ سے یہاں بحث نہیں کی جائے گی.

صحیح معنوں میں برانس کا قدیم ترین مسکن اَوراس کی پہاڑیوں کا سلسلہ، صوبۂ قُسنطینه کا شمالی حصہ اور بلادالقبائل (= قبائلیه) ھیں، جہاں وہ عزلت گزین پہاڑی لوگوں کی طرح رہتے تھے - پہلی صدی ھجری/ساتویں صدی عیسوی کے ربع اوّل میں عرب کے پہلے حملے کے وقت مشہور و معروف کُسَیلَه Kusayla الاوربی [رک بآں] کو جب شکست ہو گئی اور ان کا سردار مارا گیا تو انہیں اَوراس چھوڑ کر بھاگنا پڑا اور وہ شمالی مراکش میں چلے گئے اور وہاں زرھون کی پہاڑیوں سے لے کر دریاے ورغه تک آباد ہو گئے - ان کے بعض قدیم قبیلوں کے نام آج بھی اس دریا کے کناروں کے ساتھ ساتھ کی آبادیوں میں پائے جاتے ھیں - لَجایه Ludjaya، مَزیات (= مزیاته)، رغیوہ Raghiva نے ادریس اول [رک بآں] کے ساتھ معاملات میں جو کارگزاری دکھائی وہ سب کو معلوم ہے.

ان حالات کا ھمیں کچھ علم نہیں جن کے تحت تازا [رک بآں] کے شمال میں کچھ برانس آ کر بسے - بہر حال البکری برانس اور اَوربه کا سلطنتِ نَکُور [رک بآں] سے متعلق ہونا ظاہر کرتا ہے - اس نام کے موجودہ قبیلے میں (جو مقامی بولی میں البرانِص l-Baranis کہلاتا ہے اور جس کا اسم منسوب البرنوصی l-Barnosi' ہے) ایک ضمنی قبیله وربه Warba نام بھی شامل ہے - اَوربه کے اس شہزادے کی جس نے ادریس اوّل کا استقبال کیا تھا (وَلیلی میں) یادگار قائم ہے نیز اس کے محل کے کھنڈر وہاں دکھائے جاتے ھیں.

برانس اور اَوربه نے اس مہم میں حصہ لیا جو مراکش کی طرف سے جزیرہ نماے ایبیریا پر کی گئی - بعض ان میں سے وھیں رہ پڑے اور انہیں کے نام پر قرطبه کے شمال کے پہاڑ کا نام جبل البرانس رکھا گیا، جو اب Sierra de Almadén کہلاتا ہے - اور قرطبه کے شمال میں واقع ہے.

تازا Taza کے شمال کے بعض برانس ریف کے اس دستۂ فوج میں شامل تھے جس نے طنجه پر قبضه کیا (۱۶۸۴ء) - طنجه کے علاقے میں فَحص کا گاؤں انہیں کے نام سے مشہور ہے.

اَزداجه (اور مِسطّاسه Missittasa) برانس کے بارے میں کچھ معلوم نہیں که انہوں نے اَورَن Oran کے علاقے میں بود و باش کن اسباب کے تحت اختیار کی - کچھ مسطّاسه بادِیس [رک بآں] کے علاقے میں اب تک رہتے ھیں - اسی طرح مراکش کے کتامه کی بابت بھی پوری طرح معلومات حاصل نہیں.

مآخذ: (۱) ابن خلدون: Histoire des Berbères، طبع دوم، ۱: ۱۶۹ تا ۱۷۰، اور ۲۷۲ تا ۲۹۹؛ (۲) E. F. Gautier: Les Siècles obscurs du Maghreb، ۱۹۲۷ء، ص ۲۱۱ تا ۲۱۳؛ (۳) گم نام مصنف: Fragments historiques sur les Berbères au Moyen-Age، ترجمه از لیوی پرووانسال E. Levi Provençal، ص ۶۳، ۸۰؛ (۴) Leo Africanus [الحسن بن محمد الوزان الزیاتی]: ترجمه از Épaulard، ص ۳۰۰؛ (۵) Trenga: Les Branès،

marfat.com
Marfat.com

در *AM*، ۱ : ۳ اور ۴: (۶) *Le parler* : G. S. Colin *arabe du Nord de la région de Taza*، در *BIFAO*، ۱۸ (۱۹۲۰ء) : ۳۳؛ (۷) وهی مصنف: *Sayyidi Ahmad Zarrūq al-Burnūsi*، در *Rivista della Tripolitania*، ۱۹۲۵ء.

(G. S. COLIN)

⊗ **براؤن** : ای ۔ جی ۔ براؤن Edward Granville Browne (ولادت ۷ فروری ۱۸۶۲ء، وفات ۵ جون ۱۹۲۶ء) نے والدین کی خواهش کے مطابق طب کی اعلٰی تعلیم پائی ۔ اسی اثنا میں ادبیات السنۂ اسلامی، بالخصوص ادبیات فارسی سے قدرتی مناسبت ہونے کی وجه سے فارغ اوقات میں فارسی، عربی اور ترکی زبان کی تحصیل میں بھی مصروف رہے ۔ ۱۸۸۲ء میں طب اور علوم طبیعیه میں اور ۱۸۸۴ء میں السنۂ شرقیه میں اعلٰی سند حاصل کی، فارغ التحصیل ہونے کے بعد سینٹ بارتھولو میوز St. Bartholomews کے ہسپتال میں طب کی آخری تربیت بھی حاصل کی، لیکن اس سے کوئی لگاؤ نه تھا، اس لیے جب کیمبرج یونیورسٹی میں عربی و فارسی کے استاد مقرر ہوے تو طب کو ہمیشه کے لیے خیر باد کہه دیا ۔ اب ان کی تمنّا ایران دیکھنے کی تھی جس نے سعدی و حافظ کو جنم دیا تھا ۔ یه تمنّا ۱۸۸۷ء میں پوری ہوئی ۔ ایران میں ایک سال تک قیام رہا۔

براؤن کا نام مستشرقین کی صفِ اوّل میں آتا ہے ۔ انہوں نے فارسی زبان و ادبیات کو موضوع تحقیق بنایا اور گراں قدر کتاب *A Literary History of Persia* (تاریخ ادبیات ایران) چار جلدوں میں لکھ کر فارسی کے طلبه اور اہلِ تحقیق کی رہنمائی کی ۔ اس کتاب کی تالیف کے دوران میں فارسی، عربی، انگریزی، فرانسیسی، روسی اور جرمن زبانوں کے اکثر مآخذ ان کے پیش نظر تھے ۔ اس زمانے میں بعض اور کتابیں بھی لکھیں، مثلاً *A year Amongst the Persians* ("ایک سال ایرانیوں کے ساتھ")۔ یه ان کی یک ساله سیاحتِ ایران کی سرگذشت ہے (طبع ۱۸۹۳ء) ۔ اس میں بعض تحقیقی مسائل بھی زیرِ بحث آئے ہیں ۔ مقدمه بصورت سوانح سر ای ۔ ڈینی سن راس نے لکھا ہے ۔ *Persian Revolution* (انقلاب ایران) ایران کے دور مشروطیت (۱۹۰۵ تا ۱۹۰۹ء) کی یادگار ہے ۔ اس میں قاچاری بادشاہوں کے استبداد کے خلاف آزادی پسند عالموں، شاعروں، ادیبوں، اخبار نویسوں اور عوام کی جد و جہد آزادی پر سیر حاصل بحث کی ہے (سال طباعت ۱۹۱۰ء) ۔ *Press & Poetry of Modern Persia* (ایران جدید کا پریس اور شاعری) ایران کے دورِ مشروطیت کے آزادی پسند شعرا کے کلام پر مشتمل ہے، جو سیاسی بیداری اور حب وطن کے جذبات سے معمور ہے (سال طباعت ۱۹۱۴ء) ۔ براؤن نے بابی مذهب [رکّ به بابیّت] کا گہری دلچسپی سے مطالعه کیا ۔ اس سلسلے میں جو کتابیں تالیف و ترجمه کیں ان میں سے بعض کے نام یه ہیں : ترجمۂ مقالۂ سیاح (سال طباعت ۱۸۹۱ء)، متن مقالۂ سیاح (سال طباعت ۱۸۹۱ء) ۔ ترجمۂ تاریخ جدید، مؤلفۂ میرزا حسین همدانی مع حواشی (سال طباعت ۱۸۹۳ء)، متن نقطة الکاف، مؤلفۂ حاجی میرزا جانی کاشانی (سال طباعت ۱۹۱۰ء) ۔ اس کتاب کے شروع میں براؤن کا عالمانه مقاله بھی ہے، جو بابی مذهب پر بذات خود ایک مستقل تصنیف کا درجه رکھتا ہے ۔ *Materials for the Study of the Babi Religion* (سال طباعت ۱۹۱۸ء) ۔ ان کے علاوہ تذکرة الشعراء، مؤلفۂ دولت شاہ (سال طباعت ۱۹۰۵ء)، تاریخ طبرستان، مولفۂ محمد بن الحسن بن اسفندیار کا ملخص (سال طباعت ۱۹۰۵ء) اور تذکرۂ لباب الالباب مولفۂ محمد عوفی، حصّۂ اوّل و دوم (سال طباعت ۱۹۰۳ء،

marfat.com
Marfat.com

۱۹۰۶ء) کا متن صحیح کر کے شائع کیا ۔ چہار مقالہ مؤلفۂ نظامی عروضی سمرقندی کا ترجمہ ۱۹۱۹ء میں شائع کرایا ۔ اسی سال عربوں کے علم الادویہ پر چار لیکچر دیے، جو ۱۹۲۱ء میں کتابی صورت میں شائع ہوے ۔ *A Persian Anthology* (بیاض فارسی) میں براؤن نے فارسی کے بعض نامور شعرا کے منتخب کلام کا ترجمہ کیا ۔ اس سے ان شعرا کے فکر و اسلوب کا پتا چلتا ہے (سال طباعت ۱۹۲۷ء) ۔ آخری عمر میں براؤن اپنے مملوکہ گراں قدر مخطوطات کی فہرست مرتب کرنے میں مصروف رہا ۔ ادبی سرگرمیوں کے علاوہ اس نے بہت سا وقت کیمبرج یونیورسٹی میں علوم شرقیہ کی ترویج و ترقی میں صرف کیا ۔ ۱۹۰۴ء میں اپنے ایک دوست ای ۔ جی ۔ ڈبلیو ۔ گب کی یاد میں، گب کی بیوہ اور دوسرے پانچ علما کے ساتھ مل کر گب میموریل ٹرسٹ قائم کیا، جس کے زیرِ اہتمام متعدد ضخیم کتابیں اور تراجم شائع ہوے ۔ براؤن کی گراں قدر علمی خدمات نے متمدّن دنیا کے ہر حصّے سے خراج تحسین وصول کیا ۔ ان کا اعتراف اس طرح بھی ہوا کہ گیارہ مختلف اقوام کے مستشرقین نے مل کر محققانہ مضامین کا مجموعہ عجب نامہ (.E. G. B کی نسبت سے) مرتب کر کے ان کی ساٹھویں سالگرہ کے موقع پر ۷ فروری ۱۹۲۲ء کو بطور ارمغانِ عقیدت پیش کیا ۔

**مآخذ** : (۱) E.G. Browne : *A year Amongst Persians*؛ (۲) وہی مصنّف : *A Persian Anthology*؛ (۳) فہرست مخطوطات، مرتبۂ براؤن؛ (۴) دولت شاہ : تذکرۃ الشعراء، طبع براؤن؛ (۵) عجب نامہ ۔

(مقبول بیگ بدخشانی)

* **براھمہ**: برھمن کی جمع، عربی مصنّفوں میں سے البیرونی کو برھمن اور برھمن‌مت سے خصوصی واقفیت حاصل تھی لیکن عرب بدھوں سے، جنھیں وہ سُمَنِیّہ کہتے تھے (قب لفظ Samanaici، جو یونانی متأخرین نے بدھوں کے لیے استعمال کیا، مثلاً Alexander Polyhistor نے)، براہِ راست زیادہ واقف تھے، کیونکہ وہ ایران اور مشرقی عراق تک پھیل گئے تھے ۔ مسلمانوں کی کتابوں میں جو اعتقاد برھمنوں کی طرف بہ تواتر منسوب کیا گیا ہے، ابن حزم سے لے کر تھانوی (کشّاف اصطلاحات الفنون) تک، وہ انکارِ رسالت ہے ۔ ابن حزم اور الشہرستانی نے اس کی بابت جو کچھ کہا ہے وہ غالبًا ایک ہی بیان کی مختلف شکلیں ہیں ۔ ابن حزم کے مطابق برھمن یہ خیال ظاہر کرتے ہیں کہ خدا نے انسانوں کو اگر رسولوں کی معرفت ہدایت کی تھی تو اس کے ساتھ ایسا کیوں نہ کیا کہ ہر شخص کی عقل کو سچ کے پہچان لینے پر بھی مجبور کر کر دیتا؟ الشہرستانی کہتا ہے کہ ان کے انکارِ رسالت کی بنیاد اس پر ہے کہ عقل انسانی خود ہر بات کو سمجھ سکتی ہے ۔ البیرونی (طبع زخاؤ، ص ۵۱ - ۵۲) کہتا ہے کہ ہندو، رسولوں کا انکار صرف قانون اور شعائر دینیہ کے سلسلے میں کرتے ہیں، کیونکہ اُن کے رشی، جو ان کے نزدیک عقلمند اور مقدّس ہستیاں ہیں، قانون ہمیشہ کے لیے اور ایک ہی دفعہ مقرر کر چکے ہیں ۔ لیکن وہ رسولوں کی ضرورت ان خاص اوقات کے لیے تسلیم کرتے ہیں جب کہ برائی ہر جگہ سر اٹھا لے اور نوع انسانی کی روحانی حالت کے درست کرنے کی حاجت ہو ۔

لفظ برھمن کے اشتقاق کی بابت ابن حزم کہتا ہے کہ برھمن اپنے آپ کو ایک پرانے بادشاہ کی اولاد بتاتے ہیں، جس کا نام بَرھَمی (یا بَرھَمی) تھا ۔ المسعودی کا خیال ہے کہ وہ برھمن کی نسل سے ہیں اور وہ ایک بادشاہ تھا جو علما و فضلا کی مدد کرتا تھا، جس نے اپنے دور کی مقدس ہستیوں کی مدد سے ہندو مذہب، علم نجوم اور دیگر علوم کی بنیاد

marfat.com
Marfat.com

ڈالی ۔ البیرونی ایک هندو افسانوی روایت کا ذکر کرتا ھے، جس میں کہا گیا ھے کہ برھمن برَهم (یا براهم) کے سر سے پیدا هوے ۔ جس سے ان کی مراد فطرت (نیچر) ھے اور اسی وجه سے وہ اپنے آپ کو نوع انسان کا بہترین حصّه سمجھتے هیں ۔ تہانوی (کتاب مذکور) نے بیان کیا ھے کہ وہ اپنے آپ کو ابراهیمؑ پیغمبر کی اولاد بتاتے هیں [نیز دیکھیے نعمت اللہ گوهر: تحفۂ هند و یورپ، ۱۹۲۸ء، (وانگریزی ترجمه)] ۔ اس نظریے میں هندوؤں کی اس رائے کی جھلک نظر آتی ھے جو قدیم زمانے کے بہت بعد کی معلوم هوتی ھے، جس کا مدّعا یه ھے که اس برگزیده هستی کو جو یہودیت، عیسائیت اور اسلام میں وقیع مرتبه رکھتی ھے اپنا بنا کر رکھا جائے ۔

براهمه کے بارے میں مستند مآخذ بلا شک و شبهه البیرونی ھے، جس نے اپنی کتاب اگرچه غزنه میں لکھی (تقریباً ۱۰۳۰ء میں) لیکن اس سے پہلے وہ بر صغیر پاک و هند میں رہ چکا تھا ۔ اس نے سنسکرت زبان سیکھ لی تھی اور اس کی بہت سی کتابوں کا ترجمه کر چکا تھا اور هندوؤں کے فلسفے، مذهب، قانون، ادب، معاشرت کے حالات اور دیگر علوم مثلاً علم نجوم وغیره کا خوب مطالعه کیا تھا ۔ اپنی کتاب کے دیباچے میں وہ اس کی شکایت کرتا ھے که اس بر صغیر کے هندوؤں کی بابت کوئی قابلِ اعتماد تصنیف موجود نہیں ۔ یہاں تک که ابوالعباس الاِیرانشہری تک بھی، جس نے یہودیت اور عیسائیت کی بابت صحیح واقعات قلم بند کیے هیں، هندوؤں کی بابت کچھ لکھنے میں ناکام رہا ۔ اب میں اپنی یه کتاب هندوؤں کے حالات کی بابت اپنے آقا ابوسہل عبدالمُنعم بن علی بن نوح کی فرمائش سے لکھ رہا هوں (المسعودی، ابوالقاسم البَلْخی اور الحسن بن موسیٰ النوبختی کی تصانیف کا ذکر کرتا ھے) ۔ البیرونی ابتدا میں وہ مشکلات بیان کرتا ھے جو ایک باھر کے طالب علم کو اس بارے میں پیش آتی هیں : اوّل تو سنسکرت کے رسم خط اور اس کی پیچیدگی کی مشکل، دوسرے هندو مت اور اسلام میں زمین آسمان کا فرق اور اس پر مزید یه که هندو جاتی کی طرف سے باھر والوں کو اپنی زبان اور علوم سکھانے کی کلی ممانعت ۔ تمہید کے بعد کتاب کے چھے باب هیں، جن میں هندو مذهب، الٰہیات وغیره کا بیان ھے۔ مصنّف برهمنوں کی عادات و خصائل اور ان کے طریقۂ زندگی وغیره کا تفصیل کے ساتھ ذکر کرتا ھے ۔

براهمه کے حالات و کوائف هندوستان میں آنے والے دیگر سیّاحوں کی تصانیف میں ملتے هیں ۔ عموماً جوگیوں، ان کی ریاضتوں اور طرزِ زندگی کو نمایاں طور پر بیان کیا گیا ھے ۔ ان میں هندو فلسفه اور برهمنوں کا ذکر محض برائے نام ھے ۔ جوگ (یوگا) کی ریاضتیں، جو روحانی لذّت یا علم حاصل کرنے کے لیے مقرر هیں، ایک زمانے میں جاذب توجه رهی هیں، لیکن عموماً انهیں اگر بالکل قابل نفرت نہیں تو موردِ شک و شبهه ضرور سمجھا گیا ھے ۔

[مآخذ : متن میں آ گئے هیں.]

(R. F[illegible]AN)

⊗ **بَراهُوئی** : (= براهُوئی، بَروهی) ۱ ۔ یه مغربی پاکستان کے قلات ڈویژن کے ضلع قلّات کے باشندے هیں اور ان کی مخصوص زبان بھی انهیں کے نام سے موسوم ھے ۔ ضلع قلّات کے شمال میں کوئٹه ڈویژن، جنوب میں مکران اور لس بیلا، مشرق میں کوہ کیرتھر Kirthar اور سندھ اور مغرب میں مکران اور خاران واقع هیں۔ یه ضلع ایک مستطیل ھے، جو شمالاً جنوباً زیاده سے زیاده ۳۴۰ میل لمبا اور شرقاً غرباً زیاده سے زیاده ۱۰۰ میل چوڑا ھے اور اس کا مجموعی رقبه ۲۹۸۰۲ مربع میل ھے ۔ یه صدیوں سے دو حصّوں میں منقسم چلا آ رہا ھے۔

Marfat.com

شمالی حصے کو سراوان کہتے ھیں اور جنوبی کو جَھلاوان ۔ سراوان سراسر پہاڑی علاقہ ہے، جس کے پہاڑ سطح سمندر سے گیارہ ہزار فٹ تک بلند ھیں، جن میں ساڑھے پانچ ہزار فٹ سے لے کر ساڑھے چھے ہزار فٹ تک بڑی بڑی وادیاں، جیسے قلات، مَستونگ وغیرہ اور چھوٹی چھوٹی وادیاں، جیسے جَوھان، مَرو، زَرخو، نَرمک وغیرہ پائی جاتی ھیں۔ ان کے علاوہ کِشان، رودبار وغیرہ میں کاریزیں موجود ھیں، جہاں گلہ بانی کے علاوہ کاشتکاری اور باغبانی بھی ممکن ہے ۔ کوہ براھوئی وسطی پورے ضلعے میں کھڑا ہے اور اسی کی شاخیں ناکاؤ، بَنگلزئی، کُرد، ساتکزئی، ھَربوئی، سیاہ ماران، مَیلبی اور زِبرا سراوان میں شرقًا غربًا واقع ھیں۔ جَھلاوان کے پہاڑ شمالاً جنوبًا ھیں ۔ ھربوئی کے علاوہ چارپر کی پہاڑیاں ھیں، جو زیادہ سے زیادہ ڈھائی ہزار فٹ تک بلند ھیں اور جنوب کی طرف جاتے جاتے صرف پانچ سو فٹ اونچی رہ جاتی ھیں۔ ان میں بھی وادیاں موجود ھیں ۔ بیشتر آبادی خانہ بدوشی، گلہ بانی اور خیمہ برداری پر مجبور ہے، لیکن براھوئی قبائل کا حکمران طبقہ وادیوں اور کاریزوں کی وجہ سے بہت متمول ہے ۔ متوسط طبقے کا وجود ھی نہیں، اقلیت نہایت امیر اور اکثریت انتہائی غریب ہے۔

یہ جغرافیائی ماحول کم از کم سکندر کے حملے کے وقت سے ایسا ھی ہے، لیکن اس سے پیشتر اس علاقے میں بکثرت بارش ہونے کے شواھد دریافت ھوے ھیں ۔ جھلاوان میں ما قبل تاریخ دَور کے سنگین بند پائے گئے ھیں، جنھیں براھوئی گبر بند کہتے ھیں ۔ وادیِ مشکے میں دو بند ملے ھیں، جو پہاڑوں کا برساتی پانی جمع کر کے کھیتوں تک پہنچاتے تھے، درہ لاکورئین Lakorian کے پاس تو ایک باقاعدہ بند کے نشانات ملے ھیں جو تین سو اڑتالیس گز لمبا تھا، ان سے ثابت ھوتا ہے کہ ما قبل تاریخ دَور میں یہاں بارش زیادہ ھوتی تھی ۔ ان کے علاوہ کھدائی کے اکتشافات نے یہ ثابت کیا ہے کہ وادی نال میں ایک خود کفیل زرعی معاشرہ پیدا ھوا، جو وادی سندھ کے وسیع تر اور مرکزیت پسند تمدّن کا پیشرو اور ھم عصر تھا۔ اس سے قیاس کیا جا سکتا ہے کہ ماقبلِ تاریخ دور میں ضلع قلّات میں خاصی بارش ھوتی تھی۔ بعد میں بارش کی کمی اور آب و ھوا کی تبدیلی کی وجہ غالبًا یہ تھی کہ جنوب مغربی مون سون ھواؤں کا رُخ ذرا مشرق کی طرف پھر گیا اور ضلع قلّات پر کم و بیش سوا دو ہزار سال سے موجودہ آب و ھوا مسلّط ھو گئی۔

۲- براھوئیوں کا حسب و نسب

اگر براھوئیوں کا نسلیاتی تجزیہ کیا جائے تو وہ بڑا حیرت انگیز معلوم ھوتا ہے۔ براھوئی تیس بتیس قبائل پر مشتمل ھیں، جو اکثر و بیشتر مختلف النسل ھیں اور ھر بڑا قبیلہ اپنی اپنی جگہ مختلف اور متنوع نسل پاروں سے مرکب ہے ۔ لیکن کسی قبیلے اور اُن قبائل کے کسی جزو کا ذاتی نام براھوئی نہیں مگر مجموعی طور پر یہ سب قبائل اور ان قبائل کے افراد اپنے آپ کو براھوئی کہتے ھیں۔ لفظ براھوئی کے مأخذ و ابتدا کی تاریخ معلوم نہیں ۔ براھوئی کی مختلف وجوہ تسمیہ بیان کی گئی ھیں، مثلاً (۱) براھوئی بروھو سے بگڑا ہے، جو ابراھیم کا مخفّف ہے ۔ ممکن ہے یہ اشارہ حضرت ابراھیم[ؑ] کی طرف ھو یا کسی اور ابراھیم کی طرف، جو براھوئیوں کا حقیقی یا روائتی مورثِ اعلٰی ھو؛ (۲) کُرد قبیلۂ براخوئی کا نام بگڑ کر براھوئی بن گیا؛ (۳) براھوئی گوجرا قبائل کے ایک حصّے بروہ یا براہ سے مأخوذ ھونے کی وجہ سے براھوئی کہلائے ؛ (۴) براھوئی کے لفظی معنی مردِ کہستانی ھیں اور چونکہ براھوئی پہاڑی

marfat.com
Marfat.com

علاقے کے رہنے والے ہیں اس لیے براھوئی کہلائے؛ (۵) براھوئی کوہ البرز کے باشندے ہونے کی وجہ سے پہلے پہل برز کوھی اور پھر براھوئی کہلائے؛ (۶) مختلف النسل اور مختلف الخیال لیکن ایک ہی ماحول میں رہنے والے قبائل کو باہم مربوط کرنے اور رکھنے کے لیے غالبًا یہ عمومی اصطلاح وضع کی گئی ۔ زیادہ قرین قیاس یہ ہے کہ لفظ براھوئی سیاسی اور جغرافیائی بنا ہی پر وضع کیا گیا ہو یا ہو گیا ہو.

براھوئیوں کے حسب و نسب کے متعلق بھی مختلف اور متضاد نظریات پیش کیے گئے ہیں ۔ خود براھوئی خوانین کی روایات انھیں حضرت حمزہ[4] کی اولاد بتاتی ہیں ، مؤرخین اور محققین نے انھیں عرب، کرد، ایرانی، گوجر، ترک، مغول اور بلوچ بتایا ہے، لیکن یہ سب مذکورہ لوگ کرۂ ارض کے اس افریشیائی علاقے سے تعلق رکھتے ہیں جو فاصلوں کے باوجود تھوڑے سے تغیر کے ساتھ ایک ہی قسم کے طبعی ماحول کا مالک لہٰذا بہت سی مشترکہ خصوصیات کا حامل ہے اس لیے ان میں سے کسی رائے کو بھی قطعی نہیں سمجھا جا سکتا ۔ ثانیًا یہ تمام مذکورہ نسل پارے براھوئی جمعیت میں واقعی گھلے ملے ہیں اس لیے ان میں سے کسی ایک نسل پارے کے ساتھ انھیں مخصوص و محدود کرنے کا جواز نہیں ہے.

ان کی منفرد اور جداگانہ ہستی کو سمجھنے کے لیے ہمیں در اصل ان کے نسلی عناصر سے زیادہ ان کی زبان پر توجہ دینی چاہیے جو منفرد اور جداگانہ ہے ۔ لیسن Lassen، ارنسٹ ٹرمپ، گرئیرسن ، جان آیوری Avery، سر ڈینس برے وغیرہ نے انھیں اسی نظریے سے جانچا ہے اور براھوئی زبان کو اصلی و اساسی طور پر دراوڑ زبان ثابت کیا ہے، جو جنوبی بھارت کی دراوڑی زبانوں سے خاصی مشابہت رکھتی ہے؛ لہٰذا براھوئی دراوڑوں ہی کے اخلاف ہیں، جنھوں نے تین ہزار سال قبل مسیح میں وادی سندھ کی تہذیب کے علاوہ دوسرے چھوٹے چھوٹے زرعی معاشرے نال، کلی، کوئٹہ اور ژوب وغیرہ میں قائم کیے تھے اور جو ۱۵۰۰ قبل مسیح کے قریب آریوں سے شکست کھا کر ان کے مطیع ہو گئے ۔ ان میں سے جو مطیع نہ ہونا چاہتے تھے وہ ضلع قلات کے پہاڑوں میں پناہ گزین ہوے لیکن اکثر و بیشتر ایک طویل سفر کے بعد جنوبی بھارت میں اقامت پذیر ہوے، جہاں وہ آج تک اپنے مخصوص تمدن اور زبانوں کے مالک ہیں ۔ ان کے برعکس براھوئی چونکہ گذرگاہ پر آباد تھے اس لیے ان میں وسطی اور مغربی ایشیا کے مختلف نسل پارے مخلوط ہو گئے اور ان کی زبان و ثقافت اور وضع و معاشرت پر نو واردوں کے گہرے اثرات مرتسم ہو گئے ۔ لیکن ان اثرات کے باوجود ان کی زبان سے ان کی دراوڑ اصلیت کا اب بھی صاف صاف پتا چل رہا ہے.

### ۳- براھوئی معاشرتی و سیاسی تنظیم

براھوئیوں کی معاشرتی تنظیم ان کے سیاسی و اقتصادی نظام سے ناگزیر ربط و ضبط رکھتی ہے ۔ قلات کی میری یا خانی کے ظہور (پندرھویں صدی عیسوی) سے قبل ان کی قدیم اور اصل معاشرتی تنظیم قبیلے کے گرد گھومتی تھی ۔ یہ امر معنی خیز ہے کہ براھوئی اصطلاح میں قبیلہ اور قوم ہم معنی الفاظ ہیں، لہٰذا ان کے قبیلے کی تشکیل و تنظیم کو سمجھنا از بس ضروری ہے.

قدیم براھوئیوں نے اپنے قبیلے کو مختلف مدارج میں منظم کیا تھا ۔ اس کی قدرتی بنیادی اکائی خاندان تھا، جسے براھوئی اصطلاح میں پِرا کہتے ہیں ۔ پرا کا سردار اس کا معمر ترین فرد ہوتا تھا، جو اپنے پرا کی معاشی ضروریات کا

marfat.com
Marfat.com

کفیل بھی تھا اور ان کی سماجی تقریبات کا رہنما بھی ۔ ہر دور کا قانون اس کی اس حیثیت کو بلا چون و چرا تسلیم کرتا تھا، لہٰذا آئے دن کے حملوں اور تغیرات کے باوجود اپنے اس اٹل بنیادی خاندانی استحکام کی وجہ سے براھوئی معاشرہ شکست و ریخت سے بچا رھتا تھا ۔ لیکن جب بہت سے خاندان ایک دوسرے کی قربت اور ھمسائگی میں رھتے ھوں تو ان کے داخلی توازن کے باوجود ان میں اختلافات ھو سکتے ھیں، یا انھیں مشترکہ مسائلِ تحفظ و بقا پیش آ سکتے ھیں، لہٰذا براھوئیوں نے 'پرا' سے اوپر 'شلوار'، یعنی برادری، کی تنظیم کی، جو مختلف خاندانوں کا مجموعہ تھی ۔ 'پرا' کے برعکس 'شلوار' کا کوئی قدرتی قائد نہ ھو سکتا تھا، اس لیے انھوں نے بالواسطہ اصولِ انتخاب سے کام لیا ۔ تمام 'پروں' کے قائدین نے اپنے میں سے افضل ترین قائد کو اس بنا پر 'شلوار' کا قائد چن لیا کہ اس کا خاندان شجاعت و سخاوت اور پابندیِ دستور میں ممتاز ترین تھا ۔ یہ قائد معتبر یا کَماش کہلایا ۔ اگر کماش دستور کی پابندی نہ کرے یا روز جنگ بھاگ جائے تو اسے معزول کر کے اسی کے خاندان کے کسی اَور فرد کو کماش منتخب کیا جا سکتا تھا، گویا یہ عہدہ کسی فرد کے بجائے ایک خاندان میں موروثی طور پر مستقل کر دیا گیا۔

مختلف 'شلواروں' یا برادریوں کے باھمی اختلافات کو نمٹانے کے لیے انھوں نے ٹھکّر کی تنظیم کی، جو چند برادریوں کا مجموعہ تھا ۔ ٹھکّر یا طائفے کا قائد کماشوں میں سے منتخب ھوا اور اسے اصطلاحًا ٹھکری یا میر کہتے ھیں ۔ ٹھکّروں کے مشترکہ مسائل اور باھمی اختلافات کو نمٹانے کے لیے انھوں نے قبیلہ منظم کیا اور افضل ترین ٹھکری کو کماش کے اصول و شرائط پر قبیلے کا قائد چن لیا اور اسے اصطلاحًا سردار پکارنے لگے ۔ اس طرح ایک قبیلہ ٹھکّروں، شلواروں اور پروں میں منظّم ھو کر تشکیل پا گیا ۔

براھوئیوں کے متعلق عمومًا یہ کہا اور سمجھا جاتا ھے کہ وہ سردار پرست ھیں اور اپنے سرداروں کے اندھا دُھند مقلّد، لیکن مذکورہ تنظیم سے یہ بات عیاں ھو جاتی ھے کہ براھوئی معاشرۃً ایسے نہیں ھیں؛ اسی لیے وہ سماجی اور سیاسی اقتدار کو افراد کے بجائے خاندانوں میں مرکوز رکھتے ھیں، لیکن کسی حد تک خانیِ قلات کے زیرِ اثر اور بہت حد تک انگریزی دور میں سردار ان پر مسلّط ھو گئے ۔

اختلاف کو نمٹانے کے لیے بھی کماش، ٹھکری اور سردار خود مختار نہ تھے بلکہ اپنے اپنے حلقے میں جرگوں کے ذریعے فیصلے کرتے تھے ۔ کماش کا جرگہ خاندانی قائدین پر، ٹھکّری کا جرگہ کماشوں پر اور سردار کا جرگہ ٹھکریوں پر مشتمل ھوتا تھا اور جرگے صرف روایتی قانون کو نافذ کرتے تھے جو صدیوں سے ھر قبائلی کا جانا پہچانا ھوتا تھا اور ان کا مقصد سزا دینا نہ تھا بلکہ اسبابِ جرائم کا سدّ باب کرنا اور فریقین کی باھمی منافرت کو دُور کرنا تھا۔

ایک اَور امر جو اس سِلسِلے میں پیشِ نظر رھنا چاھیے یہ ھے کہ براھوئی قبیلہ ایک نسلی تنظیم نہیں بلکہ ایک ما فوق النّسلی تنظیم ھے ۔ یہ بنیادی اکائی، یعنی خاندان، نسلیت پر ضرور مبنی ھے اور کسی حد تک شلوار بھی، لیکن ٹھکّر اور قبیلے میں وہ تمام مختلف النسل لوگ شامل ھو سکتے تھے جو اسی علاقے میں سکونت پذیر ھوں اور شمولیت کے خواھاں ھوں ۔ اس کے علاوہ قبیلے کے دروازے نوواردوں کے لیے ھمیشہ کھلے رھتے تھے ۔ نووارد اگر باھمی خوشی و غم اور جنگ و امن میں شریک ھوتا تھا تو اسے قبائلی زمین میں سے حصّہ تفویض کر دیا جاتا تھا اور کچھ عرصہ بعد اس کی شادی بھی

marfat.com
Marfat.com

قبیلے کی کسی لڑکی کے ساتھ کر دی جاتی تھی اور اس طرح اس کی شمولیت پر مہرِ دوام ثبت ہو جاتی تھی ۔ گویا براهوئی قبائلی معاشرتی تنظیم جامد نہ تھی بلکہ اس میں لچک، وسعت پذیری اور تنوّع کے اوصاف موجود تھے؛ اسی لیے مختلف نسل پارے اس میں جذب ہوتے گئے.

لیکن اگر خاندانوں، شلواروں اور ٹھکّروں میں اختلاف ہو سکتے تھے یا بعض مشترکہ مسائل انھیں باہم مربوط کرنے کے متقاضی تھے تو قبیلوں میں ایک دوسرے کے درمیان بھی اختلافات ہو سکتے تھے اور مشترکہ مسائل انھیں اتحاد و اشتراک پر اکسا سکتے تھے، لہٰذا مرورِ زمان کے ساتھ ساتھ براهوئیوں میں ایک مافوق القبیلہ نظام کا احساس پیدا ہوا.

اس کی پہلی کڑی کو اصطلاحاً ''پلّو شریک'' یا ''پلّوی'' کہتے ہیں، یعنی وہ قبائل جو اپنی مخصوص ساخت یا روایات یا سرداروں کے باوجود ایک ہی علاقے میں رہنے کی وجہ سے دوسرے کے دامن گیر یا ہم پلہ و ہم پیالہ ہیں۔ یہ قبائل اپنے سے قوی قبیلے کو اپنا قبیلۂ اول مان لیتے تھے اور جنگ و امن اور شادی و غم میں ایک دوسرے کا ساتھ دیتے تھے ۔ سراوان کے پانچ پلّوی مندرجۂ ذیل تھے : (۱) رئیسانی : کُرد، لانگو، ساتکزئی؛ (۲) شاهوانی : محمد شہی، سرپرہ؛ (۳) لہڑی اور بنگلزئی؛ (۴) رند اور ڈومبکی؛ (۵) مری، بگٹی، نوشیروانی، سنجرانی اور جمالدینی ۔ جھلاوان کے پانچ پلّوی درج ذیل تھے : (۱) زهری، زرک زئی، نیچاری، پندرانی، جِیک؛ (۲) شاهی زئی مینگل، بزنجو، خدرانی، ساجدی، محمد حسنی؛ (۳) مگسی، دیناری، لاشاری؛ (۴) میر واڑی، قمبراڑی، ایلتازئی، ذکر مینگل؛ (۵) گرگناڑی، قلندراڑی، سمالاڑی، رودینی ۔ براهوئیوں کا یہ اقدام یقیناً ان کی مرکز پذیری کی نشان دہی کرتا ہے، لیکن حالات جس مرکزیت کے متقاضی تھے پلّوی اسے پورا نہ کر سکتے تھے ۔ یہ یاد رکھنا ضروری ہے کہ پندرھویں صدی عیسوی میں بلوچ مکران میں تازہ دم اور منظم ہونے کے بعد پیش قدمی کے لیے تیار ہو رہے تھے اور وسط ایشیا سے مغول کا سیلاب بڑھا چلا آ رہا تھا، لہٰذا قبائل کے سرداروں نے اپنے میں سے ممتاز ترین خاندان کے ممتاز ترین سردار کو اپنے پرانے اصول و شرائط انتخاب پر اپنا قائد منتخب کر لیا، جسے انھوں نے پہلے میر اور بعد میں خان کہا ۔ پہلا میر یا خان میرو قمبرانی تھا اور اس نے نہ صرف قبائلی تنظیم اور دستور بر قرار رکھا اور اسے مستحکم کیا بلکہ جدگالوں (جاٹوں) سے جنگیں لڑ کر ان کے بہت سے علاقے قبائل میں تقسیم کر دیے ۔ یہاں سے بعض مؤرخوں کو غلط فہمی ہوئی ہے کہ براهوئیوں کا قبائلی و جرگائی نظام قمبرانی قانون پر مرتب ہوا، حالانکہ اصل بات یہ ہے کہ قمبرانیوں نے دستور و روایات قدیم ہی کو اپنا قانون بنا کر انھیں مستقل حیثیت دے دی ۔ بعد میں میر نصیر خان اوّل (۱۷۴۹ - ۱۷۹۴ء) نے سراوان اور جھلاوان کے لیے الگ الگ سرِ سرداران کا عہدہ قائم کر کے پلّوی اور خان کے درمیان ایک اور کڑی قائم کی تا کہ بصورتِ جنگ خان کو کم سے کم لیکن طاقتور ترین سرداروں ہی سے سروکار یا رابطہ رکھنا پڑے ۔ بہر حال خانی کے قیام سے براهوئیوں کی معاشرتی اور سیاسی تنظیم بیک وقت پایۂ تکمیل کو پہنچ گئی ۔ خان سردار خیلوں (حکمران خاندانوں) کے مقدمات کے علاوہ ایسے اهم داخلی مقدمات سنتا تھا جن سے وسیع نقضِ امن کا خدشہ ہو سکتا تھا، لیکن اس کے فیصلے اکثر و بیشتر انفرادی یا آمرانہ بلکہ جرگائی ہوتے تھے ۔ خان کا جرگہ سردارانِ قبائل پر مشتمل

Marfat.com

ہوتا تھا ۔ اس کے علاوہ وہ تمام خارجی امور کا نگہبان تھا اور تمام خارجی جنگیں اسی کے زیرِ قیادت ہوئیں۔

اپنے قیام سے لے کر ۱۶۶۶ء تک ریاست قلات کا ابتدائی تشکیلی دور تھا، جس میں اس کی تاریخ بہت اُلجھی ہوئی اور تاریکی میں ہے ۔ کم و بیش چار میر ـــ میرو، میرعمر، میر بجّار اور میر حسن ـــ اس عرصے میں حکمران رہے ۔ داخلی طور پر ریاست جدگالوں سے مسلسل نبرد آزما رہی، حتّٰی کہ یہ سب سیاسی و عسکری طور پر شکست کھا کر پلٹ گئے یا براہوئی ہیئت اجتماعیہ میں مدغم ہوتے گئے۔

دوسرا دور ۱۶۶۶ء میں میر احمد خان اوّل سے شروع ہوا اور اقتدار مستقلاً قمبرانی قبیلے کی شاخ احمد زئی کے پاس آ گیا ۔ اس کی معراج میر نصیر خان اوّل (۱۷۴۹ - ۱۷۹۴ء) کا دور تھا، جس نے براہوئیوں اور بلوچوں کو متحد کرنے کی پوری کوشش کی اور اپنی قوت و عظمت کا سکّہ نہ صرف بلوچستان بلکہ ایران و افغانستان اور سندھ و پنجاب پر بھی بٹھا دیا اور اپنی رعایا میں اتنا ہر دلعزیز ہوا کہ آج تک اسے ولی اور نوری سمجھا جاتا ہے۔

میر محراب خان دوم (۱۸۱۷-۱۸۳۹ء) سے ریاست کا تیسرا دور شروع ہوا، جب انگریزی اقتدار پہلی جنگ افغانستان کی وجہ سے بلوچستان کو بھی اپنے شکنجے میں لے آیا اور میر محراب براہوئیوں کا پہلا شہید بنا ۔ انگریز میر شاہنواز خان کو بر سر اقتدار لائے، لیکن قبائل نے میر نصیر خان کا ساتھ دیا اور اس نے قلات پر قبضہ کر لیا اور انگریزوں نے چار و ناچار تسلیم کر لیا ۔ اس کے باوجود انگریزی اقتدار روز افزوں رہا ۔ میر خداداد خان کے وقت مستقل بغاوتیں ہوئیں اور انگریزوں کو مزید مداخلات کے مواقع ملتے گئے ۔ یہی صورتِ حال میر محمود خان دوم کے زمانے میں چلتی رہی، حتّٰی کہ ۱۹۱۷ء میں سر شمس شاہ اس کا وزیر اعظم بنا۔

۱۹۱۷ء میں براہوئی ریاست کا دور حاضرہ شروع ہوا ۔ سر شمس شاہ کے خلاف سردار محمد خان زرک زئی، سربدار نورالدین مینگل، سردار شہباز خان گرگناڑی اور سردار سلطان محمد نے سر اٹھایا ۔ نورا مینگل اس تحریک کا سالارِ اعلٰی تھا ۔ یہ تحریک دسمبر ۱۹۱۷ء میں نورا مینگل کو انگریزوں کے حوالے کرنے سے دب گئی، لیکن آگ سلگتی رہی ۔ دوسری مذہبی تحریک عراق کے مقدس مقامات کی بے حرمتی کے خلاف چلی ۔ ٹکراؤ میں سینتالیس مخالف مارے گئے اور اکانوے گرفتار ہوئے، لیکن انگریزوں کو سردار نور الدین مینگل اور سردار شہباز خان گرگناڑی کو بحال کرتے ہی بنی ۔ تیسری وسیع تر تحریکِ آزادی نواب زادہ یوسف علی عزیزمگسی خان کی زیر قیادت کبھی خفیہ، کبھی بر ملا، لیکن مسلسل چلتی رہی ۔ ۱۹۳۳ء سے میر احمد یار خان ریاست کے خان ہوئے اور انھوں نے تحریک پاکستان کی حمایت میں پر جوش حصّہ لیا۔

۱۹۴۷ء میں قیام پاکستان سے یہ ریاست ہمارے ملک کی ترقیاتی سرگرمیوں میں برابر کی حصّہ دار ہے ۔ سکول اور شفاخانے وسیع تعداد میں کھولے گئے ہیں ۔ کراچی سے کوئٹے تک براستۂ خُضدار شاہراہ زیرِ تعمیر ہے ۔ مستونگ میں انٹر کالج اور خُضدار میں ڈگری کالج قائم کیے گئے ہیں ۔ ۱۹۵۸ء کے بعد سے اس علاقے پر خصوصی توجہ کی گئی ہے۔

براہوئیوں کی سیاسی تنظیم عموماً چند اصولوں پر کام کرتی رہی ہے : (۱) عام قبائلیوں نے سیاسی اقتدار مستقلاً حکمران خاندانوں میں مرکوز کر کے کسبِ معاش کے لیے فراغت پائی ۔ اس حکمران

marfat.com
Marfat.com

خاندان کے افراد براھوئیوں کے امیر ترین لوگ ھیں۔ انھیں حکمرانی کے علاوہ بیگار، نذرانے وغیرہ کی مراعات حاصل ھیں، لیکن حکمران طبقے عموماً اپنے قبائلیوں کے نبض شناس رہے؛ (۲) خوانین قلات نے اقتدار کے بے ضرورت اظہار سے حتی الوسع گریز کیا اور تمام اختیارات اپنی ذات یا دربار میں مرکوز کرنے سے احتراز کرتے رہے۔ انھوں نے اپنی ریاست کو ایک نوع کا وفاق سمجھا۔ ان کی دیکھا دیکھی سردار، ٹھکری اور کماش بھی اپنے اپنے دائروں میں کام کرتے رہے؛ (۳) اپنے قبائل کی اقتصادی خوشحالی کے لیے ھر اچھے خان نے توسیع سلطنت کے ذریعے مزید اراضی حاصل کی اور اس طرح براھوئیوں کا اجتماعی کردار بھی پختہ کیا؛ (۴) خان کی کامیابی اس میں مضمر رھی کہ وہ کس حد تک اپنے گرد و پیش کی زیادہ طاقتور سلطنتوں کے مقابلے پر اپنی داخلی آزادی بچاتا ھے اور کس حد تک اُن کے سامنے جھک کر اپنی اور اپنے قبائلیوں کی بہتری کر سکتا ھے۔

کیا براھوئی معاشرے میں ذات پات کی تمیز ھے؟ شعوری طور پر ایسی کسی تمیز کا پتا نہیں چلتا لیکن اقتصادی لحاظ سے براھوئی معاشرہ چند طبقوں میں بٹا ھوا ھے: اولاً بالائی حکمران اور امیر طبقہ، جس کا اختیار و اقتدار گو قبائلیوں ھی کا مرھونِ منّت ھے تاھم صدیوں سے اپنے حلقے میں بست و کشاد کا مرکز و محور ھونے کی وجہ سے بہت طاقتور ھو گیا ھے۔ اس طبقے کی طاقت اس وقت بڑھنے کے اور امکانات ھوتے ھیں جب خان کمزور ھو یا حکومتِ بالا اسے کمزور کر دے۔ یہ طبقہ براھوئی علاقے کی بہترین زمینوں کا مالک ھے۔ وادیاں، کاریز، چشمے، باغات، اور جنگلات عموماً اسی کے تصرف میں ھیں۔ ان کے علاوہ اسے بیگار اور نذرانے وغیرہ کی مراعات حاصل ھیں، لیکن غالباً اس کی قوت و شوکت کا جُزوِ اعظم اس کے قبائلیوں کی عملاً غیر مشروط حمایت و اطاعت ھے۔ دوسرا طبقہ زیریں، محکوم اور غریب طبقہ ھے، جو عام قبائلیوں پر مشتمل ھے۔ یہ لوگ براھوئی معاشرے کی اکثریت ھیں۔ یہ لوگ سارا سال محنتِ شاقہ سے کام لیتے ھیں، لیکن پھر بھی نادار، خانہ بدوش، خیمہ بردار اور گلّہ بان ھی رھتے ھیں۔ عام قبائلیوں ھی میں سے لیکن سماجی لحاظ سے کمتر درجے کے لوگ بھی ھیں، جنھیں لوڑی کہتے ھیں۔ یہ نہ صرف شجرہاے نسب کے حافظ ھیں بلکہ قومی تاریخ و تمدّن کے داستان سرا ھیں۔ انھیں کی وجہ سے قدیم قبائلی اور خارجی جنگیں، سہمّات، ھر دل عزیز سرداروں کے کارنامے، اولیاے اسلاف کے قصے، لوک ادب خصوصاً لوک گیت، عظیم سرداروں کے نوحے اور مذھبی و اخلاقی منظومات غرض کہ انسانی اور قبائلی زندگی کے اھم واقعات زندہ و پائندہ ھیں۔ وہ اس علاقے کے نشیب و فراز میں گھومتے پھرتے ھیں اور ان کے گیت امیر و غریب کو یکساں طور پر متأثر کرتے ھیں۔ افسوس یہ ھے کہ آج تک ان لوڑیوں کے سینوں میں محفوظ شعر و ادب کو تحریر میں لانے کی کوئی باقاعدہ کوشش نہیں کی گئی۔ بہر حال انھیں تیسرا طبقہ کہا جا سکتا ھے۔ براھوئی معاشرے کا چوتھا طبقہ علما پر مشتمل ھے، جو فلاکت زدہ اور جہالت زدہ قبائلیوں میں علم و ادب کا شوق پیدا کرنے کے لیے براھوئی زبان میں مصروفِ تصنیف و تخلیق رہے ھیں۔ ان میں سرِ فہرست مُلّا مَلک داد بن آدین غرشین قندہاری ثم قلاتی ھیں، جنھوں نے ۱۷۵۹ء میں میر نصیر خان اوّل کے دورِ حکومت میں اپنی شہرۂ آفاق کتاب تحفۃ العجائب لکھی۔ ملا موصوف کا مقصد یہ تھا کہ وہ براھوئیوں کو اسلام کے اعتقادی و اخلاقی نظام سے روشناس کرائیں اور

marfat.com
Marfat.com

ان کی زندگیوں کو شریعت کے مطابق ڈھالیں ۔ اس زمرے میں دوسرا بڑا نام شیخ بلوچستان مولانا محمد فاضل کا ہے، جن کی روحانی تحریک نے براھوئیوں کو عیسائیت سے بچا لیا اور جن کے تلامذۂ راشدہ نے براھوئی زبان کو مذھبی و اخلاقی علم وادب اور نثر و نظم سے مالا مال کر دیا ۔ ان علما کا اثر بھی علاقے کے نشیب و فراز اور امیر و غریب پر یکساں ہوا ہے۔

انگریز مصنفوں نے بہت محنت و جانفشانی سے یہ سمجھنے کی کوشش کی کہ براھوئیوں کو کون سے اصول عزیز از جان تھے، جنھیں وہ کبھی اپنا دستور یا ضابطۂ حیات کہتے ھیں اور کبھی 'میار' (معیار)؛ چنانچہ انھوں نے براہِ راست مشاھدات سے آٹھ نو اصول دریافت کیے، مثلاً : (۱) بیر، یعنی انتقام لینا؛ (۲) باھوٹ، یعنی پناہ گزیں کی آخری دم تک حفاظت؛ (۳) انامت (امانت)، یعنی دوسرے کی امانت کی مرتے دم تک حفاظت؛ (۴) مہمان نوازی، جسے غریب سے غریب براھوئی بھی اپنا فرض سمجھتا ہے اور ھر گاؤں میں مستقلاً مہمان داری کے لیے خیمے لگے رھتے ھیں؛ (۵) عورت یا کمین یا کمسن بچے یا ھندو کو مارنے سے اجتناب؛ (۶) مجرم یا قاتل قبیلے کی کسی عورت کی مداخلت پر جرم معاف کر دینا یا کم از کم اسے پوشاک دے کر عزت سے لوٹا دینا، سیاہ کاری جیسے جرائم کے سوا؛ (۷) زیارت، یعنی کسی بزرگ کے مزار پر کسی کو نہ مارنا؛ (۸) ملّا یا سیّد یا کوئی عورت قرآن مجید سر پر رکھ کر آ جائے یا ھاتھ میں ننگی تلوار لے آئے تو لڑائی فوراً بند کر دینا؛ (۹) سیاہ کار مرد اور سیاہ کار عورت کو قتل کر دینا ۔ گو اب نئی تعلیم کے زیرِ اثر ایسے جرائم میں بھی جرمانے اور جلا وطنی کی سزائیں تجویز کر دی جاتی ھیں ۔ ان اصولوں سے براھوئی دستور کی مکمل تصویر سامنے نہیں آتی ۔ یہ صرف چیدہ چیدہ اصول ھیں ۔ دستور اصل میں مہد سے لحد تک براھوئیوں پر کارگر اور کارفرما ہے اور اس کے دیگر اصول جنگ میں پامردی و جانبازی، اپنے سرداروں کی حتّی الوسع تقلید، جرگے کے فیصلے کا احترام، ھمسائے کی حفاظت اور بصورت جنگ اسے اپنے قبیلے کے پاس جانے اور اس کی طرف سے لڑنے کی ضمانت، شادی بیاہ کی رسموں میں سادگی، مذھبی روا داری اور ایک حیرت انگیز اخلاقی و جنسی ضبط وغیرہ ھیں ۔

براھوئی معاشرے میں عورت کا کیا مقام ہے؟ مذکورۂ بالا دستور سے یہ ثابت ھو جاتا ہے کہ براھوئی نظام عورت کی توقیر کا قائل تھا ۔ براھوئی حتّی الوسع اس پر ھاتھ نہیں اٹھاتے اور اس کی مداخلت پر عموماً جرم معاف کر دیتے تھے، حتّی کہ اگر وہ قرآن مجید سر پر رکھ کر آ جائے تو لڑائی بھی فوراً بند کر دیتے تھے ۔ براھوئیوں کے یہاں زمین انفرادی ملکیت کی بجائے قبائلی ملکیت سمجھی جاتی تھی ۔ چونکہ لڑکیوں کو جہیز کے طور پر زمینوں کی پیداوار کا حصہ بخشنے سے قبائلی اور اقتصادی توازن بگڑ جاتا تھا، لہذا میر نصیر خان اوّل نے اپنے دورِ حکومت میں لڑکیوں کو زمینی پیداوار کا حصہ دینا بند کر دیا ۔ انگریزی دَور میں جب یہ قبائلی نظام خود کار رھنے کے بجائے انگریزوں کی منشاء کے مطابق چلنے لگا تو عورتوں کو دیگر حقوق و مراعات سے بھی محروم کر دیا گیا ۔ لیکن براھوئی تاریخ اور اصلی نظام میں ان کا بہت اھم حصہ بھی ہے اور بہت عزت و احترام بھی ۔ براھوئی عورتیں خود جنگوں میں حصہ لیتی تھیں، جس سے مردوں کے حوصلے بڑھتے تھے اور وہ جان توڑ کر لڑتے تھے۔

براھوئیوں کا قدیم مذھب غالباً وادی سندھ کی تہذیب کا مذھب ھی تھا، جیسے وادی نال کے ما قبل تاریخ زرعی معاشرے کے مطابق ڈھال لیا

marfat.com
Marfat.com

گیا تھا، یعنی ایک ایسے دیوتا کی پوجا کی جاتی تھی جو حکمران بھی ھو۔ ایک دیوی غالباً دھرتی دیوی کا تصور موجود تھا، جو انھیں سامان خور و نوش مہیا کرتی تھی۔ بیل، درخت، ناگ، دریا اور ندی وغیرہ کی پرستش بھی کی جاتی تھی۔ یہ عقائد خاصے راسخ تھے اور ویدک آریہ مذھب خود بھی ان سے متاثر ھوے بغیر نہ رہ سکا۔ ویدک آریہ مذھب کی مظاھر پرستی کا اثر بھی ان لوگوں پر ھونا لازمی تھا۔ اس کے کمزور ھونے کے بعد بدھ مت یہاں برسرِ اقتدار رھا، لیکن بدھ مت کو بھی یہاں کے ماحول اور لوگوں کے مزاج کے مطابق ڈھلنا پڑا۔ آتش پرستی کے آثار بھی اس علاقے میں پائے گئے ھیں۔ ما قبل تاریخ کے بند آج بھی جھلاوان میں گبر بند کہلاتے ھیں، جو غالباً آتش پرستی اور آتش پرستوں کے اثر کے غماز ھیں۔ براھوئی کب مسلمان ھوے؟ غالباً وہ عربوں کے قبضۂ مکران کے بعد نورِ اسلام سے مشرف ھوے۔ اسلام نے براھوئی حیاتِ اجتماعیہ پر کئی اثرات مرتسم کیے، مثلاً : (۱) کئی مسلمان نسل پارے براھوئی جمعیت میں داخل ھوے، جیسے بلوچ، افغان وغیرہ؛ (۲) اسلام نے انھیں پہلی دفعہ رشتۂ وحدت میں پرویا اور وہ قبائل سے ماورا ھو کر ایک مرکز کی طرف مائل ھوے؛ (۳) وہ قرآن مجید کی اتنی عزت کرنے لگے کہ قبائلی لڑائی تک بند کر دیتے جب کوئی خاتون اسے سر پر اٹھا کر آ جاتی۔ آج بھی قرآن مجید ھی پختہ عہد و پیمان کا ذریعہ ھے؛ (۴) اسلام کی تعلیمات پھیلانے کے لیے علما کا طبقہ وجود میں آیا، جس نے براھوئی زبان و ادب کی بھی گراں قدر خدمات انجام دیں؛ (۵) اسلامی تعلیمات کے زیر اثر ھی ان میں ایک بے نظیر اور حیرت انگیز جنسی و اخلاقی ضبط پیدا ھوا اور وہ عریانی، فحاشی اور جنسی بے راہ روی کو بدترین گناہ سمجھنے لگے؛ چنانچہ براھوئی زبان و ادب میں حسن و عشق کے قصے صرف خال خال ھی ھیں۔

لیکن ان اثرات کے باوجود عام قبائلیوں میں قدیم توھمات موجود ھیں، گو ملا ملک داد کی تبلیغ، میر نصیر خان نوری کی شرعی اصلاحات اور دُرخانی تحریک نے ان کے توھمات کو معقول حد تک کمزور کر دیا ھے۔

### ۴ - براھوئی زبان

براھوئی یوں تو اپنے قبیلے کی درجہ بدرجہ تنظیم، مافوق القبیلہ نظام، خانیِ قلات میں ریاستہاے متحدہ کے تخیل، اپنے معیار و دستور اور اپنے جرگائی نظام انصاف میں بھی متعدد و منفرد خصوصیات کے حامل ھیں لیکن انکا ممتاز ترین نقش ان کی زبان ھے اور اسی کی بنا پر وہ نہ صرف مغربی پاکستان کے دیگر نسلی عناصر سے ممیز کیے جا سکتے ھیں بلکہ وادی سندھ کی تہذیب اور اس کے ھم عصر و ماقبل زرعی تمدنوں کے ساتھ ھمارا بلا واسطہ رشتہ استوار کرتے ھیں۔

براھوئی زبان نہ تو ھند و اروپائی قدیم و جدید السنہ، از قسم سنسکرت، قدیم فارسی، یونانی، لاطینی اور انگریزی، فرانسیسی، جرمن، اطالوی، روسی، فارسی اور ھندی وغیرہ کی طرح تصریفی زبان ، جو اپنے قواعدی رشتوں کو ظاھر کرنے کے لیے لاحقوں، سابقوں یا میانوں کے ذریعے الفاظ کی انتہا یا ان کی صورت تک کو بدل ڈالتی ھے اور یہ لاحقے، سابقے اور میانے اسما کے ساتھ مل کر اپنے معانی اور اپنی انفرادیت ھی کھو بیٹھتے ھیں تا کہ ایک نیا معنی پیدا کر سکیں اور نہ براھوئی زبان چینی اور تبتی کی طرح ھی یک لفظی یا یک رکنی زبان ھے کہ ھر لفظ بلا اضافہ ایک بنیادی خیال کا مظہر ھو بلکہ یہ التصاقی یا امتزاجی یا غیر تصریفی زمرے کی زبان ھے۔ اس زمرے میں قدیم و جدید سامی و حامی زبانیں از قسم بابلی، آشوری، کنعانی یا آرامی یا

marfat.com
Marfat.com

حبشی، عبرانی، کلدانی، عربی، مصری، قبطی اور یورالی الطائی زبانیں از قسم ترکی، منگولی، ھنگروی شامل ھیں - دراوڑی زمرۂ السنہ کو بھی اسی زمرے میں شامل کیا جاتا ھے - ان تمام السنہ کا اصولِ مشترک یہ ھے کہ دو یا دو سے زیادہ الفاظ کو ایسے جوڑ دیتی ھیں کہ وہ تصریفی السنہ کے لاحقوں کی طرح ایک دوسرے میں کاملاً جذب نہیں ھوتے، لیکن اپنے اپنے معانی قائم رکھنے کے باوجود نئے معنی ضرور پیدا کر دیتی ھیں اور اس طرح تصریفی السنہ کے مقصد کو پا لیتی ھیں - گویا براھوئی اور دیگر دراوڑ السنہ کا قدیم سامی و حامی السنہ سے رشتہ نہ صرف قریبی بلکہ قدیم ھے اور قیاس غالب ھے کہ مزید تحقیقات کے بعد محقّقین کو یہ تسلیم کرنا ھی پڑے گا کہ دراوڑ نسل بنو سام و بنو حام سے متعلّق ضرور تھی۔

دراوڑ زمرۂ السنہ میں جو اھم مشترکہ عناصر پائے جاتے ھیں وہ مندرجۂ ذیل ھیں :-

۱ - ان زبانوں میں مشتقات بہت کم اور سیدھے سادے ھوتے ھیں اور مرکبات ھی پر ان کا زیادہ تر دارومدار ھے - یہ مرکبات دو یا دو سے زیادہ اسما کو ملا کر بنتے ھیں۔

۲ - یہ تمام زبانیں واضح طور پر التصاقی نوعیّت کی ھیں - ان کی گرامر کے تعلقات ان کے مادّوں سے لاحقے، سابقے اور میانے چسپاں کرنے سے ظاھر ھوتے ھیں - یہ زائد پارے ان کے مادّوں میں یوں جذب نہیں ھوتے جیسے باھم موڑ توڑ سے پیدا ھونے والی تصریفی زبانوں میں ھوتے ھیں۔

۳ - اسمائے صفت غیر تصرّف پذیر ھوتے ھیں اور اسما کے ساتھ سابقوں کے طور پر لگا دیے جاتے ھیں۔

۴ - ان زبانوں میں اسمائے موصولہ نہیں ھوتے - اس کے برعکس افعال مثبت اور منفی دونوں ھی صورتوں میں پائے جاتے ھیں۔

۵ - ضمائر و اعداد میں یہ زبانیں حتّٰی الوسع دخیل الفاظ سے مبرا ھیں۔

۶ - صفاتِ مقابلہ میں لاحقے کا فقدان ھے لیکن تفضیل ظاھر ضرور کی جاتی ھے۔

یہ خصوصیات براھوئی زبان میں یوں ظاھر ھوتی ھیں :-

۱ - براھوئی میں بھی دارومدار زیادہ تر مرکّبات پر ھے، مثلاً جان ھُشوکا، یعنی جاں سوز، جان لینے والا، جان لیوا، و سہ تروکا یعنی زندگی دینے والا یا جان بخش - بادل لانے والی ھوا کو جھمر بروکا، یعنی ابر آور کہتے ھیں - ھرن کی آنکھوں والی حسینہ کو خَزم خنی یا آھو خَنی کہتے ھیں - لمبی گردن والی محبوبہ کو کونج لِغی کہتے ھیں - چاند کو شرمانے والے چہرے یا حسن کو ماہ لَج کہہ دیتے ھیں - چاند کو ماند کر دینے بلکہ بجھا دینے والے حسن کو ماہ تھوس کہتے ھیں - دل میں بیٹھ جانے والی یعنی دل نشیں بات کو اُست ناتہٹی ھنو کا یعنی دل کے اندر جانے والی کہہ دیتے ھیں - انگریزی زبان میں بھی ایسی مثالیں مل جاتی ھیں، لیکن اُس پر مشتقات بہت غالب ھیں۔

۲ - بعض آریائی زبانوں کا قاعدہ ھے کہ سابقے، میانے اور لاحقے اسما کے ساتھ مل کر اپنے معنی اور اپنی انفرادیت کھو بیٹھتے ھیں اور کاملاً انھیں میں ضم ھو کر نئے معانی دے دیتے ھیں، لیکن براھوئی میں سابقے، میانے اور لاحقے اسما کے ساتھ مل کر نئے معنی تو پیدا کر دیتے ھیں تاھم اپنا وجود اور اپنے ذاتی معنی بھی برقرار رکھتے ھیں، جیسے :-

تذکیر و تانیث ظاھر کرنے کے لیے 'نرنگا' اور 'مادا غا' سابقوں کے طور پر لگا دیتے ھیں، جیسے نرنگا چُک (= نر پرندہ) اور مادا غاچُک (= مادہ پرندہ)،

marfat.com
Marfat.com

اسی طرح زیادہ تعداد ظاہر کرنے کے لیے بز، بمعنی بہت، بطورسابقہ لگاتے ہیں، جیسے بزہلی (= بہت سے گھوڑے)، تفضیلِ بعض اور تفضیلِ کل ظاہر کرنے کے لیے زیاستی (= زیادہ سے) اور کہلان (= کل سے) بطورسابقہ لگاتے ہیں، جیسے بہتر کو ظاہر کرنے کے لیے زیاستی جوان (= زیادہ سے اچھا) اور بہترین کو ظاہر کرنے کے لیے کہلان جوان (= کل سے اچھا) کہتے ہیں۔

اسما میں اضافت یا انتساب، تفریق اور عطیے کی حالتیں ظاہر کرنے کے لیے ان کے درمیان نا، آن، ات، نے اے کے میانے چسپاں کر دیتے ہیں، جیسے برائے انتساب یا اضافت: ہلی ناکرا (= گھوڑے کا بچہ)، باوانا مسڑ (= باپ کی بیٹی)، خنک نالر زیرا (= آنکھوں کی لرزش)؛ برائے تفریق: ہلی آن دِتر (= گھوڑے سے خون)، استت دعا (= دل سے دعا) اور برائے عطیہ ننے دِیرایتے (= مجھے پانی دیدو)، ددے ایتے (= اسے دیدو) کہتے ہیں۔

اسما میں آلہ، حال، ذوالحال، شمولیت، انداز، سمت، بالائی حالت، رفاقت وغیرہ کی حالتیں ظاہر کرنے کے لیے ان کے آخر میں اینٹ، آن، ٹی، ات، ء، ، آ وغیرہ لاحقوں کے طور پر لگا دیتے ہیں، جیسے اسم کو آلہ بنانے کے لیے زغم اینے یا زغمینے (= تلوار سے یا تلوار کے ساتھ)؛ اسم کو کسی حالت کی وجہ بنانے کے لیے ٹھپ آن یا ٹھپان (= زخم سے یا زخم کی وجہ سے)؛ شمولیت ظاہر کرنے کے لیے اسم کے آخر میں لاحقہ ٹی لگا کر شہرٹی (= شہر میں)، اوراٹی (= گھر میں)؛ سمت ظاہر کرنے کے لیے اِی حیدر آباد ء کوا (= میں حیدرآباد کو جاؤنگا)؛ بالائی حالت کو ظاہر کرنے کے لیے ہلی آ (= گھوڑے پر)، کتا (= کھاٹ پر) مشا (= پہاڑ پر) بولتے اور لکھتے ہیں۔

۳ - براہوئی میں اسماے صفت سابقوں کے طور پر ہی چسپاں کیے جاتے ہیں، مثلاً شرنگا نرینہ (= اچھا آدمی)، جوانو پوشاک (= عمدہ پوشاک)، سونو خاخو (= سیاہ کوا)، پیونو پرک (= سفید تتلی)، چٹکو ریش (= چھدری داڑھی)، زیبو زائفہ (= حسین عورت)، ہنیے نو دِیر (= میٹھا پانی)، پوسکنو سو (= تازہ گوشت)، مٹکنو گدھ (= بوسیدہ کپڑے)، بھلو پر (= موسلا دھار بارش)، جوا ننگا اخلاق (= نیک اخلاق) وغیرہ۔

۴ - براہوئی میں مصادر مثبت اور منفی دونوں ہی صورتوں میں ملتے ہیں۔ براہوئی مثبت مصادر کی عمومی نشانی صوتی لحاظ سے اِنگ اور تحریری لحاظ سے نگ ہے اور منفی مصادر کی پننگ یا صرف پنگ ہے۔ ذیل کی مثالوں سے یہ واضح ہو جائیگا :-

| مثبت | معنی | منفی | معنی |
|---|---|---|---|
| ہِننگ | جانا | ہپننگ | نہ جانا |
| پارِنگ | بولنا | پائیپننگ | نہ بولنا |
| ہوغنگ | رونا | ہوغپننگ | نہ رونا |
| جاگنگ | جاگنا | جاگپننگ | نہ جاگنا |
| خاچنگ | سونا | خاچپننگ | نہ سونا |

۵ - براہوئی پر فارسی کی اتنی دبیز تہہ جم گئی ہے کہ اس کے صرف پہلے تین اعداد ہی دراوڑی رہ گئے ہیں - ایک کو اسٹ، دو کو اِرٹ اور تین کو مسٹ کہتے ہیں۔ اس کے بعد فارسی کی گنتی ہے، یعنی چہار، پنج، شش وغیرہ؛ لیکن ہر دس کے پہلے تین اعداد کو خالص فارسی گنتی میں بھی ظاہر کرتے ہیں اور فارسی دراوڑی گنتی میں بھی، مثلاً گیارہ، بارہ اور تیرہ کو یازدہ، دوازدہ، سینردہ بھی کہتے ہیں اور دہ اسٹ، دہ ارٹ اور دہ مسٹ بھی کہتے ہیں - توصیفی و ترتیبی اعداد میں پہلا = اولیکو، دوسرا = ارٹمیکو، تیسرا = مسٹ میکو اور اس کے بعد عموماً فارسی عدد کے بعد میکو کا لاحقہ لگا کر ادا کرتے چلے جاتے ہیں ۔

لیکن براہوئی ضمائر اپنی دراوڑی اصلیت کا ایک بین ثبوت ہیں اور یہاں فارسی ضمائر وغیرہ

Marfat.com

اثر براہے نام ہے۔ استفہامیہ ضمائر، مثلاً دِر (= کون؟) دِنّا (= کس کا؟) دِرے (= کیسے؟) دِرآن (= کس سے؟)، اَنت (= کیا؟) اور اَرا (= کس کا؟) خالص دراوڑی ہیں۔ اسمائے ضمائر کے تقابلی مطالعے سے یہ بات اور بھی واضح ہو جائیگی۔

دراوڑی زمرہ

| براھوئی | ملیالم | تامل | کناری | ٹوڈا | اردو |
|---|---|---|---|---|---|
| ای | نا | نان | نانو | آن | میں |
| کَنّا | اینٹر | ایناڈر | ناندو | نیدو | میرا |
| نِی | نی | نی | نینو | نی | تُو |
| نَا | نیندا | اوناڈو | نیناڈو | نندو | تیرا |
| نُم | نینن | نیرو | نیود | نیو | تم |
| نُما | نینانڈا | اُماڈو | نَماندو | نَمدو | تمہارا |
| او یا اود | اوان | اوان | اوانو | او | وہ |
| اونا | اوانرے | اوانڈو | اوان | اوان | اُس کا |

۶ - براھوئی میں دیگر دراوڑی السنہ کی طرح صفات مقابلہ نہیں ہیں گو تفضیل سابقے لگا کر ظاہر کی جا سکتی ہے، مثلاً :-

تفضیل نفسی - دا جوان اے (= وہ اچھا ہے)،
تفضیل بعض دا زیاستی جوان اے (= وہ بہتر ہے)
تفضیل کل دا کُہلّان جوان اے (= وہ بہترین ہے)۔

براھوئی زبان چونکہ ضلع قلات کے جغرافیائی ماحول میں محدود و مقیّد رہی، جہاں صرف خانہ بدوشانہ اور قبائلی طرزِ حیات ہی ممکن تھا، اس لیے وہ جنوبی بھارت کے مختلف ماحول میں پروان چڑھنے والی دیگر دراوڑ السنہ سے مختلف ہو گئی اور اپنی وہ ماہیت بھی پوری طرح برقرار نہ رکھ سکی جو وادی سندھ میں اس کے لیے مخصوص تھی - زبان لازمًا جغرافیائی ماحول اور سماجی نظام کا پرتو ہوتی ہے اور براھوئی اس سے مستثنیٰ نہیں ہے - ثانیًا پاک و ہند اور ایران میں قائم ہونے والی طاقتور سلطنتوں کے زیر اثر خصوصًا ما بعد اسلام دور میں، جب کہ ان باہم متخالف و متضاد سلطنتوں میں ایک ناگزیر لسانی و تمدّنی یگانگت پائی جاتی تھی، براھوئی میں عربی اور فارسی کے بے شمار الفاظ داخل ہوگئے۔ ان کے علاوہ خانہ بدوشی اور میل ملاپ کی وجہ سے بلوچی، پشتو اور سندھی کے متعدّد الفاظ بھی اس کا جزو بنتے رہے - پھر ریاست قلات کی سرکاری، درباری اور دفتری زبان فارسی تھی لہٰذا براھوئی صرف بول چال کی زبان رہ گئی اور تامل وغیرہ کی طرح کوئی ادب پیدا نہ کر سکی - لیکن عربی فارسی الفاظ کی بھرمار کے باوجود براھوئی کی اساسی لغت اب بھی دراوڑی ہے، جیسا کہ ہم اوپر لکھ چکے ہیں - لغت میں بھی براھوئی اور دراوڑی کی ناقابل انکار مشابہت اور یک مخرجی نمایاں ہے، جیسا کہ ذیل کے الفاظ سے ظاہر ہوگا :-

(الف)

| براھوئی | تامل | اردو | براھوئی | تامل | اردو |
|---|---|---|---|---|---|
| دِیر | نِیر، تھنیر | پانی | خَل | کَل | پتھر |
| آدِنیک | کنّاھدی | آئینہ | کُرّا | کُندرو، کدرای | بچھڑا |
| خاخو | کاھکے | کوّا | لُمّان | امّاں | ماں |
| خن | کَن | آنکھ | تُپک | تِپکّی | بندوق |
| اِی(نَن – ھم) | نن | میں | پُورا | پُورنم | مکمّل |

(ب)

| براھوئی | دراوڑی السنہ | اردو |
|---|---|---|
| سُنگ | سُنگَم (چُنگَم) | چونگی |
| پِھڈ | پوٹا | پیٹ |
| باوا (ابّا) | اپّا (بابن) | باپ |
| دَرکان | تَکان | ترکھان |
| کاڑی | گڈیا | گاڑی |
| ھَلّہ | اَلّہ | حملہ (ھلّہ) |
| پِرا | پَرپوارم | خاندان |
| خَن | کَن (کَنّو، کَھن) | آنکھ |
| لُمّاں | امّاں (اَمبو، اماں) | ماں |

marfat.com

Marfat.com

| براهوئی | تامل | اردو |
|---|---|---|
| دیر | نیر (نیل) | پانی |
| هیِه | اِپه | غذا |
| پرک (تتلی) | پروکو (مچهر) | پروانه |
| پولو | پل لو | کهوکهلا |

اس تقابلی مطالعے کو اور آگے بڑھایا جائے اور التصاقی زمرے کی قدیم و جدید سامی السنه سے براهوئی کا مقابله کیا جائے تو اور بهی پر امکان اور انقلاب انگیز نتائج برآمد هوتے هیں، جیسا که مندرجهٔ ذیل نقشوں سے ظاهر هو گا:-

(الف)

| اردو | براهوئی | دیگر دراوڑی السنه |
|---|---|---|
| ابّا | ابّا، باوا | اپّا، بابن |
| ماں | امّان | اماں، امّاں، امبو |
| عربی | عبرانی | دیگر سامی السنه |
| اَب | آب | ابّو، ابا، ابّون |
| اُم، ایم | ایم | امّو، ایما، امّون |

(ب)

| اردو | براهوئی | عبرانی و فینیقی | عربی |
|---|---|---|---|
| کان | خف | قاف | قوف (=کان کا بالائی حصه) |
| منه | با | پے | فو، فوه |
| شهر | اورا، | آر | دار |
| | | بمعنی گهر | |
| راسته | دریچه، | دریچ | طریق |
| | | بمعنی کهڑکی | |
| آنکه | خن | عین | عین |
| میں | ٹی | بی | فی |
| بولنا،زبان | دوی | دوور | — |
| سے | آن | — | عن، من |

عبرانی و فینیقی لفظ قاف براهوئی میں اس لیے خف بنا هے که براهوئی حروف تهجی میں ق نهیں هے اور عربی عبرانی لفظ عین براهوئی میں اس لیے خن بنا که براهوئی کے حروف تهجی میں ع نهیں هے ۔ براهوئی کے لسانیاتی مطالعے میں ابتک سامی السنه سے متذکرهٔ بالا خطوط پر تقابلی مطالعے کی طرف بهت کم توجه دی گئی هے، اس لیے مستقبل میں اس مطالعے کی سمت بڑهنا نه صرف نتیجه خیز بلکه ضروری هے تاکه پچهلے چار سو سال سے آریوں کے عالمی غلبے کی وجه سے ما قبل آریائیت کو دبا کر آریائیت کو جو فروغ حاصل هوا هے وه ماند پڑ سکے اور تهذیب اور تمدّن کے جائز خالق سامنے آ سکیں۔

موجوده براهوئی کی لغت زیاده سے زیاده دس باره هزار الفاظ پر مشتمل معلوم هوتی هے ۔ تخمیناً ایک عام انسان کو اپنی زندگی میں دو تین هزار الفاظ کی ضرورت پڑتی هے ۔ براهوئی کی لغت متموّل تو نهیں، لیکن وه ضلع قلات، مکران، خاران، چاغی، کوئٹه، کچهی، کراچی، سنده، جنوبی افغانستان اور مشرقی ایران میں بسنے والے تقریباً بیس لاکه انسانوں کی بول چال کا ذریعه هے اور ان کے علم و ادب، سماجی تقریبات، معاشی نظام اور ان کے کائناتی مشاهدات و نظریات کی مظهر هے ۔ علاوه ازیں اس میں وسعت پذیری اور ترکیب سازی کے جوهر حیرت انگیز طور پر موجود هیں اور اب اس میں متواتر اردو اور انگریزی کے الفاظ داخل هو رهے هیں تا که اس کی تشنگی اظهار پوری هو سکے اور قوتِ ابلاغ بڑه سکے۔

۵ ۔ براهوئی علم و ادب

موضوعاتی اعتبار سے براهوئی زبان و ادب کے چار مکاتب هیں، جو کبهی علیحده علیحده اور کبهی مل جل کر کام کرتے رهے هیں اور کر رهے هیں ۔ یه چار سکول تحقیقی، کلاسیکی، علمی اور حالیه هیں اور هم ان کا مختصر سا جائزه یهاں پیش کرتے هیں:-

Marfat.com

تحقیقی سکول : اس سکول کا آغاز انگریز سیاح سرھنری پوٹنگر Sir Heary Pottinger کی کتاب Travels in Baluchistan and Sind سے ہوا، جو ۱۸۱۶ء میں لنڈن سے چھپی ۔ اس وقت تک (سابق) پنجاب، بہاولپور، سندھ، بلوچستان اور صوبۂ سرحد انگریزوں کے زیر نگیں نہ تھے، لیکن کچھ تو وسعت پذیر انگریزی سامراج کے تقاضوں کے تحت اور کچھ مشرق شناسی اور علم اندوزی کے جذبے کے تحت پوٹنگر ان علاقوں میں مصروف سیاحت رھا تھا ۔ اس سفرنامے میں اس نے براھوئی قبائل کا سرسری سا مطالعہ پیش کیا، براھوئی زبان کی طرف اشارہ کیا اور اھم قبائل سے رابطے کے بعد بلوچوں اور افغانوں سے موازنہ کرتے ہوے براھوئیوں پر من حیث القوم تبصرہ کیا ۔ اس کے خیال میں مستعدی، جسمانی قوت، دلیری، جرأت، کوہ پیمائی، نشانہ بازی، وعدہ وفائی، حلیم الطبعی، مہمان نوازی، جفاکشی اور جنگ جوئی براھوئیوں کی نمایاں خصوصیات ھیں؛ وہ سردی اور گرمی دونوں کی شدت برداشت کر سکتے ھیں؛ قد و قامت میں افغانوں سے کچھ ھی کم ھیں، لیکن بہادر انھیں جیسے ھیں اور جرأت و تحمّل میں ان سے بڑھ کر ھیں.

پوٹنگر چونکہ ایک سیّاح تھا، اس لیے اس کی بعض معلومات سطحی بھی ھو سکتی ھیں، لیکن براھوئیوں کے متعلق اس کا تبصرہ اتنا دلآویز تھا کہ یورپی علما و فضلا نے نہایت اشتیاق سے یکے بعد دیگرے براھوئیوں کو محورِ توجّہ بنا لیا ۔ پہلی جنگ افغانستان سے پیشتر لیفٹیننٹ آر ۔ لیچ Lt. R. Leech نے پہلی دفعہ براھوئی زبان و ادب کی طرف توجہ کی اور اپنے مطالعات Journal of the Royal Asiatic Society of Bengal، ج ۷ و ۱۲، میں پیش کیے ۔ جلد دوازدھم میں انھوں نے ''قلات کی مختصر تاریخ'' قلمبند کی اور اسے قلات کی شاھی خاندانی دستاویزات اور اپنے ذاتی مشاھدات پر مبنی کیا ۔ جلد ھفتم کے مقالے (مطبوعۂ ۱۸۳۸ء) میں اس نے انگریزی گرامر کی روشنی میں براھوئی گرامر لکھی، جو جزوی طور پر غلط ھو گئی، لیکن دو کہانیاں، دو گیت اور بول چال کے کچھ فقرات انھوں نے براہ راست براھوئیوں سے اخذ کیے اور یہی ھمارے پاس براھوئی لوک ادب کا اب تک قدیم ترین سرمایہ ھیں ۔ لیچ کے بعد چارلس میسن Charles Masson نے ۱۸۴۲ء اور ۱۸۴۳ء میں اپنے دو سفرنامے چھپوائے اور دوسرے سفرنامے میں براھوئی فرھنگ بھی پیش کی ۔ میسن کے بعد ایک جرمن عالم لیسن Lassen نے اپنی کتاب مطبوعۂ ۱۸۴۴ء کی جلد پنجم میں ''براھوئی اور اس کی بول چال'' پر تفصیلی نظر ڈالی اور تقابلی مطالعے کے بعد یہ فیصلہ پہلی دفعہ صادر کیا کہ براھوئی اور دیگر دراوڑ السنہ اساسی طور پر ایک ھیں ۔ میسن کے بعد ریورینڈ رابرٹ کالڈویل Rev. Robert Caldwell نے ۱۸۵۶ء میں اپنی کتاب ''دراوڑی یا جنوبی ھند کی السنہ کی تقابلی گرامر'' شائع کروائی، جس سے لیسن کے مذکورہ نظریے کو مزید تقویت ملی.

ان کے بعد ایک اطالوی عالم فنزی فیلس Finzi Felice نے براھوئی زبان و نسل پر کام کیا لیکن اس کے کام کی بنیاد لیچ کی تحریریں تھیں.

۱۸۷۴ء میں ڈاکٹر بیلو Dr. Bellow نے اپنی کتاب ''دریاے سندھ سے دجلہ تک'' کے ایک ضمیمے میں براھوئی گرامر اور فرھنگ درج کی ۔ اسی سال ایک اور کتاب ''ھندوستان کی زبانوں کے نمونے'' مصنفۂ سر جارج کیمبل Sir George Campbell شائع ھوئی، جس میں براھوئی زبان کا ذکر بھی تھا.

۱۸۷۷ء میں اللہ بخش زھری براھوئی کی

marfat.com
Marfat.com

کتاب Handbook of the Brahoi Language کراچی سے چھپی ۔ اس میں اس نے براھوئی فرھنگ اور براھوئی گرامر کو بطرزِ احسن بیان کیا ھے اور پچاسی صفحے کی نثر بھی لکھی ھے ۔ یہ کتاب سند سمجھی جاتی ھے ۔

۱۸۷۷ء ھی میں اللہ بخش زھری کے ایک ھم عصر اور رفیق کار کپتان نکلسن Captain Nicholson نے کراچی سے اپنی تین تصنیفات شائع کروائیں، یعنی ''براھوئی ریڈر'' سرچارلس نیپئر کی کتاب ''فتح سندھ'' کا براھوئی ترجمہ اور گرانٹ ڈف کی کتاب ''مرھٹہ تاریخ'' کا براھوئی ترجمہ ۔

۱۸۸۰ء میں میونخ یونیورسٹی کے مشہور مستشرق ڈاکٹر ارنسٹ ٹرمپ Dr. Ernest Trumpp نے ''براھوئی گرامر'' تالیف کی، جس کا ترجمہ ڈاکٹر تھیوڈور ڈوکا نے ۱۸۸۷ء میں انگریزی میں کیا ۔ اس میں ڈاکٹر موصوف نے لیسن کی تائید کی اور براھوئی کی دراوڑی اصلیّت پر زور دیا ۔

۱۸۸۲ء میں پادری جی ۔ شرٹ Rev. G. Shirt نے Indian Antiquary، ج ۱۱، میں ایک براھوئی نغمہ شائع کیا اور اسی سال لنڈن سے میک گریگر McGregor کی کتاب ''بلوچستان کی سیاحت'' منظرِ عام پر آئی ۔

۱۸۸۷ء میں امریکی پروفیسر جان ایوری John Avery نے The American Antiquarian and Oriental Journal، ج ۹، میں اپنا مقالہ ''براھوئی زبان'' شائع کروایا اور براھوئی اور دراوڑی السنہ کی مشترک خصوصیات سے بحث کی ۔

۱۹۰۲ء میں ایف ۔ ودر بگ F. Wither Bigg نے الہ آباد سے ''براھوئی کے مطالعے کی گائڈ'' شائع کی ۔ ۱۹۰۶ء میں ڈاکٹر جی ۔ اے ۔ گریئرسن Dr. G. A. Grierson نے کلکتے سے چھپنے والی اپنی کتاب Linguistic Survey of India، ۴ : ۶۱۹ تا ۶۳۶، میں براھوئی گرامر کا ذکر کیا اور قلات و کراچی کی براھوئی کے تین نمونے رومن حروف میں انگریزی ترجمہ کے ساتھ پیش کئے ۔

۱۹۰۶-۱۹۰۷ء میں ریورینڈ میئر Rev. T. J. L. Mayer نے A Brahoi Reading Book تین حصّوں میں لدھیانے سے شائع کی ۔ حصّۂ اول ۳۲، حصّۂ دوم ۳۸، اور حصّۂ سوم ۱۶ صفحات پر مشتمل تھے ۔ حصّۂ اول و دوم میں اٹھارہ کہانیاں، آٹھ مضامین اور نظمیں درج تھیں اور حصّۂ سوم ایک مختصر ناول تھا ۔ لیچ کے بعد براھوئیوں سے براہِ راست استفادے کی یہ دوسری کوشش تھی اور گو اس کا بیشتر حصّہ الجھا ھوا ھے تاھم اس کی اھمیت و افادیت سے انکار نا ممکن ھے ۔

۱۹۰۷ء میں برٹش اینڈ فارن بائیبل سوسائٹی نے انجیل کا ترجمہ براھوئی زبان میں شائع کیا ۔ اور اسی سال رائے صاحب لالہ جمعیت رائے نے Notes on the Study of Brahoi Language شائع کی ۔

۱۹۰۹ء میں سر ڈینس برے Sir Denys Bray نے اپنی مشہور و معروف کتاب ''براھوئی زبان'' کا حصّۂ اوّل کلکتے سے شائع کیا اور براھوئی کی دراوڑ اصلیّت پر زور دیا ۔ انھوں نے براھوئیوں کے نسلی و لسانی مسائل پر مفصّل بحث کی اور براھوئی گرامر اور فرھنگ بھی دی ۔ ان کی کتاب کی دوسری جلد ۱۹۳۴ء میں دلّی سے شائع ھوئی اور ۱۹۳۸ء میں انھوں نے براھوئی لوک کہانیاں انگریزی ترجمے کے ساتھ پیش کیں ۔

۱۹۲۳ء میں پادری ڈنکن ڈکسی Duncan Dixy نے سو اوراق پر مشتمل انگریزی ۔ براھوئی لغت لکھی، جس کا مسودہ برٹش میوزیم میں موجود ھے ۔

۱۹۴۱ء میں میر رحیم داد مولائی شیدائی

marfat.com
Marfat.com

بغے *A Short History of Balochistan* سکھر سے طبع کروائی ۔ ۱۹۵۲ء میں فرانسیسی کتاب ”لے لینگو دو موندے“ کا نیا ایڈیشن شائع ہوا تو اس کے صفحات ۴۸۸ سے ۵۰۳ تک براھوئی زبان و گرامر پر مفید معلومات شامل کی گئیں ۔ ۱۹۵۲ء میں میر گل خان نصیر زگرمینگل نے تاریخ بلوچستان کا پہلا حصہ کوئٹے سے چھپوایا اور براھوئی خانیِ قلات پر اچھی خاصی روشنی ڈالی۔

۱۹۵۵ء میں ملک صالح محمد خان لہڑی نے اپنی کتاب بلوچستان کوئٹے سے چھپوائی۔ جس کا مواد زیادہ تر *Gazetteers* سے ماخوذ تھا ۔ اس میں ریاست قلات کی تاریخ اور براھوئی قبائل پر روشنی ڈالی گئی ہے ۔ ۱۹۵۶ء میں راقم مقالہ کا مقالہ مغربی پاکستان کی بنیادی وحدت چھٹی آل پاکستان ھسٹری کانفرنس منعقدہ ۱۹۵۶ء کی کارروائی میں چھپا، جس میں اس نے براھوئیوں کو تہذیب و تمدن کے اولین بانی سامیوں کا وارث قرار دیا ہے۔ ۱۹۵۸ء میں اس نے لیچ Leech کی دی ھوئی دونوں براھوئی لوک کہانیوں کے آزاد ترجمے امروز (لاھور) کے دہ سالہ نمبر اور استقلال نمبر میں شائع کروائے ۔ ۱۹۶۰ء میں پاکستان ھسٹاریکل سوسائٹی کراچی نے اس کا ایک طویل مقالہ *The Brahois of Quetta - Kalat Region* کتابچے کی صورت میں شائع کیا، جس میں ان کے سماجی اور سیاسی نظام، زبان، آبادی، تاریخ وغیرہ پر تبصرہ شامل تھا ۔ ۱۹۶۰ء میں براھوئی کی لوک کہانیاں شائع ھوئی۔

۱۹۵۷ء میں سید کامل القادری نے اپنا مقالہ براھوئی قبیلہ اور اس کی زبان روز نامہ امروز میں شائع کروایا، جس میں انھوں نے براھوئی کی دراوڑ اصلیت اور اس پر آریائی زبانوں کی یلغار اور اس کی سخت جانی کا ذکر کیا ہے ۔ ۱۹۶۱ء میں انھوں نے براھوئی ضرب الامثال پر کام کیا ۔ ۱۹۶۲ء میں براھوئی لغت پر ابتدائی کام کیا ۔ اور اسی سال اورینٹل کالج میگزین میں ان کے دو مقالے براھوئی زبان و ادب اور براھوئی اور اردو شائع ھوئے۔

مارچ ۱۹۵۹ء میں براھوئی نور محمد پروانہ نے اپنا مضمون وادی سندھ کی تہذیب اور اس کے وارث روزنامۂ امروز، لاھور، میں شائع کروایا اور پھر ۲۴ فروری ۱۹۶۰ء کو مستونگ سے براھوئی کا پہلا اور واحد ھفت نامہ ایلُم جاری کیا۔

۱۹۶۲ء میں ڈاکٹر ایمی نیو M. B. Emeneaue نے کیلی فورنیا سے ”براھوئی اور دراوڑی کی تقابلی قواعد“ شائع کی۔

تحقیقی سکول کی یہ روایت اب بھی جاری و ساری ہے ۔ میک گل یونیورسٹی کینیڈا کے ڈاکٹر عبدالرّحمٰن بارکر نے سرڈینس برے کو بنیاد بنا کر کام شروع کیا تھا اور وہ سر ڈینس برے کی فرھنگ کے علاوہ آٹھ سو مزید مشترک الفاظ مابین براھوئی و دیگر دراوڑی السنہ دریافت کر چکے ھیں ۔ ۱۹۶۶ء میں کوئٹے ھی سے ایک کتاب ثقافت و ادب وادیِ بولان میں شائع ھوئی ہے، جس میں عبدالرّحمٰن کرد اور نور محمد پروانہ کے مقالے براھوئی ادب اور براھوئی ثقافت چھپے ھیں ۔ ان کے علاوہ تراب براھوئی، عین الحق فرید کوئی، عبدالرحمن براھوئی، میر عبدالقادر شاھدانی، سردار غوث بخش رئیسانی، جورک جھالاوانی وغیرہ بھی کام کر رہے ھیں ۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ نہ صرف براھوئی اور دیگر دراوڑ السنہ کا تقابلی مطالعہ جاری رکھا جائے بلکہ دراوڑی السنہ اور قدیم سامی السنہ کے تقابلی مطالعے کی طرف فورا اور زیادہ سے زیادہ توجہ دی جائے۔

کلاسیکی سکول : براھوئی زبان و ادب کا کلاسیکی سکول براھوئی لوک ادب پر مشتمل ہے۔ اسے غیر تحریری ادب بھی کہا جاتا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

اس لیے کہ اس کا عُشرِ عشیر بھی ابھی تک تحریر میں نہیں لایا جا سکا۔ اس کی نشان دہی یورپی علما و فضلا نے کی ہے، جن میں سرِ فہرست لیفٹیننٹ آر۔ لیچ ہے، جس نے اپنے مقالہ مطبوعۂ ۱۸۳۸ء میں دو کہانیاں اور دو گیت رومن حروف میں مع انگریزی ترجمہ دیے۔ اس کے بعد ریورینڈ میئر Rev T. J. L. Mayer نے ۱۹۰۶ - ۱۹۰۷ء میں اس ادب کی طرف پوری توجہ دی اور سترہ کہانیاں، آٹھ منظومات اور آٹھ متفرقات جمع کیے اور ان کے علاوہ ایک مختصر ناول بھی قلمبند کیا۔ ان دونوں کے کام میں صریح نقص یہ ہے کہ انہوں نے ان کہانیوں اور گیتوں کے مصنّفوں کے نام نہیں دیے۔ اگر مصنّفوں کے نام معلوم نہ تھے تو بھی علمی اخلاق کا تقاضا یہ تھا کہ وہ ان کے راویوں اور مطربوں کے نام ضرور دیتے۔ دونوں کے کام کا موازنہ کیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ لیچ کا مطالعہ بہت حد تک باقاعدہ اور سائنسی تھا۔ اس کی دونوں کہانیاں اور دونوں گیت اپنی اپنی جگہ مکمل ہیں، لیکن میئر نے رطب و یابس کو بلا تخصیص و امتیاز اکٹھا کر دیا ہے۔ اکثر کہانیاں اور گیت نا مکمل ہیں اور ان کا نقطۂ نظر علمی و سائنسی سے زیادہ عیسائیت نواز ہے۔ بہر حال اب تک براهوئی لوک ادب کا جو تھوڑا سا حصّہ منظرِ عام پر آیا ہے اس میں رزمیہ اور رومانی نظمیں سرے سے مفقود ہیں۔ غالباً اس زمرے کا ادب ابھی تک لوڑیوں کے سینوں ہی میں مقیّد ہے۔ براهوئی لوک کہانیوں کا بیشتر حصہ مغربی پاکستان کی دیگر زبانوں کے ساتھ مشترک معلوم ہوتا ہے۔ اس کی خالص براهوئی اصناف مندرجۂ ذیل ہیں:-

۱ - براهوئی لوک گیت، جن کے بہت سے سُر ہیں۔ ان میں سے لیلی مور، برنازنا اور لیہلوٹرا یا نہلوٹرا بہت مشہور ہیں، خصوصاً لیلی مور مقبول ترین ہے۔

۲ - 'لی ءکو'، یعنی فراقیہ اشعار یا گیت، جو خواتین اپنے عزیز و اقارب کی جدائی میں گاتی ہیں؛

۳ - 'مودہ' یعنی مرثیہ یا نوحہ یا بین، جو خواتین اپنے کسی عزیز کی موت پر گاتی ہیں۔ سردار کی موت کا نوحہ بھی اسی میں شامل ہے؛

۴ - 'شزهینگ' یا 'لولی' یعنی لوری؛

۵ - 'چاچا'، یعنی پہیلیاں یا بجھارتیں؛

۶ - 'وسائت'، یعنی ایسی ضرب المثل جس کے ساتھ واقعے کا تذکرہ بطور تمثیل ضروری ہوتا ہے؛

۷ - 'مَتل'، یعنی ضرب المثل؛

۸ - 'ھالو'، یعنی خوشی کا گیت، جو عورتیں ہالہ بنا کر فی البدیہہ یا کسی قدیم ہالو کو مشترکہ طور پر گاتی ہیں؛

۹ - 'مورو' طویل ترین اور مقبول ترین صنف ہے اور اس میں ہر قسم کے مضامین اخلاقیہ و عشقیہ اور طربیہ و حزنیہ گائے جاتے ہیں۔

براهوئی لوک گیت: لیچ کے مقالے میں سے ایک گیت 'لیلی مور' درج ذیل ہے:

او زیبو! نے ڈِیر ایتے
نادیک ھنے نوٗ، نے ڈِیر ایتے
گودی کدان ناٗ، نے ڈِیر ایتے
نادیک پھدے نوٗ، نے ڈِیر ایتے

ترجمہ

اے حسینہ ہمیں پانی دیدو
تیرے ہاتھوں کا پانی شیریں ہے۔ ہمیں پانی دیدو
اے خیمے کی ملکہ ہمیں پانی دیدو
تیرے ہاتھوں کا پانی خنک ہے۔ ہمیں پانی دیدو

اس مختصر سے گیت میں براهوئیوں کی سماجی اور وجدانی زندگی کی نئی جھلکیاں ہمارے سامنے آ جاتی ہیں، مثلاً یہ گیت ان کی شبانی بلکہ خانہ بدوشانہ زندگی کا مظہر ہے اور اس کا باسلیقہ اظہارِ عشق ظاہر کرتا ہے کہ اس کے ظہور کے وقت

Marfat.com

ان میں خاصی شلشتگی آ گئی تھی اور ان کی زبان اور اندازِ بیان کئی ارتقائی مراحل طے کر چکے تھے۔ براھوئی زبان نہ صرف شبانیت اور خانہ بدوشی بلکہ قلبِ انسان کے لطیف ترین جذبات کے اظہار پر قادر ہے، براھوئیوں کا سب سے بڑا دکھ ان کے علاقے میں پانی کی کمیابی بلکہ نایابی ہے اور یہ گمبھیر دکھ اس گیت میں بھی ابھر آیا ہے اور اس سے بخوبی آشکار ہو جاتا ہے کہ براھوئی غیر تحریری ادب میں عظیم شعری تخلیقات منتظر شہود ہیں۔

'برنازنا' کا ایک نمونہ درج ذیل ہے:۔

| | |
|---|---|
| برنازنا، برنازنا | اے مرے محبوب تو آ جا۔ |
| اُستے دریئے بازنا | تو نے بہت سوں کا دل موہ لیا ہے |
| ھیتس کرک نی رازنا | میرے ساتھ راز و نیاز کی باتیں کر |
| برنازنا، برنازنا | اے میرے محبوب تو آ جا۔ |
| زیبا گچینس چاوہای | میں جانتا ہوں کہ تیرا ثانی نہیں۔ |
| گٹ نا مثالٹ سازنا | اور تیری آواز ساز کی مانند ہے |
| برنازنا، برنازنا | اے میرے محبوب تو آ جا |

کھیلوبڑا کا نمونہ حسب ذیل ہے:۔

پر کنا کھیلو جان کھیلا کب ناپارہ کنے
بھی آھیتا ک کاریمان شارہ کنے

یعنی آ میرے کھیلو جان کہ تمھارے انداز ھی مجھے کچھ کہہ سکتے ھیں اور تمھاری بر محل باتیں ھی مجھے گرفتار دام کر سکتی ھیں ۔ گویا محبوبہ اپنے محبوب کو اس کے محبوبانہ انداز و گفتار کا سہارا لیکر اپنے پاس بلانے کی ترغیب دے رھی ہے۔

'لی کو' کا ایک نمونہ یہ ہے:۔

| | |
|---|---|
| کسرے زھری نا | میکے (زھری) کی سڑک ہے |
| او ایلم جان | اے بھائی جان |

دھنزے نا سھری نا آپکی سھری (اونٹنی) کی گرد اڑتی نظر آ رھی ہے۔

یعنی فراق زدہ بہن اپنے میکے (زھری) کے راستے کو دیکھتی ہے اور اس پر ایک تیز رفتار، گرد اڑاتی ھوئی اونٹنی کو دیکھتی ہے تو بے اختیار اسے اپنا بھائی یاد آتا ہے اور وہ راستے میں آنکھیں بچھا دیتی ہے۔

'مودہ' کا نمونہ یہ ہے:۔

کنا ایلم نئے الّاس آرانکی آھناس نی
ھمیڑے دیر کنے آن دوست خناس نی

یعنی اے میرے بھائی مجھے یوں چھوڑ کر تو کہاں چلا گیا؟ وھاں وہ کون ہے جسے تو نے مجھ سے بھی عزیز تر قرار دے دیا۔

'شنرھینگ' کا ایک بول ہے:۔

نا پیری ام کنے دوستے، بنک نی
ولے دشمن ناموناں ام سلک نی

یعنی اگرچہ میں تمھارا بڑھاپا بھی چاھتی ھوں، تاھم کان کھول کر سن لو کہ یہ بھی ضروری ہے کہ دشمنوں کے مقابلے پر سینہ سپر ھو جاؤ۔

'چاچا' کی ایک دو مثالیں درج ذیل ھیں:۔

اتی پتی اسکن تنی چھوٹی، میٹھی، پاؤں کی پتلی، یعنی مورنک یا چیونٹی۔

| | |
|---|---|
| شپنک مشے ٹی | ایک چرواھا پہاڑوں میں، یعنی دوشا یا سانپ |
| مردہ بش مرک | مردہ اٹھتا ہے زندہ کو پکڑتا ہے، |
| زندۂ ھلک | یعنی کمک یا لڑکی یا پھندا |
| گزا سے نئے ڈغارنی نئے آسمان ٹی، خوراک دترے | ایک چیز ایسی ہے جو نہ زمین پر ہے اور نہ آسمان پر مگر اس کی خوراک لہو ہے، یعنی فکر انسانی۔ |

'وسائت' کا ایک نمونہ یہ ہے:۔

اے باکہ ھیت کرینے خان تو
داسا امر ھیت کے شوان تو

یعنی جس منہ نے خان جیسے عظیم المرتبت

marfat.com
Marfat.com

انسان سے گفتگو کی ہو وہ اب چرواہے سے کیسے بات کرے، گویا بزبان فغانی :

مرغے کرداردازچمن آسمان نصیب
گردانۂ نیافت از زمین چه باک

واقعہ یوں ہے کہ ایک قبائلی براہوئی خان سے ہم کلام ہوا تو شام کو گھر میں کسی سے نہ بولا کیونکہ اس میں اس کی اپنی اور خان کی بے حرمتی تھی - اہل خانہ نے بہت اصرار ہوا تو اس نے مذکورۂ بالا شعر پڑھا - جب انسان ایک دفعہ بلندی کو چھو لے تو پھر پستی کہاں بھاتی ہے ؟

'متل' کے دو چار نمونے درج ذیل ہیں :-

ہیچ نادڑی گھوکلائی اٹ مفک، یعنی اونٹ کی چوری گھٹنوں کے بل چلنے سے نہیں ہوتی - مفہوم یہ ہے کہ عظیم مقاصد کے لیے عظیم دل و دماغ کی ضرورت ہوتی ہے .

پھذ باسسان شیفے، یعنی پیٹ ناک سے نیچے ہے - مفہوم ہے کہ لالچ میں آ کر اپنی عزت نہ گنواؤ .

کونتے ھمیڑے ایتہ - ھراڑےکہ پدان آم تولنگ کیس نی آت، یعنی اونی دری اس جگہ دے جہاں بعد میں تو خود بھی اس پر بیٹھ سکے - مفہوم یہ ہوا کہ رشتہ اپنے برابر کو دو جہاں بآسانی نباہ ہو سکے - یہ یاد رہے کہ اونی دری براہوئی خواتین خود بنتی ہیں اور یہاں اونی دری کا استعمال بمنزلہ بیٹی کے ہے .

لشکر نا خلوک آباد مرک، پڈنا خلوک آباد مفک، یعنی فوج کے مارے ہوئے تو آباد ہو سکتے ہیں لیکن پیٹ کے مارے ہوئے آباد نہیں ہوتے: گویا حملے کے باوجود قومیں پنپ سکتی ہیں لیکن پیٹ پوجا کرنے والی قوم کبھی نہیں پنپ سکتی .

خشکا وہ گورنا شکراے، یعنی بارانی زمین کی کاشت اتنی ہی مشکل ہے جتنا گورخر کا شکار .

بادشاہ نہ خن اف. خف اے، یعنی بادشاہ کی آنکھیں نہیں ہیں البتہ کان ہیں: گویا وہ رعایا کی نگہداشت تو نہیں کر سکتا لیکن ان کے حالات سے با خبر رہتا ہے یا بادشاہ کا ذاتی مشاہدہ تو ہے ہی نہیں، سنی سنائی پر چلتا ہے .

غرض براہوئیوں میں سینکڑوں ضرب الامثال زبان زد خاص و عام ہیں جو سفر حیات کے ہر قدم پر انہیں درس عبرت دیتی ہیں اور نہ صرف ان کے طبعی و جغرافیائی ماحول کی مظہر ہیں بلکہ دانش مشرق کے بہترین نمونے بھی ہیں .

براہوئی لوک ادب کے مذکورہ نمونوں کے مصنف کون ہیں؟ کوئی نہیں جانتا - یہ چیزیں صدیوں سے ان کے یہاں سینہ بہ سینہ چلی آ رہی ہیں اور ان سے ہر خاص و عام اپنی روزمرہ زندگی میں اپنی ضروریات کے مطابق استفادہ کرتا ہے - لوڑی خاص طور پر ان کے حافظ ہیں - ضرورت اس بات کی ہے کہ ان تمام پارہ‌ہائے فکر و دانش کو اکٹھا کیا جائے .

لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ اب اس ادب کی تخلیق بند ہے - کلاسیکی روایت جاری و ساری ہے - ریکی نوشکوی براہوئی زبان کا بہت عظیم کلاسیکی شاعر تھا جس کے کلام کا تھوڑا سا حصہ ہی ابھی تک ضبط تحریر میں پرویا گیا ہے - اس کے یہ اشعار بہت مشہور ہیں:-

وختے نصیر خان ولی ھلی نمام اٹ تره کرے
اینو ننونے دے دیگرے پگه ننے و ارس برے

اے نصیر خان ولی گھوڑا بے قابو ہو گیا ہے، آج ہمارے لیے شام ہے. کل ہماری باری بھی آئے گی: گویا رہوار وقت پر ہمارا قابو نہیں رہا، ہماری قوت و شوکت ختم ہو گئی ہے - آج ہمارے لیے تاریکی ہی تاریکی اور شکست ہی شکست ہے

Marfat.com

لیکن مستقبل قریب میں بہت، جلد، بلکہ کل ہی ہم پھر برسرِ اقتدار آ جائیں گے۔ ریکی کی ملہمانہ رجائیت کی بے ساختہ داد دینا پڑتی ہے۔ تاج محمد مستونگی ہینگلزئی المعروف بہ تاجل (۱۸۳۴ - ۱۹۳۵ء) بھی براهوئی کے کلاسیکی شاعر تھے۔ وہ اُستمانی یعنی عوامی شاعر کہلاتے ہیں۔ ان کا شعر ہے :-

تاجل پارے توبہ او زاری    کرنی پیر پخیر تن یاری

یعنی تاجل کہتا ہے کہ گڑ گڑا کر توبہ کرو اور پیر و فقیر سے رابطہ بڑھاؤ تا کہ دل کی کدورت دور ہو۔ افسوس ہے کہ ان کا بیشتر کلام بھی ابھی تک لوگوں کے سینوں ہی میں محفوظ ہے۔ بہر حال کلاسیکی ادب کی روایت اب بھی رواں دواں ہے۔

علمی سکول : قدرت نے علم و ادب ازر دانش و حکمت کے دروازے کسی قوم پر بند نہیں کیے اور براهوئی بھی اس سے مستثنی نہیں، لیکن ان کے فکر رسا کے اکثر شہ‌پارے ابھی تک خود ناشناس براهوئیوں میں ہی چھپے پڑے ہیں۔ ۱۹۱۵ء میں ایک عظیم براهوئی عالمِ حق مولانا نبّو جان نے لاهور سے ایک کتاب تحفۃ العجائب چھپوائی تھی۔ چونکہ لیچ اور میئر کے برعکس وہ صادق المشرب تھے، لہٰذا انہوں نے اس کتاب کے منبع یا اصل کو مِن و عن پیش کر دیا۔ یہ کتاب ملّا ملک داد بن آدین غرشین قندہاری ثم قلاتی کی تصنیف تھی، جو ۱۱۴۳ھ/۱۷۰۹ء میں شائع کی گئی تھی۔ اس وقت براهوئیوں کے عظیم ترین خان میر نصیر خان نوری کا دَورِ حکومت تھا، جو ہر لحاظ سے براهوئی هیئت اجتماعیہ کا نقطۂ معراج تھا۔ یہ کتاب ایک قلمی نسخے کی صورت میں ملّا موصوف کے خاندان میں محفوظ رہی حتی کہ اس کا مسودہ نبّو جان کے ہاتھ لگ گیا۔ موصوف نے اصل نسخے میں کچھ اصلاح کر کے اسے چھپوا دیا، لیکن اب اصل اور صحیح شدہ نسخہ دونوں مخطوطے ناپید ہیں۔ آثار و قرائن سے پتا چلتا ہے کہ دونوں کا رسم خط فارسی تھا اور املا کی طرز پشتو کی تھی۔ کتاب کی زبان سے پتا چلتا ہے کہ یہ ہمارے پاس براهوئی زبان و ادب کی قدیم ترین کتاب ہے، کیونکہ اس کے بہت سے الفاظ اب متروک ہو چکے ہیں۔ ملّا ملک داد براهوئی کے علاوہ پشتو، بلوچی اور فارسی میں بھی لکھتے تھے؛ لیکن ان کا باقی سارا کلام ضائع ہو چکا ہے۔ تحفۃ العجائب میں دو سو پچھتر اشعار ہیں، جن سے پتا چلتا ہے کہ ملّا موصوف راسخ العقیدہ سنی مسلمان تھے اور اپنی طبع رسا کو دینی درس و تدریس کے لیے وقف کیے ہوئے تھے۔ کتاب بیالیس ابواب پر مشتمل ہے۔ حمد، نعت اور منقبت کے بعد بہشت، دوزخ، وجہ تصنیف کتاب اور فوائد حصول علم دین کا بیان ہے۔ پھر پانچ ابواب میں تارک نماز، نماز با جماعت، صفت ایمان، ایمان مفصّل اور ایمان مجمل بیان ہوئے ہیں۔ بارھویں باب سے اکتالیسویں باب تک فقہ حنفی کے مسائل بیان کیے گئے ہیں اور آخری باب دعا پر مشتمل ہے۔ حمد کے چند اشعار درج ذیل ہیں :-

اَے حمدُ ثنا کُلّی خُدانا    روزی تیک او شاہُ گدانا

ساری حمد و ثنا خدا کے لیے ہے کہ وهی شاہ و گدا کا روزی رساں ہے

عجب رحمان رحیمؐ پرورد گارے
وہ عجب رحمان و رحیم اور پالنہار ہے
کہ خُزن کیک او بارُن ڈغارے
کہ بنجر زمینوں کو سر سبز کر دیتا ہے
مشان پیدا کَرینے چشمہ و کاریز
اسی نے پہاڑ سے چشمے اور کاریز پیدا کیے
کہ آبادی مرک بُستان و پالیز
تا کہ بوستان کشت زار و پالیز آباد ہوں۔

آخری دو شعر ہیں :-

marfat.com
Marfat.com

ملک داد عالما تا خاکپائے

ملک داد عالموں کی خاک پا ہے

خُداغان خواهک ایمان نا عطائے

اور اللہ تعالٰی سے ایمان کی سلامتی چاهتا ہے

هرا مومن کہ خوانا دا کتابے

جو مومن میری یہ کتاب پڑھے

دعا دا عاجز کن هم ثوابے

وہ اس عاجز کے لیے بھی دعا کرے جو ثواب ہے۔

چھٹے باب میں انھوں نے صاف لکھا ہے کہ وہ جاهل براهوئیوں کو شریعت شناس بنانا چاهتے هیں :-

براهئیتیان باز جاهلا کو

کہ دینے تپسہ نا قابلا کو

براهوئی بہت جاہل هیں اور دین کو سمجھنے کے قابل نہیں هیں

ارے تحفہ عجائب پن کتاب نا

براهوئی دُوی آت محض ثواب نا

تحفہ عجائب نامی کتاب (میں نے) محض ثواب کے لیے براهوئی زبان میں لکھی ہے۔

کتاب کے سنہ تصنیف اور اپنے متعلّق لکھا ہے:-

ارے دا بندہ ساکن فی القلاتے

کہ ابن آدین ناغر شین ذاتے

هزار و یک صد و هفتاد و سہ سال

رسول نا هجر تان اے نیکو اعمال

ملّا ملک داد نے پہلی دفعہ براهوئی زبان کو علم و ادب اور شریعت اسلام کے اظہار کا ذریعہ بنایا۔ اس کی تصنیف کا اتنا اثر هوا کہ نصیر خان نوری نے ۱۷۷۶ء میں جھلاوان کے براهوئیوں کی جہالت دور کرنے کے لیے متعدّد اخلاقی و شرعی اصلاحات نافذ کیں۔ نہ صرف یہ بلکہ ملّا موصوف کا اثر اتنا همہ گیر اور جاودان ثابت هوا کہ انیسویں صدی کے آخر میں دُرخان سے اٹھنے والی تحریکِ نشاۃ ثانیہ ملّا موصوف کی روایت کی علمبردار بن کر اٹھی۔ براهوئی زبان کا موجودہ فارسی رسم خط بھی ملّا موصوف کا مرهون منت معلوم هوتا ہے۔

ملّا ملک داد کے بعد براهوئیوں نے جو کچھ لکھا وہ هنوز پردۂ خفا میں ہے۔ یہ تو ناممکن ہے کہ براهوئیوں کا چشمۂ ذهن و تخیل خشک هو گیا هو، لیکن افسوس ہے کہ کوئی اور تحریر دستیاب نہیں هوسکی۔

انیسویں صدی میں انگریز سامراج بلوچستان کو اپنے شکنجے میں لایا تو عیسائی مبلّغ جوق در جوق اس علاقے میں وارد هوئے۔ انھیں یقین تھا کہ وہ پسماندہ، غریب اور جاهل براهوئیوں کو اپنے دام میں پھنسا لیں گے، لیکن اس چیلنج پر براهوئیوں میں محمد فاضل رئیسانی پیدا هوئے جو بلا مبالغہ شیخِ بلوچستان کہلا سکتے هیں۔ ان کی پیدائش ۱۸۳۰ء کے قریب هوئی اور وفات ۱۸۹۶ء میں۔ نوجوانی کی عمر میں وہ انگریزوں اور ان کے حواریوں کو اپنی تاخت و تاراج کا نشانہ بناتے رہے۔ پھر وہ سندھ میں همایوں کے دینی مدر سے اور اس کے مؤسس عبدالغفور همایونی سے فیض یاب هو کر اپنے آبائی گاؤں دُرخان پہنچے، مسجد بنوائی، سرا[ے] تعمیر کروائی، لنگر جاری کیا اور درس و تدریس ک[ے] علاوہ روحانی فیوض کا سلسلہ شروع کیا۔ مناظرو[ں] کے علاوہ تبلیغ حق کے لیے وہ ایک گدھے پر سوار[،] ستو اور گڑ لے کر، اپنے شاگردوں کی معیت میں براهوئ[ی] علاقہ کے اطراف و اکناف میں غیر اسلامی رسوم [و] شعائر اور بدعات کے خلاف جہاد کرتے رہے؛ لیک[ن] ان کا سب سے بڑا کارنامہ ان کے ارشد، تلامذہ، جیس[ے] محمد عبداللہ، نبّو جان، عبدالحی، وغیرہ تھے[۔] افسوس ہے کہ ان کی سب تصانیف اب ناپید هیں لیکن ان کے ارشد تلامذہ اور ان کے متبعین نے براهوئ[ی]

Marfat.com

تصنیفات و تالیفات کے انبار لگا دیے۔

محمد عبداللہ (۱۲۹۸ھ/ ۱۸۸۱ء تا ۱۳۶۳ھ/ ۱۹۴۳ء) ان کے جانشین ہوے اور انہوں نے افازۃ المصلی، شمائل شریف، معجزات شریفہ، سفر حجاز درخانی (فارسی میں)، تحفۃ اسعوام، راہ نامہ وغیرہ کتب تصنیف کیں۔ ان کی کتاب کنزالاخبار کا مخطوطہ اب بھی ان کے صاحب زادے و جانشین عبدالباقی درخانی کے پاس محفوظ ہے۔ نبو جان بھی فاضل درخانی کے تلمیذ رشید تھے۔ انہوں ہی نے ملا سنک داد کی کتاب تحفۃ العجائب تلاش کر کے چھپوائی۔ وہ خود ایک جید عالم اور جلیل القدر مصنف تھے۔ ان کی مشہور ترین تصانیف ناصح البلوچ اور تحفۃ الغرائب ہیں، جو براهوئی شاعری کا بہترین نمونہ بھی ہیں۔ مولانا کی تاریخ پیدائش کا علم نہیں، البتہ وفات ۱۳۴۵ھ/ ۱۹۲۶ء میں ہوئی۔

مولانا فاضل کے تیسرے مایۂ ناز شاگرد عبدالحی تھے، جنھوں نے محمد عمر دین پوری کی تربیت کی۔ محمد عمر نے پچاس کے قرب براهوئی کتب لکھیں، جن میں سے پچیس تیس تو چھپ چکی ہیں اور بقایا مسودات کی صورت میں موجود ہیں یا ضائع ہو چکی ہیں۔ براهوئی زبان کے سب سے بڑے مصنف وهی ہیں۔ ۱۳۳۴ھ/ ۱۹۱۵ء میں انہوں نے قرآن مجید کا براهوئی ترجمہ چھپوایا۔ ان کی شعری تخلیقات کا مجموعہ سوداے خام کے نام سے چھپا۔ ان کی کتب مفتاح القرآن اور میثاق المدینۃ کے نسخے انڈیا آفس لائبریری لنڈن میں موجود ہیں۔ ان کی عظیم ترین نثری تخلیق آئینۂ قیامت ہے، جو ۱۹۳۵ء کے کوئٹے کے زلزلے پر واحد کتاب ہے۔ موصوف ۱۸۹۲ء میں پیدا ہوے اور ۱۹۴۸ء میں فوت ہوے۔

مولانا فاضل کے چوتھے شاگرد [illegible] جتوئی بن نبو جان تھے، جو بیک وقت مولانا موصوف اور اپنے والد ماجد سے فیض یاب ہوے۔ ان کی دو کتب مفرح القلوب اور گلشن راغبین و غزلیات بہت مشہور ہیں۔

محمد عمر دین پوری کی صاحبزادی تاج بانو ہیں، جو اردو، فارسی اور عربی کی عالم ہیں۔ انہوں نے براهوئی خواتین کی اصلاح کا بیڑہ اٹھایا۔ ان کی مشہور ترین تصنیف تسویع النساء ہے، جو ۱۳۵۲ھ/ ۱۹۳۴ء میں چھپی اور اس میں انہوں نے عورتوں کے مسائل پر فاضلانہ بحث کی ہے۔ وہ حمد، نعت، منقبت، مرثیہ، اخلاقی غزل اور دینی لوری کے میدانوں کی شہسوار ہیں۔

عبداللہ کے صاحبزادے عبدالباقی درخانی ہیں، جو خطبات درخانی، عملیات درخانی (مسودہ)، مجربات درخانی، [illegible]یذات درخانی (نثر)، ناصرالبلوچ، کشف الصدور، کشف الخصائل، کاغذات درخانی، خاکسار نا غلط مذهب (نثر)، ترقی نا رفتار، آخری منزل (مسودۂ نثر) وغیرہ کے مصنف ہیں۔

عبدالحی کے صاحبزادے ابوبکر تھے، جن کے صاحبزادے عبدالغفور درخانی ہیں اور مکمل سوانح عمری حضرت غوث پاک، محمد بن قاسم، غزوات مقدس اور سید الشہداء (ہنوز مسودات) کے مصنف ہیں۔

غرض درخانی تحریک نے براهوئی زبان کو مذهبی و اخلاقی ادب سے مالا مال کر دیا اور یقیناً یہ اسی کا فیض تھا کہ عیسائی مبلغین کروڑوں روپے خرچ کرنے، ایڑی چوٹی کا زور لگانے اور حکومت کی سرپرستی کے باوجود ایک براهوئی کو بھی عیسائی نہ بنا سکے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ اس مذهبی و اخلاقی تحریک کی وجہ سے براهوئیوں کا اپنے قدیم ترین ماضی سے رشتہ ٹوٹ گیا اور سادہ و بے تکلف شاعری اور اسلوب

marfat.com
Marfat.com

دب کر رہ گئے، لیکن جو تقاضے اس تحریک کی پیدائش کے ذمے دار تھے وہ سب اس نے پورے کر دیے اور اس کا اثر اتنا ھمہ رس تھا کہ موجودہ براھوئی معاشرہ اس رنگ سے بہت متاثر ہے ۔ درخانی تحریک کی روایت اب بھی جاری و ساری ہے اور بیسیوں قلمکار اس سے بالواسطہ متاثر ھیں ۔ ان میں حاجی عبدالحکیم بھی تھے، جنھوں نے ۱۳۱۶ھ میں نصیحت نامہ کتاب لکھی، جو ۱۳۳۴ھ/ ۱۹۱۵ء میں چھپی ۔ حاجی عبدالکریم مینگل بھی متاثر تھے ۔ افسوس ہے کہ ان کی صرف دس غزلیات ھی دستبرد زمانہ سے بچ سکی ھیں ۔ ان کے علاوہ محمد اسمٰعیل ذگر مینگل ''شاعر بلوچستان''، محمد یعقوب شرودی، عبدالحلیم خادمی فقیر زئی وغیرہ اسی تحریک سے غیر شعوری طور پرمتاثر ھیں۔

حالیہ دور: ھم اوپر اشارۃً کہہ آئے ھیں کہ مذکورہ تینوں سکول دورِ حاضرہ میں بھی براھوئی علم و ادب کے سلسلے میں مصروف کار ھیں ۔ تحقیقی سکول کی نمائندگی اس وقت کیلیفورنیا یونیورسٹی کے ڈاکٹر ایم ۔ بی ۔ ایمی نیو، مانٹریال (کینیڈا) کی میک گل یونیورسٹی کے ڈاکٹر عبدالرحمن بارکر، پروفیسر انور روماں، سیّد کامل القادری، عین الحق فرید کوٹی اور خود براھوئیوں میں سے تراب براھوئی لاڑکانوی، میر عبدالقادر شاھوانی، سردار غوث بخش رئیسانی، عبدالرحمن کرد، نور محمد پروانہ اور عبدالرحمن براھوئی وغیرہ کر رہے ھیں ۔ ان کے سامنے نہ صرف براھوئی اور دیگر دراوڑ السنہ کا تقابلی مطالعہ ہے بلکہ اس سے بھی زیادہ وسیع، روح پرور اور انقلاب خیز مسئلہ دراوڑ اور قدیم سامی السنہ کا تقابلی معائنہ ہے ۔ کلاسیکی سکول کے جیتے جاگتے اور چلتے پھرتے نمائندے براھوئی خطّے کے ھزاروں لوڑی ھیں، جو صدیوں سے براھوئی لوک ادب خصوصاً لوک شاعری کو اپنے سینوں میں لیے پھر رہے ھیں اور اسے شمالاً جنوباً کوئٹے سے لے کر مکران و لس بیلا تک اور شرقاً غرباً کوہ کیرتھر سے لے کر کوہ براھوئی وسطی تک گنگناتے ھوے اس علاقے کی اٹل وحدت کو قائم رکھے ھوے ھیں ۔ ضرورت ہے کہ اس ادب کو ان سے سن کر محفوظ کر لیا جائے ۔ علمی روایت عبدالباقی درخانی، عبدالغفور درخانی، عبدالحلیم خادمی فقیر زئی نوشکوی وغیرہ میں زندہ و تابندہ ہے ۔ گویا یہ تینوں سکول موجودہ دور میں بھی رواں دواں ھیں ۔

ظہور پاکستان کے بعد علاقائی زبانوں کی جو سرپرستی کی گئی ہے اس کے نتیجے کے طور پر براھوئی کا پہلا اور واحد ہفت روزہ اخبار ایلم ۲۴ فروری ۱۹۶۰ء سے مستونگ سے نکل رہا ہے ۔ یہ اخبار بذات خود براھوئی زبان کی ترویج و توسیع اور براھوئی ادب کی تخلیق و بقا کے لیے ایک سنگ میل کا درجہ رکھتا ہے ۔ براھوئی کا جدید رسم خط، جو اردو رسم خط سے مشابہ ہے، اسی اخبار کا آوردہ و پروردہ ہے اور نور محمد پروانہ جیسا صاحبِ قلم اس کا مدیر ہے ۔ ریڈیو پاکستان کوئٹہ کے قیام نے براھوئی زبان و ادب کو مزید تقویت دی ہے اور ۱۹۶۵ء سے محکمۂ قبائلی نشر و اشاعت کے بلوچی ماھنامہ اُلس میں براھوئی حصّے کا اضافہ سمندِ شوق کے لیے ایک تازیانہ ہے ۔

اسوقت مذکورہ تینوں سکولوں کی روایات کے علاوہ براھوئی نظم و نثر میں خالص ادبی اور تخلیقی کام بھی ھو رہا ہے اور قومی شاعری بھی وجود میں آ رھی ہے ۔ ان میں نور محمد پروانہ، اسمٰعیل ذگر مینگل، تراب لاڑکانوی، پیرل زبیرانی، محمداسحٰق سوز، ظفر میرزا، رستم مینگل، حکیم حاجی خدائے رحم، امیرالملک مینگل، حضور بخش مستانہ، فیض اللہ مینگل، محترمہ تاج بانو، محترمہ حیات النسا، مہر دل پندرانڑی، نبی داد خان لانگو رئیس

Marfat.com

عبدالغفور خارانی قلیل، عبدالقادر شاھوانی، عبدالرحمٰن محمد شہی، عبدالحلیم خادمی، حاجی فیض احمد فیض، موسیٰ طور، حاجی گل محمد نوشکوی، واحد بخش جمال پادینی، فتح محمد سمالاڑی، محمد عارف جگر مینگل، نادر قمبرانی، میر اکرم مینگل، عسکر بلوچ، گل محمد نوشکوی وغیرہ کارپرداز ھیں ۔ ذیل میں ھم موجودہ شاعری کے چند نمونے پیش کرتے ھیں :-

(۱)

اوکنا محبوب! ای تحفہ اس امرو تروٹ

اے محبوب! میں تجھے کونسا تحفہ پیش کروں ؟

سینغان ای خاخرس یا تینا فکر اتا سہار

اپنے سینے (سینہ غان) کی آگ یا اپنے تفکرات کا انبار؟

یا منہ قصّہ کہ غرقو سازنا آواز ٹی

یا چند قصے جو ساز کی آواز میں پوشیدہ ھوں ؟

یا کہ پاوای شیر ٹی پنوکا یا اُستاتا توار

یا ٹوٹے ھوئے دلوں کی آواز ؟ (محمد موسیٰ طور)

(۲)

عمر گدرینگا ھنا بس انتظاری ٹی فقط

ساری عمر فقط تیرے انتظار ھی میں گذرتی گئی

صد ٹکر مس اُست غمتان، زو برک دلدارنی

ترے غم سے دل صد پارہ ھے، اے محبوب! تو جلدی آ ۔ (محمد اسحٰق سوز)

(۳)

| | |
|---|---|
| وطن ننا پاکستان | ھمارا وطن پاکستان |
| کلان ارے تنکن جوان | سب ملکوں سے اچھا ھے |
| وطن کِ نن قربان | ھم وطن کے قربان |
| وطن ننا پاکستان | ھمارا وطن پاکستان |

(رستم مینگل)

(۴)

ھر صُوب سلام ھر شام سلام

شھید اک سلام اے شھید اک سلام

تینا کانُم تسورے نُم وطن کن

تینا قوم و ملت نانُم امن کن

شھید مسورے بلبلاک نُم چمن کن

اینو صیاد ھم پانک نُماسلام

شھید اک سلام اے شھید اک سلام

(حضور بخش مستانہ، ۱۹۶۵ء کی جنگ پر)

ھر صبح سلام، ھر شام سلام

شھیدو سلام، اے شھیدو! سلام

اپنا سر اپنے وطن کے لیے کٹوایا

اپنی قوم و ملّت کے امن کے لیے

اے بلبلو! تم چمن کے لیے شھید ھوئے

آج صیاد بھی تمھیں سلام کہتے ھیں

شھیدو سلام، اے شھیدو سلام

نئے شعرا میں سے پیر محمد زبیرانی معروف بہ "پیرل" غالباً سب سے سربرآوردہ اور منفرد ھے ۔ وہ نہایت لطیف اور انتہائی دقیق مضامین کو بھی خالص براھوئی زبان میں نہایت سلیقے اور روانی سے ادا کرنے پر قادر ھے ؎

| | |
|---|---|
| ھتم مخفے پُھلنا غنچی | فصل بہار نے پھول کی کلی کو ھنسا دیا |
| کرے چیڑ چوٹی تفے کنی | اسے بنایا سنوارا اور چوٹی باندھ دی |
| ملا باہ گواڑخ کرے مخونی | گل لالہ اس پر مسکرایا اور لب کشا ھوا |
| کہ مخنگٹی پُھلنا کھٹی | کہ ھنسی میں تو پھول کا زوال ھے ۔ |

غرض موجودہ براھوئی ادب ھر قسم کے مضامین و خیالات اور جذبات و احساسات کو اپنے اندر سموئے ھوئے ھے ۔ مذھبی تعلقات، اخلاقی اقدار، عشقیہ جذبات، واردات قلبی، عسکری رجحانات، وطنی جذبات اور تجربات سبھی سب کی آئینہ داری کر رھا ھے اور اس سلسلے میں اردو فارسی کے

marfat.com
Marfat.com

بے شمار الفاظ اس میں جذب ہوتے جا رہے ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ براہوئی زبان و ادب براہوئیوں کے ماضی، حال اور مستقبل کے بیان پر یکساں قادر ہو سکے۔

**مآخذ:** (۱) Minchen : *Baluchistan District Gazetteer*، ج ۶ (سراوان) و ج ۶ ب (جھالاوان)، ٹائمز پریس، بمبئی ۱۹۰۷ء؛ (۲) Piggett : *Prehistoric India*، مطبوعۂ پینگوئن بکس، ۱۹۵۰ء، ۱۹۵۲ء؛ (۳) رشید اختر ندوی : مغربی پاکستان کی تاریخ، ج ۱، مرکزی اردو بورڈ، لاہور ۱۹۶۶ء؛ (۴) میر گل خان نصیر : تاریخ بلوچستان، ج ۱، کوئٹہ ۱۹۵۲ء؛ (۵) رائے بہادر ھتّو رام، سی آئی ای : تاریخ بلوچستان، لاہور ۱۹۰۷ء؛ (۶) ملک صالح محمد خان لہڑی : بلوچستان، کوئٹہ ۱۹۵۵ء؛ (۷) استقلال نمبر ہفتہ وار براہوئی اخبار ایلم، مستونگ، اگست ۱۹۶۶ء؛ (۸) پروفیسر انور رومان : *The Barahuis of Queta-Kallat Region*، مطبوعۂ پاکستان ہسٹاریکل سوسائٹی، کراچی ۱۹۱۰ء؛ (۹) *The American Peoples Encyclopaedia*، مطبوعۂ سپنسر پریس، شکاگو ۱۹۴۸ء، ۱۹۰۹ء؛ (۱۰) سیّد کامل قادری : براہوئی زبان و ادب؛ (۱۱) وہی مصنّف : براہوئی اور اردو، در اورینٹل کالج میگزین، لاہور، نومبر ۱۹۶۲ء؛ (۱۲) اللہ بخش زہری : *A Handbook of the Barouhi Language*، مطبوعۂ کمشنرز پریس، کراچی ۱۸۷۷ء؛ (۱۳) Lt. R. Leach : *Epitoume of the Grammers of the Brahoiki, the Balochiky and the Punjabi Languages*، در *GRAB*، شمارہ ۷۸، جون ۱۸۳۸ء، و مطبوعۂ مفید عام پریس، لاہور ۱۹۰۰ء؛ (۱۴) عین الحق فرید کوٹی : وادی سندھ میں دراوڑی زبان کی باقیات، در ایلم، مستونگ (آٹھ قسطوں میں)، ۲۶ اکتوبر تا ۱۷ دسمبر ۱۹۶۵ء؛ (۱۵) Don M. De Zilva و Karam Singh : *Tamil Self Taught*، لنڈن ۱۹۰۶ء؛ (۱۶) عبدالرحمٰن براہوئی : براہوئی زبان اور ادب، در سالنامۂ ماہ نو، کراچی، مارچ ۱۹۶۶ء؛ (۱۷) ثقافت اور ادب وادی بولان میں، مطبوعۂ بزم ثقافت کوئٹہ، ۱۹۶۶ء؛ (۱۸) جورک جھالاوانی : براہوئی متل، در ایلم، مستونگ، ۱۰ جون، ۲۶ اکتوبر، ۱۰ نومبر، ۱۷ نومبر و ۲۴ نومبر ۱۹۶۶ء؛ (۱۹) ملّا ملک داد قلاتی ابن آدین غرشین : تحفة العجائب، ۱۱۷۳ھ / ۱۷۵۹ء، لاہور ۱۹۱۰ء، ۱۹۵۸ء؛ (۲۰) عبدالرحمٰن غور : علامہ محمد فاضل درخانی، در ماہنامہ بلوچی دنیا، ملتان مارچ ۱۹۵۹ء؛ (۲۱) Sir Denys Bray : *The Brahui Language*، ج ۱، کلکتہ ۱۹۰۹ء، ج ۲، دہلی ۱۹۳۴ء؛ (۲۲) ہفتہ وار ایلم، مستونگ (از ۱۹۶۰ء)؛ (۲۳) ماہنامہ السی، کوئٹہ (از جنوری ۱۹۶۵ء)؛ (۲۳) R. H. Buller : *Imperial Gazetteer of India*، ج ۶، آوکسفرڈ ۱۹۰۸ء؛ (۲۴) Mir Khuda Bakhash Bajanani Mani : *The Balochees Through Centuries*، کوئٹہ ۱۹۶۴ء؛ (۲۵) R.B. Dewan Jamiat Rai : *The Frontier Regulations*، کوئٹہ ۱۹۱۹ء؛ (۲۶) K.M. Munshi : *The glory that was Gujarat Desa*، بمبئی ۱۹۴۳ء؛ (۲۷) R. E. M. Wheeler : *Five Thousand Years of Pakistan*، لنڈن ۱۹۵۰ء؛ (۲۸) R. J. Russell و F. B. Kniffen : *Culture Worlds*، نیو یارک ۱۹۵۵ء؛ (۲۹) M. S. Khan Baloch : *History of Baloch Race and Balochistan*، کراچی ۱۹۵۸ء؛ (۳۰) Sir Denys Bray : *Life History of a Brahvi*، مطبوعۂ Royal Asiatic Society، ۱۹۱۳ء۔

(انور رومان)

**بَرْبَا** : مصریوں نے تمام عبادت گاہوں اور قدیم یادگار عمارتوں کا یہی نام رکھ چھوڑا تھا۔ یہ ابن جُبیر کا بیان ہے اور یاقوت سے اس کی تصدیق ہوتی

Marfat.com

ہے ۔ یاقوت کہتا ہے کہ بَربا، جو ایک قبطی لفظ ہے، ان پختہ مضبوط عمارتوں کو کہتے تھے جو صنم پرستوں کے زمانے میں تعمیر کی گئی تھیں اور جو جادو کے مُعلموں اور کار گاھوں کی حیثیت سے کام میں لائی جاتی تھیں ۔ یہ حیرت انگیز عمارتیں تھیں، جو نقش و نگار اور سنگ تراشی کے کام سے پر تھیں ۔ عبداللطیف اپنے زمانے میں ان معابد کی ساخت کی نفاست کا ذکر کرتا ہے، ان کی بناوٹ کے تناسب کی طرف توجہ دلاتا ہے، ان کے بنانے کے لیے جو بافراط سامان مہیا کیا اور کام میں لایا گیا اس پر اظہار تعجب کرتا ہے .اور ان کے کتبات، تصاویر اور کھدے ہوے اور ابھروان نقش و نگار کی کثرت پر حیرت زدہ رہ جاتا ہے ۔ بعض عرب مصنفین کی نگاہ میں ان عمارتوں کی تعمیر کا ایک مفید مطلب نتیجہ یہ بھی ہوا کہ مختلف صنعتوں کے مخصوص طریقہ ہاے کار اور آلات ایک جگہ اکھٹے مل گئے، جنھوں نے سائنس کی کارگزاریوں کو آئندہ نسلوں کے لیے محفوظ کر دیا۔

اسکندریہ کے بطارقہ کا عیسائی مؤرخ سویروس Severus، سکنۂ اَشمُونَین، بربا کا لفظ صنم پرستوں کے مندروں ھی کے درست معنی میں استعمال کرتا ہے، جو عیسائیوں کی بنائی ہوئی عمارات سے بالکل ایک علیحدہ چیز ہو جاتی ہے ۔ عربی لفظ بَربا درحقیقت قبطی لفظ پِرپے p'erpé (مندر) کی بدلی ہوئی شکل ہے اور عام زبان میں اس کی جمع بھی ''برابی'' عربی زبان کے قاعدے کے مطابق استعمال ہونے لگی۔ لفظ ''بربا'' کا استعمال [الحسن بن محمد الوَزّان الزَیّاتی] (Leo Africanus) نے بھی کیا ہے۔

بہت سے مصنفوں نے ان مندروں سے متعلّق نا ممکن الوقوع حکایات لکھی ھیں ۔ بعض نے کہا ہے کہ ملک کو بیرونی دشمنوں کے حملوں سے ان طلسمات کے ذریعے بچایا جاتا تھا ۔ بعض کہتے ھیں کہ پوشیدہ خزانوں کے دریافت کرنے کے لیے ان طلسمات سے مدد لی جاتی تھی ۔ پھر ان خزانوں کو بڑے مزے لے کر بڑی تفصیل سے بیان کرتے ھیں.

صرف ایک مندر اَخْمِیم کی بابت ابن جُبَیر کا دیا ہوا حال موجود ہے، جس میں مقابلۃً سنجیدگی پائی جاتی ہے، لیکن اس کا اب نام و نشان بھی موجود نہیں.

مآخذ: (۱) الفہرست، ۱: ۳۵۳ و ۲: ۱۸۸؛ (۲) صاعد: طبقات الامم، مترجمۂ Blachère، ص ۸۵؛ (۳) ابن جبیر، ص ۶۱، مترجمہ Broadhurst، ص ۵۳ ببعد؛ (۴) عبداللطیف، ص ۱۸۲؛ (۵) یاقوت، ۱: ۱۶۵، ۵۳۱؛ (۶) Leo Africanus [الحسن بن محمد الوزانی الزیاتی]، طبع Épaulard، ۲: ۵۳۷؛ (۷) المقریزی: طبع IFAO، ۱: ۱۶۲؛ (۸) S. de Sacy: *Observation sur le nom des Pyramides*، در *Bib. des arabisants Français*، ۱: ۲۴۳ تا ۲۵۰؛ (۹) Quatremère: *Recherches dur la langue et las littérature de l' Egypte*، ص ۲۷۸ تا ۲۸۰؛ (۱۰) *L' Égypte de Murtadi*، مقدمہ از G. Wiet، ص ۹۸ تا ۱۱۴۔

(G. WIET)

**بربر**: (بَربَر)، (۱) قبائلی علاقہ: یہ نام ابتدا میں مِیرفاب کے علاقے کے لیے استعمال ہوتا تھا ۔ یہ ایک عربی بولنے والا قبیلہ تھا، جسے جَعلیین کے ہم نسب ہونے کا دعوٰی تھا ۔ یہ دریاے نیل کے دونوں کناروں پر پانچویں آبشار (عرض بلد ۱۸ درجہ ۲۳ دقیقہ شمالی) سے لے کر دریاے عَطبَرہ تک پھیلا ہوا تھا ۔ میرفاب میں دریائی مزارع اور نیم بدوی دونوں شامل تھے ۔ اس علاقے کا حاکم (مَکّ) سِنّار کے فُنج سلطان کا باج گزار تھا ۔ مَکّ کی وفات پر اس کا جانشین فنج سلطان ھی وہاں کے فرمانروا تِمساح خاندان سے نامزد کرتا تھا ۔ وھی ہر چار یا پانچ سال کے وقفے کے بعد سونے،

marfat.com
Marfat.com

گھوڑوں اور اونٹوں کا خراج لیتا تھا ۔ Burckhardt (۱۸۱۴ء) نے علاقۂ میرفاب کے انتہائی جنوبی حصّے کا حال بیان کرتے ہوئے لکھا ھے کہ وہاں ایک علیحدہ چھوٹی سی ریاست راس الوادی کے نام سے مشہور تھی اور اس پر بھی خاندان تمساح کا کوئی فرد حکمران تھا ۔ بربر کا یہ علاقہ ایک اہم تجارتی مرکز تھا ۔ بالائی مصر سے آنے والی ایک شاہراہ صحرائے نوبیہ سے گزر کر یہاں دریاے نیل تک پہنچتی تھی اور سنّار اور شندی سے مصر کو جانے والے قافلے بربر سے گزرا کرتے تھے ۔ دنقلہ Dongola کی تجارت کے نکاس کا راستہ بھی بربر سے نکل آیا تھا ۔ لیکن انیسویں صدی کے اوائل تک دنقلہ سے بربر جانے والا راستہ، جو صحرائے بیوضہ سے گزرتا تھا، خطرناک تھا اور اس پر بہت ھی کم آمد و رفت ہوتی تھی ۔ سواکن Suakin اور التاکۃ (موجودہ کسلہ Kasala کا نواحی علاقہ) سے تجارت بجہ اور بشارین کی وجہ سے، جو غارت گر قبائل تھے، بہت کم جاری تھی ۔ ملک کی آمد کا بیشتر حصہ ایک محصول پر مشتمل ہوتا تھا حو مصری قافلوں کے وہاں سے گزرنے کے سلسلے میں وصول کیا جاتا تھا ۔ قبیلۂ میرفاب مکّ کو زمین یا پیداوار پر کسی قسم کا لگان نہیں دیتے تھے، حالانکہ وہ سنّار کی طرف سے عائد کردہ خراج ادا کیا کرتے تھے ۔ جو قافلے جنوب (یعنی علاقۂ فنج) سے آتے وہ کسی طرح کے ''رسوم'' ادا نہیں کرتے تھے، البتہ مکّ کو کچھ تحائف پیش کر دیتے تھے ۔ بربر سے تجارتی روابط کے باعث دناقلہ، عبابدہ اور دوسرے باہر والوں کی نو آبادیاں قائم ہوئیں ۔ عبابدہ صحرائے نوبیہ سے گزرنے والے قافلوں کے لیے رہنماؤں اور محافظوں کا کام دیتے تھے ۔ کہا جاتا ھے کہ نصیر الدین نے، جو آخری مکّ تھا، تخت دوبارہ حاصل کرنے کے لیے محمد علی پاشا سے مدد کی درخواست کی تھی اور یہ تو واقعہ ھے کہ جب ۵ مارچ ۱۸۲۱ء کو ترکی و مصری فوجیں وہاں پہنچیں تو اس نے ان کا خیر مقدم کیا ۔

(۲) صوبۂ بربر : ترکی۔ مصری عہدِ حکومت میں علاقۂ میرفاب صوبۂ بربر میں شامل تھا ۔ یہ حجر العسل (عرض بلد ۱۶ درجہ ۲۴ دقیقہ شمالی) سے شمالی جانب دائیں کنارے پر ابو حمد تک اور بائیں کنارے پر کُرتی تک پھیلا ہوا تھا اور اس میں گرد و نواح کے صحرا اور ان کے خانہ بدوش قبائلی شامل تھے ۔ بجہ پر محمد علی کی حکومت کی توسیع سے سواکن کی طرف جانے والا ایک مستقل تجارتی راستہ کھل گیا، جس سے صوبائی دارالحکومت کی خوش حالی میں اضافہ ہوا ۔ خدیو کا آخری والی ایک عبّادی سردار حسین پاشا خلیفہ تھا، جو فروری ۱۸۸۴ء میں گورڈن Gordon کی بحیثیت گورنر جنرل آمد کے وقت مہدی کے حامیوں کی سرگرمیوں کے سدّ باب میں مصروف تھا ۔ مہدی کے ساتھ بظاہر دوستانہ تعلّقات قائم کرنے کے سلسلے میں گورڈن کی کوششوں، نیز عاقبت نا اندیشی سے تخلیۂ سوڈان کا ارادہ ظاہر کر دینے کے باعث اس کے انسدادی اقدامات کو ضعف پہنچا ۔ اپریل ۱۸۸۴ء میں مہدی نے محمد الخیر عبداللہ خُوجَلی کو بربر میں جہاد کی قیادت پر مقرر کیا اور مئی میں صوبائی دارالحکومت پر قبضہ ہو گیا، جس سے گورڈن خرطوم میں تن تنہا کٹ کر رہ گیا ۔

مہدی کے زیرِ حکومت علاقۂ بربر کا نظم و نسق ایک فوجی حاکم کے سپرد تھا اور یہاں ایک صرائی نوج متعین تھی اور خزانہ تھا ۔ تجارت میں کمی آ جانے سے باشندوں میں ناراضی کی لہر دوڑ گئی۔ لیکن بالائی مصر اور سواکن کے ساتھ متزلزل سی تجارت جاری رہی ۔ اس سلسلے میں جو محصول راہ داری وصول ہوتا تھا وہ صوبائی خزانے کی آمد کا

Marfat.com

ایک ذریعہ تھا ۔ آخری مہدوی حاکم محمد الزکی عثمان تھا ۔ جب انگریزی اور مصری افواج کی پیش قدمی روکنے کے لیے اس کی استمداد کا کوئی نتیجہ برآمد نہ ہوا تو وہ صوبائی صدر مقام کو خالی کر گیا اور ستمبر ۱۸۹۷ء میں اس پر انگریزی و مصری افواج کا قبضہ ہو گیا ۔ اس کے دوبارہ فتح کیے جانے کے بعد بربر کی دوبارہ تشکیل کی گئی اور اس کی حدود مہدی کے عہد کی نسبت کم کر دی گئیں اور پھر بالآخر حَلْفا اور دُنْقُلہ کے ساتھ ملا کر اسے موجودہ شمالی صوبہ بنا دیا گیا ۔

(۳) شہر بربر: ترکی و مصری دورِ حکومت سے قبل بربر نام کی بظاہر کوئی آبادی نہ تھی ۔ بروس Bruce (۱۷۷۲ء) نے بربر کے صدر مقام کا نام "Gooz" (یعنی قُوْز الفُنج) بتایا ہے ۔ Burckhardt کی آمد کے وقت (۱۸۱۴ء) اس مقام پر زوال آ چکا تھا اور دارالحکومت ایک گاؤں میں، جو اَور بھی شمال کی جانب واقع تھا، منتقل ہو چکا تھا ۔ اس کا نام اس نے Ankheyre بتایا ہے ۔ ممکن ہے کہ یہ المخیرِف (المخَیْر، Mekheyr در Cailliaud) کی غلط املا ہو، جو ترکی و مصری عہد میں صوبائی صدر مقام کا نام تھا ۔ مہدی کے متبعین کی فتح کے بعد المخیرف چھوڑ دیا گیا ۔ بربر کا موجودہ قصبہ اس سے بھی شمال میں اس جگہ واقع ہے جہاں مہدوی لشکر کا پڑاؤ تھا ۔ اس علاقے کی دوبارہ فتح کے بعد قصبۂ بربر کی اہمیت کم ہو گئی ۔ ۱۹۰۵ء میں صوبائی دارالحکومت الدامِر میں منتقل ہو گیا اور دوسری طرف رسل و رسائل کے مرکز کی حیثیت سے عطبرہ کے جدید قصبے نے، جہاں ریلوے سٹیشن بھی موجود ہے، اس کی جگہ لے لی ۔

مآخذ: (۱) J.L. Burckhardt: *Travels in Nubia*، لنڈن ۱۸۱۹ء، ص ۲۰۷ تا ۲۰۸؛ (۲) نعوم شُقَیر: تاریخ السودان، قاہرۃ ۱۹۰۳ء، ۱: ۸۷ تا ۹۰؛ (۳) O.G.S. Crawford: *The Fung Kingdom of Sennar*، Gloucester ۱۹۵۱ء، ص ۵۳ تا ۵۶، ۲۶۷ تا ۲۷۰ (مع حوالہ جات مآخذ)؛ (۴) سقوط بربر کے بارے میں حسین پاشا خلیفہ کی ایک غیر مطبوعہ قیمتی رپورٹ خرطوم کے سوڈانی محافظ خانے Cairint، ۱/۸ : ۳۶ میں موجود ہے ۔

(P.M. HOLT)

* **بربر**: (قوم)، اس نام سے بالعموم وہ لوگ موسوم کیے جاتے ہیں جو مصری سرحد (سیوہ [رك بآں]) سے بحر اوقیانوس کے ساحل اور دریاے نائیجر کے بڑے موڑ تک آباد اور ایک ہی زبان بربر کی بولیاں (یا یوں کہیے کہ اس کی مقامی صورتیں) بولتے ہیں یا عربی رنگ میں رنگے جانے سے قبل بولا کرتے تھے ۔ غالبًا یہ کلمہ یونانی (بربروی Barbaroi) اور لاطینی (بربری Barbari) نیز عربی (بَرْبَر، واحد بَرْبَری جمع بَرابِر، بَرابِرہ) میں استعمال ہوتا تھا اور جیسا کہ بعض لوگوں کا کہنا ہے کسی قومی نام کا مرتبہ نہیں رکھتا (قب P.H. Antichan: *La Tunisie*، ۱۸۸۴ء، ص ۳)، نیز وہ بربر گروہ جو نوبیہ میں اور بربری سمالی لینڈ میں مقامی ناموں سے موسوم ہیں و G.S. Colin: *Appellations données par les Arabes aux peuples hétéroglosses*، در *GLECS*، ۷ : ۹۳ تا ۹۶) ۔ اَمزِغ یا اَمہَغ (اور اس کی متبادل شکلیں)، جمع اِمزِغین یا اُمہغ (اور متبادل شکلیں) کی اصطلاح سے عمومی طور پر بربر مراد لیے جا سکتے ہیں لیکن خود بربر جب اپنا ذکر کرتے ہیں تو اپنے قبائلی نام استعمال کرتے ہیں یا کسی نہ کسی حد تک (رضامندی ہی سے [؟]) غیر ملکیوں کے دیے ہوئے نام قبول کر لیتے ہیں (جیسے Kabyles، Chaouia وغیرہ) ۔ کلمۂ اَمزغ کے معنی ہیں "آزاد انسان" (تاہم دیکھیے J. Sarnelli: *Sull' origine del nome Imazigen*، در *Mémorial André Basset*،

marfat.com
Marfat.com

پیرس ۱۹۰۷ء، ص ۱۳۱ تا ۱۳۸) اور ابھی تک یہ خاصے وسیع رقبے میں استعمال ہوتا ہے۔ اس کی تانیث تَمزِغت (تمزخت) یا تَمَّہِق (اور اس کی متبادل شکلیں) بربر زبان کے لیے استعمال ہوتی ہے۔

بربروں کے عمومی حالات پر صرف ایک تصنیف G. H. Boursquet : *Les Berbères*، پیرس ۱۹۰۷ء ہے، جو گو مختصر ہے مگر اس میں بہت عمدہ مقبول عام کوائف بیان ہوے ہیں۔

(۱) تاریخ:

(الف) آغاز

(ب) قبل از اسلام

(ج) بعد از اسلام

(۲) موجودہ تقسیم

(۳) مذہب

(۴) رسوم؛ اجتماعی و سیاسی تنظیم

(۵) زبان

(۶) ادب اور فن

(الف) آغاز

اس وقت زبان ہی وہ واحد معیار ہے جس کی بنا پر بربروں کو متمیز کیا جا سکتا ہے، ورنہ علم الانسان کے نقطۂ نظر سے ان کے چہرے مہرے کی ساخت میں طرح طرح کی جداگانہ بلکہ اس درجہ متباین خصوصیات منکشف ہوتی ہیں جن کے پیش نظر کسی ہم جنس واحد ''بربر نسل'' کا ان سب پر اطلاق کرنا محال ہو جاتا ہے۔ دوسری طرف اگر سیاسی اعتبار سے دیکھا جائے تو یہ لوگ ہمیشہ سے اس قدر منتشر و منقسم رہے ہیں کہ صحیح معنی میں ایک علیحدہ قوم نہیں بن سکے۔ اگرچہ اس وسیع و عریض خطۂ ارض میں جسے ہم اپنی سہولت کے لیے ''ممالک بربر'' (Barbary) کے نام سے پکارتے ہیں ازمنۂ قبل از تاریخ کے آثار نسبۃً زیادہ کثرت سے پائے جاتے ہیں اور اگرچہ ہمارے پاس کتبوں کے شواہد اور یونانی، لاطینی اور عرب مصنفوں کی تصنیفات بھی موجود ہیں پھر بھی اس بیّن طور پر مخلوط قوم کی پوری تاریخ پر ابھی تک تاریکی کا پردہ پڑا ہوا ہے۔ اس سے انکار عبث ہوگا کہ بربر زبان، جس کا ایک ہونا تو بہر حال ایک اضافی مسئلہ ہے، (دیکھیے حصۂ ۵) خود اس کی اصل ابھی تک ایک راز ہے۔ لہذا اس مقام کا متعیّن کرنا بھی نا ممکن بات ہے جو اس زبان کے بولنے والوں کا گہوارہ تھا۔ بایں ہمہ اس دل چسپ موضوع پر کتابیات کی کوئی کمی نہیں اور بربروں کی اصل کے بارے میں کئی مفروضات کو بعض اوقات حقائق کے طور پر پیش کیا جاتا رہا ہے۔ قدیم یونانی اور لاطینی مصنفوں نے انہیں باختلاف رائے اس دیس کے پراچین یا ایشیائی یا ایجین Aegean کے قدیم باشندے بتایا ہے۔ عربوں کی رائے بالعموم یہ ہے کہ بربر، ایشیائی کنعانی یا حمیری تھے۔ اس آخری مفروضے کی تائید میں حال ہی میں خاصے معقول دلائل پیش کئے گئے ہیں (Helfritz)۔ بعض جدید العصر مصنفوں (Antichan، Daumas، Slouschz) نے ان کے کنعانی الاصل ہونے والے مفروضے کی تجدید کی ہے۔ دوسری طرف کچھ لوگوں نے یہ رائے ظاہر کی ہے کہ بربر یہاں کے اصل قدیمی باشندے تھے (Carette)، جن میں کچھ ایشیائی، بالخصوص فینیقی خون کی آمیزش ہو گئی تھی (Fournel، Mercier)۔ بعض لوگ، جو عموماً محقق نہیں مگر شوقیہ لکھنے والے ہیں، یہاں تک بڑھے کہ انہوں نے ممالک بربر کے عہد عتیق کی آبادی کے جملہ اجزاے ترکیبی از سر نو مرتب کیے ہیں (Rinn : *Les origines berbères*، الجزائر ۱۸۸۹ء؛ Col. de Lartigue : *Monographie de l'Aurès*، قسطنطینہ ۱۹۰۴ء) اور بڑی دلیری سے

Marfat.com

ان کا رشتہ قدیم کیلٹ (Celts)، باسک (Basques) اور قفقازی (Caucasians) اقوام سے جا ملاتے ہیں (Comm Cauvet : *Les Origines coucasiennes des Touareg*، در *Bull Soc. Geog. Alger.* ۱۹۲۵ء؛ وہی مصنف : *La Formation celtique de la nation targuie*، در مجلۂ مذکورہ، ۱۹۲۶ء)، حتّٰی کہ انہیں بحر اوقیانوس کے پار کی دیسی اقوام سے مربوط کر ڈالتے ہیں (وہی مصنف: *Les Berbères en Amérique*، الجزائر ۱۹۳۰ء)۔ نسلیات انسانی کا علم اس سلسلے میں ہماری کوئی مدد نہیں کرتا۔ گورے رنگ کے بربروں کی موجودگی سے بھی یہ مسئلہ سلجھانا کچھ آسان نہیں ہو جاتا۔ مستند رائے رکھنے والے علما رائے دینے میں احتیاط کرتے ہیں۔ عام طور پر ان کا خیال یہ ہے کہ جنوب مشرق اور غالبًا شمال کی جانب سے بھی مختلف عناصر یہاں پہنچے اور اصل آبادی میں ان کا اضافہ ہوا اور یہ اصل باشندے کم و بیش اسی قسم کے تھے جس طرح کے بحیرۂ روم کے شمالی سواحل پر آباد تھے۔ لیکن یہ سب کچھ اتنے قدیم زمانے میں وقوع پذیر ہوا کہ اب ہمارے لیے مختلف بیرونی نقل مکانی کی تاریخ متعین کرنا ممکن نہیں رہا۔ بہر حال ان تمام باتوں کی حیثیت مفروضات سے زیادہ نہیں۔ بربروں کی اصل کے راز سے پردہ اٹھانے میں شاید لسانی مواد کارآمد ہو جائے ورنہ بیسویں صدی کے نصف تک تو یہ بات پورا معما بنی ہوئی ہے۔

**مآخذ:** مطالعے کے لیے اہم تصنیفات (۱) Olivier : *Recherches sur l'origine des Berbères*، در *Bull. Acad. d'Hippone*، ۱۸۶۸ء؛ (۲) Tissot : *Géographie comparée de la Province Romaine*، ۱۸۸۸ء، ۱ : ۴۰۲؛ (۳) Carette : *Origines et migrations des principales tribus de l'Algérie*، ص ۳۲ ببعد؛ (۴) S. Gsell : *Histoire ancienne de l'Afrique du Nord*، ۱ : ۲۷۵ ببعد؛ (۵) Beguinot : *Chi sono i Berberi ?*، در *OM*، ۱۹۲۱ء؛ (۶) M. Boule : *Les hommes fossiles*، پیرس ۱۹۲۱ء، ص ۳۷۶ ببعد؛ (۷) R. Peyronnet : *Le problème nord - africaine*، بار دوم، پیرس ۱۹۲۴ء، ص ۱۰۳ ببعد؛ (۸) A. Bernard : *L' Algérie*، پیرس ۱۹۲۹ء، ص ۸۱ ببعد؛ (۹) S. Gsell و G. Marcais و G. Yver : *Histoire de l' Algérie*، پیرس ۱۹۲۹ء، ص ۶ ببعد؛ (۱۰) A.C. Haddon : *Les Races humaines*، پیرس ۱۹۳۰ء، ص ۶۶ ببعد؛ (۱۱) V. Piquet : *Les civilisation de l'Afrique du Nord*، بار سوم، پیرس ۱۹۳۱ء، ص ۳ ببعد؛ (۱۲) E. Leblanc : *Le problème des Berbères*، ۱۹۳۱ء؛ (۱۳) H. Helfritz : *Le Pays sans ombre*، پیرس ۱۹۳۶ء، ص ۵۳ ببعد؛ (۱۴) اسدبے Essad Bey : *Allah est grand !*، پیرس ۱۹۳۷ء، ص ۲۶۲؛ (۱۵) E. F. Gautier : *L'Afrique blanche*، پیرس [۱۹۳۹ء]، ص ۱۷۰؛ (۱۶) Gen. Brémond : *Berbères et Arabes. La Berbérie est un pays européen*، پیرس ۱۹۴۲ء (اس کے مطالعے میں احتیاط اور ناقدانہ نظر کی ضرورت ہے)؛ (۱۷) H. Lhote : *Les Touaregs du Hoggar*، پیرس ۱۹۴۴ء، ص ۶۷ ببعد؛ (۱۸) Ch. A. Julien : *Histoire de l'Afrique du Nord*، بار دوم، ج ۱، پیرس ۱۹۵۱ء؛ (۱۹) L. Balout : *Préhistoire de l'Afrique de Nord. Essai de chronologie*، پیرس ۱۹۵۵ء؛ (۲۰) R. Vaufrey : *Préhistoire de l'Afrique*، ج ۱، در *Le Maghreb*، پیرس [۱۹۵۵ء].

(CH. PELLAT)

## (ب) قبل از اسلام

پورے یقین کے ساتھ بس اتنا ہی کہا جا سکتا ہے کہ انتہائی قدیم زمانے سے بربر شمالی افریقہ میں آباد ہو چکے تھے۔ قدیم [یونانی و لاطینی] مؤرخوں اور جغرافیہ نویسوں نے ان کا ذکر مختلف ناموں کے تحت کیا ہے۔ لیکن یہ نام باقی نہ رہے،

marfat.com
Marfat.com

کیونکہ یہ یقینی امر ہے کہ خود بربروں کے متعلقہ گروھوں نے اپنے لیے وہ نام استعمال نہیں کیے، جیسے نساموںن (Nasamonians) اور پسیلی Psylli، جو برقہ (Cyrenaicae) اور طرابلس کے باشندے تھے؛ گرمانت (Garamantians)، جو صحرا میں بدوی زندگی بسر کرتے تھے، ماکیل (Machlyans) اور ماکسی (maxyans)، جو تونسی ساحل پر آباد تھے، [مسولان (Musulans)] اور نومیدی (Numidians)، جو المغرب کے مشرقی حصے میں رہتے تھے، کتول (Getulians)، جو صحرا کی سرحدوں اور بلند علاقوں کے پاسبان تھے اور آخر میں مور (Moors)، جو مغرب اوسط اور مغرب اقصی کے علاقوں میں پھیلے ہوے تھے۔ فینیقی، قرطاجنی اور یونانی غیر ملکی نو آبادیوں کا وھاں کی تمام مقامی آبادیوں پر ـــ غالباً قرطاجنہ کے بالکل نواحی علاقے کے سوا ـــ محض محدود طور پر اثر پڑا۔ یہ آبادیاں مختلف حریف قبائل میں بٹی ہوئی تھیں، جو غیرملکیوں کے مقابلے میں عارضی طور پر متحد ہو سکتی تھیں لیکن کبھی اس حد تک نہیں کہ ان کا اتحاد طاقتور اور پائدار ریاستوں کے قیام کا موجب ہو سکتا۔ البتہ Punic [یا قرطاجنہ کی] جنگوں کے زمانے میں، جب کہ مشرق میں وہی بدنظمی پھیلی رہی، مرکز اور مغرب میں سیاسی تنظیمات کے آغاز کا (مسیلہ Massylae، مسیسلہ Masaesylae اور موریتانیا Mauritania کے بادشاھوں کا ظہور) پتا چلتا ہے۔ ماسنیسا Masinissa کی اعلٰی ذھانت کو روما کی اعانت نے اتنا ابھار دیا کہ اس حکمران نے پورے نومیدیا کو اپنے زیر نگین متحد کر کے چند ھی برس کے اندر ایک ایسی سلطنت وجود میں لانے کا موقع پا لیا جو ملویہ Moulauya سے خلیج سرت Syrtes تک پھیلی ہوئی ساری بربر آبادی پر مشتمل تھی۔ لیکن اس سلطنت کی زندگی صرف چند روزہ ثابت ہوئی۔ ۴۶ قبل مسیح میں یہ صفحۂ ھستی سے مٹ گئی اور مشرقی نومیدیا سلطنت روما کا ایک صوبہ بن گیا۔ چند سال بعد نومیدیا کی بادشاھی کی پھر تشکیل ہوئی مگر وہ محض سلطنت روما کی زیر حفاظت ریاست رھی۔ موریتانیا کی بادشاھی کی حیات اس سے بھی زیادہ مختصر ثابت ہوئی۔ اسے ۱۷ء میں اغسطس Augustus نے یوبا الثانی (Juba II) کے واسطے قائم کیا تھا اور یہ ۴۲ء میں ایک رومی صوبے میں تبدیل ہو گئی۔

افریقہ میں روما کی سلطنت پانچویں صدی عیسوی تک قائم رھی۔ اس دوران میں بربر باشندے صوبۂ افریقیہ اور نومیدیا کے اندر تو گھل مل گئے لیکن کوھستانی علاقوں میں بلندی کے خطّے میں صحراے اعظم کی سرحدوں پر اور موریتانیا میں ان کے حال میں بہت کم تبدیلی پیدا ہو سکی۔ اس مدت کے بیشتر حصّے میں رومیوں نے اسی بات پر اکتفا کیا کہ وہ لوگ باقاعدہ طور پر خراج ادا اور امدادی افواج مہیا کرتے رہا کریں۔ جہاں تک قبائلی نظم و نسق کا تعلق تھا اسے انھوں نے مقامی شیوخ (Principes)، عاملین (Praefecti) اور ناظمین (Reguli) کے سپرد کیے رکھا۔ بہر حال بربروں کے سینے میں آزادی کا شعلہ سرد نہ ہو سکا۔ اس کا اظہار مختلف اوقات میں ہوتا رہا۔ کبھی توشورشوں کی صورت میں، جن کی رھنمائی تاکفاری‌ناس Tacfarinas (۱۷ تا ۲۹ء) جیسے ایک حد تک رومی رنگ میں رنگے ہوے دیسی باشندے کرتے تھے اور کبھی کبھی بدویوں یا اندرون ملک کے براے نام متمدّن قبائل کے حملوں کی صورت میں۔ اغسطس اور دومتیان Domitian کے عہد میں نساموں اور گرمانت کے حملوں، ھدریان Hadrian، انطونینوس Antoninus اور کومودوس Commodus کے عہد میں موروں کی بغاوتوں اور فوجی بد نظمی کے زمانے میں کتول کی اور تیسری صدی کے اواخر

Marfat.com

میں جرجرہ کے قبائلیہ کی سرکشی کی نوعیت بھی تھی ۔ جوں جوں رومی اقتدار میں بتدریج زوال آتا گیا اسی نسبت سے بربروں میں روز افزوں اور عملی رجعت ہوئی اور ملحدانہ عقائد کے ذریعے انھوں نے اپنی انفرادیت کا مظاہرہ کیا، مثلاً شہید پرستی کا دوناتی [مسیحی] مذہب (Donatism) [جس نے چوتھی صدی عیسوی میں قرطاجنہ میں کلسکیانوس کے اسقفی انتخاب کے موقع پر جنم لیا اور جس کا یہ نام اس کے بانی دوناتوس کے نام پر ہے] اختیار کر لیا؛ چنانچہ چوتھی صدی عیسوی میں جن مذہبی جھگڑوں نے افریقہ میں تباہی پھیلائی وہ کئی اعتبار سے نسلی جنگیں تھیں ۔ الکِرکُمسِلیُون (Circumcellions) اسی قسم کی کسانوں کی بربر بغاوت معلوم ہوتی ہے جیسی چودھویں صدی کے فرانس میں ہوئی (=Jacquerie)۔ فرموس Firmus (۳۷۲ تا ۳۷۵ء) اور گیلدون (Gildon) (۳۹۸ء) کی سی شورشوں نے مقامی باشندوں کے ہیجان کا مزید ثبوت مہیا کیا، لیکن حسب سابق بربر مشترکہ دشمن کے مقابلے میں متحد ہونے اور اس کی جگہ لینے میں ناکام رہے۔ البتہ رومیوں کے ساتھ ان کی دشمنی کے باعث وندال قوم کی فتح آسان ہو گئی۔ رومیوں کی طرح جرمن نسل کے یہ حملہ آور بھی بربروں کا لحاظ کرنے پر مجبور تھے ۔ جیسریخ Gaiseric نے انھیں اپنی افواج میں بھرتی کر کے قابو میں رکھا لیکن اس کے جانشینوں کو ان کے خلاف مسلسل جد و جہد کرنا پڑی ۔ موریتانیا Mauritania، قبائلیہ Kabylia، اوراس Aures اور طرابلس (Tripolitania) نے اپنی آزادی قائم رکھی۔ بوزنطی، جو وندالوں کو شکست دے کر ایک صدی تک (۵۳۱ تا ۶۴۲ء) شمالی افریقہ کے مالک بنے رہے، ان سے زیادہ کامیاب نہیں رہے ۔ مقامی سرداروں، مثلاً علاقۂ بیزاسین Byzacene میں انتالس اور علاقۂ اوراس Aures میں یبداس Yabdas نے قیصر یوستنیانوس (Justinian) کے فرستادہ صوبےدار سلیمان (Solomon) کا ایسا زبردست مقابلہ کیا کہ ان پر قابو پانے کے لیے اسے بے انتہا دشواریوں کا سامنا کرنا پڑا ۔ اس سپہ سالار کی وفات کے بعد، جو طرابلس کے لَواتہ [رَکَ بآں] کے خلاف ایک باقاعدہ مہم میں مارا گیا، بوزنطی افریقہ کی صورت حال بہت نازک ہو گئی ۔ جون تروجلیتا John Troglita صرف اوراس کے بربروں کی مدد ہی سے لواتہ کے حملے روکنے میں کامیاب ہو سکا ۔ لیکن ساری دیسی آبادیوں نے بوزنطی سیادت تسلیم نہیں کی ۔ بیزاسین یعنی سابق صوبۂ افریقیہ ( = تونس) اور صوبۂ قسطینہ کے شمالی حصے، ساحلی شہروں اور اندرونِ ملک کے بعض مستحکم مقامات کے علاوہ ہر جگہ بربر آزاد تھے ۔ اس زمانے میں ان کی تین گروہ بندیاں تھیں: (۱) مشرق میں، لواتہ (ھوّارہ، اوریغہ، نَفزاوہ، اوربہ)، جو طرابلس، برقہ، جرید اور اوراس کے علاقوں میں پھیلے ہوے تھے؛ (۲) مغرب میں صنہاجہ، جو مغرب الاوسط اور مغرب الاقصٰی کے سارے علاقوں میں بکھرے ہوے تھے (کتامہ، علاقۂ قبائلیۂ خرد میں؛ زواوہ، قبائلیہ کلاں میں؛ زناتہ، الجزائر کے علاقۂ قبائلیہ اور شِلِف Chelif کے درمیان؛ بنویفرن، شلف سے ملویہ تک؛ غمارہ، ریف میں؛ مصمودہ، بحر اوقیانوس کے مراکشی ساحل پر؛ گزولہ (جزولۃ [رَکَ بآں])، بالائی کوہستان اطلس میں؛ لمطہ، جنوبی مراکش میں؛ صنہاجہ (= اھل اللثام)، مغربی صحرائے اعظم میں بدوی زندگی بسر کرتے تھے؛ (۳) زناتہ، جو سطح مرتفع کی سرحدوں کے ساتھ ساتھ طرابلس سے جبل عمور تک اور پھر بتدریج زیادہ تعداد میں مغرب اوسط اور مغرب اقصٰی تک پھیلتے چلے گئے تھے۔

مآخذ: اہم تصنیف: (۱) S. Gsell: *Histoire an...ne de l'Afrique du Nord*، پیرس ۱۹۱۳ تا

marfat.com
Marfat.com

۱۹۲۸ء؛ نیز دیکھیے (۲) تاریخی تصانیف جن کا حوالہ مادّہ ہائے الجزائر، مراکش، تونس نیز سابقہ فصل کے ماخذ میں درج ہے اور (۳) Dureau de la Malle : *L' Algérie*، پیرس ۱۸۵۲ء؛ (۴) Diehl : *L' Afrique byzantine*، پیرس ۱۸۹۶ء؛ (۵) S. Gsell : *Textes relatifs á l' Afrique du Nord : Herodote* الجزائر. پیرس ۱۹۱۶ء؛ (۶) P. Monceaux : *Histoire littéraire de l'Afrique chrétienne depuis l'origine jusqu'à l'invasion arabe*، پیرس ۱۹۰۰ تا ۱۹۲۳ء؛ (۷) Berthelot : *L' Afrique saharienne et seudanaise : Ce qu'en ont connu les Anciens*، پیرس ۱۹۲۷ء؛ (۸) E. Albertini : *L'Afrique romaine*، ۱۹۳۷ء، بار دوم ۱۹۵۵ء؛ (۹) J. Carcopino : *L' Aptitude des Berbères à la civilisation*, VIII Convegno "Volta"، روم ۱۹۳۸ء؛ (۱۰) R. Roget : *Le Maroc chez les auteurs anciens*، پیرس، تاریخ طبع ندارد؛ (۱۱) E. F. Gautier : *Genséric, roi des Vandales*، پیرس ۱۹۳۵ء؛ (۱۲) Ch. A. Julien : *Histoire de l' Afrique du Nord*، بار دوم، جلد اول؛ (۱۳) C. Courtois : *Les Vandales et l' Afrique*، پیرس [۱۹۵۵ء] (بہت اہم تصنیف ہے).

(ج) مابعد اسلام

عربوں کی آمد سے [بربروں کی حالت پر صحت مند اثر ہوا - مسلمانوں نے رومیوں سے امن و صلح کو بحال کرنے کی کوشش کی لیکن ان کی بار بار کی عہد شکنیوں سے تنگ آ کر آخر پورے علاقے پر مسلمانوں کا قبضہ ہو گیا اور] پہلی/ساتویں صدی کے اختتام پر مسلمان بالآخر پوری طرح فتح یاب ہوگئے - [بربروں نے عُقبہ بن نافع [رک بآں] ہی کے عہد سے آغوش اسلام میں آنا شروع کر دیا تھا - آخر پوری طرح مسلمان ہوگئے-] جن فوجوں نے چند ہی سال میں عرب بلکہ طارق جیسے بربر سالاروں کے ماتحت المغرب کو مکمل طور پر فتح کیا اور نصف صدی سے بھی کم عرصے میں فتح ھسپانیہ کو پایۂ تکمیل تک پہنچا دیا ان کا اصل قوام بربروں ہی سے بنا تھا - [بعض شورش پسندوں نے بغاوتیں کرنے کی کوشش کی لیکن آخر وہ ناکام ہوئے اور مسلمان پوری طرح قابض ہو گئے.

اس کے بعد بربروں کی تاریخ خوارج، تاھرت، بنو مدرار، بنو یفْرَن، بَرغواطہ، اغلبیوں، فاطمیوں، ادریسیوں، زیریوں، المرابطون، الموحدون، بنو مہرین اور بنو حفص کی تاریخ پر مشتمل ہے.]

بربروں کے دو حکمران خانوادے یعنی المرابطون اور الموحّدون تھوڑی تھوڑی مدّتوں کے لیے شمالی افریقہ میں اپنی سیادت قائم کرنے میں کامیاب ہو گئے - یہ دونوں اصلاح یافتہ مذھبی عقائد کا اعلان کرتے تھے - المرابطون کی کامیابی لمتونہ قبیلے کی کامیابی تھی، جو اس وقت جنوبی مراکش اور سنی گال اور نائیجر کے کناروں کے درمیان خانہ بدوشانہ زندگی بسر کرتے رہے تھے - انہوں نے تیسری صدی ھجری/ نویں صدی عیسوی میں اسلام قبول کیا تھا - انھیں عبداللہ بن یاسین(م ۴۵۱ھ/۱۰۵۹ء) [المرابطی] نے اسلامی عقائد و شعائر کی تعلیم دی تھی - انھوں نے سوڈان کے سیاہ فام اور جنوبی مراکش کے باھل باشندوں میں اپنے مذھب کی تبلیغ و اشاعت کرنے کا فیصلہ کیا - ان کی فتوحات بہت جلد ان حدود سے تجاوز کر گئیں - ابوبکر بن عمر نے شہر مراکش کی بنیاد رکھی (۴۶۲ھ/۱۰۷۰ء) اور یوسف بن تاشُفین (تاشْفِین) نے چند ھی برس میں پورے مراکش اور بنو حمّاد کی ریاست کی سرحدوں تک المغرب الاوسط کو زیر تسلّط کر لیا، فتح زَلّاقہ (۴۷۹ھ/۱۰۸۶ء) سے جزیرہ نمائے آئبیریا کے عیسائیوں کی پیش قدمی روک دی، اندلسی والیانِ ریاست کو حکومت سے بےدخل کیا اور پورے اسلامی اندلس کا واحد مالک بن گیا - المرابطون کا زوال بھی ان کے عروج کی طرح

marfat.com
Marfat.com

بڑی سرعت سے ظہور پذیر ہوا - وہ اپنی فتوحات سے مضمحل ہو گئے اور ایک اعلٰی تمدّن سے رابطہ ہوا تو صحراے اعظم کے یہ بربر بہت تیزی سے غائب ہوتے چلے گئے - ان کی خالی جگہ پُر کرنے کے لیے خلفاے المرابطون کے سامنے صرف یہی راستہ تھا کہ اجیر عیسائی سپاہیوں کو بھرتی کیا جائے؛ چنانچہ جب ابن تومرت [رَكَ بآں] کی تبلیغ سے کوہ اطلس پر رہنے والے مصمودہ الموحّدون کا عقیدہ قبول کر کے المرابطون کے خلاف اٹھ کھڑے ہوے تو ان کی قیادت ایک انتہائی قابل اور ذکی شخص عبدالمؤمن [رَكَ بآں] کر رہا تھا، جو قبیلۂ کومیّہ کا بربر تھا - انھوں نے کسی خاص دشواری کا سامنا کیے بغیر المرابطون کو مغلوب کر لیا (۵۴۱ھ/۱۱۴۷ء) - الموحّدون نے جو سلطنت قائم کی وہ ان کے پیشروؤں سے بھی زیادہ وسیع تھی - اگرچہ یہ درست ہے کہ عبدالمؤمن پورے اندلس کو زیرنگیں نہ کر سکا لیکن اس نے بجایہ کی حمّادی اور افریقہ کی زیری حکومت کا خاتمہ کر دیا - عیسائیوں کو ان تمام بندرگاہوں سے نکال باہر کیا جہاں وہ قابض ہو چکے تھے اور سرت سے ساحل اوقیانوس تک سارے علاقے کا مالک و مختار بن گیا - اس طرح بربروں کی ایک عظیم سلطنت پورے شمالی افریقہ میں قائم ہو گئی لیکن زیادہ عرصہ نہ گزرنے پایا تھا کہ اس کی بنیادیں متزلزل ہونے لگیں - عبدالمؤمن کی قائم کردہ سلطنت کے زوال کا ایک باعث یہ بھی ہوا کہ مختلف چھوٹے چھوٹے بربر گروہ باہمی خصومت و رقابت کا شکار تھے - مصمودہ اور کومیہ کے مابین جھگڑوں سے دربارِ مراکش میں ہمیشہ خون بہتا رہا - وسطی المغرب کے قبائل، بنو غانیہ [رَكَ بآں] کے اقدامات میں ان کی اعانت کرتے رہے یا خود آزاد ہو جانے کی کوششیں کرتے تھے - عبدالمؤمن کی وفات سے ایک صدی بعد اس کے خاندان کا آخری نام لیوا ابو دبّوس، نہایت گمنامی میں فوت ہوا (۶۶۸ھ/۱۲۶۹ء) - اس سے قبل ہی ممالک مغرب نئی حکومتوں میں تقسیم ہو چکے تھے - بنو مرین [رَكَ بآں] نے فاس میں، بنو عبدالواد [رَكَ بآں] نے تلمسان میں اور بنو حفص [رَكَ بآں] نے تونس میں اپنی اپنی حکومت قائم کر لی تھی مگر ان خاندانوں میں سے کوئی بھی اس قابل نہ تھا کہ دوسروں پر اپنی سیادت قائم کر سکے یا خود اپنی رعایا ہی میں لائق احترام مانا جائے - مراکش میں کوہستانی علاقوں کے قبائل ہمیشہ بنو مرین کے خلاف باغی رہے - وانشریش کے بنو ومانّو، جرجرہ کے زواوہ اور صوبۂ قسنطینہ کے القبائل اور زاب اور جرید کے باشندے، قسنطینہ، بجایہ اور تونس کے فرماں رواؤں کے دائرۂ حکومت سے باہر رہے - اوراس اور جبل نفوسہ کے نخلستانوں کا بھی یہی حال تھا - اس سے قطعی طور پر آشکارا ہوتا ہے کہ بربر ایک بڑی حکومت کی صورت میں منظّم نہیں ہو سکتے تھے، اس لیے ان کی تاریخ کا مطالعہ صرف اسی طرح ممکن ہے کہ ان کے مختلف قبائل نے ملکی معاملات میں جو حصّہ لیا اس کا تاریخی جائزہ لیا جائے، لیکن بنو ہلال کی یورش سے جو تغیرات وجود پذیر ہوے ان کی وجہ سے یہ کام بھی بے انتہا مشکل ہو گیا ہے - میدانوں میں اور سطح مرتفع پر بربر باشندے عربوں کے ساتھ خلط ملط ہو گئے - آہستہ آہستہ انھوں نے اپنی زبان، اپنی رسوم حتّٰی کہ اپنا قدیم نام بھی ترک کر دیا - اس کے بجاے کسی ایسے شخص کا نام اختیار کر لیا جس سے وہ اپنا سلسلۂ نسب ملاتے تھے - گویا وہ عربوں کے رنگ میں رنگے گئے - بعض گروہ اپنے وطنوں کے دور دست ہونے کے باعث اس تغیر سے بچ گئے، مثلاً اوراس، قبائلیہ، ریف اور اطلس کے باشندے، ان کی تعداد ایسے تارکین وطن کی آمد سے بڑھ گئی جنھوں نے بہت سے مختلف مقامات سے آ کر ان کے ہاں پناہ لی تھی - پھر ان میں سے

marfat.com
Marfat.com

بعض قبائل صحراے اعظم میں دھکیل دیے گئے ۔ چنانچہ آٹھویں صدی ھجری/چودھویں صدی عیسوی سے ''بربروں نے سیاہ فام لوگوں کے ملک کی سرحد پر ویسا ھی حلقہ بنا لیا جیسا کہ عربوں نے مغرب کے دو خطّوں اور افریقیہ کی حدوں پر بنا رکھا تھا'' (ابن خلدون : العبر، ترجمہ de Slane، ۲ : ۱۰۳) ۔ اس انتشار کے ساتھ ساتھ مسلم تہذیب کی ایک مراجعت بھی ہوئی ۔ یہ کہنا مبالغے میں داخل نہ ہو گا کہ بربروں کے متعدد گروھوں نے ایک بار پھر پہلے کی سی نیم صحرائی زندگی اختیار کر لی اور اسلام کے صرف چند ابتدائی تصورات ان میں باقی رہ گئے ۔ نویں ۔ دسویں / پندرھویں ۔ سولھویں صدیوں میں ان کے درمیان اسلام کی تجدید المرابطون (Marabouts) کی مرھونِ منّت ہے ۔ یہ اپنے آپ کو زیادہ تر جنوبی مراکش کے ایک مقام ساقیة الحمرا سے منسوب کرتے تھے جو افسانوں کا موضوع اور عوام کے تصور میں اولیا اور اھلِ دعوت و تبلیغ کی تربیت گاہ تھا ۔ ان پرھیزگار لوگوں کا اس قدر اثر ھوا کہ آج قبائل کے قبائل اپنے آپ کو ان کی اولاد سمجھتے ھیں ۔ صرف معدودے چند ھی ایسے گروہ ھوں گے جو ان کے دائرۂ اثر میں نہ آ سکے ۔

**مآخذ**: بنیادی مآخذ: (۱) ابن خلدون : العبر، بولاق ۱۲۸۴ھ، ۷ جلد (فرانسیسی ترجمہ از de Slane: *Histoire des Berbères*، الجزائر ۱۸۵۲ تا ۱۸۵۶ء، ۴ جلد) ۔ اس میں شمالی افریقہ کے دیگر عرب مؤرخین کا اضافہ کر لیجیے جن کا حوالہ مادّہ‌های الجزائر، مراکش، تونس کے مآخذ میں درج ہے ۔ نیز (۲) H. Fournel : *Les Berbères*، پیرس ۱۸۷۵ء؛ (۳) E. Masqueray : *Chronique d'Abou Zakaria*، الجزائر ۱۸۷۸ء؛ (۴) R. Basset : *Les Sanctuaires du Djebel Nefause*، پیرس ۱۸۹۹ء؛ (۵) S.A. Boulifa : *Le Djurdjura à travers l'histoire*، الجزائر ۱۹۲۵ء؛ (۶) E. F. Gautier : *Les Siècles obscurs*، پیرس ۱۹۲۷ء؛ (۷) F. de la Chapelle، در *Hesp.*، ۱۹۳۰ء؛ (۸) E. Lévi-Provençal (طبع)، *Fragments historiques sur les Berbères au moyen âge*، رباط ۱۹۳۴ء؛ (۹) T. Lewicki، در *REI*، ۱۹۳۴ء؛ (۱۰) P. Amilhat، در *REI*، ۱۹۳۷ء؛ (۱۱) R. Montagne : *Les Berbères et le Makhzen dans le Sud du Maroc*، پیرس ۱۹۳۰ء؛ (۱۲) وهی مصنف، در *Hesp.*، ۱۹۳۱ء؛ (۱۳) W. Marçais: *Comment l'Afrique du Nord a été arabisée*، ج ۱، در *AIEO Alger*، ۱۹۳۸ء، ج ۲، وهی مجلہ ۱۹۵۶ء؛ (۱۴) G. Marçais : در *RAfr.*، ۱۹۳۱ء؛ (۱۵) E. Levi-Provençal : *Hist. Esp. Mus.*، بمددِ اشاریہ؛ (۱۶) Ch. A. Julien : *Histoire de l' Afrique du Nord*، بار دوم، ج ۲؛ (۱۷) H. Terrasse : *Histoire de Maroc*، پیرس ۱۹۵۱ء؛ (۱۸) Col. Justinard : *Le Tazeroualt*، پیرس [۱۹۵۴ء]؛ (۱۹) G. Marçais : *La Berbéres musulmane et l'Orient du moyen âge*، پیرس ۱۹۴۶ء؛ (۲۰) وهی مصنف : *La Berbérie du VII^e au XVI^e siècle*، در *Mél d'hist et d Archéol*، الجزائر ۱۹۵۷ء، ص ۱۷ تا ۲۲ ۔

۲ ۔ موجودہ تقسیم

اگرچہ آج کل شمالی افریقہ کی آبادی اساسًا بلا شک و شبہہ بربروں پر مشتمل ہے تاھم اب یہ ایک واحد الجنس گروہ نہیں رہے اور ھم زیادہ سے زیادہ ان لوگوں کو بربر کہہ سکتے ھیں جنھوں نے بربر زبان کا استعمال محفوظ رکھا ہے ۔ ان کی آبادی پچاس لاکھ سے زیادہ افراد پر مشتمل معلوم ھوتی ہے ۔ ان میں سے بہت سے دو بلکہ تین زبانیں بولنے والے ھیں لیکن ان بربروں کی تعداد ان سے کہیں زیادہ ہے جو اپنی اصل ابتدا کی طرح اپنی رسوم اور اپنی زبان کے بارے میں تمام یادوں کو ــ اکثر اوقات بالارادہ ــ اپنے حافظے سے محو کر

Marfat.com

چکے ہیں۔ ۔ ۔ ۔ ان کے مقابلے میں بعض جماعتیں ادھر ادھر ایسی بھی ہیں جو ابھی تک بربر النسل ہونے کی مدعی ہیں، گو وہ اپنے اخلاف کی زبان بولنا چھوڑ چکے ہیں۔ ۔ ۔ ۔

بہر حال پہاڑوں کے جھرمٹوں اور صحرا میں گروہوں کی خاصی تعداد ابھی تک موجود ہے۔ یہ ایسے قریب قریب کے حلقوں سے بنے ہیں جو ایک دوسرے سے شیرازہ بند ہیں ۔ یہ ابھی تک قدیم لسانیاتی اور نسلیاتی نمونے کی شہادت پیش کر رہے ہیں ۔ اجمالاً کہا جا سکتا ہے کہ بربروں کی آبادیاں مشرق سے مغرب کی طرف زیادہ گنجان ہوتی چلی گئی ہیں ۔ وہ ایک وسیع علاقے میں منتشر ہیں، جو مصری سرحد سے (سیوہ اور جربوب سمیت) بحر اوقیانوس تک اور ہمبوری Hombori کی بلند پہاڑی سے لے کر، جو نائیجر کے جنوب میں ہے، بحیرۂ روم تک پھیلا ہوا ہے۔

لیبیا: متعدّد بربر قبائل ابھی تک جبل غوریان کے علاقۂ برقہ، یفرن، اور نفوسہ میں باقی ہیں۔ یہ لوگ اوجِلہ، سُقنہ اور تِمسّا کے نخلستانوں اور ساحل پر زوارہ کے مقام پر بھی ملتے ہیں ۔ اوجِلہ، اور اُورفلّہ کی آبادی کے، جو طرابلس کے نواح میں واقع ہے، بعض لوگ کہتے ہیں کہ وہ بربر ہیں حالانکہ ان کی زبان عربی ہے (یہ کل آبادی کا تقریباً تیئیس فی صد ہیں)۔

تونس: جزیرۂ جربہ میں چھے گاؤں ـــ اَجِم، گوَلّلہ Guellala، سدوئی کش Sedovikech، اِلمائی Elmai، مہبوبِن Mahboubin اور سدغیشین Sodghiane، ان میں سات اَور مواضع کا اضافہ کر لیجیے جو اندرونِ ملک میں واقع ہیں، تمجروت، سِند، زراوہ، تاوجوت، تیمزرت، چِنِنی اور دوئی رِت ـــ ابھی تک جزوی طور پر بربر بولنے والے گاؤں ہیں۔ یہاں کے بربر ایک طویل عرصہ بلاد شمال میں گزارتے ہیں، جہاں وہ قابلِ اعتماد عہدوں پر فائز ہیں، مگر انھیں اپنی بولی سے محبت ہے، جو ان کے لیے خفیہ زبان کا بھی کام دیتی ہے (یہ سب بربر بولنے والے آبادی کا ایک فی صد ہیں)۔

الجزائر: بربر مدافعت کے دو بڑے ستون شمال میں قبائلیہ اور جنوب مشرق میں اوراس رہے ہیں ۔ ان دونوں خطّوں کے درمیان اب سطیف تک عربی بولنے والا ایک قطعہ حائل ہے، جو کچھ زیادہ وسیع نہیں ۔ الجزائر اور اوران کے علاقۂ تلّ میں ان بربر گروہوں کو صرف بُلَیدہ Blida کے کوہستانی علاقے اور شِلِف Cheliff (وانشریش چِنْدِل، بنو مناصر، شِنوہ Chenaua) میں کچھ اہمیت حاصل ہو جاتی ہے ۔ آخر میں چند قبائل الجزائر اور مراکش کی سرحد پر (تلمسان کے قریب بني سنوس) نظر آتے ہیں (کل تیس فی صد آبادی بربر بولتی ہے)۔

مراکش: مراکش کی ارضی تشکیل بربر آبادی کے سلامت رہ جانے کے لیے بالخصوص ممد ثابت ہوئی ہے ۔ اگرچہ متعدد قبائل نے بربر بولی کا استعمال چھوڑ دیا ہے تاہم ریف، وسطی اطلس، اطلس اعلٰی اور آنروے اطلس (Anti-Atlas) نیز سوس Sous میں زناتہ، مصمودہ اور صنہاجہ جیسے بڑے بڑے قبائل کی زبان ابھی تک بربر ہی ہے ۔ R. Montagne (*Vie Sociale*، ص ۱۷) کا اندازہ ہے کہ مراکش میں کل آبادی کا دس سے پندرہ فی صد حصہ عربوں پر مشتمل ہے۔ چالیس سے پینتالیس فی صد تک عرب رنگ میں رنگے ہوے بربروں پر اور باقی ماندہ چالیس سے پینتالیس فی صد تک وہ بربر ہیں جو اپنی اصل نسل سے انکار نہیں کر سکتے۔

صحرا: صحرا کے الجزائری اور مراکشی حصّوں میں وادی ریغ (Oued Righ) اورجلہ Auragla، نفوسہ Ngousa کے نخلستانوں، مزاب Mzab کے

marfat.com
Marfat.com

سات قصبوں، غوارہ Gourara کے قصور Ksours، تاوت Touat، تدیکلت Tidikelt، ففونغ Figuig، تافیلالت [رک بآں] دادس Dades میں، پھر ایک وسیع خطّے میں، جو مثلث نما ہے اور اس کے شمال میں غدامس، جنوب مغرب میں ٹمبکٹو اور جنوب مشرق میں زِندر واقع ہے، اس میں طوارق Touareg کے مختلف گروہ بہ شمول غات Ghat، جَنِت Djanet اور آہگر [رک بآں] ملتے ہیں.

موریتانیا (زناجہ) میں بھی تقریباً پچیس ہزار باشندے (بالخصوص ترارزہ) بربر بولتے ہیں - ایک درمیانی حلقے وَدہ Wada میں آزر بولی جاتی ہے - یہ سونِنکہ Soninke کی ایک شاخ ہے، جس میں بربر کے الفاظ ملے ہوے ہیں.

منتشرین : اوپر جن منطقوں کا سرسری سا جائزہ پیش کیا گیا ہے ان سے باہر مراکش (کاسابلانکا) اور الجزائر کے بڑے بڑے شہروں میں بربروں کی بکثرت آمد بھی ہماری توجہ کی محتاج ہے، کیونکہ شہروں میں آ کر انہیں سے ان کی "قبائلیت" ختم ہوتی ہے اور وہ اپنی قدرتی قبائلی نگرانی اور نظم و ضبط سے محروم ہو کر (دیکھیے نیچے فصل ۴) ایک مفلس مزدور طبقے کی صورت میں ڈھلتے چلے جا رہے ہیں، جو ہر طرح کا کام کر گزرنے کے لیے تیار ہو جاتا ہے - ملک بربر سے باہر لبنان میں کتامہ قبیلے کی نسل کے لوگ ملتے ہیں، جو وہاں فاطمیوں کے ہمراہ پہنچے تھے - اسی طرح دمشق میں الجزائری بربر موجود ہیں، جو آغاز فتح کے زمانے میں ترک وطن کر آئے تھے اور یا امیر عبدالقادر [رک بآں] یا اس کے اخلاف سے دوبارہ آ ملے تھے - دوسری جنگ عظیم کے بعد کچھ بربر یورپ کے مختلف ممالک ھی میں رہ گئے - حتی کہ امریکہ میں بھی معدودے چند کی موجودگی کا پتا دیا جاتا ہے؛ لیکن ان کی سب سے زیادہ تعداد فرانس کے دارالحکومت میں ہے - ان کی اکثریت قبائلیہ والوں پر مشتمل ہے، جو عارضی — اور بعض صورتوں میں مستقل — طور پر اپنی بنجر علاقے سے ترک وطن کر کے غیر ملک میں روزگار کے بہتر وسائل کی تلاش میں چلے آئے ہیں - یہ بے گھر لوگ بھی ایک ایسی مزدور جماعت بن گئے ہیں جسے فرانس کے دارالحکومت میں حالات زندگی کو اپنانا دشوار معلوم ہوتا ہے.

**مآخذ** : (۱) E. Doutté و E.F. Gautier : *Enquête sur la dispersion de la langue barbère en Algérie*، الجزائر ۱۹۱۰ء؛ (۲) A. Bernard و P. Moussard : *Arabophones et berbérophones au Maroc*، در *Ann. de Géog.*، ۱۹۲۴ء؛ (۳) R. Montagne : *La vie sociale et la vie politique des Berbères*، پیرس ۱۹۳۱ء، ص ۹ ببعد؛ (۴) باسے A. Basset : *Les Ksours berbérophones du Gourara*، در *IIIe Congrès Soc. sav. de l'Af. du N.*؛ (۵) وهی مصنف : *Parlers touaregs du Soudan et du Niger*، در *Bull. Ét. hist. et éc du l'AOF*، ۱۹۳۵ء؛ (۶) وهی مصنف : *La langue berbère dans les Territoires du Sud*، در *RA fr.*، ۱۹۴۱ء، ص ۶۲ ببعد؛ (۷) وهی مصنف : *La langue berbère au Sahara*، در *Cahiers Ch. de Foucauld*، ۱۹۴۸ء؛ (۸) وهی مصنف : *Initiation à la Tunisie*، پیرس ۱۹۵۰ء، ص ۲۲۰ تا ۲۲۶؛ (۹) E. Laoust، در *Initiation au Maroc*، پیرس ۱۹۴۵ء، ص ۱۹۱ تا ۲۱۹؛ (۱۰) *Répertoire alphabétique des confédérations de tribus ... de la zone française de l'empire chérifien*، کاسابلانکا ۱۹۳۹ء؛ (۱۱) L. Justinard : *Les Chleuh de la banlieue de Paris*، در *REI*، ۱۹۲۸ء؛ (۱۲) L. Massignon : *Cartes de répartition des Kabyles dans la région parisienne*، وهی مجلہ، ۱۹۳۰ء؛ (۱۳) وهی مصنف : *Annuaire du Monde musulman*، بار چہارم، پیرس ۱۹۵۵ء، بمدد

Marfat.com

اشاریه، نیز دیکھیے مآخذ مندرجۂ فصل ۰ ۰ . ۱

([CH. PELLAT] و G. YVER)

### ۳ - مذہب

معلوم ہوتا ہے ازمنۂ قدیم میں بربر قبائلی تقسیم کے مطابق کثیر التعداد مقامی مذہبی فرقوں میں منقسم تھے - ان کے معبودوں کے بارے میں ہماری معلومات بہت کم اور ناقص ہیں - لیکن بلا شبہہ یہ مظاہر فطرت ہی ہوں گے، مثلاً بڑے بڑے غار، چٹانیں، چشمے، دریا اور پہاڑ - ان میں اجرام سماوی، کم از کم سورج، چاند اور بعض ستاروں کا اضافہ کر لینا چاہیے - ان کی جیسی تقدیس کی جاتی تھی اس کے آثار اب بھی بعض قصص، اعتقادات، تقاریب اور مذہبی رسوم میں ملتے ہیں - اپنے قبولِ اسلام اور ملّتِ اسلامیہ کے ساتھ وابستہ رہنے کے گہرے احساس کے باوجود بربروں کے ہاں بعض جاہلی رسوم موجود ہیں، جن میں سے بعض تو کم و بیش اسلام کے سانچے میں ڈھل گئی ہیں، لیکن بعض رسوم اسلامی عقائد کے قطعی خلاف ہیں - ایسے آثار باقیہ بالخصوص زرعی رسوم اور تہواروں (بارش مانگنے کی رسوم، فصل کٹنے کی تقریب، بڑے بڑے الاؤ لگانا، عنصرہ [رکّ باں] عقیدۂ برکۃ [رکّ باں] اولیا پرستی وغیرہ) میں نمایاں طور پر ملتے ہیں.

اس سے انکار نہیں ہو سکتا کہ قدیم فینیقی (قرطاجنی) زمانے ہی سے انہوں نے نہ صرف غیر ملکیوں کے دیوتاؤں کو اپنا لیا تھا بلکہ انھیں اپنے قومی معبودوں میں ضم بھی کر لیا تھا (رکّ بہ H. Basset : *Influences puniques chez les Berbères*، در *RAfr.*، ۱۹۲۱ء) - یہودیت کے بھی کثیر التعداد پیرو یہاں پیدا ہو گئے تھے اور اگر یہ مان بھی لیا جائے کہ اسے وہ اہمیت حاصل نہیں ہوئی جس کا بعض صاحبوں نے دعوٰی کیا ہے، پھر بھی یہ حقیقت ہے کہ یہودیت پورے شمالی افریقہ میں پھیل گئی تھی - فی الحقیقت ان یہودیوں کی اولاد سے قطع نظر جنھیں نویں / پندرھویں صدی میں اندلس سے نکالا گیا تھا ملکی یہودیوں کی اکثریت ان یہودیوں کی اولاد ہے جو ظہورِ اسلام سے قبل یہ دین قبول کر چکے تھے (دیکھیے: (۱) Slouschz : *Hebraeo Phéniciens et Judéo Berbères*، پیرس ۱۹۰۹ء؛ (۲) M.A. Simon : *Le Judaïsme berbère dans l' Afrique ancienne*، در *Rev. Hist. et Philos. Fac. théol. protestante de Strasbourg*، ۱۹۴۶ء؛ (۳) L. Voinot : *Pèlerinages judéo-musulmans du Maroc*، پیرس ۱۹۴۸ء؛ (۴) P. Flamand : *Population israélite du Sud marocain*، در *Hesp.*، ۱۹۵۰ء، ص ۳۶۳ ببعد؛ (۵) وہی مصنف : *Un Mellah en pays berbère : Demnate*، پیرس ۱۹۵۲ء؛ (۶) وہی مصنف : *Les Communantés israélites du Sud. marocain*، تحقیقی مقالہ، ساربون Sorbonne ۱۹۵۷ء).

یہودیت نے مسیحیت کے لیے راستہ ہموار کر دیا اور اگرچہ آخرالذکر مذہب کو جاہلیت سے سخت کشمکش کرنا پڑی اور وہ خود اپنے اندرونی جھگڑوں میں مبتلا ہو گیا تاہم یہاں پھولتا پھلتا رہا - اس جگہ اتنا ہی یاد رکھنا کافی ہو گا کہ دین مسیحی بربروں کو رومی حکومت کے خلاف شیرازہ بند ہونے کا موقع فراہم کرتا تھا اور انھوں نے کلیساے روم کے خلاف بھی نئے نئے ملحدانہ عقائد بڑے ذوق شوق سے قبول کیے (جیسے آریو سیت (Arianism) اور دوناتوسیت (Dontism) (دیکھیے (۱) P. S. Mesnage : *Étude sur l' influence du Christianism sur les Berbères*، پیرس ۱۹۰۲ء؛ (۲) وہی مصنف : *Le Christianisme en Afrique*، الجزائر ۱۹۱۵ء؛ (۳) E. Albertini : *L' Afrique romaine*، ص ۵۵ ببعد؛ (۴) Dom Leclercq : *L' Afrique chrétienne*، پیرس ۱۹۰۴ء؛

marfat.com
Marfat.com

(۵) Monceaux : *Histoire littéraire de l'Afrique chrètienne*، پیرس ۱۹۰۰ تا ۱۹۲۳ء).

اسلامی فتوحات کے وقت بھی یہی صورت ہوئی - یعنی صرف دشمنوں کے نام ہی تبدیل ہوے . . . - کہیں چھٹی / بارھویں صدی میں جا کر اسلام کو حتمًا کامیابی حاصل ہوئی - یہی وہ زمانہ ہے جب آخری مقامی عیسائی صفحۂ ہستی سے مٹ گئے بحا لیکہ یہودی فرقے موجودہ زمانے تک باقی رہے - فتح اسلام کے وقت نوسلم بربروں نے مسلکِ اہلِ سنّت اختیار کیا کیونکہ اس وقت وہ صرف اسی سے آشنا تھے - لیکن ان کے ہاں خود مختاری کا جو جذبہ جاری و ساری تھا اس کا بہت جلد اس طرح ظہور ہوا کہ انھوں نے خارجیوں کے عقائد قبول کر لیے، بظاہر جن میں سب سے بڑھکر انسانی مساوات کے اصول کی تعلیم تھی (رک بہ مادہ ہاے اباضیّہ، خارجی اور T. Lewicki کی تصانیف بالخصوص *Etudes ibāḍites nord-africaines*، وارسا ۱۹۵۵ء؛ اور *La répartition geographique des groupements ibāḍites dans l'Afrique du Nord au moyen âge*، در *Rocznik Orientalistyczny*، ۱۹۵۷ء؛ نیز دیکھیے Chikh Békri : *La Kharijisme berbère*، در *AIEO Alger*، ۱۹۵۷ء، ص ۵۵ تا ۱۰۸) - مذہبی اعتقاد کا بنیادی طور پر خارجیت سے زیادہ تعلق نہ تھا، جس کا واضح طور پر اس بات سے پتا چلتا ہے کہ ایک جماعت شیعوں کی حمایت کرنے لگی اور ان شیعوں میں صرف فاس کے ادریسی ہی نہیں بلکہ وہ لوگ بھی تھے جو ایرانی نقطۂ نظر سے متأثر اور امام کو خدا کا بروز سمجھتے تھے - یہی وجہ ہے کہ یہاں خارجیوں (صفریّہ اور اباضیّہ) کے دوش بدوش فاطمی بھی موجود تھے - چنانچہ مہدی عبیداللہ کو سب سے بڑھکر مدد بربر قبیلۂ کتامہ سے حاصل ہوئی - انتہا پسندی کا یہ رجحان ایک بار پھر اس وقت دیکھنے میں آیا جب تقوی کے ردِّ عمل کی صورت میں سنّی عقائد کو غلبہ حاصل ہوا اور صحراے اعظم کے لمتونہ (المرابطون)، جو انھیں دنوں یعنی پانچویں/ دسویں صدی میں مشرف باسلام ہوے تھے، بر سرِ اقتدار آ گئے - اس کی مزید شہادت ہمیں کوہ اطلس کے رہنے والے مصمودہ کے ہاں ملتی ہے، جنھوں نے الموحدون کی سلطنت کی بنیاد رکھی اور بچے کھچے مخالف عناصر کا قلع قمع کر دیا - صرف چند ایسے خارجی فرقے ان کی دستبرد سے بچ گئے جنھیں پہاڑوں، صحرا یا سمندر کی پناہ حاصل تھی - یہی چیز ایک بار پھر ان چھوٹی چھوٹی مرابطی (Marabout) ریاستوں کی تشکیل کی صورت میں منظر عام پر آئی جو مراکش میں پانچویں/ گیارھویں صدی سے آئندہ وقتًا فوقتًا وجود میں آتی رہی ہیں (دیکھیے R. Montagne : *Vie sociale*، ص ۲۲ بعد).

مراکش میں سرکاری طور پر اسلام کا جو مسلک نافذ رہا ہے اس کے خلاف ردِّ عمل کے طور پر ایک نیا مذہب تیار کرنے کی خاطر دو اور نظیروں کا پیش کرنا ضروری ہے، یعنی ریف میں چوتھی/ دسویں صدی میں حامیم المفتری [رک بآں] اور ساحل اوقیانوس پر صالح بن طَرِیف [رک بآں] کی کوششیں.

اس علاقے نے مسیحی اغسطین (St. Augustine) کی صورت میں کلیسا کو ایک بہت بڑی شخصیت دی - اس کی ولادت سوق اہراس (Thagaste) میں ہوئی تھی - جہاں کہیں بھی اہلِ سنّت کو اقتدار نصیب ہوا وہاں مسلک امام مالک ہی کو اختیار کیا گیا؛ چنانچہ ممالک بربر میں اب تک اسی کا غلبہ ہے - البتہ بعض خارجی فرقے (اباضیہ) جبلِ نفوسہ میں جربہ کے مقام پر اور جنوبی تونس اور مزاب میں باقی رہ گئے ہیں.

**مآخذ**: بربروں اور ان کی باقیات کے قدیم مذہب

Marfat.com

کے بارے میں مآخذ کی فہرست بہت طویل ہے اور یہاں صرف اہم تصانیف کا ذکر کیا جاتا ہے : (۱) باسے R. Basset : *Recherches sur la religion des Berbères*، پیرس ۱۹۱۰ء (اقتباس از *RHR*)؛ (۲) L. Brunot : *Cultes naturistes à Sefrou*، در *Arch. Berb.*، ۱۹۱۸ء، ج ۲؛ (۳) H. Basset : *Le culte des grottes au Maroc*، الجزائر ۱۹۲۰ء؛ (۴) A. Bel : *Quelques rites pour la pluie*، در *XIVe Congrès Orient.*، الجزائر ۱۹۰۵ء؛ (۵) وہی مصنف : در *Mél. Gaudefroy-Demombynes*، قاہرہ ۱۹۳۵ء؛ (۶) L. Joleaud : *Gravures rupestres et rites de l'eau*، در *J. Soc. Africanistes*، ۱۹۳۳ تا ۱۹۳۴ء؛ (۷) Probst-Biraben : *Les Rites d'obtention de la pluie*، وہی مجلہ، ۱۹۳۲ تا ۱۹۳۳ء؛ (۸) Mouliéras : *Le Maroc inconnu*، پیرس ۱۸۹۵ تا ۱۸۹۹ء؛ (۹) F. Nicolas : *Les Industries de protection chez les Twareg de l'Azawagh*، در *Hesp.*، ۱۹۳۸ء؛ (۱۰) Rahmani : *Le mois de mai chez les Kabyles*، الجزائر ۱۹۳۵ تا ۱۹۳۹ء؛ (۱۱) وہی مصنف : *Notes eth.*، قسنطینہ ۱۹۳۳ء؛ (۱۲) Montet، Destaing : *Le Culte des saints en Af. du N.*، مطبوعۂ پیرس؛ (۱۳) E. Destaing : *Fêtes et coutumes saisonnières chez les Beni-Snous*، در *RAfr.*، ۱۹۰۶ء؛ (۱۴) E. Laoust : *Mots et choses berbères*، پیرس ۱۹۲۰ء؛ (۱۵) وہی مصنف : *Noms et cérémonies des feux de joie*، در *Hesp.*، ۱۹۲۱ء؛ (۱۶) E. Doutté : *Magie et religion dans l'Afr. du N.*، الجزائر ۱۹۰۹ء؛ (۱۷) وہی مصنف : *En Tribu*، پیرس ۱۹۱۴ء؛ (۱۸) Dr. Foley : *Moeurs et médecine des Touareg de l'Ahaggar*، الجزائر ۱۹۳۰ء؛ (۱۹) G. Marcy : *Origine et signification des tatouages des tribus berbères*، در *RHR*، ۱۹۳۰ء؛ (۲۰) E. Westermarck : *Midsummer customs in Morocco*، در *Folk-lore*، ۱۹۰۵ء؛ (۲۱) وہی مصنف : *Marriage ceremonies in Morocco*، لنڈن ۱۹۱۴ء (فرانسیسی ترجمہ از F. Arin، پیرس ۱۹۲۱ء)؛ (۲۲) وہی مصنف : *Ceremonies and beliefs connected with agriculture*، ہلسنگفورس Helsingfors ۱۹۱۳ء؛ (۲۳) وہی مصنف : *The Moorish conception of Holiness (Baraka)*، ہلسنگفورس ۱۹۱۶ء؛ (۲۴) وہی مصنف : *Ritual and belief in Morocco*، لنڈن ۱۹۲۶ء (جزوی ترجمہ از R. Godet : *Survivances païennes dans la civilisation mahométane*، پیرس ۱۹۳۵ء)؛ (۲۵) J. Servier : *Jeux rituels et rites agraires des Berbères d'Algérie*، ساربون، مقالہ ۱۹۵۵ء (غیر مطبوعہ)؛ البربر میں اسلام کے موضوع پر : (۲۶) H. Doutté : *L' Islam algérien*، الجزائر ۱۹۰۰ء؛ (۲۷) A. Bel : *La Religion musulmane en Berbérie*، ج ۱ (صرف یہی جلد طبع ہوئی ہے)، پیرس ۱۹۳۸ء؛ (۲۸) G.H. Bousquet : *L' Islam maghrébin*، الجزائر ۱۹۴۳ء؛ نیز دیکھیے : (۲۹) J. D. Pearson : *Index Islamicus* ۱۹۰۶ - ۱۹۵۵ء، کیمبرج ۱۹۵۸ء، شمارہ جات ۱۲۰۱۷ تا ۱۲۸۳۰ و ۱۲۸۳۱ تا ۱۳۰۶۸ بمواضع کثیرہ.

(CH. PELLAT و R. BASSET)

## ۳ - رسوم، معاشرتی اور سیاسی تنظیم

جن لوگوں کو بربروں کے کردار اور عادات مشاہدہ کرنے کا موقع ملا ہے وہ متعجب ہوئے بغیر نہیں رہ سکے - ان باتوں میں وہ عربوں سے کئی اعتبار سے مختلف ہیں - بالخصوص جہاں تک عورتوں کا تعلق ہے جنھیں نسبۃً زیادہ آزادی حاصل ہے (مثلاً دیکھیے طوارق (اہل) کے ہاں "مجالسِ محبت"؛ H. Lhote : *Tourags du Hoggar*، ص ۲۸۸ ببعد) اور ایک حد تک وہ زیادہ عزت و احترام کی مستحق سمجھی جاتی ہیں (عورتوں کے بارے میں دیکھیے : (۱) M. Gaudry : *La femme chaouia de l'Aurès*

marfat.com
Marfat.com

پیرس ۱۹۲۹ء؛ (۲) A. M. Goichon : La vie féminine au Mzab، پیرس ۱۹۲۷ تا ۱۹۳۱ء؛ (۳) -L. Bousquet Lefèvre : La femme Kabyle، پیرس ۱۹۳۹ء؛ مادری سیادت (Matriarchy) پر : (۴) G. Marcy : Les vestiges de la parenté maternelle en droit coutumier berbère، در RAFr.، ۱۹۴۱ء، ج ۳ و ۴) - چونکہ ہر گروہ کی رسوم دوسرے گروہ سے بالکل مختلف ہیں اس لیے ان سب کا ایک مرکّب بنا دینا محال ہے - لہٰذا ہم شمالی افریقہ کی اقوام و نسلیات سے متعلّق جو الگ الگ مقالات و تصنیفات کثیر تعداد میں شائع ہوئی ہیں صرف ان کے حوالے دینے پر اکتفا کریں گے۔

بربر (علاقۂ مزاب سے قطع نظر) بنیادی طور پر دیہاتی لوگ ہیں، خواہ ایک جگہ آباد ہوں یا خانہ بدوش - بدوی خیموں میں رہتے ہیں - ان کے مختلف نمونوں کا بیان اکثر آتا رہا ہے، دیکھیے : (۱) H. Lhote : Tourages du Hoggar، ص ۲۲۱ ببعد؛ [(۲) وہی مصنّف : Comment Campent les Toureges، پیرس ۱۹۴۷ء؛] (۳) E. Laoust : L' Habitation chez les transhumants du Maroc central، در Hesp.، ۱۹۳۰ء ببعد؛ مستقل آبادی مکانوں میں رہتی ہے؛ دیکھیے :(۱) E. Laoust، مقالۂ مذکورہ؛ (۴) A. Adam : La Maison et le village dans quelques tribus de l' Anti-Atlas، در Hesp.، ۱۹۵۰ء، ص ۲۸۹ ببعد)؛ یا شان دار قصبوں میں جو بعض اعتبار سے جنوبی عرب کی طرز کی یاد دلاتے ہیں، دیکھیے : (۱) H. Terrasse : Kasbas berbères de l' Atlas et des oasis. Les Grandes architectures du Sud marocain، پیرس ۱۹۳۸ء؛ (۲) A. Paris : Documents d' architecture berbère، پیرس ۱۹۲۵ء؛ (۳) K. A. C. Creswell : A Bibliog. of Muslim Arch. in North Africa، پیرس ۱۹۵۴ء، بمواضع کثیرہ۔

مسلم بربر ممالک کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ انہوں نے اپنے قانون رواج کو ابھی تک قائم رکھا ہے، جس کا اطلاق سرکاری یا غیر سرکاری طور پر الجزائر اور تونس دونوں جگہ ہوتا ہے [رکّ بہ عادۃ، الجزائر، تونس]، (نیز دیکھیے : G. H. Bousquet : Note sur la survivance du droit coutumier berbère en Tunisie، در Hesp.، ۱۹۵۲ء، ج ۱ و ۲ : ص ۲۴۸ و ۲۴۹) - یہ قانون رواج (عادۃ، عُرف، اِزْرِف، اتّفاقات) اصولاً تو ذہنوں میں ہے لیکن پچھلے چند برسوں میں بعض قبائل نے خاص خاص قوانین، جرائم کی سیدھی سادی فہارس مع مناسب جرمانوں کے پیمانے (سزاے قید کو یہاں کوئی نہیں جانتا) کو عربی حتّٰی کہ فرانسیسی زبان میں ضبط تحریر میں لا کر محفوظ کرنے کی ضرورت محسوس کی ہے، اگرچہ اس کام کے لیے بربر زبان کو شاذ ہی استعمال کیا گیا ہے (دیکھیے نیچے فصل ۶) - رواج پر مبنی عدالت یا تو ایک طرح کے (انفرادی) ثالث کی طرف سے عمل میں آتی ہے یا قانونی جماعتوں کی طرف سے جو آپ ہی مخفی عدالت بن جاتی ہیں (مثلاً اوراس میں، جہاں فرانسیسی قانون نافذ ہے) یا پھر انہیں باقاعدہ قانونی حیثیت حاصل ہوتی ہے (جیسے مراکش میں ۱۶ مئی ۱۹۳۰ء کے مشہور فیصلے (''ظہیر'') المعروف بہ ''بربر ظہیر'' [=ظہیر] کے بعد سے، جس پر احتجاجات کا ایک طوفان اٹھ کھڑا ہوا تھا، کیونکہ اس کی رو سے رواجی عدالتوں کا قیام عمل میں آ گیا تھا) - یہ کہنے کی ضرورت نہیں کہ یہ قانون ہر جگہ یکساں نہیں بلکہ ہر گروہ میں خاصا مختلف ہوتا ہے اور چونکہ اس کی بنیاد عوام کے رواج پر ہے اور یہ سینہ بہ سینہ چلا آیا ہے اس لیے اس میں ردّ و بدل کی گنجائش ہے (دیکھیے Hacoun-Campredon : Etude sur l'evolution des coutumes kabyles،

Marfat.com

الجزائر ۱۹۲۱ء).

بربروں کی معاشرتی تنظیم کی بنیاد خونی رشتے پر ہے، خواہ یہ حقیقی ہو خواہ فرضی ۔ سب سے چھوٹی معاشرتی وحدت ''چولھا'' ہے ۔ مستقل بسے ہوے افراد کے چند ''چولھے'' مل کر گاؤں بنتا ہے اور خانہ بدوشوں میں اسے ''دوار'' (tigəmmi ʿasun وغیرہ) کہتے ہیں ۔ بہت سے گاؤوں یا دوار ملتے ہیں تو ایک قطعہ (یا علاقہ) بن جاتا ہے ۔ یہ چھوٹے پیمانے پر ایک ریاست ہوتی ہے ۔ ایک قبیلے کے کئی اقطاع ہوتے ہیں لیکن ان میں سیاسی انفرادیت کم تر ہوتی ہے ۔ قبائلی وفاق محض عارضی نوعیت کے اشتراک کے معنی رکھتا ہے، جس کی ضرورت نازک صورت حال اور اکثر اوقات جنگ کے موقع ہی پر ہوتی ہے ۔

گروہ کے اندر رشتے داری کے تصوّر سے لازمًا ایک قسم کے جماعتی اخلاق کا پاس و لحاظ پیدا ہوتا ہے اور اس کے افراد کے درمیان اتحاد و یک جہتی کا خیال برابر تازہ رہتا ہے جو خصوصیت سے جماعت کے لیے بلا اجرت مل کر کام (: تویزی) انجام دیتے ہیں ۔ جس اجنبی کو ان میں سے کوئی فرد پناہ دے وہ سب کی حفاظت میں آ جاتا ہے ۔ اسی رشتے کی بنا پر غلّے کی شاملاتی کوٹھیاں یا گودام بنائے جاتے ہیں (رک بہ أغادیر).

بہر حال حقیقت یہ ہے کہ ان کی سیاسی تنظیم میں ہمیں دو متضاد قسم کے نظام ملتے ہیں اگرچہ ان دونوں میں مفاہمت کی صورت بھی نکل سکتی ہے ۔ یہ اس بات کا ایک اور ثبوت ہے کہ نسلی اعتبار سے کئی مختلف عناصر بربر کے نام کے تحت یکجا ہو گئے ہیں : ایک طرف تو ایک امیرانہ نظام ہے جس میں جنگ جو امراء، ایک مذہبی برادری، خراج گزاری کی ایک جماعت اور سب سے آخر میں رعیّت یا نیم کسان ہیں ۔ یہ نظام طوارق میں مسلّط ہے، جہاں حکومت کی باگ ڈور ایک اَمینوکَل [رک بآں] aménokal (= طبقۂ امراء) کے ہاتھ میں ہے اور ہر قبیلہ ایک اَمغر [رک بآں] کے ماتحت ہوتا ہے ۔ دوسری طرف باقی ممالکِ بربر میں ہمیں جمہوری قسم کا نظام ملتا ہے، جہاں ایک منتخب مجلس (جماعة، اِنفَلَس، ایت اربعین) ہوتی ہے ۔ تمام اختیارات (قانون سازی، عدلیہ، انتظامیہ) اسی کے ہاتھ میں ہوتے ہیں ۔ نیچے کے گروہ کی مجلس بالائی مجالس میں نمائندے بھیجتی ہے لیکن عام طور پر دیکھا جائے تو یہ ایک علاقے (یا اقطاع) کی مجلس ہی ہے جو سیاسی اعتبار سے بہت وزن رکھتی ہے ۔ اس جمہوری نظام کا نتیجہ بالعموم یہ ہوتا ہے کہ اقتدار چند زعما کے قبضے میں آ جاتا ہے اور شخصی اقتدار کے قیام کے راستے میں بھی رکاوٹ نہیں ہوتی ۔ یہ صورتِ حال کم از کم ان خطّوں میں پیش آتی ہے جہاں اندرونی جماعت بندیاں (لَفّ) باہم مل کر خود مختار اقطاع بناتی ہیں (نہ کہ صرف گاؤں یا گاؤوں کے حصے، جیسا کہ قبائلیہ میں ہے)، اور ان جزوی جتھوں کو صف soffs کہتے ہیں ۔ R. Montagne: *Vie sociale* ص ۹۱ ببعد نے مذکورۂ بالا زعما کی اس طاقت کے ارتقاء کی مختلف منازل کا موزوں تجزیہ کیا ہے جو ''والیانِ اطلس'' کے نام سے مشہور رہ ہیں.

**مآخذ** : انسانیات و نسلیات کے لیے ان تصانیف کے علاوہ جن کا ذکر گزشتہ فصل میں آ چکا ہے، دیکھیے : (۱) Duveyrier: *Les Touaregs du Nord*، پیرس ۱۸۶۴ء؛ (۲) Comm. Bissuel: *Les Touareg de l'Ouest*، الجزائر ۱۸۸۸ء؛ (۳) Benhazera: *Six mois chez les Touaregs du Ahaggar*، الجزائر ۱۹۰۸ء؛ (۴) A. Richer: *Les Touareg du Niger*، پیرس ۱۹۲۴ء؛ (۵) H. Lhote: *Les Touaregs du Hoggar*، پیرس ۱۹۴۴ء (مع بہت مفصل مآخذ کے)؛ (۶)

marfat.com
Marfat.com

C. Devaux : Les Kebailes du Djerdjera، مارسیلا ۔
پیرس ۱۸۶۹ء؛ (۷) Masqueray : De Aurasio monte،
پیرس ۱۸۸۶ء؛ (۸) R. Basset : Nedromah et les
Traras، پیرس ۱۹۰۱ء؛ (۹) L. Voinot : Le Tidikelt،
اوران ۱۹۰۹ء؛ (۱۰) Abès : Les Izayan d' Oulmès،
در Arch. Berb.، ج ۱، شماره ۳، ۱۹۱۶ء؛ (۱۱) وہی
مصنّف : Les Ait Ndhir، وہی مجلّه، ج ۲، شماره ۲،
۱۹۱۷ء؛ (۱۲) S. Biarnay : Notes d' ethn. et de
ling. nord-africaines، پیرس ۱۹۲۳ء؛ (۱۳) G. Marcy:
Les Ait Warain، در Hesp.، ۱۹۲۹ء؛ (۱۴)
R. Maunier : Mélanges de sociol. nord africaine،
پیرس ۱۹۳۰ء؛ (۱۵) J. Bourrilly : Eléments d'
ethographie marocaine، پیرس ۱۹۳۲ء؛ (۱۶) قانون
رواج کے بارے میں ماخذ از H. Bruno، در Rev.
Algérienne، ۱۹۲۰ء، ۱ : ۹۳ ببعد؛ (۱۷) تنقیدی ماخذ
از G. H. Bousquet، در Hesp.، ۱۹۵۲ء، ص ۵۰۸
ببعد ۔ ان میں اس کا بھی اضافه کیجیے : (۱۸)
G. H. Bousquet : Le Droit coutumier des Aït
Haddidou، در AIEO Alger، ۱۹۵۶ء، ص ۱۱۳ تا
۲۳۰ ۔ دو بنیادی کتابیں یه هیں : (۱۹) قبائلیه،
Hanoteau اور Letourneux کے بارے میں :
La Kabylie et les coutumes Kabyles، طبع دوم،
پیرس ۱۸۹۳ء، ۳ جلد؛ اور مراکش کے بارے میں : (۲۰)
G. Marcy : Le Droit coutumier Zemmour، الجزائر ۔
پیرس ۱۹۴۹ء (نیز دیکھیے مادّۂ عادة) ۔ معاشرتی اور
سیاسی تنظیم پر گزشته فصلوں میں مذکوره یک موضوعی
مقالات کے علاوہ : (۲۱) Masqueray : Formation des
cités، پیرس ۱۸۸۶ء؛ (۲۲) M. Mercier : La Civilisation
urbaine au Mzab، الجزائر ۱۹۲۲ء؛ (۲۳) R. Montagne :
Villages et kasbas berbères، پیرس ۱۹۳۰ء؛ (۲۴) وہی
مصنّف : Les Berbères et le Makhzen dans le Sud
du Maroc، پیرس ۱۹۳۰ء؛ (۲۵) وہی مصنّف : La Vie
sociale et la vie politique des Berbères، پیرس
۱۹۳۱ء؛ (۲۶) F. Nicolas : Notes sur la société et
l' état des Touareg du Dinnik، در Bull. IFAN،
۱۹۳۹ء، ص ۵۷۹ ببعد؛ (۲۷) V. Monteil : Note sur
Ifni et les Ait Ba-'amrān، پیرس ۱۹۴۸ء؛ (۲۸)
وہی مصنّف : Note sur les Tekna، پیرس ۱۹۴۸ء؛
(۲۹) J. Berque : Les Seksawa, Recherches sur
les structures sociales du Haut Atlas occidental،
پیرس ۱۹۵۴ء؛ (۳۰) Ph. Marçais در Memorial
A. Basset، ص ۶۹ تا ۸۲ ۔

(Ch. Pellat)

## ۵ ۔ زبان

(الف) زبان کی تاریخ : بحیثیت مجموعی بربری کو بولی کا درجه حاصل ہے ۔ چونکه تحریری مواد کی کمی ہے اس لیے اس کی تاریخ تقریباً پردۂ خفا میں ہے ۔ انیسویں صدی میں بعض یورپی محققوں نے بربروں سے زبانی مواد جمع کر کے خاصی تعداد میں کتابیں لکھیں ۔ مقامی طور پر دستیاب ہونے والی دستاویزات و تحریرات کم اور محدود نوعیت کی ہیں ۔ جنوبی مراکش سے عربی رسم خط میں لکھے ہوے کچھ مخطوطات ملے ہیں، جن کے بعض جزوی، نا مکمل اور نایاب نسخے ہمیں بھی دستیاب ہوے ہیں ۔ البته یه بات قابلِ ذکر ہے که ان تحریروں کی زبان دلچسپ ہونے کے باوجود قدرے مصنوعی دکھائی دیتی ہے ۔

بربری زبان کے وہ الفاظ و محاورات جو عرب مصنفین نے نقل کیے ہیں ان پر بھی ابھی تک باقاعده کام نہیں کیا جا سکا ۔ ان الفاظ اور محاورات میں سب سے پرانے اور مشہور ترین وہ الفاظ ہیں جو لیوی پرووانسال E. Lévi Provençal نے اپنی کتاب Documents inédits d' histoire almohade میں جمع کیے ہیں، جو ۱۹۲۸ء میں پیرس سے شائع ہوئی (قب

Marfat.com

G. Marcy، در .Hesp، ۱۹۳۲ء، ص ٦١ تا ٧١)۔ اس کتاب کے مطالعے سے معلوم ہوتا ہے کہ بربری زبان بھی ایک جاندار زبان ہے ۔ عربی کی کئی کتابوں میں بربری زبان کے بعض قبائلی اجناس اور انسانی اور علاقائی مقامات کے نام محفوظ ہو گئے ہیں ۔ مگر ان کا بھی ابھی تک مطالعہ نہیں کیا جا سکا.

گوانشی Guanshe زبان (جو سترھویں صدی میں جزیرۂ کینری Canary میں بولی جاتی تھی) کے آثار باقیہ بربری زبان میں شامل سمجھے جاتے ھیں ۔ بہر صورت یہ صرف J. D. Wolfel ہی تھا جس نے مفصل تحقیق کے بعد یہ ثابت کیا کہ گوانشی زبان کے بعض اجزا بربری زبان سے قرب رکھتے ھیں.

الموحدون سے پہلے کے ادوار کے سلسلے میں علمائے زبان کو کوئی بربری دستاویز یا تحریر دستیاب نہیں ہو سکی ۔ عربوں کی فتوحات کے بعد کی ابتدائی صدیاں علمائے تاریخ کی نسبت علمائے لسانیات کے لیے زیادہ مبہم اور غیر واضح ہیں ۔ بعدِ زمانی کے باعث اس سلسلے میں ہمیں خاصی مشکلات اور مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے؛ چنانچہ بربری زبان کے متعلق ہم تک اتنا ہی عجیب و غیریب دستاویزی مواد پہنچا ہے جتنا کہ دیگر افریقی بولیوں کے سلسلے میں بکثرت موجود ہے :

(الف) لیبیائی زبان کے ایک ہزار سے زائد کتبات شائع کیے جا چکے ہیں ۔ ان کتبات میں استعمال شدہ حروف تہجی خاصی صحت کے ساتھ معلوم کر لیے گئے ہیں ۔ کم سے کم ایک سے زائد زبانیں جاننے والوں کے لیے تو ان کا سمجھنا اور جاننا کوئی مشکل کام نہیں؛ لیکن اس سلسلے میں جو توجیہات پیش کی گئی ہیں وہ خاصی حد تک ناقابلِ یقین اور مختلف ہیں.

(ب) مشرق میں اور خاص کر طرابلس الغرب Tripulitania کے علاقے میں کتبات کا ایک سلسلہ دریافت ہوا ہے، جو لاطینی حروف میں لکھے ہوے ھیں ۔ ان کا مفہوم معلوم نہیں ہو سکا، البتہ ایک دو لفظ لاطینی ھیں ۔ بعض کی تشریح و تعیین ممکن ہے، مگر کچھ ایسے بھی ہیں جن کی تعین ممکن نہیں.

(ج) افریقی الفاظ کی ایک بہت بڑی تعداد، جن میں زیادہ تر اسمائے معرفہ ہیں، قدیم مصنفوں کے ہاں دستیاب ہونے کے ساتھ ساتھ پیونی (Punic)، یونانی اور خصوصًا لاطینی حروف میں جا بجا بکھری ہوئی ملتی ہے ۔ ان میں سے بعض الفاظ کے بارے میں یہ بات متعین ہو چکی ہے کہ وہ پیونی ھیں، مگر ان میں سے اکثر نے مبہم تشریحات کے ایک سلسلے کو جنم دیا ہے.

بظاہر اس قدیم مواد سے زیادہ استفادہ نہیں کیا گیا ۔ لیکن سوال یہ ہے کہ ایسا کیوں ہوا؟ وجہ یہ ہے کہ بہت کم محققین اس میدان میں داخل ہونے کی جرأت کرتے ہیں اور جو اس طرف آتے بھی ہیں وہ عام طور پر کسی اور تحقیقی کام کے ضمن میں آتے ہیں، یا ان کے سامنے کام کا کوئی اور منصوبہ ہوتا ہے ۔ مزید برآں مختلف ادوار سے تعلق رکھنے والے اور مختلف مقامات پر بکھرے ہوے مواد میں وحدت پیدا کرنا اور اسے ترتیب دینا بھی ایک مشکل مسئلہ ہے ۔ طرابلس الغرب کے کتبے قدیم دور سے تعلق رکھتے ہیں اور لیبیائی زبان کے کتبے تونس، الجزائر اور مراکش سے تعلق رکھتے ہیں اور مختلف صدیوں پر پھیلے ہوے ہیں ۔ ان کتبوں میں سے صرف ایک کتبے پر تاریخ درج ہے اور وہ ہے [مطابق] ۱۳۹ قبل مسیح ۔ بعض کتبوں سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ رومی سلطنت کے دور سے تعلق رکھتے ہیں ۔ زیادہ تر کتبے ایسے ہیں جن کی تاریخ کا پتا لگانا ممکن نہیں ۔ نام سے متعلق

marfat.com
Marfat.com

مواد اس سے بھی زیادہ پراگندہ و منتشر ہے - یہ مواد ایسے متون سے دستیاب ہوتا ہے جو مصر اور اوقیاس کے درمیانی خطّوں سے تعلق رکھتے ہیں - اور ہیرودوٹس سے لے کر بعد کے ازمنۂ قدیمہ پر پھیلے ہوے ہیں۔ اس قسم کے مختلف النوع شواہد لازمی طور پر لسانی ارتقا کے مختلف مراحل کے آئینہ دار ہیں - اگر ان شواہد کی فہرست تیار کر کے انہیں تنقیدی مطالعے کا موضوع بحث بنایا جائے تو معلوم ہوگا کہ اس سلسلے میں ابتدائی نوعیت کا کام ہو چکا ہے اور نام سے متعلق (Onomastic) ایک عام فہرست تیار کرنے کا کام ابھی باقی ہے - اگرچہ اس قدیم مواد میں غیر معمولی اختلاف پایا جاتا ہے، مگر یہ خیال کیا جاتا ہے کہ قدیم مواد کی بنا پر ایسے اصول مرتب کیے جا سکیں گے جن سے جدید بربری لہجوں کے مسائل کا سمجھنا آسان ہو جائے گا۔

فرہنگ سازی کا سلسلہ بھی عام ہے، مگر صرف آزاد موازنے کو آگے بڑھانے اور قیاس آرائی کرنے کے لیے، کیونکہ قدیم و جدید کی وحدت کا حقیقی ثبوت تو مختلف لہجوں کی مماثلتوں اور مطابقتوں ہی کے ذریعے مہیا کیا جا سکتا ہے - لیبیائی اور بربری زبان کے مابین رشتے اور تعلق کا دعوی بھی کیا جاتا ہے اور دونوں زبانوں کو ایک ہی زبان کے دو ارتقائی مراحل تصور کیا جاتا ہے - اس مفروضے کی بنیاد تاریخ پر ہے - تاریخ سے یہ انکشاف ہوتا ہے کہ قدیم زمانے ہی سے افریقہ میں بربر آباد ہو گئے تھے اور اس سے یہ نتیجہ اخذ کیا جاتا ہے کہ بربری زبان وہاں ابتدا ہی سے بولی جا رہی تھی - لیکن سوال یہ ہے کہ کیا اس وقت وہاں صرف یہی ایک زبان بولی جا رہی تھی؟ کیا واقعی یہ بربری زبان ہے جو لیبیائی کتبات میں محفوظ ہے؟ وہ مماثلت اور یکسانی جس کے بارے میں یقین کیا جا سکے بہت شاذ و نادر دکھائی دیتی ہے - لیبیائی اور طوارقی (Touareg) رسم خط کی باہمی مماثلت سے یہ ظاہر نہیں ہوتا کہ ان دونوں زبانوں میں کوئی باہمی رشتہ ہے - اس سلسلے میں سامنے آنے والی مشکلات بحث و تنقید کا تقاضا کرتی ہیں - A. Basset نے اس حقیقت کی طرف توجہ مبذول کرائی ہے کہ اس سلسلے میں تاریخ سے جو دلیل پیش کی گئی ہے وہ منفی نوعیت کی ہے - A. Picord اور بھی زیادہ بدظن اور متردد دکھائی دیتا ہے - بربری زبان کے ماہروں نے جس احتیاط کا مظاہرہ کیا ہے اس کی مثال اور کہیں نظر نہیں آتی - J.D. Wolfeld ایسا ماہرِ لغت و لسانیات بھی لیبیائی اور بربری کو ایک گروہ ۳۰ شمار کرتے ہوے ان دونوں زبانوں کو ایک زبان قرار دینے سے ہچکچاتا ہے - ایک اور ماہرِ لسانیات J.G. Fevrir نے ایک سوال اٹھایا ہے کہ کیا لیبیائی کو ایک قسم کی قبل از بربری زبان تصور نہیں کیا جا سکتا، مگر وہ خود کسی نتیجے تک نہیں پہنچتا - علم و تحقیق کے میدان میں اس قسم کا معقول شک ایک مبہم ادعا کی نسبت زیادہ قابل ترجیح ہوتا ہے - مبہم دعوے سے سلسلۂ تحقیق محدود ہوتا ہے اور لیبیائی اور بربری کے باہمی تعلق کی نفی ہوتی ہے - اس بات سے ہمیں صرف اس حقیقت سے روشناس کرانا ہے کہ جو بات ایک مؤرخ کے لیے یقینی حیثیت رکھتی ہے وہ ایک ماہر لسانیات کو صرف قابلِ عمل کلیّہ ہی مہیا کر سکتی ہے۔

۲ - مماثل یا پڑوسی زبانیں : بربری زبان اور دیگر زبانوں کے تقابلی مطالعے سے بھی کوئی خاص نتائج برآمد نہیں ہو سکے - اس موقع پر وہ کوششیں قابلِ ذکر نہیں جن کے سلسلے میں غیر ضروری خوش فہمی کا مظاہرہ کیا گیا ہے - اسی طرح باسق Basque اور ہوسا Hausa زبانوں سے

marfat.com
Marfat.com

بربری زبان کے ربط و تعلق کا مسئلہ بھی کوئی واضح شکل اختیار نہیں کر سکا - O. Rössler کی یہ رائے توجہ طلب ہے کہ بربری زبان بھی السنۂ سامیہ میں سے ایک ہے اور اکادی زبان (Akkadian) سے قریبی ربط رکھتی ہے، مگر اس کے قبول کرنے میں بھی احتیاط ھی مدِّ نظر رہے تو اچھا ہے۔

حامی - سامی والا وہ نظریہ زیادہ مفید اور نتیجہ خیز نظر آتا ہے جو بربری زبان کو قدیم مصری حبشہ کی کوشیتی (Cushitic) زبانوں اور السنۂ سامیہ کو ایک ھی گروہ میں شامل کرنے کا قائل ہے - Marcel Cohen کا خیال یہ ہے کہ حامی - سامی نظریے کا یہ مدعا ہرگز نہیں کہ سامی شاخ کے مقابلے میں کسی حامی شاخ کا وجود بھی ہے - زبانوں کے اس گروہ کی ہر زبان کے سلسلے میں صحیح اور تسلی بخش معلومات ابھی حاصل نہیں ہو سکیں - ۱۸۴۴ء میں T. N. Newmann نے بربری زبان کے متعلق یہ خیال ظاہر کیا تھا کہ یہ افریقہ میں بولی جانے والی ایک عبرانی زبان ہے - ان میں مماثلت کے بعض پہلو موجود ھیں، مثلاً حروفِ صحیح اور حروف علت کا کردار اور اسی طرح دیگر لسانی عناصر کی نوعیت اور استعمال وغیرہ؛ چنانچہ ان کی بنا پر اس تحقیق کو جاری رکھنے کا جواز نکلتا ہے - مناسب یہ ہے کہ دخیل الفاظ اور ان کے اثرات کی نشان دہی کی جائے اور اس کے ساتھ ھی باھمی مماثلتوں کا سراغ لگا کر ذخیرۂ الفاظ میں اضافہ کیا جائے - ایک کتاب (*l'Essai Comparatif sur le vocabulaire et la phonetique du chamito-sémitique*) ۱۹۴۷ء میں مارسل کوھن Marcel Cohen نے پیرس سے شائع کی تھی - اس کتاب سے مترشح ھوتا ہے کہ بربری زبانوں اور دیگر زیرِ بحث زبانوں کا باھمی رشتہ کچھ زیادہ مضبوط نہیں۔

ان زبانوں کے باھمی تعلقات کی نوعیت معلوم کرنے کی کوششوں کے ساتھ ساتھ ھمیں مطالعہ و تحقیق کے اس وسیع میدان کی طرف اشارہ کرنے کی ضرورت ہے، جسے "بحیرۂ روم" کے نام سے نسبت دی جا سکتی ہے - کیونکہ اس مطالعے کا تعلق اس تمدن سے ہے جو ھندی - اروپائی اقوام کی آمد سے قبل بحیرۂ روم کے کناروں پر پروان چڑھا تھا - اس مقام پر ذخیرۂ الفاظ کی نسبت لسانیات کے اس شعبے سے زیادہ تعلق قائم ھو جاتا ہے جو الفاظ کی ساخت سے بحث کرتا ہے، کیونکہ مقصد یہ ہے کہ لسانی رشتہ ثابت کرنے کے بجائے ایک ثقافتی و تہذیبی گروہ کا تعین ھو جائے - جب آئبیری اور باسقی زبانوں کا ذکر آتا ہے تو قدیم افریقی و بربری جغرافیائی مطالعہ بھی، جو اس قدیم دور کی شہادت کے طور پر پیش کیا جاتا ہے، ابھر آتا ہے - یہی وجہ ہے کہ اسے کم و بیش وھی اھمیت دی جاتی ہے جو ان کوششوں کو حاصل ہے جو بحیرۂ روم کے زیریں خطّے سے تعلق رکھتی ھیں (V. Bertoldi ،C. Battisti وغیرہ) اور جو لاطینی میں غیر ھندی - اروپائی عناصر سے متعلق ھیں (G. Nencioni)، جو سارڈینیوں سے متعلّق ھیں (M. L. Wagner اور B. Terracini)، جو کوہ الپس اور جبال البرانس کے منطقے سے متعلق ھیں (J. Hubschmid) اور اس سے بھی زیادہ عمومی طور پر جو اروپی - افریقی تمدّن سے متعلق ھیں (J. D. Wölfel).

ناگزیر درجہ بندی، جائز حدود سے تجاوز اور اغلاط کے باوجود ان فکر انگیز مسائل کے بارے میں بحث و تحقیق سے چشم پوشی ممکن نہیں۔

شمالی افریقہ کے لہجوں کے سلسلے میں ایک اَور مسئلہ زیادہ اھم ہے - اس بات کا تعین کیا جانا چاھیے کہ بربری زبان اور مغربی (= مراکشی) عربی نے ایک دوسرے پر کیا اثر ڈالا ہے - یہ طبقۂ زیریں اور طبقۂ بالا کا مسئلہ ہے - دستاویزی معلوماتی مواد کی کوئی کمی نہیں، مگر ابھی تک ہم ظاھری

marfat.com
Marfat.com

خصائص کی بحث ہی میں الجھے ہوئے ہیں ۔ بربری کی کتبِ لغت عربی سے مستعار الفاظ و کلمات کی نشان دہی تو کرتی ہیں مگر نہایت اختصار کے ساتھ ۔ عربی کے بعض علما، جیسے 'Ph.' W. Marçias، Ch. Pellat، G. S. Colin اور L. Brunat، کے کارنامے بربری مسائل و معاملات کو بھی اہمیت دیتے ہیں ۔ ہمیں اس بات کا علم نہیں کہ بربری زبان نے خطِّ سرطان پر واقع افریقی خطّوں سے کیا کچھ لیا ہے ۔ بلا شبہہ یہ بھی ایک بہت بڑا خلا ہوگا۔

(ب) بولیاں اور لسانی خصائص

بربر بولیوں کی جغرافیائی تقسیم کے لیے دیکھیے فصل دوم.

[بربر زبان لکھنے پڑھنے میں کم مستعمل رہی ہے ۔ مسلمان بربروں نے بھی اپنی زبان کے لیے عربی خط استعمال کیا اور ایسی چند قلمی کتابیں موجود بھی ہیں ۔ ان سے معلوم ہوتا ہے کہ عربی حروف تہجّی میں انھوں نے کوئی اضافہ نہیں کیا اور اعراب میں تو اس سے بھی کم، حالانکہ بربر زبان میں ایسے حروف ہیں جو عربی میں نہیں ۔ جس طرح پرانے اردو فارسی مخطوطات میں مثلاً ب اور پ یا ک اور گ میں امتیاز نہیں ہوتا تھا یہی حال بربر کا سمجھنا چاہیے ۔ موجودہ زمانے میں بعض فرانسیسی یا دیگر مستشرقوں نے فارسی اور ترکی وغیرہ کے اصول پر بربر حروف تہجّی میں کچھ اضافے کیے ہیں] . . . .

بہر حال بربر کے عربی حروف میں دو چیزیں قابل ذکر ہیں : ایک تو تلفّظ کی تبدیلی اور دوسرے نئے حروف کی ایجاد ۔ تلفّظ کی تبدیلی میں یہ امر قابل بیان ہے کہ ت کا تلفظ تس ہوتا ہے اور ث کا ت؛ نیز ج لکھ کر اسے اردو فارسی کی ژ کی طرح پڑھتے ہیں ۔ مزید برآں ک کا تلفظ پشتو ښ اور جرمن ch (مثلاً ich میں) سے مشابہ کہا جا سکتا ہے، یعنی ش اور خ کی مخلوط سی آواز۔ اضافہ شدہ حرفوں میں گ کے لیے ک لکھ کر اس کے اوپر یا اس کے نیچے تین نقطے لگائے جاتے ہیں ۔ بربر کی ایک مطبوعہ لغت میں چ بھی استعمال ہوئی ہے اور اسی آواز کے لیے جو اردو اور فارسی میں اس کے لیے مقرر ہے ۔ ان کے علاوہ بربر میں ایک گ ہے، جو قریب قریب ی کی آواز دیتا ہے اور چونکہ وہ ترکی میں بھی ہے ۔ اسے پرانے زمانے میں ترک بھی لکھتے تھے ۔ ایک اور حرف ہے جو اردو کی ڑ سے بہت قریب ہے ۔ جس طرح ر اور ڑ دو مختلف حرف ہیں اسی طرح ل، ش اور ز کی بھی دو دو صورتیں ہیں اور مخصوص آوازوں کے لیے زبان کو موڑ کر تلفظ کرتے ہیں ۔ دو طرح کے ل کم از کم جنوبی ہند کی اردو میں بھی ہیں ۔ لیکن یہ بربر لاموں سے ہو بہو مطابق نہیں کہے جا سکتے ۔ انھیں علی الترتیب ل، ش، ژ لکھا جا سکتا ہے۔

حروف تہجّی کے اس مختصر تذکرے کے بعد بربر کی مختلف مقامی بولیوں پر نظر ڈالی جاتی ہے ۔ پرانے زمانے کے متعلق مواد موجود نہیں ہے ۔ آج کل کی زندہ بولیوں کے متعلق جو تحقیقات عمل میں لائی گئی ہے اسی سے گزشتہ دس برسوں میں مثبت ترین نتیجے نکلے ہیں، بالخصوص A. Basset کی کاوشوں کے باعث؛ لیکن بعض خوش فہمیاں اب بھی باقی ہیں، جنھیں چھوڑنا پڑے گا ۔ ان بولیوں کی تقسیم کی نسبت اب تک جتنی بھی تجویزیں پیش کی گئی ہیں ان میں سے درحقیقت کوئی بھی اطمینان بخش نہیں ہے ۔ چونکہ آبادی مصمودہ، صنہاجہ اور زناتہ قبائل میں بٹی ہوئی ہے (جیسا کہ فصل اول میں بیان ہوا) اس لیے بعض لوگ ان بولیوں کی بنیاد بھی اسی قبائلی تقسیم کے اندر ڈھونڈھتے ہیں؛ لیکن اس کے معنے یہ ہوتے ہیں کہ ایک الجھی ہوئی تاریخ پر بھروسا کیا جائے۔

Marfat.com

زیادہ بہتر یہ ہے کہ لسانیاتی واقعات و حالات سے نتیجے اخذ کیے جائیں . . . .

### ذخیرۂ الفاظ

غالباً بربر زبان کا وہ پہلو جس سے واقفیت کی سب سے زیادہ خواہش پائی جاتی ہے، لیکن جس کا تعیّن نہیں کیا جاتا، وہ اس کا ذخیرۂ الفاظ ہے - فُوکُو Foucauld نے طوارق کی آھگّار بولی کے متعلق اور دالے Father Dallet نے قبائلیہ بولی کے متعلق جو لغتیں تیار کی ہیں انہیں تقریباً مکمل کہا جا سکتا ہے - اوّل الذکر لغت میں ایک ہزار چار سو اور دوسری میں تین ہزار پانچ سو افعال بصیغۂ مجرّد ہیں، یہ ذخیرۂ الفاظ ایسا ہے جو اصل میں ساری بولیوں میں مشترک سا ہے - لیکن، جیسا کہ باسے A. Basset نے واضح کیا ہے، ہر لفظ کا مطالعہ اس کی اپنی مخصوص زندگی (وقوع یا ہویت) کے ساتھ کرنا چاہیے - مزید برآں طوارق کو چھوڑ کر دوسری بولیوں میں دخیل الفاظ کی کثرت بھی مشاہدے میں آئی ہے اور یہ دیکھا گیا ہے کہ عربی سے آئے ہوے الفاظ کے باعث بربر کی تلفظیات، بلکہ خود ساخت الفاظ میں بھی تبدیلیاں اور اضافے ہوے ہیں، حالانکہ بربر میں اس کی غیر معمولی صلاحیت ہے کہ اجنبی عناصر کو اپنالے.

ذخیرۂ الفاظ کی سب سے بڑی خصوصیت یہ ہے کہ وہ معیّن ہے اور اس کی فراوانی اور اس کے معانی کے دقائق اس وقت قابل ذکر ہو جاتے ہیں جبکہ ان کا تعلق زندگی کے کسی اہم میدان سے ہو (مثلاً طوارق کے ہاں اونٹ کی پرورش، اطلس کبیر میں آب پاشی وغیرہ) - ذہنی، علمی اور مذہبی زندگی کے لیے الفاظ کم ہیں اور زیادہ‌تر عربی سے لیے گئے ہیں، لیکن چند مثالوں سے معلوم ہوتا ہے کہ ادبی مواد موجود ہے البتہ اُس سے کام لینا باقی ہے.

**مآخذ :** بنیادی تصنیف یہ ہے : (۱) A. Basset : *La Langue berbère*، در *Hand book of African Languages*، اوکسفرڈ ۱۹۵۲ء، ص ۲۷ - ہم یہاں فقط ان باقاعدہ مآخذ کی طرف اشارہ کرنے پر اکتفا کریں گے جو ۷۵ تا ۷۲ صفحات پر ہیں اور جن کی تکمیل : (الف) A. Basset : *Les études Linguistiques berbères depuis le Congrès de Paris (1948-1954)*، در *Proceedings of the 23rd Intern. Congress of Orientalists*، کیمبرج ۱۹۵۴ء، ص ۳۷۷ تا ۳۷۸ میں کی گئی ہے - متون کے لیے مفصلۂ ذیل کا اضافہ کیا جائے : (ب) A. Roux : *La vie berbère par les textes*، پیرس ۱۹۵۵ء؛ (ج) Ch. Pellat : *Textes berbères dans le parler des Aït Seghrouchen de la Moulouya*، پیرس ۱۹۵۵ء؛ (د) A. Picard : *Textes bèrbers dans le parler des Irjen* (Kabyle Algérie)، ۲ جلد، الجزائر ۱۹۵۸ء) نے کی ہے اور قریب تر زمانے کی عام تصانیف کی مختصر تعداد کی نشان دہی کریں گے - خود A. Basset کی مطبوعات کے لیے قب : (۲) مآخذ در *Orbis*، ۱۹۵۶ء، ص ۵۷۵ تا ۵۷۹؛ (۳) *The Mémorial André Basset (1895-1956)*، پیرس ۱۹۵۷ء، ص ۱۰۹ میں بربر مطالعات سے متعلق پندرہ مقالات باہم یکجا کر دیے گئے ہیں - Guanche پر : (۴) J.D. Wölfel : *Le problème des rapports du guanche et du berbère*، در *Hesp.*، ۱۹۵۳ء - Libyan پر : (۵) قب بالا، جلد ۲ اور (۶) J. G. Février : *Que Savons-nous du Libyque ?*، در *RAfr.*، ۱۹۵۶ء، ص ۲۶۳ تا ۲۷۳ - Tripolitania کے کتبات پر : (۷) *The Inscriptions of Roman Tripolitania*، طبع J.M. Reynolds و J.B. Ward Perkins، روم و لنڈن ۱۹۵۲ء، ۷ : ۲۸۶؛ (۸) J. G. Fevrier : *La-prononciation punique des noms propres latins en-us et en ius*، در *JA*، ۱۹۵۳ء، ص ۴۶۵ تا ۴۷۱ - بربروں کی قرابت داری پر : (۹) M. Cohen : *Essai comparatif sur le vo...laire et la phonetique du*

marfat.com
Marfat.com

*chamito-sémitique*، پیرس ۱۹۴۷ء، ۱۱ : ۲۴۸؛ (۱۰) *Comptes rendus du Groupe linguistique d' études chamito-semitiques*، پیرس ۱۹۳۱ء بعد؛ (۱۱) O. Rössler : *Der semitische Charakter der libyschen Sprache*، در *ZA*، سلسلۂ جدید، ۱۶ : ۱۲۱ تا ۱۵۰ - مسئلۂ 'بحیرۂ روم' پر : (۱۲) J.D. Wölfel : *Eurafrikunische Wortschichten als Kulturschichten*، ۱۹۵۰ء، ص ۱۸۹ (Acta Salmanticensia) - بربری بولیوں کے لیے : (۱۳) A. Basset کی لسانی جغرافیے پر تصانیف کی طرف رجوع کرنا چاہیے؛ (۱۴) نیز ان ابواب کی طرف جو E. Laoust، A. Basset اور A. Picard نے علی الترتیب لکھے ہیں، در *Initiation au Maroc*، طبع نو، پیرس ۱۹۴۵ء، ص ۱۹۱ تا ۲۱۹، *Initiation à la Tunisie*، پیرس ۱۹۵۰ء، ص ۲۲۰ تا ۲۲۶، *Initiation a l'Algérie*، پیرس ۱۹۵۷ء، ص ۱۹۷ تا ۲۱۴ - صرف و نحو کے جامع بیان کے لیے نیز : (۱۵) A. Basset اور A. Picard : *Eléments de grammaire berbère (Kabylie Irjen)*، الجزائر ۱۹۴۸ء، ص ۳۲۸ - صوتیاتی مسائل پر : (۱۶) L. Galand : *La phonetique en dialectologie berbère*، در *Orbis*، ۲، ۱۹۵۳ء : ۲۲۵ تا ۲۳۶؛ (۱۷) T. F. Mitchell : *Long Consonants in Phonology and Phonetics*، در *Studies in Linguistic Analysis*، آوکسفرڈ ۱۹۵۷ء، ص ۱۸۲ تا ۲۰۵ - فعل پر : (۱۸) A. Basset : *La Langue berbère, Morphologie, le verbe, étude de themes*، پیرس ۱۹۲۹ء، ۳ : ۲۶۸ - اسموں میں ابتدائی حرف علت پر : (۱۹) A. Basset : *Sur la voyelle initiale en berbere*، در *RAfr.*، ۱۹۴۵ء، ص ۸۲ تا ۸۸؛ (۲۰) T. F. Mitchell : *Particle-Noun Complexes in a Berber Dialect (Zuara)*، در *BSOAS*، ۱۹۵۳ء، ص ۳۷۵ تا ۳۹۰؛ (۲۱) W. Vycichl : *Der Umlaut im Berberischen des Dschebel Nefusa in Tripolitanien*، در *AIUON*، سلسلۂ جدید، ۴، ۱۹۵۲ء، ص ۱۴۵ تا ۱۵۲ - جبر و تشدّد کے لیے : (۲۲) A. Picard : *Étude de linguistique sur le parler berbère des Irjen (Kabyle)*، الجزائر ۱۹۵۹ء - فرہنگ کے لیے : (۲۳) Father de Foucauld : *Dictionaire touareg-français (Dialecte de l'Ahaggar)*، ۴ جلد، پیرس ۱۹۵۱ - ۱۹۵۲ء، ۱۳ + ۲۰۲۸؛ (۲۴) Father J- M. Dallet : *Le verbe kabyle (Lexique partiel du parler des At- Mangellat)*، ج ۱ (فقط مفرد الفاظ شائع ہوئے ہیں)، Fort-National ۱۹۵۳ء، ۲۸ : ۳۹۱.

(L. GALAND)

## (۶) ادبیات اور فنون لطیفه

کتنے ہی قدیم زمانے پر کیوں نہ نظر ڈالیں، بربرستان میں، جسے ارض الفتح کا نام دیا جاتا ہے، اس کے فاتحوں کی زبان کے سوا تہذیب و تمدن کی [کوئی مقامی] زبان نہیں ملتی، چنانچہ بربر اہلِ قلم یکے بعد دیگرے — اگر قرطاجنہ والوں کی فینیقی (Punic) زبان کو استعمال نہ بھی کیا گیا ہو تو کم از کم —لاطینی (مثلاً آپولے Apuleius، سینٹ آگسٹائن)، یونانی (؟)، عربی (ابن خلدون اور بہ کثرت دیگر مراکشی مصنفینؒ)، اور اب خاص کر فرانسیسی میں لکھتے رہے ہیں - اس کے باوجود "بربر ادبیات" کے وجود سے بھی انکار نہیں کیا جا سکتا، جو خواہ تحریری ہوں یا سینہ بہ سینہ زبانی منتقل ہوتی چلی آئی ہوں - بے شبہہ کتبوں میں اس زبان کو استعمال نہ کیا گیا ہوگا، لیکن ان کتب مواعظ میں جو عربی کے زیر اثر لکھی گئیں، ان تاریخی روداتوں میں جو یورپی مکتشفین کی درخواست یا سوالات پر تحریر کی گئیں قوانین یعنی مقامی رسم و رواج کے تذکروں میں، اور سب سے آخر میں زبانی زد لوک گیتوں اور شعری میں اس کا استعمال ہوا ہے.

marfat.com
Marfat.com

لیبیائی کتبوں کو حل کرنے کی کوئی ایسی صورت نہ نکل سکی جو ان کتبوں کو اطمینان بخش طور پر پڑھنے میں کارآمد ہوسکے۔ بعض 'دو زبانی' کتبوں کے باعث بہرحال لیبیائی خط کے حروف تہجی کا تعین ہوسکا ہے اور وہ اس قدیم خط سے خاصے مشابہ ہیں جو آج بھی بعض بربروں میں معروف ہے، جیسے تِفنغ (مفرد تفنق جو شاید لفظ فینیقی (Punica) سے ماخوذ ہے؟) کے ہاں ۔ طوارق قبیلے کے بربر یہ خط بعض کتبوں کے کندہ کرنے میں بھی استعمال کرتے رہے ہیں، نیز کنگنوں وغیرہ پر حروف کھودنے میں، اور مختصر عاشقانہ خط و کتابت کرنے میں بھی ۔ اس خط میں جو حروف تہجی ہیں ان میں لفظ کے درمیان تو صرف حروف صحیحہ پائے جاتے ہیں، البتہ لفظ کے آخر میں جو حرفِ علّت ہو اسے بھی لکھا جاتا ہے۔ طویل اور مختصر آوازوں (یعنی مدّ اور بلا مدّ) میں امتیاز نہیں کیا جاتا ۔ ایک لفظ کو دوسرے سے جدا کر کے نہیں لکھا جاتا ۔ عبارت کو افقی طور پر (دائیں سے بائیں، بائیں سے دائیں، یا سانپ کی چال کی طرح ایک سطر دائیں سے بائیں تو اس کے بعد کی سطر بائیں سے دائیں) بھی لکھا جا سکتا ہے، اور عمودی طور پر بھی (اوپر سے نیچے یا نیچے سے اوپر جانے والی سطروں میں) ۔ عملاً ساری تحریری چیزیں بہت مختصر عبارتوں پر مشتمل ہیں، اور جو عبارتیں طویل ہیں (اور جو ھانوتو A. Hanoteau کی کتاب *Essai de grammaire de la langue tamachek*، پیرس ۱۸۶۰ء، میں درج ہیں) ان یوروپی مکتشفین کی خواہش پر تِفنغ خط میں لکھی گئی ہیں.

جو مذہبی کتابیں عربی کے زیرِ اثر تالیف کی گئی ہیں انہیں عربی خط میں لکھا گیا ہے، اور عربی حروف ھجا میں ضروری اضافہ بھی کیا گیا ہے ۔ ان کا مقصد احکام اسلام سے واقف کرانا اور مسلمانوں کو وعظ و نصیحت کرنا ہے ۔ چنانچہ مختصر الخلیل کا ایک خلاصہ الحوض کے نام سے ملتا ہے، جسے لوچیانی Luciani نے ترجمے کے ساتھ ۱۸۹۷ء میں شہر الجزائر سے شائع کیا ہے ۔ اسی طرح اس کا ضمیمہ بحرالدموع ہے، جس کا ایک حصہ دیسلان De Slane نے *Histoire des Derbères*، ۴ : ۵۵۲ تا ۵۶۲ کے ضمیمے میں شائع کیا تھا (آخر الذکر کتاب کا کامل متن مع ترجمہ ازسترِکر H.H. Stricker (اس مقالے کے لکھتے وقت ۱۹۵۸ء میں) زیر طبع ہے) ۔ ان (مذہبی) کتابوں سے حامیم اور صالح بن طَرِیف کے قرآن مجید کے نسخوں کا بھی ایک حد تک تعلّق ہے، لیکن قرآن مجید کے یہ نسخے اب نہیں ملتے ۔ ابن تُومَرت نے تَشلِحت کی بربر بولی میں جو تین رسالے تالیف کیے تھے ان کا بھی یہی حشر ہوا ہے ۔ خوارج نے غالباً بہت سی کتابیں لکھی تھیں، لیکن ان میں سے ابن غانم کی المُدَوَّنَة ہی باقی ہے (دیکھیے موتیلنسکی Motylinski کا مقالہ *Le Manuscrit arabo-berbère de Zouagha*، در *Actes du XIV^e Congrès des Orient*، روئداد موتمر مستشرقین عالم، اجلاس ۱۴، الجزائر ۱۹۰۹ء، ۲ : ۶۴ تا ۷۸) ۔ ان مذہبی کتابوں میں سے بعض (خاص کر الحوض نیز بعض اور، جو اب تک محفوظ ہیں، ان کے لیے دیکھیے رو A. Roux کا مقالہ *Acts du XXI^e Congrès des Orient*، روئداد موتمر مستشرقین عالم، اجلاس ۲۱، پیرس ۱۹۴۹ء، ص ۳۱۶ تا ۳۱۷) نظم میں لکھی گئی ہیں تا کہ حفظ کرنے میں سہولت ہو۔ مگر اس میں خرابی یہ ہے کہ عربی لفظ بہت استعمال کرنے پڑتے ہیں مذہبی نظموں کو بھی ادبیات کی زیر بحث صنف سے متعلّق کرنا چاہیے، مثلاً ''صَبی'' نامی نظم میں ایک لڑکا اپنے والدین کی تلاش میں دوزخ تک جاتا ہے (دیکھیے باسے A. Basset: *Le poème de Cabi*، پیرس ۱۸۷۹ء؛ گالان پرنے P. Galand-Pernet کا

marfat.com
Marfat.com

مضمون در Mèmorial A. Besset، پیرس ۱۹۰۷ء، ص ۹۳ تا ۳۰ میں)، سدی حمّو کی نظمیں (دیکھیے H. Stumme : Dichtkunst und Gedichte der schluh، لائپزگ ۱۸۹۰ء میں جانسٹن Johnston کا مقالہ؛ Fadma Taggurامt، در Actes du XIVe Congres des Orient (روئداد موتمر مستشرقین عالم، اجلاس ۱۴)، ۲ : ۱۰۰ تا ۱۰۱؛ وہی مؤلف : The Songs of Sidi Hammou، لنڈن ۱۹۰۷ء؛ زوستینار L. Justinard کا مضمون Poésies dial du Sous marocain d' après un ms. arabico-berbère، در JA، ۱۹۲۸ء؛ منظوم قصۂ حضرت یوسفؑ (لوبین‌یاک Loubignac کی کتاب Dialecte des Zaian، پیرس ۱۹۲۴ تا ۱۹۲۵ء، ص ۳۰۹ ببعد))؛ معراج نبویؐ کا قصّہ اور البُوصِیری کے البُردَۃ [رَكَ بآں] کا ترجمہ ۔ اسی ضمن میں توریت و انجیل کے ترجموں کا ذکر کیا جا سکتا ہے، جو پروٹسٹنٹ یا کیتھولک منادوں نے کیے ہیں ۔ عربی کی بربر زبان میں لغتوں اور عوامی طب کی کتابوں کو، جو عملی فوائد رکھتی ہیں، اگر نظر انداز کر دیں تو غیر مذہبی کتابیں کم اور نہایت کم ہیں، جو در اصل یوروپی اہلِ علم کی ہدایت پر لکھی گئی ہیں، مثلاً تَشِلْحِت بولی میں سِدی ابراہیم کی تاریخ مغربی افریقہ The Narrative of Sidi Ibrahim (نیومن F.W. Newman، در JRAS، ۱۸۴۸ء، ص ۲۱۵ تا ۲۶۰ اور اس کا ترجمہ از باسے R. Basset، پیرس ۱۸۸۳ء)، یا نَفُوسی بولی میں جبل نَفُوسہ کے حالات از شَمَّاخِی (جسے ترجمے کے ساتھ موتیلنسکی Motylinski نے شہر الجزائر سے ۱۸۸۵ء میں شائع کیا ۔ مزید براں ایک مجموعۂ قصص کا ذکر کیا جا سکتا ہے، یعنی کتاب شَلْحَۃ (مخطوطۂ کتب خانۂ عمومی پاریس)، جو زیادہ تر بختیار نامہ [رَكَ بآں] نیز ''ایک سو راتیں Hundred Nights'' نامی کتاب سے ماخوذ معلوم ہوتی ہے (باسے R. Basset کا مضمون، در Revue des traditions populatires، ۱۸۹۱ء ۔ اس کے اقتباسات دیسلان De Slane، روش مون تیکس De Rochemonteix نیز باسے R. Basset نے شائع کیے ہیں) ۔ اسی صنف میں ان قصوں اور نسل نگاری (ethnographie) سے متعلّق ان کتابوں کو بھی داخل کیا جا سکتا ہے جو یوروپی مکتشفین کی خواہش پر تالیف کی گئیں ۔ ان مکتشفین نے ان قصّوں وغیرہ کو مقامی بولیوں سے متعلق لکھی ہوئی کتابوں میں شائع کیا یا مستقل مجموعوں کے طور پر چھاپا، جیسے فوکو Ch. de Foucauld کی کتاب Textes touareg en prose، الجزائر ۱۹۲۲ء ۔ اس سلسلے میں یہ معلوم کرنا دل چسپی سے خالی نہ ہوگا کہ صوبۂ قبائلیہ کے شہر الاربعاء (فورنا سیونال Fort National) میں دالے R.P. Dallet نے ۱۹۴۷ء سے Fichier de documentation berbère شائع کرنا شروع کیا ہے ۔ اس میں نہ صرف لسانیاتی اور نسلیاتی دستاویزیں ہوتی بلکہ مقالے اور مختصر ناٹک بھی بربر زبان میں ہوتے ہیں ۔

بربروں میں ''قانون'' سے مراد مختلف بربر گروہوں کا رسم و رواج ہے ۔ یہ ''قانون'' اصل بربر زبان میں کم ہی شائع ہوئے ہیں (دیکھیے اوپر فصل ۳) ۔ اس سلسلے میں ملاحظہ ہو ابن سدیرہ Ben Sedira : Cours de Langue Kabyle، ص ۲۹۰ تا ۳۰۰؛ بولیقہ Boulifa کا مضمون Le kanoun d'Adni جو موتمر مستشرقین عالم کے چودھویں اجلاس کی روئداد Recueil de mémoires ... XIVe Congrès Orient الجزائر ۱۹۰۵ء، ص ۱۵۳ تا ۱۷۸ میں ہے ۔

زبان‌زد لوک گیت متنوّع نہیں تو وافر مقدار میں ضرور ہیں ۔ عجائب و غرائب کے متعلق افسانے، لطائف و ظرائف، سبق آموز کہانیاں جانوروں کے قصّے، افسانوی تاریخ، افسانہ‌نما مذہبی

Marfat.com

قصّے (کرامات) نسلاً بعد نسلٍ عورتوں میں مروّج رہے ہیں جو انہیں رتجگوں کے موقع پر بیان کرتی ہیں ۔ یورپ کے مستشرقین کے لیے اس قسم کے مقامی ادبیات کی فراہمی ہی سب سے زیادہ آسان رہی ہے اور ان میں شاذ ہی کوئی مکتشف ایسا ہوگا جس نے چند کہانیاں اور معمے درج نہ کیے ہوں ۔ ان کتابوں کا کیا کہنا جن کا موضوع ہی یہ ہے کہ عوامی ادب کی معلومات لکھ کر لسانی دستاویزوں کے طور پر پیش کی جائیں۔

آخر میں غیر مذہبی شاعری کا ذکر بھی ضروری ہے ۔ اگرچہ یہ ابھی سادہ و پس ماندہ اور ابتدائی حالت میں ہے جیسا کہ سب ادبیات کے آغاز میں ہوا ہی کرتا ہے، لیکن تازگی میں غالباً وہ سب سے فائق ہے ۔ 'اَحِدُس' یعنی مذہبی رسوم کے رقص کے موقع پر اجتماعی طور پر فی البدیہہ کہی جانے والی غنائی نظمیں (Chants)، بچوں کی لوریاں، تدفین کے وقت کے خطبے اور مختلف رسموں کی انجام دہی کے وقت گائی جانے والی نظمیں اور روایات ملک کے بڑے حصّے کی حاصل ہیں۔ لیکن بربروں میں پیشہ ور شاعر بھی پائے جاتے ہیں۔ اگرچہ یہ تسلیم کرنا پڑتا ہے کہ عام طور پر ان کی دوڑ عاشقانہ غزلوں اور رزمیہ نظموں ہی تک ہوتی ہے ۔ مراکش میں امیازن لوگ (Imdyazən) (دیکھیے A. Roux : *Un chant d' amdyaz, l' aède berbère du groupe linguistique beraber*، در *Mémorial H. Basset*، پیرس ۱۹۲۸ء، ۲ : ۲۳۷ تا ۲۴۲) سارے ملک میں گھومتے پھرتے ہیں، اور یورپ کے مطربوں (troubadours) کی طرح اہم حوادث کی حکایت کرتے ہیں، متوقّع قدر دانوں کی تعریف کے گیت گاتے ہیں، یا دھوکا بازوں پر طعن و تشنیع کرتے ہیں۔ بلاد القبائل کا شاعر مُحَنْد و مُحَنْد اور طوارق علاقے کی شاعرہ دَسِّین Dassin نے، مقامی طور ہی پر سہی،

خاصی شہرت حاصل کر لی تھی، لیکن ان کی نظمیں لوگ جلد بھول گئے، کیونکہ عربوں کی طرح ان کے ہاں راویوں کا رواج نہیں ۔

بربر فنونِ لطیفہ بہت کم چیزوں سے عبارت ہیں ۔ بےشبہہ چٹانوں پر کندہ کی ہوئی یا رنگ سے بنائی ہوئی تصویریں قدر و قیمت سے خالی نہیں، لیکن یہ دریافت طلب ہے کہ آیا یہ فن کار موجودہ بربروں کے اجداد ہی میں سے تھے؟ اگرچہ تعمیرات کی بڑی بڑی چیزیں موجود ہیں، جن کا ذکر اوپر (فصل ۴ میں) کیا گیا، لیکن سچ پوچھو تو عربوں یا ہسپانوی مُوروں کے فنون لطیفہ کے مدّ مقابل بربر فنونِ لطیفہ نہیں پائے جاتے ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ بربر لوگ دیہاتی، بلکہ خانہ بدوش ہیں اور انہیں روز مرہ کی ضرورت کی اور بہ آسانی قابلِ حمل و نقل چیزوں ہی کے حاصل کرنے کی خواہش ہوتی ہے ۔ اسی لیے ان کے فنونِ لطیفہ کا مقصد بھی روز مرہ کی آرائش میں دل کشی پیدا کرنا ہوتا ہے اور بس؛ اسی لیے یہ چیزیں دستکاری سے آگے نہیں بڑھتیں اور ان کا مقصد آنکھوں کو بھلا لگنے سے زیادہ زندگی میں کار آمد ہونا نہیں ہوتا ۔ ان کی مصنوعات کو بعض وقت وہ لوگ خریدتے ہیں جو اجنبی چیزوں اور سادگی کے دلدادہ ہوتے ہیں، اور شمالی افریقہ میں حکومت بھی ان کی مدد اور سر پرستی کرتی ہے، تاکہ صنعتی روایات اور طریقہ‌های ساخت کی بقا و ترقی ہو ۔ لیکن یہ مصنوعات قالین (شطرنجی)، خیمہ، چٹائی، ریشمی کپڑوں، دیبا اور سوزن کاری، چینی کے برتنوں، مٹی کے برتنوں، لکڑی کے سامان، زرگری، پیتل کے سامان، گنگا جمنی زر بفت کے کام (Damasquinerie) پر منحصر ہیں ۔ آرائش کی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں عملاً صرف خطِ مستقیم استعمال ہوتا ہے (مثلث، پٹی دار، چو گوشیہ معیّن، چار خانی شکلیں) ۔ اس

marfat.com

Marfat.com

میں لکڑی کی گڑیوں کا بھی اضافہ کیا جا سکتا ہے جو بے انتہا حقیقت پسندی سے بنائی جاتی ہیں۔

مآخذ: (۱) اس سلسلے میں ضروری تصنیف H. Basset: *Essai sur la littérature des berbèrs*، الجزائر ۱۹۲۰ء کی ہے، جس کی تلخیص A. Basset: *Littérature berbère*، در *Hist des Litt.* پیرس ۱۹۵۵ء، ۱: ۸۸۶ تا ۸۹۰ نے کی ہے۔ کتبے: (۲) Abbé Chebot: *Recueil des inscriptions libyques*، پیرس ۱۹۴۰ء؛ (۳) M. Reygasse: *Contrib. à l' étude des gravures rupestres et inscrip. tifinar' du Sahara Central*، الجزائر ۱۹۳۲ء؛ (۴) Th. Monod: *L' Adrar Ahnet*، پیرس ۱۹۳۲ء، ص ۱۳۵ تا ۱۳۹؛ (۵) وہی مصنّف: *Gravures, peintures et inscriptions repestres*، پیرس ۱۹۳۸ء؛ (۶) G. Marcy: *Les Inscriptions libygues bilingues de l' Af. du N.*، پیرس ۱۹۳۶ء؛ (۷) وہی مصنّف: *Introd. à un déchiffrement méthodique des inscriptions "tifinagh" du sahara central*، در *Hesp.*، ۱۹۳۷ء / ۱ - ۲؛ (۸) وہی مصنّف: *Étude des doc. épigraphiques recueillis par M. Raygasse*، در *R Afr.* ۱۹۳۷ء؛ (۹) A. Tovar: *Papeletas de epigrafia libica*، در *Bol. del Semin. de Est, de Arte y Arquelogia*، Valladolid ۱۹۳۳ - ۱۹۳۴ء اور ۱۹۳۴ - ۱۹۳۵ء۔ ان میں عوام میں مشہور روایات و عقائد یا مقامی بولیوں پر مخصوص رسالوں کے علاوہ، متون پائے جاتے ہیں: (۱۰) R. Basset: *Loqman Berbère*، پیرس ۱۸۹۰ء؛ (۱۱) Mouliéras: *Légendes et contes merveilleux de la Grande Kabylie*، پیرس ۱۸۹۳ - ۱۸۹۸ء؛ (۱۲) وہی مصنّف: *Les Fourberies de Si Djeh'a*، Oran ۱۸۹۱ء؛ (۱۳) Leblanc de perbois: *Essai de contes Kabyles*، Batna ۱۸۹۷ء؛ (۱۴) H. Stumme: *Elf Stücke im Schilha-Dialekt von Tazerwalt*، در *ZDGM*، ۱۸۹۴ء؛ (۱۵) وہی مصنّف: *Märchen der Schluh von Tazerwalt*، لائپزگ ۱۸۹۵ء؛ (۱۶) وہی مصنّف: *Märchen der Berbern von Tamazratt*، لائپزگ ۱۹۰۰ء؛ (۱۷) E. Destaing: *Textes berbères en parler des Chlesuhs du Sous*، پیرس ۱۹۴۰ء؛ (۱۸) E. Laoust: *Contes berbèrs du Maroc*، پیرس ۱۹۴۹ء؛ (۱۹) J. M. Dallet: *Trois contes berbères*، در *IBLA*، ۱۹۴۳ء۔ فقط تراجم: (۲۰) Rivière: *Recueil de contes populaires de la Kabylie du Jurjura*، پیرس ۱۸۸۲ء؛ (۲۱) R. Basset: *Contes populaires berbères*، پیرس ۱۸۸۷ء؛ (۲۲) وہی مصنّف: *Nouveaux Contes berbères*، پیرس ۱۸۹۷ء؛ (۲۳) E. Dermenghem: *Contes Kabyles*، الجزائر ۱۹۴۵ء۔ گیت اور شاعری: (۲۴) Motylinski: *Chanson berbère de Djerba*، در *Bull. Corr. Afr.*، ۱۸۸۵ء؛ (۲۵) A. Hanoteau: *Poésies populaires de la Kabylie du Jurjura*، پیرس ۱۸۶۷ء؛ (۲۶) R. Basset: *L' Insurrection algérienne de 1871 dans les chansons Kabyles*، Louvain ۱۸۹۲ء؛ (۲۷) Luciani: *Chansons kabyles de Smail Azikkiou*، الجزائر ۱۸۹۹ء؛ (۲۸) Ch. de Foucauld: *Poésies touarègues*، پیرس ۱۹۲۵ - ۱۹۳۰ء؛ (۲۹) E. Laoust: *Chants berbères contre l'occupation française*، در *Mémorial R. Basset*، پیرس ۱۹۲۸ء؛ (۳۰) F. Nicolas: *Poèmes touareg*، در *ETI*، ۱۹۳۱ - ۱۹۳۲ء؛ (۳۱) J. Servier: *Chants des femmes de l Aurès*، غیر مطبوعہ مقالہ Sorbonne، ۱۹۵۵ء۔ صرف تراجم: (۳۲) L. Justinard: *Poèmes chleuhs*، در *RMM*، ۱۹۲۵ء، ۲؛ (۳۳) L. Paul Margueritte: *Chants berbères du Maroc*، ۱۹۳۵ء۔ فن، شمالی افریقہ میں مسلمانوں کے عام فن پر تصانیف کے علاوہ دیکھیے: (۳۴) G. de Gironcourt: *L' Art Chez les Touareg*، در *Rev. d' Eth. et de sociol.*

Marfat.com

جنوری - فروری ۱۹۱۳ء؛ (۳۵) *Tissages* : P. Ricard
*berberes des Ait Atssi*، در *Hesp.*، ۱۹۲۵ء؛ (۳۶)
*Le peuple marocain* : V. Piquet، باب ۱۸؛ (۳۷)
*Les Tissages sur métierde haute* : G. Chantréaux
*lisse à Ait Hichem at dans le Haut Sebaou*، در *RAfr.*،
۱۹۳۱ - ۱۹۳۲ء؛ (۳۸) وهی مصنّف: *Les Tissages*
*décorés chez les Beni-Mgild*، در *Hesp.*، ۱۹۳۵ء؛
(۳۹) H. Balfet : *La Poterie des Ait Smail du*
*Djurdjura*، در *RAfr.*، ۱۹۵۵ء، ص۲۸۹ تا ۳۳۰؛ (۴۰)
G. Marçais : *L Art des Berbéres*، الجزائر ۱۹۵۶ء.

([CH. PELLAT و] R. BASSET)

* **بربروسه** : رکّ به خیرالدین.

* **بَربری** : (= بربرا) برطانوی سمالی لینڈ کے زیرِ حفاظت علاقے کا سابق صدر مقام اور بندرگاہ جو ۱۰ درجہ ۲۶ دقیقہ عرض بلد شمالی اور ۴۵ درجہ ۳ دقیقہ طول بلد مشرق پر واقع ہے - سر زمین لوبان (Frankincense) کے ساحلی علاقے کا نام Periplus بطلمیوس اور Cosmas نے βαρβαριxὴ ἤπσιρος یا βαρβαρία بتایا ہے - ممکن ہے کہ خود شہر کا نام Μαλάω ἐρπόριον ہو - قدیم‌تر عرب جغرافیہ نگاروں نے سر زمین بربری کا ذکر کیا ہے اور βαρβαροι خلیج عدن کو بحر بربری یا خلیج البَربری لکھا ہے - یہاں کے باشندے بَربرہ یا بَرابر موسوم ہیں - یہ سُومالی (سُمالی) ہیں - یاقوت (۱ : ۶۰۲) نے انھیں کی نسبت بیان کیا ہے کہ وہ وحشی حبشی تھے، جن میں اسلام نے نفوذ کیا تھا اور زنج اور حبش کے درمیان کے علاقے میں رہتے تھے - معلوم ہوتا ہے ابن سعید (م ۱۲۸۶ھ) پہلا شخص تھا جس نے بربری کے شہر کا ذکر کیا اور ان لوگوں کے بارے میں لکھا کہ وہ مسلمان تھے - ابن بطُوطہ نے انھیں شافعی بتایا ہے اور آج بھی یہ شافعی ہی ہیں - لفظ سومالی پہلی بار نجاشی یسحاق کے عہد (م ۱۴۱۴ تا ۱۴۲۹ء) میں ابی‌سینیا کی ایک مناجات میں آیا ہے اور فتوح الحبشۃ (۱۵۴۰ تا ۱۵۵۰ء) میں جا بجا ملتا ہے .

بربری کا اصل محلِّ وقوع بندر عباس تھا، جہاں موجودہ شہر کے مشرق میں اب گورستان ہے - یہاں کے مقابر میں ان تین سیّدوں کے مقبرے بھی شامل ہیں جن کا تعلّق بندر عباس کے بسانے جانے سے بتایا جاتا ہے، جیسے دوسرے عرب داعیان اسلام نے زَیلَع اور مَقدشُو بسائے - روایت کی رُو سے یہ شہر عمُود اور اَوبرہ کے زمانے کا ہے، جو مزید مغرب کی سمت واقع ہیں - یہ اَدَل کی اسلامی ریاست (جس کا کچھ عرصہ زَیلَع [رکّ بآں] مرکز رہا) کا حصہ تھا جو نویں،دسویں صدی میں قائم ہوئی تھی،چودھویں صدی میں منتہائے کمال پر پہنچی اور سولھویں صدی میں احمد ابراهیم الغازی (۱۵۰۶ - ۱۵۴۳ء) کی فتح حبشہ کے بعد بڑی تیزی سے زوال کا شکار ہو گئی - جن دنوں ابی‌سینیا کی فوجیں پرتگیزی امداد سے اپنے کھوئے ہوے مقبوضات واپس لے رہی تھیں ۱۵۱۸ء میں بربری کو [ پرتگیز کپتان ] سل‌ڈنها Saldanha نے تاراج کر دیا - سترھویں صدی میں زیلع اوریہ دونوں مخا کے شریفوں کے ماتحت ایک صوبہ بن گئے - پہلے برطانوی - سومالی معاهدے پر ۱۸۲۷ء میں دستخط ہوے، یعنی انگریزی جہاز 'میری این' Mary Ann کے بربری کے سامنے لوٹ لیے جانے کے دو سال بعد . ۱۸۴۰ء میں برطانیه نے زیلع کے حاکم علی شَرمَرکہ (سُومالی : هَبَر یونس) کے ساتھ ایک معاهدے پر دستخط کیے،جس کی رو سے اسے یہاں کی بندرگاہ میں ایسٹ انڈیا کمپنی کے جہاز لنگر انداز کرنے کے حقوق حاصل ہو گئے - ۱۸۵۵ء میں جب [رچرڈ] برٹن پر حملہ ہوا تو یہ یونس بربری میں انگریزوں کا قائم مقام (Agent) تھا - انیسویں صدی کے سیّاحوں نے بربری کے بارے میں لکھا

marfat.com
Marfat.com

ہے کہ یہ ہرت کے ماروں کی جھونپڑیوں کا مجموعہ تھا اور اس کی آبادی موسم گرما میں گھٹتے گھٹتے صرف ایک ہزار رہ جاتی تھی۔ البتہ ماہ اکتوبر سے مارچ تک، یعنی جن دنوں شمالی مشرقی موسمی ہوائیں چلتی تھیں، بندرگاہ عرب، خلیج فارس اور ہندوستان سے آنے والے جہازوں کے لیے کھلی رہتی تھی اور وہ کھجور، کپڑا، چاول اور [illegible] وغیرہ مال تجارت لاتے تھے اور یہاں سے [illegible]، کھی اور کھالیں دساور جاتی تھیں، [illegible] آبادی، بعض اوقات بڑھ کر چالیس ہزار [illegible] ہو جاتی تھی۔

بربرہ پر ۱۸۷۵ء میں مصریوں کا قبضہ ہو گیا۔ [illegible] سال بعد مہدویوں کی بغاوت کے دوران میں جب انگریزوں نے زیلع اور بربرہ فتح کر لیے تو مصری واپس چلے گئے۔ [illegible] (۱۸۸۴ء) اور [illegible] (۱۸۸۵ و ۱۸۸۶ء) حبش کے ساتھ معاہدے ہوئے۔ ۱۹۰۱ء میں صالحیہ طریقے کے شیخ محمد عبداللہ حسن، معروف بہ دیوانہ ملا (Mad Mullah) نے سامراجی طاقتوں کے خلاف [illegible] ۱۹۰۱ء میں اندرونی علاقے [illegible] اور [illegible] ۱۹۰۲ء [illegible] گیا۔

[illegible]

میں یہاں کی مقامی حکومت کے لیے ایک مجلس مشاورت قائم کی گئی اور بندرگاہ کو ترقی دی جا رہی ہے۔

مآخذ: (۱) المسعودی: مروج (مطبوعۂ پیرس)، ۱: ۲۳۱ تا ۲۳۳؛ (۲) یاقوت، ۱: ۱۰۰ و ۲: ۹۶۶ ببعد و ۴: ۶۰۲؛ (۳) الدمشقی (طبع Mehran)، ص ۱۶۲؛ (۴) ابوالفداء (طبع Reinaud)، ص ۱۵۸ ببعد؛ (۵) ابن بطوطہ (طبع Defremery)، ۲: ۱۸۰؛ (۶) شہاب الدین: فتوح الحبشۃ (طبع و ترجمہ باسے R. Basset، ۱۸۹۷ء)؛ (۷) R. Burton: *First Footsteps in East Africa*، لنڈن ۱۸۵۶ء، ص ۴۰۷ تا ۴۴۰؛ (۸) G. Ferrand: *Lrs Comalis*، پیرس ۱۹۰۳ء، ص ۱۰۹ تا ۱۱۲؛ (۹) R. E. Drake-Brockman: *British Somaliland*، لنڈن ۱۹۱۲ء، ص ۳۱ تا ۳۹؛ (۱۰) A. T. Curle، در *Antiquity* (ستمبر ۱۹۳۷ء)، ص ۳۱۵ تا ۳۲۷؛ (۱۱) J. S. Trimingham: *Islam in Ethiopia*، آوکسفرڈ ۱۹۵۲ء، بمواضع کثیرہ۔

(I. Lewis)

**بَرْبَری**: مشرقی ہزارہ (قبیلے) کو اس نام سے یاد کیا جاتا ہے، جو وسطی افغانستان کے پہاڑی علاقے میں کابل اور ہرات کے درمیان، ایران میں علاقۂ مشہد میں، بلوچستان میں کوئٹے کے قریب اور جمہوریۂ اشتراکیۂ ترکمنستان کے [illegible] [illegible] میں آباد ہے [دیکھیے ہزارہ]۔

[illegible]

**بَرْبَشْتَر**: Barbastro = Barbastro [illegible] [illegible] کی [illegible] Vero = Ebro [illegible] کے [illegible] [illegible] کے [illegible] [illegible] میں [illegible] کے [illegible] [illegible] والے [illegible] [illegible] Barbastro [illegible] [illegible] کے [illegible] مشرقی جانب

[illegible]

واقع ہے - [جغرافیے کی عربی کتابوں میں یہ شہر ثغرالاعلٰی (Upper Frontier) کا ایک مضبوط مقام بیان ہوا ہے - نفح الطیب میں لکھا ہے کہ ابن حیّان نے اسے علاقۂ بربطانیہ کا، جسے شریف الادریسی اعمال ثغرالاعلیٰ سے بتاتا ہے، ایک قصبہ لکھا ہے -] ابن حیّان نے لکھا ہے کہ ہسپانیہ میں مسلمانوں کی ابتدائی فتوحات کے زمانے یعنی ۹۳ھ / ۷۱۲ء میں اس شہر پر مسلمانوں کا قبضہ ہوا اور پانچویں صدی کے اوائل یعنی تین سو ساٹھ برس تک مسلسل ان کے ماتحت رہا - مجموعی طور پر یہاں اسلامی حکومت چار سو برس کے قریب رہی - یہ شہر ثغرالاعلٰی کی حفاظت کے لیے بطور برج کام دیتا تھا اور اس تنظیم میں اسے سرقسطہ اور لارده Larda کو منسلک کرنے والی ایک کڑی کہہ سکتے ہیں.

عبدالملک المظفر کی ۳۹۶ھ / ۱۰۰۶ء میں Pampeluna کے خلاف مہمات کے بیان میں بربشتر کو اسلامی مملکت کا آخری حصّہ قرار دیا گیا ہے (ابن عذاری، ۳ : ۱۲) - ۴۵۶ھ / ۱۰۶۴ء میں (دیکھیے سطور ذیل) جب یہ مسلمانوں کے ہاتھ سے نکلا تو اس پر سرقسطہ کے بنو ہود کا قبضہ تھا - اس کی آبادی خاصی تھی - بڑا خوش حال اور دولت مند شہر تھا (ابن حیّان) - خلافت قرطبہ کے زوال پر زمانۂ طوائف الملوکی میں، جب کہ پانچویں صدی کے وسط میں سلاطین بنی ہود کے احمد المقتدر کی حکومت سرقسطہ میں تھی تو عیسائی بادشاہ اردملیس (الاردمیر) یعنی شاہ رامیرو Ramiro کے بیٹے Sancho نے بربشتر پر حملہ کر دیا - جس کی تفصیل یہ ہے کہ ۴۵۶ھ / ۱۰۶۴ء کے موسم گرما میں رابرٹ کرسپن Robert Crespin کے زیر قیادت نارمنوں اور کچھ دوسرے لوگوں پر مشتمل چالیس ہزار کا ایک لشکر بربشتر کے سامنے آ نمودار ہوا (قائد کا یہ نام ایک رومی مؤرخ نے دیا ہے) - اسے پوپ کی تائید بھی حاصل تھی - وہ لوگ اس مہم کو حروب صلیبیہ سے پہلے کی صلیبی جنگ قرار دیتے تھے - ایک ماہ سے زائد عرصے کے محاصرے کے بعد وہ شہر پر قبضہ کر لینے میں کامیاب ہو گئے - ہر چند کہ ہسپانوی عیسائیوں نے اس جنگ میں جو حصّہ لیا اس کی تفصیلات تاریکی میں ہیں اور گو بربشتر پر ایک برس کے بعد ہی دوبارہ قبضہ ہو گیا تھا پھر بھی اس کی پسپائی پورے ملک پر دوبارہ فتح کی ایک اہم منزل ہے - معاصرین نے اسے بے مثال واقعہ اور اسلامی اندلس کا سب سے بڑا سانحہ قرار دیا ہے - اندلس کے حالات پر ابن حیّان کے انتہائی اندوہگیں تأثرات ان واقعات کی پیداوار ہیں - اس کا ذکر ابن عذاری (۳ : ۲۰۴ تا ۲۰۰) نے کیا ہے - سرقسطہ کا المقتدر بن ہود دفاعی حملے کے لیے جب فوجیں جمع کر رہا تھا تو المعتضد عبادی نے اپنے اس نام نہاد اتّحادی کے پاس صرف پانسو سواروں کا ایک دستہ بھیجا تھا، گو اشبیلیہ (Seville) کے سردار الهوزنی نے اسے یہاں تک کہا تھا کہ وہ بنفس نفیس اس مہم پر جائے (ابن سعید : المُغرب فی حُلی المَغرب، طبع شوقی ضیف، ۱ : ۲۳۴) اس کی وجہ یہ تھی کہ مسلمانان اندلس تشتت و افتراق کا شکار تھے - یہ تو تیر اندازوں کی اعلٰی کارکردگی کا نتیجہ تھا کہ المُقتدِر بن ہود شہر واپس لینے میں کامیاب ہو گیا - لیکن بربشتر کی قسمت میں نہ تھا کہ زیادہ دیر تک مسلمانوں کے ہاتھ میں رہے - بالآخر ۱۱۰۱ء میں پڈرو ارغونی (Pedro of Aragon) نے اسے مسیحیوں کے لیے فتح کر لیا - یہ واقعہ یاقوت کے علم میں بھی تھا (قب معجم البلدان، بذیل مادّہ) - [یاقوت نے اس کا تلفظ بَبُشتَر دیا ہے اور لکھا ہے کہ کبھی اسے باشتر بھی کہتے ہیں - اور بتایا ہے کہ یہ اعمال ربّہ کا ایک قلعہ تھا - اس کے اور قرطبہ کے درمیان

marfat.com
Marfat.com

تیس فرسخ کا فاصلہ تھا (معجم، بذیل مادہ) - الحُمیدی نے بھی یہی خیال ظاہر کیا ہے اور اس کا تلفظ باشتّر دیا ہے اور اسے مالقہ کے قریب بتایا ہے - علاقۂ مالقہ ھی کو علاقۂ ریّہ کہتے ھیں - ھسپانوی مؤرخ کونڈے نے لکھا ہے کہ جبال رَنده (Sierra de Ronda) میں ایک مقام بشتر تھا اور وہ ادریسیوں (۴۲۷ھ / ۱۰۳۵ء تا ۴۴۹ھ / ۱۰۵۷ء) کے قبضے میں تھا - یہ وھی آج کل کا شہر بلشتر (Vilches) ہے جو وادی الکبیر کی دو شاخوں یعنی گوادالین اور گوارسیزاس کے درمیان واقع ہے - غرض تمام جغرافیہ‌دانوں نے ببشتر کو علاقۂ مالقہ یا اعمال ریّہ میں سے قرار دیا ہے - ڈوزی نے لکھا ہے کہ بشتر سے مراد ایک پرانا رومی قلعہ ہے جو آج کل الکستیان کہلاتا ہے اور جس کا پرانا رومی نام Municipium Singilense Bartrastreuse تھا اور وہ انتقیرہ Antequera سے مغرب میں شہر تِبا Teba کے قریب وادی القرشی (The Guadalhorce) کی بالائی گذرگاہ پر واقع ہے - تِبا اور انتقیرہ کے درمیان تقریبًا چھے میل کا فاصلہ ہے - اس قلعے کے سوقع کی تعیین میں یوربی مؤرخوں نے بڑی کاوش کی ہے - اس کی خاص وجہ یہ ہے کہ یہ مقام ابن حفصُون (م ۳۰۵ھ/ ۹۱۷ء) عیسائی کا مستقر تھا، جو خلافت قرطبہ کے دشمنوں میں سے تھا اور جس نے سینتیس برس تک جنوبی اندلس کی فضا مکدر رکھی تھی (محمد عنایت اللہ : اندلس کا تاریخی جغرافیہ، ۱۹۲۷ء، ص ۱۴۴ ببعد)].

مآخذ : (۱) ابن عذاری : البیان المُغرب، ۳ : ۲۲۵ تا ۲۲۸، ۲۵۳ تا ۲۵۵؛ (۲) المقری : *Analectes* [نفح الطّیب من غُصن الاندلس الرّطیب، لائڈن ۱۸۶۱ تا ۱۸۶۵ء]، ۲ : ۷۸۹ ببعد؛ (۳) R. Dozy : *Recherches sur l' histoire et la littérature de l' Espagne*، بار سوم، ۲ : ۳۳۵ ببعد؛ (۴) R. Menéndez Pidal : *La Espana del Cid*، میڈرڈ ۱۹۲۹ء، ۱ : ۱۶۳ ببعد.

(D. M. DUNLOP [و ادارہ])

** بَرْبَط : رَكَ بہ عُود.

** بَربہ : رَكَ بہ بارابہ.

** البَرْبَہارِی : ابو محمد الحسن بن علی بن خَلَف البربہاری، ایک نامور حنبلی فقیہ، جنھوں نے بغداد میں بڑی عمر میں وفات پائی - وہ بیک وقت عالم حدیث بھی تھے اور فقیہ بھی - اور اس سے بھی زیادہ یہ کہ ان بڑے اور ھردلعزیز واعظوں میں سے تھے جنھوں نے چوتھی / دسویں اور پانچویں / گیارھویں صدی میں خلافت کی تاریخ میں شیعی دعاۃ کے خلاف سنّیوں کی جد و جہد میں بڑا اھم اور نمایاں حصہ لیا اور کسی قسم کا مفاھمتی رویّہ اختیار کیے بغیر اس عقیدۂ کلام کی کامیابی سے مخالفت اور روک تھام کی جس کے محرّک معتزلہ اور نیم معتزلہ تھے.

البربہاری نے حنبلی [رَكَ بہ الحنابلہ] اصول کی تعلیم ابوبکر المَرُّوذی (م ۲۷۵ھ / ۸۸۸ء) سے حاصل کی (قبّ تاریخ بغداد، ۴ : ۴۲۳-۴۲۵؛ طبقات الحنابلۃ، ۱ : ۵۶-۶۳؛ اِختصار، ص ۳۲ تا ۳۴) جو حضرت امام احمد بن حنبلؒ کے نہایت ھی عزیز شاگرد سمجھے جاتے تھے اور جنھوں نے جلیل القدر امام کے فقہ، اخلاق، ادب اور عقائد سے تعلق رکھنے والے افکار کو جس کاوش کے ساتھ پھیلایا ان کے شاگردوں میں شاید ھی کسی نے پھیلایا ھو - نامور صوفی سَہل التُّستَری (م ۲۸۳ھ / ۸۹۶ء) بھی، جس نے سالمیہ مکتب (تصوف) کی بنیاد رکھی (قبّ وا، لائڈن، بار اوّل، ۴ : ۱۱۹) اور جس سے حنبلی مذھب کے بعض بڑے بڑے نمائندے خاصے متأثر ھوے، ان کا استاد تھا [رَكَ بہ سهل التستری].

البربہاری کتاب السنّة کے مصنف ھیں، جس کی حیثیت ایک عقیدے کی نمائندہ کتاب کی ہے - اس کا

Marfat.com

معتی بڑی حد تک قاضی ابوالحسین نے اپنی طبقات (۲ : ۱۸ تا ۴۳) کے ذریعے ہم تک پہنچایا ہے اور اس سے احمد غلام خلیل (م ۲۷۵ھ/۸۸۸ء) کی تالیف کی یاد تازہ ہوتی ہے ۔ احمد خلیل ابو حمزہ اور النوری (م ۲۹۷ھ/۹۱۰ء) کے متشددانہ تصوف کا مخالف ہے اور اس کا میلان حنبلیت کی طرف ہے (قب L. Massignon : *Textes inédits*، ص ۲۱۲ تا ۲۱۳) ۔ ابوالحسن الأشعری (م ۳۲۹ھ / ۹۴۱ء) کے متعلق کہا جاتا ہے کہ انھوں نے اپنی الابانۃ البربہاری سے تبادلۂ خیال کے بعد تصنیف کی تھی ۔ دونوں کتابوں کو سامنے رکھ کر ان کے عقائد کا مطالعہ کیا جائے تو بظاہر یہ بات نا قابلِ قبول معلوم نہیں ہوتی ۔

البربہاری کی 'اقرار ایمان پر کتاب' بنیادی طور پر مناظرانہ ہے، جس میں انھوں نے تمام بدعات کو مذموم قرار دیا ہے اور بڑے پر زور انداز میں اس دین عتیق کے احکام کی طرف لوٹنے کی تلقین کی ہے جس پر خلفاے ثلاثہ کے عہد میں عمل ہوتا تھا، کیونکہ ان کے خیال میں اختلافات حضرت عثمانؓ بن عفان کی شہادت اور حضرت علیؓ ابن ابی طالب کی خلافت کے بعد پیدا ہوے ۔ اس ''دین عتیق'' کی طرف رجوع کرنے کی غرض یہ تھی کہ آنحضرت صلّی اللہ علیہ و سلّم، صحابۂ کرامؓ اور پاکباز تابعینؒ کی تقلید کی جائے ۔ تابعینؒ میں البربہاری حضرت امام احمد بن حنبلؒ کی طرح امام مالک بن انسؒ (م ۱۷۹ھ / ۷۹۵ء)، عبداللہ ابن المبارکؒ (م ۱۸۱ھ / ۷۹۷ء)، فُضَیل بن عیاضؒ (م ۱۸۷ھ / ۸۰۳ء) اور بشر بن الحارثؒ (م ۲۲۷ھ / ۸۴۲ء) جیسے بزرگوں کے نام لیتے ہیں ۔ البربہاری عقل کے استعمال کے مخالف نہیں بلکہ وہ اسے ایک ایسی نعمت سمجھتے ہیں جسے اللہ تعالٰی نے اپنی مخلوقات میں مختلف طریقوں سے تقسیم فرما دیا ہے اور یہ ان کی نجات اخروی کے لیے ضروری ہے ۔ وہ ظاہر کے مقابلے میں باطن کو قطعی طور پر مسترد نہیں کرتے بشرطیکہ اس باطن کی اساس و بنیاد قرآن و سنّت پر قائم ہو ۔ وہ جس چیز کو ہر دوسری چیز کے مقابلے میں مردود و مسترد قرار دیتے ہیں وہ تشتّت و انحراف ہے جو مذہبی عقائد میں تاویل، راے اور قیاس کے بے محابا استعمال کا نتیجہ ہوتا ہے ۔ صفات باری کے مسئلے میں ان کے بیانات قرآن و سنّت کے بیانات کے اعادے تک محدود ہیں ۔

سیاسی طور پر وہ خلافت پر قریش کے حق کے زبردست مؤیّد و حامی معلوم ہوتے ہیں، اگرچہ وہ مسلمانوں کے حکمران طبقے کی اطاعت کی تاکید کرتے ہیں، اس صورت کے سوا کہ اس اطاعت میں اللہ تعالٰی کی نافرمانی کا پہلو نکلتا ہو ۔ وہ خروج بالسّیف یا ایسی بغاوت کی سختی سے مذمّت کرتے ہیں جس میں اسلحہ سے کام لیا جائے ۔ ان کا خیال ہے کہ قانون اور امن عامّہ کی بحالی کے لیے ''دعوت امن''، ''نصیحت'' اور ''امر بالمعروف'' سے کام لینا چاہیے ۔ ایک ایسے زمانے میں جبکہ عالم اسلام متعدّد فرقوں اور گروہوں میں منقسم ہو چکا ہو ''اصحاب حدیث'' اور ''اہل السنّہ و الجماعہ'' کا (جن کی فتح و نصرت کا اللہ کی طرف سے وعدہ ہو چکا ہے) خصوصی فرض ہے کہ وہ امر بالمعروف پر عمل کریں ۔ البربہاری اپنے اصول و عقائد میں پختہ تھے ۔ انھوں نے معتزلہ اور شیعہ کے خلاف شخصی طور پر زبردست مہم چلائی، جس کی وجہ سے بعض اوقات انھیں اقتدار پسندی کا مجرم ٹھیرایا گیا ہے ۔

اس میں شبہہ نہیں کہ ۳۰۹ھ / ۹۲۱ء اور ۳۲۹ھ / ۹۴۱ء کے درمیان بغداد میں جو عوامی شورشیں اٹھیں اور ہنگامے برپا ہوے ان کے پیچھے یہ بات بھی تھی کہ جب وزیر علی بن عیسی نے الطّبری کو ۳۰۹ھ میں حنبلی مخالفین سے عقیدے

marfat.com
Marfat.com

کے اختلافی مسائل پر مباحثہ و مناظرہ کرنے کی دعوت دی تو اس کی مخالفت میں البربہاری بھی شریک تھے ۔ عوام کی اسی مخالفت اور دشمنی کی وجہ سے ۳۱۰ھ میں الطّبری کو رات کے وقت ان کے گھر میں دفن کیا گیا (قبّ ان حوادث و وقائع کے سلسلے میں البدایة، ۱۱ : ۱۳۲، ۱۴۵ تا ۱۴۶).

۳۱۷ھ / ۹۲۹ء میں البربہاری کے متّبعین اور ان کے مخالفین میں بغداد میں ایک بہت بڑا ہنگامہ برپا ہوا، جس میں بہت سے آدمی مارے گئے ۔ نزاع کا سبب یہ تھا کہ دونوں گروہوں میں سورۂ بنی اسرائیل کی مندرجۂ ذیل آیت (۱۷ : ۷۹) کے معنی و مفہوم کے سلسلے میں اختلاف تھا : عَسٰۤى اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا (قریب ہے کہ اللہ تمھیں ایک ایسے مقام میں پہنچا دے جو نہایت پسندیدہ ہو) ۔ البربہاری کے پیرو کہتے تھے کہ اس آیت کا مطلب یہ ہے کہ قیامت کے دن اللہ تعالٰی رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و اٰلہ وسلّم کو اپنے تخت پر بٹھائے گا ۔ اس کے بر خلاف مخالفین کا، جو الطبری اور ابن خُزَیمہ کے عقائد کے پیرو تھے، خیال تھا کہ اس سے محض وہ ''شفاعت'' مراد ہے جو آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم قیامت کے دن ان مسلمانوں کے حق میں فرمائیں گے جن سے گناہ کبیرہ سرزد ہوے (قبّ البدایة، ۱۱ : ۱۶۲ تا ۱۶۳).

۳۲۱ھ/۹۲۳ء [کذا ؟ ۹۳۳ء] میں القاہر کے عہد خلافت میں جب حضرت معاویہؓ پر بر سر منبر لعنت کرنے کا سوال اٹھا، جس کا ہدف خالص حنبلی عقیدہ تھا، تو حاجب علی بن یَلْبَق نے البربہاری کو تلاش کرنے کا حکم دیا، جو کہیں چھپے ہوے تھے، حالانکہ حنبلی علما کے بہت سے مرید اور شاگرد شہر بدر کر کے بصرے بھیج دیے گئے تھے (الکامل، ۸ : ۲۰۳؛ البدایة، ۱۱ : ۱۷۲) ۔ اس کے بعد خلیفہ القاہر نے [امن و] اخلاق کی بحالی کے لیے جو تدابیر اختیار کیں ان کا مقصد کسی حد تک حنبلی معترضین کی خوشنودی حاصل کرنا تھا ۔

۳۲۲ھ/۹۳۴ء میں الشَّلْمَغانی اور ابن مُقسِم پر جو مقدمے چلائے گئے ان میں اگرچہ البربہاری کے حامیوں نے براہ راست کوئی حصّہ نہیں لیا لیکن ابن شَنَبُوذ قاری قرآن پر وزیر ابن مُقلَه نے اس الزام کی بنا پر مقدمہ چلایا اور سزادی کہ وہ لوگوں کو قرآن پاک کی ایسی قراءتیں سکھاتا ہے جو حضرت عثمانؓ کے نسخۂ مصحف کے خلاف ہیں (قبّ الصُّولی، ترجمۂ M. Canard، ۱ : ۱۰۹ و ۱۴۵) تو بظاہر بغداد کے حنابلہ کے پر زور مظاہروں پر ایسا کیا ۔

البربہاری کے حامیوں کی شورش نے الرّاضی کی خلافت کے ابتدائی دور (۳۲۳ھ/ ۹۳۵ء) میں، جہاں اس وقت تک ابن مُقلَه ہی کی وزارت تھی انتہائی شدّت اختیار کر لی ۔ مسلم مؤرّخوں (الصُّولی، ۱ : ۱۱۳؛ الکامل، ۸ : ۲۲۹ تا ۲۳۱؛ البدایة، ۱۱ : ۱۸۱، ۱۸۲) نے ان واقعات کی جو تفاصیل بیان کی ہیں ان سے پتا چلتا ہے کہ حنابلہ نے قانونی دفعات کو نافذ کرنے کی غرض سے تجارتی کاروبار میں مداخلت کی، شراب فروشوں ۔۔ گانے والی عورتوں پر حملے کیے، آلاتِ موسیقی کو توڑا پھوڑا، لوگوں کے گھروں میں گھسے، کسی مرد کو کسی غیر محرم عورت کے ساتھ چلتے پھرتے دیکھ کر اسے پولیس کے افسر اعلٰی کے پاس پکڑ کر لے گئے (قبّ K. V. Zettersteen، در لاۂ، لائڈن، بار اول، ۳ : ۱۱۹۹، بذیل راضی) ۔ اس ہنگامے کے بعد خلیفہ کے سرکاری عہدے داروں نے البربہاری کے حامیوں کو لوگوں سے ملنے اور تعلیم دینے اور مسلمانوں کو کسی ایسے امام کے پیچھے نماز پڑھنے سے روک دیا جو حنبلی عقیدہ رکھتا ہو ۔ چونکہ البربہاری کے حامیوں کے جوش و خروش میں کوئی کمی نہیں

Marfat.com

آلی اس لیے ۳۲۳ھ میں خلیفہ الراضی نے ایک فرمان (متن در الکامل، ۸ : ۲۳۰) جاری کیا، جس میں حنبلیت کو مذموم قرار دیتے ہوے اس کے متبعین کو دائرۂ اسلام سے خارج کیا گیا ہے ۔ فرمان میں حنبلیت کو موردِ الزام ٹھیرایا گیا کہ وہ حلول کے عقیدۂ تشبیہ کو نمایاں کرتی اور زیارۃ القبور (ائمہ کی قبور پر جانے) سے منع کرتی ہے ۔ خلیفہ کے اس طرز عمل سے کچھ مدت کے لیے حنبلی مظاہرے رک گئے۔

البربہاری کے حامیوں نے ۳۲۷ھ/ ۹۳۹ء میں بَجکم کی امارت میں اپنی شورش زیادہ شدت سے شروع کی۔ انھوں نے ان لوگوں کو بہت تنگ کیا جو محیا کے تہوار یعنی ان رسوم میں شریک ہونے جا رہے تھے جو ۱۴ / ۱۵ شعبان کی درمیانی شب کو بعض مسجدوں میں منائی جانے والی تھیں (قبَ الصُولی، ۱ : ۲۰۴، ۲۰۵) ۔ پولیس کے افسر اعلٰی نے البربہاری کی تلاش کے لیے احکام جاری کیے ۔ لیکن اس مرتبہ وہ پھر روپوش ہو گئے اور اس موقع پر ان کے ایک نائب کو، جس کا نام دَلّاہ تھا، قتل کر دیا گیا۔

البربہاری کے حامیوں کی شورش کو ختم کرنے کے امکانات اس طرح اور بھی کم ہو گئے کہ ۳۲۸ھ/ ۹۴۰ء میں امیر بَجکم نے براثا کی مسجد ازسرِ نو بنوا دی ۔ اس مسجد کو خلیفہ المُقتدر کے عہدِ خلافت میں مسمار کر دیا گیا تھا (قبَ الصُولی، ۱ : ۱۳۲، ۲۰۸) ۔ جب ۳۲۹ھ میں امیر بَجکم کو کُردی قزاقوں کی ایک جماعت نے قتل کر دیا تو حنبلیوں نے بڑے زور سے اپنے اطمینان کا اظہار کیا، براثا کی مسجد مسمار کرنے کی کوشش کی اور درب عَون میں صرّافے اور ساھوکاروں کے علاقے پر حملہ کر دیا، جو گویا عباسی دارالسلطنت کی تجارتی اور اقتصادی زندگی کا مرکز و منبع تھا (الصُولی، ۲ : ۱۶، ۱۹)۔

عین یہی زمانہ تھا جب رجب ۳۲۹ھ / اپریل ۹۴۱ء میں تُوزُون کی بہن کے گھر میں، جہاں البربہاری چھپے ہوے تھے، ان کا انتقال ہو گیا ۔ انھیں یہیں دفن کیا گیا (طَبقات الحنابلة، ۲، ۴۴ تا ۴۵؛ البدایة، ۱۱، ۲۰۱)۔

البربہاری کا اثر بہت سے ہم عصر حنبلی فقہا پر بھی نمایاں ہے ۔ بالخصوص ابن بطّه العُکبَری (م ۳۸۷ھ / ۹۹۷ء) پر، جو ان سے کئی مرتبہ بغداد میں ملا اور جس کی کتاب الأبانة میں ان کی کتاب العقیدۃ کا گہرا عکس ہے ۔ ابن بطّه کے توسّط سے ان کا بالواسطہ اثر قاضی ابو یعلٰی بن الفرّاء (م ۴۵۸ھ / ۱۰۶۶ء) اور اس کے بہت سے شاگردوں پر بھی پڑا بالخصوص شَریف ابو جَعفر الهاشمی (م ۴۷۱ھ/ ۱۰۷۸ء) پر، جو بدعت کے خلاف کئی پرزور مظاھروں کا محرک بنا۔

مآخذ: ابن ابی یعلٰی : طبقات الحنابلة، قاهرة ۱۳۷۱ھ / ۱۹۵۲ء، ۲ : ۱۸ تا ۴۵؛ (۲) ابن کثیر: البدایة، ۱۱ : ۲۰۱ تا ۲۰۲؛ (۳) النابلسی: اختصار طبقات الحنابلة، دمشق ۱۳۵۰ھ، ۲۹۹ تا ۳۰۹؛ (۴) ابن العماد : شذرات، ۲ : ۳۱۹ تا ۳۲۳؛ (۵) H. Laoust : *La profession de foi d'Ibn Baṭṭa*، در PIFD، ۱۹۵۸ء، ص ۳۸ تا ۴۱ و اشاریه.

(H. LAOUST)

**اَلبُرْت** : (جمع : البُرتات)، ایک اندلسی مُعرب لفظ، جس کا مأخذ لاطینی لفظ portus ہے ۔ عرب مصنّف اسے عربی لفظ باب (جمع : ابواب) کا مترادف ٹھیراتے ھیں ۔ عربوں نے جزیرہ نماے آئبیریا کو جو مثلث نما شکل دی تھی وہ سب جانتے ھیں ۔ بطلمیوس کے اتباع میں انھوں نے اس کا حسب ذیل حدود اربعہ مقرر کیا ہے ۔ جنوب میں طَرِیْفَه، مغرب میں راس فِنِسْتَرہ Finisterre اور مشرق میں

بعض لوگوں کے نزدیک علاقۂ اربونہ Narbonne اور بعض کے نزدیک لُلبُرِغاط Llobregat کی وادی اور ایک تیسرے گروہ کی رائے میں ہیکل الزُّہرہ (Portus veneris=Port Vendres) کے مقام پر اس کی حدود ختم ہوتی ہیں ۔ سرحد کے تیسرے مقام کے تعیّن میں اختلاف دو سبب سے پیدا ہوا ہے اور اس کی طرف کسی نے قرار واقعی توجہ مبذول نہیں کی ۔ پہلی وجہ تو یہ ہے کہ قرونِ وُسطٰی کے عرب جغرافیہ نگاروں کے ہاں جبال البرانس (پیری‌نیز Pyrenees) کا کوئی واضح تصور موجود نہ تھا اور انھوں نے اس سلسلۂ کوہ کے لیے کوئی نام بھی متعیّن نہیں کیا ۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ انھوں نے شمال مشرقی سرحد کا تعیّن ایسے طریقوں سے کیا جو ان کے زمانے کے مروّجہ تصورات اور اس علاقے کی سیاسی صورت حال کی بنا پر بالکل مختلف نظر آتے ہیں ۔

متقدمین میں سے چند ایک، مثلاً الرازی اور بعد ازاں ابن حَیّان اور اَلْیَسَع، یہاں کی وزی‌قوطی (Visigothic) روایت کی پیروی کرتے ہوے جزیرہ نما کی حدود علاقۂ اربونہ Norbonne تک لے جاتے ہیں، جیسا کہ وَنْبا Wamba کے زمانے میں تھیں ۔ زمانۂ ما بعد کے دوسرے مصنّف، مثلاً البَکْری نے شمال مشرقی سرحد کا تعیّن للبرغاط Llobregat کے خط پر کیا ہے ۔ اسے اندلسی سرحدوں پر فرنگیوں (Franks) کی فتوحات کا علم تھا اور اس نے اس ملک کا کئی بار بری و بحری راستوں سے سفر کیا تھا؛ چنانچہ اس نے سرحد کا تعین اس شنید کی بنا پر کیا کہ برشلونہ اور جبال البرانس (پیری نیز) کے قطلونیوں (Catalans) کو ''فرینک'' کہا جاتا ہے ۔ اسی سرحد پر البَکْری نے اَلْبُرت (دروازہ) کا ذکر کیا ہے کہ یہ قطلونیہ کی ساحلی حدود میں واقع ہے ۔ پھر اس خیال سے کہ اس بارے میں شک و شبہہ کی کوئی گنجائش نہ رہ جائے کہ الاندلس اور براعظم (الارض الکبیرۃ) کے درمیان سرحد اس دریا پر واقع ہے جس کے لاطینی نام Rubricatus سے وہ واقف تھا وہ لکھتا ہے کہ جبل البُرت کے درّے (ابواب) جزائر میورقہ Majorca و منورقہ Minorca کے مقابل ہیں ۔ اس بیان کی تصدیق ابن سعید سے ہوتی ہے اور المَقّری اسے سب سے زیادہ صحیح روایت تسلیم کرتا ہے، کیونکہ بہت سے سیّاحوں نے اس کی تصدیق کی ہے ۔ ابن الاَبّار نے اس مشہور لڑائی کا ایک سے زیادہ مرتبہ ذکر کیا ہے جس کے دوران میں المرابطون کے امیر ابن عائشہ نے وفات پائی تھی اور اسے وہ ''وَقْیعَۃ البُرت'' کے نام سے یاد کرتا ہے (مسیحی مآخذ میں اس کا حوالہ El Congost de Martorell کی لڑائی کے نام سے ملتا ہے) ۔ ابن خَلْدُون نے اس سفارت کا تذکرہ کیا ہے جسے برشلونہ کے فرنگی رئیس (Count) نے، جو اَلْبُرت کے دوسری جانب رہتا تھا، عبدالرحمٰن الثالث کے دربار میں بھیجا تھا ۔ اب الأدْریسی کو لیجیے، جس کی تحریر چھٹی / بارھویں صدی کے نصف آخر سے تعلق رکھتی ہے اور جس کے زمانے میں قطلونیوں و ارغونیوں (Catalan - Aragonese) کی مملکت آزاد ہوئی ۔ وہ خاص طور پر خیال رکھتا ہے کہ اھل قطلونیہ کو فرنگی نہ کہا جائے ۔ وہ الاندلس کی سرحد کا تعیّن ہیکل الزھرہ کے مقام پر کرتا ہے ۔ اندلس کے چھبیس صوبوں یا اقالیم کا شمار کرتے ہوے اس نے طرطوشہ Tortosa، طرکونہ Tarragona اور برشلونہ کو اقلیم البرتات میں بتایا ہے، جو جبال البرانس سے بھی جنوب میں واقع تھی ۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ جبل البُرت یا البُرتات کو اقلیم مذکور کے وسط میں دکھاتا ہے ۔

**مآخذ**: (۱) الأدْریسی، متن: ص ۱۷۶، ترجمہ: ص ۲۱۱؛ (۲) المَقّری: *Analectes*، ۱: ۲۵۲ تا ۲۵۳ (اقتباسات از الرازی، البَکْری و ابن سعید)، ۱: ۸۲ تا

marfat.com
Marfat.com

۸۳)؛ (۳) ابن الابار: تکملۃ، در BAH، ۶: ۵۵، ۳۰۹؛ (۴) ابن خَلْدُون: العبر، ۴: ۱۴۲؛ (۵) وقائع ربول Ripoll و وقائع طرطوسہ، در Villanuera: *Viaje literario*، ۵: ۲۴۷۔

(A. HUICI MIRANDA)

**بُرْتُقال**: (= پُرتگال) عربوں نے یہ نام ایک قدیم شہر (Cale یا Calem، Portus Cale، موجودہ زمانے کا Oporto) کو، جو دریاے دُوِیرہ Douro کے دہانے پر واقع تھا اور بعد ازآں سلطنت پرتگال کو دیا تھا ۔ بارھویں صدی میں آزاد پرتگال کے قیام سے قبل اس علاقے کی تاریخ ھسپانیہ کی تاریخ کا حصہ رھی ھے [رک بہ الاندلس] ۔ اگرچہ ھمیں تفصیلات تو نہیں ملتیں تاھم فتوحات عرب کے وقت یقیناً پرتگال کا تمام علاقہ مسلمانوں کے تصرف میں بڑی تیزی سے آ گیا ھوگا۔ ھمیں کتابوں سے صرف اتنا پتا چلتا ھے کہ جنوب میں مزاحمت ھوئی اور اَوْورہ Evora، شنترین Santarem اور قُلُمْرِیَہ Coimbra کو عبدالعزیز بن موسٰی بن نُصَیر (والی اندلس، ۹۵ھ / ۷۱۴ء تا ۹۷ھ/۷۱۶ء) نے فتح کیا ۔ مگر زمانۂ ما بعد کے ایک مصنف نے محمّد بن موسٰی الرازی (تیسری/ نویں صدی) کے حوالے سے لکھا ھے کہ شنترین اور قلمریہ کو قبل ازیں، موسٰی بن نصیر کے لشکریوں میں مفتوحہ ملک کی عمومی تقسیم کے وقت، بظاھر ایک معاھدے کے ماتحت، مستثنٰی رکھا گیا تھا (قب لیوی پرووانسال Lévi-Provençal: *Hist. Esp. Mus.*، ۳ : ۲۰۱ تا ۲۰۲، و سطور زیرین)۔

الاندلس کے سیاسی انتشار اور بالخصوص ۷۵۰ء کے بعد سے قحط کے باعث شمال مغرب کے نو آباد (بیشتر بربر) اس علاقے سے اُٹھ گئے تو عیسائیوں کے لیے اس کی بازیابی (Reconquista) کا راستہ ھموار ھو گیا ۔ آشریاس کے الفانسو اوّل (۷۳۹ - ۷۵۷ء) یا بقول ابن حیّان (المقّری: نفح، ۱ : ۲۱۳) اس کے بیٹے فروئلا Frucla اوّل (۷۵۷ تا ۷۶۸ء) نے موجودہ پرتگال کے شمالی علاقے پر قبضہ جما لیا تھا، جس میں اوپورٹو Oporto (=برتقال) اور بُراغہ Braga اور وسیو Viseu کے قصبے شامل تھے ۔ اول الذکر دونوں قصبے دریاے دُوِیرہ کے شمال میں واقع تھے اور آخر الذکر اسی دریا کے جنوب میں ۔ الفانسو کے ایک اَور بیٹے آریلیو Aurelio (عہد حکومت ۷۶۸ تا ۷۷۴ء) کا ذکر ابن الخطیب : اعمال الاعلام، ص ۳۷۳) نے ارض برتقال کے فاتح کی حیثیت سے کیا ھے ۔ کہا جاتا ھے کہ الفانسو دوم (۷۹۱ تا ۸۴۲ء) نے ۱۸۲ھ/ ۷۹۸ء میں لِزبن (الأشبُونَہ) پر قبضہ کیا تھا اور اس امر کی اطلاع شارلیمان کو ایک پیغام کے ذریعے ایکس لا چیپل Aix-la-Chapelle بھیجی تھی، لیکن یہ کامیابیاں، اگر تاریخی طور پر صحیح بھی ھوں تو بھی بالکل عارضی نوعیت کی تھیں۔ کہیں الفانسو سوم کے عہد میں جا کر، ۸۶۸ء میں، جب برتقال (=اپورٹو) پر حتمی قبضہ ھو گیا تھا، یہ ممکن ھو سکا کہ عیسائی دریاے دُوِیرہ کے سرحدی خط کو کم و بیش کامیابی سے قبضے میں رکھ سکیں ۔

قُلُمْرِیَہ (Coimbra) ۲۶۴ھ/۸۷۸ء میں مسلمانوں کے ھاتھ سے نکل گیا تھا لیکن ۳۷۵ھ/ ۹۸۵ء میں المنصور نے، جس کی قرطبہ سے شَنْت یعقوب (Santiago de Compostella) تک غیر معمولی یلغار کوریہ Coria اور وسیو Viseu کے راستے ھوئی تھی، اسے دوبارہ فتح کر لیا ۔ الأشبُونَہ (لِزبَن Lisbon) ابھی تک روبہ زوال خلافت کے قبضے میں تھا، جس کا سربراہ ۴۰۰ھ/ ۱۰۰۹ء میں المَہْدی ھوا (حُمَیْدی، ص ۱۸) ۔ آگے چل کر ملوک الطوائف کے عہد میں یہ شہر، بَطَلْیُوس

marfat.com
Marfat.com

کے افطسی [رکّ بہ الأفطس] حکمرانوں کی ماتحتی میں چلا گیا، جو الاندلس کے مغربی علاقے کی حکومت کے دعوے دار اور اس کے لیے اشبیلیہ کے عبّادی خاندان سے برسر نزاع تھے۔ ۴۵۶ھ/۱۰۶۴ء میں جب قُلُمْرِیَه حتمی طور پر ہاتھ سے جاتا (ابن عذاری، ۳ : ۲۳۹) تو الأشبونہ شنترین کے ساتھ تاجہ [رکّ باں] کے شمال میں گھرا ہوا مسلم علاقہ ہو کر رہ گیا تاآنکہ پرتگال کے پہلے بادشاہ الفانسو ہنریکس Alfonso Henriques نے ۵۴۱ھ/۱۱۴۷ء میں ان دونوں کو فتح کرلیا۔ عام روایت یہ ہے کہ الفانسو ہنریکس نے بادشاہ کا لقب اس فتح کے بعد اختیار کیا تھا جو اسے باجہ [رکّ باں] کے قریب اوریق Ourique کے مقام پر مسلمانوں پر حاصل ہوئی تھی (جولائی ۱۱۳۹ء)۔ اس کی وفات (۱۱۸۵ء) سے قبل پرتگیزوں کا جنوب کے بیشتر علاقے پر قبضہ ہو گیا تھا۔ اس سے پہلے قسمت کا پانسا کس طرح پلٹتا رہا تھا اس کی ایک مثال لیمیگو Lamego ہے، جو دریائے دویرہ Douro کے جنوب میں واقع تھا۔ معلوم ہوتا ہے کہ ۹۰۴ء میں اسے الفانسو سوم نے فتح کیا تھا لیکن بعد ازآں یہ ہاتھ سے نکل گیا۔ پھر ۱۰۳۸ء میں فرڈیننڈ اول اسے دوبارہ قبضے میں لایا، جب کہ اس کے بادشاہ یا والی کو وہاں عیسائیوں کے باج گزار کی حیثیت سے رہنے دیا گیا تھا۔ ۱۱۰۲ء سے کچھ مدت پہلے یہ ایک بار پھر مسلمانوں کے تسلط میں آ گیا لیکن بالآخر اسی سال کونڈے ڈوں ہنریک Conde Don Henrique کے حوالے کر دیا گیا (F. Fernandez y Gonzales : *Mudejares de Gastilla*، ص ۲۹)۔ اس علاقے میں عربیت کی جڑیں کس قدر گہری ہو چکی تھیں اس کا اندازہ بارھویں صدی کے مصنف المواعینی کے بیان سے ہوتا ہے (Pons Boigues : *Historiadores*، شمارہ ۱۸۹)؛ یہ عربی بولنے والے بعض مسیحیوں سے متعلق ہے جن کے ساتھ ۱۰۲۰ء کے قریب اشبیلیہ کے بادشاہ المُعتضد کی مڈ بھیڑ پرتگال پر لشکر کشی کے دوران میں حِصن الاخوان کے مقام پر ہوئی تھی، جس کی جگہ آج وسیو Viseu کے شمال میں الافونس Alafoens یا الافوس Alafôes (الاجون Alajoen) آباد ہے۔ ان مسیحیوں کا دعوٰی تھا کہ وہ موسٰی بن نصیر (قبّ سطور بالا) کے ساتھ ایک معاہدے کے تحت اس علاقے پر قابض ہیں۔ اگرچہ وہ بلا شبہ مضاربہ Mozarabs ([= متعرب، اندلسی نصارٰی]) تھے تاہم وہ اس بات کے مدعی تھے کہ وہ حضرت نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلم کے ہم عصر جَبَلَة بن الأیہم کی اولاد میں سے ہیں، جو شام کا عیسائی عرب تھا (Fernandez y Gonzalez : وہی کتاب، قبّ Dozy : *Loci de Abbadidis*، ۲ : ۷)۔

عہد خلافت میں کئی کُورے (یعنی صوبے کے اضلاع، جن میں صدر مقام، عامل اور حفاظتی فوج متعین ہوتی تھی، رکّ بہ الأندلس، ۲ : ۳) کلّی یا جزوی طور پر موجودہ پرتگال کے علاقے میں واقع تھے : (۱) انتہائی جنوب میں موجودہ صوبہ الگاروی Algarve (الغرب) کے مطابق اکشونبہ (Ocsoboba) کا کورہ تھا۔ اس کی وجہ تسمیہ اسی نام کا ایک قدیم قصبہ تھا، جو موجودہ فارو Faro کے اندرونی علاقے میں واقع تھا۔ عربوں کی فتح کے بعد اہمیت کے لحاظ سے اس قصبے پر زوال آ گیا اور صوبائی دارالحکومت کی حیثیت سے شِلب (Silves) نے اس کی جگہ لے لی۔ تاہم پانچویں / گیارھویں صدی میں بھی اس کا وجود باقی تھا (ابن عذاری، ۳ : ۲۱۵)۔ شِلب نسبةً مغرب میں دو چھوٹے چھوٹے دریاؤں کے بحری دہانوں کے قریب واقع تھا۔ اس کا تذکرہ پہلی بار ۲۲۹ھ/۸۴۴ء میں ناروے والوں (Norsemen) کی بحری تاخت کے زمانے میں بطور بندرگاہ کے آیا ہے [رکّ بہ البحرالمحیط] اور یہ

Marfat.com

آھستہ آھستہ، بالخصوص اغلبًا خلافت کے خاتمے کے بعد، اشبیلیہ کے خاندان عبّادیہ کے عہد میں، ایک بارونق اور خوش حال شہر بن گیا - ابن سعید (المُغرب فی حُلَی المَغرِب، ذخائر العرب، ۱۹۵۳ تا ۱۹۵۵ء، ۱۰ : ۱، ۳۸۰ ببعد) کے بیان کے مطابق دوسرے قصبے یا بڑے بڑے گاؤوں شَنَبُوس یا شَنَرُوس (؟ = شَنَبْرُوس بجاے São Brás)، رَمادہ، شَنْتہ مَرِیَہ (Santa Maria de Algarve، موجودہ Faro)، العُلْیَہ (Loulé) اور قَسْطَلّہ (Cacela) تھے - الأدْرِیسی (نواح ۱۱۵۴ء) شِلْب کا ذکر کرتے ھوے بیان کرتا ھے کہ یہاں کے دیہاتی اور شہری دونوں خالص عربی بولتے تھے؛ (۲) اُکْشُونَبہ کے ساتھ ھی شمال میں موجودہ بیکسو النتجو (Baixo Alentejo) کی جگہ باجہ (بِجَہ Beja) کا کورہ تھا - اس کے صدر مقام کا نام بھی یہی تھا (رك بہ باجہ) - ابن سعید کی رو سے اس صوبے میں مارتلہ Mertola بھی شامل تھا، جسے ابن الخطیب نے شذونہ (Sidonia) کے کورے میں بیان کیا ھے؛ (۳) اس کے بھی شمال میں الأشبُونہ یا لِزْبن Lisbon کا کورہ تھا (المقّری : نفح، ۱ : ۹۶)، جس میں شَنْتَرِین (Santarem)، شَنْتَرہ (Cintra) اور القَبْذاق یا القَبْذاق (قب القَبْذاق = Alcaudete، قرطبہ اور غرناطہ کے درمیان) شامل تھے - پرتگال کے باقی کوروں کے نام نہیں دیے گئے - باجہ کے شمال میں یابُرہ (Evora) کو ابن سعید نے بَطَلْیَوس کی شاھی مملکت میں شامل کیا ھے اور شاید دور خلافت میں یہ ماردہ یا میردہ Merida کے کورے کا ایک حصّہ تھا (قب المَقّری : نفح، ۱ : ۱۰۳) - ھو سکتا ھے کہ قُلُمْرِیَہ (Coimbra)، جو ۲۶۴ھ/۸۷۸ء سے قبل سلطنت اسلامی میں شامل تھا، کسی کورے کا صدر مقام ھو (قب لیوی پرووانسال E. Lévi-Provençal : *Esp. Mus*، ۳ : ۵۱). الأندلس کے دوسرے دور افتادہ حصوں کی طرح اسلامی پرتگال کی تاریخ میں خصوصی انفرادیت کی بہت سی مثالیں ملتی ھیں - تیسری / نویں صدی میں عبدالرحمٰن بن مروان، جسے اکثر ابن الجِلّیقی (Galician = جلیقیہ والے کا بیٹا) کے نام سے یاد کیا جاتا ھے اور اس کے جانشینوں نے بَطَلْیوس سے بشدت لشکر کشی کر کے قرطبہ کو آزاد کرنے کی کوششیں کیں، جو جزوی طور پر کامیاب رھیں - اسی طرح کی کوششیں بنوبَکر نے اسی صدی میں شنتہ میریہ کے مقام پر کیں - اس سے خاصی مدت بعد مغرب میں ابن قَسِی کے زیر قیادت ایک جارحانہ مذھبی تحریک کا آغاز ھوا - ابن قَسِی نے ۵۳۹ھ/۱۱۴۴ء میں مارتَلہ میں بغاوت برپا کی، جو المرابطون کے زوال کا باعث بنی - ابن قَسِی شِلْب کا حکمران بن گیا اور صرف وہ اور اس کا ھم عصر ابن وَزیر ھی غالبًا وہ مسلمان حکمران ھیں جنھوں نے سر زمین پرتگال میں اپنے سکّے ضرب کرائے.

پرتگال میں مسلمانوں اور عیسائیوں کی کش مکش کے آخری دور کا ایک ممتاز واقعہ ۵۸۰ھ/۱۱۸۴ء میں ابویعقوب یوسف الموحّد کی سعی عظیم ھے، جو ناکام رھی - معلوم ھوتا ھے کہ الموحّد کے بیڑے کو الأشبونہ (لِزبن) کے سامنے ناکامی ھوئی اور شَنْتَرِین پر جو بڑا بری حملہ ھونا تھا اسے ترک کرنا پڑا - الموحّد کے عقب لشکر (= ساقہ) پر پرتگالیوں کے ایک حملے میں ابو یعقوب کے زخم آیا، جس کے باعث وہ اشبیلیہ کو واپس جاتے ھوے یابرہ Evora کے قریب وفات پا گیا.

پرتگال میں یہ زک عام توقعات کے بالکل خلاف تھی، کیونکہ اس وقت الموحّدین کی قوت و ناموری کا ستارہ بلندی پر تھا - ۱۱۸۹ء میں، یعنی جس سال شِلْب پر پہلی بار پرتگالیوں کا قبضہ ھوا ھے، اس شہر (شلب) کے بارے میں ایک نامعلوم الاسم صلیبی سورما (''نیورن کا نامعلوم الاسم'') کا یہ بیان ملتا

marfat.com
Marfat.com

ہے کہ یہ عیسائیوں کے شہر لِزْبَن سے کہیں زیادہ مستحکم اور اس سے دس گنا دولت مند تھا - ۶۰۹ھ/ ۱۲۱۲ء میں العقاب (Las Navas de Tolosa) کے مقام پر عیسائیوں کی فتح کے بعد، جس میں پرتگالی افواج نے حصّہ لیا تھا، اس طویل جنگ کا نتیجہ سامنے نظر آنے لگا - ۱۲۴۹ء میں شِلْب پر عیسائیوں کا حتمی طور پر قبضہ ہو گیا اور الغرب (Algarve) سے مسلمانوں کی حکومت اٹھ گئی، جو موجودہ پرتگال میں ان کا آخری مقبوضہ تھا - ایک اور لڑائی کے دوران میں، جو ۷۴۱ھ / ۱۳۴۰ء میں رود سلادو (Roi Salado) کے کنارے طَرِیْفہ Tarifa کے قریب ہوئی تھی، فاس کے حکمران ابوالحسن علی المَرِینی کے افریقی لشکر اور یوسف اوّل سلطان غرناطہ کی امدادی فوج کے مقابلے میں پرتگیز اپنے بادشاہ الفانسو چہارم والیِ پرتگال کے ماتحت اھل قشتالیہ (Castilians) سے جا ملے - ابن الخَطیب نے بیان کیا ہے کہ کس طرح اندلسیوں نے اپنے پہلے حملے میں پرتگالیوں کی صفیں الٹ دی تھیں، لیکن ان کی جواں مردی کام نہ آئی اور میدان ان کے ہاتھ سے نکل گیا (اعمال الأعلام، ص ۳۸۹) - اس کے بعد الاندلس کے مغرب میں اسلامی حکومت کے دوبارہ قیام کی تمام امیدیں منقطع ہو گئیں.

اسلامی پرتگال کے بڑے بڑے شہروں میں ادیبوں کی ایک خاصی بڑی تعداد پیدا ہوئی، جن کے نام عربی کی کتب سیر میں درج ھیں - معروف ترین مصنفوں میں یہ نام لیے جا سکتے ھیں : مؤرخ ابن بسّام، ابوالولید الباجی [رک بہ الباجی]، شاعر ابن عمّار جو المُعْتَمِد بن عبّاد کا دوست تھا اور ابن قَسِی، جس کا تذکرہ پہلے آ چکا ہے اور جو خَلْع النَّعلین فی التصوّف اور دوسری کتابوں کا مصنّف تھا.

دسویں صدی کے پرتگال کی بعض منازلِ راہ الأَصْطَخْری (BGA، ۱ تا ۴۶) اور ابن حَوْقَل (طبع Kramers، ۱ : ۱۱۶ تا ۱۱۷) نے دی ھیں.

**مآخذ** : (۱) کودیرا F. Codera : *Los Beni-meruán en Mérida y Badajoz = Noticias que referentes al Algarbe de Alandalûs en todo el siglo III de la hégira y principios del IV, o sea desde el 200 al 317 (815a 929 de J.C.) encontramos en los autores árabes*، در *Estudious criticos de Historia árabe española*، سلسلۂ دوم *Coleccion de Estudios) árabes*، میڈرڈ ۱۹۱۷ء، ۹ : ۱ تا ۴۷)؛ (۲) وھی مصنّف : *Decadenica y Desaparicion de los Almoravides en España (Coleccion de Estudios árabes)*، ۳، سرقسطہ ۱۸۹۹ء : ۲۹ تا ۵۲؛ (۳) D. Lopes : *Os Árabes nas Obras de Alexandre Herculano, Notas marginaes de Lingua e historia portuguesa*, Academia des Ciéncias de Lisboa, Boletim de Segunda Classe، ج ۳، ۴، لِزْبَن ۱۹۱۰ - ۱۹۱۱ء؛ (۴) وھی مصنّف : *A Batalha de Ourique e comentário leve a uma polémica*، در *Biblos*، ج ۳، شمارہ ۱۱ و ۱۲، قُلُمْریہ Coimtra ۱۹۲۷ء؛ (۵) José D. Garcia Domingues : *Historia Luso-Arabe, Episo-dios e figuras meridionais*، لِزْبَن ۱۹۴۵ء؛ (۶) Ambrosio Huici : *Los Almohades en Portugal*، در *Annais da Academia Portuguesa da Historia*، سلسلۂ دوم، ۷ : ۱۹ ببعد؛ (۷) R. Dozy : *L' expedition du Calife almohade Abou-Yacoub contre le Portugal*، در *Recherches*، بار سوم، ۲ : ۴۴۳ تا ۴۸۰؛ (۸) لیوی پرووانسال E. Lévi-Provençal : *Hist. Esp. mus.*، ج ۱ تا ۳، بمدد اشاریہ.

(D. M. Dunlop)

* **بَرْتَنگ** : رَکَ بہ بَدَخْشان.

* **بُرْج** : (جمع بُرُوج، اَبْراج اور اَبْرِجَة)، مستطیل یا مدوّر بلند عمارت، فصیل قلعہ سے ملی ہوئی یا الگ،

marfat.com
Marfat.com

جو دفاعی دمدمے یا بند قید خانے کا کام دیتی ہے.'

مخصوص معانی: فلک کے بارہ حصوں میں سے، جنہیں ''منازل الشمس'' سمجھا جاتا ہے، ہر حصے کا نام؛ مفصّلات میں تھوڑی بہت جنگی استحکامات کی عمارت، جو باغوں کے درمیان بنالی گئی ہو (المغرب الشرقی)؛ وہ اونچی عمارت جو روشنی سے جہازوں کی رہ نمائی کے کام آتی ہے - (''برج المنار'')، وہ بلند لاٹھ جو پرندوں کے اترنے اور بیٹھنے کے لیے بنائی جائے، خاص کر نامہ بر کبوتروں کے لیے (''برج الحمام''، دیکھیے J. Sauvaget: *La poste aux chevaux dans l'empire des Mamlouks*، پیرس ۱۹۴۱ء، عدد ۱۵۷)؛ پل کا تعمیر کیا ہوا پایہ، (موسیقی میں) ایک طرز، پھانک، بعض قدرتی قاش والے پھلوں (خربوزہ، سنترہ) کا چوتھائی حصّہ، غلے کی بال میں دانوں کی قطار.

تصغیر مؤنث کی شکل میں ''البُرَیْجَة''۔ مراکش والوں نے مزگن کا نام رکھ دیا تھا، جب تک وہ پرتگالیوں کے قبضے میں رہا.

اس لفظ کا تعلق یقیناً یونانی πύργος اور لاطینی burgus سے معلوم ہوتا ہے (اسی سے جرمن لفظ burg ہے) اور پھر عبرانی اور ارامی میں بھی داخل ہو گیا (دیکھیے Arm. : Fraenkel *Fremdwörter im Arab*، ص ۲۳۵) مگر اس کا اس طرح مستعار لیا جانا ضرور بہت قدیم زمانے میں ہوا ہوگا، کیونکہ یہ سبائی (Sabaean) کتبوں تک میں موجود ہے (دیکھیے لینڈبرگ De Landberg : *Glossaire Dathnois*، ۱ : ۱۴۸).

(G. S. COLIN)

• بُرج: (ع) عسکری فن تعمیر کی اصطلاح۔ مشرق وسطٰی کے اسلامی دور میں برجوں کی جو مختلف شکلیں — خصوصاً کتبوں میں — نظر آتی ہیں وہ در اصل ان قلعہ بندیوں کا اہم جزو تھیں جو [اسلامی] فتوحات کے بعد ان اسلامی ممالک میں حفاظتی اور مدافعتی ضرورتوں سے تعمیر ہوئیں۔ ان کی حقیقی اہمیت برابر باقی رہی تاآنکہ بھاری توپ خانے اور میدانی توپخانے میں وسعت و ترقی ہوئی اور اس کی وجہ سے عسکری تصورات میں بتدریج تبدیلیاں پیدا ہو گئیں۔ ان بلند اور بھاری بھرکم تعمیرات نے قرون وسطٰی میں حفاظتی نظام کی حیثیت سے شہروں اور قلعوں کی فصیلوں کی حفاظت کرنے میں، یا بعض اوقات محض دفاعی تعمیر کی حیثیت سے (یعنی بطور دیدبانی برج، اشارتی برج کے) اہم کردار ادا کیا ہے، مگر اس کی وجہ سے یہ فراموش نہ کر دینا چاہیے کہ متعدد ایسے برج بھی انہیں علاقوں میں موجود تھے جو اپنے مقاصد کے لحاظ سے صحیح معنوں میں عسکری نہ تھے، یعنی شیشے دار برج، جنہیں بعض اوقات عام تعمیر سمجھ کر نظر انداز کر دیا جاتا ہے - مساجد کے میناروں سے قطع نظر، جن کا ارتقا اپنے طور سے ہوتا رہا، ان میں اسلامی برجوں کے وہ پہلے نمونے شامل ہیں جو مشرق وسطٰی میں اموی رہائشی مکانوں کے کھنڈروں میں محفوظ ہیں اور جن کی بیرونی دیواروں کے ساتھ ساتھ آگے کو نکلے ہوے پشتے موجود ہیں (رک بہ فن تعمیر).

یہ قلعہ نما یا مستحکم احاطوں (حِیْن) کے برج، جو اکثر و بیشتر زیادہ بڑے نہیں ہوتے، متناسب فاصلوں پر بنائے جاتے ہیں، تاکہ سپاٹ روکاروں میں توازن (rhythm) پیدا ہو جائے اور دروازے اونچے ہو جائیں ۔ ان کی بنیادیں عموماً ٹھوس ہوتی ہیں، یا سطح زمین کے ساتھ ان میں ایسے استحکامات بنا دیے جاتے ہیں جن میں داخلہ آسان نہیں ہوتا (مدخلوں کو پردے کی دیواروں سے مسدود کر دیا جاتا تھا بلکہ وہ بعض اوقات خود سکونتی مکانوں میں کھلتے تھے)۔ اور بعض دفعہ ان سے جائے ضرور کا کام بھی لیا جاتا تھا - وہ عملاً

marfat.com
Marfat.com

بوزنطی اور رومی معسکروں کے دفاعی برجوں سے بہت مختلف ہوتے تھے، جو اس کے برعکس اس طرح بنائے جاتے تھے کہ سب منزلوں میں دالان یا حجرے ہوں اور قلعہ نشین سپاہی ان میں بآسانی داخل ہو سکیں تاکہ آخری وقت وہ انھیں کے اندر مورچہ بندی کر سکیں، بلکہ ان برجوں کو ان متعدد دمدموں کی ایک تطبیق دادہ شکل سمجھنا چاہیے جو مشرق اوسط میں صدیوں سے معروف تھے، یعنی ایک ایسی تطبیق دادہ شکل جو ساسانی ایران کے قلعہ نما برجوں میں سے، جو اپنی وضع قطع میں [بوزنطی] سرحدی چوکیوں سے کمتر مکمل تھے، ہمیشہ سے استعمال ہوتی رہی تھی۔ یہ برج عسکری صلاحیت سے بالکل معرّا نہ تھے، کیونکہ ان کے اوپر کے چبوتروں سے حملہ آوروں پر گولہ باری کی جا سکتی تھی، یا کم از کم کسی قلعے یا قصر کو آنے والے راستوں کی نگرانی کی جا سکتی تھی، نیز یہ ان اموی قلعوں سے بھی زیادہ مختلف نہ تھے جو اسی زمانے میں بوزنطی سرحد پر تعمیر ہوے تھے؛ تاہم وہ شاہی عمارتوں کا، خواہ وہ مذہبی نوعیت کی ہوں یا دنیوی، ایک جزو لاینفک بن گئے ۔ یہ برج ان کے منظر کے لیے باعث زیب و زینت تھے۔

تاہم اس طرز کے ان لوازم میں جو عظیم الشان اموی عمارتوں سے مخصوص تھے جلد ہی لچک پیدا ہو گئی ۔ واقعہ یہ ہے کہ دیواروں کو اس طرح مستحکم کرنے کا دستور جو ایسے موقعوں پر جب بڑی بڑی سطحوں کو جو باقاعدہ اینٹوں کے ردّوں سے بنائی گئی ہوں خوش آئند اثر پیدا کرتے ہوے یکسانیت سے بچانا مقصود ہو بالکل ختم نہیں ہوا، کیونکہ یہ ہمیں عباسی عہد کی ایک ایسی غیر عسکری عمارت، جیسی کہ سامرّا میں المتوکّل کی مسجد جامع، میں بھی دکھائی دیتا ہے، جس کی فصیل میں وقفوں کے بعد اینٹوں کے چوالیس نیم مدوّر برج بنائے گئے ہیں؛ لیکن یہ دستور، جزوی طور پر مستحکم سکونتی عمارتوں میں بالخصوص باقی رہا ۔ یہ روایت بعد ازاں رباطوں اور کاروان سراؤں میں جاری رہی اور اس کی دوسری صدی/آٹھویں صدی کے اختتام پر ایک بہت اچھی مثال عراق کے قصر اُخیضر میں مل سکتی ہے ۔ اس قصر میں متعدد نیم مدوّر برج ہیں (زاویوں کے برج ۱۰ء۵ میٹر، درمیانی برج ۳ء۱۵ میٹر قطر کے) ۔ ان میں سے ہر ایک میں اوپر کی طرف ایک چھوٹا سا آتشباری کا کمرہ ہے، جس میں داخلہ ایک مسقّف غلام گردش کے ذریعے ہوتا ہے ۔ اس میں روزن موجود ہیں اور ایک ایسی صنعت رکھی گئی ہے جس سے غلام گردش کی پوری لمبائی میں نیچے کو آتش باری کی جا سکتی ہے، جو فصیل میں مسلسل روزن سازی (machicolation) کے تقریباً مرادف ہے (دیکھیے Creswell : *A Short Account of Early Muslim Architecture*، در مآخذ)۔

اس طرح ہم دوبارہ ایسے بغلی برجوں سے دو چار ہوتے ہیں جنھیں قرونِ وسطٰی کے عرب استحکامات میں اپنی جگہ باقی رکھا گیا ہے ۔ یہ برج بوزنطی دفاعی استحکامات میں ایک کردار ادا کرتے رہے تھے اور ان سے پردے کی دیواروں کے ان حصّوں کی مزید حفاظت کا تیقّن ہو جاتا تھا جو ان کے پشتوں کے درمیان ہوں، خواہ ان کی شکل اور ضخامت کچھ بھی ہو (مربّع، کثیر الاضلاع، مدوّر) ۔ نئے [عرب] فاتحین نے اس اصول کو بغیر کسی طرح کی اصلاح کے نہ صرف باقی رکھا بلکہ زیادہ تر اس پر قناعت کی کہ جن شہروں کو مسخّر کیا تھا (مثلاً شام میں حلب اور دمشق اور بعد کے زمانے میں ایشیاے کوچک میں قیصری اور بالائی عراق میں آمد) ان کی قابل ذکر چاردیواریوں کی حفاظت کی جائے یا وقتی طور پر ان کی

Marfat.com


تجدید و مرمّت کر دی جائے - لیکن بہت سی عمارتیں ایسی بھی ہیں جن کے بارے میں، باوجود بافراط کتباتی شہادت کے، ابھی تک یہ یقین کرنا مشکل ہے کہ اصلی باقی ماندہ عمارت اور مسلم عہد کی متأخر تجدیدات میں کوئی حقیقی فرق ہے - ان سے اس عہد کے حد درجہ الجھے ہوے تاریخی حوادث کی عکاسی ہوتی ہے؛ تاہم ایک خطّے اور دوسرے خطّے میں واضح اختلاف عیاں ہیں اور ان صوبوں میں جو سب سے زیادہ دیر تک بوزنطی قبضے میں رہے قدیم تر عسکری فنِ تعمیر کی روایت زیادہ نمایاں طور پر باقی رہی اور سلجوقی یا اُرتقی تخلیقات کو اس میدان میں کوئی جدّت دکھانے کا موقع شاذ و نادر ہی ملا - ان کے برج، جنھیں ساخت اور آرائش کی محض چند جزئیات کی مدد سے پہچانا جا سکتا ہے، باقی نمونوں کے مماثل ہیں اور ان میں اسی قسم کے بالائی مسقف دریچے (Casemates) موجود ہیں؛ البتہ سطح زمین کے نشیب و فراز کے لحاظ سے اور ان ضرورتوں کے پیش نظر جو اس سے پیدا ہوتی ہیں ان میں مناسب ردّ و بدل کر دیا گیا ہے.

اس سے زیادہ دلچسپ فاطمی عہد کے وہ آثار ہیں جو شام اور مصر کی عمارتوں میں باقی ہیں - یہ ضرور ہے کہ ان میں بہت سا ایسا مسالا جمع ہے جسے دوبارہ استعمال کرنے کے بعد اُن زیادہ پیچیدہ نظاموں کا جزو بنا دیا گیا ہے جن کی وجہ سے ان کا مطالعہ دشوار ہو جاتا ہے - تاہم بصری کے رومی تھیئٹر میں، جسے ایک قلعے میں تبدیل کر دیا گیا ہے، ہمیں ایک ابتدائی دور تعمیر کی جھلک دکھائی دیتی ہے (کتباتِ مؤرخہ ۴۸۱ھ / ۱۰۸۹ء و ۵۴۱ھ/[-۱۱۴۶] ۱۱۴۷ء - اس میں بلند چبوتروں پر بنے ہوے برج فصیل کو سہارا دیتے ہیں، جس میں تیرکشوں کی دو قطاریں اور ایک گشتی راستہ (chemin de ronde) بنا ہوا ہے، نیز وہ برج بھی جو بہت اچھی حالت میں محفوظ ہیں اور قاہرہ کے دروازوں، یعنی باب النّصر، باب الفُتوح اور باب الزُّوَیلہ، کے ساتھ ساتھ بنائے گئے ہیں، بالکل اسلامی طرز کے ہیں - انھیں بدرالجمالی نے ۴۸۰ھ/ ۱۰۸۷ء تا ۴۸۵ھ / ۱۰۹۲ء میں بنوایا تھا اور وہ اس جدید احاطے (enceinte) سے ملحق ہیں جو اسی زمانے میں تعمیر ہوا تھا - ان عمارتوں میں، جو معمولی قد و قامت کی ہیں (بلندی تقریباً آٹھ میٹر)، بعض مستطیل اور بعض مدوّر ہیں، لیکن سب اپنی دو منزلوں تک ٹھوس ہیں - اوپر کی دو منزلوں میں دفاعی امکانات (سب سے اوپر ایک مسطّح چبوترہ جو ایک مربّع کمرے پر بنایا گیا ہے اور آتش باری کے لیے موزوں ہے اور جس کے اوپر ایک قبہ ہے اور تیرکش بھی ہیں) کے ساتھ نیچے کے حصّوں کا ٹھوس پن (متوازی ردّوں میں چنے ہوے پتھر، ستونوں کی قطاریں، جو پانی مرنے (sapping) کی صورت میں دیواروں کو گرجانے سے روکنے کے لیے آر پار بنائے گئے ہیں) اور ان سب میں معتدل قسم کی آرائش ہے - یہاں ہمیں سیدھے سادے طریقے پر اور معماروں کی طرف سے بغیر کسی جدّت کی تلاش کے اُن اصولوں کا استعمال نظر آتا ہے جو مشرقِ وسطٰی کے فوجی فنِ تعمیر میں اُس انقلاب تک برابر استعمال ہوتے رہے جو ایوبی عہد کی اصلاحات کی بدولت رونما ہوا.

اس زمانے میں فلسطین کی افرنجی سلطنتوں سے مستقل صورت جنگ اور ایوبی سلطنتوں کے اچانک ظہور کی بدولت مسلم معماروں کو جو تجربہ حاصل ہوا وہ بعض ایسی شاندار اور مستحکم عمارتوں کی تعمیر کا باعث بن گیا جن میں جدید گولہ اندازی کا (ballistic) اصول کار فرما تھا کیونکہ فلسطین میں ماہر مغربی مہندسوں نے خود اپنی روایات رائج

marfat.com
Marfat.com

کر دی تھیں ۔ ان متعدد عمارتوں میں جو ساتویں صدی / تیرھویں صدی کے آغاز میں الملک العادل (بالخصوص قاھرہ، بُصرٰی، دمشق اور کوہ طابور کے قلعے) اور الملک الظاھر (قلعۂ حلب اور شمالی شام کے دیگر قلعے) نے بنوانا شروع کیں برج بہت بڑی ضخامت کے بنائے گئے ۔ ان کا مصرف یہ تھا کہ قلعوں کے دفاعی حصّوں کو مضبوط کریں ۔ اس کا دوسرا فائدہ یہ تھا کہ اس کے ساتھ ھی وسیع ھوادار حجروں کے لیے جگہ میسر آ جائے جن میں سپاھیوں کی ایک بڑی تعداد مستقل طور پر رہ سکے اور سپاھیوں کو اس کا اطمینان ھو کہ وہ احاطے کی غلام گردشوں اور اندرونی مخزن (ذخیرۂ گولہ بارود) تک سرنگوں یا مسقّف زینوں کے ذریعے بآسانی پہنچ سکیں گے، نیز یہ بھی کہ اپنی دیواروں کی موٹائی اور اپنی تعمیری وضع قطع کی بنا پر (اس زمانے تک عمدہ تراشیدہ پتھر (ashlar) سے عمارت بنانا معمول بن



خاکہ ۱ ۔ دمشق کے قلعے میں ایوبی عہد کا بغلی برج (از J. Sauvaget).

چکا تھا) اس کمزوری کی تلافی کر دیں جو مستحکم حجروں اور گلیاروں (gangways) کی کثیر تعداد کی وجہ سے پیدا ھو سکتی تھی ۔ یہ بات مثال کے طور پر قلعۂ دمشق کے دو برجوں (سنۂ تعمیر ۶۰۶ھ/ ۱۲۰۹ - ۱۲۱۰ء) سے ظاھر ھوتی ھے جنھیں یہاں سیکشن میں دکھایا گیا ھے ۔ ان میں سے پہلا (خاکہ ۱)، غیر متناسب اور بڑے حجم کا پشتہ (مستطیل شکل کا، ۲۷ میٹر در ۱۳ میٹر، دیواریں ۳٫۴۰ میٹر موٹی، پردے کی دیوار سے آگے کو نکلا ھوا، جس کی بلندی ۲۰ میٹر تک پہنچتی ھے) جس میں تین مسقّف دالان ھیں جن تک آسانی سے پہنچ سکتے ھیں اور جن کی حفاظت پانچ تیر کشوں سے کی گئی ھے، جو گہرے مسقّف طاقوں میں سوراخ کر کے بنائے گئے ھیں؛ برج کا جھروکا سطح صحن سے اٹھارہ میٹر بلند ھے اور اس کے گرد ایک گشتی راستہ ھے، اس کے زیرین دالانوں میں یہ راستہ چار سوراخدار چوبی دیواروں (machicolated brattices) تک جاتا ھے اور اس کے اوپر ایک کٹاؤ دار منڈیر ھے، جس کے کنگروں میں تیر اندازی کے پندرہ سوراخ ھیں ۔ تعمیر کی تکمیل دیواروں پر غیر مجلا




خاکہ ۲ ۔ دمشق کے قلعے میں ایوبی عہد کا مرکزی دمدمہ (donjon) (از J. Sauvaget).

marfat.com
Marfat.com

لکڑی لگا کر کی گئی ہے، جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ عام نقشے میں بالائی حصوں کو کس قدر اہمیت دی جاتی تھی۔ دوسرا برج (خاکہ ۲) جو درست طور پر ایک بڑا برج (donjon) کہلانے کا مستحق ہے، یہ مقدم الذکر برج سے محض اپنی تقریبًا مربّع شکل (۲۱ میٹر در ۲۳ میٹر) اور ایک بڑے مرکزی ستون کی موجودگی کی وجہ سے ممتاز ہے، جو اتنا ضخیم ہے کہ اس کے سبب سے اوپر کے کھنڈر میں ایک چھوٹا سا کمرہ بنایا جا سکا ہے۔ ان بڑے بڑے مستطیل دمدموں (bastions) کے ساتھ، جن میں کبھی کبھی، جیسے کہ بُصری کے بڑے برج (donjon) میں بارگاہیں (reception chambers) بھی نظر آتی ہیں، اُن کمتر مستحکم پشتہ‌دار برجوں کا بھی اضافہ کیا جا سکتا ہے جن پر سے قلعے کا گشتی راستہ بغیر کسی رکاوٹ کے دیکھا جا سکتا تھا، نیز ان ڈاک (برید) کے برجوں کا جن کا مقصد بنیادی طور پر دیکھ بھال کرنا تھا۔

اس کے بعد مملوکی عہد میں، جہاں شروع زمانے میں حملے یا دفاع کے ذرائع میں کچھ جدّتیں نمایاں نہیں ہیں، محض اس پر قناعت کی گئی کہ شام کے فوجی فنِ تعمیر کے اس شاندار زمانۂ عروج کو جاری رکھا جائے۔ برجوں میں بتدریج تبدیلی کے آثار نمایاں ہونے لگے اور ان میں ایوبی عہد کے زبردست ردّوں اور بھدّے ابھرے ہوئے نقش و نگار کی جگہ چھوٹے اور چکنے پتھر استعمال کیے جانے لگے اور محض کاریگری کے بل پر مختلف طرح کے کئی اسلوبوں کی نمائش شروع ہو گئی۔ پوری عمارت کو نفیس اور نازک منبّت کاری سے آراستہ کیا جانے لگا اور اسی طرح غیر ضروری رنگا رنگ کی گلکاریوں سے۔ لیکن ایک اہم اور قابل توجہ عمارت کا ذکر ضروری ہے، یعنی طرابلس کے برجُ السّباع (شیروں کا برج) کا۔ یہ ایک بڑا طویل و عریض ساحلی قلعہ ہے (۲۸۰۵۰ در ۲۰۰۵۰ میٹر) جو دیکھنے میں بہت شاندار ہے، اس لیے کہ اس کا طول و عرض بہت مناسب ہے اور اس میں زیبائش بہت سوچ سمجھ کر کی گئی ہے، جو اس کی اندرونی پیچیدہ عمارت کے بالکل مطابق ہے۔ اس قسم کی عمارت میں دفاعی تقاضوں کی وجہ سے جو اختلافات پیدا ہوتے ہیں ان کا اوپر کے دو بڑے دالانوں میں پورا خیال رکھا گیا ہے (آتشباری کے متعدد مچان، ایسے انتظامات جن سے زیریں اور بالائی منزلوں کے دروازوں کی حفاظت کا اطمینان ہو جائے) اور سکونتی کمروں (حوض، مسجد اور ان کھڑکیوں کا شمول، جن سے بالائی حصّوں میں روشنی



خاکہ ۳ ۔ طرابلس کے ایک مملوکی برج کا سیکشن طول میں (از J. Sauvaget).

آتی ہے) (خاکہ ۳)۔ اس اسلوب کو نویں / پندرھویں صدی کے آخر کا قرار دیا جا سکتا ہے، اور اسی زمانے میں سلطان قایتبای نے حلب کے قلعے میں ایک پر شکوہ قلعہ بندی الملک الکامل کے برجوں کی جگہ کروائی۔ اسی زمانے میں توپوں کے لیے ان مونہوں (embrasures) اور بھاری توپوں کے لیے ان مسطح چبوتروں (terrepleins) کا بھی ظہور ہوا جس سے

marfat.com
Marfat.com

اس بے‌سود کوشش کی نشاندہی ہوتی ہے کہ برج کو جنگ و جدال کے ان حالات کے مطابق بنایا جائے جو آئندہ چل کر اس کے بعجلت غائب ہو جانے کا سبب بننے کو تھے۔

بہر حال اسی اثنا میں عثمانیوں کے ہاں عسکری فن تعمیر کا ایک ایسا تصور پیدا ہوا جس کا اسلوب اگرچہ کسی حد تک مختلف عناصر کا مرکب تھا تاہم بعض تعمیری جزئیات کے اعتبار سے اس پر مغربی اثرات نمایاں تھے - اسی اسلوب تعمیر کی مدد سے ترکوں نے باسفورس کی گزرگاہ پر اپنا تسلّط اور قسطنطینیہ پر اپنا قبضہ برقرار رکھنے کے لیے اس طرز کے آخری قلعے تعمیر کیے جن میں توپوں کے استعمال کو مدنظر رکھتے ہوے قرونِ وسطی کے اصولِ دفاع سے کام لیا - اناطولی حصاری [رک بآن] (جو ۷۹۳ھ / ۱۳۹۰ - ۱۳۹۱ء میں بننا شروع ہوا) اور روم ایلی حصاری [رک بآں] (سنہ تعمیر ۸۵۶ھ/۱۴۵۲ء) (ان کے ساتھ یدی قُلہ کو بھی شامل کیا جا سکتا ہے جسے سلطان محمد فاتح نے اس کے ذرا بعد اپنے دارالسلطنت استانبول کے حدود (enccinte) میں تعمیر کرایا تھا) کے قلعوں کے برجوں کی خاص صفت یہ ہے کہ ان سب کا نظامِ دفاع مکمل ہے - یہ غرض روم ایلی حصاری میں ایک عظیم الشان پیمانے پر پوری کی گئی ہے (تینوں بڑے برجوں (donjons) کا قطر ۲۳٫۸۰ میٹر سے لے کر ۲۶٫۷۰ میٹر تک، دیواروں کی موٹائی ۵ سے لے کر ۷ میٹر تک کے درمیان)، نیز بعض اور خصائص کا اضافہ کیا گیا، جیسے کھوکھلے اسطوانہ نما اندرونی حصے، جو کڑیوں (joists) کے ذریعے متعدد منزلوں میں تقسیم کر دیے گئے ہیں، مدوّر گشتی راستہ جو اوپر کی سطح پر ایک استوانے (drum) کو گھیرے ہوے ہے، جس کی چھت نوکدار شکل (conical) کی ہے، جن سے پیرا (Pera) میں واقع جنوئی (Genoan) احاطے کے بغلی برجوں کی نقل کا اظہار ہوتا ہے۔

**مآخذ**: (۱) K. A. C. Cresswell: *Fortification in Islam before A. D. 1250*، در *Proceeding of the British Academy*، ۱۹۵۲ء، ص ۸۹ تا ۱۲۵؛ (۲) وہی مصنف: *Early Muslim Architecture*، دو جلد، آوکسفرڈ ۱۹۳۲ تا ۱۹۴۰ء، خلاصہ مع ترمیمات، در *A short account of Early Muslim Architecutre* (Penguin Books) ۱۹۵۸ء؛ (۳) وہی مصنف: *Muslim Architecture of Egypt*، ج ۱، آوکسفرڈ ۱۹۵۲ء، ج ۲ [۱۱۷۱ تا ۱۳۲۶]، آوکسفرڈ ۱۹۵۹ء؛ (۴) وہی مصنف: *Archaeological Researches at the citadel of Cairo*، در *BIFAO*، ۲۳ (۱۹۲۴ء): ۸۹ تا ۱۶۷؛ (۵) H. Stern: *Notes sur l'architectuere des châteaux omeyyades*، در *Ars Islamica*، ۱۱ تا ۱۲ (۱۹۴۰ء): ۷۲ تا ۹۷؛ (۶) E. Fatio و M. van Berchem: *Voyage en Syrie*، دو جلد، قاہرہ ۱۹۱۴-۱۹۱۵ء، بمدد اشاریہ، بذیل مادّہ Tour؛ (۷) A. Abel: *La citadelle eyyubite de Bosra, Eski Cham*، در *Ann. Arch. de Syrie*، ۶ (۱۹۵۶ء): ۹۵ تا ۱۳۸؛ (۸) J. Sauvaget: *La citadelle de Damas*، در *Syria* (۱۹۳۰ء)، ص ۵۹ تا ۹۰ و ۲۱۶ تا ۲۴۱؛ (۹) وہی مصنف: *Notes sur des défenses de la Marine de Tripoli*، در *Bull. du Musée de Beyrouth*، ۲ (۱۹۳۸ء): ۱ تا ۲۵؛ (۱۰) A. Gabriel: *Châteaux turcs du Bosphore*، پیرس ۱۹۴۳ء؛ [(۱۱) البستانی، بذیل مادّہ]۔

(J. SOURDEL-THOMINE)

### ۲ - فوجی فن تعمیر شمال مغربی افریقہ کے مسلم ممالک میں

(۱) پس منظر: ممالک شمال مغربی افریقہ کے مسلمانوں نے بربری اور اندلس میں قلعہ بندی کی ایک ایسی روایت پائی جو سابق رومی

Marfat.com

سلطنت کے زمانے تک اور تونس میں جسٹینین Justinian کے ہاتھوں بوزنطیوں کے دوبارہ قبضے تک جاتی تھی ۔ سابق رومی سلطنت کے قلعے بڑی تعداد میں تھے اگرچہ ان کے خطوط سیدھے سادے تھے اور جیسے رومی خمیہ گاہوں کا کوئی نقشہ نہیں ہوتا تھا ان کا بھی کوئی باقاعدہ نقشہ نہ تھا ، ان بہت چھوٹی چھوٹی گڑھیوں (castella) کے سوا جو میدانوں میں واقع تھیں ۔ انہیں زیادہ تر اس رقبے کی ہیئت کے مطابق بنایا جاتا تھا جس کی انہیں حفاظت کرنا مقصود ہوتی تھی اور اسی طرح زمین کے نشیب و فراز کو بھی مدّ نظر رکھنا پڑتا تھا ۔ عمارتیں اگر دوبارہ استعمال شدہ مسالے کی بنی ہوتیں تو ان میں ایک ٹھوس اندرونی حصہ ہوتا تھا، جس کے دونوں طرف شکستہ پتھروں (rubble) کی روکاریں ہوتی تھیں، جنھیں بعض اوقات اینٹوں کی چنائی سے ہموار کر دیا جاتا تھا ۔ پردے کی دیواریں بعض دفعہ دس میٹر تک بلند ہوتی تھیں اور ان کے اوپر کنگرہ دار منڈیریں بنائی جاتی تھیں ۔ ان کی موٹائی بھی خاصی ہوتی تھی، یعنی اوسطاً تین میٹر ۔ برج جو ایک دوسرے سے ایک تیر پرتاب (تخمیناً بیس میٹر) کے فاصلے پر ہوتے تھے پردے کی دیواروں کے لیے پشتوں کا کام دیتے تھے ۔ یہ عموماً نیم مدوّر شکل کے ہوتے تھے (قطر پانچ یا چھے میٹر) اور کمتر مربّع یا مستطیل شکل کے ۔ یہ زیادہ تر فصیلوں کی بیرونی جانب بنائے جاتے تھے ۔ کونوں کے برج اکثر بڑے بڑے دمدمے ہوتے تھے جن کی بنیاد ٹھوس ہوتی تھی، اور ان میں کم از کم ایک دفاعی دالان ہوتا تھا ۔ یہ پردے کی دیواروں سے ایک منزل بلند تر ہوتے تھے ۔

دروازوں میں سے احاطے کے اندر داخلہ ایک سیدھے راستے سے ہوتا تھا، جس کا ایک حصہ دو مسقف کمروں کے درمیان کھلا ہوتا تھا؛ اس سے یہ ممکن ہو جاتا تھا کہ کسی بھی غنیم کو، جو زبردستی عمارت کے اندر گھس آیا ہو، مغلوب کر لیا جائے ۔ ان کے پہلوؤں میں برج ہوتے تھے، جن میں کئی دفاعی منزلیں ہوتی تھیں ۔ خود مدخل کا ٹھوس حصہ فصیلوں کی اندر کی جانب کھلتا تھا ۔ شہروں کے دروازے بعض اوقات رومی سلطنت کی تعمیری ساخت کے مطابق بنائے جاتے تھے، جن میں دو یا تین راستے ہوتے تھے ۔

جسٹینین Justinian کی فتح کے بعد ہسپانیہ کے بحرِ متوسّط کے صوبوں میں کسی طرح کی قلعہ بندیوں کا ہمیں کوئی علم نہیں، لیکن افریقہ کی بوزنطی قلعہ‌بندیوں کے بارے میں ہمیں بہت کچھ معلوم ہے ۔ میدانی قلعوں یا گڑھیوں کے نقشے بہت باقاعدہ شکل کے ہیں ۔ وہ صرف مربع برج ہیں، جو پردے کی دیوار کے باہر اور نمایاں طور پر آگے کو نکلے ہوئے ہوتے ہیں ۔ بنیاد کے قریب یہ ہمیشہ ٹھوس ہوتے ہیں، عمارت پتھر کی ہوتی ہے اور اینٹوں کا کوئی مزید کام نہیں ہوتا ۔ جب قدیم‌تر مسالے سے دوبارہ کام نہیں لیا جاتا تو زیادہ تر چنائی میں شکستہ پتھر استعمال ہوتا ہے، جسے نرم ریتیلے پتھر (freestone) کے پیچ در پیچ ردّوں سے مضبوط کیا جاتا ہے ۔ پردہ تیسری/نویں اور چوتھی/دسویں صدی کے پردوں کے مقابلے میں کم موٹا ہوتا ہے، ایک گشتی راستہ اور کنگرہ‌دار منڈیر ہوتی ہے اور اس راستے کے ذریعے برج کے دفاعی دالانوں میں داخل ہو سکتے ہیں ۔ دروازہ محض ایک سادے راستے اور سیدھے برآمدے پر مشتمل ہوتا ہے ۔ ان سب میں ہمیں محض سابق رومی سلطنت کے طریقوں کی بقا اور اکثر ان کی اصلاح بھی نظر آتی ہے ۔

۲ ۔ افریقیہ کی قلعہ بندی تیسری/نویں

marfat.com
Marfat.com

سے چھٹی / بارھویں صدی تک اور اس کے سلسلے

اغلبی قلعے: اغلبی قلعہ بندی کے نمونے بعض وسیع، پیچیدہ اور مختلف الاجزاء عمارتوں میں ملتے ہیں، یعنی سوسہ اور سفاقس Sfax کی حدود میں، جو تیسری صدی / نویں صدی میں تعمیر ہوئے تھے، یعنی غیر مصفًا یا معمولی طریقے سے مصفًا شکستہ پتھروں کی فصیلیں، جن کے گوشوں میں پیچ در پیچ ردّے ہیں اور جن کے کھانچے (toothing) ریتیلے پتھر (freestone) سے بنائے گئے ہیں - پردے کے پہلوؤں میں لمبوترے برج ہیں، جو استثنائی طور پر گاؤدم شکل میں ڈھلوان بنائے گئے ہیں اور پردے کی دیوار سے ایک منزل اونچے ہیں - سوسہ میں گشتی راستے کو بعض جگہ چند گہری محرابوں پر سے گذارا گیا ہے - بعض چھوٹے رباط بوزنطی قلعوں سے بہت ملتے جلتے ہیں.

ان مقامی روایتوں کے ساتھ بعض مغربی اثرات کی آمیزش بھی ہو گئی تھی، خصوصًا سوسہ کے رباط اور مناستر کے قدیم رباط میں - ان کے مستطیل احاطوں کے گوشوں اور ہر پہلو کے وسط میں بغلی دمدمے بنے ہوئے ہیں، جو تقریبًا سب کے سب نیم مدوّر ہیں - ان کے اندر چار دیواری کے ساتھ ساتھ چند عمارتیں ہیں اور بڑا صحن [آمد و رفت کے لیے] کھلا ہے، یہاں شام کے اموی قلعوں کا اثر نظر آتا ہے - بعض برجوں کی اہرام نما وضع سے، جو اسی زمانے کے میناروں کی زیریں منازل کی نقل ہے، مصری اثر ظاہر ہوتا ہے.

ممکن ہے کہ بعض بعجلت تعمیر شدہ قلعہ بندیوں میں گارا (pisé) استعمال کیا گیا ہو - القیروان کی فصیلوں اور العباسیہ اور الرّقادہ کے سرکاری شہروں میں اغلب ہے کہ پتھر کی جگہ کچی اور پکی اینٹیں استعمال کی گئی ہوں - صحرائی ملکوں کی قدیم روایتوں نے عراق اور ایران سے آنے والے دیگر مشرقی اثرات کا راستہ صاف کر دیا - یہ تمام اغلبی قلعہ‌بندی مقامی روایت کا، جو ابھی تک غالب تھی، اور مشرق سے درآمدہ روایتوں کا ایک خوشنما اور جاندار امتزاج ہے.

فاطمی اور صنہاجی خاندانوں کے عہد کی قلعہ بندی: آشیر کی فصیلیں اور بنو حمّاد کا قلعہ شکستہ پتھروں کا بنا ہوا ہے - ان دونوں میں سابقہ عہد کی قلعہ‌بندی کا اسلوب باقی ہے (پہاڑی علاقے میں بغلی برج کم نظر آتے ہیں) - آشیر میں [بنو] زیری کا محل ایک مستطیل احاطے کے اندر ہے، اس کے پہلوؤں میں باقاعدہ وقفوں کے بعد لمبوترے برج ہیں اور ایک اندرونی صحن ہے. لیکن جو عمارتیں خود فاطمی خلفا کی تعمیر کردہ ہیں ان میں بعض جدّتیں پیدا کر دی گئی ہیں - المہدیّہ کی بیرونی دیوار شکستہ پتھروں کی بنی ہوئی ہے اور اس کے پہلوؤں میں مضبوط برج ہیں، جن میں سے کم از کم ایک بلند طاقوں سے مزیّن ہے، جن سے بعد ازاں قلعۂ بنو حمّاد کے مینار کی آرائش میں بھی کام لیا گیا، کیونکہ استرکاری کا نیا فن، جیسے شہری عمارتوں میں بڑی کامیابی سے استعمال کیا گیا تھا، اکثر قلعوں میں بھی منتقل کر دیا جاتا تھا - اس اکیلے شہری دروازے کے اوپر جو محفوظ رہ گیا ہے ایک مضبوط اور بلند عمارت ہے، اس کے بیرونی رخ کے ادھر اُدھر دو ڈھلواں برج ہیں اور دروازے کے محرابی راستے سے ایک لمبے مسقّف برآمدے کو راستہ جاتا ہے، جیسے شہتیروں (tie-beams) سے مستحکم و محفوظ کیا گیا ہے اور جسے گزشتہ زمانے میں لوہے کے خاردار اور تہہ ہو جانے والے دروازوں سے بند کر دیا جاتا تھا - وہ دروازے جو رومی یا بوزنطی روایت کے مطابق بنائے گئے تھے کبھی اتنے مضبوط نہ تھے جتنا کہ یہ دروازہ.

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ فاطمی تعمیرات میں

marfat.com
Marfat.com

ایک نئے فوجی فن عمارت کے جراثیم موجود تھے، لیکن اپنے نئے شہروں کے سوا، جو قدیم تہذیبی مرکزوں سے کچھ فاصلے پر واقع تھے، بنو صنہاجہ نے شاذ و نادر ھی کوئی بڑی اور مستحکم عمارت تعمیر کی۔

اس طرح فاطمی اور صنہاجی خاندانوں کے عہد میں مشرقی اثرات، جو بظاھر خلفا کے خود اپنے علاقوں میں زیادہ نمایاں تھے، مقامی روایتوں اور بنواغلب سے مستعار لیے ھوے اصولوں کی جگہ لینے میں ناکام رھے۔

۳ - اندلس کی قلعہ‌بندی اور افریقہ میں اس کی توسیع

(۱) تیسری/نویں صدی: اندلس میں اسلامی قلعہ‌بندی کی ابتدا تیسری صدی ھجری/نویں صدی عیسوی کے وسط سے پہلے نہیں مانی گئی، یعنی عبدالرحمٰن ثانی کی خانقاہ (Conventual) سے پہلے، جو ماردہ Merida میں تعمیر ھوئی - یہ قصر، جو وادیانہ (Guadiana) کے پل کی حفاظت کرتا ھے، تقریباً مستطیل شکل کا ھے - پردے کی دیواروں کے پہلوؤں میں لمبوترے برج ھیں، جو ان سے زیادہ آگے کو نکلے ھوے نہیں ھیں اور بہت قریب قریب بنے ھیں - معمار کے ذھن میں بلاشبہہ وہ مقابل قلعہ (Counterfort) برج تھے جو جامع قرطبہ کی دیواروں کے ساتھ ساتھ تھوڑے تھوڑے فاصلے پر بنے ھوے ھیں - دروازے میں ایک نعل آسا (horse shoe) محراب نظر آتی ھے (جس کی اندرونی یا نیچے کی (intradosial) قوس نیم دائرے سے زیادہ ھے) - اس قسم کی محراب اموی فن تعمیر میں بھی اتنی ھی ھر دل‌عزیز تھی جتنی وزی‌قوطی (Visigothic) فن میں - دروازے کی محراب کے نیچے کے حصے (spring-ing) کو چوکور بغلی ستون (pilasters) سہارا دیے ھوے ھیں اور دروازے کے کواڑوں کی چولوں کی بھی حفاظت کرتے ھیں - عمارت ریتیلے پتھر (free stone) سے بنائی گئی ھے، جیسے وزی‌قوطی فن تعمیر میں ترجیحاً استعمال کیا جاتا تھا اور جیسے اموی فن کے ابتدائی دور میں بھی اسی پابندی سے استعمال کیا جاتا رھا، لیکن قصہ یہ ھے کہ نئی عمارتوں میں پرانی عمارتوں کے استعمال شدہ پتھر لگا لیے جاتے تھے اور اس کی وجہ سے تھڑی اور پٹ چنائی کا انداز بدل جاتا تھا اور ترتیب بھی اس قاعدے کے مطابق نہ ھوتی تھی جس سے قرطبی معمار مانوس تھے۔

(۲) چوتھی/دسویں صدی: خلافت قرطبہ کے تحت فوجی فن تعمیر، بلکہ ھر نوع کا یادگاری فن تعمیر، بڑی تیزی سے ترقی کرنے لگا - جو نقشے اختیار کیے جاتے وہ بہت سی مختلف شکلوں کے ھوتے تھے - پہاڑی علاقے میں صحنوں کو سطح زمین کی بےقاعدگی کے مطابق بنایا جاتا تھا، بحالیکہ میدانوں میں ان کے اندر ھندسی باقاعدگی کا جو نسبۃً چھوٹی عمارتوں میں بالکل مکمل ھو جاتی ھے رجحان پایا جاتا تھا، برج لمبوترے یا بہت شاذ طور پر کثیر الاضلاع، ماردہ کے برجوں کی نسبت زیادہ نمایاں طور پر آگے کو نکلے ھوے ھیں اور ان کا درمیانی فاصلہ بھی زیادہ ھے - صحن کبھی دہرا نہیں ھوتا اور اس میں کوئی مستحکم مرکزی عمارت (keep) نہیں ھوتی بلکہ اندرونی حصے میں کوئی بھی عمارت نہیں بنائی جاتی۔

دروازہ ایک تنگ راستے (passage) میں کھلتا ھے - زیادہ بڑی عمارتوں میں یہ دو برجوں کے درمیان کھلتا ھے اور نسبۃً چھوٹے قلعوں میں اسے دو دمدموں سے محفوظ کر دیا جاتا ھے - پردے کی دیوار مختلف بلندی کی ھوتی ھے یعنی سات سے دس میٹر تک - اس کے ساتھ ایک گشتی راستہ ھوتا ھے اور اس کی بیرونی منڈیر کے اوپر، جیسے کہ خود برجوں کے اوپر، اھرام نما [مخروطی] کنگرے

marfat.com
Marfat.com

(merions) بنے ہوتے ہیں - کنگروں کی یہ شکل، جو ان سے مختلف ہے جو مشرقِ اوسط اور افریقیہ میں بنائے جاتے تھے، بظاہر بوزنطی سلطنت کے کے سوراخدار گشتی راستوں کے نمونے کی ہے، جن کے اوپر کے حصّے مخروطی شکل کے ہوتے تھے.

پتھر کے کھڑے اور پٹ رڈّے، جو باقاعدگی سے چنے جاتے ہیں اور اس خاندان کے بڑے بڑے یادگاری آثار میں اپنی بہترین شکل میں موجود ہیں، سب سے زیادہ پر تکلّف قطعوں میں پائے جاتے ہیں، لیکن معمولاً کوئی زیادہ سستا مسالا استعمال کیا جاتا ہے، یعنی کنکر ملی ہوئی مٹی اور چونے کا کنکریٹ، جسے ملا کر سخت کر لیا جاتا ہے - اس مسالے کی ابتدا بہت قدیم آئبیری دور کی ہے اور بلاشبہہ یہ صوبائی اور عوامی عمارتوں میں برابر استعمال ہوتا رہا ہے - پہاڑی علاقوں کے بعض قلعوں میں شکستہ پتھروں کا استعمال بھی نظر آتا ہے، نیز اکثر تراشیدہ پتھر بھی، تناسب، میں کنکریٹ کے ساتھ، جسے سانچوں میں ڈھال لیا جاتا تھا، استعمال کیے گئے ہیں.

تمام اموی عمارتوں کی کامیابی کا راز ان کی سادگی کے ساتھ ساتھ ان کے تناسب کی صحت میں، جو اکثر ایک قلعے اور دوسرے قلعے میں بہت مختلف ہو سکتا ہے، نیز ان کے اجسام (masses) کے خوش آئند توازن میں مضمر ہے - عسکری فن تعمیر میں جو روح کارفرما ہے وہ وہی ہے جو دورِ خلافت کے سارے فن تعمیر میں جلوہ گر ہے، یعنی جدّت بلا کسی مستثنٰی خصوصیت کے اور بے عیب توازن کا دوگانہ خیال.

(۳) اندلس میں پانچویں / گیارھویں صدی سے لے کر ساتویں / تیرھویں صدی تک: ملوک الطوائف کے دور، یعنی پانچویں / گیارھویں صدی میں محل نما قلعوں کا ظہور دیکھنے میں آتا ہے، جن میں ابتدائی نوعیت کی ایک مختصر سی عمارت میں فصیلوں کے ساتھ ساتھ متعدد کمرے بنائے جاتے تھے - اس قسم کا منفرد محل یا قصر شاید سابق دور میں بھی موجود تھا - جب ہم کوئی Mudejar قصر، جیسے کہ Santa Maria del Puerto کا، جس میں سوسی رِباط کے خطوط کا تتبع کیا گیا ہے (جو خود شامی اموی نمونوں کے تھے)، دیکھتے ہیں تو یہ خیال کرنے کا لالچ پیدا ہوتا ہے کہ اس قصر کا مورثِ اعلٰی خود ہسپانیہ میں رہا ہوگا اور یقیناً اس کی ابتدا [اموی] خاندان کے بانی سے ہوئی ہوگی، جس کی کوشش یہ تھی کہ اندلس میں کسی حد تک اپنے گم گشتہ وطن کا سا ماحول پیدا کر دے - قصر الرُّصافہ میں، جس میں اس کے آبا و اجداد کے ایک محل کا نام محفوظ ہے، واقعی وہی نقشہ پھر بنا لیا گیا جو دمشق کے خلفا کے دیہاتی محلوں میں پایا جاتا تھا.

مرسیہ Murcia کے محل Castillejo کے باہر باقاعدہ مستطیل شکل کا ایک قلعہ ہے، جس میں پاس پاس برج بنے ہیں لیکن فصیلوں اور صحن (patio) کے درمیان کی پوری جگہ میں سکونتی مکانات ہیں اور برجوں کے خالی حصّوں کے سب سے بڑے کمروں کو بیچ میں سے تقسیم کرنے کا کام لیا گیا ہے؛ بجائے صحن کے دھنسی ہوئی کیاریوں (parterres) کا باغ ہے، جس میں ایک دوسری کو قطع کرتی ہوئی روشیں بنائی گئی ہیں.

اس کے برعکس شہروں یا بڑے بڑے قلعوں کی فصیلوں میں اب ہندسی باقاعدگی کا وہ رجحان نہیں رہا جو اموی خلافت کے زمانے میں تھا - ان کے پہلوؤں میں بعض اوقات اب بھی تنگ اور قریب قریب بنے ہوئے برج پائے جاتے ہیں - لیکن زیادہ تر عمارتوں میں دمدمے زیادہ بڑی ضخامت کے ہوتے ہیں اور وہ ایک طرف تو ایک کم و بیش

marfat.com
Marfat.com

فاصلے کی حفاظت کرتے ہیں اور دوسری طرف خطِ عمارت (trace) کی بے قاعدگیوں کی اصلاح یا فصیلوں کے کمزور تر حصوں کو مضبوط کرتے ہیں ۔ بعض دفعہ ان میں دہری فصیل بھی ہوتی ہے، یعنی ایک اندرونی اور ایک بیرونی دیوار، اور زیادہ کمزور حصّوں کو دمدموں کے ذریعے تقویت بھی دی جا سکتی ہے ۔ ''قصبہ''، جو شہر کے اندرونی قلعے (acropolis) کا کام دیتا ہے اور جس کے اندر شاہی محل واقع ہوتا ہے، اپنا جداگانہ اکہرا یا دہرا صحن رکھتا ہے ۔

اس زمانے میں وہ دمدمہ بھی معرض وجود میں آیا جس کے اوپر محرابی چھت کے کمرے ہوتے تھے ۔ یہ مستحکم عمارتیں خود احاطے کے گرد مرتّب کی جاتی ہیں نہ کہ بطور بڑے برجوں (donjons) یا مستحکم مرکزی عمارتوں (keeps) کے ۔ اسی عہد میں مسلم اندلس میں ایک نئی شکل نظر آتی ہے، یعنی البرّانہ برج، جو پردے کی دیوار سے باہر کو نکلا ہوا اور اس سے ایک اَور دیوار کے ذریعے ملا ہوا ہوتا ہے، جس کے آر پار ایک محرابدار راستہ چلا جاتا ہے، مسقّف دمدمے اور البرّانہ، جن سے بہت اچھی حفاظت ہوتی ہے، مجتمع بھی ہو سکتے ہیں.

دروازے میں، جو بعض اوقات دو برجوں کے درمیان کھلتا ہے اور بعض دفعہ کسی یک لخت آگے کو نکلے ہوے دمدمے کے زیر سایہ، ہمیشہ ایک زاویہ دار راستہ ہوتا ہے، مدخل اور مخرج پر دو محرابیں ہوتی ہیں، جن کا زیرین حصّہ مربع بغلی ستونوں (pilasters) پر قائم ہوتا ہے اور جو کواڑوں کے کھلنے اور بند ہونے کی جگہ کو گھیرے ہوتی ہیں ۔ اوپر نیچے جانے والا آہنی دروازہ (portcullis) نہیں پایا جاتا.

ریتیلے پتھر (freestone) کا استعمال بیش از بیش ضروری ہوتا جاتا ہے ۔ یہ دروازے کے سوا، اور بعض اوقات بیچ در بیچ ردّوں میں تراشیدہ پتھر اور کنکریٹ کے ساتھ ساتھ استعمال ہوتا ہے ۔ مؤخرالذکر مسالا تقریبًا ہمیشہ زیادہ مقدار میں نظر آتا ہے ۔

اس طرح شاید ضرورۃً ـــ کیونکہ مسیحی دباؤ روز بروز بڑھتا جا رہا تھا اور عیسائیوں نے اپنی فتوحات کا دائرہ وسیع کر لیا تھا ـــ اندلس کی اسلامی قلعہ بندی نے پانچویں / گیارھویں اور چھٹی / بارھویں صدی میں بہت ترقی کی.

(۴) پانچویں / گیارھویں صدی سے ساتویں/تیرھویں صدی تک افریقہ میں : اسی نوع کی اندلسی قلعہ بندی چھٹی/بارھویں صدی کے آغاز میں المرابطون اور الموحّدون (جن کے زیر نگین اندلس بھی تھا) کی افریقی سلطنت میں پھیلنا شروع ہوگئی۔ ابتدائی المرابطی قلعے شکستہ پتھروں کے ہیں اور اپنی چنائی اور دیگر جزئیات میں مغربی روایت لیے ہوے ہیں، لیکن مساجد و محلّات کی طرح ان قلعوں میں بھی اندلسی اثرات نے بہت جلد نفوذ کرنا شروع کر دیا ۔ یہ وہ عظیم الشان عہد ہے جس میں صحن کنکریٹ کے بننے لگے اور مضبوط لمبوترے آگے کو نکلے ہوے برجوں کی تعمیر شروع ہوئی، جو کم و بیش مساوی فاصلوں پر ہوتے تھے ۔ افریقہ میں قلعوں کے خطوط میں سادگی کا رجحان پیدا ہو گیا، کیونکہ اب وہ بڑے بڑے مسقّف دمدمے اور البرانہ نظر نہیں آتے؛ تاہم قلعہ بند دروازے میں بعض جدّتیں رونما ہوئیں، کیونکہ اب دروازے کے دونوں طرف ہمیشہ برج بننے لگے، جو عمومًا بہت آگے کو نکلے ہوے ہوتے ہیں اور خود دروازہ ایک بڑا سا دمدمہ ہوتا ہے جو پردے کی دیوار کے پیچھے تک چلا جاتا ہے اور جس میں دو یا تین خموں کا ایک راستہ ہوتا ہے،

marfat.com
Marfat.com

جس کی غلام گردش کی حفاظت کا کوئی انتظام نہیں ہوتا ۔ دروازے کی محراب، اس کے دونوں بازو اور اس کی چوکھٹوں میں تراشیدہ پتھر کی پر تکلف آرایش نظر آتی ہے ۔ مرّاکش اور رباط کے الموحّدی عظیم الشان دروازے اسلامی قلعہ بند دروازوں میں نفیس ترین دروازے ہیں اور یقیناً سب سے زیادہ پر تکلّف.

۴ - اسلامی المغرب میں آٹھویں/ چودھویں صدی سے لے کر نویں/ پندرھویں صدی کے اختتام تک قلعہ بندی: باوجود اُن تعمیری اسلوبوں کی بنیادی یکسانیت کے جو اس زمانے میں مسلم ھسپانیہ اور المغرب میں رائج تھے جزیرہ نما [آئبیریا] اور افریقہ میں قلعہ بندی کا ارتقا مختلف نوعیت کا تھا ۔ اندلس میں اسلامی حکومت اس وقت غرناطہ کی چھوٹی سی سلطنت تک محدود ہو کر رہ گئی تھی جو خود قشتالہ (Castile) کے زیر نگیں تھی مگر اکثر اپنے آقا کے خلاف برسرِ بغاوت بھی رہتی تھی، اور اس کا انحصار ایک قلعہ بند سرحد کی پناہ پر تھا ۔ اس سرحد کے بہت سے قلعے بعض ان مسیحی قلعوں کے نمونے پر تھے جو ان کے مدِّ مقابل تھے ۔ یہ پتھر سے بنائے گئے تھے اور ان میں دہرا احاطہ اور ایک بڑا برج (donjon) ہوتا تھا، جس کی بنا پر وہ المغرب کی اسلامی قلعہ بندی میں اجنبی سے معلوم ہوتے تھے، لیکن جلد ھی مسیحی اثرات مسلم ھسپانیہ کی روایات میں ایک حیاتِ نو پیدا کرنے کے بجاے ادنیٰ نمونوں میں ذلیل ہو کر رہ گئے ۔ وہ نہ تو خود دارالسلطنت میں دکھائی دیتے ہیں اور نہ متأخر زمانے کی عمارتوں میں .

یہاں ہمیں وھی شکلیں جو پانچویں/ گیارھویں اور چھٹی/ بارھویں صدیوں میں تخلیق ہوئی تھیں بغیر کسی معتدبہ تغیّر و تبدّل کے دوبارہ بنتی ہوئی دکھائی دیتی ہیں ۔ دروازے مع اپنے خمدار راستوں کے عظیم الشان عمارتیں ہیں ۔ آٹھویں/ چودھویں صدی میں الحمراء اور مالقہ کے قصر جبل الفارو (Gibralfaro) میں معمولی طول و عرض کے چھوٹے اور زیادہ قریب قریب برجوں کی جگہ بڑے بڑے دمدمے ہیں، جو زیادہ دور دور بنائے گئے ہیں ۔ جہاں توپوں کی آمد سے قلعہ بندی میں کوئی تبدیلی کرنے کا وقت نہیں ملا وھاں قدیم عمارتوں کے نیچے ابتدائی نوعیت کے چبوترے بنا دیے گئے.

شمالی افریقہ میں فاس (Faz) اور تلمسان کی سلطنتوں میں الموحّدی روایات بغیر کسی تبدیلی کے باقی رہیں ۔ پردے کی دیواریں اور برج کنکروں سے بنا دیے جاتے تھے، اور دروازے، جو ہمیشہ شاندار اور پیچدار راستوں والے ہوتے تھے، اکثر اوقات اینٹوں سے بنائے جاتے تھے نہ کہ پتھروں سے ۔ افریقیہ باوجود بعض الموحّدی اثرات کو قبول کر لینے کے پتھر (کے استعمال) اور جزئیات میں اپنی روایتی اشکال کا پابند رہا.

اس طرح اس طویل عرصے میں قلعے، محلّ اور زیارت گاھیں گزشتہ زمانے کی شکلوں سے بمشکل ھی آگے بڑھیں.

۵ - زمانۂ حال میں اسلامی ممالک میں قلعہ بندی: توپخانے کے ارتقا سے سب یورپی ممالک میں قلعہ بندی کے قدیم تصوّرات میں بہت بڑا تغیّر پیدا ہو گیا، لیکن شمالی افریقہ میں کسی قسم کی نئی اشکال معرض وجود میں نہیں آئیں بلکہ یہاں کم و بیش وفاداری کے ساتھ انھیں نمونوں کے نقل کرنے پر قناعت کی گئی جو یورپ میں ایجاد ہوئی تھیں ۔ مزید برآں وھاں درآمدہ تصورات کو محض اس صورت میں قبول کیا گیا جب کسی یورپی قوم کے خلاف اپنے دفاع کی ضرورت پیش آئی، مثلاً ساحلِ

Marfat.com

علاقوں میں۔ باقی سب جگہ زمانۂ وسطٰی کی قدیم تر قلعہ بندی کا دستور عام رہا ۔ بربری جن حکومتوں کے درمیان تقسیم تھا انھیں صرف ایسے قبائل کو زیر کرنا یا ان کے درمیان نظم و نسق قائم رکھنا تھا جن کے پاس توپیں نہ تھیں۔

مراکش میں پرتگیزوں نے دسویں / سولھویں صدی میں ساحل کے مختلف مقامات میں جو نفیس قلعہ بندیاں تعمیر کی تھیں ان کی نقل اغادیر [رَک بآن] میں واقع بنو سعد کے 'القصبة' (محل) میں محض اتفاق سے کی گئی ہے ۔ باقی ساحلی قلعے یورپی معماروں کے بنائے ہوئے تھے، جن میں سے اکثر اسلام قبول کر چکے تھے اور سلاطین کی ملازمت میں تھے ۔ اٹھارھویں صدی میں [شہر] مغادر Mogadir کی نفیس مرکب عمارت، جس کا نقشہ ایک فرانسیسی نے تیار کیا تھا، ایک انگریز نو مسلم اور اطالوی معماروں کی ساختہ تھی ۔ ان یورپی نمونے کی قلعہ‌بندیوں کی انیسویں صدی میں مقامی کاریگروں نے نقل کی۔

الجزائر اور تونس میں عثمانی ترکوں نے قلعہ بندی کا ایک جدید اسلوب رائج کیا اور ان عمارتوں کے اسلوب سے خاصا مشابہ تھا جو مرّاکشی ساحل پر جگہ جگہ بن رہی تھیں۔ توپوں کے دمدمے اور احاطے، جن کی حفاظت اکثر خندق اور باھر کو ڈھلوان پشتے (counterscarp) سے کی جاتی تھی، ابھی تک بلند بنائے جاتے تھے ۔ Vauban نمونے کی پست قامت قلعہ‌بندیاں شمالی افریقہ میں غیر معروف تھیں۔

اس طرح اسلامی المغرب نے اپنے قلعوں میں، جیسے کہ اپنے تمام فوجی نظام میں، اپنی قدامت پسندی کا مظاھرہ کیا ۔ چند مخصوص چیزیں جو یورپ سے مستعار لی گئی تھیں انھیں بھی قرونِ وسطٰی کی روایتوں پر لاد دیا گیا اور ان میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی۔

۶ - مستحکم بربر عمارتیں : شمالی افریقہ، بالخصوص مراکش میں کئی پہاڑی علاقوں میں بھی قلعہ بندیاں موجود تھیں، اور اسی طرح ان نخلستانوں میں جو صحرائے اعظم کے کنارے کنارے تھے ۔ بعض پتھر کے گاؤوں اور تجارتی مرکز جو ہمیشہ بےقاعدہ شکل کے ہوتے تھے، صحیح معنوں میں کوئی احاطہ نہ رکھتے تھے، ان عمارتوں کے سوا جن کی مشترکہ بیرونی دیوار فصیل کا کام دیتی تھی، لیکن تقریباً سب جگہ اس قدیم فن تعمیر نے اپنی جگہ سخت مٹی (pise) اور گارے کی اینٹوں سے بنی ہوئی عمارتوں کو دے دی؛ یہ اینٹیں صحرا سے لائی جاتی تھیں ۔ بعض گاؤوں، خصوصاً پہاڑوں پر، بےقاعدہ شکل کے ھیں اور ان میں مکان اس طرح پاس پاس بنے ہوئے ھیں کہ ان کا ایک مسلسل محاذ بن گیا ہے ۔ لیکن نخلستانوں کے فنِ تعمیر میں نقشے اور آرائش کی ایک مخصوص شکل نظر آتی ہے ۔ میدانوں میں قلعہ بند گاؤوں (قصور) بہت باقاعدہ شکل کے ھیں؛ ان کے گردا گرد ایک احاطہ ہوتا ہے، جس میں کئی دروازے کھلتے ھیں جو بڑے بڑے ہوتے ھیں اور جن کی حفاظت کونوں پر بنے ہوئے دمدموں سے کی جاتی ہے ۔ ان میں ھسپانوی ۔ مراکشی قلعہ‌بندی کا اثر بہت نمایاں ہے۔

منفرد سکونتی قلعے، یعنی مرّاکشی تِغرِمت کی ابتدا زیادہ قدیم زمانے میں ہوئی ۔ اس کی وضع ایک چھوٹے قلعے (castellum) کی سی ہوتی ہے، جس کے گوشوں پر چار برج ہوتے ھیں یا کمتر حالتوں میں صرف دو ۔ اگر ان کے نقشے رومی نمونے کے ہوں تو استرکاری کا فن ایک قدیم تر اصل و نسل کا ہوتا ہے ۔ مخروطی شکل کے برج، جن میں اکثر ایک ستون نما ابھار (entasis) ہوتا ہے،

marfat.com
Marfat.com

بلا شبهه، فراعینی مصر سے مأخوذ هیں - اسلام کی شروع صدیوں کے بربری مینار بهی سربریده اهراموں کی شکل کے هوتے تهے - دروازوں اور مراکشی نخلستانوں میں پائے جانے والے 'قصور' کی دیواروں کے اوپر اکثر پُر تکلّف نقش و نگار دکهائی دیتے هیں، جو مٹی کی اینٹوں سے بنائے گئے هیں اور هسپانوی - مراکشی هندسی عناصر سے مأخوذ هیں - قدیم تر بربر عمارتوں نے مختلف اوقات میں مسلم قرونِ وسطٰی کی وه اشکال قبول کر لیں جنهیں مک کی قلعهبندی میں سرکاری عمارتوں کے لیے اختیار کر لیا گیا تها - لهذا بربری، خصوصاً مراکش، قلعهبندیوں کا ایک حیرتانگیز نگارخانه هے، جس کا تصور نهایت قدیم روایتوں سے لیا گیا هے.

مآخذ: (۱) G. Marçais: *L' architecture musulmane d' Occident*، پیرس ۱۹۰۴ء؛ (۲) H. Terrasse: *L' art hispano-mauresque des Origines au XIIIe siècle*، پیرس ۱۹۳۲ء؛ (۳) وهی مصنّف: *Les forteresses de L' Espagne musulmane*، در *Boletin de la Real Academia de la Historia*، ۱۳۴ (۱۹۵۴ء): ۴۷۴ تا ۴۸۳؛ (۴) H. Basset و H. Terrasse: *Sanctuaires et forteresses almohades*، پیرس ۱۹۳۲ء؛ (۵) متعدد مقالات از L. Torres Balbás زیاده تر مجلّۂ *al - Andalus* (Cronica arquelogical) میں هیں.

(H. TERRASSE)

۳ - هندوستان کے فن تعمیر میں برج


۱ - عمومی: اردو میں، جس سے یه هندوستان کی اَور زبانوں میں بهی پهیل گیا، برج کے معنے همیشه کسی ''tower'' یا ''bastion'' کے هوتے هیں اور اس میں وه برج بهی شامل هیں جو قلعه بند محلوں کی دیواروں پر بنائے گئے اور جن کا مصرف محض آرایشی یا سکونتی تها نه که کسی مفهوم میں عسکری، یعنی ایسے دمدمے (bastions) جو خط عمارت سے آگے کو بڑهے هوے هوں اور جن میں درحقیقت کئی برج یا پشتے شامل هوں، نیز وه دمدمے بهی جو صحن کے اندر توپخانے کے استعمال کے بعد تعمیر هوے اور بهاری توپوں کو نصب کرنے کی جگهوں کا کام دیتے تهے.

مندرجۂ ذیل بیانات صرف برجوں کے استعمال سے متعلق هیں - هندوستان کی اسلامی قلعهبندی کی تاریخ ایک علیحده مقالے [آرک به حِصار] میں بیان کی گئی هے - میناروں کا ارتقا بهی ایک جداگانه چیز هے اور یهاں زیر بحث نهیں.

۲ - سلطنت دهلی چهٹی صدی هجری / بارهویں صدی عیسوی سے لیکر دسویں صدی هجری / سولهویں صدی عیسوی تک: شروع کے مسلم حمله آوروں کو ایک ایسے ملک سے واسطه پڑا جهاں پهلے هی سے بهت سی قلعهبند عمارتیں موجود تهیں، جن کی هندو زمانے کے هندوستان میں ایک قدیم روایت چلی آتی تهی اور جو بعد کے زمانے میں بهی ملک کے ان حصوں میں جهاں اسلام نهیں پهیلا زنده رهی - ان کا پهلا اضطرابی (static) اقدام یه تها که موجوده عمارتوں پر تصرّف کر کے ان میں تغیّر و تبدّل کر دیا جائے، مثلاً دهلی میں یه پرتهوی چوہان کا پرانا قلعه، یعنی قلعه رائے پتهورا تها، جهاں مسلمان سپاهی متعین کیے گئے اور جس کے اندرونی حصے (Citadel) یعنی لال کوٹ میں وه قدیم ترین هندوستانی مسجد تعمیر هوئی جو قُوّة الاسلام کے نام سے موسوم هے - اسے ۵۸۷ه / ۱۱۹۱ء میں قطب الدین ایبک نے بنوایا - یهاں پردے کے پهلوؤں میں قریب قریب برج بنے هوے هیں؛ دفاع ایک چوڑی خندق سے کیا گیا هے اور زبردست دمدموں کے اندر کو گهسے هوے (re entrant) زاویوں میں دروازے رکهے گئے

Marfat.com

ھیں۔ یہ دمدمے چار دیواری میں ابھار کر کے بنائے گئے ھیں اور کئی قلعے سے ھٹے ھوے (counterfort) برج بھی ھیں ۔ باقی ماندہ قلعہ بندی غالباً علاءالدین خلجی کے عہد (تقریباً ۷۰۴ھ / ۱۳۰۴ء) کی ھے (Beglar : *ASI Report*، ص ۴، ۱۸۷۴ء)، جو غالباً ھندو عمارت کے آثار پر بنائی گئی ھے ۔ زیادہ تر برج کم باھر کو نکلے ھوے (counterforts) ھیں ۔ علاءالدین کے نئے دارالسلطنت سیری کی دیواریں بھی تقریباً اسی زمانے میں پرانے دارالسلطنت کے شمال مشرق میں تعمیر ھوئیں ۔ Campbell کا استدلال یہ ھے کہ سیری کا نام قطب گڑھ یعنی لال کوٹ کو دیا گیا تھا اور یہ کہ اب جس موقع کو بالعموم سیری کہا جاتا ھے اسے دسویں / سولھویں صدی میں بہلول لودھی نے تعمیر کیا تھا (*Notes on the hist. and topography of the ancient cities of Dehli*، در *JASB*، ج ۳۵ شمارہ ۱، ۱۸۶۶ء) ۔ اس کی کننگھم Cunnigham نے معقول طور پر تردید کر دی ھے (*ASI Report*، ج ۱، ۱۸۷۱ء) ۔ چاردیواری کے بعض حصے باقی ھیں ۔ اس میں نیم مدوّر گاؤ دم دمدمے ھیں، جو ایک دوسرے سے تقریباً ایک تیر پرتاب کے فاصلے پر بنے ھیں اور جن کے اوپر دیواروں کی طرح کنگرے سے بنے ھوے ھیں اور ایک مسلسل گشتی راستہ ھے جو ایک محراب دار غلام گردش پر قائم ھے ۔ یہاں جن اصولوں سے کام لیا گیا ھے وہ نئے دارالسلطنت تغلق آباد کے سے ھیں، جسے غیاث الدین تغلق نے ۷۲۰ھ / ۱۳۲۱ء تا ۷۲۳ھ / ۱۳۲۳ء میں بنوایا تھا، اور اسی طرح عادل آباد کے سے، جسے تقریباً ۷۲۵ھ / ۱۳۲۵ء میں محمد تغلق نے تعمیر کیا۔ دونوں کی دیواروں کے اندر کنکر اور روڑے بھرے گئے ھیں اور باھر کے رخ کھردرے سنگ مردہ کے مربع چوکے لگائے گئے ھیں ۔ تھوڑے تھوڑے فاصلے پر خاصے آگے کو نکلے ھوے نیم مدوّر دمدمے ھیں، اور یہ دمدمے اور دیواریں بہت ڈھلوان اور مورچہ بند ھیں۔ ان میں دفاع کی تین منزلیں ھیں: ایک بیرونی غلام گردش، ایک بڑی دیواری غلام گردش اور دندانےدار فصیل، جس میں روزنوں کی دو قطاریں ھیں ۔ چٹانی بنیاد دیواروں کے خط سے نیچے ڈھلوان ھے اور اس کے اوپر ایک بھراؤ کی بنیاد ھے، جس میں اصلی دیوار کی کرسی تک سامنے پتھر لگے ھوے ھیں، جن سے ایک مسلسل پشتہ بن گیا ھے اور بنیادوں میں پانی مرنے کے خلاف حفاظت بھی ھو گئی ھے (دیکھیے خاکہ ۴) ۔ اندرونی قلعے




خاکہ ۴ ۔ تغلق آباد کے کونے کے دمدمے کا سیکشن : (الف) کنگرے؛ (ب) دیواروں سے محصور غلام گردش؛ (ج) بیرونی غلام گردش (داخلہ پردے کی دیواروں سے محصور غلام گردش میں سے)؛ (د) اندرونی مسقّف برآمدہ؛ (ھ) بھراؤ کی کرسی؛ (و) چٹانی ڈھال.

marfat.com
Marfat.com

کے گرد دمدمے زیادہ قریب قریب بنے ہیں۔ دروازے دو دمدموں کے بیچ میں کھلتے ہیں اور انھیں اکثر آگے کو نکلے ہوے دیدبانوں (barbicans) سے محفوظ کر دیا گیا ہے ۔ عادل آباد کی مزید حفاظت ایک بیرونی صحن (bailey) اور بیرونی دیوار سے کی گئی ہے ۔ بہت سے برجوں کے بیچ میں غلّہ‌خانوں کے آثار باقی ہیں ۔ غیاث الدین کا مقبرہ تغلق آباد کے جنوب میں ایک مضبوط اور مستحکم عمارت ہے، جو قلعے کے باہر واقع ہے ۔ اس میں بھی اسی وضع کے دمدمے ہیں لیکن بیرونی غلام گردش مفقود ہے ۔

عادل آباد کے علاوہ محمد تغلق نے دہلی کے ایک اور شہر کی بھی تشکیل کی، یعنی جہاں پناہ (۷۲۵ھ / ۱۳۲۵ء)، جس کی دیواروں نے قلعۂ رائے پتھورا اور سیری کے درمیانی رقبے کو گھیر لیا تھا ۔ دیواروں میں نیم مدوّر ڈھلواں دمدمے ہیں، جو عادل آباد کے دمدموں سے مشابہ ہیں لیکن بغیر بیرونی غلام گردش کے، اور ایک جگہ ان کے بیچ میں پشتہ اور پانی روکنے اور نکالنے کا پھاٹک آ گیا ہے، جو ست پلاہ کہلاتا ہے اور جس کا مقصد غالبًا یہ تھا کہ محافظین کے استعمال کے لیے دیواروں کے اندر پانی موجود رہے ۔

محمد تغلق ہی کے عہد میں دہلی کی تباہی اور دارالسلطنت کی دیو گڑھ میں منتقلی بھی ظہور میں آئی، جس کا نیا نام دولت آباد رکھا گیا [رکّ بآں] ۔ دفاع کے تین خط، جو درّے اور مرکزی قلعے کے درمیان ہیں، دیواروں پر مشتمل ہیں ۔ ان میں مساوی فاصلوں پر ڈھلواں مدوّر دمدمے بنائے گئے ہیں، جو شمالی جانب اسی زمانے کی واقع عمارت کے دمدموں سے ذرا کم باہر کو نکلے ہوے ہیں اور ان میں بیرونی غلام گردشیں نہیں ہیں۔ دروازوں کے گرد کے دمدمے زیادہ بڑے اور زیادہ آگے کو نکلے ہوے ہیں اور ان میں سے بعض نیم بیضوی شکل کے ہیں ۔ گول دمدموں کا ایک سلسلہ قوسی شکل میں ہے ۔ اس میں دو صحن ہیں، جن میں سے ایک میں سے خندق پر سے گزر کر شہر میں داخل ہوتے ہیں ۔ بہمنی عہد میں جو تبدیلیاں عملی میں آئیں ان کی طرف سطورِ ذیل میں اشارہ کیا گیا ہے ۔

فیروز تغلق نے ایک اور دہلی بنائی، یعنی فیروز آباد نامی اپنا مستقر حکومت (۷۵۵ھ/۱۳۵۴ء تا ۷۷۱ھ/ ۱۳۷۰ء)، جسے بعد میں امیر تیمور نے برباد کر دیا اور جس کے آثار ایک کوٹلے کے سوا اب کچھ نہیں رہے، جو خود بہت شکستہ ہوچکا ہے ۔ یہاں دیواروں اور برجوں میں نمایاں ڈھال ہے؛ برج نیم مدور ہیں اور غالبًا ان کے اوپر کھلے کوشک (چھتریاں) بنی ہوئی تھیں ۔ دیدبانوں (barbicans) کے ان آثار میں جو دروازے کے باہر ہیں چھوٹے چھوٹے زاویےدار برج ہیں۔ غالبًا پہرےداروں (سنتریوں) کے استعمال کے لیے۔ ایک سے زیادہ حصوں پر مشتمل جس ہم عصر عمارت میں قدم شریف ہے اور جو اپنے تقدس کی بنا پر تیموری تاخت سے محفوظ رہی، اس کی حفاظت ایک مستحکم دمدمہ دار پردے سے کی گئی ہے، جس میں ویران شدہ کوٹلے کی بہ نسبت فیرورز تغلق کی قلعہ بندی کے اصول زیادہ وضاحت سے نظر آتے ہیں ۔ دیواروں اور برجوں کی بھراؤ کی کرسی کم ہو چکی ہے اور پانی بہنے کی روک تھام فصیل میں چھوٹے چھوٹے روزن بنا کر کی گئی ہے ۔ اس زمانے کی بہت سی عمارتیں، بالخصوص مقبرے اور درگاہیں قلعہ‌بند چار دیواری کے اندر ہیں ۔ اس زمانے میں برج کو ایک زیبائشی چیز کی حیثیت دے دی گئی، چنانچہ مساجد کی چار دیواریوں اور عیدگاہوں کی دیواروں میں باقاعدہ طور پر زاویوں اور کھونٹوں والے دمدمے

Marfat.com

نظر آتے ھیں جن کے اوپر مدوّر یا مربّع چھتریاں یا پست گنبد بنے ھیں، جن میں ھمیشہ فیروز شاہ کا مخصوص ڈھال نظر آتا ھے۔ اسی کی نقل اُن خالصۃً زیبائشی پشتوں میں بھی کی گئی ھے جہاں ڈھال کو اوپر لے جا کر ایک گلدستے کی شکل دے دی گئی ھے اور جو دہلی کی فیروز شاھی مسجدوں میں پائے جاتے ھیں (بیگم پوری، کھڑکی، سنجر اور کلاں مسجد، رکّ بہ دہلی، یادگار عمارتیں)۔ اس کی نقل دہلی کی لودھی عمارتوں اور جونپور [رکّ باں] اور دیگر مقامات میں بھی موجود ھے۔ یہ معلوم ھے کہ فیروز شاہ تغلق نے اپنے پیشروؤں کی متعدد عمارتوں کی مرمت کرائی اور اگرچہ اس کا اپنا بیان ھے کہ اس نے التتمش کے تعمیر کردہ مقبرے، یعنی ملکپور میں واقع ابوالفتح محمود ناصرالدین کے مقبرے کی بھی مرمت کرائی تھی، تاھم اتنا اغلب ھے کہ ان کے اسلوب کے پیش نظر، گوشوں کے برج کم از کم اپنی بالائی منزلوں میں فیروز شاہ کے تعمیر کردہ ھیں۔

ایسا معلوم ھوتا ھے کہ متأخر تغلق اور خاندانِ سادات کے بادشاھوں نے نئے قلعہ‌بند آثار تعمیر نہیں کیے، اس کے سوا کہ ۸۲۴ھ/۱۴۲۱ء میں مبارک شاہ [سیّد] نے لاھور کی فصیل کی جگہ، جنھیں امیر تیمور نے مسمار کر دیا تھا، ایک مٹی کا قلعہ بنایا تھا۔ تاھم اس کا اپنا مقبرہ (۸۳۶ھ/۱۴۳۳ء) مبارک آباد کے چھوٹے سے شہر کی مرکب عمارت میں واقع ھے، جو دہلی کا ایک اور شہر تھا۔ یہاں برج چھوٹے چھوٹے ھیں لیکن اور لحاظ سے سابقہ نمونوں سے بہت کم مختلف ھیں۔ کہا جاتا ھے کہ سکندر لودھی نے آگرے میں ۹۰۸ھ/۱۵۰۲ء میں ایک قلعہ بنوایا تھا، لیکن آگرے میں پہلے سے ایک قلعہ موجود تھا اور موجودہ قلعہ اکبر کا تعمیر کردہ ھے، لہٰذا یہ کہنا دشوار ھے کہ عمارت کا کونسا حصہ سکندر کا رہینِ منت ھے۔

۳۔ دکن کے قلعے آٹھویں/چودھویں صدی سے گیارھویں/سترھویں صدی تک: یہاں بھی اسی طرح بہت سے مستحکم ھندو آثار تھے جو مسلمانوں کے ھاتھ لگے اور ان کے استعمال میں آئے، اور جنھیں انھوں نے ابتدائی برسوں میں کسی حد تک بدل دیا۔ ان کی پہلی نئی عمارت بظاھر گلبرگہ [رکّ باں] میں تھی، جس کی سوٹی دیواریں (۱٦ میٹر) اندرونی پردے کے ساتھ ساتھ برج بنا کر دہری کر دی گئی ھیں۔ برج سب کے سب بہت ٹھوس بنائے گئے ھیں اور نیم دائرے کی شکل کے ھیں۔ ان میں سے کئی میں توپخانے کے استعمال کے لیے چبوترے (barbeltes) بھی ھیں، جن کا اضافہ بعد میں کر دیا گیا تھا۔ یہ ترمیم بیجاپور کے عادل شاھی حکمرانوں کی طرف منسوب ھونی چاھیے، کیونکہ کالاپہاڑ برج کے ایک کتبے میں دعوی کیا گیا ھے کہ ۱۰٦٦ھ/۱٦۵۵ء میں 'محمد... نے ھر ایک برج، دیوار اور دروازے کو از سرِ نو تعمیر کیا' (Haig، در *EIM*، ۱۹۰۷-۱۹۰۸ء)۔ احاطے کے اندر بلند زمین پر ایک بڑا اور پختہ دمدمہ الگ تھلگ کھڑا ھے، جو کسی بڑی توپ کو نصب کرنے کا کام دیتا تھا۔ بیدر [رکّ باں] میں، جو بہمنی سلطنت کی بیرونی چوکی بن گیا تھا اور جہاں احمد شاہ العربی نے اپنا مستقر حکومت منتقل کر لیا تھا، ۸۲۲ھ/۱۳۲۲ء میں مسلمانوں کے ھاتھ آیا تو قلعہ بندیوں کی ایک دہری قطار موجود تھی (ضیاء الدین برنی: تاریخ فیروز شاھی، .Bibl. Ind، ص ۴۴۹)۔ ھمیں معلوم ھے کہ ۸۳۲ھ/۱۴۲۹ء تا ۸۳۵ھ/۱۴۳۲ء میں جو تعمیر از سرِ نو ھوئی اس کے لیے ایرانی اور ترک

marfat.com
Marfat.com

انجینئروں سے کام لیا گیا ۔ اسی طرح محمد شاہ ثالث (۸٦۷ھ / ۱۴٦۳ء تا ۸۸۷ھ / ۱۴۸۲ء) کے عہد میں دکن میں بارود کا استعمال شروع ہونے کے بعد اس کے وزیر محمود گاوان کے ہاتھوں مزید تجدید کے وقت بھی مدوّر دمدمے کی جگہ زیادہ تر کثیر الاضلاع قسم کے دمدموں نے لے لی اگرچہ بعض مدور اور مربّع برج باقی رہ گئے ہیں ۔ تعمیرِ نو کے موقع پر قریب قریب جڑے ہوے برکانی پتھر (trapstone) کے بڑے بڑے ٹکڑوں کی جگہ چھوٹے چھوٹے شکستہ پتھروں نے لے لی، جنھیں گارے کے زیادہ گھرے کھانچوں میں جمایا گیا ہے ۔ برج بنیاد کے قریب ٹھوس ہیں اور ان کی حفاظت حُجروں سے کی گئی ہے، جو اسی سطح پر بنے ہیں جس پر پردے کے کنگرے ہیں اور اپنے کنگروں سمیت ان سے ایک منزل اونچے ہیں ۔ ان کی اور پردے کی حفاظت صندوق نما نفط اندازوں یا تیر کشوں سے کی گئی ہے ۔ بے قاعدہ احاطے کے کونوں اور احاطے کے اندر بڑے اور بھاری دمدمے ہیں، جن میں سے بعض در آمد کردہ برکانی پتھر سے اور بعض ریتلے سرخ پتھر (laterite) سے بنے ہیں ۔ ان دمدموں کو بھاری توپوں کے نصب کرنے کے لیے بنایا گیا ہے ۔ ان کی حفاظت، جیسے مثلاً کلّیانی برج میں، بعض اوقات دو یا دو سے زیادہ سوراخدار پردوں سے کی گئی ہے اور ان میں سپاہیوں کی بڑی تعداد سما سکتی ہے ۔ بیدر کی فصیلیں برید شاہی عہد کی ہیں (تعمیر شدہ ۹٦۲ھ/۱۰۰۰ تا ۹٦۰ھ/ ۱۰۰۸ء)۔ ان کے سینتیس دمدموں میں مُنڈا برج بھی شامل ہے، جو دو مستحکم منزلوں کا ہے اور جس میں اس زینے سے پہنچ سکتے ہیں جو خود دمدمے کی عقبی دیوار میں بنایا گیا ہے ۔ اس دمدمے پر ایک دُور مار توپ نصب کی جاتی تھی ۔ قلعے کی پردے کی دیوار کی طرح یہاں بھی دمدموں کو مختلف فاصلوں پر بنایا گیا ہے ۔ پردے کے حصے جہاں سب سے زیادہ معرضِ خطر میں ہیں وہاں یہ سب سے زیادہ قریب قریب ہیں ۔ بیدر شہر کا چوبارہ، جسے احمد شاہ کی قلعہ‌بندیوں کا ایک جزو سمجھا جاتا ہے، ایک بلند مخروطی دیدبان ہے، جہاں سے پوری سطح مرتفع اور نشیبی زمینیں نظر آتی ہیں ۔ اس کی کرسی بھاری اور گول ہے اور اس میں پاسبانوں کے حجرے اور ایک اندرونی زینہ ہے ۔ بہمنی خانوادے [رکّ بآں] کے زمانۂ عروج میں دکن میں فوجی تعمیرات میں بہت سرگرمی رہی، یعنی دولت آباد، بیجاپور، گاوِل گڑھ، ایلچ پور، نرنالا، پرندہ، نَلدُرگ، پنہالا، وارنگل، گولکنڈہ، مُدْگَل، رایچُور وغیرہ میں ۔ دولت آباد میں پرانے استحکامات کو چھوٹے پتھروں اور اینٹوں سے زیادہ مضبوط اور بلند کیا گیا ۔ اس کی ایک نمایاں مثال مدخل کے شاندار جڑواں برج کے دوسرے صحن میں ایک دمدمہ ہے، جو اس طرح بنایا گیا ہے کہ پرانے موکھوں (embrassures) کو (جو اتنے ہی بلند تھے جتنی پردے کی دیوار) پُر کر کے ایک بلند بالائی منزل کا اضافہ کر دیا گیا ہے، لیکن دیواروں کے ڈھال کو بدستور باقی رکھا گیا ہے ۔ علاوہ ازیں ایک محرابدار آگے کو نکلا ہوا جھروکا (oriel) بنایا گیا ہے، جو سہاروں (corbels) پر قائم ہے ۔ یہ سہارے کسی ہندو عمارت کے مسالے کو دوبارہ استعمال کر کے بنائے گئے ہیں اور جن کا مصرف ایک مزید حجرۂ دید بانی ہے ۔ اس طرح نیچے کی ٹھوس بنیاد پر دو بالائی دالان بن گئے ہیں، جن میں چھوٹی توپوں کے لیے موکھے رکھے گئے ہیں ۔ پرندہ میں — جس کی تعمیر بیشتر دوسرے دکنی قلعوں کی طرح محمود گاوان سے منسوب ہے، لیکن جو در حقیقت زیادہ قدیم ہیں — جو برج قلعہ (fausse-braye) پر ہیں انھیں اور پردے کی دیوار کو بھاری اور آگے کو

Marfat.com

جھکے ہوئے دیدبانوں (bartizons) سے محفوظ کیا گیا ہے - قندھار (یزدانی : *Hyd. Arch.*، *Dept. Report*، ۱۳۳۱ تا ۱۳۳۳ھ ش / ۱۹۲۱ تا ۱۹۲۳ء، ص ۳) میں قلعہ (fausse-braye) کے اوپر بنے ہوئے دمدمے مدوّر ہیں، لیکن پردے کے دمدمے مستطیل ہیں اور ان میں ۹۹۸ھ / ۱۵۸۸ء کے کتبے ہیں، جن میں اس عمارت کو بنانے والے ترکوں کے نام ہیں - کلیانی میں جو کثیر الاضلاع اور مدوّر برج ہیں ان میں کنگروں (merlons) کی جگہ چھجوں کے اوپر صندوق نما نفط انداز بنائے گئے ہیں اور دیدبان (barbican) کے اندر ایک نمایاں دمدمے میں ایک دیوار بند (mural) حجرہ ہے، جس کی حفاظت دیدبانوں (bartizons) سے کی گئی ہے - کنگروں کے اوپر ایک چبوترہ (barbette) ہے، جس میں تیر کشوں کی اوپر نیچے دو قطاریں ہیں - گولکنڈہ [رَکَ بآں] کے پرانے کاکتیّہ کے قلعے میں آگے پیچھے تین پردے کی دیواریں ہیں، جن میں طرح طرح کے برج ہیں - یہ قلعہ ۷۶۶ھ / ۱۳۶۴ء میں بہمنیوں کو دے دیا گیا تھا - مربع، اسطوانی، نوکدار، کثیر الاضلاع قلعے کے دروازے کے سامنے کی اوٹ یا گھونگٹ (mantlet) میں ایک نیم سیزدہ پہلو برج ہے اور غیر متساوی الاضلاع مثلث اور ایک متأخّر احاطے کے اوپر ایک ایک نو گوشی دمدمہ ہے، جو خاصا آگے کو نکلا ہوا ہے اور جس کے گوشے مل کر باہر کے رخ ایک ربع دائرہ بناتے ہیں - یہ آخری چیز نلدرگ میں بھی دکھائی دیتی ہے - بیجا پور [رَکَ بآں] میں شہر کی دیواریں علی عادل شاہ اوّل کے عہد کی ہیں (تاریخ تکمیل، ۹۷۳ھ/۱۵۶۵ء) - یہ دیواریں ایک جیسی نہیں کیونکہ ہر امیر کے ذمے ایک حصے کی تعمیر تھی - ان میں کوئی چھیانوے دمدمے ہیں، جو زیادہ تر نیم مدوّر ہیں اور جن میں موکھے بنے ہیں - ان موکھوں کو پتھروں کے چھجّوں (hoods) سے محفوظ کیا گیا ہے - ان میں سے کئی ایک کو بعد ازاں اس طرح بدل دیا گیا کہ ان پر بھاری توپیں نصب کی جا سکیں (محمد اور علی عادل شاہ ثانی کے کتبات) - ان میں سے ایک فرنگی یا تابوت برج کہلاتا ہے - یہ برج اس طرح بنایا گیا ہے کہ اس میں کئی بڑے بڑے 'جنجال' آ جائیں - بلند زمین پر خاصے اندر کو اُوپری یا حیدر برج ہے، جو ایک ضخیم بیضوی شکل کا مچان (cavalier) ہے اور کوئی چوبیس میٹر بلند ہے - اسے ایک بڑی توپ (نومیٹر سے زیادہ لمبی نال کو جس کا دہانہ پندرہ سینٹی میٹر تھا) نصب کرنے کے لیے تعمیر کیا گیا تھا (کتبہ ۹۹۲ھ / ۱۵۸۳ء) - شیرزہ برج، جو سب سے بڑے برجوں میں سے ایک ہے، پردے کی دیوار سے باہر کو بنایا گیا ہے اور اس سے ایک چوڑے راستے کے ذریعے ملا دیا گیا ہے اور مل کر ان کی شکل سر اور گردن کی سی ہو جاتی ہے.

دکن کی متأخّر قلعہ بندیاں، جنھیں مرہٹوں کے تفوّق کے زمانے میں تعمیر یا از سرِ نو تعمیر کیا گیا تھا، عموماً اسلامی ہند کے نمونے پر بنی ہیں.

۴ - شمالی ہندوستان دسویں/سولھویں صدی سے بارھویں / اٹھارویں صدی تک : بابر کی فتح (۹۳۲ھ / ۱۵۲۶ء) کے شروع زمانے میں کسی نئی طرزِ عمارت کا ظہور نہیں ہوا، اگرچہ گوالیار کے ہندو قلعے میں بابر کی دلچسپی اس کے وارثوں تک بھی پہنچی، جنھوں نے بہترین قسم کے قصر نما قلعے تعمیر کیے - اس کے بیٹے ہمایوں نے دہلی کا ایک شہر بنوایا، جو دین پناہ کہلاتا ہے لیکن اسے . . . شہنشاہ شیر شاہ سوری نے مسمار کر دیا - شیر شاہ نے خود اپنا ایک شہر بنانا شروع کیا، جس میں سے اب قلعے کے سوا کچھ بھی باقی

marfat.com
Marfat.com

نہیں رہا - یہ شہر اسی مقام پر تعمیر ہوا تھا جہاں قدیم اندرپرستھا آباد تھا اور اب پرانے قلعے یا قلعۂ کہنہ کے نام سے موسوم ہے۔ غیر متساوی الاضلاع فصیل کی دیواریں اور دور دور بنے ہوے دمدمے بھدی چنائی کے شکستہ پتھروں کے ہیں، اور دروازے، جن میں سے ہر ایک کے پہلوؤں میں دو زیادہ آگے کو نکلے ہوے دمدمے ہیں، عمدہ رنگا رنگ کے تراشیدہ پتھروں سے بنائے گئے ہیں - برج نیم مدوّر ہیں اور پانچ میٹر بلندی تک ٹھوس ہیں - ان کے اوپر کئی کمروں اور غلام گردشوں کی منزلیں ہیں، جن میں چھوٹے صندوق نما نفط ریز ہیں۔ ایک دروازے میں ایک اندرونی سوراخدار پردہ (machicolotion) ہے، جو ہندوستان میں ایک نئی چیز تھی - پرانے قلعے میں ہمایوں کے دوبارہ قیام پذیر ہونے سے کوئی اضافہ نہیں ہوا - مغل قلعوں کی تعمیر اکبر سے شروع ہوئی - آگرے میں سکندر لودھی کا قلعہ کھنڈر ہو چکا تھا - اسے گرا دیا گیا اور نئی تعمیر ۹۷۲ھ/۱۵۶۴ء میں شروع ہوئی - اندرونی اور بیرونی پردوں پر نیم مدوّر دمدمے ہیں، جن کی بلندی وہی ہے جو دیواروں کی؛ اندرونی دائرہ بیرونی دائرے سے بہت اونچا ہے اور تیس میٹر کی بلندی تک پہنچ گیا ہے، بیرونی اور اندرونی دمدمے ہم مرکز ہیں اور دونوں میں سوراخدار کنگرے ہیں، جنھیں ترکشوں کی دو یا زائد قطاروں سے محفوظ کیا گیا ہے اور بعض کی حفاظت نیچے کی طرف آتشباری کرنے کے لیے پتھروں کے چھجوں (hoods) سے کی گئی ہے - مغرب میں واقع اندرونی دہلی دروازے کی حفاظت دوشاندار نیم مدوّر مثمن دمدموں سے کی گئی ہے - نیچے کی منزل کی سطح پر ایک محرابدار بند (blind) راستہ ہے، جسے سنگ مرمر اور رنگا رنگ کے تراشیدہ پتھروں سے آراستہ کیا گیا ہے۔ پہلی منزل میں ہر سمت ایک بیرونی جھروکا ہے اور اوپر ایک

محفوظ دالان ہے، جس میں تیر کشوں (loop holes) کی دو قطاریں ہیں - ان کے اوپر کے کمروں میں چند سوراخدار کنگرے (merlons) ہیں، جن کے بعض چھجے (hoods) پتھر کے ہیں اور بعض جالیدار ہیں - ان دو برجوں میں سے ایک کے اوپر چھتری ہے - عمارت کی پوری دیواریں سرخ ریتلے پتھر کی ہیں، جسے شکستہ پتھروں کے قالب (core) پر جڑا گیا ہے - اکبر کا نیا شہر فتح پور سیکری (۹۷۹ھ/۱۵۷۱ء) اپنی قلعہ بندی کے لحاظ سے کوئی خاص امتیاز نہیں رکھتا؛ باہر کا اکہرا پردہ نا مکمل ہے اور اس کے نیم مدوّر دمدمے محض فصیل میں ابھار کی طرح ہیں - قلعے کو چار دیواری سے گھیر ا گیا تھا، مستحکم نہیں کیا گیا تھا، اگرچہ اسے اپنے بڑے دمدمے پر ناز ہے، یعنی اس سنگین برج پر جو مثمّن شکل کا ہے اور جس میں محافظوں کے لیے ایک اندرونی دالان ہے - اس کا مصرف بھی غالباً رسمی ہے نہ دفاعی - یہ نیا شہر جلد ہی اجڑ گیا اور اکبر آگرے سے واپس چلا گیا، جہاں بعد ازاں اس کا بیٹا جہانگیر بھی قیام پذیر رہا - مثمّن برج غالباً اسی کے عہد کا ہے (جسے بعد میں سمن (یا سمین) برج کہنے لگے تھے) - یہ نیم مثمن شکل کا ہے اور دریا کے رخ پر نکلا ہوا ہے اور ایک نیم مدوّر پشتے پر قائم ہے - اس کی دو منزلیں ہیں۔ ہر رخ پر کھلے محرابی راستے ہیں، جن میں نفیس پچی کاری (pietra dura) سے آرائش کی گئی ہے۔ اس عمارت کا کچھ حصہ غالباً شاہجہان کے عہد کا ہے، جس کی بڑی عمارتیں دہلی [رک بآن] اور لاہور [رک بآں] میں تھیں - دہلی کا نیا قلعہ (لال قلعہ) ۱۰۴۸ھ/۱۶۳۸ء میں شروع ہوا اور دس سال کے اندر مکمل ہوا - اس کی تقریباً مربع چار دیواری میں نیم دائرے کی شکل کے دمدمے ہیں، جو مساوی فاصلوں پر بنے ہیں اور جن کی

marfat.com
Marfat.com

حفاظت ان کی بلندی کے تقریباً نصف میں تیر کشوں کی ایک قطار اور کنگروں میں دو قطاروں سے کی گئی ہے ۔ کنگروں کو نکیلا بنا کر مزین کیا گیا ہے ۔ ہر برج کے اوپر ایک چھتری ہے ۔ دیدبانوں پر اسی وضع کے برج [شاہنشاہ] اورنگزیب کے عہد کے ہیں ۔ دریا کے رخ کے شمالی اور جنوبی دمدمے زیادہ بڑے ہیں اور صحن کی سطح سے دو منزل اونچے ہیں ۔ ان کے اوپر چھتریاں بنی ہیں اور یہ شاہ برج اور اسد برج کہلاتے ہیں ۔ ان کے مابین ایک زیادہ بڑی نیم مثمن عمارت ہے یعنی مثمن برج، جسے شروع میں برج طلا بھی کہتے تھے، کیونکہ اس کے اوپر سونے کے ملمع کا ایک مسی گنبد تھا، اس کے پانچ پہلو، جو دریا کے رخ ہیں، سنگ مرمر کی جالیوں سے بھرے گئے ہیں ۔ لاہور کے قلعے میں بھی، جو اکبر نے تقریباً اسی زمانے میں بنایا تھا جب کہ آگرے کا (ابوالفضل: آئین اکبری، ترجمۂ Blochmann، ۱ : ۵۲۸)، ایک ایسا ہی شاہ برج ہے جسے مثمن برج کہتے ہیں (کتبے کی رو سے ۱۰۴۱ھ/۱۶۳۱-۱۶۳۲ء میں مکمل ہوا) ۔ یہ برج بہت بڑے حجم کا ہے (قطر پینتالیس میٹر) ۔ منوچی Manucci اپنی تصنیف *Storia do mogor* میں ان عمارتوں کے بارے میں کہتا ہے کہ "ہر جگہ (دہلی، آگرہ، لاہور) ایک بڑا دمدمہ ہے، جو شاہ برج Xaaburg کہلاتا ہے ۔ یہ دمدمے قبہ دار ہیں اور ان میں عمدہ عمارتی مینا کاری (enamel) کی آرایش ہے، جس میں بہت سے قیمتی پتھر بھی شامل ہیں ۔ یہاں بادشاہ خاص خاص لوگوں کے لیے اکثر دربار منعقد کرتا رہتا ہے اور یہیں سے وہ ہاتھیوں کی لڑائی دیکھتا ہے . . ." (ترجمۂ Irvine، ۲ : ۴۶۳) ۔ علاوہ ازیں دہلی کا مثمن برج یقیناً شہنشاہ کے "درشن" (رسمی طور پر لوگوں کے سامنے آنا) کے لیے بھی استعمال ہوتا تھا۔

ان مغل برجوں کو قلعہ‌بند عمارتیں ہونے کا کوئی دعویٰ نہ تھا، اور اس طرح جس چیز کا ایک مہیب فوجی عمارت کے طور پر آغاز ہوا وہ مغل آرٹ کی جلوہ گری کا ایک ذریعہ بن گئی ۔ دہلی میں شاہجہان کی بنوائی ہوئی دیواروں میں یقیناً دمدمے ہیں لیکن انھیں برطانوی عہد میں اتنی دفعہ دوبارہ بنایا گیا ہے کہ اصلی مغل خاکے کو پہچاننا ممکن نہیں رہا۔

**مآخذ**: (۱) S. Toy: *The Strongholds of India*، لنڈن ۱۹۵۷ء، اس میں بعض مسلم قلعہ‌بندیوں کے محل وقوع کا ذکر ہے اور برجوں کے بارے میں بہت کم معلومات ہیں؛ اس کی تاریخی معلومات ناقابل اعتماد ہیں اور قلعہ‌بندی کی کوئی تاریخ نہیں ہے ۔ اس پر *The study of fortification in India and Pakistan* میں J. Burton-Page نے تبصرہ اور اضافہ کیا ہے، در *BSOAS*، ج ۲۳/۲، ۱۹۶۰ء ۔ دہلی سلطنت کی عمارتوں کے لیے دیکھیے: (۲) A. Cunningham: *ASI Report*، ج ۱، ۱۸۷۱ء؛ (۳) J. D. Beglar: *ASI Report*، ج ۴، ۱۸۷۴ء؛ (۴) H. Waddington: *Ādilabād: a part of the 'fourth' Dehli*، در *Ancient India*، ج ۱، ۱۹۴۶ء؛ (۵) J.A. Page: *A memoir on Kotla Firoz Shah, Delhi*، در *MASI*، عدد ۵۲، دہلی ۱۹۳۷ء؛ (۶) نیز رک بہ مآخذ تحت مقالات: دہلی: آثار اور دہلی: سلطنت؛ فن؛ (۷) دکن کے قلعوں کے لیے رک بہ مآخذ تحت مقالات: بہمنی خاندان: آثار؛ بیجاپور؛ دولت آباد؛ گولکنڈہ؛ (۸) نیز کندھار Kandahār کے لیے غلام یزدانی، در *Hyd. Arch. Dept. Report*، ۱۳۳۱ تا ۱۳۳۳ فصلی/۱۹۲۱ تا ۱۹۲۴ء، عدد ۳؛ اور *EIM*، ۱۹۱۹ تا ۱۹۲۰ء، عدد ۲ ۔ مغل قلعوں کے لیے دیکھیے: A. C. L. Carlleyle: *ASI Report*، ج ۴، ۱۸۷۴ء (آگرہ)؛ (۹) E. B. Havell: *Agra and the Taj*، لنڈن ۱۹۱۲ء؛ (۱۰) E.W. Smith: *The Moghul Architec-*

marfat.com
Marfat.com

ture of Fathpur-Sikri، ASI، NIS، ج ۱۸، ۱۸۹۴ تا ۱۸۹۸ء؛ (۱۱) J. Ph. Vogel : Tile-mosaics in the Lahore fort، ASI، NIS، ج ۴۱، ۱۹۲۰ء؛ (۱۲) G. Sanderson : Guide to the buildings and gardens Dehli Fort، دہلی ۱۹۱۴ء.

(J. BURTON-PAGE)

* بُرْج : رَكَ به علم نجوم.

* بُرُوجِرْد : رَكَ به بَرُوجِرد.

* بَرْجَوان : ابوالفُتُوح، ایک غلام، جو کچھ عرصے تک [خلیفہ] الحاکم کے عہد میں مصر کا فرمانروا رہا ـ اس کی تربیت [خلیفہ] العزیز کے دربار میں ہوئی تھی، جہاں وہ داروغہ کے عہدے پر فائز تھا (خِطَط، ۲ : ۳؛ ابن تَغْری بِرْدی، قاہرہ، ۴ : ۴۸؛ ابن خلّکان، ۲ : ۲۰۱) ـ وہ خواجہ سرا تھا اور استاذ [رَكَ بآں] کے لقب سے ملقّب تھا ـ اس کی نسل کے متعلق کوئی یقینی بات معلوم نہیں ـ ابن خلّکان نے اسے حبشی اور ابن القَلانِسی نے صرف ابیض اللون لکھا ہے ـ المَقْریزی نے اسے صقلبی یا صقلّی کہا ہے، کیونکہ خِطَط کے قلمی نسخے میں صقلبی اور صقلّی دونوں طرح پڑھا جاتا ہے (قبّ دی ساسی de Sacy : Chrestomothie، ۱ : ۱۳۰).

برجوان کو [خلیفہ] العزیز نے خلافت کے کم سن وارث کا ولی مقرر کیا اور جب رمضان ۳۸۶ھ / اکتوبر ۹۹۶ء میں العزیز کا انتقال ہوا تو اس نے اپنے زیر ولایت لڑکے کو خلیفہ الحاکم کا نام دے کر اس کی خلافت کا اعلان کر دیا ـ شروع شروع میں اس کا کام نو عمر فرمانروا کی ولایت تک محدود تھا ـ حکومت کے اصل اختیارات واسطہ ابن عمّار الکُتامی کے ہاتھ میں تھے، جو بربری فوجوں اور فرقے کا سردار تھا ـ ابن عمّار کا اقتدار نو عمر خلیفہ اور اس کے ولی کو بلا شبہہ ناگوار گزرتا تھا اور اس میں شک نہیں کہ بربروں کے تفوّق سے ترک اور دوسرے فوجی، جو مشرقی ممالک کے رہنے والے تھے، نیز غالبًا مصر کی عام آبادی ناراض تھی ـ برجوان نے اس سلسلے میں شرقیوں کا ساتھ دیا ـ اس نے ۳۸۶ھ / ۹۹۶ء میں دمشق کے ترک والی مَنْگتَکِین کو خط لکھ کر دعوت دی کہ اپنی فوجیں لے کر آئے اور مصر نیز خلیفہ کو بربروں کے ظلم سے نجات دے ـ منگتکین ترکوں، دیلمیوں، حبشیوں اور مقامی عربوں کی مدد سے مصر کی طرف بڑھا لیکن اس نے عَسْقلان کے قریب ابن عمّار کی بھیجی ہوئی بربر فوج سے، جس کی کمان سلیمان بن جعفر بن فَلاح کے ہاتھ میں تھی، شکست کھائی ـ برجوان وقتی طور پر ابن عمّار کی اطاعت قبول کرنے پر مجبور ہو گیا لیکن کچھ عرصہ بعد وہ ایک بگڑے ہوے بربر افسر جَیْش بن صَمْصامہ کی مدد سے ابن عمّار کو پھر دعوتِ مبارزت دینے کے قابل ہو گیا اور اس دفعہ اسے کامیابی ہوئی ـ ابن عمّار کو کھلی جنگ میں شکست ہوئی اور وہ فرار ہو کر روپوش ہو گیا ـ دوسری طرف برجوان نے بحیثیت ''واسطہ'' اختیارات سنبھال لیے اور وہ مملکت کا اصل مختار بن گیا (۲۸ رمضان ۳۸۷ھ / ۴ اکتوبر ۹۹۷ء) ـ برجوان نے مصر میں ہزیمت خوردہ بربروں سے نرمی برتی لیکن ان کی قوت مستقل طور پر ختم ہو گئی ـ دمشق کا بربر والی بر طرف کر دیا گیا اور اس کی کُتامی فوج کا قتل عام ہوا ـ شام میں بدنظمی کا ایک دور شروع ہو گیا، جسے برجوان نے سخت کارروائی سے ختم کیا ـ فلسطین اور صور (Tyre) میں عرب باغی کچل دیے گئے اور بوزنطیوں کے بری اور بحری حملے پسپا کیے گئے ـ سیاسی گفت و شنید بوزنطی اور فاطمی سلطنتوں کے درمیان ایک دہ سالہ عارضی صلح کے معاہدے کی صورت میں منتج ہوئی ـ مغرب میں برجوان نے برقہ اور طرابلس کو فتح کیا اور ان دونوں مقامات میں

Marfat.com

خواجه سرا والی مقرر کیے - مؤخر الذکر فتح بہت قلیل المیعاد ثابت ہوئی۔

ان کامیابیوں سے بَرْجَوان کی جرأت اتنی بڑھ گئی کہ اس نے خلیفہ کے ساتھ جابرانہ سلوک شروع کر دیا، یہاں تک کہ بعض مآخذ کی رو سے اس نے خلیفہ کے گھوڑے پر سوار ہونے اور تحائف میں روپیہ صرف کرنے پر بھی پابندی عائد کر دی (النُّوَیری؛ ابوالفرج ابن العِبری) - النُّوَیری نے ایک عجیب قصّہ بیان کیا ہے : کہتے ہیں کہ بَرْجَوان الحاکم کو ''وَزْغة'' (= چھپکلی) کے نام سے پکارا کرتا تھا - یہ لقب خلیفہ کو بہت ناگوار تھا، چنانچہ جب الحاکم نے بَرْجَوان کو موت کے گھاٹ اتارنے کے لیے طلب کیا تو اس کا پیغام یہ تھا کہ ''بَرْجَوان سے کہو کہ ننھی چھپکلی بہت بڑا اژدھا بن گئی ہے اور اب اسے بلاتی ہے'' - الحاکم کی ناراضی کو ایک اَور غلام خواجه سرا ابوالفضل رَیْدان الصَقْلَبی نے بھی ہوا دی - اس نے خلیفہ کو خبردار کیا کہ بَرْجَوان اب کافور کی ریس کرنے والا ہے اور اس کے ساتھ وہی سلوک کرنے کے درپے ہے جو کافور نے اِخْشِیْدیوں کے ساتھ کیا تھا - ۲۶ اور ۲۷ ربیع الثانی ۳۹۰ھ/اپریل ۱۰۰۰ء کی درمیانی شب کو خلیفہ کے حکم سے ریدان نے خنجر بھونک کر بَرْجَوان کو ہلاک کر دیا (ابن الصَّیرفی، نے صحیح دن نہیں بتایا؛ ابن خلّکان؛ المَقْریزی؛ ابن مُیَسّر کے ہاں ''تِسْعِیْن'' کی جگہ ''سَبْعِیْن'' صریحاً غلط لکھا ہے: ابن القلانسی اور اس کے بعد ابن الأثیر نے سال ۳۸۹ھ بتایا ہے).

بَرْجَوان کے قتل سے عام باشندوں اور ترکوں دونوں میں سخت ناراضی پھیل گئی، کیونکہ انہیں بلا شبہہ یہ خدشہ تھا کہ بربروں کی حکومت پھر قائم ہو جائے گی، تاہم خلیفہ اپنے قصر کے دروازے کے اوپر مسلّح مجمع کے سامنے آیا اور اپنے فعل کا جواز بیان کرتے ہوے بَرْجَوان پر الزام لگایا کہ وہ اس کے خلاف سازش کر رہا تھا - اس نے لوگوں سے درخواست کی کہ وہ اس کی کم عمری اور نا تجربہ کاری کو پیش نظر رکھتے ہوے اس کی مدد کریں - اسی نوعیت کے مکتوبات باہر بھی بھیجے گئے - دَرُوْزی مکتوب السِّیرَۃ المُسْتَقِیْمَۃ میں، جو حمزہ کے قلم سے ہے، ایک دل چسپ عبارت ملتی ہے - اس میں فوج کی ناراضی کے خوف سے بے نیاز ہو کر نوجوان خلیفہ کا بَرْجَوان کو ہلاک کرنا ایک ایسا جرأت مندانہ اقدام قرار دیا گیا ہے جس کی سابق میں کوئی نظیر نہیں ملتی اور جو الحاکم کی حکومت کی معجزانہ خصوصیت پر دلالت کرتا ہے (المقتبس، ۵ : ۳۰۶).

کہتے ہیں کہ بَرْجَوان بہت صاحب ذوق اور دنیاوی لذّات کا شیدائی تھا - اس کا مکان شاعروں اور مغنّیوں کی جلسه گاہ تھا - جب وہ مرا تو لوگ یہ دیکھ کر حیران رہ گئے کہ اس نے اپنے پیچھے کتنے کثیر اور کیسے گونہ گوں ملبوسات، کتابیں، اصطبل کے جانور اور ساز و سامان چھوڑا ہے - قاہرہ میں ایک سڑک اس کے نام سے منسوب ہے.

**مآخذ** : (۱) ابن الصَّیرفی : الأشارَۃ الی مَنْ نَال الوِزارۃ، ص ۲۷ تا ۲۸؛ (۲) سِوِیرس Severus بن المقفع : *Patriarchs*، ۲ : ۱۲۱؛ (۳) ابن القلانسی، ص ۴۴ تا ۵۱، ۵۹؛ (۴) ابن المُیَسّر، ص ۵۱، ۵۳، ۵۴ تا ۵۵؛ (۵) ابن خلّکان، ۱ : ۱۱۰ (انگریزی ترجمه، ۱ : ۲۵۳) و ۲ : ۲۰۱؛ (۶) ابن الأثیر، ج ۹، بمدد اشاریه؛ (۷) ابن خَلْدُون : العِبَر، ۴ : ۵۷؛ (۸) ابن العبری (Bar-Hebraeus) : *Chronographia*، انگریزی ترجمه، ص ۱۸۰، ۱۸۲؛ (۹) ابن تَغْرِی بِرْدِی، قاہرہ، ج ۴ بمدد اشاریه؛ (۱۰) یحیی بن سعید الأنطاکی : *Annales*، طبع شیخو Cheikho، ص ۱۸۰ و طبع Vassiliev و Kratschkovski، ص ۴۵۳، ۴۶۲؛ مفصّل ترین بیان کے لیے دیکھیے : (۱) المَقْرِیزی : خِطَط، ۲ : ۳

marfat.com
Marfat.com

تا ۴؛ قب وهی کتاب، ص ۲۸۵ (= Silvestre de Sacy : *Chrestomathie arabe*، ۱، پیرس ۱۸۲۶ء : ۵۲ ببعد اور ترجمه، ص ۴۰ ببعد)؛ نیز دیکھیے : (۱۲) Silvestre de Sacy: *Exposé de la Religion des Druzes*، پیرس ۱۸۳۸ء، ۱ : cclxxxiv تا ccxcv ؛ (۱۳) S. Lane-Poole : *History of Egypt in the Middle Ages*، ص ۱۲۴ تا ۱۲۵؛ (۱۴) G. Wiet : *L' Egypte arabe*، ص ۱۹۷ تا ۱۹۹؛ (۱۵) محمد عبدالله عنان : الحاکم بامر الله، قاهره [۱۹۳۷ء]، ص ۴۴ تا ۴۹؛ (۱۶) I. Herbek : *Die Slawen im Dienste der fāṭimiden*، در *Aro*، ۲۱ (۱۹۵۳ء)، ۵۷۰ تا ۵۷۶.

(B. Lewis)

**بُرجیّه** : مملوک سلطنت کی پوری تاریخ میں برجیّه کی فوجی جمعیت (Regiment) صرف بحریه [رَكَ بآں] کی جمعیت سے دوسرے درجے پر تھی - سلطان المنصور قلاوون نے اس کی بنا ڈالی اور اپنے هی ممالک میں سے تین هزار سات سو آدمی اس غرض سے چھانٹ کر انهیں قاهره کے برجوں (''ابراج''، مفرد بُرج) میں رهنے کی جگه دی؛ چنانچه اسی وجه سے اس فوج کا نام برجیّه مشهور هو گیا - مآخذ میں اس فوج کے بنانے کا ذکر صرف اس جگه آیا هے جهاں وه قلاوون کے زمانِ سلطنت کے اختتام پر اس کے عهد کے کارنامے گنواتے هیں لیکن بنائے فوج کی تاریخ کی صراحت نهیں کرتے - اس فوج کو ان ممالیک سے ترتیب دیا گیا تها جو اهلِ قفقاز (الجَرکس و الآص=جَرکسی اور اَبخازی) سے تهے - المَقریزی (خِطَط، ۲ : ۲۱۴ و ۱۱ : ۲۲ تا ۲۶) آص کے بجائے اهل ارمینیه (ارمن) کا نام لکهتا هے - اسی مقام میں اس نے خطائیوں اور قپچاقیوں کا ذکر بهی کیا هے اور کہا هے که وه خاصکیّة [رَكَ بآں] کے فرائض انجام دیتے تهے، لیکن وه برجیّه میں شامل نهیں معلوم هوتے.

قلاوون (از ۶۷۸ھ/ ۱۲۷۹ء تا ۶۸۹ھ/ ۱۲۹۰ء) اور اس کے لڑکے الاشرف خلیل (۶۸۹ھ/ ۱۲۹۰ء تا ۶۹۳ھ/ ۱۲۹۳ء) کے عهدِ سلطنت میں برجیّه کا امورِ مملکت میں دخیل هونا زیاده نمایاں نه تها، لیکن خلیل کے قتل کیے جانے کے فورًا بعد ان کا ذکر امیر سَنجر الشّجاعی کے ممتاز ترین طرف داروں کی حیثیت سے آتا هے - ان کے مقابلے میں اس کے مدِّ مقابل امیر کَتبُغا کے طرف دار وافدیّه [رَكَ بآں] تاتاری اور شهر زُوری کُرد تهے - کَتبُغا نے سَنجَر کو شکست دی اور صغیر سن بادشاه الناصر محمد بن قَلاوون (۶۹۴ھ/ ۱۲۹۴ء) کو معزول کر کے خود تخت نشین هو گیا - اس نے برجیّه سے انتقام اس طرح لیا که ان کا ایک حصه قلعے سے نکال دیا اور دارالسلطنت کے مختلف مقامات — میدان اللُّوق، اَلکَبش اور دارالوِزارة — میں انهیں رهنے کی جگه دی.

یه پهلی ضرب تهی جو اس جمعیت پر پڑی مگر کَتبُغا کو بهت جلد معزول کر دیا گیا اور اس کی جگه لاَجِین (۶۹۶ھ-۱۲۹۶ء) نے سنبهالی اور برجیّه کی حیثیت پهر بحال هو گئی - جب انهوں نے اپنے سالار کُرجی مُقدَّم البُرجیّه کی زیرِ قیادت سلطان لاجِین (۶۹۸ھ/ ۱۲۹۸ء) کو قتل کر دیا تو وه انتها درجے کے طاقتور هو گئے - الناصر محمد بن قلاوون (۶۹۸ھ/ ۱۲۹۸ء تا ۷۰۸ھ/ ۱۳۰۸ء) کے دوباره سلطان هو جانے کے زمانے میں اس فوج کے سردار رفته رفته مملوک سلطنت کے اصلی فرمانروا بن گئے - جب امیر بَیبَرس الجَشنَکِیر اور سلّار میں تخت کے لیے جنگ هوئی تو برجیّه فطری طور پر بیبَرس کے حامی تهے، کیونکه وه انهیں میں سے ایک تها - اس کے مقابلے میں سلّار کے طرفدار الصالحیّه اور الظاهریه تهے - (الصالحیه اس بحریه فوج کا باقی مانده حصّه تهے جسے الصالح نجم الدین ایّوب

Marfat.com

نے قائم کیا تھا، اور الظاہریہ الظاہر بیبرس کے ممالیک تھے) ۔ بیبرس جشنکیر نے سلّار کو آسانی سے شکست دے دی اور الناصر محمد کی جگہ تخت پر قابض ہو گیا (۷۰۸ھ / ۱۳۰۸ء)۔

المظفر بیبرس کے زمانِ سلطنت میں برجیہ اپنے انتہائی عروج پر پہنچ گئے، لیکن ان کا یہ عروج چند روزہ تھا کیونکہ الناصر محمد تھوڑے ہی دن میں تیسری بار تخت نشین ہوا (۷۰۹ھ / ۱۳۰۹ء تا ۷۴۱ھ / ۱۳۴۰ء) اور اس نے برجیہ کو اقتدار سے محروم کر دیا ۔ چونکہ الناصر اس مرتبہ تیس سال سے زیادہ مدت تک بلا انقطاع فرمانروا رہا، اس لیے برجیہ کا رفتہ رفتہ ایسا زوال ہوا کہ اس کی حکومت کے بعد کے مآخذ میں اس فوج کا نام بھی مشکل سے ملتا ہے۔

ممالیک کی سلطنت کے پہلے اور دوسرے دَور کو مستشرقین عام طور پر "بحری اور برجی دَور" کے نام سے موسوم کرتے ہیں ۔ یہ اصطلاح عہد مملوک کے اصل مآخذ میں مذکور نہیں ۔ ان کے ہاں پہلے دور بلکہ ممالیک کے پورے عہد کا نام "دولة الترک" اور اس کے متأخر حصّے کا نام "دولة الجَرکَس" ملتا ہے۔

**مآخذ:** (الف) مصادر: (۱) المُفَضَّل بن ابی الفضائل: النہج السدید (در *Patrologia Orientalis*)، ۱۴: ۵۸۳، ۵۸۰ و ۲۰۹: ۱۷۰؛ (۲) *Beiträger zur Geschichte der Mamlukensultane*، طبع Zetterstéen، لائڈن ۱۹۱۹ء، ص ۳۰، ۳۲، ۵۰، ۱۲۹؛ (۳) الذہبی: دُول الاسلام، حیدر آباد [دکن] ۱۳۳۷ھ، ۲: ۱۰۷؛ (۴) ابن الفُرات: تاریخ الدُّوَل و المُلُوک (طبع Zureik)، بیروت ۱۹۳۶ تا ۱۹۴۲ء، ۸: ۱۸۱، ۱۸۳، ۱۹۱، ۱۹۲؛ (۵) ابن خَلدُون: کتاب العِبَر، قاہرہ ۱۲۸۴ھ، ۵: ۴۶۱ تا ۴۶۲؛ (۶) ابن حَجَر العسقلانی: الدُّرر الکامنة، حیدر آباد [دکن] ۱۳۴۸ تا ۱۳۵۰ھ، ۱: ۵۰۲ تا ۵۰۷؛ (۷) ابن تغری بردی: النجوم الزاهرة، قاہرہ ۱۹۳۸ تا ۱۹۴۴ء، ۷: ۳۳۰ و ۸: ۳۸، ۳۹، ۱۰۰، ۱۰۲ تا ۱۰۳، ۱۷۶، ۱۸۱، ۲۳۴، ۲۳۵، ۲۴۷، ۲۵۵، ۲۵۸، ۲۷۰؛ (۸) المَنہل الصافی، ۵: ورق ۳۴ الف و ۸: ورق ۳۳ الف؛ (۹) المَقریزی: کتاب السُّلوک، طبع زیادة، قاہرہ ۱۹۳۴-۱۹۴۲ء، ۱: ۷۳۶، ۷۹۸، ۸۰۲، ۸۰۸ تا ۸۱۰، ۸۶۷ و ۲: ۲۵، ۲۷، ۳۳، ۳۵، ۳۶، ۵۲ تا ۵۳، ۵۸، ۵۹، ۶۹، ۷۰، ۷۱، ۷۳، ۱۵۶، ۳۷۷، ۳۷۸، ۳۲۶، ۵۲۳؛ (۱۰) وہی مصنّف: خِطَط، ۲: ۱۳۳، ۲۱۳۔

(ب) تصانیف: (۱۱) G. Weil: *Geschichte des Abbaside chalifats in Egypten*، Stuttgart ۱۸۶۰ء، ۱: ۱۷۰؛ (۱۲) لین پول S. Lane-Poole: *A History of Egypt in the Middle Ages*، لنڈن ۱۹۳۶ء، ص ۲۸۲؛ (۱۳) G. Weit: *L'Égypte musalmane*، در *Précis de l'Histoire d'Égypte*، ج ۲، قاہرہ ۱۹۳۲ء؛ (۱۴) وہی مصنّف: *L'Égypte Arabe*، در *Histoire de la Nation Égyptienne*، ج ۴، پیرس ۱۹۳۷ء؛ (۱۵) W. Popper: *Egypt and Syria under the Circassian Sultans*، برکلے Berkeley ۱۹۵۷ء، ۲: ۱۱؛ (۱۶) علی ابراہیم حسن: تاریخ المالیک البحریة، قاہرہ ۱۹۴۴ء، بمدد اشاریہ، بذیل مادّة الممالیک البُرجیّه.

(D. AYALON)

**بَردان:** خلفائے عباسیہ کے زمانے میں عراق کا ایک شہر۔ عرب جغرافیہ نگاروں کا بیان ہے کہ اس کا جائے وقوع بغداد سے پندرہ میل شمال کی جانب سامرّا جانے والی شاہ راہ پر دجلے کے مشرقی کنارے سے تھوڑے سے فاصلے پر اس جگہ سے ذرا اوپر تھا جہاں نہر الخالص اور دجلہ باہم ملتے ہیں۔ نہر الخالص، جو نَہروان (یا دیالہ) کی ایک شاخ ہے، بَردان سے بالکل ملی ہوئی بہتی تھی۔ خلیفه

marfat.com
Marfat.com

المنصور نے جب تک یہ پختہ ارادہ نہ کر لیا کہ اس جگہ جہاں آج کل بغداد ہے اپنا نیا دارالسلطنت تعمیر کرے اپنا دربار کچھ مدت تک یہیں منعقد کیا (قب الیعقوبی : البلدان، ص ۲۰۶) ۔ ایک پل، ایک بازار اور ایک دروازہ (بعد میں ایک گورستان بھی) بغداد کے مشرقی نصف حصّے میں تھا ۔ یہ حصّہ بھی بردان کے نام پر، جو بغداد سے ڈاک کی دو منزل کے فاصلے پر تھا، بردان ہی کہلاتا تھا، قب لیسٹرینج Le Strange : *Baghdad during the Abbasid Caliphate*، ۱۹۰۰ء، ص ۳۶۰ (اشاریہ) ۔ مراصد [الاطّلاع] کے مصنّف نے جب یاقوت کی عبارت اپنی کتاب میں درج کی ہے اس وقت (تقریباً ۷۰۰ھ / ۱۳۰۰ء) بَردان بالکل ویران ہو چکا تھا اور کوئی اسے جانتا بھی نہ تھا ۔ اب اس کا سراغ بلا شبہہ موجودہ بَدران کے کھنڈروں کے ٹیلے میں مل سکتا ہے، جس کا جاے وقوع بالکل عرب مصنّفین کے بیان کے مطابق ہے ۔ عرب مآخذ سے معلوم ہوتا ہے کہ بَردان فارسی ''بَرَدہ دان'' (= قیدیوں کا گھر) کا معرّب ہے ۔ اس سے اس بات کا امکان نکلتا ہے کہ یہاں غالباً بُخْت نصر نے یہودیوں کی نو آبادی قائم کی ہوگی۔

مآخذ : (۱) *BGA*، بمواضع کثیرہ ؛ (۲) یاقوت، ۱ : ۵۵۱ ببعد؛ (۳) ابن عبد الحق : مراصد [الاطلاع]، طبع Juynboll، ۱ : ۱۶۸ ؛ (۴) M. Streck : *Babylonien nach den arab. geographen*، ۲ : ۲۳۰ ببعد؛ (۵) Le Strange، ص ۵۰؛ (۶) Weil : *Chalifen*، ۲ : ۵۶۹؛ (۷) H. Petermann : *Reisen im Orient*، ۲ (۱۸۶۱ء) : ۳۱۱؛ (۸) Černik، در *Pettermann's geogr Mitteil*، Erg. Heft، ۴۴، ۴۳، ۳۶ الف، ۳۸ .

(S. H. Longrigg و M. Streck)

• **بُرْدُر** : جنوب مغربی ایشیاے کوچک کا ایک قصبہ، جو اسی نام کی جھیل (= بُرْدُر کولی Burdur Gölü) کے جنوب مشرقی کنارے سے کوئی چار کیلومیٹر کے فاصلے پر ہے ۔ بعض کی راے ہے کہ قدیم Limobrama (جس سے = Limnobria جھیل کا شہر مراد لیا گیا ہے) اسی مقام پر یا اس کے قریب واقع تھا جہاں اس وقت بُرْدُر آباد ہے، مگر اس راے کی صحت مشکوک ہے (رک بہ Ramsay؛ Pauly-Wissowa، بذیل مادّۂ Limobrama، اور Honigmann) ۔ اس شہر کا موجودہ نام بُرْدُر (مقامی ترکی باشندے اپنی بولی میں اور بہت سے سیّاح، جنھوں نے اس علاقے کی سیاحت کی ہے، اپنے سفرناموں میں اسے بُلْدُر کہتے ہیں، نیز کلیساے قدیم (Orthodox) کے عیسائی، جو پہلے زمانے میں یہاں رہتے تھے، اسے پُرْدُر (یونانی Πουρδούρ) کہتے تھے) یہ ظاہر کرتا ہے کہ یہ اور قرونِ وسطٰی کا Polydorion (یونانی Πολυδώριον) ایک ہی چیز ہیں ۔ رہی جھیل بُرْدُر، سو یہ وہی قدیم Ἀσκανία λίμνη ہے جو Pisidia میں تھی ۔ گیارھویں اور بارھویں صدی عیسوی کے درمیان بوزنطیوں اور ترکوں کے درمیان جو طویل جنگیں ہوئیں ان کے دوران میں بُرْدُر روم کے سلجوق سلاطین کے قبضے میں آ گیا؛ اس کے بعد چودھویں صدی عیسوی کے اوائل میں حمِید کے بیگوں کی زیرِ حکومت چلا گیا اور آگے چل کر پندرھویں صدی عیسوی میں سلاطینِ عثمانیہ کی حکومت میں شامل ہو گیا ۔ بُرْدُر کی آبادی پہلے زمانے میں کلیساے قدیم کے عیسائیوں (Orthodox Christians) کی معتدبہ تعداد پر مشتمل تھی، جو ترکی کو اپنی زبان کے طور پر بولتے تھے (Cuinet نے ضبط کیا ہے کہ اس شہر میں چار ہزار یونانی اور تقریباً ایک ہزار ارمن بھی بستے تھے) ۔ عثمانی حکومت میں پہلے بُرْدُر آناطولو Anadolu [= اناطولی] کی ایالت کی سنجاق حمِید کی ایک قضا تھا ۔

Marfat.com

اس کے بعد ولایت قونیہ [رک باں] کا ایک سنجاق ہو گیا ۔ آج کل یہ ترکی کے موجودہ صوبۂ بردر کا سرکاری صدر مقام ہے ۔ شہر کی آبادی بیس [پچیس] ہزار سے زائد ہے ۔

**مآخذ** : (۱) ابن بطوطہ : تحفۃ النظار، طبع C. Defrémery اور B.R. Sanguinetti، پیرس ۱۸۵۳ تا ۱۸۵۹ء، ۲ : ۲۶۵ تا ۲۶۶؛ (۲) P. Lucas : *Voyage . . . dans la Turquie*، Rouen ۱۷۱۹ء، ۱ : ۲۳۳ بعد؛ (۳) W.M. Leake : *Journal of a Tour in Asia Minor*، لنڈن ۱۸۲۴ء، ص ۱۳۷ تا ۱۳۸، ۱۳۵ تا ۱۳۶؛ (۴) F. V. J. Arundell : *A Visit to the Seven Churches of Asia with an Excursion into Pisidia*، لنڈن ۱۸۲۸ء، ص ۱۳۷ بعد؛ (۵) وہی مصنف : *Discoveries in Asia Minor*، لنڈن ۱۸۳۴ء، ۲ : ۹۶ بعد؛ (۶) W. J. Hamilton : *Researches in Asia Minor, Pontus and Armenia*، لنڈن ۱۸۴۲ء، ۱ : ۴۹۲ بعد؛ (۷) F. Sarre : *Reise in Kleinasien*، برلن ۱۸۹۶ء، ص ۱۶۷، ۱۶۹؛ (۸) W. M. Ramsay : *The Cities and Bishoprics of Phrygia*، آوکسفرڈ ۱۸۹۵ء، ص ۲۹۸ تا ۲۹۹ اور ۳۲۴ بعد؛ (۹) *Le Synekdèmos d'Hiéroklès et l'opuscule géographique de Georges de Chypre* (*Corpus Bruxellense Historiae Byzantinae* : *Forma Imperii Byzantini*)، کراسہ ۱، طبع E. Honigmann، برسلز ۱۹۳۹ء، ص ۳۰ (بذیل مادّۂ (δῆμος ʼΟβρα μοα))؛ (۱۰) E. Rossi : *The iscrizioni turche in caratteri greci di Burdur*، *Anatolia in* در *Rend. Line*، سلسلہ ۸، روم ۱۹۰۳ء، ۸ : ۶۹ تا ۷۵؛ (۱۱) اوزون چارشیلی : *Anadolu Beylikleri ve Akkoyunlu, Karakoyunlu Devletleri* (*Türk Tarih Kurumu Yayinlarindan* سلسلہ عدد۲، انقرہ ۱۹۳۷ء، ۸ : ۱۷ و ۹۲؛ (۱۲) V. Cuinet : *La Turquie d'Asie*، پیرس ۱۸۹۰ء، ۱ : ۸۳۲ بعد؛ (۱۳) سامی : قاموس الاعلام، استانبول ۱۳۰۶ھ، ۲ : ۱۳۷۵؛ (۱۴) علی جواد : تاریخ و جغرافیہ لغاتی، استانبول ۱۳۱۳ تا ۱۳۱۴ھ، ص ۲۰۶ تا ۲۰۷؛ (۱۵) Pauly - Wissowa، ۲ / ۲ (۱۸۹۶ء) بذیل مادّۂ ʼΑσκανία λίμνη، عمود ۱۶۱۰ اور ۱۳ / ۱ (۱۹۲۶ء)، بذیل مادّۂ Limobrama، عمود ۷۱۰؛ (۱۶) اوا، ت، بذیل مادّۂ Burdur (از Besim Darkot).

(V.J. PARRY)

**بردسیر** : رک بہ کرمان .

**بردو** : [صحیح تلفظ باردو] تونس کے حکمرانوں (Beys) کی اقامت گاہ، جو شہر تونس سے سوا میل دور جنوب مغرب میں واقع تھی ۔ بردو کا مقام موسم گرما میں اپنی خنک آب و ہوا کے باعث مشہور تھا اور پتا چلتا ہے کہ شہر کے امرا زمانۂ قدیم سے وہاں جایا کرتے تھے اور وہاں ان کے باغ اور دیہاتی مکان تھے ۔ بردو میں ابو فہر کا حدیقہ (park=)، تھا، جسے بنو حفص کے امیر المستنصر (۱۲۴۹ تا ۱۲۷۷ء) نے تیار کرایا تھا ۔ اس میں نادر درختوں کے جھنڈ تھے ۔ اس میں ایک جھیل بھی تھی، جس میں زغوان کی کاریز کے ذریعے پانی پہنچتا تھا اور یہ اتنی بڑی تھی کہ اس میں حرم کی خواتین کشتیوں میں بیٹھ کر سیر و تفریح کرتی تھیں ۔ سبزہ زار میں بنے ہوئے چھوٹے چھوٹے بنگلوں میں پچی‌کاری کی ہوئی تھی اور چوبی منبت کاری سے ان کی آرائش کی گئی تھی (دیکھیے ابن خلدون : [العبر] *Histoire des Berbers*، مترجمۂ دسلان، ۲ : ۳۳۹) ۔ سولھویں صدی عیسوی میں اکثر حکمران یہاں سکونت رکھتے تھے ۔ ترکون نے اپنے پیش روؤں کی اس روایت کو بر قرار رکھا ۔ Chevalier d' Arvieux نے قصر باردو (house of the Bards or of Bard) کا حال بڑی تفصیل

marfat.com
Marfat.com

سے بیان کیا ہے، جسے محمد پاشا نے تعمیر کرایا تھا اور جہاں رأس العَبْد (Cape Negro) میں ایک فرانسیسی کارخانے کے قیام کے بارے میں معاہدے پر دستخط ثبت ہوے تھے (۱۶۶۹ء؛ d' Arvieux : *Memoires*، ۳ : ۳۷) - حسینی خاندان کے حکمرانوں کا یہ دل پسند مسکن تھا - حسین ابن علی (۱۷۰۵ تا ۱۷۴۰ء) نے یہاں ایک مسجد اور ایک محل بنوایا - پیسونل Peyssonnel، جس نے ۱۷۲۴ء میں تونس کی سیاحت کی تھی، ان کے محل کے متعلق لکھتا ہے: ''یہ بہت سی عمارتوں کا مجموعہ ہے، جو تقریباً مربع شکل کا ہے - اس کے چاروں طرف فصیل ہے، جس کے پہلوؤں میں متعدد مربع برج بنے ہوے ہیں - زیرِ عمارت رقبے کا محیط تقریباً بارہ سو قدم ہے - 'بے' کے محل کے علاوہ دوسری عمارتیں بڑے بڑے اہلکاروں کے لیے بنائی گئی ہیں'' (دیکھیے Peyssonnel : *Relation d'un voyage sur les côtes de Barbarie*، مکتوب ۲، ص ۲۶ ببعد) - علی پاشا نے عمارتوں کے اس پورے مجموعے کے گردا گرد ایک گہری خندق کھدوا کر چار دیواری تعمیر کرائی - چار دیواری میں بندوقچیوں کے لیے روزن اور توپخانے کے لیے موکھے رکھے گئے تھے - محمد بے نے اس پر بھاری رقمیں صرف کیں - عمارت کی تعمیر اور اس کے آرائشی کام کے لیے اس نے غیر ملکی، خصوصاً اطالوی کاریگر ملازم رکھے، جو مقامی کاریگروں کے ساتھ مل کر کام کرتے تھے (قبّ محمد بن یوسف: مشْرِی الملکی *Mechra el-Melki, Chronique*، مترجمۂ V. Serres و محمد الاصرم Muhammad Lasram) - انیسویں صدی میں تونس کے حکمرانوں نے بردو سے بے توجہی برتی، چنانچہ جب اس پر فرانسیسیوں کا قبضہ ہوا تو اس کی بیشتر عمارتیں کھنڈر ہو چکی تھیں - ان عمارتوں کو فصیل سمیت صاف کر دیا گیا - صرف 'بے' کے اقامتی کمروں، نیز مسجد اور حرم کو باقی رہنے دیا گیا اور اب یہ حرم آثار قدیمہ کے عجائب خانے (Musée Alaouï) میں تبدیل کر دیا گیا ہے - قصر ابی سعید بردو سے کچھ زیادہ دور نہیں - وہاں ۱۲ مئی ۱۸۸۱ء کے معاہدے پر دستخط ہوئے تھے، جس کی رو سے تونس فرانس کا ''زیرِ حفاظت علاقہ'' قرار پایا - یہ معاہدہ غلطی سے معاهدۂ بردو کے نام سے مشہور ہوگیا [رک بہ تونس ۶ : ۷۹۶، عمود ۲].

(G. YVER)

**بُرْدَة** : (۱) اونی کپڑے کی [دھاری دار] چادر [ثوبٌ مُخَطَّطٌ]، جو دن کو لبادے اور رات کو کمبل کے طور پر اوڑھنے کے کام آتی تھی - رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کی اس قسم کی ایک چادر کو خاص شہرت حاصل ہے - کعب رضؓ بن زُہَیر [رک باں] کو ان کے ایک قصیدے پر آپؐ نے بطورِ انعام وہ ''بردۃ'' [= چادر] عطا فرمائی تھی جو آپؐ اس وقت اوڑھے ہوے تھے بعد میں امیر معاویہ رضؓ نے وہ چادر کعب رضؓ بن زهیر کے بیٹے سے خرید لی [نیز رک بہ بَانَتْ سُعَاد] اور بعد ازاں یہ خلفاے عباسیہ کے خزانے میں محفوظ رهی، تا آنکہ بغداد پر مغول نے قبضہ کر لیا اور ہلاگو نے اسے جلوا دیا؛ تاهم آگے چل کر یہ دعوی کیا گیا کہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کی اصلی چادر بچا لی گئی تھی اور وہ اب تک قسطنطنیہ میں محفوظ ہے .

**مآخذ** : (۱) [لسان بذیلِ مادّہ؛ اقرب الموارد؛ النہایۃ وغیرہ]؛ (۲) Dozy : *Dictionnaire des noms de vêtements chez les Arabes*، ایمسٹرڈم ۱۸۴۵ء، ص ۵۹ تا ۶۴؛ (۳) R. Basset : *Le Bānat So'ād*، الجزائر ۱۹۱۰ء، ص ۹۰ تا ۹۱ اور وہ مصنفین جن کا حوالہ اس میں دیا گیا ہے؛ (۴) تبرکات استانبول کے لیے دیکھیے تحسین اوز : خرقۂ سعادت دائرہ سی و امانتِ

Marfat.com

مقدمہ، استانبول ۱۹۰۳ء.

(۲) البُوصیری [رکّ بآن] کے مشہور قصیدے کا نام ۔ اسے قصیدۂ بردہ اس لیے کہتے ھیں کہ آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم نے (خواب میں) اپنی چادر مبارک بوصیری کے شانوں پر ڈالی تھی ۔ روایت ھے کہ بوصیری جسے فالج کا حملہ ھو چکا تھا شفایاب ھو گیا اور یہ قصیدہ کہا ۔ اس معجزانہ شفایابی کی شہرت دور دور تک پھیل گئی اور یہ قصیدہ، جس کا عنوان اَلْکَوَاکِبُ الدُّرِّیَّۃ فِی مَدْحِ خَیْرِالبَرِیَّۃ تھا، ''البردۃ'' کے نام سے مشہور ھو گیا ۔ اس کے اشعار فوق العادۃ قوتوں کے حامل سمجھے جاتے ھیں ۔ آج کل بھی انھیں ردّ بلیّات کے لیے نیز تجہیز و تکفین کے موقع پر پڑھا جاتا ھے ۔ عربی کی کسی نظم کو ایسی شہرت حاصل نہیں ھوئی ۔ اس کی نوے سے زیادہ شرحیں عربی، فارسی، ترکی، بربر اور اردو میں لکھی جا چکی ھیں ۔ اس کی تخمیس، تثلیث اور تشطیر میں جو نظمیں لکھی گئی ھیں ان کا شمار نہیں ھو سکتا ۔ قدیم عربی شاعری کے اسلوب کے مطابق یہ قصیدہ بھی نسیب ھی سے شروع ھوتا ھے ۔ پھر شاعر اپنی جوانی ضائع کر دینے پر اظہارِ تأسف اور اپنی تقصیروں کا اعتراف کرتا ھے ۔ اس کے بعد وہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کے فضائل بیان کرتا ھے اور بعد کے اشعار میں آپؐ کے معجزات بیان کرتا ھے (جو حدیث سے بھی ثابت شدہ ھیں) ۔ قصیدے کا اختتام رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کے مناقب و نعت پر ھوتا ھے اور آخر میں آپؐ کے حضور میں ایک التجا ھے . . . .

البُرْدَۃ کی چند خاص شرحوں کا ذکر کیا جا سکتا ھے : (۱) تاریخی اعتبار سے اوّلین شرح ابو شامۃ عبدالرحمٰن بن اسمٰعیل الدّمشقی (۵۹۶ھ / ۱۱۹۹ء تا ۶۶۵ھ/۱۲۶۶ء) کی ھے، جس کے نسخے پیرس (کتاب خانۂ ملّی، عدد ۱۶۲۰) اور میونخ (عدد ۵۴۷) میں موجود ھیں؛ (۲) شرح ابن مرزوق التلمسانی (م ۸۴۲ھ / ۱۴۳۸ - ۱۴۳۹ء)، جسے ڈوزی Dozy نے ''عظیم و پر جلال'' (Stupendus et horrendus) قرار دیا ھے؛ (۳) شرح خالد الأزہری (م ۹۰۵ھ / ۱۴۹۹ - ۱۵۰۰ء)، جو کئی بار چھپ چکی ھے ۔ بعض اوقات یہ (۴) ابراھیم الباجوری (م ۲۴ ذوالقعدۃ ۱۲۷۶ھ / ۱۳ جون ۱۸۶۰ء) کی ''شرح'' کے ساتھ بھی شائع ھوئی ھے؛ (۵) شرح ابن عاشور (قاھرہ ۱۲۹۶ھ) ۔ اصل قصیدہ پہلی بار اوری Uri نے ۱۷۶۱ء میں لائڈن سے، بعنوان *Carmen Mysticum Borda Dictum*، لاطینی ترجمے کے ساتھ شائع کیا ۔ اس وقت سے یہ قصیدہ خصوصاً بلاد مشرق میں متعدد بار چھپ چکا ھے، چنانچہ عارفانہ کلام کا کوئی ایسا مجموعہ مشکل ھی سے ھو گا جس میں یہ قصیدہ شامل نہ ھو ۔ مغرب میں von Rosenzweig کا مطبوعہ نسخہ، بعنوان *Funkelnde Wandelsterne zum Lobe des Besten der Geschöpfe* (ویانا ۱۸۲۴ء)، مع جرمن ترجمہ و حواشی، قابلِ ذکر ھے ۔ ایک اچھا مطبوعہ نسخہ Rolfs کا ھے، جو اس کی وفات کے بعد Behrnauer نے شائع کیا، یعنی *Die Burda, ein Lobgedicht auf Muhammad* (ویانا ۱۸۶۰ء)، مع فارسی و ترکی و جرمن تراجم، لیکن اس میں وہ الحاقی اشعار شامل نہیں جو von Rozenzweig کے نسخے میں درج ھیں ۔ البردۃ کا ترجمہ مختلف زبانوں میں ھو چکا ھے ۔ یہاں ان سب ترجموں کی فہرست نہیں دی جا سکتی تاھم مذکورۂ بالا تراجم کے علاوہ حسب ذیل قابلِ ذکر ھیں : (۱) ترجمۂ د ساسی de Sacy، پیر علی برگوی Birgevi کی تصنیف کے ترجمے، بعنوان *Exposition de la Foi musulmane* (از گارسان د تاسی Garcin de Tassy کے آخر میں، پیرس ۱۸۲۲ء)؛ (۲) ترجمہ از R. Basset مع شرح (پیرس ۱۸۹۴ء)؛

marfat.com
Marfat.com

(۳) ترجمه از W. A. (در The Burda : Redhouse، *Arabian Poetry for English Readers* : Clouston، ص ۳۲۲ تا ۳۴۱، گلاسکو ۱۸۸۱ء)؛ (۴) اطالوی ترجمه از *al-Burdatayn* : G. Gabrieli ("البُرْدَتَیْن")، فلارنس ۱۹۰۱ء، ص ۳۰ تا ۸۵ مع حواشی - [اردو کے تراجم و حواشی کے لیے رک به البوصیری].

مآخذ: [(۱) السیوطی: حسن المحاضرة، ۱: ۳۶۰؛ (۲) مبارک: الخطط الجدیدة، ۱۰: ۸؛ (۳) فوات الوفیات، ۲: ۲۰۵؛ (۴) الوافی بالوفیات، ۳: ۱۰۵ ببعد؛ (۵) آداب اللغة، ۳: ۱۲۰؛ (۶) البستانی: دائرة المعارف، بذیل مادہ؛] (۷) R. Basset: *Les Manuscrits Arabes des Bibliothèques des Zaouias de 'Ain Madhi et Temacin...*، الجزائر ۱۸۸۶ء، ص ۳۶ تا ۴۵؛ (۸) I. Goldzihr، در *Revue de l'Histoire des Religions*، ۳۱: ۳۰۴ ببعد؛ (۹) براکلمان، ۱: ۲۶۴ تا ۲۶۶ [تکمله، ۱: ۴۶۷ ببعد].

(R. Basset)

* **بَرَدٰی**: یا بَردان؛ قدیم نام: کائیدنوس Cydnus؛ موجودہ نام: جَیحُون؛ ایک دریا، جو Cappadocia سے نکل کر مغرب کی سمت بہتا ہے - یه دریا ان باغوں کو سیراب کرتا ہے جو مَرْعَش کے حوالی نیز طَرسُوس میں واقع ہیں اور کلیکیا Cilicia کے نشیبی میدانوں میں دریائی مٹی بچھاتا ہوا خلیج اسکندرونه Alexandretta کے مغربی کنارے پر سمندر میں جا گرتا ہے - قدیم زمانے میں طرسوس تک اس میں چھوٹے چھوٹے جہاز چلا کرتے تھے.

مآخذ: (۱) المسعودی: مروج، ۱: ۲۶۴؛ (۲) یاقوت، ۱، ۳۸۹ و ۳: ۵۲۶؛ (۲) Le Strange: *Palestine under the Moslems*، ص ۶۳، ۳۲۸، ۴۹۱؛ (۳) Cl. Cahen: *La Syrie du Nord*، ص ۱۴۶ تا ۱۵۱.

(N. Elisséeff)

* **بَرَدٰی**: جس کا ذکر نُعمان المَجذوم نے اَبَنَه [= اَبانه] کے نام سے کیا ہے - (الملوک الثانی، باب ۵، ۱۲) اور جسے یونانی اور لاطینی مصنفوں نے Chrysorrhoas لکھا ہے، الجبل الشرقی (Anti-Lebanon) کی مشرقی ڈھلانوں پر بہنے والا اہم ترین سدا رواں دریا ہے - اسی کی بدولت دمشق کی جاے وقوع متعین ہوئی اور غُوطَة کی نشو و نما بھی اسی کی رہین منت ہے.

اس دریا کا وجود پہاڑ کی ان بلند چوٹیوں کا مرہون ہے جو زَبَدانی اور سَرغایه کے درمیانی خلا کے اوپر سر اٹھائے کھڑی ہیں - ایک ہزار میٹر سے زیادہ بلند چونے کے پتھر کی ایک چٹان کے دامن میں ایک قدرتی معدنی [Vauclusion، منسوب به Vaucluse در فرانس] چشمه اُبلتا ہے، جس سے درۂ زَبَدانی کے مغربی پہلو میں، جبل شیخ منصور کے دامن میں، ایک وسیع جھیل بن گئی ہے - اس جھیل سے جو پانی چھلک کر بہہ نکلا ہے اسی نے دریاے بردی کی شکل اختیار کر لی ہے، جو میدان زَبَدانی کی آہسته آہسته ڈھلتی ہوئی سطح پر پیچ و خم کھاتا ہوا بہتا ہے اور راستے میں اس خطّے کے بہت سے چشمے اس میں ملتے جاتے ہیں - جب اس کا بہاؤ پرسکون اور راسته متعیّن ہو جاتا ہے تو یه دریا مشرق کی طرف مڑ جاتا ہے اور الجبل الشرقی (Anti-Lebnan) کی مشرقی شاخ کے متوازی گھومتا ہوا بہتا چلا جاتا ہے - تَکیّه کے مقام پر (جہاں پن‌بجلی کا کارخانه ہے) یه نیچے گرنا شروع ہوتا ہے - یہاں پہنچ کر اس کی صورت ایک تیز دھارے کی سی ہو جاتی ہے جو ایک بند گھاٹی کی دیواروں سے لگ کر اچھلتا ہوا گزرتا ہو - یه دیواریں ایسے ذرّوں کے تحجر و تراکم (conglomerates) سے بنی ہیں جن کا تعلّق طبقات الارض کے جدید تر طبقے (Pliocene) اور تیسرے طبقے کے اسفل درجے (eocene) سے ہے - سوق وادی بَرَدٰی (قدیم: اَبِیلَة)

Marfat.com

پر یہ گھاٹی کچھ چوڑی ہو جاتی ہے ۔ پھر اپنے منبع سے تیس کیلومیٹر تک بہنے کے بعد عین فیجہ اس میں آ ملتا ہے ۔ یہ چشمہ بردی کی سطح آب سے فقط چند میٹر ہی بلند ہے اور اس کے ملنے سے بردی کا حجم دو چند ہو جاتا ہے ۔ اس سے پانی ہمیشہ چھلکتا اور کثیر مقدار میں بڑی یکسانیت کے ساتھ بہتا رہتا ہے ۔ اس کا سوتا چونے کے ایسے پتھروں میں ہے جن میں کھریا کی خصوصیات پائی جاتی ہیں ۔ اس غار کے اوپر رومیوں کا ایک معبد ہے ۔ جب پانی اتر جاتا ہے تو بھی اس سے پانچ مکعب میٹر فی سیکنڈ کی رفتار سے پانی خارج ہوتا رہتا ہے ۔ اگر یہ پانی میسر نہ آئے تو موسم گرما میں بردی بالکل خشک ہو کر رہ جائے ۔ اس چشمے کا کچھ پانی روک کر نلوں کے ذریعے دمشق پہنچایا گیا ہے جو وہاں کے لوگوں کے پینے کے کام آتا ہے ۔ اگرچہ دمشق کی سمت بردی کا بہاؤ بہت تیز و تند ہے تاہم انسانی تدابیر سے اس کی تیز رفتاری کو روک کر اسے قابو میں لانے کی کوشش کی گئی ہے ۔ اگر یہ تدبیریں بروے کار نہ لائی جاتیں تو بردی دمشق کے نشیب کے عین وسط میں اپنا راستہ کاٹ کر نہایت سست رفتاری سے بہنے لگتا اور اس سے سیراب ہونے والی زمین کی صورت خشک اور لق و دق میدانوں کے درمیان ایک سر سبز پٹی کی سی ہوتی جو آخر کار دلدلوں کے درمیان غائب ہو جاتی ہے ۔ صدیوں سے انسان اس دریا میں سے پے در پے نہریں نکالنے کی کوشش میں لگا رہا ہے ۔ یہ نہریں دریا کی گزرگاہ کے متوازی مختلف سطحوں پر بہتی ہیں، حتّٰی کہ ربوہ کے حوالی میں پہنچ جاتی ہیں ۔ یہاں پہنچ کر جبل قاسیون کے دامن میں اس سے چھے بڑی نہریں نکلتی ہیں ۔ ان نہروں کو کثیر التعداد شاخوں میں پھیلا کر ان کے پانی سے بنجر زمینوں کے لیے زندگی بخش سیرابی فراہم کی گئی ہے، جس کی بدولت دمشق کے بسالتی (Basalt) نشیب کے پچیس کیلومیٹر سے زیادہ لمبے اور پندرہ کیلو میٹر چوڑے رقبے میں اس زرخیز مٹی (marl) کی بنیاد بچھ گئی ہے جو دریا کی تہ میں بیٹھی ہوئی ہے اور یوں یہ اراضی ایک زرخیز نخلستان میں تبدیل ہو گئی ہیں ۔ بردی سے تقریباً دس ہزار ہیکٹر پھلوں کے اور دوسرے باغ سیراب ہوتے ہیں اور صحرا پہاڑوں سے تقریباً بیس کیلومیٹر پرے سرک گیا ہے ۔ غوطہ کے پرے "مرج" میں ہرے بھرے کھیت دور دور تک پھیلے ہوئے نظر آتے ہیں اور دسمبر سے جون تک یہ سارا خطّہ یوں معلوم ہوتا ہے جیسے زمین پر سبز مخمل کا فرش بچھا دیا ہو ۔

آب پاشی کے بعد دریا کا جو پانی بچ رہتا ہے وہ صحرا کی جانب نکل جاتا ہے جہاں نکاس کی کوئی صورت نہ ہونے کے باعث یہ رک کر العتیبہ [= العُقیبۃ؟] کی دلدلوں میں جمع ہو جاتا ہے ۔

بردی کے بہاؤ کی سمت اس سے مندرجۂ ذیل نہریں نکلتی ہیں : (۱) بائیں کنارے پر حما کے مقام سے نہر یزید، جسے اوّل اوّل نبطیوں نے نکالا اور پھر یزید اول نے دوبارہ جاری کیا ۔ یہ نہر ثورا میں گر کر اس کے پانی میں اضافہ کرتی ہے؛ (۲) دائیں کنارے پر دمّر کے مقام سے نہر مزاوی، جس سے شہر مزّہ کے لیے، جو منڈی بھی ہے، پانی فراہم ہوتا ہے؛ (۳) اسی کنارے پر آگے چل کر نہر دارانی، جو کفر سوس اور داریا کو پانی پہنچاتی ہے؛ (۴) پھر بائیں کنارے سے نہر ثورا، جسے ابتدا میں آرامیوں نے نکالا تھا اور جو بجائے خود تقریباً آدھے نخلستان کو سیراب کرتی ہے؛ (۵) ربوہ کے حوالی میں ایک ہی مقام سے دو نہریں نکلتی ہیں جو زیادہ تر آباد شہروں میں سے گذرتی ہیں: یعنی نہر قنوات، جسے رومیوں نے بنایا اور بنو امیہ نے دوبارہ

marfat.com
Marfat.com

جاری کیا اور جو قدیم نہر کے پانی میں اضافہ کرتی ہے، اور [دوسری] نہر باناس (ادبی شکل) یا بانیاس جو آرامیوں کی بنائی ہوئی ہے ۔ تقریباً ۷۰۰ء میں آرنلف Arnulf ''چار بڑی نہروں'' (magna IV flumina) کا ذکر کرتا ہے ۔ یہ وہی ہیں جو ۷۲۳ء میں ہشام بن عبدالملک کے عہد میں موجود تھیں، یعنی نہر یزید، نہر ثورا، نہر باناس اور نہر قنوات ۔ یہ نہریں چھٹی صدی ہجری / بارھویں صدی عیسوی یعنی ابن عساکر کے زمانے میں بھی موجود تھیں ۔ ۱۰۷۲ء میں جرمن سیاحوں نے دمشق کا جو نقشہ تیار کیا تھا اس میں بردی کو کشتی رانی کے قابل دریا دکھایا ہے ۔

شہر میں حماموں، مسجدوں، فواروں اور گھروں کے لیے پانی نہر قنوات، باناس اور خود بردی سے مہیا ہوتا ہے (پینے کے لیے پانی حال ھی میں عین فیجہ سے نلوں کے ذریعے لایا گیا ہے) اور وہاں سے پھر دیہات کی طرف نکل جاتا ہے ۔ آبپاشی کے ایک بہت ھی عمدہ نظام کی بدولت ایک ایسا مصنوعی نخلستان وجود میں آ سکا ہے جو غیر معمولی طور پر زرخیز ہے ۔ بردی سے پاس پاس نکلی ہوئی کثیر التعداد نہروں کا ایک جال سا بچھا ہوا ہے، جس سے دیہاتی علاقے اور غوطہ کے سبزہ زاروں کی بخوبی آب پاشی ہو جاتی ہے ۔ اس علاقے میں بارش کی کمی (دمشق میں صرف دو سو ملی میٹر) کو دور کرنے میں بردی کا بڑا حصہ ہے ۔ یہ فضا کو مرطوب کرتا ہے، بہار اور خزاں میں دھند پیدا کرتا ہے، اور نباتی اور حیوانی زندگی کو برقرار رکھتا ہے، جس کے باعث انسانوں کے رہنے کے لیے یہ خطہ بہت موزوں ہو گیا ہے [عرب شعرا کے کلام میں بردی کا ذکر ملتا ہے]۔

یاقوت (۱ : ۵۸۹) نے بردی نام کے ایک گاؤں کا ذکر کیا ہے، جو حلب کے مشرق میں واقع تھا ۔ لامنس Lammens نے اسے بَرَد لکھا ہے اور اس کا محلِ وقوع جبل سِمْعان بتایا ہے ۔ یاقوت (۳ : ۶۹) نے بردی نام کی ایک نہر کی بھی نشان دہی کی ہے، جو سُلَیمان بن عَبدالملک الاموی نے الرَّمْلَه میں کھدوائی تھی [یاقوت نے نہر بردی ثغر طرسوس میں بتائی ہے (بذیل مادہ) اور الرملہ والی نہر کا نام بردہ تھا]۔

**مآخذ**: (۱) ابن عَساکر: تاریخ مدینۃ دمشق، در PAAD، ۱۹۰۱ء، ص ۱۰۵ تا ۱۳۸؛ (۲) یاقوت: مُعْجَم البُلْدان، مطبوعۂ بیروت، ۱: ۳۷۸ تا ۳۷۹؛ (۳) کُرد علی: غُوطۃ دمشق، در PAAD، ۱۹۵۲ء، ص ۱۱۳ تا ۱۱۹؛ (۴) P. Geyer: *Intinera Hierosolumitana*، ص ۲۷۶؛ (۵) Le Strange: *Palestine Under the Moslems*، ۱۸۹۰ء، ص ۵۷ تا ۵۹، ۲۶۵ ببعد؛ (۶) Watzinger و Wultzinger: *Damaskus*، ۱۹۲۳ء، ۲: ۳۷؛ (۷) R. Dussaud: *Topographie historique de la Syrie*، ۱۹۲۷ء، ص ۲۸۷ ببعد؛ (۸) R. Tresse: *Irrigation dans la Ghouta de Damas*، در REI، ۱۹۲۹ء، ص ۴۵۹ تا ۵۳۳؛ (۹) L. Dubertret: *L'hydrologie . . . de la Syrie et du Liban . . .*، در *Rev. Géogr. Phys. et Géol. dyn.*، ۱۹۳۳ء، ۶: ۳۴۹؛ (۱۰) J. Sauvaget: *Esquisse d'une histoire de la ville de Damas*، در REI، ۱۹۳۴ء، ص ۴۲۷؛ (۱۱) R. Thoumin: *Géographie humaine de la Syrie Centrale*، ۱۹۳۶ء، ص ۵۲ تا ۹۰؛ (۱۲) M. Ecochard و Cl. Le Coeur: *Les Bains de Damas*، در PIFD، ۱۹۴۲ء؛ (۱۳) L. Dubertret: *A Perçu de Géographie Physique sur le Liban, l'Anti-Liban et la Damascène*، در *Notes et Mémoires*، ۱۹۴۸ء، ۴: ۱۹۱؛ [(۱۴) اُردو دائرۂ معارف اسلامیہ، بذیل مادّہ]۔

(N. ELISSÉEFF)

**بَرْدِیصان**: Bardesanes رَكَ به دَیصانیه.

**بَرْذَعَة**: ارمنی میں: پرتو (Partav)؛ جدید: بَرْدَہ؛ قفقاز کے جنوب میں ایک قصبہ، جو پہلے اَرّان، یعنی قدیم البانیہ، کا دارالحکومت تھا ۔

marfat.com
Marfat.com

یہ قصبہ دریاے کُور سے تقریبًا چودہ میل دُور (عرب جغرافیہ نویسوں کی رو سے دو یا تین فرسخ؛ المسعودی (مُروج، ۲: ۷۵) نے غلطی سے تین میل لکھا ہے) — اسی نام کے دریا کے کنارے آباد ہے (المقدسی، ص ۳۷۵) جسے آج کل تِرتِر (ثرثور، یاقوت: بُلدان، ۱: ۵۶۰) کہتے ہیں۔ بقول البلاذُری (ص ۱۹۴) اسے ساسانی بادشاہ قُباد [اول] (عہدِ حکومت ۴۸۸ تا ۵۳۱ء) نے بسایا تھا۔ الدمشقی (*Cosmographie*، طبع Mehren، ص ۱۸۹) نے اس سے اختلاف کرتے ہوے ایک افسانوی شخص بَرْذَعہ بن اَرمینی (؟) کو بانیِ شہر قرار دیا ہے، جو قُباد سے پہلے گزرا ہے۔ عربوں نے اس نام کی تشریح یوں کرنے کی کوشش کی ہے کہ یہ فارسی لفظ ''بردہ دار'' سے مشتق ہے، جس کے معنی ''قیدیوں کی جگہ'' کے ہیں اور ابتداءً اسے اسی مقصد سے آباد کیا گیا تھا۔

آگے چل کر ساسانیوں اور عربوں کے عہد میں بَرْذَعہ شمال اور مغرب سے آنے والے حملہ آوروں کے مقابلے میں ایک سرحدی قلعے کا کام دیتا رہا۔ عربوں کی فتوحات کے دوران میں یہ مختصر سی مدافعت کے بعد سلْمان بن رَبِیْعة الباهِلی کے ہاتھوں سر ہوا تھا (البَلاذُری، ص ۲۰۱)۔ یہ واقعہ غالبًا ۳۲ھ / ۶۵۲ء سے پہلے پیش آیا، جو بَلَنجَر [رک بآں] کے مقام پر عربوں کی ہزیمت کا سال ہے۔ اس کے بعد اَرّان، یعنی وہ صوبہ جس میں بَرْذَعہ اور اس سے متعلقہ علاقہ شامل تھا، عام طور سے ارمینیہ کے ساتھ اور بعض اوقات ایک ہی والی کے ماتحت ارمینیہ اور آذربیجان کے ساتھ ملحق رہا۔ عبدالملک کے عہدِ خلافت میں عبدالعزیز بن حاتم نے اس کے استحکامات نئے سرے سے درست کیے (الذَّہَبی: دُوَل الاِسلام، ۱: ۴۰، بذیل ۸۶ھ / ۷۰۵ء) اور غالبًا کچھ عرصے بعد محمد بن مروان نے ان کی مزید اصلاح کی (قبّ البلاذُری، ص ۲۰۳)۔ بعد ازاں برذعہ ''ان علاقوں میں مسلمانوں کے تسلط و تدبیر مملکت کے ہراول کی حیثیت سے'' (V. Minorsky) اچھی طرح لیس ہو گیا، چنانچہ دوسری جنگ عرب و خَزَر کے دوران میں اور پھر عہدِ عباسیہ میں اس کا بار بار ذکر آتا ہے۔ دسویں صدی تک یہاں کی آبادی نے اپنی اَرّانی بولی برقرار رکھی (الاِصْطَخْری، ص ۱۹۲)۔

جب الاِصْطَخْری نے اس کا حال لکھا (نواح ۳۲۰ھ / ۹۳۲ء) تو برذعہ کی خوشحالی اپنے حدِ کمال تک پہنچ چکی تھی، گو اس کے بعد جلد ہی اس پر زوال آنے والا تھا۔ اس میں کئی میل لمبا چوڑا سرسبز و شاداب علاقہ شامل تھا، جو محض اپنی وسعت کے اعتبار ہی سے اصفہان اور رَیّ کا ہم سر تھا۔ ضلع اَنْدَراب میں، جس کی حدود اس شہر سے ایک دو میل پر شروع ہو جاتی تھیں، باغ اور پھل دار درختوں کے ذخیرے چاروں سمت ایک دن کی مسافت بلکہ اس سے بھی دور تک مسلسل پھیلتے چلے گئے تھے۔ اعلٰی ترین قسم کے فندق (Hazel-nuts) اور جوز (Chest-nuts)، نیز سنجد (Service-tree) سے مشابہ ایک مقامی پھل یہاں بافراط ملتا تھا۔ بَرْذَعہ میں اعلٰی درجے کے انجیر بھی پیدا ہوتے تھے۔ یہاں ریشم خصوصیت سے تیار ہوتا تھا اور خوزستان اور فارس کو برآمد کیا جاتا تھا۔ شہتوت کے درخت، جن پر ریشم کے کیڑے پلتے تھے، سرکاری ملکیت تھے اور بقول ابن حَوْقَل (دیکھیے سطورِ ذیل) ریشم کی تیاری میں آبادی کی کثیر تعداد حصّہ لیتی تھی۔ دریاے کُور سے کئی قسم کی مچھلی پکڑی جاتی تھی، ان میں ایک قسم سرماھی یا شورماھی (فارسی: نمکین مچھلی) تھی۔ اسے بھی نمک لگا کر برآمد کیا جاتا تھا۔ بَرْذَعہ کے خچّروں کا المُقدَّسی (ص ۳۸۰) نے ذکر کیا ہے۔ ان کی وسط ایشیا تک تعریف ہوتی تھی (مثلاً ۴۱۶ھ / ۱۰۲۵ء

marfat.com
Marfat.com

میں سمر قند میں، دیکھیے بارٹولڈ Barthold : Turkestan، ص ۲۸۳) ۔ ان کے علاوہ دوسری اجناس، مثلاً شمالی علاقوں کا سمور، جس کا تذکرہ المقدسی (تنبیہ، ص ۶۳) نے کیا ہے، نیز مجیٹھ اور زیرے (حدود العالم، ص ۱۴۳) کی اتوار کو لگنے والے بازار (سوق الکُرکی) میں بلاشبہہ سب سے زیادہ بکری ہوتی تھی (سوق الکرکی Κυριακή سے مشتق ہے، جس کے معنی ہیں خداوند کا دن ۔ اس سے یہاں کے باشندوں کے پرانے مذھب، یعنی مسیحیت، کا پتا چلتا ہے) ۔ یہ بازار بابُ الاکراد سے باھر مضافات میں لگتا تھا اور یہاں عراق تک سے خریدار آتے تھے ۔ برذعہ کا بیت المال بنو امیہ کے زمانے سے قائم ہوا (ابن حوقل) ۔ قدیم دستور کے مطابق یہ جامع مسجد میں تھا، جس کے پہلو میں دارالامارۃ واقع تھا ۔

شہر کا مذکورۂ بالا حال ابن حوقل کے اس بیان کی بنیاد بھی ہے جو اس نے تقریباً پچاس سال بعد (۳۶۷ھ / ۹۷۷ء میں) قلمبند کیا تھا ۔ بڑا فرق یہ ہے کہ ابن حوقل کو اس امر کا علم تھا کہ ۳۳۲ھ / ۹۴۳ء میں برذعہ کو روسیوں نے فتح کر کے اس پر قبضہ کر لیا تھا ۔ اس قابلِ ذکر واقعے کا حال ابن الاثیر (۸ : ۳۰۸ تا ۳۱۰) نے لکھا ہے اور اس سے بھی زیادہ تفصیل کے ساتھ ۔ بظاہر کسی عینی شاھد سے سن کر ۔ ابن مِسْکَوَیْه نے (The Eclipse of the Abbasid Caliphate، طبع D. S. Margoliouth، ۲ : ۶۲ تا ۶۷؛ انگریزی ترجمہ، ۵ : ۶۷ تا ۷۴؛ منقول در چیڈوک Chadwick : The Beginnings of Russian History، کیمبرج ۱۹۴۶ء، ص ۱۳۸ تا ۱۴۳)۔ روسی بحیرۂ خزر کے قریب نمودار ہوئے تھے ۔ ان کی تعداد نہیں بتائی گئی، لیکن وہ کم از کم کئی ہزار ہوں گے اور بلاشبہہ دوسرے مواقع کی طرح والگا کے علاقۂ خزر سے آئے ہوں گے (قب D.M. Dunlop : History of the Jewish Khazars، ص ۲۰۹ ببعد، ۲۳۸ ببعد) ۔ وہ دریاے کُور میں سفر کرتے ہوے پہنچے، اور آذربیجان کے حکمران المَرْزُبان بن محمّد المسافری کی افواج کو شکست دے کر برذعہ پر قبضہ کر لیا ۔ روسیوں کا قبضہ کئی ماہ (بقول یاقوت (۲ : ۸۳۴) ایک سال) تک رہا اور جب ایک وبا کے باعث ان کی تعداد میں بہت کمی واقع ہو گئی تب کہیں جا کر انھیں بڑی مشکل سے نکالا جا سکا ۔

ابن حَوْقل نے روسی حملے کے مضر اثرات کا ذکر کیا ہے، لیکن جیسا کہ اب اس کی تصنیف کی اشاعتِ ثانی (دیکھیے مآخذ) سے ظاہر ہوا ہے وہ اپنے زمانے میں برذعہ کے تباہ کن زوال کا باعث (جس کی توضیح اس خبر سے ہوتی ہے کہ جہاں قبل ازیں بارہ سو نانبائی ہوا کرتے تھے وہاں اب صرف پانچ رہ گئے ہیں) محض روسیوں کی تباہ کاری کو قرار نہیں دیتا ۔ وہ بتاتا ہے کہ اس کا اصل باعث حکمرانوں کی ”بے انصافی اور مجنونانہ نظم و نسق“ تھا (بار اول، ص ۲۴۱) ۔ بار دوم (ص ۳۳۶) میں ان کلمات کی توضیح و تشریح یوں کی گئی ہے کہ یہ حکمران مالی معاملات میں لوگوں کو تنگ کیا کرتے تھے، اس چیز نے ”اسے اور اس کے باشندوں کو کھا لیا“ ۔ اس کا ایک باعث گرجستانیوں کا پڑوس بھی ظاہر کیا گیا ہے (بارِ دوم، ص ۳۳۷، ۳۳۹)؛ معلوم ہوتا ہے کہ گرجستانیوں کا حوالہ اس دست درازی کے سلسلے میں آیا ہے جو انھوں نے گنجہ (جَنْزہ) کی طرف سے کی تھی ۔ یہ مقام آگے چل کر ایلزیوٹپول Elizavetpol کے نام سے مشہور ہوا اور برذعہ سے صرف نو فرسخ کے فاصلے پر تھا (یاقوت، ۱ : ۵۰۹) ۔ یہاں چوتھی / دسویں صدی کے نصف آخر میں خاندان شدادیہ حکومت کرتا تھا ۔ اس تباھی کی ایک وجہ حکومت

Marfat.com

کی وہ بد نظمی اور محصولات کی بھر مار بھی ہے، جس کا ذکر ابن حَوْقَل نے کیا ہے ۔ یہ صورتِ حال غالبًا دیلم کے مسافریہ فرمانرواؤں ھی سے منسوب کی جائے گی، جو نہیں چاہتے تھے کہ برذعہ اپنی پرانی حیثیت حاصل کر لے، کیونکہ اس سے آرْدَبیل کو ضعف پہنچنے کا خدشہ تھا ۔ ھو سکتا ہے کہ [بیچ میں] برذعہ کی حالت کچھ سنبھل گئی ھو، کیونکہ جب اس پر اَبْخاز کے ایک بادشاہ نے حملہ کیا تو کہا جاتا ہے کہ ۴٦١ھ/١٠٦٨ء میں سلجوقی بادشاہ آلپ ارسلان نے اس کے خلاف انتقامی کارروائی کی ۔ بہر حال مغول کے عہد میں اس کا ذکر شاذ و نادر ھی آیا ہے اور اس وقت سے اب تک جو طویل وقفہ گزرا ہے اس کے دوران میں اس کی حالت آج کے مقابلے میں کھنڈروں کے درمیان ایک گاؤں سے کچھ بہتر نہ رھی ھوگی.

**مآخذ** : (١) الاِصْطَخْری، ص ١٨٢ تا ١٨۴؛ (٢) ابن حَوْقَل، بار اوّل (طبع ذخویہ De Goeje)، ص ٢۴٠ تا ٢۴٣ و بار دوم (طبع Kramers)، ص ٣٣٦ تا ٣٣٩؛ (٣) یاقوت، ١ : ۵۵٨ تا ۵٦١؛ (۴) القَزْوینی : آثار البلاد، ص ٣٣٣؛ (۴) حدود العالم، بمدد اشاریہ؛ (۵) V. Minorsky : *Studies in Caucasian History*، لنڈن ١٩۵٣ء، ص ١٦ تا ١٧، ٦۵، ١٠٣، ١١٧؛ (٦) D.M. Dunlop : *History of the Jewish Khazars*، پرنسٹن ١٩۵۴ء، بمدد اشاریہ؛ (٧) المقدسی، ص ٣٧۵.

(D.M. DUNLOP)

⊕ **بِرّ** : (ع) اس کا مادہ ب ر ر ہے ۔ بَرّ اسماے الٰہی میں سے ایک ہے، مادہ ب ر ر کا اصل مفہوم تَوَسُّع فراخی اور کشادگی ہے ۔ وسعت کے ساتھ ساتھ اس کے معنی کثرت کے بھی ھیں، چنانچہ اَبَرَّ الرَّجُل کے معنی ھیں وہ شخص کثیر العیال ھو گیا یا کہتے ھیں اَبَرَّ القَوْمُ یعنی قوم کی تعداد بڑھ گئی ۔ یہ لفظ غلبہ، فوقیت اور تسلّط کے معنوں میں بھی استعمال ھونے لگا، چنانچہ اَبَرَّ عَلَیْهِمْ کے معنی ھیں وہ ان پر فوقیت لے گیا اور اِبْرار غلبے اور مُبِرّ غالب کو کہتے ھیں (تاج العروس، بذیل مادّہ؛ ابن الأثیر : نهایة، ١ : ٨٧) ۔ عربی زبان میں جہاں ب اور ر جمع ھو جائیں تو اس لفظ میں عمومًا عیاں اور ظاھر ھونے کا مفہوم پیدا ھو جاتا ہے، مثلاً کلمہ زیرِ بحث کے علاوہ برخ، برج اور برز، بـرص وغیرہ میں (صدیق حسن خان : اَلْعَلَم الخَفّاق، قسطنطینیہ ١٢٩٦ھ) ۔ سَلْمان رض کی حدیث مَن اَصْلَحَ جَوّانِیَه اَصْلَحَ اللّٰهُ بَرّانِیَه میں برّ کے معنی ابن الأثیر نے ظاھر اور علانیہ کے لیے ھیں یعنی جو اپنے باطن کو درست رکھے گا اللہ تعالٰی اس کے ظاھر کو درست کر دے گا (نہایة، بذیل مادّہ) ۔ غرض ب ر ر کے مادّے میں وسعت، کثرت، قوت، غلبے اور ظہور کا مفہوم پایا جاتا ہے، بِرّ کا لفظ بھی اسی مادے سے ہے ۔ اس کے ایک معنی امام راغب نے التوسع فی الخیر یعنی وسیع پیمانے پر نیکی کے کیے ھیں اور لکھا ہے کہ برّ (نیکی) دو قسم کی ہے، اعتقادی اور عملی ۔ اسی لیے ایک موقع پر جب نبی اکرم صلّی اللہ علیہ و آلہ و سلّم سے بِرّ کی تشریح پوچھی گئی تو آپؐ نے جوابًا سورة البقرة کی آیت لَیْسَ البِرَّ اَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ الآیة (٢ : ١٧٧) تلاوت فرمائی، کیونکہ اس آیت میں عقائد و اعمال اورفرائض و نوافل کی پوری تفصیل موجود ہے ۔ گویا مذھبی شعائر کو صرف رسمی طور پر ادا کر لینے کا نام بِرّ نہیں اور نہ یہ محض برائیوں سے بچنے کے سلبی مفہوم تک محدود ہے بلکہ یہ لفظ اپنے اندر بڑی وسعت رکھتا ہے اور نیکی کے مثبت پہلوؤں پر بھی حاوی ہے ۔ نگاہ کی کشادگی اور دل کی وسعت کے اعتبار سے بِرّ کے معنی وسیع پیمانے پر حسنِ سلوک، صلۂ رحمی اور احسان کے ھیں ۔ پھر اس کے معنی بات پر پورا اترنا، قسم میں سچا ھونا اور اطاعت کے بھی ھیں ۔ حج مبرور وہ حج

marfat.com
Marfat.com

جس میں رفث، فسوق اور جدال نہ ہو اور جس میں غریبوں کو کھانا کھلایا جائے (احمد : مسند، ۳ : ۳۲۵؛ بخاری، کتاب الحج، باب ۱۰۲) اور بیع مبرور جو دھوکے وغیرہ سے مبرّا ہو (احمد : مسند، ۳ : ۴۶۶) - قرآن مجید میں برّ کا لفظ اثم کے مقابلے میں جو عدوان سے زیادہ وسعت رکھتا ہے استعمال ہوا ہے - اثم کے معنی ہیں وہ کام جو نیکی اور ثواب سے باز رکھے اور روکے، گویا اس کے اصل معنی میں رکاوٹ اور تاخیر کا مفہوم ہے (الاثم اسم للافعال المبطئة عن الثواب : مفردات، بذیل مادّہ) - آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا ہے : الْاِثْمُ مَا حَاکَ فِی صَدْرِکَ وَ کَرِهْتَ اَنْ یَّطَّلِعَ عَلَیْهِ النَّاسُ (مسلم - کتاب البرّ، باب ۴؛ احمد بن حنبل : مسند، ۴ : ۱۸۲، ۲۲۷ و ۵ : ۲۵۱ ببعد) یعنی وہ افعال اثم ہیں جن کا ارتکاب تمھارے دل میں کھٹکے اور تم نہ چاہو کہ لوگ تمھارے ان افعال سے با خبر ہوں اور اس کے مقابل میں برّ کے متعلق فرمایا : مَا اطْمَانَّتْ اِلَیْهِ النَّفْسُ، وہ چیز جو نفس میں اطمینان پیدا کرتی ہے - ان وجوہ سے برّ کے معنی ہوں گے : قوّت، نشاط عمل اور وسعت - قرآن مجید میں ابرار کے مقابلے میں فجّار کا لفظ استعمال کیا گیا ہے (۸۲ [الانفطار] : ۱۴) اور فجور کے معنی ہیں نافرمانی، دین کی بے حرمتی، بد کاری، گناہ، کذب، اللہ تعالٰی سے دوری، اس لحاظ سے برّ کے معنی ہونگے اطاعت، دین کی حفاظت، پاکیزگی، نیکی، صداقت اور قرب الٰہی.

تقوی اور برّ میں یہ فرق ہے کہ تقوی میں گناہوں سے بچنے اور اللہ تعالٰی کو سپر بنانے کا مفہوم ہے اور زیادہ تر سلبی رنگ رکھتا ہے اور برّ میں وسیع پیمانے پر نیکیوں کے بجا لانے کا مثبت مفہوم ہے اور زیادہ تر ایجابی رنگ رکھتا ہے - حدیث میں برّ کا لفظ جفا کے مقابلے میں بھی استعمال ہوا ہے (الترمذی، کتاب الفتن، باب ۳۸)، اور برّ کے معنی اچھے خلق کے بھی کیے گئے ہیں (الترمذی، کتاب الزھد، باب ۵۳) اور برّ کو عمر میں اضافے کا ذریعہ بتایا گیا ہے (ابن ماجة، مقدمہ).

حضرت شاہ ولی اللہ نے برّ کی تشریح کرتے ہوئے لکھا ہے : کُلُّ عَمَلٍ یَفْعَلُهُ الْاِنْسَانُ قَضِیَّةً لِانْقِیَادِه لِلْمَلَاِ الْاَعْلٰی و اضْمِحْلَالِه فِی تَلَقِّی الْاِلْهَامِ مِنَ اللّٰهِ وَ صَیْرُوْرَتِه فَانِیًا فِی مُرَادِ الْحَقِّ وَ کُلُّ عَمَلٍ لِیُجَازٰی عَلَیْهِ خَیْرًا فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ وَ کُلُّ عَمَلٍ یُصْلِحُ الْاِرْتِفَاقَاتِ الَّتِیْ بُنِیَ عَلَیْهَا نِظَامُ الْاِنْسَانِ، وَ کُلُّ عَمَلٍ یُفِیْدُ حَالَةَ الْاِنْقِیَادِ وَ یَرْفَعُ الْحُجُبَ (حجة اللہ البالغة، المبحث الخامس) یعنی برّ وہ عمل ہے جو انسان اللہ تعالٰی کے احکام کی متابعت سے یا الہام کے قبول کرنے میں ہمہ تن محو ہو جانے سے یا منشائے الٰہی میں جذب ہو جانے سے سر انجام دیتا ہے - بر وہ عمل ہے جس کی جزا دنیا و آخرت دونوں میں ملتی ہے - پھر یہ وہ عمل ہے جس سے ارتفاقات، یعنی ان بابرکت امور کی اصلاح و ترقی ہو جن پر نظام انسانی کی بنیاد قائم ہے، یہ وہ عمل ہے جس سے اطاعت کا اظہار ہو اور جو حجابات کو دور کرے.

اس کے بعد حضرت شاہ صاحبؒ نے اس کے بالمقابل اثم کی تشریح کی ہے اور لکھا ہے کہ برّ کی راہیں اللہ تعالٰی ان لوگوں پر کھولتا ہے جو فرشتوں کے نور سے تائید یافتہ ہوتے ہیں اور پھر تفصیل سے ان راہوں کے اصول بیان کیے ہیں.

**مآخذ** : ان کتب کے علاوہ جن کا حوالہ متن مقالہ میں آ چکا ہے (۱) تفاسیر قرآن مجید تحت ۲ [البقرة]: ۱۷۷، مثلاً: (ا) ابن جریر الطّبری؛ (ب) الکشاف؛ (ج) البحر المحیط؛ (د) روح المعانی؛ (۲) الزمخشری : الفائق، تحت مادّۂ ب ر ر؛ (۳) احمد بن حنبل : مسند، ۲ : ۱۷۶؛ (۴) البخاری: الادب المفرد، باب ۰؛ (۵) ابن ماجة، کتاب الادب، باب ۱؛ (۶) شاہ ولی اللہ : حجة اللہ البالغة.

marfat.com
Marfat.com

المبحث الخامس؛ (۷) ونسنک Wensinck : المعجم المفہرس، لائڈن ۱۹۳۶ء، ۱ : ۱۵۹ ببعد، مادہ ب ر ر کے دوسرے مشتقات کے لیے دیکھیے لسان؛ تاج العروس وغیرہ ۔

(عبدالمنان عمر)

• **البَرّادی** :ابوالفضل ابو الحاسِیم [کذا، صحیح : ابوالقاسم] بن براہیم [الدمّری]، شمالی افریقہ کا ایک اباضی فاضل، جس کا زمانہ آٹھویں صدی/چودھویں صدی کا نصف آخر ہے۔ وہ جنوبی تونس کے ایک گاؤں دمّر کا رہنے والا تھا، جہاں اس نے ابوالبقاء یَعِیْش الجَرْبی سے تعلیم حاصل کی۔ وہاں سے وہ شیخ ابو ساکن عامر الشمّاخی (م ۷۹۲ھ/۱۳۹۰ء) کے حلقۂ درس میں شریک ہونے کی غرض سے یِفْرِن [= اِفْرِن] گیا، جو جبل نفوسہ میں واقع ہے۔ تعلیم مکمل کرنے کے بعد اس نے جِربہ میں اقامت اختیار کر لی۔ یہاں وہ کئی سال تک تدریس میں مصروف رہا۔ وہ وادی الزّبِیب کی مسجد میں درس دیا کرتا تھا۔ اس کی وفات جِربہ ہی میں ہوئی۔ البرّادی کے کئی بیٹے تھے۔ الشمّاخی کے بیان کے مطابق ان میں سب سے مشہور عبداللہ ابو محمّد تھا، جس نے خصوصیّت سے اصول میں شہرت حاصل کی۔

کتاب الجَوَاہر المُنتقات (طبع سنگی، قاہرہ ۱۳۰۲ھ / ۱۸۸۵ء) البرّادی کی ممتاز ترین تصنیف ہے، جو در اصل ساتویں صدی/ تیرھویں صدی کے ایک مغربی مصنّف ابوالعبّاس احمد الدّرجینی [رک بآں] کی کتاب طَبَقات المَشائخ کا تکملہ ہے۔ یہ کتاب دو "طبقات" میں منقسم ہے۔ پہلے "طبقے" میں اباضیہ کے نقطۂ نظر سے اسلام کی ابتدائی تاریخ پر نقد و تبصرہ کیا گیا ہے، جسے الدّرجینی نے اپنی کتاب میں نظر انداز کر دیا تھا۔ کتاب کے اس حصّے میں ان مشاہیر کے سوانح درج ہیں جن کا الدّرجینی نے ذکر نہیں کیا تھا۔ دوسرے "طبقے" میں الدّرجینی کی کتاب پر تنقیدی نظر ڈالی گئی ہے اور اس سلسلے میں نئے واقعات اور مختصر مقدّمات کا اضافہ بھی کیا گیا ہے۔ کتاب کے خاتمے پر فرقۂ اباضیہ کی کتابوں کی فہرست بھی دی گئی ہے، جسے موٹیلنسکی A. de Motylinski نے ترجمہ کر کے شائع کر دیا ہے۔

الشمّاخی کے بیان کے مطابق البرّادی ایک اور رِسالۃ کا بھی مصنّف ہے، جس میں اس کا تخاطب شیخ ابوعبداللہ محمد بن احمد الصّدْغیانی سے ہے۔ اس رسالے میں اس نے نہایت وضاحت اور صفائی سے ایمان باللہ اور توحید باری تعالٰی کے متعلق اپنے نظریات پیش کیے ہیں۔ علاوہ ازیں اس نے احمد ابن النّزاتی کی کتاب الدّعائم اور ابویعقوب بن ابراہیم السّدْراتی کی کتاب العَدْل فِی اُصُول الفقْہ کی شرحیں بھی لکھیں۔ الشّماخی کے ہاں سِیَرالعُمانیّۃ کا کوئی ذکر نہیں، جس کا حوالہ Lewicki نے (Handwörterbuch، بذیلِ مادّۂ اباضیہ) دیا ہے اور جس کا مخطوطہ لْووف Lwów میں موجود ہے۔

**مآخذ** :(۱) الشّماخی : کتاب السِّیَر، قاہرہ ۱۳۰۱ھ، ص ۵۷۳ تا ۵۷۰؛ (۲) E. Masqueray : *Chronique d' Abou Zakariya*، الجزائر ۱۸۷۸ء، ص ۱۳۱؛ (۳) A. de Motylinski : *Les livres de la secte abadhite*، در *Bull. de corr. afr.*، ۳، الجزائر ۱۸۸۵ء : ۳۳ تا ۳۶؛ (۴) براکلمان : تکملہ، ۲ : ۳۳۹؛ (۵) R. Rubinacci : *Notizia di alcuni manoscritti ibāditi esistenti presso l' Istituto Universitario Orientale di Napoli*، در *AIUON*، سلسلۂ جدید، ۱۹۴۹ء، ۳ : ۴۳۳ تا ۴۳۵؛ (۶) وہی مصنّف : *Il "Kitāb al-Ġawāhir" di al-Barrādi*، در مجلّۂ مذکور، ۱۹۵۲ء، ۴ : ۹۵ تا ۱۱۰؛ (۷) وہی مصنّف : *Il califfo Abdal-Malik b. Marwān e gli Ibāḍiti*، در مجلّۂ مذکور، ۱۹۵۳ء، ۵ : ۹۹ تا ۱۲۱؛ (۸)

marfat.com
Marfat.com

*Il conflitto 'Ali-Mu'āwiya e la* : L. Veccia Vaglieri *secessione Khārigita riesaminati alla luce di fonti ibāḍite*، در AIUON، سلسلهٔ جدید، ۴، ۱۹۵۲ء، بمواضع کثیرہ؛ (۹) وهی مصنف : *Traduzione di passi riguardanti il conflitto 'Ali-Mu'āwiya e la secessione Khārigita*، در مجلّهٔ مذکور، ۵، ۱۹۵۴ء: ۱ تا ۷۰.

(R. RUBINACCI)

* **البرّاسان** : Albarracin السبرّاکن، رک به رزین، بنو.

⊗ **برّی** : شاہ لطیف برّی قادری (م ۱۱۱۷ھ / ۱۷۰۵-۱۷۰۶ء)، پوٹھوھار کے ایک بزرگ، جو برّی بادشاہ، برّی سلطان اور امام برّی کے القاب سے معروف ھیں، موضع چوری کرسال، ضلع جہلم میں پیدا ھوے ۔ ان کے والد شاہ محمود بن حامد بن بودله ایک خاندانی تنازعے کے باعث ترک وطن کر کے موضع باغاں میں رہنے لگے اور شاہ لطیف مویشی چرانے پر مامور ھوے ۔ لڑکپن ھی میں والد کی سخت گیری سے تنگ آ کر گھر سے نکل کھڑے ھوے اور بارہ سال جنگلوں اور غاروں میں ریاضت کرتے رہے ۔ ایک روز بستی کٹھاھوت کے قریب ایک غار میں چلّه کش تھے کہ ایک قادری المشرب بزرگ تشریف لائے اور انھیں بیعت سے مشرف فرمایا ۔ پھر وہ اس بستی میں سکونت پذیر ھو گئے اور اس کا نام نور پور رکھا ۔ یه نور پور شاھاں اور موضع باغاں اب پاکستان کے دارالحکومت اسلام آباد میں آ گئے ھیں.

پیر و مرشد کے ایما پر انھوں نے کئی بار طویل چلّه کشی کی ۔ ضلع ھزارہ کی ایک ندی میں وہ بارہ سال کا چلّه کاٹ رہے تھے کہ حالت غیر ھو گئی ۔ مرشد نے آ کر انھیں ندی سے نکالا ۔ اس کے بعد ان پر جذب و مستی کا بہت زیادہ غلبه ھوگیا ۔ ۱۰۷۸ھ / ۱۶۶۷ - ۱۶۶۸ء میں سیّد حسین قادری پشاوری اور ۱۱۱۶ھ / ۱۷۰۴ - ۱۷۰۵ء میں ان کے فرزند شاہ محمد غوث لاھوری ان مجذوب سے ملے لیکن کچھ اچھا تأثر لے کر نہیں گئے ۔ شاہ محمد غوث فرماتے ھیں: ''در پنڈی به شاہ لطیف نام مجذوب صاحب کشف و جذب رفتم، او را دیدم و آثار مکاشفه و جذبهٔ او معائنه نمودم ۔ امّا مقصود فقیر چیزے ازو حاصل نشد'' ۔ ان دو معاصرین نے انھیں برّی نہیں لکھا ۔ ان کے علاوہ منشی شہامت علی نے بھی، جو دلّی کالج کے تعلیم یافته تھے اور جنھوں نے ۱۸۳۸ء میں اپنی کتاب لکھی (دیکھیے مآخذ)، ان کے نام کے ساتھ برّی نہیں لکھا ۔ معلوم ھوتا ھے کہ دستور العمل دربار شاہ لطیف برّی (۱۲ ستمبر ۱۸۵۹ء) قدیم ترین تحریر ھے جس میں ان کے نام کے ساتھ برّی لکھا گیا ھے ۔ نسب نامهٔ شریف ۱۸۸۱ء میں اس لفظ کی یه توجیه کی گئی ھے :-

بویرانه شب روز در بندگی
بسر کرد در بندگی زندگی
چو گردید بر کوہ و ھامون و دشت
بعالم ازان برّی مشهور گشت

انھوں نے چار حضرات کو بیعت کیا : مٹھه شاہ، دونگ شاہ، عنایت شاہ اور شاہ حسین ۔ ان کی طرح یه چاروں لا ولد فوت ھوے ۔ اس خانوادۂ طریقت میں پیر و مرید کے بجاے مرشد اور چیله یا بالکا کے الفاظ مستعمل ھیں ۔ مفتی غلام سرور نے تحفة القادریة (شاہ ابوالمعالی) اور معارج الولایة (عبیدالله خویشگی) کے حوالے سے ان کے مرشد کا عرف حیات المیر اور شیخ بہلول دریائی کو ان کا مرید بتایا ھے ، مگر ان دونوں کتابوں میں نه تو شاہ لطیف برّی کا نام ھے اور نه کسی کا عرف حیات المیر ۔ بہر حال رپورٹ مردم شماری ۱۸۸۳ء، اشجار طریقت اور جن جن تذکروں میں ان کا ذکر آیا ھے سب نے

Marfat.com

انھیں قادری لکھا ہے۔

ان کا مزار نور پور شاھاں (اب اسلام آباد) میں ہے جہاں سال بھر زائرین کا تانتا بندھا رھتا ہے۔ یہاں ضلع راولپنڈی کا بہت بڑا میلا لگتا ہے۔ ۶ جولائی ۱۹۶۰ء کو یہ مزار محکمۂ اوقاف کی تحویل میں آیا۔ ۱۹۶۱ء سے میلے کو عرس کہنے لگے اور مزار سے دس دس میل تک قمار بازی اور طوائفوں کا مجرا ممنوع قرار پایا۔ اس میلے (اب عرس) کا آغاز عرق گلاب کی اٹھارہ بوتلوں کی ڈالی کی آمد سے ھوتا ہے، جسے عہد عالمگیری کے بزرگ ابوالبرکات سیّد حسن قادری پشاوری کے گھرانے سے لے کر ایک پیدل قافلہ مزار پر لاتا ہے۔ مزار پر نذرانوں سے محکمۂ اوقاف کو سال ۱۹۶۵-۱۹۶۶ء میں اکیس ھزار پانچ روپے وصول ھوے۔

مآخذ: (۱) شاہ محمد غوث قادری لاھوری: رسالہ در بیان کسب سلوک و بیان طریقت و حقیقت (۱۱۷۰ء)، قلمی، محمد امیر شاہ قادری یکہ توت پشاور کے پاس ہے؛ (۲) شاہ غلام قادری: خوارق عادات سیّد حسن (م ۱۷۰۰ء)، بقلم مصنّف (۱۱۸۹ھ / ۱۷۷۵-۱۷۷۶ء)، مملوکۂ محمد امیر شاہ مذکور؛ (۳) شجرۂ نسب مالکان اراضی و دستور العمل دربار شاہ لطیف برّی، مشمولۂ واجب العرض موضع نور پور شاھاں، ضلع راولپنڈی، ۱۸۵۹-۱۸۶۰ء؛ (۴) مولوی محمد شاہ مشہدی: نسب نامہ شریف، مصنّفہ و مکتوبۂ ۱۸۸۱ء، مشمولۂ ''مثل مقدمہ نمبر ۹، وقف کیس''، تاریخ فیصلہ بعدالت ڈسٹرکٹ و سشن جج، راولپنڈی: ۲۳ دسمبر ۱۹۶۳ء؛ (۵) شاہ غلام حسین بخاری (م ۱۸۹۳ء): کرامات شاہ لطیف برّی، قلمی، مقالہ نگار کے پاس ہے؛ (۶) مفتی غلام سرور: خزینۃ الاصفیاء، لاھور ۱۲۸۴ھ / ۱۸۶۷-۱۸۶۸ء، ص ۱۲۲؛ (۷) منظور الحق صدیقی: شاہ لطیف برّی و تاریخ نور پور شاھاں (زیر طبع)؛ (۸) شہامت علی: *The Sikhs and the Afghans*، لندن ۱۸۴۷ء، ۱: ۱۳۹؛ (۹) H. A. Rose: *A Glossary of Tribes etc.*، لاھور ۱۹۱۹ء، ۱: ۱۳۰؛ (۱۰) *Rawalpindi District Gazetteers*، بابت ۱۸۸۳ و ۱۹۰۷ء۔

(منظور الحق صدیقی)

* **بِرْزال**: [بن وَرْنید؛ یا بِرْزالہ] زَناتَہ گروہ کا ایک بربر [اباضی] قبیلہ، جو چوتھی / دسویں صدی کے شروع میں الزّابالاسْفَل (المَسِیْلَہ کے جنوب) میں آباد تھا۔ فاطمی خلیفہ عبیداللہ [۲۹۷ھ / ۹۰۹ء تا ۳۲۲ھ / ۹۳۴ء] نے ان کی سرگرمیوں پر نظر رکھنے کے لیے المَسِیْلَہ میں ایک قلعہ تعمیر کرایا تھا۔ بنو برزال نے اس کی مخالفت میں شورش پسند ابویزید (النّکّاری) [رَكَ بآں] کا ساتھ دیا اور جب فاطمی خلیفہ المنصور [۳۳۴ھ / ۹۴۵ء تا ۳۴۱ھ / ۹۵۲ء] نے اس کا تعاقب کیا تو اسے پناہ دی۔ اگرچہ المنصور نے ان بربروں کو معاف کر دیا، تاھم انھوں نے ۳۶۰ھ / ۹۷۱ء میں جعفر ابن الاندلسی [رَكَ بآں]، والیِ زاب، کی بغاوت میں پھر شرکت کی۔ فاطمیوں کے جبر و تشدّد نے انھیں راہِ فرار اختیار کرنے پر مجبور کر دیا، چنانچہ انھوں نے اندلس میں جا کر پناہ لی، جہاں انھوں نے اموی فرمانرواؤں کی ملازمت اختیار کر کے بربر فوج کا ایک جیش تشکیل کر لیا۔ خلیفہ الحاکم الثانی کی وفات پر بنو برزال کے سرداروں نے ابن ابی عامر کے فریق کا ساتھ دیا، جس کے صلے میں ان کے ایک سردار کو قرمونہ Carmona کا والی بنا دیا گیا۔ اندلس کی طوائف الملوکی کے دوران میں بنو برزال نے قرمونہ میں ایک چھوٹی سی خودمختار ریاست قائم کر لی، جس نے اشبیلیہ (Seville) کے بنو عَبّاد کی درازدستیوں کی مقاومت کی کوشش کی۔ بالآخر وہ ۴۵۹ھ / ۱۰۶۷ء میں شاہ اشبیلیہ کی اطاعت پر مجبور

marfat.com
Marfat.com

ہو گئے اور کم از کم ایک جداگانہ گروہ کی حیثیت سے باقی نہ رہے، بعینہٖ جیسے وہ اس سے قبل المغرب سے مفقود ہو گئے تھے۔

**مآخذ**: (۱) الیعقوبی: بُلدان، ص ۲۱۰؛ (۲) ابن حَوْقَل، ص ۸۶، ۱۰۶؛ (۳) ابن حَزْم: [جمہرۃ انساب العرب، قاہرہ ۱۳۸۲ھ / ۱۹۶۲ء، ص ۴۹۸]؛ (۴) البکری: *Descr. de l' Afr. Sept.*، طبع دیسلان de Slane، الجزائر ۱۹۱۱ء، ص ۵۹؛ (۵) الادریسی: المغرب، ص ۹۹؛ (۶) کتاب الاستبصار، طبع کریمر Kremer، ویانا ۱۸۵۲ء، ص ۶۰؛ (۷) المراکشی: مُعْجب، مترجمۂ Fagnan، الجزائر ۱۸۹۳ء، ص ۶۳، ۸۳؛ (۸) ابن عذاری، ۱: ۱۹۰ تا ۱۹۱ (مترجمۂ Fagnan، ص ۲۷۲، ۲۷۳)؛ (۹) ابن الأثیر، مترجمۂ Fagnan، ص ۳۴۵؛ (۱۰) کتاب مَفاخِر البَربَر، طبع لیوی پرووانسال Lévi-Provençal، رباط ۱۹۳۴ء، ص ۴۴؛ (۱۱) ابن خلدون (: *Berbèrs*، مترجمۂ دیسلان de Slane، ۳: ۱۸۶، ۲۰۳، ۲۱۰، ۲۹۱ تا ۲۹۳)؛ (۱۲) ڈوزی Dozy: *Hist. des Mus. d'Esp.*، بار دوم، ۲: ۲۰۲، ۲۰۶ تا ۲۰۷ و ۳: ۲۳۱؛ (۱۳) لیوی پرووانسال E. Lévi Provençal: *Hist. Esp. Mus.*، بمدد اشاریہ.

(R. Le Tourneau)

* **البرزالی**: عَلَم الدّین القاسم بن محمّد بن یوسف المعروف بہ ابن البِرْزالی، ایک شامی مؤرخ اور عالمِ حدیث، دمشق میں جمادی الاولی یا جمادی الآخرہ ۶۶۵ھ / فروری - اپریل ۱۲۶۷ء میں پیدا ہوا - اگرچہ بعض بیانات کی بنا پر کہا جا سکتا ہے کہ وہ اس سے پہلے، یعنی ۶۶۳ھ / ۱۲۶۵ء میں، پیدا ہوا تھا لیکن خود البرزالی کا دعوی بظاہر یہی ہے کہ اس کا سنۂ ولادت ۶۶۵ھ تھا - اس کے آبا و اجداد بربر قبیلۂ بنو برزال [رک بآں] سے تعلق رکھتے تھے - اس کا پردادا زکی الدّین محمّد ابن یوسف (پیدائش: نواح ۵۷۷ھ / ۱۱۸۱-۱۱۸۲ء؛ وفات بمقام حَما: ۶۳۶ھ / ۱۲۳۹ء) ساتویں صدی ہجری / تیرھویں صدی عیسوی کے شروع میں شام میں مقیم ہو گیا تھا - زکی الدّین کی دوسری نسبت، یعنی الاشبیلی، سے مترشح ہوتا ہے کہ وہ خود یا اس کے اجداد میں سے کوئی فرد کبھی اشبیلیہ میں بھی رہا تھا - اس کی ایک تصنیف دمشق میں محفوظ ہے (قب G. Makdisi، در *BSOAS*، ۱۹۵۶ء، ۱۸: ۲۲) - اس کے ہاتھ کی لکھی ہوئی ابن عساکر کی تاریخ دمشق کی دو جلدیں بانکی پور میں محفوظ ہیں (فہرست [کتاب خانۂ بانکی پور]، ۱۲: ۱۴۴ ببعد، شمارہ ۸۰۰ تا ۸۰۱؛ قب نیز ۵: ۲، ۲۲۳، شمارہ ۴۸۱).

البرزالی کا دادا اپنے والد کی وفات پر جامعِ فلّوس (J. Sauvaget: *Les monuments historiques de Damas*، بیروت ۱۹۳۲ء، ص ۶۰، کے لکھے ہوئے تلفظ کے مطابق فَلّوس [؟]؛ قب النعیمی: الدّارس، ۱: ۸۶ و ۲: ۳۶۱) کی امامت پر فائز ہوا، لیکن اس نے عین عالمِ شباب میں تیس برس کی عمر میں وفات پائی اور اپنے پیچھے البرزالی کے والد بہاءالدین کو چھوڑ گیا، جس نے اپنے نانا کے ہاں تربیت پائی - بہاءالدین عدلیّہ کا ایک عہدے دار اور عالم کامل تھا اور ۶۹۹ھ / ۱۳۰۰ء میں اپنی عمر کے ساٹھویں برس میں فوت ہوا (قب ابن قاضی شُہبہ: اعلام، بذیل ۶۹۹ھ).

چونکہ البرزالی علما کے ایک گھرانے سے تھا، لہذا اس نے اور اس کی ہمشیرہ زینب نے اپنے والد اور دوسرے مشہور و معروف علما سے تعلیم حاصل کی - مثال کے طور پر ابن تیمیّہ نے اس کے گھر میں درس دیے (فہرست، بانکی پور، ۵: ۲، ۱۸۰) - اس نے اوائل عمر ھی میں اپنے کام کی ابتدا کر دی اور باوجودیکہ اس کا ذہن قبل از وقت پختہ ہو چکا

Marfat.com

تھا اس نے عمر بھر طلب علم کے شوق میں کمی نہ پیدا ہونے دی۔ اس نے علوم دینی کے پورے نصاب کی تکمیل کی اور تحصیل علم کے لیے شام کے دوسرے شہروں اور مصر کی سیاحت کی تھی۔ اس نے کچھ عرصے بطور سرکاری گواہ ملازمت کی، لیکن اس کی زندگی کا بیشتر حصّہ دمشق کی بڑی بڑی درسگاہوں میں شیخ الحدیث کی حیثیت سے بسر ہوا۔ اس منصب پر اس نے ''النوریّۃ'' میں جو زمانہ گزارا وہ قابل ذکر ہے (اس نے جو درس یہاں دیے ان کے اجازے بانکی پور میں محفوظ ہیں، دیکھیے فہرست، ۵ : ۲، ۵۰ بعد، ۱۹۸ بعد)۔ اس نے کئی بار حج کیا اور ۴ ذوالحجہ ۷۳۹ھ / ۱۳ جون ۱۳۳۹ء کو ارضِ پاک میں خُلَیص کے مقام پر وفات پائی۔ اس کے سب بچے اس کی زندگی ہی میں فوت ہو چکے تھے۔ ان میں سے دو، محمد اور فاطمہ، خداداد قابلیت رکھنے والے فاضل تھے۔ اس کے متعدّد تلامذہ و رفقا، جن میں الذّہبی قابلِ ذکر ہے، اپنے زمانے کے مشہور ترین فضلا میں شمار ہوتے تھے۔ البرزالی کے تمام سوانح نگار اس پر متفق ہیں کہ وہ غیرمعمولی طور پر دل کش شخصیت کا حامل تھا۔ وہ بہت خوب رو، منکسر المزاج، اور اپنی کتابوں اور علم کے معاملے میں بے حد فیاض تھا۔ قدرت نے اسے خوشخطی کا خاص جوہر عطا کیا تھا۔ تحصیلِ علم میں وہ انتہائی محنت سے کام لیتا تھا۔ اپنے سب دبستانوں کے علما کا اعتماد حاصل تھا، حتّٰی کہ ان کا بھی جو آپس میں ہمیشہ بر سرِ پیکار رہتے تھے۔

اس کی تصانیف کی کوئی فہرست نہیں ملتی اور نہ اس کی کوئی کتاب ہی اب تک شائع ہو سکی۔ اس کی تاریخِ کبیر کا، جو ۱۳۳۶-۱۳۳۷ء پر ختم ہوتی ہے، اکثر حوالہ دیا جاتا رہا ہے۔ [یہ دراصل ابوشامہ (رک بآں) کی مشہور تاریخ کا ''ذیل'' (تتمہ) ہے اور البرزالی کی اس کتاب المقتفی کا ''ذیل'' تقی الدین ابو بکر بن قاضی شُہْبَہ (م ۸۵۱ھ/ ۱۴۴۸ء) نے لکھا۔] (قب السّخاوی، در F. Rosenthal : *A History of Muslim Historiography*، ص ۴۱۴، لیکن النُعیمی (الدّارس، ۱ : ۷۸۵) نے ایک کتاب، بعنوان المنتقی [۔ المُحتفی؟]، کا ذکر کیا ہے، گویا یہ اس تاریخ سے کوئی مختلف کتاب ہے جس کا اکثر حوالہ دیتا رہا ہے)۔ المُقتفی مخطوطے کی صورت میں کتاب خانۂ طوپ قپوسرای (ذخیرۂ احمد ثالث، عدد ۲۹۵۱) میں محفوظ ہے (قب المُنجّمہ، در *Revue de l'Institut des Manuscrits arabes*، ۱۹۵۶ء، ص ۱۰۱ بعد)۔ البرزالی کی ضخیم مُعجم، جو ہم عصر اہل علم کے حالات کے مآخذ کے طور پر نہایت قابل تعریف کتاب تسلیم کی جاتی تھی اور اکثر استناداً اس کے حوالے دیے جاتے تھے، محفوظ نہیں رہی۔ ایک چھوٹی سی مُعجم، جو اس کے اوائل عمر کے اساتذہ کے حالات پر مشتمل ہے، دمشق میں محفوظ ہے (قب ی۔ العش : فہرست مخطوطات دارالکتب الظاہریّۃ، التأریخ، دمشق ۱۳۶۶ھ / ۱۹۴۷ء، ص ۲۲۸ بعد)۔ ابن طُولُون نے لمعات (دمشق ۱۳۴۸ء)، ص ۳۵ اور ۴۳، میں ایک مُعجم البُلدان و القُریٰ کا ذکر کیا ہے۔ ایک مختصر سی تصنیف، جو غزوۂ بدر کے مجاهدوں کے متعلق ہے، اس بنا پر البرزالی کی طرف منسوب کی جاتی ہے کہ اس کے مخطوطۂ دمشق کا خط دارالکتب الظاهریـۃ میں البرزالی کے دوسرے خودنوشت نسخوں سے ملتا جلتا ہے (قب العش : کتاب مذکور، ص ۴۶)۔ اس نے حدیث پر جو کتابیں لکھی ہیں ان میں سے اربعون بُلدانیّۃ کا ذکر ملتا ہے۔ عوالی الحدیث کے دو انتخابات، جنھیں اس نے اپنے استادوں سے جمع کیا تھا اور ثلاثیات من مسند احمد بن حنبل بانکی پور میں محفوظ ہیں

marfat.com
Marfat.com

(فہرست کتب، ۵ : ۲، ۱۹۳ ببعد، شمارہ ۳۶۲ : ۲، ۳ و ۶) ۔ الشّروط پر ایک فقہی تالیف قاہرہ میں موجود ہے ۔ ہمیں قوی امید ہے کہ آگے چل کر اس کی دوسری مصنّفات بھی منظر عام پر آ جائیں گی ۔ بہر کیف البرزالی نے جو کچھ لکھا وہ سب شائع نہیں کیا؛ لہذا یہ محض اتفاق ہے کہ اس کی تصنیفات محفوظ رہ گئیں ۔ النُّعیمی (الدارس، ۱ : ۱۱۳) نے یہ بات قابل ذکر سمجھی کہ ۸۹۴ھ / ۱۴۸۹ء میں التّاریخ کی آخری جلد اس کی نظر سے گزری تھی ۔

**مآخذ** : خاندان کی تاریخ کے لیے دیکھیے بالخصوص سوانح زکی الدّین، در (۱) الذّھبی : نُبلاء، مخطوطۂ عربی، ییل Yale یونیورسٹی، عدد L ۵۰۱، جلد ۲ (Cat. Nemoy، عدد ۱۱۷۷)، ورق ۳۳۰ ب تا ۳۳۱ ب ۔ مفصلۂ ذیل سوانح عمریاں قابل ذکر ہیں : (۲) ابن فضل اللہ العُمَری : مَسالک، مخطوطۂ عربی، ییل یونیورسٹی، عدد L ۳۴۱ (Nemoy، عدد ۱۱۸۵)، ورق ۱۷۹ب تا ۱۸۲ب؛ (۳) حسینی الدمشقی : ذیل طبقات الحفّاظ، دمشق ۱۳۴۷ھ، ص ۱۸ تا ۲۱؛ (۴) الکُتُبی : فَوات، قاہرہ ۱۹۵۱ء، ۲ : ۲۶۲؛ (۵) السُّبکی : طبقات الشافعیۃ، ۶ : ۲۴۶ ببعد؛ (۶) ابن کَثیر : البدایۃ، ۱۴ : ۱۸۵ ببعد؛ (۷) ابن حجر : الدرر، ۳ : ۲۳۷ تا ۲۳۹؛ (۸) النُّعیمی : الدارس، دمشق ۱۳۶۷ھ / ۱۹۴۸ء تا ۱۳۷۰ھ / ۱۹۵۱ء؛ (۹) ابن قاضی شُہْبۃ : اَعلام، مخطوطۂ آوکسفرڈ، مجموعۂ مارش Marsh، عدد ۱۳۳، بذیل ۷۳۹ھ : ۱۱۲ ببعد ۔ الذّھبی کی بعض غیر مطبوعہ تصانیف، جس نے البِرزالی کی سوانح عمری پر ایک مخصوص رسالہ لکھا تھا (Rosenthal : کتاب مذکور، ص ۵۲۳)؛ نیز (۱۰) الصَّفَدی : الوافی میں بھی قابل قدر معلومات موجود ہیں ۔ قب مزید براں (۱۱) براکلمان، ۲ : عِلم و تکملہ، ۲ : ۳۴ ببعد؛ (۱۲) G. Vajda : *Les certificats de lecture*، پیرس ۱۹۵۷ء، ص ۳۵، ۵۶؛ (۱۳) وہی مصنّف، در *JA*، ۱۹۵۷ء، ص ۱۴۳ تا ۱۴۶؛ [(۱۴) الأعلام، ۶ : ۱۷] ۔

(F. ROSENTHAL)

** **بَرْزَخ** : (ع ۔ ف) اس کے معنی ہیں مانع، رکاوٹ، افتراق (شاید فارسی لفظ فَرسَنگ [رَکَ بآں] کا مرادف جو فاصلے کا ایک ناپ ہے ۔ قرآن حکیم میں اس کا ذکر تین موقعوں پر آیا ہے : وَمِنْ وَّرَآئِھِمْ بَرْزَخٌ اِلٰی یَوْمِ یُبْعَثُوْنَ = اور بعثت کے دن تک ان کے پیچھے ایک روک ہے (۲۳ [المؤمنون] : ۱۰۰)؛ وَ ھُوَالَّذِیْ مَرَجَ الْبَحْرَیْنِ ھٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ وَّ ھٰذَا مِلْحٌ اُجَاجٌ وَ جَعَلَ بَیْنَھُمَا بَرْزَخًا وَّ حِجْرًا مَّحْجُوْرًا = اور وہی ہے جس نے دو دریاؤں کو ملایا ہے جن میں ایک (کا پانی) شیریں اور ایک (کا پانی) شور و تلخ ہے اور ان کے درمیان ایک حجاب اور ایک مانع قوی رکھ دیا ہے (۲۵ [الفرقان] : ۵۳)؛ مَرَجَ الْبَحْرَیْنِ یَلْتَقِیٰنِ ○ بَیْنَھُمَا بَرْزَخٌ لَّا یَبْغِیٰنِ = اس نے دو دریاؤں کو ملایا کہ (ظاہر میں) باہم ملے ہوئے ہیں اور (حقیقۃً) ان دونوں کے درمیان ایک حجاب ہے کہ دونوں (اس سے) بڑھ نہیں سکتے ۔ (۵۵ [الرحمٰن] : ۱۹ تا ۲۰) اور ان موقعوں پر ان کا مفہوم کبھی روحانی لیا جاتا ہے اور کبھی مادّی ۔ سورۃ المؤمنون (: ۱۰۰) میں گنہ گار یہ التجا کرتے ہیں کہ انہیں دنیا میں واپس جانے کی اجازت دی جائے تا کہ وہ اس نیکی کو مکمل کر لیں جو انھوں نے اپنی زندگی میں نہیں کی تھی لیکن ان کے پیچھے ایک برزخ ہے جو راستہ روکے ہوئے ہے ۔ الزّمخشری نے اس موقع پر برزخ کا مفہوم ''حائل'' کے لفظ سے ادا کیا ہے اور اس سے ایک روحانی مفہوم مراد لیا ہے، یعنی خدا کی طرف سے ممانعت ۔ دوسرے مفسّر اس کے ظاہری معنوں کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور اس سے مراد وہ پردہ لیتے ہیں جو جنّت اور دوزخ کے درمیان ہے ۔ یا پھر قبر جو اس زندگی اور آئندہ زندگی کے درمیان حائل ہے ۔ کلام پاک کی

marfat.com
Marfat.com

باقی دو آیتوں میں دو سمندروں یا دو بڑے دریاؤں کا ذکر ہے، جن میں سے ایک میٹھا ہے اور دوسرا کھاری، اور ان دونوں کے درمیان ایک برزخ ہے جو انھیں ملنے نہیں دیتا - سورۂ ۲۷ [النّمل] : ۶۱ میں بھی اسی چیز کا ذکر موجود ہے - اس آیۂ مبارکہ میں ''برزخ'' کی جگہ لفظ ''حاجز'' استعمال ہوا ہے [وَجَعَلَ بَيْنَ الْبَحْرَيْنِ حَاجِزًا] - مفسرین کا خیال ہے کہ یہ اشارہ شطّ العرب کے میٹھے پانی کی طرف ہے جو کھاری سمندر میں ملے بغیر دور تک بہتا چلا گیا ہے - یہاں رکاوٹ وہ قانونِ فطرت ہے جو خدا کا قائم کردہ ہے۔

مسائل معاد کے سلسلے میں لفظ برزخ اس حدّ فاصل کے اظہار کے لیے استعمال ہوتا ہے جو انسانی دنیا کو جس میں آسمان، زمین اور عالمِ سفلی شامل ہیں خدا اور پاکیزہ روحوں کی دنیا سے جدا کرتی ہے، دیکھیے ابراہیم حقّی کی کتاب معرفت نامہ (بولاق ۱۲۵۱ تا ۱۲۵۵ھ) کی وہ تصویریں جو اس تصوّر کی مصوری کرتی ہیں، نیز قب Carra de Vaux : *Fragments d'eschatologie musulmane* ؛ R. Eklund : *Life between Death and Resurrection according to Islam*، Uppsala ۱۹۴۱ء۔

صوفیہ بھی اس لفظ کو مادّی دنیا اور پاک روحوں کی دنیا کے درمیانی خلا کے لیے استعمال کرتے ہیں؛ اسی لیے اس کے ساتھ مختلف قسم کے کئی مفہوم وابستہ ہو گئے ہیں، دیکھیے C. E. Wilson : *The Masnavi*، کتاب ثانی، ج ۲، حاشیہ ۲۰۔

یہی لفظ اس فلسفے میں بھی ملتا ہے جو ''اشراقی'' (الحِکْمَة المشرقية) کے نام سے معروف ہے - وہاں اس سے سیاہ اشیا یا اجسام مراد ہوتے ہیں، یعنی برزخ یا جسم فطرۃً تاریک ہے اور صرف روح سے روشنی حاصل کرنے پر روشن ہوتا ہے - آسمانی کُرے ''جاندار'' یا ''زندہ'' برزخ ہیں اور اس کے برعکس بے جان اجسام ''مردہ'' برزخ ہیں (دیکھیے Carra de Vaux : *Le Philosophie illuminative d'après Suhrawardi Meqtoul*، در *JA*، جنوری - فروری ۱۹۰۲ء)۔

بعض اوقات برزخ کا ترجمہ Purgatory کے عیسائی تصوّر کے قیاس پر اَعْراف کر دیا جاتا ہے [یعنی وہ مقام جہاں روحوں کو عیسائی عقیدے کے مطابق صغیرہ گناہوں سے پاک کیا جاتا ہے]، لیکن یہ معنی صحیح نہیں - یہ Limbo [وہ مقام جہاں روحیں موت اور قیامت کے درمیان رہتی ہیں] کے معنوں میں بھی بولا جاتا ہے (نیز دیکھیے تھانوی : کشاف اصطلاحات الفنون، بذیل مادّہ)۔

(B. Carra De Vaux)

**اَلبُرْزُلی** : ابو القاسم بن احمد بن محمّد، قبیلۂ بنو برْزالہ [کذا : صحیح برُزُلہ (قیروان کا ایک شہر)] کا ایک مصنّف، جو امام مالک‌ؒ کا پیرو تھا - البُرْزُلی قَیْروان میں پیدا ہوا اور تیس یا چالیس برس تک ابن عَرَفہ کے سامنے زانوے تلمّذ تہہ کیا - پھر دوسرے بڑے بڑے علما سے تعلیم حاصل کرنے کے بعد وہ خود بھی تونس میں فقہ اسلامی کا استاد اور جامع زَیْتونہ کا امام ہوگیا - ۸۰۶ھ/۱۴۰۳ء [؟صحیح ۸۰۰ھ] میں وہ حج کو جاتے ہوئے قاہرہ سے گزرا جہاں اس نے کئی اجازے (= تعلیمی اسناد) دیے - ۸۴۱ھ / ۱۴۳۸ء (اور بقول بعض ۸۴۲ یا ۸۴۳ھ [یا ۸۴۴ھ]) میں اس نے تونس میں وفات پائی - [بقول السخاوی] انتقال کے وقت اس کی عمر ایک سو تین برس تھی - اسے اپنے مجموعۂ فتاوی و نوازل کے باعث شہرت حاصل ہے، جس کا نام جامع مسائل الأحکام مِمّا نَزَلَ مِنَ القَضَایَا لِلْمُفْتِیْنَ و الحُکّام ہے - یہ دو جلدوں میں ہے اور اس کے بہت سے نسخوں کا علم ہے - یہ کتاب الوَانْشَرِیْشی (م ۹۱۴ھ / ۱۵۰۸ء) کی المعیار کے بنیادی مآخذ میں شمار ہوتی

marfat.com
Marfat.com

ہے - نویں اور پھر بارھویں صدی عیسوی میں اس کے دو اقتباسات مرتب کیے گئے تھے - البُرزُلی نے اس میں بہت سے فتاوی (responsa) نقل کیے ھیں اور ان کے ساتھ ان مفتیوں کے نام بھی لکھ دیے ھیں جو مشہور عالم و فقیہ تھے، اور جن کے زمانے اور مقام کا پتا آسانی سے چلایا جا سکتا ہے - اس بنا پر یہ کتاب افریقیہ [تونس] کے اس زمانے کے معاشرے کی تاریخ کے ایک اهم ترین مأخذ کا کام دیتی ہے - اس زمانے میں القیروان اور المَہدیہ کے زیری (دسویں صدی سے بارھویں صدی عیسوی تک) اور بنو حفص (تیرھویں صدی سے چودھویں عیسوی تک) حکمران تھے۔

**مآخذ**: (۱) الزَّرکشی: تاریخ الدَّولتین، تونس ۱۲۸۹ھ / ۱۸۷۲ء، ص ۶۱، ۱۰۹، ۱۲۲ و مترجمۂ E. Fagnan، قسنطینہ ۱۸۹۵ء، ص ۱۱۲، ۲۰۲، ۲۲۶؛ (۲) احمد بابا التنبکتی: نَیل الابتہاج، قاهره ۱۳۲۹ھ / ۱۹۱۱ء، ص ۲۲۵ تا ۲۲۶؛ (۳) السخاوی: الضوءاللامع، قاهره ۱۳۵۵ھ، ج ۱۱، عدد ۲۹، نیز ص ۱۸۹؛ (۴) محمد بن شنب: اجازۃ، عدد ۲۶۱؛ (۵) ابن مریم: البُستان، الجزائر ۱۹۰۸ء، ص ۱۵۰ تا ۱۵۲ و مترجمۂ F. Provenzali، الجزائر ۱۹۱۰ء، ص ۱۶۳ تا ۱۶۷، اشاریہ: ص ۵۸۸؛ (۶) براکلمان، ۲: ۳۱۹ و تکملہ، ۲: ۳۴۷؛ (۷) R. Brunschvig: *La Berbérie Orientale sous les Ḥafṣides*، پیرس ۱۹۴۰ تا ۱۹۴۷ء، ج ۲، بمدد اشاریہ، ص ۴۰۶؛ (۸) اِدریس H.R. Idris: *La Berbérie Orientale sous les Zirides*، بمواضع کثیرہ.

(H. R. IDRIS)

* **بَرزَند**: اَردَبِیل کے شَہرِستان (ضلع) اور گرمی کے بخش (County) میں ایک گاؤں اور دہستان (Township) جو ان پہاڑوں میں واقع ہے جہاں سے شمال کے رخ مُغان کا میدان نظر آتا ہے - اس نام کے لفظی معنی ''اونچا مقام'' ہو سکتے ھیں - یہ گاؤں تقریباً ۴۷ درجہ ۴۰ دقیقہ طول بلد مشرقی (گرینچ) اور ۳۹ درجہ ۲۰ دقیقہ عرض بلد شمالی پر واقع ہے۔

قُرونِ وسطٰی کے کئی جغرافیہ نگاروں کے هاں (قب یاقوت، ۱: ۵۶۲؛ حُدود العالم، ص ۴۰۳) برزند اور بُرزَنج (نزد تفلس) کے درمیان التباس ہو گیا ہے، جیسے اگر المقدسی (ص ۳۷۸) کے اس بیان کے ساتھ دیکھا جائے کہ برزند ارمنوں کی ایک منڈی تھی تو یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ کئی ایک جغرافیہ نگاروں (مثلاً یاقوت) نے برزند کا محل وقوع ارمینیہ میں کیوں قرار دیا ہے۔

اَفشِین [رک بآں] کے زمانے سے قبل ہمیں اس مقام کا کوئی ذکر نہیں ملتا - اس نے ۲۲۰ھ / ۸۳۵ء میں بابک [رک بآں] پر فوج کشی کے دوران میں برزند کو بھی اپنا ایک مستقر بنایا تھا - بہت سے مآخذ میں مذکور ہے کہ اَفشین نے برزند کو تباہ و برباد پایا اور اسے از سرِ نو تعمیر کرایا (Schwarz، ص ۱۰۹۴) - ممکن ہے بابک نے اس قصبے کو تباہ کر دیا ہو اس لیے کہ یہ مُغان کے بے گیاہ میدان کے شمال میں اردبیل سے آنے والی شاہراہ پر فوجی نقطۂ نظر سے بڑے اهم مقام پر واقع تھا - افشین کے عہد کے بعد برزند ایک بڑا قصبہ بن گیا [اس کی تصدیق ابن حوقل نے کی ہے (لیسٹرینج، ص ۱۷۶)] - اس میں ایک پر رونق بازار تھا جو کپڑے کی صنعت کے لیے مشہور تھا - ممکن ہے کہ مغول کی فتوحات کے دوران میں اسے کچھ نقصان اٹھانا پڑا ہو، کیونکہ حمدُ اللہ المستوفی (نُزہۃ، مترجمۂ لیسٹرینج G. Le Strange، ص ۹۱) بتاتا ہے کہ اس کے زمانے (آٹھویں صدی/چودھویں صدی کے وسط) میں یہ قصبہ ویران ہو چکا تھا - آگے چل کر اس کا رقبہ قبیلۂ شاہ سِوَن [رک بآں] کی چراگاھوں میں شامل ہو گیا تھا اور یہاں کے رھنے والے آج کل کی طرح آذری ترکی بولتے تھے۔

Marfat.com

[۱۹۵۰ء میں] اس ''دهستان'' کی آبادی ۳۸۲۰ کے قریب تھی۔ مرکزی گاؤں قلعۂ برزند کہلاتا ہے۔

مآخذ: (۱) P. Schwarz : *Iran im Mittelalter*، ۸ (۱۹۳۴ء): ۱۰۹۴ تا ۱۰۹۸، جہاں اسلامی مآخذ کے حوالے درج ہیں۔ ان میں مندرجۂ ذیل کا اضافہ کر لیجیے: (۲) حُدودُ العالم، ص ۱۴۲، ۲۰۳؛ (۳) Le Stange، ص ۱۷۵ تا ۱۷۶؛ (۴) رزم آرا: فرهنگ جغرافیای ایران، تهران ۱۹۵۲ء، ص ۸۷؛ [(۵) یاقوت، بذیل مادّہ]۔

(R. N. Frye)

**بَرزُو نَامه**: فارسی رزمیه، جسے ابوالعلاء عطاء بن یعقوب [الکاتب] المعروف به ناکُوک (عطائی بن یعقوب المعروف به عطائی رازی، در Blochét : *Catal. Mss. Persans Biblio. Nat. Paris*، ۳: ۱۵، شماره ۱۱۸۹) سے منسوب کیا جاتا ہے۔ بقول رضا قلی خاں ہدایت ''بعض لوگوں نے غلطی سے ان دو ناموں سے دو مختلف شاعر مراد لیے ہیں۔ حقیقت میں ایسا نہیں۔ یہ در اصل ایک ہی شخص ہے'' (مجمع الفصحاء، ۱: ۳۴۲)۔ عطا عربی اور فارسی دونوں زبانوں کا شاعر تھا (دیکھیے الباخرزی: دمیة القصر میں اس کا حال) اور سلطان ابراہیم غزنوی کے عہد (۱۰۵۹ تا ۱۰۹۹ء) میں ایک سرکاری عہدیدار تھا، جس نے اس کی کسی بات سے ناراض ہو کر اسے آٹھ سال سے زیادہ لاہور میں قید رکھا۔ العوفی (لُباب، ۱: ۷۲ تا ۷۵) کے بیان کے مطابق عطاء نے ۴۹۱ھ/ ۱۰۹۸ء میں وفات پائی۔ اس کے معاصر مسعود سعد سلمان نے اپنے ایک مشہور مرثیے کے آخر میں اس کا [illegible] لکھا ہے:

ز وفاتِ عطاء بن یعقوب

[illegible] وفاتِ عطا

[اسی طرح ایک قصیدے میں عطاء سے خطاب کرتے ہوئے مسعود سعد سلمان کہتا ہے:

عطاء یعقوب اے روشن از تو عالم علم

تو آفتابی و ما ذرّه را همی مانیم]

اس کی ممتاز ترین تصنیف برزونامہ ہے۔ رزمیہ نظموں میں یہ طویل ترین ہے [بقول ذبیح اللہ صفا پیرس کا ایک ناقص مخطوطہ پینسٹھ ہزار ابیات پر مشتمل ہے اور اس کے تقریبًا تین ہزار ابیات ضائع ہو چکے ہیں] اور اس کا شمار اہم ترین رزمیوں میں ہوتا ہے۔ یہ قدیم فارسی روایات پر مبنی ہے اور شاہ نامۂ فردوسی کی تقلید میں لکھا گیا تھا (اس کے بہت سے حصے براہ راست شاہ نامہ سے مأخوذ ہیں)۔ برزُو سہراب کا بیٹا اور رستم کا پوتا تھا۔ وہ تورانیوں کے ہاں شَہرُو نامی ایک عورت کے بطن سے پیدا ہوا۔ تورانیوں کے بادشاہ افراسیاب کے اکسانے پر وہ ایرانیوں سے لڑنے گیا۔ لڑائیوں کے ایک طویل سلسلے کے بعد رستم نے اسے پہچان لیا اور ایرانیوں سے اس کی مصالحت کرا دی۔ بالآخر اس کی وفات اس طرح ہوئی کہ مقابلہ کے خلاف جنگ کے دوران میں اسے غدّاری سے ہلاک کر دیا گیا۔ یہاں مقابلہ کو بطور دیو پیش کیا گیا ہے، جن پر صقلاب نامی دیو حکومت کرتا تھا۔ نولدکہ Nöldeke نے ان مہمات کو ابطال سہراب و [illegible] کے کارناموں کی بنی ہوئی شکل قرار دی ہے (جیسا کہ اس سے قبل J. Mohl نے بھی سمجھا تھا) اور اس سے یہ نتیجہ نکالا ہے کہ یہ [illegible] محض اختراع ہے۔

[برزونامہ کے دو نسخے پیرس کے کتب خانہ ملّی میں موجود ہیں (دیکھیے Blochet : Cat. Mss. Pers. Biblio. Nat. Paris، ۳: ۰۵ و ۱۰۶)۔ اس کا ایک حصہ [illegible] T. Macan [illegible] بطور ضمیمہ [illegible] شاہنامہ [illegible] ۱۰۹۲ [illegible] میں شائع [illegible] ہے۔ یہ ایک [illegible] [illegible] ہے [illegible] [illegible]

بہادروں کو پکڑ لیا تھا اور جب ایرانی بہادر فرامرز اچانک انھیں چھڑانے کے لیے پہنچا تو وہ انھیں پابزنجیر افراسیاب کے پاس بھیجنے کا فیصلہ کر چکی تھی۔ یہ برزونامہ کے بہترین حصّوں میں سے ہے اور اسے بجاے خود ایک اعلٰی درجے کا فن پارہ قرار دیا جا سکتا ہے۔

[برزونامہ کے ایک اور قصّے کو، جو برزو کے ایک شکار سے متعلق ہے، Vullars (*Chrest. Schahnam*، ص ۸۷ تا ۹۹) اور de Sacy (در *Journal des Savants*، ۱۸۳۶ء، ص ۲۰۷ بعد) نے شائع کیا ہے۔ اس کا ترجمہ Kosegarten نے کیا ہے (*Mines de l'Orient*، ۵ : ۱۰۹ تا ۱۲۵)]۔

[ذبیح اللہ صفا نے حماسہ سرائی در ایران میں برزونامہ پر بڑی تفصیل سے بحث کی ہے] ایک اور رزمیہ نظم بیژن نامہ بھی عطاء سے منسوب کی جا سکتی ہے، جس میں ایک اور ایرانی بہادر کے کارناموں کا ذکر ہے اور جس کا آخری شعر یہ ہے :-

چوزین داستان دل بپرداختم
سوی رزم برزو همی تاختم

[عطاء بن یعقوب نے عربی اور فارسی دونوں زبانوں میں شعر کہے۔ بقول محمد عوفی (۱ : ۷۲) اس کے دو دیوان ہیں اور دونوں فضلاے عرب و عجم میں مقبول ہیں۔ اس کے عربی دیوان میں ایک نعتیہ قصیدہ بالخصوص قابلِ ذکر ہے۔ نمونۂ کلام کے لیے دیکھیے لباب الالباب، ۱ : ۷۲ تا ۷۵ و صفا : تاریخ ادبیات در ایران، ۲ : ۳۷۹ تا ۳۸۳]۔

**مآخذ** : (۱) دساسی S. de Sacy، در *Journal de savants*، ۱۸۳۶ء، ص ۲۰۷ بعد؛ (۲) J. Mohl : *Le Livre des Rois*، مقدمہ، ص ۴۶ بعد؛ (۳) نوالدیکہ T. Nöldeke : در *Grundriss der Iran. Philologie*، ۲ : ۲۰۹؛ (۴) Éthé، در کتاب مذکور، ص ۲۳۳؛ (۵) *Susen la cantatrice* : V. Rugarli، در *Giorn. Soc. Asiat. Italiana*، ج ۱۱، ۱۸۹۷ - ۱۸۹۸ء؛ [(۶) العوفی : لباب الالباب، ۱، لائڈن ۱۹۰۶ء : ۷۲ تا ۷۵؛ (۷) ذبیح اللہ صفا : حماسہ سرائی در ایران، تہران ۱۳۲۴ھ/۱۹۴۶ء، ص ۲۸۸ تا ۲۹۵؛ (۸) وہی مصنّف : تاریخ ادبیات در ایران، تہران ۱۳۳۶ھ/۱۹۵۸ء، ۲ : ۴۷۷ بعد۔

([H. MASSÉ] و CL. HUART)

**بُرْزُوْیَه** : ایک قلعے کا عربی نام، جس کی توثیق یاقوت نے کی ہے، [نیز بَرْزیہ و بُرزیہ۔ ابوالفداء نے لکھا ہے کہ حصنِ برزیہ شغر اور بکاس کے جنوب میں اور سہیون کے مشرق میں ان مقامات سے تقریباً ایک ایک روز کی مسافت پر واقع تھا۔ تقریباً سب مسلمان جغرافیہ نگاروں کا بیان ہے کہ یہ انتہائی مستحکم اور ناقابلِ تسخیر قلعہ تھا] اینا کومنینا Anna Comnena نے اس کے بارے میں ایک حوالہ دیا ہے، جس کی پیروی کرتے ہوے جدید مصنّف اسے بورزی Bourzey کہنا زیادہ پسند کرتے ہیں۔ مقامی باشندے اسے قلعۂ مِرزہ کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔ اس قلعے کے کھنڈر الاوت Alaouite [ابوالفداء : الخیط] کے بلند سلسلۂ کوہ کی مشرقی ڈھلان پر واقع ہیں اور آج بھی غاب کی دلدلی نشیب [بقول ابوالفداء اور الدمشقی جھیل قامیّہ] پر مُشرف ہیں۔ یونانی عہد سے اس کی تاریخ پُر آشوب رہی ہے، جب کہ Lysias کے متعلق یہ مشہور تھا کہ وہ ناقابلِ تسخیر ہے۔ ۳۶۵ھ/۹۷۵ء میں شام پر شہنشاہ زمسکس Tzimisces کی لشکر کشی کے وقت یہ قلعہ حمدانیوں کے ہاتھ سے نکل کر بوزنطیوں کے قبضے میں چلا گیا۔ بالآخر اس پر صلیبیوں (Crusadors) کا قبضہ ہوا اور اس کا شمار ریاست انطاکیہ کے بہترین دفاعی مقامات میں ہونے لگا (معلوم ہوتا

Marfat.com

ﻫ کہ اسے اس زمانے میں Rochefort کہا جاتا تھا) - ۵۸۴ھ / ۱۱۸۸ء میں سلطان صلاح الدین ایوبی نے بزورِ شمشیر اس پر دوبارہ قبضہ کر لیا - مملوکوں کے دور سے اس کی اهمیت بڑی تیزی سے ختم ہوتی گئی، چنانچہ زمانۂ مابعد کے وقائع نگار اس کا ذکر محض سرسری طور پر کرتے ھیں.

مآخذ: (۱) یاقوت، ۱: ۵۶۰؛ (۲) ابوالفداء: تقویم، ص ۲۶۱؛ (۳) الدّمَشقی، طبع Mehren، ص ۲۰۰؛ (۴) M. Hartmann: *Das Liwa el-Ladkijé*، در *ZDPV*، ۱۴: ۱۲۳ و ۲۱۲؛ (۵) M. van Berchem: *Inscriptions arabes de Syrie*، ص ۸۲؛ (۶) وهی مصنّف: *Notes sur les croisades*، در *JA*، ۱۹۰۲ء، ۱: ۴۳۳؛ (۷) R. Dussaud: *Topographie historique de la Syrie*، پیرس ۱۹۲۷ء، بالخصوص ص ۱۵۱ تا ۱۵۳؛ (۸) G. Le Strange: *Palestine under the Moslems*، لنڈن ۱۸۹۰ء، ص ۴۲۱؛ (۹) M. Canard: *Histoire de la dynastie des Hamdanides*، الجزائر ۱۹۵۱ء، ص ۲۱۵، ۸۴۳؛ (۱۰) Cl. Cahen: *La Syrie du Nord*، پیرس ۱۹۴۰ء، بمدد اشاریه (بذیل Borzeï)؛ (۱۱) J. Weulersse: *Le pays des Alaouites*، ۱۹۴۰ء، بمدد اشاریه (بذیل Bourzey)؛ (۱۲) G. Saadé: *Le château de Bourzey*، در *Annales Archéologiques de Syrie*، ۱۹۵۶ء، ص ۱۳۹ تا ۱۶۲.

(J. SOURDEL-THOMINE)

* **بُرس**: اسے بُرس نُمرود اور قدیم تر ادبیات میں بُرس [یاقوت، ۱: ۵۶۵] بھی کہتے ھیں - یہ ویران موضع لبِ فرات کے شہر حلّہ سے نو میل جنوب مغرب میں اور بابل کے جنوب جنوب مغرب میں تقریباً بارہ میل دور جھیل ہِندیہ کے مشرقی ساحل پر واقع ہے.

یہ وهی مقام ہے جو قدیم زمانے میں بُورسِپّه Borsippa کے نام سے مشہور اور بابل کے ساتھ کا شہر تھا - اس کے نہایت وسیع کھنڈروں کو، جو بابلی عہد کے باقی ماندہ شکستہ آثار میں سب سے زیادہ بڑے ھیں، اهل عرب نُمرُود بن کَنعان کا ("صَرح نمرود"، در یاقوت، ۱: ۱۳۶) یا بُختُ نَصّر (یاقوت، ۱: ۵۶۵) کا محل سمجھا کرتے تھے - عصرِ جدید میں بھی انھیں برج بابل کے کھنڈر ھی خیال کیا جاتا تھا اور کتبوں کے ذریعے رالنسن H. Rawlinson کے ثابت کرنے کے بعد بھی کہ یہ بورسپّه کے معبد نَبو Nebo کے برج کے شکستہ آثار ھیں، یہ غلط نظریہ برابر سامنے آتا رہا - یہ امر اچھی طرح واضح نہیں کہ آیا ابتدائی اسلامی دور میں بھی اس مقام پر کوئی بستی تھی یا نہیں - البلاذری نے فقط أجمات بُرس (آشوری: اگمّه agamma)، یعنی بُرس کی دلدلی جھیلوں کے نواحی علاقے کا ذکر کیا ہے (نیز دیکھیے یاقوت، ۱: ۱۳۶) جن پر حضرت علیؓ نے قبضہ کر لیا تھا - بالائی اور زیرین بُرس کا ذکر قُدامہ کے ہاں ملتا ہے اور ابن خُردادْبه انھیں محصولات کی فہرست میں السَّیْن اور الوَقوف کے نام سے موسوم اور صوبۂ (استان) بِہْقُباذ الوسطٰی کے اضلاع طَسُّوج میں شمار کرتا ہے.

عہد قدیم میں بھی بابل اور بالخصوص بورسپّه اپنی صنعت پارچہ بافی کے لیے مشہور تھا ([دیکھیے] مثلاً Strabo، ۱۶: ۱، ۷) - یہ صنعت عربوں کے عہد تک سلامت رهی - بقول المسعودی (مُروج، ۶: ۵۹) ضلع بُرس میں تیار ہونے والے ملبوسات بُرسِیّه کہلاتے تھے یا اس ضلعے کے نام پر خُتَرنِیّه جو بُرس، بابل اور حلّه کے درمیان واقع تھا (G. Hoffmann کی تصحیح کے اتباع میں) - یاقوت (۲: ۴۷۳) میں نَرسِیّة کی تصحیح کر کے بُرسِیّه پڑھنا چاهیے.

مآخذ: (۱) ابن خُردادْبه، ج ۲؛ (۲) البلاذری،

marfat.com
Marfat.com

بمدد اشاریه؛ (۳) قدامہ (طبع د خویه de Goeje)، ص ۲۳۸؛ (۴) المسعودی : مروج، ۶ : ۵۹، (۵) البکری، ص ۱۴۹؛ (۶) یاقوت، ۱ : ۱۳۶، ۵۶۵ و ۴ : ۷۲۳؛ (۷) M. Streck : *Babylonien nach den arabischen Geographen*، ص ۱۶؛ (۸) A. Berliner : *Beiträge zur Geographie und Ethnographie Babyloniens im Talmud und Midrasch*، ص ۲۶؛ (۹) G. Hoffmann : *Syrische Akten Persischer Märtyrer*، ص ۲۶، حاشیه ۲۰۶؛ (۱۰) H. Rawlinson : *On the Birs Nimrūd or the Great Temple of Borsippa*، در *JRAS*، ج ۱۷ (۱۸۶۰ء)؛ (۱۱) H. V. Hilprecht : *Explorations in Bible Lands*، ص ۱۸۲ ببعد.

(E. HERZFELD)

* **بَرسبای** : المَلک الاَشرف ابو النَّصر، ۸۲۵ھ / ۱۴۲۲ء تا ۸۴۱ھ/ ۱۴۳۸ء، مصر کا مملوک سلطان - وہ سلطان بَرقُوق کے مملوکوں کے زمرے میں داخل ہوا اور [المؤید] شَیخ کے عہدِ حکومت میں اسے پہلی ترقی ملی - چنانچہ وہ طَرابُلس [الشام] کے صوبے کا والی ہو گیا - حکومت کے دوسرے اہلکاروں کی طرح وہ بھی قید و بند سے نہ بچ سکا اور کچھ مدت مَرقَب اور دِمشق کے قید خانوں میں رہا - سلطان ''طَطَر'' کی تخت نشینی پر اس کے دن پھرے اور باوجودیکہ ''طَطَر'' نے بہت تھوڑی مدت حکومت کی، برسبای قاہرہ میں عروج و اقتدار حاصل کرنے میں کامیاب ہوگیا - [وہ دوادار اور الصالح کا اتابک بھی رہا].

بر سرِ حکومت آتے ہی برسبای کے مزاج کی اہم خصوصیات . . . ظاہر ہونے لگیں - اس کے ابتدائی کارناموں میں سے ایک یہ تھا کہ اس نے ایک قدیم فرمان کی تجدید کر دی جس کی رو سے یہودی اور عیسائی سرکاری ملازم نہیں ہو سکتے تھے - اس فرمان کو در پردہ ایک طرح کا ٹیکس بھی کہا جا سکتا ہے، اس لیے کہ جب غیر مسلموں کے متعلق اس طرح کا حکم نافذ کیا جاتا تھا تو وہ عام طور سے روپیہ دے کر اس کی زد سے بچ جاتے تھے - بایں ہمہ اسے ایک مدافعتی تدبیر بھی کہہ سکتے ہیں، کیونکہ ان دنوں اہلِ یورپ کے جنگی جہاز بحیرۂ روم میں زوروں سے سرگرم عمل تھے - اسی بناء پر ایک سخت گیرانہ قانون (Draconian decree) نافذ کیا گیا، جس کی رو سے مصر اور شام میں یورپ والوں کی جائداد ضبط کر لی گئی اور کسی یورپی کو اپنے وطن واپس جانے کی اجازت نہیں تھی - اس کے بعد عارضی طور پر یورپی سکّوں کو بھی ممنوع قرار دے دیا گیا، لیکن اس اقدام کے نتائج غیر یقینی رہے.

حکومت مصر نے فوجی اعتبار سے بڑی زبردست حفاظتی تدابیر بھی اختیار کیں - ساحل کے ساتھ ساتھ کئی چھوٹے چھوٹے قلعے تعمیر ہوئے اور چھوٹی جنگی کشتیوں کا ایک بیڑا تیار کیا گیا - بہر حال سلطان برابر اپنے عظیم مقصد کے حصول، یعنی قبرص پر لشکر کشی کی تیاریوں میں مصروف رہا - ابتدائی دیکھ بھال کی کئی مہموں کے بعد بڑے پیمانے پر فوجی کارروائی شروع ہوئی - معرکۂ کارزار صرف ایک ہی بار گرم ہوا، جس میں بے نتہا خون ریزی ہوئی - اہلِ قبرص نے شکست کھائی اور فاتحین ان کے بادشاہ یانوس Janus کو گرفتار کر کے اپنے ہمراہ قاہرہ لے گئے - اسے پابجولاں شہر میں پھرایا گیا اور اس کی آزادی اور بادشاہت کی بحالی اس شرط پر عمل میں آئی کہ وہ سالانہ خراج ادا کیا کرے گا - مالِ غنیمت کا ایک حصّہ مکّۂ معظمہ کی کئی یادگار عمارتوں کی مرمت پر صرف کیا گیا (۸۳۰ھ / ۱۴۲۷ء).

تاہم اس سہل الحصول فتح نے اس بدانتظامی کو ظاہر کر دیا جو فوجوں میں خطرناک حد تک موجود تھی، چنانچہ قرہ قویونلو قبیلے کے

Marfat.com

ترکمانی حاکم قرہیولق کی فوج کے ساتھ ایک سرحدی جھڑپ کے موقع پر مملوکوں نے الرّہا (Edessa) کے شہر پر دھاوا کیا اور اس پر قبضہ کر لینے کے بعد وھاں کے لوگوں کو انتہائی ظلم و ستم کا نشانہ بنایا - ھمسایوں کے اس باھمی نفاق سے بالائی الجزیرہ (Mesopotemia) کی خوشحالی کو سخت نقصان پہنچا اور طرفین اسے باری باری تباہ و برباد کرتے رہے - برسبای نے خاصے تامّل کے بعد ایک بہت بڑی فوج جمع کی، جس نے آخر کار آمِدْ (دیار بَکْر) کا محاصرہ کر لیا لیکن ترکمانی دارالسلطنت پر قبضہ نہ ھو سکا، جس سے برسبای، کو سخت اذیّت پہنچی - فوج کے اندر بڑھتی ھوئی بے اطمینانی سے مجبور ھو کر سلطان مصالحتی گفت و شنید پر مجبور ھو گیا - قرہیولق نے صلح کی تجویز مان لی اور ذرا گول مول الفاظ میں سلطان مصر کی سیادت کو تسلیم کر لیا - مملوک فوج قاھرہ کی جانب واپس روانہ ھو گئی - اس کی واپسی ایک غیر مطمئن سپاہ کی بھگدڑ تھی - اس کے دستے انتہائی بد نظمی اور انتشار کے ساتھ لوٹ رہے تھے، جنھیں دیکھ کر یوں معلوم ھوتا تھا جیسے ایک شکست خوردہ فوج بڑی تیزی سے پسپا ھو رھی ھے (۸۳۷ھ / ۱۴۳۳ء) - سلطان نے اپنی مجموعی فوج کا آدھا حصّہ اپنے پیچھے الجزیرہ میں چھوڑ دیا تھا.

اس کے بعد تیموری سلطان شاہ رخ سے ایک عجیب و غریب سیاسی کشمکش شروع ھو گئی - مغل فرمانروا کعبے پر غلاف چڑھانے کے حق کا دعویدار تھا، حالانکہ حقیقت میں یہ اھل مصر کا حق تھا جو انھیں قدیم دستور کی بنا پر حاصل تھا - سلطان برسبای اس حق کو ترک کرنے کے لیے تیار نہیں تھا اور اس معاملے میں اسے اپنی مجلس قضا کی پوری تائید حاصل تھی - اس مناقشے کو وکلا کی لفظی شعبدہبازیوں اور سفیروں کے ساتھ ظلم و حقارت کے سلوک کے باعث بہت ھوا ملی اور فریقین کے مابین بڑی پر مغز سیاسی خط و کتابت کا سلسلہ جاری رھا - بایں ھمہ سلطان برسبای کے عہد حکومت میں اس مناقشے کا کوئی فوری نتیجہ بر آمد نہیں ھوا.

فرمانروائے مصر کی حکمت عملی کی اساس بلاشبہہ ذاتی عزّت و اقتدار کے تصور پر قائم تھی، لیکن اس کا اصل مقصد یہ تھا کہ مغل سلطان کو سرکاری عمّال کے ذریعے عرب میں اپنے قدم جمانے سے روکے کیونکہ اس سے مصر کے تجارتی مفاد کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ تھا.

واقعہ یہ ھے کہ برسبای نے کچھ عرصہ پہلے ھندوستان سے آنے والے تاجروں سے خواھش کی تھی کہ وہ اپنا تجارتی مال بجائے عدن میں اتارنے کے، جیسا کہ وہ ھمیشہ کرتے تھے، جدّے میں اتارا کریں - یہ ایک بہت اچھا آغاز تھا، لیکن برسبای نے . . . تاجروں کو مجبور کیا کہ وہ محصول ادا کرنے کی غرض سے اپنا مال قاھرہ لے کر جائیں - اس تکلیف دہ قانون میں جلدی ھی ترمیم کر دی گئی، جس کی رو سے تاجروں کو قاھرہ جانے کی تو ضرورت باقی نہ رھی لیکن جدّے میں انھیں بہت بھاری محصول ادا کرنا پڑتا تھا - بہر صورت یہ بندرگاہ اس وقت سے بڑی اھم تجارتی منڈی بن گئی - یہاں جتنے محاصل وصول ھوتے ان کا نصف تو شریف مکّہ کے خزانے میں جاتا اور نصف حکومت مصر کو ملتا تھا - محصّلین کا پورا عملہ حکومت مصر کا ھوتا تھا.

برسبای کا انجام ایک درد انگیز اور المناک داستان ھے - مصر میں طاعون کی وبا پھیلی تو اس نے اس خوف سے کہ مبادا وہ بھی اس مہلک وبا کا شکار ھو جائے مذکورۂ بالا تمام تکلیف دہ اقتصادی اقدامات کو واپس لینے کا فیصلہ کر لیا اور کھلے

marfat.com
Marfat.com

دل سے خیرات کرنے لگا، تاہم اسی زمانے میں اس نے اپنے دو طبیبوں کو قتل کروا دیا - ۱۳ ذوالحجہ ۸۴۱ھ / ۷ جون ۱۴۳۸ء کو وہ طاعون کے مرض میں مبتلا ہو کر فوت ہو گیا۔

سلطان برسبای سے متعلق اپنے تأثرات پیش کرنے کے لیے ہمیں اس کی زندگی کے دو پہلوؤں کو پیش نظر رکھنا چاہیے - اس کے دل پر ہمیشہ اپنے ایک حریف جانی بیگ صوفی کی دہشت طاری رہتی تھی، جسے اس نے اپنی تخت نشینی کے وقت قید کر دیا تھا، لیکن وہ قید سے نکل بھاگا تھا - اس خوف کی بنا پر اس سے کبھی کبھی عجیب و غریب حرکات سرزد ہوتی تھیں، لیکن یہ حرکتیں ان اقدامات کے مقابلے میں بہت معمولی درجے کی ہوتی تھیں جو وہ اپنی ضرورتوں سے مجبور ہو کر کیا کرتا تھا - مملوکوں کے عہد میں بعض ایسی باتوں کا رواج ہو گیا تھا جو بالآخر ان کی سلطنت کی تباہی کا باعث بنیں، مثلاً بڑے بڑے عہدوں کا بکنا، ایسی دولت کی ضبطی جو بہت نمایاں ہو، حکومت کی اجارہ داری کی غیر معمولی وسعت اور زندگی کی بنیادی اشیاے ضرورت کی جبری خرید کا رواج، جنھیں حکومت پہلے سے خرید رکھتی تھی - عرب مؤرخ اس بات پر زور دیتے ہیں کہ برسبای ایک ذہین فرمانروا اور ایک قابل اور متوازن سیاست دان تھا . . لیکن بعض واقعات سے اس کے برعکس بھی ثابت ہوتا ہے .

**مآخذ**: (۱) Wiet: *Les biographes du Manhal*، عدد ۶۴۳؛ (۲) وہی مصنّف: *Histoire de la nation égyptienne*، ۴ : ۵۴۹ تا ۵۷۶؛ (۳) وہی مصنّف: *Les Marchands d'épices sous les sultans mamlouks*، ص ۹۷ تا ۱۰۳؛ [(۴) السخاوی: الضوء، ۳ : ۸؛ (۵) ابن ایاس، ۲ : ۱۵].

(G. Wiet)

* **بُرسُق**: (مشرقی ترکی ''بجو'') سلاجقۂ کبار کے عہد کا ایک بڑا منصب دار، جس کے اخلاف نے بھی چھٹی / بارھویں صدی کے آغاز میں بڑا قابلِ ذکر کردار ادا کیا - برسق نوجوان ھی تھا کہ اس نے طغرل بیگ کے امراے کبار میں شامل ہو کر تاریخ میں اپنے لیے جگہ پیدا کر لی - طغرل بیگ نے، جو ۴۵۰ھ/۱۰۵۸ء تا ۴۵۱ھ/۱۰۵۹ء کے المناک واقعات کے بعد بغداد میں اپنا تسلّط دوبارہ قائم کر رہا تھا، برسق کو بغداد میں اپنا پہلا شحنہ (= ناظم عسکر) مقرر کیا: تاہم سلاجقہ کی صلح پسندانہ حکومت میں ضروری اختیارات عمید، یعنی شہری ناظم کے ہاتھ میں رہتے تھے اور یہ بات یقین سے نہیں کہی جا سکتی کہ بغداد میں کوئی شحنہ بارہ برس سے زیادہ مستقل رہا ہو - بہر کیف برسق اس عہدے پر دیر تک فائز نہ رہا کیونکہ پتا چلتا ھے کہ ۴۵۵ھ / ۱۰۶۳ء میں وہ سلطان کے حاجب کی حیثیت سے اس کی ہمراھی میں تھا (سبط ابن الجوزی: مرآۃ الزمان، کتب خانۂ ملّیۂ پیرس، عربی مخطوطہ، شمارہ ۱۵۰۶، ورق ۸۷ ب) - پھر ۴۵۶ھ / ۱۰۶۴ء میں نئے سلطان الپ ارسلان نے اسے یہ کام تفویض کیا کہ ایک باجگذار سے خراج کا بقایا وصول کر کے لائے (وھی کتاب، ورق ۹۹ ب، ۱۰۰ ب) - بعد ازاں پندرہ برس تک اس کے بارے میں خاموشی چھائی ھوئی ھے جس کا ھم کوئی سبب بیان نہیں کر سکتے - دوبارہ اس کا نام ۴۷۱ھ / ۱۰۷۸ء کے قریب سننے میں آتا ھے جب ملک شاہ نے اسے سلجوق باغیوں کے مقابلے میں، جو قتلمش کے بیٹے تھے، آناطولیہ بھیجا - وہاں اس نے ان میں سے ایک یعنی منصور کو ھلاک کر ڈالا، لیکن دوسرے بیٹے سلیمان کو کچلنے میں ناکام رہا (ابن العبری Bar Hebraeus: *Chronography*، مترجمۂ Budge، ص ۲۲۷) - ۴۷۹ھ / ۱۰۸۶ء میں اس نے بوزان کے ساتھ مل کر ملک شاہ کے لشکر کے اس

Marfat.com

اوّل دستے کی کمان کی، جس نے سلیمان کی موت کے بعد حَلَب پر قبضہ کیا تھا اور غالبًا یہیں سے اسے سلیمان کے جانشین کے مقابلے پر ایشیاے کوچک بھیجا گیا، جو اس وقت نیقیہ Nicaea [= موجودہ اِزنیق] میں تھا اور سلطان کی کوششوں کے باوجود بوزنطی شہنشاہ الکسیس کومنِنُوس Alexius Commenus اس کی اعانت کیے جا رہا تھا (*Alexiad* : Anna Comena، مطبوعۂ بون، ص ۳۰۲ تا ۳۱۱) ۔ شاید اسی موقع پر اس نے قسطنطنیہ سے تین لا کھ دینار کا وہ خراج حاصل کیا جس کا ذکر البُنداری (طبع ھوتسما Houtsma، ص ۷۰) نے کیا ہے ۔ اس سے چند دنوں بعد بُرسُق نے مَلِک شاہ کی ایک بیٹی سے خلیفہ بغداد کی شادی کی تقریب کے سلسلے میں بغداد میں جشن کا اہتمام کیا ۔ سلطان کی وفات کے بعد اس کے بیٹوں کی باھمی چپقلش میں بُرسُق نے بَرکیاروق کا ساتھ دیا اور خصوصیت سے تُتُش کی مخالفت میں حصہ لیا ۔ وہ شاھزادۂ برکیاروق کے پیچھے پیچھے اصفہان گیا اور وھیں حشیشین کے ھاتھوں ھلاک ھوا ۔ دو سال بعد (۴۹۰ھ / ۱۰۹۶ - ۱۰۹۷ء) اس کے بیٹوں نے بَرکیاروق کے شیعی مُستوفی مَجدالملک البَلاسانی کو سزاے موت دلوا کر اس کا انتقام لیا کیونکہ انھیں شبہہ تھا کہ بُرسُق اور دوسروں کے قتل کا محرّک وھی تھا ۔

بُرسُق کے بیٹے یعنی زَنگھی، آقبوری، ایلبکی اور بُرسُق عام طور سے ایک خاندان کی صورت میں مربوط و متحد رہے اور جب تک بَرکیاروق زندہ رھا اس کے دامن سے وابستہ رہے لیکن اس گھرانے کا قیام بالعموم اپنے اِقطاع، یعنی صوبۂ اَھواز، میں رھا، جس کا سب سے بڑا شہر تُستَر تھا ۔ ان علاقوں کو قانونًا یا ان کے قبضے کی بنا پر ان کی موروثی ملکیت تسلیم کیا جاتا تھا ۔ بَرکیاروق کی اپنے بھائی محمد سے رَے واپس لینے میں بُرسُق نے اعانت کی تھی ۔ غالبًا یہی سبب تھا کہ جب بَرکیاروق کی وفات کے بعد ۴۹۸ھ / ۱۱۰۵ء میں محمد تخت نشین ھوا تو اس نے زنگھی کو محبوس کر دیا ۔ لیکن اس خاندان نے محمد کے ساتھ مفاھمت کی صورت نکال لی اور وہ یوں کہ انھوں نے نہ صرف باغی مَنگُبَرس کا ساتھ نہیں دیا بلکہ اسے دغا بازی سے سلطان کے حوالے کر دیا ۔ اس پر زنگھی، جسے موت کی سزا ملنا تھی، رھا کر دیا گیا اور اگرچہ سلطان نے بنو بُرسُق سے ان کی اقطاع کی واپسی کا مطالبہ کیا، لیکن اس کے بدلے میں انھیں دِینَور عطا کر دیا ۔ بہر حال یہ تبادلہ بھی بظاھر عارضی سا تھا کیونکہ کچھ مدت بعد بنو بُرسُق ایک بار پھر تُستَر پر قابض نظر آتے ھیں ۔ اس دوران میں محمد نے بُرسُق (ابن بُرسُق) کو صوبۂ ھمذان کا والی مقرر کر دیا، جس کا شمار سلطنت کے صدر مقامات میں ھوتا تھا (ابن القلانِسی، طبع Amedroz، ص ۱۷۴).

سلطان محمد نے اپنی قوت اچھی طرح مستحکم کرنے کے بعد شام کے فرینکوں کے خلاف جنگ کی تیاریاں شروع کر دیں ۔ بُرسُق بن بُرسُق ۵۰۵ھ / ۱۱۱۱ء کی مہم کے ممتاز ترین شرکا میں سے تھا ۔ لیکن یہ مہم اس وجہ سے کامیاب نہ ھوئی کہ ایک تو سرداروں میں نزاع تھی دوسرے شامی والیانِ ریاست کو "شرقیوں" سے عناد تھا، مزید برآں بُرسُق قریب قریب تمام عرصہ علیل رھا ۔ تاھم ۵۰۹ھ / ۱۱۱۵ء کی مہم کی سپہ سالاری اسے سونپی گئی ۔ اس مرتبہ بھی بڑی دشواریوں کا سامنا ھوا: ترکمانانِ دیار بکر کے سردار اعلٰی ایل غازی، طُغتکین حاکم دمشق اور حلب کے نائب السلطنة لُؤلُؤ نے اس کے خلاف فرینکوں سے اتحاد کر لیا ۔ حمص، جہاں کا حاکم اس کا دوست تھا اور حما، جسے اس نے فتح کیا تھا، جیسے شہروں کو اپنا فوجی مستقر بنا کر بُرسُق نے اتحادی فوجوں کو

marfat.com
Marfat.com

ان کے مورچوں سے نکال دینے کی کوشش کی لیکن وہ صرف ان سے رابطہ قائم کر سکا، اور پیچھے ہٹ گیا، پھر پلٹ کر گیا اور بالآخر رودِ عاصی (Orentes) کے مشرق میں دانیث کے مقام پر راجر Roger، حاکم انطاکیہ نے اسے ہزیمت دی۔ وہ ابھی انتقام لینے کی تیاریاں ہی کر رہا تھا کہ پیغامِ اجل آ پہنچا، اور ۵۰۱ھ/۱۱۱۶ء ہی میں اس کا بھائی زنگی بھی عالمِ بقا کو سدھار گیا۔ اس کی وفات اور دو سال بعد سلطان محمد کی رحلت نے گویا فرینکوں کے علاقے میں سلجوقی سلطنت کی طرف سے سیاسی مداخلت کا خاتمہ کر دیا۔

بُرسُق کے آخری جانشینوں کا، جو خوزستان میں پھر مستحکم ہو گئے تھے، دوبارہ ذکر صرف اس موقع پر سننے میں آتا ہے جب سلجوقی شہزادوں میں ان بن ہوئی۔ آقبوری اور زنگھی اور ایلبکی کے بعض بیٹے سلطان محمود کی اس فوج میں نظر آتے ہیں جسے محمود نے اپنے چچا سنجر کے خلاف صف آرا کیا، اور بُرسق بن برسق زیرین عراق کے پیچ در پیچ جھگڑوں میں حصّہ لیتا رہا۔ محمود کی وفات پر اس خاندان کے دو بھائی طُغرل اور بُرسق، سلجوقی طُغرل کے اس گروہ میں موجود تھے جس نے سنجر کی حفاظت کی، پھر جب طُغرل فوت ہو گیا تو انھوں نے داؤد کے گروہ میں شمولیت اختیار کی، جس کی پشت پر خلیفہ تھا۔ بایں ہمہ آگے چل کر وہ فاتح سلطان مسعودِ (۵۲۹ھ / ۱۱۳۴ء تا ۵۳۱ھ / ۱۱۳۶ء) سے مفاہمت کرنے میں کامیاب ہو گئے۔ ہم نہیں کہہ سکتے کہ آیا وہ شخص بھی انھیں دو میں سے ایک تھا جس کی وفات کا ذکر کرتے ہوے ابن ابی طَیّی (حوالہ در ابن الفرات، سلسلۂ جدید، وی انا، ۲ : ۱۱۵ - الف) نے لکھا ہے کہ وہ ۵۳۳ھ/۱۱۳۹ء میں حاکم تُستَر تھا۔ بہر حال معلوم ہوتا ہے کہ اس خاندان کے ایک رکن کا آخری ذکر یہی ہے اور اس کے اخلاف کا خوزستان کے آئندہ حاکموں کے باجگذاروں کی فہرست میں کہیں نام نہیں ملتا۔

آق سُنقُر البُرسُقی [رَکَ بآں] نے بُرسُق اول ہی کے عہدیدار کی حیثیت سے اپنی زندگی کا آغاز کیا تھا۔

**مآخذ**: متن میں مذکورہ حوالوں کے علاوہ: (۱) ابن الاثیر: الکامل، ج ۱۰، ۱۱ بمدد اشاریہ؛ (۲) عماد الدین الاصفہانی در نسخۂ بُنداری (طبع ہوتسما: *Recueil*)، ج ۲، بمددِ اشاریہ؛ (۳) راوندی، راحت الصدور، طبع محمد اقبال، بمددِ اشاریہ؛ (۴) مہماتِ شام کے سلسلے میں ماخذ کی تفصیل *La Syrie* : Cl. Cahen *du Nord etc.*، ص ۲۵۱ - ۲۵۳، ۲۷۱ - ۲۷۴، میں درج ہے؛ نیز (۵) Grousset : *Histoire des Croisades*، ۱ : ۳۶۳ ببعد و ۴۹۵ ببعد۔

(CL. CAHEN)

**البُرسُقی** : رَکَ بہ آق سُنقر.

**بَرسَلُونَہ** : رَکَ بہ بَرشَلُونَہ.

**بُرسُوق** : رَکَ بہ بُرسُق .

**بُرسَہ** : [= بُروسہ، ۷۷ع؛ البستانی، سامی:] [بُورسہ] جسے ترکانِ آلِ عثمان قدیم شہر پروسہ (προῦσα) : Prusa) کے نام کی رعایت سے بروسہ بھی کہتے ہیں، کوہسار کَشِیش طاغ (Mysian Olympus) کی شمال رویہ دامنی پہاڑیوں میں واقع ہے۔ ۷۲۶ھ/ ۱۳۲۶ء اور ۸۰۵ھ / ۱۴۰۲ء کے درمیان یہ سلطنتِ عثمانیہ کا بڑا دارالحکومت بن گیا تھا۔

پیکائی مِیرس Pachymeres نے اسے نیقیہ Nicaea [= اِزنِیق] اور آلاشہر (Philadelphia) کے ساتھ ان تین بڑے شہروں میں شمار کیا ہے جو ۶۹۹ھ / ۱۳۰۰ء کے قریب پورے مغربی اناطولیہ پر سرحدی ترکوں کی یورشوں کے وقت بھی بوزنطیوں کے قبضے میں رہ گئے تھے۔

marfat.com
Marfat.com

بقول عاشق پاشا زادہ (طبع Fr. Giese، ص ۲۲ تا ۲۳) آلِ عثمان نے پہلی بار برسہ کا محاصرہ اس وقت کیا تھا جب وہ یہاں کے بوزنطی تکفور [رَكْ بآں] ( = رئیس) کو شکست دے کر برسہ کے میدان میں داخل ہوئے تھے - اس نے دوسرے تکفوروں کو اپنا حلیف بنا کر ۷۱۷ھ/۱۳۱۸ء کے لگ بھگ ان کے حملے کو درۂ دِنبوز Dinboz میں روکنے کی کوشش کی تھی - یہ پہلا محاصرہ ناکام رہا - پھر کئی برس کی ناکہ بندی (قبّ عاشق پاشازادہ، ص ۲۸ تا ۲۹؛ ابن بطوطہ، مطبوعۂ پیرس ۱۸۷۷ء، ۲ : ۳۱۷؛ Pachymeres، حوالہ در A. Wächter : *Der verfall des Griechentums in Kleinasien*، لائپزگ ۱۹۰۳ء، ص ۵۵) کی وجہ سے جب فاقوں کی نوبت آئی تو شہر والوں کو آلِ عثمان کے سامنے سپر انداز ہونا پڑا (۲ جمادی الاولی ۷۲۶ھ/ ۶ اپریل ۱۳۲۶ء) اور بھاری خراج ادا کرنا پڑا (Pachymeres، محلِ مذکور، در نشری، طبع Taeschner، ۱ : ۳۹، تیس ہزار ''فلوری'' Flori [= اشرفیاں]) - بوزنطی سپہ سالار کو برسہ سے استانبول جانے کی اجازت دے دی گئی لیکن اس کا مشیر صرَوز (؟)، جو شہر کو حوالے کر دینے کا ذمّے دار تھا، ترکوں کے پاس ہی رہا (عاشق پاشازادہ، ص ۲۹؛ نشری، ۱ : ۳۹) - برسہ کا یونانی اسقف آلِ عثمان کے ماتحت بھی اپنے فرائض انجام دیتا رہا، لیکن اس کے محاصل میں خاصی کمی واقع ہو گئی (A. Wächter، محلِ مذکور) - ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یونانیوں کو قلعے سے خارج کر کے اس کے نیچے کے ایک علاقے میں منتقل کر دیا گیا تھا، چنانچہ پندرھویں صدی کے کاغذاتِ قضا سے پتا چلتا ہے کہ وہ اس وقت بھی وہیں آباد تھے - خود قلعے میں ترک آباد ہو گئے اور دربار قائم ہوا - ۸۳۶ھ/ ۱۴۳۲ء میں لکھتے ہوئے B. de la Broquière (ص ۱۳۶) اطلاع دیتا ہے کہ قلعے میں ایک ہزار مکانات تھے - ۱۰۵۰ھ/ ۱۶۴۰ء میں اس کے متعلق ایک اور بیان اولیاء چلبی (۲ : ۹) کے ہاں ملتا ہے - اور خان [رَكْ بآں] کا محل (بیگ سرای) فصیل کے اندر بوزنطی کلیسا کے قریب واقع تھا جسے مسجد بنا لیا گیا تھا (ابن بطوطہ، ۲ : ۳۲۲) - یہ مقام، جہاں سے نیچے کا میدان بخوبی نظر آتا ہے، آج کل توپ خانہ کہلاتا ہے - اس کے قریب ۷۳۸ھ/ ۱۳۳۷ - ۱۳۳۸ء کا ایک کتبہ پایا گیا ہے جس سے پتا چلتا ہے کہ اورخاں نے یہاں ایک مسجد بھی تعمیر کرائی تھی (اے- توحید : بورسہ دہ اَک اسکی کتابہ، در *TOEM*، ۵ : ۳۱۸ تا ۳۲۰) - اورخاں نے برسہ کو اپنا دارالحکومت بنایا اور یہیں ۷۲۷ھ/ ۱۳۲۷ء میں اپنا پہلا چاندی کا سکّہ ''آقچہ'' ضرب کرایا (*Belleten*، ۱۰ : ۲۰۷) - ۷۴۰ھ/ ۱۳۳۹ - ۱۳۴۰ء میں اس نے قلعے کے نیچے میدان میں ایک مسجد، ایک لنگر خانہ [عمارت]، ایک حمّام اور ایک کاروان سرای (بیگ خانی) تعمیر کرائی - عماراتِ عامّہ کا یہ مجموعہ عثمانلی دور کے برسہ کی سرگرمیوں کا مرکز بن گیا، اور آج بھی یہ برسہ کا سب سے بارونق تجارتی مرکز ہے - اسی دور میں نئے نئے محلّے مثلاً علاؤ الدین بیگ، چوبان بیگ، قوجہ نائب، وجود میں آئے - ۷۳۴ھ/ ۱۳۳۳ء میں ابن بطوطہ (وہی کتاب) نے برسہ کا حال بیان کرتے ہوئے لکھا کہ یہ ایک بڑا اور عظیم الشان شہر ہے، جس میں دلکش بازار اور وسیع سڑکیں ہیں - آنے والے بادشاہوں کے عہد میں سلاطین اور اعلٰی عہدیداروں نے اس شہر کے دوسرے حصّوں میں نئے بازار اور مذہبی عمارات بنوائیں، جن کے ساتھ گراں بہا اوقاف وابستہ تھے - یہ برسہ کے نئے محلوں، مثلاً یلدرِم، امیر سلطان، سلطان محمد (موجودہ یشل) وغیرہ کے پیش خیمہ ثابت ہوئے -

marfat.com
Marfat.com

بایزید اول [رک بآں] کے عہد میں اس شہر کو خاص طور پر بڑی ترقی نصیب ہوئی - ۸۰۲ھ/ ۱۳۹۹ء میں یہاں کی عظیم الشان مسجد اولو جامع تعمیر ہوئی - ایک معاصر J. Schiltberger نے اپنے ذاتی مشاهدے کی بنا پر بیان کیا ہے کہ شہر میں دو لاکھ (؟) مکان اور آٹھ ہسپتال [لنگر خانے] (''عمارات'') تھے، جہاں غریب لوگوں کو رکھا جاتا تھا، خواہ وہ عیسائی، یہودی یا کوئی اور غیرمسلم ہوں (طبع Telfer، ص ۳۰) - ۸۰۳ھ/۱۴۰۲ء میں جب تیمور نے بایزید اول پر فتح پائی تو اس کی فوج کے ایک دستے نے برسه کو تاخت و تاراج کرنے کے بعد جلا ڈالا - اس کے بعد سے برسه کی جگه اڈریانوپل (دیکھیے ادرنه) کو سلطنت عثمانیه کے دارالسلطنت کی حیثیت حاصل ہو گئی - تاهم خانه جنگی (۸۰۶ھ/۱۴۰۳ء تا ۸۱۶ھ/ ۱۴۱۳) کے دوران میں هر فریق کی انتہائی کوشش یہی رهی که ادرنه کے علاوہ برسه پر بھی قبضه ہو جائے - مراد ثانی کے خوش حال عہد حکومت میں، جس کی تخت نشینی برسه میں ہوئی تھی، اس شہر کی حالت تیزی سے بہتر ہونے لگی اور یه بہت پھیل گیا - نئے محلّے سلطان مراد، فضل الله پاشا، حاجی عوض پاشا، حسن پاشا، عمر بیگ، جیبه علی بیگ، شہاب الدّین پاشا اور ریحان کے ناموں سے موسوم ہوے اور انھوں نے ان محلّوں کے لیے اوقاف قائم کیے - ۸۳۶ھ / ۱۴۳۲ء میں B. de La Broquiere نے اپنے مشاهدات یوں قلمبند کیے ہیں که ''ceste ville le Bourse est Bien bonne ville et merchande, et est la meilleure ville que la Turc aye.'' (''بورسه کا یه شہر بہت اچھا شہر اور تجارتی منڈی ہے اور یه ترک [سلطان] کا بہترین شہر ہے'') - اس سے قبل که محمد ثانی [رک بآں] نے استانبول کو اپنا دارالسلطنت بنایا برسه کو بوزنطی استانبول کی همسری کا دعویٰ ہو چلا تھا، لیکن برسه کے بہت سے باشندوں کو نئے دارالخلافه میں نقل مکانی کرنا پڑی - تاهم سلطان موصوف کے عہد میں توسیع سلطنت کے باعث برسه کو معاشی اعتبار سے بڑا فائدہ ہوا - علاوہ ازیں سلطان نے اپنی مشرقی مہمات کے لیے اسے برابر اپنا مستقر بنائے رکھا - اس کے انتقال (۸۸۶ھ/ ۱۴۸۱ء) کے بعد خانه جنگی کے دوران میں برسه کے لوگوں نے جم [رک بآں] کا ساتھ دیا جو اٹھارہ دن تک وهاں بحیثیت سلطان تخت نشین رہا - اس نے وهاں اپنے نام کے سکّے ضرب کرائے اور اس کا ارادہ تھا که برسه کو دارالحکومت بنا کر وہ کم از کم آناطولیه پر حکمران رہے - گیارھویں صدی / سترھویں صدی تک یه شہر سلطنت کے تین صدر مقامات میں شمار ہوتا رہا اور ترک سلاطین، برسه کے محل کی نگہداشت کرتے رہے اور وقتاً فوقتاً اسے اپنے استعمال میں لاتے رہے (پیچوی، ۲ : ۳۱۳؛ اولیاء چلبی، ۲ : ۱۰).

شہر کی آبادی کی افزائش کا کچھ اندازہ ان اعداد سے ہو سکتا ہے جو خاندانوں کی عوارض [رک بآں] یعنی اکائیوں سے متعلّق سرکاری کاغذات میں درج ہیں - مثال کے طور پر محمد ثانی کے عہد میں ''عوارض'' خاندانوں کی [یعنی ان خاندانوں کی جن پر عوارض نام کا محصول عائد ہوتا تھا] تعداد پانچ هزار تھی، ۸۹۲ھ/ ۱۴۸۷ء میں چھے هزار چار سو چھپن اور ۹۳۶ھ / ۱۵۳۰ء میں چھے هزار تین سو اکاون - دسویں صدی / سولھویں صدی کے وسط میں P. Belon (*Les observations*، ص ۱۵۰) نے یه لکھا ہے ''Encores de présent Bource est aussi riche et anssi peuplée que Constantinople et osons dire d' avantage qu'elle est plus riche que Constantinople. La richesse de Bource provient de la soye.'' (''آج کل بھی برسه اتنا هی مالدار اور آباد

ہے جتنا کہ قسطنطنیہ، بلکہ یہ کہنا زیادہ صحیح ہوگا کہ وہ قسطنطنیہ سے بھی زیادہ مالدار ہے۔ برسہ کی دولت کا سر چشمہ ریشم ہے''۔

۹۸۵ھ/۱۵۷۷ء میں حفاظتی تدابیر کے پیش نظر سلطان کے ایک فرمان خصوصی کی تعمیل میں شہر کے مختلف حصوں کے بیچ بیچ مضبوط دروازے تعمیر کیے گئے اور ان پر محافظ مقرر ہوے۔ شہر میں روم ایلی سے آنے والے البانوی مہاجرین اب واقعی ایک خطرہ بن گئے تھے (دستاویزات در H.T. Dagfioglu : ۱۶ عصردہ برسہ، برسہ ۱۹۴۳ء)۔ پھر ۱۰۰۳ھ/۱۵۹۵ء سے جلالی [رک باں] جتھوں کے حملے کا خوف لگا رہا اور ۱۰۱۷ھ/۱۶۰۸ء میں قلندر اوغلو [رک باں] اسے لوٹنے کے لیے آئے (نعیما، استانبول ۱۲۸۳ھ، ۲: ۲۷)۔

[ایک زمانے میں] برسہ ایالت آناطولی [اناطولیا] کی اس سنجاق کا صدر مقام تھا جو خداوندکار یا بیگ کے نام سے موسوم تھی۔ ۱۲۴۸ھ/۱۸۳۲ء میں جب خداوندکار کی نئی ایالت کی تشکیل ہوئی تو وہ اس ایالت کا صدر مقام بن گیا جس میں برسہ، قرہ حصار، کتاهیه، بلہ جک، اردک اور بگہ کی متصرفلقیں (= تحصیلیں) شامل تھیں اور جب ۱۲۸۱ھ/۱۸۶۴ء میں خداوندکار کو قرہ سی، قرجہ ایلی، قرہ حصار اور کتاهیه کے لواؤں پر مشتمل ایک ولایت (= صوبہ) بنا دیا گیا تو برسہ والی کا صدر مقام قرار پایا۔ ۱۳۰۰ھ/۱۸۹۲ء میں یہاں کی آبادی چھہتر ہزار تھی، جس میں ۵۰۵۸ یونانی، ۱۳۴۷ ارمنی، ۲۵۴۸ یہودی اور باقی ماندہ مسلمان تھے۔ یہاں ایک سو پینسٹھ مسجدیں، ستاون مکتب، ستائیس مدرسے، سات لنگرخانے (یا شفاخانے)، سات گرجا، تین صومعے، انچاس کارواں سرائیں اور چھتیس کارخانے تھے (خداوندکار ولایتی سالنامہ سی، بابت ۱۳۱۰ھ/۱۸۹۲ء)۔

کہا جا سکتا ہے کہ سلطنت آل عثمان کی تاریخ میں برسہ کو سیاسی سے کہیں زیادہ اقتصادی اہمیت حاصل رہی۔ چونکہ یہ سلطنت عثمانیہ میں مسیحی دنیا سے قریب ترین مسلم شہروں میں سے تھا اس لیے تھوڑی سی مدت میں یہ ایک بین الاقوامی منڈی بن گیا۔ یہ واقعہ ہے کہ ریشم لانے والے ایرانی قافلے طرابزون اور حلب جیسی پرانی منڈیوں کو کسی حد تک ترک کر کے برسہ کی منڈی میں روزافزوں تعداد میں پہنچنے لگے تھے۔ جیسا کہ Schiltberger (ص ۳۴) کے بیان سے معلوم ہوتا ہے ۸۰۲ھ/۱۴۰۰ء کے لگ بھگ ہی سے برسہ ریشم کی تجارت اور صنعت کا ایک بین الاقوامی مرکز بن چکا تھا۔ ریشم کے قافلوں کی سب سے بڑی شاہراہ برسہ تک تبریز، ارزروم اور توقاد سے ہو کر آتی تھی۔ اس زمانے میں دوسری اہم تجارتی شاہراہوں کا اتصال بھی یہیں آ کر ہوتا تھا۔ معلوم ہوتا ہے کہ اس دور میں کتاهیه کی قدیم شاہراہ کو ایک بار پھر اہمیت حاصل ہو چلی تھی۔ ۸۳۶ھ/۱۴۳۲ء میں B. de la Broquière دمشق میں مکۂ معظمہ کو جانے والے ایک قافلے میں شامل ہوا، جس نے یہی راستہ اختیار کیا، اور جو گرم مسالے یہ قافلہ اپنے ساتھ لایا تھا وہ برسہ میں جنوآ کے ان سوداگروں کے ہاتھ فروخت کیے گئے جو پیرا (غلطہ) میں کاروبار کرتے تھے۔ مصر اور شام سے برسہ میں آنے والی اشیا، مثلاً گرم مسالے، چینی، رنگ، صابن اور عطریات کی سرگرم تجارت کے باعث نویں/ پندرھویں صدی میں ایک طرف تو حلب سے برسہ کی شاہراہ کی اور دوسری طرف انطالیہ سے سکندریہ کی بحری گزرگاہ کی اہمیت بہت بڑھ گئی۔ علاوہ ازیں برسہ میں تجارت کی خاطر آنے والے ہندی سوداگر بھی یہی راستے اختیار کرتے تھے؛ مثال کے طور پر

marfat.com
Marfat.com

۸۸۵ھ/۱۴۸۰ء کے قریب محمود گاواں [رک باں] کے گماشتے برسہ میں ھندی سامان تجارت درآمد کیا کرتے تھے۔ اس تجارت کی اتنی اھمیت ضرور ھو گی کہ تقریباً ۸۷۴ھ/۱۴۷۰ء میں فلورنس والوں کو برسہ کی منڈی سے اپنے لیے گرم مسالا حاصل کرنے کی امید ھو جائے۔ لیکن یہاں یہ ذکر کر دینا ضروری ھے کہ برسہ میں زیادہ قیمتوں کے باعث گرم مسالے کی تجارت اتنی ترقی نہ کر سکی کہ یہ شہر مصری منڈیوں کا مقابلہ کر سکے۔ ۸۹۲ھ/۱۴۸۷ء میں برسہ میں درآمد ھونے والے رنگوں اور کالی مرچ پر محصول سے سالانہ آمدنی ایک لاکھ آقچہ (تقریباً دو ہزار پانچ سو وینسی ڈوکٹ ducats) ھوتی تھی (باش وکالت آرشیوی، استانبول تاپو دفتر، شمارہ ۲۳، مقاطعات برسہ)۔ بہر صورت گیارھویں صدی/سترھویں صدی تک برسہ کو استانبول اور ریاست ھائے بلقان، حتّٰی کہ مشرقی یورپ کے لیے بھی ایشیائی مال کی اھم ترین منڈی کی حیثیت حاصل رھی۔

برسہ کی خوشحالی وھاں کی ریشم کی صنعت و تجارت پر مبنی تھی۔ تبریز سے قافلے گیلان، استرآباد، اور ساری کا قیمتی ریشم برسہ لاتے تھے اور یہاں اس کی تجارت زور شور سے ھوتی تھی۔ برسہ کے قاضیوں کے کاغذات (جو اب عجائب خانۂ برسہ میں محفوظ ھیں) اور فلورنس کے خاندان میڈیچی Medici کی دستاویزات سے، جنھیں G.R.B. Richards نے شائع کیا ھے (*Florentine Merchants in the age of the Medici*، کیمبرج، مخطوطہ عدد ۱۹۳۲)، اس کی توثیق ھوتی ھے۔ جنوآ، وینس اور فلورنس کے سوداگر، جن کے نمائندے عموماً برسہ میں رھتے تھے، ایک دوسرے کے مقابلے میں حتّی الامکان زیادہ سے زیادہ ریشم خریدتے تھے اور اس تجارت کا عام طریقہ یہ تھا کہ ریشم کا ان کے درآمد کردہ اونی کپڑے سے مبادلہ کر لیا جاتا تھا۔ ۹۰۶ھ/۱۵۰۱ء میں Maringhi نے، جو برسہ میں میڈیچی Medici خاندان کا نمائندہ تھا، اندازہ لگایا کہ ریشم کی ایک گانٹھ (Fardello) پر ستر سے اسی ڈوکٹ ducat تک نفع حاصل ھو جاتا تھا۔ ۸۸۴ھ/۱۴۷۹ء میں ایران سے یہاں درآمد ھونے والے ریشم کی کل مالیت تقریباً ڈیڑھ لاکھ وینسی ڈوکٹ ducat تھی۔ اس کی بیشتر مقدار ریشم کی مقامی صنعت میں کھپ جاتی تھی۔ ۹۰۷ھ/۱۵۰۲ء میں ایک سرکاری معائنے سے ظاھر ھوا کہ برسہ میں ریشم بافی کے ایک ہزار سے زیادہ کرگھے مصروف کار تھے (بورسہ احتساب قانونو، طبع برکان O.L. Barkan : تاریخ وثیقہ لری درگیسی، ۷ : ۳۰)۔ یہ صنعت نجی ملکیت میں تھی اور اس کی وجہ سے مسلمانوں کا ایک خوشحال متوسط طبقہ وجود میں آ گیا۔ پندرھویں صدی کے نصف آخر میں برسہ کی تقریباً ستر فی صد آبادی اعلٰی اور متوسط طبقے کے افراد پر مشتمل تھی (دیکھیے اقتصاد فاکولتہ سی مجموعہ سی، استانبول، ج ۱۵، شمارہ ۱ تا ۴: ص ۵۵ تا ۵۷)۔ ریشم کی صنعت میں کام کرنے والے بیشتر افراد غلام تھے اور کچھ مدت بعد ان میں سے اکثر کو آزاد کر دیا جاتا تھا اور پھر وہ خود کارخانوں کے مالک بن جاتے تھے۔ مذکورۂ بالا قواعد احتساب میں بڑی تفصیل سے بیان کیا گیا ھے کہ اس کاروبار کے مختلف گروہ کون کون سے تھے اور مختلف اقسام کے ریشم کی تیاری میں کیا کیا طریقے استعمال ھوتے تھے۔ برسہ کا قیمتی کمخا [کمخواب] اور زردوز مخمل (مذھّب قطیفہ) برآمد کی جاتی تھی اور ان کپڑوں کی یورپ، مصر اور ایران میں بڑی مانگ رھتی تھی، لیکن ان کی زیادہ تر مقدار دربار سلطانی ھی میں کھپ جاتی تھی دیکھیے اوز T. Öz : ترک قماشلری، استانبول

Marfat.com

۱۹۳۶ء: H. Inalcik و R. Anhegger : قانون نامۂ سلطانی بر موجب عرفِ عثمانی، انقرہ ۱۹۵۶ء، ص ۳۶) - برسہ میں باریک ریشمی کپڑے، والہ (voile) اور تافتہ (taffeta) تیار ہوتے تھے اور عام استعمال کے لیے بھاری مقدار میں باہر بھیجے جاتے تھے۔

برسہ کی اتنی کچھ تجارتی سرگرمی کا مزید ثبوت ان متعدد کاروانسراؤں (خان) سے ملتا ہے جو نویں صدی / پندرھویں صدی میں تعمیر ہوئیں، مثلاً ایک خانی بعہدِ محمّد اوّل، محمود پاشا خانی بعہدِ محمّد ثانی اور نسبۃً بڑی سرائیں، جنھیں قوزہ‌خانی اور پرنچ خانی کہا جاتا تھا، بعہدِ بایزید ثانی - برسہ مغربی اناطولیہ کے سوتی کپڑے کی بھی منڈی بن گیا، جو بالخصوص روم‌ایلی اور مشرقی یورپ کو برآمد کیا جاتا تھا - برسہ میں درآمد شدہ اشیا کے محاصل کی رقم ۸۹۲ھ / ۱۴۸۷ء میں تقریباً ایک لاکھ چالیس ہزار ڈوکٹ تھی (باش وکالت آرشیوی، تاپو دفتر، شمارہ ۲۳) - تانبے اور چاندی کے سکّوں کی بڑی ٹکسالیں [رکّ بہ ضرب خانہ] بھی برسہ میں واقع تھیں اور اس اجارہ داری کے باعث سالِ مذکور میں سالانہ آمدنی چھے ہزار ڈوکٹ ہوئی تھی۔

۱۰۰۷ھ / ۱۵۹۹ء اور ۱۰۳۷ھ / ۱۶۲۸ء کے درمیان شاہ عبّاس اعظم نے کوشش کی کہ ایرانی ریشم ترک منڈی میں نہ جانے پائے (دیکھیے Belletin، شمارہ ۶۰ : ص ۶۶۵) - اس سے سلاطینِ عثمانیہ کو ترغیب ہوئی کہ خود برسہ اور اس کے نواح میں ریشم کی پیداوار کی ہمت افزائی کریں - بارھویں صدی / اٹھارھویں صدی میں یورپ (اطالیہ، فرانس) میں اچھی قسم کا ریشم تیار ہونے لگا اور ادھر بلاد مشرق کے سامان تجارت کی منڈی کی حیثیت سے اِزمیر [رکّ بآں] اس کا مدِّ مقابل بن گیا، جس سے برسہ کی سابقہ خوشحالی پر اثر پڑا (P. Masson : *Hist. du commerce Français dans le Levant*، پیرس ۱۹۱۱ء، ۲ : ۳۹۲) - تاہم یہاں اندرونِ ملک میں کھپت کے لیے برسوی ریشمی کپڑا تیار ہوتا رہا - تیرھویں صدی/انیسویں صدی میں یورپ کا ارزاں سوتی کپڑا اس مقامی تجارت میں بھی رخنہ انداز ہوا، چنانچہ ۱۲۶۲ھ/ ۱۸۴۶ء میں برسہ کے برطانوی قنصل D. Sandison نے لکھا کہ ''برسہ کے بنے ہوئے ریشمی اور سوتی کپڑے روز بروز متروک ہوتے جا رہے ہیں (*Public Record Office*، F.O. ۷۸، ۷۰۱) - برطانیہ، جرمنی اور سوئٹزرلینڈ میں برسہ کے جو نقلی ریشمی اور سوتی کپڑے تیار ہونے لگے تھے ان کی خود برسہ میں بڑی مانگ ہو گئی تھی اور اندیشہ تھا کہ آئندہ برسہ محض بلادِ مغرب کے لیے خام ریشم پیدا کیا کرے گا، لیکن ۱۲۵۳ھ / ۱۸۳۷ء میں دخانی طاقت سے چلنے والے کارخانوں کے قیام سے وہ اس صورتِ حال سے بچ گیا - پچیس برس بعد ریشم کاتنے کے کارخانوں کی تعداد پینتیس تھی اور ۱۳۳۲ھ / ۱۹۱۴ء میں خام ریشم کی پیداوار ایک ہزار ٹن تک پہنچ گئی تھی - جنگِ آزادی کے دنوں (۱۳۳۷ھ/۱۹۱۹ء تا ۱۳۴۱ھ/ ۱۹۲۲ء) میں اس ترقی پر برا اثر پڑا، لیکن جمہوریۂ ترکیہ کی ملکی صنعتوں کے تحفظ کی حکمت عملی کی بدولت ریشم کی پیداوار ایک حد تک بحال ہو گئی (۱۹۵۸ء میں ایک لاکھ چالیس ہزار ٹن) - اس کے مقابلے میں برسہ کی پارچہ بافی نے بے حد ترقی کی کیونکہ اب خام مواد کے طور پر مصنوعی ریشم ملنے لگا تھا (۱۹۵۸ء میں برقی قوت سے چلنے والے چھے ہزار کرگھے تھے) - مزید برآں ۱۹۳۸ء میں اونی کپڑے کے ایک بڑے کارخانے کے قیام سے اس شہر کی صنعتی حیثیت مضبوط ہو گئی - ۱۹۴۰ء میں اس کی

marfat.com
Marfat.com

آبادی ستر ہزار تھی، جو ۱۹۵۵ء میں تقریباً دوگنی ہو کر ایک لاکھ اکتیس ہزار تک جا پہنچی۔

**مآخذ**: کتبے: (۱) اے۔ توحید: بورسه ده اسکی کتابه، در *TOEM*، ۵: ۳۱۸؛ (۲) وہی مصنف: برسه ده عمر بیک جامعی کتابه سی، در *TOEM*، ۳: ۸۶۵؛ (۳) وہی مصنف: ایلک آلتی پادشاہ ہمزہ‌نگ برسه ده کائن تربه لری، در *TOEM*، ۳: ۷۷۹، ۱۰۳۷؛ (۴) ایم۔ عارف: برسه ده ولد یانغ جامعی، در *TOEM*، ۳: ۹۶۷؛ (۵) H. B. Kunter: کتابه لریمز، در وقفلر درگیسی، ۲ (۱۹۳۸ء): ۴۳۳ تا ۴۴۴؛ (۶) ایم۔ ضیا: برسه ده کی تربه لریمزده غیر مکتوب کتابه لر، در *TOEM*، ۱۰ تا ۱۳: ۱۲۹؛ (۷) Fr. Taeschner: *Beiträge zur frühosmanischer Epigraphie und Archaeologie*، در *Der Islam*، ۱۸: ۱۰۹ و ۲۰: ۶۰ و ۲۲: ۶۹؛ (۸) R. Mantran: *Les inscriptions arabes de Brousse*، در *B. Ét. Or.*، ۱۴ (۱۹۵۲ء): ۸۷ تا ۱۱۴۔

عمارتی آثار: (۱) H. Wilde: *Brussa, eine Entwicklungsstätte türkischer Architektur in Kleinasien unter den ersten Osmanen*، برلن ۱۹۰۹ء؛ (۲) A. Gabriel: *Une Capitale turque, Broussa*، پیرس ۱۹۵۹ء؛ (۳) ایس۔ چتن طاش S. Çetintaş: ترک معماری انتلری، عثمانلی دوری، برسه ده ایلک اثرلری، استانبول ۱۹۴۶ء؛ (۴) کے۔ بیکال: برسه و انتلر، برسه ۱۹۵۰ء؛ (۵) قپه جی اوغلو: برسه خانلری، برسه ۱۹۳۵ء؛ (۶) وہی مصنف: برسه حماملری، برسه ۱۹۳۸ء۔

دستاویزات: (۱) ایچ۔ اینالجیق: برسه شرعیه سجلاتده فاتح سلطان محمدک فرمانلری، در *Belleten*، ۱۱ (۱۹۴۷ء): ۶۹۳ تا ۷۰۸؛ (۲) وہی مصنف: ۱۵ عصر ترکیه اقتصادی و اجتماعی تاریخی قیناقلری، در اقتصادی فاکولته سی مجموعه سی، استانبول، ج ۱۵، شماره ۱ تا ۴ (۱۹۵۳-۱۹۵۴ء): ۵۱ تا ۵۷؛ (۳) ایچ۔ تورخانه طاغلی اوغلو: ۱۶ عصرده بورسه، برسه ۱۹۴۳ء؛ (۴) نئی دستاویزات جو برسه کے قاضیوں کے سرکاری کاغذات سے منتخب کی گئی ہیں، طبع در اولوطاغ، برسه حلق اوی درگیسی؛ (۵) او۔ ایل۔ برکن: قانون نامهٔ احتساب برسه (۱۵۰۲ء)، در تاریخ وثیقه لر درگیسی، ۲: ۷، ۱۵ تا ۳۰؛ (۶) ارزی: برسه ده اسحاقی درو یشلرینه مخصوص زاویه نک وقفیه سی، در وقفلر درگیسی، ۲ (۱۹۴۲ء): ۴۲۳ تا ۴۲۸۔

سوانح: (۱) بلدر زاده محمد: کتاب روضة الاولیاء، مخطوطه، در اور خان جامعی کتب خانه سی، برسه، شماره ۴؛ (۲) اسمٰعیل بلیغ: گلدستهٔ ریاض عرفان، طبع اشرف، برسه ۱۳۰۲ھ؛ (۳) اشرف زاده شیخ احمد ضیاء الدین: وفیات العرفاء، مخطوطه، در اور خان جامعی کتب خانه سی، برسه، شماره ۵۸؛ (۴) شیخ عبداللطیف: روضة المفلحون، در اورخان جامعی کتب خانه سی، وہی شمارہ، برسه؛ (۵) خلاصة الوفیات، سلیمانیه کوت، اسد افندی کتابلری؛ (۶) بکرجی راشد محمد افندی: زبدة الوقائع در بلدۂ جلیل برسه، فاتح ملت کتب خانه سی، استانبول؛ (۶) برسه لی محمد طاهر: عثمانلی مؤلفلری، ج ۱ تا ۳، استانبول ۱۳۳۳ تا ۱۳۴۲ھ۔

سفرنامے: (۱) ابن بطوطه: *Voyages*، طبع و ترجمهٔ C. Defrémery و B.R. Sanguinetti، پیرس ۱۸۵۳ تا ۱۸۵۸ء، ۴ جلد؛ (۲) J. Sehiltberger: *Bondage and Travels*، K. F. Neumann کے جرمن نسخے سے ترجمه J.B. Telber، طبع Hakluyt Society، لندن ۱۸۷۹ء، ص ۴۰؛ (۳) B. de La Broquière: *Le Voyage d' Outremer*، طبع Ch. Schefer، پیرس ۱۸۹۲ء، ص ۱۳۲ تا ۱۳۷؛ (۴) اولیا چلبی: سیاحت نامه، ج ۲، استانبول ۱۳۱۴ھ، ص ۷ تا ۵۵؛ (۵) کاتب چلبی: جہان نما، استانبول ۱۱۴۵ھ، ص ۶۵۷ تا ۶۵۸؛ (۶) P. Belon:

marfat.com
Marfat.com

Les Observations de plusieurs singularitiés et choses mémorables trouvées en Grèce . . .، پیرس ۱۵۸۸ء، ص ۵۰ تا ۵۳؛ (۷) I.P. de Tournefort : Relation d'un voyage du Levant، ۲، لیونز ۱۷۱۷ء : ۳۶۹؛ (۸) J. von Hammer : Umblick auf einer Reise von Konstantinopel nach Brussa، پسٹ Pest ۱۸۱۸ء؛ (۹) A. Grisebach : Reise durch Rumelien und nach Brussa im jahre 1839، ۲ جلد، گوٹنجن ۱۸۴۱ء؛ (۱۰) A. B. Mordtmann : Anatolien, skizzen und Reisebriefe aus Kleinasien، ص ۱۸۵۰ تا ۱۸۵۹، ہینوور ۱۹۲۰ء؛ (۱۱) G. Perrot : Souvenir d'un voyage en Asie Mineure، پیرس ۱۸۶۴ء؛ (۱۲) P. D. Tchihatcheff : Asie Mineure، ج ۱، پیرس ۱۸۶۶ء؛ (۱۳) E. Haeckel : Brussa und der asiatische Olymp، برلن ۱۸۷۵ء؛ (۱۴) V. Cuinet : La Turquie d'Asie, géographie administrative، ج ۴، پیرس ۱۸۹۴ء؛ (۱۵) R. Hardtmann : Im neuen Anatolie، لائپزگ ۱۹۲۸ء؛ (۱۶) J. Lewis Farley : The Resources of Turkey، لندن ۱۸۶۲ء، (D. Sandison، اس میں برطانوی قنصل متعینهٔ برسه کی ایک رپورٹ شائع ہوئی ہے - اسی قسم کی اور رپورٹیں پبلک ریکارڈ آفس میں موجود ہیں، F.O. ۱۹۵، ۱۱۳، ص ۲۹۹، ۳۹۳، ۵۹۸، ۹۸۰، ۷۲۱، ۷۷۳)، برسه کے سالنامے جو ۱۲۸۷ھ/ ۱۸۷۰ء سے ۱۳۳۵ھ/ ۱۹۱۷ء تک باقاعده شائع ہوتے رہے .

مطالعے : (۱) حسن تائب : خاطره یا خود مرآة بورسه، برسه ۱۳۲۳ھ؛ (۲) محمد شمع الدین : یاد کار شمسی، برسه ۱۳۳۲ھ؛ (۳) قویونلو اوغلو A. M. Turgut koyunluoğlu : ازنیق برسه تاریخی، ۱۹۳۷ء؛ (۴) کے - بیکال : برسه ینکیشلری، برسه ۱۹۴۸ء؛ (۵) نشأت کوسه اوغلو : تاریخده برسه محللری، برسه ۱۹۴۶ء؛ (۶) J. Sölch : Historisch-geographische Studie über bithynische siedlungen-Nikomedia, Nikäa, Prusa، Byzentin-neugriech. Jahrbücher، ج ۱، ۱۹۲۰ء؛ (۷) A. Wächter : Der Verfall des Griechentums in Kleinasien، لائپزگ ۱۹۰۳ء؛ (۸) حکومت عثمانیه کے دور میں برسه سے یه اخبارات شائع ہوتے تھے : خداوندگار (سرکاری)؛ برسه، گون طوغدی؛ فوائد Favāid .

(ایچ - اینالجق)

**بُرْشاوَر** : رك به پشاور.

**بَرْشَلُوْنَه** : ہسپانوی بارسیلونا Barcelona [کبھی کبھی برشینونه اور برجیلونه بھی آتا ہے، اندلس کا تاریخی جغرافیه، ص ۱۵۳ و ۱۵۴]، آئبیریا کا قدیم شہر Barcino (Ruscino سے مقابله کیجیے، جس سے Roussillon مشتق ہے) - یہاں ضمناً یه بھی بیان کیا جا سکتا ہے که ہملکار برکه Hamilcar Barca سے اس کا کوئی تعلق نہیں - برشلونه کسی زمانے میں لیتانیوں (Laetians) کا وطن تھا - اس نے بتدریج ترّاکو Tarraco [عربوں کا طرّکونه، آج کل تارا گونا Tarragona] کی جگه لے لی، جو اس کے جنوب مغرب میں واقع تھا اور یوں شمال مشرقی رومی ہسپانیه (اسبانیا الشمالية الشرقية الرومانية) کا دارالحکومت بن گیا - الاِدْریسی اور البَکْری کی تصنیفات کے جن اجزا کو ابن عبدالمُنْعم الحِمْیَری نے مرتّب کیا ہے، ان سے پتا چلتا ہے که انھیں کے زمانے میں برشلونه ایک بڑا شہر بن چکا تھا - اسے ایک مضبوط فصیل گھیرے ہوے تھی اور اس کی بندرگاه چٹانوں سے پُر تھی، چنانچه صرف وہی کپتان جو یہاں کے پانی کے راستوں سے خوب واقف تھے اپنے جہاز یہاں لا سکتے تھے - ''شاه اِفْرَنْجه'' اسی شہر میں، جو اس کے ملک کا دارالحکومت تھا، رہتا تھا - اس بادشاه کے پاس سفر اور بحری تاختوں کے لیے

marfat.com
Marfat.com

مسلح جہاز تھے ۔ افرنجیوں (قطلونیوں) کی افتاد طبع جنگجویانہ تھی جس کے باعث وہ بہت جرأت کے کام کر جاتے تھے۔

برشلونہ کے علاقے میں گیہوں اور دوسری اقسام کا اناج نیز شہد بڑی مقدار میں پیدا ہوتا تھا ۔ وہاں اتنے ہی یہودی آباد تھے جتنے عیسائی ۔ یہ شہر ۹۶ھ / ۷۱۳ء تا ۹۸ھ / ۷۱۶ء میں عبدالعزیز بن موسیٰ بن نُصَیر کے زیر فرمان عربوں کے پہلے ہی حملے میں ان کے قبضے میں آ گیا ۔ عربی میں اس شہر کو برشَلُونَۃ ابھی لکھتے ہیں، جو قدیم ماخذ کی لاطینی کے Barcinona سے مشتق ہے (اب اوروسیوس Orosius میں پہلے سے Barcilona کا نام آیا ہے، یعنی ربنہ برشلونہ Ravenna Barcelona کا جغرافیہ لوبس، قب Hübner در Pauly-Wissowa، بذیل مادہ) ۔ لیکن اس کے باوجود اب تک برشلونہ ہی زبان زد عام ہے، جس سے موجودہ نام برسیلونا نکلا ہے۔

اس نام کی ایک شکل برجلونہ زیادہ شائع ہے ۔ یہ نام البرجلونی کے مختصر لقب کی اصل ہے، جو متاخر عرب مصنفین اکثر ارغون Aragon اور قطلونیہ Catalonia کے بادشاہ کے لیے استعمال کرتے ہیں (قب Ar، ۱۹۰۷ء، ۲ : ۲۷۹ ببعد).

۱۸۵ھ / ۸۰۱ء میں شارلمان کے بیٹے لوئی اکوئتانیا Aquitaine کے بادشاہ کی حیثیت سے برشلونہ فتح کر لیا ۔ اس کے بعد سے یہ افرنجی سلطنت کے ہسپانوی سرحدی علاقوں کا دارالحکومت بن گیا اور ۸۸۸ء سے برشلونہ یا قطلونیہ کے خود مختار کاؤنٹوں (Counts) یا مارکوئسوں (Marquesses) کا صدر مقام رہا ۔ ۲۰۲ھ / ۸۰۹ء میں برشلونہ پر عربوں کا عارضی طور پر قبضہ ہو گیا (البیان المغرب، بار دوم، ۲ : ۹۵ تا ۹۶) ۔ ۳۷۵ھ / ۹۸۵ء میں لشکری ... المنصور نے یورش کر کے اس پر قبضہ کر لیا (Dozy : Histoire des Musulmans، بار دوم، ۲ : ۲۳۸ تا ۲۳۹)، لیکن ۹۸۷ء میں کاؤنٹ بورل Borell اول نے اسے پھر فتح کر لیا ۔ بارھویں صدی (۱۱۳۷ء) میں یہ ایک دفعہ پھر مملکتِ ارغون میں شامل ہو گیا ۔ دانیہ (Denis) کے مسلمان بادشاہ علی بن مجاہد العامری کا وہ فرمان قابلِ ذکر ہے جس کی رو سے بلیار (Baleares) [رک بآں] کی مستعرب (مضارب) اسقفیاں دانیہ اور بیولہ Oribuela کی اسقفیوں کی طرح برشلونہ کے اسقف اعظم کے ماتحت کر دی گئیں (Simonet : Historia de los Mozarabes de Espana—Memoria de la Real Academia de la His...ia، میڈرڈ ۱۹۰۵ء، ۱۳ : ۶۵۱ تا ۶۵۳؛ Campaner : Bosquejo histórico de la dominacion islamita en las islas Baleares، Palma ۱۸۸۸ء، ص ۸۲ تا ۸۳).

**مآخذ**: (۱) مَراصِد الاِطّلاع، لائڈن ۱۸۵۹ء، ۳ : ۳۰۳؛ (۲) Madoz : Diccionario geogr. estad. hist.، ۳ : ۵۸۲ ببعد؛ (۳) Bofarull : Los Condes de Barcelona vindicados، برشلونہ ۱۸۳۶ء؛ (۴) المقّری (اشاریہ)، (۵) Simonet (دیکھیے اوپر)، ۲ : ۸۳۳؛ ص ۹۲۹ (اشاریہ)؛ (۶) Lévi Provençal : La Péninsule Ibérique، ص ۵۳؛ (۷) وہی مصنف : Hist. Esp. Mus.، ج ۱ و ۲ بمواضع کثیرہ.

([A. Huici Miranda و] C. F. Seybold)

**بَرْشَوِیس** : رک بہ علم نجوم۔

**بَرصِیصا** : ایک نیم افسانوی نیم تاریخی شخصیت، ایک راہب، جس کا زمانہ، مابعد کی تاویلات کی رو سے وہی زمانہ قرار دیا جا سکتا ہے جو سینٹ انطونی St. Antony کا ہے ۔ ایک لوک کہانی کی حیثیت سے دیکھا جائے تو کہا جا سکتا ہے کہ برصیصا کی روایت نے کئی صورتیں اختیار کی

Marfat.com

ہونگی، کیونکہ بعد کے زمانے میں ابن بطوطہ نے طرابلس اور اسکندریہ کے درمیان ایک ''قصر برصیصا [برصیص] العابد'' دیکھا تھا ۔ اس نام سے ذہن میں قدیس انطونی کی زندگی اور عزلت نشینی کے اس طویل دور کی یاد تازہ ہوتی ہے جو اس نے ایک قدیم قصر (صِیصَت) میں گزارا تھا ۔ اگر آرامی زبان میں لفظ برصیصا کے اشتقاق پر غور کیا جائے تو اس سے اعلیٰ ترین کاہنانہ منصب کا تصور ذہن میں آتا ہے ۔ خواہ صِیصا سے وہ 'چار آئینہ' (pectoral) مراد لیا جائے جو کاہنِ اعظم اپنے سینے پر لگاتا تھا یا دستار مقدس کی اوپر کی گرہیں ۔ بعض مسلمان مصنفوں کی کتابوں میں برصیصا وہ راہب تھا جس نے ایک طویل مدت تک زہد و تقوی کی زندگی بسر کی اور پھر شیطان کی متواتر ترغیبات کے سامنے ہتھیار ڈال دیے ۔ بالآخر شیطان نے اسے خدا سے منکر ہو جانے پر آمادہ کر لیا اور اس کے بعد اسے دائمی یاس کی حالت میں چھوڑ گیا ۔

اس روایت کا تعلق [11، لائڈن، بار دوم کے مضمون نگار کے نزدیک] قرآن مجید کی انسٹھویں سورۃ [الحشر] کی سولھویں آیت کی تفسیر سے ہے، جس میں مومنوں کو بہکانے والے منافقوں کا حال بیان کیا گیا ہے :-

[کَمَثَلِ الشَّیْطٰنِ اِذْ قَالَ لِلْاِنْسَانِ اکْفُرْ فَلَمَّا کَفَرَ قَالَ اِنِّیْ بَرِیْٓءٌ مِّنْکَ اِنِّیْٓ اَخَافُ اللّٰہَ رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ] جیسے شیطان کی وہ حالت جب وہ انسان سے کہے تو منکر ہو جا پھر جب وہ منکر ہو جائے تو کہے میں الگ ہوں تجھ سے، میں ڈرتا ہوں اللہ سے جو رب ہے سارے جہان کا [لیکن یہ توجیہ محلِ نظر ہے] ۔ یہاں لفظ ''انسان'' کی دو مختلف تاویلیں کی جاتی ہیں جنہیں الطّبری (۲۸ : ۳۱ بعد) نے یوں پیش کیا ہے : '' یہاں سوال کسی خاص انسان کا ہے یا بحیثیت مجموعی پوری نوع انسان کا؟''

الطّبری نے انسان ایک خاص شخص کے معنی میں جو پہلی چار روایات پیش کی ہیں ان کا تعلق ایک تارک الدنیا شخص سے ہے، جو یا تو کوئی راہب ہے (الطّبری، ۲۸ : ۳۳۲) یا عابد (رجلٌ مِنْ بنی اسرائیل)، یا کوئی عیسائی پادری (''قس'') ۔ اس متقی شخص کی کہانی تقریباً یکساں چلی آئی ہے ۔ تین بھائی اپنی بیمار بہن کو اس کے سپرد کرکے سفر پر روانہ ہوتے ہیں ۔ راہب شیطان کے بہکانے میں آ جاتا ہے پھر کوشش کرتا ہے کہ اپنی معصیت کے نتیجے سے چھٹکارا پا لے اور اپنی معصیت کے ثبوت کو مٹانے کے لیے اسے ہلاک کر ڈالتا ہے اور ایک پوشیدہ مقام میں (اپنے گھر کے اندر ایک درخت کے نیچے) دفن کر دیتا ہے ۔ جب بھائی واپس آتے ہیں تو شروع شروع میں اس بات کا یقین کر لیتے ہیں کہ ان کی بہن طبعی موت مری ہے، لیکن پھر شیطان خواب میں آ کر ان پر عابد کا جرم ظاہر کرتا ہے ۔ عابد کو جب علم ہوتا ہے کہ اس کے جرم کا پردہ فاش ہو گیا ہے تو وہ بے انتہا خوفزدہ ہو جاتا ہے ۔ تب شیطان ایک بار پھر اس کی طرف متوجہ ہوتا ہے اور اسے کہتا ہے کہ اگر تو میرے سامنے سجدہ کر لے اور خدا سے انکار کر دے تو میں تجھے بچا لوں گا ۔ جب یہ بدبخت انسان گر کر گناہ کے اس آخری درجے تک پہنچ جاتا ہے تو شیطان اُس کا تمسخر اڑاتا ہے ۔ الطّبری کے بعد برصیصا کا نام راویوں کے ہاتھ لگا اور انہوں نے اسے اس کہانی کے مرکزی کردار پر چسپاں کر دیا ۔ میکڈانلڈ Duncan B. Macdonald نے ان سب مآخذ کا حوالہ دیا ہے (وآ، لائڈن، بار اول، بذیل مادّہ برصیصا) ۔ ابواللیث سمرقندی (م ۹۸۵ یا ۹۹۳ء) بظاہر وہ پہلا مصنف ہے جس نے اپنی کتاب تنبیہُ الغافلین میں برصیصا کے نام کا ذکر کیا ہے ۔ پھر البغوی (م ۱۱۲۲ء) نے اس کی تقلید کی ۔

marfat.com
Marfat.com

Goldziher-Landberg نے *Legende vom Mönch Bersisā* میں یہ قصہ ان تمام ترمیمات و اضافات کے ساتھ درج کیا ہے جو اس میں آگے چل کر داخل ہوے، جیسا کہ یہ القزوینی (طبع وستنفلٹ، ۱ : ۳۶۸)، ابن اِبْشِیْہی کی المستطرف (باب ۶۴)، السیوطی اور وہاں سے الکتاب الوزراء الاربعین [داستانِ چہل وزیر] میں مذکور ہوا ہے ۔ آخر الذکر کتاب مطبوعۂ استانبول، ۱۳۰۳ھ، ص ۱۲۰ تا ۱۲۶، میں اس کا بالتفصیل ذکر ہے جو اس بیان سے زیادہ طویل ہے جس کا Pétis de la Croix اور Gibb نے ترجمہ کیا ہے ۔

[یورپ میں برصیصا کا قصہ] خواہ ہسپانیہ سے پہنچا ہو یا کتاب الوزراء الاربعین کے ترجمے کی وساطت سے، لازمی طور پر راہب لیوس Lewis کے قوطی رومان *Ambrosio or the Monk* کا مأخذ ہوگا، جس میں تمام جزئیات پوری تفصیل کے ساتھ اور اپنے زمانے کے مذاق کے مطابق ڈھال کر پیش کی گئی ہیں ۔

**مآخذ** : (۱) D. B. Macdonald، در وو، لائڈن بار اول و *Handwörterbuch des Islam*، بذیل برصیصا و تعلیقہ، در وو، ت، بذیل برصیصا؛ (۲) Chauvin : *Bibliographie des Ouvrages arabes*، ۸ : ۱۲۸ بعد؛ (۳) A. Abel : *Bersisā, le Moine qui défia le Diable*، برسلز ۱۹۰۹ء، در *Publications de l'Institut de Philologie et d'histoire orientales*.

(A. Abel)

* **بُرطاس** : یا بُرداس (البکری کے ہاں فُرداس)، دریاے والگا کے طاس میں ایک وثنی المذہب قبیلہ ۔ برطاس اور اس کے شمال اور جنوب میں آباد ہمسایہ قبائل خَزَر اور بُلغار کے لیے رکّ بہ بُلغار ۔ المسعودی (مروج، ۲ : ۱۴ و التنبیہ، ص ۶۲) نے برطاس ایک دریا کا نام بھی بتایا ہے، جو اتل (= والگا) میں جا گرتا ہے ۔ Marquart اسے اور سامرہ Samara کو ایک ہی دریا قرار دیتا ہے (Streifzüge، ص ۳۳۶) ۔ مآخذ میں ایسا کوئی ذکر نہیں ملتا جس سے معلوم ہو کہ قبیلۂ برطاس میں مسلمان بھی موجود تھے ۔ اس کے برعکس خزر اور بُلغار کے احوال میں اس کی صراحت موجود ہے ۔ یاقوت نے برطاس کا جو حال لکھا ہے (۱ : ۵۶۷) وہ ایک غلط فہمی پر مبنی ہے اور وہ یہ کہ اس نے بلغار کے بارے میں الاصطخری کے بیان (ص ۲۲۵) کا اطلاق برطاس پر کر دیا ہے ۔ جن مآخذ میں برطاس کا ذکر ملتا ہے یعنی ابن رُستہ (ص ۱۴۰ بعد)، البکری (Kunik و Rosen : *Izviestiya al-Bekri, etc*، ۱ : ۴۴) اور گردیزی (Barthold: *Otčet o poyezdkie v srednyuyu Aziyu*، ص ۹۶ بعد) ان میں برطاس کے مذہب کے بارے میں محض اتنا کہنے پر اکتفا کیا گیا ہے کہ ان کے عقائد وہی تھے جو غُز (ترکوں) کے تھے اور ان میں بعض اپنے مُردوں کو جلاتے اور بعض دفناتے تھے ۔ انھوں نے اپنے پڑوسیوں کو، جنھیں تہذیب و تمدّن سے قریبی رابطہ رہا، اپنے سے آگے نکل جانے دیا ۔ ان کے ہاں منظم حکومت کا فقدان تھا اور تمام معاملات کی باگ ڈور ہر قبیلے کے بزرگوں کو سونپ دی جاتی تھی ۔ اسلامی دنیا اور برطاس کے درمیان اگر کوئی قابل ذکر تجارتی رابطہ تھا تو وہ محض پوستینوں کی تجارت کا تھا، جس کے لیے یاقوت (محلِّ مذکور) نے ''فِراء'' (جمع فَرو) کا لفظ استعمال کیا ہے ۔

اکثر مستند مصنفوں (V. V. Holmsted، A.P. Smirnov، P.D. Stepanov) نے برطاس اور فِن لینڈ کے مُردوہ۔ موکشہ Mordve Moksha (جنھیں Ruburquis نے Moksel لکھا ہے) کو ایک ہی قرار دیا ہے، یعنی وہ قبائل جو قرونِ وسطٰی کے آغاز میں خوپر Khoper اور مِدودِتزہ Madveditza دریاؤں اور والگا

marfat.com
Marfat.com

کی دائیں شاخ کے درمیانی علاقے میں آباد تھے اور شمال کی جانب اتنی دور تک پھیلتے چلے گئے تھے کہ فن لینڈ والے یہاں صقالبہ قوم کے متصل ہمسایے ہو جاتے تھے - دوسرے مصنفوں (A.E. ،A.I. Popov Alikhova) نے ان کا مبدأ شمالی قفقاز کے نیم صحرائی میدانوں میں قرار دیا ہے اور اس کی دلیل یہ دی ہے کہ برطاس نے شمال کی سمت نقل مکانی آلتون اردو (Golden Horde) کے زمانے ھی میں کی تھی، بعض اور مصنفوں (Rittich ،Sboev) نے انھیں چواش Čuwash کے آبا و اجداد میں جگہ دی ہے - Tokarev کا خیال ہے کہ برطاس ایک فنی قبیلہ تھا، جو کم و بیش ترکی رنگ میں رنگا گیا تھا اور بالآخر کچھ تو مردوہ ـ موکشہ میں اور کچھ چواش میں مدغم ہو گیا.

تیرھویں صدی اور اس کے بعد کے روسی وقائع میں برطاس کا ذکر آلتون اردو کے باجگزاروں کے طور پر ملتا ہے - جب قازان کی حکومت کا خاتمہ ہوا تو سولھویں صدی میں روسیوں نے ان کا علاقہ فتح کر کے وھاں اپنی بستیاں بسا لیں - اٹھارھویں صدی کے اوائل میں ان کی بعض بغاوتوں کا حال پڑھنے میں آتا ہے، لیکن اس زمانے سے برطاس کا نام روسی دستاویزات میں آنا بند ہو جاتا ہے.

موجودہ مردوہ (روسی میں مردوا Mordva) دو بین جماعتوں میں منقسم ھیں: موکشہ Moksha اور ارزیہ Erzia اور ان کی تعداد چودہ لاکھ پچاس ہزار ہے (سوویٹ مردم شماری بابت ۱۹۳۹ء) - وہ ایک خود مختیار سوویٹ جمہوریہ میں آباد ھیں (: سوویٹ اشتراکی جمہوریہ مردوہ، دارالحکومت سرانسک Saransk) تاہم مردوہ کی ایک کثیر تعداد اپنی جمہوریہ کی حدود سے باھر، بالخصوص تاتارستان، بشکریہ اور سائبیریا میں سکونت پذیر ہے.

مردوہ پر روسی ثقافت کے بہت گہرے اثرات ھوئے اور وہ سترھویں صدی سے راسخ العقیدہ مذھب کے دائرے میں شامل ہو چکے ھیں - لیکن یہاں ایک اور مردوہ ـ موکشہ گروہ کا ذکر بھی ضروری ہے، جو علاقۂ تاتار (جمہوریہ تترستان کے ضلع کمسکو اُستنسک Kamsko Ustinsk میں رہتے ھیں، یعنی قرہ تای - سترھویں صدی سے یہ لوگ تاتاری اثرات کے ماتحت رہتے چلے آئے ھیں اور اب تاتاریت کے رنگ میں مکمل طور پر رنگے جا چکے ھیں - یہ قرہ تای اپنی فنی زبان کا استعمال فراموش کر چکے ھیں اور قازان کی تاتاری بولتے ھیں، اگرچہ سرکاری طور پر ان کا شمار راسخ العقیدہ مسیحیوں میں کیا جاتا ہے مگر حقیقت میں وہ مسلمان ھیں.

مآخذ: (۱) D. A. Chwolson: *Izvestija o khazarakh, Burtasakh, Bolgarakh, Madyarakh Slavyanakh i Rusakh Abu Ali Ahmed ben Omar Ibn Dasta*، سینٹ پیٹرز برگ ۱۸۶۹ء؛ (۲) V. V. Barthold: *Arabskie Izvestiya o rusakh*، در *Sovetskoe Vostokovedenie*، ج ۱؛ (۳) A. Kunik و V. Rosen: *Izvestiya Al-Bekri i drugikh avtorov o Rusi i slavanakh*، سینٹ پیٹرز برگ ۱۸۷۸ء؛ (۴) A. Y. Garwaki: *Skazaniya musul' maskikh pisatelej o slavjanokh i russikh*، سینٹ پیٹرز برگ ۱۸۷۰ء؛ (۵) V.V. Holmsted: *Burtas*، در *Kratkie Soobshčeniya Instituta Izučeniya Material'noi Kul'turi*، ۱۹۳۶ء، کراسہ ۱۳ : ص ۱۷ تا ۲۵؛ (۶) I. N. Smirnov: *Morva*، در *Izvestiya obshčestya Arkheologii Istorii i Etnografii pri Kazanskom Un-te*، ج ۱۰، ۱۱، ۱۲، قازان ۱۸۹۲ تا ۱۸۹۳ء؛ (۷) A. I. Popov: *Burtasi i Mordva* در *Učenie Zapiski Leningradskogo Un-ta*، ۱۹۴۸ء، شمارہ ۱۰۵، اورینٹل سیریز، کراسہ ۲، حصہ ۱ : ص ۱۹۹ تا ۲۱۰؛

marfat.com
Marfat.com

(۸) A. E. Alikhova : *K voprosv o burtasakh*، در *Sovetskaya Etnografiya*، ۱۹۴۹ء، شمارہ ۱ : ص ۴۸ تا ۶۲؛ (۹) A. P. Smirnov : *K voprosu o burtasakh*، در *Kratkie Soobshčeniya Instituta Izučeniya Materyal'noï Kul'turï*، ۱۹۵۱ء، کراسہ ۴۰ : ص ۵۴ تا ۵۰؛ (۱۰) Tokarev : *Etnografiya Narsdov SSSR*، ماسکو ۱۹۵۸ء، ص ۱۵۰۔

([CH. QUELQUEJAY] و W. BARTHOLD)

* **بَرْغَش** : بن سعید بن سلطان، سلطانِ زنجبار، ۷ اکتوبر ۱۸۷۰ء کو اپنے بھائی مجید کی جگہ تخت پر بیٹھا اور اپنی وفات یعنی ۲۷ مارچ ۱۸۸۸ء تک حکومت کرتا رہا۔ اس نے پہلے ۱۸۵۶ء میں اپنے باپ کے انتقال پر اور پھر ۱۸۵۹ء میں بھی حکومت پر قبضہ کرنے کی کوشش کی تھی لیکن انگریزوں کی مداخلت سے اسے شکست ہوئی اور دو سال کے لیے اسے بمبئی بھیج دیا گیا۔ بعد میں برطانوی حکومت نے اس کی تخت نشینی کی حمایت کی، لیکن برغش نے فوراً ہی انگریزوں کی ان کوششوں کی مخالفت شروع کر دی جو انھوں نے بردہ فروشی کے انسداد کے لیے شروع کر رکھی تھیں، کیونکہ اسے ایک حد تک فرقۂ اباضی ملّوۃ پر انحصار کرنا پڑتا تھا، جو اس قسم کے معاملات میں یورپ کے لوگوں کی دخل اندازی کا مخالف تھا۔ ۱۸۷۳ء میں برغش غلاموں کی تمام منڈیاں بند کرنے اور دوسرے ممالک بلکہ اپنی مملکت کے دوسرے حصوں تک میں غلاموں کی برآمد کی کلیۃً ممانعت کر دینے پر مجبور ہو گیا۔ اس کے بعد اسے لنڈن آنے کی دعوت دی گئی۔ ۱۸۷۶ء میں خشکی پر غلاموں کے قافلوں کی نقل و حرکت ممنوع قرار دی گئی۔ اس حکمت عملی کے نفاذ کی خاطر لائڈ میتھیوز Lloyd Mathews نے ۱۸۷۷ء میں افریقی دستوں کو تربیت دینا شروع کی۔ برطانوی ایجنٹ کِرک Kerk نے برغش کا اعتماد حاصل کر لیا اور وہ زنجبار کی ایک ذی اثر شخصیت بن گیا۔ وہ ۱۸۸۶ء میں وہاں سے رخصت ہوا۔ افریقہ کے عقبی علاقے میں برغش کو بہت سے دعاوی اور کسی قدر وقار ورثے میں ملا تھا، لیکن اس کا اقتدار نہ ہونے کے برابر تھا۔ ۱۸۷۷ء میں جب ساحل اور وکٹوریا نائی‌آنزا Victoric Nyanza کے درمیانی علاقے کی ترقی کے سلسلے میں مراعات کے سوال پر سر ولیم میکنن Mackinnon سے گفت و شنید ناکام ہو گئی تو برغش کے ہاتھ سے اندرونِ ملک میں اقتدار قائم کرنے کا بہترین موقع نکل گیا۔ ۱۸۸۱ء میں اس کی یہ تجویز کہ برطانیہ اس کی ضمانت دے کہ بادشاہت اس کے خاندان ہی میں رہے گی اور اگر وہ کوئی نابالغ وارث چھوڑ کر فوت ہوا تو وہ نائب کا کام کرے گی، مسترد کر دی گئی۔ ۱۸۸۴ء میں جرمنی کے ایجنٹ پیٹرز Peters نے ان سرداروں سے بارہ معاہدے کیے جن کی سیادت کا برغش مدعی تھا۔ ان کے علاقے تبورہ Tabora اور اُجیجی Ujiji جانے والی تجارتی شاہراہ کے ساتھ ساتھ واقع تھے۔ ۱۸۸۵ء میں جرمنی نے انھیں اور سلطانِ ویتو Witu کو اپنے زیرِ حفاظت لے لیا۔ برغش کے احتجاج کے جواب میں جرمنی کے پانچ جنگی جہاز وہاں پہنچ گئے اور اسے الٹی میٹم دے دیا گیا۔ برطانوی تائید حاصل نہ ہونے کے باعث برغش کو سر تسلیم خم کرنا پڑا۔ اس کے بعد برطانوی، جرمن اور فرانسیسی نمائندوں کے ایک کمیشن نے اس علاقے کی حدود متعین کیں جس پر برغش کا اقتدار تسلیم کرنا مقصود تھا۔ برطانوی دباؤ کے تحت اس نے مجبوراً ان کا فیصلہ تسلیم کر لیا (تفصیلات کے لیے دیکھیے بو سعید)۔ اس کی صحت اب خراب ہو چکی تھی اور عمان کے ایک سفر سے واپس آتے ہی اس کا انتقال ہو گیا۔ برغش

marfat.com
Marfat.com

ایک قابل اور باهمت حکمران تها ۔ اس نے زنجبار کے لیے بہت کچھ کیا، یہاں میٹھے پانی کی فراهمی کا بندوبست کیا، سستا غلّہ درآمد کرنے کا انتظام کیا اور ۱۸۷۲ء کے گردباد کے بعد لونگ کی تجارت کو بحال کرنے کی بہت کوشش کی۔ هم عصر یورپی اکثر یہ کہتے تھے کہ وہ اجنبیوں کا بہت مخالف تها لیکن اسے بہت سی دشواریوں کا سامنا تها ۔ برطانیہ نے، جس کا وہ خاص طور پر ۱۸۷۰ء میں فرانسیسیوں کے زوال کے بعد، کسی طرح بھی مقابلہ نہ کر سکتا تھا، اسے غلامی کے خلاف حکمتِ عملی اختیار کرنے پر مجبور کیا، جو اس کی رعایا میں حد درجہ غیر مقبول ہوئی اور اسی وجہ سے رعایا نے جرمنوں کے مقابلے میں اس کی کوئی مدد نہ کی۔

مآخذ: (۱) R.N. Lyne: *Zanzibar in Contemporary Times*، ۱۹۰۵ء؛ (۲) Emily Rüte (برغش کی بہن جو ایک جرمن کے ساتھ بھاگ گئی تھی): *Memoiren einer arabischen Prinzessin*، ۱۸۸۶ء؛ (۳) R. Coupland: *The Exploitation of East Africa*، ۱۹۳۹ء، جس میں برطانوی سرکاری مآخذ اور برطانوی افسروں کے نجی کاغذات کے حوالے موجود ھیں۔

(C.H. Becker و [C.F. Beckingham])

* بُرغُش: هسپانوی زبان میں Burgos، [شمالی اندلس میں] اسی نام کے ایک صوبے کا صدر مقام، جو دریاے ارلانزون Arlanzon کے کناروں پر ایک وادی میں واقع ہے ۔ اس کی آبادی اسّی ھزار ہے اور یہ سپین کا بہت ھی قابلِ دید مقام ہے کیونکہ یہاں کئی ایسی یادگار عمارتیں ھیں جن سے قرونِ وسطٰی میں اس شہر کی اهمیت ظاهر ہوتی ہے، جبکہ وہ Caput Castellae کے نام سے مشہور تھا ۔ ۲۶۸ھ/ ۸۸۱ - ۸۸۲ء میں Count Diego Rodriguez نے اسے دوبارہ آباد کیا اور ۳۰۸ھ/ ۹۲۰ء میں عبدالرحمٰن ثالث نے اس پر حملہ کیا اور پھر ۳۲۲ھ/ ۹۳۴ء میں، جب اس نے وشمہ Osma میں ریمیروثانی (Ramiro II) کو محاصرے میں لے لیا تھا تو اسے دوبارہ برباد کر دیا ۔ ۳۲۸ھ/ ۹۳۹ - ۹۴۰ء ھی میں Fernán González، جس کا نام مشہور ہے، برغش Burgos کا رئیس (Count) تھا اور مملکت لیون Leon کے اقتدار سے آزاد ہونے کا اعلان کر چکا تھا ۔ اس کی سرحدیں قشتالہ، اشتوراس شنتیلانہ، Cerezo، The Lantaron اور البہ Alava تک پھیلی ہوئی تھیں ۔ عبدالرحمٰن ثالث کے عہد کے اختتام کے وقت بُرغُش بھی لیون León اور بنبلونہ Pamplona کی طرح اسے خراج ادا کرتا تھا ۔ چھٹی صدی هجری/ بارهویں صدی عیسوی کے وسط میں الادریسی کے قول کے مطابق یہ ایک پُر رونق اور بڑا شہر تھا، جس میں بہت سے بازار تھے اور تجارت بکثرت ہوتی تھی ۔ دریا نے اسے دو حصّوں میں منقسم کر رکھا تھا اور هر حصّے کے گرد فصیل تھی ۔ ایک حصّے میں آبادی کی اکثریت یہودی تھی ۔ اس کی قدیم یادگار عمارتوں میں سے ایک Hospital del Rey ہے، جو اس هسپتال کا همعصر ہے جس کے لیے مرّاکش میں الموحّد خلیفہ یعقوب المنصور نے بہت بڑی جائداد وقف کر رکھی تھی۔

مآخذ: (۱) الادریسی، در Saavedra: *Geografia de España*، متن ص ۶۷، ترجمہ ص ۸۱؛ (۲) E. Lévi Provençal: *Hist. de l'Espagne musulmane*، ۲ : ۳۱، ۵۳؛ (۳) Gomez Moreno: *Anales Castellanos*، ص ۱۴؛ [(۴) محمد عنایت اللہ: اندلس کا تاریخی جغرافیہ، حیدر آباد دکن ۱۹۲۷ء، ص ۱۰۴].

(A. Huici Miranda)

⊕ بَرْغَوَاطَه: اکثر اوقات یہ فرض کر لیا گیا ہے کہ شمالی افریقہ کے بربری ممالک میں اسلام کی

marfat.com
Marfat.com

نشر و اشاعت محض سطحی طریقے سے ہوئی، لیکن حقیقتِ حال اس کے برعکس تھی - تیسری اور چوتھی صدی ھجری میں کئی ایسے مقامی بربر فرقے پیدا ہوے جو واضح طور پر اسلامی نمونے پر قائم ہو گئے تھے، جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اس وقت تک بربروں میں اسلام کی جڑیں مضبوط ہو چکی تھیں - ایک خاص نوعیت کی تحریک جس کا ہمیں صحیح طور پر علم ہے برغواطہ کے قبائلی گروہ میں رونما ہوئی [مگر اسلام کی قوت نے اسے دبا دیا].

برغواطه، مَصْمُودَہ بربروں کا ایک گروہ تھا، جس نے تیسری صدی کے آخر میں ایک نیا مذہب اختیار کر لیا، جسے اسلام کی جگہ رائج کرنے کا ارادہ تھا، لیکن جو ایک صدی سے کچھ زیادہ عرصے کے بعد یہ خود بخود ختم ہو گیا - اس گروہ میں جِراوہ Jerawa، زَواغہ Zauagha، بِرنس Beranis، بنو ابی نصر، مِنجصہ Menjasa، بنو ابی نُوح، بنو وَغمِر Waghmer، مَتْغَرہ، بنو بُراغ، بنو دیمِّر، مَطْماطَہ اور بنو وَزقنط Wazekeint شامل تھے، اور یہ سب کے سب مغرب بعید میں تمیسا Tamesa (موجودہ نام شاویہ) کے علاقے میں رہا کرتے تھے - اس نئے مذہب کے عروج سے پہلے ان قبائل نے خارجی مذہب قبول کر لیا تھا، اور اس کی تعلیم ان کے اس نئے مذہب پر اثر انداز ہوئی - کہتے ہیں کہ اس نئے مذہب کا بانی صالح تھا، جو ایک شیخ طُرِیف بن شَمَعُون بن یعقوب بن اسحٰق کے چار بیٹوں میں سے ایک تھا - طریف نے مَیْسَرہ المَتْغری المعروف بہ 'الحقیر' کی مہمّوں میں حصّہ لیا تھا - یہ شخص خارجیوں کی صُفریّہ شاخ کے ملحدانہ عقائد کا سرگرم حامی تھا اور در اصل وہ کسی اعتبار سے معمولی بھی نہ تھا، کیونکہ اس نے عربوں کو ان سے اپنی قریب قریب تمام جنگوں میں شکست دی تھی - مَیْسَرہ کی وفات کے بعد اس کے شرکاے کار منتشر ہو گئے اور طریف، جو اس وقت زناتہ اور زَواغہ کا سردار تھا، تَمیسہ (تَمِسْتہ) کے علاقے میں چلا گیا - بربروں نے اسے اپنا امیر بنا لیا اور اس کی حکمرانی قبول کر لی - اس کی وفات کے بعد زناتہ کی امارت اس کے بیٹے صالح کے ہاتھ آ گئی، جو اپنے باپ کے ساتھ جنگوں میں شریک رہا تھا اور اپنی دانائی اور خوبیوں کی وجہ سے مشہور تھا.

صالح نے بربروں کے سامنے نبوت کا دعوی کیا اور انھیں ان اصول و عقائد کی تعلیم دی جن پر وہ یقین رکھتے تھے اور قرآن مجید کے مقابلے پر ایک نئی کتاب بھی دی، جس کے متعلق وہ کہا کرتا تھا کہ یہ اس پر خدا کی طرف سے نازل ہوئی ہے - زَمّور ابو صالح نے، جسے ان بیانات کے لیے البَکْری اپنی سند میں پیش کرتا ہے اور جو صالح کے پیرؤوں میں سے تھا، اپنے اس عقیدے کا اظہار کیا ہے کہ صالح مؤمنوں کا وہ ولی تھا جس کا ذکر قرآن پاک کی سورۃ ٦٦ [تحریم] آیت ۴ میں آیا ہے [وَ اِنْ تَظٰهَرَا عَلَیْهِ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ مَوْلٰهُ وَ جِبْرِیْلُ وَ صَالِحُ الْمُؤْمِنِیْنَ ۚ وَالْمَلٰٓئِکَةُ بَعْدَ ذٰلِکَ ظَهِیْرٌ] [ظاہر ہے کہ اس کا یہ قول اپنے باطل فرقے کے تعصب پر مبنی ہے اور لا یعنی ہے] - صالح نے اپنے اصول و عقائد کی تعلیم اپنے بیٹے الیاس کو بھی دی لیکن اس سے یہ کہہ دیا کہ وہ ان تعلیمات کا اظہار کسی سے نہ کرے جب تک کہ وہ انھیں منوانے کی طاقت پیدا نہ کر لے، کیونکہ اسے نہ صرف ان کی تبلیغ کرنا تھی بلکہ ان لوگوں کو قتل بھی کرنا تھا جو اس کی مخالفت کی جرأت کریں - اس نے اسے نصیحت کی کہ وہ اندلس کے حکمران اموی بادشاہ سے دوستانہ تعلقات پیدا کرے - اس کے بعد وہ مشرق کی جانب روانہ ہو گیا اور اپنے معتقدین سے یہ وعدہ کر گیا کہ وہ ان کے پاس اس وقت واپس آئے گا جب

Marfat.com

ان کا ساتواں بادشاہ تخت نشین ہو گا - اس نے اس بات کا بھی اعلان کیا کہ وہ مہدی ہے جو موجودہ دنیا کے اختتام پر ظاہر ہو کر دجال ''العدو'' کے خلاف لڑے گا اور [وہ بہک کر] یہ بھی کہتا تھا کہ حضرت عیسٰی ابن مریمؑ اس کے مریدوں میں سے تھے - بربری زبان میں قرآن مجید کے مقابلے پر ایک مزعومہ الہامی کتاب کے علاوہ ایسے مقالات بھی لکھے جن کے متعلق اس کا دعوی تھا کہ وہ اس پر اور حضرت عبداللہ بن عباسؓ پر، جو عباسیوں کے مورثِ اعلٰی تھے، حضرت موسٰی الکلیمؑ کے ذریعے وحی کیے گئے تھے جن کا یہ نام عہدنامۂ عتیق کے نبی حضرت موسٰیؑ کے لیے آیا ہے [و کلّم اللہ موسٰی تکلیما].

صالح کی تالیف کردہ یہ کتاب اسّی سورتوں [= حصّوں] پر مشتمل تھی. جن کے نام زیادہ تر کسی نہ کسی شخصیت کے نام پر ہیں، چنانچہ پہلے حصّے کا نام ایوب ہے اور آخری کا یونس (غالبا اس میں حروف تہجی کی ترتیب مدّ نظر تھی) - دوسرے حصوں کے نام یہ تھے: فرعون، کورہ [القرٰی؟] ہامان، یاجوج و ماجوج، الدّجال، العجل [= بنو اسرائیل کا سنہری بچھڑا جو سامری نے بنایا تھا]، ہاروت و ماروت، طالوت (Saul)، نمرود، مرغ، تیتر، ٹڈا، اونٹ، سانپ اور عجائبات دنیا (البکری *Description of North Africa*، طبع Le Bn. de Slane، الجزائر، باردوم، ۱۹۱۱ء، ص ۱۴۰).

البکری نے [اس من گھڑت] پہلی سورت کے افتتاحی حصّے کا ترجمہ بھی لکھا ہے.

برغواطه مذہب کے پیرو ماہ رمضان کے بجائے ماہِ رجب میں روزے رکھتے تھے - پانچ نمازیں دن کو اور پانچ رات کو پڑھتے تھے - عید قربان گیارہ محرم کو منایا کرتے تھے - وضو کرتے وقت وہ پہلے ناف اور زیریں ناف کے سارے حصے کو دھوتے تھے، پھر منہ کو، گردن کے اگلے اور پچھلے حصے کا گیلے ہاتھ سے مسح کرتے تھے، پھر ہاتھ کا یعنی کہنی سے لے کر پہنچے تک - اس کے بعد تر ہاتھ سے تین دفعہ سر کا اور کانوں کا مسح کرتے تھے، پھر گھٹنوں سے شروع کر کے ٹانگیں دھوتے تھے - ان کی بعض نمازیں الفاظ کے بغیر محض اشاروں پر مشتمل ہوتی تھیں اور بعض دوسری نمازیں مسلمانوں کی طرح پڑھتے تھے - ان کی نماز یوں شروع ہوتی تھی کہ وہ ایک ہاتھ دوسرے پر رکھ کر کہتے تھے: بسم ایِن یکوش (= بنام خدا)، پھر مُقریکوش (=خدائے بزرگ)، تشہّد پڑھتے وقت وہ دونوں ہاتھ کھول کر زمین پر ٹیک لیتے تھے، اپنی کتاب کی آدھا جُز حالتِ قیام میں پڑھتے تھے اور باقی رکوع کی حالت میں، نماز ختم ہونے کے بعد وہ بربری زبان میں کہا کرتے تھے - ''خدا ہمارے اُوپر ہے اور زمین و آسمان میں کوئی چیز اس سے پوشیدہ نہیں'' - اس کے بعد وہ پچیس مرتبہ مُقّریکوش اور اتنی ہی مرتبہ اھان یکوش (= اللہ ایک ہے) دھراتے تھے، اور اس کے بعد اُور دَم یکوش (= خدا کی مانند اور کوئی نہیں ہے) کا ورد کیا کرتے تھے - جمعے کی نماز کے بجائے وہ جمعرات کو با جماعت نماز پڑھتے تھے اور ہر ہفتے ایک روزہ رکھا کرتے تھے - وہ اناج پر عُشر ادا کیا کرتے تھے، جسے 'زکایت' کے نام سے موسوم کرتے تھے، لیکن مسلمانوں سے عُشر کا مطالبہ نہیں کرتے تھے.

ان کے ہاں بیویوں کی تعداد پر کوئی پابندی نہ تھی لیکن قریبی رشتہ داروں (عم زاد، خالہ زاد، پھپی زاد، وغیرہ، تین درجے تک) سے نکاح ممنوع تھا - لونڈیاں رکھنا یا مسلمان عورتوں سے شادی کرنا یا مسلمانوں کو بیٹیاں دینا بھی ممنوع تھا، طلاق دینے کی پوری آزادی تھی - مطلقہ بیویوں

marfat.com
Marfat.com

کو جتنی بار چاہیں دوبارہ عقد میں لا سکتے تھے۔ چور کو موت کی سزا دی جاتی تھی۔ زانی سنگسار کیے جاتے تھے۔ جھوٹے کو المُغَیِّر (=سچ کو بدلنے والا) کا لقب دے کر برادری سے خارج کر دیا جاتا تھا۔ آدمی کے قتل کا قصاص ایک سو بیل تھا۔ انھیں کسی جانور کا سر کھانے کی اجازت نہ تھی اور نہ ایسی مچھلی کھا سکتے تھے جو شرعًا ذبح نہ کی گئی ہو۔ انڈوں کا کھانا منع تھا اور مرغیاں بھی محض ضرورۃً کھائی جا سکتی تھیں۔

ان کے ہاں اذان نہیں دی جاتی تھی اور نہ نماز سے پہلے اقامت ھی کہی جاتی تھی۔ نماز کے اوقات کے متعیّن کرنے میں وہ مرغ کی اذان کا لحاظ رکھتے تھے۔ کہتے ہیں کہ انھیں ستاروں کا اچھا علم تھا اور علم نجوم میں بڑی مہارت حاصل تھی۔ یہ تمام تفصیلات البَکْری نے زِمّور ابو صالح برغواطہ اور سعید ابن ہشام مصمودہ بربری کی سند سے لکھی ہیں۔

مذہب برغواطہ کی علی الاعلان پیروی صالح کے پوتے یونس نے کی، اور اس نے ان تمام آدمیوں کو قتل کروا ڈالا جنھوں نے یہ مذہب قبول کرنے سے انکار کیا۔ چنانچہ بہت سے لوگ موت کے گھاٹ اُتارے گئے، جن میں بہت سے صنہاجہ بربر تھے۔ اس کا جانشین ابو غُفَیر محمد بن مُعاد بن اَلْیَسَع تھا، جو اسی نئے مذہب کا پابند تھا اور جس نے اپنی فتوحات سے برغواطہ کی طاقت کو بہت وسعت دی۔ بقول البَکْری اس نے ۳۰۰ھ/ ۹۱۲ء میں انتیس برس حکومت کرنے کے بعد وفات پائی۔ لیکن یہ تاریخی حساب غیر معتبر ہے، کیونکہ دیے ہوے برسوں میں کوئی ستر سال کی کمی معلوم ہوتی ہے۔ بظاہر بیچ کے کچھ رہنما چھوٹ گئے ہیں۔ ابو غُفَیر کا بیٹا ابوالانصار عبداللہ تھا، جو معلوم ہوتا ہے کہ ان میں سب سے بڑا بادشاہ گزرا ہے۔ وہ ہر سال اپنی فوج کو جمع کر کے اعلان کر دیا کرتا تھا کہ میں کسی پڑوس کے علاقے پر حملہ کرنا چاہتا ہوں۔ اس قسم کے مظاہروں سے وہ اپنے پڑوسیوں کو مجبور کرتا تھا کہ وہ اسے نذرانے پیش کریں، چنانچہ نذرانے پا لینے کے بعد وہ اپنی فوجوں کو منتشر کر دیا کرتا تھا اور اس طریق سے وہ برابر چالیس سال تک امن و عافیت سے حکومت کرتا رہا۔ اسے تامسلاخت [= امسلاخت] میں دفن کیا گیا، جہاں اس کا مقبرہ البکری کے زمانے میں بھی دکھایا جاتا تھا۔ اس کا جانشین ابو منصور عیسیٰ تھا، جس نے اپنے پیشرؤوں کی مذہبی اور فوجی روایات پورے طور پر قائم رکھیں۔ چونکہ وہ اس سلسلے کا ساتواں بادشاہ تھا اس لیے اُسے یہ امید تھی کہ بانی خاندان صالح بن طَرِیف [رَكِ بآں] اس کے عہد میں اپنے وعدے کے مطابق مشرق سے واپس آئے گا [قبّ ابن خلدون، ۶ : ۴۲۸ تا ۴۳۵].

برغواطہ اپنے مذہب پر قائم رہے اور اس کی تبلیغ بزور شمشیر کرتے رہے، جس کی وجہ سے ۴۲۰ھ/ ۱۰۲۹ء تک المغرب میں بڑی بدنظمی کا دور دورہ رہا۔ اس کے بعد ابو کمال تمیم نے، جو بنو یفرن [= اِفرن] میں سے تھا، ان کے خلاف فوج کشی کی اور ان کے ملک پر قابض ہو کر وہاں سکونت اختیار کر لی۔ اس نے آبادی کے کچھ حصے کو تو ملک سے نکال دیا اور باقی کو اپنا غلام بنا لیا۔ اس وقت سے برغواطہ کا زوال شروع ہوگیا اور ان کے عقائد باطلہ ایسے غائب ہوے کہ نام و نشان تک باقی نہ رہا۔ البکری کے زمانے میں اس پورے علاقے کا مذہب اسلام ھی تھا جو اس سے پہلے برغواطہ کے زیر اقتدار تھا [قبّ البکری : المغرب، ص ۱۳۴ تا ۱۴۱].

(DE L. O'LEARY)

Marfat.com

**البَرْغُوثیه** : ایک فرقه، جو محمد بن عیسی الکاتب، جسے برغوث(عربی لفظ بمعنی پسّو) کہتے تھے کی طرف منسوب ہے ۔ یه فرقه نجّاریه [رَكَ بآں] کی ایک شاخ ہے اور ان کی طرح اس کا بھی یه عقیدہ ہے که اللہ کی ایک فطرت (ماهیت) ہے اور اس کی صفات صرف سلبی مفهوم رکھتی هیں، ([مثلاً] جواد کا مطلب یه ہے که وہ بخیل نہیں ہے) اور جو کچھ ہونے والا تھا اس کا علم اسے همیشه سے تھا ۔ لیکن برغوثیه کا مخصوص عقیدہ یه ہے که اللہ تعالی اپنی ذات یا روح کی وجه سے کلام کرتا ہے، یعنی اس کا کلام اس کی ذات کی صفت ہے، اگرچه ایک روایت یه ہے که ان کے نزدیک اس کا کلام ایک فعل ہے (لَه كَلامٌ فَاعِلٌ)، جس سے [نعوذ باللہ] یه نتیجه برآمد ہوتا ہے که قرآن اللہ کا کلام نہیں ہے ۔ اللہ کو ''فاعل'' یا ''خالق'' نہیں کہنا چاهیے، کیونکه یه دونوں انسان کے لیے بُرے مفهوم میں بولے جا سکتے هیں ۔ مثلاً وَتَخْلُقُونَ اِفْكًا (= تم جھوٹ گھڑ لیتے ہو (۲۹ [العنکبوت] : ۱۷)) ۔ افعال ثانویه (مُوَلَّدات طبائع اشیاء کے ذریعے) اللہ کے افعال هیں ۔ اللہ فضاے خالیه ہے (مگر ساتھ هی) ایک جسم بھی ہے، جس کے اندر (مخلوقات کا) حدوث ہوتا ہے (ابن ابی حَدِید، ۱ : ۲۹۵) ۔ انسان حوادث کا ایک مجموعه ہے ۔ ''استطاعة'' فعل کے ایک حصّے کے ساتھ واقع ہوتی ہے اور جس وقت کوئی عضو حرکت کرتا ہے تو اعضاے ساکنه بھی اس حرکت کے احداث میں حصّه لیتے هیں اور اسی طرح اس متحرک عضو کا بھی ان ساکن اعضا کو سکون کی حالت کے اندر رکھنے میں کچھ حصّه ہوتا ہے ۔ جو کوئی کسی فعل کا اکتساب کرتا ہے وہ اس کا فاعل نہیں کہا جا سکتا ۔ اگر برغوث وهی محمد بن عیسی ہے جس کا ذکر الاشعری کے مقالات، ص ۵۰۲ پر آیا ہے تو اس کا علم کلام کے ارتقا میں خاصا حصّه ہے کیونکه وہ یه سکھاتا ہے که اللہ انسان کو کسی خاص کام کے کرنے اور مومن یا کافر ہونے پر مجبور نہیں کر سکتا ۔ اور یه عقیدہ اس کے جبری کہلائے جانے کے منافی نہیں ۔

**مآخذ** : (۱) الأشْعری : مقالات الاسلامیین، استانبول، لائپزگ ۱۹۲۹ء؛ (۲) البغدادی : الفَرْق بَیْن الفِرَق، قاهره ۱۹۱۰ء؛ (۳) الخیّاط : کتاب الانتصار، قاهره ۱۹۲۵ء؛ (۴) المُرْتَضٰی : المُنْیَة و الأمل، لائپزگ ۱۳۱۶ھ/۱۸۹۸ - ۱۸۹۹ء (ان سب میں اشارے موجود هیں)؛ (۵) الشَّهْرِسْتانی: المِلَل و النِّحَل، لنڈن ۱۹۲۳ء (طبع مکرر)، ص ۶۳، ۱۰۳ : (۶) ابن حَزْم : کتاب الفِصَل، قاهره ۱۳۲۰ھ/۱۹۰۲-۱۹۰۳ء، ص ۳، ۲۲۲؛ (۷) المرتضی : غایات الأفکار و نهایات الأنظار، موزۂ بریطانیه، مخطوطه، عدد Or ۳۹۳۷، ورق ۳۶ و، ۵۶ ب، ۱۵۸ ب، ۱۹۷ و : (۸) W. Montgomery Watt : *Free Will and Predestination in Early Islam*، لنڈن ۱۹۴۸ء.

(A. S. TRITTON)

**بَرَق بابا** : [= باراق بابا]، ایک ترکی درویش، جس نے ایلخانیوں کے عهد میں کسی قدر شهرت حاصل کرلی تھی ۔ کہا گیا ہے که وہ مشهور صاری صالتِق [رَكَ بآں] کا مرید تھا اور اس کا ذکر بابائی، بِکتاشی اور مولوی تحریکوں کے ساتھ ساتھ کیا جاتا ہے ۔ اس کے پیرو بَرَقی کہلاتے تھے ۔ حَیران امیرجی اس کا خلیفه تھا ۔ ایک حکایت میں، جو یزید جی اوغلو علی کے هاں محفوظ ہے، کہا گیا ہے که وہ در اصل ایک سلجوقی شهزادہ تھا، جسے ایک یونانی بطریق نے عیسائی بنا لیا تھا اور صاری صالتِق نے دوبارہ مسلمان کر کے اپنی فوق الفطرت قوتیں اس کی طرف منتقل کر دیں اور اسے بَرَق کا خطاب عطا کیا ۔ عربی مآخذ اسے توقات [= توقاد] کا باشنده بتاتے هیں (ابن حَجَر کے متن میں بُوقات کا لفظ اس کے مطابق صحیح

marfat.com
Marfat.com

کر لینا چاہیے) ۔ کہتے ہیں کہ اس کا باپ ایک اعلٰی سرکاری عہدے دار تھا اور اس کا چچا ایک مشہور کاتب ۔ یہ ترکی سے ایران چلا گیا، جہاں کہا جاتا ہے کہ اس نے غازان اور الجایتو پر اپنا کسی قدر اثر جما لیا ۔ جمادی الاولٰی ۷۰۶ھ/ نومبر ۱۳۰۶ء میں وہ اپنے مریدوں کی ایک جماعت لے کر دمشق پہنچا ۔ یہاں اس کا لباس اور طرزِ عمل اتنا قابل توجّہ ثابت ہوا کہ اسے مملوک سلطنت کی عربی تاریخ میں جگہ مل گئی ۔ اس کے بعد وہ یروشلم گیا ۔ لیکن مصر جانے سے اسے روک دیا گیا اور وہ پھر ایران واپس آ گیا ۔ ۷۰۷ھ/۱۳۰۷-۱۳۰۸ء میں اس نے الجایتو کو اس پر آمادہ کر لیا کہ وہ اسے مبلّغ کی حیثیت سے گیلان بھیج دے، جہاں اسے قتل کر دیا گیا۔

ترکی نام برق [باراق] کو عربی بُراق [رك بآں] سے ملتبس کر کے بعض اوقات غلط طور پر بُراق لکھ دیا جاتا ہے ۔ Huart نے اس کی جو شکل بِرّاق لکھی ہے وہ بھی صحیح نہیں ۔ درحقیقت بَرق ایک ترکی لفظ ہے جو ایک خاص قسم کے کتّے کے لیے استعمال ہوتا ہے جسے کوپرولو ''بن بالوں کا کتّا'' کہتا ہے (*Chamanissme*، ص ۱۴ تا ۱۵، حاشیہ ۲۶) اور Pelliot ''لمبے بالوں والا'' کم و بیش ایک افسانوی کتّا بتاتا ہے (*Notes sur l'histoire de la Horde d'or*، پیرس ۱۹۵۰ء، ص ۵۷ تا ۵۸) ۔ یہ نام مغول اور ترکوں میں تیرھویں صدی سے پندرھویں صدی تک خاصا عام تھا ۔ بعض مثالوں کے لیے دیکھیے G. Moravczik : *Byzantinoturcica*، بوڈاپسٹ ۱۹۴۲ - ۱۹۴۳ء، بذیل مادّۂ βαράχος اور παράχ؛ نیز رك بہ بُراق حاجب اور بُراق خان) ۔

**مآخذ** : (۱) افلاکی : مناقب العارفین، ترجمہ Cl. Huart : *Les saints des derviches tourneurs*، پیرس ۱۹۱۸ تا ۱۹۲۲ء، ۲ : ۳۲۳؛ (۲) المقریزی : السّلوک، ۲ : ۲۸ تا ۲۹ (Quatremère : *Mamlouks*، ۲ : ۲۶۷ تا ۲۶۸)؛ (۳) ابن حجر : الدّرر الکامنة، ۱ : ۴۷۳ تا ۴۷۴؛ (۴) ابن تغری بردی : النجوم [الزّاہرہ]، قاہرہ، ۸ : ۱۶۹ تا ۱۷۰؛ (۵) المنہل الصّافی (طبع Wiet، حاشیہ ۶۳۸)؛ (۶) العینی : عقد الجمان، جس کا حوالہ حسین حسام الدّین نے اماسیہ تاریخی میں ص ۴۰۶ تا ۴۶۴ پر دیا ہے ۔ محمد فؤاد کوپرولو نے برق بابا کا مطالعہ کیا ہے اور اس کا خیال ہے کہ اس کی تعلیمات اور طرز عمل میں اسلام پر ترکی ـ مغول شمنیّت کا اثر ظاہر ہوتا ہے ۔ دیکھیے اس کی (۶) ترك ادبیاتندہ ایلك متصوفلر، استانبول ۱۹۱۸ء، ص ۲۳۵ اور حاشیہ ۱؛ (۷) اندلودہ اسلامیت، دارالفنون ادبیات فاکولتہ سی مجموعہ سی، ۱۹۲۲ء، ۲ : ۳۹۲ تا ۳۹۴؛ (۸) اندلو سلجوقلری تاریخینگ یرلی قایناقلری، بلیتن، ج ۷، ۱۹۴۳ء : ص ۳۱ و حاشیہ ۱؛ (۹) *Influence du Chamanisme turco-mongol...*، استانبول ۱۹۲۹ء، ص ۱۳ تا ۱۷؛ دیکھیے نیز (۱۰) P. Wittek : *Yazijioghlu 'Ali on the Christian Turks of the Dobruja*، در *BSOAS*، ۱۹۵۲ء، ۱۴ : ص ۶۵۰، ۶۵۸ تا ۶۵۹؛ (۱۱) عبدالباقی گولپنارلی : یونس امر حیاتی، استانبول ۱۹۳۶ء، ص ۳۸ تا ۴۹، (یہ کتاب مقالہ نویس کے مطالعے میں نہیں آئی) ۔

(B. LEWIS)

**بَرْقَعِیْد** : عباسی دور کے ان چھوٹے چھوٹے شہروں میں سے ایک شہر جو صوبۂ الجزیرۃ میں نصیبین سے موصل جانے والی شاہراہ پر واقع تھے ۔ اس سلسلے کے دوسرے شہروں میں ایک اذرمہ تھا، جو مغرب میں واقع تھا، اور باعیناثہ اور بلد (جہاں موصل ـ سنجر کی سڑک جنوب مغرب کی جانب دو طرف کو نکل جاتی تھی) جو مشرق میں واقع تھے ۔ برقعید، جس کی جائے وقوع کی نشان دہی شاید موجودہ شہر تلّ رومیلان

Marfat.com

ریلوے لائن کے شمال میں (اور اسی لائن پر تل کوچک سٹیشن کے قریب) کرتا ہے، غالباً Bec de Canard (شام کے موجودہ صوبے الجزیرہ کی انتہائی مشرقی حد) کے اندر اور نصیبین سے تقریباً پچاس پچپن میل اور موصل سے اسی میل کے فاصلے پر واقع تھا ۔ متعدد عرب جغرافیہ نویسوں نے اس کا ذکر ایک خاصے بڑے مقام کی حیثیت سے کیا ہے، بالخصوص تیسری / نویں صدی میں۔ اس کی ایک شہر پناہ تھی، جس میں تین دروازے تھے اور اس کے علاوہ اعلٰی درجے کے چشمے اور دو سو دکانیں تھیں ۔ اور آمد و رفت کی چهل پهل تھی ۔ اپنے زمانۂ عروج میں یہ البقعاء کے ضلع کا مرکزی شہر تھا، جس میں موصل اور نصیبین کے درمیان کا زیادہ‌تر علاقہ شامل تھا ۔ ساتویں صدی/ تیرھویں صدی تک یہ برابر ڈاک کی ایک معروف چوکی رہا، لیکن اس کی وسعت بہت کم ہو گئی، اس لیے کہ یہ اپنے چور اور ڈاکو باشندوں کے لیے بدنام بلکہ ضرب المثل تھا اور مسافر اور قافلے قدرتی طور پر ادھر سے بچ کر نکلنا چاہتے تھے ۔ اسی لیے برقعید رفتہ رفتہ محض ایک معمولی سا گاؤں رہ گیا اور اس کے زیادہ نیک نام قریبی شہروں (خصوصاً باشزی جو ایک متبادل راستے پر واقع تھا) نے ترقی کر لی ۔ [بہت سے اہلِ علم البرقعیدی کی نسبت سے مشہور ہیں]۔

مآخذ: (۱) BGA، مواضع کثیرہ، بالخصوص ۶ : ۲۱۴ حاشیہ ایف (نیز ص ۱۶۳)؛ (۲) یاقوت، ۱ : ۵۷۱ ببعد، ۰۰۷؛ (۳) ابوالفداء، تقویم، ۲ : ۲۹۳؛ (۴) الحریری : [مقامات]، مقامۂ ھشتم؛ (۵) Le Strange، ص ۹۹؛ (۶) K. Ritter : Erdkunde، ۹ : ۱۶۲ تا ۱۶۳؛ (۷) F. Tuch، در ZDMG، ۱ : ۶۲ تا ۶۳؛ (۸) M. v. Oppenheim : Vom Mittelmeer zum persisch. Golf (1900)، ۲ : ۱۴۳ تا ۱۴۴، ۱۶۰ تا ۱۶۸ (حاشیہ از ڈ خویہ).

([S. H. LONGRIGG و] M. STRECK)

* **برقلس**: Proclus [= پروکلوس] (۴۱۰ [یا ۴۱۲ء] تا ۴۸۵ء)، ایتھنز میں عہدِ بت پرستی کی درس‌گاہ فلسفہ ("افلاطونی اکادمی") کا صدر، جسے نو فلاطونی فلسفے کے مسائل کی تدریس و تہذیب میں بڑا امتیاز اور قدیم اور قرونِ وسطی کے فلسفے کے درمیان ایک اہم کڑی کی حیثیت حاصل ہے ۔ قرونِ وسطی کے عربی تصورات پر اس کے جو اثرات کار فرما ہوئے اگرچہ بہ تخصیص ان کے بارے میں کوئی مستقل مقالہ لکھنا قبل از وقت کوشش ہو گی، تاہم اس وقت ہمیں جو معلومات میسّر ہیں وہ اتنی کم نہیں کہ برقلس پر R. Beutler کے جامع مقالے (Pauly-Wissowa-Kroll، ۳۵، ۱۹۵۷ء : عمود ۱۸۶ ببعد) میں اس پہلو کو قطعی نظر انداز کر دینے کا جواز نکل سکے ۔ اس سے بہتر معلومات E. Zellor : Philosophie der Griechen III، ۲ (بار چہارم) : ۸۳۹، شمارہ ۱ اور E. R. Dodds : Proclus the Elements of Theology، آوکسفرڈ ۱۹۳۳ء، ص xxviii ببعد میں ملتی ہیں [قبّ البستانی : دائرۃ المعارف، ۵ : ۳۹۱ تا ۳۹۲].

برقلس کی جو تصنیفات کسی نہ کسی طرح عرب علما کے علم میں آئیں ان کی ایک فہرست ابن الندیم : الفہرست، ص ۲۵۲، طبع Flügel (= ص ۳۳۳، مطبوعۂ مصر) میں ملتی ہے ۔ اسے چند نام چھوڑ کر ابن القفطی : تاریخ الحکماء (طبع Lippert)، ص ۸۹، نے بھی نقل کیا ہے .

(۱)

برقلس کی بعض تصانیف عربی میں غلط ناموں کے تحت متعارف ہوئی ہیں.

۱- مرتبین ثنایات نے کتاب الاثالوجیا کے نام سے جس کتاب کا ذکر کیا ہے اور جسے حجی خلیفہ

marfat.com
Marfat.com

۵ : ٦٦ (طبع فلوگل Flügel) نے برقلس اور اسکندر (!) سے منسوب کیا ہے، بظاہر وہ نو فلاطونی ما بعد الطبیعیات کی ایک باقاعدہ مرتب درسی کتاب رہی ہے جو ''مبادیات الٰہیات'' Elements (of Theology (Στοιχείωσις Θεολογική) کے نام سے معروف ہے۔ احمد بدوی نے ارسطو عند العرب میں مسائل ۱۵ تا ۱۷ (Dodds کے ہاں ۱٦ تا ۲۰) کا عربی متن گیارھویں صدی کے ایک دمشقی مخطوطے سے لے کر شائع کیا ہے (قاہرہ ۱۹۴۷ء، ص ۲۹۱ ببعد)، جس میں یہ متن غلط طور پر الاسکندر الافرودیسی (Alexander of Aphrodisias) سے منسوب کر دیا ہے۔ اصل حقیقت کا انکشاف اپنے اپنے طور پر B. Lewin (*Orientalia suecana*، ۱۹۵۵ء، ص ۱۰۱ ببعد) اور S. Pines (*Oriens*، ۸، ۱۹۵۵ء: ص ۱۹۵ ببعد) نے کیا ہے۔ اس کا مترجم دبستان حنین کا ایک نسبۃً غیر مشہور رکن ابو عثمان سعید ابن یعقوب الدمشقی تھا۔

ب۔ ایک اور تصنیف کتاب الایضاح فی الخیر المحض کو، جو ''مبادیات الٰہیات'' کے اکتیس مسائل پر مبنی ہے، بلادِ مغرب میں Gerard of Cremona کے زمانے (بارھویں صدی کے نصف آخر) سے ارسطو کی *Liber de causis* [=کتاب العلل] سمجھا جاتا رہا ہے۔ عربی متن کا ایک تنقیدی نسخہ (جسے لاطینی اور عبرانی تراجم پر مبنی ہونا چاہیے اور جس کا یونانی اصل سے دقتِ نظر کے ساتھ مقابلہ ضروری ہے) G. C. Anawati تیار کر رہا ہے (قب *Mélanges Massignon*، دمشق ۱۹۵٦ء، ص ۷۳ ببعد)۔ فی الحال ہمیں O. Bardenhewer کے طبع کردہ نسخے (Freiburg - Breisgau، ۱۸۸۲ء، جو دوبارہ طبع ہو چکا ہے) اور احمد بدوی کے متن (در *Islamica*، ۱۹، ۱۹۵۵ء: ۱ ببعد) پر قناعت کرنی ہوگی۔ عربی متن (منسوب بہ ارسطو) کا ایک خلاصہ، جو ۱۲۰۰ء کے لگ بھگ تحریر ہوا تھا، P. Kraus نے دریافت کیا (*Bulletin de l'Institut d'Egypet*، ۲۳، ۱۹۴۰ - ۱۹۴۱ء: ۲۷۷) اور احمد بدوی نے شائع کیا ہے (کتاب مذکور، ص ۲۴۸ ببعد)۔ یہ کتاب در اصل برقلس کے ان اقتباسات کا ترجمہ ہے جسے پرانے زمانے میں مرتب کیا گیا تھا یا یہ کسی قدیم عرب فلسفی کی مرتب کردہ ہے، اس سوال کا فیصلہ اب ہونا ممکن نہیں۔

(۲)

۱۔ عرب مفکروں کے ہاں برقلس کی شہرت زیادہ تر اس لیے تھی کہ وہ عالم کو قدیم بتاتا تھا۔ اس عقیدے کے بارے میں اس کے ان اٹھارہ مسائل (Ἐπιχειρήματα περὶ ἀϊδιότητος κόσμου) سے، جو اصل یونانی میں مفقود ہو چکے ہیں، عرب اسی قدر واقف تھے جس قدر یوحنا فلوبونوس (John Philoponus) کی شہرت سے (*De aeternitate mundi contra Proclum*)، جس کے یونانی مخطوطات میں ابتدائی حصہ موجود نہیں۔ پہلے نو مسائل کو اب احمد بدوی نے اسحٰق بن حنین کے عربی ترجمے میں شائع کر دیا ہے (کتاب مذکور، ص ۳۵)۔ ان میں سے آٹھ مسائل کا علم تو یوحنا فلوبونوس کے اقتباسات سے ہوا ہے، لیکن پہلا مسئلہ صرف عربی ہی میں محفوظ رہا ہے (قب C. G. Anawati : *Mélanges A. Diès*، پیرس ۱۹۵٦ء، ص ۲۱ ببعد)۔ محمد بن زکریا الرازی نے اپنی تصنیف کتاب الشکوک التی علی برقلس میں اس تصنیف کا حوالہ دیا ہے (قب S. Pines : *Beiträge zur islamischen Atomenlehre*، برلن ۱۹۳٦ء، ص ۹۳، حاشیہ ۱)۔ ممکن ہے کہ اس نے یوحنا فلوبونوس سے استفادہ کیا ہو۔ ایسا ہی مثال کے طور پر الشہرستانی (کتاب المِلَل و النِحَل، طبع Cureton، ص ۳۳۸ ببعد) نے کیا ہے، جس

Marfat.com

نے یہ بھی بتایا ہے کہ ابن سینا نے برقلس کے دلائل سے کام لیا تھا ۔ امام غزالی بھی ان مسائل سے واقف تھے (قب *Averroes'* : S. van den Bergh، *Tahāfut al Tahāfut*، لنڈن ۱۹۵۴ء، ۱ : xvii و ۲ : ۱).

ب ۔ عرب فلاسفہ میں برقلس کی مقبولیت کا مزید ثبوت بعض دوسری تحریروں کے اجزا کے اتفاقیہ دستیاب ہو جانے سے بہم پہنچا ہے ۔ احمد بدوی (کتاب مذکور، ص ۳۴ ببعد، قب B. Lewin : *Orientalia Suecana*، ص ۶، ۱۹۵۸ء) نے آٹھ (اقتباسات) Προβλήματα φυσικά شائع کیے ہیں ۔ یہ بیّن طور پر ایک زیادہ بڑے رسالے کا حصّہ ہیں، جو بہت ممکن ہے کہ اصلی ہو ۔ اسی طرح ایک چھوٹا سا جزو ἀγαθόν کے تصوّر کے بارے میں *Lesser* Στοιχείωσις سے لیا گیا ہے ۔ اس کا ذکر عربی کتابیات کے مرتّبوں نے کیا ہے (بدوی : کتاب مذکور، ص ۲۵۷) ۔ F. Rosenthal نے انگریزی ترجمے میں اس کی تصنیف *On the Immortality of the Soul according to Plato* کے ایک ٹکڑے سے روشناس کیا ۔ *Timaeus* پر اس کی نہایت ضخیم شرح کے گمشدہ حصّے کا ایک چھوٹا سا ٹکڑا جرمن زبان میں ملتا ہے [رک بہ افلاطون] ۔ عرب ان شرحوں سے واقف تھے جو اس نے یونانی دیومالا کی کہانی "Gorgias" اور افلاطون کے رسالے فیدو (*Phaedo*) پر لکھے تھے، لیکن ابھی تک ان کے سریانی یا عربی باقی ماندہ آثار کا سراغ نہیں مل سکا ۔ نام نہاد فیثاغورثی "منظوماتِ زریں" (*Golden Verses*) کے حواشی اس سے غلط طور پر منسوب ہیں ۔ اس کا باعث یہ ہے کہ ایک کم معروف نو فلاطونی ہرقلس Hierokles کے نام کو غلطی سے بُرقلس پڑھ لیا گیا ہے (اور اس غلطی کی توجیہ آسانی سے کی جا سکتی ہے).

[مآخذ : متن میں آ گئے ہیں].

(R. WALZER)

**بَرْقُوق** : المَلک الظّاہر سیف الدین مملوک سلطانِ مصر، فرمانرواؤں کے اس نئے سلسلے کا پہلا فرمانروا جو تاریخ میں یا تو اس ملک کے نام پر جہاں سے وہ شروع میں بطور غلام خریدے گئے تھے چرکسی (Circassians) کہلاتے ہیں یا بُرجی [رک بہ بُرجیہ] اس لیے کہ بَرقُوق وہ پہلا بادشاہ تھا جو اس فوجی دستے میں تھا جن کی بارکیں قلعۂ قاہرہ کے برج میں تھیں.

بَرقُوق کو مملوک سلاطین کے دونوں خاندانوں کی درمیانی کڑی کی حیثیت حاصل ہے، یعنی تخت نشین ہونے سے پہلے بھی وہ سپہ سالار اعظم (اَتابک العَساکر [رک بآں] کی حیثیت سے قلاؤن خاندان کے دو نابالغ سلطانوں کے پُر آشوب ادوار میں مصر پر حکومت کرتا رہا تھا.

بَرقُوق قریم (کریمیا) میں خریدا گیا تھا اور دوسرے غلاموں کی طرح کسی غیر معروف آدمی کی اولاد نہیں تھا . . . ۔ وہ آنس [= انص] کا فرزند تھا، جسے مصر بلوایا گیا تھا اور یہاں اسے ایک نمایاں حیثیت حاصل تھی.

بَرقُوق، مقتدر سالارِ اعظم یلبُغا عُمری کے ہاتھ فروخت ہوا تھا، جس نے بد قسمت ملک ناصر حسن کو تباہ و برباد کیا تھا ۔ برقوق اپنے آقا کے قتل کے بعد تھوڑے عرصے تک قید میں رہا ۔ پھر وہ بحیثیت ملازم کے دربار کے ساتھ منسلک ہو گیا، لیکن جلد ھی اس سازش میں الجھ گیا جس کا خاتمہ ۷۷۸ھ / ۱۳۷۶ - ۱۳۷۷ء میں سلطان اَشرف شَعبان کے قتل پر ہوا [قب الضوء اللامع، ۳ : ۱۱].

اس کے بعد اسے ملک منصور علی نے، جس کی عمر اس وقت صرف سات سال تھی، سپہ سالاری کے منصب پر فائز کر دیا ۔ اسے اپنے بعض جاہ پسند

marfat.com
Marfat.com

رفقا کا مقابلہ کرنا پڑا اور لڑائیوں کا ایک سلسلہ شروع ہو گیا، جس میں بالآخر وہ کامیاب و کامران ہوا ۔ اب اس نے اپنے گرد موالی کا ایک گروہ جمع کر لیا اور جب ۷۸۴ھ/ ۱۳۸۲ء میں سلطان کا طاعون سے انتقال ہو گیا تو برقُوق نے پہلا کام یہ کیا کہ سلطان کے گیارہ سالہ بھائی حاجّی کو تخت پر بٹھا دیا ۔ لیکن بالآخر اپنے ارادوں کو بے نقاب کر دیا اور اس کی تحریک پر کہ ملک کی حفاظت کے لیے ایک مضبوط اور صاحبِ قوت فرمانروا کی ضرورت ہے اسی سال کے آخر میں ایک مجلس قضاۃ نے، جس کا صدر خلیفۂ [عبّاسی] تھا، تاج و تخت اس کی خدمت میں پیش کر دیا۔

لیکن برقوق کو جلدی ہی سخت مشکلات و مصائب سے دو چار ہونا پڑا اور نتیجہ یہ ہوا کہ عارضی طور پر اس کا اقتدار اس سے چھن گیا ۔ ان مصائب کا آغاز صوبۂ حلب کے والی یلبُغا الناصری کی بغاوت سے ہوا، جس کے ساتھ ایک معزول شدہ مملوک مِنطاش بھی شامل ہو گیا ۔ شام کے باقی والی بھی بغاوت میں شریک ہو گئے، جن میں سب سے دور افتادہ سرحدی مقام سِیس کا والی بھی شامل تھا ۔ جب سلطان نے اپنے خاص خاص افسروں سے دوبارہ حلف وفاداری لے کر باغیوں کے خلاف کارروائی کرنے کا فیصلہ کیا تو یلبُغا تمام شام پر قابض ہو چکا تھا اور ربیع الاول ۷۹۱ھ/ مارچ ۱۳۸۹ء میں دمشق کی دیواروں کے عین نیچے اس شاہی فوج کو شکست دے چکا تھا جو اس کے خلاف بھیجی گئی تھی۔

سلطان نے ایک دوسری فوج مرتّب کی اور کسی قدر عجلت میں اپنی تیاریاں مکمّل کیں، کیونکہ یلبُغا کے فوجی دستوں نے قَطیا کے مقام سے مصر میں داخل ہو کر صالحیّہ میں ڈیرے ڈال رکھے تھے ۔ سلطان بھی اپنی فوجیں مَطریّہ میں لے آیا، لیکن اسے بحسرت و یاس قاہرہ لوٹنا پڑا، اس لیے کہ اس کے بیشتر افسر یہ اندازہ کر کے کہ فریقین میں سے فتح کسے حاصل ہو گی، سلطان کو چھوڑ کر دشمن سے جا ملے ۔ بایں ہمہ اس نے یہی فیصلہ کیا کہ اس قضیّے کو لڑائی لڑ کر ہی طے کیا جائے، چنانچہ ۹ جمادی الاولی/ یکم مئی کو قاہرہ کے شمال میں شہر کی دیواروں تلے لڑائی ہوئی، لیکن وہ فیصلہ کن ثابت نہ ہوئی ۔ جب برقوق نے دیکھا کہ اس کے ساتھیوں کی وفاداری روز بروز کم ہوتی جا رہی ہے تو وہ بھیس بدل کر ایک دن قلعے سے نکل گیا اور کہیں رو پوش ہو گیا ۔ لوگوں نے اسے ڈھونڈ نکالا اور سر زمین مُوآب میں قلعہ کَرَک میں قید کر کے حاجی کو دوبارہ تخت پر بٹھا دیا ۔ لیکن جو فتنہ انگیز فوجی افسر حاجی پر حاوی تھے انھوں نے آپس میں ذلیل قسم کی لڑائیاں شروع کر دیں ۔ برقوق نے اس انتشار سے فائدہ اٹھایا اور قید سے باہر نکل کر پھر ایک فوج مرتّب کی جو بیشتر بدوی عربوں پر مشتمل تھی ۔ بہت سے اتار چڑھاؤ دیکھنے کے بعد، جن میں سے بعض تو بالکل داستانیں معلوم ہوتی ہیں، وہ صفر ۷۹۲ھ/ فروری ۱۳۹۰ء میں فاتحانہ طریقے سے قاہرہ میں داخل ہوا [قبّ ابن ایاس، ۱ : ۲۵۸]۔

ظاہر ہے کہ حاجی حکومت سے دست بردار ہو جانے کے سوا اور کچھ نہ کر سکتا تھا، لیکن اسے اور کسی طرح تنگ نہیں کیا گیا ۔ علاوہ ازیں سلطان برقوق کو ابھی اپنے پرانے حریف، مِنطاش سے نمٹنا تھا، چنانچہ اسے اس سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لیے مزید دو سال تک جنگ جاری رکھنی پڑی۔

جیسا کہ واقعات سے ظاہر ہے، سلطان برقوق کی حکومت کے یہ دونوں ادوار یوں تو حوادث سے پُر تھے لیکن ان سے مصر کی عظمت میں ذرا بھی

marfat.com
Marfat.com

اضافہ نہیں ہوا بلکہ آٹھویں / چودھویں صدی کے آخری پچاس سال تو واقعی افسوسناک رہے۔

اس جگہ بعض اور واقعات کا ذکر بھی ضروری ہے، اگرچہ اس وقت ان کے نتائج کی اہمیت عیاں نہیں تھی - ۷۸۸ھ / ۱۳۸۶ء ہی میں برقوق کے پہلے عہدِ حکومت کے دوران میں قاہرہ میں یہ افواہیں گرم تھیں کہ ''تیمور نامی ایک مغول باغی'' نے تبریز پر چڑھائی کر دی ہے اور اس کی سرکاری طور پر تصدیق بہت جلد جلائری سلطان عراق احمد بن اُوَیس کے مراسلے سے ہو گئی، جس میں برقوق کو ہوشیار و خبردار رہنے کی تاکید کی گئی تھی - اس پر مملوک حکومت نے اپنے سراغ رساں کارندوں میں سے ایک شخص کو بھیجا کہ وہ موقع پر پہنچ کر تحقیقات کرے - یہ کارندہ رجب ۷۸۹ھ / جولائی ۱۳۸۷ء میں کسی قدر بریشان کن خبر لے کر واپس آیا - اس نے بتایا کہ مغول فوج کے کچھ دستے ترکمان فرمانروا قرہ محمد کے دستوں کو منتشر و پراگندہ کرنے کے بعد الرّھا (Edessa) اور ملطیہ کے مقامات پر بالائی عراق عرب اور ایشیائے کوچک میں داخل ہو گئے ہیں ۔

۷۹۵ھ / ۱۳۹۳ء کے وسط میں تیمور نے پھر اپنی موجودگی کا احساس دلایا - عثمانی سلطان بایزید نے ایک سفارتی وفد مصری حکومت کے پاس بھیجا اور احتیاطی فوجی تدابیر اختیار کرنے کی تاکید کی اور سلطان بغداد احمد بن اُوَیس، جسے مغول دستوں نے اس کی مملکت سے نکال دیا تھا، مملوک سلطنت میں پناہ گزین ہوا؛ تاہم تیمور نے برقوق سے مصالحت آمیز طریقے پر نامہ و پیام شروع کیا لیکن اس نے دور اندیشی سے کام نہ لیتے ہوے مغول قاصد کو قتل کرا دیا ۔

مصری سلطان ایک فوج کے ہمراہ شام کی طرف جا چکا تھا - اس موقع پر چند جھڑپیں ہوئیں - برقوق نے شامی سرحد کے سلسلے میں بعض نئے تقرر کیے، چنانچہ ملطیہ، طَرَسُوس، الرُّھا اور قلعۃ الرّوم میں نئے سپہ سالار متعین ہوے - مزید برآں کتبات سے پتا چلتا ہے کہ اس وقت بَعْلَبَک کے قلعے میں، جو شام کی سرحد پر سب سے اہم چوکی تھی، بعض تعمیرات کی گئیں - اسی طرح ان تھوڑے سے اشاروں کی مدد سے ہم یہ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ شام میں سے گزرتے ہوے برقوق نے اپنے علاقے کے دفاع کا انتظام کیا - وہ ۱۳ صفر ۷۹۶ھ / دسمبر ۱۳۹۳ء کو قاہرہ واپس آ گیا ۔

اس کے عہدِ حکومت کا آخری زمانہ تاریخی واقعات کے لحاظ سے غیر اہم ہے - سلطان نے ۱۵ شوال ۸۰۱ھ / ۲۰ جون ۱۳۹۹ء کو وفات پائی - [اس نے رفاہِ عامّہ کے بہت سے کام کیے]۔

برقوق نے تریسٹھ سال عمر پائی اور بیس سال تک مصر پر حکومت کی، پہلے بحیثیت سپہ سالارِ اعظم اور پھر بحیثیت سلطان - [سلطان برقوق ایک بہادر، اولوالعزم اور نیک دل حکمران تھا -] بعض اتفاقات ایسے بھی ہیں جن کی بنا پر یہ قیاس کیا جا سکتا ہے کہ بڑے بڑے شامی عمّال کو تیمور کے کارندوں کے عیّارانہ پروپیگنڈے نے بغاوت پر آمادہ کیا تھا تاکہ تیمور اس انتشار سے فائدہ اٹھائے [قب الضوء اللامع، ۳ : ۱۰ تا ۱۲]۔

**مآخذ**: (۱) المَنْہَل الصّافی، سوانح، حصّۂ متعلقۂ مصر، ج ۱۹، عدد ۶۵۰؛ (۲) Wiet : *Histoire de la Nation Egyptienne*، ۴ : ۵۰۸ تا ۵۲۰؛ (۳) ابن تَغْرِی بِرْدِی : [النّجوم الزّاھرۃ]، طبع Popper، ج ۵ و ۶؛ مطبوعۂ قاہرہ، ج ۱۱؛ (۵) Wiet و Hautecoeur : *Les Mosquées du Caire*، بمدد اشاریہ؛ (۶) ابن فُرات، جلد ۱۰۔

(G. Wiet)

بَرْقَہ : عرب مصنّفین اس لفظ کو ایک شہر

marfat.com
Marfat.com

(موجوده المَرج) اور اس کے گرد و پیش کے علاقے یعنی سِرِنیکا Cyrenaica کے لیے استعمال کرتے تھے، جو افریقه کا ایک وسیع و عریض جزیره نما هے اور مشرقی بحیرۂ روم میں خلیج بُمبه Bomba اور خلیج سِرتِس الکبیر (Syrtis) کے درمیان واقع هے اور اس طرح گویا اس کی جاے وقوع گرین‌وچ کے مشرق میں ۲۰ درجے اور ۳۰ درجے طول البلد اور ۳۰ درجے اور ۳۳ درجے عرض بلد کے درمیان هے - اس کی مشرقی حد پر مَرمَرِیکا Marmarica شروع هو جاتا هے اور جنوب میں مشرقی لیبیا کا وسیع و عریض صحرا پھیلا هوا هے۔

یه علاقهٔ سطحِ مرتفع کئی تہوں پر مشتمل هے، جس کی تشکیل تیسرے ارضیاتی دور (Miocene age) میں کینومینی (Cenomanian) چونے کی موٹی موٹی تہوں اور زمین کی تیسری تہه (Tertiary) کے سکڑ جانے سے هوئی هے- یه مرتفع سطحیں آهسته آهسته جنوب کی سمت میں ڈھلتی گئی هیں، جہاں صحرائی سطحِ زمین زیاده بلند نہیں اور ان کی جگه سیلابی مٹی کے نشیبی میدان لے لیتے هیں، جو بتدریج نیچے هوتے هوتے سمندر سے جا ملے هیں- بلندترین سطح مرتفع جبل اَخْضَر (''سبز پہاڑ'') کی بلندی سطح زمین سے پانچ سو میٹر سے لے کر چھے سو میٹر تک هے اور اس کا بلند ترین مقام سِرِنه Cyrene [= کِرِنّا = قورینا] کے کھنڈروں کے جنوب میں آٹھ سو اڑسٹھ میٹر اونچا هے - ایک درمیانی سطح مرتفع دو سو پچاس سے چار سو میٹر تک بلند هے، جو شمال میں تنگ هے اور پھر مغرب اور جنوب مغرب کی سمت کشاده هوتی چلی گئی هے - المَرج اسی میں واقع هے اور بن غازی کا ساحلی میدان، جو خود بھی چونے کا هے، اس کے عین سامنے نظر آتا هے برقه کے اپنے وسیع و عریض عقبی علاقے کی طرح صحرا نہیں، جس کی وجه اس کی بلندی اور سمندر کا اثر هے - گرمیوں میں اس کا درجهٔ حرارت معتدل رهتا هے - بارش خاصی هوتی هے - بن غازی میں سطح سمندر پر جنوری اور جولائی - اگست کے مہینوں میں درجهٔ حرارت ۱۳٫۵ اور ۲۰٫۸ سینٹی گریڈ کے درمیان رهتا هے اور المَرج میں، جو چھے سو پچاسی میٹر کی بلندی پر واقع هے، ۱۰٫۴ اور ۲۳٫۹ درجے اور قورینا میں، جو سطح سمندر سے چھے سو اکیس میٹر بلند هے، ۸٫۴ اور ۲۲٫۳ درجے هوتا هے، جہاں برف بھی گرتی هے - بارش مغربی ساحلی علاقے میں کم هوتی هے (بن غازی میں دو سو چھیاسٹھ ملی میٹر) اور بغیر آب پاشی کے تقریباً کسی طرح کی کھیتی باڑی کے لیے کافی نہیں، اس لیے که مقامی مٹی عام طور سے بھاری هے؛ لیکن پہلی سطح کے شمالی حصوں میں بارش نسبةً زیاده هوتی هے، مثلاً المرج میں چار سو اکہتر ملی میٹر تک پہنچ جاتی هے بالخصوص دوسری سطح مرتفع پر قورینا کے علاقے میں تو پانچ سو ملی میٹر سے بھی زیاده بلکه چھے سو ملی میٹر تک هو جاتی هے - اس کے مقابلے میں جوں جوں مشرق کی طرف بڑھیں بارش کی مقدار کم هوتی جاتی هے (درنه Derna میں تین سو ملی میٹر) اور پھر جنوب مشرق اور جنوب میں اس میں اور بھی کمی هو جاتی هے - اسی طرح ان ندیوں میں جو صحرا کی طرف بہتی هیں پانی صرف اس وقت آتا هے جب زبردست بارش هو اور وه چاروں طرف سے گھرے هوے عریض نشیبوں میں پہنچ کر ختم هو جاتی هیں - بحیرۂ روم کی بہت هی چھوٹی اور بہت گھرے کناروں سے گھری هوئی معاون ندیوں میں صرف وادی درنه Derna میں پانی سال بھر رهتا هے - بارش کا پانی سطح مرتفع کے چونے میں جذب هو جاتا هے اور کہیں کہیں محفوظ قدرتی ("Vauclusion") چشموں کی صورت میں بعض

Marfat.com

ڈھلانوں کی بنیادوں کے قریب دوبارہ نکل آتا ہے ۔ مرتفع سطحات کی زمین پانی جذب کر لیتی ہے ۔ اس میں جگہ جگہ سوراخ اور گڑھے ہیں اور پانی کے نکاس کے لیے نالیاں نہیں ہیں ۔ جبل اخضر کی بلند سطح مرتفع میں آج کل بھی المرج اور قورینا کے جنوب میں افقی سرو، سبز شاہ بلوطوں، حلبی صنوبروں اور فینیقی سدا بہار صنوبری جھاڑیوں (junipers) کے کئی عمدہ جنگل ہیں؛ لیکن اس کا زیادہ تر حصہ پستہ قد درختوں، جنگلی زیتون اور مصطگی کی جھاڑیوں سے ڈھکا ہوا ہے؛ چنانچہ برقہ میں ایک لاکھ دس ہزار ہیکٹر (بیس ہزار چار سو اکہتر ایکڑ) زمین میں جنگل اور جھاڑیاں ہیں ۔ کھلے علاقوں میں، جنھیں انسانوں نے اور بڑھا لیا ہے، اچھی چراگاہیں اور بھورے اور سرمئی رنگ کی زرخیز زراعتی زمین موجود ہے ۔ یہ بہت ھی مختصر اچھا خطّہ ساحل پر اور جنوب کی سمت چھدری جھاڑیوں کے میدان میں تبدیل ھو جاتا ہے، جس میں چند سدابہار صنوبری جھاڑیاں نمایاں ہیں اور ان کے درمیان بے آب و گیاہ میدانوں کے رقبے ہیں، جو رفتہ رفتہ بڑھتے چلے گئے ہیں ۔ بڑی بڑی ابھری ہوئی چٹانوں کے درمیان سرخ مٹی کی نسبةً زرخیز زمینیں ہیں، لیکن چونکہ یہاں بارش بہت کم ہوتی ہے، اس لیے انھیں بہت زیادہ پانی کی ضرورت ہوتی ہے ۔ بن غازی سے پچپن کیلو میٹر جنوب مشرق اور دِرنہ سے ساٹھ کیلو میٹر جنوب کی جانب صحراے اعظم شروع ھو جاتا ہے، جس میں سبزہ بےحد کم ہے اور جس کی مٹی ھلکی ہے ۔

''کارآمد'' برقہ، جو ایک تنگ اور زرخیز علاقہ ہے اور اقامت پذیر زندگی کے لیے مساعد و موزوں ہے ۔ اسے مرمریکا Marmarica اور برقہ کے بے آب و گیاہ جنگل اور لیبیا کے صحرا دوسرے حصوں سے منقطع کر دیتے ہیں اور یہ ہمیشہ سے مشرق کے زیرنگیں رہا ہے ۔ خانہ بدوش لیبیائی باشندوں کی یہ سر زمین یونانی دنیا کی واحد ماتحت مملکت بن گئی، جس میں انطابلس (= پانچ شہر) (Pentapolis) کی یہ پانچ نوآبادیاں شامل تھیں، جن کی بنیاد ساتویں اور پانچویں صدی قبل مسیح کے درمیان رکھی گئی: (۱) سرنہ [= قورینا]، جو سب سے پہلے وجود میں آئی اور جبل اخضر کے قلب میں ایک موزوں جگہ میں واقع تھی؛ (۲) اس کی بندرگاہ اپولونیہ Apollonia (مرساسوسا)؛ (۳) برکہ Barkè (المرج)؛ (۴) یوهسپریڈیس Euhesperidis (بن غازی) اور (۵) تیوچیرہ Teuchira (توکرہ)، جس کا الحاق آگے چل کر بطلمیوسی مصر سے ہو گیا اور اسی زمانے میں Ptolemais (طلمیثہ) اور Darnis (دِرنہ) وجود میں آئے ۔ جن دنوں یہ رومی صوبہ تھا یہاں اکثر فتنہ و فساد اور انتشار رہا اور خوش حالی نام کو نہیں تھی ۔ چوتھی صدی عیسوی میں اسے مشرقی [رومی] سلطنت کے ساتھ ملحق کر لیا گیا اور ساتویں صدی تک یہ بوزنطی سلطنت کا حصّہ رہا؛ لیکن یونانی دور کی سی خوش حالی اسے کبھی نصیب نہ ہوئی ۔ اسلامی فتح سے ذرا پہلے چراگاہی زندگی بڑی تیزی سے زراعتی زندگی کی جگہ لے رہی تھی ۔ برقہ پر عربوں نے ۲۲ھ / ۶۴۲ء اور ۲۳ھ / ۶۴۳ء میں حضرت عمرو بن العاص رضی کے زیرِ قیادت دو حملوں کے بعد قبضہ کر لیا ۔ بعد کے حملے اس میں سے گزر کر کیے گئے اور بتدریج ''المغرب'' کو فتح کر لیا گیا ۔ اس طرح گویا یہ علاقہ جنوبی نشیب اور نخلستانوں، مثلاً اوجلہ کی راہ سے یا شمالی سطحات مرتفعہ کے زیادہ چکر والے راستے سے ہوکر مصر سے المغرب کی جانب جانے والی خاص فوجی اور تجارتی شاہراہ بن گیا ۔

marfat.com
Marfat.com

بربری قبائل لَواتہ، ھوارہ اور اَوْرِغہ عربی عناصر سے گھل مل گئے - وہ موبشی رکھنے اور پالنے کے کام کی طرف زیادہ متوجہ ھوتے چلے گئے اور زراعت کے بجائے یہ پیشہ زیادہ خام ھوتا گیا - اس زمانے میں مصر کی جانب برآمد کی خاص اشیا مویشی، اُون، شہد اور رال تھیں (البکری، ترجمہ de Slane، ص ۱۰)- برقہ اس علاقے کا واحد مرکز بن گیا - اس خطّے کا مصر سے رابطہ ھوجانے کا یہ نتیجہ ھوا کہ مصر کی طرح یہ بھی علی الترتیب دمشق، بغداد اور پھر فاطمیوں کا دست نگر رھا - بنو ھلال اور بنو سُلَیْم، جو پانچویں/گیارھویں صدی میں مصر سے نکلے اور تمام المغرب پر چھا گئے، برقہ کے علاقے سے ھو کر گزرے، جو بتدریج بالکل بدوی بن گیا - ابن خَلْدُون کے زمانے میں آٹھویں / چودھویں صدی میں (*Histoire*، مترجمۂ De Slane، ۱ : ۱۶۳ تا ۱۶۵) اس کے شہر اور قصبے بالکل ویران پڑے تھے اور اس کے باشندے بنو عزہ چرواھے تھے، جو جنوب کے نخلستانوں کے علاقے سے لے کر شمالی سطحات مرتفعہ تک خانہ بدوشانہ زندگی بسر کرتے تھے اور جَو کی کاشت کرتے تھے؛ لیکن بَرْقہ اور بِرْنِیک (بن غازی) کا، نیز اَوْجِیلَہ اور اَجْدابیہ کے نخلستانوں کا ذکر آج بھی [کتابوں میں] موجود ھے - یہ علاقہ کم از کم نظری طور پر اب بھی مصر کے تابع تھا اور دسویں / سولھویں صدی میں ترکوں نے مصر کی طرح اس پر بھی قبضہ کر لیا؛ تاھم اسے طرابلس کے والیوں کے ماتحت کر دیا گیا جن کا اقتدار حقیقی نہیں، بلکہ برائے نام تھا - ان والیوں کو ھٹا کر قرہمانلی خاندان نے ۱۷۱۱ سے ۱۸۳۵ء تک یہاں قبضہ رکھا - بَرْقہ غائب ھو گیا اور انیسویں صدی کے شروع میں سرِنیکا (ایک یورپی اصطلاح) میں جنوبی نخلستانوں کے علاوہ صرف دو مرکز تھے، جن کا وجود بیرونی آبادکاروں کا رھین منّت تھا، یعنی بن غازی، قدیم یوھسپریڈیس Euphesperidis، جو پندرھویں صدی کے اختتام پر طرابلس کے باشندوں کی درآمد سے وجود میں آیا اور دِرْنہ، جس کی بنیاد کچھ عرصہ پہلے قدیم دارنس Darnis کے محلّ وقوع پر اندلسیوں نے رکھی تھی اور جو اپنی معمولی سی ترقی کے لیے بے محمد کا مرھون منّت ھے جس نے سترھویں صدی میں نظام آب پاشی کی از سرِ نو تنظیم کی اور اب یہ سمندر کے کنارے کھجوروں کا ایک چھوٹا سا نخلستان بن گیا ھے، جس میں خوبصورت باغات ھیں - اندرونی علاقے میں ۱۸۴۰ء میں برقہ کے محلّ وقوع پر ایک ترکی قلعے کی تعمیر کی بدولت المَرج وجود میں آیا، لیکن انیسویں صدی کے نصف آخر میں سرِنیکا [= برقہ] عملی طور پر سَنُوسِیّہ کی عظیم جماعت کے زیرِ اقتدار آ گیا - سنوسیہ کی حیثیت ایک زبردست سیاسی و مذھبی تنظیم کی تھی جو ایک مضبوط تجارتی نظام کی اساس پر وجود میں آئی تھی - آخر کار ۱۸۹۷ء میں یونانی فتح کے بعد جزیرۂ اِقرِیطِش (Crete) سے بھاگنے والے مسلمانوں نے اپولونیہ Apollonia کے کھنڈروں پر مَرْساسُوسہ کا چھوٹا سا شہر بسا لیا۔

جب ۱۹۱۱ء میں اطالوی بن غازی اور طرابلس میں داخل ھوے تو انھوں نے چند معمولی شہری آبادیوں کے علاوہ اس پورے علاقے کو کاملاً بدویوں کا علاقہ پایا، جہاں نخلستانوں سے باھر ایک ڈوں تک نہیں تھا - پوری آبادی نیم خانہ بدوش اور خانہ بدوش چرواھوں اور گلہ بانوں پر مشتمل تھی، جو محض خیموں میں رھتے تھے - قبائل دو بڑے گروھوں میں منقسم تھے: مُرابِطین اور بنو سَعادی - مرابطون بربری الاصل سمجھے جاتے ھیں اور ان کے دو گروہ ھیں: مغرب کی جانب براغیث، جن کے بڑے قبیلے مغاربہ

Marfat.com

(سِرتک Cyrtic)، عَرفه اور عَبید (المرج) ہیں، اور دوسری طرف عربی، جن میں الدرسہ (سمندر کے کنارے) الهسه، عیلَت فائض اور براعسه [= برسه]، (جبل اَخضَر کے شمال اور جنوب میں) اور بالخصوص اباضیه (درنه اور خلیج بمبه Bomba کے جنوب کے نخلستانوں میں) شامل ہیں - جہاں تک سَعادی کا تعلق ہے وہ اپنے کو خالص عربی الاصل بتاتے ہیں - ان میں فواشیر Fwāsher اور اواغیر. جنوب مغربی بے آب و گیاہ جنگلوں میں، مرمریکا اور علاقه اَوجیله جلو کے خانه بدوشوں کے چھوٹے چھوٹے قبیلے شامل ہیں - شہروں کے باہر پوری آبادی مالکی سنیوں کی ہے - یہ سب مغربی طرز کی عربی بولیاں بولتے ہیں، جنوب میں اَوجیله کے باشندوں کے سوا جو مغرب کی سمت جاتے وقت وہ پہلا مقام ہے جہاں بربری زبان بولی جاتی ہے.

بدویوں اور سنوسیوں کی جان توڑ مزاحمت کی وجہ سے اطالوی پورے سرنیکا اور اس کے عقبی علاقے پر ۱۹۳۱ء سے پہلے قابض نہیں ہو سکے - انھوں نے اسے اپنی نو آبادی بنانے کی انتہائی کوشش کی - سب سے پہلے نو آبادکار کسی قدر پر خطر حالات میں، بن غازی کے ناسازگار میدان اور المرج کے قرب و جوار میں آباد ہوے - تاہم اطالویوں نے جبل اخضر کی آباد کاری اور اس سے منفعت گیری کی طرف منظم طریقے پر توجہ مبذول کی اور ۱۹۳۳ اور ۱۹۳۹ء کے درمیان وہاں ایک درجن گاؤں تعمیر ہوے - پہلے ''نسلی'' اور پھر ''عام'' آبادکاری کے عمل کو اسی ہزار ہیکٹر کے وسیع و عریض علاقے میں جاری کیا گیا، جہاں کی خاص پیداوار شراب اور زیتون کا تیل تھا - ۹ جنوری ۱۹۳۱ء کو طرابلس کی طرح یہ بھی مع اپنے عقبی علاقے کے اطالوی مملکت میں شامل کر لیا گیا - اب اطالویوں نے سرنیکا کو ایک جدید شہر کی شکل دینے کی غرض سے اسے بہت بڑے پیمانے پر نو آبادی کی پوری ضروریات اور ساز و سامان مہیا کرنا شروع کیا، یعنی بن غازی سے المرج اور سلُوق Soluk تک (ایک سو چونسٹھ کیلو میٹر) ریلوے لائن، شمال و جنوب میں پخته سڑکوں کا پورا جال، بندرگاہیں (بالخصوص بن غازی میں)، ہوائی اڈے، تعلیمی ادارے اور شفاخانے، محکمۂ ڈاک، پانی کی بہم رسانی کے انتظامات، جن میں دو سو کیلومیٹر کی ایک پائپ لائن بہت نمایاں تھی اور اس سے متعلق پانی کھینچ کر نکالنے کے سٹیشن، پانی کے بڑے بڑے ذخیرے اور جبل اَخضر کے دیہات کی آسائش کے لیے ان سے نکلنے والی نالیاں وغیرہ - چنانچہ سرنیکا [پہلی] جنگ [عظیم] کے زمانے تک ایک پورا ترقی یافته شہر بن چکا تھا - لیکن نومبر - دسمبر ۱۹۴۲ء میں انھوں برطانوی فوج کی آخری فتح مندانه پیش قدمی کے وقت تمام اطالوی اس علاقے کو چھوڑ کر چلے گئے اور یہ علاقه برطانوی فوجی نظم و نسق کے ماتحت چلا گیا - اس کے بعد برطانویوں نے سنوسی راہنما اِدریس کو سرنیکا کی امارت تفویض کر دی اور ۱۹۵۱ء میں اسے لیبیا کے وفاق (Libyan Federal Union) کا تخت حکومت سنبھالنے میں مدد دی - اس وفاق میں سرنیکا کے ساتھ طرابلس اور فزّان بھی شامل ہیں - اطالویوں نے یہاں جو زرعی اصلاحات کی تھیں ان کا نام و نشان بھی باقی نہیں رہا - ملک پھر اپنی سابقه چوپانی زندگی کی طرف عود کر آیا ہے اگرچه کہیں کہیں جو کی تھوڑی بہت کاشت ہوتی ہے - دیہات تباہ و برباد ہو گئے ہیں - اسی طرح اطالویوں نے بن غازی میں جو چند صنعتی کاروبار (مچھلی کو ڈبوں میں بند کرنے کے کارخانے، بیئر beer ساز بھٹیاں، شراب کشید کرنے کے کارخانے، جفت سازی کے کارخانے) جاری

marfat.com
Marfat.com

کیے تھے ان کے بھی کچھ آثار باقی نہیں رہے ۔ برآمد کی چیزوں میں اب صرف وہ چیزیں جو مویشیوں کی پرورش سے حاصل ہوتی ہیں اور نمک اور اسفنج (sponge) شامل ہیں، جنھیں یونانی خلیج بمبه Bomba اور سِرتس Syrtis کلاں میں تیار کرتے ہیں ۔ سرینکا، جو اپنے وسیع و عریض صحرائی عقبی علاقے کی وجه سے خاصا طول طویل ہو گیا ہے، ۲۰ درجه عرض بلد تک چلا گیا ہے ۔ اور کُفره کے نخلستان بھی اس میں شامل ہیں ۔ اس کا مجموعی رقبه آٹھ لاکھ پچپن ہزار چار سو کیلو میٹر ہے (تمام لیبیا کے وفاق کا مجموعی رقبه سترہ لاکھ انسٹھ ہزار پانچ سو کیلو میٹر ہے) ۔ گو اس کی آبادی صرف دو لاکھ اکانوے ہزار تین سو پچاس ہے، جو تقریباً ساری کی ساری شمال میں ہے (وفاق کی مجموعی آبادی دس لاکھ اکانوے ہزار آٹھ سو ہے) ۔ اس کی اوسط سالانه پیداوار تین لاکھ ساٹھ ہزار کوانٹل quintals [= ایک ہنڈرویٹ یا ایک سو بارہ پونڈ] غلّه (جوار اور گندم) ہے، اور یہاں ساڑھے چار لاکھ سے پانچ لاکھ تک بھیڑیں، تین لاکھ پچاس ہزار سے لے کر چار لاکھ تک بکریاں، تیس ہزار سے پینتیس ہزار تک مویشی (گائے وغیرہ) اور بیس ہزار اونٹ موجود ہیں ۔ آبادی گنجان نہیں اور شمال کے بعض علاقوں کے زرخیز ہونے کے باوجود بہت کم ہے، مالی وسائل ناقص اور نظم و نسق کا عملہ ناکافی ہے، اور اسی وجه سے سرینکا اقتصادی اور فنّی امداد کے لیے اقوام متحدہ، ریاستہاے متحدۂ امریکه اور دیگر طاقتوں کا دست نگر ہے ۔

**مآخذ:** رک به لیبیا، نیز: (۱) F. Chamoux: *Cyrène sous la monarchie des Battiades*، پیرس ۱۹۵۲ء؛ (۲) P. Romanelli: *La Cirenaica romana*، روم ۱۹۴۳ء؛ (۳) E. de Agostini: *Le popolazioni della Cirenaica*، طرابلس ۱۹۲۵ء؛ (۴) G. Narducci: *Storia della colonizzazione della Cirenaica*، میلان ۱۹۴۲ء؛ (۵) K. Walton و W. B. Fisher: *The Aberdeen University expedition to Cyrenaica in 1951*، در *Scottish geogr. magazine*، ۱۹۵۲ء تا ۱۹۵۳ء؛ (۶) N. A. Ziadeh: *Barka*، بیروت ۱۹۵۰ء ۔

(J. Despois)

**بَرَکات** : مکّهٔ مکرّمه کے چار شریفوں کا نام :

(۱) برکات اوّل : ابن حسن بن عَجْلان، قتادہ بن ادریس کی ساتویں پشت میں سے تھا (دیکھیے العرب، جزیرہ، مکّه) ۔ یه شریفوں کے آخری سلسلے کا بانی تھا ۔ آغاز جوانی میں برکات، حکومت میں، جس کے کئی عمزاد بھائی دعویدار تھے، اپنے والد (۸۰۹ھ/ ۱۴۰۷ء تا ۸۲۱ھ/ ۱۴۱۸ء) کے ساتھ شریک رہا ۔ ۸۲۱ھ/ ۱۴۱۸ء میں باپ بڑھاپے کی وجه سے تخت سے دست بردار ہو گیا گو وہ ۸۲۹ھ/ ۱۴۲۶ء تک زندہ رہا ۔ مصر کے مملوک سلطان برسبای کی جانب سے، جس نے مکّهٔ معظّمه پر اعلٰی اقتدار قائم کر لیا تھا، اپنی مسند نشینی کی تصدیق کے بعد برکات نے اپنے بھائیوں کی مخالفت کے باوجود ۸۴۵ھ/ ۱۴۴۲ء تک حکومت کی ۔ ۸۴۵ھ/ ۱۴۴۲ء میں خاندان کے دوسرے لوگوں نے اسے تخت سے اتار دیا، لیکن اپنی عمر کے آخری برسوں میں (۸۵۱ھ/ ۱۴۴۷ء تا ۸۵۹ھ/ ۱۴۵۴-۱۴۵۵ء) برکات پھر بر سر حکومت ہو گیا ۔ برکات کے عہد میں مملوک سلطان جقمق نے مقدّس شہروں کے لیے ایک ناظر مقرر کیا اور مکّهٔ مکرّمه میں پچاس سواروں کا ایک محافظ دسته متعیّن کیا ۔ بحر احمر میں جوں جوں مصری اقتدار بڑھتا گیا ہندوستان سے تجارت اور ہندوستان سے آنے والے زائرین حج کی تعداد میں بھی نمایاں اضافه ہوتا گیا ۔ برکات ۸۵۱ھ/ ۱۴۴۷ء میں مصر بھی

Marfat.com

گیا تھا۔ اس کا بیٹا محمد اس کا جانشین ہوا (عہدِ حکومت ۸۵۹ھ/۱۴۵۵ء تا ۹۰۳ھ/۱۴۹۷ء)۔

(۲) برکات ثانی: ابن محمد، برکات اوّل کا پوتا، جو ۸۷۸ھ/۱۴۷۳ء تا ۹۰۳ھ/۱۴۹۷ء کے دوران میں اپنے والد کے ساتھ شریک سلطنت رہا۔ ۹۰۳ھ کے بعد سے وہ اپنے بھائیوں ہزّاع اور احمد جازان سے لڑائیاں لڑتا رہا۔ ۹۰۸ھ/۱۵۰۳ء میں برکات کو پابزنجیر کر کے مصر بھیج دیا گیا اور یوں اس کے ایک اور بھائی حُمیضہ کے لیے شریف بننے کا راستہ ہموار ہو گیا۔ ۹۱۰ھ/۱۵۰۴ء میں اسے بحال کر دیا گیا اور پھر وہ تاحیات یعنی ۹۳۱ھ/۱۵۲۵ء تک مکّۂ مکرّمہ کا شریف رہا۔ ۹۱۰ھ/۱۵۰۴ء تا ۹۱۸ھ/۱۵۱۲ء کے دوران میں اس کا بھائی قایتبای حکومت کے کام میں اس کے ساتھ شریک رہا اور اس کے بعد اس کا نوجوان بیٹا محمّد ابو نُمَیّ ثانی۔ پرتگیزوں کی وجہ سے پیدا ہونے والے نئے خطرے کے باعث مملوک سلطان قانصوہ الغوری نے حسین الکُردی کو فوج دے کر جدّے کی حفاظت کے لیے روانہ کیا۔ حسین الکُردی نے جدّے کے گرد فصیل اور برج بنا دیے۔ قاہرہ میں سلطان سلیم یاووز [اول] کے داخلے کے وقت ۹۲۳ھ/۱۵۱۷ء میں برکات نے اُبو نُمیّ کو (تقریباً بارہ سال کی عمر میں) اس کی خدمت میں بھیجا اور عثمانی فاتح نے مکّے کی موجودہ حیثیت کی تصدیق کر دی۔ کسی وجہ سے سلطان سلیم نے اس موقع پر حج بیت اللہ کا شرف حاصل نہ کیا، حالانکہ پہلا ترکی محمل ۹۲۳ھ میں مکّے بھیجا گیا اور اسی سال اہلِ مکّہ کے لیے گندم کی پہلی کھیپ سویز کے راستے سے جدّہ بھیجی گئی۔ برکات کے بعد اُبو نُمیّ مسند نشین ہوا (دورِ حکومت ۹۳۱ھ/۱۵۲۵ء تا ۹۷۴ھ/۱۵۶۶ء) اور بعد میں آنے والے تمام شریف اسی کی اولاد سے تھے۔

گیارھویں صدی ہجری / سترھویں صدی عیسوی کے نصف اوّل سے لے کر چودھویں صدی ہجری / بیسویں صدی عیسوی تک ابو نُمَیّ ثانی کی اولاد میں سے تین کنبے منصبِ شرافت کے لیے آپس میں لڑتے رہے: ذوو زید، ذوو عبداللہ اور ذوو برکات۔ ذوو برکات کا نام اُبو نُمیّ کے بیٹے برکات کے نام پر پڑا جسے کبھی منصبِ شرافت نہیں ملا۔

(۳) برکات ثالث: ابن محمد ابراہیم ذوو برکات کے مورثِ اعلیٰ کا پرپوتا اس کنبے کا پہلا شخص تھا جس نے ۱۰۸۲ھ/۱۶۷۱-۱۶۷۲ء میں منصبِ شرافت کا اعزاز حاصل کیا۔ اسے مسند نشین کرانے کا کام شمالی افریقہ کے محمد بن سلیمان الرُّودانی نے انجام دیا تھا، جو ذوو زید کا دشمن اور عثمانی وزیر اعظم احمد کوپرولو کا بے تکلّف دوست تھا۔ برکات کی حکومت کے ابتدائی زمانے میں محمد ابن سلیمان نے متعدّد اہم اصلاحات کیں، جن کا مقصد یہ تھا کہ قدیم امرا کے طبقوں کے مقابلے میں بیرونی عناصر اور غریبوں کی حالت کو بہتر بنایا جائے۔ ۱۰۸۷ھ/۱۶۷۶ء میں کوپرولو کی وفات سے اس مصلح کا ستارۂ اقبال زوال پذیر ہو گیا۔ برکات ۱۰۹۳ھ/۱۶۸۲ء میں اپنی وفات تک 'شرافت' کے منصب پر قائم رہا۔ اس کی وفات پر اس کا بیٹا سعید اس کا جانشین ہوا (دورِ حکومت ۱۰۹۳ھ/۱۶۸۲ء تا ۱۰۹۵ھ/۱۶۸۴ء)۔

(۴) برکات رابع: ابن یحیی، برکات ثالث کا پوتا، جس نے دو مہینے سے بھی کم مدت (۱۱۳۵ تا ۱۱۳۶ھ/۱۷۲۳ء) حکومت کی۔ اپنے باپ کی حکومت سے دست برداری کے بعد ذوو زید نے اسے شکست دی اور اس کے بعد وہ اور اس کا باپ بھاگ کر مصر چلے گئے۔

خاندانِ ذوو برکات کا آخری شریف عبداللہ بن حسین تھا، جو برکات رابع کا بھتیجا تھا۔ اس کا دورِ حکومت بھی اتنا ہی مختصر تھا جتنا اس کے چچا

marfat.com
Marfat.com

کا ۔ سپاہ سالار محمد ابو ذَہَب نے، جسے مصر کے علی بے [رک بان] نے حجاز بھیجا تھا، عبداللہ کو ۱۱۸۴ھ / ۱۷۷۰ء میں حکومت تفویض کی، لیکن اس میں اتنی قوت نہیں تھی کہ ابو ذَہَب کے چلے جانے کے بعد اپنا اقتدار قائم رکھ سکے ۔ اس وقت سے لے کر شریف مکّہ کا منصب خالصۃً ذوو زید اور بعد میں ذوو عبداللہ کی ملکیت بن گیا ۔

**مآخذ**: (۱) *Die Chroniken der Stadt Mekka*، طبع F. Wüstenfeld، گوٹنگن ۱۸۵۷ تا ۱۸۶۱ء؛ (۲) احمد بن زَیْنی دَحْلان: خُلاصَۃُ الکلام، قاہرہ ۱۳۰۵ھ؛ (۳) احمد السّباعی: تاریخ مکّہ، قاہرہ ۱۳۷۲ھ؛ (۴) C. Snouck Hurgronje: *Mekka*، ہیگ ۱۸۸۸ تا ۱۸۸۹ء ۔

(G. Rentz)

* **بَرَکَة**: [برکت کا لفظ ب ر ک مادّے سے ہے ۔ بَرَکَ البَعِیْرُ کے معنی ہیں اونٹ بیٹھ گیا اور اس جگہ پر جما رہا (لسان العرب، بذیل مادّہ)، اس وجہ سے لزوم و ثبات کے معنی کے اظہار کے لیے بَرَکۃ کا لفظ استعمال ہوتا ہے۔ اہلِ لغت نے نمو اور بڑھنا بھی بَرَکۃ کے معنی لکھے ہیں ۔ المفردات میں ہے : البرکۃ ثبوت الخیر الالٰہی فی الشیء، یعنی کسی چیز میں اللہ تعالٰی کی طرف سے خیر کا مضبوطی سے قائم ہو جانا ۔ اور جس میں ایسی بھلائیاں جمع ہوں وہ مبارَک ہے، مبارک کے معنی صاحب لسان العرب نے یہ دیے ہیں: ''جس کی طرف خیر کثیر آتی رہے''۔ اور ابن عباسؓ سے برکۃ کے معنی ''الکثرۃ فی کلّ خَیْر'' مروی ہیں یعنی ہر بھلائی میں کثرت ۔] قرآن مجید میں یہ لفظ صرف بصورت جمع 'برکات' مستعمل ہوا ہے ۔ برکات، رحمت اور سلام کی طرح انسان پر اللہ عزّ و جلّ کی طرف سے نازل ہوتی ہیں۔ یہ اللہ تعالٰی کی جانب سے آنے والی وہ بھلائی ہے جس سے عالمِ جسمانی میں چیز کی بہتات ہوتی ہے اور عالمِ روحانی میں فلاح اور خوشی میسر ہوتی ہے ۔ [جیسا کہ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا ہے] متن قرآن (کلام اللہ) برکت سے پُر ہے ۔ اللہ عزّ و جلّ اپنی برکت اپنے انبیا اور اولیا کی شخصیتوں میں ودیعت کرتا ہے ۔ حضرت محمد صلّی اللہ علیہ و سلّم اور آپ کی آل کو برکت کا حصّہ وافر ملا ہے [ہم درود میں آنحضرت صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم کے لیے مزید رحمت و برکت کی دعا کرتے ہیں] ۔ مقدّس ہستیاں اپنی برکت کے اثرات کو معمولی انسان کے اندر منتقل کر سکتی ہیں ۔ منتقل کرنے کے ذرائع متنوع ہیں بلکہ بعض اوقات حیرت انگیز بھی ۔

زراعت پیشہ لوگوں میں برکۃ غلّہ اور اناج میں نمودار ہوتی ہے اور اسے مافوق العادۃ کئی گنا بڑھا دیتی ہے۔ برکۃ کا استعمال جابجا مختلف انبیا کے ساتھ دیکھا جاتا ہے ۔ قرآن مجید میں درخت زیتون [۲۴ [النّور]: ۳۵] کو اور رمضان کی [ایک رات کو جو بعض کے نزدیک] ستائیسویں ہے (۴۴ [الدّخان]: ۳) مبارک کہا گیا ہے ۔ [اس طرح اللہ تعالٰی کے متعلق بھی یہ لفظ بولا گیا ہے فَتَبارَکَ اللّٰہُ [۷ [الاعراف]: ۵۴؛ ۲۳ [المؤمنون]: ۱۴]؛ اور بیت اللہ، قرآن مجید اور وادی سینا کو بھی مبارک کہا گیا ہے [۳ [آل عمران]: ۹۶؛ ۶ [الانعام]: ۹۲؛ ۲۸ [القصص]: ۳۰] ۔

عام بول چال میں آخر کار برکۃ کے معنی ''مناسب مقدار'' کے لیے جانے لگے مثلاً یہ کہیں گے: ''ما فیہ برکۃ''۔ وہ مقدار جو خوشی آئند طور پر کافی و مناسب ہو۔ الموحدون کی اصطلاح میں اس کے معنی ''گریچوئٹی = سپاہی کی تنخواہ پر زائد انعام'' کے لیے جاتے ہیں ۔ المغرب کی بولیوں میں یہ لفظ 'کافی' کے مفہوم میں بطور صفت استعمال ہوتا ہے ۔

مادّہ ب ر ک کے مشتقات بہت سے اچھے

marfat.com
Marfat.com

مواقع پر استعمال ہوتے ہیں - مثلاً اداے شکر، تحیّات یا تحسین کے موقع پر رائج محاورات میں ان کے ساتھ س ع د کے مشتقات کا استعمال بھی اکثر ملتا ہے - آیت "تبرٰک الّذیْ بِیَدِہِ الْمُلْکُ . . . الآیۃ" (۶۷ [الملک]: ۱) نظر بد سے بچانے کے لیے عام طور پر پڑھی جاتی ہے.

مآخذ: (۱) اللسان: بذیل مادّہ؛ (۲) تاج العروس، بذیل مادّہ؛ (۳) المفردات، بذیل مادّہ؛ (۴) Wellhausen: *Reste arab. Heidentums*، ۲: ۱۳۹؛ (۵) E. Westermarck: *Ritual and Belief in Morocco*، ۱: ۳۵ تا ۲۶۱؛ (۶) M. Cohen: *Genou, famille, force dans le domaine chamito-sémitique*، در *Mémorial Henri Basset*، پیرس ۱۹۲۸ء، ۱: ۲۰۳؛ (۷) J. Chelhod: *La Baraka chez les Arabes*، در *RHR*، ۱۹۵۵ء؛ (۸) اا، ترکی، بذیل مادّۂ برکت (از Kasím Kufralí).

(G. S. COLIN و [ادارہ])

* بِرکہ [خان]: ایک مغول شہزادہ، آلتون اُردو (اردوے مطلّا Golden Horde) کا فرمانروا، چنگیزخان کا پوتا اور جوچی کا تیسرا بیٹا - اس کی ابتدائی زندگی کے حالات بہت کم معلوم ہیں - اس نے ان جنگوں میں کوئی حصہ نہ لیا جو ۶۳۴ھ/ ۱۲۳۷ء تا ۶۳۹ھ/ ۱۲۴۲ء میں روس اور مشرقی یوروپ میں لڑی گئی تھیں لیکن باتُو [خان، رکّ بآں] کی بہ نسبت اس کی آمد و رفت منگولیا میں زیادہ رہی، جہاں اس نے کویوک [= گیوک] (۶۴۴ھ/۱۲۴۶ء) اور مونککے [= منکو] (۶۴۹ھ/ ۱۲۵۱ء) کی تخت نشینی کی تقریبوں پر باتو کی نمائندگی کے فرائض سر انجام دیے - رُبرُک Rubruck کے قول کے مطابق اس کی جاگیر کا یُرت (= خیمہ گاہ) شروع شروع میں دربند کی طرف واقع تھا - لیکن ۶۵۳ھ/۱۲۵۵ء سے پہلے باتو کے حکم سے اسے والگا کے مشرق میں منتقل کر دیا گیا تاکہ بِرکہ کا رابطہ اپنے ہم مذہب مسلمانوں سے منقطع ہو جائے - رُبرُک نے اس کے قبولِ اسلام کا تذکرہ کیا ہے اور لکھا ہے کہ وہ اپنے اُردو میں لحم خنزیر کھانے کی اجازت نہیں دیتا تھا - اس کے اسلام لانے کی تاریخ معلوم نہیں - جُوزْجانی کا یہ بیان بہ مشکل ہی قابلِ یقین معلوم ہوتا ہے کہ بچپن ہی سے اس کی تربیت بطور مسلمان کے ہوئی تھی - دوسری طرف بظاہر مونککے کی خان کی حیثیت سے تخت نشینی سے قبل وہ مسلمان ہو چکا تھا، کیونکہ بقول جُوینی اس موقع پر ضیافت کے لیے جو جانور مہیا کیے گئے تھے وہ اس کی خاطر اسلامی شعار کے مطابق ذبح کیے گئے تھے.

جُوینی کے قول کے مطابق باتو [خان] کا انتقال اس وقت ہوا جب اس کا بیٹا سرتاق خانِ اعظم کے دربار کو جاتے ہوے راہ میں تھا - سرتاق نے اپنا سفر جاری رکھا اور مونککے نے اسے اس کے باپ کا جانشین نامزد کیا، لیکن وہ خود تھوڑے ہی عرصے بعد فوت ہو گیا - اس کی جگہ ایک نوعمر شہزادہ اُلغ چی [= اولاغچی] تخت پر بیٹھا، جو اس کا بیٹا یا بھائی تھا اور باتو کی بیوہ بُراق چِین اتالیق ریاست مقرر ہوئی - روسی وقائع کی رو سے ایک مدّت یعنی ۱۲۵۷ء تک روسی شہزادے اُلوچی (Ulavčii) کے لشکرگاہ میں آتے رہے - اس نو عمر خان کی وفات کے بعد ہی، جو غالبًا اسی سال واقع ہوئی، برکہ تخت نشین ہو سکا.

معلوم ہوتا ہے کہ باتو خان کی طرح بِرکہ کو بھی اپنے عہدِ حکومت کے ابتدائی برسوں میں ماوراء النہر پر بعض حقوقِ سیادت حاصل تھے - بقول جُوزْجانی وہ بخارا بھی گیا تھا، جہاں اس نے علماے شہر کی بہت تعظیم و توقیر کی؛ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ اس نے سمرقند کے عیسائیوں کو اپنے مسلمان ہم وطنوں سے بد سلوکی کرنے کی پاداش میں سزا دینے اور ان کے گرجاؤں کو منہدم کرنے

marfat.com
Marfat.com

کا حکم دیا تھا ۔ جب مونگکے کی وفات کی خبر پہنچی (۱۲۵۹ء) تو نہ صرف ماوراء النہر بلکہ خراسان میں بھی برکہ کے نام کا خطبہ پڑھا گیا۔

اگلے چار برس (۱۲۶۰ تا ۱۲۶۴ء) کے دوران میں مرحوم خانِ اعظم کے دو بھائیوں قُبلای اور اَرِیغ بوکہ کے درمیان تخت کے لیے جنگ جاری رہی، جیسا کہ ان سکوں سے جو بلغار میں ضرب ہوے تھے ۔ معلوم ہوتا ہے برکہ نے ناکام مدّعی حکومت اَرِیغ بوکہ کو جائز وارث تسلیم کر لیا تھا ۔ تقریباً اسی زمانے میں چغتائی کا ایک پوتا شہزادہ اَلغو وسط ایشیا میں نمودار ہوا، وہ پہلے تو اَرِیغ بوکہ کے نمائندے کے طور پر آیا لیکن پھر کھلم کھلا اس کے خلاف باغی ہو گیا ۔ وہ نہ صرف اپنے دادا کی پوری جاگیر کو زیرِ نگین کرنے میں کامیاب ہو گیا بلکہ خوارزم پر بھی قابض ہو گیا جو ہمیشہ سے جوچی اور اس کے جانشینوں کی حکومت میں شامل رہا تھا، برکہ کے مقرر کردہ عمّال اور اہلکار شہروں سے نکال باہر کیے گئے ۔ وصّاف (مطبوعۂ بمبئی، ص ۱۰) نے بخارا میں برکہ کی فوج کے پانچ ہزار نفوس پر مشتمل ایک دستۂ فوج کے قتلِ عام کا ذکر کیا ہے ۔ یہ قتلِ عام نہ تو وصّاف کے خیال کے مطابق قُبلای کے اور نہ جیسا کہ d'Ohsson کا گمان ہے، ہلاگو کے، بلکہ ضرور اَلغو کے ہاتھوں ہوا ہوگا ۔ برکہ اور اَلغو کے درمیان جنگ مؤخّر الذکر کی موت تک جاری رہی ۔ اس کی زندگی کے آخری برسوں میں اس کی فوج نے اَرِیغ بوکہ کو حتمی طور پر شکست دینے کے بعد شہر اُطرار [= اترار] پر قبضہ کرنے کے بعد اسے برباد کر دیا تھا ۔ برکہ کی فوجیں جنوب اور مغرب میں مصروفِ پیکار تھیں، اس لیے وہ مشرق میں اپنے دشمنوں کے خلاف کوئی کارروائی نہ کر سکا لیکن وہ اپنے دعاوی سے دست بردار نہیں ہوا؛ اوگدای کے ایک پوتے شہزادہ قیدو نے، جو اَرِیغ بوکہ کی زیرِ قیادت لڑ چکا تھا، اَرِیغ بوکہ کی شکست کے بعد بھی اَلغو کے خلاف لڑائی جاری رکھی اور برکہ اسے مدد دیتا رہا۔

مغرب میں لتھوینیا Lithuania والوں اور گلیشیا کے بادشاہ ڈینیل Daniel کے خلاف مہمات کچھ زیادہ اہم نہ تھیں اور برکہ کی ذاتی مداخلت کے بغیر سرحدی سپہ سالار ہی انہیں چلاتے رہے ۔ شاہ ڈینیل پولینڈ اور ہنگری کی سمت بھاگ گیا اور اس کے بیٹے اور بھائی کو مجبوراً اپنے تمام بڑے بڑے شہروں کے استحکامات منہدم کرنے پڑے۔

برکہ اور اس کے عمزاد بھائی ہلاگو فاتح ایران کے درمیان جنگ زیادہ اہم تھی اور اس میں برکہ کو ایسی کامیابی نہیں ہوئی ۔ اس جنگ کے اسباب مختلف طریقے پر بیان کیے گئے ہیں ۔ بعض مؤرخین نے برکہ کو ایک حامی اسلام کی حیثیت سے پیش کیا ہے اور کہا ہے کہ اس نے ہلاگو کو متعدّد اسلامی ممالک کی تباہی اور بالخصوص خلیفہ المُستَعصِم کے قتل پر سخت ملامت کی تھی ۔ تاہم ان مؤرخین کا بیان غالباً زیادہ قرین صواب ہے جو یہ کہتے ہیں کہ ایران میں ایک نئی مغول سلطنت کے قیام سے جوچی کے وارثوں کو اپنے حقوق معرضِ خطر میں نظر آنے لگے تھے ۔ اَرّان اور آذربیجان جیسے بعض علاقے، جو اس نئی سلطنت میں شامل کیے گئے، قبل ازیں چنگیز خان کے عہد میں پامال ہو چکے تھے اور اس لیے فاتح کی ہدایت کے بموجب جوچی کی ریاست کا حصہ تھے ۔ خود جنگ کے بارے میں متضاد شہادتیں ملتی ہیں ۔ معلوم ہوتا ہے کہ ابتدا میں ہلاگو کو فتح ہوئی اور وہ پیش قدمی کرتا ہوا (۱۲۶۲ء کے اواخر میں) ترک ندی کو عبور کر گیا اور پھر اسے برکہ کی فوجوں نے شکست دی (اس وقت برکہ بذات خود وہاں موجود نہ تھا) اور پسپا ہوتے وقت

Marfat.com

ہلاگو کے لشکر کا بہت بڑا حصّہ ضائع ہو گیا، ترک کو عبور کرتے ہوے بہت سے لوگ ڈوب گئے کیونکہ [سطح دریا پر منجمد] برف ان کے گھوڑوں کے سموں کی متحمّل نہ ہوئی اور ٹوٹ گئی۔

ان جنگوں کے آغاز سے بھی قبل مصر کے سلطان بیبرس [رکّ بآں] نے برکہ سے مراسلت کرنے کا فیصلہ کر لیا تھا تاکہ اپنے مشترک دشمن ہلاگو کے خلاف اتحاد قائم کیا جا سکے۔ اس سلسلے میں ایک پیغام ۱۲۶۱ء ھی میں قاھرہ سے برکہ کے پاس پہنچ چکا تھا۔ ۱۶ نومبر ۱۲۶۲ء کو ایک سفارت بھی اسی مقصد کے لیے روانہ ہوئی۔ اگلے سال برکہ کے سفیروں کا بیبرس نے خیر مقدم کیا۔ قسطنطینیہ میں مغول اور مصری سفرا کے روک لیے جانے کے باعث بوزنطی حکومت اور آلتون اُردو (Golden Hordes) کے درمیان لڑائی چھڑ گئی۔ برکہ نے شہزادہ نوقای کے زیر قیادت ایک لشکر تھریس Thrace میں بھیجا، جہاں یہ بلغاریوں کی افواج سے مل گیا، اور سلجوقی سلطان عزّالدین کیکاؤس کو، جسے ایشیاے کوچک سے نکال کر بحیرۂ ایجین کے کنارے قلعہ اینوس Ainos میں قید کر دیا گیا تھا، رھا کر کے کریمیا لایا گیا۔

۱۲۶۵ء میں، جو ہلاگو کا سالِ وفات تھا، قپچاق اور ایرانی مغول ایک بار پھر برسرِ پیکار ہو گئے برکہ اور آباقا کی سپہ سالاری میں دونوں فوجیں مدت تک دریائے کُر کے آر پار ایک دوسرے کے مقابل صف آرا رھیں۔ دریا عبور کرنے کے لیے کوئی مناسب جگہ تلاش کرنے کی غرض سے برکہ دریا کے اوپر کے رخ چلتا ہوا تفلیس تک جا پہنچا، جہاں (۱۲۶۶ء میں) اس کا انتقال ہو گیا اور اس کے بعد فوجیں واپس ہو گئیں۔

برکہ نے اپنے پیچھے کوئی اولاد نہیں چھوڑی، چنانچہ تخت سلطنت باتو کے پوتے مونگکے تیمور کو مل گیا۔ اپنی زندگی کے آخری ایام میں مغول سلطنت میں باتو کی طرح اس کی حیثیت خانِ اعظم کے ماتحت کی سی نہیں رھی تھی، بلکہ وہ ایک خود مختار سلطنت کا فرمانروا بن گیا تھا، اگرچہ یہ ارتقا اس کے جانشین کے عہد میں جا کر مکمل ہو سکا، جس نے خوانین قپچاق میں سب سے پہلے اپنے نام کا سکّہ جاری کیا۔ اس بات کا اندازہ لگانا مشکل ھے کہ ایک مسلمان کی حیثیت سے برکہ نے اپنی رعایا میں دینِ اسلام کے فروغ کے لیے کیا کام کیا، مصری بیانات میں ایسے مدارس قائم کرنے کا ذکر آتا ھے جہاں بچوں کو قرآن مجید کی تعلیم دی جاتی تھی؛ صرف خان ھی نہیں بلکہ اس کی ھر بیوی اور امیر کے وابستگان میں ایک امام اور ایک مؤذّن شامل ہوتا تھا۔ نہ صرف خود برکہ بلکہ کہا جاتا ھے کہ اس کے کئی بھائی بھی مسلمان ہو گئے تھے؛ اس کے باوجود اس کی وفات کو جب نصف صدی گزر گئی تب کہیں جا کر اس کی سلطنت میں اسلام کو قطعی غلبہ حاصل ہو سکا۔

برکہ شہر ینی سرای (یہ نام اسے باتو کے بنا کردہ سراے نامی شہر سے ممیّز کرنے کے لیے دیا گیہ تھا) کا بانی تھا، جو بالائی اختُبہ کے مشرقی کنارے پر موجودہ لیننسک Leninsk کے قریب سٹالن گراڈ Stalingrad سے تقریباً تیس میل مشرق میں واقع تھا۔

مآخذ: وھی جو مادّۂ باتو میں درج ھیں۔

([J. A. Boyle و] W. Barthold)

⊗ **برکھارٹ**: (J. L. Burckhardt) نامور مستشرق اور سیّاح، سوئٹزرلینڈ کے مشہور شہر لوزان Lausanne کے قریب کرخگارٹن Kirchgarten کے گاؤں میں ۲۴ نومبر ۱۷۸۴ء کو پیدا ہوا۔ لائپزگ اور گوٹنگن (جرمنی) میں عربی ادب اور علومِ اسلامیہ

marfat.com
Marfat.com

سے واقفیت حاصل کی ۔ بائیس سال کی عمر میں اس نے شمالی افریقہ کے استکشاف کے لیے اپنی خدمات پیش کیں ۔ چنانچہ بلومن باخ J. F. Blumenbach کی سفارش پر اسے لنڈن کی افریقن ایسوسی ایشن اور رائل سوسائٹی کے صدر سر جوزف بینکس Sir Joseph Banks نے اپنے پاس بلا لیا ۔ تین سال لنڈن اور کیمبرج میں مزید تعلیم حاصل کر کے وہ ۱۸۰۹ء میں مالٹا کے راستے حلب (شام) روانہ ہو گیا، جہاں دو سال کے قیام میں اس نے ترکی زبان سیکھنے کے علاوہ اپنے عربی لہجے کو صاف کیا اور قرآن کریم کے مطالب اور فقہ اسلامی میں خاص دسترس پیدا کر لی ۔ پھر شیخ ابراہیم بن عبداللہ اللوزانی کا نام اختیار کر کے تدمیر، دمشق اور بعلبک سے ہوتا ہوا ۱۸۱۲ء میں وہ مصر پہنچا تاکہ اپنی اصل مہم یعنی دریائے نائیجر Niger کے صحرائی منبع تک پہنچنے کا اہتمام کر سکے ۔ مگر اسے فزّان (طرابلس الغرب) کو جانے والا کاروان میسّر نہ آیا ۔ اس نے اس فرصت میں ایک مفلوک الحال شامی سوداگر کے بھیس میں دریائے نیل کے ساتھ ساتھ اسوان تک سفر کیا اور نوبہ کی واحد بندرگاہ سواکن پہنچ کر بحیرۂ قلزم پار کیا اور جزیرۂ عرب میں داخل ہو گیا ۔ اس نے ۱۲۲۹ھ / نومبر ۱۸۱۴ء میں حج کیا ۔ دو تین ماہ مکّۂ مکرّمہ میں گزارے ۔ پھر مدینۂ منورہ کی زیارت کرتے ہوئے وہ جون ۱۸۱۵ء میں قاہرہ پہنچ گیا ۔ اگلے سال جبل سیناء کی سیاحت کر کے پھر جون ۱۸۱۶ء میں قاہرہ واپس آ گیا اور پھر فزّان کے سفر کی تیاری میں لگ گیا ۔ مگر اپریل ۱۸۱۶ء میں وہ بیمار پڑا اور ۵ ذوالحجہ ۱۲۳۲ھ / ۱۷ اکتوبر ۱۸۱۷ء کو نوجوانی کے عالم میں مر گیا ۔ قاہرہ میں اس کی قبر موجود ہے ۔

برکھارٹ کے مقالوں، رسالچوں اور مختلف النوع مجموعوں کی تعداد آٹھ سو تک ہے، جو تقریبًا تین سو پچاس مجلّدات کی شکل میں کیمبرج یونیورسٹی لائبریری میں بذیل شمارہ عمومی Qq محفوظ ہیں ۔ اس کی مندرجۂ ذیل تالیفات چھپ چکی ہیں:

۱ ۔ مجموعة من الامثال العربية (مع انگریزی ترجمہ)، ۱۸۳۰ء؛ ۲ - Travels in Nubia (۱۸۱۹ء)؛ ۳ - Travels in Syria & the Holy Lands، ۱۸۲۲ء؛ ۴ - Travels in Arabia، ۱۸۲۹ء؛ ۵ - Notes on Bedouins & Wahabys، ۱۸۳۰ء۔

مآخذ: (۱) براؤن: Handlist of Muhammadan MSS.، ۱۹۰۰ء، ص ۱۷۵، ۳۴۲ تا ۳۴۵، ۳۷۳ تا ۳۸۰، ۳۸۲: (۲) شیخو: الآداب العربية، ۱۹۰۸ء، ۱: ۱۱؛ (۳) سرکیس: معجم المطبوعات، عمود ۶۰۱؛ (۴) نجیب العقیقی: المستشرقون، ۱۹۴۷ء، ۸۶ تا ۸۷؛ (۵) جواد علی: تاریخ العرب قبل الاسلام، ۱: ۷۵؛ (۶) براکلمان، بامداد اشاریہ؛ (۷) الزرکلی: الأعلام، بذیل مادّۂ یوھن؛ (۸) انسائیکلوپیڈیا بریٹینیکا، لنڈن ۱۸۷۵ء، ۴: ۵۳۱؛ (۹) انسائیکلوپیڈیا امیریکانا، ۱۹۶۰ء، ۵: ۳۳ تا ۳۴؛ (۱۰) Revue d'Egypte، ۱: ۳۳۱؛ (۱۱) H. Schwabe-Burckhardt و C. Burckhardt-Sarasin: Scheikh Ibrahim، ۱۹۰۶ء۔

(رانا احسان الٰہی)

⊗ **بَرکی**: ایک خاندان یا قبیلہ، جس کے افراد اس وقت جالندھر (بھارت) اور پاکستان کے بعض مقامات میں آباد ہیں ۔

برکی، افغانستان کی وادی لوھگڑھ (Loghar) میں، جو کابل سے تیس میل جنوب کی طرف ہے، آباد ہیں ۔ یہ لوگ یوں تو افغانستان کے متعدّد دیہات میں موجود ہیں لیکن ان کی بڑی جمعیت برک برکیاں اور برکی راجن میں رہتی ہے ۔ الفنسٹن Mounstuart Elphinstone نے ان کے کنبوں کی تعداد آٹھ ہزار بتائی ہے (*An Account*

(of the Kingdom of Caubul، ج ۱، باب ۱۲) - وزیرستان کے علاقۂ کانی گرام میں بھی یہ خاصی تعداد میں موجود ہیں - اولف کیرو Olaf Caroe نے ۱۹۵۰ء میں ان کے کنبوں کی تعداد تین ہزار بتائی ہے - کابل کے نواحی گاؤں برکی چکری، گردی کچ، کماری اور کابل کے محلۂ قُرمُل میں بھی برکی آباد ہیں - بقول محمد حسین خان (A Few Phases of the Afghans in Jullunder Basties، ص ۲۰۱) کچھ برکی بتخاک، گردیز اور غزنی میں بھی آباد ہیں - ان کے علاوہ پشاور سے تقریباً دس میل مشرقی جانب آرمُربالا، ارمر میانہ اور ارمر پایان میں برکی آباد ہیں، جو اب دوسرے قبائل میں مل جل گئے ہیں (The Pathans، ص ۲۳) - یہ اپنے آپ کو ''برکی'' کہتے ہیں، لیکن بعض ان میں سے ''اُرمُڑ'' بھی کہلاتے ہیں - یہ دونوں لفظ برکی اور ارمر رفتہ رفتہ ایک ہی قومیت کے مترادف نام ہو گئے (The Problem of the North West : Collin Davies Frontier 1890-1908) - لوھگڑھ اور کانی گرام کے برکی اگرچہ افغانوں میں رہتے تھے، لیکن انہوں نے اپنی زبان اور تمدن برقرار رکھا۔

نسب و نژاد: برکیوں کے نسب و نژاد پر روایات کا پردہ پڑا ہوا ہے - الفنسٹن (کتاب مذکور، باب ۱۲) لکھتا ہے کہ برکیوں کو سپاہیانہ اوصاف کی وجہ سے بڑی شہرت حاصل ہے - وہ اکثر حکومت کو فوجی دستے مہیا کرتے ہیں - ہولڈچ (Col. Sir T.H. Holdich)، جو روسی افغان باؤنڈری کمیشن کا چیف سروے افسر تھا اور بعد میں افغان و ہند باؤنڈری کمیشن کا رکن مقرر ہوا، لکھتا ہے کہ برکی بہت نامور سپاہی ہیں - ان کی رجمنٹ امیر کابل کی معتمد علیہ رجمنٹوں میں شمار ہوتی ہے - اس رجمنٹ کے سپاہی اسی علاقے سے بھرتی کیے جاتے ہیں - جب کسی یورپی سفیر کی حفاظت مطلوب ہوتی ہے تو اس غرض کے لیے لوھگڑھ رجمنٹ ہی کو متعین کیا جاتا ہے (The Indian Borderland 1880-1900، ص ۱۳۰) - الفنسٹن (کتاب مذکور، باب ۱۲) نے لکھا ہے کہ برکی تاجیک نسل سے تعلق رکھتے ہیں جو دوسرے تاجیک قبائل سے اس لحاظ سے مختلف ہیں کہ ان کے اپنے الگ قبیلے اور سردار ہیں - روایات کا اس بات پر اتفاق ہے کہ برکیوں کو سلطان محمود غزنوی نے گیارھویں صدی عیسوی میں اس علاقے میں آباد کیا تھا - یہاں یہ وسیع علاقے کے مالک ہیں۔ لیکن ان کے نسب و نژاد کے متعلق کوئی فیصلہ کن بات نہیں کہی جا سکتی - وہ خود عربی النسل ہونے کا دعوی کرتے ہیں، لیکن بعض وقائع نگاروں کے نزدیک ان کے آبا کُرد تھے - کُرد نسل سے تعلق رکھنے کا ثبوت ان کی زبان سے بھی ملتا ہے - کہا جاتا ہے کہ ان کی زبان ارمری ہے جو مشرقی ایران کی ایک مستقل زبان ہے، محض ایک بولی نہیں (Olaf Caroe : کتاب مذکور، ص ۲۳) - افغانستان میں ایسی زبان کی ترویج کا ذکر پہلی بار شاھنشاہ بابر نے اپنی توزک میں کیا ہے، جس کا ترجمہ مسز بیورج نے بابر نامہ کے نام سے ۱۹۲۱ء میں شائع کرایا تھا - اس میں بابر نے ''برکی'' زبان کو کابل میں بولی جانے والی گیارہ زبانوں میں شمار کیا ہے - مصنف نے یہ بھی لکھا ہے (بابر نامہ، مترجمۂ مسز بیورج، ص ۲۲۵ حاشیہ) کہ ''برکی یا بُرکی'' (زبان) کو عام طور پر ''ارمری'' کہا جاتا ہے، اگرچہ اس زبان کے بولنے والے اسے ''بریگستہ'' کہتے ہیں - یہ وزیرستان کے قصبۂ کانی گرام کے لوگوں کی زبان ہے - اس کا نام برک کی مناسبت سے برکی ہوا، جو وادی لوھگڑھ میں واقع ہے اور جہاں برکی آباد ہیں - یہ زبان ایرانی ہے اور کُردی زبان سے ملتی جلتی ہے - پشتو بلوچی سے اس کا کوئی

marfat.com
Marfat.com

تعلق نہیں ۔ پس عام روایت کے مطابق، نیز برکیوں کی زبان کی بنا پر ، ان کی قرابت کُردوں ھی سے ظاھر ہوتی ھے، جو اس امر سے اَور بھی واضح ہو جاتی ھے کہ ارمر قبیلہ ترکستان میں اب بھی آباد ھے ۔ ارل پرسی Earl Percy ترکیہ کی سیاحت کے سلسلے میں لکھتا ھے کہ ایک کُرد قبیلہ ارمر کردستان کے حکّیاری Hakkiari علاقے میں آباد ھے، جو ترکیہ کے انتہائی جنوب مشرق میں ھے اور یہ لیمرک Julemerik سے تیس میل کے فاصلے پر ھے ۔ اس علاقے کے ایک سلسلۂ کوہ کا نام ارمر طاغ ھے ۔ اس کی مزید وضاحت پرسی کے اس بیان سے ہوتی ھے کہ دو اَور کُرد قبائل اب بھی کانی گرام میں موجود ھیں (*Highlands of Asiatic Turkey*، ص ۲۰۶) ۔ ایک اَور قبیلہ، جس کا ذکر ارل پرسی نے کیا ھے، زیرانی ھے، جو ارمر کے قریب آباد ھے (کتاب مذکور، ص ۱۹۱ حاشیہ) ۔ یہ بھی کانی گرام کے برکیوں کی ایک شاخ ھے ۔ کُردوں کا ایک قبیلہ ''شیخان'' کے نام سے موسوم ھے، جو اربیل (عراق) کے قریب آباد ھے (.Capt. S. A Waheed : *Kurds and their country*، ص ۱۸۱) ۔ یہ بھی برکیوں ھی کی ایک شاخ ھے ۔ آخر میں یہ امر بھی قابلِ ذکر ھے کہ مشرقی پنجاب کے دو قصبوں ارمر اور ٹانڈہ کے برکی بختیاری قبیلے سے تعلق رکھتے ھیں، جو تقسیم ہندوستان کے بعد پاکستان میں آباد ہوے ھیں ۔ ان حقائق کی بنا پر کہا جا سکتا ھے کہ برکی مغربی ایران کے مشہور بختیاری قبیلے سے تعلق رکھتے ھیں، جن کے علاقے کی سرحد کُردستان سے ملی ہوئی ھے، نیز یہ کہ برکیوں کے خاندان، جو ترک وطن کر کے افغانستان آئے، دراصل کُردستان کے رہنے والے تھے۔

برکیوں کا ورودِ ھند : برکی خاندان کے کچھ افراد سکندر لودھی کے زمانے میں وزیرستان کے قصبۂ کانی گرام سے ایک صوفی باصفا شیخ احمد غوث انصاری (م ۹۹۹ھ) کی معیت میں جالندھر آئے ۔ شیخ احمد غوث کے مورثِ اعلٰی ابراھیم دانشمند دس واسطوں سے اپنا سلسلۂ نسب مدینۂ منورہ کے خالد انصاری (۵۰ھ) سے ملاتے ھیں ۔ ابراھیم اپنے پیر بھائی مخدوم بہاء الدین زکریا ملتانی (۵۰۶ تا ۶۶۶ھ) سے ملنے ملتان آئے اور پھر حضرت مخدوم کے ارشاد پر وطن واپس جانے کا ارادہ ترک کرکے کوھستان سلیمان میں برکی قوم کی تعلیم و تربیت کے لیے کانی گرام کے قریب سکونت پذیر ہو گئے (علی محمد : تذکرۃ الانصار، ص ۲۱، ۲۸) ۔ مولانا ابراھیم دانشمند کے چار بیٹے تھے : (۱) شیخ محمود، جن کی نسل سے بایزید انصاری موسوم بہ پیر روشان [رَکَ بآں] ہوے؛ (۲) شیخ سراج الدین : ان کی نسل سے شیخ درویش تھے، جن کے ساتھ برکی ۱۶۱۸ء میں جالندھر آئے؛ (۳) شیخ یوسف، جن کی اولاد دانشمندی انصار تھے؛ (۴) شیخ لعل، جو لاولد فوت ہوے۔

برکیوں نے جالندھر کے آس پاس ذیل کی بستیاں آباد کیں : (۱) بستی دانشمنداں؛ (۲) بستی شیخ درویش؛ (۳) بستی بابا خیل؛ (۴) بستی پیر داؤد؛ (۵) بستی غزاں؛ (۶) محلہ برک (= کرارخاں)، جالندھر شہر : (۷) محلہ راستہ (= اخوند)، جالندھر شہر (*A Glossary of the Tribes and Castes of the Panjab and the North West Frontier Provinces*، بذیل مادّۂ برکی).

مرزا خاں، جن کا نام مرزا خاں اور لقب اوحد الدین تھا، عربی اور فارسی کے جیّد عالم تھے ۔ انھوں نے رسول اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم کی حیات طیّبہ نظم الدُّرر والمرجان فی تلخیص سِیَر سید الانس والجانّ کے نام سے تصنیف کی ۔ اس کا ایک خطی نسخہ کتب خانۂ دانش گاہ پنجاب، ذخیرۂ مخطوطات

marfat.com
Marfat.com

شیرانی، میں موجود ہے (عدد ۲۱۵۸) - ۱۱۳۷ھ میں علیم اللہ الحسینی جالندھری نے نثر الجواہر فی تلخیص سیر ابی الطیب و الطاہر کے نام سے اس کا فارسی میں ترجمہ کیا، جو ۱۹۰۲ء میں پیسہ اخبار لاہور سے شائع ہوا - مترجم نے دیباچے میں لکھا ہے : ''میں نے محسوس کیا کہ اوحد الدین میرزا خان البرکی ثم الجالندھری کی عربی کتاب نظم الدرر و المرجان فی تلخیص سیر الانس والجان اگرچہ مبسوط نہیں، لیکن یہ نادر معلومات پر محیط ہے اور ہر چند کہ خواص اس سے بہرہ مند ہوتے ہیں لیکن عوام اس کے اشارات سے محروم رہتے ہیں، اس لیے مجھے خیال آیا کہ ایسے لوگوں کو سمجھانے کے لیے اختصار کو بصورت تفصیل پیش کرکے اس کا ترجمہ نثر الجواہر فی تلخیص سیر ابی الطیب و الطاہر کے نام سے فارسی میں کروں - پس میں نے ترجمہ شروع کر دیا'' (ص ۲) .

سٹوری نے نظم الدرر اور نثر الجواہر دونوں کا ساتھ ساتھ ذکر کیا ہے - لیکن تفصیل بتاتے ہوے اس سے سہو ہو گیا ہے - اس نے لکھا ہے کہ کتاب نظم الدرر علیم اللہ الحسینی کی تصنیف ہے اور اس کا ترجمہ مرزا خاں نے نثر الجواہر کے نام سے کیا ہے (*Persian Literature*، ص ۱۰۶۲)، لیکن جیسا کہ اوپر کی عبارت سے واضح ہے، حقیقت اس کے برعکس ہے .

مرزا خاں نے نظم الدرر کے علاوہ مندرجۂ ذیل رسائل بھی تصنیف کیے، جن کے خطی نسخے کتب خانۂ دانشگاہ پنجاب، ذخیرۂ مخطوطات شیرانی میں موجود ہیں : (۱) کتمان الاسرار (عدد ۲۱۵۸، اوراق ۵۶، ورق ۱ تا ۱۶ موجود نہیں)؛ (۲) تنبیہ الاغبیا (عدد ۲۱۵۸)؛ (۳) شرح اقوال جنید بغدادی (عدد ۲۱۵۸) - انھوں نے سماع پر بھی ایک رسالہ تصنیف کیا، جس کا حوالہ ان کے فرزند بہلول برکی نے اپنے ایک رسالے سیف المسلول کے دیباچے میں دیا ہے .

برکی خاندان نے علمی خدمات کا سلسلہ بدستور جاری رکھا - مرزا خاں کے فرزند بہلول بھی نامور عالم اور ادیب تھے - انھوں نے اپنا نام بہلول گول برکی بتایا ہے (رک بہ مخطوطۂ شرح مثنوی، اوراق ۲۳، ۲۷، ۴۴) - بعض مشہور فارسی شعرا کے دواوین کی شرحیں آپ کی یادگار ہیں، جو بصورت مخطوطات کتب خانۂ دانشگاہ پنجاب، لاہور، ذخیرۂ مخطوطات شیرانی، میں موجود ہیں - ان کی تفصیل درج ذیل ہے : (۱) شرح دیوان حافظ (عدد ۲۲۲۷، اوراق ۷۸: اس شرح کا دوسرا خطی نسخہ، عدد ۲۲۸۹، اوراق ۸۶) - ایک خطی نسخہ راقم الحروف کے ذاتی کتب خانے میں بھی موجود ہے (اوراق ۱۳۱، خط نستعلیق شکستہ آمیز، عبارت گنجان، سطور پچیس فی صفحہ، سائز سوا نو انچ × پونے سات انچ) - مصنف نے خاتمۂ کتاب میں لکھا ہے کہ یہ تالیف شاہنشاہ اورنگ زیب کی وفات کے ایک سال بعد، یعنی ۱۱۱۹ھ میں، مکمل ہوئی ؛ (۲) شرح دیوان صائب (عدد ۲۱۸۱، اوراق ۱ تا ۴۹) ؛ (۳) شرح دیوان ناصر علی (عدد ۲۱۸۱، اوراق ۵۰ تا ۱۰۵) ؛ (۴) شرح دیوان غنی (عدد ۲۱۸۱، اوراق ۱۵۱ تا ۱۸۴)؛ (۵) شرح مثنوی (عدد ۶۳۶۷، اوراق ۱۷۷؛ اس کے دوسرے نسخے کے لیے دیکھیے سیّد عبداللہ : *A Descriptive Catalogue...*، ۱/۲ : ۲۱۰).

مذکورۂ بالا شروح کے علاوہ بہلول کول نے دو رسالے بھی لکھے، جن کے خطی نسخے کتب خانۂ دانشگاہ پنجاب، ذخیرۂ مخطوطات شیرانی، میں موجود ہیں : (۱) سیف المسلول (عدد ۱۳۷۴، اوراق ۱۲)؛ (۲) عقائد علیہ در مذہب صوفیہ (عدد ۱۳۷۴ ب، اوراق ۱۸).

بہلول کا ایک ہی بیٹا یحیٰی نامی تھا، جو

marfat.com
Marfat.com

سکھوں کے خلاف لڑتے ہوئے ۱۷۵۷ء میں شہید ہوا ۔
برکی خاندان کے ایک ناموربزرگ شیخ العالم میاں شیخ درویش (م ۱۰۸۲ھ / ۱۶۷۱ء) تھے ۔ شیخ العالم اور ان کے مورث اعلیٰ ابراہیم دانشمند کے حالات میاں منصور کی تصنیف نفحات الاسرار اور دوسرے رسالوں میں ملتے ہیں ۔ یہ حالات علی محمد انصاری دانشمند نے اپنی کتاب تذکرۃ الانصار میں جمع کیے ہیں ۔ تذکرۃ الانصار پونے دو سو صفحات پر مشتمل ہے ۔ اس میں ایک مقدمہ، اکیس مقالے اور ایک خاتمہ ہے ۔ اس کا ایک خطی نسخہ راقم الحروف کو خان زمان خاں صاحب نے جالندھر میں دکھایا تھا ۔ علی محمد انصاری نے محلہ راستہ کے برکیوں میں سے مندرجۂ ذیل اکابر کا ذکر کیا ہے :-

(۱) میاں علی شیر حافظ خیل دانشمند : آپ صاحب کشف و کرامات تھے ۔ دانشمندوں میں وہ سب سے پہلے جالندھر آئے؛ (۲) شیخ سلطان ادریس خیل دانشمند؛ (۳) شیخ عبدالرحمٰن ادریس خیل دانشمند : صاحب کرامت بزرگ تھے اور شیخ احمد غوث کے، جن کا اوپر ذکر آ چکا ہے، ہم عصر تھے؛ (۴) شیخ جلال بن شیخ سلطان ادریس خیل دانشمند : نوکری پیشہ تھے اور قصبۂ هانڈیہ (برہان پور) کی سرکار میں متعین تھے؛ (۵) قطب الزمان شیخ عثمان دانشمند (م ۱۰۴۰ھ / ۱۶۳۰ء) : اسی خاندان کے نامور عالم تھے ۔ ان کا شمار اس وقت کے اولیاے کرام میں ہوتا تھا ۔ آپ شیخ الاعظم پیر ولی اور خواجہ عبدالباقی نقشبندی دهلوی سے فیض یاب ہوئے ۔ رسالۂ اسراریہ میں ان کے مفصل حالات درج ہیں ۔ ان کے مریدوں میں سے ایک صاحب باقی خان تھے، جو شاہجہان کے درباری امیر تھے ۔ ان کی تصنیفات تحفۃ القلوب، ہدیۃ الارواح اور چہل مکتوب ہیں ۔ مؤخرالذکر کا اردو ترجمہ ملک چنن دین نے لاہور سے طبع کرایا ۔ ایک رسالہ شوقیہ و ذوقیہ بھی ان کی طرف منسوب ہے ۔ شیخ عثمان کے بعد ان کے حقیقی بھائی کے پوتے میاں عبدالقادر بن میاں عبداللہ مسندِ خلافت پر بیٹھے ۔ آپ ۱۱۰۳ھ میں فوت ہوئے ۔ شیخ عثمان کے ایک مرید شیخ جوہر بن میر محمد مدد خیل تھے ۔ یہ بھی حضرت شیخ یوسف بن ابراہیم دانشمند کی اولاد میں سے تھے ۔ انھوں نے ایک رسالہ تصنیف کیا، جس میں محلہ راستہ کے دانشمندی بزرگوں اور اپنے بعض عزیزوں کے حالات لکھے، جو نواح بجواڑہ ضلع ہوشیارپور میں مقیم تھے ۔ انھوں نے دینی مسائل پر بھی ایک کتاب لکھی، جس کا نام جواہر الفقہ تھا ۔ ان کی تاریخ وفات ۱۰۸۳ھ ہے (مزید تفصیلات کے لیے دیکھیے محمد جہانگیر خاں : شیخ العالم میاں شیخ درویش، در اورینٹل کالج میگزین، فروری ۱۹۵۵ء، خصوصاً ص ۴۷، ۵۳، ۵۵)۔

**مآخذ** : (۱) علی محمد دانشمن (= دانشمند) : تذکرۃ الانصار (مخطوطہ)؛ (۲) محمد جہانگیر خاں، در اورینٹل کالج میگزین، فروری ۱۹۵۵ء؛ (۳) R.C. Temple، *The Legends of the Punjab*، ج ۳ (ج ۸)؛ (۴) خان محمد حسین خان : *A Few Phases of the Afghans in Jullunder Basties*؛ (۵) Olaf Caroe : *The Pathans*، مطبوعۂ میکمیلن کمپنی، ۱۹۶۲ء؛ (۶) Collin Davies : *The Problems of the North West Frontier, 1890-1908*؛ (۷) Holdich : *The Indian Borderland 1880-1900*، مطبوعۂ Mathuen and Co.، ۱۹۰۱ء؛ (۸) Earl Percy : *Highlands of Asiatic Turkey*؛ (۹) Capt. S.A. Waheed : *The Kurds and their Country*؛ (۱۰) H. A. Rose : *A Glossary of the Tribes and Castes of the Punjab and the North West Frontier Provinces*، مطبوعۂ سول اینڈ ملٹری گزٹ پریس، لاہور ۱۹۱۱ء، ج ۲؛ (۱۱) C.A. Storey : *Persian Literature*؛ (۱۲) سید عبداللہ : *A Descriptive Catalogue of Persian*

marfat.com
Marfat.com

*Urdu and Arabic Manuscripts in the Panjab University Library*، ج ۱، کراسہ ۲؛ (۱۳) Mountstuart Elphinstone : *An Account of Kingdom of Caubul*،
(محمد جہانگیر خان)

**بَرْکْیارُوق**: (بِرْکْیارُق) چوتھا سلجوقی سلطان، جس کے عہدِ حکومت میں سلطنت کا زوال نمایاں طور پر شروع ہو گیا۔ وہ مَلِکْشاہ کا سب سے بڑا بیٹا تھا لیکن باپ کی وفات (شوال ۴۸۵ھ / نومبر ۱۰۹۲ء) کے وقت اس کی عمر صرف تیرہ سال تھی۔ اگرچہ مَلِکْشاہ بھی اسی عمر میں تخت پر بیٹھا تھا، لیکن اسے اپنے وزیر اور اتابک نظام الملک کی رہنمائی حاصل تھی۔ اس کے برخلاف بَرْکْیارُوق کے درباریوں میں کوئی شخص ایسا نہ تھا جسے مسلّمہ اقتدار حاصل ہو۔ مزید برآں مَلِکْشاہ کی آخری بیوی تُرکان خاتون، جو خود ایک شریف ترین خاندان سے تھی، اپنے خاوند کی زندگی کے آخری ایام میں اس پر پوری طرح حاوی تھی اور اب چونکہ خزانہ اسی کے قبضہ و اختیار میں تھا اس لیے اس نے بغداد میں اپنے چار سالہ بیٹے محمود کے سلطان ہونے کا اعلان کر دیا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس وقت تک سلطنت کی وراثت کے معاملے میں خلیفہ کا فیصلہ ایک اہم عنصر بن چکا تھا، بحالیکہ اس سے قبل اس کا فیصلہ خود سلجوقی خاندان کے اندر ہی ہوتا رہا تھا۔ مزید برآں تاج الملک، جو ترکان خاتون کے مشیر نظام الملک کا جانشین اور دشمن تھا، اس کے پیرووں کی خاصی بڑی مسلّح جماعت کو، جو سابق وزیر کے بیٹوں کے گرد و پیش اکٹھی ہو گئی تھی، ختم کرنے میں کامیاب نہیں ہو سکا تھا اور انتقام کے درپے تھا۔ نظام الملک کے ساتھیوں نے بَرْکْیارُوق کو اِصفہان سے اغوا کر لیا اور اپنے مرکز رے میں اس کی بادشاہت کا اعلان کر دیا۔ سب سے آخری بات یہ ہوئی کہ چونکہ کوئی قانونِ وراثت موجود نہ تھا بلکہ ایک مبہم سی قبائلی [حکومت میں] افراد خاندان کے اشتراک اور وسیع تر معنوں میں خاندان کے سب سے بڑے فرد کے تفوّق کے حق میں تھی، اس لیے بَرْکْیارُوق کے ماموں اور مَلِکْشاہ کے چچا زاد بھائی اسمٰعیل بن یاقوتی، نیز اس کے بھائی تُتُش [رکّ بآں]، جو شام میں اس کی طرف سے حاکم تھا، اور اس کے دوسرے بھائی اَرْسلان اَرْغُون، جو خراسان میں سرگرم عمل تھا، [تینوں] کو تخت کا دعویدار ہونے کا موقع مل گیا۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ایک پیچیدہ قسم کی خانہ جنگی شروع ہو گئی جو آگے چل کر اُن چھوٹی موٹی جھڑپوں کے مقابلے میں جو آلْپ اَرْسلان [رکّ بآں] اور مَلِکْشاہ کی تخت نشینی کے وقت ہوئی تھیں کہیں زیادہ خطرناک ثابت ہوئی۔ بالآخر بَرْکْیارُوق غالب آیا، اس لیے کہ پہلے تو نظام المک کے پیرووں کے ہاتھوں تاج الملک قتل ہو گیا، پھر تُرکان خاتون اور محمود بھی لقمۂ اجل بن گئے۔ اسمٰعیل بھی، جس نے کبھی تُرکان خاتون کا ساتھ دیا اور کبھی بَرْکْیارُوق کا، انہیں لوگوں کے ہاتھوں مارا گیا۔ دریں اثنا تُتُش، جو ان دعویداروں میں سب سے زیادہ خطرناک تھا، سارے عراق (بشمول بغداد) میں اپنا اقتدار تسلیم کروانے میں کامیاب ہو چکا تھا اور اس نے ایران کی سطح مرتفع پر حملہ کر دیا تھا لیکن پہلے تو اس کے بڑے شامی امیروں، یعنی حلب کے آق سُنقُر اور الرُّہا (Edessa) کے بُوزان نے اس کا ساتھ چھوڑ دیا اور پھر امرائے ایران بھی ایک نئی حکومت کے ظہور میں آ جانے کے خوف سے اس کے مقابلے میں کھڑے ہو گئے اور تُتُش آخری جنگ میں کام آیا۔ باقی رہا اَرسلان اَرْغُون، جس کا مقصد صرف یہ تھا کہ خراسان کو ایک آزاد باجگزار علاقہ بنا دے، تو وہ بھی بُوری بَرس کو، جو ملک شاہ کا سب سے آخری بھائی تھا اور جسے بَرْکْیارُوق نے اس کے خلاف مہم پر بھیجا تھا،

marfat.com
Marfat.com

مغلوب کرنے کے کچھ عرصے بعد مر گیا ۔ یوں برکیاروق کو ۴۸۸ھ/ ۱۰۹۵ء کے بعد سے خلیفہ نے اپنی سلطنت کے عرب صوبجات اور ایران کی سر زمین مرتفع کا حکمران تسلیم کر لیا اور آئندہ سال وہ خراسان کے صوبے کی اطاعت و انقیاد حاصل کرنے اور سمرقند اور غزنہ پر بھی از سرِ نو سلجوقی سیادت کا دعوٰی کرنے کی غرض سے اصفہان کی جانب روانہ ہو گیا ۔ لیکن وہ سلطنت جس پر اس کی فرمانروائی تھی اس سلطنت سے قطعًا کوئی مناسبت نہیں رکھتی جس پر اس کے پیش رو حکومت کرتے آئے تھے۔

آلپ آرسلان نے اور بالخصوص ملکشاہ نے پہلے ھی سے اپنے خاندان کے شاہزادوں اور بعض استثنائی صورتوں میں بڑے بڑے امرا کے لیے بھی جاگیریں اور بڑے بڑے مناصب قائم کر دیے تھے، لیکن اس تقسیم کا اثر فی الجملہ سرحدی علاقوں اور دور دراز کے اضلاع ھی پر پڑا تھا اور بعض خطرناک حوادث کے باوجود اس سے سلطنت کے اتحاد میں کوئی زیادہ فرق نہیں آیا تھا ۔ برکیاروق کے عہد میں صورتِ حال بدل گئی اور سلطنت نے آزاد حکمرانوں کے ایک وفاق کی صورت اختیار کر لی ۔ شام میں تُتُش کے بیٹوں، یعنی دُقاق حاکمِ دمشق اور رُضوان حاکمِ حلب نے اصولًا اس کی سیادت کو تسلیم کر لیا تھا، لیکن برکیاروق کو کبھی ان کے معاملات میں دخل دینے کی ہمت نہیں ہوئی ۔ خراسان کی طرف مشرق کے ناقابل عبور پہاڑی علاقوں میں برابر باغیوں کا زور رہا، جن میں ملکشاہ کے ایک چچا زاد بھائی کے علاوہ یَبْغُو کی اولاد میں سے ایک شخص اور طُغرِل بیگ کا بھائی وغیرہ شامل تھے؛ لہذا برکیاروق نے مصلحت اسی میں دیکھی کہ تمام خراسان کو بطورِ جاگیر اپنے بھائی سَنْجَر کے سپرد کر دے اور اس کی مدد کے لیے ایک والی مقرر کر دے ۔ اس نے آذربیجان اور اس کے سرحدی اضلاع میں بھی یہی کیا، جو ایک پُر خطر سرحدی علاقہ تھا (جیسا کہ اسمٰعیل بن یاقوتی کی [ناکام] کوشش سے ثابت ہوا تھا)، کیونکہ ترکمانوں کے گروہ ہمیشہ ہر ایسے اقدام کا ساتھ دینے کے لیے تیار رہتے تھے جس میں لوٹ کھسوٹ کا موقع ملنے کا امکان ہو ۔ اس علاقے میں برکیاروق نے اپنے سب سے چھوٹے بھائی محمّد کو متمکّن کر دیا اور اپنی طرف سے ایک اتابگ مقرر کر کے اس کے ساتھ بھیج دیا ۔

بہر کیف برکیاروق کے مصائب کا اب بھی خاتمہ نہ ہو پایا ۔ محمّد اور سَنْجَر کو، جو ایک ھی والدہ سے تھے (لیکن برکیاروق کی والدہ سے نہیں)، خاص طور پر نظام الملک کے بیٹے مؤیّد الدین نے (جسے برکیاروق نے اپنے ایک بھائی کے حق میں، جس سے اس کا جھگڑا ہو گیا تھا، وزارت سے برطرف کر دیا تھا) ورغلایا کہ وہ اپنے بڑے بھائی کے اقتدار کا جوا اتار پھینکیں اور اس کے خلاف بغاوت کر دیں ۔ کئی لڑائیوں کے بعد، جنھوں نے بعض امرا کے پیہم کبھی ایک اور کبھی دوسرے کے ساتھ ہو جانے کی وجہ سے بہت پیچیدہ صورت اختیار کر لی تھی اور جن کے دوران میں دونوں گروہوں کے سرغنہ باری باری فرار ہونے پر مجبور ہوتے رہے، طرفین کے معتدل عناصر کی کوششوں سے ایک معاہدہ مرتب ہو گیا ۔ اس معاہدے کی رو سے محمّد کو ''مَلِک'' کا خطاب ملا اور اسے برکیاروق کے زیرِ سایہ آذربیجان کا، جس میں ارمینیہ بھی شامل تھا، حکمران بنا دیا گیا اور برکیاروق بلا شرکتِ غیرے سلطان تسلیم کر لیا گیا ۔ محمّد کو یہ معاہدہ پسند نہ آیا ۔ اس نے دوبارہ لڑائی شروع کر دی، لیکن بالآخر اسے مجبور ہو کر ارمینیہ کی طرف بھاگنا پڑا ۔ بایں ہمہ آخر کار برکیاروق، جو بیمار تھا اور لڑائی سے تنگ آ

Marfat.com

تھا، ۴۹۷ھ / ۱۱۰۳ - ۱۱۰۴ء میں سلطنت کی عملی تقسیم پر راضی ہو گیا۔ اگرچہ اس نے جبال اور رے کے علاوہ طبرستان، فارس، خوزستان، بغداد اور مقاماتِ مقدسہ، بالفاظ دیگر تمام وہ شہر جو حد درجہ اہمیت رکھتے تھے اور سلطنت کے مرکزی علاقوں کا قلب تھے، اپنے پاس ہی رکھے، تاہم اسے مجبوراً اپنے بھائی کو اصفہان، نصف عراق اور آذربیجان سے لے کر شام تک پورے سرحدی علاقے کا فرمانروا تسلیم کرنا پڑا اور صلیبی جنگ کی قیادت بھی اسے تفویض کرنا پڑی۔ باقی رہا سَنْجر، تو اسے اس کی اجازت دی گئی کہ وہ بیک وقت اپنے اور محمد کے نام کا خطبہ پڑھوائے اور اس میں برکیاروق کا کوئی ذکر نہ ہو۔ یہ کہنا مشکل ہے کہ اگر برکیاروق جلد ہی نہ مر جاتا اور اس کے مرنے کے بعد محمّد کے عہد میں سلطنت کا ایک عارضی اتّحاد ظہور میں نہ آ گیا ہوتا اور اسے بارآور ہونے کا موقع مل جاتا تو اس معاہدے کا کیا نتیجہ نکلتا۔ بہر حال ان علاقوں میں بھی، جو دونوں بھائیوں کو اس معاہدے کی رو سے ملے تھے ان کے اختیار و اقتدار کی حقیقت ہرگز مسلّم نہ تھی۔

مختلف علاقوں میں آزادی اور خود مختاری کی جو کوششیں ہو رہی تھیں ان پر نظر رکھنا قطعاً ممکن نہیں تھا، اور امرا کی، جو دونوں مدّعیوں میں سے کبھی ایک کی طرف ہو جاتے تھے کبھی دوسرے کی طرف، تائید و اعانت خریدنے کے سوا کوئی چارہ نہ تھا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ بالائی عراق عرب میں بھی کربغا اور بالخصوص اس کا جانشین چکرمِش موصل میں قریب قریب خودمختار نظر آتے تھے اور دوسری طرف ارتقی اپنے مفاد کے لیے دیارِ بکر کو ایک کرنے کے ابتدائی اقدامات کر رہے تھے۔ ارمینیہ میں ان ترکمانی ریاستوں کے

جو سابقہ بوزنطی علاقے میں قائم ہو چکی تھیں اور اَنی کی رَوّادی ریاست کے ساتھ سُکمان القُطْبی کی ریاست کا بھی اضافہ ہو گیا، جو اسمٰعیل کے سابقہ عمّال میں سے تھا اور جس نے اَخلاط میں اپنے شاہ آرمین ہونے کا اعلان کر دیا۔ عراق کی سرحدوں پر بَتِیْحہ [= بَطِیْحہ] کے حکمرانوں اور مَزْیَدی عربوں کی قوت قابلِ اعتنا حد تک بڑھ گئی۔ خراسان اور بحیرۂ خَزَر کے صوبوں سے قطع نظر، جہاں آزاد ریاستوں کے وجود کو ہمیشہ سے تسلیم کیا جاتا رہا تھا، اور قدیم بُویہی اور کُرد خاندانوں کی ان ریاستوں کے علاوہ جن کے وجود کو سلجوقی ہمیشہ گوارا کرتے رہے، ایران بلکہ خُوزستان تک میں بھی بعض موروثی جاگیردار خاندانوں کی تشکیل دیکھنے میں آتی ہے۔ یہ جاگیردار بڑے بڑے سلجوق حکّام کی نسل سے تھے، جن میں سب سے مشہور تستر کے مقام پر بُرسُق کے بیٹوں کا خاندان تھا۔ مندرجۂ ذیل افراد یکے بعد دیگرے برکیاروق کے وزیر ہوئے: نظام الملک کے تین بیٹے، یعنی عِزّالمُلک (م ۴۸۷ھ/۱۰۹۴ء)، مُؤیّد المُلک (ایک ہی سال کے بعد معزول ہوا) اور فخرالمُلک (۴۹۳ھ / ۱۰۹۶ء [کذا، صحیح ۱۰۹۹ - ۱۱۰۰ء]) پھر عبدالجلیل الدِّھستانی (جو لڑائی میں مارا گیا) اور المَیْبذِی (۴۹۵ھ / ۱۱۰۱ء تا ۴۹۸ھ / ۱۱۰۴ء)۔

اس کے عہدِ حکومت کے مناقشات سے حسن بن الصبّاح کے اسمٰعیلی نزاریوں نے فائدہ اٹھایا اور شمالی ایران کے پہاڑوں اور اصفہان کے قرب و جوار میں ناقابلِ تسخیر قلعوں پر قابض ہو گئے۔ اس کے علاوہ صحرا میں طَبَس کی سابقہ اسمٰعیلی ریاست بھی ان کے تصرّف میں آ گئی؛ چنانچہ جب نظام الملک کے ساتھی محمد اور سنجر کے طرف دار بن گئے تھے تو برکیاروق کا نائب طبس سے بھی اس کے لیے

marfat.com
Marfat.com

بہت سے امدادی دستے بھرتی کرتا نظر آتا ہے؛ تاہم اسمٰعیلیوں کو جو اثر و اقتدار حاصل ہو گیا تھا اور برکیاروق کے حامیوں میں اس رواداری کے باعث جو اس نے اسمٰعیلیوں کے ساتھ روا رکھی تھی جو بددلی پیدا ہوگئی تھی اس کی وجہ سے برکیاروق کو اپنے عہدِ حکومت کے آخری ایام میں خطرہ محسوس ہونے لگا اور اس نے بغداد اور ایران میں اسمٰعیلیوں کے قتلِ عام کی حوصلہ افزائی کی، گو ان کی قوت کو توڑنے کی کوئی تدبیر عمل میں نہیں لائی گئی۔

برکیاروق نے ربیع الآخر ۴۹۸ھ / ۱۱۰۵ء کے آغاز میں پچیس سال کی عمر میں وفات پائی۔ وہ یقیناً کوئی بڑا آدمی نہ تھا اور جس بھونڈے پن سے اس نے نظام الملک کے پیرووں کو اپنا مخالف بنا لیا وہ واقعی بڑی سخت غلطی تھی۔ تاہم یہ بات کبھی فراموش نہیں کرنا چاہیے کہ وہ نہایت کم عمر تھا اور اس امر کو نظر انداز کر دینا بے انصافی ہو گی کہ انتشار کے جو پہلو اس کے عہد میں رونما ہوے وہ در پردہ بڑے سلجوق سلاطین کے زمانے میں بھی موجود تھے۔

مآخذ: (۱) سلجوقوں کی تاریخ از عماد الدین اصفہانی (وبنداری کے نسخے کی طبع از ہوتسما، در *Recueil*، ج ۲، ۱۸۸۸ء)، جس کا متعلقہ حصّہ وزیرانوشیروان کے فارسی تذکرے پر مبنی ہے؛ (۲) ابن الأثیر: الکامل، ج ۱۰، جس میں عراقی، خراسانی اور دوسرے ذرائع سے حاصل معلومات جمع کر دی گئی ہیں؛ علاوہ اس مواد کے جو متذکرۃ الصدر تصنیف میں فراہم کر دیا گیا ہے؛ (۳) ظاہر الدین نیشاپوری: سلجوق نامہ، تخمینی متن، طبع جلالہ خاور، تہران ۱۹۵۳ء مع اس پر مبنی راحۃ الصدور از الراوندی، طبع محمد اقبال، در *GMS*، ۱۹۲۱ء؛ ان میں تتش کی بغاوت کے لیے شامی تاریخ کے مسلم اور عیسائی مآخذ کا اضافہ کر لیا جائے، بالخصوص (۵) ابن القلانسی، طبع Amedroz؛ نیز دیکھیے: (۶) فارسی میں مجمل التواریخ از نامعلوم مصنّف، طبع بہار، ۱۹۳۸ء؛ (۷) مختصر مگر اسی عہد کی تصنیف، اور ماری Mari وغیرہ کے نسطوری تذکرے، طبع Gismondi؛ جدید تصانیف: (۸) Defrémery: *Recherches sur le règne du Sultan Barkyarok*، در *JA*، ۱۸۵۳ء؛ (۹) ثناء اللہ: *The Decline of the Saldjukid Empire*، کلکتہ ۱۹۳۸ء؛ (۱۰) M. G. Hodgson: *The Order of the Assassins*، ۱۹۵۵ء؛ [(۱۱) مودودی: سلاجقہ، لاہور].

(CL. CAHEN)

**بُرگَس**: [= برغوس] (بُرگز)، زوسوپولس Zossopolis، قدیم اپولونیا Appolonia کے قریب) جاے وقوع ۴۲ درجے ۳۰ دقیقے عرض بلد شمالی، ۲۷ درجے ۲۸ دقیقے طول بلد مشرقی، ورنا Varna کے بعد بلغاریا کی سب سے بڑی بندرگاہ اور پانچواں بڑا شہر۔ برگس ایک ضلع کا مرکز اور سیرو سیاحت کا مقام ہے، جہاں جدید طرز کی بندرگاہ تیار ہو چکی ہے اور پارچہ بافی، مچھلی کے شکار اور نمک کے کارخانے ہیں۔ یہ شہر خلیج برگس پر واقع ہے اور ۱۳۷۶ھ/۱۹۵۶ء میں اس کی آبادی تینتالیس ہزار چھے سو چوراسی (ضلع کی بہتر ہزار سات سو پچانوے) تھی۔ اس کا یہ نام یونانی پرگوس Pyrgos سے مأخوذ ہے۔ ۷۶۸ھ / ۱۳۶۲ء تا ۷۷۹ھ / ۱۳۶۸ء کے لگ بھگ [سلطان] مراد اوّل نے برگس کے ضلع پر قبضہ کر لیا (B. de la Brocquière، ص ۱۶۸ تا ۱۷۰ اور اس کا حوالہ در Jorga: *GOR*، ۱: ۲۰۷؛ اوزون چار شیلی I.H. Uzunçarşili: عثمانلی تاریخی، ۱: ۶۱، ۶۹؛ دانشمند I. H. Danismend: *Kronoloji*...، ۱: ۴۷ تا ۴۸)۔ عثمانی تاریخ میں برگس نے معمولی سا حصّہ لیا۔ یہ بلقان کی مہمات میں بحری بیڑے اور جہازسازی کا مرکز تھا

marfat.com
Marfat.com

خاص طور پر جنگ لیپانٹو Lepanto ۹۷۹ھ/ ۱۵۷۱ء کے بعد سے (اوزون چارشیلی Uzunçarşili : کتاب مذکور، ۲ : ۲۳۰، ۳، بار اوّل، ص ۲۱) - ایک عثمانی اصلاحی کمیشن نے، جو جدید طرز کے استحکامات کی تحقیق کر رہا تھا، ۱۱۹۸ھ/ ۱۷۸۳ء میں اس شہر کے قلعے کا معائنہ کیا (وہی کتاب، ۴، بار اوّل : ۴۸۳) اور جب ۱۲۴۵ھ/ ۱۸۲۹ء میں روسی ادرنہ پر چڑھائی کر رہے تھے تو یہی شہر ان کے اترنے کا مقام تھا - ۱۲۷۲ھ/۱۸۵۵ء میں اس شہر میں پولینڈ کے شاعر Adam Mickiewicz نے کچھ عرصہ قیام کیا - انیسویں صدی کے اواخر میں بلغاریا کی تحریکِ آزادی میں، جو ۱۳۲۶ھ/ ۱۹۰۸ء میں انتہا کو پہنچی، بُرگس نے کوئی حصہ نہیں لیا.

استانبول کے سامنے واقع جزائر پرنس (قدیم زمانے کا Antigone) میں سے ایک کا نام بھی بورگز ہے (G. Schlumberger، ترجمہ یونگول N. Yüngül : استانبول آطہ لری *Istanbul Adalari*، استانبول ۱۹۳۷ء؛ Cainet، ۳ : ۶۸۳ تا ۶۸۷؛ E. Mamboury : *The Tourists' Istanbul*، استانبول ۱۹۵۳ء) اور جنوبی ترکی کے دس دیہات کا بھی (ترکیہ ده مسکون یرلری قلاوزی، ج ۱، تا ۴، انقرہ ۱۹۴۶ تا ۱۹۴۷ء؛ نیز یہی نام آرابہ بورگز Arababurgaz، چتل بُرگز Çatalburgaz اور لولہ بُرگز Lüleburgaz میں بھی موجود ہے، جن میں سے کسی کا حال یہاں نہیں دیا گیا ہے.

مآخذ : (۱) Bulgaria : علاقائی التقسیم، واشنگٹن ۱۹۰۶ء؛ (۲) Bulgarska enciklopedia، صوفیہ ۱۹۳۶ء؛ (۳) L. A. D. Dellin : Bulgaria، نیویارک ۱۹۵۷ء، ص ۵۰ تا ۵۵ و مواقع کثیرہ؛ (۴) A. Girard : Les minorités nationales, ethniques et religieuses en Bulgarie، پیرس ۱۹۳۲ء؛ (۵) برطانیۂ عظمٰی، دفتر حرب : Bulgaria (لنڈن ۱۹۳۰ء) : (۶) Bol'shaya sovietskaya entsiklopediia، بار دوم، بہ تنقیح جدید، ۱۹۵۱ء، ۲ : ۲۹۰؛ (۷) R. Rochlin : Die Wirtschaft Bulgariens seit 1945، برلن ۱۹۵۷ء؛ (۸) A. Stokolnikov : Travels through Bulgaria (روسی زبان میں)، ماسکو ۱۹۵۵ء، ص ۱۱۲ تا ۲۱۴؛ (۹) E. B. Valev : Bolgarika: ekonomiko-geograficheskaia kharakteristika، صوفیا ۱۹۵۷ء، ص ۳۶ تا ۴۹، بمواقع کثیرہ، مع عمدہ نقشوں کے.

(H. A. REED)

**برگمہ** : [= برغمہ، برغامس] قدیم پرگمن Pergamon، جو میسیا Mysia (قب مواد و حوالہ جات مذکورہ در Pauly-Wissowa) میں واقع ہے، ایشیاے کوچک پر مسلمانوں کے حملوں کی وجہ سے جو ارمنی بھاگ آئے تھے وہ ساتویں صدی کے دوران میں بوزنطی عہد کے پرگمن Pergamon میں آباد ہو گئے - بوزنطی شہنشاہ فلپی کوس Philippikos (۷۱۱ تا ۷۱۳ء) ارمنی الاصل تھا اور پرگمن کا باشندہ تھا - ۷۱۶ء میں مسلمہ بن عبدالملک کی سپہ سالاری میں مسلمانوں نے اس شہر کو تاراج کر دیا تھا لیکن جب ۷۱۷ تا ۷۱۸ء میں عربوں نے فتح قسطنطنیہ کی کوشش ترک کر دی تو اسے دوبارہ آباد اور قلعہ بند کر لیا گیا - پرگمن لیو سوم (Leo III) کے عہد (۷۱۷ تا ۷۴۰ء) سے تراکیسیہ (Thrakesion) کے صوبے میں اور لیو ششم کے عہد (۸۸۶ تا ۹۱۲ء) سے ساموس Samos کے صوبے میں شامل رہا - جنگ منزکرت [= ملازکرد، ملاذ جرد] (۱۰۷۱ء) کے بعد مغربی ایشیاے کوچک پر ترکوں کے حملوں میں اس شہر کو سخت نقصان پہنچا. تاہم خاندان کومنینس Komnenos کے حکومت سنبھالنے کے بعد ...

marfat.com
Marfat.com

پھر ان کے فوری جانشینوں کے عہدِ حکومت میں یہ بدستور ایک خوشحال اور خوب مستحکم مرکز رہا ۔ اس وقت تک وہاں افسوس Ephesos کے ماتحت ایک نائب اسقف رہتا تھا، لیکن اسحٰق اینجلوس Issac Angelos کے عہد (۱۱۸۵ تا ۱۱۹۵ء) میں اسے ترقی دے کر ایک اسقف کا صدر مقام بنا دیا گیا ۔ ۱۲۰۴ء میں چوتھی صلیبی جنگ کے دوران میں، جب قسطنطینیہ فتح ہو گیا، تو پھر پرگمن کو نیقیا Nicaea کی یونانی ریاست میں شامل کر دیا گیا ۔ بعد ازاں جب ۱۳۰۰ء کے لگ بھگ ترک مغربی ایشیاے کوچک پر چھا گئے تو برگمہ، قرہ سی کے بیگوں کی ماتحت آ گیا، لیکن عثمانی ترکوں نے اپنے بیگ اورخان کے عہد میں قرہ سی کی ریاست کا الحاق کر لیا ۔ اس کے بعد برگمہ کو ایالت آنادولو [اناطولیا] کی سنجاق خداوندگار میں ایک قضا کی حیثیت حاصل ہو گئی اور پھر یہ ولایت آیدین میں ازمیر کی سنجاق کی قضا بن گیا ۔ برگمہ کا علاقہ زرخیز اور غلّہ، پھل، سبزی، تمباکو اور کپاس کی پیداوار کے لیے مشہور ہے ۔ ۱۹۱۹ سے ۱۹۲۳ء تک برگمہ پر یونانی فوجوں کا قبضہ رہا ۔ بعدازاں جب ایتھنز اور انقرہ کی حکومتوں کے درمیان انتقال آبادی کا فیصلہ ہوا تو برگمہ سے وہاں کے تمام یونانی باشندے نکل گئے اور ان کی جگہ یونان سے لائے ہوے ترک بسائے گئے ۔ ۱۹۵۰ء میں برگمہ کی آبادی کا اندازہ تقریباً سولہ ہزار پانچ سو لگایا جاتا تھا ۔

**مآخذ:** (۱) ابن بطوطہ، طبع Defrémery و Sanguinetti، پیرس ۱۸۵۳ تا ۱۸۵۹ء، ۲ : ۳۱۵؛ (۲) حاجی خلیفہ: جہان نما، استانبول ۱۱۴۵ھ/۱۷۳۲ء، ص ۶۵۹؛ (۳) V. Cuinet : *La Turquie d'Asie*، پیرس ۱۸۹۴ء، ۳ : ۴۷۱ ببعد؛ (۴) H. Gelzer : *Pergamon unter Byzantinern und Osmanen* (*Anhang zu Abh. Pr. Ak.W.*)، برلن ۱۹۰۳ء؛ (۵) A. Philippson : *Reisen und Forschungen im westlichen Kleinasien*، حصّۂ اوّل (= *Ergänzungsheft no. 167 zu Petermann's Mitteilungen*)، گوتھا ۱۹۱۰ء، ص ۸۷ ببعد؛ (۶) J. H. Mordtmann : *Über das türkische Fürstengeschlecht der Karasi in Mysien* (در *SBPr. Ak. W.* برلن ۱۹۱۱ء)؛ (۷) M. van Berchem : *Die Muslimischen Inschriften von Pergamon* (*Anhang zu Abh. Pr. Ak. W. 1911*)، برلن ۱۹۱۲ء؛ (۸) اوزون چارشیلی Uzunçarşili : آنادولو بیلکلری، استانبول ۱۹۳۷ء، ص ۳۳ ببعد؛ (۹) عثمان بیاتلی: برگمہ تاریخندہ آسکلپیون، بار چہارم، استانبول ۱۹۵۴ء؛ (۱۰) علی جواد : تاریخ و جغرافیا لغتی، استانبول ۱۳۱۳ تا ۱۳۱۴ھ، ص ۱۶۴؛ (۱۱) *Pauly-Wissowa*، ۱۹ / ۱ (۱۹۳۷ء)، عمود ۱۲۳۵ تا ۱۲۶۳؛ (۱۲) وا، ترکی بذیل مادۂ برگمہ (از Besim Darkot) - برگمہ کے اسلامی آثار سے متعلق ایک حالیہ بیان کے لیے جس میں نقشہ اور عکسی تصویریں بھی شامل ھیں دیکھیے: (۱۳) عثمان بیاتلی : برگمہ تاریخندہ تورک اسلام اثرلری، استانبول ۱۹۵۶ء۔

(V. J. Parry)

**بِرگوی** :([بِرکوی، بِرکلی،] بِرگلی)، محمد بن پیر علی، ایک ترک عالم، جس کی شہرت اب بھی عوام میں باقی ہے ۔ وہ ۹۲۸ھ / ۱۵۲۲ء [یا ۹۲۹ھ] میں (یا اگر کاتب چلبی کا یہ بیان کہ وہ پچپن سال کی عمر میں فوت ہوا صحیح ہے تو ۹۲۶ھ / ۱۵۲۰ء میں بالی کسری [رک بآں] میں پیدا ہوا ۔ اس نے ابتدائی تعلیم گھر میں پائی لیکن جلد ھی اس نے اپنے هم عمروں میں امتیاز حاصل کر لیا ۔ اور پھر وہ استانبول چلا گیا، جہاں وہ پہلے اخی زادہ محمد افندی سے منسلک ہوا اور اس کے بعد قاضی عسکر عبدالرحمٰن افندی سے تکمیل تعلیم کے بعد وہ استانبول کے مدارس میں پڑھاتا رہا اور اس دوران

Marfat.com

میں شیخ عبدالرحمن قرہ مانی نے اسے سلسلۂ بیرامیہ میں مرید کیا ۔ اپنے پیر عبدالرحمن افندی کے اثر و رسوخ کی مدد سے اس نے ادرنہ کی فوج میں قسّام کا عہدہ حاصل کر لیا، لیکن جلد ھی اس نے اس عہدے اور تعلیم و تدریس کے کام سے سبکدوش ھونا چاھا؛ مگر اس کے شیخ [= پیر] نے اسے تبلیغ و تعلیم کا مشغلہ یکسر ترک کرنے کی اجازت نہ دی، چنانچہ جب خود اس کے ایک ھم‌وطن عطاء اللہ افندی نے، جو سلطان سلیم ثانی کا اتالیق تھا، اسے برگی میں اپنے بنا کردہ مدرسے میں مدرسی کا عہدہ پیش کیا تو محمد علی نے اسے قبول کر لیا ۔ برگی میں (جس کی نسبت سے وہ برگوی کہلاتا ھے) اس کا تعلیم و تدریس، تالیف و تصنیف اور اشاعت و تبلیغ کا شغل ۹۸۱ھ/ ۱۵۷۳ء میں مرضِ طاعون سے اس کی وفات ھی پر ختم ھوا۔

وہ امام ابن تیمیّہ [رک باں] کی طرح قانونِ شریعت کی حمایت میں ھر قسم کی بدعت کا جم کر مقابلہ کرتا رھا اور کسی منصب و مرتبہ کی پاس‌داری سے وہ احکامِ دین کے ترک کرنے میں چشم پوشی نہ کرتا تھا، حتّی کہ اپنی زندگی کے آخری ایام میں اس نے وزیر اعظم محمد پاشا کو بعض گزشتہ بےقاعدگیوں کی اصلاح کے لیے تلقین و نصیحت کرنے کی خاطر برگی سے استانبول تک کا سفر بھی کیا ۔ مذھبی معاملات میں سخت شدّت پسند ھونے کی وجہ سے وہ شریعت سے ذرا سا انحراف بھی برداشت نہ کرتا تھا ۔ اس نے اس موضوع پر جو رسالے لکھے، کہ روپیے کی خاطر قرآن مجید کی تعلیم دینا یا کسی عبادت کے کام کا کوئی معاوضہ قبول کرنا حرام ھے، انھوں نے اسے ھم عصر اھل علم کے ساتھ بحث و مناظرہ میں الجھا دیا، اس کا بڑا چرچا ھوا ۔ اس زمانے کا ایک نہایت مشہور قاضی بلال زادہ اس کا سب سے بڑا حریف نکلا اور اس نے ایسے رسائل لکھے جن میں برگوی کی آرا رد کرنے کی کوشش کی گئی تھی ۔ شیخ الاسلام ابوالسّعود افندی نے بھی اس نزاع میں حصہ لیا اور اس خیال سے کہ اگر برگوی کے نظریات (بالخصوص اس کا یہ نظریہ کہ مضروب سکّے اور دوسری منقولہ جائداد کو وقف کرنا جائز نہیں ھے) پھیل گئے تو اوقاف کو بہت خسارہ ھو گا اس کے خلاف ایک فتوی صادر کر دیا ۔ اس کے بعد بلال زادہ نے یہاں تک کہدیا کہ برگوی منافقت سے کام لیتا رھا ھے۔

برگوی کی تصانیف میں ایک ترکی کتاب وصیّت نامہ کے نام سے ھے، جس نے اب تک اس کا نام زندہ رکھا ھے ۔ یہ کتاب دینیات کے مبادی پر مشتمل ھے اور مذھبی مسائل کے بارے میں اب بھی عوام کی ضروریات کو پورا کرتی ھے ۔ قاضی‌زادہ احمد افندی اور قونیہ کے شیخ علی افندی نے اس کتاب پر شرحیں لکھیں اور موخر الذکر شرح کی شرح عثمان پازاری کے مفتی اسمٰعیل نیازی نے لکھی ۔ وصیت نامہ بارھا طبع ھوتا رھا اور توقتمش اوغلو نے اس کا شمالی ترکی میں ترجمہ بھی کیا (مطبوعہ قازان ۱۸۰۲ و ۱۸۰۶ء دیکھیے Zenker : *Bibliotheca orientalis*، ۱ : ۱۳۶۳ ببعد، ۲ : ۱۱۹۲ ببعد؛ *JA*، ۱۸۴۳ء، ۲ : ۳۲، ۵۵، ۱۸۵۹ء، ۱ : ۵۲۷؛ Dieterici : *Chrestomathie Ottomane*، ص ۳-۸ ببعد؛ ترجموں کے سلسلے میں دیکھیے بالخصوص فرانسیسی ترجمہ از گارساں دتاسی : *L'Islamisme d'après le Coran* ...، ۱۸۷۴ء) ۔ صرف و نحو پر اس کی دو کتابیں اظہار [الاَسرار] اور العوامل برسوں تک مدرسوں میں پڑھائی جاتی رھیں اور اپنے وقت میں ان سے عربی کی تعلیم میں بہت آسانی ھو گئی ۔ اس کی تصنیف الطریقة المحمّدیّة نے، جس میں اس کے عربی مواعظ اور خطبے ھیں، اھل علم کے طبقے میں بڑی قدر و منزلت پائی ۔ علی القاری نے

marfat.com
Marfat.com

ایک طولانی قصیدہ لکھا، جس میں اس نے علماے اسلام میں برگوی کی حیثیت کو واضح کیا ہے ۔ خادم لی محمد افندی اور عبدالغنی النّابلُوسی نے الطریقة المحمدیة کی شرحیں لکھیں ۔ امین افندی نے اسے دستور العمل کی حیثیت سے اختیار کیا، جس کے نتیجے میں اس کا عرف ھی ''طریقتچی'' ہو گیا تھا، بلکہ اس کے انتقال کے بعد ایک سلسلۂ طریقت بھی اسی کے نام سے معرض وجود میں آ گیا تھا۔

مآخذ : (۱) عطائی : حدیقة الحقائق، ۱۲۶۸ھ، ۱ : ۱۷۹ ؛ (۲) علی بن بلّال : العقد المنظوم (ابن خلّکان، قاهره، ۱۳۱۰ھ، ۲ : ۳۰۳ کے حواشی پر)؛ (۳) کاتب چلبی : میزان الحق (= *The Balance of* : G. L. Lewis *Truth*، لنڈن ۱۹۵۷ء، باب ۲۰)؛ (۴) سجلّ عثمانی؛ (۵) عثمانلی مؤلف لری، ۱ : ۲۵۵؛ (۶) سامی : قاموس الأعلام؛ (۷) براکلمان، ۲ : ۴۴۰ ببعد، و بمدد اشاریه؛ (۸) *Catalogue of the Arabic books* : A. G. Ellis *in the Brit. Mus.*، ۱ : ۳۰۸؛ (۹) C. Rieu : *Suppl. to the Cat. of the Arabic MSS. in the Brit. Mus.*، اعداد ۹۷۹ و ۹۸۰، ۶۱۹؛ (۱۰) وهی مصنّف : *Cat. of the Turkish Mss. in the Brit. Mus.* ۶ ب ببعد؛ [(۱۱) الزرکلی، ۶ : ۲۸۶۔]

(قاسم کفروی)

* **بِرگہ** : (برگی، بعض اوقات برگی یا برکی بھی) مغربی ایشیاے کوچک میں ایک چھوٹا سا قصبہ، جو وادیِ کوچوک مندرس میں واقع ہے ۔ یہ صوبۂ ازمیر (سمرنا) میں اودیش کی قضا کے ایک ناحیه کا مرکز ہے ۔ یہیں لِدّ (Lydia) کا قدیم Διὸς Ἱερόν واقع تھا ۔ بوزنطی دور میں یہ Πυργίον نیز Χριστούπολις کے ناموں سے مشہور تھا ۔ ۱۱۹۳ء اور ۱۱۹۹ء کے مابین اس شہر کو ایک اسقف کے صدر مقام (= میٹروپول) کا درجہ دے دیا گیا اور اس طرح وہ افسوس (Ephesos) کی کلیسائی ماتحتی سے آزاد ہو گیا، لیکن ۱۲۸۷ء میں یہ شہر ایک بار پھر افسوس کے مددگار (Suffragan) اسقف کا مرکز ہو گیا ۔ ۱۳۰۴ء میں قتلانیوں (Catalans) نے Roger de Flor کی زیر قیادت ترکوں کو یہاں سے نکالا اور خود شہر لوٹ لیا ۔ اس کے بعد سے برگہ، آیدین کے ترک بیگوں کے قبضے میں چلا گیا ۔ ان کے دورِ حکومت کے عمارتی آثار — جن میں اولو جامع قابلِ ذکر ہے — اب بھی شہر میں نظر آتے ہیں ۔ برگہ ۷۹۳ھ/۱۳۹۱ء میں عثمانی ترکوں کے قبضے میں آیا اور اس کے بعد انھیں کے پاس رہا، ایک مختصر وقفے کے سوا، جس میں آیدین کے خانوادے کے رئیسوں کو امیر تیمور نے بحال کر دیا اور وہ ایک بار پھر (۱۴۰۲ تا ۱۴۲۵ء) اس علاقے پر قابض رہے۔ ۱۹۲۰ تا ۱۹۲۲ء کے برسوں میں مغربی ایشیاے کوچک میں یونانیوں اور ترکوں کے مابین جنگ کے دوران میں اس شہر کو خاصا نقصان پہنچا ۔ ۱۹۴۵ء میں برگہ کی آبادی دو ہزار ایک سو پچاس نفوس کے لگ بھگ تھی۔

مآخذ : (۱) العُمَری : مسالک الأبصار، طبع F. Taeschner، لائپزگ ۱۹۲۹ء، ص ۴۴ ببعد؛ (۲) ابن بطوطه : تحفة النظّار، طبع Defreméry و Sanguinetti، پیرس ۱۸۵۳ تا ۱۸۵۹ء، ۲ : ۲۹۵ ببعد؛ (۳) اَولیا چلبی : سیاحت نامه، ۹، استانبول ۱۹۳۵ء : ۱۷۳ ببعد؛ (۴) Pachymeres، بون ۱۸۳۵ء، ۲ : ۴۳۶؛ (۵) Dukas، بون ۱۸۳۴ء، ص ۸۳؛ (۶) W. Tomaschek : *Zur historischen Topographie von Kleinasien im Mittelalter*، (در *SBAk. Wien*، *Phil-Hist. Cl.*، Bd. ۱۲۴) ۔ وی انا ۱۸۹۱ء، ۱ : ۳۴، ۹۱؛ (۷) A. Wächter : *Der Verfall des Griechentums in Kleinasien im XIV. Jahrhundert*، لائپزگ ۱۹۰۳ء، ص ۱۴ تا ۴۴؛ (۸) J. Keil و A. von Premerstein : *Bericht über eine*

marfat.com
Marfat.com

dritte Reise in Lydien (Akad. d. Wiss. in Wien, Denkschriften, Phil-Hist. Kl.، جلد ۵۷/۱)، وی‌انا ۱۹۱۴ء، ص ۶۲ ببعد؛ (۹) F. Taeschner: Das anatolische Wegenetz nach Osmanischen Quellen (Turkische Bibliothek، Bd. ۲۳)، لائپزگ ۱۹۲۴ء، ۱: ۱۷۶ و ۲: ۲۹؛ (۱۰) R. M. Riefstahl: Turkish Architecture in South Western Anatolia، کیمبرج (Mass. [امریکه]) ۱۹۳۱ء، ۱: ۴۲ تا ۳۲ و ۲: ۱۰۲ تا ۱۰۶، (کتبات طبع P. Wittek)؛ (۱۱) P. Lemerle: L' Émirat d'Aydin, Byzance et l'Occident: Recherches sur "La Geste d'Umur Pacha" (Bibliotheque Byzantine، Etudes، عدد ۲)، پیرس ۱۹۵۷ء، ص ۱۲ ببعد، ۲۰۸ (بمدد اشاریه)؛ (۱۲) ایم - فواد کوپرولو زاده: آیدین اوغللری تاریخنه عائد در ترکیات مجموعه سی، ۲: استانبول ۱۹۲۸ء: ۳۲۲؛ (۱۳) اوزون چارشیلی: کتابه‌لر اناودلو ترک تاریخی وثیقه لرندن ایکنجی کتاب، استانبول ۱۹۲۹ء، ص ۱۰۰ ببعد؛ (۱۴) همّت آقین Himmet Akin: آیدین اوغللری حقنده بیراراشترمه (انقره یونیورسته سی دل و تاریخ - جغرافیا فاکولته سی یاینلری، عدد ۶۰)، استانبول ۱۹۴۶ء، ص ۱۰۴ ببعد؛ (۱۵) V. Cuinet: La Turquie d'Asie، ۳، پیرس ۱۸۹۴ء: ۵۱۶ ببعد؛ (۱۶) سامی: قاموس الأعلام، ۲، استانبول ۱۳۰۶ھ: ۱۲۸۰؛ (۱۷) علی‌جواد: تاریخ و جغرافیا لغتی، استانبول ۱۳۱۳ تا ۱۳۱۴ھ، ص ۱۶۹؛ (۱۸) Pauly-Wissowa، ج ۳، حصهٔ اول (۱۸۹۹ء)، بذیل مادّه Christopolis: عمود ۲۴۰۲ و ۳/۱، ۱۹۰۵ء، بذیل مادّه Dios Hieron: عمود ۱۰۸۳ تا ۱۰۸۴؛ (۱۹) وآ، ترکی، بذیل مادّۂ برگی (از ہیم دار کوت).

(V. J. PARRY)

• **بَرْلام اور جُوزَافَت**: رَكَ به بِلَوْهَر و یُوذَاسَف [یُوذَآسف].

• **بُرُلُّس**: Borollos، مصر کے ڈیلٹا کے شمال میں ایک ضلع نیز ایک جھیل کا نام - جھیل مذکور دریاے نیل کی دو شاخوں رشید Rosetta اور دِمیاط Damietta کے دہانوں کے درمیان واقع ہے اور اسے بحیرۂ روم سے صرف ریت کے ٹیلوں کی ایک تنگ سی پٹی جدا کرتی ہے.

یہ عربی نام یونانی لفظ Paralos کی معرّب شکل ہے، جو قبطی کے واسطے سے عربی میں آیا اور جس کے معنی "سمندر کے نزدیک کا ساحلی علاقہ" ہیں، لہٰذا علاقۂ مذکور پر اس کا اطلاق بالکل طبعی ہے، یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ یاقوت اور ابن بطّوطه اس کے بالفتحه تلفّظ "بَرَلُّس" سے واقف تھے جو اب باقی نہیں رہا.

ملک کے نسبةً زیادہ بڑے حصّوں میں تقسیم ہونے سے قبل یہ ایک کُورے کا انتظامی مرکز تھا - اس کے بعد اسے نَسْتَراوِیّه کا ایک حصّه بنا دیا گیا - اور آٹھویں / چودھویں صدی میں یہ صوبه اپنے صدر مقام کے نام بر اَشْمُون طَنَّاح کہلانے لگا - اب علاقۂ بُرُلُّس صوبۂ الغربیّه میں شامل ہے.

قرون وسطٰی میں یہ جھیل ایسے مقام کے نام پر جو اب باقی نہیں رہا بحیره نَسْتَراوَه کہلاتی تھی - ابن حَوْقَل نے اسے بَشْمُور کی جھیل لکھا ہے، جو اس دلدلی علاقے کا ایک اور نام ہے.

اس جھیل میں ماہی گیری کا ٹھیکا دیا جاتا تھا - یہ ایک قدیم دستور تھا جو اسلامی عہد کے پہلے سے موجود تھا - یہ ماننا ذرا مشکل ہے کہ مختلف حکومتوں نے ایسے منفعت بخش ذریعۂ آمدنی سے دستکش ہونا منظور کیا ہو گا اور جب تیسری / نویں صدی کے مآخذ اس طریقے کے جاری کرنے کا ذکر کرتے ہیں تو غالبًا ان کا روے سخن مالی دشواریوں میں اضافے کی جانب ہوتا ہے - اسی طرح جب وہ محصول کی موقوفی کا ذکر کرتے ہیں تو اس سے مراد غالبًا صورت حال میں بہتری ہوتی ہے.

marfat.com
Marfat.com

الہروی نے جو رسول کریمؐ کے بارۂ صحابہؓ کے مقبروں کا ذکر کیا ہے اس سے غالباً کسی عرب فتح کی طرف اشارہ مقصود ہے، اگرچہ روایات کے مطابق برلس کے حاکم نے عربوں سے سمجھوتا کر لیا تھا تاہم یہ ممکن ہے کہ ۵۳ھ/۶۷۳ء میں بوزنطیوں کے ساحل پر اترنے کے بعد کچھ جنگیں ہوئی ہوں۔ کئی اہل علم البرلسی کی نسبت سے مشہور ہیں۔ برلس کے باشندے سراغ رسانی میں مہارت کے لیے مشہور تھے۔

**مآخذ**: (۱) ابن عبدالحکم، ص ۸۵ و ۱۲۳؛ (۲) الیعقوبی، ص ۳۳۸؛ ترجمہ Wiet، ص ۱۹۵؛ (۳) ابن حوقل، بار دوم، ص ۱۳۸ تا ۱۳۹؛ (۴) الہروی، ص ۴۷، مترجمۂ Sourdel-Thomine، ص ۱۱۰؛ (۵) یاقوت، ۱: ۵۹۳؛ (۶) ابن بطوطہ، ۱: ۵۸، مترجمۂ Gibb، ۱: ۳۵؛ (۷) ابن دقماق، ۵: ۱۱۳؛ (۸) المستطرف، ۱: ۱۰۱؛ مترجمۂ Rat، ۲: ۱۷۶؛ (۹) المقریزی، طبع Wiet، ۱: ۳۱۱ و ۲: ۹۲، ۹۶، ۹۷ و ۳: ۱۳۲ تا ۱۳۳ و ۴: ۳۹، ۸۱؛ (۱۰) الظاہری، ص ۱۰۸؛ مترجمۂ Venture de Paradis، ص ۱۸۰؛ (۱۱) Maspero و Wiet: *Materiaux pour servir à la géographie de l'Égypte*، ص ۳۶، ۴۱، ۴۳، ۲۱۱؛ (۱۲) عمر طوسون: *La géographie de l' Égypte, dans Mémoires de la société royale de géographie de l' Égypte*، ۸: ۱۸، ۵۲، ۶۸، ۲۲۳؛ (۱۳) عبداللطیف، ص ۷۰۸؛ (۱۴) النویری: نہایۃ الأرب، ۸: ۲۶۳؛ ۱۰: ۳۲۳؛ [(۱۵) السمعانی: الانساب].

(G. WIET)

* **برما**: یہ ملک پہلی بار اراکان کے بادشاہ نرامیہ کلا (Narameihkla) کے ذریعے بڑے پیمانے پر اسلام سے متأثر ہوا۔ یہ بادشاہ بنگال میں جلا وطنی کے ایام گزار کر اپنے مسلمان پیروؤں کے ساتھ ۱۴۳۰ء میں برما واپس آیا۔ اس نے مروہانگ Mrohaung میں اپنا دارالحکومت قائم کیا، جہاں مسجد سندی خان تعمیر کی گئی۔ بعد میں آنے والے اراکانی بادشاہ اگرچہ بدھ مت کے پیرو تھے لیکن انہوں نے اسلامی خطابات استعمال کیے بلکہ ایسے تمغے بھی جاری کیے جن پر کلمۂ طیبہ کندہ تھا۔ جب ۱۶۶۰ء میں عالمگیر کے بھائی شاہ شجاع نے اراکان کی طرف راہ فرار اختیار کی تو وہاں اسلامی اثرات اور بھی بڑھ گئے۔ شاہ شجاع کو وہاں کے بادشاہ سندہ تھودمہ (Sandathudamma) نے قتل کر ڈالا اور اس کا خزانہ ضبط کر لیا، لیکن اس کے ساتھیوں کو شاہی پاسبانوں میں تیر اندازوں کے طور پر ملازم رکھا اور اس حیثیت سے انہوں نے کئی بار وہاں کے بادشاہوں کے عزل و نصب میں حصہ لیا۔ ان مغل درباریوں کی اولاد آج تک دوسروں سے متمیز رہی ہے۔ برما خاص میں مسلمانوں کی آبادی چند گجراتی تاجروں اور بعض توپچیوں اور دیگر غیر ملکی فنی ماہرین پر مشتمل تھی، جنھیں شاہان آوا Ava نے اپنی ملازمت میں جبراً بھرتی کر لیا تھا۔ ۱۸۲۶ء میں جب برطانوی حکومت نے اراکان کا اپنی سلطنت سے الحاق کر لیا تو ساحلی شہروں خصوصاً اکیاب میں چاٹگانگ سے مسلمان بہ کثرت آنا شروع ہو گئے۔ جنوبی برما کے الحاق (۱۸۵۲ء) کے بعد ۱۸۸۰ء سے ہندوستانیوں کی برما میں نقل مکانی بڑے پیمانے پر ہونے لگی۔ ۱۹۳۱ء کی سر شماری (یہ آخری سر شماری تھی جو پوری تفصیل کے ساتھ پایۂ تکمیل کو پہنچی) میں برما کی کل آبادی ۱۴۶۶۷۱۴۶ اور اس میں مسلمانوں کی آبادی ۵۸۴۸۳۹ تھی۔ ان مسلمانوں میں سے ۳۹۶۵۰۴ ہندی الاصل تھے، ۱۴۷۴ چینی (پنتھے Panthay) اور ۱۸۶۸۶۱ مقامی نو مسلم، بیشتر اراکانی، تھے، مسلمان اراکانی برطانوی حکومت کے شروع کے عہدیداروں اور

Marfat.com

پولیس کے عمّال میں شامل تھے، انہوں نے اعلیٰ تعلیم سے فائدہ اٹھایا اور ان میں سے بہت سے سرکاری ملازمت، بینک کے کاروبار اور تجارت میں نمایاں تھے۔ ساحلی اور دریائی دخانی جہازوں کے قریب قریب تمام ملّاح چاٹگامی مسلمانوں میں سے بھرتی کیے جاتے تھے۔ خوردہ فروشی میں اسمعیلی (خوجے) اور گجراتی مسلمان چھائے ہوئے تھے۔ ۱۹۳۰ء سے شروع ہونے والے دس سال کساد بازاری کے تھے اور مسلمان، جو اقتصادیات کے میدان میں دوسروں سے آگے تھے، ایک حد تک لوگوں کا ہدفِ ملامت بن گئے۔ ۱۹۳۰ء اور ۱۹۳۸ء میں تشدّد آمیز فسادات برپا ہوئے۔ مؤخّرالذکر فسادات جولائی سے دسمبر تک جاری رہے اور رنگون اور مانڈلے میں سب سے زیادہ شدید تھے۔ ان میں تقریباً دو سو مسلمان ہلاک ہوئے۔ جاپانیوں کے حملے (۱۹۴۲ء) کے بعد بہت سے ہندوستانی یہاں سے بھاگ نکلے، ان میں سے کچھ جنگ کے بعد واپس آ گئے لیکن ان کی تعداد پہلے کی بہ نسبت کم ہو گئی ہے۔ ۱۹۵۸ء میں مسلمانوں کی کل آبادی ۱۹۳۱ء کے مقابلے میں غالباً کسی قدر زیادہ اور شاید چھے لاکھ تھی (۱۹۵۳ - ۱۹۵۴ء کی سر شماری بالکل نامکمل ہے)۔ ان میں سے نصف پاکستان اور بھارت کے باشندے ہیں۔ ایک سیاسی تنظیم برما مسلم کانگرس کے نام سے ۱۹۴۵ء میں قائم کی گئی، جس کا تعلّق سرکاری مخلوط (Coalition) جماعت ''اینٹی فاشسٹ پیپلز فریڈم لیگ'' سے ہے۔ آزادی کے بعد عرصے سے دو مسلمان کابینۂ وزارت کے ارکان رہے ہیں۔ ان میں سے ایک تو ایم۔ اے رشید (ولادت ۱۹۱۲ء) ایک ممتاز ٹریڈ یونینسٹ اور تاجر ہیں اور دوسرے اُوکھِن مانگ لَت U Khin Maung Lat (عبداللطیف، ولادت ۱۹۱۳ء) وکیل ہیں۔ آزاد برما کے قائدین، جن میں اُونُو U Nu پیش پیش ہیں، اپنی بدھ میراث پر بہت زور دیتے ہیں؛ مسلمان مساوی درجے کے شہری تسلیم کیے جاتے ہیں لیکن ان کے ساتھ خوشگوار تعلقات میں خلل انداز ہونے والے کئی محرّکات موجود رہے ہیں۔ شمالی اراکان میں مجاھدوں کی بغاوت کا مقصد یہ تھا کہ اس علاقے کا الحاق پاکستان سے ہو جائے۔ اس بغاوت کا قائد قاسم نامی ایک ماہی گیر تھا۔ مجاھدوں نے ۱۹۴۸ سے ۱۹۵۴ء تک بوتھی ڈانگ Buthidaung سے مانگ ڈاؤ Maungdaw تک کے علاقے کو خوف زدہ بنائے رکھا۔ لیکن جب قاسم پاکستان میں قید ہو گیا تو ان کی سرگرمیاں بڑی حد تک کم ہو گئیں۔ ستمبر ۱۹۵۴ء میں ملک میں ایک سیاسی بحران سا پیدا ہو گیا تھا، جس کا باعث سرکاری مدارس میں اسلامیات کی تعلیم کے خلاف بھکشوؤں کا احتجاج تھا۔ لیکن عام طور پر باھمی تعلّقات خوشگوار ہیں۔ اراکان میں، جہاں بدھوں اور مسلمانوں کی مخلوط آبادی ہے، بدھوں نے بہت سی اسلامی رسوم اپنا لی ہیں، حتّٰی کہ گائے کا گوشت بھی کھاتے ہیں۔ لیکن جنوبی برما میں عید کے موقع پر جانوروں کی قربانی اور گائے کا گوشت کھانے کو روکنے کے عملی اقدام کیے جاتے ہیں۔ مارچ ۱۹۵۳ء میں قانون ''فسخ نکاح مسلمانان برما'' منظور ہوا، جس کی رو سے مسلمان عورتوں کو بدھ عورتوں کے مساوی حقوق مل گئے، یعنی اپنے خاوندوں کو طلاق دینے کا مساوی موقع اور فسخ نکاح کے بعد شادی کا جہیز اپنی ملکیت میں رکھنے کا حق۔ برما سے باھر اس قانون کے خلاف صدائے احتجاج بلند ہوئی لیکن برما مسلم کانگرس نے اسے قبول کر لیا۔ برما میں شادی شدہ مسلم خواتین چہرے پر نقاب نہیں ڈالتیں۔ ۱۹۵۵ء میں اُونُو نے بحیثیت وزیر اعظم قرآن مجید کا

marfat.com
Marfat.com

برمی زبان میں ترجمه کرنے کے ایک منصوبے کا آغاز کیا.

[۴ جنوری ۱۹۴۸ء کو یونین آف برما کا قیام عمل میں آیا اور آخری برطانوی گورنر Sir Habert Rance نے زمامِ اقتدار جمہوریۂ برما کے پہلے صدر Sao Shwe Thaike کے سپرد کر دی - ۲ مارچ ۱۹۶۲ء کو جنرل نی ون Ne Win نے حکومت کا تخته الٹ کر انقلابی حکومت قائم کی اور صدر کا عہدہ سنبھال لیا - آج کل برما کا رقبه ۲۶۱۷۸۹ مربع میل ھے - پاکستان سے سرحدوں کی تعیین ۱۹۶۴ء میں ھوئی - ۱۹۶۶ء میں کل آبادی ۲۵۲۴۶۰۰۰ تھی (مسلمان : تقریبًا تیئیس لاکھ) - رنگون دارالحکومت ھے - دوسرے دو بڑے شہر مانڈلے اور مولمین ھیں - بدھ مت اب حکومت کا مذھب نہیں رہا - ذریعۂ تعلیم برمی زبان ھے اور پرائمری تک تعلیم مفت ھے - برما کا سکه کیات Kyat ھے جو ڈیڑھ شلنگ کے برابر ھے (ایک ڈالر = ۴٫۷۶ کیات) - ۱۹۶۳ء سے تمام بینک قومیا لیے گئے ھیں - برما کے پاکستان سے سفارتی تعلقات قائم ھیں.]

**مآخذ** : (۱) ھندوستان کی سر شماری رپورٹ، ۱۹۳۱ء، ج ۱۱ (برما)، رنگون ۱۹۳۳ء؛ (۲) H. Tinker : *The Union of Burma*، لنڈن ۱۹۵۷ء؛ [مزید حالات اور مآخذ کے لیے دیکھیے (۳) *SYB*، ۱۹۶۷ - ۱۹۶۸ء، ص ۸۶۸ ببعد اور (۴) انسائیکلوپیڈیا برٹینیکا، بذیل Burma؛ (۵) *Statesman's Year Book*، ۱۹۶۷ - ۱۹۶۸ء].

(H. Tinker [و اداره])

* **برمک (آل)** : رك به برامکه.
* **برمکیّة** : رك به برامکه.
* **برمنی** : رك به برما.
* **برمه** : رك به برما.

* **برن** : بلند شهر [رك به بان] کا قدیم نام.
* **برنباس** : رك به انجیل.
* **برنته** : ایک اصطلاح، جو ترکی دنیا کے مشرقی حصے (ثلیوت، قرغز، قزاق، وغیرہ) میں مستعمل ھے اگرچه آج کل پرانی طرز کی سمجھی جاتی ھے - (اس لفظ کی مختلف شکلوں کے لیے قب برمته، برنته، برمته، پرنتی، برمتاد اور برمتای) - کچھ شکلیں، جو بعض مآخذ میں ملتی ھیں، ابھی تک پوری طرح سمجھ میں نہیں آئیں، تاھم شیخ سلیمان کا برنت اور ایچ - کے قدری کا برتا ضرور غلط ھیں. برنته کے معنی عمومًا غارت گری، اٹھائی گیری، تاراج کرنا، لے بھاگنا اور لوٹ لینا لیے جاتے ھیں، نیز کسی قرض خواہ یا ستائے ھوے شخص کا انتقامًا اپنے مدّ مقابل پر حمله کر کے اس کے پالتو جانور، مویشی وغیرہ پکڑ لے جانا اور یہیں سے اس کے معنی ''مویشیوں کی چوری'' ھو گئے - اس سے متعلقه الفاظ کے لیے قب ''برمته چی (سی)'' (= ڈھور لے جانے والا لٹیرا)، ''پرنتی جی'' (= اُچکا)، ''برمتلا'' (= اپنا حق لوگوں کے جانور ھانک لے جا کر وصول کرنا، چھاپا مارنا)، ''برمتلاش'' (= جائداد کے لیے باھم جھگڑنا)، ''یاردی، مین یولداش بولغونچوبای مین برمتلاش'' (ایک مفلس کی دوستی کے سبب ایک مالدار سے لڑنا).

یه لفظ روسی زبان میں بھی اسی معنی کے ساتھ داخل ھو گیا ھے - baranta (= انتقام — بدلے میں قتل کرنا، لوٹ لیے جانے کے بدلے میں جانور ھانک لے جانا، چھاپا مارنا، غارت کرنا وغیرہ) اور اس کے مشتقات barantary، barantovscik (= دشمنانه تاخت میں حصّه لینے والا، ڈاکو)؛ Barantovi̇y (= غارت سے متعلق)؛ barantovat (= تاخت کرنا) وغیرہ. M. Vasmer (*Russ. etym. Wb.*، ھائڈل برگ ۱۹۵۰ء)، یه دیکھ کر که روسی barama مشرقی روس اور قفقاز میں مستعمل ھے، کہتا ھے که یه لفظ ترکی

Marfat.com

سے لیا گیا ہے، جہاں یہ مغولی سے آیا (دیکھیے مغولی لغات میں barîm، barîmda (= ہاتھ سے مضبوط پکڑنا)، barîmdalagu (= قبضے میں آ جانا، مضبوط گرفت میں آنا، محفوظ رکھنا، پالنا)، barimdalal (= مضبوط پکڑنے کا فعل، نیز جکڑنے وغیرہ کا)، قب بالخصوص Kalm. Wb. : G. J. Ramstedt، Helsinki ۱۹۳۵ء) : bärmtə (= گرفت کرنا، مضبوط پکڑنا، حملہ کرنا، چڑھ دوڑنا)، b. keχə (= تاخت پر جانا تاکہ دشمن سے آئندہ حملوں کی ضمانت لے لی جائے)، bärmtlχv (= لے لینا، مضبوط تھام لینا) (قب bärā، bärätc وغیرہ).

یہ بالکل صاف ہے کہ خانہ بدوش ترک قوموں میں یہ لفظ کبھی ایک خاص قانونی تصور کا حامل تھا؛ ترکی میں مغول کی طرح اس میں عہد و پیمان اور ضمانت کا مفہوم پایا جاتا ہے اور ہمارے مآخذ سے ظاہر ہوتا ہے کہ برنتہ صرف کسی خاص غرض کے لیے کام میں لایا جاتا تھا اور اس سے کام لینے کے لیے کچھ قاعدے بھی مقرر تھے۔ ایک ستایا ہوا شخص اپنا حق واپس لینے کے لیے اپنے مخالف کے مال کے ایک حصے پر قبضہ کر لے تو اس کا یہ فعل برنتہ کہلائے گا۔ اس مال کا واپس کرنا مخالف پارٹیوں کے درمیان عدالتی کارروائی کے فیصلے پر موقوف ہوتا ہے۔ گمان غالب یہ ہے کہ باہمی برنتوں سے بعض اوقات زیادہ بڑی جماعتیں بھی متأثر ہوتی تھیں۔ ضابطے کا تقاضا یہ تھا کہ باہمی جھگڑے کے لیے برنتہ دن کے وقت اور پہلے سے اطلاع دے کر کیا جانا چاہیے۔ برنتہ میں کسی خانہ بدوش خاندان کے نوجوانوں کو اپنی بہادری، ہوشیاری اور نئی نئی ترکیبیں نکالنے کا موقع بھی مل جاتا تھا اور اس طرح اپنے کارنامے دکھا کر وہ 'بہادر' کا لقب حاصل کرلیتے تھے اور ان کی بڑی عزت کی جاتی تھی۔ معاشرے کے مبانی کی تبدیلی اور اقتصادی حالات کے تغیّر سے، دیگر بہت سے عوامی دستوروں کی طرح جن کی بنیاد رسم و رواج پر قائم تھی، برنتہ بھی اپنی اہمیت کھو بیٹھا۔ اس لفظ کے مفہوم میں آہستہ آہستہ تنزّل واقع ہوتا رہا اور اس کے معنی محض چوری کے رہ گئے۔

پھر بھی محدود حلقوں میں جہاں ابھی تک پرانے رسم و رواج موجود ہیں برنتہ کا نظام ابھی تک قائم ہے اور ملکی قانون یہ ضرورت محسوس کرتا ہے کہ اس کے وجود کو تسلیم کرے، مثلاً ۱۶ اکتوبر ۱۹۲۳ء کو روسی مرکزی انتظامی محکمے (VTSIK) نے خود مختار جمہوریۂ قزاقستان اور اویرات کے علاقوں میں مروّجہ قانون کے خلاف جرائم کے سلسلے میں برنتہ کے نظام کا مطالعہ تین عنوانوں کے تحت کیا: معمولی، مسلّح اور قبائلی.

**مآخذ** : متن مقالہ میں ذکر کردہ مآخذ کے علاوہ دیکھیے: (۱) V. Barthold اور عبداللہ عنان، در وو، ترکی، مادّۂ برنتہ؛ (۲) Radloff : Wb. (۳) Budagov : Sravn.slov. tur.- ۱۸۹۳ تا ۱۹۱۱ء؛ (۴) Bukin : Rus. Kirg، tat. nar. پیٹرز برگ ۱۸۶۹ء؛ (۵) غنی زادہ : Rus.- tat slov. slov.، تاشقند ۱۸۸۳ء؛ (۶) K. K. Yudaxin : قرغیز سوزلگو باکو ۱۹۰۲ء؛ (ترکی ترجمہ از تیماس A. Taymas)، انقرہ ۱۹۴۵ء؛ (۷) A. N. Čudinov : Sprav. slov، پیٹرز برگ ۱۹۰۱ء؛ (۸) N. V. Goryaev : Sravn. etimol, slov. russ. yaz.، تفلیس ۱۸۹۶ء؛ (۹) I. Y. Pavlovsk : Russko-nemetsk. (۱۰) Kovalevskiy : Mong.- slov.، لائپزگ ۱۹۱۱ء؛ (۱۱) I. J. Schmidt : russ.-frans. slov.، قازان ۱۸۴۶ء؛ (۱۲) Mong.-Deutsch.-Russ Wb.، پیٹرز برگ ۱۸۳۵ء؛ (۱۳) F. Boberg : Mong.-Engl. Dict. سٹاک ہام ۱۹۵۴ء؛ (۱۴) Sibirsk. sovietsk. entsiklop. (۱۹۲۹ء)؛ (۱۵) Entsiklop. slov.، پیٹرزبرگ ۱۸۰۱ء اور ۱۸۰۵ء؛ (۱۵)

marfat.com
Marfat.com

Der. Grosse Brockhaus، لائپزگ ۱۹۲۹ء.

(R. RAHMETI ARAT)

* بُرْنَق : رکّ بہ بن غازی.

* بَرَنی : ضیاءالدین، سلاطین (دھلی) کے زمانے کا مؤرّخ اور نظم و نسق حکومت پر لکھنے والا، اس کی پیدائش ۶۸۴ھ/ ۱۲۸۵ء سے بعد کی نہیں تھی (بلکه غالباً اس سے ذرا پہلے ھی کی تھی، کیونکه علاءالدین خلجی کے دور حکومت (۶۸۹ھ/ ۱۲۹۰ء تا ۶۹۵ھ / ۱۲۹۶ء) میں اس کی عمر اتنی تھی که اسے اس زمانے کی مجالس و محافل کا دیکھنا یاد تھا اور وہ پورا قرآن کریم پڑھ چکا تھا - دہلی کے امرا و عمائد سے برنی کے بہت اچھے تعلقات تھے - اس کا والد مؤیّد الملک سلطان جلال الدین کے دوسرے بیٹے اَرْکلی [ار کلیک] خان کا نائب تھا اور سلطان علاءالدین خلجی کی حکومت کے پہلے ھی سال وہ برَن کا نائب اور ''خواجه'' بن گیا تھا - برنی کا چچا ملک علاء الملک علاء الدین خَلجی کے عہد میں دھلی کا کوتوال اور ایک ممتاز شاھی مشیر تھا - اس کے نانا سپه سالار حُسام الدین کو، جو ملک بار بک [کشلو خان] کا وکیل دار تھا، سلطان بلبن نے لکھنوتی کی شحنکی کے منصب پر مامور کیا تھا.

خود برنی بھی سترہ سال اور تین مہینے تک سلطان محمد بن تغلق (۷۲۵ھ/ ۱۳۲۵ء تا ۷۵۲ھ / ۱۳۵۱ء) کا درباری رہا - سیرالاولیاء میں اسے ایک دلچسپ اور خوش بیان ندیم اور امیر خسرو اور امیر حسن کا دوست بتایا گیا ھے.

فیروز شاہ تُغلق (۷۵۲ھ/ ۱۳۵۱ء تا ۷۹۰ھ / ۱۳۸۸ء) کے آغاز حکومت میں برنی کو دربار سے برطرف کر دیا گیا تھا اور اس کے اپنے بیان کے مطابق، جو نعت محمدی میں ملتا ھے، وہ کچھ عرصے بھٹنیز کے قلعے میں مقید رہا - یہ قیاس ممکن معلوم ھوتا ھے که وہ خواجۂ جہان احمد ایاز کی اس سازش میں شریک رھا ھو جو اس زمانے میں محمد بن تغلق کے ایک نابالغ بیٹے کو فیروز تغلق کے تخت پر متمکن کرنے کی غرض سے کی گئی تھی جب وہ (فیروز تغلق) اور [شاھی] فوج محمد بن تغلق کی اس مہم سے پیچھا چھڑا کر واپس آ رھی تھی جو اس نے ٹھٹھه کے خلاف بھیجی تھی [سازش میں شرکت محل نظر ھے.]

برنی نے اپنی باقی عمر کس مپرسی اور عُسرت میں بسر کی اور تصنیف و تالیف میں مصروف رھا - ۷۵۸ھ/ ۱۳۵۷ء کے کچھ عرصے بعد اس کا انتقال ھو گیا اور وہ غیاث پور میں نظام الدین اولیاء کے مزار کے قریب دفن ھوا - برنی کی تصانیف میں چار کتابیں اھم ھیں: تاریخ فیروز شاھی، فتاوای جہانداری، نعتِ محمدی اور برمکیوں سے متعلق حکایات کا ترجمه بعنوان اخبار برمکیان — [فتاوای جہانداری ادارۂ تحقیقات پاکستان لاھور کے زیر اہتمام چھپ چکی ھے (۱۹۶۹ء)].

حکومت کے موضوع پر ھندوستان کے مسلمان مفکّرین میں برنی کی حیثیت ممتاز اور اھم ھے تاریخ اسلام میں صرف خلفاے راشدین کو معیاری حکمران تسلیم کرتے ھوے برنی نے فتاوای جہانداری اور تاریخ فیروز شاھی کے ذریعے اپنے عہد کے سلاطین کو یه بتانے کی کوشش کی ھے که اسلام کی جانب سے ان کے فرائض کیا ھیں - برنی نے فتاوای جہانداری میں سلاطین کو شریعت نافذ کرنے، بدعات خصوصاً گمراہ کن فلسفیانه خیالات کے ختم کرنے، کفّار کا استیصال کرنے، صرف صاحب تقوی لوگوں کو ملازم رکھنے کی تلقین کی ھے اور شاہانه جاہ و جلال کے ساتھ ساتھ خوف خدا اور عجز و نیاز پر بھی زور دیا ھے - [یه کتاب برنی کے سیاسی نظریات کا مرقع ھے].

Marfat.com

تاریخ فیروز شاہی میں، جسے برنی نے فیروز شاہ تغلق کے نام سے منسوب کیا ہے اور جس کا انداز نمایاں طور پر اخلاق آموز ہے، یہ تاریخ بلبن کے دورِ حکومت (۶۶۴ھ/ ۱۲۶۶ء تا ۶۸۶ھ / ۱۲۸۷ء) کے آغاز سے فیروز شاہ تغلق کی حکومت کے چھٹے سال تک کے واقعات پر مشتمل ہے۔ سلاطینِ دہلی میں سے ہر ایک کے حالات و واقعات حکایاتی انداز میں بیان کیے گئے ہیں اور حکایت یا واقعے کے اچھے یا برے انجام سے یہ نتیجہ نکالا گیا ہے کہ سلطان کی کامیابی یا ناکامی ان مذہبی و سیاسی نظریات کی پابندی یا عدم پابندی پر منحصر ہے جو برنی نے پیش کیے ہیں۔ مثال کے طور پر سلطان علاءالدین خلجی کو اس اعتبار سے ایک کامیاب حکمران بتایا گیا ہے کہ اس نے ہندوؤں کو مطیع کیا، فتنہ و فساد پر غلبہ حاصل کیا، شراب کو ممنوع قرار دیا اور قیمتوں اور نرخوں کو کم کر کے معاشی زندگی کو مستحکم کیا، لیکن برنی کے خیال میں وہ دین دار نہ تھا، وہ شعائر مذہبی کا پابند نہیں تھا، اس نے ادنٰی قسم کے لوگوں کو ملازم رکھا اور دین دار لوگوں کی صحبت سے اجتناب کیا، خصوصاً حضرت نظام الدین اولیاؒ کی صحبت سے جن کے میامن و برکات ہی اس کے عہد کی شان و شوکت کا اصل سبب تھے۔

مآخذ: (۱) سٹوری Storey، ۱ / ۱: ۵۰۵ تا ۵۰۹ و ۱ / ۲: ۱۳۱۱؛ (۲) فتاوای جہانداری، ایتھے Ethé، عدد ۲۰۶۳؛ (۳) نعتِ محمدی: رضا لائبریری، رام پور، مخطوطہ، عدد تاریخ ۱۲۷؛ (۴) اخبار برمکیان یا تاریخ آلِ برمک، طبع سنگی، بمبئی ۱۸۸۹ء؛ (۵) سید حسن برنی: ضیاء الدین برنی، در اسلامک کلچر، جنوری ۱۹۳۸ء، ص ۷۶ تا ۹۱؛ (۶) شیخ عبدالرّشید: ضیاء الدین برنی، در Muslim University Journal، علی گڑھ ۱۹۴۲ء، ص ۲۴۸ تا ۲۷۴؛ (۷) اے۔ بی۔ ایم حبیب اللہ: Re-evaluation of the Literary Sources of Pre-Mughal History، در IC، اپریل ۱۹۴۱ء، ص ۲۰۹ تا ۲۱۳؛ (۸) ایس۔ نورالحسن: Sahifa-i-Na't-i-Muhammadi of Ziya al-Din Barni، در Medieval Indian Quarterly، ۱ و ۳ و ۴ / ۱۹۵۴ء، ص ۱۰۰ تا ۱۰۵؛ (۹) ایس۔ معین الحق: Some Aspects of Diya al-Din Barni's Political Thought، در Journal of Pakistan Historical Society، ۴ / ۱، جنوری ۱۹۵۶ء: ص ۳ تا ۲۶؛ (۱۰) P. Hardy: The Oratio Recta of Barani's Ta'rikh-i Firūz Shāhi—Fact or Fiction؟، در BSOS، ۱۹۵۷ء، ۲۰: ۳۱۵ تا ۳۲۱؛ [(۱۱) ضیاء الدین برنی: فتاوای جہانداری، دیباچہ از محمد حبیب اور انگریزی ترجمہ از افسر جہاں سلیم، در Medieval Indian Quarterly، ج ۳/۱ و ۲، علی گڑھ ۱۹۵۷ء: ص ۱ تا ۸۷، نیز طبع لاہور ۱۹۶۹ء؛ (۱۲) مقبول بیگ بدخشانی: ضیا برنی کے سیاسی نظریات، در ماہنامۂ ثقافت، لاہور۔

(P. Hardy [و ادارہ])

**اَلْبُرُوْج**: قرآن مجید کی پچاسیویں سورت کا نام، جو ابتدائی مکّی زمانے میں نازل ہوئی۔ اس میں ایک رکوع اور بائیس آیتیں، ایک سو نو کلمات اور چار سو اٹھاون حروف ہیں۔ بروج کے معنی ہیں ستارے، چنانچہ ابن مردویہ نے حضرت جابرؓ بن عبداللہ سے روایت کی ہے کہ نبی اکرم صلّی اللہ علیہ و آلہ و سلّم سے پوچھا گیا کہ بروج کیا چیز ہیں تو آپ نے فرمایا الکوا کب یعنی ان سے ستارے مراد ہیں، اس لیے مجاہد نے بھی اس کے معنی ستارے کیے ہیں (ابن جریر)۔ پھر بروج کے معنی ہیں ستاروں کی گردش کی جگہیں اور ان کے دائرے، منازل شمس و قمر (معجم غریب القرآن)۔ اس کا مفرد بُرْج ہے اور برج ہر نمایاں اور بلند چیز کو کہتے ہیں اور شہر کے برج اس کے قلعے ہیں، جو شہر کی فصیل

marfat.com
Marfat.com

پر بنائے جاتے ھیں۔ آسمان کے برج اس کے ستارے ھیں۔ قصر اور محل کو بھی برج (رک باں) کہتے ھیں (تاج العروس)؛ اور اسی مادے سے ہے تبرج بمعنی عورتوں کی زیب و زینت اور اظہارِ محاسن۔

بقول الزمخشری جب مشرکین مکہ کی طرف سے مسلمانوں پر طرح طرح کے مظالم ڈھائے جانے لگے تو اللہ تعالٰی نے اس سورت میں مسلمانوں کو صبر و ثابت قدمی کی تلقین فرمائی اور بتایا کہ پہلی قوموں نے بھی ایمان والوں کو بڑی تکلیفیں اور اذیتیں پہنچائی تھیں، کفر اور ایمان کی کشمکش ہمیشہ سے چلی آتی ہے، لیکن بالآخر فتح ایمان والوں کی ھوتی ہے اور وھی آخرت میں بھی ایمان و عمل صالح کے صلے میں جنت کے وارث ھوں گے۔ اس کے برعکس وہ لوگ جو مومن مردوں اور عورتوں کو تکلیفیں دیتے ھیں، پھر توبہ بھی نہیں کرتے تو ان کے لیے جہنم کی بھڑکتی ھوئی جلا دینے والی آگ ہے۔ اللہ تعالٰی کو اس بات پر قدرت ہے؛ اور مثال کے طور پر فرعون و ثمود کی قوموں کا انجام مومنوں کے سامنے رکھا تاکہ وہ ایمان و ایقان میں پختہ رھیں۔ اس میں یہ سبق بھی ہے کہ اھلِ ایمان کو دکھ دینے کا نتیجہ کبھی اچھا نہیں نکلا کرتا۔ اللہ تعالٰی ایسے لوگوں کی سخت گرفت کرتا ہے اور مومنوں کو فتح و نصرت سے نوازتا ہے۔ اس سورت میں اللہ تعالٰی کے جلال و جمال کے کئی پہلو بیان کیے گئے ھیں، مثلاً بطش شدید، ابداء و اعادہ، مغفرت و ود، عرش مجید، قدرت کاملہ، قرآن مجید، لوح محفوظ وغیرہ۔ احادیث میں مذکور ہے کہ حضرت نبی کریم صلّی اللہ علیہ و سلّم اس سورت کو نماز ظہر و عصر اور عشا میں پڑھا کرتے تھے۔

**مآخذ**: (۱) الطبری: تفسیر؛ (۲) الرّازی: تفسیر کبیر؛ (۳) الزمخشری: الکشاف؛ (۴) القرطبی: جامع الاحکام القرآن؛ (۵) الشوکانی: فتح القدیر، بذیل سورۃ البروج [۸۵]؛ (۶) البخاری، کتاب تفسیر القرآن، باب سورۃ البروج؛ (۷) الترمذی، ابواب تفسیر القرآن، سورۃ البروج؛ (۸) امیر علی: تفسیر مواھب الرحمٰن، ۳۰: ۲۸۲ تا ۳۱۳؛ (۹) لسان العرب؛ (۱۰) المفردات۔

(عبدالقیوم)

**البُرُوج**: رک بہ علم نجوم۔

**بُرُوجِرد**: (یا بُروجِرد) ایران کے چھٹے اُستان (لُرِستان) میں ایک شہر، جو خُرّم آباد کے راستے ھمدان سے اَھواز جانے والی سڑک پر واقع ہے۔ یہ ''فرمان‌دار'' (ڈپٹی گورنر) کا صدر مقام ہے۔ یہاں کی آبادی سینتالیس ھزار ہے۔

بروجرد ایک وسیع اور خوب زرخیز میدان میں واقع ہے، جس کی مغربی سرحد کوھستان زگروس Zagros ہے۔ گرمی میں یہاں کا موسم معتدل ھوتا ہے، لیکن جاڑے میں سردی ھو جاتی ہے۔ یہاں کوئی نو سو دکانیں ھیں، جن میں سے اکثر یہاں کے دو بڑے بازاروں میں واقع ھیں۔ جامع مسجد مغولی عہد کی بنی ھوئی ہے۔ سلجوق شہزادہ بَرکیارُوق [رک باں] نے بروجرد ھی کے مقام پر ۴۸۵ھ/ ۱۰۹۲-۱۰۹۳ء میں اپنی ماں تُرکان خاتون کی فوج کو شکست دی تھی، جو اپنے خاوند ملک شاہ کی وفات کے بعد اپنے چھوٹے بیٹے محمود کی حمایت میں اٹھی تھی۔

**مآخذ**: (۱) یاقوت، ۱: ۲۸۸ تا ۲۸۹؛ (۲) de Bode: *Travels in Luristan and Arabistan*، ۲: ۳۰۲ تا ۳۰۷؛ (۳) A. H. Layard: *Early Adventures in Persia, Susiana and Babylonia*، لندن ۱۸۸۷ء، ۱: ۲۸۸ تا ۲۹۱؛ (۴) Mrs. Bishop: *Journeys in Persia and Kurdistan*، لندن ۱۸۹۱ء، ۲: ۱۳۰ تا ۱۳۲؛ (۵) سرتیپ رزم آرا و سرتیپ نوتاش: فرھنگ جغرافیۂ ایران، تہران ۱۳۳۰ھ ش/ ۱۹۵۱ء، ۶: ۴۷۰۔

(L. Lockhart)

Marfat.com

• بُرُوج : رَكَ به بھڑُوچ .

• بُرُوسه : رَكَ به بُرسه .

⊕ بُرُونی : Brunei، جسے اس کے باشندے دارالسلام بھی کہتے ھیں - بورنیو Borneo کے شمال مغربی ساحل پر ۴ درجه ۲ دقیقه اور ۵ درجه ۳ دقیقه شمال اور ۱۱۴ درجه ۴ دقیقه اور ۱۱۵ درجه ۲۲ دقیقه مشرق کے درمیان ایک علاقه، جس کا رقبه ۲۲۲۶ میل اور آبادی [۱۱۸۴۵۲] ہے - اس میں چھہتّر فی‌صد مسلمان ھیں - دارالحکومت کا نام بھی برونی ہے، جو اسی نام کے دریا کے دہانے سے نو میل کے فاصلے پر ہے - یه سنگا پور سے بحری مسافت کے لحاظ سے سات سو اٹھاون میل دور ہے .

برونی برطانیه کے زیرِ حمایت ہے - کسی زمانے میں یه مملکت بڑی طاقتور تھی اور اس کے حکمرانوں کا تسلّط بورنیو Borneo کے ایک بہت بڑے حصّے اور ملحقه جزائر پر تھا - اس کے سب سے پہلے مسلمان بادشاہ یا سلطان کا نام اوانگ آلک بیتر Awang Alak Betar (انسائیکلوپیڈیا بریٹنیکا میں Alak-ber-Tata ، بذیل مادّہ) تھا - وہ اسلام لانے سے پہلے نویں صدی/پندرھویں صدی میں یہاں کا حکمران تھا - مشرف به اسلام ہونے کے بعد اس نے اپنا نام محمّد رکھا - اس کے اسلام لانے کا واقعه یه ہے که وہ ۸۲۸ھ / ۱۴۲۵ء میں سلطان محمّد شاہ سے ملنے ملاکا Malacca گیا تو اسلام کی تعلیمات اور توحید سے اتنا متأثر ہوا که اسلام قبول کر لیا - اس کے عہدِ حکومت میں سلطان برکت نام ایک عرب عالم و مبلغ برونی آیا اور اسلام کی تبلیغ میں منہمک ہو گیا - اس کی مساعی جمیله کے نتیجے میں برونی کے طول و عرض میں اسلام پھیل گیا - اسی زمانے سے برونی ایک مسلم سلطنت ہے .

سلطان برکت کے علم و حکمت اور دینی کارناموں سے متأثر ہو کر سلطان برونی نے اپنی بھتیجی کی شادی اس سے کر دی - سلطان برکت نے برونی میں ایک عظیم الشان جامع مسجد تعمیر کی اور ملک میں اسلامی قوانین نافذ کروائے اور چینیوں کی مدد سے دریاے برونی کے دہانے پر پتھر کا ایک بند بنوایا، جو آج بھی موجود ہے .

مغربی طاقتوں میں سے سب سے پہلے ولندیزیوں نے مملکت برونی کے کچھ حصّوں پر قبضه کر لیا - بعد ازاں ۱۸۸۸ء سے یه برطانوی سرپرستی میں چلی آ رہی ہے - ۱۹۰۶ء کے بعد اس کی عنانِ حکومت عملاً برطانوی ریزیڈنٹ کے ہاتھ میں تھی اور سلطان محض ایک آئینی حکمران تھا، جو ایک مجلس کی مدد سے حکومت تھا - اس مجلس کے نو ارکان تھے، جن میں ایک برطانوی ریزیڈنٹ ہوتا تھا - ۱۹۴۱ء میں جاپانؔیوں نے جب برونی پر قبضه کیا تو اس وقت میجر پینگلی E. E. Pengilly ریزیڈنٹ تھا .

برونی حکومت کا یه مسلّمه طریق کار تھا که وہاں کا برطانوی ریزیڈنٹ ملائی سول سروس سے تعلق رکھتا ہو - پولیس، زراعت، جنگلات، صحت اور رفاہ عامّه کے محکموں کے سربراہ انگریز ہوتے تھے - ۱۹۵۹ء میں سلطان اور حکومت برطانیه کے درمیان ایک معاهدے کی رو سے برونی کی انتظامیه علیحدہ ہو گئی .

برونی کو وفاق ملائشیا (Malaysia Federation) میں شامل ہونے کی تجویز پیش کی گئی، لیکن اس نے بالآخر ایسا کرنے سے انکار کر دیا، چنانچه اب وہ برطانیه کے زیرِ سایه ایک علیحدہ خود مختار سلطنت ہے .

برونی کی آب و ہوا منطقهٔ حارّہ کی آب و ہوا کی سی ہے، دن کے وقت گرم مرطوب اور رات کے وقت سرد - آبادی کا بیشتر حصه دارالحکومت یا اس کے مضافات میں رہتا ہے .

marfat.com
Marfat.com

برونی کے اندرونی حصّے میں زیادہ تر جنگلات ہیں، جن میں اعلٰی درجے کی عمارتی لکڑی بکثرت پائی جاتی ہے - چاول اور ربڑ اہم زرعی پیداوار ہے - ملک کی معیشت کا انحصار مٹی کے تیل پر ہے، جو برآمدات کا ننانوے فی صد ہے - برطانوی دولت مشترکہ میں برونی مٹی کے تیل کی پیداوار کے لحاظ سے کینیڈا سے دوسرے درجے پر ہے - اس کی دیگر برآمدات چاول، تمباکو، چینی اور کپڑا ہیں - برونی پیتل کے برتنوں، گھریلو دستکاری مثلاً کشیدہ کاری کے لیے مشہور ہے۔

**مآخذ** : (۱) *World Muslim Gazetteer*، طبع مؤتمر عالم اسلامی، کراچی، ص ۵۲۶ تا ۵۲۷؛ (۲) *Encyclopaedia Britannica*، ۴ : ۲۸۳ تا ۲۸۵، ۱۹۵۰ء؛ (۳) Sir Hugh Low : *Sélésilah (Book of the Descent) of the Rajas of Brunei*؛ (۴) *Journal of the Straits Branch of the Royal Asiatic Society*، جون ۱۸۸۰ء؛ (۵) [*The Statesman's Year-Book, 1967-68*].

(نصیر احمد ناصر)

* **بَرَوَہ** : (Barawa یا Brava)، اطالوی سمالی لینڈ میں ایک ساحلی شہر - جس کے تقریباً نو ہزار باشندے زیادہ تر دِگِل سمالی Digil Somali کے تُنّی Tunni قبیلے کے ہیں، جو اَجُران Adjurān کو نکال کر یہاں آبسا اور بُران گلّا Boran Galla کے ساتھ مخلوط ہے - یہاں کی زمین خاصی زرخیز ہے؛ تنہالیں، غلہ اور مکھن کی تجارت ہوتی ہے اور چمڑا کمایا جاتا ہے - بَرَوَہ شاید وہی ہے جسے یاقوت نے باوَری لکھا ہے، جہاں سے عنبر دساور بھیجا جاتا تھا اور یہی ادریسی کا بُروہ B·rwa (دوسری شکل مُروہ M·rwa) ہے، جو صنم پرستوں کی سرحد پر ہے، دیگر اسلامی جغرافیہ نویسوں نے اس کا کچھ ذکر نہیں کیا - بروس Barros ایک کلوہ Kilwa وقائع کا، جواب نہیں ملتا، تتبع کرتے ہوے کہتا ہے کہ زیدیوں نے الاَحساء سے آکر مَقدشو کے تھوڑے ہی دن بعد اس کی بنیاد رکھی - سٹیگنڈ Stigand کا مآخذ بتاتا ہے کہ اسے ۷۷ھ/ ۶۹۶ - ۶۹۷ء میں خلیفہ عبدالملک بن مَروان نے آباد کیا تھا - آٹھویں صدی ہجری / چودھویں صدی عیسوی میں یہ Pate کے زیر اقتدار تھا - چینیوں نے تقریباً ۸۲۱ھ/۱۴۱۸ء میں "Pu la wa" کی سیاحت کی تھی - ۹۰۸ - ۹۰۹ھ / ۱۵۰۳ء میں بارہ شیوخ نے، جنھیں Rui Lourenço Ravasco نے گرفتار کرلیا تھا، بروہ کو پرتگال کا باجگزار بنا دیا - ۹۱۲ھ/ ۱۵۰۶ - ۱۵۰۷ء میں Tristão da Cunha اور Albuquerque نے اس پر یورش کی اور اسے جلا کر خاک کر دیا - بروہ نے چار یا چھے ہزار دفاعی فوج جمع کر لی تھی اور بیش قیمت مال غنیمت پیش کیا - اس کے بعد اس کی حالت عارضی طور پر درست ہو گئی لیکن Galla کی ترقی کے بعد اسے زوال آ گیا - تھوڑے تھوڑے وقفے کے بعد پرتگالیوں کا اقتدار یہاں تسلیم کیا جاتا رہا - پرتگالی مصنف اسے جمہوریہ لکھتے ہیں، جو بارہ شیوخ کے زیرِ حکومت تھی - Guillain ایک مجلس شورٰی کا ذکر کرتا ہے، جس میں پانچ سمالی اور دو عرب قبیلوں کے سردار شامل تھے اور ایک حاکم تھا جسے سات سال کے لیے منتخب کیا جاتا تھا، اور کسی زمانے میں یہ دستور رائج تھا کہ مدت مقررہ گزرنے کے بعد اسے قتل کر دیا جاتا تھا - بروہ برائے نام آل بو سعید [رک باں] کے زیرِ فرمان تھا، جنھوں نے اپنا اقتدار تقریباً ۱۲۳۸ھ / ۱۸۲۲ء میں Mazrui کے مقابلے میں قائم کر لیا تھا مگر خراج کبھی کبھی سمالی سرداروں کو ادا کیا جاتا تھا - ۱۲۹۲ھ/۱۸۷۵ء میں تقریباً دو ماہ کے لیے اس پر مصریوں نے قبضہ رکھا - ۱۳۰۳ھ / ۱۸۸۵ - ۱۸۸۶ء میں برطانوی - المانوی اعلان میں یہاں بو سعیدی حکومت تسلیم کی گئی -

marfat.com
Marfat.com

اس کے تیئ سال بعد اطالیہ نے ساحل کو اپنا زیرِ حمایت علاقہ قرار دیا، بعد ازاں بروہ اسے پٹے پر دے دیا گیا۔ یہاں ایک گودی بنانے کا کام اس امید پر شروع کیا گیا تھا کہ اسے علاقۂ جُب Djub (Juba) کی بندرگاہ بنا دیا جائے، لیکن بعد میں یہ منصوبہ ترک کر دیا گیا۔

**مآخذ**: (۱) یاقوت، ۱: ۵۸۰؛ (۲) الادریسی: اقلیم، حصّہ ۷؛ (۳) Storbeck، در MSOS، ۱۹۱۴ء؛ (۴) J. Afr. S.، ۱۹۱۰-۱۹۱۴ء، ص ۱۰۸؛ (۵) Ming Shih، باب ۳۲۶؛ (۶) T'oung Pao، ۱۹۳۳ء، ص ۲۹۷ اور ۱۹۳۸-۱۹۳۹ء، ص ۳۰۴؛ (۷) J. Strandes: Die Portugiesen zeit von Deutsch-und Englisch Ost-Afrika، میں اہم پرتگالی حوالے دیے ہوئے ہیں؛ (۸) Beccari: Rerum Äethiopicarum Scriptores، ۱۰: ۳۸۲؛ (۹) C. Guillain: Documents sur l'histoire, la géographie et le commerce de l'Afrique orientale، ۱: ۲۰۷ تا ۳۰۷؛ ۳: ۱۵۸ ببعد؛ (۱۰) C.H. Stigand: The Land of Zinj؛ (۱۱) R. Coupland: East Africa and its Invaders و The Exploitation of East Africa؛ (۱۲) G. Piazza: La regione di Brava nel Benadir؛ (۱۳) Guida dell' Africa Orientale Italiana.

(C. F. BECKINGHAM)

⊕ **بُرْہَان**: برہان کے معنی ہیں فیصلہ کن حجت یا قطعی اور واضح دلیل، جس کے ذریعے مدّ مقابل کو لا جواب کیا جا سکے۔ برہان کی جمع بَراہِین ہے (تاج العروس و لسان العرب، بذیل مادّہ)۔ بعض کا کہنا ہے کہ برہان مصدر ہے اور اس کی ماضی بَرِہَ (بمعنی سفید ہونا) ہے؛ چنانچہ اَبْرَہ سفید مرد اور بَرْہَاء سفید عورت کو کہتے ہیں (مفردات القرآن، بذیل مادّہ)۔ امام راغب کا قول ہے کہ اَلْبُرْہَان وہ دلیل ہے جو تمام دلائل میں سب سے زیادہ قوی اور پختہ ہو (البرہان اَوْکَدُ الْاَدِلّۃ) اور یہ دلیل ہمیشہ لازمی طور پر صدق و یقین اور قطعیت کی مقتضی ہوتی ہے کیونکہ ان کے نزدیک دلائل کی پانچ قسمیں ہیں: ایک وہ جو ہمیشہ صدق ہی کی مقتضی ہوتی ہے، دوسری ہمیشہ کذب کی مقتضی ہوتی ہے، تیسری جو صدق کے زیادہ قریب ہوتی ہے، چوتھی جو کذب کے زیادہ قریب ہوتی ہے اور پانچویں دلیل وہ ہے جو نہ سچی ہوتی ہے نہ جھوٹی بلکہ صدق و کذب کے بین بین ہوتی ہے، ان میں سے پہلی قسم کی دلیل ''برہان'' کہلاتی ہے (قب مفردات القرآن، بذیل مادّہ)۔

قرآن کریم میں برہان کا لفظ آٹھ مختلف مقامات پر استعمال ہوا ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ قرآن کریم کے نزدیک بھی برہان وہ دلیلِ روشن اور حجت قطعی ہے جسے حق و صداقت کے لا جواب ثبوت اور قول فیصل کی حیثیت حاصل ہو؛ چنانچہ سورۃ البقرہ میں یہود و نصارٰی کے اس دعوے کی تکذیب کرتے ہوئے کہ جنّت میں یہود و نصارٰی کے سوا اور کوئی بھی داخل نہیں ہوگا ان سے بھی برہان (دلیل قطعی) طلب کی گئی ہے (قُلْ ہَاتُوْا بُرْہَانَکُمْ اِنْ کُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ (۲ [البقرۃ]: ۱۱۱) کہ اگر تم اس دعوے میں سچے ہو تو پھر اپنی برہان (دلیل قطعی) بھی پیش کرو۔ مشرکین کی بت پرستی اور غیر اللہ کو معبود و حاجت روا بنانے کی مذمّت کرتے ہوئے بھی ان سے برہان طلب کی گئی ہے (۲۱ [الانبیاء]: ۲۴ و ۲۷ [النمل]: ۶۴)۔ اللہ تعالٰی کے علاوہ کسی دوسرے معبود کی پرستش و دعا کے قائل لوگوں کے عقیدے کی تردید کرتے ہوئے کہا کہ ان کے پاس کوئی برہان نہیں (لَا بُرْہَانَ لَہٗ، ۲۳ [المؤمنون]: ۱۱۸)۔ قیامت کے دن جب مشرکین سے کہا جائے گا کہ اپنے جھوٹے معبودوں کو اپنی مدد کے لیے پکارو اور ہر قوم کے نبی کو بطور گواہ پیش کیا جائے گا تو اس

marfat.com
Marfat.com

موقع پر بھی ان مشرکین سے برہان طلب کی جائے گی (۲۸ [القصص] : ۷۵) - حضرت موسٰی علیہ السلام کو جب نبوت دے کر فرعون کو راہ راست پر لانے کے لیے بھیجا گیا تو انھیں جو دو معجزے ــ یدِ بیضاء اور عصا ــ عطا ہوئے تھے انھیں بھی قرآن کریم دو ربانی برہان کا نام دیتا ہے : فَذٰنِكَ بُرْهَانٰنِ مِنْ رَّبِّكَ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَ مَلَائِهٖ (فرعون اور اس کے مصاحبوں کے لیے تجھے تیرے پروردگار کی طرف سے یہ دو برہانیں دی جاتی ہیں، ۲۸ [القصص]: ۳۲)- حضرت یوسف علیہ السلام بھی برہانِ ربانی دیکھ کر (لَوْلَآ اَنْ رَّاٰ بُرْهَانَ رَبِّهٖ، ۱۲ [یوسف] : ۲۴) برائی کے ارتکاب سے بچ گئے - اللہ کے رسولوں، ان کے معجزات، دین اسلام اور قرآن کریم کو بھی نور اور برہان سے تعبیر کیا گیا ہے (۴ [النساء] : ۱۷۴) .

حدیث میں صدقے کو برہان کہا گیا ہے (اَلصَّدَقَةُ بُرْهَانٌ) اور اس کی وضاحت یہ کی گئی ہے کہ صدقہ طالب اجر و ثواب کے لیے حجت ہے باین معنی کہ یہ ایک ایسا فریضہ ہے جس کی جزا اللہ تعالٰی عطا فرماتا ہے اور بعض نے کہا ہے کہ صدقے کو برہان اس لیے کہا گیا ہے کہ صدقہ انسان کے ایمان کی قطعی دلیل ہے، کیونکہ دل اور مال کا بڑا گہرا رشتہ ہے اور جو شخص آسانی سے راہ خدا میں مال کا صدقہ کرتا ہے تو یہ اس کے پاکیزہ دل اور سخی ہونے کی قطعی دلیل ہے (قبّ تاج العروس و النہایة، بذیل مادہ) .

اسلام کے ابتدائی دور میں یہ لفظ اپنے لغوی معنی (قطعی دلیل یا واضح ثبوت) ہی میں استعمال ہوتا رہا، لیکن اسلامی علوم کی تدوین کے ساتھ اور خصوصاً فلسفہ و منطق کی ترویج کے ساتھ اور کئی ایک الفاظ کی طرح یہ لفظ بھی اصطلاحی مفہوم کی شکل اختیار کر گیا اور اب برہان کے معنی منطقی استدلال اور قیاس ہو گئے - فقہا نے یہ اصطلاح بہت کم استعمال کی ہے - ان کے ہاں ''حجت'' اور ''قیاس'' کا استعمال زیادہ عام تھا (سُلَّم الوصول الی علم الاصول، ص ۲۰۵)، البتہ متکلمین اور فلاسفہ نے برہان کو بمعنی منطقی استدلال و قیاس بکثرت استعمال کیا ہے (نَجاة، ص ۱۰۳؛ التعریفات، ص ۴۹) - الفارابی کے بیان کے مطابق اقاویل برہانیہ (یعنی وہ اقوال جنھیں برہان یا دلیلِ قطعی کا درجہ حاصل ہوتا ہے) وہ اقوال ہیں جو امر مطلوب کی معرفت کے سلسلے میں علم یقینی کا فائدہ دیتے ہیں خواہ ان اقوال برہانیہ کو انسان امر مطلوب کے استنباط کی غرض سے خود اپنے دل میں استعمال میں لائے خواہ ان کے ذریعے کسی دوسرے شخص کو مخاطب کرے یا کوئی دوسرا اسے مخاطب کرے اور مقصد و امرِ مطلوب کی تصحیح اور وضاحت کرے، ہر صورت اور ہر حال میں یہ اقاویل برہانیہ (یا برہان کا درجہ رکھنے والے اقوال) علم یقینی ہی کا فائدہ دیں گے، اور علم یقینی وہ ہے جس کی مخالفت سرے سے ناممکن ہو اور اس سے رجوع کرنا یا برگشتہ ہونا انسان کے لیے ممکن نہ رہے اور انسان یہ اعتقاد یا خیال ہی دل میں نہ لا سکے کہ اس سے رجوع کرنا یا ہٹنا ممکن ہے - اس علم میں نہ تو کسی انسان کو شبہہ ہو سکے، نہ کسی مغالطے کے ذریعے اسے اس سے برگشتہ کیا جا سکے اور نہ اس سلسلے میں اسے کسی وجہ سے موردِ الزام ٹھیرایا جا سکے (احصاء العلوم، ص ۲۱).

اخوان الصفاء نے بھی برہان کی اہمیت پر بڑا زور دیا ہے - ان کے نزدیک برہان حکما کے لیے ایک ترازو کی حیثیت رکھتی ہے، جس کے ذریعے وہ اقوال میں صدق کو کذب سے، آرا و افکار میں غلط کو صواب سے، اعتقادات میں حق کو باطل سے اور افعال و اعمال میں خیر کو شر سے ممیّز و ممتاز کرتے ہیں - جس طرح عوام کسی مقدار یا

marfat.com
Marfat.com

اندازے میں اختلاف کی صورت میں وزن اور ناپ کے پیمانے سے اشیا کو تولتے اور ناپتے ہیں اسی طرح صناعت برہان سے واقفیت رکھنے والے علما بھی حقائق اشیا کو معلوم کرتے ہوئے برہان کو کام میں لاتے ہیں یا جس طرح علم عروض و قوافی کا ماہر میزانِ شعر کو کام میں لاتے ہوئے بحور و زحافات کی کیفیت معلوم کرتے ہیں اسی طرح جب عقل و فکر کے تخمینے میں اختلاف واقع ہوتا ہے تو حکما برہان کو کام میں لاتے ہیں (رسائل اخوان الصفاء، ۱ : ۴۰۲).

منطقیوں کے نزدیک برہان وہ قیاس یا منطقی استدلال ہے جو یقینیات سے مرکب ہے اور اس قیاس یا استدلال کا منطقی نتیجہ بھی علمِ یقینی ہوتا ہے (قب نجاۃ، ص ۱۰۳ و کتاب التعریفات، ص ۲۹) - جن یقینیات سے برہان مرکب ہوتی ہے ان کی چھے قسمیں ہیں : اَوّلیّات، فطریات، مشاہدات، حدسیّات، تجربیّات اور مُتواترات (قب نجاۃ، ص ۱۰۳ و سلم العلوم، ص ۱۶۸) - اولیات وہ مقدمات ہیں جن میں طرفین کے تصوّر ہی سے عقل انسانی کو پختہ اور یقینی علم حاصل ہو جائے، مثلاً اَلْکُلُّ اَعْظَمُ مِنَ الْجُزْءِ (کل جز سے بڑا ہوتا ہے) یا جیسے دو اور دو چار ہوتے ہیں - فطریات سے مراد وہ مقدمات ہیں جن میں عقل انسانی کسی ایسے ''واسطے'' سے حکم لگاتی ہے جو ذہن سے تصور طرفین (صغری و کبری) کے وقت غائب نہ ہو، مثلاً اَلْاَرْبَعَۃُ زَوْجٌ (چار جفت ہے) - مشاہدات سے مراد وہ مقدمات یا قضایا ہیں جن میں عقل انسانی ''حس'' کے واسطے سے حکم لگاتی ہے اگر حس ظاہری کا واسطہ ہو تو وہ حسیّات کہلائیں گے، جیسے آگ جلاتی ہے اور سورج روشنی دیتا ہے - اگر عقل انسانی حکم لگاتے ہوئے حس باطنی کو کام میں لائے تو اسے وِجدانیات کا نام دیا جاتا ہے، جیسے ہمارے اندر غصہ ہے، یا ہمارے اندر خوف ہے، یا ہم ادراک کی صلاحیت رکھتے ہیں - حدسیّات سے مراد وہ مقدمات ہیں جن میں مبادی مُرتّبہ دفعۃً اور یک بیک ظہور میں آ جاتے ہیں اور اس کے لیے تکرارِ مشاہدہ وغیرہ کی ضرورت پیش نہیں آتی، جیسے یہ کہنا نُوْرُ الْقَمَرِ مُسْتَفَادٌ مِنْ نُوْرِ الشَّمْسِ (چاند کی روشنی سورج کی روشنی سے مستعار ہے) - تَجْرِبیّات یعنی وہ مقدمات اور قضایا جن پر پختہ حکم لگانے کے لیے عقل انسانی تکرارِ مشاہدہ کی محتاج ہو، جیسے روٹی سے بھوک مٹتی ہے یا چوٹ سے حیوان کو درد ہوتا ہے یا سقمونیا صفراء کے لیے مُسْہِل ہے - متواترات ان قضایا یا مقدمات کو کہتے ہیں جن میں عقلِ انسانی یقینی حکم لگاتی ہے لیکن ایک ایسی کثیر التعداد جماعت کے واسطے سے جن کا جھوٹ پر متفق ہونا عقلاً محال معلوم ہو رہا ہو، جیسے نبی صلی اللہ علیہ وسلّم نے نبوت کا اعلان کیا اور آپؐ کے ہاتھ سے معجزات ظہور میں آئے (قب سلم العلوم، ص ۱۶۹).

برہان کی دو قسمیں ہیں : برہان اِنّی (برہان الاِن) اور برہان لِمّی (برہان اللِم)، جیسا کہ حدّ اوسط باعتبار ذہن کے علت ہوتی ہے ایسے ہی اگر نفس الامر کے اعتبار سے بھی حکم کے لیے علت بن رہی ہو تو اسے برہان لِمّی کہتے ہیں، جیسے زید مُتَعَفِّنُ الْاَخْلَاط ہے اور ہر متعفن الاخلاط بخار میں مبتلا ہوتا ہے اس لیے زید بخار میں مبتلا ہے. تو اس مثال میں حدّ اوسط جو متعفن الاخلاط ہے حقیقت اور نفس الامر میں بھی بخار کی علت ہے جیسا کہ ذہن کے اعتبار سے علت ہے - اور اگر حدّ اوسط صرف ذہن کے اعتبار ہی سے علت بن رہی ہو اور حقیقۃً خارج میں وہ علت نہ ہو تو اسے برہان اِنّی کہا جائے گا، جیسے ہم کہیں کہ زید بخار میں مبتلا ہے اور ہر بخار میں مبتلا متعفن الاخلاط

marfat.com
Marfat.com

ہوتا ہے لہذا زید بھی متعفن الاخلاط ہے ۔ ان مقدمات میں بخار میں مبتلا حدّ اوسط ہے جو حکم کے لیے صرف ذہن کے اعتبار سے علت ہے مگر نفس الامر اور واقع میں یہ حکم کے لیے علت نہیں ۔ کیونکہ حقیقت میں یہ نہیں ہوتا کہ بخار واقعۃً متعفن الاخلاط ہونے کی علت بن جائے بلکہ معاملہ تو اس کے برعکس ہوتا ہے ۔ تعفّن اخلاط بخار کی علت ہوتی ہے، کیونکہ پہلے اخلاط میں فساد واقع ہوتا ہے جو بعد میں بخار کی علت یا سبب بن جاتا ہے (قبّ سلم العلوم، ص ۱۶۷؛ نجاۃ، ص ۱۰۴ تا ۱۰۵)۔ بعض علمائے منطق نے برہان لمّی و برہان انّی کی وضاحت یوں کی ہے کہ اگر علت سے معلول کی طرف استدلال کیا جائے تو اسے برہان لمّی کہا جائے گا اور اگر معلول سے علت کی طرف استدلال ہو تو یہ برہان انّی ہو گی (کتاب التعریفات، ص ۳۰)۔ مثال کے طور پر ایک شخص کو چوٹیں لگیں اور اس کے اعضاے رئیسہ کو ایسا صدمہ پہنچا جو عادۃً مہلک ہوا کرتا ہے تو ہم اس کے زخموں کو دیکھ کر جب یہ کہیں گے کہ اس شخص کا دماغ لاٹھی کی چوٹ سے پاش پاش ہو گیا ہے اور جس کا دماغ پاش پاش ہو جائے وہ مر ہی جاتا ہے لہذا یہ شخص بھی مر جائے گا تو یہ استدلال لمّی کی صورت ہو گی، استدلال انّی کی شکل یہ ہے کہ مرنے کے بعد ڈاکٹر لاش کو دیکھ کر اس شخص کی موت کے اسباب (پوسٹ مارٹم کے ذریعے) معلوم کریں ۔

**مآخذ:** (۱) القرآن الکریم (خصوصًا سورۃ البقرۃ، النساء، یوسف، الانبیاء، المؤمنون، النمل اور القصص، بذیل مادّہ برہان)؛ (۲) تاج العروس، بذیل مادّہ؛ (۳) لسان العرب، بذیل مادّہ؛ (۴) راغب : مفردات القرآن، بذیل مادّہ؛ (۵) السیوطی : الدّرالنثیر؛ (۶) ابن الأثیر : النہایۃ فی غریب الحدیث والاثر؛ (۷) البیضاوی : انوار التنزیل و اسرار التأویل؛ (۸) الخفاجی : حاشیۃ علی البیضاوی؛ (۹) الرازی : تفسیر کبیر؛ (۱۰) ابن ندیم : الفہرست، قاہرہ؛ (۱۱) رشید رضا : تفسیر المنار؛ (۱۲) الزمخشری : الفائق؛ (۱۳) وہی مصنّف : اساس البلاغۃ؛ (۱۴) وہی مصنّف : الکشاف؛ (۱۵) الجرجانی : کتاب التعریفات، مصر ۱۳۲۱ھ؛ (۱۶) الفارابی : احصاء العلوم، مصر ۱۹۳۱ء؛ (۱۷) ابن سینا : نجاۃ؛ (۱۸) عمر عبداللہ : سلم الوصول، مصر ۱۹۰۶ء؛ (۱۹) نصیرالدین طوسی : شرح الاشارات؛ (۲۰) رسائل اخوان الصفا، ج ۲، قاہرہ ۱۹۲۸ء۔

(ظہور احمد اظہر)

* **بُرہان :** بخارا کا فرماں روا خاندان، جس نے پانچویں صدی ہجری / گیارھویں صدی عیسوی اور چھٹی صدی ہجری / بارھویں صدی عیسوی کے اوائل میں حکومت کی ۔ یہ خاندان صدرالصدور [رکّ باں] کے لقب سے مشہور ہے ۔

* **بُرہان عماد شاہ :** رکّ بہ عماد شاہ.

* **بُرہان :** محمد حسین بن خلف التبریزی کا تخلّص، جو فارسی لغت برہان قاطع کا مؤلف ہے ۔ اسے اس نے ۱۰۶۲ھ / ۱۶۵۱-۱۶۵۲ء میں حیدر آباد میں مکمل کیا اور گولکنڈہ کے فرمانروا سلطان عبداللہ قطب شاہ کے نام سے معنون کیا ۔ برہان قاطع کی ایک نظر ثانی شدہ طبع نو حواشی و تصاویر کے ساتھ چار جلدوں میں تہران میں ۱۳۳۰ھش/۱۹۵۱ء تا ۱۳۳۵ھش/۱۹۵۶ء میں شائع ہوئی (طبع محمد معین) ۔ مؤرخ عاصم افندی [رکّ باں] نے اس کا ترکی ترجمہ سلطان سلیم ثالث کو پیش کیا تھا ۔

(ادارہ)

* **برہان پور :** مدھیا پردیش (بھارت) کا شہر، جو ۱۸°-۱۱′ عرض بلد شمالی اور ۷۶°-۱۲′ طول بلد مشرقی پر دریاے تاپتی کے شمالی کنارے پر واقع ہے ۔ دریا کی جانب گھاٹ بنے ہوے ہیں؛ شہر کے باقی اطراف میں ایک سنگین فصیل ہے، جس میں

Marfat.com

کئی بڑے بڑے پھاٹک اور کھڑکیاں ہیں - یہ فصیل نظام الملک آصف جاہ اول [رک بآں] نے ۱۱۴۱ھ/۱۷۲۸ء میں برہان پور کی صوبے داری کے دوران میں بنوائی تھی - ۱۹۰۱ء میں اس کی آبادی ستر ہزار چھیاسٹھ تھی - فصیل سے گھرے ہوے قصبے کا رقبہ ڈھائی مربع میل ہے- لیکن فصیل سے باہر کے متعدد آثار ظاہر کرتے ہیں کہ مضافات، جن میں اب عادل پورہ شامل ہے، بہت وسیع رہے ہوں گے۔

اس شہر کو قرونِ وسطی میں عسکری اعتبار سے بہت اہمیت حاصل تھی - اس کی بنیاد خاندیش (جس کا نام بعد میں اکبر نے اپنے بیٹے مرزا دانیال کے نام پر داندیش رکھا تھا، لیکن عوام کو کبھی نہ بھایا) کے فاروقی خاندان کے بانی نصیر خان الفاروقی نے ۸۰۱ھ/ ۱۳۹۸ - ۱۳۹۹ء میں یا اس کے بھگ لگ رکھی - اس کا نام دکن کے ایک بزرگ برہان الدین غریب [رک بآں] کے نام پر رکھا گیا - انھیں دنوں تاپتی کے دوسری طرف ایک اور شہر کی بنیاد رکھی گئی جو برہان الدین غریب کے ایک خلیفہ شیخ زین الدین داؤد الشیرازی کے نام پر زین آباد کہلایا۔

۹۶۹ھ/ ۱۵۶۱ء میں بیرم خان [رک بآں] کے ایک ماتحت سردار پیر محمد شروانی نے برہان پور کو تاخت و تاراج کر دیا اور باشندگانِ شہر کا قتل عام کر کے بے انتہا دولت لوٹ کر لے گیا - لیکن یہ فاروقی خاندان کا صدر مقام ۱۰۱۰ھ/ ۱۶۰۱ء تک رہا، جب کہ شہنشاہ اکبر نے فاروقی خاندان کا خاتمہ کر کے اس مملکت کو سلطنت مغلیہ میں شامل کر لیا - اس شہر پر شاہی فوجوں نے ابوالفضل علامی [رک بآں] کی سپہ سالاری میں ۱۰۰۸ھ/۱۵۹۹ء ھی میں قبضہ کر لیا تھا۔ عبدالرحیم خان خانان [رک بآں] کو اس کا صوبیدار مقرر کیا گیا - وہ برہان پور میں خاصے طویل عرصے تک ٹھیرا - برہان پور ھی میں اس کے بڑے بیٹے میرزا ایرج (ملقب بہ شاہ نواز خان) کا انتقال ہوا - اس کے باپ نے یہیں اس کا مقبرہ بنوایا - اسی شہر میں انگریزی سفیر سرٹامس رو Sir Thomas Roe ۱۰۲۳ھ/ ۱۶۱۴ء میں جہانگیر کے بڑے بیٹے پرویز کی خدمت میں حاضر ہوا تھا - ۱۰۲۵ھ/ ۱۶۱۶ء میں شاھجہان نے، جو اس وقت شہزادۂ خرم تھا، اپنی دکن کی مہموں کے دوران میں اسے اپنا عمومی صدر مقام بنایا - شہزادۂ پرویز (ابن جہانگیر) ۱۰۳۶ھ/ ۱۶۲۶ء میں یہیں فوت ہوا - اورنگ زیب نے اپنے باپ شاھجہان کی معزولی کے بعد اس پر پرویز کو زھر دینے کا الزام لگایا تھا - ۱۰۴۰ھ/۱۶۳۰ء تا ۱۰۴۲ھ/ ۱۶۳۲ء میں یہ دوبارہ شاھجہان کی دکن کی ریاستوں سے معرکہ آرائی میں فوجی مرکز بنا - ان ایام میں شدید قحط کی وجہ سے یہاں زبردست اتلافِ جان ہوا، جس نے شہر کو اجاڑ دیا - ۱۰۴۱ھ/۱۶۳۱ء میں شاھجہان کی ملکہ ممتاز محل کا یہاں انتقال ہوا اور اس کی میت کو مستقل طور پر تدفین کے لیے آگرے لے جانے سے پہلے امانۃً زین آباد میں دفنایا گیا - ۱۰۴۶ھ/ ۱۶۳۶ء میں اورنگ زیب کو، جو اس وقت اٹھارہ سالہ نوجوان تھا، دکن کا بشمول خاندیش صوبیدار مقرر کیا گیا - اس نے برہان پور کو اپنا صدر مقام بنایا - دکن کی اسی صوبیداری کے زمانے میں اورنگ زیب شیخ نظام برہان پوری سے متعارف ہوا، جو تقریباً چالیس سال اس کی ملازمت میں رہے اور بعد میں فتاوائے عالمگیری [رک بآں] کی تدوین کرنے والے علما و فقہا کی مجلس کے صدر مقرر کیے گئے - ۱۰۹۲ھ/ ۱۶۸۱ء میں اورنگ زیب نے بیجاپور [رک بآں] کا محاصرہ کرنے سے پہلے برہان پور میں دوبارہ پڑاؤ کیا - ۱۰۹۱ / ۱۶۸۰ء میں شہنشاہ کے

marfat.com
Marfat.com

شہر چھوڑ جانے کے تھوڑے ہی عرصے بعد مرہٹوں نے اس میں لوٹ مار مچائی ۔ اس کے بعد اس کے گرد و نواح میں لڑائیاں ہوتی رہیں اور برہان پور پریشانی اور غارت گری کا شکار ہوتا رہا، تاآنکہ [بہادر شاہ اوّل نے] ۱۱۳۲ھ / ۱۷۱۹ء میں مرہٹوں کا چوتھ (محصول کا ایک چوتھائی حصہ) وصول کرنے کا مطالبہ باضابطہ طور پر تسلیم کر لیا ۔ ۱۱۳۳ھ / ۱۷۲۰ء میں نظام الملک آصف جاہ اوّل نے بھی دکن کا صوبیدار مقرر ہونے پر اسے اپنا صدر مقام بنایا ۔ پھر ۱۱۳۷ھ / ۱۷۲۴ء میں دہلی سے اس کی واپسی کے وقت سے لے کر ۱۱۶۱ھ / ۱۷۴۸ء میں اس کی وفات تک برہان پور آصف جاہ کی قائم کردہ نئی مملکت کی ایک اہم فوجی چوکی بنا رہا اور وقتاً فوقتاً آصف جاہ کا صدر مقام بھی رہا ۔ آصف جاہ اوّل کے انتقال کے بعد اس پر مرہٹوں نے قبضہ کر لیا ۔ انہیں ایک مدت بعد ۱۲۱۸ھ / ۱۸۰۳ء میں لارڈ ویلزلی نے بالآخر یہاں سے نکال دیا ۔ پھر بھی برہان پور مختلف ہاتھوں میں آتا جاتا رہا، تاآنکہ ۱۲۷۷ھ / ۱۸۶۰ء میں اس پر پورا برطانوی تسلط ہوگیا ۱۲۶۶ھ / ۱۸۴۹ء میں یہاں ایک ہولناک ہندو مسلم فساد ہوا، جس میں بہت سی جانیں ضائع ہوئیں ۔ ۱۲۶۵ھ / ۱۸۴۹ء میں شہر کا ایک علاقہ سندھی پورہ، جس کے باشندے زیادہ تر سندھ کے متعدّد شہروں سے ابتدائی دور میں آئے ہوے تارکینِ وطن کی اولاد میں سے تھے، آگ سے بالکل تباہ ہو گیا ۔ اگلے سال داؤد پورہ میں بہت سے مکان آگ سے جل گئے اور ۱۳۱۴ھ / ۱۸۹۷ء میں تیسری آگ سے لُہار منڈی کا ایک حصہ، جس میں چوک کی مسجد بھی تھی، تباہ ہو گیا ۔ ۱۳۲۱ھ / ۱۹۰۳ء میں وباے طاعون سے لوگ بکثرت ہلاک ہوے ۔

**برہان پور** میں اولیا اور صوفیہ کے مزاروں کی بڑی تعداد موجود ہے، ان میں سے متعدّد بزرگ سندھ اور گجرات سے آئے تھے اور ان کا ذکر گلزارِ ابرار میں آتا ہے، جس کا مصنف محمّد غوثی کئی بار برہان پور آیا تھا ۔ دوسری قابلِ ذکر عمارات میں مبارک شاہ الفاروقی اور راجے علی خان ملقّب بعادل شاہ الفاروقی کے مقبرے، مؤخر الذکر کی ۹۹۷ھ / ۱۵۸۸ء میں تعمیر کردہ جامع مسجد اور دریاے تاپتی کے کنارے واقع پرانا قلعہ، جو اب بالکل شکستہ حالت میں ہے، شامل ہیں ۔ عبدالرحیم خان خاناں کی تعمیر کردہ کاروان سراے اب بھی موجود ہے ۔

شہر کے لیے جہانگیر کا نظامِ آب رسانی کا، جسے گیارھویں / سترھویں صدی میں خان خاناں نے مکمل کیا، کسی بھی جدید نظامِ آب رسانی سے مقابلہ کیا جا سکتا ہے ۔ دورِ مغلیہ میں برہان پور میں کئی شاہی کارخانے قائم تھے، جن میں شاہی گھرانے کے لیے عمدہ اور قیمتی کپڑا تیار ہوتا تھا ۔ ان کارخانوں میں کام کرنے والے زیادہ تر ٹھٹّہ [رک باں] کے بڑے ماہر بافندے تھے، جو خان خاناں کی صوبیداری کے زمانے میں نقل مکانی کر کے برہان پور میں آ بسے تھے ۔

**مآخذ** : (۱) خلیل الرحمٰن : تاریخ برہان پور، دہلی ۱۳۱۷ھ / ۱۸۹۹ء؛ (۲) آئینِ اکبری (انگریزی ترجمہ از بلوخمن و جیرٹ)، ۳ : ۲۲۳ اور بمدد اشاریہ؛ (۳) محمد قاسم فرشتہ : گلشنِ ابراہیمی، بمبئی ۱۸۳۱ء؛ (۴) سُجان راے بھنڈاری : خلاصۃ التواریخ (مرتّبۂ ظفر حسن)، دہلی ۱۳۳۷ھ / ۱۹۱۸ء، بمدد اشاریہ؛ (۵) عبدالحمید لاہوری : بادشاہ نامہ، (Bib. Ind.) بمدد اشاریہ؛ (۶) محمد ساقی مستعد خان : مآثر عالمگیری (Bib. Ind.) بمدد اشاریہ؛ (۷) صمصام الدولہ شاہ نواز خان : مآثر الامراء، (Bib. Ind.) بمدد اشاریہ؛ (۸) Peter Mundi : *Travels in Asia*، (طبع رچرڈ ٹمپل Richard Temple)، Hakluyt Society، جلد ۲، ۱۹۱۴ء، جلد ۳، ۱۹۱۹ء؛ (۹)

marfat.com
Marfat.com

Travernier : *Travels* (طبع V. Ball)، لنڈن ۱۸۸۹ء؛ (۱۰) یوسف حسین خان : نظام الملک آصف جاہ، منگلور ۱۹۳۶ء، بمدد اشاریہ؛ (۱۱) سیّد محمّد مطیع اللہ راشد برہان پوری : برہان پور کے سندھی اولیاء (اردو میں)، کراچی ۱۹۵۷ء؛ (۱۲) *Imperial Gazetteer of India*، آوکسفرڈ ۱۹۰۸ء، ۹ : ۱۰۳ تا ۱۰۶؛ (۱۳) سعید احمد مارہروی، در مخزن (اردو ماہنامہ)، لاہور، اگست ۱۹۰۸ء؛ (۱۴) عبدالباقی نہاوندی : مآثر رحیمی (Bib. Ind.)، بمدد اشاریہ؛ (۱۵) محمد صالح کنبوہ : عملِ صالح (Bib. Ind.)، بمدد اشاریہ؛ (۱۶) معارف (اردو ماہنامہ)، اعظم گڑھ، ۶۷/۵، ۷۲/۲؛ (۱۷) *Cambridge History of India*، ۴ : ۵۷۵ تا ۵۷۶؛ (۱۷) خافی خان: مُنتخب اللُباب (Bib. Ind.)، بمدد اشاریہ؛ (۱۸) *The Embassy of Sir Thomas Roe to India* (طبع William Forster)، لنڈن ۱۹۲۶ء، بمدد اشاریہ؛ (۱۹) نظام الدین احمد : طبقات اکبری (انگریزی ترجمہ)، بمدد اشاریہ.

(اے - ایس - بزمی انصاری)

• **بُرہان الدّین قاضی احمد** : مشرقی ایشیائے کوچک کا شاعر (اس کا کلام آذری [رک باں] بولی میں ہے اور اس بولی کی نمایاں خصوصیات اس میں موجود ہیں) - برہان الدین شاعر ہونے کے علاوہ عالم بھی تھا - اس کی زندگی ہنگاموں میں بسر ہوئی اور یکے بعد دیگرے قاضی، وزیر، اتابک اور سلطان کے منصبوں پر فائز رہا - وہ ۳ رمضان ۷۴۵ھ/ ۸ جنوری ۱۳۴۵ء کو قیصریہ (موجودہ نام : کَیسری) میں پیدا ہوا؛ اس کا باپ شمس الدین محمد قاضی تھا (اس کے گھرانے میں قضاۃ تین پشتوں سے چلی آ رہی تھی) اور ددھیال کی طرف سے اس کا سلسلہ سالُور کے قبیلۂ اُوغوز سے ملتا تھا، جس کا ابتدائی مسکن خوارزم تھا - برہان الدین نے علم کے مروّجہ شعبوں میں تعلیم پہلے اپنے باپ سے حاصل کی پھر مصر، دمشق اور حلب میں مختلف اساتذہ سے تکمیل کی اور ۷۶۶ھ/۱۳۶۴ - ۱۳۶۵ء میں اپنے وطنِ پیدائش کو لوٹا، جہاں حاکمِ وقت غیاث الدین ارِتنا اس اکیس سالہ نوجوان سے اتنا متأثر ہوا کہ اس نے (شمس الدین محمد کی جگہ جو ایک سال پہلے وفات پا چکا تھا) نہ صرف اسے قاضی کے عہدے پر مامور کر دیا بلکہ اپنی بیٹی کی شادی بھی اسی سے کر دی - اس کے باوجود برہان الدین خفیہ طور پر بیگوں کی اس بغاوت میں شریک رہا جس میں اس کے خسر کو (۷۶۷ھ/ ۱۳۶۵ - ۱۳۶۶ء میں) قتل کر دیا گیا - غیاث الدین کے بعد، خاندانِ ارِتنا کے نالائق حکمرانوں کے دورِ حکومت میں اس نے وزیر اور اتابک کی حیثیت سے بڑی سرگرمی دکھائی اور بالآخر ۷۸۳ھ/ ۱۳۸۱ - ۱۳۸۲ء میں اس نے خاندان ارِتنا (قب ۱آ، ت، کراسہ ۳۲، ص ۳۰۹) کے زیرِ نگیں علاقوں کا سلطان ہونے کا اعلان کر دیا اور عام قاعدے اور طریق کے مطابق اس نے نئے سکّے جاری کیے اور جمعہ کی نماز میں اپنے نام کا خطبہ پڑھوایا - اس نے سیواس کو اپنا مستقر بنایا.

اس کی سلطانی کے اٹھارہ سال ملک کے سرکش بیگوں کے خلاف مسلسل پیکار میں گزرے، اس کے علاوہ اسے کرمانیوں اور عثمانیوں جیسے طاقتور ہمسایوں سے جنگیں لڑنی پڑیں - اس نے ہمیشہ شجاعت اور دلیری کا ثبوت دیا اور ایک موقع پر ایک قوی‌تر مصری فوج سے ٹکر لی مگر اس سے شکست کھائی (۷۸۹ھ/ ۱۳۸۷ء) - لیکن کچھ ہی مدّت بعد اس نے انھیں مصری مملوکوں سے آق قویونلو [رک باں] کے خلاف، جو مشرق کی طرف سے بڑھے چلے آ رہے تھے، مدد طلب کی اور پھر آق قویونلو کے ساتھ ملکر اماسیہ اور اَرزنجان کے سرکش بیگوں کا مقابلہ کیا - بالآخر ایک فیصلہ کن واقعہ پیش آیا - اس نے قیصریّہ کے باغی صوبیدار شیخ مؤیّد کے قتل کا حکم دیا - اور اس کا یہ فعل اس کے لیے آق قویونلو

marfat.com
Marfat.com

قرہ یُولُوق عثمان بیک کے عتاب کا باعث بنا ۔ برہان الدین، آق قویونلو سے جنگ کے دوران میں قرہ بل کے مقام پر مارا گیا (لیکن سعد الدین کا بیان ہے کہ اس کی موت کوہستان خرپوت [رَکّہ بان] میں ہوئی، جہاں وہ عثمانی سلطان بایزید اول سے بھاگ کر چلا گیا تھا) ۔ بعض بیانات کے مطابق، جنھیں مصلحت آمیز اور غرض مندانہ کہا جا سکتا ہے (ابن عرب شاہ، طبع Schildberger)، قرہ یُولُوق نے اسے گرفتار کر لیا اور وہ ذوالقعدہ ۸۰۰ھ / جولائی ۔ اگست ۱۳۹۸ء میں قتل ہوا ۔ مآخذ میں بعض دوسری تاریخیں بھی ملتی ہیں ۔ برہان الدین کا مقبرہ سیواس میں موجود ہے لیکن اس کے کتبے پر کوئی تاریخ درج نہیں ۔ سیواس ہی میں برہان الدین کا بیٹا محمد چلبی (م ۷۹۳ھ/۱۳۹۱ء) اور بیٹی حبیبہ سلجوق خاتون (م ۸۵۰ھ/ ۱۴۴۶ - ۱۴۴۷ء) دفن ہیں ۔ حبیبہ سلجوق خاتون کے نام کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ اس کی پر دادی، روم کے سلجوقی سلطان، کیکاؤس دوم [عزالدین، م ۶۳۴ھ / ۱۲۳۶ء] کی پوتی تھی (van Berchem، در *CIA*، ۳ : ۵۰).

یہ بڑے تعجب کی بات ہے کہ برہان الدین کو، جس کی ساری عمر سیاست اور جنگ کی مسلسل پریشانیوں میں گذری، اتنی فرصت اور اتنا سکون میسّر آ گیا کہ وہ عالم اور شاعر کی حیثیت سے بھی سرگرم عمل رہا ۔ ترجیح التوضیح (یہ شعبان ۷۹۹ھ/ مئی ۱۳۹۷ء میں تالیف ہوئی) اور اکسیر السّعادات فی اسرار العبادات اس کی فقہی تصانیف ہیں ۔ مؤخّر الذکر کتاب اب بھی علما میں احترام کی نظر سے دیکھی جاتی ہے ۔ ان سے کہیں زیادہ اہم برہان الدین کا دیوان ہے، جس میں پندرہ سو سے زیادہ غزلیں (ردیف وار ترتیب اور مخلّص کے بغیر)، بیس رباعیاں، ایک سو انیس تیُوغ (یہ مشرقی ترکی بولی میں ہیں) اور چند مفرد ابیات شامل ہیں ۔ اس میں کئی مقامات پر عروضی وزن کی ایسی خامیاں ہیں جن کا بعد کے زمانے میں ہونا ناممکن تھا ۔ تیُوغ میں نصف مصرع سالم، افاعیل تفاعیل میں اور دوسرا نصف زحافات کی صورت میں ایک ساتھ ملتے ہیں ۔ برہان الدین کی شاعری مجازی عشق کی شاعری ہے، تصوف کا رنگ اس کے کلام میں شاذ و نادر ہی ملتا ہے ۔ غزلوں میں وہ موضوع اور بیان دونوں کے لحاظ سے ایرانی غزل کی روایات کی تقلید کرتا ہے ۔ اگرچہ وہ پائے کا شاعر ہے لیکن نہ تذکروں میں اس حیثیت سے اس کا کوئی ذکر موجود ہے اور نہ آذر بیجان اور عثمانیوں کی شاعری پر اس کا کوئی اثر نظر آتا ہے (صرف چند مؤرّخوں کے ہاں مختصر حوالے ملتے ہیں جن میں یہ کہا گیا ہے کہ وہ عربی اور فارسی میں شاعری بھی کرتا تھا (قبّ گب، ۱ : ۲۰۸).

**مآخذ** : برہان الدین کی زندگی سے متعلق مجموعی طور پر : (۱) بزم و رزم (المعروف بہ مناقب قاضی برہان‌الدین، جو ۸۰۰ھ/۱۳۹۸ء میں مکمل ہوئی) اس کا مصنّف اس کا رفیق عزیز بن اَرْدشِیر استر آبادی تھا (فارسی متن، استانبول ۱۹۲۸ء)، ترکی میں مقدمہ از کوپرولوزادہ محمد فؤاد، دیکھیے Storey، ۲/۲ : ۴۱۰؛ (۲) H. H. Giesecke : *Das Werk des Aziz ibn Ardeşir Asterabadi*، لائپزگ ۱۹۴۰ء اور جو غالباً (بروایت Babinger، در *GOW*، ص ۵) تاریخ القاضی برہان الدین السیواسی، ۴ جلد، از عبدالعزیز بغدادی (حاجی خلیفہ، عدد ۲۲۷۳) ہی ہے؛ (۳) احمد توحید : قاضی برہان الدین احمد، در *TOEM*، ۱۳۳۰ھ/۱۹۱۱ - ۱۹۱۲ء، ۵ : ۱۰۶ تا ۱۰۹، ۱۷۸ تا ۱۸۲، ۲۳۴ تا ۲۴۱، ۲۹۶ تا ۳۰۷، ۳۵۷ تا ۳۰۷ اور ۱۳۳۱ھ/ ۱۹۱۲ - ۱۹۱۳ء، ۶ : ۳۰۵ تا ۳۰۹، ۳۶۸ تا ۳۷۸؛

Marfat.com

*Twórczość Burhanaddina* : S. Rymkiewiczowa (۴) (*na tle epoki i jego dzialalnosci*)، برهان الدین کی قوت تخلیق (اس کے عصر اور اثرات کی روشنی میں)، وارسا، مقالہ برائے ڈاکٹریٹ ۱۹۳۹ء؛ (۵) خلیل ادهم : دُوَلِ اسلامیّہ *Duwel-i-Islamiyye*، استانبول ۱۹۲۸ء، ۳۸۳ تا ۳۸۸؛ (٦) Gibb : *Ottoman Poetry*، ۱ : ۲۰۳ تا ۲۲۳ (مبنی بر ابن حجرالعسقلانی : الدُّرر الکامنۃ فی اعیان المئۃ الثّامنۃ، حیدر آباد ۱۳۴۸ھ/ ۱۹۲۹ء تا ۱۳۵۰ھ/ ۱۹۳۲ء) اور ٦ : ۱٦ تا ۲۰ (متن)؛ (۷) کوپرولوزادہ محمد فؤاد و شهاب الدین سلیمان : یکی عثمانلی تاریخ ادبیاتی، ۱، استانبول ۱۳۳۲ھ/ ۱۹۱۳ - ۱۹۱۴ء : ۱٦۹ تا ۱۷۳ (متن کے نمونوں کے ساتھ)؛ (۸) عثمانلی مؤلفلری، ۱ : ۳۹٦؛ (۹) مرزا بلا : قاضی برهان الدین، در آ وَ، ت، کرّاسہ ۵۵ (۱۹۵۲ء) : ص ۳٦ تا ۳۸ (یہ بہترین کتاب ہے)؛ (۱۰) A. Krymskiy : *Istoria Turciyi i yeya literaturî*، ماسکو ۱۹۱٦ء، ۱ : ۲۷۰ تا ۲۷۹؛ (۱۱) وہی مصنّف : *Istoriya Tureččini ta yiyi pîs' menstva*، ۲/۲، Kiev ۱۹۲۷ء میں بھی وافر مواد ہے؛ (۱۲) A. Bombaci : *Storia della Letteratura turca*، میلان ۱۹۵٦ء، ص ۲۹۳ بعد؛ (۱۳) H. Mezioğlu : *Kadi Burhaneddin*، در *Arayis*، عدد ۹، ۱۹۵۷ء : ص ۴ تا ۵ (عام فہم انداز کا مضمون، جس میں لاطینی حروف میں متن کے نمونوں کے ساتھ نہایت مختصر شکل میں لنڈن کے مخطوطے کے آغاز اور انجام کو دوبارہ چھاپا گیا ہے)۔ برهان الدین کے متعلق حوالے تاریخی مآخذ میں ادهر ادهر ملتے ہیں : دیکھیے احمد توحید و مرزا بلا Bala کے مفصلہ بالا مقالات؛ نیز دیکھیے : (۱۴) P. Melioranskij : *Otrivki iz divana Achmeda Burhan ed-Dina Sivasskogo*، در *Vostočnÿye Zametki*، SPb.، ۱۸۹۵ء، ص ۱۳۱ تا ۱۵۲ (متن اور بیس رباعیوں اور بارہ تیوغ کا ترجمہ)؛ (۱۵) *Kāḍī Burhān al-Dīn ghazel ve rubā'iyātîndan bir kîsmî ve tuyughlarî*، استانبول ۱۹۲۲ء، مع دیباچہ از جناب شهاب الدین بیگ (غیر تسلّی بخش : قب محمّد فؤاد کوپرولو، در *Türkiyat Mecmuasi*، ۲ : ۲۲۰ اور Babinger، در *GOW*، ص ۳)؛ (۱٦) *Kadi Bürhanettin divani*، ج ۱، استانبول ۱۹۴۳ء (موزۂ بریطانیہ کے ۷۹٦ھ / ۱۳۹۳ - ۱۳۹۴ء کے عمدہ مخطوطے شمارہ Or. ۴۱۲٦ کی نقل : نہایت عمدہ مخطوطہ، جو غالبًا خاص اسی سلطان شاعر کے لیے تیار کیا گیا تھا۔ اس کے حاشیے پر تصحیحات ہیں، جن کے متعلق گمان ہے کہ وہ اس کے اپنے ہاتھ کی ہیں)؛ (۱۷) Muharrem Ergin : *Kadi Burhaneddin Divani üzerinde bir gramer denemesi*، در *Türk Dili ve Edebiyati Dergisi*، ۴/۳، استانبول ۱۹۵۱ء : ۲۸۷ تا ۳۲۷؛ (۱۸) A. Nihad Tarlan : *Kadi Burhaneddin'de tasavvuf*، در محوّلۂ بالا کتاب، ۱۹۵۸ء، ۸ : ۸ تا ۱۵۔

(I. Rypka)

* **بُرہانُ الدّین غَریب**: شیخ محمد بن ناصرالدین محمود [فقیہ، زاہد اور صاحب وجد و حال]۔ شیخ جمال الدین نعمانی ہانسوی (قب اخبار الاخیار، ص ٦۷) کے بھانجے۔ شیخ الاسلام نظام الدین اولیاءؒ (۱۸ ربیع الآخر ۷۲۵ھ / ۳ اپریل ۱۳۲۵ء) کے ممتاز معتقدوں اور برگزیدہ خلفا میں سے تھے۔ ان کا مولد ومنشا ہانسی (مشرقی پنجاب [بھارت]) تھا جہاں وہ ٦۵۴ھ/ ۱۲۵٦ء میں پیدا ہوے اور دیوگیر (دولت آباد) میں ۱۱ صفر ۷۳۸ھ / ۸ ستمبر ۱۳۳۷ء کو ان کا وصال ہوا (نزہۃ الخواطر، بحوالۂ روضۃ الاولیاء)۔ ان کا مزار روضہ (خلد آباد) میں ہے [جو قلعۂ دولت آباد سے تین کوس پر ہے]۔ بعض کے نزدیک ان کا سنہ وفات ۷۴۱ھ / ۱۳۴۰ - ۱۳۴۱ء ہے (خزینۃ الاصفیاء، بحوالۂ شجرۂ چشتیہ)۔ بچپن ہانسی میں گزار کر دارالملک دہلی گئے اور اساتذۂ عصر

marfat.com
Marfat.com

سے علوم فقہ، اصول اور عربی ادب و زبان کا مطالعہ کیا - پھر شیخ نظام الدین محمد بداؤنی سے (۶۹۳ھ/ ۱۲۹۳ - ۱۲۹۴ء میں ؟) بیعت کی اور ان کے وصال تک ان کی خدمت میں حاضر رہے (قب نزھۃ، ص۱۴۳؛ سیرالاولیاء، ص ۲۷۹: فوائد الفواد، لکھنؤ ۱۹۰۸ء، ص ۱۵، ۲۳ (۷۰۸ھ)؛ ص ۴۴ (۷۰۹ھ)؛ ص ۸۴ (۷۱۲ھ)؛ الغ خانی : ظفر الوالہ، لائڈن ۱۹۲۹ء، ۳ : ۸۵۷ ببعد) - وصالِ شیخ کے بعد وہ چند سال تک زندہ رہے اور لوگوں سے بیعت لیتے رہے - جب محمد تغلق (۷۲۵ھ/۱۳۲۵ء تا ۷۵۲ھ/۱۳۵۱ء) نے دہلی کے امرا و مشائخ و سادات کو اپنے نئے دارالملک دیوگیر میں جا بسنے پر مجبور کیا (تقریباً ۷۲۷ھ / ۱۳۲۶ - ۱۳۲۷ء؛ مبارک شاہی، ص ۹۸) تو یہ بھی دیوگیر گئے (بداؤنی، ۱ : ۲۲۶؛ محمد ساقی : مآثر عالمگیری، مطبوعۂ کلکتہ، ص ۲۷۳)، مگر اکثر متأخرین کے نزدیک انھیں شیخ الاسلام نے اپنے بعض مریدوں کے ساتھ ''رواج اسلام و ارشاد ساکنان'' دکن کے لیے ادھر بھیجا (فرشتہ؛ سفینۃ؛ مانڈوی (اذکار ابرار، ترجمہ، گلزار ابرار)، آگرہ ۱۳۲۶ھ، ص ۹۰)؛ معارج: خزینہ، ص ۳۲۲ (معاصروں نے ان کے دکن جانے کا سبب نہیں بتایا) - وہاں انھوں نے اپنی باقی ماندہ زندگی بسر کی - دکن میں وہ مبلغین اسلام کے پیشرووں میں سے تھے اور انھوں نے وہاں اسلام کی تبلیغ اور اسلامی ثقافت کی نشر و اشاعت میں سعی بلیغ کی (سفینۃ) - اس طرح آپ نے اپنے نامور خلفا تیار کیے (خزینۃ، ص ۳۳۳) - ان میں سے شیخ رکن الدین کاشانی نے آپ کے ملفوظات نفائس الانفاس کے نام سے جمع کیے (ان میں سے نو ملفوظات (معارج، حوالۂ سابق میں درج ھیں - اسی طرح کاشانی مذکور کے دو بھائیوں نے احسن الاقوال اور غرائب الکرامات مع تتمہ بقیۃ الغرائب کے نام سے (نزھۃ) اور حمید شاعر قلندر نے بھی (اخبار الاخیار، ص ۸۶) آپ کے بعض ملفوظات جمع کیے (نزھۃ؛ اخبار، ص ۸۶).

غریب کو جاذب شخصیت ملی تھی، فضلائے زمانہ اور خوش طبعانِ وقت مثلاً امیر خسرو، میر حسن، مسعود بک (آپ نے اپنی تصانیف خصوصاً یوسف زلیخا میں جناب برہان الدین کی بہت مدح کی ھے) اور خوش طبع لوگ آپ سے بہت محبت کرتے تھے - نصیر الدین ''چراغ دہلی'' اور محمد مبارک کرمانی (صاحب سیر الاولیاء) کا بھی یہی حال تھا (سیر الاولیاء، ص ۲۷۸ ببعد) - شوق و ذوق اور وجد و کیف آپ میں جمع تھے؛ کلام عشق آمیز تھا اور گفتگو دلفریب؛ سماع میں آپ کو غلو تھا - رقصِ صوفیانہ میں آپ اور آپ کے اصحاب کی (جنھیں ''برھانی'' کہتے تھے) طرز خاص تھی - برہان پور کو (جو خاندیس میں دریائے تاپتی پر واقع ھے) والیِ خاندیس ناصر خاں فاروقی (۸۰۱ھ / ۱۳۹۹ء تا ۸۴۱ھ / ۱۴۳۷ء) نے آباد کیا تو آپ کے نام پر موسوم کیا، اس لیے کہ دہلی سے دیوگیر جاتے ہوئے آپ اس موضع میں ٹھیرے، جو اس زمانے میں اس مقام پر واقع تھا؛ اور فاروقیوں کے جدِّ اعلٰی کے لیے، جو اس زمانے میں وھاں پولیس کا افسرِ اعلٰی (شحنہ) تھا، آپ نے دعا کی اور اسے بشارت دی کہ اس کی اولاد وھاں فرمانروا ھو گی - چنانچہ فاروقیوں نے چند گاؤں آپ کے روضے کے لیے پیش کیے، جو مانڈوی کی تصنیف گلزار ابرار کے وقت (۱۰۲۰ھ / ۱۶۱۱ - ۱۶۱۲ء) تک بدستور مجاوروں کے نام پر تھے - یہی مصنف، جو ۱۰۰۱ھ/ ۱۵۹۲ - ۱۵۹۳ء میں زیارت کے لیے روضے پر پہنچا، لکھتا ھے کہ ان کے سالانہ عرس پر بڑی دھوم دھام ھوتی ھے - دارا شکوہ نے بھی روضے کی زیارت کی - اسی مقام پر آپ کے سوا نو اور اولیاء اللہ کی خواب گاہ ھے - اورنگ زیب (خافی خاں، ۲ : ۵۳۹ تا ۵۷۲؛ مآثر الامراء، ۲ : ۸۳۴)، اور دو نظام الملک بھی

marfat.com
Marfat.com

اسی جوار میں مدفون ہیں .

**مآخذ**: ان کے علاوہ جو متن میں مذکور ہیں دیکھیے: (۱) محمد مبارک علوی کرمانی: سیرالاولیاء، دہلی ۱۳۰۲ھ، ص ۲۷۸ (= عبدالحق: اخبار الاخیار، دہلی ۱۳۰۹ء، ص ۹۳ = علی اردستانی: محفل الاصفیاء، مجموعۂ آذر، دانش گاہ پنجاب، ورق ۷۶)؛ (۲) آئین اکبری، طبع Blochmann، کلکتہ، ۲: ۲۱۶؛ ترجمۂ جیرٹ Jarrett، ۳: ۳۶۵ و ۲: ۲۲۳؛ تعلیقہ ۳؛ (۳) امین احمد رازی: ہفت اقلیم، نسخۂ دانش گاہ پنجاب (مجموعۂ شیرانی)، ورق ۱۳۷ ب (بذیل دہلی)؛ (۴) فرشتہ، بمبئی ۱۸۳۲ء، ۲: ۷۵۰؛ (۵) دارا شکوہ: سفینۃ الاولیاء، لکھنؤ ۱۸۷۲ء، ص ۱۰۱؛ (۶) عُبَیداللہ خویشگی: معارج الولایۃ، نسخۂ دانش گاہ پنجاب (مجموعۂ آذر)، ورق ۱۲۳ ب تا ۱۲۵ ب؛ (۷) سبزواری: سوانح (دیکھیے سٹوری Storey، یہ نسخہ راقم کے پیش نظر نہیں ہے)؛ (۸) غلام علی آزاد: روضۃ الاولیاء (بواسطۂ نزہۃ الخواطر)؛ (۹) مفتی غلام سرور: خزینۃ الاصفیاء، لاہور ۱۲۸۴، ص ۳۳۲؛ (۱۰) عبدالحی لکھنوی: نزہۃ الخواطر، ۲: ۱۳۳؛ (۱۱) Beale: *Oriental biographical dictionary*، کلکتہ ۱۸۸۱ء، ص ۷۵؛ (۱۲) Storey: *Persian Literature*، ص ۱۰۲۵ و ۱۰۲۷ .

(محمد شفیع)

**برہانُ الدین قطب عالم**: بن عبداللہ بن ناصر الدین بن جلال الدین، مخدومِ جہانیاں؛ کنیت: ابو محمد؛ لقب: ''قطب عالم'' اور ''ثانی مخدوم جہانیاں'' (معارج) - ان کے والد ناصر الدین کا نام آئین اکبری میں محمد، مرآت احمدی میں محمود اور مرآت سکندری میں ص ۲۶ پر محمد اور ص ۱۲۶ و ۲۸۵ پر محمود ہے - ان کا سلسلہ سہروردیہ ہے اور وہ گجرات کے سادات بخارا کے سرسلسلہ اور ولایت گجرات کے نامی مشائخ میں سے ہیں - ۱۴ رجب ۷۹۰ھ / ۱۹ جولائی ۱۳۸۸ء کو اُچ میں (جو اب علاقۂ بہاول پور میں ہے) پیدا ہوے اور موضع بَتْوَہ (در الغ خانی، ۱: ۱۴۰، س ۷؛ بتوہ (یا حرکات)، در محفل الاصفیاء؛ باتوہ، در معارج، [یعنی بٹوہ اور باٹوہ]) میں، جو احمد آباد گجرات کے جنوب میں چھے میل پر واقع ہے، ۸ ذی الحجّہ ۸۵۷ھ/ ۱۰ دسمبر ۱۴۵۳ء کو فوت اور وہیں دفن ہوے - بقول صاحب اخبار الاخیار ''مطلع یوم الترویہ'' (۸۵۷) سے تاریخِ وفات حاصل ہوتی ہے (مگر اکثر مآخذ کے خلاف معارج میں تاریخ وفات ۸۵۶ھ دی ہے) - ترکِ وطن کر کے گجرات میں متوطن ہوے - اس مہاجرت کے سبب اور اس کے زمانے کے متعلق رواۃ میں اختلاف ہے (مثلاً دیکھیے آئین، معارج، مآثر الامراء وغیرہ) - سطورِ ذیل کا بیان مرآت احمدی کے خاتمے پر مبنی ہے - وہ دس سال کے تھے کہ والد کا انتقال ہوا - باپ کے چچا شاہ راجو قتال (م ۸۲۷ھ / ۱۴۲۳ء، خزینۃ الاصفیاء، ص ۳۳۷) نے پوری طرح سے تربیت کی - جب وہ چودہ سال کے ہوے تو چچا نے ''ارشادِ اہل گجرات'' کا کام ان کے حوالے کر کے ادھر روانہ کیا - وہ ۸۰۲ھ/ ۱۳۹۹ - ۱۴۰۰ء میں پٹن پہنچے - سلطان مظفر اوّل، جو ان کے دادا کا مرید تھا، بہت احترام سے پیش آیا - انہوں نے پٹن میں علومِ ظاہری کا مطالعہ مولانا علی شیر گجراتی (شطّاری؟: یاد ایام، ص ۷۵) سے کیا - ۸۱۳ھ / ۱۴۱۱ء میں احمد آباد آباد ہوا تو وہ وہاں سے قریب ہی سابرمتی کے کنارے اساول کہنہ کی بستی میں آ بسے، پھر بٹوہ میں مستقل سکونت اختیار کی اور آخر دم تک وہیں رہے .

جن شیوخ سے انہوں نے خرقہ حاصل کیا ان کی فہرست نزہۃ الخواطر (۳: ۹۷) میں موجود ہے - ان میں شیخ احمد کھٹو (م ۸۴۹ھ / ۱۴۴۶ء) بھی شامل ہیں - صورت و معنی کی بزرگی پا کر قطب عالم نے اہل گجرات کی ہدایت و ارشاد میں

marfat.com
Marfat.com

مساعیِ جمیلہ کیں ۔ ان کے بعد ان کے جانشینوں، خصوصاً ان کے بیٹے شاہ عالمؒ اور ان کے مریدوں نے اس سلسلے کو خوب ترقی دی ۔ گجرات کے خاص و عام میں اس سلسلے کے خوارق و کرامات مشہور تھے اور احمد شاہی سلاطین خصوصیت کے ساتھ ان کے بہت معتقد تھے (قب تُوزُکِ جہانگیری، ص ۲۰۸ ببعد، ترجمہ راجرز، ۱ : ۴۲۱؛ مرآت سکندری، ص ۱۸۵، س ۱۲، ۲۸۸، س ۱۲) ۔ احمد شاہیوں کے بعد جہانگیر کے زمانے سے لے کر بعد کے بادشاہوں تک متعدّد مغل بادشاہ مشایخ گجرات کو گونا گوں عنایات کا مورد بناتے رہے (مثلاً دیکھیے مرآت احمدی، خاتمہ، ص ۲۸؛ توزک جہانگیری، مطبوعۂ علیگڑھ، ص ۲۱۶، ۲۴۳، ترجمہ انگریزی، ۱ : ۳۰۱ و ۲ : ۳۵؛ Burgess، ۲ : ۱۶) ۔ شاہجہان نے ان میں سے ایک کو شش‌ہزاری منصب اور صدارتِ دل دی ۔ اورنگ زیب نے اس کے لڑکے کو صدرالصدور بنایا (تحفۃ الکرام، ۲ : ۳۱؛ مآثر عالمگیری، ص ۶۶، ۳۴۷) ۔ ہمایوں اور جہانگیر زیارت و فاتحہ خوانی کے لیے ان بزرگوں کے مزاروں پر بھی پہنچے ۔ ان کی اولاد کی تفصیل مرآت احمدی، خاتمہ، میں دی ہے ۔ وہیں ان مواضع کی تفصیل بھی ہے جو ''عہودِ سابقہ کے فرمان'' کے مطابق صاحبِ سجّادہ و فرزندان و سادات قطبیہ کو ملے تھے ۔ بعد کے ادوار میں ان اوقاف کے حالات کے لیے دیکھیے J. Burgess، ۱ : ۶۲ ببعد و ۲ : ۱۶ ببعد ۔ جناب قطب عالم کا عالی شان مزار، جو امراے گجرات نے بنوایا تھا، اب شکستہ حالت میں ہے (Burgess، ۱ : ۶۰ ببعد، لوحہ ۳۷ و ۴۷) ۔ ان کے لڑکے حضرت شاہ عالم کا مزار البتّہ بہتر حالت میں ہے (دیکھیے وہی کتاب، ۲ : ۱۵ ببعد و لوحہ ۲۴ ببعد) ۔ صاحب مرآۃ احمدی (محلِّ مذکور) نے لکھا ہے کہ مرقد شریف حضرت قطب عالم ''تاحال'' (حدود ۱۱۷۶ھ/ ۱۷۶۲ء) مطافِ اہلِ گجرات ہے ۔ جو زبان وہ بولتے تھے اس کے دو ایک جملوں کے لیے ملاحظہ ہو مرآت سکندری، ص ۲۰۴ (قب مرآت احمدی، خاتمہ، ص ۱۷؛ ظفرالوالہ، ۱ : ۲۳۶)؛ وہیں ان کی ایک مشہور کرامت کا حال بھی درج ہے ۔ ان کے بارہ بیٹے اور کئی بیٹیاں تھیں ۔ مرآۃ احمدی (خاتمہ) میں ان کے خلفا اور لڑکوں کا حال تفصیل سے دیا ہے ۔

**مآخذ** : کتب مذکورمتن کے علاوہ دیکھیے : (۱) ابوالفضل : آئین اکبری، طبع Blochmann، کلکتہ، ۲ : ۲۲۱، ترجمہ جیرٹ Jarrett، ۳ : ۳۷۲؛ (۲) اسکندر ابن محمد : مرآت سکندری، بمبئی ۱۳۰۸ء، ص ۵۲ ببعد، ۴۶ (قب ۱۲۶ و ۲۸۵، ۱۴۲، ۲۵۴، ۳۲۳ ببعد، وغیرہ)؛ (۳) اُلُغ خانی : ظفرالوالہ، طبع E. D. Ross، لنڈن ۱۹۱۰ تا ۱۹۲۸ء، بمددِ اشاریہ، بذیل برہان الدین قطب عالم و بثوہ؛ (۴) محمد غوثی مانڈوی : گلزار ابرار، (ترجمۂ اردو اذکارِ ابرار، آگرہ ۱۳۲۶ھ)؛ (۵) عبدالحق دہلوی : اخبار الاخیار، آگرہ ۱۳۰۹ھ، ص ۱۵۷؛ (۶) جہانگیر : توزک جہانگیری، طبع سیّد احمد خاں، علی گڑھ ۱۸۶۴ء، ص ۲۰۸-۲۱۶، ۲۴۱؛ انگریزی ترجمہ، ۱ : ۴۲۱، ۴۳۸ و ۲ : ۳۵؛ (۷) فرشتہ، بمبئی ۱۸۳۲ء، ۲ : ۳۷۹، ۳۹۰، ۴۲۴؛ (۸) میر علی اکبر حسینی اردستانی : محفل الاصفیاء، نسخۂ دانش گاہ پنجاب، مجموعۂ آذر، ورق ۶۹۷ ب؛ (۹) دارا شکوہ : سفینۃ الاولیاء، لکھنؤ ۱۸۷۲ء، ص ۱۱۷؛ (۱۰) عبید اللہ خویشگی : معارج الولایۃ، مخطوطۂ دانش گہِ پنجاب، مجموعۂ آذر، ورق ۵۰۸؛ (۱۱) خافی خان : منتخب التواریخ، ۱ : ۵۴۸؛ (۱۲) شاہنواز خان : مآثر الامراء، ۳ : ۷۴۴ ببعد (ص ۴۴۸ س ۱۳ کے مبہم مضمون کے ساتھ؛ قب شوستری : مجالس المؤمنین، تہران ۱۲۹۹ھ، ص ۶۴)؛ (۱۳) علی محمد خان : مرآت احمدی، خاتمہ، کلکتہ ۱۹۳۰ء، ۲۶ تا ۳۴، ۳۷ تا ۶۱ و انگریزی

marfat.com
Marfat.com

ترجمہ، ص ۲۷ تا ۳۵، ۳۹ تا ۶۰ (حالات زندگی، اولاد، خلفاء، اوقاف)؛ (۱۴) علی شیر قانع : تحفة الکرام، دہلی ۱۳۰۴ھ، ۱ : ۱۶ ببعد؛ قب ۲ : ۳۰؛ (۱۵) مفتی غلام سرور: خزینة الاصفیاء، لاہور ۱۲۸۴ھ، ص ۳۷؛ (۱۶) عبدالحی لکھنوی : نزہة الخواطر، حیدر آباد، ۱۳۷۱ھ، ۳ : ۹۶؛ (۱۷) وہی مصنف : یاد ایام (اردو)، علی گڑھ ۱۳۳۷ھ، ص ۵۲ .

(محمد شفیع)

* **بُرہان الدین مَرْغِینانی** : رَكَ بہ المرغینانی.

* **بُرہان شاہ اوّل** : رَكَ بہ نِظام شاہ.

* **بُرہان شاہ ثانی** : رَكَ بہ نِظام شاہ.

* **بُرہان الملک** : میر محمد امین سعادت خان بن سیّد محمد نصیر الموسوی، نیشا پور کا باشندہ۔ اودھ کے نواب وزیروں کے خانوادے کا بانی۔ دہلی میں اس کی آمد کی تاریخ کا علم نہیں [لیکن تاریخ عماد السعادت (مطبوعۂ نول کشور، ۱۸۹۷ء، ص ۵ ببعد) کی رو سے، جسے غلام علی نقوی نے نواب سعادت علی کے حکم سے ۱۲۲۲ھ/ ۱۸۰۷ء میں تالیف کیا، محمد امین کا باپ میرزا نصیر اور بڑا بھائی محمد باقر ایران سے "بسواری جہاز" ۱۱۱۸ھ/ ۱۷۰۶ء میں براہ راست بنگالہ آئے اور عظیم آباد پٹنہ میں سکونت اختیار کی۔ نواب بنگالہ نے ان کی کچھ مدد معاش مقرر کر دی تھی۔ دو سال بعد محمد امین باپ سے ملنے آیا، مگر وہ فوت ہو چکا تھا، چنانچہ دونوں بھائیوں نے دہلی کا رخ کیا اور محمد امین سربلند خان صوبیدار گجرات کی سرکار میں "میر منزلی" کی خدمت پر مامور ہو گیا، لیکن معتوب ہو کر نوکری چھوڑ دی اور دوبارہ دہلی آ گیا۔ "بادشاہ گر سادات" کے دیوان رتن چند کی عنایت سے ۱۱۲۸ھ/ ۱۷۱۶ء میں] اسے ہنڈون بیانہ کا کمیدان مقرر کیا گیا [اور اس طرح وہاں کی فوجداری کی سند مل گئی]۔ وہاں اس نے علاقے کے سرکش راجپوتوں اور جاٹ زمینداروں کی سرکوبی کی۔ بادشاہ گر امیرالامرا سیّد حسین علی خان بارھہ کے قتل (اواخر ۱۱۳۲ھ) کی سازش میں جو کارگزاری اس نے دکھائی [طباطبائی : سیر المتأخرین، ج ۲] اس کے صلے میں اسے ۱۱۳۳ھ/ ۱۷۲۰ء میں پنج ہزاری ذات اور تین ہزار سوار کی سپہ سالاری کا منصب اور سعادت خان بہادر کا خطاب ملا۔ اسی سال اسے اکبر آباد (آگرہ) کا صوبیدار مقرر کیا گیا۔ تھوڑی ہی مدت کے بعد اسے اودھ کا صوبیدار مقرر کیا گیا، جہاں اس نے لکھنؤ کے شیخ زادوں کو نہایت سختی سے دبایا اور سرکش ٹھاکروں کا قلع قمع کیا، جس کے صلے میں بہادر جنگ کا دوسرا خطاب اور "ماہی مراتب" عطا ہوئے۔ اس نے صوبے میں مالگذاری کے نئے بندوبست کا حکم دیا، جس سے اراضی کے شاہی محاصل میں اضافہ ہوا۔ شہنشاہ محمد شاہ نے اس کی خدمات کے صلے میں اسے برہان الملک کا خطاب دیا.

پورے اودھ پر، جو اس وقت انتشار کی حالت میں تھا، اپنا تسلّط جما لینے کے بعد اس نے بنارس اور جون پور کے منحرف جاگیرداروں کو سزا دی۔ ۱۱۴۸ھ/ ۱۷۳۵ء میں کوڑہ جہان آباد کا ضلع اس کی تحویل میں دے دیا گیا، جس کا زمیندار بھگونت رائے گڑ بڑ کا باعث بن رہا تھا؛ وہ بالآخر نواب کی فوجوں سے تصادم میں مارا گیا۔ اسی سال مسلسل کامیابیوں سے سرشار برہان الملک مزید شاہی سر پرستی حاصل کرنے کی امید میں دہلی محمد شاہ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ ۱۱۴۹ھ/ ۱۷۳۷ء میں اس نے مرہٹوں پر، جنھوں نے دو آب کے ایک حصّے پر قبضہ کر رکھا تھا [اور دہلی کے نواح میں لوٹ مچا رکھی تھی (Grant Duff : *History of the Mahrattas*، ۱ : ۴۴۱)] پر حملہ کیا، انھیں شکست دی اور شدید نقصانات پہنچا کر وہاں سے

marfat.com
Marfat.com

نکال دیا . . . .

۱۱۵۱ھ [صحیح ۱۱۳۷ھ/۱۷۳۸ء] میں جب نادر شاہ افشار نے ہندوستان پر چڑھائی کی تو برہان الملک تیس ہزار کا لشکر جرار لیکر اودھ سے نکلا ۔ گو اس کا سامان کرنال میں اردوے شاہی تک پہنچنے سے پہلے ہی دشمن نے لوٹ لیا، تاہم اس نے وزیر نظام الملک اور بادشاہ کے حکم کے خلاف فیصلہ کیا کہ حملہ آوروں کا مقابلہ کرے؛ مگر عین لڑائی میں اسے اس کے ایک نیشاپوری ہم وطن نے پہچان لیا اور اس کا ہاتھی بغیر کسی مزاحمت کے دشمن کے کیمپ میں ہانک کر پہنچا دیا گیا ۔ برہان الملک نے . . . افشار کو تاوان جنگ بڑھانے پر آمادہ کیا ۔ محمد شاہ کے سفیر نظام الملک آصف جاہ اور ایرانی حملہ آور کے درمیان طے پا چکا تھا کہ پچاس لاکھ روپیہ ہوگا، مگر برہان الملک نے کہا کہ اتنی رقم تو مغل دربار کا ایک ہی امیر بآسانی ادا کر سکتا ہے ۔ خود برہان الملک کو تین کروڑ تیس لاکھ روپیہ نقد تاوان جنگ میں اپنے حصے کے طور پر دینا پڑا، لیکن دہلی واپس آنے کے تھوڑے عرصے بعد ۱ ذوالحجہ ۱۱۵۱ھ / ۱۹ مارچ ۱۷۳۹ء کو اس کی ناگہانی موت واقع ہو گئی ۔ یہ موت ایسی غیر متوقع تھی کہ متعدد قیاس آرائیاں کی گئی ہیں ۔ بیان کیا جاتا ہے کہ چونکہ وہ حملہ آور کے لیے تاوان جنگ (بیس کروڑ روپیہ)، جس کا اس نے وعدہ کر لیا تھا، ادا کرنے کا انتظام نہیں کر سکا تھا اس لیے نادر شاہ نے اسے طرح طرح سے اتنا ذلیل کیا کہ وہ ذلت برداشت نہ کر سکا اور اس نے خود کشی کر لی [مگر معاصر تاریخوں سے یہ بھی منکشف ہوتا ہے کہ نادر شاہ کو دہلی لا کر بادشاہی کارخانوں کی نشان دہی برہان الملک ہی نے کی اور کروڑوں روپے کے جواہرات، جن میں شاہجہان کا "تخت طاؤس" اور بہت سے بیش بہا نوادر شامل ہیں، لٹوانے کا باعث ہوا (واقعۂ خرابی دہلی؛ نادرنامہ، تالیف مرزا مہدی میر منشی نادرشاہ؛ تذکرۂ آنند رام مخلص؛ نیز تراجم و انتخابات از Elliot : *History of India*، ج ۸، وغیرہ] ۔ دوسرے مآخذ کے مطابق، جن میں مآثر الامرا (۱ : ۳۶۶) شامل ہے، برہان الملک کی موت پرانے زخم کے پھٹ جانے کی وجہ سے ہوئی، جس کی دیکھ بھال اس نے نہیں کی تھی؛ مگر اس بیان میں برہان الملک کے سر سے ان افعال کی ذمےداری ہٹانے کی سعی کا شائبہ پایا جاتا ہے جن کی وجہ سے باشندگان دہلی کو ان گنت مصائب و آلام کا سامنا کرنا پڑا ۔

برہان الملک اور اعتبار سے اچھا آدمی ہونے کے باوجود جاہ طلب تھا ۔ اس کی غرض پرستی سے حسین علی خان جیسا شخص بھی نہ بچ سکا حالانکہ سید اور شیعی ہونے کی وجہ سے برہان الملک حسین علی کا منظور نظر اور متوسل تھا ۔ دہلی کی ایک نہر جو اب اٹ گئی ہے اس کے نام پر نہر سعادت خان کہلاتی تھی ۔ یہ نہر فیض نہر سے نکالی ہوئی معلوم ہوتی ہے، جو دور مغلیہ کے اواخر میں شہر میں آب رسانی کا سب سے اہم ذریعہ تھی ۔

**مآخذ** : (۱) صمصام الدولہ شاہ نواز خان : مآثر الامراء، (Bibl. Ind.) ۱ : ۳۶۳ تا ۳۶۶؛ (۲) غلام علی خان نقوی : عماد السعادت، لکھنؤ ۱۸۶۴ء؛ (۳) محمد فیض بخش : فرح بخش (انگریزی ترجمہ از W. Hoey، الٰہ آباد ۱۸۸۸ء؛ (۴) کمال الدین حیدر : تاریخ اودھ (اردو)، ۲ جلدیں، لکھنؤ ۱۸۷۹ء؛ (۵) درگا پرشاد مہر سندیلوی : بستان اودھ، لکھنؤ ۱۸۹۲ء؛ (۶) مولوی ابن حسن : برہان اودھ (خطی، مجموعۂ سبحان اللہ، مسلم یونیورسٹی علیگڑھ)؛ (۷) نجم الغنی رامپوری : تاریخ اودھ (اردو)، ۵ جلد، لکھنؤ ۱۹۱۸ء؛ (۸) غلام حسین خان طباطبائی : سیر المتأخرین، ج ۲، لکھنؤ

marfat.com
Marfat.com

۱۳۲۳ھ/۱۸۹۷ء؛ (۹) اے۔ ایل۔ سری واستوا : *The First Two Nawabs of Oudh*، لکھنؤ ۱۹۳۳ء (اس تصنیف میں نہایت جامع اور تنقیدی فہرستِ مآخذ دی گئی ہے)؛ (۱۰) *Cambridge History of India*، ج ۴، بمدد اشاریہ؛ (۱۱) *A History of the Freedom Movement*، کراچی ۱۹۵۷ء، ۱ : ۲۱۰ تا ۲۱۳؛ (۱۲) سٹوری، ۱/ ۲ : ۳، ۲۰۳ تا ۲۱۳؛ علاوہ ازیں رک بہ مادۂ نادرشاہ؛ اودھ؛ (۱۳) William Irvine : *Later Mughals*، ۲ : ۵۵ تا ۵۷، ۲۸۷ ببعد، ۳۴۳ تا ۳۴۷، ۳۵۲ ببعد.

(بزمی انصاری)

⊕ **برہمن** : منشی چندر بھان کا تخلص، والد کا نام دھرم داس، لاہور کا رہنے والا، عہدِ شاہجہانی کا متصدی (عمل صالح، مخطوطۂ دانشگاہ پنجاب، ورق ۲۱۷، قب تذکرۂ حسینی، مخطوطۂ دانشگاہ پنجاب، ورق ۵۴، جس کے بیان کے مطابق دھرم داس اصلاً اکبر آباد سے متعلق تھا) ۔ دھرم داس کے چار بیٹے تھے ۔ چندر بھان کے علاوہ اودے بھان، رائے بھان اور اندر بھان، ان میں سے دو ملازمت میں تھے اور رائے بھان اور اودے بھان نے آزاد اور بے تعلق زندگی بسر کی۔

ابتدائی تعلیم ملّا عبدالحکیم سیالکوٹی سے حاصل کی (نشتر عشق، مخطوطۂ دانشگاہ پنجاب، ج ۱، ق ۹۰) ۔ چندر بھان پہلے امیر عبدالکریم میر عمارت کی ملازمت میں رہا ۔ پھر افضل خاں وزیر کل کا منشی اور آخر میں داراشکوہ کا منشی خاص بنا ۔ شاہجہان کے دربار میں بھی حاضر ہونے کا موقع ملا (نشتر عشق، مخطوطۂ دانشگاہ پنجاب، ج ۱، ق ۹۰).

دارا کی وفات کے بعد چندر بھان نے گوشہ نشینی اختیار کر لی اور ۱۰۷۳ھ میں بنارس میں وفات پائی ۔ منشآت برہمن سے اس کے ایک فرزند تیج بھان کا بھی پتا چلتا ہے ۔

چندر بھان برہمن کی تصانیف یہ ہیں : (۱) چہار چمن؛ (۲) گلدستہ؛ (۳) تحفۃ الانوار؛ (۴) نگارنامہ؛ (۵) تحفۃ الفصحا؛ (۶) مجموعۃ الفقرا؛ (۷) منشآت اور (۸) دیوان ۔ بعض اور کتابوں کا بھی کہیں کہیں ذکر آیا ہے، مگر مشہور کتابیں یہی ہیں۔

برہمن کا امتیاز شاعری کے ایک خاص انداز اور انشاپردازی میں سادہ اسلوب کی وجہ سے ہے ۔ مکتوب‌نویسی میں اس کی ایک خاص روش تھی، جس کی وجہ سے دارا شکوہ اس کی بڑی قدر کرتا تھا ۔

تفریح العمارات کے بیان کے مطابق اس نے آگرے میں باغ اور کچھ عمارتیں بنوائی تھیں ۔ تذکرۂ خوش نویساں میں اس کے خط کی پاکیزگی کی تعریف کی گئی ہے ۔

برہمن کے شاعرانہ رتبے کا اعتراف صائب نے یوں کیا ہے کہ اس کے چند منتخب اشعار اپنی بیاض میں شامل کیے ہیں ۔ نشتر عشق کے بیان کے مطابق برہمن نے اپنے دیوان کے چند نسخے خوشنما خط میں لکھوا کر شعرائے ایران و توران کو بغرض انتخاب بھیجے تھے ۔ اس کے دیوان میں غزلیات و رباعیات ہیں، جن میں بعض مدحیہ بھی ہیں، مگر قصیدے شاید نہیں لکھے (پنجاب پبلک لائبریری، لاہور کے مخطوطے سے یہی اندازہ ہوتا ہے).

**مآخذ** : (۱) محمد صالح : عمل صالح، (مخطوطۂ دانشگاہ پنجاب، ورق ۲۱۷) ۔ شیر خان لودھی : مرآۃ الخیال، بذیل مادہ؛ (۳) حسین قلی خان عشق : نشتر عشق (مخطوطۂ دانشگاہ پنجاب) بذیل مادہ؛ (۴) حسین دوست : تذکرۂ حسینی (مخطوطۂ دانشگاہ پنجاب) بذیل مادہ: (۵) سیّد عبداللہ : ادبیات فارسی میں ہندوؤں کا حصہ، مطبوعہ انجمن ترقی ادب، لاہور ۱۹۶۷ء، ص ۶۹ تا ۷۶ و ۹۷ تا ۸۳.

(ادارہ)

marfat.com
Marfat.com

* **بَرْھُوئی** : و بـروھی رک بہ براھوئی.

* **بَرْھُوت** : (نیز بَرَھُوت یا بَلَھُوت)، حَضْرَ مَوت میں ایک وادی، جس کی ایک دیوار میں مشہور بئر بَرھُوت ہے، جو اب کنواں نہیں بلکہ غار کہلاتا ہے ۔ یہ وادی، جو شہر تَرِیْم کے مشرق میں واقع ہے، المَسِیْلَہ میں، جو جنوب کی جانب سے وادی حَضْرَ مَوت کا زیرین خطّہ ہے، جا کر ختم ہو جاتی ہے ۔ برھوت کے دہانے پر قبر ھود[۴] [رک بہ ھود[۴]] ہے، یہ جنوبی عرب کا سب سے زیادہ متبرک مزار ہے اور ہر [گیارہ] شعبان کو اس کی زیارت کی جاتی ہے ۔

قدیم روایات میں بئر برھوت کو کرۂ ارض کا بد ترین کنواں کہا گیا ہے، جس میں کافروں اور منافقوں کی ارواح منڈلاتی رہتی ہیں ۔ برھوت غالبًا حضرت ھود علیہ السلام کے مقبرے کی موجودگی کی وجہ سے تمام عرب میں مشہور ہوگیا تھا ۔ اس کی اَور کوئی وجہ نہیں (قبّ Wensinck جو von Kremer کا حوالہ دیتا ہے، در وا، لائڈن، بار اول، ۲ : ۳۲۸)، کیونکہ محض ایک غار کو اتنی شہرت کا حاصل ہو جانا قرینِ قیاس معلوم نہیں ہوتا ۔ بئر برھوت کی اصل حقیقت کو سب سے پہلے D. van der Meulen اور H. von Wissmann نے بے نقاب کیا، جنھوں نے ۱۹۳۱ء میں اس کا کھوج لگایا تھا ۔ اس وادی کی سطح سے تقریبًا تین سو فٹ اوپر انھوں نے ایک خاص قسم کے چونے کا غار دیکھا، جس کے گرد کوئی آتش فشانی مادّہ نہ تھا ۔ اس کے اندر جو عجیب و غریب مگر بے ضرر بو ہے وہ گندھک کے بخارات سے نہیں آتی، یہ غالبًا چٹان کی فرسودگی کی وجہ سے آتی ہے یا شاید چمگادڑوں کی وجہ سے؛ بڑے برآمدے اور دیگر کئی بغلی برآمدوں کا تحقیقی جائزہ لیا گیا لیکن اس میں کچھ قابلِ ذکر آثار نہیں ملے ۔

**مآخذ** : بئر برھوت کے متعلق قدیم باطل اعتقادات کے لیے دیکھیے : (۱) حوالہ جات از J. Schleifer در وا، لائڈن، بار اوّل، ۱ : ۶۵۴؛ (۲) ان میں اضافہ کر لینا چاہیے، C. von Landberg : *Études sur les dialectes des l'Arabic méridionale*، جلد اول، لائڈن ۱۹۰۱ء، ص ۳۲۴ تا ۳۴۷، ۳۸۱ تا ۳۸۴؛ (۳) غار کے لیے دیکھیے : D. van der Meulen و H. von Wissman : *Ḥaḍramaut*، لائڈن ۱۹۳۲ء.

(G. Remtz)

* **بَرْهِبْرِیُس** : Barhebraeus رک بہ ابن العِبْری.

* **اَلْبَـرِنْجَه** : رک بہ سَرْگان.

* **بَرِیْد** :، لاطینی لفظ veredus یونانی beredos (جس کی اصل غیر یقینی ہے، شاید آشوری ہو) بمعنی "ڈاک کا گھوڑا" ۔ بالعموم اس کا اطلاق اسلامی ممالک کے سرکاری محکمۂ خبررسانی اور ڈاک پر ہوتا ہے ۔ اسی طرح یہ لفظ ڈاک کے جانور، ہرکارے اور ڈاک کی چوکی کے لیے بھی بولا جاتا ہے ۔ بوزنطیوں اور ساسانیوں کے ہاں سرکاری ڈاک کا نظام موجود تھا ۔ اسلامی زمانے میں نظام برید اموی دور سے رائج تھا ۔ اسے سب سے پہلے مُعاویہؓ بن ابی سفیان نے اختیار کیا تھا (دیکھیے قَلْقَشَندی : صبح الأعشٰی، قاہرہ ۱۳۳۸ھ/۱۹۱۹ء، ۱۴ : ۳۶۷ ببعد) ۔ کہا جاتا ہے کہ عبدالملک نے ملک کے اندرونی نظم و نسق کو از سرِ نو استوار کر کے اس ادارے کو مستحکم کیا ۔ عباسی دورِ حکومت کے آغاز ہی سے ڈاک کے محکمے کا شمار حکومت کے نہایت اہم محکموں میں ہوتا تھا اور اس کا اہتمام ہمیشہ مقرب ندیموں مثلاً جعفر برمکی یا شاہی محل کے خواجہ سراؤں کو تفویض ہوتا تھا ۔ متعدّد خلفا نے منازل کے طریق کار کو ترقی دی ۔ چنانچہ تیسری صدی ہجری / نویں

Marfat.com

صدی عیسوی کے وسط تک اس کا جال ملک بھر میں پھیل چکا تھا.

عباسی عہد حکومت میں ڈاک کے محکمے کی حقیقی معنوں میں تنظیم کے متعلق تسلی بخش معلومات ابن خرّداذبہ اور قدامہ کی تصانیف میں ہیں، جو انھوں نے تیسری / نویں اور چوتھی / دسویں صدیوں کے دوران میں خلافت کے کاتبوں کے استعمال و استفادے کے لیے جمع کی تھیں ۔ ان تصانیف میں ڈاک کی چوکیوں کی فہرستیں بھی موجود ہیں ۔ ملک بھر میں کم و بیش نو سو تیس ڈاک چوکیاں تھیں (ڈاک یعنی ''سِکّۃ'' جسے ایران میں رِباط اور مصر میں مرکز البرید کہتے تھے) ۔ ایران میں یہ چوکیاں اصولاً ایک دوسرے سے دو فرسخ (۱۲ کیلو میٹر) کے فاصلے پر واقع تھیں ۔ مغربی صوبوں میں ان کا باہمی فاصلہ چار فرسخ (۲۴ میٹر) تھا ۔ ڈاک (الخرائط) کو مقررہ اوقات کے اندر پہنچانا حکومت کے اہلکاروں (مُرتّبون) کی منصبی ذمےواری تھی ۔ ہرکارے (فُیوج، فُرانِق) ایران میں بیشتر خچروں سے اور المغرب میں اونٹوں سے اور کبھی کبھی گھوڑوں سے بھی کام لے لیتے تھے مگر یہ نظام برید قابل رد و بدل بھی تھا ۔ چنانچہ بسا اوقات خلیفہ یا وزیر بلکہ معمولی حاکم صوبہ بھی سیاسی یا فوجی ضروریات کے پیشِ نظر کسی خاص راستے پر ڈاک کے محکمے کو وقتی طور پر مستحکم بناتے نظر آتے ہیں ۔ بہت ضروری خبروں کی ترسیل میں کبوتروں سے بھی کام لیا جاتا تھا ۔ یہ ایک سرکاری محکمہ تھا ۔ اس لیے ڈاک کے ذریعے نجی خطوط کی ترسیل صرف مستثنی حالتوں ہی میں ہوتی تھی ۔ ڈاک کے گھوڑے ایسے اشخاص کو بھی لے جاتے تھے جو حکومت کے نمائندے ہوتے تھے ۔ چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ نئے خلیفہ الہادی کو بھی جب اپنے باپ کی وفات کی اطلاع پا کر جرجان سے بغداد واپس آنا پڑا تو اس نے ڈاک کے گھوڑوں سے کام لیا (الطّبری، ۳ : ۵۴۷؛ الجَہشیاری : کتاب الوزراء، مطبوعہ قاہرہ، ص ۱۶۷) ۔ پوسٹ ماسٹر (اصحاب البرید)، جو ڈاک کے محکمے کے ڈائریکٹر (صاحب دیوان البرید) کے ماتحت ہوتے تھے، کے فرائض صرف یہیں تک محدود نہ تھے کہ وہ محض سرکاری مراسلات، جو مقامی ارکانِ حکومت یا مرکز کی جانب سے بھیجے جائیں، پہنچا دیں (المنصور کے زمانۂ خلافت کے متعلق طبری کی ایک روایت سے اور قدامہ کی کتاب میں محفوظ ایک سند عطیہ سے ڈاک کے محکمے کے افسروں کے فرائض منصبی کی تفاصیل معلوم ہوتی ہیں)، بلکہ برید کے فرائض انجام دینے کے علاوہ ان کا یہ بھی فرض تھا کہ مرکزی حکومت کو اپنے صوبے اور اپنے عمال کی ہر گونہ سرگرمیوں سے با خبر رکھیں، سرکاری زمینوں اور لگانِ اراضی سے متعلق کمشنروں کے رویّے اور طرزِ عمل کی اطلاع دیتے رہیں، نیز قاضیوں کی کارگزاری اور اپنے صوبے کے مالی اور اقتصادی حالات سے آگاہ کرتے رہیں ۔ حکام ضلع تک کی نگرانی ان کے فرائض میں شامل تھی جیسا کہ طاہر [رکّ بآں] کی خود مختار ریاست خراسان کے واقعات سے ظاہر ہوتا ہے ۔ لوگوں کی شکایات کا ازالہ بھی ان کے فرائض میں داخل تھا (مسکویہ : *Eclipse*، ۱ : ۲۵) ۔ بغداد میں مہتمم دیوان کے پاس جو اطلاعات جمع ہو جاتی تھیں، کم از کم ابتدائی دور میں، انھیں براہ راست خلیفہ کے پاس بھیج دیا جاتا تھا ۔ مزید برآں ایک مہتمم خبر (اطلاعات) بھی ہوتا تھا جو افسروں اور دارالخلافہ کے حکّام (بشمولیت وزیر) کی نگرانی پر مامور تھا (مسکویہ : *Eclipse*، ۱ : ۳۴)، یہ منصب جو بظاہر ڈاک کے محکمے سے بے تعلق اور آزاد تھا، خواجہ سراؤں یا ایسے امرا کو تفویض کیا

marfat.com
Marfat.com

جاتا تھا جو فرمانروائے وقت کے خاص معتمد علیہ ہوتے تھے۔

اگر ہم العُمَری کی التعریف کے بیان پر اعتماد کریں تو معلوم ہو گا کہ آل بویہ نے خلیفہ کو اطلاعات سے محروم رکھنے کے لیے برید (سلسلۂ مراسلات) کو منقطع کر دیا تھا اور اس طرح گویا انھوں نے خلیفہ کو اپنا پابند بنا لیا تھا۔ دراصل پہلے پہل انھیں کے عہد میں ''سُعَاۃ'' (تیز گام ہرکارے) کا مشرق میں ظہور ہوا۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ڈاک کے محکمے کا انتظام روز بروز خراب ہوتا جا رہا تھا۔ یہاں تک کہ سلجوقیوں نے (۴۵۵ھ/ ۱۰۶۳ء میں) اسے بالکل ختم کر دیا اور اس کے بعد خاص قسم کے جاسوسوں سے کام لیا جاتا رہا۔ صلیبی جنگوں کے دوران میں زنگیوں اور ایوبیوں کے ہاں صحیح معنوں میں رسل و رسائل کا محکمہ نہ تھا۔ البتہ وہ ہرکاروں اور تیزرَو شتربانوں اور کبوتروں سے کام لیتے رہے۔

مملوکوں کے دورِ اقتدار میں ڈاک کے محکمے نے ایک بار پھر اپنی پہلی سی اہمیت حاصل کر لی اور اس کے طریق کار کی تفصیلات تحریروں اور آثار سے معلوم ہوتی ہیں۔ اس کی از سرِ نو تنظیم بیبرس (یکے از بادشاہانِ مملوک) نے کی، جس نے نہ صرف عباسی خلفا کی مثال کو مشعلِ راہ بنایا بلکہ ان مغلوں سے بھی سبق لیا جن سے اس کا مقابلہ رہتا تھا۔ ''محکمۂ برید'' مملوک نظام حکومت کا ایک ایسا شعبہ تھا جسے مذہبی لڑائیوں سے گہرا تعلق تھا۔ لہٰذا ابتداءً اسے ایک سیاسی اور فوجی حیثیت حاصل تھی لیکن بعد میں اسے تجارتی کاروبار سے وابستہ کر دیا گیا۔ اوّل اوّل تو اس کی زمامِ اختیار براہِ راست سلطان کے ہاتھ میں رہی۔ بعد میں یہ شعبہ حکومت کے کاتبوں کے ہاتھوں میں چلا گیا، جنھیں بنو فضل اللہ کے نامور خاندان میں سے مقرر کیا جاتا تھا۔ انھوں نے اسے امیر دوادار کے ہاتھوں میں واپس جانے سے پیشتر دفتری رنگ دے دیا تھا۔ ہرکاروں (بَرِیدی) کے علاوہ، جو مُقَدَّم البریدیہ (پوسٹ ماسٹر) کے زیر کمان ہوتے اور جو سلطان کے ایوانِ خاص کے مملوکوں میں سے بھرتی کیے جاتے تھے، اس ادارے کے افراد میں سرکاری چوکیدار، سائس اور سائق بھی شامل ہوتے تھے۔ ڈاک رسانی کا محکمہ اوّل اوّل مصر میں قاہرہ تا دمشق کی شاہراہ پر، جو عام حالات میں ایک ہفتے کی مسافت تھی، شروع ہوا اور بعد میں شام کے ساحل پر واقع شہروں اور سرحد طوروس Taurus کے قلعوں تک اس کی توسیع ہو گئی۔ گھوڑوں کے بدلنے کی چوکیاں، جو اصلاً ایک دوسرے سے چار فرسخ کے فاصلے پر واقع تھیں، ابتداءً عام مسافرخانوں میں قائم کی گئیں۔ ازاں بعد اس مقصد کے لیے خاص عمارات تعمیر کی گئیں جو تعمیری خوبیوں کا لحاظ رکھے بغیر تقریباً سب ھی ایک نمونے پر اس طرح بنائی جاتیں کہ سلطان کے گھوڑے وہاں باندھے جا سکیں اور کچھ لوگ، جن کی تحویل میں یہ گھوڑے ہوتے تھے، وہاں قیام کر سکیں (J. Sauvoget)؛ بعد میں راستے اس قابل بنا دیے گئے جن پر آمد و رفت زیادہ تیزی اور باقاعدگی کے ساتھ ہو سکے۔ اسی زمانے میں ان ہرکاروں کا سلطان کی طرف سے ایک باقاعدہ تقریب کی شکل میں خیر مقدم کیا جاتا تھا اور ان کے عہدوں کے امتیازی نشانات کو، جو بحیثیت مملوک نامہ بر کی خدمات انجام دینے کی وجہ سے معروف و مشہور تھے، زیادہ پر تکلف شکل دیدی گئی تھی۔ کبوتروں کے ذریعے ڈاک رسانی اور معین اشارات سے پیغام رسانی کے فن میں بھی ترقی ہوئی۔ یہ تمام نظام تیمور کے حملے (۸۰۳ھ/ ۱۴۰۰ء) سے

Marfat.com

درہم برہم ہو گیا ۔ اس کے بعد سرکاری ڈاک کے لیے تیز رو شتر سواروں اور ہرکاروں سے کام لیا جانے لگا.

ڈاک کا ادارہ کئی اسلامی حکومتوں میں قائم تھا، جہاں یہ عملی تقاضوں کو پورا کرتا تھا اور اسلام کے اخلاقی اصولوں کے مطابق خطوط کی حفاظت اور امور سلطنت کی رازداری کا اہتمام کرتا تھا ۔ تاہم اس کی حالت ہر جگہ یکساں نہ تھی ۔ چوتھی صدی / دسویں صدی میں اندلس میں سرکاری ڈاک کے محکمے کو وہ اہمیّت حاصل نہ تھی جو مشرق میں تھی ۔ یہ لوگ جنْ قاصدوں سے کام لیتے تھے وہ خچروں اور سوڈانی گھوڑوں [رقّاص] پر سواری کرتے تھے ۔ اس سے اس نظام کی خامی ہویدا ہے ۔ اس کی باگ ڈور ڈاک کے ایک اعلٰی افسر (صاحب البُرُد) کے ہاتھ میں ہوتی تھی ۔ بظاہر اس کے ماتحت کثیر التعداد کارندے ہر جگہ اطلاعات بہم پہنچانے پر لگے ہوے تھے ۔ مشرقی بربر کی حفصی ریاست میں ڈاک کا کام نہایت ہی ابتدائی اور نا مکمل صورت میں ہوتا تھا ۔ ہرکارے اپنے لیے خود خچر مہیا کرتے تھے اور ایسی چوکیاں بھی متعین نہ تھیں جہاں وہ اپنے خچر بدل سکتے ۔ ڈاک کا محکمہ ایران میں صفویوں کے عہد میں نیز سلطنت عثمانیہ میں موجود تھا [نیز رکّ بہ پوستہ؛ رقّاص] ۔ [ابن بطّوطہ، جس نے محمد تغلق کے زمانے میں ہندوستان وغیرہ کی سیاحت کی، اپنے سفر نامے میں لکھتا ہے کہ ڈاک کو ہندوستان میں بریْد کہتے ہیں ۔ ڈاک دو قسم کی ہوتی ہے: (۱) گھوڑوں کی (اُلاق یا اُلاغ) اور (۲) پیادوں کی ۔ ہرکاروں کے نظام کے بارے میں ابن بطّوطہ نے بڑی دلچسپ معلومات دی ہیں ۔ ان تفاصیل کے لیے دیکھیے بداؤنی: منتخب التواریخ؛ فرشتہ؛ القلقشندی: صبح الاعشٰی (جہاں نامہ بر کبوتروں کا بھی ذکر کیا گیا ہے)].

**مآخذ**: عہد عباسی کے تاریخی حوالوں کے علاوہ جہاں وقتاً فوقتاً ان کا ذکر آ جاتا ہے خاص طور سے ملاحظہ ہو: (۱) الطبری، ۳ : ۴۳۵؛ (۲) الخوارزمی: مفاتیح العلوم، مطبوعۂ قاہرہ، ص ۴۲؛ (۳) ابنِ خرّداذبہ، مواضع کثیرہ؛ (۴) قُدامہ بن جعفر: الخراج، طبع De Goeje، ص ۱۸۴ و Köprülü، مخطوطہ، ۱۵ تا ۱۶؛ (۵) N. Abbott: *The Kurrah Papyri*، شکاگو ۱۹۳۸ء، ص ۱۵، ۱۶؛ (۶) A. Sprenger: *Die Post-und Reiserouten des Orients*، لائپزگ ۱۸۶۴ء؛ (۷) A. Mez: *Renaissance*، ص ۴۶۴ تا ۴۷۱؛ (۸) J. Sauvoget: *La poste aux chevaux dans empire des Mamelouks*، پیرس ۱۹۴۱ء؛ (۹) Levi Provençal: *Hist. Esp. mus*، ۳: ۲۸ تا ۲۹؛ (۱۰) R. Brunschvig: *La Berbérie orientale sous les Ḥaf-ṣides*، پیرس ۱۹۴۱ء، ۲: ۶۵ [ان کے علاوہ جو حوالے متن میں درج ہیں].

(D. SOURDEL)

**بُرَیْدَۃ**: سعودی عرب کے ضلع القَصِیْم کا موجودہ صدر مقام، اس کی جاے وقوع ۲۶ درجے ۲۰ دقیقے عرض بلد شمالی اور ۴۴ درجے ۵۸ دقیقے طول بلد پر وادی الرُّمہ کے بائیں کنارے ٹھیک اس مقام کے مغرب میں واقع ہے جہاں وہ نَفودُ السِّر کے ریگستان میں بہہ کر جاتی ہے ۔ یہ شہر نَفود البُرَیدہ کی ایک پہاڑی پر شہر عُنَیْزہ کے مقابل، جو اس کا پرانا حریف ہے، ۲۰ کیلومیٹر شمال میں ندی کے سامنے کے کنارے پر واقع ہے ۔ القصیم میں یہ ندی عموماً الوادی کے نام سے مشہور ہے ۔ نفود بریدہ کے ٹیلوں کے درمیان سیلابی کھاد سے ادھر ادھر مسطح قطعات نکل آئے ہیں، جن پر باغ لگے ہوے ہیں ۔ یہ گوشے مجموعی طور پر الخُبُوب (مفرد خَبّ) کہلاتے ہیں ۔ یہ زرخیز قطعات الوادی کے سیلابوں کے مرہون منت ہیں اور اسی ندی کی بدولت انھیں پانی کا وافر ذخیرہ ملتا رہتا ہے.

marfat.com

Marfat.com

بُرَیْدہ کا ارتفاع اس کے ہوائی اڈے پر ۶۱۰ میٹر ہے - شہر کے شمال اور مغرب میں بہت اچھی چراگاہیں اور نفیس نمک کے وافر ذخیرے ہیں اور اسی وجہ سے کسی زمانے میں یہ شہر گھوڑوں، اونٹوں اور دوسرے مویشیوں کی بھی مشہور منڈی تھی - جانوروں کی کثرت، زرعی پیداوار کی فراوانی الخبوب کے پانی کے ذخیرے اور مدینے سے بصرے کی سڑک پر اس شہر کا مرکزی مقام یہ سب وہ اسباب تھے جنھوں نے بریدہ کو بڑھاتے بڑھاتے عرب کے بڑے تجارتی مرکزوں میں سے ایک مرکز بنا دیا تھا - اس کی مخلوط آبادی ـــ جس میں مستقل رہنے والے قبیلے حَرْب، عَنَزہ، مُطَیر، عُتَیبہ اور بنو تمیم کے گروہ شامل تھے ـــ تمام عربی دنیا میں تجارت کرتی تھی - بریدہ کے باشندے، جو عُقَیل نامی تجارتی جمعیت سے تعلق رکھتے تھے، قاہرہ سے بمبئی تک مویشیوں کے بیوپاری اور کاروان والے مشہور تھے۔

یہ بات واضح طور پر معلوم نہیں کہ یہ شہر کب اور کیسے تعمیر ہوا - یاقوت بریدہ کے ذکر میں کہتا ہے کہ یہ بنو ضَبِینہ، جو قبیلۂ عَبس میں سے تھے، کی پانی پلانے کی جگہ تھی - عرب کے موجودہ جغرافیہ دان الخانجی اور ابن بُلَیہِد اسی ابتدائی نام کو موجودہ شہر کی وجہ تسمیہ مانتے ہیں - جب تک کوئی مزید شہادت نہ ملے اس وقت تک اسی پانی پلانے کی جگہ کو موجودہ بریدہ سمجھنا قابلِ تسلیم نہیں - شہر کی بنیاد رکھے جانے کی تاریخ کی کسی معقول شہادت سے تائید نہیں ہوتی اگرچہ مقامی روایات اور مغربی سیّاح اس پر متفق ہیں کہ تقریباً دسویں صدی ہجری / سولھویں صدی عیسوی میں اس کا معقول امکان ہے - کاسکل Caskel نے بُرَیدہ کی بنیاد رکھے جانے کا زمانہ ۹۵۰ھ / ۱۵۴۳ - ۱۵۴۴ء قرار دیا ہے لیکن اس نے اپنے مأخذ کا پتا نہیں دیا - بہر حال اس شہر کا ایک سیاسی قوت ہونے کی حیثیت سے پہلا ذکر ابن بشر نے، جو زمانۂ حال کے وسط عرب کا ممتاز مؤرّخ ہے، کیا ہے - وہ اس لڑائی کے مختصر حالات بیان کرتا ہے جو بریدہ اور عُنَیزہ کے درمیان ۱۱۰۷ھ/ ۱۶۹۵ - ۱۶۹۶ء میں ہوئی۔

بریدہ کی مقامی تاریخ بڑی حد تک چار خاندانوں کی کہانی اور وسط عرب کی سیاسیات میں خود مختارانہ حیثیت سے یا صوبے کے والی کی حیثیت سے ان کے دخل دینے کا بیان ہے - سب سے پہلا خاندان آل الدُّرَیبی (یا شاید البریدی، بحوالۂ ابن لُعبون) ہے، جو بنوتمیم کی شاخ العناقر میں سے تھا - Corancez کے خیال میں اسی کے جد امجد رشید الدریبی کو بریدہ کی بنیاد رکھنے کا فخر حاصل ہے - اس خاندان سے متعلق اس سے زیادہ کچھ معلوم نہیں کہ اس نے ایک باہم تباہ کن لڑائی اپنے چچا زاد بھائیوں یعنی العَناقِر کے آل عُلَیّان سے جاری رکھی - عنیزہ سے جو لڑائی مسلسل چلی آتی تھی اس کی وجہ سے آل الدریبی نے ۱۱۸۲ھ/ ۱۷۶۸ - ۱۷۶۹ء میں آل سعود سے فوجی امداد کی درخواست کی - اس اقدام سے بریدہ تھوڑے ھی دن میں سعودی حلقۂ اثر میں آ گیا، آل عُلَیّان کو قوت حاصل ہو گئی اور القصیم مدت دراز تک جبل شَمّر کے آل رشید اور آل سعود کے درمیان لڑائی کا اکھاڑا بنا رہا۔

آل عُلَیّان نے آل سُعُود کے عاملوں کی حیثیت سے اور بعض اوقات الحجاز کے ترک - مصری حملہ آوروں کے تحت ۱۱۸۹ھ/۱۷۷۵ - ۱۷۷۶ء سے ۱۲۸۰ھ/۱۸۶۳ - ۱۸۶۴ء تک حکومت کی - ان کے قابلِ اعتماد نہ ہونے کی بنا پر ۱۲۶۵ھ/۱۸۴۸ - ۱۸۴۹ء سے ۱۲۷۰ھ/ ۱۸۵۳ - ۱۸۵۴ء تک

Marfat.com

الجلوی بن ترکی آل سعود کو القصیم کا حاکم مقرر کیا گیا ۔ اور عنزہ کے آل اباالخیل کا خاندان مہنّا ۱۲۸۰ھ/۱۸۶۳-۱۸۶۴ء سے ۱۳۲۶ھ/ ۱۹۰۸-۱۹۰۹ء تک بریدہ کے حاکم بنے رہے ۔

آل علیّان اور آل اباالخیل دونوں میں سے کوئی اس قابل نہ ثابت ہوا کہ آل سعود کی خدمت کو مقامی اقتدار حاصل کرنے کی ہوس پر فائق رکھتا ۔ آل رشید اور آل سعود کے درمیان جنگ کی طویل مدّت کے دوران میں وہ دونوں آقاؤں کی رفاقت یکساں فریب و ریاکاری سے کرتے رہے ۔

جب آل سعود نے ۱۳۲۶ھ/۱۹۰۸ء میں القصیم کو حتمی طور پر فتح کر لیا تو اس کے سابق حاکم الجلوی آل سعود کے تندخو بیٹے عبداللہ کو القصیم کا والی بنا کر بریدہ میں بٹھا دیا گیا تا کہ اس جنگی اہمیت کے مرکز میں مقامی سازشیں ہمیشہ کے لیے ختم ہو جائیں ۔ عبداللہ کے بعد اس کا چچیرا بھائی عبدالعزیز بن مساعد آل سعود مقرر ہوا، جو حائل کا حاکم تھا، اور کچھ دن بعد عبداللہ بن عبدالعزیز بن مساعد اس کا جانشین ہوا، جو شمالی سرحدی علاقے کا والی تھا ۔

بد نظمی اور شورش کے وہ چند سال جو شاہ عبدالعزیز آل سعود کے ملک کو منظّم و منضبط کرنے سے پہلے گزرے انھوں نے بریدہ کی تجارت کو بہت نقصان پہنچایا پھر جب شاہ موصوف نے الحساء اور الحجاز کو فتح کر لیا تو وسط عرب سے دونوں ساحلوں کی بندرگاہوں تک بے روک ٹوک آمد و رفت کی صورت نکل آئی اور القصیم کے تجارتی اجارے میں رخنہ پڑ گیا ۔ ۱۳۷۴ھ/ ۱۹۵۴-۱۹۵۵ء میں جب اس شہر کے سب سے نمایاں نشانات یعنی شہر کی بڑی فصلیں اور آل مہنّا کا قلعہ مسمار کر دیے گئے اور ان کی جگہ جدید طرز کی سرکاری عمارتیں، سکول اور ہسپتال تعمیر ہو گئے تو اس وقت سے بریدہ کی پہلی مہیب شکل بالکل بدل گئی ۔ اب فقط الجَردہ کی وسیع منڈی کا چوک اور اس کے مغرب کی طرف دکانوں کے تنگ پیچ در پیچ بازار رہ گئے ہیں، جو اس کے پہلے زمانے کے بڑے تجارتی مرکز ہونے کی یاد دلاتے ہیں ۔ اس کی آبادی کی حالت خاصی یکساں چلی آتی ہے، جس کا اندازہ پچیس تیس ہزار لگایا گیا ہے ۔ اس میں آدھے الخبوب کے چھوٹے چھوٹے دیہات میں رہنے والے لوگ ہیں ۔

**مآخذ**: (۱) یاقوت، بذیل مادّہ؛ (۲) عثمان بن بشر: عنوان المجد، مکّہ ۱۳۴۹ھ؛ (۳) محمد بن بلیہد: صحیح الاخبار، قاہرہ ۱۹۵۱-۱۹۵۳ء؛ (۴) ابن لُعبون: تاریخ، مکّہ ۱۳۵۷ھ؛ (۵) محمد امین الخانجی: منجم العمران، قاہرہ ۱۹۰۷ء؛ (۶) Philby: *Arabia of the Wahhabis*، لنڈن ۱۹۲۸ء؛ (۷) M. v. Oppenheim، E. Bräunlich اور W. Caskel: *Die Beduinen*، لائپزگ Wiesbaden ۱۹۳۹-۱۹۵۲ء ۔

(R. HEADLEY)

**بُرَیدَة بن الحُصَیب** رض: آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلّم کے ایک صحابی، قبیلۂ اسلم بن اَفصٰی کے سردار، اَسّی خاندانوں کو لے کر، جو ان کے ساتھ تھے، اس وقت اسلام لائے جب کہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و سلّم مکّۂ معظمہ سے مدینۂ منورہ جاتے ہوے ان کی بستی اَلغَمِیم میں ٹھیرے (مگر ابن حجر کے قول کے مطابق وہ جنگ بدر کے بعد اسلام میں داخل ہوے) ۔ بُریدہ نبی کریم صلّی اللہ علیہ و سلّم کے پاس مدینے میں جنگ احد کے بعد آئے اور مدینے میں آنے کے بعد وہیں رہے اور آپ کے ساتھ تمام غزوات میں حصہ لیا ۔ ۹ھ/۶۳۰ء میں وہ بنو اَسلم اور بنو غفار سے صدقات وصول کرنے اور پھر انھیں غزوۂ تبوک میں شرکت کی دعوت دینے کے لیے بھیجے گئے ۔ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و سلّم

marfat.com
Marfat.com

کی وفات کے بعد وہ مدینے ہی میں قیام پذیر رہے لیکن جب بصرہ آباد ہو گیا تو وہاں چلے گئے اور وہیں ایک مکان تعمیر کر لیا۔ کچھ مدت بعد وہ فوج کے ساتھ خراسان چلے گئے اور مرو میں سکونت پذیر ہو گئے۔ اور وہیں ۶۰ھ/ ۶۸۰ء یا ۶۳ھ/ ۶۸۳ء یزید بن معاویہ کے زمانے میں ان کی وفات ہوئی۔ بعض مآخذ (البلاذری اور ابن الأثیر) کا بیان ہے کہ وہ خراسان ۵۱ھ/ ۶۷۱ء میں الربیع بن زیاد کے ہمراہ ان پچاس ہزار کی جماعت میں شامل ہو کر گئے تھے جو بصرے اور کوفے سے مع اپنے گھر بار کے زیاد بن ابیہ کے حکم کے مطابق ادھر منتقل ہوے تھے۔ [ان سے ایک سو پچاس کے قریب احادیث مروی ہیں]۔

**مآخذ:** (۱) ابن سعد، ۴/ ۱: ۱۷۸ تا ۱۷۹؛ (۲) الطبری، ۱: ۱۳، ۱۵۷۹ و ۳: ۲۳۳۸ تا ۲۳۳۹؛ ۲۳۷۱، ۲۵۳۹؛ (۳) ابن الأثیر: الکامل، ۳: ۳۰۸؛ (۴) البلاذری: فتوح، ص ۴۱۰؛ (۵) ابن حجر، ۱: ۲۹۶ ببعد؛ (۶) اسد الغابة، ۱: ۱۷۵؛ (۷) النووی، ص ۱۷۳؛ (۸) کائتانی Caetani: *Annali*، بمدد اشاریہ؛ [(۹) سیر اعلام النبلاء، ۲: ۳۳۵ ببعد]۔

([W. ARAFAT و] K. V. ZETTERSTÉEN)

* **برید شاہی:** دکن میں حکمرانوں کا ایک خاندان، جس کی بنیاد قاسم برید نے رکھی، جو اولاً ایک ترکی غلام تھا، جسے بہمنی خاندان [رک بآں] کے تیرھویں فرمانروا محمد شاہ ثالث نے خریدا تھا۔ قاسم برید غیر معمولی شخصیت کا مالک تھا اور اعلٰی درجے کا خطّاط اور مغنّی ہونے کے علاوہ جوان مرد سپاہی بھی تھا۔ محمود شاہ کے عہد حکومت میں کوتوال کے منصب تک پہنچ گیا اور ملک حسن نظام الملک کی وفات کے بعد ڈگمگاتی ہوئی بہمنی سلطنت کی وزارت عظمٰی کے منصب پر قابض ہو گیا۔ اس کا زیادہ وقت ان جاگیرداروں سے لڑنے میں گزرا جو طاقت میں اس سے زیادہ تھے اور بیجا پور، احمد نگر اور گولکنڈہ میں عملاً خود مختار ہو چکے تھے، لیکن یہ بات کہ وہ دارالسلطنت بیدر [رک بآں] میں تھا اس کے حق میں تھی۔ قاسم ۹۱۰ھ/ ۱۵۰۴ء میں وفات پا گیا اور اس کی جگہ اس کا بیٹا امیر برید تخت پر بیٹھا۔ قاسم نے بہمنی سلاطین کے اقتدار کا خاتمہ کر دیا تھا۔ ان کا رہا سہا اقتدار اس کے جانشین نے ختم کر دیا، یہاں تک کہ اس کے نام‌نہاد آخری حکمران کلیم اللہ کے بھاگ جانے پر بیدر پر اس کا اقتدار مسلم ہو گیا۔ اب اس کا مقابلہ بیجا پور کے فرمانروا علی عادل شاہ سے ہوا، جس نے بیدر کے حکمران کو شکست فاش دے کر وہاں قبضہ کر لیا۔ قلعہ کچھ عرصے کے بعد، جب قندہار اور کلیانی کے قلعے بیجا پور میں شامل کر لیے گئے، بحال کر دیا گیا۔ امیر برید نے کم از کم چھوٹے جاگیرداروں کو براہ راست مرکزی حکومت کے زیر اقتدار لانے کی کوشش کی، جیسا کہ اس سے پیشتر محمود گاوان [رک بآں] نے کیا تھا۔ لیکن اسے اس میں کامیابی نہیں ہوئی۔ اس کا انتقال ۹۵۰ھ/ ۱۵۴۳ء میں ہو گیا اور اس کے بعد اس کا بیٹا تخت نشین ہوا۔

علی برید کو ادب، مصوری اور فن تعمیر سے بڑی دلچسپی تھی اور بیدر کے رنگین محل اور اس کا نہایت ہی موزوں و متناسب مقبرہ اس کے حسن ذوق کی دو شاندار یادگاریں ہیں۔ اسے طویل مدت تک حکومت کرنے کا موقع ملا۔ بریدی حکمرانوں میں سے وہ پہلا تھا جس نے شاہی لقب اختیار کیا؛ اگرچہ اس نے محض الملک المالک کے لقب پر قناعت کی جو رنگین محل میں بڑی خوبصورتی سے سیپی کے کام سے کندہ کیا ہوا ہے۔ وہ ان چار حلیف فرمانرواؤں میں سے ایک تھا جنھوں نے بالآخر ۱۵۶۵ء میں وجیانگر کے حاکم

marfat.com
Marfat.com

راما راے کی قوّت کو ختم کیا ۔ ابراہیم قطب شاہ کے ساتھ حلیفوں کے میسرہ کی کمان علی بریدی کے سپرد تھی ۔ اس کا انتقال ۹۸۷ھ/۱۵۷۹ء میں ہوا۔

علی برید کی وفات کے بعد خاندان کا اقتدار بھی جلد ہی ختم ہو گیا ۔ اس کے بعد ابراہیم اور پھر قاسم ثانی تخت پر بیٹھا اور قاسم کے بعد اس کا شیر خوار بیٹا، جو مرزا علی برید شاہ کے نام سے معروف ہے، تخت کا وارث ہوا ۔ لیکن اس کے ایک رشتے دار امیر برید شاہ ثانی نے اسے تخت سے اتار کر تخت پر قبضہ کر لیا ۔ اس کا جانشین ایک اَور شخص ہوا ۔ جس کا نام ایک دو لسانی کتبے میں مرزا ولی امیر برید شاہ درج ہے ۔ اسی کے عہدِ حکومت میں بریدی خاندان کا خاتمہ ہوا اور بیدر نے ۱۰۲۸ھ/۱۶۱۹ء میں بیجا پور کا الحاق کر لیا۔

گنتی کے چند ہی بریدی سکّے دستیاب ہوے ہیں ۔ اگرچہ فرشتہ کا بیان ہے کہ قاسم برید نے بھی اپنے نام کے سکّے ضرب کرائے تھے لیکن اس وقت تک جن سکّوں کا پتا چلا ہے وہ یا تو تانبے کے سکّے ہیں جن پر ''امیر شاہ'' کے ٹھپے کے نشان ہیں، جو امیر برید ثانی کی طرف منسوب کیے جاتے ہیں، یا پھر تانبے کے فلس اور نیم فلس، جن پر ''امیر برید السلطان'' کندہ ہے، لیکن ان پر کوئی تاریخ نہیں ۔ یہ تمام سکّے حیدر آباد کے عجائب گھر میں موجود ہیں۔

**مآخذ**: (۱) فرشتہ: گلشن ابراہیمی؛ (۲) علی طباطبائی: تاریخ برہان مآثر؛ (۳) تاریخ محمد قطب شاہ؛ (۴) زبیری، بساتین السلاطین؛ (۵) غلام یزدانی: *Bidar, its History and Monuments*، ''بیدر، اس کی تاریخ اور یادگاریں''؛ (۶) شروانی: *The Bahmanis of the Deccan*.

(H. K. SHERWANI)

۲ ۔ یادگار عمارتیں: اس خاندان کی تمام یادگاریں شہر بیدر [رک بآن] ہی میں ہیں ۔ چونکہ یہ لوگ بہمنی خاندان کی مستحکم سلطنت کے جانشین تھے اس لیے انھیں بہت سی اعلٰی درجے کی عمارتیں ورثے میں ملیں اس لیے ان کی تعمیری سرگرمیاں کوئی اہم عمارت تعمیر کرنے کے بجاے زیادہ تر پرانی عمارتوں کو از سرِ نو تعمیر کرنے یا ان میں رد و بدل کرنے تک محدود رہیں ۔ بریدی طرزِ تعمیر کی ترقی کے بڑے رقبے کے نمونے ان کے بنوائے ہوے مزار ہیں، جو شہر سے تقریباً چھے کیلومیٹر کے فاصلے پر مغربی جانب شاہی قبرستان کی شکل میں موجود ہیں ۔ یہ قبرستان بڑے وسیع و عریض رقبے پر پھیلا ہوا ہے ۔ اس لیے کہ ہر مقبرے یا مزار کے ساتھ باغ کا وسیع احاطہ شامل ہے ۔ زیرِ نظر مقالے میں جن صفحات کا حوالہ دیا گیا ہے وہ غلام یزدانی کی کتاب *Bidar, its History and Monuments*، آکسفرڈ ۱۹۴۷ء سے متعلق ہیں۔

قاسم اول (م ۹۱۰ھ / ۱۵۰۴ء) کا مقبرہ ایک چھوٹی سی اور معمولی قسم کی تعمیر ہے، جس میں ایک سادہ سا مخروطی شکل کا گنبد ہے (ص ۱۴۹) ۔ اس کے جانشین امیر برید اوّل کا مقبرہ ۹۴۹ھ / ۱۵۴۲ء میں اس کی ناگہانی موت کے باعث نامکمل رہ گیا تھا ۔ اس پر کوئی گنبد نہیں ۔ سامنے کے رخ محرابوں کی دو منزلیں ہیں اور ان محرابوں کے درمیان میں ایک بڑی محراب ہے، جو دونوں منزلوں پر محیط ہے ۔ سب محرابوں کے سرے قدیم بہمنی عمارتوں کے طرز پر گولائی لیے ہوے ہیں (ص ۱۵۰ تا ۱۵۱) ۔ علی برید کے زمانۂ حکومت (۹۴۹ھ/۱۵۴۲ء تا ۹۸۷ھ/۱۵۷۹ء) میں خاصی تعمیری سرگرمی رہی ۔ قلعہ اور شہر کی فصیل میں بڑے پیمانے پر ترمیمیں اور تبدیلیاں کی گئیں اور فصیلوں پر خاصی تعداد میں توپوں کا اضافہ کیا گیا ۔ رنگین محل کی از سرِ نو تعمیر ہوئی

marfat.com
Marfat.com

اور اس میں نہایت نفیس سیپی کی پچی کاری اور بڑا نازک لکڑی کی کھدائی کا کام کروایا گیا، جس میں ہندو طرز اور اسلامی طرز کی آمیزش کی گئی تھی (ص ۹۴ تا ۹۴) - ترکی محل میں بھی خاصی ترمیم ہوئی، بالخصوص بالائی منزل میں، جس میں زنجیرے اور آویزے کا کام، جو اس وقت سے بریدی طرز کی خصوصیت سمجھا جانے لگا، زیادہ نمایاں ہے (ص ۵۷ تا ۵۹) اور علی کا مقبرہ، جو بہت ہی اچھی جگہ بنا ہوا ہے اور جس کا بیرونی پھاٹک بڑا شاندار ہے اور وسیع محرابوں اور نیچے ستونوں پر قائم ہے اور جس کے بالائی کمروں میں کثرت سے ہلالی شکل کے جھروکے بنے ہوئے ہیں - مقبرے کی ہر دیوار میں ایک وسیع محراب ہے، جس کے اندر سے چمکدار سیاہ اور سبز رنگ کے پتھر کا سنگ مزار دکھائی دیتا ہے - یوں اس کا اندرونی حصہ نہایت روشن اور ہوادار ہے اور اسے عمدہ قسم کی سفید رنگ کی موسی ٹائلوں سے مزین کیا گیا ہے (خطِ ثلث میں خواجہ عطار کے اشعار اور قرآن پاک کی آیات مبارکہ)؛ گو یہ کام زیادہ پر تکلف نہیں - چونکہ قبر چاروں طرف سے کھلی ہے اس لیے اس میں قبلے کا احاطہ نہیں اور قبر سے ملحق ہلکے پھلکے میناروں اور گنبد دار چھت والی ایک چھوٹی سی مسجد علیحدہ بنی ہوئی ہے اور رو کار پر نہایت نفیس پلستر کی مینا کاری ہے - قبر، دروازہ اور مسجد میں تپتیا کٹاؤ (trefoil) کے کام کی منڈیر ہے، جو آخری بہمنی دور کی یادگار ہے (ص ۱۵۱ تا ۱۶۰) - ابراهیم (م ۹۹۴ھ) کا مزار چھوٹے پیمانے پر ہو بہو اپنے باپ کے مزار کی نقل ہے - لیکن وہ نامکمل حالت میں ہے اور اس کے اوپر کے حصے پر چونے گچ کا کام کیا ہوا ہے - کٹے ہوئے کناروں کے پھاٹکوں کی سجاوٹ میں ہندوچکر Čakra سے کام لیا گیا ہے (ص ۱۶۰ تا ۱۶۱) - دونوں مزاروں پر ایک ایک بڑا گنبد ہے، جو ستونوں پر قائم نہیں - لیکن کرسی نیچے دہری خمدار ہے اور تین چوتھائی دائرے کی شکل کی ہے جو عمارت کی نسبت سے بہت بھاری ہے - گنبد کی عمارت اپنی خصوصیات کے لحاظ سے اس عہد کی خطیب شاهی اور عادل شاهی [رک باں] عمارتوں سے ملتی جلتی ہے - قاسم ثانی کے مزار میں پھر ایک ہی دروازہ ملتا ہے، جو تناسب کے اعتبار سے بہتر ہے لیکن کالی مسجد کے گنبد کے محراب کا نمونہ کھلا ہوا اور کشادہ ہے (ص ۱۹۶ تا ۱۹۷) - شہر کی جامع مسجد [رک به بیدر]، جو بہت بعد کی بہمنی عمارت ہے، بریدی عہدِ حکومت میں از سرِ نو تعمیر کی گئی - روکار پر زنجیرے اور آویزے کا نمونہ ہے (ص ۱۰۳ تا ۱۰۴).

علی برید کے زمانے سے عمارتوں کی آرائش میں زیادہ نمائش اور تکلف پیدا ہو گیا اور ہندو فنِ تعمیر کا اثر زیادہ نمایاں نظر آنے لگا - بعض بریدی عمارتوں — مثلاً کالی مسجد — میں پتھر پر جو نقش و نگار پیش کیے ہیں وہ لکڑی کے کام کے لیے موزوں معلوم ہوتے ہیں - بعد میں ہونے والا کام دیکھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ جو خاندان رو بزوال ہوتا ہے اس کی عمارتوں میں تکلف اور نمائش نمایاں ہونے لگتی ہے.

**مآخذ**: بہت سی مذکورۂ بالا عمارات سے متعلق زیادہ تفصیلی معلومات بیدر [رک باں] پر مقالے میں ہیں - خاص طور سے دیکھا جائے: یزدانی: کتاب مذکور، جس میں پورے حوالے، بکثرت تصاویر، نقشے اور خاکے ہیں نیز وہ ماخذ جو مقالۂ بیدر میں دیے گئے ہیں.

(J. BURTON PAGE)

**اَلْبَرِیْدِی**: (منسوب ببرید) یہ نسبت خاص طور سے ان تین بھائیوں کی وجہ سے مشہور ہو

گئی جو البصرہ کے بریدی (پوسٹ ماسٹر) کے بیٹے تھے اور اسی بنا پر بنو البریدی کے نام سے موسوم ہوے۔ انھوں نے بغداد کے خلیفہ المنصور اور اس کے جانشینوں کے عہدِ حکومت میں اہم کردار انجام دیا تھا۔ یہ دونوں بھائی اجارہ دار محصّل اور عسکری قائد تھے، جنھوں نے اپنی جاہ طلبی اور دو رُخی حکمت عملی کی وجہ سے نمایاں حیثیت حاصل کر لی۔ ان کی زندگی، جو اہم واقعات سے بھر پور تھی، آلِ بویہ کے ماسبق عہد کی خصوصیات کی حامل تھی۔

ان تینوں میں سب سے بڑے بھائی ابو عبداللہ احمد نے علی بن عیسٰی کی دوسری وزارت کے دوران (۳۱۵ھ/۹۲۷ء تا ۳۱۶ھ/۹۲۸ء) میں سیاسی میدان میں قدم رکھا۔ وہ ان چھوٹے چھوٹے عہدوں پر مطمئن نہ ہوا جن پر اسے اور اس کے بھائیوں کو متعین کیا گیا۔ اس نے اگلے وزیر ابن مُقْلَہ سے بیس ہزار درہم نذرانے کے عوض اپنے لیے صوبۂ اہواز کے محصولات وصول کرنے کی اجارہ داری لے لی اور اپنے بھائیوں کے لیے منفعت بخش اسامیاں حاصل کیں۔ دو سال بعد ابن مُقْلَہ کی معزولی پر انھیں گرفتار کر لیا گیا؛ محاصل کے یہ اجارہ دار، جو تھوڑے ہی عرصے میں بڑے دولتمند ہو گئے تھے، اس قابل تھے کہ اپنی رہائی کی قیمت بھاری جرمانے کی شکل میں ادا کر دیں۔ چنانچہ تھوڑے ہی عرصے بعد آئندہ خلیفہ القاہر کے زمانے میں ابوعبداللہ نے از سرِ نو اپنا اثر و اقتدار قائم کر لیا۔ اس نے المقتدر کے سابق حامیوں کے خلاف مہم چلانے کا پورا خرچ برداشت کیا اور اہواز کے محاصل کا ٹھیکہ پھر حاصل کر لیا، اور الراضی کے ابتداے عہدِ حکومت (۳۲۲ھ/۹۳۳ء) میں بے شمار نشیب و فراز پیش آنے کے باوجود ابن مقلہ کے از سرِ نو بر سر اقتدار آ جانے سے فائدہ اٹھاتے ہوے اپنے منصب پر جما رہا۔ وزیر امورِ خانہ داری (حاجب) یاقوت کا سکریٹری (ناظر) ہو جانے کے بعد ۳۲۴ھ/۹۳۶ء میں یاقوت کو درمیان سے ہٹا دینے میں کامیاب ہو گیا اور اہواز کا واحد مالک و مختار بن گیا۔ یہاں اس نے غیر محتاط طریقوں سے بہت زیادہ دولت جمع کر لی اور مرکزی حکومت کو واجب الادا رقوم کی ادائی ہمیشہ معرضِ التوا میں رکھی، ادھر بغداد میں اس کا بھائی ابو یوسف یعقوب اس کی نمائندگی کرتا تھا۔

امیر الامرا ابن رائق نے بہت جلد اس بےلگام گورنر کو قابو میں لانے کے لیے قدم اٹھایا اور اہواز پر قبضہ کر لیا، لیکن البریدی بہت ہوشیار نکلا۔ اس نے فارس کے گورنر (والی) امیر علی بن بُوَیْہ کے پاس پناہ لی، جس کی حمایت اسے حاصل ہو گئی۔ ۳۲۵ھ/۹۳۷ء میں وہ ابن رائق سے دوبارہ گٹھ جوڑ کرنے میں کامیاب ہو گیا، جس نے اسے صوبۂ اہواز کے محاصل کا پٹہ اور صوبے کی گورنری دے دی۔ جب بعد میں ابن رائق کی مڈبھیڑ اس کے ترک حریف بَجْکَم سے ہوئی تو ابوعبداللہ نے یکے بعد دیگرے دونوں فریقوں سے گٹھ جوڑ کیا اور ۳۲۶ھ/۹۳۸ء میں جب بجکم کو غلبہ حاصل ہوا تو ابوعبداللہ نے وزارت حاصل کر لی، اس کے ساتھ صوبے پر بھی قابض رہا اور خلیفہ کو خراج ادا کرتا رہا۔ اسے جلدی ہی معزول کر دیا گیا، لیکن المتّقی کی حکومت کے آغاز (۳۲۹ھ/۹۴۱ء) میں بجکم کی وفات کے بعد وہ فوج لے کر بغداد میں داخل ہو گیا اور ابو عبداللہ کو پھر وزارت مل گئی، جس پر وہ برابر مامور رہا، تاآنکہ ایک فوجی بغاوت نے اسے واسط واپس چلا جانے پر مجبور کر دیا۔ اگلے سال (۳۳۰ھ/۹۴۱-۹۴۲ء) ابو عبداللہ نے اپنے بھائی ابوالحسن کو ایک فوج کی کمان سپرد کی، جو بغداد پر قبضہ

marfat.com
Marfat.com

کرنے میں کامیاب ہو گئی؛ خلیفہ اور ابن رائق کو الموصل میں حمدانیوں کی پناہ لینے کے سوا کوئی چارۂ کار نہ رہا - ادھر ابوالحسن نے اپنے خلاف اس قدر شدید نفرت پیدا کر لی کہ حمدانی فوجی دستوں نے اسے بغداد اور واسط سے نکال باہر کیا - تینوں بھائی، اس کے باوجود کہ انھیں عُمان کے فرمانراو سے، جس نے اَلْاُبُلّہ پر فوج اتار کر قبضہ کر لیا تھا، سخت تباہ کن جنگ کرنا پڑی تھی، بصرے میں جمے رہے - ان مہمات نے ابو عبداللہ کے مالی وسائل کا خاتمہ کر دیا - اس نے اپنے بھائی یوسف کو صفر ۳۳۲ھ / نومبر ۹۴۳ء میں محض اس کی دولت پر قبضہ کرنے کی غرض سے بیدریغ قتل کرا دیا، لیکن وہ خود بھی جلدی ھی شوال ۳۳۳ھ / جون ۹۴۴ء میں وفات پا گیا اور اس کی جگہ اس کا بیٹا ابوالقاسم وارث ہوا - ابوالقاسم کو اپنی حفاظت کے لیے اپنے چچا ابوالحسن کی مخالفانہ سازشوں کا سدّ باب کرنا پڑا - ابوالحسن کے خلاف، جو اپنے لیے البصرہ کی گورنری کے حصول کے لیے کوشاں تھا، انجام کار بغداد میں موت کا فتوی صادر ھوا اور اواخر ۳۳۳ھ / ۹۴۴ء میں اسے قتل کر دیا گیا - اب ابوالقاسم کو بُوَیہی مُعزالدولہ سے لڑنا پڑا، جس نے اسے ۳۳۶ھ / ۹۴۷ء میں البصرہ سے نکال دیا - اسے البحرین کے قرامطہ کے ھاں پناہ لینی پڑی اور یوں اس کی سیاسی زندگی کا خاتمہ ھو گیا - اس نے ۳۴۹ھ / ۹۶۰ء میں وفات پائی - ابو عبداللہ کے چار بیٹے بھی تھے جن کی طرف تذکروں میں کہیں کہیں اشارات پائے جاتے ھیں۔

**مآخذ**: (۱) بُحتُری: دیوان، ۱: ۲۱۷؛ (۲) الصُّولی: اخبار الراضی، ترجمہ Canard، الجزائر ۱۹۴۶-۱۹۵۰ء، ۱: ۱۰۳ حاشیہ و ۲: ۳۰ حاشیہ)؛ (۳) التنوخی: نشوار [المحاضرہ]، ۱: ۸۸، ۱۰۰، ۱۰۷، ۱۴۷؛ (۴) وھی مصنف: الفرج بعد الشدہ، ۱۹۳۸ء، ۱: ۶۵، ۲: ۱۱۹ تا ۱۲۰، ۱۶۴؛ (۵) عریب، طبع ڈخویہ De Goeje، ص ۱۳۸؛ (۶) مِسکَوَیہ، ضمیمہ، H. F. Amedroz و D. S. Margoliouth: *The Eclipse of the Abbasid Caliphate*، آوکسفرڈ ۱۹۲۰-۱۹۲۱ء، بمدد اشاریہ؛ (۷) ابن الأثیر، جلد ۸، بمدد اشاریہ؛ (۸) H. Derenbourg در *Orientalische Studien Th. Nöldeke gewidmet*، Giessen ۱۹۰۶ء، ۱: ۱۹۳ تا ۱۹۶؛ (۹) Zambaur، ص ۵؛ (۱۰) L. Massignon، در *ZDMG*، ص ۳۸۰، ۱۹۳۸ء؛ (۱۱) M. Canard: *Histoire de la dynastie des Hamdānides*، الجزائر ۱۹۵۱ء، ۱: ۴۰۰ تا ۴۴۳ و ۵۱۰ تا ۵۱۱۔

(D. SOURDEL)

**بَرِیْرَہؓ**: ایک کنیز، جنھوں نے اپنے آقا سے یہ طے کیا تھا کہ وہ نو (یا پانچ) سالانہ قسطیں ادا کرنے کے بعد آزاد ھو جائینگی - وہ حضرت عائشہؓ کی خدمت میں حاضر ھوئیں اور مدد کی درخواست کی - آپ نے پوری رقم ادا کرنے کا وعدہ فرمالیا - ان کا آقا انھیں فروخت کرنے پر تو رضامند تھا لیکن اسے ان کی وراثت کا حق قائم و برقرار رکھنے پر اصرار تھا - جب آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم نے یہ بات سنی تو آپؐ نے حضرت عائشہ صدیقہؓ سے فرمایا کہ کنیز کو خرید لیجیے کیونکہ حقِ وراثت اسی شخص کو پہنچتا ھے جو کسی غلام کو (خرید کر) آزاد کر دے - چنانچہ حضرت عائشہ صدیقہؓ نے بریرہؓ کو خرید کر آزاد کر دیا - لیکن وہ حضرت عائشہ صدیقہؓ کی خدمت ھی میں رھیں اور کہتے ھیں کہ انھوں نے یزید اوّل (۶۰ھ / ۶۸۰ء تا ۶۴ھ / ۶۸۳ء) کے عہد میں وفات پائی - ان سے تین احادیث مروی ھیں: (۱) آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا کہ کسی شخص کی وراثت کا حق اسی کو پہنچتا ھے جو اسے آزاد کر دے؛ (۲)

Marfat.com

اپنے شوہر مغیث جو ایک حبشی غلام تھے، کے ہاں رہنے کے سلسلے میں انھیں اختیار دیا گیا اور جب انھوں نے آنحضرت صلّی اللہ علیہ و سلّم کی مغیث کے حق میں سفارش کے باوجود ان کے ساتھ رہنے سے انکار کر دیا تو ان سے کہا گیا کہ وہ ایک مطلقہ عورت کی طرح عدّت کی مدّت پوری کریں - کہتے ہیں کہ مغیث مدینۂ منوّرہ کی گلیوں میں ان کے پیچھے روتے پھرا کرتے تھے؛ (۳) ایک مرتبہ جب آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم گھر میں تشریف لائے تو گوشت پک رہا تھا لیکن کھانے کے وقت ان کی خدمت میں گوشت کے بجاے کوئی اور چیز پیش کی گئی تو آپؐ نے اس کی وجہ دریافت فرمائی - حضور اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم کو بتایا گیا کہ گوشت صدقے کا ہے، جو بریرہؓ کو ملا ہے - اس پر حضورعلیہ الصلوٰة والسلام نے فرمایا کہ یہ بریرہؓ کے لیے صدقہ ہے مگر ہمارے لیے ہدیہ ہے - اس سے حضور اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم کی مراد یہ تھی کہ اگر کسی کو کوئی چیز بطور صدقہ ملی ہو تو وہ اس کا کچھ حصّہ دوسرے کو بطور ہدیہ پیش کر سکتا ہے - کہتے ہیں کہ بریرہؓ نے عبدالملک بن مروان کو تنبیہ کی تھی کہ اگر وہ بادشاہ ہو جائے تو بے گناہ مسلمانوں کی خونریزی سے بچے.

**مآخذ:** Wensinck : مفتاح کنوز السنة، بذیل بریرہؓ؛ (۲) ابن عبدالبّر: الاستیعاب، ۴ : ۲۴۲؛ (۳) ابن حجر: الاصابة، عدد ۱۷۷ (کتاب النساء)؛ (۴) وهی مصنّف: تہذیب التہذیب، ۱۲ : ۴۰۳؛ (۵) ابن الأثیر: اُسْدُالغابة، قاهره، ۱۲۸۰ھ/ ۱۸۶۳-۱۸۶۴ء، ۵ : ۴۰۹ ببعد؛ [(۶) الذهبی: سیر اعلام النبلاء، ۲ : ۲۱۵ تا ۲۲۱].

(J. ROBSON)

⊗ **بریلوی:** برّ صغیر پاک و ہند میں اہل السنة والجماعة (رکّ بآں) [حزب الاحناف] کا ایک گروہ، جو افکار و عقائد میں احمد رضا خاں بریلوی قادری (۱۲۷۲ھ/ ۱۸۵۶ء تا ۱۳۴۰ھ/ ۱۹۲۱ء، تذکرۂ علماے ہند، ص ۹۸) کو اپنا پیشوا تسلیم کرتا ہے - تاریخی اعتبار سے یہ گروہ محمد بن عبدالوهاب نجدی [رکّ بآں] کی تحریک، خانوادۂ شاہ ولی اللّٰہی خصوصاً شاہ عبدالعزیز اور شاہ اسمٰعیل شہید کے بعض دینی افکار اور علماے دیوبند کی تحریک کے ردّ عمل کے طور پر وجود میں آیا (حیات اعلٰی حضرت، ص ۲۰ تا ۳۶ و رسالۂ سلطان العارفین، مئی ۱۹۶۷ء و سبحان السبوح) - اسلاف میں یہ لوگ شیخ عبدالحق محدّث دہلوی کے خیالات سے متفق اور اپنے عقائد کی تائید میں ان کے اقوال سے استشہاد کرتے ہیں (جاء الحق، ص ۲۰۳ ببعد و حیات الموات) - یہ لوگ حنفی ہیں.

اس مکتب فکر کا اوّلین مرکز شہر بریلی (رکّ بآں) ہے، جہاں اس کے بانی نے "جامعۂ منظر الاسلام" کے نام سے ایک دینی مدرسہ قائم کیا، اس مدرسے میں متداول علومِ اسلامیہ کی تعلیم و تدریس ہوتی ہے اور برِّ صغیر کے مختلف علاقوں سے دینی فتوے بھی دریافت کیے جاتے ہیں (قبّ الیواقیت، ص ۷۳ تا ۸۰) - اس مکتب فکر کا دوسرا اہم فکری و تعلیمی مرکز مراد آباد ہے، جہاں ۱۳۲۸ھ میں شیخ محمد نعیم الدین مرادآبادی (۱۳۰۰ھ - ۱۳۸۰ھ) نے "دارالعلوم نعیمیہ" کے نام سے ایک دینی درسگاہ کی بنیاد رکھی - اس مکتب فکر کے ممتاز علما کی اکثریت اسی درسگاہ کے فارغ التحصیل نظر آتے ہیں (الیواقیت المہریة، ص ۵۷ تا ۷۹) - پاکستان میں اس مکتب فکر کے اہم تعلیمی مراکز میں لاہور (جہاں جامعہ نعیمیہ گڑھی شاہو اور دارالعلوم حزب الاحناف قابل ذکر ہیں)، کراچی (جہاں مولانا عبدالحامد بداؤنی کی درسگاہ "جامعۂ تبلیغیہ" ایک اہم تعلیمی مرکز ہے

marfat.com
Marfat.com

(الیواقیت، ص ۱۰۰))، لائل پور(مدرسۂ مظہر الاسلام) اور ملتان (مدرسۂ انوارالعلوم) خاص مقام رکھتے ہیں۔

بریلوی مکتبِ فکر سے وابستہ حضرات کا یہ عقیدہ ہے کہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ و سلّم حاضر و ناظر ہیں اور وہ بایں طور کہ عالم کا ذرّہ ذرّہ آپ کی روحانیت و نورانیت کی جلوہ گاہ ہے، ایسی روحانیت و نورانیت جس کے لیے قرب اور بُعد مکانی یکساں ہے کیونکہ ''عالمِ خلق'' زمان و مکان کی قید سے مقید ہوتا ہے لیکن ''عالمِ امر'' ان قیود سے پاک اور آزاد ہے، اس لیے بیک وقت متعدّد مقامات پر آپ کا موجود ہونا اور کئی مقامات پر کھلم کھلا بیداری میں اولیا اللہ کا حضور کی زیارت سے مشرف ہونا ممکن اور جائز ہے کیونکہ آپ نور ہیں اور نور کو اپنی نظر سے تمام دنیا کو دیکھنا اور متعدّد مقامات پر موجود ہونا ممکن ہے (تسکین الخواطر، ص ۸۲) ۔ آنحضرت صلّی اللہ علیہ و سلّم کو اللہ تعالٰی نے علمِ غیب عطا فرمایا حتّی کہ ''پانچ غیبوں'' میں سے بہت سی جزئیات کا علم بھی دیا ۔ حقیقتِ روح اور متشابہات قرآن کا علم بھی آپ کو عطا ہوا تھا، تمام آئندہ و گزشتہ واقعات جو لوحِ محفوظ میں ہیں ان کا بھی اور ان کے علاوہ واقعات کا بھی آپ علم رکھتے تھے (جاء الحق، ص ۹۳ ببعد) ۔ آنحضرت نور تھے اور آپ کا سایہ نہ تھا ۔ آپ کی بشریت دوسرے انسانوں کی بشریت سے مختلف ہے (جاء الحق، ص ۱۶۶ ببعد) ۔ چونکہ آپ حاضر و ناظر، عالم الغیب اور نور ہیں اس لیے بریلوی حضرات کے نزدیک آنحضرت صلّی اللہ علیہ و سلّم سے مدد مانگنا اور آپ کو پکارنا اور ''یا رسول اللہ'' کا نعرہ لگانا جائز ہے (جاء الحق، ص ۱۴۷ ببعد) ۔ آپ کو مدد کے لیے جو پکارتا ہے اس کی آپ سنتے ہیں اور مدد کو پہنچتے ہیں ۔ اور یہ مدد مانگنا اور فریاد رسی کے لیے پکارنا آپ کے علاوہ دوسرے اولیا اللہ کے لیے بھی جائز ہے ۔ ارواحِ طیّبہ کے لیے دیکھنے سننے میں دور و نزدیک سب یکساں ہے ۔ اولیاے کرام نورِ خدا سے دیکھتے ہیں اور نورِ خدا کو کوئی چیز حاجب نہیں ۔ اس لیے ارواحِ اولیا کے لیے کچھ پردہ نہیں اور ان کے لیے سارا جہاں یکساں ہے (حیات الموات، ص ۱۷۸) ۔ اولیا اللہ کی کرامات اور ان کے تصرّفات ان کی وفات کے بعد بھی بدستور ہیں اور ان کے انتقال سے یہ سلسلہ منقطع نہیں ہوتا (وہی کتاب، ص ۱۱۳ ببعد)، اس لیے ان کی نصرت ہر جگہ جاری ہے، کچھ نزدیک کے لوگوں پر منحصر نہیں، اس لیے ان سے استمداد اور ان کی ندا میں حضورِ مزار کی شرط نہیں بلکہ جہاں سے پکارا جائے صحیح اور درست ہے (وہی کتاب، ص ۱۷۹) ۔ امت میں چالیس ابدال [رک بآں] ہمیشہ رہیں گے جن کے طفیل اللہ تعالٰی اہلِ زمین کی آفتوں کو ٹالتا رہے گا (الامن والعلی، ص ۲۰) ۔ اسی طرح کچھ اولیا بھی ہوں گے جن کے ذریعے خلق کی حیات، روزی، بارش، پودے اگنے اور آفتوں کے ٹالنے کا کام انجام پائے گا (وہی کتاب، ص ۲۶) ۔ مردے قبروں میں سنتے، دیکھتے اور جانتے ہیں اور ان کا علم سمع و بصر یوں تو ہمیشہ ہے مگر جمعے کے دن اس میں اضافہ ہو جاتا ہے اور عام مردے بھی بلا تخصیص قبر پر آنے والے زائرین سے کلام کرتے ہیں اور ان کے سلام کا جواب دیتے ہیں (قب حیات الموات، ص ۱۱۰، ۱۷۴: جاء الحق، ص ۱۸۴ ببعد) ۔

بریلوی جماعت کے نزدیک اولیا اللہ کی نیاز دینا اور ان کے مزارات پر جا کر ان سے مدد مانگنا جائز ہے ۔ اسی طرح نمازِ جنازہ کے بعد ہاتھ اٹھا کر دعا مانگنا، فاتحہ خوانی، تیجے، چالیسویں اور برسی پر مردوں کو ثواب پہنچانے کے لیے اچھے

Marfat.com

اچھے کھانوں پر ختم دلانا، قبر پر اذان دینا، مردے کے کفن پر کلمہ طیّبہ لکھنا، حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کی گیارھویں دینا اور اولیاء اللہ کے نام پر جانور پالنا جائز اور کارِ ثواب ہے (تفصیل کے لیے دیکھیے جاء الحق و زھق الباطل از مفتی احمد یار خان).

**مآخذ:** (۱) رحمٰن علی: تذکرۂ علماے ہند، کراچی ۱۹۶۱ء؛ (۲) مظفر الدین: حیات اعلیحضرت، کراچی ۱۹۵۵ء؛ (۳) رسالہ العلم، کراچی، جنوری تا مارچ ۱۹۵۸ء؛ (۴) احمد رضا خان: حسام الحرمین؛ (۵) وهی مصنّف: الامن والعلی، لاهور؛ (۶) وهی مصنّف: سبحان السبوح، لاهور؛ (۷) وهی مصنّف: حیات الموات، لاهور؛ (۸) وهی مصنّف: سلطنۃ المصطفٰی فی ملکوت کل الوری؛ (۹) وهی مصنّف: قمر التمام فی نفی الظل عن سید الانام، بریلی؛ (۱۰) بدرالدین: سوانح اعلیحضرت، لاهور؛ (۱۱) احمد سعید کاظمی: تسکین الخواطر، ملتان؛ (۱۲) احمد یار خان: جاء الحق و زھق الباطل، لاهور؛ (۱۳) غلام مہر علی: الیواقیت المهریة، چشتیاں؛ (۱۴) رسالہ سلطان العارفین، گکھڑ، مئی ۱۹۶۷ء؛ (۱۵) رسالہ انوار الصوفیه، مئی ۱۹۱۱ء.

(ظہور احمد اظہر)

• **بریلی:** اتر پردیش، بھارت کے ایک ضلع کا صدر مقام ـ یہ شہر، ۲۸° ۲۲' عرض بلد شمالی اور ۷۹° ۲۴' طول بلد مشرقی پر دریاے رام گنگ کے کنارے ایک سطح مرتفع پر واقع ہے ـ آبادی ۱۹۰۱ء کی مردم شماری کے مطابق ۱۳۱۲۰۸ تھی ـ اس شہر کی بنیاد ۹۴۴ھ/ ۱۵۳۷ء میں رکھی گئی ـ روایت یہ ہے کہ اس کا نام ایک شخص باسدیو کے نام پر رکھا گیا، جو ذات کا برھیلہ راجپوت تھا ـ عام طور پر اسے بانس بریلی کہتے ھیں ـ اس کی وجہ یہ ہے کہ اس کے نواح میں بانس کا ایک جنگل ہے اور اس اضافے کی ضرورت اس لیے پیش آئی تا کہ اس میں اور راے بریلی میں جو حضرت سیّد احمد بریلوی [رک باں] کا مولد تھا تمیز ھو سکے ـ

روھیلکھنڈ کے راجپوت قبیلوں کی لوٹ مار کا سدّ باب کرنے کے لیے شاھنشاہ اکبر کے عہد میں یہاں ایک قلعہ تعمیر ہوا تھا ـ جیسا کہ دستور ہے قلعے کے گرد آہستہ آہستہ ایک قصبہ بسنا شروع ھوگیا، جو ترقی کرتے کرتے ۱۰۰۵ھ/۱۵۹۶ء تک ایک پرگنے کا صدر مقام بن گیا ـ پہلے اسے کچھ زیادہ اهمیت حاصل نہ تھی لیکن شاھجہان کے عہد میں اسے کٹھیر (روھیلکھنڈ کا پرانا نام) کا دارالحکومت بنا دیا گیا ـ ۱۰۶۸ھ / ۱۶۵۷ء میں مکرند راے نے، جو علی قلی خان کی جگہ صوبیدار مقرر ہوا تھا، ایک نئے شہر کی بنیاد رکھی ـ علی قلی خان ۱۰۳۸ھ/ ۱۶۲۸ء سے اس عہدے پر فائز تھا ـ مغلوں کے دور میں شہر پر ایک صوبیدار حکومت کرتا تھا ـ ۱۱۱۹ھ/ ۱۷۰۷ء میں اورنگ زیب کی وفات کے بعد بریلی کے هندوؤں نے مغلوں کے صوبیدار کو نکال باهر کیا ـ خراج دینے سے انکار کر دیا اور خود حکومت سنبھال لی ـ تاهم ان میں جلد هی پھوٹ پڑ گئی اور انہوں نے حکومت کی باگ ڈور سنبھالنے کے لیے روھیلہ سردار علی محمد خان کو دعوت دی ـ اس نے تھوڑی سی مدت میں اپنی حدود کماؤں میں الموڑہ تک وسیع کر لیں لیکن ۱۱۵۸ھ/ ۱۷۴۶ء میں محمد شاہ بادشاہ دہلی نے اس پر چڑھائی کر دی اور اسے گرفتار کر کے دہلی لے گیا ـ تاهم اس نے جلد هی آزادی حاصل کر لی اور ۱۱۶۰ھ/ ۱۷۴۸ء میں بریلی کی صوبیداری پر واپس آ گیا ـ ۱۱۶۲ھ / ۱۷۴۹ء میں اس کی وفات پر حافظ رحمت خان اس کا جانشین ھوا، جو اودھ کی فوجوں کے ساتھ چند سخت جھڑپوں کے بعد مرھٹہ دستوں کی مدد سے

marfat.com
Marfat.com

اتنا طاقتور ہو گیا کہ روہیلکھنڈ کا مسلمہ حکمران بن گیا۔ ۱۱۸۴ھ/۱۷۷۰ء میں سندھیا اور ہلکر کے زیر کمان مرہٹہ فوجوں کی مدد سے نجیب الدولہ نے رحمت خان کو شکست دی۔ شجاع الدولہ روہیلوں کی امداد کی خاطر آیا لیکن جلد ہی اس کی ان سے ٹھن گئی اور اس نے سردار رحمت خان کو مار ڈالا۔ ۱۱۸۸ھ/۱۷۷۴ء میں سعادت یار خان وزیر اودھ کے ماتحت بریلی کا صوبیدار مقرر ہوا۔ ۱۲۱۶ھ/۱۸۰۱ء میں جب سارے روہیلکھنڈ پر انگریزوں کا قبضہ ہوا تو یہ شہر بھی ان کے ہاتھ لگا۔ ۱۲۲۰ھ/۱۸۰۵ء میں امیر خان پنڈاری نے بریلی پر حملہ کیا لیکن اسے شدید نقصان اٹھا کر پسپا ہونا پڑا۔ ۱۲۳۲ھ/۱۸۱۶ء میں ایک مقامی ٹیکس عائد کیے جانے پر یہاں کے باشندوں نے شورش کی، جسے سختی سے کچل دیا گیا۔ ۱۲۵۳ھ/۱۸۳۷ء اور ۱۲۵۷ھ/۱۸۴۲ء میں یہاں سخت ہندو مسلم فسادات ہوے۔ ۱۲۷۳ھ/۱۸۵۷ء کے انقلاب کے دوران میں جب حافظ رحمت خان کے پوتے خان بہادر خان کی صوبیداری کا اعلان ہوا تو شہر میں بہت شورش برپا ہوئی۔ ستمبر ۱۸۵۷ء میں سقوطِ دہلی کے بعد [مجاہد] قائدین ــ تفضل حسین خان نواب فرخ آباد، بٹھور کے نانا صاحب اور مغل شہزادے فیروز شاہ اس شہر میں پناہ گزین ہوے۔ بہرحال انھیں شکست ہوئی اور ۵ مئی ۱۸۵۸ء کو شہر پر انگریزوں کا دوبارہ قبضہ ہو گیا (*District Gazetteers of the U. P.*، ۱۳، الٰہ آباد ۱۹۱۱ء: ۱۷۸)۔ ۱۲۸۷ھ/۱۸۷۱ء میں ایک بار پھر ہندو مسلم فساد ہوا اور تب سے کئی مذہبی فسادات ہو چکے ہیں۔ ۱۳۶۶ھ/۱۹۴۷ء میں قیام پاکستان پر بریلی سے وہاں کی مسلم آبادی کا پیشتر حصہ ہجرت کر گیا ہے۔

بریلی بریگیڈ کا جنرل بخت خان [رک بآن] جو ۱۸۵۷ء کے آشوب دہلی کے زمانے میں انگریزوں کی مخالف فوجوں کا سپہ سالار مقرر ہوا تھا اسی شہر کا رہنے والا تھا۔ احمد رضا خان (م ۱۳۴۰ھ/۱۹۲۱ء) [رک بہ بریلوی] بھی، جو ایک عالم دین اور فاضل تھے، یہیں کے تھے۔ ان کے معتقدین اپنے آپ کو حزب الاحناف کہتے ہیں۔ عوام میں وہ بریلویوں [رک بہ بریلوی] کے نام سے مشہور ہیں۔

یہاں کی واحد قابلِ ذکر عمارت حافظ رحمت خان کا مقبرہ ہے، جسے اس کے بیٹے ذوالفقار خان نے ۱۱۸۹ھ/۱۷۷۵ء میں تعمیر کرایا تھا۔ اس مقبرے کی کئی بار مرمت ہو چکی ہے۔ آخری مرمت ۱۸۹۱-۱۸۹۲ء میں برطانوی حکومت نے کرائی تھی۔

**مآخذ**: (۱) گلزاری لال: تواریخِ بریلی (مخطوطہ)؛ (۲) *Imperial Gazetteer of India*، آوکسفرڈ ۱۹۰۸ء، ۷: ۳ تا ۱۳؛ (۳) الطاف علی بریلوی: حیات حافظ رحمت خان، بداؤں ۱۳۳۳ھ/۱۹۱۳ء؛ (۴) *J R A S*، ۱۸۹۷ء، ص ۳۰۳: (۴) نیز رک بمقالۂ حافظ رحمت خان: (۵) العلم (سہ ماہی جریدہ)، کراچی ۳/۱: ۲۸ تا ۳۲؛ (۶) البداؤنی (Bib. Ind.) بمدد اشاریہ۔

(بزمی انصاری)

**البُرَیمی**: مشرقی عرب میں ایک نخلستان۔ اس علاقے کی بڑی بستی کا بھی یہی نام ہے۔ اس کی جاے وقوع ۲۴ درجے ۱۴ دقیقے عرض بلد شمالی اور ۵۳ درجے ۴۶ دقیقے طول بلد شرقی میں ہے۔ بُرَیمی کی بستی کے مغرب میں قصبۂ حماسہ بھی اسی نخلستان کے کنارے پر واقع ہے۔ اس کے بعد اس نخلستان میں ایک اور آباد مقام، جسے منڈی ہونے کی بنا پر قصبہ کہا جا سکتا ہے، العَین ہے، جو تمام بستیوں کے جنوب مشرقی کنارے

marfat.com
Marfat.com

پر واقع ہے - یہ نخلستان تقریباً ۹ کیلومیٹر × ۹ کیلومیٹر رقبے پر پھیلا ہوا ہے اور اس میں یہ گاؤں شامل ہیں : صُعْرٰی، ہیلی، القَطّارہ، القیمی (جو مقامی بولی میں الذَّیمی مشہور ہے) اور المُعْتَرِض ـ الجاہلی (جو مقامی بولی میں الیاہلی کہلاتا ہے) میں زراعت دوبارہ ہونے لگی ہے اور آل بوفلاح کی، جو ابوظبی [رکّ بآں] کا حکمران خاندان ہے، المُوَیقِعی میں ایک جاگیر بھی ہے - اس نخلستان کی سیرابی کا دار و مدار اس پانی پر ہے جو زمین دوز پختہ نالیوں (''فلج'' رکّ بہ الأفلاج) کے ذریعے الْہَجَر پہاڑوں سے، جو مشرق کی طرف یہاں سے کچھ دور نہیں ہیں، نیز جبل حفیت کی بلند چوٹیوں والی پہاڑی سے لایا گیا ہے - یہ پہاڑی بالکل متّصل جنوبی میدان میں الگ تھلگ اٹھی ہوئی دکھائی دیتی ہے .

البُرَیمی وادی الجِزی کے درّے کے مغربی سرے کے قریب ہے، جس سے گزر کر الباطنہ کے ساحلی مقام صُحار کو جاتے ہیں - یہ اس بڑی شاہراہ پر بھی واقع ہے جو دُبَیّ سے الظاہرہ [رکّ بآں] ہوتی ہوئی عُنک، عبری اور نزوہ کو گئی ہے - نزوہ اندرونی عمّان کا صدر مقام ہے اور مدت تک [خارجی] فرقۂ اباضیہ کے امام کا مستقر رہ چکا ہے - اس نخلستان کے باشندے، جو تقریباً دس ہزار ہیں، زیادہ تر قبیلۂ نُعَیم سے ہیں (جس کے دو بڑے شعبے آل بو خُرَیبان اور آل بو شامس ہیں)، جن کے بعض افراد خانہ‌بدوش یا نیم خانہ‌بدوش ہیں، یا پھر کچھ لوگ قبیلہ الظواہر کے ہیں جو یہاں آباد ہوگئے ہیں اور نخلستان سے باہر ان کے افراد نہیں پائے جاتے - نخلستان کے دوسرے باشندے بنو قتب، بنو کعب، آل بو حمیر، آل بو فلاسی اور بو فلاح سے تعلق رکھتے ہیں.

بستیوں کے زیریں علاقے سے جو پانی کی پختہ نالیوں کا جال گزر رہا ہے ان کی وجہ سے یہ سارے گاؤں آپس میں ایک دوسرے کے محتاج ہیں، کیونکہ ان بستیوں میں سے بعض محلِّ وقوع کے اعتبار سے دوسری بستیوں کا پانی اپنے اختیار میں رکھنے کی صلاحیت رکھتی ہیں - کھجوریں، الفَلْفَلَہ (برسیم حجازی)، ترکاریاں اور میوے، جن میں آم اور میٹھی اور کھٹی نارنگیاں شامل ہیں، اس نخلستان سے برآمد کیے جاتے ہیں، جس کی بڑی بندرگاہ دُبَیّ [رکّ بآں] ہے - شہر کی منڈیوں میں مویشیوں کا اچھا خاصا کاروبار ہوتا ہے اور یہ اس خطّے کی اندرونی بستیوں اور قبیلوں میں مبادلۂ اجناس کے مرکز ہیں .

البُرَیمی کو وہی جگہ قرار دیا جا چکا ہے جسے قدیم عرب جغرافیہ نویس تُوَام کہتے تھے (لسان العرب نے اس کی متبادل شکل ''تُعام'' دی ہے، اس کے علاوہ اور شکلیں Lane کی لغت میں دی گئی ہیں) اور اس کے معنی موتیوں کی خرید کی جگہ بتاتے ہیں (اسی وجہ سے ''توامیّہ'' کو لؤلؤہ اور دُرّہ کا مرادف سمجھا جاتا ہے) - البریمی کو تؤام قرار دینا مشکوک معلوم ہوتا ہے اور ساتھ ہی اس کا بھی امکان ہے کہ اس میں کسی اور مقام سے، جو در حقیقت خلیج فارس میں تھا، التباس ہو گیا ہے - مشرقی عرب کے مصنفین نے اس نخلستان کا قدیم نام الْجَوّ اور الجَوف [رکّ بآں] بھی بتایا ہے .

اس نخلستان کی انیسویں صدی سے پہلے کی تاریخ کی بابت بہت کم معلومات ہیں - مقامی مؤرخ لکھتے ہیں کہ ۲۸۰ھ / ۸۹۳ء میں اس پر اس فوج نے قبضہ کر لیا تھا جو خلیفہ المُعْتَضِد نے خشکی کے راستے البحرین سے روانہ کی تھی .

۱۳۵۳ھ / ۱۹۳۴ - ۱۹۳۳ء اور دوسری عالمگیر جنگ کے درمیان کے زمانے میں سعودی

marfat.com
Marfat.com

عرب اور حکومت برطانیه کے درمیان سعودی عرب کی جنوبی اور مشرقی حدود کی بابت گفت و شنید هوئی، حکومت برطانیه نے ابوظبی کے امیر کی طرف سے گفتگو کی؛ لیکن اس وقت البریمی خصوصیت کے ساتھ نزاعی مسائل میں شامل نه تها - ۱۳۷۱ھ/ ۱۹۵۱ - ۱۹۵۲ء میں سعودی عرب کا ایک امیر اس نخلستان میں پهنچا اور حَمَاسَه میں اپنا مستقر بنایا تاکه ابوظبی اور مسقط کے خلاف اس علاقے پر سعودی تسلّط ثابت کرے - اس اقدام سے نیز بریمی کے جنوب مغرب میں ستّر هزار مربع میل کے رقبے پر قبضے کے جو متضاد دعوے کیے جا رہے تھے اس سے تنازع پیدا هوا اور ۱۳۷۳ھ/ ۱۹۵۳ - ۱۹۵۴ء میں حکومت برطانیه اور سعودی عرب رضامند هو گئے که اسے فیصلے کے لیے ثالث کے سپرد کر دیا جائے - اس ثالثی کے نتیجے میں البریمی کا جغرافیه، تاریخ جدید اور اس کے باشندوں کے نهایت مفصّل حالات ضبطِ تحریر میں آئے، کیونکه فریقین نے ثالثی کی عدالت میں اس علاقے کے متعلق طویل تفصیلی یاد داشتیں پیش کیں - سعودی عرب کا دعوٰی یه تها که کل نخلستان اس کی حکومت کا جزوِ لاینفک هے، حکومت برطانیه اس بات پر مُصِر تهی که نخلستان پر حکومت بلا شرکتِ غیرے ابوظبی کے حاکم اور سلطان مسقط کے سپرد کی جانی چاهیے، کیونکه بنونُعَیم (جن کی آبادی قصبۂ البریمی، حماسه اور صُعَرٰی میں سب سے زیاده تهی) پشت ها پشت سے مسقط کے وفادار چلے آتے هیں اور الظواهر کی (جو باقی مانده اکثر بستیوں میں غالب تعداد رکھتے هیں) وفاداری ابوظبی سے وابسته رهی هے.

برطانیه نے جب سعودی عرب پر رشوت اور دیگر بدعنوانیوں کے الزامات لگائے تو ثالثی عدالت کے برطانوی رکن نے اس بنا پر ثالثی عدالت سے استعفا دے دیا - نتیجه یه هوا که ثالثی عدالت کی مدت محرم ۱۳۷۵ھ / ستمبر ۱۹۵۵ء میں ختم هو گئی اور اس کی نوبت هی نه آئی که وه ان الزامات کی بابت یا اصل قضیے سے متعلق اپنی کوئی راے صادر کرے - ربیع‌الاول ۱۳۷۵ھ / اکتوبر ۱۹۵۵ء میں هنگامی صلح کے متعیّنه عمّانی لشکروں (Trucial Oman Levies) نے برطانوی فوجی افسروں کی زیرِ قیادت نخلستان پر قبضه کر لیا اور پهر اس کو ابوظبی اور مسقط کے درمیان بانٹ دیا - سلطان مسقط نے قصبۂ البریمی میں اپنا ایک والی مقرر کر دیا اور ابوظبی کے امیر نے اپنے ایک بهائی کو نخلستان میں اپنا نمائنده نامزد کیا - بنونُعیم کا سب سے بڑا شیخ سَقْر بن سلطان، اور دیگر شیوخ اپنے حامیوں سمیت سعودی عرب کے مشرقی صوبے کے صدر مقامِ اَلدَّمّام میں جلا وطن هو گئے.

**مآخذ**: تؤام کے لیے لغت کی کتابوں کے علاوه دیکھیے: (۱) یاقوت؛ (۲) البکری: معجم ما استعجم، قاهره ۱۹۴۵ - ۱۹۵۱ء؛ (۳) عبدالله السالمی: تحفة الاعیان، قاهره ۱۳۳۲ - ۱۳۴۷ھ، (۴) ابن بِشْر: عنوان المَجد؛ (۵) ابن عیسٰی: عقد الدُّرَر، قاهره ۱۳۷۳ھ؛ (۶) ابن غنّام: روضة الافکار، بمبئی ۱۳۳۷ء؛ (۷) ابن رُزَیْق: الفتح المُبین، (مخطوطه شماره Add. ۲۸۹۲، کیمبرج)؛ ترجمه از G. Badger: *Imâms and Seyyids*، لنڈن ۱۸۷۱ء؛ (۸) *Revue Egyptienne de Droit International*، ۲، جلد، ۱۹۵۰ء؛ (۹) Admiralty: *A Handbook of Arabia*، لنڈن ۱۹۱۶ - ۱۹۱۷ء؛ (۱۰) وهی محکمه: *Iraq and the Persian Gulf*، لنڈن ۱۹۴۴ء؛ (۱۱) D. Harrison: *Footsteps in the Sand*، لنڈن ۱۹۵۹ء؛ (۱۲) H. Hazard: *Eastern Arabia*، نیو هیون New Haven ۱۹۵۶ء؛ (۱۳) وهی مصنّف: *Saudi Arabia*، ۱۹۵۶ء؛ (۱۴) *Selections from the Records of the Bombay Government*، سلسلۂ جدید، ۲۴، بمبئی

marfat.com
Marfat.com

۱۸۵۶ء؛ (۱۵) Handbook، شائع کردہ عراق پیٹرولیم کمپنی، لندن ۱۹۴۸ء؛ (۱۶) J. Kelly، در International Affairs، لندن ۱۹۵۶ء؛ (۱۷) H. Klein، طبع کشف الغُمّة، ہیمبرگ ۱۹۳۸ء؛ (۱۸) J. Lorimer: Gazetteer of the Persian Gulf, Omān and Central Arabia، کلکتہ ۱۹۰۸ تا ۱۹۱۵ء؛ (۱۹) S. Miles: The Countries and Tribes of the Persian Gulf، لندن ۱۹۱۹ء؛ (۲۰) J. Morris: Sultan in Oman، لندن ۱۹۵۷ء؛ (۲۱) H. Philby: Sa'udi Arabia، لندن ۱۹۵۵ء؛ (۲۲) E. Ross: Annals of Oman، کلکتہ ۱۸۷۴ء؛ (۲۳) Saudi Arabia: Memorial of the Government of Saudi Arabia (al-Buraymi Arbitration)، ۱۹۵۵ء؛ (۲۴) B. Thomas: Alarms and Excursions in Arabia، Indianapolis ۱۹۳۱ء؛ (۲۵) Arbitration concerning Buraimi and the Common Frontier between abu Dhabi and Saudi Arabia، شائع کردۂ حکومت برطانیہ، ۱۹۵۵ء.

(W. E. MULLIGAN و G. RENTZ)

⊕ **بڑودہ** : گجرات کاٹھیاواڑ کی ایک سابق ہندوستانی ریاست (رقبہ آٹھ ہزار دو سو پینتیس مربع میل، آبادی اٹھائیس لاکھ پچپن ہزار)، پہلے یہ مغربی ہند اور ریاستہاے گجرات کاٹھیاواڑ میں ضم ہوئی تھی - یکم مئی ۱۹۴۹ء سے صوبۂ بمبئی میں شامل کر دی گئی، نیز اسی نام کا شہر جو ریاست کا دارالحکومت تھا۔

ریاست کی بنیاد اٹھارھویں صدی میں پڑی تھی - اورنگ زیب عالمگیر کے بعد سلطنت مغلیہ میں ضعف کے آثار نمودار ہوے تو پیلاجی گائکواڑ نے گجرات کے مغل صوبے دار سر بلند خاں سے بڑودہ چھین لیا (۱۷۳۱ء) - مرہٹہ پیشوا باجی راؤ نے اپنے مقاصد کے پیش نظر پیلا جی کے اخراج کی غرض سے بڑودے کا محاصرہ کر لیا لیکن نظام الملک کی جانب سے حملے کا خطرہ رو نما ہوا تو محاصرہ اٹھا لیا گیا - اس اثنا میں اجے سنگھ والی جودھ پور نے محمد شاہ کے دربار سے گجرات کی صوبے داری کا پروانہ حاصل کر کے بڑودے پر حملہ کیا اور پیلاجی کو نکال دیا، بعد ازاں اپنے ایک خاص کارندے کے ذریعے اسے قتل کرا دیا (۱۱۴۵ھ / ۱۷۳۲ء) - پھر پیلاجی کے بیٹے داماجی راؤ گائکواڑ نے بڑودے پر قبضہ کر لیا (۱۱۴۷ھ / ۱۷۳۴ء) اور گجرات کے مغل صوبے دار مومن خاں سے عہدنامہ کر کے راہ امن نکال لی - داماجی کے عہد میں گائکواڑ خاندان کی حکمرانی مستحکم ہو گئی - اس نے مرہٹوں کی طرف سے پانی پت کی تیسری جنگ (جنوری ۱۷۶۱ء) میں بھی حصہ لیا اور وہ ان چند خوش نصیبوں میں سے تھا جو مرہٹوں کی اس قتل گاہ سے زندہ بچ نکلے تھے - وہ ۱۷۶۸ء میں مرا تو اس کے چار بیٹوں میں جانشینی کے لیے کشمکش جاری ہو گئی - پہلے فتح سنگھ پھر مانک جی نے گدی سنبھالی، آخر گووند راؤ (۱۷۹۳ تا ۱۸۰۰ء) کو دربار پیشوا سے مستقل منظوری حاصل ہوئی - اس زمانے میں ریاست بڑودہ مرہٹہ وفاق کا ایک اہم رکن تھی - گووند راؤ کے بعد اس کے دو بیٹے یکے بعد دیگرے جانشین ہوے (انند راؤ ۱۸۰۰ تا ۱۸۱۹ء اور سیاجی راؤ (۱۸۱۹ تا ۱۸۴۷ء)- پھر سیاجی راؤ کے تین بیٹے باری باری مسند نشین ہوے (گنپت راؤ ۱۸۴۷ تا ۱۸۵۶ء، کھانڈے راؤ ۱۸۵۶ تا ۱۸۷۰ء اور ملہار راؤ ۱۸۷۰ تا ۱۸۷۴) - ملہار راؤ انگریز ریذیڈنٹ کو زہر دلانے کے الزام میں معزول ہوا اور کھانڈے راؤ کی بیوہ جمنا بائی نے خاندان میں سے سیاجی کو متبنّٰی کر لیا، جو ۱۸۷۵ سے ۱۹۳۹ء تک والی بڑودہ رہا- اسی کے عہد میں ریاست نے ہر پہلو سے حیرت انگیز ترقی کی - آخری فرمانروا پرتاپ سنگھ (۱۹۳۹ تا ۱۹۴۹ء) تھا، جس کے دور میں ریاست ختم ہو گئی -

marfat.com
Marfat.com

اس کے صرف خاص کے لیے ساڑھے چھبیس لاکھ روپے سالانہ منظور کیے گئے، لیکن بعد میں اس سے کئی ایسی حرکات سر زد ہوئیں کہ حکومت ہند نے اس کی حیثیت حکمرانی ختم کر کے یو راج فتح سنگھ کو فرمانروائے بڑودہ تسلیم کر لیا لیکن اس کے صرف خاص کے لیے صرف دس لاکھ روپے تجویز ہوے ۔ اس ریاست کے علاقے حیدرآباد، میسور وغیرہ کی طرح یک جا نہ تھے بلکہ جگہ جگہ بکھرے ہوے تھے ۔

خاندانی لقب (گائیکواڑ) کی تشریح عموماً یہی کی جاتی رہی کہ یہ لوگ ابتدا میں گڈریے تھے، مویشی چرانے پر انحصار تھا ۔ لیکن کن کیڈ Kincaid کے بیان کے مطابق یہ لقب دو لفظوں سے مرکب ہے ۔ ایک ''گائے''، دوسرا ''کواڑ'' یعنی دروازہ ۔ چونکہ اس خاندان کے ایک فرد نے، جو معمولی حیثیت میں کسی گڑھی کا پاسبان تھا، چند گائیں قصابوں سے چھڑا کر چھوٹے دروازے سے گڑھی کے اندر محفوظ کر لی تھیں اس لیے فخریہ یہ لقب اختیار کر لیا ۔

مہاراجا سیاجی راؤ چونسٹھ سال حکمران رہا ۔ اس عہد میں ریاست کی کایا پلٹ گئی ۔ ۱۹۴۷ - ۱۹۴۸ء میں ریاست کی آمدنی پانچ کروڑ ترسٹھ لاکھ تھی ۔ ۱۸۹۳ء سے ریاست بھر میں ابتدائی تعلیم مفت اور لازمی کر دی گئی تھی ۔ لڑکوں کے لیے سات سے بارہ سال اور لڑکیوں کے لیے سات سے دس سال کی عمر تک ۔ تمام تعلیمی اداروں کی تعداد دو ہزار پانسو بیالیس تک پہنچ گئی تھی ۔ ان میں ادنیٰ، اعلیٰ ہر قسم کے ادارے شامل تھے ۔ یہاں تک کہ ایک کالج صرف تجارت اور اقتصادیات کے لیے قائم ہو چکا تھا ۔ انجمنہائے امداد باھمی کی تعداد ۱۰۰۹ تھی ۔ ریاست کی اپنی ریل تھی ۔ سڑکیں اچھی بن گئی تھیں ۔ ٹیکنیکل سکول میں ڈرائنگ، نجّاری، رنگریزی، بافندگی، زراعت وغیرہ سکھائی جاتی تھی ۔ ریاست بھر میں کتب خانوں کا جال بچھ گیا تھا ۔ ایک میوزیم اور عالی شان کتب خانہ مرکز میں تھا ۔ پنچایتیں قائم تھیں ۔ ڈسٹرکٹ بورڈوں میں عورتوں کو بھی ووٹ کا حق حاصل تھا ۔

شہر بڑودہ (آبادی دو لاکھ گیارہ ہزار سات سو)، دریائے وشوامتری کے کنارے آباد ہے (۱۸°۲۲ عرض بلد شمالی اور ۱۰°۷۳ طول بلد شرقی) ۔ مقامی لوگ ''وڈوذرہ'' کہلاتے ہیں ۔ جو بظاہر سنسکرت لفظ ''وڈودار'' کی بگڑی ہوئی شکل ہے ۔ اس کے معنی ہیں ''درختہائے برگد کے درمیان'' یہ نام اس لیے رکھا گیا کہ یہاں بہت سے بڑ کے درخت تھے اور اب بھی نواح میں بکثرت پائے جاتے ہیں ۔ شہر کا قدیم نام ''ویرکشتر'' یا ''ویراوتی'' تھا، جس کا مطلب ہے ''بہادروں کی سرزمین'' ۔ گیارھویں صدی ہجری/سترھویں صدی عیسوی کے گجراتی شاعر پرمانند کی نظموں میں بھی یہ نام آیا ہے ۔ اصل شہر پرانے قلعے کی فصیل سے محصور تھا، جو اب منہدم ہو چکی ہے ۔ نئی سرکاری اور غیر سرکاری عمارتوں کی کثرت، بازاروں اور گلیوں کی کشادگی، باغوں اور پارکوں کے اہتمام سے شہر نے بالکل نئی صورت اختیار کر لی ہے ۔ یہاں کی بہترین عمارت ''لکشمی ولاس'' ہے، جو مہاراجا کا سب سے بڑا محل ہے ۔ اس کی تعمیر پر چار لاکھ پونڈ یا تقریباً ساٹھ لاکھ روپے خرچ ہوئے تھے ۔ یہاں بعض نہایت بیش قیمت جواھرات اور مرصّع نوادر بھی ہیں، مثلاً منتخب موتیوں کا ہار جس کی سات لڑیاں ہیں، ہیروں کا ہار، اس میں تین ایسے ہیرے شامل ہیں، جنھیں عالمی شہرت حاصل ہے ۔ دو نہایت نادر قالین، جن میں موتی ٹنکے ہوے ہیں ۔ ایک مرصّع غلاف

marfat.com
Marfat.com

بھی بتایا جاتا ہے، جو پاک و ہند نے مدینۂ منورہ بھیجا جا رہا تھا کہ راستے میں لوٹ لیا گیا۔

بڑودہ بمبئی سے دو سو پینتالیس میل شمال میں بی بی اینڈ سی آئی ریلوے پر واقع ہے۔ شہر کے لیے آب رسانی کا انتظام ایک جھیل سے کیا گیا ہے۔ یہاں ایک اہم ادارہ ''گائیکواڑ انسٹی ٹیوٹ آو اورینٹل ریسرچ'' (ادارۂ تحقیق علوم شرقیہ) ہے۔ جس نے ہندوستانی اسلامی تاریخ کے متعلق فارسی کی متعدد اہم تصانیف شائع کی ہیں۔

**مآخذ:** (۱) V. P. Menon: *The Story of the Integration of the Indian States*، (ہندوستانی ریاستوں کے الحاق کی کہانی)، کلکتہ ۱۹۵۶ء، ص ۳۱۶ تا ۳۳۲؛ (۲) *Imperial Gazetteer of India*، آکسفرڈ ۱۹۰۸ء، ص ۳۱ تا ۳۰، ۸۱ تا ۸۸؛ (۳) سارا بھائی: حقیقت سرکار گائیکواڑ (مخطوطۂ انڈیا آفس، شمارہ ۲۵۰۲۵)؛ (۴) ایلیٹ: *Rulers of Baroda*؛ (۵) ہندوستانی ریاستوں کے متعلق قرطاس ابیض (White-paper on Indian States) ۱۹۵۰ء؛ (۶) وو، لائڈن، بار دوم، بذیل مادہ؛ (۷) C. A. Kincaid: *A History of the Maratha People*، جلد دوم و سوم؛ (۸) *Statesman's Year-Book*، ۱۹۵۰ء، مطبوعۂ لنڈن؛ (۹) P. T. Chundra: *Indian Cyclopaedia*، مطبوعۂ حیدر آباد سندھ، بار دوم، ۱۹۳۸ء؛ (۱۰) *India: 1956* شائع کردۂ (وزارت اطلاعات حکومت ہند)؛ (۱۱) حکیم نجم الغنی رام پوری: کارنامۂ راجپوتان، مطبوعۂ پنجابی گزٹ پریس، بریلی؛ (۱۲) انسائیکلوپیڈیا برٹینیکا، بار چہارم، ۱۹۳۸ء [وو، لائڈن سے خاص طور سے استفادہ کیا گیا ہے]۔

(غلام رسول مہر)

**بُزاخہ:** قبیلۂ اسد یا ان کے ہمسایہ بنو طَیّ کے علاقۂ نجد میں ایک کنواں (قب المُنقضیّات. ص ۳۶۱، حاشیہ ۳)۔ حضرت رسول اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم کی وفات کے بعد بنو اسد اسلام سے منحرف ہوگئے تھے۔ ان کے لشکر کو، جو طُلَیحہ کذّاب کے تحت مسلمانوں سے لڑنے نکلا تھا، حضرت ابوبکرؓ کے امیر لشکر حضرت خالدؓ بن الولید نے بئر بزاخہ پر ۱۱ھ / ۶۳۲ء میں شکست دی۔ اس لڑائی میں خالدؓ کو مزید تقویت یہ پہنچی کہ بنو طیّء کے ایک ہزار آدمی طُلَیحہ سے الگ ہو کر حضرت خالدؓ کے لشکر میں آ ملے، طُلَیحہ کی مدد پر عُیینہ بن حِصن اور غَطَفان کے قبیلۂ فَزارہ کے سات سو جوان بھی تھے، جو بنو اسد کے پرانے حلیف تھے۔ خونریز لڑائی کے بعد عُیینہ نے جب دیکھا کہ طُلَیحہ جن پیغمبری قوتوں کا دعوی کیا کرتا تھا وہ مسلمانوں کے مقابلے میں عملاً بیکار ثابت ہو رہی ہیں تو وہ میدان جنگ سے بھاگ گیا۔ چنانچہ طُلَیحہ کو بھی شام کی طرف بھاگنا پڑا۔ بنو اسد نے خالدؓ کی اطاعت قبول کر لی۔ آس پاس کے قبائل، جیسے بنو عامر، جو جنگ کے نتیجے کا انتظار کر رہے تھے اب اسلام کے جھنڈے تلے جمع ہو گئے۔

**مآخذ:** (۱) یاقوت، ۱: ۶۰۱ تا ۶۰۲؛ (۲) ابن سعد، ۳/۲: ۳۶ تا ۳۷؛ (۳) الطّبری، ۱: ۱۸۰۹، ۱۸۸۶ تا ۱۸۹۱؛ (۴) ابن الأثیر، ۲: ۲۵۹ تا ۲۶۴؛ (۵) البَلاذُری، ص ۹۵ تا ۹۷؛ (۶) Wellhausen: *Skizzen*، ۶: ۹ تا ۱۲؛ (۷) Caetani: *Annali*، ۲: ۶۰۴ بعد؛ (۸) Muir: *Caliphate*، بار چہارم، اڈنبرا ۱۹۱۵ء، ص ۱۹ تا ۲۳۔

(C. E. BOSWORTH)

**بُزاعہ:** (یا بزاعَہ) شمالی شام میں ایک مقام، جو حَلَب کے مشرق میں چالیس کیلومیٹر کے فاصلے پر نہر الذَّہَب یا وادی بُطنان [رک بان] کی زرخیز وادی میں واقع ہے۔ یہ مقام پہلے بہت خوشحال تھا لیکن پھر یہ خوشحالی اس کے ملحقہ مغربی حصے باب البُزاعہ میں منتقل ہو گئی۔ جو آج کل ایک چھوٹا سا قصبہ ہے اور الباب کے

marfat.com
Marfat.com

نام سے موسوم ہے ۔ اس کے باغوں کی تر و تازگی اور تجارتی چہل پہل نے ابن جُبَیر کو اپنی طرف متوجہ کیا تھا اور وہ مَنْبِج سے حلب کو جانے والے کاروانی راستے پر سفر کرتے ہوے ۵۸۰ھ / ۱۱۸۴ء میں یہاں ٹھیرا تھا ۔ ابن جُبَیر نے لکھا ہے کہ یہ مقام آدھا شہر اور آدھا گاؤں ہے اور اس کی طاقت کا دار و مدار اس قلعے پر ہے جو اس کی سب سے بلند عمارت ہے ۔ جب صلیبی جنگ آزماؤں نے شام کو اپنا مستقر بنایا تو اس پر کئی حملے ہوے، جن کا نتیجہ یہ ہوا کہ یہ علاقہ بارہا تاراج ہوا ۔ ۵۳۲ھ / ۱۱۳۸ء میں فرینکوں نے اس پر قبضہ بھی کر لیا لیکن اسی سال [نور الدین] زنگی دوبارہ اس پر قابض ہو گیا ۔ اس کے ایک کتبے (مؤرخہ ۵۶۷ھ / ۱۱۷۱ء) میں نور الدین کے بیٹے اسمعیل کا نام درج ہے ۔ اس کے بعد ۵۷۱ھ / ۱۱۷۵ء میں صلاح الدین نے اسے فتح کر لیا اور پھر ۶۵۷ھ / ۱۲۵۸ء میں یہ مغول کے قبضے میں چلا گیا ۔ ہمیں یہ بھی علم ہے کہ ۵۷۰ھ / ۱۱۷۴ - ۱۱۷۵ء میں یہاں اسمٰعیلیوں کا قتل عام ہوا، جن کا بظاہر اس سے پہلے اس علاقے میں غلبہ تھا، نیز یہ کہ اس کے قرب و جوار میں واقع عَقیل بن ابی طالب کے ''مشہد'' کی بہت عزت و تعظیم کی جاتی تھی۔

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مملوکوں کے عہدِ حکومت میں الباب کے گاؤں کو، جس کا نام قرونِ وسطٰی کی تصانیف میں بزاعه سے الگ نہیں ملتا، نمایاں برتری حاصل ہو گئی ۔ بزاعه حلَب کے صوبے کے چوبیسویں ضلع کا سب سے بڑا شہر تھا اور یاقوت اس کا ذکر سوتی سامان کی برآمد کے ایک مرکز کی حیثیت سے کر چکا تھا ۔ اس زمانے میں اس شہر کی اہمیت کی شہادت اول تو یہاں کی عظیم الشان مسجد کی تعمیر سے ملتی ہے (جس کے ساتھ بزاعه اور تاذِف دو مینار بھی تعمیر کیے گئے تھے، جن کے کتبوں پر ۷۵۶ھ / ۱۳۵۵ء اور ۷۵۵ھ / ۱۳۵۴ء کی تاریخیں درج ہیں) اور دوسرے ان متعدّد اداری تدابیر سے جو اس عمارت کے دروازوں پر ۷۷۵ھ / ۱۳۷۳ء اور ۸۵۸ھ / ۱۴۵۴ء کے درمیان کندہ کی گئی ہیں ۔

اس کے قریب کے گاؤں تاذِف میں کچھ اور کتبات کے ٹکڑے بھی محفوظ ہیں ۔

مآخذ: (۱) R. Dussaud: *Topographie historique de la Syrie*، پیرس ۱۹۲۷ء، خصوصاً ص ۴۷۵؛ (۲) M. van Berchem: *Arabische Inschiriften*، در M. F. von Oppenheim: *Beiträge zur Assyriologie*، ۷، لائپزگ ۱۹۰۹ء: ۵۵ تا ۵۷ (عدد ۶۳ تا ۷۲)؛ (۳) J. and D. Sourdel، در *Annales archéologiques de Syrie*، ۱۹۵۳ء، ص ۹۶ تا ۱۰۲؛ (۴) M. Canard: *Histoire de la dynasties des Hamdanides*، ۱، الجزائر ۱۹۵۱ء: ص ۲۱۹، ۲۲۳ تا ۲۲۴؛ (۵) Cl. Cahen: *La Syrie du Nord*، پیرس ۱۹۴۰ء، بمدد اشاریه (بذیل مادّۂ Bab Bouzā'a)؛ (۶) M. Gaudefroy-Demombynes: *La Syrie a l'époque des Mamelouks*، پیرس ۱۹۲۳ء، ص ۹۲، ۲۱۹؛ (۷) G. Le Strange: *Palestine under the Moslems*، لنڈن ۱۸۹۰ء، ص ۴۰۶، ۴۲۶، ۵۴۰؛ (۸) ابن جُبَیر: رِحْلة، طبع ڈ خویه، ص ۲۴۹ تا ۲۵۰؛ (۹) یاقوت، ۱: ۴۳۷، ۶۰۳، ۸۱۱؛ (۱۰) ابن شدّاد: *Description d'Alep*، طبع Sourdel، ص ۵۷؛ (۱۱) ابوالفِداء: تقویم، ص ۲۶۷؛ (۱۲) الدّمشقی، طبع Mehren، ص ۱۱۴، ۲۰۵.

(J. Sourdel - Thomine)

بِزَرْته: رکّ به بنزرت.

بزرجمہر: رکّ به بزرگ مہر.

بُزُرگ (بن شَہْریار): چوتھی صدی ہجری/

Marfat.com

دسویں صدی عیسوی کا رامہرمز کا باشندہ، ایک ایرانی ناخدا اور کتاب عجائب الہند کا مصنف۔ یہ کتاب عربی میں ایک سو چونتیس کہانیوں (محاضرات) کا مجموعہ ہے، جنھیں مصنف نے جہازوں کے ناخداؤں، ملاحوں، تاجروں اور دیگر بحری سیاحوں سے، جو بحرِ ہند کا چکر لگاتے رہتے تھے، سن کر جمع کیا تھا۔ یہ لوگ بڑے شوق سے مشرقی افریقہ، مجمع جزائر الہند اور چین میں اپنے کارناموں کے افسانے سنایا کرتے تھے۔ ان حکایات میں ضمناً متعلقہ ملکوں اور ان کے باشندوں کے رسم و رواج کے بارے میں معلومات موجود ہیں اور کبھی کبھی کسی مذکورہ واقعے کی تاریخ بھی ان میں مل جاتی ہے۔ سب سے آخری تاریخ جو دی گئی ہے وہ ۳۴۲ھ/۹۵۳ء ہے۔ اس کتاب کی زبان میں زمانۂ اوسط کی عربی کی بعض خصوصیات نظر آتی ہیں۔

**مآخذ**: (۱) عربی متن صرف مخطوطۂ استانبول، ایاصوفیا، شمارہ ۳۳۰۶، میں محفوظ ہے، جسے **P. A. van der Lith** نے طبع کیا اور اس کے ساتھ **M. Devic** کا فرانسیسی ترجمہ بھی شامل کیا (لائڈن ۱۸۸۳ تا ۱۸۸۶ء)؛ (۲) فرانسیسی میں ایک نیا ترجمہ **J. Sauvaget** کی *Mémorial*، ۱، دمشق ۱۹۵۴ء: ۱۸۸ تا ۳۰۰ میں موجود ہے؛ (۳) روسی ترجمہ از **R.I. Ehrlich**، ماسکو ۱۹۵۹ء؛ نیز (۴) براکلمان: تکملہ، ۱: ۴۰۹۔

(J. W. Fück)

* **بزرگ اُمید، کیا**: نزاری اسمٰعیلیوں کا الموت [رک بآں] میں دوسرا داعی (۱۱۲۴ تا ۱۱۳۸ء)۔ بظاہر شادی کے ذریعے اس کا مازندران کے حکمران خاندانوں سے رشتہ تھا۔ وہ ۴۹۴ھ/ ۱۱۰۱ء تا ۵۱۸ھ/۱۱۲۴ء میں لمسر کا جو رودبار الموت کا ایک قلعہ تھا، اسمٰعیلی حاکم رہا۔ اس نے تین اور سرداروں کی معیت میں یہ قلعہ حسن بن صبّاح کے لیے اس وقت فتح کیا جب اس پر قبضہ رکھنے والوں نے اسمٰعیلیوں سے اپنا معاہدہ توڑ کر یہ منصوبہ بنایا کہ سلجوق امیر نوشتگین شیرگیر کو وہاں بلوالیں۔ بزرگ اُمید نے مقامی مزدوروں کو بیگار میں پکڑ کر قلعے کو از سرِ نو تعمیر کیا اور اس میں پانی پہنچانے کا بندوبست کر کے نفیس باغ لگوائے۔ یہیں اس نے اس آخری اور سب سے خطرناک حملے کا کامیابی کے ساتھ مقابلہ کیا جو ۵۱۱ھ/۱۱۱۷ء میں محمد تپر کی فوجوں نے شیرگیر کی سرکردگی میں اسمعیلیوں پر کیا تھا۔ ۵۱۸ھ/ ۱۱۲۴ء میں حسن بن صبّاح نے اپنے بستر مرگ پر اسے اپنے فرقے کے صدر داعی کی حیثیت سے اپنا جانشین نامزد کیا اور اس کے تین رفیق نامزد کر دیے۔ اس کے عہدِ حکومت میں اسمٰعیلی ریاست نے نئے حملوں کے مقابلے میں اپنی خود مختاری بحال رکھی [رک بہ الموت: حکمران خاندان]۔ ۵۲۰ھ/۱۱۲۶ء میں نئی جدید جنگی قلعے تیار کیے گئے، جن میں میمون دژ شامل تھا۔ ۵۲۶ھ/ ۱۱۳۱ء میں اس نے ایک زیدی امام ابوہاشم کو شکست دے کر قتل کر ڈالا، جس نے دیلمان میں خروج کیا تھا اور جس کے پیرو خراسان تک پھیل گئے تھے۔ بزرگ اُمید نے ۵۳۲ھ/ ۱۱۳۸ء میں وفات پائی اور داعی کا منصب اپنے لڑکے محمد کے لیے چھوڑ گیا۔ اسے حسن بن صبّاح کے قریب دفن کیا گیا اور عقیدت مند لوگ اس کی قبر کی زیارت کو جانے لگے۔ اس کی اولاد الموت کا سر بر آوردہ خاندان بن گئی تھی۔

**مآخذ**: (۱) رشید الدین: جامع التواریخ، فصل در بیان نزاریان؛ (۲) جوینی، ۳: ۲۰۸ ببعد؛ اور اس کے علاوہ (۳) Hodgson: *The Order of Assassins*، ہیگ ۱۹۵۵ء، بمدد اشاریہ۔

(M.G.S. Hodgson)

marfat.com
Marfat.com

**بُزُرگ مِہر** : ایک ایرانی اسمِ معرفہ (معرّب شکل بُزُرجمِہر) ۔ ایک روایت کی رو سے جو ایرانی اور عرب مصنّفوں نے نقل کی ہے یہ ایک ایسے شخص کا نام تھا جس میں ہر کام کرنے کی اہلیّت اور ہر ایک نیک صفت موجود تھی اور جو خسرو اوّل اَنُوشَروان [رک باں] (چھٹی صدی عیسوی) کا وزیر تھا ۔ قدیم ترین مستند مصنّف، جو پہلوی خدای نامہ (ناماغ) Khvadhaynāmagh "کتاب السّلاطین") سے واقف تھے، بزرگ مہر کا کچھ ذکر نہیں کرتے (یہ کتاب ساسانی عہد کے اواخر (ساتویں صدی عیسوی) میں لکھی گئی تھی اور ایران کے عہد قبلِ اسلام کے عرب مؤرخین (الطّبری؛ ابن قُتَیبَہ) کے قدیم ترین بیانات کا مأخذ ہے ۔ صرف متأخرین کی کتابوں میں یہ شخص ایسی حکایات کا ہیرو بن گیا ہے جو عوامی روایت سے مستنبط ہیں مثلاً [الثّعالبی : تاریخ مُلُوک الفُرس میں، غُرَرُالسِّیَر کی ایک فصل میں -- رک بہ آآ، انگریزی، بار اوّل ، ۴ : ۷۷۰، عمود ۱، اور غیر معمولی کثرت کے ساتھ فردوسی کے شاہنامہ میں] ۔ بعض دفعہ وہ متعدد حکیمانہ اقوال اسی کی طرف منسوب کیے جاتے ہیں جو ساسانی عہد کے مجموعۂ نصائح (اَنْدَرز) کے باقیات سے ہیں اور ساسانی عہد کے بعد کی بعض چھوٹی چھوٹی کتابوں (خصوصًا پند نامۂ (ناماغ) وُزُرغ مہر بُختَغان یعنی "بزرگ مہر فرزند بُوخ تَغ کی کتاب نصائح") میں محفوظ ہیں ۔ ان پند و نصائح کا کئی مصنفین نے عربی اور فارسی میں ترجمہ کیا، جیسے نظام الملک المسعودی اور فردوسی (جس کے [شاہنامہ] کی رُو سے بزرگ مہر شاہ ایران کو ایک کتاب خرد پیش کرتا ہے، جو ان کی باہمی گفتگو کا ماحصل ہے مگر جو در حقیقت پند نامہ (= پند ناماغ) سے مأخوذ ہے)۔ بزرگ مہر سے متعلق تین حکایتیں معنی خیز ہیں، کیونکہ ان میں بعض عوامی مقبول عام عناصر پائے جاتے ہیں : (۱) شاہ ایران نے خواب دیکھا کہ جیسے وہ شراب پی رہا ہے اور ایک خنزیر نے اس کے پیالے میں اپنی تھوتھنی ڈال دی ہے ۔ اس خواب کی تعبیر کوئی نہ بتا سکا یہاں تک کہ نو عمر بزرگ مہر نے بادشاہ کو بتایا کہ اس کی بیویوں میں سے ایک کسی اور شخص پر مہربان ہو گئی ہے اور اس کی پوری تحقیق کرنے کے لیے محل کی تمام عورتوں کو برہنہ اپنے سامنے حاضر ہونے کا حکم دیا جائے ۔ جب یہ کیا گیا تو معلوم ہوا کہ ان میں عورت کے بھیس میں ایک مرد بھی شامل ہے (یہاں اس مقبول عام موضوع کے علاوہ کہ ایک نو عمر لڑکا خواب کی تعبیر بتاتا ہے، عورتوں کا اسی طرح کا وہ جائزہ لیا جانا بھی یاد آ جاتا ہے جو مصر قدیم کی ایک کہانی میں مذکور ہے)؛ (۲) ہند کے راجا نے شاہ ایران کے پاس امتحاناً شطرنج کا کھیل بھیجا تھا، بُزُرگ مِہر نے نہ صرف اس کا راز معلوم کر لیا بلکہ اپنی طرف سے ایک کھیل (نَرد یا چوسر) ایجاد کر کے بھیجا، جس کا بھید راجا اور اس کے درباریوں میں سے کوئی دریافت نہ کر سکا (اس حکایت کا مأخذ ایک مختصر عوامی قسم کا پہلوی رسالہ مازِغانِ چترنگ یعنی شطرنج کے کھیل کی کہانی ہے)؛ (۳) ایک مرتبہ بزرگ مہر معتوب ہو کر قید کر دیا گیا تھا، انھیں دنوں شہنشاہ بوزنطہ نے ایک سر بمہر صندوق شہنشاہ ایران کے پاس بھیجا اور کہا کہ ہماری طرف سے شاہ ایران کو خراج ادا نہیں کیا جائے گا جب تک کہ وہ اس صندوق کو بغیر کھولے نہ بتا دے کہ اس میں کیا ہے ۔ اس پر بادشاہ نے بزرگ مہر کو زندان سے بلا بھیجا اور اس نے آ کر یہ معمّا حل کر دیا اور اس طرح وہ پھر بادشاہ کا موردِ الطاف

marfat.com
Marfat.com

ہو گیا (اس قصے کے ساتھ ایک مرد دانا کے قید سے چھوٹنے اور اپنی عقلمندی کا صلہ پانے کی حکایت بھی جوڑ دی گئی ہے ۔ نولدیکہ Nöldeke کو اس قصے کی احقر دانا کی تاریخ میں اسی طرح کے ایک قصے سے مشابہت نظر آتی ہے) ۔ ان حکایات نے بزرگ مہر کو عوامی روایات کے ساتھ براہ راست مربوط کر دیا ہے ۔ لیکن سوال یہ ہے کہ آیا وہ کوئی تاریخی شخصیت ہے یا محض افسانوی ۔ A. Christensen اپنے ایک اہم مقالے میں بجا طور پر توجہ دلاتا ہے کہ بزرگ مہر کے ذکر کے علاوہ چند اور حوالے ان اشخاص سے متعلق آتے ہیں جنھیں انوشروان کے فرزند و جانشین ہرمزد نے اپنے باپ کے مشیروں میں سے قتل کرنے کا حکم دیا تھا اور ان میں سے ایک کا نام برز مہر (الثعالبی) بیان کیا گیا ہے ۔ پھر یہی نام فردوسی کے ہاں پیار کے طور پر اسم مصغر ''سماہ برزین'' آیا ہے ۔ مشہور طبیب برزویہ کے نام میں ، جسے کلیلۃ و دمنۃ کے پہلوی ترجمے کا مصنف فرض کیا جاتا ہے اور جو انوشروان کا ہم عصر تھا ، Justi (*Iran Namenbuch*، ص ۴۷) اور Christensen کے مطابق اس کا مادہ برز (= بلند) ہے ، جس کے آخر میں یاے تصغیر ہے (جیسا کہ برزین میں) ۔ چونکہ ایسے نام جن میں مادہ برز موجود ہے اور جو ساسانی عہد سے مخصوص ہیں بہت کم ہیں ، اس لیے برزمہر [= بلند مرتبہ مہرا (کی حفاظت میں)] مفہوم کے لحاظ سے ''بزرگ مہر'' (= بزرگ Mithra [کی حفاظت میں] ) ، کے ساتھ علاقہ رکھتا ہے؛ اس کے علاوہ ان دونوں ناموں کو عربی رسم خط میں لکھنے ہی سے معلوم ہو جائے گا کہ ان میں آسانی سے التباس ہو سکتا ہے ۔ آخر میں یہ امر بھی قابل التفات ہے کہ کلیلۃ کے دیباچے کی بعض عبارتوں میں ، جو روایۃ برزویہ کی طرف منسوب ہے اور ابن المقفع کے عربی ترجمے کی وساطت سے ہم تک پہنچی ہے ، ایسی سوانحی تفصیلات موجود ہیں جنھیں مصنفین بزرگ مہر سے بھی منسوب کرتے ہیں ، یا دونوں کو ان میں برابر کا شریک ٹھیراتے ہیں ۔ حاصل کلام یہ ہے کہ انوشروان کے عہد میں ایران پر ہندوستانی ثقافت کا اثر ہوا اور اس اثر میں چند اہل خرد کا ہاتھ تھا جن میں سے ایک برزویہ تھا ، جس کا نام اس وجہ سے زیادہ مشہور ہوا کہ اس نے پنچ تنتر کا پہلوی میں ترجمہ کیا؛ شطرنج کا ایران میں تعارف، متعدد نصائح اور اقوال حکمت اور آگے چل کر دانائی اور تعبیر و کہانت کی خاص صفات بھی، جو پہلے سے عوامی روایات میں چلی آتی تھیں، اس کی طرف منسوب کر دی گئیں، اس کے بعد اس کا نام عربی رسم خط میں غلط پڑھ لیا گیا اور اس سے برزویہ اور بزرگ مہر دو الگ الگ شخصیتیں وجود میں آ گئیں.

**مآخذ** : (۱) A. Christensen : *La légende du sage Buzurjmihr*، در *Acta Orientalia*، ۱۹۳۰ء، ۳/۱ : ۸۱ تا ۱۲۸ (یہ بنیادی اور تفصیلی مطالعہ ہے، جس میں اصلی مآخذ کا تجزیہ اور ان سے اقتباسات دیے گئے ہیں)؛ (۲) وہی مصنف : *Iran sous les Sassanides* (خصوصیت کے ساتھ ص ۵۷ تا ۵۸ اور اشاریہ بذیل مقالات Vuzurgmihr، Burzōē؛ (۳) ظفر نامہ پر دیکھیے متن در Ch. Schefer : *Chrest. persane*، ۱ : ۱ تا ۷؛ اور (۴) Christensen کا ترجمہ در ... *La legende*، ص ۱۲۱؛ (۵) *Grundriss der Iran. Philologie*، ۲ : ۳۳۶ تا ۳۴۷ .

(H. MASSÉ)

* **بزازستان** : رک بہ قیصریہ .

* **بزم عالم** : رک بہ والدہ سلطان .

* **بزنتی** : رک بہ السبزندون.

marfat.com
Marfat.com

* **بزہ** : رکّ بہ بسطہ

* **بزیذخ** : رکّ بہ چرکس.

* **بزیغ بن موسٰی** : جو الحائک [یعنی جولاہا] کہلاتا تھا، ایک ملحد ـ وہ ابوالخطاب [رکّ باں] کا شاگرد تھا اور امام جعفر الصادق نے اس کے استاد کی طرح اسے بھی منکر دین قرار دیا تھا، بلکہ بقول النوبختی خود ابوالخطاب نے بھی اسے دھتکار دیا تھا ـ الکشّی نے بیان کیا ہے کہ جب امام جعفر الصادق سے کہا گیا کہ بزیغ قتل کر دیا گیا تو انھوں نے اطمینان کا اظہار کیا ـ اس حکایت کی رو سے بزیغ کی وفات امام جعفر الصادق کی وفات (۱۴۸ھ / ۷۶۵ء) سے پہلے ہوئی ـ شروع کے اور بہت سے غلاۃ کی طرح بزیغ بھی دستکار یعنی کوفے کا ایک جلاہا تھا. . . اس کے پیرو کار بزیغیّۃ کہلاتے تھے.

**مآخذ:** (۱) الکشّی: معرفۃ الرّجال، بمبئی ۱۳۱۷ھ، ص ۱۹۶ تا ۱۹۷؛ (۲) النّوبختی: فرق الشّیعۃ (طبع H. Ritter) استانبول ۱۹۳۱ء، ص ۳۸، ۴۰؛ (۳) الاشعری: مقالات الاسلامیّین (طبع H. Ritter)، استانبول ۱۹۲۹ء، ۱: ۱۲؛ (۴) البغدادی: الفرق بین الفرق (انگریزی ترجمہ از A. S. Halkin، تل ابیب Tel-aviv ۱۹۳۵ء)، ص ۶۳ تا ۶۵؛ (۵) المقریزی: الخطط، ۲: ۳۵۲؛ (۶) الشّہرستانی: الملل، ص ۱۳۷؛ (۷) الایجی: مواقف، ص ۳۴۶؛ (۸) J. Friedländer: *The Heterodoxies of the Shi'ites*، در *JAOS* ۱۹۰۷ء اور ۱۹۰۸ء، بمدد اشاریہ؛ (۹) A. S. Tritton: *Muslim Theology*، لنڈن ۱۹۴۷ء، ص ۲۷ تا ۲۸؛ (۱۰) W. W. Rajkowski: *Early Shi'ism in Iraq*، مقالہ جو لنڈن یونیورسٹی میں پی ایچ ڈی کی سند کے لیے پیش کیا گیا.

(B. Lewis)

**البساسیری** : ابوالحارث ارسلان المظفر، اصلًا ایک ترک غلام تھا، عہد آل بویہ کے اواخر میں اعلٰی فوجی قائد بن گیا ـ یہ نسبت البساسیری (الفساسیری) ابوالحارث کے اوّلین آقا سے قائم ہوئی ہے، جو فارس کے ایک مقام بسا (فسا) کا رہنے والا تھا ـ ابوالحارث کی منصبی زندگی بہاءالدولہ کے ایک مولٰی کی حیثیت سے شروع ہوئی اور ترقی کرتے کرتے وہ آخر بلند ترین منصب تک پہنچ گیا ـ اس کا ذکر پہلی بار ان لڑائیوں کے سلسلے میں آتا ہے جو جلال الدولہ (۴۱۶ھ / ۱۰۲۵ء تا ۴۳۵ھ/۱۰۴۳-۱۰۴۴ء) کو اپنے بھتیجے ابو کالیجار اور موصل کے عقیلیوں کے خلاف لڑنی پڑی تھیں ـ ملک رحیم خسرو فیروز کا عہد (۴۴۰ھ / ۱۰۴۸ء تا ۴۴۷ھ / ۱۰۵۵ء) بغداد میں متعیّن ترک دستوں کی بے نظمی، دارالحکومت میں سنیوں اور شیعیوں کی کشمکش، عقیلی اور بویہی مدعیان حکومت کی جاہ طلبی، عرب اور کرد قبیلوں کی غارتگری اور سب کے آخر میں، دوآبۂ دجلہ و فرات کے معاملات میں سلجوقی سلطان طغرل بیگ کی مداخلت کے باعث مسلسل شورشوں کا دور تھا، جس میں البساسیری نے نمایاں خدمات انجام دیں (مثلًا کرواش العقیلی سے انبار لے لیا (۴۴۱ھ/۱۰۵۰ء)، ملک رحیم کے بھائی سے بصرہ چھینا (۴۴۴ھ / ۱۰۵۲ء)، بوازیج (مدینۃ البوازیج) میں عرب اور کرد غارت گروں کے خلاف فوجی اقدامات کیے (۴۴۵ھ / ۱۰۵۴ء)، مزیدی شیعی دبیس کی اعانت کی، جس پر بمقام الجامعان (جو آگے چل کر حلّہ کے نام سے مشہور ہوا) بنو خفاجہ نے حملہ کر دیا تھا وغیرہ)، لیکن ۴۴۶ھ / ۱۰۵۴ء میں وہ ترکان بغداد کی بغاوت روکنے میں ناکام رہا، جس کے بعد غارت گری اور قحط پھر بردان پر موصل کے عقیلی حاکم کے دستوں کی یلغار دیکھنے میں آئی، یہاں تک

Marfat.com

نہ وہ البساسیری کے اصطبل سے گھوڑے اور اونٹ نکال لے گئے ۔ اسی سال ماہ نومبر میں انبار پر (جو البساسیری کی جاگیر میں تھا) قریش نے قبضہ کر لیا اور انھوں نے بویہی سلطان سے رو گردانی کر کے طغرل بیگ کے نام کا خطبہ پڑھنا شروع کر دیا۔

بغداد میں البساسیری کا ایک طاقت ور حریف خلیفہ کا وزیر رئیس الرؤساء ابن المُسْلِمَہ تھا، جس نے یہ اندازہ کر کے کہ آل بویہ کا خاتمہ قریب ہے پہلے ھی سے طغرل بیگ کے ساتھ رابطہ قائم کر لیا تھا اس لیے کہ ۴۴۶ھ / ۱۰۵۴ - ۱۰۵۵ء میں ترک سردار اور خلیفہ نیز اس کے حاشیہ نشینوں کے درمیان باھمی اختلاف نے نمایاں صورت اختیار کی تو البساسیری نے ابن المسلمہ پر طغرل کے حامی غزوں کو طلب کرنے کا الزام لگایا، جو ۴۴۴ھ/ ۱۰۵۲ - ۱۰۵۳ء سے حلوان میں تھے۔

طغرل کے حکم پر دبیس کو البساسیری سے تعلقات منقطع کرنے پڑے اور وہ رحبہ چلا گیا، جو فرات کے کنارے واقع ہے ۔ ساتھ ھی فاطمی خلیفہ کو لکھا کہ قاهرہ آنے کی اجازت دی جائے وزیر الیازوری کو اس خیال سے اتفاق نہ تھا لیکن خلیفہ نے فاطمی امداد کے لیے البساسیری کی درخواست منظور کرتے ہوے لکھا کہ بغداد کو میرے نام پر مسخّر کیا جائے نیز طغرل کو شام و مصر پر فوج کشی سے روکا جائے ۔ المستنصر نے البساسیری کو رحبہ کا گورنر مقرر کر دیا اور اسے پانچ لاکھ دینار، اتنی ھی مالیت کے کپڑے، پانسو گھوڑے، دس هزار کمانیں، ایک هزار تلواریں، نیزے اور تیر بھیجے۔

المؤید فی الدین الشیرازی، جس نے بظاهر بغاوت کی آگ بھڑکائی تھی، فاطمی داعی تھا اور اس معاملے میں در حقیقت فاطمیوں کا وکیل مختار بھی تھا ۔ اس کی سوانح عمری سے معلوم ہوتا ہے المستنصر سے درخواست کرنے میں پہل البساسیری نے نہیں کی تھی بلکہ مؤیّد طغرل کے بغداد پہنچنے سے بھی پہلے فاطمی خلیفہ کو لکھ چکا تھا لیکن اس کے خطوط سلجوقیوں کے داخلۂ بغداد سے پیشتر المستنصر کے پاس نہ پہنچ سکے ۔ قاهرہ سے فاطمی خلیفہ نے جو روپیہ، سامان اور فرمان حکومت البساسیری کے پاس بھیجا تھا اسے المؤید ھی رحبہ لایا تھا۔

فاطمیوں کے حق میں انتہائی سرگرم تبلیغ ۴۴۸ھ/ ۱۰۵۶ - ۱۰۵۷ء میں ہوئی ۔ اس کی تصدیق ان متعدّد خطوط سے ہوتی ہے جو المؤید نے عراق اور الجزیرہ کے امیروں کو فاطمیوں کا حامی بنانے کے لیے تحریر کیے ۔ غزوں کی زیادتیوں کے باعث اس تبلیغ کو تقویت پہنچی ۔ واسط اور عراق کے دوسرے شہروں میں المستنصر کے نام کا خطبہ پڑھا گیا اور دبیس، جو بہ حالتِ مجبوری طغرل کے حق میں قدم اٹھا چکا تھا، پھر ایک بار البساسیری کا حلیف بن گیا ۔ عرب بدویوں اور بغداد کے ترکوں سے طغرل سب کچھ چھین چکا تھا ۔ ان کی امداد سے البساسیری کی قوت میں بہت اضافہ ہوا ۔ چنانچہ وہ دبیس کے همراہ خاصی بڑی فوج لے کر سنجار کے علاقے پر حملہ آور ہوا، جہاں اس نے طغرل کے عمزاد بھائی قُتُلمُش اور اس کے حلیف قریش فرمانروائے موصل کے زیر کمان سلجوقی دستوں کو شکست دی ۔ اس جنگ میں بہت خونریزی ہوئی ۔ قتلمش آذربیجان بھاگ گیا ۔ قریش زخمی ہو کر گرفتار ہوا (۲۹ شوال ۴۴۸ھ/ ۹ جنوری ۱۰۵۷ء) اور وہ البساسیری کا هم نوا بن گیا ۔ اب البساسیری موصل کی طرف بڑھا، جہاں فاطمی المستنصر کو خلیفہ تسلیم کر لیا گیا۔

طغرل کے جوابی اقدامات میں تاخیر نہ ہوئی وہ ۱۰ ذوالقعدہ ۴۴۸ھ / ۱۹ جنوری ۱۰۵۷ء کو

marfat.com
Marfat.com

بغداد سے نکلا اور ایران سے کمک آ جانے کے بعد موصل پر حملہ آور ہوا۔ اسے فتح کرنے کے بعد وہ نصیبین کی طرف بڑھا۔ دبیس اور قریش ایک بار پھر اس سے جا ملے اور البساسیری بغدادی ترکوں اور عقیل کی ایک جماعت کے ہمراہ رحبہ لوٹ گیا۔ لیکن سلطان کے بھائی ابراہیم اینال کی آمد کے بعد، جو عربوں کو سخت ناپسند کرتا تھا، قریش پھر البساسیری سے مل گیا اور دبیس نے رحبہ کے راستے پھر جامعین پر قبضہ کر لیا۔ ۴۴۸ھ کی حرکت کے انتقام میں سنجار کو اپنے غم و غصہ کا نشانہ بنا کر اور اینال کو الموصل میں چھوڑ کر طغرل بغداد چلا گیا، جہاں خلیفہ نے اس کا شاہانہ استقبال کیا اور اسے سلطان المشرق و المغرب کے خطاب سے نوازا (۲۶ ذوالقعدہ ۴۴۹ھ / جنوری ۱۰۵۸ء)۔

ادھر ابراہیم اینال خود سلطنت لینے کا آرزومند تھا۔ اس نے البساسیری سے بھی روابط پیدا کیے اور مؤید کے پاس بھی، جو حلب چلا گیا تھا، ایک قاصد بھیجا۔ مقصد یہ تھا کہ بھائی سے سلطنت حاصل کرنے میں فاطمیوں کی مدد حاصل کی جائے۔ اس کے بدلے میں اس نے وعدہ کیا کہ وہ فاطمیوں کے نام کا خطبہ پڑھوائے گا۔ چنانچہ اس نے الموصل خالی کر دیا۔ البساسیری اور قریش وہاں پہنچ گئے۔ چار مہینے کے محاصرے کے بعد حصار موصل فتح ہو گیا تو البساسیری رحبہ لوٹ گیا لیکن طغرل نے دوبارہ الموصل فتح کر لیا اور نصیبین کی طرف بڑھا۔ مؤید کی خود نوشت سوانح عمری سے واضح ہوتا ہے کہ البساسیری ہراساں زدہ تھا اور اس نے دمشق کا رخ کر لیا۔ اس موقع پر اینال نے علم بغاوت بلند کر دیا اور جبال کی طرف چلا گیا۔ ۱۰ رمضان ۴۵۰ھ / نومبر ۱۰۵۸ء کو طغرل نصیبین سے بنال کے تعاقب میں روانہ ہوا۔

اب عراق کچھ عرصے کے لیے سلجوقیوں سے خالی ہو گیا تھا۔ اس لیے البساسیری کی واپسی اور جوابی جارحانہ کارروائیوں کے لیے کوئی رکاوٹ باقی نہ رہی۔ تھوڑے ہی عرصے بعد خبر ملی کہ وہ پھر ہیت یا انبار میں پہنچ گیا ہے۔ خلیفہ قائم بھی مذبذب رہا کہ کیا رویہ اختیار کرے لیکن پھر دبیس المزیدی کی طرف سے پناہ کی پیشکش کے باوجود اپنی دفاعی قوت پر بھروسہ کرتے ہوئے بغداد ہی میں ٹھیرے رہنے کا فیصلہ کر لیا۔ ۸ ذوالقعدہ ۴۵۰ھ / ۲۷ دسمبر ۱۰۵۸ء کو البساسیری شہر بغداد کے مغربی حصے میں داخل ہوا۔ اس کے ساتھ صرف چار سو سوار تھے جو معمولی ہتھیاروں سے مسلح تھے۔ قریش مزید دو سو سواروں کے ساتھ اس کے ہمراہ تھا۔ آئندہ جمعے یعنی یکم جنوری ۱۰۵۹ء کو شیعی اذان ہوئی اور مسجد منصور میں فاطمیوں کے نام کا خطبہ پڑھا گیا۔ پھر کشتیوں کا پل دوبارہ قائم کر کے دریا عبور کیا اور ۸ جنوری کو مسجد رصافہ میں خلیفہ مستنصر کی خلافت کا اعلان کر دیا گیا۔ خلیفہ القائم عباسی نے قصر خلافت کی قلعہ بندی کر رکھی تھی، لیکن البساسیری کو صرف کرخ کے شیعوں ہی کی حمایت حاصل نہ تھی بلکہ سنیوں کی بھی بڑی تعداد غزوں سے نفرت اور مال غنیمت کے لالچ میں اس کے ساتھ مل گئی تھی۔ ہاشمیوں کی ایک جماعت اور قصر کے خواجہ سراؤں کو شکست دینے کے بعد، جنہیں وزیر کی شہ تھی، البساسیری نے یکم ذوالحجہ [۴۵۰ھ] / ۹ جنوری ۱۰۵۹ء کو قصر خلافت پر حملہ کیا اور باب النوبی کے راستے "حریم" میں داخل ہوا۔ جب خلیفہ نے دیکھا کہ بازی ہار چکی ہے تو اپنے آپ کو اور وزیر کو قریش کے سپرد کر دیا، جس نے انہیں اس وقت چلتا کر

Marfat.com

جب محل لوٹا جا رہا تھا تو البساسیری نے نشانِ خلافت "مندیل"، "رداء" اور "شبّاک" پر قبضہ جمایا اور یہ چیزیں نشانِ فتح کے طور پر قاھرہ بھیجی گئیں ۔ ۲۹ جنوری ۱۰۵۹ء کو عید گاہ میں پُروقار طریق سے عیدِ قربان منائی، جہاں مصری پرچم لہرا رہے تھے ۔ البساسیری اس بات پر راضی ہو گیا کہ خلیفہ قریش کے پاس رہے، جسے قریش نے اپنے عمزاد بھائی مُہارِش کے پاس حدیثۂ عانہ میں پہنچا دیا۔ البساسیری کو اصرار تھا کہ اس کا دشمن وزیر ابن المسلمہ اس کے حوالے کر دیا جائے، چنانچہ ابن المسلمہ کو ذلت کے ساتھ شہر میں پھرا کر ۱۶ فروری ۱۰۵۹ء کو بڑے ہولناک طریق سے موت کے گھاٹ اتار دیا گیا۔ اس کے بعد البساسیری نے واسط اور بصرے پر بھی قبضہ کر لیا لیکن خوزستان کو فاطمی پرچم کے زیرِ سایہ لانے میں ناکام رہا۔

اس وقت تک قاھرہ والے البساسیری سے تقریباً مایوس ہو چکے تھے ۔ شروع شروع میں اس کے اقدامات سے دلوں میں بڑی بڑی امیدیں پیدا ہوئی تھیں ۔ مستنصر کو یقین تھا کہ وہ خلیفہ القائم کو ایک قیدی کی حیثیت سے اس کے سامنے پیش کرے گا، چنانچہ اس کے لیے قاھرہ میں مغربی قصر صغیر تیار کرا لیا تھا لیکن جب القائم کو قریش کے حوالے کر دیا گیا تو المستنصر کو سخت غصہ آیا ۔ علاوہ بریں وزیر یازوری کو معزول کر دیا گیا، کیونکہ اس نے البساسیری کی خاطر مصر کی مالی حالت تباہ کر ڈالی تھی پھر سزائے موت دے دی گئی ۔ جون ۱۰۵۸ء سے سابق مدبر ابن المغربی، جو بغداد میں البساسیری کے یہاں سے فرار ہوا تھا، وزیر رہا ۔ جب البساسیری نے اسے خط لکھا تو اس نے کچھ ایسے انداز سے جواب دیا کہ البساسیری کو قاھرہ سے کسی قسم کی مدد کی امید باقی نہ رہی ۔ ادھر جمادی الآخرہ ۴۵۱ھ / جولائی ۱۰۵۹ء میں طغرل اپنے بھائی پر فتح حاصل کر کے بغداد لوٹنے کی تیاریاں کر رہا تھا ۔ وہ البساسیری کو اس شرط پر بغداد میں رکھنے کے لیے آمادہ ہوا کہ وہ اس کے نام کا خطبہ پڑھوائے، اس کے نام کا سکہ جاری کرے اور تخت خلافت دوبارہ خلیفہ القائم کے حوالے کرائے ۔ اس نے یہ بھی کہا کہ ان حالات میں وہ عراق واپس نہیں آئے گا ۔ اس نے قریش کو ھدایت کی کہ اگر البساسیری یہ شرطیں قبول نہ کرے تو اس سے علیحدگی اختیار کر لے ۔ البساسیری نے بطورِ خود خلیفہ سے رابطہ قائم کرنے کی کوشش کی اور اسے اس بات پر آمادہ کرنا چاہا کہ وہ سلجوقیوں سے قطع تعلق کر لے، لیکن یہ کوشش ناکام ہوئی ۔ قریش نے اسے فاطمیوں کی احسان فراموشی کی طرف توجہ دلائی اور یہ امید بھی دلائی کہ طغرل اس کا قصور معاف کر دے گا، لیکن البساسیری نے شرطیں قبول نہ کیں: چنانچہ طغرل نے بغداد کی طرف کوچ کر دیا ۔ سلجوقیوں کی درخواست پر مُہارِش نے خلیفہ القائم کو چھوڑ دیا، جس نے ۲۴ ذوالقعدہ ۴۵۱ھ / ۳ جنوری ۱۰۶۰ء کو نہروان کے مقام پر سلطان سے ملاقات کی اور [illegible] اس کے ساتھ اپنے قصر میں پہنچ گیا ۔ [illegible] پہلے ہی سے البساسیری کا ساتھ چھوڑ چکا تھا ۔ غرض البساسیری اھل و عیال کے ساتھ ۶ ذوالقعدہ / ۱۴ دسمبر کو بغداد سے رخصت ہو کر کوفے کی جانب روانہ ہو گیا۔

طغرل کے رسالے نے بڑی تیز رفتاری سے البساسیری کا پیچھا کیا اور اسے جا پکڑا۔ [illegible] ساتھ تھا، جس نے عربوں سے لڑنے سے انکار کر دیا ۔ چنانچہ وہ تو فرار ہو گیا لیکن البساسیری نے جنگ کو ترجیح دی ۔ ایک تیر سے زخمی ہو کر وہ گھوڑے سے گر پڑا اور [illegible] ذوالحجہ [illegible] جنوری [illegible]

marfat.com
Marfat.com

ٹونے کے نزدیک سقی الفرات کے مقام پر سلجوقی وزیر الکندی کے ایک دبیر کے ہاتھوں مارا گیا ۔ اس کا سر سلطان کی خدمت میں لایا گیا ۔

اس طرح البساسیری کی طالع آزمائی کا خاتمہ ہوا ۔ ایک سال تک اس نے حکومت بغداد سے بنی فاطمہ کی سیادت تسلیم کرائی ۔ کہا جاتا ہے کہ فاطمیوں کے نام کا خطبہ وہاں چالیس بار پڑھا گیا ۔ ایک طرف فاطمیوں اور دوسری طرف سلجوقیوں کی توسیع سلطنت کی کوششوں کی باہمی آویزش کے اس واقعے سے یقیناً سلجوقیوں کے موقف کو فائدہ پہنچا اور بنو عباس کے حقِ خلافت کو، جس کی حمایت کا سب سے بڑا مدعی طغرل بیگ تھا، بہت تقویت ملی ۔

**مآخذ :** (۱) سیرت المؤیّد فی الدین داعی الدعاۃ ، طبع کامل حسین ، ۱۹۴۹ء، مقدمہ ص ۱۶ تا ۱۷، ۲۲ تا ۲۳ و بمدد اشاریہ؛ (۲) الخطیب البغدادی: تاریخ بغداد، ۹ : ۳۹۹ تا ۴۰۴؛ (۳) ابن الصیرفی : کتاب الاشارۃ . . .، ص ۶۹؛ (۴) ابن القلانسی : ذیل تاریخ دمشق، ص ۸۱ تا ۹۰؛ (۵) البُنداری : تاریخ دولۃ آل سلجوق، قاہرۃ ۱۳۱۸ھ، ص ۱۲ تا ۱۷، Houtsma : *Recueil*، ۲ : ۱۲ تا ۱۸)؛ (۶) یاقوت، ۱ : ۶۰۸ و ۳ : ۵۹۵، ۸۹۲؛ (۷) ابن الأثیر، ۹ : (.s. a)، ۴۲۵، ۴۲۸، ۴۳۲، ۴۴۱، ۴۴۳، ۴۴۴، ۴۴۴ تا ۴۴۷، ۴۴۸، ۴۴۹، ۴۵۰، تا ۴۵۱؛ (۸) ابن العبری Bar Hebraeus : *Chronography*، ص ۲۱۰، ۲۱۳ تا ۲۱۴، ۲۱۵؛ (۹) ابن خلکان، مطبوعۂ بولاق، ۱ : ۷۶؛ (۱۰) ابن مُیَسّر: ترجمہ *Annales d' Egypte*، ص ۷ تا ۸، ۱۰ تا ۱۱، ۲۰؛ (۱۱) الفخری، طبع Derenbourg، ص ۳۹۴، ۳۹۶ تا ۳۹۸ (مترجمۂ Amar، ص ۵۰۵، ۵۰۸ تا ۵۰۹)؛ (۱۲) ابن خلدون : العبر، ۳ : ۴۴۴ تا ۴۴۶ و ۴ : ۴۸۸ تا ۴۹۴؛ (۱۳) المقریزی : الخطط، مطبوعۂ بولاق، ۱ : ۳۵۶، ۴۳۹، ۴۵۴؛ (۱۴) ابن تغری بِردی : النجوم، قاہرہ، ۵ : ۵ تا ۱۲ و بمدد اشاریہ؛ (۱۵) Quatremère : *Mémoires sur l'Egypte*، ۱ : ۳۲۶ ببعد؛ (۱۶) Weil : *Chalifen*، ۳ : ۹۲ تا ۱۰۲؛ (۱۷) Müller : *Der Islam im Morgen und Abendland*، ۱ : ۶۳۶، ۶۳۹؛ (۱۸) Wüstenfeld : *Gesch. der Fat.*، ۲ : ۸۱ ببعد؛ (۱۹) Le Strange : *Chalifen*، ص ۲۳۸ تا ۲۴۸؛ لیسٹرینج، ص ۱۰۶؛ (۲۰) وہی مصنف : *Baghdad*، ص ۳۶؛ (۲۱) G. Wiet : *Hist. de la Nat. Egypt.*، ۴ : *L'Egypte arabe* : ۲۳۲ تا ۲۳۶؛ (۲۲) حسن ابراہیم حسن : الفاطمیّون فی مصر، ص ۳۱۵ .

(M. CANARD)

**بساط :** رک بہ قالی .

**بَساوَن،** عہد اکبری (۹۶۳ھ / ۱۵۵۶ء تا ۱۰۱۴ھ / ۱۶۰۵ء) کا ایک ممتاز مصوّر، یہ مغل دبستانِ فن کے ان چار مصوّروں میں سے ایک تھا جن کا ابوالفضل علّامی نے آئینِ اکبری میں (ترجمہ H. Blochmann، کلکتہ[۱۸۷۳ء، ۱ : ۱۰۸ و] ۱۸۷۵ء، ۱ : ۱۱۴ [نیز متن، مطبوعۂ نول کشور، لکھنؤ ۱۸۶۹ء، ۱ : ۱۳۳]) مصوری پر اپنے مختصر بیان میں ذکر کیا ہے ۔ اس واحد ہمعصر مأخذ کی رو سے بَساوَن کا شمار ''اس فن کے پیشروؤں میں ہوتا ہے . . . طرّاحی، چہرہ کشائی، رنگ آمیزی، مانند نگاری [portrait painting] اور اس فن کی دیگر شاخوں میں یگانۂ زمان ہے اور بہت سے نقّادانِ فن نے تو اسے دَسْوَنْتھ پر ترجیح دی ہے''۔ بَساوَن کے نام سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ ہندو تھا اور گو اس کی زندگی کے بارے میں ہماری معلومات نہ ہونے کے برابر ہیں تاہم قیاس یہ ہے کہ وہ عہد اکبری کے ابتدائی برسوں میں شاہی نگار خانے میں ملازم رہا گیا تھا، چونکہ تقریباً ۱۶۰۰ء سے بعد کے مخطوطات میں اس کی بنائی

marfat.com
Marfat.com

ہوئی تصاویر نہیں ملتیں لہذا قیاساً وہ اس زمانے کے قریب قریب یا تو ملازمت سے سبکدوش ہو چکا تھا یا فوت ہو گیا تھا ۔ اس کا کم از کم ایک بیٹا تھا، جس کا نام منوہر تھا ۔ وہ بھی عہد اکبری کا ایک مشہور فن کار تھا اور اس کا شمار جہانگیر کے ان مقرب بارہ مصوروں میں ہوتا تھا جنھوں نے شبیہ کشی اور حیوانات کی تصویریں بنانے میں نام پیدا کیا (گرے Basil Gray : *Painting.* ، *The Art of India and Pakistan* طبع Sir Leigh Ashton، لنڈن ۱۹۵۰ء، ص ۱۴۳، لوح ۱۲۱)۔

ستاد W. Staude کی یہ رائے صحیح معلوم ہوتی ہے کہ بساون نے داستان امیر حمزہ کو مصور کرنے کے لیے کپڑے پر نقاشی کے ایک طویل سلسلے میں حصہ لیا (H. Gluck : *Die Indischen Miniaturen des Haemzae-Romanes*، وی انا ۱۹۲۵ء) ۔ اس منصوبے پر ایرانی مصوروں میر سید علی اور عبدالصمد کے زیر نگرانی کام ہو رہا تھا (W. Staude : *Contribution a L'etude de Basawan*، در *Revue des Arts Asiatiques*، ج ۸، عدد ۱ (۱۹۳۴ء) اور وہی مصنف : *Les Artistes de la cour d'Akbar et les illustrations du Dastan-i-Amir Hamzah*، در *Arts Asiatiques*، ج ۲، کراسہ ۱ (۱۹۵۵ء) : ص ۴۷) ۔ اوائل عہد اکبری کی ان بہت سی مہتم بالشان تصاویر میں اگرچہ بساون کے اسلوب کے بعض پہلو نمایاں ہیں تاہم ان میں سے کسی تصویر کو بھی پورے تیقن کے ساتھ اس سے منسوب نہیں کیا جا سکتا ۔ منسوب کرنے کا مسئلہ یہاں اس لیے بھی دشوار ہو جاتا ہے کہ اس سلسلے کی ہر ایک تصویر ـ مغلوں کے وسیع تر منصوبوں کے تحت تیار کردہ بیشتر تصاویر کی طرح ـ متعدد فن کاروں کی بنائی ہوئی ہیں ۔ ان تصاویر کا خاکہ پہلے کوئی استاد تیار کرتا تھا اور پھر اس کے معاونین اس میں رنگ بھرتے تھے ۔ یہ مسئلہ کچھ اور بھی پیچیدہ یوں ہو جاتا ہے کہ کبھی کبھی اساتذۂ فن اپنے قلم سے تصویر میں کسی شبیہ کا یا بعض دیگر تفصیلات و جزئیات کا اضافہ کر دیتے تھے ۔ خوش قسمتی سے عہد اکبری کی تصاویر میں سے بعض ایسی بھی ہیں جنھیں اساتذۂ فن نے کسی مدد کے بغیر خود تیار کیا تھا اور ان کی بدولت ہم ان میں سے ہر ایک استاد کے منفرد اسلوب سے آشنا ہو سکتے ہیں ۔ تصاویر کا یہ مجموعہ چھوٹے چھوٹے خاص طور سے مزین مخطوطات پر مشتمل ہے جنھیں شہنشاہ اور اس کے حلقۂ مقربین کی ذاتی تفریح کے لیے لکھا اور مصور کیا گیا تھا ۔ ان میں سے بیشتر نظم و حکایات کی کتابیں ہیں اور ان کی اکثر تصاویر اپنے عہد کی ممتاز خصوصیات کی حامل ہیں ۔ اس نوع کی کتابوں میں بساون کی نوعدد میناتوری (miniatures) تصویریں ہمارے علم میں ہیں، جن میں سے چھے پر اس کا نام درج ہے ۔ حسب ذیل تصاویر میں اس عہد کی خصوصیات ملتی ہیں :-

(۱) ''ایک جراح بندر کے خون سے ایک مریض کا علاج کر رہا ہے''، ضیاء الدین نخشبی کے طوطی نامہ، نواح ۱۵۶۰ء، میں سے، کلیو لینڈ Cleveland ریاستہائے متحدۂ امریکہ، کلیولینڈ موزۂ فنون، عدد ۶۲۰۲۷۹ ؛

(۲) ''طوطی دربار میں''، اسی کتاب (شمارہ ۱) سے، کلیولینڈ موزۂ فنون، عدد ۶۲۰۲۷۹، شکل ۱ :

(۳) '' شہزادی ہما کا ایک شیخ کی زیارت کو جانا''، از داراب نامہ، نواح ۱۵۸۰ء، لنڈن، موزۂ بریطانیہ، عدد ms. or. ۴۶۱۵، ورق ۳۴ - الف، اشکال ۲ و ۳:

marfat.com
Marfat.com

(۴) ''ایک شیخ کی ایک درویش سے گفتگو''، از بہارستانِ جامی، جس کی کتابت محمّد حسین زرّیں قلم نے بمقام لاہور ۳۹ سنہ الٰہی (۱۵۹۴ - ۱۵۹۵ء) میں کی، آکسفرڈ، کتاب خانۂ بوڈلین، مجموعۂ Elliot، عدد ۲۵۴، ورق ۹ - الف، شکل ۴؛

(۵) ''دربار کا منظر''، از انوار سہیلی، مؤرخہ ۱۵۹۶ - ۱۵۹۷ء، ورق ۵ الف، بنارس، بھارت کلابھون (S.C. Welch : The Paintings of Basawan، للت کلا، عدد ۱۰ (۱۹۶۳ء)، رنگین لوح؛

(۶) ''ایک ھندو کا ایک درویش سے ڈر کر بھاگنا''، امیر خسرو دھلوی کے خمسہ کا ایک تنہا ورق، مؤرخہ ۱۵۹۷ - ۱۵۹۸ء، نیو یارک سٹی میٹرو پولیٹن موزۂ فنون، عدد ۱۳۰۲۲۸۰۲۹ (Maurice Dimand : A Handbook of Muhammedan Art، بار دوم، نیو یارک ۱۹۴۴ء، شکل ۳۳)؛

حسب ذیل مینا توری تصاویر پر [مصور کا] نام تو درج نہیں البتہ اسلوب کی بنا پر انھیں بساون سے منسوب کیا جا سکتا ہے:

(۷) ''نقب زنوں کا محل سے فرار''، کسی ناشناختہ مخطوطے کا ایک تنہا ورق، جسے اب ایک مرقّع میں چسپاں کر دیا گیا ہے، نواح ۱۵۹۵ء (L. Hayek : Indian Miniatures of the Moghul School، لنڈن ۱۹۶۰ء، شکل ۴، لوح ۶)؛

(۸) ''شاعر کی تحقیر''، شاھی کے دیوان کا ایک تنہا ورق، نواح ۱۵۹۵ء، ریاست ھاے متحدۂ امریکہ، نجی مجموعہ (S. C. Welch : Early Mughal Miniature Paintings، در Ars Orientalis، ج ۳ (۱۹۵۹ء)، شکل ۵)؛

(۹) ''اسکندر کی جوگی سے ملاقات''، اسی مخطوطے سے نکلا ہوا تنہا ورق، جس سے مذکورۂ بالا تصویر، عدد ۶، لی گئی ہے، نیو یارک سٹی میٹرو پولیٹن موزۂ فنون، عدد ۱۳۰۲۲۸۰۳۰ (Welch : The Paintings of Basawan، للت کلا، عدد ۱۰ (۱۹۶۳ء)).

اگرچہ شبیہ کشی میں بساون کی بے حد تعریف و تحسین کی جاتی تھی تاھم اس میدان میں اس کے فن کے صرف دو نمونے ملتے ھیں - پہلی تصویر تو بھارت کے ایک نجی مجموعے میں محفوظ ہے اور اس میں سیاہ پس منظر کے سامنے ایک امیر کو دکھایا گیا ہے، جس کی شناخت نہیں ہوتی - اس تصویر پر ایک معاصرانہ تحریر میں اسے بڑے قابل وثوق طور پر بساون سے منسوب کیا گیا ہے - دوسری تصویر امریکہ کے ایک نجی مجموعے میں محفوظ ہے، جس میں ایک مغل کو کسی باغ کے اندر ایک راجپوت سے محو گفتگو دکھایا گیا ہے (تصویر ۵) - اگرچہ اس پر کوئی تحریر موجود نہیں، تاھم اسلوب کی بنا پر اس تصویر کو بساون سے منسوب کیا جاسکتا ہے.

جو تصاویر ھمعصر تحریروں کے ذریعے بساون سے منسوب کی گئی ھیں ان میں سے بہت زیادہ تعداد ایسی تصاویر کی ہے جن کے خاکے تو اس نے تیار کیے لیکن رنگ اس کے معاونین نے بھرا (ان میں سے کئی تصاویر W. Staude نے اپنے مذکورۂ بالا مقالات میں شائع کی ھیں)، تاھم ایسی بعض تصاویر سے یہ پتا چلتا ہے کہ ان میں استاد نے اتنی ھی دلچسپی لی ہے جتنی کہ پوری اپنے ھاتھ سے بنائی ھوئی تصاویر میں؛ بلکہ چند ایک تصویروں میں تو استاد کی اپنی اصلاح کی علامات بھی نظر آتی ھیں (Welch : The Paintings of Basawan، مقام مذکور) - یہ تصویریں جن تاریخی یا رزمیہ تصانیف میں محفوظ رہ گئی ھیں ان میں سے کوئی کتاب بھی ابھی تک مکمل شکل میں شائع نہیں ھوئی، اس لیے ان تمام مینا توری تصاویر کا اپنے قارئین کے سامنے حوالہ پیش

marfat.com
Marfat.com

کرنا ممکن نہیں، بہر کیف ہم یہاں مخطوطات کی فہرست دے کر ان سے متعلق اہم کتابیات کا ذکر کرتے ہیں۔

(الف) رزم نامہ، نواح ۱۵۸۰ - ۱۵۹۰ء، جے پور، عجائب خانۂ مہاراجا جے پور (T.H. Hendley : The Razm Namah manuscript، در Memorials of Jaypur Exhibitions، لنڈن ۱۸۸۳ء، جلد ۴)، اس مخطوطے میں، جسے دل کھول کر مصوّر کیا گیا ہے، کئی تصویریں ایسی ہیں جن کا خاکہ بساون نے تیار کیا تھا۔ قریب قریب وثوق سے کہا جا سکتا ہے کہ یہ ہندو رزمیہ [مہا بھارت] کے فارسی ترجمے (از بداؤنی، در ۱۵۸۰ء) کا وہی نسخہ ہے جو اکبر کے لیے تیار کیا گیا تھا۔

(ب) راماین، نواح ۱۵۸۰ تا ۱۵۹۰ء، جے پور، عجائب خانۂ مہاراجا جے پور۔ رزم نامہ کے سلسلے کی ایک غیر مطبوعہ جلد۔

(ج) بابر نامہ، نواح ۱۵۹۰ء، اس منتشر مخطوطے کے الگ الگ اوراق کئی عوامی اور نجی مجموعوں میں محفوظ ہیں۔ سترہ صفحات وکٹوریہ البرٹ میوزیم میں ہیں، ایک صفحہ، جس کا خاکہ بساون کا بنایا ہوا اور تصویر دھرم داس کی تیار کی ہوئی ہے، امریکہ کے ایک نجی مجموعے میں ملتا ہے (Welch : Early Mughal Miniature Paintings، کتاب مذکور، ص ۱۳۵، شکل ۲)، چونکہ اس مخطوطے کی میناتوری تصاویر ایک قدیم اسلوب کی ہیں جنھیں دیکھ کر اکثر داستان امیر حمزہ اور داراب نامہ کی یاد تازہ ہو جاتی ہے، اس لیے گمان گزرتا ہے کہ یہ شہنشاہ [اکبر] کا اپنے دادا کی خود نوشت سیرت کے [فارسی] ترجمے کا ذاتی نسخہ تھا۔

(د) جامع التواریخ، از رشید الدین، مؤرخہ ۱۵۹۵ء، کتاب خانۂ گلستان، تہران — جزوی طور پر محفوظ اس مخطوطے کی کئی تصاویر W. Staude نے شائع کر دی ہیں۔ باقی تصویریں، جن میں سے کوئی بھی بساون کی نہیں ہے، Basil Gray : Iran : Persian Miniatures، نیویارک ۱۹۵۶ء، میں ملتی ہیں (الواح عکسی ۲۹ تا ۳۴، رنگین)۔

(ہ) تیمور نامہ، نواح ۱۵۹۰ تا ۱۵۹۵ء، پٹنہ، بانکی پور سٹیٹ لائبریری۔ اس اہم مخطوطے کے چند ایک صفحات Josef Strzygowski : Asiatische Miniaturenmalerie، Klagenfurt ۱۹۳۳ء اور Percy Brown : Indian Paintings under the Mughals، آوکسفرڈ ۱۹۲۴ء، لوحہ ۴۴) نے شائع کر دیے ہیں۔

(و) اکبر نامہ، از ابوالفضل، نواح ۱۵۹۰ تا ۱۶۰۰ء۔ اس کے ۱۱۷ اوراق مع ۱۱۶ میناتوری تصاویر کے وکٹوریہ البرٹ میوزیم، لنڈن میں محفوظ ہیں۔ اگرچہ یہ اوراق ابھی تک تمام و کمال شائع نہیں ہوے تاہم ان کا مختصر سا حال Emmy Wellesz : An Akbar Namah Manuscript، در .... Burlington Magazine، ج ۸۰ (جون ۱۹۴۲ء): ص ۱۳۵ تا ۱۴۱، میں درج ہے۔ اس کتاب میں بساون کے خاکوں کو مغلیہ مصوّری کی تاریخ کے درخشندہ ترین نمونوں میں شمار کیا جا سکتا ہے۔ اس کا فن کے اعتبار سے ایک بہترین نمونہ ''مست ہاتھی پر اکبر کی سواری'' (وکٹوریہ البرٹ میوزیم، عدد S.I. ۲ - ۱۸۹۶، ۲۲ / ۱۱۷، شکل ۶) ہے، جسے چتّر نے مکمل کیا تھا اور اور جو اس امر کا ثبوت ہے کہ عہد مغلیہ میں مختلف فن کاروں کی مشترکہ مساعی سے تصویر تیار کرنے کا جو طریقہ معمول بن چکا تھا اس سے کام کے معیار پر کوئی برا اثر نہیں پڑتا تھا۔

ایران اور دوسرے اسلامی ممالک کی طرح مغلوں کو بھی خطاطی کے نمونوں کے مرقعے جمع کرنے کا شوق تھا، جن میں مینا توری تصاویر اور

marfat.com
Marfat.com

دوسری چیزیں بھی شامل کر لی جاتی تھیں۔ بسا اوقات ان گراں بہا اشیا کو ایسے حاشیوں کے اندر لگایا جاتا تھا جو خاص طور پر ان کے لیے تیار کیے جاتے تھے اور جن میں آبِ زر اور دوسرے رنگوں سے اشکال بنی ہوتی تھیں۔ بساون کے تیار کردہ اس قسم کے ایک حاشیے کا ذکر J.V.S. Wilkinson و Basil Gray: *Indian Paintings in a Persian Museum*، در *Burlington Magazine* (اپریل ۱۹۳۵ء)، ص ۱۷۳ میں کیا گیا ہے۔

بساون کے کئی خاکے ہمارے علم میں آچکے ہیں۔ ان میں سے پانچ پر اس کا نام بھی درج ہے:

(الف) ''دیومالائی منظر''، پیرس، Musee Guimet عدد ۳۰۶۱۹، J. A. (Ivan Stchoukine: *Miniatures Indiennes Du Louvre*، پیرس ۱۹۲۹ء، ص ۱۰؛ B. Gray: *Paintings*، کتاب مذکور، عدد ۶۶۹، لوحہ ۱۲۸)؛

(ب) ''ایک عورت ایک عفریت کے سر پر ایستادہ''، پیرس Musee Guimet عدد ۳۰۶۱۹، G. D. (Stchoukine: وہی مصنف، ص ۱۰؛ W. Staude: *Les Artistes de la Cour d'Akbar ...*، کتاب مذکور شکل ۱۱)؛

(ج) ''ایک جوان عورت اور ایک بوڑھا مرد''، پیرس Musee Guimet عدد ۳۰۶۱۹ J. B. (Stchoukin: وہی مصنف، ص ۱۶)؛

(د) ''ایک نَےنواز''، پیرس Musee Guimet عدد ۳۰۶۱۹ G. A. (Stchoukine: کتابِ مذکور، ص ۱۶)؛

(ہ) ''ایک درویش''، پیرس Musee Guimet عدد ۳۰۶۱۹ G. B. (Stchoukine: کتابِ مذکور، ص ۱۶)؛


اسلوب کی بنا پر دو اور خاکے بھی بساون سے منسوب کیے جا سکتے ھیں:-

(و) ''چند درویش''، لنڈن، انڈیا آفس لائبریری، Johnson Album عدد ۲۲، ورق ۱۳ (Basil Gray: *Painting*، کتاب مذکور، عدد ۷۴۶، لوحہ ۱۳۷، تاریخ غلط ہے اور [کسی سے] منسوب نہیں)؛

(ز) ''قدرتی منظر میں چند اشکال''، نیویارک شہر Miss Adrienne Minassian، غیر مطبوعہ۔


بساون کی قدیم ترین تصویر سے جو ہمارے علم میں ہے (تصویر ۱) اور جسے ۱۵۶۰ء کے زمانے سے منسوب کیا جا سکتا ہے فن کار کی تخلیقی قوت اور اس کی شخصیت کی فنی اپج کا اظہار ہوتا ہے، جسے ہم یقیناً مغلیہ اسلوب کے ارتقا میں کارفرما قوتوں میں شمار کر سکتے ھیں۔ عوامی نفسیات سے بساون کی گہری واقفیت، ابعاد ثلاثہ کو پیش کرنے پر قدرت (جو کسی حد تک غالباً یورپی فن کے مطالعے کا نتیجہ تھی) اور قلم کے استعمال میں آزادی اکبر کے متحرّک، پر معنی اور واقعیت پسندانہ اسلوب کے لیے انتہائی موزوں تھی۔ داراب نامہ میں، جو ۱۵۷۰ء کے زمانے سے تعلق رکھتا ہے، بساون کی تصاویر (تصویر ۲ و ۳) اس بات کے ثبوت میں بطور مثال پیش کی جا سکتی ھیں کہ وہ ملّاح کی ''کوتاہ نمائی'' (fore-shortening) اور منظر میں عمارت کی ''دور نمائی'' (recession) جیسے مشکل مسائل سے کس بے باکی سے عہدہ برا ہوا ہے۔ عہدِ اکبری کے دوسرے اساتذہ کی طرح ۱۵۹۴ء تک بساون کی تکنیک میں نفاست اور لطافت پیدا ہو گئی تھی۔ اب اس کی تصویر کے مختلف اجزا میں ایک تنظیم، اس کے موقلم کی جنبشوں میں ایک ٹھیراؤ، اس کے رنگوں میں ایک ہم آہنگی اور اس کے مناظر میں فطرت کی عکاسی جھلکنے لگی تھی۔ اس کی تصاویر ''ایک

marfat.com
Marfat.com



The Cleveland Museum of Art ۱ تصویر

marfat.com
Marfat.com




The Trustees of the British Museum بشكريه ۲ تصوير ٠

marfat.com
Marfat.com



تصویر ۳


marfat.com
Marfat.com



The Bodleian Library تصویر بہ شکریہ

marfat.com

Marfat.com



تصویر ۵

marfat.com
Marfat.com



The Victoria and Albert Museum تصویر ۶ بشکریه

marfat.com

Marfat.com

شیخ اور ایک درویش'' (تصویر ۴) اور ''ایک مغل ایک راجپوت سے محوِ گفتگو'' (تصویر ۵) انسانی کردار و نفسیات کی گہرائیوں سے بساون کی غیر معمولی واقفیت کی غمازی کرتی ہیں ۔ اس نے اپنی اس صلاحیت کو ایک تمثیل نگار کی سی نکتہ سنجی اور حساسیت سے کام لیتے ہوے اجاگر کیا ہے ۔ اس کی تمام تر خود تیارکردہ تصاویر میں سے اگرچہ اکثر کا تعلق حیاتِ ذہنی سے ہے تاہم اس کے رزمیہ و تاریخی مناظر کے خاکوں ـــ مثلًا اکبر کی مست ھاتھی پر دلیرانہ سواری کی سنسنی خیز شبیہ (شکل ۶) ـــ سے پتا چلتا ہے کہ وہ بشدت تیز عمل تصویر کشی میں کیسی بلند و ارفع صلاحیت کا مالک تھا ۔ ابوالفضل اور اس کے شاہی سرپرست [یعنی اکبر] نے اسے جو بلند مرتبہ دیا تھا اس کا جواز اس کے فن کے ان قلیل نمونوں سے ملتا ہے جو محفوظ رہ گئے ہیں۔

**مآخذ**: متن میں مذکور حوالہ جات کے علاوہ (۱) W. G. Archer: *The Loves of Krishna*، لنڈن ۱۹۵۷ء، لوحہ ۱؛ (۲) وہی مصنّف: *Indian Miniatures*، گرینوچ (ریاستہاے متحدۂ امریکہ) ۱۹۶۰ء، لوحہ ۲۰؛ (۳) *Islamic Art*، مطبوعۂ کلیولینڈ میوزیم آو آرٹ، کلیولینڈ ۱۹۴۴ء، لوحہ ۲۵؛ (۴) Ernst Kuhnel: *Miniaturmalerei im Islamischen Orient*، برلن ۱۹۲۲ء، لوحہ ۱۰۸؛ (۵) Ph. W. Schulz: *Die Persisch-islamische Miniaturmalerei*، لائپزگ ۱۹۱۴ء، ج ۲، لوحہ ۱۹۴؛ (۶) Wilhelm Staude: *Basawan*، در *The Encyclopaedia of World Art*، نیو یارک ۱۹۶۰ء، جلد ۲؛ (۷) Ivan Stchoukine: *La Peinture Indienne*، پیرس ۱۹۲۹ء، لوحہ ۱۷؛ (۸) Emmy Wellesz: *Akbar's Religious Thought Reflected in Mogul Painting*، لنڈن ۱۹۵۲ء، الواح ۹، ۱۰، ۱۷، ۲۳ (لوحہ ۳۰ درحقیقت دولت کی تخلیق ہے).

(STUART C. WELCH)

**بسنبرائے**: بن ہری گرہبھ داس کایستھ، جسے ''کرکارنی'' بھی کہتے ہیں، ایک ہندو مصنّف جو فارسی میں لکھتا تھا ۔ سنسکرت میں اس کے نام کا صحیح تلفّظ وشوراے (''دنیا کا راجہ'') خلف ہری گرہ [کذا، گربھہ؟] داس (خدا کا غلام)] ہے ۔ وہ ایک خاصے معروف کایستھ خاندان سے تھا، جو اپنی ایرانی طرز زندگی کے لیے خاص طور پر مشہور ہوا ۔ اس کے لقب ''کرکارنی'' کے معنی ہیں ''وہ شخص جس کے کان اتنے بڑے ہوں جتنے کہ ھاتھ'' اس نے اپنے پیشروؤں کے کام سے استفادہ کرتے ہوے ۱۰۶۱ھ/۱۶۵۰ء تا ۱۰۶۲ھ/۱۶۵۱ء میں شاہجہان کے عہدِ حکومت میں سنسکرت کی ایک داستان وِکرم چرِترم کا ترجمہ فارسی میں کیا (سنسکرت کی اصلی تصنیف کا نام بھی وِکرم چرِترم ہے یعنی وِکرم کی زندگی، جس سے مراد ہے راجا وِکرم ادِتیہ جس کے عہدِ حکومت میں بکرمی سمت شروع ہوا، جو اب ۲۰۱۵ برس کو پہنچ گیا ہے) ۔ یہ ترجمہ سِنگھاسن بتیسی (سنسکرت سنگ ھاسن بتیسی ''تخت شیر کی بتیس کہانیاں'') کے نام سے بھی معروف ہے اور Lescallier نے اس کا ترجمہ فرانسیسی میں کیا ہے (*Le Trone enchanté*، نیویارک ۱۸۱۷ء) ۔ اس سنسکرتی کہانی کے مختلف نسخوں اور فارسی ترجموں کے لیے دیکھیے وہ تصانیف جو نیچے مذکور ہیں ۔

**مآخذ**: (۱) Ethé، در *Grundriss der Iranischen Philologie*، ۲ : ۳۰۳؛ (۲) Rieu: *Cat. Pers. MSS. Brit. Museum*، ۲ : ۷۶۳ ببعد؛ (۳) Pertsch: *Cat. Berlin*، ص ۱۰۳۴ ببعد.

(سعید نفیسی)

**بَست**: (فارسی) حرم، مامن ایک اصطلاح، جو بعض ایسے مقامات کے لیے استعمال کی جاتی تھی جہاں کسی مجرم کو واجب الاحترام

marfat.com
Marfat.com

پناہ مل سکے خواہ اس کا جرم کتنا ہی سنگین ہو؛ مجرم ایک دفعہ ''بست'' کی پناہ میں آ جاتا تو پھر تعاقب کرنے والوں کے ساتھ گفت و شنید کر کے زرِ فدیہ طے کرنے کا مجاز تھا اور یوں ''بست'' سے نکلنے کے بعد وہ اپنی جان کی سلامتی خرید سکتا تھا ۔ ایران میں ''بست'' کا تصوّر بالخصوص ان مقامات سے وابستہ تھا : (۱) مساجد اور دوسری متبرّک عمارات، بالخصوص اولیاے کرام کے مزار (مثلاً کہا جاتا ہے کہ ۸۰۶ھ/ ۱۴۰۴ء میں تیمور نے اَرْدَبِیْل میں شیخ صَفی الدّین کے مزار کو، جو صفوی سلسلے کا بانی تھا، ''بَسْت'' کی حیثیت سے تسلیم کر لیا تھا)؛ (۲) شاہی اصطبل اور اس کے گھوڑے (مجرم گھوڑے کے سر یا دُم کے پاس کھڑا ہو کر جان کی امان طلب کر سکتا تھا)؛ (۳) توپ خانے کے قریب کی جگہ خصوصًا تہران کا ''میدان توپ خانہ'' ۔ شاردان Chardin کے بیان کے مطابق، آخری صفویوں کے عہد میں شاہی باورچی خانے (مطبخ) اور اصفہان میں عالی قاپو کے محل کا دروازہ بھی ''بَسْت'' تسلیم ہوتا تھا ۔ میلکم Malcolm کا کہنا ہے کہ مجتہدین کی اقامت گاہیں بھی بالعموم ''بست'' متصور ہوتی تھیں، اور ایک خاص مشہور و معروف مجتہد کا مکان تو اس کی موت کے بعد بھی ''بست'' تسلیم کیا جاتا رہا ۔ انیسویں صدی کے نصف آخر میں جب تار برقی مواصلات کا نظام جاری ہوا تو شروع میں تار گھروں کو بھی ''بست'' کا درجہ دیا گیا تھا ۔ ۱۸۸۹ء کے لگ بھگ ناصرالدین شاہ نے ''بَسْت'' کا دستور ختم کر دینا چاہا مگر اسے اس میں کامیابی نہ ہوئی ۔ (ناصرالدین شاہ [قاچار] نے ۱۸۹۱ء میں شاہ عبدالعظیم کے ''بَسْت'' کی جو بے حرمتی کی اس کی تفصیلات کے لیے دیکھیے مادۂ جمال الدین افغانی) ۔

موجودہ صدی میں ان واقعات کے دوران میں جنھوں نے ۱۹۰۶ء میں مظفّرالدین شاہ [قاچار] کو مجبور کر دیا کہ وہ ملک کو دستور اساسی عطا کرے تو ''بست'' کے دستور نے (جسے تحصّن بھی کہتے ہیں) بہت زیادہ اہمیت حاصل کر لی ۔ دسمبر ۱۹۰۵ء میں سوداگروں، علما اور طلاب کے ایک گروہ نے شاہ کو اپنی شکایات سننے پر مجبور کرنے کے لیے پہلے تو تہران کی مسجد جامع میں پناہ لی اور پھر اس مقدّس جگہ سے جبرًا نکالے جانے پر شاہ عبدالعظیم کی خانقاہ میں جو تہران سے جنوب و جنوب مشرق کی سمت میں چھے میل کے فاصلے پر واقع ہے ۔ ایک ماہ بعد شاہ کی طرف سے کچھ وعدوں اور یقین دہانیوں کے بعد یہ بستی خانقاہ سے نکل آئے ۔ دوسرا ''بست'' (جولائی ۱۹۰۶ء) میں پیش آیا، جب علما، تاجروں اور تجارتی انجمنوں کے ارکان کی سرکردگی میں کوئی بارہ ہزار آدمیوں نے تہران میں برطانوی سفارت خانے کے باغ میں پناہ لی اور آخرکار (اگست ۱۹۰۶ء میں) وہ لوگ شاہ سے دستور اساسی کے عطا کرنے کا وعدہ لینے میں کامیاب ہو گئے ۔ ملی مجلس شورٰی کے ارکان کے انتخابات کے سلسلے میں، جس کا پہلا اجلاس ۷ اکتوبر ۱۹۰۶ء کو ہوا، جو فسادات رونما ہوے ان کے دوران میں آئین پسندوں نے ایک بار پھر برطانوی سفارت خانے میں پناہ لی؛ صوبوں میں بھی آئین پسندوں نے برطانوی سفارت خانوں (بالخصوص تبریز اور کرمان شاہ کے) اور تار گھروں کو ''بست'' کے طور پر استعمال کیا ۔ [اسی طرح] جون ۱۹۰۷ء میں دستور کے مخالفین نے لوگوں کو آئینی تحریک کے خلاف مشتعل کرنے کی ناکام کوشش میں شاہ عبدالعظیم کی خانقاہ ہی کو ''بست'' بنایا تھا ۔

مآخذ : Sir John Chardin : *Voyages du*

marfat.com

Marfat.com

*Chevalier Chardin en Perse et autres lieux de l'Orient* (طبع Langlès)، پیرس ۱۸۱۱ء، ۷ : ۳۶۹ تا ۳۷۰؛ (۲) Sir John Malcolm : *History of Persia*، لنڈن ۱۸۱۵ء، ۲ : ۴۴۳ تا ۴۴۴؛ (۳) G.N. Curzon : *Persia and the Persian Question*، لنڈن ۱۸۹۲ء، ۱ : ۱۵۴ تا ۱۵۵، ۱۷۵، ۳۴۷، ۴۶۰؛ (۴) E.G. Browne : *The Persian Revolution of 1905-6*، کیمبرج ۱۹۱۰ء، ص ۱۱۲ بعد؛ (۵) V.Minorsky : تذکرۃالملوک، لنڈن ۱۹۴۳ء، ص ۱۸۹ تا ۱۹۰؛ (۶) مہدی ملک زادہ : تاریخ انقلابِ مشروطیّتِ ایران، تہران ۱۳۲۹ ھش / ۱۹۵۱ء، ۲ : ۱۴ بعد، ۱۴۰ بعد، ۱۹۰ بعد، ۲۰۹ بعد و تہران ۱۳۳۰ ھش/۱۹۵۲ء، ۳ : ۵۹ بعد، ۸۸ بعد.

(R. M. SAVORY)

⊗ **بُسْت جالندھر، دوآبہ** : رَكَ بہ دوآب.

* **بُسْت** : سِجِستان کا ایک ویران شہر، جس کے مرعوب کن کھنڈر عمارتوں کے دو بڑے مجموعوں، یعنی قلعۂ بُست اور لشکرِ بازار پر مشتمل ھیں ۔ یہ شہر افغانستان کے جنوب میں قندہار سے ھرات جانے والی شاھراہ کے قریب گِرشک سے جنوب مغرب میں رود ھلمند کے کناروں پر واقع ھے، جو اب غیر آباد ھے اور قریب ھی دریاے ھلمند اور دریارے اَرغنداب باھم مل گئے ھیں ۔ آج اس کی موجودہ تنہائی اورکس مپرسی کی حالت یقینًا ان حالیہ کوششوں کے باعث دُور ھو جائے گی جو اس علاقے کی نوآبادکاری کے سلسلے میں ھو رھی ھیں ۔ اپنی موجودہ حالت کے برخلاف یہ علاقہ قدیم زمانے میں بڑا خوشحال تھا اور ازمنۂ وسطٰی میں اپنی زرخیزی اور دو ندّیوں کے درمیان میوہ دار درختوں کے سیراب باغات کی وجہ سے مشہور تھا ۔ علاوہ ازین یہ ایک طرف خراسان یا فارس اور دوسری طرف سندھ کے درمیان کی، یا دوسرے الفاظ میں بغداد اور ھند کے درمیان کی شاھراہ پر یہ ایک منزل کا کام دیتا تھا اور عین اسی جگہ واقع تھا جہاں دریا، زَرَنج کی جانب بہتے ھوے جہازرانی کے قابل ھو جاتا ھے اورْ جہاں کشتیوں کا ایک پل بنا ھوا تھا ۔ پہلی صدیوں کے عرب جغرافیہ نویس جہاں اس کی اس بنا پر مذمّت کرتے ھیں کہ یہاں اکثر وبائی بیماریاں پھیلتی رھتی تھیں وھاں وہ اس کی تجارتی اور علمی سرگرمیوں اور اس کے گرد و نواح کے علاقے کی پیداوار کا بھی ضرور ذکر کرتے ھیں، جہاں میوہ دار درختوں، انگور کی بیلوں اور کھجور کے درختوں کی کاشت ھوتی تھی.

غالبًا یہ خوشحالی قدیم تر زمانے سے چلی آتی ھو گی لیکن بست کی ترقی کے ابتدائی مراحل کے بارے میں ٹھیک ٹھیک معلومات مفقود ھیں ۔ پارتھیوں (Parthians = اشکانیوں) کے زمانے میں اس کے وجود کی تصدیق ھوتی ھے البتہ اس کا پتا نہیں چلتا کہ جب صوبۂ سیستان کے لیے ساسانی فرمانرواؤں اور زابلستان کے Chionite-Hephtalite (چینی یفتلیوں کی نسل کے) حکمرانوں کے درمیان لڑائی ھوتی رھتی تھی تو اس صوبے میں بست کا کیا مقام تھا.

اسی طرح بُست کی تاریخ اس زمانے سے بھی کچھ الجھی ھوئی ھے جب شاید ۲۹ھ/ ۶۴۹ - ۶۵۰ء یعنی حضرت عثمانؓ کے عہدِ خلافت میں یا اغلب یہ ھے کہ ۴۳ھ/۶۶۳ء یعنی عہدِ بنی امیّہ کے آغاز میں اسے عبدالرّحمٰن بن سَمُرہ [رَكَ بآں] نے اسلامی سلطنت میں شامل کیا ۔ اس میں کوئی شبہہ نہیں کہ عربوں کی ابتدائی مہمّوں کی نوعیت ایسی تھی جن سے کوئی مستقل نتیجہ برآمد نہیں ھو سکتا تھا چنانچہ اس علاقے [کے حکمرانوں کی عہد شکنی کے باعث کئی مرتبہ اس کو اسلامی سلطنت میں شامل کیا گیا، دیکھیے البلاذری : فتوح] -

marfat.com
Marfat.com

پہلی صدی/ساتویں صدی کے نصف آخر میں ایسا معلوم ہوتا ہے کہ بُست کو اسلامی مقبوضات کی ایک ایسی سرحدی چوکی کی حیثیت حاصل ہو گئی جو مشرق کے متصلہ ممالک کے ان مقامی خود مختار حکمرانوں کے مقابلے کے لیے قائم کی گئی تھی جن کا لقب ''زُنْبِیل'' [رُتبیل ؟] تھا (R. Hartman ہارتمان) - قدیم مآخذ میں اس کے قرب و جوار میں ان موقعوں پر جنگی معرکوں کا ذکر ملتا ہے جب کہ اموی اور شروع کے عباسی خلفا نے سجستان کی مقامی بغاوتوں کو کچلنے یا خوارج کے فتنہ و فساد کو (جن پر تاریخ سیستان میں بڑا زور دیا گیا ہے) فرو کرنے کی غرض سے اپنے والی بھیجے، نیز حکم دیا کہ کابلستان کے فرمانروا سے جنگ یا گفت و شنید کی جائے - اس سلسلے میں ابن الأشعث [رکّ بآں] کی بغاوت کے حالات خاص طور سے ملتے ہیں، جو بُست میں واقع ہوئی اور جسے کچھ مدت بعد مَعْن بن زائدۃ الشّیبانی نے، اسی مقام پر ۱۵۶ھ/ ۷۷۳ء میں اپنی شہادت سے قبل فرو کیا - اگرچہ الیعقوبی اس زمانے میں بُست کی مقامی اہمیت کا ذکر کرتے ہوے بتاتا ہے کہ یہ صوبے کا سب سے بڑا شہر اور خوشحالی میں خراسان کا مدِ مقابل تھا اور اگرچہ ہم یہ بھی تصوّر کر سکتے ہیں کہ ان دنوں اس کا قلعہ عسکری نقطۂ نظر سے کس قدر اہمیت کا حامل تھا، پھر بھی ہمیں اس شہر کے نظم و نسق کے بارے میں کسی قسم کی تفصیلات دستیاب نہیں ہوتیں، حالانکہ وہ بظاہر ان دنوں، بالخصوص سیاسی لحاظ سے پُر آشوب ادوار میں، ایران اور وسط ایشیا کے دوسرے مقامات کی طرح نسبۃً خود مختار تھا.

آگے چل کر یعقوب بن اللّیث الصّفّاری نے ۲۵۷ھ/ ۸۷۱ء میں کابل پر قابض ہونے کے بعد اپنی مملکت کو بُست تک پھیلا لیا، چنانچہ اپنے مشرقی پڑوسیوں کے خلاف اس کی مہمات اور اس علاقے میں اس کے دوروں کے سلسلے میں بُست کا ذکر تاریخ سیستان میں چند بار آیا ہے - جب سامانیوں کا زمانہ آیا تو انھوں نے بھی یہاں اپنے قدم جمانے کی کوشش کی - مختلف مناقشوں اور ان کے سلسلے میں عسکری مہمات نے بست کے باشندوں کو دربارِ خراسان، نیز خلفاے بغداد کی جانب سے آئے ہوے سفیروں کا مخالف بنا دیا - لیکن درحقیقت اپنی تقریبًا ایک صدی تک کی انتہائی شاندار ترقی کے لیے بُست غزنویوں کا مرہونِ منت ہے جب اسے سُبُکْتگین نے ۳۶۶ھ/ ۹۷۶ء میں فتح کیا اور صوبہ زرنج سے علیحدہ کر دیا - بُست شاہانِ غزنہ کا ضمنی محل اقامت رہا . انھوں نے یہاں ایک مستقل چھاؤنی (العَسْکر) قائم کر رکھی تھی، جس کا المُقدّسی نے ذکر کیا ہے، اور البَیْہقی بیان کرتا ہے کہ بست میں کسی بادشاہ، مثلاً ۴۲۸ھ/ ۱۳۰۶ء میں مسعود اوّل، کے ورود پر کیسی کچھ گہما گہمی پیدا ہو جاتی تھی - سفیروں کو شرفِ باریابی بخشا جاتا، شکار کھیلا جاتا اور دریاے ہلمند کے کنارے مجالسِ طرب آراستہ ہوتیں - یہیں غزنوی فرمانرو عبدالرّشید کی فوجوں نے ۴۴۱ھ/ ۱۰۴۹ - ۱۰۵۰ء میں سلاجقہ کی پیش قدمی کو کامیابی سے روکا، جنھیں اس سے پہلے بھی علاقۂ مذکور کو فتح کرنے کی کوششوں میں متعدد بار ہزیمت اٹھانا پڑی تھی؛ لیکن ۵۴۴ھ/ ۱۱۴۹ء میں علاءالدین غوری کے ہاتھوں غزنہ کی غارت گری کے کچھ ہی عرصے بعد بست بھی فتح ہو گیا، اسے لُوٹا گیا اور شاہی محل نذر آتش کر دیے گئے اور یوں اس شہر کے زوال کا آغاز ہو گیا، جس کی صداے باز گشت اُس زمانے کے جغرافیہ نویس یاقوت [کی معجم البلدان] کے صفحات میں سنائی دیتی ہے .

marfat.com
Marfat.com

پھر بھی اس زمانے میں بست پوری طرح برباد نہیں ھوا تھا - غزنویوں کے پرانے محلات کی جلد ھی مرمت ھو گئی اور اس علاقے میں غوریوں کے مقرر کردہ والیوں اور آگے چل کر خوارزم شاھی والیوں نے انھیں نئے سرے سے آباد کر دیا - شہر کے لیے مختلف معرکے اور لڑائیاں ھوئیں مگر اس دوران میں اس کا وجود بدستور قائم رہا - دوسری چیزوں کے علاوہ اس بات کی تصدیق سب سے زیادہ یہاں کی قبور کے تعویذوں سے ھوتی ھے جنھیں بڑی خوبصورتی سے بنایا گیا ھے اور جو چھٹی صدی/ بارھویں صدی سے لے کر ساتویں صدی/تیرھویں صدی کے نصف اول تک کے زمانے سے تعلق رکھتے ھیں - ان پر اھم لوگوں کے القاب کندہ ھیں اور اس میں شک نہیں کہ یہ لوگ بیک وقت ایسے دینی اور دنیوی اقتدار کے مالک تھے جو خالصًا مقامی نوعیت کا تھا - بہر حال ۶۱۸ھ/ ۱۲۲۱ء کے قریب مغول کے حملے اور آٹھویں صدی / چودھویں صدی کے آخر میں تیمور کے لشکروں کے گزرنے کے سلسلے میں جو تباھی مچی اس نے بُست کو بالآخر بالکل اجاڑ دیا اور اس کی مزروعہ اراضی کو صحرائی چراگاھوں میں تبدیل کر دیا - صرف اس کا قلعہ باقی بچا جو ایران کے خلاف ھندوستان کے سلاطینِ مغلیہ کی جنگوں کے دوران میں کام آتا رہا اور اس زمانے میں اس کی عمارت میں ردّ و بدل بھی عمل میں آیا جو ابھی تک نمایاں ھے تا آنکہ ۱۷۳۸ء میں نادر شاہ نے اس کے برج و بارہ کو تڑوا دیا۔

بست کی تاریخ سے متعلق اب بعض حقائق منظر عام پر آئے ھیں بالخصوص جب سے Schlumberger نے اکتشافات کیے اور آثار قدیمہ کے فرانسیسی وفد نے افغانستان میں جا کر قدیم عمارتوں کے ایک ایسے مجموعے کا بڑی احتیاط سے معائنہ کیا جو اب تک دریافت نہیں ھوا تھا اور سابقہ تفتیش کرنے والوں نے شاید ھی اس کا ذکر کیا تھا - یہاں کھنڈروں کا ایک میدان سات کیلومیٹر لمبا اور بعض مقامات پر دو کیلومیٹر چوڑا ھے - پہلے اس کے صرف جنوبی سرے ھی پر توجہ کی گئی تھی اب ان کھنڈروں کے شمال میں فصیل شہر اور اس کے قلعے کے آثار اور ''قوس بست'' کا بلند یک رخی منظر نیز خود قصر شاھی اور اس جگہ کی دریافت عمل میں آ گئی ھے جسے عرب مصنّفین 'العسکر' اور فارسی کتابوں کے لکھنے والے 'لشکر گاہ' کے نام سے یاد کرتے رھے ھیں - اس کے تین یادگار محل — جن کے گرد کسی زمانے میں باغ تھے اور جن کے آثار آج بھی بلند فصیلوں کی شکل میں نظر آتے ھیں — اور شہر کی معتدل آب و ھوا غزنویوں کے اس ثانوی دارالحکومت کی دل کشی کا اصل سبب تھے - یہ محل ''شاھی شہر'' کے احاطے کے اندر بنے ھوے ھیں اور ان میں خاص طور پر جنوبی قصر متعدّد کھدائیوں کی وجہ سے اب قریب قریب بالکل صاف کر لیا گیا ھے - اس قصر کے سامنے ایک وسیع ھموار میدان ھے جس میں ایک بڑی مسجد کا دروازہ کھلتا ھے - اس قصر تک نصف کیلومیٹر لمبی ایک سڑک گئی ھے، جس کے دونوں طرف ستون دار برآمدوں کے پیچھے، دکانوں کی قطاریں ھیں - قصر میں ایک مرکزی صحن کے گرد چار ایوان اور ''بُیوت'' کی شکل میں کمروں کے مجموعے ھیں - ان میں سے بعض کمرے زیادہ وسیع اور پُر تکلّف بنے ھوے ھیں - اس کھدائی سے محض عمارت کے نقشے کی مخصوص تفصیلات ھی منظر عام پر نہیں آئیں بلکہ بلند تر حصوں کے گرنے سے مٹی کے جو ڈھیر لگے ھوے تھے (عمارت زیادہ تر ناھموار اینٹوں کی بنی ھوئی ھے) ان کے اور دو متواتر آتش زدگیوں کے باوجود جن کے

marfat.com
Marfat.com

آثار عمارت میں ابھی تک نمایاں ہیں، اس کی بیرونی اور بالخصوص اندرونی آرائش کے اہم عناصر کا پتا چلانا بھی ممکن ہو گیا ہے - اس آرائش کے نیچے ننگی اینٹیں ہیں، مٹی یا پلستر میں ابھرے ہوے نقوش اور دیواری رنگین تصویریں ہیں جن میں سے ایک میں آدمی دکھائے گئے ہیں - آثار قدیمہ کی ان مرتسم شہادتوں کا بعض دوسری تعمیرات سے موازنہ کرنے سے مفید نتائج نکل سکتے ہیں - مثلاً ازمنۂ وسطٰی کے ایران کی شہری تعمیرات کے اس عدیم المثال نمونے کا بغداد اور سامرّا کی ان عمارتوں سے مقابلہ جو عباسی خلفا کے ابتدائی دور کی یادگار ہیں - الغرض لشکر بازار کے کھنڈروں سے پانچویں صدی / گیارھویں اور ساتویں صدی / تیرھویں صدی کے درمیانی زمانے میں بُست اور اس کے 'شاہی مضافات' کی شان و شوکت سے متعلق جو ناقابلِ تردید شہادت ملتی ہے وہ ایک دور افتادہ صوبے میں فن اسلامی کے مؤرخ کے لیے بڑے فکر افروز درس کی حامل ہے.

**مآخذ**: (۱) الاصطخری، ص ۲۴۴؛ (۲) المقدسی، ص ۳۰۴ تا ۳۰۵؛ (۳) الیعقوبی: بلدان، ص ۲۸۱، ۲۸۵ (نیز رک بہ BGA، بمدد اشاریہ)؛ (۴) یاقوت، ۱: ۶۱۲؛ (۵) حدود العالَم، بمدد اشایہ؛ (۶) Le Strange، ص ۳۴۴؛ (۷) J. Marquart: *Ērānšahr*، برلن ۱۹۰۱ء، بمدد اشاریہ؛ (۸) البلاذری: فتوح، ص ۳۹۴، ۳۹۶، ۳۹۷، ۳۹۹، ۴۰۱؛ (۹) العتبی: کتاب الیمینی، مطبوعۂ لاہور، ص ۱۷ تا ۱۹، ۱۰۱ تا ۱۰۲ (تب مترجمۂ J Reynolds، لنڈن ۱۸۵۸ء، ص ۲۶ بعد، ۲۷۱ بعد)؛ (۱۰) طبقاتِ ناصری، ترجمۂ Raverty، کلکتہ ۱۸۷۳ تا ۱۸۸۱ء، ص ۲۱، ۴۲، ۷۴، ۹۹، ۱۱۱، ۱۳۲ حاشیہ ۹، ۱۹۴، ۲۸۷، ۳۱۷، ۳۱۸ حاشیہ ۶، ۳۵۵، ۳۶۲، ۴۲۱، ۴۲۲، ۴۴۳؛ (۱۱) البیہقی: تاریخ مسعودی، مطبوعۂ تہران ۱۹۴۷ء، ص ۱۶۶، ۴۰۳، ۶۱۲ بعد؛ ۶۲۲ تا ۶۲۳؛ (۱۲) تاریخ سیستان، طبع بہار، تہران ۱۹۳۶ء، بمواضع کثیرہ؛ (۱۳) *Pauly-Wissowa*، بذیل مادہ Bist؛ (۱۴) Caetani: *Chronographia*، ص ۱۶۱، ۲۸۳؛ (۱۵) R. Ghirshman: *Les Chionites-Hephtalites*، قاہرہ ۱۹۴۸ء، ص ۱۱۳ تا ۱۱۴؛ (۱۶) W. Barthold: *Turkestan*، بمدد اشاریہ؛ (۱۷) B. Spuler: *Iran in Früh-islamischer Zeit*، Wiesbaden ۱۹۵۲ء؛ (۱۸) M. Nazim: *The life and Times of Sultan Mahmud of Ghazna*، کیمبرج ۱۹۳۱ء، بمدد اشاریہ؛ (۱۹) H.W. Bellew: *From the Indus to the Tigris*، لنڈن ۱۸۷۴ء، ص ۱۷۲؛ (۲۰) O. von Niedermayor: *Afghanistan*، لائپزگ ۱۹۲۴ء، ص ۶۷ تا ۶۸؛ (۲۱) D. Schlumberger: *Le Palais ghaznévide de Lashkari Bazar*، در *Syria*، ۲۹، ۱۹۵۲ء: ۲۵۱ تا ۲۷۰؛ (۲۲) J. Sourdel-Thomain: *Stèles arabes de Bust*، در *Arabica*، ۳، ۱۹۵۶ء: ۲۸۵ تا ۳۰۶؛ (۲۳) D. Schlumberger: *Lashkari Bazar, une résidence royale ghaznevide*، در *Mem. Déleg. Arch. fr. en Afghanistan*، ج ۱۷.

(J. Sourdel-Thomine)

* **بُستان**: رک بہ باغ؛ بوستان.

* **بُسْتانْجی**: (بُوستان جی، فارسی لفظ بُوستان= 'باغ' سے) قدیم سلطنت عثمانیہ کے نظام میں یہ نام ان لوگوں کو دیا جاتا تھا جنھیں سلطان کے محلات کے پھولوں اور سبزیوں کے باغات نیز ناؤگھروں اور کھینے کی کشتیوں کی دیکھ بھال اور انتظام کے سلسلہ میں ملازم رکھا جاتا تھا - جب تک قانون دیو شیرمہ، (جبریہ بھرتی) [رک باں] پر عمل رہا یہ لوگ اسی کے تحت بھرتی کیے جاتے تھے - بُستانجیوں کے دو جداگانہ اوجق (= اوجاق یعنی گروہ، برادری) تھے، جن میں سے ایک استانبول میں اور دوسرا ادرنہ (ایڈریانوپل) میں تھا -

Marfat.com

اور ان کا سردار بستانجی باشی ہوتا تھا ۔ بستانجی کے دو اوجاقوں میں، زبردستی بھرتی کیے ہوے لوگوں میں صرف وہ قبول کیے جاتے جو سب سے زیادہ قوی اور جاندار ہوتے تھے، خواہ براہ راست بھرتی ہوں یا عجمی اغلان [رک باں] کے گروہ سے لیے جائیں ۔ بستانجیوں کے گروہ میں نو مدارج ہوتے تھے ۔ نئے بھرتی کیے ہوے جوان اپنی کمر کے گرد ایک پٹکا باندھتے جو ان کی سرکاری وردی کے حاشیے (بیلک) سے بنا ہوتا تھا مگر جو سب سے اونچے درجے کے بستانجی ہوتے تھے وہ ایک سبز پٹی لگاتے تھے جو ''مقدم'' کہلاتی تھی ۔ جب بستانجیوں کی معینہ مدت خدمت پوری ہو جاتی تھی تو انھیں کو ترقی دے کر ینی چریوں کے اوجاق میں داخل کر دیا جاتا تھا ۔ ہر شخص کو ترقی کے وقت ایک ہزار آقچہ ضروری سامان کی تیاری کے لیے ملتے تھے ۔ سترھویں صدی کے اواخر اور اٹھارھویں صدی میں ایسی صورتیں بھی پیش آئیں کہ بستانجیوں کو قپی قولی کے سواروں کے اوجاق (لشکر) میں لیا گیا ۔ ان سے شاہی محل کے اندر اور باہر دونوں جگہ کام لیا جاتا تھا ۔ کچھ براہ‌راست پھولوں اور سبزیوں کے باغات، کشتی گاھوں یا ان سے متعلقہ امور میں مشغول تھے ۔ کچھ ایسے بھی تھے جن سے سلطان کی جاگیروں میں کام لیا جاتا، مثلاً اماسیہ، منسہ، برسہ اور ازمید [= ازنقمید، نقومیدیہ، ازمیت] میں، علاوہ ان خدمات کے جن کا اوپر ذکر ہوا، استانبول کے بستانجیوں کو کچھ اور خدمات بھی سپرد کی جاتی تھیں، جیسے محل سلطانی کی چوکیداری، سلطانی محلوں اور مسجدوں کے لیے سامان تعمیر لانا اور لے جانا اور ان کشتیوں میں کام کرنا جن میں اطراف ازمید سے شہتیر لائے جاتے تھے (۷ قانون نامۂ آل عثمان، طبع عارف بے، در *TOEM*، ضمیمہ ۲ : ۲۵) ۔ بستانجیوں کے قبض الوصول یا تنخواہ کے سیاھوں میں دو قسمیں دکھائی گئی ہیں: غلمان باغچی خاصہ (نجی باغات کے چھو کرے) اور غلمان بستانیان (باغ کے چھو کرے) ۔ ۹۸۴ھ/۱۵۷۶ء کی تنخواہ کے ایک سیاھے میں جو آدمی سلطان کے نجی باغوں میں ملازم تھے ان کے بیس بلوک (böluks) [رک باں] (= حلقے) اور جو سبزی کے باغوں میں کام کرتے تھے ان کی پچیس جماعتیں درج ہیں ۔ اس زمانے میں چھے سو پینتالیس بستانجی نجی باغوں میں اور نو سو اکہتر سبزی ترکاری کے باڑوں میں کام کر رہے تھے ۔ ۱۱۷۳ھ / ۱۷۶۰ء اور ۱۱۹۲ھ / ۱۷۷۸ء کے قبض الوصول سے ظاہر ہوتا ہے کہ نجی باغات میں بیس بلوک تھے اور چونسٹھ جماعتیں باہر کے پھولوں اور سبزی کے باغوں میں کام کرتی تھیں ۔ بستانجیوں کو ان مقامات کے امن و انتظام سے بھی تعلق تھا جہاں کے باغوں میں وہ کام کرتے تھے ۔ ہر ایک ضلع میں ان کی ایک جماعت ہوتی تھی جس کے سردار کو استا (= استاد) کہتے تھے ۔ یہ استا ضلع کے حکام پولیس کے سے فرائض انجام دیتے تھے ۔ جو استا بستانجیوں کے اوجاق کے چار بالطہ جی (Baltadjis) [رک باں] میں سے مقرر کیے جاتے تھے ۔ استا کدی کویو یا استابیک سے مراد ان باغوں کے استا ہیں جو ان ضلعوں میں واقع تھے ۔ ہر استا کے عملے میں بیس سے تیس تک بستانجی ہوتے تھے اور ان کی تعداد ضلع کی حیثیت پر موقوف تھی ۔ کشتی گاھوں اور کھینے والی کشتیوں کے بستانجی اس خدمت کے لیے خاص طور پر چنے جاتے تھے اور سلطان کی چوبیس چپو والی خاص کشتی کے ملاح حملجی باشی (صدر ملاح) کے ماتحت کشتی چلاتے تھے ۔ Thevenot کہتا ہے جب کبھی سلطان کوئی بحری سفر یا دورہ کرنا چاہتا تھا تو عموماً عجمی اغلان، دائیں طرف کے چپوؤں پر اور ترک لڑکے

marfat.com
Marfat.com

بائیں طرف کے چپوؤں پر مامور ہوتے تھے۔

بستانجی جن پھولوں اور سبزیوں کے باغوں کا انتظام کرتے تھے ان کا حساب ہر سال نومبر میں سلطان کے سامنے بستانجی باشی کے ذریعے سے پیش ہوتا تھا اور ان کی آمدنی سلطان کے ذاتی خزانے میں داخل کی جاتی تھی۔ اس رقم میں سے ایک تھیلی (پانچ سو پیاسٹر کی) بستانجیوں کو عطا کی جاتی اور ایک تھیلی داؤد پاشا کی مسجد کے 'وقف' میں شامل ہو جاتی تھی۔ اس طریقے سے جب مالی حساب پیش ہوتا تھا تو سب سے زیادہ قدیم الخدمت بارہ بستانجیوں کو تاحیات حق ملکیت کی بنا پر جائداد عطا کی جاتی تھی اور انھیں ترقی دے کر ''قپی قلس'' کے سواروں کے اوجاق یا متفرقہ [رک باں] کی صف میں داخل کر دیا جاتا تھا۔

جب کبھی موقع آ پڑتا تھا بستانجیوں کو جنگی مہمات میں بھی بھیج دیا جاتا تھا؛ مثلاً ۱۱۵۲ھ / ۱۷۳۹ء میں تین ہزار بستانجی جہاز پر سوار کرا کے روسیوں کے خلاف لڑنے کے لیے ''بندر'' Bender بھیجے گئے (دیکھیے صبحی: تاریخ، ص ۱۲۷)۔

بستانجیوں کی تعداد وقتاً فوقتاً بدلتی رہتی تھی۔ سولھویں صدی کے شروع میں تین ہزار تین سو چھیانوے، وسط صدی میں دو ہزار نو سو سینتالیس اور صدی کے آخر میں ایک ہزار نو سو اٹھانوے تھی۔ اٹھارھویں صدی کے شروع میں دو ہزار چار سو بستانجی تھے۔

ادرنہ کے بستانجیوں کے جداگانہ اوجاق کی اپنی الگ تنظیم تھی۔ اس کی تعداد استانبول کے اوجاق والوں سے بہت کم تھی: سترھویں صدی کے شروع میں چار سو پینتالیس، صدی کے آخر میں سات سو اکاون اور اٹھارھویں صدی کے شروع میں بھی اتنے ہی تھے۔ ادرنہ میں سلطان کے نجی باغوں میں ان کے دس بلوک کام کرتے تھے اور یہ ان کے علاوہ تھے جو دوسرے تین باغوں میں ملازم تھے۔ بستانجی سر پر ٹوپ اوڑھا کرتے تھے، جسے برتہ کہتے تھے۔ ان میں وہ جو اصل میں دیو شرمی (جبریہ بھرتی کیے ہوؤں) میں سے لیے جاتے تھے ناکدخدا ہوتے تھے۔ آگے چل کر شادی کی اجازت ہو گئی تھی۔ اپنے سرداروں یا بستانجی باشیوں کے علاوہ ان کے دوسرے عامل بھی ہوتے تھے جو ان کے کدخدا، خاصکی آغا، حملجی، قراقلق، بش تبدیل اور اداباشی کہلاتے تھے۔ اوجاق کے چار قدیم الخدمت افراد ''بالطه جی'' کہلاتے تھے۔ کبھی کبھی بستانجیوں نے فوجی شورشوں میں بھی حصہ لیا، اس لیے سلطان کو ان پر بھروسا نہیں رہا تھا۔ اسی بنا پر احمد ثالث نے مجبور ہو کر ان کے درمیان کچھ تبدیلیاں کیں۔ سلیم ثالث کے قاتلوں میں ایک بستانجی شامل تھا، جسے ''دلی'' (Deli = دل چلا) مصطفی'') کہتے تھے۔ بستانجی فوج کی نئی انتظامی تدابیر کے بھی خلاف تھے جنھیں نظام جدید اور سکبان جدید کہا جاتا تھا۔ جب ینی چریوں کا لشکر موقوف کر دیا گیا اور نئی عثمانی فوج (عساکر منصورہ) کی تنظیم میں توسیع ہوئی تو اس فوج نے ضلعوں کا انتظامی کام، جو پہلے بستانجیوں کے سپرد تھا، سنبھال لیا اور بستانجیوں کا کام اب صرف باغبانی اور رات کا چوکیدارہ رہ گیا۔ محرم ۱۲۴۲ھ / اگست ۱۸۲۶ء سے بستانجی نئی تنظیم میں داخل کر لیے گئے۔ جدید قانون کی رو سے ایک ہزار پانچ سو آدمی بستانجیوں میں سے انتخاب کر کے ایک بن باشی (= میجر) کے ماتحت رکھے گئے۔ انھیں قصر شاہی اور اس کے اطراف (اورتا کوے اور دلماباغچہ) کی حفاظت کا کام سونپ دیا گیا۔ اسی گروہ سے

Marfat.com

اس محافظ فوج کی ابتدا ہوئی جسے عثمانی عہد میں خاصہ عسکری کہتے تھے - ان کی نگرانی کے لیے ایک وزارت قائم کی گئی جس کا نام وزارت بوستانیان خاصہ (= سلطانی بُستانجی) رکھا گیا - ساتھ ہی اِدرنہ کے بستانجیوں کے اُوجاق کو موقوف کر دیا گیا.

**مآخذ:** (۱) ایوبی اِفندی: قانون نامہ (ایک نجی کتبخانے میں)؛ (۲) نعیما: تاریخ، ۴: ۳۸۶؛ (۳) راشد: تاریخ، ۳: ۸۵، ۸۹؛ (۴) صُبحی: تاریخ، ص ۱۲۷؛ (۵) لطفی: تاریخ، ۱: ۲۰۰؛ (۶) ایک دستاویز جس میں مصطفٰی ثانی کا حوالہ دیا گیا ہے (باش وکالت ارشیوی، Amīri's Classification No. 14954)؛ (۷) حاسب اِفندی، وزیر سلطانی بوستانجی، بوستانجی باشی اور عثمان خیری آغا، بابت تنظیم اُوجاق بوستانجی (باش وکالت ارشیوی)، قانون متعلق (اُوجاق باش وکالت ارشیوی، cupboard عدد ۴، خانہ عدد ۹۲)؛ (۸) Artisan's Register (اہل صنعت دفتری) باش وکالت ارشیوی، در Kamil's classification؛ (۹) Chalcondyle: *Hist. Gérérale des Turcs* (پیرس ۱۶۶۲ء، شعبہ متعلق تنظیم)؛ (۱۰) Rycaut: *History of the Present state of the Ottoman Empire*؛ (۱۱) *Le vogage de M. d'Aramon* (طبع Schefer، پیرس ۱۸۸۷ء)، ص ۳۹؛ (۱۲) A. Ollivier: *Voyage dans l'Empire Ottoman* (۱۸۰۱ء، جلد ۱، کراسہ ۴)؛ (۱۳) اِندرونی عطا: تاریخ، ج ۱؛ (۱۴) غلمان عجمیان معاش اِجمالری (اختصارات قبض الوصول عجمی اُوغلان)، (باش وکالت ارشیوی)؛ (۱۵) M. Thévenot: *Relation d'un voyage fait au Levent* (۱۶۶۳ء)، ص ۱۱۴ وغیرہ؛ (۱۶) Gibb-Bowen: ۱/۱، بمدد اشاریہ.

(اسمٰعیل حقی اوزون چارشیلی)

**بُستانجی باشی:** بُستانجیوں [رک بآں] کے اُوجاق [رک بآں، در وَآ، لائڈن، بار دوم] کا افسرِ اعلٰی - اس کی جمعیت متعدّد طبقوں کے بستانجیوں پر مشتمل تھی - یالی کوشک [رک بہ استانبول] اس کی قیام گاہ تھی، جو استانبول میں راس سراجلیو (Seraglio Point) پر واقع تھی - چونکہ اس کے ذمے شاخِ زریں، بحیرۂ مار مورا اور باسفورس کے سواحل کا انتظام تھا اس لیے وہ ایک کشتی میں اپنے تیس آدمیوں کے ہمراہ ان سواحل کی گشت کرتا اور استانبول کے نواحی دیہات اور جنگلات کا بھی معائنہ کرتا رہتا تھا - جب سلطان چپوؤں والی کشتی میں سفر کرتا تو پتوار پکڑنے کا اعزاز بُستانجی باشی کو حاصل ہوتا تھا (قانون نامۂ آلِ عثمان، در *TOEM*، ضمیمہ ۲: ۲۴) - اسی کی بدولت اسے سلطان سے تنہائی میں بات چیت کرنے کا موقع مل جاتا تھا اور وہ سلطان کو حسب دلخواہ جھوٹی سچی خبریں سنا سکتا تھا - یہی وجہ تھی کہ تمام عمائدینِ سلطنت منجملہ صدر اعظم، اپنا بھلا بُستانجی باشی کو خوش رکھنے ہی میں سمجھتے تھے - جب کبھی سلطان محل سے باہر جاتا تو بستانجی باشی اس کا بازو یا اس کی رکاب تھامنے کا مجاز ہوتا تھا.

بُستانجیوں کے اُوجاق ہی کا کوئی فرد ترقی پا کر بُستانجی باشی کے منصب پر فائز ہوتا تھا اور اُوجاق والے ایسا کبھی نہ ہونے دیتے کہ کوئی باہر والا یہ عہدہ حاصل کرے، خواہ وہ اِدرنہ کے اُوجاق کا رکن ہی کیوں نہ ہو - ۱۰۷۲ھ / ۱۶۶۱ء میں، جبکہ فاضل احمد پاشا کا دورِ وزارت تھا، ایک بار سلطان محمد رابع کو اِدرنہ سے استانبول کی جانب سفر کرتے وقت راستے میں شکار کے لیے زیادہ جانور نہ ملے - غضبناک ہو کر اس نے شعبان آغا بُستانجی باشی کو اس کے عہدے سے برطرف کر دیا اور اس کی جگہ اِدرنہ کے بُستانجی

marfat.com
Marfat.com

باشی بدر سنان آغا کو دے دی ۔ اس پر قدیم تجربہ کار بستانجیوں نے احتجاج کیا اور دلیل پیش کی کہ کسی اور اوجاق سے سردار مقرر کرنا معمول کے خلاف ہے (سلاح دار: تاریخ، ۱ : ۲۲۳)۔

بستانجی باشی ہر موسم بہار میں استانبول کے کاغد خانہ (= یورپ کے میٹھے پانیوں) کی ضیافتِ شاہانہ کے موقع پر سلطان کی تفریح و تفنّن کا سامان کیا کرتے تھے (واصف : تاریخ، ۱ : ۱۳)۔ بستانجی باشی کو جب کسی بیرونی عہدے پر مقرر کیا جاتا تو اسے عموماً قپوجی باشی یا سنجاق بے کا درجہ دیا جاتا ۔ جس پر سلطان کی خاص نظر عنایت ہوتی تھی وہ بیگلر بے کا مرتبہ پا جاتا تھا ۔ آگے چل کر قواعدِ تنظیم کی پابندی کم ہو گئی تو ایسی صورتیں بھی پیش آئیں کہ بستانجی باشی کا تقرر صدر اعظم کے عہدے تک ہونے لگا ۔ ایسے خوش نصیبوں میں مندرجۂ ذیل قابلِ ذکر ہیں : درویش پاشا، حسن پاشا، توپل رجب پاشا، مولدوانجی علی پاشا، حافظ پاشا، اسمٰعیل پاشا اور عبداللہ پاشا۔

بستانجی باشی صرف بستانجیوں کے سردار ہی نہیں ہوتے تھے بلکہ طوپ قپی، یالی کوشک، سپتچہ لر، صوغوق چشمہ، باغچہ لر، اشلمہ جیلر Islemecilar، بامیہ جی لر Bamyacilar، کوش خانہ Kuşhâne، گل خانہ Gülhane، انجیلی Incili، طولاب دغرمان Dolap-Değirman، بالق خانہ Bali Khân، مزبلہ کشان (Mezbele-Keşân)، وغیرہ کے اوجاقوں کے نگران بھی ہوتے تھے ۔ اندرونی عطا کا کہنا ہے کہ یہ ذمے داری قصر شاہی کے بعض مشغول عہدہ داروں مثلاً سلاحدار (= اسلحہ خانے کا افسر)، چغہ دار (= توشک خانے کا افسر، اور قپو آغاسی (= صدر فرنگی خواجہ سرا) اور قپوجیلر کتخداسی (شاہی پہرہ داروں کا افسر) نے بستانجی باشی کے سپرد کر دی تھی ۔ مزید برآں خاصکی، یعنی سلطان کے ذاتی حفاظتی دستے کے ارکان بھی بستانجی باشی کے ماتحت ہوتے تھے ۔ بستانجی باشی کے زیر کمان اوجاقوں میں سے بالق خانہ (= مچھلی منڈی) کا اوجاق بہت بدنام تھا ۔ جن وزرا یا وزرائے اعظم کو جلاوطنی یا موت کی سزا دی جاتی تھی انہیں وہیں بھیجا جاتا تھا ۔ اوجاق میں نظر بند وزیر اعظم کی قسمت کا فیصلہ شربت کے اس رنگ سے معلوم ہو جاتا تھا جو انہیں بستانجی باشی پیش کرتا تھا ۔ سفید شربت کے معنی جلا وطنی اور سرخ شربت کے معنی موت کے ہوتے تھے ۔

ـــ کبھی بستانجی باشی کو معزول یا تبدیل کیا جاتا تو اس کی جگہ بستانجیوں کے کدخدا (= منتظم) یا خاصکیوں کے آغا (= کماندار) کو متعین کیا جاتا تھا ۔ مگر بعض اوقات اس قاعدے کو نظر انداز بھی کر دیا جاتا تھا ۔ جب کسی نئے بستانجی باشی کا تقرر عمل میں آتا تو دستور تھا کہ اسے وزیر اعظم کے روبرو خلعت پہنایا جاتا (عزّی : تاریخ، ص ۱۱۰)۔ استانبول میں بستانجی باشیوں کی ساحلی اقامت گاہوں کا ایک رجسٹر محفوظ ہے ۔

ادرنہ کا بستانجی ادرنہ اور اس کے گرد و نواح میں نظم و ضبط کا ذمے دار تھا ۔ یہ شہر سلطنت کا دوسرا صدر مقام ہونے کی وجہ سے روم ایلی کے والی کی عمل داری میں نہ تھا بلکہ اس کی حکومت براہ راست بستانجی باشی کے ہاتھ میں ہوتی تھی ۔ اس کے قبضے میں آمدنی کے بہت سے وسائل تھے اور اسے بڑی بڑی بدعنوانیوں کے مواقع میسر تھے، مثلاً نئے بھرتی کیے ہوئے جوانوں سے روپیہ لے کر ان کے عوضی قبول کر لیے جاتے تھے ۔

**مآخذ**: (۱) سلاح دار: تاریخ، ۱ : ۲۲۳ و ۲ :

marfat.com
Marfat.com

۳۴۴؛ (۲) واصف: تاریخ، ۱: ۱۳؛ (۳) رشید: تاریخ، ۳: ۸۹، ۱۴۴ و ۵: ۹۰؛ (۴) رشید و چلبی زادہ: تاریخ، ص ۶۱، ۱۷۱، ۳؛ (۵) عزی: تاریخ، ص ۲۳۶، ۲۸۷؛ دیگر تصانیف کے لیے دیکھیے ماخذ بذیل مادۂ بستانجی.

(اسمٰعیل حقی اوزون چارشیلی)

* **بُستان زادہ**: [بوستان زادہ] عثمانی علما کے ایک گھرانے کا نام، جس نے سولھویں صدی عیسوی کے دوران اور سترھویں صدی عیسوی کے اوائل میں کسی قدر ناموری حاصل کی تھی.

(۱) مصطفٰی بن محمد

(۲) محمد — (۳) مصطفٰی

(۴) مصطفٰی — (۵) یحیی

(۱) مصطفٰی افندی اس گھرانے کا بانی تھا - وہ ولایتِ آیدین کے شہر تیِرہ میں پیدا ہوا - اس کا سال پیدائش ۹۰۴ھ / ۱۴۹۸ - ۱۴۹۹ء اور عرف ''بستان'' یا ''بوستان'' تھا؛ اس کے والد محمد کا پیشہ تجارت تھا (عطائی کی کتاب کے متن میں نیز اس کے کتبۂ مزار پر، جو استانبول کے ترک اسلام عصرلری موزہ سی میں محفوظ ہے، اسی طرح لکھا ہے - عطائی کے ہاں جو عنوان ''مصطفٰی بن علی'' دیا گیا ہے وہ بلا شبہہ غلط ہے اور اس میں اس کے ہمنام مصطفٰی المعروف بہ کوچک بستان سے التباس ہو گیا ہے؛ عطائی، ص ۱۳۲؛ قب Hüseyin Gazi Yurdaydin، در *Bell.*، ۱۹ (۱۹۵۵ء): ۱۸۹، حاشیہ ۱۳۶) - مصطفٰی افندی اپنے مولد اور استانبول میں مختلف اساتذہ سے تعلیم حاصل کرنے کے بعد برابر تعلیمی اور عدالتی خدمات پر مامور رہا اور ۹۵۴ھ/۱۵۴۷ء میں آناطولی کا قاضی عسکر اور تھوڑے ہی دن بعد روم ایلی کا قاضی عسکر مقرر ہو گیا - ۹۵۸ھ / ۱۵۵۱ء میں اس کی ملازمت ختم کر دی گئی، جس کا سبب یہ ہوا کہ اس نے ایک مقدمے کا فیصلہ وزیراعظم رستم پاشا کی خواہش کے خلاف کر دیا - اگرچہ بعد کی تحقیقات میں اسے بے قصور قرار دیا گیا، لیکن اپنے عہدے پر بحال نہ کیا گیا - ۲۵ رمضان ۹۷۷ھ / ۳ مارچ ۱۵۷۰ء کو اس نے وفات پائی (اس کے کتبۂ مزار پر یہی لکھا ہے، عطائی نے تاریخ وفات ۲۷ رمضان ۹۷۷ھ لکھی ہے؛ عثمانلی مؤلفلری میں اس کی وفات ۹۶۸ھ قرار دی گئی ہے) - تفسیر القرآن اور دینیات سے متعلق اس کی متعدد تصانیف ہیں، جن میں بعض کے قلمی نسخے استانبول کے کتب خانوں میں محفوظ رہ گئے ہیں - حال ہی میں یہ خیال ظاہر کیا گیا ہے کہ سلیمان نامہ، جسے فردی کی طرف منسوب کیا جاتا تھا، اسی کی تصنیف ہے (Yurdaydin، در *Bell.*، ۱۹ (۱۹۵۵ء): ۱۳۷ ببعد).

**مآخذ**: (۱) عطائی: ذیل الشقائق، ص ۱۲۹ ببعد؛ (۲) Yurdaydin: کتاب مذکور، ص ۱۸۹ ببعد؛ (۳) عثمانلی مؤلفلری، ۱: ۲۵۳؛ (۴) سجل عثمانی، ۴: ۳۳۶.

(۲) بُستان زادہ محمد افندی: سابق الذکر کا فرزند، ۹۴۲ھ / ۱۵۳۵ - ۱۵۳۶ء میں پیدا ہوا اور اکیس ہی سال کی عمر میں فارغ التحصیل ہو کر ''ملازمت'' [رک بآں، در لوؔ، لائڈن، بار دوم] حاصل کر لی - پہلے مختلف تدریسی خدمات پر فائز رہا، پھر ۹۸۱ھ / ۱۵۷۳ء میں اس نے تعلیم و تدریس کو خیرباد کہا اور ''علمیہ پیشے'' کی عدالتی شاخ میں شامل ہو کر قاضی دمشق مقرر ہو گیا - اس کے بعد اس نے بڑی تیزی سے ترقی کی؛ بروسہ [= برسہ، رک بآں] اور ادِرنہ میں قاضی رہنے کے بعد وہ ۹۸۴ھ / ۱۵۷۶ء میں استانبول کا قاضی، ۹۸۵ھ / ۱۵۷۷ء میں آناطولی کا قاضی عسکر اور

marfat.com
Marfat.com

۹۸۸ھ / ۱۵۸۰ء میں روم ایلی کا قاضی عسکر ہو گیا ۔ اگلے سال اسے ملازمت سے الگ کر دیا گیا تھا، لیکن ۹۹۱ھ / ۱۵۸۳ء میں اسے قاضی بنا کر مصر بھیجا گیا ۔ تین سال تک وہ وہیں رہا ۔ ۹۹۵ھ / ۱۵۸۷ء میں وہ دوبارہ قاضی عسکر مقرر ہوا اور ۹۹۷ھ / ۱۵۸۹ء میں شیخ الاسلام کے مرتبے پر فائز ہوا ۔ ۱۰۰۰ھ / ۱۵۹۲ء میں اسے ملازمت سے سبکدوش کر دیا گیا (اس سے متعلقہ حالات کے لیے دیکھیے نعیما، بذیل ۱۰۰۰ھ)، مگر بعد ازاں روم ایلی کے قاضی عسکر کی حیثیت سے دوبارہ ملازمت میں لے لیا گیا اور ۱۰۰۱ھ / ۱۵۹۳ء میں دوسری مرتبہ شیخ الاسلام مقرر ہو کر آخر وقت تک اس عہدے پر مأمور رہا، یہاں تک کہ ۱۰۰۶ھ / ۱۵۹۸ء میں وفات پائی ۔ عربی، فارسی اور ترکی میں شعر گوئی کے علاوہ اس نے احیاء العلوم کا ترکی میں ترجمہ کیا اور مُلتقی کی شرح لکھی ۔ حاجی خلیفہ اس کے ایک منظوم فتوے کا ذکر کرتا ہے، جس میں اس نے قہوے کو جائز قرار دیا ہے (میزان الحق، باب ۶، ترجمہ از G. L. Lewis، ص ۶۰ تا ۶۲).

**مآخذ**: (۱) عطائی، ص ۴۰۱؛ (۲) رفعت: دوحة المشائخ، ص ۳۳؛ (۳) علمیہ سالنامہ سی، ص ۴۰۱؛ (۴) عثمانلی مؤلفلری، ۱: ۲۵۶؛ (۵) سجل عثمانی، ۴: ۱۳۳؛ (۶) Hammer-Purgstall، بمدد اشاریہ.

شیخ الاسلام محمد افندی کے گھرانے کے دیگر نامور اشخاص میں سے ایک اس کا چھوٹا بھائی (۳) مصطفٰی افندی (۹۴۶ھ / ۱۵۳۹-۱۵۴۰ء تا ۱۰۱۴ھ / ۱۶۰۵-۱۶۰۶ء) یکے بعد دیگرے آناطولی اور روم ایلی کے قاضی عسکر کے عہدوں پر فائز ہوا (عطائی، ص ۵۰۶ تا ۵۰۷؛ سجل عثمانی، ۴: ۳۸۱) ۔ مصطفٰی افندی کے بعد اس کا بھتیجا (۴) مصطفٰی [بن محمد] (۹۸۰ھ / ۱۵۷۲ء تا ۱۰۱۰ھ / ۱۶۰۱ء) : صحن ثمان [رک بآن، در ۱۱، لائڈن، بار دوم] میں مدرس رہا اور اس کے بعد اُسکُدار کا قاضی ہو گیا (عطائی، ص ۴۴۹).

مصطفٰی [بن محمد افندی] کا بھائی (۵) یحیٰی: (م ۱۰۴۹ھ/۱۶۳۹ء) استانبول کا قاضی اور پھر روم ایلی کا قاضی عسکر ہو گیا ۔ یحیٰی افندی علم الاخلاق پر ایک کتاب مرآۃ الاخلاق کا مصنّف ہے، جسے اس نے سلطان احمد اوّل کے نام معنون کیا ۔ اس نے گلِ صد برگ کے نام سے ایک کتاب معجزات النبیؐ پر بھی لکھی تھی (عثمانلی مؤلفلری، ۱: ۲۷؛ سجل عثمانی، ۴: ۶۳۶؛ Hammer-Purgstall، بمدد اشاریہ.

(B. Lewis)

**البُستانی**: مارونی فرقے کا ایک خاندان، جو لبنان میں اقامت پذیر ہوا اور جس نے اپنے ادبی کارناموں کی بدولت غیر معمولی شہرت حاصل کی ۔ اس خاندان نے بعض معروف شخصیتیں پیدا کیں: (۱) اس خاندان کا ایک فرد پطرس [بن پولوس بن عبداللہ] البُستانی ۱۲۳۴ھ / ۱۸۱۹ء میں بیروت کے قریب موضع الدِّبِیّہ میں پیدا ہوا [اور ۱۳۰۰ھ/مئی ۱۸۸۳ء میں فوت ہوا]؛ ابتدائی تعلیم اس نے عین ورقہ کے مسیحی مدرسے (مدرسة المعلّمین) میں پائی لیکن ۱۸۴۰ء میں بیروت کے امریکن مشنری ہائی سکول میں داخل ہو کر پروٹسٹنٹ مذہب اختیار کر لیا ۔ تعلیم ختم کرنے کے بعد [۱۸۶۰ء میں] وہ عَبَیہ میں عربی کا استاد مقرر ہو گیا ۔ یہاں اپنے دو سالہ قیام کے دوران میں اس نے حساب پر ایک رسالہ بعنوان کشف الحجاب [فی علم الحساب] شائع کیا ۔ بعد ازاں وہ بیروت چلا آیا جہاں پروٹسٹنٹ مشن کی فرمائش پر اس نے انجیل کا [عبرانی سے] عربی میں ترجمہ کرنا شروع کیا ۔ اسی دوران میں اس نے مُحیط المُحیط [۱۸۶۷ تا

Marfat.com

۱۸۶۹ء] کے عنوان سے زبان عربی کی ایک لغت فیروز آبادی کی تالیف [القاموس] میں اضافے کر کے دو جلدوں میں تیار کی اور پھر اس کا اختصار قطرالمحیط کے نام سے مرتب کیا، جو ۱۸۶۹ء میں شائع ہوا۔ اس کی انتھک ہمت اور محنت کا پتا دو مجلّوں الجنّة (= گلستان) اور الجُنَیْنَة (= بوستان)، کی تاسیس سے چلتا ہے جن کا اجراء اس نے اپنے بیٹے سلیم کے ساتھ مل کر کیا۔ بعد ازاں یہ مجلے ماہنامہ الجِنان کے نام کے تحت مدغم ہو گئے۔ اس کے بعد (ع - د) اس نے ممتاز افراد کے ناموں پر مشتمل ایک نوع کی قاموس الاعلام بھی شائع کی۔ ۱۸۷۵ء میں اس نے ایک عظیم کام کا آغاز کیا جو عربی ادب میں اس کے پیش روؤں کے تجربوں پر مبنی تھا، یعنی تمام اقسامِ علوم کا ایک ضخیم مجموعۂ معلومات جس کا نام اس نے دائرة المعارف رکھا۔ اس تالیف میں متعدد معاونین نے اس کے ساتھ شرکت کی۔ اس کی پہلی جلدیں ۱۸۷۶ء میں سلطان مراد الخامس کے نام معنون کی گئیں، جو تھوڑے دن حکومت کرنے کے بعد خلل دماغ کے شبہے میں معزول کر دیا گیا۔ بُطرس البستانی اس کی آخری جلدوں کی طباعت نہ دیکھ سکا کیونکہ ۱۸۸۳ء میں [چھے جلدیں مکمل طبع کرنے اور ساتویں کی طباعت شروع ہونے] کے بعد وہ وفات پا گیا اور یہ کام اپنے بیٹے سلیم کے لیے چھوڑ گیا [جو ساتویں اور آٹھویں جلدیں پایۂ تکمیل کو پہنچانے کے بعد وفات پا گیا]۔ اس کے بعد ۱۸۸۴ء میں اس کے دوسرے بیٹوں اور رشتہ داروں [نجیب اور نسیب البستانی نے سلیمان البستانی کی معاونت سے] اس جلیل القدر کام کو سنبھالا اور [نویں، دسویں اور گیارھویں جلد کو] پایۂ تکمیل تک پہنچا دیا۔ [گیارھویں جلد ۱۹۰۰ء میں طبع ہوئی اور مادۂ عثمانیه تک پہنچی۔ بارھویں جلد شروع کرنے کے بعد تدوین و تالیف اور طباعت کا کام بند کر دیا گیا]۔ تسامحات کے باوجود بھی یہ کتاب عربی زبان کا ایک مہتم بالشان کارنامہ ہے اور اسے عربی میں اسی قسم کی دیگر مطبوعات مابعد کا پیش خیمہ قرار دیا جا سکتا ہے، جیسے فرید وَجدی المصری کی تصنیف جس پر حُسَین ہَیکَل نے فی اوقاتِ الفراغ میں بہت کڑی تنقید کی ہے۔

(۲) سلیمان البستانی (۱۸۵۶ء تا ۱۹۲۵ء):
اس خاندان کا یہ نمایاں فرد، لبنان کے موضع بَکَشتِین میں ایک غریب کسان کے ہاں پیدا ہوا۔ ابتدائی تعلیم اس نے اپنے چچا مَطران البُستانی سے پائی اور جب بڑا ہوا تو اس کا باپ اسے مدرسہ ''الوطنیه'' میں پڑھوانے کے لیے بیروت لے گیا جسے اس کے چچا بُطرس البستانی نے قائم کیا تھا۔ یہاں اسے عربی ادب کے بلند پایہ اساتذہ ناصیف الیازجی [م ۱۲۸۸ھ/ ۱۸۷۱ء] اور یوسف الأسیر [م ۱۳۰۷ھ/ ۱۸۸۹ء] کی خدمت میں حاضر ہونے کا موقع ملا۔ ان سے اس نے نہ صرف ذوقِ ادب بلکہ نظم و نثر لکھنے کی صلاحیت بھی حاصل کی۔ ۱۸۷۱ء میں وہ الجَنّة کے ادارۂ تحریر میں شامل ہوا اور زاں بعد الجُنَیْنَة کو خود مرتب کرنے لگا، جسے ابتداءً سلیم البستانی نے جاری کیا تھا۔ دائرة المعارف کے لیے بھی اس نے مقالات لکھے۔ ایک ماهر محرر کی حیثیت سے اس کی شہرت سے متأثر ہو کر قاسم زُهَیر نے اسے بصرے بلا لیا اور ایک مجلّے کی، جو نیا جاری ہوا تھا، ادارت اس کے سپرد کر دی۔ اس کا یہ عہدہ فقط ایک سال تک قائم رہ سکا کیونکہ قاسم زهیر کو معلوم ہوا کہ کھجوروں کی تجارت کسی ادبی مجلّے کے اہتمام کی به نسبت کہیں زیادہ منفعت بخش ہے۔ اس کے بعد سلیمان بغداد چلا گیا۔ کچھ دن بعد اس نے عرب کے دور دراز مقامات کی سیاحت کی اور حضرموت پہنچ

marfat.com
Marfat.com

کر قبائل کے بارے میں معلومات حاصل کیں اور مصر کے ماهنامے اَلْمُقْتَطَف (۱۸۸۷ء) میں قبیلۂ صُلَیب (Slabs) [صلیبی؟] کی زبوں حالی کے بارے میں مضامین شائع کراتا رہا۔

۱۸۸۵ء میں سلیمان بیروت پہنچ گیا، جہاں اس نے اپنے چچا زاد بھائی سلیم کی وفات کے بعد دائرة المعارف کا کام سنبھال لیا۔ اس وقت اسے دائرة کو ترکی میں ترجمہ کرنے کا خیال پیدا ہوا لیکن ان دنوں ترکی کتب کی اشاعت پر بڑی سخت پابندی عائد تھی، چنانچہ اس کے لیے اجازت نامہ حاصل کرنے کی غرض سے سلیمان نے قسطنطینیہ کا سفر کیا، جہاں وہ تین ماہ تک مقیم رہا اور اس قیام کے دوران میں اس نے ترکی حکّام کے طریق نظم و نسق سے شناسائی پیدا کی۔ اپنے رسالہ عِبْرَة وَ ذِکْری میں اس نے برسر حکومت عمّال کی بد اعمالیوں کے بارے میں اپنے تأثرات شائع کیے۔ جب بالآخر اسے ترکی متن کی اشاعت کا پروانۂ اجازت مل گیا تو بیروت کے محکمۂ انتقاد کے عہدیداروں نے اس کی طباعت کے راستے میں اس قدر دشواریاں پیدا کیں کہ سلیمان مایوس ہو کر ۱۸۸۷ء میں مصر چلا گیا۔ وہاں اس کے عربی مختصر نویسی (Short-hand) (کتابة الاختزال) کی اختراع کا ایسا دوستانہ خیر مقدم ہوا کہ اس نے اپنے قانون اختزال کو اور زیادہ وسیع کیا۔ بہر حال اس کے الاختزال و اِسْتِنوگرافیة [الاختزال العربی] کو کہیں ۱۹۲۰ء میں جا کر قبول عام نصیب ہوا۔

معاش کے کسی قدر وسائل مہیّا کر لینے کے بعد سلیمان البستانی نے لمبے لمبے سفر کرنے شروع کر دیے۔ وہ ایران اور ہندوستان گیا اور ان دونوں ملکوں کے ادب کا گہرا مطالعہ کیا۔ وہاں سے بغداد واپس آ کر اس نے عربوں کی ایک تاریخ کی تکمیل کا کام سنبھالا۔ بعد ازاں اس نے قسطنطینیہ کا سفر کیا اور اسے ۱۸۹۳ء میں شکاگو میں ہونے والی عالمی نمائش کے ترکی نمائندے کا مشیر مقرر کیا گیا۔ اس کے انتھک قلم نے وہاں ایک ترکی اخبار شکاگو سِر گیسی (Şikago Sergisi: نمائش شکاگو) کی بنیاد رکھی اور اس کی مزید دیکھ بھال کا کام عُبَیْدُاللہ آفندی کے سپرد کر دیا۔ قسطنطینیہ واپس آ کر اس نے نوجوان ترکوں کی تحریک کے ساتھ اپنی ہمدردی کا علانیہ اظہار شروع کر دیا۔ اس وقت اس نے اپنی اس عظیم تصنیف کی تکمیل کی جو ۱۹۰۳ء میں قاهرہ کے نئے وسعت یافتہ مطبع الہلال سے شائع ہوئی۔ اس کتاب کے مضامین کی طرح اس کے نام میں بھی ایک دلکش جدّت پائی جاتی ہے یعنی اِلْیاذة هومیروس (Iliad, hat, Homeros) یہ ایلیڈ کا [منظوم عربی] ترجمہ ہے اور اس کے طویل مقدمے سے پتا چلتا ہے کہ مصنّف کا ابتدائی مطالعہ بہت گہرا تھا۔ اس نے نو عمری میں ملٹن کی "فردوس گم گشتہ" (Paradise Lost) بہت ذوق و شوق سے پڑھی تھی اور اس امر پر اظہارِ افسوس کیا تھا کہ عربی ادب کا دامن کسی ایسے شعری شاہکار سے خالی ہے۔ اس نے کوشش کی کہ اصل کو عربی میں بعینہ منتقل کرے لیکن اسے اصل کی نظموں کی بحُور کو قائم رکھنے میں بڑی دقت کا سامنا کرنا پڑا۔ اس شاندار کتاب کی قدر دانی ابتدا میں کم ہوئی کیونکہ قدیم یونانی شاعری کا عربی ادب پر کچھ یوں ہی سا اثر ہوا ہو تو ہوا ہو لیکن اس کے ساتھ ہی دوسری جانب حکمۃ یونانیہ کے طلبہ اور عرب میں اسے ترقی دینے والے فضلا بہت سے پیدا ہو گئے۔ یونانی تمثیلی ادب سے بھی عرب مصنّفین نے کوئی دلچسپی ظاہر نہیں کی۔ کہیں نصف صدی کے بعد جا کر شعراے عرب کے اذهان کو یونانی شاعری سے

Marfat.com

آشنا کرنے کے بارے میں سلیمان البُستانی کی کوششوں کا اعتراف کیا گیا ۔ اس وقت سے متعدد ماہر عرب مترجمین نے مہرِ سکوت توڑ کر عرب قارئین کے سامنے یونانی تمثیل اور شاعری کے دروازے کھول دیے ہیں ۔ لیکن اس راہ کی دریافت کا سہرا سلیمان البُستانی ہی کے سر ہے ۔

ایک انسان کی حیثیت سے سلیمان نے اپنے گھرانے اور اپنی قوم کی قدامت پسندانہ روش کی نگہبانی کی ۔ وہ سلطان عبدالحمید ثانی کے خلاف ۱۹۰۸ء میں بیروت کے نمائندے کی حیثیت سے نوجوان ترکوں کی مجلسِ ملّی میں شامل ہو گیا ۔ ۱۹۱۰ء میں وہ سٹیٹ کا رُکن اور اس بلند پایہ جماعت کا دوسرا صدر منتخب ہوا ۔ جنگ بلقان کے بعد سعید حلیم پاشا نے اُسے وزارتِ تجارت و زراعت پیش کی ۔ ترکوں کی جماعت اتحاد و ترقی کے ساتھ اس کی ہمدردی پُرخلوص اور غیر متزلزل تھی، لیکن پہلی عالمگیر جنگ کے چھڑنے پر اس نے تعجب سے یہ دیکھا کہ انتہا پسندانہ تُورانیت کا جذبہ زوروں پر ہے، جس کا لازمی نتیجہ یہ تھا کہ غیر ترکی عناصر انتظام مملکت سے خارج کر دیے جائیں، چنانچہ اپنے بلند منصب سے مستعفی ہو کر وہ سوئٹزرلینڈ چلا گیا اور پھر عرب تارکینِ وطن کی دعوت پر ریاست ہائے متحدہ امریکہ کو روانہ ہو گیا، جہاں اس کا پُر جوش استقبال ہوا ۔ یکم اپریل ۱۹۲۵ء کو اس نے داعیِ اجل کو لبیک کہا، جس پر اس کے تمام ہمعصروں نے غم و الم کا اظہار کیا ۔

(۳) وَدیع البستانی (۱۸۸۸ تا ۱۹۵۴ء) دبیّہ [لبنان] میں پیدا ہوا، جو اس بستانی گھرانے کا اصل وطن تھا [اس نے وفات بھی وہیں پائی] ۔ اس نے مشرقی ادب کا مطالعہ کیا اور بلادِ مشرق و مغرب کی دور دور تک سیاحت کر کے اپنے علم کو ترقی دی ۔ وہ ہندوستان میں کئی برس مقیم رہا اور خاصے دن فلسطین میں گزارے ۔ اس نے سیاسی سرگرمیوں میں بھی حصہ لیا اور اسرائیلی تحریک کی غاصبانہ ریشہ دوانیوں کے خلاف، جس نے اس صوبے میں عربوں کی زندگی خطرے میں ڈال دی تھی، قلمی جہاد کیا ۔ اس نے رباعیاتِ عمر خیام (۱۹۱۲ء) اور ہندوستان کی رزمیہ داستان مہابھارت کے ایک بڑے حصے (۱۹۵۳ء) کا استادانہ کاوش سے ترجمہ کر کے عربی ادیب کی حیثیت سے بڑا ممتاز مقام حاصل کیا ہے ۔ اس ادب دوست خاندان کی اعلٰی روایات کو اس کے بعض افراد نے ابھی تک برقرار رکھا ہوا ہے، مثلاً بُطْرُس البُستانی ([پیدائش] ۱۹۰۰ء)، جو بیروت کی امریکی یونیورسٹی میں ادب کے پروفیسر اور اُدباء العرب (۳ جلد) اور ابن شُہَید کی التّوابع و الزّوابع کا مصنّف ہے اور سعید البُستانی (ولادت ۱۹۳۰ء) پیرس کی یونیورسٹی میں عربی کا استاد.

[مآخذ: دائرۃ المعارف الاسلامیہ عربی، میں مادّۂ البستانی کے تحت حسب ذیل مآخذ درج ہیں: (۱) جُرجی زیدان: مشاہیر الشرق: ۲: ۲۳ ببعد؛ (۲) شَیخُو: المَشرِق، ۱۲: ۹۲۹ و ببعد؛ (۳) براکلمان، ۲: ۴۹۵؛ (۴) *Zeitschr. der Deutsch Morgenl. Ges.*، ۳۴: ۵۷۹ ببعد؛ (۵) جرجی زیدان: تاریخ آداب اللغۃ العربیۃ، بیروت ۱۹۶۷ء، ۴: ۶۳۲ تا ۶۳۳؛ (۶) الزرکلی: الاعلام، باردوم، ۲: ۳۱؛ (۷) سرکیس: معجم المطبوعات العربیہ، عمود ۵۵۷ تا ۵۵۹، ۵۶۰؛ (۸) حسن السندوبی: اعیان البیان، مصر ۱۹۱۴ء، ص ۲۰۵؛ (۹) أعلام اللبنانیین، بیروت ۱۹۴۸ء؛ (۱۰) یوسف الدبس: الجامع المفصل، بیروت ۱۹۰۵ء، ص ۵۳۱ .]

(عبدالکریم جولیس جرمانوس و [ ادارہ] )

⊕ **بُسْتُل**: جمع بساتل، یہ لفظ لغت میں موجود نہیں البتہ اگر ہم قبۃ الصخرہ کے متعلق العمری

[ابن فضل اللہ کی کتاب] مسالک الابصار، ص ۱۴۱ کی عبارت کا اصل عمارت کے بالمقابل کھڑے ہو کر مطالعہ کریں تو معنی واضح ہو جاتے ہیں۔ ہشت پہلو محرابی راستے کا ذکر کرتے ہوئے وہ لکھتا ہے: ''کرسی کو چھوڑ کر ستونوں کی بلندی ساڑھے چھے ہاتھ ہے، ان پر منبت کاری کر کے ایسے بَساتِل بنائے گئے ہیں جن کے اوپر پیتل کا پترا چڑھا ہوا ہے اور منبت کاری پر ملمّع ہے۔ بَساتِل کے اوپر گلٹ کے فصوص (شیشے کی پچی کاری میں استعمال ہونے والے چھوٹے چھوٹے کعب) سے ڈھکی ہوئی محرابیں (قناطر) ہیں''۔

جب ہم موقع پر کھڑے ہوتے ہیں تو سامنے ہشت پہلو مسقّف محرابی راستے کے مرمریں ستون نظر آتے ہیں۔ ان ستونوں پر کڑیوں کو سہارا دینے والی لکڑی کی دھنّیاں ٹکی ہوئی ہیں، جن پر اندر اور باہر کی طرف کانسی یا پیتل کے خول چڑھے ہوئے ہیں اور ان پر گلٹ سے ابھرے ہوئے نقش بنائے گئے ہیں۔ اندر کا رخ لکڑی کے بنے ہوئے نہایت اعلٰی قسم کے کورنتھی سر ستونوں سے مزیّن ہے، جو رنگے ہوئے یا ملمّع شدہ ہیں۔ ان کے اوپر محرابیں ہیں جو شیشے کی پچی کاری سے ڈھکی ہوئی ہیں۔ اگرچہ میں نے ان شہتیروں کو سہارے کی دھنیاں لکھا ہے اور وہ فی الواقع یہی ہیں کیونکہ وہ کڑیوں کو ٹھونس کر محکم کرنے کے لیے لگائی گئی ہیں۔ اور یہ بات اس امر سے بھی ظاہر ہے کہ ان کے سروں کی چولیں مضبوطی سے بٹھائی گئی ہیں۔ تاہم اندر کے رخ پر انھیں محرابوں کی بیرونی تزئین کرنے والے نقش و نگار (مرغول) کے طور پر استعمال کیا گیا ہے۔ کیونکہ بڑی محنت سے تیار کردہ کورنتھی کگر کو خاص طور پر نمایاں کرنے کی کوشش کی گئی۔ اوپر کی محرابوں کے لیے ایسی کوشش نہیں کی گئی بلکہ انھیں اس طرح دکھایا گیا ہے گویا وہ محض نمائشی محرابیں ہیں۔ العمری نے شہتیروں کے لیے بساتل کا جو لفظ استعمال کیا ہے وہ ظاہر کرتا ہے کہ متذکرۂ صدر امر کی اہمیت اس پر پوری طرح واضح تھی۔ کیونکہ جو لفظ اس نے استعمال کیا ہے وہ یونانی لفظ ἐπιστύλιον سے مشتق ہے، جس کی تسریح Liddel اور Scott نے ستونوں کی قطار کے اوپر والے مرغولوں یا سر ستونوں سے کی ہے۔

(K.A.C. CRESMELL)

**اَلْبُسْتی**: ابوالفتح علی بن محمّد، چوتھی صدی ہجری / دسویں صدی عیسوی کا ایک عربی شاعر۔ وہ ایرانی الاصل تھا اور بُست [رَكَ بآں] کا رہنے والا تھا۔ جہاں اس نے حدیث، فقہ اور ادب کی تعلیم حاصل کی۔ وہ محدّث ابن حِبّان کا شاگرد تھا جس نے ۳۴۰ھ/۹۵۱ء سے اپنی وفات (۳۵۴ھ/۹۶۵ء) تک کا زمانہ بُست ہی میں بسر کیا اور ایک دوسرا محدّث الخَطّابی (م ۳۸۸ھ / ۹۹۸ء) البستی کا دوست تھا۔ فقہ میں وہ شافعی مسلک کا پیرو تھا۔ نوجوانی میں وہ بُست کے سردار بایتوز کا کاتب (سیکرٹری) ہو گیا۔ جب ۳۶۷ھ / ۹۷۷ء میں بست کو سبکتگین نے فتح کیا تو البستی اس سے جا ملا۔ کسی سازش کا شکار ہو کر اس نے مجبورًا رُخّج کے ضلعے کے ایک گاؤں میں رہنا شروع کر دیا۔ لیکن چند ماہ کے بعد سبکتگین نے اسے واپس بلا لیا اور وہ العُتبی کے ساتھ محمود [غزنوی] کے زمانے تک اپنے عہدے پر فائز رہا۔ سرکاری کاتب ہونے کی حیثیت سے اس نے وہ سرکاری مراسلے لکھے جن میں [سلطان] محمود کی شاندار فتوحات کا اعلان کیا گیا ہے۔ ان مراسلوں کو بڑی تحسین کی نظر سے دیکھا گیا ہے۔ کچھ دن بعد اس پر عتاب نازل ہوا اور اسے ''ترکوں کی سر زمین'' یعنی

marfat.com

Marfat.com

ماوراءالنہر میں جلا وطن کر دیا گیا ۔ اس کی وفات ۴۰۰ھ / ۱۰۱۰ء میں یا ۴۰۱ھ / ۱۰۱۱ء میں (یا اس کے بھی بعد شوال ۴۰۳ھ/فروری ۔ مارچ ۱۰۱۶ء [به تصحیح اپریل ۱۰۱۳ء] میں) بخارا میں ہوئی، [البدایة والنہایة، ۱۱ : ۲۷۸ اور المنتظم، ۷ : ۲۷ میں اس کا سال وفات ۳۶۳ھ درج کیا ہے، جو درست نہیں، کیونکہ سلطان یمین الدولہ نے ۳۸۹ھ میں خراسان پر قبضہ کیا اور البستی اس کے همراه تها] المنینی : شرح الیمینی (۱۲۸۶ھ/۱۸۶۹-۱۸۷۰ء)، ۱ : ۴۷، سطر ۲ کے بیان کے مطابق اس نے اُزگند میں وفات پائی ۔ اس کی قبر بھی وهیں ہے ۔

اس کی مختلف تصانیف میں خواہ وہ شاعر کی حیثیت سے ہوں یا رسائل نگار کی حیثیت سے، مبالغہ و تصنّع کی وہ سب خصوصیتیں نمایاں ہیں جو چوتھی صدی هجری/دسویں صدی عیسوی کی نظم اور مرصّع نثر کی جان ہیں ۔ تجنیس، خصوصاً تجنیس متشابه کے طور پر هم شکل الفاظ کے استعمال میں اس کی مہارت کی بہت تعریف کی جاتی تھی، اوائل عمر میں اسے شاعر شُعبه بن عبدالملک البستی (یتیمة الدهر، ۴ : ۲۳۳ بعد) کی ایک پھبتی سننے کا اتفاق ہوا تھا، وهی اس کی اس طرزِ نگارش کی مُحرّک بنی اور رفته رفته اس نے اس طرز میں مہارت بڑھائی، الثّعالبی سے اس کے دوستانه تعلقات تھے؛ چنانچه اسی کے کہنے پر اس نے اپنی اَحسن ماسمعت تألیف کی ۔ الثعالبی نے اپنی کتاب یتیمة الدهر میں اس کے کچھ پسندیده اشعار کا انتخاب بھی دیا ہے ۔ اس کا دیوان ۱۲۹۴ھ / ۱۸۷۷-۱۸۷۸ء میں بیروت میں شائع ہوا تھا ۔ اس کا نصیحت آموز قصیده النُّونیة یا عُنوانُ الحکم خاص طور سے مشہور ہے ۔

بُستی نے کچھ قصائد فارسی میں بھی لکھے مگر انہیں کبھی جمع نہیں کیا گیا (دیکھیے H. Ethé، در *Morgenländische Forschungen*، Festschrift H. L. Fleischer، ۱۸۷۵ء، ص ۵۵ تا ۵۷) ۔ کبھی کبھی اسے اس کے هم نام ابوالفتح البُستی (به تصحیح البیْنی) کے ساتھ مختلط کر دیا جاتا ہے، جو پانچویں صدی هجری/گیارھویں صدی عیسوی کا ایک مصری شاعر تھا (دیکھیے ابن رَشیق : العُمدة، ۱ : ۲۰۰، ۱۸، اور ابن سعید : المُغرب، ص ۱۰۳، طبع Tallquist) .

**مآخذ** : (۱) العُتْبی : الیمینی (المَنِینی کی شرح کے حاشیے پر، قاهره ۱۲۸۶ھ)، ۱ : ۶۷ تا ۷۲؛ (۲) الثّعالبی : یتیمة الدَّهر، دمشق ۱۳۰۴ھ، ۴ : ۲۰۴ تا ۲۳۱ و ۳ : ۲۲۵ و ۴ : ۴۳، ۱۶۰ بعد، ۲۳۲، ۲۳۶، ۲۸۱ [مطبوعهٔ قاهره ۱۹۳۴ء، ۱ : ۳۸۴، ۴ : ۲۸۴ بعد]؛ (۳) السَّیہقی : تَتِمة صِوانُ الحِکْمة، ۱ : ۳۴ بعد؛ (۴) یاقوت، ۱ : ۶۱۲؛ (۵) ابن الأثیر، ۹ : ۱۰۰؛ (۶) ابن خَلّکان (۱۲۹۹ھ)، ۲ : ۵۵؛ (۷) السُّبکی : طَبقاتُ الشّافعیة، ۴ : ۴ تا ۶؛ (۸) الدَّمیرِی، بذیل مادّهٔ الثُّعبان؛ (۹) دولت شاه : تذکره، ص ۲۶ بعد؛ (۱۰) طاش کوپرو زاده : مِفْتاح السَّعادَة، ۱ : ۲۹۹ بعد؛ (۱۱) براکلمان، ۱ : ۲۹۱؛ تکمله، ۱ : ۴۴۵؛ [(۱۲) شذرات الذهب، ۳ : ۱۵۹؛ (۱۳) الزرکلی، ۵ : ۱۴۴؛ (۱۴) المنتظم، ۷ : ۲۷؛ معاهدالتنصیص، ۳ : ۲۱۲]۔

(J. W. Fuck و [اداره])

**بَشْجَرْت** : (بَشْجَرت؛ باشجرت؛ باشقرد، بَشغِرت؛ بَشقرد؛ بَشْغِرْد؛ باشجرد؛ باشغرت؛ باشقُرد؛ باشغرد؛ بَشْکِرْت) رَكَ به باشقِرت.

**بُسْحاق** : اَطْعِمَه، فخرالدین احمد بن حَلّاج، ابو اسحٰق (= بُسحاق به تخفیف)، شیراز میں پیدا ہوا ۔ اس نے اپنی زندگی کا بیشتر حصّه اصفہان میں اسکندر بن عمر شیخ کے دربار میں گزارا، جو تیمور کا پوتا اور فارس و اصفہان کا والی تھا اور وهیں وفات پائی (۸۲۷ھ/۱۴۲۴ء یا ۸۳۰ھ/ ۱۴۲۷ء میں) ۔ اس کے بارے میں (دولت شاہ کی

marfat.com
Marfat.com

بیان کردہ ایک حکایت کے علاوہ) ھمیں بس اسی قدر معلوم ہے، بقول ھدایت (ریاض العارفین) مشہور صوفی شاعر شاہ نعمت اللہ [رک باں] سے اس کے روابط تھے۔ حلاج کے لفظ سے، یہ قیاس کیا جا سکتا ہے کہ وہ روئی دھننے والا تھا۔ فارسی زبان کی فرہنگوں میں کھانوں سے متعلق الفاظ میں اس کی سند پیش کی جاتی ہے اور اس کے عرف ''اَطْعمہ'' کی وجہ تسمیہ یہی ہے۔ میرزا حبیب اصفہانی نے اس کے دیوان کا ایک عمدہ نسخہ مرتب کر کے ۱۳۰۳ھ/۱۸۸۵-۱۸۸۶ء میں استانبول سے شائع کیا تھا اور اس کے ساتھ فرہنگ اصطلاحات مع عربی و ترکی مترادفات، کا بھی اضافہ کر دیا تھا (ان میں سے تقریباً پچاس [اصطلاحات] کا H. Ferté نے ترجمہ کیا ہے)۔ اس دیوان میں کنزالاشتہاء (اشتہاء کا خزانہ) مع ایک دیباچے کے (مترجمۂ Ferte و Browne) شامل ہے، جس میں بتایا گیا ہے کہ مختلف اصنافِ سخن کو اس کے پیش رو پہلے ھی شہرتِ دوام عطا کر چکے تھے اور جو کچھ اسے کہنا تھا وہ سب باتیں اس سے پہلے کہی جا چکی تھیں۔ چنانچہ اس نے محض اتنا کام کیا کہ بہت سے نامی گرامی شعراء (ان کے ناموں کے لیے دیکھیے براؤن) کے تخیلات کو ''مطبخی'' اور ''اشتہائی'' سانچوں میں ڈھال کر پیش کر دیا، گویا دوسرے الفاظ میں یوں کہنا چاہیے کہ بُسحاق ایک ظریف نقّال تھا۔ یہ بات کنزالاشتہاء کے علاوہ دیوان کے جزو دوم پر بھی صادق آتی ہے، تیسرا حصہ دو مختصر منثور تصنیفات پر مشتمل ہے، جن میں جا بجا اسی رنگ کے اشعار ملتے ھیں ان کے آخر میں اصطلاحاتِ مطبخ کی ایک مزاحیہ فرہنگ ہے (ان میں سے بعض کا ترجمہ Ferté نے کیا ہے)۔ اگر عُبید زاکانی ھجو کا استاد ہے تو، گو تحریفِ مُضحک (Parody) کی مثالیں اس سے پہلے بھی موجود ھیں، تاھم بُسحاق اس صنف سخن کا بادشاہ ہے، جس میں اس نے اپنی تمام تر ادبی صلاحیت صرف کر دی ہے۔ . . اس نے جو محدود میدان اپنے لیے منتخب کیا اس میں کمال پیدا کیا اور قدم قدم پر ظرافت و جدّت کا ثبوت دیا۔ ایک قادر الکلام صاحبِ طرز شاعر ہونے کی وجہ سے اس نے تمام اصنافِ سخن میں بے تکلّف شعر کہے اور اس سلسلے میں معیاری زبان اور فارس کی مقامی بولی دونوں سے کام لیا۔ اس کے بارے میں آخری قابلِ ذکر بات یہ ہے کہ اس نے بہت سی فنّی اصطلاحات کو قعرِ گمنامی سے نکال کر متعارف کرایا، جس طرح کہ اس کے مقلّد [نظام الدین] محمود قاری نے کیا، جس نے دیوان بُسحاق کی طرز پر اپنا دیوانِ اَلْبسہ [لباس کی جمع] تصنیف کیا۔

**مآخذ:** (۱) H. Ferté: *Shâfi'a Asar, poéte Satirique et Recueil de poésies gastronomiques d' Abou Ishaq Halladj Chirazi*، در *JA*، ۱۸۸۶ء (انتخاب منظومات جن کا بہت اچھا ترجمہ کیا گیا ہے)؛ (۲) P. Horn، در *Beilage zur Allg. Zeitung in München*، ۲۶ و ۲۷ جنوری ۱۸۹۹ء؛ (۳) دولت شاہ، ص ۳۶۶ تا ۳۷۱؛ (۴) لُطف علی آذر: آتشکدہ (مطبوعۂ بمبئی ۱۲۷۷ھ)، بذیل مادّہ؛ (۵) رضا قلی خان: مَجْمع الفُصحاء، ۲: ۱۰؛ (۶) نیز ریاض العارفین، تہران ۱۳۰۵ھش، ص ۴۴ تا ۴۵؛ (۷) Browne، ۳: ۳۴۴ تا ۳۵۱؛ (۸) وھی مصنّف: *Some notes on the poetry of the Perian Dialects*، در *JRAS*، ۱۸۹۵ء، مقالہ ۲۳، ص ۷۸۷، ۷۸۸ و ۸۲۰ تا ۸۲۳۔

([H. Massé] و P. Horn)

* **بُسْر:** بن [اَرطاۃ بن عُمَیر (= ابی ارطاۃ) اور بعض غیر مستند انساب میں بُسر بن ابی ارطاۃ بھی آیا ہے]، ایک عرب سپہ سالار، جو قریش کی شاخ بنو عامر سے

marfat.com
Marfat.com

تھے اور مکّے میں ہجرت سے قبل کے آخری دس سال میں پیدا ہوے۔ ان کے صحابی ہونے سے انکار صرف شیعی روایات میں ملتا ہے۔ بُسرؓ اس امدادی فوج کے ساتھ جس کے سپہ سالار حضرت خالد بن ولید تھے شام گئے، جہاں وہ اپنی دلیری کے باعث ممتاز رہے۔ بعد ازاں انھوں نے فتح افریقہ میں حصّہ لیا۔ یہ ان کی جانبازی کی بنا پر تھا کہ حضرت عمرؓ نے ان کے لیے دعا فرمائی اور انھیں انعام عطا کیا۔ خانہ جنگی کے دوران میں بُسر نے بڑے جوش و خروش سے امیر معاویہؓ کا ساتھ دیا اور بنو کِندہ کے با اثر شیخ شُرَحبِیل بن السِمط کو ان کی حمایت پر آمادہ کیا۔ جنگ صِفّین کے موقع پر وہ شامی لشکر میں شامل تھے۔ آگے چل کر انھوں نے مصر کو امیر معاویہؓ کے لیے دوبارہ فتح کرنے میں عَمروؓ بن العاص کی اعانت کی۔ بُسر بڑی نمایاں شخصیت کے مالک تھے۔ وہ قدیم طرز کے بدوی سرداروں کا نمونہ تھے اور بڑے سخت گیر مشہور تھے۔ جب بُسر کو حامیانِ حضرت علیؓ کے مقابلے میں اندرون عرب میں بھیجا گیا تو انھوں نے بڑی بےجگری سے جنگ کی، اور حجاز میں مخالفینِ حضرت عثمان کے ٹھکانوں کو تباہ و برباد کر دیا۔ اس طرح انھوں نے بنو اُمیّہ کے ساتھ ایسی وفاداری کا ثبوت دیا جس پر بعد میں صرف مسلم بن عُقبہ اور حجّاج ھی سبقت لے جا سکے۔ یمن میں بُسر نے عُبیداللہ ابن عباسؓ کے دو نوعمر بیٹوں کو ہلاک کیا، اور اس مختصر مہم میں جس کا انجام حضرت حسنؓ بن علیؓ کی خلافت سے دست برداری پر ہوا وہ ھراول فوج کے سالار تھے۔ انعام میں انھیں بصرے کا عامل بنایا گیا۔ جہاں انھوں نے ایک آمرانہ حکومت قائم کر لی۔ بُسر عراق میں بہت قلیل عرصے تک رہے، لیکن وہ یہاں ایک بار پھر زیاد بن ابیہ کے بچوں کو گرفتار کرنے

آئے، اور اس سخت کارروائی سے انھوں نے حضرت علیؓ کے آخری مسلح حامی کو اطاعت پر مجبور کر دیا۔ بعد ازاں ہم بُسر کو بوزنطی سلطنت کے خلاف کئی بحری مہمات کی قیادت کرتے دیکھتے ہیں۔

۵۰ھ / ۶۷۰ء کے بعد امیر معاویہؓ کے یہ نائب جو کبھی سپہ سالار اور کبھی امیرالبحر رہے، میدان سیاست سے غائب ہو جاتے ہیں، اگرچہ کہا جاتا ہے کہ وہ امیر معاویہؓ کی وفات تک اُن کے دربار میں رہے۔ خلیفہ ولید اول کے عہد میں ان کا ذکر پھر ملتا ہے جب کہا جاتا ہے کہ انھوں نے افریقی فوج کشی میں دوبارہ حصّہ لیا تھا۔ دوسرے مآخذ کی رُو سے انھوں نے عبدالملک کے عہد میں مدینۂ منوّرہ میں وفات پائی۔ معلوم ہوتا ہے کہ بُسر نے بہت طویل عمر پائی [ان کی اولاد و احفاد میں نامور محدث گزرے ہیں، جن سے امام بخاریؒ اور امام مسلمؒ نے اپنی صحیحین میں روایت کی ہے (السمعانی : الانساب؛ تاج العروس، بذیل مادّہ)]۔

**مآخذ** : (۱) H. Lammens : *Études Sur le règne de Mo'āwia I*، ص ۳۳ تا ۳۸، ۲۸۳؛ (۲) البَلاذُری : فُتوح، ص ۲۲۶ تا ۲۲۸، ۵۰۶م؛ (۳) ابن حَجَر : الاصابَة : ۱ : ۳۰۰؛ (۴) ابن الاَثیر : اُسْدالغَابَة، ۱ : ۱۷۹ تا ۱۸۰، ۲ : ۳۹۲؛ (۵) المَسْعودی : مروج، ۵ : ۴۷۳ تا ۴۷۵؛ (۶) الاغانی، ۳ : ۱۳۱ تا ۱۳۲ و ۱۰ : ۴۵ تا ۴۷؛ (۷) الطّبری، ۱ : ۲۱۰۹، ۲۳۴۲، ۳۴۰۰، ۳۴۵۰ تا ۳۴۵۲ و ۲ : ۱۱ تا ۱۴، ۲۲؛ (۸) التِرمذی : صحیح، ۱ : ۲۷۴ (طبع بُولاق)؛ (۹) تَصْحِیفُ المُحَدِّثِیْن (مخطوطہ در کتبخانۂ خدیویہ، قاہرہ؛ (۱۰) ابن ابی الحَدید : شرح نَہْجُ البَلاغَة، ۱ : ۱۱۶ ببعد؛ [(۱۱) ابن حزم : جمہرۃ انساب العرب، ص ۱۷۰؛ (۱۲) الزرکلی : الاعلام، ۲ : ۲۳، خصوصًا مآخذ؛ (۱۳) انساب الاشراف، ص ۴۹۳.]

(H. Lammens و [ادارہ])

marfat.com
Marfat.com

* بِسرمی: (Besermyans، یا گلازوف تاتاری (Glazov Tatars))، نسلی اعتبار سے ایک منفرد قوم، جو شمالی روس میں رہنے والے اُدمرتوں (Udmurts، Votyaks) سے رشتہ رکھتی ہے۔ ان کی اصل کے بارے میں مختلف نظریات ملتے ہیں۔ لوگ انھیں فنستانی (Finns) بتاتے ہیں جو ترکی اثر کے ماتحت آگئے اور بعض کا خیال ہے کہ یہ قدیم کاما بلغاروں (Kama Bulghars) کی نسل سے ہیں، جو پوری طرح اُدمرت زبان و ثقافت سے متأثر ہو گئے ہیں۔ اب یہ سوویٹ میں شامل ہیں۔

سوویٹ حکومت کی ۱۹۲۶ء کی سر شماری میں بسرمیوں کی تعداد دس ہزار پینتیس بتائی گئی ہے، جن میں سے نو ہزار ایک سو پچانوے خود مختار جمہوریۂ اشتراکیۂ اُدمرت کے اضلاع بلیزینو Balezino اور یکامنسکو Yukamenskoe سے تعلق رکھتے ہیں اور آٹھ سو چونتیس موضع سلوبوڈسکو Slobodskoe کے گرد و نواح سے، جو علاقۂ کروف Kirov میں دریاے ویاتکا Vyatka اور دریاے چپتزہ Ceptza کے سنگم پر واقع ہے۔ بسرمی دو زبانیں جانتے ہیں۔ یہ روسی جمہوریہ اُدمرت میں روسی زبان اور علاقۂ کروف میں قازانی تاتاری بولتے ہیں، نیز ادمرت، جس میں تاتاری زبان کا بہت دخل ہو گیا ہے۔ سرکاری طور پر انھیں سترھویں صدی عیسوی میں عیسائی بنا لیا گیا تھا اور اکتوبر کے انقلاب تک انھیں کلیساے یونان کا مکمل پیرو سمجھا جاتا تھا، لیکن حقیقت یہ ہے کہ وہ دل سے مسلمان ہی رہے اور انھوں نے ایسی رسوم برقرار رکھیں جو روایۃً اسلامی ہیں، خصوصاً جب کسی کی موت واقع ہو جاتی تو وہ آرتھوڈکس پادری کے بعد تاتاری ملّا کو بھی بلا لیا کرتے تھے۔

جب ۱۹۰۵ء میں مذہبی عبادت کی آزادی کا اعلان ہوا تو زیادہ تر بسرمی علانیہ طور پر دوبارہ حلقۂ اسلام میں شامل ہو گئے۔

مآخذ: (۱) Smirnov: *Očet o 8 Arkheolo-gičeskom siezde*، در *Journal du Ministère de l' Instruction Publique*، سینٹ پیٹرز برگ ۱۸۹۰ء، ص ۲۶۹، ۱ تا ۲۷؛ (۲) V. Belitzer: *Problema Proizkhojdeniya Besermyan*، در *Trudy Instituta Etnografii*، ماسکو ۱۹۱۷ء، ج ۱؛ (۳) Negovitzin: *Besermyane*، در *Bolshaya Sovetskaya Entziklopediya*، ۵، ۱۹۳۰ء: ۷۲۱ تا ۷۲۲۔

(A. Bennigsen)

بِس سَرَبِیا: Bessarabia رَكّ بہ بُجاق.

بَسط: (ع) صوفیوں کی ایک اصطلاح، جس کا اطلاق اُس روحانی کیفیت (حال) پر ہوتا ہے جو مقام امید (رجا) میں طاری ہوتی ہے۔ اس کی ضد ''قبض'' ہے [رَكّ باں]۔ قبض و بسط کی تائید میں یہ قرآنی آیت پیش کی جاتی ہے: وَاللّٰہُ یَقْبِضُ وَ یَبْسُطُ ... الآیۃ (۲ [البقرۃ]: ۲۴۵) (= قبض و بسط دونوں حالتیں اللہ ہی طاری کرتا ہے) چونکہ بسط محض ایک ''حال'' ہے لہٰذا اس کا شخصی اعمال سے کوئی تعلق نہیں بلکہ وہ ایک احساس مسرّت و فرحت ہے جو صوفی کو اللہ کی طرف سے عطا ہوتا ہے۔ اسی لیے بعض صوفی اس مقام کو مقام ''قبض'' سے ادنٰی تصور کرتے ہیں۔ اس بنا پر کہ جب تک آخرکار خدا کا وصل حاصل نہ ہو اور انسان کی انفرادی ہستی اس کی ذات میں گم نہ ہو جائے یاس کے سوا کوئی اور احساس نامناسب ہے۔ اس نکتے کی وضاحت جنیدؒ بغدادی کے اس بیان سے ہوتی ہے: ''خوفِ خدا مجھ میں 'قبض' پیدا کرتا ہے اور اس کی بازگشت سے امید مجھ میں 'بسط' پیدا کرتی ہے۔ جب وہ خوف کے ذریعے مجھ میں 'قبض' پیدا کرتا ہے تو میں اپنی خودی سے باہر ہو جاتا ہوں لیکن وہ رجا کے ذریعے مجھ میں 'بسط' پیدا کرتا ہے

Marfat.com

تو میں اپنی خودی میں واپس آ جاتا ہوں'' (القشیری : الرسالة، ص ۳۰) ۔ ابن الفارض کے یہ اشعار اس صوفی نظریے کا خلاصہ بہت خوبی سے بیان کرتے ہیں:

[وَ فِي رَحَموتِ البَسْطِ كُلِّي رغبةٌ
بِها انبسطتْ آمالُ أهلِ بسيطتي
و في رَهَبُوتِ القَبْضِ كُلِّي هَيْبَةٌ
فَفِيما أجلْتُ العَينَ منّي أجلّتِ

(دیوان ابن الفارض، بیروت ۱۹۰۷ء، ص ۶۰، س آخر)]

(ترجمہ : بسط کے حال میں جو رحم ہے میں اس میں سراپا خواہش بن جاتا ہوں، اس کی وجہ سے تمام دنیا کی خواہشات وسیع ہو جاتی ہیں ۔ ''قبض'' کی حالت میں جو دہشت ہوتی ہے اس میں مجسم ہیبت بن جاتا ہوں اور جس کسی پر میری نظر پڑتی ہے اس کی گردن میرے سامنے احتراماً جھک جاتی ہے) ([قب] نکلسن : *Studies in Islamic Mysticism*، ص ۲۰۶) ۔ [حضرت علی] ہجویری[ؒ] لکھتے ہیں [پس قبض عبارتی بود از قبض قلوب اندر حالت حجاب و بسط عبارتیست از بسط قلوب اندر حالت کشف (کشف المحجوب، تہران ۱۳۳۶ھ، ص ۴۸۹، س ۱ تا ۲)] (= ''قبض'' سے مراد ہے حالت حجاب میں دل کا سکڑ جانا اور ''بسط'' سے مراد ہے حالت کشف میں اس کا پھیل جانا)۔

[مآخذ : (۱) الرسالة القشیریة؛ (۲) کشف المحجوب، تہران، ص ۴۸۹؛ (۳) تھانوی : کشاف اصطلاحات الفنون، بیروت ۱۹۶۶ء، ۱ : ۱۲۶ تا ۱۲۷]۔

(A. J. ARBERRY)

• **بِسْطَام** : (نیز بَسْطَام اور کبھی بُسطام) خراسان کا ایک شہر جس کی آبادی (۱۹۵۰ء کی مردم شماری کے مطابق) چار ہزار کے قریب ہے اور جو ضلع (شہرستان) شاہرود کے قلعۂ نو کے بخش (County) میں واقع ہے ۔ اس کی جائے وقوع ۵۵ درجے طول بلد مشرقی اور ۳۶ درجے ۳۰ دقیقے عرض البلد شمالی شاہرود سے چھے کیلومیٹر (تقریباً دو میل) جانب شمال البرز کے پہاڑوں میں ہے ۔

اس شہر کی تاریخ قبل اسلام معلوم نہیں ۔ ایک روایت کے مطابق اس کی بنیاد بسطام نام حاکم خراسان نے اپنے بھتیجے خسرو دوم (پرویز) کے عہد حکومت میں رکھی تھی (نواح ۵۹۰ء) ۔ یاقوت اس شہر کو شاپور دوم سے منسوب کرتا ہے (قب Schwarz) ۔

عربوں کے دور فتوحات میں سُوید بن مُقرّن نے جرجان پر حملہ کرنے سے پہلے اس شہر پر قبضہ کر لیا، لیکن تاریخ فتح غیر یقینی ہے (طبری، حوالہ در Schwarz) ۔

عباسی خلافت میں بسطام صوبۂ قُومِس میں صوبائی صدر مقام دامغان کے بعد دوسرا بڑا شہر تھا ۔ حضرت بایزید[ؒ] البسطامی [رک بآن] کا مدفن ہونے کے علاوہ اس شہر کے متعلق اور کچھ معلوم نہیں ۔ تاتاری حملے کے بعد اس کا زوال شروع ہوا اور بلحاظ اہمیت شاہرود نے اس کی جگہ لے لی ۔ بایزید[ؒ] کے مقبرے کے متعلق دیکھیے Houtum Schindler، در *JRAS*، ۱۹۰۹ء، ص ۱۶۱ ۔

آج کل حضرت بایزید[ؒ] کے مقبرے اور خانقاہ کے علاوہ یہاں چھٹی صدی ہجری / بارھویں صدی عیسوی کے قلعے کے کھنڈر اور ایک امام زادے محمد کے آثار بھی ملتے ہیں ۔ مسجد غالباً اٹھارھویں صدی عیسوی کی بنی ہوئی ہے لیکن مینار اور اس کے برابر کا گنبد بہت پہلے کے ہیں ۔ ان یادگاروں کے لیے دیکھیے E. Herzfeld، در *Der Islam*، ۱۱ (۱۹۲۱ء) : ۱۶۸ تا ۱۶۹۔

مآخذ : (۱) Le Strange، ص ۳۶۰؛ (۲) Schwarz : *Iran im Mittelalter*، ۲، لائپزگ ۱۹۲۶ء، ۸۲۰ تا ۸۲۲؛ (۳) فرہنگ جغرافیائی ایران، طبع رزم آرا، تہران ۱۹۵۱ء، ۳ : ۴۲۔

(R. N. FRYE)

marfat.com
Marfat.com

**بسطام** : بن قیس بن مسعود بن قیس، ابو الصہباء یا **ابو زیق** (بقول ابن الکلبی : جمہرۃ، ص ۲۰۳، **المعروف** بہ ''المتقمر'')، زمانۂ جاہلیت کا بطل، شاعر اور بنو شیبان کا سید ۔ اس کا خاندان تین شریف اور معزز ترین بدوی خاندانوں میں شمار ہوتا تھا (الاغانی، ۱۷ : ۱۰۵) ۔ اس کا والد (المحبر، ص ۲۵۳) ذوو الآکال (بیرونی ممالک کے حکمرانوں سے عطیات لینے والوں) میں سے تھا، اور ساسانی بادشاہوں نے اسے اُبُلّہ اور ملحقہ سرحدی علاقے (طَفّ صَفوان) اس شرط پر بطور جاگیر دے رکھے تھے کہ وہ قبائلیوں کو ترکتاز سے باز رکھے ۔ چونکہ خود اپنے ہی قبیلے والوں کی مخالفت کی بنا پر وہ اپنا یہ فریضہ ادا نہ کر سکا اور اس پر یہ شبہہ بھی کیا گیا کہ اس نے ایرانی حکومت کے خلاف عرب سرداروں سے ساز باز کر رکھی ہے اس لیے اسے قید کر دیا گیا اور ایک ایرانی قید خانے ہی میں اس کی وفات ہوئی (الاغانی، ۲۰ : ۱۳۰).

یہ بات بڑی معنی خیز ہے کہ بسطام نے اپنے والد کی موت کا انتقام نہیں لیا ۔ اس کے برعکس ذُوقار میں عربوں کی فتح کے باوجود، ایرانی حکمت عملی بسطام کی رفاقت حاصل کرنے میں کامیاب رہی اور ایک خاصی معتبر روایت (النقائض، ص ۵۸۰) سے پتا چلتا ہے کہ شیبانی فوجوں کو عین تمر کے ایرانی عامل نے مسلح کیا تھا ۔ بسطام چھٹی صدی عیسوی کے اواخر میں پیدا ہوا (T. Nöldeke، در *Der Islam*، ۱۴ : ۱۲۵) اور بیس برس کی عمر میں اپنے قبیلے کا سردار بن گیا (ابن الکلبی : کتاب مذکور) اور بڑی کامیابی سے اپنے قبیلے کو متحد کیا ۔ اس کا شمار ''جراروں'' میں سے ہوتا ہے (المحبر، ص ۲۵۰) ۔ ایرانیوں سے لڑنے کا خیال ترک کر کے اس نے اپنی تمام سرگرمیاں اپنے ہمسایہ بنو تمیم کے خلاف منعطف کر دیں ۔

البلاذری کے بیان کے مطابق بنو تمیم کی شاخ بنو یربوع کے خلاف اس کا پہلا حملہ الاعشاش کے مقام پر ہوا (انساب، ۱۰ : ۹۹۸ - ب) ۔ شیبانی فوجوں کو شکست ہوئی ۔ بسطام خود گرفتار ہوا اور فدیے کے بغیر رہا کر دیا گیا ۔ اس کا دوسرا حملہ غالباً قشاوہ کے مقام پر ہوا (انساب، ۱۰ : ۱۰۰۳ - ب) ۔ اس موقع پر یہ بات واضح طور پر کہی گئی ہے کہ بسطام نے بذات خود حملہ آور دستوں کی قیادت کی، لیکن اس حملے کی بجائے خود کوئی اہمیت نہیں تھی اور یہ محض قبیلۂ بنو سَلیط [بن یربوع] کے چند اونٹ پکڑنے پر ختم ہوا ۔ سلمان کے مقام پر الاقرع بن حابس سے جنگ بھی بظاہر اسی شروع زمانے کا واقعہ ہے ۔ اس جنگ میں الاقرع [رک بآں] گرفتار ہوا ۔ غبیط المدرۃ کا حملہ (جو یوم بطن الفلج کے نام سے مشہور ہے) ذرا زیادہ سنگین تھا ۔ بسطام کے فوجی دستوں نے ثعالب کے ایک قبائلی وفاق پر حملہ کیا اور اس پر غلبہ پایا، لیکن جب حملہ آوروں نے بنو مالک بن حنظلہ کے خلاف پیش قدمی کی تو انہیں مزاحمت کا سامنا کرنا پڑا اور بنو یربوع کے جنگجو سپاہیوں کی مدد سے بنو مالک نے انہیں مار بھگایا ۔ بسطام کو عُتیبہ بن حارث نے گرفتار کر لیا، اسے بہت بڑا فدیہ دینا پڑا اور مجبوراً یہ عہد کرنا پڑا کہ وہ آئندہ قبیلۂ عتیبہ پر حملہ نہیں کرے گا (انساب، ورق ۹۹۸ - الف، ۹۹۵ - ب، ۹۹۶ - الف) ۔ کچھ عرصے بعد اس نے اپنا عہد توڑ کر ذُوقار کے مقام پر عتیبہ کے بیٹے کے خیمے پر حملہ کر دیا (انساب، ورق ۹۹۵ - ب، ۹۹۸ - الف) اور اس کے اونٹوں پر قبضہ کر لیا (یہ حملہ یوم فیحان کے نام سے بھی مشہور ہے) ۔ بسطام اس کامیابی سے مطمئن نہیں ہوا اور اس نے عتیبہ کو اسیر کرنے کے لیے بنو تمیم پر حملہ کرنے کی تیاری کی، لیکن اس نے

marfat.com
Marfat.com

اس موقع پر الصمد (ذو طلوح) کے مقام پر اسے شکست ہوئی اور وہ بڑی مشکل سے اپنی جان بچا کر بھاگا (انساب، ورق ۹۹۸ - الف) - الاُفاقه کے مقام پر ایک اور لڑائی ہوئی، جو الغَبیطَین یا العُظالَه کی لڑائی کہلاتی ہے - اس کی تیاری اور امداد ایرانی عامل عین تمر نے کی تھی - اس میں حملہ آوروں کو شکست ہوئی اور بسطام فرار ہوا (اَنساب، ق ۱۰۰۳ - ب) - بسطام نے آخری لڑائی نَقَا الحَسَن کے مقام پر لڑی - وہ ایک نیم دیوانے ضَبّی، عاصم بن خلیفه، کے ہاتھوں مارا گیا، جس کے متعلق مشہور ہے کہ اس نے حضرت عثمانؓ کے حضور میں اپنے اس کارنامے کا ذکر بڑے فخر کے ساتھ کیا تھا - اس کی تاریخ وفات تقریباً ۶۱۰ھ متعین کی جا سکتی ہے۔

بسطام کی اولاد و اخلاف سے متعلق ہمارے پاس بہت کم معلومات ہیں - اس کے بیٹے زِنِق کی بیٹی حَذراء کی شادی الفَرَزدَق سے ہونے والی تھی لیکن تاریخ مقررہ سے پہلے ہی اس کا انتقال ہو گیا [ابن حزم: جمهرة، ص ۲۰۶، ۳۲۶].

بِسطام کے متعلق کہا جاتا ہے کہ وہ عیسائی تھا - وہ اپنے قبیلے کا سیّد [سردار] تھا - جب اس کی موت کی خبر اس کے قبیلے والوں کو پہنچی تو انھوں نے اظہارِ غم کے طور پر اپنے خیمے گرا دیے - اس کی موت پر بہت سے مرثیے کہے گئے اور اس کی ذات کو بدوی جرأت و شجاعت کا نمونہ اور مثال قرار دیا گیا - لیکن الجاحظ کے وقت تک عراق کے شہروں کے مخلوط شہری معاشرے میں اس کی شہرت کا آفتاب غروب ہو چکا تھا اور لوگ اس کے مقابلے میں عَنتَرہ [بن شدّاد] کے قصے سننا زیادہ پسند کرتے تھے (البیان، ۱: ۳۴)، جو ان کے معاشرتی مساوات کے میلانات سے قریب تر تھا (دیکھیے آؤ، ت، بذیل مادّۂ عَنتَرۃ از R. Blachère).

مآخذ: (۱) مآخذ مذکورہ در E. Bräunlich: *Bisṭām b Ḳays*، لائپزگ ۱۹۲۳ء اور جو Th. Nöldeke نے Bräunlich کی کتاب کے تبصرے میں دیے ہیں، در *Isl.*، ۱۳: ۱۲۳؛ (۲) ابن الکلبی: جَمهرة الاَنساب، مخطوطهٔ موزهٔ برطانیه، عدد Add. ۲۲۳۹۷ (اس کی اطلاع محمد بن حبیب نے دی ہے)، ورق ۲۰۳؛ (۳) البَلاذُری: اَنساب، مخطوطه، ۱۰: ورق ۹۸۸ - الف، ۹۹۵ - ب، ۹۹۸ - الف، ۱۰۰۳ - ب، ۱۰۰۴ - ب؛ (۴) الجاحظ: البَیان، (طبع السَّندوبی)، بمدد اشاریه؛ (۵) محمّد بن حبیب: المُحبّر، بمدد اشاریه؛ (۶) السُّوَیدی: سبائک، بغداد ۱۲۸۰ھ، ص ۱۰۳، ۱۱۲، ۳ ۱۱؛ (۷) الآمدی: المؤتلف، ص ۶۴، ۱۳۱؛ (۸) المرزُبانی: معجم الشُّعراء (طبع Krenkow)، ص ۳۰۰، ۳۲۴، ۴۰۵؛ (۹) ابن حزم: جَمهرة (طبع Lévi-Provençal)، ص ۳۰۶؛ (۱۰) جواد علی: تاریخ، بغداد ۱۹۵۵ء، ص ۳۶۲ تا ۳۶۳ و ۳۷۰؛ (۱۱) R. Blachère: *A propos de trois poètes arabes d'époque archaïque*، در *Arabica*، ۳: ۲۳۱ تا ۲۴۹؛ (۱۲) W.Caskel: *Aijām al-'Arab*، در *Islamica*، ۳: ۱۰۰۰؛ (۱۳) محمّد بن زیاد العربی: اَسماء الخَیل (طبع Levi della Vida)، ص ۶۰، ۸۹؛ (۱۴) ابوالبقاء هبۃ اللہ: المَناقب، مخطوطهٔ موزهٔ برطانیه، عدد ۲۳۲۹۶)، ورق ۳۶ - الف، ۳۸ - ب، ۴۲ - الف، ۴۴ - الف، ۱۱۱ - ب؛ (۱۵) الجاحظ: الحَیوان، (طبع عبدالسلام هارون)، ۱: ۳۳۰؛ ۲: ۱۰۴؛ (۱۶) المبرد: الکامل، بمدد اشاریه].

(M. J. Kister)

**البِسطامی**: ابو یزید، رک به ابو یزید.

**البِسطامی**: عبدالرحمٰن بن محمد بن علی بن احمد الحنفی الحُروفی، انطاکیه میں پیدا ہوا اور معلوم ہوتا ہے کہ ۸۰۳ھ/ ۱۴۰۰ء میں تیمور کے ہاتھوں حلب کی جو بربادی ہوئی وہ اس نے اپنی آنکھوں سے دیکھی تھی - اس نے پہلے مصر میں تعلیم حاصل کی اور پھر برسه گیا، جو اس

marfat.com
Marfat.com

وقت عثمانی ترکوں کا دارالخلافہ اور سلطان کی قیام گاہ تھا ۔ وہاں اسے سلطان مراد ثانی کا تقرب حاصل ہوا، جو علم و فضل کا بڑا سرپرست تھا ۔ البسطامی کی بہت سی تصانیف سلطان موصوف کے نام معنون ھیں ۔ ۸۵۸ھ / ۱۴۵۴ء میں برسہ میں اس کا انتقال ہوا [تاریخ و سیر کا عالم تھا].

البسطامی صوفی مشرب تھا اور جیسا کہ اس کے نام سے ظاہر ہے وہ حروفی [رک بآن] درویشوں کے سلسلے سے منسلک تھا، جو ابجد کے حروف اور ان کے مرکّبات کو صوفیانہ اھمیت دیتے تھے ۔ (دیکھیے اس کی کتاب کشف اسرار الحروف اور شمس الآفاق فی علم الحروف، جو ۸۲۶ھ / ۱۴۲۳ء میں لکھی گئی) ۔ اس کی اسی قسم کی کتابوں میں سے ایک مفتاح الجفر الجامع بھی ہے ۔ اس نے تصوف پر متعدد کتابیں لکھیں، جن میں مناھج التوسل فی مباھج الترسّل سب سے زیادہ معروف ہے ۔ اس نے تاریخ اور جغرافیے کے موضوعات پر بھی قلم اٹھایا ۔ اس کی اس قسم کی کتابوں میں اس کی وہ دائرۃ المعارف ہے جس کا نام الفوائح المسکیّۃ فی الفواتح المکیّۃ ہے.

**مآخذ**: (۱) براکلمان Brockelmann، ۲ : ۳۰۰؛ (۲) حاجی خلیفہ (طبع Flügel)، ۳ : ۳۶۸؛ (۳) *JRAS*، ۱۸۹۹ء، ص ۹۰۷؛ [(۴) الاعلام، ۴ : ۹۱].

(M. SMITH)

**البسطامی**: علاءالدین علی بن محمد، جو مصنّفک (=چھوٹا مصنف) کہلاتا ہے، کیونکہ وہ چھوٹی عمر ہی سے میدان تصنیف و تالیف میں اتر آیا تھا ۔ ۸۰۳ھ / ۱۴۰۰ - ۱۴۰۱ء میں بمقام بسطام پیدا ہوا ۔ ۸۴۸ھ / ۱۴۴۴ - ۱۴۴۵ء میں ترکی میں بود و باش اختیار کی اور وہیں ۸۷۵ھ / ۱۴۷۰ - ۱۴۷۱ء میں وفات پائی ۔ سلطان محمد ثانی کے ایماسے اس نے ایک فتوی دے دیا، جس کی رو سے وہ خاص رعایت جو وزیر اعظم محمود [پاشا] نے شاہ بوسنہ کے لیے منظور کی تھی منسوخ کر دی گئی، اور پھر ... اس پر بھی تیار ہوگیا کہ اس بادشاہ کے لیے جو موت کا حکم دیا گیا تھا اس کا نفاذ اپنے ہاتھ سے کرے، چنانچہ اس نے واقعی اس کا سر کاٹ لیا ۔ البسطامی نے عربی اور فارسی میں متعدد کتابیں تصنیف کیں، جن میں الزّمخشری کی الکشّاف کی شرح بھی شامل ہے ۔ بسطامی فخر الدین الرّازی کے اخلاف میں سے تھا.

**مآخذ**: (۱) Hammer : *Gesch. des Osman. Reiches*، بمدد اشاریہ؛ (۲) سعدالدّین : تاج التّواریخ، ۱ : ۲۹۶؛ [(۳) اُوآ، ع، بذیل مادہ].

(CL. HUART)

**بسطه**: Basta، ھسپانوی نام بازا Baza، جسے جغرافیۂ قدیم میں بستی کہا گیا ہے۔ [پرانا رومی نام باستی تھا، بعد کو بستہ یا بستیانہ Bastiana ہوا ۔ عربی نام بسطہ اسی رومی نام سے بنا ہے ۔ آج کل وہ بازا کہلاتا ہے : اندلس کا تاریخی جغرافیہ، ص ۱۰۶] ۔ آج کل صوبۂ غرناطہ (Granada) کی ایک قسمت (Partido) کا صدر مقام ہے ۔ یہ غرناطہ سے شمال مشرق کی جانب سڑک کے راستے ایک سو تیئیس کیلومیٹر ہے ۔ الادریسی بتاتا ہے یہ درمیانے درجے کا خوشحال اور خوب آباد شہر تھا، جو ایک خوشگوار مقام پر واقع تھا، نیز قلعہ بند تھا اور اس میں متعدد بازار تھے اور ایک تجارتی مرکز بھی تھا؛ جہاں مقامی اہل حرفہ طرح طرح کی صنعت کاریوں میں مصروف رہتے تھے ۔ شہر میں شہتوت کے درختوں کی فراوانی تھی [اور ریشم کے کیڑے پالے جاتے تھے]؛ اس سبب سے یہاں ریشم کی صنعت وسیع پیمانے پر تھی بازا زیتون کے باغوں اور مختلف اقسام کے پھلوں کے درختوں سے بھی مالا مال تھا ۔ یہیں وہ کارخانہ

Marfat.com

(طروز) واقع تھے جن میں جانمازیں یا مصلّے (جنھیں بسطی کہا جاتا تھا) بنتے تھے - یہ زربفت سے تیار کیے جاتے تھے اور (خوبی کے اعتبار سے) بے مثل مانے جاتے تھے - یہاں سرمہ (کحل یا Sulphide of Antimony)، جو آنکھوں کی صفائی کے لیے استعمال ہوتا تھا، شہر کے قریب ایک پہاڑ سے دستیاب ہوتا تھا، جو جبل الکُحل کہلاتا تھا - اموی خلافت کے زمانے میں بازا میں فرقۂ مضارب کے لوگ خاصی تعداد میں موجود تھے، جس کا اسقفی نظام (Bishopric)، طلیطلہ (Toledo) کے ماتحت تھا - البیان کے آخری حصے میں . . . اس شہر پر الموحدین کے عہد حکومت کے کئی والیوں کے نام ملتے ہیں - ۶۳۵ھ / ۱۲۳۷ء میں بازا، نصری سلطنت [رك بہ نصر، بنو] کے بانی محمد بن یوسف بن احمد کے قبضے میں آ گیا۔

**مآخذ**: (۱) الادریسی، متن، ص ۲۰۲، ترجمہ ص ۲۴۷؛ (۲) یاقوت، ۱ : ۶۲۳؛ (۳) القزوینی: *Cosm.*، ۲ : ۳۴۴، العذری کے مطابق؛ (۴) E. Lévi-Provençal : *La Peninsule iberique*، ص ۵۶ تا ۵۷.

(A. Huici Miranda)

[تعلیقہ : مسلمان ۹۴ھ/۷۱۳ء میں اس شہر پر قابض ہوے اور نویں صدی ہجری / پندرھویں صدی عیسوی کے آخر تک یہ برابر اسلامی حکومت میں رہا، دور آخر میں غرناطہ کے تین بڑے شہروں میں سے ایک یہ بھی تھا - مسلمانوں کے زمانے میں یہاں تجارت کی گرم بازاری تھی اور آبادی پچاس ہزار کے قریب تھی - ۸۹۵ھ / ۱۴۸۹ء میں فرڈیننڈ اور ازابلہ نے اس پر قبضہ کیا - گویا آٹھ سو برس تک یہاں مسلمانوں کی حکومت رہی (اندلس کا تاریخی جغرافیہ، صفحہ ۱۵۶) - اب آبادی اکیس ہزار کے قریب ہے۔

(غلام رسول مہر)]

* **بِسْکَرہ** : الجزائر کے جنوب مشرق اور صحرا کے شمالی کنارے پر ایک قصبہ اور زیبان کا نخلستان، جو سطح بحر سے ایک سو ایک سو بیس فٹ کی بلندی پر دریائی مٹی کی مخروطی پہاڑی اور اوید [وادی] بِسْکَرہ کے مغربی کنارے کے وسیع نشیب کے دہانے پر، جو اَوْراس [رك باں] کے تودۂ کوہ سے لے کر کوہ اطلس کی مغربی صحرائی چوٹیوں تک پھیلا ہوا ہے، واقع ہے - یہ مقام ہمیشہ سے خانہ بدوشوں اور فاتح چرواہوں کی گزرگاہ رہا ہے- یہاں کے نیلگوں آسمان کی، جس پر شاید ہی کبھی بادل آتے ہوں، اور معتدل سرمائی آب و ہوا (ماہ جنوری میں اوسط درجۂ حرارت ۱۱۰۲ درجے [سینٹی گریڈ] = ۵۲ درجے فارن ھائٹ ہوتا ہے) کی وجہ سے اسے ایک سرمائی صحت افزا مقام کی حیثیت حاصل ہو گئی ہے (یہاں بہت سے ہوٹل ہیں) - لیکن گرمیوں میں یہاں شدید گرمی ہوتی ہے (جولائی میں ۳۳۰۳ درجے [سینٹی گریڈ] = ۹۲ درجے فارن ھائٹ) جو کھجوروں کے پکنے کے لیے اچھی ہوتی ہے - بارش بالعموم بہت کم (۱۵۶ ملی میٹر = ۱۰۱۴ انچ سالانہ) اور بہت بے قاعدہ ہوتی ہے - تیرہ سو ھیکٹر کے رقبے میں پھیلے ہوے نخلستان میں پندرہ ہزار سے زیادہ کھجور کے درخت اور پھلوں کے ہزاروں دوسرے درخت ہیں - انھیں چشموں کے پانی سے، جسے نہروں کے ذریعے پھیلایا گیا ہے سیراب کیا جاتا ہے - نخلستان کے جنوبی کنارے پر جَو اور گندم کے وسیع کھیت ہیں، جو سردیوں کے فاضل پانی سے سیراب ہوتے ہیں - یہاں فصل اپریل کے شروع میں کاٹی جاتی ہے - آبادی کا یورپی حصہ، جس نے مغربی شہر کی صورت اختیار کر لی ہے اور جو انتظامی، تجارتی اور سیاحی مرکز ہے، متوازی خطوط میں بنایا گیا ہے؛ اسے نخلستان سے دریا کے اوپر کی سمت ایک قلعے کے قریب

تعمیر کیا گیا تھا ۔ مسلمان کاشت کار دیہاتوں میں پھیلے ہوے ہیں اور کچھ کچی اینٹوں کے مکانوں میں رہتے ہیں ۔ یہ سب کؤں زیادہ تر جنوب میں ایک قدیم ترک قلعے کے ارد گرد واقع ہیں ۔ ان دیہات کے نام یہ ہیں : مسید Msid، باب الدّرب، راس القریہ (al-Guerria)، سیدی برکات مجنشہ (Medjeniche) اور قیداشہ (= قداشہ) (Gueddacha) ۔ ان دیہات سے ذرا ہٹ کر شہر کے کنارے بنی مُرہ، الکورہ، فِلیاش Filiach اور عالیہ Aliya کے دیہات ہیں ۔ بسکرہ زِیبان کے نخلستانوں کا سب سے بڑا مرکز ہے اور یہاں کی آبادی باون ہزار پانچ سو ہے، جن میں سے کچھ یورپی ہیں ۔ یہاں تُغُرت (Touggourt) اور قسطنطین کے درمیان ریل چلتی ہے اور پائپ لائن بھی ہے، جس کے ذریعے ۱۹۵۸ء کے بعد سے حسای مسعود Hassi Messoud کا پٹرول فلپ ولہ Phillipeville تک پہنچایا جاتا ہے اور جسے بجایہ تک بڑھا دینے کی تجویز ہے ۔

بسکرہ قدیم شہر وشکرہ Vescara کی جگہ بنا ہوا ہے ۔ یہ شہر رومی چوکیوں (Limes posts) میں سے ایک چوکی تھی، جس پر بوزنطیوں کا قبضہ یقیناً نہیں تھا ۔ اس نام کا سراغ تیسری صدی ھجری/گیارھویں [بہ تصحیح نویں] صدی عیسوی سے ملتا ہے، جب کہ القیروان کے بنو اغلب نے اسے زاب (جمع زِیبان) کے سارے صوبے سمیت فتح کیا تھا، جس کا صدر مقام اس زمانے میں طُبنہ تھا، جو مشرقی ھُدنہ Hodna میں واقع ہے ۔ بنو حمّاد کے زیرِ حکومت بسکرہ خود مختار تھا اور اس کا انتظام شیوخ کی ایک کونسل کے ہاتھ میں تھا ۔ اس کونسل کی قیادت کے لیے بنو رُمّان اور بنو سِندی برابر لڑتے رہتے تھے ۔ البَکری (Slane کا ترجمہ، بار دوم، ص ۱۱۱ تا ۱۱۲) اس زمانے کے بسکرہ کی خوبصورتی اور خوشحالی کا تذکرہ کرتا ہے اور اس کی فصیل، شاداب نخلستان اور بربر چرواہوں مَغراوہ اور سَدْراتہ کا حال لکھتا ہے جو اس کے گرد و پیش خانہ بدوشانہ زندگی بسر کرتے تھے ۔ چھٹی صدی ھجری / بارھویں صدی عیسوی میں الموحدین کے دور میں بسکرہ نے طُبنہ کی جگہ لے لی اور بالآخر یہ تہوذہ کا قائم مقام بن گیا، جو زمانۂ قدیم میں تبودیوس Tobudeos کے نام سے مشہور تھا ۔ الإدریسی کے بیان کے مطابق یہ شہر ہمیشہ ہی سے اچھی طرح قلعہ بند تھا ۔ زاب پر مشرق سے آنے والے اَثْبج (ھلالی) عربوں نے قبضہ کر لیا ہے ۔ اَثبج وفاق میں سے لطیف قبیلے کے ایک مقیم خاندان بنو مُزنی نے بنو رُمّان سے اقتدار حاصل کرنا چاہا ۔ بنو رمان کے ملک کے ساتھ پرانے تعلقات تھے ۔ انھوں نے ساتویں صدی ھجری / تیرھویں صدی عیسوی میں تونس کے بنو حفص کی مدد سے کامیابی حاصل کی اور بسکرہ حفصی ریاستوں کے تمام جنوب مغربی علاقے کا ایک بڑا شہر بن گیا، لیکن حقیقت میں یہ ایک خوش حال اور آزاد حکومت کا صدر مقام تھا، جہاں قافلے آتے تھے اور تلّ کی اشیا کے بدلے صحرا کی پیداوار لے جاتے تھے ۔

آٹھویں صدی ھجری / چودھویں صدی عیسوی میں بنو مُزنی نے کئی مرتبہ بجایہ، تلمسان یا فیض کے حکمرانوں کے مفاد کی خاطر بنو حفص کے خلاف باغیانہ سرگرمیاں دکھائیں ۔ پھر ۸۰۴ھ / ۱۴۰۱ - ۱۴۰۲ء میں شاہ ابو فارس نے بسکرہ پر تونس کا اقتدار دوبارہ قائم کیا ۔ اس نے بنو مزنی کے آخری سردار کو گرفتار کر لیا اور اس کی جگہ اپنی پسند کے کسی آدمی کو قائد مقرر کر دیا ۔

نویں صدی ھجری / پندرھویں صدی عیسوی کے آخر میں بنو حفص کے زوال پر بسکرہ اور زاب

Marfat.com

خانہ بدوش دواودہ عربوں کی جاگیر بن گئے ۔ دسویں صدی ہجری / سولھویں صدی عیسوی کے وسط میں محمد بن حسن الوزّان الزیّاتی (Leo Africanus) کی تحریر (ترجمہ از Epaulard، ص ۴۴) کے مطابق "شہر میں اب بھی خاصی آبادی تھی"؛ لیکن لوگ غریب تھے ۔ یہی زمانہ ہے جب ترکوں نے ۹۴۹ھ / ۱۵۴۲ء میں حسن آغا کی اور ۹۵۹ھ / ۱۵۵۲ء میں صلاح رئیس کی دو یلغاروں کے بعد ایک محافظ فوج رکھنے اور قلعہ تعمیر کرنے کا تہیّہ کیا ۔ اقتدار عملاً قبیلۂ بنو عکّاز کے سرداروں کے ہاتھوں میں تھا، جنھیں شیخ العرب کا لقب ملا ہوا تھا ۔ اٹھارھویں صدی میں بے صلاح قسطنطینی نے ان کی قوت محسوس کر کے بن جناح نامی قبیلے کو ان کا حریف بنا کر کھڑا کیا ۔ بسکرہ کو اس حریفانہ رقابت اور ترکوں کے ناپسندیدہ عمل سے سخت نقصان پہنچا ۔ یہاں کے باشندوں نے آہستہ آہستہ شہر خالی کر دیا اور نخلستان میں پھیلے ہوئے چھوٹے چھوٹے دیہات میں منتشر ہو گئے ۔

فرانسیسیوں کے الجزائر میں اترنے (۱۸۳۰ء) کے بعد بھی رقابت جاری رہی ۔ بو عکّاز قبیلے کے نمائندے فرحت بن سعیدّ نے عبدالقادر سے مدد طلب کی، لیکن بن جناح قبیلۂ قسطنطین کے قبضے کے بعد ۱۸۳۸ء میں فرانس سے مل گیا ۔ بسکرہ پر ۱۸۴۴ء میں اومالہ Aumale کے ڈیوک نے قبضہ کر لیا ۔ اگلے سال ایک مستقل محافظ فوج قائم کی گئی اور قدیم قصبے کی جگہ ایک قلعہ تعمیر کیا گیا ۔ قبیلۂ بن جناح کا اقتدار اب بھی قائم رہا اور اس علاقے میں بڑے بڑے عہدے انھیں کے قبضے میں رہے ۔ کچھ عرصہ ہوا [۱۹۳۸ء میں] انھوں نے قبیلۂ بوعکاز سے سمجھوتا کر لیا ہے اور اب وہ ان کے حلیف ہیں ۔ بسکرہ اب ایک خوشحال مرکزی مقام اور اس ضلع کا اہم ترین شہر ہے جو کسی زمانے میں تُغرت (Touggart) کے فوجی علاقے سے ملحق تھا ۔ یہ شہر اب مخلوط پرگنوں کا مرکز ہے اور اسے پورے اختیارات حاصل ہیں ۔ یہ شہر حال ہی میں (۱۹۵۶ء میں) بتنہ Batna کے جدید ضلع کی ماتحت کوتوالی (sous-prefecture) کا صدر مقام بن گیا ہے اور زیبان کا اقتصادی مرکز ہے ۔

(J. DESPOIS)

**بِسکِیسك آبازہ :** (یا بِشکِیسك ابازہ) ایک مسلمان قوم کا روسی نام، جو ابیرو ۔ قفقاری (Ibéro-Caucasian) خاندان کی ابسگو ۔ چرکسی (Abasgo-Circassian) (اَدیغہ) شاخ میں شامل ہے ۔ نسلیاتی اعتبار سے دیکھا جائے تو یہ کباردیوں (Kabardians) سے قریب ہیں ۔ قرونِ وسطٰی کے آغاز سے ابازہ قوم مختلف بولیاں بولنے والی دو جماعتوں میں تقسیم ہو گئی تھی ۔ شمالی یا تَپنتہ گروہ، جو چھے قبائل پر مشتمل تھا اور شکاروہ گروہ ۔ اس میں بھی چھے قبائل تھے ۔ ۱۹۲۶ء کی سر شماری کی رو سے ابازہ کی تعداد ۱۳۸۲۵ تھی لیکن لاوروف Lavrov کا خیال ہے کہ ان کی اصل تعداد اس سے کہیں زیادہ ہے اور آج کل یہ شاید بیس ہزار کے قریب ہوگی ۔ اباژہ کی اکثریت (۱۹۲۶ء میں کل تعداد ۱۳۸۲۵ میں سے ۱۰۹۹۳) سرکیشیا کے خود مختار علاقے اور زلینچک کلاں و خُرد اور کوبن اور کاما ندیوں کی بلند وادیوں میں آباد ہے ۔ یہاں ان کے تیرہ گاؤں ہیں ۔ ان کے علاوہ سٹیوروپول Stavropol کے پرگنے (Krai) میں کسلوووڈسک Kislovodsk کے قریب دو اور اباژہ گاؤں ہیں ۔ نیز ادیغہ کے خود مختار علاقے میں چرکسی اور نوغای Nogai مواضع میں بھی ابازہ کے چند ایک گروہ آباد ہیں ۔

ابازہ ان کثیراللسان قبائل کی نسل سے ہیں جو سنہ عیسوی کے آغاز کے وقت بحیرۂ اسود کے

marfat.com
Marfat.com

سواحل پر، موجودہ زمانے کے ابخازیہ کے شمال مغرب میں رہتے تھے ۔ اور چند صدیوں میں گھل مل کر ایک قومی وحدت بن گئے، جس نے ابخاز کا نام پایا ۔

چودھویں اور پندرھویں صدی عیسوی میں اکثر ابازہ نے ساحلی علاقے میں (تواپسہ = Tuapse اور بزیب = Bzib کے درمیان) اپنا اصلی وطن چھوڑ کر قفقاز کو عبور کیا اور کبارڈیوں کو نکال کر اس علاقے میں رس بس گئے جہاں وہ آج کل رہتے ہیں ۔ اس کے بعد سے انہیں برابر سرکیشیا والوں کی مخاصمت کا سامنا کرنا پڑا اور ان کی تاریخ ایک سست رفتار مگر مسلسل انحطاط کی مظہر ہے ۔ سولھویں صدی کے خاتمے پر ابازہ قبائل نے جو قبل ازیں اس علاقے پر مسلّط تھے، طوعًا و کرھًا کباردی اور بسلنی (Beslenei) حکمرانوں کی اطاعت تسلیم کر لی ۔ اسی زمانے میں (عہدِ مراد ثالث) ترکوں نے اپنے زیر حفاظت علاقے کی حدود میں مشرقی قفقاز کو بھی شامل کر لیا لیکن عہد نامۂ بلغراد کی رو سے کباردیا سے دستکش ہو گئے اور اسے ایک خود مختار ریاست تسلیم کر لیا گیا ۔ اس وقت ترکوں کی سرحد دریاے کوبن کے ساتھ ساتھ جاتی تھی اور تپنتہ قبائل، جو اس دریا کے دونوں کناروں پر بدوی زندگی بسر کر رہے تھے، خود مختار ہوگئے اور واضح طور پر کسی حکومت کے بھی مطیع نہ رہے ۔ عہد نامۂ کوچک قینارجہ (۱۷۷۴ء) کے بعد روسیوں نے کباردیا پر قبضہ جما لیا اور ۱۸۰۲ء میں ابازہ کے علاقے کا بہت بڑا حصہ نوغای قوم کے علاقے کے ساتھ شامل کر کے اسے ایک خاص ضلع (Pristavstvo) کی شکل دے دی گئی، جس کا نظم و نسق براہ راست روسیوں کے ہاتھ میں تھا ۔ قفقاز کی جنگوں میں ابازہ اطاعت کے اعتبار سے بٹ گئے ۔ تپنتہ روسیوں کے حلیف ہوگئے اور شکاروہ نے مریدیوں (Muridists) کی جد و جہد کی حمایت کی ۔ روسیوں کی فتح کے بعد، جو ۱۸۵۸ء اور ۱۸۶۴ء کے مابین ہوئی تھی، شکاروہ کی اکثریت (تَم، قِزل بک، بَگ، چغری اور مسلبای قبائل) ترکی کو ہجرت کر گئے ۔ سرکاری بیانات کے مطابق ان تارکانِ وطن کی تعداد تیس ہزار بتائی جاتی ہے لیکن یہ اندازہ اصل سے بہت کم معلوم ہوتا ہے ۔ سرکیشیا کی جنگوں کے بعد اس علاقے میں صرف نو ہزار نو سو اکیس ابازہ باقی رہ گئے تھے (*Čislovie dannie o gorskom i pročem* : E. Felitsin *musulmanskom noselenii Kubanskoi oblasti*، در *Sbornik Svedenii o Kavkaze*، تِفلِس ۱۸۸۵ء، ۹ : ۸۷ تا ۹۴).

ابازہ کے قبول اسلام کا آغاز (جو قبل ازیں ارواح پرست یا عیسائی تھے) شمالی قفقاز کی طرف ان کی نقل مکانی کے بعد ہوا جب سے کہ ان کا میل جول قرم (Crimea) کے تاتاریوں اور نوغای کے ساتھ ہونے لگا ۔ انہوں نے ان اقوام کی عادات اور نظام تقویم (جو بارہ بارہ سال کے حیوانی دوروں پر مشتمل تھا) کے ساتھ ساتھ حنفی مسلک اختیار کر لیا ۔ ان کی تبدیلی مذہب کی رفتار سست تھی، چنانچہ سترھویں صدی عیسوی کے اختتام تک قریب قریب سارے قبائل، جو کوبن کے جنوب میں آباد تھے، ارواح پرست یا عیسائی ہی تھے (حُسَین ہزار فن، حوالہ در V.D. Smirnov : *Krïmskoie Khānstvo pod verkhovenstvom Ottomanskoi Porti do načala XVIII veka*، سینٹ پیٹرزبرگ ۱۸۸۷ء، ص ۳۴۷) ۔ اولیا چلبی وثوق سے کہتا ہے کہ بِہ ڈراَ، جن کا شمار اہم ترین ابازہ قبائل میں ہوتا ہے، مسلمان نہیں ۔ اٹھارھویں صدی کے خاتمے تک تقریبًا تمام تپنتہ اسلام قبول کر چکے تھے لیکن P.S. Pallas کی ان کے علاقے میں آمد کے وقت تک شکاروہ عیسائی ہی تھے اور اسلام صرف اعلٰی طبقے

Marfat.com

تک محدود تھا (Bermerkungen auf einer Reise and die südlichen Statthalterschaften des Russischen Reichs in den Jahren 1793 und 1794، لائپزگ ۱۷۹۹ء، ص ۳۹۵)۔ اسی زمانے میں J. Reineggs (Allgemeine historisch-topographische Beschreibung des Kaukasus، گوتھا - سینٹ پیٹرزبرگ ۱۷۹۶ء، ص ۲۷۳) بتاتا ہے کہ تم، چغری اور برکہ قبائل، جو شکاروہ گروہ میں سے ہیں، ''دشمنان اسلام'' تھے۔ ۱۸۰۷ء میں J. Klaproth (Reise in den Kaukasus und nach Georgien، ج ۱، Halle - برلن ۱۸۱۲ء، ص ۵۰۹) نے مشاہدہ کیا کہ تم اسلام قبول کر چکے ہیں لیکن [عقائد میں پکے نہ تھے] - اس کی تصدیق Kavkaz، شمارہ ۹۴، ۱۸۵۰ء میں مطبوعہ مقالہ Gorskie plemena živushčie za Kuban'yu کے بلا نام مصنف سے ہوتی ہے - جس کے بیان کے مطابق تم ''بہت ڈھیلے ڈھالے سے مسلمان'' تھے، چغری ''چند ایک امرا کے علاوہ اسلامی رسوم مذہبی کی کچھ زیادہ پروا نہ کرتے تھے''، بگ (اسی گروہ کا ایک قبیلہ) کے کوئی معین عقائد نہ تھے اور برکہ صرف جزوی طور پر مسلمان ہوئے تھے - لہذا معلوم ہوتا ہے کہ شکاروہ نے پوری طرح انیسویں صدی عیسوی کے وسط ہی میں اسلام قبول کیا ہے جو سرکیشیا کے علاقے میں شامل [ارک بان] کے نائب محمد امین کے تبلیغی جوش کا مرہون منت ہے ۔

بیسویں صدی عیسوی کے آغاز تک ابازہ قوم نے اپنا انتہائی قسم کا پیچیدہ جاگیرداری نظام، جو سرکیشیا والوں کے مماثل تھا، بر قرار رکھا - اس معاشری ڈھانچے میں سب سے نیچے کے درجے پر غلام یا انوی (Unavi سرکیشیا والوں کے یہاں انوت Unawt) تھے - ان کے بعد دوامی رعیت (serfs) کمیروں یعنی لگ (= lig شکاروہ کے یہاں گریگ عوہ grig'vc) اور آزاد شدہ رعیت، آزت لگ (azat-lig) کا درجہ تھا - ان پر خاص خاص خدمتوں کی انجام دہی لازم تھی، تاہم وہ اپنے آقا تبدیل کر سکتے تھے اور خود اپنے انوی یا لگ رکھ سکتے تھے - ان کے اوپر وہ طبقہ تھا جو تعداد میں سب سے زیادہ تھا یعنی آزاد کاشتکار یا اکوی (= akavi یا تلفکشو = tl'fakashaw) - پھر طبقۂ امرا تھا، جو چھوٹے امرا (امیستہ amista) اور بڑے امرا (امیستدی Amistadī) (شکاروہ کے یہاں تود tawad) پر مشتمل تھا، چھوٹے امرا اور بڑے ملوک یا امرا کے مصاحب و حشم ہوتے جو خود اپنے خدم و حشم رکھ سکتے تھے - اس معاشرے کا بلند ترین طبقہ ''ملوک'' کا تھا، جو اپنے اپنے خیلوں کے سردار یعنی اخا اور بسکنی Beskenci [لیکن قب وو، فرانسیسی : Besleneis] اور کباردی فرمانرواؤں کے باجگذار ہوتے تھے - ان کی جگہ سرکیشیا کے طبقۂ امرا ( : پشہ psha ) میں نہیں بلکہ اس سے کمتر درجے کے طبقۂ تلکوتش میں ہوتی تھی - اخا کی وہ اولاد جو ادنی طبقے کی عورتوں سے ہوتی ان کی ایک علیحدہ جماعت ''تمہ'' بن گئی تھی۔

انقلاب اکتوبر تک بلکہ سوویٹ حکومت کے ابتدائی برسوں میں بھی ابازہ نے قبائلی سرداری اور جاگیرداری کی رسوم برقرار رکھیں (مثلاً قبیلے کی شاخوں میں تقسیم، خون کا بدلہ، کالیم Kaiym، اتالک atalik وغیرہ)۔

### زبان اور ادب

ابازہ زبان ایبرو - قفقازی زبانوں کی شاخ ابخازو - ادیغہ سے تعلق رکھتی ہے - یہ ابخاز سے اس قدر قریب ہے کہ بعض اوقات اسے محض اس زبان کی ایک بولی ہی سمجھ لیا جاتا ہے - لیکن اس میں بعض کباردی خصائص بھی موجود ہیں - یہاں دو بولیاں ہیں : اشکرہ جنوب میں بولی جاتی ہے - اس کی بھی دو ضمنی شاخیں ہیں یعنی اپسوا اول Aspsua aul کی اور دوسری

marfat.com
Marfat.com

ستارو staro اور نوو کوونسکو Novo-Kuvinskoe کی ۔ دوسری بولی تپنتہ شمال میں بولی جاتی ہے ۔ اس کی بھی ضمنی بولیاں دو ہیں یعنی کبنہ ۔ البرگن Kubna-El'burgan کی اور پسز ۔کرسنو وسٹو چنو Psiz-Krasno Vastočnoe کی ۔ انقلاب اکتوبر تک ابازہ زبان تحریری نہیں تھی ۔ ۱۹۳۲ء میں اس کے لیے ایک ترمیم یافتہ روسی ''رسم الخط'' بنایا گیا اور اس زبان میں ایک صفحے کا چرکس ادیغہ زبان کے روزنامے چرکس کئپ شچ (Čerkes K'apšhč)میں اضافہ کیا گیا ۔ ۱۹۳۹ء میں روسی رسم الخط کی جگہ (قدیم روسی) سرایلی Cyrillic نے لے لی اور ۱۹۴۰ء کے بعد سے ابازہ مصنّفین کی تصنیفات پہلی بار اس رسم الخط میں شائع ہونے لگیں (تسکوف Tsekov اور تخیت سکوف Thkaitsakov کی نظموں کے مجموعے، ژروف Zirov اور تبولوف Tabuloč کے چھوٹے ناول، افسانے) ۔

مآخذ : (۱) L.I. Lavrov: Abazini (Istoričesko-Etnografičeski Očerk) در Kavkazskii Etnografičeskii Sbornik، یو ۔ آر ۔ ایس ۔ ایس اکادمی آو سائینسز، ماسکو ۱۹۵۵ء، ۵ تا ۴۸ (تاریخ اور علم الاقوام کی رو سے بہترین مطالعہ)؛ (۲) دیکھیے مصنف مذکور، در Obezi) Sovetskaia Etnografiia، عدد ۴، ۱۹۴۶ء russkikh letopisei)؛ (۳) Shora Bekmurzin Nogmov: Istoriia Adikheiskogo naroda sostavlennaia po predaniyam Kabardintsev، تفلس ۱۸۶۱ء؛ سوویٹ حکومت کے عہد میں ابازہ کے حالات کے بارے میں وہ تصنیفات دیکھیے جو علاقۂ خود مختار سرکیشیا سے متعلق ہیں، بالخصوص : (۴) نامعلوم مصنّف : 20 let Čerkesskoi Avtonomonoi oblasti، Stavropol ۱۹۴۸ء؛ (۵) متعلقہ مضامین در چرکسی مجلّہ Krasnaia Čerkessiia (شمارہ ۲۳۷، ۲۴۵، ۲۴۹، بابت ۱۹۴۰ء) ۔ (۶) K. Lomatidsé : ابازہ زبان کے بارے میں دیکھیے : Tapantskii dialekt abkhazskogo yazika، تبلیسی Tbilissi ۱۹۴۴ء؛ اور بالخصوص (۷) G.P. Serdüčenko : "Abazinskie dialekti"، ماسکو ۱۹۳۹ء؛ (۸) Abazinskaia Literatura، (Scientific Memoirs of the Pedagogical Institute of Rostov-on-Don، ۱۹۳۹ء، جلد ۱)؛ اور (۹) Abazinskaia Fonetika، (اسی مجموعے کی ج ۵) Rostov-on-Don ۱۹۴۹ء۔

(H. Carrère d'Encausse اور A. Bennigsen)

بِسکہ بیے : رک بہ بشکہ Beshike ۔

بِسلنی : رک بہ چرکس ۔

بِسْمِ اللہ : رک بہ بسملة ۔

بَسْمَچی : (Basmačis) (=ازبکی زبان میں ''راہزن''، ''ڈاکو'') ۔ یہ نام روسیوں کی طرف سے ترکستانی مسلم اقوام کی اس انقلابی تحریک کو دیا گیا تھا جو سوویٹ حکّام کے خلاف ۱۹۱۸ء میں شروع ہوئی اور ۱۹۳۰ء یا کچھ بعد میں ختم ہو گئی، رک بہ : ترکستان، ازبک، تاجیک، خوقند، خیوہ، ترکمان، انور پاشا ۔

[مآخذ : Serge A. Zenkovsky : Pan-Turkism and Islam in Russia، کمبرج (امریکہ) ۱۹۶۰ء، بمدد اشاریہ] ۔

(A. Bennigsen)

بَسْمَلَة : (عربی)، لغوی اعتبار سے اسم مصدر ہے، جس کے معنی ہیں بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھنا یا لکھنا ۔ جس طرح استعاذہ کا مطلب اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ کہنا اور حَمْدَلَة کا مطلب الحمد للّٰہ کہنا ہے ۔ چنانچہ عرب کہتے ہیں : بَسْمَلَ الرَّجُلُ اِذَا قَالَ اَوْ کَتَبَ بِسْمِ اللّٰہِ یعنی بَسْمَلَہ کے معنی ہیں جب کوئی شخص بِسْمِ اللّٰہ زبان سے کہے یا لکھے (قب لسان العرب، بذیل مادّہ) کبھی کبھی بَسْمَلَة کے بجائے

marfat.com
Marfat.com

تَسْمِیَة بھی کہا جاتا ہے اور دونوں کا مطلب اللہ کا نام لیکر کوئی کام شروع کرنا ہے ۔ شاعر کہتا ہے :

لَقَدْ بَسْمَلَتْ لَیْلٰی غَدَاةَ لَقِیْتُھَا
فَیَا حَبَّذَا ذَاکَ الْحَبِیْبُ الْمُبَسْمِلُ

(جب میں ایک صبح لیلٰی سے ملا تو وہ بسم اللہ پڑھنے لگی، کیا کہنا اس بسم اللہ کہنے والے محبوب کا!)

قرآن کریم میں سورۂ براءۃ [رک بآں] کے سوا ہر سورت کا آغاز بسم اللہ . . . سے ہوتا ہے ۔ اس کے علاوہ متن قرآن مجید میں یہ آیت دو جگہ اور وارد ہوئی ہے، ایک جگہ مکمل شکل میں اور وہ حضرت سلیمانؑ اور ملکۂ سبا کے ضمن میں : اِنَّهٗ مِنْ سُلَیْمٰنَ وَ اِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ (۲۷ [النمل] : ۳۰) (=یہ خط سلیمان کی جانب سے ہے اور یہ اللہ کے نام سے شروع ہوتا ہے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے) اور دوسری جگہ اختصار کے ساتھ وارد ہوئی ہے اور وہ حضرت نوحؑ کے قصے میں وَقَالَ ارْکَبُوْا فِیْهَا بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖهَا وَ مُرْسٰهَا (۱۱ [ہود] : ۴۱) (=حضرت نوحؑ نے لوگوں سے کہا اس کشتی میں سوار ہو جاؤ اس کا چلنا اور لنگر انداز ہونا اللہ کے نام سے ہے).

بسملہ کے سلسلے میں فقہاے اسلام میں یہ بحث ہے کہ جن قرآنی سورتوں کے آغاز میں بسم اللہ . . . آیا ہے یہ ان سورتوں کی ایک آیت اور جز ہے یا نہیں؟ پھر یہ مستقل آیت ہے یا دوسری آیات کا جز ہے؟ اسی طرح اس اختلاف راے سے مترتب ہونے والے مسائل میں بھی اختلاف ہے، مثلاً بِسْمِ اللّٰهِ کو نماز میں بلند آواز سے پڑھنا یا نہ پڑھنا اور اس کے بغیر نماز کا مکمل ہونا یا نہ ہونا وغیرہ (دیکھیے جصّاص: احکام القرآن، ۱ : ۶ ببعد؛ النشر فی القراءات العشر، ۱ : ۲۶۲ ببعد) ۔ ابوبکر جصّاص (احکام القرآن، ۱ : ۸) نے صراحت کی ہے کہ اس بات پر امت اسلامیہ میں کوئی اختلاف نہیں کہ بسم اللہ قرآن کریم کی آیت اور اس کا جز ہے، کیونکہ سورۃ النمل میں قرآن کے متن کے حصّے کے طور پر وارد ہوئی ہے ۔ البتہ اس مقام پر بسم اللہ مستقل آیت نہیں بلکہ آیت کا حصہ ہے (وہی کتاب، ۱ : ۱۲).

سورتوں کے اوائل میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ان کا جز ہے یا نہیں اس سلسلے میں فقہاے اسلام میں امام مالک، امام اوزاعی، داؤد ظاہری اور ابن جریر الطبری کی راے یہ ہے کہ سورۃ النمل کے متن میں واقع بسم اللہ کو چھوڑ کر باقی تمام سورتوں کے شروع میں بسم اللہ سورت کا جز نہیں (احکام القرآن، ۱ : ۹ تا ۱۱) ۔ امام احمدؒ اور ایک روایت میں امام شافعیؒ اور فقہاے کوفہ و مکہ اور علماے عراق کے نزدیک بسم اللہ سورۃ فاتحہ کا تو جز ہے مگر باقی سورتوں کا جز نہیں (وہی کتاب اور نصب الرایة، ۱ : ۳۲۷ ببعد) ۔ امام شافعیؒ اور ان کے متبعین کے نزدیک سورۂ براءۃ کو چھوڑ کر باقی تمام سورتوں کے شروع میں بسم اللہ بطور ایک آیت اور جز کے واقع ہوئی ہے (احکام القرآن، ۱ : ۹ تا ۱۱؛ نصب الرایة، ۱ : ۳۲۷ ببعد؛ النشر فی القراءات العشر، ۱ : ۲۵۸ ببعد) ۔ [الآمدی نے شافعی مسلک کی وضاحت کرتے ہوے مندرجۂ ذیل دلائل قلمبند کیے ہیں: (۱) حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ آنحضرتؐ صلّی اللہ علیہ و سلّم ایک سورت کا اختتام اور دوسری کا آغاز معلوم نہ کر سکتے تھے جب تک بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ نازل نہ ہوتی؛ (۲) بِسْمِ اللّٰهِ ہر سورت کے آغاز میں قرآنی رسم خط میں آنحضرت صلّی اللہ علیہ و سلّم کے حکم سے لکھی جاتی تھی؛ (۳) جب بعض لوگوں نے آغاز سورت میں بسم اللہ کی قراءت ترک کر دی تو حضرت

marfat.com
Marfat.com

ابن عباسؓ نے فرمایا کہ شیطان نے لوگوں سے ایک آیت قرآنی چوری کر لی ہے (الاحکام فی اصول الأحکام، ص ۲۳۴ ببعد، مصر ۱۹۱۴ع)] ۔ امام شافعیؒ کے نزدیک بِسمِ اللہ چونکه سورۂ فاتحه کا جز ہے اس لیے جو شخص نماز میں اسے نہیں پڑھے گا اسے نماز کا اعادہ کرنا پڑے گا (احکام القرآن، ۱ : ۸)۔

ائمۂ قراءت بالاجماع بسم اللہ کو سورۂ براءۃ کے سوا ہر سورۃ کے شروع میں ضروری قرار دیتے ہیں اور کسی قاری نے بھی اس کے بغیر قراءت کی ابتدا کو جائز نہیں رکھا (النشر فی القراءات العشر، ۱ : ۲۶۲ ببعد) ۔ آج بھی عالمِ اسلام کے قاریوں کا یہی معمول ہے بلکه کسی رکوع یا آیت کی تلاوت کا آغاز بھی استعاذہ اور بسمله سے ہوتا ہے ۔ البته جب مسلسل تلاوتِ قرآن کے دوران ایک سورت ختم ہو اور دوسری سورت شروع ہو تو اس صورت میں بسمله پڑھنے یا نه پڑھنے کے سلسلے میں قرّاء کا اختلاف ہے ۔ قاری ابن کثیر، عاصم، کسائی اور قالون وغیرہ کے نزدیک بسم اللہ پڑھ کر ایک سورت کو دوسری سورت سے الگ (فصل) کرنا ضروری ہے سورۃ الانفال اور براءۃ کے سوا که ان کے درمیان بسمله نہیں ہے (النشر فی القراءات العشر، ۱ : ۲۵۸) لیکن قاری حمزہ اور خلف کا مشہور مسلک یه ہے که دورانِ تلاوت بسم اللہ پڑھ کر دونوں سورتوں کو الگ (فصل) نہیں کرنا چاہیے، بلکه بسم اللہ کے بغیر دونوں سورتوں کو ملا دینا (وصل) چاہیے (وہی کتاب) ۔ ابو عمرو، ابن عامر اور ورش کے مسلک کے بارے میں مختلف روایات ہیں : کہیں فصل، کہیں وصل اور کہیں سکت یعنی اتنی دیر خاموش رہنا جتنی دیر میں بسم اللہ پڑھی جاتی ہے (وہی کتاب) ۔

نماز میں بسمله کے متعلق امام ابو حنیفہؒ، اور حضرات ابن ابی لیلٰیؒ، حسن بن صالحؒ، ابو یوسفؒ، محمدؒ، زفرؒ اور امام شافعیؒ کا قول یه ہے که استعاذہ کے بعد اور سورۂ فاتحه سے قبل بسم اللہ پڑھنا چاہیے ۔ جہری نمازوں میں بلند آواز سے بسم اللہ پڑھنے کے بارے میں بھی اختلاف رائے ہے ۔ حنفی علما اور امام ثوریؒ کا قول ہے که اخفا کیا جائے، امام ابن ابی لیلٰیؒ کا قول ہے که چاہے تو بالجہر پڑھے چاہے تو اخفا کرے اور امام شافعیؒ کے نزدیک بسم اللہ بھی بالجہر پڑھنی چاہیے اور یه اختلاف صرف اسی صورت میں ہے جب جہری نمازیں با جماعت پڑھی جائیں (احکام القرآن، ۱ : ۱۵)۔

استاذ احمد شاکر (دیکھیے حاشیه مقالۂ بسمله ۲۲، ع) نے امام زیلعیؒ (نصب الرایة، ۱ : ۳۲۸) کے بیان کی بنیاد پر کہا ہے که ہماری رائے میں وہ قراءت باطل ہے جس میں بسمله کو سورتوں کے درمیان سے حذف کرنا یا ترک کرنا جائز قرار دیا گیا ہے، کیونکه یه بات صحت قراءت کی ان شرائط کے خلاف ہے جنھیں ابوالخیر ابن الجزری نے اپنی کتاب النشر فی القراءات العشر کے مقدمے میں بیان کیا ہے (۱ : ۹) جن میں سے ایک شرط یه ہے که ہر قراءت مصاحف عثمانیه کے مطابق بھی ہو ۔ اور اس بات پر اہل علم کا اتفاق ہے که مصاحفِ عثمانیه میں سورۂ براءۃ کے سوا ہر سورت کے شروع میں بسمله لکھی گئی ہے اور یه که ان کی صحت پر صحابہؓ کا اجماع ہے اور یه بھی مسلّم ہے که صحابہؓ نے قرآن میں کوئی کلمه غیر کلام اللہ کا شامل نہیں ہونے دیا اور اس بات کی امّت نے بڑی حفاظت کی ہے اور اس سے صاف ظاہر ہوتا ہے که قرآن کی ایک سو چودہ سورتوں میں سے ایک سو تیرہ کے شروع میں جو بسم اللہ مکتوب ہے وہ کلام اللہ ہے اور قرآن کا حصہ ہے ۔ استاذ احمد محمد شاکر کی تائید ابوبکر جصّاص

marfat.com
Marfat.com

(احکام القرآن، ۱ : ۱۲) کے اس قول سے بھی ھوتی ھے کہ بسم اللہ جہاں جہاں قرآن میں مکتوب ھے وھاں بحیثیت آیت قرآنی مکتوب ھے البتہ اس کے سورۃ الفاتحۃ یا دیگر سورتوں کا جز ھونے کے بارے میں اختلاف رائے جائز ھے ۔ جصّاص کے نزدیک سورتوں کے آغاز میں بسملہ ابتداے قراءت کے لیے مستقل آیت کے طور پر نازل ھوتی رھی ھے سوا آغاز سورۃ براءۃ کے اور اس کی تائید اس حدیث سے بھی ھوتی ھے کہ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یَعْرِفُ فَصْلَ السُّوْرَۃِ حَتّٰی یَنْزِلَ عَلَیْہِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ (نصب الرایۃ، ۱ : ۳۲۷) اور امام محمدؒ کے اس قول کا بھی یہی مطالب ھے کہ جب ان سے سوال کیا گیا کہ بسملہ قرآن کا جز ھے تو انھوں نے کہا کہ جو کچھ مصحف کے اندر ھے سب کا سب قرآن ھے (السرخسی : المبسوط، ۱ : ۱۶) ۔ امام زیلعیؒ (نصب الرایۃ، ۱ : ۳۲۷) لکھتے ھیں کہ بسملہ کے جزو قرآن ھونے کے سلسلے میں علما کے تین مسلک ھیں : ایک طرف تو دو انتہا پسند مسلک ھیں اور ایک ان کے درمیان مسلک اعتدال ھے ۔ ایک گروہ یہ کہتا ھے کہ بسم اللہ قرآن کا جز نہیں سوا ایک سورۃ النمل کے جیسا کہ امام مالکؒ اور ایک گروہ احناف اور ایک قول احمدؒ بن حنبل سے منسوب ھے؛ دوسرا گروہ یہ کہتا ھے کہ بسم اللہ ھر سورت کی ایک آیت اور جز ھے جیسا کہ امام شافعی کا مشہور مسلک ھے ۔ مسلک اعتدال یہ ھے کہ قرآن میں جہاں جہاں بسم اللہ مکتوب ھے وہ قرآن کا حصّہ ھے لیکن یہ ھر سورت کا جز بھی نہیں بلکہ ھر سورت کے شروع میں مستقل آیت کے طور پر الگ مکتوب ھے اور ھر سورت کے شروع میں الگ اور مستقل آیت کے طور پر اس کی تلاوت ھوتی ھے ۔ اس مسلک کو پسند کرنے والے ھیں عبداللہ بن المبارک، داؤد ظاھری اور ان کے متّبعین ۔ امام احمدؒ سے بھی یہی منقول ھے ۔ علماے احناف کی ایک جماعت کا بھی یہی مسلک ھے اور بقول ابوبکر رازیؒ، امام ابوحنیفہؒ کے مسلک کا مقتضا بھی یہی ھے اور اھل علم محققین کا بھی یہی قول ھے ۔

بسملہ کے سورۃ الفاتحۃ کے جز ھونے کے بارے میں بھی دو مسلک ھیں ۔ ایک یہ کہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سورۃ الفاتحۃ کی ایک آیت ھے، اس لیے جہاں سورۃ الفاتحۃ کی قراءت واجب ھو گی وھاں بسملہ بھی واجب ھے ۔ دوسرا مسلک جسے امام زیلعی صحیح ترین مسلک قرار دیتے ھیں یہ ھے کہ الفاتحہ اور دیگر سورتوں میں کوئی فرق نہیں، اس لیے بسملہ کی جو حیثیت دیگر سورتوں کے اوائل میں ھوگی، وھی الفاتحہ کے شروع میں بھی ھو گی ۔ اسی طرح نماز میں بسملہ کی قراءت کے بارے میں بھی تین اقوال ھیں ۔ امام شافعیؒ، ایک روایت میں امام احمدؒ بھی اور علماے حدیث کے ایک گروہ کے نزدیک نماز میں سورۃ الفاتحۃ کی باقی آیات کی طرح بسملہ کی قراءت بھی واجب ھے، امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کا قول یہ ھے کہ سرًا یا جہرًا بسملہ کی قراءت مکروہ ھے ۔ تیسرا قول یہ ھے کہ اس کی قراءت جائز بلکہ مستحب ھے ۔ امام ابو حنیفہؒ اور مشہور روایت میں امام احمدؒ بن حنبل اور اکثریت اھل حدیث کا یہی مسلک ھے (نصب الرایۃ، ۱ : ۳۲۷ ببعد) ۔

قواعد کی رو سے بسم اللہ کی ''با'' چونکہ حرف جرّ ھے اور ھر حرف جرّ سے قبل ایک فعل ھونا لازمی ھے جس سے جار اور مجرور متعلق ھوتے ھیں اس لیے اس سے پہلے ایک فعل محذوف مقدر سمجھا جاتا ھے مثلاً اقرأ یا ابدأ گویا اصل عبارت یوں ھو گی : اَقْرَأُ (یا اَبْدَأُ) بِسْمِ اللّٰہِ (میں شروع کرتا ھوں اللہ کے نام سے) (دیکھیے احکام القرآن، ۱ : ۷) ۔ تحریر میں یہ دستور بن گیا ھے کہ اسم کا الف حذف کر دیا جاتا

marfat.com
Marfat.com

ہے اور با کو لمبا کر کے لکھا جاتا ہے چنانچہ باسم اللہ کے بجائے ''بِسْمِ اللہ'' لکھا جاتا ہے۔ ایک روایت کے مطابق اس رسم الخط کی بنیاد حضرت عمر ابن عبدالعزیزؒ نے رکھی۔ چنانچہ کہا جاتا ہے کہ انھوں نے اپنے کاتب سے کہا کہ الف کو حذف کر کے با کو لمبا کر دو، اسی طرح سین کے دندانوں کو زیادہ نمایاں کر کے میم کو ذرا گولائی دے دو اور اللہ کے لام کو ذرا سا جھکا دو (دیکھیے مقالۂ بسملہ عربی دائرۂ معارف اسلامیہ مع حاشیۂ استاذ احمد محمد شاکر)۔ مسلمان ماہرینِ خطّاطی نے بسملہ کو مختلف مگر بڑے خوبصورت، دلکش اور دیدہ زیب اسالیب میں لکھا ہے اور فن تعمیر میں زیب و زینت کے سلسلے میں بھی اس سے بہت کام لیا جاتا ہے۔

اسلامی تعلیمات میں اس بات کی بڑی تاکید ہے کہ ہر جائز اور صحیح کام کا آغاز بسم اللہ سے کیا جائے، کیونکہ یہ بات اللہ کی رحمت و برکت اور اعانت کو اپنے شاملِ حال کرنے کے مترادف ہے۔ قرآن کریم کی سب سے پہلے نازل ہونے والی آیت میں بسم اللہ یعنی اللہ کے نام سے آغاز کا حکم دیا گیا: اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ ○ (۹۶ [العلق]: ۱)؛ اور ذبیحہ کے لیے بھی حکم دیا گیا کہ آغازِ ذبح اللہ کے نام سے ہو اور جس کا آغازِ ذبح اللہ کے نام سے نہ ہو اس کے کھانے سے منع کر دیا گیا؛ اسی طرح طہارت، وضو، اکل و شرب، اور تمام جائز و صحیح اعمال کا آغاز اللہ کے نام سے باعثِ ثواب و برکت قرار دیا گیا ہے (احکام القرآن، ۱: ۸) بلکہ حدیث میں تو یہاں تک آتا ہے کہ جس اہم کام کا آغاز بسم اللہ سے نہ ہو وہ ادھورا اور بے برکت ہو جاتا ہے۔ كُلُّ اَمْرٍ ذِيْ بَالٍ لَمْ يُبْدَأْ بِبِسْمِ اللّٰهِ فَهُوَ اَبْتَرُ (احمد: المسند، ۲: ۳۰۹) یعنی ہر اہمیت والا کام جس کا آغاز اللہ کے نام سے نہ ہوا ہو وہ ناقص اور برکت و اعانتِ ربانی سے محروم رہے گا۔ ابوبکر الجصاص صاحبِ احکام القرآن (۱: ۱۷) کا بیان ہے کہ امورِ زندگی کا اللہ کے نام سے آغاز کرنے کا مقصد باعث برکت ہونے کے ساتھ ساتھ اللہ عز و جل کی تعظیم کا بھی اظہار ہے۔ اور یہ دین اسلام کا شعار اور علامت ہے کہ مومن اللہ کے نام سے ہر کام کا آغاز کرتا ہے۔ اس سے شیطانی قوتیں بھی دور بھاگتی ہیں۔ حدیث میں آتا ہے کہ جب بندہ کھانے پر اللہ کا نام لیتا ہے تو شیطان اس میں سے کچھ نہیں پا سکتا اور اگر وہ اللہ کا نام نہ لے تو شیطان اس کھانے میں سے لے لیتا ہے۔

مآخذ: (۱) احمد: المسند، ۲: ۳۵۹؛ (۲) السیوطی: الاتقان فی علوم القرآن، ص ۹۳ بعد، طبع مطبع احمدی؛ (۳) ملّا علی القاری: شرح الوقایة، ص ۴۷ بعد، مطبوعۂ دہلی؛ (۴) المرغینانی: هداية، ص ۱۰۵ بعد (مطبوعۂ لکھنؤ)؛ (۵) ابن الجزری: النشر فی القراءات العشر، ۱: ۲۵۸ بعد؛ (۶) الجصّاص: احکام القرآن، ۱: ۶ بعد، استانبول ۱۳۳۵ھ؛ (۷) الزَّیْلَعِی: نصب الرایة، ۱: ۳۲۷ بعد؛ (۸) الباجوری: حاشیه .... علی جوهرة التوحید، قاهره ۱۳۵۲ھ / ۱۹۳۳ء؛ (۹) القیروانی: الرسالة، بولاق ۱۳۱۹ھ؛ (۱۰) J. Jomier: *Le nom divin "al-Rahmān" dans le Coran* در *Mélanges Louis Massignon*، ۲، دمشق ۱۹۵۷ء: ۳۶۱ تا ۳۸۱۔ اس میں متن اور تفاسیر کے بے شمار حوالے درج ہیں؛ (۱۱) Y. Moubarac: *Les études d'epigraphie sud-sémitique et la naissance de l' Islam*، دوسرا حصه، ۱۹۵۷ء: ص ۵۸ تا ۶۱؛ (۱۲) بسم اللہ کے سلسلے میں غالی شیعه کی تاویلات کے لیے دیکھیے: Ivanow: *Studies in Early Persian Isma'ilism*، بمبئی ۱۹۵۵ء، ص ۶۸؛ [(۱۳) القرطبی: الجامع لاحکام القرآن، ۱:

Marfat.com

۹۱ تا ۱۰۷، قاهره ۱۹۳۵ء؛ (۱۴) محمد رشید رضا : تفسیر المنار، ۱ : ۳۹ ببعد، مصر ۱۳۴۶ھ؛ (۱۵) محمد جمال القاسمی : تفسیر القاسمی، ج ۲، مطبوعه مصر؛ (۱۶) الشوکانی : تفسیر فتح القدیر، ۱ : ۷ ببعد، مصر ۱۳۴۹ھ؛ (۱۷) الآمدی : الاحکام فی اصول الاحکام، ص ۳۳۲ ببعد، مصر ۱۹۱۴ء؛ (۱۸) محمد ابراهیم میر : تفسیر واضح البیان، ص ۶۸ ببعد].

(ظهور اظهر و [اداره])

• بسنی : (قرونِ وسطٰی میں بہسنی)، سریانی بیت ہسنا سے مشتق - یه بستی مَلَطْیه سے حلب اور کلیکیا سے مرعش سے دیار بکر کی سڑکوں کے اهم مقامِ اتصال پر دو هزار نو سو فٹ سے بھی زیاده بلندی پر واقع هے - بسنی قلعوں کے ان سلسلوں کے درمیان ایک محور کی طرح تھا جو ایک طرف تو دریاے فرات کی بڑی قوس کے شمالی جانب چلے گئے تھے اور جن سے اس دریا کے دائیں جانب کی معاون ندیوں کی بالائی وادیوں کی ان حملوں سے حفاظت هوتی تھی جو طارس کے اونچے پہاڑوں اور بلند میدانوں کی طرف سے هوتے رهتے تھے اور دوسری طرف جنوب کی طرف عین تاب کے شمال میں چھوٹے چھوٹے طاسوں پر چھائے هوے تھے - مزید برآں بسنی ایک ایسے درے کے بالکل قریب واقع تھا جس سے شمال مغرب کی جانب آق صو کی تنگ وادی کو راسته جاتا تھا، اور یہیں ایک زمانے میں الحدث الحمراء [قب المتنبی :

هل الحدث الحمراء تعرف لونها
و تعلم ای الساقیین الغمائم

قصیده در مدح سیف الدوله حمدانی] کا قدیم مستحکم قلعه واقع تھا - ان تمام فوائد اور اپنے نام کے قدیم اشتقاق کے باوجود بسنی کا تذکره کتابوں میں صرف قلعهٔ الحدث کی بربادی کے بعد هی آتا هے، جس کی جگه اس نے لے لی تھی (چوتھی صدی هجری/دسویں صدی عیسوی) - اس سے پہلے یه اپنے جنوبی همسائے قیسوں کے مقابلے میں ماند رها، جسے اس زمانے میں زیاده اهمیت حاصل تھی اور خود بھی [دوسرے مقابات] بالخصوص مرعش سے منسلک تھا - بسنی کو عروج غالبًا اس وقت حاصل هوا جب بوزنطی فتح کے بعد ارمنی بڑی تعداد میں یہاں آ گئے - پانچویں صدی هجری/گیارهویں صدی عیسوی کے خاتمے پر یه فیلریت Philaret اور کوغ واصل Kogh - Vasil کی ریاستوں میں شامل رها اور فرانسیسی - ارمنی سرحد کے صوبهٔ الرها (Edessa) کے ان مقامات میں سے تھا جن کا ذکر صلیبی جنگوں کے زمانے میں بکثرت آیا هے - اس کے لیے حلب کے زنگی یا ایوبی فرمانروا اور روم کے سلجوقی جنگ کرتے رهے، جنھوں نے ساتویں صدی هجری / تیرهویں صدی عیسوی میں اس کا الحاق اپنے سرحدی صوبے مرعش سے کر لیا تھا - مغول نے اسے کلیکیا کی ارمنی حکومت کو تفویض کر دیا تھا لیکن اس کے تقریبًا فورًا هی بعد یه ایک بار پھر مملوک سلطنت کے ساتھ ملحق کر لیا گیا اور آٹھویں صدی هجری / چودھویں صدی عیسوی کے خاتمے تک اس کی قسمت انھیں کی سلطنت کے ساتھ وابسته رهی - اس کے بعد یه ذوالغدیر [= ذوالقدر] ترکمانوں کی ترک تازیوں کے دائرے میں آیا، پھر تیمور کے هاتھوں تاراج هوا - پندرهویں صدی کے اختتام پر یه دوباره مملوکوں کے زیر نگین چلا گیا اور ۹۲۲ھ/۱۵۱۶ء میں عثمانی ترکوں نے شام کے ساتھ اس پر بھی قبضه کر لیا - اس کے بعد سے یه محض مقامی اهمیت هی کا حامل رها هے - اس قصبے میں ایک قلعه ابھی تک موجود هے، جس کی تجدید زیاده تر قائت بے نے کرائی تھی - اس کی آبادی ۱۹۰۵ء میں دس هزار پانچ سو تھی.

marfat.com
Marfat.com

**مآخذ:** (۱) بسنی کا تذکرہ صلیبی جنگوں کے زمانے کے تمام وقائع نگاروں بالخصوص، الرّہا کے میتھیو Matthew، شام کے میکائیل Michael اور کمال الدین العَدیم کے ہاں آیا ہے۔ مؤخر الذکر نے اپنی کتاب بُغیۃ (ایاصوفیا، شمارہ ۳۰۳۶، ۱: ۳۳۳) کے جغرافیائی حصے میں؛ اور اسی طرح (۲) عزّالدین بن شدّاد نے اپنی الاَعْلاق (= ابن الشِّحْنَۃ، طبع شیخو Gheiko، ص ۱۷۱) میں اس پر ایک حاشیہ لکھا ہے؛ (۳) مملوک وقائع نگاروں میں سے دیکھیے بالخصوص ابن کَثیر، ابن حَجَر، المَقریزی، العَینی، ابن تَغری بَردی، ابن اِیاس؛ عصرِ جدید کے بارے میں دیکھیے بالخصوص: (۴) Ainsworth : *Travels*، ۱: ۲۶۵؛ اور (۵) Cuinet، ۲: ۳۷۶؛ (۶) مُکرمین خلیل: مَرعش امیرلری، در *TTEM*، سال ۱۳ تا ۱۵؛ (۷) Cl. Cahen: *La Syrie du Nord*، ص ۱۲۰ تا ۱۲۱؛ (۸) مزید حوالے در بسیم دار کوت Besim Darkot: *Besni*، در اِ اِ، ت، بذیل مادّہ۔

(Cl. Cahen)

* **اَلْبَسُوس:** بنت مُنْقِذ بن سلمان التمیمیہ، زمانۂ قبل اسلام کی رزمیہ داستانوں (ایّام العرب) کی ایک روایتی شخصیّت، جسے کُلَیب بن ربیعہ التَغْلِبی کے قتل اور اس کے بعد بَکر بن وائل اور تغلب بن وائل کے درمیان واقع ہونے والی جنگ (حَرْبُ البَسُوس) کا ذمے دار قرار دیا گیا ہے۔ ان واقعات کے تاریخی پس منظر کے لیے رک بہ کُلیب بن ربیعہ۔ اس روایتی قصے میں کلیب کو ایک جابر و مُستبِد شخص کی حیثیت سے پیش کیا گیا ہے، جس نے بدوی عربوں کے قدیم دستور کو نظر انداز کر کے اپنی پسندیدہ چراگاہ (حِمیٰ) میں مویشی چرانے اور شکار کھیلنے کے حقوق پر غاصبانہ قبضہ کر لیا تھا۔ ایک بار البسوس نے، جو اپنے بھانجے اور کلیب کے برادرِ نسبتی جسّاس [بن مُرّہ] کے پاس مقیم تھی، اپنی اونٹنی کو (یا بعض متبادل روایات کے مطابق سَعد الجَرمی کی اونٹنی کو جو باختلاف روایات اس کا شوہر تھا یا اس کی پناہ میں تھا) کلیب کی چراگاہ میں چرنے کے لیے چھوڑ دیا اور کلیب نے اس اونٹنی کو مار ڈالا (یا ایک اَور روایت کی رو سے، اونٹنی کے بچے کو مار ڈالا اور اس کے تھنوں کو زخمی کر دیا)۔ حقوقِ مہمان نوازی کی اس خلاف ورزی پر مشتعل ہو کر جسّاس نے (بعض روایات کے مطابق اپنے عم زاد بھائیوں کی معیّت میں) کلیب کو قتل کر دیا اور یہ دونوں قبیلوں کے درمیان جنگ کا باعث ہوا۔ نابغۃ الجعدی م نواح ۶۵ھ/ ۶۸۴ء نے البسوس کا ذکر کیے بغیر کلیب کے ہاتھوں اونٹنی کے مارے جانے اور پھر خود اس کی اپنی ہلاکت کا تذکرہ کیا ہے (قب الاغانی، بار دوم، ۴: ۱۲۷، ۱۴۰ اور نالینو M. Nallino در *RSO*، ۱۴: ۲۰۵ ببعد)۔ البسوس کا نام ضرب الامثال میں بھی آیا ہے، مثلاً اَشْأَمُ مِنْ نَاقَۃِ البَسُوس (قب المفضّل بن سَلَمَۃ: فاخر، ص ۷۶)۔ پورا قصہ اَبُو عُبَیدہ کی سند سے نَقائض جریر والفرزدق، ص ۹۰۵ تا ۹۰۷ میں اور معمولی تغیر و تبدل کے ساتھ ایّام العرب کے جامعین کے یہاں بیان ہوا ہے۔ فاخر، ص ۷۶ میں، تبریزی کی شرح الحماسۃ، ص ۴۲۰ میں (ابو ریاش ۳۳۹ھ/ ۹۵۰ء کی سند سے) اور بعض دوسری کتابوں میں البسوس کی زبان سے چار اشعار بھی نقل کیے گئے ہیں، جن میں سعد کو مخاطب کر کے بالواسطہ جسّاس کو کلیب سے انتقام لینے پر آمادہ کیا گیا ہے۔ یہ اشعار تحریض (جذبات کو ابھارنے) کا اچھا نمونہ ہیں اور رسائل اخوان الصفا، قاہرہ ۱۳۴۷ھ، ۱: ۱۳۳ میں اعمال انسانی پر شاعری کے بے پناہ اثر کی مثال کے طور پر پیش کیے گئے ہیں۔ اِ اِ، ع، ۳: ۶۴۶ میں البسوس کے پانچ اشعار درج ہیں۔ پہلا شعر یہ ہے:

لعمری لو أصبحت فی دار منقذ
لما ضیم سعد و هو جار لأبیاتی

Marfat.com

بعض علما کے نزدیک ضرب المثل أشأم مِن البَسُوس عہدِ شجاعت کی اس ولولہ انگیز شخصیت سے متعلق نہیں بلکہ اس کی ایک ہمنام یہودی عورت سے متعلق ہے جو (ایک مشہور حکایت کے مطابق) اپنی بے وقوفی کی بدولت ان تین مرادوں کی تکمیل سے محروم ہو گئی جو خدا کی طرف سے اس کے شوہر کو عطا ہوئی تھیں [لا، ع، ۳: ۶۳۶].

**مآخذ**: متن میں دیے ہوے حوالوں کے علاوہ: (۱) ابن عبد ربّہ: العقد، قاہرہ ۱۳۱۶ھ، ۳: ۶۶ ببعد؛ (۲) المیدانی: مجمع الامثال (طبع Freytag)، ۱: ۶۸۳ تا ۶۸۷؛ (۳) یاقوت، ۱: ۱۰۰؛ (۴) ابن الأثیر، ۱: ۳۸۵ ببعد؛ (۵) خزانة الادب، ۱: ۳۰۰ ببعد؛ (۶) W. Caskel: ایام العرب (= *Islamica*، ج ۳، ضمیمہ)، ص ۶۷ و ۹۷ (جرمن ترجمۂ النقائض، ص ۹۰۵ س ۱۰ تا ۹۰۶ س ۳)؛ (۷) برائے البسوس یہودیہ رک بہ *L.A.* و *T.A.* بذیل مادّہ ب س س؛ (۸) Freytag: *Proverbia Arabum*، ۱: ۶۸۷؛ (۹) الدمیری نے بذیل مادّۂ کلب (مترجمۂ R. Basset: *1001 contes*، ۲: ۱۸) یہ قصہ بیان کیا ہے لیکن عورت کا نام حذف کر دیا ہے؛ (۱۰) "تین خواہشوں" کے بنیادی خیال کے لیے قب J. Bolte اور G. Polivka: *Anmerkungen zu den Kinder- und Hausmärchen der Brüder Grimm*، ج ۲ (۱۹۱۵ء)، ص ۲۲۳؛ [نکلسن: *A Literary History of the Arabs*، بمدد اشاریہ].

(J.W. FÜCK)

* **بسیط**: رک بہ عروض.

⊕* **بَسِیط و مُرَکَّب**: ... [یہ نحو، طب اور فلسفے کی اصطلاح ہے]۔ نحو میں (نیز فلسفے اور طب میں) بسیط کے بجاے لفظ مفرد کا استعمال کیا جاتا ہے۔ نحو میں مفرد اکیلے اسم کو اور مرکب اسم کی ترکیبی حالت کو (مثلاً مرکب اضافی، مرکب توصیفی) کہتے ہیں، اور طب میں مفرد اور مرکب کے معنے واضح ہیں۔ منطق، ریاضیات اور موسیقی میں مرکب کے بجاے عموماً لفظ مُؤلَّف کا استعمال کیا جاتا ہے۔ لفظ مُمتزِج کا استعمال طبیعیات اور طب کے ساتھ مخصوص ہے، جہاں یہ لفظ کبھی مرکب کے مترادف کے طور پر اور کبھی اس سے مختلف معنوں میں استعمال ہوتا ہے.

ایک چیز اضافی طور پر بسیط ہو سکتی ہے یا مطلقاً بسیط۔ مطلقاً بسیط وہ چیز ہے جس کے خارجی یا ذہنی طور پر اجزا نہ ہوں۔ پہلی قسم کی مثال جزء لا یتجزی ہے اور دوسری کی جنسِ عالی (بسیط کی اس تعریف کے لیے کہ وہ ناقابلِ تقسیم ہے دیکھیے: ارسطو: ما بعد الطبیعیات (*Metaphysics*)، ص ۹۸۹ ب ۱۷)۔ بسیطِ اضافی وہ ہے جو کسی مرکب میں بطور جُز کے موجود ہو خواہ وہ فی نفسہ منقسم ہو یا نہ ہو۔ صورت اور مادّے کی "ترکیب" کے لحاظ سے (اور اس نقطۂ نظر سے کہ تمام عالمِ عنصری مرکب ہے) صرف مادّۂ اولی، جس کی کوئی صورت نہیں، یا وہ موجودات جن میں مادّے کو دخل نہیں بسیط کہلانے کے مستحق ہیں؛ اگرچہ ارسطو اور مسلمان فلاسفہ صرف مؤخّر الذکر کو بسیط کے نام سے یاد کرتے ہیں.

واقعۃً موجود عالمِ مادّی میں (مادّۂ اولی چونکہ صورت سے محروم ہے لہٰذا اس کا وجود نہیں) عناصرِ اربعہ ــ آگ، ہوا، پانی اور خاک ــ کو بنیادی اجسام بسیط کہا جاتا ہے، جن کے امتزاج سے تمام مادّی اشیا وجود میں آتی ہیں۔ ارسطو کے نزدیک (اس موضوع کی اہم ترین کتاب ارسطو کا 'رسالۂ کون و فساد' *De Gen. et Corr.*، مقالہ ۱، باب ۱۰) ترکیب کی ایک صورت یہ ہے کہ مرکب میں مختلف اجزا اپنی اصلی حالت پر رہتے ہیں جیسا کہ ریت اور شکر کے امتزاج میں۔ اس صورت کو

marfat.com
Marfat.com

ارسطو مؤلف (Synthesis) کہتا ہے - دوسری صورت میں اجزا اپنی عینیت کھو دیتے ہیں اور ایک مشترک صفت سے موصوف ہو جاتے ہیں جیساکہ دودھ میں شکر ملانے سے، اسے وہ آمیزہ (Mixture) کہتا ہے - مسلمان فلاسفہ کے ہاں پہلی قسم کی "ترکیب" کا ذکر نہیں ہے - ان کے قول کے مطابق ترکیب کی ایک قسم ایسی ہے جس میں اجزا اپنی عینیت بھی زائل نہیں کرتے اور مرکب پر ایک عام اور کلّی کیفیت طاری ہوتی ہے جو اجزا میں انفرادی طور پر سرایت نہیں کرتی؛ اس کی مثال مرکب اعداد و اشکال اور موسیقی کے نغمے ہیں - دوسری قسم وہ ہے جس میں کلّی کیفیت ہر جز میں ساری ہو جاتی ہے، مثلاً گوشت کے ہر حصے میں لحمی کیفیت پائی جاتی ہے - ایسے مرکب کو متشابہ الاجزا کہا جاتا ہے - جہاں ارضی حیوانی اجسام کے مختلف اجزا مثلاً گوشت اور ہڈی انفرادی طور پر متشابہ الاجزا ہیں لیکن سارا جسم مجموعی طور پر ایسا نہیں - اس کے بر خلاف اجسام سماوی پورے کے پورے متشابہ الاجزا ہیں - مزاج اور ترکیب میں فرق یہ ہے کہ مزاج ایک مجموعی داخلی کیفیت کا نام ہے اور ترکیب اس ہیئت کا نام ہے جو اس مزاج کے باعث وجود میں آتی ہے؛ مثلاً کیفیات اربعہ—حرارت، برودت، رطوبت، یبوست—کے ایک خاص اور متناسب مقداری امتزاج سے وہ مزاج پیدا ہوتا ہے جو گوشت کے ایک زندہ ٹکڑے کا مزاج ہے؛ اور یہ مزاج ایک مجموعی داخلی کیفیت ہے - پھر اس مزاج کی بنا پر ایک صورتِ ترکیبی پیدا ہوتی ہے، جس کا نام لحمیت ہے (دیکھیے ابن سینا: کتاب الشفاء، طبیعیات، فن ۳، فصل ۷، نیز دیکھیے کتاب الشفاء، کتاب النفس، مقالہ ۲، فصل ۳، جہاں کیفیات اربعہ کے ادراک کو حِس کے مزاج سے منسوب کیا گیا ہے اور جسمانی آلام کے ادراک کو حِسِ لمسی کی ترکیب سے).

اوپر بیان ہو چکا ہے کہ خالص صورتیں جن میں مادّے کو دخل نہیں بسیط کہلاتی ہیں - لہٰذا جوہرِ عقلی ایک بسیط جوہر ہے، نہ صرف اس لیے کہ وہ مادّے سے مبرّا ہے بلکہ اس لیے بھی کہ ادراکِ عقلی میں عالم اور معلوم کی ثنویت ختم ہو جاتی ہے - لیکن اس قسم کی بساطت بھی مختلف مدارج کی متحمل ہے - اس کا کمترین درجہ عقلِ انسانی ہے - متوسط درجہ عقول افلاک ہیں جنھیں اگرچہ ادراک کے لیے کسی جسمانی شے پر انحصار نہیں کرنا پڑتا تاہم ان کے معلومات میں ایک قسم کا تکثّر پایا جاتا ہے، اور اس کا بلند ترین درجہ ذاتِ الٰہی کی روٗنت ہے جہاں معلومات کا تکثّر بالکل معدوم ہو جاتا ہے - جو فلاسفہ ابن سینا کی طرح اس نظریے کے قائل ہیں کہ ذاتِ باری کے علاوہ ہر چیز میں ماہیت اور وجود کی ثنویت موجود ہے ان کے نزدیک اس لحاظ سے بھی بسیط علی الاطلاق صرف خدا کی ذات ہے (رکّ بہ ماہیت، وجود).

**مآخذ**: متن میں مذکور کتابوں کے علاوہ دیکھیے: (۱) الجرجانی: کتاب التعریفات؛ (۲) تھانوی: کشاف اصطلاحات الفنون؛ ان کے علاوہ طبیعیات اور ما بعد الطبیعیات کی اکثر کتابوں میں یہ بحث موجود ہے.

(فضل الرحمٰن)

**البسیط**: اللہ تعالٰی کے ناموں میں سے ایک نام، رکّ بہ اللہ؛ الاسماء الحسنی.

**البَسِیط**: ہسپانوی زبان میں البسیت Albacete، سپین کا ایک شہر، اسی نام کے صوبے کا سب سے بڑا شہر، جو مُرسیہ Murcia کی قدیم مملکت کے شمال مغربی حصے پر مشتمل ہے - یہ مانشہ La Mancha

marfat.com
Marfat.com

اور قشتالة الجدید (New Castile) کے جنوب مغرب میں، سات سو میٹر کی بلندی پر وسطی آئی بیریا Iberia کے مِسیتہ Meseta کی جنوب مشرقی ڈھلانوں پر واقع ہے۔ [اس شہر کا نام پہلی بار ساتویں صدی ہجری / تیرھویں صدی عیسوی میں الضَّبّی القُرطبی اور ابن الاَبّار البلنسی کی کتابوں میں ایک جنگ کے سلسلے میں آیا ہے، جو مسلمانوں اور عیسائیوں کے درمیان ۲۰ شعبان ۵۳۰ھ / ۵ فروری ۱۱۳۶ء کو ہوئی۔ عرب مؤرخوں نے اس سخت لڑائی کا مقام موضع اللُّجّ اور البسیط لکھا ہے۔ اس لڑائی کو اللُّجّ کی لڑائی بھی کہتے ہیں، جو جنجاله Chinchilla کے قریب ہے]۔

**مآخذ**: (۱) الضبی [بُغیة المُلتمس] (طبع کودیرا Codera و ربیرا Ribera)، ص ۳۳؛ (۲) ابن الابّار: الحُلّة السیراء، (Dozy: *Notices*، ص ۲۱۵، ۲۱۹، ۲۲۶)؛ (۳) Codera: *Decadencia y desaparicion de los Almoravides en Espana*، سرقسطه ۱۸۹۹ء، ص ۸۶، ۱۰۹؛ (۴) Caspar Remiro: *Murcia Musulmana*، سرقسطه ۱۹۰۰ء، ص ۱۷۹ ببعد؛ (۵) سیبولڈ Seybold، در *ZDMG*، ج ۶۲؛ (۶) [محمد عنایت اللہ: اندلس کا تاریخی جغرافیه، حیدرآباد دکن ۱۳۴۵ھ / ۱۹۲۷ء، بذیل مادہ البسیط؛ (۷) Ramiro: *Murcia Musulmana*، سرقسطه ۱۹۰۰ء]۔

(C.F. SEYBOLD [و A-HUICI MISANDA])

**البَشّارات**: چراگاہیں (۲) *sierras de yerba* (*de pastos*) ہسپانوی لفظ البوجراس Alpujarras کی اصل ہے۔ درحقیقت عربی زبان کے اس جغرافیائی نام کا اطلاق اس سارے کوہستانی خطے پر ہوتا ہے جو جنوب میں بحیرۂ روم کی طرف بڑھے ہوئے جبل الثلج (Sierra Nevada) کے علاقے پر مشتمل ہے اور مُطْریل Motril سے عدرہ Adra اور المریه Almeria تک پھیلا ہوا ہے لیکن خصوصیت کے ساتھ اس نام سے وہ متعدد سرسبز وادیاں مراد ہوتی ہیں جو اس علاقے کو باہم قطع کرتی ہیں (وادی بادول Padul، وادی بزنار Béznar، وادی سنیارون Lanjarón، وادی ارجیفا Orgiva، وادی قادیار Cádiar و وادی اجیار Ugijar، وادی القلیعه Alcoléa، وادی لویار Laujar، وادی دُلنیار Canjayar، وادی رجل Rágol، وادی جادو Gádor)۔ قرونِ وسطی میں البُشّارات کا رقبہ آج کی نسبت زیادہ تھا کیونکہ ان دنوں دارالحکومت جیان Jaén تھا اور بہت سے قلعوں کے علاوہ اس میں چھے سو سے زیادہ ایسے گاؤں تھے جہاں ریشم تیار ہوتا تھا۔ ابن حفصون [رک بآں]، جو جیان Jaén پر قابض ہونے میں کامیاب ہو گیا تھا، لازماً اس خطے کو اپنے زیرِ تسلّط لے آیا ہو گا یا کم از کم یہاں اس نے اپنے دوست اور حلیف پیدا کر لیے ہوں گے، کیونکہ ۳۰۰ھ / ۹۱۳ء میں عبدالرحمٰن ثالث نے اس کے سفیروں کو فتانه کے مقام پر گرفتار کر لیا اور جبل الثلج کو عبور کر کے Juviles کو محاصرے میں لے لیا تھا۔ ایک قلیل عرصے کے محاصرے کے بعد اس نے قلعے کی عیسائی محافظ فوج کو گرفتار کر کے موت کے گھاٹ اتار دیا، جسے ابن حفصون نے وہاں متعین کر رکھا تھا۔ ان وادیوں میں، جو تمام اطراف میں ایک دوسرے کو قطع کرتی ہوئی گذرتی ہیں، رہنے والے جنگ جو قبائل یعنی اهل البُشّارات عربوں کے دور حکومت میں فی الحقیقت باغیانہ رجحانات رکھتے تھے اور ۱۴۹۲ء کے بعد سے یہ پیہم بغاوتیں ان کی تاریخ میں نمایاں رہیں۔ ۱۵۶۸ تا ۱۵۷۰ء کی عظیم بغاوت بالخصوص قابلِ ذکر ہے، جس کے سربراہ ابن اُمیه اور عبداللہ بن عبّو تھے اور جسے Marquis of Mondéjar اور Don John of Austria نے بہت سے مسلمانوں کا خون بہا کر فرو کیا تھا [رک به Moriscos]۔

(C. F. SEYBOLD [و A. HUICI MIRANDA])

marfat.com
Marfat.com

**بشارین** : ایک خانہ بدوش بجۃ [رك بآں] قبیلہ، جو اب دو علاقوں میں منقسم ہے : (الف) عتبائے یا بحر احمر کی پہاڑیوں کی مغربی ڈھلانوں پر واقع تقریباً ۲۳ درجے اور ۱۹ درجے عرض بلد شمالی کے درمیان؛ (ب) عطبرا ندی کے کنارے اور ملحقہ اراضی پر تقریباً ۱۷ درجے اور ۱۶ درجے عرض بلد شمالی کے درمیان - یہ قبیلہ دو بڑے شعوب میں منقسم ہے : (الف) اُمّ علی، شمال مشرقی عتبائے میں؛ (ب) اُمّ ناجی، جنوب مغربی عتبائے میں اور عطبرا پر - [illegible] نسب ناموں سے ظاہر ہوتا ہے کہ ان کا تعلق عرب اولاد کاهل (ز نواهلة) سے تھا، جو چودھویں صدی عیسوی میں عیذاب کے قریب رہتے تھے - بشارین کا اصلی وطن اس خطّے میں [illegible] کے نواحی علاقے میں تھا - پندرھویں صدی عیسوی میں ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ بنو Balaw [illegible] علاقے میں پھیل گئے - بلو شاید زمانۂ وسطیٰ کے عرب مصنفین کے "حدارب" کے مانند ہوں - عطبرا کی زیادہ زرخیز اراضی میں [illegible] کے تحت غالباً ۱۷۶۰ [illegible] کے قریب سردار مشہور ہوا تھا - سوڈان میں [illegible] کی حکومت کے بعد عطبرا کے بشارین مصر کے تحت [illegible] گئے اور عتبائے کے علاقے [illegible] رہے - بیسویں صدی عیسوی کے [illegible] میں [illegible] دونوں گروہ ایک دوسرے سے اور زیادہ دور ہو گئے - ان میں سے [illegible] ایک گروہ نے [illegible] تحریک میں [illegible] حصہ [illegible] - اگرچہ [illegible] بشارین [illegible] کچھ نہ کچھ [illegible] ہے - مصر و برطانیہ کی مشترکہ حکومت کے [illegible] میں دونوں گروہوں سے [illegible] ایک مستقل [illegible] ایک [illegible] ہوا [illegible] قبیلے پر صرف ایک ہی "ناظر" یا سردار مقرر کر دیا گیا - بشارین کی حالیہ تاریخ لائقِ ذکر واقعات سے خالی ہے۔

**مآخذ** : (۱) G.E.R. Sandars : *The Bisharin*، در *Sudan Notes and Records*، ۱۶ / ۲، ۱۹۳۳ء : ص ۱۱۹ تا ۱۴۹؛ (۲) خرطوم اور بجہ کے تحت بھی دیکھیے۔

(P.M. HOLT)

**بشبلیق** : سغدی (؟) پنجکث (دونوں بمعنی "شہر پنج") مشرقی ترکستان کا ایک شہر، جس کا ذکر دوسری صدی ہجری / آٹھویں صدی عیسوی اور ساتویں صدی ہجری / تیرھویں صدی عیسوی کے درمیان بار بار آیا ہے (نام کے متعلق قبّ منورسکی Minorsky، در حدود العالم، ص ۲۷۱ ببعد اور ص ۲۷۱ سطر ۵) - روسی جویندوں نے ان معلومات کی مدد سے جو چینی مآخذ میں پائی جاتی ہیں یہ مقام دوبارہ دریافت کیا - اس کا محلِ وقوع کُوچُنگ (چینی کُچُنگ Ku-č'ōng) ہے، جس کی بنا اٹھارھویں صدی عیسوی میں رکھی گئی تھی، سیتانیس کیلومیٹر مغرب میں اور تسی موسہ Tsi-mu-sa کے دس کیلومیٹر شمال میں موضع Hu-pao-tse کے قریب ہے - اس کے کھنڈروں کا جو پچونچینگ تسی (P'o-č'ōng-tse) کے نام سے معروف ہیں [illegible] دس کیلومیٹر ہے (V.B. Dolbezev [illegible] : *Izv. Russk. Komiteta* [illegible] *Srednei i Vost. Azii IX* [illegible] *Documents* : Ed. Chavannes [illegible] ص [illegible] *Zap. Ak. Nauk* [illegible] *Innermost Asia* : Sir Aurel Stein [illegible] ص [illegible]

[illegible] دوسری صدی عیسوی سے کچھ [illegible] تک کے [illegible] چینی [illegible] میں [illegible] کے [illegible] مشرقی [illegible] کی [illegible] گئے [illegible] ہے [illegible] کے

Marfat.com

بعد سے وہ ایک چینی انتظامی علاقے کا صدر مقام تھا (جس میں چینی یا ترک حاکم ہوتا تھا) ۔ اسے یہ مرتبہ اس وجہ سے حاصل تھا کہ وہ ''خطّۂ پنج شہر'' کا دارالحکومت اور چینی ''چار چھاؤنی'' میں سے ایک تھا ۔ اورخون کتبوں میں بھی اس کا ذکر پایا جاتا ہے (E II ۲۸)، قلی - چور کتبہ؛ قب Wilhelm Thomson، در ZDMG، ۱۹۲۴ء، ص ۱۵۳؛ Social'no-ekonomi ceskiy story : A. N. Bernstamn Orkhono Yeniseyskikh Tyurok VI-Viii vekov (اورخون اور ینی سے ترکوں کا معاشری اور اقتصادی نظام، چھٹی صدی عیسوی سے آٹھویں صدی عیسوی تک)، ماسکو اور لینن گراڈ ۱۹۴۶ء، بمدد اشاریہ) ۔ اسی عہد اور اس کے بعد سے بشبلیق کے چینی نام کِنمن Kinman اور خصوصاً پیتعنگ Pei-t'ing بہ معنی ''شمالی دربار'' دیکھنے میں آتے ہیں.

بقول تعنگ شو T'ang-schu (Chavannes : Doc، ص ۹۶ تا ۹۹)، شاتعو Scha-t'ao (ریگستان کے لوگ، قب نیچے) ۷۱۲ء اور ۸۱۸ء کے درمیان بشبلیق کے قریب رہتے تھے ۔ طویل تنازعات کے بعد (قب Chavannes : Doc، ص ۱۱۳ ببعد؛ کاشغری : دیوان [لغات الترک]، ۱ : ۱۰۳، ۳۰۷ (طبع براکلمان، ص ۲۴۳)؛ المروزی، ص ۳۷؛ حدود العالم، ص ۲۲۷، ۲۷۲)، یہ شہر ۷۹۱ء میں اہلِ تبت کے قبضے میں چلا گیا (Chavanner، ص ۳۰۰) اور بعد میں یہ ترکی بسمِل خانوادے کے رئیسوں کی سکونت گاہ بن گیا، جن کی میراث ۸۶۰ء میں اویغور ترکوں نے (''اُدوق قُوت'' یعنی مقدس سرکار کے خطاب کے ساتھ) لے لی ۔ ۹۸۲ء کے ایک چینی وفد کی اطلاع کی رو سے (تراجم کی فہرست کے لیے قب Wittfogel، ص ۱۰۴)، اس شہر میں پچاس سے زائد بدھ مندر، ایک بدھ خانقاہ، ثانوی زیارت گاہیں، اور ایک (مصنوعی؟) جھیل تھی ۔ اس کے کچھ باشندے اس مصنوعی ذریعۂ آبپاشی سے فائدہ اٹھاتے اور سبزیاں اگا کر گذر اوقات کرتے تھے، دوسرے لوگ گھوڑے پالتے اور دھات کا کام کرتے تھے ۔ قدیم مسلم مآخذ میں اس شہر کا فقط ایک ہی بار ذکر (حدود العالم، ص ۱۷ ۔ الف، ترجمہ ص ۹۴ میں) آیا ہے اور وہ اسی مذکورۂ بالا سال کے تحت ملتا ہے ۔ اس شہر کے متعلق مذکور ہے کہ وہ تغزغز [رک بآں] کے حکمران کی سکونت گاہ تھا ۔ اس امر کے اور تغزغز اور شتعو Scha-t'ao کے موازنے کے متعلق قب منور سکی، در حدود العالم، ص ۲۶۶ تا ۲۷۲، ۴۸۱ ۔ الادریسی، ۱ : ۴۹۱، ۵۰۲ نے اس شہر کا جو ذکر کیا ہے قیاساً اس کی بنیاد کسی مختلف اطلاع پر ہوگی، یعنی تَمیم بن بَحر المُطَّوِعی (قب مآخذ) کے بیان پر.

ریاست کے مغربی حصے کے حکمران (اُدوق قُوت، اِدی قوت یا اِدوت؟) کا دارالحکومت ہونے کی وجہ سے بشبلیق قرہ خطائیوں [رک بآں] کے زیر نگین آ گیا (اس پر ایک چینی تصنیف کا ذکر Wang-Kuo-Wei نے Wittfogel، ص ۶۱۵، نیچے بائیں جانب کیا ہے) ۔ ۱۲۰۹ء میں اویغوز حکمران نے خود اپنی مرضی سے یہ شہر مغول کے حوالے کر دیا اور ان کی مہموں میں حصہ لیا ۔ بشبلیق کا اسلامی دنیا کے اس حصے سے جو مغول سلطنت کے اندر تھا گہرا ربط پیدا ہو گیا اور ساتویں صدی ہجری / تیرھویں صدی عیسوی میں بتدریج اسلام کا اس شہر میں نفوذ ہوتا گیا، اس کے باوجود کہ اویغوروں نے اس کی مزاحمت کی، کیونکہ وہ اچھی طرح جانتے تھے کہ دین اسلام کی ترویج سے مغول سلطنت کی روحانی قیادت ان کے ہاتھ سے نکل جائے گی ۔ جب ۱۲۵۲ - ۱۲۵۳ء میں وسطی ایشیا کا مغول والی مسعود بن محمود یالاواچ (سفیر) بشبلیق میں اپنے عہدے پر فائز ہو

marfat.com
Marfat.com

گیا تو کہا جاتا ہے کہ ایدُق قُوت نے ستمبر ۱۲۵۸ء میں شہر کے تمام مسلمانوں کو قتل کر دینے کے خفیہ احکام صادر کیے ۔ خان اعظم مُونگکہ Mongke کے حکم سے اسے گرفتار کر کے قتل کر دیا گیا، لیکن اس کا خاندان سلامت رہا (جُوینی، ۲ : ۳۴ ببعد، ۸۸ و ۳ : ۶۰ ببعد؛ رشیدالدین (طبع بلوشے Blochet)، ۲ : ۳۰۴ ببعد؛ حَمْداللہ المُسْتَوفی القَزْوینی : تاریخ گُزیدہ، ص ۵۷۷؛ B. Spuler : *Die Mongolen in Iran*، بار دوم، برلن ۱۹۵۵ء، ص ۲۳۹).

۱۲۶۰ء کے بعد معلوم ہوتا ہے کہ اس شہر نے خان اعظم کی سلطنت اور ریاست چُغتائی کے درمیان آزادی کا زمانہ گزارا ۔ اس نے ۱۲۷۵ء میں مغرب کی طرف سے ایک حملے کو پسپا کیا ۔ اس وقت بشبلیق چین سے وسط ایشیا کو جانے والی ڈاک کی شاہرہ کا مقام آغاز تھا (Bretschneider Not. 208) ۔ معلوم ہوتا ہے اس وقت بشبلیق کا خطّہ چغتائی کی ریاست میں شامل تھا ۔ اس بات کا پتا نہیں چلتا کہ خود اس شہر پر بعد میں کیا گزری ۔ بظاہر یہ شہر چودھویں صدی عیسوی میں خانوادۂ اُدوق قُوت کے ساتھ ھی ناپید ہو گیا ۔ اس کے بعد اہلِ چین پیتعنک Pei-t'ing کا نام اس خطّے کے لیے جو (بقول محمد حیدر دوغلات : تاریخ رشیدی، ترجمہ E. Denison Ross، لنڈن ۱۸۹۵ء، ص ۳۶۵) سولھویں صدی عیسوی میں مغولستان کہلاتا تھا، اور جہاں اب اسلام مضبوطی سے اپنے قدم جما چکا تھا، فقط ایک علاقائی نام کے طور پر استعمال کرتے تھے، اس کے بعد خود بِشْبلِیْق کا کوئی ذکر نہیں ملتا ۔

**مآخذ** : (۱) چینی روندادیں، در K.A. Wittfogel و Fêng Chia-Shêng : *Hist. of the Chinese Society*، *Liao*، فیلاڈلفیا ۱۹۴۹ء، ص ۹۵، ۱۰۳، ۱۰۶، ۶۳۶، ۶۵۵؛ (۲) E. Bretschneider : *Mediaeval Researches* ...، دو جلدیں، لنڈن ۱۹۱۰ء، ۱ : ۶۵ ببعد و ۲ : ۲۷ تا ۳۳، اور ایک نقشہ؛ (۳) وھی مصنّف : *Notices of the Mediaeval Geography*، در *JRAS*، شمالی چینی شاخ N.R.X. (۱۸۷۶ء)، ص ۷۵ تا ۳۰۷؛ (۴) المَرْوَزی : *China, the Turks and India*، طبع مِنورسکی V. Minorsky، لنڈن ۱۹۴۲ء بمدد اشاریہ؛ (۵) حدود العالم، بمدد اشاریہ، بذیل مادّۂ پَنْجیکَث و پیتعنگ؛ (۶) Barthold : *Turkestan*، بمدد اشاریہ؛ (۷) وھی مصنّف : اورتہ اسیا ترک تاریخی حقّندہ درسلر، استانبول ۱۹۲۷ء (جرمن ترجمہ *12 Vorlesungen über die Geschichte der Türken Mittelasiens*، برلن ۱۹۳۵ء، فرانسیسی ترجمہ *Histoire des Turcs d'Asie centrale*، پیرس ۱۹۴۵ء)؛ (۸) منورسکی : *Tamim ibn Bahr's Journey*، در *BSOAS*، ۱۲/۲، ۱۹۴۸ء : ۲۷۵ تا ۳۰۵؛ (۹) وھی مصنّف، در *BSOAS*، ۱۰ / ۲، ۱۹۵۵ء : ۲۶۳؛ نقشے در O. Pritsak : *Karachanidische Studien*، مقالہ گوٹنجن ۱۹۴۸ء (ٹائپ شدہ مسوّدہ)؛ (۱۰) A. Herrmann، چین کی اٹلس، کیمبرج [امریکہ]، ۱۹۳۵ء، ص ۳۳تا ۳۹۔

(B. SPULER)

**بش پَرْمق** : (''پانچ انگلیاں'') ایک ترکی نام جو بعض اوقات پہاڑی سلسلوں کے لیے استعمال ہوتا ہے، جو ایشیاے کوچک اور دیگر علاقوں میں موجود ھیں ۔ اس کی معروف ترین مثال وہ بِش پرمق طاغ ہے جو جنوب مغربی ایشیاے کوچک میں بویوک مِنْدرس کی زیرین گذرگاھوں پر واقع ہے ۔ اس سلسلۂ کوہ کی بلند ترین چوٹی ایک ہزار تین سو سڑسٹھ میٹر اونچی ہے ۔ قدیم زمانے میں یہ خاص پہاڑ ὁ Λάτμος (اودت موس) کے نام سے مشہور تھا ۔ قرون وسطی میں یہ علاقہ عیسائیوں کی مذھبی زندگی کا ایک سرگرم مرکز بن گیا تھا، جو تیرھویں و

marfat.com
Marfat.com

چودھویں صدی میں مغربی ایشیاے کوچک پر ترکوں کے مسلط ہونے تک قائم رہا۔

**مآخذ:** (۱) Th. Wiegand: *Der Latmos* (*Königliche Museen zu Berlin. Milet: Ergebnisse der Ausgrabungen und Untersuchungen seit dem Jahre* ۱۸۹۹ء، طبع Th. Wiegand، جلد ۳/۱)، برلن ۱۹۱۳ء؛ (۲) A. Philippson: *Reisen und Forschungen im westlichen Kleinasien*، جلد ۵ (=*Ergänzungsheft zu Petermann's Mitteilungen*)، شمارہ ۱۸۳، گوتھا ۱۹۱۵ء: ۸ ببعد؛ (۳) F. Krischen: *Die Befestigungen von Herakleia am Latmos* (*Staatliche Museen zu Berlin, Milet: Ergebnisse der Ausgrabungen und Untersuchungen seit dem Jahre* ۱۸۹۹ء، طبع Th. Wiegand، ج ۳/۲)، برلن اور لائپزگ ۱۹۲۲ء؛ (۴) Pauly-Wissowa، ۱۲/۱ (۱۹۲۴ء): عمود ۹۶۴ تا ۹۶۶، بذیل مادّۂ Latmos.

(V.J. Parry)

• **بشجِرت:** (بشکُرت) رک بہ باشقرت.

• **بِشر بن ابی خَازِم:** نہ کہ "حازم"، (عبدالقادر: خزانۃالادب، بار اوّل، ۲: ۲۶۲) چھٹی صدی عیسوی کے نصف آخر میں بنو اسد بن خُزیمہ کا عہد جاہلیت کا سب سے بڑا اور ممتاز شاعر۔ الفرزدق (دیوان، طبع صاوی، ص ۲۱۷) اسے اپنے بزرگ متقدمین میں شمار کرتا ہے۔ ابو عَمرو بن العَلاء اسے بڑے اور مستند (= فحول) شعرا میں شمار کرتا ہے۔ اس کی منظومات الأصمعی اور ابن السّکّیت (الفہرست، ۱۵۸، ۶) نے جمع کی نہیں۔ ابو عبیدہ نے اس کے دیوان کی شرح لکھی، جس سے عبدالقادر البغدادی نے استفادہ کیا (وہی کتاب، ۲: ۲۶۲، ۴)۔ المفضلیّات (قصیدہ ۹۶ تا ۹۹ طبع Lyall) میں بِشر کی چار نظمیں شامل ہیں۔ ان میں سے آخری (جو غلطی سے قصیدہ ۱۰۰ سے ملادی گئی ہے) جَمْہَرۃ اشعار العرب، ص ۴۰ میں بھی پائی جاتی ہے، جبکہ ابن الشَّجَری اپنے الحَماسَۃ (قاہرہ ۱۳۰۶ھ، ص ۶۵ تا ۸۳) میں چھے نظموں کا انتخاب کرتا ہے۔ اس کے کثیر اشعار، جن کا لغات، شروح اور کُتب ادب میں حوالہ دیا گیا ہے، ابھی تک جمع نہیں کیے گیے؛ [قب عبدالقیوم: فہارس لسان العرب، جلد ۱: اسماء الشعراء].

بشر کی زندگی کے بہت ہی کم حالات معلوم ہیں، بجز ان کے جن کا اس کی نظموں سے ہمیں علم ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ اس کے جو حالات ملتے ہیں وہ اکثر متضاد اور غیر معتبر ہیں۔ النّسار [قب تاج العروس] کے مقام پر اپنے قبیلے کی فتح کی جس وضاحت سے اس نے کیفیت لکھی ہے (دیکھیے المفضّلیّات، قصیدہ ۹۶، اشعار ۹ تا ۲۲) اس سے یہ بات یقینی معلوم ہوتی ہے کہ بشر اس لڑائی میں شریک تھا، جس کی تاریخ Lyall نے تقریباً ۵۰۷ء قرار دی ہے۔ بنو اسد کے دیگر کارناموں کے جو حوالے اس کی نظموں میں آتے ہیں ان سے کسی تاریخ کا پتا نہیں چلتا۔ نظموں میں اَوس بن حارِثہ بن لأم الطائی کی، جو بنواسد کے پڑوسی قبیلۂ طیّء کا سردار تھا، شخصیت چھائی ہوئی نظر آتی ہے۔ عبد القادر: وہی کتاب، ۴: ص ۳۱۷، س ۱ (ابو عبیدہ کی) شرح کا حوالہ دیتے ہوئے لکھتا ہے کہ بنو اسد کے بعض حلیفوں پر طیّء نے ایک چھاپا مارا، جس کی بنا پر بشر نے اَوس بن حارثہ کے خلاف نظم لکھی اور اس میں دھمکی دی کہ اگر اس نے مصالحت نہ کی تو پھر وہ اس کی ہجو لکھے گا (نیز دیکھیے المفضّلیّات، ۱: ۲۹۳، ۱۰ اور Lane، ص ۱۱۲۶)۔ ایسی ہجویات مختارات، ص ۶۶ ببعد اور ۶۸ ببعد میں اب تک محفوظ ہیں۔ المبرّد (الکامل، ۱: ۱۳۲ ببعد) نے اس قبائلی نزاع کا سبب بالکل مختلف بتایا ہے اور ابن الأثیر (الکامل، ۱: ۱۶۹

marfat.com
Marfat.com

بیعد) نے اس پر حاشیہ لکھا ہے - اس بیان کی رو سے جو بشر کو الحُطَیئة (م حدود ۳۰ء/ ۶۵۰ء) کا ہمعصر بتاتا ہے یہ نزاع النعمان بن المنذر (عہدِ حکومت ۵۸۰ تا ۶۰۲ء) کے دربار میں شروع ہوئی تھی - اوس بن حارثہ نے بنو اسد پر چھاپا مارا، بشر کو پکڑ لیا، لیکن اس کی جان بخشی کر دی - اسی پر بشر نے اپنے محسن کی مدح میں پانچ قصیدے لکھ کر اپنی پانچ ہجووں کی تلافی کر دی - حقیقت خواہ کچھ ہو، بشر کی نظموں میں یقیناً اوس بن حارثہ کی مدح میں چند قصائد موجود ہیں (مختارات، ص ۵۷؛ ابن الشجری، الحماسة، ۱۰۳) اور اسی طرح کے ایک اَور قصیدے کے اجزا بھی ملتے ہیں (قب عبدالقادر: وہی کتاب، ۱: ۳۵۵ و ۲: ۲۶۳ و ۳: ۱۱۱ اور المبرّد: الکامل، ص ۱۳۳) مگر انھیں جُندب بن خارجہ الطّائی سے بھی منسوب کیا جاتا ہے - اگر بشر کی یہ معذرت مستند ہے (مرتضی: امالی، ۲: ۱۴۴) تو پھر یہ قصائد، ہجووں سے مؤخّر ہیں - ایک اَور ہجو (القالی: امالی، بار اوّل، ۲: ۲۳۳؛ المفضّلیات، ۱: ۳۴۰، ۵۸۴، ۶۷۰؛ Freytag: *Prov Arabum*، ۱: ۲۵۱) عتبہ بن مالک بن جعفر بن کلاب کے خلاف لکھی گئی ہے - اس عتبہ کا ایک لڑکا عُروة الرّحّال تھا، جسے البرّاض [الکنانی] نے تقریباً ۵۹۰ء میں قتل کر دیا تھا - ابو عمرو ابن العلاء (الاغانی، بار اوّل، ص ۱۹، ۷۵ ببعد) کا قول ہے کہ اس قتل کے بعد، جو فِجار کی دوسری جنگ کا باعث بنا، البرّاض نے بشر سے کہا تھا کہ وہ حرب ابن امیّہ اور قریش کے دوسرے سرداروں کو متنبّہ کر دے کہ قیس عَیلان کا قصاص لیا جائے گا اور بنو اسد، قریش کے حلیف تھے (ابن سعد، ۱/۱: ۸۱ س ۹) - آخر میں شاعر کا خود اپنا ایک مرثیہ ہے (مختارات، ص ۸۱ تا ۸۳)، جس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ اس نے اس وقت [فی البدیہہ] کہا تھا جب وہ ابناء بنو صَعْصَعہ پر چھاپا مارنے کے دوران میں مہلک طور پر زخمی ہوا تھا (دیکھیے عبدالقادر: وہی کتاب، ۲: ۲۶۲؛ المفضّلیات، ۱: ۳۱ س ۶؛ المرزبانی: معجم الشعراء، ص ۲۲۲) - یہ روایت افسانوی ہے کہ حاتم طائی نے بشر، عَبید بن الابرص (م حدود ۵۵۰ تا ۵۶۰) اور النابغة الذبیانی تینوں کو پُر تکلّف دعوت دی تھی (ابن قتیبہ: الشعر، ص ۱۲۴؛ الاغانی، ۱۶: ۹۸) - ابو عبیدہ کا یہ قیاس بھی ناقابلِ تسلیم ہے کہ ''ملک'' عمرو بن امّ اِیاس، جس سے بشر نے کم سے کم دو نظموں میں خطاب کیا ہے، حجر آکل المُرار کا پوتا تھا (الاغانی، بار اوّل، ۱۵: ۸۷؛ نیز دیکھیے عبدالقادر: وہی کتاب، ۲: ۱۸۲) - کبھی کبھی بشر کے قبیلے کے ایک متأخر شاعر کے اشعار بھی اس سے منسوب کر دیے جاتے تھے (نقائض، ص ۲۴۱، ۲۴۵، طبع Bevan) [لسان العرب میں بشر کے اشعار بکثرت منقول ہیں].

**مآخذ**: ان کتب کے علاوہ جو مقالے میں مذکور ہیں: (۱) ابن قتیبہ: الشعر و الشعراء، ص ۱۴۵ تا ۱۴۷؛ (۲) خزانة الادب، بار اول، ۲: ۲۶۲ تا ۲۶۴؛ (۳) المرزبانی: الموشّح، ص ۵۹؛ (۴) المفضّلیات، طبع Ch. Lyall، ۲: ۲۶۸ ببعد؛ (۵) A. Hartigan، در *MFOB*، ۱: ۲۸۴ تا ۳۰۲؛ (۶) G. Von Grunebaum: بشر بن ابی خازم، Collection of Fragments، در ۱۹۳۹ء، ص ۵۳۳ تا ۵۶۷؛ [(۷) ابن حزم: جمهرة انساب العرب، بامداد اشاریہ؛ (۸) براکلمان (تاریخ الادب العربی (تعریب عبد الحلیم النجار)، ۱: ۷۷، ۱۱۸)].

(J. W. Fuck)

**بشرؓ بن البَرَاء**: مدنی صحابیؓ، خزرج کی شاخ بنو سلِمَہ سے تھے - انھوں نے اور ان کے باپ البراء بن مَعْرُور [رک بآں] دونوں نے ابتدا ھی میں اسلام قبول کر لیا تھا اور یہ ان ستّر (یا کچھ زیادہ) اہلِ مدینہ میں سے تھے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلّم

marfat.com
Marfat.com

کے ساتھ عقبہ کی دوسری بیعت میں شامل تھے۔ بعد میں بشر نے بَدْر، اُحُد، خندق اور خیبر (۷ھ/ ۶۲۸ء) کے غزوات میں حصہ لیا۔ خیبر میں انھوں نے زہر آلودہ بھیڑ کا گوشت کھایا، جسے ایک یہودیہ نے رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و سلّم کی خدمت میں پیش کیا تھا، نبی اکرم صلّی اللہ علیہ و سلّم نے چکھ کر زہر معلوم کر لیا اور گوشت کو تھوک دیا، لیکن بشرؓ اسے نگل گئے اور فوت ہو گئے۔ بعض روایات کی رو سے فوراً ہی اور بعض کی رو سے ایک برس بیمار رہنے کے بعد۔

بشرؓ ایک مشہور تیر انداز اور پُرجوش مسلمان تھے۔ یہودِ مدینہ کے ساتھ ان کے مناظروں کا ذکر آتا ہے۔ نبی کریم صلّی اللہ علیہ و سلّم انھیں قبیلۂ بنی سلمہ کا ''سیّد'' (سردار) کے لفظ سے یاد فرمایا کرتے تھے۔ الشیرازی (المهذّب، قاھرہ، ۲: ۱۷۶ تا ۱۷۷) نے زہر دینے کے اس جرمِ کبیرہ کے سلسلے میں بشرؓ کے اس واقعے کو بیان کیا ہے۔

**مآخذ**: (۱) ابن ہِشام، ص ۳۰۹، ۳۲۸، ۴۹۹، ۷۶۳ تا ۷۶۵؛ (۲) ابن سعد، ۳/۲: ۱۱۱ تا ۱۱۲؛ (۳) الطّبری، ۱: ۱۵۸۳ تا ۱۵۸۴ و ۳: ۲۰۳۸؛ (۴) ابن الأثیر: الکامل، ۲: ۱۷۰؛ (۶) الیعقوبی: تاریخ، ۲: ۵۷؛ (۷) اُسْدُ الغابة، ۱: ۱۸۳؛ (۸) النّوَوی، ص ۱۷۳ تا ۱۷۴؛ (۹) کائتانی Caetani : *Annali*، بمدد اشاریہ؛ [(۱۰) ابن حزم: جمهرة، ص ۳۰۹؛ (۱۱) ابن حجر: الاصابة، ۱: ۱۵۰؛ (۱۲) الذھبی: سیر اعلام النبلاء، ۱: ۱۹۰].

(W. 'ARAFAT)

* **بشر بن غِیَاث**: بن ابی کَریمہ [عبدالرحمٰن]، ابوعبدالرحمن الْمَرِیْسِی، ایک ممتاز عالمِ دینیات، جس کا تعلق مرجئہ [رکّ بآن] فرقے سے تھا۔ کہتے ہیں اس کا باپ کوفے کا قصّار (اونی کپڑے دھونے والا) اور رنگریز اور مذہب کے لحاظ سے یہودی تھا۔ بِشر مشرّف بہ اسلام ہونے کے بعد زید بن الخطّاب کا ''مولٰی'' ہو گیا۔ وہ بغداد کے مغربی علاقے کے ''دربِ المَرِیْس'' (یا ''المَرِیْسِی'') میں رہتا تھا اسی لیے وہ ''المریسی'' [قبّ السمعانی: الانساب و لب الالباب] مشہور ہوا۔ وفات بغداد میں ۲۱۸ھ / ۸۳۳ء میں ہوئی۔

بشر فقہ میں امام ابو یوسف کا بہت محنتی شاگرد تھا اور اگرچہ وہ کچھ مستقل آرا بھی رکھتا ہے، مگر اسے حنفی مذہب کے پیروؤں میں شمار کیا جاتا ہے۔ اس نے حمّاد بن سَلَمَہ، سفیان بن عُیَیْنَہ اور دوسرے محدّثین سے بھی حدیث کی سماعت کی۔ الٰہیات میں وہ فرقۂ مرجئہ کے عام مسلک کا حامی ہے اور بدعتی فرقوں کا کھوج لگانے والے مسلمان مصنّفین اس کے متّبعین کو، جنھیں کبھی کبھی ''المریسیّہ'' بھی کہتے ہیں، اسی مرجئہ تحریک کی ایک شاخ سمجھتے ہیں۔ بشر نے ''ایمان'' کی یہ تعریف کی ہے کہ وہ دین اسلام کا قلب و زبان سے اقرار (تصدیق) کرنا ہے اور جو شیء تصدیق نہیں وہ ایمان بھی نہیں۔ اس کا الٹ یہ ہوا کہ سورج کو سجدہ کرنا بذات خود کفر نہیں بلکہ ایک علامتِ کفر ہے۔ دوسری طرف اس کے نزدیک خدا کی نافرمانی کے تمام افعال گناہ کبیرہ ہیں لیکن اس کے متّبعین (اور قیاس چاہتا ہے کہ خود بشر بھی) قرآن کریم سورۃ الزلزال (آیت ۷: فَمَنْ یَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَیْرًا یَّرَهٗ ؕ) کی روشنی میں اس بات کو منطقی طور پر نا ممکن خیال کرتا ہے کہ مسلمان گناھگار اَبَدُ الآباد تک دوزخ میں رہیں گے۔

بشر کی رائے میں قرآن مجید مخلوق تھا، یہ عقیدہ، جسے سب سے پہلے صراحةً جَھْم بن صَفْوان [رکّ بآن] نے پیش کیا اس بات کا باعث ہوا کہ

marfat.com
Marfat.com

بشر تو بھی آگے چل کر لوگ ازراہ مذمت ''جہمی'' کہنے لگے ۔ یہ معتزلہ [رک بآں] کا بھی ایک بنیادی عقیدہ ہے ۔ چنانچہ بدعتی فرقوں پر لکھنے والے اسے جہمی کے ساتھ معتزلہ میں بھی شامل کر سکتے تھے ۔ بشر نے مشیّتِ الٰہی کی الگ الگ دو قسمیں قرار دی ہیں ۔ اس سے تقدیر کے مسئلے میں اس کی حیثیت قدریہ و جبریہ [رک بآں] کے دو انتہا پسندانہ عقیدوں کے بین بین ہو جاتی ہے اور یہ وہی متوسّط مسلک ہے جو اہل السنۃ والجماعت [رک بآں] کا عقیدہ ہے اور جو معتزلہ عقیدے کے خلاف ہے ۔ چنانچہ یہ واقعہ ہے کہ بشر کے خاص شاگرد النجّار [رک بآں] کے عقیدے پر، اس کے ہمعصر معتزلیوں نے حملہ کیا تھا ۔ کہا جاتا ہے کہ اس کا عقیدہ اپنے استاد کے عقیدے سے ہم آہنگ تھا ۔

بیان کیا جاتا ہے کہ بشر پر اس کے اعتقادات کی وجہ سے جبر و تشدد کیا گیا ۔ خصوصاً کہتے ہیں کہ اسے عباسی خلیفہ ہارون الرشید کے عہد میں بیس برس تک رو پوش رہنا پڑا ۔ غالبًا یہ محض افسانہ ہے، کیونکہ راسخ العقیدہ اہل السنۃ و الجماعۃ کے رکن رکین امام الشافعیؒ کے متعلق کہا جاتا ہے کہ وہ بغداد میں اپنے قیام کے دوران میں بشر اور ان کی ماں کے ہاں، جو ایک مسلمان پاکدامن خاتون تھی، بقیم رہے اور یہ بشر کی مبیّنہ روپوشی کی مدت کے دوران کا واقعہ ہے۔ لیکن یہ سچ ہے کہ اہل الحدیث [رک بآں] خصوصاً احمد بن حنبلؒ اور ان کے متبّعین نے بشر کی سخت نفرت کے ساتھ مخالفت کی ہے ۔ چنانچہ بعد میں راسخ العقیدہ سنّی، بشر کی زاہدانہ زندگی کے باوجود اسے مسلمانوں میں رئیس الملاحدہ خیال کرنے لگے اور اس کی سوانح عمری میں اہانت آمیز ناپاک خصائل کا اضافہ کر دیا گیا۔

**مآخذ**: (۱) النوبختی: فِرَق الشیعۃ، طبع رٹر Ritter، بمدد اشاریہ (مع مآخذ)؛ (۲) عثمان بن سعید الدارمی (م ۲۸۲ھ): ردّ الامام الدارمی . . . علی بشر المریسی، قاہرۃ ۱۳۵۸ھ؛ (۳) الخیّاط: کتاب الانتصار، طبع Nyberg، ۱۹۲۵ء (فرانسیسی ترجمہ Nader، ۱۹۵۷ء)، بمدد اشاریہ؛ (۴) الاشعری: مقالات الاسلامیّین، طبع رٹر Ritter (مع مآخذ)؛ (۵) البغدادی: الفَرق بین الفِرَق، ص ۱۹۲ ببعد (ترجمہ A.S. Halkin: *Moslem Schisms and sects*، ۱۹۳۵ء، ص ۵ ببعد)؛ (۶) الخطیب البغدادی: تاریخ بغداد، ۷: ۵۶ ببعد؛ (۷) الاسفرائینی: التّبصیر فی الدّین، ص ۶۱؛ (۸) الشہرستانی، ص ۱۰۷ (مترجمۂ Harbrücker: *Religionspartheien und Philosophen-Schulen*، ص ۱۶۲، ۲۰۷)؛ (۹) السّمعانی، ص ۵۲۳ - ب ببعد؛ (۱۰) ابن خلّکان، بذیل مادہ؛ (۱۱) عبدالقادر: الجواہر المضیئۃ، ۱: ۱۶۴ ببعد؛ (۱۲) ابن حجر العسقلانی: لسان المیزان، ۲: ۲۹ ببعد؛ (۱۳) عبداللہ مصطفی المراغی: الفتح المبین فی طبقات الاصولیین، ۱: ۱۴۳ ببعد؛ (۱۴) براکلمان Brockelmann، ۱: ۲۰۶؛ تکملہ، ۱: ۳۴۰؛ (۱۵) رٹر، در *Isl.*، شمارہ ۱۶، ۱۹۲۷ء: ۲۵۲ ببعد؛ (۱۶) [الذہبی: میزان الاعتدال، ۱: ۱۵۰؛ (۱۷) یاقوت: معجم البلدان، بذیل مادّۂ مریسۃ]؛ (۱۸) A. N. Nader: *Le système philosophique des mu'tazila*، ص ۱۰۶؛ (۱۹) Laoust: *La profession de foi d'Ibn Batta*، ص ۱۶۷، عدد ۳ (مع مآخذ).

(J. Schacht و A.N. Nader مع Carra De Vaux)

**بشر بن مَروان**: بن الحکم، ابو مَروان ایک اموی شہزادہ، خلیفۂ مروان [رک بآں] اور قُطیّہ بنت بشر (بنو جعفر بن کلاب، گویا قیسی قبیلے سے) کا بیٹا تھا ۔ اس نے جنگ مرج راہط (۶۵ھ / ۶۸۴ء) میں حصہ لیا اور اسی جنگ میں [بنو] کلاب کے ایک سردار کو قتل کیا ۔ اس کا باپ جب خلافت پر متمکن ہوا اور اس نے مصر پر چڑھائی کی تو اس

Marfat.com

بشر بن مروان

وقت بشر اس کے هم رکاب مصر گیا، کیونکہ ماخذ همیں بتاتے هیں کہ ۶۵ھ / ۶۸۴ء میں جب مروان نے یہ صوبہ بنو امیّہ کے لیے دوبارہ فتح کر لیا، جسے ابن الزبیر [رک بآں] نے شعبان ۶۴ھ / مارچ - اپریل ۶۸۴ء میں چھین لیا تھا، تو نماز کی امامت اور وصولیِ خراج کا اهتمام اپنے بیٹے عبدالعزیز [رک بآں] کو تفویض کیا اور اس کے ساتھ بشر کو وهاں چھوڑ دیا تا کہ وہ عبدالعزیز کی معیّت میں رهے اور اسے اپنے گھر بار سے جدائی کا غم بھلانے کے کام آئے - لیکن کچھ عرصے میں دونوں بھائیوں کے تعلقات بگڑ گئے اور بشر غالباً ملک شام میں واپس چلا آیا - وقائع نگار ۷۱ھ / ۶۹۰-۶۹۱ء کے واقعات کے سلسلے میں اس کا ایک بار پھر ذکر کرتے هیں (الطبری، ۲: ۸۱۶) - یہ وہ سال هے جس میں خلیفہ عبدالملک نے اسے کوفے کا والی مقرر کیا - لیکن اس منصب پر فائز هونے کی نوبت غالباً مُصْعَب بن الزبیر [رک بآں] کے خلاف مهم کے ختم هو جانے کے بعد آئی، جس میں بشر نے حصہ لیا تھا (البلاذری: انساب، ۵: ۳۳۵، ۳۳۸) اور وہ ۷۲ھ میں کوفے میں مقیم هوا (الطبری، ۲: ۸۲۲) اور اس کے پاس نہ صرف اس کا چچا رَوح بن زِنْباع [رک بآں] مشیر تھا - بلکہ موسٰی بن نصیر بھی تھا، جس کو اسی نیت سے عبدالملک نے عبدالعزیز سے طلب کیا تھا (بروے کتاب احادیث الامامة و السیاسیة؛ *The History of Moh.* : P. D. Gayangos، *Dynasties in Spain*، لنڈن ۱۸۴۰ تا ۱۸۴۳ء، ۱۱ کے ضمیمے میں) - ۷۳ھ / ۶۹۲-۶۹۳ء میں خلیفہ نے کوفے کے صوبے کے علاوہ بصرے کا صوبہ بھی اس کی تحویل میں دے دیا، جسے اس نے خالد بن عبداللہ بن خالد بن اَسید سے چند هی ماہ میں واپس لے لیا تھا - کیونکہ اس نے خوارج کے خلاف جنگوں کی قیادت کامیابی سے نہیں کی تھی - اسی سال کے آخر میں یا ۷۴ھ میں بشر، عمرو بن حُرَیث المخزومی کو کوفے میں اپنا نائب چھوڑ کر خود شہر بصرہ میں منتقل هو گیا - والیِ کوفہ کی حیثیت سے بشر نے عبدالملک کی طرف سے خوارج کے خلاف مهم کو کمک دینے کے لیے امدادی فوجیں بھیجیں، اور اگرچہ اسے امیرِ لشکر مقرر کیا گیا تھا، اسے براہ راست عبدالملک کا حکم ملا کہ وہ اس فرقے کے خلاف لڑنے والی فوج کی سپہ سالاری المُهَلَّب [رک بآں] کے سپرد کر دے - جب وہ بصرے پہنچا تو اس نے اپنی سخت ناپسندیدگی کے باوجود حکم کی تعمیل کی، کیونکہ وہ عمر بن عبیداللہ بن مَعْمَر کو مقرر کرنا چاهتا تھا اس وجہ سے اسے بے حد صدمہ پہنچا کہ خلیفہ نے اس معاملے میں اسے اختیار سے محروم کر دیا (الطبری، ۲: ۸۵۵ ببعد وغیرہ)، چنانچہ اس نے کوفے کے سردار لشکر کو مشورہ دیا کہ وہ المهلّب کے فوجی اقدام کی مخالفت کرے - اس بات سے مهلّب بہت ناراض هوا (الطبری، ۲: ۸۵۶).

بصرے پہنچنے سے پہلے هی بشر کسی پوشیدہ مرض (البلاذری، ۵: ۱۷۱، ۱۷۹ وغیرہ) یا کسی متعدی بیماری میں مبتلا هو چکا تھا (ابن کثیر، ۹: ۷) اور چند هی روز بعد چالیس سال سے کچھ اوپر عمر میں انتقال کر گیا - ابن عساکر کے قول کے مطابق ۷۴ھ / ۶۹۳-۶۹۴ء میں (بقول الواقدی، بحوالۂ الطبری، ۲: ۸۵۲، ۷۳ھ میں اور بقول الذهبی ۷۵ھ: تاریخ، مخطوطہ Bodl.، جلد ۲ ورق ۹۵؛ الیافعی: مرآة الجنان، مخطوطۂ پیرس ۱۵۸۹ء، ورق ۵۵) اسے بصرے میں دفن کیا گیا، لیکن چند هی دن بعد اس کی قبر اور ایک زنگی کی قبر میں، جو اسی دن فوت هوا تھا، تمیز کرنا محال هو گیا تھا - اس سے ظاهر هے

marfat.com
Marfat.com

کہ اس زمانے میں قبور کے متعلق کس قدر بے توجہی سے کام لیا جاتا تھا ۔ اس کی وفات کی خبر سے مہلّب کی فوج کے بعض لوگ مہلّب کا ساتھ چھوڑ کر چل دیے۔

بشر نہایت دلپذیر نوجوان تھا، وہ ایسا حاکم تھا جس تک رسائی بغیر کسی مشکل کے ہو جاتی تھی (دیکھیے اَیمن بن خُرَیم [رَکَ بآں] کے اشعار در الاغانی، ۲۱ : ۱۲) ۔ وہ نمایاں طور پر رحمدلی کی طرف مائل رہتا تھا تاہم اس نے ابن الزبیر کے داعیوں کو قتل کروا دیا، جو مصعب کی موت کے بعد بھی شہر بصرہ میں سازشیں کرتے رہتے تھے ۔ اس کی حکومت کے خلاف ایک الزام تو یہ تھا کہ وہ عبادات میں بعض بدعات کو رواج دینے کا مرتکب تھا اور دوسرا الزام یہ تھا کہ وہ غلّہ اپنی رعایا میں تقسیم کرنے کے بجاے اپنے مصاحبوں اور درباریوں کے لیے محفوظ کر لیتا تھا (البلاذری، ۵ : ۱۸۰)۔

المسعودی [مروج، ۵ : ۲۵۴ تا ۲۵۸] ہمیں ایک ایسی چال کا قصہ سناتا ہے جو اس کے ایک دوست نے اسے اس کے ماموں روح کی موجودگی سے چھٹکارا دلانے کے لیے چلی تھی، کیونکہ یہ موجودگی آزادی میں بہت خلل انداز ہونے لگی تھی ۔ مگر روح کے ہٹائے جانے کی وجہ ابن قتیبہ (عیون الاخبار، طبع براکلمان Brockelmann، ص ۲۰۷ ببعد) نے مختلف بیان کی ہے ۔ بشر کو گانا سننے اور شعر کہنے کا بھی شوق تھا، اور شعرا اس کے کرم اور فیاضی سے مستفید ہوتے تھے (دیکھیے ایک طویل قصیدہ و مرثیہ در دیوان فرزدق طبع Boucher، پیرس ۱۸۷۰ء، ص ۱۷۳ تا ۱۷۵، ۱۲۹، ترجمہ ۵۲۱ تا ۵۲۵، ۳۶۱، طبع ھل Hell، میونخ ۱۹۰۰ء بمدد اشاریہ؛ نیز اس کی شان میں الاخطل کے قصائد، دیوان، طبع سلحانی، ص ۳۸، ۵۸، ۶۸، ۱۲۰) ۔ دیگر شعرا بھی اس کے جلو میں رہتے تھے یا اس کی مدح میں شعر کہتے تھے، جیسے جریر، کُثَیِّر عزّہ، نُصَیب، سُراقہ بن مرداس البارقی، بنو شیبان کا الاعشی، اَیمَن بن خُرَیم الاَسَدی، المُتَوَکِّل اللَّیثی، ابن قیس الرُّقَیّات، ابن الزَّبِیر، الحکم بن عبدل، الاُقَیشِر [وَوْ : العُقَیشِیر] الاسدی، العجّاج، کَعب الاَشقَری، الراعی ۔ دوسری طرف زُفَر بن الحارث نے، جو مصعب کا طرفدار تھا، بشر کی ھجو کہی۔

**مآخذ** : (۱) سب سے طویل سوانح حیات البلاذری کے ہاں ہیں، انساب، طبع Goitein، ۵ : ۱۶۶ تا ۱۸۰ (نیز دیکھیے : ۵ : ۱۳۰، ۱۶۳)؛ (۲) سبط ابن الجوزی : مرآة الزمان، مخطوطۂ Bodl. Marsh، ۲۸۹، ورق ۔ ۔، ب تا ۱۶۸ الف، مخطوطۂ پیرس ۶۱۳۱، ورق ۲۲۳ ب تا ۲۲۴ الف؛ (۳) ابن کثیر : البدایة و النهایة، قاہرہ ۱۳۵۱ھ / ۱۹۳۲ء، ۹ : ۷؛ ان حوالوں کے علاوہ جو مقالے میں مذکور ہیں دیکھیے : (۴) ابن سعد : الطبقات، ۵ : ۲۴، ۱۱۵؛ (۵) الطبری، ۲ : ۸۲۵ ببعد، ۸۲۸، ۸۵۳ ببعد، ۸۵۵ ببعد، ۸۵۷، ۸۷۳؛ (۵) الکِندی : The Governors and Judges of Egypt، طبع Guest، ص ۴۷؛ (۶) ابن عساکر : تاریخ دمشق، در فصل ۷۳؛ (۷) ابن الأثیر، ۴ : ۲۷۰، ۲۸۰، ۲۸۳، ۲۹۵، ۲۹۷؛ (۸) ابن قتیبہ : الشعر والشعراء، ص ۳۴۵؛ (۹) المبرّد : الکامل، طبع رائٹ Wright، ص ۶۶۲، ۶۶۳، ۶۶۴، ۶۶۶ (= ابن ابی الحدید : شرح نہج البلاغة، ۱ : ۳۹۵)؛ (۱۰) المسعودی : مروج، ۵ : ۲۰۸؛ (۱۱) الاغانی، بمدد اشاریہ؛ (۱۲) یاقوت، ۲ : ۶۴۷، ۷۳۸ و بمدد اشاریہ؛ (۱۳) Ahlwardt : *Sammlungen alter arab. Dichter*، برلن ۱۹۰۲ تا ۱۹۰۳ء، ۲ : xxv، عدد xvii؛ (۱۴) Ch. Pellat : *Le milieu basrien*، پیرس ۱۹۵۳ء، ۱۵۶، ۲۳۷، ۲۷۰، ۲۷۸؛ (۱۵) V. Rizzitano : *'Abd al-'Azīz b. Marwān, governato.e umayyade d'Egitto*، در *Academia Nazionale dei Lincei*,

marfat.com

Marfat.com

*Rendiconti della Classe di scienze morale, storiche e filologiche*، سلسلہ ۳، ج ۲، کراسہ ۵ تا ۶، ۱۹۴۷ء: ص ۳۲۱ تا ۳۴۷ ۔

(L. VECCIA VAGLIERI)

* **بِشْر بن المُعْتَمِر** : (ابو سہل الہلالی) بغداد میں پیدا ہوا، جہاں سے وہ بصرے گیا اور وہاں اس کی ملاقات بِشْر بن سَعید اور ابو عثمان الزَّعْفَرانی سے ہوئی، یہ دونوں واصل بن عطاء (بانیِ فرقۂ معتزلہ) کے رفیق تھے ۔ انھوں نے اسے اس مذہب کے اصول سکھائے ۔ اس کے استادوں میں ایک مُعَمَّر بن عَبّاد السُّلَمی تھا ۔ بغداد کو مراجعت کے بعد بشر بہت سے لوگوں کو مذہب اعتزال قبول کرانے میں کامیاب ہو گیا ۔ ہارون الرشید نے، جو عقیدۂ معتزلہ کا دشمن تھا، اسے زندان میں ڈال دیا ۔ اس پر بشر نے ''العدل''، ''التوحید'' اور ''الوعید'' پر جو دبستانِ معتزلہ کے تین بنیادی اصول ہیں، کوئی بیس ہزار نہایت فصیح و بلیغ بیت نظم کر دیے ۔ یہ اشعار زندان کی چار دیواری سے باہر پہنچ گئے اور جگہ جگہ جلسوں میں پڑھے جانے لگے ۔ الرشید نے یہ سمجھکر کہ بشر کے اشعار کا عوام پر اثر و نفوذ اس کے قید ہو جانے سے پہلے کی تلقین سے زیادہ ہے اسے رہا کر دیا ۔ بشر نے سچ مچ ایک والہانہ نظم عقل کے نام مَعْنُون کی ہے ۔ وہ بیک وقت ایک عظیم شاعر بھی تھا اور عظیم خطیب بھی ۔ اس نے مصنّفوں خصوصًا شاعروں کو جو نصیحت کی تھی اسے الجاحظ کے ایک یادگار ورق میں نقل کیا گیا ہے (البیان، ۱ : ۱۰۴)۔ وہ کہتا ہے: ''شاعر کو وہ خفیہ سماوی تأثر محسوس کر لینا چاہیے اور ایسے نفیس و جمیل الفاظ منتخب کرنا چاہییں جو سادہ اور ادائے مطلب میں واضح ہوں'' ۔

معتزلی اصولوں پر اس کی تصنیفات میں سے فقط چند اجزا ہم تک پہنچے ہیں ۔ اس نے اخلاقی ذمے داری پر خصوصیت سے زور دیا اور وہ پہلا شخص تھا جس نے ''افعال زائیدہ'' (: ''التولّد'') پر کلام کیا تاکہ اس ذمے داری کی حقیقت واضح کرے اور ساتھ ہی حسی ہیجان کے مسئلے کی تشریح کر دے ۔ ''زائیدہ فعل'' (= تولّد) وہ فعل ہے جس کی کسی ایسی علّت سے تحریک ہوتی ہو جو بذاتِ خود کسی اور علّت کی معلول ہوتی ہے ۔ چنانچہ کنجی سے دروازہ کھولنے کے فعل میں پہلے ایک ارادی فعل ہوتا ہے، پھر اس ہاتھ کی حرکت ہوتی ہے جو کنجی کو گھماتی ہے اور اخیر میں چابی کی حرکت ہوتی ہے جو قفل کے پیچ کو گھماتی ہے، آخری حرکت ''زائیدہ فعل'' ہے، کیونکہ یہ کسی ارادی فیصلے سے براہ راست ظہور پذیر نہیں ہوتا ۔ اس طرح وہ کہتا ہے کہ ہم ان افعال کے ذمے دار ہیں جن کی ہم سے ابتدا ہوتی ہے : یا تو براہ راست یا ہمارے براہ راست (ارادی) افعال سے پیدا ہونے والے عمل سے ۔ یہ ذمے داری اسی حد تک عائد ہو گی جس حد تک ہم ان کے تمام عواقب سے آگاہ ہوں ۔ بشر نے حس کے بھی زائیدہ فعل ہونے کی حیثیت سے اس کی تشریح کی ہے اور وہ یہ ہے کہ: اس تأثّر کے ذریعے جو پہلے حواس خمسہ پر ہوتا ہے، پھر حواس فطری طور پر اس تأثر کو پہچان میں بدل دیتے ہیں ۔ وہ کہتا ہے کہ عقل جونہیں بلوغت کو پہنچ جاتی ہے بلند اخلاقی مسائل کا ادراک کر سکتی ہے، نیکی اور بدی میں کسی وحی سے بھی پہلے تمیز کر سکتی ہے، لہذا کسی خوبی یا عدم خوبی کا انحصار ہم پر ہی ہوتا ہے، اس لیے کہ ہمیں انتخاب اور عمل کی آزادی ہے ۔ وہ مزید کہتا ہے کہ ''اس شخص کی خوبی زیادہ ہے جو خود اپنے ہی وسائل سے نیکی کرتا ہے بہ نسبت اس کے جسے خدا کے فضل سے مدد ملی

marfat.com
Marfat.com

هو''۔ اس نے یه بھی جتایا که ارادی فیصلے کے لیے ضروری نہیں که اس پر عمل بھی کیا جائے، چاهے اس میں دوسرے موانع نه هوں۔ هم اسی حد تک اپنے ذمے دار هوتے هیں جس حد تک هم ان کی اخلاقی قدر کو پہچانتے هوں، لاعلمی کی حالت میں هم پر کوئی ذمے داری عائد نہیں هوتی۔ وہ کہتا هے که توبه کرنا بے سود هے، جب تک اس کے ساتھ یه عزم نه هو که گناه کا پھر ارتکاب نہیں کیا جائے گا اور اس پر مزید اصرار نہیں کیا جائے گا۔

جہاں تک عالم خارجی کے متعلق همارے علم کا تعلق هے یه جزوی اور اضافی هو سکتا هے؛ لیکن اس سے عقل کی قدر و قیمت پر کوئی حرف نہیں آتا۔ وہ اسے درست سمجھتا هے که حرکت دو لمحاتِ ساکن کے درمیان واقع هوتی هے، جن میں سے عامل متحرک گذرتا هے۔ اس کی رائے هے که علت کو بہر صورت معلول سے پہلے هونا چاهیے۔ وہ پوری کائنات پر تقدیر کی کار فرمائی کی وکالت کرتا هے اور صرف انسان کی آزادی حرکت هی کو مستثنٰی سمجھتا هے۔ اخیر میں، وہ روح کو انسانی جسم سے ناگزیر طور پر متحد تصور کرتا هے۔

بشر کے شاگرد آگے چل کر معتزله کے استاد بن گئے۔ ابو موسی المردار، ثُمامه، اور احمد بن ابی دؤاد۔ اس کی وفات غالبًا ۲۱۰ھ/ ۸۲۵ء اور ۲۲۶ھ/ ۸۴۰ء کے درمیان هوئی۔

**مآخذ**: (۱) الاشعری: مقالات، استانبول ۱۹۲۹ء، ص ۳۲۸، ۳۲۹، ۳۵۴، ۳۷۳، ۳۸۹، ۳۹۱، ۴۰۱؛ (۲) البغدادی: الفَرق، قاهرة ۱۳۲۸ھ/ ۱۹۱۰ء، ص ۹۳، ۱۱۱، ۱۱۵، ۱۴۳، ۱۵۱؛ (۳) ابن حزم: الفصل، قاهره ۱۳۴۷ھ/ ۱۹۲۸ء، ۳: ۱۴۹؛ (۴) الاَیجی: المواقف، ص ۶۱۹؛ (۵) الاَسفرائینی: التبصیر، قاهرة ۱۹۰۳ء، ص ۳۰، ۳۵؛ (۶) الجاحظ: البیان، قاهرة ۱۹۲۶ء، ۱: ۱۰۳؛ (۷) الخَیّاط: کتاب الاِنتصار، قاهرة ۱۹۲۶ء، بمواضع کثیره (اسی کتاب کا فرانسیسی ترجمه، از A. Nader، بیروت ۱۹۵۷ء)؛ (۸) المَلَطِی: کتاب التنبیه، ص ۳۰؛ (۹) القُرطُبی (ابوعمرو): کتاب جامع بیان العلم و فضله، قاهرة ۱۳۴۶ھ/ ۱۹۲۸ء، ص ص ۶۲؛ (۱۰) الشَهرِستانی: المِلَل (ابن حزم کے حاشیے میں)، قاهرة ۱۳۴۷ھ/ ۱۹۲۸ء ۱: ۵۰، ۶۱؛ (۱۱) ابن المرتضی: المُنیة و الأمل، حیدر آباد ۱۳۱۶ھ/ ۱۸۹۹ء (معتزله پر ابواب)؛ (۱۲) احمد امین: ضُحَی الاسلام، قاهرة ۱۹۳۸ء، ج ۳؛ (۱۳) A. Nader: *Le Système Philosophique des Mu'tazila*، بیروت ۱۹۵۶ء، ص ۳۸ و مواضع کثیره۔

(ALBERT N. NADER)

**بِشر بن الولید**: بن عبدالملک، اموی شہزاده، خلیفه الولید کی کثیر اولاد نرینه میں سے ایک اور خلیفۂ یزید سوم اور ابراهیم کا بھائی، اپنی علمیت کی وجه سے اس نے ''عالِم بنو مروان'' کا خطاب حاصل کیا۔ اس نے بہت سی فوجی مہموں کی قیادت کی (یقینًا ۹۲ھ/ ۷۱۰-۷۱۱ء میں، الیعقوبی، ۲: ۳۵۰ اور ۹۶ھ/ ۷۱۴-۷۱۵ء میں بوزنطیوں کے خلاف، الطبری ۲: ۱۲۶۹ وغیره)۔ اس کے باپ نے ۹۵ھ/ ۷۱۴ء میں اسے ''امیر الحج'' مقرر کیا۔ اس کا نام اس وقت تک مآخذ میں نہیں آیا جب تک اس کے چچیرے بھائی الولید ثانی کے خلاف ۱۲۶ھ/ ۷۴۳-۷۴۴ء میں سازش نه هوئی۔ اپنے مشہور سپه سالار بھائی العباس کی ممانعت کے باوجود وہ خلیفه کے مخالفوں میں شامل هو گیا، جو یزید بن الولید (بعد میں یزید سوم) کی حمایت کرتے تھے۔ مگر اپنے خاندان میں صرف وهی ایک فرد نہیں تھا جس نے ایسا کیا، بلکه تیره اور بھائیوں نے بھی یزید کی حمایت کی تھی۔

Marfat.com

آرمینیہ اور عراق کا والی مروان بن محمد جب یزید کے جانشین ابراہیم کے خلاف ۱۲۷ھ / ۷۴۴ - ۷۴۵ء میں میدان میں اترا تو وہ قِنَّسرین کا والی تھا - مروان جب شہر کی حفاظتی فوج کو، جو زیادہ تر بنو قیس پر مشتمل تھی، اپنے ساتھ ملانے میں کامیاب ہو گیا تو اس نے ان کے سردار کو آمادہ کیا کہ وہ بشر اور اس کے بھائی مسرور کو اس کے حوالے کر دیں اور پھر اس نے دونوں کو قید میں ڈال دیا - بشر کی تاریخ وفات معلوم نہیں، لیکن چونکہ مروان نے عینُ الجَرّ کی لڑائی کے بعد دورانِ سفر میں خلافت خود سنبھال لی تو یہ قیاس کیا جاتا ہے کہ یہ دونوں قیدی آزاد نہ ہوے اور قید ہی میں مر گئے.

**مآخذ** : (۱) الطبری، ۲ : ۱۲۶۹، (۳، ۱۱)، ۱۲۷۰، ۱۷۸۷، ۱۸۷۶ ببعد؛ (۲) ابن الجوزی : المُنتظَم، مخطوطۂ آیاصوفیا، ۳۰۹۴، ورق ۱۴۶، مخطوطۂ گوتھا Gotha، ۱۵۰۳، ورق ۵۲ [مطبوعۂ حیدرآباد دکن، ۶ : ۱۳۷، ۱۵۷، ۱۶۵، ۲۰۰]؛ (۳) ابن عساکر : تاریخ دمشق، درجز ۳۷؛ (۴) سِبْط ابن الجَوْزی : کتاب مرآة الزمان، مخطوطۂ پیرس ۶۱۳۱، ورق ۴۴ ب؛ (۵) ابن الاثیر، ۵ : ۲۱۴، ۲۴۳؛ (۶) ابن شاکر الکُتُبی : عیون التواریخ، مخطوطۂ پیرس ۱۵۸۷ء، ورق ۳۰ الف؛ (۷) *Fragmenta historicorum arab.*، طبع ڈخویہ De Goeje، ص ۱۳، ۱۴۹؛ (۸) ابن قتیبہ : کتاب المعارف، ص ۱۸۳ (مطبوعۂ قاہرہ ۱۳۰۰ھ، ص ۱۲۳)؛ (۹) المسعودی : مروج، ۵ : ۳۶۱، ۹ : ۶۰؛ (۱۰) الاغانی، ۶ : ۱۳۷؛ (۱۱) F. Gabrieli : *Al-Walid ibn Yazid, il Califfo e il poeta*، در *RSO*، ج ۱۵، ۱۹۳۴ء).

(L. VECCI A VAGLIERI)

**بِشْر الحَافی** : پورا نام ابو نَصر بِشر بن الحارث بن عبدالرحمن بن عطاء بن ھلال بن ماھان بن عبداللہ (اصلاً بعبور) الحافی، ایک صوفی بزرگ، جو مرو الشاھجان کے قریب ایک گاؤں بکرد یا مابرسام میں ۱۵۰ھ / ۷۶۷ء (یا ۱۵۲ھ / ۷۶۹ء) میں پیدا ہوے اور بغداد میں وفات پائی (بعض مآخذ کی رو سے وہ ۲۲۶ھ / ۸۴۰ء یا ۲۲۷ھ / ۸۴۱ - ۸۴۲ء میں بمقام مرو فوت ہوے، لیکن یہ بیان صحیح معلوم نہیں ہوتا) - ان کی ابتدائی زندگی کے بہت کم حالات معلوم ہیں - کہا جاتا ہے کہ ابتدائی دور میں مرو میں ان کا تعلق نوجوانوں کی کسی انجمن یا کسی گروہ کے ساتھ تھا اور وہ آزاد طبع آدمی تھے - ایک اور روایت میں یہ بتایا گیا ہے کہ وہ تکلے بنا کر روزی کماتے تھے - ہمیں معلوم نہیں کہ یہ بات کس حد تک درست ہے اور ان کی زندگی کے کس دور سے تعلق رکھتی ہے، لیکن اس قدر یقین کے ساتھ معلوم ہے کہ اپنے ماموں علی بن خَشْرَم (۱۶۵ھ / ۷۸۱ء تا ۲۵۸ھ / ۸۷۱ - ۸۷۲ء) کی طرح وہ بھی ایک محدّث تھے - عبداللہ بن المبارک (المتوطن بہ مرو، جنھوں نے بہت سیر و سیاحت کی تھی) کے سوا ان کے سب استاد عربی بولنے والے علاقوں کے رہنے والے تھے - اس طرح گویا بشر نے گھر سے نکلنے کے بعد بھی یقینا حدیث کا مطالعہ جاری رکھا ہو گا اور ہو سکتا ہے کہ مطالعے کے اسی شوق نے انھیں سیر و سفر پر آمادہ کیا ہو - جب وہ عبّادان سے پہلی بار بغداد پہنچے تو وہ خاصی شہرت حاصل کر چکے تھے؛ چنانچہ بغداد میں ایک محدّث ان سے ملنے کا مشتاق تھا - یہ بھی کہا گیا ہے کہ بشر حضرت مالک بن انسؒ (م ۱۷۹ھ / ۷۹۵ء) کے حلقۂ درس میں بھی شریک ہوے اور حج کے لیے ان کے ساتھ مکۂ معظمہ گئے - تاریخی شواہد کی بنا پر یہ بات تسلیم نہیں کی جا سکتی کہ وہ حضرت امام ابو حنیفہؒ کے بھی شاگرد رہے، جیسا

marfat.com
Marfat.com

ہجویریؒ اور عطارؒ نے بیان کیا ہے۔

یہ بات بھی واضح نہیں کہ وہ صوفی کب اور کیونکر بنے۔ سلسلۂ صوفیہ میں ان کے داخل ہونے کا کہیں کوئی ذکر نہیں ملتا۔ ان کے تغیر حال و قلب ماہیت کے اسباب کے سلسلے میں دو بالکل مختلف واقعات بیان کیے گئے ہیں۔ ایک روایت کے مطابق کسی اسحٰق المغازلی نے (جسے بد قسمتی سے ہم نہیں جانتے) ایک خط لکھا، جس میں اس نے ان سے پوچھا تھا کہ اگر تمھاری بصارت اور سماعت جاتی رہے اور تم تکلے بنانے کے قابل نہ رہو تو کیسے روزی کماؤ گے۔ دوسری روایت یہ ہے کہ انہیں بازار میں کاغذ کا ایک پرزہ پڑا ہوا ملا (ایک روایت کے مطابق اس وقت وہ اچھی حالت میں نہ تھے)، جس پر اللہ تعالیٰ کا نام لکھا ہوا تھا۔ انہوں نے اس پرزے کو عطر میں بسایا اور بڑے احترام سے اپنے پاس رکھا۔ ایک روایت یہ ہے کہ خود بشر نے یا کسی اور نے خواب دیکھا، جس میں بشر کے نام کی شہرت و رفعت کی بشارت دی گئی تھی۔ ان دونوں روایتوں کے بعد بیان کیا گیا ہے کہ بشر نے ایک پاکیزہ زندگی اختیار کر لی۔ اختلاف روایات سے قطع نظر ہم یہ نہیں جانتے کہ ان کی پاکیزہ زندگی کا انداز اور رخ کیا تھا، یعنی کیا انہوں نے اس کے بعد جمع حدیث و تدوین حدیث کا کام شروع کیا؟ پھر ہمارے پاس اس کا بھی کوئی ثبوت نہیں کہ سچ مچ یہی واقعات ان کی صوفیانہ زندگی کے محرک ثابت ہوئے۔ ان کے اقوال سے جو اب تک محفوظ ہیں، ہمیں صرف یہ پتا چلتا ہے کہ زندگی کے کسی مرحلے پر ــ زیادہ سے زیادہ قیام بغداد کے دور میں ــ انہوں نے حدیث کی تعلیمات سے ترک تعلق کر کے اپنی لکھی ہوئی احادیث کو دفن کر دیا اور اس کے بعد اپنی ساری توجہ تصوف پر مرکوز کر دی۔ اس کے لیے عذر یہ پیش کیا کہ علم کسی کو موت کے لیے تیار نہیں کرتا، یہ محض دنیاوی مسرت حاصل کرنے کا ایک وسیلہ ہے اور اس سے زہد کو نقصان پہنچتا ہے۔ انہوں نے اپنے سابقہ رفقا سے کہا کہ وہ علم کو اتنی اہمیت نہ دیں جتنی اب تک دیتے رہے ہیں، یعنی انہوں نے جو کچھ زبانی یاد کیا ہے اور جسے وہ اپنے خطبات میں بڑے وثوق سے استادانہ انداز میں روایت کرتے ہیں اس کا صرف ڈھائی فیصد سچّے دل سے قبول کریں اور اس پر عمل کریں۔ وہ اگرچہ حدیث پڑھانے سے احتراز کرتے تھے مگر ان کے دل میں اس کے پڑھانے کی زبردست خواہش تھی۔ وہ کہتے تھے کہ جب میں حدیث پڑھانے کی اس خواہش پر غلبہ پا لوں گا تو پھر اس طرف لوٹ آؤں گا۔ وہ کہتے تھے کہ (لفظ) ''حدّثنا'' کہنے میں ایک عجیب حلاوت پائی جاتی ہے۔ وہ علمِ حدیث کے صرف اس لیے قائل تھے کہ اسے صرف خدا کے لیے اختیار کیا جائے۔ وہ دورانِ گفتگو میں احادیث کا حوالہ صرف اس جگہ دیتے تھے جہاں اس سے تزکیۂ نفس کی تعلیم دینی مقصود ہوتی تھی۔ لیکن چونکہ ہمیں اس بات کا علم نہیں کہ ان کی ابتدائی روایت پسندی میں ان کی ذہنی کیفیت کیا تھی اس لیے ہم کسی طرح بھی یقین کے ساتھ یہ نہیں کہہ سکتے کہ ان کا بعد کا طرزِ عمل ان کے ابتدائی طرزِ عمل سے انحراف یا انقطاع تھا۔

بشر کے صوفیانہ زہد و تقوٰی کی بنیاد قوانین شریعت اور خلفاے راشدین کے عمل پر قائم ہے، اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ انہیں اہل بیت رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم سے والہانہ محبت تھی۔ وہ محض امام احمد بن حنبلؒ ہی کی نظر میں محترم نہیں تھے بلکہ المأمون بھی ان کا احترام

Marfat.com

کرتا تھا، جو معتزلہ کا سر پرست تھا - ان کے متعلق ھجویریؒ کے اس بیان کو صحیح تسلیم کرنا دشوار ھے کہ ان کے نزدیک ایمان کے معنی مثبت اقرار، سچے اعتقاد اور اس اعتقاد کے مطابق عمل کرنے کے ھیں، حالانکہ ان کے عمل سے یہ بات ثابت ھوتی ھے - بشر کے نزدیک اصل چیز خود عمل ھے اور عمل چونکہ اس سلسلے میں ایک ایسی ضروری شرط ھے جس کے بغیر کوئی چارۂ کار نہیں لہذا وہ مطالبہ کرتے ھیں کہ انسان کو کسی طور گناہ نہیں کرنا چاھیے اور یہ بات حاصل کرنے کے لیے وہ اللہ تعالٰی کی کبریائی میں تدبر کرنے کی تلقین کرتے ھیں- یہی وجہ ھے کہ اپنی زاھدانہ زندگی کے باوجود بشر مرتے دم تک اللہ تعالٰی کی کبریائی کے سامنے لرزہ بر اندام رھے - خدا اور دنیا میں سے کسے اختیار کیا جائے؟ اس سوال کے جواب میں انہوں نے بلا تأمل خدا کو اختیار کیا اور ھر طرح کی دنیاوی خواھش اور خود غرضی کی مذمت کی - ان کی تعلیم تھی کہ انسان فقر کو صبر و سخاوت کے ساتھ قبول کرے - کہا جاتا ھے کہ ایک دن ان کی ملاقات ایک ایسے شخص سے ھوئی جو سردی سے کانپ رھا تھا - چونکہ بشر اس کی کسی طرح مدد نہ کر سکتے تھے اس لیے اس کی ھمدردی میں اور مثال قائم کرنے کے لیے اپنے کپڑے اتار دیے - کہتے ھیں کہ جب وہ فوت ھوے تو ان کے جسم پر مانگے کا کرتہ تھا، اس لیے کہ انہوں نے اپنا کرتہ کسی مفلس کو دے دیا تھا - وہ ھمیشہ حریصوں کی مذمت کرتے تھے اور کہتے تھے کہ انہیں دیکھ کر ان کا دل سخت ھو جاتا ھے - انہوں نے ایک مرتبہ ایک آدمی سے، جو حج کو جانے والا تھا، کہا کہ اپنا روپیہ کسی یتیم یا غریب کو دے دو، اس لیے کہ اس طرح تمہیں اتنی خوشی حاصل ھوگی جو سو حج کرکے بھی میسّر نہیں آ سکتی - یہ کہنے سے ان کی مراد یہ ھرگز نہیں تھی کہ معاشری بہبود کا کوئی عمل اس فریضۂ حج کا بدل ھو سکتا ھے جو شرعًا لازم ھے - ان کی مراد پہلے حج کے بعد کے دوسرے حجوں سے تھی - طاؤس بن کیسان (م ۱۰۵ھ/ ۷۲۳ - ۷۲۴ء) کے متعلق یہ بات پہلے ھی منقول ھے کہ انہوں نے حج پر جانے کے مقابلے میں اس بات کو ترجیح دی کہ ایک بیمار دوست کی تیمارداری میں مصروف رھیں (حلیۃ الاولیاء، ص ۴، ۱۰؛ قب Meier : *Zwei islamische Lehrerzählungen bei Tolstoj*، در *Asiatische Studien*، ۱۹۵۸ء) - بشر نے حج کو عورتوں کا جہاد قرار دیا ھے، لیکن امام جعفر الصادقؒ (القاضی النعمان: دعائم الاسلام، ۱ : ۳۴۶ - ۳۴۷) کے برخلاف خیرات کو حج اور جہاد دونوں پر ترجیح دی ھے، اس لیے کہ خیرات پوشیدہ طور پر دوسروں پر ظاھر کیے بغیر دی جا سکتی ھے - بشر کے نزدیک آدمی کی یہ خواھش کہ لوگوں میں اس کے نیک کاموں کا چرچا ھو دنیادارانہ ذھنیت کی مظہر ھے، اور یہ خواھش انسان کے نیک اعمال کو برباد کر دیتی ھے - دوسروں کی نظر میں پسندیدہ بننے کی خواھش کو وہ اس قدر مذموم سمجھتے ھیں کہ وہ دوسروں سے ملنے جلنے سے بھی منع کرتے ھیں، چاھے یہ ملنا جلنا شہادت دینے وقت یا نماز پڑھانے کے موقع ھی پر کیوں نہ ھو- اس مقام پر ان کی تعلیمات ملامتیہ فرقے کی اس تعلیم کے قریب آ جاتی ھیں کہ ''محض دوسروں کی ملامت سے بچنے کے لیے کسی کو کچھ مت دو'' اور ''اپنے نیک اعمال کو بھی اپنے برے اعمال کی طرح چھپاؤ'' - انہیں اس بات کا اقرار ھے کہ وہ اب بھی اس بات کو اھمیت دیتے ھیں کہ ان کی شخصیت دوسروں کو متأثر کرتی ھے اور ان کا ظاھر زاھدوں اور پارساؤں کا سا ھے،

marfat.com
Marfat.com

لیکن انھوں نے تصنّع کے خلاف بڑی سختی سے علمِ بغاوت بلند کیا ہے؛ یہ تصنّع خواہ ان کی اپنی ذات میں ہو خواہ دوسروں میں - جو لوگ ان سے یہ کہتے ہیں کہ انسان کو اپنے آپ کو عبادتِ الٰہی اور تبلیغِ دین کے لیے وقف کر دینا چاہیے ان سے وہ یہ کہتے ہیں کہ وہ صرف انھیں کو اپنا ہم خیال سمجھتے ہیں جو اپنے آپ کو پھٹے پرانے کپڑوں (مرقعات) میں ملبوس رکھتے ہیں - انھوں نے ایک موقع پر صرف اس بنا پر ایک دکان کے عقب میں تاریکی میں کھجوریں قبول کرنے سے انکار کر دیا کہ پوشیدگی میں وہ اس حالت سے مختلف نہ ہو جائیں جیسا کہ انھیں عام طور پر سمجھا جاتا تھا - ان کا ورع محض مشتبہات سے بچنے کی حد تک محدود نہ تھا بلکہ وہ اپنے آپ کو مباحات کی لذّت سے بھی محروم رکھنا چاہتے تھے - ان کا کہنا ہے کہ ”جو کچھ مباح ہے اس میں اسراف کے لیے کوئی گنجائش نہیں نکلتی“ - وہ ہر چیز اس مقدار سے کسی قدر کم کھاتے تھے جس کی اجازت ان کا ضمیر دیتا تھا - اس طرح گویا عمل ان غیر معتدل حدود میں داخل ہو جاتا ہے جن کی سفارش یہودیوں کے ہاں پرقی آبوت میں کی گئی ہے - مفلسی اور ناداری کی حالت میں انھوں نے ہمیشہ صرف روٹی پر گذر بسر کی اور بعض اوقات ان کی زندگی فاقوں میں کٹی - جہاں تک خدا پر توکّل کا تعلق ہے انھوں نے ناداروں کی تین قسمیں بیان کی ہیں: (۱) جو نہ تو مانگتے ہیں اور نہ کسی سے کچھ لیتے ہیں، پھر بھی وہ جو کچھ خدا سے مانگتے ہیں انھیں ملتا ہے؛ (۲) جو مانگتے تو نہیں لیکن جب کوئی انھیں کچھ دے تو لے لیتے ہیں؛ (۳) جو اس وقت تک صبر کرتے ہیں جب تک ممکن ہو، لیکن پھر مانگ لیتے ہیں ([ابو عبدالرحمٰن] السُّلمی: طبقات [الصوفیة]، ص ۴۷؛ عطّار: تذکرة، ۱: ۱۱۰) - دوسرے گروہ سے تعلق رکھنے والوں کے متعلق ان کی راے ہے کہ وہ خدا کی قدرت اور مرضی پر بھروسا کرنے والے ہیں، لیکن ایک دوسرے موقع پر (تذکرة، ۱: ۱۱۰، ۲۴ تا ۲۵) وہ کہتے ہیں کہ توکل کا مطلب ہے اس بات کا عزم بالجزم کرلینا کہ کسی انسان سے کچھ نہ لیا جائے - ایک اور موقع پر وہ توکّل کو انسانی عمل سے ہم آہنگ قرار دیتے ہیں، بشرطیکہ عمل خدا کی رضا کے مطابق کیا جائے (حلیة، ۸: ۳۵۱) - لیکن ”اضطراب بلا سکون و سکون بلا اضطراب“ کی جو پُر اسرار تعریف انھوں نے کی وہ شکوک و شبہات سے بالا نظر نہیں آتی - یہ بات مسلّم ہے کہ بشر نے صرف سَرِیّ السَّقَطیؒ کے سامنے دستِ سوال دراز کیا کیونکہ انھیں علم تھا کہ وہ دنیاوی مال ومتاع کے نقصان پر مسرّت محسوس کرتے تھے - اس کے برعکس بعض روایتوں سے پتا چلتا ہے کہ وہ زیادہ تر اپنی بہن مُخّہ کی کمائی پر گذر بسر کرتے تھے، جو سوت کات کر روزی کماتی اور ان کی دیکھ بھال کرتی تھی (بشر کی تین بہنیں تھیں اور کہا جاتا ہے کہ وہ تینوں بغداد میں رہتی تھیں) - گدائی کے مسئلے کا سلسلہ ”لین دین“ سے جا ملتا ہے، جیسے تصوّف میں بالخصوص بعد کے زمانے میں بڑی اہمیت حاصل رہی ہے (قب Meire: *Die Vita des Scheich Abū Isḥaq al Kāzarūnī*، در *Bibliotheca Islamica*، ص ۱۴، ۱۹۴۸ء، مقدمہ: ص ۵۷ تا ۶۱) - غربا اور مساکین کے معاملے سے اس قدر دلچسپی رکھنے کے باوجود بشر نے کبھی ان کے ترجمان یا ثالث کی حیثیت اختیار نہیں کی، جیسی کہ مثلاً کازرونی نے کی، بلکہ ہمیشہ کنارہ کشی کا رویّہ قائم رکھا - انھوں نے بادشاہوں اور حاکموں کو نصیحت کرنے سے بھی احتراز کیا حتّی کہ وہ اس نہر کا پانی

Marfat.com

پیلے سے بھی محترز رہتے تھے جو کسی بادشاہ نے کھدوائی ہو - وہ تلقین کرتے تھے کہ گرانی اور قحط کے دنوں میں لوگ موت کی طرف دھیان دیں کہ اس سے تسکین ملتی ہے - وہ اس بات سے باخبر تھے کہ بنی نوع انسان کو کسی طرح بھی مطمئن نہیں کیا جا سکتا اور خصوصیت سے اپنے زمانے کے متعلق ان کا خیال یہ تھا کہ وہ طمانینت کے تصور سے بہت دور ہو گیا ہے - وہ کہا کرتے تھے : ''اگر کسی انسان کے سر پر آسمان سے ٹوپی آگرے تو وہ اسے لے کر خوش نہیں ہو گا'' - المُحَاسِبی کی طرح بشر نے بھی اپنے زمانے میں اہل ریا کی مذمت کی ہے - اس بارے میں ان کے الفاظ ہیں : ''شریف النفس ڈاکو، دُوں فطرت دینِ دار سے بہتر ہے'' - ان کے نزدیک حقیقی تقوی محض معدودے چند لوگوں میں موجود ہے - وہ کہتے ہیں : ''آج بیرونِ شہر (یعنی قبرستان) کے مقابلے میں اندرونِ شہر میں زیادہ مردے ہیں'' - صوفی وہ ہے جو اپنے خدا کے سامنے قلب صافی لے کر کھڑا ہو اور کامل صرف وہ ہے جس سے اس کے دشمن بھی خائف نہ ہوں، لیکن بشر کے اپنے قول کے مطابق ان کے زمانے میں دوستوں کو بھی ایک دوسرے پر اعتماد نہیں رہا تھا - متقی کو جس دشمن پر سب سے زیادہ غلبہ حاصل کرنا ہے وہ اس کی نفسانی خواہشات [= شہوات] ہیں - عبادتِ الٰہی سے صرف وہی لوگ حظ اٹھا سکتے ہیں جنھوں نے ان نفسانی خواہشات کے راستے میں آہنی دیوار کھڑی کر لی ہو - وہ ان لوگوں کو خاموش رہنے کی تلقین کرتے ہیں جنھیں بولنے میں لذّت محسوس ہوتی ہے اور ان لوگوں کو بولنے کی تاکید کرتے ہیں جن کے لیے خاموش رہنے میں لذّت ہے - وہ دین کی تعلیم دینے سے بھی اس لیے اجتناب کرتے ہیں کہ وہ ایسا کرنے کی خواہش سے مغلوب نہیں ہونا چاہتے - وہ آڑو اس لیے نہیں کھاتے کہ ان کا دل آڑو کھانے کی طلب کرتا ہے - وہ پھلوں سے اس لیے پرہیز کرتے ہیں کہ پھل کھانے سے ان کی پھل کھانے کی خواہش کو تسکین ملتی ہے - لیکن وہ جنسی خواہشات کے دبانے کے حق میں نہیں؛ وہ تسکینِ جنس پر معترض نہیں گو خود وہ تمام عمر مجرّد رہے ۔

اس حقیقت کے باوجود کہ بشر نے عمل کو علم پر سبقت دی ہے، انھیں صاحبِ علم بھی سمجھا جاتا ہے اور ذہین بھی - لوگوں نے ان کا ذکر محض ایک عالمِ دین کی حیثیت سے نہیں کیا بلکہ اس ذکر میں ان کی استعداد کی طرف بھی اشارے ملتے ہیں کہ وہ مذہبی خیال اور جذبے کو شدّت سے محسوس بھی کرتے ہیں اور اس کی وضاحت پر بھی قادر ہیں اور ان کی طرزِ زندگی پاکیزہ اور زاہدانہ ہے - بشر کے نزدیک عقل‌مند وہ نہیں جو محض نیک و بد کا علم رکھتا ہو بلکہ وہ ہے جو ایک کو اختیار اور دوسرے کو ترک کرتا ہے؛ ''پہلا درجہ علم کا، دوسرا عمل کا اور پھر معرفت کا ہے'' - احمد بن حنبلؒ بڑے تسلیم شدہ عالمِ دین تھے، بشر کے متعلق انھوں نے بھی کہا ہے کہ وہ حقائق کا علم رکھتا ہے - گو بشر کے صرف چند ایسے ملفوظات اور اشعار ہم تک پہنچے ہیں جنھیں ''زُہدیّات'' کہا جا سکتا ہے، لیکن اس میں شبہہ نہیں کہ انھوں نے تقریروں کے ذریعے اس خیال کی اشاعت میں خاصہ حصّہ لیا کہ انسان کس طرح اپنے آپ کو حقیقی تصوّف کے سانچے میں ڈھال سکتا ہے - ان کے چند اقوال کا تعلق ابتدائی روایت سے ہے، جس پر سے وہ سرسری گزر جاتے ہیں، لیکن جن صوفی اساتذہ کا انھوں نے بکثرت حوالہ دیا ہے ان میں سے ایک فُضَیل ابن عیاض ہیں- جن لوگوں نے ان سے تعلیم حاصل

marfat.com
Marfat.com

کی ان کا علم ان کے ملفوظات کی اسناد سے ہو سکتا ہے۔

بشر کے لقب ''حافی'' [= ننگے پاؤں] کی اصل کے متعلق ابن خلّکان نے ذیل کی روایت بیان کی ہے: ایک دفعہ بشر نے ایک موچی سے اپنے چپل کے لیے ایک نیا تسمہ بنانے کو کہا، لیکن موچی نے اسے مصیبت سمجھ کر ٹال دیا۔ بشر نے اپنے دونوں چپل پھینک دیے اور ننگے پیر چل دیے۔ اگرچہ اس روایت کی تفصیل واضح نہیں ہے، لیکن اس کے حق میں بہت کچھ کہا جا سکتا ہے۔ اگر بشر کو موچی کے جواب پر غصہ آ گیا تو ایک پاکباز انسان ہونے کی حیثیت سے انھوں نے اس غصے کا خمیازہ خود ہی بھگتا؟ یا انھوں نے اپنے آپ کو قصوروار ٹھیراتے ہوے یہ فیصلہ کیا کہ وہ آئندہ پھر کبھی موچی کو زحمت نہیں دیں گے؟ آگے چل کر بشر نے وَ اللّٰهُ جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ بِسَاطًا (۷۱ [نوح]: ۱۹) (= خدا نے تمھارے لیے زمین کو بچھونا بنایا) کا حوالہ دیتے ہوے کہا ہے کہ کوئی بادشاہ کے فرش پر جوتے پہن کر نہیں چلتا۔ اپنی بات کی تائید میں وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ میثاقِ ازل کے وقت انسان برہنہ پا تھا۔ غالبًا یہ اشارہ اس میثاق کی طرف ہے جو انسان نے روے زمین پر آنے سے پہلے اللّٰہ تعالٰی سے کیا تھا (اَلَسْتُ بِرَبِّكُم، ۷ [اعراف]: ۱۷۲)۔ اس قسم کی توجیہات ان علامتی تصورات کا حصہ ہیں جنھیں آگے چل کر صوفیہ نے اپنے لباس کے مختلف حصّوں اور رنگوں سے منسوب کیا ہے (قب *Ein Knigge für Sufi's* : Meier، در *RSO*، ۳۲ (۱۹۵۷ء): ۴۸۵ تا ۵۲۴)۔ حضرت ہُجویریؒ کی یہ توجیہ اور عطارؒ کی تائید کہ بشر کا برہنہ پا رہنا ان کے استغراق کا نتیجہ تھا شائد قابلِ قبول نہ ہو اور ان بیانات اور توجیہات کو ہم محض نظری کہہ سکتے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ بشر نے اپنے آپ کو ''حافی'' (= ننگے پاؤں) کا لقب خود دیا تھا اور اس پر ایک لڑکی نے انھیں یہ طعنہ دیا تھا کہ ''تمھیں دو دانِق دے کر صرف ایک جوتا خریدنے کی ضرورت ہے لیکن اس طرح تمھارا حسین نام تم سے چھن جائے گا'' (لیسنگ Lessing کی کتاب *Nathan der Weise* میں حافی درویش کا نام ہے۔ گو Lessing کی تمثیل کے لکھے جانے سے پہلے Reiske کی کتاب *Abilfedae Annales Moslemici*، جلد ۱، لائپزگ ۱۷۵۴ء، جس میں صفحہ ۱۹۳ پر اس صوفی کا ذکر آتا ہے *vulgo Beschr ol Hafi (seu nudipes) dictus* طبع ہو چکی تھی، لیکن اسے لیسنگ Lessing کا ماخذ قرار نہیں دیا جا سکتا۔ زیادہ قرین قیاس یہ بات ہے کہ لیسنگ نے Reiske سے بذاتِ خود مشورہ لیا ہو یا یہ نام d'Herbelot (قب *Basclar al-Hafi* اور Hafi) سے لے لیا ہو)۔

**مآخذ:** (۱) ابو نصر السّراج: کتاب اللُّمَع فی التصوّف، طبع نکلسن R.A. Nicolson، سلسلۂ یادگار گب، ص ۲۲، ۱۹۱۴ء؛ (۲) ابوبکر محمّد الکلاباذی: التّعرف، طبع آربری A.J. Arberry، قاہرہ ۱۹۳۳ء؛ (۳) ابو عبدالرحمٰن السُّلَمی، طبقات الصّوفیّه، طبع شَریبَه، قاہرہ ۱۹۵۳ء (بشمول مزید مآخذ)؛ (۴) ابونُعَیم الاصْبہانی: حِلیة الاولیاء، قاہرہ ۱۹۳۸ء، ۸: ۳۳۶ تا ۳۶۰؛ (۵) القشیری: الرسالة؛ (۶) الهُجْویریؒ: کشف المحجوب، مترجمہ آر۔ اے۔ نکلسن، در *Gibb Mem. Ser.*، ۱۷، طبع نو ۱۹۳۶ء؛ (۷) اَنْصاری الهَرَوی: طبقات الصوفیه، مخطوطۂ یوسف Kethuda ۵۸۸۶، قونیہ ۱۸ الف؛ (۸) الخطیب البغدادی: تاریخ بغداد، قاہرہ ۱۹۳۱ء، ۷: ۶۷ تا ۸۰؛ (۹) ابن الجَوزی: صِفَة الصَّفوة، حیدر آباد ۱۳۵۵ھ، ۲: ۱۸۳ تا ۱۹۰؛ (۱۰) فرید الدین عطّار: تذکرة الاولیاء، طبع آر۔ اے۔ نکلسن، لنڈن و لائڈن ۱۹۰۵ء، ۱: ۱۰۶ تا ۱۱۴؛ (۱۱) ابن خلّکان: وَفَیات الأعیان، بولاق ۱۲۹۹ھ، ۱: ۱۱۲ تا ۱۱۳؛ (۱۲) الیافعی: مِرآة الجِنان، حیدر آباد ۱۳۳۷ھ،

marfat.com
Marfat.com

۲ : ۹۹ تا ۹۳؛ (۱۳) عبدالرحمٰن جامی : نَفَحات الأنس، کلکتہ ۱۸۵۸ء، ص ۵۳ تا ۵۵؛ (۱۴) عبدالوہاب الشعرانی : الطبقات الکبرٰی، قاہرہ ۱۳۰۵ھ، ۱ : ۶۲ تا ۸۳؛ (۱۵) ابن العِماد : شَذرات الذَّھَب، قاہرہ ۱۳۵۰ھ، ۲ : ۶۰ تا ۶۲؛ نیز دیگر مجموعہ ہائے سوانح و کتبِ تصوف۔

(F. MEIER)

**اَلْبِشْر**: مشرقی شام میں سُلَیم اور تَغْلِب کے عرب قبائل کے درمیان ۷۳ھ/۶۹۲ - ۶۹۳ء میں برپا ہونے والی ایک لڑائی اس مقام پر ہوئی تھی - حضرت خالدؓ بن ولید نے ۱۲ھ / ۶۳۳ء میں اس جگہ چڑھائی کی تھی (الطبری، ۱ : ۲۰۶۸، ۲۰۷۲ تا ۲۰۷۳) - یاقوت اس کے متعلق لکھتا ہے کہ وہ پہاڑیوں کا ایک سلسلہ ہے جو تَدْمُر (Palmyra) کے نزدیک عُرْض سے لے کر دریاے فرات تک پھیلا ہوا ہے - یہ مقام جدید جبل البِشْرِی سے مطابقت رکھتا ہے - مذکورۂ بالا لڑائی کبھی کبھی ایک مقامی ندّی الرحُوب کے نام سے بھی موسوم کی جاتی ہے۔

''یوم البِشْر'' ان دو قبیلوں کے درمیان متعدد آویزشوں کا نقطۂ عروج تھا . . . . - دونوں قبائل شمالی عرب شمار ہوتے تھے، اور اس لڑائی کا فوری سبب یہ تھا کہ بنو سُلیم نے الجزیرۃ میں [بنو] تغلب کی چراگاہوں پر دراز دستی کی تھی - ان میں جو غیر تسلی بخش سی صلح ہوئی تھی اسے دربار دمشق کے مسیحی تغلبی شاعر اَلْاَخْطَل کی ھجو خوانیوں نے توڑ دیا، جس سے سُلَیمی سردار اَلْجَحّاف بن حُکَیم مشتعل ہوگیا - اس نے ایک ایسا جعلی پروانہ حاصل کر لیا جس کی رو سے اسے تغلب و بکر کے صدقات وصول کرنے کا مجاز بنا دیا گیا تھا، اور اس بہانے سے وہ ایک ہزار سُلَیمیوں کو لے کر روانہ ہو گیا - انھوں نے البِشْر میں بنو تغلب کو ان کی قیام گاہ میں اچانک جا لیا اور بڑے سفّاکانہ طریقے سے قتلِ عام کیا - الاخطل کا چغہ بہت میلا تھا، لہٰذا اسے غلام سمجھ کر چھوڑ دیا گیا، لیکن اس کا لڑکا قتل کر دیا گیا - عورتوں کے پیٹ چاک کیے گئے اور یہ بدلہ تھا تغلب کی اسی قسم کی حرکت کا جو وہ پہلے کر چکے تھے۔

الجحّاف خلیفہ عبدالملک کے غصّے سے بچنے کے لیے بوزنطی علاقے میں بھاگ جانے پر مجبور ہو گیا، لیکن پھر لوٹ آیا اور بنو تغلب کو ایک لاکھ درہم کا تاوان بطور فدیہ ادا کرنے کی شرط پر صلح کر لی۔

**مآخذ** : (۱) الاخطل : دیوان، طبع سلحانی، ۱۹۰۵ء، ص ۱۰ ببعد، ۲۸۶؛ (۲) النقائض، ۱ : ۳۰۱ تا ۳۰۲، ۵۰۷ تا ۵۰۹، ۸۹۹ تا ۹۰۰؛ (۳) ابن قتیبہ : الشعر والشعراء، ص ۳۰۳؛ (۴) الآغانی، بار اوّل، ۹ : ۵۷ تا ۶۱؛ (۵) ابن الاثیر، ۴ : ۲۶۱ تا ۲۶۳؛ (۶) یاقوت، ۱ : ۶۳۱ تا ۶۳۲، ۲ : ۷۶۸ تا ۷۶۹؛ (۷) R. Dussaud : *Topographie historique de la Syrie*، پیرس ۱۹۲۷ء، ص ۲۵۲، ۲۵۸، ۳۱۴؛ (۸) Lammens : *Le chantre des Omiades*، پیرس ۱۸۹۵ء، ص ۱۳۰ تا ۱۳۳ (= *JA*، ۱۸۹۴ء)؛ (۹) Wellhausen : *Das arabische Reich*، ص ۱۲۹ تا ۱۳۰ (انگریزی ترجمہ، ص ۲۰۷ تا ۲۰۸)؛ (۱۰) Caetani : *Chronografia Islamica*، ۳ : ۸۶۱۔

(C. E. BOSWORTH)

**بِشَرّا** : (Bsharrā یا Bécharré)، شمالی لبنان کا ایک بہت قدیم موضع، جو سطح سمندر سے ایک ہزار چارسو میٹر بلند ہے - یہ گاؤں قَدِیْشہ کی تنگ وادی کے منہ پر ایک نیم دائرے کی شکل کے پہاڑی سلسلے کے دامن میں واقع ہے - اس کھوکھلی وادی میں بہت سے غار اور درویشوں کے تکیے ہیں اور راہبوں

marfat.com
Marfat.com

کی بہت قدیم بستیوں کے آثار ملتے ہیں - عرب جغرافیہ نگاروں نے اس ضلع کا ذکر ''جُبّة بشرِّية'' یا بَشرّا کے نام سے کیا ہے - صلیبی جنگوں کے زمانے میں یہ علاقہ طرابلس کی ریاست (کاونٹی) کی ایک جاگیر ہو گیا تھا، جسے بوئی سِرّا Buissera کہتے تھے - جبل مارونی کا ایک مستحکم مقام ہونے کی وجہ سے مملوکوں کے غلبے کے زمانے میں یہ نیابتِ طرابلس کے تابع رہا اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ سلطانِ قاہرہ کی طرف سے جو ''مُقدَّم'' یہاں مقرر کیا جاتا تھا وہ ہمیشہ کوئی مارونی عیسائی ہوتا تھا، ایک مقدم عبدالمؤمن ایوب ثانی کے سوا، جو پندرھویں صدی کے اواخر میں جبکہ طرابلس کے گرد و نواح میں حلولی عقیدے (=Monophysism) کی زور شور سے تبلیغ کی جا رہی تھی، اس فرقے میں شامل ہو گیا تھا اگرچہ عقیدے کی اس تبدیلی سے اس کے ماتحت عمّال میں ایک بغاوت برپا ہو گئی تھی - بشرّا سے اس سڑک کی نگرانی ہوتی ہے جو بعلبک سے چل کر عینتہ کے درّۂ کوہ سے گزرتی ہوئی طرابلس (الشام) کو جاتی ہے .

یہ وہی ''طریق الأرْز'' (شارع صنوبر، Road of the Cedars) ہے جسے سلطان قایت بای اپنا سفرِ معائنہ کرتے وقت کام میں لایا کرتا تھا (نویں صدی ہجری/پندرھویں صدی عیسوی) اور اسی سڑک سے اٹھارھویں اور انیسویں صدی عیسوی کے اوائل میں علاقۂ بقعة کے مسلّح گروہ، جنھیں ترکی عمّال کی تائید اور مدد حاصل تھی، مارونی فرقے کے عیسائیوں پر چھاپے مارنے کے لیے گزرا کرتے تھے - ان مارونیوں کو طرابلس کے ترکی حکّام سے بھی اپنا بچاؤ کرنا پڑتا تھا .

آج کل اس چھوٹی سی بستی میں چار ہزار مارونی آباد ہیں جن کے مکانات ایک ٹیلے پر منتشر ہیں جہاں انگور کی بیلوں اور توت کی کاشت مسطح ڈھلانوں پر کی جاتی ہے - بشرّا سے ذرا اوپر درختوں کا ایک جھنڈ ہے جو لبنان کے مشہور غابَةُ الأرْز کی باقی ماندہ یادگار ہے اور جو ۱۸۴۳ء سے مارونی فرقے کے بطریق کی حفاظت اور نگرانی میں دے دیا گیا ہے .

**مآخذ** : (۱) جعجاع : بشرّا مدینة المقدّسین، در المشرق، ۱۹۳۲ء، ص ۴۶۳، ۵۳۸، ۶۸۵، ۷۶۹؛ (۲) G. Le Strange : *Palestine under the Moslems*، ص ۴۰۲؛ (۳) H. Lammens : *La Syrie*، ۲ : ۳۸؛ (۴) R. Dussaud : *Topographiè Historique de la Syrie*، ص ۳۲، ۳۹۷؛ (۵) عادل اسمٰعیل : *Histoire du Liban du xviii^e siècle á nos Jours*، ص ۵۵، ۱۳۳ .

(N. ELISSÉEFF)

**بَشّار بن بُرْد** : ابو معاذ، دوسری صدی ہجری/ آٹھویں صدی عیسوی کا مشہور عراقی عربی شاعر، کانوں میں بالیاں پہننے کی وجہ سے المرعث کا لقب پایا - اس کا خاندان اصل میں طخارستان یا مشرقی ایران یا خراسان کا رہنے والا تھا - اس کے باپ کو المہلّب بن ابی صُفرة [رک بآں] کی مہم کے وقت گرفتار کر کے بصرے لے گئے تھے - بنوعقیل بن کعب کی ایک معزز خاتون نے اسے آزاد کر دیا - وہ اسی شہر میں اینٹیں پاتھنے کا کام کرتا تھا - بشار بصرے میں پیدا ہوا - اس کی تاریخ ولادت غیر یقینی ہے لیکن قیاسِ غالب یہ ہے کہ وہ ۹۵ یا ۹۶ھ / ۷۱۴ یا ۷۱۵ء کے قریب پیدا ہوا - ایک طویل عرصے تک وہ بنو عقیل کے ساتھ بطور مولی (آزاد کردہ غلام) منسلک رہا [اور اسی ماحول میں اس نے عربی زبان سیکھی، جسکی صحت و فصاحت پر اسے ہمیشہ ناز رہا]، لیکن اس دوران میں بھی وہ اپنے شعوبی میلانات کے مطابق قدیم ایران کی شوکت وعظمت کی یاد تازہ

Marfat.com

کرنے کے خیال سے غافل نہیں رہا اور بلاشبہہ یہی چیز اس لحاظ سے مفید ثابت ہوئی کہ اس کے بدنام کرنے والوں کی توجہ اس کے ادنی حسب و نسب کی طرف متوجہ نہیں ہوئی جو اس کی شاہانہ اصل کے دعووں کے باوجود چھپی نہیں رہ سکی تھی ۔ (بشّار کا سادہ حسب و نسب جو الاغانی میں دیا گیا ہے، ۳ : ۱۳۵) ۔ [نیز دیوانِ بشّار، ص ۳۷، س ۱۲۰، ص ۸۱، س ۱۳]۔

شاعری کا ملکہ بشّار میں فطری تھا۔ کہتے ہیں کہ اس کا اظہار دس ہی سال کی عمر میں ہو گیا تھا (دیکھیے الاغانی، ۳ : ۱۴۳، ۱۴۴، بصرے کے ایک مأخذ سے) ۔ بصرے کا ماحول اس کی اس فطری صلاحیت کو ابھارنے کا ذریعہ ثابت ہوا ۔ کاروان سرائے (مربد)، جسے تیسری صدی ہجری/نویں صدی عیسوی کے وسط تک بڑی اہمیت حاصل تھی (قب Pellat : *Milieu basrien*، ۱۰۸ ببعد)، نوجوان فن کار کے لیے ایک قسم کا دبستان تھا جس میں رہ کر اس نے اپنے آپ کو ان شعری روایات میں ڈھالا جو اس وقت وسطی اور مشرقی عرب میں پورے شباب پر تھیں (دیکھیے الاغانی، ۳ : ۱۴۳ تا ۱۴۵)، کی وہ حکایت جس میں بشّار کی جریر سے ملاقات کا تذکرہ ہے، جس کی شہرت اس وقت پورے عروج پر تھی ۔ براکلمان کا یہ قیاس کہ اس حکایت میں جریر کے ہم نام کے ساتھ التباس ہے قابل قبول نہیں) ۔ بحیثیت شاعر کے بشّار میں قصیدہ گو، مرثیہ گو اور ہجو گو کی خصوصیات جمع تھیں ۔ یہ بڑے تعجب کی بات ہے کہ مادر زاد نابینا اور حد درجہ بد صورت ہونے کے باوجود اس عہد کے صاحبِ اثر اور صاحبِ اقتدار لوگ اس سے گریز نہیں کرتے تھے ۔ اس لیے کہ وہ اپنی تعلیوں اور فقرے بازیوں سے لوگوں کو متأثر اور مرعوب کرنے کا گر اچھی طرح جانتا تھا ۔ لڑکپن میں ہجو گوئی کی وجہ سے باپ کے ہاتھوں پٹتا بھی رہا۔

بشّار کے جو اشعار ہم تک پہنچے ہیں ان سے پتا چلتا ہے کہ وہ بنو امیہ کے گورنروں کا درباری شاعر تھا ۔ مثلاً اس نے ابن ہبیرہ [رک بآن] (دیکھیے الاغانی، ۳ : ۱۹۷، ۲۳۶) یا مسلم بن قتیبہ (شاید ۱۳۲ھ/۷۵۰ء میں، وہی کتاب، ص ۱۹۰) یا شہزادۂ سلیمان ابن خلیفہ ہشام (دیکھیے دیوان، ۱ : ۲۹۱ تا ۳۰۳) کی شان میں قصیدے لکھے ۔ یہاں تک کہ آخری اموی حکمران مروان کی شان میں بھی ایک قصیدہ موجود ہے (دیکھیے دیوان، ۱ : ۳۰۶ ببعد) ۔ معلوم ہوتا ہے کہ عباسیوں کا ظہور بھی شاعر کی بڑھتی ہوئی شہرت کی راہ میں حائل نہیں ہوا، جس کی عمر اس وقت سینتیس سال تھی ۔ وہ اتنا نادان نہ تھا کہ اپنے آپ کو نئے حالات کے سانچے میں نہ ڈھال سکے ۔ اس بات کی پوری تفصیلات پیش کرنا مشکل ہے، لیکن ایک تعریفی نظم جو پہلے ابراہیم بن عبداللہ العلوی کی شان میں لکھی گئی تھی بالآخر عباسی خلیفہ المنصور کے نام سے معنون کی گئی (الاغانی، ۳ : ۲۱۳، تحت؛ قب العسکری : دیوان المعانی ۱ : ۱۳۶ تا ۱۳۷) ۔ اگر یہ واقعہ صحیح ہے تو یہ بات اس کے مزاج کے عین مطابق ہے ۔ بشّار بغداد کی تأسیس (۱۴۵ھ / ۷۶۲ء) کے وقت سے اسی شہر میں رہتا تھا (دیکھیے المرزبانی : الموشح، ص ۲۴۷ تا ۲۴۸) ۔ اس زمانے میں اس کے قصائد یا تو بصرے کے اکابر کی شان میں ہوتے تھے (جیسے سلیمان العبسی (۱۴۲ھ / ۷۵۹ - ۷۶۰ء میں گورنر) یا اس کے بیٹے (۱۷۶ھ / ۷۹۲ء کے قریب گورنر) (دیکھیے الاغانی، ۳ : ۱۶۵ تا ۱۶۷، ۲۰۷؛ Pellat، ۱۶۶، ۲۸۰) یا ایسے لوگوں کی شان میں جیسے عقبہ بن سلم (۱۴۷ھ / ۷۶۴ء

marfat.com
Marfat.com

میں گورنر) (دیکھیے الاغانی، ۳ : ۱۷۴ تا ۱۷۵؛ قب Pellat، فہرست) یا اس کے بیٹے نافع (۱۵۱ھ / ۷۶۸ء میں گورنر) (دیکھیے الاغانی، ۳ : ۲۳۰؛ قب Pellat، ۲۸۱) کی مدح میں ۔ بہت سی حکایتوں کو پڑھ کر یہ اندازہ ہوتا ہے کہ خلیفہ المنصور بشّار پر بہت مہربان تھا اور اس کے ساتھ غالبًا وہ حج کے لیے بھی گیا تھا (دیکھیے الاغانی، ۳ : ۱۵۳، ۱۵۹، ۱۸۸، ۲۱۲، ۲۳۹)، (بالخصوص دیوان، ۱ : ۲۵۷، ۲۷۵ انتیس اشعار کا قصیدہ و ۲ : ۴۴) ۔ آگے چل کر اس کے اور بادشاہ کے تعلقات کشیدہ ہو گئے (دیکھیے آگے)۔ بادشاہ سے اس کے تعلقات کی اس نوعیت کی بدولت شاعر کی زندگی سے متعلق ہمیں بہت سی قیمتی باتیں معلوم ہوتی ہیں ۔ ان سے بھی زیادہ اس کی قیمتی باتیں وہ ہیں جن کا تعلق بعض دوسرے لوگوں سے ہے، مثلا بصرے کے نحویوں سے، جیسے ابو عمرو بن العلا، ابو عبیدہ یا الاصمعی [رک باں] یا شہر کے مذہبی لوگوں کے ساتھ، جیسے حسن البصری [رک باں] (م ۱۱۰ھ / ۷۲۸ء؛ الاغانی، ۳ : ۱۶۹ بعد) یا مالک بن دینار [رک باں] (۱۳۱ھ/۷۴۸ء؛ وہی کتاب، ۵ : ۱۷۰) کے ساتھ اس کے معارضات و تعلقات ۔ دو مؤخّر الذّکر بزرگوں کے متعلق اس کے طنزیہ اشعار اس کی اس عادت کے مطابق ہیں کہ اسے ان لوگوں کا مذاق اڑانے میں لطف آتا تھا جنھیں ان کے افعال و اطوار یا مذہبی عقائد کی وجہ سے جلا وطن کر دیا گیا تھا ۔ ہمارے پاس ایسا مواد موجود ہے جس کی حیثیت کم و بیش افسانوی ہے، جس سے بشّار کی زندگی کے اس پہلو کی تصویر سامنے آتی ہے ۔ اس کے خیالات میں کہیں کہیں الحاد کا میلان پایا جاتا ہے (مثلاً الاغانی، ۳ : ۱۸۵ تا ۱۸۶)، [اور چند دوسرے واقعات بھی ہیں جن سے اس کے عدم خلوص کا اظہار ہوتا ہے، ان سب باتوں سے اس کی آزاد ذہنیت کا پتا چلتا ہے] ۔ اس کی تند مزاجی، اس کا عجیب و غریب کردار اور سب سے بڑھ کر کم نسبی اور خاندانی بے حیثیتی کی بنا پر اس کا ذکاوت احساس، یہ ایسی چیزیں ہیں جن سے اس کی اس زبان درازی اور بدگوئی کی وجہ معلوم ہو جاتی ہے جو وہ اپنے حریفوں اور دشمنوں کے خلاف استعمال کرتا تھا ۔ گو ان اسباب کو بھی فراموش نہیں کرنا چاہیے جو عقیدے کی سطح پر ان اختلافات کا باعث بنے۔

ان میں سے ایک سبب ''شعوبیت'' ہے (مثلاً الاغانی، ۳ : ۱۳۸، ۱۳۹ بالخصوص ۱۷۴ تا ۱۷۵، بدوی شاعر عقبہ بن رؤبہ بن العجاج کے خلاف، نیز دیکھیے وہی کتاب ۵ : ۱۶۶، ایک بدو کے خلاف ایک قطعہ اور ۳ : ۲۰۲ تا ۲۰۴، جس میں ایک شریف آدمی شاعر کو اس امر پر ملامت کرتا ہے کہ اس نے ان کے عرب آقاؤں کے خلاف موالیوں کو بھڑکایا ہے) ۔ معتزلہ کے موضوع پر بشار کی رائے کا تلون ظاہر ہوتا ہے ۔ مثلاً واصل بن عطا [رک باں] (م ۱۳۱ھ/۷۴۹ء در بصرہ) سے متعلق، جس کی وہ ایک مرتبہ تعریف و خوشامد کرنے کے بعد ہجو کرتا ہے (دیکھیے الجاحظ : البیان، ۱ : ۱۶ بعد اور پھر الاغانی، ۳ : ۱۴۵ بعد) نیز بشّار اور معتزلی شاعر صَفوان الانصاری بصری کی شدید شاعرانہ چشمک (دیکھیے Pellat : Milieu baṣrien ۱۷۵ تا ۱۷۷ مع ترجمۂ اشعار صفوان).

بشّار کے مذہبی خیالات کے متعلق کوئی یقینی رائے قائم نہیں کی جا سکتی ۔ معلوم ہوتا ہے کہ ان میں تغیّر و تبدل ہوتا رہا ہے ۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ایک زمانہ ساز آدمی کی طرح اس نے اپنے دل کی بات کسی پر ظاہر نہیں ہونے دی ۔ جن شعرا کو وہ پسندیدگی کی نظر سے دیکھتا ہے مثلاً الکُمیت یا السیّد الحِمیَری جو ۱۴۷ھ / ۷۶۴ء سے ۱۵۷ھ / ۷۷۳ - ۷۷۴ء تک

marfat.com
Marfat.com

بصرے میں رہا (قب الاغانی، ۳ : ۲۲۵ و ۷ : ۲۳۷، لیکن یہ واقعات غیر یقینی ہیں)، ان کے متعلق اظہار رائے میں اس نے جو احتیاط برتی ہے اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ وہ شیعی نہیں تھا (لیکن دیکھیے Pellat، ص ۱۷۸ جس کا خیال ہے کہ بشّار نے کاملیہ کے تمام شیعی عقائد کو اکٹھا کیا جس کے متعلق دیکھیے وہی کتاب ۱۰۲) - بشّار کے خلاف زندقہ کے الزام کی تائید میں جو قصے پیش کیے گئے ہیں ان سے پتا چلتا ہے کہ اس کے خیالات میں بڑا تضاد تھا - ان خیالات سے مانوی اعتقادات کا اظہار ہوتا ہے جن پر زرتشتی عقائد کا بڑا گہرا رنگ چڑھا ہوا ہے (دیکھیے الجاحظ : البیان، ۱ : ۱٦؛ نیز قب الفہرست، ص ۳۳۸، سطر ۱۰، جس میں شاعر کو زندیقوں —دوسری صدی / آٹھویں صدی کے مانویوں — کے زمرے میں شمار کیا گیا ہے).

ان معتقدات کے ساتھ ساتھ اس میں ہمیشہ گہرے تشکّک (دیکھیے الاغانی، ۳ : ۲۲۷، سطر ۱ ببعد؛ دیوان، ۲ : ۲۴٦) کا اثر بھی نمایاں ہے، جس میں قدریت کی آمیزش بھی ہے، جس نے بشّار کو قنوطی اور لذّت پسند بنا دیا تھا (وہی کتاب، ص ۲۳۲ و اقتباس از ابن قتیبہ : عیون، ۱ : ۴۰)- اپنے رفقا کی طرح بشار کو بھی ''تقیّہ'' کا سہارا لینا پڑا - اور اس نے عقیدت پسندی اور مذہبی سرگرمی کا ایسا لبادہ اوڑھا جو اس کے حقیقی عقائد کے قطعی منافی تھا (مثلاً ملحد ابن العوجاء کے خلاف اس کے اشعار جسے کوفے میں قتل کیا گیا (الاغانی، ۳ : ۱۴۷)، اور سب سے بڑھ کر دیوان میں اس کا شعر (۲ : ۳٦ سطر ۳) جس میں سخت قسم کے اسلامی عقیدے کی نمائش کی گئی ہے.

اس معاملے میں اس نے جس مصلحت اندیشی کو دخل دیا اس سے اس کی ناشائستگی، اس کی ہجویات کی تلخی اور اس کی آزاد روی پر پردہ نہ پڑ سکا - ایک سازش نے، جو بصرے میں اس کے خلاف تیار کی گئی، اسے خلیفہ مہدی کی نظروں سے گرا دیا (دیکھیے الاغانی کی بعض حکایتیں، ۳ : ۲۴۳ ببعد) اس لیے کہ اس سازش کا تعلق بعض ایسے واقعات سے تھا جن کی اہمیت بڑی دور رس تھی - اس فرمانروا کے عہد میں ان تمام لوگوں پر بڑی سختی ہوئی جن کا شمار زندقہ [رک بآں] میں ہوتا تھا (دیکھیے وہی کتاب، ص ۲۴٦ ببعد، بالخصوص Gabrieli : *Appunti*، ص ۱۰۸) - بشّار کو بھی پکڑ لیا گیا، خوب زد و کوب کی گئی اور بطیحہ کی ایک دلدل میں پھینک دیا گیا (الطبری، مطبوعہ قاہرہ، ٦ : ۱۰۴؛ الاغانی، ۳ : ۲۴۷ تا ۲۴۸)- یہ ۱٦۷ یا ۱٦۸ھ / ۷۸۴ - ۷۸۵ء کا واقعہ ہے جب کہ بشّار کی عمر ستر برس سے متجاوز ہوچکی تھی (نوّے کی نہیں تھی جیسا کہ کتابت کی غلطی کی وجہ سے غلط فہمی ہوگئی ہے، قب الاغانی، ۳ : ۲۴۷، ۲۴۹ میں دونوں اعداد دیے ہیں؛ الخطیب البغدادی : تاریخ بغداد، ۷ : ۱۱۸، اور ابن خلّکان، ۱ : ۸۸، میں صرف دوسرا عدد ہی دیا گیا ہے).

بشّار اپنے زمانے میں بطور مقرر و خطیب، انشا پرداز اور نثار کے مشہور و معروف آدمی تھا (الجاحظ : البیان، ۱ : ۴۹) [وہ نقاد بھی تھا، اس نے الاعشٰی میمون بن قیس کو متقدمین شعرا میں سر فہرست شمار کیا ہے (براکلمان، تعریب، ۱ : ۱۴۹)]، لیکن ان اوصاف سے کہیں زیادہ اس کی شہرت و مقبولیت اس کی شاعرانہ صلاحیتوں کی بنا پر ہے- شاعری میں اس کی تخلیقات کثیر بھی ہیں اور متنوع بھی - لیکن بد قسمتی سے وہ اپنی اصل حالت میں ہم تک نہیں پہنچیں - چونکہ بشّار نابینا تھا اس لیے وہ راویوں کا محتاج تھا جن میں سے چار کے نام ہمیں معلوم ہیں بالخصوص [روایت میں] بدنام خلف الاحمر کے (دیکھیے الاغانی، ۳ : ۱۳۷، ۱٦۴ (و ۹ : ۱۱۲)،

marfat.com
Marfat.com

۱۷۰، ۱۸۹)، لیکن ان میں سے کسی نے بھی بشّار کے دیوان کو جمع اور مرتّب کرنے کی تکلیف گوارا نہیں کی۔ بعض ھنگامی نظمیں، فی البدیہہ اشعار اور لطائف و ظرائف بہت جلد فراموش ھو جاتے تھے ۔ علاوہ بریں بعض ایسی نظمیں جو مستند نہیں بشار کی طرف منسوب ھوتی چلی گئیں (دیکھیے شرح دیوان، ۱ : ۳۰۹) ۔ تیسری / نویں صدی کے بعد شاعر کا کلام اشعار کے منتخب مجموعوں اور تذکروں کے ذریعے لوگوں کے علم میں آیا؛ مثلاً ھارون بن علی (م ۲۸۸ھ/۹۰۰-۹۰۱ء؛ قبّ الفہرست، ص ۱۴۴) یا احمد بن ابی طاہر طیفور (م ۲۸۰ھ/۸۹۳ء)، جس نے اختیار شعر بشّار کے نام سے ایک مجموعہ مرتب کیا (دیکھیے فہرست، ص ۱۴۷) کے ذریعہ ۔ یہ معلوم ھے کہ چوتھی صدی ھجری/دسویں صدی عیسوی کے ربع آخر میں ابن الندیم نے نظموں کے ایک مجموعے سے استفادہ کیا، جو ایک ھزار صفحوں سے زیادہ تھا (الفہرست، ۵ : ۱۵۹) ۔ لیکن موصل کے الخالدی نام کے دو بھائیوں [= الخالدیّین] کی المختار من شعر بشّار کو کوئی اھمیت نہیں دینی چاھیے، جس کا ابن الندیم نے بطور ان کی تألیف کے کوئی ذکر نہیں کیا (کتاب مذکور، ۱۶۹) ۔ اس آخری تألیف کا علم ھمیں صرف التُّجیبی (پانچویں صدی ھجری/گیارھویں صدی عیسوی، طبع [محمد بدر الدین] العلوی، علی گڑھ ۱۹۳۵ء) کے اقتباسات اور ملخّصات سے ھوا ھے۔ مشرقی منفرد مخطوطہ (چھٹی صدی ھجری / بارھویں صدی عیسوی کا؟)، جس میں ''الف'' سے لے کر ''ز'' تک ردیفیں آ گئی ھیں اور جو ابن عاشور کے ایڈیشن (تین جلد، قاھرہ ۱۹۵۰ تا ۱۹۵۷ء) کی اساس ھے، قطعی قابلِ اعتبار نہیں۔ اس طرح ھم اس نتیجے پر پہنچتے ھیں کہ بشّار کی تخلیقات کا مطالعہ ذرا احتیاط سے کرنا چاھیے۔

بشّار رسمی قصیدے کا شاعر ھے، جو تین حصوں [تشبیب، مدح، مقصد] پر مشتمل ھوتا ھے اور اس کا اسلوب بڑا چست ھے ۔ اس کے اشعار ھیئت اور موضوع کے لحاظ سے روایتی معلوم ھوتے ھیں، لیکن اس نے پچھلی نسل کی روایتوں سے یقیناً انحراف کیا ھے ۔ اس کی پھبتیوں اور چٹکلوں کی بامعنی طنزیت اسے عہدِ امیہ کے ھجو نویسوں کی صف میں اھم جگہ دلواتی ھے (مثلاً دیوان، ۲ : ۶۶، حمّاد عجرد کے خلاف؛ نیز الاغانی، ۳ : ۱۸۸، ۲۰۲)، یہاں بھی اس کا ذوق تضحیک و تشنیع نئی نئی اختراعات کی صورت اختیار کرتا ھے (مثلاً اپنے گدھے سے اس کا خیالی خطاب، الاغانی، ۳ : ۲۳۱)، لیکن غالباً مرثیہ ھی وہ صنف ھے جس سے اس کی شہرت کو دوام حاصل ھوا ھے ۔ اکثر اوقات اس کی خمریات عاشقانہ اشعار کا رنگ اختیار کر لیتی ھیں ۔ ان اشعار کو دیکھ کر یہ نتیجہ نکلتا ھے کہ بشّار نے وہ روایتی انداز ترک کر دیا ھے جس کی نمایاں اور واضح مثال وہ اشعار ھیں جو الاعشٰی میمون [رک باں] سے منسوب ھیں۔ عاشقانہ نوحے اس کی شاعری کا اھم حصہ ھیں اور ان میں شاعر کا تخاطب خصوصیت سے ایک بصری خاتون عَبدہ سے ھے، لیکن بعض دوسری خواتین بھی اس کی مخاطب ھیں، جن میں سے بعض نام غالباً فرضی ھیں۔ اس کے اشعار میں کہیں کہیں شہوانی رنگ ھے لیکن حقیقت پر مبنی (مثلاً الاغانی، ۳ : ۱۵۵، ۱۶۵، ۱۸۲، ۲۰۰ وغیرہ)، کہیں وہ درباری تکلّفات سے بھر پور ھیں ۔۔۔۔۔ بشّار کے کلام میں بلند قسم کی فکری نظموں کی بھی کمی نہیں اور گو ان میں حقیقی گہرائی عموماً نہیں مگر ان میں وہ سوقیت سے پرہیز کرتا ھے اور بعض اوقات بڑی بصیرت افروز باتیں کہہ جاتا ھے ۔

اپنے آپ کو موقع و حالات کے سانچے میں

Marfat.com

ڈھال لینا بشار کے طرزِ فکر کی بنیادی خصوصیت ہے، قصیدے میں یہ چیز روایت کی پابندی اور متروکات کی پیروی کی صورت اختیار کرتی ہے (مثلاً دیوان، ۱ : ۳۰۶ ببعد) لیکن عاشقانہ نوحوں میں یہ انداز کچھ ایسا رنگ اختیار کر لیتا ہے کہ پڑھنے والا لطف و انبساط محسوس کرتا ہے ۔ ان نظموں میں شاعر زبان و بیان کے استعمال میں بھی غیر معمولی جرأت سے کام لیتا ہے (مثلاً دیوان، ۲ : ۵، سطر ۷ و ۱۰، سطر ۳ و ۱۵، سطر ۲) - بشار کی نمایاں خصوصیت بدوی عرب شاعروں کی وہ روایات ہیں جو اسے ورثے میں ملی ہیں ۔ بہت سی حیثیتوں سے وہ دبستانِ حجاز سے زیادہ قریب ہے، جیسا کہ ہمیں عمر بن ابی ربیعہ [رک بآں] میں نظر آتا ہے ۔ لیکن اس نے اپنی داخلی دنیا کی کیفیتوں اور خارجی دنیا کے ان تلخ تجربات کو روایت میں سمو دیا جو اسے اپنی جسمانی معذوریوں اور گرد و پیش کی پریشان کن اور پر آشوب دنیا سے حاصل ہوئے تھے ۔

دوسری صدی ہجری/آٹھویں صدی عیسوی کے وسط کی شاعری کے عبوری دور میں بشار کی شاعری کی جو اہمیت ہے اسے کسی طرح بھی نظرانداز نہیں کیا جا سکتا ۔ کسی فن کار یا فن کے اثر کا اندازہ معاصرین کے ردّ و قبول سے لگایا جا سکتا ہے ۔ اس کا شمار بصرے کی مایۂ ناز ہستیوں میں ہوتا تھا ۔ اس کے اشعار جو عام طور پر گا کر پڑھے جاتے تھے نوجوانوں اور عورتوں میں بے حد مقبول تھے ۔ خواص میں اس کا کلام جس قدر و منزلت کی نظر سے دیکھا جاتا ہے اس کا اندازہ ماہرین فن کی ان آرا سے لگایا جا سکتا ہے جو ابو عبیدہ، الاصمعی، خلف الاحمر اور بہت سے دوسرے فضلاے فن کی طرف منسوب ہیں (دیکھیے الاغانی، ج ۳، بمواضع کثیرہ) ۔ یہ بات بھی ہمارے علم میں ہے کہ الجاحظ کے نزدیک اس کا مرتبہ کتنا بلند ہے (دیکھیے البیان، بمدد اشاریہ) [البکری کے نزدیک بشار اپنے عہد کا بہترین فطری شاعر تھا ۔ اس کے اشعار میں حکمت و دانش کے موتی بھی موجود ہیں ۔ ابو تمام نے کتاب الوحشیات (مصر ۱۹۶۱ء) میں اس کے تین قطعے نقل کیے ہیں ] ۔

آخری بات یہ کہ بشار نے شعرا کی آنے والی نسل پر بڑا گہرا اثر ڈالا ۔ ابو العتاہیہ [رک بآں]، العباس بن الاحنف [رک بآں]، ابو نواس [رک بآں] سَلْم الخاسر اور بہت سے دوسرے شعرا کی سوانح عمریوں میں اس طرح کے جو بیانات ملتے ہیں ان کی تائید ان شاعروں کے کلام کے مطالعے سے ہوتی ہے ۔ عہدِ حاضر کے مشرقی نقادوں نے بشار کو عرب شاعری کی دنیا کے اکابر میں جگہ دی ہے [ابن منظور نے لسان العرب میں صرف آٹھ نو مرتبہ اس سے استشہاد کیا ہے دیکھیے عبد القیوم : فہارس لسان العرب، جلد اول] ۔

[فصاحت و بلاغت اور تنوع مضامین کے باوجود بشار کا کلام عرصۂ دراز تک غیرمطبوعہ رہا ۔ البتہ کتب تاریخ و ادب اور تذکروں میں مذکور کلام ضرور شائع ہوا ۔ اختیار الخالدیّین موسوم بہ المختار مِن شعر بشار للخالدیّین، مع شرح ابو طاہر اسمعیل بن احمد بن زیادۃ اللہ التجیبی البرقی، کو علیگڑھ کے استاد بدرالدین علوی نے تصحیح و تحقیق کے بعد ۱۹۳۵ء میں شائع کیا ۔ یہ شرح بڑی نفیس، کارآمد اور معلومات افزا ہے ۔ اس کے مطالعے سے بخوبی معلوم ہو جاتا ہے کہ بشار کن کن شعراے متقدمین کا رہین منت ہے اور کون کون سے متأخرین شعرا بشار کے خوشہ چین ہیں ۔ بشار کا دیوان مع شرح طاہر بن عاشور تین جلدوں میں شائع ہو چکا ہے ۔ بشار نے ایک قصیدہ تفضیل النار (فضیلت آتش) پر کہا تھا ۔ اس کے مقابلے پر

marfat.com
Marfat.com

صفوان الانصاری نے ایک قصیدہ لکھا جس میں آگ پر زمین کی فضیلت بیان کی گئی ہے (دیکھیے البیان، ۱ : ۱۶ تا ۱۹؛ البغدادی : الفرق بین الفرق، ص ۳۹ - ۴۲)].

**مآخذ:** (۱) ابن قتیبہ : الشعر والشعراء (طبع ڈخویہ)، ص ۴۷۶ تا ۴۷۹ و بمدد اشاریہ؛ (۲) الجاحظ : البیان، طبع ہارون، ۱ : ۴۹ و بمدد اشاریہ (بشار کے ۴۲ حوالے)؛ (۳) الاغانی، بار سوم، ۳ : ۱۳۵ تا ۲۴۹ و ۴ : ۱۵، ۲۸ تا ۲۹، ۳۳ تا ۳۴، ۷۲ تا ۷۶ : ۲۲۷، ۲۲۹، ۲۳۲، ۲۳۷ و بمدد اشاریہ؛ (۴) الفہرست، ص ۳۳۸؛ (۵) خطیب البغدادی : تاریخ بغداد، ۷ : ۱۱۲ تا ۱۱۸؛ (۶) المرزبانی : الموشّح، ص ۲۴۲ تا ۲۵۰؛ (۷) ابن خلّکان، قاہرہ ۱۳۱۰ھ، ۱ : ۸۹ تا ۹۰ وطبع عبدالحمید (قاہرہ)، ۱ : ۲۴۵، عدد ۱۱۰؛ سوانح حیات کے دوسرے ثانوی مآخذ کے لیے : (۸) براکلمان : تکملہ، ۱ : ۱۰۹؛ پس منظر کے لیے : (۹) v. A. Mez : *Renaissance*؛ (۱۰) G. Vadja : *Les Zindiq . . . au début de la période abbaside*، در *RSO*، ۱۷ (۱۹۳۷ء) : ۱۷۳ تا ۲۲۹؛ (۱۱) Ch. Pellat : *Le milieu basrien et la formation de Ǧāḥiẓ*، پیرس ۱۹۵۳ء، ۱۷۶ تا ۱۷۸، ۲۵۶ تا ۲۵۹ و بمدد اشاریہ؛ بشّار پر خاص مطالعہ از (۱۲) Di Matteo : *La Poesia arabe nel I secolo degli Abbāsidi*، پلرمو Palermo ۱۹۳۵ء، ص ۹ تا ۱۲۴؛ (۱۳) F. Gabrieli : *Appunti su B. ī. B.*، در *BSOS*، ۹ (۱۹۳۷ء) : ۵۱ تا ۶۳.

عام مقالات اور یک موضوعی مقالات بزبان عربی: (۱۴) عباس محمود العقّاد : مراجعات فی الآدب و الفنون، قاہرہ ۱۹۲۵ء، ص ۱۱۹ تا ۱۵۸؛ (۱۵) عبدالقادر المغربی، در مجلۃ المجمع العلمی العربی، ۹ (۱۹۲۹ء) : ۲۰۵ تا ۲۲۷؛ (۱۶) طٰہٰ حسین : حدیث الاربعاء، بار اوّل، ۱ : ۲۳۲ تا ۲۴۲؛ (۱۷) حسین منصور : بشار بن برد بین الجدّ و المجون، قاہرہ ۱۹۳۰ء؛ (۱۸) حنّانمر : بشّار بن برد، حمص ۱۹۳۳ء؛ (۱۹) الحمصی : بشار بن برد، در الرّعد، دمشق ۱۹۴۹ء، ص ۴۷ تا ۷۶؛ (۲۰) احمد حسنین : بشار بن برد، شعرہ و اخبارہ، قاہرہ ۱۹۲۵ء، ص ۱۰۹؛ (۲۱) محمد النویہی : شخصیۃ بشّار، قاہرہ ۱۸۵۷ء، ص ۲۸۰؛ (بشّار کے دیوان اور متون کے لیے دیکھیے مقالے میں مندرج حوالے) نیز [(۲۲) انیس المقدسی : امراء الشعر العربی فی العصر العباسی، بیروت ۱۹۳۲ء؛ (۲۳) احمد فرید رفاعی : عصرالمأمون، ۲ : ۲۵۲ تا ۲۷۶، مصر ۱۹۲۷ء؛ (۲۴) طٰہ الحاجری : بشّار بن برد، سلسلۃ نوابغ الفکر العربی، قاہرہ؛ (۲۵) مارون عبود : الرءوس، بیروت ۱۹۴۶ء، ص ۸۷ تا ۱۰۰؛ (۲۶) عبدالقیوم : فہرس اسماء الشعراء (لسان العرب)، لاہور ۱۹۳۸ء؛ (۲۷) عمرفروخ : بشار بن برد، باردوم، بیروت؛ (۲۸) الزرکلی : الاعلام (مادۂ بشار)؛ (۲۹) ابن تغری بردی : النجوم الزاہرۃ، ۲ : ۵۳؛ (۳۰) الیافعی : مرآۃ الجنان، ۱ : ۳۵۴؛ (۳۱) ابن المعتز : طبقات الشعراء (طبع عبدالستار احمد فراج)، بمدد اشاریہ، دارالمعارف، مصر؛ (۳۲) ابن رشیق : العمدۃ، بمدد اشاریہ؛ (۳۳) البکری : سمط اللآلی، ۱۹۶ تا ۱۹۸؛ (۳۴) الحصری : زہر الآداب، ص ۲۳ تا ۲۴، قاہرہ ۱۹۲۷ء؛ (۳۵) الموجز فی الآدب العربی و تاریخہ، ۳ : ۱۲۲ تا ۱۳۳، قاہرہ؛ (۳۶) براکلمان : تاریخ الادب العربی، ۲ : ۱۳ تا ۱۶ (تعریب عبدالحلیم النجار)، قاہرہ ۱۹۶۱ء].

(R. Blachère [و عبدالقیوم])

**بَشّار الشُّعَیری** : ایک شیعی دانشور، جو دوسری صدی ہجری میں مشہور ہوا۔ وہ کوفے میں رہتا تھا اور جو (شعیر) بیچ کر بسر اوقات کرتا تھا اور اسی نسبت سے اس کا نام شعیری پڑا۔ منہاج اور منتہی المقال کے بیان کے مطابق اسے بعض اوقات غلطی سے الشّعیری کے بجاے الاشعری بھی کہہ

Marfat.com

دیا جاتا ہے۔ روایات کی رو سے، جن کا ذکر الکشّی نے کیا ہے، امام جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ نے اسے اپنے یہاں سے نکال دیا تھا اور اس سے بے تعلقی ظاہر کی تھی (رجال، ص ۲۰۲ تا ۲۰۴؛ قب ص ۱۹۷)، جہاں ابوالبشّار الاشعری [؟] کو المغیرہ بن سعید، بزیغ، ابوالخطّاب، معمر اور حمزۃ البربری جیسے معروف ملحدوں کے ساتھ ساتھ کذّاب اور ملعون کہا گیا ہے۔ یہ پورا اقتباس اس ایڈیشن میں بالکل مسخ شدہ ہے)۔ نصیری الخصیبی، بشار کو مفضّل بن عمر الجعفی کا راوی بتاتا ہے (Massignon : سلمان، ۳۴، حاشیہ ۴)۔ نصیری کے ایک متن میں، جسے Strothmann نے شائع کیا ہے، امام جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ سے اس کا ایک مکالمہ نقل کیا گیا ہے، جس میں ''بسم اللہ'' کے ایسے پر اسرار معانی بیان کیے ہیں جو خواص کو بتائے جاتے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ بشّار غالی شیعی فرقہ خطّابیہ [رک بآں] سے تعلق رکھتا تھا اور ان عقائد کی تبلیغ کرتا تھا جو اس فرقے سے مخصوص ہیں . . . .

مآخذ: الکشی: معرفۃ الرجال، بمبئی ۱۳۱۷ھ، ص ۲۰۲ تا ۲۰۴؛ (۲) الاستر آبادی: منہج المقال، تہران ۱۳۰۷ھ، ص ۶۸ تا ۶۹؛ (۳) الحائری: منتھی المقال، تہران ۱۳۰۲ھ، ص ۶۵؛ (۴) L. Massignon : سلمان پاک *Salmân Pâk*، Tours ۱۹۳۴ء، ص ۳۸، ۳۴ تا ۳۵؛ (۵) R. Strothmann : *Morgenländische Geheimsekten in abendländischer Forschung*، برلن ۱۹۵۳ء، ص ۳۱ تا ۳۲؛ (۶) W. W. Rajkowski : *Early Shi'ism in Irak*، لنڈن یونیورسٹی کا ڈاکٹریٹ کا مقالہ، ۱۹۵۵ء.

(B. Lewis)

**بشکر** : رک بہ باشغرت.

**بشکطاش** : [بشقطاش]، رک بہ استانبول.

**البشکنش** : [یا البشکنش] Basques، ایک غیر یقینی الاصل قوم، جو جبل البرانس Pyrenees کے مغرب میں جبال کنتبریاں (Cantabrian Mountains) کے قرب و جوار میں، ساحل اوقیانوس کے جنوب میں آباد ہے۔ بشکنش بظاھر لاطینی لفظ 'Vascônes' سے بنا ہے اور جیسا کہ عام ہے ''و'' ''ب'' سے بدل گئی ہے۔ بشکنشی (Basque) زبان ''البشقیۃ'' کہلاتی ہے (الروض المعطار، طبع Lévi Provençal، ص ۵۶).

بشکنش کا سب سے بڑا مرکز بنبلونہ Pampeluna، (اصلی نام Pompeiopolis سے)، جو آگے چل کر نبرہ (Navarre) کا صدر مقام بنا، فتح ھسپانیہ کے دوران میں موسی ابن نصیر نے اس حصۂ ملک پر حملہ کیا (کتاب الامامۃ والسیاسۃ، *Colección de Obras Arábigas*، ۲ : ۱۳۲ ببعد) اور اسی زمانے میں یا اس سے کچھ عرصہ بعد لیکن بہر حال ۱۰۰ھ/ ۷۱۸-۷۱۹ء سے پہلے Codera کے بیان کے مطابق پمپے لونا نے مسلمانوں کے آگے ھتھیار ڈال دیے۔ عقبہ بن الحجاج نے (جو ۱۱۶ھ/ ۷۳۴ء سے پانچ سال تک ھسپانیہ کا والی رہا) وہاں ایک محافظ فوجی دستہ متعین کر دیا (ابن العذاری، ۲ : ۲۸)۔ چند سال بعد (۱۳۸ھ/ ۷۵۵-۷۵۶ء) بشکنش نے علم بغاوت بلند کر دیا اور امیر یوسف الفہری کی مرسلہ فوج کو تباہ کر دیا۔ یہ واقعہ تقریباً اسی وقت کا ہے جب عبدالرحمن اول [الدّاخل] ھسپانیہ پہنچا۔ جب شمالی ھسپانیہ پر شارلیمین Charlemagne نے اپنا مشہور حملہ کیا (۱۶۱ھ/ ۷۷۸ء) تو بنبلونہ نے اس کی اطاعت قبول کر لی، لیکن غالباً یہ بستی دستے تھے جنھوں نے مسلمانوں کے ساتھ مل کر Roncevalles کے مقام پر اس کے عقبی دستوں کو تہس نہس

marfat.com
Marfat.com

کر دیا (قب Lévi-Provençal، *Hist. Esp. Mus.*، ۱۹۴۴ء، ۱ : ۸۹) - ۱۶۳ھ / ۷۸۰ - ۷۸۱ء میں یا اس سے اگلے سال اپنے طویل عہدِ حکومت کے خاتمے کے قریب عبدالرحمٰن اول کو بشکنش پر بذاتِ خود چڑھائی کرنا پڑی.

۱۸۲ھ / ۷۹۸ء تک پمپے لونا کے بشکنشوں (Basques) نے مسلمانوں سے اپنا رشتۂ وفاداری، جیسا کہ آگے چل کر ثابت ہوا، مستقل طور پر توڑ لیا تھا اور الفانسو Alfanso ثانی شاہ اَستوریس کے باج گذار ہونے کا اعلان کر چکے تھے - اس کے کچھ ہی عرصے بعد بنبلونہ کے ایک آزاد و خود مختار بسقی سردار غرسیہ بن ونقو (Garcia Iniguez) کا نام سننے میں آتا ہے جو اپنی پوتی اِنگا Iniga کے تعلق سے، جس کی شادی عبداللہ اُموی سے ہوئی تھی، عبدالرحمٰن ثالث، النّاصر، کا مورثِ اعلٰی ہوا - بشکنش کے لوگوں میں ۹۰۵ء میں اقتدار کی ایک نئی گروہبندی عمل میں آئی، جب سینچو گرسیس اول (Sancho Garces I) نے قدیم تر شاہی خاندان کو ختم کرکے نَبرہ (Naverre) کی مستحکم سلطنت کی بنیاد رکھی - مغربی بسقی (Basques) اس کے بعد بھی شاہِ استوریس کے باجگذار رہے - اس کے بعد سے مسلمانوں کے نقطۂ نظر سے اسلامی ہسپانیہ میں جو چیز بسقی خطرے کے نام سے موسوم رہی اس کی نمائندگی بالخصوص نَبرہ (E. Levi Provençal) (Navarre) کی تاریخ سے ہوتی ہے.

**مآخذ :** (۱) F. Codera : *Estudios críticos de Historia árabe española*، ص ۱۰۱ تا ۱۰۵، ۱۶۹ تا ۱۸۳؛ (۲) Lévi-Provençal: (*Pamplona en el siglo VIII*) *Hist. Esp. Mus.*، بمدد اشاریہ.

(D. M. Dunlop)

* **بشیکہ** (بِشیکہ کورفزی - بِسیکہ)، ایک خلیج جو ایشیائے کوچک کے مغربی ساحل پر جزیرۂ بوزجہ آطہ (Tenedos) کے بالمقابل واقع ہے - یہ قوم قلعہ سے تقریباً ۲۳ کیلومیٹر جنوب میں قوم بورنو اور بِشِک بورنو کی دو راسوں کے درمیان ہے اور اگرچہ سمندر کے سامنے کھلی ہوئی ہے تاہم جہازوں کے لیے اچھی حفاظت کی جگہ ہے - ساحل سے اندرونی علاقے کی طرف قدیم تروس Troas واقع ہے اور خود بشکہ کے قریبی نواح میں آثارِ قدیمہ کی موجودگی کی شہادت ملتی ہے - جون ۱۸۵۳ء میں برطانوی اور فرانسیسی بیڑے اس بحران کے زمانے میں جس سے جنگ قریم (Crimea) کا آغاز ہوا بشکہ آئے تھے - برطانیۂ عظمٰی نے ۱۸۷۶ء اور ۱۸۷۸ء میں بھی اپنا بیڑا بشکہ بھیجا تھا.

**مآخذ :** (۱) V. Cuinet : *La Turquie d' Asie*، ۳، پیرس ۱۸۹۴ء : ۷۶۶؛ (۲) علی جواد : تاریخ و جغرافیہ لغتی، استانبول ۱۳۱۳ - ۱۳۱۴ھ، ص ۱۷۲؛ (۳) Pauly-Wissowa، ج ۷، i/A (۱۹۳۹ء)، بذیل مادّہ Troas (عمود ۵۶۳، ۵۵۷، ۵۶۸، ۵۷۶).

(V. J. Parry)

**بِشْلِک :** رَكَ بہ سکّہ.

**بَش مُحاسَبہ :** رَكَ بہ مینرانیہ.

**بَشْمَق :** (= باشماق) رَكَ بہ النَّعل الشریف.

**بَشْمَقْلِیق :** [= باشماقلق، لغوی معنی جوتے، موزے، جوتوں کا چمڑا] یہ لفظ سولھویں اور سترھویں صدی عیسوی میں آلِ عثمان کے دورِ حکومت میں ان جاگیری محاصل کے لیے استعمال ہوتا تھا جو حرمِ سلطانی کی خواتین کے لیے مخصوص کر دیے جاتے تھے، اور جن سے وہ اپنی نجی ضرورت کی چیزیں، بالخصوص کپڑے اور جوتے (بَشْمَق یا پشمق [= باشماق، پاشماق] ترکی زبان میں سلیپر کو کہتے ہیں) خریدتی تھیں - یہ لفظ ابھی تک سولھویں صدی عیسوی کے آخر تک کی کسی تحریر میں نہیں ملا اور پھر اٹھارھویں صدی

marfat.com
Marfat.com

عیسوی کے شروع سے متروک ہو گیا ۔ جو خواتین "بشمقلیق" کی اہل اور مستحق سمجھی جاتی تھیں ان میں سلطان کی والدہ، بہنیں، بیٹیاں، اس کی بیویاں [قادینلر] اور اس کی کنیزیں (خاصکی) شامل تھیں ۔ یہ بات نہیں معلوم ہو سکی کہ ان میں سے ہر رشتے دار کو کس کس قیمت کی جاگیریں عطا ہوتی تھیں، یا واقعی اس کا کوئی مقررہ اصول تھا بھی کہ نہیں، لیکن اتنا ضرور معلوم ہے کہ یہ جاگیریں زندگی بھر کے لیے ہوتی تھیں اور سترھویں صدی عیسوی میں خالی شدہ فوجی جاگیروں کو ملا کر ان کی مقدار نامناسب طریقے پر محاصل کی معمولی حد (یعنی بیس ہزار آقچہ) سے بھی زیادہ بڑھا دی گئی تھی ۔ گو اٹھارھویں صدی عیسوی کے شروع سے بشمقلیق کی اصطلاح بالکل متروک ہو گئی، لیکن یہ جاگیری محاصل "خاص" کے نام سے شاہی حرم کی خواتین کے نام برابر جاری رہے اور چونکہ اس وقت تک قریب قریب تمام محاصل "مقاطعہ" کے ذریعے وصول ہونے لگے تھے لہٰذا یہ "خاص" ان رقموں پر مشتمل ہوتے تھے جو ٹھیکیداروں سے پیشگی وصول کر لی جاتی تھیں ۔ اٹھارھویں صدی کے آخر میں دستور یہ ہو گیا کہ یہ مقاطعات براہ راست خود خواتینِ متعلقہ کو مالکانہ کے طور پر یا زندگی بھر کے لیے دے دیے جاتے تھے، لیکن اصلاحات کے دور میں یہ عطیے ہمیشہ کے لیے ختم کر دیے گئے اور ان کے عوض انھیں سالانہ نقد وظیفے دیے جانے لگے ۔

**مآخذ**: (۱) قوچوبے: رسالہ، استانبول ۱۳۰۳ھ، ص ۱۷، ۳۴؛ (۲) Hammer: *Des Osmanischen Reichs Staatsverfassung*، ۲: ۳۴، ۱۰۹؛ (۳) اا، ت، کا مقالہ، از Gökbilgin؛ (۴) Gibb و Bowen: *Islamic Society and the West*، ج ۱، حصّۂ اوّل، بمدد اشاریہ.

(H. BOWEN)

* **بشیرؓ بن سعد**: ایک مدنی صحابی، جو بنو خزرج میں سے تھے اور جن کا شمار السابقون الاولون میں ہوتا ہے ۔ عقبۃ کے مقام پر رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم سے [اہلِ یثرب کی] دوسری ملاقات کے وقت وہ بھی موجود تھے ۔ وہ ہجرتِ نبویؐ کے بعد ہونے والے تمام غزوات میں شریک ہوے اور دو مہموں کی سرکردگی بھی کی ۔ ان میں سے ایک تو شعبان ۷ھ / دسمبر [۶۲۸ء] کو بنی مُرّۃ کے خلاف فدک کی طرف بھیجی گئی تھی اور دوسری بنو غطفان کے ایک لشکر کے خلاف، جسے عیینہ بن حصن مدینے پر حملہ کرنے کی غرض سے وادی القری اور فدک کے درمیان جمع کر رہا تھا ۔ پہلی مہم میں کامیابی نہیں ہوئی؛ خود (حضرت) بشیرؓ بڑی دلیری سے لڑے لیکن زخمی ہوے اور دشمن انھیں مردہ سمجھ کر چھوڑ گئے ۔ رات کے وقت وہ کسی نہ کسی طرح فدک میں ایک یہودی کے گھر پہنچے، وہاں چند روز تک پناہ گزین رہے اور پھر مدینے واپس آئے ۔ دوسری مہم، جس میں ان کے ساتھ تین سو آدمی تھے، کامیاب رہی ۔ عیینہ کی فوج منتشر کر دی گئی اور بہت سا مالِ غنیمت ہاتھ لگا ۔ اسی سال جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم صلح حدیبیہ کے مطابق، جو اس سے ایک سال پہلے ہو چکی تھی، عمرے کے لیے مکّۂ معظمہ تشریف لے گئے تو حضرت بشیرؓ اس مسلح دستے کے سالار تھے جو آپؐ کی حفاظت کے لیے ساتھ گیا تھا، لیکن مکّۂ معظمہ میں داخل نہیں ہوا تھا ۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم کے وصال کے بعد جب بعض اہلِ مدینہ نے ثقیفہ [بنی ساعدہ] میں جمع ہو کر آپؐ کی جانشینی کے لیے کسی انصاری کو منتخب کرنے کی کوشش کی تو حضرت بشیرؓ نے ان کے

marfat.com
Marfat.com

بجائے قریش کے دعوے کی حمایت کی ۔ وہ پہلے شخص تھے یا پہلے اشخاص میں سے ایک تھے جنھوں نے حضرت ابوبکر صدیق رض کی بیعت کرنے کا فیصلہ کن اقدام کیا ۔ آگے چل کر وہ عراق کی مہم میں بھی شریک ہوے اور جب حضرت خالد رض بن الولید نے الحیرہ فتح کیا تو وہاں موجود تھے ۔ حضرت بشیر رض نے ۱۲ھ / ۶۳۳ء میں عین التمر کے مقام پر رحلت فرمائی ۔ یہ بات پورے یقین سے نہیں کہی جا سکتی کہ وہ میدان جنگ میں لڑتے ہوے شہید ہوے یا زخمی ہو کر بعد میں انتقال کیا ۔ حضرت بشیر رض ان معدودے چند اصحاب میں سے تھے جو لکھنا جانتے تھے ۔ وہ نعمان بن بشیر [رک باں] کے والد تھے ۔

**مآخذ**: (۱) [ابن ہشام :] سیرة، ص ۳۰۸، ۳۹۸، ۶۷۱ تا ۶۷۲، ۹۷۵؛ (۲) ابن سعد، ۳ : ۲، ۸۳ ببعد؛ (۳) الطّبری، ۱ : ۱۰۹۲ تا ۱۰۹۳، ۱۰۹۶ تا ۱۰۹۷، ۱۸۳۲، ۱۸۴۴؛ (۴) البلاذری، ص ۲۴۴، ۲۴۸، ۴۷۴؛ (۵) الیعقوبی، ۲ : ۷۸، ۱۳۷؛ (۶) ابن الأثیر : الکامل، ۲ : ۱۷۲ ببعد، ۲۵۰ ببعد، ۳۰۳؛ (۷) أسد الغابة، ۱ : ۱۹۵؛ (۸) النّووی، ص ۱۷۴؛ (۹) ابن عساکر، دمشق ۱۳۳۱ھ، ۳ : ۲۶۱ تا ۲۶۳؛ (۱۰) الاغانی، ۱۳ : ۱۱۹ ببعد؛ (۱۱) Caetani : *Annali*، بمدد اشاریہ.

(W. 'ARAFAT)

* **بَشِیْر چَلَبِی**: ایک طبیب، جو نویں صدی ہجری / پندرھویں صدی عیسوی کے وسط میں نامور ہوا ۔ ایک مختصر رسالے حکایت بشیر چلبی نام کے رسالے (جس کے مخطوطے کی ہو بہو نقل I H. Ertaylan : تاریخ (مخطوطے کی عکسی طباعت، تاریخ ادرنہ : حکایت بشیر چلبی، در تورک ادبیاتی اور نکلری، ج ۳، استانبول ۱۹۴۶ء) کی رو سے محمد ثانی نے اپنی تخت نشینی کے فوراً بعد اسے قونیہ سے استانبول طلب کیا ۔ اس نے سلطان کے سامنے ادرنہ کی آب و ہوا کی خوبیاں بیان کیں اور قصر جدید کی تعمیر کے لیے جگہ تجویز کی (جو ۸۵۵ھ / ۱۴۵۱ء میں بننا شروع ہوا، قب وآ، ت، مقالۃ ادرنہ Edirne [از م ۔ طیب گوک بلگن]، ص ۱۱۷ ب).

اس سے جو عثمانی تاریخ منسوب کی جاتی ہے (تواریخ آلِ عثمان، در تورک ادبیاتی اورنکلری ج ۴، استانبول ۱۹۴۶ء) وہ در اصل Giese کا ایک دوسرا مخطوطہ ہے *Anonymous Chronicles* (جیسا کہ عدنان ارضی نے ثابت کیا ہے (*Bell.*، ۱۳، ۱۹۴۹ء : ۱۸۱ تا ۱۸۵) : یہ مخطوطہ Giese کے مخطوطۂ وی انا (۲) = مخطوطۂ فلوگل، عدد ۹۸۳ سے بہت قریب ہے) ۔ بشیر چلبی نہ اس تاریخ کا مصنّف ہے، نہ تاریخ ادرنہ کا.

**مآخذ**: (۱) عثمان نوری پریجی : ادرنہ تاریخی، استانبول ۱۹۴۰ء، ص ۱۶۷؛ (۲) A. Süheyl Ünver : فاتح و حکیم بشیر چلبی، در تورک طب تاریخی آرشیوی، ص ۲۱ تا ۲۲، ۱۹۴۳ء؛ (۳) وہی مصنّف : *Fatih Külliyesi ve Zamanı İlim Hayatı*، استانبول ۱۹۴۶ء، ص ۱۶۷، ۲۲۶ تا ۲۲۷؛ (۴) وہی مصنّف : *İlim ve Sanat Bakimindan Fatih Devri Notlari*، بار اول، استانبول ۱۹۴۸ء، ص ۱۳ تا ۱۶؛ (۵) وہی مصنّف : *Edirnede Fatih'in Cihannümâ Kasri*، استانبول ۱۹۵۳ء، ص ۱۷ تا ۱۸.

(V. L. MÉNAGE)

**بَشِیْر شہاب ثانی**: (بن قاسم بن عمر حیدر الشہابی) امیر لبنان (۱۷۸۸ تا ۱۸۴۰ء) ۔ وہ ۱۱۸۰ھ / ۱۷۶۷ء میں بمقام غزیر پیدا ہوا ۔ ابتدائے عمر ہی میں باپ کے سائے سے محروم ہو گیا اور جلد ہی اسے لبنان کے دارالحکومت دیر القمر کے میدانِ سیاست میں قسمت آزمائی پر مجبور ہونا پڑا ۔ وہ ایک قوی ہیکل، ذہین اور محتاط و دور اندیش انسان تھا، چنانچہ زیادہ عرصہ نہیں گزرا تھا کہ لوگوں کی نظریں لبنان کی گورنری کے ایک امیدوار

Marfat.com

کی حیثیت سے اس پر پڑنے لگیں۔ ایک دولت مند اور طاقتور جاگیر دار، شیخ قاسم جنبلاط نے سب سے پہلے بشیر کی خداداد صلاحیتوں اور ممکنات کا صحیح اندازہ کیا۔ اس کی طرف سے قیام مراسم کی ابتدائی کوششیں کامیاب رہیں اور قاسم و بشیر حلیف و دوست بن گئے۔ ۱۷۸۸ء میں انھیں مشترکہ عملی قدم اٹھانے کا موقع مل گیا۔ سیدون، طرابلس الشام اور دمشق کے ترک پاشاؤں کے عائد کردہ بھاری محاصل سے عاجز آ کر لبنان کے گورنر امیر یوسف شہاب نے عام صورت حال پر غور و مشورہ کے لیے ملک کے ممتاز افراد کا ایک اجلاس دیرالقمر میں بلایا۔ حاضرین کو بڑا تعجب ہوا جب اس نے سیدون کے جزار پاشا [رک بآں] سے مناہمت میں ناکامی کا اعتراف کرتے ہوئے جانشین کے متعلق مشورہ طلب کیا۔ شیخ قاسم اور اس کے حامیوں نے نوجوان بشیر کا نام تجویز کیا تو امیر یوسف نے ان سے اتفاق کیا؛ چنانچہ معمول کے مطابق بشیر نے عکّا کا سفر اختیار کیا، جہاں جزار پاشا کا قلعہ واقع تھا؛ وہ لوٹا تو لبنان کا گورنر تھا۔

جزار پاشا ایک حریص اور سازشی آدمی تھا۔ اس نے ۱۲۰۹ھ / ۱۷۹۴ء میں لبنان کے بہت سے ممتاز سرداروں کو بغاوت پر اکسایا اور امیر یوسف کے ایک بیٹے کو لبنان کی گورنری کا لالچ دیا۔ پھر بشیر سے ایک رقم خطیر لے کر امداد کا وعدہ کر لیا۔ پاشا کی حرص و آز کے لیے تسکین کا انتظام کر کے بشیر داخلی استحکام کے کام میں مصروف ہو گیا۔ ۱۷۹۴ء میں اس نے جنبلاطوں اور آمد امرا کو اس بات کی اجازت دے دی کہ خود اس کے دیوان میں بہت سے نکد سرداروں کو قتل کر ڈالیں۔ پھر اس نے جنبلاطوں کی مدد سے امد امرا کو لبنان چھوڑنے اور کہیں اور پناہ گزین ہونے پر مجبور کر دیا (۱۷۹۹ء، ۱۸۰۸ء، ۱۸۱۹ء)۔ ۱۲۳۷ھ/۱۸۲۲ء میں اس نے جنبلاطوں سے بھاری رقمیں طلب کیں اور ۱۸۲۴ء میں انھیں میدان جنگ میں شکست دے کر بھگا دیا۔ اسی دوران میں بشیر نے مقامی دستوں کو مضبوط کرنا شروع کیا اور انھیں شام و فلسطین میں سب سے زیادہ طاقتور فوج بنا دیا۔ اس کے پندرہ ہزار سپاہی مجموعی طور پر شام کے تمام پاشاؤں کی مجموعی فوج پر بھاری تھے۔ مزید براں لبنانی سپاہی بڑے جانباز اور ہتیاروں کے استعمال میں انتہائی چابک دست تھے۔

اس اثنا میں بشیر عیسائی بطریقوں اور اسقفوں کو جو امدادی رقمیں دیتا رہتا تھا ان کی بدولت، نیز مذہبی رواداری کے باعث، اسے مذہبی حلقوں نیز فرانسیسی قونصل کی مدد حاصل ہوتی گئی۔ ۱۸۱۷ء میں پوپ پائس ہفتم (Pius VII) نے امیر کی مذہبی رواداری کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اسے ایک ذاتی خط لکھا۔ پوپ گریگوری شانزدهم (Gregory XVI) نے ۱۸۳۵ء میں امیر کو باوفا بیٹا کہہ کر خطاب دیا اور تبدیلی مذہب پر اسے سراہا؛ لیکن اپنے ہم‌مذہب دروزیوں کے ساتھ بشیر کا سلوک بالکل مختلف تھا۔ اس کے عہد تک دروزیوں کا صرف ایک مذہبی سربراہ ہوتا تھا، جسے شیخ العقل کہتے تھے؛ بشیر نے ایک اور سربراہ کا اضافہ کر دیا اور یوں اسے اپنے ہمسر کے مقابل لا کھڑا کیا۔

بشیر کی سب سے بڑی آرزو یہ تھی کہ مقامی ترکوں کی سازشوں کا قلع قمع کر کے لبنان کی تاریخی خود مختاری محفوظ کر لے؛ چنانچہ اس نے فلسطین میں نپولین کی پیشقدمی کے وقت ہوشیاری اور چالاکی سے کام لیتے ہوئے نہ تو واضح طور پر اس کی حمایت کی نہ مخالفت۔ جونہیں فرانسیسی فوجیں مصر کی طرف ہٹیں وہ بذات خود وزیر اعظم (سلطنت عثمانیه) کے مستقر العریش پہنچا (۱۷۹۹ء)

marfat.com
Marfat.com

بشیر شہاب ثانی

اور ایک شاہی فرمان حاصل کر لیا، جس کی رو سے لبنان براہِ راست بابِ عالی کے ماتحت آ گیا ۔ وزیر اعظم کی وفات کے بعد اس فرمان کی کوئی حیثیت باقی نہ رہی اور بشیر کو دوسرے ذرائع اختیار کرنے پڑے ۔ جزار کا جانشین سلیمان پاشا (۱۸۰۴ تا ۱۸۱۹ء) نسبۃً حلیم و شفیق تھا اور بشیر نے دمشق کے کنج پاشا کی حرص و آز اور حد سے بڑھی ہوئی ہوس کا سدّباب کرنے کے لیے سلیمان پاشا کی خوشنودی حاصل کر لی ۔ ۱۸۱۰ء میں یوسف کنج پاشا نے دعوٰی پیش کر دیا کہ بقاع کی زرخیز وادی اس کے زیرِ اقتدار رہنی چاہیے ۔ جب ہر طرح کی کوششیں پاشا کو اس ارادے سے باز نہ رکھ سکیں تو بشیر نے پندرہ ہزار فوج کے ساتھ دمشق پر چڑھائی کر دی اور پاشا مصر بھاگ گیا ۔ ۱۸۲۰ء میں بشیر کو اسی مقصد کے لیے دمشق پر دوبارہ فوج کشی کرنی پڑی ۔ ایک سال بعد درویش باب عالی کی خوشنودی حاصل کرنے میں کامیاب ہو گیا اور اس نے بشیر کے حلیف عبداللہ پاشا پر چڑھائی کر دی ۔ اس موقع پر درویش کو اپنے رفیق پاشاے حلب سے بھی معتدبہ مدد ملی ۔ عبداللہ عکّہ میں قلعہ بند ہو گیا ۔ بشیر نے مصر سے اعانت طلب کی (۱۸۲۱-۱۸۲۲ء) ۔

اسی زمانے میں محمد علی پاشا [رک بآں] حاکم مصر اپنی خود مختاری کی بنیادیں استوار کر رہا تھا ۔ اسے باب عالی کے مخالفانہ ارادوں کا اندازہ ہو چکا تھا اور وہ اپنے آپ کو جنگ آزادی کے لیے تیار کر رہا تھا ۔ اسے امیر بشیر کی فوجی قوت اور جنگی نقطۂ نظر سے کوہ لبنان کی اہمیت کا پورا اندازہ تھا ۔ دونوں نے باہم تبادلۂ خیال کیا اور اس صورت حال کے متعلق ان میں کامل اتفاق ہو گیا ۔ محمد علی نے باب عالی میں عبداللہ پاشا کی سفارش و حمایت کی اور بشیر اپنے مقصد میں کامیاب ہو کر لبنان واپس آیا ۔

۱۲۴۷ھ/ ۱۸۳۱ء میں محمد علی نے ضرب لگانے کا فیصلہ کر لیا ۔ سلطان نے یونان اور روس کی جنگ میں سخت نقصانات اٹھائے تھے اور ۱۸۲۶ء میں ینی چریوں کی فوج توڑ ڈالی تھی ۔ باب عالی کے سفیروں نے (محمد علی کے خلاف امداد حاصل کرنے کے سلسلے میں) وعدہ کیا کہ کوہ لبنان کے حقوق و مراعات کا پورا احترام کیا جائے گا، لیکن بشیر کا جواب یہ تھا کہ ”جن لوگوں کو آپ نے ہمیشہ نظر انداز کیا ہے ان سے کسی مدد کی توقع نہیں رکھنی چاہیے“ ۔ لبنانی فوجیں طرابلس الشام میں عثمان پاشا سے لڑیں، دمشق پر چڑھائی کرنے والے لشکر میں شامل ہوئیں اور شمالی جانب حلب تک مصری لشکر کے سلسلۂ رسد اور عقب کی حفاظت کی ۔ اس کے بدلے میں محمد علی پاشا نے لبنان کے قدیم حقوق تسلیم کر لیے اور وعدہ کیا کہ وہ داخلی مسائل میں براہ راست مداخلت نہیں کرے گا (۱۸۳۳ء تا ۱۸۴۰ء) ۔ [فلپ حتی نے ذکر البطل الفاتح ابراہیم پاشا کے حوالے سے لکھا ہے کہ شام کے مفتوحہ شہر بشیر کے بیٹوں کی فوجی حکومت میں دے دیے گئے؛ خود بشیر کو شام کا گورنر بنانے کی پیش کش کی گئی، مگر اس نے انکار کر دیا، تاریخ لبنان، صفحہ ۴۲۱] ۔ چونکہ سلطان نئی صورتِ حال کو عزت و وقار کے منافی سمجھتا تھا اس لیے محمد علی پاشا کو ایک اور آزمائش کے لیے تیار رہنا پڑا ۔ مطلب یہ کہ اسے فوج کے لیے مزید آدمیوں اور روز افزوں اخراجات کے لیے مزید روپے کی ضرورت پیش آئی، لہٰذا اس کے سوا چارہ نہ رہا کہ لوگوں سے ہتھیار لے لیے، فوجی بھرتی لازم قرار دے دے اور نئے محاصل لگائے ۔ لبنانیوں کی ذہنیت سے ناواقف ہونے کے باعث اس نے حکم دے دیا کہ نئے قوائد کا اطلاق لبنان و حوران کے

Marfat.com

دروزی کوہستانی علاقے پر بھی ہو اور اس کے نتائج بھی اسے بھگتنے پڑے - ۱۸۳۷ - ۱۸۳۸ء کے موسم خزاں و سرما میں حوران کے اندر شورش کی آگ بھڑک اٹھی اور کئی ہزار مصریوں کو جان سے ہاتھ دھونے پڑے - ۱۲۰۳ھ / ۱۸۳۸ء میں لبنان شرقی (Anti Lebanon) کے اندر مصریوں کو پھر ایک بار تباہ و برباد کیا گیا۔

مصری فوجوں اور عثمانی لشکر کے درمیان تصادم کا جو خطرہ در پیش تھا وہ بالآخر ۱۸۳۹ء کے موسم گرما کے اوائل میں ترکی سرحد پر نزب کے مقام پر رونما ہو گیا - مصریوں نے ترکوں کو شکست دے کر بھگا دیا تھا اور اب قسطنطینیہ (استانبول) کی طرف ان کی پیش قدمی کا اندیشہ لاحق تھا - معاہدہ خُونکار اِسکلہ سی (۱۸۳۳ء) کی رو سے روس پر لازم تھا کہ وہ ترکی کو مدد دے اور چونکہ فرانس برابر محمد علی پاشا کی حمایت کر رہا تھا اس لیے ایک بار پھر ''المسئلۃالشرقیہ'' زیر بحث آ گیا - برطانوی اور ترکی سفیر بھیس بدل کر لبنان پہنچے اور امیر بشیر کی حمایت حاصل کرنے کی کوشش کی - امیر نے خود تو دامن بچایا لیکن لبنانی ہتیار سنبھال کر علانیہ بغاوت پر اتر آئے - ۱۲۵۶ھ/ ۱۸۴۰ء کے موسم گرما تک فرانس تن تنہا رہ گیا اور دولِ عظمٰی نے، جن میں روس بھی شامل تھا، معاہدۂ لنڈن پر دستخط کر دیے؛ اتحادی بحریہ کے دستے لبنانی سمندروں میں پہنچ گئے اور ایک ترکی فوج خلیج جونیہ (Junieh) کے کنارے اتر آئی - لبنانی، ترکی اور نیلی پوش دستوں نے بھرسف کے مقام پر ابراہیم پاشا کو شکست دی اور بشیر ثالث کے لیے لبنان کی گورنری کا اعلان ہو گیا - بشیر ثانی نے سیدون میں اپنے آپ کو برطانیہ کے حوالے کر دیا اور اسے جلا وطن کر کے مالٹا بھیج دیا گیا - کئی ماہ بعد اسے ایشیائے کوچک میں سکونت پذیر ہونے کی اجازت مل گئی - اس نے ۱۸۵۱ء میں وفات پائی اور اسے غَلَطہ (قسطنطینیہ) کے ارمنی کیتھولک کلیسا میں دفن کیا گیا - جب ۱۹۴۶ء میں لبنان کو وہ آزادی حاصل ہوئی جس کے لیے بشیر کوشاں رہا تھا تو جمہوری حکومت نے اس کی لاش لبنان منگا لی [فلپ حتّی کا بیان ہے کہ ۱۰ اکتوبر ۱۸۴۰ء کو بشیر کی حوالگی عمل میں آئی تھی اور کہا گیا تھا کہ شام و فرانس کے باہر جہاں رہنا چاہو انتظام کر دیا جائے گا - وہ اپنی بیوی، تین بیٹوں، پوتوں، شاعر سکرٹری بطراس طرامہ، سونے سے بھری ہوئی تھیلیوں اور خزانے کے ساتھ مالٹا چلا گیا - ستّر سپاہی ساتھ تھے - گیارہ مہینے کے بعد وہ قسطنطینیہ منتقل ہو گیا - وہیں ۱۸۵۰ء میں اس نے وفات پائی اور اس کی لاش ۱۹۴۷ میں لبنان لا کر ''بیت الدین'' کے خاندانی گورستان میں دفن کی گئی (تاریخ لبنان، ص ۴۲۵)]۔

**مآخذ**: (الف) دستاویزات: (۱) A. J. Rustum: *Corpus of Arabic Documents relating to the History of Syria under Mehemet Ali Pasha*، ۱۸۳۱ تا ۱۸۴۱ء، ۵ جلدیں، بیروت ۱۹۳۰ تا ۱۹۳۴ء؛ (۲) وہی مصنّف: *Calendar of State Papers relating to the Affairs of Syria*، ۱۸۰۵ تا ۱۸۴۱ء، ۴ جلدیں، بیروت ۱۹۴۰ تا ۱۹۴۳ء؛ (۳) *Correspondence relative to the Affairs of the Levant, British Parliamentary Papers*، لنڈن؛ ۱۸۴۱ء، تا ۱۸۴۳ (۴) G. Douin: *La Première Guerre de Syrie*، ۲ جلدیں، قاہرہ ۱۹۳۱ء؛ (۵) E. Driault: *L' Egypte et l'Europe*، ۱۸۳۹ تا ۱۸۴۱ء، ۴ جلدیں، قاہرہ ۱۹۳۰ تا ۳۳ ۱۹ء۔

(ب) بیانات: (۶) H. Chehab: *Le Liban à l'Époque des Emirs Chehabs* (طبع Rustum و Boustany)، ۳ جلدیں، بیروت ۱۹۳۳ء؛ (۷) طَنُّوس الشِّدیاق: اَخبار الاَعیان، بیروت ۱۸۵۹ء

marfat.com
Marfat.com

(بار دوم ۱۹۰۳ء) [(۸) الزرکلی : الاعلام، بذیل مادّہ؛ (ج) تذکرے اور ملاحظات : (۹) R. Baz : *Memoires*، بیروت ۱۹۰۶ء؛ (۱۰) H. Guys : *Beyrout et le Liban*، پیرس ۱۸۵۰ء؛ (۱۱) F. Perrier : *La Syrie sous le Gouvernement de Mehemet Ali*، پیرس ۱۸۴۲ء.

(د) جدید تصنیفات : (۱۲) H. Lammens : *La Syrie* ج ۲، بیروت ۱۹۲۲ء؛ (۱۳) M. Chebli : *Une histoire du Liban*، بیروت ۱۹۰۰ء؛ (۱۴) P.K. Hitti : *Lebanan in History*، لندن ۱۹۰۷ء؛ (۱۵) A. J. Rustum : *Bechir II entre le Sultan et le Khedive*، بیروت ۱۹۰۶ - ۱۹۰۷ء - مزید کتابوں کے حوالوں کے لیے دیکھیے: (۱۶) A.J. Rustum : *Origins of the Egyptian Expedition to Syria*، بیروت ۱۹۳۶ء.

(A. J. RUSTUM)

**البصرہ** : (قرونِ وسطٰی کے یورپ میں بلسورہ Balsora؛ ٹےورنیر Tavernier کے ہاں بلسرا Balsara؛ دور حاضر کے روایت پسند اہلِ یورپ کے ہاں بصرا، بصرہ، بصّورا) - زیریں دوآبہ عراق کا ایک قصبہ جو شطّ العرب پر بغداد سے جنوب مشرق میں ۲۷۹ میل (= ۴۲۰ کیلومیٹر) کے فاصلے پر واقع ہے - مرورِ ایام سے اس کی جگہ کچھ بدل گئی ہے، ہمیں قدیم بصرے (موجودہ موضع ''زبیر'') اور جدید بصرے کا فرق ملحوظ رکھنا چاہیے (جس کی بنیاد گیارھویں صدی ھجری/اٹھارھویں [بہ تصحیح سترھویں] صدی عیسوی میں قدیم شہرِ الاُبُلّہ [رکّ باں] کے آس پاس رکھی گئی تھی - یہیں سے جدید بصرے کی حد شروع ہوتی ہے - قصبے کے اتنی جلدی ترقی کر جانے کا سبب تیل کے چشموں کی دریافت ہے، جو زبیر کے مغرب میں پائے گئے.

۱ - البصرہ، تاتاریوں کی فتح (۶۵۶ھ/۱۲۵۸ء) تک :-

یہ قصبہ غالبًا اس جگہ بسایا گیا جہاں قدیم شہر دریدیتس Diriditis (یا تریدون Teredon) [فرات کی ایک شاخ یا نہر کے مغربی کنارے] آباد تھا - [زمانۂ قدیم کی اٹلسوں میں یہ نام مل جاتا ہے - نظر بظاہر بصرے کا موقع اور محل وہ نہیں جو تریدون کا تھا] - زیادہ یقینی امر یہ ہے کہ نئی اسلامی بستی وہشت آباذ اردشیر نامی ایرانی بستی کے آثار پر وجود میں آئی - ۱۴ھ / ۶۳۵ء میں حضرت رسول اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم کے صحابی عُتبہؓ بن غَزوان [رکّ باں] قدیم ایرانی چوکی کے کھنڈروں پر خیمہ زن ہوئے، جسے عربوں نے الخُرَیبہ (چھوٹا سا خرابہ) کا نام دے رکھا تھا - پھر امیرالمؤمنین حضرت عمرؓ بن الخطّاب کے حکم سے اس مقام کو فوجی چھاؤنی کی غرض سے منتخب کرلیا (۱۷ھ/۶۳۸ء)؛ یہی چھاؤنی قصبۂ بصرہ کی بنیاد بنی (اس کا نام غالبًا وہاں کی زمین کی کیفیت کی بنا پر رکھا گیا تھا) [کہا جاتا ہے ''بصرہ'' کے لفظی معنی ہیں ''سیاہ سنگریزے'' - چونکہ یہاں ایسے سنگریزے تھے، لہذا یہ نام رکھ لیا گیا] - یہ مقام شطّ العرب سے تخمینًا پندرہ کیلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے - یہاں فوجی چھاؤنی بنانے کی غرض یہ تھی کہ عراق، خلیج فارس اور ایران کے راستے کی نگرانی کی جا سکے - یہ مقصد بھی تھا کہ آئندہ فرات و دجلہ کے مشرق کی طرف شروع ہونے والی مہموں کے لیے یہ مقام نقطۂ آغاز بن سکے - ایک ضمنی فائدہ بھی ہوا کہ یہاں کی آبادکاری کا انتظام ہو گیا - شروع شروع میں یہاں کے مسکن سیدھے سادے جھونپڑوں پر مشتمل تھے، جو سرکنڈوں سے بنائے جاتے تھے - سرکنڈے آس پاس کی بطائح [رکّ بہ البطیحۃ] سے بآسانی فراہم ہو سکتے تھے - بعد میں چھوٹی چھوٹی دیواریں بنا کر انھیں کسی قدر پختہ کر دیا گیا - پھر

marfat.com
Marfat.com

ایک آتشزدگی کے بعد مکان خام اینٹوں سے از سرِ نو تعمیر کیے گئے - زیاد بن [ابیہ] کا عہد آیا تو خام اینٹوں کی جگہ پختہ اینٹوں نے لے لی اور البصرہ واقعی ایک قصبے کی شکل اختیار کرنے لگا - اس میں ایک نئی جامع مسجد، دارالامارۃ، شہر پناہ اور اس کے گردا گرد خندق تھی - یہ سب کچھ ۱۵۵ھ/ ۷۷۱ - ۷۷۲ء میں مکمل ہوا - شہر کے لیے پینے کے پانی کا معاملہ برابر ایک نازک مسئلہ بنا رہا اور اگرچہ متعدد نہریں بھی کھودی گئیں اور قدیم دریائے Pallacopas کے طاس سے بھی کام لیا گیا تاکہ قصبے کے لیے دریائی بندرگاہ کا انتظام ہو جائے، تاہم باشندگان البصرہ کو اپنی ضرورتیں پوری کرنے کے لیے دریائے دجلہ تک جانا ہی پڑتا تھا۔

ان صعوبتوں پر موسم کی ستم رانیاں البصرے کے فوجی مرکز کو بڑا شہر بننے میں یقیناً حائل ہو جاتیں، لیکن سیاسی، اقتصادی اور نفسیاتی عوامل اتنے قوی تھے کہ اہل البصرہ قصبے میں جمے رہے اور شہر کی ترقی کا سلسلہ جاری رہا، تاآنکہ دوسرے اسباب بیچ میں حائل ہو گئے: اول شہر بغداد کی تأسیس، پھر مرکزی قوت کا انحطاط اور ملک میں افراتفری کا دور دورہ - نتیجہ یہ ہوا کہ جس سرعت سے شہر ترقی کر گیا تھا ان عوامل کے سبب اسی سرعت سے اس کا زوال انتہا پر پہنچ گیا۔

ابتدا ہی سے البصرہ فاتح عرب فوجوں کے لیے بھرتی کا ایک مرکز تھا - اہل البصرہ نے جنگ نہاوند (۲۱ھ/ ۶۴۲ء) نیز اصطخر، فارس، خراسان اور سجستان کی تسخیر (۲۹ھ/ ۶۵۰ء) میں حصہ لیا - اس مرحلے پر یہ فوجی مرکز اپنا طبعی کردار ادا کر رہا تھا، لیکن جب مال غنیمت کی وفور ہونے لگا تو اہل البصرہ کو بھی اپنی اہمیت کا احساس ہونے لگا۔ پھر واقعات کی رفتار تیز تر ہو گئی اور اسی قصبے میں جنگ جمل [رک بہ الجمل] پیش آئی، جس میں مسلمان پہلی بار اپنے مسلمان بھائیوں کے خلاف نبرد آزما ہوے (۳۶ھ/۶۵۶ء) - اگلے سال (۳۷ھ/۶۵۷ء) اہل البصرہ نے صفّین [رک باں] کی جنگ میں حضرت علیؓ کی حمایت کی - عین اسی وقت البصرہ سے اولین ''خارجیوں'' کی خاصی تعداد فراہم ہوئی - ۴۱ھ/۶۶۲ء میں امیر معاویہؓ نے البصرہ میں از سرِ نو اموی اقتدار بحال کیا اور ۴۵ھ/ ۶۶۵ء میں زیاد کو وہاں بھیج دیا - ایک حد تک اس قصبے کی خوشحالی کا ذمے دار زیاد ہی تھا - اس وقت البصرہ پانچ قبائلی حلقوں (خمس، جمع: اخماس) میں منقسم تھا: اول اہل العالیہ (حجاز کے بالائی علاقے کے باشندے)، دوم بنو تمیم، سوم بنو بکر بن وائل، چہارم بنو عبدالقیس اور پنجم بنو ازد - البصرہ کے فوجی سرداروں کا طبقہ انھیں عرب عناصر سے مرکب تھا - ''سوالی'' میں اصل باشندے (جو بلا شبہہ نسبةً بہت کم تھے) اور باہر سے آئے ہوے گروہ (ایرانی، ہندی، سندھی، ملائی، زنجی وغیرہ) شامل تھے - انھوں نے اپنے آقاؤں کے تنازعات کو اپنا لیا تھا، جن کی قدیم قبائلی عصبیت کا زور رفتہ رفتہ ہی ٹوٹا - عبیداللہ بن زیاد کے عہد امارت میں مقامی حالت اور بھی زیادہ خراب ہو گئی - اس کی وفات (۶۴ھ / ۶۸۳ء) پر شدید فسادات برپا ہو گئے - ایک عرصے کی بدنظمی کے بعد البصرہ حامیانِ عبداللہ ابن زبیر کے زیرِ اقتدار آ گیا اور ۷۲ھ / ۶۹۱ء تک انھیں کے پاس رہا - اگلے چند برس میں شورشیں دبانا ہی بنو امیہ کا اولین کام رہا - ان میں سے اہم ترین شورش ابن الاشعث [رک باں] کی تھی (۸۱ھ/ ۷۰۱ء) - پھر الحجاج کی موت (۹۵ھ/ ۷۱۳ء) تک امن و امان کا دور دورہ رہا - بعد ازاں مہلّبیوں کی بغاوت (۱۰۱ - ۱۰۲ھ / ۷۱۹ - ۷۲۰ء)

marfat.com
Marfat.com

اور چند ایک چھوٹی چھوٹی شورشوں نے مزید ابتری پیدا کر دی - عباسیوں کا دور آیا تو البصره کسی شدید دشواری کے بغیر ان کے قبضے میں چلا گیا؛ لیکن نئے دارالخلافہ کے قرب کی وجہ سے البصره کی نیم خود مختار حیثیت ختم ہو گئی جو اسے اول روز سے حاصل تھی - اس کے بعد سے یہ محض ایک معمولی صوبائی قصبہ رہ گیا، البتہ وہاں وقتاً فوقتاً ایسی بغاوتیں ہوتی رہیں جو سیاسی کم اور سماجی زیادہ تھیں - ان میں پہلی بغاوت زطّ [رکّ بآں] کی تھی، جس کی بدولت ۲۰۵ھ/۸۲۰ء سے ۲۲۰ھ/۸۳۵ء تک اس علاقے میں دہشت اور خوف و ہراس کا دور جاری رہا - پھر زنج [رکّ بآں] (صاحب الزنج) کی بغاوت پیش آئی، جس نے ۲۵۷ھ/۸۷۱ء میں زور پکڑا - آخری بغاوت قرامطہ کی تھی، جنھوں نے ۳۱۱ھ/۹۲۳ء میں البصره کو تاخت و تاراج کیا - کچھ عرصے کے بعد یہ آل برید [رکّ بہ برید] کے ہاتھوں میں پڑ گیا - ان سے ۳۳۶ھ/۹۴۷ء میں آل بویہ [رکّ بآں] نے چھین لیا - ازاں بعد یہ بنو مزید [رکّ بآں] کے زیر نگین آ گیا - اور اس کی خوشحالی پھر سے عود کر آئی - بایں ہمہ نئی شہر پناہ ۵۱۷ھ/۱۱۲۳ء میں اس قدیم شہر پناہ سے دو کیلومیٹر اندر کی طرف تعمیر کی گئی، جو پانچویں صدی ہجری / گیارھویں صدی عیسوی میں برباد ہو گئی تھی اور یہ قصبے کے زوال و انحطاط کا واضح ثبوت ہے - گردونواح کے بدویوں (بالخصوص المنتفق) نے سیاسی انتشار سے فائدہ اٹھاتے ہوے البصره کو غارت گری کا تختۂ مشق بنا لیا - ابن حوقل کی کتاب کے ایک ناقل کا بیان ہے کہ ۵۳۷ھ/۱۱۴۲-۱۱۴۳ء سے متعدد عمارات منہدم کر دی گئیں - ہمارے زمانے میں ایک مسجد (جو مسجد علی کے نام سے مشہور ہے)، نیز حضرات طلحہؓ، زبیرؓ، ابن سیرینؓ اور حسنؓ بصری کے مزارات کے سوا قدیم البصره کا کوئی نشان باقی نہیں رہا -

البصره دوسری صدی ہجری/آٹھویں صدی عیسوی کے دوران، نیز تیسری صدی ہجری / نویں صدی عیسوی کے آغاز میں کمال عروج کو پہنچ گیا اور اس کی آبادی بہت ہی بڑھ گئی تھی - اگرچہ باشندوں کی تعداد میں بہت اختلاف ہے (دو لاکھ نفوس سے لے کر چھے لاکھ تک)، تاہم اس میں شک نہیں کہ البصره ازمنۂ وسطٰی کا بہت بڑا شہر تھا، بلکہ اسے واقعی ام البلاد کہنا چاہیے: یہ ایک تجارتی مرکز بھی تھا؛ وہاں مِربَد (اونٹ بٹھانے کی جگہ) تھا، جہاں قافلے آ کر ٹھیرا کرتے تھے؛ دریائی بندرگاہ تھی، یعنی ''الکلاء'' (= کشتیوں کے ٹھیرنے کی جگہ)، جہاں خاصے بڑے جہاز لنگر انداز ہو سکتے تھے - یہودیوں، مسیحیوں اور دوسرے غیر عرب سرمایہ داروں کی بدولت یہ ایک بڑا مرکز مالیات بھی بن گیا تھا - اسلحہ سازی کے کارخانوں نے البصره کو ایک صنعتی مرکز بنا دیا تھا - پھر اس اعتبار سے اسے زرعی مرکز بھی کہہ سکتے تھے کہ یہاں بےشمار قسم کی کھجوریں ہوتی تھیں - سب سے آخر میں یہ کہ البصره نہایت زبردست دینی و علمی سرگرمیوں کا مرکز بھی تھا - ''در حقیقت البصره وہ بھٹی ہے جہاں پہلی اور چوتھی صدی ہجری کے درمیان (۱۶ھ/۶۳۷ء سے ۳۱۱ھ/۹۲۳ء تک) اسلامی ثقافت کلاسیکی سانچے میں ڈھل کر نکھری'' (L. Massignon) - یاد رکھنا چاہیے کہ البصره ہی وہ مقام ہے جہاں عربی صرف و نحو نے جنم لیا اور سیبویہ اور خلیل بن احمد [رکّ بآں] نے اسے چار چاند لگا دیے - واصل بن عطاء، عمرو بن عبید، ابوالہذیل، النظّام اور متعدد دوسرے اصحاب کی آغوش میں معتزلیت یہیں پروان چڑھی - یہی وہ شہر تھا جہاں ابو عمرو بن العلاء، ابو عبیدہ، الاصمعی

Marfat.com

اور ابوالحسن المدائنی ایسے فضلا پیدا ہوے جنھوں نے اشعار اور تاریخی روایتیں جمع کرکے آنے والے مصنفوں کے لیے مواد فراہم کیا ۔ مذہبی حلقوں میں درخشانی علوم کمال پر پہنچ گئی ۔ حسن بصری اور ان کے عقیدت مندوں نے تصوف کی بنیاد بھی یہیں رکھی ۔ شعر و شاعری کے میدان میں عہد امیہ کے بڑے بڑے شاعر اور بشار بن برد اور ابو نواس ایسے تجدد پسند شعرا، اسی سر زمین سے اٹھے ۔ البصرہ کے بارے میں آخری اہم بات یہ ہے کہ یہیں عربی نثر نے ابن المقفع، سہل بن ہارون اور الجاحظ کی مساعی سے جنم لیا ۔ تیسری صدی ہجری / نویں صدی عیسوی کے بعد ذہنی اور علمی انحطاط اتنا نمایاں نہیں جتنا سیاسی اور اقتصادی زوال تھا ۔ ابن سوار کو خدا جزاے خیر دے کہ اس کے طفیل البصرہ کو ایک ایسا کتب خانہ مل گیا جسے غیر فانی شہرت حاصل ہے ۔ اخوان الصفاء اور الحریری نے قدیم شہر کی عزت و آبرو برقرار رکھنے میں حصہ لیا، لیکن ان کے زمانے میں عرب ثقافت عمومی طور پر رو بہ تنزل تھی ۔ بغداد کے علاوہ صوبائی صدر مقامات نے البصرہ کو پس پشت ڈال دیا تھا ۔

**مآخذ** : البصرہ کی تاریخ کم از کم چار مصنفوں نے لکھی تھی : عمر بن شبہ، المدائنی، الساجی اور ابن الاعرابی، لیکن ان کی کتابیں نہیں ملتیں، لہذا یہاں البلاذری، الطبری، ابن سعد، ابن الاثیر، ابن الفقیہ، الاصطخری، المقدسی، الادریسی، یاقوت وغیرہم کی عظیم کتب تاریخ و سیرت و جغرافیہ کا حوالہ ہی دیا جا سکتا ہے ۔ مزید برآں انھیں کتابوں سے استفادہ کرنے والوں میں مندرجۂ ذیل قابل ذکر ہیں : (۱) L. Caetani : *Annali* ، ۳ : ۲۹۲ تا ۳۰۹، ۶۹۹ تا ۸۴۷؛ نیز دیکھیے : (۲) وہی مصنف : *Chronographia*، بمواضع کثیرہ؛ (۳) Le Strange، ص ۴۴ تا ۴۶؛ (۴) Ch. Pellat : *Le Milieu baṣrien et la formation de Ǧāḥiẓ*، پیرس ۱۹۵۳ء، جس میں شہر کی پوری تاریخ یوم تأسیس سے تیسری صدی ہجری / نویں صدی عیسوی کے وسط تک، مع فہرست مآخذ، موجود ہے؛ نیز (۵) J. Saint-Martin : *Recherches sur l'histoire et la géographie de la Mésène et de la Characène*، پیرس ۱۸۳۸ء، ۳۷ ببعد؛ (۶) Rawlinson : *The five great Monarchies*، ۳ : ۲۹۰؛ (۷) ناصر خسرو : سفر نامہ؛ شہر کی قدیم جغرافیائی تاریخ پر دیکھیے : (۸) صالح العلی کا مبسوط مقالہ خطط البصرہ، در *Sumer*، ۱۹۵۲ء، ص ۷۲ تا ۸۳، ۲۸۱ تا ۳۰۳ (اس مجلّہ کے بعد کے شمارے بھی دیکھیے) اور (۹) L. Massignon کا خیال انگیز مقالہ *Explication du plan de Baṣra*، در *Westostliche Abhandlungen R. Tschudi...*، Wiesbaden ۱۹۵۴ء، ص ۱۵۴ تا ۱۷۴ ۔ اس میں دو نقشے بھی ہیں جن میں اولاً دونوں بصروں کا محل وقوع دکھایا گیا ہے اور ثانیاً اخماس کا مقام متعین کیا ہے؛ پہلی صدی ہجری / ساتویں صدی عیسوی کے معاشی اور اقتصادی اداروں کا نہایت جامع حال : (۱۰) صالح العلی : التنظیمات الاجتماعیّة والاقتصادیّه فی البصرہ، بغداد ۱۹۵۳ء (مع مکمل مآخذ) میں موجود ہے ۔

(CH. PELLAT)

۲ ۔ دور حاضر کا البصرہ

البصرہ جو پہلے ہی پانچویں صدی ہجری / گیارھویں صدی عیسوی سے ساتویں صدی ہجری / تیرھویں صدی عیسوی تک بلحاظ وسعت و رونق گھٹتا جا رہا تھا اب اس تباہی و بربادی اور انتشار اور عدم توجہ کی وجہ سے بڑی تیزی سے زوال پذیر ہو گیا جو ۶۵۶ھ / ۱۲۵۸ء میں ہلاکو کے ورود عراق اور ایلخانی حکومت کے قیام کے بعد نمودار ہوئی ۔ البصرہ ایلخانی حکومت کا ایسا بعید ترین صوبہ تھا جہاں سرکشی، بد امنی اور افتراق کے کئی دور

marfat.com
Marfat.com

آئے ۔ آٹھویں صدی ھجری / چودھویں صدی عیسوی کے وسط میں ابن بطّوطه نے شہر کو زیاده تر کھنڈروں کی شکل میں پایا اور اگرچه کچھ بڑی عمارات (جن میں مسجد جامع شامل تھی) ھنوز باقی تھیں لیکن شہر اپنی جگه سے دوسری جگه (موجوده مقام پر) منتقل ھوتا جا رھا تھا، یعنی کوئی باره میل کے فاصلے پر ابلّه کی جگه یا اس کے نواح میں ۔ اس اقدام کا محرّک کچھ تو تحفّظ کا خیال تھا اور کچھ یه که نہروں کی حالت ابتر ھوچکی تھی ۔ شطّ العرب کی کھجوروں کا عظیم خطه ھمیشه اھل البصره کے لیے مایۂ فخر و مباھات رھا؛ لیکن اس کی ثقافت اور اقتصادی زندگی عراقی تاریخ کے جلائری اور ترکمانی ادوار (۷۴۰ھ/۱۳۴۰ء تا ۹۱۴ھ/۱۵۰۸ء) میں برابر گرتی ھی چلی گئی اور بالآخر جب مؤخّر الذکر سنه میں یه علاقه تمام عراق کے ساتھ ایک قلیل عرصے (۹۱۴ھ/۱۵۰۸ء تا ۹۴۱ھ/۱۵۳۴ء) کے لیے شاہ اسمٰعیل کی ایرانی حکومت کے ھاتھ پڑ گیا تو اس زمانے میں یه مقام اپنی نئی حالت میں بڑی نہر (دور حاضر کی خلیج عشار) کے ساتھ دو میل اوپر کی جانب واقع تھا ۔ یه صرف ایک صوبائی قصبه ھوکر رہ گیا تھا ۔ اب اس کی اھمیت اس قدر تھی که اس میں بحری بندرگاہ تھی، باغ تھے اور دوردست حکمرانوں کے پنجۂ استبداد سے آزاد رھنے کا پر جوش جذبه تھا ۔

۹۴۱ھ / ۱۵۳۴ء میں عراق پر عثمانی فتح نے اس شہر کی حیثیت اور قسمت پر کوئی خاص اثر نہیں ڈالا ۔ ھاں اتنا ضرور ھوا که اس کی آبادی میں سنّی عنصر، جو پہلے بھی غالب تھا، زیاده قوی ھوگیا ۔ ترکی پاشا قبائل کے نرغے میں آئے ھوے اور دلدلوں سے گھرے ھوے جنوبِ اقصٰی کے اس شہر سے کم سے کم تعظیم اور اقل قلیل خراج کی وصولی پر بھی مطمئن رھتا تھا؛ اور جب ۹۵۳ھ/ ۱۵۴۶ء میں البصره کے آزاد و خود مختار امرا بہت زیاده سرکش ھو گئے تو وسطی عراق سے دو مہمیں روانه کی گئیں، جو حکومت کا خواب دیکھنے والے طاقتور مقامی (قبائلی یا شہری) امیدواروں میں بظاھر سلطان کے اقتدار و اختیار کو بحال کرنے میں کامیاب ھو گئیں ۔ برائے نام شاھی حکمرانی میں رہ کر نیم خود مختاری کی ایک زیاده طویل اور زیاده کامیاب کوشش ایک مقامی ممتاز شخصیت افراسیاب [آرکَ بان] اور اس کے بیٹے علی پاشا (۱۰۳۴ھ/۱۶۲۴ء) اور پوتے حسین پاشا (۱۰۶۰ھ/ ۱۶۵۰ء) نے کی ۔ اس کی اصل و نسل کا بھی آج پتا نہیں چل سکتا ۔ اس عجیب و غریب (دلچسپ) خاندان نے بصرے کے دروازے اور آبی راستے فرنگیوں (پرتگالی، برطانوی، ولندیزی) کے نمائندوں اور ان کے تجارتی جہازوں کے لیے کھول دیے ۔ یه فرنگی اس وقت خلیج فارس کی تجارت میں مصروف تھے ۔ تقریباً پینتالیس برس تک یه خاندان انقلابوں میں سے گزرتا ھوا اور رکاوٹوں سے دو چار ھوتا ھوا پاشاے بغداد کی جنگی کوششوں اور سیاسی چال بازیوں اور صفوی فرمانروا کی دھمکیوں اور مقامی حریفوں اور ابناے وقت قبائلیوں کی سازشوں کے مقابلے میں ڈٹا رھا ۔ اس کی ترکی سے دوباره سیاسی وابستگی ھنوز نامکمل تھی حتّٰی که یه کام ایک پوری نسل کی مقامی شورش، ایرانی دراندازی، قبائلی (حُوَیزه قبیله اور مُنتَفِق قبیلوں کے) غلبے اور طاعون کی تباه کاری نے پورا کر دیا ۔

ان واقعات کے بعد دو صدیوں (بارھویں ۔ تیرھویں صدی ھجری / اٹھارھویں ۔ انیسویں صدی عیسوی) کے دوران میں البصره برابر جنوبی عراق کا صدر مقام، ملک کی واحد بندرگاہ (بے سرو سامانی اور ابتدائی حالت میں ھونے کے باوجود) اور فرسوده اور بے حقیقت بحری بیڑے کی گودی بنا رھا ۔ کھجور

marfat.com
Marfat.com

کی تجارت کا مرکز اور عرب، خوزستان اور خلیج فارس کے شاہزادوں اور قبائل کے لیے دروازے کا کام دیتا ۔ یہ شہر جس کا نظم و نسق ۱۲۴۷ھ/ ۱۸۳۱ء کے بعد بتدریج تجدد کی جانب آمادہ ہوا ہمیشہ قبائلی ڈاکوؤں بلکہ حملہ آوروں بالخصوص کثیر التعداد قبیلۂ منتفق، نیز طاعون اور سیلاب کے رحم و کرم پر رہا۔

اس صدی کے وسط میں نادر شاہ کے عراق پر حملوں کے دوران میں البصرہ کو خطرہ لاحق ہوا بلکہ کچھ عرصے کے لیے اس کا محاصرہ بھی کیا گیا اور جب نادری فوجیں واپس لوٹیں تو حسب معمول افتراق کی یورشیں ہو گئیں ۔ (عراق میں) مضبوط طاقتور حکومت صرف خاص الخاص متسلّمین کے دور ہی میں (بشمول سلیمان ابو لیلی (از ۱۲۶۶ھ/ ۱۷۴۹ء [بہ تصحیح ۱۸۴۹ء]) اور سلیمان اعظم از ۱۲۸۲ھ / ۱۷۶۵ء) [بہ تصحیح ۱۸۶۵ء]) دیکھنے میں آئی ہے ۔ فرنگیوں (برطانوی، فرانسیسی اور اطالوی) کے مستقل تجارتی مرکز، قونصل خانوں اور سفارتوں نے آہستہ آہستہ قدم جما لیے لیکن اس سے بے چینی ذرا بھی کم نہ ہوئی ۔ قبیلۂ منتفق میں طاقتور سوڈانی قیادت کے ظہور (۱۲۵۶ھ / ۱۷۴۰ء [بہ تصحیح ۱۸۴۰ء]) کے بعد قبائلی دہشت انگیزی اور بڑھ گئی ۔ کریم خان [رَکْ باں] کے بھائی صادق خان کی ایرانی افواج اس شہر اور ضلع کا محاصرہ اور قبضہ (۱۱۸۹ھ/ ۱۷۷۵ء تا ۱۱۹۳ھ/ ۱۷۷۹ء) البصرہ کی تاریخ میں ایک بالکل جداگانہ سا واقعہ ہے ۔ اس کے بعد حالات جیسے پہلے تھے ویسے ہی ہو گئے ۔ جنوبی عراق کے قبائلی یا حکومتی اقتدار کے خواہاں مخالفوں نے امام مسقط کی طرف دوستی کا ہاتھ بڑھایا تھا، پھر بھی ۱۲۱۳ھ / ۱۷۹۸ء میں امام مسقط کے بیڑے کا البصرہ کے لیے خطرہ بے نتیجہ ہی رہا، مثلاً ۱۲۴۱ھ / ۱۸۲۵ء میں ۔ ۱۲۴۷ھ / ۱۸۳۱ء میں بغداد کے خوفناک طاعون نے اس بندرگاہ کو بھی نہ چھوڑا اور اس کی کمزوری اور بدنظمی میں خاصہ اضافہ کر دیا۔

۱۲۴۸ھ / ۱۸۳۲ء تا ۱۳۳۲ھ/ ۱۹۱۴ء کا زمانہ دھیمی ترقی کا دور ہے ۔ اس عرصے میں تحفظ کو بہتر کیا گیا اور یورپ اور امریکہ کے ساتھ تجارتی تعلقات بڑھائے گئے ۔ ۱۲۶۷ھ / ۱۸۵۰ء میں البصرہ ''ولایت'' قرار دے دیا گیا ۔ اور اس کے ممتاز خاندانوں اور شخصیتوں میں بڑھتی ہوئی عربی قومیت کا ظہور ہوا

عراق پر برطانوی قبضے (۱۳۳۳ھ / ۱۹۱۴ء) کے دوران میں اور بعد کے منشور (۱۳۳۹ھ/ ۱۹۲۰ء تا ۱۳۵۱ھ / ۱۹۳۲ء) کے دوران میں البصرہ بڑی تیزی سے ایک جدید شہر کا روپ دھار گیا ۔ بندرگاہ کو نہایت وسیع اور جدید ترین طریقوں کے مطابق تعمیر کیا گیا اور اسے تمام ضروری سامان سے لیس کیا گیا ۔ شطّ العرب کے دہانے پر ایک گہری رود بار کھودی گئی اور خود شہر اور اس کے مضافات کو مختلف قسم کی سڑکوں، عمارتوں اور عوامی محکموں سے آراستہ کیا گیا ۔ وہ عراق ریلوے کا جنوبی ٹرمینس (آخری سٹیشن) قرار دیا گیا ۔ اور روز افزوں اہمیت کا ہوائی مرکز بھی ہو گیا ۔ عراقی حکومت کے ماتحت یہ ایک ''لوا'' کا صدر مقام قرار پایا، جس میں ابوالخَصِیْب اور قُرْنَہ کے ماتحت قضا شامل تھے ۔ شہر اور اس کے مضافات ''مَعْقِیل'' و ''عَشار'' ۱۹۵۰ء میں دو لاکھ نفوس پر مشتمل تھے ۔ تحفظ اور مواصلات کے بہتر ہو جانے کے باعث البصرہ خلیج فارس کی بہت ہی اعلٰی درجے کی بندرگاہ، گودام اور عراق کی ایک نہایت ہی اہم گزرگاہ بن گیا ۔ ۱۳۲۵ھ / ۱۹۰۷ء سے ما قبل کے تیس برس میں

marfat.com
Marfat.com

زبردست شہر سدھار اور گلیاں (جن میں اعلٰی درجے کی کرنیچی Corniche سڑک بھی شامل ہے)، عوامی اور تجارتی عمارات، رفاہ عامہ اور بہبود کے اداروں کی شکل میں مزید ترقیاں ہوئیں ۔ کھجوروں کے وسیع و عریض باغ (جن میں زندگی اپنی اسی مفلسی اور ابتدائی حالت میں رہی) اور شطّ العرب کے شاندار آب گزر نے اس جدید وضع کے شہر اور اس کے ان پھیلتے ہوے مضافات کو جو ابتدائی وسطی دور اور بالکل جدید طرز کی خصوصیات کا امتزاج ہیں، حیرت انگیز رنگ و روپ میں ڈھال دیا ہے ۔ کھجوروں کی برآمد کو اب زیادہ منظّم کر دیا گیا ہے ۔ البصرہ میں ایک بورڈ قائم کر کے اس کی تجارت کو ایک مرکز پر لایا گیا ہے ۔ عراق پٹرولیم کمپنی کی ایک شاخ نے پٹرول کی تلاش شروع کی تو ان کی جستجو کا نتیجہ یہ نکلا کہ ۱۳۶۸ھ / ۱۹۴۸ء میں زبیر کے نواح میں تیل کا ایک بڑا ذخیرہ دریافت ہوا ۔ اس کے بعد ''لوا'' میں کئی ایک اور ذخیرے (بالخصوص الرومیلہ کا) دریافت ہوے ۔ ۱۳۷۱ھ / ۱۹۵۱ء میں اسے پائپ لائن کے ذریعے فاوو Fāo سے ملا دیا گیا ۔ صنعت نے نہایت سرعت کے ساتھ اور بہت بڑے پیمانے پر ترقی کی ۔ یہ ترقی البصرہ میں روزگار، فنّی تعلیم اور مال دولت کا بہت بڑا ذریعہ بن گئی ۔ ۱۳۷۲ھ / ۱۹۵۲ء میں مُفتیّہ میں تیل کو صاف کرنے کا ایک کارخانہ جاری کیا گیا ۔ اسی دوران میں شہر اور ضلع البصرہ (۱۳۵۳ھ / ۱۹۳۴ء) نے بہت استفادہ کیا ۔ لیکن زیادہ فائدہ ۱۳۷۲ھ / ۱۹۵۲ء سے شروع ہوا جب عراق کی مرکزی حکومت نے اپنے تیل کے ذرائع کو جلب زر میں صرف کر کے بہت دولت کمائی ۔ شہر کے قرب و جوار میں سیلاب سے تحفّظ، سمندر سے زمین کی بازیابی اور مستقل آب پاشی کے معاملات میں ترقیاتی منصوبے بھی بنائے گئے ۔

**مآخذ** : بصرے کے جدید عہد کی ۱۳۱۸ھ / ۱۹۰۰ء تک کی تاریخ کے لیے قلمی اور مطبوعہ مآخذ کی فہرست S. H. Longrigg : *Four Centuries of Modern 'Iraq* (آوکسفرڈ ۱۹۲۵ء، ص ۳۲۰ تا ۳۴۰) میں ملے گی؛ ۱۳۱۸ھ / ۱۹۰۰ء تا ۱۳۷۰ھ / ۱۹۵۰ء کے دور کے لیے دیکھیے وہی مصنّف: *'Iraq 1900 to 1950*، لنڈن ۱۹۵۳ء، ص ۱۰۳ تا ۳۱۲ ۔

(S. H. LONGRIGG)

**البَصْرَة**: مرّاکش کا ایک قصبہ، جو اب موجود نہیں ہے ۔ اس کا نام عراق کے شہر البصرۃ ہی سے لیا گیا تھا ۔ سرخ مٹی کی دو پہاڑیوں کے درمیان (جن سے اس کا لقب الحمراء ہو گیا تھا) ایک سطح مرتفع پر، جہاں سے مشرق کی جانب وزّان جانے والی سڑک، مغرب میں ویدمدا Wed Mda کی وادی اور شمال مشرق کی سمت وید لُقّوس Wed Lekkus پر نظر پڑتی تھی، قصر الکبیر کے جنوب میں ساڑھے بارہ میل (بیس کیلومیٹر) کے فاصلے پر واقع تھا ۔ ٹسو Tissot کے بیان کے مطابق اس کا محلّ وقوع وہی تھا جو رومی شہر Tremulae کا تھا ۔ اس کی بنا قریب قریب انھیں دنوں میں پڑی جب اَصِیْلَة (Arzila) [رَك بآن] کی بنیاد رکھی گئی اور اس لیے غالبًا ادریس ثانی ہی کے ہاتھوں تیسری صدی ہجری / نویں صدی عیسوی کے شروع میں ۔ اس کی تاسیس کا مقصد بلا شبہہ یہ تھا کہ فاس کے ادریسی حکمرانوں کے لیے گرمائی مسکن کا کام دے ۔ جب محمد بن ادریس ثانی نے اپنی مملکت کو تقسیم کیا تو البَصْرة اور تنجیر [طنجه] مع اس کے توابع کے اس کے بھائی القاسم کے حصّے میں آیا ۔ اگلی صدی میں یہ ایک چھوٹی سی ریاست کا (جو ریف اور غمارة کے علاقے پر مشتمل تھی) صدر مقام ہو گیا اور اس کا نظم و نسق ایک ادریسی شاہزادے

Marfat.com

حسن بن غنون (گنون) کو تفویض ہوا - لیکن اس کے جلد بعد (۵ محرم الحرام ۳۶۳ھ / ۶ اکتوبر ۹۷۳ء) قرطبہ کے اموی خلیفہ الحکم ثانی کی فوجوں نے اس پر قبضہ کر لیا - یہیں یحیی بن حمدون نے ایک آزاد فرمانروا کے طور پر حکومت شروع کی تاآنکہ اسے بلگّین بن زیری نے وہاں سے نکل دیا اور شہر کے استحکامات مسمار کر دیے - البصرہ کی تاریخ سے متعلق تقریباً بس اتنے ہی واضح بیانات ہمارے پاس موجود ہیں.

المقدسی (طبع و ترجمۂ Pellat، ص ۲۷) کے اس بیان کے علی الرغم کہ وہ [اس کے زمانے میں] کھنڈر ہو چکا تھا یہ شہر بظاہر چوتھی صدی ہجری / دسویں صدی عیسوی اور پانچویں صدی ہجری / گیارھویں صدی عیسوی تک خاصا خوشحال تھا، جیسا کہ ابن حوقل اور البکری کے بیان سے معلوم ہوتا ہے، جنھوں نے لکھا ہے کہ اس کی شہر پناہ میں دس دروازے تھے، اور یہاں کئی حمام، مسجدیں، باغ اور مرغزار تھے - انھوں نے یہاں کے مکئی اور کپاس کے کھیتوں کا بھی ذکر کیا ہے، جو شہر کے چاروں طرف پھیلے ہوئے تھے - تاہم اس کا زوال بہت تیزی سے ہوا اور بالآخر یہ بالکل کھنڈر ہو کر رہ گیا - الحسن بن محمد الوزّان الزیّاتی (Leo Africanus) کے زمانے میں یہاں دو ہزار سے زیادہ گھر نہ تھے اور اس کی دیواریں اجڑے ہوئے باغوں کے درمیان کھڑی تھیں - آج صرف پتھر کی دیوار باقی رہ گئی ہے.

مآخذ: (۱) ابن حوقل: *Desc. de l'Afr. et de l'Espagne*، مترجمۂ د یسلان de Slane، در *JA*، ۱۸۴۲ء، ص ۱۹۲؛ (۲) البکری: *Desc. de l'Afr. Sept.*، مترجمۂ د یسلان، بمدد اشاریہ؛ (۳) الادریسی، مترجمۂ ڈوزی و ڈخویہ، ص ۲۰۲؛ (۴) ابن ابی زرع: الروض، رباط ۱۹۳۶ء، ص ۱۷ (فرانسیسی ترجمہ از Beaumier، ص ۶۲)؛ (۵) الحسن بن محمد الوزان الزیاتی Leo Africanus، مترجمۂ Épaulard، پیرس ۱۹۵۶ء، ص ۲۰۹؛ (۶) Tissot: *Rech. sur la géog. comparée de la Mauritanie tingitane*، پیرس ۱۸۷۷ء، ص ۱۶۰ ببعد؛ (۷) H. Terrasse: *Hist. du Maroc*، کاسابلانکا ۱۹۴۹ تا ۱۹۵۰ء، بمدد اشاریہ؛ (۸) E. Lévi-Provençal: *Hist. Esp. Mus.*، بمدد اشاریہ؛ (۹) D. Eustache: *El-Basra, capitale idrissite, et son port*، در *Hespéris*، ۱۹۵۵ء، ص ۲۱۷ تا ۲۳۸ (مع فہرست مآخذ و مولای بوسلّہام پر ایک مضمون کے جو غالباً البصرہ کی بندرگاہ تھی).

(G. Yver)

* بُصریٰ (Bostra)، جنوبی شام کا ایک شہر، جو صوبۂ حوران (Notita dignitatum کا Houranitidis) کے، جسے بائبل میں Idumea لکھا ہے، زرخیز میدان نقرہ میں واقع ہے - اس کا محلِ وقوع ۳۲ درجہ ۳۰ دقیقہ عرض بلد شمالی اور ۳۶ درجہ ۲۸ دقیقہ طول بلد شرقی میں ہے - آج کل اسے بصری اسکی شام کہتے ہیں (تا کہ اس میں اور بصری الحریری میں فرق کیا جا سکے، جو عذراء Ezra سے ساڑھے بارہ میل دور، لجاء کے جنوبی کنارے پر واقع ہے) - بصری اردن کی موجودہ سرحد سے انیس میل شمال کی جانب اس سڑک پر ہے جو مغرب میں واقع درعہ کو سلخد سے، جو مشرق میں ہے، ملاتی ہے، یہ دو موسمی (یعنی وقفوں سے بہنے والی) ندیوں، وادی زیدی اور وادی بطم کے قریب ہے، جو دریاے یرموک کی معاون ہیں - ''بصری'' نام کے مصدقہ معنی بلند قلعہ (Citadel) کے ہیں (De Vogüé: *Inscr. Palm*، ص ۵۰) - یہ شہر، جسے اس کی بنا کے زمانے سے قلعہ بند کر دیا گیا تھا، بظاہر عرب (یعنی نبطی = Nabataeans) بادشاہوں کا شمال کی جانب مستحکم مقام رہا ہے - Damascius

marfat.com
Marfat.com

Vita Isid)، فصل ۱۹۹)، جو چھٹی صدی عیسوی میں لکھ رہا ہے، اسے ایک قدیم مستحکم شہر بتاتا ہے، جس کے گرد عرب بادشاہوں نے دمدمے بنا دیے تھے۔ توراۃ کی کتاب مکابیس Maccabees اس کو پیریا Perea کے بڑے قلعہ بند خطّے کے ماتحت بتاتی اور بصورہ Bossora کے نام سے یاد کرتی ہے ۔ نبطیوں (Nabateans) کے دور تک پھیلے ہوے قبرستان، جو اسے گھیرے ہوے ہیں، اس بات کی شہادت دیتے ہیں کہ وہ نبطیوں کی مملکت میں شامل رہا ہے ۔ اس کے پڑوسی شہر سلخد (اہلِ روما کا Salcha) کے دو کتبوں میں پہلی صدی عیسوی کے آٹھویں عشرے کے بادشاہ ملخو (Damascius کے Malchus) کا نام تحریر ہے (Littmann : *Semitic Inscr.*، در *Syria*، ج ۴، الف، عدد ۲۳ و ۲۸) ۔ نبطی زبان کا استعمال رومن فتح کے بعد بھی جاری رہا (کتاب مذکور، ص ۱۲، ۱۰۲، ۱۰۳، ۱۰۶) ۔ بعض نبطی کتبوں میں ایک یونانی متن بھی شامل ہے ۔

Cornelius Palma کے ہاتھوں ۱۰۵ تا ۱۰۶ء میں قدیم نبطی سلطنت کے الحاق کے بعد جب بصرٰی رومن سلطنت میں شامل ہو گیا (Pauly-Wissowa، بذیل مادّۂ Bostra، ۲ : ۳۰۹، ۱۱ ببعد) تو ٹراجن Trajan کی تحریک پر اس کی از سرِ نو تنظیم کی گئی ۔ روما کی تاریخ لکھنے والے اس کی تاریخ بنا کے بارے میں اختلاف رکھتے ہیں ۔ رٹر B. Ritter (*Erdkunde*، ۱۵ : ۹۶۹) کی راے میں یہ شہر رومیوں کا بنا کردہ ہے ۔ Damascius اسے باقاعدہ رومی شہر بنانے کا سہرا Alexander Severus کے سر رکھتا ہے ۔ مؤخّرالذکر نے اتنا تو ضرور کیا کہ بصرٰی کو Nova Trajana Alexandrina کے نام کے ساتھ ساتھ Colonia Bostra کا نام دیا (۲۲۲ تا ۲۳۵ء)، لیکن Malalas اس کی تاریخ بنیاد اور پیچھے ہٹا کر اغسطس Augustus تک لے جاتا ہے ۔

بصرٰی کے نقشے کے مطالعے سے معلوم ہوتا ہے کہ سلطنت روما میں شامل کیے جانے کے وقت اس شہر کی توسیع یقیناً عمل میں آئی ۔ اگرچہ چوتھی صدی عیسوی میں بھی یہ ایک مستحکم جنگی قلعہ رہا، جو جراسہ Gerasa اور فلاڈلفیا Philadelphia کی طرح رومیوں کے صوبۂ عرب میں سب سے اہم (murorum firmitate firmissimas = قلعہ بند فوجی چوکی) تھا (Ammianus Marcellinus، ۱۴ : ۸، س ۱۳)، لیکن اصلی خطِ دفاع کے جنوب کی جانب ہٹا دیے جانے سے آئندہ کے لیے یہ صرف تیسرے قیروانی جیش (Third Cyrenaican Legion) کی ایک مقامی چھاؤنی ہی نہیں رہا (*Notita Dignitatum*، Ptolemy، ۵ : ۱۷، ۷) بلکہ ایک اہم مرکزی شہر بن گیا ۔ جس نے کچھ ہی مدت بعد مسیحیت قبول کی اور Néa Trajané Bostra کے نام سے صوبۂ عرب کی حکومت کا صدر مقام بن گیا ۔ بوسترا کا سنہ یا سمت (The Era of Bostra) جس کا آغاز ۱۰۵ء سے ہوتا ہے اس کی اہمیت کا ثبوت ہے ۔ ان تجارتی راستوں کی بدولت جو ایک طرف اسے فلاڈلفیا اور خلیج فارس سے ملاتے تھے اور دوسری طرف فلسطین سے ہوتے ہوے بحر متوسط تک اس کی رسائی کا ذریعہ تھے، یہ اس تجارت کا بھی اہم مرکز بن گیا جس کا مدار شمالی جانب دمشق پر تھا، جہاں تک بوسترا سے دو راستے جاتے تھے ۔ اس میں بڑی بڑی منڈیاں تھیں، جن کے کھنڈر اب تک پائے جاتے ہیں، اس کا سکّہ بھی اپنا تھا؛ اور اس سکے میں جو قیصر فلپ 'العربی' (Philip 'the Arab') نے مضروب کیا، بوسترا کو نو آبادی (Colonia) کے ساتھ دارالسلطنت (Motropolis) کا بھی لقب دیا گیا ہے ۔ یہ فلپ خود بھی بوسترا کا باشندہ (Butler : *Syria*، ج ۴ A، بصرٰی، باب ۲ و ج ۱۶، عدد ۴۲، ۴۳) تھا ۔ اسی بادشاہ نے زرہ بکتر پوش

Marfat.com

سواروں (Cataphractaries) کی ایک فوج بھی وہاں متعین کر دی۔

مذہبِ مانی کے مناقشے کے ابتدائی دور میں بوسترا کے اسقف تیطس Titus (تقریباً ۳۶۰ء) نے ایک راسخ العقیدہ موقف اختیار کیا (*Part. graeca*، ۱۸، ۱۰۶۹ تا ۱۲۶۶ء)، اور ایسی کارگزاری دکھائی کہ اپنے زمانے کے مذہبی مصنفین کی صفِ اول میں جگہ پائی، جس کا سبب اس کا علم، فلسفیانہ تربیت اور اس کے ساتھ دنیوی سرگرمیاں تھیں۔ اس سے پہلے اوریجینوس Origen کے زیرِ اثر Beryllus (۲۲۲ تا ۲۳۳ء) بھی اعتقاداتِ قدیمہ کو دوبارہ اختیار کرکے [مانوی] الحاد کے بطلان کا ثبوت دے چکا تھا۔ بوزنطی عہد کا بوسترا (=بُصریٰ) ایک سرحدی منڈی کا کام دیتا تھا، جہاں عرب کے کاروان اور چرواہے دونوں ہی ضروریات زندگی خریدنے آتے تھے اور وہاں کی مقیم فوج ان کی نگران رہتی تھی۔

حکومت کا ایک انتظامی مرکز ہونے کی حیثیت سے بُصریٰ میں ملکی عمّال اور عہدےداروں کی بھی بڑی آبادی تھی۔ یہ انطاکیہ کے بطریق کے ماتحت ایک اسقفی کا مرکز تھا۔ انستاسیوس Anastasuis کے ایک فرمان نے (Butler : وہی کتاب، عدد ۵۶۱) وہاں کے محکموں کو رشوت ستانی اور بدعنوانی سے پاک کرکے اور ان کے لیے سالانہ پیداوار (Anuona) نیز غلّے کی تجارت اور دوازدہی کے محاصل وقف کرکے ان میں استقامت پیدا کی۔ رومی بوزنطی کتبات اس شہر کی انتظامی اہمیت کے شاھد ہیں۔ صوبۂ عرب کے صوبےدار کا یہاں مقام تھا، جسے علاوہ hégémón (سردار) و *dux* (سرخیل، یونانی : δοῦξ) کے القاب کے Scholasticos (معلّم) کا لقب بھی ملا ہوا تھا (عدد ۵۸۸م)۔ ایک بلدیہ کی حیثیت سے اس کے اپنے میر مجلس (Prohédros) اور چار Synarchontes (= حکام) کی مشترکہ جماعت تھی، جس کے ساتھ ایک مجلسِ شوریٰ (bouleutai) بھی شامل تھی۔ جس زمانے تک عیسائیت کا فروغ وہاں نہ ہوا تھا اس عہد کے سلطنت روما کے سرکاری دیوتاؤں نیز حوران کے اصنام کے ناموں کے کتبے ملتے ہیں، جن میں دیوتاؤں کے اصلی یا یونانی شکل کے نام مذکور ہیں (*Cultures du Hauran* : D. Sourdel، پیرس ۱۹۵۲ء)۔ اس کے بعد عیسائیت کے دور میں بہت سے کتبوں میں مذکور ہے کہ حضرت مریم اور سرجیوس Sergius یا بعض گم نام مربی پادریوں کے لیے نئے کنیسے بنائے گئے یا دوبارہ آباد کیے گئے۔ نیز ان دو خانقاہوں کا بھی ذکر ہے جن میں سے کم سے کم ایک، جو سیری کُوس Cyricus راھب کے نام پر وقف کی گئی تھی، لڑکیوں کے لیے تھی۔ قبروں کے کتبوں سے اندازہ ہوتا ہے کہ آبادی کی سامی اصل قائم رہی، اگرچہ کبھی کبھی جُزوی طور پر اس پر اطالیہ، ایشیاے کوچک، کارنتھ، بلکہ پنونیہ Pannonia (ایک قلعہ نشین دستۂ فوج کی منتقلی کے باعث) تک کے نئے خون کی آمیزش سے رومن رنگ چڑھ گیا۔ اُسقفیۂ کبریٰ کے وہاں موجود ہونے کی وجہ سے بُصریٰ میں ایک باسلیق (basilica، یعنی مخروطی ایوان دارالقضاء) مدت تک قائم رہا، جس کے معقول آثار اب تک باقی ہیں، نیز یہاں ایک اسقف کا محل بھی تھا لیکن اس کے نشانات اب بہت کم باقی ہیں۔ خانقاہ، جو ممکن ہے سرجیوس راھب (Saint Sergius) کے نام وقف ہو، یہاں سے کچھ زیادہ فاصلے پر نہ تھی۔ اس میں ایک بڑا گرجا بھی تھا، جس کی دیواریں اور محراب (apse) ابھی تک باقی ہے۔ یہی وہ مقام ہے جہاں کہا جاتا ہے کہ بَحیرا راھب [رَكَ بآں] کی اقامت گاہ تھی، یعنی وھی بَحیرا جو عیسائیوں میں پیغمبر اسلام کی آئندہ رسالت کی گواھی دینے

marfat.com
Marfat.com

والوں میں تھا (ممکن ہے اس کے نام میں جس کی ابھی تک تشریح نہیں ہو سکی، پخورو Pakhūru کا نام پوشیدہ ہو، جس کی تصدیق سلخد کے ایک نبطی کتبے سے ہوتی ہے (Littmann : *Nabat*، ص ۲۴ س ۵) اور اسی طرح الرُّھا (Edessa) کے Bartholomew کے بیان سے، *P.G.*، ص ۱۰۴، ۱۴۲۹ء) - اسلامی رزمیہ روایات میں آگے چل کر اس شہر کی فتح کو وہ پہلا بوزنطی مرکز کہا گیا ہے جسے عربوں نے فتح کیا اور اس واقعے کو دعوتِ اسلام کے منجانب اللہ ہونے کی علامت قرار دیا گیا (الواقدی : فتوح الشام، قاہرہ ۱۹۵۴ء، ص ۱۶ تا ۱۷).

باوجود ان فوائد کے جو حاجیوں کے راستے پر ہونے کی وجہ سے اسے حاصل تھے عربوں کی فتح اور اس کے بعد سلطنتِ امویہ کے قیام کے بعد اس شہر کی اہمیت کم ہوگئی - کیونکہ اب وہ صوبائی صدر مقام اور ایک بڑی سرحدی چھاؤنی کے مرتبے سے محروم ہو گیا - اس کی کسی قدر عزت و توقیر دو قصوں کی وجہ سے باقی رہی، یعنی ایک تو بحیرا اور دوسرے اس اونٹ کے گھٹنے ٹیکنے کے قصے سے جو قرآن مجید کے ''شامی'' نسخے کو لیے جا رہا تھا، (Nöldeke و Schwally : *Gesch. des Qurans*، ۲ : ۱۱۲ ببعد) - معلوم ہوتا ہے اسی شے وہ ایک مقدس عوامی روایت کا مقام بن گیا، جس کی تصدیق حج کے سفر ناموں (مثلاً الہروی، طبع J. Sourdel و Thomine، ص ۱۷) اور اس کی مسجدوں کے ناموں جیسے العُمری (Sauvaget، در *Syria*، ۲۲ : ۳۱) فاطمہ، خِضر، المَبرک نیز ان عوامی کہانیوں سے ہوتی ہے جو ان مسجدوں سے متعلق ہیں - کثیر التعداد کتبے اس کے شاہد ہیں کہ جس زمانے سے سلاطین سلجوق کو بُصرٰی پر اقتدار حاصل ہوا وقتاً فوقتاً ان مسجدوں کی درستی اور مرمت ہوتی رہی، وہ اس شہر کے استحکام کے کام میں ہمہ تن مصروف رہے تا آنکہ اسے فاطمیوں کی دست برد سے بچائیں - اس کی مزید ضرورت اس لیے پیش آئی کہ ابو غانم کے قرامطہ [رک بآں] نے اسے تاخت و تاراج کر دیا تھا - مسجد عُمری کی، جس کی بنا ۱۲۸ھ / ۷۴۵ء سے پہلے پڑی تھی (دیکھیے عثمان بن الحکم کے. اسے دوبارہ بحال کرنے کی تاریخ، عربی کتبہ، Littmann، عدد ۳۰)، ۵۰۸ھ / ۱۱۱۴ء میں از سرِ نو مرمت کی گئی اور اس کے بعد ایوبیوں کے زمانے میں ایک مصری معمار کے زیرِ نگرانی ۶۱۸ھ / ۱۲۲۱ء میں اسے دوبارہ تعمیر کیا گیا - ۵۲۶ھ / ۱۱۳۲ء میں مسجد خِضر کو گمشتکین نے بحال کیا - ''بہت قدیم'' مسجد مبرک کے ساتھ ایک حنفی مدرسہ تھا، جو اس کے پہلو میں ۵۳۰ھ / ۱۱۳۶ء میں بنایا گیا تھا (Sauvaget در *Syria*، ۲۴ : ۲۳۱).

۶۳۰ھ / ۱۲۳۳ء میں ایوبی عمّال نے ایک اور حنفی مدرسہ بنا کر اس شہر کی رونق میں اضافہ کیا (Littmann : کتاب مذکور، عدد ۳۸) - مدرسۂ مسجد موسوم بہ الدّباغۃ کی تاریخ بنا ۶۵۵ھ / ۱۲۵۷ء ہے - مسجد مبرک کے گردا گرد ایک مشہور قبرستان تھا، جو اب بھی باقی ہے اور جو شہر کے جنوبی مقبرۂ شہدا کا جوڑ ہے - کتبات سے ثابت ہوتا ہے کہ اسی زمانے میں دیگر یادگار عمارتوں کی تعمیر و تجدید ہوئی جو اب مفقود ہو گئی ہیں.

ان تعمیرات کا زمانہ وہ تھا جب اس شہر کی اہمیت ایوبیوں کے زمانے میں اپنے فوجی کردار کی بنا پر از سرِ نو بڑھ گئی، جو اسے یا تو صلیبی سورماؤں کے مقابلے میں حاصل ہوا اور یا صلاح الدین کے جانشینوں کے باہمی مناقشات کے دوران میں - اس فوجی کردار کا عظیم شاہد بُصرٰی کا قلعہ ہے -

Marfat.com

ان عمّال کے تحت جو دمشق کے اتابکوں کے مقرر کردہ تھے شہر کے جنوب میں قدیم قلعے کے حصار کے باہر خالی میدان میں، جو رومیوں کی پرانی تماشا گاہ (theatre) تھی، اسے ایک دیوار اور بازؤوں پر تین برج بنا کر دفاع کے لیے تیار کیا گیا ۔ ۴۸۱ھ/ ۱۰۸۹ء اور ۶۴۹ھ / ۱۲۵۱ء کے درمیان ان بادشاہوں نے جن کی بُصریٰ پر یکے بعد دیگرے حکومت رہی اس قلعے کو مزید وسعت دی، جس کی وجہ سے انجام کار یہ مسلم دنیا کی ایک یادگار فوجی عمارت بن گیا ۔ ۱۹۵۶ء تک بھی وہ فاطمیوں کے زمانے سے مملوکوں کے زمانے تک کے جنگی استحکامات کی پے بہ پے تعمیری ترکیبوں کا اندازہ کرنے کے لیے مکمل ترین مستند دستاویز تھا ۔ ۶۵۹ھ / ۱۲۶۱ء کے مغولی حملے کے بعد، جس سے قلعے کو بہت نقصان پہنچا تھا، بیبرس نے مصر سے ایک وفد بھیجا، جس نے اس یادگار قلعے کو از سرِ نو درست کیا بلکہ اسے وسیع بھی کیا اور مستحکم کر دیا (Abel : *La citadelle eyyubite de Bosra* در *Annales archéologiques de Syrie*، *Eski cham*، ۶ (۱۹۵۶ء) : ۹۵ تا ۱۳۸؛ لوح یازدھم) ۔ اس ترمیم اور درستی میں تعمیری مسالے کی بہت بڑی مقدار صرف ہوئی اور کوئی شبہہ نہیں کہ اس کی وجہ سے قدیم رومن گھڑ دوڑ کے میدان (hippodrome) کا، جو کبھی تماشا گاہ کے جنوب میں واقع تھا، بالکل خاتمہ ہو گیا ۔ معلوم ہوتا ہے کہ مغول کی چند روزہ یورش کی وجہ سے، جس نے دور دور تک تباہی پھیلا دی اور آبادی کو کم کر دیا، یہ شہر دوبارہ قعر گمنامی میں گر گیا ۔ ''بیرون شہر پناہ'' کے قلعے کی بحالی کا اس سے صرف جزوی تعلق تھا (المقریزی : *Hist. des Sultans Mamelukes*، ترجمہ Quatremère، ۱ : ۱۴۱) ۔ تاہم پندرھویں صدی عیسوی میں اس شہر کو کسی قدر اہمیت نصیب ہوئی، کیونکہ اس نے مملوک سلطنت کی شامی حکومت کے لیے چند مشہور شخصیتیں پیدا کیں، جن کا خاندانی لقب البُصْروی تھا، یہ اس پرانی رومن شاہراہ پر جو دمشق سے فلا ڈلفیا ← عَمّان کو جاتی تھی ایسا مقام بنا رہا جہاں سے حجّاج ہو کر گزرتے تھے ۔ اس کے بِرکۃ الحاجّ کی دیواروں پر ابھی تک حجّاج کے ہاتھ کی لکھی ہوئی تحریریں باقی ہیں۔

جب مصر کی تجارت زیادہ تر بحرِ احمر کے راستے ہونے لگی اور دوسری طرف مقدس شہروں (مکّۂ مکرمہ و مدینۂ منوّرہ) میں روز بروز تنگ حالی بڑھنے کی وجہ سے ان کا گزارہ زیادہ تر مصر کی مدد پر موقوف ہو گیا تو بُصریٰ کی وہ سابقہ حیثیت جو اسے تجارتی مرکز کی وجہ سے حاصل تھی جاتی رہی ۔ عثمانی ترکوں کے حملے اور فتح کے بعد یہ ایک چھوٹا سا صوبائی شہر اور وطن سے دور افتادہ گمنام سے عہدے داروں کا مسکن بن گیا، جن کے پاس شہر کے بچاؤ کے ذرائع تک نہ ہوتے تھے۔

اب حوران کا انتظامی صدر مقام دسویں صدی ہجری/سولھویں صدی عیسوی میں مزیرب Mzeyrib اور مرکز Merkez میں منتقل کر دیا گیا۔

گیارھویں صدی ہجری / سترھویں صدی عیسوی میں عنزہ قبیلے کے بدوی اپنے گلّے لیے ہوئے حوران کے کنارے تک بڑھ آئے، ان کے غارتگرانہ حملوں کا خطرہ اس پورے علاقے کے باشندوں اور مسافروں دونوں کے سر پر منڈلانے لگا ۔ حجّاج نے یہ حالت دیکھ کر اپنا راستہ مغرب کی جانب صنمین اور مزیرب سے بنا لیا، جو آج تک دربُ الحجّ ہے ۔ اسی راستے کے ساتھ ساتھ موجودہ صدی کے شروع میں حجاز ریلوے بنائی گئی تھی۔

آج کل بُصریٰ کی زراعتی بستی اپنا گزارہ میدان النُقرہ کے نفیس گیہوں کے کھیتوں کی کاشت

marfat.com
Marfat.com

سے کرتی ہے، بشرطیکہ بارش کافی ہو جائے - اس کی خوش قسمتی سے پانی کا بہت اچھا ذخیرہ اسے میسر ہے، جس کی وجہ سے مویشیوں کی اچھی خاصی تعداد کو بحالت حبس (یعنی چشموں اور چراگاہوں پر لے جائے بغیر) رکھا جا سکتا ہے - اس کے اچھی قسم کے تاکستان ابھی تک محفوظ ہیں.

یہ شہر آثار قدیمہ کے اعتبار سے بہت دل کش ہے - اُنیسویں صدی عیسوی کے شروع ہی سے اس کے رومی کھنڈر دیکھ کر سیاحوں کے دل پر بہت اثر ہوتا تھا اور وہ اس کے قلعے اور ٹوٹتے ہوے دمدموں کو غور سے دیکھنے کے لیے رک جاتے تھے - پرنسٹن کی تحقیقاتی جمعیت ۱۹۰۴ء، ۱۹۰۵ء و ۱۹۰۹ء نے یونانی اور لاطینی (David Magie Jr. اور Duane Reed Stuart)، نبطی (Littmann) Littmann اور عربی (Littmann) کتبوں کی ایک بڑی تعداد شائع کی - فرانسیسی اداروں Institut Français de Damas اور Institut Français d' Archeologie کے ارکان نے مجلّهٔ Syria اور اول الذکر کی مطبوعات میں، اور قریب تر ایام میں Annales Archeologiques de Syrie میں جو محنت سے تیار کیے ہوے مقالات شائع کیے ہیں ان سے اس شہر سے ہماری واقفیت میں خاصا اضافہ ہوا ہے - عمری مسجد میں زیادہ تر Sauvaget کی سعی سے، مرمت کے کام کامیابی سے عمل میں آئے ہیں - شامی محکمهٔ آثار قدیمہ نے وسیع پیمانے پر کھدائیاں بھی کی ہیں.

عہد قدیم اور قرون وسطی کے آب رسانی کے طریقوں، یادگار عمارات کی نوعیت اور ان کے مختلف زمانوں کی تعیین اور سب سے بڑھ کر، تعمیر کی مختلف سطحات کا ایک جامع منصوبے کے ماتحت مطالعہ ابھی باقی ہے.

**مآخذ:** بُصْرٰی کی سیاحتوں کی تاریخ اور بُصْرٰی سے متعلق قدیم بیانات کی بابت: (۱) Brunnow: *Provincia Arabia*، ۱: ۱۸۱ تا ۵۰۷ و ۳: ۳۶۷ تا ۳۶۸ - آثار قدیمہ کی عام تحقیق کی بابت: (۲) *Publications of the Princeton University Archeological Expeditions to Syria in 1904-5 and 1909*، (تقسیم ۲، *Ancient* : Howard Corosby Butler *Archetecture in Syria*، تقسیم سوم، *Greek and Latin Inscriptions in Syria*، حصّه الف، *Southern Syria* حصّه ۳، بُصْرٰی، تقسیم ۴ :Enno Littmann *Semetic Inscriptions*، فصل الف *Nabataean Inscriptions*، فصل ج، *Arabic Inscriptions*)؛ (۳) Pauly-Wissowa، بذیل مادّهٔ 'Bostra' (Benzinger)؛ (۵) *Dictionnaire d'Histoire et de Géographie ecclésiastique*، بذیل مادّهٔ 'Bostra'؛ (۶) J. Sauvaget: *Les Inscriptions arabes de la Mosquée de Bosra*، در *Syria*، ۲۲: ۵۳ تا ۶۵ (۱۰۲ تا ۱۱۸)؛ (۶) F. Lassus: *Sanctuaires chrétiens de Syrie* (ناشر .de l'Inst Français d'Archéologie de Beyrouth)، پیرس ۱۹۴۷ء؛ (۷) H. Seyrig : *Sur les ères de quelques villes de Syrie*، در *Syria*، ۲۷ : ۳۲؛ (۸) وہی مصنّف: *Inscriptions de Bostra*، ۲۲ : ۴۴ تا ۴۸؛ (۹) وہی مصنّف: *Postes ro...ains sur la route de Médine*، ۲۲ : ۲۲۱ تا ۲۲۳؛ (۱۰) J. Sauvaget: *Quelques monuments musulmans de syrie*، در *Syria*، ۲۴ : ۲۳۱ - فہرست مآخذ از Buhl، در وا، انگریزی، بار اوّل، بذیل مادّه Boṣrā - علاوہ ان دلچسپ بیانات کے (ان سے مقابلہ کرنا چاہیے) جو پرانے Baedeker اور *Guide Bleu* میں موجود ہیں: ایک سہل الوصول دستی رسالہ، سلیمان عبداللہ المقدر نے بنام بُصْرٰی تیار کر دیا ہے، جو عربی اور فرانسیسی میں دمشق سے (بدون تاریخ) شائع ہو چکا ہے.

(A. ABEL)

**البَصِیر:** ابو علی الفضل بن جعفر بن الفضل

marfat.com
Marfat.com

بن یُونس الأنباری النَّخَعِی الکاتب، تیسری صدی ہجری/ نویں صدی عیسوی کے نصف آخر کا شاعر اور انشاپرداز۔ وہ ایک فارسی نژاد خاندان میں کوفے میں پیدا ہوا، جو پہلے الأنبار میں رہتا تھا، لیکن بعد کو کوفے میں منتقل ہو گیا اور یمنی قبیلے النَّخَع کے محلّے میں آباد ہو گیا۔ نابینا ہونے کی وجہ سے اس کا لقب البصیر اور الضّریر ہو گیا تھا (تسمیہ بالضّد دیکھیے A. Fischer، در ZDMG، ۶۱ : ۴۳۰)۔ جب ۲۲۱ھ/۸۳۶ء میں سامرّا تعمیر ہوا تو وہ نئے دارالسلطنت میں چلا گیا اور باوجود اپنے مضبوط بلکہ غالی شیعی رجحانات کے المُعتصِم اور اس کے جانشینوں کی مدح سرائی کرتا رہا۔ اس نے اپنے آپ کو الفتح بن خاقان [رک بان] اور اس کے بھتیجے عبیداللہ بن یحیی [رک بہ ابن خاقان] کے ساتھ منسلک کر لیا۔ اور اپنے قصائد میں ان کی مدح و ستایش کی (دیکھیے مثلاً ابن شَجَری: حماسۃ، ۲۱۷؛ المبرد: الکامل، ص ۶۰؛ یاقوت: ارشاد، ۶ : ۱۲۲؛ ابن رَشیق: العمدۃ، ۱ : ۸۷)۔ وہ ابوالعَیناء [رک بان] سعید بن حمید، ابن ابی طاہر [رک بان] ابو ھفّان اور دوسرے اربابِ علم و ادب سے متعارف تھا؛ یہ سب اپنے اشعار میں ایک دوسرے کا ذکر مزاحیہ اور طنزیہ انداز میں کیا کرتے تھے۔ اسے ادبیت اور انشا پردازی فطرت سے ودیعت ہوئی تھی؛ اس کے بعض پرستار تو اسے مرتبے میں جریر سے بھی بلند تر قرار دیتے ہیں۔ ابونواس اور مُسلم بن الولید کی شاعری کے متعلق اس کی راے اچھی نہیں تھی (دیکھیے المَرزُبانی: موشح، ص ۲۸۲ ببعد)۔ ابوالحسن ابن المُنَجّم نے اپنے والد کی کتاب الباھر کے ضمیمے میں اور ابن حاجب النعمان نے اپنی اشعار الکُتّاب میں اس کی شاعری کے لیے ایک ایک باب وقف کیا ہے۔ الفِہرست، ۱۴۴، ۱۶۶، ۲۳)۔ اس کا دیوان اور اس کے رسائل کا مجموعہ دونوں ضائع ہو چکے ہیں۔ اس کی جو نظمیں ہم تک پہنچی ہیں ان میں سے بعض کی تاریخ معیّن کی جا سکتی ہے، مثلاً ایک نظم جو ۲۴۷ھ / ۸۶۱ء میں اس وقت لکھی گئی تھی جب المتوکّل سامرّا سے اپنی نئی جاے قیام الجعفریّہ میں منتقل ہوا (یاقوت، ۲ : ۸۷؛ البَصری کے بجاے البَصیر پڑھیے)، ایک طویل نظم کے چند اشعار، جن میں اس نے ۲۴۹ھ / ۸۶۳ء میں المُستعین سے درخواست کی ہے کہ وہ اپنے بیٹے العبّاس کو اپنا جانشین نامزد کر دے (المسعودی: مروج، ۷ : ۳۴۶، ابو(علی) البَصیر پڑھیے)، نیز وہ تہنیتی قصیدہ جو ۴ محرم ۲۵۲ھ/ ۲۵ جنوری ۸۶۶ء کو المُعتزّ کی تخت نشینی کے موقع پر پڑھا گیا (المسعودی: مروج، ۷ : ۳۷۸)۔ اس سے ضمناً یہ بھی پتا چلتا ہے کہ المَرزُبانی کے بیان کے برعکس وہ ۲۵۱ھ / ۸۶۵ء کی خانہ جنگی کے دوران میں نہیں مرا۔ ابن حَجَر نے اس کی موت کا زمانہ المُعتمِد کا دورِ حکومت (۲۵۶ تا ۲۷۹ھ / ۸۶۹ تا ۸۹۲ء) لکھا ہے۔

**مآخذ**: (۱) الفِہرست، ص ۱۲۳؛ (۲) المَرزُبانی: معجم الشُّعراء، ص ۳۱۳، طبع Krenkow؛ (۳) ابن حَجَر: لسان المیزان، ۳ : ۳۸؛ (۴) المسعودی: مروج، ۷ : ۳۲۸ ببعد، ۳۴۶؛ نیز دیکھیے: (۵) القالی: الامالی؛ (۶) ابن شَجَری: حماسۃ (بذیل مادّہ ابو علی الضریر)؛ (۷) الثّعالبی: ثمار القلوب، ص ۴۳، ۱۶۴، ۲۶۸، ۲۸۳، ۲۹۶؛ (۸) الأغانی، ۱۰ : ۱۰۸ و ۲۰ : ۳۱۔

(J. W. FÜCK)

**بَصیری**، (تقریباً ۱۴۶۵ تا ۱۵۳۵ء)، ترکی اور فارسی کا شاعر۔ اگرچہ لطیفی اور عالی (کنہ الاخبار) نے لکھا ہے کہ وہ ایران کے ملک سے روم آیا تھا، تاہم ریاضی کے تذکرہ اور کشف الظنون میں وضاحت سے بیان کیا گیا ہے کہ وہ بغداد کا

رہنے والا تھا - ایک جسمانی عارضے (بَرَص) کی بنا پر، جس میں وہ مبتلا تھا، اسے الاجہ (داغ دار) بصیری کہتے تھے - اس کی پرورش ھرات کے علمی اور ادبی ماحول میں ہوئی اور وہ سلطان حسین بایقرا (۱۴۳۸ تا ۱۵۰۷ء)، جامی (۱۴۱۴ تا ۱۴۹۲ء)، اور نوائی (۱۴۴۱ تا ۱۵۰۱ء) کے حلقوں میں اکثر شریک ہوتا رہا - چونکہ نوائی کی کتاب مجالس النفائس میں اس کا ذکر موجود نہیں، اس لیے معلوم ہوتا ہے کہ اس وقت تک اس نے اس حلقے میں شہرت حاصل نہیں کی تھی لیکن مجالس النفائس کے فارسی ترجمے کے ضمیمے میں حکیم محمد شاہ قزوینی نے اس کا ذکر [سلطان] سلیم شاہ اول کے شعرا میں کیا ہے - بصیری ۱۴۹۲ء سے پہلے کسی وقت ہرات سے روم چلا آیا اور جامی اور نوائی کی کتابیں اور غزلیں اور ان کے سپرد کردہ بعض کام اپنے ساتھ لایا - کچھ عرصے تک وہ آق قویونلو کی ملازمت میں رہا - جب اُغُرلو کا بیٹا گودہ آق قویونلو کے تخت پر بیٹھا (۱۴۹۶ء) تو اس نے بصیری کو سلطان بایزید ثانی کے دربار میں سفیر بنا کر بھیج دیا - وہ ۱۴۹۶ یا ۱۴۹۷ء میں استانبول پہنچا - ۱۴۹۷ء میں اصفہان کے گرد و نواح میں جو لڑائی ہوئی اس میں احمد گودہ مارا گیا اور بصیری نے فیصلہ کیا کہ ایران واپس جانے کے بجائے وہ استانبول ھی میں اقامت اختیار کر لے - بعد ازاں ۱۵۰۳ تا ۱۵۰۷ء مؤیدزادہ قاضی عسکر کے ساتھ منسلک رہا، اور اس سے اس کی بڑی بے تکلفی ہو گئی - تذکروں کی شہادت یہی ھے کہ نوائی کے دیوان کو بصیری ہی روم لایا تھا.

گو بصیری شعر فارسی ھی میں [بالعموم] کہتا تھا لیکن چونکہ اس کی نشو و نما حسین بایقرا اور نوائی کی صحبت میں ہوئی تھی اس لیے اسے ترکی زبان اور ترکی ادب پر پورا عبور تھا - روم پہنچنے کے بعد اس نے اپنی ذہانت سے اپنے آپ کو وہاں کے ادبی حلقوں سے اتنی کامیابی کے ساتھ ہم آہنگ کر لیا کہ تذکرہ نویس اس کا ذکر بڑے اچھے الفاظ میں کرتے ہیں - اپنی پاکیزہ اور ظریفانہ شاعری کی وجہ سے وہ اونچے حلقوں میں بے حد مقبول تھا - [سلطان] سلیمان قانونی کے عہد حکومت میں وہ دفتر دار اسکندر چلبی کے مصاحبین میں سے تھا اور ایا صوفیا کے اوقاف اور شاہی خزانے سے اس کا وظیفہ مقرر تھا - اس کی فارسی اور ترکی دونوں زبانوں کی شاعری سے یہ بات صاف ظاہر ھے کہ اسے ان تمام علوم سے گہری واقفیت تھی جو اس وقت کی شاعری کا جزولاینفک سمجھے جاتے تھے اور جن پر شاعری کی اساس قائم تھی - ظرافت، فصاحت اور بالخصوص تجنیس اور ایہام کی صنعتیں اس کی شاعری کی بڑی خصوصیتیں ھیں - اگرچہ اس کی شاعری نے مقامی ادب پر خاصا اثر ڈالا تاھم اس کی شاعری میں سولھویں صدی عیسوی کی اناطولی کلاسیکی خصوصیات نظر نہیں آتیں بلکہ حقیقت میں وہ پندرھویں صدی عیسوی کی فارسی شاعری سے زیادہ قریب ھے - اس کے لطیف چٹکلوں اور شستہ مذاق سے کسی کی دل آزاری نہیں ہوتی تھی - اس کے بعض لطائف تذکروں میں منقول ھیں اور اس نے خود بھی انہیں ایک رسالہ میں جمع کر دیا ھے - ترکی دیوان کے علاوہ اس نے ایک ینگی نامہ بھی لکھا ھے - اس نے اپنی عمر کے سترویں سال میں استانبول میں وفات پائی.

**مآخذ:** (۱) حکیم محمد شاہ القزوینی کا مجالس النفائس کا [فارسی] ترجمہ؛ (۲) سہی بے، لطیفی، حسن چلبی، عاشق چلبی اور ریاضی کے تذکرے؛ (۳) کشف الظنون.

(ALI NIHAD TARLAN)

**البَطَائِح** : رَكَ بہ البَطِيحَة.

**البَطَائِحی** : ابو عبداللہ محمد بن فاتک، ملقب

Marfat.com

به المأمون، فاطمی وزیر، ایک غیر معروف حسب و نسب کا شخص۔ جس کا باپ عراق میں مصری کارندہ (جاسوس) رہا تھا ۔ البطائحی مشہور و معروف فاطمی وزیر الأفضل کی تربیت و حمایت سے پایۂ اقتدار کو پہنچا تھا اور جس کے قتل (۵۱۵ھ/ ۱۱۲۱ء) میں اس کا ہاتھ تھا اور جس کا وہ الآمر (عہد حکومت ۴۹۵ھ/۱۱۰۱ء تا ۵۲۴ھ/ ۱۱۳۰ء) کے پہلے وزیر کی حیثیت سے جانشین ہوا۔

قاہرہ میں ایک رصدگاہ کی تعمیر کا جو منصوبہ الأفضل نے بنایا تھا اس کا آغاز البطائحی نے کیا، جس میں فاسفی ابن باجّہ کے ایک ھسپانوی دوست ابو جعفر یوسف بن حسدائی نے مصر کے اور غیر ممالک کے دیگر دانشوروں کے ساتھ ۵۱۹ھ/ ۱۱۲۵ء تک نمایاں حصّہ لیا ۔ اسی سال البطائحی خلیفہ کی نظر میں مشکوک ہو گیا اور اپنا اقتدار کھو بیٹھا ۔ اس کے جرائم کی فہرست میں رصد گاہ کی تعمیر کو بھی شامل کیا گیا اور یہ الزام لگایا گیا کہ اس رصدگاہ کو اس کا اپنے نام پر ''المأمونی'' موسوم کرنا اس بات کا ثبوت ہے کہ وہ خود خلافت حاصل کرنے کا متمنّی تھا ۔ جب البطائحی کو گرفتار کر لیا گیا تو خلیفہ نے اس تعمیر کو جاری رکھنے سے انکار کر دیا اور کسی کی یہ جرأت نہ تھی کہ وہ اس کا ذکر تک بھی اس کے سامنے کر سکے ۔ اس نے اسے منہدم کرنے کا حکم دیا اور اس کا سامان سرکاری گوداموں میں منتقل کر دیا گیا ۔ معمار اور ماہرین فرار ہو گئے ۔ موخر الذکر میں ابو جعفر یوسف بن حسدائی کے علاوہ طرابلس کا قاضی ابن ابی العیش مہندس، اسکندریہ کا ابوالنجا بن سند آلات گر (ساعاتی)، اور صقلیہ کا مہندس ابو محمد عبدالکریم شامل تھے ۔ خود البطائحی خلیفہ کے حکم سے مصلوب کیا گیا ۔ قاہرہ میں اس کا وسیع مکان تیس سال سے زائد عرصہ گزرنے کے بعد تک بھی جائے سکونت کے طور پر استعمال ہوتا تھا۔ لیکن ابن خلّکان، جس کے ذریعے یہ معلومات حاصل ہوئی ہیں (ترجمہ de Slane، ۲ : ۴۲۶)، اس میں اتنا اضافہ کرتا ہے کہ اس کے وقت میں یہ مکان ایک حنفی مدرسہ بن گیا تھا۔

**مآخذ** : (۱) ابن الأثیر، ۱۰ : ۴۱۷، ۴۴۳ تا ۴۴۴؛ (۲) المقریزی : الخطط (مطبوعۂ بولاق)،۱ : ۱۲۵ تا ۱۲۸ ؛(۳) ابن القلانسی، ص ۲۰۳، ۲۰۹، ۲۱۲.

(D. M. Dunlop)

* **البَطاحِرة** : (بَطْحَرِی) ایک مختصر سا کم حیثیت قبیلہ، جو صرف تقریباً سو آدمیوں پر مشتمل اور راس نوس اور راس سوقرہ کے درمیان جنوبی عرب کے ساحل پر جزائر کوریہ موریہ کے بالمقابل آباد ہے ۔ ان لوگوں کی بیشتر گذر اوقات مچھلیاں پکڑنے اور بکریوں کے ریوڑ پالنے پر ہے، لیکن ان کے پاس کچھ اونٹ، لوبان کے درخت اور تجارتی کشتیاں بھی ہیں ۔ عربی کے علاوہ یہ لوگ بطحری (بطحریت) بولتے ہیں، جس میں جنوب کی مندرجۂ ذیل ہم جنس سامی بولیوں کے مقابلے میں ''عین'' (ع) زیادہ محفوظ رہا ہے : المہرہ کی مہری، الحراسیس کی حرسوسی، الشحرہ اور ان کے آقاؤں القراء کی شحری اور سقوطرہ کے لوگوں کی سقوطری (بنیادی طور پر مہری، لیکن بہت مخلوط) ۔ مذہباً بطاحرہ شافعی مسلمان ہیں اور سیاسی گروہ بندی کے اعتبار سے غافری۔

ان کی بڑی بڑی جماعتیں (عربی ناموں سے) یہ ہیں : (المحابشہ (مَحْبشِی)، المشارمہ (مشرمی)، المماطرہ (ممطری)، المجاعرہ (مجعری) اور المکادشہ (مکدشی) ۔ آخر الذکر جبال ظفار میں القراء کے درمیان رہتے ہیں اور ان کی طرح گائیں پالتے ہیں ۔ المجاعرہ کے دس افراد کی ۱۳۲۶ھ/ ۱۹۰۷ء کے قریب ''بخار'' سے ہلاکت کے بعد ان کے کل چھے

marfat.com
Marfat.com

مرد باقی رہ گئے تھے ۔ المحابشہ کی دو شاخیں ہیں : بیت حبیش (ابن حبیش) اور بیت محدیرہ (ابن محدیرہ) ۔ مؤخر الذکر میں سے ۱۳۲۸ھ / ۱۹۰۹ء میں سردار قبیلہ حثیث تھا، جو اس تاریخ سے تقریبًا سات سال پہلے اپنے والد محمد راعی حمراء کا جانشین ہوا تھا (لقب مقدم، جمع مقدموتن، کے بجائے اب اکثر عربی اصطلاح شیخ استعمال کی جاتی ہے) ۔ اہم معاملات میں قبیلے کا سردار الجنبہ اور المہرہ کے بڑے آدمیوں سے مشورہ کر لیتا ہے، اگرچہ وہ ان کا تابع نہیں ہے ۔ چونکہ یہاں قرب مکانی کا لحاظ خونی قرابت کے مقابلے میں زیادہ ہے اس لیے البطاحرہ کی سماجی حیثیت ہمسایہ قبیلوں میں کسی سے ازدواجی رشتہ قائم کرنے میں مانع نہیں ہوتی۔

ان کے غیر ہموار ساحلی خطے میں — جو اندرونی علاقے کے مقابلے میں، جس کے وہ اپنے دعوے کے مطابق ایک زمانے میں مالک تھے، مختصر سا ہے — ان کے قریب ترین ہمسائے یہ ہیں: القراء اور الشحرہ جنوب مغرب میں، الحراسیس اور المہرہ کے مشرقی گروہ اندرونی علاقے میں اور الجنبہ شمال مشرق میں؛ لہذا ان کے علاقے کے جغرافیائی ناموں میں غیر عربی زبانوں اور عوامی عرب بولیوں کی — خاص طور پر اس عربی کی جو الجنبہ بولتے ہیں — اشکال کے درمیان اگر اختلاف نہیں تو کم از کم تنوع بہت پایا جاتا ہے ۔ چونکہ سیاسی اور معاشی ترقیات کے باعث عربی کی توسیع و ترویج کی رفتار تیز ہوتی جا رہی ہے اس لیے یہاں اور جنوب کی دوسری جگہوں میں اس نوعیت کے مقامی نام بالآخر تاریخی غیر عربی زبانوں کے واحد نہیں تو اہم ترین آثار کے طور پر ضرور شمار ہوتے رہیں گے ۔

**مآخذ** : (۱) Bertram Thomas : *Four Strange Tongues from Central South Arabia*، منقول از *Proc. Brit. Acad.*، ۲۳، لنڈن ۱۹۳۷ء : ۲۳۱ تا ۳۳۱؛ (۲) وہی مصنف : *Arabia Felix*، نیویارک ۱۹۳۲ء، لنڈن ۱۹۳۲ء و ۱۹۳۶ء، ص ۳۷، ۳۸، ۸۳، ۱۳۰؛ (۳) وہی مصنف : *Among Some Unknown Tribes of South Arabia*، در *JRAI*، شمارہ ۵۹، ۱۹۲۹ء : ص ۹۷ تا ۱۱۱؛ (۴) عام حوالے کے لیے : Youakim Moubarac : *Éléments de Bibliographie Sud-Sémitique*، در *RÉI*، ۱۹۵۵ء (مطبوعۂ ۱۹۵۷ء)؛ (۵) *Index Islamicus* (۱۹۰۶ تا ۱۹۵۵ء)، کیمبرج ۱۹۵۸ء (Dr. Wolf Leslau، کیلیفورنیا یونیورسٹی، لاس اینجلز اور Dr. Ewald Wagner، اور Mainz کے جدید تر مطالعات بالخصوص اہم ہیں).

(C.D. Matthews)

* **بطرس البستانی** : رک بہ البستانی۔

* **البطروجی** : نورالدین ابو اسحق، جسے قرون وسطی کے یورپی مصنفوں نے Alpetragius لکھا ہے، اندلس کا ایک عرب ہیئت دان اور ابن طفیل (تقریبًا ۶۰۰ھ/۱۲۰۰ء [بتصحیح ۱۲۰۳-۱۲۰۴ء]) کا دوست اور شاگرد ۔ اس نے اپنے نظریۂ ہیئت میں ارسطوطالیس کے فلسفے کی طرف رجوع کیا ہے اور یہ وہ انداز فکر ہے جس کی ابتدا ابن باجہ اور دیگر اندلسی فلاسفہ، مثلاً ابن طفیل اور ہیئت دان جابر بن افلح کر چکے تھے ۔ اس نظریے میں قوت محرکہ (impetus) کے اصول کو دوبارہ داخل کیا گیا ہے جسے سمپلیشیس Simplicius نے (چھٹی صدی عیسوی) میں ابتدائی شکل دی تھی ۔ علاوہ ازیں اس میں "فلک التدویر" اور دوائر خارج از مرکز کے تصور، نیز وہ نقطۂ نگاہ ترک کر دیا گیا ہے جس کی رو سے دوائر آسمانی مختلف محوروں پر گھومتے ہیں اور اپنے عمل سے حرکت لولبی (spiral movement) پیدا کرتے ہیں ۔ اس کتاب

marfat.com
Marfat.com

کا نام، جس میں اس نے ان اصول کو بیان کیا ہے، کتاب فی الھیئۃ ہے ۔ میکائیل سکاٹ Michael Scot نے اس کا ترجمہ کیا اور ۱۹۵۲ء میں کارموڈی Carmody نے برکلے سے اس ترجمے کو اصل عربی سے تنقیدی مقابلے کے بعد شائع کیا ۔ ۶۰۷ھ/۱۲۰۹ء میں موشے ابن طبّون Moshe ibn Tibbon نے اس کتاب کا عربی سے عبرانی میں ترجمہ کیا اور ۹۳۳ھ/۱۵۲۷ء میں قلمنیموس بن داؤد Kalomnimos ben David نے اس کا لاطینی میں ترجمہ کیا، جو ۱۵۳۱ء میں وینس میں طبع ہوا اور اسی سال سکروبوسکو Sacrobosco کی تالیف (*Treatise on the sphere*) بھی طبع ہوئی۔

**مآخذ** : (۱) دیکھیے وہ تصانیف جن کا *al-Bitruji, De Motibus Coelorum* : F. J. Carmody برکلے Berkeley ۱۹۵۲ء، نے ذکر کیا ہے؛ (۲) Sarton : *Introduction to the History of Science*، ۲ : ۳۹۹ و بمدد اشاریہ۔

(J. VERNET)

* **بطروش** : ھسپانوی میں Pedroche ۔ یہ Pozoblanco کے انتظامی ضلع میں ایک چھوٹا سا مقام ہے اور قرطبہ (Cordoba) سے شمال کی جانب ساٹھ کیلومیٹر کے فاصلے پر اس سڑک پر واقع ہے جو قرطبہ سے طلیطلہ کو جاتی ہے ۔ اس کا فاصلہ دارالبقر سے بھی (جو اب El Vacar کہلاتا ہے) ساٹھ کیلومیٹر ھی ہے ۔ الادریسی کے بیان کے مطابق یہ ایک خوب گنجان آباد اور مستحکم شہر تھا، جس کی فصیلیں اونچی اونچی تھیں ۔ یہ شہر علاقۂ فحص البلّوط میں واقع تھا، جس کا صدر مقام غافق تھا (جو آج کل Belalcázar کہلاتا ہے) ۔ صوبے کا قاضی بھی اسی (بطروش) میں رہتا تھا ۔ غافق کے باشندوں کی طرح یہاں کے لوگوں نے بھی عیسائیوں کے حملوں کو رد کر کے شجاعت میں نام پیدا کیا تھا ۔ اس کے میدانوں اور پہاڑوں میں بلوط کے درخت بکثرت تھے اور ایک بڑی حد تک آج کل بھی ھیں ۔ یہ بلوط بہت سی انواع و اقسام کے تھے اور اپنے پھلوں (acorns) کی عمدگی کی وجہ سے ممتاز تھے ۔ یہاں کے باشندے ان درختوں کو بڑی احتیاط سے بوتے تھے، کیونکہ قحط کے زمانے میں ان کے پھل غذا کا کام دیتے تھے، چنانچہ الرّازی کے قول کے مطابق تمام ھسپانیہ میں یہیں کے بلوط کے پھل سب سے افضل و اعلٰی تھے ۔ ابوحفص عُمر البلّوطی نے، جو اصلاً بطروشی تھا، اقریطش (Crete) پر حرب الربض (Battle of the Suburb) کے باقی ماندہ لوگوں کے ساتھ قبضہ کر لیا اور ایک حکمران خاندان کی بنیاد ڈالی، جو وھاں ۳۵۰ھ/۹۶۱ء تک حکومت کرتا رھا ۔ Los Pedroches کے ضلع میں بسنے والے بربروں نے ایک اندلسی صوفی ابو علی السّراج کی سرکردگی میں اس بغاوت میں شرکت کی جو امیر عبداللہ کے خلاف برپا ھوئی تھی اور جس کا انجام یہ ھوا کہ سُمورہ (Zamora) کی دیواروں کے سامنے ان کے سردار کو بری طرح شکست ھوئی اور وہ لڑائی میں مارا گیا (۲۸۸ ۹۰۱ء) ۔ المرابطون اور الموحدّون کے عہد میں بطروش کی تاریخ کی بابت ھمیں فقط اتنا معلوم ہے کہ ۵۵۰ھ/۱۱۵۵ء میں قرطبہ کے گورنر ابو زید عبدالرحمٰن بن القطّ (Igi) نے موحدّون کے لشکر کے ساتھ بطروش اور علاقۂ فحص البلّوط کے قلعوں پر حملہ کیا (جن پر الفانسو ھفتم نے اس سے ذرا پہلے ایک یلغار کے دوران میں قبضہ کر لیا تھا اور اسی وجہ سے وہ اَندوشر (Andujar) پر قبضہ کرنے کے قابل ھو گیا تھا) ۔ ابن القطّ نے بطروش کے حکمران ''کاونٹ'' کو، جسے الفانسو ھفتم وھاں کا گورنر مقرر کر گیا تھا، بری طرح شکست دی اور قلعے پر حملہ کر کے اسے قید کر لیا اور مرّاکش بھیج دیا۔

marfat.com
Marfat.com

**مآخذ** : (۱) الادریسی، ص ۱۷۵، ۲۱۳ (متن) و ص ۲۱۱، ۲۶۳ (ترجمہ)؛ (۲) ابن عبدالمنعم : الرَّوض المعطار، ص ۵۴ (متن) و ص ۷۵ (ترجمہ)؛ (۳) الرازی، ص ۱۰؛ (۴) ابن خلدون : کتاب العبر، ۴ : ۲۱۱؛ (۵) E. Lévi-Provençal : *Hist. Mus. Esp.*، ۱ : ۳۸۵؛ (۶) البیان المغرب، تیسرا حصہ، مخطوطۂ تمغروت Tamgrut؛ (۷) A. Huici : *Annales toledanos primeros*، ص ۳۴۸۔

(A. HUICI MIRANDA)

* **بِطْرِیق** : لاطینی لفظ Patricius کی معرّب شکل ۔ بِطْرِیق کا لقب (patriciatus dignitas) قیصر قسطنطین (Constantine) (۳۰۶ تا ۳۳۷ء) نے قائم کیا تھا ۔ یہ ایک اعزازی لقب تھا، جس کا کسی منصب یا عہدے سے کوئی تعلق نہ تھا اور اس شخص کو عطا کیا جاتا تھا جس نے حکومت کی نمایاں خدمات انجام دی ہوں۔

(۱) یہ امر متحقق ہے کہ غسّانیوں سے پہلے سلطنت روم کے کسی عرب ملازم کو بطریق (patriciate) کا لقب عطا نہیں کیا گیا اور بنو غسّان [رک بہ غسان، بنو] میں بھی حارث بن جبلہ سے پہلے کسی کو یہ عزّت حاصل نہیں ہوئی جسے (تقریباً ۵۴۰ء میں) اس لقب سے ملقّب کیا گیا تھا ۔ اس کے بعد اس کے فرزند اور جانشین المُنْذِر کو بھی (تقریباً ۵۷۰ء میں) یہ لقب عطا ہوا ۔ غسّانی خاندان کے افراد کا اس لقب سے ملقّب ہونا اس بات کی واضح دلیل ہے کہ انہیں روم کے طبقۂ امرا میں کیسی قدر و منزلت حاصل تھی ۔ عربوں کی قبل از اسلام تاریخ میں الحارث اور المُنْذِر ہی دو ایسے شخص ہیں جن کا بِطْرِیق کے لقب سے سرفراز ہونا وثوق کے ساتھ کہا جا سکتا ہے اور ہمارے مآخذ میں اس کی کوئی قوی دلیل نہیں کہ رومیوں نے المُنْذِر کے بعد کسی اور غسّانی کو یہ لقب مرحمت کیا ہو ۔

(۲) جب ساتویں صدی عیسوی میں اسلامی فتوحات نے عربوں کی حیثیت اور منصب میں تبدیلی پیدا کر دی اور اب رومیوں کی رعایا اور حلیف ہونے کی جگہ انہیں فاتحین کی حیثیت حاصل ہو گئی تو انھوں نے بطریق کا لقب ترک کر دیا، جس کی زمانۂ قبل اسلام میں عرب رئیس بڑی خواہش رکھتے تھے؛ کیونکہ وہ ان کے روم سے تعلقات کی علامت تھا، تاہم بِطْرِیق کا لفظ ان میں بطور ایک ادبی اصطلاح کے باقی رہ گیا ۔ اسلام سے پہلے کے شعرائے عرب کے کلام میں بطریق کا استعمال شاذ و نادر ملتا ہے، تاہم اس کی جمع مکسّر کی تین شکلیں پائی جاتی ہیں اور یہ لفظ اسلامی عہد کے ادب میں بھی مروج ہو گیا ہے ۔ اس لفظ کو المُتَنَبّی اور ابوفراس نے عربی اشعار میں داخل کیا اور مؤرخ اور جغرافیہ‌نویس بھی اسے بکثرت استعمال کرنے لگے ۔ واقعہ یہ ہے کہ عربوں اور بوزنطیوں کی باہمی جنگوں کے ذکر میں یہ نام باقاعدہ طور پر بوزنطی سپہ سالار کے لیے استعمال ہوا ہے ۔ اگرچہ اس کے لیے بعض اور الفاظ بھی ہیں، جیسے سَرْدَغُوس στρατηγός، دُمُستق (domesticus) اور دُوقس (dux)، لیکن یہ ایک عجیب بات ہے کہ ان میں سے بطریق کے لفظ ہی نے، جو ایک غیر عسکری اصطلاح تھی، سب سے زیادہ رواج پایا ۔

(۳) عرب مصنّفوں کے ہاں لفظ بطریق کے بکثرت استعمال کے ساتھ التباسات اور غلط فہمیاں بھی موجود تھیں، مثلاً بطریق کے لقب کے متعلق وہ یہ سمجھتے تھے کہ وہ (الف) ایک عہدہ ہے؛ (ب) موروثی ہے؛ (ج) ایرانیوں پر اس کا اطلاق کیا جا سکتا ہے اور (د) بَطْرَک (Patriarch) کے بجائے استعمال کیا جا سکتا ہے ۔ حقیقت یہ ہے کہ بطریق کا لقب اعزازی، غیر موروثی، خصوصیت کے ساتھ بوزنطی اور کلیسا سے غیر متعلق تھا، تاہم اس فرق کو ملحوظ خاطر رکھنا ضروری ہے جو ادبی

Marfat.com

تصنیفات مثلاً التنوخی کی الفرج [بعد الشدۃ] کے غیر محتاط استعمال اور مؤرخوں اور جغرافیہ نویسوں کی سنجیدہ تصنیفات کے محتاط استعمال میں پایا جاتا ہے ۔ ان مؤخر الذکر تصانیف میں اس لقب کی بابت بالخصوص اصطلاح πρωτοπατρίκιος کے تعلق سے ایسی معلومات محفوظ کر دی ہیں جو بوزنطی تاریخ کا مطالعہ کرنے والوں کے لیے دلچسپی کا موجب ہیں۔

(۴) بِطریق کے لفظ کو عربی لغت نویسوں نے ایک غیر عربی لفظ قرار دیا ہے اور بعض نے اسے ایک فرضی عربی الاصل لفظ کا ہم صوت اور ہم شکل لفظ تصور کیا ہے، جو علاوہ دیگر معانی کے ''ایک متکبر اور خود پسند شخص'' کا مفہوم ادا کرتا ہے ۔

مآخذ : (۱) B. Kübler : *Patres, patricii*، در Pauly-Wissowa، ج ۱۸، حصہ ۳: عمود ۲۲۳۱ تا ۲۲۳۲؛ (۲) Th. Nöldeke : *Die Ghassanischen Fürsten aus dem Hause Gafna's Abh. Pr. AK. W.* برلن ۱۸۸۷ء، ص ۱۳ تا ۱۴؛ حاشیہ ۳ بر ص ۱۳ صحیح نہیں؛ (۳) عرب مصنّفین کے بطریق کے استعمال کے متعلق دیکھیے A. A. Vasiliev : *Byzance et les Arabes*، برسلز ۱۹۳۵ء، ۱۹۵۰ء، ج ۱، ۲، بمواضع کثیرہ؛ اور (۴) M. Canard : *Les aventures d'un prisonnier arabe et d'un patrice byzantin a l'époque des guerres bulgaro-byzantines, Dumbarton Oaks Papers* (Harvard یونیورسٹی پریس ۱۹۵۶ء)، ج ۹ تا ۱۰، خصوصاً ص ۶۲ حاشیہ ۱۳، ص ۶۶، ۶۸ حاشیہ ۲۸؛ (۵) Lane : *Arabic-English Lexicon*، نیویارک ۱۹۰۰ء، حصۂ اوّل، ۱ : ۲۱۷ تا ۲۱۸ ۔

(IRFAN KAWAR)

**البَطّال** : [ابو محمد عبداللہ المعروف بہ] سیّد بطّال غازی، اموی عہد میں بوزنطہ کے خلاف جنگوں میں عربوں کا سالار، جسے اس ترکی افسانے میں جو اس کے کارناموں سے تعلق رکھتا ہے عبّاسی دور کا ایک بطل بنا دیا گیا ہے ۔ اس طرح البطّال مَلَطْیَہ کے امیر عمرو بن عبیداللہ الاَقْطَع (م ۲۴۹ھ / ۸۶۳ء) کا ہمعصر ہو گیا اور اسے ملطیہ کے رزمیہ دور میں شامل کر لیا گیا ۔ امیر دانشمند کی فتح مَلَطْیَہ (۴۹۵ھ/۱۱۰۲ء) کے بعد ترکوں نے ملطیہ کے رزمیہ کو اپنے رزمیہ دور میں شامل کر لیا اور اپنے قومی بہادروں کی ابتدا اسطوری البطّال سے قرار دی ۔ ترکی افسانے میں ہمیں جو بطّال ملتا ہے وہ ترکی رنگ میں رنگا ہوا ہے، اسے حضرت علی رضؓ کی قرابت داری کا اعزاز دیا گیا ہے اور اس کا اصلی نام جعفر بتایا گیا ہے ۔ جن ترکی مؤرخوں نے اس رزمیہ افسانے کو ایک تاریخی مأخذ کے طور پر استعمال کیا انھوں نے اس کے اسطوری عناصر کو اکثر تاریخی حقائق کے طور پر تسلیم کر لیا، بلکہ قصّے کی ترتیبِ زمانی کے تسلیم کرنے میں بھی تامّل نہ کیا ۔ چنانچہ اولیا چلبی نے بطّال کو ہارون الرّشید کا ہمعصر بنا کر اس کے عہدِ حکومت کو ۱۹۳ھ/۸۰۹ء [؟، ۸۶۲ء] میں پہنچا دیا، یعنی وہ سال جس میں چلبی کے نزدیک اس نے استانبول کا محاصرہ کیا تھا ۔ یہ تاریخی غلطی الطّبری کے ترکی ترجمے میں بھی ملتی ہے؛ یہ ترجمہ ایک گم نام مترجم نے کیا ہے اور اس میں کئی بیانات ترکی رزمیہ روایت سے لے کر شامل کر دیے گئے ہیں۔

البطّال کا ذکر دو بڑے رزمیہ افسانوں میں آتا ہے ۔ عربی قصّۂ ذات الہمّۃ (دَلْہَمّۃ) [رَکَ بہ ذُوالہمّۃ] میں اور ترکی کے افسانۂ سیّد بطّال میں ۔ یہ دونوں قصّے اگرچہ ایک دوسرے سے ملتے جلتے ہیں تاہم ان پر ایک دوسرے کے اثرات نہیں پڑے ۔ ان دونوں کا تعلق غالباً البطّال سے متعلق کسی عربی روایت سے ہے، جس کا کوئی تحریری

marfat.com
Marfat.com

سراغ ہمارے پاس موجود نہیں لیکن جس کے وجود کا ثبوت چھٹی صدی ہجری / بارھویں صدی عیسوی کی دو تاریخی شہادتوں سے ملتا ہے (قب M. Canard، در JA، ۲۰۸ : ۱۱۶؛ وہی مصنف، در Byzantion، ۱۲ : ۱۸۶)۔

ترکی روسان : اناطولیا کی فتح کے بعد ترکوں نے عرب ۔ بوزنطی جنگوں سے متعلق مقامی رزمیہ روایات کو اپنی روایات بنا لیا ۔ ان روایات سے، جن کی صورت ترکی عناصر نیز ترکی رنگ میں رنگے ہوے ایرانی عناصر کے اضافے کی وجہ سے بدل چکی تھی، ایک نئی آناطولی رزمیہ کی تخلیق ہوئی، جس کا موضوع ایشاے کوچک کی فتح تھا ۔ بطّال کا روسان اس ترکی ادب کا ابتدائی نمونہ تھا، تاہم شروع ہی سے اس میں وہ عناصر داخل ہو گئے جو ترکی عوام میں لوک کہانیوں کی شکل میں رائج تھے، یعنی ایسے واقعات جو ایک خیالی دنیا میں رونما ہوے، جس میں مردم خور دیو اور مافوق الفطرت مخلوقات آباد ہے، ایسے موضوع جو ایرانی دیو و پری کے قصّوں، یا رزمیہ افسانوں اور شاھنامہ کی عوامی روایتوں سے لیے گئے تھے، نیز وہ مضامین جو مختلف اور مخلوط تصوّرات کے تاریخی افسانوں، مثلاً 'قصّۂ ابو مسلم' سے، جو تمام ترکی علاقوں میں مقبول ہے، ماخوذ تھے ۔ بطّال کا ترکی روسان ایک ایسا مرقع معلوم ہوتا جس میں مختلف زمانوں اور مآخذ کے عناصر ایک دوسرے سے پیوست ہوگئے ہیں ۔ ان سب عناصر میں وہ حصۂ کتاب جس میں ملحد بابک کی بغاوت اور گرفتاری کا قصہ بیان کیا گیا ہے اپنی تاریخی بنیاد کی وجہ سے، جو افسانے کی عبارت آرائی میں سے صاف طور پر عیاں ہے، باقی حصّوں میں ایک نمایاں حیثیت رکھتا ہے ۔ اس قصے میں، جو المُعتَصِم کی خلافت کے زمانے (۸۳۳ تا ۸۴۲ء) کا ہے، بطّال کو سہم کے اصل بطّل آفشین کی جگہ دے دی گئی ہے، جس کا نام ۲۲۵ھ / ۸۴۰ء میں اس کے معتوب اور مقتول ہونے کے بعد ممنوع قرار دے دیا گیا تھا ۔ یہ قصہ غالباً ان ''بابک ناموں'' میں سے ہے جن کے وجود کا علم ہمیں ابن النّدیم سے ہوتا ہے اور جسے بطّال کے روسان میں شامل کر لیا گیا ہے ۔

اسی طرح دلہمہ کے ترکی روسان میں پہلی صلیبی جنگ کے زمانے کی بعض یادیں پائی جاتی ہیں ۔ اس کی تألیف غالباً چھٹی ہجری / بارھویں عیسوی یا ساتویں ہجری / تیرھویں صدی عیسوی کے بالکل شروع میں ہوئی، کیونکہ ''ملک دانشمند کے روسان'' کو، جس میں ملطیہ کے پہلے ترکی فاتح کی جنگوں کی یاد تازہ کی گئی ہے اور جو سب سے پہلے ۶۴۳ھ / ۱۲۴۵ء میں لکھا گیا تھا، بطّال ہی کے روسان کا سلسلہ خیال کیا گیا ہے؛ سلجوقی عہد کے کچھ راویوں نے اس میں ایک باب کا اضافہ کیا ہے، جس میں انہوں نے بتایا ہے کہ کس طرح آناطولیا کے سلجوقیوں نے اس بہادر کی قبر دریافت کی ۔ [سلطان] مصطفٰی ثالث (۱۷۵۷ تا ۱۷۷۴ء) کے عہد کا لکھا ہوا بطّال کے روسان کا ایک منظوم نسخہ بھی ملتا ہے، جو بقائی کی طرف منسوب ہے ۔ رزمیہ دور کو چھوڑ کر بطّال کا نام اب تک کئی آناطولی قصوں میں موجود ہے اور خاص طور پر علوی اور بیکتشی فرقوں [رک بہ نُصَیریّہ اور بِکتَشیہ] کی اولیاء سے متعلق کہانیوں میں، جنھوں نے اسے اپنا ایک بطل بنا لیا ہے ۔

**مآخذ** : (۱) Ethé : *Die Fahrten des Sajjid Batthal*، دو جلدیں، لائپزگ ۱۸۷۱ء؛ (۲) M. Canard : *Un Personnage de Roman Arabo-Byzantin*، در *Actes du IIème Congrès National des Sciences Historiques*، الجزائر ۱۹۳۲ء (دیکھیے نیز مذکورہ مقالات)؛ (۳) H. Gregoire : *L' Epopée byzantine*

Marfat.com

Bull. در ،et ses rapports avec l' epopée turque
،CL. Lettres de l' ARB ۱۷ (۱۹۳۱ء) : ۳۶۳ تا
۳۸۱؛ (۴) Boratav، مقاله Battal، در اِ اِ، ت، ۱۹۴۳ء
بعد (دیکھیے ماخذ)؛ (۵) طاہر الانگو: بیزانس و ترک قہر مانلک ایپوسلرینک چیقی سی اوزرینه، در ترک دلی، ۲، انقره ۱۹۵۳ء : ۵۳۱ تا ۵۵۷؛ [(۶) الاعلام، ۳ : ۲۰۱].

(I. MELIKOFF)

[مزید معلومات کے لیے دیکھیے (۲) آگے]

(۲) عبداللہ، اموی عہد کا مشہور غازی، جس نے بوزنطیوں کے خلاف بہت سی جنگوں میں حصہ لیا۔ اس کے لقب البطّال کے معنی ہیں ''بہادر''، ''قہرمان'' لیکن یہ لفظ تحقیرآمیز معنوں میں بھی استعمال کیا جاتا ہے (قبّ مثلاً ابن حوقل، ص ۸۵ اور[عربی] لغات)۔ البطّال کے متعلق صرف تھوڑا سا تاریخی مواد، کچھ نیم تاریخی روایات، اور مزید برآں ایک عربی قصہ سیرۃ دلہمّۃ و البطّال اور اسی سے منسلک ایک ترکی رومان سیّد بطّال موجود ہے۔

ابتدائی دور کے مؤرخوں (الیعقوبی اور الطّبری) کے نزدیک البطّال کا تذکرہ ہشام بن عبدالملک کے عہد (۱۰۵ تا ۱۲۵ھ/ ۷۲۴ تا ۷۴۳ء) میں ۱۰۹ھ/ ۷۲۷-۷۲۸ء سے پہلے نہیں ملتا۔ اسی طرح بوزنطی مؤرخ تھیوفینس Theophanes اور تِل مہری کے نقلی ڈائیونسس (Pseudo-Dionysius of Tell Mahre) کے نام سے مشہور سریانی تاریخ کے مصنف نے بھی صرف اس کے سنۂ وفات کا ذکر کیا ہے، جو ۷۴۰ء ہے۔ تاہم الطّبری کے فارسی ترجمے میں، جو البلعمی نے ۳۵۲ھ/ ۹۶۳ء میں کیا، ایک پرانی روایت درج ہے، جس میں البطّال کو ۹۸ھ/ ۷۱۷ء میں مسلمہ بن عبدالملک کے ساتھ اس کی استانبول کی مشہور مہم میں شریک بتایا گیا ہے۔ ہمیں زیادہ تر واسطہ ایک اسطوری بیان سے ہے اور ہم یہ نہیں جان سکتے کہ اس میں کوئی قابلِ اعتماد تاریخی عنصر شامل ہے یا نہیں۔

یہ بات تاریخی ہے کہ البطّال نے مُعاویہ بن ہشام کے ہراول دستے کے سالار کی حیثیت سے ۱۰۹ھ/ ۷۲۸ء میں پافلاغونیا Paphlagonia میں جنجرہ (Grangra) کو فتح کیا۔ ۱۱۳ھ/ ۷۳۱ - ۷۳۲ء میں اس نے اس مہم میں حصہ لیا جس میں اموی دور کا ایک اور نامور غازی عبدالوہّاب بن بُخت شہید ہوا۔ ۱۱۴ھ/ ۷۳۲ - ۷۳۳ء یا ۱۱۵ھ میں اس نے فریجیا Phrygia پر معاویہ بن ہشام کے حملے کے دوران میں قراحصار (Akroinon) کے علاقے میں ایک بوزنطی قائد قسطنطین کو شکست دے کر گرفتار کیا۔ اس کے بعد سے اس کی تاریخِ وفات یعنی ۱۲۲ھ/ ۷۴۰ء تک اس کا کوئی مزید ذکر نہیں ملتا۔ اسی سال کے دوران میں سلیمان بن ہشام کی فوج نے آناطولیا کے کئی حصّوں پر حملہ کیا۔ البطّال کے دستے پر، جو مَلَطْیَه کے گورنر مالک بن شَبِیْب (یا شُعَیْب) کی قیادت میں تھا، شہنشاہ لیو ثالث اور اس کا بیٹا قسطنطین اچانک حملہ آور ہوے اور قراحصار (Akroinon) کے قریب اسے شکست دی۔ اس معرکے میں دونوں سردار مارے گئے اور ان کے پسماندہ سپاہی جنوب میں سِنّادہ Synnada کی طرف بھاگ گئے اور سلیمان سے جا ملے۔ تاہم البطّال کا سنۂ وفات ۱۳۱ یا ۱۲۳ بلکہ ۱۱۳ھ بھی بتایا جاتا ہے۔

ہر چند کہ ابتدائی عہد کے مؤرخوں نے البطّال کی شخصیت کو زیادہ اہمیّت نہیں دی تاہم اس کے فوجی کارناموں کا ذکر قدیم زمانے سے مقبول عام روایت کے ذریعے مختلف بیانات اور حکایات میں آتا رہا۔ المسعودی کے زمانے یعنی چوتھی صدی ہجری / دسویں صدی عیسوی کے نصف اوّل

marfat.com
Marfat.com

میں البطّال کا شمار ان نامور مسلمانوں میں ہوتا تھا جن کی تصویر بوزنطی اپنے معبدوں میں ملطیه (Melitene) کے مشہور امیر عمرو بن عُبیدالله الاَقطع (جس نے ۲۴۹ھ / ۸۶۳ء میں شکست کھائی اور مارا گیا) کی شبیه کے ساتھ آویزاں رکھتے تھے - (مروج، ۸ : ۷۴) - یه بات بعید از قیاس نہیں که ان دونوں کی داستان نے اس تاریخ کے فوراً بعد پہلی بوزنطی فتح کے نتیجے کے طور پر نشو و نما پائی ہو - معرکۂ مَسْلَمَه کے متعلق البَلْعمی کے بیان میں مذکور ہے که البطّال کو استانبول کے ایک دروازے پر متعیّن کیا گیا که وہ اس وقت جب مسلمه اکیلا گھوڑے پر سوار شہر میں داخل ہو دروازے کو کھلا رکھے اور اگر مسلمه پر کوئی مصیبت آئے تو البطّال فوج کے ساتھ شہر میں داخل ہو جائے - کتاب العُیون (پانچویں صدی هجری / گیارھویں صدی عیسوی یا چھٹی صدی هجری / بارھویں صدی عیسوی) میں بوزنطی دارالسلطنت کے محاصرے کے بیان میں البطّال کا ذکر مَسْلَمَه کے همراهی کی حیثیت سے بھی آیا ہے - یہاں سال ۱۱۰ھ کے ضمن میں البطّال کی ایک یکّه و تنہا نبرد آزمائی کا رومانی قصّه بھی درج ہے - عظیم القدر اندلسی صوفی ابن العربی (م ۶۳۸ھ / ۱۲۴۰ء) نے مَسْلَمَه کے معرکے کے مشہور بیان میں، جو البلعمی کے بیان سے مناسبت رکھتا ہے، البطّال کی طرف ایک اہم منصب منسوب کیا ہے، جس میں اسے الجزیرہ اور شام کی افواج کا سالار اور مسلمه کے ہراول دستوں کا رئیس بتایا گیا ہے اور استانبول کے سامنے اسے اسی کام پر مأمور دکھایا گیا ہے جو البلعمی کے بیان میں مذکور ہے.

ایک طویل سوانحی بیان میں، جس کا سلسله ابن عَساکر (م ۵۷۱ھ/۱۱۷۵-۱۱۷۶ء) تک پہنچتا ہے، ایک شامی روایت ملتی ہے، جسے مختلف مؤرخوں نے، جن میں ابن الاَثیر، سِبط ابن الجوزی، ابن شاکر الکتبی، ابن فضل الله العُمَری اور ابن کَثیر وغیرہ بھی شامل ہیں، کم و بیش مکمل نقل کیا ہے - اس روایت میں مسلمه کے معرکے میں البطّال کے کردار کے متعلق ایک مختصر سے اشارے کے بعد کئی رومانی حکایات درج ہیں، جن میں سے بعض البطّال کے رومان میں بھی موجود ہیں - وہ حکایات یه ہیں : (۱) البطّال بحیثیت ایک بہوت کے ایک رات کسی یونانی گاؤں میں وارد ہوتا ہے، ایک ماں کی آواز سنتا ہے جو اپنے روتے ہوئے بچے کو یه کہه کر ڈرا رہی ہے که اگر وہ رونے سے باز نه آیا تو وہ اسے البطال کے حوالے کر دے گی؛ (۲) اس کا ایک یونانی خانقاہ میں داخل ہونا: البطّال کو، جو پیٹ کے شدید درد سے کمزور ہو گیا ہے، اس کا گھوڑا ایک خانقاہ کی طرف لے جاتا ہے، جہاں اسے پناہ مل جاتی ہے - وہ رئیسۂ خانقاہ کی بدولت ایک بوزنطی بطریق کی تفتیش و تجسس سے بچ جاتا ہے، اس کی روانگی پر اس کا پیچھا کرتا ہے، اسے قتل کرتا ہے اور خانقاہ واپس جا کر سب راہبه عورتوں کو قید کر لیتا ہے اور رئیسۂ خانقاہ سے شادی کر لیتا ہے؛ (۳) ایک حیلے سے اس کا عَمُوریه میں داخل ہونا : اپنے ساتھیوں سے علیحدہ ہو جانے پر وہ عَمُوریه پہنچتا ہے، جہاں وہ شہنشاہ کا قاصد ہونے کے بہانے سے بطریق تک رسائی حاصل کرتا ہے اور اسے مسلمانوں کی فوج کا مقام و پتا بتانے پر مجبور کرتا ہے اور پھر واپس آ کر فوج سے مل جاتا ہے؛ (۴) میدان جنگ میں اس کی موت، جہاں شہنشاہ لیو Leo آخری لمحات میں اس کے پاس آتا ہے، اس کی دیکھ بھال کرتا ہے اور مسلمان اسیروں کو اس کی تدفین کی اجازت دیتا ہے.

جن مصنّفوں نے یه حکایات نقل کی ہیں وہ انہیں سیرة دلْهِمّة و البطّال کی ان جھوٹی باتوں سے مختلف بتاتے ہیں جن کے وجود کا علم ہمیں یہودی

marfat.com
Marfat.com

نو مسلم سموأل بن یحیی المغربی کے زمانے میں بھی ہوتا ہے، جس نے اپنی کتاب ٥٦٥ھ / ١١٦٩-١١٧٠ء میں لکھی تھی۔

شروع زمانے کے مؤرخوں نے البطّال کے حسب و نسب کے بارے میں کچھ نہیں لکھا۔ متأخر مؤرخوں کی رائے میں، وہ انطاکیہ (یا دمشق) کا باشندہ تھا۔ اس نے انطاکیہ ھی میں سکونت اختیار کر لی تھی اور اپنے ساتھی عبدالوھّاب بن بخت کی طرح کہ وہ بھی سیرۃ دلہمۃ و البطّال کا ایک بہت بڑا کردار ہے، بنو امیّہ کا مولی تھا۔ اس کی کنیت کبھی ابو محمد، کبھی ابو یحیی اورکبھی ابوالحسین بتائی جاتی ہے۔ اس کے والد کا نام حسین یا عمرو تھا۔ اس کے نسب کے لیے، جیسا کہ سیرۃ دلہمۃ یا ترکی روایت سید بطّال میں درج ہے، دیکھیے ان دونوں رومانوں پر لکھے ہوے مقالات۔

مآخذ: (١) الیعقوبی، ٢: ٣٩٥؛ (٢) الطّبری، ٢: ١٥٥٩، ١٥٦١، ١٧١٦؛ (٣) الطّبری (فارسی ترجمہ از البلعمی) انگریزی ترجمہ از Zotenberg، ٣: ٢٣٩ بعد؛ (٤) کتاب العیون، در *Fragm. Hist. Arab.*، طبع ڈخویہ، ١: ٢٨ بعد، ٩٠، ٩١، ١٠٠؛ (٥) سموأل بن یحیی المغربی: افحام الیہود، در M. Schreiner: *Monatsschrift für Gesch. u. Wiss. d. Jud.*، ٦ (١٨٩٨ء): ٤١٨؛ (٦) ابن الأثیر، (طبع ٹورن برگ Tornberg)، ٥: ١٢٩، ١٣٢، ١٣٣، ١٨٦ تا ١٨٧؛ (٧) سبط ابن الجوزی: مرآۃ الزمان (مخطوطۂ پیرس، عدد ٦١٣٢) ورق ١٢٦ الف و ١٥٦ الف، ١٦٠ الف بعد؛ (٨) ابن شاکر الکتبی: عیون التواریخ (مخطوطۂ پیرس، عدد ١٥٨٧)، ورق ١٠٢ ب تا ١٠٣ الف، ١٤٧ ب تا ١٤٩ الف؛ (٩) ابن العربی: محاضرۃ الابرار و مسامرۃ الاخیار (قاہرہ ١٩٠٦ء)، ٢: ٢٢٣ تا ٢٣٣؛ (١٠) ابن فضل اللہ العمری: مسالک الابصار، طبع F. Taeschner (*Bericht über Anatolien*)، ١٩٢٩ء، ص ٦٣ تا ٦٦؛ (١١) الذّہبی: تاریخ الاسلام (قاہرہ ١٣٦٧ھ)، ٣: ٢٢٧ و ٥: ٣٦؛ (١٢) وہی مصنّف: کتاب العبر (مخطوطۂ پیرس، عدد ١٥٨٣)، ورق ٣٦ الف؛ (١٣) وہی مصنّف: کتاب دول الاسلام، حیدرآباد ١٣٣٧ھ، ١: ٥٩؛ (١٤) ابن کثیر: البدایۃ و النّہایۃ، ٩: ٣٣١ تا ٣٣٣؛ (١٥) ابن تغری بردی: النجوم (مطبوعۂ قاہرہ)، ١: ٢٧٢، ٢٧٣، ٢٨٦؛ (١٦) السّیوطی: تاریخ الخلفاء، قاہرہ ١٣٠٥ھ، ص ٩٦؛ (١٧) القرمانی: اخبار الدول، ابن الاثیر کے حاشیے پر، بولاق ١٢٩٠ھ، ٣: ٢١٣ تا ٢١٨؛ (١٨) Denys، متوطن تل سہرہ، سے منسوب کتاب، مترجمۂ Chabot، بذیل ١٠٣٦ / ٧٣٣ - ٧٣٥، ٢٥؛ (١٩) A. M. Theophanes، طبع De Boor، ٦٢٢٣، ص ١١٣؛ (٢٠) Ramsay: *Hist. Geogr. of Asia Minor*، ص ٨٧، ٣٢٢؛ (٢١) Le Strange، ص ١٥٢؛ (٢٢) Weil: *Chalifen*، ١: ٦٣٨ تا ٦٣٩؛ (٢٣) A. Lombard: *Constantin*، ٥: ٣٢؛ (٢٤) E. W. Brooks: *The Arabs in Asia Minor*، در *Journ. of Hell. Stud.*، ٩٣ (١٨٩٨ء): ١٩٣ بعد، ١٩٨ بعد؛ (٢٥) M. Canard: *Les expéd. des Arabes contre Constantinople*، در *JA*، ٢٠٨: ٨٦ بعد، ١٠٠ بعد، ١٦٦ بعد؛ (٢٦) F. Gabrieli: *Il Califfato di Hisham*، ١٩٣٥ء، ص ٨٧ تا ٩١۔

(M. CANARD)

**بطلیموس**: عربی رسم الخط میں یونانی-لاطینی نام Ptolemaeus کی تقریباً بلا استثناء مستعمل شکل۔ المسعودی (تنبیہ) یہ نام ہمیشہ ا ب ط ل م ی و س سے لکھتا ہے جسے ابطلیموس پڑھا جا سکتا ہے، جو بحدّ امکان صحیح ترین عربی شکل ہے۔ ایک جگہ، ص ١٢٩، وہ یہ تشریح کرتا ہے کہ ''بطلاماوس بلغاتہم''۔ اس کے اسم نسبت القلوذی کے بارے میں المسعودی یہ کہتا ہے کہ بعض لوگ اسے یقین کے ساتھ ''چھٹے'' رومی شہنشاہ

marfat.com
Marfat.com

Claudius کا بیٹا سمجھتے ہیں ( باختلاف قراءت : دوسرے، یعنی Tiberius کا ) جو درحقیقت تیسرا تھا ۔ وہ خود اس کے زمانے کا صحیح تعین کرتا ہے اور اسی طرح ابن صاعد الاندلسی طبقات الامم، ص ۳۹ ( طبع شیخو Cheikho) بھی ۔ نیز اس سے پہلے ہی الفہرست، ص ۲۶۷ ( طبع Flügel )، المسعودی، محل مذکور، و دیگر مصنفین اس ہیئت‌دان کے مصر کے یونانی بادشاہوں میں سے ایک کا مرادف ہونے کی بھی تردید کرتے ہیں ۔ چونکہ کوئی یونانی سائنس دان یکساں طور پر قرون وسطی کے مغربی اور مشرقی علم ہیئت، جغرافیہ اور یہاں تک کہ علم عالم (Weltenschaung) پر اس قدر حاوی نہیں تھا جتنا کہ بطلمیوس (Ptolemy) اس لیے ہم نے چند ایسی کتابوں کی فہرست پیش کرنے پر اکتفا کیا ہے جن سے ایک بڑے پیمانے پر اس کے اثر کا اظہار ہوتا ہے :-

(۱) عمومی: سارٹن: *IHS* [= مقدمۂ تاریخ سائنس]، ج ۱ تا ۳، بمدد اشاریہ؛ وہی مصنف: *The Appreciation of ancient and medieval science during the Renaissance*، ۱۹۵۵ء، باب ۳، ص ۵؛ وہی مصنف: *Ancient science and modren civilization*، ۱۹۵۴ء، باب ۲؛ L. Thorndike: *History of Magic, etc.*، ج ۱، ۱۹۲۳ء، ص ۱۰۴ ببعد؛ دوسری جلدوں کے لیے دیکھیے اشاریے ۔

(۲) علم ہیئت: C. A. Nalino: علم الفلک، ۱۹۱۱ء، اطالوی ترجمہ در *Raccolta di Scritti*، ج ۵، ۱۹۴۴ء؛ O. Neugebauer: *The transmission of planetary theories in ancient and medieval astronomy*، Emanuel Stern Lecture، نیو یارک ۱۹۵۶ء۔

(۳) علم نجوم: F. Boll: *Kleine Scriften zur Sternkunde des Altertums*، ۱۹۵۰ء۔

(۴) جغرافیہ: E. Honigmann: *Die 7 Klimata*، ۱۹۲۹ء۔

(۵) موسیقی (Harmonics): Ingemar Düring: *Die Harmonielehre des Klaudios-Ptolemaios*، ۱۹۳۰ء: Christ-Schmid-Stählin: *Gesch. d. griech Lit.*، بار ششم، ۲/۲، ۱۹۲۴ء: ص ۹۰۲۔

(۶) مناظر (Optics): Christ، وغیرہ، وہی کتاب۔

ذیل میں ہیئت، نجوم، جغرافیہ، موسیقی اور مناظر کے متعلق بطلمیوس کی ان تصانیف کی ایک فہرست درج کی جاتی ہے جن کا نقش اسلامی علوم پر باقی ہے ۔ ہر ایک عنوان کے تحت سب سے پہلے یونانی تصنیف کا نام لکھا گیا ہے ۔ اس کے بعد وہ نام آتے ہیں جو صرف عربی میں یا عربی سے ترجموں میں معروف ہیں ۔ مآخذ حسب ذیل ہیں : الفہرست (ف)، ابن صاعد الاندلسی (ص)، القفطی (ق) اور ابن ابی اُصیبعہ (اُ) : علاوہ ازیں براکلمان اور مخطوطات کی فہرستیں ۔ مغربی [زبانوں میں] تراجم کے لیے M. Steinschneider: *Die europ. Übersetzungen a. d. Arab.* اور Sarton اور Thorndike کی مذکورۂ بالا تصانیف کے علاوہ ہم مندرجۂ ذیل سے استفادہ کرتے ہیں :-

(۱) J. M. Millás Vallicrosa: *Las traducciones orientales en los manuscritos de la Biblioteca Catedral de Toledo*، ۱۹۴۲ء؛ (۲) F. J. Carmody: *Arabic astronomical and Astrological Sciences in Latin Translation*، ۱۹۵۶ء (جزوی طور پر قابل اعتماد ہے)؛ (۳) L. Thorndike: *Notes upon some mediêval Latin astronomical, astrological and mathematical manuscripts at the Vatican*، Isis، شمارہ ۴۷، ۱۹۵۶ء: ص ۳۹۱ تا ۴۰۴؛ (۴) وہی مصنف: *Notes on some... manuscripts of the Bibliothèque nationale, Paris*، در *Journal of the Warburg and Courtauld Institutes*، ج ۲۰، ۱۹۵۷ء: ص ۱۱۲ تا ۱۷۲؛ (صرف متعلقہ

marfat.com
Marfat.com

مضمون کے زائد نسخے (Offprints) برائے فروخت).

(۲) علم ہیئت: (ا) The Almagest، چونکہ نالینو Nallino نے نئے دلائل سے کوپ Koppe کے خیال کی تائید کی ہے کہ یہ لفظ μεγάλη σύνταξις سے بذریعۂ نحت اخذ کیا گیا ہے (Raccolta، ٥ : ٢٦٢) اس لیے سابقہ رائے جس کے مطابق اسے μεγίστη سے ماخوذ قرار دیا گیا تھا (Suter، آآ، بار اوّل بذیل مادہ Almagest)، بالعموم ترک کر دی گئی ہے۔ اس کی عربی شکل اَلْمِجِسْطِی ہے (جسے حاجی خلیفہ، ٥ : ٣٨٥ نے خوب واضح طور پر بیان کیا ہے۔ ابن العبری (Barhebraeus) نے اس نام کی صحیح یونانی شکل سُونْطَاکسیس بھی دی ہے (طبع Salhani، ص ١٢٣)۔ کتب ١ تا ٤ کے مضامین کا مفصل بیان الیعقوبی میں ہے، ١ : ١٥١ تا ١٥٤)؛ قب Klamroth، در ZDMG، ٤٢ : ١٧ تا ١٨۔ تسہیل المجسطی از ثابت بن قرۃ، قب براکلمان، ١ : ٣٨٤، ١ : ے الف۔ پہلا مترجم سہل الطبری نہیں (اور یہ شخص سہل بن بشر کا مرادف نہیں جیسا کہ Steinschneider : Arab. Lit. der Juden، ص ٤٢ کا خیال ہے) جیسا کہ سارٹن Sarton، IHS، ١ : ٥٦٢، کا بیان ہے۔ اس تمام مسئلے سے نالینو Nallino، محلِ مذکور، نے از سرِ نو بحث کی ہے جو اس بارے میں الفہرست میں مندرج بیان کی ایک نئی تاویل بھی پیش کرتا ہے (Raccolta، ٥ : ٢٦٣)، اور اس نتیجے پر پہنچتا ہے کہ پہلا مترجم نامعلوم ہے۔ مخطوطہ اسکوریال، عدد ٩١٥ سے O. J. Tallgren نے استفادہ کیا ہے : *Un point d'astronomie gréco-arabe-romane, Neuphilologische Mitteilungen*، ج ٢٩، ١٩٢٨ء : ص ٣٩ تا ٤٤؛ نیز قب وہی مصنف : *Survivance arabo-romane du Catalogue d'étoiles de Ptolemée*، *Stud. Or. Soc. Or. Fenn.*، ٢ (١٩٢٨ء) : ٢٠٢ تا ٢٨٣۔ ابو جعفر الخازن کی لکھی ہوئی ایک شرح، جو اب تک غیر معروف تھی (براکلمان، ١ : ٣٨٧) G. Vajda نے دریافت کی ہے (کتاب خانۂ ملّید، پیرس، عربی ٢٤٨٢، ٩؛ قب RSO، ٢٥ : ٨)۔ ایک اور شرح مصنفۂ جابر بن حیّان کا محض نام ہی معلوم ہے؛ قب Kraus : *Jābir-ibn Hayyān*، ج ١، ١٩٤٣ء، شمارہ ٢٨٣٤ - Ch. H. Haskins اور D. P. Lockwood کا بیان ہے کہ ١١٧٥ء میں قرمونہ کے جیرارڈ Gerard نے جو ترجمہ عربی سے کیا تھا اس سے بارہ سال پہلے ایک ترجمہ براہِ راست یونانی سے کیا جا چکا تھا اور اسی کو پہلا لاطینی ترجمہ سمجھنا چاہیے (*The Sicilian Translators of the 12th Century and the first Latin version of Ptolemy's Almagest*، در *Harvard Studies Classical Philology*، ج ٢١، ١٩١٠ء : ص ٧٥ تا ١٠٢؛ نیز قب J. L. Heiberg، در *Hermes*، ج ٤٥، ١٩١٠ء : ص ٥٧ تا ٦٦، ج ٤٦ : ص ٢٠٧ تا ٢١٦)۔ نیز دیکھیے Carmody، ص ١٥ اور Millas، فصل ٣٥.

(ب) πρόχειροι κανόνες (*Tabulae manuales*) قب Steinschneider، در *ZDMG*، ١ : ٢١٧ و ٣٤١؛ الیعقوبی، ١ : ١٥٩ = Klamroth، ص ٢٥ - اس تصنیف کو، جس کا اس نے تجزیہ کیا ہے، کتاب القانون فی علم النّجوم و حسابہا و قسمۃ اجزائہا و تعدیلہا کے نام سے موسوم کرتا ہے، لیکن جیسا کہ Honigmann، ص ١١٨ ببعد نے ثابت کیا ہے یہ کتاب بطلمیوس کی نہیں ہے۔ اس آخر الذکر کو پہلے ہی یونانی عہد میں Theo Alexandrinus کی لکھی ہوئی شرح سے ملتبس کیا جا چکا ہے۔ یہ حقیقت بعض عرب دانشوروں کو معلوم تھی جیسا کہ Honigmann، ص ١٢٠ نے ثابت کیا ہے۔ بطلمیوس پر Theo کی شرحوں نے الکندی کو متاثر کیا جیسا کہ F. Rosenthal نے اپنے مخطوطۂ ایاصوفیا عدد ٤٨٣٠ کے تجزیے میں ثابت کیا ہے (*Studi ... G. Levi della Vida*، ١٩٥٦ء، ٢ : ٤٣٦ ببعد).

marfat.com
Marfat.com

ان جدولوں (tables) میں سے ایک جدول بنام κανὼν βασιλειῶν کی جانب خاص توجہ ضروری ہے، جسے C. Wachsmuth نے اپنی کتاب *Einleitung in des Studium der alten Geschichte*، ۱۸۹۵ء، ص ۳۰۴ تا ۳۰۶ میں طبع کیا اور جو عربی ہندسوں میں اور ہر ایک بادشاہ کے عہد کے عیسوی سنوں کے ساتھ F. K. Ginzel کی کتاب *Handbuch der mathematichen u. technischen Chronologie*، ج ۱، ۱۹۰۶ء: ص ۱۳۹ میں دوبارہ طبع ہوئی - اس کے متن کا الیعقوبی، ۱: ۱۶۱ نے یونانی اور رومی بادشاہوں کے ضمن میں حوالہ دیا ہے - اسکندر اعظم اس جدول میں دارا سوم کے بعد آتا ہے، اس کے بعد '' اسکندر اعظم = البنّاء کا ساتھی'' فیلبوس [= فیلپ Philippus) Arrhidaeus = اَرھیڈایوس)، پھر '' اسکندر ثانی'' یعنی اسکندر اعظم کا بیٹا جو اس کی وفات کے بعد پیدا ہوا) - مؤخّر الذکر کے عہد (۳۱۷ تا ۳۰۵ ق م) کے دوران میں سلوقی (Seleucid، دور کا آغاز ہو جاتا ہے، جسے اس وجہ سے عہدِ اسکندری (Aera Alexandri) بھی کہا جاتا ہے - اس ترتیب کو البیرونی: آثار، ص ۸۸ ببعد نے اختیار کر لیا ہے، جیسا کہ اس نے بالصّراحت بیان کیا ہے (سطر ۵) - ص ۸۹ پر وہ اسکندر اعظم کو صحیح طور پر البنّاء (یونانی κτίστης) کے لقب سے ملقّب کرتا ہے اور ص ۹۲ پر وہ اسکندر کے بیٹے کو الثّانی کہتا ہے - تاہم ایک روایت اس مؤخّر الذکر کو ذُوالقرنین کے نام سے موسوم کرتی ہے - بظاہر اس لیے کہ اس کا پیشرو بھی Philippus کہلاتا تھا - کئی مصنّف بجا طور پر اس بارہ سال کے فرق کی طرف توجّہ دلاتے ہیں جو اسکندر اعظم کی وفات اور اس عہد کے آغاز کے درمیان ہے جو مبیّنہ طور پر اس کے نام سے منسوب کیا جاتا ہے - حاجی خلیفہ، ۳ : [۷ ن‌م]، شمارہ ۱۶۳۷، کہتا ہے : ''تأریخ فیلبس الرّومی البنّاء (= فیلپ رومی البنّاء کی تأریخ) لیکن یہ اضافہ کرتا ہے ''ذُوالقرنین'' کا ساتھی'' - بطلمیوس کے مقابلے میں البیرونی ھخامنشی بادشاہوں میں سے دو کا عہدِ حکومت دو سال زیادہ بتاتا ہے - اس کے باوجود بخت نصّر سے لے کر اسکندر کی وفات تک بطلمیوس کی طرح البیرونی کے مخطوطات بھی مجموعی طور پر ۴۲۴ سال شمار کرتے ہیں، بحالیکہ Sachau نے اس عدد کی جگہ حساب کے مطابق ۴۲۸ لکھا ہے (آخری ۸۹) - نیز قبّ ابن القفطی، ص ۹۶ (طبع Lippert)، الطّبری ۱۳۵۷ھ/۱۹۳۹ء، ۱: ۴۱۲ ببعد؛ ابن صاعد، ص ۳۰، (طبع شیخو Cheikho).

(ج) Ὑποθέσεις τῶν πλανωμένων شاید وہ کتاب جو الفہرست، ص ۲۶۸ میں کتاب فی سیر (نہ کہ سِیَر!) السبعۃ کے نام سے موسوم ہے، قبّ Steinschneider : *Ar. Üb.*، ص ۲۱۱، جس کا یہ بیان صحیح ہے کہ دراصل اس کتاب کا عربی نام اقتصاص احوال الکواکب ہے، بحوالۂ ابن القفطی، ص ۹۸، قبّ براکلمان، ۱: ۳۸۴، ۷ ب - عربی متن (مخطوطۂ لائڈن Leiden کا شمارہ ۱۰۴۵ ہے، ۱۰۴۴ نہیں، جس میں *Almagest* شامل ہے) ثابت بن قرّہ کی ''اِصلاح'' ہے، جو کتاب دوم سے متعلق ہے اور فقط یہی محفوظ ہے - دونوں کتابوں کا L. Nix نے جرمن میں ترجمہ کیا ہے اور انہیں مع Claudii Ptolemaei : *Opera astronomica minora*، طبع J. L. Heiberg، ۱۹۰۷ء (*Bibl. Teubn.*)، کی جلد اوّل کے متن کے ساتھ شائع کیا گیا ہے.

(د) Φάσεις ἀπλανῶν ἀστέρων عربی کتاب الأنواء (ص ۲۹)، اس نام کے مفہوم کے بارے میں قبّ نالینو Nallino : علم الفلک،

Marfat.com

ص ۱۳۳ ببعد (= Raccolta، ۵ : ۱۹۱ ببعد)؛ نیز I. Kratchkovsky در ابو حنیفه الدینوری : کتاب الاخبار الطّوال، دیباچه وغیره، ۱۹۱۲ء، ص ۴۰ ببعد؛ کتاب کی نوعیت کا بیان المسعودی : تنبیه، ص ۱۷، میں موجود ہے ۔ Boll (*Sphaera*، ۱۹۰۳ء، ص ۴۱۳ ببعد) کو یہ یقین نہیں ہے کہ ابو مَعْشَر نے اپنی Paranatellonta کی فہرست، طبع و ترجمه A. Dyroff، وہی کتاب، ص ۴۹۰ ببعد، کے لیے اس کتاب سے استفادہ کیا تھا بلکہ وہ اسے ایک ایسی کتاب سمجھتا ہے جو غلط طور پر بطلمیوس سے منسوب کر دی گئی ہے ۔

(ہ) Ἁπλωσις ἐπιφανείας σφαίρας (*Planisphaerium*)؛ الفہرست، ص ۲۶۹، نے Pappus کے تحت میں تفسیر کتاب بطلمیوس فی تسطیح الکرة، ترجمه از ثابت، کا ذکر کیا ہے ۔ الیعقوبی، ۱ : ۱۵۴، کتاب فی ذات الحلق کا تجزیہ کرتا ہے، قب Klamroth، ص ۲۰ ببعد ۔ مَسْلَمة المجریطی کی *Compendium* کا متن، جو پہلے صرف عبرانی اور لاطینی ترجموں کی صورت میں معروف تھی، زمانۂ حال میں G. Vajda نے دریافت کیا تھا، (*RSO*، ۲۰ : ۸ (مخطوطۂ پیرس، عربی عدد ۴۸۲۱، ص ۱۰)؛ لاطینی ترجمے کے لیے دیکھیے Carmody، ص ۱۸ ۔

(و) الیعقوبی، ۱ : ۱۵۷، اَسطُرلاب [رِکْ بان] پر ایک کتاب فی ذات الصفائح و ھی الاسطرلاب کا بھی ذکر کرتا ہے، قب Klamroth، ص ۲۳ ببعد اور Steinschneider، ص ۲۱۵ تا ۲۱۶ ۔ لاطینی ترجمے کی طبعات کے لیے دیکھیے Carmody، ص ۱۸؛ عربی ۔ ہسپانوی اسطرلابوں پر بطلمیوس کے اثر کے بارے میں دیکھیے J. Millás Vallicrosa : *Assaig d'historia de les idees fisiques i matemàtiques a la Catalunya medieval*، ۱۹۳۱ء، باب ۶ تا ۷ ۔

(۳) علمِ نجوم : (۱) Ἀποτελεσματικὴ σύνταξις یا τετράβιβλος، طبع و انگریزی ترجمه، از F. E. Roberts، ۱۹۴۰ء، (Loeb. Class. Libr.) مع Manetho)؛ طبع جدید از F. Boll و Ae. Boer، بار دوم ۱۹۵۷ء؛ الفہرست، ص ۲۶۸ : کتاب الاَربعة، فصل ۲۱ : کتاب المقالات الاربع (ابن العبری، ص ۱۲۳ : الأربعة مقالات) فی احکام النجوم؛ لاطینی تراجم : Carmody، ص ۱۸؛ Millás، باب ۲۷؛ شرح از علی بن رضوان، باب ۴۹ ۔ اس میں سے جو اقتباسات جابر کی کتاب البحث میں درج ہیں انہیں Kraus نے یکجا کیا، شمارہ ۲۸۳۴ (ص ۱۶۸، حاشیہ ۱) ۔ ثابت کی compendium کے لیے قب Honigmann : *Sieben Klimata*، ص ۱۱۶ ۔

(ب) Καρπός (fructus یا centiloquium)، مستند نہیں ۔ الفہرست، ص ۲۶۸ : کتاب الثمرة؛ احمد بن یوسف المصری المہندس (احمد بن طولون کے سیرت نگار) کی لکھی ہوئی شرح کا بھی ذکر کیا گیا ہے، قب براکلمان، ۱ : ۲۲۹؛ یونانی متن کی ایک جدید طبع از Ae. Boer، ۱۹۵۲ء؛ لاطینی ترجمے در Carmody، ص ۱۶ و Millás، باب ۲۷ تا ۳۸ ۔ (۱ اور ب کے لیے دیکھیے نیز Thorndike : *Journal of the Warb* وغیرہ اور *Isis*، محلّ مذکور ۔ دس مقولے جعلی المجریطی کی غایة الحکیم (*Picatrix*)، طبع Ritter، ۱۹۳۳ء، ص ۳۲۳ تا ۳۲۴، میں نقل کیے گئے ہیں؛ مقولہ ۹ پر احمد کی شرح کی پوری عبارت اس میں نقل کی گئی ہے، ص ۵۵ ۔ ایک نیا جزو P. Kraus نے دریافت کیا ہے، بشکل مخطوطۂ تیمور: اخلاق، ص ۲۹۰، ۳۱، قب اس کی دراسات، ج ۱، ۱۹۳۹ء، ص ۶ ۔

(ج) دمدار تاروں پر کتاب، جسے الفہرست، ص ۲۶۸، نے ذوات الذوائب [کذا، ذوات الذوائب؟] کے نام سے نقل کیا ہے؛ قب

marfat.com
Marfat.com

Stenschneider : *Ar. Übs*، ص ۲۱۸ شمارہ ۲۲ - Carmody، جس کا مبحث لاطینی ترجمے ھیں (ص ١٦ تا ١٧)، اس کے متن کو (Centiloquium) مسئلہ ۹۹ کا ایک ضمیمہ کہتا ھے۔

(د) زائچوں پر، الفہرست، ص ۲٦۸ : کتاب الموالید، منقولۂ جابر: کتاب الموالید الصغیر، قب Kraus : *Jābir* ۲ : ص ۲۵۸، حاشیہ ۱، جو اس کتاب کی اصلیت کا بھی قائل نہیں۔

(ہ) ایک اور غیر مستند کتاب بنام کتاب الملحمہ، جو ان متعدد اقتباسات کی وجہ سے معروف ھے جو یاقوت کی معجم البلدان میں درج ھیں، قب ان مقامی ناموں کا مجموعہ جو اس میں مذکور ھیں اور اس سے متعلق مزید کتابیں، جو Honigmann : *Sieben Klimata*، ص ۱۲۵ تا ۱۳۴ میں مذکور ھیں ۔ ملحمۃ کا مفہوم پورے طور پر واضح نہیں ھے اور مذکورۂ بالا اقتباسات کتاب کی اصل نوعیت کے بارے میں کافی شہادت مہیا نہیں کرتے۔

(و) حال میں ایک مختصر سا متن طبع کیا گیا ھے، جس میں بطلمیوس کا حوالہ ھے، بعنوان ذکر ما جاء فی النیروز و احکامہ مما فسرہ بطلمیوس الحکیم و وجدہ عن علم دانیال (!)، طبع عبدالسلام ھارون، از مخطوطۂ استانبول، مراد ملا، عدد ۳۳۸، بعنوان نوادر المخطوطات، ۵ (ج ۲ /۱)، ۱۳۷۳ھ / ۱۹۵۴ء، ۵۴ تا ۸۴ (یہ معلومات ھیبرو Hebrew یونیورسٹی لائبریری کے M. Schwarz نے مہیا کی ھیں) ۔ یہ ھفتے کے دنوں میں سے اس دن کی اھمیت پر بحث کرتا ھے جس سے نیا سال شروع ھوتا ھے۔

(ز) ان اشکال کے بارے میں ایک کتاب جو کرۂ فلکی کے ۳٦۰ درجوں میں نظر آتی ھیں اور جو *Liber imaginum Ptolaemei* یا اسی طرح کے دوسرے ناموں سے موسوم ھے ۔ یہ لاطینی میں بہت سے مخطوطات کی صورت میں موجود ھے، قب Steinschneider: *Eur. Übs.*، شمارہ ۱۷۷c؛ Carmody، ص ۲۰؛ Thorndike : *Journ. Warb. Court.*، ص ۱۱۸ ۔ ایک عربی متن، بعنوان رسالۃ فی صور الدرج، جو بطلمیوس سے منسوب ھے، سفینۃ الاحکام کے مآخذ میں سے ھے جس کا مصنف کوئی شخص بنام حضرۃ النصیری ھے، مخطوطات: برلن، Pet. ۱ : ٦۷٦ و موزۂ بریطانیہ، شمارہ Add. ۲۳۴۰۰ (فہرست میں مندرج شمارہ ۸۴۸ کو Steinschneider نے غلط طور پر *Arab. Übs.* Philos.، ۹۰ اور عام اشاریہ میں ۱۳۴۸ لکھا ھے، Maths. ۲۱۷ کو غلطی سے ۸۴۳ اور ۳۵۳ کو ۸۷۴ بتایا ھے)، لیکن عربی اور لاطینی متون کی مطابقت کی اب تک جانچ نہیں کی گئی ھے ۔ عنوان کے مفہوم کے لیے قب Boll : *Sphaera*، ص ۴۲٦ ببعد۔

(ح) *The Liber ad Heristhonem* یا *Aristonem de iudiciis* (Steinschneider *Ar. Übs.*، ص ۲۱۸، شمارہ ۱۱) کا تجزیہ Millás (ص ۱۷۵) نے کیا ھے؛ بطلمیوس سے منسوب مماثل متون کے لیے قب Carmody، ص ۱۷ و ۲۰۹۔

(ط) Messealach (= ماشاءاللہ) و Ptholomeus : *de electionibus*، وینس ۱۵۰۹ء، قب Steinschneider : *Eur. Übs.*، شمارہ ۱٦۳ d، اور *Arab. Lit. d. Juden*، ص ۲۳، شمارہ ۲٦، کو Carmody، ص ۴۱، نے قیاسًا ایک کتاب، موسوم بہ کتاب الاختیارات، مخطوطۂ اسکوریال، عدد ۹۱۹، سے شناخت کیا ھے ۔ اسی عنوان کے ایک اور مخطوطے کا حوالہ براکلمان، تکملہ ۳ : ۱۲۰۵، بذیل اضافہ ۳۹۲، میں ھے، جو اسکندریہ میں موجود ھے، حروف ۱۲ - بقول Thorndike : (*The Latin Translations of astrological works by Messahala*، در *Osiris*، ج ۱۲، ۱۹۵٦ء، ص

Marfat.com

۹۹)، یہ تصنیف غلط طور پر ماشاءاللہ سے منسوب ہے اور اس کا مصنف سہل بن بشر ہے۔ اس نے وینس Venice کی طبع کا ذکر نہیں کیا ہے اور اس طرح اس نے اس بات کی وضاحت نہیں کی کہ بطلمیوس کی کتاب کوئی دوسری تصنیف تصوّر کی جاتی ہے یا یہ کہ مذکورۂ بالا طبع سے تصنیف کے مشترک ہونے کا اظہار ہوتا ہے۔ یہ امر ابھی تک تحقیق طلب ہے۔

۴ - جغرافیہ:

Γεωγραφικὴ ὑφήγησυς کے عربی تراجم اور مسلمانوں کے جغرافیائی نظریات پر اس تصنیف کے اثر کے بارے میں J. H. Kramer کا بیان (دإ، لائڈن، تکملہ، بذیل مادۂ جغرافیہ) کسی طرح بھی فرسودہ نہیں ہے؛ قب نیز اس کا مضمون بعنوان *Geography and Commerce*، در *The Legacy of Islam*، ۱۹۳۱ء، ص ۷۹ تا ۱۰۷ - وہ تصانیف قابل توجہ ہیں جو ان مقالات میں مذکور ہیں، نیز Steinschneider : *Ar. Übs.*، پیرا ۱۱۹ اور *Geographische Zeitschrift* (ص ۳۴، ۷۷ تا ۸۱) میں H. v. Mžik کی مطبوعات پر Ruska کا تبصرہ بھی قابل توجہ ہے۔ استانبول کے فاتح محمد فاتح کے لیے کیے ہوئے ترجمے کے بارے میں جو مخطوطہ AS ۲۵۹٦ میں محفوظ ہے، قب Honigmann، ص ۱۱۴؛ Plessner، در *Islamica*، ج ۴، ۱۹۳۱ء، ص ۵۴۷؛ Ritter در *Isl.*، ج ۱۹، ۱۹۳۱ء، ص ۵۲ ببعد، جہاں ایک اور مخطوطے AS ۲۶۱۰ کا بیان بھی ہے۔

۵ - موسیقی (نغمہ، Harmonics).

الفارابی کی کتاب الموسیقی الکبیر پر اس کے اثر انداز ہونے کے بارے میں قب P. Kraus : *Jābir*، ۲ : ۲۰۳، حاشیہ ۲۔

٦ - مناظر (Optics).

ابن صاعد، ص ۴۹، میں اس کا عنوان کتاب المناظر درج ہے، لاطینی ترجمہ Carmody، ص ۱۸۱، کی فہرست میں ہے۔ ابن الہیثم پر اس کے اثر کے بارے میں دیکھیے Steinschneider : *Ar. Übs.*، پیرا ۱۲۲۔

۷ - متفرقات (Alia).

قیمتی پتھروں کے خواص پر ایک کتاب بنام کتاب منافع الاحجار، مخطوطۂ پیرس، عدد ۲۷۷۲، میں محفوظ ہے، قب J. Ruska و W. Hartner : *Katalog der orientalischen und lateinischen Originalhandschriften, Abschriften und Photokopien des Instituts für Geschichte der medizin und der Naturwissenschaften in Berlin*، ۱۹۳۹ء، ص ۲۸ (G. Vajda : *Index Général*، ۱۹۵۳ء میں نہیں ہے).

**مآخذ**: متن مقالہ میں مذکور ہیں، قب نیز عبدالرحمن البدوی کا اپنی تصنیف (sic) *Fontes Graecae doctrinarum politicarum Islamicarum*، کا دیباچہ، L. Thorndike : ۱۹۵۴ء، در *Isis*، ۵۰ (۱۹۵۹ء): ۳۳ تا ۵۰۔

(M. PLESSNER)

**بَطْلِیس**: رک بہ بَدْلِیس۔

**بَطْلْیُوس**: ہسپانوی Badajoz؛ آج کل اسی نام کے صوبے کا قلعہ بند صدر مقام، جو ہسپانوی استریمدورا Estremadura کے جنوبی نصف پر مشتمل ہے اور اسپین کا سب سے بڑا صوبہ ہے۔ وادی آنہ (Guadiana) پرتگالی سرحد کے قریب جہاں جنوب کی جانب خم کھاتا ہے وہاں سے ذرا ورے بائیں کنارے پر بطلیوس واقع ہے۔ اس کی آبادی ایک لاکھ ہے۔ اس کے نام کو Pax (Julia) Augusta یا Colonia Pacensis کا مرادف قرار دینا بے بنیاد ہے، کیونکہ یہ چیز ایک غلط جذبۂ وطن پرستی پر مبنی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ جس شہر کا نام رومی نو آبادی سے

marfat.com
Marfat.com

ماخوذ ہے وہ بداجوز نہیں بلکہ پرتگالی شہر Beja (عربی باجہ = بیجہ، ماخوذ از Pacem) ہے - میکسیمس Valerius Maximus اور پلوٹارک Plutarch کے مشتبہ بادیا Badia سے بداجوز Badajoz کا مرادف ہونا بھی اسی قدر غیر یقینی ہے - بداجوز کے نام کا مسلمہ طور پر تاریخ میں پہلی بار ظہور بطلیوس کی عربی شکل میں ہوا (جو موجودہ ہسپانوی نام بداجوز کی اصل میں موجود ہے) - بطلیوس زمانۂ حال کا تعمیر شدہ ہے، کیونکہ عبدالرحمن بن مروان موسوم بہ الجلیقی (the Galician) نے امیر عبداللہ کے حکم سے اس کی بنیاد رکھی تھی، جس نے اس کام کے لیے چند معمار اور کچھ سرمایہ اس کے سپرد کر دیا تھا - عبدالرحمن نے جامع مسجد کی تعمیر سے کام کا آغاز کیا - اس نے قلعے کے اندر بھی ایک خاص مسجد بنوائی - اسی نے اس شہر کے دروازے کے قریب حمام بنوائے - یہ شہر پہلے بھی قرطبہ کے خلیفہ محمد اول کے خلاف ایک امدادی مرکز اور پشت پناہ کے طور پر اس کے کام آتا رہا تھا - عبدالرحمن ثالث کے عہد یعنی ۳۱۸ھ / ۹۳۰ء سے پہلے اس شہر کو ابن مروان کے بہادر فرزند کے قبضے سے نہ نکالا جا سکا (البیان، ص ۱۰۵ ببعد، ۱۳۰، ۱۹۵، ۲۱۳ تا ۲۱۴، ۲۱۶) - عربوں کے تعمیر کردہ اس نئے شہر (ابوالفداء : وھی محدثۃ اسلامیۃ) بطلیوس نے بتدریج ترقی کرتے کرتے اھمیت کے اعتبار سے ماردہ (= میردہ = Colonia Augusta Emerita، وادی آنہ کے بالائی جانب، اس کے شمالی کنارے پر، بداجوز سے ۳۷ میل = ۶۰ کیلو میٹر مشرق میں) کی جگہ لے لی، جس کا تنزل برابر جاری رہا۔ واقعہ یہ ہے کہ قرطبہ کی اموی خلافت کے زمانۂ تنزل میں بطلیوس بنو الافطس [رک بآں] کے حکمرانوں کی پر شکوہ جائے قیام بن گیا، جنھوں نے ۱۰۲۲ سے ۱۰۹۴ء تک لوزیتانیا Lusitania کی قدیم ریاست کے شمال کے سب سے بڑے حصے کو دوبارہ ایک واحد اہم سلطنت کی شکل میں متحد کر دیا تھا - ۱۰۸۶ء میں بطلیوس کے شمال مشرق میں الزلاقہ (Sacralias) کے مقام پر عیسائیوں کی تباہ کن شکست کے بعد شمال مغرب کی ریاست، جو بطلیوس اور ملوک الطوائف کے دوسرے علاقوں پر مشتمل تھی، رفتہ رفتہ المرابطون [رک بآں] کے زیر حکومت آ گئی، جو مراکش سے نکل کر بعجلت تمام اپنے ہم مذہبوں کی امداد کے لیے آئے تھے - ۱۰۹۴ء میں یہ معاون خود اس قدر طاقتور ہو گئے کہ یہ سارا علاقہ ان کے قبضے میں آ گیا اور [آگے چل کر] شمال مغربی افریقہ کی سلطنت المرابطون اور اس کے سقوط کے بعد اس کی جانشین سلطنت الموحدون کے ہسپانوی صوبے یا باجگذار ریاست کے ایک حصے پر مشتمل رہا - ۱۱۶۸ء میں پرتگال کے بادشاہ الفانسو اول ہنریق (Alfonso I Henriques) نے اچانک حملہ کر کے بطلیوس پر قبضہ کر لیا لیکن لیون کے حاکم فرڈیننڈ (Ferdinand de Leon) نے اسے فوراً وہاں سے نکال دیا - [یہی حالت تھی کہ] بطلیوس دوبارہ موحدون کے قبضے میں آ گیا - پھر کہیں ۱۲۳۰ء میں جا کر لیون اور قشتالیہ (Castile) کے فرمانروا الفانسو نہم نے اسے قطعی طور پر فتح کیا - بطلیوس متعدد عرب دانشوروں کی جائے ولادت ہے، جن میں سب سے زیادہ ناموری [علم نحو و لغت کے امام، ابو محمد] عبداللہ بن محمد بن السید البطلیوسی نے حاصل کی - اس نے ۵۲۱ھ / ۱۱۲۷ء میں وفات پائی (قب براکلمان، ۱ : ۴۲۷، جہاں ۴۴۴ھ / ۱۰۵۲ء پڑھنا چاہیے؛ ابن بشکوال، ص ۶۳۹) - [اس سلسلے میں عالم حدیث ابوالولید ہشام بن یحیی بن حجاج البطلیوسی (م شوال ۳۸۰ھ) کا نام بھی قابل ذکر ہے.]

مآخذ: (۱) یاقوت، ۱ : ۶۶۳؛ (۲) مراصد الاطلاع،

marfat.com
Marfat.com

۱ : ۱۵۰ و ۳ : ۳۴۳؛ (۳) Dozy : *Histoire des Musulmans d' Espagne*، ۲ : ۱۸۳ ببعد، ۲۰۷، ۲۳۸، ۲۶۰؛ (۴) Madoz : *Diccionario*، ۳ : ۲۵۶ ببعد؛ (۵) M. R. Martinez y Martinez : *Historia del reino de Badajoz*؛ (۶) البَکْری، مخطوطۂ فاس، ورق ۲۶۰؛ (۷) الاِدْرِیسی، متن: ص ۱۸۰ و ترجمہ :ص ۲۶۰؛ (۸) E. Lévi-Provençal : *La Péninsule ibérique*، ص ۵۸؛ (۹) A. Huici : *Las Grandes batallas de la Reconquista durante las Invasiones africanas*، ص ۱۹ تا ۸۲؛ [(۱۰) اُرْدو، ع، تعلیقات، بذیلِ مادۂ بطلیوس؛ (۱۱) محمد عنایت اللہ : اندلس کا تاریخی جغرافیہ، حیدر آباد ۱۹۲۷ء، ص ۱۵۸ ببعد؛] نیز رک بہ الافطس، بنو.

([A. Huici-Miranda و] C.F. Seybold)

٭ **اَلْبَطَلْیَوْسی** : ابو محمد عبداللہ بن محمد بن السِّید، ایک مشہور اندلسی نحوی اور فلسفی، جو ۴۴۴ھ/ ۱۰۵۲ء میں بَطَلْیوس میں پیدا ہوا اور وسط رجب ۵۲۱ھ/ اواخر جولائی ۱۱۲۷ء میں بلنسیہ کے مقام پر فوت ہوا۔ وہ ابن رزین [رَكَ بہ رَزین، بنو] کا معتوب ہونے اور کچھ مدت تک سَرَقُسْطہ (Saragossa) میں پناہ لینے کے بعد بلنسیہ میں آ کر بس گیا تھا۔ بلنسیہ میں اس کا ایک معروف شاگرد ابن بَشْکُوال [رَكَ باں] رہتا تھا۔ ابن السِّید کوئی بیس کتابوں کا مصنف ہے، جن میں ذیل کی کتب شامل ہیں : (۱) ابن قتیبہ کی ادب الکاتب کی شرح، بعنوان الاِقْتِضاب فی شرحِ اَدَبِ الکُتّاب (طبع عبداللہ البُسْتانی، بیروت ۱۹۰۱ء)؛ (۲) کتاب الحَدائق (طبع و ترجمہ از Asin، ۱۹۴۰ء)، جس سے کسی حد تک یہودیوں کا مقامی علم کلام متاثر ہوا (دیکھیے عبرانی ترجمہ : *Die Spuren al-Bataljusis in der jüdischen Religionsphilosophie*، طبع D. Kaufmann، بوڈا پسٹ ۱۸۸۰ء)؛ (۳) فہرسہ؛ (۴) امام مالکؒ کی الموطّا کی شرح؛ (۵) المعرّی : سَقْط الزَّنْد کی شرح۔ اصل کتاب تلف ہو چکی ہے، لیکن اس پر ابن العربی کی تنقیدات سے مشتعل ہو کر ابن السِّید نے اس کا تلخ جواب دیا، بعنوان الاِنْتِصار مِمَّن عَدَل عَنِ الاِسْتِبْصار (طبع حامد عبدالمجید، قاہرہ ۱۹۵۵ء)؛ (۶) الانصاف فی التَّنْبیہ علی الاَسْباب التی اوجبتِ الاِخْتِلاف، قاہرہ ۱۳۱۹ھ (قب Goldziher : *Vorlesungen über den Islam*، بار دوم، ۱۹۲۵ء، ص ۲۳۰، حاشیہ ۱۱۶).

**مآخذ** : (۱) ابن بَشْکُوال، شمارہ ۶۳۹؛ (۲) الضَّبّی، شمارہ ۸۹۲؛ (۳) ابن القِفْطی؛ (۴) ابن العماد : شذرات الذھب؛ (۵) ابن خلّکان، ۱ : ۳۳۲ (ترجمۂ de Slane، ۲ : ۶۱)؛ (۶) الشَّقُنْدی (ترجمۂ Garcia Gómez : *Elogio del Islam español*، میڈرڈ ۱۹۳۴ء، ص ۵۴، حاشیہ ۵)؛ (۷) Pons Boigues : *Ensayo*، شمارہ ۱۵۱؛ (۸) González Palencia : *Historia de la literatura arábigo-española*، بار دوم، ۱۹۴۵ء، ص ۲۲۹؛ (۹) سرکیس Sarkis، عمود ۵۶۹ تا ۵۷۰؛ (۱۰) براکلمان، ۱ : ۴۲۷، ۱۲۲ و تکملہ، ۱ : ۱۸۵، ۷۵۸.

(E. Lévi-Provençal)

٭ **بَطْن** : [(ع) اس کی جمع اَبْطُن، بُطُون اور بُطْنان ہے اور تصغیر بُطَین۔ اس کے معنی ہیں: پیٹ، اندرونی حصہ، نیچے کی جانب؛ بطن الامر = معاملے کی تہہ؛ بطن الوادی = وادی کا نشیبی حصہ۔ کسی پیچیدہ معاملے کو بھی بطن کہتے ہیں؛ اس چیز کو جس کا حاسۂ بصر سے ادراک ہو سکے ظاہر اور جس کا حاسۂ بصر سے ادراک نہ ہو سکے باطن کہا جاتا ہے۔ لباس کے استر اور نیچے کے اور اندرونی حصے کو بطانة کہا جاتا ہے۔ بطن فلان بفلان کے معنی ہیں کسی شخص کے اندرونی معاملات سے واقف ہونا اور بطورِ استعارہ ہر اس شخص کو جو

marfat.com
Marfat.com

دوسرے کا رازدان هو بطانة کہا جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی صفات میں سے ایک صفت الباطن ہے، جس کی تشریح آنحضرتؐ سے ان الفاظ میں مروی ہے: لیس دونه شیئ اور اسی کی تشریح میں حضرت ابوبکر صدیقؓ فرماتے هیں: یا من غایة معرفته القصور عن معرفته، یعنی اے وہ ذات جس کی معرفت کی انتہا اس کی معرفت سے درماندگی ہے۔ بعض نے کہا ہے کہ اللہ اپنی آیات کے لحاظ سے ظاہر ہے اور باعتبار ذات کے باطن ہے، یا اس لحاظ سے باطن ہے کہ وہ ہمارے احاطۂ ادراک میں نہیں آ سکتا۔ اسی کی تشریح میں حضرت علیؓ فرماتے هیں: تجلّی لعباده من غیر ان رأوه واراهم نفسه من غیر ان تجلّی لهم یعنی اللہ تعالی نے اپنے بندوں پر تجلی فرمائی اس کے بدون کہ بندے اسے دیکھ سکیں اور اپنی ذات کو دکھلایا ہے اس کے بدون کہ وہ ان کے سامنے جلوہ افروز ہو (مفردات؛ لسان العرب)۔] ذُوبطنها کے معنی هیں اس کے رحم کا ثمر، جو کچھ اس کے رحم میں ہے، اسی مفہوم کا اظہار قبیلے کے ایک جزو کے لیے لفظ بطن کے استعمال سے بھی ہوتا ہے، جیسے رحم، فَخذ اور ایسے الفاظ کے ایک پورے سلسلے کے مماثل بتایا گیا ہے جن سے قرابتِ رحمی مراد ہوتی ہے۔ وِتسِٹائن Wetzstein نے دمشق کی آبادی کے سلسلے میں جو اصطلاحات استعمال کی هیں ان کی رو سے جدید عربی میں مادری اور پدری رشتہ داروں میں تمیز کرنے کے لیے ابھی تک اولادالبطن اور اولادالظّهر کی اصطلاحات مستعمل هیں (نیز دیکھیے *Arabica*، ۵ : ۱، ۸۰ تا ۸۱، میں وینکوف Vinnikov کے ایک مقالے پر کانار M. Canard کا تبصرہ)۔ رابرٹ سن سمتھ W. Robertson Smith (*Journal of Philology*، ۹ : ۸۶) کا خیال ہے کہ ان عربی فقہاے لغت کے قول کو جو اعضاے بدن کی ترتیب کے مطابق ''بطن'' کو ''فخذ'' اور ''قبیلہ'' کے درمیان رکھتے هیں رد کر دینا چاہیے، کیونکہ اسے یقین ہے کہ اس نے کتاب ایوب (*Book of Job*)، ۱۹ : ۱۷، کی ایک جدت آمیز تفسیر کی رو سے عبرانی ''بِطنِ'' کے وہ معنی معلوم کر لیے هیں جو عربی کلمۂ ''بطن'' میں پائے جاتے هیں [قبّ الکتاب المقدس (عربی)، بیروت ۱۹۰۵ء، ص ۸۱۰ : أبناے أحشائی = کتاب مقدس (فارسی)، لنڈن ۱۹۴۷ء، ص ۸۰۳ : اولادِ رحمِ مادرم] - حوالۂ مذکور میں ''بِنے بِطنِی'' نے شارحین کو شش و پنج میں ڈال دیا تھا؛ یہ مرکب عربی کے ''بَنِی بطنی'' کے مطابق سمجھا جا سکتا ہے (*Kinship and Marriage in early Arabia*، بار دوم، ص ۲۸)۔ سمتھ کے نظریے پر بحث کے لیے قبّ مقالات عائلة، عشیرة، قبیلة وغیرہ۔

جغرافیائی ناموں میں ''بطن'' کا لفظ مجازی طور پر نشیب اور طاس کے معنی میں استعمال ہوتا ہے (قبّ یاقوت، ۱ : ۶۶۵ ببعد)۔ ''داخلی'' کے مفہوم میں اس کے مشتقات ''باطن'' اور ''باطنیه'' [رکّ بآں] هیں . . .

(J. LECERF [و ادارہ])

**بُطْنان** : ایک وادی کا نام، جو حلب کے مشرق میں تیس کیلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے۔ اس جگہ کئی چھوٹے چھوٹے چشموں کا پانی ایک بڑی ندی نَہر الذَّهب میں آ کر ملتا ہے، جو جنوب کی طرف بہتی ہوئی کھاری پانی کی جھیل جبول میں جا گرتی ہے۔ پانی کی اس فراوانی کی وجہ سے اس علاقے میں کئی گاؤں آباد هو گئے هیں، جو بنیادی طور پر زرعی هیں (یہاں کپاس اور پھلوں کے درختوں کی کاشت ہوتی ہے)۔ ان میں اہم ترین قصبے اور منڈیاں باب اور بزاعة هیں۔ یہ جگہ وادی قُویق سے ایک دن کی مسافت پر واقع ہے، جہاں الرُّها (Edessa) اور رَقّه سے آنے والے مسافر سہولت سے

marfat.com
Marfat.com

پہنچ کر قیام کر سکتے ھیں۔ جبول کے نمک کے ذخیروں سے وصول ھونے والا محصول شمالی شام کے والیوں یا فرمانرواؤں کے لیے ھمیشہ سے آمدنی کا بہت اچھا ذریعہ رہا ھے۔

عام طور سے بطنان کو بطن سے مشتق بتایا گیا ھے اور اسی کی بنا پر اس کا مفہوم نشیبی زمین قرار دیا گیا ھے، لیکن حقیقت یہ ھے کہ یہ لفظ بوزنطی Batnai اوررومی Batnae، بلکہ اس سے بھی بعد کی ریاست Patin سے زیادہ متعلق معلوم ھوتا ھے اور ان پرانے مقامات کی یاد تازہ کرتا ھے۔

حبیب بن مسلمہ نے بطنان کو فتح کیا تو اس کے بعد یہ بہت جلد نئے مرکز حلب کے زیر اثر آ گیا اور آئندہ کے لیے اس کی حیثیت اتفاقی واقعات کی مرھونِ منت رھی۔ ۷۰ھ / ۶۸۹ - ۶۹۰ء میں خلیفہ عبدالملک نے مصعب بن الزبیرؓ کے ساتھ جنگ کے دوران میں موسم سرما اسی وادی میں گزارا۔ ۲۸۹ھ / ۹۰۱ء میں قرامطہ [رک بآن] تباھی مچاتے ھوے یہاں پہنچے۔ سیف الدولہ کے عہدِ حکومت میں اسے Nicephoros Phocas نے تباہ و برباد کر ڈالا (۳۶۵ھ / ۹۷۶ء)۔ بنو مرداس کے زمانے میں مختلف جنگوں کے باعث یہاں انتشار پھیلا ھوا تھا۔ ۴۷۲ھ / ۱۰۸۰ء میں اس پر تتش کا قبضہ ھو گیا۔ صلیبی جنگوں اور الرّھا اور انطاکیہ پر فرنگوں کے قبضے سے یہاں بدامنی کا ایک دور شروع ھوا۔ اس کا آغاز ۴۹۱ - ۴۹۲ھ/ ۱۰۹۸ء میں ارمنوں کے حملے سے ھوا، جس کا تعلق یقیناً انطاکیہ کے محاصرے سے تھا۔ حلب کے سلجوقیوں نے اس حملے کا فوراً جواب دیا، جس کا نتیجہ یہ ھوا کہ باب میں اسمٰعیلیوں کی بڑی آبادی کا استیصال ھو گیا۔ تلّ باشر Tell Bāshir کے جوسیلن Joscelin نے ۵۱۸ھ / ۱۱۲۵ء میں اسے حلا کر تباہ کر دیا اور اس کے بعد ۵۳۲ھ / ۱۱۳۸ء میں شاھنشاہ جان (John II Comnenos) نے بزّاعہ اور باب دونوں پر قبضہ کر لیا۔ حلب میں نورالدین کے ورود سے یہاں ایک بار پھر امن قائم ھوا۔ اس زمانے کے بطنان کا حال ھمیں عرب جغرافیہ دانوں کے ان بیانات سے معلوم ھوتا ھے جو تعداد میں بہت زیادہ ھونے کے باوجود نوعیت کے اعتبار سے بالکل ایک سے ھیں (ان بیانات کو Le Strange اور Dussaud نے نقل کیا ھے)۔

مملوکوں کے عہد میں بطنان کی سیاسی حیثیت ختم ھو گئی اور اس علاقے کا انتظام دو مملوک جندیوں کے تحت آ گیا، جنھیں حلب کا نائب مقرر کرتا تھا۔ ان میں سے ایک جندی باب اور بزّاعہ کے شہروں پر حکمرانی کرتا تھا اور دوسرا جبول کے آس پاس کے علاقے کا حاکم تھا۔ ترکوں نے اسے ایک ''قضا'' قرار دیا اور یہاں حلب کے پاشا کے تحت قائم مقام جبول کی نمک کی کانوں کی نگرانی کرتا تھا (انیسویں صدی کے وسط میں یہاں کی سالانہ آمدنی چار اور پانچ لاکھ پونڈ کے درمیان تھی)۔ یہ قائم مقام شہر باب میں رھتا تھا، جس کی آبادی اس وقت چھے ھزار تھی۔

**مآخذ**: عمومی: (۱) R. Dussaud: *Topographie historique de la syrie antique medievale*، پیرس ۱۹۲۷ء، ص ۴، ۲۳۰، ۴۵۰، ۴۷۰ ببعد، ۴۹۱، ۵۱۹، ۵۲۲؛ (۲) G. Le Strange: *Palestine under the Moslems*، لنڈن ۱۸۹۰ء، ص ۳۹، ۶۲، ۴۰۶، ۴۲۶، ۴۶۰؛ (۳) J. Sauvaget: *Alep*، پیرس ۱۹۴۱ء، ص ۱۲؛ ۱۳، ۱۸، ۲۰، ۲۰۳، ۲۶۱ (حاشیہ)، ۴۶۴، ۷۱۶، ۷۵۰۔

آثار قدیمہ: (۴) Pauly-Wissowa، ۳: ۱۲۵، ۱۴۰ و تکملہ ۱: ۲۴۴ تا ۲۴۵؛ (۵) E. Honigmann: *Evêques et évêchés monophysites d'Asie antérieure au VI[e] siècle*، Louvain ۱۹۵۱ء، ص ۳۱؛

marfat.com

Marfat.com

(۶) F. Sarre و E. Herzfeld : *Archäologische Reise im Euphtart-und Tigris Gebiet*، برلن ۱۹۱۱ء، ۱ : ۱۱۳ تا ۱۱۹؛ (۷) Tchalenko : *Villages antiques de la Syrie du Nord*، بیروت ۱۹۵۷ء۔
قرون وسطٰی : (۸) ابوالفداء، تقویم، ص ۲۶۷؛ (۹) Caetani : *Annali*، ج ۳، حاشیہ ۲۷۹ ببعد : (۱۰) Cl. Cahen : *La Syrie du Nord à l' époque des Croisades*، پیرس ۱۹۴۰ء، ص ۲۱۳؛ (۱۱) M. Canard: *Historie de la dynastie des H'amdânides de Jazira et de Syrie*، الجزائر ۱۹۵۱ء، ۱ : ۸۲۵؛ (۱۲) وہی مصنّف : *Saif ad Daula*، الجزائر ۱۹۳۴ء، ص ۳۱، ۱۲۰، ۱۹۶ ۲۶۸؛ (۱۳) Defrémery : *Nouvelles recherches sur les Ismaéliens ou Bathiniens de Syrie*، پیرس ۱۸۵۵ء، ص ۵۳؛ (۱۴) الدّمشقی: *Cosmographie*، طبع Mehren، سینٹ پیٹرز برگ ۱۸۶۶ء، ص ۲۰۵؛ (۱۵) E. Honigmann : *Die Ostgrenze des Byzantinischen Reiches Byzance et les Arabes Vasiliev*، ج ۳، برسلز ۱۹۳۵ء، ص ۱۳۱ تا ۱۳۲؛ (۱۶) ابن العَدیم : زُبْدَة الحَلَب فی تاریخ حَلَب، طبع Dahan، دمشق ۱۹۵۱ تا ۱۹۵۴ء، ۱ : ۳۸، ۸۸، ۱۰۲، ۱۵۱ و ۲ : ۶۱ تا ۶۴، ۹۰، ۱۲۴، ۱۷۵ تا ۱۸۷، ۱۹۴، ۱۹۷، ۲۰۶، ۲۰۹، ۲۱۴، ۲۳۷، ۲۶۴ تا ۲۶۹، ۳۲۳؛ (۱۷) ابن جُبَیر : الرحلة، طبع Wright، لائڈن ۱۸۵۲ء، ص ۲۵۱ تا ۲۵۲؛ (۱۸) ابن شِحْنه : الدّرالمُنْتَخَب فی تاریخ مَمْلکة حَلَب، طبع سرکیس، بیروت ۱۹۰۹ء، ص ۷۴ تا ۸۴، ۹۷، ۱۵۶ تا ۱۵۷، ۱۷۲ تا ۱۷۵؛ (۱۹) القزوینی : کتاب عجائب المخلوقات، طبع Wüstenfeld، گوٹنگن ۱۸۴۸ء، ص ۱۷۸؛ (۲۰) مَراصِد الاطّلاع، طبع Juynboll، لائڈن ۱۸۵۰ تا ۱۸۶۴ء، ۱ : ۱۵۹، ۲۳۹ و ۴ : ۳۴۵؛ (۲۱) یاقوت، ۱ : ۶۰۳، ۶۶۳ و ۲ : ۳۹، ۲۰۰، ۳۰۸۔
مملوک اور ترک : (۲۲) V. Cuinet : *La Turquie d' Asie*، پیرس ۱۸۹۰ تا ۱۸۹۵ء، ۲ : ۲۱۷ ببعد؛ (۲۳) M. Gaudefroy-Demombynes : *La Syrie á l' époque des Mamluks*، پیرس ۱۹۲۳ء، ص ۸۴، ۹۲، ۱۹۲؛ (۲۴) H. Guys : *Statistique du Pachalik d'Alep*، مارسیلز ۱۸۵۳ء، ص ۲۱، ۲۶، ۵۰ تا ۵۱، ۱۳۲۔

(F. Hours)

* **البَطِیْحَة** : (= دلدلی زمین) اس نام کا اطلاق ایک ایسے مرغزار نما نشیبی علاقے پر کیا جاتا ہے جہاں کم و بیش مقررہ اوقات میں سیلاب آتا رہتا ہے اور اس وجہ سے دلدلی بن جاتا ہے ۔ عباسی دور کے عرب مصنف خاص طور پر اس کا اطلاق اس وسیع دلدلی علاقے پر کرتے ہیں جو شمال میں کوفے اور واسط اور جنوب میں بصرے کے درمیان دریاے فرات اور دریاے دجلہ کی زیریں گذرگاہ پر واقع ہے، جسے اکثر البطائح (البطیحة کی جمع) اور بعض دفعہ ملحقہ شہروں کی رعایت سے بَطِیْحَۃُ الکُوفَة، بطیحة الوَاسِطْ یا بطیحة البَصْرَة بھی کہا جاتا ہے ۔

جنوبی بابل میں بہت سی دلدلوں کا وجود بہت قدیم زمانے سے چلا آتا ہے ۔ یہاں کا میدان سیلابی مٹی سے بنا ہے اور یہ نرم اور تقریبًا ہموار ہے ۔ دریائی بہاؤ کے راستے کم گہرے ہیں اور ان کی تہ میں جلد ہی گاد جم جانے کا خطرہ رہتا ہے ۔ کنارے نرم اور نیچے ہیں، لہذا سیلاب کا پانی کناروں پر سے بہ نکلتا ہے جس کی بدولت وسیع دلدلیں بن جاتی ہیں ۔ یہ معمولی حالات میں غائب ہو جاتیں لیکن ہر سال آنے والے سیلاب اس سے مانع ہیں ۔ علاوہ ازیں دریا اپنا رخ بدل لیتے ہیں، جس کی وجہ سے بجاے خود نئی دلدلیں پیدا ہو جاتی ہیں ، یہاں تک کہ خطِ میخی کے کتبوں میں بھی اگمی agammé (دلدلوں)

marfat.com
Marfat.com

اور اپراتہ apparâté (نرکلی زمینوں) کا اکثر جگہ ذکر آتا ہے، قب Delitzsch : *Assyr. Handwörterb.*، ص ۱۷، ۱۱۵ ۔ بالخصوص وہ تمام علاقہ جو جنوب میں محمرہ، شمال میں قرنہ سے آگے ایک حد تک اور مشرق میں دریاے کارون کے پار تک کے علاقے کے درمیان واقع ہے، یقینًا ایک عظیم دلدلی جھیل سے محیط ہوگا؛ قب Delitzsch، ص ۶۲۷؛ Dougherty : *The Sea land of Ancient Arabia*، ۱۹۳۳ء.

اسی طرح یونانی اور رومی مصنّفین بھی اس سے واقف ہیں (بطور λιμνη یا chaldaicus lacus) ۔ اس سلسلے میں Nearchus کا بیان بالخصوص پُر از معلومات ہے، کیونکہ اس نے خود اس قطعۂ آب کو عبور کیا تھا اور اس کی چوڑائی کا اندازہ چھے سو سٹاڈیا stadia (= ۸۰ میل) کیا تھا ۔ لوحۂ پوتینجریانا (*The Tabula Peutingeriana*) سے بھی بابل کی دلدلوں کے حدود کی تعیین ہوتی ہے ۔ اس میں پالودس Paludes کے علاوہ دیوتاھی Diotahi کا نام بھی مذکور ہے (جس کی تصحیح غالبًا بشکل بیوتاھی Biotahi (= بطائح ) کرنا چاھیے) ۔ میخی کتبوں اور قدیم یونانی اور رومی مصنّفین کی تحریروں میں اس کے ذکر کے بارے میں قب Andreas، در Pauly-Wissowa، ۱ : ۷۳٦، ۸۱۰۵، ۱۸۷۸ ببعد، ۲۸۱۲؛ Weissbach : کتاب مذکور، ۳ : ۴۴، ۲۰ و ٦ : ۱۲۰۱ ببعد؛ Streck، ۵ : ۱۳۷۱ (بذیل مادّة Diotahi)؛ Ainsworth : *Researches*، ۲ : ۱۸۰ ببعد.

قدیم زمانے سے یہ عظیم دلدلی جھیل دریاؤں سے آنے والی گاد سے بتدریج پُر ہوتی رھی ہے اور اس طرح موجودہ ڈیلٹا وجود میں آ گیا ہے ۔ اس کے باوجود بعض جگہیں زیرِ آب رہ گئی ھیں ۔ یہ جگہیں موجودہ خُور [= ھور] الحُوَیزہ، خور الحَمّار، اور خور الشّامیه کے ارد گرد اور غالبًا آگے مزید شمال کی طرف پھیلی ہوئی ھیں ۔ ممکن ہے کہ اس دلدل کی ابتدا ایک ایسے دوہری ڈھلان کے نشیب (synicline) سے ہوئی ہو، جو طبقات ارضی کی تشکیل کے زمانے میں بن گیا ھو ۔ اس کے بعض حصے گاد کی کثیر مقدار سے اٹ گئے، بحالیکہ دوسرے حصّے نیچے رہ گئے اور انھیں پانی نے پُر کر دیا ۔ اس طرح انھوں نے وہ شکل اختیار کر لی جسے قرونِ وسطٰی کے مسلمان البطائح کے نام سے موسوم کرتے تھے ۔ مذکورۂ بالا نشیب کی ڈھلانیں تاریخی ادوار میں پانی سے کٹ گئی ہوں گی (قب *Bibliography* : N. L. Falcon و G. M. Lees، *History of the Mesopotamean plains*، در *Geographical Journal*؛ سمندر کے پیچھے ھٹ جانے کے بارے میں قب De Morgan، ۱ : ۴ تا ۴۸؛ Seton Lloyd، ص ۱۹.

بابل میں آبرسانی کے انتظام اوز پانی کے نکاس کی جانب ساسانیوں نے حسب دستور بہت توجہ کی ۔ اس سے دلدلوں میں کمی ھو جانا چاھیے تھی، تاھم اس خاندان کے مؤخر بادشاھوں کے عہد میں زرخیز اراضی کا وسیع رقبہ سیلاب کی نذر ھو گیا اور دلدلوں کے علاقے میں اتنا اضافہ ھوگیا کہ عرب البطیحہ کا آغاز اسی دور سے شمار کرنے لگے ۔ ان کا یہ خیال ہے کہ قُباذ فیروز (۴۵۷ تا ۴۸۴ء) کے عہد میں کَسْکَر کے قریب ایک بڑا شگاف پیدا ھوگیا اور اس کی وجہ سے مزروعہ زمین کے بڑے بڑے قطعات زیرِ آب ھو گئے ۔ پھر کبھی خسرو اوّل انُوشروان کے عہد (۵۳۱ تا ۵۷۸ء) میں جا کر بند کے پشتوں کی جزوی طور پر مرمّت کی گئی اور کچھ زمینیں زیر کاشت لائی گئیں ۔ لیکن ٦ یا ۷ھ/ ٦۲۷ [- ٦۲۸ء] میں خسرو ثانی پرویز کے عہد میں دریاے فرات اور دریاے دجلہ میں پانی کی سطح دوبارہ بلند ھو گئی اور اس نے ایک ایسے

marfat.com
Marfat.com

سیلاب کی شکل اختیار کر لی جیسا اس سے پہلے کبھی دیکھنے میں نہ آیا تھا ۔ دونوں دریاؤں نے اپنے اپنے بند توڑ ڈالے، جس سے بہت وسیع شگاف رونما ہو گئے ۔ متعدد طَسُوج کی زرعی املاک کو غرق کرتا ہوا یہ سیلاب ان جگہوں تک پہنچ گیا جہاں دلدلیں واقع ہیں ۔ اس کے بعد کے پر آشوب دور میں اور اس زمانے میں جبکہ مسلم افواج نے عراق پر تسلّط جمانا شروع کیا تھا تقریباً تمام بندوں اور پشتوں میں شگاف پیدا ہو گئے، جن کی مرمّت کرنے سے دہقان قاصر تھے؛ چنانچہ ہر طرف دلدلوں میں اضافہ ہو گیا (البَلاذُری، ص ۲۹۲ تا ۲۹۳؛ قُدامہ، ص ۲۴۰؛ یاقوت، ص ۶۶۸ تا ۶۶۹؛ المسعودی : تنبیہ، ص ۵۳؛ ابن رُستہ، ص ۹۸) ۔ ساسانیوں کے عہد ھی میں دریاے دجلہ کے رخ میں پہلی بار بڑی تبدیلی رونما ہوئی، یعنی اس نے مشرقی راستہ (موجودہ گزرگاہ) چھوڑ کر مغربی راستہ (موجودہ شطّ الدُجَیلہ) اختیار کر لیا ۔ اس تبدیلی نے پرانے مشرقی راستے کے قرب و جوار میں واقع تمام علاقے کو 'جھاڑی بن' اور صحرا میں بدل کر رکھ دیا ۔

اموی حکمرانوں نے البَطیحہ کی بحالیات میں دلچسپی لی ۔ امیر مُعاویہؓ کے عہد میں البطیحہ کی جو زمینیں ابن دَرّاج کی کوششوں سے دوبارہ زیر کاشت آئیں ان کی آمدنی پچاس لاکھ درھم سالانہ تھی ۔ اس نے یہ کام نرکلوں کو کاٹ کر اور پانی کو بندوں کے ذریعے روک کر انجام دیا ۔ یہ زمینیں الجَوامِد کہلاتی تھیں (البَلاذُری، ص ۲۹۴؛ مروج، ۱ : ۲۲۵ تا ۲۲۶) ۔ ۸۱ھ / ۷۰۱ء میں سیلاب آنے سے یہ اراضی دوبارہ زیر آب ہو گئی کیونکہ پانی کے زور سے ایک نیا شگاف پیدا ہو گیا تھا جس کی مرمّت کی جانب الحجّاج نے بے پروائی برتی ۔

اس کے فوراً بعد الحجّاج نے البطیحہ کے قریب کے سیلابی مٹّی کے میدان میں واسط کا شہر آباد کیا ۔ اس سلسلے میں لازمی طور پر نہروں کے افتادہ نظام کی بحالی، پانی کے بندوں اور ان کے پھاٹکوں کی تعمیر اور زمینوں کی بازیافت عمل میں آئی ہو گی ۔ اس نے دو نہریں نِیل اور زابی کھدوائیں تاکہ ان دو بڑے دریاؤں (دِجلہ و فُرات) کا گذر البطیحہ میں ہونے سے پہلے ان کے زاید پانی کے ایک حصّے کو دوسری طرف موڑ دیا جائے اور ساتھ ھی واسط سے اوپر کے خشک رقبوں کو سیراب کر کے زرخیز بنا دیا جائے (البَلاذُری، ص ۲۹۰ تا ۲۹۲؛ قدامہ، ص ۲۴۰؛ Streck، ۱ : ۲۹ تا ۳۲ و ۲ : ۳۰۳ تا ۳۰۴؛ لسٹرینج ص ۲۷) ۔ الحجّاج نے دلدلی علاقے میں کچھ ھندی نژاد لوگوں کو بھی جو زُط [زُطّ بان] [= جاٹ] کہلاتے تھے، آباد کر دیا جن کے ساتھ ھزاروں کی تعداد میں بھینسوں کے ریوڑ بھی تھے ۔ خلیفہ کے بھائی مَسْلَمہ نے تقریباً تیس لاکھ درھم بندوں اور پشتوں کی مرمت میں صرف کیے اور اس کے معاوضے میں اسے بازیافتہ زمین کے بہت وسیع رقبے مل گئے (البَلاذُری، ص ۲۹۳؛ قدامہ، ص ۲۴۰ تا ۲۴۱؛ Wellhausen : *Das Arabische Reich*، ۱۹۰۲ء، ص ۱۰۶ تا ۱۰۸) ۔

زمین کی بحالی کا کام جاری رہا، بالخصوص خلیفہ ھشام اور اس کے نائب عراق خالد القَسْری کے زمانے میں، جس نے دریاے دجلہ پر ایک بند بنوایا (البَلاذُری، ص ۲۹۳ تا ۲۹۴؛ قدامہ، ص ۲۴۰؛ ابن رُستہ، ص ۹۵) اور کئی نہریں کھدوائیں، مثلاً نَہر الرُمّان اور نَہر المُبارَک ۔ اس طرح اس نے زمین کے بڑے رقبے دوبارہ کارآمد بنا دیے، جن سے بہت آمدنی ہوتی تھی، لیکن اس کا ایک نتیجہ یہ ہوا کہ پانی کی ایک بڑی مقدار اس میں صرف ہو گئی اور آب رسانی کے لیے جس مقدار کی ضرورت تھی اس میں کمی ہو گئی ۔

marfat.com
Marfat.com

جب عبّاسی خاندان بر سرِ اقتدار آیا (۱۳۲ھ / ۷۵۰ء) تو بندوں میں نئے شگاف پیدا ہو گئے، جن کی وجہ سے دلدلوں میں اضافہ ہو گیا ۔ اس طرح دریاے فرات کے علاقے میں بھی جھاڑیوں کے جنگل بن گئے، جن کے بعض حصّوں کو دوبارہ قابلِ کاشت بنایا گیا ۔

شمال مغرب میں البطیحہ تقریبًا کوفے اور نِفّر تک پہنچ گئی تھی، بحالیکہ زیادہ دور مشرق میں یہ واسط سے خاصے فاصلے پر شروع ہوتی تھی ۔ اس حصے کو قرونِ وسطٰی کے بہت سے مسلم مآخذ میں بطیحۃ الکوفہ کہا گیا ہے ۔ ان کے بے ڈھنگے نقشے (قب Miller : *Mappae Arabica*)، انھیں [یعنی مذکورۂ بالا شہروں کو] جنوبی البطیحة سے ملحق نہیں دکھاتے اور نہ ان سے کسی بستی یا کھیت کا پتا چلتا ہے ۔ بایں ہمہ چوتھی صدی ھجری/دسویں صدی عیسوی کے مآخذ میں وثوق سے یہ کہا گیا ہے کہ دریاے فرات کا پانی واسط اور بصرے کے درمیان البطیحہ میں داخل ہو جاتا تھا (المسعودی : مروج، ۱ : ۲۱۵؛ سہراب، ص ۱۱۸) ۔ اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ دریاے فرات کا موجودہ زیرین خطّہ چھٹی صدی ھجری / بارھویں صدی عیسوی تک بطائح سے گھرا ہوا تھا یعنی جس زمانے میں مآخذ کے بیان کے مطابق مطّارہ میں زیریں دریاے فرات کا دریاے دجلہ سے اتّصال ہوتا تھا (یاقوت، ۲ : ۵۰۳)۔ یہ کیفیت لازمی طور پر شِنّافِیّہ کے نشیب میں، جو اس وقت یقینًا زیادہ گہرا ہو گا، پانی کے بہاؤ اور نکاس کی تبدیلیوں سے، نیز دریا کے پانی میں کمی آ جانے اور اس کی تہ میں گاد جم جانے سے پیدا ہوئی ہو گی ۔ اس کا باعث وہ متعدد نہریں تھیں جن کے ذریعے دریاے فرات کا پانی شمالی اور وسطی بابل کو سیراب کرنے کے لیے استعمال ہوتا تھا (قب لسٹرینج، ص ۷۵ بعد).

تقریبًا ساسانی عہد کے خاتمے کے زمانے سے دسویں صدی ھجری / سولھویں صدی عیسوی کے نصفِ اوّل تک دریاے دجلہ شہر واسط اور کئی اور شہروں کے قریب سے گزرتا ہوا اپنے مغربی مجری (موجودہ شطّ الدُجَیلہ) میں بہتا تھا، یہاں تک کہ چوتھی صدی ھجری / دسویں صدی عیسوی میں وہ قُطر میں البطیحہ سے مل جاتا تھا (مروج، ۱ : ۲۲۸؛ سہراب، ص ۱۱۸ تا ۱۱۹، ۱۳۵؛ ابن خُرداذبہ، ص ۵۹؛ ابن رُستہ، ص ۱۸۵) ۔ المُستوفی کے بیان کے مطابق قُطر تیس فرسنگ (تقریبًا ۱۰۷ میل = ۱۷۲ کیلومیٹر) کے فاصلے پر واسط کے جنوب میں ہے (نزھۃ، ص ۱۶۶) اور قُدامہ (ص ۱۹۳) کے قول کے مطابق بائیس فرسنگ .

البطیحہ کی جنوبی حدود بصرے کے قریب تک پہنچتی ہیں (البَلاذُری، ص ۳۶۲؛ انساب الاشراف، ۵ : ۲۵۷) ۔ سُہراب (ص ۱۳۵) البطیحہ کی کیفیت اس طرح بیان کرتا ہے کہ وہ چار خوروں (= اَھوار) پر مشتمل تھی : بَحَصا، بَکَمصا، بَصَریاثا اور المُحمّدیہ ۔ ہر خور میں وافر پانی تھا، جس میں سرکنڈے بالکل نہیں تھے، البتہ نرکلوں کے ایک تنگ راستے کے ذریعے ایک خور دوسرے سے ملا ہوا تھا ۔ ان میں سے خور المحمّدیہ سب سے بڑا تھا اور نرکلی راستہ اس سے لے کر نہر ابی اَسَد تک پھیلا ہوا تھا، جو حالہ اور کَوانِین اور وہاں سے الدجلۃ العوراء (= یک چشم دجلہ) تک جاتی تھی ۔ یاقوت جن خوروں کا ذکر کرتا ہے وہ شَلّام (۳ : ۳۱۱)، جرجین (۲ : ۵۶)، غَرّاف (۳ : ۵۸۱) اور ربہ (۲ : ۱۳۴) ہیں .

جنوبی بابل کے سیلابی مٹّی کے نرم اور ہموار میدان میں پانی کا بہاؤ اور نکاس یکساں حالت میں نہیں رہ سکتا تھا، خاص طور پر اس وجہ سے بھی کہ نہری اور آب رسانی کا نظام سیاسی اور معاشی صورت حال

marfat.com
Marfat.com

کے مطابق بدلتا رہتا تھا ۔ اگرچہ ان تغیّرات کی ابھی تک بالتفصیل چھان بین نہیں کی گئی، تاہم ان کا ایک سراغ چھٹی/بارھویں صدی میں یاقوت کے اس بیان سے مل سکتا ھے کہ واسِط سے نیچے دریاے دجلہ پانچ شاخوں میں منقسم تھا اور یہ باہم دریاے فرات کے ساتھ مطّارہ میں مل جاتی تھیں، جو بصرے سے ایک دن کی مسافت پر واقع تھا (۲ : ۵۰۳) ۔ اس میں شبہہ نہیں البطیحہ سے گھری ہوئی زمینوں کا رقبہ سیلاب کے پانی کی روک تھام میں کمی بیشی، اور شمال میں آب رسانی کے لیے پانی کے خرچ کی مقدار کے مطابق بدلتا رہتا تھا۔

اگرچہ البطیحہ کی بیشتر زمینیں زیرِ آب تھیں تاہم اس میں بنجر زمین کے قطعات، مزروعہ زمینیں، شہر اور دیہات، نیز ندیاں اور نہریں موجود تھیں (المقدسی، ص ۱۱۹؛ السّمعانی: انساب، بذیل مادّہ البطائحی؛ ابن الاثیر، لُباب، ۱ : ۱۲۹) ۔ ابن رُستہ (ص ۹۵) کا بیان ھے کہ ”نسبۃً اونچی جگھوں نے ان ٹیلوں کی شکل اختیار کر لی جو بطائح میں معروف ھیں اور سُرطُغان، طُسْتَغان اور اُقرالسّید کے ناموں سے موسوم ھیں ۔ انھیں جگھوں میں زُطّ رہتے ھیں“ ۔ المقدسی (ص ۱۳۴) البطیحہ کو ایک ضلع (ناحیة) کہتا ھے، جس کا صدر مقام صُلَیق تھا اور دوسرے شہر جامِدہ، ھرار، حَدّادیہ اور زُبیدیہ تھے ۔ ان میں سے بیشتر شہر واسِط کے شمال مغرب میں تھے ۔ یاقوت البطیحہ کے شہروں کے طور پر حِلّة (الدُّبیس) (۱ : ۵۹۴ و ۲ : ۳۲۳)، خَیثمیه (۴ : ۸۸۴)، ھرار (۴ : ۹۷۰)، منصورہ (۴ : ۶۶۴) اور بعض دوسری جگھوں کا ذکر کرتا ھے اور اس کے دریاؤں میں آبّا، خُرز، الزُّطّ (۲ : ۹۳۰ و ۴ : ۸۴۰) اور یمّا (۴ : ۱۰۲۶) نامی نہروں کو شمار کرتا ھے ۔

دریاے فرات کی مغربی دلدلوں کی جو کیفیت انیسویں صدی کے وسط کے قریب یورپی سیّاحوں اور آثار قدیمہ کے ماھروں نے بیان کی ھے وہ خاصی صحیح ھے ۔ دریاے فرات کی بڑی دھار بابل، حِلّہ اور دِیوانیّہ کے بیچ میں سے گذرتی تھی ۔ متعدّد شاخیں اور نہریں اس دھار سے جدا ھو جاتی تھیں جن میں سے بہتْ سی الکارِیم کے قریب دوبارہ اس میں مل جاتی تھیں جو دریا کے ڈیلٹا کے سرے پر واقع تھا ۔ سیلابوں کے موسم میں پانی تقریبًا تیس میل لمبے علاقے میں پھیل جاتا تھا، دس سے چودہ میل تک بڑی شاخ کے مغرب میں اور اس سے بہت زیادہ دور تک مشرقی سمت میں ۔ اس الٹے بہاؤ سے لَملُوم کی دلدلوں کی تشکیل ھوتی ھے ۔ تیس سال کے بعد دریاے فرات کے پانی کا بیشتر حصہ مغربی ھِندیہ نہر میں سے گذرتا تھا جو سترھویں صدی میں [اودھ (ھندوستان) کے نواب] آصف الدّولہ نے کھدوائی تھی ۔ یہ زیادہ جنوب کی طرف میدانوں میں جا کر نکلتی اور پایاب بحرالنّجف اور شِنافیّہ نامی دلدلوں کی تخلیق کرتی تھی، جو ۱۹۱۱ء میں ھندیّہ بند (barrage) کی تعمیر کے بعد بھی باقی رھیں، جس کا مقصد حِلّہ کی شاخ کے پانی میں اضافہ کرنا تھا ۔ یہ دلدلیں ایک وسیع نشیب میں واقع ھیں جس کا دہانہ نسبۃً زیادہ کشادہ ھے اور جو تقریبًا چالیس میل (= ۶۵ کیلومیٹر) لمبا اور پندرہ میل (= ۲۵ کیلومیٹر) چوڑا ھے ۔ سیلاب کے پانی کی گہرائی مختلف ھے، یعنی شمال میں چند سینٹی میٹر سے لیکر وسط میں دو سے تین میٹر تک ۔ اس میں سے کئی چھوٹے خوروں کی شاخیں نکلتی ھیں : مشرق میں العَوجہ، الوریجی، ابن نَجم، الخبصہ، ابو غُربال، الرّمّاح، الہوا اور ابو حجَر کے خور ھیں؛ شامیہ شاخ کے مغرب میں غادُوِدی، رُغیلہ، گُلیبی، ابوحلانہ، وِیادہ اور حُویجہ کے خور واقع ھیں؛ کوفی شاخ کے قریب طُبگ، غزّالات، اور صلیب کے اخوار ھیں، ان خوروں کے رقبے سیلاب کے بعد سمٹ

Marfat.com

جاتے ہیں اور زمین چاول کی کاشت کے لیے بہترین ثابت ہوتی ہے .

بغداد کے جنوب میں دریاے دجلہ ایک سپاٹ میدان کے بیچ میں بہتا ہے اور اس کے کنارے اتنے اونچے نہیں ہیں کہ سیلاب کے پانی کا عظیم حجم ان کے اندر سما سکے - اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ دریا کے دونوں طرف کئی شگاف اور مصنوعی کنارے (levees) پیدا ہو جاتے ہیں، جس کی وجہ سے بہت سی دلدلیں بن جاتی ہیں - ان میں سے سب سے بڑی دلدل بغداد اور کوت [العمارۃ] کے درمیان خور شویجہ ہے، جو دریاے دجلۃ کے ساتھ ساتھ پھیلا ہوا تقریباً ۳۱ میل (پچاس کیلومیٹر) لمبا اور پندرہ میل (۲۵ کیلومیٹر) چوڑا ایک قدرتی نشیب ہے - اس خور میں پشت کوہ کے پہاڑی خطوں سے آنے والی متعدد چھوٹی ندیوں کا پانی گرتا ہے - خور حویشۃ، جو نسبۃً کم چوڑی ہے، علي الغربی سے لے کر عمارہ تک پھیلی ہوئی ہے - جہاں وہ خور سنافیۃ کے قریب تک پہنچ جاتی ہے - عمارہ کے قریب دریاے دجلہ سے بہت سی شاخیں نکلتی ہیں، مثلاً مشرح، چحلہ (Čaḥla)، مشیرہ - ان کا پانی عمارہ کے چاول کی کاشت کے رقبے میں تقسیم کر دیا جاتا ہے، جہاں سیلاب کا پانی بڑی نالیوں کے ذریعے نکال کر دوسری اطراف میں لے جایا جاتا ہے - یہ شاخیں اپنے بنائے ہوے خوروں کے باوجود بخوبی نمایاں ہیں اور خور عزیزہ میں جا کر گرتی ہیں، جو خور حویزہ کے ساتھ ملا ہوا ہے - ان میں پانی دویریج اور طیب کے دریاؤں نیز الکرخۃ (قدیم Choaspes) سے آتا ہے۔ ان اخوار میں تخمیناً ستر لاکھ مکعب انچ سالانہ پانی آتا ہے - موسم گرما میں یہ پانی متعدد نالیوں کے ذریعے، جو العزیر سے آگے تھوڑے فاصلے پر شروع ہوتی ہیں، دریاے دجلۃ میں واپس چلا جاتا ہے .

دریاے دجلۃ کے داہنے کنارے پر کوت سے نیچے سب سے بڑا شگاف مصندق کا سیلابی قطعہ ہے - اس کا دہانہ ۴۵۰ میٹر چوڑا ہے، جو بہت جلد تقریباً ایک جھیل کی سی وسعت اختیار کر لیتا ہے اور بالآخر متعدد مقابلۃً چھوٹی اور پایاب نالیوں میں شاخ وار تقسیم ہو کر خور السنیہ میں داخل ہو جاتا ہے - یہ خور ایک عظیم قدرتی نشیب ہے، جو مصندق کے سیلابی قطعے اور کئی نسبۃً چھوٹے شگافوں کے علاوہ ان سیلابی نہروں کی بدولت پانی سے بھر جاتا ہے جو سیلاب کے دوران میں دریاے دجلۃ کا پانی دیگر اطراف میں لے جاتی ہیں - اس پانی کا گزر بالترتیب صخاری، الدویمہ، جفافی شاہ علی، شاتریۃ اخوار، اور خور برہان، عودہ، صرنہ، صگال، رویدۃ اور صفار سے ہوتا ہے، یہاں تک کہ وہ حمار نامی گاؤں کے نزدیک حمار کی جھیل تک پہنچ جاتا ہے - دریاے دجلہ کے سیلاب کے پورے زور میں ۴۲۴ مربع میل (۱۱۰۰ مربع کیلومیٹر) سے زائد رقبے کو خور السنیۃ زیر آب کر دیتی ہے - سیلاب کے ختم ہو جانے کے بعد اس کے پانی کا اخراج اس قلیل مقدار کے سوا جس کا پمپ سے سینچے ہوے کھیتوں سے سطحی نکاس ہو جاتا ہے، خور السنیۃ میں نہیں ہوتا - یہی وجہ ہے کہ انجذاب اور تبخیر کے عمل کی بدولت خور السنیۃ کا رقبہ ۷۷ مربع میل (= ۲۰۰ مربع کیلومیٹر) سے بھی کم رہ جاتا ہے .

حمار کی جھیل سب سے بڑا خور ہے، جو تقریباً ۲۰۰۷ مربع میل (۵۲۰۰ مربع کیلومیٹر) پر محیط ہے - اس کا پھیلاؤ سوق الشیوخ کے قریب دریاے فرات کے معاونین سے لے کر کرمہ علی تک (تقریباً ۸۰ میل = ۱۳۰ کیلومیٹر) ہے - اس کا جنوبی حصہ خور سناف کہلاتا ہے، جو دریاے فرات اور غراف سے پانی حاصل کرتا ہے - علاوہ ازیں مذکورۂ بالا

marfat.com
Marfat.com

متعدد اخوار کے ذریعے مُصَنْدَق سے بھی اس میں پانی آتا ہے ـ حمّار کے رقبے میں جملہ منابع سے تقریبًا ۲۵۰۰ مکعب میٹر فی سیکنڈ (cumecs) پانی آتا ہے ـ تبخیری اور انجذابی ضیاع تقریبًا ۵۰۰ مکعب میٹر فی سیکنڈ ہے ـ خزاں کے آخر میں جھیل حمّار کے کنارے کی موسمی سطح آب گر کر ۶ سے ۸ء میٹر تک رہ جاتی ہے اور مئی یا جون میں سیلاب کا موسم ختم ہونے پر زیادہ سے زیادہ ۲۰ء سے ۲۸ء میٹر تک پہنچ جاتی ہے ـ سطح آب گرنے پر اس کا تقریبًا دو تہائی رقبہ جھیل اور دلدل پر مشتمل ہوتا ہے، جس میں پانی کے چند پھیلے ہوے قطعات ہوتے ہیں، جہاں نرکلوں کے بیچ میں سے گزرتی ہوئی پتلی پتلی نالیوں کا ایک جال سا پھیلا ہوا نظر آتا ہے ـ زیادہ گہری نالیاں (ایک سے دو میٹر تک) بالعموم شمال سے جنوب یا شمال مغرب سے جنوب مشرق کی سمت میں جاتی ہیں ـ یہاں نرکلوں کے بیچ میں گہرے پانی کے پیچدار راستے (= گواہیِن) بھی پائے جاتے ہیں، جو بعض جگہ صرف چند گز چوڑے ہونے کے باوجود اتنے گہرے ہوتے ہیں کہ ان میں کشتی چلائی جا سکتی ہے.

جزیرۂ سَلایل کے قریب واقع جزیروں کے گرد چند بہت گہرے آبی راستے (۱۰ تا ۲۰ میٹر) پائے جاتے ہیں ـ جنوبی حصوں میں مدّ و جزر کا اثر محسوس کیا جاتا ہے ـ پایاب رقبے بہت سے ہیں ـ حمّار کے جنوبی کناروں کی زمین بنجر اور غیر آباد ہے، جو ہر سال جھیل میں آنے والے سیلاب کی زد میں رہتی ہے.

ایک دشوار گزار علاقہ ہونے کی وجہ سے البطیحہ ہر قسم کے رہزنوں اور باغیوں کے چھپنے کی جگہ اور سرکشں لوگوں کی جاے پناہ تھی.

الحجّاج نے زُطّ [رک باں] (= جاٹ) قوم کے جن افراد کو ان کی بے شمار بھینسوں کے ریوڑوں کے ہمراہ دلدلوں میں لا کر آباد کر دیا تھا وہ بنو عبّاس کے اوائل عہد میں بعض دوسرے موالی کے ساتھ مل کر رہزنی اور لوٹ مار کرنے اور بلادِ جنوب سے تجارت اور آمد و رفت میں خلل انداز ہونے کی وجہ سے عراق کے لیے پریشانی اور تکلیف کا باعث بن گئے تھے ـ ان کا اثر المأمون کے زمانے میں زیادہ شدت سے محسوس کیا گیا ـ خلیفہ المعتصم بڑی سخت کوششوں کے بعد انھیں زیر کرنے اور شام کے شمالی سرحدی علاقوں میں منتقل کرنے میں کامیاب ہو سکا (البلاذری، ص ۱۷۱ تا ۳۷۵؛ الطّبری، ۳ : ۱۰۴۴ تا ۱۰۴۵، ۱۱۶۷ تا ۱۱۷۰؛ المسعودی : تنبیہ، ص ۳۵۵) ـ نہر الزط انھیں کے نام سے موسوم ہے (یاقوت، ۴ : ۸۴۰).

زَنج (رک باں) کا بڑا خروج ان سے بھی کہیں زیادہ خطرناک ثابت ہوا ـ انھوں نے علی بن محمد (رک باں) کی قیادت میں بصرے کے قریب ایک زبردست بغاوت (۲۵۵ھ/ ۸۶۹ء تا ۲۷۰ھ/ ۸۸۳ء) برپا کر دی اور کئی سال تک البطیحہ پر مسلّط رہے (الطّبری، ۳ : ۱۷۴۲ ببعد؛ Nöldeke : *Sketches from Eastern History*، ص ۱۴۶ تا ۱۷۵؛ ف ـ السّامر : ثورة الزنج، بغداد ۱۹۵۲ء).

آئندہ صدیوں میں بنو شاہین (رک بہ عِمران بن شاہین) اور ان کے بعد بنو المظفّر (رک باں) نے دلدلی علاقوں میں کم و بیش ایک خود مختار سلطنت کی بنیاد ڈالی، جس میں آگے چل کر بنو مزید (رک باں) بھی ان کے شریک حکومت رہے ـ بنو مزید نے ۴۰۳ھ سے ۵۴۸ھ تک حِلّہ میں حکومت کی اور ان کے زوال کے بعد بنو المنتفق نے اپنی سرگرمیوں کا آغاز کیا، لیکن ۶۱۷ھ/ ۱۲۲۰ء میں خلیفہ النّاصر ان کے زعما، یعنی بنو معروف کا خاتمہ کرنے میں کامیاب ہو گیا.

جب مغولوں نے عراق فتح کیا (۶۵۶ھ /

marfat.com
Marfat.com

[۱۲۵۸ء]) تو البطیحہ کا علاقہ ان کے ہاتھ لگ گیا، لیکن عرب قبائل کی طرف سے برابر شورشیں ہوتی رہیں۔ اس وقت سے یہ علاقہ الجزائر یا الجوازر کے نام سے موسوم رہا۔ ۷۹۵ھ/[۱۳۹۲ء] میں اسے تیمور نے اور ۸۲۶ھ/۱۴۲۳ء میں اویس الجلائری نے فتح کیا۔ ۸۴۴ھ میں اسے بنو مُشعشع (رک بآں) نے فتح کیا، جو یہاں ۹۵۳ھ تک حکومت کرتے رہے۔ پھر سلطان سلیمان نے اس پر قبضہ کر لیا، مگر اس علاقے پر ترکی حکومت کی گرفت مستحکم نہ تھی، چنانچہ وہ یہاں کی مختلف قبائلی ریاستوں کو ختم کرنے میں ناکام رہی، مثلاً آل عُلیان حمّار پر حکومت کرتے رہے، یہاں تک کہ ۹۷۵ھ میں انہیں تباہ و برباد کر دیا گیا؛ علٰی ہٰذا بنو لام دریاے دجلہ کے جنوبی علاقے پر قابض رہے تا آنکہ ابو محمد ان کے مقابلے پر آ گیا اور یوں ترکوں کو ان پر قابو پا لینے کا موقع مل گیا۔ بنو مُنتفِق نے دریاے فرات کے جنوبی علاقے پر حکومت کی، لیکن ۱۸۶۱ء میں مدحت پاشا یہاں والیِ بغداد کی نگرانی میں ایک ''مُتصرفیہ'' قائم کرنے میں کامیاب ہو گیا (Longrigg : *Four Centuries of Modern Iraq*، آوکسفرڈ؛ العزّاوی: العراق بین احتلالین ۸ جلدیں، بغداد ۱۹۳۷ تا ۱۹۵۷ء؛ Field : *The Anthropology of Iraq*، *Field Museum of Natural History*، ج ۳۰، حصۂ اول، شمارہ ۲، ۱۹۴۹ء).

بابل کی آرامی الاصل (اور عیسائی) آبادی کی بڑی تعداد (بقول عرب مصنفین نَبطی) بہت عرصے تک البطائح میں باقی رہی، جس کی وجہ سے بہت سے مآخذ میں انہیں نبط کی دلدلیں (''بطائح النّبط'') کہا گیا ہے (لسان العرب، ۳: ۲۳۷؛ نیز قب المسعودی: تنبیہ، ص ۱۶۱؛ مِسکویہ ۲: ۴۰۹؛ المقدّسی، ص ۱۲۸)۔ غالبًا ایک اور بقیہ آبادی المندیان (Mandaeans) یا [عربوں کے ہاں] الصُّبّاء ہیں، یعنی قرون وسطی کے مُغتسِلة (قب ابن النّدیم، ص ۳۴۰؛ المسعودی: تنبیہ، ص ۱۶۱)۔ یہ الصبّاء ابھی تک دلدلوں کے اندر بعض مقامات میں باقی ہیں، مثلاً سوق الشّیوخ، قلعة الصّالح اور خور الحُویزہ (حَویزة) میں، جہاں حویزة کا شہر ان کا بڑا مرکز ہے (قب Drower، در مآخذ).

بہرحال یہاں کچھ عرب آباد ہو گئے تھے۔ ابن رستہ کا بیان ہے کہ [بنو] یشکُر، باهلة اور بنو العنبر البطیحہ کی تشکیل سے پہلے اس کے قریب رہتے تھے۔ البلاذری باہلی موالی کا ذکر کرتا ہے، جو المأمون کے کے وقت میں زُطّ کے برپا کردہ فسادات میں ان کے شریک ہو گئے تھے۔ الطّبری (۳: ۱۸۵۸، ۱۸۹۸، ۱۹۰۳) بعض باہلیوں کا ذکر کرتا ہے، جو تیسری صدی هجری / نویں صدی عیسوی میں زنگیوں (= زَنج) کی سرگرمیوں میں شریک ہو گئے تھے۔ وہ البطیحہ میں بنو عِجل کی موجودگی کا ذکر بھی کرتا ہے (۳: ۱۷۵۹)۔ بنو مَزید کا تسلّط یقینًا بنو اَسد (رک بآں) کے یہاں آباد ہونے کا باعث ہوا ہو گا، یہاں تک کہ النّاصر نے ان کا خاتمہ کر دیا۔ ابن خلدون بنو ربیعة کے متعلق یہ کہتا ہے کہ وہ اس علاقے پر قابض ہیں (۶: ۱۲)، جس سے اس کی مراد غالبًا بنو مُنتفِق (رک بآں) ہیں۔ ابن بطوطة نے خَفاجة اور معادی کا ذکر کیا ہے (۲: ۲۰۴).

موجودہ باشندوں کا بیشتر حصہ عرب نسل کے نیم خانہ بدوشوں اور کسانوں پر مشتمل ہے، جو قبائلی بنیادوں پر منظم ہیں۔ چند سنّیوں کے سوا، جن میں سب سے زیادہ مقتدر سعدون خاندان کے لوگ ہیں، وہ سب شیعی ہیں.

ان عرب قبیلوں میں اہم ترین قبیلے، جو بجاے خود بہت سے چھوٹے گروہوں میں منقسم ہیں، مندرجۂ ذیل ہیں:

marfat.com
Marfat.com

(۱) بنو لام: سولھویں صدی عیسوی میں یہ لوگ اتنے قوی تھے کہ دریاے دجلہ کے علاقوں پر حویزۃ سے لے کر شمال میں بغداد کے مضافات تک اور مشرق میں پشتِ کوہ کی بیرونی پہاڑیوں تک مشرق میں انکی حکومت قائم ہو گئی تھی - انیسویں صدی کے ابتدائی عشروں میں کُوت العَمارۃ ان کے شیخ کی جاے سکونت تھا، لیکن انیسویں صدی کے دوران میں ان کا علاقہ اور اقتدار کم ہو گیا اور دریاے دجلہ کے مشرق اور عِمارۃ کے شمالی علاقوں تک محدود رہ گیا - اس قبیلے کے لوگ بھیڑیں پالتے ہیں اور ابھی تک بدوی ہیں.

(۲) اَلبُو (= ابو [=آل ابی]) محمد: یہ لوگ بھی دریاے دجلہ کے مشرق میں چَحْلہ Čahla کے کناروں اور اس کے بڑے معاونوں کے نزدیک رہتے ہیں، جہاں وہ دس پشت پہلے آباد ہوے تھے اور اس وقت سے دریاے دِجلہ کے دونوں طرف عِمارۃ اور عُزَیر کے درمیان نہروں اور دلدلوں پر پھیل چکے ہیں - یہ لوگ زیادہ تر کاشتکار ہیں، لیکن ان میں سے بعض دلدلوں میں بھی رہتے ہیں اور ان کا پیشہ بھینسیں پالنا اور نرکل کی چٹائیاں بنانا ہے.

(۳) ربیعہ: دریاے دجلہ کے مغرب میں آباد ہیں - ان کی ایک شاخ المَیّاح الغَرّاف کے ساتھ ساتھ شَطْرۃ تک پھیل گئی ہے - ان کا مرکزی مقام حَی ہے.

(۴) زُبَیْد: دریاے دجلہ کے مغرب میں آباد ہیں - ان کا علاقہ شمال میں بغداد اور جنوب مشرق میں کُوت الحَیّ کے درمیان واقع ہے - جنوب کی طرف ان کا علاقہ الخَزاعِل کی زمین سے ملحق ہے.

(۵) الخَزاعِل: بنو زُبَیْد کے جنوب مغرب میں آباد ہیں - یہ کِفِلْ اور نِفَّر کے کھنڈروں کے درمیانی ضلع سے لے کر الدِّیوانِیّۃ کے جنوب تک آباد ہیں، جہاں ان کی سرحد بنو المُنْتَفِق کے علاقے سے مل جاتی ہے [دیکھیے معجم القبائل العرب، ۱: ۳۴۰].

(۶) المُنتَفِق: قبائل کا ایک ڈھیلا ڈھالا سا وفاق - اس کی قیادت بنو سَعدون کے سپرد ہے، جو پندرھویں صدی میں حجاز سے آئے تھے - انھوں نے نہ صرف زیریں فرات کے قبائل کو مطیع کر لیا بلکہ بعض اوقات ان کا دائرۂ اقتدار بصرے تک پھیلتا رہا - ان لوگوں کی نیم خود مختار حکومت ۱۸۶۱ء تک برقرار رہی جبکہ مِدْحت پاشا نے ان کے اقتدار کا خاتمہ کر کے ناصِریّۃ میں ایک مُتصرِفیہ قائم کر دی - بنو المنتفق تین بڑے گروھوں میں منقسم ہیں: (۱) الاَجود، جو دراجی سے سوق الشُّیوخ تک اور الغَرّاف کے زیریں حصوں میں آباد ہیں؛ (۲) بنو مالک، جو الحَمّار کے کناروں پر رہتے ہیں؛ (۳) بنو سَعِید، جو کَرْمہ بنی سَعِید کے قریب رہتے ہیں.

(۷) الجزائر: یہ جَوازِر بھی کہلاتے ہیں - ان سے مراد دلدلی زمینیں ہیں (بخلاف شامیۃ، جس سے مراد خشک ریگستانی زمین ہے) - اس اصطلاح سے ان قبائل کا ایک وفاق موسوم ہے جن کا ذکر بیسویں صدی تک مغول اور ترکی ماخذ میں بار بار آتا ہے - ان کا علاقہ ریاستِ مُشَعْشَع کا ایک جزو تھا (العَزّاوی: تاریخ، ۳: ۱۱۲، ۱۷۳، ۲۷۲)؛ پھر العُلْیان کا حصّہ رہا (العزّاوی، ۴: ۱۰۷)؛ اسے ترکوں نے فتح کیا (العزّاوی ۴: ۵۰، بحوالۂ مِرآۃ الکائنات، ص ۱۲۷؛ اولیا چلبی، ۴: ۴۱۳)؛ بعض اوقات یہ ایرانیوں اور بنو المنتفق کے ماتحت بھی رہا، یہاں تک کہ مِدْحت پاشا کے وقت میں یہ قطعی طور پر ترکانِ عثمانی کے تصرّف میں آ گیا، جنھوں نے اس کی بعضِ زمینوں کو دوبارہ زیر کاشت لانے کی کوشش کی (الزوَر، ص ۵۶۸) - الجزائر کے قبائل نے اپنا ایک وفاق قائم کیا تھا، جو مندرجۂ ذیل

Marfat.com

قبائل پر مشتمل تھا : (۱) بنو اَسد (رَکْ بآن)، جو سُوقُ الشیوخ اور قُرْنَة کے درمیان بس گئے تھے اور ان کا مرکز چبایش (Čabāyish) تھا؛ (۲) الحسینی؛ (۳) بنو حُطَیط، حمّار میں؛ (۴) عُبادہ، سُوق الشیوخ اور چبایش کے درمیان (قب ابن خَلدون، ۲ : ۳۱۰ تا ۳۱۲)؛ (۵) بنو منصور، جو قُرْنة کے قریب آباد تھے ۔

(۸) المَعْدان : یہ غالبًا وہی مَعادی ہیں جن کے بارے میں ابن بَطُوطة نے کہا ہے کہ وہ کوفے اور واسط کے درمیان رہتے تھے (ج ۲)؛ Loftus (ص ۱۲۰ تا ۱۲۲) نے ان کی ابتدائی معاشرت اور ان کے ماحول کی کیفیت بیان کی ہے ۔ وہ دلدلوں میں رہتے ہیں ، ادنٰی پیمانے پر ایک قبیلے کی شکل میں منظّم ہیں اور اجتماعی طور پر ان میں کوئی اتّحاد نہیں ہے ۔ یہ لوگ مچھلیاں پکڑتے، نرکل چنتے اور بھینسیں پالتے ہیں ۔ دوسرے عرب انھیں ان کے پیشے اور ان کے اخلاقی معیار کی بنا پر، جو بادیہ نشینوں کے اخلاقی معیار سے قدرے مختلف ہے، حقارت سے دیکھتے ہیں.

دلدلوں میں رہنے والوں کی آبادیاں بالعموم ایسے ہموار ٹیلوں اور جزیروں پر ہیں جو ہر سال آنے والے سیلابوں سے مکمّل طور پر زیرِ آب نہیں ہوتے ۔ بعض دفعہ یہ بستیاں دیہات کی شکل اختیار کر لیتی ہیں ۔ یہ دیہات لمبی لمبی جھونپڑیوں پر مشتمل ہوتے ہیں، جو نرکلوں اور نرکل کی چٹائیوں سے بنائی جاتی ہیں (Thesiger : کتاب مذکور؛ شاکر سلیم الچبایش، ۱ : ۲۳ تا ۴۲، بغداد ۱۹۵۷ء، نیز قب Nöldeke در *WZKM* ۱۶ : ۱۹۸، حاشیہ ۱).

دلدلوں کی سب سے اہم پیداوار چاول ہے ۔ علاوہ ازیں جو، زرد مکئی، چینا (sorghum)، مسور، خربزے، تربوز، اور کسی قدر بھنڈی (بامیہ) اور پیاز کی فصلیں بھی ہوتی ہیں ۔ سرکاری آمدنی کا ایک ذریعہ نرکل ہیں، جو ہر قسم کے گھریلو کاموں میں استعمال ہوتے ہیں اور جو قدیم زمانے سے لکھنے کے قلم بنانے کے لیے بکثرت مستعمل رہے ہیں (دیکھیے *OLZ* ۹ : ۱۹۰) ۔ قرونِ وسطٰی میں واسط کی نرکلی قلمیں اور انیسویں صدی عیسوی میں دِزفُولی کی قلمیں سارے بلادِ مشرق میں بہترین سمجھی جاتی تھیں (قب Cl. Huart : *Les Calligraphes et les miniaturistes de l'Orient Musulm.*، ۱۹۰۸ء، ص ۱۳)، یہاں تک کہ موجودہ وقت میں بھی پچاس سے ستّر ہزار ٹن نرکل ہر سال چبایش کے مضافات میں کاٹے جاتے ہیں (*Tams*، ص ۶۰).

مزید برآں یہاں مچھلیاں بہت کثرت سے ہیں، جن کی بدولت نہ صرف مقامی باشندوں کو مسلسل خوراک ملتی رہتی ہے بلکہ یہ دیگر اضلاع میں برآمد بھی ہوتی ہیں ۔ ابن رُسْتہ (ص ۹۴) قرونِ وسطٰی میں بَطِیْحَة کے نرکلوں اور مچھلیوں کی پیداوار کی اہمیت کا ذکر کرتا ہے ۔ موجودہ زمانے میں یہ علاقہ ہر سال تقریبًا دو ہزار ٹن مچھلیاں فراہم کرتا ہے، جس کے لیے تقریبًا پانچ سو ماہی گیر مصروف کار رہتے ہیں.

عِمارة کے جنوب میں اور الحمّار کی دلدلوں میں رہنے والوں کے لیے بھینسیں دولت کمانے کا ایک اہم ذریعہ ہیں ۔ ان کے دودھ سے حاصل کیا ہوا مکھن قرب و جوار کے شہروں اور بغداد میں بھیجا جاتا ہے ۔ معمولی تعداد میں بھیڑیں بھی پالی جاتی ہیں (خاص طور پر قُرْنَة میں).

جہاں تک کہ بطیحة میں پائے جانے والے باقی جانوروں کا تعلق ہے، ان میں ہر قسم کے آبی پرندے بکثرت ہیں، مثلاً مرغابیاں (gulls)، بڑی مرغابیاں (wild ducks)، بطخیں، راج ہنس وغیرہ ۔ علاوہ ازیں کلنگ، حواصل، لم ڈھینگ، لق لق، تغدار اور بگلے بھی جھنڈوں کی شکل میں

marfat.com
Marfat.com

ملتے ہیں - بعض گوشت خور جانور بھی پائے جاتے ہیں - قدیم زمانے اور قرونِ وسطی میں یہاں شیر ببر پایا جاتا تھا اور اس کا ذکر آخری بار انیسویں صدی میں ملتا ہے (Loftus، کتاب مذکور، ص ۲۴۲ ببعد) - ان کے علاوہ یہاں کچھ چیتے، گیدڑ، بھیڑیے، سیاہ گوش (بن بلاؤ) اور جنگلی بلیاں بھی اپنے بھٹوں میں رہتی ہیں - جنگلی سور (susscrofa) بڑے بڑے گنوں میں ملتے ہیں اور دلدلوں میں لوٹ لگاتے رہتے ہیں۔

لاتعداد مچھروں اور بھنگوں کے دل بادل بجائے خود ایک خوفناک آزار ہیں اور یہاں کے مخصوص علاقائی امراض، مثلاً موسمی بخار (malaria)، کا باعث بنتے رہے ہیں - اس ضلع کے انحطاط میں اس کا بھی لازمی طور پر بڑا عمل دخل رہا ہے ۔

**مآخذ**: جغرافیہ و تاریخ پر: (۱) BGA، بمواضع کثیرہ، بالخصوص ۶: ۲۳۳، ۲۳۶، ۲۴۰ ببعد (قُدامۃ) و ۷: ۹۴ ببعد، ۱۸۶ (ابن رُستہ)؛ (۲) البَلاذُری، ص ۲۹۲ تا ۲۹۳؛ (۳) سُہراب: صُورۃ الاقالیم السّبعۃ، طبع Mzik، ص ۱۲۶، ۱۳۶؛ (۴) المسعودی: مروج، ۱: ۲۲۴ ببعد؛ (۵) الماوَرْدی: کتاب الاحکام السُّلطانیۃ، طبع R. Enger، بون ۱۸۵۳ء، ص ۳۱۱ ببعد؛ (۶) یاقوت، ۱: ۶۶۸ ببعد (بذیل اشاریہ)؛ (۷) مَراصد الاطّلاع، طبع Juynboll، لائڈن ۱۸۵۰ء، ۱: ۱۶۰ تا ۱۶۱ و ۴: ۳۳۳، ۳۳۸ (Juynboll کا حاشیہ)؛ (۸) ابوالفداء: تقویم، ص ۴۳، ۵۱؛ (۹) ابن بطُّوطۃ: Travels، طبع Defrémery، مطبوعۂ پیرس، ص ۲۹۶؛ (۱۰) M. Streck: Babylonien nach den Arab. Geographen، ۲ جلدیں؛ (۱۱) Le Strange، ص ۲۶ تا ۳۹، ۴۰ تا ۴۳؛ (۱۲) De Morgan: Délégation en Perse, Mémoires، پیرس ۱۹۰۰ء؛ (۱۳) Woolley: Ur of the Chaldees، ۱۹۳۸ء؛ (۱۴) Seton Lloyd: Twin Rivers، آوکسفرڈ ۱۹۴۳ء؛ (۱۵) G. M. Lee و N. L. Falcon: The Geographical History of the Mesopotamian Plains، در Geographical Journal، ۱۱۸: ۲۳ تا ۳۹ و ۱۲۲۳: ۳۹۹ تا ۴۰۱ و ۱۲۰: ۳۹۳ تا ۳۸۷.

موجودہ حالات پر: (۱۶) W. F. Ainsworth: A personal narrative of the Euphrates، لنڈن ۱۸۸۷ء؛ (۱۷) وہی مصنّف: Researches in Assyria, Babylonia and Chaldea، لنڈن ۱۸۳۸ء؛ (۱۸) W. K. Loftus: Travels and Researches in Chaldea and Susiana، نیویارک ۱۸۵۷ء؛ (۱۹) J. B. Fraser: Travels in Koordistan and Mesopotamia، لنڈن ۱۸۴۰ء؛ (۲۰) Chesney: The Expedition of the Survey، لنڈن ۱۸۵۰ء؛ (۲۱) W. Willcocks: Irrigation of Mesopotamia، لنڈن ۱۹۱۷ء؛ (۲۲) M. G. Ionides: The Regime of the Rivers Euphrates and Tigris، لنڈن ۱۹۳۷ء؛ (۲۳) Thesiger: The Marshes of Southern Iraq، در Geographical Journal، ج ۱۲۲، شمارہ ۳، ۱۹۵۴ء؛ (۲۴) A. N. Sussa سوسہ: فی ریّ العِراق، ۲ جلدیں، بغداد ۱۹۴۵ء؛ (۲۵) وہی مصنّف: تطوّر ریّ العراق، ۱۹۴۶ء؛ (۲۶) وہی مصنّف: خزن خَور الشُّویجۃ، مطبوعۂ بغداد؛ (۲۷) Tigris Irrigation Department، بغداد ۱۹۵۲ء؛ (۲۸) Tippets و Abbett و McCarthy و Stratton: Study of the Lower Tigris Euphrates Basin، بغداد ۱۹۵۸ء ۔

باشندوں پر: (۲۹) Von Kremer، در SBAK. Wien، ۱۸۵۰ء، ص ۲۵۰ تا ۳۰۴؛ (۳۰) Chiha: La Province de Baghdad، قاہرہ ۱۹۰۸ء؛ (۳۱) Sprenger، در ZDMG، ۱۷: ۲۲۳ ببعد؛ (۳۲) Freiherr von Oppenheim: Vom Mittelmeer zum Persischen Golf، ۲: ۶۲ تا ۶۷؛ (۳۳) وہی مصنّف: Die Beduinen، Wiesbaden ۱۹۵۲ء، ج ۳؛ (۳۴) H. Field: Anthropology of Iraq، حصہ ۱، شمارہ ۲، ۱۹۳۹ء؛ (۳۵) عباس العزّاوی: عشائر العراق، ج ۳ و ۴، بغداد

Marfat.com

۱۹۰۰ء؛ (۳۶) Thesiger : کتاب مذکور؛ (۳۷) Drower : *The Mandaeans*، آوکسفرڈ ۱۹۳۸ء؛ (۳۸) محمد الباقر الجلالی : موجز تاریخ عشائر العمارة، بغداد ۱۹۴۷ء؛ (۳۹) عبدالجبّار فارس : عامان فی الفرات الأوسط، نجف [۱۳۵۳ھ]؛ (۴۰) S.W. Hellbusch : *Die Kultur der Ma'dan in Gegenwart und Vergangenheit*، در *Sümer*، ج ۱۲، ۱۹۵۵ء؛ (۴۱) شاکر سلیم : الچبایش، ۲ جلدیں، بغداد ۱۹۵۷ء؛ [(۴۲) عمر رضا کحاله : معجم قبائل العرب].

(M. Streck و صالح علی)

* **بُطَیْن** : رکّ به علم نجوم.

* **بُعَاث** : وہ مقام جہاں تقریباً ۶۱۷ء میں مدینے کے دو قبیلوں اَوس اور خَزرج [رکّ بآں] کے بیشتر کنبوں کے درمیان جنگ ہوئی ۔ یہ مقام نخلستانِ مدینہ کے جنوب مشرقی حصے میں بنو قُریظه کے علاقے میں واقع تھا ۔ یہ جنگ اندرونی جھگڑوں کے ایک سلسلے کا آخری نتیجه تھی ۔ قبیلۂ اَوس کی حالت خراب ہو چکی تھی، لیکن اس کی طرف دو بڑے یہودی قبیلے قُریظه اور النَّضیر اور بدوی قبیله مُزینه شامل ہو گئے ۔ ان کا سردار حُضَیر بن سِماک تھا ۔ اس کا مدّ مقابل سردار بَیاضَة کا عَمرو بن النُّعمان تھا، جس کے ساتھیوں میں بڑی تعداد تو خَزرج کی تھی لیکن بنو جُہینة اور بنو اَشْجَع کے کچھ بدوی بھی آ ملے تھے؛ تاهم عبداللّٰہ بن اُبَی (رکّ بآں) اور خَزرج کے ایک اَور سردار نے اس کا ساتھ دینے سے انکار کر دیا ۔ اَوس کا ایک خاندان حارِثة بھی غیر جانب دار رہا ۔ جنگ میں اوّل اوّل اَوس کو پیچھے ہٹا دیا گیا تھا، لیکن انجام کار انھوں نے اپنے مخالفوں کو بھگا دیا ۔ اگرچه دونوں طرف کے سرگروہ لڑائی میں ہلاک ہو گئے پھر بھی کوئی قطعی تصفیه نه ہوسکا بلکه لڑائی کا خاتمه ایک غیر تسلی بخش عارضی صلح پر ہوا [نیز رکّ به ایام العرب (بالخصوص مآخذ)؛ الاوس].

**مآخذ** : (۱) ابن ہشام، ص ۳۸۵ تا ۳۸۷، ۵۵۱ تا ۵۵۲؛ (۲) ابن سعد، ۳/۲ : ۹۸ تا ۹۹؛ (۳) یاقوت، ۱ : ۶۷۰ تا ۶۷۱؛ (۴) Wellhausen : *Medina vor dem Islam*، در *Skizzen*، ۴ : ۲۷ تا ۳۶، ۵۲ تا ۶۴، جس نے ابن الأثیر، الأغانی اور الحماسة سے اقتباسات دیے ہیں؛ (۵) Wüstenfeld : *Die geschichte Medinas* (= السمہودی)، در *Abh. Gött. Gesell. Wiss.*، ۱۸۶۰ء، ۹ : ۵۰ تا ۵۳؛ (۶) W. Montgomery Watt : *Muhammad at Medina*، آوکسفرڈ ۱۹۵۶ء، ص ۱۵۶ تا ۱۵۸ .

(C. E. Bosworth)

⊗* **بَعْث** : [(ع)، بَعَثَ، یَبعَثُ، بَعثًا، بمعنی (۱) بھیجنا، روانه کرنا؛ (۲) نبی یا رسول مبعوث کرنا؛ (۳) برپا کرنا ۔ (۴) خوابیده شخص کو بیدار کرنا؛ (۵) مسلّط کرنا، (۶) اللّٰہ تعالٰی کا مردوں کو دوباره زنده کرنا ۔ اس مقالے میں بحث آخری زاویۂ نگاه سے ہو گی ۔ بَعث بمعنی لشکر بھی مستعمل ہے (لسان العرب، بذیل ماده) ۔ بعثتِ رسالت و نبوت کے لیے رکّ به نبی.

اسلامی عقائد میں آخرت (رکّ بآں) کا عقیده بنیادی حیثیت رکھتا ہے اور اس عقیدے کی ایک اہم کڑی بَعث بعد الموت، یعنی مرنے کے بعد قیامت کے دن مردوں کا دوباره جی اٹھنا ہے اور بعث بعدالموت کا عقیده اجزائے ایمان میں شامل ہے .

مشہور حدیث ہے که حضرت جبریل علیه السلام نے آنحضرت صلّی اللّٰہ علیه و سلّم سے ایمان کے بارے میں پوچھا تو آپؐ نے فرمایا : اَنْ تُؤْمِنَ بِاللّٰهِ . . . . وَالْبَعْثِ بَعْدَالْمَوْتِ (= یه که تو (منجمله دیگر عقائد کے) مرنے کے بعد دوباره جی اٹھنے پر ایمان رکھے ــ البخاری : الصحیح، کتاب ۲، باب ۳۷، سؤالِ جبریلِ النّبی صلّی اللّٰہ علیه و سلّم؛

marfat.com
Marfat.com

احمد : مسند، عدد ۱۸۴).

قرآن و حدیث کی روشنی میں اسلام کا موقف یہ ہے کہ انسان جو عمل بھی اس دنیا میں کرتا ہے اس کا محاسبہ ہو گا ۔ اس مقصد کے لیے آخرت تیار کی گئی ہے ۔ نیکوں کو ان کے نیک اعمال کا صلہ دینے اور بروں کو ان کی برائی کی سزا دینے کے لیے آخرت کی زندگی مقرر کی گئی ہے ۔ مرنے کے بعد زندگی ختم نہیں ہو جاتی بلکہ ایک نئی زندگی کے آغاز کی طرح ڈالی جاتی ہے ۔ قرآن مجید میں ارشاد ہوا : والموتی یبعثھم اللہ ثم الیہ یرجعون (۶ [الانعام] : ۳۶)، یعنی اللہ تعالی مردوں کو از سر نو زندہ کرے گا، پھر وہ اسی کی طرف لوٹائے جائیں گے.

کفار دوبارہ جی اٹھنے (= بعث) اور محاسبے کا انکار کرتے تھے ۔ اس کے جواب میں اللہ تعالی نے اپنی ربوبیت کی قسم کھا کر تحدی سے فرمایا کہ ان لوگوں کو دوبارہ زندہ کر کے قبروں سے یقیناً اٹھایا جائے گا اور ان کے اعمال سے انہیں آگاہ کیا جائے گا اور ایسا کرنا اللہ کے لیے آسان ہے ۔ قرآن مجید کا ارشاد ملاحظہ ہو : زعم الذین کفروا ان لن یبعثوا ط قل بلی و ربی لتبعثن ثم لتنبؤن بما عملتم و ذلک علی اللہ یسیر (۶۴ [التغابن] : ۷) ۔ قرآن مجید میں احیاے موتی، یعنی مردوں کو دوبارہ زندہ کرنے کا کئی مرتبہ ذکر آیا ہے : ثم یمیتکم ثم یحییکم ثم الیہ ترجعون (۲ [البقرہ] : ۲۸)، یعنی پھر وہ تمھیں مارے گا، پھر تمھیں زندہ کرے گا پھر تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے ۔ یہی بات سورۃ الحج (۲۲ : ۶۶)، سورۃ الروم (۳۰ : ۴۰) اور سورۃ الجاثیہ (۴۵ : ۲۶) میں دہرائی گئی ہے ۔ کفار تعجب سے پوچھتے تھے کہ ہم مر کر مٹی ہو جائیں گے اور ہڈیاں گل سڑ جائیں گی تو کیا ہم کو پھر از سر نو زندہ کر دیا جائے گا؟ کیا ہمارے اگلے باپ داداؤں کو بھی دوبارہ زندہ کیا جائے گا؟ قرآن مجید نے جواب دیا : ہاں، بلکہ مستزاد یہ کہ تمھیں اس وقت اپنی کرتوتوں کے باعث ذلت و رسوائی سے بھی دوچار ہونا پڑے گا : ءاذا متنا و کنا ترابا و عظاما ءانا لمبعوثون ۝ او اباؤنا الاولون ۝ قل نعم و انتم داخرون ۝ فانما ھی زجرۃ واحدۃ فاذا ھم ینظرون (۳۷ [الصفت] : ۱۶ تا ۱۹) ۔ قرآن مجید میں اسی تصور کو الساعۃ اور القیامۃ کے الفاظ سے بھی ادا کیا گیا ہے : (۱) ان الساعۃ لاتیۃ لا ریب فیھا (۴۰ [المؤمن] : ۵۹)، یعنی قیامت ضرور آنی ہے ۔ اس میں کوئی شک نہیں؛ (۲) لیجمعنکم الی یوم القیامۃ لا ریب فیہ (۶ [الانعام] : ۱۲)، یعنی تمھیں قیامت کے دن تک کہ اس میں کوئی شک نہیں ضرور اکٹھا کر دے گا؛ (۳) ثم انکم بعد ذلک لمیتون ۝ ثم انکم یوم القیامۃ تبعثون (۲۳ [المؤمنون] : ۱۵، ۱۶)، یعنی پھر تم کو مرنا ہے اور پھر تم کو قیامت کے دن دوبارہ زندہ کیا جائے گا ۔ مالک یوم الدین (سورۃ الفاتحۃ) اور و بالاخرۃ ھم یوقنون (۲ [البقرۃ] : ۴) جزا و سزا کے دن کے مالک کا اقرار اور آخرت پر ایقان و ایمان اسی یوم البعث کا تصور محکم و مضبوط کرتے ہیں، لیکن اس کے ساتھ یہ بھی فرما دیا گیا ہے کہ دوبارہ جی اٹھنے کا وقت کسی کو بھی معلوم نہیں اور اس کا علم صرف اللہ تعالی کو ہے : و ما یشعرون ایان یبعثون (۲۷ [النمل] : ۶۵)].

اسلام کا شروع سے دعوی یہ رہا ہے کہ سارے انبیا ایک ہی دین کی تعلیم دیتے رہے ہیں ۔ جب کسی نبی کی تعلیم دنیا سے بالکل ناپید یا مسخ ہو جاتی تھی تو خدا اپنی لا محدود رحمت سے ایک نیا نبی مبعوث فرما دیتا تھا ۔ ان حالات میں کوئی تعجب نہیں اگر حیات بعدالموت کا عقیدہ بعض

Marfat.com

دوسرے قدیم مذہبوں میں بھی ملتا ہو ۔ ہو سکتا ہے کہ قدیم مصریوں کے ہاں جو روح اور نامۂ اعمال کا تصور اور قدیم ایرانیوں میں پل صراط کا جو عقیدہ ملتا ہے، شاید اس کی تاویل کچھ اسی قسم کی ہو۔

اسلام سے قبل اہلِ مکّہ خدا کے وجود کے تو قائل تھے، لیکن موت کے بعد دوبارہ زندہ کیے جانے کو محال سمجھتے تھے (۳۶ [یٰسٓ] : ۷۸؛ ۴۵ [الجاثیة] : ۳۲؛ ۷۹ (النزعت) : ۱۰ تا ۱۱؛ نیز ۲۳ [المؤمنون] : ۳۵ تا ۳۷ وغیرہ) ۔ قرآن مجید نے اپنی ساری تعلیم حتی کہ معتقدات کو بھی چونکہ تفکر و تدبر پر مبنی کیا ہے اس لیے بعث کی تائید میں بھی دلیلیں دی ہیں ۔ کبھی تو یہ کہا ہے کہ جس نے تمھیں عدم محض سے پیدا کیا اس کے لیے یہ کیا دشوار ہے کہ تمھیں ایک بار پھر زندہ کرے۔ کبھی یہ یاد دلایا کہ خدا مُبدِیٔ بھی ہے، مُعِید بھی اور ایک مرتبہ خلق کرنے کے بعد بار بار (اولاد کی شکل میں) اس کا اعادہ بھی کرتا رہتا ہے ۔ کبھی یہ بتایا کہ تاریخ انسانی میں بعض اوقات مردے زندہ بھی ہوتے رہے ہیں، مثلاً معجزۂ حضرت عیسیٰ ؑ، قصۂ اصحاب کہف، قصۂ حضرت عُزیر ؑ اور قصۂ حضرت موسیٰ ؑ و خضر ؑ و حوت . . . . اور کبھی یہ سمجھایا ہے کہ موت کو نیند پر قیاس کرو کہ دونوں میں ایک طرح کی مشابہت ہے. چنانچہ جب خدا نیند سے بیدار کر سکتا ہے تو موت سے بھی کر سکتا ہے۔

بعث و حشر کس طرح ہوگا؟ یہ سوال حضرت ابراہیم ؑ نے بھی کیا تھا (۲ [البقرة] : ۲۶۰) ۔ انھیں جو جواب ملا وہ دلچسپ بھی ہے اور بصیرت افزا بھی : چار پرندوں کو سدھاؤ ۔ جب وہ خوب ہل جائیں اور آواز پر لبیک کہنے کے عادی ہوجائیں تو ہر ایک کو الگ الگ پہاڑی پر رکھو اور آواز دو، وہ فوراً چاروں سمتوں سے لپک کر اڑتے ہوئے حاضر ہو جائیں گے ۔ انسانی روحیں بھی خدا کے لیے سدھائی ہوئی چڑیاں سمجھو (لسان العرب (۶ : ۱۴۵) میں لکھا ہے کہ ''فَصُرْهُنَّ اِلَیْکَ'' کے معنی، مانوس کرنے، سدھانے اور ہلالینے کے ہیں، اور کاٹ کر ٹکڑے ٹکڑے کرنے کے بھی، بالخصوص جبکہ صِرْهُنَّ پڑھیں).

بعث جسمانی ہوگا یا روحانی ؟ بعض فلاسفہ صرف روح کے بعث کے قائل تھے اور یہ اس تصور پر مبنی معلوم ہوتا ہے کہ روح ایک لافانی چیز ہے؛ لیکن قرآنی تعلیم یہ ہے کہ کُلُّ شَیْءٍ هَالِکٌ اِلَّا وَجْهَهٗ (۲۸ [القصص] : ۸۸= خدا کے سوا ہر چیز ہلاکت پذیر ہے) ۔ اس سے نہ روح مستثنی ہے، نہ جنت و دوزخ اور نہ ملائکہ ۔ ان حالات میں ہر وہ شخص جو فنائے عالم کے بعد کائنات کی تخلیق جدید کا قائل ہو اس کے لیے روح کی بنا پر کوئی دشواری نہیں پیدا ہوتی، کیونکہ فنا شدہ روح کا دوبارہ وجود میں لایا جانا اتنا ہی مشکل (یا آسان) ہے جتنا فنا شدہ جسم کا ۔ راہ خدا میں مارے جانے والوں کے متعلق قرآن مجید (۲ [البقرہ] : ۱۵۴؛ ۳ [آل عمرٰن] : ۱۶۹) میں یہ ضرور بیان کیا ہے کہ وہ مرتے نہیں، لیکن اس کا تعلق تا قیام قیامت و ماقبل نفخ صور سے ہے: اس لیے ان دونوں میں کوئی تعارض نہیں ۔

جسمانی حشر کے سلسلے میں قرآن مجید (۶۹ [الحاقّة] : ۳۲) نے ستر ہاتھ لمبی بیڑی یا زنجیر کا ذکر کیا ہے ۔ احادیث میں مختلف گناھگاروں کے قد و قامت کا ذکر ہے : کسی کے سر پر اونٹ سوار ہوگا، کسی کا دانت ہی احد پہاڑ کے برابر ہوگا ۔ اس سے یہ استنباط کیا جا سکتا ہے کہ حشر کے وقت موجودہ پونے دو گز کا قد برقرار رہنا ضروری نہیں، البتہ یہ فراموش نہ کرنا چاہیے کہ

marfat.com
Marfat.com

جنت و دوزخ کے سارے تذکرے ایک آن دیکھی چیز کے بیان اور تفصیلات پر مشتمل ہیں ۔ موجودہ دنیوی ماحول سے باہر کی چیز سے ناواقف انسان کو اس کا سمجھانا ٹیڑھی کھیر ہے ۔ جنت کے حور و غلمان، آرام و آسائش اور وہ ساری لذت آمیز نعمتیں بار بار اور تفصیل سے بیان کی گئی ہیں۔ عام انسانوں کے لیے یہی انداز ضروری ہے، لیکن ذہین آدمی کی تسکین کے لیے اور اسلوب اختیار کیا، چنانچہ قرآن مجید میں جنت اور مساکن طیبہ کا ذکر کرنے کے بعد ''و رضوان من اللہ اکبر'' (۔ رضاے الٰہی ان سب سے بڑھ کر ہے، ۹ [التوبۃ] : ۷۲) میں بلیغ اشارہ کر دیا گیا کہ سمجھنے والے سب کچھ سمجھ جائیں، یا ''للذین احسنوا الحسنی و زیادۃ'' ( ۔ اچھا کام کرنے والوں کو بہت اچھی چیز بھی ملے گی اور کچھ اضافہ بھی، ۱۰ [یونس] : ۲۶) ۔ لفظ زیادۃ کی تفسیر بخاری و مسلم نے خود رسول اکرم صلی اللہ علیہ و سلم سے کی ہے [illegible] زیادۃ [illegible] رؤیت باری تعالٰی ہے [illegible] انسان کو وہ لذت ملے گی [illegible] ہوگی اور انسان [illegible] ہو جائے گا۔

[illegible] کو مخاطب کرتے ہوئے [illegible] کہا ہے کہ قیامت [illegible] اور خفر مندی کا مقصد یہ ہے [illegible] کرے [illegible] ہر وقت متکی رہے [illegible] موت کے بعد [illegible] مرنے کو [illegible] ہے اور [illegible] کے [illegible] مگر [illegible] اور [illegible] ہے [illegible] موت اور بعثت کے درمیان عرصہ [illegible] روح کا [illegible] ہے [illegible] کے معانی ہوتے ہیں۔ [illegible]

پرندوں کی شکل میں جنت میں جا رہتی ہیں ۔ قرآن (۲۳ [المؤمنون] : ۱۰۰) میں ''ومن ورائہم برزخ الی یوم یبعثون'' کا ذکر ہے سیاق و سباق سے اس کے معنی صرف یہ معلوم ہوتے ہیں کہ مرنے کے بعد جب برے آدمیوں کو عذاب ہونے لگےگا تو وہ التجا کریں گے کہ انہیں دوبارہ دنیا میں بھیج دیا جائے تاکہ اب کی دفعہ وہ اچھے کام کریں، لیکن یہ ممکن نہ ہوگا اور وہ یوم البعث تک برزخ (رک بآں) یعنی اس عالم میں رہیں گے جو دنیا اور عقبی کو جدا کرتا ہے ۔

مرنے کے بعد عام طور پر انسان مٹی میں مل جاتا ہے ۔ بعض حدیثوں کے الفاظ سے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ ''عجب'' یعنی ریڑھ کی ہڈی کی نیچے کی گانٹھ گل نہیں جاتی اور تخلیق جدید کا آغاز اسی سے ہوگا [مسلم : الصحیح، کتاب ۵۲، حدیث ۱۴۲، ۱۴۳؛ ابن الاثیر : النہایۃ، بذیل مادہ]۔ یہ افراد کی موت کا حال ہے ۔

اجتماعی اور عمومی ہلاکت کے لیے ایک خاص گھڑی مقرر ہے، مگر اس کا صحیح وقت خدائی راز ہے جسے اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا ۔ حدیث میں ''اشراط ساعۃ''، یعنی قیامت کے قریب دنیا میں پیش آنے اور مشاہدہ ہونے والے متعدد واقعات کا ذکر ہے (رک بہ دابہ، دجالہ، عیسی) ۔ اس سلسلے میں قرآن مجید (۔۔ [الدخان] : ۱۰) نے ایک دھوئیں کا ذکر کیا ہے ۔ اختتام عالم کی خلاء صور پھونکنے سے شق جائے گی ۔ پھر جب [illegible] منصور ہوگا دوبارہ نفخ صور ہوگا [illegible] [الزمر] : ۶۸؛ [illegible] [یس] ۳۶ : [illegible] ۔

اور یہ بعث و حشر کے لیے ہوگا ۔ حدیث میں [illegible] مرتے کا نام حضرت [illegible] ہے ۔ قرآن [illegible] معنی [illegible] و [illegible] میں نفخ [illegible] و صیحۃ کے نام سے بھی تعبیر کیا گیا ہے۔

marfat.com
Marfat.com

پہلے صور پر جو کیفیت ہوگی اس کا قرآن مجید میں بار بار ذکر ہے: زمین اور آسمانوں میں رہنے والے سارے ایک چیخ مار کر ختم ہو جائیں گے (۳۹ [الزمر]: ۶۸)؛ آسمان پھٹ پڑے گا۔ ستارے تتر بتر ہو جائیں گے اور سمندروں کا پانی انڈیل دیا جائے گا (۸۲ [الانفطار]: ۱ تا ۳، نیز ۷۷ [المرسلٰت]: ۷ تا ۱۰؛ ۸۱ [التکویر]: ۱ تا ۱۱)؛ زمین اور پہاڑ لرز جائیں گے اور پہاڑ بالو بن کر رہ جائیں گے اور بچے مارے دہشت کے بوڑھے ہو جائیں گے (۷۳ [المزمل]: ۱۴ نیز ۱۷)؛ اور پہاڑوں کی اس بالو سے سراب نظر آ سکے گا (۷۸ [النبا]: ۲۰)؛ لوگ گرے ہوئے پروانوں کی طرح مرے پڑے ہوں گے (۱۰۱ [القارعة]: ۴)، وغیرہ وغیرہ۔ بعض آیات (۱۳ [الرعد]: ۲؛ ۳۵ [فاطر]: ۱۳؛ ۳۶ [یس]: ۳۸؛ ۳۹ [الزمر]: ۵) میں یہ کہا گیا ہے کہ چاند اور سورج وغیرہ ایک مدت معینہ کے لیے تیر رہے یا بہہ رہے ہیں؛ پھر ان اجرام فلکی کی روشنی ختم ہو جائے گی اور وہ گر پڑیں گے۔ جب سے مصنوعی سیارے انسان نے بنا لیے ہیں، متعدد اسرار زیادہ عام فہم ہوگئے ہیں، مثلاً یہ اسپوتنک بھی بوقت واحد دو حرکتیں کرتے ہیں: نہ صرف اپنے محور پر، بلکہ خود اپنے اطراف پر بھی اور قوت محرکہ ختم ہونے پر وہ گر بھی پڑتے ہیں۔

"ثبورا کثیرا" (=موت کو بار بار پکارو ۲۵ [الفرقان]: ۱۴) سے تناسخ کے معنی نکالنے فضول ہیں ۔ آیت کا منشا صرف یہ ہے کہ دوزخ میں موت کو پکارنا، چاہے جتنے بار ہو، بیکار ہے، لیکن "وَ قَدْ خَلَقَكُمْ اَطْوَارًا" (=خدا نے انسان کو طور به طور پیدا کیا ہے، ۷۱ [نوح]: ۱۴) سے متقدمین نے یہ سمجھا تھا کہ نطفه، علقه، مضغه وغیرہ مراد ہیں ۔ جدید مفکر اس میں نظریۂ ارتقا کی گنجائش پاتے ہیں اور "آسمان کو ہم نے مستحکم بنایا اور ہم ہی وسعت دینے والے ہیں" (۵۱ [الذّٰریٰت]: ۴۷) میں توسیع فضا اور نظریۂ اضافیت کی ۔ حدیث میں ذکر ہے کہ انسانوں وغیرہ کے بعد آخر میں شیطان کے مرنے کی باری آئے گی ۔ وہ ہر طرف بھاگ کر چھپنے کی کوشش کرے گا، مگر یہ لا حاصل ہوگا۔

دوسرے صور، یعنی فنا کے بعد اعادے کی کیفیت بھی کچھ کم تفصیل سے قرآن مجید نے نہیں بیان کی ہے: ایک زجرہ (للکار یا ڈپٹ) پر مردے اسی طرح زندہ ہو جائیں گے، جس طرح سونے والے بیدار ہو جاتے ہیں (۳۷ [الصّٰفّٰت]: ۱۹؛ ۷۹ [النّٰزعٰت]: ۱۳)؛ قبریں کرید کر سارے مردے نکال لیے جائیں گے (۸۲ [الانفطار]: ۴؛ ۱۰۰ [العٰدیٰت]: ۹)؛ سارے لوگ اپنے بلانےوالے کی طرف بے تحاشا دوڑیں گے (۱۴ [ابرٰھیم]: ۴۳؛ ۵۴ [القمر]: ۶ تا ۸؛ ۷۰ [المعارج]: ۴۳)؛ ہر جگہ سے گروہ اور ٹکڑیاں نکلیں گی (۷۸ [النبا]: ۱۸؛ ۹۹ [الزلزال]: ۶)، جو گویا بکھری ہوئی ٹڈیوں کی طرح ہوں گی (۵۴ [القمر]: ۷)؛ ایک نئی زمین، نیز نئے آسمان پیدا کیے جائیں گے (۱۴ [ابرٰھیم]: ۴۸) (اور ۱۱ [ھود]: ۱۰۷ تا ۱۰۸ کے مطابق یہ نئے زمین و آسمان ہمیشہ باقی رہیں گے)؛ کچھ لوگ اندھے، بہرے، گونگے رہ کر زندہ ہوں گے (۱۷ [بنی اسرائیل] ۹۷؛ ۲۰ [طٰه]: ۱۲۵)؛ جو لوگ حاضری سے انکار کریں گے انھیں ٹانگ پکڑ کر منہ کے بل گھسیٹتے ہوئے لایا جائے گا (۲۵ [الفرقان]: ۳۴)؛ زمین اللہ کی مٹھی میں ہوگی اور سارے آسمان لپٹے ہوئے اس کے داہنے ہاتھ میں ہوں گے (۳۹ [الزمر]: ۶۷)؛ لوگ تین گروہوں میں بٹ جائیں گے: سابقین یعنی انبیا، اصحاب الیمین یعنی جنّتی اور اصحاب الشمال یعنی جہنمی (۵۶ [الواقعہ]: ۷)؛ چاند اور سورج

marfat.com
Marfat.com

دونوں یکجا ھو جائیں گے اور کوئی نہ چھپ سکے گا اور نہ بھاگ سکے گا (۷۵ [القیمۃ] : ۹).

ابن ماجہ : سنن (کتاب ۵، باب ۱۹۶) کے مطابق بیت المقدس کو رسول اکرم صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم نے ارض المحشر و المنشر فرمایا اور اجازت دی کہ خاص طور پر وھاں جا کر نماز پڑھیں ۔ بخاری وغیرہ میں ھے کہ میدان حشر میں مدتوں انتظار کرنا پڑے گا ۔ گرمی سے لوگوں کو جو پسینا آئے گا وہ زمین میں سترّ ھاتھ گہرا بن جائے گا ۔ نیکوں کے وہ صرف تلووں تک رھے گا اور بروں کو کانوں تک غرق کر دے گا ۔ اس صورت حال سے نجات دلانے کے لیے لوگ یکے بعد دیگرے سب انبیا سے التماس کریں گے کہ خدا کی بارگاہ میں شفاعت کریں ۔ آدم، نوح، ابراھیم، موسٰی، عیسٰی علیہم السلام میں سے ھر نبی اپنی کسی نہ کسی لغزش کو یاد کر کے خدا سے کچھ عرض کرنے سے شرمائیں گے ۔ آخر جب لوگ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پہنچیں گے تو آپؐ فرمائیں گے : ھاں خدا نے ھر نبی کو ایک دعا کرنے کا حق دیا تھا؛ میں نے اپنے اس حق کو آج ھی کے لیے اٹھا رکھا تھا ۔ پھر آپؐ گڑگڑائیں گے اور آپؐ کی دعا قبول ھوگی اور حساب کا حکم ھوگا.

دادگستری کے لیے خدا کی تشریف آوری کے ذکر میں اس شاھانہ طمطراق کا پورا لحاظ ھے جس کے انسان عادی ھیں : بادلوں کا پردہ پھٹے گا، مالک الملک کی آمد ھوگی اور صف بہ صف فرشتے جلو میں ھوں گے (۲ [البقرة] : ۲۱۰؛ ۲۵ [الفرقان] : ۲۵؛ ۸۹ [الفجر] : ۲۲) ۔ بادشاہ کسی کے سامنے پیدل نہیں چلتے، اس لیے خدا ایک بڑے تخت پر متمکن ھوگا جس کے ھر پائے کو دو دو، جملہ آٹھ فرشتے اٹھائے ھوں گے (۶۹ [الحاقّة] : ۱۷) ۔ دربار میں صف بہ صف فرشتے پرا جمائے رھیں گے (۷۸ [النبا] : ۳۸) ۔ کسی پر رتی برابر ظلم نہ ھوگا (۴ [النسآء] : ۴۹ وغیرہ) ۔ دنیوی زندگی میں ھر انسان پر نگران فرشتے متعین تھے، جو اس کے ھر فعل کی یادداشت لیتے رھے (۶ [الانعام] : ۶۱؛ ۵۰ [قٓ] : ۱۷ تا ۱۸؛ ۸۲ [الانفطار] : ۱۰ تا ۱۲؛ ۸۶ [الطّارق] : ۴) ۔ یہ نامۂ اعمال ھر شخص کے مقدمے کے ساتھ پیش ھوگا (۴۵ [الجاثیة] : ۲۸؛ ۸۱ [التکویر] : ۱۰؛ ۸۴ [الانشقاق] : ۷ تا ۱۲ وغیرہ) اور یہ فرشتے بھی حاضر رھیں گے (۵۰ [قٓ] : ۲۱) اور خود انسان کے ھاتھ پاؤں اور سارے اعضا بولنے لگیں گے اور کرتوت کا اعتراف کریں گے اور انسان کے خلاف گواھی دیں گے (۳۶ [یٰسٓ] : ۶۵)؛ (۴۱ [حٰمٓ السجدة] : ۲۰) ۔ ھر نیکی اور بدی کی قدر و قیمت بے کم و کاست جانچنے کے لیے ترازو ھوگی (۷ [الاعراف] : ۸؛ ۱۸ [الکہف] : ۱۰۵؛ ۲۱ [الانبیاء] : ۴۷؛ ۲۳ [المؤمنون] : ۱۰۳؛ ۱۰۱ [القارعة] : ۸)، جس میں نیکی بدی کا ذرّہ ذرّہ تولا جائے گا (۹۹ [الزلزال] : ۷ تا ۸) ۔ اگرچہ بغیر کسی ظلم کے سزا بھی دی جا سکتی ھے (یہ اختلافی مسئلہ ھے ۔ معتزلہ منکر ھیں)، لیکن معافی بھی ھو سکے گی ۔ کبھی خدا بطور خود معاف کرے گا اور کبھی کسی کی شفاعت (رک بآں) پر، مگر یہ شفاعت یوں ھی نہ ھو سکے گی، بلکہ اس کے لیے خدا ھی کی اجازت حاصل کرنا ھوگی ۔ جنت اور دوزخ پاس پاس ھوں گی اور فیصلوں کی فوری تعمیل ھوگی (۲۶ [الشعراء] : ۹۰ تا ۹۱) ۔ قرآن مجید (۳۷ [الصّٰفّٰت] : ۲۳) میں ''صراط الجحیم'' (= دوزخ کے راستے) کا ذکر بغیر کسی تفصیل کے ھے ۔ اس کی تفصیل حدیث میں ھے کہ وہ بال سے زیادہ باریک اور تلوار سے زیادہ تیز ھوگا اور ھر شخص کو اس پر سے گزرنا پڑے گا اور دوزخی ھی گریں گے اور جنتی حسب مراتب تیزی سے صحیح سلامت عبور کر جائیں گے ۔

آیت ''وَاِنْ مِّنْكُمْ اِلَّا وَارِدُهَا'' سے بعض لوگوں

marfat.com
Marfat.com

کو غلط فہمی ہوئی ہے کہ اچھے برے ہر شخص کو دوزخ میں جانا پڑے گا اور نیکوں کو جلد یا بدیر رہائی ہو جائے گی، لیکن اس آیت کے سیاق و سباق (۱۹ [مریم]: ۶۶ تا ۷۲) میں اس تعبیر کی گنجائش نظر نہیں آتی ۔ معلوم صرف یہ کرنا ہے کہ ''اور کوئی نہیں تم میں جو اس پر نہ پہنچے گا'' کی عبارت میں ''اس پر'' کی ضمیر کا مرجع کیا ہے؟ شاہ عبدالقادر کا ترجمہ یہ ہے: ''اور کہتا ہے آدمی: کیا جب میں مر گیا پھر نکلوں گا جی کر؟ کیا یاد نہیں رکھتا آدمی کہ ہم نے اس کو بنایا پہلے سے اور وہ کچھ چیز نہ تھا؟ سو قسم ہے تیرے رب کی ہم گھیر بلاویں گے ان کو اور شیطانوں کو ۔ پھر سامنے لاویں گے گرد دوزخ کے گھٹنوں پر گرے ۔ پھر جدا کریں گے ہم ہر فرقے میں جونسا ان میں سے سخت رکھتا تھا رحمن سے اکڑ ۔ پھر ہم کو خوب معلوم ہیں جو بہت قابل ہیں اس میں بیٹھنے کے ۔ اور کوئی نہیں تم میں جو نہ پہنچے گا اس پر ۔ ہو چکا تیرے رب پر ضرور مقرر ۔ پھر بچاویں گے ہم ان کو جو ڈرتے رہے اور چھوڑ دیں گے گنہگاروں کو اسی میں گھٹنوں پر گرے'' (لفظ ''جِثِیًّا'' کا ترجمہ اوپر ''گھٹنوں پر گرے'' کر کے یہاں آخری آیت میں ''اوندھے گرے'' کیا تھا، ہم نے ایک ہی لفظ ہونے کے باعث دونوں جگہ یکساں کر دیا).

اس قرآنی عبارت کو غور سے پڑھیں تو نظر آتا ہے جو لوگ حیات بعد الممات کے قائل نہیں ان سے کہا جاتا ہے کہ دوزخ کے ماحول میں جو میدانِ حشر و حساب ہوگا اس میں تمام لوگوں کو ضرور حاضر ہونا پڑے گا، اور یہ بات خدا نے اپنے اوپر مقرر کر لی ہے ۔ منکرینِ حشر و نشر وہاں گھٹنوں کے بل لائے جائیں گے ۔ اس ماحولِ جہنم، یعنی میدانِ حشر و حساب، سے متقی لوگ تو نجات پا جائیں گے، لیکن ظالم وہاں سے بھاگ نہ سکیں گے، بلکہ وہیں گھٹنوں کے بل (غالباً مشکیں کسے ہوئے) پڑے رہیں گے (تاکہ فرشتے ان کو چن چن کر دوزخ میں جھونک دیں): چنانچہ قرآن مجید (۲۱ [الانبیاء]: ۱۰۱) میں صراحت ہے کہ جن کی قسمت میں نیکی پہلے سے ٹھیر چکی تھی وہ اس (دوزخ) سے دور رکھے جائیں گے ۔ [بہر حال بَعْث (یعنی مرنے کے بعد قیامت کے دن حساب کتاب کے لیے دوبارہ زندہ کیا جانا) اسلام کے بنیادی عقائد میں شامل ہے اور اس کی اہمیت کے پیش نظر قرآن و حدیث میں بارہا اس کا ذکر آیا ہے.

**مآخذ**: (۱) الغزالی: احیاء علوم الدین، باب ۸، قسم ۲، (نیز اردو ترجمہ)؛ (۲) وہی مصنف: الدّرة الفاخرة (اس کا جرمن اور فرانسیسی ترجمہ بھی ہے)؛ (۳) محمد بن ابی الشریف: کتاب المسامرة؛ (۴) الثعالبی: عرائس المجالس؛ (۵) سید قطب: مشاهد القیامة، مصر ۱۹۴۷ء؛ (۶) Louis Gardet: *Introduction a la théologie musulmane*، پیرس ۱۹۴۸ء؛ (۷) Francis Bar: *Les routes de l'autre monde*، پیرس ۱۹۴۶ء؛ (۸) O. Wolff: *Muhammadanische Eschatologie*، ۱۸۷۲ء؛ [(۹) مفتاح کنوز السنة، بذیل مادہ (حدیث کی تفصیلات بالخصوص قابلِ اعتنا ہیں)].

(محمد حمید اللہ و [ادارہ])

**بَعْثَت**: رک بہ نبی.

**بَعْقُوبَة**: زیادہ صحیح (لیکن آج کل غیر مستعمل) بَعْقُوبا؛ [نیز باعْقُوبا (یاقوت، ۱: ۴۷۲)] آرامی بایعقوبا ([= بیت یعقوب] = ''یعقوب کا گھر'') سے؛ ایک شہر، جو بغداد سے چالیس میل شمال مشرق میں (۰°۳۰، ۴۴° مشرق ۳۳°، ۴۵ شمال) زمانۂ قبل از اسلام کی ایک نہایت قدیم بستی کی جگہ پر واقع تھا ۔ کہا جاتا ہے کہ ایامِ خلافت میں یہ نَہْروان ۔ دِیالی (رک بآن) کے مغربی کنارے پر آباد

marfat.com
Marfat.com

تھا ـ یہ بغداد سے خراسان کی شاہ راہ پر ایک اہم مقام اور بالائی نہروان کے ضلع کا صدر مقام تھا ـ عباسی عہد حکومت میں یہ مقام نہایت خوشحال تھا اور یہاں کے کھجوروں اور پھلوں کے باغ مشہور تھے ـ اس کےگرد و نواح کا علاقہ نہایت زرخیز اور آباد تھا ـ اس کے آس پاس بیسیوں دیہات تھے.

جدید بعقوبة عراق کا ایک صوبائی شہر ہے اور یہاں تقریباً آٹھ ہزار کی سنّی شیعہ مخلوط آبادی ہے ـ آج کل یہ لوائے دیالٰی کا صدر مقام ہے، جس میں مَندلی، خالص، خانقین اور خود بعقوبة کی ماتحت قضائیں شامل ہیں ـ مؤخرالذکر قضاء میں کنعان اور مَکْضادیّة (سابق شہْربان) کے اہم ناحیے شامل ہیں ـ [آج کل] یہ شہر خوشحال ہے اور اس کی شکل و صورت جدید قسم کی عمارتوں، بازاروں اور ذرائع حمل و نقل اور عمدہ وسائل مواصلات کی وجہ سے کسی حد تک بدل گئی ہے ـ عراقی ریلوے کی بغداد سے اِربیل[= اِربل] لائن یہاں ایک بلند پل پر سے ہو کر دیالٰی کو عبور کرتی ہے.

مآخذ: یاقوت، ۱: ۴۷۲، ۶۷۲؛ (۲) ابوالفداء: تقویم، ص ۲۹۴؛ (۳) وهی مصنف: *Annal. Moslem.* [= مختصر تاریخ البشر]، طبع Reiske، ۴: ۶۹۰؛ (۴) رشیدالدین: *Hist. des Mongols*، طبع Quatremère، ص ۸ـ۲ ببعد؛ (۵) V. Cuinet: *La Turquie d' Asie*، ۳: ۱۱۹؛ (۶) *Descr. du Pachalik de Bagdad*، طبع Rousseau، ص ۸۰؛ (۷) Binder: *Au Kurdistan, en Mesopotamie et en Perse*، پیرس ۱۸۸۷ء، ص ۳۱۹ ببعد؛ (۸) لسٹرینج: *The Lands of the Eastern Caliphate*، کیمبرج ۱۹۰۵ء، لنڈن ۱۹۶۶ء؛ (۹) E. Aubin: *La Perse d'aujourd' hui*، ۱۹۰۸ء، ص ۳۰۷ ببعد؛ (۱۰) S. H. Longrigg: *Iraq 1900 to 1960*، لنڈن ۱۹۰۳ء.

(S. H. Longrigg)

**بَعْل**: (ع)، جمع بُعُولَة؛ مختلف معنوں میں استعمال ہوتا ہے: (۱) خاوند، شوہر (اور بَعْلَة بمعنی بیوی، زوجہ)؛ (۲) آقا و مالک؛ (۳) وہ پودا یا درخت، بالخصوص کھجور کا درخت، جو زمین کے اندرونی آبی ذخائر سے سیراب ہوتا ہے؛ (۴) حضرت الیاس علیہ اسلام کی قوم کے بت کا نام (لسان العرب، بذیل مادہ)].

گزشتہ صدی میں W. R. Smith نے اپنی کتاب *Kinship and Marriage in early Arabia*، کیمبرج ۱۸۸۵ء (بار دوم، لنڈن ۱۹۰۳ء) میں [اوّل] الذکر مفہوم کی اہمیت کی طرف خصوصیت سے توجہ دلائی تھی، لیکن اس کا یہ نظریہ پایۂ ثبوت کو نہیں پہنچ سکا کہ خود یہ اصطلاح عربوں نے شمالی سامیوں سے مستعار لی ـ کلاسیکی عربی میں اس لفظ کے یہ مختلف معانی برابر باقی رہے، البتہ محلِ استعمال، وقت اور علاقے کے لحاظ سے معانی کی اہمیت کم و بیش ہوتی رہی ہے.

[''کسی کا] آقا'' کے معنوں میں عربی میں ''بَعْل'' کی جگہ متعدد مترادفات نے لے لی، چنانچہ عبرانی بَعَل کے برخلاف یہ متعدد مرکّبات کی شکل میں نہیں ملتا، البتہ ''زَوْج'' یا شوہر کے معنوں میں یہ لفظ زیادہ اچھی طرح باقی رہا اور اس کا سبب غالباً یہ ہے کہ اسے قرآن کریم کی تین آیتوں میں انہیں معنوں میں استعمال کیا گیا ہے:-

۱ ـ و بعولتهن احق بردهن فی ذلک ان ارادوا اصلاحا (۲ [البقرة]: ۲۲۸) = ''اور ان کے شوہر (جنہوں نے طلاق دی ہے) اگر عدّت کے اس زمانے کے اندر اصلاح حال کے لیے آمادہ ہو جائیں تو وہ انہیں اپنی زوجیت میں واپس لینے کے زیادہ حقدار ہیں''.

۲ ـ قالت یویلتی ءالد و انا عجوز و هذا بعلی شیخا (۱۱ [هود]: ۷۲) = ''وہ بولی: ہائے افسوس! کیا ایسا ہو سکتا ہے کہ میرے اولاد ہو حالانکہ

Marfat.com

میں بڑھیا ہو گئی ہوں اور یہ میرا شوہر بھی بوڑھا ہو چکا ہے''۔

۳ - وَلَا یُبْدِیْنَ زِیْنَتَهُنَّ اِلَّا لِبُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اٰبَآئِهِنَّ اَوْ اٰبَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اَبْنَآئِهِنَّ اَوْ اَبْنَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ (۲۴ [النور] : ۳۱) = ''اور اپنی زینت کے مقامات کو (کسی پر) ظاہر نہ ہونے دیں، مگر اپنے شوہروں پر یا اپنے باپوں پر یا اپنے خاوندوں کے باپوں پر یا اپنے بیٹوں پر یا اپنے شوہروں کے بیٹوں پر''۔

یہ استعمال واحد میں بھی ہوا ہے اور جمع میں بھی (بُعُولة؛ کی جگہ بعد ازاں کلاسیکی عربی میں بالعموم بُعُول یا بِعَال کے الفاظ استعمال ہونے لگے)۔ ''آقا'' کا مفہوم اب تک بھی پوری طرح سے موجود ہے، بَعْلِی (= میرا شوہر) سورة ۱۱ [ھود] : ۷۲ میں بائبل کے ''adōni'' کا مرادف ہے (سارہ کی زبان سے کتاب پیدائش، باب ۱۷ : آیت ۱۲؛ Targum Onkelos : ribboni)۔ مؤنث کے لیے کلاسیکی عربی میں بعْلٌ یا بعْلَة کی شکلیں موجود ہیں۔ بہت سے مشتقات فعلی اسی ازدواجی مفہوم سے پیدا ہو گئے ہیں۔

۲ - قرآن مجید (۳۷ [الصّٰفّٰت] : ۱۲۵) (الیاس؛ کا قصہ، قب سلاطین، کتاب اول، باب ۱۸؛ رکّ بہ الیاس) میں بعل کا ذکر ہے۔ اس وجہ سے بعل کے متعلق مسلمان جانتے ہیں کہ وہ مشرکین کا ایک دیوتا تھا [حضرت الیاس علیہ السلام اپنی قوم کو مخاطب کرتے ہوئے فرماتے ہیں : اَتَدْعُوْنَ بَعْلًا وَّ تَذَرُوْنَ اَحْسَنَ الْخَالِقِیْنَ = ''کیا تم احسن الخالقین کو چھوڑ کر (مشکل پڑنے پر) بعل کو پکارتے ہو''] - در حقیقت یہ مفہوم محض ضمنی طور پر قرون وسطی کے مصنّفین کے ہاں [شہر] بعلبک [رکّ باں] کے نام کی تشریح و تحقیق کے سلسلے میں اس شہر کے بت کے متعلق مفروضہ داستانوں کے ساتھ ملتا ہے۔ اس سے بھی زیادہ قابل ذکر بات یہ ہے کہ بعل دیوتا کا تخیّل مندرجۂ ذیل دو صورتوں میں غیر شعوری طور پر باقی ہے :-

(الف) فعل بَعِلَ اور صفت بَعِلٌ (= حیرت میں کھو جانا)، یعنی ابتداءً جیسا کہ نولڈیکہ Nöldeke (ZDMG، ۱۸۸۶ء، ۴۰ : ۱۷۴) نے واضح کیا ہے ''بعل سے مسحور ہو جانا''۔

(ب) بَعْل اور بعْلی کی اصطلاحیں بمعنی ''بے آب کاشت''۔ ایک شعر میں، جو رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و سلّم کے صحابی حضرت عبداللہؓ بن رواحة کی طرف منسوب ہے (لسان العرب ۱۳ : ۶۰)، ہمیں یہ الفاظ ملتے ہیں : ھُنَالِکَ لَا اُبَالِی نَخْلَ بَعْلٍ۔ اس قسم کی عبارت میں ممکن ہے کہ ''بعل'' کا وہ اصلی مفہوم قائم ہو جو صاحب لسان العرب کی سمجھ میں نہیں آیا، یعنی دیوتا (مذّکر) کا مفہوم جو زمین (مؤنّث) کو بارش سے یا تحت الارض پانی سے زرخیز بنا رہا ہے۔ ''سیراب زمین'' (مع ان مصطلحات کے جو اسی مادۂ ''سقی'' سے ہیں) اور ''بعل کے کھیت یا مکان'' میں جو تضاد ہے اس کی تائید و توثیق ترگم اور تالمود سے پوری طرح ہوتی ہے (Jastrow : *Dict. of the Talmud*، مادۂ *b'l* و *Shky*؛ W. R. Smith : *Lectures on the Religion of the Semites*، بارسوم، لنڈن ۱۹۲۷ء، بمدد اشاریہ؛ G. Dalman : *Arbeit und Sitte in Palästina*، *Gütersloh* ۱۹۳۲ء، ۲ : ۳۲ تا ۳۳)۔

ابتدائی هجری صدیوں کی کلاسیکی عربی میں بَعْل کا لفظ متعدد مواقع پر تنہا ''غیر سیراب مزروعہ زمین'' کے مفہوم میں ملتا ہے، یعنی کسی مرکّب شکل میں نہیں کہ جس کی مختلف طرح تاویل کی جا سکے۔ فقہ کی کتابوں میں یہ لفظ اس مفہوم میں زیادہ‌تر پیداوار پر معینہ زکوٰۃ یا صدقے کے ضمن میں استعمال ہوا ہے۔ شیعی اور سنی دونوں کے قانون شرعی میں شرح زکوٰۃ یا صدقے کو اس صورت میں عشر کا آدھا،

marfat.com
Marfat.com

یعنی بیسواں حصّہ کر دیا گیا ہے جب فصل کا انحصار مصنوعی آب‌پاشی پر ہو، جس میں کچھ مشقّت کرنا پڑتی ہے؛ اس کے برعکس جہاں تک بَعْل کی پیداوار کا تعلّق ہے زکوٰۃ فی‌الواقع دسواں حصّہ ہوتی ہے۔ اس سلسلے میں یہ اصطلاح امام مالکؒ کی المُوَطّأ (دوسری صدی ہجری / آٹھویں صدی عیسوی) سے لے کر بعد کی بہت سی احادیث میں ملتی ہے (دیکھیے الباجی: المنتقی، ۲: ۱۵۷ تا ۱۵۸) اور تیسری صدی ہجری / نویں صدی عیسوی کی فقہ کی کتابوں، مثلاً [امام] شافعیؒ کی کتاب الاُمّ (۲ : ۳۲) اور سَحْنُون مالکی کی المدونۃ (۲: ۹۹، ۱۰۸) میں بھی استعمال ہوئی ہے۔ تقریباً اسی شکل میں یہ احادیث ابو داؤد (سنن، عدد ۱۵۹۶ تا ۱۵۹۸)، نیز مال و خراج سے متعلق شروع زمانے (تیسری تا چوتھی] صدی ہجری/ نویں تا دسویں صدی عیسوی) کے ماہرین کے ہاں بھی ملتی ہیں، مثلاً یحیٰی بن آدم (کتاب الخَراج، قاہرہ ۱۳۴۷ھ، عدد ۳۶۴ تا ۳۹۵، جہاں ایک معنی خیز متبادل حدیث، عدد ۳۸۱، میں یہ عبارت ملتی ہے: ''وہ زمین جسے بَعْل نے سینچا ہو''، جسے البلاذُری نے بھی اسی طرح نقل کیا ہے (فتوح، ص ۷۰)؛ ابو عُبَید بن سلّام (کتاب الأموال، قاہرہ ۱۳۵۳ھ، شمارہ ۱۳۱۰ تا ۱۳۲۱)؛ قُدامہ بن جَعْفر (کتاب الخَراج، جزو ۷، باب ۷، بمطابق ڈ خویہ: Glossaire، بر البلاذُری: فتوح، ص ۱۴؛ اس موضوع پر الخوارزمی کی مفاتیح العُلوم صرف اس کتاب ہی کا ملخص ہے)، اسی طرح فاطمی فقہ میں، جو چوتھی صدی ہجری/دسویں صدی عیسوی میں افریقیہ میں رائج ہو چکی تھی، مثلاً قاضی النُعمان: دَعائمُ الاسلام [طبع فیضی]، قاہرہ ۱۹۵۱ء، ۱ : ۳۱۶؛ اور اسی طرح بہت سی متأخّر کتابوں میں۔

ان متون سے لفظ بعل کے استعمال سے متعلق مندرجۂ ذیل دو نتیجے نکلتے ہیں: (الف) لفظ مذکور مدنی اور شاید یمنی احادیث سے بھی متعلق معلوم ہوتا ہے، لیکن قدیم‌ترین عراقی احادیث اس سے نا آشنا معلوم ہوتی ہیں (غالباً اس لیے کہ عراق کی سر زمین بیشتر آب پاشی کی زمین ہے)۔ عراقی الاصل حنفی فقہ عام طور سے اس لفظ کو استعمال نہیں کرتی، اگرچہ اس مسئلے میں وہ بھی وہی اصول بتاتی ہے جو دوسرے مذاہب نے بتایا ہے۔

(ب) جن احادیث میں یہ اصطلاح آئی ہے ان میں اسے اس شق میں شامل کیا گیا ہے جس میں بعل بظاہر ان زمینوں سے الگ ہے جو چشموں کے پانی، بارش یا سطحی آب رسانی سے سینچی جاتی ہیں۔ بایں ہمہ بعض شارحین اور لغویین دعوی کرتے ہیں کہ لفظ ''بعل'' کا اطلاق تمام بارانی مزروعہ زمینوں پر ہوتا ہے۔ دوسروں نے، جو غالباً احادیث کے لفظی مفہوم سے متأثر ہیں یا مقامی محاورات سے، اس لفظ کی نسبۃً محدود تعبیریں کی ہیں جو سب کی سب بارانی خشک زراعتی زمین کے تصوّر سے قریب ہیں۔ بعض کے نزدیک اس کا اطلاق صرف ان زمینوں پر ہوتا ہے جہاں پودے اپنی جڑوں کے ذریعے سطح زمین کے نیچے سے پانی حاصل کرتے ہیں (مفصّل بحث در لسان العرب، محلِّ مذکور، نیز دیکھیے W. R. Smith: *Lectures....*، ص ۹۸ تا ۹۹؛ Lokkegaard: *Islamic Taxation*، کوپن ہیگن ۱۹۵۰ء، ص ۱۲۱)۔

مذکورۂ بالا شق میں جو ہم معنی یا قریب المعنی الفاظ ملتے ہیں اور جو اکثر اوقات یا تو بَعْل کے بجائے استعمال ہوئے ہیں یا اس کے ساتھ ساتھ آئے ہیں ان میں لفظ عَثَری خاص توجہ کا مستحق ہے (مثلاً البُخاری: صحیح، کتاب الزّکٰوۃ)۔ عرب اور جنوبی عرب کے دیوانوں

Marfat.com

کی دیوسبھا (Pantheon) میں عثتر (= Istarte، اشتر) ایک کوکبی دیوتا تھا، جو زمین کی زرخیزی پر اثر انداز ہوتا تھا اور جس کے لیے بعض اوقات بعل کا نام بطورِ صفت استعمال ہوتا تھا (Lagrange : *Études sur les religions sémitiques*، پیرس ۱۹۰۳ء، ص ۱۳۳ تا ۱۳۶؛ Nielsen، *Handbuch der Altarab. Altertumskunde*، کوپن ہیگن ۱۹۲۷ء، ج ۱، بمددِ اشاریہ؛ Jamme، در *Le Museon*، ۱۹۴۷ء، ص ۸۵ تا ۱۰۰؛ G. Ryckmans، در *Alti Accad. Lincei*، ۱۹۴۸ء، ص ۳۶؛ وہی مصنف : *Les religions arabes préislamiques*، بار دوم، Louvain ۱۹۵۱ء، ص ۱۴ و مواضع کثیرہ؛ Jamme، در Brillant و Aigrain : *Hist. des Religions*، ۱۹۵۶ء، ۴ : ۲۶۴ تا ۲۶۵) - ت ث کا ادغام ث ث [ = ث مشدّد] میں کلاسیکی عربی میں مسلّمہ ہے اور یہاں بعل کے ساتھ معنوی تطابق جاذب توجہ ہے۔

یہ یاد رکھنا بھی ضروری ہے کہ اسی مفہوم میں بعل کے لفظ کا استعمال ان شرائط میں ہوا ہے جو ۹ھ میں رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و سلّم نے بطور قانون اراضی یا تو دومۃ الجندل کے نخلستان پر (وہاں کے شیخ اُکیدِر بن عبدالملک کے ذریعے) اور یا قریب کے کلبی قبائل پر (ان کے سردار حارثہ بن قطن کے ذریعہ) عائد فرمائی تھیں؛ دیکھیے Caetani : *Annali*، ۲ : ۱، ۲۵۹ تا ۲۶۹ (Musil نے بھی ان پر بحث کی ہے : *Arabia Deserta*، نیو یارک ۱۹۲۷ء، ضمیمہ ۷؛ نیز دیکھیے W. M. Watt : *Muhammad at Medina*، آوکسفرڈ ۱۹۵۶ء، ص ۳۶۲ تا ۳۶۵).

پھر بھی لفظ زمین کے لگان (خراج) کے سلسلے میں ہمیں پانچویں صدی ہجری / گیارھویں صدی عیسوی کے قانون عامّہ کی گراں قدر تصانیف (ابویعلٰی الحنبلی : الاحکام السلطانیۃ (قاہرہ ۱۹۳۸ء) اور شافعی فقیہ الماوردی کی اسی نام کی کتاب، مترجمۂ Fagnan، الجزائر ۱۹۱۵ء، ص ۳۱۴) میں بھی ملتا ہے - اس لگان کا حساب کرتے وقت وہ یہ فہمایش کرتے ہیں کہ پانی کے مأخذ کا لحاظ رکھنا چاہیے - اس سے مزروعہ اراضی کی چار قسموں کا پتا چلتا ہے، جن میں انھوں نے بعل کی تعریف بہت وضاحت سے کی ہے اور جو قریب قریب وہی ہے جو اوپر بیان کی گئی ہے، یعنی اس زمین کی ضد جسے سینچا جائے یا جو آبِ باراں سے بخوبی سیراب ہوتی ہو.

جغرافیہ نویس المقدّسی نے چوتھی صدی ہجری/دسویں صدی عیسوی میں رَمْلَہ، اِسکندریہ اور سندھ میں زرعی پیداوار کا ذکر کرتے ہوئے یہ اصطلاح تین بار استعمال کی ہے (BGA، ۳ : ۱۹۷، ۴۷۴)-وہ اس کا استعمال ہمیشہ ترکیب ''علی البَعْل'' کی شکل میں کرتا ہے، لیکن یہ اس بات کا کافی ثبوت نہیں ہے کہ یہ اصطلاح شام و فلسطین کے باہر بھی استعمال ہوتی تھی، جو مصنّف کی جاے پیدایش ہے - اس جغرافیائی علاقے میں جہاں ''افراط آب کے پُرفریب تصوّر کے باوجود زراعت قدیم زمانے سے خشک کاشت پر مبنی رہی ہے'' (J. Weulersse : *Paysans de Syrie*، پیرس ۱۹۴۶ء، ص ۱۴۴)، عہد حاضر میں ہمیں ''ارض بَعْل'' کی اصطلاح قدیم زمانے کی طرح ارض سَقْی کی ضدّ کے طور پر ملتی ہے (G. Dalman : کتاب مذکور، ص ۳۰، جس کا ذکر E. Meier، در *ZDMG*، ۱۸۶۳ء، ۱۷ : ۶۰۷، میں پہلے ہی کر چکا ہے).

قرونِ وسطٰی کے مصر میں اس اصطلاح کے استعمال کی ایک خاص مثال یہ ہے : قاہرہ میں مملوکوں کے اور شاید اس سے پہلے فاطمیوں ہی کے عہد میں خلیج کے قریب ایک کھلا میدان تھا، جو آگے چل کر ایک عام سیرگاہ بن گیا - یہ

marfat.com
Marfat.com

بستان البَعل کہلاتا تھا اور پھر ''أرض البَعل'' کہلانے لگا؛ دیکھیے المَقریزی : خِطَط، بولاق ١٢٧٠ھ، ٢ : ١٢٩، جو یہاں بعل کے لفظ کو واضح طور پر اس جغرافیائی مفہوم میں لیتا ہے۔

اندلس کے مسلمان ''ٹھیک عہد حاضر کے ہسپانوی کاشتکاروں کی طرح secano (عربی : بعل) اور regadio (عربی : سَقْي) زمین میں امتیاز کرتے تھے اور ان میں سے مقدم الذّکر خاص طور پر غلّے کی کاشت کے لیے محفوظ رکھی جاتی تھی'' (Lévi-Provençal : *Hist. Esp. mus.*، پیرس ١٩٥٣ء، ٣ : ٢٧٠) ۔ اشبیلیہ کا مشہور ماہر فلاحت ابن العوام (چھٹی صدی ہجری / بارھویں صدی عیسوی) بھی اس فرق کی توثیق کرتا ہے (کتاب الفلاحة، طبع Banqueri، میڈرڈ ١٨٠٢ء، ١ : ٥) ۔ یہ فرق معاھدوں، بالخصوص مزروعہ زمینوں کے پٹوں، یا مُغارسہ میں بھی ظاہر ہوتا تھا، مثلاً ابن سلمون کے مرتبہ ضابطۂ قانونی کتاب العقد المنظم، قاھرہ ١٣٠٢ھ، ٢ : ٢١ تا ٢٢ میں ۔ آٹھویں صدی ہجری / چودھویں صدی عیسوی میں اسم صفت کی دو شکلیں بَعْلی اور سَقْوی استعمال ہوتی ہیں ۔ واقعہ یہ ہے کہ صفت کی یہ دونوں شکلیں عہد حاضر میں اسما کی طرح استمال ہونے لگی ہیں، بعض علاقوں میں شاید اس مثال کی بدولت جو ''عَثَرِی'' میں موجود تھی ۔ جنوبی عرب میں جو بولیاں بولی جاتی ہیں ان میں عَثَرِی کے ساتھ ساتھ بَعلی بھی دیکھنے میں آتا ہے : Landberg : *Glossaire Datinois*، لائڈن ١٩٢٠ء، ١ : ١٨٦، جہاں عَثَری کی جگہ قریب قریب یقینی طور پر عَثّ (ث) ری پڑھنا چاھیے ۔ پہلی نظر میں یہ معلوم کر لینا ہمیشہ آسان نہیں کہ آج کل مشرق اور شمالی افریقہ میں بَعلِی بطور اسم استعمال ہوتا ہے یا بطور صفت ۔ یہ اکثر اوقات (اپنی ضد ''سقوی'' سے کہیں زیادہ) کسی ترکاری یا پھل کے نام کے ساتھ لگا دیا جاتا ہے اور اس سے مقصود اس ترکاری یا پھل کی عمدہ قسم پر زور دینا ہوتا ہے ۔ فاس (Fez) میں اس کی مؤنث شکل ''بَعلِيّة'' کا اطلاق ایک قسم کے تازہ اور رسیلے انجیر پر ہوتا ہے ۔ دوسری طرف بَعلی کسی ایسے آدمی کو کہا جاتا ہے جو حریص، خشک اور اتنا سخت ہو جتنی کہ وہ زمین جو اسی نام سے موسوم ہے (L. Brunot کی فراہم کردہ معلومات) ۔

یہ بات افسوسناک ہے کہ بول چال کی عربی اور بہت سے لغوی عناصر کی طرح ہم کافی صحت کے ساتھ ان علاقوں کا پتا لگانے سے قاصر ہیں جہاں بَعل اور بَعلی کے الفاظ، جن سے وسیع و عریض عربی بولنے والے علاقے قطعی ناآشنا ہیں، درحقیقت بولے جاتے ہیں ۔ ان الفاظ کی صحیح تقسیم کا علم کئی پہلوؤں سے کارآمد ہوگا۔

(R. BRUNSCHVIG)

**بَعْلَبَكّ** : اندرون لُبنان میں ایک چھوٹا سا شہر جو بِقاع، [رَكَ بآں] کی سطح مرتفع کے کنارے قریب قریب تین ہزار سات سو فٹ کی بلندی پر واقع ہے اور باغوں کے ایک نخلستان سے گھرا ہوا ہے ۔ انھیں رأس العَین کا بڑا چشمہ سیراب کرتا ہے، جو ضِدّ لبنان (Anti-Lebanon) کے سلسلۂ کوہ کے دامن سے نکلتا ہے ۔ اس کی آب و ہوا کی ترو تازگی اور اس کی نباتات کے حسن و جمال نے عرب مصنفین سے خراج تحسین حاصل کیا ہے اور وہ اس کے غُوطہ [= مرغزار] کی تعریف کرتے ہوے ہمیشہ یہ کہتے ہیں کہ اس سے دمشق کے غُوطة کی یاد تازہ ہو جاتی ہے ۔ اس کے نام کے اشتقاق کے متعلق بہت سے مفروضے قائم کیے گئے ہیں، چنانچہ اس سلسلے میں سامی [دیوتا] بعل (Baal) [رَكَ بآں] کا ذکر آتا ہے، لیکن ان میں سے کوئی بھی نظریہ پوری طرح اطمینان بخش نہیں معلوم ہوتا۔

Marfat.com

بعلبک زیادہ‌تر اپنے کھنڈروں کی وجہ سے مشہور ہے جو اب بھی اس کی جاے وقوع پر نظر آتے ہیں اور جہاں یہ شہر بلا شبہہ بہت قدیم زمانے سے آباد تھا ـ یہ اس زمانے میں خصوصیت سے بارونق تھا جب اس مقام کو ہیلیوپولس Heliopolis کا یونانی نام دیا گیا اور جب وہاں کے مروجہ مذہب ہیلیوپولسی تثلیث (یعنی شامی دیوتاؤں، شمس (Zeus) زہرہ (Aphrodite) اور ہرمز (Hermes)، کے اوتار) کے فروغ سے وہ شاندار خانقاہیں وجود میں آئیں جنھیں قرونِ وسطٰی میں حضرت سلیمان[ع] کی قوت سے منسوب کیا جانے لگا ـ آج بھی ان یادگاروں کا بڑا حصہ، جس میں دو بہت بڑے اور لمبے چوڑے مندر، دو صحن (جن کے بڑے بڑے دروازے ہیں) اور حصار شہر (جس کی ٹھوس اور چوڑی چکلی بنیادیں ہیں) شامل ہیں، دیکھنے والے کو مرعوب و متأثر کرتا ہے ـ عربوں کے دور میں ان عمارتوں کو ایک مضبوط قلعے کی شکل دے دی گئی تھی، جس کا نقشہ ۱۹۰۰ تا ۱۹۰۴ء میں آثار قدیمہ کی ایک جرمن مہم کے ارکان نے تیار کیا تھا، لیکن محلِ وقوع کو اس کی اصل حالت پر لانے اور جدید کھدائیاں کرنے کی خاطر اس قلعے کے بعض حصوں کو قربان کر دیا گیا.

چونکہ بعلبک کو ارد گرد کے اضلاع میں اور دمشق سے حِمص کو جانے والی شاہ راہ پر مرکزی حیثیت حاصل رہی ہے اس لیے اس کی پوری تاریخ واقعات سے معمور ہے ـ جب سے مسیحیت نے اس کی عبادت گاہوں کی خوش حالی پر ایک کاری ضرب لگائی اور عربوں نے اپنی فتح کے بعد اس کے بالاحصار (aeropalis) کو قلعے یا حاکم علاقہ کے مرکز کے طور پر استعمال کرنا شروع کیا اس کی زیادہ‌تر اہمیت فوجی رہ گئی ـ ۱۶ھ / ۶۳۷ء میں ابو عبیدہ[رض] کے زیرِ کمان دمشق کی فتح کے بعد اور حِمص کی فتح سے ذرا پہلے اس معاہدے کی شرائط کے ماتحت جس کا علم ہمیں البلاذری کے ذریعے ہوتا ہے مسلمانوں نے اس پر قبضہ کر لیا ـ آگے چل کر یہ دمشق کے اموی ''جُند'' کا حصہ بن گیا ـ پھر یہ عباسیوں کے زیر اقتدار آ گیا، تاآنکہ فاطمی خلیفہ المعتز نے ۳۶۱ھ / ۹۷۲ء میں یہاں ایک عامل متعین کر دیا ـ ۳۶۳ھ / ۹۷۴ء میں بوزنطی بادشاہ جان زمسکس John Tzimiskes نے اور ۴۱۶ھ / ۱۰۲۵ء میں حلب کے بادشاہ صالح ابن مِرداس نے اس پر عارضی طور پر قبضہ جما لیا ـ اس کے بعد یہ ۴۶۸ھ / ۱۰۷۵ء میں سلجوقی سلطان تُتش اور اس کے بیٹوں کے ہاتھ آ گیا اور بوریوں کے عہد میں ان کے خاندانی جھگڑوں کے دوران میں یہ باری باری عامل گمشتکین، بوری اور اس کے بیٹے محمد اور بالآخر مشہور اُنر Onor کے قبضے میں آیا، جس سے کچھ عرصے کے لیے زنگی نے چھین کر اسے صلاح الدین ایوبی کے والد ایوب کے حوالے کر دیا ـ ۵۴۹ھ / ۱۱۵۴ء میں نورالدین نے اسے ازسرِنو فتح کیا اور چونکہ ۵۶۵ھ / ۱۱۷۰ء کے شدید زلزلے سے یہ تباہ و برباد ہو گیا تھا، لہٰذا اس کی دیواروں کو ازسرِنو بنانا پڑا ـ ۵۷۰ھ/۱۱۷۴ء میں یہ شہر [نورالدین زنگی] کے جانشینوں کے ہاتھ سے نکل کر صلاح الدین کے قبضے میں آ گیا، جو اسے اپنے بعض درباریوں یا خاندان کے بعض افراد کو یکے بعد دیگرے جاگیر کے طور پر دیتا رہا ـ ان میں سے اس کے بھائی کا پوتا الملک الامجد بہرام شاہ خاص طور پر قابلِ ذکر ہے، جس کے قبضے میں یہ قلعہ ۵۷۸ھ / ۱۱۸۲ء سے ۶۲۷ھ / ۱۲۳۰ء تک رہا جب کہ حاکم دمشق الملک الاشرف موسٰی نے اسے اس سے چھین لیا ـ اس کے بعد متعدد ایوبی اس کے قبضہ کے لیے آپس میں لڑتے رہے اور آخر ۶۵۸ھ / ۱۲۶۰ء میں یہ مصریوں کے

marfat.com
Marfat.com

قبضے میں چلا گیا، لیکن اس سے قبل مغول بھی اسے فتح کر چکے تھے۔ پھر مملوکوں کے دورِ اقتدار میں یہ دمشق کے صوبے کے تیسرے شمالی سرحدی ضلع کا صدر مقام قرار پایا اور اس کا اختیار شام کے نائب نے یہاں کے عامل کے سپرد کر دیا جس کا اقتدار پورے ''بقاع'' پر نہیں تھا اور جو براہ راست اس کے ماتحت تھا۔ اس کے بعد اس شہر کی اہمیت بظاہر کم ہوتی چلی گئی اور ڈاک کی خاص مملوک شاہراہیں، دمشق تا حمص اور دمشق تا طرابلس اس شہر کو چھوڑ کر قلمون سے گزرنے لگیں اور زمانۂ حال کی تجارتی شاہراہوں نے بھی بعد میں یہی شکل اختیار کی۔ ٩٢٢ھ / ١٥١٦ء میں یہ پورے شام کے ساتھ ترکانِ عثمانی کے ہاتھوں میں چلا گیا اور چھوٹے چھوٹے سرداروں کے زیر فرمان رہا، جن میں حرفش کا خاندان خاص طور سے قابل ذکر ہے، یہاں تک کہ باب عالی نے ١٨٥٠ء میں وہاں اپنا باضابطہ نظم و ضبط قائم کر دیا۔

بوری، زنگی اور ایوبی ادوار میں، جب کہ بظاہر جنوبی شام پر اقتدار قائم رکھنے کے لیے اس شہر پر قابض ہونا ضروری سمجھا جاتا تھا، اس پر قبضہ کرنے کے لیے آویزش اور کشمکش کا سلسلہ برابر جاری رہا اور اسی لیے یہ بات بھی آسانی سے سمجھ میں آ جاتی ہے کہ یہاں عربوں کی تعمیری سرگرمی کیوں مستقل طور پر اس دفاعی نظام کی اصلاح پر مشتمل رہی جس کا بڑا مقصد شروع میں زیادہ تر جنوب مغربی گوشے کے دونوں قدیم مندروں کے چبوتروں (podia) کی درمیانی خلا کو پر کرنا تھا۔ [تعمیری] کام کے جن چار زمانوں کو ایک دوسرے سے ممیز کیا جا سکا ہے، ان میں سے دوسرے دور میں خاص بات یہ ہوئی کہ مستحکم صدر دروازے کو مغربی جانب سے جنوب کی طرف منتقل کر دیا گیا۔ یہ کام یا تو محمد بن بوری کے عہدِ حکومت میں ہوا، جس نے بعلبک کا بڑی کامیابی سے بچاؤ کیا تھا، یا زنگی کے عہدِ سلطنت میں، جس نے اس وقت کے کتبوں اور تحریری دستاویزات کی رو سے قلعے کی حالت کو درست کرنے کے لیے کئی اقدامات کیے۔ بہرام شاہ کے عہد میں نئی روکار کو جدید برجوں سے مستحکم کیا گیا۔ آخر میں قلاؤن کا عہد اس لحاظ سے امتیازی حیثیت رکھتا ہے کہ اس میں کام کو زیادہ ترقی یافتہ انداز میں انجام دیا گیا۔ چھوٹے مندر کے جنوب مشرقی کونے پر ایک بھاری برج کی تعمیر اور پرانے جنوبی دروازے کے اردگرد دہرے برجوں کی تعمیر اس کے نمایاں پہلو ہیں۔

قدیم آثار اور کتبوں کا ساتھ ساتھ مطالعہ کیا جائے تو ہم اس تمام تعمیری مجموعے کے متعدد حصوں کی تاریخ کا تعین یقین کے ساتھ کر سکتے ہیں جیسے قرونِ وسطٰی کے شام میں عربوں کی فوجی تعمیرات کے نہایت دلچسپ آثار میں شمار کرنا چاہیے۔ رأس العَین کی چھوٹی سی مسجد بھی اسی عہد کی یادگار ہے اور اسی طرح بالخصوص شہر کے اندر کی بڑی مسجد، جو قلعے سے بہت زیادہ دور نہیں اور جو کسی قدیم عمارت کے مسالے سے بنائی گئی تھی اور جس کا ایوانِ نماز، چار دالان اور شاندار مینار اس کی نمایاں خصوصیات ہیں۔ دونوں مسجدوں پر مملوک فرامین کے متون کندہ ہیں۔ دوسری یادگاروں میں، جو اب مٹ چکی ہیں، مدرسے، رباط، سرائیں، خانقاہیں اور حدیث کی درسگاہیں شامل تھیں، جن کا ذکر اس شہر کے قدیم بیانات میں ملتا ہے۔

**مآخذ**: (١) R. Dussaud: *Topographie historique de la Syrie*، پیرس ١٩٢٧ء، ص ٣٩٧، ٤٠٣ تا ٤٠٤؛ (٢) G. Le Strange: *Palestine under the Moslems*، لندن ١٨٩٠ء، ص ٢٩٥ تا ٢٩٨؛ (٣)

marfat.com
Marfat.com

M. Gaudefroy-Demombynes: *La Syrie à l'èpoque des Mamelouks*، پیرس ۱۹۲۳ء، ص ۰۷ تا ۷۳ و ۱۸۱؛ (۳) البَلاذُری: فُتوح، ص ۱۲۹ تا ۱۳۰ (قب D. C. Dennett: *Conversion and the Poll Tax*، کیمبرج (Mass.) ۱۹۵۰ء، ص ۵۵ تا ۶۴؛ (۵) *BGA*، بمدد اشاریات؛ (٦) یاقوت، بذیل مادّہ؛ (۷) ابن شَدّاد: الاَعْلاَق الخَطِیرة، مخطوطۂ لانڈن، عدد ۸۰۰، ورق ۸۵ ب تا ۸۸ ب و بمطابق M. Sobernheim: *Centenario....Amari*، Palermo ۱۹۱۰ء، ۲: ۱۵۲ تا ۱۶۳؛ (۸) *Hist. Or. Cr.*، بمدد اشاریه؛ (۹) Th. Wiegand: *Baalbek, Ergebnisse der Ausgrabungen und Untersuchungen in den Jahren 1898 bis 1905*، برلن و لائپزگ ۱۹۲۱ تا ۱۹۲۵ء، ج ۳ (جہاں M. Sobernheim نے عربی کتبات شائع کیے ہیں اور قرونِ وسطٰی کے متون کا جائزہ لیا ہے)؛ قدیم عہد کے لیے نیز دیکھیے (۱۰) Pauly-Wissowa، بذیل مادّۂ *Heliopolis* و *Heliopolitanus* اور (۱۱) R. Dussaud اور H. Seyrig کے مقالات، جن میں سے بیشتر *Syria* میں شائع ہوے ہیں؛ عربی کتبات کے لیے دیکھیے نیز (۱۲) G. Wiet: *Notes d' èpigraphie syro-musulmane*، در *Syria*، ۱۹۲۵ء، ص ۱۵۰ ببعد؛ (۱۳) J. Sauvaget: *Notes sur quelques inscriptions arabes de Baalbekk et de Tripoli*، در *Bull. du Musèe de Beyrouth*، ۷ و ۸ (۱۹۴۹ء) : ۷ تا ۱۱.

(J. Sourdel-Thomine)

• **البَعِیث**: بصرے کے ایک ھجوگو شاعر خِداش بِن بِشْر المُجاشِعی کا عرف۔ وہ اگرچہ [بنو] تمیم کا سب سے زیادہ فصیح البیان مقرّر سمجھا جاتا تھا، تاھم ابن سَلّام نے اسے اسلامی شعرا کی صف دوم میں جگہ دی ہے۔ بہرکیف نقادوں کی رائے میں اس کے نسبۃً گم‌نام ہونے کا سبب محض جریر کی شہرت تھی۔ واقعہ یہ ہے کہ البَعِیث کی شاعرانہ سرگرمی کا تعلق بھی دونوں حریف شعرا، یعنی جریر اور الفرزدق، کی سرگرمیوں سے تھا۔ برسوں تک جریر اور اس کے درمیان سلسلۂ مہاجات جاری رہا، بالآخر اسے الفرزدق کو اپنی مدد کے لیے بلانا پڑا؛ مگر وہ بھی اس سے ھمیشہ شریفانہ برتاؤ نہیں کرتا (وہ اس کا ذکر ابن حَمْراء العِجان کے [غیر مہذب] لقب سے بھی کرتا ہے، جس میں اس کی ماں کے ادنٰی نسب پر چوٹ کی گئی ہے کیونکہ وہ ایک سجستانی کنیز تھی)۔ یاقوت اس کی وفات کا سال ۱۳۴ھ/ ۷۵۲ء بتاتا ہے، مگر چونکہ وہ اس میں یہ اضافہ بھی کرتا ہے کہ ''خلیفہ وَلید بن عَبْدالمَلِک کے عہدِ حکومت میں'' (جس نے ۸۸ھ/ ۷۰٦ء تا ۹۸ھ/ ۷۱٦ء حکومت کی)، لہٰذا اس تاریخ کو قابلِ یقین نہیں قرار دیا جا سکتا۔

**مآخذ**: (۱) الجاحظ: البیان و الحیوان، بمدد اشاریه؛ (۲) ابن قُتَیبة: الشعر [و الشعراء] طبع شاکر، ص ۴۷۲ تا ۴۷۳؛ (۳) نَقائِض جریر و الفرزدق، بمواضع کثیرہ؛ (۴) جَریر اور فرزدق کے دیوان، بمواضع کثیرہ؛ (۵) ابن سَلّام: طبقات، بمدد اشاریه؛ (٦) ابن دُرَید: [کتاب] الاشتقاق، ص ۱۴۷؛ (۷) ابن عساکر، ۵: ۱۲۲ تا ۱۲۴؛ (۸) الآمدی: المؤتلف، ص ۵٦، ۱۰۸؛ (۹) یاقوت: [مُعْجَم] الادباء ۱۱: ۵۲ تا ۵۵؛ (۱۰) C. A. Nallino: *Letteratura*، بمدد اشاریه.

(Ch. Pellat)

• **بُغاالشَّرابی**: (= جام بردار)، جو الصَّغیر بھی کہلاتا تھا؛ ایک ترک سپہ سالار جس کا خطاب ''مولی امیر المؤمنین'' تھا۔ اسے اس کے ھم نام مُعاصر بُغاالکبیر سے ملتبس نہ کرنا چاہیے۔ اس نے المتوکّل کے ماتحت آذربیجان کے باغیوں کے خلاف جنگ آزمائی کی۔ بعد ازاں اسے شبہہ ہوا کہ خلیفہ ترک سرداروں کا زور گھٹانا چاھتا ہے، چنانچہ

marfat.com
Marfat.com

اس نے اس کے خلاف ایک سازش کی سربراہی کی اور اسے قتل کرا دیا ۔ آگے چل کر وہ اور اس کا حلیف واصف خلیفہ المستنصر اور خلیفہ المستعین کے عہد حکومت میں برسرِ اقتدار رہے، تاہم ۲۵۲ھ / ۸۶۶ء میں المعتز نے تخت‌نشین ہونے کے بعد اپنے اس قدیمی دشمن اور اپنے باپ کے قاتل سے چھٹکارا پانے کی ٹھانی اور اسے تمام مناصب و اعزازات سے محروم کر کے قیدخانے میں ڈال کر مروا ڈالا (۲۵۴ھ/۸۶۸ء).

**مآخذ:** (۱) الطبری، بمدد اشاریه؛ (۲) الیعقوبی، بمدد اشاریه؛ (۳) البلدان، ص ۲۶۲؛ (۴) البلاذری: فتوح، ص ۳۳۰؛ (۵) المسعودی: مروج، ج ۷، بمدد اشاریه؛ (۶) ابن الاثیر، بمدد اشاریه؛ (۷) احمد امین: ظهر الاسلام، ۱: ۱۱، ۲۰ تا ۲۲؛ (۸) D. Sourdel: *Le vizirat ʿabbāside*، ج ۱، دمشق ۱۹۵۹ء، بمدد اشاریه.

(D. SOURDEL)

**بغاالکبیر:** ایک ترک‌نژاد فوجی سردار، جس نے خلافت عباسیہ کے ایک پرآشوب دور میں سیاسی اعتبار سے نمایاں حصہ لیا ۔ اس نے المعتصم اور اس کے جانشینوں کے عہد میں باغی قبائل کے خلاف کئی مہموں میں حصہ لے کر امتیاز حاصل کیا، مثلاً نواحِ مدینہ میں ۲۳۰ھ / ۸۴۴ - ۸۴۵ء میں، آرمینیا میں ۲۳۷ھ / ۸۵۱ - ۸۵۲ء میں اور بوزنطیوں کے خلاف ۲۴۴ھ / [به تصحیح ۸۵۸ء] میں ۔ ۲۴۷ھ / ۸۶۱ء میں المتوکل کے قتل کے وقت وہ حاضر نہ تھا، لیکن اس کے بعد وہ سامرا واپس آیا اور دوسرے ترک سرداروں کو شریک مقصد کر کے ۲۴۸ھ / ۸۶۲ء میں المستعین کو جبرًا خلیفہ بنوا دیا، مگر خود اسی سال فوت ہو گیا.

اس کے بیٹے موسی بن بغا نے بھی سامرا کی سیاسیات میں ایک اہم مقام حاصل کیا اور کچھ عرصے تک برید (محکمۂ ڈاک) کا انتظام اسی کی زیر نگرانی رہا.

**مآخذ:** (۱) الطبری، بمدد اشاریه؛ (۲) الیعقوبی، بمدد اشاریه؛ (۳) البلدان، ص ۲۶۲؛ (۴) البلاذری: فتوح، ص ۳۱۱؛ (۵) المسعودی: مروج، ج ۷، بمدد اشاریه؛ (۶) التنوخی: نشوار، ۸: ۳۵ تا ۳۸؛ (۷) ابن الاثیر، بمدد اشاریه.

(D. SOURDEL)

**بغبور:** رک به فغفور.

**بغداد:** بغداد دریاے دجله کے دونوں کناروں پر آباد ہے اور اس کا محلِ وقوع ۳۳ درجه ۲۶ دقیقه ۱۸ ثانیه عرض بلد شمالی اور ۴۴ درجه ۲۳ دقیقه ۹ ثانیه طول بلد مشرقی ہے ۔ اس کی بنیاد آٹھویں صدی عیسوی میں رکھی گئی اور اس وقت سے خلافت عباسیه کے خاتمے تک یه برابر دارالخلافه اور صدھا سال تک عالم اسلام کا ثقافتی مرکز رہا ۔ ۱۲۵۸ء کے بعد یه ایک صوبے کا صدر مقام اور عثمانی ترکوں کے تحت ولایت بغداد کا مرکز رہا ۔ ۱۹۲۱ء میں یه جدید مملکتِ عراق کا دارالحکومت ہو گیا.

تاریخ:

بغداد اسلامی عہد سے پہلے کا نام ہے، جس کا تعلق زمانۂ سابق کی ان بستیوں سے ہے جو اسی مقام پر آباد تھیں ۔ عرب مصنفین اس حقیقت کو تسلیم کرتے ہیں اور حسبِ معمول اس کی فارسی اصل کا سراغ لگاتے ہیں (قب المقدسی: البدء، ۴: ۱۰۱؛ ابن رسته، ص ۱۰۸) ۔ انہوں نے اس کے مختلف قیاسی معنی دیے ہیں، جن میں سے زیادہ مقبول ''دادۂ خدا'' یا ''عطیۂ خدا'' (یا ''عطیة الصنم'') ہے (دیکھیے الخطیب، مطبوعۂ قاہرہ، ۱: ۵۸ تا ۵۹؛ یاقوت، ۱: ۶۷۸ تا ۶۷۹؛ ابوالفداء، ۱: ۲۹۲؛ ابن الجوزی: مناقب، ص ۶؛ البکری، ۱:

Marfat.com

۱۶۹؛ ابن الفقیه، مخطوطۂ مشہد، ورق ۲۹ ب) - [فرہنگ آنند راج (بذیل مادۂ 'بغ' و 'بغداد') میں ہے کہ بغ ایک بت کا نام تھا اور شہر بغداد کی بنیاد اسی بت کے نام پر رکھی گئی، نیز یہ کہ بغداد در اصل 'باغِ داد' ہے، یعنی وہ باغ جہاں نوشیراں مظلوموں کی دادرسی کیا کرتا تھا - ] جدید مصنّفین کا رجحان بھی عموماً اِس طرف ہے کہ اصل میں یہ فارسی لفظ ہے (قب Salmon : Introduction، ص ۲۳ تا ۲۴؛ Le Strange : Baghdad، ص ۱۰ تا ۱۱؛ Streck : Landschaft، ۱ : ۹۴ تا ۹۵؛ Herzfeld : Paikuli، ص ۱۵۳؛ W. Budge : By Nile and Tigris، ۱ : ۱۷۸؛ JRIA، ۱ : ۶۴ تا ۹۴)؛ مگر بعض دوسرے مصنّفین کی رائے یہ ہے کہ اسی لفظ کی اصل آرامی ہے، جس کے معنی ہیں ''بھیڑوں کا باڑہ یا احاطہ'' (A. Karmalī و Y. Ghanīma، در لغة العرب، ۳ : ۲۷؛ ۶ : ۳۷۸) - الطبری نے بغداد کی جائے وقوع کے ضمن میں سوق البقر (= گایوں کی منڈی) کا جو ذکر کیا ہے وہ قابلِ لحاظ ہے (۳ : ۲۷۲) - Delitzsch اس کے آرامی الاصل ہونے کے حق میں ہے، لیکن وہ اس کے معنی بیان نہیں کرتا (Delitzsch : Paradies، ص ۲۰۶، ۲۳۸).

حمورابی Hammurabi کے عہد (۱۸۰۰ ق م) کی ایک قانونی دستاویز میں شہر ''بگدادو'' Bagdadu کا ذکر ہے (Schorr : Altbabylonische Rechtsurkunden، عدد ۱۹۷، سطر ۲۱) - اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ نام حمورابی کے عہد سے قبل اور قطعی طور پر ایرانی اثر سے پہلے مستعمل تھا - [اسی عہد کے رسم الخط میں] لفظ 'بگ' اور 'ھو' کے لیے ایک ہی علامت استعمال ہوتی تھی - خاندان کسّی (Kassite) کا بادشاہ نَزِیمارُتاش Nazimaruttaš (۱۳۴۱ تا ۱۳۱۶ ق م) کے زمانے کے ایک سنگ سرحد میں ایک شہر پلاری Pilari کا ذکر آتا ہے، جو ضلع ''بگ دادی'' میں ''نہر شرّی'' (Nah. Sharri) کے کنارے واقع تھا (De Morgan : *Délégation en perse*، ۱ : ۸۶ تا ۹۲) - اسی طرح تالمود میں ''بگ دثا'' Bagdatha کا ذکر کئی دفعہ آیا ہے - ان دونوں شہادتوں کے پیش نظر عہدِ حمورابی کے مذکورۂ بالا لفظ کو بگ پڑھنا زیادہ قرینِ صحت ہوگا (Obermeyer : *Landschaft Babylonien*، ۱۹۲۹ء، ص ۱۴۷ ببعد؛ *Jewish Encyc.*، بذیلِ مادۂ بغداد - ایک اَور سنگ سرحد پر، جو بابل کے بادشاہ مردخ بلادان Mardukapaliddin کے عہد (۱۲۰۸ تا ۱۱۹۵ ق م) کا ہے، شہر بغداد کا ذکر ملتا ہے (*Délégation en Perse*، ۳ : ۳۲ تا ۳۹).

اددنراری (Adad-nirari) دوم (۹۱۱ تا ۸۹۱ ق م) نے جن مقامات کو لُوٹا ان میں سے ایک بگدا (دو) بھی تھا (*Synchronistic History*، جلد ۳، ایل ۱۲ = K.BI، ۲۰۰) - آٹھویں صدی عیسوی میں بغداد ایک آرامی نوآبادی ہو گیا - تِگلات پلاسر (Tiglatpilasser) سوم (۷۴۵ تا ۷۲۷ ق م) ایک آرامی قبیلے کے سلسلے میں بگدادو کا ذکر کرتا ہے (Delitzsch : *Paradies*، ص ۲۳۸).

ان سب باتوں کے پیش نظر یہ تسلیم کرنا بجا ہوگا کہ اس نام کی اصل واضح نہیں ہے - یہ حقیقت بھی مذکورۂ بالا صورت حال کو نہیں بدلتی کہ ایرانیوں نے آٹھویں صدی ق م کے قریب ''بگ'' کا لفظ خدا کے لیے استعمال کرنا شروع کر دیا تھا اور وہ اشخاص کے ناموں کا جزء بھی بننے لگا تھا (*Reallexikon*، ۱ : ۳۴۱).

المنصور نے اپنے شہر کا نام مدینة السّلام (= سلامتی کا شہر) رکھا اور اس میں جنت کی طرف اشارہ پایا جاتا ہے (قرآن مجید، ۶ [الانعام] : ۱۲۷؛ ۱۰ [یونس] : ۲۵) - یہی سرکاری نام دستاویزات، سکّوں اور باٹوں وغیرہ پر لکھا جاتا تھا -

marfat.com
Marfat.com

اس کی مختلف شکلیں، خصوصاً بُغدان اور عرفی نام جیسے مدینۃ ابی جعفر، مدینۃ المنصور، مدینۃ الخلفاء، اور الزوراء بھی استعمال کیے جاتے تھے (ابن الفقیه، ورق ۲۹ ب؛ یاقوت، ۱ : ۶۷۸؛ ابن رُسته، ص ۱۰۸) - الزوراء قدیم نام معلوم ہوتا ہے، جیسا کہ الفخری نے کہا ہے (الفخری، ص ۱۴۵؛ قب المُستوفی : نزهة، ص ۴۱) - بعد کی توجیہات کے لیے دیکھیے المسعودی : التنبیه (قاهرة)، ص ۳۱۲؛ یاقوت، ۲ : ۹۵۴ - عرب مصنفوں کا بیان ہے کہ منصور نے اپنا شہر جہاں آباد کیا وہاں اسلام سے پہلے کی بہت سی بستیاں موجود تھیں - ان میں سے سب سے اہم گاؤں بغداد تھا (دیکھیے الطّبری : ۲ : ۲۷۷ و ۱ : ۲۰۶۷؛ ابن الجوزی : مناقب، ص ۷؛ الیعقوبی : بُلدان، ص ۲۳۷) - اس کا محلّ وقوع دجله کے مغربی کنارے پر صراة کے شمالی جانب تھا (الطبری، ۳ : ۲۷۷) - بعض اسے بَدُوریا کا حصّه سمجھتے ہیں اور اس کے سالانه میلے کا ذکر کرتے ہیں (الخطیب، ۱ : ۲۵ تا ۲۷؛ ابن الجوزی : مناقب، ص ۶؛ الیعقوبی : بلدان، ص ۲۴۵) اور اس سے اس امر کی توجیه ہو سکتی ہے کہ کَرخ آگے چل کر سوداگروں کا محلّه کیوں بنا - کچھ قدیم بستیاں، جن میں سے بیشتر آرامی تھیں، کَرخ کے نواح میں غربی جانب واقع تھیں - ان میں مندرجهٔ ذیل شامل ہیں : خَطّابیّه (بابُ الشّام کے پاس)؛ شرفانیه اور اس کے شمال میں وردانیه، جو محلّة الحَربیّه کے اندر آ گئی تھی؛ سونایا، صراة اور دجله کے سنگھم کے قریب (جو بعد میں العتیقه کہلائی)؛ قطفتا، اس کونے میں جہاں نہر رُفیل دریاے دجله میں گرتی ہے اور براثه، جہاں سے نہر عیسی سے نہر کرخایه کی شاخ نکلتی ہے - تین چھوٹی چھوٹی بستیاں نہر کرخایه اور صراة کے بیچ میں تھیں، یعنی سال، ورثالا (جو بعد میں قلّاءین کا محلّه بنا) اور بناوری - خود کرخ (آرامی میں کَرخه، جس کے معنی ہیں قلعه‌بند شہر) کا نام ایک قدیم گاؤں سے ماخوذ ہے، جسے ایرانی روایات میں شاپور دوم (۳۰۹ تا ۳۷۹ء) سے منسوب کیا جاتا ہے (المستوفی، ص ۴۰؛ دیکھیے الطبری، ۳ : ۲۷۸ تا ۲۷۹؛ الخطیب، ص ۲۷، ۳۳؛ ابن الاثیر، ۳۴۲ تا ۳۴۳؛ یاقوت، ۳ : ۶۱۳؛ ابن الجوزی : مناقب، ص ۷).

زینوفن Xenophon کے بیان کے مطابق ہخامنشیوں کے عہد میں بغداد کے ضلع میں (بمقام سِتّاکه Sittake) وسیع سبزه‌زار [= حدائق] تھے- عرب مصنف اس قسم کے دو باغوں کا ذکر کرتے ہیں (قب الخطیب، ص ۲۸؛ المستوفی، ص ۴۰) - نہر عیسی کے دہانے کے قریب ایک ساسانی قصر (قصر سابور) تھا، جہاں بعد میں منصور نے ایک پُل تعمیر کیا - قدیم پُل (''القنطرة العتیقه'') باب الکوفه کے جنوب مغرب میں نہر صراة کے آر پار ساسانیوں کا بنوایا ہوا تھا - مشرقی جانب سُوق الثّلاثاء اور مقبرة الخیزرانیة عہدِ اسلامی سے پہلے کے تھے - اس علاقے میں چند دَیر بھی اسلام سے پہلے کے تھے مثلاً دَیر مارفثیون Mārfathion (الدیرالعَتیق) جہاں قصر الخلد تعمیر کیا گیا، دیر بُستان القُس اور دَیر الجاثَلیق، جس کے قریب [مشہور صوفی بزرگ] شیخ معروف [کرخی؟] کو دفن کیا گیا - (الطبری، ۳ : ۲۷۳، ۲۷۷؛ ابن الفقیه، ورق ۳۶ تا ۳۷ الف؛ الخطیب، ص ۳۶، ۲۸؛ المسعودی : التنبیه، ص ۳۱۲؛ الذّهبی : دُول، ۱ : ۷۶؛ المُستوفی، ص ۴۰).

ان قدیم بستیوں میں سے کسی کو بھی کوئی سیاسی یا تجارتی اہمیت حاصل نه ہو سکی، لہٰذا المنصور کے شہر کو بنائے نو قرار دیا جا سکتا ہے - قرونِ وسطیٰ کے یورپی سیّاحوں نے بسا اوقات بغداد کو بابل کے ساتھ اور بعض اوقات

Marfat.com

سلوقیہ Seleucia [= سلفقیه] کے ساتھ خلط ملط کر دیا ہے؛ چنانچه ان کے سفرناموں میں اس کا نام بابل Babel اور بابلونیا Babellonia وغیرہ آتا ہے۔ آخر الذکر غلط نام عہد عباسیہ میں بابلی قبائل کے شیوخ (Babylonian Geonim) کی تفاسیرِ تالمود میں اور اس طرح بعد کے یہودی مصنفین کے ہاں بھی بغداد کے لیے عام طور پر آتا ہے۔ سب سے پہلے Pietro della Valle نے، جو ۱۶۱۶ - ۱۶۱۷ء میں بغداد میں موجود تھا، اس غلطی کی تردید کی جو اس کے زمانے میں دور دور تک پھیلی ہوئی تھی۔ سترھویں صدی عیسوی تک مغرب میں بغداد کا بگڑا ہوا نام بلدخ Baldach (بلداکو Baldacco) عام طور سے مشہور رہا؛ ہو سکتا ہے کہ یہ نام بغداد کے نام کی چینی شکل سے ماخوذ ہو (قب Bretschneider : *Medieval Researches*، ۱ : ۱۳۸ و ۲ : ۱۲۴؛ ''مارکوپولو کا سفرنامہ''، طبع Frampton، ص ۲۹، ۱۲۶).

جب عباسیوں نے مشرق کا رخ کیا اور اپنے لیے ایک جدید دارالسلطنت بنانا چاہا جو ان کی حکومت کی نمائندہ علامت قرار پائے، تو ان کا پہلا خلیفہ السفاح کوفہ چھوڑ کر انبار چلا آیا۔ المنصور ہاشمیہ میں منتقل ہوا، جو کوفے کے قریب تھا، لیکن اسے بہت جلد معلوم ہو گیا کہ کوفہ اس کے لیے موزوں مقام نہیں، اس لیے کہ مخالف عناصر بکثرت ہونے کے باعث یہ جگہ حملے سے محفوظ نہیں تھی جیسا کہ راوندیہ کے خروج سے ثابت ہوا (قب یاقوت، ۱ : ۶۸۰ تا ۶۸۱؛ الطبری، ۳ : ۲۷۱ تا ۲۷۲؛ الفخری (قاہرہ)، ص ۱۴۳)، لہذا اسے فوجی لحاظ سے مناسب جگہ کی جستجو ہوئی.

بڑی دیکھ بھال اور چھان بین کے بعد اس نے بالآخر فوجی، اور غذائی نیز آب و ہوا کے لحاظ سے بغداد کا مقام پسند کیا۔ وہ ایک زرخیز میدان میں واقع تھا، جہاں دریا کے دونوں جانب کھیتی خوب ہوتی تھی۔ یہ خراسان کی سڑک پر ایسی جگہ آباد تھا جہاں کاروانوں کے مختلف راستے آ کر ملتے تھے اور مہینے کے مہینے میلے لگتے تھے؛ چنانچہ عوام اور فوج کے لیے یہاں سامان رسد افراط سے مل سکتا تھا۔ اس کے ارد گرد نہروں کا ایک جال تھا، جو زراعت کے لیے بھی نہایت کارآمد تھیں اور شہری دفاع کا بھی کام دے سکتی تھیں۔ یہ مقام عراق کے وسط میں واقع تھا، آب و ہوا معتدل اور صحت افزا تھی اور مچھروں سے بھی خاصا محفوظ تھا (الیعقوبی، ص ۲۳۵ تا ۲۳۸؛ الطبری، ۳ : ۲۷۱ تا ۲۷۵؛ یاقوت، ۱ : ۶۷۹ تا ۶۸۰؛ مناقب، ص ۷ تا ۸؛ المقدسی، ص ۱۱۹ تا ۱۲۰؛ ابن الاثیر، ۵ : ۳۲۹ تا ۳۴۲؛ ابن الجوزی، ص ۷؛ الیعقوبی، ۲ : ۴۴۹؛ الفخری، ص ۱۴۳ تا ۱۴۵)۔ اس کی خوبیوں اور المنصور کے ہاتھوں اس کی تعمیر کے مقتدر ہونے کے متعلق وضعی داستانیں بعد میں مشہور ہوئیں (قب الیعقوبی : البلدان، ص ۲۳۷؛ الفخری، ص ۱۴۴؛ الطبری (قاہرہ)، ۹ : ۲۳۳ تا ۲۳۵؛ ابن الجوزی : مناقب، ص ۷ تا ۸).

بغداد کی قسمت میں بابل، سلوقیہ اور مدائن (Ctesiphon) کی جگہ لینا اور ان سب سے بازی لے جانا لکھا تھا.

جہاں تک بغداد کے بارے میں قدیم‌ترین تفصیلی بیانات کا تعلق ہے الیعقوبی (۲۷۸ھ/ ۸۹۱ء) اور ابن الفقیہ (۲۹۰ھ / ۹۰۳ء) نے اس کا محلہ‌وار ذکر کیا ہے اور سہراب (تقریباً ۹۰۰ء) نے اس علاقے کے نہری نظام کا حال بیان کیا ہے۔ اپنے بیرونی استحکامات اور اندرونی نقشے کے لحاظ سے یہ شہر ایک بڑا قلعہ معلوم ہوتا ہے۔ شروع زمانے میں اس شہر کے چاروں طرف ۴۰ ذراع (= ۲۰٫۲۷ میٹر) چوڑی گہری خندق تھی: اس کے بعد اینٹوں کا

marfat.com
Marfat.com

ایک پشتہ اور اس کے بعد پہلی فصیل، جس کی چوڑائی سطح زمین پر ۱۸ ذراع (۹ میٹر) تھی - اس کے آگے اندر کی طرف دفاعی اغراض کے لیے ۵۶۰۹ میٹر (= ۱۰۰ ذراع: ناپ کے لیے دیکھیے Rayyis : ذراع) جگہ خالی چھوڑ دی گئی تھی - اس کے آگے کچی اینٹوں کی اصل فصیل تھی، جس کی بلندی ۳۴،۱۴ میٹر اور چوڑائی نیچے کی طرف ۵۰۰۲ میٹر اور چوٹی پر ۳۴۰۲۲ ۱ میٹر تھی - ہر دو دروازوں کے درمیان اٹھائیس اٹھائیس بڑے بڑے برج تھے، البتہ باب الکوفہ اور باب البصرہ کے درمیان ان کی تعداد انتیس تھی - ہر دروازے پر ایک قبہ بنا تھا، جہاں سے سارا شہر دکھائی دیتا تھا اور نیچے پاسبانوں کے گھر تھے - اس فصیل کے بعد ۵۷،۰۰۷ ۱ میٹر چوڑا میدان تھا جس میں مکانات بنے ہوئے تھے - یہاں صرف فوجی سرداروں اور متوسّلین (موالی) کو مکان بنانے کی اجازت تھی، پھر بھی ہر سڑک پر دونوں طرف مضبوط پھاٹک بنے تھے جو مقفل کیے جا سکتے تھے - اس کے بعد ایک تیسری سادہ سی دیوار آتی تھی جو اندر کے اس وسیع رقبے پر حاوی تھی جس میں فقط ذیل کی عمارتیں تھیں : قصر خلافت (باب الذّہب)، جامع مسجد، متعدّد دیوان [سرکاری دفاتر]، خلیفہ کی اولاد کے مکانات اور دو سقیفے کہ ایک پہرہ داروں کے سردار کے لیے تھا اور دوسرا شرطہ (پولیس) کے حاکم کے لیے - شہر میں نظم و ضبط کے قیام، اندرونی مواصلات کی سہولت اور بیرونی کاروانی راستوں سے بہ آسانی رابطہ رکھنے کے لیے شہر کو دو سڑکوں کے ذریعے چار برابر حصوں میں منقسم کیا گیا تھا - یہ سڑکیں یکساں فاصلہ رکھنے والے دروازوں سے آتی اور وسط شہر میں ایک دوسرے کو قطع کرتی تھیں - باب خراسان (جسے باب الدولہ بھی کہتے تھے) شمال مشرق میں تھا، اس کے مقابل جنوب مغرب میں باب البصرہ تھا - شمال مغرب میں باب الشام تھا اور جنوب مشرق میں باب الکوفہ - اس طرح اندرونی حلقے میں جانے کے لیے پہلے خندق کو پار کرنا پڑتا تھا، اس کے بعد پانچ دروازوں میں سے گزرنا پڑتا تھا، یعنی باہر کی دیوار کے دو دروازے، دو بڑی فصیل کے عظیم دروازے اور ایک اندرونی دیوار کا دروازہ (دیکھیے الیعقوبی: البلدان، ۱ : ۲۳۸ تا ۲۴۲، الطّبری، ۳ : ۳۲۲ تا ۳۲۳، ابن الجوزی: مناقب، ص ۹ تا ۱۰؛ الخطیب ص ۹ تا ۱۲؛ ابن الاثیر ۵ : ۴۲۷ تا ۴۲۸، ۴۳۹۰؛ الیعقوبی، ۲ : ۴۴۹؛ ابن الفقیہ، مخطوطہ، ورق ۳۳ الف).

قدیم شہنشاہی روایات بھی اس نقشۂ عمارت میں موجود ہیں : خلیفہ کا اپنی رعایا سے بالکل الگ تھلگ رہنا، سلطنتِ نو کی عظمت کی نمائش کے لیے قصر شاہی اور مسجد کی عمارات کو پر شکوہ بنانا، آبادی کا الگ الگ محلّوں میں بانٹ دینا، جن کے دروازوں کو رات کے وقت تالا ڈالا جا سکے اور الگ الگ پہرے بٹھائے جا سکیں - یہ سب باتیں پرانی روایات کی شاہد ہیں .

المنصور نے اپنے بعض انتہائی مخلص حامیوں اور فوجی سرداروں کو شہر کے باہر دروازوں سے ملحقہ قطعات اراضی عطا کیے تھے اور اپنے سپاہیوں کو مضافات کی اراضی (اَرْباض) مکانات بنانے کے لیے دی اور اپنے بعض اعزہ و اقارب کو دور افتادہ زمینیں (اَطْراف) عطا کی تھیں (الیعقوبی، ۲ : ۴۴۹ تا ۴۵۰؛ قب ابن حوقل، ۱ : ۲۳۰).

اس مدّور شہر کی عظمت کا مظہر اس کا سبز گنبد [اَلْقُبَّةُ الْخَضْرَاء] تھا جو ۴۸۰۳۳ میٹر بلند اور قصر شاہی کے اوپر تعمیر کیا گیا تھا - اس کی چوٹی پر ایک اسپ سوار [کا مجسمہ] نصب تھا - ۹ ۳۲۹ھ / ۹۴۱ء میں ایک بارش کے وقت طوفان آیا اور یہ گنبد غالباً بجلی گرنے سے گر پڑا (الصّولی :

marfat.com
Marfat.com

اخبارالراضی، ص ۲۲۹؛ ابن الجوزی: المنتظم، ۶: ۳۱۷ تا ۳۱۸؛ مناقب، ص ۱۱؛ ابوالمحاسن، ۳: ۲۷۰؛ الخطیب، ص ۱۱)، تاہم اس کی دیواریں بہت عرصے تک قائم رہیں اور ۶۵۳ھ/ ۱۲۵۵ء میں جا کر منہدم ہوئیں (ابن الفوطی، ص ۳۰۳؛ سبط ابن الجوزی: مرآۃ الزمان، ۸: ۶۷) - قصر باب الذهب کی تعمیر میں سنگ مرمر اور پتھر استعمال کیا گیا تھا اور اس کے پھاٹک کی تزئین طلائی کام سے کی گئی تھی - یہ محل تقریباً نصف صدی تک [خلیفہ کی] سرکاری سکونت گاہ رہا - اگرچہ خلیفہ [ہارون] الرشید نے اس کی طرف التفات نہ کیا، تاہم امین نے اس میں ایک نئے حصے کا اضافہ کیا اور اس کے گرد ایک ''میدان'' بھی بنوایا - ۱۹۸ھ/ ۸۱۴ء میں محاصرۂ بغداد کے دوران اس محل کو بہت نقصان پہنچا - اس کے بعد یہ سرکاری مسکن نہ رہا اور اس کی دیکھ بھال موقوف ہو گئی (قب ابن الفوطی، ص ۳۰۳).

جامع مسجد (= جامع المنصور) چونکہ قصر کے بعد تعمیر کی گئی تھی، اس لیے یہ سمت قبلہ سے ذرا ہٹی ہوئی تھی (قب الطبری (قاہرہ)، ۶: ۲۶۵؛ ابن الاثیر، ۵: ۳۴۹) - ۱۹۱ھ/ ۸۰۷ء میں ہارون الرشید نے اسے گرا دیا اور دوبارہ اینٹوں سے تعمیر کیا - ۲۶۱ھ/ ۸۷۵ء میں اسے وسیع کیا گیا اور پھر ۲۸۰ھ/ ۸۹۳ء میں آخری مرتبہ اضافہ کیا گیا - المعتضد نے اس میں ایک اور صحن کا اضافہ کیا اور دوسرے حصوں کی مرمت کی (المنتظم، ۵: ۲۱، ۱۴۳) - اس مسجد میں ایک مینار تھا (الخطیب، ۵: ۱۲۵)، جو ۳۰۳ھ/ ۹۱۵ء میں جل گیا (المنتظم، ۶: ۱۳۰)، مگر پھر دوبارہ بنا دیا گیا (قب ابن الجوزی: المنتظم، ۷: ۲۸۴) - عہد خلافت میں یہی مسجد بغداد کی جامع مسجد رہی - ۶۵۳ھ/ ۱۲۵۵ء میں یہ سیلاب کی زد میں آ گئی، لیکن وہ اس سے اور تاتاریوں کے حملے سے بچ نکلی.

بغداد کا نقشۂ تعمیر معاشرتی تصورات کا مظہر ہے - ہر محلے میں ایک ذمے دار شخص ہوتا اور آبادی عموماً مخلوط سی ہوتی تھی، چنانچہ یہاں مختلف نسلوں (ایرانی، عرب، خوارزمی) اور مختلف پیشوں کے لوگ آباد تھے - سپاہیوں کے گھر شہر پناہ سے باہر اور عموماً شہر کے شمالی یا مغربی جانب تھے، جب کہ سوداگروں اور کاری گروں کے مراکز نہر صراۃ کے جنوبی جانب کرخ میں تھے (دیکھیے ابن الفقیہ، مخطوطہ، ورق ۳۷ ب، ۳۳ ب، ۲۹ ب).

بغداد کے نقشے میں منڈیوں کی اہمیت بہت نمایاں رہی ہے - شروع ہی میں بڑی فصیل سے اندرونی دیوار تک چاروں شاہراہوں کے کنارے کنارے بلند محرابوں والے کمرے (طاقات) تھے جن میں دکانیں کھولی گئیں اور یوں شہر میں چار منڈیاں قائم ہو گئیں (قب الطبری، ۳: ۳۲۲) - علاوہ بریں خلیفہ کا حکم تھا کہ دیوار کے باہر کے چاروں حصوں میں منڈیوں کے لیے کافی زمین چھوڑی جائے تا کہ ہر حصے میں ایک بڑی منڈی قائم ہو سکے (الیعقوبی: البلدان، ص ۲۴۲) - امن و حفاظت کے خیال سے المنصور نے ۱۵۷ھ/ ۷۷۳ء میں حکم دیا کہ منڈیاں مدوّر شہر سے کرخ میں منتقل کر دی جائیں - وہ چاہتا تھا کہ شور و شغب کرنے والے عناصر شہر سے دور رکھے جائیں، چنانچہ اس نے اس امر کا بندوبست کیا کہ رات کے وقت محلوں کے پھاٹک منڈیوں میں آمد و رفت کے لیے کھلے نہ رکھے جائیں اور لوگوں کے ساتھ مل کر شہر کے اندر جاسوس داخل نہ ہونے پائیں - اس کے بدلے اس نے نہر صراۃ اور نہر عیسی کے درمیان منڈیاں بنانے کا منصوبہ تیار کیا (الطبری، ۳: ۳۲۴ تا ۳۲۵؛ ابن الجوزی: مناقب، ص ۱۳ تا ۱۴؛ یاقوت،

marfat.com
Marfat.com

۳ : ۳۵۴).

ہر حرفے یا پیشے کے لیے اس کی علیحدہ منڈی یا بازار (درب) ہوتا تھا ۔ کرخ کی منڈیاں حسب ذیل تھیں : پھلوں کی منڈی، کپڑے کی منڈی، غلّے وغیرہ کی منڈی، بازار صرّافہ، کتب فروشوں کا بازار، بھیڑ بکری کی منڈی (الیعقوبی : البلدان، ص ۲۳۱، ۲۳۵، ۲۴۶، ۲۵۳؛ الاصطخری، ص ۸۴؛ ابن حوقل، ص ۱۶۴؛ الخطیب، ص ۲۲، ۳۱، ۶۷؛ ابن الجوزی : مناقب، ص ۲۶ تا ۲۸) ۔ یہ بھی پتا چلتا ہے شہر کی ترقی کے ساتھ ساتھ یہاں خراسان، ماوراءالنہر، مرو، بلخ، بخارا اور خوارزم سے سوداگر آنے لگے ۔ ان کی منڈیاں محلۂ حربیہ میں تھیں ۔ ان سوداگروں کے ہر ایک گروہ کا ایک قائد اور ایک سردار ہوتا تھا (الیعقوبی : البلدان، ص ۲۴۶ تا ۲۴۸) ۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ہر حرفے والوں کا سردار حکومت منتخب کرتی تھی (دیکھیے الدُّوری : تاریخ العراق الاقتصادی، ص ۸۱).

ایک روایت ہے کہ [خلیفہ] المنصور چاہتا تھا کہ مدائن کے قصرِ سفید کا ایک حصّہ منہدم کر کے اس کی اینٹیں اپنی عمارتوں میں لگائے، لیکن چونکہ اس کام میں خرچ ضرورت سے کہیں زیادہ اٹھتا تھا، لہٰذا وہ اس اقدام سے باز رہا ۔ ایک اور روایت میں کہا گیا ہے کہ المنصور کے دل میں قصرِ سفید کی مرمت کرانے کا خیال تھا، لیکن اس کو اپنی تجویز پر عمل کرنے کا وقت نہیں ملا ۔ یہ دونوں حکایتیں شعوبیہ مناقشے کی یاد دلاتی ہیں ۔ شہر بغداد کا زیادہ حصہ کچی اینٹوں سے تعمیر کیا گیا تھا.

الیعقوبی کا بیان ہے کہ بغداد کی تعمیر کا نقشہ ۱۴۱ھ/۷۵۸ء میں تیار ہو چکا تھا، (الیعقوبی : البلدان، ص ۲۳۸)؛ لیکن تعمیر کا کام یکم جمادی الاولٰی ۱۴۵ھ / ۲ اگست ۷۶۲ء میں شروع ہوا (الخوارزمی کا بیان، در الخطیب، ص ۲؛ قب الیعقوبی، مترجمہ Wiet، ص ۱۱، حاشیہ ۳) ۔ چار ماہرینِ فن عمارت نے اس شہر کا منصوبہ تیار کر لیا ۔ حجّاج بن اَرْطاۃ نے مسجد کا نقشہ تیار کیا ۔ (الطبری (قاہرہ) ۲۶۰:۶، ۲۶۵، ۲۳۷؛ الیعقوبی، ص ۲۴۱) ۔ تعمیر کے لیے المنصور نے ایک لاکھ مزدور اور کاریگر اکٹھے کیے تھے (الیعقوبی، ص ۲۳۸؛ الطبری، ۳ : ۲۷۷) ۔ نہر کرخایہ سے ایک چھوٹی نہر مقامِ تعمیر تک نکالی گئی تھی تا کہ تعمیری کاموں اور پینے کے لیے پانی فراہم ہو سکے (الیعقوبی، ص ۲۳۸) ۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ۱۴۶ھ / ۷۶۳ء میں کم از کم محل، مسجد اور سرکاری دفاتر بن کر تیار ہو چکے تھے اور المنصور بغداد میں منتقل ہو گیا تھا (الطبری، ۳ : ۳۱۳؛ الخطیب، ص ۲) ۔ ۱۴۹ھ / ۷۶۶ء تک مدوّر شہر کی تعمیر پایۂ تکمیل کو پہنچ گئی (الطبری، ۳ : ۳۵۳؛ الخطیب، ص ۲ تا ۳).

المنصور کا مدوّر شہر شہری منصوبہ بندی کا ایک قابلِ قدر نمونہ ہے ۔ دائرے کی شکل میں ہونے کی وجہ سے اس کا مرکز اپنے مختلف حصّوں سے یکساں فاصلے پر تھا، لہٰذا شہر کا انتظام اور دفاع آسانی سے ہو سکتا تھا ۔ عرب مصنّفین اس نقشے کو بےمثل قرار دیتے ہیں (الیعقوبی، ص ۲۳۸؛ ابن الفقیہ، ورق ۳۳ ب؛ الخطیب، ص ۶۷؛ الذہبی : دول، ۱ : ۷۶)، تاہم مدور شہر کا منصوبہ مشرق قریب میں کوئی غیر معروف چیز نہیں ہے ۔ اُرُک (Uruk) کا نقشہ قریب قریب گول ہے (V. Christian : *Altertumskunde*، جلد ۲، جدول ۱۳) ۔ اشوریہ کی فوجی چھاونیوں کے احاطے گول ہیں ۔ کریسوِل Creswell نے ایسے گیارہ شہروں کی فہرست دی ہے جو بیضوی یا مدوّر تھے ۔ ان میں سے حرّان، عقبہ Agbatana الحَضر Hatra اور داراب جِرد ہیں ۔ دارب جِرد نقشے کے لحاظ سے المنصور کے شہر سے

Marfat.com

بہت زیادہ ملتا جلتا ہے (Creswell : *Early Muslim Arch.* (short)، ص ١٧١ تا ١٧٣؛ Meissner : *Babylonien und Assyrien*، جلد ١ : جدول ١٦١) .

غالبًا اس مدوّر شہر کے معمار اس قسم کے نقشوں سے واقف تھے - ابن الفقیہ بتاتا ہے کہ نقشے پسند کرتے وقت سوچا گیا تھا کہ شہر کی شکل مربع ہو یا گول؛ گول شکل زیادہ مکمّل ہوتی ہے (البلدان، مخطوطہ، ورق ٣٣ ب)؛ تاہم غالب یہ ہے کہ گول قلعے کے تصور کی بنا پر اس شہر کا خاکہ گول بنایا گیا - الطبری کا بیان ہے کہ المنصور نے شہر کے چار دروازے فوجی چھاونیوں کے دستور کے موافق بنائے (الطبری، مطبوعۂ قاہرہ، ٦ : ٢٦٥).

المنصور کے شہر کی وسعت کے متعلق مختلف معلومات ملتی ہیں - ایک بیان یہ ہے کہ باب الخراسان سے باب الکوفہ تک کا فاصلہ ٨٠٠ ذراع (=٣٠٥١٢ میٹر) ہے اور باب الشام سے باب البصرہ تک ٦٠٠ ذراع (=٣٠٣٠١٢ میٹر) کا فاصلہ ہے (الخطیب، ص ٩ تا ١١؛ ابن الفقیہ : مخطوطہ، ورق ٣٣ ب) - وکیع کی اطلاع کے مطابق ہر دو دروازوں کے درمیان ١٢٠٠ ذراع (=٦٠٨٠٢٨ میٹر) کا فاصلہ ہے (الخطیب، ص ١١)؛ مگر ان دونوں بیانوں میں شہر کی وسعت کا اندازہ کم لگایا گیا ہے - تیسری اطلاع رباح کی ہے، جو شہر کے معماروں میں سے تھا - اس میں ہر دو دروازوں کے درمیان ایک میل کا فاصلہ بتایا گیا ہے (یا ٥٠٠٠ ذراع مرسلہ =٨٢٨ میٹر، دیکھیے D. Rayyis، ص ٥٧؛ الخطیب، ص ٨ - یہی تخمینہ ابن الجوزی : مناقب، ص ١٩، یاقوت [illegible] ابوالمحاسن [illegible] ٣٠٠١ اور الاثیر [illegible] ص [illegible] میں دیا ہے - اس کی تائید اس پیمائش سے ہوتی ہے جو المقتدر کے حکم کے مطابق کی گئی اور جسے [illegible] الخطیب

نے نقل کیا ہے (الخطیب، ص ٥؛ ابوالمحاسن، ١ : ١٣٣) - اس پیمائش کے مطابق شہر کا قطر ٢٣٥٢ میٹر ہوتا ہے - الیعقوبی کا اندازہ کہ ہر دو دروازوں کا درمیانی فاصلہ خندق کے باہر سے ٥٠٠٠ ذراع السود (=٢٥٣٣٠٠٥ میٹر) تھا، مذکورۂ بالا پیمائش کی روشنی میں قرین قیاس ٹھیرتا ہے .

المنصور نے اس شہر کی تعمیر پر کتنا روپیہ صرف کیا؟ اس کی بابت بھی مختلف بیانات ملتے ہیں - ایک بیان میں خرچ کی رقم ایک کروڑ اسی لاکھ بتائی گئی ہے (اور غالبًا دنیار مراد ہیں) (الخطیب، ص ٥؛ ابن الجوزی : مناقب، ص ٣٣؛ یاقوت، ١ : ٦٨٣؛ الاربلی : تبر، ص ٥٣٣) - دوسرا بیان یہ ہے کہ دس کروڑ درہم خرچ ہوے (ابوالمحاسن، ١ : ١٣٣) - بہر حال اس سرکاری بیان کی رو سے، جو دفاتر خلافت کی قدیم دستاویزوں پر مبنی ہے، المنصور نے اس گول شہر پر چالیس لاکھ آٹھ سو تراسی درہم خرچ کیے (الطبری، ٣ : ٣٢٦؛ المقدسی : ص ١٢١؛ الخطیب، ص ٥ تا ٦؛ نیز دیکھیے ابن الاثیر، ٥ : ٤٩١؛ ابن الجوزی : مناقب، ص ٣٠) - اگر ہم اس بات کا لحاظ کریں کہ اس زمانے میں مزدوری اور سامان تعمیر سستا تھا اور المنصور بذات خود حساب کتاب کی جانچ پڑتال سختی کے ساتھ کرتا تھا، تو یہ رقم قابل قبول نظر آتی ہے .

[illegible] ١٥٧ [illegible] میں المنصور نے باب الخراسان کے مقابل ایک قصر دریاے دجلہ کے کنارے تعمیر کیا، جس میں وسیع باغات تھے اور اس کا نام الخلد رکھا - یہ جگہ مچھروں سے پاک تھی اور تازہ ہوا کے لیے مشہور تھی - خود اس کا نام بہشت کی یاد دلانے والا تھا (الطبری، ٣ : ٣٧٩؛ الخطیب، ص ٥؛ یاقوت، ٢ : ٤٨٣؛ ابن الجوزی : مناقب، ص [illegible]؛ ابن الاثیر، ٦ : [illegible]؛ ابن الفقیہ [illegible] ورق [illegible])

marfat.com

Marfat.com

جنگی مصالح اور المنصور کی یہ حکمت عملی کہ فوج کو منقسم رکھا جائے، پھر جگہ کی کمی، یہ وجوہ تھوڑے ہی دن میں اس بات کے محرک ہوے کہ خلیفہ ولی عہد المہدی کے لیے دریاے دجلہ کی شرقی جانب ایک فوجی معسکر تعمیر کرے۔ اس کا مرکزی حصہ معسکر المہدی تھا (جس کا نام بعد میں رصافہ ہو گیا کیونکہ الرشید نے وہاں اسی نام کا ایک محل بنایا تھا)، جس میں اس کے محل اور مسجد کی تعمیر ہوئی۔ اس کے گردا گرد فوجی سرداروں اور متوسلین کے لیے گھر تھے۔ تجارتی سرگرمیاں بھی بہت جلد باب الطاق کی منڈیوں (اسواق) میں شروع ہو گئیں۔ اس کے فوجی حصے کے آثار معسکر المہدی کے چاروں طرف بنائی ہوئی دیوار اور خندق سے ظاہر ہیں۔ اس کی تعمیر ۱۵۱ھ/ ۷۶۸ء میں شروع اور ۱۵۷ھ/ ۷۷۳ء میں مکمل ہوئی۔ رصافہ المنصور کے شہر کے تقریباً مقابل بنا تھا (الیعقوبی : البلدان، ص ۲۵۱ تا ۲۵۳؛ الاصطخری، ص ۸۳ تا ۸۴؛ الخطیب، ص ۲۳ تا ۲۵؛ ابن الجوزی : مناقب، ص ۱۲ تا ۱۳؛ المقدسی، ص ۱۲۱؛ ابوالمحاسن، ۲ : ۱۶؛ یاقوت، ۲ : ۷۸).

بغداد بہت جلد کثرت عمارات، تجارتی چہل پہل، ثروت اور آبادی میں بڑھتا چلا گیا۔ مشرقی بغداد میں لوگوں کی ہر طرف سے بھرمار ہو گئی اور وہ اول تو مہدی کے عطیات کی کشش سے اور بعد ازاں برامکہ [رک بآں] کی وجہ سے، جنھوں نے باب الشماسیہ کے قریب اپنا ایک خاص محلہ بنا لیا تھا، یہاں کھچتے چلے آئے (الیعقوبی : البلدان، ص ۲۵۱؛ الاغانی (بولاق)، ۶ : ۷۸؛ ۵ : ۸؛ ابن خلکان (بولاق)، ۲ : ۳۱۱)۔ یحیی برمکی نے ایک شاندار محل تعمیر کیا اور اس کا نام از رہ انکسار ''قصر الطین'' رکھا (الاغانی، ۵ : ۸)۔ جعفر نے مشرقی بغداد کے زیریں جانب ایک بڑا پر تکلف محل بنایا، جو بعد میں المامون کو دے دیا گیا۔ الرشید کے زمانے میں شہر کا شرقی پہلو باب الشماسیہ سے (جو باب القطربل کے سامنے تھا) مخرم تک پھیلا ہوا تھا (اس کی جنوبی حد قنطرۃ المامون الجدیدۃ تک ہے) (الیعقوبی : البلدان، ص ۲۵۳ تا ۲۵۴)۔ دوسری جانب الامین نے قصر الخلد سے، جہاں ہارون الرشید رہتا تھا، باب الذھب کی طرف رخ کیا، اسے دوبارہ درست کرایا اور اس میں ایک طرف مکانات کی قطار کا اضافہ کر کے اس کے چاروں جانب چوکور احاطہ بنا دیا (قب الجہشیاری، قاہرۃ ۱۹۳۸ء، ص ۱۹۳؛ ابن الأثیر، ۱۱ : ۱۵۲)۔ ملکۂ زبیدہ نے دریاے دجلہ کے کنارے ایک مسجد بنوائی (جس کا نام اسی کے نام پر رکھا گیا)؛ یہ شاہی محلات کے قریب تھی۔ ایک اور شان‌دار مسجد شہر کے شمال میں اپنے محلے قطیعۃ [ام جعفر (= زبیدۃ)] میں تعمیر کی (یاقوت، ۳ : ۲۱۱ [؟، ۱۳۱]، ابن خلکان، ص ۱۸۸؛ المستطرف (طبع بولاق)، ۱ : ۲۸۹)۔ اسی ملکہ نے قصر الخلد کے قریب ایک اور محل بنوایا، جو قصر القرار کہلاتا تھا (قب الخطیب، ۱ : ۸۷).

شہر کا مغربی حصہ شمال میں باب القطربل اور محلۂ کرخ کے درمیان پھیلنا شروع ہوا۔ محلۂ کرخ نہر عیسی تک پھیل گیا (یہ نہر موجودہ تلول خشم الدورہ کے مقام پر دریاے دجلہ سے مل جاتی تھی)؛ مغرب کی جانب یہ محول کے قرب و جوار تک پہنچ گیا (مشرق، ۱۹۳۴ء، ص ۸۹؛ قب ابیات، در یاقوت، ۱ : ۶۸۶؛ المسعودی، ۶ : ۳۵۴؛ الطبری ۳ : ۸۷۴، ۸۷۶)۔ بغداد کے حسن و جمال کی تعریف میں شعرا رطب اللسان ہیں اور اسے ''فردوس ارضی'' کہتے ہیں۔ اس کے حیرت انگیز باغ، سرسبز دیہات، اونچے اونچے عالیشان محلات، جن کے دروازے

Marfat.com

اور ایوان اعلٰی درجے کے نقش و نگار سے آراستہ اور نفیس و پر تکلف فرش و فروش سے مزین تھے، بہت مشہور تھے (قب الطبری، ۳ : ۸۷۳، ۸۷۴؛ القالی : امالی، ۲ : ۲۳۷؛ یاقوت، ۱ : ۶۸۶).

بغداد کو الامین اور المأمون کے باہمی جدال و قتال کے زمانے میں سخت صدمہ پہنچا ۔ چودہ ماہ تک اس کا محاصرہ رہا تو جنگ خود شہر تک پہنچ گئی ( المسعودی، ۶ : ۴۵۶ ) ۔ اہل شہر کی شدید مقاومت سے زچ ہو کر طاہر نے حکم دیا کہ مدافعین کے گھر منہدم کر دیے جائیں؛ چنانچہ دریاے دجلہ، دارالرقیق (باب الخراسان کے شمال میں)، باب الشام، باب الکوفہ سے نہر صراۃ، نہر کرخایہ اور کناسہ تک محلے کے محلے تباہ و برباد کر دیے گئے (الطبری، ۳ : ۸۸۷) ۔ سرکش بلوائیوں، بے لگام رضاکاروں اور عیاروں کے ہاتھوں یہ تباہی پایۂ تکمیل تک پہنچ گئی ۔ قصرالخلد اور دیگر محلات، کرخ اور مشرقی جانب کے چند محلوں کو بہت سخت نقصان پہنچا ۔ ''تباہی اور غارتگری خوب زوروں پر رہی یہاں تک کہ بغداد کی ساری شان و شوکت جاتی رہی''؛ یہ الطبری اور المسعودی کے الفاظ ہیں (دیکھیے الطبری، ۳ : ۸۷۰ تا ۸۷۹، ۹۲۵ تا ۹۲۶؛ المسعودی ۶ : ۴۴۳ تا ۴۵۰؛ ابن الأثیر، ۶ : ۱۸۸ ببعد) ۔ بغداد میں یہ انتشار جاری رہا تا آنکہ ۲۰۴ھ / ۸۱۹ء میں المأمون مرو سے بغداد پہنچ گیا ۔ المأمون آ کر اپنے قصر میں ٹھیرا اور اسے اتنا وسیع کیا کہ ایک گھڑ دوڑ کا میدان، ایک چڑیا گھر اور اس کے خاص جاں‌نثاروں کے مکانات اس کے اندر بن گئے (یاقوت، ۱ : ۸۰۷) ۔ پھر اس نے اپنا یہ محل الحسن بن سہل کو عطا کر دیا، جو آئندہ قصر الحسنی کے نام سے مشہور ہوا اور اس نے یہ محل بروے وصیت اپنی دختر بوران کو دے دیا ۔ المأمون کے عہد میں بغداد نے دوبارہ زندگی پائی ۔ اس نے شرقی جانب ایک محل تعمیر کیا (الیعقوبی، ص ۲۵۵؛ قب الخطیب، ص ۷۴) ۔ اس کے بعد اس نے فیصلہ کیا کہ اپنی نئی ترک فوج کے لیے نیا دارالسلطنت تعمیر کرے ۔ بغداد اتنا گنجان آباد تھا کہ اس میں فوج کی گنجائش نہ تھی ۔ ادھر بغداد کے شہری اور پرانے فوجی دستے دونوں اس کی ترک فوج سے عناد رکھتے تھے اور المأمون کو فساد کا خطرہ تھا ۔ سامرا کے دور (۸۳۶ تا ۸۹۲ء) میں بغداد خلفا کی براہ راست توجہ سے محروم رہا ( قب الیعقوبی، ۲ : ۳۰۸؛ الاربلی، ص ۱۶۱)، تاہم وہ تجارتی اور ثقافتی سرگرمیوں کا بڑا مرکز بنا رہا ۔

بغداد کو ترکوں کے ہنگاموں سے بھی نقصان پہنچا، جب المستعین سامرا، چھوڑ کر بغداد آ گیا اور وہاں المعتز کی فوج نے ۲۵۱ھ / ۸۶۵ء میں اسے سال بھر محصور کیے رکھا ۔ اس زمانے میں رصافہ سوق الثلاثاء تک (آج کل کے شارع سموأل تک) پھیل گیا تھا ۔ المستعین نے بغداد کے دفاعی استحکام کا حکم صادر کیا ۔ شرقی جانب کی دیوار باب الشماسیہ سے سوق الثلاثاء تک بڑھا دی گئی اور غربی جانب قطیعۃ ام جعفر[ = زبیدہ] سے مختلف سکونتی علاقوں کے گرد ہوتی ہوئی صراۃ تک پہنچ گئی اور اس کے گرد کی مشہور خندق [جس کا نام طاہر تھا] کھودی گئی (الطبری، ۳ : ۱۵۵۱) ۔ محاصرے کے زمانے میں مشرقی دیوار کے باہر کے مکان، دکانیں اور باغ دفاعی تدبیر کے طور پر تباہ کر دیے گئے (الطبری، ۳ : ۱۵۷۱) اور شماسیہ، رصافہ اور مخرم کے مشرقی محلوں کو سخت نقصان پہنچا ۔

۲۷۸ھ / ۸۹۱ء میں المعتمد قطعی طور پر بغداد منتقل ہو گیا ۔ اس نے بوران سے قصر حسنی مانگا، چنانچہ بوران نے اس کی نئے سرے سے

marfat.com
Marfat.com

مرمّت کرائی اور اسے خلیفہ کے شایانِ شان آراستہ و پیراستہ کر کے اس کے حوالے کر دیا (قب ابن الجوزی: المنتظم، ۵: ۱۴۴) - اس کے بعد ۲۸۰ھ/۸۹۳ء میں المُعتَضِد نے اس محل کو نئے سرے سے تعمیر کیا؛ اس کے میدانوں کو وسعت دی، اس میں نئے مکانات کا اضافہ کیا اور اس کے قطعات (مطامیر) پر قید خانے بھی تعمیر کیے، اس میں ایک گھڑ دوڑ کا میدان بھی بنا دیا اور پھر اس رقبے کے گرد خاص دیوار کھینچ دی - اسے دارالخلافہ بنانا مقصود تھا، چنانچہ اس میں اضافے ہوتے رہے اور یہ مستقرِ حکومت بنا رہا (الخطیب، ۲۵؛ ابن الجوزی: المنتظم، ٦: ۵۳؛ مناقب، ص ۱۵؛ التنوخی: نشوار، ۸: ۱۵؛ ابوالمحاسن، ۳: ۸۵؛ الاربلی، ص ۱۷۳).

پھر اس نے قریب ہی دریاے دجلہ کے کنارے قصر التّاج کی بنیاد رکھی، مگر بعد میں یہ دیکھ کر کہ وہاں شہر کا دھواں بہت اکھٹا ہو جاتا ہے، اس نے ایک اور محل شمال مشرق کی طرف دو میل کے فاصلے پر بنانے کا فیصلہ کیا اور یوں رفیع و پر شکوہ قصر الثُّریّا کی تعمیر ہوئی، جسے ایک زمین دوز راستے کے ذریعے القصر (الحسنی) سے ملا دیا گیا - اس کے ارد گرد باغات لگائے گئے اور نہر موسی سے وہاں پانی پہنچایا گیا (دیکھیے ابن المعتز کا بیان، در دیوان (بیروت ۱۹۱۳ء)، ص ۱۳۸ تا ۱۳۹) - ہوا کو صاف رکھنے کی غرض سے اس نے حکم دیا کہ بغداد کے ارد گرد دھان اور کھجور کے درخت نہ بوئے جائیں (دیکھیے ابن الجوزی: المنتظم، ۵: ۱۴۲) - قصر الثریا ۴۶۹ھ [۱۰۷٦ - ۱۰۷۷ء] تک اچھی حالت میں رہا اور پھر اسے سیلاب بہا کر لے گیا اور وہ تباہ و برباد ہو گیا (ابن الجوزی: مناقب، ص ۱۵؛ یاقوت، ۱: ۸۰۸) - اب مدوّر شہر کی ویرانی شروع ہوئی - المعتضد نے حکم دیا تھا کہ شہر کی فصیل کو ڈھا دیا جائے، لیکن ابھی اس کا تھوڑا سا حصّہ ہی گرایا گیا تھا کہ آلِ ہاشم نے صداے احتجاج بلند کی کہ یہ شہر پناہ عباسیوں کی شان و شوکت کی مظہر ہے - اس پر المعتضد نے اسے گروانا موقوف کر دیا - بایں ہمہ لوگوں نے رفتہ رفتہ فصیل کو گرا کے اپنے گھروں میں توسیع شروع کر دی، جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ انجام کار ساری شہر پناہ منہدم ہو گئی اور شہر برباد ہو گیا (التنوخی: نشوار، ۱: ۴۷ تا ۵۷).

المُکتَفی (۲۸۹ھ/۹۰۱ء تا ۲۹۵ھ/۹۰۷ء) نے قصرُالتّاج تعمیر کیا - اس میں ایوان اور قبّے بنائے اور دجلے پر بارانداز بھی تعمیر کیا - اس کے احاطے میں اس نے ایک بلند نیم کُروی گنبد بنایا تا کہ وہ گدھے پر سوار ہو کر اس کی چوٹی تک پہنچ سکے (الخطیب، ص ۴۸؛ الاربلی، ص ۱۷۵؛ یاقوت، ۱: ۸۰؛ ابن الجوزی: المنتظم، ۵: ۱۴۴) - ۲۸۹ھ/۹۰۱-۹۰۲ء میں المکتفی نے محل کے قیدخانے ڈھا دیے اور ایک جامع مسجد (جامع القصر) تعمیر کی، جو المقتدر کے زمانے تک تیسری جامع مسجد بنی رہی (ابن الجوزی: المنتظم، ٦: ۳؛ الخطیب، ص ٦۲).

المقتدر (۲۹۵ھ/۹۰۸ء تا ۳۲۰ھ/۹۳۲ء) نے شاہی محلّات میں نئی عمارتوں کا اضافہ کیا اور ان کی تزئین و آرائش مبالغے کی حد تک کی - اس نے چڑیا گھر (حَیرالوحُوش) کی طرف خاص توجہ مبذول کی (قب الخطیب، ص ۴۸، ۵۳) - خطیب نے سال ۳۰۵ھ/۹۱۷-۹۱۸ء کے جو تفصیلی واقعات بیان کیے ہیں وہ پڑھنے کے قابل ہیں - محلّات کے گرد کی محکم فصیل اور المقتدر کے دیوانِ عام سے شہر کے ایک دروازے تک خفیہ راستہ، دفاع کی ضروری تدبیریں تھیں (دیکھیے الخطیب، ص ۵۱) - نوادر عجائبات میں ایک دارالشجرہ تھا - یہ ایک بڑے حوض کے اندر چاندی کا درخت تھا، جس کے اٹھارہ ٹہنے اور شاخ در شاخ ٹہنیاں تھیں - ان پر نقرئی

Marfat.com

یا طلائی پرند اور چڑیاں بیٹھی تھیں، جو کبھی کبھی سیٹیاں بجاتی تھیں ۔ حوض کے دونوں طرف شہ سواروں کے پندرہ مجسمے ایک ہی سمت میں حرکت کرتے تھے، گویا ایک دوسرے کا تعاقب کر رہے ہوں (ص ۵۰) ۔ ایک ۳۰ × ۲۰ ذراع پارے کا حوض تھا، جس میں ۴ طلائی کشتیاں تھیں ۔ اور اس کے گرد ایک پرستان جیسا باغ تھا ۔ چڑیا گھر کے اندر ہر قسم کے جانور تھے ۔ ایک شیر گھر تھا، جس میں ایک سو شیر تھے ۔ ایک قصر الفردوس تھا، جس میں قابلِ دید اسلحہ تھے۔ شاہی احاطے کے اندر محلّات کی تعداد تیئیس تھی (قب الخطیب، ص ۵۳ تا ۵۵؛ ابن الجوزی : المنتظم، ۶ : ۱۴۴)۔

اس زمانے میں بغداد اپنے انتہائی عروج پر پہنچ گیا ۔ شرقی حصہ چوتھی صدی ہجری / دسویں صدی عیسوی میں شمّاسیہ سے دارالخلافہ تک پانچ میل (ایک میل = ۱۸۴۸ میٹر) پھیل گیا تھا (الاصطخری، ص ۸۳) ۔ طیفور (م ۸۹۳ء) لکھتا ہے کہ المُوَفّق نے ۲۷۹ھ / ۸۹۲ء سے پہلے بغداد کی مساحت کا حکم دیا ۔ معلوم ہوا کہ اس کا رقبہ ۴۳۷۵۰ جریب ہے ۔ اس میں سے ۲۶۲۵۰ جریب مشرقی بغداد کا تھا اور ۱۷۵۰۰ جریب مغربی بغداد کا (ابن الفقیہ، ورق ۴۴ ب؛ قب ابن حوقل، ۱ : ۲۴۳) ۔ طیفور کے ایک اور قول کے مطابق مشرقی بغداد الموفق کے زمانے میں ۱۶۷۵۰ جریب (ایک جریب = ۱۳۶۶ مربع میٹر) اور مغربی بغداد ۲۷۰۰۰ جریب تھا ۔ یہ قول زیادہ صحیح معلوم ہوتا ہے کیونکہ اس وقت تک مغربی بغداد کی اہمیت زیادہ تھی ۔ ایک اور روایت میں بغداد کا کل رقبہ ۵۳۷۵۰ جریب دیا ہے، یعنی ۲۶۷۵۰ جریب مشرقی بغداد میں اور ۲۷۰۰۰ جریب مغربی بغداد میں (الخطیب، ص ۴۷) ۔ اغلب یہ ہے کہ مؤخر الذکر پیمائش المقتدر کے زمانے کی ہو جب مشرقی بغداد میں بڑی توسیع ہوئی تھی ۔ ان سب روایات میں بغداد کی لمبائی دونوں جانب تقریباً یکساں تھی، کیونکہ الاصطخری اور طیفور دونوں کے بیان کے مطابق پہلی پیمائش (۲۷۹ھ / ۸۹۲ء) میں بغداد کا طول تقریباً ۷ ۱/۴ کیلومیٹر اور عرض ۶ ۱/۲ کیلومیٹر دیا ہے ۔ اس کے مقابلے میں المقتدر کے زمانے (۳۲۰ھ / ۹۳۲ء) کی پیمائش میں طول تقریباً ۸ ۱/۲ کیلومیٹر ہے اور عرض ۷ ۱/۴ کیلومیٹر تھا.

بغداد کا جغرافیائی مقام، اس کے سرگرم عمل باشندے (قب الجاحظ : کتاب البخلاء، ص ۳۹؛ التنوخی : الفرج، ۲ : ۱۱)، پھر حکومت کا لوگوں کو تجارت کی ترغیب دینا (قب الیعقوبی، ص ۵۹۰) اور خلافت کی شہرت و ناموری، ان سب باتوں نے بغداد کو بہت جلد تجارت کا ایک عظیم مرکز بنا دیا (دیکھیے : الدُّوری : تاریخ العراق الاقتصادی، ص ۱۴۳ تا ۱۵۷) ۔ منڈیاں بغداد کی زندگی کی ایک خصوصیت بن گئیں، جو رُصافہ میں اور خصوصیت سے کرخ میں قائم تھیں ۔ ہر جنسِ تجارت کا ایک الگ بازار (سُوق) تھا، مثلاً میوے کا بازار، کپڑے کا بازار، روئی کا بازار، کتب فروشوں کا بازار (جس میں سو سے زیادہ دکانیں تھیں)، صرّافہ اور کرخ میں دوافروشوں (عطّارین) کی منڈی ۔ غیر ملکی سوداگروں کے بازار باب الشام میں تھے ۔ شہر کے مشرقی حصے میں بھی مختلف قسم کے بازار تھے ۔ ان میں پھولوں کا بازار (سُوق الطّیب)، کھانے کا بازار، سناروں کا بازار، بکر منڈی، کتب فروشوں کا بازار اور چین سے درآمد شدہ اشیا کا بازار شامل تھے (الیعقوبی : البلدان، ص ۲۴۱، ۲۴۶، ۲۴۸، ۲۵۴؛ الاصطخری، ص ۴۸؛ الخطیب، ص ۲۲، ۶۵ ببعد؛ ۳۶، ۹۹؛ ابن الجوزی : مناقب، ص ۲۶، ۲۷ تا ۲۸؛ ابن حوقل، ص ۲۴۲) ۔

marfat.com
Marfat.com

المنصور کے زمانے سے منڈیوں کی نگرانی کے لیے محتسب مقرر کیا جاتا تھا، جو دھوکے بازی اور فریب کا انسداد، ناپ تول کے باٹوں کی جانچ پڑتال کرتا تھا (قب الخطیب، ص ۲۰؛ الصابی: رسائل، ص ۱۱۴، ۱۳۱ تا ۱۳۲؛ الماوردی، ص ۱۳۱ تا ۱۳۲) - محتسب حماموں کی نگرانی بھی کرتا تھا اور ممکن ہے کہ مسجدوں کی دیکھ بھال بھی اسی کے ذمے ہو (الخطیب، ص ۷۸) - وہ تخریبی کارروائیوں کی روک تھام بھی کرتا تھا۔

ہر منڈی اور ہر حرفے کا ایک سردار ہوتا، جسے حکومت مقرر کرتی تھی - ہر پیشے کا ''ثانی'' اور ''استاذ'' ہوا کرتے تھے (قب اخوان الصفا، ۱: ۲۰۵؛ قب رسائل الجاحظ (طبع السندوبی)، ص ۱۲۶)- بغداد سے سوتی اور ریشمی پارچہ دساور جاتا تھا، خاص کر رومال، پیش بند، عمامے، تراشیدہ بلور، روغنی برتن، مختلف قسم کے تیل، عرق، معجونیں (حدود العالم، ورق ۱۱ الف؛ المقدسی، ص ۱۲۸) - بغداد میں رنگ برنگ کے قمیص، باریک کپڑے کے عمامے اور تولیے تیار ہوتے تھے - ان تولیوں کی بڑی شہرت تھی (الدمشقی: تجارۃ، ص ۲۶) - اس کے باریک سفید سوتی قمیصوں کا کہیں جواب نہ تھا (ابن الفقیہ، ص ۲۵۳) - بغداد کا سقلطون (ریشمی کپڑا)، ملحم اور عتابی (ریشمی اور سوتی) کپڑا شہرۂ آفاق تھا (حدود العالم، ص ۳۸؛ النویری، ۱: ۳۶۹؛ ابوالقاسم، ص ۵۳؛ المقدسی، ص ۳۲۳؛ ابن حوقل، ص ۲۶۱) - باب الطاق میں بہت عمدہ تلواریں تیار ہوتی تھیں (العریب [: صلۃ تاریخ الطبری]: ۵۰)- اسی طرح وہ اپنی چرمی مصنوعات اور کاغذ سازی میں مشہور تھا (قب ابن الفقیہ، ص ۲۵۱)۔

بغداد میں بنکاری کے نظام کی ترقی بھی تجارت اور صنعت و حرفت کے لیے ایک بہت بڑا محرک تھی جیسا کہ صرافوں اور جہبذوں کی سرگرمیوں سے ظاہر ہوتا ہے - صرافوں کے اپنے بازار تھے، خاص کر کرخ میں (قب الجہشیاری، ص ۲۲۸)؛ وہ زیادہ تر عوام الناس کے کام آتے تھے، جب کہ جہبذ زیادہ تر حکومت اور اس کے عہدہ داروں کا کام کرتے تھے۔

بغداد آبادی کے لحاظ سے بین الاقوامی شہر بن گیا - یہاں کے باشندوں میں مختلف اقوام، رنگ اور مذاہب کے لوگ موجود تھے جو یہاں تجارت کرنے، فوج میں بھرتی ہونے، بطور غلام یا دیگر روزگاروں کے لیے آئے تھے - قابل ذکر بات یہ ہے کہ اس کی شہری زندگی میں عام باشندے بڑا حصّہ لینے لگے تھے (دیکھیے ابن الاثیر، ۸: ۸۵ تا ۸۶؛ مسکویہ، ۱: ۷۳ تا ۷۵؛ الاصفہانی: تاریخ (مطبوعۂ برلن)، ص ۱۳۰) - ۳۰۷ھ/۹۱۹ء میں بازار میں چیزوں کی قیمتیں بڑھ جانے کے خلاف ان کی شورش اور ۲۰۱ھ/۸۱۶ء میں الامین کے قتل کے بعد جو افراتفری ہوئی اس میں ان کی قیام امن کی کوشش کے لیے دیکھیے الطبری، ۳: ۱۰۰۹ تا ۱۰۱۰؛ ابن الاثیر، ۶: ۲۲۸ تا ۲۲۹ و ۷: ۱۳ تا ۱۴ - عیارین اور شطاروں کی عملی سرگرمیاں اسی زمانے میں شروع ہوئیں (دیکھیے الطبری، ۳: ۱۰۰۸، ۱۵۸۶؛ المسعودی، ۶: ۴۵۷، ۴۶۱ ببعد)۔

بغداد کی آبادی کا تخمینہ بتانا مشکل ہے - مسجدوں اور حماموں کے تخمینے صریحًا مبالغہ آمیز ہیں - الموفق کے زمانے میں تین لاکھ مسجدیں اور ساٹھ ہزار حمام؛ المقتدر کے زمانے میں ستائیس ہزار حمام؛ معزالدولہ کے زمانے میں سترہ ہزار؛ عضدالدولہ کے زمانے میں پانچ ہزار؛ بہاء الدولہ کے زمانے میں تین ہزار بتائے گئے ہیں (الخطیب، ص ۷۴ تا ۷۶؛ ابن الفقیہ، ورق ۵۹ ب؛ ہلال الصابی: رسوم دارالخلافہ، مخطوطہ، ورق ۲۷ تا ۳۰) - ۳۸۳ھ/۹۹۳ء میں حماموں کا شمار کیا گیا تو ڈیڑھ ہزار حمام نکلے تھے - روایات میں اس بات

Marfat.com

پر زور دیا گیا ہے کہ ایک حمام تقریباً دو سو گھروں کے کام آتا ہے (ابن الفقیه، ورق ۵۹ ب، ٦٠ الف؛ ہلال الصابی، مخطوطه، ورق ۲۹) ۔ اگر ایک گھر کی اوسط تعداد پانچ نفر ہو تو بغداد کی آبادی پندرہ لاکھ کے قریب ہوتی ہے ۔ المقتدر نے سِنان بن ثابت کو حکم دیا کہ طبیبوں کا امتحان لے اور طبابت کرنے کا اجازت نامہ صرف انہیں دے جو اس میں قابلیت رکھتے ہوں ۔ نتیجةً تقریباً آٹھ سو ساٹھ طبیبوں کو اجازت نامے دیے گئے (ابن الاثیر، ۸ : ۸۵؛ ابن ابی اُصَیبعه، ۱ : ۲۰۰ بعد، ۲۲۴، ۳۱۰؛ ابن القِفطی، ص ۱۹۴ بعد) ۔ اگر ہم اس میں ان اطبّا کا اضافه کریں جو سرکاری شفاخانوں میں ملازم تھے اور غیر مجاز طبیبوں کو بھی شامل کر لیں تو یه تعداد غالباً ایک ہزار تک پہنچ جائے گی ۔ مسجد کے رقبے کی پیمائش کے پیش نظر جمعة الوداع کے دن جامع المنصور اور جامع رُصافه میں نماز ادا کرنے والوں کی تعداد کا اندازہ چونسٹھ ہزار کیا گیا تھا (ابن الفقیه، ورق ٦۲ الف؛ نیز دیکھیے الطبری، ۳ : ۱۷۳۰) ۔ تیسری صدی ہجری/ نویں صدی عیسوی کے اواخر میں کشتیوں کی تعداد کا تخمینه تیس ہزار کیا گیا تھا (ابن الجوزی : مناقب، ص ۲۴) ۔ ان اعداد و شمار کے مطابق نیز شہر کے رقبے کے لحاظ سے چوتھی صدی ہجری/ دسویں صدی عیسوی میں بغداد کی آبادی کا تخمینه پندرہ لاکھ ہوتا ہے ۔ الاِتلیدی بھی، جو اسی زمانے میں ہوا ہے، یہی اندازہ بتاتا ہے .

بغداد میں امرا کے محلّے بھی تھے، جیسے الظاہر، الشمّاسیّه، المامونیه اور درب عون اور غریبوں کے بھی، جیسے قَطیعَة الکِلاب اور نَہر الدّجاج (ابوالقاسم البغدادی، ص ۲۳، ۱۰٦) ۔ گھر دو منزله ہوتے تھے، مگر عوام الناس کے گھر ایک منزله ہی تھے ۔ مالداروں کے مکانوں میں حمام ہوتے تھے: ان مکانوں کے عموماً تین حصے ہوتے، جن کے گرد ایک دیوار کھینچ دی جاتی تھی : (۱) زنان خانه، (۲) دیوان خانه اور (۳) شاگرد پیشه ۔ باغوں کی طرف خاص توجه دی جاتی تھی (الأغانی، ۲ : ۷۳ و ۳ : ۳۱ و ۴ : ۱۴۴ و ۵ : ۳۸ و ۱۷ : ۱۲۹؛ ہلال الصابی : رسوم، ص ۳۲) ۔ قالین، دیوان، پردے اور تکیے گھر کے سامان کی نمایاں چیزیں تھیں (ابوالقاسم، ص ۳٦) ۔ گرمی میں پنکھوں اور خاص کر ٹھنڈے کیے ہوے گھروں اور ته خانوں (سرداب) سے کام لیا جاتا تھا (دیکھیے، [جمیل نخلة] المدوّر: حضارة الاسلام، ص ۳۰، ۱۱۷) کتبوں، نیز جانوروں اور پودوں کی اشکال وغیرہ سے دروازوں کو مزین کیا جاتا تھا (کتاب مذکور، ص ۲۹؛ ابوالقاسم، ص ۷، ۳٦).

بغداد کی زندگی کی بڑی خصوصیت، جیسا که پہلے بیان ہو چکا ہے، مسجدوں اور حماموں کی کثرت تھی.

بغداد ثقافت کا عظیم مرکز تھا ۔ یه حنفی اور حنبلی فقه کا گھر تھا ۔ اس میں بیت الحکمة قائم ہوا، جس میں دوسری زبانوں کی علمی کتابوں کے ترجمے بھی ہوتے تھے ۔ اس مرکز سے باہر بھی ترجمے کیے جاتے تھے ۔ پھر یہاں علوم طبیعی سے متعلق کچھ تجربے بھی کیے جاتے تھے ۔ بغداد کی مسجدیں، خصوصاً جامع المنصور، علوم کے بڑے مرکز تھے، کتابوں کی دکانوں کی کثیر تعداد سے، جو بعض اوقات ادبی مراکز کا درجه رکھتی تھیں، ظاہر ہوتا ہے که وہاں تہذیب و ثقافت کی سرگرمیاں کس قدر وسیع پیمانے پر جاری تھیں ۔ اس کے شاعروں، مؤرخوں اور فضلا کی اتنی زیادہ تعداد تھی که بیان نہیں کی جا سکتی ۔ الخطیب کی تاریخ بغداد کو دیکھ کر معلوم ہو سکتا ہے که علم کے ایک ایک شعبے میں بغداد سے تعلق رکھنے والے فضلا کی

marfat.com
Marfat.com

تعداد کتنی زیادہ تھی - صرف خلفا ھی نہیں بلکہ وزرا اور بڑے بڑے عہدےدار سب علم و فضل کی ہر طرح کی قدر افزائی کرتے تھے - اسلامی ثقافت کا تخلیقی عہد بغداد کے ساتھ وابستہ ہے - اسی عہد میں آگے چل کر عام کتب خانے جو مطالعے اور تعلیم کے مرکز تھے قائم کیے گئے، ان میں سب سے زیادہ مشہور ابونصر سابور بن اَردشیر کا دارالعلم تھا - جب مدرسوں کا دور شروع ہوا تو بغداد ھی اس میدان میں سب سے آگے تھا، جہاں النّظامیہ اور المُستنصریہ جیسے مدرسے قائم ہوئے اور ان کا اثر تمام مدارس کے طریقِ درس اور طرزِ تعمیر پر پڑا.

تیسری صدی ھجری / نویں صدی عیسوی اور چوتھی صدی ھجری / دسویں صدی عیسوی میں شفاخانوں کی طرف بالخصوص توجّہ کی جاتی تھی - ان میں البیمارستان السیّدہ (۳۰۶ھ / ۹۱۸ء)، البیمارستان المقتدری (۳۰۶ھ/۹۱۸ء) اور البیمارستان العضدی (۳۷۲ھ / ۹۸۲ء) بہت مشہور تھے - وزیروں اور دیگر افراد نے بھی شفاخانے قائم کیے تھے - اطبا کی وقتاً فوقتاً نگرانی کی جاتی تھی (دیکھیے بیانِ بالا).

الرشید کے زمانے میں بغداد میں تین پُل تھے (یعقوبی، ۲ : ۵۱۰) ان میں سے باب الخرسان کے قریب کَرخ کے دو پُل زیادہ مشہور تھے (قبّ الیعقوبی، ۲ : ۲۴۵؛ الجہشیاری، ص ۲۵۴؛ الطبری، ۳ : ۱۲۳۲) - الرشید نے شمّاسیہ پر دو پُل بنائے تھے، لیکن انہیں پہلے محاصرے میں تباہ کر دیا گیا تھا (ابن الجوزی : مناقب، ص ۲۰؛ ابن الفقیہ، ورق ۲۴ الف) - مذکورۂ بالا تینوں پُل تیسری صدی ھجری / نویں صدی عیسوی کے آخر تک باقی تھے (ابن الفقیہ، ورق ۲۴ الف) - ایسا معلوم ھوتا ہے کہ شمالی پل منہدم ھو گیا تھا، کیونکہ الاصطخری فقط دو پلوں کا ذکر کرتا ہے (ابن الجوزی : مناقب، ص ۲۰؛ الاصطخری، ص ۸۴) - ۳۸۶ھ / ۹۹۶ء میں بہاء الدولہ نے ایک پُل سوق الثلاثاء کے قریب بنایا (بِشْرَعۃ القَتّانین) اور یہی تیسرا پُل ھو گیا - اس سے معلوم ھوتا ہے کہ اس وقت زیادہ توجّہ شمالی بغداد سے ہٹ کر سوق الثلاثاء کی طرف ھو گئی تھی (ابن الجوزی : المنتظم، ۷ : ۱۷۱؛ قبّ ابن الجوزی : مناقب، ص ۲۰؛ الخطیب، ص ۷۱ تا ۷۲).

الأمین کے زمانے تک بغداد کی زندگی میں استحکام و ثبات رہا - پہلے محاصرے کے زمانے میں "عامّۃ" النّاس میں شورش پسند عناصر کا ظہور ہوا - تیسری صدی ھجری / نویں صدی عیسوی کے آخری ربع سے سیلاب اور آتشزدگی نے بھی تباہی میں حصہ لینا شروع کر دیا - ۲۷۰ھ / ۸۸۳ء کے سیلاب نے کَرخ میں سات ہزار گھر تباہ کر دیے - ۲۹۲ھ / ۹۰۴ء اور ۳۲۸ھ [/ ۹۳۹ء] میں بغداد کو سیلاب سے خاصا نقصان پہنچا (الطبری، ۳ : ۲۱۰۵؛ ابن الأثیر، ۸ : ۳۷۱؛ ابوالمحاسن، ۳ : ۱۵۷ اور ۲۶۶) - ۳۷۳ھ / ۹۸۳ء میں سیلاب باب الکوفہ سے آگے بڑھ کر شہر میں داخل ھو گیا (الصُّولی : اخبارالراضی، ص ۲۷۸؛ الخطیب، ص ۱۶) - نہروں کی طرف سے بےپروائی، خصوصاً امیرالامرا کے زمانے (۳۲۴ھ / ۹۳۵ء تا ۳۳۴ھ / ۹۴۵ء) میں، ان سیلابوں کی اور ضلع بادُوریا کی بربادی کی ذمےدار تھی (مِسْکَویہ، ۲ : [۹]؛ الصولی : اخبارالراضی، ص ۱۰۶، ۲۲۵؛ ۱۳۷ تا ۱۳۸) - نتیجہ یہ ہوا کہ قحط اور طاعون جو ۳۲۰ھ / ۹۳۲ء سے پہلے کبھی کبھار کی بات تھی اس کے بعد متواتر آنے لگے (قبّ ابن الأثیر، ۷ : ۱۷۷، ۱۸۷، ۳۳۸) - ۳۰۷ھ / ۹۱۹ء کا قحط اجارہ داری کی وجہ سے تھا اور اس پر جلد ھی قابو پا لیا گیا - ذیل کے سنین میں اشیا کمیاب رہیں:

Marfat.com

۳۲۳ھ / ۹۳۴ - ۹۳۵ء، ۳۲۶ھ / ۹۳۷ - ۹۳۸ء، ۳۲۹ھ / ۹۴۰ء (اس کے ساتھ طاعون بھی تھا)، ۳۳۰ھ / ۹۴۱ء، ۳۳۱ھ / ۹۴۲ء (مع وبا)، ۳۳۲ھ / ۹۴۳ء اور ۳۳۷ھ / ۹۴۸ء؛ اس طرح زندگی اجیرن ہوگئی (الصولی : اخبار الراضی، ص ۶۱، ۱۰۴، ۲۳۶، ۲۵۱؛ ابن الأثیر، ۸ : ۲۸۲، ۳۱۱؛ الاصفہانی : تاریخ، ص ۱۲۵؛ ابوالمحاسن، ۳ : ۲۷۰، ۲۷۴).

۳۰۸ھ / ۹۲۰ء و ۳۰۹ھ / ۹۲۱ء میں کرخ کو آتشزدگی سے خاصا نقصان پہنچا (ابن الأثیر، ۸ : ۸۹، ۹۵) - ۳۲۳ھ / ۹۳۴ء میں کرخ میں ایسی آگ لگی جو عطاروں (دوا فروشوں)، روغن فروشوں، جوہریوں اور دوسرے لوگوں کے محلوں تک پہنچ گئی اور اس کے آثار سالہا سال بعد تک نظر آتے تھے (الصولی : اخبار الراضی، ص ۶۸).

آل بویہ کا زمانہ بغداد کے لیے خاصا دشوار تھا - معزالدولہ (۳۳۵ھ / ۹۴۶ء) نے پہلے بادوریا کی کچھ نہروں کی مرمت کرائی، جس سے معیشت نسبةً بہتر ہو گئی (مسکویہ، ۲ : ۱۶۵). لیکن اس کے بعد غفلت اور بے پروائی کا زمانہ شروع ہوا - بہت سی نہریں، جن سے مغربی بغداد میں آب رسانی ہوتی تھی، تباہ ہو گئیں - ۳۶۷ھ / ۹۷۷ء تا ۳۷۲ھ / ۹۸۲ء میں عضدالدولہ نے ان کو صاف کرایا اور پل اور قلابے دوبارہ تعمیر کرائے (مسکویہ، ۲ : ۴۰۶؛ ۳ : ۶۹؛ ابن الاثیر، ۸ : ۵۱۸) - اس کے بعد ایسے کسی کام کی پھر کوئی خبر نہیں ملتی.

عمارتی سرگرمیاں محدود ہو گئی تھیں - ۳۵۰ھ / ۹۶۱ء میں معزالدولہ نے باب الشّمّاسیّہ کے پاس ایک بڑا محل بنوایا اور اس کے ساتھ ایک بڑا میدان، گیلات اور خوشنما باغات تیار کرائے - اس محل کے لیے اس نے شہرِ مدوّر، یعنی پرانے بغداد کے ساتوں آہنی دروازے منگوا لیے اور محل پر کوئی دس لاکھ دینار (ایک کروڑ دس لاکھ درہم) خرچ کیے؛ مگر ۴۱۸ھ / ۱۰۲۷ء میں اسے گرا دیا گیا (التنوخی : نشوار، ۱ : ۷۰ تا ۷۱؛ ابن الأثیر، ۸ : ۳۹۷ تا ۳۹۸؛ ۹ : ۲۵۶) - عضدالدولہ نے معزالدولہ کے حاجب سبکتکین کا گھر دوبارہ بنوایا - یہ مخرّم کے بالائی حصّے میں تھا اور اس میں وسیع و عریض باغات کا اضافہ کیا اور نہروں کے ذریعے نہر الخالص سے وہاں پانی پہنچایا، جس پر بڑی رقم خرچ ہوئی - یہ محل آل بویہ کے سلاطین کا دارالامارۃ (سرکاری مسکن) بن گیا (الخطیب، ص ۵۸ تا ۵۹؛ ابن الجوزی : المنتظم، ۷ : ۷۷ تا ۷۸؛ قب مسکویہ، ۳ : ۱۲۴).

عضدالدولہ نے بغداد کو بدحالی کا شکار پایا - اس نے حکم دیا کہ اس کے مکانات اور بازار نئے سرے سے بنائے جائیں - اس کی جامع مسجدوں کی دوبارہ تعمیر میں اس نے بہت سا روپیہ خرچ کیا - اس نے دریائے دجلہ کے گھاٹوں کی مرمت کرائی اور مالداروں کو حکم دیا کہ دجلہ پر جو ان کے مکانات ہیں ان کی مرمت کرائیں اور ویران جگھوں میں، جو کسی کی ملک نہ تھیں، باغ لگائیں - اس نے یہ دیکھ کر کہ شہر کے بیچ کا پل تنگ ہے اور بوسیدہ بھی ہو گیا ہے، اسے نئے سرے سے بنوایا اور کشادہ بھی کر دیا (ابن الأثیر، ۸ : ۵۵۸؛ ابن الجوزی : المنتظم، ۷ : ۱۱۴؛ مسکویہ، ۲ : ۴۰۴ تا ۴۰۶) - ۳۷۲ھ / ۹۸۲ء میں اس نے عضدی ہسپتال بنوایا، اس میں اطبّا، نگران اور ذخیروں کے داروغہ مقرر کیے. اور اس کے لیے دوائیں، خوراک، اوزار اور فرش فروش کا سامان افراط سے مہیّا کیا - شفاخانے کے اخراجات کے لیے اوقاف مخصوص کر دیے گئے (ابن الجوزی : المنتظم، ۷ : ۱۱۲ تا ۱۱۴). [نیز دیکھیے اورینٹل کالج میگزین، ضمیمہ، اگست ۱۹۳۸ء جلد ۱۴، عدد

marfat.com
Marfat.com

۳۰، ص ۳].

بایں ہمہ آلِ بویہ کے دور میں بغداد کو تنزل ہوا (التنوخی: نشوار، ۱: ۶۶، کے نزدیک ۳۴۵ھ / ۹۵۶ء کا بغداد المقتدر کے زمانے کے بغداد کا دسواں حصہ رہ گیا تھا) - مدینۃ المنصور سے اس زمانے میں بے پروائی برتی جاتی تھی اور اس میں کوئی رونق نہ تھی (المقدسی، ص ۱۲۰) - مغربی بغداد کے اکثر محلّوں کی حالت خراب تھی اور وہ سمٹ گئے تھے - مغربی بغداد میں کرخ سب سے زیادہ بارونق تھا، کیونکہ تاجروں کی دکانیں اس میں تھیں - یہی وجہ ہے کہ مغربی بغداد کو اب کرخ کہتے ہیں (ابن حوقل، ۱: ۲۴۱ تا ۲۴۲؛ المقدسی، ص ۱۲۰).

شہر کا مشرقی حصہ زیادہ پر رونق تھا - سرکاری عہدے دار عموماً اسی طرف رہتے تھے (قبّ ابن حوقل، ص ۲۴۰) - یہاں شاندار مقامات یہ تھے: باب الطاق، جہاں بڑا بازار تھا؛ دارالامارۃ، جو مُخرّم میں تھا اور خلیفہ کے محل اس کے جنوبی سرے پر تھے (قبّ المقدسی، ص ۱۲۰، ابن حوقل، ۱: ۲۴۰ تا ۲۴۱؛ الاصطخری، ص ۸۴) - اکّا دکّا مکانات کَلْواذا تک چلے گئے تھے - ابن حوقل نے وہاں چار جامع مساجد دیکھیں: جامع المنصور، جامع رُصافہ، جامع براثا اور جامع دارالسلطان (ص ۲۴۱) - اس کے بعد ۳۷۹ھ / ۹۸۹ء اور ۳۸۳ھ / ۹۹۳ء میں قَطِیعہ اور حربیّہ کی مسجدیں بھی جامع مساجد ہو گئیں (ابن الجوزی: المنتظم، ۷: ۱۷۶؛ الخطیب، ص ۳۵ تا ۴۰؛ ابن الجوزی: مناقب، ص ۲۱ تا ۲۲؛ ابن الأثیر، ۹: ۴۸).

ابن حوقل نے دو پل دیکھے، جن میں سے ایک بیکار ہو گیا تھا (۱: ۲۴۱) - ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مُعزالدولہ کے زمانے میں تین پل تھے: ایک باب الشّمّاسیّہ کے سامنے (اس کے محل کے پاس)، دوسرا باب الطاق کے پاس اور تیسرا سوق الثلاثاء کے سامنے - ان میں سے پہلا بھی باب الطاق کے پاس منتقل کر دیا گیا؛ اس طرح وہاں دو پل رہ گئے تھے، لیکن آگے چل کر ان میں سے ایک بیکار ہو گیا (قبّ ابن الجوزی: مناقب، ص ۲۰).

بغداد کو عوام کی شورشوں سے، فرقوں کے باہمی اختلافات سے اور ''عیّاروں'' سے بہت نقصان پہنچا - ہمارے مآخذ عوام کی جہالت کا بار بار ذکر کرتے ہیں، لیکن ان سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ وہ اچھے لوگ تھے، اگرچہ ہر ایک کی بات ماننے اور قانون شکنی کرنے پر بھی تیار ہو جاتے تھے (قبّ المسعودی، ۵: ۸۱، ۸۲ تا ۸۳، ۸۵ تا ۸۷؛ الغزالی: فضائح، ص ۳۵؛ ابن الجوزی: مناقب، ص ۳۱ تا ۳۲؛ البغدادی: الفرق بین الفِرَق، ص ۱۳۱) - ۲۷۹ھ/۸۹۲ء میں المعتضد نے قصہ گویوں اور نجومیوں کو مسجدوں یا گلی کوچوں میں بیٹھنے سے منع کر دیا اور لوگوں کو حکم دیا کہ ان کے گرد جمع نہ ہوں اور مناظرے نہ کریں (ابن الجوزی: المنتظم، ۵: ۱۲۲، ۱۲۷) - آلِ بُوَیہ کے دَور سے قبل حنبلی زوروں پر تھے اور کبھی کبھی لوگوں کے اخلاق زبردستی درست کرنے کی کوشش کرتے تھے (قبّ ابن الأثیر، ۸: ۲۲۹ تا ۲۳۰، ۸۳ تا ۸۵، ۱۰۷ تا ۱۰۸؛ الصولی: اخبار الرّاضی، ص ۱۹۸) - اس عہد میں فرقہ دارانہ فسادات بڑھ گئے، جن کی وجہ سے جان و مال کا بہت زیادہ نقصان ہوا - آلِ بُوَیہ نے ۱۰ محرّم کو عام ماتم کا دن قرار دیا اور حکم دیا کہ اس روز بازار بند رہیں اور لوگوں کو جلوس نکالنے کی ترغیب دی، جس میں عورتیں اپنے منہ پیٹتی جاتی تھیں (قبّ ابن الجوزی، ۷: ۱۵) - علاوہ ازیں ۱۸ ذوالحجّہ (یوم غدیر) کو عید کا دن بنایا گیا - اس کے مقابلے میں سُنّیوں نے دو دن الگ مقرر کیے، جو شیعوں کے مندرجۂ بالا تہواروں کے علی الترتیب

Marfat.com

آٹھ آٹھ دن بعد منائے جاتے تھے (قب ابن الأثیر، ۹ : ۱۱۰) ۔ اس زمانے میں جو ۳۳۸ھ / ۹۴۹ء سے شروع ہوتا ہے، سُنّی اور شیعہ کے جھگڑے روزمرہ کے واقعات بن گئے تھے ۔ سب سے پہلے سنِ مذکور میں کرخ کو لوٹا گیا (ابن الجوزی : المنتظم، ۶ : ۳۶۳) ۔ ۳۴۸ھ / ۹۵۹ء میں ان دونوں فرقوں میں لڑائیاں ہوئیں، جن میں باب الطاق تباہ ہوا اور اسے آگ لگا دی گئی (وہی کتاب، ص ۳۹۰) ۔ ۳۶۱ھ / ۹۷۱ء میں کرخ میں پھر فسادات ہوئے اور اسے آگ لگا دی گئی؛ نتیجةً سترہ ہزار نفوس ہلاک ہوئے اور تین سو دکانیں بہت سے مکان اور تینتیس مسجدیں جل کر راکھ ہو گئیں (ابن الأثیر، ۸ : ۲۰۷؛ قب ابن الجوزی : المنتظم، ۷ : ۶۰) ۔ ۳۶۳ھ / ۹۷۳ء میں آگ کی وجہ سے کرخ کا بیشتر حصّہ جل گیا (مِسکویہ، ۲ : ۳۲۷) ۔ ۳۸۱ھ / ۹۹۱ء میں پھر فساد برپا ہوا اور بہت سے محلّوں میں آگ لگا دی گئی (ابنِ الأثیر، ۹ : ۳۱) ۔ ۱۰۱۶ء میں نہر طابق، باب القطن اور باب البصرہ کے بہت سے محلّے جلا دیے گئے (ابن الأثیر، ۹ : ۱۰۲، نیز دیکھیے ۸ : ۱۸۴؛ ۹ : ۲۵ تا ۲۶، ۳۲، ۵۸) ۔ ۴۲۲ھ / ۱۰۳۰ - ۱۰۳۱ء میں ان فسادات میں بہت سے بازار تباہ کر دیے گئے (ابن الجوزی : المنتظم، ۸ : ۵۵) ۔ عیّاروں نے نسبةً زیادہ نقصان پہنچایا اور ابتری پھیلائی، چنانچہ وہ چوتھی صدی / دسویں صدی کے آخر ربع سے لے کر اس دور کے اختتام تک خصوصیّت سے ہنگامہ برپا کرتے رہے ۔ (بغداد کے دو محاصروں کے زمانے میں انھوں نے جو کام کیا اس کے لیے دیکھیے الطبری، ۳ : ۸۷۷، ۱۰۰۸ تا ۱۰۱۰، ۱۵۵۲، ۱۵۵۶ تا ۱۵۵۷؛ المسعودی، ۶ : ۴۵۰ ببعد) ۔ مورّخ ان کی سرگرمیوں کو غلط روی سمجھتے اور ان کو لٹیروں اور چوروں کے زمرے میں داخل کرتے ہیں، لیکن ان کی تحریک ان کی زبوں حالی کی زندگی اور سیاسی ابتری سے پیدا ہوئی ۔ وہ مال داروں اور حکومت کرنے والوں کے خلاف اٹھے تھے ۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی سرگرمیاں خاص طور پر دولت مندوں، منڈیوں، پولیس اور اعلٰی سرکاری عہدے داروں کے خلاف ہوتی تھیں (قب التنوخی : الفرج، ۲ : ۱۰۶، ۱۰۷ تا ۱۰۸؛ ابن الجوزی : المنتظم، ۷ : ۱۷۳، ۲۲۰؛ ابن الأثیر، ۹ : ۱۱۵) ۔ ان کے کچھ اخلاقی اصول تھے، جیسے ناداروں اور عورتوں کا احترام اور مدد، باہم تعاون، صبر اور تحمل، آگے چل کر فتوّة کی جو جماعت بنی وہ انھیں 'عیّاروں' کی تحریک سے کچھ نہ کچھ ربط رکھتی تھی (قب ابن الجوزی : تلبیس ابلیس، ص ۳۹۲؛ القشیری : الرسالة، ص ۱۱۳ تا ۱۱۴؛ ابن الجوزی : المنتظم، ۸ : ۷۷؛ التنوخی : الفرج، ۲ : ۱۸۰) ۔ چوتھی صدی ہجری / دسویں صدی عیسوی میں انھیں منظّم کیا گیا ۔ علاوہ دوسرے القاب کے المُتقدّم، القائد اور الامیر بھی ان کے سرداروں کے القاب ہوتے تھے ۔ جماعت میں نیا آدمی شامل کرنے کے لیے ان میں خاص رسمیں مقرر تھیں (دیکھیے المنتظم، ۸ : ۴۹، ۱۵۱، ۷۸؛ مسکویہ، ۲ : ۳۰۶؛ القشیری : الرسالة، ص ۱۱۳؛ التنوخی : الفرج، ۲ : ۱۰۹) ۔ علاوہ ازیں ان میں سنی اور شیعہ کی تفریق تھی (ابن الجوزی : المنتظم، ۸ : ۷۸ تا ۷۹).

'عیّاروں' کے ہاتھوں لوگوں کو اپنی جان اور مال کا ہر وقت خطرہ رہتا تھا ۔ وہ منڈیوں پر اور سڑکوں پر چلنے کا محصول وصول کرتے یا راہ گیروں کو لوٹتے اور ہمیشہ راتوں کو گھروں میں گھس کر لوٹ مار کرتے رہتے تھے ۔ انھوں نے تلوار اور آگ کے ذریعے تباہی پھیلائی اور بہت سے محلّے اور بازار، خاص طور پر باب الطاق اور سوق یحیی (مشرقی بغداد میں)، اور کرخ جلا دیے، کیونکہ

marfat.com
Marfat.com

یہی دولت مندوں کے محلے تھے ۔ لوگوں کو رات کے وقت اپنے اپنے گلی کوچوں کے پھاٹک مقفّل کرنے پڑتے تھے اور سوداگر راتوں کو چوکیداری کراتے تھے ۔ بدنظمی اور لوٹ مار نے چیزوں کی قیمتیں بڑھا دیں (ابن الجوزی : المنتظم، ۷ : ۱۵۱، ۲۲۰ و ۸ : ۲۱ تا ۲۲، ۳۳، ۴۷ تا ۵۰، ۵۳ تا ۵۵، ۶۰، ۷۲ تا ۷۵، ۷۹، ۸۷، ۱۳۲، ۱۶۱) ۔ ۴۲۱ھ/۱۰۳۰ء میں ایک واعظ دعا مانگتا تھا : ''اے اللہ سلطنت کو عوام اور شوریدہ سروں سے بچا'' (ابن الجوزی : المنتظم، ۸ : ۴۳) ۔ برجمی 'عیّاروں' کا ایک مشہور سردار تھا، جس نے چار سال تک (۴۲۲ھ / ۱۰۳۰ء تا ۴۲۵ھ / ۱۰۳۳ء) بغداد پر عملاً حکمرانی کی اور ابتری پھیلا دی (وہی کتاب، ص ۵۷ تا ۷۶) ۔ حکومت بےبس تھی اور ان کا کچھ نہیں بگاڑ سکتی تھی (قب، ص ۹۴) اور انہیں محصول اور تاوان وصول کرنے کی چھٹی دے دی تھی کہ لوگ ادا کر کے ان کی مار دھاڑ سے بچیں (وہی کتاب، ص ۷۸) ۔ بہت سے لوگ ان سے محفوظ رہنے کے لیے مکان اور محلّے چھوڑ کر چلے گئے (وہی کتاب، ص ۱۴۲) ۔ ان کی دہشت انگیزی سلجوقیوں کے آنے تک برابر قائم رہی (وہی کتاب، ص ۱۶۱)۔

۴۴۷ھ / ۱۰۵۵ء میں طغرل بیگ بغداد میں داخل ہوا ۔ سلجوقیوں نے آل بویہ کے برعکس حکمت عملی اختیار کی اور سنیوں کی حوصلہ افزائی کی (قب ابوالمحاسن، ۵ : ۵۹) ۔ ۴۵۰ھ / ۱۰۵۸ء میں البساسیری نے . . . . بغداد پر فاطمیوں کے نام سے قبضہ کر لیا (قب ابوالفداء، ۲ : ۱۸۶؛ ابن القلانسی، ص ۸۵) ۔ ۴۵۱ھ / ۱۰۵۹ء میں سلجوقی افواج نے اسے شکست دی اور مار ڈالا (ابوالفداء، ۲ : ۱۸۷ تا ۱۸۸) ۔ اس دور میں بغداد نے وہ شکل اختیار کی جس میں آئندہ بہت کم تبدیلی واقع ہوئی۔

۴۴۸ھ / ۱۰۵۶ء میں طغرل بیگ نے دارالامارۃ کا رقبہ وسیع کیا، اس نے بہت سی دکانیں اور مکانات ڈھا دیے: دارالامارۃ کو اس نے نئے سرے سے تعمیر کیا اور اس کے گرد فصیل کھینچ دی (ابن الجوزی، المنتظم، ۷ : ۱۶۹) ۔ ۴۵۰ھ/۱۰۵۸ء میں آگ لگی اور یہ جل کر تباہ ہو گیا ۔ بعد ازاں اسے نئے سرے سے تعمیر کیا گیا (ابن الجوزی : المنتظم، ۷ : ۲۸۷) اور اس کا نام دارالمملکة پڑ گیا ۔ ۵۰۹ھ / ۱۱۱۵ء میں اسے پھر تعمیر کیا گیا، لیکن ۵۱۵ھ / ۱۱۲۱ء میں اتفاقی حادثے سے جل گیا اور اس کی جگہ ایک بار پھر نیا قصر تعمیر کیا گیا (ابن الجوزی : مناقب ص ۱۶؛ المنتظم، ۹ : ۲۲۳) ۔ ۴۸۴ھ / ۱۰۹۱ء میں ملک شاہ نے مسجد مخرّم کو، جو قصر کے قریب تھی، بہت کچھ بڑھا کر نئے سرے سے تعمیر کیا اور اس وقت سے اس کا نام جامع السلطان ہو گیا ۔ ۵۰۲ھ / ۱۱۰۸ء میں اس کی مرمت کی گئی (ابن الجوزی : المنتظم، ۹ : ۱۵۹) اور ۵۲۳ھ / ۱۱۲۹ء میں جا کر یہ بالکل مکمل ہو گئی (ابوالفداء، ۲ : ۲۱۱؛ ابن الجوزی : مناقب، ص ۲۳؛ ابوالمحاسن، ۵ : ۱۳۵)۔

ساری چہل پہل مشرقی بغداد میں خلیفہ کے محلات کے گرد ہونے لگی تھی ۔ المقتدی (۴۶۷ھ / ۱۰۷۴ء تا ۴۸۷ھ / ۱۰۹۴ء) عمارتیں بنانے کی ترغیب دیتا تھا ۔ اس لیے محلات کے ارد گرد کے محلّے، جیسے بصلیّہ، قطیعہ، حلبہ، اجمہ، وغیرہ، بڑی رونق پر تھے ۔ اس نے دریا کے قرب و جوار میں ایک محل (دارالشاطئیّہ) قدیم قصرالتاج کے پاس تعمیر کیا (ابن الجوزی : المنتظم، ۸ : ۲۹۳)؛ ابن الاثیر : ۱۰ : ۱۵۶؛ قب Le Strange، ص ۲۵۳؛ قب ابن الفوطی، ص ۲۱) ۔ ۵۲۳ھ / ۱۱۲۹ء میں قصر التاج کو ڈھا کر دوبارہ تعمیر کیا گیا (ابن الجوزی : المنتظم، ۱۰ : ۱۴) ۔ ان محلوں کے گرد فصیل نہ تھی۔ اس لیے ۱۰۷۰ء کے سیلاب سے

Marfat.com

ان کو بہت نقصان پہنچا - ۴۸۸ھ/ ۱۰۹۵ء میں المستظہر نے ''حریم'' نام کے محلوں کے گرد دیوار تعمیر کر دی - اس کے بعد ۵۱۷ھ/ ۱۱۲۳ء میں المسترشد نے اسے دوبارہ تعمیر کیا اور اس میں چار بڑے دروازے بھی بنائے اور اس کی چوڑائی ۲۲ ذراع کر دی - ۵۵۴ھ/ ۱۱۵۹ء کے سیلاب نے اس دیوار کو گھیر لیا اور اس میں ایک جگہ شگاف ڈال کے بہت سے محلوں کو تباہ کر دیا - اس شگاف کو بعد میں بند کر کے وہاں ایک پشتہ بنانا شروع کیا گیا، جو بعد میں ساری دیوار کے گرد مکمل کر دیا گیا (قب ابن الجوزی: مناقب، ص ۳۳؛ وہی مصنف: المنتظم، ۱۰: ۱۸۹ تا ۱۹۰) - اس دیوار کو از سر نو تعمیر کرنے یا مرمت کرنے کے اقدامات الناصر اور المستنصر کے عہد میں بھی ہوئے (ابن الفوطی، ص ۱۶، ۱۱۱) - اس دیوار نے مشرقی بغداد کی حدود معین کر دیں جو عہد عثمانی کے آخر تک قائم رہیں۔

اس زمانے میں بغداد رو بہ انحطاط اور فقط اپنی قدیم شان و شوکت کے بل پر زندہ رہا - پانچویں صدی ھجری / گیارھویں صدی عیسوی کے نصف آخر سے اس کے مقامی جغرافیے میں بہت سے تغیرات رونما ہوئے - مغربی بغداد میں متعدد محلے ویران ہو گئے تھے اور جہاں پہلے باغات اور مکانات تھے وہاں اب خالی میدان نظر آنے لگے (قب الخطیب، ص ۶۷؛ التنوخی: نشوار، ۱: ۷۳ تا ۷۵) - شاید اس سے جامع مسجدوں کی تعداد میں اضافہ ہو جانے کی وجہ سمجھ میں آتی ہے - شماسیہ، رصافہ اور مخرم کے قدیم محلے غفلت کی نذر ہو رہے تھے (قب ابن حوقل، ص ۲۴۱)۔

بن یامین، باشندۂ تودلہ (Benjamin of Tudela)، جس نے ۵۶۷ھ/ ۱۱۷۱ء کے قریب بغداد کی سیر کی، خلیفہ کے محل کی عظمت و شان اور اس کی فصیل، باغات، چڑیا گھر اور ایک جھیل کا ذکر کرتا ہے - وہ عضدی شفاخانے کی بڑی تعریف کرتا ہے، جس میں ساٹھ طبیب تھے اور ایک دماغی مریضوں کے لیے صحت گاہ (سینی ٹوریم) تھی - اس وقت بغداد میں چالیس ہزار یہودی آباد تھے، جن کے لیے دس مدرسے تھے (*Itinerary*، طبع و ترجمہ از A. Asher، نیویارک ۱۸۴۰ - ۱۸۴۲ء، ج ۱، متن: ص ۵۴ تا ۶۳ و ترجمہ: ص ۹۳ تا ۱۰۵؛ عربی ترجمہ، از ای - ایچ - ہدّاد، بغداد ۱۹۴۵ء، ص ۱۳۱ تا ۱۳۸) - ابن جبیر نے بغداد کی کیفیت ۵۸۱ھ/ ۱۱۸۵ء میں لکھی ہے - اس نے شہر کے عام انحطاط کا مشاہدہ کیا اور باشندوں کے تکبّر کی مذمت کی (ص ۲۱۸) - مشرقی جانب کا حصہ بہت کچھ تباہ ہو چکا تھا، لیکن پھر بھی اس میں ابھی تک الگ الگ سترہ محلّے تھے، جن میں سے ہر ایک میں دو، تین یا آٹھ حمام تھے (ص ۲۲۵) - خلیفہ سے متعلق حصے میں عالیشان محلّات اور باغات تھے، جنھوں نے شہر کے اس پہلو کا کوئی چوتھائی یا زیادہ رقبہ گھیر رکھا تھا (ص ۲۲۶ تا ۲۲۷) - یہ علاقہ خوب آباد تھا اور اس میں بہت اچھے بازار تھے (ص ۲۲۸) - سب سے بڑا محلہ قریّہ تھا (غالب گمان یہ ہے کہ یہ الاحراس کے موجودہ پُل اور راس القریّہ کے درمیان واقع تھا) - اس کے قریب مربّعہ کا ''ربض'' یا نواحی بستی تھی (غالباً موجودہ سیّد سلطان علی کے قریب) - اس علاقے میں تین جامع مسجدیں تھیں: جامع السلطان، شہر پناہ کے شمال میں؛ جامع رصافہ، اس سے اوپر کی جانب کوئی ایک میل کے فاصلے پر (ص ۲۲۸ تا ۲۲۹) اور جامع الخلیفہ - تیس کے قریب دارالعلوم تھے، جن میں سے ہر ایک کی اپنی اعلٰی درجے کی عمارت تھی - انھیں چلانے اور طلبہ کے اخراجات پورا کرنے کے لیے بہت سے اوقاف اور موھوبہ

marfat.com
Marfat.com

جائدادیں موجود تھیں۔ سب سے زیادہ مشہور مدرسۂ نظامیہ تھا، جسے ۱۱۱۰ء میں دوبارہ تعمیر کیا گیا تھا (ص ۲۲۹)۔

المُسْتَرشِد کی فصیل کا، جو ''شرقیہ'' کا احاطہ کرتی تھی، بیان کرتے ہوئے ابن جُبَیر کہتا ہے کہ اس کے چار دروازے تھے: (۱) باب السلطان، شمال کی جانب (جس کا نام بعد میں باب المُعَظَّم ہوا)؛ (۲) باب الظَّفَرِیّہ (شمال مشرق میں)، جو بعد میں باب الوُسْطانی کہلایا؛ (۳) باب الحَلْبَہ (مشرق میں)، جو آگے چل کر باب الطِلِسم ہو گیا؛ (۴) باب البَصَلِیّہ (جنوب میں)، جو بعد میں الباب الشرقی مشہور ہوا۔ شرقیہ کی فصیل اس علاقے کو نصف دائرے کی شکل میں احاطہ کیے ہوئے تھی، جس کے دونوں سرے دریاے دجلہ پر ختم ہوتے تھے (ص ۲۲۹)۔ وہ محلۂ ابو حنیفہ کی گنجان آبادی کا ذکر کرتا ہے، جب کہ رُصافہ، شَمّاسِیہ کے قدیم محلّے اور مخرِّم کا بڑا حصہ ویران ہوگیا تھا (قب ص ۲۲۶؛ ابن حوقل، ص ۲۴۱)۔ مغربی بغداد میں ہر طرف ویرانی پھیلی ہوئی تھی۔ یہاں کے محلّوں میں کَرْخ کا، جسے وہ ایک فصیل‌دار شہر بتاتا ہے، اور محلۂ باب البصرہ کا، جس میں مسجد منصور اور پرانے شہر کا بچا کھچا حصہ تھا، ذکر کرتا ہے (ص ۲۲۵)۔ محلۃ الشارع (دریاے دجلہ کے قریب)، کرخ، باب البصرہ اور قریہ بغداد کے سب سے بڑے محلّے تھے (ص ۲۲۵)۔ الشارع اور باب البصرہ کے درمیان محلۂ سوق المارِستان ایک چھوٹے سے شہر کی طرح تھا، جس کے مشہور و معروف عضدی شفاخانے میں عملے اور ذخائر کی کچھ کمی نہ تھی (ص ۲۲۵ تا ۲۲۶)۔ ان کے علاوہ اس نے دو اور محلّوں کا ذکر کیا ہے: ایک محلۂ حربیہ، انتہائی شمال میں اور دوسرا محلۂ عَتّابِیّہ، جو اپنے ریشمی سوتی کپڑے ''عَتّابی'' کی وجہ سے مشہور تھا (ص ۲۲۶)۔ ابن جُبَیر (ص ۲۲۹) نے بغداد میں دو ہزار حمام اور گیارہ جامع مسجدوں کا ذکر کیا ہے۔

المُسْتَرشِد کے زمانے (۵۱۲ھ / ۱۱۱۸ء تا ۵۲۹ھ / ۱۱۳۴ء) میں نہر عیسیٰ کے قریب ایک پل تھا، جسے بعد میں باب القَرِیّہ کے قریب منتقل کر دیا گیا۔ المُسْتَضِی کے عہد (۵۶۶ھ/۱۱۷۰ء تا ۵۷۵ھ/۱۱۷۹ء) میں باب القریہ میں نیا پل بنایا گیا اور پرانے پل کو دوبارہ اس کی اصلی جگہ نہر عیسیٰ کے قریب منتقل کر دیا گیا۔ ابن جبیر نے فقط پہلے پل کو دیکھا تھا، لیکن وہ اس کی توثیق کرتا ہے کہ عموماً دو پل ہوتے تھے۔ ابن الجوزی بھی جس نے سقوطِ بغداد سے کچھ ہی پہلے اپنی کتاب لکھی تھی، اس بات کی تصدیق کرتا ہے (ابن الجوزی: مناقب، ص ۲۰؛ ابن جبیر، ص ۲۲۵)۔

نصف صدی بعد یاقوت (۶۲۳ھ / ۱۲۲۶ء) کچھ مزید مفید معلومات بہم پہنچاتا ہے۔ اس نے مغربی بغداد کا یہ نقشہ پیش کیا ہے کہ وہ چند الگ الگ محلوں کا مجموعہ ہے، جن میں ہر ایک کی اپنی اپنی فصیل ہے؛ بیچ میں کھنڈروں کی خالی زمین آ جانے سے بھی یہ الگ الگ ہو گئے ہیں۔ حربِیّہ اور الحریم الطاهری شمال میں، چہار سوج مع نُصَیرِیّہ، عَتّابِیّین اور دارالقَزّ جنوب مغرب میں، مُحَوَّل مغرب میں، قصر عیسیٰ مشرق میں، اور قریہ اور کَرْخ جنوب میں قابلِ ذکر محلّے ہیں۔

مشرقی بغداد میں حریم دارالخلافہ کے آس پاس کے محلّے رونق کا مرکز ہو گئے تھے۔ یہ دیواروں سے محصور رقبے کے تقریباً ایک تہائی حصّے میں پھیلے ہوئے تھے۔ بڑے بڑے بارونق محلّے یہ تھے: باب الأزَج اور اس کی منڈیاں؛ اس کے بعد المأمونیہ، سوق الثلاثاء، نہر المُعَلّٰی اور القریہ

Marfat.com

(یاقوت، ۱ : ۲۳۲، ۴۴۱، ۴۴۴، ۵۳۴، ۶۵۵ و ۲ : ۸۸، ۱۶۷، ۲۳۴، ۴۵۹، ۵۱۲، ۷۸۳، ۹۱۷ و ۳ : ۱۹۳ تا ۱۹۴، ۱۹۷، ۲۳۱؛ ۲۷۹، ۲۹۱، ۴۸۹ و ۴ : ۱۱۷، ۲۵۲، ۲۵۵، ۳۸۵، ۴۳۲؛ ۴۵۷، ۷۱۳ تا ۷۱۴، ۷۸۶، ۸۴۱، ۸۴۵).

اس عہد میں غربیہ (مغربی بغداد) میں جامع مسجدوں کی تعداد بڑھ گئی، جو ان محلّوں کی نیم آزادانہ حیثیت پر دلالت کرتی ھے - ابن الجوزی ۵۳۰ھ / ۱۱۳۵ء اور ۵۷۲ھ / ۱۱۷۶ء کے درمیان چھے مسجدیں گنواتا ھے، جو جامع المنصور کے علاوہ تھیں (ابن الجوزی : مناقب، ص ۲۳؛ نیز دیکھیے ابن الفوطی) - کرخ کی مسجدوں کی مرمت المستنصر نے کی (ابن الفوطی، ص ۱۰) - جامع القصر کی تجدید ۴۷۵ھ/ ۱۰۸۲ء میں ھوئی - آگے چل کر ۶۷۳ھ / [۱۲۷۴ء] میں المستنصر نے اس کی مرمت کروائی (ابن الجوزی : المنتظم، ۹ : ۴؛ لسٹرینج : ۲۶۹) - مسجد قمریّہ ۶۲۶ھ / ۱۲۲۸ء میں تعمیر کی گئی (ابن الفوطی، ص ۴).

تصوف [رکّ بآں] کا زور رباط [رکّ بآں] کی کثرت تعداد سے ظاھر ھے جو خلافت کی آخری صدی میں تعمیر کی گئیں اور جنھیں خلفا یا ان کے رشتے داروں نے بنوایا تھا (قبّ : ابن الفوطی، ص ۲، ۴، ۵۷، ۷۹، ۸۰، ۸۷، ۱۱۷، ۲۶۱؛ ابن الجوزی : المنتظم، ۹ : ۱۱؛ ابن الأثیر، ۱۱ : ۷۷، ۳۳ و ۱۲ : ۲۷، ۶۷ تا ۶۸).

درس گاھیں قائم کرنے کی طرف بہت توجّہ کی گئی - اس تحریک کی وجوہ اوّلاً شافعی گروہ کے اندر مذھبی جوش کے احیا، نیز سیاسی اور انتظامی ضرورتوں کو قرار دے سکتے ھیں، مگر بعد میں یہ ثقافتی تحریک کی شکل میں جاری رھی - ابن جُبَیر نے مشرقی بغداد میں تیس مدرسے دیکھے (ابن جُبَیر، ص ۲۲۹؛ نیز دیکھیے محمد جواد، در *Review of the Higher Teachers' College*، بغداد، ۵ : ۱۱۰ ببعد و ۶ : ۸۶ ببعد) - ابن جُبَیر کی سیاحت کے بعد مزید مدرسے قائم کیے گئے (قبّ ابن الفوطی، ص ۲۴ تا ۲۵، ۵۳، ۱۲۸، ۳۰۸؛ ابن الأثیر، ۱۱ : ۲۱۱) - سب سے زیادہ مشہور دارالعلوم یہ تھے : (۱) نظامیہ، جو ۴۵۹ھ/۱۰۶۶ء میں قائم ھوا؛ (۲) مدرسۂ ابو حنیفہ، جو اسی سال قائم ھوا (ابن الجوزی : المنتظم، ۸ : ۲۴۵ تا ۲۴۶؛ یہ آج تک ''کُلیة الشریعة'' کے نام سے موجود ھے) اور (۳) المُستنصریّہ، جو المُستنصِر نے ۶۳۱ھ/۱۲۳۳ء میں قائم کیا اور سترھویں صدی تک جاری رھا - یہ مدارس چاروں مذاھبِ فقہ میں سے کسی ایک مذھب کے ساتھ مخصوص تھے، بجز المستنصریّہ اور البشیریّہ کے (جو ۶۵۳ھ/۱۲۵۵ء میں قائم ھوا) کہ ان دو میں چاروں مذاھب کی فقہ پڑھائی جاتی تھی (دیکھیے ابن الفوطی، ص ۳۰۸؛ ابن الجوزی : المنتظم، ۸ : ۲۴۵ تا ۲۴۶، ۲۴۶ تا ۲۴۷؛ ابن الأثیر، ۱۰ : ۳۸؛ ابن الفوطی، ص ۵۳ تا ۵۴، ۵۸ تا ۵۹، قبّ عوّاد، در سُمر (*Sumer*)، جلد ۱، ۱۹۴۵ء) - یتیموں کا ایک مکتب (School) بھی تھا، جو شمس المُلک (فرزند نظام المُلک) نے قائم کیا تھا (الاصفہانی : سلجوق (*Seljuks*)، ص ۱۲۴ تا ۱۲۵) - ۶۰۶ھ/۱۲۰۹ء میں بغداد کے ھر محلّے میں ایک مہمان خانہ (دارالضیافة) تعمیر کیا گیا تاکہ رمضان شریف میں غریبوں کو کھانا کھلایا جائے (ابن الأثیر، ۱۲ : ۲۸۶؛ مزید حوالے وھی کتاب، ص ۱۸۴؛ ابن الفوطی، ص ۴۹).

ان ایام میں بغداد کو آتشزدگی، سیلاب اور فتنہ و فساد سے نقصان پہنچا - ۴۴۹ھ / ۱۰۵۷ء میں کرخ اور باب محوّل کے محلّے اور کرخ کی اکثر منڈیاں جل گئیں - ۴۵۱ھ/ ۱۰۵۹ء میں کرخ کا

marfat.com
Marfat.com

بڑا حصّہ اور بغدادِ قدیم جل گیا (ابن الجوزی: المنتظم، ۸ : ۸۱ ابن الأثیر، ۱۰ : ۵) - نہر المعلّٰی اور دارالخلافہ کے قرب و جوار کے کوچہ و بازار میں کئی دفعہ آگ لگی (ابن الاثیر، ۱۰ : ۳۵، ۶۷، ۳۱۸؛ ابن الجوزی : المنتظم، ۸ : ۲۳۱؛ ۹ : ۶۱، ۱۳۸، ۱۸۴؛ ۱۰ : ۳۵) - ۵۵۱ھ/۱۱۵۶ء میں قرب و جوار کے محلّوں سے آگ دارالخلافہ اور اس کے آس پاس کے بازاروں تک پہنچ گئی (ابن الأثیر، ۱۱ : ۱۴۳؛ انھیں محلوں میں ۵۶۰ھ / ۱۱۶۴ء، ۵۶۹ھ / ۱۱۷۳ء، ۵۸۳ھ/ ۱۱۸۷ء میں پھر آگ لگی، ابن الأثیر، ۱۱ : ۳۲۰، ۳۷۲؛ المنتظم، ۱۰ : ۲۱۲).

سلجوقی عہد میں عیّاروں نے خاصی سرگرمیاں دکھائیں - انھوں نے دکانیں لوٹیں، گھر تاراج کیے اور بدامنی پھیلا دی (۴۴۹ھ/۱۰۵۷ء سے ۵۳۷ھ / ۱۱۴۲ء تک سنین کے حالات کے لیے دیکھیے ابن الجوزی : المنتظم، ۸ : ۱۳۹، ۲۳۴؛ ابن الاثیر، ۱۰ : ۲۰۴، ۳۸۳ و ۱۱ : ۲۹، ۲۶، ۵۹، ۶۳) -

ادھر 'عامّہ' (یعنی عوامی بلوائیوں) کے فسادات اور ان کی فرقہ دارانہ جنگ و جدال (حنبلی اور شافعی، سنّی اور شیعہ کے درمیان) جاری رہے، جن کی وجہ سے بہت خونریزیاں ہوئیں اور تباہیاں پھیلیں - ابن الأثیر نے لکھا ہے کہ ۵۰۲ھ / ۱۱۰۸ء میں ان کے درمیان عارضی مصالحت ہو گئی اور اس کے ساتھ یہ فقرہ بڑھا دیا ہے : ''ان ('عامّہ') سے ہمیشہ شر وفساد پیدا ہوا ہے'' (۱۰ : ۳۲۹؛ نیز دیکھیے ۱۰ : ۸۰، ۲۵۹، ۱۰۴، ۱۰۸ تا ۱۰۹، ۱۱۲، ۱۱۷ تا ۱۱۸) - یہ مصالحت تھوڑے ہی دن رہی - جھگڑے اور لڑائیاں چلتی رہیں اور المُستعصِم کے زمانے میں انھوں نے ہولناک شکل اختیار کر لی (ابن الأثیر، ۱۰ : ۳۶۰ و ۱۱ : ۲۷۱، ۳۴۴ و ۱۲ : ۱۳۳، ۲۱۶) - ۶۴۰ھ / ۱۲۴۲ء میں المأمونیہ اور باب الأزج کے محلّوں کے درمیان لڑائیاں ہوئیں، جن کی لپیٹ میں نظامیہ بازار بھی آ گیا - پھر محلۂ مختارہ اور سوق السلطان کے محلوں میں اور قُطفتا اور قُرَیہ (مغربی بغداد) کے درمیان لڑائیاں ہوئیں؛ بہت سے آدمی مارے گئے اور دکانیں لوٹ لی گئیں (ابن الفُوَطی، ص ۱۷۵ تا ۱۷۷؛ قب ابن ابی الحدید، ۲ : ۵۵۴) - ۶۵۳ھ / ۱۲۵۵ء کے قریب تک حالات بہت زیادہ دگرگوں ہو چکے تھے - رُصافہ (سنّی) اور خُضَیریین (شیعہ) کے درمیان لڑائیاں ہوئیں کچھ دن بعد باب البصرہ رُصافہ کا طرف دار ہو گیا اور دوسرے گروہ کی حمایت کَرخ نے کی (ابن الفُوَطی، ص ۲۹۸ تا ۲۹۹) - یہ جھگڑے ان محلّوں کے درمیان جوشِ مسابقت کو ظاہر کرتے ہیں جو حکومت کے نظم و ضبط میں کمی ہو جانے کے باعث بہت بڑھ گیا تھا - جب کرخ اور باب البصرہ میں لڑائی دوبارہ شروع ہوئی تو جو سپاہی اسے دبانے کے لیے بھیجے گئے تھے انھوں نے کرخ کو لوٹ لیا اور حالت بد سے بدتر ہوگئی (کتاب مذکور، ص ۲۶۷ تا ۲۷۷) - ۶۵۴ھ/ ۱۲۵۶ء میں معاملہ انتہا کو پہنچ گیا - کرخ کے لوگوں نے کسی آدمی کو مار ڈالا تھا - وہاں امن قائم رکھنے کے لیے سپاہی بھیجے گئے تو خود ان کے ساتھ 'عامّہ' کے جتھے مل گئے؛ چنانچہ سب نے مل کر کرخ کو خوب لوٹا، کئی جگہ آگ لگا دی، بہت سے آدمیوں کو مار ڈالا اور عورتوں کو پکڑ کر لے گئے - ان شریروں کو بعد میں سزائیں ملیں، مگر یہ المناک حادثہ بھلایا نہ جا سکا (کتاب مذکور، ص ۳۱۴ تا ۳۱۵) - اس زمانے میں 'عیّاروں' نے بھی بڑی سرگرمی دکھائی - انھوں نے دکانیں لوٹیں، راتوں کو گھروں میں ڈاکے ڈالے، یہاں تک کہ المُستنصِریّہ پر بھی دو مرتبہ ڈاکے ڈالے (ابن الفُوَطی، ص ۲۵۴، ۲۶۰، ۲۶۲، ۳۷۸).

marfat.com
Marfat.com

حکومت اتنی کمزور ہو چکی تھی کہ نظم و ضبط قائم رکھنا اس کے بس کی بات نہ تھی۔ سیلاب بار بار آنے لگے جو حکومت کی کمزوری اور آب پاشی کے ذرائع کی طرف سے غفلت پر دلالت کرتے تھے۔ سیلاب ۱۳۶ھ / ۱۲۴۳ء میں النظامیہ اور اس کے قرب و جوار تک پہنچ گیا اور چند محلوں کو تباہ کر گیا۔ ۶۴۶ھ / ۱۲۴۸ء میں سیلاب نے مشرقی بغداد کو گھیر لیا۔ فصیل کا ایک حصہ منہدم ہو گیا اور پانی حریم کے محلوں تک پہنچ گیا۔ رُصافہ بھی اس کی زد میں آ گیا اور اس کے بہت سے مکانات گر گئے۔ مغربی بغداد میں بھی پانی بھر گیا اور مکانات کی کثیر تعداد منہدم ہو گئی۔ باب البصرہ کا ایک حصہ اور کرخ بچ گئے، لیکن دریا کے کنارے کے مکانات گر گئے۔ بغداد ۶۵۱ھ/ ۱۲۵۳ء اور ۶۵۳ھ / ۱۲۵۵ء میں بھی سیلاب کا نشانہ بنا، بہت سے مکان بیٹھ گئے اور زراعت کو نقصان پہنچا۔ بدترین سیلاب ۶۵۴ھ / ۱۲۵۶ء کا تھا۔ اس میں شہر کے دونوں حصّوں کو پانی نے گھیر لیا اور مشرقی بغداد کے بازاروں، دارالخلافہ اور نظامیہ تک میں داخل ہو گیا (ابن الفُوطی، ص ۱۸۶ تا ۱۸۷، ۲۶۷، ۲۲۹ تا ۲۳۳، ۲۷۷، ۳۰۴، ۳۱۷ تا ۳۱۹)۔ اس طرح گویا حوادث طبیعیہ اور انسان دونوں نے بغداد کی رونق کے مٹانے کے لیے ایکا کر لیا تھا۔

دو سال بعد بغداد پر مغلوں کا حملہ ہوا۔ ۴ صفر ۶۵۶ھ / ۱۰ فروری ۱۲۵۸ء کو خلیفہ المستعصم نے غیر مشروط طور پر ہتیار ڈال دیے۔ بغداد کے باشندے ایک ہفتے سے زیادہ تک بےدریغ قتل کیے جاتے رہے۔ دیہات کے جو لوگ محاصرے سے پہلے بغداد میں ایک بڑی تعداد میں آ کر اکٹھے ہو گئے تھے۔ ان کا بھی یہی المناک حشر ہوا۔ مقتولوں کا اندازہ آٹھ لاکھ سے لے کر بیس لاکھ تک کیا گیا ہے اور وقت گزرنے کے ساتھ اس میں اضافہ ہوتا رہا ہے (الفخری، ص ۳۰۰؛ ابن الفوطی، ص ۳۸۱؛ الذہبی: دول، ۲: ۱۲۱؛ ابن کثیر: البدایہ، ۱۳: ۲۰۲)۔ چینی سیاح چانگ تی Ch'ang Te کہتا ہے (۱۲۵۹ء) کہ لاکھوں آدمی مارے گئے۔ ظاہر ہے کہ اس نے یہ اطلاع مغل مآخذ سے حاصل کی تھی (Bretschneider : *Medieval Researches*، ۱: ۱۳۸ تا ۱۳۹)۔ بہرحال صحیح تعداد بتانا مشکل ہے، مگر غالب گمان یہ ہے کہ وہ ایک لاکھ سے زیادہ تھی۔ بہت سے محلے محاصرے، لوٹ یا آگ سے تباہ ہوے۔ مسجد جامع الخلفا اور مقبرۂ کاظمین جلا ڈالا گیا (ابن الفوطی، ص ۳۲۷ تا ۳۳۰؛ ابن العبری، ص ۲۷)۔ بایں ہمہ بغداد مکمّل تباہی سے بچ گیا: غالبًا علما کا یہ فتوی بھی جو ان سے زبردستی لیا گیا تھا، کارآمد ہوا کہ ''عادل کافر'' ''ظالم امام'' سے بہتر ہے۔ بغداد سے واپس جانے سے پہلے ہلاکو نے کچھ سرکاری عمارتوں کے واگذار کرنے کا حکم دیا۔ اوقاف کے نگران نے جامع الخلفاء کو دوبارہ تعمیر کرا دیا اور مدارس و رباط کو دوبارہ کھولنے کا بندوبست بھی کر دیا (ابن العبری، ص ۴۷۵؛ ابن الفوطی، ص ۳۳۷)۔ ثقافت کو سخت نقصان پہنچا، لیکن مٹنے سے بچ گئی۔ بغداد ہر لحاظ سے محض ایک صوبے کا صدر مقام ہو کر رہ گیا۔

۷۴۰ھ / ۱۳۳۹ - ۱۳۴۰ء تک بغداد ایلخانیوں کے تحت رہا۔ وہاں کا والی اس کا انتظام شحنہ اور محافظ دستۂ فوج کی مدد سے انجام دیتا تھا (قبّ ابن الفوطی، ص ۳۴۱)۔

مغول نے باشندوں کے دس دس، سو سو اور ہزار ہزار کے گروہ کی فہرستیں تیار کیں تا کہ

marfat.com
Marfat.com

محصول مقرر اور وصول کرنے میں سہولت ہو ۔ بوڑھوں اور بچوں کے سوا ہر ایک پر فی کس محصول لگایا گیا اور یہ کوئی دو سال تک برابر وصول کیا جاتا رہا (ابن الفوطی، ص ۳۳۹؛ قبّ الجوینی (ترجمہ Boyle)، ۱ : ۳۴) ۔ جب بغداد کا انتظام زیادہ‌تر ایرانیوں کے سپرد کیا گیا تو رفتہ رفتہ زندگی کے آثار پھر پیدا ہونے لگے ۔ یہ زیادہ‌تر عطاء ملک الجوینی کی سیاسی تدبیر کا نتیجہ تھا، جو تیئیس برس تک (۶۵۷ھ / ۱۲۵۸ء تا ۶۸۱ھ / ۱۲۸۲ء) بغداد کا والی رہا ۔ اس کے عہد میں جامع الخلفاء کے مینار اور النظامیہ بازار دوبارہ تعمیر کیے گئے ۔ المستنصریہ کی مرمت کی گئی اور آب رسانی کے ایک نئے نظام کا اضافہ کیا گیا (ابن الفوطی، ص ۳۷۱) ۔ مسجد شیخ معروف اور مسجد قمریّہ کی مرمت کی گئی (وہی کتاب، ص ۴۰۸؛ العزّاوی : تاریخ العراق، ۱ : ۲۶۷، ۲۹۶).

بعض پرانے مدرسوں خصوصاً النظامیہ، المستنصریّہ، البشیریّہ، التتشیّہ اور مدرسۃ الاصحاب نے اپنا کام پھر شروع کر دیا (قبّ ابن بطّوطہ، قاہرۃ ۱۹۱۸ء، ۱ : ۱۴۰ تا ۱۴۱؛ ابن الفوطی، ص ۱۸۲، ۳۸۵، ۳۹۶؛ العزّاوی : تاریخ، ۱ : ۳۱۸) ۔ الجوینی کی اہلیہ نے مذاہب اربعہ کی تدریس کے لیے مدرسۃ العصمتیّہ قائم کیا اور اس کے قریب ایک رباط تعمیر کی (ابن الفوطی، ص ۳۷۳) ۔ ایلخان تکودر [۶۸۱ھ / ۱۲۸۲ء؛ وڑ، لائڈن : ۶۸۱ھ / ۱۲۸۱ء] نے بغداد میں پیغام بھیجا کہ مسجدوں اور مدرسوں کے اوقاف اس طرح واگذار کر دیے جائیں جیسے عباسیوں کے زمانے میں تھے، مگر غالبًا یہ ایک نیک خواہش ہی رہی (کرملی : الفوز، ص ۱۲) ۔ ان ایلخانیوں کی حکمت عملی غیر مسلموں کے خلاف ہنگاموں کا باعث ہوئی ۔ یہ بادشاہ نصارٰی کی سرپرستی کرتے تھے اور انھیں جزیے سے مستثنٰی کر دیا تھا، ان کے کنیسا بھی دوبارہ تعمیر کرائے اور مسیحی مدارس جاری کیے گئے ۔ انھیں باتوں کا نتیجہ تھا کہ (نصارٰی کے خلاف) ۶۶۵ھ / ۱۲۶۷ء میں ہنگامہ برپا ہوا ۔ ارغون (۶۸۳ھ / ۱۲۸۴ء تا ۶۹۰ھ / ۱۲۹۱ء) کے عہد میں یہودی وزیر مال سعدالدولہ کے وسیلے سے یہود کو نمایاں رسوخ حاصل ہوا ۔ سعدالدولہ نے اپنے بھائی کو بغداد کا حاکم بنا دیا ۔ ۶۹۰ھ / ۱۲۹۱ء میں سعدالدولہ قتل کر دیا گیا اور بغداد کے باشندے یہودیوں پر ٹوٹ پڑے ۔ غازان کے عہد میں غیر مسلموں سے متعلق حکومت کی روش میں خاصی تبدیلی رونما ہوئی ... (قبّ عمرو بن متّی : کتاب المجدل، ص ۱۲۰ تا ۱۲۲، ۱۲۵؛ ابن الفوطی، ص ۳۵۴، ۳۶۵ تا ۳۶۶؛ ۴۸۳؛ وصاف، ۲ : ۲۳۸؛ کرملی : کتاب مذکور، ص ۱۴ تا ۱۵، ۲۱؛ العزّاوی، ۱ : ۳۴۹، ۵۱۳) ... ۔ ایلخانیوں نے کوشش کی کہ کاغذی سکّہ چاؤ (Čae) [رکّ باں] چلایا جائے، لیکن بغداد میں یہ بہت نامقبول ثابت ہوا اور بالآخر ۶۹۷ھ / ۱۲۹۷ء میں غازان نے اسے موقوف کر دیا (ابن الفوطی، ص ۴۷۷، ۴۹۲).

اس عہد کے متعلق تین جغرافیہ نگاروں کے بیانات ہمارے پاس موجود ہیں : [عبدالمؤمن] ابن عبدالحق (تقریبًا ۷۰۰ھ / ۱۳۰۰ء)، ابن بطّوطہ (۷۲۷ھ / ۱۳۲۷ء) اور [حمد اللہ] المستوفی (۷۴۰ھ / ۱۳۳۹ء).

[ابن عبدالحق]، مصنّف مراصد الاطلاع، کہتا ہے کہ مغربی بغداد میں چند ایک دوسرے سے الگ محلّوں کے سوا کچھ نہیں بچا؛ ان میں سب سے زیادہ آباد کرخ تھا (ص ۲۰۱) ۔ جن محلّوں اور مقاموں کا اس نے ذکر کیا ہے وہ یہ ہیں : محلّۂ قریّہ؛ محلّۂ رملیّہ، جو خوب آباد تھا؛ دارالرقیق کی منڈی؛ دارالقزّ، جو سب سے الگ تھا

Marfat.com

اور جہاں کاغذ بنتا تھا اور محلۂ باب المحوّل، جو ایک الگ تھلگ گاؤں کی طرح واقع تھا (مراصد، مطبوعۂ قاہرہ، ص ۱۳۶، ۲۰۱، ۵۰۷، ۷۷۳، ۱۰۸۸) - وہ عضدی شفاخانے کا بھی ذکر کرتا ہے اور کہتا ہے کہ الحریم الطاہری، نہر طابق اور قطیعہ کے محلوں میں کچھ باقی نہیں رہا اور محلۂ توثا (Tutha) سب سے کٹ کر الگ گاؤں معلوم ہوتا ہے (مراصد، ص ۲۸۰، ۳۳۷، ۳۹۷، ۱۴۰۳) - مشرقی بغداد کی بابت مراصد میں لکھا ہے کہ ''جب تاتاری آئے تو اس کا بہت بڑا حصّہ ویران ہو گیا ۔انھوں نے وہاں کے باشندوں کو موت کے گھاٹ اتار دیا اور بہت تھوڑے بچے رہ گئے - پھر وہاں باہر کے لوگ آ کر بسے'' (ص ۲۰۱) - وہ بیان کرتا ہے کہ حلبہ، قریہ اور قطیعۃ العجم خوب آباد محلّے تھے (مراصد، ص ۴۱۷، ۱۰۸۸، ۱۱۱۰).

ابن بطوطہ، ابن جبیر کے تھوڑے ہی دن بعد آیا تھا، مگر وہ بغداد کے دو پلوں کا ذکر کرتا ہے اورشہر کے اندر نفیس حماموں کے متعلق نئی تفصیلات دیتا ہے (قاہرہ ۱۹۰۸ء، ۱ : ۱۴۰ تا ۱۴۱) - وہ کہتا ہے کہ مسجدیں اور مدرسے ہیں تو بہت لیکن سب ویران حالت میں ہیں (وہی کتاب، ص ۱ : ۱۴۰).

المستوفی کی فراہم کردہ معلومات بہت کام کی ہیں - اس نے مشرقی بغداد کی فصیل کی جو کیفیت لکھی وہ ابن جبیر کے بیان کے مطابق ہے : اس کے چار دروازے ہیں اور شہر کو نصف دائرے کی شکل میں گھیرے ہوئے ہے، جس کا محیط اٹھارہ ہزار قدم ہے - مغربی بغداد کو وہ کرخ کہتا ہے - یہ بھی ایک دیوار سے گھرا ہوا ہے، جس کا گھیر بارہ ہزار قدم ہے - اس نے بغداد میں معاشرت کی آسانیاں دیکھیں اور باشندوں کو خوش مزاج پایا، لیکن ان کی عربی بگڑی ہوئی تھی - اس نے بغداد میں شافعیوں اور حنبلیوں کا زور دیکھا، گو دوسرے فقہی دبستانوں کے متبعین کی تعداد بھی کثیر تھی - مدرسے اور رباط بہت سے تھے - ان میں سب سے بڑا نظامیہ تھا، لیکن مستنصریہ کی عمارت سب سے زیادہ خوبصورت تھی (نزهۃ، ص ۳۰ تا ۳۲) - ممکن ہے کہ ست زبیدہ کا مقبرہ اسی عہد سے تعلق رکھتا ہو اور زبیدہ وہی خاتون ہو جو المستعصم کے سب سے بڑے لڑکے کی پوتی تھی (العزّاوی، ۱ : ۳۰۶).

۷۴۰ھ/ ۱۳۳۹ء میں حسن بزرگ نے بغداد میں اپنا قبضہ جمایا اور خاندانِ جلائری کی بنیاد رکھی، جو ۸۱۳ھ/ ۱۴۱۰ء تک قائم رہا - مسجد مرجان اسی زمانے میں تعمیر ہوئی - اس کے کتبوں سے ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ مرجان نے، جو اویس کا ایک فوجی سردار تھا، ایک مدرسے اور اس کی ملحقہ مسجد کی بنیاد حسن بزرگ کے زمانے میں رکھی، جس کی تکمیل اویس کے عہد (۷۵۸ھ/ ۱۳۵۷ء) میں ہوئی - یہ مدرسہ شوافع اور احناف دونوں کے لیے تھا (متن کتبات در آلوسی : مساجد، ص ۵۴ ببعد؛ Massignon : *Mission*، ۲ : ۱ ببعد).

مذکورۂ بالا امور کے علاوہ جو سننے میں آتا ہے وہ سیلاب، محاصروں اور دیگر آفات کا ذکر ہے، جن سے بہت ضرر پہنچا اور نقصانات ہوئے.

تیمور نے بغداد کو دو بار فتح کیا - پہلی بار ۷۹۵ھ/ ۱۳۹۲-۱۳۹۳ء میں جب کہ شہر معمولی سا نقصان اٹھا کر بچ گیا اور دوسری بار ۸۰۳ھ/ ۱۴۰۰-۱۴۰۱ء میں جب کہ باشندوں کا بے دریغ قتل عام کیا گیا اور بہت سی (عبّاسی) سرکاری عمارتیں اور محلے ویران کر دیے گئے - یہ بغداد کی ثقافت پر ایک کاری ضرب تھی - ۸۰۷ھ/ ۱۴۰۴-۱۴۰۵ء میں احمد جلائری بغداد واپس آیا، تیمور نے جو فصیلیں منہدم کر ڈالی تھیں

marfat.com
Marfat.com

انہیں پھر سے بنوایا اور کچھ عمارتوں اور بازاروں کی مرمت کی کوشش کی، لیکن وہ زیادہ مدت زندہ نہ رہا.

٨١٣ھ / ١٤١٠ء میں بغداد قرہ قویونلو ترکمانوں کے قبضے میں چلا گیا اور ٨٧٢ھ / ١٤٦٧ - ١٤٦٨ء تک انہیں کے قبضے میں رہا ۔ اس کے بعد آق قویونلو ترکمان قابض ہو گئے ۔ ترکمانوں کی عملداری میں بغداد کی حالت اور بھی ابتر ہو گئی اور بدنظمی کی وجہ سے اسے بہت نقصان پہنچا ۔ بہت سے باشندے شہر چھوڑ کر چلے گئے ۔ نظامِ آبپاشی خراب ہو جانے سے بار بار سیلاب آنے لگے، جن سے بڑی تباھی پھیلی ۔ ٨٤١ھ / ١٤٣٧ء کے واقعات بیان کرتے ہوے المقریزی کہتا ھے : ''بغداد تباہ ہو گیا ۔ اس میں کوئی مسجد باقی نہیں ۔ نہ جمعہ ہوتا ھے، نہ کوئی بازار ھے ۔ اس کی اکثر نہریں خشک ہو چکی ہیں ۔ اسے شہر مشکل ہی سے کہا جا سکتا ھے'' (المقریزی : سلوک، ٣ : ١٠٠١؛ دیکھیے العزاوی، ٣ : ٩٧ ببعد؛ کرملی، ص ٦١ ببعد) ۔ مزید برآں قبائلی عصبیت ھر جگہ پھیل گئی اور قبائلی جتھوں نے ملک میں فساد انگیزی شروع کر دی.

٩١٤ھ / ١٥٠٨ء میں بغداد شاہ اسمعیل صفوی کے تحت آ گیا اور ایرانیوں اور عثمانیوں میں اس کے قبضے کے لیے لڑائیوں کے دور کا آغاز ہوا ۔ اس کا نقشہ بغداد کے مشہور گیت میں کھینچا گیا ھے : ''ایرانیوں اور رومیوں کے بیچ میں ھماری کیا گت بنی'' ۔ شاہ اسمعیل کے حکم سے بہت سے سنی مزار، خصوصاً مزار [امام] ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اور [شیخ] عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ اجاڑ دیے گئے اور بہت سے سر بر آوردہ سنی قتل ہوے ۔ اس نے [امام] موسی الکاظم رحمۃ اللہ علیہ کی درگاہ تعمیر کرانی شروع کی ۔ بغداد میں ایک والی مقرر کیا اور اسے ''خلیفۃ الخلفاء'' کا لقب دیا (العزاوی، ٣ : ٣٣٦ تا ٣٤٣) ۔ بہت سے ایرانی سوداگر بغداد چلے آئے اور تجارتی کاروبار کو ترقی دی ۔ کچھ دنوں کے لیے کرد سردار ذوالفقار کا بھی بغداد پر قبضہ ہوا اور اس نے سلطان سلیمان قانونی کے زیر اطاعت ہونے کا اعلان کیا؛ لیکن ٩٣٦ھ / ١٥٢٩ - ١٥٣٠ء میں شاہ طہماسپ نے دوبارہ شہر پر قبضہ کر لیا ۔ ٩٤١ھ/ میں سلطان سلیمان بغداد میں داخل ہوا ۔ اس نے امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ کے مزار پر گنبد اور اس کے ساتھ مسجد اور مدرسہ تعمیر کیا ۔ شیخ عبدالقادر الجیلانی رحمۃ اللہ علیہ کا تکیہ (Tekke) اور مزار از سرِ نو درست کیے اور دونوں مسجدوں میں غریبوں کے لیے مہمان خانے قائم کیے ۔ کاظمین میں جس مقبرے اور مسجد کی شاہ اسمعیل نے تعمیر شروع کی تھی، سلطان نے اس کی تکمیل کی (سلیمان نامہ، ص ١١٩؛ اولیا چلبی، ٤ : ٤٢٦؛ الآلوسی : مساجد، ص ١١٧؛ العزاوی، ٤ : ٢٨ ببعد) ۔ اس نے مملوکہ اراضی کی جانچ پڑتال اور باقاعدہ اندراج کا حکم دیا اور صوبے کا نظم و نسق مرتب کیا (اولیا چلبی، ٤ : ١٤) ۔ یہ انتظام ایک گورنر (پاشا)، ایک دفتر دار (مالیہ کے لیے) اور ایک قاضی کے تفویض کیا گیا ۔ بغداد کے لیے ایک محافظ فوج متعین کر دی، جس کی ریڑھ کی ھڈی ینی چری تھے.

اس کے بعد کے زمانے میں معدودے چند عمارتیں تعمیر ہوئیں ۔ ٩٧٨ھ / ١٥٧٠ء میں مراد پاشا نے محلۂ میدان میں مرادیہ مسجد بنائی ۔ گیلانی مسجد کو از سرِ نو تعمیر کیا گیا ۔ چگلزادہ نے ایک مشہور سرائے بنائی، ایک قہوہ خانہ اور ایک بازار تعمیر کیا ۔ اسی نے جامع الصفا (یا جامع الخفافین) بنائی اور ''مولوی تکہ'' (تکیہ) جو آج کل مسجد آصفیہ کہلاتا ھے دوبارہ تعمیر کیا (العزاوی، ٤ : ١١٦، ١٢٨ تا ١٣٢؛ قب الآلوسی : مساجد،

marfat.com
Marfat.com

ص ۳۰ تا ۳۱، ۶۲ تا ۶۳) - حسن پاشا نے ایک مسجد بنوائی، جو اسی کے نام سے موسوم ہوئی؛ اسے جامع الوزیر بھی کہتے ہیں (گلشنِ خلفاء، ص ۶۶؛ اولیا چلبی، ۴ : ۴۱۹) - اس نے کرخ کے گرد ایک فصیل اور ایک خندق بھی بنوائی تا کہ وہ بدویوں سے محفوظ رہے.

اسی زمانے میں یورپ کے سیّاح بغداد کی سیاحت کے لیے آنے لگے - وہ اسے کاروانوں کا مقامِ اتصال اور عرب، ایران اور ترکی کی تجارت کے لیے بڑا مرکز بتاتے ہیں - فریڈریگو (Caesar Frederigo) کے زمانے میں (۱۵۶۳ء) بہت سے بیرونی تاجر شہر میں موجود تھے - شرلے (Sir Anthony Sherley) (۱۵۹۰ء) نے وہاں ''انواع و اقسام کے بہت عمدہ تجارتی سامان دیکھا، جو بہت ارزاں تھا'' (Purchas، ۸ : ۳۸۴) - یہاں ایک پل کشتیوں کا تھا، جنھیں لوہے کی ایک بڑی زنجیر سے باندھ رکھا تھا؛ جب دریا سے نیچے یا اوپر کے رخ کشتیوں کو گزرنا ہوتا تو اس پل کی کچھ کشتیاں الگ کر دی جاتی تھیں تاکہ آنے جانے والی کشتیاں گزر جائیں (Ralph Fitch، در ۱۵۸۳ء، Hakluyt، ۳ : ۲۸۲ تا ۲۸۳) - Rauwolf (۱۵۷۴ء) نے یہاں کی گلیاں تنگ پائیں اور گھر بھی بہت گھٹیا، بدحال تھے - بہت سی عمارتیں خراب خستہ حالت میں تھیں - کچھ سرکاری عمارتیں جیسے پاشا کے رہنے کی جگہ، بڑا بازار یا صرّافہ اچھی حالت میں تھے - شہر کے حمام گھٹیا قسم کے تھے - مشرقی حصہ فصیل اور خندق کے ذریعے خوب مستحکم تھا، لیکن مغربی حصہ کھلا ہوا تھا اور ایک بڑے گاؤں کی طرح دکھائی دیتا تھا (Rauwolf : *Travels*، در Ray's Collections، لنڈن ۱۶۰۵ء، ۱ : ۱۷۹ ببعد) - شہر کی دیواریں اینٹوں کی بنی ہوئی تھیں اور ان میں کچھ اضافے بھی کیے گئے تھے، جن میں چار برج بھی شامل تھے - ان پر کانسی کی چار بڑی توپیں نصب کی گئی تھیں، جو اچھی حالت میں تھیں (Texeira : *Travels*، طبع Hakluyt، ص ۳۱) - فصیل کا گھیر دو سے تین میل تک کا بتایا جاتا ہے - John Eldred (۱۵۸۳ء) نے لکھا ہے کہ بغداد میں تین زبانیں بولی جاتی تھیں : عربی، ترکی اور فارسی (طبع Hakluyt، ۳ : ۳۲۵) - Ralph Fitch (۱۵۸۳ء) نے بغداد کو بہت بڑا شہر تو نہیں پایا، لیکن آبادی بہت گنجان تھی - پرتگالی سیّاح Pedro Texeira (۱۶۰۴ء) نے بغداد میں گھروں کی تعداد کا اندازہ بیس سے تیس ہزار تک دیا ہے - بغداد میں ایک ٹکسال تھی جس میں زرّ، چاندی اور تانبے کے سکّے ضرب کیے جاتے تھے - ایک مدرسہ تیر اندازی کا اور ایک بندوق بازی کا تھا، جن کی کفالت و نگرانی حکومت کرتی تھی (*Travels*، طبع Hakluyt، ص ۳۱).

بَکْر صُوباشی [رک بآں] کی بغاوت کے بعد شاہ عبّاس اوّل نے بغداد کو ۱۰۳۲ھ/ ۱۶۲۲ء-۱۶۲۳ء میں فتح کر لیا - مدرسوں کی عمارتیں اور سُنّیوں کے مقبرے منہدم کر دیے گئے، ان میں شیخ عبدالقادر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ اور امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے مقبرے بھی شامل تھے - ہزاروں آدمی قتل کر دیے گئے یا غلام بنا کر بیچ دیے گئے اور بہت سے لوگوں کو شدید ایذائیں دی گئیں (کاتب چلبی : فذلکہ، ۲ : ۵۰؛ خلاصۃ الآثار ۱ : ۳۸۳؛ العزاوی، ۴ : ۱۷۸ تا ۱۸۲) - اسی زمانے میں ایرانی حاکم صفی قلی خاں نے ''سرائے'' (یعنی دارالامارۃ) تعمیر کی تھی - ۱۰۴۸ھ / ۱۶۳۸ء میں عثمانی ترکوں نے سلطان مراد چہارم کی ذاتی قیادت میں بغداد پر دوبارہ قبضہ کر لیا - اس نے مقبروں کو خصوصاً امام ابو حنیفہؒ اور شیخ عبدالقادر گیلانیؒ کے مزاروں کو دوبارہ

marfat.com
Marfat.com

تعمیر کرا دیا ۔ اس کے چلے جانے کے بعد باب الطِلِسم کے گرد فصیل بنا دی گئی اور وہ اسی حالت میں رہا، یہاں تک کہ ۱۹۱۷ء میں ترکوں نے شہر کو خالی کرتے وقت اسے اڑا دیا ۔ سلطان مراد کے وزیر اعظم نے ''قلعہ'' کی بہت اچھی مرمت کرا دی.

اس زمانے کے سیّاحوں مثلاً Tavernier (۱۶۵۲ء)، اولیا چلبی (۱۶۵۵ء) اور Thevenot (۱۶۶۳ء) نے مزید معلومات بہم پہنچائی ہیں ۔ مشرقی بغداد کے گرد کی دیوار قریب قریب دائرے کی شکل کی تھی ۔ یہ ساٹھ ذراع اونچی اور دس سے پندرہ ذراع تک چوڑی تھی اور اس میں بندوقوں کے لیے روزن بنے ہوئے تھے ۔ اس کے بڑے کونوں پر بڑے بڑے برج تھے، جن میں سے چار اس زمانے میں مشہور تھے، نیز تھوڑے تھوڑے فاصلے سے چھوٹے چھوٹے برج بنائے گئے تھے ۔ بڑے برجوں پر برنجی توپیں لگی ہوئی تھیں ۔ مناسب دفاع کے لیے دریا کے جانب کی دیوار بھی مکمّل کر دی گئی تھی (نصوح الصلاحی کے نقشے میں بھی، جو اس نے ۱۵۳۷ء میں سلطان سلیمان کے لیے بنایا تھا، یہ دیوار دکھائی گئی ہے؛ A. Sousa : *Atlas of Baghdad*، ص ۱۲) ۔ اس فصیل میں خشکی کے رخ ایک سو اٹھارہ اور دریا کے رخ پینتالیس برج تھے (حاجی خلیفہ (۱۶۵۷ء) : جہان نما، ص ۴۵۷ ببعد؛ Ker Porter (۱۸۱۹ء)، ایک سو سترہ برج بتلاتا ہے، جن میں سے سترہ بڑے تھے (*Travels*، ص ۲۶۵)؛ قب Buckingham : *Travels*، ص ۳۷۲) ۔ خشکی کی طرف فصیل کے تین دروازے تھے (کیونکہ باب الطلسم کو تیغا کر دیا گیا تھا) : (۱) باب الامام الاعظم، شمال میں دریاے دجلہ سے سات سو ذراع کے فاصلے پر؛ (۲) قرانلق قپو (بابُ الکَلْوَاذا) یا تاریک دروازہ، جنوب میں دریاے دجلہ سے پچاس ذراع کے فاصلے پر اور (۳) آق قپو (باب الوسطانی) یا سفید دروازہ مشرق میں ۔ چوتھا دروازہ پل پر تھا ۔ اولیا چلبی نے فصیل کو ناپا تو آہستہ رفتار سے اٹھائیس ہزار آٹھ سو قدم یا سات میل پایا (ایک میل = چار ہزار قدم)؛ لیکن حاجی خلیفہ نے اسے بارہ ہزار دو سو ذراع یا دو میل بتایا ہے (Neibuhr اور Olivier مشرقی بغداد کی لمبائی دو میل قرار دیتے ہیں) ۔ Welisted کی رائے میں دیوار کا گھیر سات میل ہے ۔ Felix Jones نے ۱۸۵۳ء میں بغداد کی پیمائش کی: وہ مشرقی دیوار کے گھیر کو جس میں دریا کا رخ بھی شامل ہے، دس ہزار چھے سو گز یا تقریبا چھے میل لکھتا ہے (Olivier : *Voyage*، ۲ : ۳۷۹ تا ۳۸۰؛ Wellsted : *Travels*، ، : ۲۰۰؛ Felix Jones، ص ۳۱۸؛ قب Rousseau، ص ۵؛ اور Tavernier، ص ۸۴).

فصیل کو ایک خندق گھیرے ہوئے تھی، جس کی چوڑائی ساٹھ ذراع تھی اور اس میں دریاے دجلہ سے پانی لایا گیا تھا ۔ دیوار کے شمال مغربی جانب قلعہ (اندرونی قصر) باب المعظّم سے دریاے دجلہ تک پھیلا ہوا تھا ۔ اس قلعے کے گرد اکہری دیوار تھی، جس میں چھوٹے چھوٹے برج تھے اور ان پر توپیں نصب تھیں ۔ اس میں فوجی سپاہیوں کی بارکیں، سامان حرب اور سامان خوراک کے ذخیرے، نیز سرکاری خزانہ اور ٹکسال تھے ۔ ''سرائے''، جہاں پاشا بود و باش رکھتا تھا. قلعے کے نیچے تھی ۔ اس میں طویل و عریض باغات اور عمدہ کوشکیں تھیں ۔ پل کے دوسرے سرے پر کرخ کی طرف ایک اور قلعہ تھا، جسے قشلر قلعہ سی (= پرندوں کا قصر) کہتے تھے ۔ اس کا ایک دروازہ پل پر تھا (اولیا چلبی؛ ۴ : ۴۱۶؛ حاجی خلیفہ : جہان نما، ۴۵۰ تا ۴۵۷؛ Tavernier، ص ۸۳؛ Thevenot : *Voyage*، ۲ : ۲۱۱) ۔ اولیا چلبی بغداد میں مسجدوں کی بڑی تعداد بتاتا ہے اور نو

Marfat.com

خاص مسجدوں کا ذکر کرتا ہے - مدارس میں المرجانیہ اور مدرسۃ الخلفاء (المستنصریہ) سب سے بڑے دو مدرسے تھے - سرائیں بہت سی تھیں، لیکن اچھی دو تھیں - اس نے آٹھ گرجاؤں اور تین یہودی صومعوں کا ذکر کیا ہے اور تکیوں کی تعداد سات سو اور حماموں کی پانچ سو بتائی ہے، جو مبالغہ آمیز ہے - کشتیوں کے پل میں پانی کے اتار چڑھاؤ کے مطابق سینتیس سے چالیس تک کشتیاں جوڑی جاتی تھیں - رات کے وقت حفاظت کی غرض سے یا دریا میں جہازوں کو راستہ دینے کے لیے یا فوجی احتیاط کے طور پر بیچ میں سے کچھ کشتیاں الگ کر دی جاتی تھیں - شہر کی بڑی بڑی زبانیں عربی، ترکی، اور فارسی تھیں - بغداد میں بہترین پیغام رساں کبوتر موجود تھے.

بایں ہمہ بغداد ابھی تک رو بزوال تھا - اس کی آبادی گھٹ کر صرف پندرہ ہزار رہ گئی تھی (Tavernier : *Travels*، لنڈن ۱۶۷۸ء، ص ۸۵ تا ۸۶؛ اولیا چلبی: سیاحت، ۴ : ۴۲۰ ببعد؛ Thevenot : *Voyage*، ۲ : ۲۱۱).

۱۰۴۸ھ/۱۶۳۸ء سے ۱۱۱۶ھ/۱۷۰۴ء تک بغداد پر چوبیس پاشاؤں کی حکومت رہی اور کسی حقیقی ترقی کی گنجائش نہ نکلی - یہ پاشا نیم خود مختار ہوتے تھے اور ینی چریوں کی قوت بڑھی ہوئی تھی - ادھر قبائل کا زور بھی بڑھا اور وہ رفتہ رفتہ شہر کی زندگی کے لیے ایک خطرہ بن گئے.

اس زمانے میں اس سے زیادہ کچھ نہ ہوا کہ شہر کی دیواروں اور مسجدوں کی مرمت کرا دی گئی - کوچک حسن پاشا (۱۶۴۲ء) نے برج العجم کے قریب تین برج تعمیر کیے - خاصکی محمد پاشا نے طابیۃ الفاتح کو دوبارہ بنوایا اور ۱۶۵۷ء کے سیلاب کے بعد دیواروں کی مرمت کرادی - احمد بشناق نے برجوں کی خصوصاً برج الجاویش (جاؤش) کی مرمت کرائی اور برج الصابونی (۱۶۸۷ء) تعمیر کیا - مسجدوں کی طرف بھی کچھ توجہ کی گئی - دِلی حسین پاشا (۱۶۴۴ء) نے مسجد قمریہ کو دوبارہ تعمیر کیا - خاصکی محمد (۱۶۵۷ء) نے رأس القریہ میں ''خاصکی مسجد'' بنائی - سلحدار حسین پاشا (۱۶۷۱ء) نے مسجد الفضل کو دوبارہ بنوایا، جو جامع حسین پاشا کہلانے لگی - اس نے عمر سہروردی کے مقبرے کے گرد دیوار کھچوا دی اور ایک نہر کے ذریعے اس میں پانی پہنچایا - عبدالرحمٰن پاشا (۱۶۷۴ء) نے جامع شیخ معروف کی مرمت کرائی اور اس پشتے کی تکمیل کی جو اس کے پیش رو نے اعظمیہ کو سیلاب سے بچانے کے لیے تعمیر کرنا شروع کیا تھا - قپلان مصطفی (۱۶۷۶ء) نے جامع الشیخ القدوری کو نئے سرے سے بنوایا، جو جامع القپلانیہ کے نام سے مشہور ہوئی - عمر پاشا (۱۶۷۸ء) نے مسجد ابو حنیفہؒ کی مرمت کرائی اور اس کے لیے جدید اوقاف مخصوص کیے - ابراہیم پاشا (۱۶۸۱ء) نے جامع سیّد سلطان علی اور جامع السرائے کو نئے سرے سے بنوایا - اسمٰعیل پاشا (۱۶۹۸ء) نے جامع الخفافین کو دوبارہ بنوایا (العزاوی، ۴ : ۲۷، ۶۴، ۱۰۹، ۱۱۶، ۱۴۳؛ گلشن خلفاء، ص ۱۰۲، ۱۰۳، ۱۰۵، ۱۰۶؛ الآلوسی: مساجد، ص ۳۷، ۵۷ تا ۵۸) - احمد بشناق (۱۶۷۸ء) نے مشہور و معروف خان بنی سعد بنوائی اور سلحدار حسین پاشا نے مستنصریہ کے پاس ایک نیا بازار بنوایا.

اٹھارھویں صدی کے شروع میں ایالتِ بغداد میں سخت ابتری پڑ گئی - ینی چری شہر کے مالک تھے، عرب قبائل آس پاس کے دیہات پر قبضہ جمائے ہوئے تھے، تجارت کی حفاظت اور امن و امان یکسر مفقود تھا - ۱۷۰۴ء میں حسن پاشا کا تقرر ہوا - اس کے اور بعد ازاں اس کے جانشین اور بیٹے احمد کے ماتحت

marfat.com
Marfat.com

بغداد میں ایک نئے دَور کا آغاز ہوا ۔ وہ ینی چریوں کا زور توڑنے کے لیے مملوکوں (Kölemen) کو لائے اور یوں مملوکوں کے اقتدار کی بنیاد پڑی، جو ۱۸۳۱ء تک قائم رہا ۔ ینی چریوں اور عرب قبائل کو قابو میں کر لیا گیا، نظم و نسق بحال کر دیا گیا اور ایرانی خطرہ ٹل گیا ۔ حسن پاشا نے مسجد سرائے (جدید حسن پاشا) کو دوبارہ تعمیر کیا ۔ اس نے ایندھن اور سامانِ خوراک پر سے محصول اٹھا دیا اور محلّوں کو اس زرستانی سے محفوظ کر دیا جو قتل کی وارداتوں کے بعد کی جاتی تھی (*Gazetteer of the Persian Gulf*، ۱، حصّۂ اوّل: ۱۱۹۳ تا ۱۱۹۴؛ سلیمان فائق: حروب الایرانیین، مخطوطہ، ورق ۱۸ تا ۱۹؛ وہی مصنف: تاریخ الممالک، مخطوطہ، ورق ۴؛ حدیقۃ الزوراء (ملخص)، مخطوطہ، ورق ۹؛ گلشن خلفاء، ص ۲۲۵) ۔ احمد پاشا نے اپنے والد (حسن) کے طریقے پر کام جاری رکھا اور بغداد کی قدر و منزلت بہت بڑھا دی ۔ ۱۷۳۲ء اور ۱۷۳۳ء میں نادر شاہ نے بغداد کا دو بار محاصرہ کیا اور گو پہلے محاصرے میں بغداد کو نقصان بہت ہوا پھر بھی احمد پاشا ڈٹا رہا اور شہر کو بچا لیا ۔ جب ۱۷۴۷ء میں احمد پاشا کی وفات ہو گئی تو قسطنطینیہ نے دوبارہ بغداد پر اپنا اقتدار قائم کرنا چاہا، لیکن مملوکوں کی مزاحمت کی وجہ سے کامیابی نہیں ہوئی ۔ سلیمان پاشا پہلا مملوک تھا جو ۱۷۴۹ء میں بغداد کا والی بنایا گیا ۔ یہی شخص عراق میں مملوکوں کی عملداری کا اصل بانی تھا ۔ اس وقت سے سلطان کو مملوکوں کے مرتبے کا اقرار کرنا پڑا اور عموماً وہ انھیں کے نامزد کردہ والی کی توثیق کرنے لگا ۔ حسن پاشا عثمانی دربار کا تربیت یافتہ (خانہ زاد) تھا اور اسی دربار کی پیروی کرنا چاہتا تھا ۔ اس نے چرکسی و گرجستانی مملوکوں کی، نیز مقامی مقتدر لوگوں کے لڑکوں کی تعلیم و تربیت کے لیے تربیت گاہیں قائم کیں ۔ سلیمان نے [آگے چل کر تربیت کا دائرہ وسیع کر دیا] چنانچہ درس گاہ میں ہر وقت تقریباً دو سو طلبہ زیر تربیت رہتے تھے تاکہ آگے چل کر انھیں میں سے عہدےدار اور اہلکار مقرر کیے جائیں ۔ انھیں وہاں ادبی تعلیم اور اسلحہ کے استعمال کرنے کی تربیت دی جاتی، فنونِ مردانگی اور ورزشی کھیل سکھائے جاتے اور آخر میں محلات کے رسوم و آداب کی تعلیم دی جاتی تاکہ حکومت کے لیے بہترین اور منتخب کارندے پیدا کیے جا سکیں (سلیمان فائق: تاریخ الممالیک؛ دوحۃ الوزراء، ص ۸) ۔ اس طرح ایک حکمران جماعت تیار کر دی گئی تھی، جو تربیت یافتہ، مستعد اور چاق و چوبند تھی، لیکن اس کی کمزوری تھی حسد اور خفیہ ساز باز ۔ سلیمان پاشا نے قبائل کو مطیع اور نظم و ضبط اور امن و امان قائم کیا اور تجارت کی حوصلہ افزائی کی ۔ ۱۱۷۵ھ/۱۷۶۲ء میں علی پاشا اس کا جانشین ہوا اور اس کے بعد ۱۱۷۷ھ/۱۷۶۴ء میں عمر پاشا کا دور آیا (تاریخ جودت، بار دوم، ۱: ۳۳۹ تا ۳۴۰) ۔ ۱۷۶۶ء میں بمبئی کے انگریزوں نے فیصلہ کیا کہ بغداد میں برطانوی وکیل (ریزیڈنٹ) مقرر کیا جائے (*Gazetteer*، ۱: ۱۲۲۵) ۔ ۱۱۸۶ھ/۱۷۷۲ء میں بغداد میں ایک ہولناک وبا پھیلی، جو چھے مہینے تک رہی اور ہزاروں آدمی مر گئے؛ بعض لوگوں نے شہر تک چھوڑ دیا اور ساری تجارتی سرگرمیاں ٹھنڈی پڑ گئیں (*Gazetteer*، ۱: ۳۲۴) ۔

امن و امان نے بغداد کو ایک بڑا تجارتی مرکز بنا دیا، چنانچہ ۱۷۷۴ء میں ایک عینی شاہد لکھتا ہے: "یہ (بغداد) ہندوستان، ایران، قسطنطنیہ، حلب اور دمشق کے مال کی بڑی منڈی ہے ۔ مختصر یہ کہ مشرق کی بہت بڑی ذخیرہ گاہ ہے" (*Gazetteer*، ۱: ۱۲۴۳)۔

Marfat.com

باہمی نزاع اور کمزور قیادت کے باعث مملوکوں میں اضطراب اور انتشار کا دور آیا، قبائل میں بدنظمی کی انتہا ہو گئی اور ایران نے بصرہ فتح کر لیا۔ جب سلیمان پاشا سے اعظم ۱۱۹۳ھ / ۱۷۷۹ء میں والی ہوا اور اس نے بغداد، شاہرزور اور بصرے کو باہم ملا دیا تو یہ ابتری دور ہوئی۔ قبائل کو قابو میں کیا گیا، امن بحال ہوا اور مملوکوں کا اقتدار از سر نو قائم ہو گیا (تاریخ جودت، ۲ : ۱۳٦، ۱۵۷، ۱۵۸؛ صوفی : تاریخ الممالیک، ص ۹۱ ببعد، ۹۵ ببعد؛ سلمان فائق : تاریخ الممالیک، ورق ۱٦ تا ۱۷).

سلیمان پاشا نے مشرقی بغداد کی فصیلیں درست کرائیں، کرخ کے گرد ایک دیوار کھنچوا دی اور اس کے چاروں طرف خندق بنوائی۔ اس نے ''سرائے'' اور مدرسۂ سلیمانیہ کو بھی دوبارہ تعمیر کرایا اور قپلانیہ Kaplaniyya، فضل اور خلفا کی مسجدوں کی مرمت کرائی۔ علاوہ بریں اس نے سوق السراجین تعمیر کیا۔ اس کے کہیہ [= کتخدا، یعنی سر براہ انتظامیہ] نے احمدیہ مسجد (جامع المیدان) بنوانی شروع کی، جس کی تکمیل کہیہ کے بھائی (عثمان بن سند (ملخص نسخہ)، ص ۷۰ تا ۷۳، ۷٦ تا ۷۷) نے کی۔ سلیمان کے آخری سال (۱۸۰۲ء) میں بغداد میں ایک وبا آئی (*Gazetteer*، ۱ : ۱۲۸۵؛ یس آفندی العمری : غرائب الاثر، ص ۴٦)۔ کوچک سلیمان نے سزائے موت موقوف کر دی (۱۸۰۸ء)، بجز اس کے کہ شرعی عدالتیں ایسا فیصلہ کریں۔ اس نے املاک کی ضبطی کو ممنوع اور عدالتی مواجب منسوخ کر دیے اور حاکمان عدالت کی تنخواہ مقرر کر دی (سلمان فائق : تاریخ الممالیک، ورق ۹۱؛ دوحة الوزراء، ص ۲۵۰).

اس پر آشوب دور کے بعد داؤد پاشا آیا (۱۸۱٦ء)۔ اس نے قبائل کو قابو میں کیا، امن و امان بحال کیا، آبپاشی کی چند نہریں صاف کرائیں، کپڑے اور اسلحہ کے کارخانے قائم کیے اور مقامی صنعت کی حوصلہ افزائی کی۔ اس نے تین بہت بڑی مسجدیں بنوائیں، جن میں ممتاز ترین مسجد حیدر خانہ تھی۔ اس نے تین مدرسوں کی بنیاد رکھی اور پل کے پاس ایک بازار بنوایا، تقریبًا بیس ہزار سپاہیوں کی ایک فوج مرتب کی اور انہیں فوجی تربیت دینے کے لیے ایک فرانسیسی افسر مقرر کیا۔ اس کی مستعد اور سمجھدار انتظامیہ کی وجہ سے شہر بغداد میں خوشحالی پیدا ہوئی۔ داؤد پاشا کے زوال اور ممالیک کے خاتمے کا باعث سلطان محمود ثانی کی اصلاحات اور حکومت میں مرکزیت پیدا کرنے کی کوشش تھی۔ اس کے ساتھ ساتھ خوفناک وبا، قحط سالی اور سیلاب نے بھی اپنا کام کیا اور ان آفتوں سے شہر کے اکثر باشندے بری طرح متاثر ہوئے (۱۲۴۷ھ / ۱۸۳۱ء) (حدیقة الزوراء (ملخص)، مخطوطہ، ورق ۳۳ تا ۳۴، ۵۳، ۵۵ تا ٦۵؛ اے۔ آر۔ سویدی : نزهة الادباء، مخطوطہ، ورق ۱۴ تا ۴۳؛ مرآة الزوراء، ص ۵۹؛ سلمان فائق : تاریخ الممالیک، مخطوطہ، ورق ۳۹ تا ۵۲؛ *Gazetteer*، ۱ : ۱۳۱٦؛ Frazer: *Travels*، ۱ : ۲۲۳ تا ۲۲۵؛ *Handbook of Mesopotamia*، ۱ : ۸۰ تا ۸۱).

بغداد کا نظام حکومت چھوٹے پیمانے پر حکومت قسطنطینیہ کی نقل تھا۔ اعلٰی فوجی اور انتظامی اختیارات پاشا کے ہاتھ میں تھے۔ انتظامیہ کا سربراہ کتخدا (یا کہیہ) تھا، جس کی حیثیت وزیر کی سی تھی۔ اس کا ایک معاون دفتردار کہلاتا تھا، جو مالیات کا ناظم ہوتا تھا اور دوسرا دیوان افندیسی، یعنی دیوان وزارت کا افسر اعلٰی ہوتا تھا۔ پھر محل کے محافظ سپاہیوں کا سالار اور ینی چریوں کا آغا تھے۔ محکمۂ قضا کا حاکم قاضی ہوتا تھا۔ اہم مسائل پر گفتگو کرنے کے لیے

marfat.com
Marfat.com

پاشا دیوان کا اجلاس طلب کرتا تھا، جس میں کہیہ، دفتردار، قاضی اور سالار، نیز دیگر عمائد شرکت کرتے تھے - محل کے اندر مکانات بنے ہوے تھے جن میں اساتذہ اور اتالیق (لالات) رہتے تھے کہ مملوکوں کو تعلیم دیں (جودت، ۲ : ۲۸۷ و ۳ : ۳۰۲؛ عثمان بن سند، ص ۳۱ تا ۳۲، ۵۶، ۳۹؛ روسو Rousseau، ص ۲۵ ببعد) - مملوکوں کی فوج کی تعداد ساڑھے بارہ ہزار تھی اور ضرورت کے وقت مقامی بھرتی کرکے یا ولایت کے دوسرے حصوں سے امدادی دستے بلا کر تیس ہزار تک بڑھائی جا سکتی تھی (سلمان فائق: تاریخ ممالیک، ورق ۵۱ تا ۵۲).

اس زمانے کے یورپی سیاح بغداد کی بابت کچھ نہ کچھ معلومات بہم پہنچاتے ہیں - بعض نے لکھا ہے کہ شہر کی فصیلیں مختلف اوقات میں کئی بار بنوائی گئیں اور ان کی مرمت کرائی گئی - ان کے پرانے بنے ہوے حصے سب سے اچھے تھے (*Travels* : Buckingham، ۱۸۲۷ء، ص ۳۳۲؛ دیکھیے *Memoir* : Felix Jones، ص ۳۰۹) - فیلکس جونس کی پیمائش کے مطابق فصیل (مشرق) سے گھرے ہوے حصے کا رقبہ ۵۹۱ ایکڑ تھا (قب *Journey* : Dr. Ives، لنڈن ۱۷۷۸ء، ص ۲۰۰؛ روسو *Description* : Rousseau، ص ۵) - دریا کی طرف کی دیوار بظاہر نظر انداز کر دی گئی تھی اور دریا کے کنارے پر مکانات تعمیر کر لیے گئے تھے (*Voyage* : Olivier، ۱۸۰۴ء، ۲ : ۳۷۹) - فصیل کے اندر شہر کا ایک بڑا حصہ، خصوصاً مشرقی جانب، غیر آباد پڑا تھا - دریا کے قریب کا حصہ خوب آباد تھا، لیکن یہاں بھی باغوں کی کثرت تھی اور یہ ایک ایسے شہر کی طرح دکھائی دیتا تھا جو کسی نخلستان کے درمیان سے ابھر رہا ہو (Niebuhr، ۲ : ۲۳۹؛ Buckingham، ص ۳۷۳؛ *Travels* : Wellsted، ۱۸۴۰ء، ۱ : ۲۰۵) -

سراے (یعنی دارالامارۃ) بہت فراخ تھی؛ اس کے احاطے کے اندر خوش نما باغات تھے اور پر تکلف ساز و سامان سے آراستہ تھی (روسو، ص ۶؛ Ker Porter، ص ۲۶۳).

مغربی بغداد، یعنی کرخ، کسی نواحی بستی کے مانند تھا، جس میں بہت سے باغ تھے - پہلے اس کی حفاظت کا کوئی بندوبست نہ تھا (روسو، ص ۵؛ Ives، ص ۲۸)، پھر سلیمان پاشاے اعظم نے اس کے گرد دیوار بنوا دی - اس کے چار دروازے تھے: باب الکاظم (شمال)، باب الشیخ معروف (مغرب)، باب الحلّة (جنوب مغرب) اور باب الکریمات (جنوب) - ان دیواروں کا طول پانچ ہزار آٹھ سو گز تھا اور یہ دو سو چھیالیس ایکڑ رقبہ گھیرے ہوے تھیں (F. Jones، ص ۳۰۹) - کر پورٹر Ker Porter (۱۸۱۸ء) نے اس بستی کے کثیر و وسیع کوچہ و بازار کے ساتھ ساتھ کثرت سے دکانیں بنی ہوئیں دیکھیں (Ker Porter، ۲ : ۲۰۵؛ المنشئ البغدادی : رحلة، ص ۳۱) - مزید برآں، یہ اتنا آباد نہ تھا جتنا مشرقی حصہ اور اس میں عموماً عوام کی آبادی تھی (Niebuhr، ۲ : ۲۴۴؛ Rousseau، ص ۴) - کشتیوں کا پل چھے فٹ چوڑا تھا اور لوگ دریا کے پار اسی پر سے جاتے تھے یا پھر قُفَف ("guffas"، یعنی ڈونگے یا چھوٹی کشتیاں) استعمال کرتے تھے (Ker Porter، ۲ : ۲۰۵؛ Niebuhr، ۲، ۲۴۳؛ المنشئ البغدادی، ص ۳۴).

اس زمانے میں رفتہ رفتہ آبادی بڑھی - روسو Rousseau (ص ۸) نے اس کا اندازہ پینتالیس ہزار (تقریباً ۱۸۰۰ء) اور اولیویر Olivier (۲ : ۳۸۵) نے اسی ہزار بیان کیا ہے - شہر والے اس کی تعداد ایک لاکھ بتاتے تھے - بکنگہم Buckingham (*Travels*، ۲ : ۳۸۰) کا اندازہ اسی ہزار ہے (۱۸۱۶ء) - کر پورٹر Ker Porter (*Travels*، ص ۲۶۵) نے آبادی

Marfat.com

ایک لاکھ بتائی ہے (۱۸۱۸ء) - المنشیؒ البغدادی کا یہ قول مقامی آرا کی صداے بازگشت ہے کہ بغداد میں ایک لاکھ مکان تھے، جن میں سے پندرہ سو یہودیوں کے اور آٹھ سو عیسائیوں کے تھے (رحلة، ص ۳۲) - ۱۸۳۰ء کے آتے آتے یہ اندازہ ایک لاکھ بیس ہزار سے ڈیڑھ لاکھ تک پہنچ گیا (Frazer، ۱ : ۲۲۳ تا ۲۲۵ اور Wellsted) - یہ مختلف قوم و مذہب کے لوگوں کی مخلوط آبادی تھی - عہدے داروں کا طبقہ ترکوں (یا مملوکوں) پر مشتمل تھا؛ سوداگر زیادہ‌تر تو عرب تھے، پھر ایرانی، کُرد اور کچھ ہندوستانی بھی تھے (Buckingham، ص۳۸۷، Niebhur، ۲ : ۲۰۰؛ Ker Porter، ۱ : ۲۵۱ و ۲ : ۲۶۵؛ Wellsted) - بغداد میں، خصوصاً پُل کے نزدیک بہت سے بازار تھے - ان میں سے بڑے بڑے بازاروں پر اینٹوں کی محراب‌دار چھتیں تھیں اور باقی پر کھجور کے ٹہنے ڈالے دیے تھے- بہت سی کاروان سرائیں (''خان'')، چوبیس حمام، پانچ بڑے مدرسے اور بیس بڑی اور متعدّد چھوٹی مسجدیں تھیں (Buckingham، ص ۳۷۸ تا ۳۷۹؛ Ives، ص ۲۷۳؛ المنشئی البغدادی، ص ۱۳؛ Niebhur، ۲ : ۳۰۰؛ Wellsted، ۱ : ۲۵۷؛ Olivier، ۲ : ۳۸۲).

گلیاں تنگ تھیں - بعض کے پھاٹک تھے، جو رات کے وقت حفاظت کے لیے بند کر دیے جاتے تھے - مکانات اونچے تھے، جن کی کھڑکیاں گلی کی طرف کم ہوتی تھیں - گھر کے اندر کمرے قطار اندر قطار ہوتے تھے، جن کے دروازے ایک چوکور صحن کی طرف کھلتے تھے اور صحن میں عموماً باغ ہوتا تھا - موسم گرما میں گرمی سے بچنے کے لیے سرداب (تہ خانے) کام میں لائے جاتے تھے اور سہ پہر کے بعد کھلے چبوترے آرامدہ ثابت ہوتے تھے - گرمی میں لوگ چھتوں پر سوتے تھے (قب Buckingham، ص ۳۰۸) - بغداد میں کچھ صنعتیں بھی تھیں، جن میں چمڑے کی دباغت اور روئی، ریشم اور اون کی پارچہ بافی خاص طور پر قابل ذکر ہے (Rousseau، ص ۹ تا ۱۰).

۱۸۳۱ء سے عثمانی عہد کے خاتمے تک بغداد براہ راست حکومتِ قسطنطنیہ کے ماتحت رہا - بعض والیوں نے وہاں اصلاحات نافذ کرنے کی کوشش کی - محمد رشید پاشا (۱۸۴۷ء) پہلا والی تھا جس نے اقتصادی حالات سنوارنے کی کوشش کی - اس نے بغداد اور بصرے کے درمیان باربرداری کے لیے دو جہاز خریدنے کی غرض سے ایک کمپنی بنائی، جس کی کامیابی دیکھ کر انگریزوں نے بھی ایک ویسا ہی منصوبہ تیار کیا - نامق پاشا نے دمیر خانہ کی بنیاد رکھی (۱۸۵۳ء)، جہاں جہازوں کی مرمت ہوسکتی تھی (Chiha، ص۴۵، ۵۸ تا ۵۹؛ *Gazetteer*، ۱ : ۱۳۶۰، ۱۳۶۵ تا ۱۳۶۶، ۱۳۴۲) - مدحت پاشا (۱۸۶۹ تا ۱۸۷۲ء) نے جدید نظامِ ''ولایت'' جاری دیا - والی کا ایک معاون، ایک مدیر براے امور خارجہ اور ایک مأمون یا کاتب (سکرٹری) ہوتا تھا - ولایت سات سنجاقوں میں تقسیم کی گئی - ہر سنجاق کا حاکم اعلٰی متصرّف کہلاتا تھا - بغداد بھی ایک سنجاق تھا (*Gazetteer*، ۱ : ۱۳۳۲، ۱۳۳۷ تا ۱۳۳۸) - مدحت نے چند نامناسب ناپسندیدہ محصول موقوف کر دیے، مثلاً (۱) احتساب : یہ چنگی کا محصول تھا جو فصیل شہر کے اندر باہر کی ہر پیداوار فروخت کے لیے لانے پر لگایا گیا تھا؛ (۲) طالبیّہ : یہ محصول دریا میں کشتی چلانے پر لگایا گیا تھا؛ (۳) خُمس خشب، یعنی ایندھن پر بیس فی صد محصول اور (۴) ''رُوس أبکار''، یعنی آب پاشی کے لیے رہٹ لگانے پر محصول، جس کے بدلے اس نے پیداوار پر عُشر (دسواں حصہ) مقرر کر دیا (*Gazetteer*، ۱ : ۱۳۳۲) - ۱۸۷۰ء میں مدحت نے بغداد اور کاظمین کے درمیان ٹریم گاڑی چلائی، جو

marfat.com
Marfat.com

..ر برس تک چلتی رہی (علی حیدر مدحت : Life، ص ۱۵۱) - اس نے ۱۸۶۹ء میں سب سے پہلا دارالاشاعت اور مطبع ولایت بغداد میں قائم کیا اور اخبار الزوراء کی بنیاد رکھی، جو عراق میں صوبے کا سب سے پہلا سرکاری ترجمان تھا - یہ ۱۹۱۷ء تک ہفتہ وار اخبار کی صورت میں شائع ہوتا رہا (العزاوی، ۷ : ۱۳۲؛ علی حیدر مدحت : *The Life of Midhat Pasha*، لنڈن ۱۹۰۳ء، ص ۴۷ ببعد؛ الطرازی : *Arabic Press*، ۱ : ۴۸؛ *Handbook of Mesopotamia*، ۱ : ۸۱) - چند فرانسیسی مشنری مدارس کے سوا بغداد میں طرز جدید کا کوئی مدرسہ نہ تھا - ۱۸۶۹ اور ۱۸۷۱ء کے درمیان مدحت پاشا نے نئی طرز کے مدارس قائم کیے : ایک صنعتی مدرسہ، ایک ابتدائی (= رشدی) اور ایک ثانوی (= اعدادی) فوجی درس گاہ اور ایک ابتدائی اور ثانوی ملکی (= Civil) مدرسہ (الزوراء، شمارہ ۱۸۲۰؛ العزاوی، ۸ : ۲۱؛ سالنامۂ بغداد (۱۹۰۰ء)، ص ۴۴؛ Chiha، ص ۱۰۰ تا ۱۰۲) - مدحت نے شہر کی فصیلیں گروا دیں اور یہ شہر کو جدید طرز پر بنانے کی طرف پہلا قدم تھا - اس نے ''سرائے'' کی عمارت کو، جو نامق پاشا نے شروع کی تھی، مکمل کر دیا (Chiha، ص ۶۶).

مدحت پاشا نے جو تعلیمی تحریک شروع کی تھی وہ اس کے بعد جاری رہی - لڑکیوں کا پہلا ابتدائی مدرسہ ۱۸۹۰ء میں کھولا گیا (سالنامہ، ۱۳۱۸ھ) - چار ابتدائی مدرسے ۱۸۹۰ء میں جاری ہوے اور ایک ابتدائی مدرسة المعلمین ۱۹۰۰ء میں (سالنامۂ معارف، استانبول ۱۹۰۰ء؛ ایس - فیضی : نضال، ص ۵۸ تا ۵۹) - ۱۹۱۳ء کے آتے آتے عراق میں ایک سو تین مدرسے ہو گئے، جن میں ایک سو سڑسٹھ ابتدائی، انتیس رشدی اور پانچ ثانوی تھے اور ایک کالج، یعنی کلیۂ قانون، بھی جاری ہو گیا (لغة العرب، ۱۹۱۳ء، ص ۳۳۵) - ۱۸۸۳ اور ۱۹۰۷ء کے درمیان پانچ مطابع قائم ہو گئے - بغداد میں ۱۹۰۸ء کے بعد سے اخبار نکلنے لگے اور ۱۹۱۵ء تک مختلف اشخاص نے پینتالیس اخبار جاری کیے.

مدحت کے بعد والی بہت جلد جلد ایک دوسرے کے بعد آئے، لیکن انھوں نے کوئی نمایاں کام نہیں کیا - ۱۸۸۶ء میں جبریہ بھرتی جاری ہو گئی (فقط مسلمانوں کے لیے) - مدحت کے تعمیر کیے ہوے ہسپتال کا آخر کار ۱۸۷۹ء میں افتتاح کیا گیا (الزوراء، شمارہ ۸۱۰) - ۱۹۰۲ء میں کشتیوں کا ایک نیا پل تعمیر کیا گیا، جو اتنا چوڑا تھا کہ اس پر سے گاڑیاں گزر سکتی تھیں اور اس کے جنوبی جانب ایک قہوہ خانہ بنایا گیا (الآلوسی، ص ۲۵؛ *Handbook*، ۲ : ۳۷۴) - ۱۹۰۸ء میں بغداد نے عثمانی پارلیمان میں اپنے تین نمائندے بھیجے (العزاوی، ۸ : ۱۶۵) - ۱۹۱۰ء میں ناظم پاشا نے مشرقی بغداد کے گرد ایک بند بنا دیا تاکہ وہ سیلاب سے محفوظ ہو جائے (العزاوی، ۸ : ۲۰۰ تا ۲۰۱) - یہ آخری مستعد اور سر گرم والی تھا.

اس زمانے میں والی کی مدد کے لیے جو نظم و نسق کا اعلیٰ حاکم تھا، ایک مجلس بھی تھی، جس کے تقریباً آدھے ارکان منتخب ہوتے تھے اور باقی ارکان بلحاظ منصب مقرر کیے جاتے تھے - منتخب ارکان میں سے تقریباً دو غیر مسلم ہوتے تھے - والی کا ایک مددگار ہوتا تھا، جسے ''قائم مقام'' کہتے تھے (الزوراء، شمارہ ۱۳۶۹؛ سالنامہ ۱۲۹۲ھ) - دوسرے اہم عہدے یہ تھے : نظامتِ معارف نظامتِ طپو (Tapu)، دفتر تسجیل (Registration) اور دیوانی عدالتیں (سالنامہ (۱۳۰۰ھ)، ص ۸۲ تا ۹۶) - ۱۷۶۸ء تک بغداد تین ایالتوں، یعنی موصل، بصرہ اور بغداد کا صدر مقام تھا - ۱۸۶۱ء

Marfat.com

میں موصل اور ۱۸۸۴ء میں بصرہ علیحدہ کر دیے گئے اور بغداد تین متصرفلکوں کا صدر مقام رہ گیا (Province : Chiha، ص ۸۰).

۱۸۳۱ء میں طاعون اور سیلاب نے بغداد میں بڑے خوفناک اثرات چھوڑے تھے ۔ مشرقی بغداد کے بہت سے گھر ویران ہو گئے ۔ شہر پناہ کے اندرونی علاقے کا دو تہائی حصّہ خالی ہو گیا ۔ ادھر کرخ کا بڑا حصّہ اجڑ گیا ۔ دونوں طرف کی فصیل میں سیلاب کی وجہ سے بڑے بڑے شگاف پڑ گئے ۔ داؤد پاشا کے عہد کے مقابلے میں اس وقت شہر کی حالت بہت زیادہ خراب تھی (Travels : Frazer، ۱ : ۲۶۹، ۲۳۳ تا ۲۳۴، ۲۵۲) ۔ ساؤتھ گیٹ Southgate کے زمانے (۱۸۳۷ء) میں شہر ان آفات کے بعد آہستہ آہستہ پھر سنبھلنے لگا تھا؛ اس نے آبادی کا اندازہ چالیس ہزار لگایا، مگر مدرسے کس مپرسی کی حالت میں تھے ۔ انھیں جو امداد ملتی تھی اس سے ٹھیک کام نہیں لیا جاتا تھا (Narrative : Southgate (۲ جلد)، ۱۸۵۱ء، ۲ : ۱۸۰، ۱۶۵ تا ۱۶۶؛ Handbook of Mesopotamia، ۱ : ۸۰ تا ۸۱).

جب فیلکس جونز Felix Jones نے بغداد کی سیاحت کی (۱۸۵۳ء) تو حالت سنور چکی تھی ۔ اس نے لکھا ہے کہ مشرقی بغداد میں تریسٹھ اور کرخ میں پچیس محلّے تھے، جن میں بہت سے آج بھی اپنے پرانے ناموں سے موسوم چلے آتے ہیں (Memoir، ص ۳۳۹؛ قب Frazer، ص ۲۳۳ تا ۲۳۴).

انیسویں صدی عیسوی کے وسط سے شہر کی آبادی مستقلاً بڑھتی رہی؛ ۱۸۵۳ء میں تقریباً ساٹھ ہزار تھی (Felix Jones، ص ۳۱۰، ۳۲۹) ۔ ۱۸۶۷ء میں بغداد میں مردوں کی تعداد ۶۷۲۷۳ دی ہوئی ہے (لغات العرب، ۱۹۱۳ء) ۔ ۱۸۷۷ء میں ساری آبادی کا اندازہ ستّر سے اسّی ہزار تک دیا گیا ہے (Persian Gulf Gazetteer، ص ۸؛ Through Asiatic Turkey : Geary، ۱۸۷۸ء، ۱ : ۱۲۶) ۔ ۱۸۹۰ سے ۱۸۹۹ء تک یہ اندازہ اسّی ہزار سے ایک لاکھ ہو گیا (From Batum : Harris to Baghdad، ص ۲۹۹؛ Cowper : Through Asiatic Turkey، ص ۲۷۰) ۔ ۱۹۰۰ء میں آبادی ایک لاکھ تھی (Province : Chiha، ص ۱۶۵؛ دیکھیے سالنامہ (۱۳۲۰ھ)، ص ۱۳۶ تا ۱۳۷، ۱۸۱).

ایک اور تخمینے کی رُو سے ۱۹۰۳ء میں یہ آبادی ایک لاکھ چالیس ہزار تھی (Handbook of Mesopotamia، ۱ : ۸۹) ۔ ۱۹۱۸ء تک آبادی کی تعداد دو لاکھ ہو گئی (Handbook، ۲ : ۳۳؛ الآلوسی : اخبار بغداد، ص ۲۸۰ تا ۲۸۱) ۔ ۱۹۱۸ء میں آبادی کی تعداد ایک لاکھ پچاس ہزار تھی (دیکھیے R. Coke : Baghdad، ص ۲۹۸) ۔ سیّاح یہ دیکھ کر بہت متأثر ہوتے تھے کہ وہاں قومیں ایک دوسرے سے خوب خلط ملط ہو گئی ہیں، مختلف زبانیں بولی جاتی ہیں، غیر مسلم باشندے غیر معمولی آزادی سے بہرہ اندوز ہیں اور عوام میں باہم بڑی رواداری ہے (Jones، ص ۳۳۹؛ Olivier، ۲ : ۳۸۸ تا ۳۸۹) ۔ یہ اختلاط بغداد کی مقامی زبان پر اپنا نقش چھوڑ گیا ہے (عبداللطیف : قاموس لہجات بغداد، مخطوطہ).

بایں ہمہ عام زبان عربی تھی ۔ قبائلی آنا شروع ہوئے تو عرب آبادی بڑھنے لگی (Geary : کتاب مذکور، ۱ : ۱۳۶، ۲۱۳) ۔ عموماً ایک عقیدے یا نسل کے لوگ ایک خاص محلّے میں اکٹھے ہو جاتے تھے (قب Memoir : F. Jones، ص ۳۳۹) ۔ تُرک عام طور پر شہر کے شمالی محلّوں میں بودوباش رکھتے تھے جب کہ یہودی اور عیسائی اپنے اپنے پرانے محلّوں میں، علی الترتیب سُوق الغزل کے شمال اور مغرب میں، رہتے تھے ۔ بہت سے ایرانی مغربی بغداد میں رہتے تھے، مگر

marfat.com
Marfat.com

کرخ میں زیادہ‌تر عرب آبادی تھی (F. Jones، ص ۳۳۹؛ *Persian Gulf*، ص ۹، ۹۷ تا ۱۰۸؛ *Handbook*، ۲ : ۳۸۱؛ Southgate، ۲ : ۱۸۲) - اگرچہ ان تینوں مذاهب والے عربی هی بولتے تھے، لیکن ان کی بولیوں میں فرق تھا (لغات العرب، ۱۹۱۱ء، ص ۶۹ تا ۷۱).

اس صدی کے خاتمے پر بھی بغداد میں کچھ صنعتیں باقی تھیں - پارچہ بافی کی صنعت میں ریشمی اور سوتی کپڑے، اون اور ریشم کو ملا کر بنایا ہوا کپڑا، دھاری‌دار سوتی کپڑا، اور برقعوں، جبّوں، چادروں اور مستورات کے بیرونی لباس کے لیے موٹا سوتی کپڑا تیار ہوتا تھا - بغداد کے بنے ہوے ریشمی کپڑے اپنے رنگ اور کاری گری کی وجه سے مشہور تھے - رنگریزی کی بہت اعلٰی صنعت موجود تھی - صنعتِ دباغت یہاں کی بڑی صنعتوں میں سے تھی اور معظم میں اس کے چالیس کے قریب کارخانے تھے - نجّاری اور تیغ‌سازی کی صنعت ترقی یافته تھی - کپڑا بننے کا ایک فوجی کارخانه بھی تھا (*Handbook*، ۱ : ۱۳۱؛ سالنامه (۱۳۰۰ھ)، ص ۹۷، ۱۳۶).

بغداد کے بازار مسقف تھے یا کھلے ہوے، جیسے سوق الغزل - مشرقی پل کے بیرونی سرے پر ''سراے'' کے بازاروں، ''میدان''، شرجه (Shordjo) اور کپڑے کے بازار میں، جسے داؤد پاشا نے دوبارہ یا تھا، تجارت کا بڑا زور تھا - بعض بازاروں میں خاص خاص پیشه‌ور ہوتے تھے، جن کی اپنی اپنی انجمنیں تھیں اور بازار کا نام بھی اسی دستکاری کے نام پر رکھ دیا جاتا تھا، مثلاً سوق الصفافیر (تانبے والوں کا بازار)، سوق السراجین (زین بنانے وزالوں کا بازار)، سوق الصاغا (چاندی والوں کا بازار)، سوق الخفافین (جوتے والوں کا بازار) وغیرہ (اولیا چلبی، ۴ : ۲۲؛ *MGTB*، ۱ : ۲۲ تا ۲۳).

دو سڑکیں مشہور تھیں - ایک شمالی دروازے سے پل کے قریب تک اور دوسری جنوبی دروازے سے بڑے بازار کے سرے تک جاتی تھی - ۱۹۱۵ء میں شمالی دروازے کو جنوبی دروازے سے ایک سڑک کے ذریعے ملا دیا گیا تھا - یه سڑک آج کل ''شارع رشید'' کہلاتی ہے (*Handbook*، ۱ : ۳۷۷؛ سالنامه (۱۳۱۸ھ)، ۵۹۹ تا ۶۰۰).

۱۹۲۲ء میں نامق پاشا نے بعض سڑکوں کی مرمت کرانی چاہی (سالنامه، ۱۳۱۸ھ، ص ۶۰) - ۱۳۰۷ھ - ۱۸۸۹ء میں سِرّی پاشا نے ''میدان'' کو ایک کھلے چوک میں بدل دیا اور اس میں ایک باغ لگا دیا (دیکھیے سالنامه، ۱۳۲۱ھ، ص ۷۶) - ۱۲۸۵ھ / ۱۸۶۹ء میں مدحت نے انتخابات کے ذریعے ایک مجلس بلدیه قائم کی اور احکام جاری کیے کہ سڑکیں صاف کر دی جائیں - ۱۸۷۹ء میں بلدیات باقاعدہ قائم کی گئیں اور صفائی اور بدررویں بنانے کے احکام دیے گئے (الزوراء، شماره ۲۳۱، شماره ۸۷۸، شماره ۸۱۷، شماره ۱۷۷۴؛ لغات العرب، ۱ : ۱۷؛ سالنامه (۱۳۰۰ھ)، ص ۱۳۶) - مٹی کے تیل سے روشنی کرنے کا انتظام کیا گیا، اور اس کا اهتمام ایک ٹھیکے‌دار کے سپرد کیا گیا؛ لیکن عملاً فقط ان سڑکوں پر روشنی ہوئی جہاں سربرآوردہ اشخاص رہتے تھے (الزوراء، شماره ۹۰۴، شماره ۸۳۷؛ اس کے علاوہ رک به بلدیه).

بیسویں صدی عیسوی کے شروع میں بغداد شہر کا رقبه تقریباً چار مربع میل تھا - مدحت پاشا کی گرائی ہوئی مشرقی دیوار کے آثار دریا کے ساتھ مل کر ایک متوازی الاضلاع شکل بناتے تھے، جس کا طول تقریباً دو میل اور عرض اوسطاً ایک میل سے زائد تھا - اس رقبے کا تقریباً ایک تہائی حصه خالی پڑا تھا یا قبروں اور کھنڈروں سے پر تھا، اور جنوب کی جانب بہت **سی جگه** کھجوروں کے باغوں نے گھیر رکھی تھی - مشرقی بغداد کی بہ نسبت

Marfat.com

کرخ دریا کے زیادہ اوپر کی طرف سے شروع ہوتا تھا، لیکن یہ اس سے لمبائی اور چوڑائی میں کہیں چھوٹا تھا (*Handbaok*، ۲ : ۲۷٦) - ۱۸۸۲ء میں کُل گھروں کی تعداد ۱٦۳۰۳ تھی، چھے سو سرائیں تھیں، اکیس حمام، چھیالیس جامع مسجدیں اور چھتیس چھوٹی مسجدیں تھیں، چونتیس بچوں کے مکتب اور اکیس مذھبی مدارس تھے، ۱۸۴ قہوہ خانے اور ۳۲۲۱ دیگر دکانیں تھیں (سالنامہ (۱۳۰۰ھ)، ص ۱۳٦) - ۱۸۸۴ء میں ان کی تعداد حسب ذیل تھی : ۱٦۴۲٦ مکان، ۲۰۰ سرائیں، انتالیس حمام، ترانوے جامع مسجدیں اور بیالیس چھوٹی مسجدیں اور چھتیس بچوں کے مکتب (سالنامہ (۱۳۰۲ھ)، ۳۳۵).

۱۹۰۳ء میں بغداد میں چار ہزار دکانیں تھیں؛ دو سو پچاسی قہوہ خانے، ایک سو پینتیس میوہ‌دار باغ، ایک سو پینتالیس جامع مسجدیں، چھے ابتدائی مدرسے، آٹھ غیر مسلموں کے سکول، بیس خانقاھیں (تکیے)، بارہ کتب فروشوں کی دکانیں، ایک عوامی کتب خانہ، بیس لڑکوں کے مکتب، آٹھ گرجا گھر، نو دباغت کے کارخانے، ایک صابون کا کارخانہ، ایک سو انتیس کرگھے اور بائیس پارچہ بافی کے کارخانے تھے (سالنامہ (۱۳۲۱ھ)، ص ۱۷۹) - ۱۹۰۹ء تک مکانوں کی تعداد نوے ہزار تک پہنچ گئی - تین غیر سرکاری چھاپے خانے، چھے گرجا گھر اور نو صومعے تھے (سالنامہ (۱۳۲۴ھ)، ص ۳۲۳).

شُکری الآلوسی نے مشرقی بغداد میں چوالیس اور کرخ میں اٹھارہ مسجدوں کی کیفیت لکھی ہے (الآلوسی : مساجد؛ Massignon : *Mission*، ۲ : ٦۳ تا ٦۵).

بغداد میں درجۂ حرارت موسم گرما میں ۱۱۴ درجے سے ۱۲۱ درجے فارن ھیٹ تک رہتا تھا اور موسم سرما میں ۳٦ درجے سے ۳۱ درجے فارن ھیٹ تک، لیکن کبھی کبھی گرمی میں ۱۲۳ درجے فارن ھیٹ تک چڑھ جاتا اور جاڑے میں بیس درجے فارن ھیٹ تک گر جاتا تھا.

بغداد نے عثمانی ترکوں کے عہد میں ممتاز شعرا پیدا کیے، جیسے فُضُولی [رَكْ بآں]، ذھنی [رك بآں]، اَخرس - اسی طرح عبدالباقی العُمری، مُرتضٰی غرابی اور شُکری الآلوسی جیسے مؤرّخ وھاں ھوے؛ فقہا میں عبداللّٰہ سُوَیدی اور ابوالثناء الآلوسی جیسے لوگ گزرے (دیکھیے الآلوسی : المسک الاُذْفَر، بغداد ۱۹۳۰ء).

موجودہ بغداد بہت کچھ بدل گیا ھے (خصوصًا ۱۹۳۰ تا ۱۹۳۹ء میں) - وہ اس قدر پھیل گیا ھے کہ شمال کی طرف اعظمیہ اور کاظمَین سے، مشرق میں بند سے، جنوب میں دجلے کے بڑے موڑ سے اور ادھر المطار المدنی اور قریبی مضافات مثلاً منصور اور مأمون کے شہروں سے جا ملا ھے - کرخ اور رُصافہ میں چھہتر محلے ھیں، اعظمیہ میں آٹھ، کَرَدۃ شرقیہ میں چار اور کاظمین میں چھے (Sousa : *Atlas Baghdad*، ص ۲۱ تا ۲۵) - بغداد کے حدود بلدیہ کے اندر کی آبادی ۱۹۴۷ء میں ۳٦٦۷۳۳ تھی، جو ۱۹۵۷ء میں بڑھ کر سات لاکھ پینتیس ہزار تک پہنچ گئی - قدیم عمارتوں کی طرز کے بجاے شہر کے باھر نئے مکان مغربی انداز پر تیار ھو گئے ھیں - پرانی آبادیوں کی بھی رفتہ رفتہ شکل بدلتی جا رھی ھے - کشتیوں کا پل اب ناپید ھے اور چار پختہ پل تعمیر ھو گئے ھیں.

تجدّد کا عمل، مادّی بھی اور معاشرتی بھی، اس تیزی سے ھو رھا ھے کہ یہ مقالہ اسے ضبطِ تحریر میں لانے سے قاصر ھے.

مآخذ : مقالے میں مآخذ بیان ھو چکے ھیں - بڑے بڑے مؤرخوں، جیسے الطبری، المسعودی، الیعقوبی،

marfat.com
Marfat.com

ابن الأثیر کی تصانیف؛ جغرافیہ‌دان، مثلاً ابن رُستہ، ابن الفقیہ (مخطوطات مشہد)، ابن حوقل، الیعقوبی، المقدسی، یاقوت کی تصانیف؛ [ابن عبدالحق کی مراصدالاطّلاع، حدودالعالم اور المُسْتوفی کی تصانیف؛ سیاحوں، مثلاً ابن جُبیر، ابن بَطُّوطہ اور تطیلہ کے بنجمن (Benjamin of Tudela) کے سیاحت‌ناموں کے علاوہ مندرجۂ ذیل تصانیف کا ذکر مناسب ہے: (۱) ابن الساعی: الجامع المختصر، طبع مصطفٰی جَواد، بغداد ۱۹۳۴ء؛ (۲) ابن الجوزی: مناقب بغداد، بغداد ۱۹۲۱ء؛ (۳) وہی مصنّف: المنتظم، حیدرآباد دکن ۱۳۵۷ تا ۱۳۵۹ھ؛ (۴) مِسْکَوَیْہ: تجارب الامم، ج ۱ تا ۷ (طبع و ترجمہ از Amedroz و Margoliouth، ۱۹۲۰ - ۱۹۲۱ء؛ (۵) سُہراب: عجائب الاقالیم السبعہ، طبع Hans von Mzik، لائپزگ ۱۹۳۰ء؛ (۶) الشَّابُشتی: کتاب الدیارات، طبع جرجیس Gurgis عوّاد، بغداد ۱۹۵۱ء؛ (۷) ہلال الصابی: رُسوم دارالخلافہ، Dept. of Ant. Library، مخطوطہ عدد ۲۹۰۰؛ (۸) ابن الفُوَطی: الحوادث‌الجامعۃ، طبع مُصطفٰی جواد، بغداد ۱۳۵۱ھ؛ (۹) الصولی: اخبار الراضی و المتّقی باللّٰہ، قاہرہ ۱۹۳۵ء؛ (۱۰) التنوخی: نشوار المحاضرۃ، ج ۱، قاہرہ ۱۹۲۱ء و ج ۸، دمشق ۱۹۳۰ء؛ (۱۱) ایم - ایس ایچ - الآلوسی: المسک الاذفر، ج ۱، بغداد ۱۹۳۰ء؛ (۱۲) اولیاء چلبی: سیاحت نامہ، ج ۴، قسطنطینیہ ۱۳۱۴ھ؛ (۱۳) المُنشی البغدادی: رحلۃ، مترجمۂ عبّاس العزّاوی، بغداد ۱۹۴۸ء؛ (۱۴) سالنامۂ بغداد، سال ۱۲۹۹ھ، ۱۳۰۰ھ، ۱۳۰۱ھ، ۱۳۱۲ھ، ۱۳۱۷ھ، ۱۳۱۸ھ، ۱۳۲۱ھ، ۱۳۲۴ھ؛ (۱۵) W. B. Harris: *From Batum to Baghdad*، ایڈنبرا ۱۸۹۶ء؛ (۱۶) الحُسینی: اخبارالدولۃ السلجوقیۃ، طبع محمد اقبال، لاہور ۱۹۳۳ء؛ (۱۷) Chiha: *La Province de Baghdad*، قاہرہ، تقریباً ۱۹۰۰ء؛ (۱۸) حاجی خلیفہ: جہان‌نما، قسطنطینیہ ۱۱۴۵ھ؛ (۱۹) یٰسین العُمری: غرائب الاثر، طبع ایم - ایس - جلیلی، موصل ۱۹۴۰ء؛ (۲۰) عبّاس العَزّاوی: تاریخ العراق بین الاحتلالَین، ۸ جلد، بغداد ۱۹۳۶ تا ۱۹۵۸ء؛ (۲۱) عثمان بن سَنَد البصری: مطالع السُّعود فی اخبار الوالی داؤد، D. of Ant. Library، مخطوطہ عدد ۲۳۳ (اختصار از ایم - ایچ - المدنی)، قاہرہ ۱۳۷۱ھ؛ (۲۲) سُلیمان فائق: تاریخ الممالیک فی بغداد (Lib. Dept. of. Ant. Baghdad کا مخطوطۂ عدد ۱۲۲۷)؛ (۲۳) وہی مصنّف: حروف الایرانیین فی العراق (Lib. of D. of Ant. Baghdad، عدد ۱۹۰۲)؛ (۲۴) حدیقۃ الزوراء، اختصار از عبدالرحمٰن السُّہروردی (مخطوطہ)؛ (۲۵) عبدالرحمٰن السُّہروردی: نُزہۃ الادباء فی تراجم عُلماء و وُزراء بغداد (مخطوطہ)؛ (۲۶) A.M. Karmali: الفوز بالمُراد فی تاریخ بغداد، ۱۳۲۹ھ؛ (۲۷) فریدون بے: مُنشآت السلاطین، استانبول ۱۲۷۴ھ؛ (۲۸) کاتب چلبی: فَذْلَکہ، ج ۲، استانبول ۱۲۹۷ھ؛ (۲۹) مُرتضٰی: گلشن خلفاء؛ (۳۰) محمد امین: بغداد و حادثۂ ضیاعی، استانبول ۱۳۳۸ - ۱۳۴۱ھ؛ (۳۱) جودت پاشا: تاریخ، بار دوم، استانبول ۱۳۰۱ تا ۱۳۰۹ھ؛ (۳۲) الأَزْدی: حکایۃ ابی القاسم البغدادی، طبع A. Mez ہائڈل برگ ۱۹۰۲ء؛ (۳۳) الزوراء (Gov. Gazette, Dept. of Ant. Library)؛ (۳۴) اے - کیو - شہربانی: تذکرۃ الشعراء، طبع A.M. Karmali، بغداد ۱۹۳۶ء؛ (۳۵) الآلوسی: مساجد بغداد، بغداد ۱۳۴۶ھ؛ (۳۶) ابن طَیْفُور: تاریخ بغداد، ج ۶، لائپزگ ۱۹۰۸ء؛ (۳۷) Cl. Huart: *Histoire de Baghdad dans les temps modernes*، پیرس ۱۹۰۴ء؛ (۳۸) J. R. Wellsted: *Travels in the city of the caliphs*، ۲ جلد، لنڈن ۱۸۴۰ء؛ (۳۹) Rousseau: *Description du pachalik de Baghdad*، پیرس ۱۸۰۹ء؛ (۴۰) Sarre و Herzfeld: *Archäologische Reise im Euphrat und Tigris-Gebiet*، برلن ۱۹۰۰ء؛ (۴۱) Rev. H. Southgate: *Tour through Armenia, Kurdistan, Persia and Mesopotamia*، دو جلد، لنڈن ۱۸۵۰ء؛ (۴۲) M. de

marfat.com
Marfat.com

Thevenot : *Relation d'un voyage fait au Levant*، دو جلد؛ (۴۳) J. S. Buckingham : *Travels in Mesopotamia*، لنڈن ۱۸۲۷ء؛ (۴۴) Felix Jones : *Memoir on Baghdad*، بمبئی ۱۸۵۷ء؛ (۴۵) C. Niebuhr : *Voyage en Arabie*، ج ۲، ۱۷۸۰ء؛ (۴۶) Ker Porter : *Travels in Syria, Persia, Armenia, Ancient Babylonia*، ۲ جلد، لنڈن ۱۸۱۷ تا ۱۸۲۰ء؛ (۴۷) J. G. Lorimer : *Gazetteer of the Persian Gulf*، ج ۱، جزو ۱ و ۲، کلکتہ ۱۹۱۵ء؛ (۴۸) *Handbook of Mesopotamia*، ۳ جلد، لنڈن ۱۹۱۷ء؛ (۴۹) Olivier : *Voyages*، ۲ جلد، پیرس ۱۸۰۴ء؛ (۵۰) S.H. Longrigg : *Four centuries of Modern Iraq*، آوکسفرڈ ۱۹۲۵ء؛ (۵۱) *Reallexikon der Assyriologie*، برلن ۱۹۲۸ء؛ (۵۲) L. Massignon : *Mission en Mesopotamie*، ج ۲، قاہرہ ۱۹۱۲ء؛ (۵۳) E. Ives : *Journey from Persia to Baghdad*، لنڈن ۱۷۷۸ء؛ (۵۴) نقشۂ دارالعلوم بغداد، از A. Sousa و M. Djawād، مع دلیل مفصّل، بغداد ۱۹۵۸ء؛ (۵۵) لسٹرینج : *Baghddd during the Abbasid Caliphate*، آوکسفرڈ ۱۹۲۴ء؛ (۵۶) R. Levy : *A Baghdad Chronicle*، کیمبرج ۱۹۲۹ء؛ (۵۷) A. Abel : *Les Marchés de Baghdad*، در *Bulletin de la Société belge d'Études géographiques*، ۱۹۳۹ء، ص ۱۳۸ تا ۱۶۳؛ (۵۸) D. S. Sassoon : *History of the Jews in Baghdad*، Letchworth ۱۹۴۹ء؛ (۵۹) وآ، ت، بذیل مادّۂ بغداد (از جاوید یسون)؛ (۶۰) R. Coke : *Baghdad the City of Peace*، لنڈن ۱۹۲۷ء؛ (۶۱) M. Streck : *Die Alte Landschaft Babylonien*، ج ۱، لائڈن ۱۹۰۰ء؛ (۶۲) A. Sousa : *Atlas Baghdad*، بغداد ۱۹۵۲ء.

(A. A. DURI)

* **بغداد خاتون** : امیر الامرا امیر چوبان کی بیٹی اور امیر حسن جلائری (جو عام طور پر شیخ حسن بزرگ کے نام سے معروف ہے) کی بیوی، جس کے ساتھ اس نے ۷۲۳ھ/۱۳۲۳ء میں نکاح کیا تھا۔ ۱۳۲۵ء میں ایران کے ایلخانی حکمران ابو سعید (عہدِ حکومت ۷۱۷ھ/۱۳۱۷ء تا ۷۳۶ھ/۱۳۳۵ء) نے چنگیز خان کے یاسا (= قوانین) کا حوالہ نظیر کے طور پر پیش کر کے چاہا کہ امیر حسن اسے طلاق دے دے تا کہ ابو سعید خود اس سے نکاح کر سکے، لیکن ابو سعید کی یہ کوشش امیر چوبان نے کامیاب نہ ہونے دی۔ اکتوبر یا نومبر ۱۳۲۷ء میں ابو سعید کی انگیخت پر غیاث الدین کُرت نے امیر چوبان کو ہرات میں دھوکے سے قتل کر دیا، جس کے بعد ابو سعید بغداد خاتون کے ساتھ نکاح کرنے میں کامیاب ہو گیا۔ بغداد خاتون نے بڑے اثر و رسوخ کا مقام حاصل کر لیا اور اسے ''خداوند گار'' (=فرمانروا) کا لقب ملا۔ ۷۳۲ھ/۱۳۳۱ء میں شیخ حسن پر الزام لگا کہ وہ اپنی سابقہ بیوی بغداد خاتون کے ساتھ مل کر ابو سعید کو مروانے کی سازش کر رہا ہے۔ اس وجہ سے ابو سعید اور بغداد خاتون کے تعلقات کشیدہ ہو گئے، لیکن اس سے اگلے سال جب ثابت ہو گیا کہ سازش کا الزام جھوٹا تھا تو بغداد خاتون پھر موردِ عنایات ہو گئی۔ ۷۳۴ھ/۱۳۳۳ء میں ابو سعید نے بغداد خاتون کی بھتیجی [؟] دلشاد خاتون سے شادی کر لی اور اسے اپنی دوسری بیویوں سے اونچا رتبہ دے دیا۔ اس بات نے بغداد خاتون کے دل میں حسد پیدا کر دیا اور جب ۱۳ ربیع الآخر ۷۳۶ھ/۳۰ نومبر ۱۳۳۵ء کو ابو سعید اچانک فوت ہوا تو بغداد خاتون پر زہر خورانی کا شبہہ کیا گیا اور امرا نے اسے قتل کرا دیا۔ ایک اور قول یہ ہے کہ اس کے قتل کی وجہ یہ تھی کہ بغداد خاتون نے مغول کے بڑے بادشاہ (=''التون اردو'' کے خان) ازبک سے خط و کتابت

marfat.com
Marfat.com

کر کے اسے ایران پر حملہ کرنے کے لیے اکسایا تھا .

مآخذ: (۱) حافظ ابرو : ذیلِ جامع التواریخ رشیدی (طبع ک ۔ بیانی)، تہران ۱۳۱۷ھ / ۱۹۳۸ء، به امداد اشاریه؛ (۲) ابن بطوطه، طبع Defrémery و Senguinetti)، پیرس ۱۸۵۴ء، ۲ : ۱۱۷ ببعد؛ (۳) تاریخ شیخ اُوَیس (طبع J. B. van Leon)، ہیگ ۱۹۵۴ء، ص ۵۷، ۵۹؛ (۴) C.D'Ohsson : *Histoire des Mongols*، ہیگ و ایمسٹرڈم ۱۸۳۵ء، ۴ : ۶۶۷ ببعد، ۷۱۴ ببعد، ۷۲۰؛ (۵) H. Howorth : *History of the Mongols*، لنڈن ۱۸۷۶ تا ۱۸۸۸ء، ۳ : ۶۰۵ ببعد، ۶۲۲ ببعد؛ (۶) عبّاس العزّاوی : تاریخ العراق، بغداد ۱۹۳۵ء، ص ۴۹۳ تا ۴۹۶ و به امداد اشاریه؛ (۷) B. Spuler : *Die Mongolen in Iran*، بار دوم، برلن ۱۹۵۵ء، به امداد اشاریه .

(R. M. Savory)

* **البَغْدادِی، الخَطِیْب** : رَکَ به الخطیب البغدادی.

* **البَغْدادِی** : عبدالقادر بن عمر، رَکَ به عبدالقادر .

* **البَغْدادِی** : عبدالقاہر بن طاہر، ابو منصور الشافعی (م ۴۲۹ھ / ۱۰۳۷ء) ۔ باپ تو اسے صرف تعلیم کے لیے نیشاپور لے گیا تھا مگر عبدالقاہر نے وہیں سکونت اختیار کر لی ۔ خراسان کے اکثر علما و فضلا اس کے شاگرد تھے ۔ وہ سترہ مضامین کی تعلیم دینے کی صلاحیت رکھتا تھا، جن میں سے فقه، اصول، حساب، قانونِ وراثت (=فرائض) خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں ۔ ترکمانوں کے فتنه و فساد کی وجه سے اس نے نیشاپور کو خیر باد کہا اور اِسفرائین چلا گیا اور تھوڑے عرصے کے بعد وہیں فوت ہوگیا ۔ وہ خاصا دولت مند تھا اور اہلِ علم کی امداد کیا کرتا تھا ۔ فقه، حساب اور وراثت پر اس کی کتابیں بہت مقبول تھیں (حساب پر ایک کتاب محفوظ رہ گئی ہے) ۔ اس نے اِلٰہیات پر بھی متعدد کتابیں لکھیں: کتاب المِلل و النحل مفقود ہوگئی ہے؛ اصول الدین ترتیب و تدوین کے اعتبار سے بہت عمدہ رساله ہے، جس کے شروع میں علم کی ماہیت، تخلیقِ عالم، خالق کائنات کی معرفت کا طریقه، اس کی صفات وغیرہ بیان کی گئی ہیں ۔ یه کتاب محمّد بن عمر الرازی کی المُحَصَّل سے بہت مشابہت رکھتی ہے، لیکن اس میں ہر مسئلے کے بارے میں تمام مختلف فرقوں کی آرا بیان کر دی گئی ہیں ۔ السبکی نے جن کتابوں کا ذکر کیا ہے ان میں سے کوئی کتاب بھی اس سے مطابقت نہیں رکھتی ۔ اس کتاب کا اندازِ تحریر شروع سے آخر تک محققانه ہے ۔ یه بات اس کی دوسری کتاب الفرق بَیْنَ الفِرَق میں نظر نہیں آتی، جس میں ہر فرقے کا ذکر الگ الگ کرتے ہوے ان سب کا جائزہ مسلّمه عقائدِ اہلِ سنّت کی روشنی میں لیا گیا ہے اور جو فرقے [اس کے نزدیک] صراطِ مستقیم سے منحرف ہیں ان سب کی مذمّت کی گئی ہے ۔ یه کتاب الشہرستانی کی کتاب المِلَل و النِّحَل کی طرح محض حقائق کا بیان نہیں بلکه مناظرانه تنقید کی حامل ہے ۔ اس کتاب میں اگرچه سقراط اور افلاطون کے عنوان سے ایک باب موجود ہے، لیکن اس کا عام موضوع اسلام ہی ہے ۔ کتاب کے خاتمے پر مسلمانوں کے مسلّمه عقائد کی تشریح کی گئی ہے ۔ دو کتابیں اغلاط ابی الہذیل اور اغلاط ابن کرّام، جو بظاہر زیادہ مشرّح اور مفصّل تھیں، محفوظ نہیں رہیں ۔ یه کہنا بے جا نه ہوگا که اس نے ان نظریات سے جن کی وہ مذمّت کرتا ہے ایسے نتائج اخذ کیے ہیں جو انہیں پہلی بار پیش کرنے والوں کے کبھی مدِّ نظر نه تھے .

مآخذ: (۱) السّبکی: طبقات الشافعیة، ۳: ۲۳۸ ببعد؛ (۲) ابن خلّکان، شماره ۴۰۲؛ (۳) *ZDMG*، ص ۶۵،

Marfat.com

۳۳۹ ببعد؛ (۴) MO، ص ۹۱، ۱۸۲ ببعد؛ (۵) براکلمان، ۱ : ۳۸۵؛ تکملہ، ۱ : ۶۶۶؛ [(۶) الزرکلی : الاعلام ۳:۱۷۳؛ (۷) مفتاح السعادۃ، ۲:۱۸۵؛ (۸) انباہ الرواۃ، ۲ : ۱۸۵]۔

(A. S. Tritton)

**بُغدان** : اصل میں بُغدان ایلی، یا بُغدان ولایتی (= سرزمین بُغدان)، صوبۂ مولداوہ (مالدیویا Moldavia) کا ترکی نام، جو بُغدان [= بوغدان] کے نام پر رکھا گیا۔ اس نے ۷۶۰ھ/۱۳۵۹ء میں جبال کَرپات (Carpathians) اور دنیستر Daniester (طورلہ Turla) کے مشرقی جانب ایک ریاست قائم کی۔ بُغدان ایلی کا نام محمد ثانی کے ''حُکم''، مؤرخہ ۸۵۹ھ/۱۴۵۵ء، میں ملتا ہے (Kraelitz : *Osm. Urk.*، لوحہ ۱)۔ قرہ بُغدان کا نام ایمنک Iminek کے مکتوب مؤرخہ ۸۸۱ھ/۱۴۷۶ء میں ملتا ہے (Belleten، عدد ۳ تا ۴، ص ۳۴۶) اور عثمانی وقائع نگاروں کے ہاں بھی عام طور پر پایا جاتا ہے۔

اس ریاست پر عثمانی ترکوں کا پہلا حملہ (= آقین) ۸۲۳ھ/۱۴۲۰ء میں ہوا (آق کرمان کا ناکام محاصرہ)۔ ۸۳۱ھ/۱۴۲۸ء میں آلتون اردو (Golden Horde) کے خان الغ محمد نے سلطان مراد ثانی کے سامنے یہ تجویز پیش کی کہ دونوں متحد ہو کر افلاق قوم (Vlach) کے کفار کو (جو ان دونوں کے درمیان رہتے تھے) مُطیع کر لیں (قب Kurat : *Yarlik ve Bitikler*، ص ۸)۔ حاجی گرای [رک باں] نے محمد ثانی کے ساتھ بغدان ایلی کے خلاف اتحاد کر لیا اور ایک ترکی بیڑے نے ۸۵۸ھ/۱۴۵۴ء میں آق کرمان پر حملہ کر دیا۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ وہاں کے حاکم پترو آرون Petru Aron نے عثمانی اقتدار کو تسلیم کر لیا اور دو ہزار دُوکَٹ ducats سالانہ خراج ادا کرنا منظور کیا (موسم خزاں ۸۵۹ھ/۱۴۵۵ء) (Fr. Babinger : *Beiträge zur Frühgesch. der Türk in Rumelien*، ص ۲) اور سلطان نے بغدان کے سوداگروں کو تمام عثمانی ممالک سے تجارت کرنے کی اجازت دے دی (Kraelitz : کتاب مذکور)۔

سٹیفن اعظم (۱۴۵۷ تا ۱۵۰۴ء) نے شاہ پولینڈ کا نئے سرے سے باجگزار ہونا منظور کیا اور اہلِ قریم (کریمیا) کے حملے کو ۸۷۳ھ/۱۴۶۹ء میں پسپا کیا؛ اس کے علاوہ اوزون حسن [رک باں] کے ساتھ سیاسی تعلقات قائم کیے اور روم ایلی کے عثمانی بیگلر بیگی کو (۲ رمضان ۸۷۹ھ/۱۰ جنوری ۱۴۷۵ء کو) شکست دی۔ بالآخر محمد ثانی نے بغدان پر حملہ کیا اور اس کے صدر مقام سوچیوہ (Sučeava) کو جلا دیا (ربیع الاول ۸۸۱ھ/جولائی ۱۴۷۶ء)۔ ۸۸۹ھ/۱۴۸۴ء میں بایزید ثانی اور اس کے باجگزار خانِ قریم نے مل کر فوج کشی کی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ آق کرمان اور کیلیا (کلی Kili) پر عثمانیوں نے اور کوشان Kawshan اور توُمبسار Tombasār پر خان نے قبضہ کر لیا۔ ۸۹۷ھ/۱۴۹۲ء میں سٹیفن Stephen نے اپنا لڑکا مع خراج باب عالی میں بھیج کر عثمانی تسلّط قبول کر لیا۔

عثمانیوں کے عہد میں آق کرمان اور کیلیا کے لوگ بحیرۂ روم کے مشرقی ملکوں (Levant) کی تجارت میں سرگرمی دکھانے لگے (آج کل اس کا ثبوت اس زمانے کے عثمانی چنگی خانوں کے دفاتر سے مل سکتا ہے جو استانبول کے باش وکالت آرشوی، استانبول، Maliye، عدد ۶، میں موجود ہیں)۔ بغدان سے غلّے، گوشت، مکھن اور موم برآمد ہوتا تھا اور ایک اجارہ‌داری نظام کے تحت اس کی تجارت کا انحصار روز بروز استانبول کی منڈی پر ہوتا چلا گیا۔

عثمانیوں اور بغدان کے باہمی تعلقات دارالعہد [رک باں] کے اسلامی اصول پر مبنی تھے جیسا کہ

marfat.com
Marfat.com

ان عہدناموں سے جو سلاطین عثمانیہ نے عطا کیے اور ان شاہی فرامین (''برات'') سے ظاہر ہوتا ہے جو ووی ووِدوں (Voyvode = مقامی حکام) کے نام جاری ہوے (قبّ برات، بنام الیکساندرو Alexandru ششم ایلیش، Iliash، در فریدون: منشئات، ۲: ۳۹۸) - جب ووی وودہ کا تقرر براہِ راست سلطان کی طرف سے ہونے لگا تو اس کے روابط باب عالی سے اور زیادہ مضبوط ہو گئے؛ اس طریقے سے جو پہلا ووی‌وودہ (والی) مقرر ہوا وہ پٹرو چہارم ررش (Petru IV Raresh) تھا (۹۳۳ھ/۱۵۲۷ء) - ووی‌وودہ کی ساری قوت کا سرچشمہ سلطان تھا - سلطان اپنے برات (شاہی فرمان) میں تمام سرداروں (boyars)، پادریوں اور عوام کے نام حکم جاری کرتا تھا کہ وہ ووی‌وودہ کو اپنا حاکم (بیگ) سمجھیں اور اگر انھوں نے ایسا نہ کیا تو ان کا علاقہ دارالحرب قرار دیا جائے گا - ووی‌وودہ کے نشانِ حاکمیت علم، خلعت اور سرخ بورک (ترکی ٹوپی) تھے - ووی وودہ کے ہمراہ ایک آغا اس کے دارالحکومت میں جا کر اسے تخت پر بٹھاتا تھا اور اعلانِ تخت نشینی لوگوں کو پڑھ کر سناتا تھا - دسویں صدی ہجری/سترھویں صدی عیسوی تک بھی یہ ضروری سمجھا جاتا تھا کہ ہر ووی‌وودہ سابق ووی‌وودہ کی اولاد میں سے ہونا چاہیے (قبّ فریدون، ۲: ۳۹۸، ۳۴۶) - با ایں ہمہ مقامی سرداروں (بویاروں) کی راے کا خیال رکھا جاتا تھا - عثمانیوں کے لیے، جنھیں کریمیا کے تاتاریوں کی مدد حاصل تھی، اس بات میں کچھ زیادہ مشکل پیش نہ آتی تھی کہ وہ ان مدعیانِ تخت کو جن کی پولینڈ یا قازق (Cossacks) اعانت کرتے تھے یا ان ووی‌وودوں کو جنھیں سلطان معزول کر دیتا تھا اور وہ اپنی جگہ سے نہ ٹلتے تھے الگ کر دیں - ۱۱۲۳ھ/۱۷۱۱ء میں دمتری کانتمیر Dimitri Kantemir کی غداری کے بعد یہ دستور ہو گیا تھا کہ ووی‌وودہ محض فناری (Phanariot) یونانیوں کے چند خاندانوں، یعنی مورجزداتو Movrokordati، کلماکی Kallimachi، اپسلانتی Hypsilanti، سے منتخب کیے جائیں - اس فناری (Phanariot) یونانی دور (۱۱۲۳ تا ۱۲۳۶ھ/۱۷۱۱ تا ۱۸۲۱ء) میں ووی‌وودہ اپنے درجے سے گر کر فقط عثمانی عہدےدار بن کے رہ گئے تھے - انھیں اکثر بدل دیا جاتا تھا، مگر ۱۲۱۷ھ/۱۸۰۲ء کے بعد روس کے دباؤ کی وجہ سے انھیں سات سال کے لیے مقرر کیا جانے لگا.

''اھل العہد'' کی حیثیت سے اھل مولداوہ زمین کا جو لگان ادا کرتے تھے اسے ''خراجِ مقطوع'' سمجھا جاتا تھا؛ گویا زمین کو ووی‌وودہ کاشت کراتا تھا اور عامل (ٹیکس وصول کرنے والے) کی حیثیت سے اس سے توقع کی جاتی تھی کہ زیادہ سے زیادہ زر لگان، جس کا ملک متحمل ہو سکے، وصول کرے - ۸۵۹ھ/۱۴۵۵ء میں خراج دو ہزار ڈوکٹ (ducats) [ایک ڈوکٹ = تقریباً ۹ شلنگ] مقرر کیا گیا - پھر اسے بڑھا کر سٹیفن اعظم کے زمانے میں چار ہزار، پیٹرو چہارم ررش کے زمانے میں دس ہزار اور ۱۰۲۸ھ/۱۶۱۹ء میں گشپر (Gashpar) کے عہد میں چالیس ہزار ڈوکٹ (ducats) کر دیا گیا - بارھویں صدی ہجری / اٹھارھویں صدی عیسوی میں یہ خراج پینسٹھ ہزار قرش [رك بآں] ہو گیا - بغدان بھی سالانہ سات ہزار ڈوکٹ خراجِ خانِ قریم کو ادا کرتا تھا - ووی‌وودہ جو پیشکش (نذرانہ) سلطان، وزرا اور دیگر با اثر لوگوں کو پیش کرتا تھا اس نے ایک مقرر رواج کی حیثیت اختیار کر لی تھی اور اس کی مجموعی رقم خراج کی رقم کے برابر ہو جاتی تھی.

ووی‌وودہ کو جو عہد نامہ عطا کیا جاتا تھا اس میں یہ شرط بھی لکھی جاتی تھی کہ ''وہ سلطان کے دوستوں کا دوست اور اس کے دشمنوں کا

Marfat.com

دشمن ہوگا''، بوقت ضرورت عندالمطالبہ اُسے فوج مہیّا کرنی پڑے گی اور جب سلطان خود میدان میں نکلےگا تو ووی‌وودہ کو بھی بذات خود اس کے ساتھ نکلنا پڑے گا (نعیما، ۶ : ۳۲۲)، لیکن براتوں (=شاہی فرامین) میں بتاکید لکھا جاتا تھا کہ عثمانی عہدے دار ریاست کے اندرونی مسائل میں کسی طرح دخل نہیں دیں گے۔ ووی‌وودہ کا استانبول میں ایک نمائندہ (قپوکتخداسی یا کہیہ) ہوتا تھا جس کا کام ان معاملات کا طے کرنا تھا جو ووی‌وودہ اور باب عالی کے درمیان پیدا ہوتے تھے۔

بُغدان کے باشندے سلطان کی باجگزار رعایا شمار ہوتے تھے۔ سلطان کا فرض تھا کہ ان کے دشمنوں سے ان کی حفاظت کرے اور جو ووی‌وودہ ان پر ظلم و ستم کرے اسے معزول کر دے۔ بویاروں کا کوئی ایسا طبقۂ امرا کبھی نہیں بنا جو موروثی ہو۔ نویں صدی ہجری/ پندرھویں صدی عیسوی میں وہ کاشتکاروں کے ایک دولتمند طبقے سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتے تھے۔ سلاطین روم اس علاقے پر اپنا اقتدار قائم رکھنے کے لیے بویاروں کو ووی‌وودوں کے خلاف اور ووی‌وودوں کو بویاروں کے خلاف اُکساتے رہتے تھے۔ بارھویں صدی ہجری/ اٹھارھویں صدی عیسوی میں بویار بڑے بڑے زمیندار بن گئے اور کاشتکاروں کی حیثیت گھٹتے گھٹتے غلاموں کی سی رہ گئی، مگر فناری یونانی ووی‌وودوں نے بویاروں کی طاقت توڑنے کی کوشش کی اور ۱۱۵۳ھ/ ۱۷۴۰ء میں قسطنطین مورکرداتو نے مزارعین کی غلامی کو موقوف کیا اور کاشتکاروں کو سرداروں کے پنجے سے چھڑا کر آزاد کر دیا۔ اس وقت سے لے کر بویار عیسائی طاقتوں، خصوصاً روس سے، زیادہ سے زیادہ امداد کی توقع رکھنے لگے۔ ضابطۂ نظم و نسق (Regulamentul Organic) کی رو سے، جو ۱۲۴۷ھ/۱۸۳۱ء میں اس وقت لکھا گیا جب روس نے اس ملک پر قبضہ کر رکھا تھا، بویاروں کی مجلس کو یہ حق عطا ہوا کہ وہ ووی‌وودہ کا خود انتخاب کریں۔

جوں جوں زمانہ گزرتا گیا دولت عثمانیہ اس ریاست کے مختلف حصّے دارالاسلام میں مُدغم کرتی گئی۔ سلیمان اوّل کی ۹۴۵ھ/ ۱۵۳۸ء کی فوج کشی سے کئی لحاظ سے ایک نئے دور کا آغاز ہوتا ہے؛ چنانچہ ووی‌وودہ کو باب عالی کا بہت زیادہ دست نگر بنا دیا گیا اور آق کرمان کی بندرگاہ کے تحفّظ کو یقینی بنانے کے لیے ضلع بُجاق [رکّ بآں] کا الحاق کر لیا گیا۔ ۱۰۳۰ھ/ ۱۶۲۱ء میں عثمان دوم نے پولینڈ والوں سے خوتین چھڑا لیا تاکہ اسے بُغدان کو دے دیا جائے، مگر اسمٰعیل کے شمال کی طرف کا علاقہ عثمانی املاک میں شامل کر لیا۔ بُجاق [یا بوجاق] کو دوبارہ حاصل کرنے کے لیے دمتری کانتمیر نے ۱۱۲۳ھ/ ۱۷۱۱ء میں خفیہ طور پر زار (روس) کی سر پرستی منظور کر لی۔ معاہدۂ پروت (Pruth) کے بعد باب عالی نے خوتین اور اس کے اردگرد کے ضلعے کو پروت تک ایک عثمانی پاشا کے ماتحت کر دیا۔ ۱۱۸۹ھ/ ۱۷۷۵ء میں آسٹریا نے ملک کے شمال مغربی حصّے (Bukovina) پر قبضہ کر لیا اور ۱۲۲۷ھ/۱۸۱۲ء میں روس نے بس سربیا [رکّ بآں] کا اپنے ملک کے ساتھ الحاق کر لیا اور معاہدۂ کوچک قینارجہ (۱۱۸۸ھ/ ۱۷۷۴ء) کے بعد روس مولداوہ کا محافظ بن بیٹھا۔ آخرکار معاہدۂ آق کرمان (۵ ربیع الاول ۱۲۴۲ھ/ ۷ اکتوبر ۱۸۲۶ء) کے بعد اس ریاست پر عثمانی اقتدار برائے نام رہ گیا اور روس کو محافظ طاقت تسلیم کر لیا گیا۔ ۱۲۷۶ھ/ ۱۸۵۹ء میں افلاق (Walachia) اور مولداوہ کی دو توأم ریاستوں کو ملا کر ایک کر دیا گیا، اور سلطان نے اس اتحاد کو دو سال کے بعد تسلیم کیا (۳۸

marfat.com
Marfat.com

جمادی الاولی ۱۲۷۸ھ / ۲ دسمبر ۱۸۶۱ء).

**مآخذ**: (۱) N. Lorga: *Hist. des Roumains*، دس جلدیں، بخارسٹ ۱۹۳۶ تا ۱۹۳۹ء؛ (۲) J. Nistor: *Die auswärtigen Handelsbeziehungen der Moldau im XIV und XVI Jahrh.*، گوتھا Gotha ۱۹۱۲ء؛ (۳) G. Urechi: *Chronique de Moldavie*، رومانوی متن، مع فرانسیسی ترجمه از E. Picot، پیرس ۱۸۸۴ تا ۱۸۸۶ء؛ (۴) فریدون: منشئات، ۲: ۳۳ تا ۴۰، ۴۳، ۳۹۸، ۴۴۶؛ (۵) *Nouvelles études d'histoire*، مطبوعۂ I'académie de la R. P. R.، بخارسٹ ۱۹۵۵ء؛ (۶) اولیاء چلبی: سیاحت‌نامه، استانبول ۱۳۱۵ھ، ۵: ۱۰۶ تا ۲۱۸؛ (۷) وا، ت، مقالۂ بوغدان (از Aurel Decei)

(HALIL İNALCIK)

* **بُغرا**: مشرقی ترکی [چغتائی زبان] میں اس لفظ کے معنی ہیں سانڈنی، مگر عام طور پر اس سے نر اونٹ مراد لیا جاتا ہے (قَبْ بُوغور) ۔ بغرا وسط ایشیا کے متعدّد حکمرانوں کا نام بھی تھا (قَبْ بُغرا خان)، جن کے نام پر ایک کھانے کو موسوم کیا گیا، جسے عثمانی ترکی میں ''عجم یخنی سی'' (= ایرانی دم پخت گوشت) اور تَوه بورکی (= قیمه بھرا نان) کہتے ہیں.

**مآخذ**: (۱) سلیمان افندی: لُغاتِ چغتائی، ص ۸۲؛ (۲) Vámbéry: *Čagataische Sprachstudien*، ص ۲۴۸؛ (۳) Pavet de Courteille: *Dictionnaire turc-oriental*، ص ۱۷۲؛ (۴) [بُسحاق =] ابو اسحاق حلّاج کے دیوانِ اطعمه کی فرہنگ از میرزا حبیب، ص ۱۷۵.

(CL. HUART)

* **بُغراخان**: رکّ به قره خانیه.

* **بَغْراس**: قدیم شہر پجرای Pagrae، جو انطاکیه سے اسکندریه جانے والی سڑک پر دربائے آمانوس Amanus کے پار درۂ بیلان کے اسی حصّے کی حفاظت کرتا ہے جو شام کی طرف ہے ۔ اور اس طرح وہ بطور ایک پڑاؤ کے، نیز فوجی نقطۂ نظر سے ایک اہم مقام تھا ۔ اس علاقے میں جو عربوں اور بوزنطیوں کی ابتدائی جنگوں کے دوران میں برباد ہو گیا تھا مَسْلَمه نے آبادکار بسائے؛ اس سے اس کی رونق پھر سے بحال ہو گئی ۔ ہشام نے وہاں ایک چھوٹا سا قلعه تعمیر کروایا تھا ۔ پھر قدرتی طور پر اسے عواصِم [رکّ باں] کے علاقے میں شامل کر دیا گیا، جن کا سلسله ہارون الرشید نے شام اور کیلیکیا Cilicia کی سرحدوں کے پیچھے تعمیر کرایا تھا ۔ البَلَخی کے وقت میں یہاں مسافروں کے آرام کے لیے ایک سرائے موجود تھی، جس کے بارے میں کہا جاتا ہے که زبیده نے تعمیر کرائی تھی ۔ بغراس کے فوجی استحکامات اصلاً Nicephorus Phocas کے تعمیر کرائے ہوئے ہیں، جس نے کیلیکیا کا علاقه ازسرِ نو فتح کیا اور انطاکیه کو سر کرنے کے منصوبه بنایا (۳۵۷ - ۳۵۸ھ/ ۹۶۸ء)؛ Michael Bourtzes بغراس ہی سے فوج لے کر چلا تھا جب اگلے سال اس نے انطاکیه پر قبضه جمایا ۔ بغراس کو سلیمان بن قُتُلمِش نے جنگ کیے بغیر حاصل کر لیا ۔ بعد میں صلیبی اس پر قابض ہو گئے ۔ چھٹی صدی ہجری / بارھویں صدی عیسوی کے وسط میں ٹمپلروں (Templars = فرسانِ ہیکل) نے اس شہر پر قبضه کیا، لیکن ۱۱۸۸ء میں سلطان صلاح الدین کچھ عرصے کے لیے اس پر قابض ہو گیا ۔ ۱۱۹۱ء میں لیو Leo نے، جو نسلاً کیلیکیائی اَرمن تھا، اس پر قبضه کر لیا، لیکن ۱۲۱۸ء میں اس نے اسے ٹمپلروں کے حوالے کر دیا، جنھیں یه شہر ۱۲۶۳ء میں اس وقت چھوڑنا پڑا جب مملوک سلطان بیبرس [رکّ باں] نے انطاکیه کو مسخّر کر لیا ۔ اس زمانے سے بغراس کیلیکیائی ارمن مملکت کے مقابلے میں مملوک سلطنت کی سرحدی حفاظتی چوکی کا کام دیتا رہا تا آنکه یه مملکت ختم ہو گئی ۔

marfat.com
Marfat.com

ان دنوں یہ شہر ولایت حلب کے توابع میں ایک اہم فوجی مستقر تھا ۔ مملوک سلاطین کی ان مہمات کے تذکرے میں جو وہ عثمانی فتوحات کے وقت تک اپنی شمالی سرحدوں کی حفاظت کے لیے اختیار کرتے رہے اتفاقیہ طور پر بغراس کا ذکر بھی آ جاتا ہے، لیکن عثمانی فتح کے بعد یہ شہر ویران ہو گیا ۔ آج کل اس جگہ ایک چھوٹا سا گاؤں آباد ہے ۔ قلعہ اوسط درجے کی اہمیت رکھتا ہے، لیکن یہ کبھی آثار قدیمہ کی باقاعدہ تحقیقات کا موضوع نہیں بنا ۔ یہ قلعہ بوزنطیوں اور مملوکوں ہی کا تعمیر کرایا ہوا معلوم ہوتا ہے، جس میں ٹمپلروں اور ارمینیوں کا کوئی حصہ نہیں نظر آتا ۔

مآخذ : (۱) البلاذری، فتوح، ص ۱۴۸، ۱۶۳، ۱۶۷؛ (۲) الاصطخری، ۱ : ۶۵؛ (۳) یحیی الانطاکی : *Patrol. Or.*، ۱۸ : ۸۱۶؛ (۴) عزّالدین بن شدّاد : الأعلاق وغیرہ، در المشرق، ۱۹۳۵ء؛ (۵) ابوالفداء، طبع Reinaud، ص ۲۵۸؛ (۶) ابن بطوطہ، طبع Defrémery، ۱ : ۱۶۳ (= طبع Gibb، ص ۱۰۴ تا ۱۰۵)؛ (۷) العُمری : تعریف، مطبوعۂ قاہرہ، ص ۱۸۱؛ (۸) *Pauly-Wissowa*، ۱۸ / ۲ : ۲۳۱۵؛ (۹) M. A. Cheira : *La lutte entre les Arabes et les Byzentins*، اسکندریہ ۱۹۴۷ء، بمدد اشاریہ؛ (۱۰) M. Canard : *Les Hamdanides*، ۱ : ۲۲۸؛ (۱۱) Dussaud : *Topography etc.*، ص ۴۳۳ تا ۴۳۴؛ (۱۲) Cl. Cahen : *la Syrie du Nord*، ۱۹۴۰ء، بمدد اشاریہ؛ (۱۳) M. Hartmann، در *ZGErdk. Berl.*، ۲۹ : ۱۴۰، ۱۵۳؛ (۱۴) *Guides Bleus*، شام و فلسطین، ص ۱۸۹؛ (۱۵) P. Jacquot : *Antioche centre de tourisme*، ۲ : ۱۹۴ بعد؛ [(۱۶) البستانی و (۱۷) وو، ع، بذیل مادہ].

(Cl. Cahen)

**البُغطُوری** : مَقرین بن محمّد، اباضی مورخ اور سوانح نگار، جبل نفوسہ [رک باں] کے مغربی علاقے میں موضع بُغطُورہ (نیز بَقطُورہ) میں پیدا ہوا ۔ ابوالعباس احمد بن ابی عثمان الشمّاخی [رک باں] کی کتاب السِیَر کی رو سے جو دسویں صدی ہجری/سولھویں صدی عیسوی کی تاریخ و سوانح پر ایک اہم اِباضی تصنیف ہے، البُغطوری فرقۂ اباضی کی تاریخ و سیر کے دو علما ابو یحیی توفیق بن یحیی الجَناوُنی اور ابو محمّد عبداللہ بن محمد بن عبداللہ بن مَسْعُود (المعروف بہ المَجُولی) کا شاگرد تھا ۔ جن دنوں وہ اوّل الذکر استاد کے ہاں موضع اِجْناوُن (نیز جَناوُن، موجودہ جِناوِن، جو علاقۂ جادو میں واقع ہے) میں تعلیم حاصل کر رہا تھا، البغطوری نے ربیع الآخر ۵۹۹ھ / دسمبر ۱۲۰۲ء - جنوری ۱۲۰۳ء کے دوران میں ان اباضی مشاہیر کی سوانح پر مشتمل اپنی اہم ترین کتاب قلمبند کی جو جبل نفوسہ میں پیدا ہوئے تھے ۔ یہ کتاب جو کتاب سِیَر مشائخ نَفُوسۃ (=سِیَر نفوسۃ) اور شاید زیادہ تر السِّیَر کے نام سے مشہور تھی آج ناپید ہے ۔ یہ الشمّاخی کی کتاب السِیَر کے بنیادی مآخذ میں سے ایک تھی، جس سے اس نے بالخصوص اپنی کتاب کے وسطی حصے (ص ۱۳۳ تا ۱۴۳) میں اصل عبارتوں کے اقتباسات درج کیے ہیں ۔ اس تألیف کا جو نسخہ الشمّاخی کے پیش نظر تھا وہ غالباً آٹھویں صدی ہجری / چودھویں صدی عیسوی کے ابتدائی سنین میں جبل نفوسہ کے مشہور اباضی کاتب اور عالم یحیی بن ابی العِزّ الشمّاخی التَغرمِینی کا لکھا ہوا تھا ۔

مآخذ : (۱) ابوالعبّاس احمد الشمّاخی : کتاب السیر، قاہرہ، ۱۳۰۱ھ/۱۸۸۳ء، بمواضع کثیرہ (بالخصوص ص ۲۱۲، ۲۳۲ تا ۲۳۳، ۵۳۸ و ضمیمہ، ص ۵۷۸)؛ (۲) T. Lewicki : *Une chronique ibāḍite*، در *REI*، ۱۹۳۴ء، ۱ : ۵۹ تا ۸۰ و بمواضع کثیرہ؛ (۳) وہی مصنّف : *Études ibāḍites nord-africaines*، حصّہ ۱ : *Tasmiya šuyūḫ Ǧabal Nafūsa wa-qurāhum*، وارسا

۱۹۵۵ء، ص ۱۵، ۲۸، ۶۹ و بمواضع کثیرہ.

(T. Lewicki)

* **بَغْل**: (= خچّر)، جمع: بِغال، مؤنث: بَغْلَة، لیکن بعض کا خیال یہ ہے کہ بغل کا اطلاق نر و مادہ کے امتیاز کے بغیر دوغلے جانور پر ہوتا ہے اور بغلة صیغۂ واحد ہے جو دونوں جنسوں پر بولا جاتا ہے ۔ یہ لفظ گھوڑے اور گدھی کے ملاپ سے پیدا ہونے والے خچّر (قَبّ "کَوْدَر"، در المسعودی، ۳: ۳۰۸؛ اس کے برعکس الجاحظ، ص ۱۲۰، میں بغال؛ اَلدَّمیری میں بذیل مادّہ؛ قَبّ الجاحظ: التَّربیع، طبع Pellat، اشاریہ، بذیل مادّہ) اور گدھے اور گھوڑی کے ملاپ سے پیدا ہونے والے خچّر دونوں کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔ دونوں قسموں کی صوری خصوصیّات گدھے اور گھوڑے دونوں کے بین بین ہوتی ہیں، البتہ ماں کی طرف سے ملنے والے اوصاف کسی قدر زیادہ پائے جاتے ہیں ۔ پہلا شخص جس نے یہ دو نسلی پیوند لگایا قارون Ķārūn (Korah)، دیکھیے الدَّمیری) یا طَہْمُورث (دیکھیے الطبری کا فارسی ترجمہ، از بَلْعَمی، طبع Zotenberg، ۱: ۱۰۱) تھا۔ حضرت رسول اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم کے پاس بھی خچّر تھے (خاص طور پر دُلدل، جو امیر معاویہؓ کے عہد تک زندہ رہا) ۔ اگرچہ وہ احادیث جو (گدھے کے گوشت کی طرح) خچّر کا گوشت کھانے کی ممانعت میں آئی ہیں مستند ہیں، لیکن گدھوں اور گھوڑیوں کے ملاپ کو آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلّم نے پسند نہیں فرمایا [دیکھیے مفتاح کنوز السنة، بذیل مادّۂ البغال] ۔ ڈاک کا محکمہ خچروں کو استعمال کرتا تھا اور ان کی سرکشی اور اڑیل پن کے باوجود خاندانی شرفاء اور خواتین ان کی سواری سے کوئی اجتناب نہ کرتے تھے، کیونکہ خچر اپنی یکساں چال اور ثابت قدمی کے باعث قیمتی سواری سمجھے جاتے تھے۔ متجسّسانہ طبیعت رکھنے والے لوگ اس دوغلے جانور اور اس کے بانجھ پن سے خاص دلچسپی ظاہر کرتے رہے ہیں ۔ علم الحیوانات کے عرب ماہروں نے یہ خیال ظاہر کیا ہے کہ مادہ خچّر طبعی طور پر حاملہ ہونے کی صلاحیت رکھتی ہے، لیکن نر کی متحمّل نہیں (لَا تَعْلَق) ہوتی، یا اس کے استخوان اتنے چھوٹے ہیں کہ وہ اپنی جان دیے بغیر بچہ نہیں جن سکتی ۔ اس قسم کے حادثات کو روکنے کے لیے بعض اوقات مادہ خچّر کو "سی دیا" جاتا تھا (: مکتوبہ)، لیکن الدمیری لکھتا ہے کہ ۴۴۴ھ / ۱۰۵۲ء میں ایک مادّہ خچّر نے ایک سیاہ بچھیری اور ایک سفید خچّر کو جنم دیا تھا۔

تجرد کے باعث خچّر کے سر وغیرہ کی جسامت، اس کی عمر کی درازی، اس کے بانجھ پن، اس کے اڑیل پن وغیرہ خاص خاص اوصاف ضرب المثل بن گئے ہیں اور بغل اور بغلہ کے الفاظ کثرت سے روزمرہ کی بول چال میں استعمال کیے جاتے ہیں (ابو دُلامہ کی مادّہ خچّر کے بارے میں، جو اپنے معائب کی وجہ سے ضرب المثل بن گئی تھی، دیکھیے محمد بن شنب: ابو دُلامة، الجزائر ۱۹۲۲ء؛ الجاحظ: البِغال، ص ۱۰۰ ببعد) ۔ خچّر کے جسم کے بعض حصّے، خصوصًا دانت، ایال، سُم اور خون، دواؤں کی تیاری میں اور تعویذوں اور ٹونے ٹوٹکوں میں استعمال کیے جاتے تھے ۔ خواب میں خچر کے دیکھنے کی تعبیر "بحری سفر، درازی عمر، تنزّل، بانجھ پن" وغیرہ لی جاتی تھی۔

عرب لغات نویسوں اور ڈوزی Dozy نے اس لفظ کے جو دوسرے معانی جمع کیے ہیں، ان کے علاوہ یہ بات قابل ذکر ہے کہ مصر میں لفظ بغلہ (جمع: بَغلات) ان کنیزوں کے لیے آتا تھا جو صقالبہ اور کسی دوسری نسل کے باہمی ملاپ سے پیدا ہوتی تھیں (دیکھیے الجاحظ: البِغال، ص ۶۶).

Marfat.com

**مآخذ :** علم الحیوانات (اس سلسلے میں الدَّمیری کی لغت ایک بنیادی تألیف ہے)، مخازن الادویہ، تعبیر رؤیا وغیرہ کی کتب (مثال کے طور پر رَکّ به افعٰی، مآخذ) کے علاوہ، جو خاصی معلومات بہم پہنچاتی ہیں، یہ امر خاص طور پر قابل توجہ ہے کہ اپنی عجیب و غریب اصل کی وجہ سے خچر کو الجاحظ نے ایک خصوصی مطالعے کی کتاب القولِ فی البغال (طبع Ch. Pellat، قاہرہ ١٣٧٠ھ / ١٩٥٥ء) کا موضوع بنایا - اس تألیف کو کتاب الحیوانات کا تتّمہ سمجھنا چاہیے - اس میں مصنّف نے ان جانوروں کی افادیت اور خواص کو ظاہر کرنے کے لیے حکایتیں اور اشعار جمع کر دیے ہیں۔

(CH. PELLAT)

* **بَغْلی :** رَکّ به دِرْہَم.

* **اَلْبَغَوی :** رکن الدین، محیی السنة، ابو مُحمّد الحسین بن مسعود بن مُحمّد الفرّاء (یا ابن الفرّاء)، شافعیِ مذہب کے عالِم، مُحدّث اور مُفسّرِ قرآن - بَغ یا بَغشور اس کا وطن تھا، جو ہرات کے قریب ایک گاؤں ہے (قبّ السمعانی، [بذیل مادہ]) - الفراء (=صانع یا تاجرِ پوستین) کا لقب انھیں اپنے باپ کے پیشے کی وجہ سے ملا - انھوں نے فقہ کی تعلیم قاضی الحسین بن محمد المَرْوالرّوذی کی زیرِ نگرانی حاصل کی - وہ اپنے استاد کے بہت عزیز شاگرد تھے اور محدّثین کی ایک جماعت سے حدیث کی سماعت کی - وہ زہد و پرہیزگاری میں مشہور تھے اور درس دیتے وقت پابندی سے پاک صاف اور با وضو رہتے تھے - یوں تو انھوں نے [تفسیر، حدیث اور فقہ] پر کتابیں لکھی ہیں، لیکن ان کی سب سے زیادہ شہرت کتاب مَصابیح السُّنة (یا مَصابیح الدُّجی) پر مبنی ہے، جس میں انھوں نے مضامین کے لحاظ سے ترتیب دے کر احادیث جمع کی ہیں - ہر باب میں پہلے وہ ''صحیح'' احادیث دیتے ہیں، یعنی وہ احادیث جو صحیح البخاری اور صحیح مسلم سے لی گئی ہیں، اس کے بعد ''حسن'' یعنی وہ احادیث جو سنن ابی داؤد، جامع الترمذی اور دیگر ائمۂ حدیث کی کتابوں سے لی ہیں - بہت سے ابواب میں ''غریب'' احادیث بھی ہیں، جن کے سلسلۂ اسناد میں کسی جگہ فقط ایک ہی راوی رہ جاتا ہے، بلکہ بعض ایسی حدیثیں بھی ہیں جن کی اسناد [زیادہ] قوی نہیں، لیکن ان کا دعوٰی ہے کہ اس کتاب میں کوئی ''منکر'' (جس کو رد کر دیا گیا ہو) یا ''موضوع'' (جو گھڑی گئی ہو) حدیث نہیں - کتاب میں اسناد کو حذف کر دیا گیا ہے، لیکن اس کی ترتیب، جو احادیث کے مراتبِ صحت کے لحاظ پر مبنی ہے، یہ بتانے کے لیے کافی ہے کہ کونسی احادیث مقبول ہیں - البَغَوی نے تصریح کی ہے کہ اس کتاب کا مقصد پابند شرع لوگوں کے لیے ایسا مواد فراہم کرنا ہے جو اللہ کی رضا کے مطابق زندگی بسر کرنے میں ان کی مدد کر سکے - یہ کتاب بولاق (١٢٩٤ھ) اور قاہرہ میں (١٣١٨ھ) بھی طبع ہوئی ہے - [احادیث کی تعداد وغیرہ کے لیے دیکھیے معجم المطبوعات العربیه، عمود ٥٧٣ -] عوام میں اس کی مقبولیت بہت زیادہ ہے، خاص کر اس نسخے کی صورت میں جو ولی الدّین (م ٧٤٣ھ / ١٣٤٢ء) نے مرتب کیا اور اس کا نام مشکوٰة المصابیح رکھا - مشکوٰة بارہا طبع ہو چکی ہے - A.N. Mathews نے اس کا انگریزی ترجمہ [دو جلدوں میں] شائع کیا (کلکتہ ١٨٠٩ء و ١٨١٠ء) - ایک اور انگریزی ترجمہ مولانا فضل الکریم نے متن کو کسی قدر اپنے طور پر ترتیب دے کر شائع کیا (کلکتہ ١٩٣٨ تا ١٩٣٩ء) - اسی طباعت میں ہر صفحے میں دو عمود ہیں؛ ایک میں عربی متن اور اس کے مقابل دوسرے میں انگریزی ترجمہ ہے - البَغَوی کی دیگر تصانیف جو محفوظ رہ گئی

marfat.com
Marfat.com

هیں ان کا [نیز مشکوٰة المصابیح کی شروح کا] تذکرہ براکلمان نے اپنی کتاب میں کیا ہے ۔ البغوی کی وفات مَرْوالرّوذ میں ٥١٦ھ / ١١٢٢ء میں ہوئی، لیکن ابن خلّکان نے سالِ وفات ٥١٠ھ / ١١١٧ء بھی دیا ہے ۔ الذّہبی کہتا ہے کہ ممکن ہے ان کی عمر اسّی سال کی ہو، لیکن السُّبکی کا اندازہ ہے کہ شاید وہ نوے سال کے قریب زندہ رہے ۔

[البغوی کی دوسری اہم تصنیف قرآن مجید کی تفسیر مَعالِم التنزِیل ہے، جو تفسیر بغوی کے نام سے بھی مشہور ہے].

**مآخذ** : (١) الذّہبی : تذکرہ الحفاظ، ٣ : ٥٢ ببعد؛ (٢) السُّبکی : طبقات الشافعیة الکبرٰی، ۴ : ٢١۴ ببعد؛ (٣) ابن خلّکان، عدد ١٧٧؛ (۴) یاقوت، متعدد مقامات پر؛ (٥) ابن العماد : شذرات الذّھب، ۴ : ٣٨ ببعد؛ (٦) براکلمان، ١ : ٣۴٧ ببعد و تکملہ، ١ : ٦٢٠ ببعد؛ (٧) سرکیس : معجم المطبوعات العربیة، عمود ٥٧٣؛ (٨) Goldzihr : *Muh. stud.*، ٢ : ٢٦٣، ٢٧٠ ببعد؛ [(٩) الزرکلی : الاعلام، ٢ : ٢٨۴؛ (١٠) ابن عساکر : تہذیب، ۴ : ٣۴٥؛ [(١١) عبدالعزیز دہلوی : بستان المحدّثین؛ (١٢) اُلُّو، ع، بذیل مادہ؛ (١٣) صدیق حسن : اتحاف النبلاء، ص ٢۴۴؛ (١۴) رابسن : انگریزی ترجمۂ مشکوٰة المصابیح، دیباچہ از مترجم، ص ١٢ تا ١٦].

(J. Robson)

* **بقاء و فناء** : یہ دونوں صوفیانہ اصطلاحات ہیں ۔ یہ اصطلاحات، یعنی فنا اور بقا، جو بظاہر ایک دوسرے کی ضد ہیں، در حقیقت ایک دوسرے کی تکمیل کرتی ہیں ۔ اسلامی تصوّف میں اس نوع کی اَور اصطلاحات بھی ہیں، مثلاً صحو و سکر، جمع و تفرقہ (یا وحدت و کثرت) اور نفی و اثبات [جو ضد ہونے کے باوجود باہم تکمیلی حیثیت رکھتی ہیں].

مسلمان صوفیہ نے فنا کی دو تعریفیں کی ہیں، جن کا ایک دوسرے کے ساتھ بیّن تعلق ہے : (١) صوفی کا صفات و کمالاتِ الٰہی کے مشاہدے میں اتنا مستغرق ہو جانا کہ اس شعور کے سامنے کائنات کے وجود کے شعور اور خود صوفی کا اپنے ذاتی ہستی کے شعور کو کھو بیٹھنا، یہاں تک کہ یہ شعور بھی ضائع ہو جائے کہ صوفی اس شعور کو کھو بیٹھا ہے ۔ صوفی کی اس حالت کو ''فنا فی اللہ'' کے نام سے پکارا جاتا ہے؛ (٢) صوفی کی بشری اور اعتباری صفات کا محو ہو جانا اور جنابِ قدسی کی کامل صفات کا ان کی جگہ حاصل ہو جانا، یعنی وہ صفات جو جناب الٰہی کے خاص فیض سے صوفی پر نازل ہوئی ہیں ۔ اس سلسلے میں مندرجۂ ذیل نکات کا ملحوظ رکھنا لازمی ہے :

(١) معاملہ صرف صفات کا ہے، ذات کا نہیں ۔ اس ذوق میں صوفی کی بشری ذات منحل ہو کر ذاتِ الٰہی میں جذب نہیں ہو جاتی، نہ ذاتِ الٰہی حلول کر کے جسمِ انسانی میں اتر آتی ہے ۔ حقیقت صرف یہی نہیں کہ ذات بشری فنا نہیں ہوتی بلکہ انسانی ''انا'' کی صفات میں تبدیلی آنے کی وجہ سے اس ''انا'' کی ایک نئی تشکیل و توسیع ہوتی ہے؛ جیسا کہ حضرت علی ہجویریؒ اور دیگر صوفیہ کہتے ہیں صفات کا مورد انسانی ''انا'' ہی رہتا ہے ۔ اتحاد اور حلول صوفیہ کے ذوق کی بنا پر دونوں غلط تعبیریں قرار دی گئی ہیں، حتّٰی کہ وہ صوفیہ بھی جو اس ذوق کی بنا پر صوفی کی ذات کے عالمِ ظاہر (Phenomenal world) سے چھٹکارا پا کر عالمِ باطن میں داخل ہونے کے قائل ہیں، اس بات پر زور دیتے ہیں کہ انسان اپنے ذاتی وجود سے نکل کر خدا کے لامتناہی وجود میں شامل نہیں ہو سکتا اور نہ وہ اپنی ذات اور ذاتِ الٰہی کی عینیت کا اعلان کر سکتا ہے ۔ ''قطرہ

marfat.com
Marfat.com

اگر سمندر میں شامل بھی ہو جائے تو بھی وہ سمندر کے ساتھ عینیت حاصل نہیں کر سکتا''۔

(۲) فنا کا ذوق صوفی کے لیے ایک شخصی یا نفسیاتی کیفیت ہے، کوئی لاهوتی حقیقت نہیں - جو فوائد اس سے صوفی کو حاصل ہوتے ہیں وہ اخلاقی اور روحانی ہیں، لاهوتی نہیں؛ اس لیے یہ نہیں کہا جا سکتا کہ صوفی کی ذات حقیقت میں عین حق ہو گئی ہے اور دائمی ہے؛ اسی لیے اس نفسیاتی حالت کو ''سکر'' کہا گیا ہے، جس میں صوفی کا شعورِ کائنات معدوم ہو جاتا ہے، نہ کہ خود کائنات [جس کا صوفی ایک حصّہ ہے؛ لہٰذا فنائے کائنات اور صوفی کے وجود کے عدم اور لاهوتی وجود میں اس کے جذب ہونے کا نام نہیں، صرف شعورِ کائنات کے معدوم ہونے کا نام ہے]۔

(۳) صوفی کے حقیقی فوائد، جو اسے اس ذوق سے حاصل ہوتے ہیں، صفاتی ہیں - اس کی بشری سلبی صفات، مثلاً جہالت، خود غرضی، طمع وغیرہ، اعنی اور اثباتی صفات میں تبدیل ہو جاتی ہیں - اس سے ایک تو یہ ثابت ہوتا ہے کہ صوفی کے اخلاق و اعمال میں ایک انقلابی تغیّر رونما ہوتا ہے اور یہ اخلاق اور اعمال اسلام کے روحانی نظام کی جان ہیں - بلاشبہہ اخلاق طیّبہ اور اعمالِ حسنہ ہی وہ عناصر ہیں جنھوں نے تصوّف کو اسلام کے اندر ایک با وقار جگہ دی ہے، حتّٰی کہ صوفی یہ کہنے کے قابل ہوے کہ تصوّف نہ صرف یہ کہ اسلام کا مخالف نہیں بلکہ اس کے بالکل مطابق ہے - اس نظریے سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ اسلامی نظریۂ فنا اور ہندوؤں کے نظریۂ ''نروان'' میں بڑا تفاوت ہے - ''نِروان'' کی رو سے انسان کی فلاح کسی اثباتی کردار کو حاصل کرنے میں نہیں بلکہ ہر قسم کے کردار و عمل سے چھٹکارا پا کر نفس کلّی میں فنا ہو جانے کا نام ہے - اس لحاظ سے اسلامی نظریۂ فنا یونانی نظریہ Ecstasis (جس کا مطلب ہے ''خروج از خودی'' = ایسا خروج جو انسان کو انقلابی طور پر تبدیل کر دے) سے بھی مختلف ہے۔

بقا ذوقِ فنا کا دوسرا (اثباتی) پہلو ہے - فنا کی مذکورۂ بالا دونوں تعریفوں کے پیش نظر بقا کا مطلب ہے: (۱) ان صفات کو بر قرار رکھنا جو فیضِ الٰہی سے صوفی پر نازل ہو کر اس کی پہلی صفات کی جگہ لے چکی ہیں؛ لہٰذا اس کو بقا باللہ کے نام سے پکارا جاتا ہے اور (۲) کائنات کی کثرت اور اس کے نقص کے شعور کا، جو وحدتِ الٰہی کے شعور کے تحت زائل ہو چکا تھا، لوٹ آنا - اکثر صوفیہ کے نزدیک یہ حالت فنا کی حالت سے برتر ہے اور صوفیوں کے مشہور قول کا کہ ''صحو سکر کے بعد طاری ہوتا ہے'' یہی مطلب ہے - در حقیقت بقا کے دوسرے معنی پہلے معنی سے نکلتے ہیں، کیونکہ اگر صوفی ''خدا کے ساتھ'' ہے تو اسے یقیناً خدا کی مخلوق کے ساتھ بھی ہونا چاہیے - خود ابن عربی بھی، جنھیں وحدۃ الوجود کے نظریے کا متّہم قرار دیا گیا ہے، کہتے ہیں کہ عالمِ کثرت اور عالمِ وحدت، خدائی حقیقتِ علی الاطلاق کے دو پہلو ہیں۔

صوفی کا یہ ''رجوع'' الی الخلق یقیناً ان سلبی صفات کی طرف رجوع نہیں جو اس میں قبل از فنا موجود تھیں - در اصل اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ مخلوقات کے نقائص پر نظر کرے اور ان نقائص کو اپنے ذوق سے حاصل شدہ علوم کی روشنی میں ایک اخلاقی جہاد کی شکل میں دور کرنے کی کوشش کرے تاکہ مخلوق ان کمالات کو حاصل کر سکے جو اس کے خالق نے اسے ودیعت کیے ہیں - اسلامی تصوّف کے اس نظریۂ بقا سے ایک عام صوفی کے شعور اور ایک نبی کے شعور کے بنیادی فرق پر ایک نئی روشنی پڑتی ہے - اکثر صوفی فنا کی

marfat.com
Marfat.com

حالت سے بقا کی حالت کی طرف پلٹ کر نہیں آتے اور پلٹنا چاہتے بھی نہیں - یہ ایک رسول ھی کا منصب ہے کہ وہ بیک وقت خدا کے ساتھ بھی ھو اور مخلوق کے ساتھ بھی اور جو دینی اور اخلاقی معرفت اس کو خدا کے ساتھ رھنے میں حاصل ھوتی ہے وہ اسے انسانیت کی بہتری کے لیے عمل میں لاتے ھوے انسانی تاریخ کو نئے سانچوں میں ڈھال دے۔

فنا و بقا کے مربوط نظریے کا ارتقا خاص طور سے منصور الحلاج کے قتل (۹۲۲ء) کے بعد کے دور میں واقع ھوا جب کہ مسلمان صوفیوں نے باطنی ذوق کو دین کے قریب لا کر اسے نئے اسلوب میں بیان کرنا شروع کیا تا کہ تصوف کے خلاف اھلِ ظاھر کی غلط فہمیوں کو رفع کیا جائے، تصوف کے لیے نظام اسلام میں ایک با وقار اور ضروری جگہ حاصل کی جائے اور الحلاج کے قول ''اناالحق'' (=میں حق یا خدا ھوں) کو ظاھری معنوں سے مبرا قرار دیا جائے - اگرچہ یہ ایک حقیقت ہے کہ کئی اور صوفی بھی اپنے سکر کی شدت میں اس قسم کی باتیں کہتے رہے ھیں، خصوصاً اشعار میں، تاھم اکابر صوفیہ ذاتِ انسانی اور ذاتِ الٰھی کی عینیت کو قطعاً غلط قرار دیتے چلے آئے ھیں۔

مآخذ: معروف کتب تصوف کے علاوہ، جن میں ابو نصر السراج کی کتاب اللمع اور علی ھجویری کی کشف المحجوب اس موضوع کے لیے سب سے زیادہ اھم ھیں، مغربی زبانوں میں R. A. Nichlson : *The Mystics of Islam*، لنڈن ۱۹۱۶ء، اور خصوصاً اس کا آخری باب بہت مفید ہے - ھجویری کے قول کے مطابق نظریۂ فنا و بقا کا موجد ابو سعید الخراز ہے، لیکن اس میں شک نہیں کہ جنید اور دیگر صوفیہ نے اس کے ارتقا میں بڑا حصہ لیا - شیخ احمد سرھندی نے اپنے مکتوبات میں (جو تا حال علمی مطالعے کے محتاج ھیں) فنا و بقا کا ایک دلچسپ اور عام تصور سے قدرے ھٹا ھوا نظریہ تشکیل دیا ہے۔

(فضل الرحمان)

**البِقاع**: اَلبُقعَة کی جمع، جس کے معنی ھیں قطعۂ زمین - البقاع لمبے پھیلے ھوے میدان کا نام بھی ہے، جسے عرف عام میں بکا کہا جاتا ہے - یہ اوسطاً ایک ھزار میٹر کی بلندی پر لبنان کے پہاڑوں اور جبل الشرق کے سلسلۂ کوہ کے درمیان واقع ہے - قدما نے اس کی واضح تعریف مجوف شام (Coele Syria) کی اصطلاح سے کی ہے، جس کا اطلاق بعد میں وسیع ھوگیا - یہ ایک جوف یا نشیب ہے، جو اصل میں طبقات الارض کی ساخت سے پیدا ھو گیا اور گاد مٹی سے بھر گیا اور اردن اس درز نما خلا کی توسیع ہے جو شمالاً جنوباً وسطی خط کے ساتھ چلا جاتا ہے اور مشرق قریب کی اراضی کی ساخت میں ایک بنیادی خصوصیت بن گیا ہے - لیتانی اور نہر عاصی (Orontes)، دو دریا، جن کے منبع فاصلِ آب بعلبک کے ھر دو کناروں پر ھیں، اس نشیب کے پانی کا ناکافی طور پر نکاس کرتے ھوے آگے راستہ نکالتے ھیں - ایک دریا تو جنوب کی پتھریلی سطح مرتفع سے اور دوسرا ان گھاٹیوں میں سے گزرتا ہے جو حمص کے سیاہ مرمریں (basalt) پہاڑی میدان کی طرف کھلتی ھیں - اس سرزمین کی خالص بری آب و ھوا نے اسے نیم صحرائی، خشک اور بے آب میدان بنا دیا ہے، تاھم کہیں کہیں نخلستان اور نشیب پائے جاتے ھیں - یہ نشیب ایک مدت مدید تک دلدلی تھے، جس کی بنا پر القلقشندی اپنے زمانے میں ''بحیرۃ البقاع'' کا ذکر کرنے میں حق بجانب تھا۔

پانی کے نکاس اور آبپاشی کے امدادی ذرائع نے اس علاقے کی ترقی میں حصہ لیا؛ ان میں عہد ممالیک کے آغاز میں والیِ شام تنکز کے بنائے ھوے کام (نہر و تالاب) مشہور رہے ھیں، پھر بھی یہ

marfat.com
Marfat.com

علاقه آج کل کم آباد ہے (ایک مربع کیلومیٹر میں اڑتیس باشندے) ۔ اناج کی کاشت اس کی روایات میں ہے جو شاملات کے یا بڑی بڑی جاگیرداریوں کے نظام کے ذریعے برقرار رکھی جاتی ہے ۔ اس میں مسلمان زیادہ تعداد میں آباد ہیں؛ شمال میں شیعی اکثریت میں ہیں ۔ یہ آبادی دامنِ کوہ کے بڑے بڑے دیہات میں رہتی ہے ۔ مدت سے اس پہاڑ کے غاروں میں ان لوگوں کے لیے بڑی کشش تھی جو راہبانہ زندگی کے دلدادہ تھے ۔ یہ بلند وادی زمانۂ قدیم میں حضری باشندوں کی سکونت کا علاقہ اور کثیرالاستعمال تجارتی شاہراہ تھی، اس لیے یہ عرب فتوحات کے وقت سے صوبۂ دمشق کے خوشحال‌ترین اضلاع میں شمار ہونے لگا تھا۔ یہاں کے بہت سے مقامات میں، جو اپنے دیرینہ آثار اور غاروں کی کندہ کاریوں کے لیے مشہور ہیں، اموی قصر عین الجرّ [رکّ بآں]، مملوک عہد کے دارالحکومت کَرَک نُوح کا پراگندہ گاؤں اور زَحلة کی طرح کے موجودہ چھوٹے چھوٹے خوشحال دیہات قابل ذکر ہیں ۔ بَعلَبک [رکّ بآں] ہمیشہ اہم‌ترین مرکز رہا ہے ۔ عرصۂ دراز تک تمام علاقے کے حاکم کا مستقر رہنے کے بعد عہدِ مملوک میں اس قلعے کی عملداری بہت کچھ کم ہو گئی تھی اور اس کے قرب و جوار کے علاقے کو دو اضلاع میں تقسیم کر کے ایک آزاد والی کے سپرد کر دیا گیا تھا ۔ اس وقت سے بَعلَبک کی ''نیابة'' کے ساتھ ساتھ دو ولایتیں ہو گئی تھیں، ایک ''البقاع البَعلَبَکّي'' اور دوسری ''البقاع العَزیزی'' .

عرب مؤرخوں کے اقوال کی رو سے آخری نام سلطان صلاح الدین کے ایک لڑکے العزیز [رکّ بآں] سے نسبت رکھتا ہے، مگر بعض جدید محققین کی رائے کے مطابق یہ ایک قدیم مقامی دیوتا عزیزوس Azizos کے نام سے متعلق ہے ۔ ہو سکتا ہے کہ قدیم مذاهب کے کچھ بچے کھچے آثار کا سراغ متعدّد مقبولِ عام انتسابات میں بھی مل جائے، جن کی مقامی تسمیۂ مقامات اور بعض یادگار عمارتیں شاہد ہیں ۔ ان میں زیادہ تر یا تو حضرت نوح[۴] اور طوفانِ نوح[۴] کے قصّے کی یاد تازہ ہوتی ہے یا حضرت الیاس[۴] کی شخصیت کی ۔ آخر الذکر کا سب سے بڑا وصف یہ تھا کہ وہ زاہد عزلت‌نشین اور بعل پرستی سے نفور تھے ۔

**مآخذ**: (۱) J. Dresch و P. Birot : *La Méditerranée et le Moyen - Orient*، جلد ۲، پیرس ۱۹۵۶ء، بمدد اشاریه، بذیل مادّۂ Bekaa؛ (۲) R. Dussaud : *Topographie historique de la Syrie*، پیرس ۱۹۲۳ء، اشاریه، بذیل مادّۂ بِقع Beqa'؛ (۳) لسٹرینج G. Le Strange : *Palestine under the Moslems*، لنڈن ۱۸۹۰ء، ص ۶۹، ۳۲۲؛ (۴) M. Gauddefroy-Demombynes : *La Syrie à l'époque des Mamelouks*، پیرس ۱۹۲۳ء، ص ۲۰، ۴۳، ۱۸۱؛ (۵) یاقوت، ۱ : ۶۹۹؛ (۶) الهَروی : کتاب الزیارات، طبع Sourdel-Thomine، ص ۹ تا ۱۰؛ (۷) وا، ع، بذیل مادۂ بِقْعة.

(J. Sourdel-Thomine)

**بَقَر** : [ع، اسم جنس:] قرونِ وسطٰی کی عربی ادبیات میں یہ لفظ گائے اور بیل کے رائج الوقت معنوں تک محدود نہ تھا . . . ۔ عرب مصنّفین پالتو گائے (البَقَرالأهْلي) اور نیل گائے (البَقَرالوَحْشِي) کی اقسام میں فرق کرتے ہیں ۔ البَقَرالوَحْشِي کی شناخت کے سلسلے میں یہ کہا جاتا ہے کہ یا تو اس کے معنی مَہا (= نیل گائے) (النُّوَیری ۹ : ۳۲۲ بعد) ہیں، یا اَیّل (= پہاڑی بکرا؛ مارخور) [رکّ بآں]، جو قزوینی کی بیان کردہ کیفیت کے مطابق ہے، یا اس زمرے کے دوسرے جانور بھی (جن کا ذکر Lane نے ص ۲۳۳ پر bovine antelopes (= سرگ، چکارا) کے نام سے کیا ہے) اس میں شامل ہیں: لیکن الدَّمیری کے نزدیک یہ ان دونوں قسموں سے علیحدہ

marfat.com
Marfat.com

ایک تیسری قسم ہے، نیز یَحْمُور (= چکارا) اور تیتل bubale antelope، یعنی چیتل [انگریزی لغت میں لفظی معنی جنگلی بیل یا نیل گاے بھی لکھے ہیں، لیکن ممکن ہے عربی لفظ "چیتل" ہی کی تعریب ہو، اگرچہ لغات میں یہ صراحت نہیں دیکھی گئی]؛ لیکن ممتاز کرنے کے لیے حرفِ تعریف ہمیشہ استعمال نہیں کیا جاتا اور اس طرح لفظ بَقَر (یا فاعلی صیغہ واحد میں بَقَرَۃ) کئی اور جنگلی جانوروں کے لیے بھی استعمال ہو سکتا ہے۔ عربی شاعری (مثلاً دیکھیے الجاحظ، ۵ : ۲۱۸) اور اس کی شرحوں، نیز لغات کی فراہم کردہ معلومات (ابن سیدۃ نے کتاب الوحوش میں بقر پر بحث کی ہے)، حتّی کہ حیوانیات کی کتابوں (مثلاً الجاحظ : ۲، ۱۹۹۹؛ ۳ : ۳۹۹۳) پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے۔ تعبیر رویا کے موضوع پر کتابوں میں "بقر" کو ایک اہم مقام حاصل ہے، لیکن ہر جگہ پوری صحت کے ساتھ اس لفظ کا مطلب متعین کرنا دشوار ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ قرابادین کی کتابوں میں بھی مختلف بیانات ملتبس کر دیے گئے ہیں۔ ان کتابوں میں بقر کے سینگوں کا اکثر ذکر ملتا ہے بحالیکہ بعض عرب مصنفین بَقَر اعلی کو بے سینگ کا جانور بیان کرتے ہیں۔ قرآن مجید میں اس سے مراد مویشی یا گاے لی گئی ہے۔ مزید برآں یہ لفظ ضرب الامثال اور کتب حدیث میں بھی آتا ہے۔

مآخذ: (۱) عبدالغنی النابلسی: تعطیر الانام، بذیل مادّہ؛ (۲) ابو حیان توحیدی: الامتاع، ۱ : [illegible] تا [illegible] ۳۰ (ترجمہ L. Kopf : Osiris [illegible] [illegible] بمدد اشاریہ؛ (۳) علی الطبری: فردوس الحکمۃ (طبع صدیقی)، ص [illegible] ببعد؛ (۴) الدمیری، بذیل مادّہ (ترجمہ Jayakar، ۱ : [illegible] ببعد، [illegible] ببعد؛ (۵) الجاحظ: الحیوان، بمدد اشاریہ؛ (۶) Hommel : *Säugethiere*، بمدد اشاریہ، بذیل مادّۂ Rindvieh؛ (۶) ابن العوّام: الفلاحۃ (ترجمۂ Clément Mullet ۲ / ب : ۱ ببعد؛ (۷) ابن قتیبہ: عیون الاخبار، قاہرہ ۱۹۲۵ تا ۱۹۳۰ء، ۲ : ۷۰، ۷۵، ۸۱، ۹۳ (مترجمۂ Kopf، ص ۳۳، ۵۰، ۵۷، ۷۰)؛ (۸) ابن البیطار: الجامع، بولاق ۱۲۹۱ھ، ۱ : ۱۰۵ ببعد؛ (۹) داؤد الانطاکی: تذکرۃ، قاہرہ ۱۳۲۴ھ، ۱ : ۷۳ ببعد؛ (۱۰) ابن سیدۃ: المخصّص، ۸ : ۳۲ ببعد؛ (۱۱) ابن سیرین: منتخب الکلام، باب ۳۳؛ (۱۲) الابشیھی: المستطرف، باب ۶۲، بذیل مادّہ؛ (۱۳) القزوینی (طبع Wüstenfeld)، ۱ : ۳۸۰ ببعد؛ (۱۴) المعلوف: معجم الحیوان، قاہرہ ۱۹۳۲ء، بمدد اشاریہ؛ (۱۵) المستوفی القزوینی (طبع Stephenson)، ص ۴ ببعد؛ (۱۶) النُّوَیری: نہایۃ الارب، ۹ : ۳۲۲ ببعد و ۱۰ : ۲۰ ببعد؛ (۱۷) A. D. Carruthers : *Arabian Adventure to the Great Nafud in Quest of the Oryx*، لنڈن ۱۹۳۵ء۔

(L. Kopf)

**بُقْراط**: یا اُبقراط، Hippocrates نام کی عربی شکل؛ مشرقی دانشوروں میں بقراط کی بہت شہرت تھی اور وہ اس کی بہت سی تصانیف سے واقف تھے۔ رأس العین کے سرجیوس Sergius نے اس کی تصانیف کا سریانی میں ترجمہ کیا۔ عربی میں اس کے مشہور مترجم حُنَین بن اسحاق، قُسطا بن لُوقا، عیسی بن یحیی اور عبدالرحمن بن علی تھے۔ حُنَین نے "وبائی امراض کی کتاب" (Book of epidemics) کا ترجمہ کیا۔ اس عنوان کے تحت عرب سات کتابوں سے واقف تھے، جن میں سے صرف پہلی اور تیسری مستند طور پر بقراط کی تصنیف کردہ ہیں۔ اسی مترجم نے ان مقالات کے ترجمے بھی کیے، جن کے عنوان Prognostica (تقدمۃ المعرفۃ)، اور De Natura Hominis (طبیعۃ الانسان) ہیں۔ "بحرانوں اور امراض شدیدہ میں

"غذا" پر اس کی تصنیف περὶ διαίτης ὀξέων کا ترجمہ عیسی بن یحیی نے کیا، جس کا عربی عنوان کتاب الامراض الحادۃ ہے۔ The Book of Precepts کا ترجمہ مذکورۂ بالا چار مصنفین نے الفصول کے نام سے کیا۔ ان مشہور تصانیف کے علاوہ حاجی خلیفہ نے متعدد دیگر کتابوں کے نام دیے ہیں، جو بقراط سے منسوب ہیں۔ Wenrich نے ایسی پچاس سے زائد کتابوں کی فہرست مرتب کی ہے (*De Auctorum Graecorum Versionibus et Commentariis*، ص ۹۵ تا ۱۱۳)۔

مشرقی دانشوروں نے اس عظیم یونانی طبیب کی تصانیف کا ترجمہ کرنے ہی پر اکتفا نہیں کیا بلکہ شروح و حواشی بھی لکھے، بالخصوص تقدمۃ المعرفۃ (*Prognostica*) اور الفصول (*Precepts*) کی شرحیں لکھی گئیں۔ ثابت بن قرہ نے *De Aēre, Aqua et locis* (= کتاب الماء والهواء) کا خلاصہ لکھا اور فلسفی الکندی نے بقراط کے اصول طب پر اپنی کتاب الطب البقراطی تصنیف کی۔

بقراط کی زندگی کے ایک ایسے قابل ذکر واقعے سے بھی عرب واقف تھے جو اس کے کردار کے لیے باعث فخر ہے۔ ایک وبا کے دوران میں، جو ایرانی مملکت میں تباہی برپا کر رہی تھی، ایران کے بادشاہ ارطخششت (Artaxerxes Longimanus) نے بقراط کے بارے میں، جو قوس Cos میں مقیم تھا، یہ حکم دیا کہ اس سے مدد کی درخواست کی جائے اور بہت کچھ اعزاز و اکرام اور رقمیں پیش کیں، لیکن اس طبیب نے یہ کہہ کر انھیں قبول کرنے سے انکار کر دیا کہ وہ اپنے ملک کے دشمنوں کی خدمت نہیں کرے گا اور یہ کہ اس کا اولین فرض اپنے ہم وطنوں کی خدمت ہے [قب تاریخ الحکماء، ص ۹۱]۔ المسعودی (التنبیہ، متن: ص ۱۳۱ و ترجمہ: ۱۸۴) لکھتا ہے کہ اسے اس واقعے کا علم کتاب ایمان بقراط کی شرح سے ہوا (التنبیہ، ص ۱۳۱)، جو جالینوس نے لکھی تھی اور جس کا ترجمہ حنین بن اسحق نے کیا تھا۔ اس نے یہ بھی لکھا ہے کہ اس وقت قوس کا شہر ارتکزرکس Artaxerxes کے زیر حکومت تھا جسے وہ ارطخششت کے نام سے موسوم کرتا ہے اور اسے بہمن بن اسفندیار کا مرادف قرار دیتا ہے۔ تاریخ الحکماء کے مصنف کے نزدیک یہ بادشاہ اردشیر تھا۔

عرب مصنفین بقراط کا زمانہ اسکندر سے تقریباً سو سال قبل بتاتے ہیں۔ تاریخ الحکماء کے مطابق اس کی سکونت حمص میں تھی اور بعد میں دمشق میں۔ وہ مؤخرالذکر شہر کے ایک باغ میں ایک جگہ درس دیا کرتا تھا، جو اب تک "صفۃ بقراط" (بقراط کی نشست گاہ) کے نام سے موسوم ہے۔

چونکہ اس صاحب عظمت طبیب کے کئی بیٹے پوتے ہوئے، جو اسی کے نام کے حامل تھے اور اسی فن کے علم بردار تھے، اس لیے بعض مصنفوں کے ذہن میں کچھ التباس پیدا ہو گیا ہے: چنانچہ وہ چار بقراط شمار کرتے ہیں، یہاں تک کہ انھوں نے بقراط نام سے ایک جمع کا صیغہ "البقراطون" [یا "البقارطۃ" (کتاب التنبیہ و الاشراف، ص ۱۳۲)] بھی وضع کر لیا ہے۔ ثابت بن قرۃ پہلا شخص ہے جس نے بقراطوں کی تعداد کا مسئلہ حل کیا (تاریخ الحکماء، [ص ۹۰])۔ وہ لکھتا ہے: "پہلا بقراط وہ ہے جو اسقلبیوس Aesculapius کے خاندان سے تھا اور دوسرا بقراط ابرقلیدس Heraclides کا بیٹا تھا۔ پہلے اور دوسرے کے درمیان نو پشتوں کا فاصلہ تھا، یعنی اتنا ہی جتنا کہ اسقلبیوس اور پہلے بقراط کے درمیان۔ دوسرے بقراط نے تین بچے چھوڑے: ثاسلوس، دارقن [یا دراقن

marfat.com
Marfat.com

(التنبیه، ص ۱۳۲)] اور ایک لڑکی مااریسا، جس نے اپنے بھائیوں سے بڑھ کر شہرت حاصل کی - دارقن اور مااریسا دونوں کا ایک ایک لڑکا تھا، جو بقراط کے نام سے موسوم تھا" [قب تاریخ الحکماء، ص ۹۳] - اسی مصنف کے قول کے مطابق ازمنۂ قدیمہ میں فنِ طب کے آٹھ استاد ہوئے ہیں، جو اسقلبیوس سے لے کر جالینوس (Galen) تک تقریباً باقاعدہ وقفوں سے ایک دوسرے کے جانشین ہوئے - اس ترتیب اور تسلسل میں ہمیں مشرقی دانشوروں اور بالخصوص صابئین (Sabaens) کا وہ رجحان نظر آ سکتا ہے جس کی رو سے وہ قدیم زمانے کے حکما کو پیغمبر صفت تصور کرتے تھے - بلند مرتبہ اطبا کے اس سلسلے کا تصور، جس کی ابتدا ایک نیم دیوتا اسقلبیوس سے ہوتی ہے، سلسلۂ [صلحا] کے نظریے سے مماثلت رکھتا ہے (دیکھیے الفہرست؛ ابن ابی اصیبعہ، ۱ : ۴۲ ببعد).

(B. Carra de Vaux)

* **بقر عید** : رک بہ بیرام [= بیرم]؛ عید.

⊗ **البقرۃ** : قرآن مجید کی دوسری سورت کا نام، اس سورت کے اور بھی نام بیان ہوئے ہیں، مثلاً فُسطاط القرآن (= قرآن کا خیمہ)، سنام القرآن (= قرآن کا کوہان یا چوٹی) اور سورۃ الفردوس (القرطبی، ۱ : ۱۵۲؛ روح المعانی، ۱ : ۹۸).

البقرۃ قرآن کریم کی طویل ترین سورت ہے اور اس میں ۲۸۶ آیات، ۶۱۲۱ کلمات اور ساڑھے پچیس ہزار حروف ہیں (الزمخشری : الکشاف، ۱ : ۱۹؛ ابن کثیر، ۱ : ۳۵؛ الخازن، ۱ : ۱۹؛ المراغی، ۱ : ۳۸؛ روح المعانی، ۱ : ۹۸)؛ اسی سورت میں قرآن کریم کی طویل ترین آیت (عدد ۲۸۲) وارد ہوئی ہے.

بالاجماع البقرۃ مدنی سورت ہے اور حضرت عبداللہؓ بن عباسؓ کے قول کے مطابق آیت ۲۸۱ (وَاتَّقُوْا يَوْمًا تُرْجَعُوْنَ فِيْهِ اِلَى اللّٰهِ) اور آیات ربا (۲۷۵ تا ۲۸۰) کے سوا، جو حجۃ الوداع کے موقع پر مکۂ معظمہ میں یوم النحر (= قربانی کے دن) کو نازل ہوئیں، ہجرت نبوی ؐ کے بعد مدینۂ منورہ میں سب سے پہلے یہی سورت نازل ہوئی تھی (ابن کثیر، ۱ : ۳۵؛ الخازن ۱ : ۱۹؛ المراغی، ۱ : ۳۸) - یہ بھی کہا جاتا ہے کہ آیت ۲۸۱ قرآن کی سب سے آخر میں نازل ہونے والی آیت ہے (المراغی، ۱ : ۳۸).

مفسرین نے سورۃ البقرہ کا سورۃ الفاتحۃ سے ربط و تعلق یہ بیان کیا ہے کہ الفاتحۃ میں اللہ تعالٰی سے طلبِ ہدایت اور صراطِ مستقیم پر چلنے کی دعا کی گئی، چنانچہ بندے کی یہ دعا قبول کرتے ہوئے اللہ تعالٰی نے البقرۃ نازل کر کے ہدایت کا سامان مہیا کر دیا اور کہا کہ یہ وہ کتاب ہے جو بلا شبہہ متقی اور طالبانِ حق کے لیے رہنمائی و ہدایت کا سامان ہے - اس کے علاوہ سورۃ الفاتحۃ میں اللہ کی ربوبیت، پھر بندے کی عبودیت کا اظہار اور آخر میں طلب ہدایت ہے؛ اسی طرح سورۃ البقرۃ میں اللہ رب العالمین کی معرفت کا بیان ہے کہ اس پر بغیر دیکھے ایمان لانا پڑے گا (آیت ۳)، پھر عبادات (نماز، روزہ، حج و زکوٰۃ) کی فرضیت وغیرہ کا ذکر آیا اور اس کے ساتھ ہی ان جملہ امور کا بھی مفصل ذکر آ گیا جو دنیا و آخرت کی کامیاب زندگی کے لیے طالبانِ حق کو ضرورت ہو سکتی ہے (روح المعانی، ۱ : ۹۸).

مضامین کی کثرت کے باعث اس سورت کی اہمیت اور فضیلت کے بارے میں بھی کتب حدیث و تفسیر میں بہت کچھ وارد ہوا ہے - البقرۃ سبع طوال (= سات طویل سورتوں) میں سے ایک ہے - ان سات طویل سورتوں (البقرۃ، آل عمرٰن، النساء، المائدۃ، الانعام، الاعراف اور الانفال) کے بارے میں

marfat.com
Marfat.com

رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و سلّم نے فرمایا ہے کہ جیسے یہ حاصل ہو گئیں وہ ایک عالم ہے (مَن اَخَذَ السَّبعَ الاُوَلَ فَھُو حِبر، ابن کثیر ۱ : ۳۴) - ایک اور جگہ آپؐ نے فرمایا کہ سات طویل سورتیں (سبع طوال) مجھے تورات کی جگہ عطا کی گئی ھیں (حوالۂ سابق) - سورۃ البقرۃ کی ھر آیت کے ساتھ اسّی فرشتے نازل ہوتے تھے اور اس کی ایک آیت (آیۃ الکرسی) سب آیات پر فوقیت رکھتی ہے، جسے عرش ربانی کے نیچے سے نکالا گیا اور البقرۃ میں شامل کر دیا گیا (ابن کثیر، ۱ : ۳۲؛ روح المعانی، ۱ : ۹۸) - ایک موقع پر آپؐ نے فرمایا کہ سورۃ البقرۃ سیکھ لو، کیونکہ اس کا سیکھنا باعث برکت ہے اور اس کا ترک کرنا باعثِ حسرت ہے اور اسے جادوگر نہیں سیکھ سکتے (ابن کثیر ۱ : ۳۳؛ روح المعانی ۱ : ۹۸؛ القاسمی ۲ : ۳۱) .

حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے سورۃ البقرۃ کو سیکھنے اور اس کے احکام سمجھنے کے لیے بارہ سال کا عرصہ صرف کیا اور آپؓ کے فرزند عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اسے سمجھنے کے لیے آٹھ سال وقف کیے (القرطبی، ۱ : ۱۵۲؛ روح المعانی، ۱ : ۹۸) - القرطبی نے ابن العربی کا قول نقل کیا ہے کہ انھوں نے اپنے شیوخ سے یہ سنا تھا کہ سورۃ البقرۃ میں ایک ہزار اوامر، ایک ہزار نواھی، ایک ہزار احکام، اور ایک ہزار اخبار ھیں (القرطبی، ۱ : ۱۵۲؛ روح المعانی، ۱ : ۹۸؛ ابن کثیر، ۱ : ۳۵) - ایک روایت کے مطابق آنحضرت صلّی اللہ علیہ و سلّم نے کسی مہم پر ایک کثیرالتعداد لشکر روانہ کیا تو اس کی قیادت سب سے کم عمر نوجوان کے سپرد کی، محض اس لیے کہ اسے سورۃ البقرۃ زبانی یاد تھی (القرطبی، ۱ : ۱۵۲؛ ابن کثیر ۱ : ۳۵).

حضرت لبیدؓ بن ربیعہ العامری کو، جو زمانۂ قبل اسلام کے چوٹی کے شعرا میں سے تھے، بیت المال سے سورۃ البقرۃ یاد کرنے کے صلے کے طور پر دو ہزار درھم کا وظیفہ ملتا تھا، اس میں حضرت عمرؓ کے حکم سے پانچ سو درھم کا اضافہ کر دیا گیا تھا (القرطبی، ۱ : ۱۵۳؛ الشعر و الشعراء، ص ۱۹۰؛ کتاب الاغانی، ۱۴ : ۹۳) - کعب الاحبار کے سامنے ایک شخص نے نماز میں البقرۃ اور آل عمرٰن کی تلاوت کی - جب وہ فارغ ھوا تو کعب نے کہا: بخدا ان دونوں سورتوں میں اللہ کا وہ نام (اسم اعظم) ہے کہ جب اس کے ذریعے دعا کی جائے ضرور قبول ہوتی ہے (ابن کثیر، ۱ : ۳۴).

**مآخذ**: (۱) ابن کثیر: تفسیر، مطبوعۂ مصر، ۱ : ۳۲ تا ۳۵؛ (۲) الخازن: تفسیر، مطبوعۂ بولاق، ۱ : ۱۹ تا ۲۰؛ (۳) البخاری: الجامع الصحیح، بولاق ۱۳۱۴ھ، ۶ : ۳۳؛ (۴) الزمخشری: الکشاف، مطبوعۂ مصر، ۱ : ۱۹؛ (۵) محمود الآلوسی: روح المعانی، مطبع المنیریہ قاھرہ، ۱ : ۹۸؛ (۶) محمد بن احمد القرطبی: الجامع الاحکام القرآن، قاھرہ ۱۹۳۵ء، ۱ : ۱۵۲؛ (۷) محمد جمال الدین القاسمی: محاسن التأویل، طبع الحلبی، قاھرہ ۱۹۵۷ء، ۲ : ۳۱؛ (۸) احمد مصطفٰی المراغی: تفسیر المراغی، قاھرہ ۱۹۴۶ء، ۱ : ۳۸؛ (۹) ابن قتیبہ: الشعر و الشعراء، بیروت ۱۹۶۴ء؛ (۱۰) ابوالفرج الاصفہانی: کتاب الاغانی، مطبوعۂ بولاق، ۱۴ : ۹۳.

(ظہور احمد اظہر)

* **بَقْط**: [لسان العرب اور تاج العروس ایسی عربی لغات میں اس لفظ کے معانی: گھر کا اثاثہ، گھاس پھوس، متفرق، منتشر، فرقہ، کوئی چیز تھوڑی تھوڑی حاصل کرنا، ایک تہائی یا ایک چوتھائی پر پھل‌دار باغ ٹھیکے پر دینا، وغیرہ درج ھیں]؛ (لاطینی: Pactum؛ یونانی πάκτον) - یونانی دنیا میں اس لفظ کا اطلاق اس معاھدے اور اس سے متعلق ادائیوں پر ہوتا تھا جس کا تعلق باھمی ذمےداریوں سے تھا - عربوں کے ھاں

marfat.com
Marfat.com

اس کا اطلاق اس رقم پر ہونے لگا جسے وہ [شمال مشرقی افریقہ کے علاقۂ] نوبیہ کے عیسائیوں سے بطور خراج وصول کرتے تھے - نوبیہ نے کچھ تو اپنے جغرافیائی محلِّ وقوع اور کچھ اپنے باشندوں کی عربدہجو طبیعت کی وجہ سے مسلمان فاتحین کی اولیں یورش کا جم کر مقابلہ کیا - آخر ایک شدید لڑائی کے بعد عبداللہ بن سعْد بن ابی سرح، عاملِ مصر، نے دُنْقُلَہ (Dongola) کا علاقہ فتح کر لیا اور ۳۱ھ/ ۶۵۲ء میں اہل نوبیہ کے درمیان دو طرفہ ذمّےداریوں کا ایک معاہدہ طے کیا، جو ''صلح'' کی عام فقہی اصطلاحی حدود سے مختلف تھا؛ چنانچہ فریقین نے باتفاق یہ مان لیا کہ دونوں کو ایک دوسرے کے ممالک سے گزرنے کا حق ہوگا، البتہ یہ اجازت نہیں ہوگی کہ کہیں مستقلاً قیام کر سکیں - اہل نوبیہ نے اس بات کا ذمہ لیا کہ مفرور کمیروں، غلاموں اور جزیہ ادا کرنے والے ذمیوں کو واپس بلا لیں گے، نیز دُنْقُلہ میں خود اپنے خرچ سے ایک مسجد تعمیر کرائیں گے اور ہر سال تین سو [اور بقول دیگراں چار سو] غلام بھیجا کریں گے، حتّی کہ یہ دستور قائم ہوگیا کہ ان سرکاری افسروں کو بھی جو اس معاملے کا انتظام اور نگرانی کر رہے تھے چالیس غلام دیے جائیں گے - دوسری طرف مسلمانوں پر از روے معاہدہ یہ ضروری قرار دیا گیا کہ اس کے مقابلے میں انھیں گندم، دوسری اجناس اور کپڑا بہم پہنچائیں گے . . . . - اس طرح کی سیاسی صورت حال کو هُدْنَہ یا ہنگامی صلح سے تعبیر کیا جاتا ہے - امام مالکؒ کی راے میں تو از روے فقہ یہ صلح ہی تھی، لیکن آپ کے بیشتر رفقا کے نزدیک یہ متارکۂ جنگ کا عارضی معاہدہ تھا اور اس کی رو سے مسلمان اس امر کے پابند نہ تھے کہ اگر کوئی تیسری طاقت نوبیہ پر حملہ آور ہو تو مسلمان اس کا دفاع کریں گے - اس معاہدے کی تصدیق و توثیق آئندہ حکمرانوں نے بھی کی، جن میں الطبری نے عمرؓ ثانی [عمر بن عبدالعزیزؒ] کا خاص طور سے ذکر کیا ہے (الطبری، سلسلۂ اول، ۵ : ۲۵۹۳) - آگے چل کر اہل نوبیہ کی طرف سے اپنی ذمےداریاں ادا کرنے میں کوتاہی ہونے لگی - بعد میں غلاموں کے ساتھ چڑیا گھروں اور طبّی تجارب کے لیے کچھ جانوروں کا لینا معاہدے میں شامل کرایا گیا . . . - معلوم ہوتا ہے کہ المہدی اور المعتصم کے زمانے میں ان شرائط کو بہت حد تک بدل دیا گیا - مؤخّرالذکر کے عہدِ حکومت میں تو قریب تھا کہ اہل نوبیہ اس معاہدے کو توڑ دیں - المعتصم کے عہد ہی میں اہل نوبیہ کو اجازت دی گئی کہ وہ اپنا مقررہ حصّہ ہر تیسرے سال ادا کر دیا کریں، البتہ ان کی یہ درخواست کہ نوبیہ کی سرحد پر القصر میں جو محافظ فوج متعین ہے واپس بلا لی جائے مسترد کر دی گئی - القصر وہی مقام ہے جہاں اہل نوبیہ اپنا مقررہ حصہ ادا کرتے تھے - ۶۷۴ھ/ ۱۲۷۶ء میں بیبرس البندقداری کے عہد میں نوبیہ ہمیشہ کے لیے مسخّر ہوگیا اور اس کا ایک حصہ پورے طور پر اسلامی مملکت میں شامل کر لیا گیا، تاہم چھوٹی چھوٹی مقامی ریاستوں نے اپنی آزادانہ حیثیت کچھ عرصہ کم و بیش برقرار رکھی - اس کے بعد اہل نوبیہ تیزی سے اسلام قبول کرتے چلے گئے؛ لہٰذا اس اصطلاح، یعنی بقط کا استعمال متروک ہو گیا - اس لیے کہ بدلتے ہوے حالات میں اس کا مفہوم بھی باقی نہ رہا تھا۔

**مآخذ**: (۱) المقریزی : الخطط، بولاق ۱۲۷۰ھ، ۱ : ۱۹۹ ببعد (قاہرہ ۱۳۲۴ھ، ۱ : ۳۲۲ ببعد)؛ (۲) البلاذری : فتوح البلدان، ص ۲۳۶ تا ۲۳۸؛ (۳) E. M. Quatremère : *Mémoires géographiques et*

Marfat.com

historiques sure l'Egypte، ۲ : ۳۲ ببعد؛ (۳) C. H. Becker : Zeitschrift für Assyriologie، ۲۲ : ۱۳۰ ببعد؛ (۵) Pauly-Wissowa، طبع جدید، ۱۹۳۲ء، بذیل مادّۂ Pactum؛ [(۶) ۱ا۱، ع، بذیل مادّہ.]

(F. LOKKEGAARD)

* **اَلْبُقْعَة** : رک بہ اَلْبقاع.

* **اَلْبَقّارة** :سوڈان کے عربی بولنے والے خانہ بدوش، جو جھیل چاڈ سے نیل ابیض کے علاقے پر ۹ درجے عرض بلد شمالی سے ۱۳ درجے عرض بلد شمالی تک قابض ھیں - ان کا ذریعۂ معاش بقر، یعنی مویشی پالنا اور چرانا ھے؛ اس سے ان کا نام البقارہ ھوگیا - خشک سالی کے دن وہ جنوب کی دریائی زمینوں میں بسر کرتے ھیں - برسات آنے پر شمال کی طرف موسمی چراگاھوں میں چلے جاتے ھیں اور دوران سفر میں جس جس راستے سے ان کا گزر ھوتا ھے وھاں غلہ بوتے چلے جاتے ھیں تاکہ واپسی پر فصل کاٹ لیں - البقارہ کی اصل پردۂ خفا میں ھے - نسب ناموں کا تعلق بھی ان کے موجودہ گروھوں سے ھے، اس سے نہیں کہ وہ کس کی اولاد ھیں - خیال یہ ھے کہ یہ لوگ قبیلۂ جُہینہ کی اس شاخ سے ھیں جس نے چودھویں صدی عیسوی میں مصر سے نوبیہ میں قدم رکھا تھا - سترھویں صدی تک ان کی خانہ بدوش جمعیتیں نیل سے چل کر ان علاقوں میں جا پہنچیں جو وڈای اور جھیل چاڈ کے درمیان واقع ھیں، ان کے بعض گروھوں میں یہ روایت مشہور ھے کہ وہ ھلالی الاصل ھیں - جنوب کی طرف بڑھتے ھوے جب وہ ایسے علاقوں میں پہنچے جہاں شتر پروری ممکن نہیں تھی تو انھوں نے مویشی پالنا شروع کر دیے - بعض مشرق کی طرف بڑھتے ھوے وڈای، دارفور اور کُردُفان کے جنوبی زراعتی رقبوں میں جا بسے، جہاں اسلامی رنگ میں رنگے ھوے خاندانوں کی حکومت قائم تھی - یوں انھوں نے عربی دنیا اور وثنی قبائل کے درمیان، جو جنوب کی طرف نکل گئے تھے، ایک روک قائم کر دی - البقارہ ان عرب بادشاھوں کے ماتحت تو تھے اور انھیں خراج بھی ادا کرتے، لیکن ان کے لیے اکثر مشکلات کا باعث بنتے رھتے تھے - وہ ان علاقوں میں چلے جاتے جو ان کے زیر تسلط نہیں تھے - لونڈی غلاموں کے لیے جنوب کے وثنی قبائل پر یورش اور یوں ان سے رشتہ مناکحت کے باعث ان کی جسمانی ھیئت میں فرق آ گیا - اٹھارھویں اور انیسویں صدیوں کے درمیان رِزیقات بقارہ دارفُور کے زیرِ سیادت تھے - پھر سوڈانی بردہ فروش الزُّبیر رحمہ منصور سے ان کی ان بن کا نتیجہ یہ ھوا کہ ۱۸۷۴ء میں مصریوں نے دارفور پر قبضہ کر لیا - البقارہ نے مصری تسلط سے آزادی حاصل کرنے میں اگرچہ محمد احمد المھدی [رک بآن] کی امداد کی تھی، لیکن خود اس کی حکومت کے لیے ایک شورش پسند عنصر ثابت ھوے، البتہ خُلیفہ عبداللہ بن محمد نے، جو خود بھی البقارہ کے قبیلۂ تَعایِشہ سے تھا، ان سے فوج میں کام لیا اور اپنے بڑے بڑے مدد گار بھی انھیں میں سے چنے - ۱۸۸۸ - ۱۸۸۹ء میں اس نے دارفور کے بقارہ قبائل کو مجبور کیا کہ وہ اُمّ دُرمان اور اس کے نواح میں ھجرت کر جائیں تاکہ ایک طرف تو انھیں اولاد البلد — [رک بآن] کے خلاف استعمال کیا جائے اور دوسری طرف زیادہ قریب سے خود ان کی بھی نگرانی ھوسکے - پھر کچھ تو اس بے وطنی کی بدولت اور کچھ لڑائیوں اور وباؤں میں اتلاف جان سے بقارہ کمزور ھوتے چلے گئے - سوڈان کی مکرر فتح (۱۸۹۶-۱۸۹۸ء) کے دوران میں بہت سے بقارہ اپنی قدیم زمینوں میں چلے گئے اور ان کی قبائلی جمعیت ٹوٹ گئی - انھوں نے مشترکہ انگریزی حکومت (۱۸۹۹ تا ۱۹۰۰ء) کے خلاف بہت کم سر اٹھایا، چنانچہ یہی حکومت تھی جس کے ماتحت البقارہ پھر

marfat.com
Marfat.com

سے آباد ہوئے اور انھیں ملک کے نظم و نسق میں شامل کر لیا گیا۔

[بقارہ نام کے اور بھی قبائل ہیں؛ دیکھیے عمر رضا کحالہ: معجم قبائل العرب، بذیل مادہ].

مآخذ: (۱) G. Nachtigal: *Sahārā und Sūdān*، لائپزگ ۱۸۸۹ء، ۳: ۲۰۶ ببعد، ۴۵۳ ببعد؛ (۲) R. C. Slatin: *Fire and Sword in the Sudan*، لنڈن ۱۸۹۶ء، ص ۴۵ ببعد؛ (۳) H. A. MacMichael: *The Tribes of Northern and Central Kordofan*، کیمبرج ۱۹۱۲ء، ص ۱۴۰ تا ۱۵۵؛ (۴) *A History of the Arabs in the Sudan*، کیمبرج ۱۹۲۲ء، ۱: ۲۷۱ تا ۳۰۶، نیز بمدد اشاریہ؛ (۵) مقالات، در *Sudan Notes and Records*، خرطوم ۱۹۱۸ء، مثلاً (ا) K.D.D. Henderson: *A Note on the Migration of the Messiria Tribe into South West Kordofan*، در *SNR*، ۱۹۳۹ء، ۲۲/۱، ۴۹ تا ۷۷ و (ب) I. Cunnison: *The Humr and their Land*، در *SNR*، ۱۹۵۴ء، ۳۵/۲: ۵۰ تا ۶۸؛ [(۶) نعوم شقیر: تاریخ السودان، ۱: ۵۶].

(P.M. HOLT)

* **بَقّال**: باعتبار اشتقاق اس لفظ کے معنی ہیں سبزی فروش، لیکن اپنے وسیع تر مفہوم میں وہ انگریزی لفظ grocer کا مرادف ہے اور انھیں معنوں میں فارسی اور ترکی اور ترکی کے ذریعے جزیرہ نمائے بلقان کی زبانوں میں پہنچا ۔ اپنے اصل اشتقاقی معنوں میں یہ لفظ ساتویں صدی ھجری / تیرھویں صدی عیسوی میں بلنسیه کی ھسپانوی عربی بول چال میں مستعمل تھا؛ چنانچہ oleram venditor کی فرہنگ موجود ہے؛ لیکن غرناطه کی بولی (نویں صدی ھجری / پندرھویں صدی عیسوی) میں یه لفظ قشتاله بولی کے لفظ regaton (=Regrattier) کا قائم مقام تھا، جس کے معنی ھیں عام سامانِ خوراک کا پرچون‌فروش اور جس کا مفہوم ایک اور لفظ 'خضّار' سے بھی ادا کیا جاتا تھا ۔

بیسویں صدی عیسوی کے آغاز میں مراکشی شہروں کا بقّال لازمی طور پر روغنیات، یعنی تیل، محفوظ کیے ہوئے مکھن، چربی میں محفوظ کیے ہوئے گوشت وغیرہ کا پرچون فروش ہوا کرتا تھا ۔ ان چیزوں کے علاوہ وہ شہد، صابون، لیموں کے رس میں زیتون، چاے، شکر اور موم بتیاں بھی بیچتا تھا ۔

یہ بات مشتبہ ہے کہ اس وسیع مفہوم میں لفظ بقّال کا استعمال کیا واقعی مدت سے ہو رہا ہے ۔ بیسویں صدی عیسوی سے پہلے لفظ پنساری (sensu lato) کا استعمال تقریباً ہر جگہ رائج تھا ۔

الجزائر میں 'سکّری' (شکر فروش) اور تونس میں 'عطّار' [رک بآں] اسی طرح کی مثالیں ہیں ۔ جہاں تک قاہرہ کا تعلق ہے انیسویں صدی کے نصف اول میں لین E. W. Lane کو صرف ''زیّات'' کا لفظ ملا، جو تیل، مکھن، پنیر اور شہد وغیرہ کے بیچنے والے کے لیے استعمال ہوتا تھا ۔ شام میں اس کے لیے ''سمّان'' (یعنی مکھن فروش) کا لفظ ہے ۔

ان کے علاوہ ہر شہر میں پنساری (sensu lato) کا مطلب عام طور سے یہی سمجھا جاتا تھا وہ دکاندار ہے جس کا اصل کام چیزیں فروخت کرنا ہے ۔ غرناطه میں بقّال اور خضّار کے الفاظ 'سُوقی'، (بازار میں بیٹھ کر چیزیں فروخت کرنے والا) کے مترادف تھے ۔ سُوقی کی تانیث ''سُوقیه'' کے لیے عربی میں لفظ 'خضارہ' موجود ہے؛ قشتالی میں اس کا مرادف "havacera" ہے، یعنی پھلیاں بیچنے والا ۔ شروع شروع میں قُسنطینه اور تونس میں ''سُوقی''، بالعموم تیل، محفوظ کیا ہوا مکھن، شہد، کھجوریں اور زیتون کا اچار وغیرہ بیچتا تھا ۔

الجزائر اور قُسنطینه کی دیہاتی آبادیوں میں پنساری کو اصلاً دکاندار سمجھتے ہوئے 'حوانیتی' (بہ اختلاف) کے نام سے پکارا جاتا تھا ۔ مشرق میں

Marfat.com

کہیں کہیں دکاکینی اور دکانجی کی اصطلاحیں مستعمل تھیں ۔

اندلس کے عربی بولنے والوں میں لفظ معانج (لغوی معنی علاج کرنے والا، سنوارنے والا) کا استعمال پھل اور سبزی کے پرچون فروشوں کے لیے ہوتا تھا - ڈوزی Dozy نے اپنے ضمیمے میں اس کا جو ترجمہ کیا ہے اس کی تصحیح ہو جانی چاہیے ۔

دیہات میں سبزی فروش کو خضار، خضری یا خضاری کہا جاتا تھا - عطار عام طور پر گرم مسالا، ادویات اور عطر بیچتے تھے - ان کے سامانِ تجارت میں کاغذ قلم، خوردہ فروشی اور لوہے کی چھوٹی چھوٹی چیزیں بھی شامل تھیں ۔

مختلف اسباب کی بنا پر پنساری کا پیشہ بالعموم ایک ہی حسب و نسب کے لوگ اختیار کرتے تھے ۔

ماضی قریب تک مراکش کے شہروں میں، ماسوائے ضیطوان، بقال مختصاً قبیلۂ آمِلن Ammeln سے متعلق سوس کا بربری (جمع : شلوخ) ہوا کرتا تھا - انجزائر میں اہلِ مزاب حقیقی معنوں میں اس پیشے کے اجارہ دار ہیں - مشرق میں عصر حاضر کا بقال بالعموم یونانی ہوا کرتا تھا ۔

[اردو میں بقال کے معنی ہیں کنجڑا، کاچھی، بقل فروش - اصطلاحاً بنیے اور پرچونیے کو بھی بقال کہتے ہیں (فرہنگ آصیفہ) - فارسی میں یہ لفظ سیوہ فروش کے لیے استعمال ہوتا ہے، بلکہ عطار کے لیے بھی، دیکھیے فرہنگ آنند راج؛ بقال روٹی بھی بیچتے تھے، دیکھیے بوستان سعدی : ''مخر نان ز بقال کوی''۔

مآخذ : (۱) W. Marçais : *Textes arabes de Tanger*، ص ۲۳۳؛ (۲) Dozy : *suppl.*، ان الفاظ کے تحت جو اس مقالے میں درج ہیں۔

(G. S. Colin)

**بَقَّم** : (ع) سپن کی لکڑی: ارض پاک و ہند کی وہ لکڑی جو رنگنے کے کام آتی ہے اور جسے املتاس وغیرہ (Caesalpinia sappan) سے حاصل کیا جاتا ہے - بقول الدینوری یہ لفظ قدیم عربی شاعری میں بکثرت استعمال ہوا ہے، حالانکہ اس طرح کا کوئی درخت عرب میں پیدا نہیں ہوتا (Lewin کے نسخے میں بعد کے اقتباسات کے مطابق شجر کے بجائے خشب شجر پڑھیے) - یہ دراصل برصغیر پاک و ہند اور ملک زنج کا پیڑ ہے، جس کا تنا اور شاخیں سرخ ہوتی ہیں اور جنھیں پانی میں جوش دے کر رنگ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔

کہا جاتا ہے کہ لفظ بقم سنسکرت کے لفظ پتنگہ سے مشتق ہے اور غالباً عربی میں فارسی کی راہ سے داخل ہوا - عربی ماہرین لسانیات نے اس لفظ کا عجمی الاصل ہونا تسلیم کیا ہے اور اپنے اس خیال کی تائید میں یہ کہتے ہیں کہ عربی زبان میں اس کی کسی تصریفی مثال کا جواز نہیں ملتا - وہ عام طور پر لفظ عَنْدَم کو اس کا عربی مترادف ٹھیراتے ہیں، جس کے معنی دم الاَخَوین (=خون سیاوشان) ہیں، یعنی ایک سرخ گوند جو [علاج کے علاوہ] رنگ کے لیے استعمال ہوتا تھا اور بعض درختوں سے نکلتا ہے - ان لفظوں کو غلطی سے ایک ہی ٹھیرانے کی وجہ یہ ہے کہ بقم اور عندم دونوں سرخ رنگ کے طور پر استعمال کیے جاتے تھے ۔

مسلمان عطاروں اور دواسازوں نے سپن کی لکڑی کے متعدد طبی استعمال بیان کیے ہیں - یہ زخم کو مندمل اور بہتے ہوئے ناسور کو خشک کر دیتی ہے، نیز خون کا بہنا اس سے رک جاتا ہے - کا رس جلد کو ملائم کرتا اور اس کے رنگ کو چمکاتا ہے - اس کی جڑوں سے ایسا زہر نکلتا ہے جو بہت سریع الاثر ہے ۔

مآخذ : (۱) ابو حنیفہ الدینوری : *The Book*

marfat.com
Marfat.com

of Plant، طبع Lewin، شمارہ ۸۰، ص ۲۳؛ (۲) داؤد الانطاکی: تذکرہ، قاہرہ ۱۳۲۴ھ، ۱ : ۷۳؛ (۳) الغافقی، طبع Meyerhof-Sobhy، عدد ۱۲۳؛ (۴) ابن البیطار: الجامع، بولاق ۱۲۹۱ھ، ۱ : ۱۰۳؛ (۵) ابن سیدہ : المخصص، ۱۱ : ۲۱۲؛ (۶) Löw : *Aram. Pflanzennamen*، بمدد اشاریہ، بذیل مادہ؛ (۷) وہی مصنف : *Die Flora der Juden*، ۳ : ۱۲۸ ببعد؛ (۸) وہی مصنف، در *ZSI* (۱۹۲۲ء)، ص ۱۴۵ ببعد؛ (۹) تحفۃ الاحباب، طبع Renaud-Colin، ص ۱۳۹ ببعد.

(L. Kopf)

**البَقْلِیّة** : عراق زیریں کے سواد میں عام مسلمانوں سے الگ ایک اسلامی فرقہ، جسے قرامطہ سے منسلک سمجھا جاتا ہے - کہا جاتا ہے کہ ابو حاتم نامی ایک شخص نے ان کے لیے لہسن، پیاز اور شلغم (یا چقندر) کھانا اور جانداروں کا ذبح کرنا ممنوع قرار دیا، لیکن شرعی ارکان کی پابندی ختم کر دی - ۳۱۶ھ / ۹۲۸ - ۹۲۹ء میں ابوطاہر کی مہم فرات کے دوران میں اس فرقے نے متعدد قائدین بالخصوص مسعود بن حریث اور عبدان کے بھتیجے عیسی بن موسی کی زیر قیادت کوفے اور واسط کے علاقوں میں عروج حاصل کیا - ان کے سفید جھنڈوں پر قرآن مجید کی وہ آیات لکھی ہوئی تھیں جن میں فرعون کے پنجۂ استبداد سے بنی اسرائیل کی رہائی کا ذکر ہے - انھیں شروع شروع میں کامیابی ہوئی؛ لیکن بعد کو [خلیفہ] مقتدر باللہ کے سالار ہارون بن غریب نے ان کا خاتمہ کر دیا - بظاہر یہی لوگ ہیں جنھیں بورانیہ بھی کہا جاتا تھا.

مآخذ : (۱) المسعودی : التنبیہ، ص ۳۹۱؛ (۲) عریب القرطبی: صلۃ تاریخ الطبری، طبع ڈ خویہ، لائڈن ۱۸۹۷ء، ص ۱۳۴؛ (۳) ابن الاثیر، ۸ : ۱۳۶؛ (۴) النویری در Silvestre de Sacy : *Exposé de la religion des Druzes*، پیرس ۱۸۳۸ء، ج ۱، دیباچہ، ص *ccx*؛ (۵) I. Friedländer : *Heterodoxies of the Shiites*، در *JAOS*، ۲۹ : ۱۱۰ تا ۱۱۱ (بحوالہ ابن حزم، متعلقہ بربواری)؛ M. J. de Goeje : *Memoire sur les Carmathes de Bahraïn et les Fatimids*، لائڈن ۱۸۸۶ء، ص ۹۹ تا ۱۰۰.

(M. G. S. Hodgson)

**البُقُوم** : (واحد بقمی)، مغربی عرب کا ایک قبیلہ، جو روایۃً ازدی الاصل تصور کیا جاتا ہے - ہر چند کہ یہ قبیلہ حجازی ہے، لیکن یہ اس علاقے میں جو الطائف کے مشرق میں واقع ہے، حرۃ حضن اور حرۃ البقوم کے لاوے سے بنے ہوئے میدانوں کے قریب تک پھیلا ہوا ہے - یہاں حجاز اور نجد کی درمیانی سرحدیں صاف طور پر معین نہیں - اس قبیلے کے بارے میں اندازہ ہے کہ اس میں تقریباً دس ہزار نفوس شامل ہیں، جن میں نصف سے کم بدوی ہیں - بقوم کئی صدیوں سے وادی تربہ (ایضاً تُربہ) میں نخلستانوں کی کاشت کر رہے ہیں اور تربہ کا شہر (۲۱ درجہ ۱۴ دقیقہ شمال اور ۴۱ درجہ ۳۷ دقیقہ مشرق) ان کی آبادی کا اصل مرکز ہے - البقوم دو شاخوں میں منقسم ہیں، المحاميد اور آل وازع.

وہابی سلطنت کی توسیع کے ابتدائی دور میں البقوم نجد کے خلاف شریف غالب کے طرف دار تھے - ۱۲۲۸ھ/۱۸۱۳ء سے وہ مصر کے ترکی نائب محمد علی کی افواج کے مقابلے میں اپنے علاقے کی مدافعت کرتے رہے - ان مہموں میں غالیہ نام ایک عورت نے خاص طور پر ناموری حاصل کی - بالآخر البقوم ہتھیار ڈالنے پر مجبور ہو گئے اور ۱۲۳۰ھ/ ۱۸۱۵ء میں تربہ پر محمد علی کا قبضہ ہو گیا؛ لیکن بیسویں صدی کے ابتدائی زمانے میں البقوم کی

Marfat.com

وفاداری بٹ گئی؛ کچھ عبدالعزیز بن سعود کے طرفدار ہوگئے اور کچھ شریف حسین کے ۔ المحامید نے شریف کا ساتھ دینے کا اعلان کیا اور آل وازع نے ابن سعود کی حمایت میں جنگ کی ۔ البتہ ۱۳۳۷ھ / ۱۹۱۹ء میں جب ابن سعود نے تربہ فتح کر لیا تو المحامید نے بھی اس کی اطاعت قبول کر لی، چنانچہ آگے چل کر البقوم کے ان دونوں گروہوں نے ان سعودی مہمات میں شرکت کی جن کا تعلق مغرب سے ہے ۔

۱۹۵۹ء میں المحامید کا سردار حسین بن مخیی تھا اور آل وازع کا محمد بن غنام ۔

**مآخذ**: (۱) H. St. J. Philby : *Arabian Highlands*، Ithaca ۱۹۵۲ء؛ (۲) J. L. Burckhardt : *Notes on the Bedouins and the Wahábys*، لنڈن ۱۸۳۱ء؛ (۳) M. v. Openheim و W. Caskel : *Die Beduinen*، ج ۳، Wiesbaden ۱۹۵۲ء؛ (۴) عمر رضا کحالۃ : معجم قبائل العرب القدیمۃ و الحدیثۃ، دمشق ۱۹۴۹ء؛ (۵) احمد بن زینی دحلان : خلاصۃ الکلام، قاہرہ ۱۸۸۷ء؛ (۶) حسین بن غنام : روضۃ الافکار و الافہام، بمبئی بدون تاریخ ۔

(F. S. VIDAL)

* **بقہ** : خراسان کے اغز قبائل کے سرداروں میں سے ایک. جسے ارسلان بن سلجوق کی گرفتاری اور وفات (۴۲۷ھ / ۱۰۳۶ء؟) کے بعد غزنوی افواج نے ان کی تاخت و تاراج کے سبب اس علاقے سے نکال دیا ۔ بایں ہمہ انھوں نے اپنی لوٹ مار کا سلسلہ وسطی اور مغربی ایران میں ارمینیہ کے سرحدی علاقوں اور بالائی عراق عرب کی حدود تک جاری رکھا، لیکن یہاں عرب بدویوں اور کردوں انھیں نے مار مار کر فنا کر دیا ۔ یہ ۴۳۵ھ / ۱۰۴۴ء کا واقعہ ہے ۔ اس کے لیے رک بہ سلجوق، آل، در وو، لائڈن، بار اول؛ نیز دیکھیے Cl. Cahen : *Le Maliknameh et l'histoire des origines seldjukides*، در *Oriens*، ۱۹۴۹ء، ص ۵۷ ۔

(CL. CAHEN)

⊗* **بَقِیّ بن مَخْلَد** : [بن یزید] ابو عبدالرحمٰن، الاندلسی، الحافظ، قرطبہ کے ایک نامور محدث و مفسر، غالباً نصرانی الاصل تھے ۔ ۲۰۱ھ/۸۱۷ء میں پیدا ہوے اور ۲۷۶ھ / ۸۸۹ء میں وفات پائی ۔ بہت سے دوسرے اندلسی مسلمانوں کی طرح انھوں نے مشرق کے بڑے بڑے شہروں میں ائمۂ [حدیث]، بالخصوص امام احمد بن حنبلؒ اور ابوبکر بن ابی شیبہ، سے بکثرت تحصیل حدیث کی ۔ [تقریباً پینتیس برس تک طلب علم کے سلسلے میں مشرق میں قیام پذیر رہے اور پونے تین سو اساتذہ کے سامنے زانوے تلمذ تہ کیا ۔ تحصیل علم کے بعد قرطبہ واپس پہنچے تو ان کے علم و فضل کے چرچے ہونے لگے اور تھوڑے ہی دنوں میں اندلس کے مجتہد امام تسلیم کیے گئے ۔ ان کے حلقۂ درس کے باعث قرطبہ کی فضا قرآن و حدیث کے نغموں سے گونجنے لگی ۔ وہ اپنے زمانے کے عدیم النظیر عالم، صالح اور عابد و زاہد تھے ۔ امام مجتہد ہونے کے باوجود ان کا رجحان حنبلی مکتب فکر کی طرف تھا ۔] فکری اختلاف اور رقابت کے باعث ان کے لیے موت تک کی سزا تجویز ہوئی، لیکن امیر محمد اول (۲۳۸ھ / ۸۵۲ء تا ۲۷۳ھ / ۸۸۶ء) کی مداخلت سے بچ گئے ۔ ان کی بڑی بڑی تصانیف، جو سب کی سب ناپید ہو چکی ہیں، حسب ذیل ہیں: (۱) تفسیر القرآن، جسے ابن حزم نے تفسیر طبری سے اعلٰی قرار دیا ہے ۔ اور (۲) مسند، جس میں [تیرہ سو صحابہ کرام سے احادیث روایت کیں، پھر ہر صحابی کی احادیث کو ابواب فقہ اور مسائل احکام کے لحاظ سے ترتیب دیا؛ چنانچہ یہ مجموعہ احادیث بیک وقت مسند بھی تھا اور مصنف بھی] ۔

marfat.com
Marfat.com

بقیؒ نے، جن کی سوانح عمری شہزادہ عبداللہ الزاہد نے لکھی، اپنی زندگی کے آخری ایام میں بسبب زہد و تقوی بڑی شہرت پائی، حتّی کہ تقدس کے درجے تک جا پہنچے۔

ابن حزم نے حدیث کے میدان میں بقیؒ کو امام بخاریؒ اور دوسرے نامور محدّثین کے ہم پلّہ قرار دیا ہے، [نیز اصحاب الفُتیا میں شمار کیا ہے]۔

**مآخذ**: (۱) ابن بَشْکُوال، عدد ۲۷۷؛ (۲) الضَّبِّی [: بُغْیَة المُلْتَمِس]، عدد ۵۸۴؛ (۳) ابنُ الفَرَضی، عدد ۲۸۱؛ (۴) ابن عساکر: تاریخ دمشق، ۳: ۲۷۷ تا ۲۸۲؛ (۵) ابن حزم: الرسالة، (فرانسیسی ترجمه از Pellat، در الاندلس، ۱۹۵۴ء، فصول ۱۷ و ۳۰)؛ (۶) ابن عذاری: البیان، ۲: ۱۱۲ ببعد؛ (۷) النُّبہی: مَرْقَبة، بمواضع کثیره؛ (۸) الخُشَنی: قُضاة، بمدد اشاریه؛ (۹) المقّری [: نفح الطیب، ۱: ۴۹۱، ۸۱۲]؛ (۱۰) I. Goldziher: *Muh. St.*، ۲: ۲۶۰؛ (۱۱) وہی مصنّف: *Zâhiriten*، ص ۱۱۵؛ (۱۲) M. Asin Palacios: *Abenmasarra y su eouela*، ۲۹: ۲، ۴؛ (۱۳) لیوی پرووانسال: *Hist. Esp. Mus.*، بمدد اشاریه؛ (۱۴) براکلمان: تکمله، ۱: ۲۷۱ [تعریب: تاریخ الادب العربی، ۳: ۲۰۱ تا ۲۰۲]؛ (۱۵) حوالہ‌جات در H. Laoust: *La profession de foi d'Ibn Batta*، دمشق ۱۹۵۸ء، ص ۲۰ حاشیه؛ [(۱۶) یاقوت: معجم الادباء، ۲: ۳۶۸ تا ۳۷۱؛ (۱۷) الذہبی: تذکرة الحفاظ، ۲: ۲۰۳ تا ۲۰۵ (باردوم، ۲: ۱۸۳)؛ (۱۸) الیافعی: مرآة الجنان، ۲: ۱۹۰؛ (۱۹) ابن ابی یعلی: طبقات الحنابلة، قاہرہ ۱۹۵۲ء، ۱: ۱۲۰؛ (۲۰) الاعلام، بذیل مادّہ]۔

(CH. PELLAT [و ادارہ])

* **بَقیعُ الغَرْقَد**: (جسے جَنّة البَقِیع یا محض البَقِیع بھی کہتے ہیں) مدینۂ منورہ کا قدیم ترین اور پہلا اسلامی قبرستان۔ اس نام سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ اصل میں ایک میدان تھا جو ایک قسم کی خاردار جھاڑیوں سے، جنھیں غرقد کہتے ہیں، پُر تھا۔ مدینے میں ایسے کئی بقیع ہیں۔ یہ جگہ شہر کے جنوب مشرقی سرے پر، روضۂ نبویؐ سے تھوڑے ہی فاصلے پر، فصیل شہر سے باہر واقع ہے۔ یہ فصیل، جس کے ایک دروازے، یعنی باب البقیع، سے قبرستان میں داخل ہونے کا راستہ ہے، منہدم ہو چکی ہے (دیکھیے مدینۂ منورہ کا نقشہ، در Caetani: *Annali*، ۲: ۱۷۳)۔ مہاجرین میں سے سب سے پہلے البقیع میں دفن ہونے والے نبی اکرمؐ کے ایک صحابی حضرت عثمانؓ بن مظعون تھے، جن کا انتقال ۵ھ/۶۲۶ - ۶۲۷ء میں ہوا۔ اس میدان کو خاردار جھاڑیوں سے صاف کیا گیا اور مدینے میں وفات پانے والے مسلمانوں کے لیے اسے قبرستان کے طور پر وقف کر دیا گیا۔ نبی اکرم صلّی اللہ علیہ و سلّم کی صاحبزادیاں، آپ کے معصوم فرزند حضرت ابراہیمؑ، امہات المومنینؓ (ماسوا حضرت خدیجہؓ جو قبہ المعلٰی (مکۂ معظمہ) میں مدفون ہیں) اور حضرت امام حسینؓ کے سوا آپؐ کے باقی تمام اخلاف بھی یہیں مدفون ہیں (حضرت فاطمة الزّہراء [رک بآں] کے مزار کا مسئلہ متنازع فیہ ہے)۔ یہاں دفن ہونے والے دوسرے جلیل القدر بزرگوں میں حضرت عثمانؓ بن عفّان [رک بآں]، مالکؒ بن انس [رک بآں] اور ان کے استاد نافع، نبی اکرمؐ کی رضاعی والدہ حضرت حلیمة السّعدیةؓ [رک بآں] اور آپ کے چچا حضرت عباسؓ [رک بآں] بھی شامل ہیں۔ رفتہ رفتہ اہل بیت [رک بآں]، ائمۂ کرام اور صلحاے امّت کے درمیان اس جگہ دفن ہونے کو ایک اعزاز سمجھا جانے لگا۔ مشہور و معروف متوفیوں کی قبروں پر شاندار قبے اور گنبد تعمیر کیے گئے، مثلاً ابن جُبَیر کے بیان کے مطابق حضرت حسنؓ بن علیؓ اور حضرت العباسؓ کی قبروں کے گنبد خاصے بلند تھے۔ لیکن وہابی استیلاء کے

marfat.com

Marfat.com

بعد جب برک ہارٹ Burckhardt یہاں آیا تو اس نے البقیع کو مشرق کا ایک ویران اور خستہ‌ترین قبرستان پایا ۔ اُحُد میں حضرت حمزہؓ کے مزار اور نواحِ مدینہ میں قُبا کے مقام پر پہلی اسلامی مسجد کی طرح البقیع بھی ان متبرک مقامات میں سے ایک ہے جن کی زیارت زائرینِ مدینۂ منورہ کے نزدیک کارِ ثواب ہے ۔

نبی کریم صلّی اللہ علیہ و سلّم کی زندگی میں البقیع بہت چھوٹی سی جگہ تھی اور حضرت عثمانؓ ابن عفان اور حلیمۃ السعدیة کی قبریں اس کی حد سے باہر تھیں ۔ حضرت عثمانؓ بن عفّان حشّ کوکب میں مدفون تھے، جسے امویوں نے بہت بعد میں البقیع میں شامل کیا، یہاں تک کہ وہ احاطہ بھی البقیع کی موجودہ حدود سے باہر تھا جس میں مدینۂ منورہ پر اموی حملے کے وقت شہید ہونے والوں میں سے بعض دفن تھے ۔ ۱۲۲۱ھ / ۱۸۰۶ء میں شروع کے وهابیوں نے جو گنبد اور قبے گرائے تھے انھیں ترکی کے سلطان عبدالحمید ثانی [رک بآں] نے از سرِ نو تعمیر کرا دیا تھا، لیکن انھیں عبدالعزیز آلِ سعود نے ۱۹۲۶ء میں دوبارہ گرا دیا . . . . رٹر Rutter، جس نے وهابیوں کے استیلاے ثانی کے فوراً بعد ۱۹۲۶ء میں اسے دیکھا تھا، البقیع کو ایک ایسے شہر سے تشبیہ دیتا ہے جسے زلزلے نے تباہ کر دیا ہو ۔ ۱۹۵۳ء میں شاہ سعود بن عبدالعزیز کے حکم سے حاجیوں اور زائرین کی آمد و رفت کی سہولت کے لیے سارے قبرستان میں سیمنٹ کے پختہ راستے بنا دیے گئے ۔

**مآخذ**: (۱) نورالدّین علی السّمہودی: وَفاء الوفا، قاہرہ ۱۳۲۶ھ/۱۹۰۸ء، ص ۸۷ تا ۱۰۳؛ (۲) Wüstenfeld: *Geschichte der Stadt Medina*، گوٹنجن ۱۸۶۰ء، ص ۱۳۰ ببعد؛ (۳) عبدالحق محدّث دہلوی: جذب القلوب الی دیار المحبوب، کان پور ۱۳۱۱ھ / ۱۸۹۳ء، ص ۱۴۹ تا ۱۷۳؛ (۳) R. F. Burton: *Pilgimage to el-Medina and Meccah*، لنڈن ۱۸۵۵ء، ۲ : ۳۰۰ تا ۳۲۰؛ (۴) ابن جُبَیر (طبع ڈخویہ)، ص ۱۹۵ ببعد؛ (۵) برک ہارٹ Burckhardt: *Travels in Arabia*، لنڈن ۱۸۲۹ء، ص ۲۲۲ تا ۲۲۶؛ (۶) A. J. Wensinck: *Mohammed en de Joden te Medina*، لائڈن ۱۹۰۸ء، ص ۱۰؛ (۷) ابن النجّار: اَخبارُ مدینۃ الرّسول، مکۂ مکرّمہ ۱۳۶۶ھ / ۱۹۴۷ء، ص ۱۲۷ تا ۱۳۰؛ (۸) محمد بن عبدالحمید العبّاسی: عُمدۃ الاَخبار فی مدینۃ المختار، بار سوم، دمشق ۱۳۷۱ھ / ۱۹۵۱ء، ص ۹۳ تا ۱۰۲؛ (۹) E. Rutter: *The Holy Cities of Arabia*، نیویارک ۱۹۲۸ء، ۲ : ۲۵۶ ببعد؛ (۱۰) لَبیب البتنونی: الرّحلۃ الحجازیّة، قاہرہ ۱۳۲۹ھ، ص ۲۵۶ تا ۲۵۷؛ (۱۱) عبدالسّلام ندوی: تاریخ الحرمین الشّریفین (بزبان اردو)، پنڈی بہاؤالدین ۱۳۴۲ھ / ۱۹۲۳ء، ص ۲۰۹ و ۲۱۸؛ (۱۲) یوسف عبدالرّزاق: مَعالم دار الہجرة، قاہرہ بدون تاریخ، ص ۲۹۷ تا ۲۹۹؛ (۱۳) المَراغی: تحقیق النُّصرة، المدینہ ۱۳۷۴ھ / ۱۹۵۵ء، ص ۱۲۳ تا ۱۲۹ و اشاریہ؛ (۱۴) محمّد بن احمد المَطَری: التّعریف بما آنَسَت الہجرة من معالم دار الہجرة، دمشق ۱۳۷۲ھ / ۱۹۵۲ء، ص ۳۶ تا ۴۰؛ (۱۵) عبدالقدّوس الانصاری: آثار المدینة المنوّرة، دمشق ۱۳۵۳ھ / ۱۹۳۴ء .

(A. J. WENSINCK [و بزمی انصاری])

**البُقَیعَة**: (اس سے بالخصوص وہ چھوٹا سا میدانی قطعہ مراد ہے جو البقاع کے شمال میں اور جبل انصاریہ کے جنوب میں واقع ہے اور جس کی سطح سمندر سے بلندی اوسطاً اڑھائی سو میٹر ہے ۔ اس کی امتیازی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں چشمے بکثرت پائے جاتے ہیں، جن سے نہر الکبیر نکلتی ہے ۔ صلیبی جنگوں کے دور میں یہ Boquée کے نام سے مشہور تھا اور اس پر حصن الاکراد

marfat.com
Marfat.com

[رکّ بآن] کا تسلط تھا - اس حصن کے کھنڈر اب بھی میدان پر مشرف ھیں (دیکھیے M. van Berchem و E. Fatio : *Voyage en Syrie*، قاھرہ ۱۹۱۳-۱۹۱۵ء، ص ۴۳؛ R. Dussaud : *Topographie historique de la Syrie*، پیرس ۱۹۲۳ء، ص ۹۲؛ J. Weulersse : *Le pays des Alcoiutes*، Tours ۱۹۴۰ء، بمدد اشاریہ، بذیل مادۂ Bouqaïa).

اسی طرح بُقَیعہ کا نام شرق اردن میں بھی ملتا ھے اور اس سے اندرونِ ملک کا وہ چھوٹا سا میدان مراد لیا جاتا ھے جو سطح مرتفع البَلْقاء کے شمال میں سُوَیلح کے نواح میں واقع ھے (دیکھیے F. M. Abel : *Géographie de la Palestine*، پیرس ۱۹۳۳ء، ۱ : ۹۱).

(J. Sourdel - Thomine)

* **بِکْ** : رکّ بہ بیگ.

* **بِکْباشی** : رکّ بہ بِن باشی.

* **بِکْتاش** : رکّ بہ بکتاشیہ .

* **بِکْتاشِیّہ** : ترکی کا ایک سلسلۂ درویشاں - اس سلسلے کے سرپرست حاجی بِکْتاش ولی ھیں - ان کی زندگی کے حالات اس سلسلے کی روایتی تصانیف میں ملتے ھیں (جن میں سے پہلی تصنیف تقریبًا نویں صدی ھجری / پندرھویں صدی عیسوی کی ھے)، لیکن یہ سب افسانوی رنگ میں ھیں اور بظاھر مقصد یہ معلوم ھوتا ھے کہ بانیِ سلسلہ کو مشہور مذھبی شخصیتوں کے دوش بدوش لایا جائے اور ان کے کارناموں پر اصرار کر کے سلسلۂ بکتاشیہ کی اس سیاسی اھمیت کی توجیہ کی جائے جو اسے بعد کے زمانے میں حاصل ھوئی - یہ امر قطعًا خارج از بحث ھے کہ بکتاش کا عثمان یا اُورخان [رکّ بآن] سے کبھی کوئی تعلق رھا تھا یا انھوں نے ینی چری دستے کے لیے دعاے خیر و برکت کی تھی (جو سب سے پہلے مراد اول کے عہد میں قائم ھوا)، جیسا کہ بکتاشی روایات اور بعض ایسی تاریخی تصانیف میں مذکور ھے جو ان کے زیر اثر لکھی گئیں.

بہر حال یہ تو وثوق سے کہا جا سکتا ھے کہ ساتویں صدی ھجری/تیرھویں صدی عیسوی میں حاجی بکتاش خراسانی کا ظہور آناطولیا کے زمرۂ درویشاں میں ھوا - غالبًا وہ بابا اسحاق (رکّ بہ بابائی) کے مرید تھے، جنھوں نے ۶۳۸ھ / ۱۲۴۰ء میں، بغاوت کی - ان کے حریف سلسلۂ مولویہ کے معتبر متوسلین نے آگے چل کر اس پر بہت زور دیا ھے - ایم - فواد کوپرولو کی تحقیق یہ ھے کہ یہ سلسلہ ان کے اپنے حلقۂ مریدین سے معرضِ وجود میں آیا، لیکن حاجی بکتاش کے مقالات میں، جو دراصل عربی میں لکھے گئے اور جن کا خطیب اوغلو نے منظوم ترکی ترجمہ کیا اور پھر ترکی نثر میں بھی ترجمہ ھوا، ان مخفی رسوم و عقائد پر کوئی خاص زور نہیں دیا گیا جو سلسلۂ بکتاشیہ کی خصوصیت میں سے ھیں - بہرکیف یہ سلسلہ، جس کے بلا فصل اسلاف اَبدالانِ رُوم معلوم ھوتے ھیں، آٹھویں صدی ھجری / چودھویں صدی عیسوی میں موجود تھا - دسویں صدی ھجری / سولھویں صدی عیسوی کے آغاز میں شیخ سلسلہ بالم سلطان ''پیر دوم'' نے اسے اس کی معیّنہ شکل دی.

ترک درویشوں کے اداروں کو ان کے مخصوص خد و خال مغربی ترکستان میں احمد یسوی (م ۵۶۲ھ / ۱۱۶۶ء) نے دیے تھے - آناطولیا میں ان اداروں کا حلقہ وسیع ھوتا رھا، لیکن اس کے ساتھ ھی انھوں نے بدعتی رجحانات بھی اختیار کر لیے تھے؛ چنانچہ سلسلۂ بکتاشیہ میں بہت سے جاھلی اور بدعتی عناصر پر جمے رھنے کا مادّہ موجود تھا - جن علاقوں میں یہ سلسلہ مسلمانوں اور عیسائیوں دونوں کو اپنے طریق میں داخل کرنے لگا وھاں آبادی کا بڑا حصہ اس میں شامل ھو گیا، مثلاً

Marfat.com

جنوبی آناطولیا میں اور خصوصاً البانیا میں، جہاں ایک قسم کا مخلوط مذہب پیدا ہو گیا جو اسلامی اور عیسائی دونوں عناصر پر مشتمل تھا۔ اس کے علاوہ اور فرقے بھی، جن کے مذہبی رسوم و عقائد باہم ملتے جلتے تھے، ان میں شامل ہوگئے؛ خاص طور پر وہ گروہ جو قِزِلباش کہلاتا تھا ان سے ایک طرح کی وابستگی رکھتا تھا۔

بکتاشیوں کے عوام پسند تصوف کی خصوصیات اور اسلامی رسوم و عبادات حتّی کہ نماز تک سے ان کی غایت درجہ بے تعلقی دونوں ہی ایسی باتیں ہیں جن سے اسلام کی جانب ان کے رویّے کا اظہار ہوتا ہے۔ اندرونی عقائد کی رو سے وہ شیعی ہیں، بارہ اماموں کے قائل ہیں اور خصوصیت کے ساتھ امام جعفر الصّادقؒ کا بڑا احترام کرتے ہیں۔ ان کی عبادت کا مرکز حضرت علیؓ کی ذات ہے۔ یہ لوگ حضرت علیؓ کو اللہ اور حضرت محمد رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و سلّم کے ساتھ ملا کر ایک طرح کی تثلیث کے قائل ہیں۔ یکم محرم سے ۱۰ محرم تک وہ ''ماتمی راتیں'' (ماتم گیجلری) مناتے ہیں؛ نیز دوسرے علوی شہدا اور بالخصوص معصوم پاک (جن کی وفات بچپن میں ہوئی) کا بہت زیادہ احترام کرتے ہیں [معصوم پاک سے مراد غالباً حضرت علی اصغر ہیں]۔ نویں صدی ہجری / پندرھویں صدی عیسوی میں ان میں ''حروفیوں کے اعداد رمزیّہ'' کے قیاسات دخل پا گئے؛ فضل اللہ حُروفی کی تالیف جاویدان [نامہ] کا ترمیم شدہ فارسی نسخہ اور اس فرقے کے عقائد کی ترکی زبان میں تشریح موسومہ عشق نامہ، جو فرشتہ اوغلو نے لکھی ہے، دونوں ان کے نزدیک قانونِ شرعی کا مرتبہ رکھتی ہیں۔ مزیدبرآں یہ لوگ تناسخ کے قائل ہیں۔

ممکن ہے کہ عیسائی عناصر کسی حد تک بکتاشیوں کے آناطولی پیشروؤں میں پہلے سے موجود رہے ہوں۔ دوسرے اجزا شاید ان عیسائی گروہوں سے اخذ کیے گئے ہیں جو بعد میں اس فرقے میں شامل ہوئے۔ یہ لوگ نئے ارکان کو شامل کرنے کے موقع پر شراب، روٹی اور پنیر تقسیم کرتے ہیں جو شاید اس عشاء ربّانی (Holy Communion) کی باقی‌ماندہ یادگار ہے جسے Artotyrites (ایک کوہستانی فرقے کے لوگ) منایا کرتے تھے۔ اس کے علاوہ بکتاشی لوگ اپنے روحانی پیشواؤں کے آگے اپنے گناہوں کا اعتراف کرتے ہیں اور وہ ان سے وعدۂ مغفرت کرتے ہیں۔ ان کی مذہبی تقریبات میں عورتیں بے نقاب شامل ہوتی ہیں۔ کچھ لوگ تجرّد میں زندگی بسر کرنے کا عہد کر لیتے ہیں۔ ایسا عہد کرنے والے امتیازی نشان کے طور پر کان میں بالیاں پہنے رہتے ہیں۔ ابھی تک یہ نہیں معلوم ہو سکا کہ بکتاشیوں میں تجرّد کا رواج پہلے ہی سے موجود تھا یا نہیں؛ غالباً اس کو پہلی بار بالم سلطان نے جاری کیا۔

اکثر ایسا ہوتا رہا ہے کہ بکتاشیوں نے مشہور زیارت گاہوں میں اقامت اختیار کر کے ان کے تقدس کی توجیہ اپنی روایات کے مطابق کر لی، مثلاً ''اسکی شہر'' کے قریب ''سیّد غازی'' اور البانیا کے متعدد مقامات میں۔ ان کے اولیا کے افسانوں میں جو کرامتیں بیان کی گئی ہیں ان میں اکثر شمنی خصوصیات موجود ہیں۔

ان کی پوری جماعت پر چلبی کی حکومت تھی۔ وہ حاجی بکتاش کی مرکزی خانقاہ (پیراوی) میں رہتا تھا جو ولی موصوف کی قبر پر (قیر شہر اور قیصری کے درمیان) بنائی گئی تھی۔ چلبی کا منصب اٹھارھویں اور انیسویں صدی کے دوران میں [بالعموم] باپ سے بیٹے کو ورثے میں پہنچتا رہا، تاہم یہ ہمیشہ موروثی نہیں ہوتا تھا۔ اہلِ تجرّد کا

marfat.com
Marfat.com

مرشد اعظم (= دِدِہ) علیحدہ ہوتا ہے ۔ کسی ایک تنہا خانقاہ (تکّہ) کے صدر کو بابا (Baba) کہتے ہیں ، پورے طور پر داخلِ سلسلہ رکن کو درویش، جس نے صرف پہلی سوگند کھائی ہو اسے محِبّ اور جو ابھی صرف وابستگی رکھتا ہو اور داخلِ سلسلہ نہیں ہوا اسے عاشق کہتے ہیں ۔ ضبط و نظم بیشتر اس تعلق سے قائم رہتا ہے جو مرشد کا اپنے مریدانِ خاص یا نووارد چیلوں سے ہوتا ہے۔

بکتاشی سفید ٹوپی پہنتے ہیں، جس میں چار یا بارہ گوشے ہوتے ہیں ۔ چار کے عدد سے اشارہ ''چار ابواب''، یعنی شریعت، طریقت، معرفت، حقیقت، اور ان کے مطابق لوگوں کے چار طبقات، یعنی عابد، زاہد، عارف اور محبّ کی طرف ہے؛ بارہ کا عدد بارہ اماموں کی تعداد کی طرف اشارہ کرتا ہے ۔ اس فرقے سے دو اور چیزیں بھی مخصوص ہیں، ایک تو بارہ پنالیوں (گول ابھری ہوئی لکیروں) کا ''تسلیم طاشی'' (سنگِ تسلیم) جو گلے میں پہنا جاتا ہے اور دوسرے تبر (دو پھل والی کلہاڑی) ۔ ان کی تصویریں J. K. Birge کی تالیف میں ملیں گی (دیکھیے مآخذ).

بڑی بڑی خانقاہیں (تکیے) چار حصوں پر مشتمل ہوتی ہیں: (۱) میدان اوی، اصل خانقاہ جس میں عبادت گہ بھی ہوتی ہے؛ (۲) اِکمِک اوی، یعنی تنورخانہ اور مستورات کے رہنے کی جگہ؛ (۳) آش اوی، یعنی باورچی خانہ؛ (۴) مہمان اوی، یعنی مہمان خانہ.

اس سلسلے کی متعدد قدیم تر بستیوں میں سے مندرجۂ ذیل لائق ذکر ہیں : روم ایلی میں دیمتوقہ Dimetoka اور قالقان‌دِلِن Kalkandelen؛ آناطولیا میں اماسیہ کے شمال مغرب میں عثمان جق اور لیقیا (Lycia) میں ایلمالی: قاہرہ کے قریب پہلے قصر العَینْ اور اس کے تھوڑے ہی عرصے بعد جبل المقطّم کی ڈھلان پر (مؤخرالذکر نویں صدی ہجری / پندرھویں صدی عیسوی میں بھی موجود تھی)؛ دیگر بستیاں بغداد اور کربلا میں واقع ہیں.

درویشی مذہب کی بکتاشی شکل نے ترک عوام کے دینی رجحانات پر گہرا اثر کیا ۔ اس فرقے کی خاص تالیفات تصوّف کے بعد بکتاشی شاعروں کی ولولہ انگیز اور پُرلطف غنائی شاعری کو اطراف و جوانب میں بڑا عروج حاصل ہوا.

اس سلسلے کی سیاسی اہمیت کا باعث اس کی ینی چری سے وابستگی تھی ۔ عثمانلی ترکوں کے شروع زمانے کے دیگر سیاسی اداروں کی طرح ینی چری بھی شروع ہی سے مذہبی جمیعتوں کے زیر اثر تھے اور اگر پہلے نہیں تو نویں صدی ہجری / پندرھویں صدی عیسوی کے نصف آخر میں بکتاشیوں کو ان پر بلا شرکتِ غیرے اقتدار حاصل ہوگیا تھا ۔ ینی چریوں میں بکتاشی عقائد کی مقبولیت کا سبب شاید یہ تھا کہ وہ خود عیسائی اصل کے تھے ۔ اس نہایت منظّم جماعت کے ساتھ تعلق سے ینی چری دستۂ فوج کو ایک مربوط جمعیت کی حیثیت حاصل ہو گئی ۔ بکتاشیوں نے عثمانلی حکومت کے خلاف درویشوں کی متعدّد بغاوتوں میں بھی حصہ لیا، مثلاً قلندر اوغلو کی بغاوت (۹۳۳ھ / ۱۵۲۶ - ۱۵۲۷ء) میں ۔ ۱۲۴۱ھ / ۱۸۲۶ء میں جب سلطان محمود ثانی نے ینی چری فوجیوں کو تباہ کر دیا تو اس سے وہ جماعت بھی متأثر ہوئی جس سے وہ منسلک تھے؛ چنانچہ بہت سی خانقاہیں اسی زمانے میں برباد کر دی گئیں ۔ انیسویں صدی کے وسط میں اس سلسلے کی تجدید ہوئی اور خانقاہوں کی دوبارہ تعمیر شروع ہوگئی ۔ بکتاشیوں میں پھر جان پڑی، جس کا اظہار ان کی تالیفی و تصنیفی سرگرمیوں سے ہوتا ہے جو انیسویں صدی کے اختتام سے

marfat.com
Marfat.com

۱۹۰۸ء کے بعد تک بھی جاری رہیں.

۱۹۲۵ء کے موسم خزاں میں تمام درویشی سلسلوں کی طرح سلسلۂ بکتاشیہ کو بھی ختم کر دیا گیا، لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہ بکتاشی ہی تھے جنھوں نے جمہوریۂ ترکیہ کے لیے متعدّد اقدامات کا دروازہ کھول دیا تھا (راسخ اسلامی عقیدے سے تعلق، عورتوں کا مقام) - آج کل بکتاشی جزیرہ نمائے بلقان خصوصاً البانیا میں، جہاں ان کی بڑی خانقاہ تیرانہ میں واقع ہے، اپنی ہستی باقی رکھے ہوئے ہیں - بعض سرکاری دستاویزات کے مطابق ترکی میں ۱۹۵۳ء تک بھی تیس ہزار بکتاشی تھے (قبّ COC، ۱۹۵۳ء، ص ۲۰۶).

**مآخذ** : محققانہ جستجو کا راستہ دکھانے والی تحریریں G. Jacob اور کوپرؤلو زادہ محمد فواد اور ان کے دبستان کے مطالعات ہیں - ان تحریروں اور باقی ماندہ کتابیات کا ذکر ذیل کی کتاب میں ہے: (۱) J. K. Brige: *The Bektashi Order of Derwishes*، لنڈن و ہارٹفرڈ ۱۹۳۷ء؛ (۲) Fr. Taeschner در *OLZ*، ۴۲ (۱۹۳۹ء) : ۵۰۱ تا ۵۰۶؛ نیز (۳) H. H. Schaeder، در *OLZ*، ج ۳۱ (۱۹۲۸ء)، ص ۱۰۳۸ تا ۱۰۵۷؛ (۴) H. Jansky، در *OLZ*، ۲۹ (۱۹۲۶ء) : ۵۰۳ تا ۵۰۹؛ (۵) F. Babinger: *Das Bektashikloster Demir Baba*، در *MSOS*، ج ۳۴ (۱۹۳۱ء)؛ (۶) Else Krohn: *Vorislamisches in einigen vorderasiatischen Sekten und Derwischorden*، در *Ethen. Studien*، ۱ : ۲۹۵ تا ۳۴۴؛ (۷) وہی مصنّف : *Kleine Beitrage zur Kenntnis islamischer Sekten und Orden auf der Balkanhalbinsel*، در *Mitteilungsb. der Ges. für Völkerkunde*، ۱۹۳۱ء؛ (۸) وآ، ترکی، بذیل مادۂ بکتاش (از محمد فواد کوپرولو)؛ (۸) عبدالباقی گول پنارلی : ولایت نامہ، استانبول ۱۹۵۸ء؛ (۹) E. E. Ramsaw: *The Bektashi Dervishes and the Young Turks*، در *Moslem World*، ۱۹۳۲ء، ص ۷ تا ۱۴؛ (۱۰) *OM*، ۱۹۳۱ء، ۱۹۳۲ء، ۱۹۳۶ء، مزید حوالے در: (۱۱) J. D. Pearson: *Index Islamicus*، عدد ۲۵۸۱ تا ۲۶۰۰.

(R. TSCHUDI)

* **بکتگین** : رک بہ بکتگین (بنو).

* **بَکْر صوباشی** : مرکزی عراق کا ایک فوجی سالار اور صوبائی گورنر، جس نے بغداد کے ایک کمزور پاشا کے عہد میں ۱۰۲۹ھ / ۱۶۱۹ - ۱۶۲۰ء تک اپنے سفاکانہ مظالم سے ایک نمایاں فوجی اور غیر فوجی حیثیت حاصل کر لی - لڑائی میں کامیابی کے بعد اس نے دارالحکومت میں اپنے دشمنوں کی سازشوں کے خلاف ایک سخت جوابی کارروائی کی اور صوبے میں مؤثر نظم و ضبط قائم کر کے سلطان کو عرضداشت بھیجی کہ اسے سرکاری طور پر بیلر بے کا خطاب عطا کیا جائے؛ پھر اسے خود ہی اختیار بھی کر لیا اور سلطان سے اس کی سرکاری منظوری کی درخواست کی، لیکن سلطان نے یہ درخواست مسترد کر دی اور بغداد میں نظم و ضبط اور امن بحال کرنے کے لیے قریب ترین اطاعت گزار صوبے دیاربکر سے فوجیں روانہ کیں - شاہی اور غاصب فوجوں کے درمیان کئی ہفتے تک شدید مقابلہ رہا، جس کے بعد بکر نے عیارانہ غداری سے ایران کے شاہ عباس کو عراق پر دوبارہ قبضہ کرنے کی دعوت دینے کا فیصلہ کیا - اس طرح دیار بکر کا والی حافظ احمد [پاشا] با دل ناخواستہ بکر کو صوبے کا پاشا تسلیم کرنے پر مجبور ہو گیا کیونکہ اس وقت صرف وہی ایک ایسا شخص تھا جو اس ترکی علاقے کے ایسے شرمناک طور پر ایران کے حوالے کر دینے کو روک سکتا تھا - وفادار فوجیں پیچھے ہٹ گئیں اور ایرانی فوجیں شہر کے قریب آ پہنچیں - بکر نے شہر کے دروازے کھولنے سے انکار کیا - شاہ عباس

marfat.com
Marfat.com

نے شہر کا محاصرہ کر لیا اور بالآخر صوباشی کے اپنے بیٹے نے غدّاری سے شہر کو دشمنوں کے حوالے کر دیا - بغداد تاخت و تاراج ہوا، سینکڑوں قتل ہوے اور بکر کو بےدردی سے قتل کر دیا گیا - اس کے بعد عراق ایرانیوں ھی کے زیرِ تسلّط رہا تاآنکہ ۱۰۴۸ھ/ ۱۶۳۸ء میں سلطان مراد [رابع] نے اسے دوبارہ فتح کیا - [اس سلسلے میں دیکھیے وہ منظوم خط و کتابت جو حافظ احمد پاشا اور سلطان مراد (م ۱۶۴۰ء) کے درمیان ہوئی تھی (Gibb : *History of Ottoman Poetry*، ج ۶)].

**مآخذ:** (۱) S. H. Longrigg : *Four centuries of Modern Iraq* (۱۹۲۵ء)، ص ۵۱ تا ۷۵ اور وہ مآخذ جن کا وہاں حوالہ دیا ھے (ص ۵۱، حاشیہ) بالخصوص (۲) مرتضی ناظم زادہ : گلشن خلفا (طبع Longrigg)، ص ۳۲۷.

(S. H. LONGRIGG)

**بَکر بن وَائِل:** وسط عرب، مشرقی عرب اور (بعد میں) شمالی عرب کے عرب قبیلوں کا ایک گروہ - بنو عبدالقیس [رکّ بآں] کی طرح بنو بکر بھی انھیں لوگوں میں سے تھے جو بعد میں ربیعہ کے نام سے مشہور ہوئے - انساب قبائل [عرب] میں ان کا مقام مؤخّرالذکر قبیلے سے تین درجے نیچے ھے- ثعلبة (بن عکابة) کو بنو بکر کی اصل سمجھا جاتا ھے - Joshua Stylites (فصل ۵۷) نے ۵۰۳ء کے تحت اسی قبیلے کو شمالی عرب کی سلطنت کنندہ کا سرکردہ قبیلہ بتایا ھے اور اسی کے کچھ عرصے بعد ان کا نام جنوبی عرب کے ایک کتبے میں ملتا ھے (Ryckmans، ص ۱۰، د؛ *Le Muséon*، ۱۹۵۳ء) - قبیلۂ بکر کے شجرۂ نسب میں بنو ثعلبہ، بنو عجل اور حنیفہ بن لجیم ایک ھی سطح پر ھیں اور یشکر بن بکر ان سے تین درجے اوپر ھیں - خود قبیلۂ ثعلبۃ بنو شیبان، ذُھل، تیم اللہ (تیم اللات) اور قیس کے ذیلی قبائل میں منقسم تھا - قبیلۂ بکر کے لوگ یمامۃ کے علاقے میں رہتے تھے اس وقت العرض (= وادی حنیفہ) اور اس کے معاونین لحی (نقشوں میں شیب ھا)، نساح اور السّلی، جنوب کی سمت الخرج کا ضلع اور آب پاش (watershed) کے شمال میں ضلع الوتر اور اس کے معاونین بھی اسی علاقے میں شامل تھے - الیمامہ کا دارالحکومت الحجر (موجودہ ریاض کے قریب) پہلے بنو حنیفہ کے قبضے میں تھا - بعد میں بکر کے دوسرے قبیلوں کے لوگ بھی وہاں جا کر آباد ہوگئے - الحجر کے جنوب مشرق میں دوسرے بڑے شہر جو (جوالیمامہ، بعد ازاں الخضرمہ) میں بھی ر[illegible]ر بنو حنیفہ آباد تھے - وہ قران اور ملہم کے نخلستانوں کے مالک بھی تھے، جو آب پاش (watershed) کے پرے واقع تھے - شمال مغرب میں الوشم اور السدیر کے علاقوں میں بھی بنو حنیفہ کی بستیاں موجود تھیں - ذُھل بن ثعلبہ (قریۂ بنی) سدوس میں (جس کا نام ان کے ایک ذیلی قبیلے کے نام پر تھا) ایک وادی [ندی] کے کنارے رہتے تھے، جو الوتر میں گرتی تھی اور قیس بن ثعلبة دوسرے مقامات کے علاوہ، ریاض کے جنوب میں، منفوحة میں رہتے تھے - یشکر، عجل اور شیبان کے گانوؤں کے وجود کا ثبوت بھی ملتا ھے - جو اور الحجر اس قدیم ثقافت کے مقامات تھے جسے متاخّر داستانوں میں طسم و جدیس کے گم شدہ قبیلوں، سے منسوب کیا گیا ھے - الحجر کے پتھر کے مینار ابتدائی اسلامی عہد تک بھی دیکھے جا سکتے تھے، لیکن جو میں یہ مینار جنوبی عرب کے قبیلۂ حسان کے ایک فرد کے حملے کے دوران میں تباہ و برباد ہو گئے تھے (الأعشی، عدد ۱۳، ص ۱۶ تا ۲۱).

تمام نخلستانوں میں کھجور کے درختوں کی

Marfat.com

کاشت ہوتی تھی، لیکن وادی العرض اور الخَرج میں اناج بویا جاتا تھا ۔ جب فصل اچھی ہوتی تھی تو اناج مکّے کو برآمد بھی کیا جاتا تھا، لیکن جب فصل اچھی نہیں ہوتی تھی تو یہ مقامی آبادی کے لیے بھی کافی نہیں ہوتا تھا (المتلمس، طبع Vollers، عدد ٥، ص ٨؛ الأعشی، عدد ١٩، ص ٣٢ و عدد ٣٣، ص ٢٢ تا ٣٣؛ ابن ہشام، ص ٩٩٧ ببعد) ۔ چونکہ بنو بکر کے دیہات ایک دوسرے سے متصل تھے، اس لیے ان کے درمیان بعض اوقات خانہ جنگیاں بھی ہوتی رہتی تھیں، جن میں نخلستانوں کو آگ لگا دی جاتی تھی (الاعشی، عدد ١٥، ص ٥٦ تا ٥٧ و عدد ٣٨، ص ٩ تا ١١؛ یاقوت، بذیل مادّۂ المحرقہ، سدوس کے نیچے) ۔ بنو بکر میں سے بعض نے ان حالات سے بچنے کے لیے ترک وطن کیا اور مستاجر سپاہیوں میں شامل ہو گئے (اوس بن حجر، طبع Geyer، عدد ٣١؛ المفضلیات، طبع Lyall، عدد ١١٩) اور کئی قبیلے خانہ بدوش ہو گئے؛ آگے چل کر زیادہ‌تر قبیلوں نے یہی زندگی اختیار کر لی.

عین ممکن ہے کہ بدوی زندگی کا یہ سلسلہ پانچویں صدی کے نصف آخر میں بنو کِندة کے ظہور کے وقت شروع ہوا ہو (مقالۂ عبدالقیس، سطر ١٣ میں یوں ترمیم کر لیں: چھٹی سے پانچویں صدی تک) ۔ ہمیں اس کے متعلق کوئی قطعی معلومات حاصل نہیں کہ بنو بکر کے خانہ بدوش قبیلوں نے اس زمانے میں کونسے راستے اختیار کیے تھے، گو بعد کے مآخذ (Ryckmans، ص ١٠٥؛ المفضلیات، ص ٣٣٠، سطر ١٣) سے یہ پتا چلتا ہے کہ وہ الیمامۃ کے مغرب (اور مشرق؟) کی سمت گئے تھے ۔ اس زمانے میں بنو بکر اور ان کے بھائی بند بنو تغلب کے درمیان ایک طویل خانہ جنگی ہوئی اور مکے کی زیر سرپرستی حرم سے باہر ذوالمجاز میں کہیں چھٹی صدی کے وسط میں جا کر ایک صلح نامے سے ختم ہوئی (معلقہ، الحارث بن حلزة، طبع آرنلڈ، ص ٦٦) یوم کُلاب اوّل (٥٠٣٠ء کے قریب، دُوادمی کے جنوب مغرب میں ثہلان کے مقام پر، سلطنتِ کِندة کے دو وارثوں کے درمیان ایک لڑائی) کو بجا طور پر اس خانہ جنگی کا ایک اہم واقعہ سمجھا جاتا ہے ۔ تھوڑی مدت بعد بنو تغلب نے، جو اس وقت بالائی سِرّ میں ساجِر سے خلیج فارس کے قریب نطاعِی تک کے علاقوں میں نقل مکانی کرتے رہتے تھے (المفضلیات، ص ٣٣٠، سطر ١٣؛ معلقہ، الحارث، شعر ٩٧)، جنوبی عرب سے ترک وطن کیا اور فرات زیریں کے اطراف کے قریب لق و دق میدانوں میں جا کر آباد ہو گئے، جہاں قیاس کہتا ہے کہ ان میں سے کچھ لوگ پہلے سے آباد ہو چکے تھے ۔ ان کے بعد بنو بکر نے بھی ادھر کا رخ کیا، لیکن وہ بطن فلج سے آگے نہیں بڑھے ۔ اس وقت اور زمانۂ مابعد کے شعرا نے جن مقامات کے نام لیے ہیں ان سے ظاہر ہوتا ہے کہ بنو بکر کے خانہ‌بدوش قبائل نے اگلے دس بیس برسوں میں جو راستے اختیار کیے وہ شمالاً جنوباً تھے ۔ الطُّوَیق کے خم کی قریبی سمت میں جو علاقہ بنو تغلب اور بنو بکر نے آگے چل کر خالی کیا اس میں ٥٠٣٠ء سے پہلے غالباً کچھ بنو تمیم بھی منتشر طور پر آباد تھے، جن کی آبادیاں التسریر کے دونوں طرف تھیں ۔ ٥٠٣٠ء کے بعد وہ الطُّوَیق کے اوپر مشرقی عرب تک پھیل گئے ۔ چونکہ دونوں قبیلوں کی خانہ‌بدوشانہ گزرگاہیں ایک دوسرے کو قطع کرتی تھیں اس لیے انہیں ہر حال میں امن قائم رکھنا پڑتا تھا اور حقیقت میں سنین مابعد میں بنو بکر اور بنو تمیم کے مابین لڑائیوں کا تذکرہ نہیں ملتا.

جس زمانے میں بکر، تغلب، تمیم اور شاہانِ کندہ و الحیرہ کے باہمی تعلقات کی برابر بدلتی ہوئی

marfat.com
Marfat.com

نوعیت کا تقاضا تھا کہ سیاسی بصیرت رکھنے والے رہنما پیدا ہوں، شیوخ کے کئی ممتاز گھرانے معرض ظہور میں آئے؛ چنانچہ E. Bräunlich کی کتاب بِسطام بن قیس (لائپزگ ۱۹۲۳ء) کا بطل داستان انھیں خاندانوں میں سے ذوالجدّین کا ایک فرد ہے۔ الحیرہ سے تعلقات کی بنا پر ابتدائی زمانے ھی میں شاعری نے ترقی کی، بالخصوص قبیلۂ قَیس بن ثَعلبہ کے ہاں؛ ثبوت کے لیے دیکھیے حسب ذیل شعرا کے اشعار: المُرقّش (اس سے متعلق داستان پہلی مرتبہ طَرَفہ کے ہاں ملتی ہے، الشعراء السِتّة، عدد ۱۳، شعر ۴ تا ۱۰)، جو الحِیرہ کے ایک متأخر شاعر کی نقل ہے؛ خیال رہے کہ المُرقّش الاصغر کا کبھی کوئی وجود نہ تھا جیسا کہ الفرزدق کے کلام (نقائض، قصیدہ ۲۰۰، شعر ۱۰) سے ظاہر ہے)؛ عَمرو بن قَمِیئہ [رک باں]، جس نے امرؤالقیس کے ساتھ کبھی بوزنطیم کا سفر نہیں کیا؛ طرفہ؛ الاَعشٰی، جو ساتویں صدی تک زندہ رہا۔ بنو یَشکُر کے ہاں بھی شعر و شاعری نے فروغ پایا اور انھیں میں سے حارث بن حِلِّزہ بھی تھا۔

۵۶۹ - ۵۷۰ء میں قبیلۂ بنو تَغلِب کے سردار عَمرو بن کُلثُوم کے ہاتھوں الحِیرہ کے بادشاہ عمرو ابن ہند کے قتل ہو جانے کے بعد بنو تغلب فراتِ زیریں کے چٹیل میدانوں کو خالی کر کے دریا کے اوپر کی طرف چلے گئے تو خانہ بدوش بنو بکر گویا ایک نئے دور میں داخل ہوے۔ ۵۸۰ء کے قریب ایک شاعر کہتا ہے (المفضّلیات، عدد ۴۱، شعر ۱۱):

وَبَکْرٌ لَھا ظَھْرُ العِراقِ، وَاِنْ تَشَأْ
یَحُلْ دُونَھا مِنَ الیَمامَةِ حاجِبُ

یعنی قبیلۂ بنو بکر، عراق کا تمام وسیع میدان ان کا ہے، لیکن اگر وہ ایسا چاہیں تو ان کے گھروں کی حفاظت کے لیے یمامہ سے ایک مدد آ پہنچتی ہے۔ تقریباً دس سال کے بعد بنو تمیم، بالخصوص بنو یربوع نے موسم بہار میں الحَزن میں خیمہ‌زن ہونے کے لیے آگے بڑھنا شروع کیا۔ اس طرح باہمی حملوں کا آغاز ہوا (جن میں سے کچھ حملے ۶۰۵ء اور ۶۱۵ء کے مابین ہوے)، جن کا تذکرہ Bräunliche نے مذکورۂ بالا کتاب میں کیا ہے۔ اس عہد کے خانہ‌بدوش قبائلِ بنو بکر کے متعلق بہت سے حالات معلوم ہیں نیز ان علاقوں کا بھی کچھ علم ہے جن میں وہ پھیلے ہوے تھے۔ یہ قبیلے بنو شیبان، بنو عِجل، بنو قَیس اور تَیم اللّات بن ثَعلَبہ تھے۔ بنو عِجل مغرب میں اس مقام تک گئے جو آگے چل کر کوفی حاجیوں کا راستہ بنا، اور مشرق میں تَقِید تک؛ بنو شیبان نے اپنے خیمے (خلیج کویت کے قریب) الکاظمة کے خط کے شمال و جنوب، یعنی رأس العَین ( = البُسَیّہ؟) میں نصب کیے، بنو سَلْمان، اور قَیس بن ثَعلَبہ نے ان علاقوں کے جنوب مشرق میں المَسنّہ (یاقوت میں غلط طور پر المَثَنّاة) اور رأس العین (الاعشٰی، عدد ۱۴، شعر ۲ و عدد ۲۹، شعر ۴۲) کے مابین ڈیرے ڈالے۔ تَیم اللّات، قیس اور عِجل نے وفاق لہازِم قائم کیا تا کہ بنو شیبان ان پر غالب نہ آ سکیں۔ یہ بات قطعیت کے ساتھ معلوم نہیں کہ شمال میں رہنے والے بنو بکر سردیاں کہاں گزارتے تھے، لیکن قَیس بن ثَعلَبة کے بارے میں معلوم ہوتا ہے کہ وہ کم از کم اسّی برس الیمامة اور شمال کے مابین ایک جگہ سے دوسری جگہ آتے جاتے رہے (الاعشٰی، عدد ۳۲، ایک ابتدائی نظم، بالخصوص عدد ۵، شعر ۳۸)۔ بنوشیبان گاہ بگاہ مشرقی عرب میں نخلستان بحرین تک جاتے رہے، اور بنو عِجل بظاہر شمال ھی میں رہے۔ گرمی کے دنوں میں عَین صَید اور اُبوغر کے درمیان طَفّ کے اس طرف جہاں کہیں پانی دستیاب ہوتا تھا یہ قبائل وہیں اکٹھے ہو جاتے تھے۔ یہی

Marfat.com

علاقه ہے جس میں ۶۰۵ء کے لگ بھگ ذوقار کی مشہور جنگ لڑی گئی اور بنو شیبان نے ھامرز [ وَرَكُ بان] کے ایرانی سورماؤں کے ھراول دستے کو پسپا کیا (الاعشی، عدد ۴)۔ اس کے باوجود بنو بکر جلد ھی دوبارہ ایرانیوں کے زیرِ اقتدار آ گئے ۔ اسی زمانے میں بنوبکر اور بنو تمیم کی لڑائی شمال سے بڑھ کر وسط عرب تک پھیل گئی اور اس میں بنو تمیم نے جوّ کے شہزادے ھوذہ بن علی کو، جو قبیلۂ بنو حنیفه سے تعلق رکھتا تھا اور ایرانیوں کا باج گزار تھا، بہت پریشان کیا تا آنکه بحرین کے ایرانی گورنر نے بڑی سختی سے ان کی قوت کا خاتمه کر دیا (دیکھیے الاعشی، عدد ۱۳، شعر ۶۲ تا ۶۹) ۔ اس واقعے کے بعد ھم اسلامی دور میں پہنچ جاتے ھیں.

شمال میں بھی اور جنوب میں بھی، بنو بکر میں سے بعض نے، بالخصوص بنو عِجل اور (شیبان میں سے) ذوالجدّین نے مسیحیت اختیار کر لی تھی؛ چنانچه الاعشی اور ھوذہ بن علی مسیحی تھے ۔ مُسیلمة (کذّاب) [رك بآن] کے ساتھ یمامه کی وابستگی سے ظاھر ھوتا ہے که وھاں مسیحیت کی بنیادیں مضبوط نہیں ھوئی تھیں، لیکن شمال میں صورت حال اس کے برعکس تھی: بنو عِجل میں سابق [قائد عسکر] اَبجَر بن جابر کی مثال ملتی ہے، جس نے ۱۴ھ۶ء میں کوفے میں ایک مسیحی کی حیثیت سے وفات پائی؛ اسے ایک استثنائی واقعه ھرگز نہیں کہا جا سکتا ۔ ذوالجدّین بھی مسیحی عقائد پر قائم رہے ۔ دورِ جاھلیت کی بت پرستی سے متعلق عَمرو بن قَمیئه، عدد ۲، شعر ۹ تا ۱۰، میں ایک دلچسپ بیان ہے، لیکن بعد کے شعرا کے ھاں مشکل سے ھی کوئی ذکر ملتا ہے اس کے سوا که الاعشی، عدد ۹۳، شعر ۷۴، کو شمار کر لیا جائے؛ اسی طرح بنو سلمان کے بت مُحَرّق (یاقوت: ج ۴، بذیل مادۂ مُحرّق) کا ذکر ابن الکلبی کی کتاب الاصنام میں نہیں ملتا.

آنحضرت صلّی اللہ علیه و سلّم نے فتح مکّه سے پیشتر ھی ھوذہ بن علی، والی یمامه، کو دعوت اسلام بھیجی، لیکن آپؐ کی اس دعوت کا جواب سرد مہری اور تکبّر سے دیا گیا ۔ الحَجر میں اس کا جانشین مُسیلمه تھا ۔ تعجب ہے که سیرة اور رِدّة کے ثُمامة بن اُثال کا ذکر ابن الکلبی کے دیے ھوئے نسب ناموں میں نہیں ملتا، حالانکه اس سلسلے میں اس کتاب کی بنیاد بنو بکر کی ایک سند پر ہے ۔ مشرقی عرب میں رِدہ کے متعلق، جس کی ابتدا قیس بن ثعلبه سے ھوئی تھی، کچھ نه کچھ معلومات Wellhausen : *Skizzen und Vorarbeiten*، ۶ : ۲۰ ببعد، میں مل سکتی ھیں ۔ جب بنو بکر شمال میں تھے انھوں نے مدائن کی متنازع فیه جانشینی (۶۲۸ تا ۶۳۲ء) سے فائدہ اٹھا کر کھیتوں کو خوب لوٹا (جیسا که وہ ذوقار سے پہلے کر چکے تھے) ۔ اس موقع پر [قبیلۂ] ذُھل بن شیبان کے ایک سردار اَلمُثنّی بن حارثه نے ناموری حاصل کی اور جب اسے رِدہ کی شکست کی اطلاع ھوئی تو اس نے اسلام قبول کر لیا اور خالدؓ بن ولید کی معیت میں اس نے ایسے حالات پیدا کیے جن سے آگے چل کر الحِیرہ کو ھتھیار ڈالنے پڑے ۔ ۶۳۴ء کے شروع میں حضرت خالدؓ کی شام کی طرف روانگی کے بعد جب مسلمان مدافعانه جنگ لڑ رہے تھے تو اس نے ۶۳۴ء کے موسمِ خزاں میں جنگ الجِسر سے پسپا ھوتی ھوئی مسلمان فوجوں کی حفاظت کی ۔ اس کا آخری شاندار کارنامه ایک سال بعد بُوَیب کی لڑائی تھی، جس میں وہ زخمی ھو کر فوت ھوا ۔ بنو بکر (اور بنو تمیم؟) نے بھی اس علاقے کو، جو آگے چل کر بصرے کا صوبه بنا، فتح کرنے کے لیے زمین ھموار کی ۔ بنو عِجل اور بنو حنیفه نے ۶۴۲ء میں جنگ نِہاوند میں حصّه لیا ۔ بنو بکر بصرے سے فوجیں لے کے

marfat.com
Marfat.com

خراسان پہنچے اور ۷۱۵ء میں وہاں ان کی تعداد سات ہزار تھی (الطّبری، ۲ : ۱۲۹۱) - ان دونوں مقامات پر قبائلی خانہ جنگی پھیلانے کی جزوی ذمے داری انھیں پر عائد ہوتی ہے، جو وہاں ایک زیادہ وسیع پیمانے پر جاری رہی - بصرے میں انھوں نے بنو عبدالقیس سے مل کر ربیعۃ نامی گروہ بنا لیا اور بعد میں ازدِ عُمان سے مل گئے، جو ۶۸۰ء کے قریب نقل وطن کر کے آئے تھے - چونکہ بنو تمیم بصرے میں گروہ قیس (اھل العالیہ) کے ساتھ وابستہ تھے اس لیے ان کے درمیان پھر اختلافات پیدا ہو گئے، لیکن دونوں گروہوں کی یہ لڑائی کچھ عرصے جاری رہ کر ۶۸۴ء میں یزید اول کی موت پر ختم ہو گئی اور ۶۹۰ء میں جب (قبیلۂ قیس بن ثعلبۃ کے ایک ممتاز فرد) مالک بن مِسْمَع نے خلیفۂ عبدالملک کی حمایت کا اعلان کیا تو بنو بکر کو امن میسر ہوا - خراسان میں البتہ صورت حال مختلف تھی، جہاں ۶۸۴ء میں بنو بکر اور بنو تمیم کے درمیان ایک خونریز لڑائی ہوئی اور اس نے ازد، ربیعہ اور قیس تمیم کے درمیان ایک مستقل اختلاف کی صورت اختیار کر لی، جو کہیں اس وقت جا کر ختم ہوا جب یہاں بھی بنو بکر میں ایک ہوشمند قائد (یحیی بن حُضَین) پیدا ہوا - اس قبیلے کی آخری قابل ذکر شخصیت بنو ذُھل کا سپہ سالار اور مدبر مَعْن بن زائدۃ [رک باں] تھا۔

غیر آباد نواحی بصرہ میں تو بنو بکر کا خاتمہ بہت جلد ہو گیا، لیکن کوفے کے قرب و جوار میں وہ زیادہ دیر تک رہے - بنو عجل کی بود و باش اپنے خانہ بدوش علاقے میں رہی، جسے انھوں نے شمال مشرق کی طرف وسیع کر لیا، لیکن بنو شیبان نقل وطن کر کے شمال مغرب میں اللِّصْف کے چشموں تک چلے گئے، جو کوفے سے زیادہ دور نہیں تھے اور بعد میں انھوں نے بڑی تعداد میں شمال میں موصل کی طرف بڑھنا شروع کیا، جہاں وہ دریاے دجلہ کے دونوں کناروں پر آباد ہو گئے - عَمرو بن قَمِیئہ کے دیوان (عدد ۱۶) میں اتفاق سے تین ایسے شعر آ گئے ہیں جن میں ایک ایسی لڑکی کے جذبات کی مصوری کی گئی ہے جو ساتِیدَما (غالباً شہر کے بالمقابل، جبل مَقْلُوب) تک اجنبی علاقوں میں اس سفر کے دوران وطن کی یاد میں بے قرار ہے - قبیلۂ ذھل بن شَیبان کے معزز و ممتاز خارجی قائد شَبِیب بن یزید (م ۶۹۷ء) سے متعلق ابومِخْنَف کی اطلاعات (الطّبری، ج ۲) میں اس وقت کی بدوی اور حضری زندگی کے درمیان عجیب و غریب قسم کی کشمکش کا ذکر ملتا ہے - بنوبکر وہاں سے شمال میں دیاربکر (بعد کا نام) اور آذربیجان تک پھیل گئے۔

بنو شَیبان نے ایک بار پھر ایک وسیع خانہ بدوش قبیلے کی صورت میں زندگی بسر کی - وہ موسم بہار اور موسم گرما میں بالائی اور زیریں زاب کے درمیان خیمہ زن ہوتے تھے اور موسم سرما میں کوفے کے نچلے علاقوں تک چلے جاتے تھے - نویں صدی میں انھوں نے موصل کے میدانی علاقوں پر بکثرت حملے کیے، جنھیں روکنے کے لیے خلیفہ المُعتَضِد کی سرکردگی میں ۸۹۳ء میں ایک مہم شروع ہوئی - گیارھویں صدی میں انھوں نے عراق کے مزروعہ اور آباد علاقے پر پیش قدمی کی؛ لیکن آئندہ صدی کے آغاز ھی میں وہاں سے غائب ہو گئے- بصرے اور خراسان میں بکر اور عبدالقیس اور مشرقی جزیرہ (= دیار ربیعہ) میں بکر و تغلب کے قبائلی ناموں کے بدلے ربیعۃ کا نام استعمال ہونے لگا - یہی صورت عرب میں بھی پیش آئی - آل سعود کا شاھی خاندان اپنا سلسلہ ربیعۃ ھی سے ملاتا ہے۔

**مآخذ:** (۱) ابن الکلبی: جَمْھَرۃ الانساب، مخطوطۂ لنڈن، ورق ۱۹۳ الف تا ۲۲۶ ب و مخطوطۂ اسکوریال، ورق ۱ تا ۹؛ (۲) الطّبری، بمدد اشاریہ؛ (۳) نقائض جریر

Marfat.com

والفرزدق، طبع Bevan بمدد اشاریہ؛ (۳) M. Frh. von Oppenheim : *Die Beduinen*، ج ۳، Wiesbaden ۱۹۵۲ء، ص ۲۱۱ ببعد، ۳۰۱ ببعد؛ (۵) Ulrich Thilo : *Die Ortsnamen in der altarabischen Poesie*، Wiesbaden ۱۹۵۸ء (= *Schriften der Frh. von oppenheim stiftung*، عدد ۳)؛ [(۶) ابن حزم: جمهرة انساب العرب، بمدد اشاریہ خصوصاً ص ۳۱۲: ثمامہ بن اثال کا نسب؛ (۷) البلاذری: انساب الاشراف، جلد اوّل، بمدد اشاریہ؛ (۸) القلقشندی: نهایة الارب؛ (۹) عمر رضا کحالہ: معجم قبائل العرب، ۱: ۹۳ تا ۹۹؛ (۱۰) و ۱، عربی، بذیل مادّہ].

(W. Caskel)

* **بَکْرِش** : رَكَ بہ بخارِسٹ.
* **اَلْبَکْرِی** : رَكَ بہ بَکْرِیّہ و [محمد بن عبدالرحمٰن صدیقی و محمد بن محمد] صدّیقی.
* **اَلْبَکْرِی** : ابوالحسن احمد بن عبداللہ بن محمّد؛ بظاہر یہی اس [قصہ گو] کے نام کی سب سے زیادہ مقبول شکل ہے جسے اسلام کے ابتدائی سنین سے متعلق تاریخی قصوں کا مصنف یا راوی مانا جاتا ہے۔ اس کے متعلق یہ بھی کہا جاتا ہے کہ اس نے ایک ''مَولِد'' اور نبی اکرم صلّی اللہ علیہ و سلّم کی سیرت کو افسانوی رنگ میں لکھا ہے۔ اس کی زندگی کے سب سے پہلے حالات الذّہبی کی میزان، قاہرہ ۱۳۲۵ھ، ۱ : ۵۳، میں ملتے ہیں۔ الذّہبی اسے کذّاب اور جھوٹے قصوں کا مخترع بتاتا ہے۔ جب ہم ان مزید واقعات پر نظر ڈالتے ہیں کہ اس کی ایک کتاب کے مخطوطے (Vatican Borg، عدد ۲۰) پر ۶۹۴ھ/ ۱۲۹۵ء کی تاریخ دی گئی ہے اور تیرھویں صدی کے اواخر کے بعض مصنفین تک کا حوالہ اس کی سیرۃ النبی میں موجود ہے (Ahlwardt : *Verzeichniss der arab. Hss* .......... *zu Berlin*، عدد ۹۶۲۳) تو ماننا پڑتا ہے کہ البکری تیرھویں صدی کے نصف آخر میں ہوا ہے۔ اگرچہ اس نتیجے کو سرِ دست بہت کچھ معلّقِ نظر قرار دینا ضروری ہے، تاہم البکری کی مبہم شخصیت کے تاریخی ہونے میں شبہہ کرنے کی کوئی معقول وجہ نہیں ہے۔ اگر ''بصری واعظ'' کا لقب، جو بعض موقعوں پر اسے دیا گیا ہے، قابلِ اعتبار مانا جائے تو یہ ثابت ہوتا ہے کہ وہ عراق میں مستعد و سرگرم عمل تھا۔

یہ بات کسی طرح بھی قابلِ وثوق نہیں ہے کہ البکری کے نام سے منسوب تمام تصانیف ایک ہی مصنّف کی لکھی ہوئی ہیں، مثلاً سیرۃ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و سلّم میں حقیقی مصنفین اور تصانیف کے اقتباسات موجود ہیں، بحالیکہ بعض دوسری کتابوں میں مآخذ کے حوالے مبہم اور مشتبہ ہیں اور اگر شاذ و نادر کہیں راویوں کا نام دیا گیا ہے تو ان کے فرضی نام اختیار کیے گئے ہیں۔ مزید برآں بظاہر الذّہبی کو اس سیرت کا علم نہ تھا اور ابن حَجَر (لسان، ۱ : ۲۰۲) نے الذّہبی سے اس کے سوانح حیات نقل کرتے ہوئے اس سیرت کا اضافہ کیا ہے۔ اس کی مختلف تصانیف یا ان کے ترمیم شدہ نسخوں میں باہمی تعلق کی ابھی تک تحقیق نہیں ہوئی، اور کسی صحیح نتیجے تک پہنچنے کے لیے ضروری ہے کہ ان متعدّد قلمی نسخوں کا مطالعہ کیا جائے جو دور دور تک منتشر کتب خانوں میں محفوظ ہیں۔

**مآخذ** : (۱) مغرب میں البکری سے متعلق معلومات L. Marracci سے شروع ہوتی ہیں، قب C.A. Nallino: *Raccolta di scritti*، ۲ : ۱۱۵؛ قب نیز R. Paret : *Die legendäre Maghāzi-Literature*، ٹوبنگن ۱۹۳۰ء، ص ۱۰۵ تا ۱۵۸؛ (۲) براکلمان، ۱ : ۳۴۴ و تکملة، ۱ : ۶۱۶ (یہ بیان بنیادی حیثیت رکھتا ہے، لیکن اغلاط بھی ہیں)؛ (۳) ابن الحَجَر الہَیْتَمی : الفَتاوی الحدیثیّة،

marfat.com
Marfat.com

قاہرہ ۱۳۵۳ھ / ۱۹۳۴ء، ص ۱۱۶)، جس میں البکری کی لکھی ہوئی سیرۃ النبیؐ کا پڑھنا ممنوع قرار دیا ہے۔ مزید برآں رک بہ مغازی اور تاریخ؛ [(۴) الذہبی: میزان الاعتدال، جہاں البکری پر حسب ذیل الفاظ میں تنقید کی ہے: احمد بن عبداللہ البَکْری ذاک الکذّاب الدجّال واضعُ القصص التی لَم تَکُن قطُّ فما اَجْہَلَ و اقلَّ حیاء و ما روی حرفًا مِن العلم بِسَنَد... الخ؛ (۵) الزرکلی: الاعلام، بذیل مادہ].

(F. ROSENTHAL)

* **البَکْری**: عبداللہ رک بہ ابو عُبید۔

* **البَکْری**: ابو المکارم شمس الدین محمّد ابن عبدالرحمٰن الصّدیقی الشافعی الاشعری، عرب شاعر اور صوفی، جو ۸۹۸ھ/۱۴۹۲ء میں پیدا ہوا۔ وہ باری باری ایک سال قاہرہ اور دوسرے سال مکۂ معظمہ میں رہتا تھا۔ ۹۵۲ھ/۱۵۴۵ء میں وفات پائی۔ ایک دیوان (کتاب خانۂ ملّی، پیرس، *Catalogue des mss. ar.*، de Slane، از عدد ۳۲۲۹ تا ۳۲۳۳؛ *Descriptive Catalogue of the Arabic, Pers. and Turk. Mss.*، کتاب خانۂ ٹرنٹی کالج، کیمبرج ۱۸۷۰ء، عدد ۵۵ تا ۵۷)، صوفیانہ نظموں کا ایک مجموعہ ترجمان الاسرار (Vollers: *Katalog der islam. usw. Hass. der Universitätsbiblioth. zu Leipzig*، عدد ۵۷۳؛ Derenbourg: *Les mss. ar. de l'Escurial*، عدد ۴۳۹) اور تصوّف پر متعدّد رسالوں (جن کے ایک مجموعے کا مخطوطہ Gotha (عدد ۸۶۰) میں ہے) کے علاوہ اس نے فتح مکہ کی ایک تاریخ افسانوی رنگ میں نظم کی ہے اور اس کا نام الدرۃ المکلّلۃ فی فتحِ مکّۃ المبجلۃ رکھا ہے (قاہرہ ۱۲۷۸ھ/۱۸۶۱ء، ۱۲۸۲ھ / ۱۸۶۵ء، ۱۲۹۳ھ / ۱۸۷۶ء، ۱۲۹۷ھ / ۱۸۷۰ء، ۱۳۰۰ھ / ۱۸۸۲ء، ۱۳۰۱ھ، ۱۳۰۳ھ، ۱۳۰۴ھ)؛ علاوہ ازیں اس کی ایک تصنیف اور بھی ہے، جس کے مضامین زیادہ تر تاریخی ہیں۔ اس کا نام ذخیرۃ العلوم و نتیجۃ الفہوم ہے (Pertsch: *Die ar. Hdss. zu Gotha*، عدد ۱۵۷۸).

**مآخذ**: (۱) علی پاشا مبارک: ''الخطط التوفیقیۃ الجدیدہ''، بولاق ۱۳۰۶ھ، ۳: ۱۲۷؛ (۲) Wüstenfeld: *Die Geschichtsschreiber der Araber*، عدد ۵۰۲؛ (۳) براکلمان، ۲: ۳۳۳، ۳۸۲ و تکملہ، ۲: ۳۸۱ تا ۳۸۲؛ [(۴) ابن العماد: شذرات، ۸: ۲۹۲؛ (۵) الزرکلی: الاعلام، ۷: ۲۸۵ تا ۲۸۶، بالخصوص حاشیہ ص ۲۸۶].

(C. BROCKELMANN)

* **البَکْری بن ابی السُرُور**: دو عرب مؤرخوں کا نام جو طریقۂ بکریہ (سلسلۂ شاذلیہ) کے مصری شیوخ کے ایک نامور خاندان سے تعلق رکھتے تھے۔

(۱) محمد بن ابی السرور بن محمد بن علی الصدّیقی المصری م ۱۰۲۸ھ/۱۶۱۹ء، جن کی تصانیف میں حسب ذیل کتب شامل ہیں: ایک تاریخ عالم دو حصوں میں (عیون الاخبار اور نزہۃ الابصار)، نیز اس کا خلاصہ بعنوان تحفۃ (یا تذکرۃ) الظرفاء۔ عثمانی ترکوں کی کئی تاریخیں (فیض المنّان، الدرر الاثمان فی اصلِ منبع آلِ عثمان اور المنح الرحمانیہ، جس کے ساتھ اللطائف الربانیہ کے عنوان سے مصر کی بابت ایک ضمیمہ بھی ہے)، مصر کی عثمانی فتح پر ایک تصنیف الفتوحات العثمانیۃ اور ایک تصنیف التفریج الکبری فی دفع (او رفع) الطّلبہ، جس میں ۱۰۱۷ھ/۱۶۰۸ء - ۱۶۰۹ء میں محمد پاشا والیِ مصر کے ''حق الطّریق'' نامی ٹیکس کو موقوف کرنے کی کوشش کا ذکر ہے۔

**مآخذ**: براکلمان، ۲: ۳۸۸ و تکملہ، ۲: ۴۱۲؛ (۲) Wüstenfeld: *Geschichtsschreiber* عدد ۵۵۲؛ (۳) Babinger، ص ۱۴۷؛ (۴) حاجی خلیفہ: طبع فلوگل، اعداد ۲۶۱۹، ۳۹۸۱، ۸۳۵۸، ۹۳۲۵، ۱۳۱۵۲؛ (۵) اسمٰعیل پاشا بغدادی: ہدیۃ العارفین، استانبول

Marfat.com

۱۹۵۵ء، ۲ : ۲۱۶ - البکری کے والد ابو السُّرور (م ۱۰۰۷ھ / ۱۵۹۸ - ۱۵۹۹ء) کے لیے دیکھیے (۶) مُحبّی : خلاصة، ۱ : ۱۱۷؛[(۷) الزرکلی، ۷ : ۲۹۱].

(۲) ابو عبداللہ شمس الدین محمد بن محمد بن ابی السُّرور، مذکور بالا کا بیٹا۔

وہ تقریباً ۱۰۰۵ھ / ۱۵۹۶ء میں پیدا ہوا اور تقریباً ۱۰۶۰ھ / ۱۶۵۰ء میں وفات پائی۔ سمیر الاصحاب کے نام کی ایک عالمی تاریخ اور مصر کی دو عام تاریخوں (الروضة المأنوسة اور الروضة (یا النزهة) الزهیة فی ولاة مصر القاهرة المعزیة) کے علاوہ اس نے مصر کی ایک تیسری تاریخ الکواکب السائرة کے نام سے بھی تصنیف کی، جس میں دورِ عثمانیہ کی ۱۰۴۳ھ/۱۶۳۳ء تک پوری تفصیلات دی ھیں۔ اس کتاب کا، جو ابھی تک طبع نہیں ہوئی، ترجمہ S. de Sacy نے *Notices et Extraits* ‘*Manscrits de la Billiothèque du Roi*’ ۱، ۱۷۸۸ء: ۱۶۵ تا ۲۸۰، میں *Le Livre des Étoiles errantes* کے عنوان سے کیا تھا۔ فرانسیسی نسخے سے اس کا جرمن ترجمہ G. Hanisch نے Hildburgshausen سے ۱۷۹۱ء میں شائع کیا تھا۔ J. J. Marcel نے اپنی کتاب *Histoire d'Egypte* (پیرس ۱۸۳۸ء) کے لیے اسی کتاب اور اس کے ساتھ اس کے تتمہ تا ۱۱۶۸ھ / ۱۷۵۴ء، از مصطفی بن ابراهیم (قبّ Marcel ; کتاب مذکور، ص XXV)، سے وسیع پیمانے پر استفادہ کیا ھے۔ اس کی دوسری تصانیف میں ذیل کی کتابیں شامل ھیں: ترکی فتح مصر کی تاریخ موسوم به التحفة البهیة؛ المقریزی کی کتاب الخطط کا خلاصہ بعنوان قطف الازهار (یہ تصنیف بعض اوقات البکری کے چچا شمس الدین ابوالحسن محمد بن زین العابدین بن محمد بن علی (م ۱۰۸۷ھ / ۱۶۷۶ء) کی طرف منسوب کی جاتی ھے، قبّ مُحبّی : خلاصة، ۳ : ۴۶۵)؛ صوفی شیخ العجمی الکُرانی کی سوانح عمری (الدُّر الجمانی) اور ایک رسالۂ تصوف الدُّرر الاعالی۔

**مآخذ** : متن مقالہ میں مندرجہ کتب کے علاوہ (۱) براکلمان، ۲ : ۳۸۳ و تکملہ، ۲ : ۴۰۹؛ (۲) Wüstenfeld: *Geschichtsschreiber*، عدد ۵۶۵؛ (۳) Babinger، ص ۱۸۸؛ [(۴) الزرکلی : الاعلام، ۷ : ۲۹۳ تا ۲۹۴].

(STANFORD J. SHAW)

**البَکْری** : محیی الدّین مصطفی بن کمال الدین ابن علی الصّدّیقی الحنفی الخلْوتی، عرب مصنّف اور صوفی، جو ذوالقعدة ۱۰۹۹ھ / ستمبر ۱۶۸۸ء میں دمشق میں پیدا ھوا۔ وہ بچپن ھی میں یتیم ھوگیا اور اس کے چچا نے اس کی پرورش کی۔ پھر وہ خلْوتیہ درویشوں کے سلسلے میں داخل ھوگیا۔ ۱۱۲۲ھ / ۱۷۱۰ء میں وہ پہلی مرتبہ بیت المقدس کی زیارت کے لیے گیا۔ وھاں اس نے اپنی کتاب الاَدْعیه الفتح القدسی لکھی اور ادرنہ کے علی قرہ باش سے فتوی لیا کہ اس کی کتاب رات کے آخری حصے میں بلند آواز سے پڑھنا بدعت نہیں، جیسا کہ اس کے ایک مخالف نے کہا تھا۔ اسی سال شعبان (اکتوبر ۱۷۱۰ء) میں وہ دمشق واپس چلا آیا اور آئندہ برسوں میں متعدد بار زیارت کے لیے بیت المقدس گیا اور وھاں وزیر راغب پاشا سے تعارف حاصل کیا، جس کے همراہ اس نے ایک مرتبہ قاهرہ کا سفر بھی کیا۔ اس سرپرست کے سایۂ عاطفت میں وہ اوائل ۱۱۳۵ھ / اکتوبر ۱۷۲۲ء میں بیت المقدس سے استانبول کے سفر پر روانہ ھوا اور ۱۷ شعبان ۱۱۳۵ھ / ۲۴ مئی ۱۷۲۳ء کو وھاں پہنچا۔ چار سال بعد وہ بیت المقدس واپس چلا آیا۔ ۱۱۴۸ھ / ۱۷۳۵ء میں اس نے مکۂ مکرمہ کا حج کیا، جس کا ارادہ اس نے ۱۱۲۹ھ / ۱۷۱۷ء ھی سے کر رکھا تھا، لیکن اپنے چچا سے ایک جھگڑے کے باعث ملتوی کر دیا تھا۔ ۱۱۴۸ھ/ ۱۷۳۵ء میں وہ دوبارہ استانبول گیا اور وھاں

marfat.com
Marfat.com

سے سمندر کے راستے اسکندریہ اور قاہرہ ہوتا ہوا واپس آیا - اگلے سال وہ پھر حج کو گیا اور وہاں سے دیار بکر چلا گیا، جہاں وہ آٹھ مہینے مقیم رہا - ایک مرتبہ گیارہ مہینے تک نابلس میں رہ کر وہ شوّال ۱۱۵۲ھ / جنوری ۱۷۴۰ء میں بیت المقدس واپس آیا - اپنے تیسرے سفر حج کے دوران میں اس نے ۱۸ ربیع الآخر ۱۱۶۲ھ / ۸ اپریل ۱۷۴۹ء کو قاہرہ میں وفات پائی - تصوف پر اس کے بہت سے رسالے، دعائیں اور نظمیں ہیں، جن کی [المرادی اور] براکلمان نے نشان دہی کی ہے(دیکھیے نیچے، نیز قَبَ اَلْحِکَمُ الالٰہِیّة و الموارِدُ البَہِیَّة؛ دیکھیے Vollers : *Katalog der islam. usw. Hdds. der Universitätsbibliotheek zu Leipzig*، عدد ۸۰/۲ و الوصیہ الجلیلة للسالکین طریقة الخلوتیة؛ وهی کتاب، ج ۳: E. Littmann : *A List of Arabic Mss. in Princeton University Library*، عدد ۳۰۱ ب) - یہ سب کی سب اب تک غیر مطبوعہ ہیں، بجز مجموعة صلوات و اوراد (قاہرہ ۱۳۰۸) کے- اس نے دمشق سے بیت المقدس تک اپنے پہلے سفر (۱۱۲۲ھ/۱۷۱۰ء) کا حال اپنی کتاب بعنوان الخمرة الحسیّة فی الرحلة القدسیّة (Ahlwardt : *Verzeichnis der Hdss. zu Berlin*، عدد ۶۱۳۹) میں اور اپنے سفر دمشق اور وہاں کے قیام کا حال ''المُدامة الشّامیّة فی المقامة الشّامیة'' ( وهی کتاب، عدد ۶۱۳۸) میں تحریر کیا ہے.

**مآخذ** : المُرادی : سِلْکُ الدُّرر فی اَعْیان القَرْن الثّانی عَشَر، قاہرہ ۱۲۹۱ - ۱۳۰۱ھ، ۳ : ۱۹۰ تا ۲۰۰؛ (۲) الجَبَرتی : عجائب الآثار فی التراجم و الاخبار، بولاق ۱۲۹۷ھ، ۱ : ۱۲۵ تا ۱۲۶؛ (۳) علی پاشا مبارک : الخطط التّوفیقیة الجدیدة، بولاق ۱۳۰۶ھ، ۳ : ۱۲۹؛ (۴) براکلمان، ۲ : ۳۴۸، تکملہ، ۲ : ۴۷۷؛ [(۵) الزرکلی، ۸ : ۱۳۱].

(C. BROCKELMANN)

**اَلْبَکْرِیَّه** : درویشوں کا ایک سلسلہ، جس کا نام d'Ohsson کے بیان کے مطابق پیر ابوبکر وفائی کے نام پر ہے، جن کا انتقال ۹۰۲ھ / ۱۴۹۶ء میں یا ۹۰۹ھ/۱۵۰۳-۱۵۰۴ء میں حلب میں ہوا - بقول رِنّ Rinn (*Marabouts et Khouan*) یہ شاذلیّة [رک بآں] کی ایک شاخ ہیں.

**اَلْبَکْرِیَّة** : اسم جمع، جو ان تمام لوگوں کے لیے استعمال ہوتا ہے جو اپنا سلسلۂ نسب حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالی عنہ سے ملاتے ہیں - مصر میں اسی خاندان کا سردار شیخ البَکْری ۱۸۱۱ء سے حضرت رسول اکرم صلّی اللہ علیہ و سلّم کے اخلاف کا سر براہ (= نقیب الاشراف) چلا آ رہا ہے - ۱۹۰۶ء سے وہ سین المشائخ، یعنی تمام صوفی سلسلوں کا شیخ ہو گیا تھا، دیکھیے RMM، ۳ : ۲۸۱ ببعد؛ L. Massignon : *Annuair e du Monde Musulman*، بار چہارم، ۱۹۵۴ء، ص ۲۷۴.

**بَکْسَر** : ہندوستان کے صوبۂ بہار کی قسمت پٹنہ کے ضلع شاہ آباد میں ایک شہر، جو گنگا کے جنوبی کنارے پر واقع ہے - ۱۹۰۱ء کی سر شماری کے مطابق اس کی آبادی ۱۸۰۸۷ تھی - معلوم ہوتا ہے کہ قدیم زمانے میں یہ بڑا مقدس مقام تھا اور لوگوں میں اپنے اصلی نام وید گربھ (= ویدوں کا بطن مادر) سے معروف تھا-مقامی روایات کے مطابق اس کا نام ایک تالاب کے نام سے لیا گیا ہے، جسے اصل میں آگھسر کہتے تھے، یعنی گناہوں کا مٹا دینے والا - بعد میں یہ نام بدل کر باگھ سر ہو گیا، یعنی شیر کا تالاب - بکسر وہی مقام ہے جہاں میجر ہکٹر منرو Hector Munro نے ۲۳ اکتوبر ۱۷۶۴ء کو بنگال کے سابق نواب میر قاسم اور اودھ کے نواب وزیر شجاع الدولہ کو شکست دی - اس فتح سے پلاسی کی مہم کی تکمیل ہو گئی - ان کے بعد سے انگریز بنگال کے بلا شرکت غیرے حاکم

marfat.com
Marfat.com

ہو گئے اور اودھ بھی انگریزی کمپنی کے تصرف اور قبضے میں آ گیا۔

**مآخذ:** (۱) C. E. A. W. Oldham: *The Battle of Buxar*، در *JBORS*، ج ۱۲: ۱ تا ۳۸؛ (۲) A. L. Srivastava: *Shuja-ud-Daula*، کلکتہ ۱۹۳۹ء، ج ۱، باب ۸۔

(C. Collin Davies)

* **بَکّاء:** جمع بَکّاؤن اور بُکّاۃ (بکثرت گریہ و زاری کرنے والے، رونے والے)، وہ زہاد جو عبادت و ریاضت کے دوران میں بکثرت گریہ و زاری کرتے ہیں۔ توبہ و استغفار، انکسار، خشوع و خضوع اور گریہ و بکا کے ساتھ گناہوں کا شدید احساس، یہ تمام باتیں زمانۂ قدیم سے مسلمان زاھدوں اور صوفیوں کی خصوصیات رہی ہیں۔ ابو نعیم کی حِلیۃ الاولیاء سے گریہ و زاری کرنے والوں یا کم از کم اس عمل کو مستحسن قرار دینے والوں کی ایک طویل فہرست تیار ہو سکتی ہے۔ اس طبقے میں حسن البصری، ابن سیرین، مالک بن دینار، ابو الدرداء (ان کی کتاب الرقۃ و البکاء کے عنوان سے ایک تصنیف بھی ہے)، ابراہیم النخعی، ابو سلیمان الدارانی، فضیل بن عیاض، حبیب العجمی، عبدالواحد بن زید، سفیان الثوری، ذوالنون المصری، یحیی بن معاذ الرازی وغیرہ جیسے مشہور و معروف بزرگ شامل ہیں؛ تاہم ایسے لوگ معدودے چند تھے جنہیں البکّاء کے عرف سے شہرت حاصل ہوئی یا کم از کم البکّاء کا لقب دیا گیا۔ ان کے نام یہ ہیں: (۱) یحیی البکّاء جو بصرے میں تھے (حلیۃ، ۳: ۳۴۷)؛ (۲) ابو سعید احمد بن محمد البکّاء (حلیۃ، ۷: ۳۸۵)؛ (۳) مُطرّف بن طَریف؛ (۴) محمد بن سُوقہ؛ (۵) عبدالملک بن ابجر؛ (۶) ابو سنان ضرار بن مرۃ (یہ چاروں بزرگ کوفے میں تھے (حلیۃ، ۵: ۴، ۹۱)؛ (۷) سیار النباجی، ملقب بہ باکی (حلیۃ، ۱۰: ۱۰۶۶)؛ (۸) ھیثم البکّاء؛ (۹) صفوان بن محرز (الجاحظ: [کتاب] البخلاء، ص ۵)؛ (۱۰) ہشام بن حسان (ونسنک Wensinck: *Some Semitic Rites of Mourning*، ص ۸۵ بعد)؛ (۱۱) ابراھیم البکّاء (السلمی: طبقات، ص ۸۷)۔ اسی طرح صالح المری، غالب بن الجہضمی، کہمس اور محمد بن واسع بھی گریہ و بکا کے لیے مشہور ہیں۔ ان گریہ و بکا کرنے والوں کا کوئی خاص فرقہ یا طبقہ نہیں تھا جیسا کہ نکلسن R. A. Nicholson (*ERE*، ۲: ۱۰۰)، ونسنک A. J. Wensinck (*Some Semitic Rites*، ص ۸۶)، L. Massignon (*Essai*، ص ۱۶۷)، H. Lammens (*L. Islam*، ص ۱۰۲)، Ch. Pellat (*Le milieu basrrien et la formation de Ğāhiẓ*، ص ۹۳) اور ڈوزی R. Dozy (*Suppl.*، بذیل مادۂ بکّاء) کا خیال ہے، بلکہ البکّاء ایک عام اصطلاح ہے جس کا اطلاق ان تمام لوگوں پر ہوتا رہا جو بکثرت گریہ و زاری کرتے تھے اور افراد کے لیے اس کا استعمال محض کبھی کبھی لقب یا عرف کے طور پر ہوا ہے۔ اس اصطلاح کا مقابلہ حماد سے کرنا چاہیے جس کا ذکر حلیۃ (۵: ۶۹) میں آیا ہے اور جس کا اطلاق اس شخص پر ہوتا ہے جو رنج و راحت ہر حالت میں خدا کی حمد و ثنا کرے۔ محمد بن واسع جو خود بہت رونے والے تھے اپنے آپ کو بکّاء کہلوانا پسند نہیں کرتے تھے (حلیۃ ۲: ۳۴۷)۔ قدیم اسرائیلیوں میں بھی بکّاؤن کا ذکر آیا ہے (ابن قتیبہ: عیون الاخبار، ۲: ۲۸۳؛ حلیۃ، ۵: ۱۶۳)۔

ابو الدرداء اپنے گریہ و بکا کی تین وجوہ بتاتے ہیں: (۱) موت کے فوراً بعد پیش آنے والے حالات کا خوف؛ (۲) اپنی نجات کے لیے مزید کوشش کا عدم امکان اور (۳) اس بات کا دغدغہ کہ قیامت کے دن کسی کے حق میں کیا فیصلہ ہوگا (الجاحظ: البیان، ۳: ۱۰۱؛ ابن قتیبہ: عیون، ۲:

marfat.com
Marfat.com

(۳۰۹) - یزید بن میسرۃ کے بیان کے مطابق بالعموم رونے کے سات اسباب ہوتے ہیں: حزن، اندوہ، درد و کرب، ریاء اور فرح اور شکر اور خشیت الٰہی (حلیة، ۵ : ۲۳۵) - ابو سعید الخرّاز نے گریہ و بکا کی اٹھارہ وجوہ بیان کی ہیں، جو بکاء کی تین اقسام، یعنی خدا سے بعد، اس کے قرب اور معیّت کے مقابلے میں محض ذیلی حیثیت رکھتی ہیں (سرّاج : اللمع فی التصوف، طبع نکلسن، ص ۲۲۹).

بدیل، شمیط اور کہمس کسی تقریب میں اپنے میں سے کسی کے مکان میں داخل ہوے اور کہا: "تعالوا، الیوم نبکی علی الماء البارد"، یعنی آؤ آج اس ٹھنڈے پانی کے لیے گریہ کریں (جو ہمیں قیامت کے دن نصیب نہ ہوگا) (حلیة، ٦ : ۲۱۳) - مخصوص لفظ "ویحی" پکار پکار کر رونے والوں کی طویل گریہ و زاری کا ذکر حلیة (۳ : ۲۵۵ تا ۲٦۰) میں آیا ہے - نیز حلیة (۱۰ : ۱٦۳) میں تین رونے والوں کی باہمی گفتگو کا ذکر ملتا ہے - رونے والوں کی اشک ریزی کی مقدار کے متعلق بہت سی ناقابل یقین کہانیاں مشہور ہیں - منجملہ ان کے ایک حکایت یہ ہے کہ ایک شخص بعض اوقات تین دن اور تین رات مسلسل روتا رہا - بعض لوگ اتنے روئے کہ ان کی ڈاڑھیاں اور تکیے آنسوؤں سے تر ہو گئے - بعض نے بورے پورے ریت کے بوروں کو اپنے آنسوؤں سے تر بتر کر دیا - ایک رونے والے کے متعلق سنا گیا کہ اس کے آنسو پاؤں تک بہے جا رہے تھے - ایک اور شخص رو چکنے کے بعد اپنے آنسوؤں سے پر ایک اتنے بڑے گڑھے پر بیٹھا ہوا تھا کہ ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے اس نے وہاں وضو کیا ہے - ایک اور شخص کے رونے سے جو آنسو زمین پر گرے ان سے وہاں گھاس اگ آئی - ایک شخص نے قصدًا ایک نالی میں آنسو بہائے - بعض رونے والوں کے گالوں پر آنسوؤں کے بہنے سے گہری لکیریں پڑ گئیں - کئی لوگوں کے رونے سے ان کی پلکیں اور پپوٹے گر گئے اور بعض کی تو ہڈیوں پسلیوں کی صورت بگڑ گئی، بصارت کمزور ہوگئی یا بالکل جاتی رہی.

طواف کعبہ کے وقت آنسو بہانا، میدان عرفات میں اور روضۂ نبی کریم صلّی اللہ علیہ و سلّم پر رونا، مجالس سماع میں صوفیہ کا رونا، اہلِ تشیع کا ائمۂ کرام اور ان کے مزارات پر گریہ و بکا کرنا، یا توبہ کرنے والوں کا یا خوارج کا رونا، یہ ایسے موضوع ہیں جن پر کسی مبسوط و مفصل بحث کرنے کی یہاں گنجائش نہیں [قب مفتاح کنوز السنة، بذیل مادۂ بکی].

**مآخذ:** (۱) الجاحظ: [کتاب] البخلاء، طبع الحاجری [قاہرہ ۱۹۴۸ء]، ص ۵ و ترجمہ از Pellat، ص ۸ تا ۹؛ (۲) وہی مصنف: البیان و التبیین، طبع عبدالسّلام ہارون، ۳ : ۱۴۹ ببعد؛ (۳) ابن قتیبہ : عیون الاخبار، قاہرہ ۱۹۲۸ء، ۲ : ۲٦۱ ببعد؛ (۴) خلیل بن ایبک الصّفدی : تشنیف السمع فی انسکاب الدمع، قاہرہ ۱۳۲۱ھ؛ (۵) ابو نعیم احمد الاصفہانی : حلیة الاولیاء، قاہرہ ۱۹۳۲ء، بمواضع کثیرہ؛ (٦) ابن الجوزی : صفة الصفوة اور تصوف کے دوسرے رسائل اور تذکرے؛ (۷) ونسنک A. J. Wensinck : [مفتاح کنوز السنة]، بذیل مادۂ البکاء، نیز [المعجم المفهرس لا لفاظ الحدیث النبوی ﷺ]، بذیل مادۂ بکی؛ (۹) وہی مصنف : *Some semitic Rites of Mourning and Religion*، در *Verh. Ak. Wetenschappen te Amsterdam Letterkunde*، N. R.، ۱۸، عدد ۱، ۱۹۱۷ء؛ (۱۰) *Mystic Treatises by Isaac of Nineveh*، در مجلّۂ مذکور، ۲۳/۱، ۱۹۲۳ء؛ (۱۱) R. Dozy : *Suppl.*، بذیل مادۂ بکاء و رقّة؛ (۱۲) R.A. Nicholson : *Asceticism (Muslim)*، در E.R.E.، ۲ : ۱۰۰؛ (۱۳) Eduard Sachau : *Der erste Chalife Abu Bekr*، در *Sb. preuss. Ak. Wiss.*، ۱۹۱۳ء،

marfat.com
Marfat.com

۱ : ۲۲ ببعد؛ (۱۴) J.H. Palache : *Ueber das Weinen in der jüdischen Religion*، در ZDMG، ۷۰ (۱۹۱۶ء) : ۲۵۱ ببعد؛ (۱۵) L. Massignon : *Essai sur les origines du lexique technique de la mystique musulmane*، بار دوم (۱۹۵۴ء)، ص ۱۶۶ تا ۱۶۷؛ (۱۶) H. Lammens : *L'Islam, Croyances et Institutions*، بار دوم، بیروت ۱۹۴۱ء، ص ۱۵۲ تا ۱۵۵؛ (۱۷) H. Ritter : *Studien zur Islamischen Frömmigkeit I*، در *Der Islam*، عدد ۲۱ (۱۹۳۳ء)؛ (۱۸) G. Zapper : *Ueber den Ausdruck des geistigen Schmerzes in Mittelalter*، در *Denkschr. d. Ak. Wien*، ۵ (۱۸۵۴ء) ۷۳ ببعد؛ (۱۹) W. Heffening : *Die griechische Ephraem - Paraenesis gegen das Lachen in arabischer Ueberse...*، در *Oriens Christianus*، ۱۱ (۱۹۳۶ء) : ۵۴ ببعد؛ (۲۰) F. Meier، در *Oriens*، ۹ (۱۹۵۶ء) : ۳۲۳؛ (۲۱) J. Balogh : *Unbeachtetes in Augustins Konfessionen*، در *Didaskaleion*، ۴ (۱۹۲۶ء) : ۱۰ ببعد و *Das "Gebetweinen" (imber lacrimarum)*، در *ARW*، ۲۷ (۱۹۲۹ء) : ۳۶۵ ببعد و *ARW*، ۲۹ (۱۹۳۱ء) : ۲۰۱ ببعد؛ (۲۲) K. Meuli : *Das Weinen als Sitte* (غیر مطبوعہ تصنیف، جسے دیکھنے کی مجھے اجازت ملی تھی).

(F. MEIER)

**بکّر [= بَھکّر]** : نیز بکھر؛ [مغربی پاکستان میں] دریاے سندھ کا ایک قلعہ بند جزیرہ، جو سکھر اور روھڑی کے شہروں کے درمیان واقع ہے - ابن بطوطہ نے محمد بن تغلق کے عہد میں اس جزیرے کو دیکھا اور اس کی اھمیت کا حال اپنے سفرنامے میں درج کیا ہے - ۱۵۲۲ء میں ارغون خاندان کے بانی شاہ بیگ نے اس جزیرے کو اپنا دارالحکومت بنایا - ۱۵۴۰ء میں جب شاہ بیگ کے بیٹے شاہ حسین نے شہنشاہ ھمایوں کو جب وہ ھندوستان سے بھاگ رھا تھا پناہ دینے سے انکار کر دیا تو ھمایوں نے اس جزیرے کے قلعے کو سر کرنے کی کوشش کی، لیکن ناکام رھا - ۱۵۷۴ء میں اکبر کے عہد میں اسے مغلیہ سلطنت میں شامل کر لیا گیا - سندھ کی مغلیہ فتوحات کا بہترین اور مکمل ترین بیان بکّر کے ایک باشندے محمد معصوم کی تاریخ معصومی میں ملتا ہے - ۱۷۳۶ء میں سندھ کے کلھورا حکمران نے بکّر پر قبضہ کر لیا تھا - بعد ازاں یہ جزیرہ پہلے افغانوں کے ھاتھ میں اور بعد کو خیرپور کے حکمران کے ھاتھ میں چلا گیا - ۱۸۳۹ء میں اس جزیرے اور قلعے پر انگریزوں نے قبضہ کر لیا اور افغانستان کی پہلی جنگ (۱۸۳۹ تا ۱۸۴۲ء) کے دوران میں اسے اپنا خاص اسلحہ خانہ بنایا - ۱۸۶۵ء سے ۱۸۷۶ء تک اسے جیل کے طور پر استعمال کیا گیا.

**مآخذ** : (۱) A. W. Hughes : *Gazetteer of the Province of Sindh* (۱۸۷۶ء)؛ (۲) E. H. Aitken : *Gazetteer of the Province of Sindh* (۱۹۰۷ء)؛ [(۳) سیّد محمد معصوم بکّری : تاریخ معصومی، بمبئی ۱۹۳۸ء، بمدد اشاریہ؛ (۴) ابو ظفر ندوی : تاریخ سندھ، اعظم گڑھ ۱۹۴۷ء].

(C. COLLIN DAVIES)

**بکّہ** : رک بہ مکّہ.

**بُکُوینا** : رک بہ خوتین.

**بُکَیر بن ماھان** : ابو ھاشم، خلافت بنو امیّہ کے آخری ایام کا ایک عباسی داعی - یہ سجستان کا باشندہ تھا - شروع میں وہ والیِ سندھ الجنید بن عبدالرحمٰن کا دبیر تھا، لیکن ۱۰۲ھ/ ۷۲۰ء میں میسرۃ العبدی اور محمد بن خُنیس کی ترغیب سے خلافت بنی امیّہ کے خلاف ھو گیا اور اس نے سندھ میں کاروبار کر کے جو دولت جمع کی تھی وہ ان کی جماعت کے حوالے کر دی - میسرۃ کے انتقال کے

marfat.com
Marfat.com

بعد ۱۰۵ھ / ۷۲۳ - ۷۲۴ء میں جماعت کی قیادت اس کے سپرد کر دی گئی اور اس نے خراسانیوں میں اپنے معاونین پیدا کرنے میں غیر معمولی سرگرمی سے کام لیا - ۱۰۷ھ / ۷۲۵ - ۷۲۶ء میں اس نے ادھر بہت سے داعی بھی روانہ کیے جو عمّار بن العبّادی کے سوا باقی سب کے سب اسی وقت گرفتار ھو کر وھاں کے والی اسد بن عبداللہ کے حکم سے موت کے گھاٹ اتار دیے گئے - آگے چل کر ۱۱۸ھ / ۷۳۶ء میں اس نے عمار بن یزید کو ان دوسرے گماشتوں کا سردار مقرر کر دیا جو پہلے گرفتار ھوے تھے، مگر بعد ازاں بچ نکلنے میں کامیاب ھو گئے تھے - عمار نے مرو میں اپنا صدر مقام بنایا، خداش کا نام اختیار کیا اور کچھ کامیابی بھی حاصل کی، لیکن خرّمیّۃ [رک بآں] فرقے کے عقائد اختیار کر لینے کی وجہ سے وہ بھی گرفتار ھوا اور مبتلائے عذاب کیے جانے کے بعد والی صوبہ اسد کے حکم سے ھلاک کر دیا گیا۔ اس صورت حال سے امام محمد کو بہت پریشانی ھوئی - ۱۲۰ھ / ۷۳۸ء میں خراسانیوں کے مندوب سلیمان بن کثیر [رک بآں] کی پیش کردہ وضاحت سے وہ مطمئن نہیں ھوے. چنانچہ انھوں نے خود بکیر کو خداش کے عقائد کی علانیہ تکذیب کرنے کی غرض سے بھیجا - پہلی بار بکیر کے ساتھ اچھا برتاؤ نہیں ھوا، لیکن دوسری بار وہ بنو عبّاس کے حامیوں کو قائل کرنے میں کامیاب ھو گیا - بعد ازاں ۱۲۴ھ / ۷۴۱ - ۷۴۲ء میں جب وہ عراق واپس آ گیا تو اسے ان سیاسی جلسوں کا ذمّے دار ٹھیرایا گیا جو کوفے کے ایک مکان میں ھوا کرتے تھے اور اسے گرفتار کر لیا گیا - وھاں اس نے عیسی بن معقل کو اپنے ساتھ ملا لیا، جس سے ایک غیر معتبر روایت کی رو سے اس نے وہ غلام خریدا جو آئندہ چل کر ابو مسلم [رک بآں] کے نام سے مشہور ھوا - رھا ھونے کے بعد وہ ۱۲۶ھ / ۷۴۳ - ۷۴۴ء میں امام محمد کی وفات کا اعلان کرنے اور بنو عباس کے طرفداروں سے متوفّی امام کے بیٹے ابراھیم کی بیعت لینے خراسان گیا - پھر ایران میں جمع کیے ھوے روپے کو لے کر عراق واپس آیا - اس کے تھوڑے ھی دن بعد ابو سلمہ حفص بن سلیمان [رک بآں] کو اپنا جانشین نامزد کرنے کے بعد ۱۲۷ھ / ۷۴۴ - ۷۴۵ء میں وہ فوت ھو گیا - آگے چل کر اس کے اس انتخاب کو ابراھیم نے بھی منظور کر لیا -

**مآخذ**: (۱) الطّبری؛ (۲) الیعقوبی؛ (۳) الدّینوری، بمدد اشاریہ؛ (۴) L. Caetani : *Chronographia Islamica*، ص ۱۲۸۰، ۱۳۱۴، ۱۳۳۸، ۱۳۸۳، ۱۵۰۹، ۱۵۵۸، ۱۵۹۲، ۱۶۲۲؛ (۵) J. Wellhausen : *Das arabische Reich*، برلن ۱۹۰۲ء، ص ۳۱۶ تا ۳۲۰؛ (۶) G. van Vloten : *De opkomst der Abbasiden in Chorasan*، لائڈن ۱۸۹۰ء، بمواضع کثیرہ .

(D. Sourdel)

**بُکَیر بن وِشاح** [= وسّاج]: عبدالملک بن مروان کی خلافت کے آغاز میں خراسان کا والی - قبیلۂ بنو سعد کے اس تمیمی نے جو عبداللہ بن خازم [رک بآں] کا سابق نائب تھا، انتشار کے اس زمانے میں ناموری حاصل کی جس کی نمایاں خصوصیت بنو تمیم کی بغاوتیں تھیں - ان بغاوتوں کے دوران میں اس نے ھرات میں محمد بن عبداللہ بن خازم کی فوج کی قیادت کی، اور مزید برآں مرو کو باغیوں سے چھڑانے کے بعد وہ اس شہر میں یہاں کے والی کی نیابت کرتا رھا - ۷۲ھ / ۶۹۱ - ۶۹۲ء میں اموی خلیفہ عبدالملک کی کامیابی کے سبب، جس نے عراق اور عرب میں اپنا اقتدار مضبوطی سے قائم کر لیا تھا، اسے اس کا موقع مل گیا کہ وہ رسمی طور پر مرو کا والی نامزد ھو جائے اور زبردستی

Marfat.com

ابن خازم کی جگہ اپنا اقتدار قائم کر لے، جس نے بنو امیہ کا ساتھ دینے سے انکار کر دیا تھا اور جو اس کے جلد ہی بعد ترمذ کی جانب بھاگتے ہوے قتل ہو گیا؛ لیکن چونکہ اس علاقے میں فتنہ و فساد جاری رہا، جہاں در حقیقت بنو تمیم ایک خانہ‌جنگی میں الجھے ہوے تھے، اس لیے بکیر کو معزول کر دیا گیا اور بجاے مرو کے طخارستان کا والی مقرر کر دیا گیا۔ یہ یقینی ہے کہ ۷۴ھ / ۶۹۳-۶۹۴ء میں اسے اپنی جگہ قریش کے امیة ابن عبداللہ بن خالد کے لیے خالی کرنا پڑی، جسے خلیفہ نے بھیجا تھا اور جو بعض مآخذ کے مطابق اس منصب کے لیے شاید ۷۲ھ / ۶۹۱-۶۹۲ء ہی میں منتخب کر لیا گیا تھا۔ بعض ایسے حالات میں جن کی تفصیلات مختلف طور پر بیان کی گئی ہیں، برخاست شدہ امیر نے کچھ عرصے بعد نئے والی کی غیر حاضری سے فائدہ اٹھا کر، جو ۷۷ھ / ۶۹۶-۶۹۷ء میں بخارا کے خلاف جنگ میں باہر گیا ہوا تھا، اپنے مقصد کے حصول کے لیے مرو کے باشندوں کو بھڑکا دیا اور اس طرح امیہ کو جلد از جلد واپس آ کر اس باغی شہر کے محاصرے پر مجبور کر دیا۔ اس کے نتیجے میں قبولِ اطاعت کا جو معاہدہ ہوا وہ بکیر کے لیے باعزت شرائط پر مبنی تھا، لیکن وہ حسب سابق ریشہ دوانیوں میں مصروف رہا۔ اسی سال اس کے ایک دشمن نے اسے فریب دے کر مار ڈالا۔

**مآخذ**: (۱) الطبری، بمدد اشاریہ؛ (۲) البلاذری: فتوح، ص ۴۱۵ تا ۴۱۷؛ (۳) الیعقوبی، ۲: ۳۲۳؛ (۴) البلدان، ص ۲۹۹؛ (۵) Wellhausen: *Das Arabische Reich*، برلن ۱۹۰۲ء، ص ۲۶۰ تا ۲۶۳؛ (۶) Caetani: *Chronographia*، ص ۸۳۹، ۸۵۹، ۸۷۷، ۹۱۰، ۹۲۱؛ [(۷) ابن حزم: جمهرة انساب العرب، ص ۲۱۸ و ۲۱۹]۔

(J. SOURDEL-THOMINE)

**بگة**: Begga رک بہ بجة۔

**بگ تمر**: رک بہ شاہ ارمن۔

**بگتگین**: ایک اہم جاگیردار خاندان، جو اگرچہ اپنی طاقتور ہمسایہ حکومتوں کے تسلط سے کبھی پورے طور پر آزاد نہ ہو سکا، تاہم ایک صدی تک بالائی الجزیرہ (Mesopotamia) میں وسیع قطعات زمین پر قابض رہا، جن میں سے کچھ تو مشرق کی جانب اربل کے گردا گرد تھے اور کچھ مغرب میں حرّان کے نواح میں واقع تھے۔ مؤخرالذکر اراضی پر ان کا اقتدار کسی قدر کم مدت کے لیے رہا۔ اس خاندان کا بانی زین الدین علی کوچک بن بگتگین ایک ترکمان سردار تھا، جس کی قسمت ابتدا ہی سے [عماد الدین] زنگی سے وابستہ ہو گئی تھی۔ وہ اس حکمران کے ساتھ کردوں کے علاقے پر حملہ کرنے میں شامل تھا اور غالبًا اسی لیے ہم اسے ان متعدد اضلاع پر قابض دیکھتے ہیں جو زاب اکبر سے لے کر حمیدی اور ہکّاری کردوں کے علاقوں اور تکریت اور شہر زور تک پھیلے ہوے تھے اور جن کا مرکز اربل تھا۔ ۵۳۹ھ / ۱۱۴۴-۱۱۴۵ء میں جب سلجوقی سلطان الپ ارسلان نے موصل میں علم بغاوت بلند کیا تو زنگی نے اس شہر کا فوجی نظم و نسق بھی اسی کے حوالے کر دیا۔ اتنی قوت حاصل ہونے کے باوجود وہ موصل میں زنگی کے دو جانشینوں، یعنی سیف الدین اور قطب الدین، نیز ان کے وزیر جمال الدین الاصفہانی کا وفادار نائب رہا اور اس کے زوال کے زمانے تک اپنی وفاداری میں فرق نہ آنے دیا۔ ان حکمرانوں میں سے مؤخرالذکر (قطب الدین) نے اپنے ملکوں میں سنجار اور حرّان کا اضافہ کر لیا۔ حرّان اسے حمص (شام) کے بدلے میں ملا، جسے اس کے ایک بھائی نے قطب الدین کے چچا نورالدین کو دے دیا تھا، جو حلب کا فرمانروا تھا۔ بہر حال

marfat.com
Marfat.com

اواخر عمر میں زین الدین نے اپنی تمام املاک قطب الدین کو دے دیں اور اس کے بدلے میں اپنے فرزند کے لیے یہ حق حاصل کر لیا کہ وہ اس کے بعد صرف اِربل کا مالک ہوگا - ۵۶۳ھ/۱۱۶۷ - ۱۱۶۸ء میں وہ سن رسیدہ ہو کر وفات پا گیا اور لوگوں کے دلوں میں اپنی شجاعت، عدالت، اعتدال پسندی اور پرہیزگاروں کی حمایت کی یاد چھوڑ گیا۔

اس کے فرزند مظفر الدین گوکبری نے اس سے بھی زیادہ شہرت حاصل کی - مظفر الدین کو پہلے تو اِربل کے (اور پھر موصل کے) والی قایماز نے اِربل سے نکال دیا اور اس کی جگہ اس کے چھوٹے بھائی زین الدین یوسف کو حاکم بنا دیا - اس کے بدلے میں اسے قطب الدین نے حرّان دے دیا، جو پہلے اس کے باپ کے قبضے میں تھا - اس کے بعد ایک مناسب موقع پر وہ [سلطان] صلاح الدین کے ساتھ مل گیا - [سلطان] صلاح الدین نے اسے الرُّہا (Edessa) اور سمیساط دے دیا اور اپنی ایک بہن سے اس کی شادی کر دی - اس وقت سے اس نے [سلطان] صلاح الدین کی بیشتر جنگوں میں، خصوصاً فتح فلسطین و شام اور فرنگیوں کا مقابلہ کرنے (تیسری صلیبی جنگ) میں شاندار حصہ لیا - اس کے بعد جب ۵۸۶ھ/ ۱۱۹۰ء میں اس کے بھائی یوسف کی وفات ہو گئی اور خود اسے بھی عکّا کے مقام پر فرنگیوں کے متحدہ لشکر سے شکست کھا کر وہ علاقہ ہاتھ سے دینا پڑا تو گوکبری نے دیارِ مُضر کے علاقے اپنے بھائی تقی الدین عمر کی طرف سے [سلطان] صلاح الدین کے حوالے کر دیے، جو عملاً زنگیوں کا آقا بن گیا تھا، اور اس سے اِربل کے سارے صوبے کے وارث ہونے کا حق حاصل کر لیا - اس صوبے پر وہ چوالیس قمری برس قابض رہا، یہاں تک کہ وہ اکاسی سال کی عمر کو جا پہنچا - اس کے محاصل سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ [سلطان] صلاح الدین کی وفات کے بعد وہ اپنے آپ کو فقط خلیفہ ہی کا باجگزار تصور کرتا تھا - اس نے ان جنگوں میں جو اس وقت بالائی الجزیرہ کے متفرق فرمانرواؤں کے درمیان ہو رہی تھیں بڑی ہوشیاری سے حصہ لیا، یعنی پہلے تو ایوبیوں کی زنگیوں کے خلاف مدد کی اور پھر کمزور زنگیوں کی حمایت پر کمر باندھی، اپنی دو لڑکیاں ان سے بیاہ دیں اور [ملک] العادل کے بیٹوں سے ان کی طرف سے مقابلہ کیا - آخر میں وہ بدرالدین لؤلؤ کے مقابلے میں سینہ سپر ہو گیا . . . - یہ بدرالدین لؤلؤ زنگیوں کا جانشین اور سردار اور الاَشرف الایوبی کا حلیف تھا - عمر کے اختتام کے قریب جب اس نے دیکھا کہ اس کی اپنی اولاد کوئی نہیں اور ساتھ ہی اسے اس بات کا خوف ہوا کہ اس کے مخالف ہمسائے دخل انداز ہوں گے تو گوکبری نے اپنی ریاست کو وصیت کے ذریعے اپنی وفات کے وقت خلیفہ کے نام منتقل کر دیا اور خلیفہ نے اس پر (۶۳۰ھ/۱۲۳۲ - ۱۲۳۳ء میں) عملی طور پر قبضہ کر لیا۔

سیاسی اور فوجی امور کے علاوہ گوکبری نے معاشری اور سماجی بہبود کے بھی کئی کام کیے - یہ اقدامات خصوصیت کے ساتھ شہر اِربل سے متعلق تھے، اگرچہ ان کا اثر شہر کے باہر بھی پھیلا - اس نے مدرسے، خانقاہیں، شفاخانے اور خیرات خانے تعمیر کیے - حاجیوں کی اعانت کے لیے عمومی خدمات کا ادارہ قائم کیا اور جو لوگ فرنگیوں کی قید میں تھے ان کے لیے زرفدیہ مہیا کرنے میں بھی حصہ لیا - معلوم ہوتا ہے کہ وہ پہلا فرمانروا تھا جس نے ''جشن مولد'' باقاعدہ طور پر منایا - یہ مولد شاید شیعی موالید یا عیسائی عید میلاد کا جواب تھا، جیسے اربل کے عیسائی باقاعدہ مناتے تھے - وہ ایک عبادت گزار اور اچھا پڑھا لکھا شخص تھا اور اس کی ملاقات کو بیرونی ممالک سے بہت سے فضلا اور مصنفین آتے رہتے تھے - انتظام

Marfat.com

سلطنت میں، بالخصوص ایسے موقعوں پر، اس کا وزیر اس کی مدد کرتا تھا جو اپنی سابقہ کارگزاریوں کی بنا پر اربل کا مُستوفی کہلاتا تھا اور جس نے موصل کی تاریخ لکھی تھی۔ ابن خلّکان [رک باں] اور اس کے خاندان کے افراد ان کے سب سے زیادہ مشہور وظیفہ خواروں میں سے تھے۔ شہر اربل کے گرد، جو ہمیشہ سے عیسائی چلا آ رہا تھا اور مسلم تاریخ کے دھارے سے کسی قدر کنارے ہی پر رہا تھا، ایک نیا شہر زیریں علاقے میں آباد ہو گیا اور پھر یہ پورا شہر مل کر ایک مسلم مرکز بن گیا جو خاصا اہم ثابت ہوا۔ یہ ترقی، جس کے لیے خاصی سخت مالی حکمت عملی سے کام لینا پڑا تھا، تاتاریوں کے ۶۳۴ھ / ۱۲۳۷ء کے حملے سے سب خاک میں مل گئی۔

مآخذ: صلاح الدین کے مؤرّخوں کے علاوہ خاص طور پر دیکھیے: (۱) ابن الاثیر: اتابک اور الکامل (بمدد اشاریہ)؛ (۲) سبط ابن الجوزی: مرآۃ، ص ۶۸۰ تا ۶۸۳؛ (۳) ابن واصل: مُفرّج الکُروب، کتاب خانۂ ملّیہ، پیرس، عدد ۱۷۰۲: ورق ۲۸۸ ب تا ۲۸۹ ب؛ (۴) ابن العَمِید، طبع Cl. Cahen، در BEO، ۱۹۵۸ء، بذیل ۶۳۰ھ؛ (۵) ابن خلّکان، طبع و ترجمہ از De Slane، ص ۵۳۵ ببعد (قب ۵۵۲)، ۶۳۸؛ (۶) ابن الفُوَطی، طبع مصطفٰی جواد، ص ۴۴ ببعد؛ (۷) یاقوت، ۱: ۱۸۶ تا ۱۸۷؛ (۸) برٹش میوزیم کے سکّوں کی فہرستیں، از Lane-Poole، ج ۳، نیز استانبول کے سکّوں کی فہرستیں، از اسمٰعیل غالب؛ (۹) H. Gottschalk: الملک الکامل، ص ۱۳ تا ۱۴؛ (۱۰) عبّاس العزّاوی: آل بکتکین کوکبُری أو امارۃ اِربل فی عَہدِہم، در مجلۃ [مجمع اللغۃ العربیۃ = *Revue de l'Académie arabe du Caire*]، ج ۲۱ تا ۲۲، ۱۹۵۶-۱۹۵۷ء؛ نیز رک بہ اِربل؛ مولّد.

(CL. CAHEN)

**بَگَرْمی**: [= باجِرمی، باغِرمی، بَجِرمی] اُنیسویں صدی عیسوی میں ایک حبشی مسلم ریاست کا نام جو دریاے شَرِی [= شاری] کے دائیں کنارے جھیل [= بحیرہ] شاد Chad [= تشاد] کے جنوب مشرق میں واقع تھی۔ Barth کے زمانے (۱۸۵۲ء) میں اس ریاست کا صدر مقام مَسِّنیہ [= ماسینیہ] تھا۔ اس کے حلقے میں چند باجگزار علاقے تھے، جو ۱۰ درجے اور ۱۲ درجے عرض بلد شمالی اور ۱۵ درجے اور ۱۸ درجے طول بلد مشرقی کے درمیان واقع تھے۔ آج کل کے سرکاری کاغذات میں یہ تاریخی نام مستعمل نہیں، صرف مَسِّنیہ کا ضلع موجود ہے۔ اس کے دوسرے باجگزار علاقے کچھ بُوسو Bousso کے ضلع میں اور کچھ مِلفی Melfi کے ضلع میں شامل کر لیے گئے ہیں۔

دورِ سابق میں جو علاقہ بگرمی کہلاتا تھا وہ سطح بحر سے ایک ہزار فٹ بلند ایک وسیع میدان ہے، جس کی تدریجی ڈھلان جھیل شاد کی طرف ہے۔ دریائی مٹی کے مسطّح میدان میں کہیں کہیں بیچ میں صرف بے گیاہ ٹیلے ہیں، اور مشرق میں بیکاکئر Bekakire کے پرگنے میں الگ الگ پہاڑیاں آ گئی ہیں۔ یہ علاقے ساحل اور سوڈان کے وسیع گیاہی خطّوں کے کنارے پر واقع ہیں۔ سال میں دو موسم ہوتے ہیں: ایک تو خشک موسم، جس میں جاڑے کے زمانے میں سردی اور خزاں و بہار میں سخت گرمی ہوتی ہے: دوسرا موسمِ گرما، جو گرم اور مرطوب ہوتا ہے۔ بارش کا اوسط سال بھر میں ۷۰۰ ملی میٹر (= ۲۸ انچ) کے لگ بھگ ہے، لیکن تبخیر حد سے زیادہ ہوتی رہتی ہے۔ شاری اس علاقے کا تنہا مستقل دریا ہے۔ دوسرے دریا (بحرِ اِرگوگ اور بحر نرا) صرف اگست سے دسمبر تک بہتے ہیں۔

اس علاقے کی معاش کا انحصار کاشت کاری اور

marfat.com
Marfat.com

سویشی پالنے پر ہے ۔ یہاں بڑی فصل باجرے (ناگر باجرا اور جوار) کی ہوتی ہے ۔ باشندوں کی اصل خوراک یہی ہے ۔ نخلستانوں کے نواح میں سکئی بھی بوئی جاتی ہے، جو باجرے کی فصل کاٹنے اور بونے کے درمیان ضمنی فصل کا کام دیتی ہے ۔ ان کے علاوہ مٹر، شکرقند، (gombo ?) تل اور مونگ پھلی بھی کاشت کی جاتی ہے ۔ اس علاقے کے جنوب مشرق میں دریاے شاری کے کنارے کے ساتھ کپاس کی کاشت کو بھی رائج کیا جا رہا ہے ۔ چراگاهیں اگرچہ معمولی درجے کی هیں، تاهم ان میں سویشی اور بھیڑ بکری کی پرورش کی جا سکتی ہے ۔

اس علاقے کی آبادی بہت مختلف عناصر پر مشتمل ہے ۔ اس میں حبشی (بگرمی، بورنوئی، سرہ اور سسّہ)، عرب (یسیئہ، دکاکرہ، اولاد سوسی) فلّنی اور بورورو فلّنی شامل هیں ۔ ۱۹۵۶ء میں باشندوں کی کل تعداد ستر هزار پانچ سو تھی، یعنی اوسط آبادی ۳٫۶ فی مربع میل تھی ۔

مستقل طور پر آباد حبشی فصلیں بوتے، کاٹتے اور ماهی گیری کرتے هیں (سسّہ قوم کے سوا جو سویشی چراتے هیں) ۔ خانہ بدوش فلّنی لوگونہ اور جھیل شاد تک نقل مکانی کرتے رهتے هیں اور بورورو فلّنی آتی اور سسورو کے ضلعوں تک چلے جاتے هیں ۔ نیم خانہ بدوش عرب اپنے دیہات اور دریاے شاری کے کناروں کے درمیان نقل و حرکت کرتے رهتے هیں، جہاں برسات میں وہ کاشت کرتے هیں اور خشک موسم کے اختتام پر دریاے شاری کے کنارے چلے جاتے هیں ۔

سسّہ اور سرہ اقوام کے سوا، جو اب تک ارواح پرست هیں، باقی لوگوں نے اب سے ساڑھے تین سو سال پہلے فلّنی مبلّغین اور هوزا [= الحوصہ] تاجروں کے زیر اثر دین اسلام قبول کر لیا تھا ۔

بگرمی کی ریاست سولھویں صدی عیسوی میں قائم هوئی ۔ ابتدا میں یہ بہت خوشحال ریاست تھی ۔ پھر انیسویں صدی کے آغاز میں ودائی (= وادای) سے جنگوں کے باعث زوال پذیر هو گئی ۔ ۱۸۷۰ء میں ودائی کے سلطان نے مسّینیہ پر قبضہ جما لیا اور سلطان ابو سکّینہ کو نکال دیا ۔ مؤخرالذّکر کے جانشین گورانگ نے رباح (رکّ بہ بورنو) کی طرف سے خطرہ محسوس کرتے ہوے اپنے آپ کو فرانس کی حفاظت میں دے دیا (۱۸۹۷ء) ۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ پہلے رباح نے بگرمی کو اپنے جذبۂ انتقام کا تختۂ مشق بنایا ۔ بعد ازاں جب مؤخر الذّکر نے کوسیری (koussere) میں شکست کھائی اور وہ مارا گیا (۲۲ اپریل ۱۹۰۰ء) تو فرانس نے یہاں اپنا پورا عمل دخل جما لیا ۔ سلطان کو محض نمائش کے لیے برقرار رکھا گیا، لیکن اس کا اقتدار مسّینیہ کے پرگنے تک محدود تھا ۔ صدر مقام مسنیہ بارتھ Barth کے وقت میں ایک اهم شہر تھا، جس کی فصیل کا دور سات میل تھا ۔ یہ شہر ۱۸۷۰ء میں جزوی طور پر تباہ ہوا اور پھر رباح کے حملے کے وقت ویران هو گیا ۔ کچھ عرصے بعد اپنی پہلی جگہ سے بیس کیلومیٹر (= ساڑھے بارہ میل) جنوب مشرق کی طرف یہ شہر دوسری دفعہ تعمیر ہوا، لیکن اب یہ محض ایک بڑا گاؤں ہے، جس کی آبادی ایک هزار سات سو باشندوں پر مشتمل ہے ۔ دراصل سارا ضلع تجارت کی بڑی شاهراهوں سے دور ہے ۔ اس علاقے کی پیداوار، یعنی مونگ پھلی، مکھن، کھالوں وغیرہ کا صرف تھوڑا سا حصہ بونگور، بوکورو، اور قلعۂ لامی (Fort Lamy) کی منڈیوں میں لایا جاتا ہے ۔

**مآخذ** (۱) محمد التّونسی : *Voyage au Wadai*، ترجمہ از Perron، پیرس ۱۸۵۲ء، ج ۵ و ۶؛ (۲) H. Barth : *Reisen und Entdeckungen*، گوتھا ۱۸۵۸ء، ۳ : (xi - xv)؛ (۳) G. Nachtigal : *Sahara und Sudan*؛ (۴) E. Gentil : *La*

Marfat.com

*chute de l'empiree de Rabah*، پیرس ۱۹۰۲ء؛ (۵) A. Forneau : *Deux années dans la région du Tchad*، در *Bulletin du Comité de l'Afrique française*، ۱۹۰۳ء، *Renseignements coloniaux*، شمارہ ۵؛ (۶) Lt. Col. Largeau : *L' occupation du Wadai*، در *Revue de Paris*، ج ۱، جنوری ۱۹۱۰ء؛ (۷) Ferrandi : *La colonie du Tchad*، پیرس و نینسی ۱۹۳۰ء؛ (۸) Massignen : *L. Annuaire de monde Musulman*، بار چهارم، ص ۳۶۰؛ [(۹) براکلمان : تاریخ الشعوب الاسلامیه، بیروت ۱۹۶۵ء، ص ۶۳۰، ۶۵۱ تا ۶۵۵؛ (۱۰) عبدالرحمٰن زکی: تاریخ احوال الاسلامیة السودانیه، تاهرت ۱۹۶۱ء، ص ۲۰۹ تا ۲۱۱؛ (۱۱) البستانی: دائرة المعارف، بذیل مادّه باغرمی].

(R. Capot—Rey)

* **بگارہ** : رک بہ بقارہ.

* **بگی** : (بجی) رک بہ سلاویسی (Celebes)، نیز انڈونیشیا.

* **بلاد ثلاثہ** : تین قصبے [یا نوآبادیاں] - یہ اصطلاح عثمانی قانونی اور انتظامی امور میں ایوب، غلطہ اور اسکودار [رک بآں] کے لیے استعمال ہوتی تھی، یعنی استانبول کے ساتھ ملحقہ تین جدا جدا شہری علاقوں کے لیے - ان میں سے ہر ایک کا اپنا ایک قاضی ہوتا تھا، جو استانبول کے قاضی سے قطعاً آزاد تھا، گو اس کا درجہ کم تر ہوتا تھا - ان ''بلاد ثلاثہ'' کے قاضی ہر چہار شنبہ کو استانبول کے قاضی کے ساتھ مل کر وزیر اعظم کی خدمت میں حاضر ہوتے تھے - ان تینوں بستیوں کی اس عدالتی خود اختیاری کی تاریخ ابتدائی عثمانی دور سے تعلق رکھتی ہے بلکہ شاید فتح [قسطنطینیہ] کے زمانے تک جاتی ہے - پولیس (شرطہ) کے معاملات میں بھی ان تینوں بستیوں کو کچھ نہ کچھ خود اختیاری حاصل تھی، کیونکہ وہ استانبول شہر کی طرح ینی چری کے آغا کی عملداری شرطہ میں نہ تھے بلکہ دوسرے فوجی سرداروں کے ماتحت تھے.

مآخذ: (۱) عثمان نوری (=عثمان ارگن): مجلّہ امور بلدیہ، استانبول ۱۳۳۰ھ، ۱: ۲۹۹ تا ۳۰۰ اور ۱۳۶۷؛ (۲) Gibb و Bowen، ۱/۱: ۶۶ حاشیہ، ۱۱۱ حاشیہ، ۲۸۷، ۳۲۳ و ۱/۲: ۸۸؛ نیز رک بہ استانبول.

(B. Lewis)

* **بلادُ العَرب** : رک بہ عرب.

* **البَلاذُری** : [ابو الحسن] احمد بن یحیی بن جابر بن داؤد، تیسری صدی ہجری / نویں صدی عیسوی کا ایک بہت بڑا عرب مؤرخ، ماہر انساب اور جغرافیہ‌نگار - اس کی زندگی کے متعلق معلومات بہت کم میسر ہیں - اس کی ولادت اور وفات کی تاریخوں کی براہ راست کوئی توثیق نہیں ہوتی - اس کے اساتذہ کی تاریخوں سے یہ بات بالکل واضح ہے کہ وہ نویں صدی عیسوی کے دوسرے عشرے کے آغاز ہی میں پیدا ہوا ہوگا - اس کی وفات کی تاریخ کے متعلق مسلمان مصنفین کا قیاس ہے کہ اغلب‌ترین تاریخ ۸۹۲ء کے قریب کی ہے - چونکہ اس کے متعلق یہ کہا گیا ہے کہ اس نے فارسی کتابوں کے ترجمے کیے تھے اس لیے بلا کسی ثبوت کے یہ فرض کر لیا گیا ہے کہ وہ ایرانی النسل تھا، لیکن یہ بات ہمارے علم میں ہے کہ اس کا دادا مصر میں الخَصِیب کی ملازمت میں رہ چکا تھا (الجہشیاری، ورق ۶۲ ا الف) - وہ غالباً بغداد میں پیدا ہوا اور یقیناً اس نے اپنی زندگی کا بہت بڑا حصہ اسی شہر اور اس کی نواحی بستیوں میں بسر کیا - اس کا شوقِ تحصیل اسے دمشق، حمص اور انطاکیہ لے گیا اور عراق میں منجملہ اور استادوں کے اس نے المدائنی، ابن سعد اور مصعب الزبیری جیسے مشہور مؤرخین سے شرف تلمذ حاصل کیا -

marfat.com
Marfat.com

وہ المتوکل کا ندیم تھا اور دربار میں اس کا اثر بظاہر المستعین کے عہد تک قائم رہا، لیکن اس کی قسمت کا ستارہ المعتمد کے دورِ حکومت میں نہایت سرعت کے ساتھ غروب ہونا شروع ہوا۔ یہ روایت کہ وہ شاعر ابن المعتز کا اتالیق تھا اس التباس کا نتیجہ ہے جو ہمارے اس مؤرخ اور نحوی ثعلب (= ابوالعباس احمد بن یحییٰ) [رکّ بآں] میں پیدا ہو گیا ہے۔ اسی طرح اس روایت کا تعلق بھی اس سے نہیں بلکہ اس کے دادا سے ہے کہ اس کی موت حالتِ جنون میں اس طرح واقع ہوئی کہ اس نے غلطی سے بَلاذُر ([بلادر، ہندی: بھلانوہ]، انگریزی: Marking-nut، لاطینی: *Semecarpus Anacardium*) استعمال کر لی تھی، جس کے متعلق بیان کیا جاتا ہے کہ وہ ذہن اور حافظے کی قوت کے لیے مفید ہے؛ لیکن پھر بھی یہ ایک ایسا معمّا ہے جس کا ہمارے مآخذ کوئی قابل اطمینان حل پیش نہیں کرتے۔

البلاذری کی مندرجۂ ذیل دو عظیم تاریخی کتابیں، جو زمانے کی دستبرد سے بچ گئی ہیں، اس کی ثقاہت اور ذوقِ تنقید کے باعث عام طور پر مشہور و معروف ہیں:-

۱- فتوح البلدان، یعنی مسلم فتوحات کی تاریخ؛ اسی موضوع کی ایک زیادہ مبسوط کتاب کا اختصار ہے۔ کتاب کا آغاز غزواتِ نبوی ؐ سے ہوتا ہے، جس کے بعد تحریکِ ردّۃ اور شام، الجزیرۃ، ارمینیہ، مصر اور المغرب کی فتوحات کا ذکر ہے اور آخر میں عراق اور ایران پر قبضہ و تصرّف کے حالات ہیں۔ تاریخی سوانح بیان کرتے وقت البلاذری نے بیچ بیچ میں ثقافتی اور معاشرتی حالات کے متعلق بڑے اہم اشارے کیے ہیں، مثلاً اس نے ان باتوں پر بحث کی ہے: حکومت کے دفتروں میں یونانی اور فارسی کے بجائے عربی کو سرکاری زبان قرار دینا، مصر سے جاری شدہ خطوط کی پیشانی پر اسلامی مذہبی طغراؤں کے استعمال کے سلسلے میں بوزنطیوں سے تنازع، لگان کے مسائل، خاتم کا استعمال، سکّے اور زرِ رائج الوقت اور عربی رسم الخط کی تاریخ۔ اس کتاب کو جو عربوں کی فتوحات پر نہایت ہی بیش قیمت تاریخی معلومات کا ایک مأخذ ہے، دُخویہ نے طبع کیا: *Liber expugnationis regionum*، لائڈن ۱۸۶۳ تا ۱۸۶۶ء۔ اس کے بعد یہ متعدد بار چھپ کر شائع ہو چکی ہے: انگریزی ترجمہ، از P. K. Hitti و F. C. Murgotten: *The Origins of the Islamic State*، نیو یارک ۱۹۱۶ء و ۱۹۲۴ء؛ جرمن ترجمہ (طبع دُخویہ کے ص ۲۳۹ تک)، از O. Rescher، لائپزگ ۱۹۱۷ تا ۱۹۲۳ء۔

۲- اس کی دوسری کتاب انساب الاشراف ایک بہت ضخیم کتاب ہے، جو مکمل نہیں ہو سکی۔ اس کی ترتیب انساب‌وار کی گئی ہے اور اس کا آغاز آنحضرت ؐ کی حیات اور آپ کے اعزّہ و اقارب کے حالاتِ زندگی سے ہوتا ہے۔ اس کے بعد علوی آتے ہیں اور پھر عبّاسی۔ عبدالشمس، جس کے ذیل میں بنو امیّہ کو غیر متناسب جگہ دی گئی ہے، بنو ہاشم کے بعد آتے ہیں۔ اس کے بعد بقیہ قریش اور بنو مضر کے دوسرے قبائل کا تذکرہ ہے۔ قیس اور بالخصوص بنوثقیف کا ذکر کتاب کے آخری اوراق میں ہے۔ اس کتاب کی آخری قابل ذکر سیرت، جس پر خاصے صفحات صرف کیے گئے ہیں، الحجاج [بن یوسف] کی ہے۔ گو اپنی ظاہری شکل و صورت میں کتاب الانساب شجروں کا مجموعہ ہے، لیکن انساب دراصل ابن سعد کے انداز کے طبقات ہیں، جنھیں نسب کے اعتبار سے ترتیب دیا گیا ہے۔ ترتیب کے اس انداز کی پابندی سختی سے نہیں کی گئی، اس لیے کہ منفرد فرمانرواؤں کی زندگیوں کے اہم سوانح ہمیشہ انھیں سے تعلق رکھنے والے ابواب میں اضافہ کر دیے گئے ہیں۔ اس طرح کتاب الانساب خوارج کی

Marfat.com

تاریخ کے لیے نہایت ھی بیش قیمت تاریخی مآخذ کا کام دیتی ھے - اس کتاب کا ایک حصہ ایک گمنام مخطوطے سے دستیاب ھوا، جس کی شناخت اور ترتیب و تدوین W. Ahlwardt نے کی اور اسے *Anonyme Arabische Chronik*، ج ۱۱ کے نام سے طبع کرایا (لائپزگ ۱۸۸۳ء) - کتاب مذکور کا ایک مکمل مخطوطہ C. H. Becker کو استانبول میں ملا (مخطوطۂ عشیر افندی، عدد ۵۹۷-۵۹۸؛ مکمل کتاب کی فہرست مضامین از محمد حمید اللہ، در *Bull d'Et. Or.*، ج ۱۳، دمشق ۱۹۵۰ء، ص ۱۹۷ تا ۲۱۱)؛ [نیز انساب الاشرف، طبع محمد حمید اللہ، مصر ۱۹۵۹ء، ۱ : ۳۳ تا ۵۳ (مقدمۃ المحقق)] - بیت المقدس کی عبرانی یونیورسٹی نے کتاب مذکور کی طباعت کا جو ذمہ لیا ھے اس کے تحت ج ۴ ب (طبع Max. Schiossinger، ۱۹۳۸ء) اور ج ۵ (طبع S. D. F. Goitein، ۱۹۳۶ء، مع ایک مفید پیش لفظ) شائع ھو چکی ھیں - O. Pinto اور G. Levi Della Vida نے *Il Califfo Mu'âwiya I secondo il "Kitâb Ansâb al-Ašrâf"*، روم ۱۹۳۸ء، کے نام سے اس کے ایک حصے کا ترجمہ کیا ھے؛ قب نیز F. Gabrieli : *La Rivolta dei Muhallabiti nel 'Irâq e il nuovo Balâduri*، در *Rendiconti, R. Accad. dei Lincei, Cl. sc. mor., stor. e ilol.*، ج ۶ / ۱۳ (۱۹۳۸ء) : ۱۹۹ تا ۲۳۶ - [پہلی جلد، جو سیرت النبی صلی اللہ علیہ و سلم پر مشتمل ھے، محمد حمید اللہ نے دارالمعارف، مصر سے ۱۹۵۹ء میں شائع کی - اس جلد میں بھی ایک مفید اور پر از معلومات مقدمہ شامل ھے].

ان تمام خوبیوں کے باوجود ایک تاریخی مصدر و مآخذ کی حیثیت سے البلاذری کے مرتبے کی تعیین میں کچھ مبالغے سے کام لیا گیا ھے - یہ کہنا صحیح نہیں کہ وہ ھمیشہ اصل متون اور حوالے پیش کرتا ھے جنھیں مصنفین مابعد نے طوالت اور حاشیہ آرائی کے ساتھ پیش کیا ھے - اس کی تصانیف کے ضروری حصوں اور بعد کی زیادہ تفصیلی تصانیف میں جو مطابقت و موافقت ھے اس کی بنا پر بڑی صحت سے یہ قیاس کیا جا سکتا ھے کہ البلاذری نے بہت سی صورتوں میں اپنے پیش نظر مواد کو مختصر کر کے پیش کر دیا ھے، گو وہ اکثر اوقات اپنے اصلی مآخذ کا حد درجہ پابند رھا - البلاذری کا اسلوب تحریر اختصار پسندانہ ھے، یہاں تک کہ بعض اوقات وہ اس اختصار پسندی پر فنی تأثر کو بھی قربان کر دیتا ھے - اگرچہ اس کے ھاں طول طویل قصے بھی ملتے ھیں، لیکن ان کی تعداد بہت کم ھے - فتوح [البلدان] میں البلاذری نے تاریخی سوانح کو مختلف حصوں میں منقسم کر دینے اور انھیں مختلف مقاموں پر پیش کرنے کا قدیم اصول جاری رکھا ھے اور (اس کے برعکس) انساب [الاشراف] میں اس نے طبقات (ابن سعد) کے انداز کی کتابوں، نیز قدیم تر تاریخوں (ابن اسحٰق، ابو مخنف، المدائنی) کے مواد کو ایک تیسری قسم کے اسلوب، یعنی انساب کی طرز کی ادبیات (ابن الکلبی) کے ساتھ ملا دیا ھے.

**مآخذ** : (۱) قدیم ترین تاریخی مآخذ بغداد کا مؤرخ عبیداللہ بن عبداللہ بن ابی طاھر طیفور ھے (محفوظ نہیں رہ سکا)؛ (۲) عبیداللہ اور تمام دوسرے عربی مآخذ سے یاقوت نے ارشاد [الاریب = معجم الادباء] میں استفادہ کیا ھے، ۲ : ۱۲۷ تا ۱۳۲؛ بعض مزید حوالے اس تألیف میں ملیں گے جو ڈ خویہ کی مطبوعہ فتوح کے مقدمے میں شائع کر دیے گئے ھیں، قب براکلمان، ۱ : ۱۴۲ ببعد و تکملہ ۱ : ۲۱۶.

(C. H. Becker و F. Rosenthal [و ادارہ])

**بَلَاسَاغُون** : [بلاسغون، در جوینی، ۲ : ۸۷] ساتویں اور تیرھویں صدی کے مابین بلاساغون

marfat.com
Marfat.com

وسط ایشیا کے ترکی خاقانوں کا ایک صدر مقام تھا، لیکن اس کے صحیح محلِّ وقوع کے متعلق الجھن پیدا ہو گئی ہے، اس لیے کہ السمعانی میں یہ نام دو لفظوں، یعنی ''بلاد'' اور ''سغور'' کی شکل میں مرقوم ہے (دیکھیے لآ، ت، مادۂ فاراب) اور یاقوت [۱ : ۷۰۸] نے ان دو لفظوں کو ملا کر بَلاساغون لکھا ہے (دیکھیے Barthold : *Otchet o poyezdke v Sredniya Aziyu*، در *Memoires de l'Acdémie des Sciences de St. Petersburg*، ۱۸۹۷ء، ج ۸، سلسلہ Classe hist. phil.، ۱ / ۴ : ۳۵)، لیکن گزشتہ صدی میں یہ محسوس کیا گیا کہ شہر مذکور ضرور دریاے چو Cu کے طاس میں واقع ہوگا (E. Bretschneider : *Medieval Researches*، ۱ : ۲۲۶ تا ۲۲۷) - Barthold نے خود اس علاقے میں تحقیقات کیں (کتاب مذکور، ص ۳۹) اور صحیح طور پر یہ راے ظاہر کی کہ بلاساغون کا محلِّ وقوع وہ جگہ تھی جہاں اب آق پشین کے کھنڈر واقع ہیں اور توقماق قدیم میں بورانہ کے جو آثار آق پشین کے آثار سے پانچ یا چھے کیلومیٹر کے فاصلے پر شمال مغرب کی طرف ملتے ہیں وہ کسی دوسرے شہر کے ہیں جو بلاساغون کے قریب آباد تھا - مقامی ترک بورانہ کے کھنڈروں کو شو کے نام سے موسوم کرتے ہیں (Barthold : *12 Vorlesungen*، ص ۸۰) - بورانہ عربی لفظ ''منارہ'' کا قرغز تلفظ ہے - حیدر مرزا دوغلات نے لکھا ہے کہ جب اس نے سولھویں صدی عیسوی میں ان اطراف میں سفر کیا تو اس وقت مغول اسے بورانہ ہی کے نام سے پکارتے تھے اور وہاں امام محمد [فقیہ] البلاساغونی (م ۷۱۱ھ / ۱۳۱۱ء) کا سنگ مزار دکھاتے تھے (لوح مزار کے عربی متن کے لیے دیکھیے Velyaminov-Zernov : *Izsledovanya o Kasimovskih tsaryah*، ۲ : ۱۶۲ ببعد) - یہ بات کہ بلاساغون اور شو (یا شویاب) کے شہر آق پشین اور توقماق (بورانہ) کے آثار کے قرب و جوار میں واقع تھے، البیرونی اور محمود کاشغری کی تحریروں سے خاص طور پر واضح ہوتی ہے - البیرونی نے اپنے وقت کے جن شہروں کی فہرست دی ہے اور طول بلد اور عرض بلد کے درجے لکھ کر ان کے محلِّ وقوع کا تعین کیا ہے، ان میں بلاساغون اور متعدد نواحی قصبات، مثلاً اسبیجاب، چِدگل (چِتقل)، طراز، قوچقار باشی، برسگان اور آت باشی بھی شامل ہیں - ان مقامات کا محلّ وقوع درجوں اور دقیقوں تک متعین کیا گیا ہے (دیکھیے زکی ولیدی طوغان : *Birunis picture of the World*، ص ۵۰ تا ۵۲) - البیرونی کی اس فہرست میں بلاساغون کا محل وقوع طراز ([متصل] اولیا اتا) سے ۱۰ درجے جانب مشرق، برسگان (بَرسکون جو ایسیک کول جھیل کے جنوب مشرقی ساحل پر واقع ہے) سے ۷ درجے مغرب اور قوچقار باشی (موجودہ قوچقار اتا) سے صرف ۲۰ دقیقے جانب شمال بتایا گیا ہے - محمود کاشغری نے درۂ زنجی (موجودہ شمسی) کا ذکر کیا ہے، جو قوچقار باشی اور بلاساغون کے درمیان واقع ہے (۳ : ۳۲۵) اور درۂ یووان آریک (موجودہ جوان آریک) کو بلاساغون کے قریب موسم گرما کی چراگاہ بتایا ہے (۳ : ۱۰۶) - ولایت اُردو کے مرکزی شہر اُردو کو، جو دریاے چو کے طاس کے ان شہروں میں سے تھا جو عربوں کو معلوم تھے (المقدسی، ص ۲۷۵)، محمود کاشغری نے بلاساغون کے نواح کی ایک ولایت ظاہر کیا ہے (۱ : ۱۱۲) - یہ مصنف (۳ : ۳۰۶) شو یا شویاب کے قلعے کو بلاساغون کے قرب و جوار کا ایک قلعہ (حصن شو یا حصن شویاب) ظاہر کرتا ہے (دیکھیے ص ۶۲۳ - بسیم اتالے (ترجمہ، ۳ : ۲۱۳) کا یہ بیان غلط ہے کہ یہ قلعہ بلاساغون کے محل

Marfat.com

کے سامنے واقع ہے) ۔ اس نے یہ روایت بھی نقل کی ہے کہ ترک فرمانروا شو کوہستان آلتون طاغ سے واپس آتے ہوے بلاساغون میں ٹھیرا اور اس نے بعد میں اس شہر کے پاس ایک قلعہ تعمیر کرایا ۔ قدیم چینی مآخذ کے مطابق شو یا شویاب کا قلعہ دریاے چو کے جنوب میں واقع تھا، اور فاصلوں کی جو تفصیلات دی گئی ہیں ان سے اس کے محل وقوع کا تعین اس جگہ پر ہوتا ہے جہاں آج توقماق واقع ہے (دیکھیے *Otchet* : Barthold، ص ۳۱) ۔ اس طرح گویا شو (شویاب)، جو چینی مآخذ میں سوئی یی چنگ (شو کا قلعہ) کے نام سے معروف ہے، اس جگہ واقع تھا جہاں آج بورانہ (قدیم توقماق) کے آثار ہیں اور جو آج اسی نام سے موسوم و معروف ہیں ۔ قوچقار باشی سے درۂ شمسی (زنبی) کی راہ سے چلیں اور اسی نام کے دریا کے کنارے پر بسے ہوے توقماق جدید کی طرف آئیں تو میدان میں جو آثار سب سے پہلے نظر آتے ہیں وہ آق پشین کے ہیں ۔ تانگ T'ang کی تواریخ (De Guignes : *Histoire generale des Huns*، ص ۱، ۲، LXVI) میں فی لوتسیان کیون کا شہر شویہ سے بیس لی (= ٦ تا ۱۰ کیلومیٹر) کے فاصلے پر جانب مشرق (صحیح تر جانب جنوب مشرق) بتایا گیا ہے، جو آق پشین کے محل وقوع کے عین مطابق ہے ۔ اس طرح یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ یہ تینوں نام حقیقت میں ایک ہی شہر کے ہیں۔

ابن خرداذبہ اور [ابن] قدامۃ نے ترکی خاقان کے صدر مقام (مدینۃ خاقان الترکشی) کا جو حال تفصیلات کے ساتھ لکھا ہے وہ بلاساغون (آق پشین) کے حال کے عین مطابق ہے ۔ بلاساغون، قوز اردو، قوز اولوش اور قوز بالیق کے ناموں سے بھی معروف تھا (دیکھیے کاشغری ۱ : ۱۲۲، ۱۰۰) ۔ قوز اردو نام چینی مآخذ میں بھی ملتا ہے (دیکھیے Bretschneider : وہی کتاب، ص ۲۲٦ : ''ہوسزی وو ۔ لو ۔ دو'') ۔ عربی اور ایرانی مآخذ میں جو نام بلاساغون اور بلاساقون کی شکل میں مذکور ہے اسے المقدسی ولاسکون اور بلاسکون [ص ۲٦۴، ۲۷۵] لکھتا ہے ۔ ضروری ہے کہ حسب ذیل اعلام کی تشریح اس طرح کی جائے کہ گویا وہ سب ایک ہی جگہ کے مختلف نام تھے : ایک نام قرہ بلغاسون ہے، جو دریاے اورخون پر آباد تھا اور ایغور سلطنت کا صدر مقام تھا ۔ اس کی دوسری شکل بلغاسین ہے، جو قازقون کا دیا ہوا نام ہے اور تیسری شکل بلاساغان ہے جو ان ہنوں کا صدر مقام تھا جو قفقاز کی طرف چلے گئے تھے (دیکھیے زکی ولیدی طوغان : Ibn Fadlān، ص ۱۹۳) ۔ اگر ابتدائی اور اصلی نام بلغاسون تھا تو اس نام کا آخری لاحقہ سین یا سون مزار یا شہر کے معنی کا حامل ہے ۔ اس نام کی تشریح بلغاسین یا بالیغ سین کی صورتوں میں کی جا سکتی ہے، لیکن تانگ خاندان کی تاریخ میں اس شہر کا نام ''فی لوتسیان کیون'' کی شکل میں آیا ہے، جس سے واضح طور پر بلاساغون کی شکل ظاہر ہوتی ہے ۔ یہ نام اس زمانے سے چلا آتا ہے جس کے متعلق روایت ہے کہ اس میں اس کی بنیاد رکھی گئی تھی ۔ جوینی (جہان کشا، ۱ : ۴) نے ایک کہانی نقل کرتے ہوے لکھا ہے کہ بلاساغون کا شہر اویغوری خاقان افراسیاب نے بسایا تھا ۔ اسی طرح کاشغری نے حکایت نقل کی ہے کہ یہ شہر اس وقت بھی موجود تھا جب سکندر اعظم نے وسط ایشیا کے ملکوں پر حملے کیے ۔ یہ حقیقت کہ اسلام کے دور اول میں یہ شہر ترکی خاقان کا صدر مقام تھا، اس بات سے ظاہر ہے کہ ابن خرداذبہ نے صدر مقام (مدینہ) کا نام بلاساغون لکھا ہے ۔ المقدسی (ص ۲۷۵) کا بیان ہے کہ بلاساغون کی آبادی بہت تھی اور شہر بہت بڑا

marfat.com
Marfat.com

اور باثروت تھا - نظام الملک (سیاست نامہ، طبع Schefer ، ص ۱۸۹) میں آیا ہے کہ اس شہر پر کافر ترکوں نے قبضہ جما لیا تھا. چنانچہ سامانی حکمرانوں نے ۳۳۳ھ / [۹۴۴ء] میں اس شہر کی بازیابی کے لیے ایک مہم بھیجی یا لشکر کشی کی تیاری کی - اس بیان سے یہ نتیجہ اخذ کیا جا سکتا ہے کہ ۹۴۴ء سے کچھ عرصہ پہلے اس شہر پر سامانی قابض ہو چکے تھے (دیکھیے Barthold : *Turkestan down to the Mongol Invasion* ، ص ۲۴۳، ۲۵۶) - حدود العالم (ورق ۱۸) اور گردیزی : زین الاخبار (دیکھیے Barthold : *Otchet*، ص ۱۰۲) میں دریاے چو کے طاس کی پچھلی صدی کی کیفیات لکھی ہیں - ان میں متعدد قصبوں اور شہروں کے حالات بھی درج ہیں - ان لوگوں نے بلاساغون کا ذکر چھوڑ کر صرف نواحی قلعے شویاب کا ذکر کرنے پر اکتفا کیا ہے - اس کی وجہ شاید یہ ہو کہ اس وقت یہ قلعہ زیادہ اہمیت رکھتا تھا اور اس لیے بلاساغون کو اسی میں شامل سمجھ لیا گیا - سو سال بعد کے بیانات سے معلوم ہوتا ہے کہ بلاساغون قراخانیوں کے اہم مرکزوں میں سے ایک مرکز تھا - ماوراء النہر کے فاتح ہارون بغرا خان ابن موسی لونہ (۹۹۲ء) اور طوغان خان (دیکھیے البیہقی : تاریخ، طبع Morley، ص ۹۸، ۶۶۵) نے اس جگہ کو اپنا صدر مقام بنایا - قتدگو بلک [ترکی زبان کا قدیم ترین منظوم کلام] کا مصنف یوسف خاص حاجب، جس نے ۱۰۶۹-۱۰۷۰ء میں اپنی کتاب لکھنا شروع کی. بلاساغون ہی کا باشندہ تھا - کاشغری (۱ : ۳۱) لکھتا ہے کہ بلاساغون کے باشندے سغدی اور ترکی بولتے تھے. لیکن اسبیجاب سے بلاساغون تک ارغو کے سارے علاقے میں خواہ ناقص ترکی میں گفتگو کرتے تھے - ایک اور مقام پر (۱ : ۳۹۱) وہ لکھتا ہے کہ سغدی لوگوں کا ایک گروہ بخارا اور سمرقند سے آ کر بلاساغون میں آباد ہو گیا تھا - ان لوگوں نے ترکی لباس اور ترکی رسم و رواج اختیار کر لیا تھا - یہ لوگ ''سغدک'' کہلاتے تھے - قرا خانی دور کے سکوں پر (اس شہر کا نام بلاساغون نہیں بلکہ قوز اردو منقوش ہے - Vasmer کے اشاریے میں قوز اردو کے بجائے ''قرا اردو'' پڑھیے) - ۱۱۲۵-۱۱۳۰ء میں قرہ خطائیوں نے بلاساغون پر قبضہ جما لیا اور اسے اپنا صدر مقام بنا لیا - چینی مآخذ میں اس واقعے کی تفصیلات میں شہر کا نام قوز اردو مذکور ہے (Bretschneider : وہی کتاب، ۱ : ۱۸) - میر خواند (روضۃ الصفا، بمبئی، ۵ : ۲۲) اس واقعے کا ذکر کرتے ہوے لکھتا ہے کہ مغول نے اس شہر کو گوبالیق کا نام دیا، جس کے معنی ''خوبصورت شہر'' کے ہیں - اس بیان پر انحصار کرتے ہوے بارٹولڈ نے تسلیم کیا ہے کہ اس شہر کو گوبالیق یا گوابالیق کا نام دیا گیا تھا، لیکن اسی مضمون پر میر خواند کا مآخذ جوینی (۲ : ص ۸۷) لکھتا ہے کہ مغول بلاساغون کو ''غزبالیغ'' (بعض نسخوں میں قربالیغ یا غربالیغ [یا غوبالیغ، در حبیب السیر]) کہتے تھے - Marquart نے غزبالیغ کو صحیح تسلیم کیا ہے اور اس کے معنی غز ترکوں کا شہر لیے ہیں - ظاہر ہے کہ اس مقام پر غزبالیغ قوزبالیق ہی کا بدلا ہوا تلفظ ہے - ۱۲۱۰ء میں قرہ خطائی گورخان نے تلاس کے قریب محمد خوارزم شاہ کو شکست دی - اس پر بلاساغون کے مسلمان باشندوں نے بغاوت کی اور گور خان کے ہاتھوں خوفناک طریق پر قتل ہوے - جب مغول کی فتوحات کا سیلاب بلاساغون تک پہنچا تو اس وقت یہ شہر قرہ خانیوں کے قبضے میں جا چکا تھا - قرہ جانیوں کا قائد ان دنوں آلمالیغ کا فرمانروا بزرخان تھا - ۱۲۱۸ء میں اس نے بطیبہ

Marfat.com

خاطر چنگیز خان کی اطاعت قبول کر لی، جس کی اولاد نے اس کے خاندان کے ساتھ خفیہ تعلقات برقرار رکھے - مغول عہد میں بلاساغون ثقافتی سرگرمیوں کا مرکز بنا رہا اور اس شہر میں متعدد اہل علم پھلے پھولے - ملحقات الصراح کا مصنف جمال القرشی در اصل اسی شہر کا رہنے والا تھا - اس کی کتاب میں مغول اور قرہ خانیوں کی تاریخ کے متعلق بہت سی معلومات درج ہیں - کاشغر کے حیدر مرزا دوغلات نے جب جمال قرشی کی کتاب میں ان علما کی فہرست پڑھی جو اصلاً بلاساغون کے باشندے تھے تو اسے یہ بات تسلیم کرنے میں بہت تامل ہوا کہ بلاساغون کسی وقت میں علم و ادب کا مرکز رہ چکا ہے - اس کی وجہ یہ ہے کہ اس کے زمانے میں اس شہر کی حالت بالکل تباہ ہو چکی تھی (دیکھیے Denison Ross : *The Tarikh-i-Rashidi*، ص ۳۶۶) - ملحقات الصراح کا جو نسخہ زمانے کی دست‌برد سے بچ کر ہم تک پہنچا ہے (دیکھیے Barthold : *Turkestan v epokhu Mongolskago naşchestviya*، ۱ : ۱۲۸ تا ۱۵۲) - اس کے بعض حصوں میں ان علما کا تذکرہ تو موجود ہے جو کاشغر، ختن، فرغانہ اور شاش میں پھلے پھولے، لیکن جس حصے میں بلاساغون کے اہل علم کا ذکر تھا وہ موجود نہیں، البتہ جملۂ معترضہ کے طور پر وہ اپنے استاد احمد بن ایوب البلاساغونی اور اس کے والد ایوب بن احمد البلاساغونی کا ذکر کرتا ہے (ص ۱۳۱) - جمال القرشی راوی ہے کہ دانشمند تکین (مذکور الصدر بزرخان کا پوتا) نے، جو اس کے زمانے میں آلمالیغ اور بلاساغون کا حکمران تھا، ۶۰۷ھ / ۱۲۰۹ء میں قوزبالیق میں وفات پائی - قوزبالیق کا نام ان دستاویزوں میں نظر آتا ہے جو قرہ خانی خاندان کے متعلق اب تک موجود ہیں (دیکھیے *Protokoli Turkestanskago krujka lyubiteley archcologii*، ۴ : ۸۸) - یہ بات صاف ظاہر ہے کہ مغول کے عہد میں عوام کی زبان پر اس شہر کا نام بلاساغون نہیں تھا، بلکہ قوزبالیق (غزبالیغ) تھا، لیکن اہل علم اپنی نسبت قدیم نام سے کرتے تھے اور البلاساغونی لکھتے تھے - اس نسبت کا آخری عالم محمد فقیہ (مذکور الصدر) تھا جس کے لوح مزار پر اس کی تاریخ وفات ۷۱۱ھ / ۱۳۱۱ء درج ہے؛ ہمارے علم میں ہے کہ یہ کتبۂ مزار حیدر مرزا نے پڑھا تھا - اسی مصنف کا بیان ہے کہ یہ کتبہ عمر خوجہ آہنگر نے کندہ کیا تھا - اس بیان سے یہ نتیجہ نکالا جا سکتا ہے کہ قوزبالیق کا شہر ۱۳۱۱ء میں موجود تھا - بلاساغون کی ثقافتی سرگرمیوں کے خاتمے کو، جیسا کہ ترک تاریخنن انا خط لری میں مذکور ہے، ترکستان میں مسلسل قحطسالی کے رونما ہونے کے نظریے سے کوئی تعلق نہیں - دریاے چو اور دریاے ایلہ کے طاسوں کے دوسرے شہروں کی طرح بلاساغون کا خاتمہ مغل خوانین کی قرلتای (= جرگہ) کے اس فیصلے کا نتیجہ تھا کہ ان دریاؤں کے طاس خانہ بدوش لوگوں کے حوالے کر دیے جائیں اور ان کی شہری آبادیوں کو کسی دوسری جگہ بسا دیا جائے (دیکھیے : بوگونکی ترکستان و یاقین ماضی سی، بار دوم، ۳ : ۶۱) - ان وادیوں میں شہری زندگی نے انیسویں صدی عیسوی میں خوقند کے خوانین کے منصوبوں کے مطابق از سر نو جنم لیا - آق پشین (بلاساغون کے محل وقوع) اور توقماق قدیم (شویاب کے محل وقوع) کے کھنڈروں میں عیسائیوں کے بے شمار الواح مزار ملتے ہیں، جن کے نقوش ترک زبان اور سریانی رسم الخط میں ہیں - مینار (منارِ بورانہ) کی تصویر، جس کے نام پر یہ آثار موسوم ہیں، بارٹولڈ نے شائع کی تھی (دیکھیے *Otchet*، لوحہ

marfat.com
Marfat.com

۶) ۔ اس مینار کا طرز تعمیر ظاہر کرتا ہے کہ وہ قرہ‌خانیوں کے عہد میں بنایا گیا ہوگا ، لیکن اس جگہ اسلامی عہد کا کوئی کتبہ محفوظ نہیں رہا ۔ محمد جان آغا تینش (؟ تانیش) پای نے بلاساغون کے آثار پر جو مقالہ قلم بند کیا ہے (*Krasnorechinskiye razvalini i gorod Balasagun*، در *Izvest. turkest. old. rus. geog. Obshc.*، ۱۷ : ۱۸۵)، وہ زیادہ تر بارٹولڈ کی تحقیقات پر مبنی ہے ۔

(زکی ولیدی طوغان)

* **بلاط** : (بلاط) ہسپانیہ میں، لفظ بلاط کے متعدد معانی میں سب سے زیادہ مروج معنی ''فرش'' معلوم ہوتے ہیں، چنانچہ یہ لفظ جزیرہ‌نماے آئی بیریا میں رومی شاہراہوں کے لیے استعمال ہوتا تھا، جس کے ثبوت میں دیکھیے وہ لغات جو Raimundo Martín کی طرف منسوب ہے ۔ المراز Almaraz پل کے قریب دریاے تاجہ کے گھاٹ سے ملحق Romangordo کی سرحد پر، موجودہ ویران شہر البلاط کا نام بھی ضرور انہیں شاہراہوں میں سے کسی ایک شاہراہ کے نام پر ہوگا، Tours اور Poitiers کے میدان جنگ سے جسے رومن شاہراہ کے نام پر بلاط الشہداء [رک بآں] کہتے ہیں بظاہر اس معنی کی تصدیق ہوتی ہے، لیکن یہ بات حد درجہ مشکوک ہے کہ اس مفہوم کا اطلاق اس پوری اقلیم پر ہوتا تھا جس میں الادریسی کے بیان کے مطابق مذکورہ البلاط کے علاوہ موجودہ ہسپانوی استریمدورا Estramadura کا ایک بڑا حصہ اور حصن الحنث Alange، مدلین Medellín، ترجالہ Trujillo اور قاصرش Cáceres بھی شامل ہیں ۔ اس کے برعکس متعدد ہسپانوی مقامات کے ناموں، مثلاً البلاط Albalat، البلاطہ Albalate اور ان کے مشتقات اور اسماے مصغر Albadalejo، Albalatillo کی توجیہ البلد، البلاد، بمعنی جگہ و علاقہ سے زیادہ اچھی طرح ہو سکتی ہے، چنانچہ دریاے شقر Jucar کے قریب Albalat dela Riberia، بلنسیہ (Valencia) کے قریب Albalat dels Sorells، اور مربیطر Sagunto کے علاقے میں واقع Albalat dels Tarongers کا رومی شاہراہوں سے بظاہر کوئی تعلق نہیں بلکہ یہ محض چھوٹے یا بڑے دیہات کے نام معلوم ہوتے ہیں ۔ تیرول Teruel، وشقہ (Huesca)، وادی الحجارۃ Guadalajara، قلعہ رباح Ciudad-Real، اور طلیطلہ (Toledo) کے صوبوں اور اشبیلیہ (Seville) کے Ajarfe میں جو متعدد البلاط ہیں ان کی توجیہ بھی اسی طرح کرنا چاہیے ۔ Platea یا Palatium سے اشتقاق جس کا یروشلم، شام اور مدینے کے مقامات کے ناموں پر اطلاق ہوتا ہے، الاندلس میں نہیں پایا جاتا.

اندلس کی البلاط نامی اقلیم کے علاوہ پرتگیزی منطقے میں بھی ایک اقلیم البلاطہ تھی ۔ یہ فحص البلاطۃ میں واقع تھی، جو لزبن Lisbon اور شنترین (Santarem) کے درمیان ایک وسیع میدان تھا ۔ ان دو شہروں کے علاوہ اس اقلیم میں شنترہ Cintra کا شہر اور ملحقہ علاقے (جہاں موجودہ رباطیہ Ribateja واقع ہے) بھی شامل تھے ۔ الادریسی کا دیا ہوا نام البلاطہ Azambuja میں واقع ایک چھوٹے سے شہر Vallada کے مطابق ہے ۔ علاوہ ازیں el-Campo de Vallada کا، جو فحص البلاطہ کا ترجمہ ہے، حوالہ بھی ملتا ہے، اگرچہ اس کی وسعت اس سے کم ہے جتنی الادریسی نے اس کی طرف منسوب کی ہے ۔ Plata یا Vallata سے اس کا اشتقاق نہ تو مستند معلوم ہوتا ہے اور نہ قابل قبول.

**مآخذ** : (۱) الادریسی، متن، ص ۱۷۵ تا ۱۷۸؛ ترجمہ، ص ۲۱۱، ۲۲۵ تا ۲۲۶؛ (۲) یاقوت، ۱ : ۷۰۹؛ (۳) E. Saavedra: *La Geografia de España del Edrisi*، ص ۵۱ تا ۵۲؛ (۴) David Lopes : *Estudo dos nomes geographicos do territorio muçulmano, que depois foi portugués*، ص ۳۷؛ [(۵) محمد عنایت اللہ : اندلس کا

Marfat.com

تاریخی جغرافیہ، ص ۵۳، ۱۶۲]۔

(A. Huici Mirandi)

• بَلاط: [بِلاط] قاریہ Caria میں قدیم مِلیتہ (Miletos) کی جگہ آج کل ایک چھوٹا سا گاؤں ۔ یہ لفظِ بَلاط "Παλάτια" سے ماخوذ ہے جو کم از کم تیرھویں صدی کے ابتدائی برسوں سے اس علاقے کا نام تھا ۔ بلاط تیرھویں صدی کے اختتام کے قریب مِنتِشہ [رک بآں] کے بیگوں کے قبضے میں آیا اور چونکہ یہ دریاے بویوک مِندرس کے دہانے کے قریب ایک بہت موزوں جگہ پر واقع تھا اس لیے یہ بیگ اس سے بحیرۂ ایجین کے علاقوں میں حملے کرنے کے لیے نقطۂ آغاز کا کام لیتے تھے؛ آگے چل کر یہ خاصا تجارتی مرکز بن گیا ۔ ۱۳۵۰ء تک یہاں اہلِ وینس کا ایک گرجا اور قونصل خانہ بن چکا تھا ۔ اُس وقت بلاط زعفران، تِل، موم، کوتاھیہ کی پھٹکری، مجمع الجزائر سے برآمدہ غلاموں وغیرہ کی تجارت کی بدولت خاصا خوش‌حال تھا ۔ جب عثمانی سلطان بایزید اوّل نے ۷۹۱ - ۷۹۲ھ / ۱۳۸۹ - ۱۳۹۰ء کے موسم سرما میں مِنتِشہ کے ساحلی علاقوں پر قبضہ کر لیا تو اس نے ان مراعات کی توثیق کر دی جو اہلِ وینس کو بلاط میں حاصل تھیں ۔ تیموربیگ نے ۸۰۴ھ / ۱۴۰۲ء میں انقرہ کے مقام پر عثمانی ترکوں کو شکست دینے کے بعد وھاں کے مقامی خاندان کے ایک شخص الیاس کو تخت پر بٹھا دیا ، لیکن ۸۱۸ھ / ۱۴۱۵ء میں اس حکمران کو سلطان محمد اوّل کا اطاعت‌گزار بننا پڑا اور ۸۲۹ھ / ۱۴۲۵ - ۱۴۲۶ء میں مِنتِشہ ایک بارپھر — اور اس مرتبہ قطعی طور پر — عثمانی سلطنت میں ضم ہو گیا ۔ پندرھویں صدی کے دوران میں، بڑی حد تک تو اس کی تپ‌ آور آب و ھوا کی وجہ سے اور کسی حد تک دریا کے دہانے پر بتدریج مٹی جمع ہو جانے کے باعث، بلاط آہستہ آہستہ زوال‌پذیر ہونا شروع ھوا؛ تاھم جب اولیا چلبی ۱۶۷۱ - ۱۶۷۲ء میں یہاں سے گزرا تو اس وقت بھی بلاط کو تجارت کا سرگرم اگرچہ، لیکن رُو بہ زوال مرکز سمجھا جاتا تھا ۔ بلاط، جسے اب صوبۂ آیدِین کی قضا سوکہ Söke کا حصّہ بنا دیا گیا ہے، سمندر سے تقریباً نو کیلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے ۔ ۱۹۳۵ء میں اس کی آبادی سات سو افراد کے قریب تھی ۔

مآخذ: (۱) Pauly-Wissowa، ج ۱۵، Stuttgart ۱۹۳۲ء، عمود ۱۵۸۶ تا ۱۶۲۲ء، بذیل مادّہ Miletos؛ (۲) W. Heyd: *Histoire du commerce du Levant*، لائپزگ ۱۹۲۳ء، ۱: ۵۳۳ ببعد و ۲: ۳۵۳ ببعد؛ (۳) P. Wittek: *Das Fürstentum Mentesche* (Istanbuler *Mitteilungen*، جلد ۲)، استانبول ۱۹۳۴ء، ص ۱۸۵ (اشاریہ)؛ (۴) K. Wulzinger و P. Wittek و F. Sarre: *Das Islamische Milet* (Staatliche Museen zu Berlin)، برلن و لائپزگ ۱۹۳۵ء (قب نیز F. Taeschner، در *OLZ*، ج ۳۹، برلن ۱۹۳۶ء، عدد ۱۰، عمود ۶۲۱ تا ۶۲۳)؛ (۵) علی جواد: جغرافیای لغاتی، جز ۱، استانبول ۱۳۱۳ھ: ص ۱۹۱؛ (۶) اولیا چلبی: سیاحت نامہ، استانبول، ۱۹۳۵ء، ۹: ۱۳۶ ببعد؛ (۷) اِ اُ، ت، بذیل مادّۂ بلاط (از بسیم دارکوت Besim Darkot).

(V. J. Parry)

• بَلاط: [بِلاط] لاطینی یا یونانی سے اپنے دوگانہ اشتقاق کے باعث اس لفظ کے متعدد مختلف معانی ہو گئے ہیں ۔ اگر اسے [لاطینی] Palatium سے مشتق مانیں تو اس کے معنی "قصر" ہوتے ہیں (المسعودی: تنبیہ، ص ۱۶۷؛ ابن العدیم: زبدۃ، طبع Dahan، ۱: ۱۳۲ تا ۱۳۵؛ المقدسی، ص ۱۴۷ اور ابن حوقل بار دوم،

marfat.com
Marfat.com

ص ۱۹۰، نے دارُالبَلاط کو قسطنطینیہ میں بتایا ہے؛ (قب M. Canard : *Extraits des sources arabes*، بمطابق A. A. Vasiliev : *Byzance et les Arabes*، برسلز ۱۹۵۰ء، ۲ / ۲ : ۴۱۲، ۴۲۳ و حاشیہ ۲) اور اگر اسے (آرامی زبان کی وساطت سے) [یونانی] ''πλατεῖα'' سے مشتق قرار دیں تو اس کے دو بڑے معنے ایک یونانی اصطلاح کے مطابق قرار پاتے ہیں، جس سے مراد ہے ایک ''مفروش راستہ''، جو ایک قدیم رومی شاہراہ تھی (دیکھیے ابن العدیم : زبدۃ، ۱ : ۱۶۴)، ''پتھر کا فرش بنانا''، یا بطور اسم وحدت بَلاطہ، بمعنی سنگِ فرش یا فرشی پتھر، یہ پتھر خواہ کسی نوعیت کا ہو بشرطیکہ یہ زمین پر فرش کرنے، یا مینار یا کوئی یادگار کتبہ ایستادہ کرنے کے کام آتا ہو (مثال کے لیے دیکھیے : مجیرالدین العُلَیمی : الانس الجلیل، قاہرہ ۱۲۸۳ھ، ص ۳۷۲)، لہٰذا بہ معنی ستونِ کتبہ، دہلیز (ڈیوڑھی) یا ''بہت سے ستونوں والی غلام گردش'' اور زیادہ خصوصیت کے ساتھ ''نافِ مسجد'' (دیکھیے ابن جُبیر: رحلۃ، طبع ڈخویہ، ص ۱۹۰).

لفظ بلاط اسلامی مغرب اور بلادِ مشرق (جہاں یہ شام و فلسطین میں بالخصوص عام ہے) دونوں میں بہت سے دیہاتی اور شہری مقامی ناموں میں ملتا ہے۔ ان میں سے خاص خاص مقام درج ذیل ہیں : شمالی شام میں قصبہ البلاط، جو ایک رومی شاہراہ کے قریب واقع تھا (M. Canard : *Histoire des Hamdanides*، الجزائر ۱۹۵۱ء، ۱ : ۲۱۸)؛ البلاط، حلب کا ایک محلّہ جس سے قدیم یادگار شاہراہ کی یاد تازہ ہوتی ہے (J. Sauvaget)؛ دمشق کے الغوطۃ میں بیت البلاط نام کا ایک سابقہ گاؤں؛ فلسطین میں بِلاطۃ یا بُلاطۃ نام کا ایک گاؤں (جس کا نام لاطینی Platanus سے بھی مشتق ہو سکتا ہے)؛ بیت المقدس میں بابُ البَلاط (قب J. Sauvaget : *Les perles choisies*، بیروت ۱۹۳۳ء، ص ۹۹ حاشیہ ۱؛ مدینۂ منورہ میں البلاط کا مفروش چوک؛ استانبول [رکُ بان] میں محلّۂ بلاط؛ ایشیاے کوچک میں قدیم مِلَت Milet کے کھنڈروں سے ملحق اور سلجوقی دور کے شہر بلاطیہ Balatia کا مرادف قصبۂ بلاط (دیکھیے Pauly-Wissowa، بذیل Miletos).

**مآخذ** : (۱) E. Quatremère : *Histoire des sultans mamelouks*، پیرس ۱۸۴۵ء، ۲/۱ : ۲۷۷، حاشیہ ۳؛ بشمول (۲) J. Sauvaget : *Alep*، پیرس ۱۹۴۱ء، حاشیہ ۱۱۲ و (۳) *La mosquée omeyyade de Médine*، پیرس ۱۹۴۷ء، ص ۶۹، حاشیہ ۲؛ مقامی ناموں کے لیے دیکھیے (۴) یاقوت، ۱ : ۷۰۹؛ [(۵) بطرس البستانی : دائرۃ المعارف، بذیل مادّہ].

(D. Sourdel)

**بَلاطُ الشُّہَداء** : عرب مؤرخوں نے یہ Poitiers کی جنگ کے لیے استعمال کیا ہے، جو چارلس مارٹل کی زیرِ قیادت فرنگی مسیحی فوجوں اور اندلس کے عامل امیر عبدالرحمن بن عبداللہ الغافقی کے درمیان رمضان ۱۱۴ھ / اکتوبر ۷۳۲ء میں لڑی گئی۔

ازمنۂ وسطٰی کے عرب مؤرخوں نے نہ تو کہیں Poitiers کے نام کا ذکر کیا ہے اور نہ Tours کا، جہاں تک اصطلاح بلاط الشہداء کا تعلق ہے اس کا استعمال پانچویں صدی ہجری / گیارھویں صدی عیسوی کے بعد سے ملنا شروع ہوتا ہے اور وہ بھی صرف اندلسی مؤرخوں کی تحریروں میں : ابن حَیّان (م ۴۶۹ھ/۱۰۷٦ء)، جس کا حوالہ المقّری : نفح الطّیب، لائڈن، ۲ : ۹، سطر ۱۵ تا ۱۶، قاہرہ ۱۹۴۹ء، ۴ : ۱۵، س ۴ میں ملتا ہے (اس مؤرخ نے اسے وقعۃ البلاط کا نام بھی دیا ہے، لائڈن، ۲ : ۹، سطر ۴ و قاہرہ ۱۹۴۹ء، ۴ : ۱۴، سطر ۹؛ اخبار مجموعہ

Marfat.com

جس کے مصنّف کا نام معلوم نہیں اور جس کا پانچویں صدی ھجری/گیارھویں صدی عیسوی سے آغاز ھوتا ھے، طبع Lafuente y Alcantara، میڈرڈ ۱۸۶۸ء، متن ص ۲۰؛ ھسپانوی ترجمہ ص ۳۶ و حاشیہ ۲)؛ آگے چل کر ابن بشکوال (م ۵۷۸ھ / ۱۱۸۲ - ۱۱۸۳ء) حوالہ در المقری : کتاب مذکور، لائڈن، ۲ : ۹، سطر ۱۶ تا ۱۷، قاھرہ ۴ : ۱۵ سطر ۵، لیکن ایک مختلف شکل غزوۃ البلاط کے ساتھ، ابن عذاری (م آخر چھٹی صدی ھجری / بارھویں صدی عیسوی)؛ البیان المغرب، طبع ڈوزی، ۱ : ۳۷، طبع Colin و Lévi-Provinçal، ۱ : ۵۱؛ ترجمہ Fagnan، ۱ : ۴۹؛ لیکن اس مؤرخ نے واقعے کے آغاز کی تاریخ ۱۱۳ھ کے بجائے ۱۱۵ھ بتائی ھے؛ ابن خلدون (م ۸۰۸ھ / ۱۴۰۶ء) : العبر، بولاق ۴ : ۱۱۹ سطر ۶، جس میں بعض بیاض ھیں جنھیں کتاب خانۂ ملّی، پیرس کے قلمی نسخوں سے اور المقری کے حرف بہ حرف اقتباسات، لائڈن، ۱ : ۱۴۶ سطر ۳ اور قاھرہ ۱۹۴۹ء، ۱ : ۲۲۰ سطر ۱۵ سے پر کیا جا سکتا ھے؛ المقری (م ۱۰۴۱ھ/۱۶۳۲ء اوپر، بذیل ابن بشکوال و ابن خلدون : پہلے عبارت کا ترجمہ Lafuente y Alcantara نے اشاریات اخبار مجموعہ (Ajbar Machmûa)، ص ۱۹۸ میں کیا ھے، اور دوسرے حصے کا Pascual de Gayangos نے *The History of the Mohammedan Dynasteis in Spain*، ۲ (لنڈن ۱۸۴۳ء) : ۳۷ و حاشیہ ۲۷ میں کیا ھے۔

ازمنۂ وسطٰی کے دوسرے عرب مؤرخوں نے اس بات کی طرف محض اشارہ کیا ھے کہ مسلمان اور ان کے سردار عبدالرحمٰن وھاں [اسلام کی خاطر] شہید ھوے (یستشہد یا استشہد) : ابن عبد الحکم (م ۲۵۷ھ/۸۷۱ء) : فتوح افریقیۃ و الاندلس، طبع A. Gateau، بار دوم، الجزائر ۱۹۴۸ء، متن ص ۱۲۰ سطر ۱۱؛ فرانسیسی ترجمہ ص ۱۲۱ سطر ۲۲؛ الضّبّی (م ۵۹۹ھ / ۱۲۰۲ء) : بغیۃ الملتمس، طبع Codera اور Ribera، میڈرڈ ۱۸۸۵ء، عدد ۱۰۲۱، ص ۳۵۳، سطر ۲ (اور جس میں جنگ کی تاریخ ۱۱۵ھ ھے)؛ ابن الأثیر (م ۶۳۰ھ / ۱۲۳۳ء)، ۵ : ۱۳۰ و ۳۷۴، ترجمہ از Fagnan : *Annales*، الجزائر ۱۹۰۱ء، ص ۶۰ سطر ۶ و ص ۹۴ سطر ۱ تا ۲۔

جدید عرب مؤرخوں بالخصوص یورپی مؤرخوں کے سامنے یہ مسئلہ رھا ھے کہ لفظ بلاط [الشہداء] کی تعبیر و تشریح کریں اور اس جنگ کا صحیح محلِ وقوع متعین کریں - بلاط [ رکّ باں ] [ان کے نزدیک] یونانی لاطینی زبان سے مستعار ھے اور اس کے معنے بظاھر Platea : ''فراخ پختہ سڑک''، ''پختہ عام چوک''، اور Platium ''قصر'' ھیں، جہاں تک Poitiers کی جنگ کا تعلق ھے اس کی تعبیر ''شاھراہ'' اور ''پختہ فرش'' دونوں ھی طرح کی گئی ھے؛ Pavè [شہداء کا] : Reinaud : *Invasions des Sarrazins en France, et de France, en Savoie, en Piémont et dans la Suisse, pendant les 8e, 9e, et 10e siécles de notre ère*، پیرس ۱۸۳۶ء، ص ۴۹؛ Pascal de Gayangos : کتاب مذکور، ۲ : ۳۳، ۳۷ : ''Pavement of the martyrs'' : Cl. Huart : *Histoire des Arabes*، ۱۹۱۳ء ۲ : ۱۳۸؛ H. Fournel : *Les Berbers* ....، ۱ : (۱۸۷۵ء) : ۲۸۰، حاشیہ ۴؛ M. Mercier اور A. Seguin : *Charles Martel et la Bataille de Piotiers*، ۱۹۴۴ء، ص ۱۷، ۱۹، ۲۶، ۲۷، ۳۹؛ C.F. Seybold، در ںآ، ت، ۱ : ۵۵ [بذیل مادّۂ عبدالرحمٰن ... الغافقی''] - Chaussée [ شہداء کا ] Dozy : *Histoire des Musulmans d' Espagne*، ۱۸۶۱ء، ۱ : ۲۵۲، بار دوم از Lévi Provençal، ۱۹۳۲ء، ۱ : ۱۵۸ و حاشیہ ۱؛ Lafuente y Alcantara : کتاب مذکور، ص ۳۶ : *Calzada*؛ Fr. Codera : *Narbona, Gerona y Barcelona* ...، ۱۹۰۹ تا ۱۹۲۰ء

marfat.com
Marfat.com

ص ۱۹۱ : Calzada ؛ Historia : Ballesteros y Beretta ... de España، ۲ (۱۹۲۰ء) ۹ تا ۱۰ : Calzada؛ G. Marçais (اور Ch. Diehl) : Le monde oriental de 395 à 1081، ۱۹۳۶ء، ص ۳۳۰ و حاشیہ ۱؛ E. Lévi-Provençal : Hist. Esp. Mus.، ۱۹۵۰ء، ص ۶۲ : ''دین کی خاطر شہداء کی شاہراہ'' (یا رومی سڑک)۔

متون کے مطالعے اور Poitiers و طورس کے درمیانی خطّے کی چھان بین سے محققین بڑی حد تک متفقہ نتائج تک پہنچے ھیں، جن کا خلاصہ پروفیسر Lévi-Provençal نے نہایت خوبی سے ان لفظوں میں کر دیا ھے کہ ''[یہ لڑائی] Chatellerault کو Poitiers سے ملانے والی رومی شاہراہ کے نزدیک، مؤخر الذکر شہر سے جنوب مشرق میں تقریبًا بیس کیلومیٹر پر، غالبًا اسی جگہ جو آج کل بھی Moussais-la-Bataille... کے نام سے مشہور ھے، رمضان ۱۱۴ھ/اکتوبر ۷۳۲ء .... یا زیادہ صحت کے ساتھ ۲۵ اور ۳۱ اکتوبر ۷۳۲ء کے درمیان لڑی گئی'' (Hist. Esp. Mus.، ۱ : ۶۱ تا ۶۲)۔

مآخذ : متن مادّہ میں بیان شدہ تصانیف کے علاوہ (۱) ان حوالوں کو دیکھنا چاہیے جو لیوی پرووانسال Lévi-Provençal نے Histoire des Musulmans d' Espagne، ازڈوزی، باردوم، لائڈن ۱۹۳۲ء، ۱ : ۱۵۸ حاشیہ ۱۵۸ پر اور خود اپنی کتاب Hist. Esp. Mus.، پیرس و لائڈن ۱۹۵۰ء، ۱ : ۵۹ تا ۶۲ میں دیے ھیں۔ مزید بر آں (۲) H. Zotenberg : Note sur les invasions arabes dans le Languedoc d'après les sources chrètiennes et les historiens musulmans، در Dom Cl. Devic و Dom J. Vaissette : Histoire gènèrale du Languedoc، طولوس (Toulouse) ۱۸۷۵ء، ۲ : ۵۴۹ تا ۵۵۸ (مسیحی مآخذ : ۵۴۹ تا ۵۵۴؛ عربی مآخذ : ۵۵۵ تا ۵۵۸)؛ (۳) Charles Martel et la Bataille de Poitiers، پیرس ۱۹۴۴ء، ۹۳ تا ۹۹ جس میں ۱۳۵ کتابوں کے حوالے دیے ھوے ھیں، کے اختتام پر جو مآخذ M. Mercier اور A. Seguin نے دیے ھیں ان کی طرف بھی رجوع کرنا چاھیے۔ درج ذیل جدید عرب مؤرخوں کی تصانیف بھی دیکھیے، جن کا تمام و کمال مطالعہ (۴) Reinaud کی کتاب Invasions des Sarrazins ...، (پیرس ۱۸۳۶ء؛ انگریزی ترجمہ از ہارون خان شیروانی در IC، ۴/۱۹۳۰ء و ۵/۱۹۳۱ء) پر مبنی ھے۔ یہ ایک صدی سے کچھ زیادہ پرانی تصنیف ھے؛ (۵) شکیب ارسلان: تاریخ غزوات العرب فی فرانسہ و سویسراء و ایطالیہ و جزائر البحر المتوسّط، قاھرہ ۱۳۵۲ھ/۱۹۳۳ء، ص ۴۸، ۵۶، ۵۷، ۸۴، ۸۵، ۹۲ تا ۱۰۳ : واقعة البلاط الشّہداء؛ (۶) ایم۔ عبداللہ عنان : تاریخ العرب فی اسبانیا ...، قاھرہ ۱۹۲۴ء، ص ۵۵ تا ۵۹؛ (۷) وھی مصنّف : مواقف حاسمة فی تاریخ الاسلام، قاھرہ ۱۳۴۷ھ/۱۹۲۹ء، ص ۱۶ و ۱۱۴؛ (۸) وھی مصنّف : العرب فی غالیس و سویسرا : در مجلّة قاھرہ الرّسالة، عدد ۷۲ (۱۹ نومبر ۱۹۳۴ء)، عدد ۷۳ (۲۶ نومبر ۱۹۳۴ء) و عدد ۷۴ (۳ دسمبر ۱۹۳۴ء)؛ (۹) حسن مراد: تاریخ العرب فی الاندلس، قاھرہ ۱۳۴۸ھ/۱۹۳۰ء، ص ۷۲ (عربی اصطلاح [بلاط الشہداء] استعمال نہیں کرتا)؛ (۱۰) بطرس البستانی: معارک العرب فی الشرق و الغرب، بیروت، ۱۹۴۴ء، ص ۵۵ تا ۵۶؛ (۱۱) حسین مونس: آثار ظہور الاسلام فی اوضاع السیاسیة و الاقتصادیة و الاجتماعیة فی البحر الابیض المتوسّط، در المجلّة التاریخیة المصریّة جسے Société Egyptienne d' Études Historiques نے قاھرہ سے سات اجزاء میں شائع کیا۔ ۵۵/۱ : (مئی ۱۹۵۱ء) : ۶۷ تا ۶۸ مع مآخذ ۶۸ حاشیہ ۱۔

درج ذیل دو تصانیف بھی قابل ذکر ھیں : (۱۲) S. Lane.Pool کی کتاب The Moors in Spain، لنڈن ۱۸۸۷ء، بار دوم ۱۹۲۰ء کا عربی ترجمہ از

Marfat.com

علی جارم : العرب فی اسبانیه، قاهره ۱۳۶۶ھ / ۱۹۴۷ء، ص ۲۷ تا ۲۸، اور (۱۳) جرجی زیدان (م ۱۳۳۲ھ / ۱۹۱۳ء) کا تاریخی رومان : شارل و عبدالرحمٰن : روایة تاریخیة غرامیة، قاهره ۱۹۰۴ء، بارچہارم ۱۹۲۶ء، ص ۱۸۱ و ۱۸۵، ۲۱۸، ۲۲۳ و ۲۳۰؛ خاتمے میں یه بات بھی قابل ذکر ہے که الطّبری (م ۳۱۰ھ / ۹۲۳ء) Poitiers کی لڑائی کے بارے میں بالکل خاموش ہے۔ (اس کی تصنیف تاریخ الامم و المّلوک [صحیح، تاریخ الرسل و الملوک] (*Annales*، زیر سنه ۱۱۴ھ یا دو تین سال پیشتر یا بعد) میں کچھ بھی مذکور نہیں ہے) یہی حال ابن القُوطِیّه (م ۳۶۷ھ / ۹۷۷ء) : کی افتتاح الاندلس کا ہے۔

(H. PÉRÈS)

* بَلاطُنُس : قرونِ وسطٰی میں شام کا ایک قلعه، جو آج کل ویران ہے اور قلعة المَهیلبة کہلاتا ہے۔ یه قلعه جبل انصاریه کے ایک طرف نکلے ہوئے حصّے پر بنایا گیا تھا اور بقول الدّمشقی اس قلعے سے اور قلعه صہیون سے لاذقیّة کا پورا میدان نظر آتا تھا؛ اور یه دونوں اس سڑک کی حفاظت کرتے تھے جو اُرُنْتِس Orontes سے اس کی بندرگاہ جَبلة تک جاتی تھی۔

... [النّویری نے لکھا ہے] که اسے بنو الاَحمر نے بنانا شروع کیا تھا، اس کے بعد جب اس پر بوزنطیوں کا قبضه ہو گیا تو انھوں نے اس کی تعمیر جاری رکھی اور باسل دوم (Basil II) کے زمانے میں ساحلی علاقے کی جہاں انھوں نے سکونت اختیار کر لی تھی حفاظت جزوی طور پر اسی پر مبنی رکھی۔ یه دوبارہ مسلمانوں کے قبضے میں آ گیا، لیکن پہلی صلیبی جنگ کے بعد یه انطاکیه کے روجر Roger کے ہاتھ میں چلا گیا اور اس نے اسے بطور جاگیر ساؤن Saône کے رئیس کو دے دیا۔ ۵۱۲ھ / ۱۱۱۸ء سے ۵۸۴ھ / ۱۱۸۸ء تک یه فرنگیوں ہی کے قبضے میں رہا۔ ۱۱۸۸ء میں صلاح الدین ایوبی نے اس پر قبضه کر لیا، اور عہدِ ایوبی میں یه عارضی طور پر الملک الظّاہر کی حکومت حلب کا حصّه رہا۔ مغول کے حملے کے بعد، جس سے ایک مقامی خاندان کی جدّ و جہدِ آزادی کی حوصله افزائی ہوئی، اس قلعے کو ۶۶۷ھ / ۱۲۶۸ - ۱۲۶۹ء میں بیبرس کے آگے ہتھیار ڈالنا پڑے اور مملوکوں کے عہد میں نیابتِ طرابلس کے چھے ضلعوں میں سے ایک ضلع کا صدر مقام بن گیا۔

اس کا علم نہیں که یه ویران کب ہوا اور کب اس کا پرانا نام (جو لاطینی Platanus سے مأخوذ ہے) نئے نام سے بدلا گیا جس کی وجه سے اس کی شناخت میں عرصے تک دشواری پیش آتی رہی۔

مآخذ : (۱) یاقوت، ۱ : ۷۱۰؛ (۲) M. Hartmann : *Das Liwa el - Ladkije*، در *ZDPV*، ۱۴ : ۱۸۰؛ (۳) E. Fatio و M. van Berchem : *Voyage en Syrie*، قاهره ۱۹۱۰-۱۹۱۳ء، ص ۲۸۳ تا ۲۸۸؛ (۴) R. Dussaud : *Topographie historique de lu Syrie*، پیرس ۱۹۲۷ء، ص ۱۵۰؛ (۵) G. Le Strange : *Palestine under the Moslems*، لنڈن ۱۸۹۰ء، ص ۴۱۶؛ (۶) M. Gaudefroy - Demombynes : *Le Syrie à l'époque des Mamelouks*، پیرس ۱۹۲۳ء، ص ۱۱۳ و ۲۲۶؛ (۷) Cl. Cahen : *La Syrie du Nord*، پیرس ۱۹۴۰ء، بمدد اشاریه؛ (۸) J. Weulersse : *Le puys des Alaouites*، طورس Tours ۱۹۴۰ء، بمدد اشاریه؛ [(۹) وۃ، ع، بذیل مادّہ].

(J. SOURDEL-THOMINE)

⊗ بَلاغت : لفظ ''بلاغت'' اسم مصدر ہے۔ بلوغ کے معنی ہیں پہنچنا، (پھل کا) پکنا، اثر آفرینی [کہتے ہیں بلغ بنی کلامک اور اس کے معنی ہیں تمہاری گفتگو نے میرے دل پر گہرا اثر کیا ہے۔ اور بَلاغة کے معنی ہیں فصیح و بلیغ ہونا].

marfat.com
Marfat.com

تیسری صدی ہجری / نویں صدی عیسوی سے لفظ ''بلاغت'' عام تنقید کی ان چند اصطلاحات — مثل معانی، بیان، بدیع، فصاحۃ، صناعۃ، نقد — میں شامل ہو گیا جو ادب سے متعلقہ تصنیفات کے علاوہ ''اعجاز القرآن'' کے علوم میں کثرت سے مستعمل و مروج تھیں، لیکن ساتویں / تیرھویں صدی کے لگ بھگ. . . اسے تین معیّن فنون — معانی، بیان، اور بدیع پر تقسیم کر دیا گیا۔

علم بلاغت کے اس ارتقاء کی تاریخ کو ہم چار ادوار میں تقسیم کر سکتے ہیں: (۱) اصولِ تنقید کے خصوصی مطالعے کا دور؛ (۲) علم تنقید کے عمومی مطالعے کا دور؛ (۳) علمِ تنقید پر فلسفیانہ بحث اور اصول بلاغت کی ترتیب و تنظیم کا دور؛ (۴) اصول بلاغت کی آخری اور جامد تدوین کا دور۔

پہلا دور: تیسری اور چوتھی صدی ہجری/نویں اور دسویں صدی عیسوی میں جب اسلامی تہذیب کو عروج حاصل ہوا تو اس دور کے علمائے اسلام نے ادب و لغت کے میدان میں علوم خصوصی کا ایک بہت بڑا ذخیرہ چھوڑا۔ علما نے کچھ تو قرآن کی تفسیر اور اعجاز القرآن کے اسرار کو معلوم کرنے کی ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے اور کچھ اس نظریے کا لحاظ رکھتے ہوئے کہ عربی زبان کو ایک معیار پر لایا جائے اور حسن بیان کے اصول معیّن کیے جائیں، قرآن کے اسلوب بیان اور اس کی ادبی خوبیوں پر غور کرنا شروع کیا۔ علومِ قرآن کے اس دائرے میں قدیم ترین تصنیفات میں سے ابو عُبیدہ (م ۲۰۸ھ/ ۸۲۳ء) کی کتاب مجاز القرآن ہے، جس میں قرآنی اصطلاحات اور استعارات سے بحث کی گئی ہے۔ تنقید نگار و مصنّف ابن قُتَیبہ (م ۲۷۶ھ/ ۸۸۹ء) نے کتاب مُشکل القرآن لکھی جس میں قرآن کی غامض آیات کا حل پیش کیا۔ بہت سے مصنفین نے، جن میں معتزلی متکلم الجاحظ (م ۲۵۵ھ/ ۸۶۹ء) نمایاں حیثیت رکھتا ہے، اسلوب بیان اور قرآن کی معجزانہ خوبیوں پر رسالے تصنیف کیے۔ اعجاز قرآن پر ایک نہایت جامع، واضح اور پُر از معلومات کتاب ابوبکر الباقلانی [رکّ بآں] (م ۴۰۳ھ/ ۱۰۱۳ء) نے تالیف کی۔ اپنی کتاب اعجاز القرآن میں اس نے اعجاز کو مختلف زاویوں سے پرکھا ہے اور قرآن کے اسلوب بیان پر تفصیل سے بحث کی ہے اور یہ بتایا ہے کہ کس حد تک ادبی تنقید کے ذریعے ہم اعجاز القرآن کے اسرار کو سمجھ سکتے ہیں [دیکھیے لآ، اردو، ۳: ۹۷۹]۔ [عبدالقاهر الجرجانی (م ۴۷۱ھ) نے بھی اعجاز القرآن کے نام سے ایک کتاب تألیف کی]۔

اصول تنقید کے خصوصی مطالعے کے اس دور میں چند مصنفوں نے تنقید شعر اور نامور شعرا کے کلام کی خوبیوں کو سامنے رکھ کر مطالعے پر زیادہ زور دیا ہے۔ اس سلسلے میں دو مصنفوں کو خاص شہرت حاصل ہوئی۔ ایک الآمدی [رکّ بآں] (م ۳۷۱ھ/ ۹۸۱ء)، جس نے قبیلۂ طیّ کے دو نامور شاعروں، یعنی ابو تمّام [رکّ بآں] اور البحتری [رکّ بآں] کے باہم مقابلے پر کتاب (الموازنۃ بین ابی تمّام و البحتری) تصنیف کی اور دوسرا القاضی الجُرجانی (م ۳۶۶ھ/ ۹۷۶ء) جس نے اپنی کتاب [الوساطۃ بین المتنبی و خصومہ] میں المتنبی کے کلام پر مجادلین کے مابین محاکمہ کیا۔ دیگر تألیفات نے جو اس ضمن میں منصّۂ شہود پر آئیں ذیل کی دو صورتیں اختیار کیں: (۱) ادبی مجموعات کے متن کی شرح اور حل مثلاً المبرد (م ۲۸۵ھ/۸۹۸ء) کی الکامل؛ (۲) شعرا کے سوانح حیات اور طبقات (مثلاً ابن قتیبہ کی الشعر و الشعراء، محمد بن سلّام الجُمحی (م ۲۳۲ھ / ۸۴۶ء کی طبقات الشعراء، اور ابو الفرج الاصبہانی (م ۳۵۶ھ/ ۹۶۶ - ۹۶۷ء کی کتب الاغانی)۔ خصوصی مطالعے کی ایسی مختلف کوششوں سے تنقید کے کئی مسائل پیدا ہوئے، مثلاً ابتداع و تقلید، انتحال و سرقہ،

Marfat.com

عبارات و معانی، اختراع، تخلیقِ ادب، استعداد شعر کے عناصر ترکیبی، ماحول کا اثر اور ایسے ھی دیگر مسائل ۔ ان مسائل کی بدولت تزئینِ کلام سے متعلقہ عام اصطلاحات بھی قائم ھو گئیں، مثلاً استعارہ، تشبیہ، تعریض، کنایہ، تجنیس، ایجاز، وضوح و ابہام اور ایسی بہت سی اصطلاحات جو بعد میں علمِ بلاغت کے مقبول عام مباحث قرار پائے۔

دوسرا دور: اصول تنقید کے خصوصی مطالعے کے ساتھ ساتھ محاسنِ ادب پر اجمالی و عمومی ابحاث کی کوششیں بھی ھونے لگیں ۔ ایسی تصنیفات میں الجاحظ کی کتاب البیان و التّبیین ایک پیش رو کی حیثیت رکھتی ھے ۔ اس میں تعبیر کے مختلف اسباب و ذرائع کا ذکر کیا گیا ھے مثلاً اشارہ، علامت، لفظ اور کلام کے محاسن و معائب کے خصائص گنوائے ھیں ۔ اس سلسلے میں اس نے عرب کے مشہور فصحا اور ان قبائل کے کلام سے جو اپنی فصاحت و بلاغت کی وجہ سے معروف تھے، اقتباسات بطور مثال پیش کیے ھیں ۔ قدیم مہذب اقوام کے فصیح و بلیغ کلام کے ترجمے بھی الجاحظ کے سامنے موجود تھے ۔ ان سے فائدہ اٹھاتے ھوے اس نے بلاغت کے مفہوم کو اجاگر کرنے کی کوشش کی ھے، اور بلاغت کے سلسلے میں اس نے ایرانی، یونانی، رومی اور ھندی علما کی آرا بھی پیش کی ھیں ۔ اور آگے چل کر اس نے عرب علما کے نظریے بھی بیان کیے ھیں جن میں سہل بن ھارون، العتّابی اور ابن المقفّع [رک باں] شامل ھیں ۔ ان کے نظریات بظاھر چند خواص پر مرتکز ھوتے ھیں، مثلاً حسن تقسیم، اختیار الکلام، ایضاح الدّلالۃ، ایجاز، مطابقۃ الکلام لمقتضی الحال اور تحصیل غرض (جیسے تاثیر، ترغیب، اقناع)۔ یہ خواص ایک طویل زمانے تک عربی بلاغت کی جان سمجھے گئے۔ اسی دور میں شہزادہ ابن المعتزّ (م ۲۹۶ھ/ ۹۰۸ء) [رک باں] نے جو شاعر بھی تھا علم البدیع [یعنی صنائع ادبی اور محاسنِ کلام] پر پہلی کتاب تصنیف کی ۔ جس میں سترہ صنعتوں کا ذکر کیا، مثلاً استعارہ، تجنیس وغیرہ اور انھیں کو بلاغت کی علامات تصور کیا گیا ھے [ابن المعتز کی کتاب البدیع پر تبصرہ دیکھیے ۱۱، اردو، ۱: ۷۰۰ تا ۷۰۱]۔

تیسری اور چوتھی/نویں اور دسویں صدی میں سریانی زبان کے علما نے عرب کے اصول تنقید اور فنونِ بلاغت کی مزید خدمت کی ۔ انھوں نے یونانی کتب کا ترجمہ بتوسط سریانی شروع کیا ۔ تیسری صدی کے آخر میں اسحاق بن حُنین (م ۲۹۸ھ/ ۹۱۰ء) [رک باں] نے ارسطو کی کتاب ریطوریقا [(Rhetorica) یعنی بلاغت و خطابت] کا ترجمہ پیش کیا اور چوتھی صدی میں متّٰی بن یونس (م ۳۲۸ھ / ۹۳۹ - ۹۴۰ء) نے ارسطو کی دوسری کتاب بوطیقا [(Poetica) یعنی فن الشعر] کا عربی میں ترجمہ کیا ۔ عربوں کے فنِ تنقید میں یونانی اثر کو پہلی مرتبہ ظاھر کرنے والا مصنّف قُدامۃ بن جعفر (م ۳۳۷ھ/۹۴۸ء) تھا اور غالباً یہ پہلا مصنّف ھے جس نے اپنی کتابوں میں عربوں کے قدیم فن بلاغت کو ''نقد'' (= تنقید) سے تعبیر کیا ۔ علم تنقید پر قُدامۃ کی دو تالیفات ھیں: نقد الشّعر اور نقد النّثر ۔ قُدامۃ نے اپنی کتاب نقد الشعر کے دیباچے میں واضح کیا ھے کہ متقدمین نے شعر کے تنقیدی پہلو کو، جو بہت ضروری اور اھم تھا، نظر انداز کر دیا ۔ اور شعر کے غیر ضروری پہلوؤں پر اپنی توجہ مرکوز رکھی، مثلاً عروض اور نحو پر زور دیا؛ چنانچہ یہ کمی دور کرنے کے لیے اس نے نقد الشّعر لکھی، جس کا خاکہ اس نے بڑے معقول انداز پر تیار کیا اور اسے آٹھ فصلوں پر تقسیم کیا جن کا محور لفظ و معنی کا باھم علاقہ ھے ۔ دوسری کتاب، یعنی نقد النثر میں (جس کے مستند ھونے کے بارے میں علما میں اختلاف ھے)

marfat.com
Marfat.com

کتاب کا ابتدائی حصہ الجاحظ کی مذکورۂ بالا کتاب البیان پر تنقید کے لیے مختص ہے - اس کے بعد ''علم بیان'' کو بہتر منظّم انداز میں پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے، لیکن علم تنقید کا زیادہ وسیع اور مفصل بیان ابو ہلال العَسْکری (م ۳۹۵ھ/ ۱۰۰۴ - ۱۰۰۵ء) نے اپنی کتاب الصناعتین (یعنی دو صنعتوں : صنعت کتابت (= نثر) اور صنعت شعر پر کتاب) میں کیا ہے - العسکری نے متقدمین کے پیش کردہ سواد کو بہتر ترتیب دینے کی کوشش کی ہے اور علم البدیع کی صنعتوں کی تعداد میں اضافہ کیا - اپنے دیباچے میں اس نے لکھا ہے کہ اللہ تعالٰی کی معرفت کے بعد سب سے زیادہ لائق توجہ علم البلاغۃ ہے جس پر اللہ کی کتاب کے اعجاز کو صحیح طور پر سمجھنے کا مدار ہے - اس کے علاوہ علمِ بلاغت کا مطالعہ ادب کا ذوق پیدا کرتا ہے، شعرگوئی اور انشاپردازی میں مدد دیتا ہے اور شعر و نثر کے عمدہ انتخابات مرتب کرنے میں رہنمائی کرتا ہے - کتاب کی پہلی فصل میں مصنف نے ''بلاغت'' اور ''فصاحت'' کے دقیق تصورات کے باھمی تعلق پر بحث کی ہے، اور یہ نتیجہ اخذ کیا ہے کہ فصاحت در اصل بلاغت کا لازمی جزو ہے؛ چنانچہ اس نے بلاغت کی تعریف یوں کی ہے : ''بلاغت ہر وہ ذریعہ ہے جس سے آپ اپنے معنی کو مقبول اور خوب صورت انداز میں (یعنی فصاحت کے ساتھ) سامع تک پہنچائیں اور سامع کے دل میں ایسا نقش بٹھائیں جیسا کہ آپ کے اپنے دل میں ہے'' - کتاب کا ایک بڑا حصہ علم البدیع کی صنعتوں کے احصا اور ان کے شواھد پر مشتمل ہے .

تیسرا دور : پانچویں صدی ھجری/ گیارھویں صدی عیسوی کے آغاز سے بلاغۃ العرب کی تاریخ کا نیا دور شروع ہوتا ہے اور اس دور کا نمائندہ عبدالقاھر الجُرجانی (م ۴۷۱ھ/ ۱۰۷۸ء) ہے .

عبدالقاھر نے فنونِ بلاغت کے سلسلے میں جو خدمت کی ہے وہ اس کی دو قابل قدر کتابوں، یعنی دلائل الاعجاز اور اسرارالبلاغۃ میں نمایاں ہے - اور انھیں کتابوں کی بنا پر عبدالقاھر کو عربوں کے فنِ بلاغت کا مؤسّس و بانی سمجھا گیا ہے - ان دونوں کتابوں کے مجموعی مطالعے سے ادب کے اصولی نظریے اور تنقید کے بنیادی فلسفے کا پتا چلتا ہے - دلائل میں کلام کے ترکیبی پہلو (یعنی نظم) پر بحث کی گئی ہے اور اسرار البلاغۃ میں فن ادب کے جمالیاتی اور تاثیری پہلو کا تجزیہ کیا گیا ہے، اور یہی بلاغت کی جان ہے - اگرچہ پہلی کتاب میں عبدالقاھر کا اصل مقصد تو نظم قرآن کی ان خوبیوں کو دریافت کرنا تھا جن کا مثیل لانا انسان کی طاقت سے باھر ہے، لیکن بحث کے دوران میں اسے قدرتی طور پر محاسنِ ادب کے وسیع مسئلے کو چھیڑنا پڑا؛ چنانچہ اس نے ایک نظریہ قائم کیا اور اس کے اثبات کے لیے نظمِ کلام کی مختلف وجوہِ ترکیب میں اس کا استعمال، مثلاً وصل و فصل، ذکر و حذف، تعریف و تنکیر، . . . ، وغیرہ میں دکھایا اور اس سلسلے میں قرآن اور قدیم عربی نظم و نثر سے شواھد مع تجزیہ پیش کیے - اس کتاب کا بنیادی اصول ان لفظوں میں پیش کیا جا سکتا ہے : ''کلام کا اھم رکن نظمِ کلام ہے اور نظمِ کلام کا اصل جوھر معنی ہے؛ چنانچہ جب معنی ایک مرتبہ عقل میں اپنی صحیح ترتیب سے مرتسم ھو جائیں تو عبارت ایک معین انداز میں ان معنوں پر خود بہ خود منطبق ھوتی چلی جاتی ہے'' - اگر یہ تجزیہ درست ہے تو یہ ظاھر ھو جائےگا کہ حسن کلام کا تعلق معنی سے ہے نہ کہ لفظ سے .

اسرار البلاغۃ میں عبدالقاھر نے علمِ بلاغت کے بنیادی اصول دریافت کرنے کی کوشش کو جاری رکھا ہے - اور ان اصول کو قانونِ نفسیات

marfat.com
Marfat.com

میں تلاش کرنے کی طرف قدم اٹھایا ۔ اس نے تجزیہ کیا : ''جب ہم ایک جمیل ادبی عبارت سنتے ہیں تو ہمارے ذہن میں کیا کیفیت پیدا ہوتی ہے؟ اور کس طور پر سجع اور تجنیس جیسی صنعتیں ہمیں خوش کرتی ہیں؟ ایک خوب صورت استعارہ یا ایک سلیقے سے چنی ہوئی تشبیہ یا تمثیل کس طرح ہم پر اثر کرتی ہے؟ اور کون سی چیز ہمارے ادبی ذوق سے زیادہ مطابقت رکھتی ہے، البُحتری کا سلیس شعر یا ابوتمّام کی گہری اور پیچیدہ نظم؟ اور اس کی وجہ کیا ہے''؟ اگر ہم ایسے سوالات کے لیے اپنی قوتِ ادراک و تأثر کے جبلّی سرچشموں کی طرف رجوع کریں تو ہمیں تحسین ادب کی مضبوط اساس کا پتا چل سکتا ہے ۔ تنقیدی فکر کی تجدید کے لیے الجُرجانی نے جو کوشش کی ہے اس میں الجرجانی کی طبیعت کے دو پہلوؤں کا حسین امتزاج نمایاں ہے ۔ اول اس کا منطقیانہ ذہن جو تحلیل و ترکیب کے اصول سے خوب واقف ہے اور دوم تحسینِ ادب اور اس سے حظاندوزی کا حقیقی ذوق ۔ الجرجانی کے تجزیۂ اشعار سے ظاہر ہوتا ہے کہ اسے معلوم تھا کہ ادب ایک وسیع تر مفہوم کا جسے فن (art) سے تعبیر کرتے ہیں محض ایک حصہ ہے؛ چنانچہ جا بجا اس نے دوسرے فنونِ لطیفہ کی طرف توجہ دلائی ہے، مثلاً مصوری اور سنگ تراشی اور جمالیاتی تصورات، مانند تألیف و تناسب ۔ عبدالقاہر کی کتاب کی اہمیت کا دارومدار اس کے مندرجۂ ذیل کارہاے نمایاں پر ہے: (۱) اس نے متقدمین کی تصنیفات متعلقہ تنقید و بلاغت سے مواد حاصل کیا اور ان سے فلسفۂ تنقید کی ایک باقاعدہ صورت پیدا کرنے کی کوشش کی؛ (۲) اس نے تنقید کی ایسی بنیاد رکھی جس پر متاخرین نے اپنی سہ فنی علمِ بلاغت کی عمارت کھڑی کی ۔ اگرچہ یہ محض ایک ظاہری بناوٹ تھی، لیکن متاخرین نے فنِ بلاغت کی اصل روح کو چھوڑ دیا، کیونکہ انھوں نے ظاہری ڈھانچے پر زیادہ توجہ کی؛ (۳) اس نے ادبی تنقید اور نفسیاتی و جمالیاتی مطالعے کے باہمی ربط و تعلق کو بھی پہلی مرتبہ ظاہر کیا ۔ عصرِ حاضر کی تحقیق نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ الجرجانی کی تألیف صحیح راہ کی جانب ایک قدم تھا اور اس طرح وہ عبدالقاہر کو جدید فن تنقید کے پیش رُوؤں میں کھڑا کرتی ہے ۔

اگرچہ عبدالقاہر اپنے زمانے کے لحاظ سے قدیم فنِ بلاغت اور فلسفۂ تنقید میں ایک بلند پایہ، بلکہ ایک عدیم النظیر، پیش رو کی حیثیت رکھتا ہے تاہم اس کے دور میں اور اس کے بعد کے دو سو سال تک بہت سے ایسے مصنّف پیدا ہوے جنھوں نے تمام فنِ ادب پر محیط مبسوط کتابیں تصنیف کیں ۔ ان میں سے کم از کم تین مصنّف فنِ تنقید کے اس تاریخی جائزے میں قابل ذکر ہیں : (۱) ابن رَشِیق القَیْروانی (م ۶۳ ۴ھ/ ۱۰۷۰ء) [رک باں] جو شمالی افریقہ کا باشندہ تھا اور عبدالقاہر کا ہمعصر اس نے ایک معیاری کتاب بعنوان العُمدَة فی صِناعَةِ الشِّعرِ و نَقدِہ لکھی ہے ۔ کتاب کا آغاز ادب سے متعلقہ عمومی مسائل کی بحث سے ہوتا ہے، مثلاً فضائل شعر، ان لوگوں کا ردّ جو شغل شعر گوئی کو ناپسندیدہ قرار دیتے ہیں، خلفا، قضاۃ اور فقہا جیسے عمائد کے اشعار، قبائلِ جاہلیہ کا باری باری سے شعری فضیلت کا حقدار ہونا، قدما اور مُحدَثین کے کلام کی خوبیاں وغیرہ ۔ اس کے بعد مصنّف شعر کی فنّی اصطلاحات کا ذکر کرتا ہے، مثلاً اوزان و قوافی اور بعد کو عام مصطلحات کی تعریفات پیش کرتا ہے، مثلاً بلاغت، ایجاز، بیان، نظم، بدیع وغیرہ ۔ ان اصطلاحات کو القیروانی نے اپنی کتاب کے جو چھپے صفحات پر مشتمل ہے ایک تہائی حصّے میں پیش کر چکنے کے بعد باقی ماندہ

marfat.com
Marfat.com

دو تہائی حصے کو العسکری اور ابن المعتز کی طرح صنائع و بدائع کی تشریح پر صرف کیا ہے اور صنعتوں کا شمار ساٹھ سے کچھ اوپر پہنچا دیا ہے۔ کتاب کا خاتمہ اقسام شعر اور اصناف سخن کے بیان پر کیا ہے، مثلاً مدیح، رثاء، ہجاء، اعتذار۔ (۲) دوسرا نامور مصنف پانچویں/گیارھویں صدی کا ایک اور نقاد [ابو محمد عبداللہ] ابن سِنان الخفاجی الحلبی (م ۴۶۶ھ/ ۱۰۷۳ء) ہے جس نے سِرّالفصاحۃ تصنیف کی۔ ابن سِنان نے اپنی کتاب کے پہلے حصے میں عربی حروف کی اصوات اور ان کی خصوصیات پر تفصیل سے بحث کی ہے، پھر اس نے فصاحت اور بلاغت کی تعریف کرتے ہوئے متقدمین کی آرا پیش کی ہیں اور ان کی بعض آرا و مسلّمات پر تنقید کی ہے اور استدلالاً شعر اور نثر سے منتخب مثالیں درج کی ہیں۔ (۳) عربی مصنّفین کے اس سلسلے میں تیسرا مصنّف ضیاء الدین ابن الاثیر* (م ۶۳۷ھ/ ۱۲۳۹ء) [رک بہ ابن الاثیر (۳)] ہے، جو صلاح الدین الایوبی کا وزیر اور مشہور رسائل نویس تھا۔ وہ القاضی الفاضل (م ۵۹۶ھ/ ۱۱۹۹ء) کا شاگرد تھا۔ اس نے المثل السّائر فی ادب الکاتب و الشّاعر تصنیف کی۔ ابن الاثیر نے اپنا موضوع بحث فن ادب کا سارا وسیع مضمون قرار دیا اور عبدالقاہر کی طرح ادبی متون کی تحلیل و تشریح میں دوسروں پر سبقت لے گیا، لیکن کاتب و شاعر کی تربیت کے لیے اس نے تجرباتی طریقے پر زیادہ زور دے کر خاص شہرت پائی۔ اس نے اس فن میں مہارت حاصل کرنے کے لیے قرآن، حدیث اور قدیم عربی سر چشمۂ ادب کے گہرے اور متواتر مطالعے کو نہ صرف پسند یا تجویز کیا بلکہ اس پر بہت زور دیا۔ اپنی کتاب میں اس نے کلام کے ارکان — لفظ، معنی اور نظم — پر بحث کرتے ہوئے اپنی رائے کی تائید میں بہت سے شواہد پیش کیے ہیں اور اپنی تصنیفات سے بھی اقتباسات شامل کیے ہیں۔ اسی بناء پر المثل السّائر کو تنقید کے نظریاتی نقطۂ نگاہ سے لکھی ہوئی کتاب ہونے کی نسبت ادبی رجحان رکھنے والوں اور عملی تنقیدنگاروں کے لیے زیادہ مفید راہنما سمجھا گیا ہے۔

چوتھا دور: تقریباً ساتویں / تیرھویں صدی سے بلاغت کی تین مختلف شاخیں ممیز ہونا شروع ہو گئیں اور بلاغت کی یہ تقسیم پہلے پہل غالبا ابو یعقوب السّکّاکی الخوارزمی (م ۶۹۹ھ/ ۱۲۹۹ء) نے پیش کی۔ اس دور کا آغاز السّکّاکی کی کتاب مفتاح العُلوم سے ہوتا ہے۔ ادب کی تین اہم شاخیں جن سے السّکّاکی نے بحث کی ہے یہ ہیں: (۱) علم الصّرف، (۲) علم النّحو، (۳) علم المعانی و علم البیان۔ اس تیسرے باب میں السّکّاکی نے بلاغت کے دو مختلف علوم کی حدود متعیّن کرنے کی کوشش کی ہے: پہلا وہ علم جس میں نظمِ کلام کی خصوصیات پر اس حیثیت سے بحث کی جائے کہ کلام اپنے مقتضی الحال کے موافق ہو جائے۔ یہ علم المعانی کہلاتا ہے اور دوسرا وہ علم جس میں ایضاح الدّلالۃ کی مختلف طریق پر اس حیثیت سے بحث کی جائے کہ مقصود صحیح طور پر حاصل ہو۔ یہ علم البیان کہلاتا ہے۔ فنونِ بلاغت کی اس تقسیم سے مصنف نے نظمِ کلام اور زورِ کلام کی باہمی تفریق کو جسے عبدالقاہر نے نمایاں کرنے کی کوشش کی تھی ایک منطقیانہ انداز سے ثابت کر دیا۔ اس تقسیم کے ساتھ السّکّاکی نے محسناتِ کلام پر ایک چھوٹی سی فصل بھی شامل کر دی، جس نے بعد میں رفتہ رفتہ بلاغت کے تیسرے مستقل فن — یعنی علم البدیع کی حیثیت حاصل کر لی۔

فنونِ بلاغت کی اس تعیین کو متأخرین نے پایۂ تکمیل تک پہنچایا۔ ان علما میں سب سے ممتاز (جلال الدین) الخطیب القزوینی (م ۷۳۹ھ/

Marfat.com

۱۳۳۸ء) ہے، جس نے مفتاح العلوم کا اختصار ایک متن کی صورت میں پیش کیا اور اس کا نام تلخیص المفتاح رکھا ۔ اس کتاب میں بلاغت اور فصاحت کی آخری تعریف اور تمیز، ان کا اپنا اپنا دائرۂ عمل اور باہمی تعلق بیان کیا گیا ہے ۔ (القزوینی نے تصریح کی ہے کہ) فصاحت سے لفظ مفرد، کلام اور متکلم تینوں متصف ہوتے ہیں، لیکن بلاغت سے صرف کلام اور متکلم ہی متصف ہوتے ہیں، چنانچہ فصاحت بلاغت کی ایک لازمی شرط ہے ۔ فصاحت اور بلاغت کے اصول سے متعلقہ علوم کی تقسیم تین فنون پر ہے : معانی، بیان اور بدیع؛ علم المعانی کا تعلق ترکیبِ کلام سے ہے، یعنی اسناد خبری اور متعلقات فعل سے ۔ اس علم کے موضوع سے چند ابواب کے ضمن میں بحث کی جاتی ہے، مثلاً ذکر و حذف، وصل و فصل، قصر و ایجاز و اِطناب، مساواۃ وغیرہ ۔ دوسرے علم، یعنی علم البیان کی تین اہم اور نمایاں اقسام یہ ہیں : تشبیہ، استعارہ، اور کنایہ اور علم البدیع کی مشہور صنعتیں حسب ذیل ہیں : تضاد، ارصاد، رجوع، لف و نشر، جمع، تفریق، تجرید، مبالغہ، مذہبِ کلامی، تجنیس، سجع، موازنۃ وغیرہ ۔ کتاب کا خاتمہ سرقاتِ شعری کی فصل پر ہوتا ہے، جسے قدیم زمانے میں خاص اہمیت حاصل تھی۔

القزوینی کی تلخیص المفتاح کو عربی فنِ بلاغت کی ایک معیاری کتاب سمجھا گیا اور یہ بیسویں صدی عیسوی کے آغاز تک دنیا کے تمام اسلامی اور عربی مدارس میں علومِ بلاغت کی اساسی کتاب متصور ہوتی رہی، چنانچہ اس علم پر قلم اٹھانے والے علما نے اپنی تمام تر توجہ قرناً بعد قرنٍ تلخیص کی ایضاح، شرح، حواشی اور اختصار تألیف کرنے پر لگا دی، بلکہ القزوینی کو خود بھی اپنی تلخیص کی وضاحت و شرح کی ضرورت محسوس ہوئی ۔ اس نے مزید اضافات کے ساتھ اس کی ایک شرح لکھی جس کا نام الایضاح رکھا ۔ اس کے بعد آنے والے علما نے، جو دنیاے اسلام کے مختلف اطراف و ممالک سے تعلق رکھتے تھے، اس علمی سرگرمی میں حصہ لیا ۔ اس سلسلے میں مشہور و نامور ہستیاں حسب ذیل ہیں: [المصنفک (م ۷۵۶ھ / ۱۳۵۵ء)]؛ بہاء الدین السبکی (م ۷۷۳ھ / ۱۳۷۱ء) : صاحب عروس الافراح بشرح تلخیص المفتاح؛ سعد الدین التفتازانی الخراسانی (م ۷۹۲ھ/ ۱۳۹۰ء)، جنھوں نے تلخیص پر دو بہت معروف و متداول شرحیں [المطول و مختصر المعانی] تصنیف کی ہیں؛ السید الشریف الجرجانی (م ۸۱۶ھ / ۱۴۱۳ء) [ رک بآں] جنھوں نے التفتازانی کی شرح المطول پر حاشیہ لکھا ہے؛ ابواللیث السمرقندی (م ۸۸۸ھ/۱۴۸۳ء) جنھوں نے المطول پر حاشیہ لکھا؛ جلال الدین السیوطی (م ۹۱۱ھ/ ۱۵۰۵ء)؛ ابن کمال پاشا الرومی (م ۹۴۰ھ / ۱۵۳۳ء)؛ عصام الدین الاسفرائینی (م ۹۴۴ھ / ۱۵۳۷ء؟)؛ صاحب الاطول؛ [ ملّا عبدالحکیم السیالکوتی (م ۱۰۶۷ھ/۱۶۵۶ء)، جنھوں نے التفتازانی کی المطول پر ایک عمدہ حاشیہ لکھا ہے]؛ احمد الدمنہوری (م ۱۱۹۲ھ / ۱۷۷۸ء)؛ [الدسوقی (م ۱۲۳۰ھ / ۱۸۱۴ - ۱۸۱۵ء)]؛ محمد الامیر (م ۱۲۳۲ء / ۱۸۱۶ - ۱۸۱۷ء)؛ حسن (بن) العطار (م ۱۲۵۰ھ / ۱۸۳۴ء) ۔ دنیاے اسلام کی تاریخ میں انیسویں صدی عیسوی کے خاتمے تک علما کی سرگرمیوں کا یہی رنگ رہا ۔ [فارسی، ترکی اور اردو میں بھی علمِ بلاغت کا بنیادی اسلوب یہی رہا ۔ ان زبانوں کے علمِ بلاغت کے لیے متعلقہ زبانوں پر مقالے ملاحظہ ہوں ۔] بہرحال رسمی اور تقلیدی بحث و تمحیص سے جو علم کے میدان میں بہت نمایاں ہو چکی تھی علما ذوقِ ادب کے تخلیقی پہلو کو نہ ابھار سکے، بلکہ مناظرانہ

marfat.com
Marfat.com

و متکلمانہ موشگافیوں ( یا خوش‌تدبیریوں ) میں الجھ گئے - ادبی تنقید اپنے عملی دائرے میں محض صنائع و بدائع کی تلاش سے آگے نہ بڑھ سکی اور اپنے نظریاتی دائرے میں ان صنائع و بدائع کی مختلف انواع اور تعریفات میں گم ہو گئی - تاہم یہ علمی سر گرمیاں بے مطلب و بے فائدہ نہیں رہیں - ان کے ذریعے اسلام کی علمی اور ادبی میراث محفوظ ہو گئی اور پھر دورِ حاضر کے اس تنقید پسند تخلیقی ذہن تک پہنچ گئی جو انیسویں صدی عیسوی میں بیدار ہونے لگا تھا.

(۵) انیسویں صدی عیسوی میں مشرق کے اسلامی ممالک میں نشأۃ ثانیہ ہوئی - دنیاے اسلام کے مختلف حصوں میں بڑے بڑے سیاسی، سماجی اور تعلیمی اصلاحات کے حامی اور مؤید اٹھے اور انھوں نے اسلامی ممالک کو اپنی گزشتہ عظمتوں کے احیاء کے لیے ابھارا اور انھیں علمی ترقیوں اور علومِ جدیدہ سے استفادہ کرنے پر آمادہ کیا اور اپنے سماجی اور تعلیمی نظام کی اصلاح اور اپنے سیاسی حقوق اور قومی آزادی کے لیے جد و جہد کرنے پر اکسایا . . . - مسلمان علما نے علوم جدیدہ کے نتائج اور استدلال کے طریقوں سے فائدہ اٹھایا - قدیم مدارس کے ساتھ ساتھ مغربی طرز کے پبلک سکول بھی کھولے گئے - مغرب کے ادب و تنقید سے متعلق تصنیفات کے عربی اور دیگر السنۂ شرقیہ میں تراجم ہوے جن سے عرب کا ذہن فن ادب کی دیگر اصناف اور ادب کے دیگر انداز تنقید سے متعارف ہو گیا - عصر جدید کے ادبا اور تنقید نگاروں کی کوششوں نے دو مختلف مگر باہم ایک دوسرے کو مکمل کرنے والی راہیں اختیار کیں - پہلی تحریک یہ تھی کہ عربی بلاغت اور تنقید پر ان قدیم تصنیفات کا جو عربی اسلامی تہذیب کے دور زریں میں لکھی گئی تھیں احیاء کیا جائے - اور دوسری کوشش یہ تھی کہ مغرب کے انداز تنقید کا مطالعہ اور متعلقہ کتب کا ترجمہ کیا جائے، پھر عربی ادب میں اس انداز فکر کو اپنایا جائے - پہلی تحریک کے مؤیدین میں سے المرصفی المصری (م ۱۳۰۷ھ / ۱۸۸۹ء) کو تقدم حاصل ہے - اس نے عربی ادب کے علوم کو پھر سے ایک بڑی مبسوط کتاب بعنوان الوسیلة الأدبیة الی العلوم العربیة میں مرتب کرنے کی کوشش کی - یہ نوکلاسیکی انداز (Neo-Classicism) تربیتی دارالعلوم (ٹریننگ کالج) میں، جو عربی زبان کے اساتذہ کے لیے انیسویں صدی عیسوی کے آخری ربع میں قاہرہ میں قائم کیا گیا تھا عربی زبان و ادب کے طرز تعلیم پر اثر انداز ہوا - دور حاضر کے ادبا اور شعرا کے ایک گروہ نے مغرب کے تنقید ادب و اصطلاحات کا مطالعہ کیا اور ان کی اشاعت کی سعی شروع کی - نمایاں حصہ لینے والوں میں شاعر و ادیب عبّاس محمود العقّاد اور اس کے ''اصحاب دیوان'' ساتھی ہیں، لیکن عربی فن تنقید کے احیا اور اس میں اضافہ کرنے میں ازہر یونیورسٹی کے ان علما کا نمایاں حصہ ہے جنھوں نے بیسویں صدی عیسوی کے ربع اول میں اپنی تحریک جاری کی - دنیاے عرب میں اس تحریک کا بانی طٰہ حسین تھا جس نے ادب عربی کی تنقید اور مطالعے کو ترقی دے کر اور اسے جدید نظریات کے مطابق ڈھال کر علم و ادب کی بڑی خدمت سر انجام دی ہے، لیکن عربی فن تنقید کے نشو و نما اور ترقی پر سب سے اہم لیکن بلا واسطہ اثر عربی میں نئے اصناف ادب کی ترویج نے ڈالا ہے، جس کے لیے نئے تنقیدی نظریے اور اصطلاحات کی ضرورت پڑی - انیسویں صدی کے نصف ثانی سے عربی میں فسانہ اور کہانی کو جگہ ملنی شروع ہوئی - یہ تحریک پہلے پہل ترجمے کے ذریعے شروع ہوئی اور بعد ازاں عرب ادیبوں نے طبع زاد قصے کہانیاں اور افسانے لکھ کر

Marfat.com

اس صنف ادب کو اوج کمال تک پہنچا دیا ۔ اسی نصف صدی کے دوران میں عربی کے مقبول شاہکار از قسم منظوم ڈرامہ، مختصر افسانہ اور ناول دنیا کی کئی زبانوں، مثلاً انگریزی، فرانسیسی، جرمن اور روسی میں ترجمہ ہو چکے ہیں.

چنانچہ ادب کی اس نئی تحریک کے لیے نئے انداز تنقید کی ضرورت محسوس ہوئی ۔ قدیم بلاغت کے اصول نئے اصناف ادب کی ضرورتوں کو پورا نہ کر سکتے تھے ۔ پلاٹ، کردار نگاری، تصنیف کی ہم آہنگی، رازھاے حیات کی تعبیر، کلام میں شاعر یا مصنف کے ذلتی رنگ کی جھلک، آرٹ کے مقصد سے متعلقہ مسائل، ادبی تنقید اور دیگر خصائل بشری کے باھمی ربط جیسے مسائل قدیم بلاغت کی صنعتوں، مثلاً استعارہ، تشبیه اور کنایه کی نسبت عصر حاضر کے تنقیدنگار کے لیے زیادہ جاذب توجه بن گئے ۔ مغرب کے مختلف نظریات ادب، جو اسلوب بیان اور طرز ادا سے متعلق ہیں، محاکمه اور تعبیر، کلاسیکی انداز، رومانی طرز انشا اور دیگر بہت سے نظریے اور مسلک اب دور جدید کے تنقیدنگار کے ضروری وسائل بن گئے ہیں، لیکن بظاہر دور حاضر کے ادب کے ارتقا کا میلان، قدیم فن بلاغت اور جدید طرز تنقید کے درمیان تصادم و تفریق کی نسبت ان کے باھمی امتزاج و هم‌آهنگی کی طرف زیادہ ہے ۔ تاہم عربی زبان اور اس کے ذوق ادب میں محاسن اسلوب کا لحاظ رکھنا اس قدر راسخ ہو چکا ہے کہ جدید انداز تنقید اسے محو نہیں کر سکا، چنانچہ عربی فن بلاغت و تنقید کا مستقبل غالباً تیسری اور چوتھی صدی ھجری کے فن تنقید اور جدید انداز تنقید کے امتزاج کی صورت میں ظاہر ہوگا.

مآخذ: (۱) ابوعُبیدہ مَعْمَر بن المُثَنّٰی: مَجازُ غریب القرآن، قاہرہ؛ (۲) محمد بن سَلّام الجُمَحِی: طبقات فُحُول الشعراء، قاہرہ ۱۹۵۲ء؛ (۳) الجاحظ: کتاب البیان والتبیین، قاہرہ ۱۳۳۱ھ؛ (۴) ابن قُتَیْبَہ: مُشْکِل القُرآن؛ (۵) ابن المُعْتَز: کتاب البدیع (طبع کراتشکوفسکی)، لنڈن ۱۹۳۵ء؛ (۶) قُدامة بن جَعْفر: نَقْدُ الشّعر، استانبول ۱۳۰۲ھ؛ (۷) وهی مصنّف: نقد النثر، قاہرہ ۱۹۳۳ء؛ (۸) الأغانی، بولاق ۱۳۸۳-۱۳۸۵ھ، ۲۱ جلد، ۱۸۸۸ء؛ (۹) الحسن بن بشر الآمدی: المُوازنه بین ابی تمام و البُحتری، قاہرہ ۱۹۲۸ء؛ (۱۰) الجُرجانی علی بن عبدالعزیز: الوساطة بین المتنبی و خصومه، صیدا ۱۳۳۱ھ؛ (۱۱) ابو هلال العَسْکری: کتاب الصِّناعَتَیْن، استانبول ۱۳۲۰ھ؛ (۱۲) ابوبکر الباقلّانی: اِعْجازُ القرآن، قاہرہ ۱۳۴۹ھ؛ (۱۳) ابن رَشِیق القَیْرَوانی: العُمْدة، قاہرہ ۱۹۰۷ء؛ (۱۴) ابن سِنان الخَفاجِی الحلبی: سِرُّالفَصاحة، قاہرہ ۱۹۳۲ء؛ (۱۵) عبدالقاهر الجُرجانی: دَلائلُ الأعجاز، قاہرہ ۱۳۳۱ھ؛ (۱۶) وهی مصنّف: أسرار البلاغة، قاہرہ ۱۳۲۰ھ؛ (۱۷) السَّکّاکی: مِفْتاحُ العُلوم، قاہرہ ۱۳۱۸ھ؛ (۱۸) ضیاءالدین ابن الاثیر: المَثَلُ السّائر، قاہرہ ۱۳۱۲ھ؛ (۱۹) جلال الدین القَزْوِینی: تَلْخیص المِفتاح، قاہرہ ۱۹۰۴ء؛ (۲۰) وهی مصنّف: الایضاح، قاہرہ ۱۳۶۷ھ؛ (۲۱) بہاء الدین السُّبْکی: عروس الأفراح، بولاق ۱۳۱۸ھ؛ (۲۲) سَعد الدین التَّفْتازانی: المُطَوَّل (= الشرح الکبیر)، استانبول ۱۳۰۴ھ؛ (۲۳) وهی مصنّف: المُخْتصر (الشرح الصّغیر)، کلکته ۱۸۱۳ء؛ (۲۴) المَرْصَفی: الوَسِیْلة الأدَبِیَّة، قاہرہ، ۱۲۹۲ھ؛ (۲۵) المَراغی احمد مصطفٰی: تاریخ علوم البلاغة؛ (۲۶) السَّیِّد نَوْفَل: البلاغة العربیّة فی دور نشأتها؛ (۲۷) محمد خلف الله: من الوِجْهَة النفسیة، قاہرہ؛ (۲۸) وهی مصنّف: مقاله البدیع از محمد خلف الله، در ؤؤ لائڈن؛ (۲۹) "*Qur'anic Studies as an Important Factor in the development of Arabic Literary Criticism*"، مقاله در اسکندریه یونیورسٹی، فیکلٹی آف آرٹس بلیٹن، ۱۹۵۲ء؛ (۳۰) "*Abd al-Qahir's Theory in his Secrets of Eloquence*"، مقاله

marfat.com
Marfat.com

در Journal of New Ecstern Studies، ۱۹۰۰ء، امریکہ؛ (۳۱) I.A. Richards : The Philosophy of Rhetoric، لنڈن؛ (۳۲) J.B. Saint-Hilaire : Rhétorique d'Aristote (?)، پیرس؛ (۳۳) M.G. De Tassy : La Rhétorique des Nations Musalmanes، مقاله در Asiatique، ملخّص از حدائق البلاغة مؤلفهٔ شمس الدين فقیر الدّہلوی؛ (۳۴) G. Saintsbury : A History of Criticism and Literary Taste in Europe، لنڈن؛ (۳۵) J.E. von Grunebaum : Arabic Literary Criticism in the 10th Century A.D.، مقاله در J. Am. Orient. Society، ۱۹۳۱ء؛ [(۳۶) Puttenham : Art of English Poesie، کیمبرج ۱۹۳۶ء؛ (۳۷) Wheately : Elements of Rhetoric، لنڈن ۱۸۶۳ء؛ (۳۸) A.F. Mehren : Die Rhetorik der Araber، کوپن ہاگن ۱۸۵۳ء؛ (۳۹) G. G. Loane : Short Handbook of Literary Terms، لنڈن ۱۹۲۳ء؛ (۴۰) J.E. von Grunebaum : A Tenth Century Document of Arabic Criticism، لنڈن ۱۹۵۰ء؛ (۴۱) احسان الٰہی : جلال الدين القزوينی در معارف، اعظم گڑھ جنوری ۱۹۴۳ء؛ (۴۲) وهی مصنّف : بديعيات، در المنار، لاهور اپریل ۱۹۵۱ء؛ فارسی علم بلاغت کے لیے دیکھیے: (۴۳) رشيد الدين الوطواط : حدائق السّحر، تہران ۱۹۳۰ء؛ (۴۴) شمس قیس رازی ۔ المعجم فی معايير اشعار العجم، لائڈن ۱۹۰۹ء؛ (۴۴) F. Gladwin : A Dissertation of the Rhetoric, Prosody and Rhyme of the Persians، کلکتہ ۱۸۱۱ء؛ (۴۵) M. G. De Tassy : Rhetorique et Prosedie des Langues de l'Orient Mussulman، پیرس ۱۸۷۳ء؛ (۴۶) E. G. Browne : A Literary History of Persia، ج ۲، لنڈن ۱۹۰۶ء؛ ترکی فنِ بلاغت کے لیے دیکھیے: (۴۷) E. J. W. Gibb : A History of Ottoman Poetry، لنڈن ۱۹۰۰ء؛ اردو فن بلاغت کے لیے دیکھیے: (۴۸) انشاء اللہ خان اِنشا : دریاے لطافت، مرشد آباد ۱۳۶۶ھ؛ (۴۹) ذوالفقار علی : تذکرة البلاغة، دہلی ۱۹۳۷ء (بار سوم)؛ (۵۰) نجم الغنی : بحر الفصاحة، لکھنؤ ۱۹۲۶ء؛ (۵۱) وهی مصنّف : مِفتاح البلاغة، لاهور ۱۹۲۱ء؛ (۵۲) مرزا محمد عَسکری: آئینۂ بلاغت، لکھنؤ ۱۹۳۷ء؛ (۵۳) عبدالرّحمان : مرآة الشعر، دہلی ۱۹۲۶ء؛ (۵۴) جعفری، جلال الدين احمد : کَنزالبلاغة، کراچی (بدون تاریخ)؛ (۵۵) سجاد مرزا : تَسہیل البلاغة].

(محمد خلف اللہ [و ادارہ])

* **بِلال** : یہ لفظ [انڈونیشیا] میں عموماً مؤذن کے لیے استعمال ہوتا ہے.

* **بِلال بن ابی بُردہ** : رَکَ بہ الاَشعَری ابو بُردہ.

* **بِلال بن جَرِیر المُحَمّدی**: ابوالنّدا، عدن کا زُرَیعی [رَکَ بآں] وزیر اور والی، اسے زُریعی شہزادہ سَبا بن ابی السُّعود نے اپنے عمّ‌زاد شریکِ سلطنت علی بن ابی الغَرّات المسعودی کے خلاف ۵۳۱ - ۵۳۲ھ / ۱۱۳۶ - ۱۱۳۸ء کی جنگ کے موقع پر اس منصب پر متعین کیا تھا ۔ ۵۳۳ھ / ۱۱۳۸ - ۱۱۳۹ء میں سَبا کی وفات پر اس کے بیٹے اور جانشین الاَعَزّ نے، جو بِلال سے سخت حسد رکھتا تھا، اسے مروا دینا چاہا، لیکن ۵۳۴ھ / ۱۱۳۹ - ۱۱۴۰ء میں وہ اس کام کو سر انجام دیے بغیر مر گیا ۔ اس کی اچانک موت پر بِلال نے سبا کے چھوٹے لڑکے محمد کو تَعِزّ سے بلایا، جہاں وہ اپنے بھائی کے غیظ و غضب اور نفرت سے جان بچا کر چھپا ہوا تھا، اور اسے الاَعَزّ کے چھوٹے بیٹوں کے مقابلے میں تخت پر بٹھا دیا اور اپنی بیٹی سے اس کی شادی کر دی ۔ اس وفاداری کے صلے میں بِلال متحدہ شہر کا وزیر مقرر ہوا اور اپنی موت (۵۴۶ - ۵۴۷ھ / ۱۱۵۲ - ۱۲۰۳ء) تک اسی منصب پر فائز رہا ۔ محمّد بن سَبا کی تخت نشینی کے

Marfat.com

بعد فاطمی خلیفہ الحافظ کی طرف سے بلال کو الشیخ السعید الموفق السدید کا خطاب ملا۔ اس کے متعلق مشہور ہے کہ اس نے اپنے دورِ وزارت میں خاصی دولت جمع کر لی تھی جو اس کی موت پر بادشاہ کے قبضے میں چلی گئی۔ بلال کے بعد اس کے دو بیٹے اس منصب پر فائز رہے یہاں تک کہ جنوبی افریقہ کے ایوبیوں کے حملے (۵۶۹ھ / ۱۱۷۳ء) سے اس خاندان کا خاتمہ ہوگیا۔

مآخذ: (۱) H. C. Kay: *Yaman, its early mediaeval history*، لنڈن ۱۸۹۲ء، بمدد اشاریہ؛ (۲) ابو مخرمۃ: تاریخ ثغر عدن، در O. Löfgren: *Arabische Texte zur Kenntnis der Stadt Aden*، اپسالہ Uppsala ۱۹۳۶ء، تا ۱۹۵۰ء، ۲: ۳۲ و بمواضع کثیرہ؛ (۳) الجندی: السلوک (مخطوطۂ پیرس، شمارہ Add. ۲۱۲۷، ورق ۱۸۵ ب تا ۱۸۶ الف)؛ (۴) الخزرجی: الکفایۃ (مخطوطۂ موزۂ بریطانیہ، عدد Or. ۶۹۴۱ ورق ۵۶ الف تا ۵۸ ب)؛ (۵) وہی مصنف: طراز (مخطوطۂ موزۂ بریطانیہ، شمارہ Or. ۲۴۲۵، ورق ۲۱۴ الف)؛ (۶) ابن المجاور: تاریخ المستبصر، در O. Löfgren: *Descriptio Arabial Meridionalis*، لائڈن ۱۹۵۱ء تا ۱۹۵۴ء، ص ۱۲۳ تا ۱۲۶۔

(C. L. Geddes)

* **بلال رضؓ بن رَباح**: جنہیں بعض دفعہ ان کی والدہ کی نسبت سے ابن حمامۃ بھی کہا جاتا ہے، نبی کریم صلّی اللہ علیہ و سلّم کے صحابی تھے اور حضور ؐ کے مؤذن کی حیثیت سے معروف و مشہور ہیں۔ بلال رضؓ حبشی (افریقی؟) نژاد تھے۔ مکۂ مکرمہ میں قبیلۂ بنو جمح کے درمیان [مقام] سراۃ میں غلام پیدا ہوئے۔ بعض روایتوں میں ان کا آقا اُمیّۃ بن خلف [رک بآن] بتایا گیا ہے، لیکن کہیں کہیں اس قبیلے کے کسی گمنام مرد یا عورت کو بھی ان کا آقا کہا گیا ہے۔ وہ سب سے پہلے ایمان لانے والوں میں سے تھے۔ بعض روایات میں ہے کہ بالغوں میں حضرت ابوبکر رضؓ کے بعد یہی مسلمان ہوئے۔ کہا جاتا ہے کہ غلام ہونے کی وجہ سے ان پر بہت سختیاں اور ظلم کیے گئے، خصوصاً امیّہ بن خلف نے انہیں سخت ایذائیں پہنچائیں، لیکن انہوں نے تمام مصائب بڑے صبر سے برداشت کیے اور اسلام کو نہیں چھوڑا۔ بالآخر حضرت ابوبکر رضؓ ان کی نجات کا سبب بنے۔ آپ نے حضرت بلال رضؓ کو خرید لیا یا اپنے ایک تندرست غلام سے بدل لیا جو مسلمان نہیں ہوا تھا۔ اس کے بعد بلال رضؓ ہمیشہ نبی اکرم صلّی اللہ علیہ و سلّم کی خدمتِ اقدس میں رہے۔

مدینۂ منوّرہ کو ہجرت کرنے کے بعد حضرت بلال رضؓ حضرت ابوبکر رضؓ اور بہت سے مکّی مسلمان بخار میں مبتلا رہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم نے بلال رضؓ اور ابو رویحہ رضؓ الخثعمی کے درمیان رشتۂ مؤاخاۃ قائم کر دیا۔ یہ وہی ابو رویحہ رضؓ ہیں جنہیں بلال رضؓ نے شام کی مہم پر جاتے وقت اپنا وظیفہ لینے کا مجاز منتخب کیا تھا۔ اس رشتۂ مؤاخاۃ کی بنا پر حضرت عمر رضؓ نے افریقہ کے وظیفہ لینے والوں کی فہرست قبیلۂ خثعم کے ساتھ منسلک کر دی تھی۔ ابن اسحٰق کی روایت کے مطابق اس کے زمانے میں شام میں بھی یہی صورت حال تھی۔

ہجرت کے پہلے سال جب نماز سے پہلے اذان دینے کا فیصلہ ہوا تو حضرت بلال رضؓ مؤذن مقرر ہوئے۔ وہ تمام غزوات میں آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم کے ساتھ شریک ہوئے۔ غزوۂ بدر [رک بآن] میں انہوں نے اُمیّۃ بن خلف اور اس کے بیٹے کو قتل کر دیا۔ . . .

حضرت بلال رضؓ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مؤذن ہی کی حیثیت سے زیادہ مشہور و معروف ہیں تاہم وہ آنحضرت ؐ کے عصابردار [رک بہ عنزۃ]، خازن اور ذاتی خادم بھی تھے اور بعض اوقات آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم کے معاون

marfat.com
Marfat.com

و پیش کار بھی ہوتے تھے ۔ مؤذّن کی حیثیت سے انھیں اس وقت عروج حاصل ہوا جب مسلمانوں نے مکّۂ مکرّمہ کو فتح کر لیا اور بلال رض نے پہلی مرتبہ کعبے کی چھت پر سے مومنوں کو نماز کی طرف بلایا ۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم کے وصال کے بعد حضرت بلال رض نے حضرت ابوبکر رض کے عہد میں بھی مؤذّن رہنا منظور کر لیا، لیکن جب حضرت عمر رض نے ان سے اس منصب پر قائم رہنے کو کہا تو وہ راضی نہ ہوے اور شام کی مہموں میں جا ملے اور زندگی کا باقی حصہ وہیں بسر کیا ۔ بعض مآخذ سے پتا چلتا ہے کہ انھوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ و سلم کے وصال کے بعد ہی مؤذّن کا منصب ترک کر دیا تھا اور اس کے بعد صرف دو موقعوں پر اذان دی ۔ پہلا موقع وہ تھا جب حضرت عمر رض جابیہ تشریف لے گئے اور دوسرا وہ جب خود بلال رض باز دید کے لیے مدینے آئے اور امام حسن رض اور امام حسین رض نے ان سے اذان دینے کے لیے کہا ۔ یہ دونوں موقعے رقت انگیز تھے ۔

حضرت بلال رض کو ان کی زندگی ہی میں بڑی عزّت حاصل ہوگئی تھی. . . اور جب حضرت عمر رض نے خالد بن ولید رض کے خلاف تحقیقات کرنے کے لیے اپنا ایک نمائندہ شام بھیجا تو حضرت بلال رض نے خلیفہ کے نمائندے اور متامّل سالار ابوعبیدۃ [رک بآن] دونوں کی مدد کی (بقول الطّبری، ۱ : ۲۵۲۷).

آپ کا حلیہ یہ بیان کیا جاتا ہے : قد لمبا اور کسی قدر خمیدہ، رنگ سیاہ، چہرہ پتلا، گھنے بال جن میں بہت سے سفید بال ملے ہوے تھے ۔ [ساٹھ سے اوپر عمر پائی] ۔ ان کی تاریخ وفات روایتوں میں ۱۷ھ/۶۳۹ء، ۱۸ھ/۶۳۹ء، ۲۰ھ/۶۴۲ء یا ۲۱ھ/۶۴۲ء بیان کی گئی ہے اور ان کا مدفن حلب یا بگمان غالب دمشق یا داریا بتایا گیا ہے.

**مآخذ** : (۱) ابن ہشام، بمدد اشاریہ؛ (۲) ابن سعد : طبقات، ۳/۱ : ۱۶۵ ببعد؛ (۳) الطّبری، بمدد اشاریہ؛ (۴) البلاذری، ۲ : ۵۴؛ (۵) ابن الأثیر، الکامل، بمدد اشاریہ؛ (۶) الیعقوبی، ص ۱۱، ۲۷، ۴۳، ۵۱، ۶۲، ۱۵۸، ۱۶۸؛ (۷) المسعودی : مروج، ۱ : ۱۳۶ تا ۱۳۷، ۳ : ۱۳۷ و ۱۵۵؛ (۸) ابن حجر : الاصابہ، ۱ : ۳۳۶ ببعد؛ (۹) اسد الغابۃ ۱ : ۲۰۶؛ (۱۰) النّووی [: تہذیب الاسماء]، ص ۱۷۶ تا ۱۷۸؛ (۱۱) [البلاذری: انساب الاشراف، ۱ : ۱۸۴ تا ۱۹۳؛ (۱۲) الذہبی : سیر اعلام النبلاء، ۱ : ۲۵۱ تا ۲۵۹؛ (۱۳) وہی مصنّف : تاریخ الاسلام، ۲ : ۳۱ ببعد؛ (۱۴) ابن حزم : جوامع السیرۃ، بمدد اشاریہ؛ (۱۵) الخولانی : تاریخ داریا، ص ۲۹؛ (۱۶) ابو نعیم : حلیۃ الاولیاء، ۱ : ۱۴۷].

(W. 'ARAFAT)

**بَلاوات** : ایک چھوٹا سا گاؤں جو موصل سے تقریباً سولہ میل جنوب مشرق کی طرف دیرمار بہنام قرہقوش شاہراہ پر واقع ہے ۔ یاقوت میں اس کا ذکر بَلاباذ کے عنوان کے تحت کیا گیا ہے اور لکھا ہے کہ ''یہ ایک گاؤں ہے جو موصل کے مشرق میں اس سے تھوڑے ہی فاصلے پر صوبۂ نینوا میں واقع ہے ۔ یہاں کاروان بہ کثرت آتے ہیں اور مسافروں کے لیے یہاں ایک سراے موجود ہے ۔ یہ دریاے دجلہ اور دریاے زاب کے درمیان ہے'' ۔ بلاوات عراق میں لواءِ موصل کے ناحیۂ حمدانیہ کے دیہات میں سے ایک گاؤں ہے ۔ اس کے اکثر باشندے مذہب شبک کے پیرو ہیں (قب احمد حامد الصّراف : الشّبک، ص ۱۰) ۔ بلاوات کی شہرت کا سبب صرف ایک تاریخی ٹیلا ہے، جو اس سے چند قدم پر واقع ہے ۔ اس ٹیلے کا نام ''تل بلاوات'' ہے اور یہ ان آشوری تاریخی مقامات میں سے ہے جو انیسویں صدی کی کھدائی میں نکلے تھے ۔ موصل کے ہرمزد رسام کو یہاں ۱۸۷۸ء میں آشوری بادشاہ شالمنیسر Shalmanessar، ثالث (۸۵۹

marfat.com
Marfat.com

تا ۸۲۴ق م) کے محل کے دو کانسی کے کواڑ ملے تھے، جنھیں موزۂ بریطانیہ لنڈن میں منتقل کر دیا گیا ۔ ان پر جو کتبے اور منظر کندہ ہیں وہ اس بادشاہ کے عہد کے پہلے ایک تہائی حصے کا نقشہ پیش کرتے ہیں اور نویں صدی قبل مسیح کے بعض حالات پر بھی روشنی ڈالتے ہیں ۔ بعض آشوری متون سے ظاہر ہوتا ہے کہ تل بلاوات کا قدیم نام اِمگور۔ اِنلل Imgur-Enlil تھا ۔

مآخذ: (۱) یاقوت، ۱ : ۷۰۷؛ (۲) ابن عبدالحق: مراصد، قاہرہ ۱۹۵۴ء، ۱ : ۲۱۴؛ (۳) آبدال: اللؤلؤ النضید، موصل ۱۹۵۱ء، ص ۲۱۳؛ (۴) Pinches : *Trans. Soc. Bibl. Arch.*، ۱۸۸۲ء، ۸۳ تا ۱۱۸؛ (۵) Birch و Pinches : *The Bronze Ornaments of the Palace Gates of Balawat* (۱۸۸۰ء تا ۱۹۰۲ء)؛ (۶) H. Rassam : *Asshur and the land of Nimrod*، نیو یارک ۱۸۹۷ء، ص ۲۰۰ بعد؛ (۷) Billerbeck و Delitzsch : *Die Palasttore Salmanassars II*، لائپزگ ۱۹۰۸ء؛ (۸) L. W. King : *Bronze Reliefs from the Gates of Shalmanesar King of Assyria*، لنڈن ۱۹۱۴ء ۔

(G. AWAD)

بُلای : (پولی Poley کی معرّب شکل) جو جنوبی ہسپانیہ میں ایک قلعے کا پرانا نام ہے، جس کی جگہ زمانۂ حال کا چھوٹا سا قصبہ اگوی لار ڈی لا فرنٹیرا Aguilar de la Frontera آباد ہے (جیسا کہ ڈوزی : *Rech.*، بار سوم، ۱ : ۳۰۷، نے ۱۲۵۸ء کے ایک فرمان میں مندرجہ اطّلاع کی بنا پر ثابت کیا ہے) ۔ یہ قرطبہ کے صوبے میں آبرہ Cabra اور الیشانہ Lucena سے بارہ میل شمال مغرب میں واقع ہے، اس شہر کا، جس نے مشہور و معروف عُمر بن حفصون [رک باں] کی قرطبہ کے اموی امرا کے خلاف بغاوت میں خاصا حصہ لیا تھا، دوبارہ ذکر بارھویں صدی کے جغرافیہ‌نویس الادریسی کے ہاں آیا ہے ۔ یہاں مسلمانوں کے زمانے کے ایک قلعے کے آثار ابھی تک دیکھے جا سکتے ہیں ۔

مآخذ: (۱) الادریسی: [نزہۃ المشتاق]، طبع اور ترجمہ از ڈوزی اور ڈخویہ de Goeje، متن، ص ۲۰۵، ترجمہ، ص ۲۵۳؛ (۲) ابن حیّان: المُقْتَبَس، مخطوطۂ بوڈلین، بمواضع کثیرہ؛ (۳) ڈوزی : *Histoire des Musulmans d' Espagne*، بار دوم، لائڈن ۱۹۳۲ء، ۲ : ۶۲ بعد؛ [(۴) وہی مصنف : *Recherches*، ۱ : ۳۰۷؛] (۵) Lévi-Provençal : *Hist. Esp. Mus.*، ۱ : ۳۳۸، ۳۷۲ تا ۳۷۶ ۔

(E. LÉVI-PROVENÇAL)

بِلْباس : C. J. Edmonds (ص ۲۲۰ تا ۲۲۲) کی روایت کے مطابق مَنْگُور، مامِش پیران، سِنّ اور رامک نامی پانچ قبیلوں کا وفاق ۔ کوہستانی مَنْگُور ایک اہم قبیلہ ہے جو فارس میں لاوِین (ایران میں زاب خرد کے بالائی حصے) کے دونوں کناروں پر آباد ہے ۔ میدانی مَنْگُور عراق میں رہتے ہیں جہاں ان کی دو شاخیں ہیں : مَنْگُور زُودِی اور مَنْگُور۔ ۱۔ رُوتہ [از عربی عُراۃ] (= برہنہ منگور) ۔ میدانی منگور کوہستانی منگور کے بڑے خاندان کے اقتدار کو تسلیم کرتے ہیں جن کا سردار میدان میں رہنے والے منگور پر حکومت کرنے کے لیے ہر سال ایک یا دو آدمی (جو اس کے اپنے خاندان کے نہ ہوں) مقرر کرتا ہے ۔ مامِش دوسرا اہم قبیلہ ہے جو فارس میں لاوِین کے مشرق اور منگور کے شمال میں آباد ہے ۔ ان کی ایک شاخ عراق میں بھی آباد ہے جو مامِش ۔۱۔ رِشکہ (سیاہ مامِش) کہلاتے ہیں ۔ قبیلۂ پیران ایک کوہستانی شاخ فارس میں منگور کے شمال اور لاوین کے مغرب میں اور دوسری شاخ عراق میں آباد ہے ۔ سِن اور رامک قبیلے جنھوں نے ایک زمانے میں نادر شاہ کی سوار فوج

marfat.com
Marfat.com

میں نام پیدا کیا تھا (کتاب مذکور، ص ۱۳۰) لیکن جنھیں بعد میں سلیم بابان (۱۷۳۳ تا ۱۷۰۷ء) نے شہرزور سے نکال دیا تھا (کتاب مذکور، ص ۱۳۲ تا ۱۳۳)، اپنی قدیم عظمت و شان کھو کر اب دریاے زاب کے قریب بتوین کے پانچ غریب دیہات میں آباد ھیں - قبیلۂ رامک کچل - و - کلہوہ سپی (گنجے اور سفید کلاہ) اور قتی ویسی شاخوں میں منقسم ھے.

بعض موقعوں پر [قبیلۂ] آجاق کو بھی بلباس ھی میں شمار کیا جاتا ھے جو عراق میں سنگور زودی کے اوپر آٹھ سرحدی دیہات میں آباد ھے - منورسکی Minorsky ''آجاق کا خضری'' کو بلباس میں شمار کرتا ھے، لیکن سن اور رامک قبیلوں کو ان میں شامل نہیں کرتا - بلباس قبائل کی شاخوں کی تقسیم کے لیے دیکھیے ایم - اے - زکی (خلاصة، ص ۳۹۱، ۳۰۷، ۳۳۷) - ویگنر Wagner کے ھاں (۲ : ۱۱۶، ۲۲۸)، جو ۱۸۵۲ء میں بلباس کے درمیان رہ چکا تھا، لیکن جو زیادہ‌تر Niebuhr (۱۷۶۶ء)، Rich (۱۸۳۶ - ۱۸۳۷ء) اور Ker Porter (۱۸۲۲ء) کے حوالے دیتا ھے، زیادہ مفصل معلومات ملتی ھیں - وہ لکھتا ھے کہ جب کبھی قبائلی معاملات پر بحث ھوتی ھے تو قبیلے کے ھر شخص کو اس کے حق میں یا مخالف بولنے کا مساوی حق حاصل ھوتا ھے - قتل کا خون بہا بائیس بیلوں کی صورت میں ادا کرنا پڑتا ھے - زنا کی سزا موت ھے - لڑکیوں کو دوسرے قبائل میں شادی کرنے کی قطعًا اجازت نہیں ھوتی، لیکن باھمی مناکحت کے [مضر] اثرات اغوا کے عام رواج کے باعث کم ھو جاتے ھیں - ایڈمنڈس C. J. Edmunds بلباس کی لڑکیوں کے رومانی کردار کی طرف خاص طور سے توجہ دلاتا ھے، لیکن اغوا کے حقیقی خطرے پر بھی زور دیتا ھے (ص ۲۲۰)، سرداران بلباس مزن (mazin) (بڑے) کہلاتے ھیں جیسے ویگنر Wagner نے مزن (muzzin) لکھا ھے - وراثت سردار کے اس بیٹے یا بھائی کی طرف منتقل ھوتی ھے جسے سب سے زیادہ بہادر تسلیم کیا جاتا ھے.

**مآخذ** : (۱) Rawlinson : ایک سفر کے حالات، در JRAS، ۲ : (۲) ویگنر Wagner : *Reise nach Persien u. dem lande der Kurden*، لائپزگ ۱۸۵۲ء؛ (۳) P. Lerch : *Forchungen über die Kurden, und iranischen Nordchaldäer*، سینٹ پیٹرزبرگ ۱۸۵۷ء تا ۱۸۵۸ء، ۱ : ۹۳ تا ۹۵؛ (۴) ایم - اے - زکی : خلاصة تاریخ الکرد و الکردستان، بغداد ۱۹۳۷ء؛ (۵) C. J. Edmonds : *Kurds, Turks, Arabs*، آوکسفرڈ ۱۹۵۷ء؛ (۶) B. Nikitine : *Les Kurdes*، پیرس ۱۹۵۶ء، بمدد اشاریه.

(B. Nikitine)

* **بُلْبُل** : [ھزار داستان، دستان سرا، مرغ چمن، عندلیب، گُلدُم؛ مذکر و مؤنث]؛ فارسی اور ترکی [اور اردو] ادب کے ایک بڑے حصے میں بلبل کا ذکر آتا ھے - اس پرندے کے امتیازی خصائص اس کی خوش‌آئند آواز اور نغمہ ھیں - آزاد کا بیان ھے گلاب کے موسم میں اس کی پرسوز آواز رات بھر گونجتی رھتی ھے - صبح صادق سے قبل کے چند گھنٹوں میں اس کے نغموں سے جیسے جان سی پڑ جاتی ھے - وہ عاشق گل (گلاب) ھے - عاشق کے مانند اس کی سرشت میں گویا محبت کو غالب‌ترین جذبے کی حیثیت حاصل ھے اور یہ جذبہ اس کے باقی تمام خصائل کے لیے محور کا کام دیتا ھے [اس کی تفصیل کے لیے دیکھیے محمد حسین آزاد : سخندان فارس].

فارسی ادب میں شعراء نے اپنے اپنے میلان طبیعت کے مطابق بلبل کا ذکر کیا ھے - بعض کے ھاں یہ پرندہ ایک ایسے عشق کے راگ الاپتا ھے جس کا کوئی مقصد نہیں اور بعض کے

Marfat.com

ہاں یہ ایسے عشق مجازی کا ترجمان یا علامت ہے جو عشق حقیقی کے راستے کی ایک منزل ہے ۔ تصوف کی کتابوں میں اس کا مفہوم سمجھنے کے لیے فریدالدین عطّار [رکّ بآں] (م ۶۲۷ھ/۱۲۲۹-۱۲۳۰ء) کی منطق الطّیر (۵۸۳ھ / ۱۱۸۷-۱۱۸۸ء) کا مطالعہ ضروری ہے ۔ اس تصنیف میں بلبل کا خاص وصف یہ بیان کیا گیا ہے کہ وہ مست ہے اور عشقِ گل میں کامل ہونے کے باعث اپنا مادّی وجود فنا کر دینے پر آمادہ (دیکھیے Garcin de Tassy : *Le langage des oiseaux*) ۔

فارسی شاعر خواجوِ کرمانی [رکّ بآں] (۶۷۹ھ/ ۱۲۸۰ء تا ۷۵۲ھ/۱۳۵۱ء) نے اپنی کتاب روضۃ الانوار میں اس ''مرغِ چمن'' کے بارے میں لکھا ہے کہ یہ پرندہ جذبۂ عشق و آرزو میں مبتلا، رات کے وقت نغمہ ریز ہوتا ہے اور نیند اڑا دیتا ہے ۔ اس کے بعد وہ گل و بلبل کو افسانوی عشاق وامق و عذرا [رکّ بآں] کے مماثل قرار دیتا ہے ۔ ایک قطعے میں سعدی شیرازیؒ (م ۶۹۰ھ/ ۱۲۹۱ء یا ۶۹۱ھ/ ۱۲۹۲ء) نے، جو اکثر اوقات اور علی الخصوص اپنی غزلوں میں بلبل کا ذکر کرتے رہے ہیں، سچا عاشق پروانے کو قرار دیا ہے ۔ حزین لاہجی (م ۱۱۸۰ھ / ۱۷۶۶ء) نے ان الفاظ میں بلبل اور پروانے کا فرق واضح کر دیا ہے : ''بلبل اس لیے فریادی ہے کہ اس نے تازہ تازہ محبت کرنا سیکھا ہے؛ ہم نے پروانے کے منہ سے کبھی کوئی آواز نہیں سنی''۔ مولانا رومی یزدی کی ایک کتاب (تذکرۂ شاہ محمد قزوینی) میں بھی گل و بلبل اور شمع و پروانہ کا مناظرہ درج ہے ۔ فارسی شاعر زمان یزدی نے بھی بلبل اور پروانے کا مقابلہ کیا ہے ۔

دیگر شعرائے فارسی کی طرح حافظ (م ۷۹۱ھ/ ۱۳۸۹ء) نے اپنے ایک شعر میں بلبل کو مقاماتِ معنوی کا درس دینے والا پرندہ قرار دیا ہے :

[بلبل ز شاخِ سرو بگلبانگِ پہلوی
می‌خواند دوش درسِ مقاماتِ معنوی]

محمود غزنوی کے ایک درباری شاعر فرّخی سیستانی (م ۴۷۰ھ / ۱۰۷۷ء) بھی تصور میں بلبل کو شاخِ سرو پر دیکھتا ہے اور کہتا ہے : ''بلبلیں گویا خطیب ہیں جو درختوں پر سے خطبہ ارشاد کرتی ہیں''، یا ''اب بلبل سرو پر بیٹھے توریت کی تلاوت کر رہے ہیں''۔

اپنے ایک قصیدے میں منوچہری (م بعد از ۴۲۳ھ/ ۱۰۳۲ء) اس کے نغمے کی ایک دینی تعبیر کرتا ہے :

[قدح و بُلبله را سر بسجود آور زود
که همی بُلبل بر سرو زند بانگ نماز]

اور اس کی تائید میں اس کے دیوان میں کئی اشعار موجود ہیں۔

فارسی کے صوفی شاعر محمد شیرین مغربی (م ۸۰۹ھ / ۱۴۰۶ء) نے بلبل کی مثال روح سے دی ہے جو گوشت پوست کے قفس میں اسیر ہے ۔ یہاں گوشت پوست کا قفس وہ نفس ہے جو عالمِ وحدت سے عالمِ عناصر میں آ گرا ہے ۔ ایک اور صوفی شاعر کمال خُجَندی (م ۸۰۳ھ / ۱۴۰۰ء) نے بلبل کی ایک اور خصوصیت پیدا کی ہے : ''کمال گل رخوں کی محبت میں مبتلا ہوئے بغیر غزل نہیں کہتا اور بلبل مخمور ہوئے بغیر گاتا نہیں''۔ سعدی نے بھی ایک غزل میں بلبل اور بہار کو پہلو بہ پہلو پیش کیا ہے : ''درختوں پر شگوفے پھوٹ رہے ہیں، بلبل مست ہیں، دنیا جوان ہو گئی ہے، عشاق طرب و شادمانی میں مستغرق ہیں''۔ سعدی کی نظر میں بلبل در اصل بہار کا نقیب ہے؛ اس کے بر عکس اُلّو بری اور منحوس خبر لاتا ہے ۔ ہلالی چغتائی (م ۹۳۹ھ/ ۱۵۳۲ء) نے بھی ایک شعر میں یہ فرق بیان کیا ہے : ''بلبل باغ میں

marfat.com
Marfat.com

آشیانہ بناتا ہے اور اُلو کھنڈروں اور ویرانوں میں ؛ ہر شخص اپنا گھر اپنی خواہشات کے مطابق تعمیر کرتا ہے''۔ اس سلسلے میں اس ضرب المثل کا ذکر کرنا ناموزوں نہ ہوگا کہ ''بلبل کے سات بچوں میں سے صرف ایک بلبل [ہزار داستان] بنتا ہے'' (دہخدا : امثال و حِکم).

''سَبکِ ہندی'' میں لکھنے والے شعرا کو بلبل سے اور بھی نازک و لطیف صنائع پیدا کرنے کا موقع مل گیا ہے ۔ اس ادب میں، جو عمومی طور پر تصوف کے رنگ میں ڈوبا ہوا ہے، بلبل کو عشق مجازی اور عشق حقیقی کے مابین ایک مقام حاصل ہے ۔ سترھویں صدی کے شاعر شوکت بخاری نے بلبل کے متعلق اپنی ایک غزل میں یوں سخن‌سرائی کی ہے : ''محبوب کب تک اپنے عشاق کو، جو اس کے اسیر ہیں، پہچاننے سے اغماض برتےگا ؟ جب بلبل ملول ہو کر آنسو بہاتا ہے تو اس کا آشیاں پھولوں بھری ٹوکری سے مشابہ نظر آنے لگتا ہے ۔ شاخ گل ہی پر اپنا دکھتا ہوا سر ٹیک کر بلبل آرام پا سکتا ہے''.

یہ خیال کہ بلبل کو اس کی خوش آوازی کے باعث پکڑ کر پنجرے میں قید کر لیا جاتا ہے، ادب میں بھی بار پا گیا ہے؛ چنانچہ ترکی شاعر بیگدلی (۱۱۳۴ھ / ۱۷۲۲ء تا ۱۱۹۵ھ / ۱۷۸۱ء) کے ایک شعر کا ترجمہ یہ ہے : ''اپنے نالہ و فریاد کی وجہ سے اسے گرفتار کر لیا جاتا ہے اور وہ اپنی آزادی سے محروم ہو جاتا ہے''.

اس پرندے کا تذکرہ ترکی کی قدیم‌ترین تصانیفِ ادب میں ملتا ہے ۔ متعدد ترکی بولیوں میں بلبل کے حسب ذیل نام ہیں : [قدیم ترکی شاعر یوسف خاص حاجب کی] قتدغو بلگ میں (جو ۱۰۶۹ - ۱۰۷۰ء میں لکھی گئی) : سنوچ، سینوچ، سندوچ؛ دوسری بولیوں میں سدوگچ (قازقی میں گچ)، سندگچ (.Tel)، سندوچ (.Rab) سندلچ (.S.S) ۔ شیخ سلیمان بخاری چغتائی نے اپنی لغت میں اس لفظ کی نسبت لکھا ہے کہ یہ عندلیب (nightingale) کی طرح کا ایک پرندہ ہے اور تشریح یوں کی ہے کہ یہ زردک ہے ۔ قتدغو بیلگ (۱۰۶۹ - ۱۰۷۰ء) کے مطابق ''گلستان میں بلبل ہزار آوازوں سے گاتا ہے (ہزار داستان)، گویا کہ وہ شب و روز مزامیر کی تلاوت کر رہا ہو'' (شعر ۸۷).

عہدِ اسلامی کے شروع ہونے پر ترکی ادب میں سندوچ کا لفظ رفتہ رفتہ متروک ہو گیا اور اس کی جگہ ''عندلیب''، ''ہزار'' (صرف قدیم کتابی ادب میں) اور ''بلبل'' (کتابی اور عوامی ادب دونوں میں) جیسے الفاظ استعمال ہونے لگے۔ عوامی ادب میں بلبل گل کا عاشق ہے؛ یہ ایک اجنبی ہے، جو موسم بہار میں رات کو اور صبح صادق سے قبل گاتا ہے (قرہ جہ اوغلان) ۔ عوامی اور کتابی ادب دونوں میں اسیرِ قفس بلبل کو جسم میں گرفتار روح سے تشبیہ دی جاتی ہے ۔ ترکی دواوین شعر میں بلبل کے جو خصائل بیان کیے گئے ہیں وہ مثنوی گل و بلبل میں بھی دیکھے جا سکتے ہیں ۔ یہ مثنوی فضلی نے سلطان سلیمان کے بیٹے مصطفی کے لیے تصنیف کی تھی (۹۶۰ھ / ۱۵۵۳ء) ۔ اس کے مطابق بلبل ایک دل‌فگار اور مضطرب درویش ہے ۔ اس کی فطرت عشق ہے ۔ اس کی آواز دل‌کش، اطوار پاکیزہ اور پسندیدہ ہیں ۔ بذلہ سنج و میخوار ہے ۔ کوچۂ عشق کے پھیرے لگاتا رہتا ہے ۔ عشق نے اس کے آئینۂ دل کو مجلا کر دیا ہے ۔ درویشوں کی طرح وہ صوف کے جبے میں ملبوس رہتا ہے تا کہ صوف کے نیچے کا آئینہ زنگ آلود نہ ہونے پائے ۔ معرکہ‌آرائی کے بعد گل و بلبل کا وصال ہو جاتا ہے ۔ اس تصنیف میں فضلی

marfat.com
Marfat.com

نے بلبل کے پردے میں ایک خاص صوفیانہ تصور پیش کیا ہے ۔ اس تمثیلی قصے میں بلبل سے دل مراد ہے اور گل سے نفس ۔

جب ہم سترھویں صدی کے دواوین اشعار کا مطالعہ شروع کرتے ہیں تو بلبل ایک ایسے عاشق کے روپ میں نظر آتا ہے جو آتش عشق میں جل رہا ہو ۔ شاعری میں اس تصور کو یوں پیش کیا جاتا ہے کہ گل باعتبار رنگ آگ سے مشابہ ہے ۔ یہ بلبل کے آگ لگاتا اور اسے جلا کر خاکستر کر ڈالتا ہے ۔ بلبل کا رنگ خاکستری ہے ۔

نائلی (م ۱۶۳۴ء) اور نشاطی (م ۱۶۷۴ء) کی غزلیں، جن کی ردیف ''بلبل'' ہے، دونوں اس عہد کے ادب میں بڑا مقام اور سَبک ہندی کی طرف میلان رکھتی ہیں ۔ نائلی کی غزل کا مقطع گل و بلبل میں صوفیانہ رابطے کا انکشاف ہے ۔ بارھویں / اٹھارھویں صدی میں ندیم (م ۱۱۴۳ھ / ۱۷۳۰ء) نے اپنی متعدد نظموں میں بلبل کا ذکر کیا ہے ۔ ایک غزل میں، جس کی ردیف بھی بلبل ہے، وہ لکھتا ہے : ''یہ نہ سمجھیے کہ بلبل کا آشیاں اشکہاے خونیں سے لبریز ہے ۔ یہ آشیاں تو سرخ روشنائی کی ایک دوات ہے، جو اسرار شوق کے قلمبند کرنے کے لیے تیار کی گئی ہے ۔ یہ نہ خیال فرمائیے کہ ساقیِ بہار نے گلاب پر شبنم انڈیلی ہے، اس نے تو ساغرِ بلبل مے سے لبریز کیا ہے'' ۔

'تنظیمات' کے بعد 'انجمنِ شعرا' کے شاعروں کے ہاں، جو قدیم ادب کی پیروی کرتے تھے، بلبل کے مضمون میں کوئی جدّت پیدا نہیں کی ۔ فارسی شعرا میں سے مغربی کی طرح ترکی میں ہرسِکلی عارف حکمت (۱۸۳۹ تا ۱۹۰۳ء) نے اپنی ایک نظم بعنوان حسب حال میں بلبل کو بالکل صوفیانہ نقطۂ نظر سے دیکھا ہے ۔ رجائی زادہ کی نظم، جس کی ردیف ''بلبل'' ہے، اس کے قنوطی مزاج اور کمزور استعداد شعری کے سطحی آثار کی غمازی کرتی ہے ۔ اس میں کوئی نئی بات بھی نہیں، لیکن عبدالحق حامد (رك بآں) نے اپنی نظیرہ میں، جو ھرسکلی کی حسب حال کے جواب میں ہے، اور اپنی نظم ''ہائڈ پارک میں پھرتے ہوے'' میں مقتضاے زمانہ کے مطابق بلبل کے بارے میں نئے خیالات پیش کیے ہیں : ''صبح کے وقت یہ اذان بلند کرتا ہے ۔ اس کا آشیانہ تاریکی میں حب الوطنی کی علامت فائقہ ہے ۔ اس کے نغمے عشقیہ قصائد کے لیے نمونے کا کام دیتے ہیں ۔ اس کے اظہار حال کی ہیئت اتنی ہی جدید ہے جتنا جدید ادب (تجدّد ادبیاتی) ۔ یہ خدا کا شاعر ہے ۔ اس کے قصیدے اوراق فطرت سے پڑھے جاتے ہیں'' (نظیرۂ حسب حال) ۔ [یہ تمام تصورات جو بلبل کے ساتھ فارسی اور ترکی شاعری میں وابستہ ہیں وہ اردو میں بھی موجود ہیں اور ہر عہد کے شاعروں نے اس پر طبع آزمائی کی ہے ۔

**مآخذ** : متن میں آ گئے ہیں] ۔

(Ali Nihat Tarlan)

**بلبن** : غیاث الدین خاندانِ غلاماں کا نامور بادشاہ، سلطنت دہلی کا فرمانروا (۶۶۴ - ۶۶۵ھ / ۱۲۶۶ء تا ۶۸۶ھ / ۱۲۸۷ء) ۔ وہ اصلاً البری ترک تھا ۔ یہ وہی قبیلہ ہے جس سے خود التتمش (رك بآں) کا تعلق تھا ۔ اس کا باپ ایک قبیلے کا سردار تھا ۔ بلبن منگولوں کے حملے میں گرفتار ہوا اور بغداد میں خواجہ جمال الدین بصری کے ہاتھ بکا، جو اسے دہلی لے آئے ۔ یہاں اسے شمس الدین التتمش (۶۰۷ھ / ۱۲۱۰ء تا ۶۳۳ھ / ۱۲۳۵ء) نے خرید لیا ۔ اپنی ذہانت اور معاملہ فہمی کی بنا پر وہ سلطان کا خاصہ بردار بن کر ترکان چہل‌گانی میں شامل ہوا ۔ رضیہ سلطانہ کے عہد ۶۳۴ھ / ۱۲۳۶ء تا ۶۳۷ھ / ۱۲۳۹ء) میں اسے میر شکار کا عہدہ ملا ۔

marfat.com
Marfat.com

خود بادشاہ بننے سے پہلے بلبن نے سلاطین کے ماتحت مختلف خدمات انجام دیں ۔ سلطان ناصر الدین محمود (۶۴۴ھ / ۱۲۴۶ء تا ۶۶۴ھ / ۱۲۶۵ء) نے اسے اپنا نائب المالک بنا دیا ۔ اس سے قبل وہ منگولوں کے حملوں کو کامیابی سے روک چکا تھا (۱۲۴۵ء) اور سرکش امرا کے خلاف اپنے حسن تدبر و سیاست کا سکہ بٹھا چکا تھا ۔ اب نائب الممالک ہو کر وہ سیاہ و سفید کا مالک بن گیا اور خدمات شائستہ انجام دیں ۔ وہ ایک مرتبہ مقہور بھی ہوا، لیکن سلطان نے اسکے اثر و رسوخ اور دوسرے حالات کی وجہ سے دوبارہ دربار میں بلا لیا ۔ سلطان کی وفات کے بعد وہ تخت دہلی پر متمکن ہو گیا (۶۶۴ یا ۶۶۵ھ / ۱۲۶۶ء).

بلبن کی زندگی کے اہم واقعات تو بہت سے ہیں، لیکن چند نمایاں طور سے قابل ذکر ہیں، مثلاً اس نے اپنی سلطنت کو منگولوں کے حملوں سے محفوظ رکھنے کے لیے شمالی اور شمال مغربی سرحدوں کو بہت مستحکم کیا ۔ ۶۶۹ھ / ۱۲۷۰ء میں وہ خود لاہور آیا اور شہر اور قلعے کو از سر نو مستحکم کیا ۔ سندھ اور ملتان میں بھی ایسے انتظامات کیے کہ منگولوں کے حملے خاصی مدت تک ناکام رہے ۔ ان سرحدوں کی حفاظت کے فرائض خصوصیت سے اپنے فرزند شہزادۂ محمد کے سپرد کیے، جیسا کہ آگے چل کر ذکر آئے گا.

بلبن نے ملک کو قزاقوں اور رہزنوں سے پاک کرنے کے لیے بڑے بڑے اقدامات کیے اور ملک اودھ کے بڑے بڑے جنگل کٹوا کر کٹھیر (بداؤن) اور کنپل (فرخ آباد) وغیرہ کو قزاقی سے پاک کیا.

۶۷۷-۶۷۸ھ / ۱۲۷۹ء میں حاکم بنگالہ طغرل خان نے، جو بلبن کا غلام تھا اور اس کی شجاعت کی وجہ سے بنگال کے لیے اسے منتخب کیا گیا تھا، اپنے نادان مشیروں کے مشورے سے علم بغاوت بلند کرکے سلطان مغیث الدین کے لقب سے اپنی بادشاہی کا اعلان کر دیا ۔ بلبن نے اس کی سرکوبی کے لیے پہلے امیر خان کو بھیجا، مگر اسے طغرل نے شکست دے دی ۔ پھر ایک آدھ ناکام کوشش اور ہوئی ۔ آخر میں بلبن نے خود فوج کشی کی ۔ دہلی کے امور سلطنت ملک فخرالدین کے سپرد کیے اور شمالی سرحدوں کی حفاظت شہزادۂ محمد کو تفویض کرکے ایک لشکر جرار لے کر لکھنوتی کی طرف بڑھا ۔ طغرل اس خبر کے سنتے ہی بھاگ نکلا، مگر اس کی تلاش جاری رہی ۔ آخر وہ گرفتار ہو کر قتل ہوا اور اس کے ساتھ اس کے ہوا خواہوں اور حلیفوں کو بھی عبرت ناک سزائیں ملیں، جن کی تفصیل مؤرخ برنی نے اپنی تاریخ فیروز شاہی میں دی ہے ۔ بلبن نے جس سختی اور درشتی سے اس بغاوت کو فرو کیا اس کا ایک نتیجہ یہ نکلا کہ ملک بھر میں اس کا رعب قائم ہو گیا اور استحکام سلطنت میں اس سے بڑی مدد ملی ۔ اس کے بعد بلبن نے بنگالے کی گورنری اپنے بیٹے بغرا خان کے سپرد کی.

۶۸۳-۶۸۴ھ / ۱۱۸۵ء میں بلبن کو اپنے بہادر فرزند شہزادۂ محمد کی شہادت کے غم انگیز واقعے سے دو چار ہونا پڑا ۔ یہ شہزادہ بارہ تیرہ سال سے شمالی اور شمال مغربی سرحدوں پر منگولوں کے خلاف کامیاب مدافعت کر رہا تھا ۔ سال مذکور میں منگولوں نے تمر خان؟ (تیمور خان) کی قیادت میں پھر حملہ کیا، مگر شکست کھائی ۔ شہزادے نے تعاقب جاری رکھا ۔ یہاں تک کہ اپنے لشکر سے خاصا دور نکل آیا ۔ ناگہ گھات میں بیٹھے ہوئے منگولوں نے محاصرہ کر لیا ۔ اس آویزش میں شہزادہ اور اس کے رفقا شہید ہو گئے ۔ اس واقعے سے بلبن بے حد مغموم ہوا اور ملک کے عوام بھی غم زدہ ہوئے ۔ شعرائے عصر اور خسرو اور حسن نے مرثیے

marfat.com
Marfat.com

لکھے ۔ کہتے ھیں کہ اس مہم میں امیر خسرو بھی گرفتار ھوگئے تھے اور انھیں دو سال کے بعد رھائی نصیب ھوئی۔

شہزادۂ محمد کی شہادت نے بلبن کی کمر ہمت توڑ ڈالی ۔ اب وہ چاھتا تھا کہ بغرا خان کو اپنا جانشین بنائے۔ مگر بغرا خان رضامند نہ ھوا ۔ اس کے بعد شہزادۂ محمد کے فرزند کیخسرو کو نامزد کیا۔ مگر بلبن کے انتقال کے بعد امرا نے اس کے بجائے بغرا خان کے بیٹے کیقباد کو سلطان بنا دیا (۶۸۶ھ / ۱۲۸۵ء)؛ لیکن وہ بھی کامیاب ثابت نہ ھوا ۔ امیر خسرو کی مثنوی قران السعدین باپ (بغرا خان) اور بیٹے (کیقباد) کی باھم ملاقات کی روداد ھے ۔ بغرا خان بنگالہ سے اپنے بیٹے کو سلطان بننے پر مبارکباد پیش کرنے کے لیے دہلی کی طرف بڑھا تھا اور کیقباد استقبال کے لیے پورب کی طرف (تفصیل کے لیے دیکھیے، مقدمۂ قران السعدین، سلسلۂ خسرویہ، علی گڑھ) ۔ امرا نے پھر کیقباد کے نابالغ فرزند شمس الدین کیومرث کو بادشاہ بنا دیا، مگر جلال الدین خلجی نے اسے مروا ڈالا اور خود بادشاہ بن گیا ۔ اس طرح ۶۸۹ھ/۱۲۹۰ء (بروایت برنی: ۶۸۸ھ و فرشتہ: ۶۸۷ھ) میں خاندان شمسی (=خاندان غلامان) کا خاتمہ ھو گیا۔

بلبن بڑا مدبّر اور باھمت سپہ سالار اور بعد میں ایک ھوشمند اور رعب و جلال والا حکمران ثابت ھوا ۔ سخت گیر ھونے کے باوجود وہ منصف مزاج بھی تھا اور شوکت و دبدبہ کو لازمۂ جہان داری سمجھتا تھا ۔ اس کے باوجود، ذاتی عادات میں وہ ایک نیک اور پرھیزگار بادشاہ تھا ۔ مشائخ اور اہل علم کا احترام کرتا تھا ۔ اور علما کے مواعظ میں شریک ھوتا تھا ۔ اسے ھندوستان میں اسلامی سلطنت کے عظیم معماروں میں شمار کیا جا سکتا ھے ۔

**مآخذ:** (۱) خسرو: قران السعدین (سلسلۂ کلیات خسروی، علی گڑھ)، طبع حسن برنی، ۱۹۱۸ء؛ (۲) ضیا برنی: تاریخ فیروز شاھی، طبع سر سید، کلکتہ ۱۸۶۰ - ۱۸۶۲ء؛ (۳) یحیی بن احمد سرھندی: تاریخ مبارک شاھی، طبع ھدایت حسین، کلکتہ ۱۹۳۱ء؛ (۴) عصامی: فتوح السلاطین، طبع آغا مہدی حسن، آگرہ ۱۹۳۸ء؛ (۵) نظام الدین بخشی: طبقات اکبری، کلکتہ ۱۹۱۳ء؛ (۶) بداؤنی: منتخب التواریخ، کلکتہ ۱۸۶۴ - ۱۸۶۹ء؛ (۷) فرشتہ: گلشن ابراھیمی، مطبوعۂ نولکشور، لکھنؤ ۱۸۶۴ - ۱۸۶۵ء؛ (۸) Elliot و Dowson: *History of India.....*، طبع کلکتہ؛ (۹) ذکاء اللہ: تاریخ ھندوستان، ج ۱؛ (۱۰) سیّد ھاشمی فرید آبادی: تاریخ پاکستان و بھارت، مطبوعۂ انجمن ترقی اردو کراچی، ۱: ۱۹۶ ببعد؛ (۱۱) ایشوری پرشاد: *History of Medieval India...*، الٰہ آباد ۱۹۲۵ء۔

[ادارہ]

* **بِلْبَیْس:** مصر کا ایک شہر، جو ازمنۂ وسطٰی میں اپنے محلِ وقوع کے اعتبار سے بڑی اھمیت رکھتا تھا ۔ اس کا نام قبطی زبان کے لفظ فلبیس Phelbès سے مأخوذ ھے ۔ عرب مصنفوں نے اس کے تلفظ میں شبہہ ظاھر کرتے ھوے اسے بُلْبَیس یا بِلِیبس بھی کہا ھے ۔ [مشرق کی طرف سے آنے والے] حملہ آوروں کے عین راستے پر واقع ھونے کی وجہ سے یہ شہر ھمیشہ ان فوجوں کی آماجگاہ رھا جو مصر فتح کرنے کی غرض سے آتی تھیں ۔ سب سے پہلے ۱۹ھ/ ۶۴۰ء میں عربوں نے اس کا محاصرہ کیا، جو یہاں ایک مہینے تک خیمہ زن رھے ۔ صلیبی جنگوں کے دوران میں ایوبی سلاطین کی باھمی جنگوں کے اثنا میں اموری افرنگی (Amalric) نے اس شہر کا محاصرہ کیا ۔ یہی وجہ تھی کہ اس کی فصیل کو ھمیشہ درست حالت میں رکھا جاتا تھا ۔ اسی طرح یہ شہر دارالحکومت سے فلسطین جانے والی افواج کی پہلی منزل بھی تھی اور

marfat.com
Marfat.com

فوجیں اکثر یہاں پڑاؤ ڈالتی تھیں ۔ الدِمَشقی نے اسے ''باب الشام'' کہا ہے ۔ بوزنطیوں کے خلاف ایک خوفناک فوجی نقل و حرکت کے دوران میں فاطمی خلیفہ العزیز یہاں بیمار پڑا، یہیں اس کا انتقال ہوا اور یہیں خلافت اس کے بیٹے الحاکم کے سپرد کی گئی۔

بلبیس ڈاک لے جانے والے ہرکاروں کے راستے پر واقع تھا اور نامہ بر کبوتروں کا بھی مرکز تھا ۔ موجودہ زمانے تک یہ صوبۂ شرقیہ کا دارالحکومت تھا، لیکن انیسویں صدی میں زقازیق نے اس کی جگہ لے لی ۔

۱۰۹ھ / ۷۲۷ء میں مصر کے منتظمِ مالیات نے قبیلۂ قیس کے ایک حصے کو بلبیس کے علاقے میں آباد کیا ۔ اس قبیلے نے، جو تعداد میں تقریباً تین ہزار افراد پر مشتمل تھا، شتربانوں کی حیثیت سے تجارتی آمد و رفت میں بڑی مدد دی اور ایک ایسی فوج کی صورت اختیار کی جسے جنگ کے لیے تیار کیا جا سکتا تھا ۔ اس مقصد کے لیے نظرِ انتخاب بلبیس پر پڑی، کیونکہ یہاں کی آبادی گنجان نہ تھی ۔ یہاں کے پہلے باشندوں کو کوئی نقصان نہیں پہنچایا گیا اور محصولات کی وصولی میں بھی کمی کا کوئی اندیشہ پیدا نہیں ہوا ۔

**مآخذ**: (۱) ابن عبدالحکم، ص ۵۹؛ (۲) الکندی، ص ۸، ٦۷ تا ۷۷، ۹۴، ۱۰۴، ۱۸۰؛ (۳) ابن حَوْقَل، ۱ : ۱۴۴؛ (۴) المُقَدّسی، ص ۲۱۴؛ (۵) ابن مُیَسَّر، ص ۳۸، ۵۲ (در JA، ۱۹۲۱ء، ص ۱۱، ۱۰۴)؛ (٦) القلقشندی، ۴ : ۲۷ و ۱۴ : ۳۹۲، ۳۹٦؛ (۷) Gaudefroy-Demombynes : *La Syrie*، ص ۲۰۵ تا ۲۰٦؛ (۸) Björkman : *Gesch. der Staatskanzlei*، ص ۱۰۰؛ (۹) اَلْمَقریزی، طبع Weit، ۳ : ۱۸۸، ۲۲۴ تا ۲۲٦ و ۴ : ۳۳ (حاشیہ ۱)، ۸۵؛ (۱۰) عُمارة الیمنی، ج ۲، فرانسیسی حصہ، ص ۱۳۳؛ (۱۱) *Précis d' Histoire d' Egypte*، ۲ : ۸۳، ۱۰۹، ۱۳۰، ۱۳۷، ۱۹٦؛ (۱۲) *Histoire de la Nation Egyptienne*، ۴ : ۵۷، ۱۷۱، ۱۹۵، ۲۹۱، ۳۵۹؛ نیز (۱۳) مکمل و جامع مآخذ در Maspero و Wiet : *Matériaux pour servir à la Géographie de l' Égypte*، ص ۴۵ تا ۴۷.

(G. Wiet)

**بَلْتِسْتان**: جس کا ذکر مسلمان مصنفوں نے ''تبتِ خُرد''، یعنی چھوٹا تبت کے نام سے کیا ہے اور جو ۳۴ درجے اور ۳٦ درجے شمال اور ۷۵ درجے اور ۷۷ درجے مشرق میں گلگت اور لدّاخ کے درمیان واقع ہے اور دریاے سندھ کے دونوں کناروں پر کوئی ڈیڑھ سو میل تک ۸۵۲۳ مربع میل، کے رقبے میں پھیلا ہوا ہے ۔ یہ ایک کوہستانی علاقہ ہے جس کی کچھ چوٹیاں دنیا کی بلندترین چوٹیاں ہیں : گوڈوِن آسٹن Godwin Austen، یعنی K2، اٹھائیس ہزار دو سو پچاس فٹ، اسے ۱۹۵۴ء میں تسخیر کیا گیا؛ گیشربرم Gasherbrum، چھبیس ہزار چار سو ستر فٹ، جو ۱۹۵۸ء میں تسخیر ہوئی اور ہرموش Haramosh، چوبیس ہزار فٹ ۔ اس کا سب سے بڑا شہر سکردو Skardu ہے، جہاں ۱۹۵۱ء میں بجلی لگائی گئی ۔ یہاں ایک چھوٹا سا ہوائی اڈّا، جدید طرز کا ایک ہسپتال اور متعدّد مدرسے ہیں ۔ حال ہی میں یہاں ایک نیا بازار تعمیر ہوا ہے ۔

بلتیوں کو آٹھویں صدی ہجری / چودھویں عیسوی میں سری نگر (کشمیر) کے سیّد علی ہمدانی نے اور کسی حد تک ان کے خلیفہ سیّد محمّد نور بخش نے مسلمان کیا ۔ وہ بلحاظ مذہب شیعہ ہیں [اور عام طور پر نور بخشی کہلاتے ہیں ۔ حنفی اور اہل حدیث مسلک کے پیرو بھی موجود ہیں اور ان کے اپنے دینی دارالعلوم بھی ہیں] ۔ ان کے ہمسائے ہُنزہ آغا خان کے پیرو ہیں ۔

Marfat.com

بلتستان والوں کی زبان لداخی اور تبتی زبانوں کی مخلوط صورت ہے۔ اس میں عربی اور فارسی الفاظ کی بھی قدرے آمیزش ہے، جو اسلامی اثر و نفوذ پر دلالت کرتے ہیں۔

بلتستان کے قدیم حکمرانوں کو راجا یا گیالپو کہتے ہیں۔ ان میں سے زیادہ مشہور علی شیرخان ہے، جس نے دسویں صدی ہجری/سولھویں صدی عیسوی میں ناموری حاصل کی۔ سکردو کا قلعہ بھی اسی کا بنوایا ہوا ہے۔ آس پاس کے علاقوں پر اس کی مہموں کا ذکر مقامی عوامی گیتوں میں اب تک ملتا ہے۔ گیارھویں صدی ہجری / سترھویں صدی عیسوی کے اوائل میں ایک اور گیالپو علی میر نے، جو سکردو کا سردار تھا، بلتیوں کے وطن پر حملہ کر کے اسے فتح کیا۔ آخری گیالپو احمد شاہ نے ۱۸۴۰ء میں ڈوگرا جرنیل زور آور سنگھ سے شکست کھائی اور اس طرح ان کی آزادی کا خاتمہ ہوا؛ بلتستان کشمیر میں شامل کر لیا گیا، جس پر ان دنوں راجا گلاب سنگھ کی حکومت تھی۔ ۱۸۴۶ء میں معاہدۂ امرتسر کی رو سے یہ انگریزوں کے قبضے میں آ گیا اور وزارتِ لداخ کے تحت کر دیا گیا۔

فروری ۱۹۴۸ء میں بلتستان کے باشندوں نے مہاراجا کشمیر کے اقتدار کو تسلیم کرنے سے انکار کر دیا اور حکومت پاکستان سے درخواست کی کہ ان کے علاقے کا انتظام اپنے ہاتھ میں لے لے۔ اس نئے دور میں اس نے زندگی کے ہر شعبے میں ترقی کی ہے۔ اس کے تقریباً سارے علاقے میں ٹٹوؤں کے راستوں کا جال پھیل گیا ہے۔ سکردو کو ہوائی جہاز کے ذریعے راولپنڈی سے ملا دیا گیا ہے۔ بلتستان اور پاکستان کے درمیان ہوائی ڈاک کا سلسلہ بھی قائم ہے۔ بہتر قسم کی تعلیمی، طبی اور دوسری سہولتیں مہیا کی گئی ہیں اور یوں لوگوں کا معیارِ زندگی بلند ہو گیا ہے۔ اس علاقے کی اقتصادی ترقی کے لیے (خصوصاً سڑکوں کی تعمیر کے لیے) بڑی مقدار میں روپیہ خرچ کیا گیا ہے۔

مآخذ: (۱) *Imp. Gaz. of India* (طبع نو)، ۶ : ۲۶۱ تا ۲۶۵؛ (۲) R. C. Arora : *The Land of Ladakh, Kashmir and Gilgit*، علی گڑھ ۱۹۴۰ء، ص ۱۹۳ تا ۲۱۸؛ (۳) *Kashmir Gazetteer*، کلکتہ ۱۹۰۹ء؛ (۴) جی۔ ایم۔ ڈی صوفی : *Kashir*، لاہور ۱۹۴۹ء، ۱ : ۱۹۰ و ۲ : ۵۶۲، ۷۶۴، ۷۷۷؛ (۵) A. H. Francke : *History of Western Tibet*، لنڈن ۱۹۰۷ء؛ (۶) I. Stephen : *Horned Moon*، لنڈن ۱۹۵۳ء، ۱ : ۱۸۳ تا ۱۸۸ و بمواضع کثیرہ؛ (۷) پاکستان سوسائٹی آو لنڈن کے *Bulletin*، عدد ۹، جولائی ۱۹۵۷ء، ص ۲۱ تا ۲۳؛ (۸) G. T. Vigne : *Travel in Kashmir, Ladab, Iskardu*، لنڈن ۱۸۹۲ء۔

(بزمی انصاری)

**بَلْج بن بِشر** : بن عِیاض القُشَیری، ایک بہادر، لیکن متکبر عرب فوجی سردار۔ وہ اس فوج کے شامی سواروں کے دستے کا قائد تھا جو ۱۲۳ھ / ۷۴۱ء میں خلیفہ ہشام بن عبدالملک نے بلج کے چچا کلثوم بن عیاض کی سرکردگی میں بربروں کے مقابلے کے لیے بھیجی تھی۔ یہ فوج افریقیہ پہنچی (رمضان ۱۲۳ھ / از ۲۰ جولائی تا ۱۸ اگست ۷۴۱ء) تو بلج اور اس کے شامی سواروں کی تند مزاجی اور نخوت کی وجہ سے افریقہ کے عرب اور خصوصاً انصار، جو حرّہ کی لڑائی (۶۳ھ / ۶۸۳ء) کے بعد ایک ساتھ مغربی افریقہ کی طرف بھاگ گئے تھے، ان کے سخت دشمن ہو گئے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ تِلِمسان کے قریب جب شامی فوجیں اور افریقی فوجیں یکجا ہوئیں (جن کی مجموعی تعداد تقریباً ساٹھ ہزار نفر ہو گئی تھی) تو شامی فوج کی تند مزاجی کی وجہ سے اور اس چپقلش کی وجہ سے جو بلج اور افریقی فوج کے

marfat.com
Marfat.com

قائد حبیب بن ابی عُبیدہ کے درمیان پیدا ہو گئی تھی، دونوں فوجوں میں ہاتھا پائی کی نوبت آ گئی۔ دشمن کی قوت گھٹانے کی غرض سے بربری فوج المغرب کے بعیدترین گوشے میں پیچھے ہٹ کر دریاے سبو Sebu تک چلی گئی۔ بربر فوج کے ساتھ مقابلہ ہونے سے ذرا پہلے کلثوم نے افریقی فوج کی قیادت حبیب کے ہاتھ سے لے لی، جو بربروں کے اندازِ جنگ سے اچھی طرح واقف تھا، لیکن بلج اس کے مشوروں کو رد کر دیا کرتا تھا۔ کلثوم نے اب حبیب کو ہٹا کر افریقی فوج کی قیادت دو شامی افسروں کے حوالے کی۔ اس اقدام سے افریقیوں کی ناراضی اور بھی بڑھ گئی۔ ان سب باتوں کا نتیجہ یہ ہوا کہ عربوں کو بقدُورہ (یا نبدُورہ، دریاے سبو کے کنارے فاس کے شمال میں، دیکھیے Fournel : *Les Berbers*، ۱ : ۲۹۳، rem. ۱) کے مقام پر شکست فاش ہوئی (ذوالحجہ ۱۲۳ھ/۱۷-۱۸ نومبر ۷۴۱ء)۔ اس تباہی کا اصل سبب خود بلج تھا، جس نے حد سے زیادہ خود اعتمادی کی بنا پر حملے میں جلد بازی سے کام لیا اور لڑائی کے وقت اپنی پیادہ فوج سے جدا ہو گیا۔ کوئی سات ہزار سوار اس کے ساتھ رہ گئے۔ وہ ان کی مدد سے لڑتا ہوا دشمنوں کے درمیان میں سے نکل کر سَبتہ (Ceuta) جا پہنچا، جہاں اسے ایک طویل عرصے تک بربروں میں رہنا پڑا، یہاں تک کہ قرطبہ کا والی عبدالملک ابن قطن [رک بآں]، جو انصاری تھا، اسے اور اس کے شامی سواروں کو ہسپانیہ لے گیا تا کہ ان کی مدد سے وہاں کے ان بربروں کو زیر کرسکے جو بغاوت پر آمادہ تھے۔ بہرحال اس سلسلے میں طرفین نے احتیاط سے کام لیا۔ بلج نے اس بات کا عہد کیا کہ بربروں کی بغاوت فرو ہوتے ہی وہ ہسپانیہ سے چلا جائے گا اور اس سلسلے میں اس نے اپنے کچھ آدمی بطور ضمانت دے دیے۔ ادھر عامل عبدالملک نے شامیوں سے یہ وعدہ کیا کہ جب ہسپانیہ سے ان کی واپسی کا وقت آئے گا تو انھیں سب کو الگ الگ جماعتوں کے بجاے ایک ساتھ افریقہ پہنچا دیا جائے گا کیونکہ الگ ہونے کی صورت میں انھیں بڑی آسانی سے زیر کیا جا سکتا تھا۔ اس کے علاوہ اس نے انھیں مغربی ساحل کے ایسے مقام پر اتارنے کی ذمے داری بھی قبول کی جہاں پر عربوں کا مؤثر اقتدار ہوگا۔

ہسپانیہ میں بلج اور اس کے سواروں کی مداخلت فیصلہ کن ثابت ہوئی۔ بربروں نے اپنے آپ کو تین حصوں میں تقسیم کر رکھا تھا۔ بلج نے ایک گروہ پر تیزی سے حملہ کیا اور اسے مدینہ شذونہ کی طرف بھگا دیا۔ دوسرے گروہ کو قُرطُبہ کے علاقے کی طرف بھگا دیا گیا۔ تیسرے گروہ کو، جو تعداد میں سب سے بڑا تھا اور جس نے طُلَیطُلہ کا محاصرہ کر رکھا تھا، وادی سلیط (وادی سلیط کو Guazalete نے Arroyo لکھا ہے، یہ تاجہ [رک بآں] کے بائیں کنارے کا ایک چھوٹا سا معاون دریا ہے) کی جنگ میں بری طرح شکست ہوئی۔ اس کے بعد عبدالملک کی صرف یہی خواہش تھی کہ ان مددگاروں کو افریقہ واپس بھیج دے۔ اس نے جب انھیں سبتہ بھیجنے کے لیے جہاز میں بٹھانا چاہا تو غضبناک ''جُندیوں'' (= سپاہیوں) نے قرطبہ کی کمزور محافظ فوج پر تیزی سے اچانک حملہ کر کے عامل عبدالملک کو اس کے محل سے نکال باہر کیا اور اس کی جگہ بلج کو بٹھا دیا۔ اس موقع پر بلج نے یہ غلطی کی کہ عبدالملک کے بڑھاپے کے باوجود اسے سخت اذیتیں پہنچائیں۔ کچھ دن بعد شوال ۱۲۳ھ / اگست ۷۴۲ء میں اَقوا بُرطُورہ (Aqua Portora) کے مقام پر، جو قرطبہ سے کچھ فرسنگ شمال میں واقع تھا، دونوں فریقوں میں مقابلہ ہوا اور اس میں شامیوں کو فتح حاصل ہوئی۔ اس کے باوجود اربونہ [رک بآں] (Narbonne) کے

Marfat.com

گورنر نے اس موقع پر بڑی بہادری دکھائی اور اس کے ہاتھوں بلج کے ایسا زخم لگا جو اس کی موت کا سبب بنا۔

**مآخذ:** (۱) ابن خلدون: *Hist. des Berb*، ۱ : ۱۳۷ ببعد، ۱۰۱ (فرانسیسی ترجمہ، ۱ : ۲۱۷، ۲۳۸ ببعد)؛ (۲) ابن عِذاری، ۱ : ۴۱ تا ۴۳ و ۲ : ۳۰ تا ۳۲؛ (۳) المقّری، ۲ : ۱۱ تا ۱۳؛ (۴) ابن الاثیر، بمدد اشاریہ؛ (۵) Dozy: *Hist. des Musulmans d' Espagne*، ۱ : ۲۴۴ تا ۲۶۵؛ (۶) Faurnel: *Les Berbers*، ۱ : ۲۹۱ تا ۲۹۷، ۳۰۲ تا ۳۰۶؛ (۷) Muller: *Der Islam*، ۱ : ۴۴۹ تا ۴۵۰؛ (۸) Mercier: *Hist. de l'Afrique septentr*، ۱۸۸۸ء، ۱ : ۲۳۱ تا ۲۳۲، ۲۳۴ تا ۲۳۵؛ (۹) F.Gabrieli: *Califfato di Hisham*، ۲ : ۱۱۴ تا ۱۱۷؛ (۱۰) Lèvi-Provençal: *Hist. Esp. Mus.*، ۱ : ۴۴ تا ۴۷؛ [(۱۱) ابن حزم: جمهرة انساب العرب، بمدد اشاریہ؛ (۱۲) الزرکلی: الاعلام، بذیل مادّہ؛ (۱۳) ابن عساکر: ۳ : ۲۹۰]۔

([A. HUICI-MIRANDA و] M. SCHMITZ)

* **بلجک** [دیکھیے قاموس الاعلام، ص ۱۳۴۴، بیلہ جک] Biledjik (بوزنطی زمانے کا Βηλόκωμα) شمال مغربی ایشیاے کوچک میں دریاے ستاریا کے ایک معاون قرہ صو کے کنارے ایک قصبہ۔ خیال ظاہر کیا گیا ہے کہ قدیم اگریلیون Agrilion (Peutinger کے نقشوں میں Agrillum) کا محلّ وقوع بلجک سے زیادہ دور واقع نہیں تھا۔ عثمانیوں نے بلجک شہر عثمان بے کے عہدِ حکومت میں بوزنطیوں سے چھین لیا۔ عثمانی حکومت میں یہ شہر ایالت آناطولی (= آنا دولو Anadolu) [رک بآں] میں شامل تھا، لیکن بعد میں ولایت خداوندگار (بروسہ) میں ارطغرل [رک بآں] کے سنجاق کا انتظامی مرکز بن گیا۔ یہ شہر اب موجودہ صوبہ بلجک Bilecik کا مرکز ہے۔ اس شہر نے، جو زمانۂ قدیم سے ریشمی پارچہ بافی کے لیے مشہور تھا، پہلی جنگ کے بعد پیش آنے والے حوادث میں بہت نقصان اٹھایا۔ ۱۹۲۱ء میں یونانی فوجوں نے اس شہر پر قبضہ کر لیا اور اگلے سال کے موسمِ خزاں سے پہلے ترک اسے پوری طرح پر واپس نہ لے سکے۔ ۱۹۵۰ء میں یہاں کی آبادی چارہزار نو سو سے کچھ کم تھی۔

**مآخذ:** (۱) حاجی خلیفہ: جِہان نُما، استانبول، ۱۱۴۵ھ / ۱۷۳۲ء، ص ۶۴۳؛ (۲) Pachymeres، بون ۱۸۳۵ء، ۲ : ۴۱۳؛ (۳) Hammer - Purgstall، در *GOR*، Pest ۱۸۲۷ء، ۱ : ۴۵، ۵۸ ببعد؛ (۴) C. von der Goltz: *Anatolische Ausflüge*، برلن ۱۸۹۶ء، ص ۱۴۵ ببعد؛ (۵) C. Huart: *Konia*، پیرس ۱۸۹۷ء، ص ۲۲ ببعد؛ (۶) W. Ramsay: *The Historical Geography of Asia Minor*، لنڈن ۱۸۹۰ء، ص ۱۹۰، ۲۰۷؛ (۷) F. Taeschner: *Das anatolische Wegenetz nach osmamnischen Quellen*، (*Türkische Bibliothek*، ج ۲۳)، لائپزگ ۱۹۲۶ء، ۱ : ۹۸، ۱۰۰، ۱۰۴، ۱۲۳ و ۲ : ۵۷؛ (۷) V. Cuient: *La Turquie d'Asie*، پیرس ۱۸۹۵ء، ۴ : ۱۶۸ ببعد؛ (۸) سامی: قاموس الاعلام، ۲، استانبول، ۱۳۰۶ھ، ۱۳۴۴؛ (۹) علی جواد: تاریخ و جغرافیای لغاتی، استانبول ۱۳۱۳ تا ۱۳۱۴ھ، ص ۲۲۷؛ (۱۰) Pauly - Wissowa، ۱/۱ (۱۸۹۳ء): عمود ۸۹۴، بذیل مادّہ Agrilion؛ (۱۱) آ۔ ت، بذیل مادّہ Bilecik، از (Besim Darkot)۔

(V.J. PARRY)

• **بَل حارِث:** رک بہ حارِث بن کَعب۔

⊗ **بَلْخ:** ایک قدیم شہر، جس کے آثار افغانستان میں شہر مزار شریف کے قریب ایک گاؤں کے اطراف میں اب بھی موجود ہیں (طول بلد شرقی ۶۷ درجہ، عرض بلد شمالی ۳۶ درجہ ۵۴ دقیقہ)۔ اگرچہ اس کا قدیم نام اس صوبے کے نام سے مشتق ہے جس کا ذکر دارا کے کتبات میں باختریس Baxtris اور

marfat.com
Marfat.com

یونانی مآخذ میں باکترا Baktra کے نام سے ہوا ہے (*Gründriss der Iranischen Philologie*، ۲، ۱۹۳۲ء) تاہم اسم بلخ قدیم یونانیوں کے ہاں Báχτρα کی شکل میں موجود تھا (Haussig، در *ZDMG*، ۱۰۹ : ۱۸۴) - اسکندر کے نمودار ہونے تک غالبًا ایسا کوئی شہر موجود نہ تھا، لیکن اس کی فتوحات کے بعد اس کا نام ایک یونانی - باختری ریاست کے صدر مقام کی حیثیت سے سامنے آیا - کُشن Kushan، افتالی (Ephtalit) اور گواک تُرکوں (Gök-Turks) کے زمانے میں یہ بدھ مت کی ایک عبادت‌گاہ تھا - ۶۲۸ء میں ایک چینی بدھ بھکشو ہوان سانگ یہاں آیا تھا - اس نے اس شہر اور اس کے مضافات کا ذکر تفصیل کے ساتھ کیا ہے (*Memoires*، ۱ : ۳۰۱؛ *La vie*، ص ۶۴ ببعد) - شہر کے باہر جنوب کی طرف نوبہار (Nawbahār) یا نو وہارہ (Naw Vihârah) واقع تھا، جو بدھ مت کے مندروں کا مجموعہ تھا اور جس تک رسائی اس پھاٹک میں سے ہو کر ہوتی تھی جس کا نام بعد میں بابِ نوبہار (Nawbahar Gate) پڑا - یہ مندر دریاے بلخاب Belxab کے کنارے بنے ہوے تھے، جو شہر کے بیچ میں ہو کر بہتا تھا - ہوان سانگ کے بیان کے مطابق اس مقام پر بدھوں کی تقریبًا ایک سو عبادت‌گاہیں تھیں، جن میں سے ہر ایک میں تین سے زیادہ بھکشو رہتے تھے - دسویں صدی کے عرب جغرافیہ دان ابن الفقیہ نے نوبہار کا ذکر کیا ہے (ص ۳۲۲) - اس کے بیان کے مطابق نوبہار میں سب سے بڑی عمارت ایک گنبد تھا، جس کا قطر اور بلندی دونوں ایک سو ذراع تھے اور جس کے گرد تین سو ساٹھ الگ الگ کمرے (مقصورے) بنے ہوے تھے - یہ گنبد اوستون (بلند) کے مخصوص نام سے معروف تھا، جس کا ترکی لفظ ہونا ظاہر ہے - عباسیوں کے عہد میں برمکی وزرا کا خاندان کئی نسلوں تک اس کا مالک رہا - گرد و پیش کی ساری زمین اور سات فرسخ تک کے فاصلے تک تمام باغ انھیں کی مِلک تھے اور عبادت‌گاہوں کے تمام خادم ان کے غلام سمجھے جاتے تھے.

شہر بلخ جنوب میں واقع پہاڑیوں کے دامن سے چار فرسخ اور آمو دریا [رک بآں] (جیحون) سے بارہ فرسخ کے فاصلے پر تھا - قدیم یونانی عہد میں دریاے بلخاب، جو شہر کو سیراب کرتا تھا، آمو دریا سے جا ملتا تھا اور اس پر حمل و نقل کشتیوں کے ذریعے ہوتی تھی، لیکن اسلامی عہد میں اس دریا کے پانی سے صرف انگوروں کی باڑیوں اور باغوں کو سیراب کرنے کا کام لیا جانے لگا اور وہ آمو دریا تک بہہ کر نہیں جاتا تھا - گواک ترکوں (Gök Turks) کے زمانے میں بلخ ایک ترک شہزادے، یعنی طخارستان کے یبغو کے زیرِ حکومت تھا - حضرت عثمانؓ کے عہد (۳۲ھ / ۶۵۳ء) میں احنف بن قیس [رک بآں] نے اس کا محاصرہ کر کے اسے تاراج کیا، لیکن آخر کار اسے امان مل گئی اور یہ محفوظ رہا (البلاذری : ص ۴۰۸) - گیارہ سال بعد (۴۳ھ / ۶۶۳ - ۶۶۴ء میں) قیس بن ہیثم نے شہر پر پورا قبضہ کر لیا اور نوبہار کو تباہ اور اس کے بلند گنبد کو مسمار کر دیا - برمک نے، جو نوبہار پر حکومت کرتا تھا، اپنی جاگیر کو بچانے کے خیال سے عربوں کی اطاعت قبول کر لی - اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اسے طخارستان کے یبغو اور دوسرے ترکی امیروں کی جانب سے بہت تکلیفیں پہنچائی گئیں - تورکش بیگی نیزک ترخان نے بھی، جو سیستان اور طاسِ ہلمند کا بادشاہ تھا، عربوں کی اطاعت قبول کر کے بظاہر اسلام قبول کر لیا، لیکن بعد میں وہ علی الاعلان مرتد ہو گیا اور اس نے اپنا پرانا دین بدھ مت اختیار کر لیا - وہ آگے بڑھا اور بلخ کو

Marfat.com

عربوں کے قبضے سے نکال لیا - اس نے وہاں کے برمکی فرمانروا اور اس کے بیٹوں کو گرفتار کر کے قتل کرا دیا، ان میں سے فقط خالد کا باپ، جو بعد میں وزراے عباسیہ کا مورثِ اعلی ہوا، زندہ بچا - اسے کشمیر پہنچا دیا گیا، جہاں اس نے وہاں کے بدھی وہاروں میں تحصیل علم کی - اس نے صغانیہ کے ترک فرمانروا کی بیٹی سے شادی کر لی - اس شادی سے اس کے ہاں خالد پیدا ہوا، جو عباسی وزیر فضل بن یحیی کا دادا تھا - قُتیبہ [بن مُسلم] کے زمانے تک (۹۶ھ / ۷۱۵ء)، جب کہ اس شہر پر مکمّل قبضہ ہوا، یہ یکے بعد دیگرے مختلف لوگوں کے قبضے میں آتا جاتا رہا - الطّبری کے قول کے مطابق ۸۷ھ / ۷۰۶ء تک اس کی حالت خراب رہی - عربوں نے اپنی حفاظتی فوجیں شہر سے دو فرسخ مشرق کی طرف برقان میں رکھی تھیں - ۱۰۷ھ / ۷۲۵ء میں خراسان کے والی اَسد بن عبداللہ القسری نے اپنی محافظ فوجوں اور صوبے کی حکومت کو [مرو سے] بلخ میں منتقل کر دیا اور اس شہر کی تعمیر شروع ہوئی - ان تعمیری کاموں کا نگران اس نے برامکہ کو مقرر کیا اور انھوں نے اس کام میں ایسی قابلیت دکھائی کہ وہ عرب والیوں کی نظر میں معتبر اور معزز ہو گئے؛ لیکن والیان عرب کی نظرِ التفات آل خُطّل، یعنی طخارستان کے بڑے بڑے سرداروں ( بیکیہ ) کی طرف بھی یکساں تھی، چنانچہ باینچور (Bayuncur) [= بانی جور] کا بیٹا عباس اور اس کا بیٹا داؤد بلخ کے گورنر ہوے (Marquart : ایرانشہر، ص ۳۰۱) - داؤد نے بلخ میں ایک عظیم الشان محل بنوایا جو نوشاد کہلاتا تھا - جب ۲۵۷ھ/ ۸۷۰ - ۸۷۱ء میں یعقوب بن لَیث نے بلخ پر قبضہ کر لیا تو وہاں باینچور کے بیٹوں کی نیم خودمختار حکومت ختم ہو گئی - یعقوب نے ان کا محل نوشاد بھی منہدم کر دیا - ۲۸۷ھ/ ۹۰۰ء میں یہ شہر سامانیوں کے قبضے میں چلا گیا - یہ شہر کی ترقی کا بہت شاندار دور تھا - عرب جغرافیہ نویسوں نے اس شہر کے اس زمانے کے حالات لکھے ہیں - اسلامی عہد سے پہلے ہی یہ شہر ماوراء النّہر، ترکستان اور ہندوستان کی باہمی تجارت کا مرکز تھا - اسلامی عہد میں سائنس اور ثقافت کے اعتبار سے اس کی حیثیت اور بھی بہتر ہو گئی [= اُمّ البلاد] - اس علاقے میں جو غلّہ پیدا ہوتا تھا اس سے سارے ماوراء النّہر یہاں تک کہ خوارزم تک کے شہروں کو غذا ملتی تھی؛ لیکن اس کے ساتھ ہی المُقدّسی نے لکھا ہے کہ اس لحاظ سے دوسرے شہر اس سے بہت پیچھے تھے - یہ شہر دو حصوں میں منقسم تھا : (۱) اندرونِ شہر، جو شہرستان یا مدینہ کہلاتا تھا اور (۲) رَبض (مضافاتِ شہر)، جو ایک بڑی نواحی بستی تھی - ان دونوں کے گرد فصیل کھنچی ہوئی تھی - الیعقوبی (ص ۲۸۸) ایک دیوار کا ذکر کرتا ہے، جس میں چار دروازے تھے - یہ دیوار غالباً اندرونی قلعے کی دیوار ہوگی - اسلامی عہد میں اس بڑی دیوار کے، جس کے اندر "ربض" بھی شامل تھا، سات دروازے تھے- ان کے نام ابن حَوقل، الاصطخری اور المقدسی نے یوں لکھے ہیں : (۱) باب نوبہار؛ (۲) باب وَخیہ (الاِصطَخری کے ہاں رخبہ)؛ (۳) باب الحدید؛ (۴) باب ہِندُوان؛ (۵) باب الیہود؛ (۶) باب شَست بِن (الاِصطَخری کے ہاں شست بند) اور (۷) باب بختی [= بحوالہ لسٹرینج، باب یحیی] - شہر کی بڑی مسجد شہرستان میں تھی اور بڑے بڑے بازار رَبض میں- الاِصطَخری نے اس شہر کا مختصر حال لکھا ہے، جس کا مأخذ بلخ کے ایک باخبر باشندے ابوزید البلخی کی ایک کتاب ہے - ان معلومات میں ابن حَوقل نے بہت سی نئی معلومات کا اضافہ کیا ہے (طبع جدید، ص ۴۴۸) - شہر اور اس کے گرد و نواح کا حال بیان کرتے ہوے وہ کہتا ہے : "یہ بہت پرانا شہر ہے اور ہمیشہ سے

marfat.com
Marfat.com

معروف ہے - سوداگر یہاں ہر طرف سے آتے اور ہر طرح کا سامان تجارت لاتے ہیں - یہاں کے باشندوں کا علمی ذوق بہت بلند ہے اور انہوں نے اپنے آپ کو فقہ اور علمی مباحث میں ممتاز کیا ہے، چنانچہ ان میں سے بہت سوں کا شمار ناموروں میں ہے - المقدّسی (ص ۳۰۲)، جس نے اپنی معلومات کی بنیاد بلخ کے ایک اور باشندے عبدالقادر العکّی کی تصنیف پر رکھی ہے، اس شہر اور اس کے مضافات کا ذکر بڑی تعریف کے ساتھ کرتا ہے - اس مصنّف کی کتاب کا ایک مخطوطہ استانبول کے کتبخانۂ ایاصوفیہ میں موجود ہے اور اس میں اس شہر کا حال زیادہ تفصیل کے ساتھ بیان کیا گیا ہے : دوسرے ایرانی شہروں کے مقابلے میں اس کی سڑکیں زیادہ چوڑی ہیں - اس کی مسجدیں خوبصورتی میں بےنظیر ہیں، اس کے گھروں کے صحن دندانقان کے علاوہ خراسان کے تمام شہروں کے صحنوں سے زیادہ کشادہ ہیں - ان تمام تصانیف میں سے جن میں اس شہر کی قدیم تاریخ خصوصیت کے ساتھ بیان کی گئی ہے صرف سیف الدین ابوبکر البلخی کی تصنیف فضائلِ بلخ، جو ۶۱۰ھ / ۱۲۱۴ء میں عربی میں لکھی گئی تھی، ایک مختصر فارسی ترجمے کی صورت میں، جو ۶۷۶ھ میں کیا گیا تھا (Schefer : *Chrestomathie Persane*، ج ۱، حصہ ۱، و۲) باقی ہے - فارسی کی چند اور کتابیں، جو اس سے ملتی جلتی ہیں، ازبک عہد سے ہم تک پہنچی ہیں (C. A. Storey : *Persian Literature*، ۱ / ۲ : ۱۲۹۷) - حدود العالم کے بیان کے مطابق شہر کے اندر دریاے بلخاب بارہ نہروں میں منقسم تھا - یہ دریا شہر سے نکل کر شمال میں ترمذ کی طرف بہتا تھا اور اس شہر میں سے گزر کر جسے عرب سیاہ چرد کہتے تھے اور جو آج کل سیاگرد کے نام سے مشہور ہے، کھیتوں میں پھیل کر ختم ہو جاتا تھا - سامانیوں کے بعد غزنویوں کا زمانہ آیا - ۴۳۱ھ/۱۰۴۰ء میں بلخ پر چغری بیگ نے قبضہ کر لیا- اس کے بعد وہ سلجوقیوں کے قبضے میں چلا گیا - ابن حوقل کی کتاب میں جو اضافے سلجوقیوں کے عہد میں کیے گئے ہیں (طبع جدید : ص ۴۴۷) ان کی رو سے یہ شہر ۵۵۰ھ/ ۱۱۵۵ء میں غزوں [اوغوز] کے ہاتھوں تباہ ہوا، اس کے بعد بلخ کے گورنر امیر قماج نے اس شہر کو ایک نئی جگہ، ہموار میدان میں منتقل کر دیا - اسی امیر قماج کے زمانے میں ۱۱۳۶ء کے کچھ بعد (۵۳۰ھ) عبدالحمید الاندلسی لکھتا ہے کہ اس نے ایک خواب کے ذریعے بلخ کے قریب کے ایک گاؤں خیر نامی میں حضرت علیؓ کی قبر معلوم کی تھی (طبع G. Ferran، ص ۱۴۵ تا ۱۴۷) - اگر اس کا کسی شہر سے کچھ تعلق ہے تو یہ ضرور حال کے افغانی ترکستان کے صدر مقام مزار شریف کی طرف اشارہ ہوگا، جو بلخ کے مشرق کی طرف بائیس کیلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے - اس مزار کے حضرت علیؓ کی طرف منسوب ہونے سے بلخ کی اہمیت پر کوئی اثر نہیں پڑا - اوغوز کے ہاتھوں تباہ ہو جانے کے بعد یہ پہلے کی طرح پھر دوبارہ دارالسلطنت ہو گیا - ۱۱۶۵ اور ۱۱۹۸ء کے درمیان یہ شہر قراختائیوں کے ہاتھوں میں چلا گیا اور ۵۹۴ھ/۱۱۹۸ء کے بعد اس پر غوریوں کا قبضہ ہو گیا؛ ۶۰۳ھ/۱۲۰۶ء میں خوارزم شاہ اس پر قابض ہو گیا اور آخر کار ۶۱۷ھ/ ۱۲۲۰ء میں اسے چنگیز خان نے تباہ کر ڈالا - چودھویں صدی کے اوائل میں کپک خان (Kepu Khan) نے، جو چغتائی خوانین میں سے تھا، اسے پھر بحال کیا، لیکن تھوڑے ہی دن بعد جب عرب سیاح ابن بطوطہ وہاں پہنچا تو یہ شہر خراب و خستہ حالت میں تھا (مطبوعۂ پیرس، ۳ : ۵۸، ۶۳)، لیکن چونکہ تباہ شدہ عمارتوں کی بنیادیں محفوظ تھیں اس لیے دور سے

marfat.com
Marfat.com

دیکھنے والے پر یہ اثر پڑتا تھا کہ شہر ابھی آباد ہے - اس نے یہ بھی لکھا ہے یہاں کا چینی [کاشی] کا کام صحیح سالم تھا، اور بلخ کی مشہور مسجد، جو عباسیوں کے عہد میں وہاں کے گورنر داؤد بن علی (یعنی داؤد بک بن عباس بن بابنچور) کی بیوی نے بنوائی تھی، نیز وہ تکّہ [تکیۂ] اور رباط [زاویہ] جو اس نے مسجد کے پہلو میں بنوائے تھے، اس کے وقت تک اچھی حالت میں تھے - ابن بطوطہ ہی نے یہ بھی لکھا ہے کہ بلخ کے باہر ایک مزار اور اس سے ملحق ایک تکّہ [تکیہ] ہے، جس کے متعلق یہ کہا جاتا ہے کہ وہ حضرت عکّاشہؓ بن محصن الاسدی کا مزار ہے جو صحابہ میں سے تھے۔ حضرت عکّاشہؓ بن محصن نےجو نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلّم کے صحابی تھے ضرور خراسان کی فتوحات میں حصہ لیا ہوگا (اُسدالغابہ، ۴ : ۲ - ۳) - [یہ خیال درست نہیں کیونکہ حضرت عکّاشہؓ الاسدی البدری ۱۱ھ / ۶۳۲ء (خلافت ابوبکر صدیقؓ) میں شہید ہوے (سیر اعلام النبلاء، ۱ : ۲۲۳) اور یہ زمانہ فتوحات خراسان سے بہت پہلے کا ہے -] اس مزار پر تیموریوں کے زمانے میں ایک عظیم الشان نئی عمارت بنائی گئی تھی، جو بلخ قدیم کی فصیل کے باہر آج بھی موجود ہے اور اس سڑک پر واقع ہے جو بلخ جدید سے مزار شریف کو جاتی ہے - تیمور سے پہلے بلخ قدیم کو امیر قزاگن اور حسین نے ترقی دی تھی - اس نے بالخصوص قدیم شہر کے حصۂ شہرستان میں، جو اس کے زمانے میں ''قلعۂ ہندوان'' کہلاتا تھا، عمارتیں بنوائیں اور لوگوں کو وہاں بسایا - تیمور نے قدیم ''ربض'' کے حصے کو بھی از سر نو تعمیر کیا، جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ تھوڑے ہی عرصے میں ہرات اور سمرقند کے بعد بلخ وسط ایشیا کا سب سے زیادہ اہم تجارتی مرکز بن گیا - تیموریوں کے زمانے میں بلخ کی کیفیت کا حال حافظ ابرو کی زُبدۃ التواریخ کے ذیلی حصۂ جغرافیہ میں درج ہے - اس زمانے میں اس کی زیادہ ترقی شاہرخ کے عہد میں شروع ہوئی۔

شہر کے گرد و نواح کے علاقے پر ترکی رنگ اسی وقت چڑھنا شروع ہوگیا تھا جب خوارزم شاہیوں کے زمانے میں قِبچاق یہاں آ کر بسے تھے - مغول اور تیموریوں کے زمانے میں یہ زیادہ وسیع پیمانے پر پھیلا - حافظ ابرو نے جن دیہات کے نام گنوائے ہیں ان میں سے مندرجۂ ذیل ترکی نام خصوصیت سے اپنی طرف متوجہ کرتے ہیں : قریۂ برلاس، قریۂ مغل، قارلیق، قفچاقیان، ارغون، قریۂ ختاییان، چراغچی، قرہ کیسک، غازان، تویت، کینگریک، قرہ‌تیمور، آی تیمور، طوغای بوقا، چرکس، منگلی، اختاجی، بوقا تیمور، قرہ‌تپہ، آق تیلاو، شیخ آرسلان، تیمورک، توغان، آلای، دوربون، مانقوتلوق (حافظ ابرو: جغرافیہ، مخطوطۂ موزۂ بریطانیہ، عدد Or. ۹۳۱۶، Vr. ۱ : ۲۶۱ تا ۲۶۲) - سلطان حسین بایقرا کے زمانے میں قدیم قریۂ خیر میں حضرت علیؓ کے [مزعومہ] مزار کی دوبارہ مرمت کی گئی اور ۱۴۸۰ء میں اس سلطان نے اس خیالی مزار پر بعض شاندار نئی عمارتیں تعمیر کروائیں۔

ازبکوں کے زمانے میں پرانے بلخ کے شمال مشرق میں نئے بلخ کے نام سے ایک قصبہ بن گیا، پھر بھی کچھ لوگ بلخ قدیم میں رہتے رہے - ازبکوں کے زمانے کے بلخ اور اس کے صوبے کے تاریخی اور جغرافیائی حالات سب سے زیادہ تفصیل کے ساتھ کتاب بحرالاسرار فی مناقب الاخیار کی پہلی جلد میں ملیں گے، جو جغرافیائی حالات کے لیے مخصوص ہے - یہ کتاب سترھویں صدی کے وسط میں محمود بن ولی نے نادر محمد خان کے لیے لکھی، جو بلخ کا اور پھر بخارا کا بادشاہ ہوا (C. A. Storey: *Persian Literature*، ۲ : ۳۷۵ تا ۳۷۶؛ زکی ولیدی

marfat.com
Marfat.com

طوغان : Zapiski Vost. Otd. russk. arx. Obs.، ۲۳ : ۲۰۵ تا ۲۰۹)، لیکن اس کتاب کا جغرافیائی حصہ اس وقت ضائع ہو گیا جب بخارا پر روس کا قبضہ ہوا اور ارک جلا دیا گیا۔ پھر بھی بلخ کی تاریخ اور جغرافیے سے متعلق بہت سی اہم معلومات کتاب کے اس نسخے کی چھٹی جلد میں موجود ہیں جو انڈیا آفس میں محفوظ ہے (عدد ۵۷۰) - ایک اور کتاب بھی ہم تک پہنچی ہے جو ابوبکر صفی الدین البلخی کی عربی کتاب (۶۱۰ھ / ۱۲۱۴ء) کا فضائل بلخ کے نام سے مختصر فارسی ترجمہ ہے (Storey : کتاب مذکور، ۱/۲: ۱۲۹٦) - اس کتاب میں ان سب کتابوں سے مواد اکٹھا کیا گیا ہے جو بلخ کی تاریخ سے متعلق ابوالقاسم السمرقندی (اسحق بن محمد، در ارمغان علمی محمد شفیع، ص ۲۲۵، ۲۲۸)، ابو زید البلخی، سید شریف مدینی وغیرہ مشہور مصنفین نے لکھی ہیں - زمانۂ قبل اسلام کے بلخ کے حالات سے متعلق بہت سی اہم اطلاعات ایک اور کتاب تاریخ بہجہ (جس سے ہم ناواقف ہیں) میں بھی موجود ہیں - اس سے جو کچھ ہماری سمجھ میں آتا ہے یہ ہے کہ اس شہر کے اسلامی عہد سے پہلے کے قلعے، یعنی ''قلعہ ہندوان'' (جسے ''بام قہندز''، ''مدینہ''، ''شہرستان'' یا ''شہر اندرون'' بھی کہتے ہیں) کے چار بڑے دروازے تھے - ان میں سے اس دروازے کا نام درب عراق تھا جو جنوب کی طرف تھا اور جس میں سے ہو کر ربض کے محلے میں جاتے تھے - مصنف کے کہنے کے مطابق اس کا پرانا نام درب بخر (؟) اور درب الیہود تھا - مغربی سمت کا دروازہ بعد میں درب اسلام کہلانے لگا، لیکن اس کا پرانا نام سیتمند تھا - شمال کی طرف کے دروازے کا نام ''استر [؟ شتر] خوار'' تھا اور مشرقی جانب کا دروازہ ''خواجہ عکاشہ'' تھا اور اس کا پرانا نام ''بختی'' تھا - اس مصنف کے زمانے میں شہر کے محلۂ ربض کے دروازے حسب ذیل تھے : جنوبی جانب ''دروازۂ خواجہ سلطان'' (یا دروازۂ سلطان احمد خضرویہ) تھا، جو پرانے زمانے میں ''نوبہار دروازہ'' کہلاتا تھا؛ مغربی جانب ''دروازۂ آب'' تھا، جس کے پاس نہر اصفہان تھی، جو فضل بن یحیی برمکی نے بنوائی تھی - یہ دروازہ ضرور وہی ہوگا جسے عرب مصنفوں نے رختہ، رحبہ اور رخنہ کی شکلوں میں لکھا ہے - اس کے شمال مغرب میں ''دروازۂ جبہ خان'' تھا، جو عربی کا باب الحدید ہے (شاید باب الجبویۃ زیادہ صحیح ہو) - اس کے جنوب مغرب میں ''دروازۂ دیہ شیخ'' تھا، جہاں سے نہر اصفہان شہر کے باہر جاتی تھی - محمود بن ولی کے بیان کے مطابق یہ دروازہ شروع میں موجود نہ تھا بلکہ بعد کے زمانے میں بنایا گیا تھا - باہر کی جانب قریۂ دیہ شیخ واقع تھا - محلۂ ربض کے شمال کی طرف ''دروازۂ خیابان'' تھا - بعض مآخذ میں مشرق کی طرف ''باب الترک'' اور ''باب الصین'' کا نام لیا گیا ہے، لیکن یہ محمود بن ولی کے زمانے میں موجود نہ تھے - اس نے فقط ''دروازۂ عشق آباد'' کا ذکر کیا ہے، جو عرب مصنفین کے ''باب الہند'' سے مطابقت رکھتا ہے - محمود بن ولی کے زمانے میں ربض کا محلہ مشرق اور مغرب کی جانب سے قہندز کا احاطہ کیے ہوئے تھا اور یہی صورت ابن حوقل کے زمانے میں تھی (طبع جدید، ص ۴۴۸) - محمود بن ولی نے جن مآخذ سے کام لیا ان میں سے ابو زید البلخی کی کتاب مسالک الممالک اور تاریخ بہجۃ میں اس شہر کو اسلام سے پہلے بدھ مت کا مرکز بتایا گیا ہے اور ہندوستان کے ساتھ اس کے تعلقات کو بہت اہمیت دی گئی ہے - اسلامی عہد میں قبل اس کے کہ قہندز اور ربض دونوں کو ایک بڑی فصیل سے گھیر دیا جائے، نوبہار اور قہندز

Marfat.com

اور ان کے بیچ میں ربض تینوں الگ الگ قلعے تھے اور تینوں کی اپنی اپنی فصیل تھی - نوبہار کے شمال میں جو حصہ اس سے بالکل ملا ہوا تھا اسے حصن وران کہتے تھے (غالبا یہ وران بھی اوران ہے، جیسا کہ اسم واروالز Varvaliz کے متعلق کہا گیا ہے) - شہر کے مشرقی رخ قہندز کی طرف ایک ضلع پھیلا ہوا تھا، جسے "حصن کونج" کہتے تھے - مغربی جانب کے اضلاع جبہ خان کہلاتے تھے - چونکہ شہر کا چوتھا حصہ قہندز دوسرے حصوں کے مقابلے میں چھوٹا تھا اس لیے عربوں کے زمانے میں اس کا نام "حصن صغیر" تھا - نوبہار کے عبادت خانے فضل بن یحیی برمکی کے نامور جد اعلی جبہ خان نے بنوائے تھے اور فضل کو اس بات پر شرمندگی محسوس ہوتی تھی کہ وہ ایک ایسے جد کی اولاد ہے، اس لیے اس کا ارادہ تھا کہ جبہ خان کے محلے میں اس کے جتنے محل تھے انھیں گرا کر ان کی جگہ نہریں بنا دے؛ چنانچہ جب وہ بلخ آیا تو اس نے علما کو طلب کیا اور ان سے اپنا ارادہ ظاہر کیا اور جو انھوں نے کہا اس پر عمل کیا - بلخ کے اس حاکم کا نام جبو (جیسے جبا اور جپا بھی لکھتے تھے) اور حقیقت میں جبو یا جبویہ تھا، اور جفگا (یا جفغا جیسا کہ ابن مہنا : حلیۃ الانسان، طبع استانبول، ص ۱۴۵ میں ہے) یبغو کی ایک شکل تھی جو ضرور اس کا لقب ہوگا - اس خان کے محل تو مسمار کر دیے گئے، لیکن محمود بن ولی نے جب ۱۰۴۴ھ / ۱۶۳۴ء میں اپنی کتاب لکھی تو ضلع اور شہر کا بڑا دروازہ اسی کے نام سے مشہور تھے - محمود بن ولی کے بیان کے مطابق چغتائی خان یساور نے اپنے لوگوں کو ماوراء النہر سے غزنہ منتقل کر دیا - اس کے بعد کپک خان اس کا جانشین ہوا، جو انھیں بلخ کے قریب لے آیا اور انھیں قلعۂ بلخ کے مغربی جانب "قریۂ یساور" میں بسا دیا - خان نے یہیں اپنا دارالضرب بھی بنا رکھا تھا - اس کے جانشین ایلچی گرای خان نے ایک اور گاؤں بلخ کے جنوب مغرب میں بسایا، جس کا نام قریۂ ایلچی گرای رکھا - اسی نے نئی نہریں بنا کر قلعۂ ہندوان کی حالت درست کی - محمود بن ولی نے ان تمام تفریح گاہوں، باغوں، محلوں، نہروں، مسجدوں مدرسوں کے مفصل حالات لکھے ہیں جو بلخ میں ازبک خوانین کے عہد میں بنائے گئے - سترھویں صدی میں فرمانرواؤں کے بڑے بڑے محل یہ تھے : نادر محمد خان کا محل، جس نے سارا "باغ خانی" گھیر رکھا تھا جو جبہ خان اور دیہ شیخ کے دروازوں کے درمیان ایک وسیع میدان تھا؛ "باغ شمال"، جو دروازہ خیابان کے قریب تھا اور "باغ گل زمین"، جو دروازۂ عشق آباد کے قریب تھا.

پرانے بلخ کے کھنڈروں کا حال ہمارے زمانے میں لکھا گیا ہے - شہر کا اندرونی قلعہ، جو شہرستان، قلعہ ہندوان اور ارک کہلاتا ہے - زمانۂ قبل اسلام کے بلخ کا فقط یہی حصہ ہے جو بچا ہوا اور فصیل سے گھرا ہوا ہے - اس کے گرد پینتالیس منٹ میں پورا چکر لگایا جا سکتا ہے، لیکن اسلامی عہد کے شہر ربض کے گرد چکر لگاتے میں دو گھنٹے لگتے ہیں - اندرونی فصیل سے بیرونی فصیل کے بعیدترین حصے کا فاصلہ ڈیڑھ ہزار میٹر ہے - شہر کے جن سات دروازوں کا ذکر عرب مصنفوں نے کیا ہے انھیں آج بھی متعین کیا جا سکتا ہے - پرانی عمارتوں میں سے پرانی مسجد، عکاشۃ کا مقبرہ، اور وہ شاندار عمارت جو عبدالمؤمن خان ازبک نے ۱۵۹۹ء میں مشہور نقشبندی شیخ خواجہ پارسا کی قبر پر تعمیر کی تھی بلخ کی سب سے اہم یادگار عمارتیں ہیں - نوبہار قدیم آج بھی دروازۂ نو بہار کے جنوبی علاقے میں

marfat.com
Marfat.com

موجود ہے اور اس کا نام اب ''تختِ رستم'' یا ''تپۂ رستم'' ہے - تخت رستم نے پانچ سو میٹر لمبے قطعۂ زمین سے زیادہ زمین گھیر رکھی ہے - بلخ قدیم زمانے میں بدھ مت کا مرکز اور پورے طور پر ہندو تہذیب کے زیرِ اثر رہا ہے، لیکن ایرانی یہ ثابت کرنے کی کوشش کرتے رہے ہیں کہ اسلام کے ابتدائی عہد تک بھی بلخ زردشتیوں کا مرکز اور ایرانیوں کا سب سے پرانا مذہبی صدر مقام تھا - عمر بن اَزرق الکرمانی کی کتاب میں، جس سے یاقوت الحموی نے مواد لیا ہے، نوبہار کو ایک مکمل زردشتی شہر قرار دیا گیا ہے اور اس بارے میں اس مضمون کی روایات نقل کی گئی ہیں کہ یہاں کی عمارتوں کا تعلق ایران کے نامور قومی ہیرو رستم کے ساتھ ہے .

حقیقت یہ ہے کہ قدیم شہر بلخ کی جزئیاتی تاریخ کو ابھی تک موضوعِ تحقیق نہیں بنایا گیا ہے - فرانسیسی جماعتِ آثارِ قدیمہ (The French Archeological Delegation) نے شمالی افغانستان میں نہایت اہم تحقیقات کی ہیں اور اس نے گو شہر کے اندر اور اس کے نواح میں آثارِ قدیمہ کا، خصوصاً بدھ مت کی یادگاروں کا نہایت باریک بینی سے مطالعہ کیا ہے، لیکن اس نے قرونِ وسطی کے شہر کی تاریخ کو مجموعی طور پر نہیں چھیڑا - اس کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ مغرب کے بیشتر ماہرانِ آثارِ قدیمہ کو وہ مشرقی مخطوطاتی مآخذ دستیاب نہیں جن میں اس شہر کے مقامی جغرافیے کا حال درج ہے - دوسری وجہ یہ ہے کہ محمود بن امیر ولی کی تصنیف بحر الآثار فی مناقب الاخیار (انڈیا آفس مخطوطہ، عدد ۱۴۹۶، ورق ۳۱۰ تا ۳۱۸) جس میں دورِ اسلامی خصوصاً سولھویں صدی کے ازبک خوانین کے عہد حکومت کے دوران میں اس شہر کے مقامی جغرافیے کے کچھ احوال درج ہیں، ابھی تک شائع نہیں ہوئی - مزید برآں اس تصنیف کی عبارات اتنی مغلق ہیں کہ جب تک آثارِ بلخ کا ذاتی طور پر مشاہدہ نہ کیا جائے، سمجھ میں نہیں آ سکتیں؛ چنانچہ یہی وجہ ہے کہ بارٹولڈ Barthold نے ۱۹۲۶ء میں تسلیم کیا کہ وہ ان عبارات کو سمجھ نہ سکا اور اس لیے اس نے بلخ پر اپنی تصنیف *The Historical Geography of Iran* (ص ۱۸) میں محمود بن ولی کی معلومات کو اپنا موضوعِ تحقیق بنانے کی کوشش نہیں کی - اس شہر کی تاریخ میں شیخ الاسلام ابوبکر صفی الدین البلخی کی تصنیف (دیکھیے Storey : *Persian Literature*، ۱/۲ : ۱۲۹۶) تو معروف ہے، لیکن اس شہر کی مقام نگاری کے متعلق ان کی نگارشات ابھی شائع نہیں ہوئیں - بہرکیف اُزبک خوانین کے عہد میں اس شہر کے محاصرے کے متعلق رسالوں میں جو احوال مندرج ہیں وہ نہایت اہم اور درست ہیں - ان میں سے اہم‌ترین حافظ تنِش (؟ تانیش) کی تحریرات ہیں جو اُزبک عبداللہ خان کے ۱۵۷۳ء میں اس شہر کے محاصرے کے متعلق ہیں - میر محمد امین بخاری نے اُزبک خان کے ۱۷۰۷ء میں اس شہر کے محاصرے کے متعلق جو احوال لکھے ہیں وہ بہت اہم ہیں .

**مآخذ** : (۱) الاِصطَخری، ص ۲۷۸؛ (۲) ابن حَوقل، طبع جدید، ص ۴۴۷ تا ۴۴۸؛ (۳) المقدسی، ص ۳۰۱ تا ۳۰۲؛ (۴) Le Strange : *The Lands of the Eastern Caliphate*، ص ۴۲۰ تا ۴۲۳؛ (۵) V. Barthold: *Istoroko-geograficeski Obzor Irana*، ص ۷ تا ۱۰؛ (۶) P. Schwarz : *Volume Presented to C. E. Pavry.*، لنڈن ۱۹۳۳ء، ص ۴۳۴ تا ۴۴۳؛ (۷) A. Fucher : *La vielle route de l' Inde de Bactres à Taxila*، پیرس ۱۹۴۱ء؛ تصاویر کے لیے (۸) Niedermeyer : *Afghanistan*، لائپزگ ۱۹۲۴ء .

(زکی ولیدی طوغان)

marfat.com
Marfat.com

بلخ افغانی سلطنت کے زمانے میں : دسویں صدی ہجری میں آہستہ آہستہ بلخ کی شہرت کم ہوتی گئی اور یہ شہر رفتہ رفتہ ویران ہوگیا۔ شہر کی آبادی کا بڑا حصہ شہر مزار شریف (سابقہ قریۂ خواجہ خَیران) میں منتقل ہو گیا، اور یہ نیا شہر بلخ کے بجائے آباد ہو گیا، چنانچہ بلخ کی حیثیت اب ایک چھوٹے سے قصبے کی رہ گئی جس میں صرف چند سو مکان تھے۔ ۱۱۶۳ھ/۱۷۴۹ء میں احمد شاہ ابدالی نے اپنے وزیر اعظم شاہ ولی خان کو ہرات سے دس ہزار فوج دے کر مَرْو اور مَیمنہ بھیجا۔ شاہ ولی خان نے بلخ و بدخشان کے کل علاقوں، یعنی افغانستان کے شمالی حصے کو احمد شاہی سلطنت میں شامل کر لیا اور وہاں افغانی حکام متعین کر دیے (میر غلام محمد غبار: احمد شاہ بابا، کابل ۱۳۲۲ھ ش، ص ۲۰۹ ببعد).

چونکہ بخارا کے امیر بلخ میں اور دریاے آمو کے سواحل پر لوگوں کو احمد شاہی حکومت کے خلاف بغاوت کرنے پر اکساتے تھے، اس لیے احمد شاہ ابدالی نے ۱۱۸۱ھ/۱۷۶۷-۱۷۶۸ء میں شاہ ولی خان کو چھے ہزار سواروں کے ہمراہ قندھار سے افغانستان کے شمالی حصوں کی طرف روانہ کیا۔ وزیر نے بلخ پہنچ کر حکومت کے کاموں کو منظّم کیا اور آمو دریا کو پار کر لیا، لیکن بخارا کے بادشاہ نے صلح کر لی اور آمو کو افغانستان کی سرحد تسلیم کر لیا۔ شاہ ولی خان مختلف امور کی تنظیم کے بعد کابل ہوتا ہوا بلخ سے قندھار لوٹ آیا (وہی مصنّف: احمد شاہ بابا، ص ۲۹۱).

احمد شاہ ابدالی کے مرنے پر جب اس کا بیٹا تیمور شاہ افغانی تختِ حکومت پر بیٹھا تو قباد خان اوزبک بلخ میں بغاوت کر بیٹھا۔ اس پر تیمور شاہ نے پیر دوست خان کے بیٹے برخوردار خان کو کابل سے ایک فوجی جمعیت کے ساتھ بلخ روانہ کیا۔ ان شاہی فوجوں نے ۱۱۸۷ھ/۱۷۷۳ء کے اوائل میں قباد خان کو راستے سے ہٹا دیا اور بلخ کے مسائل کو سلجھا دیا (محمد امین ابوالحسن گلستانہ (؟): مجمل التواریخ، لائڈن ۱۸۹۶ء، ص ۱۱۸)۔ چونکہ تیمور شاہ بھائیوں کے باہمی اختلافات میں اُلجھا ہوا اور پنجاب و پشاور پر یورش کرنے میں منہمک تھا، اس لیے بخارا کے حاکم شاہ مراد بے نے موقع کو غنیمت تصور کرتے ہوئے مرو پر قبضہ جما لیا اور بلخ کو خطرے میں ڈالدیا؛ لہذا ۱۲۰۳ھ/۱۷۸۹ء کے موسم بہار میں افغانستان کے شمالی علاقوں میں فتنہ و فساد کو دور کرنے کی غرض سے تیمور شاہ ایک لاکھ فوج کے ساتھ چل پڑا۔ آقچہ بلخ کے حدود میں جنگ ہوئی، جس میں شاہ مراد بے کے چھے ہزار آدمی مارے گئے اور اس کے سپاہیوں کو شکست ہوئی۔ اس شکست کے بعد شاہ بخارا نے علما کے ہاتھ قرآن مجید اور کچھ تحفہ تحائف تیمور شاہ کے پاس بھیجے۔ تیمور نے اُس کی عذرخواہی قبول کی اور اس سے صلح کر لی؛ چنانچہ بلخ فتح کرنے اور اس کے امور طے کرنے کے بعد وہ کابل پلٹ آیا اور پیر دوست خان کو وہاں کا حاکم مقرر کر دیا (فیض محمّد ہزارہ کابلی: سراج التواریخ، مخطوطہ، ص ۲۷۸؛ قاضی عطاءاللہ: تاریخ افغانستان (پشتو)، پشاور، ص ۱۳۶).

۱۲۰۷ھ/۱۷۹۲-۱۷۹۳ء میں تیمور شاہ کابل میں فوت ہو گیا۔ اس کے بعد اس کا بیٹا زمان شاہ تخت نشین ہوا، لیکن ساتھ ہی اس کی اپنے بھائیوں سے خانہ جنگی شروع ہو گئی.

جس وقت زمان شاہ ہندوستان پر چڑھائی کرنے کے خیال سے پشاور اور پنجاب پر اپنی فوج لے آیا، بخارا کے حاکم شاہ مراد بے نے دوبارہ بلخ پر اپنا قبضہ جما لیا، لیکن چونکہ وہ بلخ پر اپنا قبضہ

marfat.com
Marfat.com

قائم نہیں رکھ سکتا تھا، لہذا زمان شاہ کے دربار میں اپنا ایلچی بھیجا اور بلخ اور شمالی افغانستان کے علاقوں کو اس شرط پر خالی کرنے کا وعدہ کیا کہ تیمور شاہ اپنے باپ کی طرح اس سے صلح کر لے۔ اس طور پر بلخ کا تعلق دوبارہ سلطنت افاغنہ سے ہو گیا اور مراد بے اس سے دست بردار ہو گیا (الفنسٹن : سلطنت کابل، لنڈن ۱۸۱۵ء، ص ۵۶۳).

اس کے بعد افغانستان میں فتنہ و فساد کے دور، وزیر فتح خان کے بھائیوں کی جنگوں اور احمد شاہ ابدالی کے خاندان کے سقوط کا آغاز ہوا اور افغانوں اور انگریزوں کے درمیان افغانستان کی پہلی اور دوسری لڑائی ہوئی۔ اس تمام مدت میں شمالی افغانستان کے علاقوں میں مقامی امرا حکومت کرتے رہے۔ ان میں سے ایک نے بلخ کے نزدیک خُلم میں اپنا مرکز بنا رکھا تھا، لیکن جہاں تک بلخ کا تعلق ہے وہ اجڑ کر تقریباً غیرآباد ہو گیا تھا اور اس کا وجود صرف ایک گاؤں کی حیثیت سے باقی رہ گیا تھا۔ ۱۲۵۵ھ / ۱۸۳۹ء میں جب انگریزی فوج سے شکست کھانے کے بعد امیر دوست محمد خان بخارا کی طرف بھاگ رہا تھا، خُلم و بلخ پر میر محمد امین حکمران تھا۔ اس نے امیر سے اچھا سلوک کیا اور اسے بلخ کے راستے بخارا بھیج دیا۔ بعد ازاں جس وقت امیر نے بخارا سے کابل پر حملہ کیا، نیز ۱۲۵۶ھ / ۱۸۴۰ء میں بھی اس نے امیر کی امداد کی (سید قاسم رشتیا : افغانستان در قرن نوزدہم، کابل ۱۳۲۹ھ، ص ۸۳).

دو سال بعد (۱۲۵۸ھ / ۱۸۴۲ء میں) جب امیر دوست محمد خان دوسری بار کابل کے تخت پر بیٹھا تو بلخ کے علاقوں میں طوائف الملوکی کا دور دورہ تھا۔ خود بلخ میں میر اوراق کی حکومت تھی۔ بلخ کے نزدیک آقچہ میں صدور میر، آقچہ اور شبرغان میں میر حکیم خان، خُلم بلخ میں گنج علی سہتر، خُلم اور سرِ پُل میں، جو بلخ کے جانب مغرب تھا، محمود خان کی حکومتیں تھیں؛ لیکن امیر دوست محمد خان نے اپنے بیٹے سردار محمد اکرم خان کو اس طرف روانہ کیا اور ۱۲۶۵ھ / ۱۸۴۸ء تک بلخ کا تمام علاقہ اور دریاے آمو تک اس کے ملحقات کو مسخر کر کے اسے کابل کی سلطنت میں شامل کر لیا (سید قاسم رشتیا : کتاب مذکور، ص ۱۲۸)۔ مزار شریف کو شمالی افغانستان کی ولایت کا مرکز قرار دیا۔

۱۲۶۶ھ/۱۸۴۹ء میں خوانین بلخ نے از سرِ نو بغاوت کی، لیکن کابل کی فوجوں نے انہیں شکست دی۔ امیر دوست محمد خان نے خود اپنے بیٹے سردار محمد افضل خان کو بلخ اور سرپل کا حاکم مقرر کر دیا۔ اس نے بلخ میں اپنے سردار عبدالرحمن خان اور جرنیل شیر محمد خان (انگریز نومسلم مسٹر کیول) کی سرکردگی میں پندرہ ہزار باقاعدہ اور پندرہ ہزار بے قاعدہ (ایلہ جاری) فوج تیار کی اور ۱۲۶۸ھ / ۱۸۵۱ء میں اطراف بلخ میں تختہ پُل کی بنیاد رکھی اور وہاں افغانی فوجوں کے لیے چھاؤنی قائم کی (امیر عبدالرحمن خان : پندنامۂ دنیا و دین، طبع کابل، بدون تاریخ، ص ۶)۔ امیر دوست محمد خان نے بلخ کے اطراف کی حکومت بھی اپنے دوسرے بیٹوں کو سونپ دی، چنانچہ تاشقرغان (شرقی بلخ) میں سردار محمد امین خان اور آقچہ (جنوبی بلخ) میں سردار ولی محمد خان حکومت کرتے تھے۔ یوں بلخ کا تمام علاقہ محفوظ ہو گیا (سید مہدی فرخ : تاریخ سیاسی افغانستان، تہران ۱۳۱۴ھ ش، ص ۶۵)۔

جب امیر دوست محمد خان (۱۲۷۸ھ / ۱۸۶۱ء) میں ہرات کے مقام پر انتقال کر گیا تو بلخ کے علاقے میں دوبارہ شورش برپا ہوئی اور وہاں کے حاکم میز اتالیق نے بغاوت کر دی، لیکن سردار عبدالرحمن خان نے اس فتنے کو کچل دیا

Marfat.com

(سیّد مہدی فرخ، کتاب مذکور، ص ۲۰۱).

امیر دوست محمد خاں کے بعد اس کا بیٹا امیر شیر علی خاں اس کی جگہ تخت پر بیٹھا، اور سارے افغانی ترکستان کے ساتھ ساتھ بلخ پر بھی اس کا تصرّف ہو گیا ۔ سردار فتح محمّد خاں وہاں کا حاکم اور شہاب الدین خاں بارکزئی وہاں فوج کا افسرِ اعلٰی تھا ۔ بعد میں امیر محمد افضل خاں اور امیر محمد اعظم خاں کی بادشاہت کے زمانے میں بھی یہ افغانستانی سلطنت سے وابستہ تھا حتٰی کہ ۱۲۹۶ھ/۱۸۷۹ء میں امیر شیر علی خاں مزار شریف (بلخ) میں فوت ہو گیا اور وہیں سپرد خاک ہوا ۔ شعبان ۱۲۹۷ھ/ ۲۱ جولائی ۱۸۸۰ء کو امیر عبدالرحمٰن خاں کابل کا بادشاہ ہو گیا اور افغانی ترکستان کی حکومت، یعنی بلخ اور شمالی افغانستان کے دوسرے حصّوں کو سردار محمد اسحٰق خاں ولد امیر محمّد اعظم خاں کے سپرد کر دیا گیا، لیکن اس نے ۱۳۰۶ھ / ۱۸۸۸ء میں بغاوت کر دی ۔ امیر عبدالرحمٰن نے اسے شکست دی اور شمال کے تمام علاقوں اور بلخ کو اپنے ہاتھوں میں لے لیا اور عطا محمد خاں توخی کو وہاں کا حاکم مقرّر کیا اور بلخ کے قرب و جوار میں بہت بڑے فوجی مستقر (دِہدادی) کی بنیاد رکھی ۔

بعد ازیں حبیب اللہ خاں کے زمانے میں ۱۹۰۱ء سے لے کر اب تک مزار شریف اور بلخ افغانستان کی ایک ولایت ہیں ۔ مزار شریف میں ایک گورنر (حاکم) مقرر ہوتا ہے، جو پوری ولایت پر حکمرانی کرتا ہے اور دِہدادی کے سرمائی مستقر (قِشلہ) میں ایک میجر جنرل کے ماتحت دس ہزار تک منظم فوج ہوتی ہے ۔ اب بلخ مزار شریف کی ولایت میں ایک ضلع ہے؛ مزار شریف سے اس کا فاصلہ بائیس کیلومیٹر اور کابل سے چھے سو تینتالیس کیلومیٹر ہے؛ سطح سمندر سے اس کی بلندی گیارہ سو پچاس میٹر ہے ۔ اس کا مشرقی طول البلد ۶۶ درجہ، ۴۲ دقیقہ، ۲۳ ثانیہ اور شمالی عرض البلد ۳۶ درجہ، ۳۵ دقیقہ، ۵ ثانیہ ہے ۔

۱۳۱۲ھ/۱۹۳۳ء میں محمّد گل خاں، وزیر امور داخلۂ افغانستان نے شہر بلخ کی نئی بنا ڈالی اور مسجدِ خواجہ پارسا کو مرکز قرار دیا اور وہاں سے چار طرف راستے کھولے اور شمالی سڑک کو دریاے آمو کی بندرگاہ کَلِف تک پہنچا دیا اور اس میں بازار، حکومتی مراکز اور تجارت خانے بنائے ۔

افغانستان کی ملکی تشکیلات و تنظیمات میں ذیل کے علاقے بلخ کے ضلع (حکومت کلاں) سے متعلق ہیں :

دولت آباد، بائیس مواضع اور سات ہزار پانچ سو چھیاسٹھ خاندانوں پر مشتمل؛ کِشِندہ، پچہتر مواضع اور تین سو بانوے خاندانوں پر مشتمل؛ شورتپہ، بارہ مواضع اور تین ہزار چار سو خاندانوں پر مشتمل؛ چِمتال اور متعدّد دوسرے مواضع، جو تقریبًا آٹھ ہزار گھرانوں پر مشتمل ہیں ۔ بلخ کے اس پورے علاقے میں اس وقت چھے ابتدائی تعلیم کے مکتب ہیں ۔ یہاں کے رہنے والے اُزبک، تاجیک اور پختون ہیں، اور فارسی، ازبکی اور پشتو بولتے ہیں ۔

بلخ کی اہم پیداوار یہ ہے : قرہ قلی، قالین اور برَک (ایک طرح کا موٹا اونی کپڑا)، شال، ریشمیں ابرہ، مختلف قسم کے لباس اور غلّہ مثلاً گیہوں، جو، جوار، باقلا، ماش، لوبیا اور چنا، کپاس، گاجر و شلغم، بیگن، تربوز، کھیرا اور مختلف قسم کے میوے ۔ بلخ کا خربوزہ بہت شیریں اور مشہور ہے ۔ گھریلو جانوروں میں وہاں کے گھوڑے بہت مشہور ہوتے ہیں ۔ گائیں، بکریاں، بھیڑیں اور اونٹ بھی کثرت سے پائے جاتے ہیں ۔ وہاں کے لوگوں کا پیشہ زراعت اور قرہ قلی بھیڑوں

marfat.com
Marfat.com

کی پرورش، قالین بافی اور گھوڑے پالنا ہے ۔ بلخ کی زمین کا رقبہ، جو انتالیس ہزار جریب کے قریب ہے، بلخ کی اٹھارہ نہروں سے، جو بلخاب سے آتی ہیں، سیراب ہوتا ہے ۔ یہ دریا کوہ البرز سے نکلتا ہے، جو بلخ کے جنوب میں ہے ۔

۱۹۳۰ء میں بلخ میں کپاس صاف کرنے کا ایک کارخانہ قائم کیا گیا تھا، لیکن بلخ کے دکنی حصے کی آب و ہوا بہت ناقص ہے ۔ وہاں ملیریا کے مچھر بہت ہوتے ہیں۔ شہر کے پرانے کھنڈروں سے کسی قسم کا فائدہ نہیں اٹھایا جا سکتا اور وہ شورہ‌زار ہیں ۔ گرما میں سخت گرمی اور جاڑوں میں سخت سردی ہوتی ہے ۔

بلخ میں اب تک بہت سے قدیم بزرگانِ اسلام کے مزار موجود ہیں، جن سے لوگ واقف ہیں، مثلاً خواجہ ابونصر پارساؒ، خواجہ عکاشہؓ (جن کے متعلق لوگ کہتے ہیں صحابی تھے)، امام محمد حنفیہؒ، امام ابو حفص بن برعشؒ، شیخ الاسلام امام ابو عبداللہ اسماعیلؒ، ابو القاسم انصاریؒ، امام ضحاکؒ فقیہ حنفی، شفیق بلخیؒ وغیرہ (دیکھیے قاموس جغرافیائی افغانستان، کابل ۱۳۳۵ھ شمسی، ۱ : ۳۵۸ .

[مآخذ : متن میں درج ہیں] .

(عبدالحیّ حبیبی)

* بَلْخان : بحیرۂ خزر کے مشرق میں دو سلسلہ‌ہاے کوہ جو خشک شدہ دریا ازبوی (قب، آمو دریا) کی گزرگاہ کا احاطہ کرتے ہیں ۔ اس دریا کے شمال میں بلخان کلاں واقع ہے ۔ یہ چونے کے پتھر کی اونچی پہاڑی ہے جہاں تک پہنچنا بہت دشوار ہے کیونکہ اس کی ڈھلانیں سلامی‌دار ہیں ۔ سب سے زیادہ بلند مقام دونِش قلعہ ہے، جس کی بلندی تقریباً ایک ہزار آٹھ سو اسی میٹر ہے ۔ بلخان خرد ازبوی کے جنوب میں واقع ہے، جسے جگہ جگہ سے پہاڑی نالوں نے کاٹ دیا ہے ۔ مغرب میں اس کی بلندی آٹھ سو میٹر سے زیادہ نہیں۔ ان پہاڑوں میں، جہاں المُقدّسی (ص ۲۸۵، سطر ۱۳ ببعد) کے بیان کے مطابق جنگلی گھوڑے اور مویشی پائے جاتے تھے، آس پاس کے لوگوں کو لوہے کی تلاش رہی ۔ تقریباً ۴۲۰ھ / ۱۰۲۹ء تا ۴۲۲ھ / ۱۰۳۱ء میں خراسان سے آنے والے ترکمان قبائل پسپا ہوکر یہاں آئے (قب ابن الأثیر، طبع ٹورن‌برگ، ۹ : ۲۶۷) ۔ بعد کی صدیوں میں اس علاقے میں ترکمانوں کی گنجان آبادیاں بسائی گئیں اور اس کی اقتصادی اہمیت روز بروز کم ہوتی گئی ۔ ۱۸۶۹ء کے بعد بحیرۂ خزر میں اس بلخانی تنگ کھاڑی پر روسی بندرگاہوں کے بننے اور ۱۸۸۱ء کے بعد ماوراے خزر ریلوے کی تعمیر کے باعث اسے دوبارہ کچھ اہمیت حاصل ہو گئی، لیکن یہ اہمیت ۱۹۰۵ء میں اورن برگ Orenburg — تاشقند لائن بننے سے زوال پذیر ہوگئی.

مآخذ : (۱) Brockhaus - Efron : *Enciklo-pedičeskiy Slovaŕ*، سینٹ پیٹرزبرگ ۱۸۹۱ء، ۳ : ۸۳۳؛ (۲) *Bolshaya Sovetskaya Enciklopediya*، بار دوم، ۴ (۱۹۵۰ء) : ۱۶۷ ببعد.

(B. Spuler و W. Barthold)

* بَلْخَش : آرال [رک بآں] کے بعد وسط ایشیا کے علاقے میں سب سے بڑی جھیل (اٹھارہ ہزار چار سو بتیس مربع کیلو میٹر) ۔ اس جھیل میں دریاے ایلی اور بہت سے دوسرے نسبۃً کم اہم دریا جا گرتے ہیں ۔ ازمنۂ وسطٰی کے عرب جغرافیہ نویسوں کو اس جھیل کے وجود کا علم نہیں تھا ۔ حدود العالم کے نامعلوم الاسم مصنف (۳۷۲ھ/۹۸۲ - ۹۸۳ء) (قب J. Marquart : *Osteuropäische und ostasiatische Streifzüge*، جلد ۳) نے لکھا ہے کہ دریاے ایلی (ایلا) جھیل ایسیک کُول [رک بآں] میں جا کر گرتا ہے ۔ جہاں تک ہمیں علم ہے

marfat.com
Marfat.com

تمام مسلم مصنّفوں میں سے صرف محمّد حیدر ایک ایسا شخص ہے جس نے دسویں صدی ہجری/سولھویں صدی عیسوی کے وسط میں جھیل بلخش کی کیفیت لکھی ہے (تاریخ رشیدی، سترجمهٔ E. D. Ross، ص ۳۶۶) ۔ اس جھیل کا نام، جو اُس وقت اُزبکستان اور مُغولستان کی حدِّ فاصل تھی، مصنف موصوف نے کوکچہ تنیز Kökča-Teñiz (= نیلی جھیل) تحریر کیا، نیز بتایا ہے کہ وہ میٹھے پانی کا ذخیرہ ہے، لیکن اس نے اس جھیل کی لمبائی اور چوڑائی بیان کرنے میں مبالغے سے کام لیا ہے ۔ وہ والگا اِتِل [رَكَ بآن] کا منبع بلخش کو بتاتا ہے ۔ تاہم جھیل کے پانی کے ذائقے کے متعلق محمّد حیدر کا بیان اہمیت رکھتا ہے ۔ امرِ واقعہ یہ ہے کہ تمام جدید جغرافیہ‌نویس بلخش کو کھاری پانی کی جھیل سمجھتے رہے، لیکن کہیں ۱۹۰۳ء میں جا کر امپیریل روسی جغرافیائی سوسائٹی (Imperial Russian Geographical Society) کے شعبۂ ترکستان کی تحقیقات کے مطابق، جو ۱۹۳۱ء میں سرکاری ادارۂ مائیات (State Institute of Hydrology) کی تصانیف اور ۱۹۴۱ء میں اشتراکی روس کی اکادمی، علوم کے ادارۂ علوم ارضیات کی تصانیف شائع ہونے پر مکمل ہوئیں، یہ ثابت ہوا کہ اس جھیل کے پانی کا ایک حصّہ میٹھا ہے ۔

اس جھیل کو سب سے پہلے قلموق لوگوں نے بلخش کے مغولی نام سے موسوم کیا ۔ در حقیقت سترھویں صدی اور اٹھارھویں صدی کے نصف اوّل میں وہ ان علاقوں پر قابض رہے ۔ جھیل کا نام بلخس Balchas، جو سویڈن کے ایک ماتحت افسر رینا J.G. Renat کے نقشے میں دیا ہے، اس زمانے میں بہت صحیح تھا ۔ رینا ۱۷۱۶ء تا ۱۷۳۳ء سترہ سال قلموق کے علاقوں میں رہا، قبّ *Carte de la Dzoungarie dressée par le suédois Renat pendant sa captivité chez les kalmüks de 1717 à 1733*، مطبوعۂ Russ. Imp. Geog. Society، سینٹ پیٹرز برگ ۱۸۸۱ء.

بلخش کے قرب و جوار کے علاقے انتہائی ویران اور خشک نظر آتے ہیں اور ''انقلاب اکتوبر'' تک اس جھیل کو کوئی اقتصادی اہمیت حاصل نہ تھی ۔ ۱۹۳۶ء میں بلخش کے وسیع صنعتی شہر کی تعمیر کے وقت اس کی ترقی و عروج کا دور شروع ہوا ۔ یہ شہر جھیل کے شمالی ساحل پر خلیج برتس Bertis پر آباد کیا گیا ہے ۔

([A. Bennigsen و W. Barthold])

**البَلْخی** : ابو زَید احمد بن سَہْل، ایک مشہور و معروف عالم، جو آج کل زیادہ تر اپنی جغرافیائی تصانیف کی وجہ سے مشہور ہے ۔ وہ صوبۂ خراسان مبہ، بلخ کے قریب ایک گاؤں میں تقریبًا ۲۳۶ھ / ۸۵۰ء میں پیدا ہوا اور اسّی سال سے متجاوز عمر پا کر ذوالقعدہ ۳۲۲ھ / اکتوبر ۹۳۴ء میں اس نے وفات پائی ۔ اس کا باپ سجستان کا ایک مدرس تھا ۔ البلخی فرقۂ امامیّہ سے تعلّق رکھتا تھا، لہٰذا نوجوانی میں اس مذہب کی تعلیم حاصل کرنے کے لیے حاجیوں کے قافلے کے ساتھ اس نے عراق کا پیدل سفر کیا اور وہاں آٹھ سال رہا، شہرۂ آفاق شخصیت الکِنْدی کی شاگردی کی اور آس پاس کے ملکوں کی سیاحت بھی کی ۔ آخری عمر میں جب امیر بخارا نے اسے بلایا تو اس نے بلخ چھوڑ کر بخارا جانے کے لیے دریاے جیحوں کو عبور کرنے سے انکار کر دیا .

عراق میں اپنے عرصۂ قیام کے دوران میں البلخی نے فلسفہ، نجوم، ہیئت، طب اور علوم طبیعیات کا مطالعہ کیا (یاقوت : ارشاد، ۱ : ۱۴۵ تا ۱۴۶) ۔ کچھ مدت تک وہ اپنے فرقۂ امامیہ کے مذہبی اعتقاد اور نجوم کے اصول و قواعد کے درمیان، جن کا اس زمانے میں بہت رواج تھا، تذبذب میں مبتلا رہا ۔ بعد میں وہ مذہبی عقائد کا حامی اور قطعی طور پر راسخ العقدہ ہو گیا اور فلسفے کے ساتھ ساتھ

marfat.com
Marfat.com

اس نے مذھبی علوم کا مطالعہ بھی شروع کر دیا ۔ دونوں علوم میں یکساں مہارت رکھنے میں اسے بے مثال مقام حاصل رہا ھے ۔ الشہرستانی اسے حکماے اسلام میں شمار کرتا ھے (الملل، طبع Cureton، ص ۳۴۸) ۔ اس کا اپنا بیان ھے کہ اسے اپنی ایک کتاب شائع کرنے کی وجہ سے سالار حسین بن علی المَروَرّوذی کی حمایت اور سرپرستی سے محروم ھونا پڑا اور نصر بن احمد سامانی کے وزیر اور اپنے مربّی ابو علی الجَیْہانی کو وہ ایک دوسری کتاب تصنیف کر کے کھو بیٹھا، اگرچہ سپہ سالار مذکور قرمطی اور یہ وزیر ثنوی عقائد رکھتا تھا (ابوعلی، ابوعبداللہ الجَیْہانی جغرافیہ دان [رك بآن] کا لڑکا تھا، یہاں غالبًا وھی مراد ھے قب بارٹولڈ Barthold : Turkestan، ص ۱۲) ۔ اس کے باوجود مستند ناقدوں نے مذھبی موضوعات پر البلخی کی تصانیف کی بڑی تعریف کی ھے، بالخصوص اس کی نظم القرآن کی، جو بظاھر علم تفسیر سے متعلق ھے (ارشاد، ۱ : ۱۴۸) ۔ یاقوت (ارشاد، ۱ : ۱۴۲، ۱۴۳؛ قب ۱۵۰) نے البلخی کی تقریبًا ساٹھ کتابوں میں سے چھپن کتابوں کے نام دیے ھیں، یعنی اس نے الفہرست (طبع فلوگل، ص ۱۳۸) میں دی ھوئی اس کی تینتالیس تصنیفات پر تیرہ کتابوں کا اضافہ کیا ھے ۔ حاجی خلیفہ ان میں سے نصف درجن سے بھی کم کتابوں کا ذکر کرتا ھے ۔ کتاب مصالح الابدان و الأنفس (جس کے لیے دیکھیے براکلمان : تکملہ، ۱ : ۴۰۸) سے قطع نظر البلخی صرف اپنی ایک تصنیف کے باعث مشہور و معروف ھے، جو اب بظاھر ناپید ھو چکی ھے ۔ یہ نام نہاد کتاب صور الاقالیم [الاسلامیة] یا بالفاظ دیگر تقویم البلدان ھے (یاقوت نے اس کی کتابوں کی فہرست میں ان دو ناموں میں سے کسی کا ذکر نہیں کیا)، جو ڈ خویہ کے رسالے کے چھپنے کے بعد سے عام

طور پر الاصطخری اور ابن حَوقل کی جغرافیے کی تصانیف کی بنیاد تسلیم کی جاتی ھے اور اس کتاب کو معیاری عرب جغرافیہ‌نویسی کی ابتدا مانا جاتا ھے ۔ معلوم ھوتا ھے کہ یہ دنیا کا ایک نقشہ تھا، جو بیس حصوں میں منقسم تھا اور ان کے ساتھ مختصر شرح کے متون بھی تھے (المقدسی، ص ۴) ۔ بارٹولڈ Barthold (حدود العالم، مقدمہ، ص ۱۸، حاشیہ ۵، قب V. Minorsky : کتاب مذکور، ص ۱۵) نے اس راے کا بھی اظہار کیا ھے کہ ممکن ھے کہ البلخی نے اپنی تصنیف میں ابو جعفر الخازن کے دیے ھوے نقشے پر صرف تشریح کا اضافہ کیا ھو (براکلمان : تکملہ، ۱ : ۳۸۷) ۔ جغرافیہ‌دان کی حیثیت سے البلخی کی شہرت کا انحصار کلّی طور پر اسی کتاب پر ھے جس کے متعلق صورة مأمونیة کو پیش نظر رکھتے ھوے بمشکل یہ کہا جا سکتا ھے کہ یہ اس کی طبع زاد تصنیف تھی ۔ خود صورة مأمونیة بھی نقشوں کی ایک کتاب ھے، جس کا ذکر خلیفہ المأمون کے عہد (۱۹۸ھ/ ۸۱۳ء تا ۲۱۸ھ/۸۳۳ء) میں المسعودی نے کیا ھے (التنبیہ، ص۳۳) ۔ ھو سکتا ھے کہ البلخی کا جغرافیے کی طرف رجحان اور شوق اس کے استاد الکِندی کے باعث ھوا، جس کے لیے اس مضمون پر بطلمیوس [رك بآن] کے ایک رسالے کا ترجمہ کیا گیا تھا (الفہرست، ص ۲۶۸) اور جس کے ایک دوسرے شاگرد احمد بن الطیّب السَّرَخْسِی نے کتاب المسالک و الممالک تصنیف کی تھی (التنبیہ، ص ۶۷) ۔ یہ کتاب بظاھر مسلمانوں کی اسی نام کی جغرافیے کی متعدد کتابوں میں سب سے پہلی کتاب ھے ۔ گو المقدسی (ص ۶۸، ۲۶۰) کی راے یہ ھے کہ البلخی نے زیادہ سفر نہیں کیے، تاھم وہ یہ تسلیم کرتا ھے کہ البلخی خراسان بالخصوص اپنے صوبے سے متعلق دیوان (محاصل کے رجسٹر) میں بڑا ماھر تھا (کتاب مذکور، ص ۳۰۷) ۔ المقدسی

marfat.com
Marfat.com

کا یہ قول دوسرے مآخذ میں البلخی سے متعلق اس روایت کی تائید کرتا ہے کہ وہ سامانیوں کے عہد میں کاتب، یعنی سیکرٹری رہا تھا (ارشاد، ۱ : ۱۴۷)؛ المقریزی (خطط، مطبوعۂ بولاق، ۱ : ۱۱۵) میں بھی البلخی کی تصنیف کا حوالہ موجود ہے۔

**مآخذ** : (۱) یاقوت : ارشاد، ۱ : ۱۲۵ و ۱۴۱ تا ۱۵۲؛ (۲) البیہقی : تتمۂ صوان الحکمۃ، طبع محمد شفیع لاہوری، ص ۲۶ تا ۲۷؛ (۳) M. J. de Goeje : *Die Istahri-Balhi Frage*، در *ZDMG*، ص ۲۵ : ۴۲ تا ۵۸؛ (۴) J. H. Kramers : *La question Balhi-Istahri-Ibn Hauqal et l'Atlas de l'Islam*، در *Acta Orientalia*، ۱۰ : ۹ تا ۳۰؛ (۵) حدود العالم، مقدمہ، ص ۱۵ تا ۲۳؛ (۶) V. Minorsky : *A False Jayhani*، در *BSOAS*، ۱۳ : (۱۹۴۹ء) ۹۳ تا ۹۴۔

(D. M. DUNLOP)

* **اَلْبَلْخی** : ابوالقاسم (عبداللہ بن احمد بن محمود) معتزلی، جو ابوالقاسم الکَعْبی البلخی کے نام سے بھی مشہور ہے، بلخ میں پیدا ہوا۔ ایک طویل مدت تک بغداد میں رہا، جہاں وہ ابوالحسن الخیّاط معتزلی کا شاگرد رہا۔ اس نے نَسَف میں ایک مدرسے کی بنیاد ڈالی اور خراسان کے کئی باشندوں نے اس کے ہاتھ پر اسلام قبول کیا۔ ابتداے شعبان ۳۱۹ھ / اگست ۹۳۱ء میں اس نے بلخ کے مقام پر وفات پائی۔ اس کے شاگردوں میں ابن شہاب (ابو الطّیب ابراہیم بن محمد)، جو ۳۵۰ھ / ۹۶۲ء کے بعد فوت ہوا اور الاَحْدَب (ابوالحسن) کے نام قابل ذکر ہیں۔ اس کی تصانیف میں کتاب المقالات اور کتاب محاسن خراسان کا ذکر ملتا ہے؛ مؤخر الذکر میں وہ ابن الراوندی کا ذکر کرتا ہے۔

اس نے معتزلہ کے اس خوش آئند کلیے کی تائید کی ہے کہ خدا نسبۃً کم بہتر کے لیے بہتر کو ترک نہیں کر سکتا۔ انسان خیر پر قادر ہے اور اسے فعل خیر ہی کرنا چاہیے، جب کہ اللہ تعالٰی کا معاملہ بالکل جداگانہ ہے۔ اس سے کوئی بھی اعلٰی نہیں ہے؛ اس کے کیے ہوئے فعل سے بہتر فعل کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ معتزلی عقائد سے اتفاق کرنے کے باوجود وہ اس بات کو تسلیم نہیں کرتا تھا کہ اللہ کی صفات اس کی ذات سے الگ ہیں۔ اس کا نظریہ یہ تھا کہ عدم وجود، جس میں وجود کی صلاحیت ہے، ایک خارج از وجود مسلّمہ شے، یعنی ایک جوہرِ بسیط، ہے۔ وہ ذرّے کو محدود اور ذاتی صفات سے معرا سمجھتا تھا۔ جسد کی صفات چونکہ ذرات کے مجموعے سے حاصل ہوتی ہیں، لہٰذا وہ واجب نہیں بلکہ حادث ہیں۔ اس نے احساس اور تأثر میں امتیاز کیا ہے۔ اس کا کہنا ہے کہ انسان معقول موضوعات کا تصور اپنی عقل سے کرتا ہے اور اس کے مختلف حواس ان سے متأثر ہوتے ہیں، لیکن خود ان حواس سے کوئی تصور حاصل نہیں ہو سکتا۔ حواس کا کام یہ ہے کہ وہ مرتب تأثرات کو عقل تک پہنچانے کا ذریعہ بنیں۔ اس کے نزدیک اختیاری فعل قطعیت اور تذبذب کا لازمی نتیجہ ہے اور یہ دونوں باتیں انسان ایسی ناقص ہستی کا خاصّہ ہیں؛ بخلاف اس کے ذات باری میں یہ بالکل معدوم ہیں۔ اس کا کہنا ہے کہ امامت قریش ہی کو ملنی چاہیے، لیکن اگر اس سلسلے میں کسی سازش کا اندیشہ ہو تو غیر قریشی بھی امام بن سکتا ہے۔

**مآخذ** :(۱) الاشعری : مقالات الاسلامیین، استانبول ۱۹۲۹ء، ص ۴۱۳، ۵۵۵؛ (۲) البغدادی : الفرق، قاہرہ ۱۳۲۸ھ / ۱۹۱۰ء، ص ۹۳، ۱۶۳، ۱۶۶، ۱۶۷؛ (۳) الاَیجی : المواقف، قاہرہ ۱۳۲۵ھ / ۱۹۳۹ء؛ (۴) الاسفرائنی : التبصیر فی الدین، قاہرہ ۱۹۴۰ء، ص ۵۲؛ (۵) الخیّاط : الانتصار، قاہرہ ۱۹۲۵ء، بمواضع

marfat.com
Marfat.com

کثیرہ؛ (۶) الملطی : کتاب التّنبیه (طبع Dedering)؛ (۷) الرّسْعَنی : مختصر کتاب الفرق، قاهره ۱۹۲۴ء، ص ۱۱۹، ۱۲۰؛ (۸) الرّازی : محصّل افکار المتقدّمین و المتأخّرین، قاهره ۱۳۲۳ھ / ۱۹۰۵ء، ص ۳۷؛ (۹) الشهرستانی : الملل و النّحل، بر حاشیهٔ ابن حزم، قاهره ۱۳۴۷ھ/ ۱۹۲۸ء، ۱ : ۶۲، ۸۲؛ (۱۰) نهایة الاقدام، طبع A. Guillaume آوکسفرڈ، ۱۹۳۴ء، ص ۲۳۸، ۲۴۰، ۳۴۳؛ (۱۱) ابن المرتضٰی : المنیة والامل، حیدرآباد ۱۳۱۶ھ / ۱۸۹۸ء، ص ۳۴ تا ۵۱؛ (۱۲) ابن الندیم : الفهرست، قاهره ۱۹۲۹ء، ۳ : ۲۴۷؛ (۱۳) ابن حزم : الفصل، قاهره ۱۳۴۷ھ / ۱۹۲۸ء، ۳ : ۱۵۳؛ (۱۴) چلبی : شرح المواقف، استانبول ۱۲۸۶ھ، ص ۳۱۲؛ (۱۵) احمد امین : ضحی الاسلام، قاهره ۱۳۶۰ھ / ۱۹۴۱ء، ۳ : ۱۳۱؛ (۱۶) براکلمان، ۱ : ۳۴۳؛ (۱۷) اے - این - نادر : *Le Systéme philosophique des mu'tazila*، بیروت ۱۹۵۶ء؛ (۱۸) جار اللہ زُهدی : المعتزله، قاهره ۱۳۶۶ھ / ۱۹۴۷ء، ص ۱۵۳.

(ALBERT N. NADER)

⊗ **اَلْبَلَد** : قرآن مجید کی ایک مکّی سورت کا نام، جس کا دوسرا نام لَآ اُقْسِمُ بھی ہے (البخاری)؛ عدد تلاوت و ترتیب نوے اور عدد نزول پینتیس - اس میں ایک رکوع، بیس آیتیں، بیاسی کلمات اور تین سو بیس حروف ہیں - بلد کے معنی ہیں شہر اور البلد سے یہاں مکۂ معظمہ مراد ہے (البخاری، ابن جریر) - اس سورت میں کئی تاریخی اشارات ہیں، مثلاً یہ کہ حضرت محمد رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ و سلّم اور آپؐ کے ماننے والوں پر کفار کی طرف سے مظالم کا آغاز ہو جائے گا - ہر چند کہ قریش مکہ کا یہ عقیدہ ہے کہ مکے میں کسی کو تکلیف دینا جائز نہیں، لیکن پھر بھی لوگ مکے کی اس حرمت کو نظر انداز کرکے مسلمانوں کو مبتلائے آلام کرنے سے دریغ نہیں کریں گے؛ وہ انھیں ہر قسم کے مظالم کا نشانہ بنائیں گے اور اس کی حرمت ان کے لیے روک نہ رہے گی - اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ سرور کائنات حضرت محمد رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ و سلّم کا مکے میں قیام عارضی ہوگا اور آخر آپؐ کو یہاں سے ہجرت کرنا پڑے گی اور اس کے بعد گو بطور فاتح یہاں آپؐ کی آمد ہوگی، لیکن عارضی قیام کے بعد آپؐ واپس چلے جائیں گے، کیونکہ حِل کے ایک معنی ''النّازل بالمکان''، یعنی کسی جگہ عارضی طور پر اترنے والے کے بھی ہیں - اس طرح آپؐ کے اس شہر مکہ میں واپس آ کر عارضی قیام سے حلت کی ایک صورت پیدا کی جائے گی اور آپؐ کو مکے پر حملے کی اجازت دی جائے گی، نیز آپؐ کے لیے یہ شہر کچھ وقت کے لیے حلال ہو جائے گا (قبّ البخاری، کتاب جزاء الصید، باب یحل القتال بمکة) اور یوں آپؐ ان تمام برکات کے وارث ٹھیرائے جائیں گے جو اس شہر سے وابستہ ہیں - بقول ابن کثیر حِل بمعنی مقیم و ساکن بھی ہے (تفسیر ابن کثیر؛ السجستانی : غریب القرآن) - سرفرازیوں اور بلند درجات پانے کے لیے آپؐ اور آپؐ کے ماننے والوں کے لیے تکالیف شاقّہ میں سے گزرنا ضروری ہے اور اس کے لیے مکۂ مکرمہ سے تعلق رکھنے والے دو عظیم انسانوں کی مشترکہ قربانیوں کی طرف توجہ دلائی ہے، جو باپ اور بیٹا تھے، یعنی حضرت ابراہیم اور اسمٰعیل علیہما السلام - لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِیْ كَبَدٍ (آیت ۴)، یعنی ہم نے یقینًا انسان کو رہینِ محنت بنایا ہے؛ اس میں بتایا گیا ہے کہ اللہ تعالٰی نے مشقت و محنت انسان کی خلقت میں ودیعت کر دی ہے، چنانچہ انسان محنت و مشقت کے ذریعے ایک مرتبے سے دوسرے مرتبے کی طرف ترقی کرتا ہے (الراغب : المفردات) اور امور دنیا و آخرت کے لیے جہاد زندگی میں سرگرم عمل رہتا ہے - اخلاقی، دینی اور معاشرتی ذمے داریوں

marfat.com
Marfat.com

سے عہدہبرآ ہونے کے لیے تکالیف شاقّہ برداشت کرنا ایک ناگزیر امر ہے۔ اس کے بعد بعض ان اخلاقی اسباب پر روشنی ڈالی گئی ہے جن کی بنا پر حضرت محمّد رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم اور آپؐ کے ساتھی کامیاب ہوں گے اور آپ کے مخالفوں کے لیے ناکامی مقدر ہے۔ فرمایا کہ یہ مخالفینِ اسلام محاسبۂ اعمال سے غافل ہیں، مال و دولت صحیح مصرف و ضرورت کے مطابق خرچ نہیں کرتے، بلکہ بے موقع اسراف سے کام لے کر نام و نمود کے لیے اسے برباد کرتے ہیں۔ لوگ بھی انھیں دیکھ رہے ہیں اور ان کی نیتوں پر اللہ تعالٰی کی بھی نظر ہے۔ مال و دولت اور طاقت و قوت پر ان کا غرور بالکل بےکار ہے۔ وہ قادرِ مطلق خدا کے عذاب سے بچ نہیں سکتے، پھر فرمایا کہ انھوں نے ہدایت کے سب ذرائع نظر انداز کر رکھے ہیں، یہ آنکھیں رکھنے کے باوجود ان سے کام نہیں لیتے، زبان موجود ہے لیکن کسی سے صحیح راستہ نہیں پوچھتے۔ حضرت محمّد رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و سلّم کے ذریعے دین و دنیا کی ترقی اور نیکی و بدی کی راہیں واضح ہو چکی ہیں، لیکن یہ کفار حق و صداقت سے آنکھیں بند کیے ہوے ہیں اور عقل و خرد سے کورے ہیں۔ اس سورت میں اس امر کی نشاندہی بھی کی گئی ہے کہ اسلام نے پہلے دن سے غلامی کے خلاف آواز بلند کی ہے، اور جو بات دنیا کی سمجھ میں آج آئی ہے قرآن مجید نے صدیوں پہلے اس کی طرف توجہ دلائی تھی۔ اس ضمن میں بتایا گیا ہے کہ ایمان اور ایثار و قربانی سے سربلندی اور نجات حاصل ہوتی ہے۔ اسی سلسلے میں غلاموں کو آزاد کرنے اور یتیموں اور مسکینوں کو کھانا کھلانے کی ترغیب دلائی گئی ہے۔ مومنوں کی ایک صفت یہ بھی بتائی ہے کہ وہ تکالیف و مصائب کے وقت ایک دوسرے کو صبر اور تراحم و تعاطف کی تلقین کرتے ہیں۔ اخلاق اسلامی کے نقطۂ نظر سے اس صورت میں چار بنیادی فضائل کی طرف خاص توجہ دلائی گئی ہے: فضیلتِ عفت (سخاوت و اطعام الطعام)، فضیلتِ حکمت (=ایمان)، فضیلتِ شجاعت (= تکالیف پر صبر) اور فضیلتِ عدالت (= تراحم و تعاطف)۔ ان فضائل و خصائل حمیدہ کے حامل گروہ کو اَصْحٰبُ الْمَیْمَنَۃ (=دائیں طرف والے) کا لقب دے کر کامیاب اور فائز المرام لوگ قرار دیا اور ان فضائل سے محروم کفار کو بدعملی و بدکرداری کے باعث اَصْحٰبُ الْمَشْئَمَۃ (=بائیں طرف والے) ٹھیرا کر انھیں جہنم کا ایندھن قرار دیا۔ حضرت محمّد رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و سلّم کے ماننے والے انھیں اوصاف کی بدولت دین و دنیا میں کامیاب ہوں گے اور ان سے پہلوتہی کرنے کے باعث کفار کی ناکامی اور بربادی ہو کر رہے گی۔

**مآخذ**: (۱) ابن جریر: تفسیر؛ (۲) الزمخشری: الکشاف؛ (۳) ابن کثیر: تفسیر، بذیل تفسیر سورۃ البلد؛ (۴) جمال الدین القاسمی: تفسیر القاسمی، ۱۷: ۶۱۵۸ ببعد؛ (۵) المراغی: تفسیر المراغی، ۳۰: ۱۵۵ تا ۱۶۴؛ (۶) سید امیر علی: مواہب الرحمٰن، ۳۰: ۴۷۰ تا ۴۸۴، نولکشور، لکھنؤ ۱۳۵۰ھ/۱۹۳۱ء؛ (۷) المہائمی: تفسیر تبصیر الرحمٰن، ۲: ۴۰۲، ۴۰۳، مصر ۱۲۹۵ھ؛ (۸) البخاری، کتاب تفسیر القرآن، بذیل تفسیر سورۃ لآ اقسم؛ (۹) الترمذی، تفسیر القرآن، بذیل تفسیر سورۃ البلد؛ (۱۰) الراغب: المفردات؛ (۱۱) السجستانی: غریب القرآن.

(ادارہ)

**بُلُدُر**: رکّ بہ بُرْدُر.

**بَلَدِیَہ**: میونسپلٹی (municipality)، یہ اصطلاح ہے جو عربی، ترکی (belediye) اور دوسری اسلامی زبانوں میں شہری اداروں کے لیے استعمال ہوتی

marfat.com
Marfat.com

ہے اور قدیم انداز کے شہری نظم و نسق کے اداروں سے مختلف ہے [رک بہ مدینہ] ۔ مسلمانوں کی دوسری متعدد جدید اختراعات اور مختارات کی طرح یہ چیز بھی سب سے پہلے ترکی میں استعمال ہونی شروع ہوئی، جہاں یہ جدید طرز کے شہری نظم و نسق کے اداروں اور تنظیمات [رک بآں] کے عمومی پروگرام کے اجزا کے طور پر رائج کی گئی ۔

(۱) ترکی

معلوم ہوتا ہے کہ جدید شہری نظم و نسق کے طریقوں کو سب سے پہلے سلطان محمود ثانی نے ینی چری [رک بآں] (Janissaries) کو ختم کرنے کے بعد اپنے اصلاحی پروگرام کا حصہ بنایا ۔ ۱۲۴۲ھ/۱۸۲۷ء میں ایک محکمۂ احتساب (احتساب نظارتی) قائم کیا گیا، جس نے بعض فرائض و خدمات کو، جن کا تعلق منڈیوں، بازاروں، اوزان اور پیمانوں وغیرہ کی نگرانی اور احتساب سے تھا، یکجا کر دیا ۔ ان کاموں کو اس وقت تک علما انجام دیتے چلے آتے تھے (دیکھیے محتسب) ۔ ۱۲۴۵ھ/۱۸۲۹ء میں اقتدار و احتساب کو ایک مرکز پر مجتمع کرنے اور اماموں کے تساہل اور سستی کو ختم کرنے کی غرض سے (لطفی کے الفاظ میں "*we-imāmlarin̄ musāmaḥa edememesi ičün*") استانبول کے شہری اضلاع میں مختار [رک بآں] کا نظام جاری کیا گیا ۔ اس وقت سے پہلے اس کام کے لیے دیہات میں سرپنچ ہوا کرتے تھے (مسلمانوں کے گاؤں میں کوئی کتخداسی *Köy Ketkhudāsī* اور عیسائیوں کے گاؤں میں کواجہ بشی Kodja bashî، لیکن شہروں میں ایسا نہیں تھا ۔ وہاں مردوں کی آبادی کے رجسٹروں کا رکھنا اور ان کی نقل و حرکت اور تبادلوں کی نگرانی اور ایسے دوسرے فرائض کی سرانجام دہی قاضیوں اور ان کے نائبوں اور (مساجد کے) اماموں کے ذمے تھی ۔ ۱۲۴۵ھ/۱۸۲۹ء کے شاہی فرمان کی رو سے یہ وظائف مختاروں کے سپرد کر دیے گئے، جن میں سے دو یعنی پہلا اور دوسرا ہر شہر کے مختلف محلّوں میں مقرر کیے جاتے تھے ۔ لطفی کا بیان ہے کہ اس اختراع پر استانبول کے باشندوں نے اعتراض و تنقید کی اور کہنا شروع کیا: "شہروں میں دیہاتی سرپنچ مقرر کر دیے گئے ہیں، اب کچھ دن بعد "سالیانے" کے رجسٹر بھی ہمارے محلوں میں آ جائیں گے" (لطفی، ۲: ۱۷۳) ۔ کچھ عرصے بعد مختاروں کی تقویت کے لیے چند افراد پر مشتمل بزرگوں کی ایک کمیٹی (اختیارِ ہیئتی) بنا دی گئی ۔ اس کے ارکان کی تعداد تین سے پانچ تک ہوتی تھی ۔ یہ طریقہ بعد میں آہستہ آہستہ دوسرے شہروں میں بھی پھیلا دیا گیا ۔

۱۲۴۷ھ/۱۸۳۱ء میں شہر مینے Shehremīni (= شہر کے کمشنر) کا عہدہ، جو قسطنطینیہ کی عثمانی فتح کے وقت سے اب تک چلا آ رہا تھا، منسوخ کر دیا گیا ۔ اس کے بعض فرائض، جو سرکاری عمارتوں کی نگرانی سے متعلق تھے، نئے قائم شدہ محکمے ابنی خاصہ Ebniye-i Khāṣṣa (نظامت عمارت مملکت) (لطفی، ۳: ۱۶۵؛ مجلّۂ امور بلدیہ، ۱: ۹۸۰، ۱۳۶۵ھ، فرمان کا تقویم وقائع (سرکاری گزٹ) میں حوالہ دیتے ہوئے، ج ۷، عدد ۲، ص ۱۳۴۷) میں منتقل کر دیے گئے ۔

اس کام کا دوسرا دور ۱۲۷۱ھ/۱۸۵۴ء میں شروع ہوا جب دو نئی تبدیلیاں کی گئیں ۔ پہلی یہ کہ استانبول کے لیے نئی شہری کمشنری شہرامانت Shehremānet قائم کی گئی ۔ نام سے قطع نظر اس نئے ادارے کو سابق ادارے سے کوئی مشابہت نہ تھی ۔ یہ حقیقت میں فرانسیسی *Préfecture de la ville* کی ایک صورت تھی اور اس کا تعلق زیادہ‌تر منڈیوں کی نگرانی اور قیمتوں کی دیکھ بھال

Marfat.com

سے تھا - افسر اعلیٰ (پریفیکٹ) کی اعانت کے لیے ایک شہر مجلسی ***Shehir Medjlisi*** (سٹی کونسل) تھی، جس کے ارکان سوداگروں کی انجمنوں سے لیے جاتے تھے - ''احتساب نظارتی'' منسوخ کر دی گئی اور اس کے فرائض شہری مجلس کے سپرد کر دیے گئے - محض نام کی اس تبدیلی سے بظاہر کوئی فوری نتیجہ نہیں نکلا اور سرکاری عہدےداروں کی شہری مسائل کی طرف سے غفلت اور بےتوجہی کی شکایتیں شروع ہو گئیں؛ چنانچہ چند ماہ بعد ''تنظیمات کی مجلسِ اعلیٰ نے ایک انتظامِ شہر کمیشن (***Intizām-i Shehir Komisyonu***) قائم کرنے کا فیصلہ کیا - اس کمیشن کی روح و رواں **Antoine Allion** تھا، جو ایک دولت مند فرانسیسی ساہوکار خاندان سے تعلق رکھتا تھا اور انقلابِ فرانس کے وقت ترکی میں آ کر آباد ہو گیا تھا - کمیشن کے دوسرے ارکان زیادہ تر یونانی، ارمنی اور یہودی جماعتوں سے لیے گئے تھے - ان کے علاوہ کچھ مسلمان ترک بھی شامل کیے گئے تھے، جن میں سے ایک حکیم باشی **Hekimbashi** محمد صالح آفندی بھی تھا، جو سلطان محمود کے طبیہ کالج کے پہلے سندیافتہ لوگوں میں سے تھا - کمیشن کو ہدایت کی گئی کہ وہ یورپ کے میونسپل نظام قواعد اور ضابطۂ عمل کے متعلق بابِ عالی کے حضور اپنی رپورٹ اور سفارشات پیش کرے.

بہت سے ملے جلے اسباب تھے جن کی بنا پر حکومت عثمانیہ نے یہ اقدام کیے - استانبول میں یورپ کے مالی اور تجارتی مفاد بتدریج بڑھ رہے تھے اور گیلاتا **Galata** اور بےاوغلو (**Pera**) ایک بستی بنتے جا رہے تھے، جو اپنی عمارتوں، دکانوں اور ہوٹلوں کے اعتبار سے بالکل یورپی طرز کی تھی اور جس میں مختلف قسم کی گھوڑےگاڑیوں کی تعداد (دیکھیے عربہ) روز مرہ بڑھ رہی تھی - ان حالات میں علاقے کے باشندوں نے نئی قسم کے اچھے راستوں، سڑکوں آبدوز نالیوں اور آبی سلسلوں کے علاوہ صفائی اور روشنی کے بہتر انتظام کا مطالبہ کیا اور اسے آبادی . . . کی امداد سے پورا کیا گیا - جنگ کریمیا کے دوران میں شہر میں یورپ سے آمدہ اتحادی فوجوں کی بہت بڑی تعداد کی موجودگی سے ان مطالبات کی قوت اور ان کی ضرورت اور بھی زیادہ محسوس کی جانے لگی اور اصلاحات کے اس نئے دور میں جو ۱۸۵۴ء سے شروع ہوا نظام شہری کے ضروری مسائل اور دارالحکومت کی ملازمتوں کی طرف تھوڑی بہت توجہ کی گئی - ان مسائل کے متعلق ترک مصلحین کا جو رویہ تھا اس کا بہت اچھا اندازہ اس مضمون کو پڑھ کر کیا جا سکتا ہے جو شاعر اور مضمون‌نگار ابراہیمی شناسی نے استانبول کی گلیوں کی صفائی اور روشنی کے متعلق تصویر افکار میں لکھا (جسے ابوالضیا توفیق نے نمونۂ ادبیات عثمانیہ میں دوبارہ شائع کیا (بار اوّل، استانبول ۱۲۹۶ھ/۱۸۷۸ء) بار سوم، استانبول ۱۳۰۶ھ، ص ۲۲۷ - ۲۳۵.

ان امور میں مجلس اعلیٰ برائے اصلاحات کی کارروائیوں کی روداد سے اس وقت کی حکومت عثمانیہ کی مختلف مصروفیات کا اندازہ ہوتا ہے - وزارت تجارت کے ماتحت شہر میں منتظم اعلیٰ (پریفیکٹ) کے نظام کی تخلیق در اصل جزوی طور پر ایک حقیقی ضرورت کو پورا کرنے کی ایک کوشش تھی . . .

اس کمیشن نے چار سال تک اپنا کام جاری رکھا اور اپنی رپورٹ پیش کی - اس کی بڑی بڑی سفارشات یہ تھیں: سڑکوں، پیدل راستوں، بدرروؤں اور پانی کی نالیوں کی تعمیر، گلیوں کی باقاعدہ صفائی اور روشنی کا انتظام اور جہاں ممکن ہو وہاں راستوں کی توسیع، بلدیات کا علیحدہ مالیاتی نظام، بلدیاتی

marfat.com
Marfat.com

اغراض کے لیے ایک ٹیکس کا نفاذ اور بلدیاتی قواعد و ضوابط کا عملی انتظام (مضبطه، ۲۷ صفر ۱۲۷۴ھ / ۱۷ اکتوبر ۱۸۵۷ء، در ''مجلّۂ امور بلدیه'' .Medj *Um. Bel. i*، ۱ : ۱۴۰۲ - ۱۴۰۳)۔

۱۲۷۴ھ / ۱۸۵۷ء میں مجلسِ اعلٰی نے یہ سفارشات منظور کر لینے کا فیصلہ کیا، لیکن وقتی طور پر ان کا عملی اطلاق تجربے کے طور پر ایک تجرباتی بلدیه کے حدود تک محدود رکھا جو ایک ضلع کے طور پر بےاوغلو اور گیلاتا میں قائم کی جانے والی تھی - اس ضلع کا قیام اگرچه سب سے پہلے عمل میں آیا تھا، لیکن اس کا نام Altindji dā'ire (چھٹا ضلع) رکھا گیا - شاید اس لیے، جیسا که عثمان نوری کا خیال ہے (''مجلّۂ امور بلدیه'' *Medj. Um. Bel. i*، ۱۰۱۰، شماره ۹۳) که پیرس کی چھٹی arrondissement اس شہر کی سب سے زیاده ترقی یافته آبادی سمجھی جاتی تھی - اس اقدام کی وجوه مضبطه، ۲۱ ربیع الاول ۱۲۷۴ھ / ۹ اکتوبر ۱۸۵۷ء (''مجلّۂ امور بلدیّه'' *Medj. Um. Bel. i*، ۱ : ۱۳۱۸ - ۱۳۳) میں بیان کیے گئے ہیں - بلدیاتی خدمات اور اصلاحات کی نہایت شدید ضرورت تھی، اس لیے ان کا انتظام لازمی تھا اور یه بھی که اس کے اخراجات کا بار خزانۂ عامره پر نہیں پڑنا چاہیے بلکه اس ضرورت کو شہریوں سے ایک خاص ٹیکس لے کر پورا کرنا چاہیے جو اس سے مستفید ہوں گے - نئے نظام کو پورے استانبول پر نافذ کرنا بہت دشوار اور ناممکن العمل تھا، اسی لیے فیصله کیا گیا تھا که اس کی ابتدا چھٹے ضلع سے کی جائے جو بےاوغلو اور گیلاتا کو ملا کر بنایا گیا ہے اور جہاں بےشمار جائدادیں اور اعلٰی درجے کی عمارتیں تھیں اور جہاں کے باشندے دوسرے ملکوں کے طور طریقوں سے واقف تھے، اس لیے بلدیاتی اداروں کے اخراجات کا بار اٹھانے کے لیے تیار تھے - جب اس مثال سے لوگ ان اداروں کی خوبیوں سے واقف اور آگاه ہو جائیں گے تو انہیں مکمل طور سے اختیار کر لیا جائے گا . . .

اس چھٹے ضلع کی بلدیه کا آئین، اس کے فرائض اور ذمے داریوں کی تفصیل جسے نمونه دائره سی *numūne dā'iresi* (نمونے کا ضلع) کہتے تھے ۲۴ شوال ۱۲۷۴ھ / ۷ جولائی ۱۸۵۸ء کے شاہی فرمان (ارادے irāde) میں درج کر دیے گئے تھے - بلدیاتی مجلس ایک صدر اور باره ارکان پر مشتمل ہوتی تھی جو سب کے سب شاہی فرمان (''ارادے'') کے ذریعے مقرر کیے جاتے تھے - صدر کا تقرر غیر معینه مدّت کے لیے ہوتا تھا اور باقی تمام ارکان کی میعاد تین سال ہوتی تھی - مجلس اپنے ارکان میں سے خود دو عہدے دار منتخب کرتی، ایک نائب صدر اور دوسرا خازن، یه تمام ارکان اعزازی ہوتے تھے اور مشاہره کے بغیر کام کرتے تھے - مستقل عہدے داروں میں ایک صدر کا معاون ہوتا، ایک معتمد عمومی، دو ترجمان معتمد، ایک سول انجینیئر اور ایک میر عمارات - ان سب کا تقرّر مجلس کرتی تھی اور یه سب تنخواه‌دار ملازم ہوتے تھے - مجلس کے انعقاد کے وقت اس کے فرائض و اختیارات کے جو حدود مقرّر کیے گئے تھے ان میں وه سب چیزیں شامل تھیں جن کا تعلق صفائی اور رفاهِ عامّه (نظافت و نزاہت عمومیه) سے تھا اور جس میں خصوصیت کے ساتھ راستوں، گلیوں، بدررووں، پٹریوں، بازار کی روشنیوں، گلیوں کو صاف رکھنے اور ان میں پانی چھڑکنے، ان کے کشاده اور سیدھا کرنے اور گیس بہم پہنچانے، خطرناک اور شکسته حال عمارات کو ناقابل استعمال قرار دینے، ذخائر خوردنی کا معائنه اور نگرانی کرنے، قیمتوں میں اعتدال اور توازن قائم رکھنے، باٹوں اور پیمانوں کا معائنه کرنے، پبلک مقامات مثلاً تھیٹره

marfat.com
Marfat.com

منڈیوں، ھوٹلوں، مدرسوں، رقص‌خانوں، قہوہ‌خانوں، گھروں اور سراؤں کی نگرانی کرنے کے کام شامل تھے - علاوہ بریں مجلسِ بلدیه کو نرخ اور محاصل مقرر کرنے اور اس طرح روپیه جمع کرنے اور حدود کے اندر قرضے لینے اور بعض خاص حالات میں جائدادوں پر قبضه کرنے کا اختیار بھی دیا گیا تھا - صدر کے لیے ضروری تھا که میزانیه مجلس کے سامنے اور پھر تصدیق و توثیق کے لیے بابِ عالی میں پیش کرے، جس کے بغیر اسے درست نہیں سمجھا جاتا تھا.

اس تفصیل سے اچھی طرح اندازہ لگایا جا سکتا ھے که ۱۲۷۱ھ / ۱۸۵۴ء تا ۱۲۷۴ھ / ۱۸۵۸ء میں شہری زندگی کے متعلق جو ذمّے داریاں قبول اور اختیار کی گئی تھیں . . . اس میں اسے میزانیه کے متعلق تھوڑے سے آزادانه اختیارات حاصل تھے - اس قسم کی خاص خاص مجلسیں عثمانی نظام مملکت میں نئی نہیں تھیں (دیکھیے Emin)؛ جدّت اگر تھی تو اس بات میں که بعض خاص طرح کے اختیارات اس کے سپرد کیے گئے تھے.

معلوم ھوتا ھے که نمونے کے چھٹے ضلع کی بلدیاتی مجلس نے اچھا کام کیا - منجمله دوسرے نمایاں کارناموں کے اس نے ضلع کی پیمائش کرائی - دو بلدیاتی تفریح‌گاھیں بنوائیں؛ دو شفاخانے کھولے اور شہریوں کی صحت، تحفظ اور سہولت کے سلسلے میں بہت سی اصلاحات نافذ کیں - ان تمام اصلاحات کے باوجود سرکاری وقائع‌نگار لطفی آفندی نے ان پر بڑی سختی سے نکته‌چینی کی ھے (عثمان نوری نے *Şehircilik*، ص ۱۲۷ میں یه اعتراضات نقل کیے ھیں)؛ لیکن نئے بلدیاتی اداروں کے قیام اور توسیع کی تحریک برابر جاری رھی - ۱۲۸۵ھ/ ۱۸۶۸ء میں (بلدیاتی قواعد و ضوابط کا ایک ضابطه) بلدیهٔ نظام نامے سی ***belediyye nizāmnamesi*** جاری کیا گیا، جس کی غرض و غایت یه تھی که بلدیه کے نظام کو استانبول کے باقی کے چوده اضلاع میں بھی پھیلایا جائے - اس ضابطے کی رو سے ھر ایک ضلع کے لیے آٹھ سے باره ارا کین تک کا ایک بلدیاتی کمیشن ھوگا جو اپنے میں سے ایک کو صدر منتخب کرے‌گا - پورے استانبول کے لیے چھپن ارکان پر مشتمل ایک ''جمعیت عمومیة'' (جنرل اسمبلی) ھوگی جس میں ھر ضلع کے تین نمائندے ھوں‌گے - نیز چھے آدمیوں پر مشتمل پریفیکٹوں کی ایک مجلس امانت (کونسل) ھوگی، جو مرکزی حکومت کی مقرر کرده ھوگی اور اس سے اسے تنخواه بھی ملے گی - یه دونوں جماعتیں Shehremīni (پریفیکٹ) کے زیر نگرانی کام کریں گی جو ھمیشه سرکاری عہدے‌دار ھوا کرے‌گا - معلوم ھوتا ھے که یه ضابطه، جسے نہایت کاوش سے تیار کیا گیا تھا، ۱۲۹۳ھ / ۱۸۷۶ء-۱۲۹۴ھ / ۱۸۷۷ء تک گلدستهٔ طاق نسیان بنا رھا اور اس سال ایک نئی آئینی تحریک کے زیرِ اثر دارالخلافه اور صوبائی شہروں کے لیے نئے ضابطے جاری کیے گئے؛ جو ضابطه استانبول کے لیے جاری کیا گیا تھا وہ دراصل پرانے ضابطے کی ترمیم شده صورت تھی - پرانے ضابطے میں جو تبدیلیاں کی گئی تھیں ان میں اھم‌تر یه تھیں که اضلاع کی تعداد چوده سے بڑھا کر بیس کر دی گئی اور رکن بننے کے لیے جائداد کی صلاحیت پانچ ھزار پیاسٹرا سے بڑھا کر اتنی کر دی گئی جس پر سالانه ٹیکس ڈھائی سو پیاسٹرا ھو- جدید ضابطے کی جدّت کا پہلو اس کی دفعات کی تبدیلی سے زیاده یه تھا که اسے باب عالی کی طرف سے نہیں بلکه تھوڑے عرصے قائم رھنے والی عثمانی پارلیمنٹ کی طرف سے جاری کیا گیا تھا، لیکن اس ضابطے کے جاری ھونے کے بعد ھی جنگوں کا جو بحرانی دور شروع ھوا اس کی وجه سے یه ضابطه بھی

marfat.com
Marfat.com

پچھلے ضابطوں کی طرح بےاثر رہا - (واحد استثنا پرنسس آئی لینڈ تھا جہاں ایک ساتواں ضلع بنا دیا گیا تھا - سعید پاشا: خاطرات، استانبول ۱۳۲۸، ۱: ۵؛ ’مجلۂ اسور بلدیہ‘ *Medj. Um. Bel.*، ۱: ۱۰۵۷) - بالآخر ۱۲۹۶ھ / ۱۸۷۸ء میں ’ضابطے‘ کا ایک نیا اور زیادہ عملی نسخہ شائع کیا گیا، جس پر صحیح وقت پر عمل در آمد شروع ہو گیا - اس کی رو سے شہر کو دس بلدیاتی علاقوں (اضلاع) میں تقسیم کر دیا گیا - سابقہ تنظیم میں کونسلوں اور کمیٹیوں کا جو وسیع نظام تھا اسے ختم کر دیا گیا - پریفیکٹ کی اعانت کے لیے صرف کونسل آف پریفیکٹ باقی رکھی گئی، اور ہر دس اضلاع کے لیے حکومت نے ایک ڈائرکٹر یا مدیر (müdür) مقرر کیا - یہ نظام ۱۳۲۴ھ / ۱۹۰۸ء کے انقلاب تک جاری رہا.

صوبوں میں اصلاح پسندوں کی پالیسی بالکل ایک سی تھی - اعیان اور شہر کتخداسی Shehir kethudasi (رَکْ بآں) کے سابقہ اختیارات ختم کر دیے گئے تھے - بڑے شہروں کے اکثر شہری علاقوں میں محمود ثانی کا شروع کردہ مختاری نظام (mukhtār system) جاری کیا گیا اور ۱۲۸۱ھ / ۱۸۶۴ء کے قانون ولایت کی رو سے انتخابات کے قواعد و ضوابط مرتب ہوے (باب چہارم و پنجم) - ۱۲۸۷ھ / ۱۸۷۰ء کے قانونِ ’ولایت‘ میں تقریباً اسی انداز سے صوبائی شہروں میں میونسپل کونسلوں کے قیام کی ایک دفعہ رکھی گئی جیسی استانبول کے ضابطے میں رکھی گئی تھی - اس بات کی کوئی شہادت موجود نہیں کہ اس سلسلے میں کچھ زیادہ کام ہوا ہو، مگر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ۱۲۹۴ھ / ۱۸۷۷ء کے قوانین ولایت بلدیّہ (صوبائی میونسپل کوڈ) کے بعض اجزا کو عملی شکل دینے کی کچھ کوشش کی گئی تھی - قانون کی رو سے ہر شہر کے لیے ایک میونسپل کونسل کا ہونا ضروری تھا، جس میں آبادی کے لحاظ سے چھے سے لے کر بارہ ارکان تک ہوتے تھے - اس کونسل کی مدّتِ عمل چار سال رکھی گئی تھی، لیکن ہر دو سال کے بعد آدھے ارکان کا انتخاب ہونا ضروری تھا.

علاقے کا طبیب، انجینئر اور طبیبِ حیوانات اپنے عہدے کی بنا پر مشیر کے طور پر مجلس کے ارکان ہوتے تھے - رکنیت صرف ان لوگوں کے لیے محدود تھی جو یک صد پیاسٹر سالانہ ٹیکس ادا کرتے تھے - مجلس کے ارکان میں سے ایک رکن صدر ہوتا تھا جو منتخب ہونے کے بجاے حکومت کی طرف سے نامزد ہوتا تھا - میزانیہ اور تخمینوں کو ایک جمعیت بلدیہ (میونسپل اسمبلی) منظور کرتی تھی جو اسی غرض کے لیے سال میں دوبار اجلاس کرتی تھی اور جو مجلس عمومی ولایت (صوبے کی جنرل کونسل) کے رو برو جواب دہ ہوتی تھی (*Medj. Um. Bel.*، ۱: ۱۶۶۴ ببعد).

’’نوجوان ترکی انقلاب‘‘ کے بعد جمہوری طرز کے جدید بلدیاتی اداروں کو جاری کرنے کی ایک تازہ کوشش کی گئی - ۱۲۹۳ھ / ۱۸۷۶ء کا قانون چند ترمیموں کے ساتھ بحال کیا گیا اور پوری سنجیدگی سے اسے عملی صورت دینے کی کوشش کی گئی - یہ تجربہ زیادہ کامیاب نہیں ہوا - ضلع کمیٹیوں کے اراکین گو جوشیلے کارکن تھے، لیکن نا تجربہ کار تھے اور مشترکہ مقاصد میں اضلاع کے درمیان باہمی تعاون کی کمی تھی - ۱۳۲۸ھ / ۱۹۱۲ء میں ایک جدید قانون کی رو سے اس نظام کو ہمیشہ کے لیے ختم کر دیا گیا اور اس کی جگہ استانبول میں صرف ایک بلدیہ جس کا نام شہر امانت "Shehremānet" تھا قائم کی گئی، جس کی ضلعوں میں نو شاخیں (شعوب) تھیں اور ہر شاخ کی نگرانی ایک سرکاری افسر کے سپرد تھی - پریفیکٹ کی اعانت کے لیے چون ارکان کی ایک بڑی مجلس تھی، جس میں ہر ضلع

marfat.com
Marfat.com

کی طرف سے چھے آدمی منتخب ہو کر آتے تھے۔ اس طرح نیز اور کئی صورتوں میں جدید طرزِ حکومت رفتہ رفتہ ایک مرکزی نظام کی شکل اختیار کر رہی تھی۔ بہت سی دشواریوں کے باوجود نوجوان ترکوں نے استانبول کی زندگی میں سہولتیں پیدا کرنے کے کام کو بہت آگے بڑھایا۔ بدرروؤں کا نیا نظام تجویز اور تعمیر ہوا۔ پولیس کے نظم و نسق کے لیے اور آتش زدگی کو روکنے کے کام میں اصلاحات کی گئیں اور کتّوں کے وہ غول جو عرصۂ دراز سے قسطنطینیہ کے گلی کوچوں کے لیے مصیبت بنے ہوئے تھے ہمیشہ کے لیے ختم کر دیے گئے۔

جمہوری حکومت نے شہری زندگی کا جو پہلا قابل ذکر اقدام کیا وہ یہ تھا کہ ۱۶ فروری ۱۹۲۴ء کو ایک قانون بنایا گیا، جس کی رو سے انقرہ میں پریفیکٹ کا نظام (شہر امانت) قائم کیا گیا (قوانین مجموعہ سی، ۲ : ۲۱۸)۔ پہلا پریفیکٹ علی حیدر تھا، جس کی اعانت کے لیے چوبیس اراکین کی ایک مجلس عام تھی۔ اس کا آئین بجز چند تبدیلیوں کے قسطنطینیہ کے آئین کے انداز پر تھا جس کا مقصد زیادہ تر یہ تھا کہ تمام مالی اور حفاظتی معاملات میں بلدیہ کی خود مختاری کو محدود کرکے اسے زیادہ سختی سے وزارت داخلہ کے ماتحت کر دیا جائے۔

۳ اپریل ۱۹۳۰ء کو بلدیات کا ایک نیا قانون پاس ہوا (*Resmi Gazete*، ص ۱۴۷۱، ۱۵۸۰؛ *OM* ۱۹۳۰ء، ص ۵۰۰)۔ قدیم نام شہر امانت Shehremänet اور شہر امینی Shehremini ترک کر دیے گئے اور ان کی جگہ بلدیہ Belediye اور بلدیہ رئیسی Belediye reisi نے لے لی جس کا ترجمہ عموماً میئر کیا جاتا ہے۔ سلطان عبدالحمید کے عہد حکومت میں استانبول کے پریفیکٹ اور گورنر کے عہدے بیک وقت ایک ہی شخص کے ہاتھ میں ہوتے تھے۔ نوجوان ترکوں نے ۱۳۲۵ھ / ۱۹۰۹ء میں ایک قانون پاس کیا جس کی رو سے پریفیکٹ کے عہدے کو گورنر کے عہدے سے علیحدہ کر دیا۔ جدید قانون کی رو سے یہ طے ہوا کہ صرف استانبول میں میئر اور ''والی'' کے عہدوں کو ملا دیا جائے گا، گو ولایت اور بلدیہ کے نظام ایک دوسرے سے الگ رہیں گے۔ اس قانون کی رو سے دیہات کی طرح بلدیات کی بھی ایک متحدہ قانونی حیثیت اور واضح طور پر قانونی حدود ہوں گی۔ اس قانون کی ایک سو پینسٹھ دفعات میں بلدیات کے انتخاب اور ان کے نظام کار کے متعلق قواعد کا پورا ضابطہ موجود تھا جو بجز چند معمولی ترمیموں کے آج تک رائج رہا ہے۔ ان قواعد کے ماتحت بلدیات کا نظام ایک میئر، ایک مستقل کمیشن اور ایک میونسپل کونسل کے زیر نگرانی ہے۔ میئر کا انتخاب کونسل کرتی ہے اور خود کونسل کا انتخاب جس کی میعاد چار سال ہوتی ہے عام رائے دہندگی کے ذریعے ہوتا ہے۔ جن شہروں کی آبادی دو ہزار سے بیس ہزار تک ہے انہیں ''قصبہ'' کہا جاتا ہے اور بیس ہزار سے زیادہ آبادی والوں کو شہر۔ کونسل کے اراکین کی تعداد باشندوں کی تعداد کے لحاظ سے ہوتی ہے، لیکن تین ہزار سے کم آبادی کی بستیوں کے لیے اراکین کی تعداد کا کم سے کم بارہ ہونا ضروری ہے۔ کونسل کا اجلاس سال میں تین مرتبہ، یعنی فروری، اپریل اور نومبر کے شروع میں ہوتا ہے۔ دوسرے دنوں میں اس کی جگہ ایک مستقل کمیشن (daimi encümen) کام کرتا ہے، جس کے تین رکن تو اسی کونسل کے ہوتے ہیں اور ان کی مدد کے لیے ان کے ساتھ بلدیہ کے مستقل افسر کام کرتے ہیں۔ بلدیہ کے وظائف میں صحت عامّہ (ہسپتال، دواخانے، دافع امراض ادویہ، صفائی اور خوراک کا معائنہ وغیرہ)، خدمات عامّہ (ٹرام، بس، گیس بجلی وغیرہ)، شہری منصوبہ

marfat.com
Marfat.com

بندی اور انجینیئری (جس میں شہر کے اندر کی سڑکیں اور ریل، عام تفریح گاہیں، باغات، گلیوں کی روشنی، صفائی، پانی کی نکاسی اور بہم رسانی وغیرہ) شامل ہیں۔ قلّتِ اشیا کے زمانے میں تھوڑی تھوڑی مقدار میں سامانِ خور و نوش کی تقسیم کا کام بھی اس کے ذمے ہوتا ہے ۔ اس کی اپنی مجلس تنفیذی (ضابطہ) بھی ہوتی ہے ۔ بلدیہ ٹیکس لگاتی ہے اور اس کا علیحدہ میزانیہ ہوتا ہے، لیکن اس کا مستقل عملہ سرکاری ملازم ہوتا ہے۔

**مآخذ:** سب سے زیادہ پر از معلومات مواد عثمان نوری (عثمان Ergin) کے مجلّۂ امور بلدیّہ، ۵ جلدیں، استانبول، ۱۳۳۰ تا ۱۳۳۸ھ میں ملے گا، پہلی جلد میں اسلام اور ترکی میں بلدیاتی اداروں کے تاریخی مواد کو تاریخ‌وار نہایت محنت سے جمع کر دیا گیا ہے ۔ دوسری جلد میں بلدیاتی معاملات کے متعلق عثمانی قوانین و فرامین کے متون یکجا کر دیے گئے ہیں ۔ باقی تینوں جلدوں میں مختلف اور متنوع، مگر مخصوص موضوعات جیسے بلدیاتی معاهدات، بلدیہ کے مخصوص حقوق، صحت، رفاہ عامّہ وغیرہ مضامین پر نقد و بحث ہے ۔ اسی موضوع پر اسی مصنّف کے ایک تعارف کے لیے دیکھیے Osman Ergin : *Türkiyede Şehirciliğin Tarihî Inkişafı*، استانبول ۱۹۳۶ء ۔ بلدیاتی امور سے متعلق قوانین کا متن ''دستور'' استانبول ۱۸۷۲ تا ۱۹۲۸ء، در *Ḳawānīn Medjmū'asi* اور *Kanunlar Dergisi*، ۱۹۲۰ء ببعد اور *Resmi Gazete* میں ملیں گے (فرانسیسی تراجم در G. Young، کی *Corps de droit ottoman*، آوکسفرڈ ۱۹۰۵ - ۱۹۰۶ء، میں؛ Aristarchi : *Législation ottomane*، قسطنطینیہ ۱۸۷۳ - ۱۸۸۸ء؛ La Législation turque، استانبول ۱۹۲۳ء ببعد) ۔ شہر امانت Shehremānet کے نظام اور صوبائی بلدیات کے متعلق حکومت عثمانی کے 'سالناموں' میں مواد ملے گا، جو سب سے آخری ۱۳۲۸ھ / ۱۹۱۲ء میں شائع ہوا۔ جمہوریہ کے بلدیاتی قوانین کے لیے دیکھیے *La Vie Juridique des Peuples*، ترکی، پیرس ۱۹۳۹ء، ۷ : ۵۷ ببعد؛ Albert Gorvine کی *An Outline of Turkish Provincial and local Government*، انقرہ ۱۹۵۶ء۔

(B. Lewis)

(۲) مشرقی عرب:

اصلاحات کے ابتدائی دور کی قصباتی مجالس جیسے ''مجلس دمشق''، جو ابراہیم پاشا نے شام پر مصری قبضے کے دوران ۱۸۳۲ - ۱۸۴۰ء میں قائم کی تھی (A. J. Rustum ''المحفوظة الملكيّة المصرية : بيان بوثائق الشام، بیروت ۱۹۴۰ - ۱۹۴۳ء) اور ایک اَور مجلس کا جو ایک اصلاحی محافظ نورالدین نے ۱۸۵۴ء میں سواکن میں قائم کی (J. Hamilton : *Sinai*، ۱۸۵۷ء) قانون سازی سے کوئی تعلق نہیں تھا اور یہ زیادہ عرصے تک قائم بھی نہ رہ سکیں ۔ ۱۲۸۱ھ / ۱۸۶۴ء - ۱۲۹۴ھ / ۱۸۷۷ء کا عثمانی بلدیاتی قانون بعض سرحدی علاقوں اور مصر کے علاوہ، جہاں بلدیاتی نظام ایک بالکل الگ انداز سے ترقی کر رہا تھا، تمام عربی بولنے والے صوبوں میں رائج تھا ۔ جہاں صوبے کے ''والی'' کا رویہ ''تنظیمات'' کے ساتھ ہمدردانہ تھا وہاں نئی بلدیات نے خوب ترقی کی اور جہاں یہ صورت نہیں تھی وہاں بلدیات کو ترقی کا موقع نہ ملا ۔ یوں گویا احمد مِدحت پاشا کی راهنمائی میں بغداد میں ۱۸۶۹ تا ۱۸۷۲ء میں اور دمشق میں (۱۸۷۸ تا ۱۸۸۰ء) گو مختصر مدت کے لیے سہی، بلدیاتی تنظیم کا ایک بہت اچھا دور آیا، جس میں شہر پناہوں کو گرا دیا گیا اور گلیوں، مسقّف منڈیوں اور دوسری عمارات عامّہ کی تعمیر عمل میں آئی۔ خدمت پسند مقامی اکابر کی دلچسپی نے شہری اصلاح کے کام کو بہت آگے بڑھایا ۔ موصل میں ۱۸۶۹ء

Marfat.com

کے بعد سے برابر اس کے شاہی خاندانوں کی بدولت شہری نظام کا سلسلہ قائم ہے ۔ مملکت عثمانیہ کی تمام صوبائی بلدیات کی ایک عام کمزوری یہ تھی کہ وہاں کی بلدیاتی پولیس (بلدیہ چاؤشلری belediyye ča'ushlarī؛ عربی : شرطة البلدیه) قطعی غیرمؤثر ہوتی تھی.

باوجود اپنی ان کوتاہیوں کے جن کی طرف حکومتوں کے سفیر اپنے مراسلات میں بڑی مستعدی سے اشارے کرتے رہتے تھے ۱۹۱۴-۱۹۱۸ء کی عالمگیر جنگ کے بعد جب عثمانی سلطنت منتشر ہو گئی اور عرب ممالک کی مقامی حکومتوں میں ایک خلا پیدا ہوگیا تو اس وقت بھی مملکت عثمانیہ کے بلدیاتی نظام نے قائم رہنے کی غیرمعمولی قوت کا ثبوت پیش کیا ۔ عبوری دور میں تسلسل قائم رکھنے کے لیے برطانیہ نے عراق، فلسطین اور شرق اردن میں اور فرانس نے شام اور لبنان میں کئی سال تک عثمانی بلدیاتی ضابطے کو برقرار رکھا اور اس کے بعد آہستہ آہستہ ایسی تبدیلیاں کرنی شروع کیں جو ان کے اثر اور اقتدار کی غمازی کرتی تھیں ۔ ۱۹۲۲ء میں بغداد کے ایک محافظ کا تقرر عمل میں آیا، جو بیک وقت بغداد کا انتظامی افسر اعلٰی بھی تھا اور بلدیاتی مجلس کا صدر بھی ۔ یہ دونوں عہدے ۱۹۲۳ء میں الگ الگ کر دیے گئے، لیکن ۲۷ رمضان المبارک ۱۲۹۴ھ/۱۸۷۷ء کا عثمانی قانون (ولایت بلدیہ قانونو wilāyāt Belediyye Kānūnu) اس وقت تک منسوخ نہیں کیا گیا جب تک ۱۹۳۱ء کے قانون عدد ۸۴ (''ادارة البلديات'') کا نفاذ نہیں ہوا ۔ فلسطینی حکومت نے عثمانی نظام سے اس وقت تک اپنا رشتہ منقطع نہیں کیا جب تک ۱۹۳۴ء کا میونسپل کارپوریشن آرڈی ننس جاری نہیں ہوا ۔ شرق اردن میں حالات نے کونسلوں کی حیثیت کو محض مشاورتی ذمےداریوں تک محدود کر دیا اور ۱۹۲۵ء کے ''قانون بلدیات'' نے اس بات کی اجازت دے دی کہ دارالسلطنت کی بلدیہ کے رئیس کا تقرر کونسل کے باہر سے بھی کر لیا جائے ۔ یہی صورت حال دمشق میں آج کل بھی موجود ہے .

لبنان میں ۱۹۲۲ء میں ۱۸۷۷ء کے عثمانی قانون کی جگہ ایک بلدیاتی فرمان جاری ہوا، جس کی رو سے وزیر داخلہ نے سابق عثمانی والی کے تمام محتسبانہ فرائض اپنے ہاتھ میں لے لیے ۔ ۱۹۲۴ء میں بیروت کو ایک خاص حیثیت دے کر مرکزی شہر بنا دیا گیا اور یہاں پیرس کے نمونے پر ایک نظام قائم کر دیا گیا ۔ اگرچہ اس سال سے لے کر فرانسیسی معاہدہ تحفّظ (mandate) کے ختم ہونے تک کونسل اور اس کے صدر کا تقرر وزیر ہی کرتا رہا ۔ ۱۹۵۴ء کے قانونی فرمان عدد ۵ کی رو سے بیروت کی یہ مخصوص حیثیت ختم کر دی گئی اور یہاں بارہ ارکان کی ایک کونسل قائم کر دی گئی، جن میں سے نصف منتخب کیے جاتے تھے ۔ صدر جو ارکان مجلس ہی میں سے منتخب کیا جاتا ہے میونسپل مجلس واضع قوانین کا رئیس یا ''محافظ'' ہے ۔ یہ ریاست کا نمائندہ اور شہر کا انتظامی سربراہ بھی ہوتا ہے ۔ شام کی بلدیات، جن میں دمشق بھی شامل ہے، ''قانون البلديات'' کے مطابق کام کرتی ہیں، جسے ۱۹۵۶ء کے فرمان عدد ۱۷۲ کی رو سے نافذ کیا گیا تھا .

دمشق، بیروت، بغداد اور عمّان کی بلدیات کے رئیس ''امین العاصمه'' کہلاتے ہیں، جس سے دارالحکومت سے ان کے تعلق کی اہمیت کا اظہار مقصود ہے ۔ دوسرے مقامات پر پہلا لقب ''رئیس البلدیه'' بحال رکھا گیا ہے ۔ دارالحکومت میں صدر کا تقرر وزرا کی کونسل کرتی ہے ۔ دوسری بلدیات میں اس کا انتخاب یا تو میونسپل

marfat.com
Marfat.com

کونسل کرتی ہے یا اسے وزیر داخلہ مقرر کرتا ہے، جس کی وزارت میں عموماً ایک محکمہ (مَصْلَحہ، مُدِیْرِیّہ) ہوتا ہے جو تمام بلدیاتی معاملات کی نگرانی کرتا ہے ۔ مصر اور سوڈان میں دیہاتی اور قصباتی امور کے لیے مخصوص وزارتیں قائم کر دی گئی ہیں ۔

مصر نے لوکل گورنمنٹ کی اپنی ایک مخصوص روایت قائم کر لی ہے ۔ اسکندریہ میں یورپی قونصلوں اور یورپی تاجروں کی جماعت کی موجودگی کی وجہ سے میونسپل حکومت کی بنیادیں ۱۸۳۵ء سے موجود تھیں جب کہ ایک مجلس مشاورت "مجلس التنظیم" (conseil de l'ornato) قائم کر دی گئی ۔ اس کے بعد ۱۸۶۹ء میں ایک بلدیہ کا تقرر عمل میں آیا جس میں جزوی طور پر منتخب شدہ ایک اَور کونسل ہوتی تھی، جس کا صدر نامزد کیا جاتا تھا ۔ خدیو اسمٰعیل اور اس کے جانشینوں نے ۱۹۴۹ء تک قاہرہ کو بلدیاتی حقوق سے محروم رکھا اگرچہ مصری صوبوں میں محدود اختیارات کے ساتھ بلدیاتی ادارے مدتوں سے موجود تھے ۔

۱۹۰۱ء میں ایک فرمان کے ذریعے سوڈان کے گورنر جنرل کو بلدیاتی مجالس کے قیام کا اختیار دے دیا گیا، مگر اس پر کبھی عمل نہیں ہوا ۔ ۱۹۲۱ء میں خرطوم، اور اُمّ دُرمان اور شمالی خرطوم کے قریبی شہروں میں ایک مجلس مشاورت قائم کی گئی اور ہر شہر میں ایک علاقائی مجلس بھی قائم ہوئی ۔ ۱۹۴۲ء میں پورٹ سوڈان میں ایک مجلس بلدیہ بنی اور اس کے بعد دوسرے شہروں میں ۔ ۱۹۴۵ء میں صدر مقام کی تین علاقائی کمیٹیوں کی جگہ بلدیاتی مجالس بنا دی گئیں ۔ ۱۹۵۱ء میں ایک قانون نافذ ہوا جس میں مزید عدم مرکزیت کی دفعہ موجود تھی ۔

عرب میں حکومت عثمانی نے ۱۸۷۰ء کے قریب مدینے، جدّے، طائف اور ینبوع میں بلدیاتی ادارے قائم کیے تھے ۔ مکۂ مکرمہ میں خدمتی اداروں کا انتظام و انصرام عین الزبیدہ کی مجلس آب رسانی (مجلس تعمیرات komisyonu) اور عام مقاصد کی مجلس کے درمیان تقسیم کر دیا گیا ۔ حجاز میں ان اداروں کی کوئی اساس اور روایت نہیں تھی، اس لیے وہ ۱۹۱۵ - ۱۹۱۹ء کی عالمگیر جنگ ہی میں ختم ہو گئیں ۔ ۱۹۲۶ء میں حکومت سعودیہ نے ایک انتظامی منشور جاری کیا جس میں مکے، مدینے اور جدّے کے اکابر اور تجّار کی منتخب شدہ بلدیاتی مجالس بنائی گئیں اور ساتھ ہی ان میں سے ہر ایک شہر میں فنّی انتظامی مجلس قائم کی گئی جو بلدیہ کے ناظم اور ہر محکمے کے رئیسِ شعبہ پر مشتمل تھی ۔

عدن میں ۱۸۵۵ء تک ایک بلدیاتی ادارہ موجود تھا اور ۱۹۰۰ء میں عدن میں ایک مقامی ادارہ قائم کیا گیا، گو ۱۹۴۷ء تک قلعے کے اندر انتخابی عنصر کو قطعی دخل نہ تھا ۔ ۱۹۰۳ء میں قلعے کے شہری ادارے کو عدن کی بلدیہ میں تبدیل کر دیا گیا، جس کا صدر نامزد ہوتا تھا اور جس کی مجلس میں سرکاری افسروں کی اکثریت ہوتی تھی؛ لیکن یہ مجلس زیادہ وسیع انتخابی بنیادوں پر قائم تھی اور اسے اپنے میزانیہ پر پورا اختیار حاصل تھا ۔ بحرین کی بلدیات میں فرمانروا کا مقرر کردہ رئیس مجلس البلدیہ ایک ڈائریکٹر (معاون سکریٹر) اور جزوی طور پر منتخب شدہ ایک کونسل ہوتی ہے ۔ کویت کی بلدیہ کا نظم و نسق ایک مدیر کے ہاتھ میں ہوتا ہے جو "رئیس البلدیّہ" کے سامنے جوابدہ ہوتا ہے ۔ یہ حکمران خاندان کا کوئی فرد ہوتا ہے ۔ مصوّع اور حرر کے عربی بولنے والے قبائل نے شہر کے نظم و نسق میں بہت ہی کم حصہ لیا ہے ۔ ۱۸۹۳ء کے ایک فرمان

marfat.com
Marfat.com

کے ذریعے جو ۱۹۰۱ء میں منسوخ کر دیا گیا، اطالوی حکومت نے مصوع میں ایک بلدیاتی مجلس قائم کی، جس میں نامزد مقامی باشندوں کی برائے نام نمائندگی ہوتی تھی اور جن کی اهلیت بھی محدود ہوتی تھی۔ حبشہ کی حکومت نے دو ایسے اقدامات کیے جن سے منتخب مجالس بلدیہ کے لیے راہ ہموار ہو گئی جیسے ۱۹۴۲ء کا انتظامی فرمان عدد ۱، جس میں بلدیات کے اعلان عدد ۴۷ کے ذریعے توسیع کر دی گئی تھی۔

مشرقی عرب میں عموماً بجلی اور پانی کی بہم رسانی کا انتظام بلدیات کے ہاتھ میں نہیں ہوتا اور ذرائع نقل و حمل کا انتظام بھی بہت کم صورتوں میں ان کے ہاتھ میں ہوتا ہے۔ ان چیزوں کا انتظام (جنھیں اب رفتہ رفتہ قومی ملکیت بنایا جا رہا ہے) وہ بورڈ کرتے ہیں جو براہ راست مرکزی حکومت کے ماتحت ہیں، جن میں سے بعض میں بلدیاتی نمائندگی ہے اور بعض میں نہیں ہے۔ بلدیہ کے ارکان عوام کی براہ راست رائےدہی سے منتخب ہوتے ہیں۔ لوگوں کو اپنی کارکردگی سے آگاہ کرنے کے لحاظ سے بلدیات کے مختلف مدارج ہیں۔ جو بلدیات ایسے شہروں میں ہیں جو سیاسی اعتبار سے زیادہ بیدار اور ترقی‌یافتہ ہیں، جیسے دمشق، بیروت، بغداد، قاہرہ اور اسکندریہ کی بلدیات، وہ اپنا میزانیہ منظر عام پر لاتی اور اپنے منصوبوں کا اعلان اور اشاعت کرتی ہیں، دوسری ایسا نہیں کرتیں۔ اخباروالوں کو بلدیات کے جلسوں میں جانے کی اجازت نہیں ہوتی۔ قومی معاملات کے مقابلے میں مقامی امور کی طرف سے لوگوں کی بے التفاتی کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ بلدیاتی مجالس کے انتخابات کے وقت بہت کم لوگ ووٹ دینے آتے ہیں۔ اگرچہ فلسطینی، جنھیں برطانوی حکم‌نامے کے ماتحت ملکی معاملات میں کسی قسم کا حصہ لینے کے مواقع حاصل نہیں ہوتے، اکثر اوقات اپنے جوش کا اظہار شہری سیاسیات کے معاملے میں کرتے تھے۔ بلدیات اس لحاظ سے بھی ایک دوسرے سے مختلف ہیں کہ وہ کس حد تک عمارتوں کی تعمیر اور وسائل نقل و حرکت پر پابندیاں عائد کرتی ہیں اور کس حد تک عوام النّاس کے رفاہ و فلاح اور انھیں سہولتیں بہم پہچانے کے مسئلے کو اہمیت دیتی ہیں۔ صرف مصر میں عورتوں کو رائے دینے اور بلدیات کا رکن منتخب ہونے کا حق حاصل ہے۔ بلدیاتی ملازمتوں میں عورتیں ہر جگہ بہت کم ہیں۔ کسی ریاست میں بھی قومی پیمانے پر خدمتی ملازمتیں اور ادارے موجود نہیں ہیں، جن کی اپنی ایسی ہی روایات ہوں جیسی قومی سرکاری ملازمتوں کی ہوتی ہے۔ مقامی حکومت کو مرکزی حکومت کی ایک علاقائی شاخ سمجھا جاتا ہے، جسے کوئی قانونی یا حقیقی معنوں میں مالی آزادی حاصل نہیں ہوتی۔ اس کے باوجود بڑی بڑی بلدیات کی روز افزوں دولت و ثروت اور ان کے کاروبار کی پیچیدگی نیز ان کے نظم و نسق کی پختگی اور حسن انتظام کی بدولت انھیں عملاً ایک طرح کی آزادی اور خود مختاری حاصل ہے۔

**مآخذ**: (الف) مصر (دور عثمانی کے قوانین (۱): *Organisation du conseil de l'oranto à Alexandrie*, بدون تاریخ؛ (۲) *Règlements de la municipalite d'Alexandrie*، اسکندریہ، ۱۸۶۹ء؛ (۳) *Rapport de la commission....municipale provisoire*، ۱۸۸۱-۱۸۸۲ء؛ (۴) *Lois, décrets, arretés et règlements intéressant la municipalité d'Alexandrie*، ۱۹۰۶ء، تکملہ، ۱۹۱۳ء۔

(ب) ۱۹۱۸ء سے بعد کے قوانین: مختلف ریاستوں کے بلدیاتی قوانین شائع عدہ نیشنل سرکاری گزٹ اور بعد ازاں بالعموم کتابی صورت میں چھاپ کر شائع

marfat.com
Marfat.com

کر دیے گئے؛ (۵) مثلاً شام: قانون البلدیات السوری مع تعدیلاته الاخیرة بموجب مرسوم ۱۷۲، ۱۹۵۶ء؛ (۶) لبنان: مجموعة القوانین، ۱۹۳۸ء، ج ۲، جزء ۲، بلدیّات؛ (۷) اردن: مجموعة القوانین و الانظمة ...، ۱۹۱۸ = ۱۹۳۶ء، ج ۳؛ (۸) قاهره: القانون رقم ۱۴۵، ۱۹۴۹ء، بانشاء مجلس بلدی لمدینة القاهرة والتعدیلات.

(ج) دیگر حوالے: (۹) (i) مصر پر سالانه رپورٹیں، ۱۸۹۱ - ۱۸۹۷ء؛ (ii) مصر اور سوڈان ۱۸۹۸ - ۱۹۱۹ء، از برٹش ایجنٹ قونصل جنرل (۱۹۱۳ء کے بعد از ھائی کمشنر)؛ سالانه رپورٹیں لیگ آف نیشنز کے ھاں؛ (۱۰) شام و لبنان ۱۹۲۰ - ۱۹۳۹ء؛ (۱۱) عراق ۱۹۲۰ - ۱۹۳۳ء؛ (۱۲) فلسطین و شرق اردن ۱۹۱۷ - ۱۹۴۷ء؛ (۱۳) عدن، بحرین اور کویت کی حکومتوں کو ان کی میونسپلٹیوں کی سالانه رپورٹیں *Municipalité de Damas, exposé des opérations effectuées de 1920 á 1924*، ۱۹۲۴ء (عربی و فرانسیسی)، دمشق بدون تاریخ؛ (۱۴) W.H. Ritsher: *Municipal government in the Lebanon*، بیروت ۱۹۳۲ء؛ (۱۵) G.L. Bell: *Review of the civil administration of Mesopotamia*، Cmd. ۱۰۶۱، ۱۹۲۰ء؛ (۱۶) O. Colucci: *De l' utilité de la création d' une municipalité à Alexandrie. Project à cet égard, raison de sa divergence avec l'institution analogue ... à Constantinople*، در *BIE*؛ شماره ۸، ۱۸۶۳ء؛ (۱۷) A. T. Cancri: *La Ville du Caire ... Essai sur la création d'une municipalité*، اسکندریه ۱۹۰۵ء؛ (۱۸) R. Maunier: *La vie municipale en Égypte* (Conger. internat des villes Gand) ۱۹۱۳ء؛ (۱۹) M. Delacroix: *L' institution municipale en Égypte, Égy. contemporaine*، ج ۱۳، ۱۹۲۲ء؛ (۲۰) A. H. Marshall: *Rept. on local government in the Sudan*، ۱۹۴۹ء؛ (۲۱) N. Marein: *The Ethiopian Empire ... laws*، رانڈم ۱۹۵۴ء.

(R. L. Hill)

(۳) شمالی افریقه: (۱) تونس

تونس میں پہلی بلدیه محمد بے کے عہدِ حکومت میں وجود میں آئی، جس نے ۳۰ اگست ۱۸۵۸ء کے فرمان کی رو سے شہر تونس کے انتظام کے لیے ایک بلدیاتی مجلس قائم کی، جو ایک صدر، ایک معتمد اور باره ارکان پر مشتمل تھی - یه ارکان سر بر آورده ترین مقامی باشندوں میں سے منتخب کیے گئے تھے اور ان کا ایک ثلث ھر سال اپنی نشستوں سے دست‌بردار ھو جاتا تھا - اس مجلس کے فرائض اور ذمے داریاں یه تھیں که وه سڑکوں کی دیکھ بھال اور تعمیر کروائے، سڑکوں کو کشاده کرنے کے لیے جس زمین کی ضرورت ھو وه حاصل کرے اور عمارتوں کی تعمیر کے اجازت نامے جاری کرے - مجلس اپنا انتظامی اختیار، جس کا اظہار مبہم انداز میں کیا گیا تھا، براه راست بادشاه سے حاصل کرتی تھی - تونس کی مجلس بلدیه کا آئین فرانسیسی اقتدار کے قائم ھو جانے کے بعد محمد بے کے فرمان مؤرخه ۳۱ اکتوبر ۱۸۸۳ء کی رو سے بدل دیا گیا - دو سال بعد یکم اپریل ۱۸۸۵ء کو پورے تونس کے لیے ایک بلدیاتی منشور شائع کیا گیا اور اس کے کچھ ھی عرصے بعد (۱۰ جون ۱۸۸۵ء کو) ایک اور فرمان جاری ھوا جس میں کہا گیا تھا که تونس میں تمام بلدیاتی ارکان کا تقرر حکومت کرے گی - اس فرمان میں ان تمام امور کی تفصیل بیان کر دی گئی تھی جنھیں انجام دینے کا اختیار مجلس بلدیه کو حاصل تھا - اس فرمان کی رو سے ملک بھر کا نظم و نسق انھیں مجالس کے ذریعے مرتّب و منظّم کرنے کا فیصله کیا گیا - آگے چل کر دو اصلاحات اور عمل میں آئیں ایک تو ۱۰ اگست ۱۹۳۸ء کے فرمان سے، جس نے یه قاعده

marfat.com
Marfat.com

ختم کر دیا کہ مجالس نے جن معاملات پر غور و خوض کرنا ہو ان کے لیے پیشگی منظوری حاصل کریں اور دوسری ۱۰ ستمبر ۱۹۴۵ء کے فرمان کی رو سے، جس نے تونس کے لیے ایک منتخب شدہ مجلس تجویز کر دی جس میں تونسیوں اور فرانسیسیوں کی تعداد برابر برابر ہو.

لیکن اس ادارے کو بحیثیت مجموعی بے نے ۲۰ دسمبر ۱۹۵۲ء کے فرمان کی رو سے بہت زیادہ بدل دیا اور مجلس ملکی کی تعریف ان الفاظ میں کی: سرکاری قانون کے ماتحت ہیئت اجتماعیہ، جو شہری حیثیت رکھتی ہو، مالی طور پر بالکل آزاد اور خودمختار ہو اور بلدیاتی امور کے چلانے کی ذمے دار ہو۔ ہیئت اجتماعیہ کی جو جماعت غور و فکر کا کام کرے وہ مجلس بلدیہ ہوگی۔ یہ دو انتخابی جماعتوں کی براہ راست رائے دہی سے چھے سال کے لیے فرانسیسی اور تونسی ارکان کا علیحدہ علیحدہ انتخاب کرتی تھی ان میں سے نصف ارکان تین سال کے بعد اپنی نشستیں خالی کر دیتے تھے۔ چونسٹھ دیہی مجالس میں سے انتالیس اپنی اپنی بلدیاتی مجالس میں فرانسیسیوں اور تونسیوں کی مساوی تعداد نامزد کرتی تھیں۔ بقیہ یا تو صرف تونسیوں کو نامزد کرتی تھیں یا تونسیوں کی اکثریت کو۔ انتخابات عام رائے دہی کے حق کی بنیاد پر ہوتے تھے، اس شرط کے ساتھ کہ فرانسیسی عورتوں کو تو حق رائے دہی حاصل ہوتا تھا، لیکن تونسی عورتوں کو یہ حق حاصل نہیں تھا۔ مجلس بلدیہ سال میں چار عام اجلاس کرتی تھی۔ اس کے اختیارات محدود ہوتے [تھے] اور مجلس دیہاتی گروہ کے تمام کاروبار پر حاوی نہیں ہوتی تھی۔ مجلس پر مرکز کی طرف سے وزیر مملکت کی اور مقامی طور پر ''قائد'' کی نگرانی اب بھی قائم ہے۔ مجلس دیہی کی مجلس منتظمہ میں ایک صدر، جسے مجلس متعلقہ کے قائد کے علاوہ دوسرے قائد بذریعہ فرمان خاص مقرر کرتے ہیں، ایک نائب صدر اور کچھ نمائندے ہوتے ہیں جنھیں مجلس بلدیہ اپنے ارکان میں سے منتخب کرتی ہے۔ مجلس دیہی کی ہیئت ناظمہ ''شیخ المدینہ'' ہے، یعنی صدر، جسے شہر تونس کی مجلس بلدیہ مقرر کرتی ہے اور جس کی امداد کے لیے دو نائب صدر ہوتے ہیں۔ تونس میں گروہی تنظیم کا نظام آزادی کے بعد ۱۴ مارچ ۱۹۵۷ء کے بلدیاتی قانون کے ذریعے تبدیل کر دیا گیا۔ اس نئے قانون نے مجالس دیہی کی تعداد بڑھا کر چورانوے کر دی۔ موجودہ کونسلیں امیدواروں کی فہرست میں سے ایک ہی ووٹ کے ذریعے تین سال کے لیے منتخب کی جاتی ہیں۔ انتخاب کرنے والوں میں بیس سال سے زائد عمر کے تونسی مرد اور عورتیں دونوں شامل ہوتے ہیں۔ امیدواروں کے لیے کم سے کم پچیس سال کی عمر ہونی ضروری ہے۔ فرانسیسی اب بلدیاتی مجالس کے رکن نہیں بن سکتے، لیکن قانون نے یہ اجازت دے رکھی ہے کہ ان فرانسیسیوں اور غیر ملکیوں کو جنھیں حق رائے دہی حاصل ہو تونسی حکومت ممبر نامزد کر سکتی ہے، جو ہر مجلس دیہی کے لیے ایسے ارکان کی تعداد مقرر کرنے کی مجاز ہوگی.

مرکزی اور مقامی طور پر انتظامی نگرانی وزیر داخلہ اور گورنر کرتے ہیں۔ دو اور اہم اختراعات کا ذکر بھی ضروری ہے: صدر اور نائبین کو کونسل منتخب کرتی ہے، لیکن بلدیہ تونس کی مجلس کے صدر کا تقرر اب بھی وزیر اعظم کے فرمان سے عمل میں آتا ہے اور کونسل کے صدر کو وزیر داخلہ نامزد کرتا ہے؛ اس کے برعکس بلدیاتی مجالس دیہی مجالس کے پورے کام سرانجام دیتی ہیں.

(۳) شمالی افریقہ: (۲) مراکش

marfat.com
Marfat.com

[عہد حاضرہ میں] ۱۹۱۲ء سے پہلے مراکش میں نہ تو بلدیات تھیں، نہ وہاں کوئی شہری زندگی تھی - شہروں کے پاس اپنا کوئی سرمایہ یا خزانہ بھی نہیں تھا - سرکاری ملازموں کا خرچ زیادہ‌تر اس رقم سے ادا کیا جاتا تھا جو مذہبی اداروں یا ''حبوس'' (=اوقاف) سے حاصل ہوتی تھی اور تعمیر و اصلاح کا انحصار بالکل بادشاہ کی مرضی پر ہوتا تھا، جو چاہتا تو مطلوبہ رقوم خزانۂ عامرہ کے ذمّے لگا دیتا تھا - شہریوں کی نمائندہ جماعتیں بھی موجود نہیں تھیں - گورنر یا عامل کو اختیارات براہ راست سلطان سے ملتے تھے - محتسب سوداگروں کے حقوق کا نگہبان نہیں تھا جیسا کہ اکثر کہا جاتا ہے، اس لیے کہ وہ ان کا منتخب کردہ نہیں ہوتا تھا البتہ جو گورنر دانش‌مند ہوتا وہ اپنے علاقے کے سربرآوردہ لوگوں سے مشورہ لے لیا کرتا تھا، گو وہ ان مشوروں کا پابند نہیں تھا.

جدید طرز کا اولیں ادارہ جو فرانسیسی حکمرانوں نے قائم کیا وہ فاس کی بلدیہ (المجلس البلدی) تھی جو ۲ ستمبر ۱۹۱۲ء کے ڈہیر (فرمان) کی رو سے قائم کی گئی تھی - اس ادارے میں پندرہ آدمی تھے، جنھیں رائے دینے کا حق حاصل تھا - سات سرکاری عہدےدار مخصوص اسباب کی بنا پر مقرر کیے گئے تھے اور آٹھ سرکردہ افراد اور تھے، جو دو سال کے لیے منتخب کیے گئے تھے - یہ نظام ۱۹۱۷ء کے بلدیاتی منشور تک قائم رہا.

یکم اپریل ۱۹۱۳ء کے ایک ڈہیر کی رو سے شریفی مملکت کی بندرگاہوں میں بلدیاتی ادارے قائم کر دیے گئے - ۸ اپریل ۱۹۱۷ء کے فرمان میں اس اعلان کا اعادہ اور اس کی وضاحت کی گئی - انیس شہروں کو بلدیات کا درجہ عطا ہوا (۱۹۵۱-۱۹۵۲ء کی سرشماری کی رو سے کل آبادی ۱۸۲۲۷۳٦ تھی) - اس فرمان میں بلدیاتی اختیارات کے حدود بیان کیے گئے ہیں - پاشا یا گورنر کی تقرری مرکزی حکومت کے ہاتھ میں تھی - بلدیہ کی رہنمائی ایک تجربہ‌کار بلدیاتی افسر کے ہاتھ میں ہوتی تھی، جو ۱۹۴۷ء کے بعد سے شہری معاملات کے ارکان کے ہاتھ میں آ گئی - اس کے علاوہ ایک میونسپل کمیشن تھا، جسے صرف بحث و تمحیص کا حق حاصل تھا اور جو نامزد ہوتا تھا، منتخب ہو کر نہیں آتا تھا - اس میں دو حصے مراکش کے تھے (ایک مسلمان اور ایک یہودی) اور ایک حصہ فرانسیسی تھا - بلدیات میں ملازمتیں بلدیات کے افسر اعلیٰ کی ہدایات کے مطابق دی جاتی تھیں اور انھیں مندرجۂ ذیل حصوں میں تقسیم کیا جاتا تھا: م[illegible]مه، رفاہ عامّہ، حفظان صحت، صفائی اور مالیات - ان کے میزانیے انھیں کے وسائل سے حاصل کی ہوئی آمدنیوں سے مرتب کیے جاتے تھے، جو براہ راست اور ضمنی یا ذیلی محاصل زمین، آبکاری اور چنگی کے محاصل کے عوض مہیا ہوتے تھے.

فاس کی طرح الدار البیضاء (Casablanca) کو بھی ۱۹۲۲ء میں ایک خاص نظام دیا گیا - میونسپل کمیشن اگرچہ ابھی تک نامزد کیا جاتا ہے، لیکن اب اسے حق رائےدہی حاصل ہے.

۱۸ ستمبر ۱۹۵۳ء کے فرمان کے ذریعے بلدیات کے نظام میں اصلاح کی گئی اور فاس اور الدارالبیضاء کے مخصوص نظام منسوخ کر دیے گئے - اس فرمان کی رو سے جو خاص تبدیلی ہوئی وہ یہ تھی کہ میونسپل کمیشن، جس میں فرانسیسیوں اور مراکشیوں کی تعداد برابر ہو، نامزد ہونے کے بجائے منتخب کیا جائے - اس طرح شہر کے تمام معاملات کا انتظام و انصرام کمیشن کے ہاتھ میں آ گیا، اگرچہ اس کے فیصلوں کی تصدیق و توثیق مرکزی محتسب کے یہاں سے لازمی ہوتی ہے.

Marfat.com

اس قانون کی انتظامی دفعات پر تو عمل درآمد شروع کر دیا گیا، لیکن انتخاب سے تعلق رکھنے والی دفعات پر کوئی عمل نہیں ہوا ۔ اس رکاوٹ کا سبب ۱۹۰۳ء کا سیاسی بحران تھا ۔ پرانے قائم شدہ کمیشن باقی رہے اور مراکش کے آزاد ہو جانے پر ختم کر دیے گئے ۔

مراکش کی آزاد حکومت نے بلدیات کے قانون میں کوئی تبدیلی نہیں کی، البتہ جیسا کہ قدرۃً ہونا چاہیے تھا، فرانسیسی اقتدار اور کمیشن ختم ہو گئے ۔ ایک نیا نظام نمائندگی تیار کیا گیا ہے ۔ یہ نظام محض شہروں سے متعلق نہیں ہوگا بلکہ اس کی رو سے ملک بھر میں دیہی مجالس کا قیام عمل میں آ جائے گا، جو پرانے قبائلی یا شعوبی نظام کی جگہ لے لے گا اور منتخب شدہ کونسلوں کے ذریعے چلایا جائے گا ۔ تا دم تحریر اس قانون کا اعلان نہیں ہوا ۔ اس کا زیادہ حصہ ۶ جولائی ۱۹۵۱ء کے ''فرمان'' ہی کا چربہ معلوم ہوتا ہے، جس کی رو سے منتخب شدہ ادارے قائم کیے گئے تھے اور جنھیں بالعموم قبیلے یا شعوب کے جماعتی نظام کے اندر حق رائےدہی حاصل تھا ۔

الجزائر کے قصبوں اور دیہات میں وہی میونسپل نظام نافذ ہے جو فرانس میں رائج ہے ۔ ''قدیم مخلوط'' دیہی مجالس کی جگہ، جسے حکومت کے مقرر کردہ افسر چلاتے تھے اور جو نائب پریفیکٹوں کے ماتحت تھا، اب پوری با اختیار دیہی مجالس نے لے لی ہے ۔

**مآخذ** : Emmanuel Durand : *Traite' de droit public marocain*، پیرس ۱۹۰۰ء ۔

(A. ADAM)

(۳) ایران :

انیسویں اور بیسویں صدی کے آغاز میں گورنر کے بعد شہر کا سب سے بڑا افسر ''بیگلربیگی'' تھا؛ اس کے نیچے ''داروغہ'' اور ''کلانتر'' تھے اور بڑے شہروں کے ہر محلے میں ایک ''کدخدا'' ہوتا تھا ۔ بازار میں صنعت کاروں کی انجمنیں تھیں، جو اپنے اندرونی معاملات میں بڑی حد تک آزاد تھیں ۔ شہر کی گلیاں تنگ اور بیشتر کچی تھیں جو سردیوں میں کیچڑ بھری، گرمیوں میں غبار آلود اور رات کے وقت تاریک ہوتی تھیں ۔ با این همه بلدیاتی معاملات میں اصلاحات کا کبھی مطالبہ نہ ہوا تھا اور ۱۹۰۶ء میں آئین کے منظور ہو جانے کے بعد بھی عہد حاضر کے انداز پر بلدیات کے قیام کے لیے کوئی تقاضا یا کوئی مطالبہ نہ ہوا تھا ۔ ۲۰ ربیع الآخر ۱۳۲۵ھ / ۲ جون ۱۹۰۷ء کو ایک بلدیاتی قانون منظور ہوا، لیکن چونکہ شہری ترقی کے منصوبوں کے لیے کافی سرمایہ مہیا نہیں ہو سکا تھا اس لیے یہ معرض التوا میں پڑا رہا ۔ ۱۹۱۹ء میں سید ضیاء الدین طباطبائی کی وزارت عظمی کے زمانے میں تہران کے لیے جدید اصولوں پر ایک بلدیہ قائم کرنے کا منصوبہ مرتب کرنے کے لیے ایک کمیشن مقرر کیا گیا، لیکن اس نے اپنا کام پورا نہیں کیا (J. M. Balfour : *Recent Happenings in Persia*، لنڈن ۱۹۲۲ء، ص ۲۴۰) ۔ ۱۹۲۲ء میں ڈاکٹر ریان Ryan نامی ایک امریکی کو تہران کے بلدیاتی مشیر کے طور پر مقرر کیا گیا ۔ ۱۹۲۳ء میں اس کا انتقال ہو گیا اور اس کی جگہ کسی اور کو مقرر نہیں کیا گیا (A. C. Millspaugh : *The American Task in Persia*، نیو یارک و لنڈن ۱۹۲۵ء، ص ۲۱، ۲۱۲) ۔ رضا شاہ کے عہد حکومت میں بلدیاتی معاملات میں خاصی ترقی ہوئی اور ۱۹۲۷ - ۱۹۲۸ء تک ۱۲۳ بلدیات وجود میں آ چکی تھیں ۔ ۱۳۰۹ھ ش / ۱۹۳۰ء تک کے بلدیاتی قانون کی رو سے وزارت داخلہ نے بلدیہ کا افسر اعلی (رئیس ادارۂ بلدیہ) مقرر

marfat.com
Marfat.com

کیا ۔ اس کا کام یہ تھا کہ وہ بلدیہ کی ترقی اور بلدیاتی نظام کے منصوبوں کو عملی صورت دینے کی تدابیر اختیار کرے ۔ اوزان اور ناپ تول کے آلات کی نگرانی، انجمنوں پر اختیار اور سامان خور و نوش، کرایوں اور قیمتوں کو استوار رکھنا اس کے فرائض منصبی میں شامل تھا ۔ اس قانون میں چھے سے بارہ تک ارکان کی منتخب شدہ مجلس بھی تجویز کی گئی ۔ اس کی میعاد دو سال تھی اور بلدیہ کی سرگرمیوں کی نگرانی، بلدیہ کے میزانیہ کی منظوری اور بلدیاتی محاصل تجویز کر کے بلدیہ کے افسر اعلیٰ کے توسط سے وزارت داخلہ کے پاس بھیجنا اس کے فرائض منصبی میں سے تھا ۔ رضا شاہ کے عہد میں شہری منصوبہ بندی کے سلسلے میں خاصی ترقی ہوئی، لیکن انتہا درجے کی مرکزیت اور بلدیاتی معاملات پر وزارت داخلہ کی سخت نگرانی کا لازمی نتیجہ یہ ہوا کہ بلدیاتی معاملات میں مقامی عناصر کی ذمےداری اور ان کا اقتدار و اختیار بہت کم ہو گیا ۔ ۱۳۲۸ ھ ش / ۱۹۴۹ء میں ایک نئے قانون کی رو سے بلدیاتی مجالس میں ارکان کی تعداد چھے سے بڑھا کر تیس کر دی گئی اور اس کی مدت قیام بھی دو سال کے بجائے چار سال مقرر ہوئی ۔ بلدیہ کے رئیس کا تقرر وزارتِ داخلہ ان تین امیدواروں میں سے کرتی تھی جن کے نام کونسل تجویز کرتی تھی ۔ بلدیہ کی طرف سے اس کے خلاف عدم اعتماد کا ووٹ پاس کر دینے کی صورت میں اسے برطرف کر دیا جاتا، لیکن بلدیہ کے اختیارات میں جو اضافہ کیا گیا تھا وہ یوں کالعدم ہو جاتا تھا کہ گورنر جنرل اور کونسل میں اختلاف پیدا ہو جانے کی صورت میں معاملہ وزارتِ داخلہ کے سپرد کر دیا جاتا تھا، جس کا فیصلہ قطعی اور حتمی ہوتا تھا ۔ آگے چل کر انتظامی حکم (لائحۂ قانونی) مؤرخہ ۱۱ آبان ۱۳۳۱ ھ ش / ۱۹۵۲ء اور ۲۵ خرداد ۱۳۳۲ ھ ش / ۱۹۵۳ء کی رو سے ڈاکٹر مصدّق کی وزارتِ عظمٰی کے دوران میں میں جاری ہوے اور ۱۱ تیر ۱۳۳۴ ھ ش / ۱۹۵۵ء کے قانون کے ذریعے بلدیہ (= میونسپلٹی) اور بلدیاتی مجلس (= میونسپل کونسل) کی حیثیت میں کچھ ترمیمات کی گئیں ۔ بعض حیثیتوں سے بلدیاتی مجلس کی حیثیت مضبوط ہو گئی، لیکن اس کی آزادی عمل اس قدر محدود ہو گئی کہ بعض حالات میں وزارتِ داخلہ اس (مجلس) کے توڑ دینے کا مطالبہ کرنے کی مجاز تھی ۔ بلدیاتی مجلس کے نہ ہونے کی صورت میں، وزارتِ داخلہ کو مجلس کا قائم مقام سمجھا جاتا تھا ۔ دوسرے ہفت سالہ منصوبے کے تحت، جو مارچ ۱۹۵۶ء میں منظور ہوا، ایران کو بلدیاتی نشو و نما کی غرض سے تین علاقوں میں تقسیم کر دیا گیا، جن میں سے ہر ایک علاقہ کی ذمےداری مشیروں کی ایک جماعت کے سپرد کر دی گئی (*Iran, Economic and Commercial* : F.C. Mason *Conditions in Iran*، اگست ۱۹۵۷ء، در *HMSO*، ۱۹۵۷ء، ص ۴۷ تا ۵۷) ۔ رضا شاہ کے عہدِ حکومت میں بلدیہ کو ''شہرداری'' کہنے لگے اور رئیس البلدیہ کو ''شہردار'' ۔

(A. K. S. LAMBTON)

(۵) [بر صغیر پاکستان و] ہندوستان .

[بر صغیر پاک و] ہند کی قدیم ایسی دیہاتی جماعتیں جو دیہی کونسلوں یا پنچائتوں کے زیرِ اقتدار تھیں مقامی حکومتِ خود اختیاری ہی کی ایک صورت تھی، لیکن سلطنتِ مغلیہ کے زوال کے بعد جو سیاسی ابتری پیدا ہوئی اس نے عملی حیثیت سے اس نظام کو بالکل ختم کر دیا ۔ پرتگالی مقبوضات کے گورنر البوقرق نے ۱۵۰۹ء سے ۱۵۱۵ء کے درمیان گوا Goa کے نظم و نسق میں مروجہ دیہاتی جماعتوں کو بر قرار رکھا تھا ۔ ۱۶۷۴ء میں جنرل

Marfat.com

جیرالڈ اونگیر Aungier نے بھی بمبئی میں قدیم پنچائتوں ھی سے کام لیا ۔ مرھٹہ پیشواؤں کے علاقوں میں کسی حد تک پنچائتی نظام قائم رھا اور اس کے علائم و آثار دوسری جگھوں پر بھی ملتے ھیں ۔ اسی بنا پر ماؤنٹ سٹوارٹ الفنسٹن نے بمبئی میں اور ٹامس منرو نے مدراس میں اس بات کی سفارش کی کہ جہاں کہیں ممکن ھو پنچائتی نظام کو قائم و برقرار رکھا جائے، لیکن ان کی تجاویز کو قابل اعتنا نہیں سمجھا گیا اور انیسویں صدی کے وسط میں برطانوی حکومت نے ''لوکل سیلف گورنمنٹ'' (مقامی حکومت خود اختیاری) کا جو نظام قائم کیا وہ بالکل بدیسی قسم کا تھا ۔ مانٹیگو چمسفرڈ کی ۱۹۱۹ء کی اصلاحات برطانوی نظام سے زیادہ فرانسیسی نظام سے مشابہ تھیں، کیونکہ برطانوی ھند کے ضلعی افسر کو فرانسیسی محکمے کے پریفیکٹ کی طرح صوبائی حکام پر مکمل اقتدار حاصل تھا ۔ کام میں افسروں کی مداخلت ضرورت سے زیادہ تھی ۔ اور برطانوی حکمران کسی ایسے نظام کی نسبت جو عوامی اقتدار کے ماتحت ھو اور جسے حقیقی معنی میں لوکل سیلف گورنمنٹ کہا جا سکے ایسے نظام کو زیادہ پسند کرتے تھے جو براہ راست سرکار کے ماتحت ھو اور زیادہ مستعدی سے کام کرے۔

برطانوی عہدِ حکومت مین بلدیاتی اداروں کا نشو و ارتقا تین پریسیڈنسی شہروں، یعنی مدراس، بمبئی اور کلکتے میں شروع ھوا ۔ ۱۶۸۷ء میں ایسٹ انڈیا کمپنی کے کورٹ آف ڈائریکٹرز کے حکم سے مدراس میں میونسپل کارپوریشن اور میئر کی عدالت کا قیام عمل میں آیا ۔ اسی قسم کے ادارے ۱۷۲۶ء میں بمبئی اور کلکتے میں بھی قائم ھوگئے، لیکن اِن عدالتوں کا مقصد انتظامی فرائض کی ادائی کے بجائے زیادہ‌تر عدالتی امور کی انجام‌دہی تھا ۔ ۱۷۹۳ء کے چارٹر ایکٹ کی رو سے گورنر جنرل کو اختیار دیا گیا تھا کہ وہ پریسیڈنسی شہروں کے نظم و نسق کے لیے منصفان امن (Justices of Peace) مقرر کرے ۔ عدلی فرائض کے علاوہ چوکیداروں اور خاکروبوں کا تقرّر اور اس غرض کے لیے صفائی کا ایک ٹیکس لگانا بھی ان کے ذمے تھا ۔ یہ بلدیاتی نظام مدراس میں تو کسی حد تک کامیابی سے چلتا رھا لیکن بمبئی اور کلکتے میں نہ چل سکا ۔ منصف گورنمنٹ کے نامزد ھوتے تھے ۔ یہ نظام ۱۸۷۲ء تک قائم رھا اور اس سال ان بڑے شہروں کے ٹیکس‌گزاروں کو اختیار دیا گیا کہ وہ اپنے نمائندے آپ منتخب کریں۔

۱۸۴۲ء اور ۱۸۶۳ء کے درمیان متعدد قواعد کی رو سے میونسپل اداروں کی توسیع دوسرے شہروں میں ھوئی ۔ ۱۸۶۱ء کے کونسل ایکٹ کے بعد میونسپل گورنمنٹ کے نظام کو مقامی قانون‌ساز جماعتوں نے بالکل نئے سانچے میں ڈھال لیا ۔ لارڈ میو کی حکومت نے ہندوستانیوں کو لوکل سیلف گورنمنٹ میں شامل کرنے کی ضرورت واضح کی ۔ لارڈ رپن کے دور حکمرانی (۱۸۸۰ تا ۱۸۸۴ء) میں لوکل سیلف گورنمنٹ میں بڑی توسیع عمل میں آئی، جس میں یہ توقع ظاھر کی گئی تھی کہ وہ ھندوستانیوں کی سیاسی تربیت کا ذریعہ بنے گی ۔ ساتھ ھی ساتھ بلدیاتی مجالس کی طرح کی دیہی مجالس کے قیام سے یہ نظام دیہاتی رقبوں تک بھی پھیل گیا ۔ جب مانٹیگو چمسفرڈ کی دو عملی حکومت وجود میں آئی تو یہ مقامی ادارے عوام کے ھاتھ میں آ گئے اور لوکل سیلف گورنمنٹ کا انتظام منتخب نمائندوں کے ھاتھ میں آ گیا [پاکستان کے موجودہ بلدیاتی نظام کے لیے رک بہ پاکستان].

مآخذ : J. G. Drummond : *Panchayats in India*، بمبئی ۱۹۳۷ء؛ (۲) W. S. Goode : *Municipal*

marfat.com
Marfat.com

Calcutta، ایڈنبرا ۱۹۱۶ء؛ (۳) Imperial Gazetteer of India، جلد ۴، باب ۹ (۱۹۰۹ء)؛ (۴) J. H. Lindsay : Cambridge History of India، جلد ۶، باب ۲۸، ۱۹۳۲ء؛ (۵) R. P. Masani : Evolution of Local Self-Government in Bombay، بمبئی ۱۹۲۹ء؛ (۶) K. P. K. Pillay : Local Self-Government in the Madras Presidency، ۱۸۵۰-۱۹۱۹ء، در Journal of Local Self-Government Institute، بمبئی ۱۹۰۱ - ۱۹۰۲ء؛ (۷) H. Tinker : The Foundations of Local Self-Government in India, Pakistan and Burma، لندن ۱۹۵۴ء.

(C. COLLIN DAVIES)

(۶) ملایا اور سنگا پور :

برطانوی دولت مشترکہ کے دوسرے حصوں کی طرح ملایا کی بلدیات کی بنیاد بھی انگلستان کے لوکل گورنمنٹ کے نظام کے انداز پر قائم کی گئی۔ ان علاقوں میں یہ ادارے سب سے پہلے آبنائے ملاکا، پنانگ اور سنگاپور میں قائم کیے گئے۔ آبنائے میں بلدیاتی نظام سب سے پہلے ۱۸۲۷ء میں ایک لوکل کمیٹی کی شکل میں شروع ہوا، جس کا کام پنانگ میں سڑکوں اور بدرروؤں کا انتظام کرنا تھا۔ اس کے کچھ ہی عرصے بعد اسی قسم کی کمیٹیاں ملاکا اور سنگا پور میں بھی قائم ہو گئیں۔ ۱۸۵۶ء میں گورنمنٹ آف انڈیا (ایسٹ انڈیا کمپنی) نے سنگاپور، ملاکا اور پرنس آف ویلز آئی لینڈ (پنانگ) میں میونسپل کمیشن مقرر کرنے کے لیے ایک قانون بنایا۔ ۱۸۵۸ء میں ان کے جلسے مہینے میں دوبار ہوا کرتے تھے اور ان میں عوام کو شرکت کرنے کی اجازت ہوتی تھی۔ پرنس آف ویلز آئی لینڈ (پنانگ) کا میونسپل کمیشن ۱۸۸۸ء میں جارج ٹاؤن کا میونسپل کمیشن قرار پایا۔ اسی صدی کے آخر تک سنگاپور، جارج ٹاؤن، پنانگ، ملاکا کے قلعے اور شہر کے لیے تین کمیشن بن چکے تھے۔ ہر کمیشن کا ایک ہمہ وقتی صدر تھا، جس کا تقرر گورنر کرتا تھا۔ کمیشن کے کچھ سرکاری اور غیر سرکاری رکن تھے جو ابتدا میں انتخاب کے ذریعے لیے جاتے تھے۔ اس طریق عمل میں بعد کو یہ تجدید کر دی گئی کہ آدھے ارکان انتخاب سے مقرر ہوتے تھے اور آدھوں کو گورنر نامزد کرتا تھا۔ ۱۹۱۳ء تک، جب آبنائے نو آبادیات میں بلدیاتی فرمان نافذ کیا گیا، انتخابی طریق قطعی ترک ہو چکا تھا اور سب کے سب کمشنر نامزد ہونے لگے تھے۔ اور ان کے ذریعے رائے عامہ، تاجرانہ حلقوں اور مذہبی اور نسلی گروہوں کو نمائندگی دی جاتی تھی۔ نامزدگی کا یہ طریق دوسری عالمگیر جنگ کے بعد تک جاری رہا، تاآنکہ انتخابی طریق سب سے پہلے سنگاپور میں (۱۹۴۹ء) اور بعد کو پنانگ اور ملاکا میں دوبارہ رائج کیا گیا۔ اس مرحلے پر کمیشن کے دو تہائی ارکان بالغ رائے دہی کے ذریعے منتخب ہوتے تھے۔ ۱۹۵۷ء تک سنگاپور اور جارج ٹاؤن کے میونسپل کمیشن، سٹی کونسل بن گئے۔ ان دونوں شہروں کے ارکان منتخب ہونے لگے۔ جو اپنا صدر خود منتخب کرتے جو میئر (dato' bandar) کہلاتا تھا۔

آبنائے نو آبادیات کے بلدیاتی فرمان نے یہ شرط لازمی کر دی تھی کہ میونسپل کمیشن کے ارکان انگریزی پڑھ اور بول سکتے ہوں اس لیے کہ انگریزی سرکاری زبان تسلیم ہو چکی تھی۔ اس شرط کے نفاذ نیز کمشنروں کی نامزدگی کے طریق نے بلدیاتی معاملات میں لوگوں کی دلچسپی بہت کم کر دی۔ ۱۹۵۷ء کے بعد سنگاپور کونسل کے جلسوں کے لیے انگریزی کے علاوہ چینی، تامل اور ملائی زبانوں کو بھی سرکاری زبانیں قرار دے دیا گیا۔ ملاکا اور پنانگ میں ملائی زبان کو، جو وفاق ملایا کی قومی زبان تھی، انگریزی کے ساتھ

marfat.com
Marfat.com

تسلیم کر لیا گیا۔ اس طرح عوام اور کونسل میں جو خلیج حائل ہو گئی تھی وہ ختم ہو گئی اور انگریزی نہ جاننے والے تعلیم یافتہ لوگوں کے لیے انتخابات میں کھڑے ہونے کے مواقع بھی پیدا ہو گئے اور ترقی اور تبدیلی کے رجحانات بھی عام ہونے لگے۔

سنگاپور، جارج ٹاؤن اور ملاکا کے شہر اور قلعے کی بلدیات ہمیشہ سے وہ خدمات انجام دیتی رہی ہیں جو مقامی با اختیار اداروں کو انجام دینی چاہییں۔ اس کے علاوہ انھیں اس کی بھی اجازت تھی کہ وہ پانی کی بہم رسانی، گیس اور بجلی کے انتظام بھی پوری طرح اپنے ہاتھ میں لے لیں.

ریاستہاے ملایا اور جزیرہ‌نما میں برطانوی طریق نظم و نسق کے اجرا کے بعد ایک بالکل نئے انداز کی لوکل گورنمنٹ کا رواج ہو گیا۔ یہ نظام سب سے پہلے پیرک Perek کی وفاقی ریاستوں، نگری سمبلان Negri Sembilan اور پہنگ Pahang، میں قائم ہوا۔ غیر وفاقی ریاستہاے ملایا نے بھی اس طرح کے اداروں کے نام اور اختیارات میں تھوڑی بہت مقامی ترمیمیں کر کے اختیار کر لیا۔ یہ چیز پیش نظر رہنی چاہیے کہ یہ بلدیاتی مجالس لوکل گورنمنٹ سے کم اور مرکزی حکومت سے زیادہ قریب تھیں۔ وہ پوری سلطنت کے تابع تھیں اور ان کے تمام ملازم سلطنت کے ملازم تھے۔ میونسپل کمیشن کے خلاف وہ قانونی طور پر مرکزی حکومت سے آزاد نہیں تھے بلکہ ایک لحاظ سے ان کے نمائندے تھے۔ صدر اور اراکین کو مرکزی حکومت غیر معینہ مدت کے لیے مقرر کرتی تھی، چار سال کے لیے نہیں، جیسا کہ میونسپل کمیشن کی صورت میں ہوتا تھا۔ اس کے علاوہ ان بلدیاتی مجالس اور میونسپل کمیشنوں میں یہ بھی فرق تھا کہ ان کا دائرۂ عمل شہر سے باہر آس پاس کے دیہات تک پھیلا دیا گیا تھا.

ریاستہاے ملایا میں صحیح معنوں میں بلدیاتی اداروں کی تخلیق ۱۹۴۸ء میں وفاق ملایا کے قیام کے بعد ہوئی۔ آبناے نو آبادیات کا بلدیاتی فرمان پورے وفاق کے لیے (ملایا کی نو ریاستوں اور پنانگ اور ملاکا کی نو آبادیوں پر مشتمل تھا) پاس کیا گیا۔ سنگاپور کو وفاق میں شامل نہیں کیا گیا تھا۔ اسی سال وفاق کے صدر مقام کوالالامپور کے ٹاؤن بورڈ کو میونسپلٹی بنا دیا گیا۔ اس کی سابقہ ذمّےداریاں بحال رہیں، جن میں گرد و پیش کے دیہات کا انتظام بھی شامل تھا البتہ داخلی بلدیاتی رقبے اور خارجی بلدیاتی رقبے میں امتیاز کر دیا گیا۔ داخلی رقبے سے خالص شہر مراد تھا اور دوسرے سے وہ تمام گاؤں جو اس کے گرد و نواح میں واقع تھے۔ اس کے بعد سے برابر طرح طرح کی تبدیلیاں واقع ہوتی گئیں۔ ٹاؤن بورڈ، ٹاؤن کونسل (مجلس بندران) بن گئے۔ انتخابی طریق‌کار رائج کر دیا گیا۔ کونسلوں کو زیادہ اختیارات تفویض کیے گئے اور مقامی معاملات میں واضح طور پر زیادہ دلچسپی بھی ظاہر کی جانے لگی۔ حقیقت میں ملایا میں مقامی انتخابات کو وہی اهمیت حاصل ہو گئی جو بہت زیادہ ترقی‌یافتہ ممالک میں اس قسم کے علاقائی یا مقامی انتخابات کو حاصل ہے جہاں یہ انتخابات مختلف بااثر قومی سیاسی جماعتوں کے اقتدار اور اثر کی امتحان‌گاہ بن گئے ہیں.

وفاق ملایا میں بلدیات (بربندران) ہنوز عبوری دور میں ہیں۔ بلدیاتی فرمان پر اب تک پورے وفاق میں پوری طرح عمل شروع نہیں ہوا۔ (جارج ٹاؤن سٹی کونسل اور کوالالامپور اور ملاکا کی بلدیات کے علاوہ وفاق میں اس وقت ستائیس بڑے شہروں میں منتخب شدہ ٹاؤن کونسلیں ہیں، جن میں سے بارہ مالی طور پر خود مختار ہیں

marfat.com
Marfat.com

اور دوسری اس طرف قدم بڑھا رہی ہیں)۔ توقع ہے کہ فرمان میں ایسی ترمیمیں کر دی جائیں گی جن سے جدید بلدیاتی ضروری تقاضوں کو برقرار رکھتے ہوے ہر ایک مقامی فرق اور ضرورت ملحوظ رکھتے ہوے اسے اپنایا جا سکے۔

**مآخذ**: ملایا میں بلدیات کی ابتدا اور ان کی ابتدائی نشو و ارتقا کے لیے دیکھیے: (۱) Buckley و C. Burton: *History of Singapore*، سنگاپور ۱۹۰۲ء؛ (۲) *Records of the East India Co.*، بالخصوص B. Pub. Range 12، جلد ۶۹، ۳۰ اکتوبر ۱۸۳۲ء؛ B. Pub. Range 13، جلد ۲۷، ۲ مئی ۱۸۳۸ء؛ B. Pub. Range 13، جلد ۷۷، ۱۳ جون ۱۸۳۹ء؛ B. Pub. Range 13، جلد ۹۰، ۱۷ اکتوبر ۱۸۳۹ء؛ P.P Command Papers، ۳۶۷۲، جلد ۵۲، ۱۸۶۶ء۔ ۱۹۴۸ء تک میونسپل اداروں کے کام اور ان کے نشو و ارتقا سے متعلق معلومات حاصل کرنے کے لیے دیکھیے: (۳) W.C. Taylor: *Local Government in Malaya*۔ اس کتاب میں میونسپل کمیشنوں کے طریق کار، پنانگ کی میونسپل کمیشن اور ملایا میں دوسرے لوکل گورنمنٹ اداروں کے طریق کار تا وقت تحریر کتاب پر نہایت بیش قیمت معلومات ہیں۔ نیز دیکھیے: (۴) D.K. Walters: *Municipal Ordinance of the Straits settlements* (Annotated)؛ (۵) *Report of the Committee on local Government 1956*، (سنگاپور کی نوآبادی)؛ (۶) *Report on the reform of Local Government 1952*؛ (۷) *Report on the introduction of elections in the municipality of George Town, Penang*، ۱۹۰۱ء؛ (۸) *Annual reports of the straits settlements and the Malay States*، قبل از ۱۹۴۸ء۔ ملایا میں موجودہ وقت میونسپلٹیوں کے کاروبار اور ان کی ساخت سے متعلق دیکھیے: (۹) *Fact sheets on the Federatione of Malaya*، شمارہ ۵، نومبر ۱۹۵۷ء؛ (۱۰) *Colony of Singapore government gazette supplement*، شمارہ ۲۳ و شمارہ ۲۴، ۱۹۵۷ء؛ (۱۱) *Singapore legislative assembly select committee* Report No. L.A. 10، *on Local Government Bill* 1957؛ (۱۲) *Municipal Ordinance (extended application ordinance 1948*، (Federation of Malaya)؛ (۱۳) ثانوی ذرائع: S.W. Jones: *Public administration in Malya*، مطبوعۂ آوکسفرڈ۔

(زکی بدوی)

## (۷) انڈونیشیا:

انڈونیشیا کے اسلام سے پہلے کے قدیم شہروں اور قصبوں، جیسے قدیم مَتْرم Matram، یا بعد میں مُوجُو پاہِتْ Modjopahit کے دارالحکومت، یا ٹوبَن Tuban، گریسک Gresik یا پلمبگ کے عظیم الشان مراکز کی سیاسی زندگی اور طرزِ حکومت کے متعلق ہمیں زیادہ معلومات نہیں ہیں۔

اس وقت تک ایسی کوئی شہادت میسر نہیں آ سکی جس کی بنا پر کہا جا سکے کہ وہاں کبھی کسی شکل میں حکومت یا عوامی اداروں میں کسی طرح کی آزادی حاصل تھی یا نہیں - جب ساتویں صدی ہجری/تیرھویں صدی عیسوی کے بعد سے اسلام بتدریج تمام سماترا اور جاوا میں اور مجمع الجزائر کے بہت سے دوسرے شہروں میں پھیلنا شروع ہوا تو ایسے مقامی اداروں کی کمی رہی۔ سولھویں اور سترھویں صدی عیسوی کے یورپی اور غیر یورپی دونوں قسم کے ماخذ ہمیں بتاتے ہیں کہ شہروں یا شہری منڈیوں کے باشندوں پر سلطان کے خدام یا شہزادوں کی فرمانروائی ہوتی تھی اور ان کے قصبات کی حیثیت قانونی یا عدلی وحدت کی نہیں تھی۔ ماضی بعید یا ماضی قریب میں انڈونیشیا کے اصلی قدیم شہروں نے قانون کے نشو و ارتقا پر کبھی

Marfat.com

کوئی تخلیقی اثر نہیں ڈالا جیسا کہ مغربی یورپ کے قصبات اور شہروں نے اپنے قانون‌ساز اداروں اور مخصوص بلدیاتی عدالتوں کے ذریعے ڈالا ہے ۔

جو قصبے ڈچ ایسٹ انڈین کمپنی کے زیر اقتدار آئے یا اس شاہی فرمان سے قائم شدہ کمپنی نے بنائے (مثلاً بٹاویا Batavia) ان میں سترھویں صدی کے مغربی وضع کے بعض شہری ادارے قائم کیے گئے جن میں سے وِیسْکَمِر Weeskamer (یتیموں کے معاملات کی دیکھ بھال کرنے والی کونسل) کا ذکر کیا جا سکتا ہے، اس لیے کہ یہ کمپنی کے ختم ہونے کے بعد آج بھی موجود ہے ۔ جب یورپی اور مجمع‌الجزائر کے غیر انڈونیشی باشندوں کے لیے انیسویں اور بیسویں صدی میں شہری قانون پاس کیا گیا تو اس میں بھی اس کا اثر نظر آتا ہے ۔

جب کمپنی کے خاتمے اور برطانیہ کا عارضی دور ختم ہو جانے پر یہ جزیرے ہالینڈ کی سلطنت کا حصہ بن گئے (۱۸۱۶ء) تو وہاں ایک ایسا نظام حکومت قائم کیا گیا جو اپنی نوعیت میں حد درجہ مرکزی اور خالصۃً سرکاری معلوم ہوتا تھا ۔ یہ نظام بغیر کسی ردّ و بدل کے انیسویں صدی کے آخر تک جاری رہا ۔ جبکہ بعض نہایت مشہور و ممتاز خصوصی مستعمرین کے زیرِ اثر ''لامرکزیّت'' کے خیالات کا غلبہ شروع ہوا ۔ اگرچہ ۱۸۹۳ء اور بعد کے چند برسوں میں متعدد قانونی مسوّدوں پر غور و خوض کیا گیا (جو قانون‌ساز مجلسوں سے پاس نہیں ہوئے)، لیکن لامرکزیت کا قانون، جس کا نام Indische decentralisatiewet تھا، ۱۹۰۳ء سے پہلے پاس ہوگیا تھا۔

اس ایکٹ کے دو مقاصد تھے ۔ مقامی اور علاقائی عوامی مجالس کی تخلیق کے لیے راستہ ہموار کرنا، دوسرے ان مجالس کے اخراجات کے لیے مالی وسائل مہیّا کرنا (ہم یہاں علاقائی مجالس پر بحث نہیں کریں گے)، گویا اس ایکٹ کا مقصد یہ ہرگز نہ تھا کہ انڈونیشیا کے دیہی اور حقیقی معنوں میں ملکی اداروں میں باہمی جو فرق و اختلاف تھا اس کی اصلاح کی جائے ۔ اس میدان میں ہر ایک چیز کی بنیاد قانونی رواج (عادات) پر رکھی گئی تھی اور اس کے لیے مخصوص قواعد و ضوابط بنائے گئے تھے ۔ قانون کے اس نئے باب نے بالواسطہ یہ بتا دیا کہ بلدیاتی ادارے کس طرح قائم کیے جائیں۔

بڑے بڑے شہروں مثلاً بٹاویا Batavia (موجودہ جکارتا)، سرابیا، سِمَرَنگ، بنڈونگ اور شہروں سے ملتی جلتی بہت سی دوسری بستیوں کا انداز مغربی ہو گیا ۔ یورپ کے لوگوں اور چینیوں کی بہت بڑی اکثریّت اور متعدّد دوسری غیر انڈونیشی جماعتیں وہاں آباد تھیں ۔ خود انڈونیشی باشندے بھی زیادہ تر نسل، زبان اور عادت کے لحاظ سے ایک دوسرے سے مختلف تھے ۔ مغربی تجارتی اور صنعتی کاروبار کے مراکز بھی انھیں مقامات پر تھے ۔ اس قسم کے بڑے بڑے نیم مغربی اور نیم مشرقی اجتماعی مرکزوں میں وہ تمام مسائل موجود تھے جو عموماً بڑے بڑے شہروں میں ہر جگہ دیکھنے میں آتے ہیں ۔ ان تمام مسائل کو بلدیاتی افسر اور ملازمین مرکزی حکومت کے سول سروس کے افسروں کے مقابلے میں زیادہ بہتر طریقے سے حل کر سکتے تھے ۔ آگے چل کر ۱۹۰۵ء میں گورنر جنرل نے جو قانونی اقدام کیے ان کی غرض اس مقصد کی تکمیل تھی جو بنیادی قانون میں پیش نظر رکھا گیا تھا ۔ بٹاویا بلدیہ بن گیا ۔ شروع شروع میں بلدیہ کے ارکان منتخب نہیں کیے جاتے تھے بلکہ گورنر جنرل نامزد کرتا تھا ۔ بٹاویا کا ریزیڈنٹ کونسل کا سرکاری صدر ہوتا تھا ۔ میسٹر کورنلس

marfat.com
Marfat.com

Meester-Cornelis، اور بوٹن زرگ Buitenzorg (موجودہ جاتی نگر Djatinegara اور بوگور) میں بھی ۱۹۰۵ء میں بلدیاتی مجالس قائم ہو گئیں ۔ یہ جدید نظام بتدریج ترقی کرتا گیا یہاں تک کہ جاوا کے تمام شہروں اور بڑے بڑے قصبوں نیز دوسرے مقامات کے بڑے بڑے شہروں (میدان Medan ، پمتنگسیانٹر Pamatangsiantar، پدنگ Padang، مکسّر Makassar، میناڈو Menado وغیرہ) میں بلدیات قائم ہو گئیں اور ۱۹۱۸ء کے بعد سے ان کونسلوں کے ارکان کو وہاں کے باشندے خود منتخب کرنے لگے۔

۱۹۲۵ء سے جاوا کے ہر بلدیاتی ادارے کے ہر بالغ مرد کو، جس کی کم سے کم سالانہ آمدنی تین سو گلڈر ہو اور جو ڈچ، ملائی یا کسی ملکی زبان میں لکھ پڑھ سکتا ہو، ووٹ دینے کا حق حاصل ہو گیا ۔ بیرونی صوبوں میں دوسرے قواعد رائج ہو سکتے تھے ۔ یہ نئی بلدیات اجتماعی وحدتیں بنا دی گئیں ۔ شہری بلدیات کی سرگرمیوں میں سڑکوں، باغوں، تفریح گاہوں اور بدرروؤں کا انتظام، آگ بجھانے کی خدمت، رفاہ عامّہ اور صحت عامّہ کے کام شامل تھے ۔ انھیں بلدیاتی قواعد و ضوابط بنانے کا اختیار تھا ۔ ۱۹۱۶ء میں ایک نئے آرڈیننس کی رو سے حکومت کو ان شہروں اور قصبوں کے لیے صدر بلدیہ (burgomaster) مقرر کرنے کا اختیار مل گیا، جہاں ایسے افسر کی ضرورت محسوس ہوتی تھی (ہالینڈ کی طرح صدر بلدیہ مرکزی حکومت کی طرف سے مقرر کیے جاتے تھے) ۔ ان کے مشاہرے مرکزی حکومت ادا کرتی تھی ۔ اس کا کچھ حصہ بلدیاتی خزانے سے لیا جاتا تھا چونکہ یہ بلدیاتی مجلس اس سر زمین میں جو ''قانون عادت'' کی پابند تھی مغربی وضع کا محروسہ علاقہ سمجھا جاتا تھا اس لیے پہلے بیس برسوں میں یہ آسان معلوم ہوا کہ صدر بلدیہ کا عہدہ کسی یورپی ہی کو دیا جائے ۔ Wethouders (سرپنچ) کا انتخاب کونسل اپنے ہی ارکان میں سے کرتی تھی ۔ یہی رکن مل کر کونسل کی مجلس منتظمہ کہلاتے تھے، جس کی صدارت برگو ماسٹر (= صدر بلدیہ) کرتا تھا ۔ دوسری عالمگیر جنگ سے پہلے کے دس برسوں میں حکومت نے انڈونیشی صدر بلدیہ مقرر کرنے شروع کیے ۔

موجودہ انڈونیشی جمہوریہ میں اس کے ہنگامی آئین کی دفعہ ۱۳۱ کی رو سے اختیارات کی تقسیم، نیز آزادی و خود مختاری اور مقامی حکومت کا اصول تسلیم کیا گیا ہے، لیکن اس اصول کو عملی شکل دینے کے لیے جو نئے قانونی ضابطے بنائے گئے ہیں ان پر اب تک عمل شروع نہیں ہوا ۔ کم از کم جاوا کے لیے یہ ہوا ہے کہ ۱۹۴۸ء (عدد ۲۲) کے ایک قانون نے، جسے سابق انڈونیشی جمہوریہ (Vulgo : the Jogja-republic) نے نافذ کیا تھا، علاقے کے خود مختار حصوں کو تین مدارج میں باقاعدہ طور پر تقسیم کر دیا ہے : (۱) صوبجات؛ (۲) kabupaten یا ریجنسیاں اور بڑے بڑے شہر؛ (۳) چھوٹی بلدیات اور دیہی وحدتیں ۔ مذکورہ ہنگامی آئین (undang-undang dasar Republik Indonesia شائع شدہ ۱۷ اگست ۱۹۵۰ء کی دفعہ ۱۴۲) کی رو سے وہ تمام سابق قواعد جو بالصراحت منسوخ یا تبدیل نہیں کیے گئے، جمہوریہ کے فرامین یا قواعد سمجھے جائیں گے ۔ اس طرح گویا شہری بلدیات سے تعلق رکھنے والے جنگ سے پہلے کے قوانین کے تمام ضروری حصے اب تک نافذ ہیں۔ اگرچہ صدر بلدیہ کو آج کل سرکاری طور پر ولیکوتا wallkota کہتے ہیں ۔ میونسپل کونسل کو ان کی تقرری میں دخل حاصل ہے اور کونسل کے ارکان کے انتخاب کا حق اٹھارہ سال سے زیادہ عمر کے مردوں اور عورتوں کو یا ان لوگوں کو حاصل

marfat.com
Marfat.com

ہوگا جن کی شادی اس عمر سے پہلے ہو چکی ہو.

جکارتا [رک بان] کی مخصوص اور ہنگامی حالت کا ذکر جہاں کونسل کے چوبیس ارکان کا تقرر حکومت کرتی ہے، یہاں بے محل ہے.

**مآخذ** : (۱) Ph. Kleintjes : *Staatsinstellingen van Nederlands-Indië*، بار پنجم (۱۹۲۹ء)، جلد ۲، باب ۱۹؛ (۲) H. Westra : *De Nederlandsch-Indische staatsregeling*، بار دوم (۱۹۳۴ء)، ورق ۲۱۸؛ (۳) J. H. Logemann : *Het Staatsrecht van Indonesië*، ۱۹۵۴ء، ص ۱۰۸ تا ۱۹۲؛ (۴) A. A. Schiller : *The formation of federal Indonesia*، ۱۹۵۵ء، ص ۱۳۸ تا ۱۴۷.

(J. PRINS)

* **بَلَرْم** : (= پالرمو Palermo)، جزیرۂ صقلیہ میں عربوں کی آمد کے چار سال بعد یہ مقام رجب ۲۱۶ھ / اگست - ستمبر ۸۳۱ء میں ایک مختصر سے محاصرے کے بعد ان کے قبضے میں آ گیا اور معلوم ہوتا ہے کہ اسی زمانے سے جزیرۂ مذکور میں یہ مسلمانوں کے تفوق و اقتدار کا مضبوط مرکز بن گیا۔ یہاں کے عاملین نے پہلے افریقہ کے بنو اغلب اور پھر فاطمی خلفا کے ماتحت اسے اپنا صدر مقام قرار دیا، تاہم فاطمیوں کو متعدد بار اس سرکش نوآبادی میں اپنا اقتدار قائم رکھنے کے لیے مہمیں بھیجنی پڑیں۔ ان میں سے ایک مہم تو عبداللہ بن ابراہیم بن الاغلب کی تھی، جو اس کے والد نے ۲۸۷ھ / ۹۰۰ء میں بھیجی اور دوسری ابو سعید کی، جو فاطمی خلیفہ مہدی نے ۳۰۴ھ / ۹۱۶ - ۹۱۷ء میں روانہ کی تھی۔ پرانے شہر کے بالمقابل خالصہ (Calsa) کا قلعہ اسی نے تعمیر کرایا تھا۔ ۳۳۶ھ / ۹۴۷ - ۹۴۸ء میں فاطمی عامل الحسن بن علی الکلبی نے بلرم کی حکومت پر قبضہ کر کے فاطمی حکومت کے زیر حمایت ایک خالص مقامی خاندان کی بنیاد ڈالی، جس کا اقتدار ۴۴۲ھ / ۱۰۵۰ء تک قائم رہا۔ بنو کلب کا دور حکومت نہ صرف بلرم، بلکہ پورے جزیرۂ صقلیہ میں، عربوں کے عہد کا سب سے شاندار زمانہ تھا۔ اس خاندان کے آخری حکمران صمصام کو، جو ایک مدت کی شورش اور فساد کے بعد افریقہ کے زیری خاندان کی براہ راست مداخلت سے تخت پر بیٹھا تھا، ۴۴۵ھ / ۱۰۵۳ء میں شہر بدر کر دیا گیا اور اس کے بعد بلرم کی ”جماعت“ یا بلدیہ نے یہاں کا انتظام اپنے ہاتھوں میں لے لیا۔ اس دوران میں دارالسلطنت اور ملک کے باقی حصوں کے درمیان باہمی روابط بہت کمزور پڑ گئے اور بالآخر بالکل ختم ہو گئے۔ یہی وجہ تھی کہ نارمنوں کے خلاف صقلیہ کی اسلامی حکومت کے دفاع میں اہل بلرم نے کوئی خاص حصہ نہیں لیا اور بڑی بے نیازی سے اپنے فاتحین کا انتظار کرتے رہے، یہاں تک کہ وہ شہر پناہ کے نیچے پہنچ گئے، لیکن اس موقع پر انہوں نے پوری تندہی سے مدافعت کی۔ آخر کار پانچ ماہ کے محاصرے کے بعد ربیع الآخر ۴۶۴ھ / جنوری ۱۰۷۲ء میں رابرٹ Robert اور روجر د ہاتویل Roger d' Hauteville کے آگے ہتھیار ڈال دیے گئے۔ یوں گویا یہ جزیرہ ڈیڑھ سو سال کے اسلامی عروج اور غلبے کے بعد ایک مرتبہ پھر عیسائیوں کے قبضے میں آ گیا، لیکن بلرم سے عربوں کے اثرات بتدریج ہی محو ہو سکے۔ اگرچہ قبضے کے فوراً بعد یہاں کی جامع مسجد کو عیسائی عبادت گاہ بنا دیا گیا اور مسلمان اس کے بعد سے وہاں نارمنوں کی رعایا بن کر رہے، لیکن عرب آبادی، عربی یادگاروں اور عربی رسم و رواج کو مٹتے مٹتے بھی ایک صدی سے کچھ زیادہ مدت لگی۔ خاصے عرصے بعد، یعنی ۵۸۰ھ / ۱۱۸۴ء میں، مسلمان سیاح ابن جبیر بلرم پہنچا تو اس نے دیکھا کہ مسلمانوں کے لیے بعض

marfat.com
Marfat.com

علاقے مخصوص کر دیے گئے ھیں اور مسجدوں، مدرسوں اور بازاروں میں ان کی کثرت ہے اور عربی زبان خاصی بولی جاتی ہے ۔ نارمنوں کے دارالحکومت میں ان مسلمانوں کی حالت جو روجر نام کے دو حکمرانوں کے روادارانہ عہد میں خاصی اچھی رھی ان کے جانشینوں کے زمانے میں بہت ابتر ہو گئی ۔ ۵۵٦ھ / ۱۱٦۱ء میں یہاں مسلمانوں کے خلاف ایک بلوہ ہوا جس میں ان کا منظّم طور پر قتل عام کیا گیا ۔ پھر ولیم ثانی کی موت (۱۱۹۰ء) کے بعد ہونے والے فسادات کے باعث حالات ان کے لیے ناقابل برداشت ہو گئے ۔ چھٹی صدی هجری/بارھویں صدی عیسوی کے اختتام تک بلرم میں عرب بستی کا وجود قریب قریب ختم ہو چکا تھا اور محض چند معزز مسلمان فریڈرک ثانی کے دربار میں باقی رہ گئے تھے ۔

عربوں کے عہد میں ھمیں بلرم کے حالات کا جن لوگوں کے بیانات سے بیش قیمت علم ہوتا ہے وہ مندرجۂ ذیل ھیں : ابن حوقل، جس نے ۳٦۱ھ / ۹۷۲ء میں اس شہر کو دیکھا؛ ابن جبیر اور الادریسی، جو دو صدی بعد نارمنوں کے عہد میں یہاں آئے ۔ ابن حوقل کے بیان کے مطابق بنو کلب کا یہ دارالحکومت پانچ حصوں میں منقسم تھا : قصر (Cassaro)، یعنی قدیم شہر، جس کے گرد فصیل تھی؛ خالصه (Calsa)، جس کی بنیاد فاطمیوں نے رکھی تھی اور اس کے گرد بھی فصیل تھی؛ جنوب میں الحارة المسجد اور الحارة الجدیدہ کے کھلے علاقے اور شمال میں الحارة الصقالبه ۔ بنو کلب کے زمانے میں Amari کے اندازے کے مطابق بلرم کی آبادی تین یا ساڑھے تین لاکھ تھی ۔ عربوں کے دورِ حکومت کے جو آثار اس وقت موجود ھیں وہ (نارمن اسلامی فن تعمیر کی مشہور یادگاروں سے قطع نظر) بہت ھی کم ھیں، مثلاً S. Giovanni degli Eremiti کے کلیسا کے قریب ایک مسجد کے آثار اور شاھی محل (Torre pisana) کے اندرونِ عمارت میں قدیم فنِ تعمیر کے چند نمونے حال ھی میں منظرِ عام پر آئے ھیں.

**مآخذ** : (۱) M. Amari : *Storia dei Musulmani di Sicilia*، Catania ۱۹۳۳ - ۱۹۳۸ء، بمواضع کثیرہ؛ (۲) ابن حوقل، طبع ڈخویہ، در BGA، ۱ : ۸۲ تا ۸۷؛ (۳) ابن جبیر، طبع رائٹ Wright و ڈخویہ، در GMS، ۵ : ۳۳۱ تا ۳۳۳؛ (۴) الادریسی، طبع Amari و Schiaparelli : *L' Italia net libro del Re Ruggero*، روم ۱۸۸۳ء، ص ۲۲ تا ۲۳ (متن) و ۲۵ تا ۲۷ (ترجمه)؛ (۵) G.M. Columba : *Per la topgrafia antica di Palermo*، در *Centenario Amari*، پالرمو ۱۹۱۰ء، ۲ : ۳۹۵ تا ۴۲٦؛ (٦) U. Rizzitano : *L' Italia nel Kitab ar-Rawḍ al-miʿṭār* (عربی متن [الرّوض المعطار])، قاھرہ ۱۹۵۸ء، ص ۱۳٦ تا ۱۳۸.

(F. Gabrieli)

**بَلْطه جی** : رَكَ به بالطه جی.

**بَلْعَم بن بَاعُور** : بلعم (عبرانی میں بلعم) کو بَلْعَم یا بَلْعام اور بَاعور کو بَاعورا یا بعور (نیز الطبری کے ہاں بَاعَر یا آبر) بھی لکھا جاتا ہے ۔ عربی زبان میں بَلْعَم کا مطلب ہے : (۱) بسیارخور (۲) گدھے کی ناک پر سفید نشان (دیکھیے لسان و تاج).

توریت، کتاب العدد، باب ۲۲ تا ۲۴، کی رو سے بلعام بن باعور ایک مستجاب الدعوات شخص تھا، جسے بالاق، شاہ موآب، نے بنو اسرائیل کے حق میں بد دعا دینے کے لیے طلب کیا، لیکن خدا کے حکم سے اس کی زبان سے بار بار ان کے حق میں دعا ھی صادر ہوئی ۔ کتاب العدد، ۳۱ : ۱٦، سے معلوم ہوتا ہے کہ بعد ازاں بلعام کے کہنے

Marfat.com

پر مدیانیوں نے اپنی عورتیں بنو اسرائیل کے پاس بھیجی تھیں تاکہ وہ آمادۂ گناہ ہو کر عتابِ الٰہی کے مورد ہوں، چنانچہ اسی کی پاداش میں دوسرے مدیانیوں کے ساتھ بلعام بھی فینحاس بن الیعزر بن ہارون کے ہاتھوں قتل ہوا (نیز دیکھیے کتاب العدد، ۳۱ : ۸ و کتاب یشوع، ۱۳ : ۱۲) - بعض اسرائیلی روایات میں بتایا جاتا ہے کہ بلعام اور اَدوم کا بادشاہ بالع بن بعور (تکوین، ۳۶ : ۳۲) یا آرام کا باپ قموئیل (تکوین، ۲۲ : ۲۱) یا یعقوب کا خسر لابن (تکوین، ۳۰ : ۲۷) ایک ہی شخص تھا (تفصیل کے لیے دیکھیے *Jewish Encyclopaedia*، ۲ : ۳۶۸، ۳۶۹) - پطرس الفانسوس **Petrus Alphonsus** کی رائے میں بلعم وہی ہے جسے عربی میں لقمان کہتے ہیں (*Patr. Lat.*، ۱۵۷ : ۶۷۳؛ Chauvin : *Bibl. ar.*، ۳ : ۷، مآخذ)، لیکن اسے حکیم لقمان بن باعور سے ملتبس نہ کرنا چاہیے، جن کا ذکر الثعلبی نے قصص الانبیاء میں کیا ہے۔

انجیل کی رو سے بلعام نے نہ صرف خود گمراہی اختیار کی بلکہ بالاق کو بتوں کی قربانیاں کرنے اور زناکاری کی بھی تعلیم دی (پطرس، ۲ : ۱۵؛ یہودا، آیت ۱۱؛ رؤیا یوحنا، ۲ : ۱۴)۔

قرآن مجید میں بلعم بن باعور کا نام نہیں آیا، تاہم بعض مفسرین کے نزدیک مندرجۂ ذیل آیات میں اسی کی طرف اشارہ پایا جاتا ہے: وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ الَّذِيْٓ اٰتَيْنٰهُ اٰيٰتِنَا فَانْسَلَخَ مِنْهَا فَاَتْبَعَهُ الشَّيْطٰنُ فَكَانَ مِنَ الْغٰوِيْنَ○ وَلَوْ شِئْنَا لَرَفَعْنٰهُ بِهَا وَلٰكِنَّهٗٓ اَخْلَدَ اِلَى الْاَرْضِ وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ ۚ فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ الْكَلْبِ ۚ اِنْ تَحْمِلْ عَلَيْهِ يَلْهَثْ اَوْ تَتْرُكْهُ يَلْهَثْ ۭ ذٰلِكَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ فَاقْصُصِ الْقَصَصَ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ○ (۷ [الاعراف] : ۱۷۵ و ۱۷۶) = اور سنا دے ان کو حال اس شخص کا جس کو ہم نے دی تھیں اپنی آیتیں - پھر وہ ان کو چھوڑ نکلا - پھر اس کے پیچھے لگا شیطان تو وہ ہو گیا گمراہوں میں - اور ہم چاہتے تو بلند کرتے اس کا رتبہ ان آیتوں کی بدولت، لیکن وہ تو ہو رہا زمین کا اور پیچھے ہو لیا اپنی خواہش کے - تو اس کا حال ایسا جیسے کتا، اس پر تو بوجھ لادے تو ہانپے اور چھوڑ دے تو ہانپے - یہ مثال ہے ان لوگوں کی جنھوں نے جھٹلایا ہماری آیتوں کو - سو بیان کر یہ احوال تاکہ وہ دھیان کریں)۔

الطبری نے اپنی تفسیر میں جو روایات بیان کی ہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ بنی اسرائیل یا مدینۃ الجبارین سے، یا اہل یمن میں سے یا کنعانیوں میں سے تھا (تفسیر، ۱۳ : ۲۵۲ ببعد) - بعض لوگوں کا خیال ہے کہ ان آیات کا اشارہ زمانۂ جاہلیت کے حکیم شاعر امیہ بن ابی الصلت (رک باں) کی طرف ہے جو اگرچہ اہل کتاب کی صحبت میں خدا پرستی اور دینداری کے خیالات سے آشنا ہو گیا تھا، لیکن بعثتِ نبوی کے بعد اس نے اتباع حق نہ کیا اور طمع کی کہ وہ خود عرب کا پیغمبر کیوں نہ ہوا، چنانچہ ادراکِ حق کی جو توفیق اسے دی گئی تھی وہ ضائع گئی اور ہوائے نفس کی پیروی نے اسے محروم و نامراد کر دیا (الطبری، حوالۂ مذکور؛ ترجمان القرآن، ۲ : ۴۴) - ایک رائے یہ بھی ہے کہ یہاں صفی بن راہب کا ذکر ہے، جو بعض کے نزدیک بلقا کا باشندہ تھا، اسم اعظم سے واقف تھا اور جبارین کے ساتھ بیت المقدس میں رہتا تھا اور بعض کے نزدیک وہ ایک یمنی تھا جس نے کلامِ خدا کو ترک کر دیا تھا - ایک روایت یہ بھی ہے کہ وہ علمائے بنی اسرائیل میں سے تھا، جس کی دعا مقبول ہو جاتی تھی اور سختیوں کے وقت بنی اسرائیل اسے آگے کر دیا کرتے تھے - اسے حضرت موسیٰؑ نے دعوتِ دین دینے کے لیے مدین کے بادشاہ کے پاس بھیجا، جس نے اسے کئی گاؤں اور بہت سا انعام و اکرام دے کر اپنے ساتھ ملا لیا اور

marfat.com
Marfat.com

اس نے دینِ موسوی ترک کر دیا (تفسیر ابن کثیر، بذیل ے [الاعراف]: ۱۷۵ و ۱۷۶) - بہرحال مذکورۂ بالا آیات میں جس شخص کا ذکر آیا ہے اس کے نام کی تصریح قرآن و حدیث میں نہیں ملتی، چنانچہ مفسرین نے عہدِ رسالت اور اس سے پہلے کی تاریخ کے مختلف اشخاص پر اس مثال کو چسپاں کر دیا (تفہیم القرآن، ۲ : ۱۰۰)۔

ابن قتیبہ نے وَہب بن مُنَبِّہ سے منسوب ایک روایت بیان کی ہے (کتاب المعارف، ص ۲۱) جس کا خلاصہ یہ ہے کہ بلعم اس جماعت کا ایک فرد تھا جس میں حضرت خضرؑ اور شعیبؑ شامل تھے اور جو حضرت ابراھیمؑ پر ایمان لائے تھے اور ھجرتِ شام میں ان کے همراہ تھے۔ حضرت ابراھیمؑ نے، لوطؑ کی ایک بیٹی بھی اس سے بیاہ دی تھی - یہ قصہ بالکل بے بنیاد اور غالبًا یہودیوں کا وضع کردہ ہے۔

البلخی سے غلط طور پر منسوب تصنیف البدء و التاریخ میں ابدیت عالم کے بارے میں چند ژولیدہ خیالات بلعم سے منسوب کیے گئے ھیں۔

**مآخذ**: مختلف تفاسیر قرآن، مثلاً (۱) الطبری، مطبوعۂ مصر، ۱۳ : ۲۵۲؛ (۲) ابن کثیر، ۱، بذیل ے [الاعراف] : ۱۷۵، ۱۷۶؛ (۳) ابوالکلام آزاد: ترجمان القرآن، ۲ : ۴۴؛ (۴) ابو الاعلیٰ مودودی: تفہیم القرآن، ۲ : ۱۰۰؛ نیز دیکھیے: (۵) بائبل (حوالے متن میں درج ھیں)؛ (۶) ابن قتیبہ : معارف، ص ۲۱؛ (۷) المحاسبی : رعایة، ص ۲۵۶ ببعد، ۲۸۲؛ (۸) الطبری : تاریخ، ۱ : ۵۰۸ تا ۵۱۰؛ (۹) المسعودی: مروج، ۱ : ۹۹ تا ۱۰۰؛ (۱۰) البلخی (؟) : البدء و التاریخ، ۱ : ۵۱ / ۵۳، ۷۵ / ۷۷، ۹۱ / ۹۰، ۱۳۱ / ۱۳۰، ۱۴۸ / ۱۳۳؛ (۱۱) الثعلبی : عرائس المجالس، ص ۱۳۳، ۱۹۶؛ (۱۲) الکسائی : قصص الانبیاء، ص ۲۲۷؛ (۱۳) الغزالی: احیاء، ۳ : ۲۹۳؛ (۱۴) Petrus Alphonsi، در *PL*، ۱۵۸ : ۶۴۳؛ (۱۵) Sidersky، ص ۱۰۳ تا ۱۰۸؛ (۱۶) *Chronicon Samaritanum*، طبع Th. W. J. Juynboll، لائڈن ۱۸۴۸ء، ۳ / ۱۳۳ تا ۸ / ۱۳۸؛ (۱۷) *Encyclopaedia Britannica*، بذیل مادہ؛ (۱۸) Jewish Encyclopaedia، بذیل مادہ؛ (۱۹) وو، ع، بذیل مادہ۔

(G. Vajda و D. B. Macdonald [و ادارہ])

**بَلْعمی**: دو سامانی وزرا (باپ اور بیٹے) کی نسبت، جن میں سے مؤخر الذکر (یعنی بیٹا) الطبری کی مشہور تاریخ کے مترجم کی حیثیت سے زیادہ مشہور ہے۔ اس نسبت کی اصل کا علم نہیں۔ السَّمعانی (کتاب الانساب، ورق ۹۰ راست) نے ابن ماکولا (براکلمان، ۱: ۳۰۴) کی توضیح بیان کی ہے کہ یہ بَلْعَم سے ہے، جو یونانیوں کی سر زمین میں ایک شہر تھا (بَلَدٌ مِنْ دِیارِ الرُّوم) - یہ مقام اَور تو کسی لحاظ سے معروف نہیں، لیکن شاید یہ وھی Balaam ہے جس کا ذکر پرسکس Priscus نے ۴۷۲ء میں کیا ہے (*Excerpta de Legationibus*، طبع بون، ص ۱۶۵) - بقول المعدانی (قبّ السمعانی، ورق ۵۳۶ راست [، طبع حیدر آباد، دکن ۱۹۶۳ء، ۲ : ۳۱۴]) یہ بَلْعمان سے ہے، جو مرو کے قریب [قریۂ] بَلاشجرد [کے نیچے] ایک مقام تھا - دونوں مآخذ یہ بیان کرتے ھیں کہ بلعمیوں کا مورثِ اعلیٰ عرب قبیلۂ بنو تمیم کا ایک [شہسوار] تھا جو بقول ابن ماکولا عہدِ آبتدائے اسلام میں مسلمہ بن عبدالملک اور بقول المعدانی قتیبہ بن مسلم کے جیش میں شریک تھا - اب ان دونوں وزرا کے کوائف آتے ھیں:

(۱) **والد**: **ابوالفضل محمد بن عبیداللہ** (جس کا نام بعض اوقات عبداللہ البلعمی التمیمی بھی لکھا گیا ہے) کے بارے میں السمعانی نے ایک سے زیادہ بار لکھا ہے (ورق ۹۰ راست، ۳۶۲ چپ) کہ وہ سامانی امیر اسمعیل بن احمد (۲۷۹ھ/

Marfat.com

۸۹۲ء تا ۲۹۵ھ / ۹۰۷ء) کا وزیر تھا، لیکن نصر الثانی بن احمد کے عہدِ حکومت (۳۰۱ھ / ۹۱۳ء تا ۳۳۱ھ/۹۴۲ء) سے پہلے اس کی کارکردگی کا کوئی ذکر نہیں ملتا ۔ وہ غالباً ۳۱۰ھ / ۹۲۲ء میں نصر کا وزیر ہوا (قب Barthold : *Turkestan*، ص ۲۴۱) اور المقدسی (ص ۳۳۷) کے بیان کے مطابق اس کا بلا فصل پیش رو، ابوالفضل بن یعقوب نیشاپوری تھا ۔ اس سال وہ استرآباد میں تھا (ابن الاثیر، ۸ : ۹۶) ۔ اس کے بعد اس کا ذکر بار بار آتا ہے (ابن الاثیر، ۸ : ۱۹۶، ۲۰۷؛ قب المقدسی، ص ۳۱۷) ۔ ۳۲۶ھ / ۹۳۷ - ۹۳۸ء میں اس کی جگہ الجیہانی الاصغر کا تقرر ہوا (ابن الاثیر، ۸ : ۲۸۳؛ لیکن قب المقدسی، ص ۳۳۷) ۔ الاصطخری (ص ۲۶۰) کہتا ہے کہ اس کے مکانات مرو میں تھے اور بخارا میں ایک دروازہ اس کے نام پر ہے جو باب الشیخ الجلیل کہلاتا ہے (وہی کتاب، ص ۳۰۷)؛ غالباً یہ وہی دروازہ ہے جو آگے چل کر شیخ الجلال کے نام سے مشہور ہوا ۔ تمام مآخذ اس کی لیاقت کے معترف ہیں ۔ وہ علما کا مربی تھا ۔ السمعانی (ورق ۳۶۲ ب) کا بیان ہے کہ وہ رودکی کو عربوں اور ایرانیوں میں سب سے بہتر اور بے مثل سمجھتا تھا ۔ السمعانی (ورق ۹۰ ولمت [ طبع دکن، ۲ : ۳۱۴]) کے بیان کے مطابق اس نے ۱۰ صفر ۳۲۹ھ / ۱۴ نومبر ۹۴۰ء کی رات کو وفات پائی ۔

(۲) ابو علی محمد بن محمد البلعمی، جو مذکورۂ بالا کا بیٹا تھا، عبدالملک اول بن نوح (۳۴۳ھ / ۹۵۴ء تا ۳۵۰ھ / ۹۶۱ء) کے عہد کے آخر میں ''حاجب'' الپتگین کے اثر و رسوخ کی بدولت وزیر مقرر ہوا (گردیزی : زین الاخبار، طبع محمد ناظم، سلسلۂ یادگار براؤن، ۱۹۲۸ء، ص ۴۳) ۔ باپ کی سی عملی صلاحیتیں اس کے حصے میں نہیں آئیں ۔ المقدسی (ص ۳۳۸) نے اسے بصیغۂ تصغیر امیرک بلعمی لکھا ہے اور بیان کرتا ہے کہ وہ دو مرتبہ عبدالملک کے جانشین المنصور الاول بن نوح (۳۵۰ھ / ۹۶۱ء تا ۳۶۶ھ/۹۷۶ء) کا وزیر ہوا اور منصور نے اسے ۳۵۲ھ / ۹۶۳ء میں الطبری کا ترجمہ کرنے کا حکم دیا تھا (قب Rieu : *Catalogue of the Persian MSS. in the British Museum*، ۱ : ۶۹) ۔ اس ترجمے کی وجہ سے اسے بڑی شہرت حاصل ہوئی ۔ یہ ترجمہ موجودہ فارسی نثر کی قدیم ترین تصانیف میں سے ہے اور اس سے فارسی کی تاریخی تصانیف کے ایک طویل اور درخشاں دور کا آغاز ہوتا ہے ۔

بلعمی نے تاریخ کو اپنے عہد تک لانے کی کوشش نہیں کی ۔ وہ سلسلۂ اسناد کو حذف کر دیتا ہے اور ایک ہی واقعے کے کئی متبادل بیانات کو، جو الطبری کی ایک خصوصیت ہے، چھوڑ دیتا ہے اور ان بیانات سے جو ایک مسلسل و مربوط واقعہ نکلتا ہے صرف اسے پیش کرنے پر اکتفا کرتا ہے ۔ بعد کے آنے والے عرب مؤرخین نے اسی طریقے کا تتبع کیا، مثلاً ابن الاثیر (قب G. Weil : *Geschichte der Caliphen*، ۳ : ۱۰ ببعد) ۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ یہ کتاب اصل کے مقابلے میں بہت مختصر ہو گئی ہے (الطبری، طبع لائڈن، ۱۵ جلد کے مقابلے میں فرانسیسی ترجمہ از Zotenberg، ۴ جلد اور طبع لکھنؤ صرف ایک جلد) ۔ بایں ہمہ بلعمی کی تاریخ محض الطبری کا اختصار نہیں ہے ۔ وقتاً فوقتاً وہ وقیع معلومات کا اضافہ بھی کرتا ہے، مثلاً ۱۰۴ھ / ۷۲۲ء کے بعد حروب عرب و خزر کے واقعات کے سلسلے میں (متن در B. Dorn : *Nachrichten über die Chasaren*، دیکھیے مآخذ) جن کا مآخذ ابن اعثم الکوفی کی کتاب الفتوح معلوم ہوتی ہے (قب Abū : Akdes Nimet Kurat

marfat.com
Marfat.com

Muhammad Ahmad bin A‘ṣam al-Kūfī'nin kitâb 'al-fütūhu در Ankara Üniv. Dil ve Tarih-coğ. Fak. Dergisi، ۱۹۴۹ء، ص ۲۲۵ تا ۲۸۲؛ D. M. Dunlop : *History of the Jewish Khazars*، ص ۵۸) - بلعمی کے جو مخطوطات رہ گئے ھیں ان میں سے سب سے مکمل اور اھم مخطوطہ بعد کا مرتب شدہ نسخہ ہے؛ اس کی تخمینی تاریخ کا پتا ایک مختصر سے ضمیمے سے چلتا ھے جس میں خلفاے عباسیہ کے حالات المستظہر کی وفات اور المسترشد کی تخت نشینی (۵۱۲ھ/۱۱۱۸ء) تک درج ھیں - بقول B. Spuler (*The Evolution of Persian Historiography*) سامانیوں کی زیر نگرانی فارسی زبان میں الطبری کا ترجمہ محض ایک ثقافتی ضرورت ھی کو پورا نہیں کرتا بلکہ اس سے ایرانیوں پر یہ ظاہر کرنا بھی مقصود تھا کہ ان کی قوم کا مقدر اب دینِ حق کے ساتھ وابستہ ہو چکا ہے.

گردیزی (طبع محمد ناظم، ص ۴۶) کے بیان کے مطابق بلعمی نے جُمادی الآخرہ ۳۶۳ھ/(۲۷ فروری - ۲۷ مارچ ۹۷۴ء) میں وفات پائی - العُتبی (تاریخ یمینی، قاہرہ ۱۲۸۶ھ، ۱ : ۱۷۰) نے اس کی وفات کی تاریخ بہت بعد کی بتائی ھے - وہ کہتا ھے کہ اسے نوح ثانی بن منصور نے بخارا کی تسخیر کے بعد بہت تھوڑی مدت کے لیے ربیع الاول ۳۸۲ھ/ مئی ۹۹۲ء میں اپنا وزیر مقرر کیا تھا - یہ تاریخ قرین قیاس معلوم نہیں ہوتی .

**مآخذ** : (۱) Storey، ص ۶۱ تا ۶۵؛ (۲) W. Barthold : *Turkestan*، بمدد اشاریہ؛ (۳) تاریخ طبری، لیتھو، لکھنؤ ۱۲۹۱ھ/۱۸۷۴ء (دوسرے ہندوستانی مطبوعہ نسخوں کے لیے دیکھیے Storey)؛ (۴) B. Dorn : *Beiträge zur Geschichte der Kaukasischen Länder und Völker*، ج ۳ : *Tabary's Nachrichten über die Chasaren*، (بلعمی کا متن، مع جرمن ترجمہ و حواشی)؛ (۵) *Mem. Russ. Acad.*، سلسلۂ ششم، سیاسیات وغیرہ، سینٹ پیٹرز برگ، ۱۸۴۴ء، ۶ : ۴۴۵ تا ۶۰۱؛ (۶) H. Zotenberg : *Chronique de... Tabari traduite sur la version persane d'Abou-'Ali Mohammad Bel'ami*، ۴ جلد، پیرس ۱۸۶۷ تا ۱۸۷۴ء (بار دوم، پیرس ۱۹۵۸ء).

(D. M. Dunlop)

**بَلعَنبَر** : رک بہ عنبر (بنو).

**بُلغار** : اسلامی ادب میں یہ ایک ترکی النسل قوم کا نام ہے، جس نے اوائل قرونِ وسطی میں دریاے والگا اور دریاے ڈینیوب کے کنارے دو ریاستوں کی بنیاد رکھی تھی.

ابتدائی تاریخ : معلوم ہوتا ہے کہ قدیم بُلغار ھُنوں کی آمد کے کسی دھارے کے ساتھ جنوبی روس کے بے گیاہ و برگ میدانوں (Steppe) میں پہنچے ہوں گے - پہلی بار ان کا تذکرہ Joannes Antioch (Müller : *Fragm. Hist. Graec.*، ۴ : ۶۱۹) نے ۴۸۱ء میں کیا ھے جب انہوں نے گاتھوں کے ساتھ لڑائی میں شہنشاہ زینو Zeno کی مدد کی تھی - اس زمانے میں سر زمینِ بلغار کا مرکز دریاے کُبَن Kuban اور بحیرۂ ازوف (the Maeotis) کے نواح میں واقع سٹیپ کے میدان تھے، لیکن ان کے کچھ گروہ زیرین ڈینیوب کے علاقے اور قفقاز میں بھی آباد تھے - بوزنطی وقائع میں ان کے اصل وطن کبن کو عظیم بلغاریہ (Theophanes, Nicephorus) کہا گیا ہے - ۶۴۲ء میں خان کورت کی وفات کے بعد غالباً نئی ابھرتی ہوئی سلطنت خَزَر کے دباؤ کے باعث بلغاروں کے اتحاد کا خاتمہ ہو گیا - بلغاروں کا ایک حصّہ دسویں صدی تک دریاے کُبَن کے کنارے اور Maeotis میں اپنی قدیم آبادیوں ھی میں مقیم رہا - اس زمانے میں اس ملک کو قسطنطین Constantine Porphyr. (*De adam. imp.*، ص

Marfat.com

۱۲، ۳۲) نے ''سیاہ بلغاریہ'' کے نام سے موسوم کیا اور روسی وقائع میں ان لوگوں کو ''سیاہ بلغار'' کا نام دیا گیا ہے - ان بلغاروں نے تاریخ میں کوئی اہم کارنامہ سرانجام نہیں دیا اور بعد ازاں مجیار (Magyars)، پچنگ (Pechenegs) اور کُمان (Kumans) قوم کے لوگوں کے جو دھارے داخل ہوے یہ لوگ غالبًا ان میں مدغم ہو کر رہ گئے - بُلغاروں کا ان سے کہیں بڑا گروہ خان اِسپہ رخ کے زیر قیادت ترک وطن کر کے ریاستہاے بلقان اور ڈینیوب کے علاقے میں جا پہنچا، جہاں انہوں نے جنوبی صقالبی قبائل کے درمیان ایک ریاست قائم کی - نسبۃً قلیل مدت میں ترکی بلغار، جو تعداد میں تھوڑے تھے، کثیر التعداد صقالبہ میں جذب ہو کر معدوم ہو گئے - اسلامی مآخذ میں اس ریاست اور اُس کے باشندوں کو بُرجان کہا گیا ہے۔

تیسرا اور سب سے چھوٹا گروہ والگا کے کنارے کنارے شمال کی جانب پسپا ہو گیا (اس بات کی تصدیق آثارِ قدیمہ کی فراہم کی ہوئی معلومات سے ہو چکی ہے) اور دریاے کاما (Kama) اور والگا کے سنگم کے قریب آباد ہوگیا - یہاں انہوں نے فن لینڈ کے اصلی باشندوں کو مطیع کر کے ایک نئی ریاست کی بنیاد رکھی - یہی گروہ ہے جسے عربی مآخذ بُلغار اور فارسی مآخذ بلکار لکھتے ہیں اور یہ نام ان کے ملک اور ان کی ریاست کے دارالحکومت کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے۔

**مآخذ:** بلغار کے متعلق ہمارا ممتازترین مآخذ ابن فَضْلان ہے جو ۳۰۹ - ۳۱۰ھ / ۹۲۱ - ۹۲۲ء میں اس سفارت میں شریک تھا جو خلیفہ المقتدر باللہ نے شاہِ بلغار کے پاس بھیجی تھی - اس سے ذرا پہلے کا مآخذ ابن رُستہ، حدود العالم، گردیزی، البَکری اور المَرْوَزی میں محفوظ ہے - ابن فضلان سے چند عشرے پہلے کے حالات الاصطخری، المسعودی، اور المُقَدَّسی کے یہاں ملتے ہیں اور چوتھی صدی ہجری / دسویں صدی عیسوی کے نصف آخر کے بعد کے حالات ابن حوقل کے بیان کیے ہوے ہیں - ان بنیادی مآخذ کے علاوہ ہمیں دوسری عربی اور فارسی تصنیفات، مثلاً البیْرُونی، بیہقی، ابن الندیم وغیرہ میں بھی کچھ اشارے مل جاتے ہیں - چھٹی صدی ہجری / بارھویں صدی عیسوی میں ابوحامد الاندلسی نے بلغار کی سیاحت کی اور دو صدی بعد ابن بطوطہ وہاں گیا، لیکن مؤخرالذکر کے بیانات اس احتمال سے خالی نہیں کہ ان میں ایجادِ بندہ کو دخل ہے - دَورِ مغول کے مؤرخین، مثلاً ابن الاثیر، ابوالفداء، رشیدالدین، جُوینی وغیرہ سے ہمیں ریاست بلغار کے خاتمے کے متعلق معلومات حاصل ہوئی ہیں - یورپی مآخذ میں صرف روسی وقائع ہماری مدد کرتے ہیں، جو حملۂ مغول سے قبل اور بعد کے دَور کی معلومات کے قیمتی مآخذ ہیں، چونکہ ہمارے مآخذ زیادہ‌تر چوتھی صدی ہجری/دسویں صدی عیسوی سے تعلق رکھتے ہیں، اس لیے بُلغار کے داخلی کوائف کا جو خاکہ سطورِ ذیل میں پیش کیا جا رہا ہے وہ انہیں سے مأخوذ ہے اور اس کا اطلاق زمانۂ ما بعد پر محض بالواسطہ ہوتا ہے۔

**حدود ریاست اور آبادی:** سلطنتِ بُلغار کے مرکز کی تشکیل والگا اور کاما دریاؤں کی درمیانی مثلث اور ان دونوں دریاؤں کے سنگم میں واقع علاقوں سے ہوتی تھی - جہاں تک بُلغار کی حدودِ ریاست کا تعلق ہے ہمارے مآخذ سے اس پر ذرا بھی روشنی نہیں پڑتی، اور حدود العالم کا اکاون واں باب (جس کا عنوان غلطی سے بُرطاس لکھا گیا ہے) اس لحاظ سے قطعی بیکار ہے کہ اس سے اس کے ہمسایہ ممالک کے متعیّن کرنے میں قطعاً مدد نہیں ملی - تاہم ہمیں کچھ ایسے اشارے مل جاتے ہیں، جن کی مدد سے ان پڑوسیوں اور سلطنت

marfat.com
Marfat.com

بلغار کے ساتھ ان کے تعلقات کا کچھ علم ہو جاتا ہے۔ شمال میں مختلف فِنّی اگریہ (Finno-Ugrian) قبائل رہتے تھے، مثلاً وی‌سو (روسی ماخذ میں V'es، آجکل Veps) اور یورہ (روسی Yugra)؛ یہ دونوں مختلف اوقات میں کم از کم برائے نام ہی سہی بلغاروں کے زیرِ سیادت رہے ہیں۔ مشرق میں بَسجِرت (بَشکِرت) بلغاروں کی رعایا تھے اور جنوب مشرق میں کچھ پچنیگ اور غُزّ قبائل بلغاروں سے بالکل آزاد خانہ‌بدوشانہ زندگی بسر کرتے تھے۔ بلغاروں اور خزر قبائل کے درمیانی علاقے میں جنگلات کے اندر نسبۃً قدیم‌تر باشندے برطاس [رک بآں] (بُرداس) آباد تھے، جو غالباً مُردوہ (Mordva) کے اسلاف تھے۔ یہ لوگ خزروں کی رعیت تھے اور اکثر بلغاروں کے حملوں کا نشانہ بنتے رہتے تھے اور آگے چل کر انہیں کی ریاست میں مدغم ہو گئے۔ الاصطخری کے بیان کے مطابق خزروں اور برطاس کے علاقوں کے درمیان پندرہ روز کی مسافت تھی اور اس قوم کے علاقے کی آخری حدود تک پہنچنے میں پندرہ دن اور لگتے تھے، یہ حدود غالباً شمال مغربی سمت واقع تھیں۔ مغرب کی طرف صقالبی (روسی) قبائل آباد تھے، لیکن ان کی مشرقی نوآبادیوں کی حدود کا تعین یقین کے ساتھ نہیں کیا جا سکتا۔ یہ بات کہ وہ دسویں صدی میں بلغاروں کی رعایا تھے اس امر سے واضح ہے کہ ابن فضلان نے شاہ بلغار کو اکثر اوقات "ملک الصقالبہ" لکھا ہے۔

بلغار کئی جتھوں اور گروہوں میں منقسم تھے جن کا ذکر مسلمان مصنّفین نے مختلف ناموں کے تحت کیا ہے۔ ابن رستہ اور اس کے پیش‌رووں نے جن تین بڑے گروہوں کا نام لیا ہے وہ برصولہ اشکل (ما اسکل) اور بلکار تھے۔ ابن فضلان نے اسکل کے علاوہ قبیلۂ سوار، نیز ایک اور گروہ یا بڑے قبیلے کا ذکر کیا ہے جو البرنجار کے نام سے مشہور تھا۔ یہ قبیلہ پہلے ہی سے مسلمان ہو چکا تھا اور اس نے ایک چوبی مسجد بھی بنائی تھی۔ جنگلات میں مطیع‌شدہ فِنّی قبائل رہتے تھے اور شہروں میں (زمانۂ ما بعد میں) سوداگروں اور دستکاروں کی ملی جلی آبادی تھی، جو روس، خزریہ، وسط ایشیا حتّٰی کہ بغداد تک سے آ کر یہاں آباد ہوے تھے۔

سیاسی ادارے: بلغار کے فرمانروا کا لقب یِلتوار (yiltuwar) (ابن فضلان کے ہاں بِلتوار) تھا۔ یہ ایک ترکی لقب تھا جو کتبات اورخون میں التبر کی صورت میں بھی ملتا ہے۔ اس لقب سے پتا چلتا ہے کہ یہ منصب نسبۃً کم رتبہ فرمانروا کا تھا جو خاقان کا باج‌گزار تھا اور یہاں مراد خزر خاقان ہے۔ اس سے یہ اندازہ بھی ہوتا ہے کہ ملک بلغار شروع میں محض ایک بڑی سلطنت کا حصّہ تھا اور اس کا فرمانروا پوری طرح خود مختار نہ تھا۔ بلغار ہر گھر سے خزروں کو سمور کی ایک کھال بطور محصول دیتے تھے۔ ان کی ماتحتی کی حیثیت اس بات سے بھی ظاہر ہوتی ہے کہ شاہ بلغار کا ایک لڑکا یرغمال کے طور پر ضرور خاقان کے دربار میں رہتا تھا۔ شاہ بلغار کے خلیفۂ بغداد کا حلیف بن جانے سے غالباً ان جاگیردارانہ روابط میں فرق آ گیا تھا، لیکن معلوم ہوتا ہے کہ انہیں مکمل آزادی اس وقت حاصل ہوئی جب ۹۶۵ء میں خزر حکومت کا خاتمہ ہو گیا۔ خلیفة المسلمین کا حلیف بن جانے کے بعد شاہ بلغار کی حیثیت میں جو فرق پیدا ہوا اس کا اظہار اس سے بھی ہوتا ہے کہ اس نے قدیم لقب یلتوار کو بدل کر نیا لقب امیر اختیار کر لیا۔ یہ گویا اس چیز کی علامت تھی کہ خزر خاقان کی سابقہ اطاعت کا رشتہ منقطع کر دیا گیا ہے۔

ریاست بلغار کی حیثیت ایک سیاسی وحدت کی

marfat.com
Marfat.com

نہیں تھی اس لیے کہ قبائلی سرداروں (ابن فضلان انھیں مُلوک کہتا ہے) کو یقیناً آزادی و خود مختاری حاصل تھی، یہ بات ابن فضلان کے اس بیان سے ظاہر ہوتی ہے جس میں اس نے بتایا ہے کہ قبیلۂ اسکل کے ملک [= سردار، امیر] نے بادشاہ کا ایک حکم ماننے سے انکار کر دیا تھا ۔ اگرچہ روسی وقائع میں صرف ایک بُلغار ریاست کا بتواتر ذکر ملتا ہے، لیکن ۱۱۸۳ء کے حالات کے تحت ہمیں ایک ایسی جنگ کا ذکر ملتا ہے جو کمانوں (Komans) کے ایک حلیف بلغار فرمانروا نے بولگری Bolgary کے عظیم شہر کے خلاف لڑی تھی ۔ اس کے علاوہ دورِ مغول میں ایک اور ریاست ژکوتن (Zhukotin) (جکہ تاؤ Djuke-Tao) کی بنیاد پڑنے کا ذکر بھی ہے ۔

ابن فضلان کے زمانے میں فرمانروا کے تعلقات اپنی رعایا کے ساتھ سر قبائلی قسم کے تھے ۔ وہ گھوڑے پر سوار ہو کر اپنے دارالحکومت میں (جو کہ خیموں کا شہر تھا) اکیلا پھرتا ۔ اس کے ساتھ کسی قسم کا ذاتی محافظ یا حفاظتی دستہ نہیں ہوتا تھا ۔ اپنے فرمانروا کو دیکھتے ہی رعایا کے افراد اُٹھ کھڑے ہوتے اور اپنے سر برہنہ کر لیتے ۔ حکمران طبقہ، بادشاہ کے خاندان اور قبائلی ملوک (= سرداروں) کے علاوہ، پانچ سو اہم خاندانوں پر مشتمل ہوتا تھا ۔

معاشیات و تجارت : دسویں صدی کے نصف اول تک روسی سٹیپ کے میدانوں میں بسنے والی دوسری ترکی اقوام کی طرح بُلغار بھی خانہ‌بدوشی کی زندگی بسر کرتے تھے اور مویشی پالنا ان کا سب سے بڑا پیشہ اور ان کی معاشیات کی اساس تھا ۔ قدیم مآخذ میں یہ بات واضح طور پر بیان کی گئی ہے، چنانچہ بقول ابن رُستہ محصولات گھوڑوں کی صورت میں ادا کیے جاتے تھے ۔ ابن فضلان کا بیان ہے کہ معاشرہ آہستہ آہستہ بدویت سے حضریت کی طرف جا رہا تھا ۔ اس زمانے تک سابقہ معاشرت کی بہت سی رسمیں بدستور قائم تھیں، مثلاً فرمانروا کی سکونت کے لیے کوئی مستقل دارالحکومت نہیں تھا؛ وہ جا بجا گھومتا پھرتا اور ایک بڑے خیمے میں رہتا تھا ۔ الاصطخری کا بیان ہے کہ لوگ جاڑوں میں چوبی مکانات میں اور گرمیوں میں خیموں میں رہتے تھے ۔ زیر بحث صدی کے آخری حصّے میں بُلغار ایک خوشحال زرعی تجارتی مرکز بن چکا تھا ۔

یہاں کی اہم پیداوار باجرہ، گندم اور جو تھی (ابن رُستہ اور ابن فضلان) اور گھوڑے کا گوشت اور یہ چیزیں بنیادی خوراک کا کام دیتی تھیں ۔ لوگ اپنی زرعی پیداوار سے بادشاہ کو کسی قسم کا مالیانہ نہیں دیتے تھے ۔ آثار قدیمہ کے اکتشافات سے پتا چلتا ہے کہ ان کے زراعت کے طریقے خاصے ترقی یافتہ تھے اور اس کا نتیجہ یہ تھا کہ یہ لوگ غلہ برآمد بھی کرتے تھے؛ ۱۰۲۴ء میں جب سوزدل (Suzdal') میں قحط پڑا تو وھاں کے روسی بُلغار سے گندم لائے اور اپنی جانیں بچائیں ۔

اگرچہ زراعت ان کا اصلی پیشہ تھا، لیکن مویشی پالنے کو ان کی معاشیات میں اب بھی بڑی اہمیت حاصل تھی اور وہ متعدد صنعتوں کی خصوصاً چمڑا رنگنے کی صنعت کی، نیز برآمدی تجارت کی اساس تھی ۔ آگے چل کر بُلغاری چمڑا (موجودہ روسی چمڑا یُفت "Yuft") اور بُلغاری جوتے (فارسی : مُوزہ بُلغاری) خاص طور پر مشرق میں مشہور تھے ۔ آثار قدیمہ کی کھدائیوں سے بہت سی صنعتی اشیا (مثلاً تانبے کے برتن، گِلی ظروف، جواہرات اور اوزار وغیرہ) ملی ہیں جو مقابلۃً اعلٰی درجے کی ہیں ۔

ملک کی دولت کا سب سے بڑا سرچشمہ بہرحال بین الاقوامی تجارت تھی ۔ دریاے والگا دنیا کی قدیم‌ترین تجارتی شاہراہوں میں سے ہے اور شہر بُلغاریہ شرقاً غرباً اور شمالاً جنوباً تجارتی

marfat.com
Marfat.com

شاہراہوں کے عین مقام اتّصال پر واقع تھا، ان دونوں سے پورا فائدہ اٹھایا گیا ۔ بُلغار خود زیادہ تر شمال میں اور اس سے کم وسط ایشیا میں تجارت کرتے تھے، لیکن شہر بلغار کی اصل اهمیت اس بنا پر تھی کہ وہ غیر ملکی تاجروں، یعنی روسیوں، خزروں اور مسلمانوں کے لیے ایک مقام اتصال و اجتماع تھا ۔ بادشاہ آبی راستے سے جانے والے جملہ سامان پر دس فی صد محصول وصول کرتا تھا، مثلاً روسی تاجر ہر دس غلاموں پر ایک غلام بادشاہ کو محصول کے طور پر دیتے تھے ۔ سب سے بڑی تجارتی شاہراہ وسط ایشیا (خوارزم) اور خیوہ کو جاتی تھی ۔ بُلغار شمالی ممالک سے مگرمچھوں، سموروں، اودبلاؤں، لومڑیوں اور گلہریوں کی کھالیں درآمد کرتے تھے اور ان شمالی اقوام مثلاً ویْسُو اور یوْرہ کے ساتھ ان کا مبادلہ جنس کے بدلے جنس کی صورت میں ہوتا تھا (دیکھیے ابن فضلان، البیرونی، المروزی، ابوحامد، ابن بطوطه) ۔ روسی بھی سمور لاتے تھے، غلام ان کی دوسری بڑی جنس درآمد تھے جو تجارتی شاہراہ کے ذریعے وسط ایشیا کو اور والگا کے راستے صوبجات خزر کو بھیج دیے جاتے تھے ۔ المقدسی نے ص ۳۲۵ پر بلغار کی اشیاے برآمد کی ایک طویل فہرست درج کی ھے ۔ اس میں بہت سی اقسام کی سمور، گھوڑوں اور بکریوں کی کھالیں، جوتے، قلنسوۃ، تیر، تلواریں، ہتیار، بھیڑیں، مویشی، باز، مصنوعات ماھی (جیسے Isinglass، Fish-teeth)، برچ کی لکڑی، اخروٹ، موم، شہد اور صقالبی غلام شامل ھیں ۔ ان میں سے بہت سی چیزوں کا ذکر دوسرے مآخذ، مثلاً ابن رستہ، الاصطخری، ابو حامد وغیرہ میں بھی ملتا ھے ۔

اسلامی ممالک سے درآمد ہونے والی خاص اشیا میں کپڑا، ہتیار، سامان تعیّش اور گلی ظروف شامل تھے ۔

بارھویں صدی تک مشرقی یورپ کے دوسرے حصّوں کی طرح سمور (خاص طور پر لومڑیوں، مگرمچھوں اور گلہریوں کا) بنیادی سکّے کا کام دیتا تھا ۔ اس کے علاوہ چاندی کا سکّہ بھی رائج تھا جو اسلامی ممالک سے لایا گیا تھا، اور جسے روسیوں اور صقالبہ سے چیزیں خریدنے کے لیے استعمال کیا جاتا تھا ۔ چوتھی صدی ھجری / دسویں صدی عیسوی کے آغاز سے سامانی درھموں کی نقلیں بلغار میں ڈھالی جانے لگیں؛ ان درھموں پر اگرچہ اصل ٹکسال کا نام اور اصل سنِ ضرب ھی درج ھوتا تھا، لیکن اس پر امیرِ بُلغار میکائیل بن جعفر (غالباً اس جعفر بن عبداللہ کا جانشین اور بیٹا جو کہ ابن فضلان کے عہد میں حکومت کرتا تھا) کا نام بھی کندہ کیا جاتا تھا ۔ ۳۳۷ھ / ۹۴۸ - ۹۴۹ء میں بلغار کی ایک ٹکسال میں طالب بن احمد کے نام پر پہلی بار درھم ضرب کیے گئے اور ۳۵۷ھ / ۹۶۸ء تک ڈھالے جاتے رہے ۔ دوسرے سکّوں پر جو سوار اور بُلغار میں تیار ھوے مومن بن احمد (۳۶۶ھ / ۹۷۶ - ۹۷۷ء) کا اور کچھ سکّوں پر مومن بن حسن (۳۶۶ھ/ ۹۷۶ - ۹۷۷ء اور ۳۷۰ھ / ۹۸۰ء کے مابین) کا نام کندہ ھے ۔ مؤخر الذکر سکّے بھی انھیں ٹکسالوں میں ضرب ھوے (دیکھیے Vasmer : *Wiener* *Num. Ztsehr*، ۵۷، ۱۹۲۴ء، ص ۶۳ ببعد) ۔ ان حکمرانوں کے ناموں کے علاوہ سکّوں پر عباسی خلفا کے نام بھی ملتے ھیں ۔

جب ابن فضلان یہاں آیا تو اس نے یہاں کوئی قصبہ یا گاؤں نہیں دیکھا ۔ اس نے دیکھا کہ اس زمانے میں بُلغار بدویت کی زندگی بسر کر رہے تھے ۔ معلوم ھوتا ھے کہ قلعے کی تعمیر نے، جو بغدادی سفارت کے نمایاں اور اھم کاموں میں سے ایک تھا، بلغار کے آئندہ بننے والے شہر کی بنیاد رکھی ۔ بغدادی سفارت کی آمد سے قبل بلغار میں قصبوں

marfat.com

Marfat.com

کے موجود نہ ہونے کی توثیق ایک طرف تو اس امر سے ہوتی ہے کہ ابن رستہ کے گروہ کے مآخذ میں ان کا کوئی ذکر نہیں ملتا اور دوسری طرف خود بُلغار کے نام کا محلِ استعمال یہ ظاہر کرتا ہے ۔ ابن رستہ اور ابن فضلان نے یہ نام ہمیشہ ملک یا قوم کے لیے استعمال کیا ہے، شہر کے لیے کبھی نہیں کیا ۔ الاصطخری پہلا مصنف ہے جس نے بلغار اور سوار نامی قصبوں کا تذکرہ کرتے ہوے بتایا ہے کہ ان میں لکڑی کے مکان اور مسجدیں تھیں اور یہاں دس ہزار باشندے آباد تھے ۔ اس بیان کا اعادہ تمام آنے والے مصنفین نے بعض جزوی اضافوں کے ساتھ کیا ہے (حدود العالم : ۲۰ ہزار باشندے؛ گردیزی : پانچ لاکھ خاندان) ۔ روسی وقائع نگاروں کے یہاں بُلغار نام کے کئی قصبوں کا ذکر ملتا ہے، لیکن تفصیلات کی کمی کی بنا پر ان قصبوں کا صحیح محلِ وقوع متعیّن نہیں کیا جا سکتا ۔ ان میں سے اہم ترین قصبہ بُلغری کا عظیم قصبہ (Velikiy gorod Bolgary) تھا، جس کا وقائع میں کئی بار ذکر آیا ہے ۔

گزشتہ نصف صدی میں روسیوں نے علاقہ بلغار میں ان مقامات پر آثارِ قدیمہ کی کئی کھدائیاں کی ہیں جہاں قدیم قصبے آباد تھے ۔ والگا سے ٦ کیلومیٹر کے فاصلے پر موضع بلغرسکوئی (Bulgarskoie) کے قریب کے کھنڈروں سے پتا چلتا ہے کہ تیرھویں صدی اور چودھویں صدی میں یہاں اعلٰی درجے کی ثقافت موجود تھی ۔ تمام عمارتیں، یعنی محل، مسجدیں، حمام اور ان کے علاوہ فصیلیں پتھر کی تھیں ۔ قصبے کا محیط تقریباً ٦ میل تھا اور اس کے ارد گرد شمال اور مغرب کی جانب مضافات تھے ۔ اس زمانے میں یہاں کی آبادی یقیناً پچاس ہزار کے قریب ہوگی ۔ بلیَر اور سوار میں جو تازہ اکتشافات ہوے ہیں وہ بُلغرسکوئی کی دریافتوں سے زیادہ قیمتی ہیں ۔ معلوم ہوتا ہے کہ بُلغار (یعنی بُلغرسکوئی کے کھنڈر) صرف دسویں اور گیارھویں صدی عیسوی ہی میں دارالحکومت تھا، بعد ازاں یہ اعزاز بلیَر کو مل گیا جو ملک کے وسطی حصے میں دریاے چِرمِشن کے کنارے واقع تھا ۔ یہ بتانا دشوار ہے کہ ان دونوں میں سے روسی وقائع کا بُلغری کا عظیم قصبہ کون سا تھا ۔

مذہب : قدیم ترین مآخذ (ابن رستہ اور حدود العالم ۳۰۰ھ / ۹۱۲ء جس میں قدیم تر زمانے کا حال موجود ہے) کی رو سے بلغاروں میں اسلام پوری طرح جاگزیں ہو چکا تھا اور ان کے علاقے میں کچھ چوبی مساجد موجود تھیں ۔ اس بات کی توثیق مکمل طور پر ابن فضلان سے ہو جاتی ہے جس نے اپنی سیاحت کے دوران میں بہت سے مسلمانوں اور مسجدوں کے علاوہ ایک خطیب اور ایک مؤذّن کو بھی دیکھا ۔ بُلغار میں اسلام کی آمد کے بارے میں قدیم عربی مآخذ بالکل خاموش ہیں اور صرف بارھویں صدی عیسوی کے ایک سیّاح ابو حامد نے ایک روایت بیان کی ہے جس کا تعلق بلغار کے اِشتقاق سے ہے؛ لیکن یہ داستان زمانۂ ما بعد کی تاتاری روایات میں نہیں ملتی ۔ بغدادی سفارتوں بالخصوص ابن فضلان والی سفارت کا ایک مقصد یہ تھا کہ وہاں اسلام کی بنیادوں کو مستحکم کیا جائے، قانونِ اسلامی نافذ ہو، ایک مسجد اور منبر تعمیر ہو اور پورا ملک اسلام کے رنگ میں رنگا جائے ۔ معلوم ہوتا ہے کہ یہ کام کامیابی سے انجام پذیر ہوا ۔ بلغار میں اسلام پہلے پہل وسط ایشیا سے پہنچا؛ یہاں جس انداز سے اذان دی جاتی تھی اس میں مذہب امام ابوحنیفہؒ کی پیروی کی جاتی تھی جو ان دنوں وسط ایشیا کے ترکوں میں رائج تھا، چونکہ ابن فضلان شافعی مذہب کا پیرو تھا اس لیے اس کے اور بلغار کے

marfat.com
Marfat.com

مؤذن کے درمیان جیسے شاہِ بلغار کی حمایت حاصل تھی، اختلافِ رائے پیدا ہوا۔ اپنی پوری تاریخ میں بلغار نے حنفی مذہب سے اپنی وابستگی برقرار رکھی۔ قصبوں میں مسجدیں اور جامع مسجدیں تھیں اور حدودالعالم سے اس بات کی تصدیق ہوگئی ہے کہ بلغار اور سوار کے باشندے اپنے مذہب کے بڑے پر جوش مبلّغ تھے۔ بقولِ المسعودی (مروج، ۲ : ۱۶) المقتدر کے عہد میں شاہِ بلغار کے ایک بیٹے نے سفر حج بیت اللہ کیا تھا۔ بلغار کے فرمانرواؤں کے مذہبی جوش کا ایک ثبوت اس تحفے سے بھی ملتا ہے جو ۴۱۵ھ / ۱۰۲۴ء میں امیر بلغار ابو اسحٰق بن ابراہیم بن محمد بن بلتوار [= یلتوار] نے سبزوار اور خسرو جرد کی مساجد کے لیے پیش کیا تھا (دیکھیے، تاریخِ بیہق، طبع تہران، ص ۶۳)۔ معلوم ہوتا ہے کہ پچینگ اور کمان جیسے ترکی بدوی قبائل کے قبولِ اسلام کے سلسلے میں بلغاروں کے اثر کی نوعیت فیصلہ کن تھی۔ ان کے دلوں میں یہ خیال بھی برابر موجود رہا کہ وہ روس کو بھی، جو دسویں صدی تک کافر و مشرک تھا، دائرۂ اسلام میں شامل کر لیں گے۔ شہزادۂ ولدمیر (Vladimir) کو مشرف بہ اسلام کرنے کے لیے ایک سفارت ۹۸۶ء میں خیوہ کو روانہ کی گئی اور عرصے بعد اسی حکمران نے جو اپنے اور اپنی رعایا کے لیے ایک موزوں مذہب کی تلاش میں تھا، بلغار کے مسلمانوں کو دعوت دی کہ وہ آ کر اسے اپنے دین کے اصول بتائیں اور بڑے بڑے مذاہب کے نمائندوں کے ساتھ ایک مذہبی مباحثے میں حصہ لیں۔

یہ اسلامی علاقہ انتہائی شمال میں واقع تھا، اس لیے وہاں مذہبی ارکان و رسوم کی بجا آوری کے سلسلے میں بعض مسائل پیش آتے تھے، اس کی وجہ یہ تھی کہ جاڑوں میں دن چھوٹے اور راتیں بڑی ہوتی تھیں اور گرما میں معاملہ اس کے برعکس ہوتا تھا؛ چھوٹے سے دن میں روزانہ نماز پنجگانہ کا ادا کرنا آسان نہیں تھا اور معینہ اوقات کی پابندی تو قطعی ممکن نہیں تھی۔ اسی طرح کی دشواریاں رمضان میں بھی پیدا ہوتی تھیں۔ شمالی عرض بلد کے علاقوں کی اس خصوصیت نے، جس سے دوسرے اسلامی ممالک کو سابقہ نہیں پڑا تھا، جلد ہی مسلمان مصنّفین کی توجہ اپنی طرف منعطف کر لی اور اس موضوع پر ایک طویل بحث شروع ہوگئی کہ ان مسائل کا صحیح حل کیا ہے، چنانچہ ۱۸۶۰ء میں قازان کے ایک مؤرخ مرجانی نے انہیں مسائل سے متعلق ایک رسالہ لکھا ہے (دیکھیے زکی ولیدی طوغان : ابن فضلان، ص ۱۷۰، جہاں مزید حوالے بھی ہیں)۔

زبان اور ادب : خزروں کی زبان کی طرح بلغاروں کی زبان کے بھی بہت کم آثار موجود ہیں، جو جغرافیائی ناموں، صوتی الفاظ اور بارھویں صدی عیسوی کے آغاز سے خاص تعداد میں ہزاروں کی صورت میں تھے۔ ایک مدت تک ان کی لسانی مشابہت ایک مشتبہ بنی رہی۔ الاصطخری نے ص ۲۲۵ پر بتایا ہے کہ بلغار کی زبان خزروں کی بول چال سے مشابہ تھی، لیکن یہ دونوں برطاس اور روس کی زبانوں سے مختلف تھیں (بلغار زبان کے بارے میں کاشغری کے بیان کا تجزیہ اور اس کے ساتھ اس پورے مسئلے پر بحث کے لیے دیکھیے Pritsak در *ZDMG* عدد ۱۰۹، ۱۹۵۹ء، ص ۹۲ تا ۱۱۶)؛ لیکن اب یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ بلغار زبان ترکی زبانوں کی مغربی (یا مغربی ھُن) شاخ کے اس گروہ سے تعلق رکھتی ہے جسے بلغاری (Bolgarian) کہا جاتا ہے۔ اس شاخ کے دوسرے گروہ غز، قپچاق اور قرلق ہیں۔ بلغاری گروہ میں خزری زبان کے علاوہ مندرجۂ ذیل زبانیں بھی شامل ہیں :
(۱) ابتدائی بلغاری : ابتدائی بلغاری کتبات کی اور

marfat.com
Marfat.com

ڈینیوب کے بُلغاروں کی نام نہاد فہرستِ ملوک کی زبان؛ یہ فہرست ایک قدیم روسی وقائع میں ملتی ہے (دیکھیے *Die bulgarische Fürstenliste*: O. Pritsak، Wiesbaden ۱۹۰۰ء)؛ (۲) کُبَن بُلغاری (-Kuban Bulgarian) : اس زبان کی باقیات ان مستعار الفاظ کی صورت میں موجود ہیں جو ہنگروی زبان میں ملتے ہیں اور (۳) والگابلغاری : یعنی ان کتبات مزار کی زبان جو عربی رسم الخط میں لکھے گئے اور بلغار کے علاقے میں ملتے ہیں ۔ اس بات کی تا حال تشفی بخش تحقیق اور تصریح نہیں ہو سکی کہ موجودہ زمانے کی چُوش زبان اور اس زبان میں کس درجے مماثلت موجود ہے ۔ چونکہ چُوش بلغار کی انتہائی ترقی یافتہ اسلامی ثقافت سے بہت کم متأثر ہوے ہیں، اس لیے ان کا بلغار کی نسل سے ہونا قرینِ قیاس نہیں ، البتہ موجودہ قازان تاتار کو اس بات کا زیادہ حق پہنچتا ہے کہ وہ اپنا سلسلہ بُلغار سے ملائیں ۔

مزاروں کے مذکورۂ بالا کتبات کے علاوہ، جو کہ بارھویں سے چودھویں صدی عیسوی تک کے ہیں، ہمارے پاس بُلغاروں کی ادبی سرگرمیوں کے کچھ آثار موجود نہیں ۔ ابن الندیم نے اپنی فہرست میں لکھا ہے کہ اسلام قبول کرنے سے پہلے بُلغار چینیوں اور مانویوں کے رسم الخط استعمال کرتے تھے، لیکن اس کا کوئی نمونہ ہم تک نہیں پہنچا ۔ ابو حامد نے بارھویں صدی کے اوائل کے قاضی یعقوب بن نعمان البُلغاری کی ایک تاریخ بُلغار کا پتا دیا ہے ۔ ۴۸۹ھ / ۱۰۸۱ء میں شرف الدین حسام الدین البُلغاری نے تاتار زبان میں ایک رسالہ تَواریخِ بُلغاریہ تالیف کیا، جو تبلیغ اسلام اور اولیاے کرام کی زندگیوں کے متعلق غیر معتبر حکایات کے مجموعے سے زیادہ کچھ نہیں ۔ یہ رسالہ ۱۹۰۲ء میں قازان میں طبع ہوا تھا ۔

تاریخ : مآخذ کی کم یابی کے باعث بُلغار کی تاریخ کا سلسلےوار مطالعہ کرنا ممکن نہیں ۔ بُلغاروں کے حالات نے پہلی بار ابن فضلان کی آمد کے وقت تاریخ کی کتاب میں جگہ پائی ۔ اس زمانے میں ان کا فرمانروا یلِتوار اَلمُش بن شِلکی تھا، جس نے بالآخر اپنا لقب اور نام تبدیل کر کے امیر جعفر بن عبداللہ رکھا ۔ سکّوں پر اس کے بیٹے اور جانشین میکائیل بن جعفر کے علاوہ تین اور فرماں رواؤں، یعنی طالب بن احمد، مومن بن احمد اور مومن بن الحسن کے نام بھی ملتے ہیں (تاریخوں کے لیے دیکھیے سطورِ بالا فصل متعلقہ اقتصادیات) ۔ خزرخاقانیوں کی سلطنت کے زوال تک بُلغار کو ان کی باج گزار ریاست کی حیثیت حاصل رہی ۔ ۹۶۴ء میں والگا کے طاس کا علاقہ خیوہ کے حکمران سویاتوسلاف Svyatoslav نے تاراج و ویران کر ڈالا ۔ اس کی صداے بازگشت ابن حوقل کی اس داستان میں سنائی دیتی ہے جو اس نے بُلغار، برطاس اور خزر کی ۳۵۸ھ / ۹۶۸ - ۹۶۹ء کی فتح کے سلسلے میں بیان کی ہے، لیکن یہ تاریخ روسی مہم کی تاریخ نہیں، بلکہ یہ وہ سال ہے جب ابن حوقل کو ان واقعات کی اطلاع ملی تھی ۔ اس حملے سے بُلغار کی خوشحالی پر دیرپا اثرات مترتب نہیں ہوے؛ اسی طرح ۹۸۵ء میں روسیوں کی دوسری فوج کشی سے بھی، جس کی کمان سویاتوسلاف Svyatoslav کے بیٹے ولد میر Vladimir کے ہاتھ میں تھی کوئی خاص نقصان نہیں پہنچا ۔ اس کے برعکس خزرخاقانی سلطنت کے زوال سے بُلغار کو فائدہ پہنچا؛ فتح کے بعد روسی فوجوں کی مراجعت کے فوراً بعد طاقت‌ور خزروں کے مقام پر پچنگ کے بدوی قبیلے نے قبضہ کر لیا، جن سے بلغاروں کو کوئی خاص خطرہ نہیں تھا ۔ ایک مختصر سی مدت کے لیے روسیوں اور بُلغاروں کے تعلقات بہتر ہو گئے، جیسا کہ اس تجارتی معاہدے

marfat.com
Marfat.com

سے ظاہر ہوتا ہے جو ۱۰۰۶ء میں مساوی شرائط پر طے پایا، لیکن چونکہ ان دونوں ریاستوں کو شمالی علاقے میں تجارتِ سمور سے یکساں دلچسپی تھی اس لیے گیارھویں صدی عیسوی کے نصف آخر سے دونوں کے درمیان لڑائیوں کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ اس زمانے کے بعد سے بُلغار کی تاریخ روسیوں کے ساتھ جنگوں کی تاریخ ہے۔

۱۰۸۸ء میں بُلغاروں نے مُروم (Murom) کے روسی قصبے پر قبضہ کر لیا، لیکن یہ قبضہ صرف تھوڑی مدت تک قائم رہ سکا۔ اس واقعے کے بعد وہ زیادہ تر اپنے دفاع ھی میں مصروف رہے اور کئی موقعوں پر ۱۱۲۰ء، ۱۱۶۴ء، ۱۱۷۲ء، ۱۱۸۳ء، ۱۲۲۰ء میں روسیوں نے بُلغار کے شہر کا محاصرہ کیا۔ اس دوران میں صرف دو موقعے ایسے آئے جب بُلغار کی طرف سے کوئی جارحانہ اقدام ھوا، انھوں نے ۱۱۰۷ء میں سوزدل (Suzdal) کے قصبے پر ناکام حملہ کیا اور ۱۲۱۸ء میں بہت دور شمال میں واقع شہر اُست یُگ (Ust' yug) تباہ و برباد کر ڈالا۔ مغول کے حملے کے باعث روسیوں سے ساتھ مزید جنگیں تقریباً دو صدی تک ملتوی رہیں۔

ابو حامد نے بارھویں صدی کے نصف اوّل میں شہر بُلغار اور والگا کے طاس کے علاقے کی سیاحت کی تھی، لیکن اس نے یہاں کی سیاسی تاریخ کے بارے میں اس کے علاوہ کچھ نہیں لکھا کہ زیرین والگا کے کنارے شہر سَقسِین میں ایک بُلغار امیر رہتا تھا اور یہاں ایک بُلغاری مسجد موجود تھی۔

دریاے کالکا (Kalka) کے کنارے روسیوں پر فتح حاصل کر کے (۱۲۲۳ء) جب مغولِ مشرق کی جانب لوٹ رہے تھے تو بُلغاروں نے گھات لگا کر ان پر حملہ کر دیا اور انھیں سخت نقصان پہنچایا (ابن الاثیر، ۱۲ : ۲۵۴)۔ اس کا انتقام بڑی بے دردی سے لیا گیا: ۱۲۲۹ء میں دریاے یایق (یورال) کے کنارے بُلغار کے ھراول دستے کو مار کر بھگا دیا گیا اور پھر اسلامی مآخذ کی رو سے ۱۲۳۶ء میں اور روسی مآخذ کے مطابق ۱۲۳۷ء میں مغولوں نے ریاست بلغار پر حملہ کر کے اس کے دارالحکومت کو تمام باشندوں سمیت نیست و نابود کر ڈالا۔

اس کے بعد سے بلغار کی ریاست مغول کی مشرقی یورپ کی سلطنت اَلتون اُردو کا حصّہ بن گئی (رکّ بہ باتو، خانوادہ)۔ معلوم ھوتا ہے کہ نسبۃً کمتر مدّت میں دارالحکومت بُلغار میں ایک بار پھر خوشحالی آئی۔ آثارِ قدیمہ کے اکتشافات سے ایک اعلٰی درجے کی ثقافت کا سراغ ملتا ہے جس کا آغاز عین اسی زمانے سے ھوا تھا؛ اس کے علاوہ سزاروں کے جو کتبات ملتے ھیں وہ بھی زیادہ تر دورِ مغول ھی کے ھیں۔ اس ملک اور اس کے دارالحکومت کی تاریخِ ما بعد کے متعلق ھمیں بہت کم معلومات حاصل ھیں، چنانچہ اس بات کا پتا بھی نہیں چلتا کہ اس شہر کو یہاں کے باشندوں نے کب اور کیوں چھوڑا۔ ۱۳۹۵ء میں تیمور کے حملے کا بُلغار پر کوئی اثر نہیں ھوا، لیکن اس کے بعد جلد ھی ۱۳۹۹ء میں روسیوں نے اسے برباد کر ڈالا۔ غالباً ان جنگوں سے کہیں زیادہ نقصان بُلغار کو قازان (نیز المعروف بہ نوی بلغار یا بلغار جدید) کے عروج سے پہنچا، جس کی بنیاد اس سے ذرا قبل باتو خان [رکّ باں] نے رکھی تھی۔ جب اُلغ [بیگ] محمد [رکّ باں] نے اس شہر کو ایک نئی تاتار سلطنت کے دارالحکومت کے لیے منتخب کیا تو گویا شہر بلغار کی قسمت کا آخری فیصلہ ھو گیا۔ وسطی والگا کے کنارے سب سے بڑی منڈی کی حیثیت سے اسے جو اھمیت حاصل تھی وہ پہلے قازان اور پھر نزنی نووگراڈ Nizniy Novgorod (موجودہ گورکی Gorkiy)

Marfat.com

کو مل گئی۔

لفظ بلغار صرف ایک ملک کے نام کے طور پر ادب میں اب بھی باقی ہے، البتہ انیسویں صدی تک تاتار اپنے آپ کو بُلغاری کہتے تھے۔

مآخذ: اسلامی مآخذ: (۱) ابن رُستہ؛ (۲) ابن فضلان؛ (۳) المسعودی: مروج؛ (۴) الاصطخری؛ (۵) ابن حوقل؛ (۶) المقدسی؛ (۷) البیرونی؛ (۸) گردیزی؛ (۹) البکری؛ (۱۰) ابوالحامد الاندلسی: تحفۃ (طبع Ferrand)؛ (۱۱) وهی مصنّف: مُعرب (طبع Dubler)؛ (۱۲) یاقوت؛ (۱۳) القزوینی؛ (۱۴) ابوالفداء؛ (۱۵) الدمشقی۔ دور مغول کے لیے: (۱۶) ابن الاثیر؛ (۱۷) ابوالفداء؛ (۱۸) رشید الدین؛ (۱۹) الجوینی؛ (۲۰) ابن بطوطہ وغیرہ (ترک بہ مآخذ در Spuler: *Die Goldene Horde*، لائپزگ ۱۹۴۳ء)۔ روسی وقائع در: (۲۱) *Polnoe sobraniye russkikh l'etopisey*، ماسکو ۱۸۴۶–۱۹۲۵ء۔ جدید مطالعات: (۲۲) Z. V. Togan: *Ibn Faḍlān's Reisebericht*، لائپزگ ۱۹۳۹ء؛ (۲۳) Grekov: *Volzhskiye Bolgary, Istoričeskiye zapiski*، ۱۳، ۱۹۴۵ء: ۱ بعد؛ (۲۴) A. P. Smirnov: *Volzhskiye Bolgary*، ماسکو ۱۹۵۱ء؛ (۲۵) Yakubovskiy: *K istoricheskoy topografii Itila i Bulgara*, *Soviet. Arkheologiya*، ۱۰، ۱۹۴۸ء: ۲۰۰؛ (۲۶) A. P. Smirnov: *Trudy Kuybishevskoy Arkheolog. Ekspediciyi*، ماسکو ۱۹۵۴ء؛ (۲۷) *Istoriya Tatarskoy ASSR*، ج ۱، قازان ۱۹۵۶ء؛ (۲۸) Kovalevskiy: *Kniga Achmeda Ibn Faḍlana...*، خارکوف Kharkov ۱۹۵۶ء؛ (۲۹) M. Canard: *Ibn Faḍlān chez les Bulgares de la Volga*، در *AIEO*، الجزائر ۱۹۵۸ء، ص ۴۱ تا ۱۴۶؛ (۳۰) حدود العالم۔

(I. HRBEK)

**بُلغار طاغ**: ترک اس نام کو، جس کا صحیح املا بوغا (بغا) طاغ ہونا چاہیے (بغا یا بوغا ترکی میں بیل تورس Taurus کو کہتے ہیں) سلیشیائی تورس [= طوروس] (Cilician Taurus) کے لیے استعمال کرتے ہیں۔

**بُلغار مَعْدن**: بلغار طاغ کی شمالی ڈھلانوں پر چاندی کی مشہور کانیں، جو قونیہ (ارگلی Eregli) سے گولک بوغاز (سلیشیائی دَرّے) کو جانے والی عظیم تجارتی شاہراہ کے جنوب میں واقع ہیں۔ ۱۸۲۵ء سے ان کانوں میں بڑی بے توجہی سے کان کنی کی جا رہی ہے۔ ان سے جو کچھ دھات برآمد ہوتی ہے اس میں سونا اور چاندی شامل ہے اور اس سے سیسہ حاصل کیا جاتا ہے۔ اعداد و شمار Cuienet: *La Turquie d'Asie*، ۱: ۸۳۷ میں درج ہیں۔ یہ بات، جیسا کہ مصنّف مذکور نے لکھا ہے، درست نہیں کہ یہ کانیں ۱۸۲۵ء ہی میں دریافت ہوئی تھیں اس لیے کہ قرونِ وسطٰی میں بھی ابن فضل اللہ نے لؤلؤہ کے مقام پر چاندی کی کانوں کا ذکر کیا ہے اور یہ بلغار معدن کی کانوں کی جائے وقوع کے عین مطابق ہے۔

**بُلغاریا**: Bulgaria: بلقان کی ایک ریاست۔ اس کی نسبت ایک ترکی النسل قوم بلغار سے ہے، جس نے اولاً ۶۷۹ء میں اِسپَرِخ یا اَسپَرُخ کے زیر قیادت دُوبروجہ [رك بآن] پر حملہ آور ہو کر موسیہ Moesia کے بوزنطی صوبے میں ایک خود مختار ریاست کی بنیاد رکھی تھی۔ بوزنطیوں سے کلیسائے یونانی (Orthodox) کی مسیحیت قبول کرکے (۸۶۵ء) اور مقامی اسلاوی قوم کے ساتھ خلط ملط ہو کر، جو پہلے سے بلغاریا میں سکونت پذیر ہو چکے تھے، بُلغاروں نے بلقان میں ایک مستحکم سلطنت تیار کر لی، جو زار سیمیون Czar Symeon (۸۹۳ء تا ۹۲۷ء) کے عہد میں دریائے ڈینیوب سے بحیرۂ ایڈریاٹک تک پھیلی ہوئی تھی۔

بلغاریا کے بارے میں مسلمانوں کی سب سے

marfat.com
Marfat.com

پہلی رودادیں مسلم الجَرْبی (تقریباً ۲۳۱ھ/۸۴۵ء)، ہارون بن یحیی (۳۴۹ھ/ ۹۶۰ء) اور ابراہیم بن یعقوب (۳۴۹ھ/ ۹۶۰ء) کے قلم سے اسی زمانے کے متعلق ملتی ھیں ۔ ہارون (در ابن رستہ، طبع ڈخویہ، ص ۱۲۷) نے بتایا ھے کہ الصّقالبۃ المتنصّرۃ، یعنی عیسائی شدہ اسلافیوں نے بلغار کے حاکم سُوس کے بعد عیسائی مذھب قبول کیا تھا ۔ ۱۰۱۸ء اور ۱۱۸۶ء کے مابین سلطنتِ بوزنطہ میں ضم ھو جانے کے بعد بلغاریا کی تنظیم دو صوبوں (Themes) میں کی گئی تھی، یعنی صوبۂ بلغاریا، جس کا صدر مقام اسکوب Skoplje تھا اور Paristrion یا Paradunavon، جس کا مرکز سِلِستِرہ Silistria میں واقع تھا۔

ڈینیوب کے زیریں علاقے میں کُمانوں (Cumans) کے حملے اور آباد ھو جانے سے اس سلطنت کے قیام کا راستہ ھموار ھوا جو اسی خاندان Assenids کے ماتحت (۱۱۸۵ تا ۱۲۷۹ء) دوسری بلغاروی سلطنت کہلانے لگی ھے۔

۱۲۶۲ء میں بوزنطی شہنشاہ میخائیل Michael ہشتم نے بلغاروں سے انکیالس Anchialus اور مِسِمبریہ Mesembria چھین کر دوبروجہ میں ان اناطولی ترکوں کو لا بسایا جنھوں نے عزالدین کیکاؤس ثانی [رک بان] کی معیت میں بوزنطہ میں پناہ لی تھی ۔ ان میں سے اکثر ۷۰۷ھ/ ۱۳۰۷ء میں اناطولیہ کو لوٹ گئے اور جو باقی رہ گئے انھیں گیگازوں (Gagauzes) [رک بان] کے اجداد سمجھا جاتا ھے (*Yazījioghlu Alī on the Chrishian* : P. Wittek، *Turks of the Dobruja*، در *BSOAS*، ۱۴ / ۳) ۔

ترتر اول (۱۲۷۹ تا ۱۳۰۰ء) نے نوغے [رک بان] کی سیادت تسلیم کر لی (۱۲۸۵ء) اور اپنی بیٹی اس کے بیٹے چَقہ کو بیاہ دی، جس نے آگے چل کر ترنوو Tronovo میں پناہ لی اور اپنے خسر کے تخت پر قبضہ جمایا (۱۳۰۰ھ)، لیکن جلد ھی ترتر ثانی (۱۳۰۰ تا ۱۳۲۲ء) کے ھاتھ سے مارا گیا۔

ھم عصر عرب مآخذ (بیبرس : زُبدۃ الفکرۃ، در *Altinordu*.... : I.H. Izmirli، ۱، ۱۹۴۱ء : ۲۲۱؛ ابوالفداء، ص ۲۹۵) میں بلغاریا کو سرزمینِ ''اولق'' بتایا گیا ھے اور بلغاریوں کے متعلق یہ خیال ظاھر کیا گیا ھے کہ وہ اور اولق ایک ھی قوم تھی۔ ھمیں معلوم ھے کہ کلوجن Kalojan نے اپنے لیے imperator totius Bulgarie et Valachie (یعنی کُل بلغاریا اور ولاشیہ کا امپراطور) کا لقب اختیار کیا تھا (*Hist. of the Byzantine* : G. Ostrogorsky *State*، ص ۳۰۸) ۔ معلوم ھوتا ھے کہ عیسائی ھو جانے والے کمانوں کو بھی ضرور ''ولاش'' Vlach کے ۔۔۔۔ نام میں داخل کر لیا گیا ھے۔

ودین Vidin کے کمان امیر شِشمن کے تخت پر قابض ھونے سے خاندان ششمینہ برسرِ حکومت آیا (۱۳۲۳ تا ۱۳۹۵ء).

اناطولی کے ''غازی'' ترکوں کا بلغارویوں سے واسطہ اس وقت پڑا جب آیدین اوغلو امور [رک بان] قانتاقوزن (Cantacuzenus) کا حلیف بنا ۔ پہلے ۷۴۲ھ / ۱۳۴۱ء میں امور نے بلغاروی زار ایون الیگزانڈر Ivan Alexander کے برخلاف اسے مدد دی اور پھر ۵ ربیع الاول ۷۴۶ھ/ ۷ جولائی ۱۳۴۵ء کو اس نے مومچلو Momčilo کا قلع قمع کیا، جو ایک بلغاروی منچلا تھا اور علاقۂ رھوڈوپ Rhodope پر چھایا ھوا تھا (*L' Emirat d'Aydin* : P. Lemerle، پیرس ۱۹۵۷ء) ۔ آلِ عثمان کو، جنھوں نے قانتاقوزن کے حلیف کی حیثیت سے امور کی جگہ لے لی تھی، بلغارویوں سے بظاھر پہلی بار ۷۵۳ھ/ ۱۳۵۲ء میں سابقہ پڑا، جب کہ بلغاروی اس کے حریف یان پنجم John V کی حمایت کے لیے آئے تھے۔ ادرنہ [رک بان] کو فتح کرنے کے بعد ۷۶۲ھ / ۱۳۶۱ء میں معلوم ھوتا ھے لالا شاھین زغرہ

marfat.com
Marfat.com

(Berrhoea) اور فلبه Filibe [رکّ بآن] کی جانب سرگرم هو گیا (وقائع میں تاریخیں مختلف ملتی هیں: ۷۶۳ھ/۱۳۶۲ء، ۷۶۵ھ/۱۳۶۴ء، ۷۶۶ھ/۱۳۶۵ء)، لیکن عام رائے یه ہے که بوزنطیوں اور بلغارویوں کے درمیان ۷۶۵ھ/۱۳۶۴ء میں جو تصادم هوا اس کا تعلق عثمانیوں اور بلغارویوں کے معاهدے سے تھا - ۷۶۶ھ/۱۳۶۵ء میں زار ایون الیگزانڈر نے اپنی سلطنت اپنے دو بیٹوں کے درمیان تقسیم کر دی - سٹراٹسِمِر Stratsimir کو ودین کا علاقه ملا اور شِشْمَن کو ترنوو Trnovo کی حکومت ''زار'' کے خطاب کے ساتھ دی - دوبروجه میں دو برتچ Dobrotič کا علاقه اور ورنه شهر واقعةً خود مختار تھے [رکّ به دوبروجه] - اسی سال هنگری نے ودین پر قبضه کیا اور ترنوو پر زد ڈالی - دوسری طرف امیدیو Amadeo حاکم سیوائے نے بوزنطه کی طرف سے عثمانیوں کا علاقه گیلی پولی هی نہیں بلکه ۷۶۷ھ/۱۳۶۶ء میں مسمبریه Mesembria، سوزوپولیس Sozopolis اور انکیالس Anchialus بھی فتح کر لیے - عثمانیوں کی امدادی فوج لے کر ششمن نے ودین کو دوباره حاصل کرنے کی کوشش کی (۷۶۹ھ/۱۳۶۸ء) اور اپنی بہن ثمر Thamar مراد اول کے نکاح میں دے دی - عثمانی وقائع (دیکھیے سعد الدین، ۱ : ۸۶ تا ۸۷) کی رو سے عثمانی افواج قزل آغاج - ینی جِسی، یان بولی (Iambol)، قرین اواسی (Karnobat)، ایدوس (Aitos)، سوزوپولیس Sozopolis تیمور تاش کے زیر کمان تقریباً ۷۷۰ھ/۱۳۶۸-۱۳۶۹ء میں اور ایهتمان Ihtiman اور سماکوف Samakov لالا شاهین کے زیر قیادت ۷۷۲ھ/۱۳۷۰ء میں فتح کرتی هوئی بلقان کے بڑے دروں تک جا پہنچیں - ایک طرف خلبه اور دوسری طرف یان‌بولی - قرین - اوواسی کا علاقه اس زمانے کے وہ خاص ''اوج'' Udjs (پرگنے) تھے جہاں آقینجی، بوروک [رکّ بآن] اور تاتاری بڑی تعداد میں بسائے گئے - نش Nish پر عثمانیوں کا قبضه ایک عرصے بعد، یعنی ۷۸۷ھ/۱۳۸۵ء میں هوا (نشری، طبع Taeschner، ۱ : ۵۸) - ۷۸۰ھ/۱۳۷۸ء تک شهر صوفیه ششمن هی کے قبضے میں تھا (C. Jireček : *Gesch. der Bulgaren*، ۱۸۷۶ء، ص ۳۳۹) - معلوم هوتا ہے که اس نے سال مذکورۂ بالا اور ۷۸۷ھ/۱۳۸۵ء کے درمیان هتھیار ڈالے - ۷۸۹ھ/۱۳۸۷ء میں جب مراد اوّل نے دیکھا که سربیا کے خلاف اس کے باج گزار، یعنی بلغاریا میں ششمن اور دوبروجه میں ایون کو Ivanko اس کا ساتھ نہیں دے رہے تو اس نے بڑی عجلت سے اپنے عقب کے تحفظ کے لیے علی پاشا کے زیرِ کمان فوراً ایک فوج روانه کی - اس مهم کے بارے میں هماری معلومات کا سرچشمه نشری اور روحی هیں، جنھوں نے اس موقع پر ایک مفصل اور معتبر مأخذ کو پیشِ نظر رکھا ہے، لہٰذا یہاں ان کی دی هوئی تاریخی ترتیب میں کسی تبدیلی کی ضرورت نہیں (قبّ : F. Babinger *Beiträge zur Frühgesch. der Türkenherrschaft in Rumelien*، میونخ ۱۹۴۴ء، ص ۲۹ تا ۳۵) - ۷۹۰-۷۹۱ھ/۱۳۸۸-۱۳۸۹ء کے موسم سرما میں علی پاشا نے پرَوویڈیه (Pravadi)، ونچی، مدیره Madera اور شُمنی (Shumen) پر قبضه کر لیا اور سرما کے ایام مؤخر الذکر مقام پر بسر کیے - ۷۹۱ھ/۱۳۸۹ء کے موسم بہار میں اس نے یخشی بیگ کو ''ابن دوبروجه'' کے مقابلے پر روانه کیا، جو ورنه میں مقیم تھا اور خود سلطان کی خدمت میں حاضر هونے کے لیے یان‌بولی چلا آیا - ششمن بھی وهاں پہنچ گیا اور سلطان مراد اوّل کے سامنے سرِ اطاعت خم کیا - لیکن یہاں سے واپس جا کر اس نے اپنے وعدے کے مطابق سِلِسْتره عثمانیوں کے حوالے نه کیا - اس پر علی پاشا ششمن کے دارالحکومت

marfat.com
Marfat.com

ترنوو کے سامنے نمودار ہو گیا ۔ کفّار نے شہر کی کنجیاں اسے پیش کر دیں، جس کا مطلب اطاعت تھا ۔ راہ میں کئی اور شہروں کی اطاعت قبول کرتے ہوے علی بالآخر نکہبولی یا نیقوپولیس -Nicopolis Nikeboli پہنچا اور اس کا محاصرہ کر لیا جہاں ششمن نے پناہ لی تھی۔ ششمن نے معافی طلب کی جو اسے عطا کر دی گئی ۔ اس کے بعد علی افواجِ مراد کے ساتھ جا ملا۔

قوسوہ Kossovo کی لڑائی کے بعد بایزید کو اناطولی میں رکنا پڑا اور دوسری طرف مرچیہ Mirčea نے، جسے سجسمنڈ Sigismond کی اعانت حاصل تھی، سِلسترہ اور دوبروجہ پر قبضہ کر کے ۷۹۳ھ / ۱۳۹۱ء میں قرین اوواسی کے ''اقینجیوں'' پر ایک کامیاب چھاپہ مارا ۔ ۷۹۵ھ / ۱۳۹۳ء میں کہیں جا کر بایزید ادھر آ سکا اور اس نے ترنوو پر بزور شمشیر قبضہ کیا (۶ رمضان / ۱۷ جولائی) اور دوبروجہ اور سِلسترہ کو بھی تسخیر کر لیا، لیکن اب بھی ششمن کو اس کے مستحکم قلعے نکہبولی میں ایک باجگزار کی حیثیت سے رہنے دیا گیا ۔ اب اس نے سجسمنڈ کے سامنے دستِ طلب دراز کیا ۔ یہی چیز ٹرانسلوانیا Transylvania پر بایزید [آرک بآں] کے حملے اور مرچیہ کے برخلاف جنگ ارگش کا موجب بنی (۲۶ رجب ۷۹۷ھ / ۱۷ مئی ۱۳۹۵ء) ۔ حال ھی میں ایک دستاویز دستیاب ہوئی ہے (محافظ خانۂ توپ قپی سرایے، استانبول، شمارہ ۶۳۷۴)، جس میں تحریر ہے کہ ''دریاے ارجش کو عبور کرنے کے بعد یلدرم خان نکہبولی کے قلعے کے سامنے پہنچا، جس کا حاکم ششمن نامی ایک سردار تھا ۔ وہ بھی افلاق (= ولاشیہ) کے ویوودہ Voyvode کی طرح اسے خراج ادا کیا کرتا تھا ۔ سلطان نے اسے جہاز بھیجنے کا حکم دیا، جس کی اس نے تعمیل کی ۔ دوسرے کنارے پر پہنچتے ھی سلطان نے اسے پکڑ کر اس کا سر قلم کر دیا اور نکہبولی پر قبضہ کر کے اسے سلطنت عثمانیہ کا ایک ''سنجاق'' بنا دیا ۔ اسلافی (Slavic) مآخذ (دیکھیے J. Bogdan : *Archiv. f. slav. Philo.*، ۱۳ : ۴۹۶) میں ششمن کی تاریخ انتقال ۱۲ شعبان ۷۹۷ھ / ۳ جون ۱۳۹۵ء بتائی گئی ہے، جو اس عثمانی شہادت کے مطابق نکلتی ہے ۔

جنگ نکہبولی (۲۳ ذوالحجہ ۷۹۸ھ / ۲۸ ستمبر ۱۳۹۶ء) نے بلغاریا کی قسمت کا فیصلہ کر دیا ۔ اس فتح یابی کے بعد بایزید نے سٹراٹسِمر کے مقبوضہ ودین پر بھی حملہ کیا ۔ اس نے ہنگری اور ولاشیہ کے مقابلے میں ودین، سلسترہ اور نکہبولی میں طاقتور ''اوچ بیگیوں'' کو بسا دیا ۔ ۸۴۷ھ / ۱۴۴۳ء میں جب ہنگری کی ایک فوج نے بلغاریا کے اندر پیش قدمی کی تو بلغاروی ''رعایا'' اور Voynuks، جو صوفیہ اور رادومیر Radomir میں آباد تھے، حملہ آوروں کے ساتھ مل گئے، لیکن عثمانیوں نے انھیں بہت جلد کچل دیا (قبّ Inalcik : *Fatih Devri*، انقرہ ۱۹۵۴ء، ص ۲۰)۔

اس دور میں علی الخصوص ۸۰۵ھ / ۱۴۰۲ء کے بعد بلغاریا پر عثمانیت کا رنگ بہت گہرا ہو گیا، جیسا کہ ۱۵۲۰ء کی سرکاری مساحتوں سے معلوم ہوتا ہے (قبّ Ö.L. Barkan : *Iktisat Fakültesi Mecmuasi*، ج ۱۱ نقشہ) مشرقی بلغاریا میں مسلم آبادی کو قطعی طور پر اکثریت حاصل تھی ۔ ۸۵۹ھ / ۱۴۵۵ء میں فلبہ میں غیر مسلموں کے پچاس گھرانوں کے مقابلے میں مسلمانوں کے چھے سو گھرانے آباد تھے ۔ بلغاریا چرمن، صوفیہ، سِلسترہ، نکہبولی اور ودین کے سنجاقوں میں منقسم تھا جو روم ایلی کی ''ایالت'' یا صوبے میں داخل تھے ۔ گیارھویں / سترھویں صدی میں نکہبولی اور سِلسترہ کے سنجاق اوزو کی نئی ایالت میں شامل

marfat.com
Marfat.com

کر دیے گئے جیسے قازقوں کے مقابلے میں قائم کیا گیا تھا - جدید صوبے کا صدر مقام اوزو اور سلسترہ تھا - ۹۲۴ھ / ۱۵۱۸ء میں سلسترہ کے سنجاق میں پرودی، یانبولی، هرسووہ، وزنہ، اخیولی Anchialus، ایدوس، قرین اواتی اور روسی قستری Rhousokastron شامل تھے - بلغاریا میں سلطنتِ عثمانیہ کا مخصوص نظم و نسق نظامِ ''تیمار'' (رَکَ بآں) کے ساتھ رائج کر دیا گیا (قوانین و ضوابط کے لیے دیکھیے Kanunlar : Ö.L. Barkan، استانبول ۱۹۴۳ء، ص ۲۵۵ تا ۲۸۹) - دورِ عثمانیہ سے قبل کا عسکری گروہ بیشتر عثمانیوں کی عسکری تنظیم میں مدغم کر لیا گیا (قب راقم مقالہ کی Fatih Devri، ص ۱۳۶ تا ۱۸۳) - وہاں کے ''پرونجاروں'' (pronijar) کو تیماردار اور ''ووی‌نکوں'' Woiniks کو عثمانی ''ووے نُق'' کی حیثیت دے دی گئی - جہاں تک بلغاروں عامّۃ الناس کا تعلق ہے، انھیں ذمّی [رَکَ بآں] رعایا کا درجہ دیا گیا، لیکن اس میں بہت سے گروہ مالی اعتبار سے ایک خصوصی مرتبے کے مستحق سمجھے گئے: انھیں ''در بندجی'' (کوہستانی دروں کے محافظ) کا اور محلِ شاہی یا لشکر کے لیے چاول، گوشت وغیرہ بہم پہنچانے والوں کا منصب مل گیا - علاوہ ازیں بلغاریا میں فوجی بھرتی کے قانون ''دیو شرمہ'' کا اطلاق بھی وسیع پیمانے پر کیا گیا۔

چونکہ استانبول اور لشکر کو سامان خوراک کی بہت کثیر مقدار کی فراہمی کے سلسلے میں بلغاریا پر انحصار کرنا پڑتا تھا اس لیے حکومت نے بلغاروی گوشت اور چاول کی برآمد پر پابندیاں عائد کر دیں - ۹۷۳ھ / ۱۵۶۵ء میں جو لوگ مغربی بلغاریا میں بھیڑوں کے مالک ہوتے تھے، انھیں حکم دیا گیا کہ لشکر کے لیے ۲۴۳،۹۰۰ بھیڑیں مہیا کریں (Türk Idaresinde Bulgaristan : A. Refik، استانبول ۱۹۳۳ء، دستاویز، عدد ۳) - بالائی مریچ Meriç (مرِتسہ Maritsa) کی وادی میں چاول کی پیداوار نے ۸۸۸ھ / ۱۴۸۳ء کے لگ بھگ حکومت کو بطور ''مقاطعہ'' (رَکَ بآں) دس لاکھ ''اقچہ'' (بیس ہزار طلائی ڈوکٹ ducats) کے قریب سالانہ مالیہ وصول ہوا (Edirne ve Paşa Livasi : T. Gökbilgin، استانبول ۱۹۵۲ء، ص ۱۳۱) - ۹۷۹ھ / ۱۵۷۱ء میں اخیولی میں جنگی جہازوں کی تعمیر کے لیے شمنی، ہزار غراد، ترونوو (Tronovo) سے عمارتی لکڑی اور سماکوف (Samakov) سے لوہا مہیا کیا گیا (A. Refik، دستاویز، عدد ۹، ۲۲) = اس دور میں فلبہ، شمنی اور اسلیمیہ (Silven) میں کپڑے اور نمدے کی صنعت کو فروغ ہوا اور یہ چیزیں سلطنت کے دوسرے حصوں کو برآمد کی جاتی تھیں (A. Refik، دستاویز، عدد ۱۸) - ۱۴۵۰ سے ۱۵۹۵ء تک بلغاریا کو نہ تو کسی بیرونی حملے کا سامنا کرنا پڑا، نہ اندرونی بغاوت کا - بلغاروی قصبے، بالخصوص فلبہ، صوفیہ اور سلسترہ، جو روم ایلی (رَکَ بآں) جانے والی بڑی بڑی شاہراہوں پر واقع تھے، فوجی اور تجارتی مرکزوں کی حیثیت سے ترقی کر گئے - ان شہروں میں سے مسلمان محلّے جامع مسجدوں اور سرکاری عمارتوں نیز قیمتی اشیا کے مسقّف بازاروں (بستان) اور تمام مسجدوں کے گرد بس گئے جن کے ساتھ بڑے قیمتی اوقاف ملحق تھے (دیکھیے اولیا چلبی [۱۰۶۱ھ / ۱۶۵۱ء] کے مفصل حالات، ۳ : ۳۰۱ تا ۳۹۱ و Beiträge zur Kenntnis Thrakiens : H. J. Kissling im 17 Jahr.، Wiesbaden ۱۹۵۶ء) - ۱۵۲۰ء کی عثمانی مردم شماری کی رو سے (دیکھیے Ö.L. Barkan، در JESHO، ۱ / ۱، ۱۹۵۷ء، ص ۳۲) سلسترہ، چرمن، نیکبولی، ودین اور صوفیہ کے سنجاقوں میں ایک لاکھ پچیس ہزار گھرانے آباد تھے؛ اس میں

marfat.com
Marfat.com

وہ آبادی شامل نہیں جو بلغاریا کے پاشا کے مملوکہ مقامات میں موجود تھی۔

سولھویں صدی کے اواخر سے کئی محصولوں کی شرح میں اضافہ کیا گیا اور بلغاروی رعایا کی طرف سے مقامی اہلکاروں اور سپاہیوں کے استحصال کی شکایات شروع ہوگئیں (A. Refik، دستاویز، عدد ۳۷، ۳۸، ۴۱، ۴۲، ۴۶، ۴۷) - ۱۰۱۴ھ/ ۱۶۰۵ء میں علاقۂ صوفیہ کی رعایا نے شکایت کی کہ بطریق کے کارندے رعایا سے وصول ہونے والے مواجب کی شرح میں ۶ آقچہ سے ۱۲ آقچہ اور مقامی پادریوں سے ۶۰ سے ۳۰۰ آقچہ تک اضافہ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں (A. Refik، دستاویز ۳۸) - بلغاریا کی پہلی اہم شورش افلاقی ترنوو (Veliko - Trnovo) کے مقام پر ۱۰۰۳ھ / ۱۵۹۵ء میں رونما ہوئی جب افلاق (Wallachia) کے والی مائیکل (Michael) نے بلغاریا پر کامیاب دھاوا کیا - سنان پاشا (رک بآں) نے اس بغاوت کو فرو کیا اور ہزاروں بلغارویوں نے افلاق میں پناہ لی - اسی زمانے سے عثمانی مآخذ میں بلغاروی ''ھیدود'' یا ''اشقیاء'' کا ذکر بار بار آنے لگتا ھے (A. Refik، دستاویز ۵۲، ۵۳، ۵۷) - اب تقریباً ھر بیرونی دشمن کے حملے میں ''رعایا'' اس کے ساتھ مل جاتی تھی اور جب وہ واپس جاتا تھا تو رعایا کے بڑے بڑے گروہ بھی اس کے ساتھ ہو لیتے تھے، حالانکہ عثمانی حکومت انھیں ہر طرح کا اطمینان دلاتی رہتی تھی (مثلاً ۱۱۰۰ھ/ ۱۶۸۸ء میں ودین، تتلوفجہ Kutlofdja، پیروت اور برقوفجہ Berkofdja کے علاقے کی رعایا (A. Refik، دستاویز، عدد ۵۹)، ۱۱۵۰ھ/۱۷۳۷ء میں علاقہ ازنبول (Znepolje) کی رعایا (A. Rofik، دستاویز، عدد ۸۱، ۸۲)، ۱۲۰۸ھ/ ۱۷۹۳ء میں اسمعیل اور ستانیمکا Stanimaka کے علاقے کی رعایا) - ۱۲۴۵ھ/ ۱۸۲۹ء میں ستر اسی ہزار بلغاروی پس سربیا Bessarabia [رک بہ بجاق] میں آباد ہونے کے لیے روسی فوج کے پیچھے پیچھے چل دیے تھے - ۱۸۶۱ء میں دس ہزار کے قریب نفوس ترک وطن کر کے کریمیا کی طرف روانہ ہو گئے تھے۔

اٹھارھویں صدی کے نصف آخر میں بلغاریا میں ''اعیان'' خاص طور پر طاقتور ہو گئے تھے - وہ ''ملتزمین'' (رک بآں) [مالگذاری وصول کرنے کے ٹھیکیدار] اور سرکاری اراضی، یعنی چِفتلِک (رک بآں) کے موروثی قابضوں کی حیثیت سے وہ ملک کے حقیقی مالک بن گئے تھے، کیونکہ رعایا سے محاصل وصول کرنے کے سلسلے میں حکومت کو ان پر انحصار کرنا پڑتا تھا؛ چنانچہ ان میں سے سر بر آوردہ افراد، مثلاً روسچق Rusdjuk میں ترستنک اوغلی، اسمعیل اور بیرق‌دار مصطفی (رک بآں) اور ہزارغراد میں حاجی عمر، اپنی نجی فوجیں تک رکھتے تھے، جن کی طرف سخت مشکل کے وقت سلطان کو بھی رجوع کرنا پڑتا تھا (A. Refik، دستاویز، عدد ۹۰) - رودوپ (Rhodopes) اور بلقان کے پہاڑ ان ڈاکوؤں کی جاے پناہ بن گئے جن کی تعداد روز افزوں تھی اور جنھیں اس دور میں ''کیر جلی'' کے نام سے یاد کیا جاتا تھا - اس طوائف الملوکی سے فائدہ اٹھا کر پزوند اوغلی یا پاسبان اوغلی عثمان (رک بآں) نامی ایک قسمت آزما فوجی نے بغاوت برپا کی اور پھر ۱۲۱۲ھ / ۱۷۹۷ء سے ۱۲۲۱ھ/ ۱۸۰۶ - ۱۸۰۷ء تک بطور پاشاے ودین مغربی بلغاریا پر حکومت کرتا رہا (جودت: تاریخ، ۷: ۲۳۷، ۲۴۰، ۲۵۰ و ۸: ۱۳۶ تا ۱۴۸) - سلطان محمود ثانی کے عہد میں ''اعیان'' کا خاتمہ کر دیا گیا اور بلغاریا میں مرکزی حکومت کا نظم و نسق قائم ہو گیا - دورِ ''تنظیمات'' میں بلغاریا کی از سرِ نو تشکیل ۱۲۶۳ھ/ ۱۸۴۶ - ۱۸۴۷ء میں ہوئی اور اسے سلسترہ، ودین اور نِش کی ایالتوں میں تقسیم کر دیا

Marfat.com

گیا - یہاں صوبائی مجالسِ شوریٰ قائم ہوئیں، جن میں بلغاروی نمائندوں کو بھی جگہ دی گئی؛ لیکن ان انتظامی اصلاحات سے بلغارویوں کی بے چینی کا سدِّ باب نہ ہو سکا، چنانچہ علاقۂ نِش میں ایک بغاوت ۱۲۵۷ھ/ ۱۸۴۱ء میں اور اس سے بھی سخت اور شدید تر بغاوت ۱۲۶۶ھ/ ۱۸۴۹ - ۱۸۵۰ء میں وِدین کے علاقے میں برپا ہوئی - اس کا باعث کچھ تو سربیا اور افلاق کے انقلاب پسندوں کی اشتعال انگیزی تھی اور کچھ اس چفتلک نظام کی خرابیاں جو وہاں مسلمان آغاؤں یا ''گوسپوداروں'' نے قائم کر رکھا تھا (دیکھیے راقم مقالہ : *Tanzimat ve Bulgar Meselsi*، انقرہ ۱۹۴۳ء).

انیسویں صدی کے وسط میں بہت سے مبصّر (N. V. Michoff : *La population de la Turquie et de la Bulgarie*، ۳ جلد، صوفیہ ۱۹۱۰ تا ۱۹۲۹ء) اس نتیجے پر پہنچے کہ بلغاریا کی ایک تہائی آبادی مسلمانوں پر مشتمل ہے - اس میں تقریباً چار یا پانچ لاکھ پومک (Pomatzi) تھے، یعنی بلغاریا کے وہ اصلی باشندے جنھوں نے سولھویں اور سترھویں صدی میں رودوپ کے وسطی اور مغربی علاقے میں اسلام قبول کر لیا تھا - ۱۲۹۳ھ/ ۱۸۷۶ء تک فلبہ، وِدین، شُمنی، روسچق، رازغراد، وَرْنَہ، پلونہ، عثمان بازار، اسکی جُمعہ، ینی زَغرہ کے شہروں میں مسلمان اکثریت میں تھے اور گبرو وو (Gabrovo)، نِش، صوفیہ، ترونوو، قرین آواسی (Karno-bat) میں اقلیت میں - جنگ کریمیا کے بعد عثمانی حکومت نے بلغاریا میں ستر یا نوے ہزار چرکسی اور تقریباً ایک لاکھ تاتاری بسا دیے تھے (اے - ایچ مِدحت : مدحت پاشا، قاہرہ ۱۳۲۲ھ/ ۱۹۰۳ء، ص ۳۵ : ۳۰،۰۰۰ مہاجرین) - ان کے اور مقامی بلغارویوں کے درمیان جو کشیدگی تھی اسے بلغاروی انقلابیوں نے خوب ہوا دی اور بالآخر ۱۲۸۶ھ/ ۱۸۶۹ء میں ایک مرکزی مجلس انقلاب بخارسٹ میں منظّم کر لی - ۱۲۸۱ھ/۱۸۶۴ء میں نئی انتظامی اصلاحات پہلی بار بلغاریا میں نافذ کی گئیں - روسچق، وَرْنَ، وِدِین، تَلْچی (تَلْچِہ)، ترونوو کے سنجاق ولایت تونہ (Tuna) میں اور صوفیہ اور نِش کے سنجاق ولایت صوفیہ میں شامل کیے گئے - تونہ کا پہلا والی مِدحت پاشا (رکَ بآں) مقرر ہوا، جس نے اس ولایت کو سلطنت کا سب سے ترقی پذیر صوبہ بنا دیا (مدحت، ص ۴۳ تا ۵۰) - اس کے زمانۂ حکومت میں ولایت کا مالیانہ پچاس فی صد بڑھ گیا، زراعت کو ترقی ہوئی اور عوام کی مدد سے نئی شاہراہیں تعمیر کی گئیں - ۱۲۸۷ھ/ ۱۸۷۰ء میں ایک آزاد بلغاروی کلیسا کے لیے جد و جہد صدرِ اسقفی (Exarchate) کے قیام پر منتج ہوئی اور یہ ایک قومی فتح سمجھی گئی - اسی زمانے میں بلغاروی انقلابیوں ''قومتجی'' کی، جنھیں روسیوں کی عملی امداد حاصل تھی، بڑھتی ہوئی سرگرمیوں کا نتیجہ ۱۲۹۳ھ/ اپریل - مئی ۱۸۷۶ء کی عظیم بغاوت کی صورت میں نکلا - ۱۲۹۳ھ/ ۱۸۷۷ء کی جنگ روم و روس کا سب سے بڑا میدانِ کارزار بلغاریا بنا - اس کے باعث مسلمان آبادی جنوب کی طرف منتقل ہو گئی - معاہدۂ سان‌سٹیفانو Sanstefano کے ذریعے روس نے کوشش کی کہ ڈینیوب سے بحیرۂ ایجیئن تک اس کے زیرِ حمایت ایک عظیم بلغاریا حکومت بنائی جائے، لیکن دولِ عُظمی نے اس معاہدے کی جگہ معاہدۂ برلن کو دے دی، جس کی رو سے بلغاریا کی ایک ریاست ''بلغارستان امارتی'' سلطان کے زیرِ سیادت قائم ہو گئی اور صوبۂ مشرقی روم ایلی (روم ایلی شرقی ولایت) کو حقوق خود اختیاری مل گئے - ۷ ذوالحجّہ ۱۳۰۲ھ/ ۱۸ ستمبر ۱۸۸۵ء کو فلبہ میں جو انقلاب آیا اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ

marfat.com
Marfat.com

یہ دونوں علاقے ایک دوسرے سے متحد ہو گئے (A.F. Türkgeldi: مسائلِ مہمّۂ سیاسیہ، انقرہ ۱۹۵۷ء، ص ۱۹۳ تا ۲۳۶) - استانبول کے انقلاب ۱۳۲۶ھ/ ۱۹۰۸ء کے وقت فرڈیننڈ Ferdinand، والیِ بلغاریا نے بلغاریا کی آزادی کا اعلان کر کے ''زار'' کا لقب اختیار کر لیا (۲ رمضان ۱۳۲۶ھ / ۳ اکتوبر ۱۹۰۸ء).

**مآخذ**: (۱) N. V. Michoff: *Bibliographie sur l' histoire de la Turquie et de la Bulgarie*، ۴ جلد، صوفیہ ۱۹۱۴ - ۱۹۳۳ء؛ (۲) C. Jireček: *Geschichte der Bulgaren*، پراگ ۱۸۷۶ء؛ (۳) وہی مصنّف: *Des Fürstenthum Bulgarien*، پراگ - وی انا - لائپزگ ۱۸۹۱ء؛ (۴) وہی مصنّف: *Die Heerstrasse von Belgrad nach Constantinpel und die Balkanpässe*، پراگ ۱۸۷۷ء؛ (۵) V. Zlatarski: *Geschichte der Bulgaren*، لائپزگ ۱۹۱۸ء؛ (۶) P. Nikov: *Turskoto zavaldevane na Bulgarija i sadbata na poslednite Sišmanovci*، در Izvestija na Istor. Druzestvo، ۷/۸ (۱۹۲۸ء): ۴۱ تا ۱۱۲؛ (۷) A. Hajek: *Bulgarien unter der Türkenherrschaft*، شٹٹگارٹ ۱۹۲۵ء؛ (۸) وہی مصنّف: *Die Bulgaren im Spiegal der Reiseliterature des 16. bis 19. Jahrhunderts*، بلغاریا ۱۹۴۲ء، ص ۴۷ تا ۹۹؛ (۹) S. Runciman: *A History of the First Bulgarian Empire*، لندن ۱۹۳۰ء؛ (۱۰) R. L Wolff: *The 'Second Bulgarian Empire', its Origin and History to 1204*، در Speculum، ۲۴ (۱۹۴۹ء): ۱۶۷ تا ۲۰۶؛ (۱۱) احمد رفیق: تورک ادارہ سندہ بلغارستان، استانبول ۱۹۳۳ء؛ (۱۲) وہی مصنّف: *Othmanli Imperatorlug-unda Fener Patrikkhanesi ve Bulgar Kilesesi*، در *TTEM*، شمارہ ۸ (۱۳۴۱ھ)؛ (۱۳) وہی مصنّف: *1284 Bulgar Ihtilali*، در *TTEM*، شمارہ ۹ (۱۳۴۱ھ)؛ (۱۴) N. Staneff: *Geschichte der Bulgaren*، لائپزگ ۱۹۱۷ء؛ (۱۵) I. Sakazov: *Bulgarische Wirtschaftsgeschichte*، برلن - لائپزگ ۱۹۲۹ء؛ (۱۶) G. D. Galabov: *Sources Osmano - Turques pour l'Histoire Bulgare, Annuaire de l'Uni. de Sofia*، ج ۳۳، شمارہ ۲ و ج ۳۵، شمارہ ۶ و ج ۳۹ (۱۹۳۸ - ۱۹۴۳ء)؛ (۱۷) F. Ph. Kanitz: *Donau-Bulgarien und der Balkan*، ۳ جلد، لائپزگ ۱۸۷۵ - ۱۸۷۹ء؛ (۱۸) H. Wilhelmy: *Hochbulgarien*، Kiel ۱۹۳۵ - ۱۹۳۶ء؛ (۱۹) N. Jorga: *Geschichte des Osmanischen Reiches*، ۵ جلد، گوتھا ۱۹۰۸ - ۱۹۱۳ء؛ (۲۰) H. Inalcik: *Tanzimat ve Bulgar Meselesi*، انقرہ ۱۹۴۳ء؛ (۲۱) زکی ولیدی طوغان: مقالۂ Balkan، در اآ، ت [نیز رک بہ بلقان]:

(H. İNALCIK)

**بلغراد**: (سربیا کی موجودہ زبان میں بیوگراڈ Beograd = سفید شہر) یوگوسلاویا کی جمہوریۂ ملّیۂ اتحادیّہ (Federal People's Republic of Yugoslavia) اور سربیا کی جمہوریۂ ملّیہ (People's Republic of Serbia) کا دارالحکومت، جو دریائے ساوا Sava اور ڈینیوب Danube کے سنگم پر واقع ہے - اس میں یہ علاقے شامل ہیں: بیوگراڈ، جو ساوا اور ڈینیوب کے دائیں کنارے پر قدیم شہر ہے؛ نووی بیوگراڈ Novi Beograd (بلغرادِ جدید)، جو ساوا کے بائیں کنارے پر نو آباد شہر ہے اور ابھی زیرِ تعمیر ہے اور زیمن Zemün، جو ڈینیوب پر قدیم شہر ہے - ساوا اور ڈینیوب کے دونوں جانب چھوٹے چھوٹے چند مقامات بھی بلغراد ہی سے تعلق رکھتے ہیں - اس کی آبادی پانچ لاکھ سے زائد ہے.

۱۹۱۸ء سے بلغراد یوگوسلاویا کا دارالحکومت بنا اور اسی زمانے سے یہ ساوا اور ڈینیوب کے اطراف میں دور تک پھیلتا چلا جا رہا ہے - قبل ازیں اس میں سنگم سے نیچے صرف ساوا کے دائیں کنارے

Marfat.com

اور ڈینیوب کے دائیں کنارے کا ملحقہ علاقہ شامل تھا ۔ یہی وہ جگہ ہے جہاں Celtic Scordici نے ایک بستی آباد کی اور اس کا نام Singidun رکھا؛ سلطنت روما کے عہد تک اس شہر کا یہی نام Singidunum رہا ۔ نویں صدی میں جب یہاں بُلغار کی حکومت تھی تو اس شہر کا نام سلافی زبان میں رکھا گیا، جو باوجود حکومتوں (بشمول بوزنطی اور مابعد کی ہنگروی حکومت) کے برابر بدلتے رہنے کے یہی نام جاری رہا؛ تاہم یہ نام اکثر و بیشتر مختلف شکلوں میں لکھا جاتا رہا (جیسے Alba Bulgarica، Alba Graeca، Nandeor Fejérvár، Nándeor Alba، Griechisch Weissenburg) ۔ ترک اپنے زمانے میں اسے بلغراد کہتے تھے اور اس غرض سے کہ البانیہ، ہنگری اور ٹرانسیلوانیا کے شہروں سے (جہاں بلگریڈ نام کے اَور شہر تھے) امتیاز کیا جا سکے ۔ وقتًا فوقتًا اسے بلغراد انگوروز (نویں صدی ہجری / پندرھویں صدی عیسوی میں)، اَشغی بلغراد، تونہ بلغرادی، بلغرادِ سمندری اور ان سے ملتے جلتے ناموں سے پکارا جاتا تھا ۔ بعض ترکی سرکاری کاغذات اور ہم‌عصر جغرافیائی اور تاریخی کتابوں میں بلغراد کو کہیں کہیں ایسے ناموں سے بھی یاد کیا گیا ہے جو اسلامی دنیا میں سرحدی شہروں اور جنگی مقاصد کی اہم قلعہ بندیوں کے لیے استعمال ہوتا ہے؛ چنانچہ اسے جابجا دارالجہاد کہا گیا ہے، جس سے پرانے سربیا کے مؤرخوں نے سمجھ لیا کہ بلغراد کا ترکی نام دارالجہاد تھا ۔ پروفیسر F. Bajraktarević نے ثابت کیا ہے کہ اس قسم کا بیان بے اصل ہے ۔

پہلی عالمگیر جنگ تک بلغراد وسطی یورپ سے مشرقِ قریب کو جانے والی شاہراہ پر واقع ایک اہم قلعہ‌بند شہر تھا ۔ جنگی مقاصد کا اہم مقام ہونے کی بدولت گزشتہ زمانے میں بلغراد طوفان خیز واقعات کا مرکز رہا ہے ۔ قرونِ وسطی میں یکے بعد دیگرے مختلف فرمانروا (بوزنطی، بلغار، ہنگروی اور سرب) اس پر قابض رہے ۔ سربیا کے مطلق العنان بادشاہ سٹیفان لزاروچ Stevan Lazarević کی وفات (۱۴۲۷ء) کے بعد یہ شہر ہنگرویوں کے ہاتھ آیا ۔ کوئی ایک صدی تک ترکی حملوں سے ہنگری کی جنوبی سرحدوں کی حفاظت کے لیے سب سے اہم مقام یہی تھا ۔

اگر ہم ان غیر یقینی اطلاعات کو نظر انداز کر دیں جو بایزید اوّل کے محاصرۂ بلغراد کے بارے میں ملتی ہیں تو ۸۶۳ھ / ۱۴۵۹ء سے پہلے ترکوں نے بلغراد پر دو حملے کیے: ایک ۸۴۳ھ/۱۴۳۹-۱۴۴۰ء میں، جس میں چھے مہینے تک اس شہر کو محاصرے کا سامنا رہا اور دوسرا سلطان محمد ثانی فاتح کے تحت، جو ۸۶۰ھ / ۱۴۵۶ء میں ایک لشکر جرّار، جنگی بیڑا اور مضبوط توپ خانہ لے کر وارد ہوا ۔ خشکی کی جانب فوجی گھیرا تھا؛ ترکی بیڑے نے سارے ڈینیوب کی ناکہ بندی کر رکھی تھی، زور کی گولہ باری ہو رہی تھی پھر بھی بلغراد نے استقامت دکھائی اور سب مشکلات کا مقابلہ کرتا رہا ۔ آخر کار شہر کو مدد پہنچ گئی اس کا قائد ہونیاد (János Hunyady) محاصرے کو چیر کر شہر تک پہنچ گیا اور عنانِ دفاع اپنے ہاتھ میں لے لی ۔ ہر چند کہ ترک زیریں قلعہ بندی میں گھس آئے تھے، حفاظتی دستے کامیابی سے مدافعت کرتے رہے ۔ ترکوں نے ایک عاجلانہ حملے کے بعد آخر کار ۲۳ جولائی کو محاصرہ اٹھا لیا ۔ یہ دوسرا موقع تھا کہ بلغراد نے پھر "مسیحی دنیا کی بیرونی فصیل" کے طور پر شہرت حاصل کی ۔ ۸۴۵ھ/۱۴۴۱-۱۴۴۲ء میں ترکوں نے بلغراد کے بالکل سامنے اوالہ (=Havala) پہاڑ پر ایک قلعہ تعمیر کیا ۔ ۸۶۳ھ/۱۴۵۹ء میں جب سربیا انجام کار ترکوں کے زیرِ نگیں ہو گیا تو اس قلعے نے بلغراد پر ترکی حملوں میں بہت کام دیا ۔ دسویں صدی ہجری/ سولھویں صدی عیسوی کے ابتدائی عشروں میں ترکوں نے

marfat.com
Marfat.com

سے لڑتے لڑتے بلغراد کی دفاعی قوت گھٹتی چلی گئی - سیاسی اور مالی بحرانوں کے باعث ھنگری اس قابل بھی نہ رہا کہ محافظ قلعہ فوج کو باقاعدہ تنخواہ دے سکے؛ چنانچہ دفاعی استحکامات کا ترقی دینا اور بھی مشکل ہو گیا.

سلطان سلیمان کی پہلی مہم (۹۲۷ھ/۱۵۲۱ء) کے دوران میں ترکی فوج ایک طویل محاصرے کے بعد ۲۹ اگست ۱۵۲۱ء کو بلغراد میں داخل ہو گئی - ھنگری کی فوجیں واپس بھیج دی گئیں - سربیا کے لوگوں کو قسطنطینیہ میں بسا دیا گیا - ڈینیوب کے سربی جنگی جہازوں کے عملے کے کچھ لوگ ترکی جنگی بیڑے کے جہازران بن گئے - اسی زمانے میں سمندریہ Semendire (=Smederevo) کے سنجاق کا صدر مقام بلغراد منتقل کر دیا گیا اور یحیی پاشا کے فرزند بالی بے (Bali-Bey) (م ۹۳۳ھ/۱۵۲۷ء) کو گورنر بنا دیا گیا - بالی بے نے بلغراد کو محفوظ بنانے کے لیے سیرمیہ Syrmia کے قرب و جوار کی بستیوں کی تمام عمارتوں کو مسمار کرادیا اور پھر سیرمیہ کی مسمار شدہ عمارتوں اور ان گرائی ہوئی عمارتوں کے ملبے کو بلغراد کے جدید دفاعی استحکامات میں استعمال کیا، جو اب ھنگری کے خلاف نہایت ھی اھم استحکامات بن گئے - موھاکس Mohács کے قریب (۹۳۲ھ/۱۵۲۶ء کی) جنگ ہونے کے بعد مشرقی اور وسطی سیرمیہ کے قصبات بلغراد کے سنجاق بیگ کے زیر حکومت آ گئے - بالی بے کی وفات کے بعد اس کے بھائی محمد بے نے (جس نے ۹۵۵ھ/۱۵۴۸ء میں جبکہ وہ بودہ Buda کا پاشا تھا وفات پائی) ملک گیری کی روش جاری رکھی - ۹۴۴ھ/۱۵۳۷ - ۱۵۳۸ء تک سیرمیہ Syrmia، سلاوانیا Slavonia اور جنوبی ھنگری کے مفتوحہ علاقے بلغراد کے سنجاق بیگ کے ماتحت رہے - بعد ازاں پوزغا (Pozega) کا سنجاق سلاونیا میں قائم کر دیا گیا - ۹۴۸ھ/۱۵۴۱ء میں جب بودہ فتح ہو گیا اور ایالت بودہ قائم ہو گئی تو سمندرہ کا سنجاق اپنے صدر مقام بلغراد سمیت اس ایالت میں شامل ہو گیا - بودہ کے پاشا کا نمائندہ (قائم مقام) بلغراد ھی میں رہتا تھا، کیونکہ اس مقام کی، جو مغرب سے لڑائی ہونے سے پہلے بھی ترکی افواج بندی کا اڈّا تھا، زبردست فوجی اھمیت بودہ کی فتح کے بعد بھی کچھ کم نہ ہوئی - ترکی افواج کی طرح سلطان اور وزیر اعظم بھی بلغراد ھی میں سے ہو کر گزرتے تھے اور وھاں پر تھوڑے بہت دن قیام کرتے تھے - ترکوں کی تاریخ کے متعدد واقعات بلغراد سے تعلق رکھتے ھیں - سیاسی وفود بھی، جو ڈینیوب کے راستے مغرب کی جانب سے سلطان ترکی کے پاس جاتے تھے، کچھ عرصہ بلغراد میں ٹھیرتے تھے، کیونکہ یہیں سے خشکی کا سفر شروع ہوتا تھا.

بلغراد فتح کرتے ھی ترکوں نے وھاں کے استحکامات میں اضافے کرنے کی طرف توجہ کی - ھنگری عہدِ حکومت میں یہ زیرین و بالائی دونوں قلعہ‌بندیوں پر مشتمل تھا اور اب اسے توپ خانے سے اچھی طرح آراستہ کر دیا گیا تھا - ان دونوں قلعہ‌بندیوں میں سے ھر ایک میں الگ الگ کمانڈر (دِز دار) متعین تھے - ترکوں نے بلغراد کو ایک محافظ فوج اور ایک جنگی بیڑے سے لیس کیا - ڈینیوب پر ھر ایک بیڑے کا موجود ہونا خصوصیت سے اس لیے ضروری تھا کہ ھنگری سے جنگ جاری تھی اور دسویں صدی ھجری/سولھویں صدی عیسوی میں سربیا کے Martolos (مارتول) وھاں متعین کیے گئے - (۹۴۳ھ/۱۵۳۶ - ۱۵۳۷ء میں وھاں پر ویودہ وُک Vuk کے زیرِ قیادت چالیس جزیروں (oda) میں ۳۸۵ مارتولوز Martolos اور ۳۹ ادہ باشی odabashî تھے) - سولھویں صدی کے نصف آخر میں بلغراد کے اندر معقول حفاظتی فوج موجود تھی (چنانچہ ۱۵۶۰ء میں ۲۲۳ مستحفظ، ۹ جباجی

marfat.com
Marfat.com

djebedji، ۱۳ طوبچی topdju مع ہ بولوک باشی bölükbashî، ۳ قومبرہ جی Kumbaradjî)، ۱۰۱ ازب azab، ۹۶ مارتولوز (Martolos) مع ایک آغا اور ۸ ادہ باشی Odabashi کے موجود تھے۔ آغا اور طوبچی کے ایک بولوک (bölük) کے سوا مارتولوز تمام کے تمام سربیا کے لوگ تھے۔

ہر چند کہ ترکوں کے قابض ہونے کے بعد بلغراد نے بحیثیت ایک قلعہبند شہر کے بہت جلد بڑی ترقی کی، لیکن اس کی اقتصادی اور تجارتی حالت کی بابت یہ بات نہیں کہی جا سکتی۔ ۹۴۳ھ / ۱۵۳۶ء-۱۵۳۷ء میں بلغراد کے اندر چار مسجدوں کے ارد گرد مسلمانوں کے چار محلّے تھے۔ غیر فوجی مسلم آبادی کی تقریباً نصف تعداد [illegible] اہل حرفہ [illegible] زیادہ تر ہوتی تھی۔ شہر کے باقی محلوں میں عیسائیوں کے ۲۷ گھر تھے۔ اہل شہر کو کوئی ٹیکس ادا کرنا نہیں پڑتا تھا، البتہ شہری استحکامات کی نگہداشت ان کے ذمے تھی، لیکن اس وقت بلغراد میں رہنے والے فلاک (Vlah) کے [illegible] گھر تھے (یہاں پر فلاک سے مراد یہ خانہ بدوش چرواہے ہیں۔ [illegible] مراد نہیں)۔ یہ لوگ بارود کے سرکاری ذخیروں کی حفاظت کرتے تھے۔ اسی طرح خانہ بدوشوں کے بھی [illegible] گھر تھے؛ بندرگاہ میں جہازوں کی مرمت [illegible] ان کے ذمے تھی۔ [illegible] عیسائی کے [illegible] عشرے (۱۰۳ تا ۴۳) میں شہر دوبروونک (Dubrovnik) سے تاجروں کی ایک جماعت [illegible] سے آ کر بلغراد میں بس گئی۔

[illegible]

کا آ کر بس جانا؛ مقامی باشندوں کا قبول اسلام۔ ۹۴۸ھ / ۱۵۴۱ء میں جس وقت بودہ اور (۹۵۹ھ / ۱۵۵۲ء) میں جب تمسوار (Temesvar) ترکی حکومت میں آ گئے تو بلغراد کی اہمیت ایک تجارتی مرکز کی حیثیت سے بہت بڑھ گئی۔ ۹۶۰ھ / ۱۵۵۲ء-۱۵۶۰ء تک بلغراد میں مسلمانوں کے سولہ محلّے تھے، جن میں ۳۶۰ سے زیادہ گھرانے تھے، اور عیسائیوں کے ۶۰ سے متجاوز تھے۔ [illegible] خوب ترقی کر گئی اور جدید [illegible] ہوئیں۔ ۹۸۰ھ-۹۹۰ھ / ۱۵۷۲ء-۱۵۸۲ء کے [illegible] ("دفتر") کی تفصیلات سے [illegible] ترقی کی شہادت ملتی ہے۔ [illegible] محلوں کے اندر [illegible] اور چھ سو سے زیادہ [illegible] خانہ بدوشوں کے [illegible] بھی گھر تھے۔

[illegible]

کا تھا - اولیا چلبی کے بیان کے مطابق بلغراد میں ۲۱۷ محرابیں تھیں (کاتب چلبی وہاں کی صرف ۱۰۰ مسجدوں کا ذکر کرتا ہے) - قلعے کے اندر سلطان سلیمان کی مسجد، جو بقول اولیا چلبی معمار سنان نے بنائی تھی، اور شہر کے زیریں حصے والی مسجد، جو محمد پاشا ولد یحیی پاشا نے بنوائی تھی، خاص طور پر قابل ذکر ہیں - بلغراد میں ایک سو ساٹھ محل (سرائیں) اور سات حمام تھے اور بکثرت چوک اور بازار، نیز اشیا کی ایک خوبصورت مسقّف منڈی (= بزستان [یا بدستان])، ۶ کارواں سرائیں اور متعدّد ''خان'' (= چھوٹی سرائیں) تھیں - ایک ٹکسال بھی تھی - اسی زمانے سے شہر اور وہاں کے پیشہ‌وروں کی جماعتوں پر ینی‌چریوں کا اثر ہے - بلغراد ایک ''ملّا'' کی قیام گاہ تھی، جس کے تین نائب تھے، ایک مفتی بھی یہاں متعیّن تھا - اس میں سترہ تکیے، آٹھ مدرسے اور نو حدیث کی درسگاہیں (دارالحدیث) تھیں - یہاں کلیسا اور عیسائی اور یہودی اقلیتوں کے ثقافتی مراکز بھی تھے - اولیا چلبی کے فراہم کردہ اعداد و شمار بعض اوقات مبالغہ‌آمیز ہوتے ہیں، لیکن گیارھویں صدی ہجری / سترھویں صدی عیسوی کے تمام سیّاح بلغراد کو ایک عظیم شہر کہتے ہیں اور اس کی تجارتی اہمیت پر خاص زور دیتے ہیں - باہر کے سیّاحوں نے شہر کی مشرقی وضع قطع کا خاص طور پر ذکر کیا ہے۔

۱۰۹۹ھ/۱۶۸۸ء میں شاہی فوج نے بویریا کے الیکٹرمیکسملین Elector Maximilian کے زیرِ قیادت ایک ماہ کے محاصرے کے بعد بلغراد پر قبضہ کر لیا - اس موقع پر بلغراد نے سخت نقصان اٹھایا - دو سال تک یہ آسٹریا کے زیرِ نگیں رہا - اس کے بعد پھر ترکوں نے اسے لے لیا اور یہ صلح کارلوسی Karlovci (Karlowitz، ۱۱۱۰ھ / ۱۶۹۸ - ۱۶۹۹ء) کے بعد تک بھی ترکی سلطنت میں شامل رہا - ۸ رمضان ۱۱۲۹ھ / ۱۶ اگست ۱۷۱۷ء کو سیوائے کے یوجنی Eugene of Savoy کے زیر قیادت شاہی فوج نے بلغراد کے قریب ترکوں کو شکست دی - صلح پوزارےواک Požarevac (Pas-sarowitz، ۱۱۳۰ھ/۱۷۱۸ء) کے بعد بلغراد آسٹریا کے قبضے میں آ کر شمالی سربیا کا دارالحکومت بن گیا - تباہ شدہ بلغراد ایک بار پھر پھلنے پھولنے لگا اور استحکامات کی تجدید کی گئی، موجودہ فصیلیں اسی زمانے کی یادگار ہیں۔

۱۱۵۲ھ/۱۷۳۹ء کے صلح نامۂ بلغراد کی رو سے دریاے ساوا اور دریاے ڈینیوب کو سرحد قرار دیا گیا - بلغراد سے بے توجہی کی گئی، وہ محض ینی چریوں کا ایک سرحدی حفاظتی مقام ہو کر رہ گیا - وہاں ایک پاشا کو وزیر کا لقب دے کر متعیّن کر دیا گیا - شمالی سربیا کا ذکر بلغراد ''پاشالک'' کے نام سے کیا جانے لگا، اگرچہ سرکاری کاغذوں میں ہنوز اس کا نام سمندرہ سنجاق ہی تھا - ۱۷۸۹ء سے ۱۷۹۱ء تک بلغراد پھر آسٹریا کے قبضے میں رہا - اٹھارویں صدی کے آخر میں اس کی آبادی پچیس ہزار کے قریب تھی۔

صلح نامۂ Svishtov (۱۷۹۱ء) کے بعد ینی چریوں کو بلغراد سے نکال دیا گیا - اگرچہ بہت دن نہ گزرنے پائے تھے کہ سلطان سلیم ثالث کو پھر ان کے واپس آنے کی اجازت دینی پڑی، لیکن انھوں نے وہاں پر خوف و ہراس کی حکومت جو قائم کر دی اس پر سربیا والوں (سربیوں) نے ۱۸۰۴ء میں پہلی بار بغاوت برپا کر دی - گو باغیوں نے بلغراد کے گرد فوراً گھیرا ڈال دیا، لیکن قبضہ کہیں ۱۸۰۶ء کے اواخر میں پا سکے - بلغراد باغی سربیوں کی حکومت کے خاتمے ۱۸۱۳ء تک ان کا دارالحکومت رہا - ۱۸۱۵ء میں جب سربیوں کی دوسری بغاوت پھوٹ پڑی اور ترکوں

Marfat.com

کو ان سے سمجھوتا کرنا پڑا اور نتیجۃً سربیا میں دوعملی حکومت قائم ہو گئی تو ترکوں کے حکّام اور حفاظتی دستے بلغراد میں موجود رہے۔ جوں جوں سربیوں کی ماتحت حکومت قوت پکڑتی گئی بلغراد بھی سربیا کا شہر بنتا چلا گیا۔ سربیوں اور ترکوں میں ایک خونریز تصادم کے بعد ترکی حفاظتی فوج نے شہر پر گولہ باری کی (۱۸۶۲ء)۔ اس کے بعد سیاسی گفت و شنید کا ایک طویل سلسلہ جاری ہوا۔ ۱۸۶۷ء میں قلعہ بند شہروں کو سربیا کے حوالے کر دیا گیا اور تب بلغراد سربیا کا دارالسلطنت بن گیا۔

جس طرح بلغراد کی قدیم عمارتوں میں سے محض معدودے چند عمارتیں سالم رکھی گئی تھیں اسی طرح اب ترکی عہدِ حکومت کی چند ہی یادگاریں باقی ہیں۔ ان میں سے کچھ وہیں پرانے قلعے میں ہیں (جو آج کل ایک پارک ہے)۔ خود شہر کے اندر ایسی صرف دو عمارتیں ہیں، جن میں ایک مسجد ہے اور ایک تربہ (مقبرہ)۔ ترکی حکومت کے نمایاں نشانات شہر کے مختلف حصوں اور قرب و جوار کے مقامات کے ناموں میں معلوم کیے جا سکتے ہیں، مثلاً قلعہ میدانی Kalemegdan، قرہ برمہ Karaburma، تش معدنی Tašmajdan، درت یول Dorčol، روسپی کوپری / کوپریسی Rospičuprija، طوپجی درہ سی (Topčider)، اوالہ Havale وغیرہ۔

آج کل بلغراد میں جو مسلمان رہتے ہیں وہ ترکی زمانے کے سابقہ مسلمانوں کی اولاد نہیں۔ قدیم بلغراد کے مسلمانوں کے آخری کنبے ۱۸۶۷ء میں یہاں سے ہجرت کر گئے (ان میں سے بیشتر شمالی بوسنہ میں آباد ہو گئے)۔ اس وقت بلغراد میں جو مسلمان آباد ہیں وہ وہاں ۱۹۱۸ء کے بعد بوسنہ Bosnia، ہرسک Hercegovina، مقدونیہ اور یوگوسلاویہ کے دوسرے علاقوں سے، جہاں مسلمان ہیں، ہجرت کرکے آئے تھے۔

**مآخذ**: (۱) بلغراد کے خلاف سلیمان کی مہم (۱۵۲۱ء)، در فریدون بے: مُنشآت، بار دوم، ۱: ۵۰۷ تا ۵۱۳؛ (۲) F. Tauer: *Histoire de la Campagne du Sultan Suleyman Contre Belgrad en 1521. Texte person ..... avec une traduction abrégée*، Prague ۱۹۱۳ء؛ (۳) G. Elezović-G. Skrivanić: *Kako su Turci posle više opšada zauzeli Beograd* (متواتر حملوں کے بعد ترکوں کا بلغراد کو سر کرنا)، بلغراد ۱۹۵۶ء؛ (۴) دسویں صدی ہجری / سولھویں صدی عیسوی اور گیارھویں صدی ہجری / سترھویں صدی عیسوی کے اندر بلغراد پر ترکی حکومت سے متعلق Başvekâlet arşivi در استانبول، ٹپو دفترلری عدد ۹۷۸: ۱۳۵، ۱۸۷، ۳۱۶، ۵۱۷؛ بیرونی سیاحوں، عیسائی مشن کے ارکان (A. Verancius، S. Gerlach وغیرہ)، پاپائی زائرین (P. Masarechi وغیرہ) کے بیانات کی بابت قب J. Radonič: *Rimska Kurija i južnoslovenske zemlje*، بلغراد ۱۹۵۰ء، کاتب چلبی (*Rumeli ve Bosna*) اور بالخصوص اولیا چلبی (۵: ۳۶۷ تا ۳۸۵)؛ (۵) F. Bajraktarević: *Kako su Turci zvali Beograd? (Comment les Turcs appelaient-ils Belgrade?) Istorki časopis*، ج ۳، بلغراد ۱۹۵۲ء؛ (۶) R. Veselinovič: *Neka pitanja iz prošlosti Beograda XVI-XIX Veka (Some questions concerning the history of Belgrade in the 16th to 19th centuries)*, *Godišnjak Muzeja grada Beograda*، ج ۲، ۱۹۵۵ء؛ (۷) M. Ilič-Agapova: *Ilustrovana istorija Beograda*، بلغراد ۱۹۳۳ء؛ (۸) *Enciklopedija Jugoslavijei*، Zagreb ۱۹۵۵ء، مقالہ بر Beograd، ص ۴۴۴ تا ۴۷۱؛ اور *Beogradski Pašaluk*، ص ۴۷۲ تا ۴۷۳۔

(B. Djurdjev)

بلفورٹ: رک بہ قلعۃ الشُّقَیف۔

marfat.com
Marfat.com

**بل فَقِیْه**: رَكَ به مادۂ فقیه بل.

**اَلْبَلْقاء**: عرب جغرافیه‌دانوں نے یه نام یا تو شرق اردن کے ان تمام علاقوں کے لیے استعمال کیا ہے جو تقریبًا قدیم عمون مآب، یہاں تک که گلید Gilead علاقوں کے برابر ہے یا اس کے وسطی حصے کے لیے جس کا مرکزی شہر مختلف وقتوں میں عمّان [رَكَ بآں] حُسْبان یا السَّلْط رہا ہے۔ گو یه نام آج کل بھی پوری صحت کے ساتھ استعمال نہیں ہوتا تاہم اس کا جغرافیائی مفہوم عام طور سے چونے کے پتھر کی اس سطح مرتفع تک محدود ہے (اوسط بلندی سات سو میٹر سے آٹھ سو میٹر تک) جو شمال میں وادی زرقاء اور جنوب میں وادی المُوجِب (=ارنون Arnon) کے مابین واقع ہے۔ صحرا کی طرف یه علاقه چوکور شکل میں ابھرا ہوا ہے، لیکن بحر مردار اور اردن (شمال میں السلط) کے قریب کوہِ نبی یُوشَع کی چوٹی (۱۰۹۶ میٹر) اور مادَبا کے علاقے میں کوہِ نیبو Nebo (۸۳۵ میٹر) کے نشیبی علاقوں کے برابر برابر اس کی سطح بہت کٹی پھٹی ہے، بارش کے پانی نے مٹی کو کاٹ کاٹ کر اس کی نشیبی گھاٹیوں کو اور گہرا کر دیا ہے۔ بحیثیت مجموعی یه علاقه خشک اور ویران ہے، لیکن گھاٹیوں کے دامن اور میدانی حصّوں میں زراعت ممکن ہے، جس سے یه بات واضح ہو جاتی ہے که قدیم الایام میں اس کی زمینوں کی زرخیزی اور اس کے دیہاتوں کی آسودگی کی اس قدر تعریف کیوں کی گئی ہے۔

یونانی عہد میں البلقاء کی ملکی تقسیم یه تھی: مغربی کنارے پر پیریاه Peraea جس کا صدر مقام گداره Gadara (السلط کے قریب) تھا۔ عمّان (Philadelphia) کا علاقه جو بطور شہر کے دیکاپولس Decapolis سے ملحق تھا اور نبطی سلطنت کی شمالی سرحد۔ ۱۰۶ء میں تراجنه کے ماتحت عرب کا نیا صوبه یہاں تک پھیلا ہوا تھا، لیکن بوزنطی دور میں ارنون Arnon کا عربی صوبه، جس میں اس وقت عمان (Philadelphia)، حُسْبان (اسبوس Esbus) اور مادَبا کے علاقے شامل تھے اور ملک کے شمال میں پیداشده فلسطینی تیرتیه (Palestine Tertia) کے مابین سرحد کا کام دیتا تھا۔ سقوطِ دمشق اور عمان کی پُر امن سپراندازی کے کچھ ہی عرصے بعد جب یزید بن ابی سفیان نے اس علاقے کو فتح کر لیا تو اموی دور میں اسے دوباره پہلے کی سی خوشحالی نصیب ہوئی اور یہاں بہت سے خلفا اور شہزادوں کے قصر موجود تھے (جیسے المشتّا، الزیزاء، القَسْطَل اور ام الولید؛ ان میں مشرق کی طرف پھیلے ہوئے قُصَیْر عَمْرَاء، الخَرانَه، قصر الحَلّابات یا قصر الطُوبٰی شامل نہیں ہیں)۔ اس زمانے میں لفظ البلقاء وسیع معنوں میں مستعمل تھا جس کی تصدیق بعد کو یاقوت کے بیان سے ہوتی ہے اور وقائع‌نگاروں کے بیانات کے مطابق اس میں عجلون کے شہر، مثلاً اَرْبَد (اِرْبِد)، جہاں یزید ثانی نے وفات پائی (طبری ۲ : ۱۴۶۴)، اور مؤته [رَكَ بآں] کی مانند مآب کا شہر بھی شامل تھے۔ اس انتظامی ضلع کا علیحده عامل تھا۔ نشیب و فراز کے مختلف ادوار سے گزرنے سے پہلے یه علاقه پورے ازمنۂ وسطی میں براہِ راست دمشق کے ماتحت تھا۔ الیعقوبی کا بیان اس لحاظ سے المقدّسی کے بیان سے مختلف ہے که وه ''دمشق کی اس نو آبادی میں'' غور (بڑا شہر: Tericho) اور ظاہر (بڑا شہر عمّان) کا ذکر الگ الگ حصّوں کے طور پر کرتا ہے اور المقدسی ایک صدی کے بعد بیان کرتا ہے که بلقاء فلسطین کے علاقے کے ماتحت تھا۔ اسی طرح ایوبی عہد میں ابو الفداء نے اس علاقے کو شَرات سے متعلق بتایا ہے۔ اس کے برعکس الہروی نے اس علاقے اور بلد مآب سے

Marfat.com

علیحدہ علیحدہ بحث کی ہے ۔ بالآخر ممالیک کے اقتدار کے زمانے میں بلقاء کا ضلع (بڑا شہر حُسْبان) اصولاً صوبۂ دمشق میں شامل تھا، گو بعض اوقات اسے السَّلْط کا علیحدہ صوبہ تسلیم کیا جاتا تھا؛ معلوم ہوتا ہے کہ بلقاء کلی طور پر یا جزوی طور پر الکرک کی عارضی نیابت میں رہا ہے ۔

عرب جغرافیہ‌دانوں کے نزدیک البلقاء کے نام کا تعلق، جس میں ابلق (متنوع رنگ برنگ) کے صیغۂ تانیث کا احتمال بھی موجود ہے، بنو عمّان ابن لوط کے اخلاف میں سے ایک نامور شخص سے ہے جس میں یہی اوصاف پائے جاتے تھے ۔ اس بات سے تورات کی روایت اور اس علاقے میں حضرت لوط علیہ السلام کی ان یادگاروں کی یاد تازہ ہوتی ہے جہاں قرآن مجید (۵ [المآئدۃ] : ۲۲) کے بیان کردہ علاقے ''اِنَّ فِیْھَا قَوْمًا جَبَّارِیْنَ'' (جسے عمّان سمجھا گیا ہے) اور اصحاب الکہف [رک بآں] کے غار کا محلِ وقوع بیان کیا جاتا ہے ۔

مآخذ : (۱) F. M. Abel : Geographie de la Palestine، پیرس ۱۹۳۳-۱۹۳۸ء، ۱ : ۶۸، ۹۰، ۲۷۷ تا ۲۸۱، ۳۷۹ تا ۳۸۴ و ج ۲، بمواضع کثیرہ؛ (۲) G. Le Strange : Palestine under the Moslems، لنڈن ۱۸۹۰ء، ص ۳۰؛ (۳) A. S. Marmardji : Textes Geographiques......، پیرس ۱۹۰۱ء، ص ۲۲؛ (۴) M. Gaudefroy Demombynes : La Syrie a l'époque des Mamelouks، پیرس ۱۹۲۳ء، بالخصوص ص ۶۷ تا ۶۸، ۱۸۰؛ (۵) البلاذری : فتوح، ۱۱۳ و ۱۲۶؛ (۶) الطبری : بمدد اشاریہ؛ (۷) الیعقوبی، ۱ : ۷۴؛ (۸) BGA بمدد اشاریہ؛ (۹) یاقوت، ۱ : ۷۲۸؛ (۱۰) البکری : Das Geographische Wörterbuch [= معجم ما استعجم]، طبع Wüstenfeld، ۱، گوٹنگن ۱۸۷۶ء : ۱۶۰؛ (۱۱) الھَرَوی : کتاب الزیارات، طبع Sourdel-Thomine، ص ۱۸؛ (۱۲) ابوالفداء : تقویم، ص ۲۲۷ ۔

(J. SOURDEL-THOMINE)

* **بَلْقان :** (جزیرہ نما)، وجہ تسمیہ : لفظ بلقان کے معنی پہاڑ یا سلسلۂ کوہ ہیں اور ترکی زبان کے بلقانلِیق کی صورت میں (بقول H. Eren) اس کے معنی ناہموار خطّہ ہیں ۔ اب اس لفظ کا رشتۂ اشتقاق بَلْق بمعنی کیچڑ یا مٹی اور ترکی تصغیری لاحقہ ''ان'' سے مربوط ہے ۔ تُرکمنِستان میں ''بلخان'' نام کا ایک پہاڑ موجود ہے ۔ روم‌ایلی کے عثمانی ترک اوّل اوّل اس لفظ کو ''پہاڑ'' کے معنوں میں استعمال کرتے تھے؛ مثلاً 'کُوجہ بلقان' 'چِتَل بلقان' اور 'انگُرس بلقانی' (یعنی کارپیتھی کوھستان)، لیکن تخصیصی طور پر اس لفظ کا اطلاق اس سلسلۂ کوہ پر کیا جاتا تھا جسے قدیم اور ازمنۂ وسطٰی کے جغرافیہ‌دان ھیموس Haemus کے نام سے موسوم کرتے تھے اور سمجھتے تھے کہ یہ پہاڑ شمال کے غیر مہذب اور وحشی اور جنوب کے متمدّن علاقوں کے درمیان حدّ فاصل ہے ۔ تاریخ و ثقافت کے اعتبار سے شمال میں بلقان کی مختلف سرحدیں بتائی جا سکتی ہیں ۔ رومیوں نے صوبۂ دُوبروجہ Dobruja میں چرناوودا Černa Voda اور Constanza کے درمیان تراجنہ (Trajan) کی فصیل کو آگے بڑھا کر دریاے ڈینیوب کے کنارے اپنی خاص دفاعی حدیں قائم کی تھیں، پھر (جسٹینین اوّل اور باسل دوم کے عہد میں بوزنطی سلطنت کی شمالی سرحدیں بھی دریاے ڈینیوب اور دریاے دراوہ Drava ھی تک ممتد تھیں اور آخر میں ۸۴۸ھ / ۱۴۴۴ء کے معاھدے کی رُو سے عثمانی ترک اور ھنگری والے بھی اس بات پر باھم رضامند ھو گئے تھے کہ ان میں سے کوئی فریق دریاے ڈینیوب کو عبور نہ کرے‌گا؛ چنانچہ سترھویں صدی تک یہ دریا عثمانی ولایت روم‌ایلی کی شمالی سرحد رہا ۔ اس ولایت میں دریاے مذکور کے جنوب کا سارا جزیرہ‌نما شامل تھا ۔ قدیم رومی اور بعد کی عثمانی سلطنت ہر دو

marfat.com
Marfat.com

نے دریاے ڈینیوب کے دونوں کناروں کے میدانی اقطاع پر قبضہ قائم رکھنے کی بھی کوشش کی۔ اس دریا کا زیریں حصّہ ہمیشہ ان حملہآور ترکوں اور مغول کے لیے راستہ بن جاتا تھا جنھوں نے پانچویں صدی سے لے کر تیرھویں صدی تک یکے بعد دیگرے بلقان پر حملے کیے۔ یہ حملہآور ھُن، آوار، بُلغار، پچنق، کُمان اور قپچاقی تاتار تھے۔ آوار حملے ھی چھٹی صدی عیسوی میں بلقان میں سلافیوں کے داخلے اور آبادکاری کا سبب سمجھے جاتے ھیں۔ اس وقت وھاں کے مقامی والّش اور البانی باشندوں کو پہاڑوں میں ھٹنا پڑا اور وہ اگلی کئی صدیوں تک بھیڑ بکریاں پال پال کر گزارہ کرتے رہے۔ ۶۸۰ء کے قریب بُلغار نام کی ایک ترک قوم بحرِ اسود کے شمال سے آ کر زیرین ڈینیوب میں آباد ہو گئی اور سلافیوں پر عسکری امرا کی حکومت قائم کر کے انھوں نے بلقان میں ایسی مملکت کی بنیاد ڈالی جو بوزنطی سلطنت کی پہلی طاقتور حریف بنی۔ ۸۶۴ء میں ان کے قبول مسیحیت سے اس جزیرہنما کی تاریخ پر بہت دُوررس نتائج مرتّب ھوے۔ کیونکہ بوزنطی کلیسا اور بوزنطی تصورِ ریاست نے نہ صرف بُلغاریا کی زاریت کو ایک حتمی شکل دی بلکہ اسی کے واسطے سے ان ریاستوں کو اسی سانچے میں ڈھال دیا جو آئندہ ریاستہاے بلقان میں نمودار ھوئیں (دیکھیے F. Dölger : *Byzanz und eurospäische Staatenwelt*، ص ۲۶۱ تا ۲۸۲)۔

[انیسویں صدی کے اوائل سے براعظم یورپ کی تین جنوبی توسیعات میں جو سب سے زیادہ مشرقی جانب ھے اسے بلقان کہا جا رہا ھے۔ جزیرہنماے بلقان کے متعلق یہ تصور کہ اس میں اور آئیبری اور اطالوی جزیرہنماؤں کے درمیان مماثلت پائی جاتی ھے حال ھی کی پیداوار ھے اور دلچسپی سے خالی نہیں، لیکن بلقان کی شہرت اس بات کی مرھونِ منّت نہیں کہ اس میں اور محوّلۂ بالا ممالک میں جغرافیائی مشابہت پائی جاتی ھے۔ انیسویں صدی کے دوران میں جب جغرافیہنگار اور علماے ارضیات بلقان کے اندرونی علاقوں کی نئی معلومات حاصل کرنے میں مصروف اور اسے ایک مستقل وحدت خیال کر رہے تھے اس میں بڑے بڑے سیاسی انقلابات وقوع پذیر ھو رہے تھے۔ وہ قومیں جو ترکیہ کے زیرِ نگین آ گئی تھیں ان میں قومیت و وطنیت کے جذبات ابھر رہے تھے اور وہ اپنی علٰیحدہ علٰیحدہ قومی حکومتیں قائم کرنے میں کوشاں تھیں، اور جب سلطنت ترکیہ کے حدود میں کمی واقع ھوئی تو نقشے پر نئے نام ظاھر ھوے۔ بعد کے واقعات آگے آتے ھیں: نیز دیکھیے : *Ency. Brittanica*، بذیل مادّہ]۔

بلقان اسلامی تاریخ میں:

(۱) اوّلین مسلم جغرافیہنویس جنھوں نے بلقان کی بابت کچھ لکھا انھیں کے زمانے میں یہ اھم واقعات اور تبدیلیاں ھوئی تھیں۔ ابن خرداذبہ، جس کی معلومات بھی دوسرے جغرافیہنویسوں کی معلومات کی طرح تیسری صدی ھجری / نویں صدی عیسوی کے اواخر اور چوتھی صدی ھجری / دسویں صدی عیسوی کے وسط کے تین مبصّروں کی اطلاعات سے ماخوذ تھیں (دیکھیے زکی ولیدی طوغان: بلقان، در ۱۱ۤ، ت) لکھتا ھے کہ تَفْلَہ، تراکیہ اور مقدونیہ کی بوزنطی حدود کے آگے مغرب میں بلاد الصقالبہ اور شمال میں ارض بُرجان (قوم بُلغار) واقع ھیں۔ حدودالعالم میں دریاے ڈینیوب کو رود بلغاری اور بلقانی سلسلۂ جبال کو کوہِ بلغاری کے نام سے یاد کیا گیا ھے۔

ایسا معلوم ھوتا ھے کہ اسلام بلقان میں اوّل اوّل اناطولی بزرگ صاری صالتقؒ [رَكَ بآن]

marfat.com
Marfat.com

کے ساتھ ۶۶۲ھ / ۱۲۶۴ء میں آیا ۔ آٹھویں صدی ہجری / چودھویں صدی عیسوی کے نصف اوّل میں مغربی اناطولیہ کے اقطاع "غازی" کے اناطولی ترکوں کی تاختوں کے بعد عثمانی ترک بالآخر پوری استقامت سے در دانیال کے یورپی سواحل پر ۷۵۵ھ/ ۱۳۵۴ء میں آ بسے، مگر عثمانیوں کے اس ابتدائی کشور کشائی کے زمانے میں بھی ان کی مرکزی حکومت کے اقدامات اور غازی ترک سرداروں کی ترک‌تازیوں میں فرق ملحوظ رکھنا چاھیے کہ یہ جنگجو سردار تو "اُچ"، یعنی سرحدوں پر مسلسل لڑتے رہتے تھے اور عثمانی حکومت اپنی رعایا کے سود و بہبود پر بھی متوجہ رہتی تھی۔

غالبًا عثمانی فتح کا اہم‌ترین سبب چودھویں صدی میں آناطولی [رك بآں] سے بلقان کی طرف وسیع پیمانے پر ھجرت تھی، جس نے تھریس اور مشرقی بلغاریا کو ترکی رنگ میں رنگ دیا (دیکھیے *Studia Islamica*، ۲ : ۱۰۳ تا ۱۲۹) ۔ اس وقت عثمانی ریاست کو بلقان کی چھوٹی چھوٹی ریاستوں کی باھمی پیچیدہ کشمکش میں ایک مفید معاون سمجھا جاتا تھا، لیکن طاقت پکڑنے کے بعد عثمانی سلطان بہت جلد اپنے حلیفوں کا حاکم اعلٰی بن گیا ۔ بعد میں جب انھوں نے ایک متحدہ محاذ قائم کرنے کی کوشش کی یا مغرب کی مسیحی دنیا کو مدد کے لیے پکارا تو انھیں مایوسی کا سامنا ھوا (Čermanon ۷۷۳ھ / ۱۳۷۱ء؛ Kossova ۷۹۱ھ / ۱۳۸۹ء) ۔ سلطان بایزید اوّل نے ماتحت ممالک پر براہِ راست قبضہ کر کے ایک نئی حکمت عملی اختیار کی ۔ اس کی خواھش تھی کہ بلقان میں ایک واحد سلطنت قائم کرے ۔ اس نے ۱۳۹۳ء اور ۱۳۹۶ء کے درمیان سارے بلغاریا، مقدونیہ اور تھسلی کو فتح کر لیا اور تاریخی دارالسلطنت قسطنطینیہ کو چھین لینے کی کوشش کی ۔ بایزید اوّل پر ۸۰۴ھ/ ۱۴۰۲ء میں تیمور کی فتح نے بلقانیوں کے حق میں بہت اہم نتائج پیدا کیے ۔ آناطولی میں اپنے اکثر مقبوضات ھاتھ سے نکل جانے کے بعد عثمانی ترکوں کو اس وقت بلقان ھی اپنا اصل ٹھکانا معلوم ھوا اور آئندہ شہر ادرنہ عثمانی سلاطین کا اصل دارالحکومت بن گیا ۔ تیمور کے حملے کے بعد آناطولی کے ترک دوبارہ بلقان کی طرف امنڈ آئے ۔ بایزید اول کے جانشینوں نے اس کی شہنشاھیت‌پسندی کو ترک کر دیا اور سلطان محمد دوم کو فتح قسطنطینیہ (۸۵۷ھ / ۱۴۵۳ء) تک سربیا اور بوزنطہ کو کسی حد تک آزادی عمل حاصل رھی، مگر سلطان محمد دوم نے دوبارہ جملہ ولایات کو واحد مرکز کے تحت لانے کی سرگرم اور کامیاب تدابیر اختیار کیں ۔ ۸۶۳ھ / ۱۴۵۹ء میں سربیا، ۸۶۴ھ / ۱۴۶۰ء میں مورہ اور ۸۶۷ھ/ ۱۴۶۳ء میں بوسنہ براہِ راست عثمانیوں کے زیرِ حکم آ گئے، لیکن عثمانیوں کی ان کامیابیوں کا انحصار فوجی قوت کی بہ نسبت دوسرے اہم عوامل پر زیادہ تھا۔

عثمانی فتوحات اور تمام اختیارات مرکز میں رکھنے کے خلاف جد و جہد کرنے میں بلقان کے مقامی امرا اور جاگیرداری ریاستوں کے والی مدد کے لیے مغرب کی طرف دیکھتے تھے اور یورپی ممالک کو نہ صرف اپنے علاقوں میں مراعات دینے پر تیار ھو جاتے تھے بلکہ مذھبی معاملات میں بھی انھیں مراعات دینا قبول کر لیتے تھے، چنانچہ پندرھویں صدی کے نصف اوّل میں، جب ھنگری بوسنہ، سربیا اور ولاشیا Wallachia [= افلاق] پر اپنی سیادت قائم کر رھا تھا، ریاست وینس، بحرِ ایجین اور مورہ میں نیز سواحل البانیا کی اہم جگھوں پر قابض ھو گئی اور سلانیک (سالونیکا) پر قبضہ کرنے کے بعد اسے قسطنطینیہ تک لینے کی ھوس ھو گئی تھی ۔ یہ مغربی ریاستیں کیتھولک

marfat.com
Marfat.com

عقیدہ رکھتی تھیں ۔ ان کا مقصد بلقان میں زرستانی اور سیاسی اقتدار جمانا تھا، لہذا انھیں اور ان کے حامی بوزنطی یا بلقانی رئیسوں کو کلیساے قدیم (یونانی) کے پادری اور عام طور پر بلقان کے باشندے دشمنی کی نظر سے دیکھتے تھے ۔ عثمانیوں نے ان مغربی اور مقامی رئیسوں سے عوام کی برگشتگی کا فائدہ اٹھایا ۔ وہ کلیساے یونان کے سرپرست بن گئے اور کیتھولک عقائد کو بلقان بدر کرنے کی کوشش کی ۔ قسطنطنیہ میں ۱۴۵۴ء میں جنّادیوس Gennadius کو تمام مسیحی کلیسا کا بطریق مقرر کرنے سے پیشتر بھی عثمانی حکومت کی طرف سے ہر جگہ کلیساے یونان کے راہبوں اور مسیحی پیشواؤں کو وظائف بلکہ تیمار [رک بآں] (یعنی جاگیریں) تک عطا کیے جاتے تھے ۔ دوسری طرف نویں صدی ہجری / پندرھویں صدی عیسوی کے نصف آخر میں جب لاطینی بلقان سے نکال دیے گئے تو مقامی تاجروں نے، جن میں مسلمان، یونانی اور اہل رغوسہ نیز یہودی شامل تھے، تجارت اور ساہوکارے میں ان کی جگہ سنبھال لی ۔ رغوسہ Ragusa نے عثمانیوں کی سرپرستی میں بلقان کی تجارت میں ایسی وقعت حاصل کی جو ازمنۂ وسطٰی میں اسے پہلے کبھی حاصل نہ ہوئی تھی ۔ غالبًا اس کا اہم سبب یہ تھا کہ عثمانیوں کے مال گزاری اور زمینداری نظام (دیکھیے دفتر خاقانی) نے بلقان کے کسان طبقے کی زندگی میں بڑی تبدیلی پیدا کر دی تھی ۔ بوزنطی قیاصرہ دسویں صدی میں بڑی کوششیں کرتے رہے کہ صوبے کے ارباب اقتدار کے مقابلے میں، جو برابر اپنے علاقے اور اختیارات بڑھانے میں کوشاں رہتے تھے، کسان طبقے کی حمایت کر کے مرکزی حکومت کا اقتدار بحال رکھیں ۔ کومنان نام کے بادشاہوں (Comneni) کے وقت میں اسی جد و جہد کا خاتمہ جاگیردار امراء ہی کے حق میں ہوا اور پالیولوگوس Palaeologi نامی بادشاہوں کے دور تک مرکزی حکومت تمام اختیارات سے ہاتھ دھو بیٹھی تھی، لیکن عثمانی دور میں بلقان میں دوبارہ ایک مضبوط مرکزی حکومت قائم ہوئی، جس نے کسانوں سے ہر طرح کے مقامی استبداد کو روکنے اور جاگیرداری طریقوں کے سدّباب کی کوشش کی ۔ مثال کے طور پر تین روز کی بیگار اور ایندھن، گھاس وغیرہ جاگیردار کو مفت مہیا کرنے کی جملہ پابندیوں کے بجاے عثمانیوں نے صرف چِفت رِسمی [رک بآں] نام کی ایک معمولی سی کر لگا دی ۔ قاضی [رک بآں] اور قپی قولو سلطان کے براہِ راست ماتحت ہوتے تھے اور ولایات میں قوانینِ شاہی کی تعمیل پر کڑی نگرانی کرتے تھے ۔ اس طرح یہ کوئی تعجب کی بات نہ تھی کہ عثمانیوں کے خلاف کشمکش کے دوران میں مسیحی کاشتکار اپنے رئیس جاگیرداروں کی قسمت کی طرف سے بے پروا رہے ۔ گیارھویں صدی ہجری / سترھویں صدی عیسوی تک بلقان کے کاشتکاروں میں کسی خاص بغاوت کا تاریخ میں ذکر نہیں ملتا ۔ یہ بات بھی ملحوظ رہنی چاہیے کہ عثمانیوں نے بلقان میں آبادی کے سابقہ طبقات کو اپنے نظام معاشرت میں جگہ دیتے وقت اصولاً ان کی قدیم حیثیت کو برقرار رکھا تھا ۔ عثمانی دور سے قبل اعلٰی خاندانی امرا جو اکثر جاگیروں (pronoïa) کے مالک تھے عثمانیوں نے انھیں اپنے جاگیرداری ( = تیمار) نظام میں شامل کر دیا اور آگے چل کر سلطانی دربار میں اعلٰی عہدوں پر فائز کر دیا ۔ کم درجے کے خاندانی جاگیرداروں، بالخصوص voinīks (ترکی میں وای نوق voynuk) کی، جو سابقہ دور میں سلطنت ستیفن دُشن Stephan Dushan کے لیے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے تھے، بلقان کے اکثر

marfat.com
Marfat.com

حصوں میں بولوک Bölük [رک بآں] کی صورت میں از سرِ نو تنظیم کی اور سولھویں صدی عیسوی تک وہ عثمانی فوج کا ایک حصہ بنے رہے ۔ سولھویں صدی میں ان کی افادی حیثیت ختم ہو گئی اور وہ صرف معمولی حیثیت کی رعایا رہ گئے ۔ خانہ بدوش افلاق اور مرتولوس کے دوسرے فوجی دستے ولایات میں عثمانی افواج میں ضم کر لیے گئے (دیکھیے راقم مقالہ کی فاتح وِوری، انقرہ ۱۹۵۴ء، ۱ : ۱۴۵ تا ۱۸۴) ۔ دیوشرمہ Devshirme (رک بآں) کے آئین کی بدولت رعایا کو بھی حکمران طبقے تک رسائی حاصل تھی ۔ معلوم ہوا ہے کہ رعایا، یعنی مسلم یا مسیحی مزارعین کی طبقہ‌بندی کے سلسلے میں عثمانیوں سے پہلے جو نظام رائج تھا، اسی سے ملتا جلتا دستور نافذ رہا اور بوزنطی دور کے کاشتکار (paroikoi) جو زیوگرات zeugarate اور بوئدون boïdion نیز الیوتھروی (eleutheroi) جماعتوں میں منقسم تھے عثمانی دور میں بھی مختلف ناموں سے باقی رہے، نیز چند بوزنطی محصول عثمانی دَور میں جوں کے توں برقرار رہے؛ مثلاً رُسوم عُرفیہ یا عادت قدیمہ ۔ یہ مواجب صاحبِ تیمار (یعنی جاگیرداروں) کو تفویض کر دیے جاتے تھے ۔ عثمانی نظام تیمار نے، جو پہلے دور میں سلطنت کا سنگ بنیاد تھا، بلقان ھی میں حتمی شکل اختیار کی ۔ آخر میں ہم کہہ سکتے ہیں کہ اہلِ بلقان کی تاریخ کی بنیادی اوضاع عثمانیوں کے دور میں بھی برقرار رہیں ۔ یہ درست ہے کہ مقامی ثقافت کی ترقی و عروج کے سابقہ مراکز ختم ہوگئے، لیکن کاشتکاری اور کلیسائی نظام برابر موجود رہے اور انیسویں صدی عیسوی میں یہی نظام وہاں کی قومی ریاستوں کی بنیاد بن گئے ۔

دسویں صدی ھجری / سولھویں صدی عیسوی میں جزیرہ‌نمائے بلقان کی تاریخ میں امن و خوشحالی کا ایک نادر دور آیا ۔ ہر جگہ بنجر زمینیں قابلِ کاشت بنائی گئیں ۔ ۱۵۳۰ء میں آبادی پچاس لاکھ تک بڑھ گئی ۔ شہروں نے ترقی کی ۔ یہ معلومات ہمیں عثمانی دفتروں سے ملتی ہیں، جو ترکی محافظ‌خانوں میں محفوظ ہیں (دیکھیے اقتصادی نکولتسی میکموسی Iktisat Fakültesi Mecmuasi، استانبول، عدد ۳، ۱۱، ۱۵) ۔ بلقان میں یونانی زبان کے بعد ترکی زبان نے تہذیب و تمدن کی مشترکہ زبان کا درجہ حاصل کر لیا ۔

جیسا کہ آرنلڈ نے *Preaching of Islam*، لنڈن (بار اول ۱۸۹۶ء، بار سوم ۱۹۳۵ء، ص ۱۴۵ ببعد) صراحةً بیان کیا ہے کہ اہل بلقان میں اسلام کی اشاعت عام طور سے کسی سرکاری حکمت عملی یا جبر کا نتیجہ نہ تھی، تاہم اس سلسلے میں تین ادوار میں امتیاز کرنا چاھیے ۔ سلطان بایزید ثانی کے دور تک عثمانیوں نے مذھبی معاملات میں نہایت رواداری سے کام لیا ۔ اس دور میں عثمانی عسکری [رک بآں] میں جو بلقانی شرفا شامل کیے گئے بالخصوص بوسنہ میں بوگومل (Bogomils) لوگوں نے رضاکارانہ طور پر اسلام قبول کیا ۔ سلطان بایزید ثانی کے عہد کے بعد عثمانی ریاست کو ایک مسلم ریاست ہونے اور شریعت نافذ کرنے کا کچھ زیادہ احساس ہوا ۔ گیارھویں صدی ھجری / سترھویں صدی عیسوی کے مابعد بلقان میں فرانسسکی (Franciscan) راھبوں کے وفود کی سرگرمیوں کے نتیجے کے طور پر ابتداءً عثمانیوں کو سربیا، البانیا اور دریائے ڈینیوب پر واقع علاقۂ بلغاریا میں عیسائیوں کی یورش کے خلاف احتیاطی تدابیر اختیار کرنا پڑیں، کیونکہ شاھانِ ھیسبرگ اور اہل وینس سیاسی اغراض کی خاطر ان مسیحی وفود کی پشت‌پناھی کرتے تھے ۔ اس دور میں بھی ان ممالک میں کسی حد تک عوام الناس نے اسلام

marfat.com
Marfat.com

قبول کیا ۔ اهل البانیا نے بعد کی صدیوں میں وسیع پیمانے پر اسلام قبول کیا [رک بہ آرنا ودلوق] ۔ اسلام قبول کرنے والا تیسرا علاقہ رھوڈوپ Rhodope میں واقع ہے، جہاں بلغاری زبان بولنے والے مسلمانوں کو پوماق [رک بآں] کہا جاتا ہے ۔ عثمانیوں کے زیر حکومت ما بعد کے ادوار میں بلقان کی ترقیات کے لیے رک بہ روم ایلی.

مآخذ : (۱) J. Cvijić : *La Péninsule balcanique*، پیرس ۱۹۱۸ء؛ (۲) J. Ancel : *Peuples et nations des Balkans*، پیرس ۱۹۳۰ء؛ (۳) A. Boué : *La Turquie d'Europe*، پیرس ۱۸۴۰ء؛ (۴) F. Ph. Kanitz : *Donau-Bulgarien und der Balkan*، لائپزگ ۱۸۷۵ تا ۱۸۷۹ء؛ (۵) N. Jorga : *Formes byzantines et réalités balkaniques*، پیرس ۱۹۲۲ء؛ (۶) وهی مصنف : *Historie des Etats balkaniques jusqu'à 1924*، پیرس ۱۹۲۵ء (۷) W. Tomaschek : *Zur Kunde der Hāmus-Halbinsel, Sitz, Berich. der Akad. Wien. hist-klas.*، ۱۸۸۷ء؛ (۸) G. Stadtmüller : *Geschichte des Südosteuropas*، میونخ ۱۹۵۰ء؛ (۹) C. Jireček : *Staat und Gesellschaft im mittelalterlichen Serbien*، وی انا ۱۹۱۲ تا ۱۹۱۹ء؛ (۱۰) وهی مصنف : *Die Heerstrasse von Belgrad nach Constantinopel und die Balkanpässe*، Prague ۱۸۷۷ء؛ (۱۱) M. Braun : *Die Slawen auf dem Balkan bis zur Befreiung von der türkischen Herrschaft*، لائپزگ ۱۹۴۱ء؛ (۱۲) G. Ostrogorsky : *History of the Byzantine State*، ترجمۂ J. Hussey، آوکسفرڈ ۱۹۵۶ء؛ (۱۳) او آ، ت، بذیل مادہ.

(خلیل اینالجق)

(۲) سلجوقیوں، مغول اور بالآخر عثمانی ترکوں کے ادوار سے پہلے مسلمانوں کو جزیرہ نمائے بلقان کے متعلق بہت کم باتیں معلوم تھیں ۔ یہاں تک کہ ابوالفداء (طبع Schier، ص ۲۸۸) نے بھی دریائے ڈینیوب کی وادی کے شہروں کے بارے میں لکھا ہے کہ ”ان کے نام عجیب اور ناقابل فہم ہیں، ہمیں ان کا کچھ حال معلوم نہیں“ ۔ مسلمان مصنفوں نے اس علاقے کے بارے میں ابتدائی معلومات مسلم الجرمی کی کتاب سے حاصل کیں جو وہاں ۸۴۵ء تک جنگی قیدی کے طور پر رہا تھا، اور کچھ معلومات ایک یہودی ہارون بن یحیی کے سفرنامے سے حاصل ہوئیں، جس نے ۸۸۰ء سے ۹۰۰ء تک یورپ کا سفر کیا (دیکھیے حدود العالم، طبع منورسکی Minorsky، ص ۴۱۹؛ *Seminarium Kondakovianum* ۴ : ۱۳۹ تا ۱۶۴) ۔ اس کے علاوہ انہوں نے مزید معلومات ابراہیم بن یعقوب الاسرائیلی سے حاصل کیں (جس نے اپنا سفر ۹۶۰ء میں کیا) (دیکھیے البکری، طبع و ترجمہ Baron von Rosen : *Izvest al-Bakri drugih avtorov o rusi i slavyanah*، پیٹرزبرگ ۱۸۷۸ء، ۱ : ۵۰) ۔ بعض مصنفوں نے ان معلومات کو بڑی احتیاط کے ساتھ درج کیا ہے اور راویوں کے الفاظ الگ کر کے لکھے ہیں ۔ بعض نے (مثلاً حدود عالم، جو ۹۸۲ء میں لکھی گئی تھی) ان معلومات کو خلط ملط کر دیا ہے ۔ ابن خرداذبہ (ص ۱۰۵؛ قدامہ، ص ۲۵۷) نے مختصراً اور ابن الفقیہ نے تفصیلات کے ساتھ (قب یاقوت : معجم البلدان، طبع وستنفلٹ، ۲ : ۸۶۳) مسلم کو اپنا مأخذ بتایا ہے ۔ ان کے نزدیک اس کے تین صوبے ہیں : (۱) تفلہ (دیکھیے Minorsky : وہی کتاب، ص ۴۲۱)، جس کا صدر مقام قسطنطنیہ ہے اور جس میں وہ علاقہ شامل ہے جو جنوب میں بحیرۂ شام (بحیرۂ ابیض یا ایجین)، شمال میں بحیرۂ خزر (بلکہ بحیرۂ اسود)، مغرب میں سد طویل (مقدون تیخس)، یعنی Anastatius کی دیواریں جو برگز سے دریائے مارتزا تک ہیں پھیلا

Marfat.com

ہوا ہے (دیکھیے Histoire de l Empire : A. Vasiliev Byzantin، پیرس ۱۹۳۲ء، ۱ : ۱۴۱)؛ (۲) تراقیہ (تھریس)، جس کا صدر مقام ارقدہ (Arcadiopolis) ہے ۔ یہ صوبہ ان اقطاع پر مشتمل تھا جو سدّ طویل سے پرے واقع ہیں؛ (۳) مقدونیہ، یہ تراقیہ کے جنوب میں واقع تھا اور اس کا صدر مقام Bands (بندس ؟) میں تھا ۔ یہ بوزنطی سلطنت کی نواحی ریاستوں کے طور پر ایک تو سلافیوں کا علاقہ بیان کیا گیا ہے جو مقدونیہ سے مغرب میں واقع ہے (اس کا نام بلاد الصقالبة، یعنی جنوبی سلافیوں کا ملک ہے) دوسرے بُرجان (دریاے ڈینیوب پر کے بلغاروں) کا علاقہ، جو تراقیہ کے مغرب میں اور مقدونیہ کے شمال میں ہے ۔ المسعودی (التنبیه) نے مُسلِم الجَرمی کو مأخذ قرار دیتے ہوے دو صوبوں کا اضافہ کیا ہے اور بلقان میں بوزنطی صوبوں کی تعداد پانچ تک قرار دی ہے؛ (۴) پلپونیسوس Peloponesus اور (۵) عیسائی بلغاروں اور ویلندروں (Velenders) کے وہ علاقے جو بوزنطی حکومت کے مطیع تھے ۔ یہ مصنّف سدّ طویل کو ان علاقوں کے مغرب میں بیان کرتا ہے ۔ اس کے بیان کے مطابق برجان اور صقالبہ همسائے تھے، جو سدِ طویل کے مغرب میں رہتے تھے ۔ اس کتاب میں نیز اخبار الزمان میں (دیکھیے SBAK، وی انا ۱۸۰۰ء، ص ۲۱۰ ببعد: Skazanya musulmaskih : Harkavi pisateley o slavyanah، ص ۱۲۶ ببعد) المسعودی ان معلومات کو جو ڈینیوبی بلغاروں کے بارے میں دی ہیں برجان پر منطبق کرتا ہے ۔ مزید برآں وہ برجان قوم کے لیے وہ ساری معلومات استعمال کرتا ہے جو اسے دیگر ذرائع سے بورغندیوں (Burgundians) کے متعلق ملیں (دیکھیے [المسعودی کا فرانسیسی ترجمہ: Le Livre de : Macoudi] l' Avertissement، ترجمہ از Carra de Vaux، ص ۲۲۵، ۲۲۹، ۲۶۳) ۔ یہ مصنّف قفقاز سے متعلقہ تحریرات کو بھی اس طریق سے استعمال کرتا ہے گویا وہ ان عیسائی بلغاروں کے بارے میں ہیں جو بوزنطہ کے تابع تھے نیز ویلندروں (Velenders) کے بعض حصّوں اور ایسے ہی دیگر قبائل کے متعلق ہیں جو ان کے ساتھ بلقان میں آ بسے (زکی ولیدی طوغان: Völkerschaften des Chazarenreiches، در KCA، ۳ : ۴۷، ۵۱) ۔ المسعودی دریاے ڈینیوب کے متعلق بھی بعض معلومات درج کرتا ہے، جو اس نے غالباً مُسلِم الجَرمی ہی سے لی ہیں ۔ یہ دریا (ڈینیوب) دو کوهستانی سلسلوں کے درمیان سے گزرتا ہے ۔ اس کی چوڑائی بعض مقامات پر تین میل تک پہنچ جاتی ہے ۔ اس نے اس دریا اور ایک اور دریا ملاوه یا مراوہ کے کناروں پر بسنے والی ایک قوم کا ذکر بھی کیا ہے ۔ اس جگہ المسعودی دریاے ڈینیوب کو دریاے جیحون سے اور دریا کے ایک معاون دریاے چرچِک سے ملتبس کر رہا ہے (دیکھیے Carra de Vaux، ص ۹۹) .

حدود العالم کا مصنّف، جس نے ہارون بن یحیی سے معلومات اخذ کی ہیں، کوهستان بلقان کو کوہ بلغری کا نام دیتا ہے (ورق ۱۱ ب و ۳۷ الف) اور دریاے ڈینیوب کو ''روذ بلغری'' (ورق ۱۱) لکھتا ہے ۔ یہ دریا، جیسا کہ منورسکی Minorsky (ص ۲۲۱) کا خیال ہے، دریاے مارِتزا نہیں ۔ دوسرے مصنّفین کی طرح، جنھوں نے ہارون سے استفادہ کیا ہے، حدود العالم کا مصنّف بھی ڈینیوبی بلغاروں کو بلغر کہتا ہے، جو اس اصطلاح سے مختلف ہے جو اِتل [اِرکَ بان] بلغاروں پر منطبق کی جاتی تھی (یعنی بلکار یا بلغار) ۔ ابن رُستہ (ص ۱۲۶) کی طرح، جس کا مأخذ ہارون ہے، حدود العالم میں بھی اس نہر کو جو بلغراد کے جنگل سے قسطنطینیہ میں پانی لاتی ہے دریاے

marfat.com
Marfat.com

بلغر کا نام دیا گیا ہے - Barthold اور منورسکی Minorsky (ص ۱۲، ۴۲۳) یہ خیال ظاہر کرنے میں غلطی کے مرتکب ہوے ہیں کہ لفظ بلغراد ان دنوں مستعمل تھا اور لکھا ہے کہ یہ دریا ان پہاڑوں سے نکلتا ہے جو قسطنطینیہ سے بیس دن کی مسافت پر واقع ہیں - اس طرح اسے دریاے ڈینیوب ھی کا سلسلہ ظاہر کیا گیا ہے، حالانکہ یہ خیال درست نہیں - ہارون بن یحیٰی کا بیان ہے کہ کوہستان میں رہنے والے بلغار شاہ بورِس کی رعایا ہیں (ابن رُستہ، طبع ڈخویہ De Goejge، ص ۱۲۷، بذیل سوس، نیز حاشیہ) اور اس کے ساتھ مسیحیت قبول کر چکے ہیں - یہ مصنّف انہیں نو عیسائی سلافی (الصقالبة المتنصّرة) کہتا ہے - بہر کیف یہ لوگ متذکرۂ صدر جنوبی سلافی ہوں گے - ہارون بن یحیٰی برگنڈیوں سے بھی آگاہ تھا (قبّ ابن رُستہ، ص ۱۳۰؛ Marquart : *Streifzuge*، ص ۲۶۹) - حدود العالم کے مصنّف نے یہ خیال ظاہر کیا ہے کہ مُسْلِم الجَرْمی نے جن بُرجانوں کا ذکر کیا ہے اور ہارون نے جن بلغاروں کا حال لکھا ہے وہ دو ہمسایہ قبائل تھے جو دریاے ڈینیوب کے طاس میں رہتے تھے - البکری (طبع Rosen، ص ۴۵) نے بھی، جس نے المسعودی سے معلومات اخذ کیں، یہی خیال ظاہر کیا ہے - حدود العالم (ورق ۱۱ ب، ۳۷ الف) میں براقیہ نامی (تراقیہ نہیں) ایک شہر کا ذکر ہے (Minorsky نے اسے براقیہ یعنی قوم بُرجان کا صدر مقام پڑھا ہے، لیکن یہ بتانا ناممکن ہے کہ یہ شہر کون سا تھا) قبّ حدود العالم، (انگریزی ترجمہ) ص ۱۵۶ .

ابراہیم بن یعقوب (دیکھیے البکری، ص ۳۸) نے بلقارین، یعنی ڈینیوبی بلغاروں کا ذکر ایسے لوگوں کے طور پر کیا ہے جو بحرالشام (بحر ایجیئن) سے المانی (جرمن) اقوام کی سرزمین تک پھیلی ہوئی سلافی اقوام کے سرکردہ قبائل ہیں - وہ لکھتا ہے کہ اس قوم کے حکمران نے قسطنطینیہ کے محاصرے کے دوران میں مسیحیت اختیار کر لی تھی - اس کے بعد یہ مصنّف ان سلافیوں کا تذکرہ کرتا ہے جو بلغاروں کے مغرب میں سنگلاخ اور ڈھلوان پہاڑوں میں رہتے ہیں (جبال شامِخَه و عرات المسالک) - الاِصْطَخْری اور ابن حوقل (ص ۳۹۷) ڈینیوبی بلغاروں کو 'بلغارِ عظام' کا نام دیتے ہیں اور لکھتے ہیں کہ ان کی تعداد بہت ہے اور انہوں نے نواحی یونانی اقوام کو اپنا تابع بنا رکھا ہے - القصہ عرب اس کشمکش اقتدار سے عام طور پر آگاہ تھے جو ۹۱۲ء تا ۹۲۷ء کے دَور میں بلغاروں اور بوزنطیوں کے درمیان جاری تھی (دیکھیے Vasilyev : *Bizantiya i arabi*، ۲ : ۲۱۴ تا ۲۲۸).

الاِدْرِیْسی (م ۱۱۶۲ء) نے اپنی اقلیم پنجم کے چوتھے اور پانچویں حصے میں جزیرہ‌نماے بلقان کا حال قلمبند کیا ہے - دوسرے عرب مصنّفوں کی طرح وہ ڈینیوبی بلغاروں کے علاقے کو بُرجانوں کا ملک (ارض بُرجان) لکھتا ہے - اس جگہ کے علاوہ وہ اسلامی مآخذ کو کہیں استعمال نہیں کرتا - ظاہر ہے کہ اس کے سب نام یورپی مآخذ سے لیے گئے ہیں - اس مصنّف کو علم تھا کہ بُرجانوں کے شمال میں دریاے نیستر و دریاے نیپر کے طاس روسیوں کے قبضے میں تھے - اس نے اقلیم ششم کے حصۂ چہارم میں ''اقوام روس کے جنوبی حصے'' کا جو ذکر کیا ہے اس سے غالباً اس کی مراد کارپیتھی کوہستان کے روسیوں سے تھی - ابن سعید المغربی (م ۱۲۷۴ء) نے الادریسی سے بہت استفادہ کیا ہے اور اس پر اپنی طرف سے مزید اہم حاشیے لکھے ہیں - اس نے اس دریا کا نام جس کے ساتھ ساتھ مجار (ہنگروی) آباد ہیں دوما (یعنی طونا یا ڈینیوب) لکھا ہے - دوسرے مقام پر وہ اس دریا کا نام طَنَبْرِس (Dnieper) لکھتا ہے اور کہتا ہے

Marfat.com

کہ اس دریا پر بلغاروں کا مشہور ملک آباد ہے ۔ ظاہر ہے کہ اس جگہ وہ ڈینیوبی بلغاروں کو اِتل [ارك بان] بلغاروں کے ساتھ ملتبس کر رہا ہے ۔ وہ اس بات سے بھی آگاہ تھا کہ ڈینیوبی بلغاروں کا صدر مقام دریاے ڈینیوب (طَنْبَرس) کے جنوب میں واقع ہے ۔ مزید برآں وہ لکھتا ہے کہ بلغاروں کا ایک شہر سُودا نامی بھی ہے، جو اس دریا سے ساڑھے آٹھ دن کی مسافت پر جانب مشرق واقع ہے ۔ بلا شبہہ اسے اس معاملے میں شہر سُوار کے ساتھ التباس ہوا ہے، جو اِتل بلغاروں کا شہر تھا (دیکھیے Barthold : *Festschrift für Chwolson*، برلن ۱۸۹۹ء، ص ۲۳۳ بعد) .

عہد مغول کے ماخذ ظاہر کرتے ہیں کہ جزیرہنماے بلقان کے ان حصّوں کے نام جو ترکوں کی یلغاروں کا تختۂ مشق بن چکے تھے ترک رنگ میں رنگے جا چکے ہیں - ۱۲۳۹ء کی مہم میں مغول تسّہ (تیسہ، تنہا یا تہنا) اور ڈینیوب کے طاسوں میں سے گزر کر کارپیتھی کوہستان تک جا پہنچے، جسے وہ پیرک تاک (بیراق طاغ) کہتے تھے (رشیدالدین، طبع Blochet، ص ۵۵ ، کتب خانۂ آیاصوفیا ، عربی نسخہ شمارہ ۳۰۳۴، ص ۶۰۴ میں "جبال مراقتان" لکھتا ہے) ۔ انھوں نے آلغ (الاقی) یونانیوں کو قرہ آلغ نام سے پکارا ۔ اور اس حصّے کے کوہستان کو جبال بایاقتوق (عربی نسخہ، ص ۶۰۴) کا نام دیا (طبع Blochet میں یہ نام نظر نہیں آتا) ۔ ان اقطاع کو منگوخان کے بھائی بوچک نے سر کیا تھا ۔ ۱۲۳۹ء کی جنگوں کے حال میں جس دمیرقپو (آھنی دروازہ) کا ذکر آیا ہے اس سے رشیدالدین کے خیال کے مطابق (رشید الدین، طبع Blochet، ص ۴۷؛ عربی نسخہ ص ۵۸۵ "تیمور قہلقہ" ۔ عربی نسخے میں اس کے علاوہ ابور کے ضلع (نواحی ایر) کا ذکر آیا ہے) درۂ خزر مراد ہے ۔ اس طرح ۱۲۴۱ء کی مہم میں جس آھنی دروازے کا ذکر آیا ہے اس سے ڈینیوب کا آھنی دروازہ مراد ہے (The Turno-Severin Pass، دیکھیے E. Oberhummer : *Eisernes Tor*؛ *Mitteilungen der Wiener geog. Gesellschaft*، ۱۹۱۶ء، ص ۲۰۲ بعد) ۔ ان اقطاع کے مغل سالار نے قپچاقوں کا تعاقب کیا، جو اِس راستے سے بھاگ رہے تھے اور اَوروں کوت اور بَداج کے صوبوں پر قبضہ جما لیا (Blochet، ص ۵۶؛ عربی نسخہ ص ۶۰۴؛ نیز دیکھیے Hammer : *Gold Horde*، ص ۱۲۰، ۱۲۵؛ Berezin : *Nushestviya Batiya na Rossiyu*؛ در *Journal ministerst. narodn prosveschenya*، شمارہ ۵، ص ۳۲ بعد نے رشید الدین کے ماخذ کو سطحی طور پر استعمال کیا ہے) ۔ اَوروَن کوت اور بَداج یا باراج (اس نام کے لیے دیکھیے زکی ولیدی طوغان : *Ibn Fazlan*، ص ۱۰۶ بعد) ایسے دو مقام تھے جن پر دریاے ڈینیوب کی مجارستانی طرف پر قپچاقی قبائل نے قبضہ جما لیا تھا ۔ ان لڑائیوں کے تذکرے میں جو ۱۲۹۹ء میں اردوے مطلّا کے توقتہ خان اور نوغائی کے درمیان ہوئیں، کہا گیا ہے کہ نوغائی نے دو لاکھ سپاہ کے ساتھ دریاے ڈینیوب کے آھنی دروازوں پر اپنا جنگی مرکز قائم کیا ۔ اس کی فوج میں بلغار اور صقالبہ بھی تھے ۔ نوغائی کے بیٹے نے بُلغار بادشاہ ترتِر کی بیٹی سے شادی کی (دیکھیے N. Veselovskiy : *Nogay i ego vremya*، در *Mémoire de L'Académie des science de Russie*، سلسلۂ ھشتم، ج ۱۳، شمارہ ۶۰، ۱۹۲۶ء : ص ۳۱، ۳۶) - مصری مصنّف رکن الدین بیبرس راوی ہے کہ نوغائی ترنُووَہ پر قبضہ جمانے کے بعد مارا گیا ۔ ازاں بعد توقتہ کے بیٹوں نے نوغائی کی مملکت پر قبضہ جما لیا اور ساقچی اور آھنی دروازوں پر متمکن ہو گئے (دیکھیے Tiesenhausen؛ اسمٰعیل حقی ازمیرلی :

marfat.com
Marfat.com

التین آردو تاریخنه عاید متن لر، ۱ : ۲۲۱، ۲۸۲)۔ اردوے مطلا کی تاریخ مابعد میں آق‌تاو ترک، جو نوغائی کی رعایا تھے، بوزنطه کی سرحدوں کے قریبی علاقوں میں جا کر آباد ہو گئے ۔ اس لیے بحیرۂ اسود کے سواحل پر کے چٹیل‌میدان ''اسری یاکا'' (صحاری اسریقه) کے نام سے معروف ہیں ۔ (دیکھیے شرف الدین یزدی : ظفر نامه، ۱ : ۵۰۹) ۔ ابوالفداء (م ۱۳۳۱ء) نے، جو بلقان اور مشرقی یورپ کے حالات سے بہت با خبر ہے، بلقان کے بارے میں بہت اہم معلومات بہم پہنچائی ہیں ۔ البته وہ بعض اوقات اپنی معلومات کو اپنے پیش رؤوں کے بیانات کے ساتھ خلط ملط کر دیتا ہے (مثلاً ص ۲۰۹ پر برغندی کے معنوں میں لفظ برجان بشکل برچان آیا ہے جو ابو سعید سے لیا گیا ہے؛ قب حدود العالم، ورق ۱۱ ب سطر ۲۰ ''برشان''، طبع منورسکی، بمدد اشاریه) اس مصنف کے بیان کے مطابق دریاے ڈینیوب کوهستان دنیوس (دنیوس الکبیر) سے نکلتا ہے ۔ اس لیے اس کا نام دونا یا ترکی تلفظ ''طنا'' ہے ۔ یه دریا دجله اور فرات دونوں کے مجموعے سے بھی بڑا ہے اور مشرق کی جانب جبل قشقه طاغ تک بہتا ہوا سقچی، یعنی ایساقچه کے مقام پر سمندر میں جا گرتا ہے ۔ اس دریا کے طاس میں مجار اور صرب (ہنگری اور سروی) ایسے کافر قبائل آباد ہیں (ص ۵۶، ۲۸۸) ۔ کتاب کے ایک اور حصے میں (ص ۲۹۰) خشکه طاغ کو ایساقچه کے مغرب میں ظاہر کیا گیا ہے گویا یه ٹرانسلوانیا میں ہے اور یه که ڈینیوب مشرق کی طرف بہتا ہے ۔ اس صورت میں اس کی مراد کوهستان بلقان ہے ۔ ترنو کا قلعه ایساقچه کے مغرب میں تین دن کی مسافت پر بتایا گیا ہے اور اس کے باشندوں کو افاقی (ویلشوی) لکھا گیا ہے ۔ یه بات بھی اغلباً ترنوو یا ترنو کے متعلق ہے، جو ٹرانسلوانیا میں واقع ہے، لیکن ابوالفداء یه بھی کہتا ہے که لفظ برغال (المسعودی میں ''برغر''، دیکھیے زکی ولیدی طوغان : *Ibn Fazlan*، ص ۱۲۳) بھی ویلشیوں کے لیے مستعمل تھا ۔ یه مصنف ان لوگوں کو بلغاروں سے ملتبس کر دیتا ہے ۔ نیز ترنوو کے قصبے کو، جو ویلنشیا میں واقع ہے، اس نے ترنوں یا ترنووه کے ساتھ ملتبس کر دیا ہے، جس کے حالات اس نے بعض مہمانوں اور مسافروں سے سنے تھے ۔

معلوم ہوتا ہے که پہلے پہل عثمانی ترکوں نے کوهستان خیمس کو بلقان کا نام دیا ہے (دیکھیے مادۂ خیمس Hamus در Pauly-Wisowa) ۔ اس امر کا امکان بے بنیاد ہے که یه نام ایرانی لفظ ''بالاخانه'' (دیکھیے Radloff : *'Wb'*، ۴ : ۱۴۹۹) سے نکلا یا ابوالغازی کے بیان کے مطابق ''آبوالخان'' سے مشتق ہوا ۔ مغربی ترک اس لفظ کو ''کوهستانی سنگلاخ سرزمین'' کے لیے استعمال کرتے ہیں (دیکھیے سوز درلمه درگیسی *Söz derleme dergisi*، ۱ : ۱۰۹، ''Balgan'') ۔ اس امر کے لیے که ترکمانستان میں کوهستان بلخان واقع ہے اور یه نام کوهستان خیمس کو دیا گیا دیکھیے Marquart : *Ungarischen Yahrbücher*، ف ۴ : ۲۸۵ و Barthold : اؤ، ت، زیر مادۂ بلخان Balhan ۔ باشقرت لفظ بلقان کو پہاڑ کے معنوں میں استعمال کرتے ہیں ۔ آچیلی کوال کے قریب اس نام کا پہاڑ ہے (دیکھیے *Moskvityanin*، ۱۸۴۳ء، ۱ : ۱۱۳) ۔ یه بیان کر دینا ضروری ہے که اس موضوع پر بعض تصانیف، مثلاً W. Tomaschek : *Zur kunde der Hämus Halbinsel* (در *SBAK*) وی انا، Hist-Kl. ص ۱۱۳، ۱۸۸۷ء سے استفاده نہیں کیا جا سکا) ۔

(زکی ولیدی طوغان)

(۳) عثمانی ترکوں کے زمانۂ زوال میں بلقان یورپ کی بڑی طاقتوں کی سازشوں کی آماجگاه

Marfat.com

بن گیا۔ بڑا مقصد یہ تھا کہ اس علاقے کو ترکوں کے تسلط اور اثر سے آزاد کرایا جائے۔ اس زمانے کے چھوٹے چھوٹے واقعات کو نظر انداز کیا جا رہا ہے۔ اہم واقعات میں ایک جنگ بلقان تھی اور دوسرا دورس واقعہ جنگ عظیم اول۔ ان کے بعد ترکیہ کا اثر کم سے کم ہو گیا اور یہ علاقے چھوٹی چھوٹی ریاستوں کی صورت میں خود مختار ہو گئے۔ دوسری جنگ عظیم سے کچھ پہلے اتحادِ بلقان کی بنیاد پڑی۔ یہ ایک سیاسی تنظیم تھی، جس کی تشکیل ۹ فروری ۱۹۳۴ء کو اِن چار بلقانی ممالک کے لیے کی گئی تھی: یوگوسلافیا، رومانیا، یونان اور ترکیہ اور اس کا مقصد باہمی دفاع اور دیگر مشترکہ مفادات کی حفاظت تھا۔

اتحاد بلقان کا پس منظر: بلقان کے وفاق یا اتحاد کا تصور بہت پرانا ہے۔ جنوبی یورپ کی اقوام میں نظریۂ قومیت کے فروغ کے ساتھ یہ احساس نشوونما پانے لگا کہ چھوٹی قوموں کے اتحاد سے عثمانی ترکوں یا Habsburg کی غلامی سے نجات حاصل کی جائے۔ جنوبی سلافی اقوام میں بالخصوص ہم نسلی کے جذبے نے فروغ پایا اور اس نے تاریخی و جغرافیائی رشتوں کو مزید مضبوط بنانے کے تصور کو تقویت پہنچائی۔ لیکن یورپ کے سیاسی حالات کچھ اس قسم کے تھے کہ ۱۹۳۴ء تک اتحادِ بلقان کا خواب شرمندۂ تعبیر نہ ہو سکا۔ گو ۱۹۳۰ء سے ۱۹۳۳ء تک اتحادِ بلقان کے لیے چار غیر رسمی کانفرنسیں منعقد کی گئیں، جن میں بلقان کے تمام ممالک نے خصوصاً ترکیہ اور یونان نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا، نتیجۃً اس اتحاد کی راہیں کچھ نہ کچھ ہموار ضرور ہو گئیں: چنانچہ ۹ فروری ۱۹۳۴ء کو یونان، رومانیا، ترکیہ اور یوگوسلاویا نے ایتھنز کے مقام پر معاہدۂ بلقان پر دستخط کر دیے۔ یہ امر قابل لحاظ ہے کہ بلقان کی چار طاقتوں کے

اس معاہدے میں البانیا کو شامل ہونے کی دعوت نہیں دی گئی اور بلغاریا نے اس کا رکن بننے سے انکار کر دیا۔ چند ماہ بعد (۳۰ اکتوبر تا ۲ نومبر ۱۹۳۴ء) انقرہ میں معاہدۂ بلقان پر دستخط کرنے والی چار طاقتوں نے اتحادِ بلقان (Balkan Entente) کی تنظیم کی؛ چنانچہ ایک مستقل کونسل اور ایک مشاورتی اقتصادی کونسل کا بطور اس کی مجالس منتظمہ کے، قیام عمل میں آیا۔ ان کونسلوں نے اس اتحاد سے فوائد حاصل کرنے کے بعض عملی اقدامات بھی کیے۔ یہ اتحادِ بلقان ھی کا اثر و نفوذ تھا کہ Montreux کانفرنس (منعقدۂ ۲۲ جون تا ۲۰ جولائی ۱۹۳۶ء) میں ترکیہ کی حمایت میں Convention of the Straits پر نظر ثانی کی گئی۔

۱۹۳۶ تا ۱۹۳۸ء کے دوران میں جب یورپ ایک زبردست سیاسی بحران سے دوچار ہوا تو بلقان کے ممالک پھر سیاسی ریشہ دوانیوں کی آماجگہ بن گئے۔ اطالیہ نے جرمنی کی شہ پر حبشہ پر حملہ کیا تو یہ گویا لیگ آف نیشنز League of Nations اور دیگر بڑی طاقتوں، مثلاً برطانیہ، فرانس اور روس کو ایک کھلا چیلنج تھا، نیز سپین میں بغاوت ہو جانے سے یورپ کی سیاسی صورت حال اور زیادہ مخدوش ہو گئی۔ اطالیہ اور جرمنی نے اتحادِ بلقان کو بالخصوص ختم اور ان کے فرانس اور مغربی یورپ کے ساتھ تعلقات منقطع کرانے کی کوشش کی۔ جرمنی ہر قیمت پر چیکوسلوواکیا کو دوسرے ممالک سے علیحدہ کرانے اور اسے تباہ کرنے اور رومانیا، یونان، ترکیہ، یوگوسلافیا اور بلغاریا کی حمایت حاصل کرنے پر تلا ہوا تھا۔

۲۴ جنوری ۱۹۳۷ء میں بلغاریا اور یوگوسلاویا کے درمیان ایک مستقل دوستی کا عہدنامہ طے پایا، چونکہ یہ عہدنامہ "اتحاد بلقان" کی اطلاع کے بغیر طے ہوا تھا۔ لہٰذا یوگوسلاویا کی حکمتِ عملی

marfat.com
Marfat.com

پر بہت اعتراضات کیے گئے اور یونان اور رومانیا کی حکومتوں کو اس سے سخت تشویش لاحق ہوئی۔ بہر حال ۱۵-۱۸ فروری ۱۹۳۷ء کو اتحادِ بلقان کا ایتھنز میں اجتماع ہوا، جس میں یورپ اور بلقان کی نئی صورت حال، نیز بلغاریا اور یوگوسلاویا کے معاهدے پر غور کیا گیا اور آخرکار اس معاهدے پر تسلی کا اظہار کیا گیا۔

جس طرح یوگوسلافیا نے اپنی مرضی سے بلغاریا سے معاهده کیا تھا اسی طرح اس نے اطالیه سے عسکری معاهده کر لیا، اس کے بعد ان دو ملکوں میں اقتصادی معاهده طے پایا۔ ان دونوں معاهدوں نے بلاشبهه اتحادِ بلقان کو ایک کاری ضرب لگائی۔ علاوه ازیں جرمنی کی اقتصادی حکمت عملی سے نه صرف بلقان کے ممالک بلکه برطانیه اور فرانس کی اقتصادی حالت اس قدر کمزور ہو گئی که اتحادِ بلقان کا ہر ملک اس اقتصادی اور سیاسی بحران سے بچنے کے لیے اپنے طور پر ہاتھ پاؤں مارنے پر مجبور ہو گیا۔ ۳۰ ستمبر ۱۹۳۸ء کے معاهدۂ میونخ کے باعث جب چیکوسلوواکیا کی محکومی پر دستخط ہو گئے تو اس سے Little Entente کا، جس کا چیکوسلوواکیا ایک اہم‌ترین رکن تھا، تباہ ہو جانا قدرتی تھا۔ اگرچه معاهدۂ میونخ کی وجه سے اتحاد بلقان کا خاتمه نه ہوا لیکن معاهدۂ میونخ اور بعد کے سیاسی حالات نے اسے ناقابل تلافی نقصان پہنچایا اور اس کے ٹوٹ جانے کے آثار یقینی ہو گئے۔ عہدنامۂ میونخ کے بعد جب دوسری عالمگیر جنگ کا آغاز ہوا تو نیشنل سوشلسٹ جرمنی نے بلقان کے علاقے کو پر امن طریقے سے فتح کرنے کی حکمت عملی پر عمل کرنا شروع کر دیا۔ رومانیا ۲۳ مارچ ۱۹۳۹ء کے اقتصادی معاهدے کی رو سے جرمنی کا محکوم بن چکا تھا، جب که بلغاریا، یوگوسلاویا اور یونان، نیز ترکیه بھی جرمنی کے اقتصادی دام میں پھنس چکے تھے۔ ایسا معلوم ہوتا تھا که بلقان کے یه تمام ممالک ایک دوسرے کی پروا کیے بغیر اپنی اپنی راه پر چلنے کا تہیه کر چکے تھے، گو اتحادِ بلقان بظاہر ابھی تک قائم تھا۔ ۲۰-۲۲ فروری ۱۹۳۹ء کو اتحاد بلقان کی کونسل کا بخارسٹ میں اجلاس ہوا، جس میں اتحاد کو قائم رکھنے پر بہت کچھ کہا سنا گیا، لیکن جرمنی کی اقتصادی اور سیاسی قوت نے یورپ کو جس بحران میں مبتلا کر دیا تھا اس کی وجه سے اس پر عمل نه ہونا تھا نه ہوا۔ اگرچه برطانیه اور فرانس نے پولینڈ کو ضمانت دینے (۳۱ مارچ ۱۹۳۹ء) کے بعد یونان اور رومانیا اور ترکیه کو جارحانه حملے کے خلاف ضمانت دینے کا اعلان کیا، لیکن اس سے اتحادِ بلقان کو کوئی فائده نه پہنچا۔ یه یاد رہے که یوگوسلاویا کو ایسی کوئی ضمانت نہیں دی گئی، غالباً اس کی وجه یه تھی که وه پہلے ہی سے جرمنی اور اٹلی کی محوری طاقتوں سے تین طرف سے گھرا ہوا تھا۔

آخر کار جب یکم ستمبر ۱۹۳۹ء کو جرمنی نے پولینڈ پر حمله کر کے جنگ کا آغاز کیا تو رفقاے "اتحادِ بلقان" نے ایک بار پھر متحد رہنے کا اقرار کیا، لیکن ہر ملک اندر سے اپنی انفرادی حکمت عملی پر گامزن رہنے کا فیصله کر چکا تھا۔ اتحادِ بلقان کی کونسل کا آخری اجلاس ۲-۴ فروری ۱۹۴۰ء کو بلغراد کے شہر میں منعقد ہوا۔ اس میں فیصله ہوا که اتحادِ بلقان کے ممالک کو آپس میں سیاسی اور اقتصادی طور پر متحد رہنا چاہیے اور جنگ سے دور اور آپس میں امن و آشتی سے رہنے کی کوشش کرنی چاہیے، نیز یه طے پایا که کونسل کا آئنده اجلاس فروری ۱۹۴۱ء میں ایتھنز میں ہوگا۔ آثار بتا رہے تھے که کونسل کے یه تمام فیصلے محض زبانی جمع و خرچ تھے اور انہیں

marfat.com
Marfat.com

عملی جامہ پہنانے کے لیے کوئی ملک بھی تیار نہ تھا؛ چنانچہ کونسل کا فروری ۱۹۴۱ء کا مجوزہ اجلاس کبھی منعقد نہ ہوا۔

۱۹۴۰ء کے موسم گرما میں رومانیا کے حصے بخرے کر دیے گئے، روس نے بس سربیا Bessarabia [رک بہ بجاث] اور Bukovina کے علاقے ہتیا لیے اور ہنگری Transylvania کے ایک حصے پر چڑھ دوڑا، جبکہ جرمنی کی فوجوں نے اندرون ملک پر قبضہ کر لیا - ۱۹۴۱ء کے موسم گرما میں رومانیا کی فوجوں نے جرمنی کی فوجوں کے ساتھ مل کر سوویٹ یونین میں چڑھائی کر دی - ۲۸ اکتوبر ۱۹۴۰ء کو اطالیہ نے یونان پر حملہ کر دیا، اور پھر اطالیہ اور جرمنی کی فوجوں نے مل کر یوگوسلاویا اور یونان دونوں کو فتح کر لیا - ترکیہ کم از کم کچھ عرصے کے لیے بے دست و پا ہو کے رہ گیا - اتحاد بلقان کے ممالک کے بلند بانگ دعووں کے باوجود وہ کبھی بھی جارحانہ حملے کا مل کر مقابلہ نہ کر سکے اور ایک ایک کر کے تمام ممالک جارحانہ حملوں کا شکار ہو گئے - اب ترکی و یونان کے سوا یہ ریاستیں روس کے زیر اثر ہیں اور میثاق وارسا میں شامل ہیں۔

[ادارہ]

* **بَلقلاوَہ**: [= بالِق لاوَہ]، تاتاری زبان میں بالق‌لاوہ (جس کے عوامی اشتقاقی معنی ماہی گیری (یا مچھلی پکڑنے کی جگہ) کے ہیں [جدید ترکی میں بھی یہ لفظ اسی مفہوم میں مستعمل ہے])۔ یہ کریمیا میں ایک چھوٹی سی بندرگاہ، جو بحیرۂ اسود کی ایک دور تک خشکی کے اندر آئی ہوئی کھاڑی پر جو سمندر سے نظر نہیں آتی، سواستوپول سے سولہ کیلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے۔

یونانی جغرافیہ‌دان (Strabo وغیرہ) اس شہر کو Palakion کے نام سے جانتے تھے، جو سمندری خلیج Συμβόγων λιήην پر واقع تھا - یہاں تورانی آباد تھے اور وہ اسے بطور بناہ‌گاہ کے بھی استعمال کرتے تھے - بعد میں یہ رومیوں اور بوزنطیوں کے زیر اقتدار آ گیا اور نویں صدی سے تیرھویں صدی تک روسیوں کے ساتھ ایک معمولی سی تجارت مبادلہ کا مرکز بنا رہا - یہاں ۱۳۶۰ء کے قریب اہل جنوآ آباد ہو گئے اور انھوں نے ایک رومن کیتھولک اسقفی (bishopric) قائم کی - ۱۳۸۰ء میں بوزنطہ نے کَفّہ (Feodosiya) تک کریمیا کا پورا مغربی ساحل ان کے حوالے کر دیا - اس وقت اس شہر کا نام سمبالو Cembalo (غالباً mbolon .. سے ماخوذ) تھا اور یہ بہت مضبوط و مستحکم تھا، چنانچہ اس کی دیواروں کے آثار انیسویں صدی تک دیکھنے میں آتے تھے - ۱۴۳۳ - ۱۴۳۴ء میں یہاں کے یونانی باشندوں نے اپنے آپ کو جنوآ والوں کی حکومت سے آزاد کرنے کی کوشش کی، لیکن ناکام رہے - ۱۴۷۵ء میں بَلقلاوہ کریمیا کے تاتاریوں کے ہاتھوں میں آ گیا، اور ۱۷۸۳ء تک انھیں کے قبضے میں رہا - یہ ان علاقوں کے ساتھ جو براہ راست ترکی سلطنت کے ماتحت تھے ان کی مملکت جنوبی کی حد بناتا تھا (قب محمد رضا، طبع کاظم بیگ، ص ۹۲، ایک تاریخ، تقریباً ۱۶۴۰ء کے ضمن میں) - اس زمانے میں اس شہر کی اہمیت محض تجارتی تھی - تاتاری لوگ، جو اس شہر میں رفتہ رفتہ آباد ہو گئے تھے، اس پر روسیوں کا قبضہ ہو جانے کے بعد (۱۷۸۳ء) اسے چھوڑ کر چلے گئے اور ان کی جگہ جزائر ایجئین سے یونانی آ کر یہاں بس گئے، جنھوں نے ۱۷۶۸ تا ۱۷۷۴ء کی جنگ میں روسیوں کا ساتھ دیا - ان لوگوں نے ۱۷۹۰ء سے لے کر ۱۸۵۹ء تک اپنا فوجی دستہ بنائے رکھا - جنگ کریمیا کے دوران میں ۲۵ اکتوبر ۱۹۰۴ء کو بَلقلاوہ کے قریب ایک لڑائی لڑی گئی - آج کل بَلقلاوہ ایک چھوٹا سا

marfat.com
Marfat.com

تجارتی شہر ہے جہاں اہم پیشہ ماہی گیری اور انگور کی بیلیں لگانا ہے۔

**مآخذ:** (۱) P. Köppen : *Krimskiy Sbornik*، سینٹ پیٹرزبرگ ۱۸۳۷ء، ص ۲۱۰ تا ۲۲۲ (ایک خاکے سمیت)؛ (۲) V. Smirnov : *Krimskoye Khanstvo..*، سینٹ پیٹرزبرگ ۱۸۸۷ء، بمدد اشاریہ؛ (۳) E. S. Zevakin و N. A. Penčko : *Iz istorii social'nikh otnosheniy v genuezskikh koloniyakh Sev. Pricernomorya v XV veke*، در *Istoričeskiye Zapiski*، ۱۹۳۰ء، شمارہ ۷؛ (۴) Brockhaus Yefron : *Enciklopedičeskiy Slovar*، ج ۴ (II A)، سینٹ پیٹرزبرگ ۱۸۹۱ء، ص ۸۳۷ ببعد؛ (۵) *Bol' shaya Sovetskaya Enciklopediya*، طبع ثانی، ۴ (۱۹۵۰ء): ۱۰۲ ببعد؛ قدیم زمانے میں بلقلاوہ کے لیے قب Pauly-Wissowa، ج ۱۸ / ۲ (۱۹۴۲ء): عمود ۲۴۹۸ (از Ernst Diehl) و سلسلۂ ثانی ج ۴ الف، ۱ (=۷)، (۱۹۳۱ء): عمود ۱۰۹۷ (از E. Oberhummer مع محلّ وقوع پر مکمل بحث) بلقلاوہ پر اہل جنوآ کی حکومت کے لیے قب B. Spuler : *Die Goldene Horde*، لائپزگ ۱۹۴۳ء، ص ۲۴۰ ببعد، ۲۶۷ ببعد (مع مزید مآخذ کے حوالجات)۔

(B. SPULER)

* **بِلْقِیس**: با اور قاف کی زیر کے ساتھ، لیکن بعض اوقات با پر زبر بھی پڑھی جاتی ہے [= بَلْقِیس]۔ (بعض علماے لغت کا خیال ہے کہ یہ لفظ اصل کے لحاظ سے عبرانی ہے اور معرّب ہونے سے پہلے بَلْقِیس (بفتح با) تھا، مگر معرب ہونے کے بعد بِلْقِیس (بکسر با) پڑھا جانے لگا)، ایک خوبصورت اور ذہین عورت کا نام جو مُلکِ سبا کی ملکہ تھی (قب تاج العروس، فرہنگ آنندراج، بذیل مادّہ)۔ عرب علماے لغت اور مفسرین کا خیال ہے کہ اس کا باپ شَراحِیل بن مالک سرزمین یمن کا بادشاہ تھا۔ [بلقیس کے باپ کے نام میں اختلاف ہے، الزرکلی نے الہدہاد بن شرحبیل لکھا ہے (الاعلام، بذیل مادّہ)؛ ابن حزم نے ایلی اشرح (بعض کے ہاں الیشرح)، اور ساتھ ہی لکھا ہے کہ ان کے انساب میں الجھن بھی ہے اور اختلاف رائے بھی، نیز ان کے انساب اور حالات کے متعلق بہت کم باتیں درست ہیں (جمہرۃ انساب العرب، ص ۴۳۹) ۔ وہ شاہانِ یمن کے تُبّع خاندان سے تھی]۔

''عہد قدیم'' میں ملکۂ سبا کا مختصر تذکرہ نام لیے بغیر ملتا ہے جب وہ حضرت سلیمان علیہ السلام کی نبوت کا ذکر سن کر تحفے لیے جلوس کی شکل میں یروشلم میں داخل ہوتی ہے اور ان سے سوالات کرتی ہے اور وہ ہر بات کا تسلّی بخش جواب دیتے ہیں ۔ ملکۂ سبا حضرت سلیمانؑ کے خدام و مصاحبین اور جاہ و حشم سے متأثر ہوتی ہے اور ان کی حکمت اور ان کے پروردگار کی عظمت کی قائل ہو جاتی ہے اور پھر حضرت سلیمانؑ اسے عطیات اور تحائف دیتے ہیں اور وہ اپنے خدام کے ساتھ اپنے وطن لوٹ جاتی ہے (قب الکتاب المقدس، ملوک اول، باب ۱۰، آیات ۱ تا ۱۰ و ۱۳)۔

ملکۂ بلقیس ان تاریخی شخصیات میں سے ہے جن کا نام لیے بغیر قرآن مجید نے ذکر کیا ہے جیسے عزیز مصر کی بیوی زلیخا (''اِمْرَاَتُ الْعَزِیْزِ'' ۱۲ [یوسف]: ۳۰) یا فرعون کی بیوی آسیہ (''اِمْرَاَتُ فِرْعَوْنَ'' ۶۶ [التحریم]: ۱۱)۔ قرآن کریم نے ملکۂ سبا (بلقیس) کا قصہ بڑے اختصار اور جامعیت کے ساتھ بیان کیا ہے (۲۷ [النمل]: ۲۲ تا ۴۴) بعد میں مسلم مفسرین نے اسرائیلیات اور دیگر روایات کی بنیاد پر اس قصّے کی مختلف تفاصیل بیان کی ہیں ۔ قرآن کریم نے ملکۂ بلقیس کی جو تصویر ہمارے سامنے پیش کی ہے اس سے وہ ایک اعلٰی درجے کی ذہین، مدبّر اور دور اندیش حکمران خاتون ہونے کے ساتھ ساتھ تواضع اور خوش خوئی

Marfat.com

سے بھی متصف نظر آتی ہے ۔ پرندہ ھُدھُد حضرت سلیمان علیہ السلام کے پاس ملک سبا کے بارے میں یقینی خبر لے کر آتا ہے اور بتاتا ہے کہ اس ملک پر ایک عورت حکمران ہے اور وہ سب اللہ کو چھوڑ کر سورج کی پرستش کرتے ہیں، یہ لوگ بڑے خوش‌حال ہیں اور ان کی ملکہ کے پاس سب کچھ موجود ہے اور اس کے پاس ایک بہت بڑا تخت ہے (مسلم مفسرین کے بیان کے مطابق یہ تخت سونے کا بنا ہوا تھا جو تیس ضرب تیس گز لمبا چوڑا اور تیس گز ھی بلند تھا، پائے قیمتی جواھرات اور سرخ و سبز یاقوت کے تھے، قب روح المعانی، ۱۹ : ۱۹۰؛ الکشاف، ۳ : ۳۶۰) ۔ حضرت سلیمان علیہ السلام ھُدھُد کو ایک خط لکھ کر دیتے ہیں، جس میں ملکۂ سبا اور اس کی قوم کے لوگوں کو دعوت اسلام دی جاتی ہے ۔ پرندہ یہ خط حسب حکمِ سلیمانی ملکہ کی خوابگاہ میں ڈال دیتا ہے جس کے تمام دروازے اور کھڑکیاں اندر سے مقفل تھیں ۔ ملکہ اس خط کو اپنی خوابگاہ میں دیکھ کر حیرت میں پڑ جاتی ہے کہ یہ اندر کس طرح پہنچ گیا ؟ اس موقع پر ملکہ اپنے انتہائی حزم و احتیاط اور کمال دوراندیشی کا ثبوت دیتی ہے اور اپنے مصاحبوں سے مشورہ لیتی ہے اور اگرچہ وہ سب اپنی طاقت و شجاعت کے گھمنڈ میں جنگ کا مشورہ دیتے ہیں لیکن ملکہ پہلے پر امن طریق سے اس مسئلے کو حل کرنے کا عزم کرتی ہے اور ایک پتے کی بات یہ کہتی ہے کہ جنگ میں شکست کی صورت میں مفتوحین کو تباھی اور ذلت سے دو چار ہونا پڑتا ہے (قب مفاتیح الغیب، ۶ : ۳۴۳؛ الکشاف، ۳ : ۳۶۴؛ روح المعانی، ۱۹ : ۱۹۴) ۔ ملکہ یہ جانچنے کے لیے کہ آیا سلیمان علیہ السلام کی دعوت نبوت سچی ہے یا نہیں، بڑے قیمتی تحائف بھیجتی ہے، جن میں سونا، چاندی، جواھرات کے علاوہ لڑکیوں کے لباس میں پانچ سو غلام بھی تھے ۔ حضرت سلیمان ؑ لونڈیوں اور غلاموں میں تمیز کرنے اور تحائف کو مسترد کر دینے کے علاوہ ایسے عظیم الشان لشکر کے ذریعے چڑھائی کی دھمکی بھی دیتے ہیں جس کی ان لوگوں میں قوتِ مقاومت نہیں ہوگی (الکشاف، ۳ : ۱۶۵ تا ۱۶۶؛ روح المعانی، ۱۹ : ۱۹۹) ۔ مفسرین کا خیال ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کو بذریعۂ وحی یہ علم ہو چکا تھا کہ ملکۂ سبا بغرض آزمائش آنیوالی ہے، چنانچہ اعجازِ ربّانی سے اسے لاجواب کرنے کے لیے اس کا تخت منگوانا چاہا جسے وہ سات مقفل دروازوں میں محفوظ کر کے ان کے پاس روانہ ہوئی تھی ۔ ایک زورآور جن (عِفریتٌ مِّنَ الجِنِّ) نے جو قوت و اعانت سے بھی متصف تھا، حضرت سلیمان ؑ کے اپنی جگہ سے اٹھ کھڑے ہونے کی دیر میں تخت حاضر کرنے کو کہا، مگر ان کے وزیر آصف بن برخیا نے (جس کے پاس علم الکتاب، یعنی اللہ کا اسم اعظم یا روحانی قوت تھی) آنکھ جھپکنے کی دیر میں لا دینے کو کہا (الکشاف، ۳ : ۳۶۷) ۔ بہر حال ملکہ سے پہلے ھر ممکن تیزی کے ساتھ اس کا تخت لایا گیا اور بطورِ آزمائش اس کی شکل میں کچھ تبدیلی کر دی گئی ۔ ذھین و زود فہم ملکہ امتحان میں پوری اتری اور اعتراف کیا کہ ھم تو آپ کی عظمت اور دعوتِ توحید کو پہلے ھی معلوم کر کے مسلمان ہو چکے تھے اور یوں حضرت سلیمان علیہ السلام نے اسے اور اس کی قوم کو غیر اللہ کی پرستش سے روک دیا ۔

ملکۂ بلقیس کی آمد سے پہلے سلیمان علیہ السلام نے جنّات کو سفید شیشے کا صاف و شفّاف محل تعمیر کرنے کا حکم دیا اور محل کے نیچے سے پانی جاری کرا دیا جس میں ھر قسم کے آبی جانور تیرتے ہوئے نظر آنے لگے ۔ حضرت سلیمان

marfat.com
Marfat.com

علیه السلام نے ملکه کو اس محل میں داخل ہونے کو کہا، مگر وہ پانی کو دیکھکر گھبرا گئی که شاید یه گہرا پانی ہے (اور شاید سلیمان[ع] مجھے بطور سزا اس میں غرق کرنا چاہتے ہیں)، مگر سلیمان علیه السلام نے کہا که یه تو ایک محل (صرح ممرد من قواریر) ہے جو شیشے سے ہموار بنایا گیا ہے (قب الکشاف، ۳ : ۳۷۰؛ روح المعانی، ۱۹ : ۲۰۸).

بعض روایات کے مطابق حضرت سلیمان علیه السلام نے ملکۂ بلقیس سے شادی کر لی اور اسے اسی ملک پر بطور حکمران برقرار رکھا، اس سے محبت کرتے، ہر ماہ ایک دفعه اس سے ملنے کے لیے جاتے، اس سے اولاد بھی ہوئی اور جنّات کو حکم دے کر سیلحین اور غمدان کے محل نما قلعے بھی اس کے لیے تعمیر کروائے (قب الکشاف، ۳ : ۳۷۰؛ الصحاح، تحت مادۂ غمد)، مگر بعض روایات کی رو سے ملکه کی مرضی کے مطابق ہمدان کے بادشاہ کے ساتھ اسے بیاہ دیا اور یمن کا اقتدار بھی اسے ہی سونپ دیا اور ایک زوبعه نامی جن اس کی اطاعت میں دے دیا (الکشاف، ۳ : ۳۷۰).

مآخذ : (۱) القرآن (۲۷ : ۲۰ تا ۴۴)؛ (۲) الزمخشری : الکشاف؛ (۳) الرازی : مفاتیح الغیب؛ (۴) الآلوسی : روح المعانی، ج ۱۹، مصر؛ (۵) البیضاوی : انوار التنزیل و اسرار التأویل؛ (۶) الخفاجی : حاشیه علی البیضاوی؛ (۷) محمد علی لاہوری : بیان القرآن، لاہور ۱۳۴۲ھ؛ (۸) تاج العروس، بذیل مادّہ؛ (۹) فرہنگ آنندراج، بذیل مادّہ؛ (۱۰) الکتاب المقدس (ملوک اول، باب ۱۰، آیات ۱ تا ۱۰ و ۱۳)؛ [(۱۱) الزرکلی : الاعلام، بذیل مادہ، بالخصوص مآخذ].

(ظہور احمد اظہر [و ادارہ])

**بُلقین** : رک به قین.

* **البُلقینی** : مصری علما کا ایک خاندان جو نسلاً فلسطینی تھا اور جس کا جد امجد صالح الغریبه کے علاقے میں بُلقینة کے مقام پر آباد ہوگیا تھا.

(۱) عمر بن رسلان بن ناصر بن صالح، سراج الدین، ابو حفص الکنانی. ۱۲ شعبان ۷۲۴ھ/۴ اگست ۱۳۲۴ء کو پیدا ہوا اور ۱۰ ذوالقعدہ ۸۰۵ھ/ یکم جون ۱۴۰۳ء کو فوت ہوا - قاہرہ میں اپنے زمانے کے مشہورترین علما سے تعلیم حاصل کی، جن میں ابن عقیل [رک بآن] بھی شامل تھا جس کی بیٹی سے اس نے شادی کی اور ۷۵۹ھ/ ۱۳۵۸ء میں جب ابن عقیل ایک قلیل مدت کے لیے قاضی القضاۃ کے عہدے پر فائز ہوا تو اس نے اس کے نائب کے فرائض سر انجام دیے - ۷۶۵ھ/ ۱۳۶۳ء میں وہ دارالعدل میں مفتی مقرر ہوا تو اس نے اپنے عہد کے سب سے نامور فقیه کی حیثیت سے شہرت حاصل کی (قب ابن خلدون : مقدمة، باب ۶، فصل ۷؛ [Quatremere، ۳ : ۸])، لیکن ایک قلیل عرصے کے علاوہ جب ۷۶۹ھ / ۱۳۶۷ - ۱۳۶۸ء میں اسے دمشق میں شافعی قاضی القضاۃ مقرر کیا گیا تھا، (یه دور اس کا اپنے استاد تاج الدین السبکی کا حریف ہونے کی وجه سے قابل ذکر ہے) اسے کبھی قاضی القضاۃ کا منصب حاصل نہیں ہوا، البته اس سے کمتر درجے کے منصب، یعنی قاضی عسکر کے عہدے پر (جو آمدنی کے اعتبار سے بہت فائدہ بخش تھا) فائز کیا گیا- معلمی کی متعدد اسامیاں اس کے علاوہ تھیں- زندگی کے آخری ایام میں اسے شیخ الاسلام کا خطاب دے کر اعزاز بخشا گیا- یه اعزاز قاضی القضاۃ کے مساوی یا اس سے بھی بلند تصور کیا جاتا تھا- بعض لوگوں کی نظر میں وہ آٹھویں صدی [ہجری] کا مجدد تھا- اپنے وسیع علم کے باوجود وہ اپنی کوئی تصنیف مکمل نہیں کر سکا [لیکن قب الزرکلی : الاعلام، ۵ : ۲۰۵]. محاسن الاصطلاح پر ایک رسالے کے علاوہ شافعی فقه پر ایک نامکمل کتاب التدریب بھی اس کی

marfat.com
Marfat.com

یادگار ہے ۔ وہ ہرات میں بہاءالدین قراقوش میں خاندانی مدرسے کا بانی تھا۔

مآخذ: (۱) السخاوی: الضوء اللامع، ۵: ۸۵ تا ۹۰، ۱۰۸۲؛ (۲) ابن تغری بردی: النجوم (طبع Popper)، ج ۵ (طبع قاہرہ، ج ۱۲)، اشاریہ ۶، ۱۵۶؛ (۳) المنہل الصافی، اشاریہ از Wiet، شمارہ ۱۷۲۳ (مع خاندانی شجرہ و اضافی مآخذ)؛ (۴) ابن حجر: الدرر الکامنۃ، ۲: ۲۹۷، ۴۲۷؛ (۵) السیوطی: حسن المحاضرۃ، ۱: ۱۴۸ (۱۳۵)؛ (۶) براکلمان، ۲: ۹۳؛ تکملہ، ۲: ۱۱۰؛ (۷) ابن حجر: انباء الغمر (برٹش میوزیم مخطوطہ Add. ۷۳۲۱)، ص ۱۴۳ راست و چپ؛ [(۸) الزرکلی: الاعلام، ۵: ۲۰۵].

(۲) بدر الدین محمد بن عمر (۷۵۷ھ/۱۳۵۶ء تا ۷۹۱ھ/۱۳۸۹ء)، نمبر (۱) کا سب سے بڑا بیٹا جو ۷۷۹ھ/۱۳۷۷ء میں قاضی عسکر اور مفتی دارالعدل کے عہدوں پر اس کا جانشین ہوا۔

مآخذ: -(۱) ابن حجر: الدرر الکامنۃ، ۴: ۱۰۵؛ (۲) Wiet، شمارہ ۲۲۸۸ اس کا بیٹا تقی الدین محمد؛ (۳) الضوء اللامع، ۱۰: ۱۷۱؛ (۴) Wiet، شمارہ ۲۳۵۰ اور پوتا ولی الدین احمد قاضی دمشق؛ (۵) النجوم، ۷: ۵۴۵؛ (۶) الضوء اللامع، ۲: ۱۸۸؛ (۷) السیوطی: نظم العقیان (طبع Hitte) ص ۹۰۔

(۳) جلال الدین عبدالرحمن بن عمر (۷۶۳ھ/۱۳۶۲ء تا ۸۲۴ھ/۱۴۲۱ء) - ۷۹۱ھ/۱۳۸۹ء میں قاضی عسکر کے عہدے پر اپنے بھائی محمد کا جانشین ہوا ۔ وہ انتہائی پر شکوہ زندگی بسر کرتا تھا ۔ تین سو مملوک اس کے عملۂ خدام میں شامل تھے ۔ ۸۰۴ھ/۱۴۰۱ء میں اسے شافعی قاضی القضاۃ کا منصب حاصل ہوا جس پر وہ اپنی وفات تک وقفوں کے ساتھ فائز رہا۔

مآخذ: (۱) السخاوی: الضوء اللامع، ۴: ۱۰۶ تا ۱۱۴؛ (۲) ابن تغری بردی: النجوم، ۶: ۵۴۸ تا ۵۴۹ و اشاریہ؛ (۳) Wiet شمارہ ۱۳۸۱؛ (۴) القلقشندی: صبح الاعشی، ۹: ۱۸۰ - قرآن و فقہ پر اس کی جو تصنیفات ابھی تک موجود ہیں ان کے لیے دیکھیے: (۵) براکلمان، ۲: ۱۱۲؛ تکملہ، ۲: ۱۳۹؛ (۶) اس کے بیٹے تاج الدین محمد قاضی العسکر کے لیے: النجوم، ۷: ۳۶۱؛ (۷) الضوء اللامع، ۷: ۲۹۴ تا ۲۹۵؛ (۸) السیوطی: نظم العقیان، ص ۱۵۱؛ (۹) Weit، شمارہ ۲۱۸۰ اور زین الدین قاسم ناظر الجوالی؛ (۱۰) الضوء اللامع، ۵: ۱۸۱-۱۸۲؛ ۷: ۲۹۵؛ (۱۱) Wiet، شمارہ ۱۸۰۷؛ (۱۲) ابن حجر، انباء الغمر، برٹش میوزیم، اورینٹل ۵۳۱۱: ۱۰۵ الف، ۲۳، ۳۳۰، ۱۰۶ الف، ۶، Add. ۷۳۲۱، ۲۵۸ الف و ب؛ [(۱۳) ابن فہد: لحظ الالحاظ؛ (۱۴) ابن العماد: شذرات الذہب، ۷: ۱۶۶؛ (۱۵) الزرکلی: الاعلام، ۴: ۹۳].

(۴) صالح بن عمر، عَلَم الدین، ابوالبقاء ۷۹۱ھ/۱۳۸۹ء تا ۸۶۸ھ/۱۴۶۴ء (۱) کا سب سے چھوٹا بیٹا جو ۸۲۵ھ/۱۴۲۲ء سے اپنی وفات تک آٹھ بار قاہرہ میں شافعی قاضی القضاۃ کے عہدے پر فائز رہا ۔ کئی مدرسوں میں معلم اور خانقاہ بیبرسیہ کا ناظر رہا ۔ فقہ میں وہ السخاوی اور السیوطی کا استاد تھا۔ اپنے والد کے فتاوی اور مبہمات کی تالیف اور اس کی کتاب التدریب کی تکمیل اور اس کی سوانح عمری تصنیف کرنے کے علاوہ اس نے ایک تفسیر اور حدیث و فقہ پر دوسری کتابیں بھی تصنیف کیں۔

مآخذ: (۱) السخاوی: الضوء اللامع، ۳: ۳۱۲ تا ۳۱۴، ۴: ۴۰ (اس کے بھائی ضیاء الدین عبدالخالق کی سوانح عمری)؛ (۲) ابن تغری بردی: النجوم، ۷: ۹۲۷ تا ۹۳۷ و اشاریہ؛ (۳) Wiet، شمارہ ۱۱۹۷؛ (۴) السیوطی: حسن المحاضرۃ، ۱ تا ۲۰۵ (۱۸۹)؛ (۵) وہی مصنف: نظم العقیان، ص ۱۱۹؛ (۶) براکلمان، ۲: ۹۶؛ تکملہ، ۲: ۱۱۴ تا ۱۱۵؛ [(۷) الزرکلی: الاعلام، ۳: ۲۷۹].

(۵) ابوالسعادت بدرالدین، محمد بن (تاج الدین) معتضد بن عبدالرحمن، ۸۱۹ھ/۱۴۱۷ء یا ۸۲۱ھ/

marfat.com
Marfat.com

۱۴۱۹ء تا ۸۹۰ھ / ۱۴۸۵ء (۳) کا پوتا جو اپنے چچا صالح کا نائب رہا اور ۸۵۵ھ / ۱۴۵۱ء میں اپنے والد کی وفات پر اس کی جگه قاضی العسکر مقرر ہوا اور ۸۷۱ھ/ ۱۴۶۶ء میں شافعی قاضی القضاۃ کا عہدہ حاصل کیا، لیکن اس عہدے پر وہ صرف چار ماہ تک فائز رہا اور اپنی فضول خرچیوں سے اس نے اپنے خاندان کو بہت بدنام کیا۔

مآخذ : (۱) السخاوی : الضوء اللامع، ۹ : ۹۵ - ۱۰۰؛ (۲) ابن تغری بردی : النجوم، ۷ : ۴۳۲؛ (۳) ابن ایاس (طبع Khale) ۳ : ۲۱۱؛ اس کے بھائی علاء الدین علی کے لیے دیکھیے : (۴) الضوء اللامع، ۵ : ۳۱۰؛ اور شہاب الدین احمد کے لیے : الضوء اللامع، ۲ : ۱۱۹ ان کے بیٹوں کے لیے الضوء اللامع، ۳ : ۲۸، ۶ : ۱۰۲، ۷ : ۲۰۔

نمبر (۱) کے عم زاد بھائیوں ابو بکر بن رسلان اور محمد بن مظفر بن ناصر کی نسل سے جو ضمنی شاخیں پیدا ہوئیں ان کے تصرف میں المحله اور اسکندریه وغیرہ کے قاضی کے عہدے رہے، دیکھیے : (۱) شجرہ در Wiet، شمارہ ۱۷۲۳ (جس کا تکمله مندرجۂ بالا طریق سے کیا جا سکتا ہے) اور (۲) السخاوی : الضوء اللامع، ۱ : ۲۰۳، ۳ : ۲۲۸، ۲۳۲، ۶ : ۲۹۶، ۸ : ۶۲۔

(H. A. R. Gibb)

* بَلَک : نور الدّوله بَلَک بن بَہرام بن اُرتُق، اوّلین اُرتُقیوں میں سے تھا اور زیادہ‌تر ایک بہادر سپاہی کی حیثیت سے مشہور ہے - تاریخ میں وہ پہلی مرتبه ۴۸۹ھ/ ۱۰۹۶ء میں وسطی فرات پر واقع سَروج کے کماندار کی حیثیت سے آتا ہے۔ یه علاقه صلیبی جنگجوؤں نے اگلے سال اس سے چھین لیا اور جب اس کے چچا ایلغازی کو سلطان محمد نے عراق کا گورنر مقرر کیا تو وہ اس کے ساتھ چلا گیا۔ اس کے بعد کے برسوں میں عانه اور حَدیثه کے چھوٹے شہروں کے لیے عربوں کے خلاف ناکام جنگ کرتا ہوا یا بغداد - ایران سڑک کو کردوں اور ترکمانوں کے حملوں سے بچاتا ہوا دکھائی دیتا ہے - ۴۹۸ھ/ ۱۱۰۵ء میں ایلغازی کی معزولی پر اس کے ساتھ دیار بکر چلا گیا، جو ان لوگوں کا خاندانی مستقر تھا - ۱۱۱۰ء میں وہ اس کے ساتھ شام کی مہم پر چلا گیا - اس مہم میں اَخلاط کے سُقمان (= سُکمان) القطبی نے بھی حصه لیا۔ ایلغازی اور سُقمان میں لڑائی ہو گئی تو سُقمان اسے قیدی بنا کر اپنے ساتھ لے گیا، لیکن سُقمان کے مر جانے پر وہ جلد ہی آزاد کر دیا گیا اور ۱۱۱۳ء میں ترکمان رئیس جَبَک کی موت سے فائدہ اٹھا کر اس نے مشرقی فرات (= مراد صُو) پر واقع پالُو پر قبضه کر لیا۔ مَلَطْیَه کے نوجوان سلجوقی شاهزادے طُغرل اَرسلان کی ماں شاہ بیگم نے، جسے قونیه کے سلجوق مسعود کے خلاف کسی معاون و محافظ کی ضرورت تھی، بَلَک سے شادی کر لی اور اُسے نوجوان شاهزادے کا اتابک (اتالیق) مقرر کر دیا - اس اتحاد سے بلک کو اتنی قوّت حاصل ہو گئی که اس نے بلک خَنْزِت پر مع اس کے قلعۂ خَرت پِرت کے، جو بعد ازاں اس کا بڑا مستقر بنا رہا، قبضه کر لیا (تقریباً ۱۱۱۵ء) - اس نے شمال میں مِنگُوجِک کے علاقے پر جو دست درازیاں کیں ان کی وجه سے مؤخّر الذکر اور اس کے اتحادی گَورَس Gavras سے، جو طرابزون کا بوزنطی ڈیوک تھا، لڑائی میں الجھ گیا۔ دانشمندی گوموشتکین کی مدد سے اس نے انہیں سخت ہزیمت دی (۱۱۱۸ء) اور مراد صُو کے دائیں جانب کی چھوٹی چھوٹی معاون وادیوں کو شمشکزک اور مزگرد تک اپنی ریاست میں شامل کر لیا - اسی دوران میں اس کے زیرِ نگرانی شهزادے طُغرل اَرسلان نے الرّہا (Edessa) کے فرینکوں کے ارمن

Marfat.com

باجگزاروں سے مرعش کی طرف مجہان کا صوبہ چھین لیا - ۵۱۶ھ/۱۱۲۲ء میں اس نے فرات کے کنارے پر واقع جرجراہ (گرگر) پر حملہ کر دیا - اور یکے بعد دیگرے پہلے الرہا کے کاؤنٹ جوشلن Joscelin اور اس کے بعد بیت المقدس کے شاہ بالڈون Baldwin ثانی کو، جو جوشلن کی مدد کے لیے آیا تھا، گرفتار کر کے فوجی ناموری حاصل کی - ایلغازی کی وفات پر، جو اس وقت تک حلب کا مالک بن چکا تھا، اس شہر میں ایک گروہ کی رائے یہ تھی کہ ایلغازی کے کاہل الوجود بیٹے بدرالدولہ سلیمان کے مقابلے میں بلک فرینکوں کا مقابلہ کرنے کے لیے زیادہ موزوں رہے گا؛ چنانچہ بلک جانشینی کا دعوےدار بن گیا اور لوٹ مار اور چالاکی سے شہر پر قبضہ کر کے فورًا اورنٹس Orontes کے مشرق میں فرینکوں کے علاقے پر حملہ کر دیا - اس کے بعد اسے اطلاع ملی کہ خرت پرت کے فرینک قیدیوں نے مقامی رومنوں کے ساتھ مل کر بغاوت کر دی ہے اور قلعے پر قبضہ کر لیا ہے - اس نے فورًا ہی ادھر کا رخ کیا اور قلعے کو از سرِ نو فتح کر کے تمام قیدیوں کو تہ تیغ کر دیا، جوشلن اور بالڈون کے سوا، جن میں سے پہلا تو بچ کر نکل گیا اور دوسرے کو اس نے بطور یرغمال کے اپنے پاس روک لیا - ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس کی غیر حاضری میں حلب کے شیعوں نے اس کی سیادت کو ختم کرنے کی کوشش کی، چنانچہ اس نے ان کے خلاف اقدام کیا اور ان کے سردار ابن الخشّاب کو شہر بدر کر دیا - حلب پر اپنے قبضے کو زیادہ مضبوط کرنے کے لیے اس نے منبج کے ضرورت سے زیادہ خود مختار ترکی گورنر پر حملہ کر دیا - اس نے جوشلن سے مدد مانگی - بلک نے جوشلن کو تو شکست دے دی لیکن محاصرے کے دوران میں وہ ایک تیر لگنے سے ہلاک ہو گیا (۵۱۸ھ/۱۱۲۴ء) - اس کے مرنے پر خرت پرت اس کے چچا زاد بھائی داؤد کے قبضے میں چلا گیا، جس کے بیٹے نے بلک کی بیٹی اور واحد جانشین سے شادی کر لی۔

بلک کو دنیا اس کی جنگجویانہ مہمات کے سوا کسی اور حیثیت سے نہیں جانتی - اس کے متعلق مزید جو کچھ کہا جا سکتا ہے وہ یہ ہے کہ اس نے دشمنوں کے علاقوں پر اپنی غارت گریوں کے اثر کو اس طرح کم کیا کہ ایک جگہ کے کسانوں کو جبرًا دوسری جگہ آباد کیا اور ان کسانوں نے مقبوضہ زمینوں کو از سرِ نو پیداوار کے قابل بنا دیا - گو بنیادی طور پر وہ پھر بھی ایک ترکمان سردار ہی تھا، لیکن ایک حیرت انگیز خصیت کا مالک تھا اور اسی وجہ سے زندگی کے آخری دنوں میں اس کا شمار صلیبیوں کے خلاف اسلامی دفاع کو از سرِ نو زندگی دینے والوں کی صف اول میں ہوتا ہے۔

**مآخذ**: مآخذ وہی ہیں جو زیر بحث زمانے میں شام اور عراق عرب کی عام تاریخ کے مآخذ ہیں اور زیادہ خصوصیت کے ساتھ، عراق کے لیے: (۱) ابن الاثیر؛ بالائی عراقِ عرب کے لیے: وہی مصنف نیز (۲) ابن الازرق (غیر مطبوعہ)؛ شام کے لیے: (۳) ابن القلانسی؛ اور (۴) ابن ابی طَیّ (در ابن الفرات، غیر مطبوعہ)، ان کے علاوہ صلیبی جنگوں کے فرینک مصنف؛ (۵) Orderic Vitalis، (طبع le Prévost)؛ (۶) الرہا کا ارمنی Matthew اور (۷) شامی میکائیل (طبع و ترجمۂ شابو Chabot) - عہد حاضر کی تصانیف میں دیکھیے: صلیبی جنگوں کے مصنفین، بالخصوص (۸) Grousset، ج ۱؛ (۹) C. Cahen: *Syrie du Nord a, l'epoque des Croisades* (مع مطالعۂ مآخذ) اور اسی عالم کی (۱۰) *Diyar Bakr au temps des premiers Urtukides*، در *JA*، ۱۹۳۵ء؛ نیز دیکھیے: (۱۱) J. Sauvaget: *La tombe de l'Artukide Balak*، در *Ars Islamica*، ج ۲، ۱۹۳۸ء.

marfat.com
Marfat.com

نیز رک بہ اَرْتَقیہ.

(CL. CAHEN)

* بُلْکار :[= بُلْکَر]، رَكْ بہ بُلْکر و قفقاز.

* بَلْکَر : وسطی قفقاز کی ایک مسلم قوم، جس کی اصل متضاد قیاس آرائیوں کا موضوع بن گئی ہے - بعض مفروضوں کے مطابق یہ بُلغار کے اخلاف ہیں، جنھیں بارھویں تیرھویں صدی میں پہاڑوں کی طرف دھکیل دیا تھا، ایک اور قول یہ ہے کہ ان کے آبا و اجداد خَزَر تھے، جو گیارھویں صدی میں بالائی تِیرِک کی طرف پسپا کر دیے گئے تھے - آخر میں بعض کے نزدیک بَلْکَر آئیبری قفقازی بلکہ فن لینڈ کے لوگ ہیں، جنھوں نے ترک قومیت اختیار کر لی - بَلْکری روایات میں کہا گیا ہے کہ ان کے آبا و اجداد کو، جو کسی وقت کوبان Kuban کے لق و دق میدانوں میں رہتے تھے، چرکس قبیلوں (اَدیغ) نے پہاڑوں کی طرف دھکیل دیا، جہاں سے خود انھوں نے اوست Osset قبائل کو بھگا دیا یا جُزوی طور پر اپنی قوم میں جذب کر لیا.

۱۹۳۶ء سے پہلے قفقاز کے بڑے سلسلۂ کوہ کی شمالی ڈھلانوں پر بَلْکر کا وطن مغرب میں اَلبُرز [رَكْ باں] اور مشرق میں اوست Osset کے علاقے کے درمیان تِیرِک ندی کے معاونوں کی وادیاں تھیں - بلکر (جن کی تعداد ۱۹۲۶ء میں ۳۳۳۰۷، جن میں سے فقط دو فی صد شہروں میں آباد تھے، اور ۱۹۳۹ء میں ۴۲۶۶۶ تھی) پانچ قبیلوں میں منقسم ہیں.

سولھویں صدی میں بلکر کو کَبَرْد قوم نے مغلوب کر لیا، جس کے بعد انھوں نے اپنے آقاؤں کے جاگیرداری نظام کی نقل کرتے ہوے انھیں کی مادی تہذیب کے طور طریقے اختیار کر لیے- یہ نظام روسی فتح تک عملاً بجنسہ بر قرار رہا - اور اس میں یہ پانچ طبقے تھے : (۱) شہزادے یا "تَوبی" Tawbii (یہ ادیغ کے Psha کے مشابہ تھے ؛ (۲) اُمرا یا اُزْدِن (ادیغوں میں : یورخ uorkh)؛ (۳) آزاد کاشتکار یا کَراکِش (ابازہ میں: tl'fakashaw)؛ (۴) نیم غلام کسان جن سے بیگار لی جاتی تھی اور جو چقار Čagar کہلاتے تھے (کَبَرد میں اوغ og) اور (۵) غلام یا کَرَنْخ (کَبَرد میں: اُنوت).

بلکر میں اٹھارھویں صدی کے اختتام پر کریمیا کے تاتاریوں اور کوبان کے نوغائیوں نے سنّی حنفی مذھب رائج کیا، لیکن بیسویں صدی کے آغاز میں بھی اسلام سے پہلے کے آثار (مسیحیت اور مظاھر پرستی) موجود تھے.

تِیرِک کی معاون ندیوں کی بلند وادیوں پر روسی نفوذ اٹھارھویں صدی کے اواخر میں شروع ہو کر ۱۸۲۷ء میں اس وقت تکمیل کو پہنچا جب انھوں نے بلکر کا علاقہ فتح کر لیا، لیکن اَدیغ (Adighs) کی طرح یہاں بعد میں دیہی نو آبادیاں نہیں بسائی گئیں - روسی حکمران اسے ترجیح دینے کے حق میں تھے کہ کومیک، اوست Osset اور پہاڑوں میں رہنے والے یہودیوں کو بلکر علاقے کے وسط میں آباد کر دیا جائے.

سوویٹ بلکاریا : سوویٹ حکومت، جس کے قیام کا اعلان عارضی طور پر دسمبر ۱۹۱۸ء میں ہوا، مارچ ۱۹۲۰ء میں مکمل طور پر قائم ہو گئی- آل یونین سنٹرل ایگزیکٹیو کمیٹی کے ایک فرمان مجریہ ۲۱ جنوری ۱۹۲۱ء کی رو سے بلکر کی اوکرگ okrug کو پہاڑی باشندوں کی سوویٹ جمہوریہ (Gorskaya ASSR) سے ملحق کر دیا گیا - یکم ستمبر ۱۹۲۱ء کو بلکر کا علاقہ کبردہ Kabarda سے ملا دینے کے بعد RSFSR میں "کَبَردینی بلکر" کو بھی حکومت خود اختیاری کا ایک خطّہ بنا دیا گیا اور پانچ دسمبر کو اسے بھی ایک سوویٹ اشتراکی ریاست قرار دیا گیا-

Marfat.com

دوسری جنگ عظیم میں مختصر سے عرصے کے لیے جرمن فوجیں بلکاریہ پر قابض رہیں ۔ ۲۵ جون ۱۹۴۶ء کو اشتراکی روس کی مجلس اعلٰی کی صدارت نے اس کی جداگانہ حکومت کو ختم کر کے بلکر کو وسط ایشیا میں جلا وطن کر دیا ۔ اس کا ایک حصہ (وادی بَکْسان) جورجیا کی اشتراکی جمہوریہ (SSR) میں شامل کیا گیا اور باقی ماندہ کَبَرْدِینی جمہوریہ میں ۔ آخر روس کے صدر حکومت کے ایک فرمان مجریہ ۹ جنوری ۱۹۵۷ء کے ذریعے کبردینی بلکر Kabardino-Balkar ریاست کو ایک اشتراکی جمہوریہ کی حیثیت سے دوبارہ بحال کیا گیا اور جلا وطن بلکر کو دوبارہ وطن آنے کی اجازت دے دی گئی ۔

بلکری زبان، جو محض ایک قرہ چای [رک باں] بولی ہے، ترکی زبانوں کے قپچاق گروہ سے تعلق رکھتی ہے ۔ اس پر اوستی اور گرد و نواح کے آئیبیری ۔ قفقازی زبانوں، یعنی کبرد Kabard، چچن Čečen اور اباز Abaza کا بہت قوی اثر ہے ۔

بلکر قرہچای کو، جو پہلے تحریری زبان نہ تھی، ۱۹۲۰ء میں کسی قدر ترمیم کے ساتھ عربی حروف میں لکھا جانے لگا، مگر ۱۹۲۵ء میں ان کی جگہ لاطینی حروف نے لے لی ۔ بلکر قرہ چای زبان کی پہلی تصانیف اگلے سال شائع ہوئیں : نظموں کا ایک مجموعہ از عمر علیو اور چیدہ چیدہ اقتباسات Bilim از اسخت بیجیو ۔ ۱۹۲۶ء میں نلچق کے مقام پر کبردینی بلکر کے خود مختار علاقے کا سب سے پہلا اخبار قرمخلق نکلا، جس کا ایک صفحہ ادیغہ Adighe میں اور دوسرا بلکری قرمچای زبان میں ہوتا تھا ۔ ۱۹۳۱ء میں مکویان شخر کے مقام پر بلکر قرہ چای زبان کا اولین روز نامہ تولوجاشا *Tawlu-Djashaw* شائع ہوا ۔ مکویان شخر (موجودہ قلو خوری) قرہ چای کے خود مختار علاقے کا انتظامی مرکز ہے ۔ آخر کار ۱۹۳۸ء میں لاطینی حروف کے بجائے Cyrillic (اسلاتی قدیم) رسم الخط رائج ہو گیا ۔

مآخذ : (۱) S. S. Anisimov : *Kabardino-Balkariya*، ماسکو ۱۹۳۷ء؛ (۲) ابراهیموف : *Les Balkars, Bulgares musulmans du Caucase*، در *RMM*، شمارہ ۸ جون ۱۹۰۹ء: ص ۲۰۶ تا ۲۱۸؛ (۳) L. Dobruskin : *Kabarda i Balkariya v Prošlom*، در *Revolyutsionnyi Vostok*، شمارہ ۳ تا ۴، برائے ۱۹۳۳ء : ص ۱۹۶ تا ۲۲۲؛ (۴) عمر علیو: *Natsional' nyi vopros i natsional' naya kultura v Severo Kavkazskom Krae*، Rostov on Don ۱۹۲۶ء؛ (۵) *Korenizatsiya Aparata v Kabardino-Balkarii*، در *Revolyutsiya i National nosti*، شمارہ ۶ ۱۹۳۶ء: ص ۳۷ تا ۹۱؛ (۶) A. Karaulov : *Kratkii oçerk grammatiki i Yazyka balkar* اور *Kratkii slovar' balkarskogo yazyka*، در *Sbornik materialov dlya opisaniya mestnostei i plemen Kavkaza*، تفلس ۱۹۱۲ء، ج ۴۳؛ (۷) سعادت چغتائی : قرہچای جہ بر قاچ، متن در انقرہ یونیورسیٹی سی دل ۔ تاریخ ۔ جغرافیا فاکولتہ سی درگیسی، ۱۹۵۱ء، ص ۲۷۷ تا ۳۰۰ (جہاں اور حوالے بھی دیے گئے ہیں).

(A. Bennigsen)

**بَلْگَوارا** : رک بہ سامرا.

**بلگرام** : ہندوستان کے ضلع ہردوئی کا ایک بہت قدیم قصبہ، جو ۲۷ دقیقے ۱۰ ثانیے شمال، ۸۰ دقیقے ۲ ثانیے مشرق میں واقع ہے اور جس کی آبادی (۱۹۰۱ء میں) نو ہزار پانچ سو پینسٹھ تھی ۔ اس شہر نے بہت سی عظیم شخصیتیں پیدا کی ہیں ۔ ابوالفضل نے لکھا ہے کہ یہاں کے باشندے زیادہ‌تر ذہین اور موسیقی کے بڑے اچھے مبصر ہیں ۔

ابتدائی زمانے میں یہاں ٹھٹیرے آباد تھے (اس بات کی تصدیق حالیہ دریافتوں سے ہوتی ہے)،

marfat.com
Marfat.com

جنھیں قنّوج کے حملہ‌آور راجپوتوں نے نکال باہر کیا ۔ مغل دورِ حکومت میں بھی بلگرام قنّوج کی سرکار کا ایک پرگنہ تھا (آئین اکبری، ترجمہ بلاخمن، ۱ : ۳۴۴) ۔ ہندوستان پر سلطان محمود غزنوی کے حملوں کے دوران ۴۰۹ھ / ۱۰۱۸ء میں قاضی محمد یوسف العثمانی المدنی الکازرونی نے اس شہر کو فتح کیا ۔ ہندوستان میں غزنوی سلطنت کے زوال کے بعد یہاں جو افراتفری پھیلی معلوم ہوتا ہے کہ اس میں مقامی ہندوؤں نے بلگرام کے مسلمان حکمران کو مار بھگایا اور قصبے پر دوبارہ قبضہ کر لیا، لیکن سلطان شمس الدین التتمش [رک بآن] کے دورِ حکومت میں ابوالفرح واسطی کے ایک براہِ راست جانشین سید محمد صُغروی نے ۶۱۴ھ / ۱۲۱۷ء میں ایک مضبوط شاھی دستے کے ساتھ بلگرام پر حملہ کیا اور راجا سِری کو شکست دی، جس کے نام پر یہ قصبہ سری نگر کہلانے لگا تھا اور مسلمانوں نے شہر پر دوبارہ تسلّط جما لیا ۔ ۹۴۸ھ / ۱۵۴۱ء میں یہاں ھمایوں اور شیر شاہ سوری کی فوجوں کے درمیان ایک زبردست معرکہ ہوا، جس میں ھمایوں کی فوجیں بالکل تباہ ہو گئیں ۔ ۱۰۰۲ھ/ ۱۵۹۳ء میں اکبر نے یہاں شراب اور دوسری منشیات کی علی الاعلان فروخت کو ممنوع قرار دینے کے لیے ایک فرمان جاری کیا ۔

سادات بلگرام نے، جو اپنے حریف عثمانی اور فرشوری شیوخ پر زندگی کے ہر میدان میں سبقت لے گئے تھے، تاریخ میں مصنّفین، علما، شعرا اور مدّبرین کی حیثیت سے ناموری حاصل کی ۔ ان میں سے مندرجۂ ذیل زیادہ مشہور ھیں : عبدالواحد بلگرامی مصنّف سبع سنابل، عبدالجلیل بلگرامی [رک بہ بلگرامی]، ان کا بیٹا محمد، جس کا تخلص شاعر تھا، غلام علی آزاد [رک بآں]، امیر حیدر، آزاد بلگرامی کے پوتے اور سوانح اکبری کے مصنّف؛ سید علی بلگرامی اور ان کے بڑے بھائی عماد الملک سید حسین بلگرامی جو پہلے ھندوستانی مسلمان تھے جنھیں (۱۹۰۷ء میں) سیکرٹری آف سٹیٹ فار انڈیا کی کونسل کا ممبر نامزد کیا گیا تھا؛ سید مرتضی الزّبیدی [رک بآں]، مصنّف تاج العروس بھی بلگرام ھی کے رہنے والے تھے ۔ اورنگ زیب کے متعلق کہا جاتا ھے کہ اس نے سادات بلگرام کو مسجد کی لکڑی سے نسبت دی تھی جو نہ تو قابلِ فروخت ھے نہ قابلِ سوخت (قوم سادات مثل چوب مسجد اند نہ فروختنی نہ سوختنی) [اورنگ زیب نے یہ الفاظ ساداتِ بارھہ (رک بہ بارہ سید) کے بارے میں لکھے تھے نہ کہ ساداتِ بلگرام کے متعلق] ۔

گو شیوخ بلگرام میں (بجز روح الامین کے، جو صوبۂ پنجاب کے بائیس صوبوں کے حاکم اور کچھ مدت برھان الملک [رک بآں] کے ماتحت اودھ کے نائب گورنر رھے، اور مرتضی حسین معروف بہ اللہ یار ثانی، مصنّف حدیقۃ الاقالیم) کوئی نامور آدمی پیدا نہیں ہوا، تاھم بلگرام کا منصبِ قضا عموماً انھیں کے پاس رھا ۔ زیادہ‌تر اپنے اسی دعوے کو ثابت کرنے کی غرض سے فرشوری اور ان کی برادری کے دوسرے لوگوں نے بعض کتابیں لکھی ھیں (دیکھیے مآخذ) ۔

**مآخذ** : (۱) غلام علی آزاد : مآثر الکرام فی تاریخ بلگرام، ج ۱، آگرہ ۱۳۲۸ھ/۱۹۱۰ء؛ ج ۲ (سرو آزاد)، لاھور ۱۳۳۱ھ/۱۹۱۳ء؛ (۲) غلام حسین ''ثمین فرشوری'' : شرائف عثمانی (قلمی نسخہ آصفیہ عدد ۲۰۲)؛ (۳) احمد اللہ بلگرامی : مسجلات فی تاریخ قضاۃ (مخطوطہ)؛ (۴) وصی الحسن : روضۃ الکرام شجرۂ سادات بلگرام، گورکھپور ۱۹۲۰ء؛ (۵) محمد محمود حمد : تنقیح الکلام فی تاریخ البلگرام، علی گڑھ ۱۹۳۰ء؛ (۶) سید جُنید صُغروی بلگرامی : جُنیدیہ (سادات بلگرام و بارھہ کے شجرۂ نسب پر)؛ (۷) سید محمد : تبصرہ

Marfat.com

التاظرین (مخطوطه)؛ (۸) سید محمد بن غلام نبی: نظم اللآلی فی نسب علاء الدین العالی (مخطوطه)؛ (۹) شیر علی افسوس: آرائش محفل، کلکته ۱۸۰۸ء؛ (۱۰) شریف احمد عثمانی: تکملۂ شرائف عثمانی (قلمی)؛ (۱۱) *Imp. Gaz. of India*، ۸: ۲۳۳ تا ۲۳۵؛ (۱۲) آزاد بلگرامی: شجرۂ طیبه (مخطوطۂ آصفیه، ج ۲، عدد ۱۱۳)؛ (۱۳) Storey، ۱/۲: ۱۱۸۳۔

(بزمی انصاری)

* **بلگرامی** (۱) عبدالجلیل بن سید احمد الحسینی الواسطی، ۱۳ شوال ۱۰۷۱ھ/ ۱۰ نومبر ۱۶۶۰ء کو بلگرام میں پیدا ہوئے۔ سب سے پہلے انھوں نے اپنے آبائی شہر میں سعد اللہ بلگرامی سے تعلیم حاصل کی اور بعد میں آگرے جا کر اورنگ زیب کے ایک کاتب (سیکرٹری) فضائل خاں سے پڑھا۔ جب شاہ حسین خاں لکھنؤ کی سرکار کا دیوان مقرر ہوا تو یہ اس کے ساتھ وہاں گئے اور پانچ سال تک اس کے ساتھ رہے۔ یہیں انھوں نے غلام نبی نقشبند لکھنوی (م ۱۱۲۶ھ/ ۱۷۱۴ء) کے درس میں شرکت کی اور علم کے مختلف شعبوں بالخصوص عربی لسانیات اور ادب میں کمال حاصل کیا۔

وہ پہلی مرتبہ ۱۱۰۴ھ/ ۱۶۹۲ء میں دربار دکن گئے، اور پھر ۱۱۱۱ھ/ ۱۶۹۹ء میں اس وقت جب وہ گجرات (شاہ دولہ) [مغربی پاکستان] کے بخشی اور وقائع نگار مقرر ہوے۔ وہ اپنی برطرفی (۱۱۱۶ھ/ ۱۷۰۴ء) تک اس عہدے پر فائز رہے، لیکن اسی سال وہ پھر بحال کر دیے گئے اور انھیں بھکر (رک بہ بکّر) تبدیل کر دیا گیا اور سیوستان (موجودہ سیہوان) ان کا صدر مقام ہوا۔ ۱۱۲۶ھ/ ۱۷۱۴ء میں انھیں سرکاری جریدے میں ایک عجیب و غریب اندراج کرنے کی بنا پر معزول کر دیا گیا۔ اس اندراج میں یہ کہا گیا تھا کہ جتوئی کے پرگنے میں شکر کے اولوں کی بارش ہوئی۔ وہ دہلی واپس آگئے جہاں انھوں نے اپنے آپ کو سید حسین علی خاں بارھہ کے ساتھ منسلک کر لیا۔ ان کی وفات ۱۱۳۸ھ/ ۱۷۲۵ء میں دہلی میں ہوئی، لیکن ان کی میت تدفین کے لیے بلگرام لائی گئی۔

رشتے میں وہ آزاد بلگرامی (رک باں) کے نانا تھے، جنھوں نے اپنی مختلف تصنیفات میں ان پر لمبے لمبے ابواب تحریر کیے ہیں۔ وہ شاعر بھی تھے۔ شروع میں عربی اور فارسی میں شعر کہے اور پھر ترکی اور ہندی زبانوں میں بھی اشعار کہے۔

**مآخذ:** (۱) غلام علی آزاد: مآثر الکرام، آگرہ ۱۹۱۰ء، ص ۲۵۷ تا ۲۷۷؛ (۲) وہی مصنف: سرو آزاد، لاہور ۱۹۱۳ء، ص ۲۰۳ تا ۲۸۶؛ (۳) وہی مصنف: سبحۃ المرجان، بمبئی ۱۳۰۳ھ/ ۱۸۸۶ء، ص ۷۹ تا ۸۵؛ (۴) وہی مصنف: خزانۂ عامرہ، کانپور ۱۸۷۱ء، ص ۲۸۳ تا ۲۸۶؛ (۵) رحمٰن علی: تذکرۂ علماے ہند، طبع دوم، کانپور ۱۹۱۴ء، ص ۱۰۸ تا ۱۰۹؛ (۶) صدیق حسن خان: شمع انجمن، بھوپال ۱۲۹۲-۱۲۹۳ھ/ ۱۸۷۶ء، ص ۳۱۳؛ (۷) بندراین داس خوش گو: سفینۂ خوش گو (مخطوطۂ بانکی پور)؛ (۸) علی ابراہیم خان خلیل: خلاصۃ الکلام (مخطوطۂ بانکی پور)؛ (۹) مقبول احمد صمدانی: حیات جلیل (بزبان اردو)، الہ آباد ۱۹۲۹ء؛ (۱۰) سید محمد شاعر: تبصرۃ الناظرین (مخطوطه)؛ (۱۱) علی شیر قانع: مقالات الشعراء (طبع حسام الدین راشدی)، کراچی ۱۹۵۷ء، ص ۳۰۶ تا ۳۱۴؛ (۱۲) عبدالحی: نزہۃ الخواطر، حیدرآباد ۱۳۷۶ھ/ ۱۹۵۷ء، ۶: ۱۳۹ تا ۱۴۰؛ (۱۳) فقیر محمد لاہوری: حدائق الحنفیہ، طبع سوم لکھنؤ ۱۹۰۶ء، ص ۴۳۷۔

(بزمی انصاری)

(۲) سید علی بن سید زین الدین حسین ۱۲۶۸ھ/ ۱۸۵۱ء میں پٹنے میں پیدا ہوے۔ انھوں نے ۱۲۹۱ھ/ ۱۸۷۴ء میں پٹنہ کالج سے بی۔ اے کیا اور سنسکرت میں امتیاز حاصل کیا۔

marfat.com
Marfat.com

۱۲۹۲ھ / ۱۸۷۵ء میں مقامی (اوز بعد مین الذین) سول سروس کے مقابلے کے امتحان میں پورے بہار میں اول رہے - اس کے کچھ ھی عرصے بعد انھوں نے ارضیات، نقشہ‌نویسی، معدنیات اور علم الحیوانات میں اعلٰی تعلیم حاصل کرنے کے لیے لنڈن یونیورسٹی میں داخلہ لیا - تعلیم مکمل کرنے کے بعد انھوں نے پورے براعظم یورپ کا دورہ کیا - سید علی کئی زبانوں کے ماہر تھے اور جرمن، فرانسیسی، عربی، فارسی، سنسکرت، بنگلہ، مرہٹی، تلگو یا تیلگو، گجراتی، انگریزی اور اپنی مادری‌زبان اردو میں پوری مہارت رکھتے تھے - کئی سال تک وہ مدراس یونیورسٹی میں سنسکرت کے ممتحن رہے - ۱۳۱۱ھ / ۱۸۹۳ء میں انھیں حکومتِ ھند کی طرف سے شمس العلماء کا خطاب ملا - ۱۳۲۰ھ / ۱۹۰۲ء میں وہ کیمبرج یونیورسٹی میں مرہٹی زبان میں ریڈر مقرر ہوے - اسی سال انھیں انڈیا آفس لائبریری میں عربی اور فارسی مخطوطات کی ایک دستی فہرست مرتب کرنے پر مامور کیا گیا - کئی سال تک وہ سابق ریاست حیدر‌آباد میں مختلف اعلٰی عہدوں پر فائز رہے - ۱۹۰۹ء میں انھیں ایل ایل ڈی کی اعزازی ڈگری ملی - وہ عام طور پر ان ترجموں کی وجہ سے معروف ہوے ھیں جو انھوں نے فرانسیسی اور انگریزی سے اردو میں کیے - ان کے قابلِ ذکر ترجمے یہ ھیں: (۱) تمدّنِ عرب (آگرہ ۱۳۱۶ھ/۱۸۹۸ء)، یہ کتاب *La civilisation des arabes* کی تصنیف Gustave le Bon کا ترجمہ ھے؛ (۲) تمدّنِ ھند (آگرہ ۱۹۱۳ء)، یہ کتاب بھی لیبان (Le Bon) کی ایک دوسری تصنیف *La civilis-ation de l' Inde.* کا اردو ترجمہ ھے - وہ رسالہ در تحقیق کتاب کلیلة و دمنة کے مصنّف بھی ھیں جس میں انھوں نے اصل سنسکرت کتاب کے ماٰخذ، ترتیب اور کرداروں وغیرہ پر تنقید کی ھے - یہ انھیں کی مساعی کا نتیجہ تھا کہ بہادر نامہ کا حیدر‌آباد کا مخطوطہ شائع ھوا - ان کی وفات ھردوئی میں ۱۳۲۹ھ / ۲ مئی ۱۹۱۱ء کو اچانک ھوئی۔

ماٰخذ: (۱) عبدالحق: چند ھمعصر، کراچی ۱۹۵۳ء، ص ۷۱ تا ۱۰۳؛ (۲) غلام پنجتن شمشاد: حیدر آباد کے بڑے لوگ، حیدر آباد (دکن) ۱۹۰۷ء؛ (۳) [رسالہ] ادیب (الٰہ آباد، جون ۱۹۱۱ء)، ص ۲۷۱ تا ۲۷۷؛ (۴) حامد حسن قادری: داستانِ تاریخِ اردو، طبع دوم، آگرہ ۱۹۵۷ء، ص ۵۹۴ تا ۶۰۹.

(بزمی انصاری)

* **بُلُکِّین بن محمد بن حمّاد**: رک بہ حمّاد (بنو).

* **بُلُکِّین**: ([= بُلُکّین] عربی میں بُلُقِّین) بن زیری بن مَنّاد، افریقیہ کا پہلا زیری فرمانروا (چوتھی صدی ہجری/ دسویں صدی عیسوی) - اس نے امیر صنہاجة کی حیثیت سے زناتة کے مقابلے میں فاطمی خلفا کی ممتاز خدمات انجام دیں اور ان خدمات کا اسے یہ انعام ملا کہ المُعِزّلدین اللہ [الفاطمی] نے اسے افریقیہ کا عامل نامزد کر دیا - چونکہ اسے قریب قریب ھمیشہ وسطی المغرب کی مہمات میں مصروف رہنا پڑتا تھا، اس لیے اس نے قیروان اور مشرقی افریقیہ کا نظم و نسق ایک نائب امیر کے سپرد کر دیا جس کا اقتدار روز بروز بڑھتا چلا گیا۔ اس کی زندگی کے اھم واقعات حسب ذیل ھیں: بلقّین نے الجزائر، ملیانہ (Miliana) اور میڈیا (Médéa) [کے شہروں] کی بنیاد رکھی (۳۴۹ھ/۹۶۰ء)، ابوخزر کے خلاف لڑائی لڑی (۳۵۸ھ/ ۹۶۸ - ۹۶۹ء) اور زناتہ کو شکست دی (۳۶۰ھ/ ۹۷۱ء) - اس کے باپ زیری کو مسیلة (Msila) اور زاب کے باغی عامل جعفر بن علی بن حمدون الاندلسی نے قتل کر دیا تھا (رمضان ۳۶۰ھ/جون - جولائی ۹۷۱ء) - صنہاجة کے نئے امیر نے زناتہ کو وسطی المغرب سے نکال دیا (اواخر ۳۶۰ھ/خزان ۹۷۱ء) اور مسیلة اور زاب پر قبضہ کر لیا - ۲۰ ذوالحجّہ ۳۶۱ھ/۲ اکتوبر ۹۷۲ء کو اسے ابوالفتوح یوسف کے لقب سے صقلیہ اور

Marfat.com

طرابلس کے علاوہ فاطمی سلطنت کے پورے مغربی علاقے کا حاکم بنا دیا گیا ۔ اس نے المغرب میں مہمات سر انجام دیں (۳۶۲ تا ۳۶۳ھ / ۹۷۳ تا ۹۷۴ء) اور عبداللہ بن محمد الکاتب کو افریقیہ کا عامل مقرر کیا؛ اس نے کُتامة سے جنگ کی (۳۶۴ تا ۳۶۵ھ/۹۷۴ تا ۹۷۵ء) اور طرابلس، سُرت اور اَجدابیة فتح کر لیے (۳۶۷ھ / ۹۷۷ - ۹۷۸ء) ۔ اپنی آخری مہم (۳۶۸ تا ۳۷۳ھ/ ۹۷۹ تا ۹۸۴ء) کے دوران میں اس نے فاس، سجلماسة اور بَصرة [المغرب] فتح کیے، برغواطة کو شکست دی اور وہاں سے واپس آتے ہوے ۲۲ ذوالحجہ ۳۷۳ھ / ۲۵ مئی ۹۸۴ء کو وفات پائی ۔ اس کا بیٹا المنصور اس کا جانشین ہوا.

**مآخذ**: (۱) ابن العذاری: [المُغرب] (طبع Lévi-Provençal و Colin)، ۱ : ۲۲۸ تا ۲۳۲، ۲۳۹، ۲۹۶، ۲ : ۲۴۳، ۲۹۳ (طبع ڈوزی)، ۱ : ۲۳۷ تا ۲۴۰، ۲۴۸، ۳۰۵؛ ۲ : ۲۵۹، ۳۱۶)؛ ۳ : ۲۶۳؛ (۲) وہی مصنف، ترجمہ Fagnan، ج ۱ و ۲، بمدد اشاریہ؛ (۳) ابن الاثیر: [الکامل]، قاہرہ ۱۳۰۳ھ، ۷ : ۳۵، ۴۵ تا ۴۸، ۸۷، ۱۲۰ تا ۱۲۱ (ترجمہ Fagnan، بمدد اشاریہ)؛ (۴) النویری، طبع G. Remiro، ۲ : ۱۰۱، ۱۰۷ تا ۱۱۶؛ (۵) ابن خلدون: العِبَر، ۶ : ۱۵۴ تا ۱۵۷ (Hist. des Berberes، ج ۴، بمدد اشاریہ)؛ (۶) ابن خلکان، قاہرہ ۱۳۱۰ھ، ۱ : ۹۳؛ (۷) مفاخر البربر، ص ۸-۹، ۱۳، ۱۶ تا ۱۸؛ (۸) ابن ابی دینار: المونس، ص ۶۲ تا ۶۳؛ ۱۴ تا ۵۷؛ (۹) ابن تغری بردی: [النجوم الزاهرة]، ۴ : ۲۷؛ (۱۰) ابن العماد: شذرات، ۳ : ۵۳ تا ۵۴، ۸۰ تا ۸۱؛ (۱۱) المقریزی: اتعاظ، قاہرہ ۱۹۴۸ء، ص ۱۴۲ تا ۱۴۵، ۱۸۰، ۱۸۶، ۱۹۶، ۱۹۸، ۲۹۴؛ (۱۲) ابن الخطیب: اعمال، در Centenario M. Amari، ۲ : ۴۵۱ تا ۴۵۳؛ (۱۳) Fournel : Berbères، ۲ : ۲۰۵ تا ۲۰۶، ۳۴۹، ۳۵۲، ۳۵۵، ۳۶۳؛ (۱۴) H. R. Idris : La Berbérie orientale sous les Zirides، (زیر ترتیب)۔

(H.R. Idris ادریس)

**بِلّی ٹون** : Billiton : بِلی ٹُنگ Belitung کی بگڑی ہوئی شکل، انڈونیشیا میں ایک جزیرہ، جو ۱۰۸ درجے مشرقی طول بلد اور ۳ درجے جنوبی عرض بلد پر واقع ہے ۔ اس کا رقبہ اٹھارہ سو مربع میل سے کچھ زیادہ ہے ۔ یہ جزیرہ ٹین (= قلعی) کی کانوں کے لیے مشہور ہے اور اسی بنا پر اس کا ذکر تقریباً ۹۰۰ عیسوی کی انڈونیشی دستاویزات میں ملتا ہے ۔ انیسویں صدی میں ملک کی آبادی کے ایک حصّے نے جو ایک لاکھ سے کچھ کم تھی اسلام قبول کر لیا تھا.

**مآخذ**: (۱) A. W. Nieuwenhuis : در آآ انگریزی طبع اوّل، بذیل مادّہ.

(C. C. Berg)

**بِلّور** : بلّور، یہ بات محقق نہیں کہ آیا یہ لفظ یونانی βήρυλλος سے نکلا ہے، قبّ ڈوزی تکملہ (Supplément)، ۱ : ۱۰۰؛ اس کے معنی معدنی شیشے کے ہیں ۔ ارسطو کی *Petrology* کے مطابق یہ پتھر شیشے کی ایک قسم ہے، جو شیشے سے زیادہ سخت اور گتھا ہوا ہوتا ہے ۔ بلور قدرتی شیشوں میں سب سے زیادہ نفیس، خالص اور شفاف ہوتا ہے اور یاقوت کے رنگوں میں بھی ملتا ہے ۔ خاکی رنگ کے بلوروں سے دھوئیں کے رنگ کا پکھراج (topaz) مراد ہے ۔ اسے مصنوعی طور پر رنگا بھی جا سکتا ہے، اور یہ سورج کی شعاعوں کو اس حد تک مرکوز کر لیتا ہے کہ اس سے کسی سیاہ کپڑے یا روئی اور اون کے ٹکڑوں کو سلگایا جا سکتا ہے ۔ بلّور سے امیروں کے لیے قیمتی برتن تیار کیے جاتے ہیں ۔ بلور کی ایک عام قسم جو زیادہ سخت ہوتی ہے اور نمک، یعنی کار پتھر (quartz) کی طرح معلوم ہوتی ہے، لوہے سے رگڑ لگنے پر شعلہ دیتی ہے اور اسے شاہی ملازمین

marfat.com
Marfat.com

آگ جلانے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ اس کی قلمی (crystalline) ساخت کے متعلق Pliny نے جو کچھ لکھا ہے، عرب مؤرخوں کے یہاں اس کا کچھ حال نہیں ملتا اور نہ انہیں اس کا علم ہے کہ گار پتھر (quartz) کہاں ملتا ہے۔ التیفاشی کا بیان ہے کہ کاشغر سے تیرہ دن کی مسافت پر دو پہاڑ ہیں جن کے تمام اندرونی حصّے بلّور کے ہیں۔ ان چٹانوں اور پہاڑوں پر رات کے وقت کام کیا جاتا ہے اس لیے کہ دن کے وقت سورج کی شعاعوں کی چکاچوند میں کام کرنا ممکن نہیں۔ الاَکفانی (در المشرق، ۱۹۰۸ء) نے ان تمام مقامات کی تفصیل دی ہے جہاں بلّور ملتا ہے۔ اس کے بیان کے مطابق یہ مشرقی افریقہ (زَنج)، بدخشان، آرمینیا، لنکا، فرنگستان اور مغرب الاقصی سے آتا ہے۔

البِیرُونی (م ۴۴۰ھ / ۱۰۴۸ء) کے بیان کے مطابق نہایت اعلٰی قسم کا بلّور مشرقی افریقہ کے جزائرِ زَنج اور ہندوستان کے مغرب میں واقع جزائر دِیبجات سے بصرے لایا جاتا تھا، جہاں اس سے برتن اور دوسری چیزیں بنائی جاتی تھیں۔ بلّور سازی کی صنعت کا حال کسی قدر تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔ ایسے نقائص کو جو کبھی کبھی اس بلّور میں بھی موجود ہوتے تھے جیسے کشمیر کی کانوں سے برآمد ہونے والے بلّور سے بھی بہتر بتایا گیا ہے نقش و نگار اور کندہ حروف سے چھپا دیا جاتا تھا۔

ناصر خسرو نے جو ۴۳۹ھ / ۱۰۴۷ء اور ۴۴۱ھ / ۱۰۵۰ء کے درمیان دو مرتبہ مصر گیا، مصر کے بازاروں میں بکنے والے بلّوری مصنوعات کا حال لکھا ہے۔ اس کے زمانے تک خام مال مغرب سے لایا جاتا تھا، لیکن اسے بتایا گیا تھا کہ تھوڑی ہی مدّت پہلے بحر احمر سے بلّور درآمد کیا گیا تھا جو مغرب سے آنے والے بلّور کی بہ نسبت زیادہ خوبصورت اور شفّاف تھا۔ الغُزُولی اور المَقرِیزی جن کی معلومات کی بنیاد قدیم‌ترین مآخذ پر ہے، لکھتے ہیں کہ مصر میں بلّوری مصنوعات کی صنعت فاطمی دور کے ابتدائی دنوں میں ضرور انتہائی عروج پر ہوگی۔ ۴۵۳ھ / ۱۰۶۱ء اور ۴۶۱ھ / ۱۰۶۹ء کے دوران میں خلیفہ المُستنصِر کے خزانوں کی جو پراگندگی و ویرانی ہوئی اس سے یقیناً اس صنعت پر کاری ضرب لگی ہوگی۔ اس لیے کہ اس طرح بےشمار چیزیں منڈیوں میں آ گئیں جن میں سے بعض کی تفصیل کتابوں میں بیان کی گئی ہے۔ یہ چیزیں یا تو مُجرّود (سادہ یا پہلودار) ہوتی تھیں یا منقوش، اور ہمیں البیرونی نے جو کچھ بتایا ہے اس سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ اس زمانے میں منقوش چیزیں سادہ چیزوں کی بہ نسبت زیادہ پسندیدگی کی نظر سے دیکھی جاتی تھیں۔

صَفَوی، مغل اور ازمنۂ وسطٰی کے بعد کے دوروں میں بنی ہوئی چیزوں کے علاوہ، کوئی ۱۶۵ ایسی بلّوری چیزیں موجود ہیں جنھیں بغیر کسی اختلاف کے عہدِ اسلامی کی مصنوعات کہا جاتا ہے۔ زیادہ‌تر صورتوں میں یہ نوادر یورپی کلیساؤں کے خزانوں میں محفوظ ہیں اور ان میں سے اکثر کی حیثیت تبرّکات کی سی ہے۔ ممکن ہے کہ ان بلّوری چیزوں کو جن چیزوں پر جڑا گیا ہے ان سے ان کی تاریخِ صنعت کا تعیّن کیا جا سکے؛ ان کی قدیم‌ترین تاریخ ۹۷۳ اور ۹۸۲ء کے درمیان قرار دی جا سکتی ہے۔ ان ۱۶۵ نوادر میں سے (جن میں شطرنج کے مہرے اور دیگر چھوٹی اشیا شامل ہیں) کسی پر بھی کوئی تاریخ درج نہیں، لیکن ان میں سے دو پر کچھ حروف کندہ ہیں، جن میں ایک بادشاہ کا نام شامل ہے جو ہر دو صورتوں میں کوئی فاطمی خلیفہ ہے۔ ان میں سے ایک پانی پینے کا برتن ہے جو وینس میں سینٹ مرقس (Mark) کے خزانے

marfat.com
Marfat.com

میں محفوظ ہے اور [فاطمی] خلیفہ العزیز (۳۶۵ھ / ۹۷۵ء تا ۳۸۶ھ / ۹۹۶ء) کے لیے بنایا گیا تھا، دوسری چیز جو نیورم برگ میں ہے ایک ہلال‌نما شے ہے، اور شاید گھوڑے کے ساز کا سر پوش تھا جو اس کے پوتے الظاہر (۴۱۱ھ / ۱۰۲۱ء تا ۴۲۷ھ / ۱۰۳۶ء) کے لیے بنایا گیا تھا ۔ فلورنس میں ایک آفتابہ ہے جو یقیناً ۳۹۰ھ / ۱۰۰۰ء اور ۴۰۱ھ / ۱۰۱۱ء کے مابین الحاکم کے عہد میں الحسین بن جوہر کے لیے بنایا گیا ہوگا۔

بلوری شیشے کی یہ تمام مصنوعات اکثر ”فاطمی“ کہلاتی ہیں، لیکن قیاس ہے کہ ان میں ایک خاصی تعداد فاطمی دور سے پہلے کی ہے اور ممکن ہے کہ یہ بصرے میں بنی ہوں۔

جن چیزوں کا ذکر ابھی ہوا وہ سب کی سب ”منقوش“ نوعیت کی ہیں ۔ ”مجرود“ چیزوں کا کوئی نمونہ ہمارے پاس موجود نہیں، الّا یہ کہ ہم ان کٹاؤدار آفتابوں کو ”مجرود“ تسلیم کر لیں جنھیں بعض محققین نے فاطمی دور کا کہا ہے اور بعض کے خیال میں یورپ (برگنڈی، بوہیمیا، صقلیہ، اسپین) کے بنے ہوے ہیں۔

**مآخذ:** (۱) Clement-Mullet: *Essai sur la min arabe*، در *Journ. As.* سلسلہ ۶، ۱۱: ۲۳۰؛ (۲) التیفاشی: أزهار الأفكار (ترجمہ از Raineri Biscia) بار دوم، ص ۱۱۸؛ (۳) القزوینی: (طبع وسٹنفلٹ Wüstenfeld)، ۱: ۲۱۳؛ (۴) وہی مصنف (ترجمہ از رسکا Ruska)، ص ۹؛ (۵) المشرق، ۱۱: ۶۶۲؛ (۶) K.A.C. Creswell: *A Bibliography of Glass and Rock Crystal in Islam*، در *Bull. of the Faculty of Arts, Fuad I University*، ۱۹۵۲ء، ۱ ببعد؛ (۷) R. Schmidt: *Die Hedwigsgläser und die verwandten fatimidischen Glas-und-Kristallarbeiten*، در *Schlesien Vorzeit in Bild und Schrift*، ۱۹۱۲ء، ۵۳ ببعد؛ (۸) C. J. Lamm: *Mittelalterliche Gläser und Steinschnittarbeiten aus den Nahen Osten*، ج ۱ تا ۲، برلن ۱۹۲۹ء تا ۱۹۳۰ء؛ (۹) P. Kahle: *Die Schätze der Fatimiden*، در *ZDMG*، ۱۹۳۵ء، ص ۳۲۹ ببعد؛ (۱۰) وہی مصنف: *Bergkristall, Glas und Glasflüsse nach dem Steinbuch von el-Berūnī*، در *ZDMG*، ۱۹۳۶ء، ص ۳۲۲ ببعد؛ (۱۱) K. Erdmann: *Islamische Bergkristallarbeiten*، در *Jahrb. der Preussischen Kunstsammbungen*، ۱۹۴۰ء، ص ۱۲۷ ببعد؛ (۱۲) وہی مصنف: *"Fatimid" Rock Crystals*، در *Oriental Art*، ۱۹۵۱ء، ص ۳ ببعد؛ (۱۳) وہی مصنف: *The 'Sacred Blood' of Weissenau*، در *The Burlington Magazine*، ۱۹۵۳ء، ص ۲۹۹ ببعد؛ (۱۴) وہی مصنف: *Die fatimidischen Bergkristall-kannen*، در *Forschungen zur Kunstgeschichte und christlischen Archäologie*، ۱۹۵۳ء، ص ۱۸۹ ببعد؛ (۱۵) D. S. Rice: *A Datable Islamic Rock Crystal*، در *Oriental Art*، ۱۹۵۶ء، ۳ ببعد.

(C.J. Lamm و J. Ruska)

* **بلّور کوشک**: بلورین محل، یہ ایک ترکی عوامی کہانی کا عنوان ہے اور اسی کے نام پر اسی قسم کی ترکی کہانیوں کے ایک قدیم ترین مجموعے کا نام پڑا۔ یہ کہانی مختلف صورتوں میں نقی تزل Naki Tezel: استانبول مثللری (مطبوعات Eminönü Halkevi، عدد ۱۰)، استانبول ۱۹۳۸ء، ص ۲۰۲ ببعد، W. Radloff: *Proben der Volksliteratur der türkischen Stämme*، سینٹ پیٹرزبرگ ۱۸۸۵ء و مابعد، ج ۸ (متون مرتبہ از I. Kunos، ۱۸۹۹ء)، حصّۂ سوم، عدد ۱۹)، اور Ignácz Kúnos: *Materialien Zur Kenntnis des rumelischen Türkisch*، حصّۂ اول، *Volksmärchen aus Adakale*، لائپزگ و نیویارک ۱۹۰۷ء، ص ۲۵۵ تا ۲۶۱، عدد ۵۰، میں موجود ہے ۔ بلّور کوشک یا زیادہ صحت کے ساتھ کہا جائے تو اس کہانی کی

marfat.com
Marfat.com

ایک دوسری شکل اِنجی لِی چادر [= موتیوں کی چادر] کے آٹھ مخطوطے انقرہ میں *Dil ve Tarik-Coğrafya Fakültesi* کے عوامی کہانیوں کے خزانے میں موجود ہیں.

اس مجموعے میں بلّور کوشک نام کی کہانی سمیت تیرہ کہانیاں ہیں (I. Kunos کی طبع، قب *Türkische Volksmärchen*، ج ۵، حاشیہ ۲، میں ایک اَور کہانی خِرسِز ایلہ یمنی جی اور مزاحیہ تمثیل خِرسِز ایلہ یانکسہ جی (چور اور جیب کترا) بھی شامل ہے - یہ سب کہانیاں عموماً لوگوں کو زبانی یاد چلی آتی ہیں اور تھوڑی ہی مدت ہوئی کہ انہیں کسی قدر جدید انداز دے کر ایک کتاب کی صورت دے دی گئی ہے؛ لیکن اس نئے ادبی اسلوب کے باوجود کہانیوں کی اصلی لذّت اور لطف میں کوئی فرق نہیں آیا - پچھلے سو برس میں عوامی کہانیوں کے اس مجموعے کے متعدد نسخے ترکی میں شائع ہو چکے ہیں اور ۱۹۲۸ء کی اصلاح رسم الخط کے بعد کچھ نسخے لاطینی رسم الخط میں بھی شائع ہوے ہیں.

نسخے: بلور کوشک حکایہ سی، مطبوعۂ امنیت کتب خانہ سی، استانبول ۱۹۳۹ء؛ بلور کوشک حکایہ سی، استانبول ۱۹۲۸ء؛ سلامی منیر یرداتاب: رسم لی بلور کوشک حکایہ سی، استانبول ۱۹۳۰ء.

تراجم: T. Menzel : *Türkische Märchen*، ۱ : *Billur köschk*، چودہ ترکی کہانیاں جنہیں اس مجموعے کے دو استانبول والے نسخوں سے پہلی مرتبہ جرمن میں ترجمہ کیا گیا (*Beiträge zur Märchenkunde des Morgenlandes*، طبع G. Jacob و T. Menzel، ج ۲، Hannover ۱۹۲۳ء).

مآخذ: مذکورۂ بالا تصانیف کے علاوہ: (۱) I. Kúnos : *Oszman-Török Népköltési Gyüjtemény*، بوڈا پسٹ ۱۸۸۷ تا ۱۸۸۹ء؛ (۲) G. Jacob : *Die türkische Volkslitterature*، برلن ۱۹۰۱ء؛ (۳) I. Kunos : *Türkische Volksmärchen aus Stanbul*، لائڈن ۱۹۰۵ء؛ (۴) Bolte-Polivka : *Anmerkungen zu den Kinder-und Hausmärchen der Brüder Grimm*، لائپزگ ۱۹۱۳ / ۱۹۳۲ء، ۲ : ۲۲۹ تا ۲۷۳؛ (۵) P. N. Boratav : *Billûr Köşk*، در *IA*، ۲ : (۱۹۴۳ء)؛ (۶) P. N. Boratav و W. Eberhard : *Typen türkischer Volksmärchen*، Wiesbaden ۱۹۵۳ء، ص ۳۱۶.

(H.W. DUDA)

⊗ **بلّھے شاہ** : [یا میر بُھلی شاہ (خزینۃ الاصفیا) یا میاں بُلّه شاہ] اصل نام سید محمد عبداللہ شاہ؛ پنجابی زبان کے مشہور شاعر اور صوفی بزرگ؛ اورنگ زیب عالمگیر کے دورِ حکومت [۱۰۶۹ھ / ۱۶۵۹ء تا ۱۱۱۸ھ / ۱۷۰۷ء] میں پیدا ہوے - ان کی تاریخ پیدائش یا وفات کے بارے میں وثوق سے کچھ نہیں کہا جا سکتا - اوسبورن C.F. Usborne (ص ۲) نے لکھا ہے کہ وہ ۱۶۸۰ء / ۱۰۹۱ھ میں پیدا ہوے اور اکثر سوانح نگروں نے اسے درست تسلیم کیا ہے [بقول اوسبورن انہوں نے ۱۷۵۳ء / ۱۱۶۷-۱۱۶۸ھ میں وفات پائی، لیکن خزینۃ الاصفیا کی رو سے ان کی تاریخ وفات ۱۱۷۱ھ / ۱۷۵۷ء ہے؛ چنانچہ ان کے قطعۂ تاریخ وفات کے دونوں مادّوں سے یہی سال برآمد ہوتا ہے:

چو بلّھے شاہ شیخ ہر دو عالم
مقام خویش اندر خلد ورزید
رقم کن "شیخ اکرم" ارتحالش
دگر "ہادی اکبر ہست توحید"

اس سلسلے میں ڈاکٹر مولوی محمد شفیع کا ایک مضمون میر بھلی شاہ قادری شطاری قصوری (ضمیمہ اورینٹل کالج میگزین، مئی ۱۹۳۹ء) بھی قابلِ ذکر ہے - اس میں انہوں نے اوراد و وظائف کے ایک قلمی نسخے کا ذکر کیا ہے، جس

Marfat.com

پر ''بلھا شاہ قادری ۱۱۸۱ھ'' کی مہر لگی ہے۔ اگر اسے درست مان لیا جائے کہ بلھے شاہ ۱۱۸۱ھ میں زندہ تھے تو ان کی تاریخِ وفات ۱۱۷۱ھ نہیں ہو سکتی]۔

بلھے شاہ کا جدی وطن علاقۂ بہاولپور [مغربی پاکستان] کا مشہور گاؤں اُچ گیلانیاں [رک بہ اُچ] تھا اور ان کا سلسلۂ نسب چودہ واسطوں سے حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ سے ملتا ہے [تاریخ الاصفیا، حوالہ در کلیات بلھے شاہ، مقدمہ]۔ یہ معلوم نہیں ہوا کہ ان کے بزرگ اُچ میں کب پہنچے، البتہ نافع السالکین سے پتا چلتا ہے کہ بلھے شاہ کی پیدائش اسی گاؤں میں ہوئی اور جب وہ چھے برس کے ہوئے تو ان کے والد سخی شاہ محمد درویش نامساعد حالات سے مجبور ہو کر ضلع ساہیوال کے ایک گاؤں ملک وال میں آئے اور چند روز بعد چودھری پانڈو بھٹی کی درخواست پر اس کے گاؤں پانڈوکے میں جا کر آباد ہو گئے۔ انھوں نے وہاں کی مسجد کی امامت اور درس کی ذمے داری سنبھالی اور اپنے بیٹے کو لکھانے پڑھانے کے ساتھ ساتھ گاؤں کے مویشی چرانے کا کام بھی اس کے سپرد کیا۔ [بلھے شاہ کی تعلیم کے بارے میں کوئی مستند بیان نہیں ملتا، البتہ ان کے اساتذہ میں ان کے والد کے علاوہ قصور کے دو علما مخدوم غلام محی الدین اور خواجہ غلام مرتضٰی کے نام بھی لیے جاتے ہیں اور کہا جاتا ہے کہ وہ مسجد کوٹ قصور کے ان طلبہ میں سے تھے جنھوں نے عالم کا درجہ حاصل کیا (مقدمۂ کلیات)۔ ان کے کلام سے بھی ظاہر ہوتا ہے کہ وہ عربی اور فارسی زبان و ادب سے بخوبی واقف تھے، لہٰذا کافی ہائے حضرت بلھے شاہ قصوری کے مرتب بھائی پریم سنگھ کا یہ بیان درست نہیں کہ وہ اَن پڑھ تھے]۔

اورنگ زیب عالمگیر کی وفات کے بعد ملک بھر میں فتنہ و فساد برپا ہونے لگا اور مغلوں کی مستحکم سلطنت پر زوال آ گیا۔ اس کے اثرات دوسرے علاقوں کی بہ نسبت پنجاب میں کہیں زیادہ محسوس کیے گئے۔ بندہ بیراگی اور سکھوں کی مچائی ہوئی تباہی و بربادی سے پنجاب کے طول و عرض میں زیان جان و ناموس کی ایسی ارزانی ہوئی کہ دنیا کی بے ثباتی کا نقش ہر دل پر بیٹھ گیا۔ بلھے شاہ کا مزاج بچپن ہی سے تصوف کی طرف مائل تھا۔ اس صورتِ حال نے ان کی حسّاس طبیعت میں اور بھی اضطراب پیدا کر دیا اور وہ مرشدِ کامل کی تلاش میں نکل کھڑے ہوئے۔ بالآخر پیر عنایت شاہ قادری شطّاری کے آستانے پر انھیں سکونِ قلب نصیب ہوا جہاں انھوں نے تیس برس اپنے مرشد کی خدمت میں گزار دیے۔ [پیر عنایت شاہ کے بارے میں صاحبِ خزینۃ الاصفیا نے لکھا ہے کہ وہ شاہ رضا قادری کے خلفا میں سے تھے اور ان کی نسبت چند واسطوں سے شاہ غوث گوالیاریؒ تک پہنچتی تھی۔ وہ قصور میں ہدایتِ خلق پر مامور ہوئے۔ حاکم قصور نواب حسین خان نے ناراض ہو کر انھیں قصور چھوڑنے پر مجبور کیا اور وہ لاہور میں جا بسے، جہاں ۱۱۴۱ھ/۱۷۲۸ - ۱۷۲۹ء میں انھوں نے وفات پائی]۔ بلھے شاہ سیّد تھے اور عنایت شاہ ارائیں۔ اس زمانے میں ہندوؤں کے زیرِ اثر اکثر ہندی مسلمان بھی ذات پات کی تمیز کا شکار ہو چکے تھے، چنانچہ بعض لوگوں نے بلھے شاہ کو ایک ارائیں کا مرید ہو جانے پر طعن و تشنیع کا نشانہ بنایا، جس کا ذکر ان کی بعض کافیوں میں بھی ملتا ہے۔ [معلوم ہوتا ہے کہ اپنے مرشد کی وفات کے بعد بلھے شاہ قصور چلے آئے اور یہیں انھوں نے وفات پائی۔ قصور میں ان کے مزار پر ہر سال عرس ہوتا ہے۔ اوسبورن نے لکھا ہے کہ بلھے شاہ کی ساری زندگی زہد و تقشف میں بسر ہوئی اور انھوں نے

marfat.com
Marfat.com

عمر بھر شادی نہ کی ۔ ان کی بہن بھی ان کی مثال پر عمل پیرا رہیں (ص ۲) ۔ خزینة الاصفیا میں لکھا ہے : ''وہ شاہ عنایت کے عظماے خلفا میں سے تھے، عابد و زاہد تھے، صاحب جذب و سکر و عشق و محبت و وجد و سماع تھے اور توحید میں بلند مرتبہ کلام پیش کرتے تھے ۔ ان کے پنجابی اشعار کہ معارف و توحید سے پر ہیں، خاص و عام کی زبان پر ہیں ۔ ان کی قوالیوں کو قوال اصفیا کی مجلسوں میں گاتے ہیں ۔ ان کے خوارق اور کرامتیں زبان زدِ خلائق ہیں'']۔

بلّھے شاہ کی صوفیانہ زندگی کو تین ادوار میں تقسیم کیا جا سکتا ہے : پہلا دور وہ ہے جب وہ مرشد کی تلاش میں سرگردان تھے اور تصوف کے مختلف مکاتبِ فکر کو سمجھنے کی کوشش کر رہے تھے ۔ دوسرا دور ''فنا فی المرشد'' ہونے کا زمانہ ہے جب وہ مرشد کو وسیلۂ نجات سمجھتے اور اس کی صورت میں خدا کا جلوہ دیکھتے ہیں ۔ اس دور میں انھوں نے ہندو فلسفے سے بھی آگاہی حاصل کی ۔ تیسرا دور وہ ہے جب ان کا جذبہ بے پناہ اور عشق بیکراں ہو جاتا ہے اور وہ رسمی مذھب اور سطحی عقائد کی دیواریں توڑتے نظر آتے ہیں ۔ اس دور میں ان کی شاعری نقطۂ عروج پر پہنچ گئی ہے ۔

[بلّھے شاہ ایک مقبولِ عام صوفی شاعر تھے ۔ ان کے سارے کلام میں صوفیانہ شاعری کی آزاد خیالی اور توکّل و غنا کا رنگ جھلکتا ہے ۔ توحید باری تعالٰی اور عشقِ حقیقی ان کی شاعری کا بنیادی موضوع ہے اور اس موضوع کو انھوں نے متنوّع انداز سے پیش کیا ہے ۔

بلّھے شاہ کا کلام کئی بار مرتب اور شائع ہو چکا ہے ۔ بعض قابلِ ذکر مطبوعہ نسخے یہ ہیں : (۱) قانونِ عشق، حصۂ اول و دوم، طبع مولوی انور علی رھتکی، لاھور ۱۳۰۹ھ و ۱۹۰۲ء و ۱۹۰۹ء؛ (۲) کافی‌ھاے حضرت بلّھے شاہ قصوری، طبع بھائی پریم سنگھ زرگر قصوری، قصور ۱۹۵۳ بکرمی؛ (۳) کافیاں میاں بلّھے شاہ، لاھور ۱۳۲۸ھ؛ (۴) کافیاں بلّھے شاہ، لاھور ۱۹۰۰ء ۔ ان تمام نسخوں اور کافی‌ھاے بلھا شاہ کے قلمی نسخے (مملوکۂ میاں احمد دین، موضع لوران، ضلع گجرات) کی مدد سے ڈاکٹر فقیر محمد نے کلیاتِ بلّھے شاہ (لاھور ۱۹۶۰ء) مرتب کی ہے، جس میں ان کا تقریبًا تمام مستند کلام آ گیا ہے ۔ اس کی تفصیل حسب ذیل ہے : ۱۵۶ ''کافیاں''، ایک ''اٹھوارہ''، ایک ''باراں ماہ''، ۴۹ ''دوہڑے''، ۳ ''سہ حرفیاں'' اور ۴۰ ''گنڈھاں'']۔

**مآخذ** : (۱) C.F. Usborne : *Bullah Shah*، لاھور ۱۹۰۵ء؛ (۲) ڈاکٹر لاجونتی رام کشن : پنجابی کے صوفی شاعر؛ (۳) عبدالغفور : پنجابی زبان اور ادب کی تاریخ؛ (۴) نجم حسین سیّد : پنجابی شاعری کے اسلوب؛ (۵) مفتی غلام سرور لاھور : خزینة الاصفیا، مطبوعۂ نولکشور، کانپور ۱۹۱۴ء (بذیل شاہ رضا لاھوری، شاہ عنایت قادری، میر بھلّی شاہ قصوری)؛ (۶) کلیات بلّھے شاہ، مرتبۂ ڈاکٹر فقیر محمد فقیر، مطبوعۂ پنجابی ادبی اکیڈمی، لاھور ۱۹۶۰ء، [(۷) مولوی محمد شفیع : میر بھلّی شاہ قادری شطّاری قصوری، در ضمیمۂ اوریئنٹل کالج میگزین، مئی ۱۹۳۹ء] ۔

(عبداللہ ملک [و ادارہ])

* **بِلْمَة** : (عربی)، (Tedaga میں Togei یا Tzigei) کوار Kawar کے ان نخلستانوں کا خاص مرکز جو بحرِ متوسط سے سوڈان کو جانے والی شاھراہ عام پر فزّان اور شاد (Chad) کے درمیان واقع ہیں ۔ کھجور کے یہ نخلستان شمالاً جنوبًا انای (Anay) سے بِلْمَة تک نوے کیلومیٹر میں پھیلے ہوے ہیں ۔ ان کی چوڑائی کسی جگہ بھی دو میٹر سے

marfat.com
Marfat.com

زیادہ نہیں - بِلْمَۃ ایک چوٹی کے دامن میں واقع ہے جس کا رخ مغرب کی طرف ہے - اس کی زیریں سطح بالائی Cretaceous کے سمندری طبقات سے بنی ہے اور اس کی چوٹی کی ساخت بِراعظمی ریتلے پتھر کی ہے.

گو پہلی صدی ہجری / چھٹی صدی عیسوی میں عربوں نے اسے فتح کر لیا تھا (ابن عبدالحکم کے بیان کے مطابق عُقبہ بن نافع کی مہم کے دوران میں)، لیکن کَوار Kawar کے کچھ لوگ انیسویں صدی کے شروع تک بت پرست تھے - یہاں کی آبادی میں جس کی تعداد ۱۰۰۰ کے قریب ہے، نو آباد حبشیوں پر مشتمل ہے، جن میں کنوری (Kanuri) اور گیوزیبدہ (Guezebida) قبیلوں اور کنوری اور تدہ (Teda) کی مخلوط نسل شامل ہے - یہ مقامی باشندے ہمیشہ سے ان خانہ بدوشوں کے غلام رہے ہیں جو آس پاس کے علاقوں میں آباد ہیں - پہلے یہ آیر Aïr [رک باں] کے طوارق (Touareg) کے غلام رہے اور اس کے بعد تدہ Teda کے - یہ لوگ کھجور کے درخت لگاتے ہیں، جن کی کھجوریں تِیبِستی Tibesti اور ھوزہ (Hausa) بھیجی جاتی ہیں. لیکن ان کی گذر اوقات کا سب سے بڑا ذریعہ نمک کے وہ کارخانے ہیں جو بلمۃ کے شمال مغرب میں دو کیلومیٹر کے فاصلے پر کلالہ Kalala کے مقام پر واقع ہیں - نمک کے ان کارخانوں میں ایک ہزار کے قریب گڑھے ہیں جو پندرہ ھیکٹر hectares سے کچھ زیادہ رقبے میں پھیلے ہوئے ہیں - تبخیر کے باعث نمک عام طور پر گرم موسم میں، یعنی اپریل سے نومبر تک، نکالا جاتا ہے.

گڑھے زیر زمین پانی کی سطح تک (دو میٹر) کھودے جاتے ہیں - پانی کو بخارات میں تبدیل ہونے کے لیے چھوڑ دیا جاتا ہے اور یوں ایک سخت تہ جم جاتی ہے، جسے کھجور کی چھڑیوں سے توڑا جاتا ہے - اور نمک تہ میں اکٹھا ہو جاتا ہے - عام طور سے نمک کی دو قسمیں ہوتی ہیں : بیزہ beza جو قلموں (crystals) کی شکل میں ہوتا ہے - اس نمک پر کوئی کیمیائی عمل نہیں کیا جاتا اور یہ اسی حالت میں انسانوں کے کھانے کے کام میں آتا ہے - نمک کی دوسری قسم ھنتو (hantu) ہے، جسے کھجور کے کھوکھلے تنوں میں ڈال کر کوزوں کی شکل دے لیتے ہیں - یہ نمک زیادہ تر مویشی کھاتے ہیں - نمک کے یہ کارخانے سب سے پہلے کویوم Koyom نامی ایک کَنوری Kanuri قبیلے کے لوگوں کی ملکیت تھے جنھیں دھکیل کر کَوار کے جنوب مشرق کی طرف Kouaka اور Goure کے درمیان آباد کر دیا گیا - اس کے بعد سولھویں صدی سے یہ کام الکیل جرس (Kel Gress) نامی ایک طوارق قبیلے کے ہاتھ میں آ گیا - فرانسیسیوں کی آمد سے یہ کام اب بِلْمَۃ کے عوام کرتے ہیں - کھودنے کی اجازت گاؤں کے سردار سے لی جاتی ہے، جو زمین کا مالک ہوتا ہے - اس کام سے اہل بِلْمَۃ ہی پورا نفع حاصل کرتے ہیں اور کسی دوسرے کو کوئی حقِ ملکیت نہیں دیتے - تمام کاروباری سرگرمی خزاں اور بہار میں آزلے Azalay (رک باں) کے دوران میں عمل میں آتی ہے جب طوارق قافلے باجرہ، مکھن، خشک گوشت، کپڑے اور اخروٹ لاتے ہیں، اور ان کے بدلے نمک لے جاتے ہیں - جوں جوں حالات زیادہ محفوظ اور پرامن ہوتے گئے ان بڑے بڑے قافلوں کی جگہ جن میں ہزاروں اونٹ ہوتے تھے، چھوٹے قافلوں کا رواج ہوتا جا رہا ہے - نائجیریا میں جوں جوں سمندری نمک اور یورپی نمک کی در آمد آہستہ آہستہ بڑھ رہی ہے یہ قافلے اور بھی چھوٹے ہوتے جا رہے ہیں: تاہم گھریلو مبادلۂ اجناس کا نظام اب بھی پہلے کی طرح جاری ہے. گو سال بہ سال شرح مبادلہ گھٹتی

marfat.com
Marfat.com

بڑھتی رہتی ہے۔

**مآخذ:** (۱) Barth : *Reisen*، ج ۳، باب ۶؛ (۲) Rohlfs : *Quer durch Africa*، ج ۱؛ (۳) Nachtigal : *Sahara und Sudan*، ج ۱؛ (۴) Monteil : *De St. Louis à Tripoli par le Tchad*، باب ۱۳؛ (۵) Gabel : *Notes sur Bilma et les oasis environnantes*، در *Revue Colonial*، ۱۹۰۷ء، ص ۳۶۱ تا ۳۸۶؛ (۶) Cne. Grandin : *Notes sur l'industrie et le commerce du sel au Kawar, et en Agram*، در *Bul. IFAN*، ۱۳ / ۲، ۱۹۵۱ء، ص ۴۸۸ تا ۵۳۳؛ (۷) J. Chapelle : *Nomades noirs du Sahara*.

(R. CAPOT-REY)

* **بلْمجه:** (بلمک به معنی جاننا، آگاهی دینا، کے مادّے سے) عثمانلی ترکوں میں مقبول عام چیستانوں کا سب سے عام نام۔ مشرقی اور شمالی ترکوں میں مادّہ تاپ (ڈھونڈھ نکالنا) سے مشتق الفاظ جیسے تاپشمق، تاپمجه، تاپقش، تاپشقق، تابوشتورمق (اسی معنی میں) مستعمل ہیں۔

حقیقی عوامی پہیلیوں کو مصنوعی چیستانوں، جیسے لُغز یا مُعمّا (رلک بان) سے عموماً ان کی سادہ شکل، ان کے ضلع جگت اور ایہام، اور ان کے بظاہر غیرمعقول اور غیرمنطقی ہونے کی بنا پر ممیز کیا جا سکتا ہے۔ پہیلیوں کی یہ آخری خصوصیت، یعنی ان کی غیرمعقولیت، اس طرح ظاہر ہوتی ہے: ان میں جب مختلف چیزوں اور واقعات کا ذکر ہوتا ہے تو بعض ایسی روایتی تعبیرات سے کام لیا جاتا ہے جن کا ان چیزوں کو معمولی اور فطری طریقے پر دیکھنے سے ایک سبہم ہی سا تعلق ہوتا ہے اور مفہوم سمجھنے سے پہلے ان تعبیرات کا جاننا ضروری ہوتا ہے۔ اس کا یہ مطلب ہے کہ عموماً یہ ممکن نہیں ہوتا کہ انسان منطقی دلیل سے کسی پہیلی کی بجھارت معلوم کر لے، بلکه کسی پہیلی کو حل کرنے کے لیے پہلے اسے ان اصطلاحات کا مفہوم سمجھنا لازم ہے جو ہائروغلیفی (= تصویری تحریر؛ رمزی) نوعیت کی ہوتی ہیں۔ ان خصوصیتوں میں سے کوئی بھی ایسی نہیں جو محض ترکی عوامی پہیلیوں میں پائی جاتی ہو، بلکہ ایک قوم کی پہیلیاں کسی دوسری قوم کی پہیلیوں سے صرف جزئیات، عموماً لفظیء میں مختلف ہوتی ہیں۔ بلْمجه کا خاص ترکی کردار دراصل جغرافیائی محلِ وقوع اور ترک عوام کی زندگی سے وابستہ ہے۔ بحیثیت مجموعی ان کا اسلامی رنگ محض ثانوی اور غیر اہم ہے۔

موجودہ زمانے میں پہیلیاں زیادہ‌تر ترکی کی اس شاخ کی تشکیل کرتی ہیں جو بچوں کے لیے مخصوص ہے، لیکن بہت سے قرائن اس امر پر دال ہیں کہ کسی زمانے میں ان کو زیادہ قابل اعتنا سمجھا جاتا تھا اور وہ عوامی فلسفے کا ایک جزو تھیں، چنانچه کئی ایسی کہانیاں موجود ہیں جن میں چیستانی مقابلوں کا ذکر ہے، یعنی اس طرح کہ ایک شخص کوئی ایک مصرع پڑھتا ہے اور اس کا مدّمقابل اس کے جواب میں دوسرا مصرع پڑھتا ہے، جس کے نتائج بعض اوقات هزیمت خوردہ جماعت کے لیے بہت سنگین ہوتے ہیں۔ نیز اسی طرح علم کائنات و جنس سے متعلق پہیلیوں کی موجودگی سے بھی یہ واضح ہوتا ہے کہ وہ دراصل بچوں کے لیے نہیں بنائی گئی تھیں۔ اپنے معاشری کردار کی تبدیلی کے ساتھ ساتھ پہیلیوں میں بہت کچھ ردّ و بدل ہوتا رہا اور ان کا مفہوم بھی نیا ہوگیا۔ حقیقت یہ ہے کہ پہیلیوں کی بجھارت ان کا ایک متبدّل اور غیر معیّن عنصر ہے۔

پہیلیاں عام طور پر ایک چھوٹے سے جملے کی شکل میں ہوتی ہیں، مثلاً دیکھیے یہ پہیلی جس کے بارے میں معلوم ہے کہ چودھویں

marfat.com
Marfat.com

صدی میں بھی موجود تھی اور جو آج تک بہت عام ہے: ''یرآلتنده یاغلی قایش ''(زیر زمین چکنی پھسلن)، یعنی سانپ - زیادہ‌تر عوامی پہیلیوں کے دو حصے ہوتے ہیں جو ہم صوت یا تقریباً ہم قافیہ ہوتے ہیں کیونکہ ان میں رعایت لفظی پائی جاتی ہے (مثلاً) ''الله یاپار یاپیسنی، بیچاق آچار قاپیسی'' (خدا اس کی ساخت بناتا ہے اور چاقو اس کا دروازہ کھولتا ہے)، یعنی تربوز - اس نمونے کی پہیلیوں کو اکثر طول دے کر باقاعدہ رباعیوں (= مانی) کی شکل دے دی جاتی ہے، جو ترکی عوامی شاعری کی ایک مخصوص شکل ہے - متضاد مفہوم کے ہم‌شکل انفاظ اور صوتی نام کثرت سے پائے جاتے ہیں۔

اب تک جو مواد جمع ہوا ہے اس کے مطالعے و مقابلے سے یہ پتا چلتا ہے کہ وہ سب اصناف جن میں پہیلیوں کو تقسیم کیا جا سکتا ہے بعض قدیم نمونوں کی بدلی ہوئی شکلیں ہیں - واقعہ یہ ہے کہ ان تبدیلیوں کی وجہ سے جو زبانی روایت کے عمل کے ضمن میں پیدا ہو جاتی ہیں اور اس وجہ سے بھی کہ پہیلیوں کو نئی بجھارتوں کے مطابق بنانے کے لیے شعوری طور پر بھی بدلتے رہتے ہیں، پہیلیوں میں مسلسل تبدیلی ہوتی ہی رہتی ہے - اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ان کی مختلف شکلوں کی تعداد میں تقریباً لامحدود اضافہ ہو جاتا ہے - تاهم بعض ایسی پہیلیاں بھی ہیں کہ جن کی شکل اور بجھارت صدیوں سے نہیں بدلی۔

محمود کشغری کی دیوان لغات الترک کے زمانے (گیارھویں صدی) سے ہمیں تابوزغونگ، تابوزغوق اور تابزوغ کے ناموں سے بعض پہیلیاں ملتی ہیں، لیکن ترکی عوامی پہیلیوں کی قدیم‌ترین معروف مثالیں Codex Cumanicus میں ملتی ہیں اور متعدد اشاعات کا موضوع رہی ہیں - (G. Kuun: Codex Cumanicus، بوڈاپسٹ ۱۸۸۰ء، ص ۳۳ تا ۱۵۷، ۲۳۶ ببعد؛ W. Radloff: Das Türkische Sparchmaterial des C.C.، در Mém. de l' Acad. de St. Petersburg، ج ۳۵/۶ (۱۸۸۷ء): ۲؛ W. Bang: Über die Rätsel des C.C.، در SBPr. Ak. W. (۱۹۱۲ء)، ج ۲۱: ۳۳۴ تا ۳۵۳؛ J. Németh: Die Rätsel des C.C.، در ZDMG، ج ۶۷ (۱۹۱۳ء): ص ۵۷۷ تا ۶۰۸؛ S.E. Malov: K istorii i kritike C.C.، در Izv. Akad. Nauk. SSSR، حصۂ ادبیات، ۱۹۳۰ء: ۳۴۸ تا ۳۷۵؛ J. Németh: Zu den Rätseln des C.C.، در KCA، ۲: ۳۶۶ تا ۳۶۸۔

پہیلیوں کے بہت سے مجموعے ایسے بھی ہیں جنھیں اس زمانے کے علما نے مرتب کیا، لیکن ان سے بھی ترکی عوامی پہیلیوں کا قیمتی ذخیرہ ابھی ختم نہیں ہوا۔

**مآخذ**: A. N. Samoylovich، Zagadki zakaspiyskikh Turkmenov، در Zivaya Starina (۱۹۰۹ء): ص ۲۸ تا ۳۰ - اس نے ان سب مطالعات کی جو ترکی اقوام کی پہیلیوں کے بارے میں ۱۹۰۳ء تک کیے گئے تھے ایک فہرست شائع کی ہے - اسے (RO، ۴: ۳ ببعد، ۱۹۲۶ء تک) Malov نے مکمل کر دیا ہے - ترکی پہیلیوں کی فہرست ماخذ کے لیے دیکھیے Kowalski کا مقالہ: Türkische Volksrätsel aus Nordbulgarien، (Festschrit für G. Jacob)، ص ۱۳۰ ببعد (۱۹۳۲ء تک) - ترکی پہیلیوں کے اہم مجموعے یہ ہیں: J. Kúnos: Oszmantörök népköltési gyujtemény، بوڈاپسٹ ۱۸۸۹ء، ۲: ۱۰۱ تا ۱۷۷؛ T. Kowalski: Zagadki ludowe turckie، Krakow ۱۹۱۹ء؛ سعدالدین نزهت و احمد فرید: قونیه ولایتی خلقیات و حرثیاتی، قونیه ۱۹۲۶ء، ص ۲۲۵ تا ۲۳۳؛ حمّامی زاده احسان: بلمجه لر (ترکی عوامی قصّوں پر مقالات، ج ۳، استانبول

marfat.com
Marfat.com

*Türkirsche Volksrätsel* : T. Kowalski ؛(۱۹۳۰ء *aus Kleinasien*، در *Archiv Orientalni*، ج ۲، ۱۹۳۲ء، ص ۲۹۵ تا ۳۲۴.

(T. KOWALSKI)

* **بَلَنْجَر**: خزر کا ایک اہم شہر جو اسی نام کے دریا پر، درّۂ دربند، یعنی بابُ الْاَبْواب (رکّ بآں) کے شمال میں کوہ قفقاز کے مشرقی سرے پر واقع ہے۔ اس کا محلِّ وقوع غالباً وہی ہے جہاں اندری ییوا Andreyeva کے نزدیک اَندرہ Endere کے کھنڈر ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ بلنجر اصل میں یہاں کے باشندوں کا اجتماعی نام تھا (قبّ الطَّبری، ۱: ۸۹۳ تا ۸۹۶ اور مادّۂ ''برنجر'')۔ المسعودی (التنبیه، ص ۶۲) کے نزدیک بلنجر، والگا پر واقع اَتِل (رکّ بآں) سے پہلے، خزر کا دارالحکومت تھا، لیکن جو معلومات ہمارے پاس ہیں ان سے اس بات کی شہادت نہیں ملتی۔ عربوں اور خزر کے مابین پہلی جنگ میں بلنجر عربوں کے پیہم حملوں کا آماج گاہ رہا اور ۳۲ھ/ ۶۵۲ء میں اس کا باقاعدہ محاصرہ کر لیا گیا جو محاصرین کی تباہی پر ختم ہوا۔ عربوں نے دوسری مرتبہ جرّاح بن عبداللہ الحکمی کے زیرِ قیادت ۱۰۴ھ/ ۷۲۲-۷۲۳ء میں اس کا محاصرہ کیا اور اس مرتبہ اسے تسخیر کر لیا۔ کہا جاتا ہے کہ زیادہ‌تر باشندے یہاں سے ہجرت کر گئے۔ یہ بات بالکل قرین قیاس ہے کہ ان میں سے بہت سے شمال کی طرف گئے ہوں گے۔ اس واقعے کے دو سو سال بعد سیاح ابن فضلان (۳۱۰ھ / ۹۲۲ء) کو والگا کے بلغاریوں میں ہزاروں برنجار [= بلنجری] ملے۔ ابن الاثیر نے جو اعداد و شمار اس مال غنیمت کے دیے ہیں جو محاصرے کے بعد محاصرین میں تقسیم کیا گیا (تیس ہزار کی فوج میں ہر سوار کو ۳۰۰ دینار) ان سے اندازہ ہوتا ہے کہ تسخیر کے وقت بلنجر میں بڑی دولت تھی۔ بظاہر اس پہلو سے اس کی اہمیت میں کمی ہو گئی۔ اور دوسری عرب خزر جنگ (۱۱۹ھ/ ۷۳۷ء) کے بعد سے تو اس کا ذکر شاید ہی کہیں ملتا ہو.

**مآخذ**: (۱) حدود العالم، ص ۴۵۲ تا ۴۵۳؛ (۲) اے۔ زکی ولیدی طوغان: *Ibn Fadlān's Reisebericht*، در *AKM*، XXIV، لائپزگ ۱۹۳۹ء، ۱۴: ۱۹۱ تا ۱۹۳، ۲۹۸ تا ۲۹۹ حواشی: (۳) D. M. Dunlop : *The History of the Jewish Khazars*، پرنسٹن ۱۹۵۴ء، اشاریه بذیل مادّه بلنجر؛ (۴) M. Artamonov : *Ocherki drevneishei istorii Khazar*، ص ۹۳.

(D.M. DUNLOP)

* **بُلَنْد شَہْر**: (= بَرَنْ)، ہندوستان کا ایک قدیم شہر، ۲۸°-۱۵' شمال اور ۷۷°-۵۲' مشرق میں آگرے اور علیگڑھ سے میرٹھ جانے والی بڑی سڑک پر واقع ہے، آبادی (۱۹۰۱ء) چونتیس ہزار چار سو چھیانوے تھی۔ اس کا قدیم نام اس کے فرضی بانی اَہِی بَرَن کے نام پر برن تھا (جس سے اب بھی اسے بعض اوقات موسوم کیا جاتا ہے، لیکن محض نسبت بَرَنی میں): اس کی قدامت پانچویں صدی عیسوی کی تانبے کی منقوش لوحوں اور اس سے بھی زیادہ قدیم زمانوں کے سکّوں کی دریافت سے ثابت ہوتی ہے۔ اسے بلند شہر (یعنی اونچا شہر) اس لیے کہا جانے لگا کہ یہ کالی ندی کے کنارے جو شہر کے پاس سے بہتی ہوئی گذرتی ہے، ایک اونچی جگہ پر واقع ہے۔ یہ نام صاف طور پر اسلامی ہے اور بظاہر مغلیہ دور کے کسی زمانے میں اس شہر کو اس نام سے موسوم کیا گیا۔ اگرچہ سجان رائے کی خلاصة التواریخ میں (جو ۱۱۰۷ھ/ ۱۶۹۵-۱۶۹۶ء کے مؤخر زمانے میں تالیف کی گئی) اس کا ذکر حسب سابق برن کے نام سے کیا گیا ہے۔ ۴۰۹ھ/۱۰۱۸ء میں اسے سلطان محمود غزنوی نے فتح کیا اور یہاں کے ہندو راجا ہَرْدَت نے اطاعت کی پیش کش کی اور اپنے

Marfat.com

دس ہزار آدمیوں کے ساتھ مشرف بہ اسلام ہوا ۔ شہر ہردت کو واپس دے دیا گیا لیکن اس کے اخلاف نے اسلام ترک کر دیا اور اس خاندان کا آخری راجا چندرا سین ۵۹۰ھ / ۱۱۹۳ء میں غوری سلطان محمد ابن سام کے سپاہ سالار قطب الدین ایبک کے خلاف شہر کی محافظت کرتا ہوا مارا گیا ۔ قطب الدین نے اسے بطور جاگیر اپنے داماد اور جانشین اُلتُمِش [رک باں] کو عطا کر دیا ۔ چندرا سین کے ایک رشتہ دار جیپال نے اسلام قبول کر لیا اور شہر کو حملہ آوروں کے حوالے کر دینے کے صلے میں اسے شہر کی سرداری دے دی گئی ۔ اس کے اخلاف اب تک بلند شہر میں خوش‌حالی کی زندگی بسر کر رہے ہیں ۔ سلطان محمد بن تغلق کے عہد میں یہ شہر کسانوں کی ایک بغاوت کا مرکز رہا ۔ اس بغاوت کو بادشاہ نے سختی سے فرو کرتے ہوے اردگرد کا تمام علاقہ ویران کر دیا اور برن کے باشندوں پر خوفناک مظالم ڈھائے ۔ ۸۰۲ھ / ۱۳۹۹ء میں باغی امیر اقبال خان (فضل اللہ بلخی) نے یہاں پناہ لی ۔ اس نے سلطان ناصر الدین محمود (۶۴۴ھ / ۱۲۴۶ء تا ۶۶۵ھ / ۱۲۶۶ء) کے خلاف بغاوت کی تھی ۔ ۸۱۰ھ / ۱۴۰۷ء میں جونپور [رک باں] کے سلطان ابراهیم شاہ شرقی نے اس شہر پر قبضہ کیا، لیکن یہ سن کر کہ گجرات کا مظفر شاہ اوّل جونپور پر حملہ کرنے کو ہے اس نے اسے بعجلت خالی کر دیا۔

اس کے بعد اس شہر کا کوئی ذکر سننے میں نہیں آتا کیونکہ مغلیہ عہد میں وہاں برابر امن و امان کا دور دورہ رہا ۔ سلطان اورنگ زیب عالمگیر کے تبلیغی ذوق و شوق کی بدولت بہت سے لوگ اسلام کی آغوش میں آگئے، جن میں سے بیشتر بلند شہر کے اندر اور اس کے گرد و نواح میں رہنے‌والے راجپوت تھے ۔ بارھویں صدی ہجری / اٹھارھویں صدی عیسوی کے دوران میں، جبکہ پورے ملک میں بد امنی پھیلی ہوئی تھی، مرہٹوں نے بلند شہر کو پامال کیا اور اس پر قابض ہو گئے ۔ وہ اس کا نظم و نسق کوئل (علی گڑھ) سے کرتے تھے، علی گڑھ کے قلعے کی تسخیر سے ۱۲۱۸ھ / ۱۸۰۳ء میں بلند شہر انگریزوں کے تصرّف میں آ گیا ۔ ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی کے دوران میں یہ شہر بہت ہیجان کی حالت میں رہا، چنانچہ مالاگڑھ کے ولی داد خان نے انگریزی محافظ فوج کو نکال دیا اور حکومت کی باگ ڈور اپنے ہاتھ میں لے لی ۔ وہ اور اس کے ساتھی، گجّر (گوجر) اور مسلمان راجپوت، انگریزوں کے سخت دشمن ثابت ہوے اور کہیں پانچ ماہ کی مزاحمت کے بعد جا کر انھوں نے شہر کو حوالے کیا ۔

تاریخِ پاک و ہند کا مطالعہ کرنے والے اس شہر سے نویں صدی ہجری / چودھویں صدی عیسوی کے دانشور مؤرّخ ضیاء الدین برنی [رک بہ برنی] کی جاے ولادت کے طور پر بخوبی واقف ہیں ۔ یہاں بعض بہت قدیم مسجدیں اور مقبرے ہیں جن میں درگاہ خواجہ لال برنی بھی شامل ہے، جو ۵۹۰ھ/۱۱۹۳ء میں اسلامی فتح کی یادگار میں تعمیر کی گئی تھی ۔ انگریزی عہد کے شروع میں ایک چھوٹا سا شہر ہوتے ہوے اب یہ اندرونی و بیرونی تجارت کا ایک رو بہ ترقی مرکز ہے ۔

**مآخذ** : (۱) طبقاتِ ناصری (طبع عبدالحی حبیبی)، ۱، کوئٹہ ۱۹۴۹ء : ۵۱۹؛ (۲) سجان راے بھنڈاری: خلاصۃ التواریخ (طبع ظفر حسن)، دھلی ۱۹۱۸ء، بمدد اشاریہ؛ (۳) مقبول احمد صمدنی : حیات جلیل بلگرامی، الہ آباد ۱۹۲۹ء، ۱ : ۱۱۹ حاشیہ؛ (۴) مہدی حسین : *The Rise and Fall of Muhammad bin Tughlaq*، لندن ۱۹۳۹ء، ص ۱۰۳ تا ۱۰۴ و اشاریہ؛ (۵) F. S. Growse : *Bulandshahr*، بنارس ۱۸۸۴ء؛ (۶) *Buland-shahr District Gazetteer* (طبع H. R. Nevill)، الہ آباد

marfat.com
Marfat.com

۱۹۰۳ء؛ (۷) T. Stoker : *Settlement Report* (۱۸۹۱ء)؛ (۸) *Imperial Gazetteer of India*، آوکسفرڈ ۱۹۰۸ء، ۹ : ۷۰ تا ۹۰؛ (۹) برنی : تاریخ فیروز شاہی، علی گڑھ ۱۹۰۸ء، بمدد اشاریه؛ (۱۰) العُتبی : کتابُ الیمینی، لاہور ۱۳۰۰ھ / ۱۸۸۲ء، ص ۳۰۷.

(بزمی انصاری)

* بَلَنْسِیَه : (Valencia)، ہسپانیه کا ایک شہر، جس کی آبادی پانچ لاکھ سے اوپر ہے اور اس اعتبار سے وہاں کا تیسرا بڑا شہر ہے۔ یه جزیره نما کے مشرقی حصّے میں بحیرۂ روم اور اس کی بندرگاه الغراو el Grao سے تین میل کے فاصلے پر واقع ہے اور تین سو چالیس میل لمبی ریلوے لائن کے ذریعے میڈرڈ سے ملا ہوا ہے، لیکن بخط مستقیم دونوں شہروں کا درمیانی فاصله صرف ایک سو اٹھاسی میل ہے۔ بلنسیّه اسی نام کے ایک صوبے کا صدر مقام ہے اور ایک اسقف اعظم کا حلقه ہے۔ بلنسیه سرسبز و شاداب Huerta de Valencia کے مرکز میں واقع ہے، جسے وادی الابیض (Turia یا Guadalaviar) سیراب کرتا ہے، اس وجه سے اس کا محلِّ وقوع بہت دلکش ہے۔ قُرطُبه اور طُلَیطُله کے برخلاف بلنسیه کے اس قدیم صدر مقام کی اہمیت میں وقت کے ساتھ ساتھ اضافه ہوتا رہا ہے اور یه مشرقی ہسپانیه یا عہدِ اسلامی کے شرق الاندلس کا دارالحکومت چلا آتا ہے۔ سرکاری کاغذات میں اس کا نام بلنسیه السید Valencia del Cid درج ہے تاکه قشتاله کے اس مشہور جانباز کی یاد قائم رہے جس نے یہاں کی تاریخ میں اہم کردار انجام دیا تھا۔

بلنسیه کی بنیاد رومیوں نے ۱۳۸ ق۔م میں رکھی تھی۔ باغی وریاتھوس Viriathus کے مرنے کے بعد روما کے ایک حاکمِ اعلٰی جُونیس بروٹس D. Junius Brutus نے یہاں ان قدیم جنگ آزماؤں کی آبادی قائم کی جو حکومت روما کے وفادار رہے تھے۔ آگے چل کر یہاں کے باشندوں نے سرٹوریوس Sertorius کا ساتھ دیا اور ۷۵ ق۔م میں پامپی Pompey نے اسے جزئی طور پر تباہ کر دیا۔ آگسٹس Augustus کے عہد میں اس کی خوش‌حالی پھر شروع ہوئی۔ ۴۱۳ء میں اس پر غربی قوطیوں Visigoths نے قبضه کر لیا اور ۷۱۴ء میں جب طارق نے اس پر اور ساگون ٹم Saguntum، شاطبه Jativa اور دانیه Denia پر قبضه کیا تو اس شہر نے اسلام قبول کر لیا۔

عہدِ امویّه میں ہسپانیه کی تاریخ سے معلوم ہوتا ہے که بلنسیه ایک معمولی اہمیت کا مقام تھا۔ جس علاقے کا یه صدر مقام تھا وہ قیسی نوآبادیوں کے قائم ہو جانے سے عربوں کے رنگ میں رنگا گیا۔ اسی وجه سے یه شرق الاندلس (Levant) کا دارالحکومت اور اسلامی حکومت کے سارے دور میں عرب ثقافت کے سرگرم ترین مراکز میں شمار ہوتا رہا، دوسرے جانب بلنسیه کے ساحلی علاقے کے ساتھ ساتھ پہاڑوں میں بربر نسل کے لوگوں کی چھوٹی چھوٹی الگ تھلگ نوآبادیاں تھیں، جیسا که ہمیں مشرقی مصنف المُقَدَّسی اور ہسپانوی مصنّف الرّازی (در یاقوت : معجم البُلدان، بذیل مادّه) سے پتا چلتا ہے۔ اس زمانے میں بلنسیه ایک صوبے یا کوره کا صدر مقام تھا اور وہاں قرطبه کے خلیفه کا مقرر کرده والی رہا کرتا تھا۔ گیارھویں صدی میں جا کر جب خلافت ٹکڑے ٹکڑے ہو گئی تو یه ایک خود مختار اسلامی ریاست کا دارالحکومت قرار پایا۔ اور بہت جلد ان عیسائیوں کا مطمح نظر بن گیا جو ہسپانیه کو دوباره فتح کرنا چاہتے تھے اور اس وقت سے بلنسیه کو ازمنۂ وسطٰی کی تاریخ اندلس کے ان ہسپانوی و عربی وقائع میں جو ہم تک پہنچے ہیں زیاده سے زیاده اہمیت ملنے لگی۔

بلنسیه کی اسلامی ریاست کی بنیاد ۴۰۱ھ/

Marfat.com

۱۰۱۰ - ۱۰۱۱ء میں دو آزاد شده عامریوں، یعنی مبارک اور مظفّر نے رکھی - یه دونوں اس ضلع میں آب پاشی کے نظام کے نگران تھے - پھر انھوں نے خود مختاری کا اعلان کر دیا اور دونوں مل کر حکومت کرنے لگے - بہت تھوڑی مدت حکومت کرنے کے بعد مبارک فوت ہو گیا اور مظفّر کو بلنسیه سے نکال دیا گیا - اس کے بعد اس قصبے کے باشندوں نے ایک اور 'صقلبی' ("Slav") [رک به الصقالبة] کو حکومت کرنے کے لیے چن لیا، جس کا نام لبیب تھا - اس نے اپنے آپ کو برشلونه Barcelona کے عیسائی کاؤنٹ کی سیادت کے تحت دے دیا - کچھ عرصے بعد ریاست بلنسیه المنصور ابن ابی عامر کے پوتے عبدالعزیز بن عبدالرحمٰن کے قضبے میں آ گئی، اس نے اپنے دادا کے نام پر المنصور کا لقب اختیار کیا - بیشتر ازیں وہ سرقسطه (Saragossa) کے امیر المُنذر بن یحیی التُّجیبی کے دربار میں ایک پناہ گزین کی حیثیت سے رهتا تھا - عبدالعزیز ۴۵۲ھ/ ۱۰۶۱ء، یعنی اپنی وفات تک بر سر حکومت رہا - اس کے عہد میں بلنسیه میں امن و خوش‌حالی کا دور آ گیا - اس نے خلیفۂ قرطبه القاسم بن حمّود کی سیادت قبول کی، جس نے اسے المؤتمن اور ذوالسّابقتین کے القاب استعمال کرنے کا اختیار دیا - اس نے هسپانیه کی عیسائی حکومتوں کے ساتھ خوشگوار تعلقات قائم رکھے - اس کا بیٹا عبدالملک اس کا جانشین ہوا اور المظفّر کا لقب اختیار کیا - تخت نشینی کے وقت وہ کم سن ہی تھا، چنانچه اس کا وزیر ابن عبدالعزیز نگران کی حیثیت سے حکومت کرتا رہا - اس کے کچھ ہی دن بعد قشتاله (Castile) کے فرڈیننڈ اوّل اور لیون Leon نے بلنسیه پر حمله کیا - انھوں نے اهلِ بلنسیه کو شکست دی اور شہر پر تقریبًا قبضه کر لیا، لیکن اهل بلنسیه نے محاصرین کو مار بھگانے کے لیے محاصرے سے نکل کر دھاوا بول دیا - عبدالملک نے شاه طُلَیطُله، المامون بن ذوالنّون [رک بآں] سے اعانت طلب کی، لیکن اس نے بلنسیه آ کر نو عمر بادشاه کو بہت جلد تخت سے اتار دیا (۴۵۷ھ/ ۱۰۷۵ء) - اس کے بعد بلنسیه کی ریاست کا سلطنتِ طُلَیطُلة سے الحاق ہو گیا اور المؤمن حکومت کرنے کے لیے وزیر ابوبکر بن عبدالعزیز کو وہاں چھوڑ گیا - جب ۴۶۷ھ/ ۱۰۷۵ء میں المامون نے انتقال کیا تو اس کا بیٹا یحیی القادر جانشین ہوا، لیکن تھوڑے ہی دن میں ظاہر ہو گیا که وہ بڑا نااهل ہے، بلنسیه نے آهسته آهسته اپنی خود مختاری دوباره حاصل کر لی - القادر نے الفانسو ششم، شاه قشتاله سے اس قصبے پر دوباره قبضه کرنے کے لیے مدد مانگی، لیکن اس کا انجام یه ہوا که ۴۷۸ھ/ ۱۰۸۵ء میں اسے خود اپنا دارالحکومت الفانسو کے حوالے کرنا پڑا - ان واقعات میں قشتاله کے بہادر راڈرک دیاز دی ووار Radrigo Diaz de Vivar نے، جس کا نام تاریخ اور داستانوں میں السیّد (Cid) آیا ہے، جو کارنامے دکھائے ان کے بارے میں قبّ مادۂ السیّد.

المرابطون نے هسپانیه پہنچ کر پھر سلطنت بلنسیه کو اسلامی حکومت کے تحت لانے کی کوشش کی، لیکن السیّد کے مقابلے میں ان کی تمام کوششیں ناکام رهیں، جب وہ ۴۹۲ھ/ ۱۰۹۹ء میں مر گیا تو اس کی بیوه شمینه Ximena المرابطون کے حملوں کا، جو وہ مزدَلی کے زیرِ قیادت کرتے رہے، مقابله کرتی رهی، لیکن بالآخر اس نے بلنسیه کو نذر آتش کرنے کے بعد همیشه کے لیے خیرباد کہه دیا اور ۱۵ رجب ۴۹۵ھ/ ۵ مئی ۱۱۰۲ء کو مسلمان اس میں داخل ہو گئے.

المرابطون کی طرف سے یکے بعد دیگرے متعدد والی بارهویں صدی کے وسط تک بلنسیه پر حکومت کرتے رہے - اس کے بعد الموحّدون کے

marfat.com
Marfat.com

ہسپانیہ میں داخل ہونے سے قبل شورشوں کا جو دور شروع ہوا اس میں یہ قصبہ بتدریج خود مختاری حاصل کرنے لگا۔ اس نے اپنے سیاسی حالات کو مُرسِیَہ Murcia کے ساتھ وابستہ کر لیا اور وہاں کے متعدد چند روزہ بادشاہوں کی حکومت کو تسلیم کرتا رہا۔ ۵۴۲ھ / ۱۱۴۷ء میں بلنسیہ میں ابن مَرْدَنِیش کی بادشاہت کا اعلان ہوا، لیکن چار سال بعد رعایا نے اس کے خلاف بغاوت کر دی۔ الموحدون کے برائے نام زیرِ اقتدار بلنسیہ پر وہاں کے مقامی فرمانروا حکومت کرتے رہے تاآنکہ زوال قرطبہ کے دو سال بعد بالآخر اس پر عیسائیوں کا قبضہ ہو گیا، اور اسے ۲۸ ستمبر ۱۲۳۸ء کو ارغون Aragon کے جیمز اول نے فتح کر لیا۔

**مآخذ**: جن عرب جغرافیہ نگاروں نے اسلامی ہسپانیہ کے بارے میں قلم اٹھایا ہے انہوں نے بلنسیہ کے متعلق بھی تھوڑا بہت ضرور لکھا ہے: دیکھیے (۱) الاِدریسی: صفة الاَنْدَلُس، طبع ڈوزی و ڈخویہ، متن ص ۱۹۱، ترجمہ ص ۱۳۲؛ (۲) یاقوت: مُعْجَم البُلْدان، طبع Wusten-feld، ۱: ۷۳۰ تا ۷۳۲؛ (۳) ابوالفداء: تَقْویم البُلْدان، طبع Reinaud و de Slane، متن ص ۱۷۸، ترجمہ ص ۲۵۸؛ (۴) ابن عبدالمُؤمِن الحِمْیَری: الرَّوض المِعْطار، بذیل مادّہ؛ بلنسیہ کی اسلامی تاریخ کے بارے میں دیکھیے: (۵) ابن عذاری: البیان المُغرِب، ۲: ۱۱۱؛ (٦) ابن خَلْدون: *Historie des Berbères* و العبر، ج ۴؛ (۷) ابن ابی زَرْع: رَوْض القِرْطاس؛ (۸) Bibliotheca Arabico-Hispana کے سوانح نگار، نیز قب (۹) F. Codera: *Decadencia y desaparicion de los Almoravides en España*، سرقسطہ ۱۸۹۹ء؛ (۱۰) R. Dozy: *Histoire des Musulmans d'Espagne*، بمدد اشاریہ؛ (۱۱) González Palencia: *Historia de la España musulmana*، برشلونہ ۱۹۲۵ء؛ (۱۲) E. Lévi-Provençal: *Inscriptions arabes d'Espagne*، لائڈن و پیرس ۱۹۳۱ء؛ (۱۳) وہی مصنّف: *L'Espagne Musulmane du Xème Siècle*، پیرس ۱۹۳۲ء؛ (۱۴) R. Menèndez Pidal: *La España del Cid*، میڈرڈ ۱۹۲۹ء (بہت اہم)؛ (۱۵) A. Prieto Vives: *Los Reyes de taifas*، میڈرڈ ۱۹۲٦ء؛ (۱٦) E. Tormo: *Levante (Guias Calpe)*، میڈرڈ ۱۹۲۳ء.

(E. Lévi - Provençal)

⊗* **بَلُوچ**: (۱) شورای جمہوریۂ وفاقیۂ روس (USSR) کے وہ باشندے جو انیسویں صدی کے اواخر اور بیسویں صدی کے اوائل میں خراسان سے ترک وطن کر کے آئے اور جن کی نقلِ مکان کا یہ سلسلہ در حقیقت ۱۹۱۸ء کے بعد تک جاری رہا۔ کبھی کبھی غلطی سے انہیں اور وسط ایشیا کے خانہ بدوشوں (gypsies) کو ایک ہی سمجھ لیا جاتا ہے [رَکَ بہ لُولی]۔ ۱۹۲٦ء کی سر شماری میں اُن کی تعداد نو سو چھتیس بتائی گئی تھی، لیکن یہ عدد ان کی صحیح تعداد سے کم ہے، اس لیے کہ ان میں سے بعض کو ترکمانوں کے ساتھ شمار کر لیا گیا اور بعض کو چنگانیوں کے ساتھ۔ اس کے مقابلے میں Grandé (*Spisok narodnostey SSSR*، در *Revolyutsiya i Natsional' nosti*، شمارہ ۴، ۱۹۳٦ء: ص ۷۴ تا ۸۵) کا اندازہ، جو ۱۹۳۳ء میں ان کی تعداد دس ہزار بتاتا ہے، زیادہ معلوم ہوتا ہے۔ بلوچ روسی جمہوریہ کے صوبۂ ترکِمنستان کے علاقے ماری Mari میں رہتے ہیں۔ وہ عقیدے کے لحاظ سے سُنّی حنفی ہیں اور بلوچی (مکرانی) بولی بولتے ہیں، لیکن یہ بولی آہستہ آہستہ ختم ہوتی جا رہی ہے اور اس کی جگہ تاجیکی ترکمانی لے رہی ہے، جو یہاں ادبی زبان کے طور پر مستعمل ہے۔ ۱۹۲۸ء تک بلوچ خانہ بدوشوں کی زندگی بسر کرتے تھے، لیکن ۱۹۲۸ء اور ۱۹۳۰ء کے درمیان انہیں ایک جگہ بسا دیا گیا اور مویشی پالنے والے کولخزوں

marfat.com
Marfat.com

Kolkhozes) میں منظّم کر دیا گیا ۔ ان کے قالین اپنی چند خصوصیات کی بنا پر بجا طور پر مشہور ھیں۔

(A. Bennigsen)

[(۲) : لفظ بلوچ کے ماخذ : لفظ بلوچ کو مختلف ادوار میں مختلف اقوام نے بعل، بلوچ، بلوص، بلوس، بلوش، بعلوث، بلعوث، بیلوث، بیلوس اور بعلوس لکھا اور استعمال کیا ھے ۔ اھلِ بابل اپنے قومی دیوتا کو بال [یا بعل] (عظیم) کہا کرتے تھے ۔ یونانیوں نے اسے بیلوس کہا ۔ عہدِ قدیم میں لفظ بلوچ کو بعلوث اور بیلوث لکھا جاتا تھا ۔ زاں بعد یہ لفظ بیلوس اور بعلوس کے طور پر تحریر و بیان میں آتا رھا ۔ عرب اسے بروج، بلوص اور بلوش ادا کرتے ھیں اور ایرانی اسے بلوچ لکھتے اور بولتے ھیں ۔ برصغیر پاک و ہند میں ایرانی لفظ بلوچ رائج ھے ۔

اصل لفظ بلوص ھے، جسے عربوں نے بلوش اور ایرانیوں نے بلوچ لکھا ۔ اھلِ ایران ''ص'' ادا نہیں کرسکتے اس لیے انھوں نے بلوص کی ''ص'' کو ''چ'' سے بدل کر اسے بلوچ کی صورت عطا کی اور عربوں نے ص کو ش سے بدلا ۔

لفظ بلوچ کی وجہ تسمیہ نسبی اور سکنی اعتبار سے بھی کی جا سکتی ھے، نسبی اعتبار سے بلوص نمرود کا لقب ھے ۔ نمرود بابلی سلطنت کا پہلا بادشاہ تھا اور اسے احتراماً بلوص، یعنی 'سورج دیوتا' پکارا جاتا تھا ۔ یہ وھی نمرود تھا جس نے حضرت ابراھیم علیہ السلام کے لیے آگ کا الاؤ تیار کیا تھا ۔ سردار محمد خان گشکوری کی تحقیق کے مطابق بلوص نمرود کے بعد سلطنت بابل کا دوسرا بڑا شہنشاہ تھا۔

رالنسن Rawlinson کی تحقیق کے مطابق لفظ بلوچ کا مخرج لفظ بلوص ھے ۔

سکنی اعتبار سے بلوچ وادی بلوص کے رھنے والے ھیں ۔ یہ وادی شام میں حلب کے قریب ایران کی سرحد کے ساتھ واقع ھے ۔

وادی بلوص ایک اجاڑ وادی تھی ۔ عرب و شام کے کئی قبائل یہاں آباد ھوے، لیکن روم کے مستبد حکمرانوں کی درازدستیوں کے باعث نقل مکانی کرتے رھے ۔ جب اسلامی تعلیم اور حکومت کا غلبہ ھوا تو حضرت ابو عُبیدہؓ بن الجرّاح نے اپنے ایک سردار حُبیب بن مَسْلَمہ کی سرکردگی میں ایک لشکر وادی بلوص کی طرف روانہ کیا ۔ اس لشکر کے ھمراہ عربوں کی ایک ایسی جماعت بھی تھی جو ایک عرصے سے شام میں آباد تھی ۔ وادی بلوص کی فتح کے بعد یہ جماعت اسی وادی میں آباد ھوگئی ۔ اس اثنا میں قبیلۂ قیس بھی صحرا نوردی چھوڑ کر اس وادی میں آباد ھوگیا یہی لوگ بلوص اور بعد میں بلوچ کہلائے ۔

بلوچ نسل کے متعلق بعض اھلِ قلم کی راے یہ ھے کہ بلوچ قوم دو حصّوں میں منقسم ھے : بلوچ اور براھوئی [رَكَ بآن] ۔ ان کا یہ بھی کہنا ھے کہ یہ دونوں قومیں حسباً نسباً سامی‌الاصل ھیں ۔ دوسرا نظریہ یہ ھے کہ بلوچ اور براھوئی نسباً الگ ھیں اور براھوئی دراوڑ نسل سے ھیں ۔ جن تاریخ نویسوں نے براھویوں کو بلوچ کہا ھے ان کا کہنا ھے کہ براھوئی بلوچوں کا طائفۂ اوّل ھے جو بلوچوں کی عام ھجرت سے کم و بیش سات آٹھ صدیاں پیشتر ایرانی حکومت کی تاخت و تاراج سے نقل مکانی کر کے یہاں وارد ھوا تھا۔

خاص بلوچوں کے نسب کے بارے میں بھی بڑا اختلاف ھے ۔ پوٹنگر اور خانیکوف کا خیال ھے کہ یہ ترکمان نسل سے ھیں ۔ برٹن، لیسن، اسپیگل اور ڈیمز کا خیال ھے کہ یہ ایرانی نسل سے ھیں ۔ سر ٹی ھولڈچ کا خیال ھے کہ یہ نسلاً عرب ھیں ۔ ڈاکٹر بیلو نے انھیں راجپوت لکھا ھے ۔

marfat.com
Marfat.com

پروفیسر کین کا خیال ہے کہ ان کا نسب تاجک نسل سے ملتا ہے - ماکلر نے ثابت کیا ہے کہ بلوچ مکران کے قدیم باشندوں کے باقیات ہیں - اس کے ساتھ وہ یہ بھی کہتا ہے کہ ''رند'' بلوچ نہیں ہیں، بلکہ نسلاً عرب ہیں اور الحارث العلافی کی اولاد ہیں - سردار محمد خان نے یہ نظریہ پیش کیا ہے کہ بلوچ کلدانی اور بابلی ہیں اور مشہور حکمران نمرود کی نسل سے ہیں - آج کے تاریخی انکشافات یہ ظاہر کر رہے ہیں کہ بلوچ آریہ ہیں - خود بلوچوں کے پاس ایک نظم کے سوا کوئی قدیم سواد سوجود نہیں - اس نظم میں آیا ہے کہ وہ امیر حمزہ کی اولاد ہیں اور حاب سے آئے ہیں یہی درست معلوم ہوتا ہے - اس میں مزید یہ بیان ہوا ہے کہ انہوں نے امام حسین رض کا ساتھ دیا تھا - حضرت امام حسین رض کی شہادت کے بعد وہ بامپور پہنچے اور وہاں سے سیستان آئے .

فردوسی کے شاهنامه میں بلوچوں کا ذکر آیا ہے - اس میں ان کا ذکر کیکاؤس اور کیخسرو کی افواج کے سپاهیوں کی حیثیت سے ملتا ہے - اردشیر اور نوشیروان کے زمانے میں بھی وہ ان کا ذکر کرتا ہے - فردوسی نے ان کی انفرادی خصوصیات بھی بیان کی ہیں - اس سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ قوم ایرانی بلوچستان اور مکران میں قدیم زمانے سے اپنی انفرادی خصوصیت کے ساتھ رہتی چلی آ رہی ہے - ادھر بعض مؤرخوں کا خیال ہے کہ انہوں نے هجرت کی ہے - نور احمد خان فریدی کی تحقیق کے مطابق بلوچ قوم سامی النسل ہے - ان کا اصل وطن بحیرۂ خزر اور بحیرۂ اسود کا درمیانی اور ساحلی علاقه ہے - اس وقت تمام قبائل بلوص کہلاتے تھے اور جس وادی میں رہتے تھے وہ بھی بلوص کہلائی - یہاں سے وہ دشت لوط اور کرمان کی طرف منتقل ہوے اور پھر مختلف اوقات میں اس عظیم قوم کے قافلے کیچ مکران کی طرف هجرت کرتے رہے - یہاں آ کر اس قوم نے متعدّد مقامی قبائل کو اپنے اندر جذب کر لیا اور وہ بھی بلوچ کہلانے لگے .

میر جلال خان کی اولاد، یعنی رند، کورائی، لاشار، ہوت، جتوئی اور بلیدی وغیرہ خالص عربی النسل ہے - محمد بن هارون النمری اور محمد بن الحارث العلافی جیسے بہت سے عرب سردا رسابقہ بلوچستان اور سندھ میں آئے اور بلوچ اقوام میں شمار ہونے لگے - اب عربی اور عجمی قبائل کی تمیز نہیں ہو سکتی اور جو لوگ بلوچ کو ڈراوڑی ظاہر کرتے ہیں وہ بھی کچھ غلط نہیں ہیں، کیونکہ بلوچوں کی آمد سے پہلے یہاں کی مقامی آبادی کلی طور پر تو هجرت نہ کر سکی ہوگی - یقیناً پہنور، بھٹو، لنگاہ، کھوڑو، سومرو، کھوکھر، اُستا وغیرہ کے ماسوا متعدد قبائل، جو اپنے نسب کی حفاظت نہیں کر سکے، آج وہ بھی بلوچ کہلاتے ہیں.

امرت لال عشرت کی تحقیق کے مطابق، قدیم فارسی ادبیات میں بہت سے ایسے اشارے ملتے ہیں جن سے پتا چلتا ہے کہ یہ قوم شروع میں دریاے ماژندران (بحر خزر) کے کنارے اقامت گزیں تھی، وهاں سے جنوب کی طرف سہاجرت کر کے پہلے کرمان اور بعد میں گیارھویں صدی کے لگ بھگ سیستان اور مکران کے علاقوں میں آ کر آباد ہوئی - تیرھویں صدی کے اوائل میں چنگیزی حملے کی قیامت برپا ہوئی تو بلوچی بھی افتان و خیزان مشرق میں مشرقی مکران اور سندھ کی سرحد تک منتشر ہوگئے اور کچھ عرصے کے بعد برّصغیر کی شمال مغربی سرحد کے ساتھ ساتھ کوہ سلیمان کے سلسلے پر قابض ہو گئے - پندرھویں اور سولھویں صدی میں کچھ بلوچ دستے پنجاب اور سندھ میں بھی مقیم نظر آتے ہیں، لیکن ان کی اہم‌ترین هجرت تیمور کے حملے سے بابر کے حملے تک کے وقفے میں

Marfat.com

واقع ہوئی۔ مکران میں آگے بڑھتے ہوے یہ لوگ قلات کے ان بے آب و گیاہ پہاڑی ٹیلوں پر قابض ہو گئے جن پر آج کل براہوئیوں کا عمل دخل ہے۔ غالبًا بعض تاریخی عوامل نے بلوچوں کو قلات سے پھر ھجرت پر آمادہ کیا اور وہ برِ صغیر کے میدانوں میں پناہ لینے پر مجبور ہوے۔ بعض قبیلوں نے قلات پر قابض ہو کر بلوچوں کو سندھ اور پنجاب کے میدانی علاقوں کی طرف بھگا دیا۔ یہ واقعہ بلوچی قوم کی تاریخ میں ناقابلِ فراموش ہے۔ اس حادثے کے بعد سے یہ قوم دو گروھوں میں تقسیم ہوگئی اور اب مغربی اور مشرقی بلوچوں کے درمیان قلات کے براھوئی بھی نظر آتے ہیں۔

محمد سردار خان بلوچ نے اس سلسلے میں لکھا ہے کہ بلوچ روایت کے مطابق امیر جلال خان ان بلوچ قبائل کا سردار تھا جو گیارھویں صدی عیسوی میں کرمان کے پہاڑوں اور لوط کے ریگستان میں رہتے تھے۔ بلوچوں کا روایتی عہد اسی سردار سے شروع ہوتا ہے۔ اس کے چار بیٹے رند، کورائی، لاشار اور ہوت تھے۔ رند ان سب سے بہادر، دلیر اور شجاع تھا۔ آگے چل کر رند کی اولاد سے امیر چاکر خان بن امیر مشہک پیدا ہوا، جو بلوچ نسل کا عظیم‌ترین سپوت کہلاتا ہے۔ بارھویں صدی عیسوی میں بلوچوں نے کرمان کے پہاڑوں اور دشت لوط سے سیستان کی طرف کوچ کیا۔ سیستان سے باوچ بامپور اور موجودہ ایرانی بلوچستان میں آئے۔ پندرھویں صدی عیسوی میں بلوچوں نے مشرق کا سفر کیا اور مکران اور قلات کے مرکزی علاقوں میں پہنچے۔ سولھویں صدی عیسوی کے آغاز میں بلوچ قبائل باوچستان اور سندھ میں چھا گئے۔ سندھ میں بلوچوں کا ورود جام نظام الدین عرف جام ننڈو (تخت نشینی ۲۹ نومبر ۱۴۶۹ء؛ وفات ۱۵۰۸ء) کے عہد میں ہوا۔ یہ بلوچ روایت اس لیے قابلِ قبول نہیں کہ تاریخ سے ثابت ہوتا ہے کہ بلوچ ۱۳۲۶ء میں سلطان محمد تغلق کے سپہ سالار کشور خان صوبیدار سندھ کی فوج میں کثیر تعداد میں بھرتی ہو چکے تھے اور جب کشور خان نے سلطان محمد تغلق کے خلاف علمِ بغاوت بلند کیا تو بلوچ کشور خان کی طرف سے لڑے تھے۔ تزک بابری کے مطابق بلوچوں کی شہنشاہ بابر سے ۱۵۱۹ء میں بھیرے [ضلع شاہپور] میں مڈ بھیڑ ہوئی تھی۔

حقیقت یہ ہے ان صاحبوں نے ایک بلوچی نظم سے یہ اندازہ لگایا ہے کہ بلوچوں نے ھجرت کی ہے۔ حالانکہ تاریخی حقائق سے اس کا کوئی ثبوت نہیں ملتا۔ البتہ بلوچی نظم کی یہ روایت صحیح معلوم ہوتی ہے کہ پندرھویں صدی میں میر چاکر رند بلوچی قبائل کے ساتھ آگے بڑھا اور سبی پر قبضہ کیا۔ اس کے بعد یہ بلوچی قبائل قلات پر بھی قابض ہو گئے۔ اس سے پہلے اس سر زمین میں براھوئی اور سندھی آباد تھے، جو حارث بن مُرّہ العبدی، عبداللہ بن سوّار العبدی، مہلّب بن ابی صُفرہ، ابوالاشعث المُنذر بن جارود العبدی، ابن حری الباھلی اور سعید بن اسلم الکلابی کی کوششوں سے مسلمان ہو گئے تھے۔ اس کے بعد رندوں اور لاشاریوں کی باہم لڑائی شروع ہوئی، جو تیس سال تک جاری رہی۔ اس کی وجہ سے بلوچوں کی طاقت کمزور ہو گئی اور سبی پر شاہ بیگ ارغون نے قبضہ کیا اور میر چاکر خان پنجاب کی طرف چلا گیا۔ [مزید تاریخی تفصیل کے لیے رک بہ بلوچستان].

بلوچ معاشرت: بلوچ شہری اور قصباتی بھی ہیں اور خانہ‌بدوش بھی۔ خواہ وہ شہروں اور قصبوں میں اقامت گزیں ہوں یا صحراؤں اور جنگلوں میں بسر اوقات کریں، ان کی اپنے قبیلے سے محبت اور شیفتگی بےمثال ہے۔ غالبًا بلوچ عربوں سے بھی

marfat.com
Marfat.com

زیادہ قبائلی نظام کے قائل ھیں۔

ہر قبیلہ (= تمن) ذیلی اور تحتانی قبیلوں میں تقسیم ہوتا ہے جسے پاڑہ کہا جاتا ہے۔ ہر پاڑہ شاخوں میں مزید تقسیم ہوتا ہے جسے پھلی کہا جاتا ہے۔ مثلاً:

| قبیلہ | پاڑہ | پھلی |
|---|---|---|
| گورچانی | ۱ - شہکانی | جلبانی - بکرانی - منکانی |
| | ۲ - ہوت وانی | دودانی - شیخانی - سنجانی |
| | ۳ - خلیلانی | بابولانی - چٹیانی - منکانی |
| | ۴ - بازگیر | دلانی - برایمانی - پیوانی |

ہر قبیلے کا ایک سردار ہوتا ہے اور سردار کے حکم کی پاسداری قبیلے کے ہر فرد کا فرضِ اولین ہے۔ جنگ ہو یا صلح، سردار کا حکم حرفِ آخر کی حیثیت رکھتا ہے۔ سیاست ہو یا اقتصاد، معاشرت ہو یا ثقافت، ہر شعبۂ زندگی میں قبیلے کے افراد اپنے سردار کی خوشنودی کی روشنی میں اپنا طرزِ عمل طے کرتے ھیں۔ جس قبیلے کا سردار نہ ھو اسے عزت و وقار کی نظر سے نہیں دیکھا جاتا۔

بلوچوں میں خون کی پاکیزگی پر بہت زور دیا جاتا ہے۔ جس طرح عربوں میں خون اور خاندان کی طہارت اور تقدس کے لیے نسب‌ناموں پر بہت زور دیا جاتا ہے اسی طرح بلوچوں میں نسب‌ناموں کو بے حد اہمیت حاصل ہوتی ہے۔ ہر خاندانی بلوچ کو اپنا شجرہ یا نسب نامہ یاد ھونا چاھیے۔

دولت اور اختیارات کے اعتبار سے بلوچ قبائل کو تین طبقوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے:

(۱) سردار قبائل؛ (۲) متوسط قبائل؛ (۳) زیردست قبائل۔

سردار قبائل وہ ھیں جن کے پاس زمینوں کی وجہ سے یا صنعت و حرفت کی وجہ سے خاصی دولت ہے اور یوں وہ اثر و رسوخ میں دوسرے قبائل کے پیش رو ھیں۔ متوسط قبائل میں وہ قبائل شامل ھیں جن کے پاس نہ تو زمینیں زیادہ ھیں اور نہ آمد ھی کے دوسرے ذرائع وافر مقدار میں ھیں۔ وہ کاشتکاری اور گلہ‌بانی سے اپنا پیٹ پالنے کے ساتھ ساتھ سردار قبائل کی ملازمتیں بھی کرتے ھیں۔ تیسرے قبائل میں جاٹ، گولا، لوڑی اور ایسے دوسرے قبیلے شامل ھیں۔ ان قبائل کا اولین فرض سردار کی خدمت ہے۔ معاشرتی سطح پر ان کی حیثیت باقی دو قسم کے قبیلوں کے مقابلے میں کمتر ہے۔ تاہم بنیادی جمہوریت کے نظام کے اجرا اور تعلیم کے فروغ کی وجہ سے یہ طبقاتی تقسیم سرعت سے مٹ رہی ہے۔ تعمیر و ترقی کے نئے دور نے خاندان کے بجائے ذاتی اہلیت پر زیادہ زور دیا ہے، چنانچہ قبائلی نظام کی برائیوں کی شدت میں کمی ھو رہی ہے، تاہم اس کی خوبیوں کو جمہوری دور کے تقاضوں کے مطابق سلیقے سے اپنایا گیا ہے۔

بلوچوں میں عورت کو بے حد عزت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ اگر دو قبیلوں میں لڑائی چھڑ جائے تو ایک متحارب قبیلہ اپنے مخالف قبیلے کی عورتوں کو ہرگز کوئی گزند نہیں پہنچاتا۔ عورتوں کی بے حرمتی یا ان پر ظلم روا رکھنا کمینگی اور بزدلی کے مترادف ہے۔ اگر دو قبیلے لڑ رہے ھوں تو عورت کے دخل دینے پر لڑائی بند کر دی جاتی ہے۔

بلوچ عورتیں بلند کردار، بے حد دلیر اور جفاکش ھوتی ھیں۔ گھر کا سارا کام کاج کرتی ھیں۔ سینا پرونا ان کا مقبول مشغلہ ہے۔ وہ گلہ‌بانی بھی کرتی ھیں۔ مرد کی عدم موجودگی میں کوئی اجنبی یا مہمان آ جائے تو بساط بھر خدمت کرتی ھیں۔ بلوچ خواتین مہمان نوازی میں بے مثال شہرت رکھتی ھیں۔ مہمانوں کو خواہ وہ اجنبی ھوں یا دشمن خندہ پیشانی سے خوش آمدید کہا جاتا ہے۔

بلوچ عورتوں کا لباس شائستگی کا عمدہ نمونہ ہے، وہ تنگ یا چست لباس سے نفرت کرتی ھیں

marfat.com
Marfat.com

ان کے دوپٹے اور چادریں لمبی چوڑی ہوتی ہیں اور قمیص کھلی ڈھیلی - بلوچی کشیدہ کاری دنیا بھر میں نام پیدا کر چکی ہے اور اس امر کا ثبوت ہے کہ بلوچ عورتیں صاحبِ ذوق اور چابک دست ہیں۔

بلوچ مرد پگڑیوں، کرتوں اور شلواروں کو بہت پسند کرتے ہیں - ان کی کوشش ہوتی ہے کہ وہ اپنے لباس پر زیادہ کپڑا خرچ کریں - بلوچ بالوں کو بھی بہت پسند کرتے ہیں وہ باقاعدہ پٹے رکھتے ہیں اور تیل سے ان کی پرورش کرتے ہیں - ڈاڑھی کو عزت کی نگہ سے دیکھا جاتا ہے - اگر بلوچ ڈاڑھی کی قسم کھا کر وعدہ کرے تو یقین جانیے وہ اپنے وعدہ کو پورا کرنے کے لیے جان تک قربان کر دے گا - قرض اور ادھار کے سلسلے میں ڈاڑھی یا سر کے چند بال بہترین ضمانت تصور کیے جاتے ہیں۔

بلوچ مرد بندوق، تلوار، خنجر، تیر، کمان، گھوڑا اور چھل کے شیدائی ہیں - تیر کمان اور گھوڑے کی جگہ تو اب پستول اور کار اور جیپ نے لے لی ہے، تاہم وہ بالاچ حسن گور گئیر کے مشہور گیت کے الفاظ میں اب بھی ان اشیا کے شیدائی ہیں:

''پہاڑ ہمارے قلعے ہیں، پہاڑوں کی چوٹیاں ہماری محافظ ہیں، تنگ درے ہمارے دوست ہیں، ہم چشموں کا پانی پیتے ہیں، کوتاہ قد کھجور کے پتے ہمارے پیالے ہیں، خاردار جھاڑی ہمارا بستر ہے، زمین ہمارا تکیہ ہے، میرے سفید چھل میرے رہوار ہیں۔ آبدار خنجر میرا عزیز ترین رشتہ‌دار ہے، چوڑی ڈھال میرا بھائی ہے اور گہرا گھاؤ لگانے والی تلوار میرا باپ''۔

بلوچوں کی غذا سادہ ہوتی ہے - وہ گوشت بہت پسند کرتے اور اسے خاص طریقے سے بھونتے ہیں جسے سجی کہا جاتا ہے - کھانے پینے کے معاملے میں وہ بڑے حریص ہیں اور دستر خوان پر خوب درازدستی کرتے ہیں - وہ فخریہ کہتے ہیں کہ ہمارا پیٹ بھیڑیے کی انتڑیوں سے تیار کیا گیا ہے۔

بلوچ سیر و شکار کے دلدادہ ہوتے ہیں - وہ بڑے شوق سے شکاری کتے، باز اور شکرے پالتے ہیں اور ان سے شکار کرتے ہیں - شہسواری میں ان کی ہمسری بےحد مشکل ہے؛ وہ نہایت محنت اور شوق سے گھوڑے پالتے ہیں، جنھیں مقابلوں میں لاتے اور انعام حاصل کرتے ہیں - شہسواری کے بغیر بلوچ جرأت اور بہادری کا تصور بھی نہیں کر سکتے- ان کے تمام قومی ہیرو اپنے زمانے کے بہترین شہسوار تھے۔

بلوچ شہسواری کے علاوہ کشتی کے شوقین اور گیتوں کے رسیا ہیں - کھیت ہو یا کھلیان، صحرا ہو یا نخلستان، شہر ہو یا جنگل، بلوچ اپنے مخصوص انداز میں غزل کا شعر یا لوک گیت کا بند گنگناتا نظر آئے گا، بشرطیکہ وہ شگفتگی کے عالم میں ہو - پاکستان کی علاقائی زبانوں میں غالبًا بلوچی ایک ایسی زبان ہے جس میں سب سے زیادہ لوک گیت ہیں اور ان رزمیہ، رومانی المیہ اور اصلاحی گیتوں کو گانے کے لیے بلوچوں نے کئی اسلوب اپنا رکھے ہیں، جنھیں وہ طنبورہ، رباب، ڈھول، ڈھولک، نَے اور چنگ کے ساتھ گاتے ہیں۔

بلوچ رقص میں حرب و ضرب کے عناصر بدرجۂ‌اتم ملتے ہیں، مثلاً بھنگڑہ طرز کا بلوچی لوک رقص، 'چاپ' ایک اجتماعی رقص ہے، جو دائرے کی شکل میں بپا ہوتا ہے اور جس کے ساتھ ڈھول کی گت لازم ہے - 'جُھمر' یا 'دریس' بھی ایک بلوچی رقص ہے جسے اہلِ پنجاب نے اپنایا ہے - یہ رقص بھی تالیوں کے ساتھ دائرہ بنا کر کیا جاتا ہے؛ اس رقص

marfat.com
Marfat.com

کے ساتھ بھی ڈھول کا ہونا ضروری ہے۔ تیسرا رقص رزمیہ ہے ۔ اس میں تالیوں کے بجائے برہنہ شمشیر کی حرکت و جنبش یعنی وار کرکے واپسی کا سماں باندھا جاتا ہے ۔ نیز ڈھول بجانے والے دو ہوتے ہیں اور کبھی کبھی شہنائی کا بھی اہتمام کیا جاتا ہے ۔ یہ رقص دائرے کی صورت میں ہوتا ہے اور منہ سے صداے الست ایک خاص آہنگ کے ساتھ تھوڑے تھوڑے وقفے کے بعد نکالی جاتی ہے۔

بلوچی موسیقی کے بہت دلدادہ ہیں۔ ان کے سازوں میں رباب، ھژدہ، چنگ، سرندہ، چارتارہ، بربط، دنبورا، دہل یا ڈھول اور نڑ (نَے) مشہور ہیں۔

بلوچی موسیقی اور لوک گیت کا ذخیرہ میراثیوں کی وساطت سے اب تک محفوظ ہے ۔ ڈوم یا میراثی کو بلوچی میں لوڑی کہا جاتا ہے ۔ اس کا فرض ہوتا ہے کہ وہ نسبی شجرے یاد کرنے کے ساتھ ساتھ بلوچ قبائل کا ادبی و تہذیبی ورثہ بھی حفظ کرے اور بوقت ضرورت تقریبوں میں گا کر سنائے۔

بلوچوں میں شادی بیاہ کی تقریبات عموماً موسم بہار میں منعقد ہوتی ہیں ۔ یوں بھی ہوتا ہے کہ فصل کاٹنے کے بعد موسم خزاں میں بھی بعض شادیاں ہوتی ہیں۔ شادی عموماً قبیلے سے باہر نہیں کی جاتی ۔ اگر اپنے قبیلے میں سوزوں رشتہ نہ ملے تو لڑکیاں ساری عمر والدین کے گھر رہتی ہیں ۔ سب سے اچھا رشتہ وہ تصور کیا جاتا ہے جو اپنے قریبی رشتہ داروں میں ہو۔ جب کہیں رشتہ معلوم ہوتا ہے تو لڑکے کا والد اپنی طرف سے کسی سیانے آدمی کو، جیسے وکیل کہنا چاہیے، لڑکی کے والد کے گھر اس التجا کے ساتھ بھیجتا ہے کہ رشتے کی بات شروع کرے ۔ اگر لڑکی کے والدین یا لواحقین مان جائیں تو پھر لڑکی اور لڑکا دیکھا جاتا ہے ۔ یہ مرحلہ بہت کم پیش آتا ہے، کیونکہ لڑکی کے والدین لڑکے والوں سے اور لڑکے کے والدین لڑکی والوں سے عموماً پہلے سے متعارف ہوتے ہیں ۔ ازاں بعد لڑکے کے والدین اور چند قریبی رشتے دار لڑکی کے گھر جاتے ہیں اور لڑکی کے رشتے کا سوال اٹھاتے ہیں ۔ جب ہامی بھر لی جاتی ہے تو لڑکے کے والدین اپنے گھر آ جاتے ہیں اور چند دنوں کے بعد باقاعدہ نسبت ہو جاتی ہے ۔ نسبت کے موقع پر لڑکے کے والدین حسب استطاعت لڑکی کو تحائف از قسم ملبوسات وغیرہ پیش کر سکتے ہیں ۔ اس وقت دعا بھی مانگی جاتی ہے کہ خدا لڑکی اور لڑکے کو طویل زندگی عطا فرمائے اور وہ خوش و خرم رہیں ۔ شادی دھوم دھام سے سنائی جاتی ہے ۔ بعض اوقات ساری برات ڈھول کی گت پر ناچتی ہوئی دلھن کے گھر جاتی ہے۔ اور نکاح خوانی کے بعد ناچتی ہوئی واپس آتی ہے ۔ شادی والدین کی مرضی کے مطابق ہوتی ہے ۔ لڑکی یا لڑکے کی مرضی والدین کی مرضی کے مقابلے میں کوئی حیثیت نہیں رکھتی۔ بعض قبیلوں میں تو نسبت سے پہلے لڑکی کی رائے معلوم کرنا گالی سمجھا جاتا ہے تاہم تعلیم‌یافتہ اور خوش‌حال شہری خاندانوں میں چوری چھپے رائے معلوم کرنا معیوب خیال نہیں کیا جاتا۔

بلوچوں میں طلاق کو نہایت معیوب سمجھا جاتا ہے ۔ طلاق بے عزتی کا دوسرا نام ہے ۔ عورتوں کی تکریم بلوچوں کا جزو ایمان ہے ۔ وہ نہیں چاہتے کہ ایک ایسی عورت جو ان کی زندگی میں کسی حد تک یا کچھ مدت تک شامل رہی ہے اب ان سے قطع تعلق کرکے بدنامی کا باعث ہو۔ اس طرزِ عمل کا ایک پہلو یہ ہے کہ بلوچوں میں زنا کی سزا موت ہے ۔ اگر معلوم ہو جائے کہ یہ رسوائے عالم جرم سر زد ہوا ہے تو عورت اور مرد دونوں کو قتل کر دیا جاتا ہے۔

بلوچ ''خون کا بدلہ خون'' کے قائل ہیں۔ جو بلوچ قتل کا بدلہ نہ لے سکے اسے ''نامرد'' اور

marfat.com
Marfat.com

بزدل خیال کیا جاتا ہے۔

اگر بلوچ کسی کو پناہ دیں تو اس کی حفاظت کے لیے اپنی جان تک داؤ پر لگا دیتے ھیں ۔ یہ خوبی بھی بلوچوں کو عربوں کے خون سے وراثت میں ملی ہے ۔ وہ پناہ لینے والے کو کبھی دھوکا نہ دیں گے ۔ اگر زر و سیم کے ڈھیر ان کے سامنے رکھ دیے جائیں یا تختۂ دار پر ان کو کھینچا جائے تو بھی وہ پناہ لینے والے کا ساتھ نہ چھوڑیں گے ۔

**مآخذ**: (۱) ھتو رام راے بہادر: تواریخ بلوچستان، لاھور ۱۹۰۷ء؛ (۲) ش ۔ ضحی: ھمارا بلوچستان، مقالہ در ماہ نو، کراچی اپریل ۱۹۵۱ء؛ (۳) ڈاکٹر نبی بخش خان بلوچ: بلوچی ادب، مقالہ در *Cultural Heritage of Pakistan*، مطبوعۂ اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس، کراچی ۱۹۵۵ء؛ (۴) خیابان پاک، ادارۂ مطبوعات پاکستان، کراچی ۱۹۵۶ء؛ (۵) ایم لانگ ورتھ ڈیمز: *Popular Poetry of the Ballouch*، مطبوعۂ رائل ایشیاٹک سوسائٹی، لنڈن ۱۹۰۷ء؛ (۶) سردار محمد خان گشکوری: *History of the Balauchis and Balauchistan*، کراچی ۱۹۵۸ء؛ (۷) سلیم خان گمی: بلوچی لوک گیت، مقالہ در *Pakistan Quarterly*، کراچی ۱۹۵۹ء؛ (۸) ماھنامۂ بلوچی دنیا، جگووالا، ملتان، ثقافت نمبر، جنوری ـ فروری ۱۹۶۰ء؛ (۹) میر محمد حسین عنقا: بلوچ نسل کی تاریخ، مقالہ در بلوچی دنیا، مارچ ۱۹۶۰ء؛ (۱۰) سلیم خان گمی: بلوچی رزمیہ شاعری، مقالہ در روزنامۂ امروز، لاھور ۲۳ مارچ ۱۹۶۰ء؛ (۱۱) عبدالصمد امیری: بلوچ نسل کی تاریخ، مقالہ در ماھنامۂ بلوچی دنیا، جون ۱۹۶۰ء؛ (۱۲) محمد حسین عنقا: بلوچی نسل کی تاریخ و طرز نوشت، مقالات در ماھنامۂ بلوچی دنیا، ضلع ملتان، اگست، ستمبر ۱۹۶۰ء؛ (۱۳) سلیم خان گمی: جدید بلوچی شاعر، در روزنامۂ امروز، لاھور ۲۷ اکتوبر، ۱۹۶۰ء؛ [(۱۴) لانگ ورتھ ڈیمز: *Baloch Race*، اردو ترجمہ بلوچی قبائل از سید کامل القادری، جگو والا ۱۹۶۱ء؛] (۱۵) سلیم خان گمی: بلوچی ادب، اردو اکادمی، بھاولپور ۱۹۶۱ء؛ (۱۶) آر۔ سی ٹمپل: میر چاکر کے کارنامے، حکایات پنجاب، حصۂ دوم، مجلس ترقی ادب، لاھور ۱۹۶۲ء؛ (۱۷) سلویا میتھیس: *The Geographical Magazine*، لنڈن ستمبر ۱۹۶۲ء؛ (۱۸) میر خدا بخش بجارانی: قدیم بلوچی شاعری، بزم ثقافت، کوئٹہ ۱۹۶۳ء؛ (۱۹) امرت لال عشرت: ادب و زبان، مقالہ در ماہ نو، کراچی ۱۹۶۵ء؛ (۲۰) خالد کلیم: اھل بلوچستان، مقالہ در روزنامۂ نوائے وقت، لاھور ۱۵ اپریل ۱۹۶۷ء؛ (۲۱) فیض محمد سومرو: بلوچستان، در *The Illustrated Weekly of Pakitan*، کراچی ۳۰ جون ۱۹۶۸ء؛ (۲۲) عطا شاد: بلوچی نامہ، مرکزی اردو بورڈ، لاھور ۱۹۶۸ء؛ (۲۳) سردار محمد خان گشکوری: *The Great Ballouch* (مطبوعہ) ۱۹۶۸ء؛ (۲۴) انور رومان: آئینۂ بلوچ، جگو والا ضلع ملتان، تاریخ اشاعت ندارد۔

(سلیم خان گمی)

⊗ **بَلُوچِسْتان**: بلوچوں کی سر زمین.

الف ـ جغرافیہ:

بلوچستان کی حدود صحیح طور پر معیّن نہیں ھیں ۔ عام طور پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ اس کا محلِ وقوع ایرانی سطح مرتفع کا جنوب مشرقی حصہ ہے جو مشرق میں دشتِ کرمان اور کوھستان باشکرد سے سندھ اور پنجاب کی جنوبی حدوں تک پھیلا ہوا ہے ۔ یہ خشک اور کوھستانی ملک، جس کے باشندے زیادہ تر خانہ بدوش ھیں۔ پاکستان اور ایران کے درمیان بٹا ہوا ہے ۔ آج کل کچھ بلوچی سندھ اور پنجاب نیز سیستان میں اور کچھ خانہ‌بدوش روس میں مرو کے قریب بھی ملتے ھیں (رک بہ بلوچ (۱)).

بلوچستان کے دریا چھوٹے چھوٹے اور غیر اہم ھیں ۔ اس ملک کو ایک سطح مرتفع سمجھنا چاہیے، جس کے مشرق میں کوہ سلیمان کے اونچے

marfat.com
Marfat.com

نیچے پہاڑ پھیلے ہوے ھیں اور چند پہاڑی سلسلے مغرب کی طرف بھی ھیں، جن میں سب سے شاندار چوٹی آتش نشان کوہ تافتان (۱۳۰۰۰ فٹ) کی ھے - ایرانی بلوچستان کا صدر مقام ایرانشہر ھے (جو پہلے فہرج کہلاتا تھا) اور مشرق میں اس کا سب سے اہم مرکز قلات ھے - اس کی بندرگاھیں تیز، پسنی اور گوادر، پہلے بہت رواں تھیں، لیکن اب ان کی کوئی اھمیت نہیں رھی۔

اس رقبے کی آبادی جس میں براھوئی [رک باں] بھی شامل ھیں معیّن طور پر نہیں بتائی جا سکتی، لیکن یہ کہا جا سکتا ھے کہ وہ مشکل سے بیس لاکھ ھو گی - آبادی میں اکثریت بلوچوں کی ھے اور سب سے بڑی اقلیت براھوئیوں کی ھے - ان کے علاوہ مشرقی کنارے پر جاٹ اور دوسری ھندی قومیں بھی آباد ھیں - بندرگاھوں میں اور خصوصاً ایرانی بلوچستان میں کچھ حبشی بھی آباد ھیں - بلوچ دو بڑے گروھوں میں منقسم ھیں، جن کے درمیان وہ براھوئی جو قلات کے علاقے میں رھتے ھیں حدِّ فاصل کا کام دیتے ھیں، اور یہاں دو بڑی بولیاں رائج ھونے کی یہی وجہ ہے [قبّ صالح محمد لہڑی : بلوچستان].

سب سے پہلے اس علاقے کا ذکر، جس کا نام ماکا Maka تھا، بیہستون اور اِصْطَخْر (Persepolis) میں دارا کے خط مسماری میں لکھے ہوے کتبے میں ملتا ھے - کلاسیکی مآخذ میں اس کے اور نام بھی مذکور ھیں، لیکن اس ملک کے عہد اسلامی سے پہلے کے حالات بہت کم معلوم ھیں۔ گمان غالب یہ ھے کہ فارسی بولنے والے بلوچستان میں بہت بعد میں آئے اور بلوچستان کے جنوبی اور مشرقی حصّوں میں اسلامی فتوحات کے بہت مدت بعد تک بھی غلبہ غیر ایرانیوں کا رھا - بلوچی مکران (مغربی بلوچستان) میں غالبًا اس زمانے کے لگ بھگ داخل ھوے جب سلجوقیوں نے کرمان پر حملہ کیا۔

[(۲) (ب) قدیم تاریخ : نادر شاہ افشار پہلا شخص تھا جس نے کوئٹہ و قلات کے موجودہ انتظامی ڈویژنوں کو بلوچستان کا نام دیا - اوستا میں بلوچستان کو وادی پشین کہا گیا ھے - یونانی مؤرخ نے بلوچستان کو ماکا تحریر کیا - بیھستون کے کتبوں میں بھی بلوچستان کے لیے یہی لفظ (ماکا) استعمال ھوا - ایرانی حکمران دارائے اعظم کی سلطنت ایک سو ستائیس صوبوں پر مشتمل تھی، ان میں سے ایک صوبہ یہی ماکا تھا - بعد ازاں ماکا کو مکران کا نام دیا گیا - بعض مؤرخوں نے اسے میکیا بھی لکھا - بعض یونانی مؤرخوں نے بلوچستان گدروشیا بھی لکھا - چینی سیّاح بلوچستان کو زنگلا پکارتے تھے - کہا جاتا ھے کہ ایران میں ماد و فارس کی سلطنت کا بانی خورس (سائیرس) ایک بار اپنا لشکر بلوچستان کی طرف لے کر آیا تھا۔

۳۲۵ ق م میں سکندر اعظم ھندوستان کی فتح کے بعد بلوچستان کی راہ ایران کو لوٹا - اس نے ایران میں شرقًا غربًا سفر کیا - اس کا امیر البحر منیرچس بحری بیڑے کو لے کر بلوچستان کے ساتھ ساتھ آگے بڑھا اور خلیج فارس پہنچا - ھاتھیوں اور زخمیوں کو کریٹیرئس کے سپرد کیا گیا تھا، اس نے وادی سندھ سے سفر کا آغاز کیا اور کوئٹے میں سے گزرتا ھوا سکندر اعظم کو حلیل رود کی وادی میں ملا - اسی جگہ منیرچس نے سکندر اعظم کو اطلاع دی کہ بحری بیڑا بہ حفاظت ھرمز پہنچ گیا ھے - یہ مقام موجودہ بندر عباس کے مشرق میں تھا - سکندراعظم کی موت کے بعد بلوچستان سلطنت باختریہ کا ایک حصّہ بن گیا - سکندراعظم کی موت کے بعد اس کے ایک سپہسالار سیلوکس نے اوّل الذکر کے بعض مفتوحہ علاقوں پر قبضہ کر لیا - سیلوکس نے بابل فتح کیا اور ۳۰۵ ق م میں ھندوستان پر چڑھائی کی - اس نے بلوچستان کو فتح کرنے کے بعد سندھ

marfat.com
Marfat.com

پر حملہ کیا ۔ جب اس نے دریائے سندھ کو پار کیا تو اس کا مقابلہ مگدھ کے چندر گپت موریہ کی فوجوں سے ہوا ۔ سیلوکس کو شکست ہوئی اور چندر گپت کی فوجوں نے اسے بلوچستان چھوڑنے پر بھی مجبور کر دیا ۔

بلوچستان ساسانی خاندان کے چودھویں حکمران بہرام گور (۴۰۴ تا ۴۲۷ء) کی سلطنت کا بھی ایک حصہ تھا ۔ ایک روایت کے مطابق بلوچستان (مکران) اسے ہندوستان کے بادشاہ شیر ماہ کی بیٹی سے شادی کرنے پر جہیز میں ملا تھا ۔

مشہور مؤرخ ایلیٹ کے مطابق بلوچستان ایرانی شہنشاہ خسرو پرویز (۵۹۱ تا ۶۲۸ء) کی سلطنت کا ایک حصہ تھا کیونکہ اس کی سلطنت کی حدود وادی سندھ تک تھیں ۔

۶۳۵ء میں سندھ کے برھمن حکمران خاندان کے راجہ چچ نے بلوچستان پر قبضہ کیا اور بلوچستان کی حدود متعین کیں اور بلوچستان کے دفاع کے لیے قلعے تعمیر کیے ۔

بلوچستان میں براھمن راج زیادہ دیرپا ثابت نہ ہوا کیونکہ کرمان عرب سپہ سالاروں کی یورشوں کی زد میں تھا، مسلمانوں کے لشکر بلوچستان کے دروازوں پر دستک دے رہے تھے ۔ آخر یہی یلغار کچھ عرصہ بعد راجہ داھر کی شکست کا باعث بنی ۔

جب حضرت عمر فاروقؓ کے عہد خلافت میں کرمان کا علاقہ فتح ہوا تھا (۲۳ھ / ۶۴۴ء) تو عربوں نے کرمان کے پہاڑوں کے آس پاس کوف (کوچ) اور بلوص (بلوچ) نامی لوگ پائے تھے ۔ اس وقت مکران میں ہندوستان کی جاٹ اور دوسری قومیں آباد تھیں، بلوچ یا براھوئی نہیں تھے، پھر حضرت عثمانؓ کے زمانے میں حکیم بن جبلہ العبدی حال معلوم کرنے کی غرض سے سندھ اور بلوچستان کی طرف آئے تو انھوں نے حکومت کو ایک رپورٹ پیش کی جس میں لکھا :

''وھاں کا پانی کھاری ہے، کھجور ردی قسم کی ہے اور چور بڑے دلیر ھیں ۔ اگر کوئی تھوڑا لشکر لے کر جائے تو نیست و نابود ہو جائے گا، اور اگر زیادہ لشکر لے کے جائے تو بھوک سے مر جائے گا''۔

چوتھے خلیفہ امیرالمؤمنین حضرت علیؓ کے زمانے میں ۳۹ھ میں حضرت حارث بن مرہ العبدی بلوچستان آئے اور جہاد شروع کیا اور کچھ علاقے بھی فتح کیے لیکن ۴۴ھ میں قلات میں بہت سے ساتھیوں سمیت لڑتے ہوئے شہید ہو گئے ۔

۴۴ھ میں امیر معاویہؓ کے زمانے میں مکران فتح ہوا، یہاں عربوں نے اپنا فوجی اڈا بنالیا اور ارد گرد کے علاقوں پر حملے شروع کیے ۔ ازاں بعد مکران کی جنگ کے لیے عبداللہ بن سوّار العبدی آئے ۔ انھوں نے قلات کے کچھ علاقے فتح کیے اور پھر قلاتی گھوڑے تحفے کے طور پر امیر معاویہؓ کو پیش کیے، مگر جب دمشق سے واپس مکران لوٹے تو حالات بدل چکے تھے، چنانچہ انھیں شہید کر دیا گیا ۔ عبداللہ کے بعد حضرت سِنان بن سَلَمہ سپہ سالار مقرر ہوئے ۔ انھوں نے ایک دفعہ پھر سارا مکران فتح کیا اور شہر کو نئے سرے سے آباد کیا ۔

اسی زمانے میں مشہور مسلمان سپہ سالار مُہلّب ابن ابی صُفرہ سیستان کی طرف سے ایک درّے کے راستے وارد ہوا اور بنوں کے راستے لاھور پہنچ گیا؛ پھر ملتان سے ہو کر بلوچستان میں داخل ہوا اور جگہ جگہ جنگ لڑی ۔ قلات میں ایک جگہ اٹھارہ ترک سواروں سے سامنا ہوا [جو دم کٹے گھوڑوں پر سوار تھے ۔ وہ سوار تو لڑائی میں سب مارے گئے لیکن مہلب کو ان کے دم کٹے گھوڑے اتنے پسند آئے کہ اس نے بھی اپنے گھوڑوں کو دم کٹا بنا دیا] ۔ مہلب کے بعد عبداللہ بن سوار العبدی، سنان بن سلمہ اور

marfat.com
Marfat.com

راشد بن عمروالجُدَیدی مکران کے حاکم مقرر ہوئے۔ پھر حضرت ابوالاشعث [المنذر] بن جارود العبدی مکران کے حاکم بن کر آئے۔ انھوں نے قلات بھی فتح کیا اور بولان کے درّے تک سارا علاقہ ان کے زیرِ نگین آ گیا۔

اسی زمانے میں خضدار (قصدار) کے لوگوں نے بغاوت کی۔ یہ جگہ ملتان شہر سے بیس پڑاؤ اور مکران کی بندرگاہ سے بارہ پڑاؤ کے فاصلے پر ہے۔ ابوالاشعث نے باغیوں پر حملہ کیا اور زبردست جنگ کے بعد خضدار کو فتح کر لیا۔

ابوالاشعث کے بعد ابن حرّی الباھلی مکران کے حاکم ہوئے۔ انھیں بھی کئی لڑائیاں لڑنا پڑیں اور سارے علاقے کو قابو میں کر لیا۔ ان کے عہد میں بہت سے لوگ مسلمان ہوگئے۔ پھر جب خلیفہ عبدالملک بن مروان کے زمانے میں حجاج بن یوسف عراق کا حاکم مقرر ہوا تو سعید بن اسلم الکلابی کو مکران کا حاکم مقرّر کیا گیا۔ اس وقت ایک عرب سردار حارث العلافی اپنے قبیلے کے ساتھ بھاگ کر عمان کے راستے مکران پہنچا اور سندھ کے راجہ داھر کا مقرّب ہو گیا۔ اسے مکران کی سرحد پر ایک بہت بڑی جاگیر بھی ملی۔ یہاں اس کی سعید بن اسلم الکلابی کے ساتھ کسی بات پر ناراضی ہو گئی اور اس نے سعید کو اپنے بیٹوں معاویہ اور محمد کے ھاتھوں قتل کروانے کے بعد مکران پر قبضہ کر لیا۔

حجاج بن یوسف کو جب خبر ہوئی تو مُجّاعہ بن سِعر التمیمی کو اس کی سرکوبی کے لیے روانہ کیا۔ علافیوں کو جب اس کا علم ہوا تو اپنا انجام سامنے نظر آیا۔ انھوں نے مکران چھوڑ دیا اور سندھ کے راجہ داھر کے پاس چلے آئے، مگر حجاج بن یوسف کے سپہ سالاروں نے ان باغیوں کا تعاقب کیا اور راجہ داھر سمیت ان کو قرار واقعی سزائیں دیں۔

جب ۸۹ھ میں محمد بن قاسم نے راجہ داھر کے خلاف چڑھائی کی تو اس وقت مکران یعنی بلوچستان مسلمانوں کے زیرِ نگیں تھا، راستے محفوظ تھے، مسجدیں آباد تھیں اور کوھستانی علاقوں میں کسی قسم کا خطرہ نہ تھا۔

موجودہ بلوچستان میں بلوچوں کی آمد کا عہد گیارھویں صدی عیسوی کے آخری دس سال ھیں۔ بلوچوں کی رومانی داستانوں کے مطابق بلوچ اپنے سردار جلال خان کی سرکردگی میں کرمان کے مختلف اضلاع میں رہتے تھے کہ سیاسی انتشار کی وجہ سے وہ قافلہ در قافلہ کرمان چھوڑ کر سیستان چلے آئے۔ یہاں بھی انھیں چین نہ ملا تو وہ اپنے سردار امیر جلال خان کی قیادت میں واپس کرمان آ گئے اور ضلع جام پور میں آباد ہوئے، لیکن سکون ان کی قسمت میں نہ تھا۔ سردار امیر جلال خان اپنے چوالیس قبیلوں (پاڑوں) کو لے کر مکران کی طرف بڑھا اور یوں مکران کو بلوچستان کا نام دیا۔ امیر جلال خان کی آمد سے پہلے مکران پر مغول حکومت کرتے تھے۔ بلوچ سردار نے انھیں شکست دی، جس سے مقامی آبادی کی وفاداریاں بھی انھیں آسانی سے میسّر آ گئیں، کیونکہ مقامی لوگ مغول کے ظلم و ستم سے تنگ آ چکے تھے۔

یہ مسلّمہ امر ھے کہ امیر جلال خان کی آمد سے پہلے مکران میں بلوچ آباد تھے، جو خانہ‌بدوش تھے اور کچھ بھیڑ بکریاں پال کر گزارہ کرتے۔ امیر جلال خان کے ھمراہ جو بلوچ کرمان کے ضلع بامپور سے مکران پہنچے وہ شہسوار بھی تھے اور منظّم بھی۔ امیر جلال خان نے انھیں احساسِ قومیت عطا کیا اور بلوچوں کے قبائلی نظام کو مضبوط بنیادوں پر استوار کیا۔ یہ کہنا درست نہیں کہ امیر جلال خان سب سے پہلے مکران میں آیا، البتہ یہ درست ھے کہ امیر جلال خان کے بعد ایران سے بلوچوں کا کوئی قافلہ پاکستان بلوچستان کی طرف

Marfat.com

نہیں آیا ۔

امیر جلال خان کی اولاد کم و بیش ساڑھے تین سو سال تک مکران میں کیچ، بامپور اور پنجگور کی وادیوں پر قابض رہی ۔ وسطی بلوچستان میں جھلاوان اور سراوان کے علاقے ابھی بلوچ شہسواروں کے گھوڑوں کے سموں سے نا آشنا تھے لیکن پندرھویں صدی عیسوی میں بلوچوں کے دو قبیلے رند اور لاشاری شانہ بشانہ وسطی بلوچستان کی طرف بڑھے ۔ بلوچ شہسواروں کا مقابلہ جن لوگوں سے تھا وہ یا تو قتل کر دیے گئے یا انھوں نے اطاعت قبول کرلی ۔ آخر امیر چاکر خان رند کے عہد میں سارا بلوچستان بلوچوں کے زیرِ نگیں آ گیا اور انھوں نے وہاں اپنی حکومت قائم کر لی ۔

میر چاکر خان رند وہ عظیم بلوچ سردار تھا جس کی عظمت کے پرستاروں میں وقت کے ساتھ ساتھ اضافہ ہو رہا ہے ۔ میر چاکر خان رند امیر جلال خان کی اولاد میں سے تھا ۔ اس کا شجرۂ نسب حسب ذیل ہے : میر چاکر خان بن رند امیر شہک بن امیر اسحاق بن امیر کالو بن امیر رند بن امیر جلال خان ۔

امیر چاکر خان رند کے عہد کے بڑے بڑے واقعات حسب ذیل ہیں : اس نے خضدار کو فتح کیا؛ درّۂ سولا پر قبضہ کیا؛ کچھی کے میدانوں کو فتح کیا؛ گندھاوا فتح کیا؛ درّۂ بولان پر قبضہ کیا؛ ڈھاڈر پر قبضہ کرنے کے بعد سبّی کو فتح کیا ۔

میر چاکر خان رند کا ستارۂ اقبال نصف النّہار پر تھا کہ قبائلی حسد کی وجہ سے رندوں اور لاشاریوں میں جنگ چھڑ گئی ۔ یہ جنگ تیس سال تک جاری رہی، جس سے رندوں اور لاشاریوں کے ہزاروں بہادر تہ تیغ ہو گئے اور بلوچستان جو شجاعت و شہامت کا گہوارہ تھا مرگ آسا سکوت میں منتقل ہو گیا ۔ آخر ۱۵۱۲ء میں میر چاکر رند بلوچستان چھوڑ کر پنجاب کی طرف چلا آیا اور اوکاڑہ (ضلع ساہیوال) کے قریب ایک موضع ست گرہ میں سکونت پذیر ہوا ۔

بلوچ اور مغل : شہنشاہ بابر اپنی خود نوشت ''تزک بابری'' میں ۲۳ فروری ۱۵۱۹ء کو لکھتا ہے: ''میں نے حیدر علمدار کو بلوچوں کی طرف بھیجا ۔ بھیرے اور خوشاب سے دوسرے دن بلوچ گھوڑے کی ڈالی لے کر آئے اور اطاعت کا وعدہ کیا'' ۔

۱۵۳۹ء میں شہنشاہ ہمایوں نے چونسہ کے مقام پر شیر شاہ سوری سے شکست کھائی اور دشت نوردی کے عالم میں اوکاڑے کے قریب ست گرہ پہنچا جہاں میر چاکر خان رند کے ایک امیر بخشو بلوچ نے شہنشاہ کو غلّے کی سو کشتیاں امداد کے طور پر دیں ۔ شہنشاہ کی ہمشیرہ شہزادی گلبدن بیگم بھی اپنے بھائی کے ساتھ تھیں ۔ شہزادی نے ہمایوں نامہ میں بخشو بلوچ کی امداد کا شکریہ ادا کیا ہے ۔

ایران جاتے ہوئے شہنشاہ ہمایوں بلوچستان سے گزرا ۔ جب وہ نوشکی پہنچا تو ایک بلوچ سردار ملک خطی نے اسے پناہ دی اور دوسرے دن اسے ایران کی سرحد پر چھوڑ کر آئے ۔ شہنشاہ نے ملک خطی کو انعام کے طور پر ایک انمول ہیرا عطا کیا ۔

جب جولائی ۱۵۵۵ء میں ہمایوں نے تخت دھلی کے لیے دوبارہ ہندوستان پر چڑھائی کی تو اس کے لشکر میں چالیس ہزار بلوچ جوان تھے، جن کا سالار امیر چاکر خان رند کا بیٹا میر شاہ داد خان تھا ۔

اکبر کے زمانے میں بلوچوں نے ملتان میں بغاوت کی، جسے فرو کرنے کے لیے اکبر نے اسمعیل خان کی کمان میں لشکر بھیجا ۔ بلوچوں کی طرف سے غازی خان اور ابراہیم خان مقابلے میں آئے مگر شکست کھائی اور گرفتار کیے گئے ۔ تاھم اکبر نے انھیں معاف کر دیا اور ان کے علاقے انھیں واپس کر دیے ۔

شاھجہان نے بلوچوں کی شورش سے تنگ آ کر ملتان کا صوبہ اورنگ زیب کو دے دیا، جس نے

marfat.com
Marfat.com

۱۱۰۶ھ/۱۶۹۴ء کو باغی بلوچوں کی سرکوبی کی۔

میر چاکر رند کے بعد سبی پر کچھ عرصہ رندوں کا سیاسی غلبہ رہا لیکن رند سردار مہندا ایک کمزور حکمران ثابت ہوا اور میروانی اور کنبرانی بلوچوں نے مہندا کو قتل کر دیا اور قلات پر قابض ہو گئے اور یوں بلوچستان پر براہوئیوں کا قبضہ ہو گیا۔

کچھ عرصے تک بلوچستان میں سیاسی افراتفری کا سماں رہا۔ اسی افراتفری میں ایک براہوئی سردار میر احمد ثانی بلوچستان کے سیاسی افق پر نمودار ہوا۔ وہ براہوئی قبیلے کی کنبرانی شاخ سے تھا۔

میر احمد ثانی کے بعد براہوئی کی احمد زئی شاخ سے پانچ سردار یکے بعد دیگرے قلات بلوچستان پر قابض ہوئے، لیکن وہ بلوچستان کو سیاسی استحکام نہ دے سکے۔

۱۷۱۳ء میں میر احمد ثانی کے بعد عبداللہ خان نے قلات پر قبضہ کیا۔ ۱۷۳۰ء میں سندھ کے کلہواڑہ حکمران میاں نور محمد کی فوجوں نے عبداللہ خان کی فوجوں کو شکست دی اور اسے قتل کرکے بلوچستان پر قبضہ کر لیا لیکن ۱۷۳۲ء میں نادر شاہ نے بلوچستان کا صوبہ عبداللہ خان کے وارث محبّت خان کو دے دیا۔ مارچ ۱۷۴۰ء میں نادرشاہ لاڑکانہ (سندھ) سے قندھار جاتے ہوئے بلوچستان سے گزرا۔ وہ ڈھاڈر، سبّی اور کوئٹے کے راستے قندھار پہنچا۔

عبداللہ خان کے بعد اس کا بیٹا نصیر خان ۱۷۴۱ء میں بلوچستان پر قابض ہوا۔ وہ ایک باتدبیر اور بہادر سپہ سالار تھا۔ وہ اہلِ علم کا قدردان تھا۔ اس نے بلوچستان کو استحکام بخشا۔ احمد شاہ درّانی سے اس کے مراسم ہمیشہ دوستانہ رہے۔ جب ۱۷۶۱ء میں احمد شاہ درّانی نے پانی پت کے میدان میں مرہٹوں کو شکست دی تو نصیر خان کا بلوچ لشکر میدانِ کارزار میں پیش پیش تھا۔ نصیر خان کا دور بلوچستان میں انتظامی اور سیاسی اعتبار سے سنہری دور کہلاتا ہے۔

نصیر خان نے جون ۱۷۹۵ء میں انتقال کیا اور اس کا بیٹا محمود خان چودہ سال کی عمر میں بلوچستان کی مسند حکومت پر بیٹھا اور نااہل ثابت ہوا۔ بلوچستان کے مختلف علاقوں میں شورشیں اٹھیں جن سے انتظام میں خلل واقع ہوا۔ آخر ۱۸۲۱ء میں اس کی موت کے بعد اس کا بیٹا محراب خان تخت پر بیٹھا۔ یہ دور بےحد پُرآشوب تھا۔ ہندوستان پر انگریز مسلّط تھے اور پنجاب پر مہاراجہ رنجیت سنگھ قابض تھا۔ سارے ملک میں انتشار اور فوضویت کا دور دورہ تھا۔

محراب خان [دوم] کو ۱۴ نومبر ۱۸۳۹ء میں قتل کیا گیا۔ انگریز فوج کا سالار جنرل ولشائر تھا۔ انگریزوں نے محراب خان کے بعد شاہ نواز خان کو مسند حکومت پر بٹھایا جس سے قبائلی سرداروں میں ہل‌چل مچ گئی۔ ۱۸۴۰ء میں بغاوت ہوئی۔ باغیوں نے قلات کے قلعے پر حملہ کیا۔ انگریز فوجیوں کو قتل کیا اور ان کے سپہ سالار کو گرفتار کر لیا۔ یہی کچھ ڈھاڈر میں ہوا۔ اسی دوران میں نصیر خان ثانی نے باغی لشکر کی کمان اپنے ہاتھ میں لی اور اسی اثنا میں انگریزوں نے اپنی فوجی طاقت اکھٹی کی۔ انگریز فوج نے لفٹننٹ کرنل مارشل کی سرکردگی میں کوٹرا کے مقام پر بلوچوں کو شکست دی۔ دسمبر ۱۸۴۰ء میں نصیر خان ثانی اور انگریزوں کے درمیان ایک سمجھوتا طے پایا۔ اوّل الذکر کو انگریزوں نے قلات کا خان تسلیم کر لیا۔ مئی ۱۸۵۷ء میں نصیر خان کی وفات ہوئی اور اس کی جگہ خداداد خان نے لی، لیکن خداداد خان کے تعلقات انگریزوں سے بگڑنے لگے اور اسے نومبر ۱۸۹۳ء میں بلوچستان کی فرمانروائی سے الگ کر دیا گیا اور اس کی جگہ اس کے بیٹے محمود خان ثانی کو مسند پر بٹھایا گیا۔ اس دور میں سارا انتظامِ حکومت انگریز ایجنٹوں اور

marfat.com

Marfat.com

ریجنٹوں کے ھاتھ میں تھا۔ تیس سال برائے نام حکومت کرنے کے بعد محمود خان ۱۹۲۳ء میں انتقال کر گیا تو اس کی جگہ اس کا وارث اعظم خان بلوچستان کا خان بنایا گیا۔ اعظم خان نے ۱۹۳۳ء میں انتقال کیا؛ اس کی جگہ ۱۹۳۳ سے ۱۹۵۵ء تک احمد یار خان نے بلوچستان پر حکومت کی۔ ۱۹۵۵ء میں وحدت مغربی پاکستان کا قیام عمل میں آیا اور خانِ قلات کو حکومت پاکستان نے اعزازی طور پر کابینہ کے وزیر کا عہدہ دیا۔

**مآخذ:** سیّاحوں کے سفرناموں کے لیے دیکھیے وہ فہرست مآخذ جو (۱) A. Gabriel کی *Die Erforschung Persiens*، ویانا ۱۹۵۲ء، ص ۱۳۷ تا ۱۴۰، ۱۷۵ اور مقامات کثیرہ میں دی گئی ھے۔ نسلی تحقیقات کی بابت قبّ (۲) M. Longworth Dames : *The Baloch Race*، لنڈن ۱۹۰۴ء؛ اور (۳) Mockler : *The Origin of the Baloch*، در *JRASB*، ۱۸۹۵ء، تاریخ میں کچھ زیادہ نہیں ملتا۔ قرونِ قدیمہ کی بابت ھمارے مآخذ صرف وہ پراگندہ اور منتشر ملاحظات ھیں جو عربی کی مستند تاریخ اور جغرافیے کی کتابوں میں بکھرے پڑے ھیں۔ قرونِ مابعد کے لیے دیکھیے: (۴) Elliot and Dowson : *The History of India*، لنڈن ۱۸۶۷ء تا ۱۸۷۷ء، خصوصاً ج ۱، ۲ اور ۵؛ (۵) H. Raverty : طبقات ناصری، ترجمہ اور حواشی، لنڈن ۱۸۸۱ء؛ (۶) Thornton : *Life of Sir Sandeman*، لنڈن ۱۸۹۵ء.

(R. N. FRYE و [سلیم خان گنّی])

(ج) رقبہ: قیام پاکستان سے پہلے بلوچستان تین انتظامی حصّوں میں تقسیم تھا۔

(۱) برطانوی بلوچستان: براہ راست حکومت برطانیہ کے ماتحت تھا اور اس کا رقبہ نو ھزار چار سو چھہتر مربع میل تھا۔ (۲) ایجنسی مقبوضہ: بلاواسطہ حکومت برطانیہ کے ماتحت تھا اور ان مقبوضات میں انگریز ایجنٹ متعیّن تھے۔ ان مقبوضات کا رقبہ چوالیس ھزار تین سو پینتالیس مربع میل تھا۔ (۳) تیسرے انتظامی حصّے میں قلات، فاران، مکران اور لس بیلہ کی ریاستیں شامل تھیں، جن پر نواب اور خان حکمران تھے۔ ان ریاستوں کا رقبہ اٹھتّر ھزار چونتیس مربع میل تھا.

سارے بلوچستان کا کل رقبہ ایک لاکھ اکتیس ھزار آٹھ سو پچپن مربع میل ھے۔ وحدت مغربی پاکستان کے بعد بلوچستان کوئٹے اور قلات ڈویژنوں میں تقسیم ھے۔ ایجنسی مقبوضات اور ریاستیں ختم ھو چکی ھیں۔ سابق بلوچستان کا رقبہ مغربی پاکستان کے کل رقبے کا تینتالیس فی صد ھے اور پاکستان کے کل رقبے کا چھتیس فی صد۔ رقبے میں بلوچستان جزائر برطانیہ سے بڑا ھے، بلکہ یونان، سوئٹزرلینڈ، بلجیم اور ھالینڈ کے مشترکہ رقبے سے بھی زیادہ ھے۔

درّۂ بولان اور درّۂ مولا بلوچستان کے دو مشہور درّے ھیں اور ان درّوں سے مقدونی، ایرانی، عرب، غزنوی، غوری، مغل اور درّانی لشکر برّصغیر پاک و ھند میں وارد ھوتے رھے ھیں۔

بلوچستان کا صدر مقام کوئٹہ ھے جو وادی شال کے وسط میں ھے۔ وادی شال کے شمال مشرق میں وادی ژوب اور لورالائی ھے۔ شمال میں پشین ھے، جنوب مشرق میں لس بیلہ اور مغرب میں چاغی، فاران، پنجگور اور دوسری وادیاں ھیں۔ کوہ سلیمان کے علاوہ چند دوسرے پہاڑ کوہ سیاھان، کوہ مالکہ سیاہ، کوہ کھیرتھر، کوہ پب، کوہ چاغی اور راس کوہ ھیں۔ مشہور دریا دریاے گومل، دریاے ھب، دریاے ھنگول، دریاے سوراب، دریاے پورالی، دریاے رخشان، دریاے لورا لائی ھیں۔

کوئٹہ، چمن، قلات، سبّی، لورالائی، پشین، خضدار اور ستونگ کوئٹہ و قلات ڈویژنوں کے مشہور شہر ھیں۔ بلوچستان کے اس وقت سات

marfat.com
Marfat.com

ضلعے ہیں ۔ سارا بلوچستان کوہستانی ہے، جس میں خوبصورت وادیاں اور نخلستان ہیں ۔ صوبائی اور مرکزی حکومت بلوچستان کی ہر جہتی ترقی کے لیے کروڑوں روپیہ سالانہ صرف کر رہی ہے جس کی بدولت بلوچستان کا معیارِ زندگی بڑی سرعت سے بلند ہو رہا ہے ۔

آبادی : آبادی کے اعتبار سے سب سے زیادہ بلوچ ایران میں ہیں، جہاں ان کی آبادی تیس لاکھ نفوس پر مشتمل ہے ۔ روس میں بلوچوں کی آبادی دس لاکھ ہے ۔ بلوچستان (پاکستان) میں ان کی آبادی بارہ لاکھ ہے ۔ اس کے علاوہ سابق صوبۂ سندھ میں آبادی کا پچاس فیصد بلوچ ہیں ۔ بلوچ سابق صوبۂ سرحد اور پنجاب میں بھی کثیر تعداد میں ہیں ۔

حدود اربعہ : بلوچستان کے شمال میں افغانستان ہے، جنوب میں بحیرۂ عرب، مشرق میں سابق صوبۂ سرحد، سابق پنجاب اور سابق سندھ اور مغرب میں ایران ہے ۔ بلوچستان اور وزیرستان کے درمیان بھی چالیس میل لمبی سرحد ہے ۔ بلوچستان اور افغانستان کی سرحد سات سو بیس میل لمبی ہے ۔ بحیرۂ عرب کے ساتھ بلوچستان کی سرحد چار سو ستر میل ہے ۔ سندھ، پنجاب اور صوبۂ سرحد کے ساتھ بلوچستان کا سرحدی فاصلہ نو سو میل ہے ۔ بلوچستان اور ایران کی مشترکہ سرحد پانچ سو بیس میل ہے ۔

بلوچستان ایرانی سطح مرتفع کا جنوب مشرقی حصہ ہے، جو مشرق میں دشتِ کرمان اور کوہستان باشگرد سے سندھ و پنجاب کی حدوں تک پھیلا ہوا ہے ۔ درۂ بولان کوہ سلیمان اور مکران کے پہاڑی سلسلوں کو ایک دوسرے سے علیحدہ کرتا ہے ۔ چاغی کی پہاڑیاں بلوچستان اور افغانستان کو ایک دوسرے سے الگ کرتی ہیں ۔

(ھ) طبعی حالات : بلوچستان عہد قدیم سے لے کر اب تک جغرافیائی نیرنگیوں کا خطّہ رہا ہے ۔ یہاں ریگستان بھی ملتے ہیں اور نخلستان بھی ۔ پہاڑی سلسلے بھی ہیں اور خوبصورت وادیاں بھی، دریا بھی ہیں اور میدان بھی ۔ یہ خطّہ گرمیوں میں سخت گرم اور سردیوں میں سخت سرد ہوتا ہے ۔

بلوچستان میں بارش بہت کم ہوتی ہے ۔ گرمیوں میں ایک ہوا چلتی ہے جسے لوار کہا جاتا ہے ۔ سردیوں میں یخ آلود ہوا چلتی ہے جسے مقامی لوگ قندھاری ہوا یا گوریچ کہتے ہیں ۔ لوگوں کا عام پیشہ کھیتی باڑی یا گلّہ بانی ہے؛ اکثر لوگ خانہ‌بدوش ہیں اور موسم کی تبدیلیوں کے ساتھ ساتھ گھر بدلتے رہتے ہیں ۔

بلوچستان میں کئی بار زلزلے آ چکے ہیں، ایک زلزلہ ۱۸۶۲ء میں اور دوسرا ۱۹۳۵ء میں آیا ۔ آخری زلزلہ تمام زلزلوں سے زیادہ تباہ کن ثابت ہوا ۔

زرعی اور معدنی ترقی : مرکزی اور صوبائی حکومتیں اس وقت بلوچستان کے لوگوں کی خوش حالی کے لیے کروڑوں روپیہ سالانہ خرچ کر رہی ہیں ۔ پھلوں کی صنعت کی ترقی کے لیے سرکاری سطح پر کام ہو رہا ہے ۔ جانوروں کی افزائش نسل کے لیے کئی منصوبے زیرِ عمل ہیں ۔ بلوچستان میں معدنیات کی بھی کمی نہیں ۔ حکومت معدنی دولت میں اضافے کے لیے مسلسل جدوجہد کر رہی ہے ۔ کانوں میں کام کرنے والے مزدوروں کی معاشرتی بہبود کے لیے بھی کام ہو رہا ہے ۔

**مآخذ** : متن میں آ گئے ہیں ۔

(سلیم خان گمّی)

⊗ **بلوچی** : (زبان) : بعض مصنّفوں کے نزدیک بلوچی فارسی کی مسخ شدہ صورت ہے، مگر یہ غلط ہے ۔ حقیقت یہ ہے کہ بلوچی فارسی سے زیادہ قدیم زبان ہے ۔ موضع سریاب نزد کوئٹہ سے جنا کتبے ایسے دستیاب ہوئے ہیں جن کا رسم خط فارسی کے

marfat.com
Marfat.com

بجائے روسی سے ملتا جلتا ہے اور ان میں بلوچی زبان کے الفاظ بھی ہیں ۔ بلوچی ایک آزاد اور قائم بالذات زبان ہے اور موجودہ فارسی سے اس کا کوئی خاص تعلق نہیں ۔ صوتی اعتبار سے بلوچی قدیم پہلوی کے بہت قریب ہے ۔ عرب سیاحوں اور مؤرخوں نے لکھا ہے کہ مکران والے فارسی اور مکرانی زبان بولتے ہیں ۔ اس سے بھی ظاہر ہے کہ مکرانی (بلوچی) فارسی سے الگ زبان ہے ۔ لسانیات کے بعض ماہرین کے خیال میں بلوچی قدیم باختریہ کی زبان ژند سے بے حد مماثلت رکھتی ہے ۔ پاکستانی بلوچی زبان کے مختلف لہجے (dialects) ہیں، لیکن بڑے دو گروہ ہیں : مشرقی بلوچی، مغربی بلوچی ۔ مشرقی بلوچی مشرقی بلوچستان کی زبان ہے اور مغربی بلوچی مکران کی زبان ہے ۔ ان میں تھوڑا سا صوتی اختلاف ہے، مثلاً مشرقی زبان میں دروغ (= کھانا) کہا جاتا ہے ۔ تو مغربی میں ''دَرگ'' کہا جاتا ہے ۔ انگریزوں کے آنے کے بعد عملداروں نے بلوچی زبان پر بھی کچھ تحقیقی کام کیا ۔ ٹرمپ نے بلوچی کے قواعد مرتب کیے ۔ میجر ماکلر مکرانی بلوچی کے قواعد ضبط تحریر میں لایا ۔ (۱۸۳۰ء) میں ایک انگریز فوجی لفٹننٹ لیچ نے بلوچی کی نظمیں ترجمہ کر کے کتابی صورت میں رائل ایشیاٹک سوسائٹی آف بنگال کے رسالے میں چھپوائیں ۔ ۱۸۷۷ء میں برٹن کی کتاب ***Sind Revisited*** شایع ہوئی، جس میں تین بلوچی نظموں کا ترجمہ ہے ۔ ۱۸۸۰ء میں ڈیمز نے کچھ بلوچی اشعار مع ترجمہ ایشیاٹک سوسائٹی آف بنگال کے رسالے میں شایع کروائے ۔ ۱۸۹۱ء میں ڈیمز کی کتاب بلوچی ٹیکسٹ بک شائع ہوئی ۔ اس میں بھی بلوچی اشعار ہیں ۔ ٹی ۔ ایم ۔ میئر نے بھی ***Balochi Classics*** شائع کی، جس میں اس نے بلوچی اشعار مع ترجمہ دیے ہیں ۔ رائے بہادر ہیتو رام نے ۱۸۸۱ء میں لاہور سے اپنی کتاب بلوچی نامہ چھپوائی ۔ ۱۹۰۷ء میں لانگ ورتھ ڈیمز نے بلوچی زبان کے قدیم ادب پر مشتمل کتاب بہ عنوان ''بلوچوں کی عوامی شاعری'' لنڈن سے شائع کی جسے بلوچی کے کلاسیکی ادب میں ممتاز مقام حاصل ہے ۔ اس کی کتاب کا اردو ترجمہ مع حواشی جناب میر خدا بخش بجارانی مری بلوچ بار ایٹ لاء نے بزم ثقافت کوئٹہ کے زیر اہتمام ۱۹۶۳ء میں شائع کیا ۔ ۱۹۱۰ء میں انگریزی بلوچی لغات کلکتے سے شائع ہوئی جو اب نایاب ہے ۔ بلوچی ادب پر اردو زبان میں سب سے پہلی کتاب سلیم خان گمّی نے بلوچی ادب کے عنوان سے لکھی، جو اردو اکیڈیمی بہاول پور نے ۱۹۶۱ء میں شائع کی ۔ انجم قزلباش اور عطا شاہ نے بھی بیرونی دنیا کو بلوچی زبان کے قدیم لوک ادب سے روشناس کرانے کے لیے قابلِ قدر کوششیں کی ہیں، ۱۹۶۹ء میں اردو ڈیویلپمنٹ بورڈ نے عطا شاہ کی کتاب بلوچی نامہ شائع کی ۔ کراچی کے بلوچ اسٹوڈنٹس، بلوچی ادب، ثقافت اور تاریخ کو متعارف کرانے کے لیے ہر سال پِیمار نامی مخزن اردو بلوچی میں نکالتے ہیں۔

بلوچی زبان کے قدیم رومان : ذیل میں بلوچی زبان کے چند قدیم رومانوں کے عنوان دیے جاتے ہیں ۔ ان میں سے اکثر رومان تاریخی ہیں اور ان کے کردار بلوچ تاریخ کے جیتے جاگتے سپوت ہیں ۔ یہ لوک داستانیں بلوچی زبان کے شہری ادب کا انمول خزانہ ہیں۔

۱ ۔ خانی و شہ مرید؛ ۲ ۔ بی برگ و گران ناز؛
۳ ۔ ساھناز و شاھداد؛ ۴ ۔ محبت خان سومری؛
۵ ۔ دوستین و شیرین؛ ۶ ۔ سمو و توکلی مست.

بلوچ جس خطّے میں رہتے ہیں وہ جغرافیائی اور طبعی بوقلمونی کے لیے مشہور ہے ۔ کہیں چٹیل اور برف آلود پہاڑ ہیں تو کہیں گہری گھاٹیاں، کہیں سپاٹ میدان ہیں تو کہیں ہنستی مسکراتی

marfat.com
Marfat.com

وادیاں، کہیں گنگناتے چشمے ہیں تو کہیں تپتے ریگستان۔ اگر قندھاری ہوا برف ساتھ لاتی ہے تو ریگستان کی تیز آندھی آگ برساتی آتی ہے۔ ان حالات میں گیت ان کی روح کی آواز بن جاتے ہیں۔ ذیل میں ان گیتوں کا خاکہ پیش کیا جاتا ہے، جو عورتوں، مردوں اور بچوں میں یکساں مقبول ہیں۔

لاڈوگ: یہ طربیہ گیت ہے جسے بہت سی عورتیں مل کر ڈھولک پر گاتی ہیں۔ عموماً شادی بیاہ کے موقع پر گایا جاتا ہے۔ یہ گیت بیٹے کی پیدائش پر بھی گائے جاتے ہیں۔ قدیم زمانے میں جب ایک قبیلہ دوسرے قبیلے پر فتح پا لیتا تھا تو بھی لاڈوگ گایا جاتا تھا، ان میں ''لڑے''، ''لاڑے'' ''لاڑ''، ''لاڑو'' وغیرہ الفاظ کی برابر تکرار رہتی ہے، اس لیے اس پر ''لاڈو'' یا ''لاڈوگ'' کا نام پڑا ہے۔

زھیروک: یہ المیہ گیت ہے اور بغیر کسی ساز کی سنگت کے گایا جاتا ہے۔ محبوبہ محبوب سے بچھڑ جائے تو گاتی ہے۔ اور اگر شوہر کہیں دور نوکری پر چلا جائے تو وفاشعار بیوی اس کی یاد میں زھیروک گاتی ہے۔

سوت: یہ طربیہ گیت ہے جو شادی بیاہ کے موقع پر بہت سے دیہاتی مل کر گاتے ہیں۔ جب فصل پک جاتی ہے تو کسان اور کاشتکار فصل پکنے کی خوشی میں کھیتوں اور باغوں میں گاتے ہیں۔ بنیادی طور پر 'سوت' اور 'لاڈو' میں کوئی خاص فرق نہیں۔

حالو: یہ طربیہ گیت بھی ہے اور رقص بھی۔ جب کسی سردار کے گھر بیٹا پیدا ہوتا ہے تو قبیلے کے لوگ حالو گا کر اور ناچ کر اپنی خوشی کا اظہار کرتے ہیں۔ شادی بیاہ کے موقعوں پر بھی گایا جاتا ہے۔ اس میں ''حالو حالو'' کی مسلسل تکرار ہوتی ہے۔

لیلی مور: یہ خاص طور پر جدائی کا گیت ہے اور اسے چاہنے والا گاتا ہے، لیکن اس میں ہر قسم کے جذبات کا اظہار ہوتا ہے۔ اسے عموماً مرد گاتے ہیں۔

ڈیہی: یہ گلہ‌بانوں اور شتربانوں کا طربیہ گیت ہے جو موسم بہار میں گایا جاتا ہے اور پنجابی گیت ''بولی'' سے بہت حد تک ملتا جلتا ہے۔ ڈیہی مری اور بگٹی قبیلوں کے جوانوں میں بہت مقبول ہے۔ اس میں ''ڈیہی'' لفظ کی تکرار بھی ہوتی ہے۔

لیکو: شتربانوں کا جدائی کا گیت ہے۔ جب شتربان اپنے اونٹ لے کر تاریک راتوں میں طویل سفر پر روانہ ہوتے ہیں تو انہیں گھر کا آرام اور محبوبہ کا دلنواز چہرہ یاد آ جاتا ہے، چنانچہ جدائی اور دوری کی کسک دور کرنے کے لیے لیکو گاتے ہیں اور یوں ان کا سفر آسان ہو جاتا ہے۔ اسے ''لئیکو'' یا ''ڈئیکو'' بھی کہا جاتا ہے۔

داستانک: اسے دستانہ بھی کہا جاتا ہے۔ اس کی فنی ساخت ''ڈوھیڑو'' سے مشابہ ہے اور مشہور بلوچ ساز نڑ (نے) کے ساتھ گایا جاتا ہے۔ داستانک گانے والا نڑ بجانے والے کے ساتھ کھڑا ہو جاتا ہے اور پھر دونوں مل کر محفل گرماتے ہیں۔ داستانک بلوچ چرواہوں میں بہت مقبول ہے۔ مضمون کے لحاظ سے اس میں محبوب کی تعریف ہوتی ہے اس کے علاوہ کسی بہادر کی تعریف بھی کی جاتی ہے۔

سپت: یہ اصل میں حمد و نعت ہے جس میں اللہ تعالیٰ کی قدرتِ کاملہ کی تعریف کی جاتی ہے اور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ و سلم کو یاد کیا جاتا ہے۔ لفظ ''صفت'' کی بدلی ہوئی شکل ہے۔ یہ گیت بنگالی گیت مرشدی و معرفتی اور سندھی ''مداح'' سے کسی حد تک مماثلت رکھتا ہے۔

marfat.com

Marfat.com

لولی : بلوچی میں لوری کو لولی کہا جاتا ہے ۔ یہ گیت مائیں اور بہنیں، بیٹوں اور بھائیوں کو سلانے کے لیے گاتی ہیں ۔ لولی میں بلوچ بچوں کو بہادری، شجاعت، غیرت اور مہمانداری کا درس دیا جاتا ہے ۔ مکرانی بلوچ اسے ''لیلو'' کہتے ہیں ۔

موتک : [=مرثیہ] اس میں مرنے والے پر رنج اور غم کا اظہار کیا جاتا ہے ۔ اس کا ہیئتی آہنگ بڑی حد تک زہیروک سے مماثلت رکھتا ہے ۔ اسے مختلف ناموں سے پکارا جاتا ہے، مثلاً موتیگ، موتک، مودگ وغیرہ۔

شیشر : طویل رزمیہ نظم کو شیشر کہتے ہیں ۔ شیشر میں کسی قبائلی سردار کی بہادری کا واقعہ ہوتا ہے ۔ شیشر میں عموماً تاریخی واقعات پر روشنی ڈالی جاتی ہے ۔

نازنک : یہ گیت عورتیں خوشی کے موقع پر مل کر گاتی ہیں۔ شادی کے موقع پر جو نازنک گائے جاتے ہیں ان میں دولہا کے حسن و جمال کی بھی تعریف ہوتی ہے اور بہادری کی بھی۔

لیلڑی : پنجابی ماہیا کی طرح لیلڑی عشقیہ گیت ہے، جسے دیہاتی نوجوان موسم بہار میں گاتے ہیں ۔ اس میں لفظ ''لیلڑی'' کی تکرار ہوتی ہے ۔ الگ الگ مصرعوں کا مطلب تو واضح ہوتا ہے، لیکن پورا گیت اکثر غیر مربوط ہو جاتا ہے ۔ سندھی میں بھی اس کا رواج ہے ۔

سورو : دیہات میں ایک لڑکا مرد بن جاتا ہے اور دوسرا عورت اور پھر وہ دونوں آمنے سامنے بیٹھ کر باری باری گاتے ہیں ۔ یہ اصل میں دوگانا ہے، جس میں پیار اور محبت کی زبان سے ایک دوسرے پر ہلکی ہلکی چوٹیں کی جاتی ہیں ۔ شوخی و طراری اس گیت کی جان ہے ۔ اس میں ہر بند کے بعد مندرجۂ ذیل فقروں میں ایک کی تکرار ہوتی ہے : ''سورو ڈھولیا سورو''، ''سورو دے رہا ہوں''، ''سورو گا رہی ہوں''.

گیتار : بلوچی میں کسی شاعر کے عشقیہ کلام کو گیتار کہتے ہیں۔ ہم اسے اردو میں غزل کہیں گے.

بلوچی ادب میر چاکر رند کے عہد میں : اس دور کے پہلے کا بلوچی ادب نہیں ملتا ۔ اس کے یہ معنی نہیں کہ اس سے پہلے کوئی شاعر گزرا ہی نہ ہوگا، لیکن کلام دستیاب نہیں ہوا ۔ اس عہد کا جو کلام ملا ہے اس کا تعلق رزمیہ سے ہے ۔ اس ادب کا محور بلوچوں کی تیس سال جنگ ہے، جو رند اور لاشار قبیلوں کے درمیان ۱۴۹۰ء سے ۱۵۲۰ء تک لڑی گئی ۔ اس لڑائی کے بعد بلوچوں کی طاقت کمزور ہوگئی ۔ شاہ بیگ ارغون نے سبی پر قبضہ کیا اور میر چاکر رند نے بلوچستان سے نکل کر پنجاب پر دھاوے کیے اور ملتان میں اقامت گزیں ہوا ۔ جب شہنشاہ ہمایوں نے ۱۵۵۵ء میں دوبارہ تخت دھلی پر قبضہ کیا تو میر چاکر رند کا بیٹا میر شاہداد خان شہنشاہ ہمایوں کے همراہ تھا ۔ دہلی پر حملے کے وقت جو رزمیہ نظمیں کہی گئیں وہ بلوچی ادب کا سرمایہ ہیں ۔ جن رزمیہ نظموں کو بعض لوگ میر جلال خان کے عہد کی نظمیں بتاتے ہیں وہ دراصل میر چاکر رند کے عہد میں تخلیق ہوئیں ۔ ان کے تخلیق کرنے والے اس دور کے بلوچ شاعر یا بلوچوں کے لوڑی تھے ۔ انھوں نے مکالماتی انداز میں نظمیں کہی ہیں، جیسے میر چاکر خان کہہ رہا ہے یا میر گہرام خان کہہ رہا ہے ۔ اس سے غلط فہمی ہوئی ہے اور میر چاکر خان وغیرہ کو شاعر سمجھا گیا ہے ۔ رزمیہ نظمیں اور رومانوی داستانیں مغربی پاکستان کی ہر زبان میں ملتی ہیں ۔ وہاں کسی نے یہ نہیں سمجھا کہ سب مرکزی کردار شاعر ہیں؛ حالانکہ وہاں بھی مکالمے ہوتے ہیں، اس دور کی نظموں کے حقیقی شعرا کے نام بہت

marfat.com
Marfat.com

کم ملتے ہیں ۔ ایک نظم کے لیے ڈیمز نے لکھا ہے کہ کسی ڈومبکی شاعر کی ہے، دوسری کے لیے لکھا ہے کہ کسی رند شاعر کی ہے ۔ اس دور کے حسب ذیل شعرا کے نام ملتے ہیں : ۱ ۔ قلاتی بن حبیب؛ ۲ ۔ نودہ بن بہرام؛ ۳ ۔ چاکر خان رند؛ ۴ ۔ بی برگ؛ ۵ ۔ شہداد؛ ۶ ۔ ریحان؛ ۷ ۔ ماہناز .

خوانین قلات کا عہد : میر چاکر رند کے انتقال کے بعد بلوچوں کا ادبی مرکز ختم ہو گیا اور رزمیہ شاعری کا بھی زوال شروع ہوا ۔ اس کے بعد بلوچی شاعری نے ایک نیا رخ اختیار کیا ۔ رزمیہ شاعری کے ساتھ خالص عشقیہ شاعری بھی ہونے لگی؛ بلکہ عشقیہ شاعری زیادہ ترقی کرتی رہی ۔ عشقیہ شاعری کے سلسلے میں نہ صرف عوام کی زندگی کی ترجمانی کی گئی بلکہ امیر طبقے کی زندگی کی عکاسی بھی کی گئی ۔ اس دور کی رزمیہ نظمیں بلوچ قبائل کے درمیان چھوٹی چھوٹی لڑائیوں کے متعلق ہیں ۔ سترھویں صدی عیسوی کی ایک نظم ملتی ہے جو مکران کے کلمتوں اور برفتوں کی جنگ کے متعلق ہے ۔ اس دور کی رومانوی داستان ''للہ و گراناز'' ہے ۔ یہ واقعہ سترھویں صدی میں ہوا اور مکران کی سرزمین سے تعلق رکھتا ہے ۔ اس دور میں اس رومانوی داستان اور دوسری رومانوی داستانوں پر نظمیں کہی گئیں ۔ سترھویں صدی کا شاعر عثمان کلمتی ہے، جو مکران کا رہنے والا ہے ۔ اس کا رزمیہ کلام کلمتی بلوچوں اور پرتگیزوں کی بحری جنگوں کے متعلق ہے ۔ لوگوں نے اس کا کلام غلط فہمی سے ''حمل جیئند کلمتی'' سے منسوب کیا ہے، جو اس لڑائی میں لڑتا ہوا شہید ہوا ۔ ایک حمل رند مشرقی بلوچستان میں بھی ہوا ہے ۔ وہ بھی مشہور بہادر تھا اور اس نے شیر سے بھی مقابلہ کیا تھا ۔ اس کے متعلق ایک نظم ملتی ہے جو اٹھارھویں صدی کی ہے، اسے حمل رند کی کہی ہوئی نظم سمجھا گیا ہے .

اس دور کا عظیم شاعر جام درک ہے، جو ڈومبکی قبیلے سے تھا ۔ اس کا تعلق قلات کے خان نصیر خان نوری کے دربار سے تھا، جو ۱۷۵۰ء میں تخت نشین ہوا ۔ یہ آفتاب بن کر بلوچی ادب کے افق پر چمکا ۔ اسے ملک الشعرا کہا جاتا ہے ۔ عشق کی وجہ سے اس کے کلام میں درد اور سوز ہے ۔ وہ تمام بلوچی شعرا سے زیادہ فصیح و بلیغ ہے ۔ اس کی زبان صاف اور شستہ ہے ۔ اس کے کلام کی خاص خوبی یہ ہے کہ اس نے امیر طبقے کی خواتین کا سراپا کھینچا ہے، جو ڈھاڈھر کے بازار میں سودا خریدنے آتی تھیں ۔ اس سے پہلے کسی بھی بلوچی شعر میں ایسی چیز نہیں ملتی ۔ بلوچی میں وہ تغزل کا شہزادہ کہلاتا ہے، کیونکہ اس نے حسن و جمال کی تصویر بڑے عمدہ انداز میں پیش کی ہے .

اس عہد کے دوسرے شاعر حسب ذیل ہیں : ۔ ۱ ۔ شاعرہ 'بانک سیمک'؛ ۲ ۔ شاعرہ 'رانی'؛ ۳ ۔ شاعرہ 'حانی'؛ ۴ ۔ شہ عیسیٰ؛ ۵ ۔ شہ یار؛ ۶ ۔ بیمار مری؛ ۷ ۔ میر اشرف؛ ۸ ۔ سوھنہسورھیانی؛ ۹ ۔ کویل جت؛ ۱۰ ۔ ملا ابراہیم .

خوانین قلات کی درباری زبان فارسی تھی، اس وجہ سے فارسی شاعری کا بھی عام رواج ہوا ۔ اس دور کے مندرجۂ ذیل فارسی شعرا کے نام قابل ذکر ہیں : ۱ ۔ قاضی نور محمد؛ ۲ ۔ گل محمد ناطق مکرانی؛ ۳ ۔ مرزا احمد علی؛ ۴ ۔ سید محمد تقی شاہ؛ ۵ ۔ گل محمد زیب؛ ۶ ۔ ملا محمد حسن براھوئی؛ ۷ ۔ مولا داد؛ ۸ ۔ علیم اللہ علیم؛ ۹ ۔ رسول بخش رھی .

اس زمانے میں مکران میں ذکری فرقے کے بہت سے فارسی شعرا ملتے ہیں ۔ ان میں سے حسب ذیل قابل ذکر ہیں :-

(۱) شے محمد درخشان؛ (۲) میر عبداللہ جنگی؛ (۳) شے سلیمان؛ (۴) شے جلال؛ (۵) شے نصیرالدین؛

marfat.com
Marfat.com

(۶) میر علی شیر جنگی؛ (۷) خوش قدم جنگی؛ (۸) شے گل محمد؛ (۹) نور محمد؛ (۱۰) ملّا ابوبکر؛ (۱۱) ملّا مددی خان.

انگریزی عہد: ۱۸۳۹ء میں انگریزی فوج کوئٹے پہنچی اور خان سے ایک معاہدہ کیا گیا۔ اس کے باوجود انگریزوں نے ۱۸۳۹ء میں قلات پر حملہ کر دیا اور ۱۸۴۰ء میں بلوچستان پر پورے طور پر قابض ہوگئے۔ یہ دور جابریت کا تھا۔ یہ وہ زمانہ تھا جب بلوچوں کا سیاسی اور معاشرتی انحطاط اپنی تمام خرابیوں سمیت کالے بادل کی طرح بلوچستان کے افق پر چھا چکا تھا۔ انگریزوں نے بندوق کے زور سے ۱۹۴۷ء تک بلوچستان پر حکومت کی۔ اس کا لازمی نتیجہ یہ نکلا کہ بلوچی شعرا کا میلان تصوف اور اخلاقیات کی طرف ہوا۔ اس وجہ سے اس دور کی شاعری زیادہ‌تر مذہبی ہے۔ نعتوں، معجزوں کے بیان اور مدحوں کا بڑا ذخیرہ ملتا ہے۔ اس دور میں بلوچی شاعری پر سندھی اور سرائیکی شاعری کا اثر پڑا، جس کی وجہ سے اس میں زیادہ رنگینی اور دلکشی پیدا ہوئی۔ مکرانی بلوچی پر فارسی کا اثر ہوا۔ بہرحال اس دور میں بلوچی شاعری نے ایک نیا رخ اختیار کیا۔ اس دور میں شعری نظریات کے پیش نظر دو مکاتب فکر نظر آتے ہیں: مشرقی اور مغربی۔ مشرقی مکتبِ فکر پر سرائیکی اور سندھی کا اثر ہے۔ اس میں فطری جذبات اور احساسات کی عکاسی کے بہترین نمونے ملتے ہیں۔ اس مکتبِ فکر کا عظیم شاعر مست توکلی (م ۱۸۹۶ء) ہے۔ وہ حسن اور عشق کا شاعر ہے۔ اس کا انداز بیان شگفتہ اور دل آویز ہے۔ اس مکتبِ فکر کے دوسرے شعرا حسب ذیل ہیں:۔

(۱) ابراہیم شمبانی؛ (۲) لشکر خان جسکانی؛ (۳) جیوا کرد؛ (۴) حیدر بالاچانی؛ (۵) رحم علی مری؛ (۶) ملا عمر مری؛ (۷) خدا بخش مری؛ (۸) پنجو بنگلانی؛ (۹) پہلوان فقیر؛ (۱۰) احمد ولد شوران؛ (۱۱) غلام محمد بالاچانی؛ (۱۲) چگھا بزدار؛ (۱۳) سنگت؛ (۱۴) مندوُ کہیری؛ (۱۵) جوانسال.

مغربی مکتبِ فکر کے شعرا میں مکران کے شعرا آتے ہیں جو انیسویں صدی میں گزرے ہیں۔ ان میں زیادہ‌تر عالم تھے اور انہیں ملّا کہا جاتا تھا۔ اس لیے ان کو ملاؤں کا مکتبِ فکر بھی کہا جاتا ہے۔ انھوں نے علم عروض کے مطابق شعر کہے ہیں اور ان کے کلام میں فارسی اور عربی الفاظ کثرت سے ملتے ہیں۔ وہ نظم کے شروع میں حمد اور نعت لاتے ہیں، اس کے بعد مقصد پر آتے ہیں۔ ان کے کلام میں عقاب یا کبوتر سے خطاب بھی اکثر ملتا ہے۔ اس مکتبِ فکر کا بلند پایہ شاعر ملا فاضل (م ۱۸۸۵ء) ہے۔ اس کے کلام میں بڑی رنگینی اور دلکشی ہے۔ عزت پنجگوری بھی اس مکتبِ فکر کا بہت بڑا شاعر ہے۔ اس نے غزلیں بڑی اچھی کہی ہیں۔ اس مکتبِ فکر کے دوسرے شعرا حسب ذیل ہیں: (۱) ملا قاسم؛ (۲) ملا نور محمد بمپشتی؛ (۳) ملا اسماعیل؛ (۴) رگام وشی؛ (۵) ملا بوھیر؛ (۶) ملا بہادر مراستانی؛ (۷) سید نور شاہ؛ (۸) ملا رحیم.

قیام پاکستان کے بعد: ۱۹۴۷ء میں برّصغیر کی تقسیم کے بعد سب سے پہلے ریڈیو پاکستان کراچی نے بلوچی نشریات کا ایک مخصوص پروگرام مرتب کیا، جس میں ہر قسم کے مضامین کو بلوچی میں نشر کرنے کی کوشش کی گئی۔ جن لوگوں کو کراچی ریڈیو کے بلوچی پروگراموں میں مقبولیت حاصل ہوئی وہ پہلے ایک دوسرے سے ملے۔ بعدازاں بلوچی زبان سے دلچسپی رکھنے والے عوام سے مل کر انھوں نے ایک ادبی انجمن کی بنیاد ڈالی اور تھوڑے ہی دنوں میں دو ادبی مجلّے بلوچی اور اومان منظر عام پر آ گئے۔ یہ نقشِ اوّلین تھا۔ پھر ان کی جگہ ماہنامہ اولس اور ھفت روزہ نوکین دور نے لے لی۔

marfat.com
Marfat.com

ان رسائل و جرائد نے سب سے بڑی خدمت یہ انجام دی ہے کہ بلوچی نثر میں مضامین اور افسانے لکھے جا رہے ہیں اس سے پہلے بلوچی نثر کی حالت قطعی طور پر ناگفتہ بہ تھی۔

اسی اثنا میں ریڈیو پاکستان کوئٹہ کا قیام عمل میں آیا جہاں سے بلوچی نشریات کا آغاز ہوا۔ اور یوں بلوچی ادب و ثقافت کی زلف پریشان سنورنے لگی۔ ۱۹۴۷ء سے لے کر اب تک جو شعرا نامور ہوئے ان کے نام حسب ذیل ہیں۔

۱۔ گل خان نصیر: [اس نے ہیئت کے نئے نئے تجربے کیے ہیں اور بلوچی شعر کی پرانی ہیئت کو بھی نئے انداز میں پیش کیا ہے۔ اس کا مشاہدہ گہرا اور وسیع ہے۔] نظم گو شاعر ہے۔ رزمیہ شاعری بھی کی ہے۔ ''شیطان''، [''خواب میں جام درک سے ایک ملاقات''، ''کوہ چہلتن'' سے خطاب] اچھی نظمیں ہیں۔ ''جنگء گوک پروش'' رزمیہ شاعری کا اچھا نمونہ ہے۔ [اس کے کلام کے تین مجموعے چھپ چکے ہیں: (الف) گلبانگ؛ (ب) شب گروک؛ (ج) شیریں دوستیں]؛ ۲۔ آزاد جمال دینی: اپنی نظم کی سادگی اور روانی کی وجہ سے ممتاز ہے۔ جاگیرداری اور سرداریت کے خلاف، ترقی پسند۔ [اس کے کلام کا ایک مجموعہ مستء توار اردو ترجمے کے ساتھ شائع ہوا ہے]؛ ۳۔ عطا شاد: اس کی نظموں میں سوز و گداز کے ساتھ ترنّم کا عنصر نمایاں ہے۔ ہمیشہ نئی راہیں تلاش کرتا ہے۔ نئے موضوعات ڈھونڈتا ہے، جو انسان کی داخلیت سے وابستہ ہوتے ہیں۔ زہرانی رازہ (گریۂ آرزو) مشہور نظم ہے۔ جمالیاتی حظ کو غزل کا اہم‌ترین عنصر سمجھتا ہے۔ وہی سوز و گداز جو اس کی نظموں میں نمایاں ہے غزلوں میں بھی کارفرما نظر آتا ہے؛ ۴۔ اسحٰق شمیم: فارسی‌آمیز زبان استعمال کرتا ہے۔ دلہن اس کی مشہور نظم ہے؛ ۵۔ عبدالرحیم صابر: اس کی غزلیں سادگی اور روانی کی وجہ سے مقبول ہیں۔ عام طور پر چھوٹی بحروں میں طبع آزمائی کرتا ہے؛ ۶۔ ظہور شاہ ہاشمی: اس کی غزلوں میں جمالیاتی عنصر نمایاں ہے۔ [اس کے کلام کے تین مجموعے شائع ہو چکے ہیں: (۱) انگرء ترونگل، ۱۹۶۱ء؛ (۲) برتگگین بیر، ۱۹۶۲ء]؛ (۳) تراپکین ترسپ، ۱۹۶۲ اور ۱۹۶۵ء؛ ۷۔ احمد زہیر: اس کی غزلوں میں آنسو ہیں، تڑپ ہے اور ایک مسلسل تلاش ہے؛ ۸۔ محمد حسین عنقا: آج کل زیادہ تر غزل لکھتا ہے۔ اس کی غزلیں داخلیت اور خارجیت دونوں پہلو لیے ہوئے ہیں؛ ۹۔ مراد ساحر: داخلیت کم اور خارجی ماحول کا اثر زیادہ ہے۔ اس کی قومی شاعری میں رچاؤ اور ولولہ ہے؛ ۱۰۔ احمد جگر: غزل گو شاعر ہے؛ ۱۱۔ عاجز: حمد و نعت لکھتا ہے؛ ۱۲۔ بیکس: بھی حمد و نعت لکھتا ہے؛ ۱۳۔ احمد حقانی: قومی نظمیں لکھتا ہے؛ [۱۴۔ میر عیسیٰ قومی: پرانا شاعر ہے۔ اس کے کلام میں قومی رنگ ملتا ہے]۔

[نثری ادب: آزادی سے پہلے درخوانی علما نے بلوچی میں مذہبی کتابیں شائع کی تھیں۔ بائبل کے ایک حصّے کا بلوچی ترجمہ بھی شائع ہوا تھا۔ قیام پاکستان کے بعد بلوچی نثر ترقی کر رہی ہے۔ میر گل خان نصیر، محمد حسین عنقا، قاضی عبدالرحیم صابر، خیر محمد ندوی اور ظہور شاہ سید نے بلوچی نثر کا آغاز کیا ہے۔ اب بلوچی نثر لکھنے والے خاصی تعداد میں ملتے ہیں۔ مندرجۂ ذیل کے نام قابل ذکر ہیں: عبدالرحمٰن غور، میر مٹھا خان، ملک محمد رمضان بلوچ، عبدالغفار ندیم گچکی، عبداللہ جمالدینی، میر شیر محمد مری، سردار خان گشکوری، پیر محمد زبیرانی، اکبر بارکزئی، م۔ طاہر، ایم بیگ، عبدالحکیم شاہ بیگ رند، مہر علی، میر عبدالمالک، احمدعلی، غوث‌بخش صابر، محمدبخش

marfat.com
Marfat.com

لہڑی ۔ ذیل میں ان نوجوانوں کے نام دیے جاتے ہیں جو افسانے اور ڈرامے لکھتے ہیں : نعمت اللہ گچکی، قرۃ العین طاہر، صورت خان مری، نسیم دشتی، مومن بزدار، رحیم صادق، عطا شاد، غوث بخش صابر اور عصمت جمالدینی ۔ مندرجۂ ذیل کتابیں بھی شائع ہو چکی ہیں : (۱) میر شیر محمد مری : کہنیں بلوچی شاعری، کاردار بلوچی اکیڈیمی، کراچی؛ (۲) بلوچی زهگ بلو؛ (۳) مستا گ؛ (۴) بلوچی زبان و ادب تاریک ۔ یہ تینوں کتابیں بلوچی اکیڈیمی، کراچی کی طرف سے شائع ہوئی ہیں؛ (۵) میجر ماکلر : بلوچی گرامر مترجمۂ ایم بیگ بلوچ، بلوچی اکیڈیمی، کراچی؛ (۶) بشیر احمد : جام درک، بوچی اکیڈمی، کوئٹہ؛ (۷) سبتگین دستونک، کراچی سے شائع ہوئی؛ ۹ ۔ بلوچی سیاهگ، کراچی؛ ۱۰ ۔ بلوچی بنگیچی؛ کراچی].

مآخذ : (الف) زبان : (۱) ڈاکٹر نبی بخش خان بلوچ : بلوچی ادب، در *Cultural Heritage of Pakistan*، کراچی ۱۹۵۵ء؛ (۲) امرت لال عشرت : ادب و زبان، در ماہ نو، کراچی، ستمبر ۱۹۶۵ء؛ (۳) محمد حسین عنقا : بلوچی زبان کی تاریخ و طرز نوشت، در ماهنامۂ بلوچی دنیا، ضلع ملتان، اگست ۔ ستمبر ۱۹۶۰ء؛ (۴) میر خدا بخش بجارانی : قدیم بلوچی شاعری، بزم ثقافت، کوئٹہ ۱۹۶۳ء؛ (ب) ادب : (۵) سردار محمد خان گشکوری : *History of the Baluchis and Baluchistan*، کراچی ۱۹۵۸ء؛ (۶) ایم لونگ ورتھ ڈیمز : *Popular History of the Balochs*، مطبوعۂ رائل ایشیاٹک سوسائٹی، لندن ۱۹۰۷ء؛ (۷) هتورام، رائے بہادر : تواریخ بلوچستان، لاہور ۱۹۰۷ء؛ (۸) خالد کلیم : اہل بلوچستان، در روزنامۂ نوائے وقت، لاہور ۱۰ اپریل ۱۹۶۷ء؛ (۹) ماهنامۂ بلوچی دنیا، جکو والا، ضلع ملتان کا ثقافت نمبر جنوری ۔ فروری ۱۹۶۰ء؛ (۱۰) میر محمد حسین عنقا : بلوچ نسل کی تاریخ، در ماهنامۂ بلوچی دنیا، مارچ ۱۹۶۰ء؛ (۱۱) عبدالصمد امیری : بلوچ نسل کی تاریخ، در ماهنامۂ بلوچی دنیا، جون ۱۹۶۰ء؛ (۱۲) سلیم خان گمّی : بلوچی لوک گیت، مقالہ بہ زبان انگریزی در *Pakistan Quarterly*، کراچی ۱۹۵۹ء؛ (۱۳) وہی مصنّف : بلوچی رزمیہ شاعری، در روزنامۂ امروز، لاہور، ۲۳ مارچ ۱۹۶۰ء؛ (۱۴) وہی مصنّف : بلوچی ادب، مطبوعۂ اردو اکادمی، بہاولپور ۱۹۶۱ء؛ (۱۵) وہی مصنّف : جدید بلوچی شاعر، روزنامۂ امروز، لاہور ۲۷ اکتوبر ۱۹۶۰ء؛ (۱۶) آر ۔ سی ۔ ٹمپل Temple : میر چاکر کے کارنامے، بشمول حکایات پنجاب، حصّۂ دوم، مجلس ترقی ادب لاہور ۱۹۶۲ء؛ (۱۷) انور رومان : آئینۂ بلوچ، قصر الادب، جکو والا (شجاع آباد، ضلع ملتان)؛ (۱۸) خیابان پاک، ادارۂ مطبوعات پاکستان، کراچی ۱۹۵۶ء؛ [(۱۹) میمن عبدالمجید سندھی : تاریخ بلوچی ادب، مقالہ "تاریخ ادبیات پاک و ہند"، زیر ترتیب شعبۂ تاریخ ادبیات، پنجاب یونیورسٹی].

(سلیم خان گمّی [و ادارہ])

**بُلُوَدِن** : [= بُلُوَادِین] رک بہ بولوادین.

**بُلُوغ** : رک بہ بالغ.

**بُلُوک** : رک بہ بوالوک.

**بُلُوک باشی** : رک بہ بوالوک باشی.

**بُلُونہ** : رک بہ پلونہ.

**بُلُوهَر و یُوذَاسَف** : ایک عربی کتاب بلوهر و یوداسف (= بوذاسف) کے دو بڑے کردار ۔ یہ کتاب دراصل گوتم بدھ کے روایتی حالات زندگی پر مبنی ہے اور بعد میں مسیحی قصۂ Balaman و Josaphat بھی اسی کے نمونے پر لکھا گیا.

داستان کا خلاصہ یہ ہے کہ ہندوستان میں سولابط (یعنی کپل وستو) کے ایک عرصے تک بے اولاد ہندو راجا جانائیسر [سدودھن] کے گھر

marfat.com
Marfat.com

محیرالعقول طریقے سے ایک بچہ پیدا ہوتا ہے ۔ راجا اس کا نام یوداسف (بہتر قراءت = بوداسف = بودھ ستوا) رکھتا ہے ۔ ایک نجومی پیش گوئی کرتا ہے کہ اس راج کمار کو دنیوی عظمت حاصل نہ ہوگی، لہذا راجا اس بچے کو انسانی دکھ درد سے بےخبر رکھنے کے لیے ایک علیحدہ شہر میں بھیج دیتا ہے ۔ بڑا ہو کر یوداسف اپنی اس نظربندی سے گھبرا جاتا ہے اور اصرار کرتا ہے کہ اسے باہر نکلنے کی اجازت دی جائے، چنانچہ وہ سوار ہو کر باہر نکلتا ہے تو اسے دو بیمار و کمزور آدمی اور پھر ایک اپاہج انسان نظر آتا ہے، اور اس طرح اسے انسانی کمزوری اور موت کا علم ہو جاتا ہے ۔ بعد ازآں سراندیپ (لنکا) کا مقدس راہب بلوہر بھیس بدل کر اس کے سامنے آتا ہے اور یوداسف کو نصیحت آموز فرضی کہانیاں سنا کر اسے وجود انسانی کی بےثباتی اور راہبانہ زندگی کی برتری کا یقین دلاتا ہے ۔ بلوہر شہرت و دولت، خور و نوش میں انہماک، شہوانی لذات اور تمام مسرات جسمانی کا ذکر تحقیر سے کرتا ہے ۔ وہ ایک مبہم قسم کی خدا پرستی اور عقیدۂ بقاے دوام کی تلقین کرتا ہے ۔

راجا جانائیسر [سدودھن] بلوہر سے ناراض ہوتا ہے اور یوداسف کے تبدیلی عقائد کی مخالفت کرتا ہے ۔ نجومی راکس اور ہندو سادھو البھون کی کوششوں کے باوجود راجا عقیدۂ مذہبی کے بارے میں ایک فرضی مباحثے میں ہار جاتا ہے اور خود بھی بلوہر کا معتقد بن جاتا ہے ۔ یوداسف اپنی شاہانہ شان و شوکت کو خیر باد کہتا ہے اور اپنے مسلک کا پرچار کرنے کے لیے ادھر ادھر سفر کرتا ہے ۔ بہت سے حادثات سے دو چار ہونے کے بعد وہ کشمیر (کستارا) پہنچتا ہے ۔ یہاں آ کر وہ اپنے مذہب کی آئندہ تبلیغ و اشاعت کا کام اپنے چیلے آباند (یعنی آنند) کے سپرد کر دیتا ہے اور پھر مر جاتا ہے ۔

مندرجۂ ذیل فہرست میں یہ دکھایا گیا ہے کہ عربی کے تین باقی ماندہ نسخوں اور گرجی اور عیسائی یونانی نسخوں میں جو انھیں سے ماخوذ ہیں زیادہ اہم تمثیلی حکایتیں اور قصے کتنی کتنی دفعہ آتے ہیں :

جدول نمبر ۱

| داستان | یونانی | گرجی (یروشلم) | بمبئی عربی | ابن بابویہ | ہالے Halle تلخیص |
|---|---|---|---|---|---|
| موت کا ڈھول | ۲ | ۱ | ۱ | ۱ | ۱ |
| چار صندوقچے | ۳ | ۲ | ۲ | ۲ | ۲ |
| کاشت کار | ۱ | ۳ | ۳ | ۳ | ۳ |
| ہاتھی اور گڑھے میں گرا ہوا آدمی | ۵ | ۴ | ۵ | ۴ | ۴ |
| تین دوست | ۶ | ۵ | ۶ | ۵ | ۵ |
| ایک سال کی بادشاہت | ۷ | ۶ | ۷ | ۶ | ۶ |
| کتے اور مردار | - | ۷ | ۸ | ۷ | ۷ |
| معالج اور مریض | - | ۸ | ۴ | ۸ | ۸ |
| آفتاب عقل | ۸ | ۹ | ۹ | ۹۰ | ۹ |
| بادشاہ، وزیر اور خوش و خورم میاں غریب بیوی | ۹ | ۱۰ | ۱۰ | ۱۰ | ۱۰ |
| دولتمند نوجوان اور بھکاری کی بیٹی | ۱۰ | ۱۱ | ۱۱ | ۱۱ | - |
| چڑی مار اور بلبل | ۴ | ۱۲ | ۱۲ | ۱۲ | ۱۱ |
| پالتو ہرن | ۱۲ | ۱۳ | ۱۳ | - | - |
| دشمنوں کا لباس | ۱۱ | ۱۴ | ۱۴ | - | - |
| عاشق مزاج بیوی | - | ۱۵ | ۱۵ | - | - |
| چڑیل عورتیں | ۱۳ | ۱۶ | ۱۶ | - | - |

کتاب بلوہر و یوداسف کسی ہندوستانی بدھ تصنیف کا براہ راست ترجمہ نہیں ہے، بلکہ مختلف ماخذ سے مرتب کی گئی ہے اور بدھ کی اسطوری

marfat.com
Marfat.com

زندگی کے واقعات پر مبنی ہے ۔ اس میں کئی غیر ہندی‌الاصل تمثیلی کہانیاں پائی جاتی ہیں جن میں عہد نامۂ جدید کی کاشت‌کار والی کہانی بھی شامل ہے ۔ اس کے حکایتی ڈھانچے کے بعض حصے ایسے ہیں جو بدھ چریتا *Budhacarita*، مہاوستو، للیتاوستارا، اور جاتک قصوں سے مشابہ ہیں ۔ تاہم ملحوظ رہے کہ مستند روایت میں بدھ کے کسی گرو کا ذکر نہیں، البتّہ چوتھے شگون (Omen) میں واعظ راہب بلوہر کا ذکر اشارۃً آتا ہے، جہاں یہ بیان کیا گیا ہے کہ ہونے والے بدھ کی کپل وستو میں ایک ایسے شخص سے ملاقات ہوتی ہے جو ضبط نفس، سکون خاطر اور مکمّل نجات کے حاصل کرنے کی خاطر ادھر ادھر مارا مارا پھرتا تھا۔

مرکزی ایشیائی بدھ : سغدی متون سے، جن میں بودھ ستّوا کو Pwtysβ، یعنی بودی سف، کی شکل میں مخفّف کر دیا گیا ہے، اور ان نامکمّل مانوی نسخوں سے جو چینی ترکستان میں تُرفان کے مقام پر دستیاب ہوے ہیں، یہ پتا چلتا ہے کہ یہ کہانی مغربی ممالک میں کب اور کس طرح پہنچی ۔ Le Coq نے (*SBPr. Ak. W.*، ۱۹۰۹ء، ص ۱۲۰۲ تا ۱۲۱۸) نے ایک مانوی ترکی نامکمّل نسخہ شائع کیا ہے، جس میں بودی سف راج کمار کی اپاہج بوڑھے سے ملاقات کا ذکر ہے ۔ اسی فاضل نے (*Türkische Manichaica aus Chotscho*، ۱ : ۵ تا ۷، در *Abh. Pr. Ak. W.*، ۱۹۱۱ء، Anhang) ایک اور ایسا ہی نسخہ شائع کیا جس کی شرح راڈلوف Radlov اور اولڈن برگ Oldenburg نے لکھی (*Izv. Imp. Akad. Nauk.*)، سلسلۂ ششم، ۱۹۱۲ء، ص ۷۰۱ تا ۷۰۳، ۷۷۹ تا ۷۸۲، جس میں اس شرابی شہزادے کی کہانی بیان کی گئی ہے جو غلطی سے ایک لاش کو لڑکی سمجھ لیتا ہے ۔ یہ کہانی بعد میں ابن بابویہ کے نسخے میں شامل کر لی گئی ۔ برلن کے تُرفان مجموعۂ کتب میں ایک حصے کی دریافت خاص اہمیت کی حامل ہے ۔ اس دریافت کی اطلاع W.B. Henning نے ۱۹۵۷ء میں مستشرقین کی میونخ میں منعقدہ چوبیسویں کانگرس کو دی تھی ۔ اس میں ایک قدیم فارسی منظوم ترجمے کے ستائیس اشعار ہیں جن میں داستان کے بڑے کرداروں کے نام Bylwhr اور Bwdysf کی صورتوں میں دیے ہیں ۔ یہ ٹکڑا، جس میں بلوہر کی بودی سف کو پند و نصیحت اور بلوہر کی عمر سے متعلّق ایک مکالمے کا کچھ حصّہ شامل ہے، ایک ایسے مخطوطے کا جزو ہے جو دسویں صدی کے نصف اول سے زیادہ مؤخر زمانے کا لکھا ہوا نہیں ۔ عربی نام یُوذاسُف (الف کے ساتھ) کے برعکس نام کی ایرانی شکل بودسف سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ نسخہ نقل کے اولین سلسلے سے تعلّق رکھتا ہے ۔ اس نسخے کو قیاسا رودکی [رک بآن] یا اس کے دبستان سے منسوب کیا گیا ہے ۔ ان علامات کی تائید، جن سے معلوم ہوتا ہے کہ بلوہر و یوداسف کے قصّے کی ابتدائی نشو و نما وسطی ایشیا میں اور ایک درمیانی ایرانی زبان میں ہوئی ہوگی، اس سے بھی ہوتی ہے کہ عبدالقاہر بن طاہر البغدادی کی تصنیف الفرق بین الفرق (طبع محمد بدر، قاہرہ ۱۳۲۸ھ، ص ۲۳۳؛ حصّۂ دوم ترجمہ از A.S. Halkin، تل ابیب ۱۹۳۵ء، ص ۲۰۰ تا ۲۰۱) میں جن جھوٹے پیغمبروں کی مذمّت کی گئی ہے ان کی فہرست میں مانی، بردیصان، مزدک وغیرہ کے ساتھ بلوہر کا نام بھی شامل ہے ۔ البیرونی جیسے بعض مستند مصنّفین نے (*Chronology of Ancient Nations*، مترجمۂ زخاؤ، ص ۱۸۶ تا ۱۸۹) یوداسف کا تعلّق سبائیوں سے بتایا ہے جن کے ہاں خیال کیا جاتا ہے کہ وہ Enoch اور ہرمس ترسمیجسطوس Hermes Trismegistus دونوں کا مرادف تھا ۔ یوداسف کے بارے میں یہ بھی کہا جاتا ہے کہ وہ ایرانی حروف ہجا کا

marfat.com
Marfat.com

موجد تھا.

کتاب کے مختلف نسخے: ان کتابوں میں سے جن کا ترجمہ عباسیوں کے ابتدائی دور میں ابن المقفع [رک بآں] اور اس کے دبستان نے پہلوی سے عربی زبان میں کیا تھا (الفہرست، ص ۳۰۵) کتاب البد، کتاب بلوہر و یوداسف (بوذاسف) اور کتاب بوذاسف مفرد کو شمار کیا گیا ہے ۔ آخر الذکر کتاب نہایة الارب فی اخبار الفرس و العرب کے ایک باب کے طور پر باقی ہے (براؤن در *JRAS*، ۱۹۰۰ء، ص ۲۱۶ تا ۲۱۷؛ Rosen، در *Zap. Vost. Otd. Imp. Russk. Arkh. Obshčestva*، ۱۹۰۱-۱۹۰۲ء، ص ۷۷ تا ۱۱۸) ۔ پہلی دو کتابیں بلوہر و بوذاسف مطبوعۂ بمبئی ۱۳۰۶ھ/۱۸۸۸-۱۸۸۹ء (روسی ترجمہ از روزن Rosen طبع کراچکووسکی، *Povest' O Varlaame pustinnike i Iosafe tsarevice indiyskom*، ماسکو ۱۹۴۷ء، میں جمع کر دی گئی ہیں ۔ بمبئی والا یہ نسخہ موجودہ تمام نسخوں میں سب سے زیادہ مفصل و مکمل ہے ۔ اگر ان کہانیوں کو جو کتاب البد سے لی گئی ہیں اس نسخے کے باقی حصوں سے الگ کر دیا جائے تو ہالے Halle کی تلخیص کے (طبع Hommel، در *Verh. des VII. Int. Orient. Cong., Semit. Sect.* وی انا ۱۸۸۸ء: ۱۱۵ تا ۱۶۵، ترجمہ Rehatsek در *JRAS*، ۱۸۹۰ء، ص ۱۱۹، ۱۵۵))، اس تبدیل شدہ قصے کے جو ابن بابویہ [رک بآں] کی شیعی تصنیف کتاب اکمال الدین و اتمام النعمة، یروشلم میں دریافت شدہ زیادہ طویل گرجی مسیحی نسخے (Greek Patriarchal Library گرجی مخطوطہ، عدد ۱۴۰: مرتبۂ Abuladze : *Balavarianis* ، *K'art'uli redak'tsiebi*، تفلس ۱۹۵۷ء) نیز تیرھویں صدی کے ابتدائی دور کے عبرانی ترجمے از ابراہام بن حسدای (یا چسدای) (Chisdai) (دیکھیے Steinschneider : *Die hebr. Übersetzungen des Mittel-alters*، ۸۶۳ تا ۸۶۷) کے حوالے سے بلوہر اور بوذاسف (یوداسف) کی اصلی کہانی کا بیشتر حصہ از سر نو مرتب کیا جا سکتا ہے ۔ مجموعۂ تیموریہ کے شعبۂ اخلاق (براکلمان، ۱: ۱۰۸) میں بلوہر و بوذاسف کا جو ذرا طویل نسخہ ہے اس کے بارے میں Stern نے تحقیق کر کے یہ پتا چلایا ہے کہ وہ اسی نئی تالیف سے ہے جس سے Halle کی تلخیص ۔ اس میں متن کے بعض وہ حصے مل جاتے ہیں جو اس تلخیص کے ناقص واحد نسخے میں موجود نہیں ہیں (S. M. Stern کے فراہم کردہ حواشی) ۔ الفہرست میں جس منظوم نسخے کا ذکر ہے کہ اسے ابان [بن عبدالحمید] اللاحقی [رک بآں] نے مرتب کیا تھا وہ ضائع ہو چکا ہے ۔

قلمی نسخوں میں یوداسف کا نام بہت مختلف طرح لکھا گیا ہے ۔ اصلی نام بوذاسف یا بوداسف کو ایک نقطے کے اضافے سے بگاڑ کر یوذاسف یا یوداسف بنا دیا گیا ہے اور پھر اس سے گرجی یوداسپ Iodasap بنا، جس سے یونانی یواسف Ioasaph اور پھر لاطینی یوسافت Josaphat بن گیا۔

داستان کی وسیع اشاعت: اپنی دو ہم جنس تصنیفوں کلیلة و دمنة اور قصۂ سند باد [رک بآں] کے ساتھ ساتھ کتاب بلوہر و یوداسف بھی ابتدائی عربی ادب میں وسیع پیمانے پر پھیل گئی، مثلاً دیکھیے وہ اشارہ جو رسائل اخوان الصفا (قاہرہ، ۴: ۱۲۰ تا ۲۲۳) میں عقیدۂ حیات جاوید کے سلسلے میں بلوہر کی کہانی، ''بادشاہ''، ''منصف مزاج وزیر'' اور ''خوش باش نادار جوڑے'' کی شکل میں موجود ہے ۔

مغرب کی داستان بارلام Barlaam و یواسف Ioasaph (Josaphat) طویل تر گرجی (یروشلم) تالیف نو کے ذریعے کتاب بلوہر و یوداسف سے مأخوذ ہے، جس میں اہم کرداروں کے نام بلہور Balahvar اور یوداسپ Iodasap ہیں ۔ ایتھنز کے St. Euthymius اور اس کے مکتب نے آخر ۱۰۰۰ء میں اس گرجی

Marfat.com

تالیف کو ترمیم و تبدیل کے بعد یونانی میں منتقل کیا ۔ قرونِ وسطٰی میں جو یونانی قصّۂ بارلام سینٹ جان دمشقی (St. John Damascene) سے منسوب کیا جاتا تھا اور جس کا اعادہ بعد میں F. Dölger (*Der griechische Barlaam-Roman, ein Werk des H. Johannes von Damaskos*، Ettal ۱۹۵۳ء) نے بھی کیا ہے، اس میں متن کی شہادت کو نظر انداز کر دیا گیا ہے؛ لہٰذا یہ قابل اعتنا نہیں۔

اسی طرح یہ احمدی عقیدہ بھی تسلیم نہیں کیا جا سکتا کہ بزرگ یوزآسف (جن کے مزار، واقع سری نگر (کشمیر) کی تعظیم و تکریم کی جاتی ہے) اور حضرت عیسیٰؑ دونوں ایک ہی تھے ۔ احمدیوں کے مذکورہ یوزآسف سے متعلق بہت سی داستانیں محض اقتباسات ہیں جو کتاب بلوہر و یوداسف سے لیے گئے ہیں اور جن میں ''کُسِنارا''، بودھ کے روایتی مقامِ وفات کی جگہ کشمیر کا نام رکھ دیا گیا ہے ۔

## جدول نمبر ۲

کتاب بلوہر و یوداسف کا دوسری زبانوں میں ترجمہ :

- بدھ سنسکرت اصل (متعلق بہ بدھ چریتا، للیتا و ستارا وغیرہ)
  - مانوی نسخہ (وسطی ایرانی)
    - تُرفان اجزا (قدیم ترکی)
    - فارسی ۱ : منظوم ترجمہ دبستان رودکی (برلن اجزا)
    - عربی ۱ : کتاب بلوہر و یوذاسف (ضائع شدہ)
      - عربی ۲ : اَبان اللاّحقی کا منظوم نسخہ (ضائع شدہ)
      - عربی ۳ : بتصرف ابن بابُویہ
        - فارسی ۲ : ترجمۂ ابن بابویہ
      - عربی ۴ : تلخیص Halle
      - عربی ۵ : طبع بمبئی مع الحاقات از کتاب البد
      - گرجستانی ۱ : نسخۂ یروشلم *Life of the Blessed Iodasap*
        - گرجستانی ۲ : *The Wisdom of Balahvar* (تلخیص)
        - یونانی : ***Barlaam and Ioasaph***
          - لاطینی، مسیحی عربی، ارمنی، قدیم سلاوی اور دوسرے مسیحی نسخے
      - عبرانی *Book of the King's son and the ascetic* از ابن حسدای

marfat.com
Marfat.com

**مآخذ**: متن مادّه میں دیے ہوے مآخذ کے علاوه دیکھیے: (۱) P. Alfaric: *Les écretures manichéennes*، ۲ جلدیں، پیرس ۱۹۱۸ تا ۱۹۱۹ء؛ (۲) وهی مصنّف: *La vie chrétienne du Bouddha*، در *JA*، ۱۹۱۷ء، ص ۲۶۹ تا ۲۸۸؛ (۳) H. W. Bailey: *The word "But" in Iranian*، در *BSOS*، ۶/۲ (۱۹۳۱ء): ۲۷۹ تا ۲۸۳؛ (۴) W. Bang: *Mahichäische Erzähler*، در *Le Muséon*، ۱۹۳۱ء، ص ۱ تا ۳۶؛ (۴) براکلمان، ۱: ۱۵۸ و تکملة، ۱: ۱۶۳، ۲۳۸ تا ۲۳۹، ۳۲۲؛ (۵) Sir E. A. Wallis Budge: *Baralâm and Yĕwâsĕf*، ۲ جلدیں، کیمبرج ۱۹۲۳ء؛ (۶) Chauvin: *Bibliographie*، ۳: ۸۳ تا ۱۱۲؛ (۷) G. Graf: *Gesch. der christ. arab. Lit.*، ۱: ۵۴۶ تا ۵۴۸؛ (۸) A. E. Krimskiy: *Aban al-Lahiki* (بزبان روسی)، ماسکو ۱۹۱۳ء؛ (۹) E. Kuhn: *Barlaam und Joasaph*، در *Abh. Bayr. Ak., Philos.-philol. Klasse*، ج ۲۰، ۱۸۹۳ء؛ (۱۰) D. M. Lang، در *BSOAS*، ۱۷/۲ (۱۹۵۵ء): ۳۰۶ تا ۳۲۵ و ۲۰ (۱۹۵۷ء): ۳۸۹ تا ۴۰۷؛ (۱۱) وهی مصنّف: *The Wisdom of Balahvar: A Christian Legend of the Buddha*، لنڈن۔نیویارک ۱۹۵۷ء؛ (۱۲) N. Ya. Marr، در *Zap. Vost. Otd. Imp. Russk. Arkh. Obshčestva*، ۱۸۸۹ء، ص ۲۲۳ تا ۲۶۰ و ۱۸۹۷ - ۱۸۹۸ء، ص ۴۹ تا ۷۸؛ (۱۳) S. von Oldenburg: *Persidskiy izvod povesti o Varlaame i Ioasafe*، در *Zap. Vost. Otd. Imp. Russk. Arkh. Obshčestva*، ۱۸۹۰ء، ص ۲۲۹ تا ۲۶۵؛ (۱۴) P. Peeters، در *Analecta Bollandiana*، ۱۹۳۱ء، ص ۲۷۶ تا ۳۱۲؛ [(۱۵) Kh. Nazeer Ahmad: *Jesus in Heaven on Earth*].

(D. M. LANG)

* **البَلَوی**: ابو محمّد عبداللّٰه بن محمد المَدِینی، مصری مؤرخ؛ اس کی ولادت اور وفات کی تاریخیں معلوم نہیں، لیکن قرینِ قیاس یه هے که اس کا زمانه چوتھی صدی هجری/دسویں صدی عیسوی تھا۔ وه عرب کے قبیلهٔ [بنو] بَلِیّ سے تھا جو قُضاعة کی ایک شاخ هے اور جس کے افراد حجاز، شام اور مصر کے مختلف حصّوں میں پھیلے ہوے تھے۔

اس کا حال سب سے پہلے الفهرست میں ملتا هے جس میں اس کی چند تصنیفات کے نام لیے گئے هیں۔ یه سب کتابیں ناپید هیں، لیکن محمد کُرد علی نے تقریباً ۱۹۲۵ء میں البَلَوی کی سیرة ابن طولون کا پتا لگایا، اور اسے ایک طویل مقدمے اور مفید شرح و حواشی کے ساتھ طبع کرایا (دمشق ۱۹۳۹ء)۔ کُرد علی نے البلوی کو ایک اسمٰعیلی مصنّف بتایا هے، لیکن اس خیال کو Ivanow، ابو عبداللّٰه الزّنجانی اور عبدالحمید العبّادی نے غلط ثابت کیا هے۔

البَلَوی کی زندگی کے مختصر حالات مؤخر زمانے کی کتبِ سیر میں ملتے هیں، مثلاً الطُّوسی کی الفهرست، النّجاشی کی کتاب الرِّجال، الذهبی کی میزان الاعتدال اور ابن حجر کی لسان المیزان میں۔ ان سب کا اس پر اتفاق هے که وه کذّاب هے اور چونکه حدیث وضع کرتا هے اس لیے ثقه نہیں۔ ابن حَجَر نے یه بھی لکھا هے که وه رحلة الشّافعی کا مصنّف هے، جس میں اس نے مبالغے اور عبارت آرائی سے کام لیا هے اور اس کے اکثر واقعات اس کی اختراع هیں۔

اس کی کتاب سیرة ابن طُولون کو نه صرف اس عظیم فرمانروا کی سیرت کے مطالعے کے لیے بلکه تیسری صدی هجری / نویں صدی عیسوی کے نصف آخر کی تاریخ مصر، خلافت عبّاسیه اور عموماً سارے مشرق ادنٰی کی تاریخ کے لیے بھی آج کل نہایت اهم مأخذ سمجھا جاتا هے۔ اس موضوع پر اور جتنی کتابیں هیں، مثلاً سیرة ابن طولون، از ابن دایه (جس کا ابن سعید نے المغرب میں اختصار کیا هے) اور اسی مصنّف کی کتاب المکافأة، اخبار سیبویه

marfat.com
Marfat.com

المصری، از ابن زولاق اور کتاب الولاۃ و القضاۃ، از الکندی، یہ ان سب سے زیادہ مفصل ہے ۔

البلوی اپنی کتاب کے مقدّمے میں لکھتا ہے کہ اس سے کہا گیا تھا کہ وہ آلِ طُولُون کی ایک تاریخ لکھے جو اس سے پہلے احمد بن یوسف ابن دایہ کی لکھی ہوئی تاریخ سے زیادہ مفصّل ہو، لیکن اس نے اس شخص کا نام نہیں بتایا جس نے اس سے یہ کتاب لکھنے کو کہا تھا ۔ تاہم بعض قرائن سے پتا چلتا ہے کہ یہ اخشیدیوں کے زمانے کا کوئی سرکاری عہدے دار یا ادیب ہوگا ۔

البلوی اپنی کتاب میں عبّاسی خلیفہ المُقتدِر کا ذکر کرتا ہے جو ۳۲۰ھ / ۹۳۲ء میں قتل ہوا تھا ۔ اس کے معنی یہ ہوے کہ اس نے یہ کتاب اس سنہ کے بعد لکھی تھی (الاِخشید نے مصر پر ۳۲۳ھ / ۹۳۴ - ۹۳۵ء میں حکومت شروع کی) ۔ یہ بھی ظاہر ہے کہ البلوی نے اپنی کتاب ابن دایہ کی وفات کے بعد لکھی، جس کی وفات ۳۳۰ھ / ۹۴۱ - ۹۴۲ء کے بعد ہوئی ۔ کرد علی کے دریافت کیے ہوے مخطوطے پر کتاب کا نام تو کتاب سیرۃ آل طولون لکھا ہے، لیکن اس میں فقط احمد بن طولون کی زندگی کے حالات ہیں ۔

البلوی اور ابن دایہ کی کتابوں میں باہم بہت زیادہ مشابہت ہے، اگرچہ البلوی کی کتاب زیادہ مفصّل ہے ۔ کرد علی کہتا ہے کہ البلوی نے جو کچھ لکھا ہے وہ ابن دایہ کی نقل ہے، لیکن زیادہ امکان اس کا ہے کہ دونوں نے اپنا اپنا مواد ایک ہی مأخذ سے حاصل کیا، اور یہ مأخذ وہ سرکاری کاغذات ہیں جو اس پہلے سرکاری محافظ خانے (دیوان الانشاء) میں محفوظ تھے، جو خود احمد بن طُولُون نے مصر میں قائم کیا تھا (دیکھیے البلوی: سیرت، ص ۱۰۰، ۱۰۱، ۱۱۱، ۱۲۲، ۲۲۳، ۲۲۸ - ۲۲۹).

البلوی کی سیرت مصر کی ان قدیم ترین تاریخوں میں ہے جو مسلمانوں نے لکھیں اور اس سے مختلف اداروں، مثلاً [دیوان] الخراج، [دیوان] الشُرطۃ، [دیوان] العدل، [دیوان] العیون، [دیوان] البرید، وغیرہ کی تاریخ پر نئی روشنی پڑتی ہے ۔ اس میں اس زمانے سے متعلّق سرکاری دستاویزات کی بھی خاصی تعداد موجود ہے ۔

مآخذ: (۱) ابن سعید الاندلسی: المُغرب فی حلی المَغرب، مصر سے متعلق حصّے کی پہلی جلد، طبع زکی محمّد حسن، شوقی ضَیف و سیّدہ اسمٰعیل کاشف، قاہرہ ۱۹۳۵ء؛ (۲) ابن النّدیم: الفہرست، قاہرہ (بلا تاریخ)؛ (۳) الطُوسی: فہرست کتب الشّیعۃ، کلکتہ ۱۸۵۳ء؛ (۴) النّجاشی: کتاب الرّجال، بمبئی ۱۳۱۷ھ/ ۱۸۹۹ - ۱۹۰۰ء؛ (۵) الذّہبی: میزان الاعتدال فی نقد الرّجال، لکھنؤ ۱۸۸۴ء؛ (۶) ابن حَجَر: لسان المیزان، حیدرآباد ۱۳۲۹ - ۱۳۳۱ھ؛ (۷) عبدالحمید العبّادی: سیرۃ احمد ابن طُولُون لابی محمّد عبداللہ . . . البلوی، (تقریظ، در *Bulletin of the Faculty of Arts*، اسکندریہ یونیورسٹی، ۱ (۱۹۴۳ء): ۱ تا ۹).

(جمال الدین الشّیال)

**بَلْہَرا**: (البَلْہَرے یا بَلْہرا؛ مأخوذ از بَلّبہرایہ، "وَلّبھ راجا" کی پراکرت شکل، جس کے معنی "محبوب بادشاہ" کے ہیں) ان راجاؤں کا لقب جو دکن کے راشٹرکوٹ خاندان سے تعلق رکھتے تھے (تقریباً ۷۵۳ تا ۹۷۵ء) اور جن کا دارالسلطنت گلبرگہ (میسور) کے جنوب میں مانیا کھیت تھا، جسے اب مَل کھید (عربی = مانکیر) کہتے ہیں ۔ ابن خُرداذبہ اور ابن رُستہ کا یہ کہنا درست نہیں کہ بَلْہرا کے معنی شاہِ شاہاں یا شہنشاہ ہند تھے ۔ ابن خُرداذبہ کے بَلْہرا کا اطلاق تقریباً یقینی طور پر گووند سوم (۷۹۳ تا ۸۱۴ء) پر ہو سکتا ہے: سلیمان نے بھی یہ لفظ اسی کے یا اس کے بیٹے سرو

marfat.com
Marfat.com

Sarva یا اموگ ورش (۸۱۴ تا ۸۷۸ء) کے لیے استعمال کیا ہے ۔ المسعودی کا بلہرا اندر سوم (۹۱۴ تا ۹۲۲ء) ہے اور ابن حوقل کے ہاں بھی یہ اموگ ورش ہی کے لیے استعمال ہوا ہے ۔ بعد کے مصنفین کے ہاں جو حوالے ملتے ہیں ان کی بنیاد انہیں قدیم مآخذ پر ہے ۔ عرب مصنفین نے عام طور سے ان بادشاہوں کو ''ہندوستان کے سب سے بڑے بادشاہ'' یا ''سب سے زیادہ نامور'' کہا ہے اور ''بادشاہوں کا بادشاہ'' یا ''شہنشاہ ہند'' کی صفات میں گووند سوم یا اندر سوم جیسے حکمرانوں کی عظمت اور سیاسی اقتدار کی جھلک پائی جاتی ہے ۔ بہرحال بعض مصنفوں نے مملکتِ راشٹرکوٹ کی وسعت بیان کرنے میں مبالغے سے کام لیا ہے (مثلاً اخبار الصین : ''سمندر کے ساحل کم کم (کونکن) سے شروع ہوکر خشکی میں چین تک'') ۔ کچھ لوگوں نے سلیمان کے بیان (اخبار الصین) کو سمجھنے میں غلطی کی ہے اور کہا ہے کہ کم کم بلہرا کی سر زمین کا نام تھا (دیکھیے حدود العالم، ص ۲۳۸، عدد ۲)، لیکن عموماً بیانات میں اس سلطنت کو بمبئی کے ساحلی شہروں تک محدود رکھا گیا ہے جس سے مسلم تاجر اور سیاح واقف تھے اور جہاں مسلمان بڑی تعداد میں آباد ہو گئے تھے۔ تمام عرب مصنف بالاتفاق یہ بات لکھتے ہیں کہ بلہرا خاندان کے راجا عربوں کو ہندوستان کے تمام راجاؤں سے زیادہ دوست رکھتے تھے، ان کے راج میں اسلام کی حفاظت سب سے زیادہ ہوتی تھی اور مسلمان اپنے شعائرِ دین آزادی سے ادا کرتے تھے ۔ یہ راجا اپنی مملکت میں مسلمانوں کو عامل اور جن علاقوں میں مسلمانوں کی آبادی زیادہ ہو وہاں سردار بھی مقرر کرتے تھے ۔ ان کے بیانات سے معلوم ہوتا ہے کہ عرب ان خونخوار لڑائیوں سے واقف تھے، گو پورے طور پر نہیں ، جو شمالی علاقے کے گورجرپرتی‌ہار (الجزر) اور بنگال کے پالا (D. hmy) راجاؤں کے درمیان ہوا کرتی تھیں ۔ راشٹرکوٹ خاندان کی عرب دوستی اور اسلام کے ساتھ ان کا فیاضانہ برتاؤ اور دوسری طرف عربوں کا راشٹرکوٹ کی تعریفوں میں رطب اللسان ہونا غالباً اسی بنا پر ہوگا کہ راشٹرکوٹ مسلمانوں کو گورجرپرتی‌ہار کے خلاف جو سندھ کے عربوں کے دشمن تھے، اپنا حمایتی سمجھتے تھے، نیز اس لیے بھی کہ مسلمانوں کی ایک کثیر تعداد راشٹرکوٹوں کی مملکت میں رہتی تھی۔

**مآخذ**: (۱) ابن خرداذبہ، ص ۱۶، ۶۷؛ (۲) سلیمان التاجر : اخبار الصین و الہند، فرانسیسی ترجمہ *Relations de la Chine et de l'Inde*، طبع Jean Sauvaget، پیرس ۱۹۴۸ء، ص ۱۲، ۲۳؛ (۳) المسعودی: مروج، ۱ : ۱۷۷ تا ۱۷۸، ۳۸۲ تا ۳۸۳، ۲۵۳ تا ۲۵۴، ۲ : ۸۵ تا ۸۶؛ (۴) ابن حوقل، ص ۳۲۰؛ (۵) ابن رستہ، ص ۱۳۴ تا ۱۳۵؛ (۶) حدود العالم، ص ۲۳۸؛ (۷) *The Age of Imperial Kanauj*، از آر۔ سی۔ ماجمدار (مدیر عام)، بھارتیہ ودیا بھون، بمبئی ۱۹۵۵ء، ص ۱۶ تا ۱۷؛ (۸) سر آر۔ جی۔ بھنڈارکر: *Collected Works*، طبع این۔ بی۔ اُتگی کر، پونا ۱۹۲۷ء، ۱۰۶ تا ۱۰۷۔

(ایس۔ مقبول احمد)

* **بُلَیْدَة** : (بُلَیْدہ) [بَلْدَة بمعنی شہر کی تصغیر] الجزائر کا ایک قصبہ، جو [شہر] الجزائر سے جنوب مغرب کی جانب ۵۰ کیلومیٹر کے فاصلے پر، متیجہ Mitidja کے میدان کے جنوبی سرے پر واقع ہے ۔ قدیم زمانے میں اس جگہ کوئی بستی نہ تھی ۔ بیان کیا جاتا ہے کہ وہ قصبہ متیجہ یہی ہے جو قرون وسطی میں معروف تھا اور جو بنو غانیہ کی سہمات کے وقت (ساتویں صدی ہجری / تیرھویں صدی عیسوی کے آغاز میں) تباہ و برباد ہوگیا تھا ۔ روایت کی رو سے جو جگہ ۹۴۲ھ/۱۵۳۵ء میں بُلیدہ (= چھوٹا قصبہ) کے

marfat.com
Marfat.com

نام سے مشہور ہوئی، اس کی بنیاد ایک مذہبی بزرگ مسمّی سیدی احمد الکبیر نے رکھی تھی - بزرگ موصوف طویل سیر و سیاحت کے بعد وادی الرمّان میں آ کر مقیم ہو گئے تھے، جو آجکل وادی الکبیر Oued el-Kabir کے نام سے مشہور ہے - ان کے مرید بھی ان کے ساتھ آملے اور بعد ازاں شنووہ Chenoua کے قبائل کے حملوں کے باعث تِپَسّہ [= تیزہ] سے بھاگے ہوئے اندلسی بھی ان کے پاس پہنچ گئے - نوواردوں کے مکانات کی تعمیر کے لیے ضروری اراضی سیدی احمد الکبیر نے اولاد سلطان سے حاصل کی، جو ان دنوں اس علاقے پر قابض تھا - الجزائر کے بیلر بے خیرالدین نے یہاں ایک مسجد، حمام اور عوامی مطبخ تعمیر کرا کے اس آبادی کو پوری طرح شہر کی صورت دے دی - بُلَیْدَہ جلد ھی پھولنے پھلنے لگا اور یہ سب اندلسیوں کی کوششوں کا نتیجہ تھا جنھوں نے اس کے گرد نارنگیوں کے باغ لگائے اور آب‌پاشی کے ان طریقوں سے کام لیا جو کہ اپنے ملک میں رائج تھے۔

ترکی حکومت کے زمانے میں بُلَیْدَہ ''دارالسلطان''، یعنی اس علاقے کا ایک حصّہ تھا جس کا نظم و نسق براہِ راست الجزائر کے بے کے ماتحت ہوتا تھا اور جس کا ایک ترکی النسل ''حاکم'' نمائندے کے طور پر وھاں رہتا تھا - بنی چریوں کی حفاظتی فوج کا ایک دستہ وھاں متعیّن تھا - یہاں کی آبادی اندلسیوں، مغاربہ، یہودیوں اور بنو مزاب کی اولاد پر مشتمل اور اپنی تہذیب و شائستگی اور تفریح پسندی کے لیے مشہور تھی - سیدی احمد بن یوسف سے ایک قول منسوب ہے جس میں اس شہر کی تعریف کی گئی ہے اور اسے وُرَیدۃ (= ننھا گلاب) کے نام سے یاد کیا گیا ہے - یہ قصبہ الجزائر کے طبقۂ اعلٰی کے افراد کے لیے ایک دل خوش کن تفریحی مقام کا کام دیتا تھا، جنھوں نے یہاں اپنے دیہاتی مکانات تعمیر کرا رکھے تھے - ریجنسی Regency کے جن عہدے‌داروں کو یہاں نظربند کیا گیا تھا انہیں اپنی جلاوطنی خاصی گوارا محسوس ہوتی تھی - یہ مقام بہت سے زلزلوں کا نشانہ بنتا رہا ہے، جن میں سے شدیدترین ۱۸۲۷ء میں آیا جس سے شہر تقریباً بالکل تباہ ہو گیا - ۱۸۶۵ء میں ایک بار پھر بھونچال نے اسے ہلا ڈالا تھا۔

الجزائر پر فرانسیسیوں کے قبضے کے بعد بُلَیْدَہ کچھ مدّت تک اپنے حاکموں کے ماتحت خود مختار رہا - ۱۸۳۹ء میں اس پر پوری طرح قبضہ ہو گیا۔

**مآخذ**: (۱) Trumelet : *Blida*، ۲ جلد، الجزائر ۱۸۸۷ء؛ (۲) J. Desparmet : *Ethnographie tradi-tionnel de la Mitidja*، در *RAfr.*، ۱۹۱۸ تا ۱۹۲۸ء۔

(G. Marçais و G. Yver)

* **بَلْیَرِی جزائر**: رک بہ میورقہ۔

* **بَلِیغ**: اسمعیل برسوی، ترکی شاعر اور سیرت نگار - اس کی زندگی کے حالات بہت کم معلوم ہیں - اپنے باپ اور دادا کی طرح وہ بھی برسہ کی ایک چھوٹی سی مسجد کا امام تھا - اسی شہر میں اس نے ادنٰی درجے کے سرکاری ملازم کی حیثیت سے مختلف محکموں میں کام بھی کیا، اگرچہ کچھ دنوں کے لیے اس کا تقرر توقاد کے دارالقضاء میں بھی ہو گیا تھا - اس نے ۱۱۴۲ھ / ۱۷۲۹ء میں برسہ میں وفات پائی اور وھیں دفن ھوا - صفائی : تذکرہ کے مطابق بلیغ نے ایک دیوان نظم کیا تھا جو ابھی تک ہمیں دستیاب نہیں ھوا - اس کی جو منظوم تألیفات ہمیں معلوم ہیں وہ ان معدودے چند نظموں پر مشتمل ہیں جو عہد حاضر کے مجموعوں اور تذکروں میں منقول ہیں - اس کی دو مثنویاں ہیں : (۱) سرگزشت نامہ، جس میں اس کے سفر توقاد کے حالات اور ذاتی کارناموں کا ذکر ہے - اس میں ان لوگوں کے حالات بھی درج ہیں جو دارالقضاء

marfat.com
Marfat.com

اور اس صوبائی شہر میں اس کے شریک کار تھے؛ (۲) شہر انگیز [= شہر آشوب]، جس میں برسہ کے حسینوں کا ذکر ہے۔ بلیغ کی سب سے زیادہ اہم تصنیف اس کی مشہور کتاب السیر ہے، جس کا نام گلدستۂ ریاض عرفان و وفیات دانشوران نادرہ‌دان (بروسہ ۱۳۰۲ھ / ۱۸۸۵ء) ہے۔ گلدستہ کے پانچ حصے ہیں، جن میں ترک سلاطین و شاہزادگان، وزرا اور دیگر مشاہیر برسہ، مثلاً شعرا، فضلا، موسیقاران، قصہ‌گویان وغیرہ کے حالاتِ زندگی بیان کیے گئے ہیں۔ بلیغ نے قاف زادہ فائضی کے تذکرے زبدۃ الأشعار کا ایک ضمیمہ بھی لکھا اور اس کا نام نخبۃ الآثار لذیل زبدۃ الأشعار رکھا۔ اس میں ۱۶۲۰ء سے لے کر ۱۷۲۶ء تک کا زمانہ آ جاتا ہے (خود نوشتہ مخطوطہ در جامعہ [استانبول؟]، عدد ۱۱۸۲)۔ دو اور منظوم تالیفات جو ہم تک نہیں پہنچیں یہ ہیں: گلِ صد برگ، جو ایک سو احادیث کی شرح ہے اور سبع سیارہ، جو سات ''توحیدوں'' (حمدیہ قصائد) کا مجموعہ ہے۔

مآخذ: (۱) صفائی: تذکرہ، بذیل مادّہ، (۲) قطین: تذکرہ، ص ۲۸؛ (۳) Gibb: *Ottoman Poetry*، ۴: ۱۱۷؛ (۴) سعد الدین نزہت ارغون: ترک شاعرلری، استانبول ۱۹۳۶ء، ۲: ۸۰۹ تا ۸۱۷؛ (۵) اا، ت، بذیل مادّہ (از F.A. Tansal).

(FAHIR İZ)

* بلیغ: محمد امین، ینی شہر کا ترکی شاعر۔ اس کے حالاتِ زندگی بہت کم معلوم ہیں۔ وہ علما کے طبقے میں شامل تھا۔ بلقان کے مختلف شہروں میں اس نے قاضی کی حیثیت سے خدمات انجام دیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ اس کے ہمعصر اس کی چنداں قدر نہیں کرتے تھے، کیونکہ بہت سے تذکروں میں اس کا نام مذکور نہیں۔ اس کی وفات بمقام اسکی زغرہ ۱۱۷۴ھ / ۱۷۶۰ء میں ہوئی اور اس کی اپنی تحریروں کے مطابق اس کی زندگی سختیوں ہی میں گزری۔ اس کا مختصر سا دیوان استانبول میں ۱۲۵۸ھ / ۱۸۴۲ء میں طبع ہوا۔ اس کے قصائد معمولی درجے کے ہیں، البتہ بعض غزلوں سے ایک خاص قسم کی قوتِ بیانیہ ظاہر ہوتی ہے؛ مگر اس کا سب سے بڑا ادبی کارنامہ وہ چار جدید نظمیں ہیں جو اس نے ترجیع‌بند کی شکل میں لکھی ہیں: کفش‌گر نامہ، حمام نامہ، بربر نامہ، خیاط نامہ۔ یہ نہایت رواں اور سادہ زبان میں لکھی گئی ہیں اور ان میں کاریگروں اور ان کے پیشوں کا ذکر بہت خوبی سے کیا گیا ہے۔

مآخذ: (۱) رامز: تذکرہ، بذیل مادّہ؛ (۲) قطین: تذکرہ، ص ۲۸؛ (۳) Gibb: *Ottoman Poetry*، ۴: ۱۱۷ تا ۱۳۳؛ (۴) اا، ت، بذیل مادّہ (از F. A. Tansal)؛ (۵) سعدالدین نزہت ارغون: ترک شاعر لری، استانبول ۱۹۳۶ء، ۲: ۸۱۴ تا ۸۲۰.

(FAHIR İZ)

* بلینوس: سلوستر د ساسی Silvestre de Sacy پہلا شخص ہے جس نے لکھا ہے کہ یہ نام اپلونیوس Apollonius [بطلمیوس فیلوپیٹر کے عہد کا ایک ریاضی دان] کا مرادف ہے۔ بلینوس یا دوسری شکل بلیناس ہی زیادہ‌تر مستعمل ہے۔ اس کی دوسری شکلیں یہ ہیں: ابلونیوس (الفہرست، ص ۲۶۶؛ ابن القفطی، ص ۶۱)، ابولونیوس (صاعد: طبقات الأمم، شیخو کا ذاتی مخطوطہ، مؤرخۂ ۱۹۱۲ء، ص ۲۸، سطر ۱۶)، افلونیوس (وہی کتاب، ص ۲۹، س ۱)، افولونیوس (Barhebraeus، طبع Salhani، ص ۱۱۸)، ابلینس (الفہرست، محلِ مذکور)، علیوسوس (وہی کتاب، ص ۲۶۳، س ۲۱؛ قب Plessner: *Der Οἰκονομικός des Neupythagoreers 'Bryson'*، ۱۹۲۸ء، ص ۴ ببعد؛ P. Kraus: *Jabir ibn Hayyan, Contribution*، ۲: ۲۷۳، حاشیہ ۳)، ابولوس (الیعقوبی، ۱:

Marfat.com

۱۶۵/۱۳۶)، اَبلّوس (منسوب بہ المجریطی: غایة الحکیم، طبع H. Ritter، ۱۹۳۳ء، ص ۱۰۷ ببعد؛ اس کا اپلونیوس کا مرادف ہونا Cod. Adler، ۱۹۴۰ء، کے عبرانی ترجمے کے ایک ٹکڑے سے ثابت ہوتا ہے؛ مزید شکلوں کے لیے دیکھیے Kraus : کتاب مذکور، ص ۲۷۰، حاشیہ ۹).

مسلمانوں کے ہاں اَپلّونیوس Apollonius کے نام کے دو شخص معروف ہیں : ایک پرغہ Perge، واقع پامفیلیا Pamphelia، کا مشہور ریاضی‌دان Apollonius (تقریباً ۲۰۰ ق م) اور دوسرا فلسفی جس کی شخصیت کی بنیاد اس یونانی روایت پر ہے جو طوانہ Tyana، واقع کپاڈوشیا Cappadocia، کے اپلونیوس کے متعلق چلی آتی ہے (پہلی صدی عیسوی).

پرغہ کے اَپلّونیوس کا نام (اس کی تصانیف کے مخطوطات میں نہیں بلکہ) کتب سیر میں تقریباً ہر جگہ النجّار (=بڑھئی) کے لاحقے کے ساتھ ملتا ہے، جس کا اب تک کوئی تسلی‌بخش سبب معلوم نہیں ہو سکا - فلوگل G. Flügel کی تصنیف al-Kindi، (۱۸۵۷ء، ص ۵۳) کے بعد سے یہ بات عام ہو گئی کہ النجّار سے المہندس (The Geometer) کے معنی لیے جانے لگے اور حقیقت میں اَپلّونیوس زمانۂ قدیم ہی سے المہندس الاعظم مشہور ہو چکا تھا - آقلیدس Euclid کو بھی مہندس کہا جاتا تھا اور ابن القفطی، ص ۶۲ (E. Kapp نے Isis، ج ۲۲، ۱۹۳۴ء، ص ۱۶۱، حاشیہ ۲۰، میں جو لفظ المُہَنْدِس لکھا ہے وہ غلط ہے) اسے بھی اپنے مقالے کے عنوان میں النجّار لکھتا ہے، لیکن آگے چل کر یوں تصریح کر دیتا ہے کہ اقلیدس کا پیشہ نجّاری تھا - بہر حال اور کوئی جگہ ایسی نہیں ملتی جس میں النجّار کا ترجمہ المُہَنْدِس کیا گیا ہو اور نہ کسی لغت میں النجّار کا یہ ترجمہ ملتا ہے.

اَپلّونیوس کی مشہور تصنیف Conica (= علم مخروطیات یا اشکالِ مخروطی)، اور اس کی دوسری تصانیف کے عربی ترجمے سے متعلق تفصیلی بحثیں M. Steinschneider نے ZDMG، ۱۸۹۶ء، ۱ : ۱۸۰ تا ۱۸۷ میں دی ہیں؛ نیز قب G. Sarton، در IHS، ۱ : ۱۷۳ تا ۱۷۵ اور تینوں جلدوں کے اشاریات؛ براکلمان، اشاریہ بذیل مادّہ Apollonios v. Perga (۸۵۲ کی جگہ ۸۵۶ پڑھیے)، M. Krause : Stambuler Handschriften islamischer Mathematiker، ۱۹۳۶ء.

طوانہ کے اَپلّونیوس کے متعلق مختلف مآخذ میں بہت سے متناقض بیانات درج ہیں اور اسے (الحکیم کے علاوہ) عموماً صاحب الطلّسمات بھی کہا جاتا ہے، جس سے کسی حد تک پرغہ کے اَپلّونیوس سے متعلق معلومات بھی متأثر ہوئی ہیں - ہمارا قدیم‌ترین مأخذ الیعقوبی (۱ : ۱۶۵/۱۳۶) کہتا ہے کہ اَپلّونیوس دومطیانوس Domitian کے عہد حکومت (۸۱ تا ۹۶ء) میں تھا - یہی بات ابن ابی اُصَیبعہ (۱ : ۳۷) اور بارهیبریس ([ابن العبری]، محلِ مذکور) نے بھی کہی ہے، لیکن یہی الیعقوبی ص ۱۳۴ پر کہتا ہے : ''بالینوس النجّار جسے یتیم کہا جاتا ہے اور اسی کو صاحبِ الطلسمات کہتے ہیں وغیرہ'' - یہاں التباس محض اسی سے نہیں پیدا ہوتا کہ ہر دو اَپلّونیوس کے القاب ایک ہی شخص کے لیے استعمال کر لیے گئے ہیں، بلکہ اس کے ساتھ الیتیم کے لفظ کے اضافے سے بھی سِرّ الخلیقة (دیکھیے نیچے) کے دیباچے میں بالینوس اپنے آپ کو ''ایک یتیم جو طوانہ کا باشندہ ہے'' لکھتا ہے (قب Kraus : کتاب مذکور، ص ۲۷۰ حاشیہ ۳) - ذخیرۂ الاسکندر (دیکھیے نیچے) میں ارسطاطالیس اسکندر کو بتاتا ہے کہ اسے یہ کتاب اپلونیوس سے ملی تھی (اصل متن، در J. Ruska : Tabula Smaragdina، ۱۹۲۶ء، ص ۷۲) - اس بیان نے اَپلّونیوس کو فلپ Philip اور اس کے بیٹے اسکندر کا ہمعصر بنا دیا ہے اور یہی

marfat.com
Marfat.com

بات البلعمی کے الطّبری کے فارسی ترجمے سے ظاہر ہوتی ہے (قب Zotenberg کا فرانسیسی ترجمہ، ۱ : ۵۱۰ ببعد؛ الطّبری کے عربی متن میں یہ ساری کی ساری عبارت موجود نہیں) اور نظامی کے سکندر نامہ میں بھی یہی ہے (قب W. Bacher : *Nizami's Leben und Werke*، ۱۸۷۱ء، ص ۶۷ ببعد و فارسی متن : ص ۲۸؛ W. Hertz : *Gesammelte Abhandlungen*، ۱۹۰۵ء، ص ۵۴) - اپلّونیوس کو صاحب الطلسمات کہنے کا اثر یہ ہوا کہ ابن القفطی نے پرغہ کے اپلونیوس کی تاریخ کی تعیین میں غلطی کی - اس اپلّونیوس سے متعلق اس کا مقالہ یوں شروع ہوتا ہے (ص ۶۱) : ''ابلّونیوس النجّار، زمانۂ قدیم کا سہندس، اقلیدس سے بہت پہلے تھا - اسی نے کتاب المخروطات (*Conica*) لکھی'' - اقلیدس پر مقالے میں وہ لکھتا ہے (ص ۶۳) ''اقلیدس نے، جو صور (*Tyre*) کا ایک بڑھئی تھا، یونان کے ایک بادشاہ کے لیے، جس کا نام مذکور نہیں، اپلّونیوس کی دو کتابوں کی تشریح و تکمیل کی، جن کا موضوع بےقاعدہ polyeders ہیں (در حقیقت اقلیدس کی Elementa [کتاب الارکان = کتاب الاصول = کتاب الاستقصات] کا موضوع بھی یہی ہے) - اس کے برخلاف ص ۶۵ پر وہ اقلیدس کے دسویں مقالے [المقالۃ العاشرۃ] کی شرح کا ذکر کرتا ہے جو ایک قدیم یونانی شخص نے، جس کا نام بلّیس تھا، لکھی تھی (مختلف عبارتوں کے پڑھنے سے تقریباً کامل وثوق کے ساتھ ظاہر ہوتا ہے کہ وہ اپلونیوس کا ذکر کر رہا ہے) - واقعہ یہ ہے کہ پرغہ کا اپلّونیوس اقلیدس کے اسّی تا سو سال کے بعد ہوا ہے (Kapp : کتاب مذکور، ص ۱۶۳ تا ۱۶۸، اس التباس کی طرف اشارہ تک نہیں کرتا).

حُنین بن اسحاق کی آداب الفلاسفۃ میں اپلّونیوس کا ذکر دو جگہ آتا ہے : حصۂ اول کے باب پنجم میں وہ مقولہ مذکور ہے جو اس کی مہر پر کندہ تھا - دوسرے حصّے کا سترھواں باب پورا اس کے اقوال کے لیے وقف ہے - ان باتوں میں سے ایک بھی ایسی نہیں جو دونوں میں سے کسی اپلّونیوس کی خصوصیات میں داخل ہو؛ لیکن ابو سلیمان المنطقی نے دوسرے حصّے کے سترھویں باب کے پہلے فقرے (''قلم سب سے زبردست ساحر ہے'') میں 'ساحر' کی جگہ لفظ 'طلسم' لکھ کر طوانہ کے اپلّونیوس کی طرف اشارہ کر دیا ہے؛ نیز *Turba Philosophorum* کے چھے مواعظ (Sermones)، جنھیں Steinschneider (*Europ. Uebers. aus dem Arab.*، ج ۲، در *SBAK*، Wien ۱۹۰۵ء، ص ۶۷ ببعد) اور Ruska در *T. Ph.*، ۱۹۳۱ء، ص ۲۳ ببعد) نے طوانہ کے اپلّونیوس کی طرف منسوب کیا ہے، وہ اس کی خصوصیت کے اسی حد تک مظہر ہیں جتنے دوسرے الکیمیاوی مواعظ (Sermones) اپنے اپنے خطیبوں کی خصوصیات کے.

طوانہ کے اپلّونیوس کی طرف جو عربی کتابیں منسوب ہیں ان میں سے مندرجۂ ذیل مکمل یا ناقص صورت میں یا قدرے طویل اقتباسات کی شکل میں اس زبان میں محفوظ ہیں:

(۱) کتاب العِلَل یا سِرّ الخَلیقۃ، جس کے بعض حصّوں کو سلوستردساسی *Silvestre de Sacy* (*Notices et Extraits*، ۴/۷، ۱۷۹۸ - ۱۷۹۹ء : ۱۰۸ ببعد) اور J. Ruska (*Tab. Sm.*، ص ۱۲۴ تا ۱۶۳) نے طبع اور ترجمہ کیا ہے - مؤخر الذکر نے یہ بھی ثابت کیا ہے کہ الکیمیا کی مشہور کتاب *Tabula Smaragdina* کا مقام اصل میں اس کتاب کا آخری حصہ ہے اور P. Kraus (کتاب مذکور، ص ۳۰۳) نے یہ ثابت کیا ہے کہ ساری کتاب اسی متن کی شرح ہے - Hugo Sanctalliensis کے لاطینی ترجمے کے لیے قب Ruska، ص ۱۷۷ ببعد - Kraus نے اس کتاب کا جو تجزیہ کیا ہے (ص ۲۷۰ تا ۳۰۳) اس سے اس کا زمانہ خلیفہ المأمون کا عہد ثابت ہوتا ہے اور یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ الرھا

marfat.com
Marfat.com

(Edessa) کے ایوب (Job) (تقریباً ۸۱۷ء) کی سریانی کتاب *Book of Treasures* سے اس کا گہرا تعلق ہے، جسے Mingana نے ۱۹۳۰ء میں طبع کیا ۔ اسی طرح اماسیہ (Emesa) کے Nemesius (پانچویں صدی عیسوی) کی یونانی کتاب περὶ φύσεως ἀνθρώπου کے ساتھ بھی اس کا قریبی تعلق ظاہر ہوتا ہے؛ نیز قب L. Massignon، در A. J. Festugière : *La Revelations d'Hermès Trismégiste*، ۱۹۴۴ء، ۱ : ۳۹۵ بعد، اور بار دوم ۱۹۵۰ء کے اضافات : A. E. Affifi : در *BSOAS*، ۱۹۴۹-۱۹۵۱ء، ۱۳ : ۸۴۷ بعد ۔ Kraus نے یہ بھی ثابت کیا ہے کہ جابر بن حیّان [رک بآں] اس کتاب سے بےحد متأثر ہوا ہے؛ مؤخرالذکر نے بلیناس کے انداز فکر میں (علی رأی بلیناس) مختلف موضوعات پر متعدد کتابیں لکھی ہیں (قب Kraus، ج ۱، بمدد اشاریہ، بذیل مادہ بلیناس؛ J. W. Fück : *Ambix*، ج ۴، ۱۹۵۱ء، فصل ۱۲ اور اس کی شرح)؛ ان کے بعض حصے Kraus نے طبع کیے : *Jābir Ibn Ḥayyān, Textes choisis*، ۱۹۳۵ء.

(۲) رسالة فی تأثیر الروحانیات فی المرکبات، مخطوطۂ إستانبول، اسعد [افندی کتب خانہ] عدد ۱۹۸۷ (Plessner، در *Islamica*، ۱۹۳۱ء، ۴ : ۵۵۱ بعد)، وهبی (افندی کتب خانہ)، عدد ۸۹۲ (H. Ritter کے شکریے کے ساتھ)، Chester Beatty (قب J. Bowman : *Glasgow Univ. Or. Social Transactions*، ج ۱۴، ۱۹۵۰-۱۹۵۲ء)؛ مزید مخطوطات کے لیے دیکھیے Kraus، ۲ : ۲۹۳، حاشیہ ۵؛ (۳) المدخل الکبیر الی علم أفعال الروحانیات، عدد ۲ کے بعد تمام مخطوطات میں؛ عبرانی ترجمہ پیرس کے مخطوطۂ عبرانی عدد ۱۰۱۶، اور Steinschneider کے مخطوطہ عدد ۲۹ میں (قب Steinschneider : *Heb. Übersetzungen des Mittelalters*، ص ۸۴۶ بعد و Plessner، محلّ مذکور)؛ (۴) کتاب طلاسم بلیناس الأکبر لولده عبدالرحمن، پیرس مخطوطہ، عدد ۲۲۵۰، ورق ۸۳ تا ۱۳۴ ۔ یہ کتاب بعینہ کتاب بلیناس لابنہ فی الطلسمات (.Berol. Pet، عدد ۱ : ۶۶ ورق ۱۴ ب تا ۴۲ ب) ہے (Ahlwardt، عدد ۵۹۰۸)؛ (۵) کتاب أبلوس (تلفظ غیریقینی) الحکیم، نگینوں پر کندہ کرنے کی سیاروں کی تصاویر کی فہرستوں کے مآخذ میں سے ایک ہے، غایة الحکیم، ص ۱۰۷ تا ۱۲۴ ۔ یہ بات کہ کتاب مذکور وهی *Liber de imaginibus* ہے جس کے اقتباسات Albertus Magnus : *De libris licitis* میں دیے گئے ہیں (قب F. J. Carmody : *Arabic astronomical and astrological Sciences in Latin translation*، ۱۹۵۶ء، ص ۵۸ بعد) ابھی تک موضوع بحث ہے؛ (۶) علم الکیمیاء کی کتاب ذخیرة الاسکندر پر Ruska نے بڑی تفصیل سے بحث کی ہے اور اس کے ایک حصّے کا تحقیق و تدوین کے بعد ترجمہ بھی کیا (*Tah. Sm.*، ص ۶۸ تا ۱۰۷) ۔ یہ وهی کتاب ہے جو ارسطو کو اپلّونیوس سے ملی تھی اور اس نے اسکندر کی خدمت میں بطور تحفہ پیش کی تھی ۔ اس میں بعض وہ طلسمات بھی ہیں جن کا رواج اپلّونیوس نے مختلف شہروں میں معیّن کیا ہے ۔ Plessner (*Studia Islamica*، ۲، ۱۹۵۴ء : ۵۲ بعد) نے اس کے پیش لفظ اور طوفان [نوح] کے متعلّق بابل کی اطلاعات میں تعلق ظاہر کیا ہے ۔

(کتب عدد (۱) تا (۶) کے عربی متون کے لیے، جو Ruska نے طبع کیے ہیں، قب Plessner، در *Studia Islamica*، ۱۶، ۱۹۲۷ء : ۸۳ بعد).

(۷) مصنف نے عدد (۳) میں کئی بار اپنے رسالة السحر کا حوالہ دیا ہے جس کے عربی نسخے کا ابھی تک پتا نہیں چلا، لیکن ہو سکتا ہے کہ عبرانی Mlekhet muskelet (Steinschneider : *Hebr. Übers*،

marfat.com
Marfat.com

ص ۸۳۸؛ قب نیز ZDMG، ج ۴۵، ۱۸۹۱ء، ص ۴۴۴) کا اس سے کچھ تعلق ہو؛ (۸) القزوینی بہت سے مقامات پر اپنی کتاب عجائب المخلوقات میں (دیکھیے فہرست در Bacher : کتاب مذکور، ص ۷، حاشیہ ۲۶) بلیناس کی کتاب الخواص سے عبارتیں نقل کرتا ہے، لیکن اس کتاب کا ابھی تک پتا نہیں چلا - Steinschneider اس نام کو خیالی سمجھتا ہے (*Hebr. Übers.*، ص ۸۴۵، حاشیہ ۷).

قرون وسطی کی لاطینی اور مقامی زبانوں کی کتابوں کی بڑی تعداد کا، جو بلینوس (Belenus اور اس سے ملتے جلتے نام) کی طرف منسوب ہیں، یہاں ذکر نہیں کیا جا سکتا، قب Steinschneider : *Europ. Übers.*، بمدد اشاریہ، نیز Carmody : کتاب مذکور، بمدد اشاریہ؛ لیکن اس میں کچھ شک نہیں کہ بعض مصنفین جن کی کتابوں کی اشاعت یا تجزیہ *Lapidārio del rey D. Alfonso X* میں کیا گیا ہے اور جنھیں J. F. Montaña نے ۱۸۸۱ء میں دوبارہ چھاپا اور کسی حد تک مرتب بھی کیا، وہ ان عربی کتابوں کے ترجمے ہیں جنھیں اپلونیوس کی طرف منسوب کیا گیا ہے؛ قب پوری فہرست، در Sarton، ۲ : ۸۳۷ - ایسے مصنفین میں سے بعض یہ ہیں:

۱ - Abolais (جسے کبھی ٹھیک پڑھا نہیں گیا، قب G. O. S. Darby، در *Osiris*، ۱۹۳۶ء، ۱ : ۲۵۱ ببعد)؛ ۴ - Ylus؛ ۵ - Belyenus اور ۶ - Ylus؛ Plinius اور Hermuz (Hermes) - ان ناموں کا مقابلہ اگر اپلونیوس کے عربی ناموں کی ان صورتوں سے کیا جائے جو اس مقالے کے شروع میں دی گئی ہیں تو اس بات کی خاصی شہادت مہیا ہو سکتی ہے.

یونانی کتاب *Apotelesmata Apollonii Tyanensis* میں، جسے بہ یک وقت F. Nau : *Patrologia, Syriaca*، ۱۹۰۷ء، ۱ / ۲، ۱۳۶۳ ببعد و *Cat.* : F. Boll، *Codicum astrologorum Graecorum*، ۱۹۰۸ء، ۷ : ۱۷۵ ببعد، نے طبع کیا ہے، ایسی عبارتیں موجود ہیں جن کا عربی سے لاطینی ترجمہ موزۂ بریطانیہ کے مخطوطے (Carmody) Royal 12 C XVIII، ۳۷) میں دیکھا جا سکتا ہے اور انگریزی ترجمہ بھی (در Sloane، عدد ۳۸۲۶) - اسی طرح کے لاطینی (Vatican) زبان کے ایک اور مخطوطے کے لیے قب Carmody، محل مذکور، در Sloane، عدد ۳۸۴۸ - اپلونیوس کا وہ شاگرد جس کے نام سے یونانی متن کو معنون کیا گیا ہے وہی شخص ثابت ہوا ہے جو اس کتاب کا مصنف ہے جسے سریانی اور عربی دونوں میں G. Levi Della Vida نے طبع کیا ہے : *La Dottrina e i Dodici Legati di Stomathalassa, Atti Acc. Naz. Lin., Cl. Sci. mor. stor. Fil.*، ج ۸ / ۳، کراسہ ۸، روم ۱۹۵۱ء.

اپلونیوس کا دوسرا شاگرد مشہور و معروف Atrifius (Arletius نہیں، جیسا کہ براکلمان، تکملہ، ۱ : ۴۲۹، میں بتایا گیا ہے اور نہ Atrefius، جیسا کہ ۳ : ۱۲۰۸ کے اضافوں میں کہا گیا ہے) تھا، جو *Clavis sapientiae* کا مصنف ہے، جس کی عربی اصل مفتاح الحکمۃ Levi Della Vida نے دریافت کی ہے اور جس کا حال *Speculum*، ۱۹۳۸ء، ۱۳ : ۸۰ تا ۸۵، میں بیان کیا گیا ہے؛ قب Kraus، ص ۲۹۸ ببعد.

**مآخذ** : پرغہ Perge کے اپلونیوس کی بابت یہ کتابیں بھی دیکھیے : (۱) H. Suter : *Die Mathematiker und Astronomen der Araber und ihre Werke*؛ (۲) M. Krause : *Stambnler Handschriften islamischer Mathematiker*؛ (۳) M. Steinschneider : *Euklid bei den Arabern* (*Zeitschrift für Mathematik und Physik, Historisch - Literarische Abteilung*، جلد ۳۱، ۱۸۸۶ء).

(M. PLESSNER)

Marfat.com

**بَلِیّه** : (ع؛ جمع : بلایا) اسلام سے پہلے عرب میں یہ نام اس اونٹنی کا (اور کبھی گھوڑی کا) رکھا جاتا تھا جسے لوگ رواج کے تحت اس کے مالک کی قبر کے قریب باندھ دیا کرتے تھے اور اس کا منہ پیچھے کی طرف موڑ دیتے تھے اور اس کو زین پوش سے ڈھک دیتے تھے (دیکھیے الجاحظ : تربیع، طبع Pellat، بمدد اشاریہ) اور اسے یونہیں چھوڑ دیتے تھے، یہاں تک کہ وہ فاقوں سے مر جاتی تھی؛ اس کے بعد کبھی تو اس کو جلا دیا کرتے تھے اور کبھی اس کی کھال میں ثمام گھاس بھر دیا کرتے تھے (ابن ابی الحدید : شرح نہج البلاغۃ، ۳ : ۳۳۶) - مسلم روایات میں کہا گیا ہے کہ یہ رواج اس کا ثبوت ہے کہ عہد جاہلیت کے عرب بعث بعد الموت کے قائل تھے، کیونکہ اس طرح قربان کیے ہوئے جانور کے متعلق یہ سمجھا جاتا تھا کہ وہ قیامت کے دن اپنے مالک کی سواری بنے گا اور جو لوگ بغیر بلیّه کے قبر سے اٹھیں گے ان کا درجہ کمتر ہوگا اور انہیں پیدل چلنا پڑے گا - ایک اور روایت کے مطابق یہ نام اس گدھے، اونٹنی یا ذنبی کو بھی دیا جاتا تھا جو مرنے والے کی قبر پر اس کی کونچیں کاٹ کر ڈال دی جاتی تھی اور وہیں بھوک سے مر جاتی تھی - ایسا معلوم ہوتا ہے کہ قیامت کے اعتقاد کی یہ سب ابتدائی علامتیں زمانۂ جاہلیت ہی میں آگے چل کر مردے کے لیے قربانی کرنے کی شکل میں تبدیل ہو گئیں اور اس سے مردے کے لیے ''وضیمه'' (کھانا) کرنے کی رسم قائم ہوئی.

**مآخذ** : (۱) لسان العرب، بذیل مادّہ؛ (۲) الشہرستانی، ۲ : ۴۳۹ ببعد؛ (۳) الآلوسی : بلوغ الارب، ۲ : ۳۰۷ ببعد؛ (۴) G. W. Freytag : *Einleitung in das Studium der arab. Sprach*، ص ۳۶۸؛ (۵) Wellhausen : *Reste*، بار دوم، ص ۱۸۰ ببعد؛ (۶) G. Jacob : *Altrabisches Beduinenleben*، ص ۱۳۱؛ (۷) H. Lammens : *L'arabie occidentale avant l'hégire*، بیروت ۱۹۲۸ء، ص ۱۷۶؛ (۸) وہی مصنف : *Moawia*، ص ۳۳۱؛ (۹) J. Chelhod : *Le Sacrifice chez les Arabes*، پیرس ۱۹۵۵ء، ص ۱۱۷ .

(Ch. Pellat و J. Hell)

**بَلیه بَدرا** : [= بلیا بدرہ] (Baliabadra)، Patras یا Pátrai کا ترکی نام (سر زمین یونان کا چوتھا اور جزیرہ‌نمائے موریا کا سب سے بڑا شہر)، جو اسی نام کی خلیج پر، خلیج کوردوس [رک بآں] (Cornith) کے دہانے کے مغرب میں واقع ہے، اور Nomos Achaia کا دارالحکومت ہے، جو ایک بشپ کی جائے قیام ہے - ۱۹۵۱ء میں اس کی آبادی تقریباً پچاسی ہزار تھی - بلیه بدرا کا نام یونانی Παλαιαὶ Πάτραι, یا زیادہ صحیح طور پر Παλαιά Πάτρα سے بنا ہے (عوامی بولی میں اس شہر کا نام آج کل بھی پاترا Pâtra ہے)، یعنی قدیم Pâtra(i)، غالبًا اس وجہ سے کہ چودھویں صدی سے جدید Pâtra(i) اس قلعے کو کہتے تھے جس کے زیر حفاظت قدیم آبادی تھی - Nikiphoros Gregorás (۴ : ۹، س ۴) اسے بالتصریح اس طرح بیان کرتا ہے : φρούριον τὸ τῶν Νέων Πατρῶν ἐπικεκλημένον. - اس سے معلوم ہوتا ہے کہ صفت کا اضافہ اس لیے نہیں ہوا کہ قدیم Patra(i) کو Νέαι Πάτραι, سے ممتاز کیا جائے، جو لامیا Lamîa کے قریب ایک مقام ہے (ترکی میں زیتون، جسے ترکوں نے ۱۳۹۳ء میں فتح کیا اور جو خود عموما زیادہ تر Patratzik کے نام سے مشہور تھا (Πατρατξικ، جو ترکی بدرجق سے بنا ہے)، اگرچہ آج کل بھی قدیم زمانے کی طرح اسے پھر Hypati کہنے لگے ہیں - قدیم Pâtra(i) مغرب میں Patras کے نام سے مشہور ہے (یونانی ς τάς Πάτρας, سے، قب اطالوی Patrasso).

marfat.com
Marfat.com

بلیابدرا کے ترکی عہد سے پہلے کی تاریخ سے متعلق مزید معلومات A. Bon، E. Gerland، Wm. Miller اور D.A. Zakythinos کی تصانیف سے حاصل ہو سکتی ہیں، قبّ ماخذ جو اس مقالے کے آخر میں دیے گئے ہیں - یہاں فقط ذیل کے واقعات کا ذکر ضروری ہے: ۱۲۰۴ء میں جب بوزنطی مملکت کئی حصوں میں بٹ گئی تو بلیہ بدرا لاطینی ریاست Achaia کا صدر مقام نیز ایک اسقف اعظم کی جاے قیام ہو گیا - ۱۴۰۸ء میں یہ وینس کا جزو بنا - یکم جولائی ۱۴۲۸ء کو اس شہر کو قدیم ملوک الطوائف کی طرف سے حملے کا خطرہ ہو گیا، اگرچہ وہ اس پر قبضہ نہیں کر سکے - وہ آپس ہی میں لڑتے جھگڑتے رہے - ۲۰ مارچ ۱۴۲۹ء کو مطلق العنان قسطنطین نے اس شہر پر دوبارہ حملہ کیا - اس حملے کے زمانے میں یہاں کے باشندے لاطینی اسقف اعظم Pandolfo Malatesta سے منحرف ہو گئے اور ان کے زعما نے ۶ جون کو سینٹ انڈریو St. Andrew کے گرجا میں اس مطلق العنان یونانی کی وفاداری کا حلف اٹھا لیا - قلعہ برابر مقاوست کرتا رہا اور اس نے مئی ۱۴۳۰ء تک یونانیوں کے آگے ہتیار نہیں ڈالے (Zakythinos، ۱ : ۲۰۶ ببعد) - اس وقت سلطان مراد ثانی نے Pátrai پر قبضہ کیے جانے پر اعتراض کیا، اور یونانیوں سے کہا کہ اس پر قبضہ کرنے سے باز رہیں، اس لیے کہ وہاں کے باشندے اپنا خراج اسے دینا چاہتے ہیں - Sphrantzis نے، جو Pátrai کا پہلا گورنر تھا (اور بعد میں مؤرخ ہو گیا)، اس سلسلے میں باب عالی سے گفت و شنید شروع کی اور آخر کار سلطان کی رضامندی حاصل کرنے میں کامیاب ہو گیا (Sphrantzis، ص ۱۵۲ تا ۱۵۳) - اس کے سترہ سال بعد بظاہر خاموشی رہی تاآنکہ مراد ثانی نے خود Pátrai پر قبضہ کرنے کی کوشش کی - Dukas کا بیان ہے (طبع Vas. Grecu، بخارسٹ ۱۹۵۸ء، ص ۲۷۸، س ۱۲) کہ ۱۴۴۶ - ۱۴۴۷ء کی سردیوں میں وہ Pátrai اور کلرنزا Klarentza (آج کل کا Kyllini) تک بڑھ آیا - اس موقع پر ممکن ہے کہ وہ اچانک حملہ کر کے شہر کے غیر مستحکم حصے کو لے لینے میں کامیاب ہو گیا ہو، لیکن یہ بات ہرگز قرینِ قیاس نہیں کہ اس نے مذکورۂ بالا قلعے کو بھی فتح کر لیا ہو جو تقریباً ناقابلِ تسخیر تھا (تاہم قبّ Hammer-Purgstall، ۱ : ۳۷۳) - اس موقع پر آس پاس کا سارا علاقہ تباہ و برباد کر دیا گیا اور تقریباً ساٹھ ہزار آدمیوں کو غلام بنا لیا گیا - جب ۱۴۴۸ء میں جابر قسطنطین بوزنطہ کا شہنشاہ ہو گیا تو اس کے بھائی ٹامس Thomas نے شمال مغربی موریا پر قبضہ کر لیا، گویا وہ پورے Achaia پر قابض ہو گیا جس میں Pátrai اور Klarentza بھی شامل تھے، اور جہاں اس نے شاید دربار بھی کیا ہو (قبّ Zakythinos : ۱ : ۲۴۲) - محمد ثانی فاتح ۱۴۵۸ء کے موسم گرما میں موشلی Mouchli سے سے آتے ہوے بذاتِ خود Pátrai گیا (قبّ E. Darko، در Πρακτικά of the Academy of Athens، ایتھنز، ۱۹۳۱ء، ۶ : ۲۲ تا ۲۹) - اس نے اسے ویران اور غیر آباد پایا - باشندے سارے کے سارے جزیرہ نماے موریا کے ان مقامات کو چلے گئے تھے جو وینس کے مقبوضات میں سے تھے - اس مرتبہ قلعے نے تھوڑی سی مقاوست کے بعد اطاعت قبول کر لی (قبّ Kritoboulos، در طبع C. Müller، F.H Graec، پیرس ۱۸۷۰ء، ۵ : ۱۲۳؛ نیز F. Babinger : *Mehmed der Eroberer und seine Zeit*، میونخ ۱۹۵۳ء، ص ۱۷۶ ببعد (فرانسیسی ایڈیشن ۱۹۵۴ء، اطالوی اڈیشن ۱۹۵۷ء) - سلطان محمد ثانی Patrai کو مغرب سے تجارت کے لیے ایک موزوں مقام سمجھتا تھا، اس لیے اس نے وہاں کے باشندوں کو واپس

marfat.com
Marfat.com

آ کر بسنے کی دعوت دی، انھیں خاص رعایتیں دیں اور ان کے محصولوں میں کمی کر دی (قب Kritoboulos، در کتاب مذکورۂ بالا، ص ۱۲۳؛ نیز قب Zakythinos ۱ : ۲۰۸) - آگے چل کر، یعنی ۱۴۵۹ء کے شروع میں، یونانی اس شہر کو واپس لینے میں ناکام رہے (قب Chalkokondyles، طبع I. Bekker، ص ۴۷۵ ببعد) - Pátrai کا نام اب بلیہ بدرا ہو گیا تھا اور یہ ساڑھے تین سو سال تک ترک کے قبضے میں رہا، لیکن اسے وہ شاندار حیثیت کبھی حاصل نہ ہوئی جو شاہانِ روم کے عہد میں حاصل تھی، جب کہ اطالیا سے اس کی بڑی اچھی تجارت تھی - بلیہ بدرا صوبائی صدر مقام اور انتظامی مرکز بن گیا، لیکن اسے کوئی تجارتی اہمیت حاصل نہ ہوئی - وینس نے اس شہر پر قابض ہونے کی جتنی کوششیں کیں وہ ناکام رہیں - ۱۴۶۴ء کے موسم گرما میں مورہ Morea کے صوبےدار Iacopo Barbarigo (Provveditore) نے اس شہر پر حملہ کیا اور ناکام رہا - تُراخان اوغلی عمر بیگ نے کامیابی کے ساتھ اس کی مدافعت کی (قب بذیل مادہ، نیز H mmer-Purgstall، ۲ : ۸۳ ببعد) - ستمبر ۱۵۳۲ء میں بوزنطی امیر البحر آندریا دوریا Andrea Doria نے Pátra کو، جس کی حفاظت کا عملی انتظام محض برائے نام تھا، بغیر لڑائی کے فتح کر لیا، لیکن یہ قبضہ محض عارضی ثابت ہوا (قب J. W. Zinkeisen : *Geschichte des Osmanisch Reiches*، ۲ : ۷۳۴ ببعد) - ۱۶۸۵ء میں وینس کا سپہ سالار سمندر کے راستے Pátra i میں داخل ہوا (اس کے ساتھ ایک فوج تھی، جس میں زیادہ‌تر جرمن مستاجر سپاہی تھے) - وہ چاہتا تھا کہ ترکوں کو مورہ سے نکال دے - ۲۴ جولائی ۱۶۸۷ء کو بلیہ بدرا (جسے ترکوں نے خالی کر دیا تھا اور اس کے ایک حصے کو برباد بھی کر دیا تھا) ایک سخت لڑائی کے بعد F. Morosini کی فوجوں کے ہاتھ میں آ گیا (قب Zinkeisen، ۵ : ۱۳۲)، لیکن اس قبضے کے بعد بھی وینس والے مورہ پر اپنا اقتدار مستقل طور سے قائم نہ کر سکے - اپریل ۱۷۷۰ء کے وسط میں یونانیوں کے ایک جتھے نے اچانک حملہ کر کے اس شہر پر قبضہ کر لیا، لیکن تھوڑے ہی دن بعد انھیں البانویوں اور ترکوں نے یا تو قتل کر دیا یا غلام بنا لیا - اس زمانے میں پھر بلیہ بدرا کو آگ لگائی گئی اور صرف چند خاندان، جو بھاگ کر ایونیا Ionia کے جزیروں میں چلے گئے، اپنی جان اور مال بچا سکے (قب Zinkeisen، ۵ : ۹۳۱) - Pátrai پر ترکوں کی حکومت کے خلاف یونانیوں کی پہلی بڑی بغاوت ۶ اپریل ۱۸۲۱ء کو شروع ہوئی - اس موقع پر Pátrai کے اسقف اعظم (از ۱۸۰۶ء) جرمانوس (۱۷۷۱ تا ۱۸۲۶ء) نے جنگ آزادی کی قیادت کی - ۱۰ اپریل ۱۸۲۲ء کو ترکوں نے یوسف مخلص پاشا (باشندۂ Serres) کی زیرِ قیادت اس شہر پر آخری بار بزورِ شمشیر قبضہ کر لیا، جس نے شہر کو بالکل تباہ کر کے خاکستر کر دیا فرانسیسی فوج یونانیوں کی مدد کو پہنچی اور ۱۸۲۸ء میں Pátrai پر قبضہ کر لیا - ۱۸۳۳ء میں اہلِ بویریا (Bavarians) نے یہ شہر ان سے چھین لیا - اس وقت سے اس شہر کی ایک تختۂ شطرنج کی شکل میں نئے سرے سے باقاعدہ تعمیر ہو رہی ہے، اور یہ ترقی کر کے پھر ایک بارونق اور خوش حال بندرگاہ ہو گیا ہے - حال ہی میں اسے پیلوپونیشین ریلوے (Peloponnesian Railway، ۲۳۰ کیلومیٹر) کے ذریعے ایتھنز (قب آتینہ Atina) سے ملا دیا گیا ہے.

اٹھارھویں صدی کے وسط تک بلیہ بدرا عثمانیوں کے زیرِ حکومت رہا - اس مدت میں صرف ایک دفعہ ایک مغربی سیّاح، یعنی ماسٹر ٹامس ڈیلم Master

marfat.com
Marfat.com

Thomas Dallam (۱۵۹۹ تا ۱۶۰۰ء) نے اس کا حال بیان کیا ہے، دیکھیے *Early Voyages and Travels in the Levant*، طبع I. Theod. Bent (لنڈن ۱۸۹۳ء؛ Hakluyt Society، ج ۸۷)، ص ۸۶ - اس قسم کا سب سے پہلا بیان، جس کی تاریخ ۱۷۴۰ء ہے، Richard Pococke کا ہے (*A Description of the East*، لنڈن ۱۷۴۵ء، ۲ / ۲ : ۱۷۶ ببعد) - وہ کہتا ہے : یہ شہر ایک دلدلی میدان میں واقع ہے اور بیماریوں کا گھر ہے - یہ یونانی اسقف اعظم کا مستقر ہے جس میں بارہ علاقوں (Parishes) کے گرجا ہیں اور ان میں سے ہر علاقے میں اسّی عیسائی خاندان رہتے ہیں؛ تقریباً دس یہودیوں کے گھر ہیں اور ترکوں کے تخمیناً اڑھائی سو خاندان ہیں - اس زمانے میں ایک انگریز قونصل جنرل اور ایک فرانسیسی نائب قونصل تھا (ان کی قرارگاہ Modon میں تھی)، اور ایک وینس کا قونصل اور ایک ولندیزی قونصل Pátrai میں تھا - Dr. Richard Chandler نے ۱۷۶۴ء میں (*Travels in Greece*، اوکسفرڈ ۱۷۷۶ء) جو بیان دیا ہے وہ بھی بہت حد تک اسی طرح کا ہے - ترک سیّاح اولیا چلبی نے (سیاحت نامہ، استانبول ۱۹۲۸ء، ۸ : ۲۸۸ تا ۲۹۲)، جو ۱۰۸۰ھ / ۱۶۶۹ء میں اس شہر میں آیا تھا، اس شہر کا ذکر زیادہ تفصیل کے ساتھ کیا ہے - اس نے منڈی (چارسو [یا چارشی]) کے قریب ایک مسجد دیکھی، جو محمد ثانی نے بنوائی تھی - اس کے علاوہ اس نے قلعے (ایچ قلعہ) کے اندر بایزید ثانی کی ایک مسجد دیکھی - نیز ایک کیایا کی مسجد (کتخدا جامعی) بھی دیکھی، اور اس کے قریب مسجد شیخ افندی، مسجد ابراہیم چاووش اور آخر میں مسجد دبّاغ خانہ (چمڑا رنگنے کا کارخانہ) دیکھی - ان کے علاوہ اس زمانے میں تین اور چھوٹی چھوٹی مسجدیں، چار درویشوں کی خانقاہیں (جن میں سے ایک شیخ افندی کی خانقاہ تھی) اور تین حمّام بھی تھے - اولیا چلبی بلیه بدرا کے قریب بعض زیارت‌گاہوں کا بھی ذکر کرتا ہے - ان میں سے ایک میں صاری صالتیق بابا [رک بآں]، یعنی سویتی نکولا (Sveti Nikola) کی خانقاہ اور ایک جوانی بابا Jovani Baba کی خانقاہ ہے - اولیا چلبی اپنے بیان میں بلیه بدرا کو ''بال لُو (بال لی) بلیه بدرا''، یعنی ''شہد سے مالا مال بلیه بدرا'' لکھتا ہے، قبّ ''بال لُو بدرا'' (*Anonymus Giese*، ص ۱۳۱، س ۸) - حاجی خلیفه (*Rumeli und Bosna*، ترجمهٔ J. V. Hammer، وی‌انا ۱۸۱۲ء، ص ۱۲۳ ببعد) بلیه بدرا کی بندرگاہ اور انتظامی معاملات سے متعلق صرف چند جزئیات بیان کرتا ہے.

بخار زدہ دلدلی میدان، جو اس شہر کے شمال مشرقی اور جنوب مشرقی اطراف میں تھے (قبّ R. Pococke کتاب مذکور، ۲/۲ : ۱۷۶) مدت ہوئی خشک کر دیے گئے - تجارت زیادہ‌تر منقّی، روغن اور شراب نیز ریشم کی ہوتی ہے (جیسے ترکی عہد ہی میں ترقی دے دی گئی تھی، جیسا کہ پوکوک Pococke نے بھی کہا ہے) اور اس چیز نے Pátrai کو ایک بڑا تجارتی مرکز بنا دیا ہے - Ludwig Steub : *Bilder aus Griechenland*، لائپزگ ۱۸۸۵ء، ص ۲۳۰، کے بیان کے مطابق ۱۸۲۲ء میں Pátrai میں پانچ مساجد کے کھنڈروں، گرے ہوے گرجاؤں، ویران گھروں اور صرف تھوڑے سے مرمت کردہ آباد گھروں کے سوا کچھ نہ تھا.

**مآخذ:** (۱) E. Thomopoulos : *Ἱστορία τῆς πόλεως Πατρῶν*، ایتھنز ۱۸۸۸ء؛ (۲) E. Gerland : *Neue Quellen zur Geschichte des lateinischen Erzbistums Patras*، لائپزگ ۱۹۰۳ء؛ (۳) Emile de Borchgrave : *Croquis d'Oriens : Patras et l'Achaïe*، برسلز؛ (۴) Wm. Miller : *The Latins in the Levant*، لنڈن ۱۹۰۸ء، مواضع کثیرہ، خصوصاً ص ۲۸۹ ببعد، ۳۶۳

Marfat.com

بعد، ۳۸۸ بعد، ۴۳۳ بعد؛ (۵) وہی مصنّف : Essays on the Latin Orient، کیمبرج ۱۹۲۱ء، بمواضع کثیرہ، خصوصًا ص ۴۰ بعد، ۵۳ بعد، ۱۰۰ بعد، ۴۱۸ بعد؛ (۶) D. A. Zakythinos : Le Despotat Grec de Morée، ۱/۲، پیرس ۱۹۳۲ء/۱۹۵۳ء؛ (۷) Ant. Bon : Le Peloponnèse Byzantin jusqu'en 1204، پیرس ۱۹۵۳ء؛ انیسویں صدی میں اس شہر کے بہ کثرت بیانات کے لیے قب (۸) S. H. Weber : Voyages and Travels in the Near East made during the XIX century، پرنسٹن ۱۹۵۲ء، ص ۲۳۵؛ (۹) Patras. L. Steub (دیکھیے متن مقالہ) ص ۲۰۹ تا ۲۳۹ پر Pátrai اور اس کے باشندوں کی ۱۸۳۶ء میں بہت واضح تصویر کھینچتا ہے۔

(FR. BABINGER)

* بَم : (عربی بَمّ)، ایران کے آٹھویں اُستان میں ایک ضلع اور شہر - قرونِ وسطٰی میں یہ ضلع ان پانچ ضلعوں میں سے ایک تھا جن میں صوبۂ فارس منقسم تھا - یہ شہر ایک نخلستان میں ہے، جو دشتِ لُوط کے بڑے ریگستان کے جنوب مغربی کنارے پر واقع ہے - بم کا فاصلہ تہران سے ۱۲۰۷ کیلومیٹر اور کرمان سے ۱۹۳ کیلومیٹر ہے؛ زاھدان، جو دشتِ لُوط کی دوسری طرف واقع ہے، اس سے ۳۲۴ کیلومیٹر کے فاصلے پر ہے - بم کی بلندی گیارہ سو میٹر ہے - گرمیوں میں یہاں گرمی ھوتی ہے، لیکن سردیوں میں موسم معتدل رہتا ہے - جنوب مغربی ایران کو جو راستے سیستان، افغانستان اور بلوچستان سے ملاتے ھیں ان میں یہ سب سے زیادہ آسان ہے اس لیے اس شہر کو اس وقت سے جب کہ یہ سامانیوں کے عہد میں بنا خاصی حربی اور تجارتی اھمیت حاصل رھی ہے - چوتھی صدی ھجری / دسویں صدی عیسوی سے بم اپنے جنگی قلعے کی وجہ سے مشہور رہا ہے - یہ قلعہ عرصے تک ناقابل تسخیر سمجھا جاتا تھا اور مشرق کی طرف سے حملہ آوروں اور چھاپاماروں کے مقابلے میں اکثر کمیں گاہ کا کام دیتا رہا ہے - ۲۶۰ھ/۸۷۳ء میں جب یعقوب ابن لَیث الصَّفّار [رَكَ بآں] اور آل طاھر میں جنگ ھو رھی تھی تو اس قلعے کو بطور زندان استعمال کیا گیا [ابن رستہ، ص ۳۰۸]- حدود العالم (ص ۱۲۵) میں چوتھی صدی ھجری/دسویں صدی عیسوی کے بمؔ کی حالت ان الفاظ میں بیان کی گئی ہے : ''بم آب و ھوا کے لحاظ سے ایک صحت بخش مقام ہے . . . اس کے شہرستان میں ایک مستحکم قلعہ بنا ھوا ہے - یہ شہر جِیرُفت سے بڑا ہے - اس میں تین جامع مسجدیں ھیں . . .، جن میں سے ایک خارجیوں کی، ایک سنّی مسلمانوں کی ہے اور تیسری قلعے کے اندر ہے - یہاں سے سوتی کپڑے (کَرباس) عمّامے، بمّی دستاریں اور کھجوریں باھر جاتی ھیں۔'' اسی طرح کی تفصیلات الاِصطَخری، ابن حَوقَل اور المُقدّسی نے بھی دی ھیں - اس زمانے میں قلعے کے اندر بھی، جو شہر کے وسط میں تھا، کچھ بازار تھے - مکانات دھوپ میں پکائی ھوئی اینٹوں کے تھے - یہاں حمّام بھی تھے - ان میں سے زیادہ مشہور وہ حمّام تھا جو بید کے بازار (زُقاق البِیذ) میں واقع تھا۔

۱۱۳۱ھ/۱۷۱۹ء میں غلزئی سردار محمود نے بم پر قبضہ کر لیا، لیکن قندھار میں ایک بغاوت ھو جانے کی وجہ سے وہ اسے چھوڑ کر چلا گیا - ۱۱۳۴ھ/۱۷۲۱ء میں اس نے اس شہر پر دوبارہ قبضہ کر لیا اور ۱۱۴۲ھ/۱۷۲۹ء تا ۱۱۴۳ھ/۱۷۳۰ء تک یہ افغانوں ھی کے قبضے میں رھا، تاآنکہ نادر شاہ [رَكَ بآں] نے افغانوں کی قوت کا خاتمہ کر دیا - نادر شاہ نے اس شہر کے مدافعانہ نظام کو یقینًا اسی خیال سے مضبوط کیا ھوگا کہ

marfat.com
Marfat.com

مشرق کی طرف سے اس پر حملے کا کوئی امکان نہ رہے۔

بم ہی وہ مقام ہے جہاں ۱۲۱۰ھ/۱۷۹۵ء میں آغا محمد خان [قاچار] نے قصیر العمر زَنْد خاندان کے آخری بادشاہ لُطف علی خان کو گرفتار کیا۔ اپنی فتح کی یادگار قائم کرنے کے لیے قاچار نے وہاں ایک مخروطی بُرج تعمیر کیا، جس میں اپنے حریف کے چھے سو ساتھیوں کے سر چن دیے (R.G. Watson: *A History of Persia from the beginning of the 19th Century to the year 1858*، ص ۵۷)۔

۱۲۵۶ - ۱۲۵۷ھ/۱۸۴۰ - ۱۸۴۱ء میں جب آغا خان محلاتی نے اپنی بغاوت کے زمانے میں بم پر قبضہ کیا تو اسے پھر ایک نمایاں حیثیت حاصل ہو گئی۔ قدیم بم میں، جو تقریبًا سارے کا سارا کھنڈر ہے، شاندار قلعے کے علاوہ صرف ایک اور اہم عمارت امام زَیْد بن علی زین العابدین کا مقبرہ ہے۔ جدید بم میں، جو قدیم شہر کے جنوب مغرب میں تقریبًا پانچ سو میٹر کے فاصلے پر واقع ہے، ساڑھے تین ہزار کی آبادی ہے۔ شہر کے وسط میں سے چوڑی سڑکیں (خیابان) ایک دوسرے کو کاٹتی ہوئی گزرتی ہیں اور یوں شہر چار برابر حصوں میں تقسیم ہو گیا ہے۔ پہلے زمانے کی طرح اب بھی بم اور اس کے گرد و نواح کی پیداوار میں کھجوریں اور صنعت میں سوتی کپڑے مشہور ہیں۔

مآخذ: علاوہ ان کے جو متن مقالہ میں مذکور ہوئے: (۱) الاصطخری، ص ۱۶۶؛ (۲) ابن حوقل، ص ۲۲۳؛ (۳) المقدسی، ص ۴۶۵؛ (۴) ابن الفقیہ، ص ۲۰۶ و ۲۰۸؛ (۵) ابن خُردادبہ، ص ۴۹، ۵۰، ۱۹۶، ۲۴۲؛ (۶) ابن رُسْتہ، ص ۱۰۶، ۲۸۶، ۳۰۸؛ (۷) البکری، ص ۱۶۲ ببعد؛ (۸) یاقوت، بذیل مادّہ؛ (۹) ابوالفداء، ص ۳۳۶؛ (۱۰) حمد اللہ المستوفی: نُزہۃ، ص ۷۶؛ (۱۱) E. Pottinger: *Travels in Beloochistan and Sinde*، لنڈن ۱۸۱۶ء، ص ۱۹۲ تا ۲۰۳؛ (۱۲) K.E. Abott، در *Journal of the Royal Geographical Society*، ۲۵: ۴۲ تا ۴۳؛ (۱۳) Sir F. J. Goldsmith، در *Journal of the Royal Geographical Society*، ۳۷: ۲۸۴ تا ۲۸۵؛ (۱۴) O.B. St. John، در *Eastern Persia*، لنڈن ۱۸۷۶ء، ۱: ۸۵ تا ۸۶؛ (۱۵) *E. Smith*، در *Eastern Persia*، ۱: ۲۳۱ تا ۲۳۴؛ (۱۶) G.N. Curzon: *Persia and the Persian Question*، ۲: ۲۵۲ تا ۲۵۳؛ (۱۷) Le Strange، ص ۳۱۲؛ (۱۸) رزم آرا و نوتاش: فرہنگ جغرافیای ایران، ۸: ۵۱ تا ۵۲؛ (۱۹) L. Lockhart و A. Costa، *Persia*، لنڈن ۱۹۵۷ء، ص ۳۸ تا ۳۹ اور الواح ۵۷ تا ۵۸۔

(L. LOCKHART)

**بَمْ پُور**: ایران کے آٹھویں اُستان میں (جو تقریبًا صوبۂ کرمان اور ایرانی بلوچستان سے مطابقت رکھتا ہے) ایک ضلع اور چھوٹا سا شہر۔ انتظامی لحاظ سے بَمْپور اور اس کا ضلع [دونوں] ایرانشہر (سابق فَہْرَج) کے تحت آتے ہیں۔ ایرانشہر تیئیس کیلومیٹر کے فاصلے پر مشرق کی طرف واقع ہے۔ بم پور کی آبادی پانچ ہزار ہے اور خصوصیت کے ساتھ اپنے قلعے کی وجہ سے مشہور ہے جو ایک سو فٹ بلند ٹیلے کی چوٹی پر بنا ہوا ہے۔ باشندے سنی مسلمان ہیں اور بلوچی [رك بآن] زبان بولتے ہیں۔ ان کا پیشہ زیادہ‌تر زراعت اور مویشی پالنا ہے۔ آس پاس کا سارا علاقہ خوب سیراب اور زرخیز ہے اور یہاں غلّہ اور کھجور پیدا ہوتی ہے۔

۱۱۶۰ھ/۱۷۴۷ء میں جب نادر شاہ کو قتل کر دیا گیا تو بلوچستان کے گورنر نصیر خان نے افغانستان کے احمد شاہ دُرّانی [رك بآن] کی اطاعت قبول کر لی، لیکن کچھ مدت بعد وہ خود مختار ہو گیا۔ یہاں ایرانی اقتدار دوبارہ کہیں ۱۸۴۹ء میں جا کر قائم ہوا۔

Marfat.com

**مآخذ:** (۱) H. Pottinger: *Travels in Beloochistan and Sinde*، لندن ۱۸۱۶ء، ص ۳۳۰؛ (۲) O. St. John، B. Lovett، E. Smith و Sir F. Goldsmid: *Eastern Persia*، ۱: ۲۶۷، ۲۰۶ تا ۲۰۷؛ (۳) Le Strange، ص ۳۳۰؛ (۴) سرتیپ ایچ - اے رزم‌آرا و سرتیپ نوتاش: فرهنگ جغرافیای ایران، ۸: ۴۷۰.

(L. LOCKHART)

* **بَماکو:** [مغربی افریقه میں جمہوریۂ مالی کا دارالحکومت اور] مملکت سوڈان ([سابق] فرانسیسی مغربی افریقه) کا سب سے بڑا شہر، جو دریاے نائجر Niger پر اس جگه واقع ہے جہاں اس کی جہازرانی کے قابل دو شاخیں باہم ملتی ہیں اور جہاں ڈکر۔ نائجر ریلوے ختم ہوتی ہے - یہاں ہوائی جہازوں کا بڑا اڈا بھی ہے - یه شہر ساحل اور جنوبی حصهٔ ملک اور سوڈان اور سینیگال Senegal کو ملانے والی سڑکوں پر واقع ہونے کی وجه سے پہلے ایک تجارتی مرکز تھا اور آج کل [سابق] فرانسیسی جنوبی افریقه میں ایک مرکزی مقام کی حیثیت رکھتا ہے اور یہی بات اس کی خوش‌حالی کا سبب ہے - اس کی آبادی ۱۸۸۳ء میں کل آٹھ سو تھی؛ ۱۹۴۵ء تک بڑھ کر سینتیس هزار ہو گئی اور آج کل (۱۹۵۸ء) ایک لاکھ ہے (جس میں چار هزار یورپی ہیں) [۱۹۶۷ء میں ڈیڑھ لاکھ کے قریب] - اس شہر کی اهمیت اس کی اداری اور سیاسی حیثیتوں کی بنا پر ہے.

بماکو کو ایک بَما Bama شکاری نے بسایا تھا اور اس کے نیاری Niaré جانشین نے، جو کارتا Kaarta سے آیا تھا، اس کا نام (بَما کے نام پر) بماکو Bama-Ko رکھا (اس کا اشتقاق بمعنی ''مگرمچھوں کا دریا'' قرار دینا صحیح نہیں) - اصلی گاؤں کی آبادی اس وقت بڑھی جب اس میں پہلے تو مچھیرے آکر آباد ہوے اور اس کے بعد درا Draa کے لوگ (The Dravé) اور تُوات Touat کے لوگ (The Touré) آئے، جن کے ساتھ اسلام بھی یہاں آیا - اس طرح یه شہر چار حصوں میں تقسیم ہوگیا: نیاریلا Niarela، توریلا Tourela، بزولا Bozola، اور درویلا Dravela، اور یہی چار حصے موجودہ شہر کی بنیاد ہیں.

بماکو، جو دریاے نائجر پر ایک سرحدی مستحکم قلعه تھا، تھوڑے ہی دن میں فرانسیسیوں کی سیاسی توجه کا مرکز بن گیا - ۱۸۷۰ء کی لڑائی کے بعد اس کی جانب حرکت شروع ہوئی، اور ۱۸۸۳ء میں کرنیل بورگنس دیبورڈز Borgnis-Desbords نے اس پر قبضه کر لیا - اس وقت سے یه شہر سوڈان میں فرانسیسیوں کی جنگی کارروائیوں کا مرکز بن گیا اور اس کی آبادی سینیگالیوں اور سوڈانیوں کی وجه سے برابر بڑھتی رہی - ۱۹۰۴ء میں ریل بھی یہاں تک پہنچ گئی اور ۱۹۰۷ء میں یه شہر بالائی سینیگال اور نائجر کا خاص شہر ہو گیا - ایک عظیم اداری، فوجی اور طبّی (جذام اور گرم ممالک کے امراض چشم کے ادارے) مرکز کی حیثیت سے ترقی کرنے لگا - اور پھر یونیورسٹی (فیڈرل سکول آو پبلک ورکس) اور ثقافتی (فرنچ انسٹی ٹیوٹ آو بلیک افریقه) مرکز بن گیا.

بماکو ایک اسلامی شہر ہے. لیکن اس کے اسلام پر افریقه کا رنگ چڑھا ہوا ہے اور اس میں اکثر اوهام پرستی کے قدیم عقیدے کے آثار بھی پائے جاتے ہیں - یه شہر اسلامی تمدن کا مرکز کبھی نہیں تھا بلکه همیشه سے جنّے کے قدیم اسلامی شہروں اور ماسنی کے مرکزوں کے زیر اثر رہا - یہاں قادریه اور تجانیه سلسلے مدتوں سے قائم ہیں - پہلے یہاں قادریه کی اکثریت تھی، لیکن بعد میں تجانیه اس پر غالب آ گئے - دونوں عالمگیر جنگوں کے درمیانی زمانے میں یہاں حمّیت (Hamallism) تحریک شروع ہو گئی، لیکن ذرا زیاده متین شکل میں - آج کل سب سے [illegible] سلامی

marfat.com
Marfat.com

جماعت پیدا ہو گئی ہے جس کا مقصد مقامی اسلام کو حشو و زوائد سے پاک کرنا ہے۔ آج کل کے رجحانات کو دیکھتے ہوے کہا جا سکتا ہے کہ احیاے اسلام کے کام میں یہ شہر قیادت کے فرائض انجام دے گا۔ آخر میں اس کا ذکر بھی ضروری ہے کہ بما کو میں ایک چھوٹی سی عیسائی جماعت بھی ہے اور ایک مطران (رئیس الاساقفہ) یہاں رہتا ہے۔

[اس شہر کی ابتدا کچے گھروں سے ہوئی، اس لیے یہاں کوئی قدیم تاریخی یادگار باقی نہیں۔ ۱۹۲۳ء میں ریلوے لائن کی توسیع بحر اوقیانوس کے ساحل تک ہو گئی تھی۔ اپنے محلِ وقوع کی بنا پر ممکن ہے کہ بما کو زمانۂ قدیم میں بھی مختلف سوڈانی سلطنتوں کا دارالحکومت رہا ہو۔ ۱۸۸۳ء میں فرانسیسیوں نے مقامی فرمانرواؤں کو شکست دے کر یہاں اپنا تسلّط قائم کر لیا۔ ۱۹۰۴ء میں بما کو فرانسیسی سوڈان کی نو آبادی کا صدرمقام بنایا گیا۔ شہر تین مختلف حصّوں میں منقسم ہے: سرکاری عمارتیں اور دفاتر، کولوبہ Koulouba کی کی صحت افزا سطح مرتفع پر واقع ہیں۔ اس کے اور افریقیوں کی بستی کے درمیان ''شامیوں'' کے مکانات اور دکانیں ہیں۔ تجارتی علاقہ ریلوے سٹیشن کے گرد واقع ہے۔ آبادی اور دریا کے درمیانی علاقے میں باغات ہیں۔ بڑے بڑے گلی کوچوں کے کناروں پر گہری خندقیں کھدی ہوئی ہیں تاکہ برسات میں بارش کا پانی سڑکوں پر جمع نہ ہونے پائے۔ بعض خندقیں دس دس فٹ گہری ہیں۔ شہر کی اکثر عمارتوں میں کولوبہ کا سرخ پتھر استعمال کیا گیا ہے۔ ان کی چھتیں مسطح اور سوڈانی طرزِ تعمیر کی غمّاز ہیں۔ ۱۹۲۹ء میں اسی مقام پر دریا سے نہر ستوبہ Sotuba نکالی گئی تھی، جس سے آب پاشی کر کے وسطی نائجر کا بنجر علاقہ زیرِ کاشت لایا گیا ہے۔ اس علاقے کی سب سے بڑی منڈی بما کو ہی ہے۔ یہاں ایک چیمبر آف کامرس بھی ہے۔ بما کو سے پیرس تک بے تار برقی کا سلسلہ قائم ہے۔ یہاں ایک بہت بڑی جامع مسجد بھی ہے۔

[مآخذ: (۱) محمود بریلوی: *Islam in Africa*، لاہور ۱۹۶۳ء، ص ۳۳۹؛ (۲) *Encyclopaedia of Britannica*، ۱۹۵۰ء، ۳: ۱۳؛ (۳) وؔؔ، انگریزی، بار اوّل، ۲: ۳۹۵-۳۹۷؛ (۴) *Statesman's Year Book*، ۱۹۶۷ء؛ (۵) *Whitaker's Almanack*، ۱۹۶۷ء؛ (۶) *World Muslim Gazetteer*، مطبوعۂ کراچی؛ (۷) گلزار احمد: تذکرۂ افریقہ، کراچی ۱۹۶۴ء، بذیل مادّہ باماکو، بمدد اشاریہ.]

(M. CHAILLEY [و ادارہ])

**بَمْبار**: رک بہ منڈے و سوڈان.

**بمبئی**: (صوبہ)، بھارت کے صوبوں میں سے ایک، جس میں کَچھ (ایک حصہ)، سوراشٹر، گجرات، مہاراشٹر، مراٹھہ واڑا، اور ودربھ کے علاقے شامل ہیں۔ [برطانوی زمانے میں اسے 'احاطۂ بمبئی' کے نام سے یاد کیا جاتا تھا۔] اس صوبے کی موجودہ حدود کا فیصلہ بھارت کی ریاستوں کی تنظیمِ نو کے مطابق ۱۹۵۶ء میں ہوا۔ اس صوبے کی ترکیب بھارت کے دیگر صوبوں سے اس لحاظ سے مختلف ہے کہ یہ ان علاقوں پر مشتمل ہے جن میں دو مختلف زبانیں بولی جاتی ہیں، یعنی مرہٹی اور گجراتی۔ اس صوبے کا مجموعی رقبہ ایک لاکھ نوے ہزار سات سو بہتر مربع میل ہے اور کل آبادی چار کروڑ بیاسی لاکھ چوسٹھ ہزار چھے سو بائیس ہے۔ آبادی کے یہ اعداد ۱۹۵۱ء کی سر شماری پر مبنی ہیں۔ کسی وقت کل صوبے پر مسلمانوں کی حکومت تھی، اور اب بھی سر شماری کے اعداد و شمار سے متعدد اہم مرکزوں میں مسلمانوں کے بہت معقول تناسب کی موجودگی ظاہر ہوتی ہے۔ مسلمان اس صوبے

marfat.com
Marfat.com

میں دوسری اہم ترین مذہبی جماعت کی حیثیت رکھتے ہیں، گو تقسیم ہند کے بعد بعض مسلمانوں کے یہاں سے پاکستان کی طرف ھجرت کر جانے کے سبب [اور بعض دیگر وجوہ سے] ان کی تعداد زمانۂ حال میں کم ہوگئی ہے - ۱۹۰۱ء میں آخری سر شماری کے وقت کل آبادی کے ۳۳۰۰ حصے کی مادری زبان اردو تھی - شہر بمبئی کو چھوڑ کر مسلم آبادی کے بڑے بڑے مرکز احمد آباد، مشرقی خاندیش اور سورت ہیں - یہاں کے مسلمانوں کی اکثریت سنّی ہے.

**مآخذ**: (۱) اطّلاعاتِ سر شماری؛ (۲) *Handbook of Statistics of the Reorganised Bombay State*، ۱۹۵۶ء؛ ۱۸۷۲ء، ۱۸۸۱ء، ۱۸۹۱ء اور ۱۹۰۱ء کی مردم شماری کی اطّلاعات؛ (۳) Sir J. M. Campbell : *Bombay District Gazetteers*، بمبئی ۱۸۷۷-۱۹۰۱ء؛ (۴) *Imperial Gazetteer of India*، صوبائی سلسلہ *Bombay Presidency*، کلکتہ ۱۹۰۹ء؛ [(۵) نیز رک بہ بھارت].

(A. A. A. FYZEE)

**بمبئی**: (شہر) صوبۂ بمبئی کا دارالحکومت؛ بھارت کی بڑی بندرگاہوں میں سے ایک اور تجارت اور صنعت و حرفت کی بڑی منڈی ہے - اس کا رقبہ ایک سو گیارہ مربع میل ہے اور ۱۹۰۱ء کی سر شماری میں اس کی آبادی اٹھائیس لاکھ انتالیس ہزار دو سو ستّر تھی - ان میں سے دو لاکھ اکاسی ہزار نو سو پچھتر کی مادری زبان اردو، چھے ہزار پانچ سو اٹھائیس کی فارسی، چھے ہزار تین سو کی پشتو، دو ہزار پانچ سو چھتیس کی عربی تھی اور یہ اعداد اس شہر کے مسلمانوں کی تعداد کو ظاہر کرتے ہیں اور ان اعداد میں ان مختلف نسلوں کے افراد شامل ہیں جو مشرّف بہ اسلام ہوگئیں، یعنی عرب، ایرانی، ترک، افغان وغیرہ - تجّار کی اہم جماعتوں میں میمنوں، بوھروں، خوجوں [رکّ بہ خوجہ] کی ایک اچھی خاصی تعداد پائی جاتی ہے - تجارت اور کاروبار میں ان لوگوں کی ہمّت و مستعدی مشہور ہے اور وہ شمالی افریقہ، خلیج فارس، ملایا، سنگاپور اور دوسرے مقامات سے تجارتی تعلقات میں امتیازی حیثیت رکھتے ہیں.

اس شہر کی تاریخ دلچسپ ہے - موجودہ بڑی بڑی منڈیاں سات منفصل جزیروں پر جن کے مابین دلدلیں تھیں، رفتہ رفتہ بڑھ کر تیار ہوئی ہیں - پرتگیزوں کے آنے سے پہلے وہاں مسلم حکمران تھے، اور ایک ممتاز یادگار شیخ علی پاروؒ کا مقبرہ ہے جو تقریباً ۸۳۵ھ/ ۱۴۳۱-۱۴۳۲ء میں تعمیر ہوا تھا پھر ۱۹۷۳ء میں اس کی مرمت ہوئی - یہاں ہر سال ایک عرس ہوتا ہے، جس میں زائرین اچھی خاصی تعداد میں شرکت کرتے ہیں - شہر میں ایک جامع مسجد بھی ہے جس کی تاریخ تعمیر ۱۹۰۲ء ہے.

**مآخذ**: (۱) سر شماری کی اطّلاعات (*Census Reports*)، ۱۸۷۲ء، ۱۸۸۱ء اور ۱۹۰۱ء؛ (۲) *Handbook of Statistics of the Reorganised Bombay State*، ۱۹۵۶ء؛ (۳) Sir J. M. Campbell : *Materials towards a Statistical Account of the town and Island of Bombay*، بمبئی ۱۸۹۳ء؛ (۴) S. M. Edwardes : *The Rise of Bombay*، بمبئی ۱۹۰۲ء؛ (۵) J. M. Maclean : *Guide to Bombay*؛ [(٦) جدید معلومات کے لیے رکّ بہ بھارت].

(A.A.A. FYZEE)

**بِنَاء**: تعمیر، راج یا معمار کا فن - تعمیری ترکیبوں کا انحصار جزوی طور پر اس مسالے پر ہوتا ہے جسے استعمال میں لایا جائے - ہم بلادِ اسلامیہ میں، بہت زیادہ مختلف قسم کا مسالا استعمال ہوتا دیکھتے ہیں، یعنی کُٹی ہوئی مٹی

marfat.com
Marfat.com

سے لے کر چوکور تراشیدہ پتھر تک جن کے درمیان کے مدارج خشت پختہ و ناپختہ، روڑی اور بے سلیقہ گھڑے ہوے پتھر تھے - ان میں سے کسی ایک مسالے کا انتخاب بلاشبہہ زیرِ بحث ملک کے وسائل یا ان کے فقدان پر منحصر ہوتا ہے اور اسی طرح مقامی رواج پر یا ان روایات پر جنھیں بیرونی معمار اپنے ساتھ لے آتے، اور جو وقتی طور پر مقامی روایات کی جگہ لے لیتی ہیں؛ چنانچہ شام، جو ایک مدت سے فن سنگتراشی سے واقف تھا، پتھر میں مُقَرنَس (= Stalactites) کی پیچیدہ اوضاع تیّار کرنے لگا، جنھیں ایران سے مستعار لیا گیا اور جو غالبًا خشتی عمارات سے اخذ کی گئی تھیں - اس کے برخلاف مصری، جن کی کانوں سے عمدہ صاف پتھر نکلتا تھا، بنو طُولُون کے عہد تک اینٹ ہی استعمال کرتے رہے، کیونکہ ان کے تعمیری نمونے اور بڑے بڑے معمار بلاشبہہ عراق سے لائے گئے تھے، جہاں اینٹ ایک عام مسالا تھا . . . چھٹی صدی ہجری/ بارھویں صدی عیسوی کے تین عظیم اندلسی مراکشی میناروں میں سے جنھیں (بلا شبہہ غلطی سے) ایک ہی معمار سے منسوب کیا جاتا ہے، اشبیلیہ [رک بآں] کا جِرالدہ Giralda مینار اینٹوں کا، رباط کا حسّان مینار چوکور تراشیدہ پتھروں کا، اور مرّاکش میں کُتُبِیّہ کا مینار روڑی کا بنا ہوا ہے.

یہ بات قابلِ لحاظ ہے کہ طابیّہ (cobwork) بنانے کی ترکیب کو ابن خلدون نے اپنے مقدمۃ میں بالتفصیل بیان کیا ہے، جس سے قیاس ہوتا ہے کہ وہ اس فنّی ترکیب کے دستور کو مسلمانوں کی خصوصیت سمجھتا تھا - مٹی کو اکثر کھریا اور پسی ہوئی پختہ مٹی یا سنگ ریزوں کے ساتھ ملا کر دو تختوں کے درمیان کوٹ دیا جاتا ہے، جنھیں شہتیروں کے ذریعے متوازی رکھتے ہیں - دیوار پر پلاسٹر کر دیا جاتا ہے، اکثر ایسے طریقے سے کہ جس سے نیچے کے بھاری ردّوں کے جوڑ نمایاں ہو جائیں - پلاسٹر گر جاتا ہے تو شہتیروں کے بیچ بیچ میں برابر فاصلوں کے سوراخ دکھائی دینے لگتے ہیں - مغربی بلادِ اسلامیہ میں طابیہ کا طریقہ پانچویں اور چھٹی صدی ہجری/گیارھویں اور بارھویں صدی عیسوی میں عام ہوگیا. خصوصًا عسکری عمارتوں میں - ایسا معلوم ہوتا ہے کہ المغرب [مراکش] میں اسے اندلس سے لایا گیا تھا جہاں اس کا بہت عرصے سے علم تھا.

کچی اینٹ (طُوب)، جو کبھی کبھی طابیہ کی روکار کا کام دیتی ہے، مٹی اور کٹے ہوے بھس کو ملا کر بناتے ہیں، جنھیں لکڑی کے سانچے میں ٹھوک کر بٹھا دیا جاتا ہے - صحرائے اعظم کی بستیوں میں اس کا ابھی تک رواج ہے، اور یہ خشک خطوں میں، خصوصًا عراق اور عرب میں بہت پہلے سے استعمال ہوتی تھی - مدینۂ منورہ میں نبی اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم کے گھر کی دیواریں غالبًا اسی مسالے کی بنی ہوئی تھیں اور اسی طرح سامرّا کی عبّاسی مسجد کی دیواریں بھی - تقریبًا اسی زمانے میں ہم اسے افریقیہ [تونس] میں بھی استعمال ہوتے دیکھتے ہیں - عبّاسیہ کی کھدائیوں سے، جو قَیرُوان کے بنو اَغلب کا صدر مقام تھا، احتیاط سے سانچے میں ڈھالی ہوئی طُوب کے نمونے ہاتھ لگے ہیں - یہ طُوب یا کچی اینٹ بیالیس سینٹی میٹر (قریب سولہ انچ) لمبی اس کے نصف کے برابر چوڑی اور اس کے چوتھائی کے برابر موٹی ہے، اور اس سے مترشح ہے کہ معماروں کا سانچہ بیالیس سینٹی میٹر کا تھا.

پختہ اینٹ (آجر) جس کا ایران میں عام رواج تھا اور جسے اہلِ روم بھی خصوصًا عام حماموں میں استعمال کرتے تھے، تمام بلادِ اسلامیہ میں پائی جاتی ہے، لیکن ایران کا تو ہمیشہ سے بہترین تعمیری مسالا یہی رہی - یہ اینٹ مختلف عرض و

Marfat.com

جسامت کی ہوتی ہے اور کبھی کبھی اسے زاویہ‌نما یا جزوی طور پر گول بنایا جاتا ہے ۔ اسے عمارت کے ان حصوں میں جہاں خط کی صحت ضروری ہوتی ہے (ستونوں، ستون کی کرسیوں، زینوں، محرابوں، ڈاٹوں وغیرہ میں)، تنہا یا روڑی کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے ۔ یہ آپس میں جوڑنے والے افقی مسالے کی حیثیت سے روڑی کے ردّوں کے درمیان یا سیدھی بندش کے لیے تعمیر کی باقاعدگی کو خصوصاً کونوں پر قائم رکھنے کا کام کرتی ہے (شکل الف) ۔ اینٹ عام طور پر پلاسٹر سے ڈھکی ہوتی ہے، لیکن یہ نظر بھی آسکتی ہے اور رنگ کے عنصر کا بھی اضافہ کر سکتی ہے، چاہے یہ پختہ اینٹ کا گلابی رنگ ہو یا اس کے کنارے پر لگی ہوئی کسی مینا کا.

روڑی یا بھدّی گھڑائی کا پتھر ساسانی عمارات میں استعمال ہوتا تھا، اور ابھی تک یہ اسلامی عراق میں مستعمل ہے. جیسا کہ اُخَیْدِر کے قلعے میں، جو دوسری صدی ھجری/آٹھویں صدی عیسوی کے وسط کا ہے ۔ بظاہر پانچویں صدی ھجری / گیارھویں صدی عیسوی میں شمالی افریقہ کے بربری معمار سب سے زیادہ اسی مسالے سے واقف تھے ۔ بالخصوص طابیہ کے رواج سے پہلے شہروں کی فصیلوں نیز آبی تعمیرات بنانے میں یہی مسالہ استعمال ہوتا تھا (گارے کی دیواروں کی بنیاد عموماً روڑی کی ہوتی ہے) ۔ جڑائی کا گارا اور حفاظتی استر کوریا، ریت، پسے ہوئے چوکوں کے ٹکڑوں اور لکڑی کے کوئلے کے ہوتے ہیں ۔ ان کی ساخت کا تجزیہ ایک ارتقائی روش کا انکشاف کرتا ہے جس کا مطالعہ M. Solignac نے کیا ہے (*Recherches sur les installations hydrauliques de Kairouan*، در *AIEO*، الجزائر ۱۹۵۲-۱۹۵۳ء) اور جس سے ہمیں ان عمارات کا زمانہ متعیّن کرنے کا موقع ملتا ہے .

چوکور تراشیدہ پتھر کا استعمال ایک رومی اور بوزنطی روایت رہی ہے ۔ اس کی ابتدا شام سے ہوئی، جہاں چوکور پتھر ہمارے زمانے تک عام تعمیری مسالا رہ چکا ہے ۔ مصر میں اس کی جگہ عارضی طور پر اینٹ نے لے لی تھی، لیکن فاطمی دور (چوتھی صدی ھجری / دسویں صدی عیسوی تا چھٹی صدی ھجری / بارھویں صدی عیسوی) میں اس کا استعمال پھر ہونے لگا، خصوصاً ارمنی بَدْر الجمالی کے بنائے ہوئے قلعوں میں ۔ افریقیہ میں یہ تیسری صدی ھجری / نویں صدی عیسوی کی مذہبی اور عسکری عمارات میں استعمال ہوا اور ساتویں صدی ھجری / تیرھویں صدی عیسوی سے تعمیر کے تونسی ماہروں میں دوبارہ مقبول ہو گیا ۔ ہسپانیہ میں یہ اموی عمارتوں کی بنیادوں میں باقاعدہ استعمال ہوتا تھا، جہاں شامی اثرات نے مقامی روایت کو اور مستحکم بنا دیا تھا ۔ المغرب نے اسے چھٹی صدی ھجری / بارھویں صدی عیسوی میں المُوَحِّدون کی عمارات میں اختیار کر لیا .

جیسا کہ بوزنطی عہد میں ہوا کرتا تھا، روڑی کی بنی ہوئی دیواروں پر اکثر و بیشتر چوکور پتھر کا مہرا بنایا جاتا ہے ۔ کونوں کی بندش رومی بندشوں کی طرح بھاری اور ضخیم نہیں ہوتی ۔ اس میں بظاہر چوکوں اور ککر (headers) کے پتھروں کو ملا کر کام لیا گیا ہے ۔ اس ترکیب کی سنہ وار تاریخ کو Velazquez Bosco نے قرطبہ کے لیے کسی نہ کسی طرح متعیّن کر دیا ہے (Velazquez Bosco : *Medina Azzahra y Alamiriya*)، میڈرڈ ۱۹۱۲ء) (شکل ب، بٗ، بٗ) ۔ الموحدّون کے عہد کی بندش میں باری باری ایک موٹا اور ایک پتلا ردّا لگاتے تھے ۔ یہ طریقہ مراکش سے ہو کر تونس آیا ہے .

مذکورۂ بالا مسالوں میں ہمیں لکڑی کا اضافہ کرنا ہوگا ۔ شہتیروں کو کبھی کبھی دیواروں کے اندر عمود وار چن دیا جاتا ہے ۔ القیروان میں

marfat.com
Marfat.com

بھاری تختے گلدستوں کے اوپر مرغول (architraves) بناتے ہیں ۔ چھوٹے شہتیروں سے اندرونی چھتیں اور کبھی کبھی سردلیں بنائی گئی ہیں، مگر یہ طریق کار عمارت متعلقہ کی مضبوطی کے لیے خطرے سے خالی نہیں ہوتا.

دیواروں کو، جن کی ساخت کی طرف ابھی اشارہ کیا گیا، عموماً بازووں میں پشتوں کا سہارا دیا جاتا ہے ۔ قدیم عراقی طرز کے نصف استوانی پشتوں کا شام کے اموی حصاروں کی پتھر کی بیرونی فصیلوں میں اور سامرّا کی مساجد کی خشتی دیواروں میں اضافہ کر دیا جاتا تھا ۔ تونس کی بڑی مسجد (تیسری صدی ہجری / نویں صدی عیسوی) کے چاروں کونوں میں مدوّر پشتے لگے ہوے ہیں اور بظاہر ان کی اصل بھی یہی (عراقی) تھی ۔ علاوہ ازیں یہ بنو حمّاد (پانچویں صدی ہجری / گیارھویں صدی عیسوی تا چھٹی صدی ہجری / بارھویں صدی عیسوی) کے قلعے کی ایک عمارت میں پائے جاتے ہیں ۔ القَیروان کی بڑی مسجد میں بڑے اور بھاری مستطیل پشتے لگا دیے گئے تھے جن میں سے بعض کی تکمیل اصل عمارت کے بننے کے بعد ہوئی ۔ قرطبہ کی مسجد میں اسی قسم کے پشتے باقاعدہ فصل دے کر اس کی چار دیواری کے گرد بنائے گئے ہیں.

سہارا دینے والے تعمیری اجزا میں، جو بیشتر مساجد کے دالانوں میں پائے جاتے ہیں، ستونوں کا ذکر اولیّت کا مستحق ہے، جو ابتدائی صدیوں میں شام، مصر، افریقیہ اور ہسپانیہ جیسے خطوں میں قرب و جوار کی شکستہ عمارات سے لیے گئے ۔ جب ستونوں اور سر ستونوں کے یہ ذخیرے ختم ہو گئے تو مسلمان سنگتراشوں نے انھیں خود بنانا شروع کیا ۔ ستون عموماً اسطوانی ہیں اور بیچ میں سے پھولے ہوے نہیں ہوتے ۔ دسویں صدی ہجری / سولھویں صدی عیسوی میں اور اس کے بعد انھیں عموماً اطالیہ سے شمالی افریقہ میں درآمد کیا جاتا تھا.


ایسے بڑے کمرے میں جس کی چھت ستونوں پر قائم ہو دلنشیں اثر پیدا کرنے کی غرض سے محدود قامت کے مزید ستونوں کو اوپر نصب کرنے کی ضرورت پیش آئی تو سہاروں کو بھی لامحالہ زیادہ اونچا رکھا جانے لگا ۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ القَیروان کے معماروں نے مصر (مسجد عمرو بن العاص) ہی سے ستونوں کے بالائی اجزا کو جمانے کی ترکیب مستعار لی اور اسی طرح قدیم یونانی طرز کا گردنا، جس میں مرغول، پٹیاں اور کنگر کے ساتھ شہتیر کی وہ قینچی بھی شامل ہے جسے سرستون کے اوپر کُندے کے اندر جما دیتے تھے (شکل ج) ۔ مسجد قرطبہ کے ماہران تعمیر . . . نے محرابوں کی دو قطاریں اور بنا کے اس ساری چنائی کو، جسے ستون اٹھائے ہوے تھے، باہم مربوط کر دیا (شکل د).

رِباط میں حسّان کی الموحّدی مسجد (چھٹی صدی ہجری / بارھویں صدی عیسوی) ایک دوسرے کے اوپر رکھے ہوے ڈھولنوں (tambours) سے تشکیل کیے ہوے ستونوں کی ایک نادر مثال پیش کرتی ہے.

عمود یا پایہ، جو مربع، مستطیل، چلیپائی یا مخلوط ساخت کا ہو یا اس کے ستون‌نما بازو ہوں، ایرانی فن تعمیر میں عام مستعمل ہے ۔ چھٹی صدی ہجری / بارھویں صدی عیسوی سے وہ المغرب میں مسجد کے دالانوں کے ستونوں کی جگہ لے لیتا ہے ۔ تونسی مسجدوں میں ستون باقی رہتے ہیں ۔ یہ صورت گھروں کے اندرونی صحنوں میں بھی پائی جاتی ہے.

سیدھے سردل کے علاوہ، جو ایک ہی سل یا ایسے ترچھے محرابی پتھروں سے بنا ہوتا ہے جن پر ایک

marfat.com
Marfat.com




marfat.com
Marfat.com

سہارے کی ڈاٹ ہو (مصر و شام)، اب محرابوں کی شکلیں طرح طرح کی بننے لگیں (نصف کروی، نعل‌نما، ایرانی محراب سیدھے خط کے حصّوں کے ساتھ وغیرہ) ۔ یہ شکلیں تعمیری ضروریات کے تحت نہیں بنائی جاتیں بلکہ معمار کی من کی موج کے مطابق آرائش کا کام دیتی ہیں ۔ ان میں جو محرابی پتھر ہوتے ہیں وہ اکثر محض تزئین کا کام دیتے ہیں۔

اموی دور کے شام اور ہسپانیہ میں مساجد کے دالانوں کی چھت کے لیے — بلاشبہہ ہسپانیہ کی نقل میں— المغرب کے اسلامی ممالک لکڑی استعمال کرنے لگے تھے، جس کا تحفظ کھپریل کی بنی ہوئی زین پشت چھتوں سے کیا جاتا تھا ۔ مربع عمارتوں کی چھتیں شامیانے کی شکل کی ہوتی تھیں، یعنی چار ڈھلانوں کی ۔ مصر اور افریقیہ میں کھلی چھتیں رہنے دی گئیں اور الجزائر کے ساحلی شہروں میں رہنے والے الجزائر کے ترکی حکّام بھی انھیں ترجیح دیتے تھے ۔ مطلوبہ طول کے شہتیروں کی کمیابی کے باعث معماروں نے ان دیواروں کو جن پر شہتیر دھرے جاتے تھے آپس میں قریب قریب کر دیا اور مسقّف حصے (وسطی دالان، کمرے، وغیرہ) تنگ اور طویل تناسب کے بنانے لگے ۔ اسطوانی ڈاٹ یا چھوٹے چھوٹے گنبدوں کو قریب قریب بنانے کا رواج بھی اسی ضرورت کی بنا پر تھا ۔

ڈاٹ کی چھت اور گنبد کے مسئلے کو ساسانی اور بوزنطی روایات میں کئی طریقوں سے حل کیا گیا تھا، لیکن یہ ایرانی ذہانت تھی جس نے ان میں قابلِ لحاظ تغیّرات کا اضافہ کیا ۔

موزوں شہتیروں، بلکہ ان کی کمیابی کا محولۂ بالا مسئلہ، ڈاٹ کی چھتوں کے بنانے میں، چاہے نیم اسطوانی ہوں یا بیضوی، فیصلہ کن عنصر ہے ۔ پتھر کی محراب یا ڈاٹ کھڑی کرنے میں لکڑی کا ڈھانچہ درکار ہوتا ہے، جس پر محراب کے پتھر سلسلہ وار رکھے جاتے ہیں ۔ اینٹوں کے استعمال نے ان کے ہلکا ہونے اور اس حقیقت کی وجہ سے کہ انھیں آپس میں مسالے سے جوڑا جا سکتا ہے ایک اَور طریق کار کی گنجائش پیدا کر دی، جس سے اول‌الذکر طریقہ ناگزیر نہیں رہا ۔ یہ قوسی لداؤ کی چنائی تھی ۔ ساسانی فنِ تعمیر میں اس کا عام رواج ہے اور اس کا سب سے معقول استعمال ایران کے مختص نمونے ایوان میں ہوا ہے (اِیوان، جس کا اسلامی ایران میں پیہم رواج رہا ہے، تین دیواروں کا ایک کمرہ ہوتا ہے اور چوتھی جانب سے ایک ہموار عقبی دیوار والے بڑے طاق کی طرح کھلا رہتا ہے) ۔ معمار اینٹوں کی پہلی قطار کو عقبی دیوار پر چنتا ہے اور ان سے ڈاٹ کا خم بناتا جاتا ہے پھر دوسری قطار کو پہلی خشتی قطار کے ساتھ اور تیسری کو دوسری کے ساتھ جوڑتا جاتا ہے ۔ اس طرح قطار در قطار ڈاٹ یا قوسی چھت اس پورے رقبے پر پھیلا دی جاتی ہے جسے مسقّف کرنا ہوتا ہے (شکل و) ۔

اسطوانی شکل کی قوسی چھتوں کے علاوہ اسلامی فن تعمیر میں متقاطع محرابوں کا استعمال بھی ہوتا ہے ۔ . . . اس میں دو نصف اسطوانے ایک دوسرے کو زاویۂ قائمہ پر قطع کرتے ہیں (شکل ھ) اور ان سے بھی شاذ موقعوں پر سرنگ کی ڈاٹ (Cloister-arch vault) سے کام لیا گیا ہے، جس میں چاروں دیواریں ہی اوپر گولائی دے کر کمان کی شکل بن جاتی ہیں (شکل ز) ۔ اسے کبھی کبھی ڈاٹ کی چھت کے آخر میں سرا نمایاں کرنے کے لیے بناتے تھے ۔

رہا گنبد تو بوزنطی عہد میں اس کے جو عمدہ نمونے تیار ہوے وہی ترکی گنبدوں کے نقشِ اوّل تھے؛ لیکن عمارت کے اس ممتاز رکن کے بنانے میں تبدیلیاں کی گئیں، جن کے لیے یہ فن‌کار ایران

marfat.com

Marfat.com

کے مرہونِ منّت ہیں.

ایک نصف کروی یا ہشت پہلو لداؤ یا گنبد کو چوکور کرسی پر کیسے قائم کیا جائے ؟ اس مسئلے کو حل کرنے کی اصولی صورتیں دو ہیں: گوشوں میں مقرنس (pendentives) (شکل ح)، جن کا بوزنطی علاقوں میں عام رواج تھا (قبّ ایاصوفیہ، استانبول) یا پورے آثار کی قطری کمانیں (squinch)، جو زیادہ‌تر ایران سے مخصوص ہیں۔ یہ قطری کمان ایک ربع مدوّر، جس کی راسی محراب اُس چوکور کے گوشے سے جس پر اسے قائم کیا جاتا ہے آگے کو نکلی ہوئی ہوتی ہے، اپنی آرائشی شعاعی پنالیوں اور دندانےدار کنارے سے بعض اوقات سمندری سیپی کی سی خوش‌نمائی حاصل کر لیتی ہے (شکل ی)۔ دمشق اور قرطبہ کی جامع مسجدوں میں بھی یہ ایک چھوٹے سے طاق کی شکل اختیار کر لیتی ہے۔ شمالی افریقہ اور صقلیہ کا فن تعمیر پورے آثار کی ڈاٹ سے نصف متقاطع کمان کی صورت میں واقف تھا (یعنی جیسے ترچھا قطع کیا گیا ہو) (شکل ک)۔ آخر میں ایران نے خانہ نما طاقچوں کے طبق بر طبق بنانے کا طریقہ نکالا، جو غالباً قانب‌کاری (stalactites) کا مبدأ ہے (شکل ل).

اس حصّے کے اوپر جہاں مربعے اور دائرے ملتے ہیں اکثر و بیشتر ایک مدوّر حصّہ نمودار ہوتا ہے، جس میں روشنی آنے کے لیے کھڑکیاں بنی ہوتی ہیں اور اس کے اوپر اصلی گنبد قائم ہوتا ہے.

تعمیر کے ایرانی ماہروں نے ان سہولتوں سے جو اینٹ کے طفیل انھیں میسّر آئیں استفادہ کرتے ہوئے مختلف قسم کے گنبدوں کی تعمیر میں بڑی اپج دکھائی۔ انھیں میں وہ قوس‌دار (ribbed) گنبد ہے جس کی ہنکی قوسیں مسقّف کیے جانے والی جگہ کے اوپر ایک دوسری کو قطع کرتی ہیں اور جن کے بیچ بیچ کے خلاؤں کو جوابی قوسوں سے پر کر دیا جاتا ہے۔ اس طرز کا گنبد، جو عہدِ ساسانی سے معروف تھا (گودار A. Godard : *Voûtes iraniennes*، در آثارِ ایران، ۱۹۴۹ء)، ایران سے ہسپانیہ آیا (تیسری صدی ہجری / نویں صدی عیسوی)، پھر قرطبہ اور طلیطلہ سے یہ چھٹی صدی ہجری / بارھویں صدی عیسوی میں المغرب میں، اور تقریباً اسی زمانے میں سارے جنوب مغربی فرانس میں معروف ہو گیا (نیز رکّ بہ فن تعمیر).

(G. MARÇAIS)

* **بَنَات** : ہنگری کا ایک سرحدی صوبہ، جس کا یہ نام صرف Peace of Passarowitz (۱۷۱۸ء) کے نام پر پڑا، حالانکہ اس پر کسی بن Ban کی کبھی حکومت قائم نہیں ہوئی۔ اس کا زیادہ صحیح نام تمسر بنات Temesar Banāt ہے: یہ شہر تمسوار Temesvār کے نام پر رکھا گیا ہے، جو ۱۵۵۲ سے ۱۷۱۶ء تک ترکی حکومت کے زیرنگیں رہا.

(ادارہ [؟])

* **بَنَات النعش** : رکّ بہ علمِ نجوم؛ [نیز نذیر احمد (شمس العلما)].

* **بَنَارس** : جو کاشی بھی کہلاتا ہے۔ اس کا نام دو چھوٹی چھوٹی برساتی ندیوں ورونہ Varūna اور آسی Āssi سے لیا گیا ہے، جو اس شہر کے شمالی اور جنوبی حصّوں میں بہتی ہوئی گزرتی ہیں۔ گنگ کے بائیں کنارے پر واقع یہ قدیم شہر، جس کی بنیاد کہا جاتا ہے کہ سہوترا Suhottra کے بیٹے کاشیا Kāshyā نے ۱۲۰۰ قبل مسیح میں رکھی تھی، ہندو مذہب کا مرکز ہے اور بدھ بھی اس کی تعظیم کرتے ہیں۔ اس کی آبادی ۱۹۰۱ء میں تین لاکھ اکتالیس ہزار آٹھ سو گیارہ تھی.

بنارس پر معزّالدّین محمّد بن سام نے ۵۹۰ھ/

marfat.com

Marfat.com

۱۱۹۳ء میں قبضہ کیا - ۷۵۷ھ/۱۳۵۶ء میں فیروز شاہ تغلق نے بنگال کے سفر سے واپس آتے وقت فرمانروائے بنارس سے جنگ کی اور اسے اپنی اطاعت پر مجبور کر دیا - ۷۹۵ھ/۱۳۹۳ء میں اس شہر اور اس کے پرگنے کو محمد [تغلق ثالث] بن [فیروز] تغلق نے اپنے وزیر خواجۂ جہاں کے سپرد کر دیا - ۹۳۶ھ/۱۵۲۹ء میں اس پر بابر نے قبضہ کیا - اکبر کے عہد سلطنت میں راجہ جے سنگھ سوائی نے وہاں کئی مندر بنائے اور ایک رصدگاہ [جنتر منتر] تعمیر کی - یہ رصدگاہ آج کل کھنڈر ہو چکی ہے - شاهجہان نے اپنے سب سے بڑے بیٹے دارا شکوہ کو اس شہر کا حاکم مقرر کیا - یہاں اس کے ہندو برهمنوں سے قریبی تعلقات قائم ہوئے اور اس نے ہندو علوم سے واقفیت حاصل کی - اورنگ زیب نے اس بات سے ناراض ہو کر کہ مسلم طلبہ کو بھی برهمن [اپنی] تعلیم دیں، شہر کے بعض مدرسوں کو اس لیے بند کرنے کا حکم دے دیا کہ وہ ایک پُر خطر سازش کے مرکز بن گئے تھے - اس نے شہر کا نام بھی بدل کر محمد آباد رکھ دیا، جو ان سکوں پر موجود ہے جو وہاں ضرب کیے گئے - محمد شاہ (۱۱۳۲ھ/۱۷۱۹ء تا ۱۱۶۲ھ/۱۷۴۸ء) نے پرگنہ بنارس ایک راجپوت زمیندار منسا رام کو عطا کر دیا تھا، جس کا بیٹا بلونت سنگھ بکسر کی لڑائی (۱۷۶۴ء) میں انگریزوں کے ساتھ مل گیا اور اس کے بعد وہ اودھ کے نواب سے خود مختار ہو گیا - ۱۱۸۹ھ/۱۷۷۵ء میں بنارس انگریزوں کے حوالے کر دیا گیا - [قیام پاکستان کے بعد اب یہ ہندوستان (= بھارت) کے صوبۂ اتر پردیش میں شامل ہے]۔

ہندوستان کا صوفی شاعر کبیر اسی شہر کے ایک جلاہے کے گھرانے کا فرد تھا - فارسی شاعر علی حزیں [اس شہر کا بہت گرویدہ تھا] اور اس کا مقبرہ بھی یہیں ہے - [وہ عرصے تک اسی شہر میں مقیم رہا - وہ اس کی تعریف میں کہتا ہے:

از بنارس نروم معبد عام است اینجا
هر برهمن پسرے لچھمن و رام است اینجا].

مشہور اردو ڈراما نگار آغا حشر کی جائے پیدائش بھی یہی شہر ہے - بنارس اپنے ریشمی کپڑوں اور کارچوبی کام کی بدولت مشہور ہے، جس کو مسلمان جلاہے تیار کرتے ہیں - اردو شاعری میں ''صبح بنارس'' بھی ''شام اودھ'' کی طرح ضرب المثل ہو گئی ہے۔

**مآخذ:** (۱) بابر نامہ (انگریزی ترجمہ از A. S. Beveridge)، ص ۵۰۲، ۶۵۲ تا ۶۵۴، ۶۵۷؛ (۲) M. A. Sherring: *The Sacred City of the Hindus*، لنڈن ۱۸۶۸ء؛ (۳) E. B. Havell: *Benares*، کلکتہ ۱۹۰۵ء؛ (۴) *Imp. Gaz. of Ind.*، بذیل مادۂ بنارس؛ (۵) *Benares Gazetteer*، الہ آباد ۱۹۰۹ء؛ (۶) غلام حسین خان: تاریخ زمینداران بنارس (مخطوطہ بانکی پور)؛ (۷) خیرالدین محمد: تحفۂ تازہ (انگریزی ترجمہ)، الہ آباد ۱۸۷۵ء؛ (۸) Storey، ۱/۲: ۸۸۵، ۱۳۲۲؛ (۹) مآثر عالمگیری (*Bib. Ind.*)، بمدد اشاریہ؛ (۱۰) صفات نصیری، [illegible] عبدالحی حبیبی، کوئٹہ ۱۹۴۹ء، [illegible]؛ (۱۱) A. D. Frederickson: *Ad Orientam*، لنڈن ۱۸۸۹ء، ص ۸۰ تا ۹۰؛ (۱۲) سرفراز خان خٹک: شیخ محمد علی حزیں، لاہور ۱۹۴۴ء، ص [illegible]؛ بمواضع کثیرہ؛ (۱۳) غلام حسین آفاق: تذکرۂ حزیں، لکھنؤ (بلا تاریخ)، بمواضع کثیرہ؛ (۱۴) [illegible]: تاریخ بنارس، بنارس [illegible]؛ (۱۵) [illegible]: معجم الامکنہ، [illegible]؛ (۱۶) *History of the Freedom Movement*، [illegible] کراچی [illegible]، بمدد اشاریہ؛ (۱۷) [illegible] محمد رفیع رضوی: تاریخ بنارس، لاہور [illegible]؛ (۱۸) [illegible] محمد [illegible] فارسی [illegible] مخصوصہ: محمد [illegible] اردو ترجمہ، در معارف اعظم گڑھ، [illegible] (اکتوبر - نومبر ۱۹۵۵ء)؛ (۱۹) [illegible]

Marfat.com

*Narrative of the Insurrection at Benares*، لنڈن ۱۸۵۵ء.

(بزمی انصاری)

**بناکَت:** زیادہ صحیح شکل بِناکَث یا پِناکَث (کذا در المقدّسی، ص ۲۷۷، سطر ۱؛ سُغدی میں: بِنیکَث یا بُنییکَث، بمعنی مرکزی شہر، صدر مقام)، لیکن جوینی، ۱: ۷۴، میں فَناکَ(ن)تْ؛ ایک چھوٹا سا شہر، جو دائیں سمت سے آنے والے دریاے اِلَک (موجودہ آهنگران یا آنگرن) اور دریاے جیحون (Jaxartes) (ایرانی نام: خَشَنت، قب حدود العالم، ص ۱۱۸، نیز وهی کتاب، ص ۲۷، جہاں اسے اُوزگند لکھا ہے) کے سنگم پر واقع ہے۔ اس کا محلِّ وقوع تاشکنت [رک بآں] (چاچ یا شاش) کے تقریباً جنوب مشرق میں ہے۔ کسی زمانے میں یہ ایک پُر رونق مقام تھا (حدود العالم، ص ۱۱۸)، اگرچہ اس کے گرد کوئی فصیل نہیں تھی اور اس کی مسجد بازار میں واقع تھی (المقدّسی، ص ۲۷۷، قب نیز الخوارزمی، در C. A. Nallino: *al Ḫuwārizmī e il suo rifacimento della geografia di Tolomeo*، روم ۱۸۹۵ء، ص ۳۶؛ یاقوت، ۱: ۷۴۰)۔ اس شہر کو ۶۱۶ھ/۱۲۱۹ء میں ایک مغول لشکر نے فتح کیا، جو مآخذ کی بنا پر پانچ ہزار سپاهیوں پر مشتمل اور اُلغ نُیون اور سُوکتور کے زیر کمان تھا۔ شہر کے باشندے یا تو قتل کر دیے گئے یا آئندہ مہموں میں حملہ آور دستوں کے طور پر استعمال کرنے کے لیے انہیں اپنے همراہ لے گئے۔ شہر کی عمارتوں کو تباہ کر دینے کا کوئی تذکرہ نہیں ملتا (جوینی، ۱: ۷۰ تا ۷۴؛ میر خواند، طبع Jaubert، ص ۱۳۰).

یه امر واضح ہے کہ بعد کی صدیوں کے دوران میں بناکت زوال پذیر رها، کیونکہ ۷۹۴ھ/ ۱۳۹۱ - ۱۳۹۲ء میں تیمور نے اسے از سر نو تعمیر کیا اور اس کا نام اپنے بیٹے کے نام پر شاہرخیه رکھا (شرف الدین علی یزدی: ظفرنامه، طبع اله داد، کلکته ۱۸۸۵ تا ۱۸۸۸ء، ۲: ۶۳۶)۔ پندرهویں اور سترهویں صدی کے دوران میں اسی مقام کا ذکر ایک مستحکم قلعے کے طور پر ملتا ہے، لیکن بعد ازاں وہ پھر زوال پذیر ہو گیا۔ اس کے کھنڈر (جو اب شرقیّه کے نام سے مشہور ہیں) اب بھی موجود ہیں اور ۱۸۷۶ء میں پہلی بار ایک روسی مہم نے ان کی جانچ پڑتال کی.

**مآخذ:** (۱) Barthold: *Turkestan*، ص ۱۶۹؛ (۲) Le Strange، ص ۴۸۲ (جس میں شہر کی تعمیرِ نو کے متعلق غلط تاریخ درج ہے)؛ (۳) B. Spuler: *Die Mongolen in Iran*، بار دوم، برلن ۱۹۵۵ء، ص ۲۸، ۴۱۷ ببعد؛ اصل نام کے متعلق قب (۴) J. Markwart: *Wehrōt und Arang*، لائڈن ۱۹۳۸ء، ص ۱۶۲ تا ۱۶۳، حاشیه و (۵) V. Minorsky، در *BSOAS*، ۱۷/۲ (۱۹۵۵ء): ۲۶۲.

(B. SPULER)

**بَناکِتی:** (تلفظ کے لیے دیکھیے سابقه مقاله)، فخرالدین ابوسلیمان داؤد ابن ابی الفضل محمد، ایک ایرانی شاعر اور مؤرّخ (م ۷۳۰ھ/ ۱۳۲۹ - ۱۳۳۰ء)۔ اس کے اپنے بیان کے مطابق ۷۰۱ھ/ ۱۳۰۱ - ۱۳۰۲ء میں ایران کے مغول بادشاہ غازان خان نے اسے ملک الشعراء کا خطاب دیا تھا۔ دولت شاہ (تذکرہ، طبع براؤن، ص ۲۲۷) نے اس کا ایک قصیدہ نقل کیا ہے۔ اس کی تاریخی تصنیف موسوم به رَوضَةُ اُولِی الاَلبابِ فِی تَوارِیخِ الاَکابِرِ والاَنساب، ۷۱۷ھ/۱۳۱۷ - ۱۳۱۸ء میں ایلخان ابوسعید کے عہد میں لکھی گئی۔ اس کے دیباچے میں تاریخ تحریر ۲۵ شوال ۷۱۷ھ (۳۱ دسمبر ۱۳۱۷ء) لکھی ہوئی ہے۔ قریب کے سالوں کے واقعات پر چند مختصر ملاحظات کے علاوہ یه کتاب رشید الدین کی جامع التّواریخ کا خلاصه ہے، اگرچه بعض مضامین کی ترتیب مختلف ہے۔ براؤن E. G. Browne (۳: ۱۰۱)

Marfat.com

کی رائے ہے کہ کتاب کے نصف آخر کے مطالعے سے نہ صرف تاریخ کے متعلق مصنف کے وسیع تر تصور کا پتا چلتا ہے (غالباً رشید الدین کے اثر کے تحت) بلکہ اس سے غیر مسلموں کے معاملے میں حقیقی تحمل اور رواداری کی روح بھی جھلکتی ہے۔ ان کے متعلق اس کا علم بھی صحیح ہے، جو بلاشبہہ اس بات کا نتیجہ معلوم ہوتا ہے کہ مصنف ایلخان کے دربار میں ایک معزز عہدے دار تھا۔ بلوشہ Blochet (Introduction à l'Historie des Mongols...، سلسلۂ یادگارِ گب، ۱۲ : ۹۸) کو اس بات پر اصرار معلوم ہوتا ہے کہ جامع التواریخ کے چینی مآخذ کا حوالہ صرف بناکتی ہی نے دیا ہے، رشید الدین نے نہیں دیا؛ لیکن رشید الدین کی کتاب کا متن جس میں ان مآخذ کا ذکر موجود ہے روزن V. Rosen ۱۸۸۶ء میں چھپوا چکا تھا (Collections Scientifiques de l'Institut des langues orient. du Ministère des Aff. Étrang; iii MSS. persans، سینٹ پیٹرزبرگ ۱۸۸۶ء، ص ۱۰۶ تا ۱۰۷).

روضة ۹ حصوں میں منقسم ہے : (۱) انبیا اور بزرگ؛ (۲) قدیم شاہان ایران؛ (۳) حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلّم اور خلفا؛ (۴) خلفاے عباسیہ کے ہمعصر ایران کے شاہی خاندان؛ (۵) یہود؛ (۶) عیسائی اور فرنگی؛ (۷) ہندوستانی؛ (۸) چینی؛ (۹) مغول۔ آٹھواں حصہ (چین) ۱۶۷۷ء میں برلن سے (اور بعد ازاں جینا Jena ۱۶۷۹ء) A. Müller نے فارسی اور لاطینی میں شائع کیا، اور اس کا نام غلطی سے Abdullae Beidawaei Historia Sinensis رکھا (بعد ازاں S. Weston نے اس کا انگریزی میں ترجمہ کیا اور اس کا نام A Chinese Chronicle by Abdullah of Beyza رکھا، لندن ۱۸۲۰ء)، لیکن Quatermère نے یہ ثابت کیا ہے کہ یہ بناکتی کی کتاب روضة کا حصہ ہے۔

**مآخذ** : (۱) Quatermère : *Histoire des Mongols de la Perse . . . Par Rashid al-Din*، پیرس ۱۸۳۶ء، ص LXXXVI, LXXXV و ۳۲۵؛ (۲) H. M. Elliot : *The History of India as told by its own Historians*، ۳ : ۵۵ ببعد؛ (۳) Rieu : *Cat. Pers. MSS.*، ۱ : ۷۹ ببعد؛ دیگر حوالے، در (۴) Storey : حصہ ۲/کراسہ ۱: ص ۸۰ تا ۸۱۔

(H. Massé و W. Barthold)

**بَنالُوقہ** : (Banjaluka، متبادل املا : بانہلوقہ Banja Luka)، یوگوسلاویا میں بوسنہ Bosnia کے شمال مشرقی حصے میں ایک شہر، جو دریاے ورباس Vrbas کے دونوں کناروں پر واقع ہے اور اس ضلع میں ثقافت اور تجارت کا اچھا خاصا اہم مرکز ہے۔ ۱۸۷۶ء سے ایک ریلوے لائن یہاں سے گزرتی ہے۔ [۱۹۵۶ء میں اس کی آبادی ۳۲۲۳۳ تھی]، جس میں سے تقریباً ایک تہائی مسلم تھے (۱۹۴۸ء میں باشندوں کی تعداد ۳۱۲۲۳ تھی، جن میں سے ۹۹۵۱ کی کوئی مخصوص قومیت نہ تھی، یعنی سربو۔ کروٹ Serbo - Croat زبان بولنے والے مسلم، جو اپنے آپ کو نہ سرب کہتے تھے نہ کروٹ)۔ اس حصے کو چھوڑ کر جو Novoselija کہلاتا ہے اور جو بارھویں صدی ہجری / اٹھارویں صدی عیسوی میں آباد ہوا، نیز ان حصوں سے قطع نظر کر کے جو زیادہ قریب کے زمانے کی پیداوار ہیں (یعنی Varoš اور Predgradje)، اس شہر کے دو حصے ہیں : بالائی شہر (Gornji Šeher)، جس میں ایک بستی یا آبادی ترکوں کی فتح سے پہلے پائی جاتی تھی (۱۵۲۷ یا ۱۵۲۸ء) اور ایک زیریں شہر (Donji Šeher)، جو دسویں صدی ہجری/سولھویں صدی عیسوی کے نصف آخر میں تعمیر کیا گیا۔ ان دونوں حصوں میں حکومت عثمانی کے بقیہ آثار

Marfat.com

پائی جاتی ہیں۔ شہر کی ستائیس مسجدوں میں سے دو کا خصوصیت کے ساتھ ذکر ہونا چاہیے: ان میں سے ایک وہ ہے، جو ترکوں کی فتح کے فوراً بعد بنائی گئی، بالائی شہر میں ہے اور مسجد سلطانی (خنکاریہ Hunkarija یا چریوہ جامعی Carova džamija) کہلاتی ہے۔ بعد کے زمانے میں اس کی تین بار مرمت ہو چکی ہے (اس کی جو عمارت اس وقت موجود ہے اسے ۱۵۲۳ - ۱۵۲۵ء کی تعمیر شدہ بتایا جاتا ہے)۔ [illegible] سب سے خوبصورت مسجد فرہادیہ جامعی Ferhadija džamija ۱۵۷۹ء میں فرہاد صوقللی Ferhad Sokolovic نے تعمیر کی جو اس وقت بوسنہ کا گورنر تھا۔ بالائی شہر کے محلوں گورنجی تابہجی Gornji Tabaci [بالائی محلۂ چرم گران] اور دونجی تابہجی Donji Tabaci [زیریں محلۂ چرم گران] میں زیادہ تر چمڑا رنگنے کا کام ہوتا تھا اور یہ پیشہ دسویں صدی ہجری / سولھویں صدی عیسوی اور گیارھویں صدی ہجری / سترھویں صدی عیسوی میں [illegible] شہروں میں عام تھا۔ زیریں شہر میں دریائے Vrbas کے کناروں پر ایک قلعہ (Kaštel) ہے، [illegible] (۱۵۹۵ء تا ۱۶۰۳ء) میں شہر [illegible] سے تعمیر ہوا تھا۔

[illegible] چلبی کے ہاں [illegible] بنالوقہ کا پہلا حصہ [illegible] Banya (= حمام) [illegible] ہے [illegible] گرم چشمے ہیں۔ [illegible] گورنر [illegible] ہنگری [illegible] [illegible] [illegible] ترک [illegible] ہنگری [illegible] [illegible]:

گوردی نبائل سرو سر فراز نیزہ کی
سرکشلک آوین آتشی پرداخی بانفری

۱۰۶۳ء میں جب حکومت بوسنہ پر زوال آ گیا تو ہنگری نے Jajce کا سارا علاقہ لے لیا۔ خیال غالب یہ ہے کہ بنالوقہ اسی زمانے میں تعمیر ہوا (اس کا ذکر سب سے پہلے ۱۴۹۴ء میں دیکھنے میں آتا ہے) تاکہ اس سے نو تعمیر [شہر] Jajce-Banates کے قلعے کا کام لیا جائے۔ Jajce کے زوال پذیر ہوتے ہی ترکوں نے فوراً بنالوقہ پر قبضہ کر لیا (۱۵۲۷ء یا ۱۵۲۸ء میں)۔ ترکی حکومت میں شامل ہو کر بنالوقہ کی اہمیت بڑھ گئی، خصوصاً جب کہ دسویں صدی ہجری/ سولھویں صدی عیسوی میں بوسنہ کے سنجاق کے گورنر کی قیام‌گاہ سراجیوو Sarajevo سے بنالوقہ منتقل کر دی گئی۔ اس شہر کی جلد ترقی بہت کچھ ان ابتدائی گورنروں کی لیاقت اور فضیلت پر موقوف تھی جنھوں نے یہاں سکونت اختیار کی، خصوصاً فرہاد صوقللی، جو وزیر اعظم محمد پاشا صوقللی (سوکولووچ Sokolovic) کا چچازاد بھائی تھا۔ فرہاد صوقللی ۱۵۷۴ء سے بوسنہ کا گورنر رہا اور ۱۵۸۰ء میں بوسنہ کی نوساختہ پاشالک کا بیگلربیگ ہو گیا۔ بنالوقہ برابر بوسنہ کے بیگلربیگ کی قیام‌گاہ رہا، یہاں تک کہ ۱۶۳۸ء میں وہ سراجیوو میں منتقل ہو گئی۔

۱۶۶۰ء میں اولیا چلبی بنالوقہ پہنچا۔ اس وقت یہ ایک رونق‌پذیر شہر تھا، جس میں دو قلعے، پینتالیس محلے، پینتالیس مسجدیں، متعدد مدرسے اور حمام تھے۔ اس میں تین سو دکانیں اور ایک بزستان [مسقف بازار] تھا۔ اس زمانے میں خود شہر میں گھروں کی تعداد سینتیس ہزار تھی، وزیر بوسنہ کے قائم مقام کی یہیں سکونت تھی۔

[illegible] ء میں [illegible] کو آسٹریا والوں نے

مارگریو آو باڈن Margrave of Baden کی زیرِ قیادت کچھ مدت کے لیے فتح کر لیا اور لوٹتے وقت انھوں نے شہر کا کچھ حصہ جلا بھی دیا - ۱۷۳۷ء کی جنگ کے دوران میں ہلڈبرگھاسن Hildburghausen کے شہزادے نے بنالوقه کا محاصرہ کر لیا - ۴ اگست کی فتح کے بعد بوسنه کے وزیر علی پاشا حکیم اوغلو نے اسے اس سے چھڑا لیا - اس لڑائی کا حال نووی Novi کے عمر افندی نے بیان کیا ہے (Babinger، ص ۲۷۶ تا ۲۷۷) - اس وقت سے بنالوقه کم و بیش بلا کسی رکاوٹ کے ترقی کرتا چلا آ رہا ہے - ۱۸۵۱ء میں بنالوقه میں سینتیس محلے تھے اور گیارہ سو چھبیس گھر ٹیکس لگائے جانے کے قابل تھے - اس وقت سے لے کر یه بوسنه کی چھے سنجاقوں میں سے ایک سنجاق (ضلع) رہا ہے.

۱۸۷۸ء میں جب آسٹریا نے بوسنه پر قبضه کیا تو بنالوقه نے (بلا مقاومت) ۳۱ جولائی ھی کو اطاعت قبول کر لی تھی اس کے باوجود ۱۴ اگست کو بوسنه کے مسلمانوں سے ایک جنگ ہوئی - یه شہر ۱۹۱۸ء تک آسٹریا والوں کے زیرِ حکومت رہا - اس کے بعد وہ یوگوسلاویا کا ایک حصه ہو گیا.

**مآخذ** : (۱) H. Kreševljaković : *Stari Bosanski gradovi* (قدیم بوسنه کے قلعے)، در *Naše Starine I*، سراجیوو ۱۹۵۳ء، ص ۲۶ تا ۲۷؛ (۲) A. Bejtić : *Banja Luka pod turskom vlašću* (بنالوقه ترکی حکومت میں)، در *Naše Starine I*، سراجیوو ۱۹۵۳ء، ص ۹۱ تا ۱۱۶؛ (۳) مقاله بنالوقه در *Enciklopedija Jugoslavije I*، Zagreb ۱۹۵۶ء (جغرافیے کا حصه از S. Šiniković اور تاریخی حصه از H. Kreševljaković).

(B. DJURDJEV)

• **بَناوَنت** : (الاِدریسی میں ب ن ب ن ت؛ بنوِنتو Benevento؛ [اٹلی کا ایک شہر اور اسی نام کے صوبے کا دارالحکومت، جہاں بہت سے رومن آثار باقی ہیں]) - یه شہر مسلمانوں کے قبضے میں ایک دن کے لیے بھی نہیں آیا، جیسے که باری Bari اور تارنتو Taranto آ گئے تھے - بایں همه تیسری صدی ہجری/ نویں صدی عیسوی اور چوتھی صدی ہجری/ دسویں صدی عیسوی میں مسلمان اس شہر اور اس نام کی ریاست کی تاریخ میں دخیل ہوتے رہے اور بارہا اس کے والیانِ ریاست کی خاندانی آویزشوں میں کبھی دشمن کی اور کبھی حلیف کی حیثیت سے شریک ہوئے، نیز اس کے ساتھ ھی اکثر اس علاقے کو تاراج اور خوفزدہ بھی کرتے رہے - وہ زمانه جس کی بابت ہمیں لاطینی مآخذ کی بدولت بہترین معلومات حاصل ہیں تیسری صدی ہجری/ نویں صدی عیسوی کا وسطی زمانه ہے (عربی مآخذ اس بارے میں یا تو خاموش ہیں یا بہت ھی مبہم اطلاعات دیتے ہیں) - ہمیں معلوم ہے که ۲۲۸ھ/ ۸۴۲ - ۸۴۳ء میں ایک مسلم عرب امیر ابو جعفر (Apolaffar یا Apoiaffar)، جو تارنتو سے آیا تھا، یہاں کے رئیس Siconulph کا اس کے حریف Radelchis کے مقابلے میں حلیف ہو گیا، لیکن انجام کار اس کی Siconulph سے ناچاقی ہو گئی اور وہ بناونت کی مدافعت کرتے ہوئے مارا گیا - ۲۳۷ھ/ ۸۵۱ء میں کوئی شخص ابو معشر (Massar) عربوں کے ایک دستے کے ساتھ اسی Radelchis کا حلیف ہو گیا - آگے چل کر ابو معشر Massar کو Radelchis ھی نے دغابازی سے گرفتار کر لیا اور اسے مع اس کے اہل و عیال کے قتل کرا دیا - کچھ سال بعد بناونت کو باری کے امیر سُوڈان کی طرف سے دوبارہ خطرہ لاحق ہوا - صرف چوتھی صدی ہجری/ دسویں صدی عیسوی میں مسلمانوں کی طرف سے خطرہ گھٹنا شروع ہوا اور پانچویں صدی ہجری/ گیارھویں صدی عیسوی میں جب نارمنوں نے صقلیه کو فتح کر لیا تو بالکل ختم

Marfat.com

ہو گیا ۔ الادریسی کے کہنے کے مطابق بناونت شہر بہت ھی قدیم (ازلیة) تھا اور اس کی بڑی آبادی تھی ۔

مآخذ : (۱) Storia dei Musulmani : M. Amari، di Sicilia Catania، بار دوم ۱۹۳۳ء، ۱ : ۵۰۲ تا ۵۰۳، ۵۰۹ تا ۵۱۱؛ (۲) الادریسی، طبع Amari و Schiaparelli (L'Italia nel libro del Re Ruggero، روم ۱۸۸۳ء)، ص ۸۲ ۔

(F. Gabreili)

* **بِن باشی** : (یک ہزاری یا ایک ہزار سپاہیوں کا سردار)، ایک ترکی عسکری منصب ۔ یہ لفظ مغربی ترکوں میں قدیم زمانے سے نظر آتا ہے اور اس عسکری تنظیم نو کے سلسلے میں بھی استعمال کیا جاتا تھا جو کہا جاتا ہے کہ اورخان [رک باں] نے ۷۲۹ھ/ ۱۳۲۸ - ۱۳۲۹ء میں کی تھی (مثلاً سعد الدین : تاج التواریخ، ۱ : ۴۰، ''ان کے لیے اون باشی، یوز باشی، بن باشی مقرر کیے گئے . . . . '') ۔ بن [= بنگ] باشی کی شکل میں یہ اصطلاح مشرقی ترکوں میں بھی ملتی ہے اور مثال کے طور پر، ایران میں صفوی فوج کے ایک منصب کے لیے استعمال ہوئی ہے (تذکرۃ الملوک، طبع منورسکی Minorsky، لنڈن ۱۹۴۳ء، ص ۳۶، ۴۷، ۱۵۵) ۔ منگ بیگی کا لقب انھیں سے مماثل معنوں میں بابرنامہ میں بھی آیا ہے، تاہم ایسا معلوم ہوتا ہے کہ بن باشی کی اصطلاح عہد قدیم کی باقاعدہ ترکی افواج میں زیادہ مستعمل نہ تھی؛ لیکن اٹھارھویں صدی عیسوی میں یہ دوبارہ نظر آتی ہے، یعنی ''میری عسکریوں'' کی جو سوار و پیادہ فوج نئی تیار کی گئی تھی اور جس کی تنخواہ خزانے سے دی جاتی تھی، اس کے سرداروں کو یہی خطاب دیا گیا تھا ۔ ۱۷۶۹ء کی لڑائی میں میری عسکریوں کی ستانوے رجمنٹیں [طابوریا آلای] بن چکی تھیں اور ہر رجمنٹ کی کمان ایک بن باشی کرتا تھا ۔ زمانۂ جنگ میں اس کی تنخواہ دو ہزار قرش (Piastre) تھی اور اس کے علاوہ اپنے سپاھیوں کی تنخواہ کا ایک عُشر بھی اسے ملتا تھا (Tableau Généràl de l'Empire Othoman : D'Ohsson، پیرس ۱۸۲۴ء، ۷ : ۳۸۱ تا ۳۸۲؛ قَبَ رسمی افندی : خلاصة الاعتبار، استانبول ۱۲۸۶ء، ص ۱۲ بعد) ۔ اٹھارھویں صدی عیسوی کے اختتام سے (جودت : تاریخ، ۶ : ۳۶۷) بن باشی مغربی طرز کی نئی افواج میں ایک پلٹن کے کمانڈر کا باقاعدہ عہدہ بن گیا ۔ عبدالعزیز کی تخت نشینی کے بعد بن باشی کی تنخواہ ایک ہزار پانچ سو قرش ماہوار یا چار ہزار ایک سو چالیس فرانک سالانہ مقرر ہوئی (Lettres sur la Turquie : Ubicini، شمارہ ۱۹) ۔ مصر میں بن باشی کا لقب، دوسری ترکی مصطلحات اور منصوبوں کے نام کے ساتھ محمد علی پاشا کی فوج میں استعمال ہوتا تھا اور بعد کی حکومتوں میں بھی اس کا استعمال جاری رہا ۔ بلاد عرب میں اس کا تلفظ بعض اوقات بکباشی کیا جاتا ہے، قیاساً ترکی صاغرنون (نون غنه = ک) کو غلط پڑھنے کی وجہ سے ۔

(B. Lewis)

**بَنْبَلُونه** : (Pampeluna؛ ہسپانوی : Pamplona) شمالی اندلس میں ایک شہر جو صوبۂ نبرہ Navarre کا صدر مقام ہے، اس کی موجودہ آبادی تقریباً اسّی ہزار ہے ۔ کسی عرب جغرافیہ نگار نے متاخر قرون وسطٰی میں بنبلونه کا کوئی صحیح حال نہیں لکھا ۔ روض المعطار میں، جس میں اسے سب سے زیادہ جگہ دی گئی ہے، اس شہر کو Basques (Vascones، عربی : بَشْکُنْش) [رک باں] کے ملک کا دارالسلطنت بتایا گیا ہے [کیونکہ پہلے یہ اسی علاقے میں شمار ہوتا تھا] ۔ یہ نوگ [؟] [لڑی] قبائل کا ایک گروہ تھے جو سمندر سے قریب جبل البرانس

marfat.com
Marfat.com

کی جنوبی ڈھلانوں اور مغربی سرے پر آباد تھے۔ مغرب میں ان کے علاقے کی سرحد اس خطے سے ملحق تھی جو الاَلْبة و القِلاع [رکّ بآں]، یعنی Alava اور قلعوں (Castles) کا علاقہ (قشتالیهٔ قدیم یا old Castille) کہلاتا تھا۔ مشرق میں یہ ان پہاڑی علاقوں تک پہنچتا تھا جہاں Gascons (عربی: جلاشکیون) آباد تھے اور ان کے ساتھ Cerretania یا Cerdagne کے لوگ۔ بنبلونه پر ۱۲۱ھ/ ۷۳۹ء میں گورنر عُقْبه بن الحجّاج نے قبضہ کر لیا؛ اس نے قرطبه کے خلاف بغاوت کی اور ۱۶۱ھ/ ۷۷۸ء میں شارلمان کی مہم کے دوران میں اس پر افرنجی (Franks) قابض ہو گئے۔ کئی سال تک یہ افرنجی جلاشکیوں کے زیر نگین رہا اور ۸۲۰ء کے بعد سے ایک آزاد ریاست کا دارالحکومت بن گیا جو انیگو Iñigo ثانی کے تصرّف میں تھی جس کا موسی بن موسی سے قریبی تعلق تھا کیونکہ وہ اس کا ماموں بھی تھا اور خسر بھی۔ ۲۲۷ھ/ ۸۴۲ء میں عبدالرحمٰن ثانی اموی فوجوں کو بنبلونه تک لے گیا اور اسے تاخت و تاراج کیا گیا۔ ۲۴۵ھ/ ۸۵۹ء میں سکنڈے نیویا کے بحری ڈاکو، یعنی Norsemen، بنبلونه تک جا پہنچے اور یہاں کے بادشاہ García Iñiguez کو قید کر لیا۔ اپنی نبره کی مہم کے دوران میں عبدالرحمٰن ثالث نے ۳۱۲ھ/ ۹۲۴ء میں اس شہر پر کچھ عرصے کے لیے قبضہ کر لیا اور اسے مسمار کر دیا۔ مسلم افواج نے ۳۲۲ھ/ ۹۳۴ء اور پھر حاجب المنصور العامری [رکّ بآں] اور حاجب المظفر العامری کے عہدِ آمریت میں بنبلونه کے خلاف حملے کیے۔

**مآخذ:** (۱) الادریسی، طبع و ہسپانوی ترجمہ از Saavedra: *La España de Edrisi*، ص ۵۹ تا ۷۳؛ (۲) ابوالفدا: تقویم البُلْدان، طبع Reinaud و de Slane، ۲: ۱۸۰/ ۲۵۹ تا ۲۶۰؛ (۳) ابن عبدالمُنْعم الحِمْیَری: الرَّوْض المِعْطار، اندلس، عدد ۱۵؛ (۴) ابن عذاری: ''البیان المُغْرِب''، ج ۲، بمدد اشاریه؛ (۵) ڈوزی: *Histoire des Musulmans d' Espagne*، طبع جدید، لائڈن ۱۹۳۲ء، بمدد اشاریه؛ (۶) Lévi-Provençal: *Du nouveau sur le royaume de Pampalune au LXe siècle*، در *Bulletin hispanique*، ج ۵۵، عدد ۱، ۱۹۵۳ء۔

(A. Huici Miranda و E. Lévi Provençal)

**البُنْت:** ہسپانوی Alpuente، ایک چھوٹا سا بلدیه (municipio)، جو صوبهٔ بَلَنْسِیة Valencia کے شمال مغرب میں ان پہاڑوں کی مشرقی ڈھلانوں پر واقع ہے جن سے دریاے تُوریه اور دریاے وادی الکبیر کی وادی بنتی ہے۔ یہ شِلْوه (Chelva) کے علاقۂ عدلیه (Partido - Judicial) میں شامل ہے اور صدر مقام سے ستاسی کیلومیٹر کے فاصلے پر ہے۔ البُنْت دو پہاڑوں، یعنی کوہ قشتالیه (Monte del Castillo) اور کوہ سان کرسٹابل (loma de San Cristobal)، کے مقامِ اتصال پر آباد ہے۔ جس جگہ اس کا قلعہ بنا ہوا ہے وہاں چاروں طرف عمودی ڈھلانیں ہیں۔ قلعے تک پہنچنے کا واحد راستہ ایک تنگ چڑھائی ہے، جسے مسقّف کر دیا گیا ہے اور جس کا دفاع تراشیدہ پتھروں سے بنے ہوئے ایک برج سے کیا جاتا تھا۔ اس کے کھنڈروں میں رومی اور عربی معماری کے آثار نظر آتے ہیں۔ یہاں پہنچنے کے لیے ایک اوپر اٹھ جانے والے پل (drawbridge) پر سے گزرنا پڑتا تھا جو تقریباً چالیس میٹر لمبا تھا اور غالباً اسی کے نام پر اس مقام کا یہ نام پڑا۔

اس کی اس زمانے سے پہلے کی تاریخ مفقود ہے جب کہ اس بغاوت کا آغاز ہوا جس سے خلافتِ امیه کا خاتمه ہوا اور یوں بنو قاسم، کُتامة بربر، جو مدتوں سے عرب قبیلهٔ فِہْر کے حلیف چلے آ رہے تھے، اپنے چھوٹے سے سیدھی چٹانوں والے اس علاقے میں

Marfat.com

خود مختار ہو گئے جو کورۂ شنت بریہ Santiberia کا حصہ تھا۔

یہاں جن چار چھوٹے چھوٹے بادشاہوں نے حکومت کی ان میں سے پہلا عبداللہ بن قاسم الفہری تھا ۔ وہ ایک عامری مولٰی تھا، جس نے حاجب کا لقب اختیار کر کے ایک خود مختار بادشاہ کی طرح یہاں حکومت کی۔ جب خلیفہ المرتضٰی نے غرناطہ کی شہر پناہ کے سامنے شکست کھائی اور قادس Cadiz کے مقام پر مارا گیا تو اس کا بھائی ابوبکر ہشام البنت میں پناہ گزین ھوا ۔ اواخر ربیع الآخر ۴۱۸ھ/ جون ۱۰۲۷ء میں اھلِ قرطبہ نے اس کی خلافت کا اعلان کر دیا اور اس نے ڈھائی سال سے کچھ زائد مدت تک اس غیر معروف علاقے میں چین سے اپنے دن گزارے ۔ یہاں عامری مولٰی نے، جو اس کے باوجود کہ خاندان بنی مروان کے آخری فرمانرواؤں نے اس کے پیش روؤں کو بہت نقصان پہنچایا تھا اس خاندان کا حامی تھا، اس کا خیر مقدم کیا اور اس سے بڑا اچھا سلوک کیا ۔ جب ہشام نے بالآخر قرطبہ میں باقاعدہ داخل ہونے کا فیصلہ کیا تو اس کے جلو میں صرف تھوڑے سے دیہاتی رفقا تھے جو اسے اس مقام سے مل سکے جہاں وہ مقیم رہا تھا ۔ ہشام کو جلد ھی معزول کر دیا گیا اور اس طرح اموی خلافت کا خاتمہ ہو گیا۔

عبداللہ بن قاسم نے نظام الدّولہ کا لقب اختیار کر کے بادشاہت کی اور ۴۲۱ھ/ ۱۰۳۰-۱۰۳۱ء میں فوت ہوا ۔ اس کا بیٹا محمد بن عبداللہ یمن الدّولۃ اس کا جانشین ہوا ۔ یہ ۴۴۰ھ/ ۱۰۴۸ء میں دفعۃً فوت ہو گیا اور اس کا چھے سال کا بیٹا اس کا وارث ہوا ۔ اس بچے کو اس کے چچا عبداللہ بن محمد نے تخت سے اتار کر اس کی ماں سے شادی کر لی ۔ اس نے اپنی وفات، یعنی ۴۸۵ھ/ ۱۰۹۲ء تک، اپنے پڑوسی ملوک الطّائفۃ (reyes de taifas) سے بہت اچھے تعلقات قائم رکھے۔

اس کے بعد البنت پہلے المرابطون اور اس کے بعد الموحدون کے قبضے میں رہا ۔ جب الموحدون اندلس سے نکال دیے گئے تو ابو سعید زید سیّد، جو بلنسیہ کا عامل اور عبدالمؤمن کا پوتا تھا، فاتح جیمز James اوّل کا حلیف بن گیا اور البنت اس کی نذر کر دیا ۔ بعد ازاں جب اس نے جیمز اوّل کے دربار میں پناہ لی اور عیسائی ہو گیا تو اس نے البنت کو سگوربہ Segorbe کے اسقف Don Guilen کی عملداری میں شامل کر دیا۔

ایک البنت اور بھی ہے ۔ یہ غرناطہ کے قریب زرعی اراضی کا ایک قطعہ ہے، جہاں ۴۲۸ھ/ ۱۰۳۶-۱۰۳۷ء میں حبّوس کے جانشین بادیس اور اس کے بھائی بلقّین نے عامری نوجوان زہیر کو، جو المریّۃ (Almeria) کا حاکم تھا، دھوکے سے قتل کر ڈالا تھا۔

**مآخذ:** (۱) ابن عذاری: البیان المغرب، ۳: ۱۲۷، ۱۳۵ تا ۱۳۶، ۲۱۵؛ (۲) ابن حزم: جمہرۃ الانساب، ص ۳۶۶؛ (۳) ابن الخطیب: اعمال الاعلام، ص ۲۳۹ تا ۲۴۰؛ (۴) Lévi-Provençal: *Hist. de l'Espagne musulmane*، ۲: ۳۳۸؛ (۵) P. Madoz: *Diccionario geográfico*، ۲: ۱۹۷ تا ۱۹۸۔

(A. Huici Miranda)

* **بنتم:** یا بنتن رک بہ جاوا۔

* **بنج:** یہ لفظ فارسی [بنگ] سے معرب ہے اور در اصل سنسکرت سے لیا گیا ہے، جس کے معنی دوائے مخدّر کے ھیں اور خاص طور پر اس کا اطلاق السّیکران (Henbane، لاطینی: Hyoscyamus) کے پودے پر ھوتا ھے ۔ سنسکرت لفظ بھنگا کے اصل معنی قنّب ہندی یا سن (لاطینی cannabis sativa) کے ھیں، یعنی اس کی وہ صنف جو جنوبی آب و

Marfat.com

ہوا میں نشو و نما پاتی ہے اور جس کے پتوں کے سرے پر ایک نشہ‌آور صمغی مادّہ ہوتا ہے (عربی: حشیش) ۔ زبان زند کا لفظ 'بنہہ' (Banha) اسی سے مأخوذ ہے، جس کے معنی 'مخموریت' کے ہیں ۔ فارسی میں لفظ مستعار بنگ کا اطلاق السّیکران (henbane) پر ہوتا تھا اور حُنین بن اِسحق نے دیو سقوریدس Dioscorides کی 'مخزنِ ادویہ' کے اپنے عربی ترجمے (تقریباً ۲۳۰ھ / ۸۵۰ء) میں اسے یونانی ὑοσκύαμος کا مرادف قرار دیا ہے ۔ ان معنوں میں عربی لفظ بنج ابتدائی ایرانی مؤلفین طب کی کتابوں میں ملتا ہے، جو اس زمانے کے دستور کے مطابق عربی میں لکھتے تھے (الرّازی، ابنِ سینا) اور جدیدتر ایرانی طب میں ابو منصور موفق بن علی (چوتھی صدی ہجری / دسویں صدی عیسوی) کے ہاں موجود ہے ۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ قدیم عربی شاعری میں یہ لفظ موجود نہیں تھا کیونکہ البیرونی [رکّ بآں] اپنی کتاب الصیدلہ (Pharmacology) میں بذیل مادۂ بنج (مخطوطہ در کتبخانہ برسہ Bursa) کسی شاعر کے اشعار نقل نہیں کرتا، جو بصورت دیگر وہ ضرور نقل کرتا ۔ قدیم مغربی اسلامی اطبّا (اِسحٰق بن عِمران، اِسحٰق بن سُلیمان، ابن الجزّار اور دیگر اطبّا) نے بھی بنج کو henbane کا ہم‌معنی بتایا ہے جس کو عربی میں السِیکّران کہتے ہیں، اگرچہ احمد الغافقی (اندلس کا ایک عرب طبیب، جو چھٹی صدی ہجری / بارھویں عیسوی میں ہوا ہے) اپنی کتاب الصیدلہ (Pharmacology) میں اس کو غلط قرار دیتا ہے، لیکن سریانی میں henbane کے لیے لفظ شخرونہ موجود ہے اور عربی سیکّران، سِیکران، شوکران وغیرہ اسی سے مأخوذ ہیں ۔ بعد کے عرب علمائے نباتات نے یہ نام ایک اور قسم کی henbane نبات مخدر (hyoscyamus muticus) کے لیے استعمال کیا ہے جسے کہا کر انسان پاگل ہو جاتا ہے، نیز ایک اور قسم کی مخدّر سمّی دوا hemlock (Cicuta) کے لیے بھی یہی لفظ استعمال کیا گیا ہے۔ زمانۂ حال میں لفظ بنج (مصر میں عام بول چال کی زبان میں (بِنگ) ہر ایک مُخَدِّر چیز کے لیے استعمال ہوتا ہے اور اسی سے فعل بَنّج (دوا سے بےحس یا بےہوش کر دینا، نیز سلا دینا) اور مصدر تَبْنِیج وغیرہ الفاظ بنے ہیں ۔

مآخذ: (۱) ابن سیدۃ: المُخَصّص، ۱۱: ۱۶۲؛ (۲) تاج العَرُوس، ۲: ۱۰؛ (۳) ابن سینا: قانون، بولاق، ۱: ۲۷۳؛ (۴) ابن البَیْطار: الجامع لِمُفْرَدات الأدْوِیہ، بولاق، ۱: ۱۱۷؛ (۵) L. Leclerc: *Traité des simples par Ibn el-Beithar*، پیرس ۱۸۷۷ء، ۱: ۲۷۱؛ (۶) Lane: القاموس، ۱: ۲۵۸؛ (۷) Löw: *Flora der Juden*، ۳: ۳۵۹؛ (۸) Meyerhof و Sobhy: *The Abridged Version of "the book of Simple Drugs" by Aḥmad ibn Muḥammad al-Ghāfiqī*، کراسہ ۲، قاہرہ ۱۹۳۳ء، ص ۳۲۳ ببعد؛ (۹) Renaud و Colin: تُحْفَۃُ الأحْباب، پیرس ۱۹۳۴ء، ص ۳۵؛ (۱۰) Dymock و Warden و Hooper: *Pharmacographia Indica*، لنڈن - بمبئی - کلکتہ ۱۸۹۰ تا ۱۸۹۳ء، ۲: ۶۲۶ اور ۳: ۳۱۸ ببعد؛ (۱۱) E.G. Browne: *A chapter from the History of Cannabis Indica*، در *St. Bartholomew's Hospital Journal*، مارچ ۱۸۹۷ء.

(M. Meyerhof)

● **بَنْجَرمَسِن**: کَلی مَنتان Kalimantan (بورنیو، انڈونیشیا) کے جنوبی ساحل پر ایک شہر جو ۳ درجہ ۱۸ دقیقہ عرض بلد جنوبی اور ۱۱۴ درجہ ۳۵ دقیقہ طول بلد مشرقی پر واقع ہے اور چودھویں صدی عیسوی کے بعد سے بین الجزائری تجارت کے مرکز اور ایک چھوٹے سے ضلع کے صدر مقام کی حیثیت سے

marfat.com
Marfat.com

مشہور رہا ہے - ولندیزیوں کے عہد حکومت (۱۸۵۹ تا ۱۹۴۲ء) اور جاپانی قبضے کے دوران میں یہ ایک ریذیڈنسی کا صدر مقام تھا - یہاں کی آبادی تقریبًا تین لاکھ ہے اور مسلمان ہے، اگرچہ جاوی تہذیب کے اثرات بالخصوص شرفا کے خاندانوں میں خاصے موجود ہیں.

(C. C. BERG)

* بَنْجَلُکَه : (Banjaluka ، رک به بنالوقه.

* بَنْجَمِن : رک به بِنیامین.

* اَلْبُوَنْت : (Alpuente)، رک به البُنت.

* بَنْد : فارسی لفظ، جو لفظًا و مجازًا ہر اُس چیز کے لیے بولا جاتا ہے جو باندھنے، منسلک کرنے، بند کرنے یا محدود کرنے کے لیے استعمال ہوتی ہو (مثلاً افسردگی، انہماک یا محویت) - یہ لفظ عربی اور ترکی زبانوں میں بھی پہنچ گیا ہے - فارسی مرکبات میں یہ متعدد معانی میں استعمال ہوتا ہے، مثلاً بندِ انگشت = پور؛ بندِ پا= ٹخنے کی ہڈی؛ دربند = درہ، کھاڑی یا اندر جانے کا راستہ؛ دست‌بند = بازوبند یا کنگن؛ روبند = نقاب؛ بندِ شہریار = موسیقی کی ایک دھن - یہ خاص طور پر ان بندوں (بند آب) کے لیے بولا جاتا ہے جو آب پاشی کی غرض سے بنائے جاتے ہیں، مثلاً بندِ قیصر، جو ساسانی پادشاہ شاپور اوّل (تیسری صدی عیسوی) کے حکم سے شُشتر کے مقام پر دریاے کارُون کے اوپر بنایا گیا تھا اور جس کی بہت سی محرابیں ۱۸۸۰ء کے طوفانوں سے بہہ گئیں؛ شُشتر کی دوسری جانب اہواز سے آنے والی سڑک پر بندِ گَرگَر (عرب جغرافیہ‌نگاروں کا مُشْرقان) کارُون کے بغلی نالے پر، جو ساسانی دور میں کھودا گیا تھا؛ بندِ میان (وسطی بند) جو اسی دوز میں تعمیر کیا گیا اور بعد میں متعدد مرتبہ اس کی مرمت ہوئی، بالخصوص فتح علی شاہ [قاچار] کے ایک بیٹے کے ہاتھوں انیسویں صدی میں (اسی لیے اس کا دوسرا نام بند محمد علی میرزا ہے) - شُشتر سے قریب ۴۰ میل دریا کے نیچے کی جانب بندِ قیر (کولتار کا بند) کے قریب اسی عہد کے ایک بہت بڑے بند کے کھنڈر ہیں (ان بندوں کے متعلق دیکھیے (وو) انگریزی، بار اول، بذیل مادہ کارُون، ص ۸۲۵ ب تا ۸۲۶ اور Guide Bleu, Moyen-Orient، ۱۹۵۶ء، ص ۷۱۸ تا ۷۲۱) - مزید برآن دریاے کُر (سابق نام Cyrus؛ Dictionnaire de la Perse : Barbier de Meynard، ص ۴۷۷، حاشیہ ۲) پر بندِ امیر (یا بندِ عَضُدی)، جو شیراز سے تقریبًا ۸۰ کیلومیٹر شمال کی طرف ہے اور چوتھی صدی ہجری/دسویں صدی عیسوی میں آلِ بویہ کے امیر عَضُد الدّولة کے حکم سے تعمیر کیا گیا - اسی دریا پر بندِ رام جِرد اور بندِ قصّار (دھوبیوں کا بند) تعمیر کیے گئے تھے، جنھیں فارس کے اتابک فخر الدّولة چاولی نے سلجوقیوں کے عہد میں دوبارہ بنوایا (ان تین بندوں کے متعلق قب ابن البلخی : فارس نامہ کی دلچسپ عبارت، Gibb. Mem. Series، ص ۱۵۱ - ۱۵۲) - کاشان کے نواح میں ایک پہاڑی گھاٹی کے اندر بندِ قُہرود ہے، جو صفویوں کے عہد میں تعمیر ہوا تھا (حمدالله المستوفی: نزھة [القلوب]، ص ۶۷؛ La Perse en 1839 : de Sercey، ص ۲۳۰) - ترکی میں نو بندوں کے ذریعے استانبول کے لیے پانی مہیا کیا جاتا ہے : ان پہاڑیوں پر جو بُویُوک درہ کے اوپر ہیں (آبناے باسفورس یورپی ساحل پر) باغچہ کوئی کے شمال میں محمود اوّل کا بند (محمود بندی) ہے، جو ۱۷۳۲ء میں تعمیر ہوا تھا؛ دوسرا بند سلیم ثالث کی والدہ کا بند (والدہ بندی) ہے، جو ۱۷۹۶ء میں تعمیر ہوا تھا؛ اس سے تقریبًا ۵ کیلومیٹر آگے بلغراد کے جنگل کے نواح میں چار اور بند ہیں، جن میں سے ضرورت کے مطابق پانی 'باش حوض' یا

Marfat.com

Pyrgos کے تالاب میں گرتا ہے؛ پھر وہاں سے دو پختہ نالیوں کے ذریعے شہر تک جاتا ہے۔ ان بندوں میں سب سے بڑا بند بویوک بند (بڑا بند) ہے، جسے چھٹی صدی ہجری / بارھویں صدی عیسوی میں اندرونیکوس Andronicus اوّل نے تعمیر کیا تھا اور بعد میں کئی سلطانوں نے درست کرایا تھا۔ اس کے علاوہ پاشا درہ سی بندی ہے، جو اسی بوزنطی شہنشاہ کی یادگار ہے (ان بندوں سے متعلقہ تفصیلات، در Guide bleu: Turquie، ۱۹۵۸ء، ص ۱۷۱ تا ۱۷۲)۔ [یہ مقالہ قدیم تاریخی بندوں سے متعلق ہے۔ اس میں دنیا کے نئے بندوں کا ذکر بالقصد نظر انداز ہے۔ پاکستان کے جدیدترین بندوں، مثلاً منگلا، تربیلا وغیرہ کے لیے رک بہ پاکستان].

**مآخذ**: (۱) Dieulafoy: *L'art antique de le Perse*، ص ۱۰۵ تا ۱۱۲، شکل ۹۷ و ۹۸ (شُشتر، دِزفُول)؛ (۲) *Survey of Persian Art*، ۱ : ۵۷۰ (پل) و ۲ : ۱۲۲۶ (وهی موضوع)؛ (۳) Polak: *Persien*، ۱ : ۱۶۱؛ (۴) E. G. Browne: *A year among the Persians*، ص ۱۸۶؛ (۵) Binning: *A Journal of . . . Travel in Persia*، ۲ : ۳۶۵ تا ۳۶۶؛ (۶) R. Walsh: *Voyage en Turquie*، ص ۱۶ (تالابوں کا نقشہ)؛ (۷) Andréossy: *Constantinople et le Bosphore de Thrace*، ص ۴۱۶؛ (۸) P. de Tchihatchef: *Le Bosphore et Constantinople*، ص ۴۹.

([H. MASSÉ] و CL. HUART)

**البُنْداری**: قوام الدین [ابو ابراهیم] الفتح بن علی بن محمد الاصفہانی، ایک مؤرخ، جس نے عربی زبان میں کتابیں لکھیں، مگر اس کی شہرت کا اصل سبب یہ ہے کہ اس نے اپنے ہم وطن عماد الدین الاصفہانی کی لکھی ہوئی تاریخ سلاجقہ [نصرۃ الفترۃ] پر نظرثانی کی [اور اس کا نام زبدۃ النصرۃ رکھا] اور اس میں طرزِ بیان کے جو تکلفات تھے انھیں دور کر کے اسے ۶۲۳ھ / ۱۲۲۶ء میں المعظم الایوبی کے نام معنون کیا (طبع M. Th. Houtsma، در *Recueil de Textes relatifs à l'histoire des Seljoucides*، ج ۲)۔ البنداری کا بیان ہے کہ اس نے اس سے پہلے اسی مصنف کی ایک کتاب البرق الشامی پر بھی، جو صلاح الدین ایوبی کی تاریخ ہے، اسی طرح نظر ثانی کی تھی۔ اس نے الخطیب البغدادی کی کتاب تاریخ کی ذیل بھی تصنیف کی (مصنف کا دستخطی مخطوطہ، محررۂ ۶۳۹ھ/۱۲۴۱ تا ۱۲۴۲ء، در کتاب خانۂ ملیہ، پیرس، عدد ۶۱۵۲)۔ علاوہ ازیں اس نے شاهنامۂ فردوسی کا عربی میں ترجمہ بھی کیا ہے؛ اسے بھی اس نے ۶۲۴ھ / ۱۲۲۷ء میں المعظم کے نام معنون کیا تھا (طبع عبدالوهاب العزّام، قاهرہ ۱۳۵۰ھ)۔ اس کی زندگی کے متعلق اس سے زیادہ کچھ معلومات هم تک نہیں پہنچ سکیں، البتہ یہ اندازہ ممکن ہے کہ اس نے اپنی زندگی مختلف اوقات میں شام اور عراق میں بسر کی۔ اس کی تاریخ وفات بھی معلوم نہیں [قب الزرکلی: الاعلام، ۵ : ۳۳۲].

**مآخذ**: (۱) Houtsma، کتاب تاریخ سلاجقہ کا دیباچہ؛ (۲) براکلمان، ۱ : ۳۲۱ و تکملہ، ۱ : ۵۵۴ (جہاں مصنف نے ایک تاریخ بغداد کو خطیب کی تاریخ بغداد کی ذیل سے متمیز کرنے میں غلطی کا ارتکاب کیا ہے، قب وهی کتاب، ص ۵۶۳).

([CL. CAHEN] و M. TH. HOUTSMA)

**بَنْدَر**: (Bender) ایک فارسی لفظ، جو ترکی میں بھی استعمال ہونے لگا اور جس کے معنی سمندری بندرگاہ یا کسی بڑے دریا کی بندرگاہ کے ہیں۔ شام اور مصر کی عربی زبان میں جا کر اس لفظ نے بازار، منڈی، مبادلے کے بنک (Bocthor, Vollers) کے اور بعض اوقات کارخانے (Cuche) کے معنی اختیار کر لیے۔ فارسی میں "شاہ بندر" کا لفظ کسٹم افسر یا محاصل

Marfat.com

وصول کرنے والے کے لیے بولتے ھیں؛ ترکی زبان میں اس سے تونحمل مراد لیتے ھیں اور سابقہ زمانے میں اس کے معنی تجّار کی شرکت کے رئیس (Syndic) کے تھے - مرکبّات کی شکل میں یہ ایران کے جغرافیائی ناموں میں ملتا ھے : بحیرہ خزر (جنوبی ساحل) پر بندرِ پہلوی (سابق انزلی Enzeli)؛ بندرِ گز، اپنے علاقے کی محفوظ ترین بندرگاہ؛ قریب قریب ۵۰ کیلومیٹر شمال کی جانب بندرِ شاہ، ماورائے ایران ریلوے کا آخری سٹیشن؛ دوسرا انتہائی سٹیشن خلیج فارس پر بندرِ شاہ پور ھے - خلیج مذکور کے کنارے پر دوسری بندرگاھوں کے نام یہ ھیں : بندرِ دیلم، بندرِ ریگ، بندرِ بوشہر (رک بہ بوشہر)، بندرِ مقام، بندرِ لنگا، بندرعباس (رک باں).

**مآخذ:** (۱) *Iran in Mittelalter* : P. Schwarz، (اشاریہ: بندر)؛ مذکورۂ بالا مقامات کے لیے دیکھیے (۲) *Guide bleu*، *Moyen-Orient*، (اشاریہ : بندر)؛ (۳) *Le golfe Persique* : R. Vadala، پیرس ۱۹۲۰ء، بمواضع کثیرہ.

(H. Mass'é و Cl. Huart)

* **بندر:** بجاق [رک باں] (Bessarabia) کا ایک شہر، اس کا نام منگلی گرای Mengli gerey کے ۹۰۵ھ / ۱۴۹۹ - ۱۵۰۰ء کے ایک سکے پر ملتا ھے - تاتاری دستاویزات میں اس کا نام بندرِ کرمان پایا گیا ھے (*Materiaux* : V. Žernov، ص ۱۶) - بندر، جو فارسی "بندر" سے بنا ھے، پہلے تگین (Tigina یا Tighinea) کہلاتا تھا، جو ھو سکتا ھے کہ کُمنی اصل کا لفظ ھو - یہ روایت کہ سب سے پہلے اس شہر کو جنوآ Genoa والوں نے بسایا تھا محض ایک افسانہ ھے (*Chronique d'Ureche*، طبع Giurescu) - اس کے ایک تجارتی شہر کے طور پر عروج اور بہت معقول محصول درآمد کی وجہ یہ تھی کہ یہ "شاھراہِ تاتار" پر واقع تھا، جس کے ذریعے چودھویں صدی عیسوی میں لواو Lvov اور قریم (Crimea) اور آق کرمان (رک باں) کے درمیان تجارت کی گرم بازاری تھی - ایسا معلوم ھوتا ھے کہ ۱۴۰۰ء کے قریب یہ مقام تاتاریوں کے قبضے سے نکل کر مولداویا کے رئیسوں کے ھاتھ آ گیا - تاتاریوں نے اس کو دوبارہ فتح کرنے کی کوشش کی (الغ محمد نے ۱۴۲۸ء میں اور امینک میرزا نے ۱۴۷۶ء میں) اور آخر کار منگلی گرای نے عثمانی ترکوں کے ساتھ مل کر ۱۴۸۴ء میں اسے کاوشان Kavshan اور اور تمبسر Tombasar سمیت فتح کرلیا - جب ۹۴۵ھ / ۱۵۳۸ء میں سلیمان ثانی نے مولداویا پر حملہ کیا اور جنوبی بجاق کو اس کے ساتھ شامل کر کے آق کرمان کی نئی سنجاق قائم کی تو اس نے اس جدید سرحد پر بمقام بندر ایک مضبوط قلعہ بنانے کا حکم دیا - ۱۰۶۷ھ / ۱۶۵۷ء میں اولیا چلبی (۵ : ۱۱۶ تا ۱۲۰) نے اس قلعے کی بہت اچھی کیفیت بیان کی ھے - ۱۵۷۰ء کے قریب یہ ایک سنجاق بیگ کا مستقر بنا اور اس کے بعد اس کو نوساختہ ایالتِ اوزو Özü کے ساتھ ملحق کر دیا گیا - بندر کے قاضی کے زیر انتظام حلقے میں چالیس ناحیے (رک باں) تھے اور محصول خانہ، جس میں ھمیشہ کام ھوتا رھتا تھا، ایک امین (رک باں) کی زیر نگرانی تھا - اولیا چلبی کا بیان ھے کہ اس کی وروش [= نواحی بستی] جو قلعے کے مغربی اور جنوبی جانب واقع تھی سات مسلم اور سات غیر مسلم اضلاع [محلوں] پر مشتمل تھی - اس میں ۱۷۰۰ گھر اور کوئی ۲۰۰ دکانیں تھیں - اولیا چلبی یہ بھی کہتا ھے کہ شہر بندر شمال میں "کلید سلطنت" اور خصوصاً دریاے نیپر Dnieper کے کاسکوں کی روک تھام کے لیے ایک مستحکم قلعہ تھا.

بندر اس لیے بھی مشہور تھا کہ وھاں ۳ اگست ۱۷۰۹ء اور ۱۷ فروری ۱۷۱۳ء کے

Marfat.com

درمیان سویڈن کے چارلس دوازدہم نے پناہ لی تھی اور پھر ۱۷۶۸ء میں Potocki نے بھی لی - روسیوں نے پہلی مرتبہ اسے ۲۷ ستمبر ۱۷۷۰ء کو فتح کیا، پھر ۱۷۸۹ء اور ۸ نومبر ۱۸۰۶ء میں، اور یہ شہر مستقل طور پر ان کے قبضے میں صرف معاہدہ بخارسٹ کی رو سے رہا جو مئی ۱۸۱۲ء میں طے پایا.

**مآخذ**: (۱) N. Jorga: *Gesch. des rumänischen volkes*، گوتھا Gotha ۱۹۰۵ء؛ (۲) G. I. Brătianu: *Recherches sur Vicina et Cetatea A ba*، بخارسٹ ۱۹۳۵ء؛ (۳) I. Nistor: *Istoria Basarabiei*, *Cernăuti*، ۱۹۲۳ء؛ (۴) پیچوی، ۱: ۲۰۹ تا ۲۱۳؛ (۵) جلال زادہ مصطفی: طبقاتُ الممالک . . . ؛ (۶) A. Decei: *Un "Fetih-nāme-i Karaboğdan (1538) de Nasuh Matrakci*، در فؤاد کوپرولو ارمغانی، استانبول ۱۹۵۳ء؛ (۷) A.N. Kurat: ۱۲ کارلک ترکیہ دہ قالیسی، استانبول ۱۹۳۳ء؛ (۸) A. Decei: مقالات بُغدان، بُجاق، در اآ ترکی.

(HALIL INALCIK)

**بندر پَہلَوی**، بحیرۂ خزر پر ایران کی سب سے بڑی بندرگاہ، جو ۳۷ درجے ۲۸ دقیقے شمال اور ۴۹ درجے ۲۷ دقیقے مشرق میں واقع ہے - پہلے اس کا نام اِنزلی [رک باں] تھا، لیکن پہلوی خاندان کے بانی رضا شاہ نے جو ۱۹۲۶ء میں تخت نشین ہوا اپنے خاندان کے اعزاز میں اس کا نام بدل کر بندر پہلوی رکھ دیا - بندر پہلوی بحیرۂ خزر اور تازہ پانی کی جھیل مُرداب کے درمیان ایک خلیج کے مغرب میں زمین کے آگے نکلے ہوے ایک ٹکڑے پر واقع ہے - اس خلیج کے مشرق میں غازیان کی قدیم بستی واقع ہے - بندر پہلوی سے ایک موٹر کی سڑک پل پر ہوتی ہوئی خلیج کے پار غازیان تک جاتی ہے اور وہاں سے رشت تک چلی جاتی ہے، جو بحیرۂ خزر کے ساحلی علاقے کا سب سے بڑا تجارتی شہر ہے - اس کے آگے یہ سڑک تہران تک چلی جاتی ہے اور یوں یہ کل ۳۶۴ کیلومیٹر کا فاصلہ طے کرتی ہے.

انیسویں صدی کے اوائل میں اس مقام پر چند سو گھر تھے اور اس کی آبادی صرف ۹۰۰۰ تھی - اس کی موجودہ آبادی ۴۸۵۰۰ ہے - یہاں فارسی، گیلکی (ایک مقامی بولی) اور ترکی زبانیں بولی جاتی ہیں - باشندے شیعہ ہیں - بندر پہلوی اور غازیان میں کوئی ایسی عمارت نہیں جو دلچسپی یا قدامت کے لحاظ سے قابلِ ذکر ہو.

موجودہ صدی کے دوسرے ربع میں مذکورۂ بالا خلیج کو ترقی دے کر ایک پایاب، لیکن محفوظ بندرگاہ کی شکل دے دی گئی ہے - مارچ ۱۹۵۱ء سے مارچ ۱۹۵۲ء کے دوران میں اس بندرگاہ میں بہ حیثیت مجموعی ۲۰۸ جہاز آئے گئے - ۱۹۳۰ء اور ۱۹۴۰ء کے درمیان بندر پہلوی سے روس کے راستے بہت سا مال اور مسافر یورپ گئے، لیکن پچھلے چند برسوں میں یہاں کی قریب قریب پوری تجارت روس ہی سے رہی ہے.

روس سے قریب ہونے کی وجہ سے یہ بندرگاہ بین الاقوامی حوادث کی آماجگاہ رہی ہے - ۱۷۲۲ء میں روسی فوجیں مُرداب کے جنوبی جانب اتر پڑیں، اور پھر ۱۸۰۴ء میں ایک دوسرا دستہ اِنزلی میں اترا - مارچ ۱۹۲۰ء میں روسی فوجیں ایک برطانوی فوج کا پیچھا کرتے ہوے، جو باکو سے واپس جا رہی تھی، اِنزلی میں اتریں اور آگے چل کر گیلان کی قلیل العمر سوویٹ جمہوریہ کے قیام میں مدد دی - ایران پر انگریزی اور روسی قبضے کے دوران میں بندر پہلوی نے ۱۹۴۱ء سے مئی ۱۹۴۶ء تک ایک سوویٹ محافظ فوج کو پناہ دی.

**مآخذ**: (۱) Ritter: *Erdkunde*، ۸: ۶۵۲ ببعد؛ (۲) مسعود کیہان: جغرافیای مفصّل ایران، تہران

Marfat.com

۱۹۳۲ء، ۲ : ۲۷۶ تا ۲۷۷؛ (۳) راهنمای ایران، دائرۂ جغرافیای ستادِ ارتش، تهران ۱۹۵۱ء، ۳ : ۵۰؛ (۴) *Annual Account of Trade between Iran and Foreign Countries. Year 1330/1951*، فارسی میں، تہران ۱۹۵۲ء۔

(D. N. WILBER)

* **بندر عباس** : ایک ایرانی بندرگاہ جو آٹھویں اُستان Ustān میں، جو فارس اور کِرمان کا ایک حصّہ ہے، واقع ہے ۔ شہر سرزمینِ ایران کے ساحل پر جزیرۂ ہُرمز (رَکّ بآں) سے ۱۶ کیلومیٹر شمال مغرب کی طرف واقع ہے اور چٹیل ریتلی زمین پر آباد ہے جو شمال کی طرف بتدریج اٹھتی چلی گئی ہے ۔ اس کا سامنے کا حصّہ ساحل کے برابر برابر دو کیلومیٹر تک چلا گیا ہے ۔ خلیج فارس کے عین دہانے پر اس کے محلِّ وقوع کے علاوہ اس چیز نے بھی اس کی تجارتی اور جنگی اہمیت بڑھا دی ہے کہ یہ شمال میں یَزْد و کِرمان کی طرف اور شمال مغرب میں لار، شیراز اور اصفہان کی جانب جانے والے تجارتی راستوں کا نقطۂ اختتام ہے ۔ یہاں سمندر کے پایاب ہونے کے باعث بڑے بڑے جہاز گودی پر نہیں لگ سکتے، اور اس لیے انھیں کنارے سے کچھ فاصلے پر لنگر انداز ہونا پڑتا ہے اور اپنا اسباب ہلکی کشتیوں کے ذریعے لادنا یا اتارنا پڑتا ہے ۔

اس بات کے یقین کے لیے قرائن موجود ہیں کہ یہ شہر ماہی گیروں کے چھوٹے سے گاؤں شُہرو (دیکھیے الاِصْطَخری، ص ۶۷) یا شُہرُوا (دیکھیے حدود العالم، ص ۱۲۴، ۳۷۵) کے محلِّ وقوع پر یا اس کے قریب واقع ہے ۔ جب اس کے قریبی جزیرے جَرون (= جُرون) کو آٹھویں صدی ھجری / چودھویں صدی عیسوی کے شروع میں ہُرمز کہنے لگے تو پہلا نام شُہرو کو دے دیا گیا ۔ جب ہُرمز ایک بہت بڑا تجارتی مرکز بن گیا تو جزیرے اور اصل ملک کے درمیان آنے جانے والے سامان کو ایک طرف سے اتار کر دوسری طرف چڑھانے کے مرکز کی حیثیت سے جَرون کی اہمیت بتدریج بڑھتی گئی ۔ دسویں صدی ھجری/ سولھویں صدی عیسوی کے شروع میں جب پرتگیزوں نے ہُرمز میں اور بعد ازاں ساحلِ ملک کے قریبی علاقے میں بھی اپنے قدم جما لیے تو جَرون (یا گَمْرُو، جیسا کہ اسے بعد میں کہنے لگے) بھی پرتگیزوں کے قبضے میں چلا گیا ۔ ۱۶۱۵ء میں ایرانیوں نے گَمْرُو کو پرتگیزوں سے چھین لیا اور سات سال بعد برطانوی ایسٹ انڈیا کمپنی کے بحری بیڑے کی مدد سے پرتگیزوں کو ہُرمز سے بھی نکال باہر کیا ۔ کمپنی کی خدمات کے صلے میں شاہ عباس اوّل نے انھیں گَمْرُو (یا گمبرون Gombroon، جیسا کہ انگریز اسے عموماً کہتے تھے) میں ایک کارخانہ قائم کرنے کی اجازت دی اور نہ صرف انھیں محاصل کی ادائی سے مستثنٰی قرار دیا بلکہ انھیں محاصل کا نصف خود وصول کر لینے کی اجازت دے دی ۔ ان مراعات کے دینے کی ایک مزید وجہ یہ بھی تھی کہ شاہ چاھتا تھا کہ یہ شہر اس کی سلطنت کی سب سے بڑی بندرگاہ بن جائے ۔ اسی خواہش کی علامت کے طور پر اس نے بندرگاہ کا نام اپنے نام پر بندرِ عبّاس رکھا ۔ شاہ کی آرزو بہت جلد پوری ہو گئی ۔ نہ صرف برطانوی ایسٹ انڈیا کمپنی بلکہ ولندیزی ایسٹ انڈیا کمپنی اور فرانسیسیوں کے آ جانے سے یہ شہر واقعی ایران کی سب سے بڑی بندرگاہ بن گیا ۔ ۱۶۷۴ء میں شاردان Chardin وهاں موجود تھا ۔ اس نے لکھا ہے کہ اس وقت شہر میں ۱۴۰۰ سے ۱۵۰۰ تک مکانات ہیں ۔ وہ یہ بھی لکھتا ہے کہ اس کی آب و ہوا نہایت خراب ہے اور اس کا یورپی باشندوں پر بہت برا اثر پڑتا ہے (*Voyages*، پیرس ۱۸۱۱ء، ۸ : ۵۰۸، ۵۱۱ تا ۵۱۲)۔

marfat.com
Marfat.com

۱۷۲۲ء میں غلزئی افغانوں کے ہاتھوں جب صفوی خاندان کا زوال ہوا اور اس کے بعد روسی اور ترکی حملوں اور ملک کی متعدد اندرونی شورشوں اور بغاوتوں نے ملک کی تجارت کو بالکل مفلوج کر دیا تو بندرِ عباس کی رونق ختم ہو گئی۔ افغانوں کے چلے جانے کے بعد عارضی طور پر یہاں پھر خوش حالی آئی، لیکن جلد ہی نادر [شاہ] کے سخت گیر محصّلین کے ہاتھوں خوش حالی کا یہ دور بھی ختم ہو گیا۔ مزید برآں اس کے بُوشہر (رِگ باں) میں ایک بحری اڈا بنا دینے کی وجہ سے بھی بندر عباس کے تفوق پر ایک اَور کاری ضرب لگی اور بہت جلد بوشہر ملک کی سب سے بڑی بندرگاہ بن گیا۔ ۱۷۵۰ء میں جب Plaisted بندر عباس گیا تو اس نے دیکھا کہ ہر دس گھروں میں سے نو گھر غیر آباد اور ویران ہو چکے ہیں (*Journey from Calcutta . . . . to Aleppo in the year 1750*، لنڈن ۱۷۵۸ء، ص ۱۱)۔ چند ہی سال بعد ولندیزی اور انگریزی ایسٹ انڈیا کمپنیوں نے بندر عباس کو چھوڑ دیا اور یہ چیز اس کے مزید زوال کا سبب بنی۔

۱۷۹۳ء میں یہ شہر اپنے ڈیڑھ سو کیلومیٹر لمبے ساحلی علاقے سمیت سلطانِ عُمان کو پٹے پر دے دیا گیا۔ اس وقت سے یہ برابر سلطان اور اس کے جانشینوں کے ہاتھوں میں رہا تاآنکہ ۱۸۶۵ء میں یہ پھر ایرانیوں کے قبضے میں آیا۔

زمانۂ حال میں بندر عباس کو اس کی سابقہ خوش حالی حاصل ہوگئی ہے۔ اس کا سبب یہ ہے کہ کِرمان اور یزد، نیز شیراز سے یہاں تک موٹر کی سڑکیں بن گئی ہیں۔ موجودہ شہر کی آبادی کوئی ۱۵۰۰۰ ہے (اس تعداد میں موسموں کے لحاظ سے خاصا تغیّر ہوتا رہتا ہے۔) عِسِین سے، جو اس کے ۱۶ کیلومیٹر شمال مغرب میں واقع ہے، پائپ کے ذریعے پانی آ جانے کی وجہ سے یہاں رہنے سہنے کی سہولت بہت بڑھ گئی ہے۔ شہر کی خاص سڑک خیابانِ رضا شاہ کبیر ساحل کے تقریباً متوازی اور دو سو میٹر کے فاصلے پر شہر کے بیچ میں سے گزرتی ہے۔ سرکاری اور بلدیہ کی زیادہ‌تر عمارتیں اسی سڑک کے وسطی حصّے میں واقع ہیں۔ بڑی مساجد دو ہیں: مسجد جامع (شیعوں کے لیے) اور مسجد گَلّہ داری (سنّیوں کے لیے)۔ یہاں مچھلی کو ڈبوں میں بند کرنے کا ایک بڑا کارخانہ جدید صنعت کی نشانی ہے۔

**مآخذ**: جن کتابوں کا ذکر متن مقالہ میں آ چکا ہے ان کے علاوہ (۱) F. Valentijn: *Oud en Nieuw Oost-Indiën*، اسٹرڈم ۱۷۲۵ء، ۵ : ۲۰۲؛ (۲) C. de Bruyn: *Travels into Muscovy, Persia and Parts of the East Indies*، لنڈن ۱۷۳۷ء، ۲ : ۷۳ تا ۷۵، ۱۳۲ تا ۱۳۳؛ (۳) English East India Co.: *the Gombroon Diary* (ایران اور خلیج فارس سے متعلق دستاویزات، انڈیا آفس لائبریری، ج ۱ تا ۶)؛ (۴) F. Savary des Bruslons: *Dictionnaire Universelle de Commerce*، پیرس ۱۷۴۱ء، ۱ : ۴۰۵؛ (۵) E. Ives: *A Voyage from England to India ... also a Journey from Persia to England*، لنڈن ۱۷۷۳ء، ص ۱۹۷ تا ۲۰۲؛ (۶) C. Ritter: *Erdkunde*، ۳ : ۷۳۹ تا ۷۴۹؛ (۷) E. Reclus: *Nouvelle Géographie Universelle*، پیرس ۱۸۸۴ء، ۹ : ۲۷۶ تا ۲۷۷، ۲۸۶؛ (۸) W. Tomaschek، در *SBAK Wien*، ج ۱۰۲، جزء ۸، ۱۸۹۰ء؛ (۹) کرزن Curzon: *Persia and the Persian Question*، لنڈن ۱۸۹۲ء، ۲ : ۴۱۸ تا ۴۲۶؛ (۱۰) J. de Morgan: *Mission Scientif. en Perse*، پیرس ۱۸۹۵ء، ص ۲۹۰ تا ۲۹۱، ۲۹۵؛ (۱۱) Le Strange، ص ۲۹۲، ۲۹۵، ۳۱۹؛ (۱۲) Sir A. T. Wilson: *The Persian Gulf*، آوکسفرڈ ۱۹۲۸ء، ص ۱۱، ۱۳۰، ۱۳۶، ۱۵۱ تا ۱۵۲، ۱۶۰ تا ۱۶۷، ۱۷۳ تا ۱۷۹،

marfat.com

Marfat.com

۱۸۸ تا ۱۸۹، ۲۳۲، ۲۵۹، ۲۸۳؛ (۱۳) رزم آرا و نوتاش : فرہنگ جغرافیای ایران، ۸ : ۵۶ تا ۵۷؛ (۱۴) L. Lockhart : *The fall of the Safavi Dynasty and the Afghan Occupation of Persia*، کیمبرج ۱۹۵۸ء، ص ۲۷۲ تا ۲۷۹، ۳۰۳ تا ۳۰۶.

(L. LOCKHART)

* **بَنْدِرْمَه** : بحیرۂ مارمورا پر ایک بندرگاہ، قدیم Cyzicus کے محلِ وقوع کے قریب ۔ قرونِ وسطٰی میں اس شہر کا یونانی نام پنورموس Panormos تھا ۔ ول ھارڈوں Villehardouin پلورمہ Palorme نامی ایک قلعے کا ذکر کرتا ہے جسے لاطینی صلیبیوں نے ۱۲۰۴ء میں مستحکم کیا تھا اور اس کے بعد وہ اسے شمال مغربی ایشیاے کوچک میں یونانیوں کے خلاف اپنی جنگی کارروائیوں کے مرکز کے طور پر استعمال کرتے رہے ۔ عثمانی ترکوں کے عہد میں بندرمہ کو قرہ سی (رک بآن) کی سنجاق میں شامل کر دیا گیا ۔ جن سیاحوں نے اس شہر کو سولھویں اور سترھویں صدیوں میں دیکھا ان کی شہادت کے مطابق اس شہر کی آبادی کی اکثریت ترک نہیں تھی بلکہ یونانی یا ارمن نسل سے تعلق رکھتی تھی ۔ بندرمہ کا بہت سا حصہ ۱۸۷۴ء میں جل کر خاکستر ہو گیا ۔ اب یہ بالیکسر Balikesir کے صوبے میں شامل ہے اور ایک سرگرم تجارتی شہر ہے جہاں سے تمام عقبی علاقے کی مختلف چیزیں، اناج، بھیڑیں، مویشی، سہاگے کے مرکبات، تیل ... برآمد کی جاتی ہیں ۔ بندرمہ کی آبادی ۱۹۵۰ء میں ۱۹۰۰۰ سے کچھ کم تھی.

**مآخذ** : (۱) P. du Fresne-Canaye : *Voyage du Levant*، طبع M. Hauser، پیرس ۱۸۹۷ء، ص ۱۵۳ تا ۱۵۴؛ (۲) S. Gerlach : *Tagebuch*، Frankfurt-am-Main ۱۶۷۴ء، ص ۴۳، ۲۵۵ تا ۲۵۶؛ (۳) V. de Stochove : *Voyage du Levant*، برسلز ۱۶۵۰ء، ص ۱۸۳؛ (۴) W. Tamaschek : *Zur historischen Topographie von Kleinasien im Mittelalter'* (*SBAk, Wien, phil.-hist. Classe*، ۱۲۹ (۱۸۹۱ء) : ۱۳؛ (۵) V. Cuinet : *La Turquie d'Asie*، پیرس ۱۸۹۵ء، ۴ : ۲۸۵ تا ۲۹۵؛ (۶) R. Fitzner : *Aus Klein-asien und Syrien*، Rostock ۱۹۰۳ء، ص ۷۰ تا ۷۲؛ (۷) F.W. Hasluck : *Cyzicus*، کیمبرج ۱۹۱۰ء، ص ۵۰ تا ۵۱، نیز ۳۱ تا ۳۲ (حصۂ مآخذ و مصادر) و بمواضع کثیرہ؛ (۸) علی جواد : تاریخ و جغرافیہ لغاتی، جزء اول، استانبول ۱۳۱۳ھ، ص ۱۵۱ تا ۱۵۲.

(V. J. PARRY)

* **بُنْدُق** : رک بہ بارود.

* **بُنْدُق دار** : رک بہ بیبرس.

* **بُنْدُقی** : رک بہ سکہ.

* **بُنْدُقِیَه** : رک بہ بارود.

* **بَنْدَه (جزائر)** : [=باندہ] انڈونیشیا میں چھوٹے چھوٹے [دس] جزیروں کا ایک مجموعہ، جن کا محلِ وقوع ۱۳۰ درجے طول بلد مشرقی اور ۳۲ درجے ۴ دقیقے عرض بلد جنوبی ہے ۔ آبادی دس ہزار سے کم ہے ۔ باشندے مختلف نسلوں کے ہیں اور ان میں سے بعض مسلمان ہیں ۔ اداروں [دستور، رواج، یا قوانین و آئین] کے اعتبار سے وہ انڈونیشیا (رک بآن) کے دوسرے حصوں کے مسلمانوں سے مختلف نہیں ہیں، لیکن جب پرتگیزوں نے وہاں کے جائفل کے درختوں کی بنا پر ادھر کا رخ کیا تو ان جزیروں نے اسلام اور مسیحیت کی باھمی کشمکش میں بڑا نمایاں حصہ لیا ۔ پرتگیزی ۱۵۱۱ء میں ملکّا پہنچے، جہاں سے وہ ایک سال میں بحری کشتیوں کے ذریعے جزائر بندہ میں پہنچ گئے ۔ یوں گویا انھوں نے آئی بیریا کی لڑائی کو، جو چند ھی سال ہوے ختم ہوئی تھی، جنوبی اور جنوب مشرقی ایشیا میں منتقل کر دیا ۔ ۱۵۹۹ء میں ولندیزی بھی میدان میں آ گئے ۔ ۱۶۱۹ء سے

marfat.com
Marfat.com

۱۹۴۲ء تک یہ جزائر ولندیزیوں ھی کے قبضے میں رھے، اور ان سے جاپانیوں نے چھین کر ۱۹۴۲ء سے ۱۹۴۵ء تک ان پر قبضہ رکھا [رک بہ انڈونیشیا ۳ : ۳۷۳].

(C. C. BERG)

* بَنْدہ : رَكّ بہ عَبْد.

* بندہ‌نواز : سید محمد گیسودراز، رَكّ بہ گیسودراز.

* بَنْزَرت : (بِیزرت Bizerta) تونس کے شمالی ساحل پر ایک شہر جو قدیم شہر ہِپو دیاریتس Hippo Diarrytus کے محلِّ وقوع پر واقع ھے ۔ یہ شہر یکے بعد دیگرے فینیقی، قرطاجنی، رومی اور بوزنطی حکومتوں کے ماتحت رہا اور بالآخر ۴۱ھ/ ۶۶۱ء میں مُعاویة بن حُدَیج نے اسے فتح کر کے اس پر قبضہ کر لیا اور چوتھی صدی ھجری/دسویں صدی عیسوی میں حسن بن نُعمان نے قرطاجنہ کے ساتھ ھی اس پر قبضہ کر لیا ۔ چوتھی/دسویں صدی میں ابن حَوقَل اسے صوبۂ سُطفورہ (تونس کے شمال میں) کا دارالسلطنت بتاتا ھے حالانکہ اس وقت یہ شہر بالکل ویران اور کھنڈروں کا ڈھیر تھا ۔ آگے چل کر اس کے اچھے دن آئے ۔ البَکری کے بیان کے مطابق پانچویں صدی ھجری/ گیارھویں صدی عیسوی میں اس شہر کے گرد ایک پتھر کی فصیل تھی اور اس کے اندر ایک بڑی مسجد، کئی بازار، حمّام اور باغ تھے ۔ مچھلی یہاں دوسری جگھوں سے زیادہ سستی بکتی ھے ۔ جھیل (بُحَیرة) مچھلیوں کی بہت اچھی شکارگاہ ھے جہاں مختلف اوقات میں مختلف قسم کی مچھلیاں ملتی ھیں ۔ بندرگاہ مَرسَی القُبّة اور شہر سے قریب ھی چند قلعے (قِلاعِ بنزرت) تھے جو ایک رِباط [تکیہ، زاویہ] کا کام دیتے تھے اور اھل زھد و تقوی کے لیے خلوت‌گاہ کا، اور جب عیسائیوں کے حملے کا اندیشہ ھوتا تو مقامی آدمیوں کے لیے پناہ‌گاہ کا کام دیتے تھے۔

خانہ‌بدوش بنو ھلال کے حملے اور زیری سُلطان المُعِزّ کے تخلیۂ قَیرَوان کے بعد بَنزرت تقریبًا بالکل خود مختار ھو گیا، لیکن دیہاتوں پر متصرّف عربوں کی یورشوں سے محفوظ رھنے کی ضمانت کے طور پر وہ جلد ھی انھیں خراج دینے پر مجبور ھو گئے ۔ مقامی لوگوں کی باھمی عداوتوں اور دشمنیوں سے فائدہ اٹھاتے ھوے عرب سردار الوَرْد اللَّخمی بنزرت میں داخل ھوا اور وھاں حکمران بن بیٹھا ۔ اس نے اپنے صدر مقام میں مختلف ضروری ادارے قائم کیے اور شہر کو نسبةً زیادہ خوش حال بنا دیا ۔ اس کے بعد اس کا بیٹا تخت نشین ھوا اور بَنُو الوَرْد خاندان بَنْزَرت میں المُوَحّدون کے حملے (۵۵۴ھ/ ۱۱۵۹ء) تک قائم رہا ۔ اس خاندان کے ساتویں حکمران امیر عیسٰی نے عبدالمؤمن کی اطاعت قبول کر لی.

ساتویں صدی ھجری/تیرھویں صدی عیسوی میں بَنزرت پر بنو غانیة المرابطون نے قبضہ جما لیا اور اس وقت سے گویا اس کے زوال کا آغاز ھوا جس کی تصدیق سولھویں صدی عیسوی کے آغاز میں حسن بن محمد الوزان (Leo Africanus) نے کی ھے، لیکن ھسپانیہ سے کچھ مسلمان مہاجر آ کر یہاں بس گئے، جنھوں نے الرَّبض الاندلسی کی بنیاد رکھی اور بربری ساحل تمام دوسری بندرگاھوں کی طرح اس نے بھی اپنی توجہ تجارتی جہازوں کو لوٹنے پر مرکوز کر دی ۔ ۹۴۰ھ / ۱۵۳۴ء میں تونس کے بنو حَفْص کے اقتدار سے آزاد ھو کر اس نے الجزائر کے فرمانروا خَیرالدّین کی اطاعت اختیار کر لی ۔ اگلے سال چارلس پنجم نے اس پر قبضہ کر لیا اور یہ ۹۸۰ھ/۱۵۷۲ء(؟) تک ھسپانیہ والوں کے قبضے میں رہا ۔ بَنزرت ایک مرتبہ پھر ترکی شہر ھو گیا اور اس کے بحری قزاق ایک روز افزوں خطرے کا سامان بن گئے ۔ ان کی غارتگریوں

Marfat.com

سے عیسائی طاقتوں میں انتقام کی آگ بھڑک اٹھی جس نے مالٹا کے سورماؤں (knights) کی بحری مہموں اور شہر پر گولہ باریوں کی شکل اختیار کر لی، جن میں سے اہل وینس کی ۱۱۹۹ھ/ ۱۷۸۵ء کی گولہ باری نے شہر کو بالکل تباہ و برباد کر دیا ۔ تجارتی جہازوں کی لوٹ مار کو ختم کر دینے اور بندرگاہ کے اندر مٹی کے جم جانے کی وجہ سے بنزرت بالکل ویران ہو گیا ۔ اب اس کی حیثیت ایک معمولی گاؤں سے زیادہ نہیں رہی اور اسی حالت میں ۱۸۸۱ء میں اس پر فرانسیسیوں کا قبضہ ہو گیا ۔ تعمیر کا کام خاصے بڑے پیمانے پر شروع ہونے کے باعث یہ ایک بڑی بندرگاہ بن گیا، جس میں بڑے سے بڑے جہاز داخل ہو سکتے ہیں اور جس میں ایک فوجی اسلحہ خانے کے علاوہ جدید طرز کے دفاعی قلعے موجود ہیں.

مآخذ : (۱) البکری : *Descript. de l'Afrique septentrionale*، الجزائر ۱۹۱۱ء، ص ۵۷ تا ۵۸، ترجمہ الجزائر ۱۹۱۳ء، ص ۱۲۱ تا ۱۲۳؛ (۲) الادریسی : المغرب، ص ۱۱۴؛ ترجمہ ص ۱۳۳ تا ۱۳۵؛ (۳) ابن خلدون : *Hist. des Berbères*، ۱ : ۲۱۸، ترجمہ ۲ : ۳۹ تا ۴۰؛ (۴) Leo Africanus : *Descript. de l'Afrique*، ترجمہ Épaulard، ۲ : ۳۷۵ تا ۳۷۶؛ (۵) Brunschvig : *La Berbérie orientale sous des Hafsides*، ۱ : ۲۹۹؛ (۶) G. Marçais : *Les Arabes en Berbérie*، ص ۱۲۱ تا ۱۲۲؛ (۷) Hannezo: *Bizerte*، در *R.Afr.* ۱۹۰۴ - ۱۹۰۵ء.

(G. MARÇAIS)

**بنغازی** : سرنیکا Cyrenaica، سابق ضلع برقہ (رک بآں) کا بڑا قصبہ جو مغربی میدان میں ایک ساحلی پٹی پر واقع ہے جسے ساحلی جھیلوں (lagoons) نے جزوی طور پر خشکی سے منقطع کر دیا ہے ۔ اس کا محلِ وقوع اچھا نہیں کیونکہ اس کی بندرگاہ شمالی اور مغربی ہواؤں کی زد میں ہے، آس پاس کے علاقے خشک اور بنجر ہیں اور سطح مرتفع المرج اور جبل الاخضر کے زرخیز اضلاع قدرے فاصلے پر واقع ہیں ۔ یہ قصبہ قدیم یوھس پریدس Euhesperides کے مقام پر آباد کیا گیا ہے، مؤخرالذکر ایک نو آبادی تھی جس کی بنیاد یونانیوں نے پانچویں صدی قبل مسیح میں رکھی تھی ۔ مصری بادشاہ بطلمیوس ثالث یورجیٹس (Ptolemy III Euergetes) کے عہد میں یہ آبادی اس کی بیوی برِہنکہ Berenike کے نام پر موسوم ہو گئی اور قرونِ وسطٰی میں اس کا یہی نام برنیک کی صورت میں برقرار رہا ۔ اس شہر کی حیثیت ہمیشہ ثانوی رہی اور قرونِ وسطٰی میں اس پر ایسا زوال آیا کہ شاید یہ بالکل ہی مٹ گیا.

موجودہ شہر کی تاریخ کا آغاز پندرھویں صدی کے اواخر میں طرابلسیوں کی زلتن Zliten اور مسرتہ Mesrata سے نقل مکانی کر کے یہاں آ جانے سے ہوتا ہے ۔ ان کے درنہ سے تجارتی روابط قائم تھے ۔ درنہ ایک اندلسی آبادی تھی جو کچھ مدت قبل برقہ کے مشرقی ساحل کے علاقے میں بسائی گئی تھی ۔ بنغازی کا نام سیدی غازی کے نام پر ہے ۔ یہ ایک ولی اللہ تھے جو یہاں مدفون ہوے، لیکن ان کے بارے میں ہماری معلومات نہ ہونے کے برابر ہیں ۔ سلطنت عثمانی کے دیگر ممالک سے نقل مکانی کرنے والوں کی آمد سے طرابلسیوں کی تعداد میں بتدریج اضافہ ہوتا گیا ۔ ان میں اقریطشی Cretans بالخصوص قابلِ ذکر ہیں جو یونانیوں کے ہاتھوں اپنے جزیرے کی فتح (۱۸۹۷ء) سے قبل اور بعد جوق جوق یہاں پہنچے ۔ یہاں آنے والے دوسرے لوگوں میں طرابلس کے یہودی اور برقہ کے مختلف حصوں کے قبائلی اور نخلستانوں کے باشندے تھے، اور تھوڑی سی

marfat.com
Marfat.com

تعداد یورپ کے باشندوں کی تھی، انیسویں صدی عیسوی کے شروع میں اس قصبے کی آبادی پانچ ہزار تھی جو ۱۹۰۰ء کے قریب پندرہ ہزار ہو گئی جس میں ایک ہزار اطالیہ، مالٹا اور یونان کے باشندے اور ۲۵۰۰ یہودی بھی شامل تھے۔ جب ۱۹۱۱ء میں اطالوی بنغازی میں اترے تو یہاں کی آبادی بڑھ کر ۱۹ ہزار ہو چکی تھی۔ شروع میں یہ ایک ترکی ولایت کا مرکز تھا۔ اب لیبیا کی نوآبادی کے مشرقی حصّے کا صدر مقام بنا جہاں ۱۹۳۱ء میں جا کر امن و امان قائم ہو سکا۔ یہ ریل کے ذریعے جنوب کی جانب سلوک Solūk (۳۵ میل) اور مشرق کی جانب المرج (۶۸ میل) سے ملا ہوا ہے اور سرتہ کلان ندی کے کنارے کنارے جانے والی سڑک نیز شمالی سطح مرتفع، یعنی ملک کے قلب سے ادھر ادھر جانے والی سڑکیں یہیں آ کر ختم ہوتی ہیں۔ یہاں ایک نئی بندرگاہ تیار کی گئی جسے پشتوں کے ذریعے محفوظ بنایا گیا۔ علاوہ ازیں یورپی شہروں کی طرح اس قصبے کے لیے بلدیاتی سہولتیں مہیا کی گئیں۔ پرانا قصبہ ۷۰۰ میٹر لمبے اور ۳۰۰ میٹر چوڑے ایک چوکور قطعۂ زمین کے اندر آباد ہوا تھا اور اس کا نقشہ خاصا باقاعدہ تھا۔ جامع مسجد جو سولھویں صدی عیسوی میں تعمیر ہوئی تھی پھر بحال ہوئی۔ ایک نیا مضافاتی قصبہ بڑے پیمانے پر قدیم بنغازی کے جنوب میں سابقہ نواحی بستی البرکۃ کی جانب بسایا گیا۔ البرکۃ ایک مضافاتی قصبہ تھا جو ترکی چھاؤنی کی بارکوں کے گرد بس گیا تھا۔ ۱۹۳۸ء میں بنغازی کی آبادی ۶۶۸۰۰ ہو گئی جن میں ۲۲۰۰۰ اطالوی تھے۔ اس کی بندرگاہ سرینکا میں سب سے زیادہ مصروف کاروباری جگہ تھی جہاں کئی صنعتیں قائم ہوئیں مثلاً چمڑا رنگنا اور جوتے بنانا، لکڑی کا سامان، تعمیرات اور ٹنی tunny مچھلی کے محفوظ رکھنے کا کام، یونانی اور اطالوی سرتہ کلان میں مچھلیاں پکڑتے تھے۔ ماہی گیری اور سمندر سے نمک بنانے کی وجہ سے لوگوں کو روزگار کے مزید مواقع حاصل ہو گئے تھے۔

بنغازی کو ۱۹۴۲ء کے اواخر کی بمباری اور اطالوی آبادی کے اخراج سے بڑا نقصان پہنچا۔ برطانیہ کی آٹھویں فوج کے پہنچنے پر اطالوی اسے اور سارے سرینکا کو خالی کر گئے۔ بنغازی سرینکا کا بڑا شہر اور وفاق متحدۂ لیبیا کے سلطان کا دارالحکومت اور قیام گاہ ہو گیا (۱۹۵۱ء)، لیکن یہاں کی صنعتیں ماند پڑ گئیں اور بندرگاہ کی حیثیت سے اس کی اہمیت جاتی رہی۔ اس کے ہوائی اڈے کی اہمیت زیادہ تر فوجی نقطۂ نظر ہی سے ہے۔ ۱۹۵۴ء میں اس کی آبادی ۶۳۰۰۰ کے قریب تھی جو یہودیوں اور یورپیوں کی ایک قلیل تعداد کے سوا تمام تر مسلمان تھی۔

**مآخذ:** رک بہ مادۂ برقۃ و لیبیا.

(J. DESPOIS)

⊗ **بنقی:** (Banqui)، سابق فرانسیسی نوآبادی اوبنگھی۔شاری Ubanghi Shāri اور موجودہ جمہوریۂ وسطی افریقہ کا صدر مقام، جو جمہوریۂ کانگو کی سرحد کے قریب واقع ہے۔ پچھلی صدی میں جو فرانسیسیوں نے فرانسیسی کانگو کی حدود میں توسیع کرنے کی مہم شروع کی تو مفتوحہ علاقے میں ان کی سب سے پہلی فوجی چوکی بنقی ہی میں بنائی گئی تھی۔ ۱۳ اگست ۱۹۶۰ء کو جب اوبنگھی۔شاری کو مکمل آزادی ملی اور جمہوریۂ وسطی افریقہ ظہور میں آئی تو بنقی اس کا صدر مقام قرار پایا۔ یکم جنوری ۱۹۶۶ء کو کرنل ژاں Jean Bedel Bocassa نے فوجی بغاوت کر کے بنقی میں قصر صدارت، ریڈیو سٹیشن اور دوسرے سرکاری مراکز کا محاصرہ کر کے صدر ڈیوڈ ڈیکو David

Marfat.com

Dacko کو برطرف کر دیا اور نئی حکومت قائم ہو گئی۔

بنقی میں ہوائی اڈا بھی موجود ہے اور اس کے قریب بوکوکو Bokoku کے مقام پر زرعی تحقیقات کا مرکز قائم ہے ۔ بنقی کی آبادی ۸۲۳۰۰ ہے ۔

**مآخذ:** (۱) *World Muslim Gazetteer*، کراچی ۱۹۶۵ء؛ (۲) *Statesman's Year Book, 1967*؛ (۳) *The World Almanac, 1967*؛ (۴) *Whitaker's Almanack, 1967*.

(سید امجد الطاف)

* **بنگ** : رک بہ بنج ۔

* **بنگال** : رک بہ بنگالہ ۔

⊗ **بنگالہ** : یا بنگال، برطانوی ہند کا ایک صوبہ، جو برصغیر پاک و ہند کی آزادی کے بعد تقسیم ہو کر بھارت کی ریاست مغربی بنگال اور پاکستان کے صوبۂ مشرقی پاکستان میں شامل ہو چکا ہے ۔

نام اور جغرافیہ : بنگال یا بنگالہ کا نام بنگ یا ونگ سے نکلا ہے ۔ یہ ایک غیر آریائی قوم تھی، جس کا ذکر سنسکرت کی قدیم رزمیہ کتابوں اور دھرم شاستروں، نیز بدھی ادب (''سیلندا پنہو'') میں ملتا ہے ۔ آگے چل کر یہ نام بنگال کے اس علاقے کے لیے استعمال ہونے لگا، جہاں یہ قوم آباد تھی ۔ پال اور سین راجاؤں کے عہد کا بنگ جنوبی بنگال میں دریاے گنگ کے ڈیلٹا کے مشرقی حصے میں واقع ایک چھوٹے سے علاقے پر مشتمل تھا ۔ مغربی بنگال کو رادھا اور شمالی بنگال کو پوندرا وردھن کہتے تھے ۔ ان کے علاوہ وریندرا اور لکھنوتی کے علاقے بھی تھے ۔ شمالی اور مغربی بنگال کے کچھ حصے کو گور کہا جاتا تھا، لیکن یہ نام بعض اوقات پورے بنگال کے لیے بھی استعمال ہوتا تھا ۔ سین راجاؤں کی سلطنت میں بنگال کا ایک بڑا حصہ شامل تھا، لیکن وہ ہمیشہ گوری سور (= گور کا راجا) ہی کہلائے ۔ بارھویں صدی عیسوی کے اختتام تک بنگالہ کا نام مشرقی اور جنوبی حصے کے لیے مخصوص تھا ۔ ابتدائی مسلمان مصنفین نے بھی بنگ یا بنگا مشرقی اور جنوبی بنگال کے لیے استعمال کیا (''بختیار خلجی لکھنوتی، بہار، بنگ اور کمرود (کامروپ) جیسی مختلف جگھوں کے لوگوں کو اپنے زیر تسلط لایا'' طبقات ناصری، ص ۱۴۸) ۔

لفظ بنگالہ پہلے پہل بلبن (رک باں) کے زمانے میں استعمال ہوا، جسے ضیاء الدین برنی نے ''فاتح اقلیم لکھنوتی و عرصۂ بنگالہ'' لکھا ہے ۔ بنگال کے یہ دو مختلف حصے (لکھنوتی اور بنگالہ) سلطان الیاس شاہ کے عہد میں متحد ہوے اور دونوں حصوں کا نام بنگالہ ہوا؛ چنانچہ سلطان الیاس شاہ نے شاہ بنگالہ (اور شاہ بنگالیان) کا لقب اختیار کیا (عفیف، ص ۱۱۴ تا ۱۱۸، فرشتہ؛ ۲ : ۲۹۶) ۔ اس زمانے سے بنگالہ سے وہ وسیع جغرافیائی خطہ مراد لیا جانے لگا جو تلیاگڑھی سے چاٹگاؤں تک ہمالیہ کی ترائی سے خلیج بنگال تک پھیلا ہوا ہے اور یہاں کے لوگ فارسی ادب اور چینی اور ترکی کتابوں میں بنگالی کے نام سے موسوم ہوے ۔

آئین اکبری اور توزک جہانگیری میں بنگالہ کی تقریباً وہی حدود ملتی ہیں جو برطانوی ہند کے صوبۂ بنگال کی تھیں، یعنی شمال میں ہمالیہ کی ترائی سے خلیج بنگال تک اور مغرب میں راج محل کی پہاڑیوں سے مشرق میں گارو، کھاسی اور چاٹگاؤں تک ۔ اس کی طبعی سرحد نے اسے تبت، چین اور برما سے علیحدہ کیا ہے اور برصغیر پاک و ہند کے ساتھ صرف درۂ تلیا گڑھی، درۂ بھنگہ اور جھارکھنڈ کے دشوار گزار راستے سے ملحق ہے ۔

علم طبقات کی رو سے بنگالہ کی زمین زیادہ پرانی نہیں ہے ۔ اس کی آب پاشی متعدد دریاؤں اور بے شمار ندی نالوں سے ہوتی ہے ۔ گنگا، برھم پتر،

Marfat.com

میگھنا، کروتیا، مہانندا، کوسی اور ان کی معاون ندیوں کا بنگالیوں کی زندگی بنانے اور بگاڑنے میں ایک خاص حصہ ہے ۔ بنگالہ کی تمدنی و معاشی ترقی کا انحصار انھیں کے رحم و کرم پر ہے اور بہت سے شہروں اور دیہات کو بسانے اور اجاڑنے میں ان کا بڑا حصہ رہا ہے ۔ ان کے قرب و جوار کی زمینیں زیادہ اونچی نہ ہونے کے باعث برسات میں تقریباً چار ماہ تک زیر آب رہتی ہیں، جس سے زراعت کو خاصا نقصان پہنچتا ہے ۔ علاوہ ازیں باد و باراں کے شدید طوفان بھی اکثر اس علاقے کو اپنا نشانہ بناتے رہتے ہیں ۔ سیاحوں اور مؤرخوں نے اپنی کتابوں میں اس کی تفصیلات دی ہیں۔

تاریخ :

ھندو دور: اس علاقے میں آریاؤں کی آمد کا آغاز تقریباً ۱۰۰۰ ق م میں ہوا، لیکن ان کے قدیم ادب میں اس زمانے کے بنگالہ کی سیاسی حالت کے بارے میں اس کے سوا کسی طرح کی معلومات نہیں ملتیں کہ یہ چھوٹی چھوٹی ریاستوں میں منقسم تھا اور آبادی مختلف اقوام، مثلاً ونگا، سوھما، پوندرا اور لادھا وغیرہ پر مشتمل تھی ۔ قدیم رزمیہ نظموں میں ان کے بعض سرداروں کے نام ملتے ہیں، مثلاً پوندرا کا حاکم واسودیو۔

تاریخی دور کی ابتدا چوتھی صدی ق م کے اواخر سے ہوتی ہے ۔ بقول بطلمیوس (Ptolemy) مشرقی علاقے میں گنگاریدائی یا گنداریدائی حکومت کرتے تھے ۔ ھگلی کے قریب ان کی راجدھانی گنگے تجارت کی بڑی منڈی تھی ۔ یہاں بہت اچھی ململ تیار ہوتی تھی اور اس کے نزدیک ایک سونے کی کان تھی ۔ سکندر اعظم کے حملے کے وقت انھوں نے پاٹلی پتر کے براسیوئی حکمرانوں سے متحد ہو کر ایک بہت بڑا لشکر مشرقی ھند کے دفاع کے لیے تیار کیا تھا۔

سمندر گپت کے کتبات سے مشرقی بنگال کی ایک ریاست سماتاٹا یا ونگا کا پتا چلتا ہے ۔ اسی طرح مغربی بنگال میں پوشکرنا کی ریاست تھی، جس کے راجا چندرورمن نے اپنی حدود فریدپور تک بڑھا لی تھیں اور ایک قلعہ چندرورماکوٹ بنوایا تھا۔ ان دونوں ریاستوں کا خاتمہ سمندر گپت کے ہاتھوں ہوا۔

خاندان گپتا کی حکومت چھٹی صدی عیسوی تک رہی ۔ اس عہد کے کتبوں میں ونگا کے تین راجاؤں کے نام ملتے ہیں : گوپ چندر، دھرم دت اور سماچاردیو، جو بردوان اور فرید پور کے علاقے پر ۵۲۵ سے ۵۷۵ء تک حکمران رہے، تاآنکہ چالوکیہ کے راجا کرتی ورمن نے اس ریاست پر قبضہ کر لیا۔

۶۰۶ء سے کچھ قبل گپتا خاندان کے ایک باجگزار مہاسامنت ساسنکا نے آپوندرا یا ورندری (شمالی بنگال) اور رادھا یا سوھما (مغربی بنگال) پر مشتمل ریاست گوڈا (گوڑ، گور) کی بنیاد رکھی۔ جس کا صدر مقام کرنا سورنا (رانگا ماٹی) تھا۔ اس نے بدھ راجا ھرش وردھن اور کامروپ کے راجا بھاسکرورمن کو پے در پے شکستیں دے کر مگدھ (بہار)، چلکا جھبا (اڑیسہ) اور بنارس تک کا علاقہ فتح کر لیا ۔ اس نے بدھوں پر بڑے ظلم کیے اور گیا کے مندر سے مہاتما بدھ کا بت نکال پھینکا۔ اس کی موت کے بعد بھاسکرورمن اور ھرش وردھن نے اپنا کھویا ہوا علاقہ واپس لے لیا۔ آٹھویں صدی عیسوی کی ابتدا میں قنوج کے راجا یاسوورمن نے گوڈا اور ونگا پر قبضہ کر لیا اور ۷۳۶ء کے بعد کشمیر کا راجا لالتیہ دتیہ گوڈا پر قابض ہو گیا۔

ساتویں صدی کے نصف آخر میں مشرقی اور جنوبی بنگال پر ایک بدھ خاندان کھڈگا حکمران تھا۔ آٹھویں صدی کا نصف اول ابتری کا زمانہ تھا، جس سے فائدہ اٹھا کر ۷۴۳ء میں ایک اور بدھ خاندان پال

Marfat.com

نے مغربی بنگال میں اپنی حکومت قائم کر لی۔

پال خاندان کا بانی گوپال تھا جس نے نالندا اور دوسرے مقامات پر سٹھ اور مذہبی مدرسے قائم کیے۔ اس کے بیٹے دھرم پال کے زمانے (۷۷۰ تا ۸۱۰ء) میں یہ سلطنت اس قدر وسیع ہو گئی کہ اس میں ہمالیہ کی ترائی، کیدرا، مشرقی راجپوتانہ، مالوہ اور برار تک کے علاقے شامل تھے۔ اس کے بیٹے دیوپال نے اڑیسہ اور آسام تک اپنی ریاست بڑھا لی اور ہمالیہ سے وندھیاچل اور خلیج بنگال سے بحیرۂ عرب تک کے راجاؤں سے خراج لیا۔ اس کی شہرت جاوا، سماترا اور ملایا تک پہنچی اور وہاں سے سفارتیں آئیں۔ عرب سیّاح سلیمان اور جغرافیہ دان المسعودی نے اس کی ریاست کا حال قلمبند کیا ہے۔ اس کے درباری شاعر ابھی‌نند نے ایک کتاب چرتیا لکھی۔

دیوپال کے بعد اس خاندان پر زوال آ گیا۔ ۹۸۸ء تک چھے راجا ہوے جو مذہب کے پابند، لیکن سپہگری سے بے بہر تھے۔ ماھی پال (۹۸۸ تا ۱۰۳۸ء) کے زمانے میں اس خاندان نے پھر سنبھالا لیا۔ اس نے شمالی اور مشرقی بنگال پر دوبارہ قبضہ کر کے بنارس تک اپنی سلطنت کی توسیع کی۔ اس کے عہد میں مذہب اور تہذیب کو بھی ترقی ہوئی۔

آخر تقریباً چار سو سال کے بعد پال خاندان اور اس کے ساتھ بدھوں کے دورِ حکومت کا خاتمہ ہو گیا۔ آخری حکمران گووندپال شکست کھا کر بہار کی طرف بھاگ گیا اور ایک طویل عرصے کے لیے سین خاندان کے ہندو راجا برسر اقتدار آ گئے۔

گیارھویں صدی کے اواخر میں ھیمنت‌سین نے رادھا میں ایک خودمختار حکومت قائم کی۔ اس کے بیٹے وجے‌سین (۱۰۹۵ تا ۱۱۵۸ء) نے گوڈا کے کچھ حصے اور ونگا کو اپنی ریاست میں شامل کیا؛ پھر کامروپ اور کالنگا کے علاقے بھی فتح کر لیے۔ اس کے جانشین ولّاسین کی حدودِ سلطنت مشرقی بنگال سے شمالی بہار تک پھیلی ہوئی تھیں۔ وہ عالم تھا اور عالموں کی قدر کرتا تھا۔ دان ساگر اور بھوتا ساگر اسی زمانے میں لکھی گئیں۔ ۱۱۶۹ء میں اس کا بیٹا لکشمن‌سین تخت پر بیٹھا۔ اس نے اپنا آبائی شِو دھرم چھوڑ کر ویشنو دھرم اختیار کیا۔ وہ خود بھی شاعر تھا اور اس کے دربار میں بھی کئی ممتاز شعرا موجود تھے۔ اس نے کاسی، کالنگا، کامروپ اور گوڈا کے راجاؤں پر فتح حاصل کی اور پوری، بنارس اور الٰہ آباد میں فتح کے ستون نصب کیے۔ اس کی عمر کا آخری حصہ بڑی پریشانی میں بسر ہوا۔ ملک کے مختلف حصوں میں شورشیں اور بغاوتیں ہونے لگیں اور چاروں طرف انتشار اور بدامنی پھیل گئی تاآنکہ وہ مسلمانوں سے شکست کھا کر بھاگا اور ۱۲۰۶ء میں ڈھاکے کے قریب بمقام وکرم‌پور فوت ہو گیا۔ سین راجا کٹّر ہندو تھے اور بدھ مت کے پیرو ہمیشہ ان سے نالاں رہے۔

اسلامی دور: ۱۱۹۹ء میں قطب الدین ایبک کے ایک ترک سپہ سالار اختیارالدین محمد بن بختیار خلجی نے جنوبی بہار میں مسلم سلطنت کی توسیع کرنے کے بعد بنگالہ کی طرف کوچ کیا اور اپنی فوج کو پیچھے چھوڑ کر صرف اٹھارہ سواروں کے ساتھ ۱۲۰۱ء میں سین راجا کے دارالحکومت ندیا میں داخل ہوا۔ لکشمن‌سین کو خبر ملی تو وہ کھانا چھوڑ کر محل کے پچھلے دروازے سے بھاگ نکلا اور ندیا پر بغیر جنگ و جدال کے مسلمانوں کا قبضہ ہو گیا۔ جلد ھی وریندرا اور گور بھی مسلمانوں کے ھاتھ آ گیا۔ اس کی قائم کردہ حکومت لکھنوتی کی وسعت شمال میں پورنیا سے دیو کوٹ اور رنگپور تک، مشرق میں ٹیسٹا اور کروتیا تک، جنوب میں گنگا تک اور مغرب میں کوسی سے راج

marfat.com
Marfat.com

محل کی پہاڑیوں تک تھی ۔ وندھیا چل سے راج محل کی پہاڑیوں تک جنوبی بہار اور گنڈک کے دھانے سے کوسی تک کے علاقے بھی لکھنوتی حکومت میں شامل کر لیے گئے ۔ یہ چھوٹی سی سلطنت بعد میں گور کی ایک بڑی خودمختار حکومت بنی ۔ کچھ عرصے بعد محمد بن بختیار خلجی دس ہزار فوج لے کر تبت پر حملہ کرنے کے لیے روانہ ہوا، لیکن پہاڑی راستوں کی دشواری اور نیم وحشی قبائل کی لڑائیوں نے فوج کو بددل کر دیا اور وہ مراجعت پر مجبور ہو گیا ۔ جب وہ اپنی حدود میں پہنچا تو تین چوتھائی فوج ضائع ہو چکی تھی اور وہ خود ایسا علیل تھا کہ لکھنوتی کے راستے ہی میں دیوکوٹ کے مقام پر فوت ہو گیا (۱۲۰۵ء) ۔ ایک سردار علی بن مردان خلجی پر شبہہ کیا گیا کہ اس نے بیماری میں محمد بن بختیار خلجی کو ہلاک کر دیا ہے؛ چنانچہ اسے گرفتار کر کے عزالدین محمد شیران کو لکھنوتی کا حاکم بنایا گیا جو شاہی لقب اختیار کیے بغیر خود مختارانہ حکومت کرنے لگا ۔ علی بن مردان کچھ ہی دنوں بعد فرار ہو کر دہلی پہنچا اور اپنی صفائی پیش کر کے ایبک سے ولایت بنگال کی سند لے کر لکھنوتی آیا ۔ شیران شکست کھا کر بھاگ گیا اور ایبک کے گورنر کی حیثیت سے علی بن مردان حکومت کرنے لگا ۔ بنگال کا پہلا مسلمان بادشاہ یہی ہے .

نومبر ۱۲۱۰ء میں قطب الدین ایبک کی وفات کے بعد علی بن مردان نے بنگال میں اپنی بادشاہت کا اعلان کر دیا، مگر اس نے جبر و تعدّی اور خود پسندی کا ایسا مظاہرہ کیا کہ خلجی امرا نے عاجز آ کر اسے قتل کر دیا (۱۲۱۱ء)، اور حسام الدین خلجی سلطان غیاث الدین کے لقب سے بادشاہ بن گیا ۔ اس کے زمانے میں بنگال نے بڑی ترقی کی ۔ حدودِ سلطنت میں توسیع ہوئی، اڑیسہ، کامروپ اور وکرم پور کے راجا خراج دینے لگے اور دارالحکومت دیوکوٹ سے گور (لکھنوتی) میں منتقل ہو گیا ۔ ۱۲۱۹ء میں اس نے جہازوں کا ایک بڑا بیڑا بنایا ۔ ۱۲۲۵ء میں سلطان التتمش بہار و بنگال پر حملہ آور ہوا تو اس نے سلطان کی اطاعت قبول کر لی، لیکن اس کے واپس ہوتے ہی بہار کے صوبیدار علاؤالدین جانی کو مار بھگایا ۔ اس پر التتمش کے لڑکے ناصرالدین نے لکھنوتی پر چڑھائی کی، غیاث الدین گرفتار ہوا اور مارا گیا ۔ اس طرح بنگال کی پہلی آزاد بادشاہی کا خاتمہ ہو گیا (۱۲۲۷ء).

بنگال ۱۲۲۷ سے ۱۲۸۷ء تک دہلی سلطنت کا ایک حصّہ رہا اور اس دوران میں یہاں یکے بعد دیگرے متعدد صوبیدار مقرر ہوے جو بوجوہ کم و بیش خود مختار رہے .

بلبن [رَکَ بآں] کے عہدِ حکومت (۱۲۶۵ تا ۱۲۸۷ء) میں یہاں کا صوبیدار اس کا معتمد غلام مغیث الدین طغرل تھا ۔ ۱۲۷۹ء میں بادشاہ ایسا بیمار ہوا کہ بعض علاقوں میں اس کی وفات کی افواہ پھیل گئی ۔ طغرل نے ان دنوں شمالی اڑیسہ اور گونڈوانہ میں بہت سی فتوحات حاصل کی تھیں ۔ اس نے مال غنیمت کا پانچواں حصّہ شاہی دربار میں بھیجنے کے بجاے اپنی بادشاہت کا اعلان کر دیا اور یکے بعد دیگرے دو شاہی لشکروں کو، جو اسے سزا دینے کے لیے بھیجے گئے تھے، شکست دی ۔ اب سلطان غیاث الدین بلبن خود بنگال پر حملہ آور ہوا (۱۲۸۰ء) ۔ یہ سن کر طغرل جاج نگر کی طرف فرار ہو گیا اور بلادِ بنگال شاہی قبضے میں آ گئے ۔ طغرل کا پیچھا کیا گیا اور بالآخر وہ مارا گیا (۱۲۸۳ء) ۔ بلبن نے اپنے لڑکے بغرا خان کو اقلیم لکھنوتی اور عرصۂ بنگالہ کا حاکم بنایا اور دہلی واپس چلا گیا (۱۲۸۲ء) ۔ بغرا خان کے وقت سے بنگال کی صوبہ داری موروثی ہو گئی ۔ یہ بلبنی

Marfat.com

حکمران سلطنت دہلی کی سیادت کو تسلیم تو کرتے تھے، لیکن اپنے صوبے کے معاملات میں وہ تقریباً آزاد و خود مختار تھے۔

۱۲۸۷ء میں خاندانِ غلامان کے ہاتھ سے دہلی کی سلطنت جاتی رہی اور ۱۲۹۰ء میں خلجیوں اور پھر ۱۳۲۰ء میں تغلقوں کا اس پر قبضہ ہوا، تاہم بنگال میں بلبنی خاندان بدستور حاکم رہا اور سلاطین دہلی نے بھی ان پر کسی طرح کا جبر کرنا پسند نہیں کیا۔ غیاث الدین تغلق کے عہد میں حاکم بنگالہ شہاب الدین بغرا شاہ کو اس کے بھائی نادر شاہ نے اس قدر زچ کیا کہ اس نے بادشاہ سے مدد مانگی، چنانچہ سپہ سالار بہرام خان بنگال بھیجا گیا۔ بہادر شاہ نے شکست کھائی اور شہاب الدین حکومت پر بحال ہوا۔ آئندہ تیس پینتیس برس تک بنگالہ کے مختلف حصّے سلاطینِ دہلی کی سیادت کو مانتے رہے۔ ۱۳۲۴ سے ۱۳۳۰ء تک مشرقی بنگال پر بہادر شاہ اور بہرام خان کی مشترکہ طور پر اور ۱۳۳۰ سے ۱۳۳۸ء تک صرف مؤخر الذکر کی حکومت رہی۔ ۱۳۲۵ سے ۱۳۳۹ء تک لکھنوتی کا حاکم قدرخان تھا اور ۱۳۲۳ سے ۱۳۳۹ء تک ساتگاؤں کا حاکم عزالدین اعظم الملک۔ محمد تغلق کے آخری ایامِ حکومت میں والیان بنگال علانیہ منحرف ہوگئے اور فیروز تغلق کو طوعاً و کرھاً ان کی آزادی ماننا پڑی۔

آزاد مسلمان بادشاہوں کے زمانے میں بنگال نے بڑی آسودگی پائی۔ ملک کے گوشے گوشے میں سرکاری عمارات، قلعے، مسجدیں، مدرسے، اقامت خانے، سرائیں اور خانقاہیں تعمیر ہوئیں، تالاب کھودے گئے اور سڑکیں تیار ہوئیں۔ اس عہد میں دو شاہی خاندان حکمران رہے: ایک حاجی الیاس کا اور دوسرا علاء الدین حسین کا، درمیان میں راجا کنس اور اور اس کے جانشینوں نے کچھ عرصے کے لیے حکومت غصب کر لی۔ مملکتِ بنگالہ کو مسلمانوں نے یہ وسعت دی کہ مغربی آسام (= کامروپ)، کوچ بہار اور جاجنگر (اڑیسہ) کے اقطاع اور شمالی و جنوبی بہار کا علاقہ پٹنے تک ان کے زیرِ حکومت رہا۔ اسلامی فوجوں نے دریاے میگھنا عبور کیا، جو پہلے ان کی پیشقدمی میں سدِّ سکندری بنتا رہا تھا اور سلہٹ، مغربی پٹرہ اور نواکھلی (بشمول چاٹگاؤں) تک مسلّط ہو گئیں۔ اس مملکت کے مرکزی شہر تین تھے: (۱) غور یا گور، جو قدیم لکھنوتی کا نیا نام تھا اور وسطِ بنگال (موجودہ ضلع مالدہ) میں گنگا کے کنارے واقع اور چند وقفوں کے ساتھ بہت عرصے تک پایۂ تخت رہا۔ اس کے قریب پنڈوہ اور اکداله کے شاندار قلعے کی تعمیر ہوئی؛ (۲) مشرق میں سنار گاؤں، موجودہ ڈھاکے سے قریب ایک وسیع شہر تھا، جب ڈھاکہ بسا تو اجڑ گیا؛ (۳) ساتگاؤں، دریاے ھگلی پر تجارتی اور انتظامی مرکز تھا۔ جب ندّی کے اٹ جانے سے آمد و رفت مشکل ہو گئی تو اس کی جگہ ھگلی بندر نے لے لی۔ (ریاض السلاطین، انگریزی ترجمہ، حاشیہ ترجمہ، ص ۹۰؛ ہاشمی فرید آبادی: تاریخ مسلمانانِ پاکستان و بھارت، ۱: ۳۶۳)۔

۱۳۳۹ء میں بہرام کے قتل کے بعد اس کے مشیر کار فخرالدین نے بغاوت کی اور سلطان فخرالدین مبارک شاہ کے نام سے خطبہ پڑھا اور ۱۳۴۹ء تک حکومت کی۔ اس کے بعد مشرقی بنگال تین سال آور خودمختار رہا اور اس کے لڑکے اختیار الدین غازی شاہ نے حکومت کی۔ ۱۳۵۳ء میں سنار گاؤں مغربی بنگال کی الیاس شاہی سلطنت کا ایک حصّہ ہو گیا۔

الیاس شاہی سلطنت: ۱۳۴۲ء میں حاجی (ملک) الیاس مغربی بنگال کے حاکم علی مبارک کو قتل کر کے تخت پر قابض ہوا اور سلطان شمس الدین کا لقب اختیار کیا۔ اس نے مغرب میں اپنی

Marfat.com

سلطنت ترہٹ سے آگے چمپارن، گورکھپور اور بھڑائچ تک بڑھا لی، ادھر مشرق میں اختیارالدین کی وفات کے بعد ۱۳۵۲ء میں سنار گاؤں کو اپنی سلطنت میں ملا لیا - ۱۳۵۳ء میں بنگلہ پر فیروز تغلق نے حملہ کیا جس کا نتیجہ بالآخر یہ نکلا کہ لکھنوتی کے مغرب کا سارا حصہ دہلی کی سلطنت میں ملا لیا گیا - تاہم الیاس شاہ نے اپنی سلطنت کی وسعت کامروپ، ناگرا، اور ورندرا (راجشاہی اور دیناجپور کے اضلاع) تک بڑھا لی - اس نے ۱۳۵۸ء تک حکومت کی، لیکن اس کے سکّے صرف ۱۳۵۷ء تک کے پائے جاتے ہیں - اس کے زمانے میں علم کا چرچا ہوا اور عالموں کی قدر کی گئی - اخی سراج الدین المعروف بہ آئینۂ ہند اور شیخ بیابانی (م ۱۳۵۴ء) اس کے درباری تھے۔

الیاس شاہ کی وفات کے بعد اس کا لڑکا سکندر شاہ اوّل (۱۳۵۸ تا ۱۳۸۹ء) تخت نشین ہوا - اس کے عہد میں بھی فیروز تغلق نے حملہ کیا، لیکن جلد ہی صلح ہو گئی اور وہ دہلی واپس چلا گیا (۱۳۵۹ء) - پینتیس سال کی حکومت کے دوران میں سکندر شاہ نے بہت سی عمارات تعمیر کروائیں - ۱۳۸۸ء میں اس کے بیٹے غیاث الدین نے بغاوت کر کے سنار گاؤں، ساتگاؤں اور فیروز آباد کو فتح کر لیا - گوال پاڑہ میں باپ بیٹے کے درمیان جنگ ہوئی - سکندر شاہ مارا گیا اور غیاث الدین ۱۳۸۹ء میں تخت پر بیٹھا۔

یہی وہ غیاث الدین اعظم شاہ (۱۳۸۹ تا ۱۳۹۶ء) ہے جس نے ایران کے شاعر حافظ سے خط و کتابت کی اور جونپور کے حاکم خواجہ جہاں اور چین کے شہنشاہ سے دوستی پیدا کی - ایک چینی سیاح ماھوان اسی کے زمانے میں بنگالہ آیا اور اس نے یہاں کی تمدنی و معاشرتی حالت قلمبند کی۔

الیاس شاھی خاندان کے آخری سلاطین کی کمزوری کے باعث درباری بہت خود سر ہو گئے - امیروں میں سے ایک راجہ کنس بھی تھا، جس نے غیاث الدین اعظم کے پوتے شمس الدین ثانی کو ۱۴۰۹ء میں قتل کرا کے بایزید کو برائے نام تخت پر بٹھایا اور خود حکومت کی باگ ڈور سنبھال لی؛ لیکن کچھ عرصے بعد امرا کی مخالفت کی تاب نہ لا کر سلطنت اپنے لڑکے جدو کے حوالے کر دی (۱۴۱۴ء) - نیا حکمران مسلمان ہو گیا اور جلال الدین محمد شاہ کے نام سے موسوم ہوا - اس کی وفات (۱۴۳۱ء) کے بعد شمس الدین احمد شاہ تخت پر بیٹھا - ۱۴۴۲ء میں اسے قتل کر دیا گیا اور حکومت ایک بار پھر الیاس شاھیوں کے ہاتھ میں آ گئی۔

۱۴۴۲ سے ۱۴۵۹ء تک ناصر الدین محمود شاہ نے بھاگلپور، ساتگاؤں، باگرھاٹ، فریدپور اور نصرت آباد سے اپنے سکّے جاری کیے - اس کے لڑکے رکن الدین باربک شاہ (۱۴۵۹ تا ۱۴۷۴ء) نے اڑیسہ کے راجا سے جنگ کی اور قلعۂ مندارن پر دوبارہ قبضہ کیا - اس کے فوجی افسر اسمٰعیل غازی نے کامروپ کے راجا کو ماھی سنتوش (ضلع دیناجپور) کے نزدیک شکست دے کر اپنی سرحد دریاے کروٹیا تک بڑھا لی - باربک اور اراکان کے راجا کے درمیان چاٹگاؤں کے لیے عرصے تک جنگ ہوتی رھی - جیسور اور کھلنا کا علاقہ جنوب میں فتح کیا گیا - باربک گوریسور کہلاتا تھا - اس نے بنگلہ زبان کی بھی سرپرستی کی۔

جس طرح عباسیوں کے زمانے میں ترکوں کی سرپرستی ہوئی تھی اسی طرح بنگال کے آخری الیاس شاھی سلطانوں نے حبشیوں کی سرپرستی کی - نتیجہ یہ نکلا کہ جن امیروں کی وجہ سے سلطنت چلتی تھی ان کا زور کم ہو گیا اور سلطنت کو نقصان پہنچا - محمود کے بیٹے جلال الدین فتح شاہ (۱۴۸۱ تا ۱۴۸۶ء) نے حبشیوں کی قوت توڑنا چاھی

Marfat.com

تو ہنگامہ برپا ہو گیا، جس میں فتح شاہ کام آیا اور الیاس شاہی حکومت ختم ہو گئی ۔ اس خاندان کے عہد میں بنگالہ کو معاشرتی اور معاشی ترقی نصیب ہوئی اور اس کے سلاطین بنگالی نہ ہونے کے باوجود ہر دلعزیز رہے ۔

حبشی سلطنت : ۱۴۸۶ء میں باربک خواجہ‌سرا حبشیوں کی سازش سے فتح شاہ کو قتل کر کے تخت پر بیٹھا، لیکن چند ماہ بعد ایک خیر خواہ حبشی سردار ملک اندیل کے ہاتھوں مارا گیا ۔ ملک اندیل وزیر خان جہاں اور فتح شاہ کی بیوی کی رضامندی سے تخت پر بیٹھا اور سیف الدین کا لقب اختیار کیا ۔ قلعۂ گور کے قریب فیروز مینار بنا کر جشن منایا اور انعام تقسیم کیا ۔ وہ لائق حکمران تھا، لیکن تین سال کے بعد وہ بھی مارا گیا ۔ اب فتح شاہ کے نابالغ لڑکے ناصرالدین محمود کو تخت پر بٹھایا گیا، لیکن ۱۴۹۰ء میں وہ بھی موت کے گھاٹ اتر گیا اور شمس الدین مظفر کے لقب سے سیدی بدر تخت نشین ہوا ۔ اس نے فوج کی تنخواہ کم کر دی، جس کی وجہ سے بلوہ ہو گیا وزیر سید حسین کی سرکردگی میں محل کا محاصرہ کر لیا گیا ۔ مظفر مارا گیا اور حبشی حکومت کا خاتمہ ہوا ۔ یہ بنگال کی تاریخ کا تاریک دور ہے، جس میں فوجی طاقت کمزور اور ملک کی معاشی اور تہذیبی حالت ابتر ہوئی ۔

حسین شاہی خاندان : (۱۴۹۳ تا ۱۵۳۷ء) چونکہ الیاس شاہی خاندان کا کوئی وارث باقی نہ رہا تھا لہٰذا سید حسین نے علاءالدین حسین شاہ کا لقب اختیار کر کے تخت سنبھالا ۔ ۱۴۹۵ء میں اس نے اپنے خلیفۃ اللہ ہونے کا اعلان کیا، حبشی امیروں کے بدلے پرانے مسلم اور ہندو امیروں کو بحال کیا اور دارالحکومت گوڑ سے ایکڈالا لے گیا ۔ وہ خود عرب تھا، لیکن اس نے بنگلیوں کی زبان اور تہذیب کی سرپرستی کی اور فتوحات و تعمیرات کے دور کا آغاز ہوا ۔

حسین شاہ سے مسلمان اور ہندو دونوں خوش تھے ۔ پنڈیا (فیروز آباد) میں اس نے قطب عالم کے مقبرے کے لیے خاصی جاگیر مقرر کی ۔ اس کے قائم کردہ متعدد مدارس میں سے ایک مدرسے کا ذکر مالدہ کے کتبے (مورخہ ۱۵۰۲ء) میں ملتا ہے ۔ ہندو اسے کرشن کا اوتار کہتے تھے، چنانچہ بہت سے ہندو مصنّفین اور شعرا نے اسے نیک نام سے یاد کیا ہے ۔

۱۵۱۹ء میں حسین شاہ کی وفات کے بعد اس کا بڑا بیٹا ناصرالدین ابوالمظفر نصرت شاہ کے نام سے تخت نشین ہوا ۔ اس کے عہد میں رامائن اور مہابھارت کا بنگلہ میں ترجمہ ہوا اور سونا مسجد اور قدم رسول کی عمارتیں تعمیر ہوئیں ۔ اسی زمانے میں بابر نے ابراہیم لودھی کو شکست دے کر مغلیہ سلطنت کی بنیاد رکھی ۔ چندیری کی لڑائی کے بعد بابر کو بہار میں پٹھان سرداروں کی یورش کا سامنا کرنا پڑا، جن کا سرغنہ نصرت کا برادر نسبتی محمود لودھی تھا ۔ گھاگھورا اور گنگا کے سنگم پر لڑائی ہوئی، جس میں نصرت کے توپ خانے نے لودھیوں کی بڑی مدد کی ۔ بالآخر میدان بابر کے ہاتھ رہا اور نصرت کو اطاعت اور سالانہ خراج ادا کرنے کا اقرار کرنا پڑا ۔

۱۵۳۲ء میں نصرت کو اس کے ایک غلام نے قتل کر دیا تو اس کا بیٹا علاءالدین فیروز شاہ تخت پر بیٹھا، لیکن چند ہی روز بعد نصرت کے چھوٹے بھائی غیاث الدین محمود نے اسے ہلاک کر کے حکومت پر قبضہ کر لیا ۔ اس کے عہد میں شیر خان سور نے بنگالے پر حملہ کیا ۔ ان دنوں ہمایوں مغربی ہند کی شورشیں فرو کرنے میں مصروف تھا اور شیر خان نے موقع سے فائدہ اٹھا کر بہار میں اپنی قوت مستحکم کر لی تھی ۔ درۂ تلیا گڑھی میں محمود نے اس کا مقابلہ کیا، لیکن پسپا ہو کر گور کی طرف ہٹ آیا اور ہمایوں سے مدد طلب کی ۔ اس

marfat.com
Marfat.com

سے قبل کہ ہمایوں اس کی اعانت کے لیے پہنچتا افغان لشکر نے گور پر قبضہ کر لیا ۔ محمود فرار ہو کر زخمی حالت میں ہمایوں کے لشکر میں پہنچا، جو اس وقت سون اور گنگا کے سنگم پر اترا ہوا تھا (۱۵۳۸ء) ۔ افغانوں کو کچلنے کے لیے شاہی لشکر آگے بڑھا تو کہل گاؤں میں شیر خان کے بیٹے جلال خان نے اس کا راستہ روکا تاآنکہ شیر خان اپنے خزانے سمیت بحفاظت جنوبی بہار میں پہنچ گیا ۔ اسی دوران میں محمود کو اپنے دو بیٹوں کی ہلاکت کی خبر ملی، جو اس کے لیے جان لیوا ثابت ہوئی (۱۵۳۷ء) اور اس کے مرنے کے ساتھ ھی بنگالے کی اس خود مختار مسلمان بادشاہت کا خاتمہ ہوگیا ۔

افغانوں کی حکومت : ۱۵۳۸ء ھی میں ہمایوں کا گور پر قبضہ ہوگیا ۔ اس نے بنگال کو جزو سلطنت بنانے کا اعلان کیا، گور کا نام جنت آباد رکھا اور ہفتوں اپنی کامیابی کا جشن منایا؛ تاہم اسے یہاں چین سے بیٹھنا نصیب نہ ہوا ۔ آگرے اور دوآب سے اطلاعات آ رہی تھیں کہ اس کے بھائی تخت شاہی پر قابض ہونے کی فکر میں ہیں، چنانچہ وہ جہانگیر قلی بیگ کو بنگالے کا گورنر مقرر کر کے آگرے کی طرف روانہ ہوا ۔ دوسری طرف شیر خان بہار سے قنوج تک تمام قلعوں میں اپنی فوجیں بٹھا چکا تھا ۔ چوسا کے مقام پر ہمایوں نے شکست کھائی اور وہ بمشکل جان بچا کر دارالسلطنت پہنچ سکا (۲۶ جون ۱۵۳۹ء) ۔ اب شیر خان نے اپنی بادشاہت کا اعلان کر کے بنگال کا رخ کیا ۔ جہانگیر قلی بیگ میدان جنگ میں مارا گیا اور گور پر افغانوں کا قبضہ ہوگیا ۔

شیر شاہ نے خضر خان ترک کو بنگال کا گورنر مقرر کیا تھا (۱۵۴۱ء)، لیکن جب اسے معلوم ہوا کہ وہ سابق شاہ بنگالہ محمود کی بیٹی سے شادی کر کے خود مختاری کے خواب دیکھ رہا ہے تو اسے گرفتار کر کے شیر شاہ نے ملک کے نظم و نسق کو مختلف شعبوں میں تقسیم کر دیا اور قاضی فضیلت کو سربراہ مقرر کیا ۔

شیر شاہ کے بیٹے اسلام شاہ کے عہد میں محمد خان بنگال کا گورنر تھا ۔ اسلام شاہ کی وفات (۲۲ نومبر ۱۵۵۴ء) کے بعد اس نے بنگال میں اپنی بادشاہت کا اعلان کر دیا اور اپنا لقب شمس الدین محمد شاہ غازی اختیار کیا ۔ اس نے ایک طرف اراکان پر حملہ کیا اور دوسری طرف جونپور پر قبضہ کیا ۔ وہ بمقام چھپر گھاٹ (چھپراسؤ) ہیمو کے ہاتھ سے مارا گیا ۔ اس کے بیٹے خضر خان غیاث الدین نے ۱۵۶۰ء تک حکومت کی ۔ اس کے مرنے کے بعد سوریوں میں خانہ جنگی ہوئی اور ۱۵۶۳ء میں کررانی افغان بنگال میں بر سر اقتدار آئے، جن کا سربراہ سلیمان خان تھا ۔

سلیمان خان نے مغربی بنگال اور جنوب مشرقی بہار پر قبضہ کر لیا اور کوچ بہار سے پوری (اڑیسہ) اور دریائے سون سے برہمپتر تک اپنی سلطنت کی توسیع کر لی ۔ اگرچہ سلیمان کررانی نے اپنی بادشاہت کا اعلان نہیں کیا، تاہم اس نے ایک بادشاہ کی طرح آٹھ سال تک (۱۵۶۵ تا ۱۵۷۲ء) حکومت کی اور اکبر کے نام کا خطبہ پڑھ کر اپنا اقتدار برقرار رکھا ۔ ۱۱ اکتوبر ۱۵۷۲ء کو سلیمان کررانی نے وفات پائی، اس کا لڑکا بایزید تخت سے اتارا گیا اور اس کا چھوٹا بھائی داؤد تخت پر بیٹھا ۔ داؤد کررانی نے اپنی بادشاہت کا اعلان کر دیا، لیکن وہ اکبر کے تجربہ کار سپہ سالار منعم خان کے سامنے نہ ٹھیر سکا اور پٹنے میں قلعہ بند ہو گیا، جہاں خود اکبر کے زیر نگرانی سخت معرکہ ہوا (۱۵۷۵ء) ۔ داؤد نے شکست کھائی اور بنگال پر مغلوں کا قبضہ ہو گیا ۔

دور مغلیہ : اکبر مشرقی ممالک منعم خان

Marfat.com

کے حوالے کر کے واپس چلا گیا؛ لیکن منعم خان جلد ہی وفات پا گیا ۔ اس کے جانشین حسین قلی بیگ کے دورِ نظامت میں داؤد خان نے پھر حکومت حاصل کرنے کی کوشش کی اور میدان جنگ میں مارا گیا (۱۵۷۶ء)۔ ۱۵۸۰ء میں بنگال کا نیا ناظم مظفر خان تربتی کررانیوں کی بغاوت میں مارا گیا ۔ پھر انہوں نے اکبر کی جگہ اس کے سوتیلے بھائی مرزا حکیم کی بادشاہت کا اعلان کر دیا اور معجنون خان قتشال بنگالے کا حاکم ہو گیا ۔ ققشال کی وفات اور کابل میں مرزا حکیم کی شکست کے بعد بغاوت کا زور خود بخود ختم ہو گیا اور اپریل ۱۵۸۲ء میں خان اعظم بنگال کا مغل گورنر مقرر ہوا ۔

افغان اکبر کے دور حکومت میں بنگال، بہار اور اڑیسہ میں اپنی کھوئی ہوئی حکومت حاصل کرنے کی کوششوں میں برابر مصروف رہے ۔ جہانگیر کے عہد میں پہلے مان سنگھ اور پھر اسلام خان بنگالے کا ناظم مقرر ہوا ۔ اسلام خان کے زمانے میں جدید بنگال کی نشوونما ہوئی اور بحری تجارت کو فروغ ہوا ۔ پرانے بیرونی تاجروں، یعنی چینی، ملائی، عرب اور پرتگیز سوداگروں کی جگہ ولندیزیوں، فرانسیسوں اور انگریزوں نے اپنی اپنی کمپنیاں قائم کیں اور در آمد کی تجارت کو منظّم کیا ۔ ملک کی آمدنی بڑھ گئی ۔ اس کے عہد میں حدودِ سلطنت میں بھی توسیع ہوئی ۔ کوچ بہار پر قبضہ ۱۶۱۹ء میں اور کامروپ پر تین سال کے بعد ہوا ۔ اس کے علاوہ ضلع نواکھلی کا جنوب مشرقی حصّہ اور مدنا پور کا جنوب مشرقی علاقہ مغل بنگال میں ملا لیا گیا ۔ ۱۶۱۱ء میں سنارگاؤں پر مغلوں کا قبضہ ہوا اور بارہ بھوئیاں کے سردار موسٰی خان نے جولائی میں مغلوں کی حکومت تسلیم کر لی ۔ جنوری ۱۶۱۲ء میں جیسور کے راجا نے سرکشی کی ۔ وہ مقید ہوا اور اس کی ریاست کا الحاق کر لیا گیا ۔ اسی سال دولمبا پور کی جنگ میں خواجہ عثمان زخمی ہوا (اور ۱۲ مارچ کو وفات پا گیا) اور اس کا مددگار بایزید کررانی گرفتار ہوا ۔ اپریل ۱۶۱۲ء میں صدر مقام راج محل کے بجائے ڈھاکہ مقرر ہوا اور اس کا نام جہانگیر نگر رکھا گیا ۔ مئی ۱۶۱۲ء میں کاچار اور کامروپ کے راجاؤں نے بھی مغل حکومت کی ماتحتی قبول کی ۔ اگست میں اسلام خان نے وفات پائی ۔ بنگال میں مغل حکومت قائم کرنے کا سہرا اسی کے سر ہے ۔

اسلام خان کے بعد بیس سال کے عرصے میں یہاں یکے بعد دیگرے متعدد گورنر آئے لیکن ناکام ثابت ہوئے ۔ بہت سی جنگیں سرحدوں پر لڑی گئیں (جیسے کاچار، آسام، چاٹگاؤں میں) ۔ جہانگیر کے خلاف جب خُرّم (شاہجہان) نے بغاوت کی تو وہ دکن سے اڑیسہ ہوتا ہوا مدناپور آیا اور بردوان پر قبضہ کر لیا ۔ بنگال کا گورنر نورجہان کا بھائی ابراہیم خان تھا، جو ۱۶۲۴ء میں لڑتا ہوا مارا گیا اور جہانگیرنگر خُرّم کے ہاتھ آیا ۔ اس نے خان خاناں کے لڑکے داراب خان کو بنگالہ کا گورنر بنایا ۔ ۱۶۲۴ء میں خُرّم نے شاہی فوج سے شکست کھائی اور پھر دکن میں جا پناہ لی ۔ بنگال کا گورنر مہابت خان مقرر ہوا اور داراب خان مارا گیا، لیکن نور جہاں کی سازش کی وجہ سے مہابت خان نے بغاوت کر دی اور جون ۱۶۲۶ء میں خُرّم سے مل گیا ۔

اب جہانگیر نے فدائی خان کو بنگال کا گورنر مقرر کیا جس نے پانچ لاکھ روپیہ سالانہ جہانگیر کو اور اتنی ہی رقم نورجہاں کو بھیجنا شروع کی ۔ جہانگیر کے زمانے میں بنگال میں سیاسی اور جغرافیائی اتحاد اور اس کا مرکزی سلطنت کے ساتھ براہ راست تعلق پیدا ہوا ۔ شاہجہاں اور اورنگ زیب کے عہد میں اسّی سال تک مغل بنگال میں امن و امان قائم رہا اور آسام اور اڑیسہ کی طرف بنگال کی

Marfat.com

سرحد بڑھی۔ شاہزادۂ محمد شجاع، شائستہ خان اور شاہزادۂ عظیم الشان نے یکے بعد دیگرے ۲۰ سال، ۲۳ سال اور ۱۰ سال تک حکومت کی۔ اراکان میں آباد پرتگیز، جو ہگلی پر بھی قابض ہو چکے تھے، بحری قزاقی اور لوٹ مار کرنے کے علاوہ اکثر مغلوں کے خلاف اراکان کے مگھ راجاؤں کی مدد کرتے رہتے تھے، چنانچہ ان کی سرگرمیوں سے تجارت اور استحکام سلطنت کو بہت نقصان پہنچ رہا تھا۔ تین ماہ کے محاصرے کے بعد ستمبر ۱۶۳۲ء میں ہگلی پر قبضہ کر لیا۔ ۱۶۳۷ - ۱۶۳۸ء میں کامروپ پر بھی قبضہ ہو گیا۔

اپریل ۱۶۳۹ء سے اپریل ۱۶۶۰ء تک شاہزادۂ شجاع نے بنگال پر حکومت کی۔ اس نے اپنا صدر مقام راج محل قرار دیا۔ اس کے عہد میں ولندیزوں اور انگریزوں کو تجارت کی اجازت ملی۔ شاہجہاں کی علالت کے وقت دہلی کی سلطنت کے لیے جو خانہ جنگی ہوئی اس میں شاہ شجاع نے اورنگ زیب عالمگیر کے سپہ سالار میر جملہ اور شاہزادۂ محمد سلطان سے کھجوا کے مقام پر شکست کھائی (۳۰ دسمبر ۱۶۵۸ء) اور وہ مونگیر اور رانگاماٹی ہوتے ہوئے راج محل اور وہاں سے ٹانڈے پہنچا۔ اس موقع پر شجاع کو پرتگیزوں نے مدد دی، اور شاہزادۂ محمد سلطان بھی شجاع سے جا ملا۔ موسم برسات میں شجاع کی بحری طاقت مضبوط ہو جانے کی وجہ سے میر جملہ کو کافی نقصان ہوا اور اس نے اپنی فوج پیچھے ہٹا لی، لیکن ۱۶۶۰ء میں بہار سے کمک آتے ہی اس نے شجاع کو گنگا کے پار مار بھگایا۔ شجاع رضاپور سے ٹانڈے، ڈھاکے ہوتا ہوا مئی ۱۶۶۱ء میں اراکان چلا گیا۔ میر جملہ ڈھاکے میں داخل ہوا اور بنگال پر اورنگ زیب کا قبضہ ہو گیا۔

میر جملہ کو ہفت ہزاری منصب اور بنگال کی نظامت ملی اور ڈھاکہ ایک بار پھر صدر مقام بنا۔ اگلے برس اس نے مشرق کی جانب فوج کشی کی اور کوچ بہار پر قبضہ کرنے کے علاوہ ملک آسام کو باج گزار بنایا۔ وہ اسی راستے چین کی طرف بڑھنا چاہتا تھا، لیکن آسام کی بارش نے اس کا عزم ناکام بنا دیا۔ وہ واپس جہانگیر نگر آ رہا تھا کہ مہم کی ماندگی کے باعث وفات پا گیا (۱۶۶۳ء)۔

میر جملہ کے بعد شائستہ خان ولایات بنگالہ پر بادشاہ کا نائب مقرر ہوا۔ اس کے طویل دور میں سینکڑوں مدرسے، مسجدیں، پل، سڑکیں اور سرائیں تعمیر ہوئیں۔ مشرقی پاکستان میں مغل تہذیب کا فروغ ہوا اور حسنِ انتظام کے باعث ملک میں بے حد خوش‌حالی اور ارزانی ہوگئی۔ ۱۶۶۶ء میں کوچ بہار کے راجا کے مرنے پر بدامنی پھیلی تو اسے جزو سلطنت بنا لیا گیا۔ علاوہ ازیں رنگ‌پور اور کامروپ کے علاقے بھی بنگال میں شامل کیے گئے۔ ۱۶۶۶ء ہی میں چاٹگاؤں پر قبضہ ہوا اور اس کا نام اسلام آباد رکھا گیا۔

اس زمانے میں انگریزوں کی ایک تجارتی کوٹھی ہگلی میں قائم تھی اور انگریز گماشتے بلا محصول مال لانے لے جانے میں بدنام تھے۔ انھوں نے کوٹھی کو قلعہ‌بند کرنا چاہا تو مغل عمال نے انھیں جبرًا روک دیا۔ انگریزوں نے چند جنگی جہازوں کی مدد سے چاٹگاؤں پر چھاپا مار کر قابض ہونے کی کوشش کی، مگر اسے ناکام بنا دیا گیا۔ انگریزوں سے ۲۰ دسمبر ۱۶۸۶ء کو ہگلی اور ۱۶۸۷ء کے اوائل میں بالاسور چھین لیا گیا۔ اگست ۱۶۸۷ء میں مصالحت ہو جانے پر کلکتے کے نزدیک الوبیریا میں انگریزوں کو قلعہ بنانے اور ہگلی میں دوبارہ تجارت کرنے کی اجازت مل گئی، لیکن انھیں دنوں مغل جہازوں پر انگریزوں نے بمبئی کے نزدیک حملہ کیا تو شائستہ خان نے بہ مراعات

Marfat.com

واپس لے لیں۔ شاہی فرمان سے بنگالے کے علاوہ سورت وغیرہ کی کوٹھیاں ضبط اور تمام انگریز تاجر اور گماشتے، جو فرار نہ ہو سکے، گرفتار کر لیے گئے (۱۶۸۵ تا ۱۶۸۸ء)۔ انگریزوں کو اس نیم سرکاری جنگ میں نقصان اور ذلّت کے علاوہ کچھ ھاتھ نہ آیا اور انھوں نے مغل امیروں وزیروں کی مہینوں منت خوشامد کے بعد بمشکل معافی اور سخت تر شرائط پر تجارت کی اجازت حاصل کی۔ ۱۶۹۰ء میں کلکتے کی بنیاد پڑی اور اسی سال فرانسیسیوں نے چندر نگر آباد کیا۔ شائستہ خان کے بعد ابراھیم خان اور عظیم الدین یکے بعد دیگرے صوبیدار ھوے۔ امن غائب ھوا اور ملکی انتظام درھم برھم ھونے لگا۔

اورنگ زیب کے آخری زمانے میں اس کا پوتا عظیم الشان بنگال کا صوبیدار تھا۔ دسمبر ۱۷۰۰ء میں مرشد قلی خان یہاں کا دیوان ھو کر آیا۔ اس نے انتظام درست کرنے کے ساتھ ملکی آمدنی میں اضافہ بھی کیا۔ ۱۷۰۴ء میں اس نے ڈھاکے سے ڈیڑھ سو میل مشرق میں مقصود آباد کو اپنا مستقر بنایا جو اس کے نام سے مرشد آباد کہلانے لگا اور اس کے صوبیدار ھونے پر بنگالے کا دارالحکومت ھو گیا۔ اورنگ زیب کی وفات (۱۷۰۷ء) کے بعد وہ بے روزگار ھو گیا، لیکن ۱۷۱۰ء میں بہادر شاہ نے اسے پھر دیوان مقرر کر دیا اور اگست ۱۷۱۷ء میں فرخ سیر نے بنگال کا صوبیدار بنا دیا۔

مرشد قلی خان ایک کامیاب گورنر ثابت ھوا۔ اس نے محصول کی ادائی کم کر دی۔ اندرونی امن قائم رکھنے کے لیے جو فوج تھی اس کی تعداد گھٹا دی۔ عمّال کی جاگیروں کو خالصہ زمین قرار دے کر ان کے عوض ان کی تنخواہ مقرر کی۔ زمینداروں سے لگان الگ الگ اکٹھا کرنے کے بجائے اجارہ داری کا دستور قائم کیا جس کی رو سے ٹھیکیدار ایک مقررہ رقم پیشگی ادا کر دیتے تھے۔ بیرونی تجارت کو فروغ دیا۔ فرنگی تاجروں پر کڑی نگرانی رکھی اور رشوتستانی اور ریشہ‌دوانی کے راستے بند کیے۔ اس کے عہد کی خوش‌حالی کا اندازہ اس سے ھو سکتا ھے کہ چند سال بعد کلائو نے مرشد آباد کے بارے میں لکھا کہ یہ شہر لنڈن کے برابر وسیع ھے، لیکن لنڈن میں اتنے لکھ پتی نہیں جتنے مرشد آباد میں ھیں۔ کتابوں میں مرشد قلی خان کے عہد کی خیر و برکت کے لیے کئی قصے ملتے ھیں۔ ان دنوں روپے میں پانچ من چاول مل جاتا تھا۔ ۳۰ جون ۱۷۲۷ء کو مرشد قلی خان نے وفات پائی اور اس کا داماد شجاع الدولہ جو اڑیسہ کا ناظم تھا، بنگال کا صوبیدار مقرر ھوا۔

بنگال کے نیم آزاد صوبیدار: اس زمانے میں مشرقی علاقوں نے بادشاہ دہلی سے علانیہ سرکشی نہیں کی، لیکن محمد شاھی دور میں مرکزی حکومت اتنی کمزور ھو گئی کہ اس کا اقتدار بنگال اور دکن جیسے بڑے صوبوں پر قائم نہ رھا اور صوبیداری میں وراثت کا اصول چلنے لگا، لہٰذا اس زمانے سے بنگالے کو نیم آزاد سمجھنا غلط نہ ھوگا۔

شجاع الدولہ (۱۷۲۷ تا ۱۷۳۹ء) ایک عاقل اور رعایاپرور حاکم تھا۔ اس نے اپنی فوج کی طاقت پچاس ھزار تک بڑھا لی۔ اس کی مفید تجویزوں کے باعث ملک کی ترقی ھوئی اور چیزوں کی قیمت اتنی گر گئی جتنی شائستہ خان کے زمانے میں تھی، یعنی ایک روپے میں آٹھ من چاول۔ محمد شاہ نے ۱۷۳۳ء میں بہار کو صوبۂ بنگال و اڑیسہ کے ساتھ ملحق کر دیا۔ شجاع الدولہ نے پورے صوبے کو تین حصوں، یعنی ڈھاکہ، اڑیسہ اور بہار میں تقسیم کیا۔ اس نے خود نظامت کا کام انجام دیا اور ڈھاکہ، بہار اور اڑیسہ میں مرشد قلی دوم، علی وردی اور محمد تقی خان کو نائب ناظم مقرر کیا۔ ۱۳ مارچ ۱۷۳۹ء کو شجاع الدولہ نے وفات پائی اور اس کا

marfat.com
Marfat.com

بیٹا سرفراز، علاءالدولہ حیدر جنگ کے نام سے بنگال کی مسند پر بیٹھا، لیکن علی وردی خان سے مات کھا گیا ۔ ایک طرف تو سرفراز کے مشیروں نے علی وردی کو بنگال پر حملہ کرنے کی دعوت دی اور دوسری طرف علی وردی نے بادشاہ دہلی سے گران بہا پیشکش کے معاوضے میں بنگالے کی سند نظامت حاصل کر لی ۔ تلیا گڑھی کے نزدیک جنگ ہوئی ۔ سرفراز خان مارا گیا اور ۱۰ اپریل ۱۷۴۰ء علی وردی خان بنگال کی گدی پر قابض ہو گیا ۔ مرشد آباد کے چہل ستون محل میں مسند نشین ہوتے ہی علی وردی خان نے اپنی آزادی کا اعلان کیا اور اڑیسہ کے نائب ناظم مرشد قلی خان دوم (رستم جنگ) کو دکن مار بھگایا۔

اڑیسہ پر قبضہ کرنے کی وجہ سے علی وردی خان کو مرہٹوں سے ٹکر لینی پڑی، جو گیارہ سال تک حملے کرتے رہے ۔ اس کے ساتھ ہی علی وردی کو اپنے پٹھان سپاہیوں کی شورش کا سامنا بھی کرنا پڑا ۔ میر حبیب، مرتضی خان اور شمشیر خان وغیرہ پٹھان سردار مرہٹہ غارتگروں کو دعوت دیتے اور ان سے مل کر جگہ جگہ فتنہ و فساد کھڑا کرتے رہے، لیکن وہ علی وردی کا کچھ زیادہ نہ بگاڑ سکے ۔ یہ تجربہ کار حاکم فرنگی سوداگروں کی طرف سے بھی بہت چوکنا رہتا تھا اور اپنے ملک میں انھیں تجارتی کوٹھیوں کے گرد فصیل اور دمدمے نہیں بنانے دیتا تھا ۔ اپریل ۱۷۵۶ء میں اس نے وفات پائی اور اس کا نواسا سراج الدولہ مسند نشین ہوا ۔

سراج الدولہ کو روز اوّل سے اپنے جاہ طلب رشتہ داروں اور امیروں وزیروں کا مقابلہ کرنا پڑا، جن میں اس کا چچا زاد بھائی شوکت جنگ (حاکم پورنیا) اور اس کا سوتیلا پھوپھا میر جعفر (بخشی فوج) بالخصوص قابل ذکر ہیں ۔ ان مخالفین کے ساتھ انگریز بھی جوڑ توڑ میں لگے ہوئے تھے ۔ سراج الدولہ نے بڑی ہمت اور جرأت کا ثبوت دیا ۔ اس نے گھسیٹی بیگم کے موتی جھیل محل پر قبضہ کیا ۔ پھر انگریزوں کی طرف پلٹ کر پہلے قاسم بازار اور پھر کلکتے میں فاتحانہ داخل ہوا (جون ۱۷۵۶ء) ۔ میر جعفر شوکت جنگ کو برسر اقتدار لانا چاہتا تھا تا کہ ایک کمزور اور نا اہل شخص کو تخت پر بٹھا کر زمام حکومت خود سنبھال لے، لیکن سراج الدولہ نے پورنیا پر فوج کشی کر کے یہ سازش ناکام بنا دی اور شوکت جنگ میدان میں کام آیا (اکتوبر ۱۷۵۶ء) ۔ اس کے بعد اس نے کلکتے پر حملہ کر کے انگریزوں کو نکال باہر کیا (فروری ۱۷۵۷ء) ۔ انگریزوں نے اپنی ہزیمت کا داغ دھونے کے لیے با اثر ہندو سیٹھوں اور اہلکاروں اور میر جعفر جیسے غدار مسلمانوں کو ساتھ ملا کر سراج الدولہ کی حکومت کا تختہ الٹنے کا منصوبہ تیار کیا ۔ ۲۲ جون ۱۷۵۷ء کو پلاسی میں انگریزی فوجیں صف آرا ہوئیں اور اگلے روز میر جعفر اور اس کے رفقا کی غداری کے باعث میدان انگریزوں کے ہاتھ رہا ۔ سراج الدولہ پلاسی سے مرشد آباد اور وہاں سے عظیم آباد کی طرف روانہ ہوا، لیکن راستے میں گرفتار ہو کر مرشد آباد لایا گیا، جہاں میر جعفر کے بیٹے میرن کے حکم سے اسے موت کے گھاٹ اتار دیا گیا اور میر جعفر نواب بنا دیا گیا (۲۹ جون ۱۷۵۷ء) ۔

میر جعفر کی حکومت کا دارومدار سراسر انگریزوں کی خوشنودی پر تھا ۔ اس نے انھیں فرانسیسی مقبوضات پر قبضہ کر لینے کی اجازت دے دی ۔ اس کے علاوہ سراج الدولہ کے حملے کی وجہ سے انگریزوں کو جو نقصان ہوا تھا اس کے بدلے ایک کروڑ بائیس لاکھ روپیہ اور چوبیس پرگنہ کا ضلع کمپنی کو اور سوا کروڑ روپیہ کمپنی کے ملازمین کو ادا کرنا پڑا ۔ اس میں سے صرف کلائو کا حصہ

Marfat.com

۲۳ لاکھ ۴۰ ہزار روپیہ تھا۔ چونکہ خزانے میں اس کا صرف آدھا روپیہ تھا، لہٰذا باقی رقم سامان بیچ کر اور سیٹھوں سے قرضہ لے کر دینی پڑی۔ الغرض میر جعفر نے کمپنی کی طمع ہر طرح پوری کرنے کی کوشش کی، ''کلائو کا گدھا'' کہلایا، لیکن جب ڈیڑھ دو سال بعد انگریزوں کو شہزادۂ علی گوہر اور مرہٹوں کا مقابلہ کرنے کے لیے مزید رقم کی ضرورت ہوئی اور میر جعفر ان کی توقع پوری نہ کر سکا تو انھوں نے اسے معزول کر کے اس کے داماد میر قاسم کو اس کی جگہ بٹھا دیا (۱۷۶۰ء)، جس نے ان کے اخراجات کے لیے بردوان، مدناپور اور چاٹگاؤں کے پرگنے ان کے سپرد کیے۔

میر قاسم ایک قابل حکمران تھا۔ وہ ملک میں امن و امان اور نظم و نسق کی بحالی کا خواہاں تھا اور وہ اس میں بڑی حد تک کامیاب بھی ہوا، لیکن انگریز اپنے آپ کو ہر قاعدے قانون سے آزاد سمجھتے تھے۔ کمپنی کا ہر ملازم اپنے مال کو محصول سے مستثنیٰ سمجھتا تھا اور اس سے ملک اور مقامی تاجروں کی مالی حالت روز بروز گرتی جا رہی تھی۔ میر قاسم حتی الامکان لڑائی سے بچنا چاہتا تھا، اسی لیے اس نے مرشد آباد چھوڑ کر سونگیر (سنگھیر) کو اپنا مستقر بنا لیا۔ آخر اس نے انگریزوں کو محصول معاف کر دیا، لیکن اس کے ساتھ ھی یہ رعایت مقامی تاجروں کو بھی دے دی۔ یہ اقدام ان کی اجارہ داری کے حق میں مہلک تھا، چنانچہ انھوں نے لڑائی چھیڑ دی اور دوبارہ میر جعفر کی نوابی کا اعلان کر دیا (۱۷۶۳ء)۔ میر قاسم بہار سے ہوتا ہوا اودھ پہنچا، جہاں شاہ عالم اور نواب شجاع الدولہ اس کی اعانت پر آمادہ ہوگئے، لیکن مؤخر الذکر نے بے وفائی کی، میر قاسم کو نظر بند کر دیا اور اس کی فوج اور بادشاہ کو لے کر انگریزوں سے لڑنے چلا۔ بکسر کے مقام پر انگریزوں نے اسے شکست دی (۱۷۶۴ء)۔ شاہ عالم انگریزی لشکر میں آ گیا اور بنگال کے تینوں صوبوں کی سند دیوانی ان کے نام لکھ دی۔ جنوری ۱۷۶۵ء میں میر جعفر کی موت کے بعد اس کا بیٹا نجم الدولہ گدی پر بیٹھا، لیکن وہ انگریزوں کا محض وظیفہ خوار تھا، جس کا حکومت میں کوئی عمل دخل نہ تھا۔ بنگال پر انگریزوں کا قبضہ مکمل ہو گیا۔

مسلمانوں کے دور حکومت میں بنگال کی زمین کی زرخیزی، پیداوار کی افراط اور چیزوں کی فراوانی اور ارزانی اتنی تھی کہ اسے باغِ جنت سے تشبیہ دی جاتی تھی۔ ہندوؤں کے زمانے میں جو کوڑی رائج تھی، مسلمانوں کے زمانے میں چاندی اور سونے کے سکوں میں بدلنے لگی۔ بقول ابوالفضل ڈھاکہ اور میمن سنگھ کے علاقے میں لوہے کی اور ھگلی اور بردوان کے علاقے میں ہیرے جواہر کی کان تھی۔ بیرونی سیاحوں نے لوہے، جواہرات، کاغذ اور قالین کے کارخانوں کا تذکرہ کیا ہے۔ ڈھاکے کی ململ کا دنیا بھر میں شہرہ تھا۔ شمالی اور مغربی بنگال میں ریشمی کپڑے بنے جاتے تھے۔ سولھویں صدی عیسوی کے اطالوی تاجر ورتھیما نے لکھا ہے کہ یہاں سفید چینی بنائی جاتی تھی۔ نمک بنانا عام پیشہ تھا۔ چھوٹے بڑے جہاز مقامی طور پر تیار کیے جاتے تھے۔ ماھوان، باربروسہ اور ورتھیما وغیرہ بیرونی سیاحوں اور تاجروں نے چاٹگاؤں، ساتگاؤں اور سنارگاؤں کی بندرگاھوں کی تعریف کی ہے۔ تیرھویں صدی میں مارکوپولو نے یہاں کی برآمدی پیداوار بالخصوص کپڑے کا تذکرہ کیا ہے۔ ابن بطوطہ ۱۳۴۵ء میں بنگال آیا۔ اس نے لکھا ہے کہ ایک چھوٹا کنبہ سال بھر کے لیے اپنے کھانے پینے کا سامان سات روپے میں خرید سکتا تھا۔ چینی سیاح ماھوان (۱۴۰۶ء) کے کہنے کے مطابق یہاں کوڑی اور چاندی کے سکے رائج تھے اور ترکی حمام موجود تھے۔

marfat.com
Marfat.com

رالف فنچ (۱۵۸۶ء) اور برنیر نے لکھا ہے کہ سوتی اور ریشمی کپڑے، چینی، مرچ، چاول، مکھن، نمک اور پھل برآمد کیے جاتے تھے - بیرونی تجارت کے فروغ سے ملک کو بڑا فائدہ ہوا - برآمدی چیزوں کے بدلے میں سونا چاندی اور ہیرے جواہرات درآمد ہوے، جس سے ملک کی معاشرتی اور معاشی ترقی ہوئی - عوام کو ارزانی کے باعث اچھا کپڑا اور اچھا کھانا میسر ہونے لگا - ملک کی یہ خوش‌حالی ایسٹ انڈیا کمپنی کی تجارتی اجارہ داری کی وجہ سے ختم ہوگئی۔

انگریزی دور حکومت : میر جعفر کی موت کے بعد نوابی ختم ہوگئی - کلائو نے کمپنی کے لیے بنگال، بہار اور اڑیسہ کی دیوانی حاصل کی، محمد رضا خان کو بنگال کا اور راجا شتاب راے کو بہار کا نائب دیوان مقرر کیا گیا اور فوج کا اختیار کمپنی نے اپنے ہاتھ میں رکھا - اب انگریزوں پر بھی کمپنی کی جانب سے محصول عائد کر دیا گیا، لیکن کمپنی کے ملازمین حسب عادت محصول کی ادائی غصب کرنے لگے، رشوت کا بازار گرم ہوا، مقامی حکومت خرابیوں کو روکنے سے قاصر رہی اور کلائو کی دو عملی کے باعث صوبے کی خوش حالی جاتی رہی - ۱۷۶۹ - ۱۷۷۰ء میں سخت قحط پڑا، جس میں ایک تہائی آبادی ختم ہو گئی - کمپنی کا خزانہ خالی ہوگیا، لیکن اس کے ملازمین امیر ہوتے چلے گئے - ۱۷۷۳ء میں کلائو پر غبن کا مقدمہ چلا اور ۱۷۷۴ء میں اس نے خود کشی کر لی۔

کلائو کی جگہ وارن‌ہیسٹنگز بنگال کا گورنر مقرر ہوا - اس نے کمپنی کی حالت سدھارنے کے لیے بنگال اور بہار کے دیوانوں کو برخاست کر کے بورڈ آف ریوینیو مقرر کیا، مرشد آباد سے خزانہ کلکتے لایا گیا، نواب کی پنشن بتیس لاکھ روپے سے سولہ لاکھ کر دی گئی، زمین پانچ سال کے ٹھیکے پر دی جانے لگی، اودھ کے نواب وزیر سے پچاس لاکھ روپیہ لے کر کڑا اور الہ آباد واپس کر دیا گیا، اس طرح کمپنی کا خرچ انتیس لاکھ سے گھٹ کر تقریبا تیرہ لاکھ روپیہ ہو گیا - ریگولیٹنگ ایکٹ کی رو سے وارن ہیسٹنگز گورنر جنرل مقرر ہوا تو اس نے بھی روپیہ کمانا شروع کیا - صرف میر جعفر کی بیوہ منی بیگم سے ساڑھے تین لاکھ روپیہ وصول کیا - ۱۷۸۴ء میں برطانوی پارلیمنٹ نے پٹس انڈیا ایکٹ منظور کیا، جس کی رو سے کمپنی ہندوستان کے سیاسی اور تجارتی حقوق کی مالک ہو گئی اور اس کے لیے بورڈ آف کنٹرول قائم ہوا۔

وارن ہیسٹنگز کے بعد میکفرسن ڈیڑھ سال گورنر جنرل رہا - اس کے زمانے میں رشوت‌ستانی اور دوسری بدعنوانیاں بڑھ گئیں، اس لیے لارڈ کارنوالس گورنر جنرل اور کمانڈر انچیف مقرر ہوا، جو نہ تو کمپنی کی ملازمت میں تھا اور نہ کمپنی کی بدعنوانیوں سے آشنا تھا۔

وارن ہیسٹنگز کا پنج سالہ ٹھیکے کا نظام کامیاب نہ ہوا اس لیے ٹھیکیداروں کو زمین اور مزارعین سے کوئی دلچسپی اور ہمدردی نہیں ہوتی تھی اور وہ اس عرصے میں زیادہ سے زیادہ محصول وصول کرنے کی کوشش میں رعیت کا خون چوستے رہتے - ۱۷۸۹ء میں لارڈ کارنوالس نے دہ سالہ نظام جاری کیا جو ۱۷۹۳ء میں بندوبست استمراری میں تبدیل ہو گیا - اس سے زمینداروں کو تو فائدہ ہوا، لیکن رعایا کی حالت بدستور گرتی رہی کیونکہ چیزوں کے نرخ بڑھتے گئے، چونکہ کسانوں سے مالگذاری وصول کرنے والوں میں ہندوؤں کی اکثریت تھی، لہٰذا رفتہ رفتہ وہ مسلمان زمینداروں کو بے دخل کر کے ان کی جگہ لینے لگے - اسی زمانے میں مسلم قانون کی جگہ انگریزی قانون نافذ ہونے کی وجہ سے مسلمانوں کا مزید نقصان ہوا کیونکہ

Marfat.com

دفتروں میں فارسی کی جگہ انگریزی رائج کر دی گئی ۔ انگریزی تعلیم کے اداروں میں چونکہ مسلمانوں کے مقابلے میں ہندوؤں نے کہیں زیادہ دلچسپی کا ثبوت دیا لہٰذا وہ انگریزی پڑھ کر سرکاری ملازمتیں حاصل کرنے اور مسلمانوں سے سبقت لے جانے میں کامیاب ہو گئے ۔

یوں بھی پلاسی کی جنگ میں ہندو سیٹھوں اور انگریزوں کی ملی بھگت نے اسلامی حکومت کا خاتمہ کیا تھا لہٰذا انگریزی حکومت کے قیام کے بعد انگریزوں نے ہندوؤں کی خاص طور پر سرپرستی کی ۔ بندوبست استمراری نے ہندو بنیوں کو زمینوں کا مالک بنا دیا ۔ مسلمان کاشتکاروں کو روٹی کے لالے پڑ گئے، چنانچہ تیتومیر نے اس کے خلاف آواز بلند کی اور سخت لڑائی کے بعد نارکل ڈانگا (کلکتہ) میں شہید ہو گئے (۱۸۳۱ء) ۔ بنگال میں زمیندار کے خلاف کاشتکاروں کی یہ پہلی بغاوت تھی ۔ دوسری بغاوت فریدپور کے حاجی شریعت اللہ کی فرائضی تحریک کی شکل میں شروع ہوئی، جس میں بنگال کے کاشتکار خاصی تعداد میں شریک تھے ۔ ان کے لڑکے دودو میاں نے یہ اعلان کر کے کہ زمین اللہ کی ہے مالگذاری دینے سے انکار کر دیا، لیکن یہ تحریک بڑی بڑی سختی سے کچل دی گئی ۔

۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی کا اثر دکن اور بنگال پر زیادہ نہیں ہوا ۔ صرف ڈھاکے میں بنگالی سپاہیوں کی ایک بغاوت ہوئی، لیکن وہ توپ سے اڑا دیے گئے اور بنگال رجمنٹ توڑ دی گئی ۔

ہندوستان کے گورنر جنرل لارڈ رپن نے لوکل اور میونسپل حکومت میں دیسی لوگوں کو زیادہ حصہ دیا ۔ انگریزی تعلیم اور انگریزی طرز حکومت کی بدولت معاشرے میں متوسط طبقہ اور قومیت کا شعور پیدا ہوا ۔ قومیت کا یہ تصور اصلاً مغربی تھا ۔ اسلامی تصور قومیت میں مذہب کو فوقیت دی گئی ہے اور ملک اور زبان کا کوئی خاص لحاظ نہیں رکھا گیا، لیکن قومیت کے مغربی تصور میں ملک اور زبان کو سب پر فوقیت حاصل ہے ۔ اس کی رو سے عالم انسانی متعدد اور متخاصم ٹکڑوں میں بٹ کر رہ جاتا ہے، لیکن اسلامی قومیت دنیا کے سب مسلمانوں کو یکجا اور متحد کرتی ہے ۔ اسی مغربی تصور نے ۱۸۸۵ء میں انڈین نیشنل کانگرس کو جنم دیا، چونکہ ہندوستان کے دوسرے صوبوں کے مقابلے میں بنگالی ہندو انگریزی تعلیم میں آگے تھے لہٰذا اس جماعت کے ابتدائی رہنماؤں میں بھی ان کی اکثریت رہی ۔ اس زمانے میں سر سیّد احمد خان کی علی گڑھ تحریک کا آغاز ہو چکا تھا، انھوں نے مسلمانانِ ہند کو ایک علیحدہ قوم قرار دیا ۔ ڈھاکے کے نواب سر سلیم اللہ نے سر سیّد کا ساتھ دیا اور بنگال کے مسلمانوں نے انھیں اپنا قائد تسلیم کیا ۔

انگریزوں نے نیل کی کھیتی اور چائے کے باغوں میں اپنا روپیہ لگایا اور مزدوروں سے زبردستی مزدوری کروائی جس سے بدظنی پیدا ہوئی اور تعلیم یافتہ طبقوں میں کھلبلی مچی ۔ گورنمنٹ نے ۱۸۷۹ء میں لنکا شائر کے کپڑوں پر محصول معاف، لیکن ہندوستانی روئی کے کپڑوں پر پانچ فی صد محصول عائد کر دیا ۔ اس سے بھی لوگوں میں بےچینی پیدا ہوئی ۔

حکومت کے نظم و نسق کو مضبوط بنانے کے لیے لارڈ کرزن نے بنگال کے بڑے صوبے کو تقسیم کر کے آسام اور مشرقی بنگال کو ملا کر ایک الگ صوبہ بنانے کا فیصلہ کیا ۔ بنگال میں مسلمانوں کی اکثریت ہو جاتی تھی اور مغربی بنگال میں بہار اور اڑیسہ کے رہنے والوں کی، لہٰذا نواب سلیم اللہ اور دوسرے مسلمان تعلقدار اور شرفا اس تقسیم کے حق میں تھے، لیکن بنگالی ہندو کا اس تقسیم سے سراسر

marfat.com
Marfat.com

نقصان تھا ۔ کلکتے کی سیاسی اور تجارتی وقعت کم ہو جانے سے ان کی تجارت پر برا اثر پڑتا تھا، دوسرے ان کی زمینداری مشرقی بنگال میں تھی، لیکن وہ رہتے کلکتے میں تھے، لہٰذا انھوں نے بنگال کی تقسیم کے خلاف احتجاج کیا اور بنگالی قوم، زبان اور روش کے نام سے ایک تحریک شروع کر دی ۔ اس میں کانگرسی رھنما سریندر ناتھ بینرجی، سی ۔ آر۔ داس، گوکھلے اور تلک پیش پیش تھے ۔ برطانوی چیزوں کا بائیکاٹ کیا گیا اور دہشت انگیز کارروائیاں بھی شروع ہوئیں ۔ اس کے باوجود ۱۹۰۵ء میں بنگال کی تقسیم ہوئی اور ڈھاکہ نئے صوبے کا صدر مقام قرار پایا ۔ اسی سال جاپان نے روس کو شکست دی تو ایشیا کے ملکوں میں بیداری کی نئی لہر پیدا ہوئی اور کانگریس نے آزادیِ ہند کی تحریک کا آغاز کیا ۔ بنگال اس میں پیش پیش رہا ۔ سر سلیم اللہ نے ڈھاکے میں ہندوستانی مسلمانوں کی ایک کانفرنس دسمبر ۱۹۰۶ء بلائی، جہاں ہند کے مسلمانوں کی ایک جماعت قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ۔ یہی بعد میں آل انڈیا مسلم لیگ کے نام سے مشہور ہوئی ۔ اس دوران میں انتہاپسند ہندوؤں کی دہشت‌انگیز اور تشددآمیز سرگرمیاں بہت بڑھ گئیں، جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ شاہ جارج پنجم نے ۱۹۱۱ء بنگال کی تقسیم منسوخ کر دی ۔ آسام کو ایک چیف کمشنر کا صوبہ قرار دیا اور ہندوستان کا دارالحکومت کلکتے سے دھلی تبدیل کر دیا گیا ۔

فروری ۱۹۱۵ء میں سر سلیم اللہ کے انتقال کے بعد بنگال میں کوئی بڑا مسلمان رھنما نہ رہا، اس لیے مسلمانوں میں ایک اجتماعی قیادت کی ابتدا ہوئی ۔ چونکہ زمیندار زیادہ تر ہندو تھے اور کاشتکار زیادہ تر مسلمان، لہٰذا مسلمانوں نے پرجا پارٹی بنائی اس کی رھنمائی سر عبدالرحیم، خان بہادر عبدالمؤمن، اے ۔ کے ۔ فضل الحق اور مولانا محمد اکرم خان نے کی، لیکن جنگ عظیم چھڑ جانے سے اس کا کام آگے نہ بڑھ سکا ۔ یہ جماعت مخلوط انتخاب کی قائل تھی، لیکن ۱۹۱۶ء میں لیگ اور کانگرس کے درمیان جداگانہ انتخاب کے مسئلے پر سمجھوتا ہو گیا ۔

۱۹۲۰ء تک ہندوستان کے مسلمان خاصے بیدار ہو چکے تھے ۔ ۱۹۲۰ء میں گاندھی نے تحریک عدم تعاون کا آغاز کیا ۔ یہ تحریک اگرچہ ہندوؤں کے ہاتھ میں تھی لیکن بہت سے مسلمانوں نے بھی اس میں حصہ لیا ۔ مونٹیگو چیمسفورڈ اصلاحات کے اعلان پر یہ تحریک ختم کر دی گئی ۔ ۱۹۲۳ء میں سی ۔ آر۔ داس نے سوراجیہ پارٹی بنائی اور مسلم لیڈروں، مثلاً فضل الحق اور سہروردی نے ان کا اس شرط پر ساتھ دینے کا وعدہ کیا کہ نمائندگی میں ہر جگہ مساوات کا خیال رکھا جائے گا اور مسلمانوں کو ہندوؤں کے مقابلے میں زیادہ ملازمتیں دی جائیں گی تاآنکہ دونوں کی تعداد برابر ہو جائے ۔ ۱۹۲۵ء میں سی ۔ آر۔ داس کی وفات کے بعد یہ ہندو مسلم اتحاد ختم ہو گیا ۔ اور دونوں قوموں کی تمدّنی ناموافقت اور ہندو لیڈروں کی کاشتکاروں کی طرف سے بےرخی کے باعث باہمی کشیدگی بڑھتی گئی حتٰی کہ ۱۹۲۶ء میں کلکتے میں زبردست ہندو مسلم فساد ہوا ۔ نومبر ۱۹۲۷ء میں سائمن کمیشن آئین میں تبدیلیوں پر غور کرنے کے لیے پہنچا، جس کا کانگرس نے بائیکاٹ کیا ۔ اسی سال محمد علی جناح نے مسلمانوں کے مطالبات چودہ نکات کی صورت میں پیش کیے، لیکن انھیں گاندھی اور موتی لال نہرو نے نامنظور کر دیا ۔ مارچ ۱۹۲۹ء میں نہرو رپورٹ شائع ہوئی جسے مسلمانوں نے نامنظور کر دیا، کیونکہ اس میں جداگانہ انتخاب کو نظر انداز کیا گیا تھا ۔ ۱۹۳۰ء میں مسلمانوں کا اعتماد حاصل کیے بغیر گاندھی نے سول نافرمانی کی تحریک چلائی ۔ دہشت پسندوں کی سرگرمیاں بڑھ گئیں او سوبھاش چندر بوس

marfat.com
Marfat.com

نے کلکتے میں دہشت پسندوں کی ایک نئی جماعت بنا لی - ۱۹۳۱ - ۱۹۳۲ء میں گول میز کانفرنس ہوئی، ۱۹۳۳ء میں قرطاس ابیض شائع ہوا اور ۱۹۳۴ء میں جوائنٹ سیلیکٹ کمیٹی کی رپورٹ اور بالآخر ۱۹۳۵ء کے گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ کی رو سے آئین ساز اسمبلیوں کے لیے نئے انتخابات کا اعلان کر دیا گیا۔

ڈھاکے کے نواب نے بنگال یونائیٹڈ مسلم پارٹی بنائی اور کلکتے کے مسلم تجّار نے اصفہانی کی قیادت میں ۱۹۳۶ء کے آخر میں محمد علی جناح کو مدعو کیا اور ان کے مشورے سے بنگال یونائیٹڈ مسلم پارٹی، جس کے خاص لیڈر حسین شہید سہروردی تھے، مسلم لیگ میں ضم ہو گئی - مسلم لیگ کے صوبائی پارلیمنٹری بورڈ کے سکرٹری سہروردی مقرر ہوے - فروری ۱۹۳۷ء کے انتخابات میں مسلم لیگ نے اڑتیس اور فضل الحق کی کرشک پرجا پارٹی نے انتالیس نشستیں حاصل کیں - سینتیس آزاد ارکان منتخب ہوے جن میں سے اکیس مسلم لیگ میں شامل ہو گئے اور سولہ کریشک پرجا پارٹی میں، چنانچہ مسلم لیگ نے ایک مخلوط وزارت بنائی، جس کے وزیراعظم فضل الحق ہوے اور وہ مسلم لیگ میں بحیثیت صدر بنگال مسلم لیگ شامل ہو گئے۔

ستمبر ۱۹۳۹ء میں برطانیہ نے جنگ عالمگیر دوم میں شرکت کا اعلان کیا - اکتوبر میں کانگرس وزارتیں ہندو اکثریت کے صوبوں میں مستعفی ہو گئیں اور ۲۲ دسمبر ۱۹۳۹ء کو مسلم لیگ نے سارے ہندوستان میں یوم نجات منایا، کیونکہ کانگرسی وزارتوں کے دور میں ان صوبوں کے مسلمانوں پر عرصۂ حیات تنگ کر دیا گیا تھا - بنگال کی مسلم لیگی وزارت (۱۹۳۷ - ۱۹۴۱ء) نے عوام کی حالت سدھارنے کے لیے انتھک کوشش کی - متعدد مفید قوانین منظور کیے گئے، لیکن کابینہ میں زمینداروں کی موجودگی کے باعث زمینداری ختم نہ ہو سکی۔

اسی دوران میں آل انڈیا مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس لاہور میں ایک قرارداد منظور کی گئی (۲۳ مارچ ۱۹۴۰ء) جو بعد میں قرار داد پاکستان کے نام سے موسوم ہوئی - اس میں مسلمانوں کے لیے ایک ریاست کا مطالبہ کیا گیا - بہت جلد اس مطالبے نے ایک زبردست تحریک کی صورت اختیار کر لی - یہ ایک سیاسی جمہوری تحریک تھی جس کی بنیاد دین اسلام اور اسلامی تہذیب پر تھی - بنگال کے مسلمان رہنماؤں نے اس میں زور شور سے حصہ لیا - اس تحریک کو دبانے کے لیے کانگرس نے "ہندوستان خالی کرو" کی تحریک چلائی - اس کا، نیز عالمگیر جنگ میں جاپان کی شرکت کا برطانوی حکومت پر بڑا گہرا اثر پڑا، چنانچہ جنگ کے بعد ہندوستان کو آزادی دینے کا فیصلہ کر لیا گیا۔

مارچ ۱۹۴۱ء میں کرپس مشن آیا، لیکن ناکام رہا - دسمبر ۱۹۴۱ء میں فضل الحق مسلم لیگ سے علٰیحدہ ہو گئے اور مہاسبھا کے لیڈر شیاما پرشاد مکرجی کے ساتھ مل کر ایک مخلوط وزارت بنا لی - اس دور کا سب سے المناک واقعہ قحط بنگال ہے - ہندو تاجر غلہ جمع کرنے لگے اور حکومت بہار و اڑیسہ نے بنگال کو غلہ دینے سے انکار کر دیا - لاکھوں بنگالی اس قحط کا شکار ہوے۔

ہندوستان چھوڑو (Quit India) تحریک میں تمام مقتدر کانگرسی رہنما قید کر لیے گئے تھے، جنھیں ۱۹۴۴ء کے آخر میں رہا کیا گیا - راجگوپال اچاریہ نے ہندوستان کی تقسیم کی ایک تجویز پیش کی، جسے سر سٹفورڈ کرپس نے تسلیم کر لیا، لیکن مسلم لیگ کے صدر قائد اعظم محمد علی جناح نے نامنظور کیا - ۱۹۴۵ء میں قائداعظم اور گاندھی جی میں متعدد ملاقاتیں ہوئیں، لیکن کوئی خاطرخواہ نتیجہ برآمد نہ ہوا - مارچ ۱۹۴۶ء میں مرکزی اسمبلی کے انتخابات میں مسلم لیگ کو زبردست فتح نصیب ہوئی -

Marfat.com

اسی مہینے میں برطانیہ کے لیبر پارٹی کے وزیرِ اعظم ایٹلی نے کیبنٹ مشن بھیجا ۔ ۹ اپریل ۱۹۴۶ء کو مسلم لیگ نے قرارداد لاہور کے مطابق قرارداد پاکستان منظور کی ۔ مشن نے پاکستان کا مطالبہ نامنظور کیا اور اس کے بجائے ہندو اور مسلم ریاستوں کی یونین کی تجویز پیش کی، جسے کانگرس اور مسلم لیگ نے مان لیا اور دونوں عارضی حکومت میں شرکت پر تیار ہو گئیں ۔ اس نظام کے تحت ایک گروپ آسام اور بنگال کا بنایا گیا تھا، دوسرا پنجاب اور اس کے ملحقات کا اور تیسرا باقی بھارت کا ۔ بعد میں کانگرس کی مجلس عاملہ کمیشن کے منصوبے اور گروپنگ سسٹم کی مختلف تشریحات پیش کرنے لگی ۔ اس سے قائد اعظم کو اختلاف ہوا. مسلم لیگ نے بطور احتجاج اپنی منظوری واپس لے لی اور یومِ راست‌اقدام منانے کا اعلان کر دیا ۔ ۱۲ اگست ۱۹۴۶ء کو کانگرس نے گورنمنٹ بنائی اور مسلم لیگ نے اس میں حصہ لینے سے انکار کر دیا ۔ ۱۶ اگست کو یوم راست اقدام منایا گیا، جس کے دوران میں کلکتے اور نواکھالی میں زبردست ہندو مسلم فساد ہوا ۔ پھر فسادات نے بہار کو بھی اپنی لپیٹ میں لے لیا اور بھاگلپور، مونگیر، پٹنے اور گیا میں مسلمان بڑی تعداد میں ہلاک کر دیے گئے ۔ لارڈ ویول، وائسرائے ہند، کی یقین دہانی پر ۱۵ اکتوبر کو قائد اعظم نے عارضی حکومت میں شرکت منظور کر لی، لیکن حالت اتنی خراب ہو چکی تھی کہ برطانیہ نے جون ۱۹۴۷ء تک ہندوستان کو چھوڑ دینے کا اعلان کر دیا ۔ لارڈ ویول کو واپس بلا لیا گیا اور اس کی جگہ لارڈ مونٹ بیٹن کو بھیجا گیا ۔ کانگرس نے ہندوستان کی تقسیم منظور کر لی، لیکن پاکستان کو ہمیشہ کے لیے کمزور کرنے کے لیے بنگال اور پنجاب کو بھی تقسیم کر دیا گیا ۔ ۱۴ اگست کو پاکستان کے قیام کا اعلان کیا گیا اور اس روز متحدہ بنگال کے وزیر اعظم سہروردی نے مشرقی بنگال خواجہ ناظم الدین کے اور دوسرے روز مغربی بنگال پی ۔ سی ۔ گھوش کے حوالے کر دیا ۔ اس طرح دو سو سال کی غلامی کے بعد اس سر زمین پر ایک بار پھر مسلمانوں کی حکومت قائم ہو گئی (اس دور کے حالات کی مزید تفصیلات، نیز قیام پاکستان کے بعد کے واقعات کے لیے رکّ بہ پاکستان).

اسلام کی اشاعت : بنگال میں مسلمانوں کی اکثریت کی متعدد وجوہات ہیں : (۱) بیرونی ممالک سے مسلمانوں کی آمد؛ (۲) مسلمانوں کی نسل میں ترقی؛ اور (۳) مقامی باشندوں کا قبولِ اسلام.

مختلف ادوار میں عرب، ایرانی، ترک اور حبشی مسلمان یہاں آ کر آباد ہوتے رہے ۔ محمد بن بختیار خلجی کے حملے سے قبل بھی چاٹگام کے نواح میں عرب تاجروں کی آبادی کا سراغ ملتا ہے ۔ پہاڑ پور اور سیناماتی سے ملنے والے سکّوں سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہاں مسلمان ہارون الرشید کے عہد میں بھی آباد تھے ۔ محمد بن بختیار خلجی کے زمانے میں بیرونی مسلمانوں کی آبادی پندرہ بیس ہزار تھی، لیکن خلجیوں کے بر سر اقتدار آنے کے بعد مزید افغان، ترک اور ایرانی کثیر تعداد میں شمالی ہند سے یہاں پہنچے ۔ ان میں صرف افغانوں کی تعداد دو لاکھ سے کم نہ تھی ۔ خود مختار سلاطینِ بنگالہ کے دور میں ان کی آمد میں کمی واقع ہو گئی، لیکن عہدِ مغلیہ میں ایک بار پھر مسلمان، ہندوستان کے شمالی صوبوں بلکہ ترکستان اور حبشہ جیسے دور دراز ممالک سے بغرض ملازمت و تجارت، یہاں آ کر بسنے لگے ۔ صفوی حکومت کے زوال پر، خصوصاً مرشد قلی خان کے زمانے میں ایرانیوں کی ایک بڑی تعداد یہاں آئی ۔ ان میں تاجر بھی تھے، معلّم اور طبیب

Marfat.com

بھی تھے اور سپاہی پیشہ بھی - اس دوران میں لاکھوں مقامی باشندوں نے بھی اسلام قبول کیا، چنانچہ ۱۷۷۰ء میں ایک تہائی بنگالی مسلمانوں کے آبا و اجداد بیرونی مسلمان تھے اور دو تہائی کے مقامی نو مسلم۔

بنگال میں مسلمانوں کی آبادی بڑھنے کا ایک سبب یہ بھی ہے کہ ان کے ہاں کثرت ازدواج کا عام رواج رہا ہے اور ہندوؤں کے برعکس بیوہ یا مطلقہ عورت کی شادی پر کوئی پابندی نہیں - یہی وجہ ہے کہ ان میں ہندوؤں کی بہ نسبت شرح پیدائش بہت زیادہ رہی ہے - ۱۸۷۲ء میں مسلمانوں کی تعداد ہندوؤں سے پچاس لاکھ کم تھی، لیکن ۱۸۹۱ء میں ان سے پندرہ لاکھ زیادہ ہو گئی - ۱۸۷۲ء میں مسلمانوں کی آبادی ایک کروڑ ساٹھ لاکھ تھی، جو ۱۹۴۱ء میں تین کروڑ اسی لاکھ ہوگئی - اس کے برعکس اس عرصے میں ہندوؤں کی آبادی ایک کروڑ ستر لاکھ سے صرف تین کروڑ بیس لاکھ ہو سکی - اس کا باعث مسلمانوں میں زیادہ شرح پیدائش اور ہندوؤں کا قبول اسلام ہی قرار دیا جا سکتا ہے۔

اشاعتِ اسلام میں سلاطین، علما اور صوفیہ کا بڑا حصہ ہے - سلاطین نے حکومت قائم کر کے علما کی سرپرستی اور صوفیہ کی اعانت کی - پھر انھوں نے مدارس جاری کیے، مسجدیں تعمیر کیں، خانقاہیں بنوائیں اور ایک خالص مسلم معاشرے کی بنیاد ڈالی - انھوں نے ملک میں امن و امان بحال کیا، زراعت اور تجارت کو ترقی دی، چیزیں ارزاں ہوئیں اور رعایا خوش حال - اس سے ایک طرف تو ان کی حکومت کو استحکام ملا اور دوسری طرف وہ دین بھی رعایا میں مقبول ہوا جس کے وہ پیرو تھے - یوں تبلیغ اسلام کی صورت پیدا ہو گئی - سلاطین اور ان کے مسلمان امرا کا سلوک ہندوؤں اور بدھوں سے بڑا روادارانہ تھا اور ان سے ساری رعایا بلا امتیاز مذہب و ملت فیضیاب ہوتی تھی - ان کے درباروں میں غیر مسلم اعلٰی مناصب پر فائز ہوتے اور ان کی زندگی سے متاثر ہوتے تھے۔

علما نے نہ صرف سلاطین کو وقتاً فوقتاً اسلامی اصولوں پر اپنی حکومت قائم کرنے کی تلقین کی بلکہ اشاعتِ علم و دین کے لیے متعدد مدرسے قائم کیے، لوگوں کو فارسی اور بنگلہ میں دینی و دنیوی تعلیم دی، برھمنوں کے ساتھ مذھبی مناظرے کیے اور اکثر ایسا ہوا کہ علما سے شکست کھانے کے بعد ان برھمنوں نے اپنے اھلِ خاندان اور عقیدت مندوں سمیت اسلام قبول کر لیا - اشاعت دین میں صوفیہ ان سے بھی سبقت لے گئے - انھوں نے اپنے حسن سلوک اور حسن اخلاق سے لوگوں کو اپنا اس طرح گرویدہ بنا لیا کہ وہ دائرۂ اسلام میں داخل ہو گئے - انھوں نے ہندو اور بدھ عوام سے براہِ راست رابطہ قائم کیا اور جگہ جگہ، حتّٰی کہ پہاڑوں اور جنگلوں میں بھی اپنی خانقاہیں بنائیں - علاوہ ازیں ان میں سے بعض بزرگ بڑے خدارسیدہ اور صاحبِ کرامت تھے اور ان کے آستانے سے عوام لاکھوں کی تعداد میں فیض حاصل کرتے تھے۔

یہ سچ ہے کہ ہندوؤں نے اپنے دھرم کو بچانے کے لیے اسلام کا سخت مقابلہ کیا، لیکن یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ برھمن اور کایستھ اسلامی معاشرے اور دینِ اسلام کی خوبیوں کو اپنی تعلیم اور اعلٰی ذھنی صلاحیت کے باعث دوسروں کی بہ نسبت زیادہ سمجھتے اور اس سے متاثر ہو سکتے تھے - امرت کنڈ میں لکھا ہے کہ ایک بھوجار پنڈت نے قاضی رکن الدین سمرقندی سے فلسفے پر بحث کی اور قائل ہو کر مسلمان ہو گیا - راجا کنس کے بیٹے جدو نے اسلام قبول کیا اور جلال الدین کے نام سے بنگال پر حکومت کی - کررانی افغانوں کے دور

marfat.com
Marfat.com

کا مشہور سپہ سالار کالا پہاڑ کایستھ تھا اور مسلمان ہو گیا تھا ۔ ایک اور مسلمان سپہ سالار عیسی خان کا باپ ایک نومسلم راجپوت تھا ۔ باگرھاٹ کا وزیر محمود ظاھر برھمن خاندان سے تھا ۔ اسلام خان سُور کے زمانے میں پبنہ کے زمیندار رکھو رائے نے اسلام قبول کیا ۔ بہت سے برھمن اور کایستھ مسلمان حکمرانوں سے میل جول رکھنے کی وجہ سے ذات سے خارج کر دیے جاتے تھے ۔ اس ذلت سے بچنے کے لیے وہ اکثر اپنے خاندان سمیت مسلمان ہو جاتے تھے ۔ سینکھٹیا کے برھمن زمینداروں کو برادری سے نکالا گیا تو انھوں نے اسلام قبول کر لیا ۔ ان امور کے پیش نظر یہ کہنا غلط ھوگا کہ اونچے طبقے کے ھندووں نے بنگال میں اسلام قبول نہیں کیا ۔

مسلمان فرمانرواؤں کی رواداری اور رعیت پروری اور علما و صوفیہ کی دینداری اور پاکیزہ اخلاق و اطوار کے علاوہ اشاعت اسلام کا حلقہ وسیع ھونے کا سب سے بڑا سبب خود اسلام کی تعلیمات اور اسلامی معاشرے کی یہ خوبی تھی کہ اس میں شامل ھو کر محمود و ایاز ایک ھو جاتے تھے ۔ ھندووں میں ذات پات کا جو نظام قائم تھا اس نے نیچی ذات کے ھندووں پر عرصۂ حیات تنگ اور ترقی کی تمام راھیں مسدود کر رکھی تھیں ۔ قبول اسلام سے انھیں معاشرتی مساوات اور ترقی کے دروازے کھلتے نظر آئے تو وہ جوق در جوق دائرۂ اسلام میں داخل ھوتے چلے گئے ۔ مشرقی بنگال کے تانترک ھندو اس سلسلے میں بالخصوص قابل ذکر ھیں ۔ اسی طرح بدھ مت کے پیرو سین راجاؤں کے عہد سے ظلم و ستم کا نشانہ بنتے چلے آ رھے تھے، انھیں بھی اپنی نجات کی صورت قبول اسلام ھی میں نظر آئی اور یوں بنگال میں دین حق کی اشاعت کا دائرہ پھیلتا چلا گیا ۔

(ایس ۔ امام الدین [و ادارہ])

اسلام کا اثر بنگالی تمدن پر : بیرون ملک سے جو مسلمان بنگال آئے وہ یہیں کے ھو کر رہ گئے ۔ انھوں نے نومسلموں کے ساتھ ازدواجی تعلقات استوار کیے اور اس طرح بنگالی مسلمانوں کی جو نئی نسل پیدا ھوئی اس کی معاشرت اسلامی اقدار کے مطابق ڈھل گئی ۔ اگرچہ بعض مقامی رسوم و رواج کی پابندی بدستور جاری رھی تاھم عقائد کے اعتبار سے یہ لوگ بیرونی مسلمانوں سے بھی زیادہ کٹر تھے ۔ وہ اپنے تمام معاملات میں قرآن و حدیث کی پابندی پر زور دیتے اور سولھویں صدی کے ایک ھندو شاعر وجے گپت کے بیان کے مطابق ھر مسئلے پر سیّد، ملّا اور قاضی سے ھدایت حاصل کرتے تھے ۔ صوفیہ، علما اور مبلغینِ دین نے نہ صرف اصول اسلام کی تلقین کی بلکہ اپنے مدرسوں اور خانقاھوں میں ان کے مطابق زندگی بسر کرنے کا طریقہ عملی طور پر پیش کیا ۔ اس سلسلے میں حکومت کی اعانت بھی شاملِ حال رھی، جس کی طرف سے قوانین شریعت کے نفاذ کی بدولت سب مسلمان ایک مشترکہ ثقافتی، اخلاقی اور آئینی سانچے میں ڈھل گئے ۔

دورِ اول کے صوفیۂ کرام، مثلاً شیخ جلال الدین تبریزی (م ۱۲۲۵ء)، شیخ جلال مجرد یمنی سلہٹی (م ۱۳۴۷ء)، شیخ سراج الدین (۱۲۳۶ تا ۱۳۲۵ء)، مولانا عطا دیناج پوری (۱۳۰۰ تا ۱۳۵۰ء)، شیخ علاء الحق (م ۱۳۹۸ء) اور حضرت نور قطب عالم (م ۱۴۰۱ء) وغیرہ انتہائی راسخ العقیدہ، پابندِ شریعت اور خدا رسیدہ بزرگ تھے ۔ ان کی خانقاھیں، نیز سنارگاؤں، پنڈوہ، گوڑ، چاٹگاؤں اور دیناج پور میں ممتاز علما کے مدارس دین حق کی توسیع و اشاعت کے بڑے مرکز تھے، جن کی بدولت نومسلموں کی زندگی اور ان کے اخلاق و اطوار میں ایسا انقلاب رونما ھوا جس کی کثر سے

Marfat.com

کثر ہندو بھی تعریف و توصیف کیے بغیر نہیں رہتا تھا۔ چنانچہ ایک ہندو مصنّف مکند رام چکرورتی نے لکھا ہے کہ ایک عام بنگالی مسلمان کی زندگی میں ایمان و تقوٰی بدرجۂ اتم نظر آتا ہے۔

ہندوؤں نے اسلام کی روزافزوں توسیع و اشاعت کو روکنے کے لیے مختلف تحریکیں شروع کیں۔ ''سمرتی شاستر'' کی تجدید کی کوششیں تو محض مغربی بنگال کے برہمنوں تک محدود رہیں، لیکن وشنوست اور بھگتی تحریکیں خاصی مقبول ہوئیں۔ ان تحریکوں کے ذریعے ہندو معاشرے میں اسلامی اصول رائج کرنے کی کوشش کی گئی، مثلاً مساوات، سادگی اور توحیدِ الٰہی۔ شری چیتنیہ کا نام اس سلسلے میں سرِ فہرست نظر آتا ہے۔ اس کا عقیدہ بڑی حد تک نظریۂ وحدت الوجود سے ملتا جلتا ہے۔ فرق یہ تھا کہ مؤخرالذکر نظریّے میں تمام مخلوق کو صفاتِ الٰہی کا پرتو سمجھا جاتا ہے اور اس کے عقیدے کی رو سے ہر شے ذاتِ الٰہی کی مظہر ہے؛ لیکن عوام نے عموماً اس امتیاز کو سمجھنے کی کوشش نہ کی اور رفتہ رفتہ اس تحریک کے اثرات مسلمانوں میں بھی پھیلنے لگے۔ بظاہر ان تحریکوں کا مقصد یہ تھا کہ ہندوؤں اور مسلمانوں کے مشترکہ مذہبی عقائد کو اجاگر کر کے دونوں قوموں میں اتحاد و اتفاق پیدا کیا جائے، لیکن درحقیقت اس سے ایک طرف تو ہندو معاشرے کی اصلاح مقصود تھی تاکہ عام ہندو اپنی معاشرتی خرابیوں کی باعث اسلام کی طرف راغب نہ ہوں اور دوسری طرف اپنے مذہبی عقائد کو مسلمانوں میں رائج کرنا مطلوب تھا۔ سولھویں صدی میں سری نواس اچاریہ (۱۵۲۲ تا ۱۶۰۸ء)، نروتم ٹھاکر (۱۵۳۱ تا ۱۶۳۱ء) اور شیامانند (۱۵۳۵ تا ۱۶۳۰ء) کی رہنمائی میں ان سے بنگال میں مروّجہ اسلامی تصوف بے حد متأثر ہوا، چنانچہ ایک نیا فرقہ یوگی قلندروں کا وجود میں آیا جس کے عقائد میں بھگتی، یوگا اور مسلمان قلندروں کے نظریات شامل تھے۔ داراشکوہ کی مجمع البحرین اسی تحریک کی مظہر ہے۔ اٹھارھویں صدی کے آخر میں اخلاقی زوال اور مذہبی انحطاط نے ستیہ پیر جیسے فرقے پیدا کر دیے جن کے عقائد دینِ حق کے سراسر خلاف اور اطوار انتہائی کج روی کے حامل تھے۔

عہد مغلیہ میں راسخ العقیدگی کو خاصا ضعف پہنچا۔ اعلٰی طبقے کی طرز زندگی کا اثر عوام پر بھی پڑا اور ہندو مسلمان ایک دوسرے کے رسوم و عقائد کو اپنانے لگے۔ بہر کیف اس سے ایک مشترکہ ہندو مسلم ثقافت ہرگز پیدا نہ ہو سکی، کیونکہ قوانینِ شریعت کے نفاذ، جگہ جگہ دینی مدارس اور خانقاہوں کے وجود اور علما و شیوخ کے اثر و نفوذ کے باعث عام مسلمان اپنے عقائد سے روگرداں نہ ہو سکے اور ستیہ پیروں، فقیروں اور قلندروں وغیرہ کا حلقہ بےحد محدود رہا۔ اس سلسلے میں حضرت شیخ احمد سرہندیؒ کی مساعی نے بھی بڑا کام کیا۔ انھوں نے اپنے ایک خلیفہ مولانا حمید دانشمند کو بردوان بھیجا، جہاں ان کا جاری کیا ہوا مدرسہ اصلاح عقائد اور تجدید دین کا مرکز بن گیا۔ شاہ عبدالرحیم (م ۱۷۰۵ء) اور سید محمد دائم عظیم پوری (م ۱۷۹۱ء) نے ڈھاکے میں اور دوسرے بزرگوں نے بنگال کے مختلف حصّوں میں یہ اہم کام جاری رکھا۔ انگریزی حکومت کے قیام کے بعد سید احمد شہیدؒ کی تحریک سے سرزمینِ بنگال بھی متأثر ہوے بغیر نہ رہ سکی۔ ان کے خلیفہ مولانا کرامت علی اور ان کے جانشینوں نے شمالی اور مشرقی بنگال میں مسلمانوں کی بیش قرار خدمات سر انجام دیں۔ اس طرح فرائضی تحریک نے بھی انھیں دینی اور سیاسی اعتبار سے بیدار رکھنے میں کچھ کم حصہ نہیں لیا۔

marfat.com
Marfat.com

ایسٹ انڈیا کمپنی کی حکومت قائم ہوئی تو مسلمانانِ بنگال نے اس سے بڑی حد تک عدم تعاون کیا ۔ مغربی تہذیب کا مقابلہ کرنے کے لیے انہوں نے جو مدافعانہ اقدام کیے ان میں انگریزی تعلیم کا بائیکاٹ بھی شامل تھا ۔ ادھر انگریزوں نے مسلمانوں کی معاشی خوش‌حالی کو ختم کرنے کا ایک منصوبہ تیار کیا ۔ نظامِ قضاۃ کے خاتمے، سرکاری زبان میں تبدیلی اور بندوبست استمراری وغیرہ سے مسلمانوں کی زمینداریاں ختم ہو گئیں اور ان پر معاش کے دروازے بند کر دیے گئے ۔

۱۷۵۷ء سے ۱۸۵۷ء تک کا دور مسلمانانِ بنگال کی تاریخ کا ایک المناک دور ہے ۔ ان پر معاشرتی اور معاشی اعتبار سے ایسا زوال آیا کہ وہ زندگی کے ہر شعبے میں پسماندہ نظر آنے لگے ۔ دوسری طرف ہندوؤں نے برطانوی حکومت کا ابتدا ہی سے ساتھ دیا ۔ انگریزی تعلیم کے حصول میں وہ پیش پیش رہے، چنانچہ ملازمتوں کے علاوہ تجارت و صنعت پر بھی ان کی اجارہ‌داری قائم ہو گئی اور دیکھتے ہی دیکھتے وہ معاشی اعتبار ہی سے نہیں بلکہ ذہنی صلاحیت اور سیاسی شعور کے لحاظ سے بھی مسلمانوں سے بہت آگے نکل گئے ۔ اسلامی حکومت کے دور میں بھی انہوں نے اسلامی ثقافت کو قبول نہیں کیا تھا ۔ وہ اپنے رسوم و عقائد پر سختی سے جمے رہے تھے ۔ خدا اور بندے کے بارے میں ان کے تصورات مسلمانوں سے بالکل مختلف تھے ۔ برطانوی تعلیم نے ان کے اندر اپنی علیحدہ قومیت کا شعور پیدا کیا ۔ راجہ رام موہن رائے اور وویکانند کی کوششوں سے ان میں ایک طرف تو آزاد خیالی پیدا ہوئی اور دوسری طرف وہ ہندو راج کے خواب دیکھنے لگے ۔ دیانند سرسوتی کی تحریکِ آریہ سماج نے اس امنگ کو اور بھی جلا دی ۔

۱۸۵۷ء کی جنگِ آزادی کے بعد مسلمان انگریزی تعلیم کی طرف راغب ہو گئے تھے اور اپنے جائز حقوق حاصل کرنے کی جد و جہد میں مصروف تھے ۔ آہستہ آہستہ ان میں سیاسی شعور بھی پیدا ہونے لگا تھا اور ان پر یہ واضح ہو رہا تھا کہ ان کی ثقافت ہندوؤں سے بالکل مختلف ہے ۔ اسلامی مدارس کا قدیم نظام جاری رہنے کے باعث ان میں ملّی جذبہ برقرار رہا اور وہ مسلمانانِ ہند کے مجموعی مفاد اور ان کی مشترکہ ثقافت کے علمبردار رہے ۔ یہی وجہ ہے کہ جب پاکستان کا مطالبہ پیش کیا گیا تو انہوں نے اس کے حصول میں کسی قربانی سے دریغ نہ کیا ۔

۱۹۴۷ء میں پاکستان کا قیام عمل میں آیا تو مغربی پاکستان کے ساتھ مسابقت کے جذبے اور مروّجہ نظامِ تعلیم کے اثرات کے تحت بنگالی مسلمانوں نے اپنی جداگانہ ثقافت کا سراغ لگانے کی سعی کا آغاز کیا جو ابھی تک جاری ہے ۔ بنگلہ زبان خود مختار سلاطینِ بنگالہ کے دور میں بھی دینی زبان عربی اور سرکاری زبان فارسی کے مساوی درجہ حاصل نہ کر سکی تھی ۔ برطانوی حکومت کے ابتدائی دور میں بھی مسلمانوں نے اس کی طرف زیادہ توجہ نہ دی، البتہ ۱۸۵۷ء کے بعد اشاعتِ دین اور سیاسی بیداری پھیلانے کے سلسلے میں بنگلہ زبان سے بڑا کام لیا گیا ۔ ۱۹۴۷ء تک اردو مسلمانانِ ہند کی مشترکہ قومی زبان تصوّر کی جاتی تھی، لیکن آزادی کے بعد اپنی قومی انفرادیت اور جداگانہ ثقافت کو برقرار رکھنے کے لیے مشرقی پاکستان کے مسلمانوں نے بنگلہ کو بھی قومی زبان کا درجہ دلا دیا ۔

دیہات میں آج بھی زندگی اپنی ڈگر پر رواں دواں ہے ۔ البتہ شہروں میں بڑی تیزی سے انقلاب آ رہا ہے اور وہاں ایک ایسا طبقہ ابھر رہا ہے جو بنگالی ثقافت کا علمبردار ہے

marfat.com

Marfat.com

تہذیبی اعتبار سے بنگال کے سب باشندوں کو ایک سمجھتا ہے - اس سے تعلیم یافتہ مسلمانوں کی معاشرت بھی متأثر ہو رہی ہے اور ان کے ہاں لادینی رجحانات فروغ پا رہے ہیں - بایں ہمہ اگر مجموعی حیثیت سے دیکھا جائے تو مذہب سے شیفتگی ابھی تک برقرار ہے اور عوام ابھی تک دینی جذبے سے سرشار ہیں.

(علی اشرف [و ادارہ])

مآخذ: (۱) Charles Stewart : *History of Bengal*، لنڈن ۱۸۴۷ء؛ (۲) H. Beverly : *Census of Bengal*، ۱۸۷۲ء؛ (۳) H. Blochmann : *Contribution to the Geography and History of Bengal*، در *JASB*، ۱۸۷۳ء؛ (۴) Runnell : *Maps of Bihar and Bengal*، ۱۸۷۳ء؛ (۵) J. A. Bourdillon : *Census of Bengal*، ۱۸۸۱ء؛ (۶) H. H. Risley : *The Tribes and Castes of Bengal*، کلکتہ ۱۸۹۱ء؛ (۷) Elliot و Dowson : *History of India as told by its own Historians*؛ (۸) جے - این - داس گپتا : *Bengal in the Sixteenth Century*، کلکتہ ۱۹۱۴ء؛ (۹) ٹی - سی - داس گپتا : *Some Social Aspects of Bengal*؛ (۱۰) N. K. Bhattasali : *Chronology of the Early Independent Sultans of Bengal*، ڈھاکہ - کیمبرج ۱۹۲۲ء؛ (۱۱) ایس - کے - چیٹرجی : *The origin and development of Bengali Language*، کلکتہ ۱۹۲۶ء؛ (۱۲) آر - ڈی - بینرجی : *History of Orissa*، کلکتہ ۱۹۳۰ء؛ (۱۳) عابد علی خان : *Memoirs of Gaur and Pandua*، طبع H. E. Stapleton، کلکتہ ۱۹۳۰ء؛ (۱۴) جے - سی - سنہا : *Economic Annals of Bengal*؛ (۱۵) *The Cambridge History of India*، ج ۳ و ۵؛ (۱۶) آر - سی - موجمدار : *History of Bengal*، ج ۱، ڈھاکہ ۱۹۴۳ء؛ (۱۷) J. Stephens : *Pakistan*، لنڈن ۱۹۶۷ء؛ (۱۸) James Runnell : *Bengal Atlas*، کلکتہ ۱۹۴۸ء؛ (۱۹) جے - این - سرکار : *Bengal Nawabs*، کلکتہ ۱۹۳۸ء؛ (۲۰) وہی مصنّف : *Life of Mir Jumla*، کلکتہ ۱۹۰۱ء؛ (۲۱) وہی مصنّف : *History of Bengal*، ج ۲، کلکتہ ۱۹۵۲ء؛ (۲۲) ایم - اشرف : *Life and condition of people of Hindustan*، دہلی ۱۹۵۹ء؛ (۲۳) ابوالکلام آزاد : *India Wins Freedom*، مطبوعۂ Orient Longmans، ۱۹۵۹ء؛ (۲۴) H. Feldman : *Pakistan*، آوکسفرڈ یونیورسٹی پریس ۱۹۶۰ء؛ (۲۵) عزیز الرحمٰن ملک : *British Policy and the Muslims of Bengal (1757-1856)*، ڈھاکہ ۱۹۶۱ء؛ (۲۶) Rushbrook Williams : *The State of Pakistan*، ۱۹۶۲ء؛ (۲۷) عبدالکریم : *Murshid Quli Khan and his times*، ڈھاکہ ۱۹۶۳ء؛ (۲۸) وہی مصنّف : *Social History of the Muslims in Bengal (1538)*، ڈھاکہ ۱۹۶۸ء؛ (۲۹) C. H. Philips : *The East India Company, 1784-1834*، مانچسٹر ۱۹۶۱ء؛ (۳۰) ایم - اے - رحیم : *Social and Cultural History of Bengal*، کراچی ۱۹۶۳ء؛ (۳۱) کے - کے - عزیز : *Britain and Muslim India*، مطبوعۂ Heinemonn، ۱۹۶۳ء؛ (۳۲) صلاح الدین احمد : *Social Ideas and Social Changes in Bengal (1818-35)*، لائڈن ۱۹۶۵ء؛ (۳۲) چودھری خلیق الزمان : *Pathway to Pakistan*؛ (۳۳) M. R. Tarafdar : *Hussain Shahi Bengal*، ڈھاکہ ۱۹۶۵ء؛ (۳۴) A. H. Halim : *East Pakistan in the History of Freedom Movement*، ج ۲، مطبوعۂ کراچی؛ (۳۵) قمرالدین احمد : *The Social History of East Pakistan*، ڈھاکہ ۱۹۶۷ء؛ (۳۶) *Report on the administration of Bengal, 1873-1936*، مطبوعۂ کلکتہ؛ (۳۷) *JASB*، ڈھاکہ؛ (۳۸) *Journal of Pakistan Historical Society*، کراچی؛ (۳۹) ابن خرداذبہ : کتاب المسالک؛ (۴۰) ابن فضل اللہ العمری : مسالک الابصار (مترجمۂ

marfat.com
Marfat.com

عبدالرشید)؛ (۴۱) ابن بطوطه : تحفة النظار فی غرائب الامصار (انگریزی ترجمه از مہدی حسین، بڑوده ۱۹۵۳ء)؛ (۴۲) ابوالفضل : آئین اکبری، مترجمه Jarret، ج ۱ و ۲، ۱۹۴۸ - ۱۹۴۹ء؛ (۴۳) فرشته : تاریخ فرشته، لکھنؤ ۱۸۶۷ء؛ (۴۴) عبدالحق دہلوی : اخبار الاخیار، دہلی ۱۳۳۲ھ / ۱۹۱۳ء؛ (۴۵) غلام حسین سلیم : ریاض السلاطین، کلکته ۱۸۹۸ء (انگریزی ترجمه از عبدالسلام، کلکته ۱۹۰۲-۱۹۰۴ء)؛ (۴۶) منہاج سراج : طبقات ناصری، انگریزی ترجمه از Raverty؛ (۴۷) مکتوبات حضرت نور قطب عالم، اقتباسات در حسن عسکری : *Bengal Past and Present*، کلکته ۱۹۴۸ء؛ (۴۸) مکتوبات جہانگیر سمنانی، اقتباسات در حسن عسکری : کتاب مذکور؛ (۴۹) غلام سرور : خزینة الاصفیا، مطبوعۂ لکھنؤ؛ (۵۰) مرزا نتھو : بہارستان غیبی، طبع و ترجمه از Borah؛ (۵۱) سلیم الله : تاریخ بنگاله (انگریزی ترجمه از Gladwin)؛ (۵۲) سید ہاشمی فرید آبادی : تاریخ مسلمانان پاکستان و بھارت، مطبوعۂ کراچی؛ (۵۳) آر ـ ڈی ـ بینرجی : *Banglar Itihasi*، کلکته ۱۳۲۱ - ۱۳۲۴ B. S.؛ (۵۴) عبدالکریم : *Banglia Prachina Pathic Vivarana*، در *Bangiya Sahitya Preshad Palrika*، کلکته ۱۳۳۹ - ۱۳۴۳ B. S.؛ (۵۵) شیخ چاند : *Rasul Viyaya Kavya*، در *Sahitya Parishad Palrika*، کلکته؛ (۵۶) شمشیر غای پر پوتھی، در بنگیه ساھتیه پریچیه؛ (۵۷) این ـ آر ـ رائے : بنگلر اتہاس؛ (۵۸) این ـ باسو : بنگر سماجک اتہاس، ج ۲؛ (۵۹) ای ـ حق : *Bangi Sufi Prabhava*، کلکته ۱۹۳۵ء.

(ایس ـ امام الدین [و اداره])

**بنگالی** : (زبان) رک به بنگله.

**بنگکه** : انڈونیشیا میں جنوبی سماترا کے مشرقی ساحل کے قریب ایک جزیره جو عرض البلد ایک درجے اور ۴ درجے کے درمیان اور طول البلد ۱۰۶ درجه مشرق میں واقع ہے ـ اس کی شہرت اس کی ٹین کی کانوں اور ٹین کی تجارت کی وجه سے ہے جو قدیم زمانے سے بیرونی ممالک کے تاجروں کے لیے کشش کا باعث رہی ہے ـ اقتصادی لحاظ سے آبادی کا کمزورتر حصه انڈونیشی ہیں نیز عام انڈونیشی وضع قطع کے مسلمان ـ آبادی کا سب سے اہم حصه وہ چینی ہیں جو ترک وطن کر کے یہاں آباد ہو گئے ـ

(C. C. Berg)

⊗ **بنگله** : [پاکستان کی دو قومی زبانوں میں سے ایک زبان؛ آج کل مشرقی پاکستان اور مغربی بنگال (بھارت) کے باشندوں کی غالب اکثریت کی زبان یہی ہے] لیکن ۱۲۰۱ء میں جب مسلمانوں نے سر زمین بنگال پر قدم رکھا تو ایک ادبی اور تہذیبی زبان کے طور پر بنگله کا کوئی مقام نه تھا ـ ان دنوں جس طرح مسلمانوں کی مذہبی زبان عربی اور تہذیبی و ادبی زبان فارسی تھی اسی طرح ہندووں کی مذہبی، تہذیبی اور ادبی زبان سنسکرت تھی ـ بنگله صرف بول چال کی زبان تھی اور متعدد بولیوں پر مشتمل تھی ـ جب تک مسلمانوں نے بنگله کی سرپرستی اور اس میں تراجم کی حوصله افزائی نہیں کی، اس کی یہی حیثیت رہی ـ

اس زبان کا اصل سرچشمه قدیم پراکرت ہے اور اس کے ارتقائی مراحل پراکرت اور اپ بھرنش ہیں ـ قدیم پراکرت عوام کی بول چال کی زبان تھی در آنحالیکه سنسکرت کو آریه ورت کی اونچی جاتیوں کی متبرک اور مہذب زبان کا درجه حاصل تھا ـ بنگله کی ابتدائی شکل گوڑ اپ بھرنش تھی، جو بقول ڈاکٹر شہید الله گوڑ پراکرت سے نکلی اور مگدھی پراکرت کی بہن تھی، جس سے بہاری، پوربی اور اڑیا زبانیں نکلی ہیں ـ یہی گوڑ ـ کامروپ اپ بھرنش آسامی اور بنگله زبانوں کی ماں ہے ـ

Marfat.com

معلومات کی کمی کے باعث ہمارے لیے بنگلہ کی پیدائش اور اس کے ابتدائی ارتقا کی تاریخ پورے وثوق سے بیان کرنا ممکن نہیں - چریہ *Charya* کے مخطوطے سے پتا چلتا ہے کہ ۹۵۰ اور ۱۲۰۰ء کے مابین، یعنی مسلمانوں کی آمد سے قبل، یہ ادب کی کسی نہ کسی نوع میں مستعمل تھی، لیکن سنسکرت کی اہمیت کے باعث اسے ایک مکمّل اور ترقی یافتہ ادبی تہذیبی زبان کا درجہ حاصل نہ ہو سکا - بہر حال عام استعمال کی زبان ہونے کی بنا پر اس میں بعض کول دراوڑی اور مُنڈا عناصر دخل پا گئے- صوتی الفاظ کے عام استعمال اور اسماے اماکن میں دراوڑی لاحقوں کی موجودگی انھیں اثرات کا پتا دیتی ہے - مُنڈا زبان کا اثر بنگلہ کے مرکب حروف علت (dipthongs) میں بالخصوص نظر آتا ہے اور اس سے ان دونوں زبانوں میں گہرے روابط کا پتا چلتا ہے۔

دیسی الفاظ کے علاوہ، جنھیں قدیم ہندی لسانیات میں تدبھو، یعنی کَلاری، دراوڑی اور منگول اصل کے الفاظ، بھی کہا جاتا ہے، اپنی ارتقا کے ابتدائی مراحل میں سنسکرت اصل کے کثیرالتعداد الفاظ بھی بنگلہ میں شامل ہو گئے، جو تت سم کہلاتے ہیں، چونکہ سنسکرت سرکاری زبان ہونے کے علاوہ تعلیم یافتہ لوگوں کی تہذیبی زبان بھی تھی لہذا ان لوگوں کی بنگلہ زبان میں متعدد سنسکرت الفاظ اور تراکیب بھی شامل تھیں - یہ بات بھی قرین قیاس ہے کہ قدیم آریا یہاں سنسکرت زبان لے کر آئے تھے، جس سے مقامی بولیاں گہرے اثرات قبول کرتی رہی تھیں۔

۱۳۵۰ء تک مسلمانوں نے یہاں کے مختلف اقطاع کو ایک انتظامی مرکز کے تحت لا کر متحدہ بنگالے کی تشکیل کی، جس سے بنگلہ کو ایک تہذیبی زبان کے طور پر نمایاں ہونے کا موقع ملا-

۱۲۰۰ سے ۱۳۵۰ء تک رونما ہونے والے حالات کا ہمیں اچھی طرح علم نہیں، لیکن اتنا واضح ہے کہ اس زمانے میں ایک تہذیبی زبان گوڑ کے گرد و نواح میں ابھر رہی تھی اور شعرا وہاں کی بولی کو آلائشوں سے پاک کر کے نئے الفاظ کی آمیزش کے ساتھ اپنے استعمال میں لا رہے تھے - یہی وجہ ہے کہ پندرھویں صدی عیسوی کے اوائل میں کرتّی واس Krittivas کی راماین اور شاہ محمد صغیر کی نگارشات میں جو زبان نظر آتی ہے وہ اس حد تک ترقی یافتہ ہو چکی تھی کہ اس میں مختلف النوع احساسات و افکار کا اظہار کیا جا سکے۔

مسلمانوں نے اس ملک کو جو سیاسی[2] اتحاد عطا کیا تھا یہ اسی کی بدولت تھا کہ بنگالے کے دوسرے علاقوں نے بھی اس منزہ گوڑ بولی کو بنگلہ کے ایک معیاری تہذیبی نمونے کے طور پر تسلیم کر کے اس کی ہیئت، اسلوب اور لغت کو قبول کر لیا۔

مسلمانوں نے بنگلہ کو کثیرالتعداد عربی، فارسی اور ترکی الفاظ سے آشنا کیا - ملک پر حکمران امرا کی اسلامی تہذیب کے تسلّط اور مقامی نو مسلموں کی زندگی اور عادات و اطوار پر اسلام اور باہر سے آ کر یہاں بس جانے والوں کی تہذیب کے اثرات کی بدولت یہ الفاظ دیہاتی عوام کی بول چال تک میں شامل ہو گئے - کچھ عرصے بعد علاقائی استعمال اور مقامی تلفظ کے باعث ان کی اصل شکل برقرار نہ رہ سکی - ۱۵۷۰ء میں مغلوں نے بنگالہ فتح کیا تو بنگلہ میں فارسی الفاظ کی مزید آمیزش ہوئی۔

سلطنت مغلیہ کے زوال تک یہ اثرات اتنے وسیع پیمانے پر پھیل چکے تھے کہ ڈھاکہ، مرشد آباد اور بردوان جیسے شہروں میں، جو اسلامی عساکر اور امرا کے مراکز تھے، عوام، بالخصوص لسانی

marfat.com
Marfat.com

اعتبار سے ۔ فارسی کا رنگ پوری طرح قبول کر چکے تھے، چنانچہ اٹھارھویں صدی عیسوی میں بنگلہ شعرا کا ایک پورا دبستان منظر عام پر آیا، جس نے فارسی محاورے کو اپنا اسلوب خاص قرار دیا، اسی لیے یہ ''دو بھاشی'' اسلوب کہلاتا ہے ۔

اسلامی عہد حکومت ھی میں پرتگیزوں، فرانسیسیوں اور انگریزوں نے یہاں قدم رکھا ۔ بنگلہ کے ذخیرۂ الفاظ میں ان کے اثرات کا بھی پتا چلتا ھے ۔ جب مسلمانوں کے تسلّط کا خاتمہ ہوا اور ان کی جگہ انگریزوں نے لی تو بنگلہ تیز رفتاری سے ترقی کرنے لگی ۔ فورٹ ولیم کالج کے پنڈتوں اور مارش مَن Marshman اور کیری Kerry جیسے مسیحی مبلّغوں نے طے کیا کہ تطہیرِ زبان کے لیے بنگلہ لغت سے اسلامی اثرات کو خارج کر دینا ضروری ھے ۔ مسلمانوں نے اپنے سیاسی اقتدار، تہذیبی تسلّط اور معاشی تفوق سے محروم ہو کر مغربی حکومت کے خلاف شدید رد عمل کا اظہار کیا تھا اور انگریزوں نے بھی جان بوجھ کر انھیں مغربی علوم کی تعلیم دینے سے احتراز کیا ۔ مسلمانوں میں بنگلہ کو اھمیت دینے کا جذبہ بھی مفقود تھا ۔ پورے اسلامی دور حکومت میں اسے ایک ثانوی اھمیت کی زبان کا مرتبہ حاصل رہا تھا اور حسین شاہ یا پرگل شاہ کی انتہائی سرپرستی کے باوجود انھوں نے یا امرا نے ھمیشہ فارسی کو مسلمانوں کی تہذیبی اور عربی کو ان کی مذھبی زبان کا درجہ دیا ۔ اب اس احساس میں اور بھی شدت پیدا ہو گئی ۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ بنگلہ کی ترقی و اصلاح، اسے نئے نئے سانچوں میں ڈھالنے اور اسے زندگی کے جملہ شعبوں میں کام آنے والی نثر کی ایک مؤثر زبان بنانے کا بیڑا ہندو علما اور مصنفین نے اٹھایا ۔ یہی وجہ ہے کہ آگے چل کر جب مسلمانوں نے اسے اپنانے اور اس میں جدید ادب تخلیق کرنے کا فیصلہ کیا تو انھوں نے دیکھا کہ یہ ایسے بے شمار الفاظ سے محروم ہو چکی ھے جو ان کے معاشرے میں مستعمل ھیں اور ان کی جگہ اس میں سنسکرت سے مأخوذ ان گنت الفاظ شامل ہو چکے ھیں، چنانچہ اب انھیں طوعًا و کرھًا یہی ''سادھو بھاشا'' استعمال کرنا پڑی ۔

فورٹ ولیم کالج کے پنڈتوں نے انتہا پسندی سے کام لیتے ہوے زبان کی جس طرح اصلاح کی تھی اسے بعد میں آنے والے مصنفین نے تسلیم نہیں کیا، تاھم اس نام نہاد اصلاح کے اثرات سادھو بھاشا سے محو نہ ہو سکے ۔ علاوہ بریں علما نے اس بات پر زور دیا کہ بنگلہ پر سنسکرت صرف و نحو کا اطلاق کیا جائے، حالانکہ بنگلہ کی صرف و نحو سنسکرت سے بالکل مختلف تھی ۔ ابھی حال ھی میں علما نے یہ ثابت کر دیا ھے کہ نہ صرف و نحو اور اس کے جملوں کی نحوی ساخت سنسکرت سے قطعًا مختلف ھے بلکہ دونوں کی لغات اور صوتیات بھی ایک نہیں ۔

اس دوران میں بنگلہ نے عام بول چال اور غیر ملکی زبانوں خصوصًا انگریزی سے الفاظ، ترکیبیں حتّٰی کہ محاورے بھی قبول کیے ۔ بیسویں صدی میں ''کتھیا بھاشا'' یا بول چال کی بنگلہ کا، یا یوں کہیے کہ کسی علاقے کی زبان کے الفاظ کا اپنی صوتی، صوری اور نحوی خصوصیات کے ساتھ ادب میں استعمال ہونے لگا ۔ یہ تبدیلی فعل اور حاصل مصدر میں بالخصوص نظر آتی ھے ۔

شاعری کے میدان میں نذرالاسلام کے قدم رکھتے ھی لغوی اور نحوی اعتبار سے زبان کے مروجہ سانچوں میں انقلاب آ گیا ۔ اس نے عربی اور فارسی کے کثیر التعداد الفاظ، بلکہ بعض اوقات فارسی ساخت کے جملے بھی استعمال کیے، لیکن یہ الفاظ عام بول چال سے نہیں لیے گئے تھے اور صوتی لحاظ سے یہ بنگالی نہیں، غیر ملکی تھے،

Marfat.com

چنانچہ ان کا استعمال محض ادبی تجربے کے طور پر ہوتا رہا۔

چند شعرا سے قطع نظر، آزادی کے بعد سے یہ اسلوب ترک کر دیا گیا اور اس کی جگہ ایک نسبتاً فطری اور قدرتی اسلوبِ نگارش نے لے لی ہے۔ مشرقی پاکستان کی زبان بتدریج ادبی زبان بن رہی ہے اور اس کے ذخیرۂ الفاظ میں تبدیلیاں آ رہی ہیں۔ علما اور مصنفین ادب میں علاقائی بولیوں کے استعمال پر زور دے رہے ہیں۔ بنگلہ بول چال کی مہذب زبان کا معیاری نمونہ کتھیا بھاشا ہے اور یہی ادبی زبان بھی ہے۔

بنگلہ ادب پر مسلمانوں کے اثرات

تاریخی پس منظر: جب مسلمانوں نے بنگال فتح کیا تو بنگلہ ادب کا کوئی وجود نہیں تھا۔ تعلیم یافتہ طبقے نے اس زبان کو اپنے ادب کے لیے ذریعۂ اظہار کے طور پر کبھی استعمال کرنے کی کوشش نہیں کی تھی۔ ہندو دور حکومت میں بھی بنگلہ کے بجائے سنسکرت ہی سرکاری اور تہذیبی زبان رہی، البتہ ادبی زبانوں میں میتھلی ایک مؤثر و مقبول زبان تھی۔ ۱۳۵۰ء تک مسلمانوں نے بنگال کو متحد کرنے کے بعد بنگلہ زبان و ادب کی سرپرستی اور اس میں نئی نئی تخلیقات کی حوصلہ افزائی کی۔ حسین شاہ نے کرتی واس کو رامائن لکھنے کی ترغیب دی۔ اگرچہ فارسی سرکاری زبان تھی، تاہم اس حوصلہ افزائی سے چودھویں اور پندرھویں صدی عیسوی میں مسلمان بھی بنگلہ ادب کی تخلیق کی طرف متوجہ ہو گئے۔ جو لوگ باہر سے آ کر یہاں آباد ہوئے تھے ان کی عام زبان بھی ۱۳۵۰ء تک بنگلہ ہو چکی تھی، جس کا سبب ایک تو یہ تھا کہ انھوں نے اسی ملک کو اپنا وطن بنا لیا تھا اور دوسرے یہ کہ انھوں نے مقامی باشندوں سے معاشرتی بلکہ ازدواجی تعلقات بھی قائم کر لیے تھے۔ سرکار دربار میں بھی کسی حد تک اس کا عمل دخل ہو چلا تھا؛ صوفیہ بھی اپنی سماع کی محفلوں میں بنگلہ گیتوں کو روا رکھنے لگے تھے، البتہ قدامت پسند علما اسے حقارت کی نظر سے دیکھتے تھے۔ شاید یہی وجہ ہے کہ مسلمان شعرا اکثر بنگلہ میں شعر کہنے پر اظہار معذرت کیا کرتے تھے۔ بہر حال پندرھویں صدی عیسوی کے آتے آتے ان شعرا نے عذر خواہی کا یہ سلسلہ ختم کر دیا۔

بنگلہ زبان و ادب میں مسلمانوں نے جو حصہ لیا اسے تاریخی اعتبار سے دو ادوار میں تقسیم کیا جا سکتا ہے: پہلا دور ۱۲۰۱ء سے ۱۸۵۷ء تک اور دوسرا ۱۸۵۷ء سے ۱۹۴۷ء تک۔ ایک تیسرا دور اس ادب سے مخصوص کیا جا سکتا ہے جو آزادی کے بعد پاکستان میں پیدا ہوا۔ پہلے دور کو دورِ متوسط، دوسرے کو دورِ جدید اور تیسرے کو پاکستانی دور کہا جا سکتا ہے۔ اس سلسلے میں چند امور لائق توجہ ہیں:

(۱) دورِ متوسط کی نگارشات میں زبان و بیان کے دو طرز ملتے ہیں، روایتی اور دو بھاشی۔ اگرچہ کسی قوم کی زندگی میں ۶۵۷ برس کا عرصہ خاصا طویل ہوتا ہے، تاہم اس دوران میں ہیئتی، لسانی اور موضوعاتی روایات میں ایک ایسا تسلسل نظر آتا ہے کہ اس کا مطالعہ ایک واحد دور کے طور پر کیے بغیر چارہ نہیں۔ اس دور میں روایتی ادب اور دو بھاشی پوتھی ادب کے درمیان نمایاں اختلاف نظر آتا ہے۔ روایتی ادب کی ابتدا چودھویں صدی عیسوی میں ہوئی اور پورے دورِ متوسط میں اس کی تخلیق جاری رہی۔ اس کے برعکس پوتھی ادب کا آغاز اٹھارھویں صدی عیسوی میں ہوا اور یہاں کی ثقافت کو انیسویں صدی کے وسط تک متأثر کرتا رہا۔ مؤخر الذکر میں وہ عجیب و غریب ادب بھی شامل

Marfat.com

ہے جو ہندو وجے گویاؤں کے ردِّ عمل کے طور پر مقبول رزمیہ شاعری کی صورت میں منظر عام پر آیا اور جس میں رومان کے ڈانڈے کرامات اور مافوق الامکان واقعات سے ملا دیے گئے ۔ اسلوب زبان کے اعتبار سے بھی ان دونوں میں نمایاں اختلاف پایا جاتا ہے۔

(۲) ۱۵۷۶ء میں مغلوں نے بنگالہ فتح کیا تو ایرانیوں کی ایک بہت بڑی تعداد یہاں آ کر آباد ہوگئی ۔ ان کے زیر اثر ادب میں نئے موضوعات، مثلاً سانحۂ کربلا کا اضافہ ہوا اور اس میں ایک گہرا المیہ لہجہ در آیا ۔ مغلوں کی فتوحات کا ایک نتیجہ یہ بھی نکلا کہ بنگالہ ایک ایسے مرکز سے محروم ہو گیا جہاں تخلیقی سرگرمیاں جاری تھیں ۔ مغلوں کے صدر مقام کو تخلیقی مرکز کی حیثیت حاصل نہ ہو سکی اور بنگلہ ادب ان ریاستوں میں پھلنے پھولنے لگا جو مغلیہ حدود سے باہر واقع تھیں، مثلاً چٹاگانگ، اراکان، تپرہ اور کوچ بہار۔ غالباً یہی وجہ ہے کہ ان کا اسلوب بعض قدیم تر مصنفین کے مقابلے میں فارسی سے کم متاثر ہے ۔

(۳) موجودہ بنگلہ ادب نے اس ادب کی کوکھ سے جنم لیا جو ۱۸۰۰ء کے بعد ہندو مصنفین کی کاوش کا نتیجہ تھا ۔ انھوں نے شاعری، ناول، ڈراما وغیرہ کی جو ہیئت متعین کی تھی اور ان کے جو سانچے بنائے تھے، مسلمانوں کو تخلیق ادب میں انھیں کو ملحوظ رکھنا پڑا، بعینہ جیسے انھیں ہندووں کی ساختہ و پرداختہ سادھو بھاشا کو اپنانا پڑا تھا۔

(۴) آزادی کے بعد جو ماحول پیدا ہوا اس کے تقاضوں کے ماتحت بنگلہ میں مسلمانوں کی ادبی روایت کا دوبارہ جائزہ لیا گیا اور اپنے حال و مستقبل کو از سرِ نو جانچنے کے ایک نئے اسلوب کی نشوونما ہوئی۔

مسلمانوں کی ادبی مساعی اور ان کی روایات کا صحیح اندازہ اس تاریخی پس منظر کے ساتھ ہی کیا جا سکتا ہے ۔ اس سلسلے میں انفرادی تخلیقات کے بجاے روایات کو پیش نظر رکھنا ضروری ہے، کیونکہ مختصر الفاظ میں ادبی کارناموں کا مکمل جائزہ اسی طرح پیش کیا جا سکتا ہے ۔

دور متوسط : اس دور میں مسلمانوں کے ادبی کارنامے پانچ اصناف میں تقسیم کیے جا سکتے ہیں: (۱) فارسی زبان سے رومانی داستانوں کے ترجمے کیے گئے یا انھیں بہ تصرف بنگلہ میں منتقل کیا گیا؛ (۲) رومانی داستانیں، جن کا سرچشمہ مقامی یا ہندی الاصل روایات اور لوک کہانیاں تھیں؛ (۳) رزمیہ نظمیں، جن میں تاریخ کو اساطیری روایات میں ڈھالا گیا؛ (۴) مذہبی اور اخلاقی شاعری؛ اور (۵) گیت، غنائی نظمیں اور لوک ادب ۔ ان میں سے پہلی دو اصناف کا مطالعہ ایک ساتھ کرنا چاہیے، کیونکہ تراجم میں بھی اصل فارسی کا اندازہ باقی نہیں رہا بلکہ بنگالی ہوگیا ہے ۔

جہاں تک بیانیہ نظموں کی پہلی چار اصناف کا تعلق ہے، مسلمانوں نے ان کی مروجہ ہیئت میں نمایاں تبدیلی کی ۔ اکثر صورتوں میں مسلمانوں نے رائج الوقت سانچوں کو بعد از ترمیم و اضافہ اختیار کیا تا کہ ان میں مخصوص ہندو عناصر یا تو خارج ہو جائیں یا نمایاں نہ رہیں ۔ منگل کویاؤں کے آغاز میں شاعری اور فنون لطیفہ کی دیوی سرسوتی اور دوسرے دیوی دیوتاؤں کی ثنا کی جاتی تھی، لیکن مسلمانوں کے لیے ایسا کرنا ممکن نہیں تھا ۔ اس کے بجاے انھوں نے اللہ تعالی اور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و سلّم کی تعریف میں حمد و نعت کو اختیار کیا ۔ رزمیہ اور طویل بیانیہ نظموں میں مسلمانوں کا مسلسل یہی دستور رہا، حتّٰی کہ جب آلاول نے ایک ہندو راجکماری کی کہانی

marfat.com

Marfat.com

پدماوتی لکھی یا دولت قاضی نے ایک اور راجکماری ستی مینا کی، تو انہوں نے اپنی نظموں کی ابتدا حمد باری تعالیٰ اور نعتِ رسول مقبول صلّی اللہ علیہ وسلّم ہی سے کی - ہندو شعرا نے دیوی دیوتاؤں کی کہانیوں میں منگل کویہ Mangal Kavya انداز کے رومانی قصے بھی شامل کر لیے تھے - اس کی ایک مثال بھارت‌چندر کی انند منگل ہے، جو اس اعتبار سے ایک بے جوڑ سی کہانی ہے کہ اس میں ایک خالص مذہبی نوعیت کی داستان میں ایک انتہائی ہوس انگیز قصہ بھی بڑھا دیا گیا ہے - مسلمانوں نے اس صنف کو ایسے بے جوڑ عناصر سے پاک کیا اور اسے انسانی زندگی میں پیش آنے والے رومانی واقعات کے بیان کا ایک سوزوں ذریعہ بنایا - بعض اوقات مسلمان مصنّفین نے بنگلہ میں مخصوص فارسی اصناف کو بھی پیش کرنے کی کوشش کی - شیخ فیض‌اللہ نے جینالیر چوتیشا ایک نئی روایت پیدا کرنے کے لیے لکھی - بد قسمتی سے یہ اسلوب لوگوں کی توجہ اپنی طرف منعطف نہ کر سکا اور اپنی موت آپ ہی مر گیا۔

ان تمام روایتی تصانیف کی لسانی روایت کو نئے سرے سے جانچنے کی ضرورت ہے - اس سلسلے میں یہ بھی ضروری ہے کہ دوبھاشی ادب میں اس روایت کا مطالعہ کیا جائے تاکہ اٹھارھویں اور انیسویں صدی عیسوی میں اس نے جو اھمیت اختیار کر لی تھی اس کا علم ہو سکے - لسانی روایت کی اھمیت ھیئت کی روایت سے زیادہ لیکن موضوع کی روایت سے کم ہے - بایں ھمہ اس میں اتنی صلاحیت موجود تھی کہ یہ موضوع کی روایت کے مقابلے میں برقرار رہی، چنانچہ آج بھی ھم دیکھتے ھیں کہ مخصوص اسلامی معاشرت کے بیان میں عربی اور فارسی الفاظ استعمال کیے جاتے ھیں - انیسویں صدی کی اشرافی شاعری میں یہ دستور باقی نہیں رہا تھا، لیکن موھت‌لال ماجمدار اور نذر الاسلام نے اس کا احیا کیا - یہ ایک شعوری احیا تھا، لیکن بھارت‌چندر نے غیر شعوری طور پر اسے اختیار کیا - اسے ایک طرح کے آداب سے تعبیر کیا جا سکتا ہے، جن کا ایک مخصوص ماحول مقتضی ھوتا ہے - یہی وجہ ہے کہ اگر کسی اسلامی دربار کا بیان مقصود ھوتا تھا، کسی مسلمان بادشاہ سے خطاب کیا جاتا تھا، اسلامی عقائد و افکار اور قرآن مجید یا دوسری کتبِ مقدّسہ کا حوالہ دیا جاتا تھا یا صوفیہ اور علما کا مذکور ھوتا تھا تو عربی اور فارسی الفاظ سے کام لیا جاتا تھا - اس دستور کی پابندی ھندو شعرا بھی کرتے تھے اور مسلمان شعرا تو قدیم سے اس پر عمل پیرا تھے، مثلاً غیاث الدین اعظم شاہ کے عہد (۱۳۸۹ تا ۱۴۰۹ء) کے شاعر شاہ محمد صغیر نے کتب مقدّسہ کے لیے، 'کتاب' اور علما کے لیے 'عالمان' کا لفظ لکھا ہے - استداد زمانہ سے اس کا رواج عام ھوتا گیا اور اس کی پابندی سختی سے کی جانے لگی - پندرھویں صدی میں زین الدین نے رسول وجے میں حضرت رسولِ اکرم صلّی اللہ علیہ وسلّم کو لباس زیب تن فرماتے ھوے بیان کیا ہے اور مخصوص اسلامی الفاظ و تراکیب استعمال کی ھیں (مثلاً مکٹ کے بجاے تاج) - آگے چل کر سید سلطان (۱۵۵۰ تا ۱۶۴۸ء؟) کے ہاں یہ خصوصیت اور بھی نمایاں ھو گئی ہے - وہ اپنے شاہکار نوی ونگشن میں غیر شعوری طور پر ایسے اسما (نیز افعال اور حاصل مصدر) کثرت سے استعمال کرتا نظر آتا ہے جو یقیناً اس زمانے کے مسلمانوں کی بول چال کا حصّہ بن چکے تھے، مثلاً اللہ، رسول خدا، نور محمدی، اُسوہ، پیر، پیغمبر، آداب زبان و بیان کی اس سے برعکس صورت ھمیں وھاں نظر آتی ہے جہاں ھندو دیومالا یا پوران یا ھندوؤں کے عقائد اور نظریۂ حیات سے متعلق کوئی کہانی بیان کی جاتی ہے - یہاں

marfat.com

Marfat.com

هندوانه الفاظ و تراکیب کے استعمال پر زور دیا جاتا ہے - یہی وجہ ہے کہ پدماوتی اور ستی مینا کی کہانیوں میں آلاول اور دولت قاضی ایسے الفاظ شاذ و نادر ھی لکھتے ھیں جن کا تعلق اسلامی معاشرے سے ہے بلکہ ان کی زبان میں سنسکرت الفاظ اور ہندوانہ تشبیہات و استعارات کی بھرمار نظر آتی ہے - اگرچہ انہیں ہندو دیومالا سے مذھبی اعتبار سے کوئی وابستگی نہ تھی، لیکن یہ امر قابلِ تحسین ہے کہ انہوں نے اپنی قوتِ متخیلہ کو کام میں لاتے ہوئے ان موضوعات کے بیان کا حق ادا کر دیا - اس سے نہ صرف ان کی آزاد خیالی اور وسیع القلبی بلکہ اعلٰی فنّی صلاحیت کا بھی پتا چلتا ہے - خالص فنی تقاضوں کے ماتحت مسلمانوں نے ہندوؤں کی اساطیری روایات سے جس طرح فائدہ اٹھایا اس کی شہادت ایسی منظومات میں بھی ملتی ہے جن کا موضوع سراسر اسلامی ہے - زین الدین رسول وجے میں جب حضرت علیؓ کی شجاعت کا ذکر کرتا ہے تو اس کے ذہن میں معاً بھیم و ارجن کی بہادری کی یاد تازہ ہو جاتی ہے، لیکن یہاں یہ امر خاص طور پر لائقِ توجہ ہے کہ اس تقابل سے اس کا مقصد محض یہ ہوتا ہے کہ حضرت علیؓ کی عظمت مزید نمایاں ہو جائے۔

عربی اور فارسی کے الفاظ، تراکیب اور استعارات و تشبیہات کو اٹھارھویں اور انیسویں صدی عیسوی میں اور بھی اہمیت حاصل ہو گئی - یہ مسلمانوں کا دورِ انحطاط تھا - سلطنت آہستہ آہستہ ان کے قبضے سے نکل کر غیر ملکیوں کے قبضے میں جا رہی تھی، اسلامی رسوم و آداب رفتہ رفتہ اس وقار و احترام سے محروم ہو رہے تھے جو عہدِ اسلامی میں ان سے وابستہ رہا تھا - مسلمان روز بروز مفلس ہوتے جا رہے تھے اور ان کی زمینداریاں ان کے ہندو مختاروں کے زیرِ تصرف آ رہی تھیں - فارسی اور عربی کو ختم کر کے انگریزی کو رائج کرنے کا آغاز ہو چکا تھا اور ہندو پنڈتوں نے مسلمانوں سے انتقام لینے کے لیے بنگلہ زبان سے تمام عربی فارسی الفاظ نکال باہر کرنے کی کوششیں شروع کر دی تھیں - انگریزوں نے اس بے رحمانہ کارروائی کی ہمت افزائی کی کیونکہ وہ بھی یہی چاہتے تھے کہ اس سر زمین پر مسلمانوں کے غلبے کا کوئی نشان نہ رہنے پائے - جبر و تشدد کے مارے ہوئے مسلمان، خصوصاً مسلمان عوام، عشق اور شجاعت کی داستانوں میں پناہ لینے لگے - یہ داستانیں اس زبان میں ہوتی تھیں جو وہ مہذب مجلسوں میں روزمرہ بول چال میں استعمال کرتے تھے اور اس میں فارسی ادب سے ماخوذ الفاظ و تراکیب اور استعارات و تشبیہات کی کثرت تھی - دوبھاشی پوتھی ادب کے لیے یہ دور تخلیقی اعتبار سے بڑا بار آور ثابت ہوا - ڈاکٹر انعام الحق نے 'مسلمانوں کے بنگالی ادب کی تاریخ' (*History of Muslim Bengali Literature*) میں لکھا ہے کہ یہ لسانی عمل اپنے ماحول سے شعوری گریز کا نتیجہ تھا اور اسی لیے غیر فطری تھا، لیکن یہ رائے درست نہیں - جیسا کہ ہم بیان کر چکے ہیں یہ عمل در حقیقت اس روایت کا نتیجہ تھا جو اسلامی بنگلہ ادب میں قدیم سے چلی آ رہی تھی - ہم صرف اتنا کہہ سکتے ہیں کہ اس زمانے کے ماحول نے اس عمل کے لیے مہمیز کا کام دیا اور عربی و فارسی الفاظ کے ذخیرے میں مزید اضافہ ہو گیا - یاد رہے کہ دوبھاشی پوتھی ادب زیادہ تر ضلع ھگلی میں پیدا ہوا، جس کی زبان پر وہاں مغلیہ فوج کی چھاؤنی اور سپاہ و عوام کے باہمی ارتباط کے باعث فارسی کا رنگ غالب آ چکا تھا - مصنفین اپنی نگارشات میں اسلامیت کو نمایاں کرنا چاہتے تھے، لہٰذا انہوں نے مروجہ اسلوب اور مقامی بول چال کے الفاظ سے احتراز کیا - یہی وجہ ہے کہ

marfat.com

Marfat.com

انھوں نے نہ تو عربی اور فارسی کے نئے الفاظ داخل کیے، نہ اصل زبان کے تلفظ کو برقرار رکھنے کے لیے مروجہ الفاظ کے ہجے درست کرنے کی کوشش کی ۔ اس کے بجاے انھوں نے یہ الفاظ ان کے اصل تلفظ سے قطع نظر اسی شکل میں استعمال کیے جس طرح یہ عام مسلمانوں کی زبان پر چڑھ چکے تھے ۔ نذرالاسلام اور فرخ احمد نے جب اس زبان کا احیا کیا تو وہ کسی مرتی ہوئی یا مردہ روایت کی تقلید نہیں کر رہے تھے ۔ یہ روایت ہر اعتبار سے زندہ تھی کیونکہ یہ ان اشراف کی روایت تھی جو اپنی روزمرہ بنگلہ بول چال میں عربی اور فارسی کے الفاظ بکثرت استعمال کرنے اور غیر شعوری طور پر عربی اور فارسی ادب کے حوالے دینے کے عادی تھے ۔ اس روایت پر کہیں انیسویں صدی میں جا کر زوال آیا ۔ مارشمن اور کیری نے بنگلہ زبان سے عربی فارسی الفاظ نکال دینے کا فیصلہ کیا ۔ ہندو پنڈتوں نے اسے غیر فطری طور پر سنسکرت‌آمیز کرنے کی کوشش کی ۔ ودیا ساگر، مرتینجے وغیرہ مصنفین نے اس نئی لسانی روایت کو ایک قابل قبول شکل دی ۔ یہی وجہ ہے کہ جب نذرالاسلام اور موہت لال نے پوتھی ادب کی روایت کے احیا کا بیڑا اٹھایا تو انھیں اس بات کا پورا شعور تھا کہ وہ عربی و فارسی الفاظ کو ان کی اصل شکل میں استعمال کر رہے ہیں اور ایسا کرنا ضروری بھی ہے ۔ مختصر یہ کہ دو بھاشی ادب کی روایت اٹھارھویں اور انیسویں صدی کی ایک باقاعدہ، فطری اور مقبول عام روایت تھی ۔

رومانی داستانیں : اس لسانی روایت سے بھی زیادہ اہم وہ موضوعات ہیں جو خاص طور پر بیانیہ منظومات میں نظر آتے ہیں ۔ جیسا کہ لکھا جا چکا ہے بڑے بڑے موضوعات تین قسم کے تھے ۔ بنابریں بیانیہ نظموں کی بھی تین اقسام ٹھیرائی جا سکتی ہیں : (۱) رومانی؛ (۲) سورمائی اور تاریخی؛ (۳) مذہبی ۔

ان میں سے اہم ترین رومانی بیانیہ نظمیں ہیں، جن میں عشق مجازی کی کہانیاں بیان کی گئی ہیں ۔ اس صنف کے قابل ذکر شعرا تاریخی ترتیب سے (جو ڈاکٹر انعام الحق اور ڈاکٹر شہید اللہ نے متعین کی ہے) حسب ذیل ہیں : (۱) شاہ محمد صغیر : یوسف زلیخا، جو جامی کی اسی نام کی مثنوی سے ماخوذ ہے؛ (۲) دولت، وزیر بہرام خان : لیلی مجنون؛ (۳) دولت، قاضی اراکان (۱۶۰۰ تا ۱۶۳۸ء) : لور چندرانی یا ستی مینا؛ (۴) آلاول (۱۶۰۷ تا ۱۶۸۰ء) : پدماوتی، سیف الملوک بدیع الزمال [=بدیع الجمال]، ہفت پیکر اور سکندر نامہ؛ (۵) عبدالحکیم (۱۶۲۰ تا ۱۶۸۰ء) : یوسف زلیخا؛ (۶) قریشی مگن : مرگ وتی؛ (۷) عبدالنبی : امیر حمزہ؛ (۸) حیات محمد (۱۶۹۳ تا ۱۷۶۰ء) : جنگ نامہ؛ (۹) محمد مقیم : مرگ وتی ۔ دو بھاشی پوتھی ادب کے جن مصنفین نے اس روایت کی پیروی کی ان میں زیادہ مشہور غریب اللہ، مصنف یوسف زلیخا و امیر حمزہ (حصۂ اول) اور سید حمزہ، مصنف امیر حمزہ و حاتم طائی ہیں ۔

اگرچہ ان میں سے ہر تصنیف انفرادی خصوصیات کی حامل ہے لیکن بحیثیت مجموعی ان میں چند مشترک خصائص بھی پائے جاتے ہیں، جن سے پتا چلتا ہے کہ بنگلہ ادب کی موضوعاتی روایت کے ارتقا میں مسلمانوں کا کتنا حصہ تھا ۔

پہلی خاص بات تو یہ ہے کہ منگل کاویوں میں، جو تمام ہندو مصنفین کی مخصوص روایت تھی، کوئی مسلمان نظر نہیں آتا، نوآبادکاروں اور نومسلموں کی ثقافت اور معاشرتی ماحول کا یہ ایک طبعی نتیجہ تھا ۔ اس کے باوجود وہ ہندوانہ طرز زندگی اور موضوعات کو اپنے لیے شجر ممنوعہ ہرگز نہیں سمجھتے تھے، چنانچہ اپنی بیانیہ منظومات میں

marfat.com
Marfat.com

انھوں نے جمالیاتی ضرورتوں یا کہانی کے تقاضوں کے تحت ہندوانہ لوازمات کو پیش کرنے میں کبھی تأمل نہیں کیا ۔ دولت قاضی اور آلاول نے ہندوؤں کی زندگی کے مخصوص آداب و رسوم کو بڑی خوش اسلوبی، صحت اور مؤثر انداز سے پیش کیا، لیکن اس کا یہ مطلب ہرگز نہ تھا کہ وہ ہندو عقائد یا تہذیب کو مانتے تھے ۔ اس سے تو صرف ان کی وسیع القلبی ظاہر ہوتی ہے کہ وہ کسی ہندوانہ موضوع پر قلم اٹھاتے وقت ہندوؤں کی طرز زندگی کو صحت، خلوص اور دیانتداری سے پیش کرتے تھے۔ البتہ انھوں نے منگل کویوں کی اس روایت کو قطعاً نظر انداز کر دیا جس کی رو سے دیوی دیوتاؤں پر اظہار اعتقاد ضروری تھا ۔

دوسری خصوصیت کا سراغ ان کے متعدد موضوعات اور قصوں میں ملتا ہے جو صرف مسلمانوں میں مقبول و مشہور تھے ۔ اس دور کے کسی ہندو مصنف نے نہ تو اسلامی زندگی کو اپنا موضوع بنایا نہ اسلامی تاریخ اور قصے کہانیوں، مثلاً حاتم طائی، لیلٰی مجنوں یا کربلا سے کام لیا ۔ مسلمانوں نے فارسی حکایات کے ترجمے یا انھیں آزادانہ بنگلہ میں منتقل کر دینے کا کام شروع کر دیا ۔ اس زبان کا پہلا مشہور شاعر شاہ محمد صغیر ہے، جس نے جامیؒ کی یوسف زلیخا کا آزاد ترجمہ کر کے اسے بنگلہ میں ڈھالا ۔ اسی طرح آلاول نے ترجمے کے ذریعے نظامی کے سکندر نامہ اور ہفت پیکر کو بنگلہ کا جامہ پہنایا ۔ ان کہانیوں کو اپنی زبان میں منتقل کرتے وقت شعرا تخلیقی صلاحیت سے کام لیتے تھے اور یوں فارسی کی شعری شبیہیں اور تشبیہات وغیرہ بنگلہ ماحول سے مطابقت اختیار کر لیتی تھیں ۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ یہ نئے موضوعات اپنی خصوصیات اور احساسات و جذبات کے اعتبار سے بنگلہ ہو گئے ۔ دولت وزیر کی لیلٰی مجنوں میں لیلٰی اسی انداز سے اظہارِ الم کرتی نظر آتی ہے جو بنگلہ شاعری کا خاصہ ہے ۔ یہاں مجنوں اور لیلٰی فارسی کردار نہیں رہتے، بنگلہ کردار بن جاتے ہیں ۔

تیسری خصوصیت یہ ہے کہ زندگی کے رومانی پہلوؤں پر زور دیا گیا ۔ ہندو ادب پر مذہب کا غلبہ اس قدر تھا کہ کسی ہندو مصنف کے لیے یہ ممکن ہی نہ تھا کہ وہ دیوی دیوتاؤں کو بیچ میں لائے بغیر کوئی عشقیہ کہانی بیان کر سکے ۔ علاوہ ازیں ان کی یہ بھی کوشش تھی کہ ہندوؤں میں قومی احساس ابھارا جائے ۔ اس غرض سے انھوں نے ہندوؤں کو اپنی دیوی دیوتاؤں کی روحانی طاقت کا شعور دلایا اور اپنی شکست خوردہ قوم کے دل میں اپنے خداؤں کی قوت پر اعتماد بحال کیا ۔ مسلمانوں کے سامنے اس قسم کی کوئی نفسیاتی رکاوٹ نہ تھی ۔ پھر ان کے سامنے نظامی اور جامی کی مثال بھی تھی ۔ یہی وجہ ہے کہ وہ مذہبیت کا سہارا لیے بغیر عشقیہ حکایت سنانے پر قادر تھے ۔ انھیں صرف اتنا ملحوظ رکھنا پڑتا تھا کہ ان کی کہانی اسلام کی بنیادی اقدار کے منافی نہ ہو ۔ ہاں شروع شروع میں انھیں اپنی رومانی کہانیوں میں ایک مذہبی پہلو ضرور پیدا کرنا پڑا؛ بصورت دیگر انھیں قدامت پسند مسلمانوں کی مذمت کا سامنا کرنا پڑتا ۔ اسی لیے شاہ محمد صغیر کو یوسف زلیخا میں یہ امر واضح کرنا پڑا کہ حسن و عشق کی یہ حکایت قرآن مجید میں بھی بیان کی گئی ہے اور اس میں متقی مسلمانوں کے لیے سامانِ نصیحت موجود ہے ۔ بہر حال شعرائے متأخرین کو اس قسم کے اعتذار کی حاجت نہیں رہی، مثلاً انیسویں صدی میں ان بنگلہ کے مترجمین روشن علی، سید علی، حبیب الحسن اور عزالدین کسی طرح کی عذر خواہی نہیں کرتے اور مذہبی خوف و اندیشہ کا اظہار کیے بغیر کہانی شروع کر دیتے ہیں ۔ بہرحال ان تمام تصانیف میں، حتی کہ

Marfat.com

الف لیلہ میں بھی، مصنفین اسلام کی اخلاقی اقدار کی پابندی کرتے ہیں ۔ ہمیں ایسی ایک مثال بھی نہیں ملتی جہاں جنسی بے راہ روی کو جائز قرار دیا گیا ہو۔ پاکدامنی کا شمار بنیادی نیکیوں میں ہوتا ہے، لہٰذا ان کے نزدیک واردات عشق کا انجام شادی پر ہونا لازم تھا، حتّٰی کہ پریوں اور انسانوں کی بھی شادی کرا دی جاتی تھی۔ شادی کے بغیر جنسی تعلقات قائم کرنا ایک ناقابل معافی جرم تھا ۔ لیلٰی مجنوں کی حکایت میں عشق پر روحانیت اس قدر غالب آ جاتی ہے کہ وہاں نفسانی تعلق کا سوال ہی باقی نہیں رہتا ۔

روایتی عشقیہ کہانی میں اس عام اخلاقی رنگ کے علاوہ چند اور مشترک خصائص بھی ملتے ہیں ۔ عشق میں استقلال ایک ایسی نیکی ہے جو عاشق اور معشوق دونوں کے لیے ضروری ہے ۔ اسی طرح عاشق میں شجاعت اور جوانمردی کی صفات بھی لازمی ہیں ۔ بعض صورتوں میں جوانمردی کی صفت نظر انداز کر دی جاتی ہے، مثلاً حاتم طائی میں حسن بانو کا عاشق منیر شامی ایک ایسا محبت کا مارا نوجوان ہے جو روتا دھوتا سرگرداں ہے، لیکن جو سوالات اس سے کیے گئے ہیں ان کا جواب ڈھونڈنے کی ایک لحظے کے لیے بھی کوشش نہیں کرتا، بلکہ حاتم طائی کا دستِ اعانت بخوشی تھام لیتا ہے اور شادی کے بعد پوری طرح مطمئن ہو جاتا ہے ۔ اپنی سیاحت کے دوران میں حاتم طائی کی ملاقات اسی قسم کے کئی اور عشق زدگان سے ہوتی ہے اور ان میں سے ہر ایک منیر شامی ہی کے کردار کا حامل ہے ۔ بہرام خان کی لیلٰی مجنوں میں مجنوں اس سے بھی ایک قدم آگے نظر آتا ہے ۔ اس پر عشق اس حد تک غالب آ جاتا ہے کہ وہ خود عشق پر عاشق ہو جاتا ہے۔ منیر شامی کے مانند اس کی حالت بھی قابلِ رحم ہے، لیکن وہ اپنی قسمت پر آنسو بہانے کے بجائے اپنے غم کو ایک برتر عشق میں ڈبو دیتا ہے ۔ یہاں یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ عشق کو ہمیشہ ایک مرض یا جانگداز جذبے سے تعبیر کیا جاتا ہے اور اس کا روایتی مقام آنکھیں ہیں، جو بلاشبہہ ایک قدیم تصور ہے ۔ یہاں لائق توجہ یہ چیز ہے کہ عملی طور پر عشق کا تصور سبھی شعرا کے ہاں یکساں ہے ۔ صابرد (؟)خاں کی حنیفہ و خیرا پری ہو یا محمد کبیر کی مدھو مالتی یا نوجیش خاں کی گل بکاولی، ان تمام داستانوں میں عاشق اپنے عشق کے ہاتھوں مجنوں ہو جاتا ہے اور ہر حالت میں اپنے معشوق کا جویا نظر آتا ہے ۔

محبت میں یہ استقلال اور پامردی ان کہانیوں کے مرکزی نسوانی کردار کا بھی خاصہ ہے ۔ دولت وزیر کی لیلٰی، دولت قاضی کی ستی مینا، آلاول کی پدماوتی، سب کا کردار نہایت پاکیزہ ہے اور وہ اپنے ناموس کی خاطر جان کی بازی بھی لگا دیتی ہیں ۔

رومانی داستانوں کی یہی وہ روایت ہے جس کی بدولت اس دور کا بنگلہ ادب لیلٰی مجنوں، شیریں فرہاد اور یوسف زلیخا کے قصوں سے آشنا ہو کر مالا مال ہوا ۔ یہی وہ معیاری نمونے ہیں جنھیں پیش نظر رکھتے ہوئے مسلمان مصنفین اپنے ہیرو یا ہیروئن کے عشق کی شدت اور جوش کو جانچتے ہیں ۔ یہی نہیں، مذہبی تصانیف میں بھی مسلمان ان حکایات کو صوفی اور خدا کے درمیان روحانی رشتے کی علامت کے طور پر استعمال کرتے ہیں ۔ شاہ محمد صغیر نے حکایت یوسف و زلیخا کی اور جامی نے اپنی مشہور مثنوی میں حکایت لیلٰی مجنوں کی تشریح اسی طرح کی ہے ۔ بنگلہ ادب میں یہ روایت خوب پھلی پھولی اور مختلف شعرا کی تصانیف میں اس نے نت نئی اہمیت اختیار کی ۔

**رومان اور فراریت :** اٹھارھویں صدی عیسوی کے اوائل میں حیات انسانی پر حقیقت پسندانہ انداز

marfat.com
Marfat.com

سے قلم اٹھانے کی اس روایت میں وجہے کوئیہ روایت کی آمیزش ہو گئی، جس میں ابطال کے افسانوی کارناموں کو موضوع بنایا جاتا ہے - یوں دوبھاشی ادب کی اکثر بیانیہ تصانیف میں اس کی جگہ ایک نئی روایت کا عمل دخل ہونے لگا جو فراریت، جنوں پریوں کے قصوں، روسان اور محیّرالعقول کارناموں سے عبارت تھی - بنگالی مسلمانوں کے طبقۂ اشراف پر جو زوال آیا تھا اس کے آخری ایام میں عام لوگ شجاعت اور دلاوری کے خیالی کارناموں میں آسودگی تلاش کرنے لگے تھے - جنگ پلاسی کے بعد ایسا معلوم ہوتا ہے کہ دوبھاشی پوتھیاں گویا از رہِ انتقام ایسی کہانیوں کے لیے مخصوص ہوکر رہ گئیں - مصنّفین کا خیال تھا کہ وہ اپنے اور اپنی گری ہوئی قوم کے ذہنوں کو جوانمردی کے ایسے خواب دکھا کر جن میں مناظر عیش و عشرت بھی شامل ہوں سکون پہنچا سکتے ہیں - یہی وجہ ہے کہ ان نظموں میں ایک طرف تو خوداعتمادی کا فقدان جھلکتا ہے اور دوسری طرف مسلمانوں کو کامل انتشار سے بچانے کے لیے ان کے شاندار ماضی کو افسانہ و حکایت کی صورت میں پیش کرنے کی کوشش نظر آتی ہے؛ گویا اس طرح تاریخ کو ایک نئے انداز سے بیان کیا گیا۔

اس روایت کا پہلا شاعر غریب اللہ ہے جس کی یوسف زلیخا اور امیر حمزہ (حصّۂ اوّل) میں شاعری کے اعلی نمونے ملتے ہیں - دوسرا اہم شاعر سیّد حمزہ ہے، جس نے پہلے تو روایتی لسانی اسلوب میں مدھو مالتی لکھی، لیکن پھر امیر حمزہ (حصّۂ دوم) میں فارسی آمیز دوبھاشی اسلوب اختیار کیا - جیگونیر پوتھی اور حاتم طائی اس کی دوسری مشہور کتابیں ہیں - ان کے علاوہ حسب ذیل بھی قابل ذکر ہیں : عارف : لیلی مجنوں؛ میل محمد : سیف الملوک بدیع الزمال (= الجمال)؛ شیخ ایزد الدین : گل اندام؛ محمد خاطر : مرگ وتی اور شاہ نامہ؛ جناب علی : شہید کربلا - الف لیلہ کو بنگلہ کے لسانی اور موضوعاتی سانچے میں ڈھالا جانا بھی قابل ذکر ہے - یہ کوشش تین بار کی گئی، یعنی منیض الدین : کچھ الف لیلہ؛ روشن علی : الف لیلہ اور پھر سیّد نصیر علی، حبیب الحسین اور عزالدین کی تصنیف، جو مقبول‌ترین اور مؤثرترین ہے اور ۱۸۵۰ء کے بعد شائع ہوئی۔

کئی اور لوگوں نے بھی یہ اسلوب اختیار کیا، چونکہ ان کی تصانیف رومانی بیانیہ نگارشات کے ذیل میں نہیں آتیں اس لیے ان کا ذکر مقالۂ زیر نظر میں کہیں اور کیا گیا ہے۔

ان نظموں میں رومان اور محیّرالعقول کارناموں کو خلط ملط کر دیا گیا ہے - ان واقعات میں قسمت کا بڑا ہاتھ ہوتا ہے - عشاق کے وصال یا فراق کی ذمےدار ہمیشہ کوئی نہ کوئی خارجی قوت ہوا کرتی ہے - مسلمانوں نے مقدر کے آلۂ کار کے طور پر پریوں کو تخلیق کیا - مدھومالتی اور منوہر کو پریاں یکجا کرتی ہیں کیونکہ وہ دیکھنا چاہتی ہیں کہ ان دونوں میں سے کون زیادہ حسین و جمیل ہے - پریاں یہ خطرناک کھیل بار بار کھیلتی ہیں - بعض اوقات پریاں بھی اپنی لغزش کے باعث اس انسانی جذبے کا شکار ہو جاتی ہیں - حاتم طائی اور الف لیلہ میں یہ انسانی جذبہ بجائے خود مقدر کے ہاتھ میں ایک خطرناک ہتھیار بن جاتا ہے - مردوں اور عورتوں کو اس پر کوئی اختیار نہیں ہوتا - تمام کارناموں کا سرچشمہ یہی جذبہ ہوتا ہے - اسی طرح رومان کے پورے عمل کا دار و مدار محبت کے اسی پہلے واقعے یا حادثے پر ہوتا ہے۔

بسا اوقات انہیں کارناموں سے پوری کہانی کا تار و پود تیار ہوتا ہے - رومان تو محض ایک چوکھٹے

Marfat.com

کا کام دیتا ہے ۔ عشق ان مصنّفین کے ہاتھ میں ایک ایسا حربہ ہے جس کی مدد سے وہ انجانے ملکوں میں رومانی مہمّات کی کہانیاں بُنتے ہیں ۔ حاتم طائی کی مہموں میں جو وحدت پائی جاتی ہے وہ، بلکہ اس پوری کہانی کا چوکھٹا، منیر شامی اور حسن بانو کے عشق کے مرکزی موضوع کا سرہونِ منت ہے ۔ یہ اس مسئلے کی ایک انتہائی صورت ہے ۔ حاتم طائی اور لیلٰی مجنوں جیسی خالص عشقیہ کہانی کے بین بین مسلمان مصنفین کی لکھی ہوئی بیشتر داستانیں ایسی ہیں جن میں کہانی عاشق کی جستجوے معشوق سے جنم لیتی ہے یا شادی کے شرائط پوری کرنے کے لیے عاشق کی مساعی مرکزی موضوع قرار پاتی ہیں ۔ کہانی کا یہ سانچہ در اصل الف لیلہ سے مستعار ہے ۔ یہ روایات شاہ محمد صغیر سے شروع ہو کر اس روایت کے آخری اہم شاعر سید حمزہ تک چلتی ہیں ۔

اس رومانیت کا ایک اور پہلو وہ شوق تھا جو مصنفین کے دل میں اپنی دنیا سے دور پریوں کے ایک غیرحقیقی دیس کے لیے پایا جاتا تھا ۔ تقریباً ہر نظم میں جادو اعجاز کا بڑا حصہ ہوتا ہے اور کثیرالتعداد جادوگر ہمیشہ ہیرو اور ہیروئن کی راہ میں رکاوٹیں پیدا کرتے نظر آتے ہیں؛ تاہم بعض اوقات جادو ہیرو کو مشکلات سے رہائی دلانے میں معاون ثابت ہوتا ہے ۔ ان نظموں میں پریوں کے دیس عام ہیں اور جنّوں و پریوں سے مردوں و عورتوں کے تعلقات کو ایک مسلمہ حقیقت سمجھا جاتا ہے ۔ اس اعتبار سے پرستان درحقیقت اسی دنیا کا ایک رومانی، زیادہ دلکش اور زیادہ مجلّی روپ ہے ۔ یہ ہماری دنیا ہی کا ایک ملک ہے، لیکن زیادہ رومانی، زیادہ حسین اور سحرانگیز ۔ یوں پرستان کی صورت میں ہمارے مصنف اپنے خوابوں کی تعبیر پاتے ہیں ۔

وجے کَوِیہ یا رزمیہ نظمیں (جنگ نامے): اس سے پہلے بیان ہو چکا ہے کہ متأخر دور کے رومانوں میں جو محیّرالعقول عناصر نظر آتے ہیں ان کا سرچشمہ وہ وجے کویاں ہیں جن میں رسول پاک صلّی اللہ علیہ و سلّم، آپؐ کے صحابۂ کرام اور دوسرے مسلمان ابطال کے کارناموں کو رومانی، تخیلی اور اعجازی رنگ میں پیش کیا گیا ہے ۔ ان نظموں کی تخلیق میں تبلیغ اسلام اور کفار پر مسلمانوں کی فوقیت ثابت کرنے کا جذبہ کارفرما ہے ۔ لہٰذا ان میں پیغمبر اسلام صلّی اللہ علیہ و سلّم کی اپنے کافر دشمنوں پر 'وجے' یا فتوحات کا حال بیان کیا گیا ہے ۔ اس سلسلے میں جو کتاب سب سے پہلے ہمارے سامنے آتی ہے وہ زین الدین کی رسول وجے ہے ۔ زین الدین کے اسلوب و انداز کی تقلید صابِرد خان (Sabirid Khan ?) نے رسول وجے اور حنیفلیر دگ وجے میں کی اور یہی بات مندرجۂ ذیل کتابوں میں بھی ملتی ہے : سید سلطان : رسول وجے؛ محمد خان : حنیفیر لڑائی؛ غریب اللہ : جنگ نامہ؛ حیات محمد : جنگ نامہ اور سید حمزہ : امیر حمزہ ۔

ان میں سے اکثر کتابوں میں جن کافروں کو دشمن کے طور پر دکھایا گیا ہے ان کا کوئی تاریخی وجود نہیں، لیکن ان نظموں کے لکھنے والے شعرا اور انھیں پڑھنے والے عوام ان کی تاریخی شخصیت پر یقین رکھتے تھے ۔ رسول وجے کے اولین مصنّف زین الدین کا دعوی ہے کہ اس نے بیشتر واقعات کسی اصل کتاب سے اخذ کیے ہیں، لیکن اپنی نظم میں اس نے جو واقعہ بیان کیا ہے وہ سراسر خیالی ہے ۔ اس نے رسول پاک صلّی اللہ علیہ و سلّم اور کافروں کے بادشاہ جَیکُم کی لڑائی کا حال لکھا ہے ۔ اسی جَیکُم کا کردار صابرد خان کی رسول وجے اور سید سلطان کی رسول وجے میں بھی موجود ہے ۔ رسول وجے کے اس موضوع کے علاوہ

Marfat.com

اصحاب رسول کی فتوحات کو بھی موضوع بنایا گیا۔ یہاں بھی تاریخی صداقتوں سے انحراف اور تخیل پر انحصار نظر آتا ہے۔ کہیں کہیں تاریخی واقعات بھی شامل کر لیے جاتے ہیں، لیکن یہاں بھی یہی رجحان ملتا ہے کہ بزرگان اسلام کی خیالی فتوحات کو بڑھا چڑھا کر دکھایا جائے۔ حنیفہ کی جیکم سے جنگ (محمد خان : حنیفیر لڑائی) اور امیر حمزہ کی جام شہادت نوش کرنے تک ہر قسم کی لڑائیاں (سید حمزہ : امیر حمزہ)، ان سب کے بیان سے مقصود تفریح، جمالیاتی مسرت اور جذبۂ رومان کی آسودگی تھی۔ سید حمزہ کا انداز نسبۃً بےباکانہ ہے۔ اس کا بیان ہے کہ اس نے ان کارناموں کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کے لیے قلم اٹھایا جنھیں غریب اللہ نے لکھنا شروع کیا تھا، لیکن معلومات کی کمیابی کے باعث ادھورا چھوڑ دیا۔ اس نے انھیں نئے واقعات کی دستیابی کی بنا پر نہیں بلکہ اس لیے مکمل کیا کہ لوگوں کا عام تقاضا یہ تھا کہ امیر حمزہ کے کارناموں کو انجام تک پہنچایا جائے۔

تاریخی داستانیں : تاریخ کی ان رومانی تعبیرات سے ملتی جلتی وہ تصانیف ہیں جن میں تاریخ کو زیادہ حقیقت پسندانہ انداز سے پیش کیا گیا، یا جن میں یہ تأثر پیدا کیا گیا کہ مبیّنہ واقعات حقیقت پر مبنی ہیں۔ اس روایات کا سب سے پہلا اہم شاعر سید سلطان (۱۵۵۰ تا ۱۶۴۸ء) چاٹگاؤں کا رہنے والا تھا اور اعلٰی شاعرانہ صلاحیت کا مالک تھا۔ اس نے نوی بنگشں میں سیرت نبوی کو اپنا موضوع بنایا اور تکوین عالم سے اپنی نظم کا آغاز کر کے کربلا میں سبطِ رسول امام حسینؓ کی شہادت کے واقعے تک تاریخ بیان کی ہے۔ اس نے ہندوؤں کی بعض اساطیری شخصیتوں، مثلاً وشنو اور کرشن کو انبیاے کرام کی صف میں جگہ دی، چونکہ وہ اپنی تصنیف کو مکمل نہ کر پایا تھا لہٰذا یہ کام اس کے شاگرد محمد خان (۱۵۸۰ تا ۱۶۵۰ء) نے انجام دیا۔ اس زمانے میں ملک پر شیعی اثرات غالب آنے لگے تھے اور دولت وزیر مقتول حسین کے نام سے واقعۂ کربلا پر ایک نظم لکھ چکا تھا۔

یہاں یہ بات ملحوظ رکھنی چاہیے کہ سولھویں صدی اور سترھویں صدی عیسوی میں وشنوست کا احیا ہو رہا تھا اور مسلمانوں کو ''فتح ناموں'' سے زیادہ جاذب نظر ادب کی ضرورت تھی، کیونکہ یہ صرف نوجوان اور مہم‌جو نسل ھی کے لیے موزوں ہو سکتے تھے۔ ان کے برعکس المیہ داستانوں میں زیادہ گہرائی ہوتی ہے اور ان سے پتا چلتا ہے کہ قارئین میں اتنی بالغ نظری پیدا ہو چکی ہے کہ زندگی کے زیادہ گہرے مسائل پر غور و فکر کر سکیں۔ ان منظومات کا مرکزی واقعہ شہادت امام حسینؓ ہے۔ ساری کہانی کا نقطۂ عروج یہی حادثۂ عظیم ہے، لیکن اس پر یہ ختم نہیں ہوتی۔ اس روایت کی اولین نظم، یعنی دولت قاضی کی مقتول حسینؓ سے کیقباد کے محرم نامے تک ہر نظم میں امام حسینؓ کی شہادت کے بعد ایک طویل مرثیہ ملتا ہے۔ اس مرثیے کی ممتازترین خصوصیت یہ ہے کہ شعرا کے تخیل پر کوئی پابندی نظر نہیں آتی اور وہ عرش سے فرش تک ہر شے، شجر و حجر، آسمان، حتّٰی کہ ملائکہ اور ارواح کو بھی اس ماتم میں شریک کر لیتے ہیں۔ بایں ھمہ دورِ متوسط کے مصنفوں نے انسانی پہلو کو بھی نظر انداز نہیں کیا۔ عبدالحکیم کی کربلا، غریب‌اللہ اور یعقوب کی مقتول حسینؓ اور حیات محمود کی محرم پروا میں امام مظلوم اور آپ کے خاندان کے مصائب و آلام اور اس المیے کے بعد پیش آنے والے واقعات کو بھی پیش کیا

marfat.com
Marfat.com

گیا ہے۔

مذہبی داستانیں: تاریخی اور الٰہیاتی: اس زمانے میں قدامت پسند علما مذہبی تصنیفات میں بنگله کو ذریعۂ اظہار بنانے کے مخالف تھے، لہٰذا مصنّفین پر یه ثابت کرنا لازم ہو گیا که تبلیغ دین بنگله میں کامیابی اور مؤثر انداز سے کی جا سکتی ہے ۔ یہاں یه بھی یاد رہے که دور متوسط اسلامی تہذیب کی توسیع کا دور بھی تھا ۔ شاعری کے لیے خدمت قوم کا ذریعه بننا لازم تھا، ورنه وہ مردود و مطعون ٹھیرتی ۔ اس خدمت کے دو راستے تھے ۔ سید سلطان اور محمد خان جیسے شعرا نے اپنی منظومات میں تاریخ مذاہب پیش کی، جس کا خاتمه روز حساب پر کیا ۔ سید سلطان کی نوی بنکش، شب معراج اور اوفات رسول [=وفات رسول] اور محمد خان کی مقتول حسین اور قیامت نامه میں زمین کی ابتدا، ارتقا اور خاتمے، نیز قیامت کے روز نیک و بد ارواح کی جزا و سزا کے بارے میں اسلامی عقائد کا بیان ہے ۔ منگل کویاؤں میں عموماً تکوین عالم کا ہندو نظریه بیان کیا جاتا تھا ۔ ان دونوں شعرا نے دنیا کی پیدائش اور فنا کی یه تصویر ہندو نظریے کے متبادل کے طور پر پیش کی ۔ بقول سید سلطان اس سے غرض یه تھی که عربی سے نا آشنا ان پڑھ بنگلیوں کو اس سے واقف کرایا جائے اور یوں ان کی روح پاک ہو جائے ۔ اس بنا پر یه منظومات تاریخی ہونے کے باوصف مذہبی شاعری کے ذیل میں شمار ہوتی ہیں۔

جاہل اور ناخوانده بنگلیوں کے باطن کی صفائی کے لیے سید سلطان کی یه کوشش زیاده جمالیاتی انداز کی تھی ۔ اس کے مقابلے میں دوسرے شعرا نے خالص اخلاقی شاعری کے ذریعے براہ راست تبلیغ کا انداز اختیار کیا ۔ سید سلطان کا اسلوب بیانیه ہے ۔ وہ ہمیں تخلیق کائنات، پیدائش آدمؑ و حواؑ، ان کی باہمی محبت، ان کی لغزش اور نافرمانی، خلد سے اخراج، مفارقت، پھر انبیاؑ کا طویل سلسله، رسول پاک صلّی اللہ علیه و سلّم کی حیاتِ طیبه، آپؐ کی وفات، شہادتِ امام حسینؓ اور روزِ قیامت کا قصّه، یه سب احوال بیان کرتا ہے ۔ اس کے برعکس مزمل (۱۴۳۰ء تا ؟) نے، جس کا شمار اس صنف کے متقدمین میں ہوتا ہے، نیتی شاستر ورت میں احکامِ دین سیدھے سادھے انداز میں لکھ دیے ہیں ۔ افضل علی نے نصیحت نامه میں احکامِ شریعت کی تلقین جس طریق سے کی ہے وہ منگل کویه سے ملتا ہے ۔ اس میں دیوی دیوتا کے بجائے اس کا پیر رستم شاہ خواب میں آ کر اسے تعلیم دیتا ہے اور شاعر اپنا خواب تفصیل سے بیان کر دیتا ہے ۔ نصراللہ خان (۱۵۶۰ تا ۱۶۲۵ء) نے شریعت نامه میں یہی بےلاگ انداز اختیار کیا ہے ۔ وہ آغازِ نظم ہی میں یه واضح کر دیتا ہے که مسلمانوں کو اوامر کی تلقین اور نواہی سے متنبه کرنا اس کا مقصد ہے ۔ یہاں یه بتا دینا ضروری ہے که نصراللہ کی یه تصنیف غیر مسلموں کے لیے نہیں تھی بلکه وہ مسلمانوں میں اپنے دین کے احکام کا شعور پیدا کرنا چاہتا تھا ۔ یہی مقصد شیخ مطّلب کے پیشِ نظر تھا، جس کی کفایت المسلمین میں نماز، روزه، حج، زکوة اور اسلام کے دیگر بنیادی ارکان کے احکام درج ہیں ۔ نصر اللہ کا شریعت نامه اور شیخ مطّلب کی کفایت المسلمین دونوں بڑی مقبول کتابیں تھیں ، جس کی تصدیق یوں ہوتی ہے که ان کے قلمی نسخے کثیر تعداد میں ملتے ہیں ۔ اس سلسلے میں عبدالحکیم کے شہادت نامه کو بھی ایک قابلِ قدر اضافه کہه سکتے ہیں ۔ سید سلطان اور نصراللہ خان کے لہجے میں عذر خواہی جھلکتی ہے کیونکه انھیں اندیشه تھا که بنگله میں اشاعت اسلام کی یه کوشش ہدف ملامت بنے گی ۔ عبدالحکیم کے

marfat.com
Marfat.com

کے لہجے میں بے باکی ہے ۔ وہ بنگلہ میں اشاعت اسلام کی مخالفت کرنے والوں کی مذمت کرتا ہے ۔ وہ کہتا ہے کہ [بنگال میں] عربی اور فارسی کے بعد اسلام کی زبان بنگلہ ہے ۔ جو لوگ عربی اور فارسی نہیں جانتے انہیں اسلامی ادب کا مطالعہ بنگلہ میں کرنا چاہیے ورنہ وہ کبھی ایمان سے واقف نہیں ہو سکیں گے اور بدستور تاریکی میں رہیں گے ۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کے زمانے میں بنگلہ میں اشاعتِ اسلام کی روایت ایک مسلّم حیثیت اختیار کر چکی تھی ۔ ڈاکٹر انعام الحق کے اندازے کے مطابق وہ ۱۶۲۰ سے ۱۶۹۰ء تک زندہ رہا ۔ اس قیاس کی صحت و عدم صحت کے بارے میں کچھ نہیں کہا جا سکتا، البتہ یہ واضح ہے کہ سترھویں اور اٹھارھویں صدی عیسوی میں متعدّد مصنّفین اسلامی ادب کی مختلف اصناف کی تخلیق میں مصروف تھے ۔ یہی وہ دور ہے جب اس ملک میں اسلامی بنگلہ کے قدم جم گئے اور مسلمان مصنّفین اسی کے انداز میں لکھنے لگے؛ چنانچہ ہمیں ایسی کئی کتابیں ملتی ہیں جن میں سید سلطان اور محمد خان کی روایت کی تقلید کی گئی ہے، مثلاً حیات محمد : انبیا وانی (۱۷۸۵ء)؛ عزیزالرّحمٰن (۱۷۱۵ تا ۱۷۸۵ء) : قصص الانبیاء؛ ۱۸۶۲ء میں رضاء اللہ، امیرالدین اور اشرف علی نے دوبارہ اسی موضوع پر کتاب لکھی ۔ اسی طرح نصراللہ خان اور شیخ مطّاب کی قائم کی ہوئی روایت ہمیں محمد جان : نماز مہتیہ (Namaz Mahattya)، حیات محمد : ہتجنن وانی، بدیع الدین : چیت ایمان [= صفت ایمان] اور میل محمد : احکام الجامع میں ملتی ہے ۔ یہ دونوں روایتیں بیسویں صدی کے آغاز تک چلتی رہیں ۔ مثال کے طور پر قصص الانبیاء (۳ حصے) سمت ۱۲۶۸ بنگالی میں شائع ہوئی۔

متصوفانہ ادب : ان دو اصناف کے علاوہ دورِ متوسط کے مسلمانوں کے دینی جذبے کا اظہار متصوفانہ ادب اور گیتوں میں بھی ہوا جو پسندیدۂ عوام اور اعلٰی ادبی معیار کے حامل تھے ۔ اس ملک میں اسلام کی تبلیغ و اشاعت بڑی حد تک صوفیہ کی مرھونِ منت تھی ۔ یہ صوفیہ تصوف کے مختلف سلسلوں سے تعلق رکھتے تھے، جن میں سے قلندری فرقے کے لوگوں کی تعداد دور متوسط کے آخری دنوں میں سب سے زیادہ تھی ۔ ایک زمانے میں قلندر اور مسلمان ولی مترادف الفاظ سمجھے جاتے تھے ۔

تصوف کا مفہوم بڑا وسیع ہے ۔ اس کا اطلاق مذاہب کے اس معجون مرکب پر بھی ہوتا رہا ہے جیسے داراشکوہ نے مجمع البحرین میں پیش کیا اور ان عقائد صحیحہ پر بھی جن کی تبلیغ برصغیر پاک و ہند میں اسلام کے عظیم‌ترین مصلح حضرت مجدّدِ الف ثانی شیخ احمد سرھندیؒ نے کی ۔ ان کے علاوہ تصوف کی بعض مسخ شدہ صورتیں بھی ھیں جن میں عوام کی خوش اعتمادی سے فائدہ اٹھاتے ہوے خانقاھی کاروبار کو چمکانے کی کوشش کی گئی ۔ بہر حال تصوف کی اثرپذیری اور ہردلعزیزی نے بنگلہ ادب کو کئی روایات سے آشنا کیا جو ادبی بھی ھیں اور عوامی بھی۔

ادبی روایات دو قسم کی ھیں : (۱) نظریاتی اور عملی تصوف کی فلسفیانہ تشریح اور (۲) گیت، بالخصوص پداولی ۔ مؤخرالذکر زیادہ‌تر بھاٹوں اور مرشدی گیتوں کی روایت ہے جس میں مختلف استعارات کی مدد سے ان مختلف مراحل کو بیان کیا جاتا ہے جن سے ایک سالک کو فنائے ذات اور عرفان کی منزل تک پہنچنے کے لیے گزرنا پڑتا ہے۔

اول الذکر روایت کی فلسفیانہ نظمیں شعری معیار پر پوری نہیں اترتیں ۔ ان سے غرض محض یہ تھی کہ تصوف کے طریق عمل کی تعلیم دی

Marfat.com

جائے۔ اور چونکہ بنگلہ میں نثر کا وجود نہیں تھا، اس لیے مصنّفین نے نظم کو اپنا ذریعۂ اظہار بنایا۔ ان میں وھی اسلوب نظر آتا ھے جو احکامِ اسلام سے متعلّقہ نظموں میں اپنایا گیا ھے، البتہ دونوں میں فرق یہ ھے کہ ایک میں اسلام کے ظاھر کو اور دوسری میں اسلام کے باطن کو، یا یوں کہیے کہ ایک مَیں شریعت کو اور دوسری میں طریقت کو موضوعِ شعر بنایا گیا ھے۔ گویا یہ نظمیں سلسلۂ تصوف کے مبتدیوں کے لیے لکھی گئیں۔ بہر حال جیسا کہ سید سلطان نے جنن پردیپ میں واضح کیا ھے، علمِ باطن کا حصول مرشد کی باقاعدہ ھدایت کے بغیر ناممکن ھے، لہٰذا ان کے مخاطب وہ لوگ ھیں جو مرشد سے ھدایت پانے کے بعد باطن سے آگاہ رھنا چاھتے ھیں۔ سید سلطان کی جنن پردیپ کے مقابلے میں حاجی محمد کی نور جمال زیادہ فلسفیانہ تصنیف ھے۔ حاجی محمد نے اپنی کتاب کے پہلے حصے میں شریعت کی تفصیل کے علاوہ توحیدِ باری تعالٰی کے بارے میں مختلف نظریات کی بڑی گہری فلسفیانہ تشریح بھی پیش کی ھے جن میں ابن العربی اور مجدد الف ثانیؒ کے نظریات بالخصوص قابلِ ذکر ھیں۔ مذھبی نظموں کی روایت کی طرح اس روایت کو بھی جدید بنگلہ نثر میں اپنایا گیا۔

معرفتی یا عارفانہ گیتوں کی مؤثر ترین ادبی روایت پداولی گیتوں کی ھے۔ ان میں وہ پداولیاں بھی شامل ھیں جن میں مسلمانوں نے حقیقتِ اولٰی کے ادراک کے سلسلے میں اپنی روحانی واردات بیان کیں۔ سید سلطان سے علاول تک مسلم شعرا کی بڑی تعداد نے پداولی کی صنف کو اس لیے اختیار کیا کہ اس کی ادبی حیثیت مسلّم ھو چکی تھی۔ ان میں رادھا اور کرشن کو نہ تو انسانوں کا درجہ دیا گیا ھے نہ دیوی دیوتا کا، بلکہ وہ روحِ انسانی اور وجودِ باری تعالٰی کی علامت ھیں، اور بنسری کی دھن سے مراد پیغامِ الٰہی ھے۔ اس صنف کی زبان پر تصنّع ھے اور ان نظموں کی ایمائی خصوصیت کے باعث ان کے لیے موزوں بھی ھے۔ گوڑ پد ترنگنی اور پد کل پترو جیسے وشنو پد کے مجموعوں میں پانچ مسلمان شعرا کی نظمیں منتخب کی گئی ھیں۔ ان کے نام یہ ھیں: شاہ اکبر، ناصر محمود، کبیر، سالباگ (Salbag ؟) اور سید مرتضی۔ اس صنف میں اسلامی تصوف، خصوصاً اس کے اس پہلو کو جو وشنوِت کے تصور عشق سے ملتا ھے، بڑے مؤثر انداز سے پیش کیا گیا ھے اور اس تأثر کی گہرائی شاعر کی متصوفانہ واردات اور اس کی قدرتِ بیان پر موقوف ھے۔ چونکہ ان گیتوں میں فلسفیانہ توجیہات پر زور دینے کے بجائے ایک جذباتی ماحول پیدا کرنے کی کوشش کی جاتی تھی، لہٰذا ان کی کامیابی یا ناکامی کا دارومدار اس بات پر ھے کہ شاعر نے اپنے احساسات کو کس خوبی سے مرتّب و منظّم کیا ھے۔ اس اعتبار سے ان میں ایک صحیح جمالیاتی لطف پیدا ھو گیا ھے۔

مرشدی گیتوں اور آگے چل کر بھاٹوں یا گویّا شاعروں کی منظومات کی مقبول عوامی روایت میں گہری فلسفیانہ تشریحات پر زور دیا گیا ھے۔ مرشدی گیت آج بھی دیہات میں بہت مقبول ھیں۔ ھیئت کے لحاظ سے مرشدی گیت ایک ایسے دائرے یا دور سے مشابہ ھیں جو ایک ھی سلسلے کے متعدد گیتوں پر مشتمل ھوتا ھے۔ اس کا آغاز جسم اور اس کے مختلف حواس کے بیان سے ھوتا ھے اور انجام روح پر، جو پیر یا مرشد کے زیرِ ھدایت فنائے ذات یا ذاتِ الٰہی سے وصال کی منزل پا لیتی ھے۔ ان میں سے بعض گیتوں کی نوعیت اتنی فلسفیانہ ھے کہ وہ ناقابلِ فہم ھو کر رہ گئی ھیں۔ ان میں مختلف علامات اور استعارات

marfat.com
Marfat.com

سے کام لیا جاتا ہے، مثلاً کشتی، کسی پر خطر یا طوفان‌زدہ دریا میں اس کا سفر، منڈی، دروازے، کھڑکیاں، وغیرہ، یہ سب علامتیں ھیں جس سے جسد انسانی یا عالم فانی اور اس میں روح کا مقام اور کیفیت سے مراد لی جاتی ہے - یہ تمام علامات روزمرہ زندگی سے لی جاتی ھیں، لہٰذا انھیں اختیار کرنے میں شاعر کوئی پابندی محسوس نہیں کرتا اور یہ مؤثر بھی ھوتی ھیں - یہ عوامی روایت ابھی تک زندہ ہے اور آج کل بھی دیہاتی شعرا ایسی نظمیں تخلیق کر رہے ھیں جن میں شعری حسن بدرجۂ اتم پایا جاتا ہے.

ادب میں ھندو اور مسلم تہذیبوں کا امتزاج : شروع شروع میں مسلمان آباد کار اور مقامی نومسلم اپنے مذہب میں قولاً اور فعلاً راسخ العقیدہ اور کٹر تھے، لیکن آہستہ آہستہ ھندوؤں اور مسلمانوں کے رسم و رواج میں ایک امتزاج ھونے لگا، جسے وشنومت سے خاص طور پر تقویت ملی - تہذیب کی عوامی سطح پر مقامی ھندو باشندوں کے اوہام نومسلموں میں باقی رہ گئے تھے - پھر ناتھ فرقے کی بدولت اس امتزاج باھمی کی مزید حوصلہ افزائی ھوئی، چنانچہ گورو اور پیر کو یکساں طور پر قابلِ احترام سمجھا جاتا تھا - اس رجحان کا قدیم‌ترین نمونہ فیض اللہ کی گورکش وجے یا میناچیتن گورکش وجے اور ستیہ پیر پنچلی میں ملتا ہے جن میں ھندو دیوی دیوتاؤں اور مسلمان پیروں سے یکساں عقیدت کا اظہار کیا گیا ہے - جیسا کہ اوپر بیان ھو چکا ہے سید سلطان جیسے شاعر نے بھی وشنو، شو اور کرشن کو انبیا میں شمار کیا ہے - بوک قلندر گیت بھی اسی سلسلے کی کڑی ھیں، جنھیں ایسے صوفیہ اور ان کے مریدوں نے لکھا جن کے نزدیک حقیقت مطلق کا باطنی تصور سب کے یہاں ایک سا ہے - اس کی ایک مثال علی رضا (۱۶۹۵ تا ۱۷۸۰ء) کی بوک قلندر ہے.

گویا دورِ متوسط کے بنگلہ ادب میں بہت سی نئی روایات مسلمانوں کی مرہونِ منت ھیں - انھوں نے نہ صرف حیاتِ انسانی کو اس کے شایان شان وقار کے ساتھ پیش کیا بلکہ اخذ و ترجمہ کے ذریعے عالم سلام کے تصورات بنگلہ میں منتقل کیے اور اپنی تاریخی اور مذھبی شاعری سے بنگلہ بولنے والوں کے احساس کی حدود وسیع کیں - مسلمانوں نے اس ادب کی محض سرپرستی، پرورش اور حوصلہ‌افزائی ھی نہیں کی ہے، بلکہ اس دور کی بعض بہترین منظومات بھی تخلیق کی ھیں.

دور جدید

برطانوی حکومت کے قیام کے بعد ھندوؤں کو ایک نیا معاشری و سیاسی مقام نصیب ھوا اور انھوں نے تعلیم حاصل کر کے ادب میں نئی نئی روایات قائم کیں - ان کے مقابلے میں مسلمان انیسویں صدی کے اواخر تک دورِ متوسط کی روایت ھی پر عمل پیرا رہے، تاھم ۱۸۵۷ء کے بعد چند ایک کے علاوہ سبھی مسلمان مصنفین کو یہ روایات اختیار کرنا پڑیں - نئے نظام تعلیم کی نوعیت ایسی تھی کہ مسلمان انگریزی تعلیم سے محروم رہے - معاشی اور سیاسی اعتبار سے ان کی زبوں‌حالی انتہا کو پہنچ چکی تھی - ان کا نظام قضاۃ لارڈ بینٹنک کی حکمت عملی کی بھینٹ چڑھ چکا تھا اور حکومت کی طرف سے مقامی مدارس کی مالی اعانت بند کر دی گئی تھی، جس کی بدولت بہت سے مسلمان گھرانے بالکل تباہ ھو چکے تھے - بینٹنک سے بھی بہت پہلے بندوبست اراضی اور اس کے ذیلی قانون کے تحت مدت معینہ کے اندر لگان کی عدم ادائی کی بنا پر اراضی کی نیلامی کے قاعدے نے ناواقف اور قانون سے بے بہرہ زمینداروں کی بہت بڑی تعداد کو قلاش کر کے رکھ دیا تھا - اکثر زمینداریاں ان کے

Marfat.com

ہاتھ سے نکل کر خود انہیں کے ہندو مختاروں کے قبضے میں جا چکی تھیں جو جدید قوانین سے بخوبی واقف تھے۔ ان کی یہی معاشی بدحالی انگریزی تعلیم کے حصول میں سب سے زیادہ مانع رہی کیونکہ صرف امیر لوگ ہی اپنے بچوں کو یہ تعلیم دلا سکتے تھے۔ اگر یہ صورت حال نہ ہوتی تو مسلمان یقیناً بہت عرصہ پہلے ترقی کر جاتے۔ مزید برآں خود حکومت کی پالیسی بھی یہ تھی کہ مسلمانوں کی کسی طرح اعانت نہ کی جائے، بلکہ ہندوؤں کو ہر طرح سے ابھارا جائے۔ ان سب پر مستزاد یہ کہ مقامی باشندوں کو عیسائی بنانے کی غرض سے جگہ جگہ مشن سکول کھولے جا رہے تھے۔ قدرتی طور پر مسلمان ایسے اداروں سے دور رہے جن سے انہیں اپنے مذہب پر آنچ آنے کا اندیشہ تھا۔

یہاں یہ امر بھی ملحوظ رہے کہ اسی زمانے میں تاجروں اور کاروباری لوگوں پر مشتمل امرا کا ایک نیا طبقہ وجود میں آیا۔ دارالحکومت بننے کے بعد کلکتے نے بڑی تیزی سے ترقی کی اور وہ مغربی تہذیب کا مرکز بن گیا جسے اختیار کرنے کے لیے یہ نیا طبقہ بری طرح بےتاب تھا۔ مسلمانوں کا طبقۂ امرا زمینداروں پر مشتمل تھا لہٰذا وہ کلکتے کی ترقی‌پذیر زندگی سے کوئی رابطہ پیدا نہ کر سکا۔ پھر انیسویں صدی کے آخر تک ملک تیز رفتار ذرائع حمل و نقل سے بھی ناآشنا تھا، چنانچہ دیہات اور شہروں کے مابین فاصلے کم نہ ہوئے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ مسلمان عوام نے نئے تصورات سے کوئی اثر قبول نہیں کیا بلکہ انہیں یہ بھی احساس نہ ہوا کہ تہذیبی قیادت اب بڑی تیزی سے ان کے ہاتھ سے نکلی جا رہی ہے۔ یہی وہ معاشی اسباب تھے جن کی بنا پر ''مسیحی'' تعلیم کو حرام ٹھیرانے والے فتوے اتنے مؤثر ثابت ہوئے۔

اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ مغربی تہذیب و تمدّن کا تمام‌تر اثر ہندوؤں نے قبول کیا۔ انھوں نے وقت کے تقاضوں کو سمجھا اور اپنے آپ کو ان کے لیے بخوبی تیار کر لیا۔ ان میں اپنی اصلاح اور نشأۃ ثانیہ کا جذبہ بھی پیدا ہوا۔ بنگلہ نثر وجود میں آئی، نئی نئی رزمیہ غنائی اصناف شعر میں سخن‌آرائی ہونے لگی، ناول منظر عام پر آیا اور اس نے بہت جلد ادب میں ایک مستقل مقام پا لیا۔ ادب میں نئی نئی اصناف کا سکّہ چلنے لگا اور رومانی اور پوتھی ادب صرف گاؤں کی چوپال تک محدود ہو کر رہ گیا۔ یہ تینوں نئی اصناف، یعنی نظم، نثر اور ناول، نو تعلیم یافتہ ہندو معاشرے کے تقاضوں کو بڑی حد تک پورا کرنے لگیں۔ ہندو مصنّفین نے مسلم معاشرے کو درخور اعتنا ہی نہ سمجھا، کیونکہ اول تو وہ اس کے بارے میں کچھ لکھ ہی نہیں سکتے تھے اور دوسرے یہ بات ان کے مقصد، یعنی ہندو تہذیب کے احیا، کے بھی خلاف جاتی تھی۔ اس کے بر عکس بعض مصنّفین، مثلاً بنکم چندر چیڑجی، کے ہاں تو اسلامی حکومت کے خلاف سخت بغض و عناد کا پتا چلتا ہے۔

یہی وجہ ہے کہ جب مسلمان مصنفین نے قلم اٹھایا تو انھوں نے دیکھا کہ اس دوران میں ایک ایسی نثر ترقی کر گئی ہے جس کی زبان ان کی روزمرہ بول چال سے بالکل مختلف ہے، مغرب سے درآمدہ ناول کی روایت روز افزوں مقبول ہو رہی ہے اور نئے طرز کی شاعری پوتھی روایت کو کہیں پیچھے چھوڑ کر آگے نکل گئی ہے۔ پھر ان اصناف میں جو اقدار جاری و ساری تھیں ان کا تعلق ہندو معاشرے سے تھا۔ ادب کی ہیئت، زبان اور مضامین کی اسلامی روایات فرسودہ، ناکارہ اور ناقابل قبول قرار پا چکی تھیں۔ پوتھی ادب اب صرف دیہات کی چیز تھی۔ کلکتے کا تعلیم یافتہ معاشرہ بائرن، شیلے، کیٹس، ملٹن اور شیکسپیر کو اپنا

Marfat.com

مطمح نظر بنا چکا تھا ۔ لہٰذا مسلمانوں کو اس روایت کے مطابق اپنے آپ کو ڈھالنا پڑا اور اپنی سی کوششوں میں مصروف ہو گئے۔

اس سلسلے میں ان کی مساعی نے جو شکل اختیار کی وہ یہ تھی : اول تو انھوں نے ماضی قریب کے بجاے ماضی بعید، یعنی اسلامی زندگی کی انتہائی عظمت و شان کے زمانے کو اپنا موضوع بنایا ۔ مقصد یہ تھا کہ اقتدار کا ایک ایسا پیمانہ تلاش کیا جائے جو ایک طرف تو مسلمانوں کے لیے قابل قبول ہو اور دوسری طرف اس کی روشنی میں ان کے لیے ایک ایسا اعلٰی نصب العین متعین ہو جائے، جو ہندوؤں کے آدرش رام راج کا مقابل ہو سکے ۔ یہی وجہ ہے کہ اس دور میں رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم اور آپؐ کے صحابۂ کرامؓ کی سوانح عمریاں لکھی اور شائع کی گئیں ۔ مسلمانوں کے لیے یہ دور طنزیہ ادب کا نہیں تھا، کیونکہ معاشرے میں اس قدر کھچاؤ تھا کہ وہ طنز کی اہمیت اور مفہوم کو سمجھ ہی نہیں سکتے تھے ۔ یہ دور جذباتی انداز فکر اور انداز بیان کا تھا۔

اس انتہائی جذباتی اور غیر تنقیدی اسلوب کا لہجہ ناصحانہ تھا اور طرز بیان میں تھیٹرپن تھا ۔ الاسلام میں مولانا منیر الزمان اسلام آبادی کا سلسلۂ مضامین ہو یا اسمٰعیل حسین شیرازی کا آنال پربھو، سب میں یہی مصلحانہ طرز، یہی ناصحانہ انداز اور یہی جذباتی لہجہ نمایاں ہے، حتّٰی کہ لطف الرحمٰن اور یعقوب علی چودھری کے مضامین سے بھی یہ لہجہ اور مزاج جھلکتا ہے ۔ جہاں تک معاشرے کی خرابیوں کا جائزہ لینے کا تعلق ہے یہ مضامین تنقیدی ہیں، لیکن ان میں جہاں بھی ماضی کی عظمت اجاگر کرنے کی کوشش کی گئی ہے وہاں انداز تحریر جذباتی ہو گیا ہے ۔ حسن ترتیب اور فنّی سہارت کے فقدان کے باعث اکثر ابتدائی نظمیں تنقید کے معیار پر پوری نہیں اترتیں ۔ ماضی کی تعریف، حال کا ماتم اور مستقبل کے لیے پند و نصیحت اس روایت کا حصہ ہے جو فرخ احمد تک تمام مسلمان شعرا کے ہاں ملتی ہے ۔ بیسویں صدی میں اس روایت کا سب سے بڑا علمبردار نذرالاسلام ہے ۔ خالد، زغلول پاشا، کمال پاشا، انور پاشا، محرم، شط العرب، اس کی بہت مشہور نظمیں ہیں جن میں اسمٰعیل حسین شیرازی کی نظم انال پربھو کی مخصوص روایت کی تقلید کی گئی ہے ۔ کیقباد : محرم شریف؛ فرخ احمد : سات ساگریر ماجھی اور علی احسن : مکہ معظمیر پاتھے بھی اسی انداز کی حامل ہیں۔

اس شعری رجحان کے تحت ایک اور اہم اور قابل ذکر روایت ابھری، یعنی سوانح، تاریخ اور تاریخی قصوں کے ذریعے ماضی کا احیا ۔ کیقباد : مہاشاشن کوِیہ، شوبندر اور محرم شریف؛ معظم الحق : حضرت محمدؐ؛ اسمٰعیل حسین شیرازی : سپین وجے کوِیہ؛ حمید علی : قاسم بادھ کوِیہ، جینال ادّھار کوِیہ اور سہراب بادھ کویہ تاریخی قصے ہیں، جن سے ان مصنّفین کے قول کے مطابق دو مقاصد پورے ہوتے ہیں : اول مسلمانوں کی عظمت اجاگر کرنا اور دوم فنّی مسرت بہم پہنچانا ۔ میر مشرف حسین کی وشاد شندھو، حضرت عمریر دھرم جیون لابھ، حضرت بلالیر جیونی، حضرت امیر حمزار دھرم جیون لابھ، مدینار گوراو، مسلم ورت، اسلامیر جے اسی ذیل میں آتی ہیں ۔ اس میں شک نہیں کہ ان میں سے بعض تواریخ ہیں، لیکن بعض، مثلاً وشاد شندھو، خیالی قصوں پر مشتمل ہیں ۔ بہر حال ان کا تعلق ایک ہی روایت سے ہے، یعنی ماضی کو بطور مطمح نظر پیش کرنے کی کوشش اور قارئین کے دل میں ایام گزشتہ کے لیے ایک جذباتی تڑپ پیدا کرنا۔

کیقباد : محرم شریف اور سید سلطان :

Marfat.com

نوی ونگش میں جو فرق پایا جاتا ہے اس سے یہ صاف طوز پر پتا چل جاتا ہے کہ سولھویں اور سترھویں صدی عیسوی کے مقابلے میں انیسویں صدی کے اواخر اور بیسویں صدی کے اوائل کی یہ اقدار مذہب میں سخت احتیاط کی متقاضی ہیں ۔ تحریک خلافت نے اس مذہبی احتیاط کو اور بھی ہوا دی اور تحریک پاکستان میں اس نے اپنا حقیقی نصب العین پا لیا ۔ سید سلطان کی مذہبیت صوفیانہ نوعیت کی تھی، لیکن اس رجحان کا انداز محاربانہ ہے ۔ بدقسمتی سے مسلمانوں کو ایسی قیادت نہ ملی جس میں دین و سیاست کا امتزاج ھوتا ۔ یہی وجہ ہے کہ برصغیر کی تقسیم کے بعد مذہب کے بارے میں اس احتیاط پسندانہ رجحان سے صحیح کام نہ لیا جا سکا ۔ مزید برآں مسلمانوں میں یہ مذہبی احساس ایک حد تک ان کی ہندووں کے خلاف جد و جہد کا نتیجہ بھی تھا، لہٰذا آزادی کے بعد جب یہ منفی نوعیت کا محرک باقی نہ رہا تو اس احساس کی شدت میں بھی کمی آ گئی اور اس کا رخ داخلی مسائل کی طرف ہو گیا ۔ بایں ھمہ اس مذہبی اور سیاسی جوش نے فرخ احمد اور بیسویں صدی عیسوی کے چوتھے عشرے کے نوجوان شعرا کی ایک جماعت کی شاعری پر اور محمد واجد علی اور مجیب الرحمٰن خان کے نیم مذہبی مضامین پر بڑے گہرے اثرات چھوڑے ۔ اس کے علاوہ اسی کی بدولت مسلمانوں کی توجہ پمفلٹ نویسی اور صحافت کی طرف بھی مبذول ھوئی ۔ اس طرح اس نے نہ صرف مسلمانوں کو ایک نئی طرز فکر دی، بلکہ نئی نئی اصناف کو ترقی بھی دی اور زبان کی حدود میں توسیع کی ۔

ان اصناف میں کتنی جان ہے اور ان کا ذخیرۂ الفاظ کہاں سے آیا؟ اسے سمجھنے کے لیے ہمیں عصر حاضر کے مسائل کے بارے میں اس تنقیدی رویے کو ملحوظ رکھنا ھوگا جو ماضی کے لیے جذباتی تڑپ کے ساتھ ساتھ ابھر رہا ہے ۔ میر مشرف کی زمیندار درپن ھو یا اسمٰعیل حسین شیرازی کی ستری شکھا، سید واجد علی کی بنگالیر بھوشوت ھو یا بیگم رقیہ سخاوت حسین کی ماتی چور، ان سب کی غرض محض یہ ہے کہ معاشرے کو اس طرح آئینہ دکھایا جائے کہ وہ اپنے نقائص سے آگاہ ھو کر انہیں دور کرنے پر مجبور ھو جائے ۔ نذرالاسلام اور فرخ احمد کے مطمح نظر کو بھی خالص جمالیاتی نہیں کہا جا سکتا ۔ اپنی ایک نظم میں نذرالاسلام نے اس کی وضاحت کر دی ہے :

> مجھے اس کی پروا نہیں کہ جب موجودہ دور کا جوش و خروش ختم ھو جائےگا تو کوئی مجھے یاد بھی کرے گا یا نہیں؛ میرے لیے یہی کافی ہے کہ میرے سر پر سورج چمک رہا ہے اور سینکڑوں سنہری لڑکے لڑکیاں میرے گرد چل پھر رہے ہیں.

وہ آزادی اور اصلاح کا خواھاں ہے ۔ یہی وجہ ہے کہ شروع دن سے آزادی ملنے تک تقریباً سبھی مسلمان مصنفین نے عینیت کے باوصف حقیقت پسندی کا ثبوت دینے کی کوشش کی ہے ۔ کہیں کہیں ان کی حقیقت پسندی نے طنز کی شکل اختیار کر لی ہے، جیسے زمیندار درپن میں ۔ بعض اوقات انھوں نے لکھنے والوں کو انتہائی رومانی بنا کر جاگتے کے خواب دیکھنے پر مجبور کر دیا ہے اور کبھی وہ خالص حقیقت نگار ھو کر رہ گئے ہیں، مثلاً قاضی امداد الحق : عبداللہ اور اکرام الدین : ناتن ما ۔ مجیب الرحمٰن کا انور پہلا ناول ہے جو کسی مسلمان کے قلم سے نکلا ۔ اس میں رومان اور حقیقت کا امتزاج پایا جاتا ہے.

مختصر یہ کہ مسلمان مصنّفین اپنے مطمح نظر کے اعتبار سے زیادہ‌تر رومانی تھے، لیکن معاشری مسائل کو پیش کرتے وقت حقیقت پسندی سے

marfat.com
Marfat.com

کام لیتے تھے - اکثر اوقات ایک ھی مصنف میں عینیت اور حقیقت‌پسندی بیک وقت ملتی ھے، چنانچہ میر مشرف اور اسمٰعیل حسین شیرازی کو بطور مثال پیش کیا جا سکتا ھے - اسی پیچیدہ انداز نظر کی بدولت اصناف ادب کی ھیئت متعین ھوتی ھے اور مصنّفین ایک مخصوص زبان کا انتخاب کرتے ھیں۔

نظم : مسلمان مصنّفین نے تمام مروجہ اصنافِ سخن میں طبع آزمائی کی، تاھم اس دور میں انھوں نے کوئی نئی صنف یا ھیئت دریافت نہیں کی - شاعری میں کیقباد نے اس سنسکرت رزمیے کی تقلید کی جس کی تجدید و اصلاح مدھو سودن کے ھاتھوں ھوئی تھی اور آگے چل کر ھیم چندر اور نوین سین بھی اسی کے نقش قدم پر چلے تھے - ان سب نے مدھو سودن کی اختراع کردہ نظم معرا کو اختیار کیا اور اسی میں سخن آرائی کی - نذرالاسلام کے منظر عام پر آنے سے قبل مسلمانوں میں سب سے کامیاب شاعر کیقباد تھا، جس کی رزمیہ منظومات شعری اعتبار سے واقعی بلند پایہ ھیں - اپنے عہد کے ھندو مصنفین کی طرح وہ سہاشاشن کویہ میں مغلیہ عظمت کو یاد کرتا، مسلمانوں کی موجودہ محرومی پر آنسو بہاتا اور اس کے ساتھ ساتھ ھندو مسلم مفاھمت کی دعوت دیتا نظر آتا ھے - محرم شریف، جس کا ذکر اوپر آ چکا ھے، اس کی ایک اور رزمیہ نظم ھے، جس کا موضوع عہدِ گزشتہ کا ایک المیہ ھے - غنائی شاعری میں اس نے اور اسداد علی نے بہاری لال اور اس کے ھم‌عصر شعرا کی پیروی کی - اسمٰعیل حسین شیرازی کی انال پربھو میں وھی خطابت نمایاں ھے جو نوین‌سین کی پلاشیر جدھا میں دکھائی دیتی ھے - ھیئت میں جدّت اور اپج کا سراغ ھمیں پہلی بار نذرالاسلام اور جسیم الدین کے ھاں ملتا ھے - نذرالاسلام کی ودروھی نظم آزاد میں ھے اور اس کے دروبست میں کلاسیکیت اور روایات کی پابندی ٹیگور کی نظموں کے مقابلے میں کہیں کم ھے - بہر حال ودروھی، نیز پجارنی اور سندھو میں فنّی اعتبار سے اس نے ٹیگور کی تقلید کی ھے، لیکن ان میں جو موسیقیت پائی جاتی ھے وہ قطعی طور پر اس کی اپنی ھے - ان نظموں میں قوت، جوش اور روانی کے علاوہ الفاظ ایک تیز دھارے کی طرح امڈے چلے آتے ھیں، جس کے باعث ان میں ایک ایسی تیز حرکت کا احساس ھوتا ھے جو ٹیگور کی شاعری میں نظر نہیں آتی - نذرالاسلام کی جن خطیبانہ نظموں میں گزشتہ زمانے کے مسلمان ابطال کے جذبے اور عظمت کو زندہ کرنے کی کوشش کی گئی ھے ان کی بحر ”ماتراوِرتہ“ قسم کی ھے اور ستین‌دت سے مستعار ھے، لیکن نذرالاسلام نے اسے اس کثرت سے استعمال کیا ھے کہ اب وہ اسی کے نام سے وابستہ ھوگئی ھے - یہی وجہ ھے کہ شاعری میں ھم جہاں بھی اس قسم کی خطابت دیکھتے ھیں تو ذھن میں فوراً اس کا نام آ جاتا ھے - شاعری میں نذرالاسلام کی اپج اُس تعلق کی مرھونِ منّت ھے جو اسے فارسی شاعری سے رھا ھے - نذرالاسلام ھی وہ شاعر ھے جس نے بنگلہ میں اس تعلق کو از سرِ نو زندہ کیا اور غزل کو ایک وقیع صنفِ سخن کا درجہ بخشا - اس کی غزلیات نے اپنی شیریں بحروں، لطیف و دلکش انداز، سریع الفہم بیان اور حسن ترنم سے بنگالی عوام کو مسحور کر دیا - علاوہ ازیں اس نے دیوانِ حافظ کی چند غزلیات اور قرآن مجید کی کچھ آیات کا ترجمہ بھی کیا - یوں اس کی مساعی سے نشأۃ الثانیہ کی ایک نئی تحریک کا آغاز ھو گیا - فارسی شاعری سے رابطہ پیدا ھوا تو مسلمانوں کو سخن آرائی کے لیے ایک وسیع میدان مل گیا، حتّٰی کہ اس سے ستیندرناتھ اور موھت‌لال ماجمدار بھی متأثر ھوے بغیر نہ رھے۔

Marfat.com

نذرالاسلام کی شاعری کا مطالعہ اس بنگلہ شاعری کی روشنی میں کرنا چاہیے جس کا ارتقا ٹیگور کے زیر اثر ہوا تھا، بالکل اسی طرح جیسے کیقباد کی رزمیہ منظومات کا مطالعہ اس کلام کے حوالے سے کرنا ضروری ہے جس کا ارتقا مدھوسودن کی تخلیقات کا مرہونِ منّت تھا - نذرالاسلام سے قبل ٹیگور زبان کی اصلاح کا کام ختم کر چکا تھا اور اس کی کوشش سے بنگلہ میں لطافت، لچک، تاثیر اور جامعیت پیدا ہو چکی تھی - اس نے احساس و ادراک کی حدود کو وسیع کیا، عالمگیر انسانی موضوعات پر زور دیا اور مذہبی شاعری کے علاوہ کئی اور اصناف سخن کو آزمایا - ان میں قدرتی شاعری بھی شامل تھی - یہ انگریزی کی ان رومانی منظومات سے مشابہ تھی جو انیسویں صدی عیسوی کے اوائل میں وَرڈزوَرتھ کی قدرتی شاعری کے زیر اثر تخلیق ہوئیں، لیکن ٹیگور نے اپنے جذبات و تجربات کو جن الفاظ میں ڈھال کر پیش کیا ان کا تعلق ہندو معاشرے کی زندگی، روایات اور زبان سے تھا - نذرالاسلام نے ٹیگور کی رومانیت کو تو قبول کر لیا، لیکن اس نے ہندوؤں کے علاوہ مسلمانوں کی روایات کو بھی اپنا کر اپنے موضوع کو وسعت دی اور اسلامی معاشرے میں مروجہ الفاظ و تراکیب اور محاورات کے استعمال سے اپنی لغت شعری میں معتدبہ اضافہ کیا - جہاں تک رومانیت کا تعلق ہے نذرالاسلام نے اس بات پر زور دیا کہ ایک طرف تو جمالیت کو ترک کر دیا جائے اور دوسری طرف اپنے دور میں پیش آنے والے واقعات کو فراموش نہ کیا جائے - یہی وجہ ہے کہ ایک زمانے میں تو تحریک خلافت کے زیر اثر اس کے اندر مسلمانوں کے ماضی کا شعور بیدار ہوا، جس کی بدولت اس کی شاعری پر مذہبی رنگ غالب آ گیا اور اس نے مسلمانوں کے ابطال کی مدح میں نظمیں لکھیں، لیکن آگے چل کر ایسا دور بھی آیا کہ اشتراکیت اور آزادی کی تحریکوں نے اس سے غربا، غربت، مساوات، اخوت اور حریت جیسے موضوعات پر نظمیں لکھوائیں - جہاں تک زبان کا تعلق ہے وہ ٹیگور کے مقابلے میں کہیں زیادہ رواداری اور وسیع الخیالی کا ثبوت دیتا ہے - ٹیگور نے مغرب سے تو اکثر خیالات و تصورات اخذ کیے، لیکن اسلامی معاشرے، روایات اور تصورات کو نظر انداز کر دیا - ایسا اس نے عمداً نہیں کیا، بلکہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ روایات و تصورات اس کے اندر کسی طرح کی جذباتی تحریک پیدا کرنے سے قاصر تھے - نذرالاسلام پہلا شاعر ہے جس نے فارسی اور عربی الفاظ بکثرت استعمال کر کے یہ تقاضا پورا کیا - عربی و فارسی الفاظ کے استعمال کے سلسلے میں نذرالاسلام اور پوتھی ادب کے مصنّفین میں یہ فرق ہے کہ مؤخرالذکر ان کی وہ اشکال استعمال کرتے تھے جو بنگلہ زبان میں مسخ ہو کر رواج پا گئی تھیں، لیکن نذرالاسلام نے انہیں ان کی اصل شکل میں اختیار کیا - گویا پوتھی لکھنے والے تو صرف وہی الفاظ استعمال کر رہے تھے جو روزمرہ زندگی میں عام طور پر مروّج تھے، مگر نذرالاسلام نے شعوری طور پر ان کے احیا کی کوشش کی - عربی اور فارسی الفاظ کو ان کی اصل شکل میں استعمال کرنے سے اس امر کا بھی ثبوت ملتا ہے کہ نذرالاسلام انہیں ان کی عامیانہ اور بازاری شکل میں استعمال کر کے تعلیم یافتہ لوگوں کی تضحیک کا نشانہ بننا نہیں چاہتا، تاہم دیہاتی زندگی کے موضوع پر اس کی بعض نظموں میں یہی عامیانہ اشکال ملتی ہیں - نذرالاسلام سے قبل ستیندر ناتھ دت اور موہت لال ماجمدار کی چند نظموں (مثلاً ستیندرناتھ : نُور جہاں) میں عربی و فارسی الفاظ کا استعمال ہوا ہے، لیکن یہاں در حقیقت انہوں نے بھارت چندر کی پیروی کی ہے جو کردار اور موقع

Marfat.com

کی مناسبت سے عربی اور فارسی الفاظ سے کام لیا کرتا تھا ۔ بھارت چندر نے ماحول اور فضا کے پیش نظر اپنے مسلمان کرداروں کی زبان سے یہ الفاظ ادا کرائے ہیں، یا صرف نواب کے دربار میں انھیں استعمال کیا ہے ۔ نذرالاسلام کے ہاں صورت حال مختلف ہے ۔ اس نے انھیں سنسکرت اصل کے الفاظ کی جگہ استعمال کیا، مثلاً خون بجاے رَکتَ، بمعنی لہو ۔ ٹیگور کو اس پر اعتراض تھا ۔ اس کے نزدیک اس طرح خواہ مخواہ غلط معنی پیدا ہو جاتے ہیں، کیونکہ خون سے قتل بھی مراد لیتے ہیں ۔ بہر حال نذرالاسلام نے اسے استعمال کیا تو اس لیے کہ مسلمان اس لفظ کے دونوں معنوں سے بخوبی واقف تھے ۔

غلام مصطفی کا نام صفِ اوّل کے ان مسلمان شعرا میں لیا جا سکتا ہے جن کے تخلیقی کارنامے قابلِ قدر ہیں ۔ اس نے مسلمانوں کی بیداری کو بڑی کامیابی سے موضوعِ سخن بنایا ۔ شہادت حسین ایک اور شاعر ہے جس نے گزشتہ عظمت کو ایک رومانی رنگ میں پیش کرنے کی کوشش کی ۔

اس میدان میں جسیم الدین نے جو کارنامہ سر انجام دیا ہے وہ بھی کچھ کم قابل قدر نہیں ۔ وہ پہلا شاعر ہے جس نے منظوم لوک کہانی (ballad) کی ہیئت کو جدید انداز میں پیش کیا، جیسا کہ کلّول یوگا میں اچنتیہ سین گپتا نے تصدیق کی ہے جسیم الدین کی کَوِر فی‌الفور مقبول ہو گئی ۔ اس کی نظمیں نکشی کاٹھار مٹھ اور سوجان وِدیار گھاٹ ہیئت اور اسلوب کے اعتبار سے یکتا ہیں ۔ انھیں نہ تو رزمیہ قرار دیا جا سکتا ہے نہ صحیح معنوں میں قدیم منظوم لوک کہانیاں کہہ سکتے ہیں ۔ یہ طویل بیانیہ نظمیں ہیں جن میں عوامی روایت کو اس کی تمامتر سادگی اور شدت کے ساتھ ڈرامائی انداز میں پیش کیا گیا ہے ۔ مشرقی بنگال کی عوامی روایت سے عالمانہ دلچسپی کے اظہار کا آغاز اس کے استاد دنیش سین سے ہو چکا تھا، لیکن جدید شعرا میں جسیم الدین نے پہلی بار زمانۂ حال کے دیہاتی معاشرے کی عکاسی کی اور ایسے کردار پیش کیے جو ماضی قریب میں جیتے جاگتے ہمارے دیہات میں موجود تھے ۔

جسیم الدین کے ہاتھوں منظوم لوک کہانیوں کی ہیئت کا جو احیا ہوا تھا اس سے قطع نظر ہمیں باعتبار ہیئت کسی جدّت یا اختراع کا نشان نہیں ملتا ۔ بہر حال تحریک پاکستان کی بدولت اظہار کی نئی نئی صورتیں اور تخلیق کے نئے نئے بالخصوص اسلامی سرچشمے دریافت کرنے کی امنگ پیدا ہوئی ۔ اسی زمانے میں دو انجمنیں وجود میں آئیں : (۱) ۱۹۴۲ء میں انجمن احیاے پاکستان، کلکتہ اور (۲) اسی سال انجمن ادب پاکستان، ڈھاکہ ۔ ان دونوں انجمنوں نے تخلیق ادب کے نئے نئے محرکات تلاش کرنے اور پرانے مسلمان مصنّفین کے مخطوطات کو منظر عام پر لانے پر زور دیا ۔ اسی کے ساتھ انھوں نے پوتھی ادب کی اہمیت اور پوتھی مصنفین کی روایت پر بھی زور دیا ۔ اگرچہ بعض علما بہت عرصہ قبل مسلمانوں کے پوتھی ادب کے مخطوطات کو جمع کرنے کا کام شروع کر چکے تھے، لیکن حصولِ آزادی کے بعد یہ پوتھیاں پہلی بار علمی مطالعے کا مرکز بنیں ۔ بایں ہمہ پوتھی کی ہیئت اور رومانی بیانیہ نظموں کی روایت دوبارہ زندہ نہ ہو سکی، البتہ ان سے افکار و تصورات ضرور اخذ کر لیے گئے ۔ علی احسن : چہار درویش ایک قدیم پوتھی کہانی ہے، جسے جدید انداز میں پیش کیا گیا ہے ۔ اسی طرح حال ہی میں فرخ کی حاتم طائی ہمارے سامنے آئی ہے، جو قدیم کہانیوں کی ایک نئی شکل ہے اور جس میں Decameron طرز کے قدیم دیہاتی قصے بیان

Marfat.com

کیے گئے ہیں۔

ان میں سے فرخ احمد سب سے کامیاب شاعر ہے ۔ اس نے نذرالاسلام کی روایت کو آگے بڑھایا۔ چونکہ اس نے تحریک پاکستان کے دنوں ہی میں لکھنا شروع کیا تھا، للہذا اس نے شعوری طور پر عربی اور فارسی الفاظ کا اس کثرت سے استعمال کیا جو بعض لوگوں کے قول کے مطابق خبط کی حد تک پہنچ گیا ۔ بہر حال فرخ احمد کا سب سے بڑا کارنامہ سندباد کی کہانی ہے جو اس نے تمثیلی انداز میں لکھی ۔ نذرالاسلام کا اسلوب تمثیلی ہے نہ علامتی ۔ اس کے تخییلی پیکر اس کی ذاتی واردات اور علم سے مأخوذ ہیں ۔ اس کے برعکس فرخ احمد اپنی داستان ہمیشہ علامتی طور پر بیان کرتا ہے ۔ سندباد مسلمانوں کے معاشرے، شعور، جمود، عظمت اور اولوالعزمی کی علامت ہے ۔ کوہ حرا تخلیقی تحریک کے سرچشمے، پاکیزگی اور نزہت و نفاست کی مثالی سر زمین اور جنت الفردوس کی علامت ہونے کے علاوہ وہ مقام ہے جہاں رسول اللہ صلّی اللہ علیہ و آلہ و سلّم پر وحی نازل ہوئی تھی۔ اس طرح فرخ احمد پہلا شاعر ہے جس نے بنگلہ شاعری کو وہ موضوع دیے جو اقبال نے اردو شاعری میں پیش کیے تھے اور یوں مسلمانوں کے ماضی اور اسلامی روایات کو بڑی کامیابی سے شعر کے پردے میں بیان کیا ۔ سات سا گریر ماجھی میں فرخ احمد اسید اور امنگ کے شاعر کی حیثیت سے ہمارے سامنے آتا ہے ۔ اپنے رجحان اور ہیئت و خیال کے اعتبار سے وہ حقیقت پسند نہیں، للہذا اس کے ہاں روایات میں بُعدِ زمانی و مکانی کی خصوصیت برقرار رہتی ہے ۔

اسی اثنا میں بنگلہ شاعری نے ایک نئی راہ اختیار کی ۔ ٹی ۔ ایس ۔ ایلیٹ اور بیسویں صدی عیسوی کے تیسرے عشرے کے نوجوان انگریزی شعرا کے زیرِ اثر اسی زمانے میں بنگال کے اندر ایک نئی شاعری نے جنم لیا جو حقیقت پسند، تنقیدی، تجزیاتی، تعریض آمیز، طنزیہ اور معاشرتی شعور کی حامل تھی ۔ جن نوجوان مسلمان شعرا نے اس ڈگر کو اپنایا ان میں غلام قدوس، احسن حبیب اور عبدالحسین قابلِ ذکر ہیں ۔ غلام قدوس اشتراکیت کی طرف مائل ہے ۔ احسن حبیب نے اپنی رومانیت کو قائم رکھا ہے ۔ عبدالحسین ایک ایسا جدید شاعر ہے جس کے ہاں تنقیدی انداز نمایاں ہے ۔ علی احسن بنیادی طور پر رومانی تھا، لیکن اس نے اپنے رومانی جذبات کا اظہار جدید اسلامی شعور کے حوالے سے کیا ۔

مختصر یہ کہ قیام پاکستان سے قبل کی جدید شاعری میں دو رجحانات واضح طور پر سامنے آ چکے تھے : (۱) مسلمانوں کے جدید شعور کی تلاش کا رجحان، جسے پہلی بار فرخ احمد نے پیش کیا اور جس کی نمائندگی علی احسن کے علاوہ تعلیم [طالب؟] حسین، مفکرالاسلام اور علی اشرف جیسے نوجوان شعرا کرتے ہیں؛ (۲) مسلمانوں اور ہندوؤں کے معاشرتی خد و خال کو ملحوظ رکھے بغیر، بلکہ انہیں نظرانداز کرتے ہوئے جدید ذہن اور معاشرتی مسائل کی تلاش کا رجحان، جس کے نمائندہ شاعر غلام قدوس، احسن حبیب اور عبدالحسین ہیں ۔

**نثر و افسانہ :** سادھو بھاشا کے بارے میں ہم بیان کر چکے ہیں کہ یہ زبان فورٹ ولیم کالج کے پنڈتوں نے سنسکرت سے الفاظ اور نحوی تراکیب مستعار لے کر اور حتّی الامکان عربی اور فارسی اصل کے الفاظ بنگلہ سے خارج کر کے تیار کی تھی ۔ یہ ایک بے ڈھنگی، لنگڑی، مغلق اور کتابی زبان تھی ۔ عربی و فارسی الفاظ کی جگہ قدیم سنسکرت کی ثقیل اصطلاحات اور متعلقہ تراکیب قبول کر کے ایک ایسی مصنوعی زبان اختراع کی گئی جو ہر اعتبار سے غیر فطری تھی ۔ متأخر مصنّفین نے اسے فطرت سے قریب تر لانے اور اس میں لچک اور روانی

Marfat.com

پیدا کرنے کے لیے انگریزی نثر کا سہارا لیا اور اس میں چلت بھاشا (= بول چال کی زبان) کی خصوصیات شامل کیں ۔ پہلے مسلمان نثرنگار میر مشرف حسین نے قلم سنبھالا تو اس وقت یہ نیا اسلوب وجود میں آنے کے بعد پوری طرح نشو ونما پا چکا تھا ۔ ایشور چندر وِدیا ساگر نے بے ساختہ اور رواں دواں بنگلہ بول چال کی مدد سے بنگلہ نثر کو اس کی موجودہ ہیئت و ساخت دے دی تھی اور وہ اس کی ترتیب و تنظیم مکمل طور پر سرانجام دے چکا تھا ۔ علاوہ ازیں اس نے چلت بھاشا کے بے تکلّف انداز اور سادھو بھاشا کے علمی اسلوب کی آمیزش سے ایک ایسی نثر پیش کر دی تھی جو روزمرّہ زندگی سے قریب ہونے کے باوصف ایک ادبی زبان کے وقار و استحکام کی بھی حامل تھی ۔ اس نثر میں کوئی کمی تھی تو محض یہ کہ اس میں ان الفاظ و محاورات کو کوئی جگہ نہ دی گئی جو مسلم معاشرے میں مستعمل تھے ۔ ٹیک چندر ٹھاکر، پیارے چند مترا، بنکم چندر چیٹرجی اور بنگلہ صحافیوں کی مساعی سے اس نثر کو مزید توسیع و ترقی نصیب ہوئی۔

نثر کا یہ معیاری نمونہ پوری طرح رواج پا چکا تھا، چنانچہ مسلمان ادیبوں کو بھی اسے اختیار کرنا پڑا ۔ اس میں ان کا اضافہ یہ ہے کہ انھوں نے ایک بار پھر عربی اور فارسی الفاظ داخل کیے جن کا استعمال مسلمانوں کی معاشرت و ثقافت اور مذہبی زندگی اور رسوم کے بیان میں ناگزیر تھا ۔ شروع شروع میں وہ ان سے کام لینے میں ہچکچاتے رہے کیونکہ انھیں اپنی تضحیک کا خوف تھا، لیکن بعد ازاں وہ آزادی سے ان کا استعمال کرنے لگے ۔ یہی وجہ ہے کہ ہمیں انورا اور عبداللہ جیسے ناولوں میں یہی لسانی روایت نظر آتی ہے ۔ نذرالاسلام نے اس روایت کو ویاتھر دان جیسی کتاب میں، جو اس صدی کے دوسرے عشرے میں شائع ہوئی تھی، نقطۂ عروج پر پہنچا دیا ۔ اس کی کامیابی کا راز یہ ہے کہ اس نے صنعت سر حرفی، داخلی قافیہ آرائی، تجنیسِ صوتی اور ہم آہنگ عربی و فارسی الفاظ سے کام لینے میں انتہائی خوش اسلوبی کا ثبوت دیا ۔ بدقسمتی سے متأخر مسلمان ادیبوں میں یہ روایت آگے نہ بڑھ سکی اور صرف عربی و فارسی کتابوں کے تراجم اور خصوصاً مذہبی تصانیف ہی میں اسے برقرار رکھا گیا ۔ مولوی شمس الحق کے ترجمۂ تذکرۃ الاولیاء کا گریش سین کے ترجمے سے مقابلہ کریں تو صاف نظر آتا ہے کہ شمس الحق کا اسلوب کتنا بامحاورہ، مطابق فطرت اور مناسب و موزوں ہے اور گریش سین کے ہاں کس قدر تکلّف و تصنّع پایا جاتا ہے ۔ شمس الحق نے اپنی تحریر کی بنیاد مسلمانوں کے روزمرّہ پر رکھی، اس کے برعکس گریش سین نے ان تمام عربی و فارسی الفاظ سے احتراز کرنے کی کوشش کی جن کا چلن مسلمانوں میں عام ہے ۔ ابھی تک مسلمان ادیبوں نے بامحاورہ زبان کو اپنانے اور اسے ترقی دینے کی کوشش نہیں کی، چنانچہ نذرالاسلام کی روایت ہنوز ان کی توجہ کی منتظر ہے ۔

نئے معاشرتی اور تہذیبی حالات اس امر کے متقاضی تھے کہ مسلم معاشرے کے احساسات کے اظہار و ابلاغ کے لیے کوئی نیا اسلوب وضع کیا جائے ۔ نو تعلیم یافتہ افراد میں ایک نیا تنقیدی شعور بیدار ہو رہا تھا ۔ مزید برآں نشأۃ ثانیہ کی تحریک سے نئی نسل کو اپنے حالات کا اَز سر نو جائزہ لینے اور اپنی تہذیبی روایات کی بقا و تحفظ کا احساس ہو چلا تھا، لہٰذا نثر میں باعتبار موضوع تین رجحانات سامنے آئے ۔

**(۱) بنگلہ نثر میں مذہبی ادب پیدا کرنے کا رجحان** : اسے در اصل اسی رجحان کے تسلسل کے

marfat.com
Marfat.com

طور پر شمار کرنا چاہیے جس کے تحت قبل ازیں مذہبی افکار و عقائد کو منظوم شکل میں پیش کیا جاتا رہا تھا ۔ فرق یہ ہے کہ مؤخر روایت علمی اور معروضی تھی اور اس میں صحت کا بے حد خیال رکھا جاتا تھا، لیکن مقدم الذکر روایت جذبات انگیز اور عقلی تھی ۔ گریش سین سے ڈاکٹر شہید اللہ تک کے تراجم قرآن مجید، یوسف علی خان اور دوسرے مصنفین کے تراجم تذکرۃ الاولیاء اور عربی و فارسی کتابوں کے دیگر تراجم سے بنگلہ زبان کے وسیلے سے تبلیغ اسلام کی اس نئی کوشش کا سراغ ملتا ہے ۔ ادنیٰ طبقے کے مسلمانوں کو عیسائی بنانے کی کوششیں جاری تھیں ۔ ان کے پیش نظر شیخ عبدالرحمٰن نے کئی کتابچے شائع کیے اور بعد ازاں بنگلہ زبان کی پہلی سیرت نبوی تحریر کی ۔ سر سیّد کی طرح وہ بھی عقلیت پسند تھا ۔ اس روایت کو مولانا اکرم نے برقرار رکھا ۔ سیرت نبوی کے ذریعے مسلمانوں کے جذبات ابھار کر انھیں صحیح عقائد کی طرف راغب کرنے کی روایات یعقوب علی چودھری : نور نبی اور غلام مصطفی : وشونوی کے ہاں ملتی ہے ۔

(۲) عربی و فارسی ادب عالیہ کا ترجمہ و تلخیص : معظم الحق اور شیخ حبیب الرحمٰن ستیارتھ جیسے مصنّفین عربی اور فارسی کی کلاسیکی کتابوں کو تلخیص کر کے یا ان کے بعض حصوں کو حذف کر کے بنگلہ میں پیش کرنے لگے ۔ اس طرح شاھنامہ، گلستان اور بوستان کو بنگلہ کا جامہ پہنایا گیا ۔ نذرالاسلام کا ترجمۂ حافظ و عمر خیام اور ڈاکٹر شہیداللہ کے مختلف تراجم اس سلسلے میں قابلِ ذکر ہیں ۔

(۳) عربی و فارسی ادب عالیہ پر نقد و تبصرہ کی روایت : مثلاً برکت اللہ : پارسی پرتو ۔ اس کا مقصد یہ تھا کہ دنیاے اسلام کے عظیم ادب کا خلاصہ عام قارئین سے متعارف کرایا جائے ۔ منیرالزمان اسلام آبادی، ابراھیم خان، شیخ فضل الکریم، محمد واجد علی اور ڈاکٹر شہیداللہ کی بدولت یہ روایت زندہ رہی ۔

(۴) زبان موضوع اور ھیئت کی مندرجۂ بالا روایات کے علاوہ، جو اپنی اصل اور خصوصیات کے اعتبار سے خالصۃً اسلامی تھیں، مسلمان مصنّفین نے ان روایات کو بھی قبول کیا جو جدید بنگلہ ادب میں اس وقت تک نشو و نما پا چکی تھیں، چنانچہ انھوں نے اس ضمن میں اپنی سی مساعی کا آغاز کیا، جن کے باعث بنگلہ ادب کو نئی حدود ملیں اور اس میں ایک نئی گہرائی پیدا ہوئی ۔ بنکم چندر چیٹرجی، سرت چندر اور رابندر ناتھ جیسے نامور مصنّف بنگلہ ادب پر چھائے ہوے تھے ۔ مسلمان ادیبوں نے ھیئت میں کوئی خاص اختراع تو نہیں کی البتہ مروجہ ھیئت کو اپنے احساسات کے اظہار کے لیے بخوبی استعمال کیا ۔

مسلمانوں کی سب سے زیادہ قابلِ ذکر مساعی بنگلہ افسانے میں ھیں ۔ ابتدا میں مسلمانوں نے اپنی توجہ خالص افسانے کے بجاے معاشرتی ناولوں پر مرکوز رکھی اور یہی مسلمانوں کا خاص میدان رہا ہے ۔ نجیب الرحمٰن : انورا اور قاضی امداد الحق : عبداللہ میں مسلم معاشرے کی حقیقت پسندانہ اور ناقدانہ عکسی ملتی ہے ۔ مسلمانوں کے ماضی کے بارے میں تاریخی افسانے معظم الحق اور اسمٰعیل حسین شیرازی نے لکھے اور اس سلسلے میں بنکم چندر چیٹرجی کے تاریخی ناولوں نے نمونے کا کام دیا ۔ نذرالاسلام کی کوھیلکا اور مرتو خدا کے بعد یہ روایت طاق پر دھر دی گئی ۔ بعد ازاں ابوالفضل : جوچیر اور قاضی عبدالودود کے ناول کے علاوہ سید ولی اللہ، ابو رشید اور شوکت عثمان کے ناول ہمارے سامنے آئے ۔ اس سے معلوم ھوتا ہے کہ تیسرے عشرے کے ختم ھوتے ھوتے افسانہ نگاری نے

marfat.com
Marfat.com

بلا واسطه تبلیغ اور سیاسی، معاشری و تہذیبی مقاصد ادب سے اپنا دامن چھڑا لیا تھا - ٹیگور کا نظریه تھا که فن اپنے وجود و بقا کے لیے کسی اور چیز پر منحصر نہیں، چنانچه مسلمان مصنفین نے خالص افسانه لکھا جس کا اولین مقصد یه تھا که فن کے ذریعے وارداتِ انسانی کا اس طرح ابلاغ کیا جائے که پڑھنے والوں میں جمالیاتی رد عمل پیدا ہو .

بایں همه اس کا یه مطلب نہیں که ادیب فن برائے فن کے نظریے پر ایمان لے آئے تھے - یه ادیب روایتی معاشرے پر سختی سے معترض تھے اور انھیں محض اس بات سے کوئی آسودگی حاصل نہیں ہوتی تھی که اظہار حسن سے احساس مسرت پیدا کر دیا جائے - روس کے مارکسی انقلاب اور جدید تعلیم نے نئے افسانه نگاروں کو نئے مسائل سے آگاهی بخشی اور جدید افسانے کی روایت کو متاثر کیا، چنانچه ادب کی ایک نئی روایت ظہور میں آئی جو بیک وقت تنقیدی بھی تھی اور هجویه و طنزیه بھی - اس سلسلے میں سید ولی الله کی تصنیف لال سالو پہلی کامیاب کوشش تھی جس سے اس روایت کا آغاز ہوا - شوکت عثمان کی نگارشات میں بھی یہی نیا رجحان نظر آتا ہے - اس کا نتیجه یه نکلا که گزشته دور کے رومانی، معاشرتی ناولوں کی روایت کی جگه تنقیدی، طنزیه، معنی خیز اور زیاده نفسیاتی قسم کے معاشرتی ناولوں کی موجوده روایت نے لے لی .

مختصر یه که دورِ جدید میں سب سے پہلے تو قدیم و جدید روایات کا امتزاج ہوا، پھر ماضی کے سرمائے کا از سرِ نو جائزه لے کر زمانۂ حال کے تقاضوں کو پہچانا گیا اور بالآخر نفسیاتی، تنقیدی اور طنزیه نگارشات کا جدید اسلوب پیدا ہوا - اسی زمانے میں شاعری میں بھی دو متصادم رجحانات ابھرے : ایک رجحان تو انتہائی جدید، شہری اور رومان دشمن تنقیدی شاعری کا تھا اور دوسرا نورومانی، مؤثر اور افسرده شاعری کا، جس میں ماضی کے لیے ایک عجیب و غریب تڑپ پائی جاتی تھی.

خلاصه : بنگله ادب پر مسلمانوں کے اثرات کا جو جائزه پیش کیا گیا ہے اس سے پتا چلتا ہے که مسلمانوں کی تمام تر ادبی کاوشیں ان کے معاشرتی احساسات سے وابسته رہی ہیں - جب اس احساس میں تبدیلی پیدا ہوئی تو ان کی تخلیقی سرگرمیوں نے اپنے لیے ایک واضح اور مخصوص سمت اختیار کر لی - چونکه یه احساس هندو معاشرے کے احساس سے ہر زمانے میں بنیادی طور مختلف رہا ہے، لہٰذا موضوع، ہیئت اور زبان کے اعتبار سے مسلمانوں کی ادبی روایات همیشه اپنے مخصوص رنگ کی حامل رہیں.

یه امر قابل توجه ہے که قرونِ وسطٰی میں اگرچه زبان اور ہیئت کی به نسبت موضوع کا اختلاف کہیں زیاده نمایاں تھا، تاهم مسلمانوں کے ہاں ہیئت کے اعتبار سے بھی ایک بنیادی فرق موجود رہا، جس کا ثبوت مسلمانوں کی بیانیه منظومات اور هندوؤں کی منگل کَویاؤں کے تقابلی مطالعے سے ملتا ہے - لسانی اختلافات کا اظہار دراصل مسلمانوں کے زوال کے بعد ہوا - گویا یه بھی مسلمانوں کی اپنی تہذیب کے مخصوص عناصر کو برقرار رکھنے کی ایک کوشش تھی، مگر یه ایک ایسی کوشش تھی جو عموماً شکست خورده اقوام کی طرف سے عمل میں آتی ہے - مسلمانوں نے اپنے دورِ حکومت میں هندو دیو مالا کو اپنا موضوع سخن بنانے سے قطعاً پرهیز نہیں کیا تھا، چنانچه علاول جیسے انتہائی مذهبی قسم کے شاعر کے ہاں بھی اس کی مثالیں ملتی ہیں - اس کے برعکس هندو شعرا میں کوئی بھی ایسا نظر نہیں آتا جسے کسی اسلامی روایت کو موضوع بنانے کی توفیق ہوئی ہو - یه وسیع القلبی مسلمانوں هی کا خاصه تھی.

بد قسمتی سے اس آزاد خیالی کی بدولت ادب

Marfat.com

میں ہندو مسلم مخلوط تمدّن کا ایک رنگ پیدا ہو گیا جو سراسر مصنوعی تھا ۔ اس کا سراغ ہمیں ایسے مصنّفین کے ہاں بھی مِلتا ہے جو صوفی تھے یا صوفی ہونے کا دعوٰی کرتے تھے ۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ بعض نام نہاد مذاہب وجود میں آ گئے ۔ یہ درست ہے کہ جب دونوں قوموں میں نشأۃ ثانیہ کی تحریکیں ابھریں تو یہ مذاہب بھی مٹ گئے، لیکن ان کے کچھ آثار بعض فرقوں (مثلاً وشنوست اور باول) میں باقی رہ گئے ۔ بہر حال معاشرے کے مہذب، مقتدر اور تعلیم یافتہ طبقوں نے انہیں کبھی تسلیم نہیں کیا اور اس تہذیبی اختلاط و امتزاج کی بدولت جو کچھ لکھا گیا اس سے ادب بحیثیت مجموعی زیادہ متأثر نہیں ہوا اور آج اگر ادب میں ان کے کچھ آثار ملتے بھی ہیں تو انہیں ادنٰی طبقے کے خصائص سے تعبیر کیا جاتا ہے ۔

یہاں یہ بات بھی قابل غور ہے کہ قرونِ وسطٰی میں مسلمانوں کی ادبی تخلیقات بطور مجموعی اگر ہندوؤں سے زیادہ نہیں تو ان کے مساوی ضرور تھیں، لیکن ہندوؤں کو مسلمانوں پر ایک اعتبار سے فوقیت رہی ۔ اگرچہ مسلمان فرمانرواؤں ہی نے پہلی بار بنگله ادب کی سرپرستی کی تھی، تاہم مسلمانوں کے حکمران طبقے اور تعلیم یافتہ افراد نے بنگله کو اپنی تہذیب کی اشاعت اور اپنے احساسات کے اظہار کا ذریعہ بنانے کے قابل کبھی نہ سمجھا ۔ ان کے برعکس ہندوؤں نے یہ بخوبی سمجھ لیا تھا کہ اپنے مذہبی اور معاشرتی تصورات کی اشاعت کے لیے اس زبان کو اختیار کر لینا ضروری ہے ۔ چونکہ مسلمان حکمران باہر سے آ کر بنگال میں آباد ہوئے تھے اور ساری مہذب دنیا پر عربی اور فارسی کا سکّہ رواں تھا، لہٰذا تعلیم یافتہ مسلمان بدستور عربی اور فارسی ہی کو اہمیت دیتے رہے ۔ بہر کیف مسلمانوں نے بنگله ادب کی سرپرستی کی اور کچھ زمانہ گزر جانے کے بعد انہوں نے بنگله کو اپنی مادری زبان کی حیثیت سے قبول کر لیا ۔ عربی اور فارسی کے حق میں ہندوؤں کے ذہن پر اول تو اس قسم کا کوئی خیال مسلط نہیں تھا، دوسرے وشنومت کے پھیلتے ہی بنگله زبان کو ایک نئی اہمیت حاصل ہو گئی، کیونکہ سنسکرت کو ''دیو بانی'' ماننے والے کٹر ہندوؤں کے مقابلے میں وشنومت کے پیرووں نے بنگله ہی کو اپنی مذہبی زبان کا درجہ دے دیا تھا ۔ عہد مغلیہ میں پٹھانوں نے بھی بنگله کو تسلیم کر لیا اور مصنفین نے اسے استعمال کرنے پر اظہار معذرت ترک کر دیا ۔

دور حاضر میں اس مسئلے نے کوئی سنگین صورت اختیار نہیں کی ۔ رفتہ رفتہ مسلمانوں میں یہ احساس پیدا ہو گیا کہ اپنی قوم کو غلط تصورات کا شکار ہونے سے بچانے اور اپنے جائز معاشرتی اور سیاسی حقوق حاصل کرنے کے لیے یہ ضروری ہے کہ بنگله کو ذریعۂ ابلاغ بنایا جائے ۔ انہیں افسوس تھا کہ ماضی میں وہ کئی موقعوں سے فائدہ نہ اٹھا سکے ۔ مذہبی خیالات رکھنے والے افراد نے بھی محسوس کیا کہ اگر بنگله کو موقع دیا جاتا تو وہ بھی مذہبی اقدار کی نشر و اشاعت میں فارسی اور اردو کا مقابلہ کر سکتی تھی ۔ بہر حال اب وہ کوئی موقع ہاتھ سے جانے نہیں دینا چاہتے تھے، چنانچہ انہوں نے بنگله میں بنیادی مذہبی کتابوں کا ترجمہ کیا اور اسلام اور تہذیب کے مختلف پہلوؤں پر کتابیں لکھیں ۔ آج بنگله بھی مذہبی افکار کی نشر و اشاعت میں ویسی ہی کامیاب ثابت ہو رہی ہے جیسی کہ اردو، البتہ ابھی اس میں اردو کے برابر سرمایہ پیدا نہیں ہو سکا ۔

جہاں تک جدید ادب کا تعلق ہے مسلمانوں کو ہندو مصنفین کی پیروی کرنا پڑی، کیونکہ وہ ان سے بہت پہلے اپنی مساعی کا آغاز کر چکے تھے ۔

marfat.com
Marfat.com

قرونِ وسطٰی میں تو مسلمانوں نے بیانیہ نظمیں لکھنے میں صحیح فنّی رہنمائی کے فرائض سر انجام دیے تھے، لیکن انیسویں صدی عیسوی میں یہ امتیاز مدھو سودن جیسے نامور مصنفین کے حصے میں آیا ۔ انیسویں صدی کے بیشتر ہندو اور مسلمان مصنفین کی نگارشات پر فرقہ دارانہ رنگ غالب رہا ۔ آگے چل کر ٹیگور اور نذرالاسلام نے اس بات پر زور دیا کہ ایک صحیح فن پارے کو تمام حدود سے ماورا ہو کر جماعتی تعصبات کے بجائے انسانی اقدار کی ترجمانی کرنا چاہیے ۔ نذرالاسلام اپنے زمانے کے سیاسی و معاشرتی حالات کے زیر اثر اکثر یہ بھول جاتا ہے کہ ایک سچے فن کار کے سامنے زندگی ہمیشہ اپنی مجموعی صورت میں آتی ہے ۔ چنانچہ وہ زندگی کے ایسے پہلوؤں اور ایسے انسانی تجربات و اقدار کو اپنا موضوع قرار دیتا ہے، جو عالمگیر اور کلّی نہیں، بلکہ ہنگامی اور جزئی ہیں اور اس طرح ہم‌عصر زندگی اور اس کے متعلقات کو عالمگیر احساسات و خیالات اور جذبات کا ذریعۂ اظہار بنا لیتا ہے ۔

مسلمانوں کے ادب کا ایک اَور پہلو بھی ہے، جسے اختلافی ادب کہنا چاہیے ۔ جدید تعلیم نے انھیں ایک نیا احساس دیا ۔ ماضی کی روایات کو اب ایک عقیدے کی حیثیت حاصل نہ رہی ۔ ہندوؤں کی طرح انھوں نے بھی بعض اصناف ترک کر کے ایسی نئی اصناف اختیار کر لیں جو یا تو مغرب سے آئی تھیں یا مغربی اور مشرقی روایات کے امتزاج سے پیدا ہوئی تھیں ۔ اپنے معاشرتی احساسات کو محفوظ رکھنے کے باوجود مسلمان مصنفین کے ادب میں موضوع اور ہیئت دونوں کے اعتبار سے اظہارِ اختلاف کا سراغ ملتا ہے ۔ اس سے مسلمان ادیبوں کی تخلیقی روایت میں ایک ثنویت در آئی ہے، لیکن یہ ثنویت فی الحقیقت اس ثنویت اور تصادم کا عکس ہے جو خود معاشرے میں موجود ہے ۔ یہی وجہ ہے کہ ایک طرف تو ہمیں اسلامی زندگی اور تہذیب کے بارے میں اسمٰعیل حسین شیرازی، نذرالاسلام اور فرخ احمد کی شاعری نظر آتی ہے اور دوسری طرف ابوالفضل اور شوکت حسین کے ناول اور احسن حبیب اور ابوالحسین کی منظومات ملتی ہیں ۔ ۱۹۴۷ء میں جب پاکستان کی مملکت وجود میں آئی تو یہی اظہارِ اسلامی بنگلہ ادب میں جاری و ساری تھا ۔ [بنگلہ ادب کے پاکستانی دور کے لیے رک بہ پاکستان؛ مآخذ کے لیے رک بہ بنگالی، در ؟؟، لائڈن، بار دوم].

(سید علی اشرف)

**بَنْگَنْ پَلّے** : ۱۹۴۸ء میں ریاستِ مدراس میں ضم ہو جانے سے پہلے جنوبی ہند میں ایک چھوٹی سی ریاست ۔ اس ریاست کا یہ خصوصی امتیاز تھا کہ تُنگابَھدْرا کے جنوب میں یہ اکیلی ایسی ریاست تھی جس کا فرمانروا مسلمان تھا اور شیعی عقائد رکھتا تھا ۔ ۱۹۴۸ء میں اس کا رقبہ ۲۷۵ مربع میل اور اس کی آبادی ۴۴۶۳۱ تھی ۔ ریاست مذکور ۱۵ درجے ۳ دقیۃ اور ۱۵ درجے ۲۹ دقیقے عرض بلد شمالی اور ۷۷ درجے ۵۹ دقیقے اور ۷۸ درجے ۲۲ دقیقے طول البلد مشرقی کے درمیان واقع تھی.

بنگن پلّے کی تاریخ بڑی بوقلموں رہی ہے ۔ اس کا فرمانروا خاندان اپنا سلسلۂ نسب باپ کی طرف سے شاہ ایران شاہ عباس ثانی کے ایک وزیر اور ماں کی طرف سے شہنشاہ عالمگیر سے ملاتا ہے ۔ خاندان کے جدّاعلٰی میر طاہر علی ترک وطن کر کے ایران سے بیجاپور آئے ۔ یہاں کچھ خاندانی جھگڑے پیدا ہوے اور وہ انھیں میں مارے گئے ۔ میر طاہر علی کی بیوہ اور چار لڑکوں نے ارکاٹ کے مغل فوجدار سے پناہ طلب کی ۔ اس کے بیٹوں میں سے ایک نے بنگن پلّے کے جاگیردار کی پوتی سے شادی کر لی اور یوں گویا اس کا تعلّق اس ماحول

Marfat.com

سے ہو گیا جو آئندہ اس خاندان کا مسکن و مستقر بننے والا تھا ۔

بنگن پلّے مختلف فرمانرواؤں کے زیر نگیں رہا ۔ ۱۶۴۳ء میں وجیانگر کی ریاست کے ایک بڑے حصّے کے ساتھ وہ بیجاپور کے زیرِ اقتدار آ گیا، لیکن جلد ہی بیجاپور پر مغلوں کا اقتدار قائم ہوگیا اور یہاں آصف جاہی حکومت قائم ہوگئی ۔ جاگیردار حسین علی نے میسور کے سلطان حیدر علی کی اطاعت قبول کر لی اور اس کے زیر سایہ کئی جنگیں لڑیں ۔ لیکن جب سلطان ٹیپو اپنے باپ کی جگہ تخت پر بیٹھا تو اس نے محض کسی بہانے سے جاگیر اس سے واپس لے لی ۔ حسین کی وفات پر اس کی بیوہ نے نظام حیدر آباد کے یہاں جا کر پناہ لی، اور کہا جاتا ہے کہ خاندان کے کسی ایک شخص نے ۱۷۹۰ء میں سلطان ٹیپو کے فوجدار کو شکست دے کر شہر پر قبضہ کر لیا ۔ سرنگاپٹم کے معاہدے کی رو سے جاگیر مذکور ۱۸۰۰ء میں برطانیہ کے زیرِ اقتدار آ گئی ۔ ۱۸۳۹ء تک یہ احاطۂ مدراس کے ماتحت رہی اور اس سال اسے حکومت ہند نے براہ راست اپنے ہاتھ میں لے لیا ۔

۱۸۶۲ء کی سند کی رو سے کسی فرمانروا کے بے اولاد مر جانے کی صورت میں برطانوی حکومت نے اسلامی قانون کے مطابق حق توریث تسلیم کر لیا ۔ ۱۸۶۷ء میں جاگیردار کو نواب کا خاندانی لقب دے دیا گیا ۔ ۱۸۹۷ء میں ملکہ وکٹوریہ کی حکومت کی نقرئی جوبلی کے موقع پر نواب مذکور کو ھزھائی نس کا خطاب دیا گیا ۔ آخری نواب میر فضل علی خان ریاست کے مدغم ہونے کے کچھ ہی عرصے بعد فوت ہوگیا ۔ اس کے بعد یہ خطاب اس کے بڑے بیٹے غلام علی خان کو مل گیا تھا ۔

مآخذ : A. Vadivelu : *The Aristocracy of Southern India*، مدراس ۱۹۰۳ء؛ (۲) *Imperial Gazetteer of India*؛ (۳) *The Indian Year Book and Who is Who*، ۱۹۳۸ء؛ (۴) *Banganapalle State, its Ruler and Method of Administration*.

(ہارون خان شروانی)

بِنْگُول : [= ہزار جھیل] قدیم ترکی ارمینیہ میں ایک شہر جسے پہلے چپاقچور کہتے تھے، ایک ولایت کا صدر مقام جس کا ایک حصّہ بنگول طاغ کے سلسلۂ کوہ سے گھرا ہوا ہے ۔ یہ گونک صو کے کنارے جو دریائے مراد صو (Araçani-Arsanas-Murad Su) کی معاون ندی ہے اس شاہراہ پر واقع ہے جو ایلازِگ کو مُوش سے ملاتی ہے اور پالو سے گزرتی ہے ۔

(M. Canard)

بِنْگُول طاغ: ایک سلسلۂ کوہ جو سطح مرتفع تو ہے مگر آتش‌فشان نہیں ہے، شہر ارز روم کے جنوب میں ہے اور ارز روم، مُوش اور بنگول (چپاقچور) کی ولایتوں کے آر پار پھیلا ہوا ہے ۔ مشرق میں اس کی بلندترین چوٹی دِمیر یا تِمر قلعہ (=آھنی قلعہ) ہے جس کی بلندی کے متعلق مختلف مصنّفوں میں قدرے اختلاف پایا جاتا ہے : ۳۶۹۰ میٹر بقول ایچ، آر کیپرٹ Kiepert : *Formae orbis antiqui*، لوح ۵، ۱۹۱۰ء، Abos Mons، قبّ محولۂ بالا، ص ۵۵۶؛ ۳۶۵۰ میٹر بمطابق ورق متعلقہ ارز روم بندرجۂ خریطۂ گنل ڈائر کتورلغو HartaGenel Direktörlügü، ۱۹۳۶ء؛ ۳۲۵۰ میٹر بمطابق نقشۂ شوارع، ۱۹۵۰ء از قرۂ یوللری گنل مدیر لغو Karayollari Genel Müdürlügü؛ ۳۷۰۰ میٹر بقول Banse؛ اور ۲۹۷۷ میٹر بقول Blanchard—یہ پہاڑ وارتو (سابق گم گم) کے بلند میدان پر چھایا ہوا ہے ۔ مغربی چوٹی بِنْگُول یا طوپراق قلعہ (''مٹی کا قلعہ'') بھی تقریباً اتنی ہی اونچی ہے ۔ اس پہاڑ کا شمالی حصّہ دو مستدیر نشیبوں نے کاٹ دیا ہے جن کو ایک، سلامی دار

Marfat.com

خرپشتۂ کوہ ایک دوسرے سے جدا کرتا ہے۔

بنگول طاغ ایک حقیقی فاصل آب (water-shed) ہے ۔ اس میں متعدد چھوٹی چھوٹی جھیلیں ہیں، جن کی وجہ سے اسے ''ایک ہزار (بن، بک) جھیلوں (گول) کا پہاڑ (طاغ) کا نام ملا ۔ آرس یا الرّس (Araxes) شمال میں، توزلہ صُو (دریاے فرات شمالی کی معاون) اور بنگول صُو مغرب میں، گونک صُو جنوب مغرب میں، چاربغار صُو جنوب میں اور خِنِس صُو (مراد صو کی آخری چار معاون ندیاں) مشرق اور شمال مشرق میں، یہ سب یہیں سے نکلتی ہیں ۔ ارمنی اساطیر میں اسے ''جنت ارضی'' قرار دیا گیا ہے ۔ قدیم جغرافیے میں اس کا نام ابوس مونس Abos Mons ہے ۔ ارمنی میں اس کا نام Srmanc (یونانی : Σερμάντου) ہے ۔ عرب جغرافیہ‌نگار اور مؤرخ اس کا حوالہ نہیں دیتے، گو چوتھی صدی ہجری / دسویں صدی عیسوی میں بنو حمدان اور بوزنطیوں کے درمیان جنگوں میں ہفجیج (ارمنی : Havčič) نام ایک جگہ کا ذکر آتا ہے جو قالیقلا ۔ ارز روم کے جنوب کی طرف اور بنگول طاغ میں رود ارس کے منبع پر واقع تھی ۔ مغربی سیاحوں میں ٹیورنیر Tavernier پہلا شخص ہے جس نے اسے بنگول طاغ کا نام دیا ہے ۔ قزلباش [رک بآں] اسی خطے میں رہتے تھے۔

**مآخذ :** (۱) K. Ritter : *Erdkunde*، ۱۰ : ۷۹، ۸۱، ۳۸۵ تا ۳۸۶؛ (۲) M. Wagner : *Reise nach dem Ararat*، شٹگارٹ ۱۸۵۸ء، ص ۲۴۲؛ (۳) Strecker : *Zur Geogr. von Hocharmenien*، در *Zeitschr. d. Ges. Für Erdkunde*، برلن ۱۸۶۹ء، جلد ۴؛ (۴) G. Radde، در *Petermann's Geogr. Mitteilungen*، ۱۸۷۷ء، ص ۱۱۴ تا ۱۲۳؛ (۵) E. Naumann : *Vom goldenen Horn zu den Quellen des Euphrat*، میونخ ۱۸۹۳ء، ص ۳۲۱ تا ۳۳۲؛ (۶) J. Oswald : *A Treatise on the Geology of Armenia* (تبصرہ از *Petermann's Mitteilungen*، ۱۹۰۷ء، ۵۴ ببعد)؛ (۷) H.F.B. Lynch : *Armenia, Travels and Studies*، لنڈن ۱۹۰۱ء، ۲ : ۳۶۳ تا ۳۷۷؛ (۸) Hubschmann : *Die altarmenischen Ortsnamen*، در *Indogerm. Forschungen*، ۱۶، ۱۹۰۴ء : ۳۲۰، ۳۲۷؛ (۹) Banse : *Die Türkei*، برلن - ہمبرگ ۱۹۱۹ء، ص ۲۰۷، ۲۱۲ تا ۲۱۵، ۲۱۹؛ (۱۰) Vidal de La Blache و Gallois : *Géographie Universelle*، جلد ۸ : *L'Asie Occidentale* از R. Blanchard، ص ۱۱۸؛ (۱۱) Markwart : *Südarmenien und die Tigrisquellen*، ص ۴۹۲ تا ۴۹۳؛ (۱۲) Honigmann : *Die Ostgrenze des Byz. Reiches*، ۱۹۳۵ء، ص ۷۹ تا ۸۰، ۱۹۴ تا ۱۹۵، ۱۹۷ و نقشہ ۴؛ (۱۳) M. Canard : *Hist. de la dynastie des H'amdânides*، ۱ : ۲۴۶، ۲۸۵؛ (۱۴) وآ، ترکی، کرّاسہ ۱۸، ص ۶۲۷ تا ۶۲۸؛ عہد قدیم کے لیے دیکھیے : (۱۵) Pauly-Wissowa : *Realenzyklopedie*، ۱ : ۱۰۸، ۶ : ۱۱۹۷ تا ۱۱۹۸۔

(M. CANARD)

بُنّ : رَکَ بہ قہوہ ۔

بَنّاء : رَکَ بہ بناء.

اَلْبَنّاء : احمد بن محمد رَکَ بہ الدّمیاطی.

اَلْبَنّاء، حَسن : اَلْاِخْوانُ الْمُسْلِمُوْن (مصر) کے بانی اور ناظم اعلی، ۱۹۰۶ء میں پیدا ہوے ۔ ان کے والد کا نام احمد بن عبدالرحمٰن بن محمد البنّاء الساعاتی ہے ۔ والد کا پیشہ تو گھڑی سازی تھا لیکن اس کے ساتھ ھی وہ مروجہ علوم اسلامیہ بالخصوص علوم حدیث کے عالم کی حیثیت سے سرگرم عمل رہے اور امام احمد ابن حنبلؒ کی مُسْنَد [نیز ابو داؤد الطیالسیؒ کی مسند کی تبویب کی ۔ اول الذکر مسند کی بہ تبویب جدید کئی جلدیں شائع ہو چکی ہیں اور مؤخرالذکر مکمل چھپ گئی ہے]۔

Marfat.com

حسن البنّاء کی ذهنی تعمیر و تشکیل میں ان کے والد هی کا اثر سب سے زیادہ اور اهم ہے - ان کی ابتدائی تعلیم اسی نہج پر هوئی جس پر علماے دین کے بچوں کی هوتی تھی - یعنی پہلے قرآن مجید کا حفظ کرنا اور پھر حدیث، فقه اور لغت کا مطالعه - اس سے قطع نظر که ان کی پرورش اور تعلیم قدیم مذهبی طریقے کے مطابق هوئی، ان کا فطری رجحان بھی روحانیت کی جانب تھا - وہ بچپن هی سے تصوف کی طرف مائل تھے اور ابھی صرف چودہ سال کے تھے که سلسلۂ حَصافیّه میں باقاعدہ طور پر شامل کر لیے گئے.

دمنهور کے ایک ابتدائی مدرسة المعلمین میں کچھ وقت گزارنے کے بعد وہ قاهرہ کے دارالعلوم میں داخل هو گئے، جو اس زمانے میں مُعلّموں کے لیے ایک آزاد تربیتی ادارہ تھا - دمنهور هی میں ان کی قابل قدر تنظیمی قابلیت اور لوگوں کو دین کی طرف مائل کرنے کا شوق اس وقت نمایاں هوا جب انهوں نے اَلجمعیةُ الحَصافیّة الخَیریّة یعنی رفاهی انجمنِ حصافیه قائم کی - دارالعلوم کے قیام کے زمانے هی میں انهوں نے اپنے اس نظریّے کو زیادہ واضح اور ترقی یافته شکل میں پیش کیا که اسلامی معاشرے کے امراض کا واحد علاج یه ہے که ملّتِ اسلامیه قرآن مجید، حدیث اور سیرة النبیؐ کے زندگی بخش چشموں کی طرف دوبارہ رجوع کرے - اپنے چند ساتھیوں کے ساتھ مل کر انهوں نے اپنا اسلامی پیغام قاهرہ کی مسجدوں اور وعظ و تلقین کے ذریعے پہنچانا شروع کر دیا.

۱۹۲۷ء میں دارالعلوم کا تربیتی نصاب ختم کرنے کے بعد انهیں اسماعیلیه کے سرکاری سکول میں استاد مقرر کر دیا گیا - اگلے سال انهوں نے الاخوان المسلمون کی بنیاد رکھی - ۱۹۳۳ء تک اسماعیلیه هی میں رہے اور وعظ و تبلیغ اور رسالوں کے ذریعے اپنی قائم کردہ انجمن کی تنظیم اور ترقی کے کام میں منهمک رہے، اس مدت میں وہ نهر سویز کے ارد گرد کے علاقوں میں برابر سفر کرتے رہے - اور اسماعیلیه کے مرکز کی شاخیں پورٹ سعید اور سویز کے درمیانی علاقے میں سرعت کے ساتھ قائم هو گئیں.

جب استاد کی حیثیت سے ان کا تبادله قاهرہ هوا تو انهوں نے اپنی تحریک کو بڑی تندہی کے ساتھ پھیلانا شروع کیا اور بهت جلد اس تحریک نے سارے مصر میں جڑ پکڑ لی - ۱۹۳۶ء کے بعد جب انهوں نے فلسطین کے عربوں کے مفاد کی حمایت شروع کی تو وہ روز بروز سیاسی مسائل سے دو چار هوتے گئے اور یکے بعد دیگرے مختلف وزراے اعظم کو عمل اور اصلاح کی طرف مائل کرتے رہے - دوسری عالمی جنگ کے زمانے میں حسن البناء کے ساتھ حکومت کا رویّه سخت هو گیا - سرّی پاشا اور پھر نُقراشی پاشا کی وزارت کے زمانوں میں وہ تھوڑی مدّت قید میں بھی رہے، اس زمانے میں الاخوان المسلمون کی سرگرمیوں کو سختی کے ساتھ دبایا گیا - لڑائی کے فوراً بعد کے زمانے میں الاخوان اور حکومت کی باهمی کشمکش بڑھ گئی - جب دسمبر ۱۹۴۸ء میں نقراشی قتل هوا تو اس تحریک کو خلاف قانون قرار دے دیا گیا اور اس کے چند ماہ بعد فروری ۱۹۴۹ء میں خود حسن البنا بھی شهید کر دیے گئے.

**مآخذ**: (۱) اسحاق موسیٰ حسینی: الاخوان المسلمون، بیروت ۱۹۵۲ء (انگریزی ترجمه کچھ اضافے کے ساتھ، بیروت ۱۹۵۶ء)؛ (۲) J. Heyworth-Dunne: *Religious and Political trends in modern Egypt*، واشنگٹن ۱۹۵۰ء؛ (۳) Jean اور Simonne Lacoutur: *Egypt in Transition*، لندن ۱۹۵۸ء؛ مزید حوالوں کے لیے دیکھیے [اُوؔ، لائڈن] مقاله الاخوان المسلمون نیز رک به قطب شهید.

(J. M. B. JONES)

Marfat.com

**بنّائی** : کمال الدین شیر علی بنّائی ہروی، فارسی شاعر ، ہرات کے ایک معمار کا بیٹا تھا اور اسی بنا پر اس نے بنّائی تخلص اختیار کیا - اس کا بچپن علی شیر نوائی [رك باں] کی صحبت میں گزرا، جو مشہور شاعر اور اپنے وقت کا Maecenas [مشہور رومی مربّی علم و حکمت جو شہنشاہ آغستوس کے عہد میں تھا اور Vitgil اور Horace کا سر پرست تھا، م ۸ ق م] تھا، لیکن اپنی تلخ ظرافت گوئی کی وجہ سے وہ معتوب ہوا اور اسے تبریز جا کر آق قویونلو [رك باں] شہزادۂ سلطان یعقوب (۸۸۴ھ/ ۱۴۷۹ء تا ۸۹۶ھ / ۱۴۹۰ - ۱۴۹۱ء) کے دربار میں پناہ لینا پڑی - علی شیر سے مصالحت ہو جانے کے بعد وہ ہرات واپس آ گیا، لیکن دوبارہ اسے چھوڑ کر تیموری شہزادۂ سلطان علی (۹۰۲ / ۱۴۹۷ء تا ۹۰۳ھ / ۱۵۴۶ء) بن سلطان احمد (۸۷۳ھ / ۱۴۶۸ء / ۸۹۹ھ تا ۱۴۹۴ء) بن سلطان ابو سعید (۸۵۵ھ / ۱۴۵۱ء تا ۸۷۳ھ / ۱۴۶۸ء) کے پاس سمرقند چلا گیا، جو ماوراء النّہر پر حکمران تھا - اس نے مرو کی مقامی بولی میں اس کی شان میں ایک مدحیہ قصیدہ لکھا اور اس کا نام مجمع الغرائب رکھا - وہ سلطان محمود کا درباری شاعر بھی رہا، جس نے ۸۹۹ھ/ ۱۴۹۴ء — ۹۰۰ھ / ۱۴۸۵ء کے درمیان اس خطے پر حکومت کی - ۹۰۶ھ/ ۱۵۰۰ - ۱۵۰۱ء میں جب ابوالفتح محمد شیبانی خان [رك باں] (شیبک خان : شاھی بیگ از بگ) نے سمرقند پر قبضہ کیا تو وہ کچھ زمانے تک قید خانے میں رہا، لیکن بعد ازاں اسی کے دربار میں سرکاری شاعر اور قاضی عسکر ہو گیا اور ساتھ ھی اس کے بیٹے محمد تیمور کے مقربین میں شامل ہو گیا - ۳۰ شعبان ۹۱۶ھ/ ۲ دسمبر ۱۵۱۰ء کو شیبانی خان کی وفات پر وہ اپنے وطن ہرات واپس چلا آیا لیکن قزلباش کے قتل عام کے ہنگامے میں قتل ہو گیا جو ۹۱۸ھ / ۱۵۱۳ء میں نجم الدین یار احمد اصفہانی المعروف بہ نجم ثانی نے شاہ اسمٰعیل صفوی کے حکم سے برپا کیا تھا - بنّائی نے ہر صنف شعر میں طبع آزمائی کی - پہلے وہ حالی تخلص کرتا تھا - علاوہ ایک دیوان کے، جو اب تک طبع نہیں ہوا (جس میں اس نے برابر حافظ کے تتبع کی کوشش کی ھے)، اس نے دو رزمیہ نظمیں بھی لکھی ھیں : (۱) شیبانی نامہ اپنے سرپرست کی جنگی مہمّوں سے متعلق؛ (۲) باغ اِرم یا بَہرام و بِہروز جسے غلطی سے کئی بار عظیم صوفی شاعر سنائی کی طرف منسوب کیا گیا ھے (بنائی کے لفظ کو مسخ کر کے سنائی پڑھے جانے کے سبب) اور جو ایک مجموعے میں جس میں افضل التذکار ذکر الشّعراء والاشعار اور تذکرۂ نوائی شامل ھیں ۱۳۳۶ھ/ ۱۹۱۸ء میں تاشکنت میں طبع ہوئی - وہ ماہر موسیقی بھی تھا - اس نے موسیقی پر دو چھوٹے چھوٹے رسالے لکھے ھیں - اس کے علاوہ وہ بہت اچھا خوش نویس بھی تھا.

**مآخذ** : (۱) میر علی شیرنوائی : مجالس النّفائس، سولھویں صدی کے دو فارسی ترجمے، طبع علی‌اصغر حکمت، جن کے ساتھ ایک مقدّمہ اور حواشی وغیرہ بھی شامل ھیں، تہران ۱۹۴۵ء، ص ۶۰، ۲۳۲ تا ۲۳۳؛ (۲) سام میرزا صفوی : تحفۂ سامی (فصل ۵)، طبع اصل فارسی مع اشاریہ، فارسی اورانگریزی مقدّمے، اختلاف نسخ اور حواشی از مولوی اقبال حسین، پٹنہ ۱۹۳۴ء، ص ۲۷ تا ۳۰؛ (۳) وھی کتاب : طبع مکمل، تہران ۱۳۱۴ھش/۱۹۳۶ء، ص ۹۸ تا ۱۰۰؛ (۴) سعید نفیسی : تاریخچۂ مختصر ادبیات ایران، در سالنامۂ پارس، ۱۳۲۶ھ، ص ۱۲ تا ۱۳.

(سعید نفیسی)

**بنّاک** : جسے نویں صدی ھجری/پندرھویں صدی عیسوی میں بنلاک بھی کہتے تھے، سلطنت عثمانیہ کا ایک عرفی محصول تھا، جو ایسے شادی شدہ کاشتکاروں

Marfat.com

(مزّوج رعایا) پر عائد ہوتا تھا جن کے پاس نصف چِفت [رَكَ بآں] سے کم اراضی ہوتی تھی یا قطعاً کوئی زمین نہیں ہوتی تھی - اول الذکر کو اِکنلّو بِنّاک یا محض بِنّاک اور مؤخرالذکر کو جبا بِنّاک یا جبا کہا جاتا تھا - لفظ بِنّاک ممکن ہے کہ عربی فعل ''بَنَک'' سے مشتق ہو۔

در حقیقت بِنّاک رسمی، چِفت رسمی [رَكَ بآں] نظام کا حصّہ تھا اور اصلاً اسے چِفت رسمی کی مشمولہ سات ملازمتوں (قوللق خدمت) میں سے دو یا تین پر مشتمل سمجھا جا سکتا ہے - محمد ثانی کے قانون نامہ میں بِنّاک کی شرح چھے یا نو آقچہ [رَكَ بآں] تھی لیکن بعض علاقوں (تکہ، ۸۰۹ھ/۱۴۰۴-۱۴۰۵ء) میں یہ صرف پانچ آقچہ تھی - آگے چل کر یہ عام طور پر جبا بِنّاک کے لیے نو اور اِکنلّو بِنّاک کے لیے بارہ آقچہ ہو گئی اور جب ۱۵۰۰ء میں چِفت رسمی نظام کی توسیع مشرقی آناطولی تک کی گئی تو وہاں اس کی شرح اِکنلّو کے لیے اٹھارہ اور جبا بِنّاک کے لیے بارہ یا تیرہ آقچہ رکھی گئی۔

مسلمان کاشتکار اصولاً بِنّاک رسمی ان تیمارداروں کو براہِ راست ادا کرتے تھے جنھیں دفتر [رَكَ بآں] میں ان کی رعیّت درج کیا جاتا تھا۔

دفتروں میں اصطلاح بِنّاک سے مراد خود وہ کاشتکار ہوتے تھے جو بِنّاک رسمی ادا کرتے تھے - اگر کسی کنوارے کی شادی ہو جاتی تو فوراً یہ محصول اس پر عائد ہو جاتا تھا - اگر وہ طلاق دے دیتا تھا تو وہ صرف مجرّدوں کا محصول (مُجرّد رسمی) ادا کرتا تھا - شادی شدہ ہونے کی صورت میں ایسی خانہ بدوش رعایا بھی جس کے پاس مویشی نہیں ہوتے تھے بِنّاک ادا کرتی تھی - اسی طرح یہ محصول در اصل سر محصول (poll tax) تھا اور اسی لیے رعیّت رسمی بھی کہلاتا تھا۔

**مآخذ**: (۱) Ö.L. Barkan : ۱۵ و ۱۶ عصرلرنده عثمانلی امپرا طورلغنده زراعی ایکونومی نک حقوقی و مالی اساسلری، استانبول ۱۹۴۳ء۔

(HALIL INALCIK)

**بِنّانی**: (نیز البنّانی) فاس کے ایک خاندان کا نام، جس نے اسلام قبول کر لیا تھا اور جس میں بارھویں صدی ہجری/اٹھارویں صدی عیسوی کے بعد سے کئی نامور علمائے دین پیدا ہوئے اور اس خاندان کو آج تک دوسرے ایسے ہی چند خاندانوں کی طرح، جو یہودیوں سے مسلمان ہوئے، فاس میں علوم اسلامیہ کے علم برداروں میں شمار کیا جاتا ہے - اس خاندان کے زیادہ مشہور و نامور افراد یہ ہیں:-

(۱) ابو عبداللہ محمد بن عبدالسلام بن حمدون (م ۱۱۶۳ھ/۱۷۵۰ء) - یہ فاس کے قدیم‌تر مسلک کا سب سے بڑا اور آخری نمائندہ مانا جاتا ہے اور اس سلسلے میں اس کی حیثیت بنیادی سمجھی جاتی ہے - اس کی ذات ایک طرف تو مغرب میں مذہب مالکی کے علوم و معارف کی خاص روایات کا مرکز سمجھی جاتی تھی (قبّ J. Berque، در *Revue Historique de droit français et étranger*، ۱۹۴۹ء، ۸۸) اور دوسری طرف مشرق میں مروّجہ مالکی روایت کا عالم بھی تھا جہاں اس نے تعلیم پائی تھی - اس کے شاگردوں کی تعداد بہت زیادہ ہے - اس کی تصنیف اَلفِہرِسہ [رَكَ بآں] اس کے زمانے کے فاس کے فقہی اور قانونی مطالعے کا ایک اہم مأخذ ہے - اَلشّاذلی [رَكَ بآں] کی کتاب اَلحِزبُ الکَبیر کی اس نے جو شرح لکھی ہے اس سے شاذلی طریقے سے اس کے خاندان کے مستقل تعلّق کا ثبوت ملتا ہے - اس کی خاص تصنیف الکَلاعی کی کتاب الاِکتِفاء کی شرح ہے، جس کا موضوع رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم اور پہلے تین خلفا کے غزوات ہیں - اس کے فرزند عبدالکریم نے اس کی سیرت لکھی۔

**مآخذ**: (۱) محمد بن الطیّب القادری: نشر المثانی،

Marfat.com

۲ : ۲۰۷؛ (۲) محمد بن جعفر الکتّانی : سلوۃ الانفاس، ۱ : ۱۳۶ تا ۱۳۸؛ (۳) محمد عبدالحیّ الکتّانی : فہرس الفہارس، ۱ : ۱۶۰ تا ۱۶۲؛ (۴) محمد بن محمد مخلوف : شجرۃ النور الزکیّۃ، ۱ : ۳۰۳؛ (۵) Lévi-Provençal : *Hist. Chorfa*، ص ۳۱۲ بعد؛ (۶) براکلمان : تکملہ، ۲ : ۶۸۶؛ [(۷) الزرکلی : الاعلام، ۷ : ۷۷].

(۲) ابو عبداللہ محمد بن حسن بن مسعود (م ۱۱۹۴ھ/۱۷۸۰ء)، [فاس میں مزارِ ادریسی کا مالکی فقیہ، خطیب اور امام] - اس کی تصنیفات یہ ہیں: الفتح الربانی، یعنی] الزُّرقانی (رک بآں) کی مختصر خلیل بن اسحٰق پر تعلیقات (جو ۱۱۷۳ھ/۱۷۵۹ تا ۱۷۶۰ء میں مکمل ہوئی)؛ السَّنوسی (رک بآں) کی شرح مختصر المنطق پر حاشیہ؛ الاَخضری (رک بآں) کی سلّم کی شرح جو کئی بار چھپی؛ نیز اس کی مشہور کتاب الفہرسۃ.

**مآخذ**: (۱) القادری : نشر المثانی، ۲ : ۲۰۷؛ (۲) محمد بن جعفر الکتانی : سلوۃ الانفاس، ۱ : ۱۶۱ تا ۱۶۳؛ (۳) محمد عبدالحی الکتّانی : فہرس الفہارس، ۱ : ۱۶۲ بعد؛ (۴) النّاصری السّلاوی : الاستقصاء، ۴ : ۱۲۹؛ (۵) محمد بن محمد مخلوف : شجرۃ النور، ۱ : ۳۵۷؛ (۶) سرکیس، ۱ : [۵۸۹] ۵۹۰؛ (۷) Lévi-Provençal : *Historiens*، ص ۳۰۱، حاشیہ ۷؛ (۸) براکلمان، ۲ : ۳۲۵، ۶۱۵ و تکملہ، ۲ : ۹۸، ۳۵۵، ۷۰۶؛ [(۹) الاعلام، ۶ : ۳۲۳].

(۳) مصطفٰی بن محمد بن عبدالخالق : اس نے ۱۳۱۱ھ/۱۸۹۳ء میں [التجرید علی مختصر السعد علی التلخیص کے نام سے] التفتازانی (رک بآں) کی مختصر المعانی پر تعلیقات لکھیں - یہ کتاب کئی بار چھپ چکی ہے اور محمد بن محمد الانبابی (م ۱۳۱۳ھ/۱۸۹۵ء) کے حواشی کے ساتھ بھی چھپی ہے.

**مآخذ**: (۱) سرکیس، ۱ : ۵۹۰؛ (۲) فہرسۃ الکتب العربیۃ بالقاہرۃ، بار دوم، ۲ : ۱۸۱؛ (۳) براکلمان، ۱ : ۳۵۵ و تکملہ، ۱ : ۵۱۸؛ [(۴) الاعلام، ۸ : ۱۳۱].

(۴) محمد بن محمد بن محمد العربی بن عبدالسلام بن حمدون (م ۱۲۴۵ھ/۱۸۲۹-۱۸۳۰ء): یہ نمبر (۱) کا پرپوتا ہے اور مکّے میں مالکی مفتی بھی رہا - [اس کی تصانیف میں شرح صحیح البخاری بھی ہے].

**مآخذ**: (۱) محمد عبدالحی الکتّانی: فہرس الفہارس، ۱ : ۱۶۳ بعد؛ [(۲) الاعلام، ۷ : ۲۹۹].

(۵) محمد (م ۱۲۸۱-۱۲۸۲ھ/۱۸۶۵ء) المعروف بہ فرعون: کتاب الوثائق کا مصنّف ہے، جو کئی بار چھپ چکی ہے؛ نیز عبدالسلام بن محمد الہواری (م ۱۳۲۸ھ/۱۹۱۰ء) کی شرح کے ساتھ بھی چھپی ہے.

**مآخذ**: (۱) Berque، در *Revue historique de droit français et étranger*، ۱۹۴۹ء، ص ۱۰۲؛ (۲) سرکیس، ۱ : ۵۹۰.

(۶) بنّانی خاندان کے دوسرے افراد کے لیے دیکھیے (۱) محمد بن شنب و Lévi-Provençal : *Essai de répertoire chronologique des éditions de Fés*، در *R.Afr.*، ۱۹۲۱ و ۱۹۲۲ء (اشاریہ از H. Pérès و A. Sempéré، در *Bull. Études Arabes*، عدد ۳۲، ۱۹۴۷ء، بذیل مادۂ بنّانی)؛ (۲) سرکیس : معجم المطبوعات، ۱ : ۵۸۹ تا ۵۹۱؛ (۳) محمد بن مخلوف : شجرۃ النور، ۱ : ۳۳۱؛ (۴) عبدالحفیظ الفاسی : ریاض الجنّۃ، ۲ : ۲۰ بعد، ۱۰۰ بعد؛ [(۵) الزرکلی : الاعلام، بذیل مادہ].

(۷) عبدالرحمٰن جاد اللہ البنّانی [المغربی] (م ۱۱۹۸ھ/۱۷۸۴ء) کا بنّانی خاندان سے تعلق نہیں۔ ان کی نسبت ایک گاؤں کی طرف ہے جو منستر کے قریب ہے [تصانیف میں جلال الدین المحلی: شرح جمع الجوامع پر حاشیہ قابل ذکر ہے]- (محمد بن محمد مخلوف: شجرۃ النور، ۱ : ۳۴۲؛ سرکیس، ۱ : ۵۹۱؛ براکلمان، ۲ : ۱۰۹ و تکملہ، ۲ : ۱۰۵) - ابوالقاسم ابراہیم الوراق (قبل از ۹۰۰ھ/

Marfat.com

۱۳۹۵ء) بھی خاندان بنّانی سے تعلق نہیں رکھتا۔ اس کی نسبت کے بارے میں یقین سے کچھ نہیں کہا جا سکتا (براکلمان: تکملہ، ۱: ۵۸۰)۔

(J. SCHACHT [و ادارہ])

* بنّوں: (Bannu) ایک شہر، جو مغربی پاکستان کے ضلع بنّوں کا صدر مقام ہے اور ۳۳ درجے شمال اور ۷۰ درجے ۳۶ دقیقے مشرق میں واقع ہے۔ ۱۹۰۱ء میں شہر کی آبادی ۵۱۶ ۲۷ ۲ اور ضلع کی ۳۹۳ ۳۰۷ تھی۔ [ضلع کی آبادی ۱۹۶۱ء میں ۲۸۰۶۱م ہوچکی تھی]۔

موجودہ شہر کی بنیاد ۱۸۴۸ء میں لفٹیننٹ ایڈورڈز ہربرٹ نے ایک ایسے مقام پر رکھی تھی جو جنگی نقطۂ نظر سے اہمیت رکھتا تھا اور شہر کا نام ایڈورڈز آباد رکھا؛ لیکن اس نام کو مقبولیت حاصل نہ ہوئی اور اس کا نام بنّوں پڑ گیا جو اس وادی کا قدیم نام تھا اور بنّوچیوں، یعنی ایک مخلوط النسل افغانی قبیلے کے نام سے بنا ہے۔ اس وادی کو، جس میں بڑے پرانے زمانے کے بےشمار کھنڈر جا بجا موجود ہیں، مقامی روایت کے مطابق محمود غزنوی کی فوجوں نے پامال کیا اور تمام ہندو استحکامات مسمار کر دیے۔ ایک صدی بعد اس وادی میں آس پاس کی پہاڑی قومیں بنّوچی، مروّت اور نیازائی آباد ہو گئیں۔ اس کے بعد دو صدی تک اس پر مغلوں کا برائے نام سا تسلط رہا۔ ۱۷۳۸ء میں اسے نادر شاہ افشار نے فتح کر لیا اور آگے چل کر احمد شاہ دُرّانی نے اسے پامال کیا۔ ۱۸۲۳ء میں لاہور کے سکھ راجا رنجیت سنگھ نے اس وادی پر قبضہ کر لیا، لیکن افغان اس پر برابر یورشیں کرتے رہے۔ بہرحال ۱۸۳۸ء میں اسے باضابطہ طور پر سکھوں کے حوالے کر دیا گیا۔ پہلی سکھ جنگ (۱۸۴۵ - ۱۸۴۶ء) کے بعد یہ علاقہ برطانیہ کے زیرِ اثر آ گیا۔ ۱۸۴۷ - ۱۸۴۸ء میں لفٹیننٹ ایڈورڈز نے لاہور کے سکھ دربار کے نمائندے کی حیثیت سے جنرل وان کارٹ لینڈ (Gen. van Cortland) کے زیر کمان ایک بہت بڑی فوج کی معیّت میں اس وادی پر حملہ کیا۔ ۱۸۴۹ء میں پنجاب کے الحاق کے وقت بنّوں بھی انگریزوں کے قبضے میں چلا گیا۔ توقعات کے بالکل برخلاف ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی میں اس مقام پر مکمل امن وامان رہا۔

اس وادی سے بعض ایسی چیزیں برآمد ہوئی ہیں جو آثار قدیمہ کے نقطۂ نظر سے بڑی اہمیت رکھتی ہیں۔ ان میں ایسے سکّے شامل ہیں جن پر تحریریں یونانی ہیں یا یونانی سمجھی جاتی ہیں۔ شہر کے قریب اکرہ نام کا ایک ٹیلہ ہے جس کے متعلق مشہور ہے کہ وہ بہت قدیم ہے۔

۱۸۴۸ء میں جب بنّوں کا قلعہ بنا تو مہاراجا رنجیت سنگھ کے پوتے دلیپ سنگھ کے نام پر اس کا نام دلیپ گڈھ رکھا گیا اور جیسا کہ اکثر ہوتا ہے اس قلعے کے ارد گرد ایک شہر آباد ہوگیا۔ آج کل یہ خاصا بڑا تجارتی مرکز ہے۔ شہر بڑی تیزی سے بڑھ رہا ہے اور حکومت نے حال ہی میں اس رقبے کی اقتصادی ترقی کے لیے بڑی بڑی رقمیں منظور کی ہیں۔

مآخذ: (۱) S. S. Thorburn: *Bannu or Our Afghan Frontier*، لنڈن ۱۸۷۶ء؛ (۲) *Imperial Gazetteer of India*، آوکسفرڈ ۱۹۰۸ء، ص ۲۹۲ تا ۳۰۲؛ (۳) *Bannu Gazetteer*، پشاور ۱۹۰۷ء؛ (۴) T.L. Pennell: *Among the Wild Tribes of the Afghan Frontier*؛ (۵) E. Herberts: *Punjab and the Frontier*، ۲ جلد، لنڈن ۱۸۵۱ء؛ (۶) H. L. Nevill: *Campaigns on the North-West Frontier*، لنڈن ۱۹۱۲ء، بمدد اشاریہ؛ (۷) George Dunbar: *Frontier*، لنڈن ۱۹۱۲ء، ص ۴۹ تا ۶۹؛ (۸) بابرنامہ (مترجمۂ A. S. Beveridge)، بمدد اشاریہ؛ [(۹) یٰسین خان نیازی: بنّوں کی تاریخی

Marfat.com

اهمیت، در اورینٹل کالج میگزین، اگست ۱۹۳۳ء].

(بزمی انصاری)

* **بَنُو** : [= بیٹے؛ اصل میں بنون (مفرد ابن) ہے، مضاف ہونے کی صورت میں ن حذف ہوکر بنو رہ جاتا ہے]، جس کے بعد کسی قبیلے کے جدّ امجد کا نام [بطور مضاف الیه] آتا ہے، دیکھیے اسی جدّ کے نام کے تحت.

⊗ **بنو اسرائیل** : (=اسرائیل کی اولاد)، اسرائیل حضرت یعقوب بن اسحق بن ابراهیم علیهم السلام کا لقب ہے، جس کے معنی ہیں اللہ کا برگزیدہ بندہ (اِلّ یا اِیلّ عبرانی میں اسماے باری تعالٰی میں سے ہے اور اِسرٌ کے معنی عبد یا برگزیدہ کے ہیں؛ قب لسان العرب و تاج العروس بذیل مادّہ؛ سیوهاروی ۱ : ۲۰۷؛ الکشاف، ۱ : ۱۳۰؛ البیضاوی، ۱ : ۵۵) - حضرت ابراهیمؑ کا وہ خاندان جو ان کے پوتے یعقوب بن اسحٰق سے تھا، بنو اسرائیل کہلاتا ہے؛ اسی لیے نسلی یہودی اور نصارٰی کے قدیم ترین خاندان اسرائیلی کہلاتے ہیں، کیونکہ حضرت عیسٰی علیه السلام بنو اسرائیل ہی کی طرف رسول بنا کر بھیجے گئے تھے؛ ان میں سے ایک گروہ ایمان لایا (اور یہ لوگ نصارٰی یا حواری کہلائے) اور ایک گروہ نے انھیں رسول ماننے سے انکار کیا اور یہودیت پر قائم رہا (۶۱ [الصف] : ۶ و ۱۴؛ الکشاف، ۴ : ۵۲۴؛ سیوهاروی، ۱ : ۲۰۷) - قرآن مجید میں ہر جگہ حضرت عیسٰی علیه السلام کے اولین مخاطَب بنو اسرائیل ہی ہیں(۳ [آل عمران] : ۴۹؛ ۵ [المائدة] : ۷۲) اور جس طرح حضرت داؤد علیه السلام کی زبان پر یہود میں سے اَصحابُ السَّبت (= ہفتے والوں) کو لعنت کی گئی ہے اسی طرح خوان نعمت (مائدہ) کھا کر پھر کفر کرنے والے پیروکاران عیسٰیؑ بھی ان کی زبان پر ملعون ٹھیرائے گئے ہیں (۵ [المائدة] : ۷۸؛ نیز دیکھیے الکشاف، ۱ : ۶۶۶).

اس میں شک نہیں کہ حضرت عیسٰی علیه السلام بنو اسرائیل کی طرف ہی مبعوث ہوے تھے اور ان کے اوّلین مخاطَب اور ان پر سب سے پہلے ایمان لانے والے (حواری = نصارٰی) بھی انھیں میں سے تھے، مگر جس طرح آج اسرائیلی سے بالعموم یہود مراد ہوتے ہیں اسی طرح قرآن مجید میں جن بنو اسرائیل کا ذکر ہے اور جن سے بار بار قرآن نے خطاب کیا ہے وہ یہود یا اولادِ یعقوبؑ ہی ہیں جو اولاد انبیاؑ اور حضرت ابراهیمؑ اور حضرت موسٰیؑ کے اتباع کے دعویدار تھے اور جنھیں قرآن کریم نے بارہا اولادِ اسرائیل کہہ کر پکارا اور خدا کے انعامات انھیں یاد دلا کر حق کی طرف دعوت دی ہے (تفهیم القرآن، ۱ : ۷۰ ببعد؛ قصص الانبیاء، ص ۱۹۰ ببعد؛ قصص القرآن، ۱ : ۳۴۰ ببعد).

قرآن کریم میں بارہا اس کا اعادہ کیا گیا ہے کہ بنو اسرائیل پر اللہ تعالٰی نے اپنا خاص انعام فرمایا تھا اور انھیں دنیا کی ساری قوموں پر فضیلت عطا کی تھی : ''اے بنو اسرائیل! یاد کرو میری اس نعمت کو جس سے میں نے تمھیں نوازا تھا اور اس بات کو کہ میں نے تمھیں دنیا کی ساری قوموں پر فضیلت دی تھی'' (۲ [البقرہ] : ۴۷، ۱۲۲)؛ لیکن یہ فضیلت ایک خاص زمانے تک محدود تھی اور یہ اس وقت کی طرف اشارہ ہے جب تمام دنیا کی قوموں میں بنو اسرائیل ہی ایک ایسی قوم تھی جس کے پاس اللہ کا دیا ہوا علم حق موجود تھا اور اسے اقوام عالم کا رهنما بنا کر سب پر فضیلت عطا کر دی گئی تھی (تفهیم القرآن، ۱ : ۴۷؛ بیان القرآن، ۱ : ۵۹؛ الکشاف، ۱ : ۱۳۵) - اس فضیلت کے علاوہ قرآن کریم نے بنو اسرائیل پر مندرجهٔ ذیل انعامات کا خصوصیت کے ساتھ تذکرہ کیا ہے :

(۱) بنو اسرائیل مصر میں فرعونیوں (آل فرعون) کی غلامی میں مبتلا تھے اور بڑی ذلت و اذیت کی

Marfat.com

زندگی گزار رہے تھے۔ وہ ان کے لڑکوں کو ذبح کر ڈالتے تھے اور ان کی لڑکیوں کو زندہ رہنے دیتے تھے۔ اللہ تعالٰی نے حضرت موسٰی علیہ السلام کی قیادت میں انھیں اس سے نجات دلائی (۲ [البقرہ]: ۴۹)؛ (۲) بنو اسرائیل جب فرعون کی غلامی سے نجات پانے کے لیے بھاگ نکلے تو وہ بھی اپنا لاؤ لشکر لے کر ان کے تعاقب میں نکل پڑا۔ بحیرۂ قلزم کے کنارے بنو اسرائیل گھبراہٹ کے عالم میں فرعون کی فوج اور سمندر کی موجوں کے درمیان گھرے ہوئے تھے۔ اللہ تعالٰی کے حکم سے عصاے موسوی کے ذریعے سمندر نے راستہ دے دیا۔ بنو اسرائیل صحیح و سلامت پار ہو گئے، مگر ان کا دشمن فرعون ان کی نظروں کے سامنے اپنے لشکر سمیت غرق ہو گیا (۲ [البقرۃ]: ۵۰؛ نیز قبّ بیان القرآن، ۱: ۶۱؛ الکشاف، ۱: ۱۳۸)؛ (۳) حضرت موسٰی علیہ السلام اعتکاف کے لیے چالیس راتوں کے لیے کوہ طور پر گئے تو بنو اسرائیل نے ان کی غیر حاضری میں گوسالہ پرستی شروع کر دی، مگر جب وہ اس صریح شرک پر پشیمان ہو کر تائب ہوئے تو اللہ تعالٰی نے اپنے خاص کرم سے انھیں معاف فرما دیا (۲ [البقرۃ]: ۵۱ تا ۵۲؛ ۲۰ [طٰہٰ]: ۸۷ تا ۹۷)؛ (۴) چوتھا انعام اللہ تعالٰی نے بنو اسرائیل پر یہ کیا کہ ہدایت کا سر چشمہ توراۃ نازل کر کے ان کی رہنمائی کا سامان کر دیا: ''اور یاد کرو کہ ہم نے (تمھاری رہنمائی کے لیے) موسٰی پر کتاب اور فرقان (حق و باطل کے درمیان فیصلہ کرنے والی) نازل کی تاکہ تم اس کے ذریعے سیدھا راستہ پا سکو'' (۲ [البقرۃ]: ۵۳)؛ (۵) بنو اسرائیل کی ضد تھی کہ وہ (یہ یقین کرنے کے لیے کہ واقعی توراۃ اللہ کا قانون ہے) خدا کو اپنی آنکھوں سے علانیہ دیکھنا چاہتے تھے۔ حضرت موسٰیؑ نے تمام اسباط (خاندان) میں سے ستر سرداروں کا انتخاب کیا اور انھیں طور سینا پر لے گئے۔ ایک سپید بادل کی طرح نور نے حضرت موسٰیؑ کو گھیر لیا اور اللہ تعالٰی سے ہم کلامی شروع ہو گئی۔ ستر سرداروں نے کلام سننے پر اکتفا نہ کیا، بلکہ بے حجاب خدا کو دیکھنے پر اصرار کیا۔ تب خدا نے اس احمقانہ ضد پر انھیں سزا دی اور بجلی کے ایک کڑکے نے انھیں آلیا اور وہ بے جان ہو کر گر پڑے، مگر اللہ نے انھیں دوبارہ جلا اٹھایا۔ خدا نے اس نعمت کا مفصّل تذکرہ کیا ہے (۲ [البقرہ]: ۵۵ تا ۵۶؛ ۷ [اعراف]: ۱۴۳ ببعد؛ نیز قبّ قصص الانبیاء، ص ۲۱۷؛ قصص القرآن، ۱: ۴۶۹ ببعد)؛ (۶) اللہ تعالٰی نے بنو اسرائیل کو جزیرہ‌نماے سینا کے ایک شہر میں فاتحانہ داخلہ نصیب فرمایا اور حکم دیا کہ اس میں عاجزانہ طور پر داخل ہو جاؤ اور یہاں کی نعمتوں سے لطف اندوز ہو (۲ [البقرہ]: ۵۹)؛ (۷) بنو اسرائیل نے جزیرہ‌نماے سینا میں پہنچ کر حضرت موسٰی علیہ السلام سے پانی کا مطالبہ کیا تو ''انھوں نے اپنی قوم کے لیے پانی کی دعا کی، ہم نے کہا فلاں چٹان پر اپنا عصا مارو، چنانچہ اس سے بارہ چشمے پھوٹ نکلے'' (۲ [البقرہ]: ۶۰)۔ یہ چٹان اب تک جزیرہ‌نماے سینا میں موجود ہے۔ سیّاح اسے جا کر دیکھتے ہیں اور چشموں کے شگاف اس میں اب بھی پائے جاتے ہیں (تفہیم القرآن، ۱: ۷۹؛ نیز قبّ قصص القرآن، ۱: ۴۴۶)؛ (۸) اللہ تعالٰی نے بنو اسرائیل کی سہولت کے لیے بادل بھیجے جو انھیں دھوپ سے محفوظ رکھتے تھے اور اس کے علاوہ ان کی خوراک کے لیے منّ و سلوٰی بھی نازل فرمایا تھا (۲ [البقرہ]: ۵۷؛ ۷ [الاعراف]: ۱۶۰؛ قصص القرآن، ۱: ۴۴۳ ببعد)۔

بنو اسرائیل پر اللہ تعالٰی نے اپنا خاص فضل و انعام کیا تھا، مگر وہ اس کا شکر بجا لانے کے بجاے کفرانِ نعمت اور احسان فراموشی پر اتر آئے۔ اس کے علاوہ عجیب طرح کا تلون، سرکشی، فساد اور بغض و حسد بنو اسرائیل کا ایک قومی مزاج بن گیا، جو غالباً صدیوں کی غلامی کا نتیجہ تھا (قصص

marfat.com
Marfat.com

القرآن، ۱ : ۶ ۱ ۵)؛ چنانچه قرآن کریم نے ان کی
بدعہدیوں اور احسان فراموشیوں کی طرف خصوصی
توجه مبذول کرائی ہے، مثلاً فرعون سے نجات پانے
اور بحیرۂ قلزم عبور کرنے کے بعد انھوں نے حضرت
موسیٰ ؑ سے سب سے پہلا مطالبه یه کیا که جزیرہ نمائے
سینا کے بت پرستوں کی طرح ان کے بھی بت ہونے
چاہییں جن کی وہ پرستش کر سکیں: '' اور ہم نے
بنو اسرائیل کو سمندر سے پار کر دیا پھر ان کا گزر
ایک ایسی قوم پر ہوا جو اپنے بتوں کے سامنے
سمادھ لگائے بیٹھی تھی تو کہنے لگے : موسیٰ! جیسے
ان کے معبود بت ہیں ایسے ہی ہمارے لیے بھی
بنا دے۔ موسیٰ نے کہا : افسوس تم پر، تم جاہل
قوم ہو، بلاشبہه ان لوگوں کا طریقه تو ہلاکت کا
طریقه ہے اور یه جو کچھ کر رہے ہیں باطل ہے۔
اور کہا که باوجود اس کے که تمہیں خدا نے تمام
لوگوں پر فضیلت دی ہے پھر بھی میں تمہارے
لیے خدائے واحد کے سوا اور کوئی معبود تلاش
کروں'' (۷ [الاعراف] : ۱۳۸؛ قصص القرآن، ۱ :
۱۴۴ ببعد) ۔ اللہ تعالٰی نے بنو اسرائیل کے ستر
سرداروں کو توراۃ پر سختی کے ساتھ کاربند ہونے
کا عہد لیتے وقت انھیں ڈرانے کے لیے طور ان کے
سروں پر لا کھڑا کیا تھا، مگر ایسی خوفناک حالت
میں کیے ہوئے عہد سے بھی یه قوم پھر گئی
(۲ [البقرۃ] : ۶۳ تا ۶۴) ۔ دولت کے لالچ میں بعض
اسرائیلیوں نے ایک بے گناہ کو قتل کر دیا تھا اور
قاتلوں کا کوئی سراغ نہیں ملتا تھا ۔ اللہ نے ایک
گائے ذبح کرنے کا حکم دیا، جس پر وہ حضرت
موسیٰ ؑ کا مذاق اڑانے اور ہیر پھیر کرنے لگے (۲
[البقرہ] : ۶۷ تا ۷۳) ۔

بنو اسرائیل سے اللہ تعالٰی نے پانچ باتوں کا عہد
لیا تھا : (۱) عبادت صرف اللہ ہی کی کرنا؛ (۲) والدین،
رشتے داروں، یتیموں اور مسکینوں سے حسن سلوک
کرنا؛ (۳) لوگوں سے اچھی بات کہنا؛ (۴) نماز
قائم کرنا؛ (۵) زکوٰۃ ادا کرنا؛ مگر قرآن مجید کہتا ہے
که بنو اسرائیل کے خمیر میں عہد سے پھرنا داخل
تھا اس لیے وہ ان پانچ باتوں پر بھی قائم نه رہ سکے
(۲ [البقرۃ] : ۸۳)۔

قرآن مجید نے بنو اسرائیل کی عہد شکنیوں کی
جو طویل فہرست پیش کی ہے ان میں سے ایک یه
بھی ہے که اللہ نے انھیں باہم خوں ریزی، دوسروں
کو گھر چھوڑنے پر مجبور کرنے اور اسیروں کو
فدیے کے ذریعے رہا کرانے سے منع کیا تھا، مگر
وہ اس سے باز نه آئے (۲ [البقرۃ] : ۸۴ تا ۸۶)۔
اللہ تعالٰی نے انھیں رسولوں پر ایمان لانے اور ان کی
نصرت و امداد کا حکم دیا تھا (۵ [المائدۃ] : ۱۲ تا
۱۳)، مگر انھوں نے انبیا ؑ کو اذیتیں دیں، جھٹلایا اور
قتل کیا (۲ [البقرۃ] : ۸۷) اور کتاب اللہ میں تحریف کی
اور وہ سنگدل بن گئے، جس کی وجه سے وہ خدا کی لعنت
کے مستحق ٹھیرے (۵ [المائدۃ] : ۱۳؛ ۲ [البقرۃ] :
۸۸، ۵۵)۔ وہ انبیاے کرام اور کتاب اللہ کی پیروی کے
بجاے سامری، ہاروت، ماروت اور دیگر جادوگروں کا
اتباع کرتے تھے (۲۰ [طٰہٰ] : ۸۵ تا ۹۷؛ ۲ [البقرۃ] :
۱۰۲)۔ ان عہد شکنیوں کی سزا قرآن مجید کے نزدیک
انھیں دنیا کی ذلت و رسوائی (جو حبل من اللہ یا حبل
من الناس، یعنی اللہ سے گناہوں کی معافی مانگ کر
اور اسلام قبول کر کے یا دوسروں کے سہارے رہ کر
ہی ٹل سکتی ہے) اور آخرت کا درد ناک عذاب ہے
(۲ [البقرۃ] ۸۵ تا ۸۶؛ ۳ [آل عمران] : ۱۱۲)۔

بنو اسرائیل کی تاریخ کا ایک دلچسپ باب وہ
واقعه ہے جو حضرت موسیٰ ؑ کی دعوت جہاد کے سلسلے
میں پیش آیا اور جو قرآن کریم کی سورۃ المائدۃ (۵ :
۲۰ تا ۲۶) میں بیان ہوا ہے ۔ ریگستان سینا میں حضرت
موسیٰ ؑ نے بنو اسرائیل کے بارہ قبائل کے بارہ سردار
(نقباء، واحد نقیب) چنے اور انھیں ملک شام میں (جس پر

marfat.com

Marfat.com

عمالقہ قابض تھے) معلومات حاصل کرنے کے لیے بھیجا۔ انھوں نے واپس آ کر ملک کی خوبیاں تو بہت بیان کیں مگر قوم عمالقہ کی قوت و ہیبت کو بھی بڑھا چڑھا کر بیان کیا۔ حضرت موسیٰؑ نے انھیں اللہ پر توکل کرنے اور جہاد کے لیے تیار ہونے کا حکم دیا، مگر وہ یہ کہہ کر مصر واپس جانے کی فکر کرنے لگے کہ اے موسیٰؑ! جب تک اس سر زمین میں یہ قوم جبّارین ہے اس وقت تک ہم تو اس میں داخل ہوں گے نہیں، اب تو اور تیرا رب چاہے تو ان سے جہاد کرے، ہم تو یہیں بیٹھے ہیں۔ اللہ تعالٰی نے انھیں اس کی یہ سزا دی کہ وہ چالیس سال تک میدان تیہ میں سر مارتے پھرے اور سر زمین مقدس کی فتح میں چالیس سال کی تاخیر ہوگئی (الکشاف، ۱ : ۶۱۹ ببعد؛ روح المعانی، ۶ : ۱۰۵ ببعد؛ قصص القرآن، ۱ : ۳۸۰ ببعد).

حضرت موسیٰؑ کی وفات کے کچھ عرصہ بعد بنو اسرائیل پھر عزت و اقتدار سے محروم ہو گئے اور اپنے نبی سے درخواست کی کہ آپ ہمارا بادشاہ نامزد کیجیے تاکہ اس کی قیادت میں ہم جہاد فی سبیل اللہ کریں اور ظالم بادشاہ جالوت سے اپنا حق واپس لے سکیں۔ اللہ کے نبی نے طالوت کو، جو علم و جسامت کے لحاظ سے فوقیت رکھتے تھے، بادشاہ نامزد کیا اور ان کی قیادت میں بنو اسرائیل جالوت کے مقابلے کے لیے نکل کھڑے ہوے۔ اللہ تعالٰی نے انھیں فتح نصیب کی اور حضرت داؤدؑ کے ہاتھوں جالوت قتل ہوگیا۔ سورۃ البقرۃ (۲ : ۲۴۶ تا ۲۵۱) میں اس قصّے کو مفصل طور پر بیان کیا گیا ہے۔ پھر حضرت داؤدؑ اور ان کے بیٹے حضرت سلیمانؑ کے عہد میں بنو اسرائیل کو بڑی شان و شوکت حاصل ہوئی اور انھوں نے ایک عظیم الشان سلطنت قائم کی، جو کئی نسلوں تک قائم رہنے کے بعد بختِ نصر [رکّ بآں] کے ہاتھوں تباہ ہو گئی (روح المعانی، ۱۹ : ۱۸۲ ببعد؛ الطبری: تاریخ، ۱ : ۵۳۷ ببعد).

**مآخذ**: (۱) لسان العرب، بذیل مادہ؛ (۲) تاج العروس، بذیل مادہ؛ (۳) الآلوسی: روح المعانی، مطبوعۂ قاہرہ، بلا تاریخ؛ (۴) البیضاوی (۲ جلد)، طبع لائپزگ، بلا تاریخ؛ (۵) صحیح البخاری، قاہرہ ۱۳۰۱ھ؛ (۶) صحیح المسلم، قاہرہ ۱۹۵۶ء؛ (۷) محمد فؤاد عبدالباقی: مفتاح کنوز السنۃ، قاہرہ ۱۹۳۴ء؛ (۸) القرطبی: الجامع لاحکام القرآن، قاہرہ ۱۳۵۳ھ؛ (۹) فواد عبدالباقی: المعجم المفہرس؛ (۱۰) الزمخشری: الکشاف، قاہرہ ۱۹۳۶ء؛ (۱۱) الطبری: تاریخ، قاہرہ ۱۹۶۶ء؛ (۱۲) مودودی: تفہیم القرآن، لاہور ۱۹۶۶ء.

(ظہور احمد اظہر)

**بنو بُوری**: رکّ بہ بُوریہ.

**بَنُو عامِر**: (''بنی اَمِر'')مغربی آریٹریا اور ملحقہ سوڈانی علاقے کا ایک خانہ بدوش قبیلہ، جو اونٹ اور مویشی پالتا ہے۔ آبادی ساٹھ ہزار کے لگ بھگ ہے۔ یہ قبیلہ سترہ شاخوں میں بٹا ہوا ہے۔ بعض کی زبان بجہ (ایک حامی زبان) ہے اور بعض کی تگرے Tigrë (جو سامی ہے)، حالانکہ ان کا نسب ایک ہے اور اس بارے میں ایک محکم روایت موجود ہے جس کی تحقیق دسویں پشت میں ان کے مورث اعلٰی عامر تک خاصی تفصیل کے ساتھ کی جا چکی ہے۔ لیکن اس کا تعلق صرف ان کے قلیل التعداد حکمران طبقے (نبتاب) سے ہے، نہ کہ ان مخلوط النسل اور کثیر التعداد کاشتکار غلاموں (Serf) کی آبادی (ہدَرِب یا تگرے) سے جو مختلف اوقات میں مفتوح ہو کر یا رضامندانہ اطاعت قبول کر کے بنو عامر کے زیرِ اقتدار آ گئی۔ ان کے چند ایک گروہ صرف رئیسِ اعلٰی کے ماتحت ہیں ورنہ اکثریت خاص خاص نبتاب خاندانوں کی موروثی غلام ہے اور انھیں کو خراج ادا کرتی اور ان کے لیے ہر قسم کی ادنٰی خدمات،

marfat.com
Marfat.com

بالخصوص مویشی چرانا یا دودھ دُھنا، سر انجام دیتی ہے، جس کے معاوضے میں ان کے آقا اپنے غلاموں کی حفاظت کرتے اور ان کے سود و بہبود کا خیال رکھتے ہیں۔ طبقات کی اس تقسیم میں ان کی ذاتی وفاداریاں اگرچہ اکثر خلل‌انداز ہو جاتی ہیں بایں ہمہ ایک دوسرے کے یہاں شادی کی ممانعت اور بعض دوسری تحریمات (Taboos) کے ذریعے جو ان پر عائد ہیں اس کی سختی قائم رکھی جاتی ہے۔ ابتداءً ان میں غلاموں کا ایک طبقہ موجود تھا جن کو سر تا سر اپنے آقاؤں کی ملکیت تصور کیا جاتا تھا۔

یہ سارا قبیلہ مسلمان ہے۔ البتہ صحتِ اعتقاد اور بعض شعائر کی بجاآوری میں نہ صرف افراد بلکہ گروہوں اور فرقوں کے درمیان بہت زیادہ اختلافات پائے جاتے ہیں۔ ان کا سیاسی اتحاد بڑا کمزور ہے اور ایک ایسے ڈھیلے ڈھالے وفاق پر قائم جو بعض گروہوں کی علیحدگی سے اکثر خطرے میں پڑ جاتا ہے۔ قبائلی حکومت کی زمام رئیس اعلٰی (دِگلال) اور چودھریوں (شُرَفا) کی ایک مجلس کے ہاتھ میں ہے، جسے مختلف شاخیں منتخب کرتی ہیں۔ شروع شروع میں رئیس اعلٰی کا بھی انتخاب ہوا کرتا تھا، لیکن ۱۸۲۹ء سے یہ عہدہ موروثی ہو گیا ہے۔ ۱۸۹۷ء سے اس قبیلے کی ارتیریائی اور سوڈانی علاقوں کی شاخوں پر الگ الگ رئیس حکومت کر رہے ہیں حالانکہ وہ ایک دوسرے کے قریبی رشتے دار ہیں۔

جہاں تک آس پاس کے گروہوں کا تعلق ہے ان کے اور اس قبیلے کے درمیان اکثر لوٹ مار اور خونی جھگڑوں کے واقعات رونما ہو جاتے ہیں۔ اندرونی طور پر اگرچہ ان میں نزاع و جدال جاری رہتا ہے لیکن اس نے طبقاتی فرقہ‌بندی کا رنگ کبھی اختیار نہیں کیا۔ عصر حاضر کی سیاسی اور معاشی تبدیلیوں سے نَبتاب (حکمران طبقے) کی ساکھ بہت کم ہو گئی ہے حتّٰی کہ ان کے کاشت کار غلاموں (Serfs) میں بھی بے چینی کے آثار پیدا ہو رہے ہیں، جس کا اظہار کبھی کبھی کی قانون شکنی اور 'مقاومت مجہول' کی شکل میں ہوتا رہتا ہے۔

**مآخذ**: (۱) C. C. Rossini : *Principi di Diritto Consuetudinario dell' Eritrea*، ۱۹۱۶ء؛ (۲) A. Pollera : *Le Popolazioni indigene dell' Eritrea*، بولونا ۱۹۳۵ء؛ (۳) *Races and Tribes of Eritrea*، اسمارا ۱۹۴۳ء؛ (۴) S. H. Longrigg : *Short History of Eritrea*، آوکسفرڈ ۱۹۴۵ء؛ (۵) C. G. and B. Z. Seligman : *Notes on the History and present condition of the Beni Amer*، در *Sudan, Notes and Records*، ۱۹۳۰ء؛ (۶) S. F. Nadel : *Notes on Beni Amer Society*، در کتاب مذکور، ۱۹۴۵ء، ص ۵۱ تا ۹۳؛ (۷) S. Hillelson : *Aspects of Mohammedanism in Eastern Sudan*، *JRAS*، ۱۹۳۷ء؛ (۸) J. S. Trimingham : *Islam in Ethiopia*، آوکسفرڈ ۱۹۵۲ء، ص ۱۵۵ تا ۱۵۸ و اشاریہ۔

(S. F. NADEL)

* **بَنُّور**: ایک قدیم شہر (مشرقی پنجاب، بھارت)، ۳۰ درجہ ۳۴ دقیقہ شمال اور ۷۶ درجہ ۴۷ دقیقہ مشرق میں، انبالہ سے نو میل اور سرہند سے بیس میل کے فاصلے پر واقع ہے۔ قدیم سنسکرت نام وھنی پور (Vahnipur) ہے، جو مرور ایام کے ساتھ بنی پور اور بالآخر بنور ہو گیا۔ بنور کے کھنڈر چاٹ Chat [رَكْ بان] تک چلے گئے ہیں۔ یہ ایک اور قدیم اور ویران شہر ہے، جو اس سے چار میل دور ہے۔ بنور کا ذکر سب سے پہلے بابر نے اس سلسلے میں کیا ہے کہ یہ مقام سفید چنبیلی کے پھولوں اور ان کے عطر کے لیے مشہور تھا؛ چنانچہ یہی صورت اب بھی ہے۔

روایت کے مطابق بنور کا دوسرا قدیم نام

Marfat.com

پشپا نگری یا پشپاوتی (لغوی معنی=پھولوں کا شہر) ہے، لیکن اس نام کو اس کے موجودہ نام سے کوئی مشابہت نہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ خاندان سادات کے عہد حکومت (۸۱۷ھ/۱۴۱۴ء تا ۸۵۵ھ/۱۴۵۱ء) میں اس شہر کو خاص اہمیت حاصل ہو گئی تھی؛ چنانچہ پاکستان کے قیام (۱۹۴۷ء) سے عین پہلے یہاں زیادہ‌تر سادات ہی کی آبادی تھی، جو سادات بلگرام کی طرح اپنا نسب ابوالفرج واسطی سے ملاتے ہیں اور جن کے متعلق کہا جاتا ہے کہ ہلاکو کے ہاتھوں بغداد کی تباہی (۶۵۶ھ/۱۲۵۸ء) کے بعد ہجرت کر کے ہندوستان چلے آئے تھے۔ سیّد فرمانروا خضر خان (۸۱۷ھ/۱۴۱۴ء تا ۸۲۴ھ/۱۴۲۱ء) کے والد ملک سلیمان خان کا مزار ۱۹۴۷ء تک یہاں موجود تھا۔ سیّد آدم البنوری [رک بآن] (المتوفی مدینۂ منورہ ۱۰۵۳ھ/۱۶۴۳ء)، جو حضرت شیخ احمد سرھندی [رک بآن] کے خاص خلفا میں سے تھے اسی شہر کے رہنے والے تھے۔ بارھویں صدی ھجری اٹھارھویں صدی عیسوی میں جب سکھ حملہ آور بندہ بیراگی نے بنور کو تباہ کر دیا تو اس پر سنگھار پوریا سکھ قابض ہو گئے۔ ۱۱۷۷ھ/۱۷۶۳ء میں اسے آلا سنگھ رئیس پٹیالہ نے فتح کر لیا، جو ۱۹۵۶ء تک برابر اس کے جانشینوں کے قبضے میں رہا حتّٰی کہ ریاست پٹیالہ مشرقی پنجاب کے نئے صوبے میں مدغم کر دی گئی۔ بنور کے استحکام کے لیے مغلوں اور سکھوں نے علی الترتیب دو قلعے بھی تعمیر کیے تھے، جن کے کھنڈر اب بھی موجود ہیں۔

**مآخذ**: *Memoirs of Babar*، مترجمۂ Leyden و Erskine، ص ۳۰۱؛ (۲) *Imp. Gaz. of India*، ۱۹۰۹ء، ۶: ۱۴۳؛ (۳) علمدار حسین واسطی: حدیقۂ واسطیہ (مخطوطۂ رام پور سنٹ لائبریری)؛ (۴) آئین اکبری (مترجمۂ H. Blochmann)، ۱: ۳۹۳ تا ۳۹۴۔

(بزمی انصاری)

**اَلْبَنُوْرِی**: اَبُو عَبْدُاللہ مُعِزالدّین آدم بن سیّد اسمٰعیل، جو حضرت شیخ احمد سرھندیؒ [رک بآن] کے اکابر خلفا میں سے تھے اور بنور [رک بآن] کے رہنے والے تھے۔ وہ اپنا سلسلۂ نسب امام موسی الکاظمؒ [رک بآن] سے ملاتے تھے مگر لوگ اس سے اس بنا پر انکار کرتے تھے کہ ان کی والدہ افغانوں کے مشوانی قبیلے سے تھیں اور وہ اپنی زندگی افغانوں ہی کی طرح بسر کرتے تھے؛ چنانچہ ۱۰۵۲ھ/۱۶۴۲ء میں جب وہ اپنے دس ہزار مریدوں کے ساتھ لاھور آئے تو شاھجہان بادشاہ کے وزیر اعظم علامہ سعد اللہ خان اور مولانا عبدالحکیم سیالکوٹی [رک بآن] کی طرف سے بھی یہی اعتراض اٹھایا گیا تھا۔ انھیں شاھنشاہ ھند نے یہ دریافت کرنے پر مامور کیا تھا کہ وہ اتنی بڑی جمعیت کے ساتھ لاھور کیوں آئے ھیں۔ بادشاہ شیخ کے جواب سے مطمئن نہیں ہوا، لہٰذا انھیں فوراً لاھور سے بنور اور بنور سے بغرض حج مکّۂ معظمہ اور مدینۂ منوّرہ جانے کا حکم دیا۔

اپنی زندگی کے ابتدائی دنوں میں اَلْبَنُوْرِی فوج کے صیغۂ خبر رسانی میں ملازم تھے، لیکن زھد و تقوی کی زندگی کے شوق میں چند ھی سال کے اندر یہ ملازمت ترک کر دی۔ ابتدا میں وہ حاجی خضر روغانی بہلول پوری کے حلقۂ ارادت میں داخل ہوئے اور پھر انھیں کے مشورے سے حضرت شیخ احمد سرھندیؒ کی بیعت کی۔ اس دوران میں انھوں نے صوفیہ اور فقرا کی تلاش میں مختلف شہروں کا سفر کیا جن میں ملتان، انبالہ، پانی پت، شاہ آباد، سر ھند، لاھور اور سامانہ شامل ھیں۔ نکت الاسرار ان کے ملفوظات کا مجموعہ ہے اور مناقب الحضرات میں، جو ان کا مستند تذکرہ ہے، ان کی علمی لیاقت اور حیثیت کے متعلق متضاد قسم کے بیانات ملتے ھیں۔ نکات نے تو انھیں ''اُمّی

marfat.com
Marfat.com

عامی'' کہا ہے۔ ''مناقب'' کا بیان اس کے برعکس یہ ہے کہ اَلبَنُّوری نے ملّا طاہر لاہوری سے جن کا شمار اس زمانے کے معروف فضلا میں ہوتا ہے میزان الصرف اور منشعب جیسی ابتدائی کتابوں کا درس لیا۔ البتہ فوج میں جو منصب ان کے سپرد تھا اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ انہوں نے اچھی خاصی تعلیم پائی تھی۔

اَلبَنُّوری نے ۱۳ شوال ۱۰۵۳ھ/ ۲۵ دسمبر ۱۶۴۳ء کو جمعے کے روز مدینۂ منورہ میں وفات پائی اور جنت البقیع میں حضرت عثمانؓ بن عفان کے مزار کے قریب دفن ہوئے۔ البنوری کا حلقۂ اثر بڑا وسیع تھا، چنانچہ ان کا انتقال ہوا تو چار لاکھ سے زیادہ انسان ان کے ارادتمندوں میں شامل تھے۔ مذہب میں ان کی تعلیم معمولی تھی وہ اپنے رویے میں متشدد اور حکام سلطنت سے بڑی نفرت کرتے تھے، لہٰذا وہ ہمیشہ تنقید و اعتراض کا ہدف بنتے رہے، مگر انہوں نے اپنا مقصد اور مسلک نہیں چھوڑا اور مستقل مزاجی سے اس پر قائم رہے۔ عوام کے علاوہ علما کو بھی اپنا ہم خیال بنا لیا جن میں محمد امین بدخشی، عبدالخالق قصوری، شیخ ابونصر انبالوی، ان کے اپنے بھائی مسعود اور شیخ محمد انبالوی جیسے علما شامل تھے۔ ان کے خلفا میں ایک سو سے زیادہ اشخاص کے نام لیے جاتے ہیں۔ ان میں حضرت شاہ ولی اللہؒ (رک بآں) کے والد ماجد شاہ عبدالرحیم کے روحانی پیشوا حافظ عبداللہ اکبرآبادی اور سید عَلَم‌اللہ بھی شامل ہیں جو حضرت سید احمد بریلوی رحمۃ اللہ علیہ (رک بآں) کے بزرگوں میں سے تھے۔

نکات الاسرار کے ایک بالکل ضمنی حوالے سے پتا چلتا ہے اَلبَنُّوری نے یہ کتاب ۴۶ سال کی عمر میں ۱۰۵۲ - ۱۰۵۳ھ/ ۱۶۴۲ - ۱۶۴۳ء میں سفرِ حجاز کے دوران میں تصنیف کی۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ان کا سن ولادت ۱۰۰۵ - ۱۰۰۶ھ/ ۱۵۹۶ - ۱۵۹۷ء کے قریب قریب ہے۔ ان کا سب سے چھوٹا صاحبزادہ محمد محسن گوالیار میں ۱۰۵۲ھ/۱۶۴۲ء میں پیدا ہوا جب کہ وہ مکۂ معظمہ کا سفر کر رہے تھے۔ اس واقعے سے یہ بھی ثابت ہو جاتا ہے کہ انہوں نے زیادہ عمر نہیں پائی۔

اَلبَنُّوری مندرجۂ ذیل کتابوں کے مصنف ہیں: (۱) نکاتُ الاَسرار، جس میں تصوف کے دقیق مسائل سے بحث کے ساتھ ساتھ ان کی شرح تصوف کے نقطۂ نظر سے کی گئی ہے۔ اس بحث میں اَلبَنُّوری نے عالَم روحانی کے بعض ذاتی تجربات اور کہیں کہیں اپنی زندگی کے واقعات کی طرف بھی اشارے کیے ہیں؛ (۲) خُلاصۃ المعارف (دو جلدوں میں) فارسی میں تصنیف ہوئی۔ یہ کم و بیش مذکورۂ بالا کتاب کا لاحقہ ہے اور ابھی تک بشکل مخطوطہ محفوظ ہے۔ اَلبَنُّوری نے سورۃ اَلفاتحۃ کی ایک تفسیر بھی لکھی، جو محمد امین بدخشی کی تالیف نتائج الحرمین کے ابتدائی حصے میں شامل ہے۔ محمد امین بدخشی کا بیان ہے کہ وہ ارض مقدس میں پچاس سال تک سکونت‌پذیر رہا اور مقامات مقدسہ کے سفر میں آدم اَلبَنُّوری کا رفیق سفر تھا۔

**مآخذ:** (۱) بدرالدین سرھندی: حضرات القدس (فارسی میں، ہنوز مخطوطے کی صورت میں ہے)، اردو ترجمہ، لاہور ۱۹۲۳ء؛ (۲) محمد امین بدخشی: مناقب الحضرات (یہ نتائج الحرمین کا تیسرا جزو ہے) (مخطوطہ فارسی زبان میں اور شیخ یوسف اَلبَنُّوری کراچی کی ملکیت میں ہے)؛ (۳) آدم اَلبَنُّوری: نکاتُ الاَسرار، (مخطوطہ یوسف اَلبَنُّوری کے ہاں)؛ (۴) مظہر الدین الفاروقی: مناقب الاحمدیہ و مقامات السعدیہ، دہلی ۱۸۸۷ء؛ (۵) گلزار اسرار الصوفیہ (۱۹۰۱ء)؛ (۶) وجیہ الدین اشرف:

Marfat.com

بحرذخّار (مخطوطہ)؛(۷)عبدالخالق قصوری: تذکرۂ احمدیہ (غلام سرور لاہوری نے اپنی کتاب خَزِیْنَةُ الْاَصْفِیَاء کانپور ۱۳۳۳ھ/ ۱۹۱۴ء، ص ۹۳ تا ۹۳۵، میں بالاستیعاب اس کے اقتباسات نقل کیے ہیں)؛ (۸) محمد عمر پشاوری: جَوَاهِرُ السَّرَائر (اسرار) (مخطوطہ)؛ (۹) مُعْجَمُ الْمُصَنِّفِیْن، بیروت ۱۳۴۴ھ/ ۱۹۲۵ء، ۳ : ۱۰ تا ۱۴؛ (۱۰) صدر الدین بہاری: رَوَائِحُ الْمُصْطَفٰی، کانپور ۱۳۰۵ھ/ ۱۸۸۹ء؛ (۱۱) شاہ ولی اللہ: اَنْفَاسُ الْعَارِفِیْن، دہلی ۱۳۱۵ھ/ ۱۸۹۷ء، ص ۱۳ تا ۱۴؛ (۱۲) محمد شرف الدین کشمیری: رَوْضَةُ السَّلَام (مخطوطہ)؛ (۱۳) عبدالحی: نُزْهَةُ الْخَوَاطِر، حیدر آباد دکن ۱۳۷۵ھ/ ۱۹۵۵ء، ۳ : ۱ تا ۳؛ (۱۴) محمد بقا سہارن پوری: مرآة جہاں نما، (مخطوطۂ کتب خانہ ملّی، پاکستان، ورق ۳۴۷)؛ (۱۵) محمد میاں: علمائے ہند کا شاندار ماضی، ۱، دہلی ۱۳۶۱ھ/۱۹۴۲ء، ص ۳۵۶، ۳۶۲، ۳۹۷ تا ۳۹۹؛ (۱۶) محمد اختر گورگانی: تذکرۂ اولیائے ہند و پاکستان، دہلی ۱۳۷۰ھ/ ۱۹۵۰ء، ۳ : ۱۰۳ تا ۱۰۴؛ (۱۷) المحبّی: خُلَاصَةُ الْاَثَر؛ (۱۸) عُمْدَةُ الْمَقَامَات (پشاور نمبر ۲۰۶۹)؛ (۱۹) تذکرۂ خواجگان نقشبندیہ (پشاور نمبر ۲۶۰۶)؛ (۲۰) شمس اللہ قادری: قاموس الاعلام، حیدر آباد ۱۹۳۵ء، مجموعہ (؟)، ۱۲؛ (۲۱) شیخ محمد اکرام: رود کوثر (اردو)، کراچی (بدون تاریخ)، ۱۹۰ تا ۱۹۱، ۲۱۷ تا ۲۱۸؛ (۲۲) محمد احسان: رَوْضَةُ الْقَیُّوْمِیَّة (مخطوطہ) جلد ۲.

(بزمی انصاری)

* **بَنْہَا**: دریائے نیل کے ڈیلٹے میں ایک شہر جو نیل کی شاخ دمیاط پر واقع ہے۔ قاہرہ اور سکندریہ کے درمیان کے بڑے بڑے ریلوے سٹیشنوں میں سے ایک اور قاہرہ سے ۴۳ کیلومیٹر شمال کی جانب واقع ہے۔ قرون وسطٰی میں یہ صوبۂ الشَّرقیّہ کا ایک حصّہ تھا، لیکن آج کل صوبۂ القَلْیُوبِیّہ کا صدر مقام ہے۔ آبادی سینتیس ہزار کے قریب ہے۔ عربی نام [بنہا] قبطی نام پناہو Panaho کی بدلی ہوئی صورت ہے۔

آنحضرت صلّی اللہ علیہ و سلّم اور [مقوقس کے درمیان جو سیاسی روابط قائم ہوئے ان کی تاریخ میں اس شہر کا ذکر بھی آتا ہے]۔ ان تحائف میں سے جو مقوقس نے حضور اقدس صلّی اللہ علیہ و سلّم کی خدمت میں بھیجے بَنْہَا کے شہر کا بھی مذکور ہے اور شاید اسی بنا پر اس کا نام بَنْہَا الْعَسَل (شہد والا بنہا) ہو گیا . . قدیم جغرافیہ نویس اَلْیَعْقُوبِی نے واضح طور پر لکھا ہے کہ بَنْہَا کے گاؤں کا شہد مشہور ہے۔ یاقوت نے بھی اس شہد کی بہت تعریف کی ہے اور اس کا شمار مصر کی امتیازی چیزوں میں کیا ہے۔

ادریسی نے اس سلسلے میں جو کچھ لکھا ہے اسے ہم یوں بیان کر سکتے ہیں: "بَنْہَا الْعَسَل ایک وسیع مملکت ہے۔ یہاں خوب خوب درخت بوئے گئے ہیں جن میں بکثرت پھل پیدا ہوتے ہیں۔ فصلیں مسلسل اور بغیر وقفے کے ہوتی ہیں۔ اصل مرکز مقابل کی سمت میں نیل کے مغربی ساحل پر واقع ہے جس سے اس کا یہ نام ہوا".

بَنْہَا نے بظاہر تاریخ میں کوئی خاص حصّہ نہیں لیا، البتہ گزشتہ صدی کے اختتام سے یہ اس جنس کی جس کی نسبت سے اس کا یہ نام ہوا بہت بڑی مقدار دوسرے ملکوں کو بھیجا کرتا تھا۔ علاوہ ازیں یہاں سے مختلف قسم کی نارنگیاں بھی برآمد ہوتی تھیں جھیں بے حد پسند کیا جاتا تھا۔

**مآخذ**: (۱) ابن عَبْدُالْحَکَم، ۸۴، ۵۰؛ (۲) اَلْیَعْقُوبی، ۳۳۷ (ترجمہ Wiet ۱۹۳)؛ (۳) ابنُ الْفَقِیْہ، ۶۷؛ (۴) الادریسی، طبع ڈوزی و ڈخویہ، ۱۵۲؛ (۵) ابن مَمَّاتی، ۱۱۰؛ (۶) یاقوت ۱ : ۷۴۸؛ (۷) Chauvet و Isembert: Egypt، Malte، Guide de l'Orient، ص ۲۹۳؛ (۸) J. Maspero و G. Wiet، *Materiaux pour servir à la géographie de l' Égypte* . ۵ .

(G. WIET)

marfat.com
Marfat.com

**بَنْیاس**: [= بانیاس]، قدیم بنیاس Paneas؛ اس کا یہ نام اس لیے ہوا کہ وہ اس درگاہ کے نواح میں واقع ہے جس کا نام پان Pan ہے اور جو ایک غار میں قائم ہوئی، لہٰذا اس سے دریاے اردن کے بڑے بڑے منابع میں سے ایک کو درجۂ تقدیس حاصل ہوا۔ بحالتِ موجودہ یہ مقام القُنَیْطِرہ سے ۲۳ کیلومیٹر کے فاصلے پر شمال مغربی سمت میں اس سڑک پر واقع ہے جو جمہوریۂ شام کی جنوبی سرحد کے ساتھ ساتھ چلی گئی ہے۔ محلِّ وقوع بڑا خوشگوار ہے۔ جس کا تعلق کوہ ہرمن کی دل کشا وادی سے ہے اور جہاں پانی کی افراط اور نباتات کی کثرت ہے، عرب جغرافیہ‌دانوں نے اس کے آس پاس کے علاقے کی زرخیزی اور شادابی کی ہمیشہ تعریف کی ہے بالخصوص اس کے لیموؤں، کپاس اور چاول کی کاشت کے لیے۔

بَنْیاس کی تاریخ گو بلاشبہہ بڑی قدیم ہے، لیکن اس کا ذکر ہیلےنیکی عہد سے پہلے نہیں ملتا۔ اس شہر کو ہیرودوس الکبیر اور بالخصوص اس کے بیٹے فلپ Phil p نے بڑی رونق دی۔ فلپ نے آگسٹس کے اعزاز میں اس کا نام قیصریہ (Caesarea) رکھا، لیکن (اس غرض سے کہ اس میں اور فلسطین میں واقع قیصریہ سے امتیاز کیا جا سکے) اسے قیصریہ فلپی اور آگے چل کر قیصریہ پنیاس Paneas کہنے لگے تا آنکہ اس نام کا صرف دوسرا حصّہ باقی رہ گیا۔ چوتھی صدی عیسوی میں یہ ایک اسقفیت کا مرکز بنا، جو صوبۂ فینیقیا کے ماتحت تھا۔ عربی فتوحات کے بعد جب یہ معلوم ہوا کہ معرکۂ یرموک میں یہی شہر ہرقل کی فوج کا مستقر تھا تو اسے ضلع جَوْلان کا صدر مقام بنا دیا گیا۔ اس سے کچھ دنوں کے بعد المقدسی نے بنیاس اور اس کے گرد و نواح کے دیہات کی خوش‌حالی کا ذکر کیا ہے، جہاں سرحدوں (ثغور) کے باشندے ترک وطن کر کے آباد ہو گئے تھے؛ لیکن صلیبی جنگوں کے وقت جب بنیاس کو اپنے محلِّ وقوع، یعنی دمشق اور مملکت یروشلم کی سلطنت کے درمیان صور (Tyre) سے تھوڑے ہی فاصلے پر آباد ہونے کے سبب جنگی اہمیت حاصل ہو گئی تو اس کی تاریخ میں بھی ایک کے بعد دوسرا واقعہ پیش آنے لگا اور بنیاس میں جن لوگوں نے یکے بعد دیگرے حکومت کی انہوں نے قلعۃ الصبیبہ کے استحکام اور مضبوطی پر برابر توجہ کی۔ اس قلعے کے کھنڈر آج بھی شہر میں سب سے زیادہ نمایاں ہیں۔

۵۲۰ھ/ ۱۱۲۶ء میں اتابکِ دمشق طُغتکین نے اسے اسماعیلیوں کے سردار بہرام کے حوالے کر دیا جو اس وقت شام میں بڑی سرگرمی دکھا رہے تھے۔ بہرام کی وفات (۵۲۲ھ) کے بعد اور پھر اس لیے کہ دمشق میں فرقۂ مذکور کے پیروؤں کے خلاف جارحانہ اقدام کیے جا رہے تھے ۵۲۴ھ/ ۱۱۳۰ء میں یہ اسے افرنجیوں کے سپرد کر دیا گیا، مگر ۵۲۷ھ/ ۱۱۳۲ء میں بوری نے اسے بزور شمشیر فتح کیا اور سلطان [نور الدین] زنگی کے قبضے میں دے دیا جس کے بعد افرنجیوں نے پھر اس کا محاصرہ کر لیا اور اہل دمشق کی مدد سے ۵۳۴ھ/ ۱۱۴۰ء میں اپنے مقبوضات میں شامل کر لیا۔ نورالدّین زنگی نے اگرچہ پے در پے دو بار شکست کھائی، اس لیے کہ دونوں بار بالڈون Baldwin ثالث محصورین کی مدد کو آ پہنچا۔ بالآخر سلطان زنگی ۵۵۹ھ/ ۱۱۶۴ء میں بنیاس اور قلعۂ بنیاس پر قابض ہو گیا، پھر اس کے دشمن باوجود کوشش کے دوبارہ اس میں قدم نہ رکھ سکے۔

اس فتح کے بعد بنیاس کی حیثیت بلاد اسلامیہ اور افرنجی علاقے کے درمیان ہمیشہ ایک مضبوط سرحدی قلعے کی رہی۔ ابن جُبَیر کے عہد (۵۸۰ھ/ ۱۱۸۴ء) میں افرنجی بھی اس کے ارد گرد کے میدان سے بغیر کسی لڑائی جھگڑے کے فائدہ اٹھاتے رہے۔

Marfat.com

[سلطان] صلاح الدین نے اپنے عہد حکومت میں یہ شہر اپنے لڑکے افضل کو دے دیا، بعد ازاں اس کی ملکیت متعدد ایوبی شاہزادوں کے درمیان منتقل ہوتی رہی - انھوں نے بھی جیسا کہ متعدد ایسے کتبوں سے جو اب تک باقی ہیں ظاہر ہوتا ہے اس کے استحکامات کا ہمیشہ خیال رکھا - آگے چل کر [سلطان] بیبرس نے اس قلعے کو از سرِ نو تعمیر کرایا - مملوک مصنفین نے، جن کے نزدیک یہ قلعہ ایک امیر کی قیام گہ تھا اور یہ امیر مقامی عامل کے اختیارات سے بھی آزاد تھا، اس کی اہمیت پر برابر زور دیا ہے - اس زمانے میں بنیاس ایک "ولایت" کا صدر مقام تھا جو صوبۂ دمشق کے جنوب میں عجلون کی نیابت کا ایک حصہ تھی، لیکن تھوڑے ہی دنوں میں اس کا زوال شروع ہو گیا اور اس کی حیثیت ایک معمولی سے شہر کی رہ گئی جیسی کہ اب ہے.

**مآخذ**: R. Dussuad: *Topographie historique de la Syrie*، پیرس ۱۹۲۷ء، بالخصوص ورق ۳۹۰؛ (۲) Pauly-Wissowa، بذیل مادّہ *Paneas*؛ (۳) F.M. Abel: *Géographie de la Palestine*، پیرس ۱۹۳۳ تا ۱۹۳۸ء، ۱ : ۱۶۱ تا ۱۶۲، ۳۷۶ تا ۳۷۸، ۲ : ۲۹۷ تا ۲۹۸؛ (۴) M. van Berchem: *Le château de Bâniyâs et ses inscriptions*، در *JA*، ۱۸۸۸ء، ۴۴۰ ورق؛ (۵) M.G. Hodgson: *The Order of the Assassins*، ہیگ ۱۹۵۵ء، ۱۰۴ تا ۱۰۷؛ (۶) G. Le Strange: *Palestine under the Moslems*، لنڈن ۱۸۹۰ء، بالخصوص ۴۱۸ تا ۴۱۹؛ (۷) A.S. Marmardji: *Textes géographiques*، پیرس ۱۹۵۱ء، ۱۳ تا ۱۴؛ (۸) K.M. Setton: *A. History of the Crusades*، Pennsylvania ۱۹۵۵ء، بمدد اشاریہ؛ (۹) L. Caetani: *Chronographia Islamica*، ۱۷۹؛ (۱۰) BGA، بمدد اشاریہ؛ (۱۱) ابنُ جُبیر: رِحلۃ، طبع ڈخویہ، ۳۰۰؛ (۱۲) ابنُ الفِدَاء: تقویم، ۲۴۹؛ (۱۳) دِمَشقی طبع Mehren، ۲۰۰؛ (۱۴) M. Gaudefroy-Demombynes: *Le Syrie à l'époque des Mamelouckss*، پیرس ۱۹۲۳ء، بالخصوص ۶۵، ۱۷۹؛ (۱۵) ابنُ الاَثیر، جلد ۱۰، ۱۱، ۱۲، بمدد اشاریہ؛ (۱۶) ابنُ القلانِسی، طبع Amedroz، بمدد اشاریہ؛ (۱۷) ابن العَدِیم: زُبدَۃ [الحلب] طبع الدهان، بمدد اشاریہ.

(THOMINE و J. SOURDEL)

**بنی اسرائیل**: رك به بنو اسرائیل.

**بنی اسرائیل (سورة)**: قرآن مجید کی سترھویں سورت کا نام، اس نام کی وجہ یہ ہے کہ اس میں بنی اسرائیل سے متعلق واقعات کا ذکر ہے - اس کو سورۃ الاَسْرَآء اور سورۃ سُبْحان بھی کہتے ہیں - اسے اِسْراء [رك بآن] کے ذکر سے شروع کیا گیا ہے اور اسراء ہی اس کا اہم اور محوری مضمون ہے - اس میں بتایا ہے کہ نبی اکرم صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم کو ان تمام برکات کا وارث کیا جائے گا جو انبیاے بنی اسرائیل کو دی گئی تھیں.

اس سورت میں بارہ رکوع اور ایک سو گیارہ آیات ہیں - یہ آخری مکّی دور میں نازل ہوئی - حضرت نبی کریم صلّی اللہ علیہ و سلّم سورۃ بنی اسرائیل اور سورۃ الزُّمر کو ہر رات تلاوت فرمایا کرتے تھے.

اس سے پچھلی سورۃ النحل میں مسلمانوں کی ترقی کی خبر دی گئی تھی - اب اس سورت میں آنحضرت صلّی اللہ علیہ و آلہ وسلّم کے مکّۂ مکرّمہ سے بیت المقدس تک اسراء (رك بآن) کا ذکر کر کے غلبۂ اسلام کی خاص انداز میں پیش گوئی کی گئی ہے - پھر فرمایا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانے میں توراۃ سرچشمۂ ہدایت تھی، لیکن نزول قرآن مجید کے بعد سرچشمۂ ہدایت قرآن مجید قرار دیا گیا ہے، دنیا و آخرت کی بہتری قرآن مجید کی فرمان برداری اور اطاعت میں ہے - ایمان لانے کے بعد قرآن مجید پر عمل کرنے سے بڑا اجر ملتا ہے - ساتھ ہی یہود کے عروج و زوال کے واقعات سنا کر امت اسلامیہ

Marfat.com

کے لیے عبرت کا سامان مہیّا کر دیا تاکہ مسلمان ان اعمال بد سے احتراز کریں جو یہودیوں کے زوال کا باعث بنے۔

یہ بھی فرمایا کہ زمین و آسمان کی ہر مخلوق اللہ تعالیٰ کی تسبیح بیان کرتی ہے۔ بعث بعد الموت کے عقیدے کی صداقت و حقانیت پر دلائل و براہین بھی پیش کیے۔ اس سورت میں یہ بھی فرمایا کہ ایمانداروں کے لیے قرآن مجید میں روحانی و جسمانی امراض کی شفا اور رحمت کا سامان وافر موجود ہے: وَ نُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ (آیت ۸۲)۔ اس سورت میں تنبیہ، تفہیم اور تعلیم تینوں باتیں بڑے بلیغ اور موزوں انداز میں جمع ہیں اور دلائل سے حقیقت کا عینی مشاہدہ کروایا گیا ہے۔

اس سورت کے پہلے رکوع میں بنی اسرائیل کی تاریخ کے چند عبرت ناک شواهد پیش کیے گئے ہیں، یہود کی دو سر کشیوں اور فسادوں اور اس کے نتیجے میں دو سزاؤں کا ذکر ہے جن کا تذکرہ زبور اور توراۃ میں بھی ہے۔

اسی رکوع کے آخر میں فرمایا کہ تم دو ہلاکتوں کا شکار ہو چکے ہو۔ اب ظہور اسلام سے تمھیں تیسری مہلت ملی ہے۔ اگر انکار و سرکشی سے باز آ جاؤ تو تمھارے لیے سعادت و کامرانی کے دروازے کھلے ہیں، لیکن اگر تم پہلی شرارتوں کی طرف لوٹوگے تو اللہ تعالیٰ کا قانون مکافات موجود ہے (آیت ۸)۔ تمھاری ھدایت کے لیے ایسی کتاب بھیجی گئی ہے کہ زندگی کے ہر پہلو کے لیے اسی کی رہبری اقوم و بہترین ہے۔ اس میں کسی طرح کی کجی، کسی طرح کا پیچ و خم، کسی طرح کا الجھاؤ، کسی طرح کی افراط و تفریط نہیں: يَهْدِيْ لِلَّتِيْ هِيَ اَقْوَمُ (آیت ۹)۔ پہلی آیت میں مسجد الحرام سے بیت اللہ مراد ہے اور مسجد اقصیٰ سے بیت المقدس۔ دوسرے رکوع میں انسان کی اس کمزوری کی طرف اشارہ ہے کہ وہ بادی النظر میں خیر و شر اور بھلائی و برائی کے درمیان امتیاز نہیں کرتا اور بسا اوقات برائی اور شر کا اس طرح طالب ہو جاتا ہے جس طرح اسے خیر کا خواستگار ہونا چاہیے اور یہ اس وجہ سے ہوتا ہے کہ اس کی طبیعت میں جلد بازی ہے (وَكَانَ الْاِنْسَانُ عَجُوْلًا)، لیکن اسے سمجھنا چاہیے کہ وہ اپنے اعمال کے نتائج سے بندھا ہوا ہے اور جو برائی بھی اسے پیش آتی ہے خود اس کے اعمال کی پیداوار ہے، پس اسے غفلت اور مایوسی سے بچنا چاہیے اور یاد رکھنا چاہیے کہ ہر انسان کی نیک بختی اور بد بختی اور اس کے انجام کی بھلائی اور برائی کے اسباب و وجوہ خود اس کی اپنی ذات میں موجود ہیں اور اس کی قسمت کے شگون خارج میں نہیں بلکہ ان کا ہر دانۂ خیر و شر ان کے اپنے گلے کا ہار ہے۔ یہی وجہ ہے کہ تیسرے چوتھے اور پانچویں رکوع میں وہ بڑے بڑے بنیادی اصول پیش کیے ہیں جن پر اسلام پوری انسانی زندگی کے نظام کی عمارت قائم کرنا چاہتا ہے اور جس کی طرف بنی اسرائیل اور دوسرے انبیا کو بلایا گیا ہے اور اس نئے اسلامی معاشرے اور نئی ریاست کے فکری، اخلاقی، تمدنی، معاشی اور قانونی اصول بنائے ہیں۔ حقوق اللہ اور حقوق العباد کی طرف توجہ دلائی ہے اور دنیا و آخرت کی کامرانیوں کے راستے دکھائے ہیں۔ چھٹے اور ساتویں رکوع میں اصول دعوت اسلام بیان ہوئے ہیں اور بتایا ہے کہ اصول اسلام سے روگردانی تمھیں مورد ہلاکت بنا دے گی اور اس سلسلے میں بعض آیات و علامات کا ذکر کیا ہے جو ظہور عذاب کا مقدمہ تھیں اور عبرت دلانے کے لیے بعض گزشتہ تاریخی واقعات کی طرف توجہ دلائی ہے [illegible] سلسلۂ بیان [illegible] کی

marfat.com
Marfat.com

غفلت و گمراهی کے تذکرے پر متوجه هو گیا ہے ۔ آٹھویں رکوع میں هجرت مدینه کی تمهید کا مضمون ہے اور ان مشکل حالات کی طرف اشارہ ہے جو پچھلے بارہ سال سے نبی اکرم صلّی اللہ علیه و آله و سلّم کو مکّے میں پیش آ رہے تھے ۔ نویں رکوع میں مشکلات سے بچنے اور مقام محمود کے حصول کے ذرائع بیان ہوے ہیں اور اس سلسلے میں پنجگانه نماز اور تہجّد کی طرف توجه دلائی ہے اور هجرت کے وقت کی دعا تلقین کی گئی ہے ۔ دسویں رکوع میں الہام اور اس کی ضرورت و اهمیت پر روشنی ڈالی ہے اور قرآن مجید کے کلام الٰہی اور منزّل من اللہ ہونے کے دلائل دیے ہیں ۔ گیارهویں رکوع سے آخر تک اس صداقت کو قبول کرنے کی راہ کی دشواریوں کو دور کیا ہے اور اللہ تعالٰی کی توحید اور کبریائی کے اعلان پر سورت کو ختم کر دیا ہے ۔

**مآخذ** : (۱) الطّبری : تفسیر، بذیل مادّہ؛ (۲) ابن کثیر : تفسیر، بذیل مادّہ؛ (۳) الزمخشری : الکشاف، بذیل مادّہ؛ (۴) الخازن : تفسیر، بذیل مادّہ؛ (۵) محمد جمال الدین القاسمی : تفسیر القاسمی، مصر ۱۳۲۸ھ / ۱۹۰۹ء، جلد ۱۰؛ (۶) احمد مصطفٰی المراغی : تفسیر المراغی، مصر ۱۳۶۵ھ/۱۹۴۶ء، جلد ۱۵؛ (۷) امیر علی : تفسیر مواهب الرحمٰن، لکھنؤ ۱۹۰۴ء، پارہ (جز) ۱۵؛ (۸) جامع الترمذی، ابواب تفسیر القرآن، باب تفسیر سورة بنی اسرائیل، اردو ترجمه از بدیع الزمان : جائزة الشموذی، دہلی ۱۲۹۹ھ، ۲ : ۳۰۳ ببعد؛ (۹) ابوالکلام آزاد : ترجمان القرآن، جلد دوم؛ (۱۰) ابوالاعلٰی مودودی : تفہیم القرآن، بذیل مادّہ.

(اداره)

**بنیامین** : بائبل کا Benjamin ۔ قرآن مجید نے حضرت یوسف علیه السلام (رک باں) کے بیان میں ان کے اس اخیافی [بقول بعض اعیانی] بھائی کا ذکر تو کیا ہے، لیکن ان کا نام نہیں لیا (۱۲ [یوسف] : ۸ و ۵۹ تا ۷۹)، البته تفاسیر و توراریخ میں تھوڑے سے ردّ و بدل کے ساتھ اسرائیلی روایات کو ذرا تفصیل سے بیان کیا گیا ہے ۔ (یہ بھی کہا جاتا ہے کہ بنیامین کی ولادت اس کی ماں کی جان لیوا ثابت ہوئی)۔ اس میں (بائبل کے) تفسیری و توضیحی اضافوں نے بھی (جن کی قابل ذکر تلخیص *Encyclopaedia Judaica*، ۴ : ۱۱۲ تا ۱۱۴ میں موجود ہے) رواج پا لیا ہے [رک به یوسف[۳] (نبی)].

[سبط بنیامین کا شمار بنو اسرائیل کے بارہ اسباط میں ہوتا تھا، اگرچه ان کی تعداد بہت کم تھی۔ اسی طرح بنیامین کی اولاد میں ملوک (یا اسرائیلی سردار) بھی ہو گزرے ہیں جن میں طالوت بن قیس الدباغ اور یشبوشت بن طالوت قابل ذکر ہیں (ابن حزم : جمهرة انساب العرب، ص ۵۰۴، ۵۰۹)].

**مآخذ** : (۱) الطّبری، ۱ : ۳۶۰، ۳۹۳، ۳۹۷ تا ۴۰۴؛ (۲) وهی مصنّف : تفسیر، ۱۲ : ۸۷، ۱۳ : ۶ ببعد؛ (۳) الثعلبی : عرائس المجالس، ص ۸۲، ۸۵؛ (۴) R. Blachére : *Le Coran*، ص ۲۷۴ ببعد؛ (۵) A. Geiger : *Was hat Mohammed* ...، ص ۱۳۸ ببعد؛ (۶) I. Schapiro : *Die haggadischen Elemente im erzählenden Teil des Korans*، ص ۵۷ تا ۶۵، ۸۰ تا ۸۱؛ (۷) D. Sidersky : *Les origines des légendes musulmanes* ...، ص ۸۷؛ (۸) H. Ritter : *Das Meer der Seele*، ص ۲۰۰؛ [(۹) قصص الانبیاء؛ (۱۰) قصص القرآن؛ (۱۱) قاضی محمد سلیمان : الجمال و الکمال؛ (۱۲) ابن حزم : جمهرة انساب العرب، ص ۵۰۴، ۵۰۹].

(A. J. Wensinck و [G. Vajda] [و اداره])

**بَنّیر** : جنوبی عرب کے قبائل کا ایک وفاق جس میں بنو عامر، بنو یوب (ایّوب)، آل عزّان اور آل عمر جو کور عوذلہ (قبّ مقاله عوذلی) کے شمالی جانب

Marfat.com

الضّاہر، مَرْخہ اور وادی مَعْقِری (جیسے وادی بَنیَر بھی کہتے ہیں) میں بسنے والے بالخصوص شامل ہیں۔ ایک زمانے میں بنیر مسوّرہ کی سلطنت الرّصاص کے قبضے میں تھا ۔ ان کا صدر مقام البیضاء ہے (قبّ مقالہ بیحان)، یہیں جملہ بنیری قبائل کے مشترکہ رئیس (عاقل) کا قیام رہتا ہے ۔ البتہ شمال کے بنویوب کا الفرشہ میں اپنا ایک الگ عاقل ہے ۔ بنیر کا علاقہ کم و بیش کتبات کے لحاظ سے مضحی MDHY سے ملتا جلتا ہے (قبّ مقالہ مذحج) ۔

**مآخذ**: (۱) C. Landberg: *Arabica*، در ۵ : ۳، ۳۳، ۵۸؛ (۲) مصنف مذکور: *Etudes*، ۲ : ۲۶۲، ۵۹۷، ۱۳۵۱، ۱۸۱۷، ۱۸۳۳؛ (۳) H. von Wissmann و Höfner: *Zur historischen Geographie des vorislam. Sudarabien*، Wiesbaden، ۱۹۵۲ - ۱۹۵۳ء، ۳۸، ۵۱، ۵۸؛ اوراق ۶۲، ۸۳۔

(L. Löfgren)

**بَنِی سُوَیْف**: (Beni Suaf, Bani Souef)؛ دریاے نیل کے مغربی کنارے پر مصر کا ایک شہر جو قاہرہ سے ۷۵ میل (۱۲۰ کیلومیٹر) کے فاصلے پر واقع ہے ۔ السّخاوی (۹۰۲ھ / ۱۴۹۷ء) کا بیان ہے کہ اس شہر کا قدیم نام بنمسویہ (Binum suwayh) تھا جو بہ رواج عام ''بنی سویف'' ہوگیا (ابن الجیعان: التحفة السنیة، ص ۱۷۲، میں منفسویہ اور ابن دقماق کی الانتصار، ۵ : ۱۰ میں منقوسنہ کو شاید بنمسویہ پڑھنا چاہیے ۔ ایام گزشتہ میں اور آگے بڑھیے تو اس علاقے کا صدر مقام ہراکلیوپولس مگنا (Heracleopolis Magna) تھا جو بنی سویف سے ۱۰ میل (۱۶ کیلومیٹر) کے فاصلے پر واقع تھا اور جسے صرف محمد علی کے زمانے میں اہمیت حاصل ہوئی۔

جب سے مصر کی تقسیم صوبوں (مدیریات) میں کی گئی ہے بنی سویف بالائی مصر کے دوسرے صوبے کا صدر مقام ہے ۔ جس میں تین اور اضلاع (مرکز) شامل ہیں اور جس کی وجہ سے اس صوبے کا نام بھی بنی سویف ہو گیا ہے ۔ بنی سویف جس کی آبادی آج کل ستر اسی ہزار ہے ایک اہم زراعتی مرکز ہے جس میں تھوڑی بہت تجارتی اور صنعتی سرگرمی بھی جاری ہے اور وہ اس ریلوے اور شاہراہ پر واقع ہے جو دریاے نیل کے ساتھ ساتھ چلی گئی ہے ۔ بحیرۂ احمر کے قبطی دوائر اور اس کے درمیان ایک پگڈنڈی موجود ہے اور مقام الشّیخہ حوریّہ جو قدیم ترین مسجد جامع البحر میں واقع ہے مقامی لوگوں کی نظر میں بڑا متبرک ہے ۔

**مآخذ**: (۱) علی پاشا مبارک: الخطط الجدیدہ، ۹ : ۹۲ ورق؛ (۲) A. Boinet Bey: *Dict. géog de l'Egypte*، قاہرہ ۱۸۹۹ء، ص ۱۲۰؛ *Guides Bleus, Egyptie*، ۱۹۵۶ء، ۲۵۱۔

(C. H. Becker)

**بَنِیْقہ**: (جمع بنائق)، ایک عربی لفظ جس کے معنی و مفہوم میں خاصا ارتقا ہوا ہے ۔

قدیم عربی زبان میں اس کے معنی کی بابت لغت نویسوں میں اختلاف پایا جاتا ہے (قبّ ابن سیدہ: المخصص، ۴ : ۸۳ تا ۸۵؛ تاج العروس، بذیل مادہ) ۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس لفظ کے قدیم معنی قمیص یا ڈول (دَلو) میں وسعت پیدا کرنے کے لیے لگائے ہوئے پیوند (رُقعۃ) کے تھے ۔ لغت نویسوں کے مطابق قمیص کی صورت میں بنائق (پیوند) طویل تکونوں کی شکل میں کپڑے کی کترنیں ہوتی تھیں جنھیں بغلوں کے نیچے، لباس کی بغلی سیونوں کے ساتھ عموداً لگایا جاتا تھا تاکہ قمیص زیادہ مکمل بن جائے ۔ بعض کے نزدیک یہ بنائق (کپڑے کے ٹکڑے ہوتے تھے جن کو کالر (طوق) کے سامنے کے حصے میں بٹنوں اور بٹنوں کے سوراخوں کے لیے لگایا جاتا تھا ۔ لغت کی کتابوں میں لبنہ، دخریص اور جُربّان، بنیقہ کے مترادف الفاظ بتائے گئے ہیں؛

Marfat.com

ممکن ہے کہ بنیقه (اور اس کی دوسری شکل بِنَقّه)، آخری دو لفظوں کی طرح فارسی‌الاصل ہوں.

المغرب میں بنیقه کو بعض اوقات آدمی کے قمیص کی ایک قسم کے لیے استعمال کیا جاتا ہے، اگرچہ اس کا زیادہ استعمال عورت کے بال ڈھانپنےوالی چیز کے ایک حصّے کے لیے ہوتا ہے ۔ ہسپانوی اب بھی البنیگه albanega، (= بالوں کو اکٹھا رکھنے اور ڈھانپنے والی جالی) کا لفظ استعمال کرتے ہیں، اور تطوان [رک به تِیطّاوین] کی عربی میں اس لفظ کا استعمال اب بھی خاصی حد تک انھیں معنوں میں ہوتا ہے ۔ الجزائر میں یه (بنیقه) سر کا مربّع شکل کا لباس ہے جس کے ساتھ پیچھے کی طرف ایک پرده سا لگا ہوتا ہے جسے عورتیں حمّام (= بنیقه) سے نکلتے وقت اپنے سروں کو سردی سے بچانے کے لیے استعمال کرتی ہیں.

اپنے معنویاتی ارتقا کے آخری مرحلے میں یه لفظ، مراکشی قصبوں میں، قدیم مخزن (رک باں) میں ایک چھوٹے کمرے، ایک کمره جو ایک وزیر کے دفتر کا کام دے رہا ہے، ایک تاریک کوٹھڑی (پاگل کے قیدخانے میں)، ایک چھوٹے کمرے یا ایک کباڑخانے (ایک فلیٹ میں) کے معنی میں استعمال ہوتا ہے ۔ زبانی روایت کے مطابق بنیقه اصل میں ایک ریشمی رومال تھا جس میں کونسل میں آتے وقت تمام وزرا اپنی اپنی دستاویزات باندھ کر لاتے تھے.

معنویاتی ارتقا کے لیے بنیقه کا فرانسیسی لفظ "pointe" اور نیز (وزارتی) منصب اور کابینه کے ساتھ موازنه کیجیے.

**مآخذ** : مراکشی وزارتی بنیقوں کے لیے قب Aubin : *Le Maroc d' aujourd'hui*، (= ۱۹۰۳ء)، باب ۱۱ .

(G. S. COLIN)

* **بُو** : رک به کُنیت (= کُنیه).

* **بَوازِیج** : متعلق به بَوازِیج المَلک، خلفاے عباسیه کے عہد میں موصل کے صوبے میں زاب اصغر کے دائیں کنارے مگر اس کے دھانے سے تھوڑے ہی فاصلے پر ایک قصبه.

یه نام سریانی ''بیث وازیق'' (Bēth Wāzīk)، یعنی 'خانهٔ محصّل راھداری' کی ایک شکل ہے ۔ بطور ساسانی نام خنیاسابور (شاہپور کا گیت) کے بھی اکثر اس کا ذکر ملتا ہے ۔ اور ساسانی عہد میں دستور تھا کہ بستیوں کو عموماً شاعرانه ناموں سے موسوم کیا جاتا تھا ۔ قدیم مؤرخ اور جغرافیه‌دان اس کی طرف تَکرِیت، طِیرهَان اور سِنّ کے ضمن میں صرف مختصر سا اشاره کرتے ہیں، البته ابن حوقل کے متن میں کسی شخص نے جو اس بستی کے صحیح حالات سے واقف تھا اس کی مفصّل کیفیت کا اضافه کر دیا ہے (طبع ڈخویه ۱۸۷۰ء، حاشیه ۹) ۔ قرون وسطی میں یه قصبه خارجیوں کا مسکن اور قزّاقوں کا گڑھ تھا ۔ یہاں کے لوگ کہتے تھے کہ ہم حضرت علیؓ بن ابی طالب کے لشکریوں کی اولاد ہیں ۔ لہٰذا اس کی شہرت کچھ اچھی نہیں تھی، حتّٰی کہ اس کی گزر اوقات بھی اس سامان پر تھی جو بنو شیبان کے بدّو قافلوں سے چراکر لاتے تھے، لیکن یاقوت نے بعض ایسے ارباب علم و فضل کا ذکر بھی کیا ہے جو بوازیج میں پیدا ہوے ۔ معلوم ہوتا ہے آبادی کا کچھ حصه ضرور عیسائی ہوگا ۔ یہاں ایک شامی شہید بابویه (Baboye) کی معجزنما ھڈیاں بھی موجود تھیں ۔ کبھی کبھی یہاں بیث رمّان Bēth Remmān (یعنی بارِما Bārimmā کے گاؤں) اور بیث وازیق کا یعقوبی اسقف، یا شِنّا (یعنی سِنّ) اور بیث وازیق کا کوئی نسطوری بھی آ جاتا تھا.

اس قصبے کے کھنڈر ابھی تک دریافته

Marfat.com

نہیں ہوے۔

**مآخذ:** (۱) ابن خُرْدَاذْبہ، ص ۹۴؛ (۲) ابن حَوقل (طبع ڈخویہ)، ۱۶۹ حاشیہ (g)؛ (۳) البکری، ۱۸۳؛ (۴) یاقوت، بذیل مادّہ؛ (۵) G. Hoffmann: *Syrische Akten* *Persischer Märtyrer*، ص ۱۸۹؛ (۶) قبّ اس کا حاشیہ متعلقہ ڈخویہ، ابن خُرْدَاذْبہ، ترجمہ، ۶۸؛ (۷) E. Herzfeld: *Untersuchungen zur historischen Topogrophic etc.*، در *Memmon*، ج ۱، ۱۹۰۷ء: ۱، ۲؛ (۸) F. Sarre اور E. Herzfeld: *Archaeologische Reise im Euphrat und Tigris-Gebiet* (۱۹۱۰- ۱۹۱۱ء)، باب i i؛ (۹) Le Strange، ص ۹۱ اور ۹۸۔

(E. HERZFELD

**بُوبُسْترو:** [= بُبَسْتر]، رَكَ بہ بَرْبَشْتَر.

**بُوتَلْخ:** رَكَ بہ آنْدِی۔

**بُوٹی شاہ:** غلام محی الدین نام، بوٹی [= بوٹے] شاہ لقب اور لدھیانہ وطن ۔ سلسلۂ قادریہ سے نسبت تھی ۔ تیرھویں صدی ھجری کے اواخر/انیسویں صدی عیسوی کے وسط میں تاریخ نویسی کی بدولت شہرت پائی ۔ تاریخ پنجاب ۱۲۶۴ھ / ۱۸۴۷ء میں تالیف کی ۔ یہ تاریخ مقدمہ، پانچ دفاتر (ابواب) اور ایک خاتمے پر مشتمل ھے ۔ مقدمے میں پنجاب کی وجہ تسمیہ اور جغرافیائی حالات بیان کیے ھیں ۔ دفتر اول میں سدومن سے رائےپتھورا تک ھندو راجاؤں کے حالات درج ھیں ۔ دفتر دوم سلطان محمود غزنوی سے شاھانِ مغلیہ تک کی تاریخ ھے ۔ اس میں ضمناً احمد شاہ ابدالی (متوفی ۱۱۸۳ھ/ ۱۷۶۹ء) اور سکھوں کا بھی ذکر آ گیا ھے ۔ دفتر سوم میں سکھوں کے گوروؤں یعنی گورو نانک سے لےکر گورو گوبندسنگھ اور اس کے اخلاف کے حالات قلمبند کیے ھیں ۔ دفتر چہارم میں سلطنت مغلیہ کے زوال پر بر سر اقتدار آنے والے سکھ سرداروں اور راجاؤں کے حالات و فتوحات کا ذکر ھے ۔ دفتر پنجم میں رنجیت سنگھ (متوفی ۱۸۳۹ء) کے تسلط اور انگریزوں کی فتوحات (تا ۱۸۴۰ء) کی سرگزشت بیان کی ھے ۔ دیباچے میں مؤلف نے دعوٰی کیا ھے کہ اس سے پہلے پنجاب کے حالات و واقعات اتنی شرح و بسط سے کسی نے نہیں لکھے ۔ پنجاب پبلک لائبریری کے مخطوطۂ تاریخ پنجاب کے صفحات ۴۳۲، تقطیع $10\frac{3}{4}'' \times 8\frac{3}{4}''$ اور ھر صفحے پر ۲۲ سطور ھیں ۔

تاریخ پنجاب کے مآخذ: بھگوتا، مہابھارتا، پدما پوران، حبیب السیر، تاریخ ھند میاں احمد شاہ بٹالی، جنم ساکھی (گور مکھی)، تاریخ مہاراجہ رنجیت سنگھ (فارسی)، مؤلفۂ سوھن لعل، ([ نیز ریو: فہرست مخطوطاتِ فارسی درموزۂ بریطانیہ، ۳: ۹۵۳].

(مقبول بیگ بدخشانی)

**بوجی:** رَكَ بہ بجایہ ۔

**بُو حمَارَہ:** مَرَّاکش کا ایک فتنہانگیز جس نے ۱۹۰۲ء سے ۱۹۰۹ء تک اپنے آپ کو شمال مشرقی مراکش میں سلطان تسلیم کرایا ۔ اس کا اصل نام جَلالی بن اِدریس الزَّرھُونی الیُوسُفی تھا ۔ ۱۸۶۵ء کے قریب کوھستان زَرھون میں پیدا ھوا ۔ وہ مہندسی (انجینئری) کے طلبہ کی اس جماعت کا فرد تھا جسے مولائی حَسن نے قائم کرنے کی کوشش کی تھی، بعد میں وہ حکومت کے ایک انتظامی شعبے میں معمولی درجے کا ملازم ھو گیا جہاں اس پر خیانت کا مقدمہ چلا اور قید کر دیا گیا ۔ پھر وطن چھوڑ کر الجزائر چلا گیا ۔ ۱۹۰۲ء کے موسم گرما میں الجزائر سے واپس چلا آیا اور پھر دغا فریب اور نام نہاد کرامات کی بدولت اس نے ''شریف'' ھونے کا دعوٰی کیا حتّٰی کہ محمد بن الحسن نام سے مولائی عبدالعزیز [رَكَ باں] کا جو مِکناس میں گوشہنشینی کی زندگی بسر کر رھا تھا بڑا بھائی مان لیا گیا ۔ یہ

Marfat.com

ہوا تو علاقۂ تازا [رِكْ بان] کے قبیلۂ غیاطہ کی بہت سی شاخوں نے اس کو سلطان تسلیم کر لیا اور تھوڑے ہی دن میں آس پاس کے اور قبیلے بھی ان کے ہمنوا ہو گئے ۔ ۱۹۰۲ء کے موسم خزاں میں بمقام تازا تخت پر بٹھایا گیا اور یہی شہر اس کا دارالحکومت قرار پایا ۔ عام طور پر وہ بو حمارہ (ابو حمّارہ) کے نام سے مشہور ہے کیونکہ معمولاً گدھی پر سوار ہوا کرتا تھا ۔ اسے ''الرّوگی'' بھی کہتے تھے جو اصل میں رواگہ قبیلے کے ایک سابق مدّعیِ حکومت کا نام تھا جس نے ۱۸۶۲ء میں علمِ بغاوت بلند کیا، مگر بہت جلد گرفتار کر لیا گیا ۔ اس نے سلطان کے خلاف بغاوت کو اس لیے ہوا دی تھی کہ سلطان نے اہلِ یورپ سے کیوں تعلقات قائم کیے ۔

مولائی عبدالعزیز نے بوحمارہ کے خلاف تادیبی مہمّات روانہ کیں، لیکن ۱۹۰۲ء کے آخری ہفتوں میں انھیں یکے بعد دیگرے شکست ہوئی بلکہ فاس (Fez) کا شہر بھی خطرے میں آ گیا ۔ انجام کار ۲۹ جنوری ۱۹۰۳ء کو شریفی عساکر نے اسے فاس کے قریب شکست دی اور ۷ جولائی کو چند دنوں کے لیے تازا پر بھی وقتی طور پر قبضہ کر لیا، مگر بوحمارہ نے باوجودیکہ زخمی اور ذلیل ہو چکا تھا، دوبارہ اپنی فوجیں منظم کیں اور نومبر میں پھر تازا میں آ دھمکا ۔ اب وہاں بیٹھ کر اس نے دو اور شورش پسندوں سے راہ و رسم پیدا کی ، ایک ریسولی جو علاقۂ طنجہ میں شورش پھیلا رہا تھا اور دوسرے بو عمامہ الجزائری سے جو اوران Oran کے فرانسیسی ضلع کے جنوب میں فرانسیسیوں کے خلاف لڑ رہا تھا ۔ اس نے بو عمامہ سے مل کر اوجدہ Oudjda کا محاصرہ کیا جو ۱۹۰۴ء کے آخر سے ۱۹۰۵ء تک جاری رہا، مگر کامیابی نہ ہوئی، لہٰذا شکست کھا کر اس نے قصبۂ سلوان میں جو مَلیلہ کے قریب واقع ہے پناہ لی اور وہیں اہل ہسپانیہ سے بات چیت شروع کر دی اور یہ ظاہر کیا کہ اس علاقے میں انھیں کان کنی کے لیے مراعات مل سکتی ہیں، مگر یوں آس پاس کے قبائل میں اپنا اعتبار کھو بیٹھا ۔ جون ۱۹۰۸ء میں اس نے تازا پر دوبارہ قبضہ کر لیا اور مولائی عبد الحافظ [الحفیظ ؟] کی تخت نشینی کے موقع پر جو ہل چل ہوئی تھی اس سے فائدہ اٹھاتے ہوئے وہ ایک دفعہ پھر فاس پر حملہ کرنے کی تیاریاں کرنے لگا ۔ نئے سلطان نے اس کے خلاف کئی بار فوجیں بھیجیں ۔ بالآخر سلطان کی ایک فوج ۲۲ اگست ۱۹۰۹ء کو فاس کے شمال میں ۱۰۰ کیلومیٹر کے فاصلے پر اسے گرفتار کرنے میں کامیاب ہوئی ۔ بو حمارہ کو ایک پنجرے میں جو اس مقصد کے لیے پہلے ہی سے تیار کر لیا گیا تھا بند کر کے فاس کے کوچہ و بازار میں پھرایا گیا تا کہ لوگوں کی طعن و تشنیع کا نشانہ بنے، لیکن چند دنوں کے بعد سلطان نے جو اس کی شیخیوں سے تنگ آ گیا تھا اور اسے یہ بھی ڈر تھا کہ کہیں یورپ والے اس کے بچانے کے لیے مداخلت نہ کریں، ۱۰ ستمبر ۱۹۰۹ء کو اسے گولی مار کر ہلاک کرا دیا ۔ اس کی لاش کچھ جلی اور کچھ ان جلی رہ گئی ۔

**مآخذ** : (۱) Dr. Louis Arnaud : *Au temps des Mehallas*، دارالبیضاء (Casablanca) ۱۹۵۲ء، ۱۵۳ تا ۲۱۳ اور ۲۶۹ تا ۲۸۵، اہم مآخذ ہے ۔ اس کے بعد (۲) E. Aubin : *Le Maroc d'aujourd'hui*، پیرس ۱۹۰۴ء، ۱۰۸ تا ۱۳۱ اور ۳۰۲ تا ۳۱۴؛ (۳) G. Saint-René Tailandier : *Les origines du Maroc Français*، پیرس ۱۹۳۰ء، ۱۰۳ اور ۱۳۰؛ (۴) Dr. F. Weisgerber : *Au seuil du Maroc moderne*، رباط ۱۹۴۷ء، ۱۳۱ تا ۱۳۳ اور ۱۹۵ تا ۱۹۸؛ (۵) W. Harris : *Morroco tha: was*، لندن ۱۹۲۱ء؛ (۶) M. Le Glay : *La mort du Rogui* (ناول)، آخر میں

marfat.com
Marfat.com

پیرس ۱۹۲۶ء، جس کی بنیاد واقعات کے مضبوط اور ٹھوس معلومات پر رکھی گئی ہے۔

(R. Le Tourneau)

* **بوخارِست**: رک بہ بخارِسٹ.

* **بُودْرَم**: (Bodrum)، ایک چھوٹا سا شہر جو ایشیاے کوچک کے مغربی ساحل پر جزیرۂ استن کوی (Kos Istan Koy) کے بالکل مقابل واقع ہے اور اس جگہ کے بالکل قریب جہاں کاریا Caria میں زمانۂ ماضی کا شہر ہیلی کارنسس Halicarnassus آباد تھا۔ ۱۳۰۰ء کے قریب قریب جب ترک مغربی ایشیاے کوچک پر چھا گئے تو یہ علاقہ منتشا Menteshe [رک بان] کے بیگوں کی حکومت میں آ گیا۔ عثمانیوں نے منتشا کی ریاست پر ۷۹۲ھ/ ۱۳۹۰ء میں قبضہ کیا، لیکن ۸۰۴ھ/ ۱۴۰۲ء میں جب تیمور لنگ نے انقرہ کی جنگ میں انھیں شکست دی تو یہ ریاست ان کے ہاتھ سے نکل گئی اور پھر ۸۲۹ھ / ۱۴۲۵ - ۱۴۲۶ء تک اس پر ان کا پورا اور بلا واسطہ قبضہ نہ ہو سکا۔ پھر جب اس ریاست کا دوسری دفعہ قطعی طور پر الحاق کر لیا گیا تو اس وقت اس میں قدیم ہیلی کارنسس Halicarnassus شامل نہ تھا، کیونکہ اس اثنا میں سینٹ جان کے جانباز جن کا قیام روڈس Rhodes میں تھا، اپنے رئیس اعظم فلی برٹ ڈی نیلک Philibert de Naillac کی زیر قیادت نہ صرف اس پر قابض ہو چکے تھے بلکہ اس میں سکونت بھی اختیار کر لی تھی حتی کہ اس شہر کے بالکل متصل انھوں نے ایک قلعہ بھی تعمیر کر لیا تھا جسے Castellum Sancti Petri (یونانی Πετρόνιον) کے نام سے موسوم کیا جاتا تھا۔ لہٰذا ایک خیال یہ ہے کہ بودرم کا نام یا تو ان ٹوٹے پھوٹے گنبد نما سردابوں سے ماخوذ ہے جو ہیلی کارنسس Halicarnassus کے کھنڈروں میں موجود تھے (قب ترکی بودرم: ایک زمین دوز مدوّر چھت والا راستہ، سرداب)، یا اس کا یہ نام نئے قلعے کے لاطینی نام Sanctum Petrum کی وجہ سے ہوا۔

بودرم کے ساحلی علاقے کو جو ترکوں کے قبضے میں تھا اکثر تاخت و تاراج کیا گیا۔ ۸۸۵ھ / ۱۴۸۰ء میں جب آلِ عثمان جزیرۂ روڈس Rhodes کے ناکام محاصرے سے استانبول واپس جا رہے تھے تو انھوں نے سینٹ پیٹر کے قلعے پر حملہ کیا تا کہ اس پر قبضہ کر لیں، مگر اس سے کوئی نتیجہ مرتب نہ ہوا۔ عثمانی حکومت میں بودرم ۹۲۹ھ / ۱۵۲۲ء میں شامل ہوا اور یہ اس وقت جب سینٹ جان کے جانبازوں کو ایک طویل اور مشہورانہ مقاومت کے بعد روڈس Rhodes اور اس سے ملحقہ مقبوضات کو سلطان سلیمان قانونی کے حوالے کرنا پڑا۔ اولیا چلبی کا بیان ہے کہ بودرم کی بندرگاہ پر عثمانیوں اور اہل وینس کے درمیان ۱۰۵۵ھ / ۱۶۴۵ء تا ۱۰۸۰ھ/ ۱۶۶۹ء میں ایک بحری معرکہ ہوا۔ پھر ۱۱۸۲ھ / ۱۷۶۸ء تا ۱۱۸۸ھ / ۱۷۷۴ء کی عثمانیوں اور روسیوں کی جنگ میں بھی روسی بحری بیڑے کی گولہ باری سے جو مشرقی بحر متوسط میں مصروف پیکار تھا بودرم کو نقصان پہنچا۔ ۱۹۱۴ء تا ۱۹۱۸ء کی جنگ عظیم میں بودرم پر پھر گولہ باری ہوئی اور اس مرتبہ قلعے کو کافی نقصان پہنچا، لیکن ۱۹۱۹ - ۱۹۲۰ء میں جب اٹلی کی فوجوں نے اس پر قبضہ کیا تو اس کی مرمت بھی کر دی گئی۔ عثمانی عہد میں بودرم آناطولی (Anadolu) کی ایالت اور منتشا (Menteshe) کے سنجاق میں شامل تھا۔ اس کے بعد اسے ''قضاء'' کا درجہ مل گیا اور یہ اس وقت جب یہ سنجاق ۱۸۶۴ء میں آیدین Aydin (سمرنا) کی نئی ولایت کے ماتحت آ گیا۔ آج کل یہ شہر ترکی کے صوبۂ مگلہ

Marfat.com

(Muğla) میں شامل ہے۔ ۱۹۵۰ء میں اس کی آبادی ۸۰۰۰ نفوس پر مشتمل تھی۔

**مآخذ:** (۱) پیری رئیس: کتاب بحریہ (Turk Tarihi Arastirma Kurumu Yayinlarindan، عدد ۲)، استانبول ۱۹۳۵ء، ۲۲۰، ۲۲۳، ۲۲۵، ۲۲۷، ۲۲۹؛ (۲) پچوی: تاریخ، استانبول ۱۲۸۳ھ، ۱: ۷۶؛ (۳) اولیا چلبی: سیاحت نامہ، ج ۹، استانبول ۱۹۳۵ء، ۲۱۱ ببعد، Bonn, Dukás ۱۸۳۴ء، ۱۱۵ ببعد؛ (۴) C. Cippico: De Petri Mocenici Imperatoris gestis Libri Tres، ۱۵۳۴ء، ۱۷ ببعد؛ (۵) V. Coronelli اور A. Parisotti: L' Isola di Rodi، وینس ۱۶۸۸ء، ۳۲۰ ببعد؛ (۶) Hammer-Purgstall، ۷: ۳۳۸؛ (۷) C. T. Newton: A History of Discoveries at Halicarnassus, Cnidus and Branchidae، لنڈن ۱۸۶۲ تا ۱۸۶۳ء، ۱: ۲۷ ببعد مقامات متفرقہ اور ۲: ۶۴۵ تا ۶۶۶ (= Appendix I R. P. Pullan: Description of the castle of St. Peter at Budrum)؛ (۸) W. Tomaschek: Zur historischen Topographie von Kleinasien im Mittelalter، در SBAk. Wien, (Phil.-Hist. Cl.)، شمارہ ۱۲۴، ویانا ۱۸۹۱ء، ص ۳۹؛ (۹) J. Delaville le Roulx: Les Hospitaliers à Rhodes . . .، (۱۳۱۰ - ۱۴۲۱ء)، پیرس ۱۹۱۳ء، ۲۸۸ ببعد؛ (۱۰) G. Gerola: Il Castello di S. Pietro in Anatolia ed i suoi stemmi dei Cavalieri di Rodi، در Rivista del Collegio Araldico، جلد ۱۳، رومہ (Rome) ۱۹۱۵ء، ۱ تا ۱۱، ۶۷ تا ۸۷، ۲۱۶ تا ۲۲۷؛ (۱۱) A. Maiuri: I Castelli dei Cavalieri di Rodi a Cos e a Budrum (Alicarnasso)، در Annuario della R. Scuola Archeologica di Atene، جلد ۴ تا ۵ (۱۹۲۱-۱۹۲۲ء)، برگیمو (Bergamo) ۱۹۲۴ء، ص ۲۹۰ تا ۳۴۴؛ (۱۲) F. Taeschner: Das anatolische Wegenetz nach osmanischen Quellen (Turkische Bibliothek, Bd. 23)، لائپزگ ۱۹۲۶ء، ۲: ۳۰ اور ۶۱؛ (۱۳) Il Castello dei Cavalieri di Rodi a Budrum، در Clara Rhodos (Istituto Storico-Archeologico di Rodi)، جلد ۱، برگیمو ۱۹۲۸ء، ۱۷۸ - ۱۸۱؛ (۱۴) P. Wittek: Das Fürstentum Mentesche (Istanbuler Mitteilungen، جلد ۲، استانبول ۱۹۳۴ء، ص ۹۸، ۱۰۸، ۱۶۷، ۱۷۰، ۱۷۲؛ (۱۵) حافظ قدری، در TOEM، شمارہ ۲۶ (۱۳۳۰ھ): ۱۲۷ تا ۱۲۸؛ (۱۶) A. Galanti Bodrumlu: Bodrum Tarihi، استانبول ۱۹۴۵ء؛ (۱۷) وہی مصنف: Bodrum Tarihine Ek، انقرہ ۱۹۴۶ء؛ (۱۸) سامی: قاموس الاعلام، جلد ۲، استانبول ۱۳۰۶ھ، ص ۱۳۶۹ تا ۱۳۷۰؛ (۱۹) علی جواد: تاریخ و جغرافیای لغاتی، استانبول ۱۳۱۳ - ۱۳۱۴ھ، ۲۰۳ ببعد؛ (۲۰) Pauly-Wissowa: ۷ / ۲ (۱۹۱۲ء)، بذیل مادہ ہیلی کارنسس Halikarnassos، کالم ۲۲۵۳ تا ۲۲۶۴؛ (۲۱) V. Cuinet: La Turquie d'Asie، جلد ۳، پیرس ۱۸۹۴ء، ص ۶۶۲ تا ۶۶۵۔

(V. J. Parry)

⊗ **بوداپست:** Budapest، ہنگری کا سب سے بڑا شہر اور دارالحکومت، جو دریاے ڈینیوب کے دونوں کناروں پر آباد قدیم بستیوں پر مشتمل ہے، یعنی دائیں کنارے پر بودا Buda (و اُبودہ O-Buda) اور بائیں کنارے پر پست Pest (و کوبانیہ Kobanya)۔ بودا ایک سطح مرتفع پر آباد ہے اور پست نشیبی میدان میں۔ ان دونوں کے درمیان دریاے ڈینیوب چٹانوں سے ٹکراتا ہوا بہتا ہے اور اس کے بیچ میں جزیرۂ مارگریٹ واقع ہے. جو سنگ بستہ راستوں کے ذریعے بودا اور پست سے ملا ہوا ہے۔ دریا کے آر پار جانے کے لیے چھے پل موجود ہیں، جن میں سے ایک کا شمار یورپ کے سب سے بڑے معلق پلوں میں ہوتا ہے۔ اس پل کے ایک سرے پر ۳۸۳ گز لمبی سرنگ ''محل کی پہاڑی'' تک جاتی ہے۔

marfat.com
Marfat.com

بودا کی بستی پست کی به نسبت قدیم ہے، لیکن پست کی طرح یہاں بھی کوئی ایسی قابل ذکر عمارت نہیں جسے تاریخی آثار قدیمہ میں شمار کیا جا سکے، البتہ بودا کا ماحول نسبۃً پر سکون ہے اور پست کی گہما گہمی کے مقابلے میں پرانے دنوں کی یاد تازہ کرتا ہے۔ پہاڑی پر اٹھارھویں صدی عیسوی کا بنا ہوا محل یہاں کی سب سے مشہور عمارت ہے۔ اس میں ۸۶۰ کمرے ہیں جن میں سے کئی ایک کی آرائش و تزئین دیدنی ہے۔ اس سے کچھ فاصلے پر کلیسائے تاج پوشی ہے، جسے تیرھویں صدی عیسوی میں شاہ بیلہ Bola چہارم نے رومی طرز تعمیر میں شروع کیا اور پندرھویں صدی عیسوی میں شاہ متھیاس Mathias نے گتھک Gothic طرز میں پایۂ تکمیل تک پہنچایا۔ اس کے عقب میں بادشاہ سینٹ سٹیفن Stephan the Saint کا ایک کانسی کا مجسمہ نصب ہے۔ پست کا قدیم شہر ذرا بلندی پر بسایا گیا تھا تاکہ دریا کے سیلاب سے محفوظ رہے۔ جدید شہر اس کے گردا گرد آباد ہوا ہے۔ یہاں کی مشہورترین عمارت کلیسائے بیسیلیکا Basilica ہے۔ یہ ایک رومی طرزِ تعمیر کی عمارت ہے جس کا گنبد ۳۱۵ فٹ بلند ہے۔ اوپیرا ہاؤس، یونیورسٹی، عجائب گھر اور عدلیہ کی عمارتیں جدید زمانے سے تعلق رکھتی ہیں۔

۱۹۶۳ء میں بودا پست کی آبادی اٹھارہ لاکھ پچھتر ہزار تھی۔ ایک صحت افزا اور تفریحی مقام کے اعتبار سے اس کی یورپ میں بڑی شہرت ہے (نیز دیکھیے مادۂ بُدین).

**مآخذ:** (۱) انسائیکلوپیڈیا بریٹینیکا، ۱۹۵۰ء، ۴: ۳۲۲ بعد؛ (۲) F.B. Smith: *Budapest, the city of the Magyars*، مطبوعۂ ۱۹۰۳ء؛ (۳) R. Millot: *Budapest et les Hongrois*، مطبوعۂ ۱۹۱۳ء.

(سید امجد الطاف)

* **بُودِین:** رَكَ به بُدِین.

* **بُوذاسف:** رَكَ به بلوہر و بوداسف.

* **بُور:** رَكَ به بَعْل

* **بُوران:** عباسی خلیفہ المأمون کی زوجہ اور اس کے ایرانی وزیر حسن بن سہل (رَكَ بآن) کی بیٹی۔ بعض کے نزدیک اس کا اصلی نام خدیجہ تھا اور بوران لقب۔ صفر ۱۹۲ھ/ دسمبر ۸۰۷ء میں پیدا ہوئی اور دس سال ہی کی عمر میں اس کا نکاح المأمون سے ہوگیا۔ حسن بن سہل خلیفہ کے ابتدائی عہد حکومت میں بڑی وفاداری سے اس کی خدمت کر چکا تھا۔ رسوم شادی کہیں رمضان ۲۱۰ھ/دسمبر ۸۲۵ء۔ جنوری ۸۲۶ء میں حسن بن سہل کی اپنی جاگیر میں فَمُ الصِّلْح کے مقام پر جو واسط کے قریب واقع ہے ادا کی گئیں۔ اس وقت حسن بن سہل اگرچہ وزارت سے الگ ہو کر امورِ سلطنت میں کوئی حصہ نہیں لے رہا تھا، لیکن خلیفہ کی جب بھی خواہش تھی کہ اس کے خاندان سے اپنی وابستگی کا اظہار کرے۔ یہ شادی جس شان و شوکت سے ہوئی اس کا حال بہت سے مصنّفین نے بڑی تفصیل سے بیان کیا ہے۔ پھر جیسا کہ روایت ہے بوران نے اسی موقع پر ابراہیم بن المہدی (رَكَ بآن) کی سفارش کی تھی۔ بوران کی وفات ربیع الاول ۲۷۱ھ/ ستمبر ۸۸۴ء میں ۸۰ سال کی عمر کے لگ بھگ ہوئی۔ اس کا قیام اس محل میں رہتا تھا جو کبھی جعفر البرمکی کی ملکیت تھا اور جو آگے چل کر قصرالحسن کے نام سے مشہور ہوا۔ حسن نے یہ محل بوران کو جہیز میں دے دیا تھا۔ بوران کا انتقال ہوا تو یہ محل خلفا کو منتقل ہو گیا.

**مآخذ:** (۱) الیَعْقُوبی؛ (۲) طَبَری، بمدد اشاریہ؛ (۳) ابن طَیْفُور: کتاب بغداد، طبع قاہرہ، ص ۱۰۲، ۱۱۳ تا ۱۱۸؛ (۴) ابن خَلّکان، عدد ۱۱۰، اور قاہرہ ۱۹۴۸ء، ۱: ۲۵۸ تا ۲۶۱؛ (۵) الثعالبی: لطائف المعارف، طبع de Jong، ص ۷۳ تا ...

Marfat.com

(٦) G. Le Strange: *Baghdad during the Abbasid Caliphate*، آوکسفرڈ ۱۹۰۰ء، ص ۲۴۳ تا ۲۴۶؛ [(۷) الزرکلی: الاعلام، بذیل مادّہ؛ (۸) اُوْ (ع)، بذیل مادّہ].

(D. SOURDELL)

* **بوران**: (یا بوران دخت)، خسرو پرویز کی بیٹی، ایک ساسانی ملکہ جس نے ۶۳۰ء میں ایک مختصر عرصہ حکومت کی.

**مآخذ**: (۱) Noldeke: *Geschichte der Perser und Araber zur Zeit der Sasaniden*، ص ۳۹۰ ببعد.

(ادارہ اُوْ قدیم)

* **بُورَق**: بَورق، بُورق یعنی سہاگہ، قزوینی کی تفصیلات سے پتا چلتا ہے کہ بورق کے عام نام کے تحت بہت ہی مختلف نوعیت کے نمکوں کو خلط ملط کر دیا جاتا تھا، وہ خام شورہ (نطرون = natron) کو سہاگے کی ایک قسم لکھتا ہے، یعنی ارمنی سہاگہ، دھات سازوں کا سہاگہ، تنکار (سہاگہ)، جسے برصغیر پاک و ھند سے درآمد کیا جاتا تھا، میٹھا سوڈا، زراوند اور کرمان کا سہاگہ۔ ارسطو کی *Petrology* میں بھی اس کی خاصیت یہ لکھی ہے کہ یہ کل اجسام کو پگھلا دیتا، سودھنے کے عمل کو تیز کرتا اور ڈھلائی کے کام میں سہولت پیدا کرتا ہے۔ خام شورہ (نطرون) کو خاص طور پر اس سلسلے میں بورق کی ایک قسم کے طور پر بیان کیا گیا ہے، تنکار کے متعلق کہا جاتا ہے کہ وہ سونے کے سودھنے میں خاص طور پر کارآمد ہے۔ طب میں اسے متعدد طریقوں سے استعمال کیا جاتا ہے.

**مآخذ**: (۱) القزوینی (طبع Wüstenfeld)، ص ۲۱۲؛ (۲) وھی کتاب (ترجمہ Ruska)، ص ۹.

(J. RUSKA)

* **بُورقو**: [= بُرکُو، نیز بورکو] (Borkou)، وہ نام جس سے یہاں کے باشندے نخلستانوں کے اس سلسلے کو جو تِبِستی [= تِیبِستی] اور اِنّدی کے پہاڑی جھرمٹوں کے درمیان کے نشیبی خطّے کے جنوبی کنارے کے ساتھ ساتھ چلا گیا ہے۔ یہ نشیبی خطّہ بَحْرالغزال کے راستے بحیرۂ شاد (Lake Chad) تک پھیلا ہوا ہے۔ اس روایتی بورقو میں فرانسیسیوں نے ''بودیلہ جوراب کورو تورو'' (Bodélé-Djourab-Koro-Toro) کی چراگاھوں اور مُرشہ (Mortcha) کے شمالی علاقے کا اضافہ کر دیا ہے، جس کی پیداوار نخلستانوں کی معیشت کا تکملہ کرتی ہے، اور دوسری طرف اس میں تِبِستی کے جنوب مشرق کا علاقہ کوہِ اِمی کوسی (Emi Koussi) (۱۱۲۰۰ فٹ) بھی اس میں ملا دیا ہے، کیونکہ یہ پہاڑ خطّۂ بورقو کا قلعہ سمجھا جاتا ہے۔ پورے علاقے کی شکل مربّع منحرف ہے جس کا قاعدہ جنوب میں ۱۰ درجے اور ۲۱ درجے سمت الرّأس کے سولھویں متوازی خط کے ساتھ ساتھ پانچ سو کیلومیٹر لمبا ہے اور جس کی چوٹی لیبیا Libya کی سرحد کے ساتھ، ۱۹ درجے اور ۲۰ درجے ۲۰ دقیقے سمت الرّأس کے درمیان، مطابقت رکھتی ہے۔ اس کا کل رقبہ ۲۳۰۰۰۰ مربع کیلومیٹر ہے.

باستثناے تِبِستی زمین کا ابھار تدریجی ہے۔ اِمی کوسی کے دامن سے ریتلے پتھر کی سطح مرتفع جنوب اور جنوب مغرب کی جانب ۲۳۰۰ سے لے کر ۶۵۰ فٹ تک ڈھلوان ہے، جہاں وہ جُوراب (Djourab) اور بودیلہ (Bodélé) کے وسیع و عریض ریتلے نشیب میں مدغم ہو جاتی ہے۔ اٹھارھویں متوازی خط پر طاسوں کا ایک سلسلہ شمال مغرب سے جنوب مشرق، یعنی نگلکّہ N'Galakka سے لارگیو Largeau کی طرف جانے والے خط پر مسلسل چلا گیا ہے اور سطح کو دو حصّوں میں قطع کرتا ہے۔ نشیبی میدان کے شمال میں سطح زمین کو ندیاں کاٹتی ہوئی جاتی ھیں۔ یہ اِمی کوسی Emi Koussi

marfat.com
Marfat.com

کی چوٹی سے نکلتی ہیں اور شاخ در شاخ ہو کر سطح مرتفع کو کٹی پھٹی زمین کی پٹیوں میں تقسیم کرتی ہیں جنھیں جگہ جگہ ''برخانے''، یعنی ہلال‌نما ٹیلے گھیرے ہوئے ہیں ۔ جنوب میں یہ سطح مرتفع کٹی پھٹی نہیں ہے اور اس کی ڈھلان تدریجی ہے ۔ طاسوں کے تین سلسلے جنوب مغرب سے شمال مشرق کی طرف اس ڈھلان کو کاٹتے یا اس کی حد بندی کرتے ہیں ۔ جنوب سے شروع کریں تو پہلے بودیلہ (Bodélé) اور جوراب (Djourab) کے نشیب ہیں، جن میں یکے بعد دیگرے لمبے پہاڑی ٹیکرے اور چوڑے چوڑے اتھلے تلاؤ آتے ہیں۔ ٹیکروں پر بھی ''برخانے'' دخیل ہوگئے ہیں ۔ پھر وسطی نشیب میں کھجور کے درختوں کا ایک سلسلہ ہے جسے برخانے اور چھوٹے تکونے ٹیلے (= نیکہ) عرضاً قطع کرتے ہیں ۔ اور اخیر میں اونینگا (Ounianga) کا دھنسا ہوا منطقہ اور اس کی جھیلیں ہیں جو گورو (Gouro) ندی کے ساتھ اِمی کوسی کے بائیں بازو تک چلا گیا ہے ۔

اسی علاقے کی آب و ہوا صحرا کی سی ہے جس میں اپریل سے ستمبر تک کے گرم‌ترین مہینوں اور [ان کے بعد کے] سردترین مہینوں میں درجۂ حرارت کا بڑا تفاوت پایا جاتا ہے ۔ سردترین مہینوں کی سردی میں شمال مشرقی ہواؤں سے اور اضافہ ہو جاتا ہے جو ان دنوں عموماً مسلسل چلتی رہتی ہیں اور ریت سے پُر ہوتی ہیں ۔ موسم کی خشکی کا اوسط مقام تنِزروفت Tanezrouft کے اوسط سے مشابہ ہے، لیکن یہ ملک وسطی صحرا سے اس لحاظ سے مختلف ہے کہ اس میں خشک سالی کے طویل سلسلے نہیں ہوتے ۔ بارش گو بہت کم، مگر کم از کم مئی سے ستمبر تک ہر سال ہوتی ہے ۔ یہ باقاعدگی بذات خود اس امر کی توجیہ نہیں کہ اس میں کثرت سے سبزی کیوں ہے جو چشموں کے اردگرد بالکل منطقۂ حارّہ کی بالافراط روئیدگی کی شکل اختیار کر لیتی ہے ۔ دراصل یہاں پانی کثرت سے ہے : اِمی‌کوسی Emi Kousi کے دامن میں نمک کی جھیلیں، وسطی نشیب کے خالص یا شور آمیز پانی کے چشمے، وادیوں کی ریت کو تر کرنے والی یا جنوبی طاسوں کی سطح پر ظاہر ہونے والی آبی تہیں اور آخر میں اونینگا (Ounianga) کی جھیلیں ۔ ان پانی کے ذخیروں کا منبع بظاہر اِمی‌کوسی کے ندی نالوں کی کثرت ہے، جو آتش فشانی چٹانوں کی تہوں کے درمیان جذب ہو جاتے اور ریتلے پتھر میں سے رس کر نشیبوں میں دوبارہ نمودار ہو جاتے ہیں۔

اس نیم صحرائی زمین steppe کے خصائص شمال سے جنوب کی طرف جاتے ہوئے بدلتے جاتے ہیں۔ شمال میں ''ھد'' جو چند قسم کے گیاھی پودوں کی پرورش کرتی ہے، کثرت سے پائی جاتی ہے، لیکن سترھویں خطِ عرض البلد میں اس کی جگہ ایک قسم کی چتکبری پھول دار گھاس cram cram (*cenchrus biflorus*) لے لیتی ہے ۔ اس کے بعد وہ ساحلی قسمیں آتی ہیں جو جھاڑیوں (savannah) کی پیش رو ہیں۔ یہاں سے اریل غزالوں (ariels) اور شتر مرغوں کی سر زمین شروع ہوتی ہے ۔ شمالی وادیوں اور خصوصاً وسطی نشیب میں ''دوم''، یعنی مصری کھجوروں اور خاص کر خوبصورت ببول کے چھوٹے چھوٹے جنگل، جزیروں کی طرح ادھر ادھر موجود ہیں اور گویا اس بات کی شہادت دیتے ہیں کہ کسی زمانے میں وہاں زیادہ وسیع اور گھنے جنگل ہوں گے ۔

دسویں صدی عیسوی سے نخلستانوں اور چراگاہوں کی کشش نواحی پہاڑوں کی آبادی کو ادھر کھینچ لائی ہے ۔ مشرقی اور مرکزی تِبستی کے خانہ بدوش قبائل (تُوبُو ببلے کی دو شاخیں : تِدہ

Marfat.com

[= تیدا] اور دزا) نے پہلے ''گورو'' کے نخلستانوں پر پھر وسطی نخلستانوں (''وون'') پر قبضہ جما لیا اور دنزہ Donza کو جو یہاں کے اصلی باشندے معلوم ہوتے ہیں، اسی کوسی کے جنوبی کھجور کے جھنڈوں کی طرف دھکیل دیا جو اب ان کی سکونت‌گاہ ہے ۔ وہ خانہ‌بدوش جو قبیلے کے سب سے پست طبقے سے تعلق رکھتے تھے اب مستقل بس گئے ہیں، گو بعض اوقات صرف جزئی طور پر۔ صحرائی گھاس ''ھد'' اور شورہ آمیز پانی پاس ہی ہونے کے باعث وہ اونٹوں کی پرورش کر سکتے ہیں ۔ دوسرے قبائل جنوب کے نیم صحرائی میدانوں کی طرف چلے گئے ہیں جن میں چراگاہوں کی بہتات ہے ۔ کچھ قبائل تو جھیل شاد (Chad) کے نشیبی علاقوں تک پہنچ گئے ہیں جہاں وہ اونٹوں کے بدلے مویشی پالنے لگے ہیں۔

آبادی کے بعض اور گروہ انّدی اور ودای Wadai سے اتر کر توبو سے گھل مل گئے ہیں۔ آنکزہ جو بورقو میں بہت اہم گروہ ہے اسی طرح بنا تھا، جب کہ گیدہ (Gaeda) کنم (Kanem) کے تنجور قبیلے کی نسل سے معلوم ہوتے ہیں ۔ اس طرح بورقو ایک کٹھالی کا کام دیتا رہا ہے اگرچہ توبو کا اثر غالب رہا ہے ۔ ان گروہوں کی اکثریت دزا زبان بولتی ہے، ان کے رسم و رواج وہی ہیں جو توبو کے اور جسمانی ساخت بھی توبو کی سی، یعنی غیر حبشی سیاہ فام، بہت ہی عام ہے ۔ یہ بات سمجھ میں آ سکتی ہے کہ عربوں نے بورقو کے تمام باشندوں کو کیوں ''قرعان'' کے. واحد نام کے تحت ایک ہی زمرے میں رکھ دیا تھا۔ سرکاری اعداد و شمار کی رو سے ان بورقوئیوں کی موجودہ تعداد تقریباً بیس ہزار ہے۔

ان کے خانہ‌بدوشوں کی معیشت کا انحصار مویشیوں کی پرورش نیز نخلستانوں کے امدادی وسائل پر ہے، خواہ انھیں نخلستانوں پر یہ حقوقِ ملکیت جو انھوں نے ماضی میں حاصل کیے تھے، ابھی تک حاصل ہیں اور خواہ ان کے لیے باغوں کی کاشت وھاں مستقل سکونت رکھنے والے ''کماجہ'' کرتے ہیں جن کی اصلیت کا حال اچھی طرح معلوم نہیں، اگرچہ وہ ضرور غلامانہ ہوگی ۔ ان کماجوں نے جو فصل میں ان بدویوں کے شریک بن گئے تھے، فرانسیسی حکومت کی مدد سے اپنے آپ کو انھیں خراج ادا کرنے کی پابندی سے بتدریج آزاد کرا لیا ہے ۔ ان کھجور کے باغوں میں آج کل تقریباً دس لاکھ بارآور نخل ہیں جن میں سے نوّے فیصد وسطی نشیب میں ہیں ۔ ان کی پیداوار تیس ہزار قنطال quintals [=تقریباً اسی ہزار من] کھجور سالانہ ہے ۔ باغوں میں آبپاشی کی نالیوں کو پانی ڈھینکلی والے کنوؤں سے ملتا ہے اور ان کی اوسط پیداوار ۱۲۰ ٹن گندم اور ۲۰۰ ٹن باجرہ سالانہ ہے ۔ سبزیاں (پیاز، ٹماٹر، شکرقند اور فلفلِ شیریں) بھی پیدا ہوتی ہیں ۔ نمک کے حوض جہاں سے نمک بذریعۂ تبخیر حاصل کیا جاتا ہے، شمالی وادیوں میں کثیر تعداد میں ہیں ، اور ان کی اور انّدی کی پیداوار مل کر (۱۹۵۰ء میں) پورے صحرائے اعظم کی پیداوار کے نصف کے برابر تھی ۔ جنوبی نیم صحرائی میدانوں کے خانہ‌بدوش نخلستانوں میں ان کی پیداوار مبادلہ کرنے کے لیے گوشت، مکھن اور دباغت شدہ کھالیں لاتے ہیں ۔ مقیم اور خانہ بدوش سبھی لوگ اپنے اوزار اور ہتھیار لہاروں سے حاصل کرتے ہیں، جنھیں نیچ قوم سے سمجھا جاتا ہے ۔ یہ لہار توبو علاقے میں ''ازّا'' کہلاتے ہیں ۔ مقامی لوھا جو اب ختم ہو چکا ہے انھیں میسّر نہیں آتا، لہٰذا لوہے کی ٹوٹی پھوٹی چیزوں یا خام لوہے کی چادروں سے جو بورنو میں خریدی جاتی ہیں اوزار وغیرہ بنانے

Marfat.com

کے کام لیتے ہیں۔

انیا کے ان مبادلوں سے مقامی ضروریات پوری ہو جاتی ہیں - کُفرہ کے اقتصادی نقطۂ نظر سے غیر اہم راستے سے بورقو ساحل بحیرۂ روم سے بارہ سو میل دور ہے، چونکہ وہ ان دوسرے تجارتی راستوں سے جو سوڈان کو بحیرۂ روم سے ملاتے ہیں (جو تبستی اور وہاں کے قزاقوں سے بچ کر گئے ہیں) نیز ان راستوں سے جو ودای Wadai کے جنوب سے ہو کر بلادِ نیل کو جاتے ہیں ہٹا ہوا ہے اس لیے بورقو اپنی معیشت کا ہمیشہ آپ ہی کفیل رہا ہے - یہی وجہ ہے کہ ان نخلستانی لوگوں کی زندگی کے پرانے طور طریقے اس زمانے تک قائم ہیں، اور انھوں نے انیسویں صدی عیسوی تک اسلام قبول کرنے سے پہلے اپنے جاہلی مذہب کو ترک نہیں کیا تھا - ان کی یہ علیحدگی قریبی زمانے میں دو دفعہ ٹوٹ چکی ہے - ۱۸۴۲ء سے نصف صدی بعد تک اولاد سلیمان، فزان سے ترکوں کے مقابلے سے بھاگ بھاگ کر موج در موج یہاں امنڈتے رہے اور انھوں نے اس ملک کو تاخت و تاراج کر ڈالا - پھر ۱۹۰۰ء کے قریب سنوسی کانم اور منگہ سے پسپا ہو کر وسطی نشیب کے دونوں کناروں پر نگلکہ N'Galakka [=انگلکہ] اور ووں [=واو] (المعروف بہ فایہ، بعد میں لارگیو Largeau) میں مستقلاً جم گئے - انھوں نے اپنے زاویوں کو، خصوصاً گورو میں، زراعتی نیز ذہنی اور دینی مرکز بنا لیا، جہاں سے اسلام کی تبلیغ کی جاتی تھی، لیکن وہ تاختیں بھی کرنے لگے جن کی وجہ سے یہاں کے خانہ بدوشوں کو فیصلہ کرنا پڑا کہ یا تو انھیں نخلستانوں میں رہیں جن پر سنوسیوں کا قبضہ تھا، یا جنوب کی طرف چراگاہوں میں چلے جائیں جو اس وقت سے فرانسیسیوں کی نگرانی میں آ گئی تھیں جب سے وہ وادای اور بحرالغزال پر قابض ہوے تھے - غرض سنوسیوں کے حملوں نے اقتصادی زندگی کو درہم برہم کر کے تباہ کر دیا - سنوسیوں کو ترکوں کی حمایت حاصل تھی، جنھوں نے ۱۹۱۱ء میں اس ملک میں اپنی محافظ فوجیں متعین کر دی تھیں، لیکن اطالیہ - ترکیہ کی جنگ کے سبب ۱۹۱۲ء میں ترکوں نے ان متعینہ فوجوں کو واپس بلا لیا اور ۱۹۱۳ء میں فرانس نے سارے بورقو پر قبضہ جما لیا [نیز رک بہ تبو].

مآخذ: (۱) Nachtigal : *Sahara et Soudan* (ترجمہ Gourdault)، ۱۸۸۱ء؛ (۲) Carbou : *La région du Tchad et du Ouadai*، ۱۹۱۲ء؛ (۳) Ferrandi : *Le Centre Africain Français*، ۱۹۳۰ء؛ (۴) médecin Capitaine Pujo : *Le Borkou et ses habitants, vie et moeurs*، در *Revue Militaire de l' A.E.F.*، جلد ۱۶، ۱۹۳۹ء؛ (۵) R. Capot-Rey : *Introduction à une gèographie humaine du Borkou*، در *Travaux de l'Institute de Recherches Sahariennes*، ۱۹۵۷ء، ۱۶ : ۴۱ تا ۷۱ .

(M. Ch. LeCoeur)

* **بورک** (Börk) : رک بہ لباس .

* **بورگلوجہ مصطفی** : رک بہ بدرالدین بن قاضی سماونہ.

* **بورکو** : (= برکو)، رک بہ بورقو.

* **بورنو** : (=برنو)، یہ نام جس کی اصل مشکوک ہے لیکن جس کا مادہ "بری بری" (بری بری) میں بھی موجود ہے، یعنی اس نام میں جو ان کے ہمسایے کنوری Kanuri کو دیتے ہیں، مغربی افریقہ کے عقبی علاقے کے ایک خطے کو دیا جاتا ہے اور مندرجۂ ذیل علاقوں کے لیے استعمال ہوتا ہے :-

(الف) غیر معینہ طور پر اس علاقے کے لیے جس کی جغرافیائی لحاظ سے کبھی واضح تعیین نہیں ہوئی اور جہاں مغربی سوڈان کے علاقے کی ایک ریاست قائم ہو گئی تھی - دیکھیے نیچے پیرا ۶ .

marfat.com
Marfat.com

(ب) ایک صوبے کے لیے: رقبہ ۱۹۳۱ء کی مردم شماری کی رو سے پینتالیس ہزار نو سو مربع میل، اور جاے وقوع ۱۰ درجے اور ۱۳۰۰ درجے عرض بلد شمالی کے اور ۱۰ درجے اور ۱۴ درجے طول بلد مشرقی کے درمیان اور جو شمالی نائجیریا میں واقع ہے اور ان علاقوں پر مشتمل ہے جو انگریزوں اور جرمنوں کی مغربی اور انگریزوں اور فرانسیسیوں کی جنوبی اصلی بین الاقوامی سرحدوں کا حصہ ہیں اور جن میں جرمنی کے سابق کیمرونز Kameruns کی مشرقی سرحد سے ملی ہوئی ایک پتلی پٹی بھی شامل ہے۔ یہ جرمن مقبوضہ ۱۹۱۴ تا ۱۹۱۸ء کی جنگ کے بعد عارضی طور پر برطانیۂ عظمی کی حفاظت میں دے دیا گیا تھا۔ پھر اسی صوبے میں بورنو اور دِکوہ Dikwa کے شیخوں کی ریاستیں اور کچھ دوسرے انتظامی حلقے بھی داخل کر دیے گئے۔

(۲) جغرافیہ: بورنو زیادہ‌تر ایک وسیع ریتلے میدان پر مشتمل ہے، جس کا پانی دو ندیوں میں بہتا ہے۔ یوب Yobe جو شمال میں مغرب سے مشرق کی طرف اور یِدسِرم Yedseram جو جنوب میں جنوب سے شمال کی طرف بہتے ہوے جھیل شاد کے دلدلی کناروں میں جا ملی ہیں۔ یہ جھیل اس علاقے کے شمال مشرقی کونے میں واقع ہے۔ پہاڑی خد و خال فقط اس صوبے کے منتہاے جنوب اور جنوب مشرق میں پائے جاتے ہیں۔ عہد قدیم میں دریاے شری Shari بھی، جو جنوب سے شمال کی طرف بہتا ہوا بحیرۂ شاد میں گرتا ہے، بورنو کی مشرقی سرحد تصور کیا جاتا تھا اور بلاد بَگِرمی [رک بآں] [= باجِرمِی] سے بورنو کو جدا کرتا تھا۔ عہدِ وسطی کے ابتدائی جغرافیہ‌دان اور مؤرخ اس نام کے خطے سے واقف تھے، چنانچہ وہ چارلس پنجم (۱۳۷۵ء) کی قتلونی اٹلس (Catalan Atlas) میں پایا جاتا ہے اور اس کا ذکر العُمَری (م ۱۳۴۸ء)، ابن خَلدون (م ۱۴۰۶ء)، المَقریزی (م ۱۴۴۲ء) اور دوسروں نے کیا ہے۔ الحسن بن محمد الوزان الزیاتی (Leo Africanus، م تقریباً ۱۵۵۲ء) نے اس خطے کی سیاحت کی اور اس کا حال بھی بیان کیا تھا (کتاب ہفتم).

(۳) نقل و حمل و تجارت: موٹر کی جدید شاہراہ (کانو - میدوگری فورٹ لامی Kano-Maidugari-Fort Lamy) سابقہ کاروانی راستے (کانو، کُکوہ، بِلمَہ) کی طرح مغرب سے مشرق کی طرف پورے علاقے سے گزرتی ہے اور اس میں شمال و جنوب سے معاون راستے آ ملتے ہیں۔ میدوگری Maidugari میں ایک مستقل ہوائی مستقر ہے اور ناگہانی ضرورت کے تحت اترنے کے لیے دوسرے میدان بھی ہیں۔ زمانۂ قدیم میں سب سے بڑی تجارتِ برآمد غلاموں اور ہاتھی دانت کی تھی، اور اب ان کی جگہ مونگ پھلی، کھالوں، گوند، روئی اور بہت سی دوسری چھوٹی موٹی اشیا نے لے لی ہے۔ درآمد مصنوعات پر مشتمل ہے، خصوصاً سوتی اشیا پر۔ اندرونی علاقوں میں خشک مچھلی کی، جو بحیرۂ شاد کے علاقوں سے آتی ہے، نمک اور تخم کولا (Kola nuts) کی اچھی خاصی تجارت ہوتی ہے۔

(۴) معیشت: یہ خطہ صنعتی نہیں اور اس میں شہر بھی نہیں ہیں۔ جہاں تک مایحتاج زندگی کا تعلق ہے یہ خود کفیل ہے اور اس کی آبادی زیادہ‌تر زراعت پیشہ ہے۔ ۱۹۵۲ء کی سرشماری میں ۷۹۰،۳۶۱ مردوں میں سے ۳۷۶،۵۶۱ کو دکھایا گیا ہے کہ وہ زراعتی اور ماہی‌گیری کے کام کرتے ہیں۔ اس کا سرمایہ مویشی، بھیڑوں، بکریوں کے کثیرالتعداد گلوں نیز بحیرۂ شاد کی ماہی‌گاہوں پر مشتمل ہے۔

۵ - نسلیں: اس خطے کی آبادی، جس کا حال اوپر پیرا ۱ (ب) میں بیان کیا گیا ہے، کنوری، فُلانی [= فُلَنی]، الحوصہ [رک بآں]، شوہ عرب اور کچھ

marfat.com
Marfat.com

دوسرے قبائل پر مشتمل ہے - ١٩٠٢ء کی مردم شماری میں نائجیریا کے صوبے بورنو کے نمایاں اعداد و شمار یہ تھے: کنوری ٥٠٢٦٨٣، فُلانی ١٦٨٩٣٣، الحوصہ ٨٣٤٢٩، شوہ عرب ٩٨٩٠٩، برہ ٨٩٨٢٦ - کل تعداد جس میں دوسرے کم تعداد کے بیشتر لامذہب قبائل بھی شامل ہیں، جو صوبے کے جنوبی اور جنوب مشرقی پہاڑی علاقوں میں رہتے ہیں، ١٠٩٥٤٠٨ ہے - اس کے مقابلے میں ١٩٣١ء کی مردم شماری میں مجموعی تعداد ١١١٨٣٦٠ تھی.

(ب) زبانیں: کنوری [رِکَ باں] اس خطّے کی بڑی زبان ہے، لیکن وہ عوامی عربی بولی جو شوہ عرب بولتے ہیں اور فُلفلدہ Fuffulde بھی جو فُلانی [رِکَ باں] بولتے ہیں، اہمیت رکھتی ہیں - الحوصہ Hausa قصبات کے تجارت پیشہ لوگوں کے سوا بہت کم لوگ بولتے ہیں - بے دین قبائل کی اپنی بولیاں ہیں - وہ لوگ جو زیادہ ترقی یافتہ مدارس کے تعلیم‌یافتہ ہیں انگریزی زبان بھی استعمال کرتے ہیں.

٦ - تاریخ: بورنو کی قدیم تاریخ سلطنت کانم Kanem کی تاریخ سے وابستہ ہے - ٦٦٦ء میں عُقبہ بن نافع مشرقی مرکزی صحرا کے علاقۂ تِبُو میں بحیرۂ شاد کے اوپر تیبستی تک در آئے، جہاں کے باشندے اساطیری روایت کے مطابق ''سو'' So تھے، ایک دیو پیکر نسل، جس کی ابتدا فزّان سے ہوئی تھی - ایک روایت کی رو سے اس خطّے میں کانم کا پہلا بادشاہ سَیف نامی ایک شخص تھا، جس کا دعوی تھا کہ وہ بنو حِمیَر کے سَیف بن ذی یزن کی اولاد میں سے ہے - عہد قدیم میں اس علاقے کی حکمران جماعت مَغمی Maghumi کہلاتی تھی اور اس کا مادّہ کنوری زبان کے الفاظ سے Mai (حکمران) اور مَغیرہ میں نظر آتا ہے جو بورنو کی مادر ملکہ کا خطاب تھا، جسے پہلے کی طرح اب بھی خاصا اقتدار حاصل ہے - اس امر کی بڑی قوی روایاتی اور بعض تحریری شہادتیں موجود ہیں کہ یہ حکمران جماعت ''سفید چمڑی'' والی تھی - ایک معقول مفروضہ یہ ہے کہ شروع میں مادری نسب کی پابند تھی اور غالبًا اس کی اصل کا تعلق طوارق (جمع، جس کا واحد ''ترقی'' ہے - عوامی زبان میں ''تئورگ'' Tuareg سے) ہے - سیفوہ Saifawa خانہ بدوش لوگ تھے، جنھوں نے اپنے شمال کی تِبُو قوم کو اپنے اندر ضم یا مغلوب کر لیا اور سلطنت کانم کی داغ بیل ڈالی، جس کا پایۂ تخت نجمی Njimi تھا - کہتے ہیں کہ ان کے حکمرانوں نے ''سلطان بِری‌بِری Beriberi'' کو آباد ہونے کی اجازت دی تھی اور ایک روایت میں مسلمان بِری بِری کے ایک حملے کا ذکر ملتا ہے جو ٨٠٠ء میں یمن کی طرف سے براہِ فزّان و کَوَر ہوا تھا - سلطنت کانم اگر پہلے نہیں تو گیارھویں صدی عیسوی تک مشرف بہ اسلام ہو چکی تھی اور تیرھویں صدی عیسوی تک اتنی طاقتور ہو گئی تھی کہ اس کا اثر شمال مشرق میں مصر اور جنوب میں دِکوہ تک پہنچ گیا - ابن خلدون ''شاہ کانم اور مالک بورنو'' کا ذکر کرتا ہے - اور بورنو سے یہاں بظاہر سلطنت کانم کا جنوبی حصہ، یعنی بحیرۂ شاد سے دِکوہ تک کا علاقہ مراد ہے، لیکن ١٣٨٩ء کے قریب خاندان سیف کو کانم سے اس کے ایک رشتہ‌دار قبیلے نے مار بھگایا، اور بعد کی قبائلی نقل و حرکت کا نتیجہ یہ نکلا کہ کنوری قوم بحیرۂ شاد کے مغرب میں آگے بڑھی اور بالآخر اس نے ١٤٧٠ء کے قریب دریاے یئو [=یو] Yo پر برنی نگزرگمو Birni N'gazargamu کی بنا رکھی جو بورنو کی مملکت اور کنوری قوم کا دارالحکومت بنا - یہ تین صدیوں تک ان کا دارالحکومت رہا، گو ١٥٠٧ء کے قریب ان کنوریوں نے خود نجمی

marfat.com
Marfat.com

کو دوبارہ فتح کر لیا اور اپنے سابقہ ملک کانم کو بھی بورنو کی نئی سلطنت کا ایک صوبہ بنا لیا۔ سولھویں صدی عیسوی میں اور قابل ''میون'' یا حکمرانوں کے ایک سلسلے کے تحت (محمد، ۱۵۲۶ تا ۱۵۴۵ء، دونمہ ۱۵۴۶ تا ۱۵۶۳ء، عبداللہ جس کے عہد میں بورنو میں آ بسنے والے فلانیوں کا پہلی مرتبہ ذکر آتا ہے، ۱۵۶۴ تا ۱۵۷۰ء)، سلطنت بورنو ہر طرف بہت وسیع ہو گئی اور وسعت‌پذیری کے اس عمل کو بلاشبہہ ۱۵۹۲ء میں مراکش کے ہاتھوں بورنو کی حریف مغربی صحراے اعظم کی سلطنت سُنغے [= سُنغوی] Songhay کے فتح ہو جانے سے تقویت پہنچی۔ بورنو کے ان حکمرانوں میں غالبًا سب سے بڑا یے ادریس اَلُومہ (م ۱۶۰۲ء) تھا، جس نے کانو Kano ایسے دور دراز علاقے تک کامیابی سے لشکر کشی کی اور آیر [رکّ باں] اور تِبُو [رکّ باں] کے قبائل کو بھی اپنا سطیع بنا لیا۔ یے ادریس نے مکّۂ مکرمہ کا فریضۂ حج بھی ادا کیا۔ وہ میدُگری کے نزدیک بحیرۂ اَلُو Alo میں مدفون ہے۔ بورنو اس عروج کو پہنچنے کے بعد دو صدیوں تک خاموش و پر سکون رہا (یے علی ۱۶۴۵ تا ۱۶۸۴ء نے تین حج کیے)، مگر اس مدّت میں، کم از کم بعض اوقات، معلوم ہوتا ہے کہ سلطنت بورنو کو اپنی مدافعت کرنا پڑی، کیونکہ علی کو خود اس کے اپنے دارالحکومت میں بنو طَوارق اور بنو کَوارفہ نے محاصرے میں لے لیا تھا، گو وہ ناکام رہے۔ اس کمزوری کے ممدّ و معاون اسباب کئی مسلسل سخت قحط سالی کے دور ہو سکتے ہیں۔ ایک قحط کی مدّت تو سات برس مرقوم ہے۔ نیز وہ عام ابتری بھی جو اھلِ مراکش کی فتح سُنغے کے بعد پھیل گئی تھی۔ انیسویں صدی عیسوی کے آغاز میں فلانیوں نے مغرب میں اور آگے تک جہاد کیا تو اس کے اثرات بھی بورنو تک پہنچے کیونکہ الحوصہ کی ان ریاستوں پر جو بورنو اور سکوٹو Sokoto کے درمیان واقع تھیں بورنو کی سیادت کو خطرہ لاحق ہو گیا۔ ۱۸۰۸ء میں بورنو کے فلانی گُجبہ میں جمع ہوے۔ یے احمد بن علی کو شکست دی اور اس کے پایۂ تخت نگزرگمو کو تاخت و تاراج کر ڈالا (اس مہم کے کامیاب فلانی سرداروں میں سے ایک نے آگے چل کر ''سرکن بورنو'' کا لقب اختیار کیا اور کَتَگم شہر اور امارت کی طرح ڈالی)۔ یے احمد کانم کی طرف بھاگ گیا، جہاں اس نے وہاں کے ایک سرکردہ رئیس محمد الامین الکانمی سے امداد کی التجا کی۔ اس سردار نے اسلامی دنیا میں دور دور تک سیّاحت کی تھی اور اس کے علم و تقوٰی کی شہرت تھی۔ اس نے یے احمد کو دوبارہ بحال کر دیا اور فلانیوں کو باھر نکال دیا، مگر یے احمد کی وفات کے بعد وہ اس کے جانشین دونمہ بن احمد کو شکست دینے کے لیے بہت جلد پھر آموجود ہوے۔ مؤخر الذکر بھی باپ کی طرح الکانمی سے امداد کا طلبگار ہوا۔ اس نقطے پر پہنچ کر کہا جا سکتا ہے بورنو کی تاریخ جدید کا آغاز ہوتا ہے۔ الکانمی نے بنو فلانی اور بغرمی [= بگرمی] پر پھر فتح پائی اور سَیف کے قدیم حکمران خاندان کو رسمی بادشاھوں کے طور پر بحال کر دیا، لیکن خود کُکَوہ میں قدم جما لیے۔ یہیں ۱۸۲۲ء میں Denham نے اس سے پس پردہ مالک اقتدار ہونے کی حیثیت سے ملاقات کی۔ ۱۸۲۶ء کے قریب اس نے سلطنت بورنو کو ریاستہاے الحوصہ پر دوبارہ مسلّط کرنے کی جو مزید کوششیں کیں وہ کچھ زیادہ کامیاب نہ ہوئیں اور شکست کھا جانے کے بعد ۱۸۳۵ء میں اس کا انتقال ہو گیا۔ اس کا سب سے بڑا بیٹا عمر اس کا جانشین ہوا، جس نے بنو فلانی سے صلح کر لی۔ اس گفت و شنید کے سلسلے میں عمر کی غیر موجودگی کے دوران میں سَیف

Marfat.com

کے شاہی خاندان نے ودای (= وادای) کے حکمران کو طلب کیا کہ وہ الکانم کے خاندان کو باہر نکالنے میں اس کی مدد کرے ۔ یہ سازش ناکام ہو گئی ۔ ابراہیم جو اس وقت ''مَے''، یعنی سردار تھا، ۱۸۴۶ء میں قتل کر دیا گیا اور اس کا لڑکا علی جو خاندانِ سیف کا آخری وارث تھا، لڑائی میں مارا گیا ۔ عمر اب بورنو کا حقیقی اور قانونی حکمران بن گیا، اور اس نے ''مَے'' کے بجائے ''شِہُو'' (شیخ) کا لقب اختیار کیا اور اس طرح نئے حکمران خاندان ''کانم بُو'' کی بنیاد ڈالی ۔ اس نے کُکوہ کو جو ودای کے لوگوں کے ہاتھوں تباہ ہو گیا تھا، دوبارہ تعمیر کرایا ۔ اسی مقام پر ڈاکٹر بارتھ Dr. Barth نے اس سے ۱۸۵۱ء اور ۱۸۵۵ء میں ملاقات کی ۔ ودای کے ساتھ جنگ تقریباً مسلسل ہوتی رہی جس نے بورنو کو بہت کمزور کر دیا اور زندر Zinder کا دور دست مغربی خطّہ قریب قریب آزاد ہو گیا ۔ ۱۸۹۳ء میں رباح (رِکْ باں) کوئی دو ہزار کا خوب مسلّح اور تربیت یافتہ لشکر لے کر ودای سے بورنو میں داخل ہوا ۔ یہ لشکر اتنا طاقتور تھا کہ (بورنو کی) کوئی فوج بھی اپنے قدیم ہتھیاروں کے ساتھ اس کے سامنے میدان میں نہیں ٹھیر سکتی تھی ۔ اس نے اس وقت کے شِہُو، ہاشم کے ایک سپہ سالار کو اَمْجَہ اور پھر خود ہاشم کو نگلہ کے مقام پر شکست دی ۔ اس کے بعد اس نے کُکوہ کو فتح کر کے لوٹ لیا، بعد ازیں دِکْوہ آ کر اسی کو اپنا صدر مقام بنا لیا اور وہاں کا وہ قلعہ تعمیر کروایا جو آج بھی دیکھا جا سکتا ہے ۔ شِہُو ہاشم کے ایک چچیرے بھائی محمدالامین المعروف بہ کیاری (= کِیَری) نے ہاشم کو جو اب پناہ گزین تھا، چپکے سے قتل کروا ڈالا اور خود گیدم Geidum سے رباح کے خلاف بڑھا ۔ دونوں فوجوں کا گُشگر کے مقام پر سامنا ہوا اور کیاری کے لشکر کو ابتدا میں کچھ کامیابی بھی ہوئی حتی کہ اس نے رباح کی خیمہ گاہ پر قبضہ بھی کر لیا، لیکن انجام کار رباح کی افواج نے اسے مار بھگایا ۔ کیاری خود پکڑا گیا اور قتل کر دیا گیا ۔ اس طرح بورنو میں رباح کی مزاحمت ختم ہو گئی ۔ رباح نے دِکْوہ میں فوجی حکومت قائم کر لی اور اپنے لشکر غارت گری کے لیے بھیجا کرتا تھا ۔ اس کی حکومت کاملاً تخریبی تھی اور ایک وسیع رقبے میں اس نے بے حساب نقصان پہنچایا اور ابتری پھیلائی ۔ ۱۹۰۰ء میں رباح نے فرانسیسی فوج کے ہاتھوں جو سپہ سالار لامی Lamy کے ماتحت تھی شکست کھائی اور مارا گیا ۔ رباح کا بیٹا فضل اللہ فرانسیسیوں کے سامنے سے مغرب کی جانب فرار ہو گیا ۔ انھوں نے اس کا تعاقب کیا اور انجام کار ۳ اگست ۱۹۰۱ء کو Captain Dangeville کے تحت اسے نائجیریا میں گُجْبَہ کے مقام پر ایک معرکے میں ہلاک کر ڈالا (گجبہ اینگلو فرانسیسی سرحد پر ۱۰۰ میل اندر برطانیہ کے علاقے میں ہے ۔ یہ سرحد کاغذ پر تو تسلیم کر لی گئی تھی، لیکن سرحدی کمشنوں نے اس کی ارضی حدبندی اس وقت تک نہیں کی تھی جس کے باعث وہاں کے اس درجہ غیریقینی حالات میں خاصی پریشانی پھیلی رہی) ۔ فرانسیسی حکّام نے مرحوم شِہُو کے بیٹے سَندہ Sanda کو ریاست میں بحال کر دینے کی پیشکش کی تھی، لیکن وہ ان کی شرائط کو پورا نہیں کر سکا ۔ آخر کار برطانوی حکّام نے اس کے بھائی شِہُو بُکَر جَرْبای (= جِرَبِی) کو لا کر خاندان کانمی کو بحال کر دیا ۔ شِہُو بکر پہلے مُنگُنو Mongunu میں متمکّن ہوا، پھر کُکوہ میں منتقل ہو گیا اور انجام کار ۱۹۰۷ء میں میدگری کے قریب یروہ میں مقیم ہو گیا، جو اب تک بورنو کا دارالحکومت چلا آ رہا ہے ۔ دِکْوہ جرمن کیمیرونز Kameruns کا حصہ ہو گیا تھا جسے ۱۹۱۴-۱۹۱۸ء کی

Marfat.com

جنگ عظیم میں جرمنی کی شکست کے بعد انجمن اقوام نے برطانیه اور فرانس کی تحویل میں دے دیا، دِکْوہ برطانیه کے علاقے میں آیا ۔ موجوده صدی میں بورنو کی تاریخ کی تفصیلات حکومت نائجیریا کی رودادوں میں ملیں گی۔

### بورنو اور دکوہ کے شِہُو (= شیوخ)

**شہو محمد الامین الکانمی**
(وفات بمقام کُکَوہ ۱۸۳۵ء)

- **شہو عبدالرّحمٰن**
  (جس نے شہو عمر کے خلاف بغاوت کی اور ۱۸۵۳ء میں بمقام ککوہ قتل کر دیا گیا)
- **شہو عمر**
  ۱۸۳۵ تا ۱۸۸۰ء
  - **شہو ہاشم**
    ۱۸۸۵ تا ۱۸۹۳ء
  - **شہو ابراهیم**
    ۱۸۸۴ تا ۱۸۸۵ء
    - **شہو مصطفٰے**
      دِکْوہ کا شہو
      ۱۹۳۷ء (تا دم تحریر)
    - **شِہو بکّر**
      گربے
      ۱۹۰۲ تا ۱۹۲۲ء
    - **شہو عمر**
      (سندہ کرہ)
      ۱۹۰۱ء پھر
      ۱۹۲۲ تا ۱۹۳۷ء
  - **شہو بکّر**
    ۱۸۸۰ تا ۱۸۸۴ء
    - **شہو عمر رئیس دِکوہ**
      ۱۹۰۲ تا ۱۹۱۷ء
    - **شہو محمد الامین**
      (کیاری)
      (جسے رباح نے ۱۸۹۳ء میں قتل کروا دیا)
      - **شہو عمر**
        (سندہ کیارمی)
        دکوہ کا شہو
        ۱۹۱۷ تا ۱۹۳۷ء
        اور بورنو کا شہو
        ۱۹۳۷ء سے (تا دم تحریر)

marfat.com
Marfat.com

۷ - مذهب : کنری، فلانی، شوہ عربوں اور الحوصہ کا دین اسلام اور ان کا فقہی مذهب مالکی ہے - طریقت میں قادریّہ (رک باں) اور تجانیّة (رک باں) کے حامی سب سے زیادہ ہیں، اگرچہ سنوسیّة اور شاذلیّة (رک باں) سمیت دوسرے طریقوں کے نمائندے بھی پائے جاتے ہیں - کلیسائے اخوان (Chruch of Brethren، امریکن پروٹسٹینٹ) کی تبلیغی جماعت صوبے کے جنوبی علاقے کے بُرہ قبیلے میں سرگرم عمل ہے - یہ بات یقینی معلوم ہوتی ہے کہ حالات حاضرہ میں جاهلی قبائل کی مظاهرپرستی رفتہ رفتہ مفقود ہو جائے گی۔

۸ - مستفرقات : قابلِ ذکر یورپی مستکشف جو بورنو گئے، یہ ہیں: ڈنهم Denham، اوڈنے Oudney اور کلیپرٹن Clapperton (۱۸۲۳ء)، بارتھ Barth جس نے ککوہ میں ۱۸۵۱ سے ۱۸۵۵ء تک طویل قیام کیا اور اس خطّے کے حالات اور تاریخ کے متعلق بہت سی معلومات جمع کیں، Vogel (۱۸۵۴ تا ۱۸۵۶ء)، بیورمان Beurmann (۱۸۶۰ء)، رولفس Rohlfs (۱۸۶۶ء)، ناختی گل Nachtigal (۱۸۷۰ تا ۱۸۷۲ء)، Matheucci اور مساری Massari (۱۸۸۰ تا ۱۸۸۱ء)، مونتائل Monteil (۱۹۸۲ء).

مآخذ : (۱) S.J. Hogben : *The Muhammaden Emirates of Nigeria*، آوکسفرڈ ۱۹۳۰ء؛ (۲) E.W. Bovill : *Caravans of the Old Sahara*، آوکسفرڈ ۱۹۳۳ء (ان دو کتابوں کے مآخذ میں حوالجات کے جو ذرائع مندرج ہیں، انہیں دوبارہ یہاں درج نہیں کیا جا رہا ہے)؛ (۳) پامر H. R. Palmer : *The Bornu Sahara and Sudan*، لنڈن ۱۹۳۶ء؛ (۴) وٹنگ C. E. J. Witting : *Infaku'l Maisuri*، لنڈن ۱۹۰۱ء؛ (۵) حکومت نائجیریا کی مطبوعات از ۱۹۰۰ء .

(C. E. J. WITTING)

**بورنیو** : Borneo برنے Brunai کی بگڑی ہوئی شکل ہے (جو برطانوی شمالی بورنیو کا ایک شہر ہے اور ۵ درجے عرض بلد شمالی اور ۱۱۵ درجے طول بلد مشرقی پر واقع ہے)، جس کا اطلاق انڈونیشیا کے عظیم جزائر سنڈہ میں سے سب سے بڑے جزیرے پر، غالباً چودھویں صدی عیسوی سے اور بہر حال سولھویں صدی سے پرتگیزوں کی جانب سے کیا جانے لگا - اس جزیرے کا بڑا حصّہ اب کلی‌مَن‌تَن Kalimantan کہلاتا ہے اور انڈونیشی جمہوریّہ کا ایک صوبہ ہے - اسلامی مطالعات کے نقطۂ نظر سے اس جزیرے کی اہمیّت بہت کم ہے، کیونکہ بورنیو کے اندرونی علاقے کی تقریباً کل آبادی بے دین ہے - اسلام اور عیسائیت کا نفوذ ساحلی علاقوں میں ہو گیا ہے جہاں سے وہ آہستہ آہستہ اندرونی علاقوں کی طرف پھیل رہے ہیں - ۱۹۴۲ء سے سیاسی حالات عیسائی مذاهب کی بجائے اسلامی تبلیغ کے لیے سازگار ہو گئے ہیں - مقامی اسلام کی نوعیت وہی ہے جو ہم انڈونیشیا [رک باں] کے دوسرے مقامات میں دیکھتے ہیں - مسلمانوں کی سرگرمی کا اہم مرکز فقط مغربی ساحل پر پون تیانک Pontianak (رک باں) ہے -

(C. C. BERG)

**بُوری** : تاج الملوک رک بہ بُوری (بنو).

**بُوری بُرس** : بن آلپ آرسلان جسے سلجوقی برکیاروق نے آرسلان ارغون کے مقابلے میں بھیجا تھا جو آلپ آرسلان کا ایک اور بیٹا تھا اور خراسان میں خود مختار ہو جانے کی کوشش کر رہا تھا - دونوں بھائیوں کی اس نبرد آزمائی میں پہلے بوری برس کو کامیابی ہوئی، لیکن ۴۸۸ھ / ۱۹۰۵ء میں جب دوسرا مقابلہ ہوا تو اس کے دستے تتر بتر ہو گئے، وہ خود گرفتار ہوا اور اس کے بھائی کے حکم

Marfat.com

سے اسے گلا گھونٹ کر ہلاک کر دیا گیا۔

**مآخذ** : (۱) ابن الاثیر، ۱۰ : ۱۶۹؛ (۲) Houtsma : *Recueil*، ۲ : ۲۵۷۔

(ادارۂ [د] جدید)

* **بُوری بن آیُوب** : رَکَ به ایُوبیه۔

* **بوری بن تکین** : رَکَ به قره خانیه۔

* **بُوری (بنو)** : ایک ترکی النّسل خانوادہ جس نے ۴۹۷ھ/۱۱۰۳-۱۱۰۴ء سے ۵۴۹ھ/۱۱۵۴ء تک دمشق میں حکومت کی ۔ اس کا بانی سلجوقی سلطان، تُتُش (رَکَ به سلجوقیه) کے بیٹے شمس المُلوک دُقاق کا آتابگ (رَکَ باں) تھا ۔ یہ اتابگ جس کا نام طُغتکین تھا اور لقب ظہیر الدّین تھا، سلطان تُتُش کا معتمد علیه تھا اور اس شہزادے نے کئی سال پہلے، یعنی ۴۸۸ھ/۱۰۹۵ء میں اسے دمشق کے نظم و نسق کی نگرانی پر مامور کر دیا تھا ۔ دُقاق کی وفات (۱۲ رمضان ۴۹۷ھ / ۱۸ جون ۱۱۰۴ء) کے بعد تغتکین متوفی شہزادے کے کمسن بیٹے تُتُش کے نام پر بدستور حکومت کرتا رہا، لیکن تُتُش نے بھی اپنے باپ کے بعد جلد ھی داعی اجل کو لبیک کہا اور اسی وقت سے طُغتکین دمشق کا مالک و مختار بن گیا ۔ اس کے خانوادۂ حکومت کی بنا پڑ گئی اور یہ اس وقت تک قائم رہا جب تک امیر نور الدّین زنگی نے ۱۰ صفر ۵۴۹ھ/ ۲۵ اپریل ۱۱۵۴ء کو دمشق فتح کر لیا ۔ طُغتکین ۸ صفر ۵۲۲ھ/ ۱۱ فروری ۱۱۲۸ء میں اپنی وفات تک حکومت کرتا رہا اور اس کا بیٹا تاج الملوک بوری اس کا جانشین ہوا ۔ تاج الملوک کو مار ڈالنے کا ایک اقدام کیا گیا، جس کے نتیجے کے طور پر اس نے ۲۱ رجب ۵۲۶ھ/ ۶ جون ۱۱۳۲ء کو وفات پائی ۔ اپنی وفات سے ذرا قبل تاج الملوک نے اپنے بیٹے ابوالفضل اسمٰعیل المعروف به شمس المُلوک کو اپنا جانشین نامزد کر دیا تھا، لیکن وہ بھی اپنے غلاموں کے ہاتھوں خود اپنی ماں کے حکم سے ۱۴ ربیع الآخر ۵۲۹ھ / ۳۰ جنوری ۱۱۳۵ء کو قتل کر دیا گیا ۔ اب اس کا بھائی شہاب الدّین محمود تحت نشین ہوا، جسے ۲۳ شوال ۵۳۳ھ/ ۲۳ جون ۱۱۳۹ء کو اسی کے تین نوکروں نے موت کے گھاٹ اتار دیا ۔ اس کی جگه لینے کے لیے اس کے بھائی جمال الدین محمد والی بعلبک، کو طلب کیا گیا، لیکن وہ بیمار ہو کر ۸ شعبان ۵۳۴ھ / ۲۹ مارچ ۱۱۴۰ء کو فوت ہو گیا ۔ اب فوجی سرداروں نے جمال الدین کے بیٹے عبدالدّوله ابوسعید آبق الملقب به مُجیر الدّین کو تختِ حکومت پر بٹھایا، جس نے نظم و نسق کی تمام‌تر ذمے داریاں اپنے آتابک معین الدین اُنُر [= اُنز] کو سونپ دیں تا آنکه مؤخّر الذکر نے ۲۳ ربیع الآخر ۵۴۴ھ / ۳۰ اگست ۱۱۴۹ء کو وفات پائی ۔ اس کے بعد اس نے زمامِ حکومت خود اپنے ہاتھ میں لے لی، لیکن جلد ھی اسے نور الدّین زنگی کی سیّادت قبول کرنا پڑی، جس نے ۱۱۵۴ء میں اسے دمشق سے نکال دیا۔

یه خاندان پچاس برس تک برسرِ حکومت رہا ۔ اس دوران میں بُوری فرمانروا سندِ حکومت خلیفه اور سلطانِ بغداد سے حاصل کرتے رہے ۔ مؤخّر الذکر معقول تحفے تحائف کے معاوضے میں اس ریاست کے داخلی مسائل میں کوئی دخل نه دیتے تھے۔

اس سارے عرصے میں بُوری فرمانروا ایسے حالات سے دو چار رہے جو اکثر و بیشتر ان کے لیے بہت دشوار تھے ۔ جب طُغتکین نے زمامِ اقتدار سنبھالی تو دمشق کا علاقه انطاکیه، طرابلس اور بیت المقدس کی افرنجی (Frankish) ریاستوں سے ملا ہوا تھا ۔ بیت المقدس کے افرنجی اَن علاقوں میں تاخت و تاراج کرتے رہتے تھے جہاں سے دمشق کو سامانِ خوراک فراہم ہوتا تھا، یعنی

marfat.com
Marfat.com

حوران ہے، اور بالائی اُردن اور یرموک کے میدانوں سے ۔ یہ علاقے ان کے لیے ناگزیر تھے اور انھیں پوری طرح کھو دینے کے خطرے کو دور کرنے اور دمشق اور مصر و عرب کے درمیان آمد و رفت برقرار رکھنے کے لیے بُوری فرمانرواؤں کو کئی بار افرنجیوں سے گفت و شنید کرنا پڑی بلکہ ان سے اتحاد اور دوستی کے عہدنامے بھی کیے ۔ بُوری اس پر اس لیے بھی آسانی سے آمادہ ہو گئے کہ ان کے مسلمان ہمسایے ان عہدناموں کو ہمیشہ اندیشے کی نظر سے نہ دیکھتے تھے ۔ تغتکین نے مصری فوجوں سے بھی تعاون کی کوشش کی جو ابھی تک کئی ساحلی مقامات، مثلاً صور پر قابض تھیں، لیکن یہ کوشش ناکام رہی، اور اس کا کوئی نتیجہ برآمد نہ ہو سکا ۔ دوسری طرف فرمانروایانِ دمشق کی پیچ در پیچ سیاست سے بغداد کے فرمانروا ایسے بد ظن رہے کہ والیانِ دمشق کو بارہا سلطان اور خلیفہ کے روبرو حاضر ہو کر اپنے اقدامات کی صفائی پیش کرنا پڑی ۔ بالآخر ۵۲۴ھ/ ۱۱۳۰ء سے جب زنگی امیر عمادالدین اور اس کا بیٹا نورالدین، حلب کے مالک ہو گئے تو وہ روز بروز دمشق کے لیے خطرناک بنتے چلے گئے ۔ شمس الملوک کے سوا جو اپنی ہلاکت کے وقت شہر کو عمادالدین کے حوالے کرنے کی تیاریاں کر رہا تھا، بُوری فرمانروا حلب کے حاکموں کی جوع الارض سے بچنے کے لیے افرنجیوں کی اعانت حاصل کرنے میں کوئی مضائقہ نہ سمجھتے تھے، مگر دوسری صلیبی جنگ کے دوران (جولائی ۱۱۴۸ء) میں دمشق پر افرنجیوں کے لاحاصل حملے سے اس حکمت عملی کا خاتمہ ہو گیا اور نورالدین کو دمشق پر جلدی سے قبضہ کر لینے کا بہانہ مل گیا ۔

بُوری عہد حکومت میں شہر کی داخلی حالت بھی کچھ کم پُر آشوب نہیں رہی ۔ شہر کے ادنی طبقے کے لوگ بعض اوقات نہایت مفسدہ پرداز بےقاعدہ فوج (اَحداث) کی شکل میں منظّم ہو جاتے تھے اور اکثر اَن مَن‌چلے افراد کے زیرِ قیادت، جنھیں ''رئیس'' کہا جاتا تھا، شہر کی سیاسی زندگی میں حصّہ لینے لگتے تھے ۔ اس بےقاعدہ فوج کے مقابلے میں دیہی طبقہ تھا جس نے کم از کم ایک بار ان کی عملاً مخالفت کی ۔ اس فریق نے بھی اسمٰعیلیوں [رکّ باں] یا باطنیوں کے زیرِ قیادت بالخصوص ۵۲۲ھ/ ۱۱۲۸ء میں بہت اہم حصّہ لیا، جبکہ بعض اعلٰی مناصب پر فائز افراد بھی خفیہ طریقے پر ان سے مل گئے تھے، یہ پہلی بار نہ تھی کہ اسمٰعیلیوں نے دمشق کو اپنی سرگرمیوں کا اکھاڑا بنایا؛ انھوں نے یہاں کئی سیاسی قتل کرائے ۔ ۱۸ ربیع الثانی ۵۰۷ھ/ ۲ اکتوبر ۱۱۱۳ء کو امیر مودود، والیِ موصل کا قتل اس سلسلے میں خاص طور پر قابلِ ذکر ہے ۔ ۱۱۳۲ء میں امیر تاج‌الملوک بھی انھیں کا شکار ہوا ۔

اپنی حکومت کے خاتمے، یا خاتمے سے ذرا قبل تک بُوری حکمران یا تو اپنے ترکی دستوں کی حمایت پر اعتماد کر سکتے تھے جن کی وفاداری میں کبھی کمی نہ آئی یا متوسط طبقے کے شہریوں کی غیرجانبداری پر، گو ان کی مالی امداد روز بروز کم ہوتی گئی ۔ مؤخّر الذکر اس خاندان کے مخالف نہ تھے بشرطیکہ نظم و نسق قائم رہے اور جہاں تک ہو سکے تجارتی لین دین میں حفاظت کی حکومت ضامن ہو، لیکن جب تاج الملوک بوری کی وفات کے بعد صورت حال ابتر ہوئی تو متوسط طبقے کے لوگ نورالدّین کے رعب داب سے روز بروز متاثر ہوتے چلے گئے اور انھوں نے اسے دمشق میں داخل ہونے کی آسانیاں بہم پہنچائیں ۔

غرض جب تک خانوادۂ بوریہ کی حکومت

marfat.com
Marfat.com

تُتکین اور اس کے بیٹے جیسے قابل افراد کے ہاتھوں میں رہی، اسے دمشق میں اپنا اقتدار قائم رکھنے میں کسی طرح کی دشواری پیش نہ آئی، لیکن معین الدین اُنُر کے نظم و نسق سے قطع نظر آخری بیس سال کی خصوصیت یا تو خونریز رقابتیں رہیں اور یا روز افزوں اقتصادی مشکلات - پھر دمشق کی آبادی، بالخصوص یہاں کے خوشحال طبقے نے کبھی تہ دل سے خانوادۂ بوریہ کی حمایت نہیں کی تھی، اسے اب اپنا مقدر اس خاندان کے ساتھ وابستہ رکھنے میں کوئی فائدہ نظر نہ آتا تھا - چنانچہ جب اس کا آخری فرمانروا مُجیرالدین شہر سے رخصت ہوا تو لوگوں نے اگر مخاصمت نہیں، تو بے اعتنائی دکھائی۔

مآخذ: (۱) *Recueil des Historiens des Croisa-des Hist. Occ.*، ج ۱؛ *Hist. Or.*، ج ۱، ۳، ۴ و ۵: (ابن الأثیر: الکامل فی التاریخ سے اقتباسات) و ۲ (*Histoire des Atabecs de Mossoul*، اسی مصنّف کے قلم سے)؛ (۲) ابن القلانسی: ذیل تاریخ دمشق، طبع Amedroz، زیر عنوان *History of Damascus*، ص ۳۶۳ تا ۵۰۰، لائڈن ۱۹۰۸ء، جزوی ترجمہ از H.A.R. Gibb: *The Damascus Chronicle of the Crusades*، لنڈن ۱۹۳۲ء و R. Le Tourneau: *Dames de 1075 à 1154*، دمشق ۱۹۵۲ء؛ (۳) Cl. Cahen: *La Syrie du Nord à l' èpoque des Croisades et la principauté franque d' Antioche*، پیرس ۱۹۴۰ء؛ (۴) R. Grousset: *Histoire des Croisades et du royaume franc de Jérusalem*، پیرس ۱۹۳۴ء، ج ۱ و ۲؛ (۵) S. Runciman: *A. History of the Crusades*، کیمبرج ۱۹۵۱ء، ج ۱ و ۲؛ (۶) *A. History of the Crusades*، ج ۱، پنسلوینیا ۱۹۵۵ء۔

(R. Le Tourneau)

* **البُورِینی**: بدرالدین الحسن بن محمد الدِّمَشْقی الصَّفُوری، ایک عرب مؤرّخ اور شاعر، وسط رمضان ۹۶۳ھ / جولائی ۱۵۵۶ء میں جلیل (Gaiilea) کے علاقے میں صَفُوریہ کے مقام پر پیدا ہوا - وہ دس برس کے سن میں اپنے باپ کے ہمراہ دمشق آیا جہاں اس نے مدرسۃ الصَّالحیّہ میں تعلیم پائی - ۹۷۴ھ / ۱۵۶۶ - ۱۵۶۷ء میں قحط کے باعث چار برس اسے بیت المقدس میں رہنا پڑا تو تعلیم کا سلسلہ منقطع ہوگیا تھا - اس کے بعد تکمیل کر کے اس نے کئی مدارس میں درس و تدریس کے فرائض انجام دیے - ۱۰۲۰ھ/ ۱۶۱۱ء میں اس نے شام کے قافلۂ حجاج میں قاضی کے فرائض انجام دیے - ۱۳ جمادی الاولی ۱۰۲۴ھ / ۱۱ جون ۱۶۱۵ء کو وفات پائی - اس کی اہم‌ترین تصنیف تَراجِمُ الأَعیان مِن أَبناءِ الزَّمان کے نام سے ایک مجموعۂ سوانح ہے جس میں ۲۰۵ افراد کے احوال درج ہیں - یہ حالات اس نے طویل وقفوں کے ساتھ جمع کیے اور ۱۰۲۳ھ/ ۱۶۱۴ء میں کتاب مکمل کی - ۱۰۷۸ھ/۱۶۶۷ء میں فضل اللہ بن محبّ اللہ نے اسے مرتب کر کے مع ایک تکملے کے شائع کیا (قب Ahlwardt: *Verzeichnis der arab., Hdss . . . Berlin*، شمارہ ۹۸۸۹؛ Flügel: *Die arab., pers. und türk. Hdss . . . Wien*، شمارہ ۱۱۹۰؛ فہرست المکتبۃ الخدیویہ، ۵ : ۴۳)؛ اس کا دیوان، استانبول (کوپرولو، شمارہ ۱۲۸۷) میں محفوظ ہے - اس کی چند نظمیں برلن (مراثی بر صوفی محمد بن ابی البرکات القادری، دیکھیے Ahlwardt، کتاب مذکور، شمارہ ۷۸۵۸، ۳)، گوتھا (مکتوب منظوم بنام اَسْعد بن مُعین الدّین التّبریزی الدّمشقی، مع جواب از اسعد قب Pertsch: *Die arab. Hdss. der herzogl. Bibl.*، شمارہ ۴۴، ۲۳) اور لنڈن (*Catalogues Codd. Or. Mus. Brit.*، ج ۲، شمارہ ۶۳۰، ۲) میں موجود ہے - علاوہ بریں اس نے دیوان عمر بن الفارض کی ایک شرح بھی لکھی تھی (چاپ سنگی،

marfat.com
Marfat.com

قاہرہ ۱۲۷۹ھ) - ۱۰۰۲ھ/۱۰۹۳ء میں اس نے التائیة الصغری کی شرح مکمل کی، قب Derenbourg : *Les Mss. Or. de l'Escurial*، شمارہ ۳۲۰، ص ۳.

مآخذ: (۱) النعمانی : الروض العاطر (طبع Wetzstein)، ۲ : ۲۸۹؛ (۲) Ahlwardt، کتاب مذکور، شمارہ ۹۸۸۶، ورق ۱۱۲ ب؛ (۳) المحبی : خلاصة الأثر، ۲ : ۵۱؛ (۴) الخفاجی : ریحانة الألباء، قاہرہ ۱۲۹۴ھ، ص ۱۷ تا ۲۲؛ (۵) Wüstenfeld - *Die Geschichts schreiber der Araber*، شمارہ ۵۵۱؛ (۶) محمد کرد علی، در *MMIA*، ۳ : ۱۹۳ تا ۲۰۲؛ (۷) براکلمان، ۲ : ۳۷۴، تکملہ، ۲ : ۴۰۱؛ [(۸) زیدان : آداب اللغة، ۳ : ۳۰۸].

(C. Brockelmann)

**بُوزَابَه** : سلجوقوں کے تحت ولایت فارس کا والی - اصل میں وہ اس ولایت کے امیر مِنگوبرس [= منکبرس] کی طرف سے خوزستان کے صوبے میں نائب تھا - جب اس کے بالا دست [منکوبرس] نے اپنے امیروں کو ساتھ لے کر سلطان مسعود سلجوقی پر فوج کشی کی تو بوزابہ بھی اس کے لشکر میں شامل تھا - جنگ کِرشنبہ میں منگوبرس گرفتار ہو گیا (دیگر مآخذ اس جنگ کا مقام پنج انگشت [= بنجن کشت] بتاتے ہیں) اور کچھ دن بعد مار ڈالا گیا (۵۳۲ھ/۱۱۳۷ - ۱۱۳۸ء) - فتح کے بعد سلطان کی فوج نے دشمن (منگوبرس) کے فوجی پڑاؤ کو لوٹنا شروع کر دیا تو بوزابہ نے اس پر حملہ کر کے اسے تتر بتر کر دیا - سلطانی حشم و خدم کے بہت سے سر بر آوردہ امیر گرفتار کر لیے گئے - خود سلطان نے بڑی مشکل سے اپنے آتابک قرہ سنقر کے ہمراہ بھاگ کر جان بچائی - اپنے آقا (منگوبرس) کے مار ڈالے جانے پر غضبناک ہو کر بوزابہ نے سارے قیدیوں کو قتل کر ڈالا جن میں قرہ سنقر کا لڑکا بھی تھا - اتابک قرہ سنقر نے اپنے فرزند کا انتقام لینے کے لیے دوسرے سال فارس پر چڑھائی کی اور سلجوقی شاہزادہ سلجوق شاہ کو وہاں متمکن کر دیا، لیکن قرہ سنقر اپنی فوج سمیت بمشکل ہی واپس ہوا تھا کہ بوزابہ جو اس اثنا میں سفیدِدز (القلعة البیضاء) کی طرف پسپا ہو گیا تھا، دوبارہ آ نمودار ہوا اور اس نے سلجوق شاہ کو جس کے پاس کوئی سامان مدافعت نہ تھا شکست دی (۵۳۴ھ/۱۱۳۹ - ۱۱۴۰ء) - سلطان مسعود مجبور ہو گیا کہ ولایت فارس اس کے حوالے کر دے - پھر بوزابہ کو موقع مل گیا کہ وہ اپنی اس کامیابی کی دوسرے دو امیروں عباس حاکم رَیّ اور عبدالرحمن طُغایرک سے اتحاد کر کے مزید توثیق کر لے - سلطان نے کچھ دن تو ان لوگوں سے دب کر گزر کی، لیکن آخرکار وہ مؤخر الذکر دو امیروں کو قتل کرا دینے میں کامیاب ہوا اور ان کے تسلط سے آزادی حاصل کر لی - بوزابہ نے سلطان پر چڑھائی کر دی، مگر مَرج قرہ تکین کی جنگ (۵۴۲ھ/۱۱۴۷ء) میں گرفتار ہوا اور مارا گیا - مرج قرہ تکین ہمذان سے ایک دن کی مسافت پر ہے - معلوم ہوتا ہے بوزابہ نے شیراز میں اپنے حسنِ انتظام کا اچھا نقش چھوڑا تھا - ان تمام سپہ سالاروں کے قدم بہ قدم چلتے ہوے جن کی تعلیم و تربیت سلجوقی روایات کے مطابق ہوئی تھی اس نے ایک مدرسہ قائم کیا جس کے اخراجات کے لیے بہت سی جائداد وقف کر دی - پہلے یہ مدرسہ حنفی تھا، مگر آگے چل کر شافعی ہو گیا.

مآخذ : (۱) ابن الاثیر : الکامل، ۱۱ : ۶۰ ببعد؛ (۲) عماد الدین الاصفہانی، در بنداری، طبع Houtsma : *Recueil*، جلد ۲ بمدد اشاریہ؛ (۳) ظہیر الدین نیشاپوری : سلجوق نامہ، طبع Gelaleh khawār؛ (۴) احمد زرکوب : شیراز نامہ، طبع بہمن کریمی - تہران ۱۹۳۸ء، ص ۴۴ تا ۴۶.

(Cl. Cahen)

Marfat.com

**بوزجه آدہ :** [= بوزجه آطه] Tenedos کا ترکی نام ۔ یہ ایک جزیرہ ہے جس میں زیادہ تر یونانی آباد ھیں اور آبنائے (درۂ دانیال) کے راستے اس کی زد میں ھیں ۔ معاھدہ تورِن (Turin) کی رو سے وینس اور جنوآ اس پر رضامند ہوگئے کہ بوزجہ ادہ کو غیر عسکری بنا دیا جائے ۔ وینس والوں نے آبادی کو اقریطش (کریٹ) میں منتقل کر دیا اور یہ جزیرہ کلاویزو Clavijo کے زمانے تک غیرآباد ہی تھا ۔ [سلطان] محمد ثانی نے بوزجہ ادہ میں ایک حصار تعمیر کیا جسے اولیا [چلبی] نے ''متین'' یعنی مضبوط و مستحکم لکھا ہے ۔ آبنائے میں داخل ہونے کے لیے موافق موسم کا انتظار کرنے والے جہاز اس جزیرے کی پناہ میں ٹھیرا کرتے تھے ۔ اس کا نام بحری مہمات کے تذکروں میں اکثر آیا ہے ۔ وینس والوں نے اس پر رمضان ۱۰۶۶ھ / جولائی ۱۶۵۶ء میں قبضہ کیا اور یہ ایک سال سے زائد مدت تک انھیں کے قبضے میں رہا ۔ ۱۹۱۲ء میں یونانیوں نے اس پر قبضہ کر لیا تھا ۔ لنڈن کے ۱۹۱۳ء کے تصفیے میں جرمنی کے اصرار پر قرار پایا کہ بوزجہ ادہ ترکی کو واپس مل جانا چاہیے، لیکن جنگ شروع ہو جانے کی وجہ سے یونان نے اسے اپنے ہی تسلّط میں رکھا ۔ معاھدہ سیورے (Sèvres) کی رو سے بوزجہ ادہ اور امبروز (Imbros) یونان کو دے دیے گئے (دفعہ ۸۴)، لیکن غیر عسکری بنا دیے گئے (دفعہ ۱۷۸) ۔ معاھدۂ لوزان (Lausanne) کی رو سے وہ ترکی کو واپس مل گئے، مگر ان میں ''مقامی آبادی سے مرکب خاص قسم کا نظم و نسق'' قائم کیا گیا ۔ یہ بھی شرط تھی کہ پولیس میں مقامی لوگ بھرتی کیے جائیں اور یہ جزیرے ایسے ترکی ۔ یونانی معاھدوں سے مستثنی رھیں جو باھم آبادی کے مبادلے کی بابت کیے جائیں.

**مآخذ :** بوزجہ ادہ کا اتفاقیہ تذکرہ ان وقائع اور مختصر تذکروں کے ضمن میں بہت سی جگہ آیا ہے جو ذیل کے مصنفین نے اپنی مکتوبات و مقالات میں درج کیے ہیں ۔ کلاویزو Clavijo، بونڈل مونٹی Buondelmonti، طافور Tafur، اولیا چلبی Evliya Čelebī، سپون Spon، کوول Covel، گریلوٹ Grelot اور ٹورنہ فورٹ Tournefort.

(C.F. Beckingham)

**البُوزَجانی :** رک بہ ابوالوفاء.

**بوزَوق :** (رک بہ یوزغاد [= یوزگت].

**بوزنطی :** رک بہ رُوم).

# زیادات و تصحیحات

## جلد ١

### تصحیحات

| صفحہ | عمود | سطر | خطا | صواب |
|---|---|---|---|---|
| ٦٢٧ | ١ | ٢٠ | ابن فارس | ابن الفارض |

## جلد ٤

### زیادات

| صفحہ | عمود | سطر | زیادات | |
|---|---|---|---|---|
| ٢٣٧ | ٢ | ١٧ | ''حج ھوا'' کے بعد | (قب طبقات اکبری، ''بارادہ سیر''؛ فرشتہ: ''بقصد سیر عالم'') |
| ٢٣٧ | ٢ | ٢٣ | '' گیا'' کے بعد | (جس نے امیر تیمور کی وفات کے بعد سمرقند سے بھاگ کر پنجاب پر قبضہ کر لیا تھا) |
| ٢٣٧ | ٢ | ٢٨ | (''جون ١٣٢٠ء)'' کے بعد | اور مؤخرالذکر نے پیچھا کر کے اسے کشمیر سے باھر نکال دیا |
| ٢٣٨ | ٢ | ٩ | ''جاری کیا'' کے بعد | (یعنی جس علاقے میں چوری ھو جاتی تھی وھاں کے امرا کو تاوان دینا پڑتا تھا) |
| ٢٣٨ | ٢ | ١٣ | ''کرائے ۔'' کے بعد | اس نے عوام سے تحائف اور نذرانے وصول کرنے کا سلسلہ بند کر دیا ۔ |
| ٢٣٨ | ٢ | ٢٠ | ''مقرر کیا ۔'' کے بعد | فرشتہ لکھتا ھے کہ بادشاہ زمین کی آبادکاری کی طرف اس قدر متوجہ ھوا کہ سارے کشمیر میں زمین کا کوئی رقبہ بے آب یا غیر مزروعہ نہ رھا ۔ |
| ٢٣٨ | ٢ | ٣٢ | ''دعوت دی ۔'' کے بعد | اس کی مجالس میں ھندو اور مسلمان اھل دانش موجود رھتے تھے |

marfat.com
Marfat.com

## تصحیحات

| صفحہ | عمود | سطر | خطا | صواب |
|---|---|---|---|---|
| ب | ۱ | ۱۶ | شذارت = شَذَارت الذَّھب | شذرات = شَذَرات الذَّھب |
| ۱ | ۲ | ۲۵ | جزء | جزءا |
| ۱۳ | ۱ | ۲۰ | اخوند | اخوند |
| ۲۳ | ۲ | ۱۸ | آلبِّغا | آلبُغا |
| ۲۳ | ۲ | ۲۵ | البّغا | آلبُغا |
| ۲۸ | ۱ | ۱۶ | صور | صور |
| ۶۴ | ۱ | ۱۴ | حدیقۃ المرام | حدیقۃ المرام |
| ۸۹ | ۲ | ۲۹ | زابل | زابل |
| ۹۸ | ۲ | ۲۰ | ہے کہ | کہ |
| ۱۰۹ | ۱ | ۱۴ | بنائے | بنایا |
| ۱۴۰ | ۲ | ۶ | مصعب | مصعب |
| ۲۵۱ | ۱ | ۲۶ | معجزات | کرامات |
| ۲۹۶ | ۲ | ۳۲ | وغیرہ | وغیرہ کا |
| ۳۵۷ | ۱ | ۵ | خمیہ | خمیہ |
| ۳۶۰ | ۱ | ۴ | کے سوراخدار | سوراخدار |
| ۴۱۴ | ۲ | ۲۴ | برغش | برغش |
| ۴۱۷ | ۲ | ۱۳ | کی | کا |
| ۴۳۳ | ۱ | ۳ | مشقات | مشتقات |
| ۴۶۸ | ۱ | ۲۵ | آشاعت | اشاعت |
| ۵۱۲ | ۱ | ۵ | تصویروں | تصویریں |
| ۵۴۲ | ۱ | ۳۰ | بردار | برادر |
| ۶۷۱ | ۱ | ۱۶ | ڈالے دیے تھے | ڈالے ہوے تھے |
| ۶۹۷ | ۲ | ۲۹ | کا رس | اس کا رس |
| ۷۲۷ | ۲ | ۸ | ایغور | اویغور |
| ۷۹۷ | ۱ | ۲۶ | لکنۃ | لُکنۃ |
| ۸۰۷ | ۱ | ۲۸ | تواریخ | تواریخ |
| ۸۵۴ | ۱ | ۳۲ | بجھارت | بوجھ |
| ۸۵۹ | ۱ | ۱۴ | قضیے | قبضے |
| ۸۶۹ | ۱ | ۳۱ | العبددی | العبدی |
| ۸۸۱ | ۲ | ۱۱ | مجلّس | مجلس |

marfat.com
Marfat.com

## تصحیحات

| صفحه | عمود | سطر | خطا | صواب |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| ۹۷۲ | ۱ | ۲ | پاهیے | چاهیے |
| ۹۰۸ | ۱ | ۲۵ | بس | جس |
| ۹۱۷ | ۱ | ۲۳ | بس | جس |
| ۹۲۵ | ۱ | ۳۰ | تقوی | تقوی |
| ۹۳۲ | ۲ | ۲٦ | ذ | نے |
| ۹۵۵ | ۲ | ۳۲ | آلااول | علاول |
| ۹۵۷ | ۱ | ۳ | آلااول | علاول |
| ۹۵۹ | ۱ | ۲۴ | آلااول | علاول |
| ۹۷۲ | ۱ | ۲ | پاهیے | چاهیے |
| ۱۰۲۰ | ۱ | ۱ | بوزجه آذه | بوزجه آده |

marfat.com
Marfat.com

طبع : اول

سال طباعت : ۱۳۸۹ھ/ ۱۹۶۹ء

مقام اشاعت : لاهور

ناشر : سیّد شمشاد حیدر، ایم اے، مسجّل، دانش گاہ پنجاب، لاهور

طابع : مسٹر امجد رشید منہاس، ایم پی ڈی (لیڈز)، مفوّض مطبع

مطبع : پنجاب یونیورسٹی پریس، لاهور

صفحات : ۱۰۲۰+ و تا ج

marfat.com

Marfat.com

# Urdū

# Encyclopædia of Islām

*Under the Auspices*

*of*

**THE UNIVERSITY OF THE PANJĀB**

**LĀHORE**

## Vol. IV

**( Bāy — Bozantī )**

1389 / 1969

marfat.com